یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

جلد ۳۶ — نمبر ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

رئیسان ریاست سے سالانہ [illegible]
رؤسا و جاگیرداروں سے [illegible]
عام خریداران سے [illegible]
ششماہی [illegible]
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ [illegible]

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے۔

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۴ ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۶ جنوری ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (گلہائے عقیدت) - - - ص ۱
انتخاب الاخبار - - - ص ۲
خدا، مسیح اور قادیانی - - - ص ۳
اسلامی نماز کی اہمیت - - - ص ۵
شیعوں کے افسانے - - - ص ۶
قادیان کے جلسہ کا نمونہ - - - ص ۸
ادبیات (حیدرآباد دکن اور کشمیر) ص ۹
[illegible] اور اہل علم - - - ص ۱۱
[illegible] - - - ص ۱۳
[illegible] کی [illegible] - - - ص ۱۵
[illegible] - - - [illegible]

گلہائے عقیدت

(از قلم منشی محمد جعفر صاحب سلیم پرتاب گڑھی)

میں تو کہتا ہوں حقیقت میں وہ فرزانہ ہے — بزم امکاں میں محمد کا جو دیوانہ ہے
تشنۂ دید جو ہے اُن کا جو دیوانہ ہے — حوض کوثر پہ اسی کے لئے پیمانہ ہے
اس کو دشوار نہیں منزل مقصود کی راہ — آخری شمع ہدایت کا جو پروانہ ہے
باغ عالم سے ہے مطلب نہ گلستاں سے غرض — اسکی نظروں میں ہے کچھ اور جو دیوانہ ہے
میرے ساقی تیری محفل کی ہے ہر رسم نئی — ہے وہی ہوش میں جو ہوش سے بیگانہ ہے
اہل جنت کی زباں پہ یہی کلمہ ہوگا — وہ یہاں آئے محمد کا جو دیوانہ ہے
جس کو دیکھو ہوا میخانۂ توحید میں مست — میرے ساقی کا وہ چلتا ہوا پیمانہ ہے
جس کو دیکھو نظر آتا ہے وہ ممنون کرم — ساقی حشر میں وہ محسن کریمانہ ہے

غیر ممکن ہے کہ طالب کوئی محروم رہے
اے سلیم آخری ساقی کا یہ میخانہ ہے

ahmadmuslim.de

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں ابھی تک بارش نہ ہونے سے خشک سردی بہت پڑھ رہی ہے۔ پنجاب میں بھی خاطر خواہ بارش نہیں ہوئی۔ ناظرین بارش کے لئے دعا کریں۔

—— کوئٹہ میں زبردست برفباری ہونے سے صوبہ سندھ میں شدت کی سردی پڑ رہی ہے۔ کراچی میں دو کئی لوگ اور بہت سے پرندے سردی سے ٹھٹھر کر مر گئے۔

—— معلوم ہوا ہے کہ لارڈ لنلتھگو وائسرائے ہند عنقریب مستعفی ہو جانے والے ہیں۔ ان کی جگہ لارڈ بیرابورن (گورنر کلکتہ) وائسرائے ہونگے۔

—— صدر جمہوریہ ترکی مارچ ۱۹۳۹ء میں اسلامی ممالک کی ایک کانفرنس انگورہ میں منعقد کرنے کا پروگرام تیار کر رہے ہیں۔

—— واشنگٹن میں کرسمس کے دن آتشزدگیوں اور دیگر حوادثات کی وجہ سے بہت سے اشخاص ہلاک ہوئے۔

—— مولوی شوکت علی مرحوم کی جگہ مرکزی اسمبلی میں سر رضا علی بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔

—— سرکاری اعلان مظہر ہے کہ نئے سال کے شروع میں جاپان میں جبری بھرتی کا قانون نافذ کر دیا جائیگا۔

—— امریکی ایوان تجارت متعینہ شنگھائی نے حکومت امریکہ کو مطلع کیا ہے کہ جاپان میں امریکن مال کا بائیکاٹ کیا جا رہا ہے۔ امریکن تجارت پر بہت پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔

—— ایک اطلاع مظہر ہے کہ برطانوی حکومت نے جنرل فرینکو سے (ہسپین میں برطانوی جہازوں پر بمباری ہونے سے جو نقصان ہوا تھا اس کا) مطالبہ کیا تھا مگر جنرل فرینکو نے صاف انکار کر دیا ہے۔

—— فرانسیسی سمالی لینڈ کی حفاظت کے لئے حکومت فرانس نے ۵۰۰۰ ہزار فوج کو جبوتی روانہ ہونے کا حکم دیا ہے کیونکہ فرانسیسی سمالی لینڈ پر اٹلی کے حملہ کا خطرہ ہے۔

—— معلوم ہوا ہے ترکی حکومت نے ... ترکی کی ... طلباء کو ترکی کی ...

کے لئے اپنے خرچ پر دعوت دی ہے۔

—— بارسلونہ کی اطلاع ہے کہ وزارت جنگ نے باغیوں کے دو مزید شہروں پر قبضہ کر لینے کو تسلیم کر لیا ہے اس سلسلہ میں ۱½ ہزار آدمی قیدی بنائے گئے ہیں۔

—— خاکساران سندھ کا ایک دستہ مجاہدین فلسطین کی خدمت کے لئے روانہ ہو رہا ہے۔

—— حکومت یو پی نے ۶ ہندو عورتوں کو آنریری مجسٹریٹ مقرر کیا ہے۔

یاد رکھئے!

جن خریداروں کی قیمت ماہ جنوری میں ختم ہے ان کے نمبر خریداری گذشتہ پرچہ میں شائع کر دیئے گئے ہیں مہربانی فرما کر ایک نظر ان کو ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

۲۷۔ جنوری سے پہلے پہلے

قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر وصول نہ ہو گی ان کے نام اخبار وی پی بھیجا جائیگا۔ اگر مہلت درکار ہو یا خریداری سے انکار ہو تو بھی بہت جلد اطلاع دیں تاکہ وی پی بھیج کر واپسی کے نقصان کا زیر بار نہ ہونا پڑے۔

مہلت یافتگان کی قیمت اخبار ہی ۱۵ جنوری تک موصول ہو جانی چاہیئے۔ ورنہ اخبار بند کر دیا جائیگا۔

اہل برما و بیرون ہند کے خریداران جن کی قیمت ختم ہے وہ بھی اپنی اپنی قیمت جلد از جلد ارسال کر دیں تاکہ ۱۹۳۸ء کا حساب صاف ہو جائے۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— انجمن حمایت اسلام لاہور کو گولڈن جوبلی کے موقعہ پر ۱½ لاکھ روپیہ چندہ موصول ہوا۔

—— حضور نظام دکن نے ڈاکٹر اقبال مرحوم کی بیگم، دختر اور لڑکے کے لئے پچاس پچاس روپیہ ماہوار پنشن مقرر کی ہے۔

—— رشوت ستانی کو دور کرنے کیلئے ڈپٹی کمشنر لائل پور نے اپنے ماتحت سٹاف کو حکم دیا ہے کہ دفتر میں خالی جیب آیا کریں۔

مولوی فضل خان کہاں ہیں؟

مولوی فضل خان ساکن چنگا بنگیال ضلع راولپنڈی مرزا صاحب قادیانی کے عرصہ دراز مرید رہ کر تائب ہوئے تھے۔ ان کی خیر خیریت نہیں آتی جس کسی صاحب کو ان کا حال معلوم ہو وہ جلد اطلاع دیں۔ (ابوالوفاء)

اشتہار تعزیہ

احباب عین اس وقت طلب کرتے ہیں جب ختم ہو جاتے ہیں۔ اس لئے تعمیل نہیں ہو سکتی۔ پس ابھی سے اعلان کیا جاتا ہے کہ جن حضرات کو اشتہار تعزیہ مطلوب ہو جلدی مطلوبہ تعداد سے اطلاع دیں۔ فی سینکڑہ ۲/ چندہ اشاعت فنڈ اور محصول ڈاک بذمہ طالب ہوگا۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

ریویو "انیس حیات"۔ اس مختصر سی کتاب میں چند منفعتی نسخے اور چند بیماریوں کے نسخے اور کچھ اخلاقی باتیں مذکور ہیں۔ قیمت ۲/۔ پتہ۔ مسافر فطری انجمن اخلاق۔ بہاولپور (پنجاب)

آخری جہاز حج ٹلاشن کا جہاز ایس۔ ایس "المدینہ" بمبئی سے ۱۴ جنوری ۱۹۳۹ء اور کراچی سے ۱۶ جنوری ۱۹۳۹ء کو جدہ روانہ ہوگا لہذا حجاج کرام سے درخواست ہے کہ وہ اس اعلان کے مطابق بمبئی اور کراچی کی بندرگاہوں میں پہنچیں۔

اشد ضروری خط و کتابت کرتے وقت سب سے پہلے اپنا نام، مقام ضرور لکھنا چاہیئے۔ نیز منی آرڈر بھیجتے وقت کوپن منی آرڈر پر سب سے پہلے نام، مفصل پتہ اور تفصیل رقم ضرور تحریر کرنی چاہیئے۔ تاکہ تعمیل میں تاخیر نہ ہو۔ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ آنا چاہیئے ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— ٹوکیو میں ایک بجلی گھر تعمیر ہو رہا تھا۔ جہاں یکبارگی تودہ گر پڑنے سے ۳۰ مزدور ہلاک ہو گئے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۴۔ ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ

خدا۔ مسیحؑ اور قادیانی

قرآن شریف میں مسیحیوں کا مذہب دو مختلف طریقوں سے بتایا گیا ہے۔ ایک یہ کہ عیسائی مسیح کو اقنوم تثلیث کا ایک حصہ سمجھتے ہیں۔ اس کا اظہار ان لفظوں میں فرمایا ہے:۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ

منکر خدا ہیں وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اللہ تثلیث الوہیت کا ایک حصہ ہے حالانکہ معبود برحق صرف اللہ ہے۔

عیسائیوں کا یہ مذہب مشہور ہے۔ اسی کو تثلیثی مذہب کہتے ہیں۔

دوسرا مذہب جس کا رد قرآن مجید نے کیا ہے وہ یہ ہے کہ خود اللہ ہی مسیح ہے۔ چنانچہ فرمایا:۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

منکر خدا ہیں وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ خود اللہ ہی مسیح ابن مریم ہے

مسیح کے حالات زندگی دیکھنے والا کہ آپ کس طرح انسانوں سے تکلیف اٹھاتے رہے اور دشمنوں سے بھاگتے رہے۔ حیرت زدہ ہو کر کہتا ہے۔ ؎

این چہ می بینم بہ بیداری است یارب یا بخواب

ایک شخص ایک عورت کے بطن سے پیدا ہوا اور انسانوں کی طرح کھاتے پیتے۔ یہاں تک کہ بقول اپنے معتقدین کے سولی پر چڑھ کر جان بھی دیدے۔ اور اس کے ماننے والے اس کو اللہ خدا یا کا ذکہیں۔ یہاں تک کہ قرآن مجید میں ان کا یہ عقیدہ ظاہر کیا جائے کہ وہ اسکو اللہ یا خدا مانتے ہیں۔ کیا ایسا عقیدہ غلط تو نہیں ہے۔

ایسے حیرت زدہ اور متوہم انسان کے لئے ہم عیسائیوں کی طرف سے ان کا اپنا شائع کیا ہوا عقیدہ پیش کرتے ہیں۔ رسالہ "المائدہ" بابت ماہ دسمبر ۱۹۳۸ء میں ایک مضمون نکلا ہے۔ جس کی سرخی یہ ہے:۔

"خدا خود ہمارے پاس آیا"

یہ مضمون ایسا قابل دید ہے کہ حرف حرف پڑھا جائے اور اس کے مقابلے میں قرآن مجید کی آیات کو پڑھ کر ایمان تازہ کیا جائے۔ اصل مضمون کے الفاظ یہ ہیں:۔

"ذات ایزدی نے آئین و قوانین کی مرتب کتاب (بائبل) ہی ہمارے لئے نہ بھیجی بلکہ وہ خود ہمارے پاس آیا۔ جب ہم رنج و مصائب کے شکار ہوں از روئے تقاضائے انسانیت وہ شخص جو خود ہی عیادت کو آجائے اس سے بدرجہا بہتر ہے کہ وہ ایک پیغام بھیجدے۔ مگر خدا نے اپنے نور چشم کو ہماری بیمارپرسی اور تیمارداری کیلئے اس جہان فانی کی تکالیف برداشت کرنے کو بھیجا۔ اُس خدا کے بیٹے کو جس کو ہم یسوع کلام خدا کی دانش کہتے ہیں۔ وہ صرف اسی خاطر آیا کہ ہم خدا کے سے دل اور دانش میں ڈھیں وہ ہماری مانند بنا تاکہ انسانیت کو صحیح طور پر خدا تک پہنچا سکے وہ انسانی گوشت پوست میں آیا۔ "اپنی ماں کنواری مریم کے بطن سے" وہ انسان سے دور کا خدا نہ تھا جو اپنی شاہانہ شان سے آسمان سے ہمکلام ہوتا ہے۔ اس نے ہمارے لئے درد سہے دُکھ اٹھائے اور مُوا۔ وہ ہمارے لئے پیدا ہوا۔ ؎

تخت سے بے تخت ہو کر اُس نے تختہ چُن لیا
کر گیا کرنی ہماری المسیح کس رنگ میں

وہ ہماری تمام چیزوں اور کاموں میں ہمارا مشیر دوست اور خدا تک پہنچانے کا وسیلہ ہے۔ اُس نے ہمیں اُس زندگی کا نمونہ دکھایا جیسی کہ ہمیں بسر کرنی چاہیئے۔ نیز یہ بھی کہ کس قسم کی ثابت قدمی، دلیری اور ایمانداری کی روح سے ہمیں موت کا مزہ چکھنا چاہئے۔ اُس نے اپنے آپ کو صلیب پر فدیہ دیا۔ ہمارے گناہ کی مزدوری کے عوض جرمانہ ادا کیا۔ تابعداری کا فرض ادا کرتے ہوئے جان دی۔ وہ واقعی ہمارا سفیر تھا۔ پھر جب وہ موت کا جرمانہ ادا کر کے دوبارہ قبر سے ایک نئی زندگی کے لئے اُٹھا اور آسمان کی طرف نورانی طور پر اٹھایا گیا جیسے کہ ہم بھی اٹھیں گے تو وہ ہمارا ایلچی تھا۔

الٰہی منزل میں ہمارا رہبر

جب مسیح نے ہماری خاطر یہ سب کام کئے تو وہ ہمیں صرف اپنے ساتھ رفاقت رکھنے، اپنے ساتھ یکتائی پیدا کرنے اور شریک بننے کو کہتا ہے۔ ملک ہم ضرور اس کے ہم میراث ہونگے۔ لیکن اس سے ڈرتا کون ہے؟ بالضرور ہمیں اپنے اور کُل دنیا کے گناہوں کی قیمت دینے کی امید اور گناہ سے نفرت ہونی چاہئے۔ لیکن جب ہم ایسا کریں تو ہم ہمیں مسیح کے ساتھ نجتنا ور نئی زندگی گزاریںگے اور آئندہ دنیا میں ہم اُس میں ابدی زندگی حاصل کریںگے۔ سو ثابت ہوا کہ مسیح ہمارے اور خدا کے درمیان واسطہ ہے۔ اگر ہم اپنے ہی حال پر

(۱۸۳)

تو اندھیرے میں ٹھوکریں کھاتے پھریں گے اور کمزور ہونے کے باعث ناکام رہیں گے۔ کیا ہم اسے پیشتر سے ہی نہیں جانتے لیکن مسیح سے یکتائی اور معاونت پاکر ہم ہر کام کو بآسانی کر سکتے ہیں۔

مسیح کی ضرورت

(۱) ہمیں مسیح کی ضرورت ہے کیونکہ ہماری پیدائش کی غرض وغایت یہ ہے کہ خدا کے دوست بنیں۔ اور اگر اس سے چوک جائیں تو پھر اپنی زندگی کے پوشیدہ رازوں سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

(۲) ہمیں اُس سے سبق لینا ہے کیونکہ وہ جو کچھ ہمیں سکھاتا ہے یعنی "خدا کا پیار"۔ جس میں راستی اور انصاف کا پیار شامل ہے اور ایک دوسرے کا پیار۔ وہی ہے جس کی دنیا کو اشد ضرورت ہے۔ کیونکہ یہاں کونسل ہند۔ انگلستان بلکہ کل دنیا کو از سر نو تعمیر کی تجویزیں ہیں۔ لیکن وہ تجویز جو کُل دنیا کو بہتر بنا سکتی ہے وہ مسیح کی تجویز ہے۔ راستی کا پیار اور ایک دوسرے کے لئے ہمدردی۔ باقی سب بطلان ہے اور ناکام رہے گا۔ سو ہمیں اُس کے درس کی بے حد ضرورت ہے۔

(۳) ہمیں مسیح کے ساتھ رفاقت کی ضرورت ہے۔ جب تک مسیح کے اور ہمارے درمیان باہمی اتحاد اور محبت کا رشتہ نہ ہو ہم اس کے کلام کو سمجھنے سے قاصر رہیں گے۔ ہمیں اُس کے ساتھ محبت کی ضرورت ہے۔ اُس نے روح القدس محض اسی غرض سے بھیجا ہے کہ ہم کو اور تمام دوستوں کو اپنے ساتھ ملائے۔ ایمان۔ توبہ اور دعا کے ساتھ اُس پاس آؤ۔ خدا کی مقررہ برادری میں شامل ہو وہی گرجا ہے۔ اُس کی آواز کو مقدس کتابوں میں سنو۔ پاک شراکتوں میں اُس کو ڈھونڈھو۔ اگر صرف خدا کی ضرورت ہے تو مسیح کے پاس خدا کے راستے سے آؤ۔ یاد رکھو اُس نے کیا کہا۔ "جو کوئی میرے پاس آئیگا میں اُسے ہرگز نہ نکالونگا"

(المائدہ لاہور بابت دسمبر ۱۹۳۸ء)

اہلحدیث اس مسیحی عقیدہ پر کچھ لکھنا یا اس کی تردید کرنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی یہ سن کر کہ دو دونے پانچ ہوتے ہیں۔ اس کی تردید میں مشغول ہو جائے۔ اہل منطق کے نزدیک بعض دعاوی ایسے ہوتے ہیں جو اپنے اندر اپنے دلائل رکھتے ہیں ان کو منطقی اصطلاح میں قضایا قیاساتہا معہا کہا جاتا ہے۔ یعنی ایسے دعاوی جن کی دلیل (ثبوت) خود ان کے اندر ہو۔

اس کی مثال میں دعویٰ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پیش کر سکتے ہیں۔ جس کا ترجمہ ہے کہ سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے زیبا ہیں دلیل اس کی خود اس کے اندر موجود ہے۔ کیونکہ اللہ کے معنی ہی جامع جمیع صفات کمال کے ہیں۔

اسی طرح بعض دعاوی ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے بطلان کی دلیل خود ان کے اندر ہوتی ہے۔ جن کی مثال اہل منطق کے نزدیک یہ دو جملے ہیں:۔

(۱) الخمسة زوج

(۲) الابن اکبر سناً من الاب

(۱) پانچ کا عدد جفت ہے۔ (۲) بیٹا عمر میں باپ سے بڑا ہے۔ مسیحی مذہب کا وہ عقیدہ جو اوپر نقل ہوا ہے ان دو نو قسموں سے کس قسم میں داخل ہے۔ اہل دانش اس کا فیصلہ خود کر لیں۔

یہاں پہنچ کر ہمارے سامنے دو راستے آگئے ہیں اس لئے ہم عنان قلم ان دونوں کی طرف پھیرتے ہیں۔ ایک راستہ قادیان کو جاتا ہے دوسرا بریلی کو۔ قادیان کا راستہ بہت صاف اور سیدھا تھا۔ مگر ایسی مسیحی تحریروں نے اس کے نشانات بالکل مٹا دیئے اور اس پر یہ عربی مصرع صادق آتا ہے ؎

عفت الدیار محلہا و مقامہا

اس کی تفصیل یہ ہے کہ

مرزا صاحب قادیانی نے کہا تھا کہ میں مسیح موعود ہو کر اسی لئے آیا ہوں کہ اہل دنیا کے ذہن سے مسیح کی الوہیت بھلا دوں اور کوئی نہ جان سکے کہ مسیح خود خدا ہیں یا خدائی میں دخل رکھتے ہیں۔ آپ نے یہاں تک بھی کہہ دیا تھا کہ اگر یہ کام مجھ سے نہ ہو سکے تو میں جھوٹا ٹھیرونگا۔

اہل قادیان کی خدمت میں ہم درخواست کرتے ہیں کہ وہ بحکم خدا اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰہِ مَثْنٰی وَفُرَادٰی اکیلے دو کیلے ہو کر "المائدہ" سے منقولہ مضمون پڑھیں اور سوچیں کہ مرزا صاحب دنیا میں تشریف لائے اور آکر چلے بھی گئے اور آپ کی تشریف بری پر آج تیس سال سے زیادہ گزر گئے ہیں۔ مگر یہ آواز کہ خود خدا مسیح ہے آج بڑے زور سے کانوں میں آ رہی ہے۔ کیا یہ بیداری کا واقعہ ہے یا خواب کا؟

ممکن ہے آپ لوگوں کی طرف سے یہ جواب دیا جائے کہ مرزا صاحب نے دلائل قاہرہ سے الوہیت مسیح کو فنا کر دیا۔ عیسائی لوگ اس غلط عقیدہ کو نہ چھوڑیں تو قصور ان کا ہے۔

مرزا صاحب کی زبان پر اس کے جواب میں یہ شعر جاری ہوگا ؎

گفتہ گفتہ من شدم بسیار گو
از شما یک تن نہ شد اسرار جو

یا آپ دوسرا جواب یہ دیں کہ آئندہ تین سو سال تک مسیح کی الوہیت مٹ جائے گی۔ تو اس کا جواب وہی ہے جو مرزا غالب مرحوم نے کہا ہے ؎

کون جیتا ہے اس زلف کے سر ہونے تک

آپ لوگوں کا دعویٰ ہے کہ مرزا صاحب منہاج نبوت پر آئے ہیں۔ یعنی آپ کی نبوت نبوت محمدیہ کے طریق پر ہے اور اسی کے آپ ظل ہیں۔

نبوت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ کے حالات تاریخیہ ہمارے سامنے ہیں۔ جو روشنی (دینی کیفیت) حضور کی زندگی میں تھی وہ آپ کے انتقال کے بعد آہستہ آہستہ کم ہوتی گئی۔ چنانچہ آپ نے خود بھی فرمایا تھا کہ تیس ۳۰ سال کے بعد (یفشوا الکذب) جھوٹ پھیلنا شروع ہو جائے گا۔ واقعات نے اس حدیث کی تصدیق کر دی۔ آج مرزا صاحب کے انتقال پر بھی تیس ۳۰ سال ہوتے ہیں۔ ان کی امت میں بھی کذب و نعد بلکہ فسق وفجور کا گھن لگ گیا۔ چنانچہ خلیفہ صاحب قادیان اپنے خطبوں میں عموماً ایسا امراض کی شکایت کرتے رہتے ہیں۔ بقول خلیفہ صاحب خود قادیان میں سینکڑوں تک منافق پیدا ہو گئے ہیں۔ ابھی تو تیس سال ہی گزرے ہیں خدا جانے پچاس ساٹھ سال گزرنے تک کیا ہوگا! اہل بصیرت کا تو یہ اندازہ ہے کہ پچاس ساٹھ سال تک قادیان سے

الہامات مرزا۔ مرزا صاحب قادیانی کے مشہور الہامات (۱۸۹۴) کی تردید۔ از مولانا ثناء اللہ صاحب۔ قیمت ۶ر (منیجر اہلحدیث)

گھومنے والے مولانا نواب صدیق حسن خان مرحوم کا یہ
عربی شعر پڑھتے ہوئے گزر جائے ؎

لسلمة دار بالدخول فمو ملی
عفا ایہا نسجل الجنوب وشمنلی

(سلمہ کے گھر کے نشانات (قصر خلافت قادیان) کو
جنوبی اور شمالی ہواؤں نے مٹا دیا)

تین سو سال کے عرصے میں تو خلافت اسلامیہ بھی ضعیف ہوکر فنا کے قریب پہنچ گئی تھی۔ پھر ظل نبوت محمدیہ (نبوت قادیانیہ) کو یہ طاقت کیسے ہوجائے گی کہ وہ تین سو سال گزرنے پر الوہیت مسیح کا ابطال کر سکے۔ کون عقلمند کہہ سکتا ہے کہ جو کام شباب (جوانی) میں نہ ہو سکا وہ شیب (بڑھاپے) میں ہوجائے گا۔ جس کے لئے یہ مصرع موزوں ہے۔ ع

پیرے کدم زعشق زند بس غنیمت است

دوسرا راستہ جو بریلی کو جاتا ہے وہ اس سے بھی عجیب تر ہے۔ بریلوی عقائد کے احناف علی الاعلان وہی عقیدہ ظاہر کرتے ہیں جو مسیحیوں نے مرقومہ بالا عبارت میں ظاہر کیا ہے۔ چنانچہ ان کے عقیدہ کا مظہر یہ شعر ہے ؎

وہی جو مستوی عرش ہے خدا ہوکر
اتر پڑا ہے مدینہ میں مصطفیٰ ہوکر
(الفقیہ امرتسر)

اس عقیدہ کا کوئی معتقد ہمیں ان دونوں عقیدوں میں فرق بتائے تو ہم اس کے شکرگزار ہوں گے۔ اور اگر فرق نہ بتا سکے تو ہمیں اجازت دے کہ ہم ایسا عقیدہ رکھنے والے مسلمان کو اسلامی تعلیم سے علیحدہ اور مسیحیوں سے ملحق (ملا جُلا) قرار دے کر بافسوس یہ شعر پڑھیں ؎

میرے پہلو سے گیا بالا ستمگر سے پڑا
مل گئی اے دل تجھے کفران نعمت کی سزا

رئیس قادیان۔ مصنفہ مولوی ابو القاسم رفیق دلاوری مصنف ائمہ تلبیس - جدید تصنیف ہے۔ مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے ایسے حالات درج کئے ہیں جو اس سے پہلے کتابی صورت میں شائع نہیں ہوئے۔ [illegible] پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

اسلامی نماز کی اہمیت

(از قلم مولوی محمد داؤد صاحب مشکرادی)

(گذشتہ سے پیوستہ)

حکومت الٰہی اور نماز اسلام کا اصلی مقصد زمین کو آباد کرنا اور انسان کو صحیح انسانیت کے مرتبہ پر پہنچا کر اس کی شرافت و کرامت کو چار چاند لگانا ہے۔ اسلام کے نزدیک یہ چیز صرف اسی وقت پایۂ تکمیل کو پہنچ سکتی ہے جب دنیا کی چاروں کونٹ میں ہر انسان کے دل پر صرف حکومت الٰہی کا سکہ ہو۔ پس اسلام کا مقصد عظیم حکومت الٰہی کا قیام قرار پایا اور اس کی داغ بیل امت مسلمہ کی تشکیل کے بعد نماز کے عمل پر رکھی گئی۔ نماز میں از اول تا آخر حکومت الٰہی کا تصور اور اسکے لوازمات کی تعلیم ہے۔ توحید کا درس ہے، دنیاوی طاقتوں کے مرعوب نہ ہونے کی مشق ہے۔ حکومت الٰہی میں عدل و مساوات، حریت و آزادی و انکساری، اخوت، پریم، آشتی، محبت، شرافت، صداقت، نظم و ضبط وغیرہ وغیرہ اوصاف حمیدہ و اخلاق سنیئہ کا زمین پر ظہور و غلبہ ہوتا ہے۔ حرکات شنیعہ و امور نامرضیہ ناپدید ہو جاتے ہیں۔ نماز حکومت الٰہی کے تصور کے ساتھ ساتھ اوصاف حمیدہ کی طرف دعوت دیتی ہے۔ صحیح انسانیت کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ اقامت صلوٰۃ سے ہمدردی و محبت کے جذبات جولانی میں آتے ہیں۔ جور و استبداد کے بادل پھٹ جاتے ہیں۔ سرمایہ داری و زر پرستی کا جذبہ دلوں سے نکل جاتا ہے۔ نخوت و غرور کی جگہ مساوات و اخوت پیدا ہوتی ہے۔ شہنشاہیت کے بھوت کا تخیل دماغوں سے غائب ہو جاتا ہے۔ سب انسان ایک سٹیج پر جمع ہو جاتے ہیں۔ آقا و غلام کا امتیاز اٹھ جاتا ہے۔ گورے اور کالے کی تفریق مٹ جاتی ہے۔ اسلام نے صرف نماز سے عالم میں انقلاب بپا کر دیا۔ جور و استبداد و شخصیت پرستی کے مرکزوں کو ہلا دیا۔ دنیا میں ایک بہترین قوم پیدا کر دی جو ظالمین و جابرین کے لئے عذاب الٰہی بن کر نمودار ہوئے جنہوں نے مشرق سے تا مغرب، شمال سے تا جنوب [illegible] پر ایک ہلچل مچا دی۔ ان کے پاس توپوں اور بندوقوں کے ذخائر قطعاً نہیں تھے۔ آلات حرب، آگ و بارود کے کھیلوں سے بالکل ناواقف تھے۔ دنیا کی مادی طاقتوں کی ان کو ہوا بھی نہیں لگی تھی۔ اگر ان کے پاس کوئی چیز تھی تو صرف یہی نماز اور حکومت الٰہی کا تصور جسکے سامنے وہ ساری مادی طاقتوں کو ہیچ جانتے تھے۔ اس امر پر پورا پورا یقین رکھتے تھے کم من فئة قليلة غلبت فئة كثيرة باذن الله الآیہ وما النصر الا من عند الله۔ ان کے یقین کامل اور قدسی طاقتوں کی برکت ہے کہ ان کا نام زندہ ہے اور چمک رہا ہے چمکتا رہے گا۔ ان کے قدموں کے نقوش قوموں کے لئے ابد تک پیام بیداری کا کام دیتے رہیں گے۔ انکی تاریخ عجائبات سے پُر ہے۔ جن کو دیکھ کر اغیار بھی حیرت سے انگشت بدنداں ہیں۔ ان کی مثالیں تلاش کرنی عبث ہیں۔ خلاصہ یہ کہ نماز اسلام میں ایک نہایت عجیب عمل ہے جو حکومت الٰہی کا عمل درس اور مساوات انسانی کا نمایاں مظاہرہ ہے۔ مگر اس حقیقت کو ملاحظہ کرنے کیلئے بصیرت کی ضرورت ہے مگر کتنے افسوس کا مقام ہے کہ خود نمازیوں میں آج کل صاحب بصیرت بہت کم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نمازیوں کی کثرت کے باوجود امت مسلمہ کے جمود میں کوئی حرکت پیدا نہیں ہوتی۔ الی اللہ المشتکیٰ۔

حکومت الٰہی کے قواعد و فوائد نماز میں اس کثرت سے شامل کئے گئے ہیں کہ ہماری فہم ناقص کامل طور پر ان کو اپنے احاطہ میں ہرگز نہیں لا سکتی اور نہ ہی قلم ان کی پوری تشریح ارض قرطاس پر نقش کر سکتی ہے۔ تاہم نماز سے جن جن چیزوں کا پیدا ہونا لازمی ہے انکی مختصر فہرست یہ ہے:۔

اشد احب الوجود پر یقین کامل۔ حکومت الٰہی کا صحیح تخیل۔ شوق آخرت۔ ترک دنیا۔ صفائی قلب۔

تاریخ القرآن [illegible] (۱۸۵)

مساوات انسانی - جور ظلم و شہنشاہیت کے خلاف احتجاج - سچی آنے والی صحیح جمہوریت - تعلیم نظم و نسق - جذبۂ جہاد فی سبیل اللہ - قوانین الٰہی کی پابندی - حکومت الٰہی زر پرستی سے تنفر شرک و بدعت سے دوری - توحید و سنت کی پابندی -

اقامت صلوٰۃ، تنظیم جماعت، اطاعت امام یہ ساری چیزیں ایک سچے نمازی کے دل میں پیدا ہونی لازمی ہیں - جب ایسے پاک نفوس برسر ترقی ہو جاتے ہیں تو وہ دنیاوی جور و استبداد کا تختہ الٹ کر حکومت الٰہی کا قیام عمل میں لاتے ہیں - غیر اللہ کی حکومتوں کو ملیا میٹ کر دیتے ہیں ان الحکم الا للہ کا ڈنکا بجا دیتے ہیں اور عدل و انصاف سے روئے زمین کو بھر دیتے ہیں - دنیا ایک دفعہ یہ تماشہ دیکھ چکی ہے اور اسی موجودہ آسمان کے نیچے، اسی موجودہ زمین کے اوپر یہ سارے کھیل کھیلے جا چکے ہیں - اور اگر فلسفہ کے اس مسئلہ میں کہ

"تاریخ اپنے آپ کو دہرایا کرتی ہے"

کچھ صداقت ہے تو دنیا پھر دوبارہ اس تماشہ کو دیکھیگی اور ضرور دیکھے گی - جبکہ موجودہ نظام عالم جس کی بنیاد جور و استبداد و سرمایہ پرستی پر ہے درہم برہم ہو جائیگا اور عالم میں ہر طرف حکومت الٰہی کا دور دورہ ہوگا ؎

سنۃ اللہ ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا
و من اصدق من اللہ حدیثا

شیعوں کے افسانے

باقر مجلسی کے رجعتی ترانے

(نمبر ۱۵)

(مرقومہ ابو المحمود ملک ہدایت اللہ صاحب سوہدروی)

گزشتہ نمبر میں عرض کیا گیا تھا کہ خلافت عباسیہ پر قربانی چڑھانے کے لئے مسکین شیعہ کسی موٹے تازے مینڈھے کی تلاش میں تھے - وہ مینڈھا کون تھا؟ اس کے متعلق یقیناً تو کچھ نہیں کہا جا سکتا - لیکن تاریخ پر نظر ڈالنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شیعوں کی نظریں عبید اللہ[1] رافضی کی طرف تھیں - جس نے کہ ۲۶۹ھ میں یعنی امام عسکری کی وفات یا غیبت امام مہدی کے چھ سال بعد کی - بجائے آٹھ یا نو سال بعد مہدویت کا دعویٰ یمن میں کیا - جس کے جانشین بعد میں فاطمین کہلائے یہ تین سال کی تاخیر کے لئے شیعوں نے جو خدا کو بدا کر دیا تھا یہ تجربہ دعویٰ مہدویت تک تو کارگر ثابت ہوا - لیکن دعویٰ کے بعد اوّل ظلم تو یہ ہوا کہ عبید اللہ نے بجائے مجبور اور مقتول ہونے کے جابر اور فاتح کی حیثیت اختیار کر لی - حالانکہ مسکین شیعوں کی غرض خس کم جہاں پاک کرنے کی تھی - دوسرا ستم یہ ہوا کہ عبید اللہ گو رافضی تھا مگر فرقہ اثنا عشریہ کے بھی سخت مخالف تھا -

شیعان حیدر کرار نے پہلے تو اپنے سابقہ امام مہدی عبید اللہ کی امامت اور مہدویت سے خارج کیا پھر اسی موہوم و مفرور شیر خوار نوجوان[2] امام مہدی کا غار سر من رای سے پتہ نکال کر یہ نعرہ لگایا کہ

"وہ آئینگے آئینگے ضرور آئیں گے"

وہ کیوں آئیں گے؟ وہ اس لئے آئینگے کہ ؎

لذت سیر دگر چشم تمنا لیگی
ایک بار اور بھی دنیا ابھی پلٹا لیگی

خلافت حضرات ثلاثہ میں جو مظالم حضرت علی اور حضرت فاطمہ پر ہوئے - جنگ جمل اور جنگ صفین میں جو شیعان علی مارے گئے - جنگ کربلا میں جس طرح مظلوم حسین کو شہید کیا گیا - ان سب (نعوذ باللہ) ظالموں اور مظلوموں کو دوبارہ زندہ کیا جائیگا اور ہر ایک سے گن گن کر بدلے لئے جائیں گے - ذرا بقول مجلسی امام حسین کی زبانی سنئے !

"پہلے جو شخص رجعت میں لوٹے گا اور قبر سے باہر آویگا وہ میں ہونگا اور میرا رجعت میں آنا مثل تشریف آوری جناب امیرؑ ہوگا - جبکہ قائم آل محمد ظاہر ہونگے - پس میرے پاس ایک گروہ آسمان سے حاضر ہوگا کہ اس سے پہلے وہ زمین پر نہ آئے ہونگے اور جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و لشکر ہائے ملائکہ و محمد رسول اللہ و علی بن ابی طالب و امام حسن مع جمیع ائمہ کہ وہ سب اسپان ابلق نور پر سوار ہونگے اور کوئی مخلوق اون کے پہلے اُن اسپان نور پر سوار نہ ہوئی ہوگی تشریف لائیں گے - پس رسول خدا اپنے علم کو حرکت دیکے قائم آل محمدؐ کے دست مبارک میں اوس علم اور اپنی تلوار کو دینگے - اس حال پر ایک مدت تک ہم زمین پر رہیں گے اور خداوند عالم زمین کو ذے ایک چشمۂ آب چشمۂ روغن[3] و چشمۂ شیر جاری کریگا پس جناب امیرؑ رسول خداؐ کی تلوار مجھے دے کر بجانب زمین مشرق و مغرب روانہ کرینگے کہ میں ہر دشمن خدا کو قتل کر دوں اور سب بتوں کو جلا دوں یہاں تک کہ جمیع بلاد ہندوستان کو فتح کر لوں[4] - حضرت دانیال اور یوشع زندہ ہو کے جناب امیرؑ پاس آئیں اور کہیں گے خدا و رسول نے سچ کہا - پس امیر المومنین ان کو مع ستر آدمیوں کے بصرہ کی

[1] تاریخوں میں نام کہیں عبید اللہ لکھا ہوا ہے کہیں عبد اللہ - میں اس دشت و کوہستان میں مزید تحقیق بھی نہیں کر سکتا لہٰذا سابقہ یادداشت کی بنا پر عبید اللہ ہی لکھا گیا ہے ویسے بھی غریب شیعوں کے نام مائل بہ تصغیر کچھ بھلے سے معلوم دیتے ہیں - (ابو المحمود)

[2] ناظرین تضاد سمجھیں گے مگر میں مجبور ہوں - روایات یہی کہہ رہی ہیں کہ وہ دو سال کے تھے اور نوجوان تھے (کافی، جلاء العیون) (ابو المحمود)

[3] زمین سے گھی یا تیل اور دودھ؟ تیل تو شاید مٹی کا ہو سکتا ہے - مگر اس کی تفصیل نہیں لکھی کہ دودھ گائے بھینس کا ہوگا یا مٹی کا؟ (ابو المحمود)

[4] قابل توجہ کانگرس اور خصوصاً ممبران مسلم لیگ ہے - (ابو المحمود)

(۱۸۶)

جانب معاونہ کریں گے کہ اوس تمام ملک کو فتح کریں میں ہر جہاں، علوم گوشت کو مار ڈالوں گا۔ یہاں تک کہ زمین پر بغیر طیب وطاہر و پاکیزہ اور کوئی باقی نہ رہے گا۔ یہود و نصاریٰ کو بجانب اسلام دعوت کروں گا اور جو کوئی اسلام قبول نہ کریگا اسے قتل کرونگا۔ اور جو ہمارے شیعوں میں سے زمین پر ہوگا خدا اس کے پاس ایک فرشتہ کو بھیجیگا۔ کہ وہ فرشتہ خاک اس کے چہرے سے پاک کرے گا" تا آخر

(جلاء العیون مترجم ص۱۵۱)

غرضیکہ ؎

پھر دل کو محو جلوۂ جاناں بنائیں گے
پھر شام غم کو صبح درخشاں بنائینگے

پھر آگے چل کر ص۳۳۵ پر لکھتے ہیں:۔

"اور یہ آیہ کریمہ موافق احادیث معتبرہ شان حضرت صاحب العصر (امام مہدی) اور ابائے بزرگوار آنحضرت میں نازل ہوا ہے وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ الخ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا مِنْهُمْ مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ۔ ترجمہ آیہ کریمہ کا یہ ہے کہ میں چاہتا ہوں اُس جماعت پر احسان کرنا جن کو ستمگاروں نے زمین پر ضعیف کیا ہے اور اُن کو وارثان زمین سے قرار دوں اور ان کو روئے زمین پر مستولی کروں اور دکھاؤں فرعون و ہامان یعنی ابوبکر و عمر کو اور ان کے گروہ کو عوض اقتدار اُن اماموں کا جس سے وہ حذر کرتے تھے"

یہی مجلسی رسالہ رجعت میں فرماتے ہیں:۔

"در روایات دیگر وارد شدہ است تا آخر حضرت امام حسینؓ بعد از حضرت صاحب الامر سہ صد نہ سال پادشاہی جمیع روئے زمین خواہد کرد۔ ص۵۵

یعنی دوسری روایات میں مذکور ہے آیت ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ کی تفسیر میں کہ حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے ستر اصحاب کے ساتھ جو آپ کے ہمراہ شہید ہوئے تھے خروج فرماویں گے اور سب کے سروں پر سنہری خود ہونگے اور دوسری روایت میں کہا ہے کہ بشر پیغمبروں کے ہم رکاب ہونگے جیسے کہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھے اور وہ پیغمبر سب لوگوں کو سمجھا دینگے کہ یہ حسین بن علی ہیں جنہوں نے خروج فرمایا ہے تاکہ لوگ شک نہ لائیں اور جان لیں کہ وہ (نعوذ باللہ) دجال و شیطان ہیں۔ اس وقت حضرت امام مہدی ان کے درمیان جلوہ گر ہونگے۔ پس جب حضرت امام حسینؓ کی معرفت مؤمنین کے دل راسخ ہو جاویں گے تو امام مہدی دنیا سے رحلت کر جائینگے اور دوسری روایت میں وارد ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام امام مہدی کے بعد تین سو نو[۲۹] سال بادشاہی تمام روئے زمین پر کریں گے"[ؑ]

مگر ساتھ ہی یہ بھی لکھتے ہیں کہ:۔

"پس در دنیا زمان بسیارے سلطنت مے کند حتی از بسیارے سن مرنفش (یعنی امام حسین) ابروہائیش بر روئے چشمانش مے یافتند" ص۵۵

یعنی اتنا عرصہ سلطنت کرینگے کہ بھویں آنکھوں سے نیچے (بوجہ طویل العمری کے) اتر پڑینگی ؎

ہفت صد ہفتاد قالب دیدہ ایم
ہمچو سبزہ بارہا روئیدہ ایم

لیکن افسوس یہ ہے کہ ان جملہ جنگ وجدال اور معرکہ آرائیوں کے لئے مرکز پھر اسی کوفہ کو مقرر کیا گیا ہے کہ تمام شیعان دنیا وہیں جمع ہونگے اور بارہ ہزار صدیقوں کے علاوہ تیس ہزار پھر انہیں بے وفا کوفیوں پر بھروسہ کیا جائیگا[ش] جنہوں نے باقوال شیعہ ہی ہمیشہ بد عہدی اور بیوفائی کو اپنا شعار بنائے رکھا۔ اگر درحقیقت وہ ایسے ہی تھے تو آزمودہ را آزمودن جہل است والا معاملہ ہے۔

ہیں۔ خدا کرے ہمیں تو اب بھی یہ بیل منڈھے چڑھتی دکھائی نہیں دیتی۔ اور خدا تعالیٰ بھی فرماتا ہے کہ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ اگر وہ دوبارہ بھی لوٹائیں جائیں گے تو وہ اپنی پرانی کرتوتوں پر ہی عمل کریگے لہذا ہماری ناقص رائے تو یہی ہے کہ اس ڈرامہ کو دوبارہ کھیلنے سے پیشتر اگر شیعوں کا خدا اور اس کے ائمہ (کوفیوں) سے پوشیدہ ہوکر) اچھی طرح سوچ سمجھ کر پھر اس ڈھونگ کو رچائیں تو بہتر ہوگا۔ ورنہ ؎

فائدہ کیا سوچ آخر تو بھی دانا ہے اسد
دوستی ناداں کی ہے جی کا زیاں ہو جائیگا

مندرجہ بالا حوالجات بالاختصار عرض کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں بہت کچھ ہوگا۔ مثلاً (نعوذ باللہ من ذالک) حضرت ابوبکر کو خلافت سے اتار کر حضرت علی کو مسند خلافت پر بٹھایا جائیگا۔ حضرت فاروقؓ کے گھر کو آگ لگائی جائے گی۔ اُن کی زوجہ محترمہ کا اسقاط کرا کر ضائع شدہ حمل کا نام محسن رکھا جائیگا۔ حضرت صدیق اکبر کی زوجہ محترمہ کو گدھے پر بٹھا کر خلافت کی بھیک مانگنے کیلئے دربدر ذلیل کیا جائے گا۔ پھر اُن کی زوجہ محترمہ کی زبانی یہ کہلوایا جائیگا کہ

"خود تو بزدلوں کی طرح گھر بیٹھ رہتا ہے اور مجھے دربدر ہونے کے لئے مجبور کیا جاتا ہے"

پھر حضرت عمرؓ کو تخت خلافت سے محروم کر کے حضرت علی کو متمکن کیا جائیگا۔ حضرت عمر کی کسی لڑکی کا نام ام کلثوم رکھ کر اس کا نکاح جبراً حضرت علی سے کرایا جائیگا۔ یہی حال حضرت عثمان کے ساتھ ہوگا۔ تمام ممالک میں بنی امیہ کو معزول کر کے بنی ہاشم گورنر مقرر کئے جاوینگے پھر جنگ جمل قائم ہوگی تمام مقتول شیعوں کا قصاص حضرت عائشہؓ، حضرت طلحہؓ اور حضرت زبیرؓ وغیرہ سے لیا جائیگا۔ پھر حضرت علی دوبارہ اپنے معتمد جرنیل مروان بن حکم کے ساتھ حضرت عائشہ کو مدینہ بھیجیں گے پھر جنگ صفین قائم ہوگی۔ اب کے حضرت عمرو بن العاص کی چالاکیاں کام نہ آئیں گی اور فتح حضرت علی کی ہوگی۔ غرضیکہ ابتدائے خلافت صدیق اکبر سے لیکر تا غیبت

ش معلوم ہوتا ہے رجعت پہ شیعوں کو کچھ شک ہے

لحہ شیعوں کا امیر المحدثین کچھ چوک سا گیا ہے تین سو یا تین سو دس کی بجائے تین سو نو سال کہنے کے ساتھ یہ بھی کہدیتے تو بالکل یقین آجاتا کہ ۳۰۹ سال ۱۱ ماہ ۱۹ یوم ۹ پہر ۳ گھڑی ۲۳ پل بادشاہی کرینگے۔ منہ

ش پس خداوند جمع کند سی ہزار کس را از یاران او از اہل کوفہ الخ۔ رسالہ رجعت ص۵۵۔ (ابو المحمود)

الغرض قائم پر ایک عالم کا پوڈا پورا بدلا جائیگا۔ تفصیلات دیکھنا چاہیں تو جلاء العیون، رسالہ رجعت کافی وغیرہ کتب شیعہ ملاحظہ فرماویں کہ کس طرح حضرت علی تخت خلافت پر جلوہ افروز ہونگے۔ فتح کے شادیانے اور نصرت کے ناقوس بجائے جائینگے۔ تخت نشینی کے جشن منائے جائیں گے۔ ظالموں کے منہ چڑائے جائینگے۔ شیعوں کو ہار پہنائے جائیں گے۔ الغرض ؎

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں
محو حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہوجائیگی

(باقی باقی)

قادیان کے جلسہ کا نمونہ

(نامہ نگار کے قلم سے)

قادیانی حضرت مرزا صاحب کو باب الرسالۃ میں ظلی نبی اور رئیس فی التحریر مانتے ہیں۔ اسی طرح ان کا ایمان ہے کہ نبی قدنی[1] کے صاحبزادے میاں محمود تقریر و بیان میں نہایت بلند مرتبہ اور معجزانہ حیثیت رکھتے ہیں بلکہ تمام ملکوتی قوتیں خدا تعالیٰ نے ان کے دل و دماغ میں ڈال دی ہیں۔ اور اس سحر بیانی کا ہی اثر ہے کہ ہر سال مختلف بلاد سے لوگ بکثرت جلسہ سالانہ میں شریک ہوکر بزعم خود ساحرانہ بیان سے مالامال ہوکر جاتے ہیں چنانچہ ہم نے اس سال خاص طور پر قادیان میں جاکر خلیفہ صاحب کا بیان سنا۔ جس کا اختصار اور ملخص ہم قارئین "اہلحدیث" کی دلچسپی کے لئے پیش کرتے ہیں :۔

۲۷۔ دسمبر کو ½ ۱۲ بجے کے قریب ہم منارۃ المسیح (موقوعہ قادیان) کے پاس پہنچے۔ پنڈال میں اس وقت پہنچے جبکہ خلیفہ صاحب کی تقریر کا سلسلہ شروع ہو رہا تھا۔ تقریر کیا تھی۔ گویا معجون مرکب کی طرح تھی جس کی نہ کوئی انتہا تھی نہ ابتدا۔ ابھی آپ کسی مضمون کو شروع کرتے تھے اور ابھی وہ ختم ہونے نہیں پاتا تھا کہ نہایت صفائی کے ساتھ جملہ معترضہ کے طریقہ پر کوئی دوسرا مسئلہ چھیڑ دیتے تھے۔ مثلاً

(۱) الفضل اور خلیفہ صاحب

الفضل خلیفہ صاحب کا جاری کردہ اخبار ہے جو آجکل سرکاری گزٹ کا درجہ رکھتا ہے۔ اس اخبار کے متعلق خلیفہ صاحب نے اثنائے تقریر میں کہا کہ الفضل والے ایک تو عقل کے ساتھ کام نہیں کرتے .... (دوسرا یہ کہ) اشاعت کے متعلق بھی صحیح طریقہ اختیار نہیں کیا جاتا۔ اور اس میں سوزاک، قوت باہ وغیرہ امراض کے اشتہارات ہوا کرتے ہیں۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ ایسے اشتہارات نہ ہوں۔ ناظرین کرام! غور فرمائیں کہ الفضل کے لئے خلیفہ صاحب کیسی بُری رائے پیش کرتے ہیں۔ کیا ایسا اخبار قوم میں مسلم ہوسکتا ہے۔ جس کی نسبت اس قوم کا مختار یہ رائے قائم کرے اور اسے امراض خبیثہ و شہوانیہ کا ایک آلہ نشر الصوت قرار دیتا ہو۔

(۲) ایک مرتبہ ایک شخص میرے پاس دو دن مہمان رہا اور الفضل نے یہ خبر شائع کی کہ اس شخص نے میرے پاس صرف ایک وقت کھانا کھایا ہے۔ تو اس خبر سے اس مہمان نے کیسی رائے قائم کی ہوگی؟ شائد اس نے یہ سمجھا ہو کہ اس کی مہمانی کا اظہار کرنا میں مناسب نہیں سمجھتا یا میں نے ہی الفضل کو یہ کہا ہو کہ وہ ایسا ہی لکھے قارئین "اہلحدیث"! خلیفہ صاحب کے اس فرمان کو سامنے رکھ کر اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان کا معتبر آرگن کس قدر جھوٹی خبریں اڑایا کرتا ہے۔ اور ان غلط خبروں کا یہ حال ہے کہ خلیفۃ المسیح کے اوپر بھی جھوٹ اور غلط خبریں لگا دینے میں ذرہ برابر نہیں جھجکتا۔ اور جو اخبار اپنے امیر مطاع، دین و دنیا کے مالک و مختار اور ابن المسیح کی نسبت غلط خبر دے وہ دوسروں سے کیسا برتاؤ کریگا۔

(۳) ایک شدید متکبر عالم کہتا ہے کہ "الفضل" اب دلچسپی کے قابل نہیں، خلیفہ صاحب کے اس فرمان سے ثابت ہوگیا کہ مرزائیوں کی جماعت میں شدید اور متکبر علماء بھی موجود ہیں۔ اور قادیانیوں کے بعض علماء کو بھی الفضل سے دلچسپی نہیں۔ لیکن ہم حیران ہیں کہ اگر جماعت قدنی کا کوئی عالم الفضل کو باعث دلچسپی نہیں سمجھتا تو وہ بے چارہ شدید متکبر کہلانے کا مستحق ہو لیکن اگر خود خلیفہ صاحب الفضل کو دروغ گو، کذاب اور کوک شاستر کا مصداق ٹھیرائیں تو ان پر جماعت کی طرف سے ہائے اور وائے کی بھی گنجائش نہ ہو۔ یہ کس قدر کھلی ہوئی رہبان پرستی ہے۔

(۴) پیغامیوں کی جماعت کی نسبت آپ کا ارشاد ہوتا ہے کہ مجھے کئی دفعہ رؤیا آیا ہے جو ان پر تو پورا نہ ہوگا لیکن شائد ان کی اولاد میں سے کسی پر پورا ہو۔ اس لئے میں اس خاندان (اشارہ بجانب امیر جماعت احمدیہ لاہور) کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا جو کل میری جماعت میں داخل ہوجائیں گے "کسی شخص نے حکیم نورالدین سے پوچھا تھا کہ محمدی بیگم والی پیشین گوئی صحیح نہیں نکلی تو حکیم نورالدین صاحب فرماتے ہیں کہ مرزا صاحب کا لڑکا در لڑکا در لڑکا در لڑکا (ھلم جرا) اور محمدی بیگم کی لڑکی در لڑکی در لڑکی (ھلم جرا) کا اگر کسی زمانہ میں نکاح ہوگیا تو بس پیشگوئی پوری ہوجائے گی۔ چنانچہ ایک حدیث ہے الولد سر لابیہ۔ اسی طرح مرزا صاحب کا اثر ان کے صاحبزادہ میں کچھ نہ کچھ تو ضرور ہونا چاہئے۔ پس اسی طرح خلیفہ صاحب نے بھی ایک مزعومہ خیال ظاہر کردیا ہے کہ چونکہ کسی زمانہ میں ان کی نسل سے کچھ لوگ ہماری جماعت میں داخل ہونگے اسلئے میں ان کی نسبت کچھ نہیں کہہ سکتا۔ چونکہ آپ علم النفس کے خوب واقف ہیں اس لئے یہ تو یقین ہوچکا ہے کہ مولوی محمد علی صاحب خلیفہ صاحب کے معتقد نہیں ہونگے

[1] قدنی مخفف قادیانی کا ہے۔ اور یہ تخفیف خود قادیانی شعراء نے ابتدا میں کی تھی۔ چنانچہ ان کے ایک قصیدے کا ایک شعر یوں ہے ؎

سرمۂ چشم بناتے تیری خاک پا کو
غوث اعظم شہ جیلان رسول قدنی

(اہلحدیث)

محمدیہ پاکٹ بک - جدید اڈیشن - مرزائیت کی تردید میں (۱۸۴) ... ضخیم تصنیف۔ قیمت ... (منیجر اہلحدیث)

اس لئے ان کی اولاد کی نسبت جھٹ ایک پیشین گوئی کر دی۔ تاکہ قادیانی جماعت کے عشاق مرمہ قیامت تک اس پیشین گوئی کی صداقت کا انتظار کرتے رہیں۔

(۵) دوسرا رؤیا۔ دوران تقریر میں آپ ایک دوسرے خواب کا قصہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک وحشت ناک جنگل سے گزر رہا ہوں۔ جس میں قسم قسم کی بلائیں ہیں اور مجھے یہ سکھا دیا گیا ہے کہ تم ڈرنا نہیں بلکہ یہ کہتے ہوئے عبور کر جاؤ کہ خدا کے فضل و رحم کے ساتھ۔ خدا کے فضل و رحم کے ساتھ۔ خدا کے فضل و رحم کے ساتھ۔ چنانچہ میرے سامنے قسم قسم کی خوفناک صورتیں آتی تھیں اور مجھے ڈراتی تھیں۔ کسی کا سر انسان کا دھڑ بندر کا دھڑ انسان کا سر بندر کا، سر ہاتھی کا دھڑ خنزیر کا۔ دھڑ ہاتھی کا سر خنزیر کا۔ کسی کا سر ندارد، کسی کی کمر ندارد وغیرہ وغیرہ۔ اور میں یہی کہتا ہؤا پار نکل گیا۔ خدا کے فضل و رحم کے ساتھ۔ خدا کے فضل و رحم کے ساتھ خدا کے فضل و رحم کے ساتھ"

سابقہ انبیاء، صحابہ، صلحاء، علماء و بزرگان دین اور مجددین عظام کے خوابوں کو آپ دیکھئے تو آپ کو کہیں ایسے خواب نہ ملیں گے۔ ان نیک بندوں کے خواب بھی روحانیت سے لبریز ہؤا کرتے ہیں۔ اور خواب بالا کا حال تو یہ ہے کہ بعض چھوٹے بچوں اور کمزور دماغ انسانوں کو بھی اس قسم کے ڈراؤنے خواب آجایا کرتے ہیں۔

یہ ہیں خلیفہ صاحب کے وہ خواب جنہیں ان کے مریدین سن کر عالم وجد میں آجایا کرتے ہیں۔

(۶) پھر اپنی تعریف میں مرزا صاحب کا الہام سناتے ہیں کہ جب میں بچہ تھا اس وقت میرے ابا جان کو یہ الہام ہؤا۔ ان الذین اتبعوک فوق الذین کفروا[1] الی یوم القیامۃ۔ یہ الہام ان (مرزا صاحب) کے سامنے میری (مرزا صاحب کی) نسبت یہ سنہا ہتھا۔ اب آپ فرمائیے جس شخص کے لئے ایسا بلند شان کا الہام نازل ہؤا ہو۔ اس کی عیب جوئی مصری جماعت کس طرح کر سکتی ہے؟

(۷) جو احمدی تین چار جلسوں میں شریک ہوتا ہے وہ پورا فلاسفر بن جاتا ہے اور یہ خدا کا خاص فضل ہے۔ خلیفہ صاحب کے اس فرمان کو تعلیماً قادیانیوں نے جھوم جھوم کر سنا۔ لیکن تحقیقاً ہم وہ آدمی ایسے پیش کرتے ہیں جو کم و بیش آٹھ آٹھ بار سالانہ جلسہ دیکھ چکے ہیں۔ تو کیا وہ فلاسفر ثابت کر کے دکھلائے جا سکتے ہیں؟ ہاں البتہ اندھوں میں کانا راجہ۔ اس قسم کے فلاسفر تو ضرور بن جائیں گے۔ کیا کوئی شخص خلیفہ صاحب کی اس بات کو تسلیم کر سکتا ہے کہ صرف چار جلسوں کو دیکھ لینے سے ہر احمدی کامل فلاسفر بن جاتا ہے۔ میرے خیال میں حکومتوں کو چاہئے کہ طلباء فلسفہ کو صرف چار جلسوں پر ۱۲ یوم کے لئے بھیج کر کامل فلسفہ کی قدنی سند لے دیا کریں (اگر قبول افتد)

(۸) قرآن فرماتا ہے کہ اہل نار دوزخ کے عادی ہو جائینگے تو خدا تعالیٰ ان کو نئی نئی جلدیں دیگا۔

(۹) سماٹرا برما کی تعلیمی کانفرنس کا پریذیڈنٹ علی بھی میں (ہماری جماعت کی کوشش سے) مسلمان ہؤا ہے۔ خلیفہ صاحب نے بریکٹ کی عبارت اپنے منہ سے نہیں نکالی لیکن کلام میں ایسا ربط پیدا کیا تھا کہ ہر شخص نہایت صفائی اور سادگی کے ساتھ یہی یقین کرلے کہ جماعت احمدیہ کے ذریعہ ہی وہ مسلمان ہؤا ہے۔ لہٰذا ہم خلیفہ صاحب اور ان کی تمام جماعت سے یہ پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ اس شخص کا نام کیا ہے اور کس احمدی مبلغ کے ہاتھ پر اور کب وہ شخص مسلمان ہؤا ہے۔ اور اس کا کامل پتہ کیا ہے تاکہ پوری پوری تحقیق کے بعد ہم قادیانی پریس کی صداقت کا اندازہ لگا سکیں۔ نیز نمبر ۸ کا ثبوت بھی قرآن مجید سے فرمایا جائے تو میں بے حد مشکور ہونگا۔ وہ کونسی آیت ہے جس میں خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اہل نار دوزخ کے عذاب سے عادی ہو چکے ہیں۔ اگر خلیفہ صاحب یا کوئی اور احمدی صاحب مجھے یہ ثابت کر دکھلائیں تو میں بے حد مشکور ہونگا۔

قادیانی اخبارات میں جلسہ کے حالات چھپیں گے۔ اس لئے ان تمام حالات کو پڑھ کر اس پر پھر ایک مضمون جلد ہی ناظرین کی خدمت میں بھیجا جائیگا۔ انشاء اللہ!

(خاکسار ابو سعید عبد الرحمٰن فرید کوٹی از چنیوٹ)

[1] اس کفروا کے نیچے میں قادیان کے آریہ سکھ اور ہندو داخل ہیں یا نہیں۔ اگر ہیں تو ان پر آپ کو کیا فوقیت ہے؟ ان کے بعد جماعت احمدیہ قادیان بھی کفروا میں ہے یا نہیں؟ جو خلیفہ آپ کے اور آپ کے والد ماجد کے منکر ہیں۔ چوہدری صاحب آپ کے بعض سلسلہ کے منکر نہیں ہیں۔ قرآن کے انکار کرنے والے پر الہام کے اور حصن کے انکار کرنے والے پر [illegible]

تأثرات

(حیدر آباد دکن اور سری نگر کشمیر)

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ (ق)

(از مولوی عبد الرحمٰن صاحب خلیل قریشی ہاشمی نظام آبادی)

ہندوستان کی باج گزار ریاستوں میں سب سے بڑی اور وسیع ریاستیں دو ہیں۔ ایک حیدر آباد دکن اور دوسری کشمیر۔ حیدر آباد ہندوستان کے انتہائی جنوب میں واقع ہے اور ایک وسیع خطہ ملک ہے اور ایک طویل و عریض مملکت ہے اور نظام سٹیٹ کے نام سے مشہور ہے۔ بڑا سرسبز اور خوش حال علاقہ ہے۔ ہندوستان کے عین شمال میں ریاست کشمیر ہے۔ یہ بھی ایک نہایت وسیع سلطنت ہے جو نہایت سرسبز پہاڑوں اور زرخیز میدانوں پر مشتمل ہے آبادی گنجان ہے۔ خدا کی حکمت کہ ان کا نام سنتے ہی دل پر ایک بشاشت کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ حیدر آباد اس لئے کہ ہندوستان میں اسلامی سلطنت کی یادگار ہے یہاں کا حکمران ہر دلعزیز، رعایا پرور، علم نواز اور علم دوست حاکم ہے۔ ہنر اور صاحب ہنر کا قدردان، فیاض کہ اقطاع عالم سے لوگ آ آ کر اس سرچشمہ کرم و فیض سے سیراب ہو رہے ہیں۔ اس عالی جاہ صاحب کرم و فضل، جود و سخا بادشاہ کا قلبی اثر عوام الناس رعایا پر بھی یوں پڑا ہے کہ حیدر آباد کے باشندے عموماً فیاض، مہمان نواز، خوش خلق، ملنسار اور علم دوست ہیں۔ ان لوگوں سے

کوئی ایسی حرکت دیکھنے میں نہیں آئی جو وقار کے خلاف ہو اور جس میں دنائت اور رذالت کا شائبہ ہو۔ یا جس میں نخوت اور کم حوصلگی ظاہر ہو۔ لوگ اکثر تعلیم یافتہ اور سمجھ دار ہیں۔ کاروبار اور اسباب معیشت کی طرف سے عموماً قانع اور مطمئن سے نظر آتے ہیں اور دوسری جگہوں کی طرح شاکی اور غیر مطمئن نہیں ہیں۔

مذہبی حیثیت میں یہاں کے مسلمانوں کی عجیب کیفیت پائی۔ یوں تو پرانی روایات کے حامل ہیں۔ لیکن اکثر حقیقت مذہب سے ناواقف اور سنی سنائی باتوں پر عامل۔ مذہب کی ظاہری نمائش بہت لیکن حقیقت سے کم آشنائی اور بے بصری۔ پیروں اور مشائخ کے بہت زیادہ عقیدت مند۔ قبروں اور استھانوں، خانقاہوں پر چڑھاوے چڑھانا منتیں ماننا اور مزاروں پر جبیں فرسائی کرنا مذہبی شعار خیال کر لیا گیا ہے۔ توحید اور اہل توحید سے بہت کم آشنا (الاماشاءاللہ)

موحدین اہل حدیث یوں تو ہندوستان کے چپے چپے میں چھا گئے اور گوناگوں مصائب و تکالیف ہوا ئی مالی، جانی نقصان برداشت کرتے ہوئے کونے کونے میں صدائے توحید بلند کی۔ راس کماری سے لیکر کشمیر کی سرحدوں تک پھر جاؤ ہر جگہ ان موحدین اہل اللہ کے اثرات موجود ہیں۔ جنہوں نے مسلمانوں کے رشتۂ الفت کو خدا سے استوار کرایا اور روٹھے ہوئے اللہ العالمین کو منوا کر دہ ٹوٹے ہوئے تعلقات پھر مضبوط اور محکم کرائے شرک باللہ۔ قبر پرستی اور انسان پرستی سے جو کہ قوموں کے لئے ایک لعنت اور سب سے بڑی مصیبت ہے لوگوں کو نجات دلا کر حقیقی اسلام سے روشناس کرایا لیکن معلوم نہیں کہ اس توحید کے سیلاب کو جنوبی ہند تک پہنچنے میں کوہ بندھیاچل اور ست پڑا کی بلند چوٹیاں اور دشوار گزار گھاٹیاں حائل ہوئیں اور یہ صدائیں انہی سے ٹکرا کر رہ گئیں یا مبلغین توحید و سنت کی بے توجہی۔ بہرحال کوئی ایسی صورت ضرور ہے کہ اس علاقہ میں اہل حدیث خال خال نظر آتے ہیں اور جو ہیں بھی وہ مستضعفین ہیں۔ حیدرآباد میں اکثر بزرگوں کی قبروں پر بڑے بڑے گنبد اور شاندار عمارتیں ہیں اور زائرین عورتوں اور مردوں کا ہر وقت جمگھٹا رہتا ہے کوئی آستانہ کو پکڑ کر رو رہا ہے کوئی دہلیز پر جبیں فرسا ہے۔ کوئی قبر پر بچھے ہوئے اور لیٹے ہوئے رو رو کر عرض حال کر رہا ہے۔ ایک دن غالباً جمعرات کو ایک دوست کے ایماء پر مجھے ایک بزرگ شریف الدین مرحوم کی مزار پر جانے کا اتفاق ہوا۔ مجھے وہ کہنے لگے کہ صبح کی نماز یہاں کے ایک بڑے بزرگ ہیں اُن کی مسجد میں پڑھیں گے میں نے کہا بہت اچھا۔ خیال کیا کہ نماز بھی باجماعت ادا ہوگی اور اُن بزرگوں کی زیارت بھی ہو جائے گی۔ صبح جب حسب قرارداد وہاں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ بزرگ صاحب تو غائب۔ لیکن ایک نہایت عالی شان مقبرہ ہے جو لاکھوں روپوں کی لاگت سے بنا ہے۔ اسکے پہلو میں مغرب کی طرف ایک مختصر سی مسجد بھی ہے۔ صبح کی نماز تو پڑھنے والے مسجد میں بہت کم لیکن اس عالیشان گنبد میں عورتوں اور مردوں کا اس قدر ہجوم تھا کہ تل دھرنے کو جگہ نہیں تھی۔ جو بدنصیب جاتا پہلے دہلیز پر جبیں فرسائی کرتا اور پھر قبر پر صاف سجدہ کرتے ہوئے گر جاتا۔ سینکڑوں پڑھے بڑے خوش پوش، تعلیم یافتہ مہذب نما لوگ اسی حالت میں مبتلا دیکھے۔ کوئی چلا رہا ہے کوئی رو رہا ہے، کوئی سجدہ میں پڑ کر بڑی تضرع اور عاجزی سے گڑگڑا رہا ہے اور مخاطب اس کا وہی صاحب قبر ہے۔ گویا اللہ رب العالمین یہاں بالکل فراموش تھا۔ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

مجھے تو ڈر لگا کہ اس صریح شرک اور قبر پرستی پر شاید رب العالمین کا غضب حرکت میں نہ آجائے۔ میں جلدی چھت کے تلے سے باہر آگیا اور بڑی حیرت سے یہ تماشا دیکھتا رہا۔ سچ ہے۔ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِم مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِن دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۔ خدا تعالیٰ بڑا ہی صاحب حلم ہے۔

مقبرہ مذکور کے دروازوں اور دیواروں پر بہت سے خوشنما قطعے لکھے ہوئے تھے۔ اکثر سنگ مرمر میں کندہ اور بعض سادہ شیشے کے چوکھٹوں میں محفوظ دیواروں پر آویزاں تھے سامنے کے دروازہ پر ؎

یوسف الدین شریف الدین شہ عالی جناب[1]
دستگیر عاجز و مسکین ضعیف و شاب
نعمت دنیا و عقبیٰ ہم خدا و ہم رسول
از سر صدق و ارادت ہر چہ خواہی بیاب

کسی جگہ یہ اشعار لکھ کر آویزاں تھے ؎

بے ادب پا منہ اینجا کہ عجب درگاہ ہست[2]
سجدہ گاہِ ملک در روضۂ شہنشاہ است

کہیں یہ ابیات مسلمانوں کی بے بصری پر نوحہ خواں تھے

؎ تخت گاہِ دو شہ عرش مقام است اینجا[3]
قبلہ و کعبۂ حاجاتِ انام است ایں جا
کامیاب اند سعادت چہ مسلماں و چہ ہنود
بارشِ ابر کرم رحمت عام است اینجا

اور کسی کونے میں کوئی عقیدت مند چلا چلا کر ذیل کے الفاظ میں صاحبِ قبر سے خطاب کر رہا تھا (وھم عن دعاءھم غافلون) ؎

نہیں تھی کچھ بھی میری حقیقت تمہارے در سے ملی ہے عزت
خراب ہونے نہ دیجئے حضرت تمہارے گھر کا بنا ہوا ہوں

غرضیکہ ایسی بے شمار مثالیں آپ کو حیدرآباد میں ملیں گی جن کو دیکھ کر ایک اہل دل کے قلب پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے اور اس کے دل سے ایک آہ نکلتی ہے کہ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا کم

---

[1] شریف عالی جناب بادشاہ ہیں اور عاجز و مسکین بوڑھے اور جوان کی مدد اور دستگیری کرنے میں دنیا اور عقبیٰ کی نعمت ہیں۔ خدا بھی ہیں اور رسول بھی ہیں۔ تم سچے دل سے اور عقیدت سے آؤ اور یہاں سے اپنا ہر مطلب پالو۔

[2] اے بے ادب اس عجیب درگاہ میں پاؤں مت رکھ۔ یہ ایک ایسے شہنشاہ کا روضہ ہے جہاں فرشتے بھی آکر جھکتے ہیں۔ (خوش قسمت ہیں وہ مسلمان جو اسکے کہنے کے مطابق بے ادب ہیں اور جن کا یہاں قدم نہیں آتا)

[3] یہ جگہ ہم پلہ عرش ہے۔ لوگوں کی حاجت براری کے لئے یہ جگہ قبلہ و کعبہ ہے۔ یہاں سے ہندو مسلمان سعادت مندی اور کامیابی حاصل کرتے ہیں اور یہاں پر کرم عام کی بارش ہو رہی ہے وغیرہ وغیرہ۔

وہ وقت کب ہوگا کہ جس شہر کا نام لیکر مسلمانانِ ہندوستان کے دل میں سرور اور آنکھوں میں ٹھنڈک (تقویت) پیدا ہو۔ وہاں کی مذہبی حالت یہ ہو کہ شرک اور اسلام میں عوام الناس تمیز نہ کرسکیں جس شہر میں حدیث کی سینکڑوں نادر الوجود کتابیں شائع ہوں اور ملکوں میں جائیں اور قرآن و حدیث کی اشاعت کا جو شہر فی زمانہ منبع سمجھا جائے۔ وہاں قبر پرستی اور پیر پرستی اور شرک و بدعت اپنے جوبن پر ہوں۔ اعاذنا اللہ منہا۔

کاش کوئی اللہ کا بندہ اُٹھے اور حیدرآباد میں اس شرک کے خلاف آواز اٹھائے۔ افسوس دل سرد ہو گئے توحید کی آگ دل میں سرد پڑ گئی وہ جوش اور وہ شوق اور وہ جاں بازیاں اور سرفروشیاں نہ رہیں۔ دلوں پر غیر اللہ کا ڈر اور انسانی رعب مسلط ہو گیا اور حق گوئی سے خاموشی اختیار کرلی گئی۔ استحوذ علیہم الشیطان فانساھم ذکر اللہ

کبھی وقت تھا کہ مسلمان اعلائے کلمۃ الحق میں پہاڑوں سے ٹکرانے اور سمندروں کو چیرنے میں بے باک تھا کوئی چیز سامنے آتی پرواہ نہ کرتے ہوئے اعلائے کلمۃ الحق جرأت اور دلیری سے کرتا۔ شرک ایک ایسی سخت بلا ہے اور ایک ایسی مصیبت ہے۔ جس نے ایمان کو کھوکھلا کر دیا اور مسلمانوں کو بزدل اور بے غیرت بنا دیا توحید اللہ کا نور ہے۔ شمع روشن ہے۔ حقیقی راہ ہدایت ہے، صراط مستقیم ہے، کامیابی کی شاہ راہ ہے۔ فائز المرامی کا ذریعہ ہے اور دنیا کی تمام فتوحات برتری اور کامیابیوں کی کلید ہے۔ قبہ پرستی، شرک بالخصوص قبر پرستی ایک گھن ہے جو مسلمان کے دل کو بے جرأت اور کھوکھلا کر دیتی ہے اور شیطان کا اس پر غلبہ ہو جاتا ہے۔ پھر ہر ایک شخص کا ڈر اور رعب ایسے انسان پر غالب آجاتا ہے اور وہ دنیا میں ایک گیا گزرا انسان، اور مشرک قومیں گری ہوئی قومیں کہلاتی ہیں۔

میں نے حیدرآباد کے مقابلہ میں کشمیر کو رکھا تھا کشمیر کی مذہبی کیفیت بھی تقریباً یہی ہے۔ وہاں بھی قبر پرستی، استھان پرستی اور پیر پرستی کثرت سے ہے کسی کشمیری اکثر پیروں کی مزاریں دیکھنے میں آتی ہیں اور بعض جگہوں پر تو لوگ محض اس لئے سجدے کرتے اور دعائیں مانگتے ہیں کہ وہاں کوئی بزرگ صرف بیٹھ گئے تھے۔ مثلاً شاہ ہمدان کی خانقاہ۔ یکثر ایسی جگہوں میں بڑے بڑے مشرکانہ اشعار پڑھے جاتے ہیں۔ اور مشرکانہ وظائف کئے جاتے ہیں۔ مفصل کیفیت کسی دوسری فرصت میں عرض کی جائے گی۔ مختصر یہ کہ مثلاً وہاں کسی بزرگ نقشبند صاحب کی خانقاہ ہے اس پر ذیل کے اشعار ایک کونے میں لکھے تھے ؎

دردمندانیم افتاں و خیزاں آمدیم
چارہ مے جوئیم از دارالشفائے نقشبند
نیست بر لوحِ دلم نقشے سوائے نقشبند
المدد یا خواجۂ مشکل کشا المدد

غرضیکہ مشرکانہ افعال میں دونوں جگہوں کی حالت ملتی جلتی ہے۔ لیکن اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم کشمیر میں موحدین کی ایک کثیر جماعت ہو گئی ہے۔ (کثّر اللہ سوادھم) اور اشاعت توحید میں یہ لوگ سرگرم ہیں۔ مجھے یہ دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ حیدرآباد میں بھی مخلصین کی ایک ایسی جماعت پیدا ہو گئی ہے جن کے دل شرک اور قبر پرستی کو دیکھ کر کڑھتے ہیں: اور انہوں نے اس بدعت کے خلاف حسب حیثیت جدوجہد شروع کردی۔ انہم فتیۃٌ آمنوا بربھم وزدناھم ھدیً وربطنا علیٰ قلوبھم اذ قاموا فقالوا ربنا رب السموات والارض لن ندعوا من دونہٖ الٰھًا الخ۔ (باقی باقی)

علم کی فضیلت اور اہل علم

(از قلم مولوی نور محمد صاحب میانوی جہلمی)

حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے پاک کلام میں ارشاد فرماتا ہے۔ شھد اللہ انہ لا الٰہ الا ھو والملائکۃ واولوا العلم قائماً بالقسط۔ یعنی خدا نے اور فرشتوں نے اور ذی علم لوگوں نے اس امر کی گواہی دی کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عادل با انصاف حاکم ہے: اس آیت سے بچند وجوہ علم کی شرافت معلوم ہوتی ہے۔

(۱) اہل علم کو خدا نے اتنا شرف عطا کیا ہے کہ ان کی شہادت کو اپنی شہادت اور اپنی پاک مخلوق کی شہادت کے ہم پلہ رکھا۔

(۲) مشہود بہ عظیم یعنی اپنی توحید پر سب نوع بشر میں سے اہل علم ہی کو منتخب فرمایا۔ امرا و روسا و عقلاء میں سے کسی کو اس کے واسطے پسند نہ کیا۔

(۳) اہل علم کی شہادت کو بغیر اعادہ لفظ شہادت کے اپنی اور اپنے فرشتوں کی شہادت کے ساتھ ملا کر ذکر کیا۔ اس ترکیب سے اہل علم کی شہادت کا ارتباط خدا کی شہادت کے ساتھ خوبی سے ظاہر ہوتا ہے گویا خدا نے اپنی ذات کی وحدانیت کی گواہی علماء کی زبان پر دی۔ اور علما کی زبان کو اس شہادت پر جاری کیا۔

(۴) اس شہادت کے لینے کے ضمن میں لوگوں پر علماء کا تزکیہ و تعدیل ظاہر فرمایا۔ اس واسطے کہ خداوند علیم اپنی مخلوق میں سے خاص اسی شخص کی شہادت لیتا ہے جو عادل بے لوث ہو۔ جیسا کہ حدیث ذیل سے ظاہر ہوتا ہے:۔ یحمل ھذا العلم من کل خلف عدولہ ینفون عنہ تحریف الغالین وانتحال المبطلین وتاویل الجاھلین۔

(۵) اہل علم کو اولوا العلم کے لقب سے ملقب کیا جس سے ظاہر ہوا کہ ہمیشہ کے واسطے اہل علم کو یہ لقب عطا کیا گیا ہے۔ اور اہل علم کے لئے یہ لقب شایان ہے دنیاوی القاب کی طرح چند روزہ نہیں کہ پھر ان سے سلب ہو جاوے اور کوئی بھی ان کے حال کا پرسان نہ ہو ~~~ کرام تو بجائے خود۔ آپ ہی اور دل لگا کر نظر غور سے دیکھیں کہ دنیاوی لقبے اشخاص کا لقب دیا ہوا چھین گیا۔

ahmadimuslim.de

(۳) قاعدہ مشہور ہے کہ صاحب عظمت کسی بڑے کلام پر اکابر خلق و رؤسا قوم کی شہادت لیا کرتا ہے اسی قاعدہ کے مطابق اعظم ترین مشہود (توحید) پر اکابر و اشرف خلق ذی علم کی شہادت لی گئی۔

(۴) علماء کی شہادت کو منکران توحید پر حجت ٹھیرایا جس سے معلوم ہوا کہ علماء بمنزلہ ادلہ الٰہیہ ربانیہ و براہین دالہ علی التوحید کے ہیں۔

(۵) اس شہادت کے باعث خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کے نزدیک علماء کرام کو اپنا حق ادا کرنے والا ٹھیرایا۔ پھر جبکہ علماء عظام نے دنیا میں توحید کی منادی کر دی تو انہوں نے مشہود بہ حق کو ادا کر دیا۔ ان کی شہادت سے مشہود بہ حق اہل دنیا پر ثابت ہو گیا اور مخلوق خدا پر توحید خدا کا اقرار کرنا واجب ہو گیا۔ اور قیامت تک جس آدمی کو توسل سے فیض پہنچا ان میں سے عامل کے برابر علماء کو بھی ثواب حاصل ہؤا۔ اور یہ دین کی فیض رسانی کا ایسا رتبہ ہے جس کا اندازہ سوائے خدائے علیم کے اور کوئی نہیں جانتا۔

عالم وجود میں چند ایسی اشیاء ہیں جو باہم کسی صورت میں مساوی نہیں جیسے روشنی اور تاریکی یا جیسے کہ دوزخی اور جنتی لوگ۔ اسی طرح اہل علم بے علموں کے برابر نہیں۔ گو بے علم لوگ دنیاوی مناصب کے حصول میں کتنی ہی جدوجہد کر کے اپنے باقی ابناء جنس سے ہر طرح فائق ہو جاویں مگر جو کچھ مدارج خداوند کریم نے اہل علم کو عطا کئے ہیں وہاں تک بغیر حصول علم کے ان کی رسائی کسی طرح نہیں ہو سکتی اور نہ کسی طرح ان کے برابر ہو سکتے ہیں۔ ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون۔ یعنی کیا پڑھے ہوئے اور اَن پڑھ کبھی باہم برابر ہو سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ایک دوسری جگہ میں جاہل کو نابینا کہا ہے۔ اس آیت میں باقی ابناء جنس پر علماء کا فائق ہونا بیان فرمایا اور علماء کو صاحب بصارت اور بے علموں کو اندھا ٹھیرایا اور علماء کی تصدیق کو اپنے کلام کے ظاہر ہونے پر شہادت اور ثبوت میں پیش کیا۔ اس آیت میں بنی آدم کی تقسیم دو طرح پر کی۔ ایک گروہ صاحب بصیرت ذی علم۔ اور دوسرا گروہ کہ باطن جاہل اندھا۔ دیگر خشیۃ کا حصر اہل علم میں فرمایا۔ چنانچہ ارشاد باری ہوتا ہے:۔ اِنَّمَا یخشی اللہ من عبادہ العلماء۔ یعنی اہل علم ہی خدا سے ڈرنے والے ہوتے ہیں۔ پس ثابت ہؤا کہ دخول جنت و رضاء الٰہی کے واسطے خشیۃ اللہ ضروری امر ہے۔ اور خشیۃ اللہ سوائے علم حاصل کے نہیں ہو سکتا۔

پس علم دین کا سیکھنا از حد ضروری ہے۔ علماء ربانی کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتب منزل علی الانبیاء کے علم کا مخزن قرار دیا۔ چنانچہ فرماتا ہے:۔ بل ھو ایات بینات فی صدور الذین اوتو العلم وما یجحد بایاتنا الا الظالمون۔ یعنی قرآن شریف فی نفسہ آیات بینات ہے اہل علم کے سینوں میں ثابت اور محفوظ ہے۔ قرآن شریف کا آیات بینات ہونا اہل علم کو معلوم ہے۔ اور ان کے سینوں میں یہ بات ثابت ہے اہل علم کو اللہ تعالیٰ نے مرجع خلق کا بنایا ہے۔ چنانچہ بنی آدم کی رسالت کے مستبعد سمجھنے والے کفار کو حکم دیا ہے کہ ہم نے تو آج تک دنیا میں جس قدر رسول بنی آدم کی رہنمائی کے واسطے بھیجے ہیں وہ جنس بنی آدم ہی میں سے منتخب کر کے بھیجے ہیں۔ تم خود نہیں جانتے تو اہل علم سے دریافت کر لو۔ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اعلیٰ و اشرف الایات دینیہ ستون اسلام نماز ہی میں اہل علم ہی کو مقتدا بنایا ہے جیسا کہ صحیح مسلم کی حدیث مرویہ حضرت ابو مسعود بدری سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یؤم القوم اقرءھم لکتاب اللہ۔ یعنی لوگوں میں سے جو کتاب خدا کو جاننے والا ہو وہ نماز کی امامت کرایا کرے۔ اللہ تعالیٰ نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی نعماء عظمیٰ یاد کرائیں اور ان سب میں سے علمی نعمت کو بہت بڑھ کر وقعت دی۔ اور بہ نسبت دیگر انعام و اکرام کے اس نعمت کا زیادہ احسان آپ کی ذات پر رکھا۔ وانزل اللہ علیک الکتاب والحکمۃ وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما۔

خداوند کریم نے اپنے بندوں کو عطیہ علم کی نعمت یاد دلائی۔ اور اس پر ان سے شکریہ طلب کیا۔ اور پھر اس علمی عطیہ کی ہمیشہ یادگار قائم رکھنے کے واسطے اپنے ذکر اذکار کا ان کو حکم دیا۔ کَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ یَتْلُوْا عَلَیْكُمْ اٰیٰتِنَا وَیُزَكِّیْكُمْ وَیُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَیُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِیْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝

ایک اور جگہ پر فرمایا کہ عطیہ علم پر خوشی کرو۔ دنیا کے لوگ جس قدر خزائن جمع کر رہے ہیں ان سب سے یہ دولت علمی بہتر ہے۔ قل بفضل اللہ و برحمتہ فبذالک فلیفرحوا ھو خیر مما یجمعون۔ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت مرحومہ کو سنا دو کہ خدا کے فضل (ایمان) اور خدا کی رحمت (قرآن) پر خوش ہو جائیں یہ دونوں چیزیں لوگوں کے جمع کردہ خزائن سے بدرجہا بہتر ہیں۔ عطیہ علم کی بہتری و خیریت کے متعلق ایک حدیث شریف میں یوں آتا ہے من یرد اللہ بہ خیرا یفقہ فی الدین۔ جس کو اللہ تعالیٰ بھلائی اور بہتری پہنچانا چاہتا ہے تو اس کو اپنے دین میں سمجھ دیتا ہے دولت لازوال، خزائن علمیہ، انبیاء صلوٰۃ اللہ علیہم کا وارث اسے بناتا ہے۔

قرآن شریف میں ایک اور جگہ پر علم دین کی ضرورت کو اس طرح ظاہر فرمایا کہ زمین و آسمان کے پیدا کرنے اور انبیاء علیہم السلام کے مبعوث فرمانے اور ان پر کتابیں کے اتارنے اور خانہ توحید مکہ مکرمہ میں لوگوں کو سال بسال حج کے واسطے جمع کرنے اور قربانیوں کی رسم جاری کرنے سے میری یہی غرض ہے کہ تم کو میری ہستی اور صفات علیا اور میری وحدانیت کا علم حاصل ہو جاوے۔ اللہ الذی خلق سبع سموات ومن الارض مثلھن یتنزل الامر بینھن لتعلموا ان اللہ علی کل شیء قدیر۔ فرشتوں نے جناب باری تعالیٰ سے آدم علیہ السلام کے خلیفہ تجویز ہونے کے متعلق سوال کیا تھا کہ خداوندا ایک پاک گروہ کے مقابل میں آدم جیسے شخص کو خلافت کے واسطے چن لینے کی کیا حکمت ہے۔ اور فرشتوں پر ہماری خدا آدم علیہ السلام کو کیا فضیلت ہے ہم خدا و تسبیح ۔۔۔

۴۔ جواب دیا کہ جس بات کو میں جانتا ہوں اسے تم نہیں جانتے۔ پھر علمی امتحان میں دونوں کو بلایا گیا اور آدم علیہ السلام علم میں فرشتوں سے ۔۔۔ امتحان ۔۔۔

فتاویٰ

س ع۴۳ } ہم لوگ دیہات کی بستیوں میں رہتے ہیں۔ اکثر کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ ایسی بستی میں اپنے لڑکوں کی تعلیم کے لئے مکتب بنا کر معلم رکھتے ہیں۔ ہم لوگ جو صدقہ فطر دیتے ہیں اور قربانی کرتے ہیں تو فطرہ و چرم قربانی اپنے لڑکے کی تعلیم کے لئے بستی کے مکتب کے معلم کو تنخواہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

(ایک خریدار اہلحدیث)

ج ع۴۳ } تنخواہ میں چرم قربانی اور صدقہ فطر نہیں دے سکتے۔ وہ غرباء مساکین کا بلاعوض حق ہے حدیث شریف میں طعمۃ للمساکین آیا ہے۔ ان صریح الفاظ کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے مصرف پر خرچ کرنا صحیح نہیں۔ اللہ اعلم وعلمہ اتم۔

س ع۴۴ } اگر کوئی شخص کسی ایسے کام سے عہد کرلے (جس کا نیک ثواب یا عذاب کرنے نہ کرنے سے نہ ہو) یہ کہ میں اس کام کو نہ کرونگا اور پھر اس کام کو کرنا چاہے تو اس کو کیا کرنا چاہیئے۔ جبکہ بغیر اس کام کے کئے اس کو دقت کا سامنا ہو۔ اس کو اپنا عہد توڑنا جائز ہے یا نہیں یا اس کا کچھ کفارہ ادا کرنا چاہیئے۔ کسی وجہ سے یا غصہ میں آکر عہد کرلیا۔ حالانکہ کام گناہ کا نہیں ہے۔

(سائل ایک مسلمان)

ج ع۴۴ } سائل نے ہمیں عہد کی قسم اور کام کی نوعیت نہیں بتائی۔ اس لئے ہم بھی مفصل جواب نہیں دے سکتے۔ آیت کریمہ اس امر میں واضح ہے۔ قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا الآیہ خدا کے نام کی قسموں کو بہانہ بنا کر نیکی اور اصلاح کرنا نہ چھوڑو۔

س ع۴۵ } کیا نماز مکتوبہ کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا جائز ہے یا نہیں۔ اگر جائز ہے تو کیا فرض ہے یا مسنون۔ جواب از روئے قرآن و حدیث عنایت فرمائیں

(سائل عبدالغنی کھکنوی)

ج ع۴۵ } نماز فرض کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا جائز ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث آئی ہے۔ اگرچہ وہ حدیث ضعیف ہے۔ مگر جواز کا فائدہ دیتی ہے۔ اللہ اعلم!

س ع۴۶ } ہمارے گاؤں میں ایک پرانی مسجد ہے۔ جو کہ زلزلہ سے بالکل چور ہوگئی ہے۔ گاؤں والوں میں اتنی ہمت و جرات نہیں اور نہ مسجد مذکور میں کسی طرح کی آمدنی ہے۔ جس کے ذریعے مسجد مذکور کی مرمت ہوسکے آیا ایسی صورت میں مسجد مذکور کی مرمت قربانی کی کھال سے کرنا درست و جائز ہے یا نہیں؟

(سیکرٹری انجمن اصلاح الانصار سملی)

ج ع۴۶ } قربانی کی کھالیں غرباء و مساکین کا حق ہے۔ مسجد کے لئے الگ چندہ کیا جائے۔

س ع۴۷ } ہمارے گاؤں میں اکثر لوگ عقیقہ کرتے ہیں اور عقیقہ کے گوشت کو پکا کر خاص لوگوں کی دعوت کرتے ہیں۔ کیا اس طرح کی دعوت میں جانا اور کھانا از روئے شرع شریف کے کیا حکم رکھتا ہے

(سائل مذکور)

ج ع۴۷ } عقیقہ کے گوشت سے احباب کی دعوت کرنی جائز ہے۔ عقیقہ اور قربانی کا حکم ایک ہے۔ جیسے قربانی کا گوشت خود کھا سکتا ہے اور احباب کو بھی کھلا سکتا ہے۔ (ار داخل غریب فنڈ)

نوٹ:۔ فتاویٰ اسی قدر تھے۔ (مفتی)

فتاویٰ نذیریہ

دو ضخیم جلدوں کی کتاب بنصف قیمت پر

حضرت مولانا سید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمہ کی تمام عمر کے فتاویٰ کا مجموعہ۔ جس میں ہر سوال کا جواب قرآن مجید و حدیث شریف کے مطابق بالتفصیل دیا گیا ہے۔ یہ کتاب ہر اہلحدیث گھر میں موجود ہونی چاہئے۔ جلد منگوالیں۔ ورنہ ایسا موقع پھر ہاتھ نہیں آئے گا۔

قیمت بجائے ۵؍ کے ۲ ۸؍ (اڑھائی روپیہ)

منگوانے کا پتہ۔ مینجر دفتر اہلحدیث امرتسر

(بقیہ متفرقات انتخاب)

یاد رفتگان | میرا ماموں‌زاد جوان بھانجہ نوشیر سے انتقال کرگیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

(مولوی عبدالقیوم از لالہ موسیٰ)

(۲) میرا بڑا لڑکا رستم علی ایک لڑکا اور ۳ لڑکیاں چھوڑ کر رحلت کرگیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

(مولوی ثناء اللہ سندر پور۔ ضلع مالدہ)

(۳) میری دختر جو بڑی نیک اور صالحہ تھی۔ چار بچے چھوڑ کر فوت ہوگئی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

(عبدالعزیز ناگی از کوٹلی لوہاراں)

(۴) میرے دادا حکیم رحمت علی صاحب قریشی تقریباً پچانوے سال کی عمر پاکر ۲۳ دسمبر ۳۸ء بروز جمعہ بوقت ۱۲ بجے شب انتقال فرماگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون مرحوم قابل ترین طبیب اور مخلص مسلمان تھے۔

(قریشی سراج الحق ساکن بھنگواں متصل ریلوے اسٹیشن جنڈیالہ گورو۔ ضلع امرتسر)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم

ضرورت ہے | خاکسار جو نہایت غریب طالب علم ہے۔ ایک مترجم اور خوشخط قرآن مجید کی ضرورت ہے۔ ناظرین اہلحدیث میں سے کوئی صاحب مجھے فی سبیل اللہ خرید دیں۔ پتہ:۔ عبدالشکور طالب علم مسجد اہلحدیث محلہ ایمان گیرہ میسور۔

دعائے صحت | میرا ایک دوست بیمار ہے۔ ناظرین اس کے حق میں دعائے صحت فرمائیں۔

(حاجی عبدالکریم از لاہور)

اللھم اشفہ بشفائک وداوہ بدوائک

بارش کے لئے دعا کریں | امسال پنجاب میں بارش بہت کم ہوئی۔ اکثر ایسے علاقے ہیں جہاں بالکل نہیں ہوئی۔ اسی وجہ سے فصل بہت کم بوئی گئی ہے۔ اور اب خشک سردی فصلوں کو خراب کررہی ہے۔ اگر بارش ہو تو بہت مفید ہے۔ لہٰذا اجلہ ناظرین سے درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ کی درگاہ میں خلوص دل سے عاجزی و انکساری سے بارش کے لئے دعا کریں۔ (ایک کسان)

متفرقات

اہلحدیث کے وی پی ۳۱- دسمبر ۱۹۳۸ء کو مندرجہ ذیل خریداران کی خدمت میں وی پی بھیجے گئے ہیں۔ امید ہے کہ جملہ حضرات وصول کر لیں گے۔ خدانخواستہ کسی صاحب کی عدم موجودگی یا کسی اور وجہ کے باعث وی پی واپس ہو جائے تو از راہ نوازش قیمت اخبار جلد از جلد بھیجدیں ورنہ وی پی واپس وصول ہونے کے بعد دو ہفتہ انتظار کر کے اخبار بند کر دیا جائے گا۔

۱۰۵ - ۴۳۵ - ۲۵۷۸ - ۳۰۶۳ -
۴۷۷۳ - ۵۲۹۸ - ۶۳۰۸ - ۷۵۰۳ -
۸۳۴۵ - ۹۱۲۲ - ۹۶۰۲ - ۹۶۹۳ -
۱۰۱۲۲ - ۱۰۶۷۱ - ۱۰۹۱۴ - ۱۱۱۹۴ -
۱۱۲۱۴ - ۱۱۳۲۲ - ۱۱۳۱۴ - ۱۱۵۳۶ -
۱۱۵۴۳ - ۱۱۷۹۳ - ۱۱۹۷۷ - ۱۱۹۷۹ -
۱۲۰۵۳ - ۱۲۱۴۲ - ۱۲۲۹۷ - ۱۲۲۹۹ -
۱۲۳۰۰ - ۱۲۳۰۴ - ۱۲۳۸۷ - ۱۲۳۸۹ -
۱۲۳۹۱ - ۱۲۳۹۲ -

شکریہ معاونین حضرات ذیل کی اس عنایت فرمائی کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے اخبار اہلحدیث کی توسیع اشاعت میں کوشش کر کے توحید و سنت کی اشاعت میں ہمارا ہاتھ بٹایا۔ یعنی نئے نئے خریدار بنائے۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء۔ علی ہذا القیاس اگر دیگر احباب بھی اس طرف توجہ فرما کر ایک ایک نیا خریدار بنائیں تو علاوہ اس کے کہ اشاعت میں دگنا اضافہ ہو توحید و سنت کی تبلیغ بھی احسن طور پر ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر نبی محمد خان صاحب۔ مولوی عبد العزیز صاحب۔ شیخ حاجی عبد العزیز صاحب۔ منشی رحیم بخش صاحب۔ حکیم عبد السمیع صاحب۔ حاجی عبد الکریم صاحب۔ (ایک ایک خریدار) مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی ۲ خریدار۔

مقدمہ آمین بالجہر عرصہ دس سال سے نماز میں باواز بلند آمین کہنے کا حق ثابت کرنے کے لئے ہم نے دیوانی دعویٰ دائر کر رکھا ہے۔ وکلاء کی بحثیں ہو چکی ہیں۔ قانونی نظائر وغیرہ جماعت اہل حدیث کی طرف سے دکھلائی جا چکی ہیں۔ مگر ۱۵ ستمبر ۱۹۳۸ء کو صرف ایک تنقیح کا فیصلہ سنانے کے بعد آج تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ ہم لوگ اس مقدمہ کی وجہ سے بے حد پریشان ہیں۔ اہل حدیث کانفرنس و دوسری اہل حدیث انجمنیں اور اہل حدیث قانون دان اصحاب ہمیں مشورہ دیں کہ اب ہم کو کیا طریقہ اختیار کرنا چاہئے ——— مقدمہ ہذا میں حکیم محمد سلیمان ولد محمد خان ساکن شہر امین متصل دائرٹینکس مدعی ہیں۔ جملہ خط و کتابت اُن کے پتہ پر ہو۔

راقم عبد الغنی اینڈ برادرز ناظم انجمن اہل حدیث ریلام کیسرہ بازار

اہلحدیث ایک دفعہ حاکم کو بذریعہ درخواست توجہ دلائیں نہ سنے تو اس کے محکمہ اپیل میں درخواست دیں کہ ہمارا فیصلہ ہونا چاہئے۔

دعا فرمائیں جماعت اہل حدیث کوپاگنج ضلع اعظم گڑھ بے کس غریب اور قلیل التعداد ہونے کے باعث اپنے برادران اسلام کا تختہ مشق بنی ہوئی ہے۔ ان کو مساجد اللہ میں نماز ادا کرنے کی اجازت نہیں۔ اس وجہ سے یہ جماعت جمعہ و جماعت کے ساتھ نماز ادا نہیں کر سکتی ناظرین خلوص دل سے ہمارے حق میں دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری مشکلات آسان کرے۔

(عبد الرحمن حمید اللہ محلہ پورہ چھلیل قصبہ کوپاگنج ضلع اعظم گڑھ)

دار الحدیث مدینہ منورہ کے لئے مبلغ ۹۹ روپیہ دفتر ہذا میں موصول ہوئے تھے جو ۲۷- دسمبر ۱۹۳۸ء کو بحوالہ حافظ عبد الرحمن صاحب آنریری آف گوجرانوالہ سفیر مدرسہ مذکور کر دیئے گئے۔ ناظرین مطلع رہیں۔ (مینجر)

غریب فنڈ میں از فتویٰ فنڈ ۸؍ سابقہ عہ۔ جملہ ۸؍ از سائل ۸ سردار علی ۸؍۔ ۳۱ عبد العزیز کاپٹی ۸؍۔ میزان ۸؍۔ بذمہ فنڈ ۳؍۔

اصحاب خیر غریب فنڈ کی امداد سے ہاتھ نہ کھینچیں بلکہ جسقدر ہو سکے اسکی امداد فرمائیں۔ ابھی پینسٹھ (۶۵) سائلین اور ہیں۔ اگر توحید و سنت کی آواز کو زیادہ پھیلانا چاہتے ہیں تو غریب فنڈ کی جی کھول کر امداد کریں۔

خوشخبری خوشخبری خوشخبری

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا

سالانہ اجلاس

۷-۸-۹- اپریل ۱۹۳۹ء کو

قصبہ فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) میں بڑی شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوگا۔

انشاء اللہ!

نوٹ:- فتح گڑھ امرتسر سے ۱۹ میل بجانب مشرق ہے۔

رسالہ

مسئلہ تقلید شخصی مع جواب رسالہ مناکحت وہابیہ

چھپ رہا ہے

کسی سابقہ اشاعت میں رسالہ مذکورہ کی کتابت کی بابت اطلاع شائع کی گئی تھی۔ چنانچہ چند کاپیاں کتابت ہو کر پریس جا چکی ہیں۔ بقیہ کام بھی مسلسل جاری ہے۔ امید ہے رسالہ مذکور جلد از جلد مکمل ہو کر شائع ہو جائیگا۔

پس شائقین حضرات اپنی اپنی فرمائشات جلد از جلد ارسال کریں اور محصول ڈاک کے علاوہ حق اشاعت فنڈ کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

اشاعت فنڈ کی امداد کرنا ہر اہل توحید کا فرض ہے۔ اس فنڈ سے تبلیغ توحید و سنت کی اشاعت بصورت رسالجات کی جاتی ہے۔

(سکرٹری شعبہ اشاعت دفتر اہلحدیث امرتسر)

نصف قیمت سیدالبشر (مرتبہ مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فریدکوٹی) جس میں توریت، زبور اور انجیل کی متعدد پیشگوئیوں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا ثبوت مدلل اور واضح طور پر دیا گیا ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ اصل قیمت ۶؍ رعایتی ۳؍ (تین آنہ)

دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر سے خرید فرمائیں۔

(باقی متفرقات صفحہ ۳ کالم ۳ پر)

ملکی مطلع

مُسلم لیگ کا سالانہ جلسہ اور اس کی قراردادیں

پٹنہ (عظیم آباد) میں بڑے دنوں کی تعطیلات میں مسلم لیگ کا سالانہ جلسہ ہوا۔ جس میں زیادہ تقریریں کانگرسی انتظام کے خلاف ہوتی رہیں۔ کیونکہ کانگرسی صوبوں کے انتظام سے متعلق مسلمانوں کو بہت سی شکایات ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی شکائت اردو زبان کے متعلق ہے۔ جس کی نسبت کانگرسیوں کے لیڈر گاندھی جی کی طرف سے اعلان ہوا ہے کہ ہندوستانی زبان کو وسیع کیا جائے۔ جس کی صورت یہ بتائی ہے کہ سنسکرت وغیرہ کے الفاظ اس میں بکثرت داخل کئے جائیں۔ اس اعلان سے حامیان اردو کو خطرہ ہوا کہ اردو اپنی اصلی شکل میں نہ رہے گی بلکہ کوئی اور زبان بن جائے گی۔ گاندھی جی کے اعلان سے اردو زبان میں وسعت پیدا نہیں ہوگی بلکہ بگاڑ ہوگا۔ اس وسعت یا بگاڑ کی مثال ہم ایک ہی فقرہ میں دکھاتے ہیں مثلاً اردو میں کہتے ہیں کہ:۔

"میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں"

کیسا صاف اردو فقرہ ہے۔ اسکو یوں بنایا جائیگا:۔

"میں آپ کی سیوا میں نویدن کرتا ہوں"

کون نہیں جانتا کہ یہ دو فقرے گویا الگ الگ زبانوں کے ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ اردو زبان میں ایسی تحریف کرنا قبل از وقت اور بے سود ہے۔ زبان میں الفاظ خود بخود آجاتے ہیں کسی کے داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ہمارے دیکھنے اور سننے کی بات ہے کہ اردو میں کئی ایک الفاظ خود بخود داخل ہوگئے۔ مثلاً اسٹیشن،

[illegible] الیکشن۔ ہائی کورٹ۔ نوٹس وغیرہ۔

یہ خیال نہ کیجئے کہ یہ زبان فاتح قوم کی ہے اسلئے داخل ہوگئی۔ ہم ایسی مثال پیش کرسکتے ہیں کہ مفتوحہ زبان کے الفاظ بھی فاتح زبان میں خود بخود داخل ہوگئے مثلاً جنگل۔ بازار۔ براور۔ رسید (ریسٹ) درہم (ڈرام) وغیرہ۔

اس لئے گاندھی جی کا اردو زبان کی طرف ایسے طریق سے توجہ کرنا کہ حامیان اردو کے لئے اس سے خرابی کا اندیشہ پیدا ہوجائے سیاسی مصلحت کی رو سے سخت نامناسب ہے۔

قرآن مجید (جو ایک حکیمانہ اور نیچرل کتاب ہے) زبان کے متعلق یہ نیچرل اصول بتاتا ہے:۔

وَمِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ

قدرت کے نشانوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگتوں کا اختلاف ہے اس لئے کانگرسی لیڈروں کا اس پر زور دینا ہمارے خیال میں بے ضرورت بلکہ مضر ہے۔

مسلم لیگ نے اپنے جلسے میں کانگرسی حکومت کے مقابلے میں وہی رویہ اختیار کیا ہے جو کانگرس نے انگریزی حکومت کے مقابلہ میں کیا تھا۔ یعنی حکومت کی نافرمانی۔ جو حقیقت میں تنگ آمد بجنگ آمد کا مصداق ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جن صوبوں میں کانگرسی حکومت ہے وہاں اگر مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت نہ کی گئی تو مسلم لیگ کانگرسی حکومت کے خلاف وہی طریق کار اختیار کرے گی جو کانگرس انگریزی حکومت کے مقابلے میں کرتی رہی ہے۔

ہماری رائے میں اس حد تک نوبت پہنچانے کا بڑا نقصان یہ ہوگا کہ انگریزوں کو یہ کہنے کا موقع ملیگا کہ ہم جو کہتے تھے کہ ہندوستانیوں میں حکومت کرنے کی لیاقت نہیں وہ صحیح ثابت ہوا۔ اگر کانگرسی وزراء کہیں گے کہ ہم میں لیاقت تو ضرور ہے مگر مسلمان بلاوجہ شورش بپا کرتے ہیں تو انگریز جواب [illegible]

[illegible] بڑا الزام ہندوستانیوں پر عائد ہوگا اور انگریز اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

مسلم لیگ نے گورنمنٹ برطانیہ کی پالیسی متعلقہ فلسطین کی کھلے الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانان ہندوستان فلسطینی عربوں کو مظلوم سمجھ کر ان کی ہر ممکن مدد کرینگے۔ اس ریزولیوشن کے الفاظ یہ ہیں:

"آل انڈیا مسلم لیگ کا یہ اجلاس ان عربوں کو۔ اپنے قومی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی جانوں پر کھیل رہے ہیں شہید اور غازی خیال کرتا ہے۔ اور حکومت برطانیہ کو انتباہ کرتا ہے کہ اگر فلسطین میں یہودیوں کا داخلہ فوراً بند نہ کردیا گیا۔ اور لندن کانفرنس میں عربوں کے اصلی لیڈر یعنی مفتی اعظم نیز ہندوستانی مسلمانوں کے نمائندوں کو شامل نہ کیا گیا تو مجوزہ کانفرنس محض فریب ثابت ہوگی۔ قرارداد کے آخر میں اعلان کیا گیا کہ اگر فلسطین کو بیت الیہود بنانے سے متعلق بعض برطانوی اور امریکن حلقوں کے نظریوں کو عملی جامہ پہنانے کی سعی کی گئی تو اس سے پیہم نزاع کا سلسلہ جاری رہے گا"

(انقلاب لاہور ۳۰۔ دسمبر ۳۸ء)

ایک ریزولیوشن خاص عورتوں کے لئے منظور ہوا جس کے الفاظ یہ ہیں:۔

"اسلامیان ہند کی مجلسی اقتصادی اور سیاسی نجات کے لئے جو کوشش ہورہی ہے۔ اسے تقویت دینے اور اس میں مناسب حصہ لینے کے لئے مسلمان عورتوں کی ایک آل انڈیا سب کمیٹی بنائی جائے اس سب کمیٹی کے ذمہ صوبجاتی اور ڈسٹرکٹ سب کمیٹیاں منظم کرنے کا کام ہوگا تاکہ لیگ میں مسلمان عورتیں بھرتی کی جائیں۔ اور مسلمان عورتوں میں سیاسی بیداری پیدا کرنے کے لئے وسیع پراپیگنڈا کریں۔ آل انڈیا سب کمیٹی میں بیگم شاہنواز۔ لیڈی امام اور مس جناح بھی شامل ہیں" (انقلاب لاہور۔ ۳۰۔ دسمبر ۳۸ء)

اس [illegible] نتیجہ ہم ابھی سے بتائے دیتے ہیں کہ وہی ہوگا جو ایک دفعہ علیگڑھ ایجوکیشنل کانفرنس کے جلسے میں ہوا تھا کہ مسلم مستورات کو سامنے گیلری میں پردے کے پیچھے بٹھایا گیا۔ مگر انہوں نے پردے کی رسی کاٹ دی۔ بجائے مستورات کہلانے کے مکشوفات بن کر سامنے بیٹھ گئیں۔ تب کسی عام یا خاص مسلمان کو یہ جرأت نہ ہوئی کہ ان کو مستورات بنا سکے۔

سیاسی بیداری کا انتہائی نتیجہ یہ بھی ہوگا کہ مسلمان عورتیں مکشوفات بن کر کمیٹیوں اور اسمبلیوں میں کرسیوں پر براجمان ہونگی۔ اس وقت بھی مسلمان عورتوں میں سیاسی بیداری پیدا کرنے کے حامی جو ہیں، ہم میں محض اپنی حق تلفی کی وجہ سے (نہ اسلامی تعلیم کے لحاظ سے) ہندوؤں کی طرح چیخ و پکار کرینگے کہ عورتیں ہمارے قبضہ سے نکل گئی ہیں۔ ہمارا کہا نہیں مانتیں۔ اسکے جواب میں کہا جائیگا کہ

قیہت اللبن بالصیف

جس کا مطلب ہندی کہاوت میں یوں ہے:۔

اب پچھتاوے کیا ہووت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

مختصر یہ ہے کہ مسلم لیگ کا جلسہ اس سال بڑی دھوم دھام سے ہوا۔

(فوٹ) ہمارے خیال میں مسلم لیگ کو بھی چاہئے کہ ہر سال جلسے کا صدر تبدیل کرتی رہا کرے۔ کیونکہ کانگریسیوں کو ہم نے یہ کہتے سنا ہے کہ مسلمانوں میں صدارت کے لائق اور کوئی نہیں ہے۔ یہ بات بھی کچھ قابل غور ہے کہ جب سے مسلم لیگ مسٹر جناح کے ہاتھ میں آئی ہے مستقل صدر اور جلسے کے صدر عموماً وہی بنتے رہے ہیں آل انڈیا نام کے لحاظ سے ایسا طرز عمل اچھا نہیں ہے۔

دوسری کمزوری مسلم لیگ دعویٰ تو آل انڈیا ہونے کا کرتی ہے مگر یہ واقعہ دیکھ کر ہمیں حیرت ہوتی ہے کہ آج تک پنجاب جیسے اسلامی صوبے میں پراونشل (صوبے کی) لیگ کوئی نہیں بنی۔ حالانکہ یہاں کے وزراء مسلم لیگ کے جلسوں میں جا کر کھلم کھلا تقریریں کرتے ہیں۔ یہ ایسی غفلت ہے جس کا جواب مسلم لیگ کے پاس کچھ نہیں ہے۔ اگر آل انڈیا لیگ ہونے کے معنی ہیں کہ

اس کے سالانہ جلسے میں ہر صوبے کے مسلمان شریک ہوتے ہیں یا ہو سکتے ہیں تو یہ اصطلاح الگ ہے۔ اس پر ہمارا سوال نہیں ہے۔

پرتاپ کا مخول مسلم لیگ کے ریزولیوشن متعلقہ سول نافرمانی پر اخبار پرتاپ نے مخول اڑایا ہے۔ لکھتا ہے کہ مسلمان زبانی تو نافرمانی کا نام لیتے ہیں جب کرینگے تو ہم جانیں گے؛ اُسے معلوم ہونا چاہئے کہ مسلمانوں نے سول نافرمانی کا نمونہ تحریک کشمیر کے موقع پر دکھا دیا ہؤا ہے۔ پس پرتاپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ

آزمودہ را آزمودن جہل است

ریاست حیدرآباد اور آریہ سماج

اسی ہفتہ تعطیلات میں سارے ہندوستان کے آریوں نے شولاپور (صوبہ بمبئی) میں ایک کانفرنس کی ہے۔ جس میں ریاست حیدرآباد دکن کے برخلاف بڑے زور شور سے تقریریں کی ہیں۔ ہندوؤں کو ساتھ لے کر ریاست میں سول نافرمانی کرنے کا ریزولیوشن بھی پاس کیا ہے۔ ادھر ریاست کی طرف سے ایک رسالہ شائع ہؤا ہے۔ جس میں اصل حالات اور آریوں کی تقریروں کے الفاظ مع حوالہ تاریخ درج کئے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ فساد دراصل آریوں کا پیدا کردہ ہے۔ جو شخص اس رسالے کو دیکھیگا وہ ریاست کو مورد الزام ٹھیرانے کی بجائے آریوں کو ملزم قرار دیگا۔ ہم بڑے حیران ہیں کہ ایسی ریاست کو بدنام کیا جاتا ہے جس کے شعبہ امور مذہبی میں مساجد کے ساتھ مندروں کے حقوق بھی محفوظ ہیں۔

ہندوؤں کی تعداد بتانے میں بھی مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے یعنی فیصدی نوے تک بتائی جاتی ہے۔ حالانکہ یہ بالکل غلط ہے۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ وہاں اکثریت غیر مسلموں کی ہے۔

جن دنوں کشمیر میں سیاسی تحریک پیدا ہوئی تھی اُس زمانے میں یہ آریہ اخبارات ریاست کشمیر کے ہوا خواہ تھے۔ اب حیدرآباد میں یہ تحریک چونکہ انہوں نے آپ پیدا کی ہوئی ہے اس لئے ریاست کو مورد الزام ٹھیرایا جاتا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ انکے ہاں اصل الاصول عدل و انصاف کچھ نہیں۔ جو کچھ ہے اپنی قوم کی جانبداری ہے۔ مالیر کوٹلہ (پنجاب) میں ہندوؤں نے شورش برپا کی تو آریہ ان کی پیٹھ ٹھونکتے رہے۔ حالانکہ اس شورش میں وہ بالکل غیر حق بجانب تھے۔ اس موقع پر ہندوؤں نے ایک عرصے تک ہڑتال جاری رکھی اور اپنا ہزاروں روپیہ کا نقصان کیا۔ چونکہ حق مسلمانوں کی جانب تھا اس لئے انجام کار فیصلہ انہی کے حق میں ہؤا۔ اب وہاں نہ کوئی مندر کا جھگڑا ہے نہ آرتی کا۔ جو کچھ ہؤا وہ یاروں کے مخول کھلائے ہوئے تھے۔

دارالعلوم دیوبند کی تبلیغی سرگرمیاں

دارالعلوم کی جانب سے چار مبلغین مقرر ہیں۔ ان میں سے ایک مبلغ مولوی عتیق الرحمٰن صاحب اروی نے اضلاع پلاموں و سرگجا صوبہ بہار کے پہاڑی علاقہ میں تبلیغ کی۔ ان کی یکماہہ رپورٹ کا خلاصہ درج ذیل ہے انکی نصیحت سے متاثر ہوکر مواضعات دودھول، چھترو، بانو، گدھی، پڑری، چکلہ، لاپو، پیپری وغیرہ کے باشندوں نے مشرکانہ معتقدات و اعمال سے توبہ کرکے نماز و روزہ کی پابندی پر وعدہ کیا۔ الحمدللہ کہ اس علاقہ سے تین اشخاص عازم حج بیت اللہ ہوئے ہیں۔

موضع گدھی میں پہلے سے کوئی مسجد نہ تھی لہذا ایک مسجد کی بنیاد رکھائی گئی اور مواضعات دودھول اور چھترو کی قدیم الایام خام مساجد کو پختہ تعمیر کرنے کا کام شروع کر دیا گیا موضع گدھی، پیڑری، بانو چھترو اور دودھول میں بچوں کی اسلامی تربیت اور تعلیم کے لئے مکتب قائم کئے گئے اور بڑے آدمیوں کو نماز سکھانے اور پابند شریعت بنانے کے لئے چھوٹی چھوٹی انجمنیں قائم کی گئیں۔ پانچ مشرکین نے اپنے عقائد شرکیہ سے توبہ کرکے اسلام قبول کیا۔ اللہ تعالیٰ استقامت عطا فرمائے۔

سید محمد مبارک علی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند
۲۹۔ شوال [illegible]

ahmadimuslim.de

شمالی ہندوستان

۲/

میں کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے۔ جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

نمونۃً چند کتب کی تخفیف شدہ قیمتیں درج ذیل ہیں:۔

تفسیر ابن کثیر کامل عربی طبع مصر	عـــہ	زرقانی شرح مواہب اللدنیہ	عـــہ ۱۲
زاد المعاد ابن قیم سفید	ــــے	سبل السلام شرح بلوغ المرام کاغذ سفید عمدہ	ــــے ۱۲
ترغیب و ترہیب سفید کاغذ	ــــے ۱۲	نسیم الریاض شرح شفا برحاشیہ شرح شفا	۱۲
تاریخ ابن کثیر (البدایۃ والنہایۃ) ۹ حصہ تیار ہیں	۱۲	ملا علی مصری	ــــے
قیمت فی حصہ	ــــے	تفسیر فتح القدیر شوکانی	عـــہ

(۱۹۷) ڈاکخانہ خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے۔ تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ۔ اردو بازار۔ جامع مسجد دہلی

تراجم علمائے حدیث ہند (چھپ گئی)

۲/

مجلس شوریٰ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی توثیق

"مجلس شوریٰ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس منعقدہ ۲۶۔ جولائی ۱۹۳۶ء میں مولوی ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی کی کتاب "تراجم علمائے حدیث ہند" پیش ہوئی۔ کانفرنس اس کتاب کی توثیق کرتی ہے۔ اور لائق مصنف نے جس محنت سے اسے مرتب کیا ہے۔ اس پر اظہار مسرت کرتی ہے۔ اور مجلس شوریٰ جماعت اہل حدیث سے استدعا کرتی ہے کہ اس کتاب کی اشاعت پر توجہ فرما کر مصنف کی قدر دانی کا ثبوت دے"

صفحات ۶۲۵۔ قیمت ۲/۔ محصولڈاک ۸/۔ مگر یکمشت ۵ نسخہ کی خریداری پر محصولڈاک قطعاً ساقط۔

ملنے کا پتہ:۔ **منیجر اہلحدیث امرتسر**

مومیائی

۶/

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے ...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد، عورت، بچے بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۲/۔ آدھ پاؤ ۴/۔ پاؤ بھر ۸/۔ مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ برہما والوں کو ایک پاؤ سے کم روانہ نہیں کی جائے گی۔ اور نہ ہی وی پی بھیجا جائیگا۔

تازہ شہادات

جناب مولوی ابو الوفا ثناء اللہ صاحب سندر پور۔

"میں قبل ازیں دو چار مرتبہ متعدد اشخاص کو مومیائی منگوا کر استعمال کرائی۔ بہت عمدہ اور ہر مرض کے واسطے فائدہ رساں پایا۔ ایک چھٹانک اور بھیج دیں"

(۱۷۔ نومبر ۳۶ء)

جناب منشی محمد سیر علی صاحب خداوند پور:۔

"قبل اس کے چار پانچ دفعہ ہم آپ کے پاس سے مومیائی منگا چکے ہیں۔ ہم کو بہت فائدہ ملا۔ اس لئے پھر دو چھٹانک وی پی ارسال فرمائیں" (۱۷۔ نومبر ۳۶ء)

(مومیائی منگوانے کا پتہ)

حکیم محمد سردار خان

پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

خمیرہ بادام طیفوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ کچھ دنوں میں طاقت دوڑنے لگتی ہے مسرت سے چہرہ کھل اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے مشغلہ موسی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے وقت دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب و افسردہ رہنا معمولی آہٹ سے دل دھک دھک کرنا کمزوریاں و جریان کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ بھر تین روپے آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے علاوہ محصولڈاک

لاہور برانچ:۔ ناظم دواخانہ ... بل روڈ

منیجر دواخانہ ... امرتسر پنجاب

سرمہ نور العین

۶/

(مصدقہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۱/۔

(منگوانے کا پتہ)

منیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کے اُردو تراجم

تفسیر سورہ اخلاص
جس میں مادہ پرستی اور تثلیث کی بنیاد جڑ سے اکھاڑ دی گئی ہے۔ عیسائیوں اور دیگر مادہ پرست اقوام کے ساتھ مناظرہ کرنے والے اصحاب کے لئے ایک تیغ برہنہ کا کام دیگی۔ آج کل کے زمانہ میں ایسی کتاب کی اشد ضرورت خیال کی جاتی ہے۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ کاغذ اعلےٰ۔ قیمت ۶/

اسوہ حسنہ
شیخ الاسلام کے تلمیذ رشید حافظ ابن قیم کی مشہور کتاب "زاد المعاد فی ہدی خیر العباد" کے اختصار "ہدی الرسول صلعم" کا اُردو ترجمہ۔ جس میں قابل مصنف نے حضور کی حیات طیبہ کی ہر بات دکھائی ہے۔ جنگوں کے علاوہ اخلاقی، معاشرتی اور خانگی معاملات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ مجلد ۶/

کتاب الوسیلہ
مترجمہ مولانا عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی اڈیٹر "ہند" کلکتہ
اس میں محض لفظ "وسیلہ" ہی کی بحث نہیں بلکہ اسلام کے اصل اصول "توحید" پر نہایت جامع اور مستند کتاب ہے اس میں توحید کی پُرجوش دعوت ہے۔ شرک کے سر پر مہلک ضرب ہے۔ بدعت، تقلید کے گلے پر چھری ہے ایک بے مثال علمی تحفہ ہے۔ قیمت ۱۲/

الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان
(مع متن عربی) اس کتاب میں کتاب و سنت کے حوالجات پیش کرکے صادق اور کاذب، اصلی اور نقلی اولیاء و مشائخ میں شناخت کردی گئی ہے۔ جعلی مکاروں، شعبدہ بازوں اور اصلی واصلین حق کی کرامات میں فرق بتلایا گیا ہے ضرور پڑھئے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲/

اصحاب صفہ
جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ اصحاب صفہ کتنے تھے۔ کہاں رہتے تھے۔ ان کے متعلق پوری پوری واقفیت بتائی گئی ہے۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت ۱۰/

تفسیر آیت کریمہ
یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کی تفسیر ہے۔ اول لفظ دعاء پر محققانہ بحث کی ہے۔ اس کے بعد ہر الفاظ کے متعلق علیحدہ علیحدہ تفسیری نکات بیان کرکے بتلایا ہے کہ آیہ کریمہ میں رفع مصیبت کی خاصیت کیوں ہے۔ ۱۲/

ائمہ اسلام
اس میں اجتہادی اور فروعی مسائل میں ائمہ دین کے اختلاف کی وجہ بیان کی ہے۔ ایک فیصلہ کن چیز ہے۔ قیمت ۱۲/

تفسیر سورہ فلق والناس
(مع متن عربی) اس تفسیر میں پہلے تمام علمائے متقدمین کے اقوال نقل کرکے راجح ترین قول کی تحقیق کی ہے۔ آیہ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ کی تفسیر کرتے ہوئے شیاطین الجن اور شیاطین الانس کے مکر اور وسواس پر نہایت جامع اور معقول بحث کی ہے۔ پوری پوری خوبی کا اندازہ دیکھنے پر منحصر ہے۔ ۹/

الوصیۃ الکبریٰ
اس کتاب میں فرقہ ناجیہ اہل سنت والجماعت کے عقائد کا خلاصہ نہایت مختصر مگر جامع الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۸/

الوصیۃ الصغریٰ
(مع متن عربی) حضرت رسول خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) نے معاذ ابن جبل صحابی کو جو وصیت کی تھی۔ اسکی پوری پوری تشریح ہے۔ قیمت ۴/

زیارت القبور
(مع متن عربی) اس کتاب میں قرآن و حدیث کے دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ زیارت قبور کا مسنون طریق کیا ہے جو لوگ قبروں پر جاکر مُردوں کو پکارتے، ان سے طرح طرح کی حاجات طلب کرتے، قبروں کی پرستش کرتے اور پیروں کی منت مانتے ہیں۔ ان کے تمام افعال داخل شرک ہیں۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۹/

طلائے اعظم ۳/
بُری صحبتوں سے اعضاء مخصوصہ میں جس قسم کی خرابیاں بھی ہوں یہ طلا عجیب کرشمہ دکھاتا ہے۔ لگاتے ہی جسم میں جذب ہوکر فاسد رطوبتوں کو خارج کرتا ہے۔ آبلے وغیرہ نہیں ڈالتا۔ دوران خون میں تحریک عضو میں تندہی و فربہی لاتا ہے۔ کام کاج میں ہارج نہیں۔ قیمت ۵/ محصولڈاک ۸/
المشتہر: منیجر پرنسپل ڈسپنسری (رجسٹرڈ) پٹیالہ

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ ۱/
دھند، جالا، غبار، ڈھلکہ، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اسکے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پاچکے ہیں۔ بحالت صحت اسکا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں قیمت فی شیشی ۸/
(منگوانے کا پتہ)
کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ حکیم سٹریٹ امرتسر

عجیب الاثر فلیویا۔ امساک ۱۲/
(رجسٹری شدہ گورنمنٹ آف انڈیا ہے۔ ۹۴۴)
وحدہٗ لاشریک کی قسم بالکل درست ہے۔ بیکار ثابت کرنیوالے کو یکصد روپیہ انعام۔ ایمان والوں کو یقین چاہیئے۔ تہذیب کے دائرہ سے باہر ہونا نہیں چاہتا۔ ایک گولی کھانے سے خواہ بڈھا ہو یا جوان اس رات تقضائے حاجت کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ متقی، پرہیزگار عالم کی زیر نگرانی طیار ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی ۶/
پتہ:۔ نظام برادرس ۲۵ فرید کوٹ پنجاب

تندرستی ہزار نعمت ہے
اگر آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں تو اپنے معدے کا علاج کریں۔ ہماری تیار کردہ دوائی "اکسیر ہاضمہ" کے استعمال سے معدہ کی تمام بیماریاں کافور ہوجاتی ہیں۔ قیمت فی ڈبہ ۴/ محصول ڈاک ۲/۔ نمونہ ۴/
پتہ:۔ منیجر اکسیر ہاضمہ الجنبی۔ لاہوری گیٹ امرتسر

(۱۹۸)

پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ولی اللہ اس رسالے میں امام موصوف نے ثابت کیا ہے کہ صبی اور مجنون مرفوع القلم ہونے کی وجہ سے احکام شرعی کے مکلف نہیں اور اولیاء اللہ کو عہدہ ولایت حاصل ہے۔ قیمت ۵ر

قوالی ترجمہ رسالۃ السماع والرقص۔ امام موصوف نے اس مسئلہ کی تحقیق کی ہے کہ کونسا سماع مباح ہے اور کونسا حرام ہے اور کونسا اطاعت الٰہی کا ذریعہ ہے۔ قیمت ۸ر

العروۃ الوثقیٰ ترجمہ الواسطہ بین الحق والخلق۔ اس رسالہ میں خالق و مخلوق کے درمیان واسطہ کی ضرورت اور شفاعت دعا وغیرہ کی تشریح کی گئی ہے۔ قیمت ۶ر

درجات الیقین قرآن شریف میں جو یقین کے تین مراتب علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین مذکور ہیں۔ اس کتاب میں اُن کی تفسیر ہے۔ قیمت ۲ر

صداقت رسول نہایت خوبی سے ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسی سیرت رکھنے والا بجز نبی کے اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۴ر

حسینؓ و یزید حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور یزید بن معاویہؓ کے مسئلہ پر اسلام سے پوری تحقیق مطلوب ہے تو یہ رسالہ پڑھئے۔ پھر آپ ایک صحیح رائے قائم کرنے پر قائم ہو جائینگے۔ قیمت صرف ۵ر

مناظرہ ابن تیمیہ بادشاہوں کے روبرو حضرت شیخ الاسلام کو صوفیوں نے چیلنج دیا تھا کہ مناظرہ کر لیں یا ان کے ساتھ جلتی ہوئی آگ میں گھس پڑیں۔ آپ نے یہ دونوں چیلنج قبول کر لئے اور ایسی شکست دی کہ تاریخ کا ایک یادگار واقعہ بن گئی۔ قیمت ۸ر

تفسیر سورۃ الکوثر مترجمہ مولانا عبد الرزاق صاحب ملیح آبادی۔ قابل دید ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۴ر

حاجیوں کا جہاز

پبلک کو مطلع کیا جاتا ہے کہ گذشتہ اعلان کے مطابق حج لائن کا جہاز ایس۔ ایس المدینہ بمبئی سے ۱۶ جنوری ۱۹۳۹ء اور کراچی سے ۱۸ جنوری ۱۹۳۹ء کو روانہ ہونے کی بجائے اب بمبئی سے ۱۴ جنوری ۱۹۳۹ء اور کراچی سے ۱۶ جنوری ۱۹۳۹ء کو حاجیوں کو لیکر جدہ روانہ ہوگا۔

مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل کے پتہ سے خط و کتابت کیجئے

حج لائن:۔ دی سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی لیمیٹڈ

بمبئی ، کراچی ، کلکتہ

سیرت امام ابن تیمیہ مصنفہ چودھری غلام رسول مہر اڈیٹر انقلاب لاہور۔ امام صاحب کی سوانح عمری مکمل طور پر لکھی ہے۔ قیمت ۱۲ر

الدر النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید مؤلفہ قاضی محمد بن علی شوکانی رحمہ اللہ کا اُردو ترجمہ از مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے (بمبئی)۔ جس میں امام صاحب موصوف نے مسئلہ توحید کو اس درجہ نکھار کر رکھ دیا ہے کہ شرک کے ادنیٰ شائبہ کی بھی آمیزش نہیں رہتی۔ قول توحید میں سے بعض اہم دلائل یکجا جمع کر کے قبر پرستی اور توسل وغیرہ کے برخلاف اتمام حجت کر دیا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱۰ر

نوٹ:۔ یہاں صرف چند کتب کی قیمتیں درج کی گئی ہیں۔ محصول ڈاک سب کتب کا علیحدہ بذمہ خریدار رہیگا۔

ملنے کا پتہ

مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

(۱۹۹)

کتب حدیث کا خلاصہ

یعنی

بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام مترجم اُردو

با اعراب و محشی مصنفہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

علم حدیث میں بے مثل کتاب ہے۔ احکام فقہ کے متعلق جتنی احادیث قابل عمل و استدلال ہیں سب کو نہایت بہترین طور سے انتخاب کر کے اس کے قابل مصنف (حافظ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ) نے اس میں درج کر دی گئی ہیں۔ پس اسی کتاب کو پڑھ کر پڑھ لیجئے سے طالب حدیث کو تکمیل صحاح ستہ کا فائدہ حاصل ہو جاتا ہے۔ عام فہم اردو ترجمہ کر کے تمام عربی عبارات پر اعراب لگا دئیے گئے ہیں۔ ترجمہ بین السطور اور حاشیہ بھی چڑھا دئیے گئے ہیں۔ تقطیع ۲۲x۲۹ حجم ۶۱۲ صفحات کاغذ نہایت اعلیٰ۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ اخیر میں اصطلاحات محدثین اور فہرست مضامین دی گئی ہے۔ عربی عبارت [illegible] شدہ ہے۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے اصل قیمت ۶ر [illegible] رعایتی یک روپیہ آٹھ آنہ [illegible]

تفاسیر ثلاثہ ثنائیہ

از حضرت مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

تفسیر ثنائی اردو- قرآن شریف کی بہت سے حضرات نے تفسیریں لکھیں مگر تفسیر ثنائی اردو ان سب پر سبقت لے گئی ہے ہے زمانہ حاضرہ میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس تفسیر میں خاص خوبی (جو اس سے پہلے کسی تفسیر اردو یا عربی میں نہیں دیکھی گئی) یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں آیات قرآنی ہیں جن کے نیچے اردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں تفسیری ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی و شان نزول درج ہے مخالفین اسلام اور مخالفین سنت نبی علیہ السلام کے خیالات کی اصلاح بھی موقع بموقع کی گئی ہے۔ مکمل تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے۔ قیمت فی جلد ڈیڑھ روپیہ مکمل سٹ خریدنے والوں سے صرف عللہ روپے۔

آیا ہے۔ اس پر اس اصطلاح کا تغیر دیا گیا ہے۔ سورت صرف سورہ فاتحہ سورہ فاتحہ و سورہ بقرہ کی تفسیر چھپی ہے۔ جلد مکمل نہیں ہوئی دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ سرورق رنگین چھپا ہے۔ قیمت ۱۰ ار

تجرید البخاری جلد- اس میں صحیح بخاری کی تمام حدیثیں بحذف مکررات جمع کر دی گئی ہیں۔ کتاب ہذا کے صفحات کے دو کالم کئے گئے ہیں۔ ایک کالم میں عربی عبارت مع اعراب کے دی گئی ہے دوسرے کالم میں بالمقابل اس کا ترجمہ سلیس اردو زبان میں دیا گیا ہے۔ اہل حدیث گھرانوں میں خصوصاً اور اردو خوان احباب کے لئے بہت مفید ہے۔ قیمت سے روپیہ

ریاض الصالحین عربی سطریں مع اعراب رنگین چھپائی ہوئی ہر سطر کے نیچے [illegible] صاحب غزنوی اہل حدیث عالم کا ہے۔ قیمت ہر دو حصہ عہ

شتینی امام رازی کی مشہور کتاب شتینی کا اردو ترجمہ۔ جس میں ساٹھ علوم کے مشہور و ضروری مسائل پر عالمانہ رنگ میں بحث کی گئی ہے۔ قیمت عہ

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، اعلیٰ نفیس، خوشنما، رنگدار و سادہ۔ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت وغیرہ طے کریں۔ المشتہر:- منیجر ثنائی برقی پریس امرتسر

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (بزبان عربی) تفسیر ہذا عربی زبان میں مفسرین کے مسلمہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا پر لکھی گئی ہے سبھی ظاہری و باطنی خوبیوں کے باعث بہت علماء حضرات نے بہت پسند فرمایا ہے۔ ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی بیحد مقبول ہوگئی ہے۔ بعض مدارس میں بطور نصاب (جلالین کی طرح) پڑھائی جاتی ہے۔ ہر آیت کی تفسیر میں قرآن مجید کی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ مصری سائز اور رنگ کے کاغذ پر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے۔ سارے قرآن مجید کی تفسیر ہے۔ قیمت صرف چار روپے (عہ)

بیان الفرقان علی علم البیان (بزبان عربی) قرآن مجید کی پہلی تفسیر ہے جو علم معانی و بیان کی روشنی میں [illegible]

تفسیر واضح البیان اردو۔ از حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی [illegible]
اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں مطالب مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ [illegible]
جلد ۲- ضخامت ۸۰۴ صفحات- قیمت بے جلد [illegible]

تفسیر سورہ یوسف سورہ یوسف میں جو عجیب و غریب حالات اور صبر و استقامت کے [illegible] معرفت حق اور صبر و استقامت [illegible]
اس کی پوری تفسیر سلیس اردو نظم میں درج ہے۔ قیمت ۱۰ ار

ملنے کا پتہ:- **منیجر دفتر** [illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۱۴۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

کتب خانہ ... DELHI

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۱۱

اخبار اہلحدیث امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بہما کتاب اللہ وسنۃ رسولہ

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ برجاں مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی ... امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی ودنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۵۰ؔ
رؤسا وجاگیرداروں سے ؍ ۱۰ؔ
عام خریداروں سے ؍ ۵ؔ
؍ ؍ ؍ ششماہی ۲ؔ ۱۲
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - ۲؍

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط وکتابت ہوسکتا ہے۔

جملہ خط وکتابت وارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر - ۲۱ - ذیقعد ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۳ - جنوری ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۲۰)

فہرست مضامین

نظم (عرب کا چاند) - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
اسلام اور عیسویت میں حد فاصل - - ص۳
خلیفہ قادیانی کا خطبہ اور شیخ چلی کا خواب - ص۴
کھلی چٹھی بنام بابو عزالدین صاحب احمدی ص۷
بشیر کوٹلوی عالم برزخ میں ہیں یا دنیا میں؟ ص۸
وید اور اس کے تراجم اور تفاسیر - - ص۹
نزول بارش اور مولانا عبدالجلیل سامرودی ص۱۰
آریہ کیا کہہ گئے؟ - - - - ص۱۱
آیت تطہیر اور شیعہ - - - - ص۱۲
مسائل ص۱۳ متفرقات - - ص۱۴
[illegible] - - - - ص۱۵
اشتہارات - - - - ص۱۶-۲۰

عرب کا چاند

(از ابو محمد حنیف صاحب خادم، ڈیرہ دون)

اللہ اللہ وہ دلیری اور وہ شان عرب
قیصر وکسریٰ ہوئے تھے زیر فرمان عرب

ذرہ ذرہ بن گیا خورشید کس کے فیض سے
جگمگایا نور سے کس کے بیابان عرب

قوت ایمان تھی شوق شہادت دل میں تھا
تھا لڑائی کے لئے آمادہ ہی سلطان عرب

پرچم اسلام نے جھنڈے کئے سب سرنگوں
چھا گئے تھے سارے عالم پر شہامان عرب

گلشن توحید کے وہ گل کھلائے آپ نے
بھا گیا ہر ایک کو آج بستان عرب

شکر ہے خادم تو اس کا ہے غلامِ غلام
جو ہے سرکار مدینہ اور سلطان عرب

تجرید البخاری مجلد ... اس میں صحیح بخاری کی تمام حدیثیں بحذف مکررات جمع کر دی گئی ہیں ...

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں ابھی تک بارش نہیں ہوئی۔ بلکہ خشک سردی پڑنے سے نمونیہ وغیرہ کا زور ہو رہا ہے ناظرین بارش کے لئے دعا کریں۔

—— پنجاب میں بارش نہ ہونے کے باعث بہت سی جگہوں پر قحط کے آثار پیدا ہو رہے ہیں۔

—— افواہ ہے کہ لندن میں فلسطین گول میز کانفرنس زیر صدارت وزیر اعظم برطانیہ ۱۸ جنوری سے شروع ہو جائے گی۔

—— سر فیروز خان نون ہائی کمشنر لندن سے لاہور پہنچ گئے ہیں۔ جن سے معلوم ہوا ہے کہ اسوقت انگلستان میں تین ہزار ہندوستانی طلبا تعلیم پا رہے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا تقریباً تین سو پونڈ سالانہ خرچ ہے۔

—— باوجود برفباری کے وزیرستان میں قبائلیوں کی سرگرمیاں بدستور جاری ہیں۔

—— خیال کیا جاتا ہے کہ ۱۹۴۰ء تک فیڈریشن نافذ ہو جائے گی۔

—— چین کے دریائے زرد میں پھر طغیانی آنے سے نوے ہزار مربع میل علاقہ تباہ ہو رہا ہے۔ لاکھوں جانوں کی زندگی خطرے میں ہے۔

—— حکومت سرحد نے بنوں کے حملہ کے مصیبت زدگان کی امداد کے لئے بیس ہزار روپیہ اشخاص اشخاص کو بغرض تقسیم دے دیا ہے۔

—— نظام گورنمنٹ نے ریاست حیدر آباد میں کسی قسم کا پروپیگنڈا کرنے اور کسی قانون کے خلاف منافرت پھیلانے کی ممانعت کا قانون نافذ کر دیا ہے۔

—— ای۔ آئی۔ آر پر جہلم ہما کو بھٹیہ ریلوے اسٹیشن پر پنجاب میل کو حادثہ پیش آنے کے سلسلہ میں ورشا پور کے ڈپٹی کنٹرولر کو پانچسو روپیہ جرمانہ ہوا ہے۔

—— پاشا ... جو انقلاب ترکی کے وقت وطن سے باہر چلے گئے تھے حکومت کی معافی دیدینے کی وجہ سے پھر اپنے وطن میں آ گئے ہیں۔

—— صدر امریکہ نے ایک تقریر میں کہا ہے کہ ہم دوسرے ممالک کی خلاف امن سرگرمیوں سے بے تعلق نہیں رہ سکتے۔ اس لئے ہمیں بزدلی کو ترک کر کے ظالم کے مقابلہ کرنے کے لئے جرأت دکھانی چاہئے۔

—— جلال آباد (افغانستان) میں ہوائی اسٹیشن تعمیر کیا جا رہا ہے۔

—— معلوم ہوا ہے۔ حملہ بنوں کے مقدمہ میں ۳ ملزموں کو سزائے موت ۲ کو عمر قید اور دس کو دس دس سال قید کی سزا ہوئی۔ پانچ بری کر دئیے گئے۔

—— لکھنؤ مسلم لیگ کے دو مسلم ممبران اسمبلی کو گورکھپور کے مجسٹریٹ درجہ اول نے مقدمہ ذبیحہ گاؤ میں چھ چھ ماہ قید کی سزا دی۔

وی پی منگوانے کی بجائے

قیمت اخبار ہی بذریعہ منی آرڈر بھیجدیا کریں تو بہت بہتر ہو۔ کیونکہ وی پی بھیجنے میں دفتر کو فائدہ کی بجائے نقصان ہی نقصان ہے۔

اس لئے قیمت اخبار ختم ہونے کی اطلاع ملتے ہی منی آرڈر بھیجدیا کریں۔ اگر خریداری سے انکار ہو یا مہلت درکار ہو تو بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیج دینی چاہئے۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— حکومت سندھ نے 'لواری' (سندھ) کے حج کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔

—— امرتسر شہر کی سڑکوں کی تعمیر کیلئے حکومت پنجاب نے پانچ لاکھ روپیہ قرضہ دینا منظور کر لیا ہے۔

—— جاپان کے ایک فوجی افسر نے اخبارات میں اعلان کیا ہے کہ جاپان دنیا کا نقشہ بدل دینے کے لئے ایک سو سال تک جنگ جاری رکھیگا۔

تکلیف حجاج حاجی عبد الغفار صاحب دہلوی بھی اس دفعہ حج کو گئے ہیں۔ کراچی سے لکھتے ہیں کہ خود غرض لوگوں کے مشہور کرنے سے کہ کرایہ جہاز بہت کم ہو گیا ہے۔ حجاج بکثرت آ گئے ہیں حالانکہ یہ محض جھوٹا پروپیگنڈا ہوتا ہے۔ اس تکلیف کا وزر ان خود غرضوں پر ہے۔

پنجاب حج کمیٹی نے حجاج کی آسائش کے لئے ریلوے سٹیشن کے بالکل قریب مسجد خواجہ محمد بخش (آسٹریلیا والے) کے عقب میں ایک کمرے کا انتظام کیا ہے۔ جس میں وہ حضرات اطمینان کے ساتھ قیام کر سکتے ہیں۔ لاہور سٹیشن پر حج کمیٹی کا ایک نمائندہ ان عازمان حج کی امداد اور جائے قیام تک رہنمائی کیلئے موجود ہے۔ سٹیشن کے ہر پلیٹ فارم پر اسی اطلاع کے نوٹس بھی چسپاں کر دئیے گئے ہیں۔

حضرت مولانا سیالکوٹی کا ایک اہم مضمون متعلقہ جمعیت تبلیغ پنجاب۔ اس دفعہ دیر سے موصول ہونے کی وجہ سے شائع نہیں ہو سکا۔ آئندہ پرچہ میں درج ہوگا۔ انشاء اللہ شائقین منتظر رہیں۔ (ادارہ)

محرم اور تعزیہ ناظرین کو معلوم ہوگا کہ بدعات محرم کو روکنے کیلئے شعبہ اشاعت کی طرف سے اشتہار شائع کیا جاتا ہے۔ مگر اکثر احباب عین اس وقت طلب فرماتے ہیں جبکہ ختم ہو جاتے ہیں اس لئے ابھی سے ہی اعلان کیا جاتا ہے کہ جس جگہ جتنی جتنی ضرورت ہو آجکل ہی اطلاع بھیجدیں تاکہ زیادہ تعداد میں چھپوائے جائیں۔ محصول ڈاک کے علاوہ دو آنہ فی سیکڑہ بطور امداد اشاعت فنڈ آنے چاہئیں (منیجر اہلحدیث امرتسر)

مضامین آمدہ مولوی ابو البیان محمد عبد اللہ صاحب محمد عبد الرحیم صاحب شائق (نظم)۔ عبد العزیز صاحب ناگی۔ محمد ابو الخیر صاحب پھیوانی۔ ماسٹر محمد حسین صاحب محمد فضل الرحمٰن صاحب۔ شمس الدین خان (نظم)

غیر مقبولہ نغمہ بیداری۔ چیلنج ناظرہ

قرآن بھیجدیا گیا میاں عبد الکریم صاحب بریلی سے اطلاع دیتے ہیں کہ سائل عبد الشکور طالب علم محلہ ایران گھوڑ میور کے نام قرآن مجید بذریعہ ... بھیجدیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۱ - ذیقعد ۱۳۵۷ھ

اسلام اور عیسویت میں حد فاصل

ماہ دسمبر کا آخری ہفتہ موجودہ مسیحیوں کے خیال میں حضرت مسیح کی پیدائش کا ہفتہ ہے۔ اسی لئے اس ہفتہ ہر سال تعطیلات ہوتی ہیں۔ اس ماہ کے مسیحی رسالوں میں حضرت مسیح کی پیدائش اور ان کی شخصیت پر مختلف حیثیتوں سے مضامین شائع ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض رسالوں میں مسلمانوں کو ولادت مسیح کے جشن میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے اور عدم شرکت پر مسلمانوں کو بہت کچھ کوسا گیا ہے مثلاً لکھا ہے کہ

"مسلمان مسیح کی شان میں گستاخ ہیں۔ مسیح کو فقط بنی اسرائیل کا نبی مانتے ہیں بہت سے مسلمان مسیح کے نام سے ہی بیزار ہیں۔ قرآن میں مسیح کی جو شان بیان کی گئی ہے بہت سے مسلمان کوشش کرتے ہیں کہ اس کا انکار کیا جائے۔"

غرض بہت کچھ غیظ و غضب کا اظہار کیا گیا ہے جس میں سے ہم مسیحی رسالہ "اخوت" لاہور کے الفاظ میں پیش کر کے جواب دیتے ہیں۔ ناظرین اس اقتباس کو غور سے پڑھیں۔ "اخوت" لکھتا ہے۔

"دنیا میں جتنے مذہب ہیں وہ اپنے اپنے بانی یا پیشوا کی تاریخ ولادت مناتے ہیں۔ اور مختلف طریقوں سے وہ اظہار مسرت کرتے ہیں۔ لیکن مجھے بنی آدم کی حالت دیکھ کر سخت رنج اور افسوس ہوتا ہے کہ جو رتبہ حضور مسیح محسن عالمین کو دینا واجب ہے۔ وہ محروم کر دیا جاتا ہے۔ جس مقدس اور برتر ہستی کی شان میں فرشتوں نے گیت گایا۔ جو خارق العادت طریق پر ایک کنواری مقدسہ مریم کے بطن اطہر سے پیدا ہوئے۔ اور جس کا درجہ دنیا اور عقبیٰ میں سب سے اعلیٰ اور بالا ہے۔ اس کا نام بھی لینا کفر کے مترادف خیال کیا جاتا ہے میرے خیال میں یہ ایک نہایت بے انصافی ہے جو بنی آدم نے پیارے مسیح کے حق میں روا رکھی ہوئی ہے۔

اس وقت خاص طور پر میں اسلام اور اس کے پیرووں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ اور جب کبھی میں برادران اسلام کو حضرت مسیح علیہ السلام سے ناواقف اور بے بہرہ پاتا ہوں تو سخت بے قرار ہو جاتا ہوں اور اس کے علاوہ جب کبھی مسلمانوں کی زبان سے پیارے مسیح کی شان میں گستاخی سنتا ہوں تو دل رنج اور غصے سے بھر جاتا ہے مسلمان بالعموم حضرت مسیح کو عیسائیوں کا ہی نبی خیال کرتے ہیں۔ حالانکہ ہرگز وہ ذرہ بھر [illegible] قرآن شریف نے ان کو دیا ہے۔ انہیں دیکھتے ہوئے [illegible] خیال میں کرتا ہوں جو حضرت مسیح کے نام کہلاتے حضرت بیزار ہیں اور جہاں تک میں نے ان کی اس ناروا حرکت پر غور کیا ہے میں اس کو ان کے قرآن شریف کے مطالب سے ناواقفی پر محمول کرتا ہوں بلکہ مجھے یقین ہے کہ اگر مسلمان قرآن شریف کو معہ ترجمہ پڑھیں تو ہماری مقدس کتابوں سے کہیں زیادہ بڑھ چڑھ کر مسیح کلمۃ اللہ کی شان میں قرآن کو رطب اللسان پائیں گے۔ اور شاید یہی باعث تھا کہ ان مسلمانوں نے جنہوں نے قرآن کی آیات میں مسیح کا درجہ اعلیٰ اور بلند پایا۔ یہ کوشش کی کہ ان باتوں کا انکار کر دیا جائے جن میں حضرت روح اللہ کی شان دوسرے انبیاء سے ممتاز نظر آتی ہے۔ ان لوگوں نے مسیح کی ولادت بے پدر۔ معجزات تصلیب۔ وفات اور جی اٹھنا اور رفع و صعود کا انکار کیا۔ اور قرآن شریف کی حسب منشا تفسیریں لکھنی شروع کیں۔ اور اپنے انکار کے اثبات میں آیات قرآنی کی تاویلات بعید کیں۔ تاکہ کسی طرح سے قرآن شریف میں سے حضرت مسیح کی فضیلت دوسرے انبیاء پر ثابت نہ ہو سکے۔ اور یہ کرنے والے وہ لوگ ہیں جو اپنے زمانے میں علم اور ہنر میں کافی شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ اور افسوس ہے کہ ان کے ہم خیال ان علماء کو اپنی تقریروں اور تحریروں میں اسلام کے ایک بڑے اولوالعزم نبی سے بڑا درجہ دیتے ہیں۔ اور ان کے نزدیک مسیح کی کہانی ایک قصہ پارینہ ہو گئی ہے۔ مسلمان کو اپنے علماء کی باتوں پر بہ نسبت قرآن کے فرمودات کے زیادہ اعتبار اور یقین ہے۔ اور یہی بڑا سبب ہے جس نے اہل اسلام کو تحقیق حق سے روکا ہوا ہے۔ قرآن شریف وہ خود معہ ترجمہ پڑھتے نہیں۔ اور اگر پڑھتے بھی ہیں تو مولویوں اور علماء کے زیر اثر یا زیادہ تر خود مولویوں کو سننے اور یقین کر لینے کے عادی ہو گئے ہیں۔ پھر تورات، زبور، انجیل اور کتب مقدسہ کو وہ مولویوں کے کہنے کے مطابق محرف اور منسوخ سمجھ بیٹھے ہیں۔ اور جب یہ حالت ہو تو کیونکر وہ مسیح کی حقیقی شان سے واقف ہوں۔ جو ہماری مقدس کتابوں میں اور قرآن میں بیان کی گئی ہے۔

اب چاہئے تو یہ تھا کہ اہل اسلام قرآن کی ہدایت کے

ahmadmuslim.de

مطابق کتب مقدسہ کو بنایت اور تسلیم کرتے اور مسیح کی ولادت کے دن کو عیسائیوں کے ساتھ مل کر مناتے لیکن جب انہوں نے ہمیں کافر اور مشرک کہا اور قرآن نے ہماری مقدس کتابوں اور مسیح کی تعریف اور مدح سرائی کی تو کس طرح آپس میں محبت ہو سکتی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن نے ہماری کتب اور ہمارے دین کی تصدیق کی۔ اور ہمارے پادریوں اور درویشوں بلکہ عام نصاریٰ کو مسلمانوں کے لئے مودت میں قریب تر ٹھہرایا۔ لیکن آج وہ زمانہ ہے کہ مسلمان شاید گاندھی وغیرہ کا جنم دن منانے میں شریک ہو جائیں گے۔ لیکن کبھی بھی عیسائیوں کے ساتھ مل کر مسیح کا یوم ولادت نہیں منائیں گے۔ کیونکہ اُن کے گمان میں مسیح عیسائیوں کے نبی ہیں نہ کہ اسلام کے۔

میں نے اکثر پڑھے لکھے مسلمانوں کو بھی یہ کہتے سنا ہے کہ بڑا فرق جو ہمارے اور عیسائیوں میں ہے وہ مسیح کو خدا کا بیٹا کہنے کے متعلق ہے۔ اور اسی کو قرآن اور اسلام نے بڑے زور کے ساتھ رد کیا ہے۔ لیکن آج تک میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ کس عیسائی نے اُن معانی میں مسیح کو خدا کا بیٹا کہا۔ جن میں قرآن نے اس کی تردید کی۔ بے شک ظہور اسلام کے وقت عرب میں ایسے جاہل اور بدعتی فرقہ کے عیسائی تھے۔ جن کو دیکھ کر آنحضرت کو یہ ناگوار گزرا اور قرآن میں یہ آیا کہ خدا کے کوئی بیٹا نہیں۔ کیونکہ اُس کی کوئی جورو نہیں۔ یا یہ کہ خدا نہ کسی کو جنتا ہے اور نہ کسی سے جنا جاتا ہے۔ اب ہم عیسائیوں کو اسلام یا قرآن کی اس تردید پر مطلق اعتراض نہیں۔ ہم اس کی لفظ بلفظ تصدیق کرتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ انجیل مقدس سے چند آیات نقل کرتے ہیں جو اس مطلب کی تشریح کر دیں گی۔ جبرائیل فرشتہ جب مقدسہ مریم کے پاس مسیح کے پیدا ہونے کی خبر لایا تو اُس سے کہا:۔

"اے مریم خوف نہ کر کیونکہ خدا کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے۔ اور دیکھ تو حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی۔ اس کا نام یسوع رکھنا۔ وہ بزرگ ہوگا اور خدا تعالیٰ کا بیٹا کہلائیگا۔ مریم نے فرشتے سے کہا۔ یہ کیونکر ہوگا جس حال کہ میں مرد کو نہیں جانتی؟ اور فرشتے نے جواب میں اُس سے کہا کہ روح القدس تجھ پر نازل ہوگا۔ اور خدا تعالیٰ کی قدرت تجھ پر سایہ ڈالے گی۔ اور اس سبب سے وہ پاکیزہ جو پیدا ہونے والا ہے۔ خدا کا بیٹا کہلائیگا۔"

(انجیل لوقا ۱ باب)

پھر انجیل لوقا ۳ باب میں آیا ہے کہ:۔

"جب یسوع بپتسمہ پاکر دعا کر رہا تھا تو آسمان کھل گیا۔ اور روح القدس جسمانی صورت میں کبوتر کی مانند اُس پر نازل ہوا اور آسمان سے آواز آئی کہ تو میرا پیارا بیٹا ہے۔ تجھ سے میں خوش ہوں"

پھر مقدس پولوس رسول رومیوں کو خط لکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

"خداوند یسوع مسیح جسم کے اعتبار سے تو داؤد کی نسل سے پیدا ہوا۔ لیکن پاکیزگی کی روح کے اعتبار سے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے سبب سے قدرت کے ساتھ خدا کا بیٹا ٹھہرا" (رومیوں پہلا باب ۳۔۴ آیات)

یہ امر بالکل صاف ہو گیا کہ کتب مقدسہ میں کن امتیازی خصوصیات کے باعث خداوند مسیح کو خدا کا بیٹا کہا گیا ہے۔ جبرائیل نے مقدسہ مریم کو اُس کی بشارت دی آسمان سے خداوند تعالیٰ نے اس کی شہادت دی۔ اور مقدس پولوس رسول نے اس کے علاوہ مُردوں میں سے جی اُٹھنے کا ذکر کیا۔ کسی جگہ میں بھی یہ نہیں لکھا گیا کہ خدا کوئی ہماری تمہاری طرح جسم رکھتا ہے۔ یا جورو رکھتا ہے اور اُس کا کوئی جسمانی یا نسلی بیٹا ہے۔ بلکہ مسیح کو ایک نہایت لطیف پیرایہ میں استعارہ کے طور پر روحانی معنوں میں ابن اللہ کہا گیا ہے۔ ابن اللہ کہلانے کی وجہ جبرائیل نے مقدسہ مریم کو بتائی۔ وہ مسیح کی ولادت کو تمام بنی آدم پر فوقیت دیتی ہے۔ کیونکہ جب حضرت آدم کو بغیر ماں اور باپ کے پیدا کرنے کے بعد تولید کا ایک سلسلہ قائم ہو چکا۔ تو جب حضور مسیح کی ولادت بلا باپ ہوئی اور روح القدس کی قدرت سے مقدسہ مریم حاملہ ہوئیں۔ تو کیا مسیح روحانی معنوں میں خدا کا بیٹا نہ ہوا۔ جیسا جبرائیل کے الفاظ سے ظاہر ہے؟ اور لطف یہ ہے کہ قرآن شریف نے بھی مسیح کا بغیر باپ پیدا ہونا تسلیم کیا ہے۔ اور مسیح کو کلمۃ اللہ اور روح اللہ کہا ہے۔ اور ہم خیال کرتے ہیں کہ کلمۃ اللہ اور روح اللہ میں بھی وہی مفہوم چھپا ہوا ہے جو ابن اللہ کے پاک استعارہ میں۔

اب جس ہستی کی یہ شان ہو کہ خداوند تعالیٰ اس کے پیدائش کے باب میں اپنے مقررہ قانون تولید کو توڑ دے اور جس کا کوئی جسمانی باپ نہ ہو۔ تو جس کی نسبت آسمان سے شہادت آئی کہ تو میرا پیارا بیٹا ہے، تو ہم کون کہ ہم اُس کو ابن اللہ نہ کہیں۔ کیونکہ ہمارے عقیدہ میں یہ ہرگز داخل نہیں کہ خدا جسم ہے یا وہ بیٹے بیٹیاں جنتا ہے۔ ایک اور بات جس کا ذکر مقدس پولوس نے کیا ہے۔ وہ مسیح کو ابن اللہ کے ممتاز درجہ پر لے جاتی ہے۔ انبیاء اولیاء آئے اور مر گئے۔ اور ان کی قبریں ہمارے درمیان موجود ہیں۔ لیکن حضور مسیح ہی کی ایک پاک اور واحد ہستی ہے جس نے موت پر پوری فتح پاکر خدا کے محبوب بیٹے کا رتبہ حاصل کیا۔ خداوند تعالیٰ نے مسیح کا درجہ اپنے تمام مقربین۔ ملائک اور انبیاء سے بلند اور ارفع کر دیا۔ کیا کبھی یہ سننے میں آیا کہ کوئی مر کر جی اٹھا ہو بجز مسیح کے؟ اسلام مسیح کی موت کا انکار کرتا ہے۔ لیکن قرآن صاف کہتا ہے کہ "اے عیسیٰ میں تجھے وفات دونگا اور اپنی طرف اٹھا لونگا"

اہل اسلام حضور مسیح کے رفع سماوی کے تو قائل ہیں لیکن وفات کے نہیں جس کا ذکر رفع سے پہلے قرآن میں آیا۔ اور ہم یقین کرتے ہیں کہ قرآن نے وفات مسیح اور تصلیب مسیح کو رد نہیں کیا۔ کیونکہ یہ واقعات تاریخ سے ثابت ہیں۔ اب جو شخص مر کر جی اٹھے اور پھر آسمان پر صعود فرمائے تو کیا یہ مناسب نہیں کہ ہم اُس کو اللہ کا محبوب اور پیارا بیٹا کہیں؟ مسلمان خواہ کچھ ہی کہیں یا کریں جو رتبہ مسیح کو ملا ہے۔ وہ اُسے چھین کر کسی اور کو نہیں دے سکتے۔ اُن کے اپنے عقائد کے مطابق مسیح نے مہد میں کلام کیا۔ مٹی سے طیور پیدا کئے مادر زاد اندھوں اور کوڑھیوں کو اچھا کیا۔ آسمان

مائدہ نازل کروایا۔ اور مُردوں کو زندہ کیا۔ غیب کی خبریں دیں وغیرہ۔ اور اگر اناجیل اور کتب مقدسہ میں بھی حضور مسیح کے مقدس فرمودات، معجزات اور پیش خبریوں اور آپ کی بلند ترین اخلاق اور ایثارانہ زندگی کا مطالعہ کریں تو کوئی شک نہیں رہتا کہ قرآن نے جو یہ کہا کہ مسیح کا درجہ دنیا اور آخرت میں سب سے اور مقربین سے بلند تر ہے بالکل صحیح اور برحق ہے۔ قرآن نے جو کچھ مسیح کی شان میں کہا۔ اُس کے باعث یہ کتنا ہی واجب ہے کہ اہل اسلام کرسمس کے موقع پر عیسائیوں کے ساتھ مل کر خوشی منائیں لیکن یہ لکھتے ہوئے ہمیں پھر یہ خیال آیا کہ جب سلمانوں نے ہمیں کافر سمجھا تو وہ کب ہمارے ساتھ مل کر یوم ولادت مسیح کو منانے لگے"؟

(اخوت لاہور ص۱۲ بابت دسمبر ۱۹۳۸ء)

اہلحدیث | ہمارا قول ہے کہ جس طرح قرآن مجید میں مسیح کو اللہ یا ثالث ثلاثہ کہنے والوں کو کافر کہا گیا ہے، اسی طرح مسیح کی شان مذکور فی القرآن کا انکار کرنیوالا بھی کافر ہے۔ لیکن یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ یہ اصول صرف مسیح کی ذات سے مخصوص نہیں ہے بلکہ جتنے انبیاء علیہم السلام گزرے ہیں سب کو شامل ہے یعنی ان کی شان میں افراط اور تفریط کے دونوں پہلوؤں سے بچنا چاہئے۔ افراط تفریط کے معنی کیا ہیں؟ اسکی دو مثالیں ہم پیش کرتے ہیں:۔

(۱) کالج کے کسی طالب علم کو جو ایف۔ اے میں پاس ہوا ہے صرف انٹرنس پاس کہنا اس کی ہتک اور تفریط (کسر شان) ہے۔ اس کو بی۔ اے یا ایم۔ اے کہنا غلو یا افراط ہے۔

(۲) پنجاب یونیورسٹی میں عربی تعلیم کے تین درجے ہیں۔ (۱) مولوی۔ (۲) مولوی عالم۔ (۳) مولوی فاضل۔ کسی مولوی عالم کو صرف مولوی کہنا اس کی ہتک یا تفریط ہے اور مولوی فاضل کہنا اس کی شان میں غلو (زیادتی) ہے۔

یہ دو مثالیں ایسی صحیح ہیں کہ کسی کم عقل کو بھی ان کی صحت سے انکار نہیں ہو سکتا۔ اس بنا پر ہم قرآن مجید کا فیصلہ مسیح کے حق میں سناتے ہیں۔ چنانچہ آپ کی شان میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں:۔

کلمۃ اللہ، روح اللہ اور وجیہا فی الدنیا والآخرۃ

ساتھ ہی اس کے وہ امر متنقیح جو مسیحیوں اور مسلمانوں میں متنازعہ ہے۔ بالکل صاف الفاظ میں فیصل کر دیا ہے۔ اس فیصلے کے الفاظ یہ ہیں:۔

اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَ جَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (پ ۲۵۔ ع ۱۲)

مسیح ہمارا (خدا کا) نیک بندہ تھا ہم نے (بذریعہ رسالت) اس پر انعام کیا اور اُسے بنی اسرائیل کے لئے ہادی (رہنما) بنایا۔

بس ہمارا اعتقاد اور یقین اسی قرآنی تعلیم پر ہے۔

اب ہم بتاتے ہیں کہ جو مسلمان ولادت مسیح کے جشن میں شریک نہیں ہوتے وہ حق بجانب ہیں۔ واقعی شریک نہیں ہونا چاہئے۔ اس کی وجہ بھی سنئے! پادری فنڈر اپنی مشہور کتاب "میزان الحق" میں لکھتے ہیں کہ

"انجیل کے ان مقاموں سے صاف ظاہر اور یقین ہے کہ یسوع مسیح صرف تعظیم کی راہ سے خدا کا بیٹا نہیں کہلاتا بلکہ فی الحقیقت الوہیت کے مرتبہ میں ہے اور صفات الوہیت اس میں پائی جاتیں اور وہ خدا کے ساتھ ایک ہے۔ اور خود خدا ہے"

(میزان الحق ص۱۷۶۔ مطبوعہ ۱۸۹۲ء)

اس عبارت میں دو باتیں قابل غور ہیں۔ (۱) مسیح کی جو شان پادری فنڈر نے بیان کی ہے۔ اس کی رو سے وہ لَمْ يُوْلَدْ کی صفت سے موصوف ہونا چاہئے پھر اس کی ولادت کے کیا معنی! اسی لئے مسلمان اس غلط ولادت کے جشن میں شریک نہیں ہو سکتے۔

دوسری بات جو غور طلب ہے وہ نامہ نگار کے اس قول کی تردید ہے جو اس نے مسیح کو استعارے کے رنگ میں خدا کا بیٹا قرار دیا ہے۔ یہ غلط ہے، کیونکہ پادری فنڈر کے قول سے اس کی تردید ہوتی ہے۔ استعارہ علم بیان میں اس کو کہتے ہیں جس میں درحقیقت تشبیہ تو ہوتی ہے مگر حرف تشبیہ مذکور نہیں ہوتا۔ جیسے کوئی کہے "میں نے شیر دیکھا" اس سے قائل کی مراد درندہ حیوان نہ ہو بلکہ بہادر آدمی ہو۔ ایسے کلام سے قائل کا مقصد دیکھے ہوئے شخص کے لئے شیر کی سی بہادری ثابت کرنا ہے نہ کہ حقیقۃً اس کو جنگلی شیر باور کرنا یا کرانا۔ اگر اس مثال میں شیر کی جگہ بہادر وغیرہ کہنا صحیح نہ ہو تو یہ کلام استعارہ کی مثال نہیں بن سکتا۔ پس معلوم ہوا کہ استعارہ میں حقیقت مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس وصف کا اظہار مقصود ہوتا ہے جو مشبہ اور مشبہ بہ میں مشترک ہوتا ہے۔ اور مشبہ بہ کا یہ وصف مشہور ہوتا ہے یہی مشترک وصف استعارہ کی بنا ہوتا ہے۔

اخوت کے نامہ نگار نے مسیح کو جو استعارے کے رنگ میں ابن اللہ کہا ہے۔ اس کی بنا مسیح کی عزت اور محبوبیت الٰہی معلوم ہوتی ہے مگر پادری فنڈر اس بنائے استعارہ سے انکاری ہیں۔ علاوہ اسکے اب اور ابن میں اثنینیت (دوئی) کا ہونا لازمی اور ضروری ہے پادری فنڈر ابنیت کو ترقی دیکر خود خدا کہتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بنائے استعارہ ہی سرے سے معدوم ہے۔ بہت خوب! نہ بانس رہا نہ بانسری بجی۔

اب ہم بتاتے ہیں کہ عیسائیوں کا عقیدہ مسیح کی نسبت خود ان کے الہامی نوشتوں کے بھی خلاف ہے۔ منجملہ انکے ایک نوشتہ ہم یہاں پیش کرتے ہیں۔ عیسائیوں کا مقدس رسول پولوس رومیوں کو خط میں لکھتا ہے کہ

"ہم خدا کے فرزند ہیں اور جب فرزند ہوئے تو وارث بھی یعنی خدا کے وارث اور میراث میں مسیح کے ساتھ شریک ہیں" (باب۸ فقرہ ۱۷)

یہ حوالہ صاف بتا رہا ہے کہ مسیح اکیلا ہی خدا کا فرزند نہیں ہے بلکہ دنیا کا ہر ایک صالح انسان خدا کا فرزند ہے اور مسیح کے ساتھ خدا کی وراثت میں شریک ہے۔

(نوٹ) وراثت کے معنی ہیں مورث کے مرنے کے بعد کوئی چیز ملنا۔ خدا کی ذات تو قائم دائم اور حی و قیوم ہے۔ اس لئے وراثت کے معنی یہاں مجازاً انعام و اکرام ہیں جس کے مستحق اس کے سب نیک بندے ہیں۔ اسکے ہم (مسلمان) قائل ہیں۔

اطلاع عام | ہم عیسائیوں کی شکایات رفع کرنے کو تیار ہیں۔ وہ ہمیں جشن ولادت مسیح میں بلانے تو

ہم ضرور پہنچیں گے۔ ابن مسیح کی شان سورہ مریم کے دوسرے رکوع سے بتا چکے۔ اور اس رکوع کی تفسیر اور تشریح کتاب مقدس کے عہد جدید کے حوالہ سے کر چکے اور ان دونوں کتابوں کے حوالوں کے پیش نظر ہم دونو گروہ (مسیحی اور مسلمان) متحد ہو کر یہ شعر پڑھیں گے۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

قادیانی مشن

خلیفہ قادیانی کا خطبہ

اور

شیخ چلی کا خواب

بڑے مرزا صاحب تو کہتے گئے کہ میں اس لئے آیا ہوں کہ دنیا کے سب مذاہب کو مٹا کر مذہب اسلام قائم کروں، عیسیٰ پرستی کے ستون توڑ دوں، دنیا بھول جائے کہ کوئی عیسیٰ کوئی کرشن کوئی دوسرا معبود بھی تھا یا ہے۔ ان کے اس دعویٰ کی آزمائش تو دنیا نے خوب کر لی۔ ساری دنیا میں شرک وکفر دن بدن زیادہ پھیلتا جا رہا ہے۔ غیروں کو چھوڑ کر اسلامی آبادی کو دیکھا جائے ان میں بھی عقائد شرکیہ کفریہ بکثرت ترقی کر رہے ہیں۔

یہ تو بڑے میاں کے ادعا کا انجام ہے۔ چھوٹے میاں کا دعویٰ سنئے۔ آپ جلسہ سالانہ کے خطبہ میں بہت کچھ تعلی آمیز تقریر کرتے ہیں۔ آپ کے الفاظ اس بارے میں یہ ہیں:-

"ہمارے سامنے بہت بڑا کام ہے۔ اتنا بڑا کام کہ جو ہمیں اور ہماری حالت کو دیکھتے ہوئے بالکل ناممکن نظر آتا ہے۔

ہم نے دنیا کی موجودہ سلطنتوں کو، دنیا کے موجودہ مذاہب اور دنیا کے موجودہ تمدن کو، دنیا کی اقتصادی انجمنوں کے نظام کو اور ان سب کو بدل کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے نظام کو قائم کرنا ہے۔ ایسی حالت میں دنیا کی حکومتیں اور مذاہب کے ادارے ہماری مخالفت کریں تو طبعی تقاضا کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ حق بجانب ہیں۔ کیونکہ انہیں نظر آ رہا ہے کہ ان کے لئے خدا کی طرف سے موت کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ اور وہ پروانہ ہمارے ہاتھ میں دیا گیا ہے اور اسے ہم لائے ہیں جن کو دنیا میں حقیر اور ذلیل سمجھا جاتا ہے۔" (الفضل قادیان صفحہ ۳ بابت دسمبر ۱۹۳۸ء)

اہلحدیث قانون قدرت ہے کہ لیمپ کے اردگرد جو روشنی ہوتی ہے بہ نسبت دور کے وہ بہت زیادہ صاف اور روشن ہوتی ہے۔ اسی طرح حضرات انبیاء کے اردگرد کے لوگ تقویٰ طہارت، غیرت مذہبی اور جوش دینی میں بہت ترقی یافتہ ہوتے ہیں۔ بڑے مرزا صاحب کا دعویٰ تھا کہ میں منہاج نبوت پر آیا ہوں اس لئے ہمارا حق ہے کہ ہم آپ کے اردگرد کی روشنی کو جانچیں کہ وہ کہاں تک صاف شفاف روشن اور تیز بھی اور ہے اور کہاں تک اس نے دنیا میں انقلاب پیدا کیا۔ جو کچھ کیا وہ ہمارے سامنے ہے۔ تیس سال مرزا صاحب کے انتقال کو بھی گزر گئے نہ کوئی سلطنت دنیا کی ان کے زیرنگیں آئی نہ کسی انجمن کا نظام آپ نے بدلا نہ کوئی انقلاب ہوا۔ ہوا تو یہ ہوا کہ پنجاب کی بڑی انجمن حمایت اسلام لاہور اور انجمن ترقی تعلیم امرتسر سے مرزا صاحب کے مریدوں کو غیر مسلموں کی طرح نکال دیا گیا۔

خلیفہ قادیان کا خود اعتراف ہے جو بارہا اہلحدیث میں پیش کیا جا چکا ہے کہ جو مقاصد مرزا صاحب لیکر آئے تھے ان کا اربواں حصہ بھی ابھی پورا نہیں ہوا وہ کب ہوگا؟ غالباً قیامت سے ایک ہفتہ پہلے۔

کیسا بڑا اچکیلا پروگرام ہے کہ دنیا کی سلطنتوں کا جدید نظام قائم کریں گے۔

؎ اللہ رے ایسے حسن پہ یہ بے نیازیاں

ہمارے خیال میں خلیفہ صاحب سے سہو ونسیان ہو گیا آپ اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دیتے تو دعویٰ مدلل ہو جاتا کہ "یورپ میں جو ڈکٹیٹر شپ جاری ہو رہا ہے۔ یہ ہماری ہی کوشش کا نتیجہ ہے۔"

اس دفعہ یہ سہو ہوا ہے تو امید ہے اس کی تلافی آیندہ سال کر دیں گے۔ کیونکہ بڑے میاں کا یہ بھی تو الہام ہے کہ "زار روس کا عصا میرے ہاتھ میں دیا گیا۔"

ناظرین کرام! دنیا کی حکومتوں اور انجمنوں کے نظام میں تبدیلی کیا پیدا کریں گے۔ سب سے اول اپنی رقیب اور حریف انجمن احمدیہ لاہور میں تو تبدیلی کر لیں جو ہر روز ان کے سینے پر مونگ دلتی ہے۔ جو بات کوئی نہیں کہتا وہ کہتی ہے۔ ان کا آرگن "پیغام صلح" خلیفہ صاحب قادیانی کو سرکاری سانڈ کہتا ہے۔ اور ان کا امیر ہر قسم کی برائیاں خلیفہ پر تھوپتا ہے۔

سب انجمنوں کی تبدیلی سے پہلے اس انجمن کی تبدیلی یا اصلاح کرنا خلیفہ یا ان کی جماعت کا فرض اولین ہے جو انہوں نے ابھی تک ادا نہیں کیا۔

اس کے علاوہ خود قادیان میں مجلس احمدیہ قائم ہوگئی ہے جو قادیانی جماعت کے لئے نہایت ہی دل آزار ہے۔ جس میں بقول خلیفہ صاحب پانچ سو بلکہ پانچ سو سے زیادہ منافقین شریک ہیں۔ کیا یہی تبدیلی ہے جو خلیفہ قادیان دنیا کی انجمنوں میں کرنی چاہتا ہے۔ بہرحال قادیانی سودا ابتدا ہی سے ادھار پر چلتا رہا اور اب بھی ویسا ہی ادھار ہے۔ دعویٰ تو بروز محمدیت کا ہے اور کام میں سستی اتنی ہے کہ اربواں حصہ بھی ابھی پورا نہیں ہوا۔ ادھر اصل متبوع علیہ السلام کو دیکھیں گے تو وہ اپنی زندگی میں ہی سب کام پورے کر کے یہ سن گئے۔ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۔ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ

رئیس قادیان۔ تازہ تصنیف۔ مرزا صاحب کی زندگی کے عجیب و غریب حالات۔ قیمت ۸/ (دفتر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

[illegible]
[illegible]
[illegible]
سپنے اندراج ہمیشہ جاکت بہتر نکال

کھلی چٹھی

بنام بابو عمرالدین صاحب احمدی جالندھری

جناب بابو صاحب!

آپ کو یاد ہوگا جن دنوں خلیفہ قادیان نے علمائے اسلام کو مقابلے میں تفسیر نویسی کا چیلنج دیا تھا تو میں نے اُس چیلنج کو قبول کر کے لکھا تھا کہ آپ سادہ قرآن مجید اور قلم دوات لے کر بٹالے کی جامع مسجد میں آجائیں اور میرے بالمقابل بیٹھ کر تفسیر لکھیں۔ اس پر خلیفہ قادیان کی طرف سے یہ عذر کیا گیا تھا کہ میں عربی لغات بلکہ کلید قرآن بھی ساتھ رکھونگا۔ اس کے جواب میں مَیں نے ایک خط رجسٹری کرا کر آپ کی معرفت ان کو شملہ بھیجا تھا کہ میں آپ کو اجازت دیتا ہوں کہ آپ ہر قسم کا سامان ساتھ لے آئیں۔ مگر مقابلے میں ضرور آئیں۔

چند روز ہوئے قادیانی اخباروں میں یہ ڈینگ پھر سنی گئی ہے کہ خلیفہ صاحب کے مقابلے میں کوئی پُراز معارف تفسیر نہیں لکھ سکتا اور یہ احمدیت کی صداقت کا ثبوت ہے۔

مَیں آپ سے حلفیہ پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کو وہ میری چٹھی ملی تھی اور آپ نے وہ چٹھی خلیفہ قادیان میاں محمود احمد صاحب کو دی تھی یا نہیں؟ اس کا جواب [illegible] خود یا بذریعہ پیغام صلح دیجئے۔ آپ کے [illegible] جاری ہوگا۔ (ابوالوفاء)

[illegible]

بریلوی مشن

بشیر کوٹلوی عالم برزخ میں ہے یا دنیا میں؟

(از قلم مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری)

پچھلے پرچہ میں اس سلسلے کا اندراج غلطی سے رہ گیا ہے۔ آئندہ انشاء اللہ مسلسل ہوگا۔

ناظرین اخبار اہلحدیث کو معلوم ہے کہ ہم نے انوار الصوفیہ کے جواب میں ایک مضمون بعنوان "فضائل سید المرسلین قرآن و حدیث کی روشنی میں" لکھا تھا جس میں صاحبزادہ علی پوری سے عرض کی گئی تھی کہ حنفی ہو تو مقلدانہ حیثیت سے اپنے ثبوت میں اپنے امام کا قول پیش کیا کرو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل قرآن و حدیث میں مذکور ہیں وہی بیان کرو۔ اِدھر اُدھر کی رطب و یابس جمع کرنے سے فضائل نبوی پیش کرنا صحیح نہیں۔ اس مضمون میں قسطلانی کی عبارت پر (جو "انوار الصوفیہ" نے نقل کی تھی) ہم نے لکھا تھا کہ ان کی یہ بات بلا دلیل ہے۔ یعنی قسطلانی کا دعویٰ کہ

مومنین جو فوت ہو چکے ہیں عالم برزخ میں جانے کے بعد زندوں کے حالات جاننے لگتے ہیں۔

دلیل طلب ہے۔ اس کے بعد ہم نے صاحبزادہ صاحب علی پوری کو مخاطب کر کے لکھا تھا

کیا یہ درست ہے کہ خود جناب (قسطلانی) بھی مومن تھے تو اب وہ ہمارے حالات سے واقف ہونگے اس لئے ہمیں (ثانی) آپ (علی پوری) کی وساطت سے ان سے درخواست کرونگا کہ مہربانی کر کے میرے اس سوال کا جواب خود (قسطلانی) ہی تحریر فرما دیں اور اس دعویٰ کی دلیل قرآن حدیث سے دیں۔

ساتھ ہی یہ بھی لکھ دیا تھا کہ

ہم چونکہ اس کے قائل نہیں [illegible] اس لئے آپ ہی مہربانی کر کے میرا مضمون لیکے [illegible] [illegible]

بالمشافہ گفتگو کرا دیں۔

ہمارے اس مضمون پر علی پوری صاحبزادہ صاحب تو خاموش ہیں۔ غالباً وہ سمجھ گئے ہونگے کہ بات معقول ہے اور صحیح معقول بات کو مان لینا عقلمندی کی نشانی ہے اس لئے وہ تو نیم راضی ہیں پورا اتفاق بھی ہو جائیگا انشاء اللہ! بصیرت کی ضرورت ہے۔

مگر کوٹلی کے مولوی بشیر صاحب عالم برزخ سے بول اُٹھے اور نہایت ہی غضب آلود لہجہ میں "الفقیہ" کے "التنقید والافکار" میں کچھ گویا ہوئے ہیں۔ چنانچہ ہماری مندرجہ بالا تحریر کے نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:-

"ہم آپ کا مضمون لیکر حضرت علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس پہنچے اور عرض کی کہ حضور! امرتسری ثانی آپ سے بالمشافہ گفتگو کرنے کے مشتاق ہیں اور آپ سے آپ کے ارشاد کی دلیل طلب کرنی چاہتے ہیں۔ یہ سن کر حضرت موصوف جلال میں آگئے لاحول ولا قوۃ پڑھ کر فرمانے لگے کہ کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا۔ ثانی سے کہہ دو کہ میں تم جیسے وہابی سے ہرگز منہ لگنا نہیں چاہتا ہاں کوئی محب رسول نیک نیتی سے آئے تو اُسے سمجھا دونگا۔ ان چودھویں صدی کے کٹ حجتی کرنے والے غیر مقلدین سے میں گفتگو کرنا اپنے علم کی ہتک سمجھتا ہوں۔ اگر ثانی کو کچھ ایسا ہی شوق ہے تو وہ [illegible] [illegible] ثانی یہ بھی [illegible] [illegible] (الفقیہ [illegible])

ناظرین اس عبارت سے سمجھ گئے ہونگے کہ بشیر صاحب قسطلانی کے پاس ہمارا مضمون لیکر پہنچے [illegible] ہوا جو آپ نے تحریر کیا۔ [illegible] بشیر صاحب

ahmadimuslim.de

تحریر فرماتے ہیں :-

"ہاں صاحب ! ثنائی کی علامہ موصوف علیہ الرحمۃ سے بالمشافہ گفتگو کرنے کی خواہش ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ ایک شخص جو بمبئی میں ہو امرتسری ثنائی اس سے بالمشافہ گفتگو کرنا چاہیں تو اس کی دو صورتیں ہیں۔ یا تو ثنائی صاحب بمبئی پہنچ جائیں یا وہ صاحب بمبئی سے امرتسر آجائیں۔ بنا بریں ثنائی صاحب نے علامہ قسطلانی کو عالم برزخ میں تسلیم کیا ہے اور خود آپ اسی عالم میں ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ علامہ موصوف کے اس عالم سے اس عالم میں تشریف لے آنے سے یہ امر بہت آسان ہے کہ ثنائی صاحب اس عالم سے اس عالم میں تشریف لے جائیں۔ پس ہم حضرت علامہ قسطلانی کو کسی نہ کسی صورت گفتگو پر راضی کر لیتے ہیں ثنائی صاحب خودکشی کا انتظام فرمائیں"

(الفقیہ تاریخ مذکور)

اس عبارت سے مفہوم ہوتا ہے کہ قسطلانی سے میری ملاقات کے لئے بشیر صاحب دو صورتیں تحریر کرتے ہیں کہ یا تو میں عالم برزخ میں جاؤں یا موصوف دنیا میں تشریف لائیں۔ خود جناب بشیر صاحب ملاقات کر چکے ہیں اور میرا مضمون بھی سنا آئے ہیں۔ جس کی صورت (خود ان کی تجویز کردہ) یہی ہوئی ہوگی کہ عالم برزخ میں خود گئے ہونگے کیونکہ مجھے تحریر فرماتے ہیں کہ

"میں عالم برزخ میں گئے بغیر قسطلانی سے ملاقات نہیں کر سکتا۔ کیونکہ ان کا یہاں دنیا میں آنا آسان نہیں۔"

اب سوال یہ ہے کہ آنجناب عالم برزخ میں گئے تھے یا قسطلانی کوٹلی میں تشریف لائے تھے۔ دوسری صورت سے پہلی صورت کو آپ آسان تسلیم کر چکے ہیں۔ اس لئے آپ نے بھی آسان راہ اختیار کی ہوگی یعنی خود گئے ہونگے اور جانے کی صورت بھی خود بشیر صاحب میرے لئے تجویز کرتے ہیں :-

"ثنائی صاحب خودکشی کا انتظام فرمائیں"

مجھے گمان ہے کہ جو تجویز میرے لئے آپ نے ارشاد فرمائی خود بدولت بھی اسی گھاٹ اترے ہونگے یعنی قسطلانی کو عالم برزخ میں میری تحریر سنانے کے لئے خودکشی کر کے گئے ہونگے۔

کوٹلی والو ! کیا جماعت بریلویہ کے افراد ہمیں مہربانی کر کے اطلاع دے سکتے ہیں کہ آپ کے مولوی بشیر صاحب نے خودکشی کی تھی اور کب ؟ اگر جماعت بریلویہ نہ بتا سکے تو مستری اسماعیل صاحب ضرور بتائیں گے کیونکہ وہ بشیر صاحب کی خودکشی کے اسباب سے بھی خوب واقف ہیں۔ اگر کوئی نہ بتا سکے تو ابو بشیر مولانا محمد شریف صاحب فرمائیں کہ آپ کے برخوردار نے کیوں خودکشی کی اور آپ نے اس صورت میں جنازہ پڑھا تھا۔ اور یہ بھی فرمائیں کہ آپ کی بہو (زوجہ بشیر) کا کیا حشر ہوا۔ بشیر صاحب کی خودکشی کے بعد عدت وفات کے اندر ہی (بشیر صاحب) واپس تشریف لے آئے تھے یا بعد۔ بصورت ثانی ابھی دوسرا نکاح تو نہیں ہوا تھا۔ امید ہے کہ بشیر میاں کے ابا بالتفصیل جواب دیں گے۔

رہا بشیر صاحب کا یہ کہنا کہ قسطلانی صاحب میرے (بشیر کے) کلمات سنتے ہی جلال میں آگئے اور لاحول پڑھا۔ لاحول کیوں نہ پڑھتے وہ تو حیران ہوتے ہونگے کہ ایسے بدعقیدہ لوگ کہاں سے آگئے۔ جو میرے اقوال کو حجت نہ ماننے والوں کے منہ آتے ہیں۔ اسی لئے انہوں نے صاف کہا لاحول ولا قوۃ یعنی مجھ میں تائید الٰہی کے سوا غلطی سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت کہاں ہے۔ اس لئے جو اچھی بات ہو وہ تائید ایزدی سے ہے جو غلطی ہو وہ مجھ سے ہوئی ہے۔

مولوی بشیر صاحب ! سنو ! اور گوش ہوش سے سنو۔ آپ کا اعتقاد ہے کہ قسطلانی کی عبارت

من انتقل الی عالم البرزخ من المؤمنین یعلم احوال الاحیاء غالباً

کہ مؤمن عالم برزخ میں منتقل ہو جانے کے بعد زندوں کے حالات جاننے لگتے ہیں۔

صحیح ہے تو پھر اسکو آپ کے صحیح تسلیم کرنے کی بنا پر میں نے لکھا تھا کہ میرے اس سوال کو بھی جانتے ہونگے کہ میں نے اخبار اہلحدیث میں مرحوم سے سوال کیا ہے۔ تو کیوں نہیں اس سے حل کیوں نہیں کرتے کہ آپ اس دعوی کو قرآنی دلیل سے حل نہیں فرماتیں کیونکہ کسی غیر نبی کی بے دلیل بات کو ماننے کے لئے ہم (افراد امت محمدیہ) مامور نہیں ہیں۔

بادلیل بات ہاں یہی قسطلانی اسی کتاب مواہب میں ایک بادلیل مسئلہ تحریر فرماتے ہیں۔

بریلوی حنفیو ! آؤ ہم اور تم سب مل کر اسکو تسلیم کریں اور بہت بڑے نزاعی مسئلہ کو حل کریں۔ سنو! وہ مسئلہ بشریت رسول ہے۔

بشریت رسول کے متعلق قسطلانی کا فیصلہ

قسطلانی مین حیات میں اپنی کتاب کے اندر ایک سوال تحریر فرماتے ہیں :-

هل العلم بكونه صلى الله عليه وسلم بشراً شرط فی صحت الایمان او هو من فروض الكفاية

کیا رسول اللہ کی بشریت کا علم ایمان کی صحت کیلئے شرط ہے یا فرض کفایہ ہے۔

اس کا جواب موصوف ایک بزرگ کی طرف سے تصدیقاً نقل فرماتے ہیں :-

لو قال شخص او من برسالة محمد صلى الله عليه وسلم الى جميع الخلق ولكن لا ادری هل هو من البشر او الملائكة او من الجن او لا ادری اهو من العرب او العجم فلا شك فی كفره لتكذيبه للقرآن وجحده ما تلقته قرون الاسلام خلفاً من سلف وصار معلوماً بالضرورة منه الخاص والعام۔

اگر کوئی شخص یوں کہے کہ میں (محمد رسول اللہ) کی رسالت پر ایمان رکھتا ہوں مگر یہ نہیں جانتا کہ وہ بشروں سے ہیں یا ملائکہ سے یا جنوں سے یا یہ کہے کہ میں نہیں جانتا کہ آپ عربی تھے یا عجمی تو ایسا کہنے والے کے کفر میں شک نہیں کیونکہ وہ قرآن مجید کا اور اسلامی گروہوں (سلف خلف) کے متفقہ طور پر معلوم شدہ امر کا انکاری ہے۔

بریلوی حنفیو ! یہ ہے قسطلانی کی بادلیل بات جس کو وہ قرآن مجید و تعامل اہل اسلام سے مدلل کر رہے ہیں۔ اس پر عمل بھی ضروری ہے۔ آؤ بے دلیل بات پر

...ادی گئی [illegible] بات کو تسلیم کرو اور ہمیشہ کیلئے یہ اصول [illegible] کر بالو کہ شری جو بات ہم اس کے سامنے سر تسلیم خم کرو۔ یہ نہ دیکھو کہ کہنے والا کون ہے شرعی دلیل پیش کئے بغیر کوئی بزرگ بھی بات پیش کرے تو اس کی بزرگی کو تسلیم کرتے ہوئے اسکے سہو و نسیان کو نظرانداز کر دو

کوٹلی والو! تمام اہل حدیث حنفی بن کر اپنے مولوی صاحب سے التماس کرو کہ محققانہ طور پر ہماری باتوں کا جواب تحریر کریں۔ اگر سچے ہیں تو اپنے دعاوی کو دلائل دینیہ سے مزین کیا کریں۔ بزرگوں کو حاضر کہیں یا زندہ گھروں میں مانیں یا مسجدوں میں مگر اپنے عقائد کو قرآن حدیث سے ثابت کریں۔

حنفی ہیں تو سچے حنفی بن کر دکھائیں ورنہ دنیا سمجھ لے گی کہ ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور ہیں کھانے کے اور

مگر یاد رہے دنیا سے مراد دنیائے اسلام ہے جو دنیا مولوی بشیر صاحب کو نظر آتی ہے اس کے لئے اور میدان ہے جس سے وہ آشنا نہیں ہیں۔

سنئے! مغرب زدہ ہوں یا گرویدہ علی پور ہمارا فرض ہے کہ ہم صحیح احکام شریعت و شریعت محمدیہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ) کو پیش کریں۔

اس کو ضرور مانیں گے اور ہمارا یہ یقین ہے کہ دنیا سچائی کو مان کر رہے گی اور بفضل خدا وہ دن آئے گا کہ توحید الٰہی و سنت رسول کی گونج مشرق سے مغرب تک پہنچ جائے گی۔ صرف وہی گروہ رہ جائیگا جس کے حق میں وارد ہے۔ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ

فانتظروا انا منتظرون

رد اکاذیب لہابیہ۔ مذہب حقہ اہل حدیث پر اہل بدعت اور بعض دیگر ناواقف اصحاب مختلف قسم کے اعتراضات کیا کرتے ہیں۔ جن کا مدلل اور مفصل جواب دیا ہے گویا مخالفین کا ناطقہ بند کرنے کے لئے ایک علمی ہتھیار ہے ہر اہل حدیث کو پاس رکھنا مفید ہے۔ [illegible] دیکھ کر آپ [illegible] ہیں [illegible] [illegible] ہے [illegible] قیمت [illegible] [illegible] ۱۰ [illegible] محصول [illegible] ملنے کا پتہ۔ دفتر اہلحدیث امرتسر

وید اور اس کے تراجم اور تفاسیر

(از جناب مقصود حسین صاحب چترویدی متوطن رڑکی)

عنوان مندرجہ بالا اہلحدیث ۶ ۱ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر میں مسلسل شائع ہوتا رہا۔ بقایا مضمون دیر سے وصول ہونے کے باعث تسلسل قائم نہ رہ سکا۔ نئے ناظرین کی واقفی کے لئے چند سطور ۱۴ اکتوبر سے مکرر نقل کی جاتی ہیں۔ تاکہ مضمون پرلطف ہو جائے۔ (مدیر)

سام وید کے حصہ دوم کی دوسری تقسیم یہ ہے کہ اسکو بائیس ادھیاؤں میں منقسم کیا گیا ہے۔ جو بالکل ۲۲ اردھ پرپھاٹکوں کے مطابق ہے۔ بعض نسخوں میں ادھیاؤں کی تعداد ۲۱ ہے۔ یعنی انیسویں ادھیائے کے بعد بیسویں اور اکیسویں ادھیائے کو ملا کر ایک کر دیا ہے اس طرح شمار میں ایک ادھیا کم ہو گیا۔

ان ادھیاؤں کی ضمنی تقسیم یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک میں متعدد کھنڈ ہیں۔ اور ہر کھنڈ میں متعدد ترچ ہیں۔ اور ہر ترچ میں تین تین منتر ہیں۔

گائتری کا مشہور منتر سام وید نصف ثانی۔ پرپاٹھک ۶۔ نصف پرپاٹھک ۳ کے دسویں ترچ کا پہلا منتر ہے یا یوں کہئے کہ وہ سام وید نصف ثانی ادھیائے ۱۳۔ کھنڈ ۴ کے تیسرے ترچ کا پہلا منتر ہے۔

سام وید کی یہ تقسیمیں ذرا دقت طلب ہیں بہتر ہو کہ اسکے حصہ اول میں دشتیوں پر مسلسل نمبر ایک سے لگا کر ۶۵۰ تک دے لئے جائیں۔ اور پھر یوں حوالہ دیا جاوے کہ سام وید حصہ اول دستی فلاں۔ منتر فلاں۔ اسی طرح حصہ دوم کو ۲۲۔ ادھیاؤں میں تقسیم کر کے ہر ادھیائے کے ترچوں کے نمبر مسلسل ہوں۔ اس طرح حوالہ دینے میں نہایت سہولت ہو گی

اتھروید بیس کانڈوں میں منقسم ہے۔ ان میں سے پہلا [illegible] کانڈ [illegible] [illegible] [illegible] پرپاٹھک ہیں۔ [illegible] [illegible] پرپاٹھک کی تقسیم نہیں ہے [illegible] [illegible] کانڈ [illegible] ۱۱۱ - [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

سوکتوں کی تعداد سات سو اکتیس ہے۔ اور کل منتر قریب چھ ہزار کے ہیں۔

چونکہ اتھروید میں سوکتوں کے نمبر کانڈوں کے اعتبار سے دیئے گئے ہیں۔ اس لئے حوالوں میں صرف کانڈ اور سوکت کے نمبر دینا کافی ہے پرپاٹھک اور انوواک کے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

چتروید بھاشیہ کار اب ہم ویدوں کے مختلف تراجم اور تفاسیر اور ان کے متعلق متفرق کارآمد کتب کا تذکرہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں پہلے ہم ان ودوانوں کی تصانیف کا حال لکھیں گے جنہوں نے چاروں ویدوں کا ترجمہ کیا ہے یا تفسیر لکھی ہے۔ ان میں سب سے اول شخصساین اچاریہ یعنی استاد ساین ہے (آچاریہ استاد کو کہتے ہیں) یہ فاضل اجل شخص جو ۱۳۱۵ء عیسوی کے قریب دکھن میں پیدا ہوا۔ بجے نگر کے ہندو راجہ کا وزیر اعظم تھا۔ ان دنوں میں ہندوؤں کا مذہبی علم بالکل زوال پذیر ہو رہا تھا۔ اوس کو نیست و نابود ہونے سے محفوظ کر دینے کے لئے ریاست کا زر خطیر صرف کر کے اس قابل شخص نے ملک کے ہر گوشہ سے بڑے بڑے پنڈتوں کو جمع کیا۔ اور اپنی نگرانی میں چاروں ویدوں اور ان کے متعلق تمام دیگر کتب مثلاً برہمن گرنتھوں وغیرہ کی تفاسیر سنسکرت زبان میں لکھوائیں۔ ساین اچاریہ کی رگ وید اور سام وید کی تفاسیر مکمل ہیں۔ [illegible] یجروید کی تیتریا سنگھتا کی بھی تفسیر مکمل [illegible] یجروید میں سے کانو شاکھ کے ابتدائی بیس ادھیاؤں کی ہی تفسیر کی گئی ہے۔ اتھروید کی ساین تفسیر بھی دستیاب ہو چکی ہے۔ اور ایک عرصہ ہوا کہ شنکر پانڈو رانگ پنڈت نے بڑے اہتمام کے ساتھ اوس کو مع متن [illegible] جلدوں میں [illegible] [illegible] شائع کیا تھا۔ [illegible] میں متعدد سوکتوں کی تفسیر [illegible] ہے۔ وید کے [illegible] [illegible] [illegible] ساین آچاریہ کی [illegible] کے

ahmadimuslim.de

ہمیشہ احسان رہیں گے۔ اگر یہ فاضل اہل شخص ویدوں کی تفسیر نہ لکھ جاتا تو آج ویدوں کا بہت سے مقامات لاینحل رہ جاتے۔ زمانہ قدیم کے برہمن گرنتھوں اور سوتروں کے بعد صدیوں تک کسی نے ویدوں کی تفسیر پر کچھ نہ لکھا یا یوں سمجھئے کہ اس کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ یہاں تک کہ ساتویں صدی عیسوی کے وسط میں سکند سوامی وغیرہ نے رگ وید وغیرہ کے کچھ حصص کی تفسیر لکھی لیکن ویدوں کی سب سے پہلی تقریبًا مکمل تفسیر لکھنے کا فخر ازل سے ساین کے حصہ میں لکھا جا چکا تھا۔

ساین کے بعد جس شخص نے چاروں ویدوں کا ترجمہ اور تفسیر لکھی ہے وہ گورنمنٹ کالج بنارس کے سابق پرنسپل مسٹر گرفتھ ہیں۔ انہوں نے چاروں ویدوں کا (جس میں تیعریہ سنگھتا شامل نہیں ہے) انگریزی میں ترجمہ ۱۸۹۲ء کے قریب کیا ہے۔ اور مختصر تفسیری نوٹ بھی دیئے ہیں۔ اس ترجمہ کو چھ جلدوں میں میسرز ای۔ جے لازرس کمپنی نے میڈیکل ہال پریس بنارس سے شائع کیا ہے۔ چاروں ویدوں کا یہی ایک صحیح ترجمہ ہے جو ہندوستان میں باسانی مل سکتا ہے۔

رگ وید	دو جلد	۱۲۶۴	صفحات	قیمت	۱۴ روپیہ
سام وید	ایک جلد	۳۳۸	″	″	۴ ″
سفید یجروید	ایک جلد	۳۷۲	″	″	۴ ″
اتھرو وید	دو جلد	۹۳۲	″	″	۱۲ ″
میزان کل	۶ جلد	۲۹۰۶	″	″	۳۴ ″

تیسرا اور آخری ترجمہ چاروں ویدوں کا پنڈت جے دیو جی شرما ودیا النکار ساکن اجمیر نے ہندی میں کیا ہے۔ پنڈت جی آریہ سماج کے ممبر ہیں۔ اس لئے ظاہر ہے کہ ان کا ترجمہ عام نقطۂ نظر سے مستند قرار نہیں دیا جا سکتا۔ سناتنی پنڈتوں اور غیر مذاہب کے سنسکرت کے عالموں کے نزدیک تو یہ ترجمہ تاویلات فاسدہ سے پُر ہے ہی۔ لیکن آریہ سماجی حلقے میں بھی اس ترجمہ کو استناد کا درجہ حاصل نہیں ہے۔ ہم نے بعض اہل علم سماجی اصحاب کو یہ کہتے سنا ہے کہ اس ترجمہ کا نہ ہونا اس کے ہونے سے بہتر تھا۔ تاہم چونکہ اب تک کوئی ہندی ترجمہ چاروں ویدوں کا موجود نہ تھا اس لئے سماجی پبلک میں اس ترجمہ کو

جس کی آخری جلد ابھی حال ہی میں مطبع سے نکلی ہے۔ بہت غنیمت سمجھا جاتا ہے۔ یہ ترجمہ چھوٹی تقطیع کی بارہ خوبصورت جلدوں میں چھپا ہے جن میں سے ہر جلد میں تقریبًا سات سو صفحات ہیں اور قیمت فی جلد چار روپیہ (یعنی تین روپیہ) ہے۔ آریہ ساہتیہ منڈل اجمیر نے اس کو شائع کیا ہے۔ سام وید کی ایک، سفید یجر کی دو، اتھرو کی چار اور رگ وید کی پانچ جلدیں ہیں۔

(باقی باقی)

نزول بارش اور مولانا عبد الجلیل صاحب سامرودی

(از قلم مولوی ابوسعید عبد الرحمٰن صاحب فریدکوٹی۔ چنیوٹ)

موصوف ان لوگوں میں سے ہیں جنہیں میں نیک صالح کہا کرتا ہوں۔ جماعت اہل حدیث کا طغرئ امتیاز یہی ہے کہ ہمارا ایمان قال اللہ و قال الرسول ہے۔ اس کے سوا اسرائیلی روایات حجت شرعیہ نہیں۔ موصوف خالص اہل حدیث ہیں مگر اسرائیلی روایات کی بھی بڑی وقعت کرتے ہیں۔ چنانچہ بعض اقوال کی بنا پر نزول بارش کی نسبت جو کچھ رائے ظاہر فرمائی ہے وہ ہم بجنسہ ذیل میں درج کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہم اپنی تحقیق حقیرانہ پیش کریں گے۔

من کعب الاحبار السحاب غربال المطر لولا السحاب حین ینزل من السماء لافسد ما یقع علیه من الارض۔ رواہ القرطبی۔

حضرت ابن عباس کعب احبار سے نقل کرتے ہیں کہ ابر آسمان کی چھلنی ہے اگر ابر نہ ہوں نزول باراں کے وقت تو زمین میں جہاں بھی پڑے برباد ہو جائے۔

میرے عزیز اہل حدیثو! یاد رکھو کہ ابر کی تکوین ہوا سے نہیں۔ بارش ابخرات الارض کا نتیجہ نہیں۔ یہ خیالات جماعت اہل حدیث کے اعتقادات سے کوسوں دور ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ بارش حقیقت میں آسمان سے ہے جو بوساطت ابر برسائی جاتی ہے۔ آسمان میں پانی کی کمی نہیں کہ اللہ میاں کو ابخرات الارض سے پانی لینے کی ضرورت ہو۔ (اور اگر کسی شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ برسات ابخرات الارض سے بادل بن کر ہوتی ہے) تو یہ داب اہل توحید و فرقہ حقہ اہل حدیث بلکہ عامہ اہل سنت والجماعت سے نہیں۔ ایسے خیالات کو نزدیک تر کیا جا بھی سکتے دینا جرم ہے۔ اہلحدیث امرتسر ۱۷۔ رمضان ۱۳۵۵ھ صفحہ ۱۲-۱۳

علاوہ ازیں مولانا موصوف نے چند اقوال بھی پیش کئے ہیں۔ لیکن کوئی قول سندًا آنحضرت صلعم تک نہیں پہنچتا سب کا خلاصہ یہی ہے کہ برسات آسمان سے نازل ہوتی ہے۔ فاضل مدیر مولانا صاحب نے موصوف کو اس مضمون کے اخیر میں خاص توجہ دلائی تھی۔ لیکن ہمیں ایک اور خاص وجہ سے یہ مضمون کچھ تفصیل کے ساتھ لکھنا پڑا۔

تقریبًا آٹھ ماہ کا واقعہ ہے کہ مجھے پنجاب کی ایک جامع اہل حدیث میں درس قرآن سننے کا موقعہ ملا۔ مدرس صاحب نے بھی بعینہٖ مولانا سامرودی صاحب کے ارشادات گرامی کو دہرایا تھا۔ اس درس میں مجھے یہ خیال ہوا کہ مدرس صاحب تنہا غلطی کھا رہے ہیں۔ لیکن اب معلوم ہوا کہ مولانا سامرودی جیسے عالم و فاضل بھی اس مسئلہ میں یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔ اور خدا جانے اس قدیم فلسفہ کو ماننے والے اور کتنے علم دوست ہونگے؟

اب ہم مولانا سامرودی صاحب کی علمی محنتوں کی تعریف کرتے ہوئے آپ کی توجہ ذیل کے مضمون کی طرف منعطف کرانا چاہتے ہیں۔

(۱) وانزلنا من المعصرات ماء ثجاجا۔ عن ابن عباس من المعصرات ای من السحاب۔ وکذا قال عکرمة وابو العالیة والضحاك۔ والحسن والربیع بن انس۔ والثوری۔ واختارہ ابن جریر۔ تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۴۶۴ مطبوعہ جدید۔ جمہور سلف نے معصرات کا معنی بادل لیا ہے۔ اور ابن جریر نے بھی اسی معنی کو ترجیح دی ہے۔

[illegible]

ظاہر ہوتی ہے کہ معصرات کا معنی بادل ہے بیترجمہ ابن کثیر نے پسند کیا ہے۔

(۳) المعصرات السحابۃ معالم التنزیل ۵۵ج۴

(۴) ء انتم انزلتموہ من المزن۔ ای السحاب۔ معالم ۵۵ جلد ۴۔ اس جگہ مزن کا معنی بھی بادل ہے۔

قرآن مجید میں دو آیات صاف طور پر آئی ہیں پہلی یہ ہے و انزلنا من المعصرات ماء ثجاجا۔ یعنی ہم نے بادلوں سے پانی اتارا۔ اور دوسری یہ ہے ؎

ء انتم انزلتموہ من المزن ام نحن المنزلون۔ کیا تم نے بادلوں سے پانی اتارا یا ہم اتارنے والے ہیں۔

ان دو آیات میں صریحاً الفاظ اور صریح نص خداتعالیٰ ثابت ہو رہا ہے کہ پانی بادلوں سے برسا کرتا ہے۔ اہل اسلام کے تین مشہور مفسر ابن جریر۔ ابن کثیر اور معالم التنزیل کا یہی مذہب ہے کہ پانی بادلوں سے برستا ہے۔ اب رہی یہ بحث کہ بادل کس طرح بنتے ہیں؟ وہ ہر شخص مشاہدہ سے دیکھ سکتا ہے۔ خداوند عالم تو اپنی حکمت کاملہ بتلانا چاہتا ہے کہ ہم ہی المعصرات الارض بنانے والے اور ہم ہی ان المعصرات الارض کو دوسری شکل میں بادل بنانے والے اور جہاں چاہیں برسانے والے ہیں۔ لیکن مولانا کے ذہن میں اسرائیلی روایت بیٹھی ہوئی تھی اس لئے آپ نے ان آیات کی تفسیر انہی کے مطابق کی ہے۔ مولانا موصوف کبھی کوہستانی علاقہ میں اگر تشریف لے جائیں تو اپنی آنکھوں سے المعصرات الارض بادل بنتے اور برستے دیکھ لیں۔ اور اخباری اطلاعات ہیں کہ ترقی زمانہ سائنس والوں نے اپنے انسانی تجربات کی بنا پر اور آلات برقیہ کی طاقتوں سے چھ مربع میل میں موسلا دھار بارش برسا دی ہے۔

مولانا صاحب کو نزلنا من السماء سے شاید کچھ تسامح ہوا ہے۔ کہ پانی تو آسمان سے اتارنے کا حکم خدا دیتا ہے۔ پھر یہ المعصرات الارض کیسے پانی بن گئے؟ حالانکہ اس قسم کے محاورات قرآن مجید میں جا بجا موجود ہیں۔ (۱) یبنی آدم قد انزلنا علیکم لباسا یواری سواتکم وریشا۔ آیت۔ اے اولاد آدم ہم نے تم پر لباس نازل کیا۔ اس جگہ لباس کو نازل کہا تعلق؟ ہم رات دن کپاس بوتے، نکالتے، روئی پینجتے، دھنتے، کاتتے، کپڑا بنتے اور پہنتے ہیں۔ خدا کب اور کس وقت آسمان سے کپڑوں کے تھیلے اتارا کرتا ہے اور جبیں کی ملیں نازل کیا کرتا ہے؟

(۲) وفی السماء رزقکم و ما توعدون آیت خداوند تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ تمہارا رزق آسمانوں میں ہے۔ لیکن ہم رات دن اپنے خورد و نوش کو اپنے ہاتھ سے پکاتے اور کھاتے ہیں۔ ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ پکا پکایا کھانا ہم پر نازل ہوا ہو۔ اسی طرح نزلنا من السماء مجازی طور پر بولا گیا تھا۔ مگر محترم مولانا صاحب اور پرانے خیالات کے دوستوں کو سمجھ آیا ہے کہ شاید آسمانی برسات کا نالہ دریائے ستلج کی طرح آسمان سے (واٹر فال کی طرح) گرتا ہوا بادلوں پر پڑتا ہے۔ اور پھر بادلوں کے ذریعہ آبپاشی ہوتی ہے۔ اسی قسم کے اور بھی بیسیوں خیالات مسلمانوں میں موجود ہیں۔ جو عقلاً و نقلاً کسی طرح قابل تسلیم نہیں۔ بلکہ ان کا بیان کرنا غیر قوموں کو اسلام پر مذاق اڑانے کا موقعہ دینا ہے۔

اگر مولانا موصوف کوئی ایسی صحیح حدیث پیش فرما دیتے جس سے آپ کا ادعاء بفرمان رسول اللہ صلعم ثابت ہوتا تو ہم پھر بھی تسلیم کر لیتے۔ مگر افسوس کہ قال الرسول کی جگہ اسرائیلی روایات سے ایک اہل حدیث کی تسلی و تشفی کرنا چاہتے ہیں جو بہت ہی مشکل امر ہے۔

اس معروضہ کے اختتام پر میں تمام علماء اہل حدیث سے نہایت ہی درد مندانہ و عاجزانہ التماس کرونگا کہ خدا کے لئے بقاعدہ محدثین اعتقادی امور میں قال اللہ و قال الرسول پیش کیا کریں۔ اور اگر قول رسول سے کوئی چیز ثابت نہ ہو تو اس کے درپے نہ ہوا کریں۔ ہاں اگر کوئی صحیح حدیث مل جائے تو وہ خواہ عقلاً کتنی ہی محال و مشکل ہو اسے بے دھڑک پیش کر دیا کریں۔ ہمارا مذہب کسی غیر نبی کا بنایا ہوا نہیں۔ بلکہ وہ ہے جس میں خود آنحضرت صلعم کو ایک حرف تک از خود ملانے کی اجازت نہ تھی۔ بس اسی اختصار پر مضمون ختم کرتا ہوں واللہ اعلم۔ والسلام! (ابو سعید)

آہ۔ کیا کہہ گئے؟

(قابل توجہ اعیان اہل حدیث)

؎ قیصر کی دنیا سوتی ہے تخریب کے محشر زاروں میں
دل کے ٹکڑے ذرے بنکر اب مارے مارے پھرتے ہیں

اخبار اہلحدیث امرتسر جلد ۲۹ ۳ کا پرچہ اگرچہ گوناگوں مسرتوں، امیدوں، امنگوں اور حوصلہ افزائیوں کا مرکز ہے۔ لیکن اسکے ایڈیٹوریل کی آخری التماس تمام چیزوں پر پانی پھیر دیتی ہے۔ بالخصوص اس کی یہ عبارت کہ "مجھے یقین نہیں کہ سال ہذا کے خاتمے تک میں یہ خدمت سرانجام دیتا رہونگا" احباب، درد مند اور عقیدت مندوں کے لئے کس قدر مایوس کن ہے۔ آہ اس کی تلخی، اس کی تیزی اور اس کی سمیت کچھ انہی لوگوں کے دل و دماغ اور قلب و جگر سے پوچھنی چاہیئے جنہیں واقعی مولانا سے قلبی اور مذہبی عقیدت و محبت ہے ؎

رگ و پے میں جب اترے زہر غم تب دیکھئے کیا ہو
ابھی تو تلخی کام و دہن کی آزمائش ہے

واقعہ اور حقیقت یہ ہے کہ جب سے میں نے مولانا کی یہ عبارت پڑھی ہے۔ دل میں سخت اضطراب و بے چینی ہے اور اس وقت تو اشک چشم بھی بے قابو ہو کر نکلے جاتے ہیں۔ یقیناً جیسے آج حضرت مولانا صاحب مدظلہ کو سال گزارنے کا یقین نہیں اسی طرح کبھی بھی سال گزارنے کا یقین نہیں تھا اور نہ ہی ہونا چاہئے۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا کبھی حضرت مولانا کے قلم سے اس قسم کی عبارت کا اس لب و لہجہ میں صدور بھی ہوا تھا (فتفہم و تدبر) ؎ دانشمنداں را اشارہ کافیست

بہرکیف میرا خیال ہے کہ حضرت مولانا صاحب مدظلہ کی موجودہ زندگی بھی (حملہ قاتلانہ کے بعد سے) ایک نعمت غیر مترقبہ اور وہبی وعطائی زندگی ہے جس کا صلہ یا شکریہ حضرت مولانا صاحب کی طرف سے تشریح توحید کی صورت میں شائع کیا گیا جو درحقیقت اس نعمت بے بہا کے مقابل کوئی حیثیت حقیقت

نہیں رکھتا۔ اگر سچ پوچھئے تو ایسے ایسے سیکڑوں رسالے حضرت مولانا صاحب مدظلہ کے ادنیٰ شاگرد شائع کر سکتے بلکہ کرتے ہی رہتے ہیں۔

البتہ حضرت مولانا صاحب مدظلہ کو اپنی حیثیت کے مطابق "ہر مرد سے وہ کار سے" کوئی ایسا مرکزی اور ملی و مذہبی کام کرنا چاہئے جو دوسروں کے کئے بھی نہ ہو سکتا ہو۔ جس پر صحت تو کجا بلکہ یہ حیات ثانیہ بھی اس پر قربان و فدا ہو جاوے۔

جماعت کو خوب یاد رکھنا چاہئے کہ آج جو مرکزی کام صرف مشکل ہی نظر آتا ہے کل وہی مشکل تر بلکہ محال ہو جائے گا اور کوئی سلجھانے والا بھی نظر نہ آئے گا۔ لہذا ؎

غنیمت جان لو مل بیٹھنے کو
جدائی کی گھڑی سر پہ کھڑی ہے

(عقیل مئوی کان اللہ لہٗ)

آیت تطہیر اور شیعہ

(از قلم حکیم مولوی عبدالسلام صاحب مبارکپوری)

آیت تطہیر[1] شیعوں کی مایہ ناز آیت ہے۔ جس سے وہ بڑے فخر و مباہات کے ساتھ اہل بیت نبی جن کی تعداد بقول اُن کے چار نفوس طاہرہ مولا علی مرتضیٰ، حسنین اور سیدۃ النساء فاطمہ زہرا (رضی اللہ عنہم) میں محدود و منحصر ہے۔ کی طہارت و عصمت پر احتجاج و استدلال کرتے ہیں مگر حقیقت امر یہ ہے کہ حضرات شیعہ آیت تطہیر میں لفظ "اہل بیت" سے اہل بیت نبیؐ مراد ہونا ہی ثابت نہیں کر سکتے چہ جائیکہ ان کی طہارت و عصمت پر استدلال و احتجاج حاشا للہ۔ بخلاف ہم سنیوں کے کہ ہمارے نزدیک آیت تطہیر کا نزول امہات المومنین ازواج النبی ہی کی شان میں ہوا ہے۔ جیسا کہ اس کا سیاق و سباق سب کچھ اسپر دال ہے۔ ہاں اس سے شیعوں کو بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ "اہل" کا لفظ ازواج کے شامل ہے کیونکہ خود مولوی فرمان علی صاحب شیعہ مجتہد دہلوی نے اپنے ترجمہ قرآن میں آیت فلما قضیٰ موسی الاجل وسار باھلہٖ (پ ۲۰ - ع ۹)۔ و نیز آیت قالت ما جزاء من اراد باھلک سوء (پ ۱۲ - ع ۳) میں اھل کا ترجمہ بی بی ہی کیا ہے فنعم الوفاق۔

خیر اب آیئے! ہم نے جو دعویٰ کیا ہے کہ شیعوں کا آیت تطہیر میں اھل سے اہل بیت نبی مراد لینا قطعاً باطل ہے۔ سو اس کی دلیل ملاحظہ کیجئے!

مولوی فرمان علی صاحب شیعہ پٹنوی کے بقول آیت تطہیر موجودہ قرآن مجید میں اپنے موقعہ اور محل پر نہیں ہے۔ بلکہ یہ آیت کسی اللہ لا معلوم جگہ کی ہے جو یہاں خواہ مخواہ گھسیڑ دی گئی ہے۔ چنانچہ آپ نے آیت تطہیر کے حاشیہ پر بڑی ہوشیاری سے تحریر فرمایا ہے:۔

"بعض حضرات اہل سنت کا خیال ہے کہ اس میں ازواج بھی شامل ہیں اور مدح و ثنا اور اہل بیت میں داخل ہیں لیکن یہ خیال چند وجوہ سے بالکل غلط ہے۔ اگر ازواج مقصود ہوتے تو جس طرح ماقبل و مابعد کی آیت میں ضمیر جمع مونث حاضر تھی اس میں بھی باقی رہتی۔ بلکہ اس آیت کو درمیان سے نکال لو اور ماقبل اور مابعد کو ملا کر پڑھو تو کوئی خرابی نہیں ہوتی بلکہ اور ربط بڑھ جاتا ہے جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت اس مقام کی نہیں بلکہ خواہ مخواہ کسی خاص غرض سے گھسیڑی گئی ہے۔"

بہت خوب! میں کہتا ہوں پس جب آیت تطہیر بقول مولوی فرمان علی صاحب اپنے موقع اور محل پر نہیں ہے اور اس کا مقصد اصلی بھی نامعلوم ہے تو بغیر کسی دلیل قوی و قرینہ صارفہ کے اس سے اہل بیت نبی کی طہارت و عصمت پر شیعوں کا احتجاج و استدلال کیونکر صحیح ہو گا؟ ہرگز نہیں۔ کیونکہ نہ معلوم یہاں اہل بیت سے کون لوگ مراد ہیں اور کس کے؟ یا ایہا الرافضۃ! ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین۔

(تنبیہ) ممکن ہے حضرات شیعہ روایات کی آڑ لے کر کہہ دیں کہ آیت تطہیر کا نزول حضرت فاطمہ، حسنین اور علی مرتضیٰ کی شان میں ہوا ہے۔ لہذا اہل بیت سے یہی لوگ مراد ہیں۔ تو میں کہوں گا کہ یہ صریح مغالطہ اور کھلی ہوئی غلطی ہے۔ کیونکہ کسی روایت سے ہرگز ثابت نہیں ہے کہ آیت تطہیر کا نزول انہی لوگوں کے بارے میں ہوا ہے۔ بلکہ ان روایات کا صحیح مفہوم یہ ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو ایک چادر میں لے کر دعا فرمائی کہ اللھم ھولاء اھل بیتی فاذھب عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا (جامع ترمذی) ومن ادعی خلافہ فعلیہ البیان۔

ہاں روایات سے یہ البتہ ثابت ہے کہ آیت تطہیر ازواج النبی کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

اخرج ابن ابی حاتم و ابن عساکر من طریق عکرمۃ عن ابن عباس فی الآیۃ قال نزلت فی نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاصۃ۔

الغرض حضرات شیعہ کو چاہئے کہ پہلے آیت تطہیر میں "اھل بیت" سے اہل بیت نبی مراد ہیں ثابت کریں پھر ان کی عصمت و طہارت پر استدلال کریں۔ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا۔

تحفہ مجددیہ

حضرت مجدد الف ثانی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات میں سے وہ حصہ جو آپ نے فرقہ شیعہ کے رد میں لکھا ہے۔ اس کا اردو ترجمہ [illegible] جس کا مطالعہ [illegible] مفید ہے [illegible] [illegible]

---

[1] آیت تطہیر یہ ہے۔ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا۔ (پ ۲۲ - ع ۲)

[2] اجیب عن ھذا بان التذکیر باعتبار لفظ الاھل کما قال سبحانہ اتعجبین من امر اللہ رحمۃ اللہ وبرکاتہ علیکم اھل البیت وکما یقول الرجل لصاحبہ کیف اھلک یرید زوجتہ اونسائہ فیقول ھم بخیر۔ ۱۲ منہ

(نوٹ) امرتسر کی تجویز پر مشتمل ایک مضمون جناب شاکر صاحب صدیقی حکیم ترین (ضلع گیا) کی طرف سے بھی آیا ہوا ہے۔ [illegible] صاحب کے [illegible] آئندہ پرچے میں شائع [illegible]

(۲۱۳) [illegible]

فتاوی

س ۴۸ } زید نے بکر کی تحریری ضمانت مبلغ ۱۸۴ روپیہ کی ایک ساہوکار کے پاس دیدی ہے کہ میں دو قسط میں ادا کر دونگا۔ چنانچہ پہلی قسط مبلغ ۸۴ روپیہ ادا بھی کر دی۔ دوسری قسط اس خیال سے ادا نہیں کی کہ بکر خود ادا کرے۔ مگر اس نے بھی ادا نہیں کی۔ اور بکر فوت ہو چکا ہے۔ اور ایک سو روپیہ اس کا باقی ہے۔ چونکہ قرض کسی حالت میں معاف نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے بروئے شرع محمدی وہ قرض زید ادا کرے۔ یا بکر کے ذمہ رہا۔ اسکے وارث ادا کریں۔ زید ضامن ہے اگر زید کو ہی ادا کرنا چاہئے کیا زید اپنی زکوٰۃ یا اپنے رشتہ داروں سے زکوٰۃ لیکر اس قرضہ میں دے سکتا ہے۔ یا اگر ساہوکار سے نصف معاف کرا لیوے تو بھی جائز ہے۔ اور نصف ادا کر دیوے۔ اگرچہ قانون انگریزی کے مطابق وہ قرض زائد المیعاد ہو چکا ہے مگر قرآنی قانون کے مطابق اس کی ادائیگی ضروری ہے اس کی بابت پرس زید سے ہوگی یا بکر سے۔

(محمد عبد اللہ خریدار اہلحدیث نمبر ۱۴۲۹)

ج ۴۸ } سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ زید نے بکر کے قرض کی ادائیگی اپنے ذمہ لے لی ہے۔ اس لئے ہر حالت میں زید ہی ذمہ دار ہے۔ بکر کی زندگی اور بعد وفات کے زید ہی ادا کرے گا۔ اور بکر مذکوٰۃ سے یہ قرض ادا کر سکتا ہے۔ مصارف زکوٰۃ میں غارم (مقروض) بھی ہے۔ اسکے ماتحت زکوٰۃ سے یہ قرض ادا کر سکتا ہے۔ اللہ اعلم!

س ۴۹ } میری بیوی اپنی والدہ کے پاس رہتی ہے۔ ایک لڑکی اور دو لڑکے اسکے پاس ہیں۔ تھوڑا عرصہ ہوا ہے میری بغیر اجازت اور بغیر رضامندی لڑکی کا نکاح کر دیا ہے۔ دو دن قبل میں اور اللہ جوائی نکاح میں شامل تھے۔ انہوں نے میری بیوی سے دریافت کیا کہ لڑکی کا باپ موجود نہیں نکاح کس طرح ہوگا اس کی اجازت ضروری ہے۔ میری بیوی نے کہا کہ لڑکی کا باپ راضی ہے۔ اس نے خط کے ذریعہ اجازت دیدی ہے۔ مگر جب لڑکی سے کہنے سننے آیا تو لڑکی نے بھی کہا کہ میرا باپ اور بڑی ہمشیرہ نہیں آئے۔ جب تک میرا باپ اجازت نہ دے اور راضی نہ ہو میرا نکاح نہ کرنا۔ چنانچہ اسکو ایک فرضی خط دکھایا گیا کہ تمہارا باپ راضی ہے۔ اس سے اجازت طلب کی ہے وہ خود ایک ضروری کام کی وجہ سے نہیں آسکا اور تمہاری ہمشیرہ کسی شادی پر گئی ہوئی ہے ورنہ نکاح میں بلا لیتے۔ لڑکی ناخواندہ بھی وہ ماں نانی کے کہنے پر لگ گئی۔ لڑکے والے بھی لڑکی کو کہنے لگے کہ اگر تمہارا باپ اجازت نہ لکھتا تو ہم نے نکاح کا قصد نہ کرنا تھا لڑکی کو اور بھی یقین ہو گیا۔ چنانچہ نکاح ہوا۔ اب آپ کی خدمت میں گذارش ہے کہ آیا یہ نکاح شرع محمدی میں جائز ہے یا ناجائز؟

(علم الدین ٹیلر از شہر سیالکوٹ)

ج ۴۹ } صورت مسؤلہ میں نکاح نہیں ہوا کیونکہ ولی موجود نہیں اور لڑکی کی رضا مشروط ہے جو بغیر شرط (رضاء والد) کے کالعدم ہے۔ اللہ اعلم!

س ۵۰ } ایک شخص نے اپنی منکوحہ عورت جوان کو غیر محرم مرد مجرد جوان کے ساتھ حج کرنے کو بھیجا ہے۔ اس عورت اور اسکے خاوند اور اس غیر محرم مرد تینوں کو کہا گیا تھا کہ غیر محرم عورت کا غیر محرم مرد کے ساتھ حج کرنے کو سفر کرنا ناجائز ہے اور علمائے دین کا فتویٰ ہے کہ محرم کے ساتھ ہونے کے سوا عورت حج کو نہ جائے۔ ان تینوں نے انکار کر دیا کہ ہم علمائے دین کا حکم نہیں مانتے اپنی مرضی کرینگے اور کر لی۔ اب آپ فرمائیں کہ ان دونوں کا حج جائز ہوگا یا ناجائز اور اسکے خاوند کو کیا ثواب ہوگا کہ جس نے عیدین کی نمازوں کے سوا فرضی نمازیں اور روزے کبھی بھی ادا نہیں کئے اور جس نے غیر محرم مرد کے ساتھ عورت حج کرنے کو بھیجدی۔ حالانکہ خاوند اس کا اور عورت دونوں مسکین ہیں۔ اس عورت پر حج فرض ہی نہ تھا۔ جو ساتھ لے گیا ہے اس نے اس عورت کا خرچ ... خود ... کرتا ہے اور سنا گیا ہے کہ راستے میں اور دربار خداوندی میں محرم ہی جھوٹ بول کر بنا لیتے۔ (۱) اور یہ بھی فرمائیں کہ جب واپس حج کرکے آویں تو ان کی تعظیم و تکریم حاجی سمجھکر بجا لانی ضروری ہے یا نہیں؟ (۲) غیر محرم مرد جو اپنی گرہ سے حج کرنے گیا ہے اس کو اس حج کرانے کا اجر ملیگا یا نہیں اور اپنا بھی اس کا حج جائز ہے یا ناجائز۔ (۳) غیر محرم مرد کے ساتھ جو عورت حج کو گئی ہے اس کا حج جائز ہوگا یا نہ۔ (۴) اس عورت کے خاوند کو کیا اجر ملیگا جو کہتا ہے کہ میں نے حج کی اجازت عورت کو دی ہے۔ نماز روزہ تو ادا نہیں کرتا۔

(سائل ایک مسلمان)

ج ۵۰ } تمام سوالات کا مجملاً جواب ہے کہ عورت کو نامحرم کے ساتھ سفر کرنا جائز نہیں بحکم حدیث باقی رہا حج کا قبول ہونا یا نہ ہونا اس کا علم خدا کو ہے جو نیات سے پورا واقف ہے۔ مسلمانوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ جس عورت کے ساتھ جانے والا محرم نہ ملے اور خاوند نہ جا سکے تو اس کا حج ملتوی ہے۔ اللہ اعلم!

س ۵۱ } سلطان ابن سعود نے چالیس ہزار قبوں کو بدعت ہونے کے باعث منہدم کیا۔ تو کیا سبب ہے کہ فی الحال چار مصلے کو مکہ معظمہ میں قائم رکھا ہے کیوں نہ چار کو توڑ کر ایک کیا۔ چونکہ چار مصلی کا قرآن و حدیث صحیح سے کہیں ثبوت نہیں ملتا۔

(محمد شہادت اللہ مدرس نیا بہادر پور)

ج ۵۱ } حرم میں جو چار جماعتیں ہوتی تھیں اب وہ ایک ہی ہوتی ہے۔ اب وہ تفریق نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ جلالۃ الملک کو شریعت پر مستحکم رہنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

س ۵۲ } کیا رسول اللہ صلعم کے زمانہ میں تبلیغ کی قسم کی کوئی تحریک تھی اور کیا رسول اللہ صلعم نے تنظیم گروہ قسم کی کوئی مثال قائم کی۔ تبلیغ گروہ کے لئے شرع کا کیا حکم ہے؟ (سید عبد الرؤف شاہ۔ پانڈا کوٹا)

ج ۵۲ } عہد نبوی میں یہ صورت نہیں تھی۔ اور نہ اس وقت ہو سکتی تھی کیونکہ مذہبی حکومت تھی جس میں بے عزتی سلب ایمان کا باعث ہے۔ اور آج کل کی تنظیم گروہ یورپ کا طریق ہے۔ اللہ اعلم!

متفرقات

اخبار اہلحدیث کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا ہر معاون اخبار و ہمی خواہ کے علاوہ ہر اہل توحید کا تبلیغی فرض ہے۔ اس لئے اس کی اشاعت میں ہر ممکن کوشش جاری رکھنی چاہئے۔

مدرسہ مکہ مکرمہ کی امداد کے لئے مبلغ ؎۳۲ روپیہ دفتر ہذا میں ۳/ ۹ تک جمع تھے۔ جو بدست چوہدری محمد امین صاحب امرتسری مکہ معظمہ ارسال کئے گئے۔

مدرسہ دار الحدیث مدینہ منورہ کے لئے از ملک عبد الحق صاحب جالندھر ؎۔

عید آنہ فنڈ از جناب سیف علی صاحب کوٹلی ضلع میرپور جموں ؎۱۴۔

اشاعت فنڈ میں عرصہ سے کوئی رقم نہیں آئی۔ حالانکہ رسالہ "مسئلہ تقلید شخصی" اسی فنڈ سے مفت شائع ہونے والا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی ایک دو رسائل اسی فنڈ سے مفت طبع ہونگے۔ انشاء اللہ!

اس لئے شائقین تبلیغ حق کو چاہئے کہ اس فنڈ کی حتی المقدور امداد کریں۔

غریب فنڈ میں بھی اس ہفتہ کوئی رقم نہیں آئی۔ برعکس اسکے سائلین کی تعداد روز افزوں بڑھتی جا رہی ہے۔ اس فنڈ کی امداد کرنا تبلیغ توحید و سنت کی امداد کرنا ہے اصحاب خیر کو اس طرف ضرور توجہ دینی چاہئے۔ سائلین کی کثرت کی وجہ سے آئندہ کے لئے داخلہ بند کیا جاتا ہے جب تک پہلے سائلوں کو نہ مل لے۔

تبدیلی پتہ کی بابت خریداران اہلحدیث کو کئی بار توجہ دلائی گئی ہے کہ پتہ تبدیل کرتے ہی دفتر میں اطلاع بھیجا کریں تاکہ ان کو اور دفتر کو تکلیف نہ ہو۔ مگر افسوس ہے کہ بعض حضرات خود تو اس طرف توجہ نہیں فرماتے اور اخبار نہ ملنے کی بے جا شکایات کا غصہ کارکنان دفتر پر نکالتے ہیں۔ امید ہے ہماری اس صاف گوئی پر ہمیں معذور سمجھا جائے گا۔

فروخت کتب | [illegible] حدیث ختام و بیان المجاب [illegible] صاحب [illegible] برائے فروخت ہوں یا جائے فروخت کا علم ہو تو مجھے اطلاع دے۔ ممنون ہونگا۔ (الراقم ابو الخیر [illegible] محمد طالب علم خلف مولوی عبد العزیز صاحب مرحوم چوڑوی داعظ اہل حدیث کانفرنس ہلال چد پیرو والہ ضلع ملتان مدرسہ محمدیہ جامع مسجد اہل حدیث)

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا
سالانہ اجلاس

۷-۸-۹ اپریل کو نہایت تزک و احتشام سے قصبہ فتحگڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) میں منعقد ہوگا۔

اہل حدیث کانفرنس کی امداد کے لئے
عید اضحی کے موقعہ پر
عید آنہ فنڈ
کو ضرور یاد رکھیں

مباحثہ تقلید شخصی!

یہ رسالہ بحث تقلید میں فیصلہ کن ہے۔ جو اشاعت فنڈ کی لاگت سے چھپ کر مفت شائع ہونے والا ہے۔ محصول ڈاک ۹ پائی۔ چندہ اشاعت فنڈ ۲ پائی آنا چاہئے۔ مسعود طلب کرنے والے اصحاب جلدی درخواستیں بھیجیں۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

ضرورت کتب | حسب ذیل کتابوں کے مطالعہ کا بے حد شوق رکھتا ہوں۔ خاکسار کو اتنی استطاعت نہیں ہو قیمت دیکر خرید سکوں۔ لہذا ناظرین سے گذارش ہے کہ ایک نسخہ یا چند [illegible] فی سبیل اللہ [illegible] نام تفسیر ثنائی اردو مکمل [illegible]

تفسیر آیت کرسیہ (۴) [illegible] (۵) الارشاد الی سبیل الرشاد۔ (۶) [illegible] (۷) [illegible] (۸) ویدارتھ پرکاش۔ (۹) [illegible]

محمد [illegible] مظفر پور

نوٹ] یہ تمام کتب دفتر اہلحدیث سے مل سکتی ہیں۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

اسلامی نماز کا اگر انگریزی میں ترجمہ ہو چکا ہو تو ناظرین میں سے کوئی صاحب مجھے مطلع فرمائیں۔ (راقم محمد حبیب الرحمن۔ گوراگھاٹ۔ ضلع دیناجپور)

ضرورت رشتہ (۱) ایم۔ اے پاس۔ عمر تیس سال۔ ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار آمدنی۔ نہایت متدین اہل حدیث کے نکاح ثانی کے لئے ایک تعلیم یافتہ نیک خصلت دیندار نوجوان امور خانہ داری میں ماہر لڑکی کی ضرورت ہے۔ اگرچہ پہلی بیوی سے اولاد ہے لیکن وہ علاوہ ان پڑھ ہونے کے اکثر بیمار رہتی ہے۔

(۲) ایک اٹھارہ سالہ پابند صوم و صلوٰۃ شریف خاندان دوشیزہ کے لئے ایک صحیح العقیدہ اہل سنت والجماعت برسر روزگار شریف الطبع لڑکے کی ضرورت ہے۔ رسم و رواج ذات پات کی کوئی تخصیص نہیں۔ جملہ خط و کتابت درصیغہ راز۔

پتہ:۔ "ص۔ ع" معرفت ایڈیٹر اخبار اہلحدیث امرتسر

قابل توجہ ناظرین اہلحدیث میرے والد بزرگوار مولوی حافظ عبد اللہ صاحب پسروری جو ایک موحد اور متبع سنت عالم تھے۔ داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے ہم غمزدوں کو داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کے پسماندگان میں سے ہم [illegible] بہنیں اور ایک بیوہ والدہ ہے۔ دو بہنیں تو شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں مگر ہم اور والدہ کے گذر اوقات کا کوئی انتظام نہیں۔ حضرات اہل خیر فی سبیل اللہ ہماری امداد فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

نوٹ:۔ والد محترم اخبار اہلحدیث کے پرانے خریدار تھے۔ [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

دنیا میں کیا ہو رہا ہے اور کیا ہونے والا ہے

؎ آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں

برسات کے موسم میں بادلوں کی آمد آمد ہوتی ہے۔ گرجتے ہیں کہیں برستے ہیں کہیں۔ جس کا نقشہ اس مصرع میں ہے

؎ جو گنگا پہ گرجا تو جمنا پہ برسا

اسی طرح دنیا میں آج کل جنگ وجدال کے بادل گرج رہے ہیں۔ کبھی یورپ میں برسنے کا گمان غالب ہوتا ہے تو کبھی افریقہ میں۔ (کبھی ٹیونس میں تو کبھی جبوتی میں) آج کل جبوتی میں خطرہ زیادہ ہے۔ جبوتی حبشہ کے قریب فرانس کی بندرگاہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اطالیہ کا ارادہ جبوتی پر حملہ کرنے کا ہے۔ ادھر فرانس بھی مدافعت کے لئے کیل کانٹوں سے طیار ہے۔ کوئی تعجب نہیں کہ یہیں سے جنگ کی آگ بھڑک کر سارے یورپ کو خاکستر کردے۔ ٹیونس میں بھی لڑائی کا خطرہ پایا جاتا ہے۔ کیونکہ اطالیہ ٹیونس کا بھی دعویدار ہے

اصل حقیقت یہ ہے کہ دول یورپ میں اصلی نزاعی صورت کوئی نہیں بلکہ یہ مشہور کہاوت ان پر صادق آتی ہے

ایک بھیڑیا دریا کے اوپر کی جانب بیٹھا ہوا تھا اور نیچے کی جانب ایک بکری کا بچہ پانی پی رہا تھا۔ بھیڑیا غرا کر بولا ابے تو نے میرا پانی خراب کر دیا ہے بکری کے بچے نے بمنت کہا حضور! میں تو نیچے کی طرف ہوں میری طرف سے پانی اوپر کو کیونکر جا سکتا ہے۔ بھیڑیے نے غرا کر کہا چپ رہو آج چھ ماہ ہوئے کہ تو نے مجھے گالی دی تھی۔ بکری کے بچے نے کہا۔ حضور! میری تو عمر ہی [illegible] کی ہے۔ بھیڑیے نے کہا بکومت تو نے نہیں تو تیرے باپ نے مجھے گالی دی ہوگی۔ بکری کے بچے نے کہا کہ حضور! یہ سب باتیں مجھے کھا لینے کے بہانے ہیں۔

یہی کیفیت آج یورپین حکومتوں کی ہے۔ جو حکومت اپنے کو طاقتور دیکھتی ہے وہ کمزور کو دبانا چاہتی ہے

ہم نے اہلحدیث مورخہ ۹- دسمبر ۳۸ء میں لکھا تھا کہ جرمنی سے خطرہ ہے کہ وہ اپنے جملہ نقصانات کا مطالبہ کریگا اس ہفتے کی خبروں سے ہمارے خیال کی تائید ہوتی ہے۔ چنانچہ بعض مدبرین یورپ کا گمان ہے کہ عنقریب جرمن اپنا دیا ہوا تاوان جنگ واپس طلب کریگا۔

ادھر دول مخالفہ نے جرمن کا ایک مطالبہ پورا کیا وہ فوراً دوسرا مطالبہ پیش کر دیگا۔ اگر دوسرا بھی پورا ہو گیا تو تیسرا پیش کر دیگا۔ آخر کار جنگ ہی ان مطالبات کو ختم کریگی۔ والعلم عند اللہ

وہ جنگ کتنا طول پکڑ لیگی اس کا علم بھی خدا ہی کو ہے۔ مگر چین وجاپان کی طویل جنگ دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ یورپ کی آیندہ جنگ اس سے زیادہ طول پکڑ یگی۔ آج دنیا میں جو حرکت حریت جاری ہے۔ اس پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت سی غلام قومیں آزاد ہو جائیں گی۔ عجب نہیں کہ بعض آزاد قومیں غلام ہو جائیں۔ عرب کے شاعر متنبی کا یہ شعر انہی معنی میں ہے ؎

بذا قضت الایام مابین اھلھا
مصائب قوم عند قوم فوائد

سکولوں کالجوں میں لڑکوں لڑکیوں کی تعلیم کا نتیجہ

قرآن مجید بانی فطرت کا کلام ہے جو انسان کی دو صنفوں (مرد وعورت) کے طبعی تقاضے کو خوب جانتا ہے۔ اس لئے اس نے اس خرابی کی بندش کیلئے جو ان دونوں کے ناجائز ملاپ سے پیدا ہوتی ہے۔ خاص احکام جاری کئے ہیں۔ لیکن جو لوگ فطرت کے خلاف چلنے والے ہیں وہ فطرت کے تقاضے کو ہنسی مذاق سمجھتے ہیں۔ غیر مسلم اخباروں میں یہ لفظ (پردے کی لعنت) عام طور پر بولا اور لکھا جاتا ہے مغرب زدہ مسلمان بھی پردے کی مخالفت کرتے ہیں پس یہ دونوں گروہ (پردہ در مسلم وغیر مسلم) واقعات زمانہ غور سے دیکھیں اور سنیں۔ سکولوں اور کالجوں کی لڑکیوں نے لڑکوں کی حرکات ناشائستہ کی شکائت گاندھی جی کے پاس بھیجی ہے۔ جس کے جواب میں گاندھی جی نے اپنے اخبار میں دونو گروہوں کو نصیحت فرمائی ہے اسے ہم "آریہ گزٹ" لاہور سے نقل کرکے ناظرین تک پہنچاتے ہیں:-

"مہاتما گاندھی جی نے "ہریجن" کی تازہ اشاعت میں نوجوانوں کے اندر جو نئی دبا آرہی ہے اسکے متعلق کڑی نکتہ چینی اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اور وہ پڑھے لکھے نوجوان خصوصاً کالجیٹ لڑکوں کی طرف سے لڑکیوں کے متعلق برے بھا—— مہاتما جی نے اس بڑھتی ہوئی بد اخلاقی کی روک تھام کے اپائے بھی لکھے ہیں کہ لڑکیوں کو خاموش نہیں رہنا چاہئے۔ اس قسم کے تمام واقعات اخبارات میں شائع کرانے چاہئیں۔ جہاں ایسے شرارتیوں کے نام معلوم ہوں وہاں ان کے نام بھی ظاہر کرنے چاہئیں۔ ایسے معاملات میں شرارتیوں کا بھانڈا پھوڑنے میں کوئی شرم یا جھوٹی حیاداری نہیں ہونی چاہئے۔ عام شرارتوں کی روک تھام کے لئے رائے عامہ سے زیادہ موثر اور کوئی چیز نہیں۔ بدمعاشی اور گناہ ہمیشہ تاریکی میں پرورش پاتے ہیں۔ جب ان پر روشنی ڈالی جاوے تو وہ دور ہو جاتے ہیں۔

جہاں مہاتما جی نے نوجوانوں کے اس فعل کو کوسا ہے وہاں انہوں نے لڑکیوں میں بڑھتی ہوئی فیشن پرستی کو بھی کوسا ہے۔ انہوں نے ان کے متعلق فرمایا کہ دور حاضرہ کی لڑکیاں ایک درجن رانجھوں کی ہیر بننا چاہتی ہیں۔ وہ رومان کی شیدائی ہیں۔ وہ اپنے آپ کو ہوا بارش اور سورج سے بچانے کے لئے پوشاک نہیں پہنتیں۔ اس لئے کہ

دہ لوگوں کے لئے کشش کا باعث بن جادیں وہ اپنے آپ کو غازہ اور سرخی وغیرہ سے چپڑ کر اپنی صورت میں نزاکت پیدا کرنی چاہتی ہیں۔"

ہمارے خیال میں آج کل لڑکے اور لڑکیوں کی جو تربیت ہو رہی ہے۔ یہ سب اسی کے ہی پھل ہیں۔ جب تک انہیں اصل بر بہجاری سلوہ جیون اور دھرم بھاوؤں کی تربیت نہ دیجاویگی یہ شکائتیں دور نہ ہوں گی"

(آریہ گزٹ لاہور مٔورخہ ۔ جنوری ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث | گاندھی جی نے لڑکیوں کو جو نصیحت کی ہے۔ ہمارے خیال میں وہ بجائے مفید ہونے کے مضر ہوگی۔ اگر کسی سکول یا کالج کی لڑکیوں نے یہ شکایت اخباروں میں شائع کرادی کہ ہمارے سکول یا فلاں اسکول کے لڑکے ہمارے ساتھ ناشائستہ حرکات کرتے ہیں۔ خطرہ ہے کہ اس شکائت سے اگر پہلے پانچ لڑکے ہونگے تو ان کی تعداد دس ہو جائیگی۔ اسی طرح بڑھتے بڑھتے لڑکوں اور لڑکیوں میں تعارف پیدا ہو جائے گا۔ اخبارات میں جس قدر زیادہ شکائت ہوگی اسی قدر عشق بازی کی آگ زیادہ تیز ہوتی جائے گی۔ لڑکے اپنی شرارت میں یہاں تک ترقی کر جائینگے کہ گاندھی جی کی نصیحت کا جواب ان لفظوں میں دینگے۔

؎ بل بے خود بینیٔ زاہد کہ تیرے دیکھنے کو
منع کرتا ہے لو یہ اور تماشا دیکھو

عربی میں ایک مقولہ ہے "المرء یقیس علیٰ نفسہ" آدمی دوسرے کو بھی اپنے نفس پر قیاس کرتا ہے۔ گاندھی جی کی یہ نصیحت اسی مقولے پر مبنی ہے وہ سمجھتے ہیں کہ جس طرح میں نفس کش ہوں اسی طرح نوجوان بھی نفس کش ہونگے کہ میری نصیحت سن لیں گے۔

گاندھی جی نے لڑکیوں کی پوشاک کے متعلق جو شکائت کی ہے آج سے ساڑھے تیرہ سو سال پہلے دنیا کے مصلح اعظم بھی فرما گئے ہیں

رب کاسیۃ عاریۃ

لباس پہننے والی کئی عورتیں دراصل ننگی ہیں۔ اس اقتباس کے اخیر میں یہ تسلیم کر لیا ہے کہ موجودہ تربیت ہی اس خرابی کی بنیاد ہے غنیمت ہے کہ اس حقیقت کا اعتراف ہوا ہے۔ آج سے چند سال پہلے جب علمائے اسلام ایسا کہتے تھے تو ان کا مذاق اڑایا جاتا تھا۔ آج ہنسی کرنے والوں کے منہ سے بھی وہی بات نکلی ہے۔ سچ ہے۔ ع

کی میرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ

پردہ در مسلمو! | مستورات کو مکشوفات بنانے والو! بانی فطرت اور عالم الغیب کی تعلیم سے بے اعتنائی برتنے والو! واقعات دنیا کو گہری نظر سے دیکھو اور نصیحت پاؤ۔ ورنہ ؎

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

دارالعلوم احمدیہ سلفیہ دربھنگہ کا

بائیسواں تعلیمی سال

دارالعلوم احمدیہ سلفیہ لہریا سرائے (دربھنگہ) کا بائیسواں تعلیمی سال گذشتہ ۱۰ شوال المکرم ۱۳۵۸ھ سے پھر شروع ہو گیا ہے۔ نووارد طلبہ کی آمد کا سلسلہ بڑی سرعت کے ساتھ جاری ہے۔ کیونکہ یہاں نہ صرف ان کے قیام و طعام کا معقول انتظام ہے بلکہ تعلیمی معیار بھی اس کا بہت بلند ہے۔ اور اسی کے ساتھ طلبہ کو مفید تر بنانے کے لئے ان پر ہر ہفتہ اردو، فارسی بنگلہ اور عربی زبانوں میں تحریر لکھنا اور مجمع عام میں تقریر کرنا ضروری اور لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ صرف دو روپے آٹھ آنے ماہوار فیس مطبخ ادا کر کے دونوں وقت چاول، دال، ترکاری [illegible] ہفتہ میں دو روز گوشت اور مچھلی دسترخوان پر [illegible] ساتھ بیٹھ کر آسودگی کے ساتھ کھا لیتے ہیں۔

[illegible] ہے کہ ۱۵۔ جنوری سے عربی کے ساتھ انگریزی زبان کی تعلیم بھی شروع ہو جائے گی۔ اسطرح دارالعلوم کے فارغ التحصیل عربی کے ساتھ انگریزی زبان سے بھی بقدر ضرورت واقف ہو جائینگے۔

مولانا سید محمد عثمان صاحب فاضل مصر و معتمد تعلیم دارالعلوم نے گذشتہ جمعرات کو تقریر فرمائی اس سے طلبہ اور اساتذہ میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی ہے۔ دارالعلوم کے مہتمم جناب ڈاکٹر سید محمد فرید صاحب نے طلبہ کے ایک خصوصی اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے طلبہ کو تعلیم کا اصلی مقصد بتلانے کی کوشش کی۔ دارالعلوم کی مجلس عاملہ نے گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی چالیس غیر مستطیع طلبہ کے قیام و طعام کی اجازت دی ہے۔

گذشتہ سال کے امتحان کی نمایاں کامیابی کو دیکھ کر بعض خوش حال حضرات اپنی عربی خواں اولاد کو یہاں بھیج رہے ہیں مثلاً

(۱) سید شاہ قرۃ العین صاحب نبیرہ حضرت مولانا سید شاہ عین الحق رحمۃ اللہ علیہ سابق سجادہ نشین پھلواری ضلع پٹنہ

(۲) حسین سلمہ نبیرہ حضرت مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی

(۳) شاہ محمد نسیم نبیرہ آنریبل خواجہ محمد نور صاحب جج ہائیکورٹ پٹنہ

(۴) عبدالعزیز پوتا جناب مولانا ابوالطیب شمس الحق رحمۃ اللہ علیہ شارح ابوداؤد مسمیٰ عون المعبود۔

(راقم: سیکرٹری دارالعلوم ہذا)

پنجاب میں خرابہ کے متعلق امداد

حکومت پنجاب کو نہری آبپاش رقبوں میں نقصان زدہ کھیتوں کے بروقت اور احتیاط کے ساتھ معائنہ کی ضرورت کا پورا پورا احساس ہے۔ جن کے متعلق کاشتکار خرابہ کیلئے درخواست کرتے ہیں۔ چنانچہ خریف ۱۹۳۷ء اور ربیع ۱۹۳۸-۳۹ء میں خرابہ کے متعلق معمولی قواعد کے ماتحت حکومت نے جو واجب الوصول رقوم میں معافیاں دیں۔ ان کی مقدار قریباً ۲۵ لاکھ روپے تھی۔ اس میں سے ۱۶ لاکھ روپیہ آبیانہ کے متعلق ۸ لاکھ روپیہ کم و بیش ہونے والے مالیہ کے متعلق اور قریباً ۱ لاکھ روپیہ جبوب کے متعلق معاف کیا گیا۔ نیز خریف ۱۹۳۸ء میں نیا مناسب طور پر معافیاں دی گئیں۔ لیکن ان معافیوں کی اصل رقم کے متعلق ابھی حساب نہیں لگایا گیا۔

یہ امداد ان معافیوں سے بالکل علیحدہ ہے جو فصلوں کو ژالہ باری۔ بیماری یا دیگر وجوہ کی بنا پر کثیر نقصان پہنچنے کے باعث دی گئی ہیں۔ ایسے نقصانات کی صورت میں نقصان زدہ فصلوں کے تمام [illegible] کا شتکار [illegible]

شمالی ہندوستان ۱۰/

میں کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے۔ جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔
نمونۃً چند کتب کی تخفیف شدہ قیمتیں درج ذیل ہیں :-

تفسیر ابن کثیر کامل عربی طبع مصر	۱۰/	زرقانی شرح مواہب اللدنیہ	۱۲/
زاد المعاد ابن قیم سفید	۴/	سبل السلام شرح بلوغ المرام کاغذ سفید عمدہ	۴/
ترغیب و ترہیب سفید کاغذ	۴/	نسیم الریاض شرح شفا بر حاشیہ شرح شفا	
تاریخ ابن کثیر (البدایۃ والنہایۃ) ۹ حصہ تیار ہیں		ملا علی مصری	۷/
قیمت فی حصہ	۲/	تفسیر فتح القدیر شوکانی	۱۵/

فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے۔ تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔
مینیجر کتب خانہ رشیدیہ۔ اردو بازار۔ جامع مسجد دہلی

مومیائی عشہ

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزار ہا خریداران اہلحدیث
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ کھانسی۔ سردرد۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی ہے۔
ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۸/ ۔ آدھ پاؤ ۱/ ۔ پاؤ بھر ۲/ ۔ مع محصول ڈاک جو مالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ بیرجات والوں کو ایک پاؤ سے کم روانہ نہیں کی جائیگی۔ اور نہ ہی وی پی بھیجا جائے گا۔

تازہ شہادات

جناب مولوی ابو الوفا ثناء اللہ صاحب سندپور
"میں نے قبل ازیں دو چار مرتبہ متعدد اشخاص کو مومیائی منگوا کر استعمال کرائی۔ بہت عمدہ اور ہر مرض کے واسطے فائدہ رساں پایا۔ ایک چھٹانک اور بھیجدیں" (۱۷، نومبر ۱۹۳۸ء)

جناب منشی محمد زبیر علی صاحب خداوندپور
"ما قبل اس کے چار پانچ دفعہ ہم آپ کے پاس سے مومیائی منگوا چکے ہیں۔ ہم کو بہت فائدہ ملا۔ اس لئے پھر دو چھٹانک وی پی ارسال فرمائیں" (۱۷، نومبر ۱۹۳۸ء)

(مومیائی منگوانے کا پتہ)
حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

خمیرہ بادام طیوری رجسٹرڈ

(۳) کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ و ریشہ میں طاقت دوڑ اٹھتی ہے۔ مسرت سے چہرہ کھل اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے بہترین سوغات۔ کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے دم چڑھنا، اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب و خوفزدہ رہنا۔ معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا۔ کمزوری نسیان و جریان کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ پختہ تین روپے آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے۔ خرچ ڈاک ذمہ خریدار
لاہور برانچ :- ناظم دواخانہ پنجاب جبی ہوسٹل روڈ لاہور
مینیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

سرمہ نور العین عہ

(مصدقہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب)
کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ عہ ۔
(منگوانے کا پتہ)
مینیجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ

طلائے اعظم ۳/

بُری صحبتوں سے اعضا مخصوص میں جس قسم کی خرابیاں بھی ہوں یہ طلاء عجیب کرشمہ دکھاتا ہے۔ لگاتے ہی جسم میں جذب ہو کر فاسد رطوبتوں کو خارج کرتا ہے۔ آبلہ وغیرہ نہیں ڈالتا۔ دوران خون میں تحریک عضو میں تندہی و فربہی لاتا ہے۔ کام کاج میں ہارج نہیں۔
قیمت ۳/ ۔ محصول ڈاک ۳/
المشتہر مینیجر نیشنل ڈسپنسری (رجسٹرڈ) پٹیالہ

عجیب الاثر فلیویا۔ امساک ۱۲/

(رجسٹری شدہ گورنمنٹ آف انڈیا ہے۔ نمبر ۹۰۴۷)
وحدہٗ لاشریک کی قسم بالکل درست ہے۔ بیکار ثابت کرنیوالے کو یکصد روپیہ انعام۔ ایمان والوں کو یقین چاہئے تہذیب کے دائرہ سے باہر ہونا نہیں چاہتا۔ ایک گولی کھانے سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان اس بات تقاضائے محبت کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ متقی، پرہیزگار عالم کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی ۱/ ۔
پتہ نظام پرلیس ۲۵ فرید کوٹ

تصانیف مولوی حکیم محمد بخش صاحب مرحوم

اسلام کی پہلی کتاب (مع فرہنگ) ذات و صفات باری تعالیٰ اور پیغمبروں اور جنوں اور فرشتوں اور قیامت وغیرہ کا بیان۔ لکھائی چھپائی عمدہ قیمت ۱؍

اسلام کی دوسری کتاب (مع فرہنگ) نماز، روزہ کے احکام کے متعلق ہے۔ قیمت ۲؍

اسلام کی تیسری کتاب (مع فرہنگ) خرید و فروخت۔ تجارت و زراعت۔ شراکت وقف نذر، قصاص، دیت فرائض وغیرہ کے متعلق ہیں۔ قیمت ۳؍

اسلام کی چوتھی کتاب (مع فرہنگ) حج، زکوٰۃ، نکاح، طلاق عدت وغیرہ کے متعلق ہے۔ قیمت ۳؍

اسلام کی پانچویں کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین و صحابہ رضی اللہ عنہم کے خطوط اور ان کے کفار سے جنگ و جدال اور فتوحات وغیرہ کا ذکر درج ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۶؍

(۳۱۸)

اسلام کی چھٹی کتاب قرآن شریف کی دعائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر قسم کے شب و روز کے وظائف اور اذکار درج کئے گئے ہیں۔ قیمت ۱۲؍

اسلام کی ساتویں کتاب اس کتاب میں اخلاص، اتباع سنت، تعلیم دین، تعظیم، علماء کی بے ادبی کا بیان۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۷؍

اسلام کی آٹھویں کتاب جہاد۔ طعام۔ لباس، حسن معاشرت اور اطاعت والدین کا ذکر ہے۔ ۶؍

اسلام کی نویں کتاب اس میں نیک صحبت، زہد، وصیت اور موت کے ذکر اور دیدار الٰہی۔ دوزخ اور عذاب قبر، اللہ کے ڈر۔ توکل، صبر اور تقویٰ کا بیان ہے۔ قیمت ۱۱؍

اسلام کی دسویں کتاب حضرت آدم سے لے کر تمام پیغمبروں کے مفصل حالات درج ہیں۔ خلفائے اربعہ اور بنو امیہ و امام حسن و امام حسین وغیرہ اور خلفائے عباسیہ کے حالات ۸؍

اسلام کی گیارھویں کتاب عقائد اسلام۔ توحید۔ ثبوت نبوت، حدوث عالم اور صفات باری تعالیٰ اور عظمت انبیاء علیہم السلام۔ ثبوت قیامت۔ رد تناسخ اور ثبوت معجزات انبیاء علیہم السلام اور کرامات اولیاء رحمہم اللہ تعالیٰ درج ہیں۔ قیمت ۸؍

اسلام کی بارھویں کتاب اتباع حدیث و تعریف اصطلاحات حدیث، پابند ہونے۔ اس کتاب میں ... اور مشرکوں کے برتنوں کو پاک کرکے استعمال کرنے میں، بول، منی، مذی وغیرہ احکام۔ چمڑے کی پاکیزگی کا استنجا، وضو، جنبی اور حائضہ۔ جمعہ۔ میت اور استحاضہ کے احکام درج ہیں۔ قیمت ۸؍

اسلام کی تیرھویں کتاب مشتمل پر اور سجود و تصلیح کے عبادات احکام ہیں، نماز پڑھنے کے طریق، مسجد کے آداب، قبلہ کے احکام، صفوں کی درستی، قرأت فاتحہ خلف الامام، بسم اللہ کے جہر و خفا کے مسائل۔ رفع یدین فی الصلوٰۃ کے اختلافات کے بقیہ مسائل درج کئے گئے ہیں۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۸؍

اسلام کی چودھویں کتاب مسافر، سواری کی نماز، اور سفر و حضر کی حد و تعیین۔ ایام امطار و بارش کے دن میں نماز کا حکم اور غسل وغیرہ کے احکام، خطبہ و چاند کے احکام سوگ، ماتم، کفن، دفن۔ جنازہ علی الغائب۔ حالات قبر۔ زیارت قبور، میت کے ایصال ثواب اور زکوٰۃ کے احکام و مصارف درج ہیں۔ قیمت ۸؍

آئینہ مذاہب امامیہ ترجمہ اردو **تحفہ اثنا عشریہ** مصنفہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی۔ جس میں شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے مفصل حالات پر تبصرہ۔ ان کے عقائد۔ اعمال، غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل کتاب فارسی میں تھی مگر اردو خوان ناظرین کے لئے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ قیمت تین روپے۔

تحفہ مجددیہ در بیان تردید **عقائد شیعہ** مجدد الف ثانی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے بعض مکتوبات کا اردو ترجمہ۔ اس کتاب میں آپ نے فرقہ شیعہ کے عقائد کی قرآن اور حدیث سے تردید کی ہے۔ طرز بیان نہایت دلکش ہے۔ ایک گوہر نایاب ہے۔ قیمت صرف ۸؍

اسلامی توحید مؤلفہ مولانا عبدالسلام صاحب بستوی۔ تقریظ ... عرس، گانا اور جو جو بدعات ماہ محرم میں مروج ہیں ان کی عقلی و نقلی طور پر تردید کر دی گئی ہے۔ اور بدلائل ثابت کیا ہے کہ ان رسوم کی اصل شیعہ مذہب میں بھی نہیں۔ قیمت ۴؍

شہادت حسینؓ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت عظمیٰ کے صحیح حالات اور وجوہ معلوم کرنا چاہتے ہیں تو کتاب شہادت حسینؓ کا مطالعہ کریں۔ قیمت ۴؍

ملنے کا پتہ:۔ **منیجر اہلحدیث امرتسر**

ahmadimuslim.de

نئے سال ــــ نئے ــــ

شائقین کی خاطر بعض کتب کی قیمتوں میں رعائت کردی گئی ہے۔ اس لئے اس نادر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ ورنہ یہ موقع بار بار ہاتھ نہیں آتا۔ نوٹ:۔ محصول ڈاک مندرجہ ذیل کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں صرف اصل قیمتیں درج کی گئی ہیں۔

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو تازہ تصنیف

زوال غازی

ملاحظہ فرمائیں۔ جس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۵۶ صفحہ اصل قیمت تین روپیہ۔ رعائتی دو روپیہ۔ (ے)

ترجمہ اُردو آئینہ مذاہب امامیہ ترجمہ اُردو

تحفہ اثنا عشریہ

مصنفہ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اس کتاب میں شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے مفصل حالات پر تبصرہ۔ ان کے عقائد و اعمال غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ طور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل کتاب فارسی زبان میں تھی مگر اردو خوان ناظرین کے لئے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ ضرور منگوائیں۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت تین روپے

جمع القرآن والحدیث

مصنفہ مولانا [illegible] صاحب [illegible]۔ قرآن مجید و حدیث شریف کے [illegible] و ترتیب کتابت [illegible] [illegible] اور حالات [illegible] جواب دیا گیا ہے [illegible] حدیث [illegible] اس کتاب کا مطالعہ [illegible] کاغذ، کتابت [illegible] قیمت صرف [illegible] آٹھ [illegible]

البلاغ المبین فی اتباع خاتم النبیین

مصنفہ حضرت شیخ محی الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ یہ کتاب جماعت اہل حدیث میں بہت مقبول اور پسندیدہ ہے۔ اور بہت پرانی کتاب ہے۔ جس میں تمام اسلامی مسائل پر مفصل بحث کی ہوئی ہے۔ عرصہ سے ختم تھی۔ اب دوبارہ طبع ہوئی ہے۔ جلد منگوالیں ورنہ دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ کاغذ۔ کتابت، طباعت عمدہ اور اعلیٰ ہے۔ باوجود اسکے قیمت ۱۲ روپیہ

(۲۲۹)

جدید انگلش ٹیچر

اس میں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ۔ محاورات۔ قواعد گرامر۔ اور اردو سے انگریزی ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت ہی شستہ عبارت دی گئی ہے۔ اس کا مطالعہ کرنے سے انسان تھوڑی سی مدت میں انگریزی زبان میں گفتگو کرسکتا ہے اور خط و کتابت بھی کرسکتا ہے۔ ضرور منگوا رکھیں۔ کیونکہ زمانہ حاضرہ میں انگریزی زبان سے واقفیت رکھنا بہت ضروری ہے۔ قیمت ۸؍

عربک ٹیچر

مصنفہ مولوی محمد عالم صاحب آسی امرتسری۔ جس میں عربی علم کے ابتدائی تا انتہائی مسائل کو بطرز جدید حل کیا ہے۔ علم صرف و نحو کے قواعد۔ مسائل۔ ضرب الامثال۔ روزمرہ کی گفتگو۔ [illegible]۔ گردانوں کے نقشہ جات مفصل درج ہیں۔ اس کتاب کے ہوتے ہوئے طلباء کو کسی دوسری کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ قیمت [illegible]

فارسی بول چال

اس کتاب کو پڑھ کر آپ بہت جلد فارسی زبان میں بات چیت کرنے پر قادر ہو سکتے ہیں اور خط و کتابت و مضمون بھی آسانی سے فارسی میں لکھ سکیں گے۔ مؤلفہ مولوی [illegible] مرزا محمد نصیر صاحب (مولوی و منشی فاضل) قیمت ۱۲؍

[illegible]۔ مینیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر پنجاب

پیارے نبی کے پیارے حالات

(مولفہ مولانا نورالدین صاحب ڈسکوی)

یہ کتاب قرآن مجید اور تمام آسمانی کتابوں کا لب لباب ہے۔ زبور۔ توریت۔ انجیل میں جس قدر پیشگوئیاں پیغمبر اسلام کے متعلق ہیں ان میں سے اکثر کتاب ہذا میں درج کی گئی ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ کتاب بے حد مقبول ہے۔ اس ... ہیں ... قیمت ... رعائتی دو روپیہ ... فی جلد ۱۲ ؍

غازی اورنگ زیب عالمگیر

کے ہاتھوں کی لکھی ہوئی حمائل شریف جو فوٹو بلاک کے ذریعہ جرمن میں طبع کرائی گئی ہے۔ اعلیٰ جلد ہدیہ اصلی پانچ روپیہ۔ رعائتی صرف ۴ روپیہ

حمائل شریف مطبوعہ مصر مجلد

کاغذ و طباعت اعلیٰ۔ جلد نہائت خوبصورت۔ اصلی ہدیہ چار روپیہ۔ رعائتی ۳ روپیہ

طبیب کامل مفید مجرب نسخوں کا بیش بہا ذخیرہ

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات۔ آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات۔ مشاہیر اطباء حکیم شریف خان صاحب حکیم اجمل خان صاحب و دیگر مشہور اطباء ہندوستان یورپ کے بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ مولف کے خود ذاتی و خاندانی مجربات کا بیان کیا گیا ہے

قیمت ؏۔ رعائتی قیمت ۱۲ ؍

حقیقت مرزائیت ؏

جس میں مرزائی مشن کے تمام اعتقادات اور خیالات کو طشت از بام کیا ہے۔ اصل قیمت ۹ ؍۔ رعائتی ۶ ؍

مقالات شبلی

مولانا شبلی مرحوم کی مشہور و معروف تصنیف۔

اصل قیمت ؏۔ رعائتی ۶ ؍

سفرنامہ روم مصر اور شام

از مولانا شبلی مرحوم۔ اسلامی ممالک کے تمدن اور دیگر ضروری حالات کا خاکہ۔ اصل قیمت ؏۔ رعائتی ۸ ؍

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہائت عمدہ، اعلیٰ نفیس، خوشنما، رنگدار و سادہ۔ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ المشتہر منیجر ثنائی برقی پریس امرتسر

المامون

عباسی خاندان کے چشم و چراغ خلیفہ مامون رشید کے مفصل حالات قابل دید ہے۔ اصل قیمت ؏۔ رعائتی ۸ ؍

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند، جالا، غبار، ڈھلکہ، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کر کے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر ہے۔ ہزار ہا لوگ اسکے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پا چکے ہیں۔ بحالت صحت اسکا استعمال جملہ امراض سے بچاتا ہے۔ منگا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ؏۔ ملنے کا پتہ

کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ ... امرتسر

سیرۃ النعمان

اسلام کے ایک درخشندہ ستارہ جناب نعمان بن ثابت کوفی رحمۃ اللہ علیہ جو احناف کرام کے مایہ ناز امام ہیں کے مفصل سوانح ... قیمت ... رعائتی ۸ ؍

سید البشر

مولفہ مولوی ابو سعید عبدالرحمن فرید کوٹی۔ اس کتاب میں کتب عیسائیہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مامور من اللہ ہونا ثابت کیا گیا ہے۔ مبلغ حضرات کو بہت مفید ہے۔ اصل قیمت ؏۔ رعائتی ۲ ؍

... کاش

... کے حوالے دے کر ... ہے۔

... رعائتی ۱۰ ؍

فیروز اللغات

اردو، عربی، فارسی، ہندی اور سنسکرت کے بے شمار الفاظ، محاورات، اور ضرب الامثال اور معانی اردو زبان میں درج ہیں ... اس کا رکھنا ضروری ہے۔ قیمت ... رعائتی ...

منیجر ...

رجسٹرڈ ایل نمبر [illegible] ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

جلد ۳۶ — بسم اللہ الرحمن الرحیم — نمبر ۱۲

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اخبار اہلحدیث امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲- شعبان ۱۳۲۱ھ / ۱۳- نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۵۰
روساء و جاگیرداروں سے ۱۰
عام خریداران سے ۵
" " ششماہی ۲ ۱/۲
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۲۸- ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۲۰- جنوری ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۲۳۱)

فہرست مضامین

نظم (مناجات) - - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
سوال بہائی اور جواب ثنائی - - - ص۳
قادیانی قیامت (قادیانی مشن) - - ص۴
قادیانی جماعت کی ایک بڑی اسلامی خدمت ص۶
ایک مبشر خواب - - - - ص۶
کیا سورہ یوسف میں عشق مجازی کی کہانی ہے؟ ص۷
سلسلہ تبلیغ اہل حدیث کے معاونین و شائقین ص۸
انقلاب زندہ باد - - - - ص۹
شیعوں کے افسانے - - - - ص۱۰
[illegible] - - - ص۱۱
اسلامی [illegible] ص۱۲ [illegible] ص۱۳
متفرقات ص۱۴ - ملکی مطلع ص۱۵ - اشتہارات ص۱۶

مناجات

(از ابوالاصغر ملک محمد عبداللہ صاحب ساقی - لالہ موسیٰ)

ایکہ ختم المرسلینے را فتر منی گفتہ — رحمۃ للعالمین را ہم شہید گفتہ
شرف ما ادنیٰ ببر واز قرب و شان ما طغیٰ — صاحب ما زاغ کو را شان اسریٰ گفتہ
کے تواں معلوم کرد از رفع درجاتش کہ خود — از برائے ذکر پاکش چوں رفعنا گفتہ
جز تشہد لا دگفت از غایت جود و کرم — آں یتیم و عائلے کو را فاغنیٰ گفتہ
دادہ خیر الکتب، خیر الامم، خیر القرون — آں [illegible] را کہ از شرفش جمیعا گفتہ

ساقی در ماندہ حالے را بدہ تسکین دل
ایکہ سرکار مدینہ را فانی گفتہ

نوٹ:- ہمارے اخبار کی زبان چونکہ اردو ہے اس لئے شعراء حضرات اردو میں ہی طبع آزمائی فرمایا کریں۔ ایڈیٹر

ثبوت قربانی گاؤ - ترجمہ حدیث اور ہندوؤں کے وید شاستر [illegible]

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

——— امرتسر شہر میں آج (۱۶ جنوری) تک بارش نہیں ہوئی۔ دو تین دفعہ نماز استسقا بھی ادا کی گئی۔ دو تین دفعہ مطلع ابر آلود بھی ہوا مگر پھر صاف ہوجاتا رہا۔ شہر میں خشک سردی بدستور ہے۔ ۷ تا ۱۳ جنوری شہر میں ۲۷۱ بچے پیدا ہوئے۔ اور ایک سو چالیس اموات ہوئیں۔

——— شیخ محمد صادق ایم۔ ایل۔ اے کے خلاف خواجہ محمد زکریا کچلو کی طرف سے جو عذر داری دائر ہے اس میں ۱۰۔ جنوری کو بیگم شاہ نواز کی شہادت ہوئی۔

——— معلوم ہوا ہے ۲۲۔ شوال ۱۳۵۶ھ تک مکہ مکرمہ میں ۱۶ ہزار ۶ سو تین زائرین حرم پہنچ چکے ہیں۔ مزید آمد جاری ہے۔

——— کوئٹہ کے ارد گرد گزشتہ ہفتہ چار دفعہ زلزلے کے جھٹکے آئے۔ بہت سے کچے مکان گر پڑے۔

——— حکومت نظام حیدر آباد نے ان تمام قیدیوں اور زیر سماعت ستیہ آگرہوں کو جن کا تعلق موجودہ تحریک سے تھا۔ رہا کر دیا ہے۔

——— اعلیحضرت نظام دکن نے بنارس ہندو یونیورسٹی کو ایک لاکھ روپیہ عطا فرمایا ہے۔

——— ایک اخباری نمائندے سے وزیرستان کے دو محسود ملکوں نے کہا کہ اگر فلسطین کا حل عربوں کی مرضی کے مطابق نہ ہوا تو وزیرستان کے حالات زیادہ پیچیدہ ہوجائیں گے۔

——— معلوم ہوا ہے حکومت مصر نے برطانوی بمباز ہوائی جہاز بنانے والے کارخانوں کو آٹھ بمبار ہوائی جہاز بنانے کا آرڈر دیا ہے۔

——— بیت المقدس۔ ۱۱ جنوری۔ ایک یہودی کے قتل ہوجانے پر فوجی کمانڈر نے ۴۸ گھنٹہ کے لئے کرفیو آرڈر نافذ کر دیا۔

——— ۱۹۳۷ء کے دوران میں فلسطین کے فسادات میں ۴ ہزار آدمی ہلاک اور ایک ہزار سات سو زخمی ہوئے۔

——— پٹنہ۔ ۱۱ جنوری۔ ہزاری باغ ریلوے سٹیشن کے قریب ۹۔ اپ ڈیہرہ دون ایکسپریس کی پانچ بوگیاں پٹڑی سے اتر کر چکنا چور ہوگئیں۔ ۷ مسافر ہلاک اور ۹۴ زخمی ہوئے۔

——— اس سال پٹنہ یونیورسٹی نے میٹریکولیشن کا امتحان ورنیکلر زبان میں منعقد کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔

——— نیویارک میں عنقریب دنیا کا ایک عظیم الشان میلہ منعقد ہوگا۔ اس میں ایک ایسی مشین منظر عام پر لائی جائیگی جو ہر زبان میں بولنے کے علاوہ ہنسے اور گائیگی۔ بلکہ چیخ بھی مارے گی۔

——— حکومت پنجاب نے نہری رقبوں کے تباہ حال کاشتکاروں کی امداد کیلئے فصل خریف اور ربیع کے خرابہ کے متعلق ۲۵ لاکھ روپیہ معاف کر دیا ہے۔

یاد رکھئے

جن خریداروں کی قیمت اخبار ماہ جنوری میں ختم ہے اور ۲۶۔ جنوری تک وصول نہ ہوگی۔ ان کے نام آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔ ناظرین مطلع رہیں

نوٹ جن کی مہلت ختم ہے ان کو وی پی نہیں کیا جائیگا اگر قیمت اخبار ۹۔ فروری تک وصول نہ ہوئی تو آئندہ اخبار نہیں بھیجا جائیگا۔ نیز حساب دوستاں بھی آئندہ پرچہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

——— ریاست بہاولپور میں یکم جنوری ۱۹۳۸ء سے آنریری مجسٹریٹ اپنے فرائض سے سبکدوش کر دیئے گئے ہیں۔

——— معلوم ہوا ہے کہ فلسطین کانفرنس اس ماہ منعقد نہیں ہوگی۔

——— معلوم ہوا ہے کہ مولانا عبید اللہ صاحب سندھی حج کے بعد عازم ہندوستان ہونگے۔

——— ہسپانوی باغیوں کا دعویٰ ہے کہ ہم نے گزشتہ دو ہزار مربع میل علاقہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور حکومت کو پچاس ہزار آدمیوں کا نقصان اٹھانا پڑا ہے۔

جلسہ اہل حدیث کانفرنس

قابل توجہ شعراء کرام

جلسہ اہل حدیث کانفرنس کا اکیسواں جلسہ ۷-۸-۹ اپریل کو فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) میں منعقد ہو رہا ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل عنوانات پر نظمیں پڑھنے کے لئے شعراء کرام طبع آزمائی فرمائیں:۔ نظم استقبالیہ۔ تبلیغ توحید وسنت۔ تردید بدعت

یاد رفتگان | ہماری مقامی جماعت اہل حدیث کے سرگرم کارکن میر یوسف صاحب انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (محمد داؤد از کیندرا پارا ضلع کٹک) (۲) حاجی غریب اللہ صاحب مقیم مسجد حاجی علی جان صاحب مرحوم دہلی ٹانڈہ بادری ضلع مراد آباد میں انتقال کر گئے۔ انا للہ!

(۳) جناب ملا محمد ابراہیم صاحب ٹانڈوی مراد آبادی ۶ فروری کو فوت ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (مولوی محمد عبد الغفار مدرس مدرسہ اہل حدیث قصبہ ٹانڈہ ریاست رام پور)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور انکے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم

"زوال غازی"

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں جس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ انداز تحریر دلکش ہے ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۲۵۰ صفحات۔ کتابت طباعت کاغذ اعلے۔ اصل قیمت تین روپیہ رعایتی ۲ روپیہ محصول ڈاک علیحدہ۔ پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

مجمع القرآن والحدیث۔ از مولانا محمد جونا گڑھی (۳۳۴) نئی تصنیف ع۔ قابل مطالعہ ہے۔ قیمت ۴، روپیہ (منیجر اہلحدیث)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۸۔ ذیقعد ۱۳۵۷ہجری

سوال بہائی

اور

جواب ثنائی

رسالہ بہائی میگزین" میں علمائے اسلام عموماً اور مدیر "اہلحدیث" سے خصوصاً ایک سوال کیا گیا ہے۔ سوال نہایت معقول ہے۔ جس کی ہم قدر کرتے ہیں۔ کیونکہ اس کا جواب قرآن مجید سے طلب کیا گیا ہے۔ یہ سوال مولانا کفایت اللہ صاحب دہلوی کے رسالہ تعلیم الاسلام نمبر ۲ پر مبنی ہے۔ جس میں قیامت کا مضمون بصورت سوال و جواب مرقوم ہے۔ اسی پر بنا کر کے "بہائی میگزین" لکھتا ہے :-

"ہم نہایت مؤدبانہ طور پر حضرت مفتی صاحب اور دیگر علمائے کرام سے پوچھتے ہیں کہ قیامت کے دن تمام انسانوں اور جانوروں کا مرنا اور دنیا کا فنا ہو جانا قرآن کریم کی کن آیات مبارکہ سے ثابت ہے؟ نیز اگر قیامت کے دن واقعی فنائے عالم کچھ آیات سے ثابت ہے تو قرآن کریم کی ان آیات کے کیا معنی ہیں۔ جن میں نص صریح کے طور پر فنا ہونے کے برخلاف لکھا ہے کہ جملہ اقوام کے درمیان فناء عالم قیامت کے دن فیصلہ کر دیا گیا فناء اور فیصلہ اجماع نقیضین نہیں ہے؟

فتفکروا و تبینوا یا اولی الالباب والابصار" (بہائی میگزین بمبئی ص $\frac{29}{30}$ بابت اکتوبر، نومبر ۳۸ء)

اہلحدیث راقم مضمون نے تو بناء سوال مفتی صاحب کی کتاب کو بنایا ہے۔ مگر حقیقت میں بنائے سوال کچھ اور ہے۔ وہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں قیامت کے متعلق جتنی آیات آئی ہیں ان سب کو بہائی فرقہ اپنے متبوع شیخ بہاء اللہ کے حق میں لگاتا ہے۔ جس کا ذکر اہلحدیث ۲۶۔ اگست ۳۸ء میں بھی ہو چکا ہے۔ جس میں سے ضروری فقرات درج ذیل ہیں :-

(لوگ) پوچھتے ہیں کہ کیا وہ گھڑی آگئی؟ سو تو کہہ دے کہ قسم ہے اس کی جو کھلی دلیلوں کا ظاہر کرنے والا ہے کہ ہاں وہ گذر بھی گئی۔ بلکہ وہ گھڑی جو آنے والی تھی آگئی۔ اور کھلے ثبوت اور قطعی دلیلوں کے ساتھ حق بھی آگیا۔ اب وہ وسیع کھلا میدان بھی ظاہر ہو گیا۔ اور خلوق خوف و اضطراب سے بے چین ہو رہی ہے۔ بھونچال آ چکے اور قبیلے اس خدائے قاہر جبار کے خوف سے رونے لگے۔ تو ان سے کہہ دے کہ اب وہ کان پھوڑنے والی آواز بھی دی جا چکی۔ سو آج کا دن صرف اللہ ہی کا ہے جو اکیلا با اختیار ہے۔ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ کیا طامہ[1] پوری ہو گئی۔ سو تو کہہ دے کہ ہاں مالکوں کے مالک کی قسم (طامہ) پوری ہو گئی۔ کہتے ہیں کہ قیامت قائم ہو گئی؟ پس کہہ دے کہ خود وہ قادر قیوم بھی آیتوں کی سلطنت کے ساتھ آموجود ہوا۔ (کہتے ہیں) کیا تو لوگوں کو زمین پر پچھڑا ہوا دیکھ رہا ہے۔ (تو کہہ دے) کہ ہاں مجھے اپنے بلند و برتر پروردگار کی قسم وہ ضرور زمین پر پچھڑے ہوئے ہیں۔ (کہتے ہیں) کہ کیا درخت زمین سے اکھڑ کر زمین پر گر پڑے؟ (تو کہہ ہاں) صفات کے مالک کی قسم پہاڑ تک ریزہ ریزہ ہو گئے۔ (کہتے ہیں) بہشت اور دوزخ کہاں ہیں؟ کہہ دے اے شک کرنے والے مشرک بہشت میرا دیدار ہے[2] اور دوزخ تمہارا نفس۔ کہتے ہیں کہ ہمیں میزان نظر نہیں آتی؟ کہہ دے قسم ہے مجھے اپنے مہربان پروردگار کی اُسے صرف وہی دیکھ سکتے ہیں جنہیں خدا نے آنکھیں دی ہیں۔ کہتے ہیں ستارے ٹوٹ کر کب گرے؟ کہہ دے تب گرے جب قیوم ارض سر اور ناپل میں تھا۔"

(اہلحدیث ۲۶۔ اگست ۳۸ء بحوالہ بہائی میگزین بابت جولائی ۳۸ء)

اہلحدیث بہائیوں کی اس خیالی قیامت پر یہ سوال پیدا ہونا بدیہی امر ہے کہ شیخ بہاء اللہ اگر قیامت ہے تو دنیا فنا کیوں نہ ہو گئی۔ کیونکہ قیامت کے روز دنیا کا فنا ہو جانا مقدر ہے۔ جس کی خبر تمام الہامی نوشتوں (خصوصاً قرآن مجید) میں دی گئی ہے۔

اس سوال کے جواب میں بہائیوں نے بڑی ہوشیاری سے الٹا سوال مسلمانوں پر کر دیا ہے کہ قرآن سے قیامت

[1] قرآن مجید کی آیت الطامۃ الکبریٰ کی طرف اشارہ ہے۔ (اہلحدیث)

[2] بہشت دیدار ہے تو انہار جنت سے کیا مراد۔ جیل عکہ میں اشک باری؟ (اہلحدیث)

تمام چیزوں کے فنا ہونے کا ثبوت نہیں ملتا۔ اور بصورت فنا قرآنی آیات میں تعارض پیدا ہوتا ہے۔

پس ان سب سوالوں کا جواب ہم قرآن مجید ہی سے دینگے (ثنوٹ) قرآن مجید میں دو مضمونوں پر جتنا زور دیا گیا ہے اتنا زور کسی تیسرے مضمون پر نہیں دیا گیا۔ ان میں سے ایک خدا کی توحید ہے۔ دوسرے قیامت کی حقیقت۔ قرآنی توحید سے مخالفین قرآن تو منکر تھے ہی اب قائلین قرآن بھی اعتقادی طور پر توحید سے منکر ہوتے جا رہے ہیں جتنی اقسام کے شرک کو قرآن مجید نے بڑے زور سے اکھاڑا تھا آجکل کے مسلمان ان سب اقسام کی جڑیں مضبوط کر رہے ہیں۔ (فالی الله المشتکیٰ)

آج یہ آواز بھی ہمارے کانوں میں آرہی ہے کہ قیامت کے بعد کلی فنا کا ذکر قرآن میں نہیں ہے۔ پس سائل صاحب کلی فنا کا ذکر قرآن مجید سے بغور سنیں بے شمار آیات میں سے چند آیات درج ذیل ہیں:۔

(۱) كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (پ ۲۷۔ ع ۱۲)

زمین کی سب چیزیں فنا ہو جائیں گی صرف خدا کی ذات باقی رہے گی۔

(۲) يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا (پ ۱۶۔ ع ۱۵)

خدا قیامت کے روز پہاڑوں کو ریزہ ریزہ کرکے اڑا دیگا اور زمین چٹیل میدان ہو جائیگی جس میں اونچائی نیچائی کچھ نظر نہ آئے گی۔

(۳) اِنَّا لَجَاعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيدًا جُرُزًا (پ ۱۵۔ ع ۱۳) جو کچھ زمین میں ہے ہم سب کو فنا کرکے زمین کو چٹیل میدان بنا دینگے۔

(۴) فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ وَالْمَلَكُ عَلَىٰ أَرْجَائِهَا (پ ۲۹۔ ع ۵)

جب صور میں ایک دفعہ پھونک دیا جائیگا اور زمین اور پہاڑ اٹھا کر ایکہی دفعہ توڑ مروڑ دیئے جائینگے۔ پس اس دن واقعہ ہونیوالی (قیامت) واقع ہو جائے گی اور آسمان پھٹ جائیگا۔ اسدن وہ بڑا کمزور ثابت ہوگا۔

ان آیات سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ایک وقت دنیا بالکل فنا ہو جائے گی۔ یہ قیامت کا پہلا حصہ ہے۔ دوسرا حصہ وہ ہے۔ جس کی بابت ارشاد ہے:۔

(۱) ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنظُرُونَ (پ ۲۴۔ ع ۴)

پھر دوسرے نفخ کے بعد سب لوگ زندہ ہو کر کھڑے ہو جائینگے۔

(۲) وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ (پ ۳۰۔ ع ۷)

جب اہل قبور زندہ ہو کر اٹھیں گے تو اپنے اگلے پچھلے اعمال کو جان لیں گے۔

حاصل کلام قیامت کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں دنیا بالکل فنا ہو جائے گی دوسرے میں حساب کتاب وغیرہ ہوگا۔ جب دو مختلف کاموں کا زمانہ الگ الگ ہو تو ان میں تناقض نہیں ہوتا۔ تناقض کے لئے وحدات ثمانیہ میں سے وحدت زمانہ بھی شرط ہے پھر اس کو تناقض کہنا ایک ایسی بات ہے جو آج سے پہلے کسی مولوی فاضل[1] نے نہیں کہی ؎

ہوا تھا کبھی سر قلم قاصدوں کا
یہ تیرے زمانے میں دستور نکلا

قادیانی مشن

قادیانی قیامت

(محمود احمد صاحب)

مدت سے ہمارا غیر متزلزل دعویٰ ہے کہ قادیانی تحریک ایرانی تحریک سے مستفیض ہے۔ جسکو ہم نے رسالہ "بہاء اللہ اور میرزا" میں بالتفصیل ثابت کرکے دکھایا ہوا ہے۔ آج ہم اس دعوے کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔

جس طرح بہائیوں کا دعویٰ ہے کہ قیامت سے مراد خود شیخ بہاء اللہ ایرانی ہے اسی طرح قادیانیوں کا دعویٰ ہے کہ مرزا صاحب قادیانی قیامت ہیں۔ جسکی تفصیل یہ ہے کہ بڑے مرزا صاحب قادیانی نے لکھا ہے کہ "دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے اور اسکے بعد فنا۔ (لیکچر سیالکوٹ صفحہ)" چھوٹے مرزا (خلیفہ قادیان) نے لکھا ہے کہ دنیا کے سات ہزاری دور کے خاتمہ پر مرزا صاحب آئے ہیں اور دوسرے دور کے آدم بھی آپ ہی ہیں جس طرح پہلے انبیاء کی ابتدائی نقطہ حضرت آدم تھے اسی طرح حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) جو اس زمانہ کے آدم ہیں آئندہ آنیوالے انبیاء کے نقطہ ہیں۔ (ضمیمہ الفضل ۸ جلم ۱۴ بقلم میاں محمود احمد صاحب)

اہلحدیث نتیجہ صاف ہے کہ مرزا صاحب کی زندگی میں قیامت آچکی اور دوسری دنیا کا دور بھی شروع ہو گیا ہے حالانکہ حسب قول بڑے مرزا صاحب دنیا نہ فنا ہوئی نہ دوبارہ زندہ ہوئی بلکہ دنیا ویسے ہی چلتی رہی۔ جیسے دہلی سے گاڑی چلتی ہے تو ضلع میرٹھ میں آجاتی ہے وہاں سے ضلع مظفر نگر ہوتی ہوئی ضلع سہارنپور کے حدود میں داخل ہو جاتی ہے۔ اسی طرح لاہور تک پہنچ جاتی ہے۔ کسی مسافر کو ان ضلعوں کی حدود کی ابتدا اور انتہا تک کا علم نہیں ہوتا۔ اسی طرح بقول خلیفہ قادیان مرزا صاحب دوسری دنیا کے آدم ہیں اور خلیفہ صاحب ان کے بیٹے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ دنیا گویا ابھی حضرت شیث کے زمانہ میں ہے۔ ان کے بعد حضرت نوح آئینگے اور طوفان لائینگے۔ پھر حضرت لوط آئینگے اور پتھر برسائینگے۔ (شائد قادیان پر) اسکے بعد عرصہ دراز تک حضرت موسیٰ حضرت عیسیٰ حتیٰ کہ سید الانبیاء حضرت

[1] "بہائی میگزین" کا ایڈیٹر مولوی فاضل ہے۔ اسی طرف اشارہ ہے۔ ۱۲ منہ

وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم سب ہاری ہاری تشریف لاتے رہیں گے

ناظرین کرام! یہ ہے ان جدید کلامیوں کا علم کلام جس پر ان دونوں گروہوں (بہائیوں اور قادیانیوں) کو ناز ہے۔ سچ ہے ؎

ناز ہے گل کو نزاکت پہ چمن میں اے ذوق
اس نے دیکھے ہی نہیں گویا ناز و نزاکت والے

مصلح موعود

جماعت مرزائیہ میں بہت سے امور میں اختلاف پیدا ہو چکا ہے مثلاً مسئلہ نبوت۔ مسئلہ تکفیر۔ مسئلہ امارت وغیرہ۔ اب جدید اختلاف یہ پیدا ہوا ہے کہ "مصلح موعود" کون ہے۔ بڑے مرزا صاحب نے پیشگوئی کی تھی کہ میرے بعد ایک مصلح موعود لڑکا پیدا ہوگا۔ اس موعود کے متعلق بڑا اختلاف ہے۔ مولوی عبد اللہ تیماپوری (دکن) کہتا ہے۔ مصلح موعود میں ہوں۔ شیخ غلام محمد لاہوری نے بہت سے ٹریکٹ شائع کئے کہ مرزا صاحب کا موعود میں ہوں۔ عام افراد مرزائیہ خلیفہ محمود احمد کو مصلح موعود کہتے ہیں۔ شیخ عبد الرحمٰن احمدی المعروف مصری (مخرج) نے ایک کتاب اس مضمون پر لکھی ہے جس کا نام "شان مصلح موعود" ہے۔ اس کتاب میں بڑی بسیط بحث کرکے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ میاں محمود احمد مصلح موعود نہیں ہے بلکہ مرزا صاحب کے اتباع سے پیدا ہوگا۔ کتاب اچھی تماصی ضخیم ہے۔ ۳۹۲ صفحات میں ختم ہوئی ہے۔ مرزا صاحب کی جن عبارات سے قادیانی جماعت میاں محمود کو مصلح موعود بتاتی ہے یا وہ خود بنتے ہیں ان عبارات کی تشریح کرتے ہوئے مصنف نے صاف لکھا ہے کہ خود مرزا صاحب سے بھی اس معاملہ میں غلط فہمیاں سرزد ہوئی ہیں۔

یہ کتاب اس موضوع پر مفید ہے۔ قیمت بغرض اشاعت ۹ر ہے جو بہت کم رکھی گئی ہے۔

پتہ۔ شیخ نصیر احمد۔ قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

قادیانی جماعت کی ایک بڑی اسلامی خدمت

؎ دیوانہ را ہوئے بس است

آج کل قادیان میں ایک تحریک شروع ہوئی ہے کہ اس مضمون (یسوع مسیح کی قبر کشمیر میں ہے) کے انگریزی زبان میں اشتہار چھپوا کر انگلستان وغیرہ ممالک میں شائع کئے جائیں۔ اس کا ثبوت ہم (قادیانیوں) سے پوچھتے ہیں۔ یہ لوگ یا تو خود سمجھتے نہیں یا دوسروں کو بے سمجھ جانتے ہیں۔ ان کو اس بات کا خیال نہیں ہے کہ یورپ کے سمجھ دار لوگ جو ہمارے لٹریچر سے واقف ہونگے وہ فوراً کہہ دینگے کہ تمہارے مسیح موعود نے خود لکھا ہوا ہے کہ مسیح کی قبر جلیل (گلیل) میں ہے۔

(ازالہ اوہام۔ تقطیع خورد ص ۴۷۳ جلد اول)

تو پھر وہ کیا جواب دینگے۔ وہ اس سے نتیجہ نکال کر تمہارے سامنے رکھ دینگے کہ تمہارا مسیح موعود متضاد باتیں کرتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ متضاد باتیں کرنے والا جھوٹا ہوتا ہے۔ اس کا نتیجہ کیا؟

اگر گویم زبان سوزد

رئیس قادیان

مصنفہ مولوی ابو القاسم صاحب رفیق دلاوری مصنف "ائمہ تلبیس"۔ فلیمنگ روڈ۔ لاہور

مرزا صاحب کی زندگی کے حالات ہم نے مستند حوالے دیکر ایک کتاب "تاریخ مرزا" میں جمع کر دئیے تھے۔ جو مختصر مؤرخانہ صورت میں ہے۔ کتاب زیر تبصرہ بہت بسیط کتاب ہے۔ مرزا صاحب کی زندگی کے حالات اس میں مفصل مرقوم ہیں جو مصنف نے بڑی محنت سے جمع کئے ہیں۔ گو بعض جگہ مناظرے اور مجادلے سے بھی کام لیا ہے، مگر مجموعی حیثیت سے کتاب اس موضوع پر جامع ہے۔

قیمت قسم اول عہ قسم دوم ۸؎۔ محصول ۱ر (۱) مصنف مذکور۔ (۲) دفتر اہلحدیث امرتسر

ایک مبشر خواب

(مرسلہ شیخ عبد الرحمان صاحب از صدر بازار پشاور)

میرے دوست ملاں غلام رسول قادیانی جال میں تقریباً پھنس ہی گئے تھے۔ ان کی امداد کرنے والا آپکا کلام یا تحریر جو اخبار "اہلحدیث" میں ہوتی ہے وہی ہے قادیانیوں نے ان کو مذبذب کر دیا تھا۔ اخبار مذکور انکو راہ راست پر لاتا تھا۔ آخر انہوں نے استخارہ کیا جو وہ بیان کرتے ہیں۔ تحریر ہے:۔

بیاس میں جو سڑک امرتسر کو آتی ہے اسکے دونوں طرف کثرت سے ہجوم ہے۔ مگر ننانوے (۹۹) فیصدی مسلم ہیں ایک سکھ بھی ہے۔ غلام رسول بھی اس سڑک پر جا نکلا دریافت کیا کہ لوگ اس قدر کیوں جمع ہیں۔ ایک معمر آدمی نے جواب دیا کہ محمد رسول اللہ کی سواری آ رہی ہے میں بھی سڑک کی طرف متوجہ ہو گیا۔ مجھے فوراً خیال آیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی بھی تو اس وقت نہیں ہے وہ بھی ہمراہ ہوگا۔ ادھر ادھر تلاش کیا مگر نہ ملا۔ آخر آپ کی سواری قریب آ گئی۔ آپ کا رعب اس قدر تھا کہ کسی کو مجال نہ تھی کہ آنکھ اٹھا کر دیکھ سکے۔ آپ اعلیٰ درجے کے گھوڑے پر سوار تھے۔ جناب مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب پیادہ گھوڑے کی باگ ڈور کو ہاتھ میں لئے ہوئے لوگوں کی طرف اشارہ کر رہے تھے۔ لوگو! یہ ہیں ہمارے نبی ہمارے رسول ہمارے آقا۔ بعض آدمیوں کو بلا کر ملاقات بھی کراتے۔ جب میرے نزدیک آئے تو مولانا نے رسول خدا سے میری سفارش کی۔ آپ نے مسکرا دیا۔ لوگوں کا ہجوم بہت بڑھ گیا۔ سواری آگے چلی گئی۔ پیچھے چند آدمی نظر آئے۔ ان میں مرزا غلام احمد قادیانی ایک گول دائرہ بنا کر کھڑے تھے اس حال کو دیکھ کر گھبراہٹ میں مجھے جاگ آ گئی۔ فقط۔

ف اسی طرح کا خواب مولوی غلام رسول (رسل بابا صاحب مرحوم) امرتسری نے بھی دیکھا تھا۔ خدا کی رحمت سے امید ہے کہ ان خوابوں کو ہم دونوں (غلام رسول اور ثناء اللہ) کے حق میں بشارت حقیقیہ بنا لیگا۔ (اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

بریلوی مشن

کیا سورہ یوسف میں عشق مجازی کی کہانی ہے

(از قلم مولوی محمد عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

خدا ستیاناس کرے اندھی تقلید کا جو کچھ بھی سوجھنے نہیں دیتی۔ اپنی کھاد تقلید میں آکر سیدھی اور صحیح بات کو انسان غلط کہدیتا ہے۔ اخبار "اہلحدیث" ۲۸ نومبر ۱۹۴۷ء میں ہمارے دوست مولوی عبدالعزیز کوٹلوی نے ایک واعظ کی وعظ کا ذکر کیا کہ واعظ (مولوی نور حسن سیالکوٹی) نے کوٹلی میں وعظ کہا اور دھوبی کے لڑکے کا قصہ بیان کیا کہ وہ شہزادی پر عاشق ہؤا۔ عشق میں سرد آہیں بھرتا ہؤا مرگیا۔ شہزادی کو پتہ چلا تو وہ قبر پر گئی۔ قبر پھٹ گئی اور معشوقہ عاشق سے جاملی۔

یہ واقعہ بیان کرکے افسوس کیا کہ یہ واعظ عشق مجازی کی کہانیاں بیان کرکے سامعین کو کیا سکھانا چاہتے ہیں۔ اس پر خود واعظ مذکور تو خاموش رہے البتہ ان کا ایک چیلا ملک (آسمانی نہیں زمینی) عبدالعزیز بول اٹھا۔ یہ تناسب خوب ہے کہ تردید میں بھی عبدالعزیز ہیں اور تائید میں بھی عبدالعزیز۔ ہردو عزیز کے بندوں میں ہم دخل نہ دیتے اگر ایک لچر قصہ کو صحیح کرنے کیلئے قرآن مجید کو پیش نہ کیا جاتا۔ چنانچہ ملک سیالکوٹی کی طرف سے اخبار "الفقیہ" میں حسب ذیل الفاظ چھپے ہیں!

تمہارے ہاں قرآن پڑھتے ہوئے اس سورت (یوسف) کو چھوڑ دیتے ہیں۔ اگر نہیں تو کیا اس میں عشق مجازی کی کہانی نہیں ہے؟

بے ملکہ ملک صاحب! سنو اور غور سے سنو!

قرآن پاک ایسی لغویات سے پاک ہے۔ اس میں عشق کی تلقین نہیں، ترغیب نہیں نہ تحسین ہے۔ بلکہ تردید ہے۔ مگر ملک صاحب اپنے مولوی کی کورانہ تقلید میں ایسے کور ہوئے ہیں کہ قرآن مجید جیسی مقدس کتاب پر بھی ہاتھ صاف کردیا۔ کہ جو کہانی ہمارے مولوی نے بیان کی ہے وہ قرآن میں ہے۔

لطیفہ | ایک کبڑی بڑھیا کو کسی نے پوچھا کہ تو کیا چاہتی ہے۔ تیری کبڑی کمر سیدھی ہوجائے یا تمام جہان تیرے جیسا کبڑا ہوجائے۔ کم عقل بڑھیا نے جواب دیا کہ جہان میرے جیسا کبڑا ہوجائے۔

ٹھیک اسی طرح یہ لوگ اپنے واعظین کی غلط روش کو سیدھا کرنا نہیں چاہتے۔ قرآن مجید کو ان کی روش کے مطابق مشہور کرتے ہیں۔ انا للہ!

ملک صاحب! اب بھی خدا سے ڈرو اور اپنے کلمات سے توبہ کرو۔ قرآن مجید کو عشق مجازی کی کہانی سے ملو کرنا بہت بڑا کلمہ ہے۔ ہم ناصحانہ کہتے ہیں کہ فوراً رجوع کرو اور خدا سے معافی مانگو اور اعتقاد رکھو کہ قرآن مجید حکیمانہ کلام ہے۔ عشق مجازی مجنونانہ بڑ ہے۔ حکمت کی کلام کو جنون سے کیا واسطہ۔ فافہم و لاتکن من المجانین الغافلین۔

اثبات التوحید۔ قاضی فضل احمد لدھیانوی نے اپنی کتاب "انوار آفتاب صداقت" میں جماعت اہلحدیث کے اکابرین اور علماء دیوبند پر کفر کا فتویٰ لگایا ہے۔ اسکے جواب میں قریباً تیس مختلف مسائل پر بحث کرکے قرآن حدیث کے نصوص قطعیہ کی رو سے قاضی مذکور کے اعتراضات کا دندان شکن جواب دیا ہے۔ قیمت عہ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

ترجمان وہابیہ۔ جدید اڈیشن۔ مصنفہ نواب صدیق حسن خان صاحب مرحوم۔ اہل بدعت نے جماعت اہل حدیث کے متعلق سادہ اور کم علم حضرات میں مختلف قسم کے شکوک ڈال دیئے تھے۔ ان شکوک اور اعتراضات کا جواب ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت صرف ۴ر
ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

سلسلہ تبلیغ اہل حدیث

کے

معاونین وشائقین

حضرات! "جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب" کی بنیاد رکھنے سے غرض یہ تھی کہ جماعت اہل حدیث اپنے مرکز توحید و سنت پر قائم رہ کر عملی طور پر داعی الی الخیر ثابت ہو۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ نے حجۃ الوداع میں حاضرین کو فرمایا تھا:-

اَلَا لِیُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ (صحیح بخاری)

یعنی جو (اس وقت) حاضر ہیں وہ غائبوں کو (میرا سکھایا ہؤا دین) پہنچادیں"

لیکن زمانہ حال کی سیاسی تحریکیں کچھ ایسی طرح واقع ہوئی ہیں کہ مسلمان عام طور پر بجائے دین میں مضبوط ہونے کے دین سے بے پرواہ ہو رہے ہیں۔ اور بجائے متفق ومنظم ہونے کے مختلف پارٹیوں میں منقسم ہو رہے ہیں

ع مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

کا معاملہ ہو رہا ہے۔ جماعت اہل حدیث بھی زمانہ کے اس اثر سے محفوظ نہ رہ سکی۔ چنانچہ وہ بھی مختلف پارٹیوں (احراری، خاکساری، مسلم لیگی، اور کانگرسی) میں بطور ماتحت رعیت کے داخل ہوکر اپنا پرانا اور بنیادی اور امتیازی سبق **توحید و سنت** بھی بھول گئے۔ سیاسی جلسوں میں بینڈ باجے بج رہے ہیں، غیر اللہ کے نام کے نعرے لگ رہے ہیں۔ نمازیں ضائع ہورہی ہیں اور افراد اہل حدیث نہایت جوش اور مسرت سے بدیں خیال رضاکارانہ خدمات بجالا رہے ہیں کہ اس طریق سے ہم کو دہلی کا **تخت واپس مل جائیگا۔**

(۲) جماعت اہل حدیث کو ایسی حالت میں دیکھ کر مجھے تاسف ہؤا اور جناب مولانا صاحب امرتسری سردار اہل حدیث (مد ظلہ) سے مشورہ کرکے اور خدا پر بھروسہ کرکے اس جمعیۃ کی بنیاد رکھی گئی۔ پہلے پہل تبلیغی دورے کرکے طبائع کو ٹٹولا تو خدا کے فضل سے جماعت کو عام طور پر اپنے سبق پر عمل کرنے کے لئے مستعد پایا۔ گویا کہ وہ کسی

جوابات نصاریٰ۔ ع۔ عیسائیوں کے اعتراضات (۳۴) کا جواب۔ قیمت ۸ر ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

بھانے والے کے اختیار میں تھے۔ جب اسی طریق سے مختلف مقامات پر جمعیۃ کے جلسے ہوتے رہے۔ تو میرا حوصلہ قوی ہوگیا۔ والحمد للہ۔

(۳) اس کے بعد جناب مولانا صاحب مکرم کے مشورے سے قرار پایا کہ تقریری تبلیغ کے علاوہ تحریری تبلیغ کیلئے سردست ایک غیر موقت الشیوع ماہوار رسالہ جاری کیا جائے جس کے سلسلے میں تین نمبر اسوۂ حسنہ۔ فلسفہ ارکان اسلام اور توحید الٰہی اور مسنون زندگی۔ طبع کرا کر مفت تقسیم کئے گئے۔ الحمد للہ کہ یہ تینوں رسالے قوم میں بے حد مقبول ہوئے چونکہ جمعیۃ کے خزانہ میں علی التواتر مفت تقسیم کرنے کی گنجائش نہ تھی۔ اس لئے جناب مولانا صاحب کے مشورے سے برائے نام اس کی سالانہ قیمت ایک روپیہ مقرر کی گئی۔

ماہ شعبان میں (نمبرات ۴۔۵۔۶) بصورت رسالہ امام زماں یک جا نکالے گئے۔ جو اپنی نوعیت میں اردو زبان میں پہلا رسالہ ہونے کی وجہ سے بے حد مقبول ہوا اور نیک گمان رکھنے والے احباب کی طرف سے آفرین و احسنت کے خطوط آنے لگے۔ والحمد للہ علیٰ ذلک۔

ماہ رمضان میں آنحضرت ؐ کا خطبہ رمضان چکنے کاغذ پر مختلف رنگوں سے چھاپ کر ہدیہ ناظرین کیا گیا وہ بھی خدا کے فضل سے اپنی طرز میں نیا ہونے کی وجہ سے نہایت پسند کیا گیا۔

اب نمبرات (۷۔۸۔۹۔۱۰) میں نہایت ضروری مضامین متعلق "مہدی منتظر اور مجدد دوراں" چھپ رہے ہیں۔ خدا کے فضل سے یہ بھی اپنی صورت میں امتیازی جگہ لیں گے۔ ناظرین دیکھ لیں گے کہ اردو زبان میں اب تک یہ مضامین اس طریق پر یک جا نہیں لکھے گئے۔ لیکن خزانہ کا یہ حال ہے کہ وہ ان موجودہ زیر طبع نمبروں کے خرچ کی ادائیگی سے قاصر ہے۔ ان کی کتابت و طباعت پر ایک کثیر رقم خرچ ہوتی ہے۔ ہر سہ رسالہ (امام زماں۔ مہدی منتظر۔ مجدد دوراں) ۱۱۲ صفحات پر ختم ہوئے ہیں۔ اور تینوں کا ٹائٹل عمدہ کاغذ پر چھپا کر لگایا گیا ہے اور فہرست مضامین کی مفصل دی گئی ہے۔ ان کی طباعت کا سارا خرچ ابھی تک دفتر جمعیۃ کے ذمہ ہے جس کے تحمل کی اس میں طاقت نہیں۔ لہٰذا اہل وسعت قدردان احباب سے امید ہے کہ جو تجویز میں نے اخبار "اہلحدیث" میں گذشتہ ایام میں قوم کے سامنے پیش کی تھی وہ اس پر عمل کریں گے۔ یعنی یہ کہ پانچ صاحبان ہمت سال بھر تک تیس روپے ماہوار کا خرچ اپنے ذمہ لے لیں۔

انشاء اللہ اس تجویز سے رسالہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جائیگا اور ہر خواہشمند صاحب کو بقیمت ایک روپیہ سالانہ پہنچ جایا کریگا۔ اور سلسلہ قائم رہے گا۔

تنبیہ :- اندازہ تیس روپے ماہوار کا لگایا گیا تھا لیکن واقعہ سے معلوم ہوا کہ خرچ ۳۵ روپے ہوتے ہیں تیس روپے والی تجویز پر اب تک صرف دو صاحبوں نے عمل کیا ہے :-

(۱) میاں بدر الدین صاحب کشمیری از مقام تجہ خرد ضلع گورداسپور۔ ۳۰

(۲) میاں اللہ دتا صاحب سوداگر چرم امرتسر ۲۷

یہ رقوم صرف دو ماہ کے لئے تھیں جو خرچ ہو چکیں مطبع کی باقی رقوم جو ابھی واجب الادا ہیں انکی ادائیگی اور آیندہ کے مصارف کی طرف قوم کے اہل ہمت احباب کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ وہ بھی اپنے مذکورۃ الفوق دو بھائیوں کی طرح ایثار سے کام لیں۔

تبلیغ اہل حدیث کے ہر حامی کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ اس سلسلہ کو مضبوط کرنے کے لئے سالانہ خریدار بنانے میں کوشش کریں۔

(۵) سالانہ چندہ صرف ایک روپیہ ہے۔ جو گراں نہیں ہے۔ اور بہرحال پیشگی وصول ہونا لازم ہے۔ بغیر اس کے رسالہ جاری نہیں ہو سکتا۔ وی پی بھیجنا یا چند مدت بعد وصول کرنا تو کجا یہاں تو نمونہ بھیجنے کا بھی دستور نہیں ہے لوگوں کی صورت معاملہ نے ایسے سلوک پر مجبور کر دیا ہے۔

(ب) اس سلسلہ کی اعانت کی ایک اور صورت بھی ہے کہ بعض اہل ہمت احباب بجائے ایک روپیہ سالانہ دینے کے تین روپے یا پانچ روپے یا ۱۲ روپے ماہوار ادا کریں۔ ان کو ان کی رقم کے حساب سے رسالوں کی اتنی ہی تعداد بھیجی جایا کریگی۔ جن رسالوں کو اپنی مرضی کے مطابق مفت تقسیم کرتے رہیں۔ تاکہ اشاعت بھی عام ہو جائے اور سلسلہ کو بھی امداد پہنچے۔

(ج) "مہدی منتظر" اور "مجدد دوراں" والے نمبر جو چھپ رہے ہیں۔ طبع ہونے پر مستقل خریداروں کو جن کی قیمتیں وصول ہو چکی ہیں بغیر طلب کے خود بخود (انشاء اللہ) پہنچ جائیں گے۔

(د) ان جو مستقل خریدار نہیں اور رسالہ طبع ہونے پر ٹکٹ بھیج کر منگوایا کرتے ہیں اور وہ رسالہ "امام زماں" منگوا چکے ہیں۔ وہ خاص ان دو نو طبع رسالوں کے لئے موازی پانچ آنہ کے ٹکٹ ڈاک خانہ کے[1]۔ لفافہ میں بند کر کے مولوی عبد اللہ صاحب ثانی ناظم جمعیۃ کو امرتسر دفتر جمعیۃ ڈھاب کھٹیکاں میں بھیجدیا کریں۔ ان کو ان رسائل کے ساتھ سب کا جامع ٹائٹل بھی بھیج دیا جائے گا۔

(ھ) ان کے علاوہ جو صاحب نئے سالانہ خریدار بننا چاہیں وہ بھی مبلغ ایک روپیہ بذریعہ منی آرڈر پتہ مذکورہ بالا پر بھیج دیں۔

(و) اور جنہوں نے ابھی رسالہ "امام زماں" نہیں منگوایا بلکہ وہ ہر سہ رسائل یک جا منگوانا چاہتے ہیں وہ عمر کے ٹکٹ لفافہ میں بند کر کے پتہ مذکورہ پر مولوی محمد عبد اللہ صاحب ثانی ناظم جمعیۃ کو بھیجدیں۔ وہاں سے انکو رسالے پہنچ جائینگے۔

(ز) دریافت طلب امر کے جواب کے لئے جوابی کارڈ یا لفافہ میں ارکے ٹکٹ لازم ہیں۔ ورنہ جواب نہ ملنے کی شکایت معاف۔

آپ کا صادق۔ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی
صدر جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب

تفسیر واضح البیان ۔ از مولانا ابراہیم سیالکوٹی۔ قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب بیان کیا ہے۔ قابل دید ہے بے جلد ۸ ۔ مجلد ۱۰ ۔ پتہ :- مینیجر اہلحدیث امرتسر۔

---

[1] بعض احباب ناواقفی کی وجہ سے رسیدی ٹکٹ بھیجدیتے ہیں وہ ایسا نہ کیا کریں۔ بلکہ خطوں میں ڈاک میں کام آنیوالے ٹکٹ بھیجا کریں۔

زیارت القبور۔ (اردو ترجمہ) مع متن عربی۔ از علامہ ابن تیمیہ۔ قبر پرستی کے رد میں۔ قیمت ۹ (مینیجر اہلحدیث)

انقلاب زندہ باد

(از قلم شاکر صدیقی صاحب مقیم مرس - ضلع گیا)

اللہ اکبر - دنیا میں انقلاب برپا ہے - مگر آہ صد آہ کہ جو دنیا میں سب سے بڑا انقلاب ہے اس کے نام لیوا بےحسی کی گھاٹیوں میں لڑھکتے جا رہے ہیں۔

آپ کہیں گے کہ تم غلط کہتے ہو، تمہاری باتیں تمہاری بدحواسی کا آئینہ ہیں۔ تم کس پر برس رہے ہو؟ کیا تمہاری مراد جماعت اہل حدیث سے ہے؟ تو سنو اور گوش ہوش سے سنو! جماعت اہل حدیث کی سینکڑوں انجمنیں قائم ہیں، جماعت اہل حدیث کے بیسیوں آرگن ہیں، جماعت اہل حدیث کے سینکڑوں مدارس ہیں اور جماعت اہل حدیث میں ہزاروں علماء ہیں۔

ممکن ہے کہ ان تعداد و شمار کو پیش کرکے آپ مجھے مرعوب کرنا چاہیں، میری زبان پر مہر سکوت لگانے کی سعی کریں۔ مگر جناب والا آپ سے میرا ایک اور عرض ایک سوال ہے کہ کیا اسلام کی ہمہ گیری کو یہ انجمنیں پیش کر رہی ہیں؟ کیا اسلامی وسعت کی اشاعت کے لئے ان آرگنوں کے صفحات وقف ہیں؟ کیا عام اسلامی مفاد کے لئے ان علماء کی تگ و دو ہے؟ اور واضح طور پر سنئے پھر کیا جہاں کے مسلمانوں کو یہ بھی پتہ نہیں کہ ہم کیوں مسلمان کہے جاتے ہیں۔ وہاں اسلامی آواز پہنچانے کیلئے ان انجمنوں نے کوئی بھی موثر اقدام کیا؟ آپ فرمائیں گے تم عجیب محیر العقول آدمی ہو، کیا تمہارے سر اس کا ذمہ نہیں؟ تو جناب محترم معاف فرمائیگا۔ اولاً آپ کو یہ سمجھنا چاہیے کہ یہ کام ایک فرد کا نہیں۔ دوسرے یہ کہ آپ میرے مافی الضمیر کو سمجھنے کی کوشش فرمائیں۔

میں یہ چاہتا ہوں کہ ایک مرکز کے ماتحت منظم طور پر یہ کام ہونا چاہیئے۔ کوشش کیجئے، ہمت سے کام لیجئے۔ اپنی کانفرنس کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کیجئے۔ آپ کے دعاوی فرقہ بند - مسلمانوں سے کہیں زیادہ ہیں، آپ خالص و مخلص مسلمان ہیں۔ لہذا آپ پر ذمہ داریاں بھی زیادہ ہیں۔ آپ باہمی الجھنوں میں رہتے ہوئے بھی اپنے متحدہ پلیٹ فارم پر مجتمع رہیں کہ آج اسکی اشد ضرورت ہے۔ آپ کوشش کیجیے کہ مذہبی و سیاسی باگ ڈور آپ کے ہی ہاتھوں میں رہے۔ ہندوستان کے ہر ہر اسلامی چپہ چپہ پر آپ اسلامی آواز پہنچائیں۔

اے میرے جوان ہمت بزرگو اور اے میرے جوان سال بھائیو۔ تمہیں کسی بھی قانون بنانے کی ضرورت نہیں۔ تمہیں کسی بھی نصب العین کے انتخاب کی ضرورت نہیں۔ تمہیں کسی بھی غرض و مقصد سوچنے کی ضرورت نہیں کہ یہ سب امور اسلام نے طے کرکے تمہارے روبرو رکھ چھوڑے ہیں۔ تمہیں صرف حرکت کرنے اور مجسمۂ عمل بننے کی ضرورت ہے۔ اگر میری صدا پر لبیک کہو تو ایک مشورہ عرض کروں کہ ہندوستان کے مرسہل الحصول علاقوں سے چوبیس چوبیس افراد منتخب کرو، جو جوان سال ہوں یا نہ ہوں، جوان ہمت ہوں۔ ہر فرد ملت اسلامیہ صحیح اور ٹھوس خدمت کے لئے سال میں پندرہ دن وقف کرے اور ان مقامات میں پہنچے جہاں نہ کوئی خالص اسلامی مبلغ جاتا ہے۔ مگر میری اتنی بات یاد رکھو کہ سب سے پہلے تم جماعتی نظام اور اپنی مرکزیت کو مضبوط سے مضبوط کرلو جو مشاہیر جماعت ہیں ان کو اپنا مشیر کار بناؤ۔ اور وہ تمہیں جس نظم و نسق کے ساتھ چلائیں اس طرح چلو۔

میں اپنی درد مندانہ آواز مندرجہ ذیل درد مندان اسلام کو پہنچاتا ہوں۔ کیونکہ اب مجھے اس کے کہنے کی ضرورت نہیں کہ گرما گرم تقریروں اور زوردار تحریروں کی ضرورت نہیں کہ اب یہ بات عام ہو رہی ہے۔ ہاں مجھے یہ کہنے کی ضرورت ہے کہ بھائیو! خدارا کچھ کام کرو۔ قوت عمل سے کوشش کرو۔

ہمارے مخاطبین کی فہرست

مولانا قمر صاحب بنارسی مولانا صوفی عبداللہ صاحب خانپوری۔ مولانا اسلم صاحب خانپوری۔ مولانا سید عبدالحفیظ صاحب سلفی گیاوی مولانا عبدالودود صاحب سلفی کھریانوی۔ مولانا عبداللہ صاحب شائق مئوی۔ مولانا سید عبدالرحیم صاحب رحمتی مولانا حافظ بشیر الدین صاحب بانکوی۔ مولانا حکیم محمد عزیز صاحب رانگھوپوری۔ مولانا محمد اسحاق صاحب رانگھوپوری خلف مولانا کفایت حسین صاحب مرحوم عظیم آبادی (آپ کا اسم گرامی مجھے یاد نہیں)۔ مولانا محمد دبیر صاحب ندوی کھریانوی۔ مولانا عبداللہ صاحب عقیل مئوی۔ مولانا سید شاہ احمد حبیب صاحب ندوی پھلواروی۔ مولانا شاہ محمد ہارون صاحب پھلواروی۔ مولانا زین العابدین صاحب ڈھاکوی۔

سر دست میں اتنے ناموں پر ہی اکتفا کرتا ہوں۔

اخبار ہذا میں جن صاحب کی نظر ان اسماء پر پڑے اگر وہ ہمارے کسی مخاطب سے ملیں تو میرے مشورہ کا تذکرہ اُن سے ضرور کر دیں۔ ان مخاطبین میں سے کوئی ہے جو میری صدا پر لبیک کہے۔ ؎

دانی کہ چیست دولت دیدار یار دیدن
درکوئے او گدائی بر خسروی گزیدن

مدیر میں اپنے احباب کی ہمدردی اور جماعتی غمگساری کا قدردان ہوں۔ اس لئے واقعات گذشتہ انکے سامنے رکھتا ہوں، جن سے ثابت ہوگا کہ ہم نے مرکزی نظام کے لئے کیا کیا کوششیں کیں۔

"ناظرین اہلحدیث" کو یاد ہوگا کہ اسی اخبار میں اہل حدیث کانفرنس کی تحریک کی جو خاص حضرات کی توجہ سے آرہ میں قائم ہوئی۔ اس کے بعد مولانا عبدالعزیز صاحب رحیم آبادی مرحوم کی سرکردگی اور مولانا سیالکوٹی کی ہمراہی میں بنگال، یوپی اور پنجاب کا دورہ کرتے ہوئے دہلی کو صدر مقام بنایا۔ اس کے بعد اس کانفرنس کی دھوم اور دھاک سارے ہندوستان میں پہنچی۔ کلکتہ، مدراس جیسے دور دراز مقامات میں جلسے ہوئے، واعظ رکھے گئے، رسائل کی تصنیف کا سلسلہ شروع ہوا۔ یہ مرکزی کام نہ تھا تو کیا تھا؟ اگر جماعت اہل حدیث مرکزی نظام کی دلدادہ ہوتی تو اس سلسلہ کو قوت پہنچاتی جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ آج یہی کانفرنس ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں توحید و سنت کی اشاعت کر سکتی۔ مگر کیوں نہ کی؟ اس کا جواب ایک اور صرف ایک ہے کہ امیران اہل حدیث کی سرد مہری باہمی رنجشیں، دینی یا دنیوی کشمکش کا وجود۔

(۲) علاوہ اس کے سیاسی اغراض کے تحت اہل حدیث لیگ کی تحریک بھی جو قائم بھی ہوئی۔ اور کارکنوں کے ہاتھ اس کی باگ ڈور دی گئی۔ اس کا حشر بھی کیا ہوا ؟ عیاں را چہ بیاں۔

اسی اثناء میں اہل پنجاب کے اعیان اہل حدیث نے اپنی حسن ظنی سے خاکسار کو بمقام لاہور سردار منتخب کیا۔ تاکہ پنجابی جماعت کا شیرازہ بندھا رہے۔ اس کا انجام کیا ہوا ؟ میں اپنے الفاظ میں نہیں بتاتا۔ ایک مخالف رائے اخبار سے بتاتا ہوں۔ جس کے الفاظ یہ ہیں :-

مولوی ثناء اللہ بالاتفاق سردار مقرر ہوئے
انہوں نے احکام جاری کئے۔ قوم نے
بے فرمانی کی۔ (تنظیم یکم مئی ۳۳ء)

اس کے علاوہ بارہا تحریک کی کہ ہر بستی میں انجمن اہل حدیث قائم کریں۔ جواب میں بجز معدودے چند کے صدائے برنخواست۔ پھر تحریک کی کہ صوبہ وار انجمنیں بنائی جائیں مگر کامیابی نہ ہوئی۔

گذشتہ انتخاب پنجاب کے موقع پر "اہلحدیث" میں تحریک کی۔ جلسہ جمعیۃ تبلیغ میں اسکی تکمیل کرائی کہ جماعت اہل حدیث کا ایک انتخابی بورڈ بنایا جائے۔ چنانچہ بنایا گیا۔ اس نے کام بھی کیا۔ اس سے فراغت پا کر جن اصحاب کے ہاتھ میں یہ کام دیا گیا تھا میں نے ان کو بزور توجہ دلائی کہ اسی بورڈ کو اہل حدیث کی سیاسی انجمن (اہل حدیث لیگ) بنا دیا جائے۔ یہ آواز بھی صدا بصحرا ثابت ہوئی۔ یہ واقعات بتانے سے میری غرض یہ ہے کہ ہم محرکین خاموش نہیں ہیں۔ متحرکین میں خاص انجماد ہے کہ وہ حرکت قبول نہیں کرتے۔

میں نے اس کی تہ کو یوں پایا ہے کہ افراد اہل حدیث امور عامہ پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔

یہ ایک طالب علمانہ اصطلاح ہے۔ عام فہم تشریح یہ ہے کہ افراد اہل حدیث عام ملکی تحریکات مثل کانگریس یا عام اسلامی مثل خلافت احرار یا مسلم لیگ وغیرہ میں مشغول ہو کر خالص توحید و سنت کی اشاعت سے غافل ہو گئے۔ اور ہو رہے ہیں۔ انا للہ !

اطلاع آئندہ اپریل کی تو دو تاریخ ہے ... [illegible]

چوڑیاں (امرتسر سے ۱۹ میل) میں اہل حدیث کانفرنس کا جلسہ ہے۔ آپ اور دیگر ہمدردان شریک ہو کر اپنا درد دل سنائیے۔ اور اس کی ابتدا اس شعر سے کیجئے ؎

سنے جو نکے چمن میں سیکڑوں نالے ہزاروں کے
کلیجہ تھام لو اب دل جلے فریاد کرتے ہیں

شیعوں کے افسانے

(نمبر ۱۹)

(مرقومہ ملک ہدایت اللہ صاحب وزیر آبادی)

گذشتہ نمبر میں یہ عرض کیا گیا تھا کہ شیعوں کے امام مہدی جو غار سرمن رائی میں قریباً گیارہ صد سال سے روپوش چلے آتے ہیں۔ جب صرف تین سو تیرہ[۳۱۳] شیعہ مؤمنین ان کے پاس جمع ہو جائیں گے تو حضرت امام صاحب سامرہ کے جزیرہ سرداب کے غار سرمن رائی سے باہر تشریف شریف ضرور لے آئیں گے۔

اس وقت دنیا میں کتنے کروڑ شیعہ ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمیں اس کا صحیح علم نہیں۔ ہاں شیعوں کا اخبار درنجف سیالکوٹ اپنے سرورق پر ایک عرصہ سے ہندوستان میں تین کروڑ شیعوں کا اعلان کرتا چلا آتا ہے اور ضرورت صرف تین صد تیرہ کی ہے۔ ہندوستان سے ہی اگر شیعان حیدر کرار سے صرف ایک کس فی لاکھ مؤمن نکل آئیگا تو تعداد قریباً پوری ہو جائے گی۔ اور یہ محال ہے کہ ایک لاکھ شیعوں میں سے ایک بھی مؤمن نہ ہو۔ تاہم احتیاطاً ضروری ہے۔ ایسا نہ ہو کہ حضرت امام سے مل کر مایوس لوٹنا پڑے اس لئے بہتر یہ ہے کہ ایک کس کی بجائے ۲ کس فی لاکھ کا انتخاب کیا جائے۔ تاکہ حضرت امام منتخبہ اصحاب سے اگر سو دو سو کافر نکال بھی دیں تو بھی تین سو تیرہ سے کمی نہ ہو۔ پہلے ہی گیارہ سو سال تو پہلے منہ چھپائے ہو چکے۔ اب کے اگر چوک گئے تو شائد گیارہ ہزار سال گزر جائیں۔ اُدھر (شیعوں کے) رسول خدا بارہ اماموں کے دوبارہ دنیا میں آکر ظالموں سے بدلہ لینے کے لئے بیتاب ہو رہے ہونگے۔ اِدھر تین سو تیرہ کے تین تیرہ ہو رہے ہیں۔ دریں حالت اگر ہم تمام ہندوستان کے شیعوں کو ... کر تین صد تیرہ مؤمنین انتخاب کرنے کی مہمت ... چھوٹ جائیں۔ جو بھی تین صد تیرہ پہلے آ جائیں وہی رجسٹرڈ مؤمنین ہو جائیں۔ ایسے رجسٹرڈ کہ ان کا ہر فرد (شیعوں کے) رسول خدا کے ہم مرتبہ ہو اور حضرت امام بجائے انتخاب کرنے کے خود ہی ہر ایک کی قدمبوسی اپنا شرف خیال کریں تو آپ خدا لگتی کہیں کہ ایسے نسخہ پر شیعہ مؤمنین جس قدر بھی ہمارے مشکور ہونگے کم نہ ہوگا ؟ کہ حضرت امام کے سامنے بجائے مؤمنین پیش ہونے (شیعوں کے) اشرف الانبیاء پیش ہو رہے ہیں ؎

پھول ذرے کہکشاں تار شفق قوس و قزح
نذر لایا ہوں تیرے حسن فراواں کے لئے

اچھا تو نسخہ سنئے !

پہلے صلوٰۃ پڑھئے۔

اللھم صلی علی محمد و علی آل محمد (بآواز بلند)

گو ہم نمبر گیارہ میں یہ نسخہ مختصر طور پر درج کر چکے ہیں مگر شیعہ غریب کیا جانیں کہ اس مرض کے لئے یہ نسخہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اس عجیب و غریب نسخہ کو علامہ طبرسی نے مجمع البیان میں تحریر فرمایا ہے اور منہج الصادقین ... پر بھی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔ سبحان اللہ !

"من تمتع مرۃ کان درجۃ کدرجۃ الحسین الخ"
یعنی ایک بار متعہ[۱] کرنے سے درجہ امام حسین کا ملتا ہے۔ دو بار متعہ کرنے سے امام حسن کا اور تین بار متعہ کرنے سے درجہ جناب علی کا اور چار مرتبہ متعہ کرنے سے درجہ (شیعوں کے) رسول خدا کے برابر حاصل ہوتا ہے۔ اور ایک درجہ ...

[۱] متعہ کے بارے میں ... [illegible] ... اہلحدیث

ahmadimuslim.de

پکڑنے سے تمام گناہ انگلیوں کے پوروں سے نکل پڑتے ہیں اور غسل جنابت کے پانی کے قطرے سے اللہ تعالیٰ فرشتے پیدا کرتا ہے جو اسکی تسبیح و تقدیس کہتے ہیں اور ثواب اس کا قیامت تک اس کو ملتا رہیگا"

لیجئے! نسخہ تیار ہے۔ صرف ایک صد چار شیعہ مومنات تین صد تیرہ شیعہ مومنین کو ایک ہی دن میں (شیعوں کے) رسول خدا کے ہم مرتبہ بنا دیتا ہے۔ اب ایک مومنہ کے ساتھ تین تین مومن باری باری رو بہ کربلا معلّٰی ہو کر چار چار بار اس مبارک وظیفہ کو گردانیں۔ بس یقین کیجئے کہ اب یہ سب چار صد سترہ (۴۱۷) اشخاص گویا کہ (شیعوں کے) رسول خدا کے برابر ہو گئے ہیں۔ اب یہ مرسلین مطہرین کا بزرگ و برتر گروہ غار سرمن رای میں تشریف لے جائے بہتر یہی ہے کہ حضرات مرسلات بھی ساتھ تشریف مبارکہ لیجائیں تاکہ امام مہدی کو ان کے مراتب نبوت اور رسالت میں اگر کچھ بھی شک ہو تو وظیفہ کا ایک پاکیزہ اور مبارک دور اُن کے سامنے بھی فوراً دوہرایا جائے۔ لیجئے یہ دوہرانے والے حضرات اس وظیفہ مبارک کے دوہرانے سے اب ان کا رتبہ (شیعوں کے) رسول خدا سے بھی گویا دگنا ہو گیا۔ شک و شبہ کی گنجائش نہیں؟ لاحول ولا! بھئی حساب کرکے دیکھ لو! ؎

ہر کہ شک آرد کافر گردد

جیسا کہ گذشتہ نمبر میں بحوالہ رسالہ رجعت اور جلاء العیون عرض کیا گیا ہے۔ ان سب حضرات کا اجتماع کوفہ شریف میں ہوگا اور وہاں مظلوم و مقہور حسین کے مظفر منصور جھنڈے کے نیچے ہندوستان پر بلہ بول دیا جائیگا۔ سب سے پہلے ایران آئیگا جو کہ پہلے ہی شیعہ مومنین کا ہے۔ اس لئے وہاں تو کسی کافر کو مومن بنانے یا قتل کرنے کی ضرورت پیش نہ آئیگی۔ البتہ افغانستان اور سرحد میں بہت سے سنی کافروں اور ہندو کافروں کو مومن بنایا جائیگا یا قتل کیا جائیگا۔ اب پنجاب کی باری آئیگی۔ جناب ایڈیٹر صاحب اخبار ذوالفقار سیالکوٹ کا جذبۂ ایمان اسی امر کا متقاضی ہے کہ وہ مع اہل و عیال کے مرسلین مطہرین مذکورہ بالا میں ضرور شامل ہونگے۔ وہ اپنی غریب کے حال زار پر جو ان کی آئے دن عنایات رہتی چلی آتی ہیں ضرور محرک ہونگی کہ وہ سب سے اول وزیر آباد میں وہابیوں کے سیکرٹری ثناء اللہ کی تلاش کریں۔ اور ذوالفقار حیدری کھینچ کر ایک نعرۂ حیدری لگائیں اور پھر رعد کی طرح گرج کر کہیں! ارے وہابی بول! تو ان پنج ارکان ایمان کو مانتا ہے کہ نہیں؟

(۱) دین کا $\frac{9}{10}$ حصہ تقیہ[1] میں ہے۔ (اصول کافی)

(۲) رونے۔ عون عون کرنے۔ منہ بسوڑنے اور سینہ کوبی کرنے سے نجات ابدی حاصل ہوتی ہے۔ (جلاء العیون)

(۳) درود پڑھنے سے مخالفین اہل بیت کو برا کہنا زیادہ ثواب رکھتا ہے۔ (اصول کافی)

(۴) چار بار متعہ کرنے سے انسان اشرف الانبیاء کے ہم مرتبہ ہو جاتا ہے۔ (منہج الصادقین)

(۵) وطی فی الدبر کرنا بالکل جائز اور حلال ہے۔ (فروع کافی)

؎ جامۂ احرام پہ داغ مئے گلرنگ دیکھ
گوشہ گیر خانقاہ کی شور بازاری نہ پوچھ

بھئی! کیا کریں! ملن کرتے ہیں تو ایمان جاتا ہے اور نہ کرتے ہیں تو جان جاتی ہے تو کیا ہم بھی شیعہ مومنین کی طرح نہ کریں کہ جان بھی بچ جائے اور ثواب کا بھی انبار لگ جائے۔ ہینگ لگے نہ پھٹکڑی۔ رنگ بھی خوب آئے۔ مگر فوراً ہی حضرت امام حسین علیہ السلام سامنے آجاتے ہیں کہ سنو! تقیہ بازی ناجائز ہے۔ دیکھو میں نے اس مردود (تقیہ) کو کس طرح جنگ کربلا میں قتل کرکے دفن کر دیا مگر جاہل لوگ اب بھی اس مدفون کا نام تقیہ شاہ کا روضہ رکھ کر پوجتے چلے جائیں تو اس میں میرا یا اسلام کا کیا قصور؟ ؎

جنوں کا نام خرد رکھ دیا خرد کا جنوں
جو چاہے تیرا حسن کرشمہ ساز کرے

(باقی آیندہ)

وید اور اس کے تراجم اور تفاسیر

(از پنڈت مقصود حسن صاحب چترویدی متوطن رڑکی)

(گذشتہ سے پیوستہ)

رگ وید کے متفرق ترجمے

رگ وید کا بہترین انگریزی ترجمہ پروفیسر ولسن نے غدر ہندوستان کے زمانہ میں کیا تھا جو چھ جلدوں میں لندن سے شائع ہوا ہے۔ پہلی چار جلدیں خود ولسن صاحب کی ترجمہ کی ہیں اور ان کے انتقال کے بعد پانچویں جلد پروفیسر کوول نے اور چھٹی جلد مسٹر ویبٹر نے پوری کی ہیں۔ اس ترجمہ کی بڑی خوبی یہ ہے کہ لفظاً بہ لفظاً ساین آچاریہ کی تفسیر سے ماخوذ ہے اور سرمو اوس سے تجاوز نہیں کیا گیا ہے۔ غرض کہ یہ نہایت خوب اور مستند ترجمہ ہے۔ مسٹر گرفتھ انہیں پروفیسر ولسن کے شاگرد تھے لیکن گرفتھ صاحب نے اپنے ترجمہ میں کہیں کہیں اپنے ذاتی علم پر بھی بھروسہ کیا ہے۔ اس لئے اون کا ترجمہ اتنا مستند نہیں سمجھا جا سکتا جتنا ولسن صاحب کا ہے۔

ولسن صاحب کے ایک دوسرے مشہور شاگرد پروفیسر میکس مولر نے بھی رگ وید کے کچھ گیتوں کا ترجمہ تین جلدوں میں کیا ہے۔ مسٹر میکس مولر یورپ کے سنسکرت دانوں میں سب سے زیادہ مشہور و معروف ہیں۔ انہوں نے اپنے اہتمام سے کتابوں کا ایک سلسلہ پچاس جلدوں میں شائع کیا ہے۔ یہ سلسلہ

Sacred Books of the East

یعنی مشرق کی کتب مقدسہ کے نام سے مشہور ہے۔ میکس مولر صاحب نے صرف ان گیتوں کا ترجمہ کیا ہے جو مروتوں یعنی ہوا کے دیوتاؤں کی تعریف میں ہیں اور سلسلہ مذکور کی ۳۲ ویں اور ۴۶ ویں اور ۴۸ ویں جلد ہو کر شائع ہوا ہے

رگ وید کی ایک تفسیر سوامی دیانند سرسوتی بانی آریہ سماج نے کی تھی۔ جو نو جلدوں میں ویدک یترالیہ اجمیر

---

[1] تقیہ کے معنی ہیں ظاہر کا باطن کے خلاف ہونا۔

شائع ہوئی ہے۔ وہ بھی ناکمل ہے۔ یعنی اس میں صرف سات منڈلوں کی تفسیر ہے۔ پہلا منڈل پوری تین جلدوں میں آیا ہے اور باقی چھ جلدوں میں سے ہر ایک ایک جلد میں ہے۔ ان کے علاوہ اس تفسیر کا ایک مقدمہ رگ وید آدی بھاشیہ بھومکا کے نام سے چھپا ہے۔ یہ تفسیر سوامی جی نے سنسکرت میں لکھی تھی اور دیگر پنڈتوں نے اس میں ہندی ترجمہ بھی کر کے شامل کر دیا ہے۔ بھومکا جس میں اصول تفسیر وغیرہ پر بحث ہے، اردو میں بھی چھپ چکی ہے۔

سوامی دیانند جی کے ترجمہ کی اصلی غرض و غایت ہندوؤں کو عیسائی یا مسلمان ہونے سے روکنا تھا۔ اس لئے انہوں نے منتروں کی تاویلات بعیدہ کر کے ویدوں کو مظاہر پرستی کے الزام سے بری کرنا چاہا ہے۔ اس کے علاوہ ویدوں کے جو حصص جانوروں کی قربانیوں کے متعلق تھے یا جو حصص پایہ اخلاق سے گرے ہوئے تھے اون کی بھی تاویلات سوامی جی نے کی ہیں۔ بس یہی سوامی جی کا کارنامہ ہے۔ اس سے سوامی جی اپنے اصلی مقصد میں یعنی ہندوؤں کو ہندو دھرم چھوڑنے سے روکنے میں تو ضرور ایک حد تک کامیاب ہوئے۔ لیکن ویدوں کے دامن سے داغ و دھبے دور کرنے میں بھی وہ کامیاب ہوئے؟ اسی میں کلام ہے۔

ہندوؤں میں جوں جوں ویدوں کا علم پھیلتا جا رہا ہے۔ سوامی جی کے ترجمہ کی حقیقت ان پر کھلتی جا رہی ہے، اور نئے نئے ترجمے سماج میں ہوتے جا رہے ہیں۔ ہماری یہ رائے شاید مذہبی جذبات پر مبنی سمجھی جائے۔ اس لئے ہم جوالاپور گروکل (کالج) کے پرنسپل پنڈت نردیو جی شاستری کی رائے پیش کرتے ہیں۔ وہ اپنی کتاب آریہ سماج کے اتہاس صفحہ ۔۔ پر لکھتے ہیں:-

"سوامی جی کا ترجمہ وید صرف لوگوں کو دکھانے کے لئے لکھا گیا ہے اور محض وقت کا راگ گایا ہے۔ ساین آچاریہ قدیم مترجم وید کے ترجمہ کے مقابلہ میں اس کی کوئی حقیقت نہیں"

سوامی جی کے ناتمام ترجمہ کو ایک آریہ فاضل پنڈت اردت جی لاہوری نے جو کہ ایک دو تین برس ہوئے انتقال ہوا ہے۔ پورا کرنے کی کوشش کی تھی۔ چنانچہ آپ کے ترجمہ کے آٹھویں اور نویں منڈل کو وید بھاشیہ کاریالیہ ہنادس سٹی نے شائع کیا ہے۔ مگر دسویں منڈل کا ترجمہ آریہ منی صاحب نے بھی نہیں کیا۔ سنا ہے کہ دسویں منڈل کا ترجمہ پنڈت جہادیو پرشاد نے کیا ہے۔ جو لکھیم پور میں چھپا تھا۔ لیکن میری نظر سے نہیں گزرا۔ واللہ اعلم!

رگ وید کا مکمل ترجمہ بنگالی زبان میں بھی ہو چکا ہے مترجم مشہور سیاست دان بابو رمیش چندر دت ہیں۔

راؤ بہادر شنکر پانڈورانگ پنڈت نے رگ وید کا ترجمہ انگریزی اور مرہٹی میں کیا تھا جو ویدارتھ تین वेदार्थयत्न کے نام سے چھپا ہے۔ مگر مکمل نہیں ہے۔ صرف تین منڈلوں کا ہے۔ مرہٹی کا مکمل ترجمہ پنڈت سد ھیشور شاستری نے کیا ہے۔

ایک ہندی ترجمہ رگ وید کا شرتی بودھ کے نام سے چھپا تھا۔ یہ غالباً پہلے ہی منڈل کا ترجمہ ہے۔ اسکو میں نے بھارتی بھون لائبریری الہ آباد میں دیکھا تھا۔

رگ وید کے پہلے منڈل کا ایک نہائت عمدہ ہندی ترجمہ اور تفسیر رائے صاحب پنڈت شیو ناتھ آہت اگنی نے کیا ہے۔ جس کو ڈاکٹر ہرش چندر پی۔ ایچ۔ ڈی برلن نے ویدک جیون آشرم ڈیرہ دون سے شائع کیا ہے۔ مگر اس کی قیمت بہت زیادہ یعنی بیس روپیہ ہے۔

پنڈت درگا پرشاد ایڈیٹر ہاربنجر Harbinger لاہور نے ایک کتاب

Vedas made easy (or) a literal translation of the Four Vedas.

کے نام سے شائع کرنی شروع کی تھی۔ نام سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید چاروں ویدوں کا انگریزی ترجمہ ہوگا مگر میں نے اس کی صرف دو ہی جلدیں دیکھی ہیں جن میں رگ وید کے پہلے منڈل کا انگریزی ترجمہ ہے۔ یہ ترجمہ سوامی دیانند جی کی تفسیر سے ماخوذ ہے۔

رگ وید کے پہلے اشٹک کا ایک اردو ترجمہ بھی ہوا ہے جس کے مترجم تانتیا ماسٹر رام چندر جی ہیں۔ اور جو شاید لاہور میں ایک عرصہ ہوا چھپا تھا۔ پنڈت لیکھرام کے قول کے مطابق یہ ترجمہ ولسن صاحب کے ترجمہ سے ماخوذ تھا۔

چند سال ہوئے ویدک پستک مالا کرشن گڑھ سلطان گنج بھاگل پور سے ایک ہندی ترجمہ رگ وید کا شائع ہونا شروع ہوا تھا اور اب تک غالباً پورا چھپ چکا ہوگا۔ اس کے مترجمین پنڈت رام گوبند ترویدی ویدانت شاستری اور پنڈت گوری ناتھ جھا ویاکرن تیرتھ ہیں۔ مترجمین نے دیباچہ میں لکھا ہے کہ اون کا ترجمہ بالکل ساین کی تفسیر کے مطابق ہے۔

رگ وید کی ایک اچھی تفسیر آج کل کلکتہ میں چار زبانوں یعنی سنسکرت، ہندی، بنگلہ اور انگریزی میں نہائت اہتمام سے چھپ رہی ہے۔ ترجمہ ساین آچاریہ ہی کے مطابق کیا گیا ہے۔ لیکن سوامی دیانند وغیرہ دیگر مفسرین کی رائیں بھی لکھ دی گئی ہیں۔ جس اہتمام سے یہ تفسیر چھپ رہی ہے اسکے پیش نظر غالباً کئی سال میں چھپ کر طیار ہو سکے گی۔

رگ وید کے متعلق دونوں برہمن گرنتھوں یعنی ایتریہ برہمن اور کوشتکی برہمن کا انگریزی ترجمہ ایک جلد میں موجودہ زمانہ کے مشہور ترین فاضل سنسکرت اور ماہر سیاست پروفیسر اے بی کیتھ نے کیا ہے۔ ان سے پہلے ایتریہ برہمن کا انگریزی ترجمہ مارٹن ہاگ صاحب نے کیا تھا۔ جو اولاً بمبئی میں طبع ہوا تھا۔ اور حال ہی میں الہ آباد کے پانینی آفس نے اہل ہنود کی کتب مقدسہ Sacred Books of The Hindus کے سلسلہ میں شائع کر دیا ہے۔

ایتریہ آرنیک اور کوشتکی برہمن اپنشد کا ترجمہ پروفیسر میکس مولر نے بھی کیا ہے جو ان کے سلسلہ کتب مقدسہ مشرقیہ کی پہلی جلد میں شامل ہے۔ (باقی)

ویدارتھ پرکاش عرف ویدک تہذیب۔ مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب۔ ویدوں کی دلائل عقلیہ و نقلیہ سے تردید کی ہے۔ تازہ جدید ہے۔ قیمت بجائے چھ کے صرف ۔۔۔ ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

اسلامی یگانگت

(مرقومہ مولوی نور محمد صاحب میانوی)

عرب کا وہ مقدس ہادی جس کی صدا صرف عرب ہی کے بادیہ نشینوں اور غسان و یمن کے تاجداروں کے لئے نہ تھی۔ جب مبعوث ہوا تو سب سے پہلے اس آفتاب رسالت اور شمیم نکہت نے اپنے مواعظ و خطب اور اپنی نصیحتوں اور فیوضبخشیوں کے لئے وطن و مرزبوم کے امتیازات کو اٹھایا۔ اس نے سب سے پہلے مختص المقام قومیت اور مسقط الراس کی بنائی ہوئی زنجیروں کو کاٹا یہاں تک کہ اس نے جو آواز بلند کی وہ چین و عرب میں یکساں تھی۔ مکہ اور ہندوستان میں برابر تھی اور عین اسی وقت مغرب اقصیٰ میں سینکڑوں روحیں تھیں جو بے تابانہ اس کی تبلیغ و ہدایت پر مفتون و فریفتہ تھیں اویس قرنی افریقہ کی سرزمین میں والہانہ دوڑتے تھے اور تھک کر بیٹھ جاتے تھے تا آنکہ امتحان محبت نے منزل مقصود کا اس وقت پتہ دیا جب پاؤں چلنے سے جواب دے چکے تھے۔ اور دل بھی قطع مراحل کر کے محبوب سے ملنے کی مسرتوں کے قابل نہ رہا تھا۔ عاشق اکثر جدائی کے صدموں میں آتش بجاں ہو جایا کرتا ہے۔ مگر اس عاشق شفتہ جگر کا مقام اس سے بلند تھا اور فراق و وصل اسکے لئے ایسے الفاظ تھے جن کے دنیا میں کوئی معنے نہیں۔ تاہم عشق حقیقی کی یہ پہلی منزل تھی۔ عاشق و معشوق و عشق ہر سہ یکے است اینجا۔ ابوذر غفاری وطن سے بے وطن ہوئے۔ بلال نے حبش چھوڑا۔ اور صہیب روم قید خانہ سے دوڑ پڑے کوئی شک نہیں کہ ہدائے اسلام نے زبان و رنگ کے اختلافات و تباین کو بھی تسلیم کیا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ اختلاف اسود و ابیض یہ افتراق عرب و عجم قائم کئے ہوئے خاندانی تفرقوں اور انسان کے بنائے ہوئے جغرافیہ کے پہاڑوں کی بلند و بالا چوٹیوں اور زمین کے ٹکڑوں پر دلالت نہیں کرتا۔ بلکہ رنگ و زبان کے اختلاف میں وطن و مرزبوم کے اختلاف میں یک الہی [illegible] نہ تھی کہ جگہ جگہ کیا کیا ہے کہ اگرچہ تم ہندوستان کے رہنے والے ہو اور اگرچہ تم چین و تاتار کے بسنے والے ہو۔ اگرچہ تم ہندوستان اور فلپائن کے رہنے والے ہو۔ اگرچہ تمہارے وطن مصر و قسطنطنیہ ہیں لیکن تم سب کی اصلیت ایک ہے۔ تم سب کا مرکز اتحاد ایک ہے اور ایک ہی تمہارا پروردگار بھی ہے۔ ان ھذہ امتکم امۃ واحدۃ و انا ربکم فاتقون۔

کوئی شک نہیں کہ تم سب آپس میں ایک ہو اور خدا کی زمین پر بسنے والی کل آبادی بھی ایک ہی مخلوق ہے اور اس لئے ہم بھی تمہارے ایک ہی پروردگار ہیں۔

دنیا کے تمام رشتے ٹوٹ سکتے ہیں۔ جبر و ظلم دغا و فریب سے قائم کی ہوئی تمام قاہرانہ حکومتیں مٹ سکتی ہیں۔ مگر کسی طرح بھی یہ الہٰی رشتہ نہیں ٹوٹ سکتا۔

یا ایھا الناس انا خلقنا کم من ذکر و انثی وجعلنا کم شعوبا و قبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔ لیکن کیا آپ کو معلوم ہے کہ ملک و وطن کے امتیازات کو کیوں مٹایا گیا۔ ہاں شائد آپ نے کبھی اس مسئلہ پر غور نہ کیا ہو۔ لیکن یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ زمین اور اس کے دور دراز گوشوں کے بنائے ہوئے حلقوں کو مٹا کر اور خود فروشی کی باہمی اختلاف و نزاعات کی ڈالی ہوئی زنجیروں کو کاٹ کر خون اور وحدت نوعی و جنسی پیمان وفا کو باندھنا اور روٹھے ہوئے دلوں کو منا کر ہمیشہ کے لئے جکڑے رہنا محض اس لئے تھا کہ جس طرح مخلوق کو پالنے والا ایک ہی خالق اور مالک امصار کی آبادیوں کا ایک ہی رب العٰلمین ہے۔ اسی طرح دعوت الٰہی کا آخری آفتاب آسمان رسالت کا نیر درخشاں اور خدا کی زمین کو صدائے تکبیر سے یکسر گونج بنا دینے والا فاتح قلیط بھی رحمۃ للعالمین ہو ——— پس جب بے شمار ستاروں کی زندگیاں ختم کر دینے کے بعد اس آخری آفتاب تبلیغ و ہدایت نے طلوع کیا تو تاریکی شکست کھا کر سرنگوں تھی اور سراج منیر کی ضیا باریوں نے روشنی کی حکومت و فرمان روائی کا اعلان کر دیا تھا۔ یہ آفتاب شریعت وہ آفتاب روحانی تھا جس کی طرف اشارہ ہے۔ [illegible] داعیا الی اللہ باذنہ و سراجا منیرا۔

یعنی اے پیغمبر اسلام! ہم نے آپ کو دنیا کے سامنے حق کی گواہی دینے والا انسانی سعادتوں کی نوید سنانے والا، اللہ کے بندوں کو اس کی طرف بلانے والا اور سب سے زیادہ یہ کہ کائنات کی تاریکیوں کو مٹانے کے لئے نورانی مشعل اور روشن چراغ بنا کر بھیجا۔

پس یہ سراج منیر جب روشن کی گئی اور یہ آفتاب روحانی چمکا تو اس کی چمک اور ضیا باریوں میں کوئی افتراق نہ تھا بلکہ مشرق و مغرب، جنوب و شمال سب اس کے لئے یکساں تھے۔

آپ نے دیکھا ہوگا کہ پھول جب کملا جاتے ہیں چہروں پر جب مردنی چھا جاتی ہے اور زمین بھی پیاس کی شدت سے بے قرار ہو جاتی ہے تو آسمان پر ساون بھادوں کی کالی کالی گھٹائیں چھا جاتی ہیں۔ تا آنکہ بارش شروع ہو جاتی ہے۔ اور جب وہ برستی ہے تو اس وقت کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ وہ باغ و چمن اور گل و گلزار کو ڈھونڈے۔ پھر یہ زمینوں کی قابلیت ہے کہ کسی سے اچھی پیداوار ہوتی ہے اور کوئی گھاس بھی پیدا نہیں کر سکتی۔ بعینہٖ یہی حال عالم روحانی اور دنیائے قلوب کا ہے۔ اور اسلام کی تاریخ بھی اسی توفیق و قابلیت کی ایک نمائش گاہ ہے۔ زیادہ والسلام خیر الختام۔

رحمۃ للعالمین

مصطفےٰ

پیغمبر برحق، نبی آخر الزمان، سرور کائنات حضرت محمد احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سیرت طیبہ۔ یہ وہ مشہور کتاب ہے جو جملہ اسلامی فرقوں میں مقبول و پسند کی جاتی ہے۔ جس کی شہرت ہندوستان میں ہی نہیں بلکہ بیرون ہند کے اسلامی ممالک میں بھی ہے۔ طرز بیان نہایت اعلیٰ اور دلکش ہے۔ عاشقان شمع محمدیہ کو چاہیئے کہ اسے منگوا کر پڑھیں۔ کتابت و طباعت اور کاغذ اعلےٰ و نفیس ہے۔ قیمت جلد اول [illegible] روپیہ جلد دوم [illegible]۔ جلد سوم [illegible]۔ محصول ڈاک علیحدہ۔

ملنے کا پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

فتاویٰ

تعاقب بر جواب سوال ۴۲ جلد ۳۶

جناب نے جو قول صحابی تحریر فرمایا ہے. بعض صحابہ کا قول ہے کہ ایک وقت آئیگا کہ دوزخ میں کوئی نہ ہوگا. با ادب گذارش ہے کہ قول کیا حقیقت رکھتا ہے بمقابلہ آیت کے۔ چنانچہ فرمایا وَ مَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ۔ فرمان خدائی نے مدت غیر میعاد بیان کی ہے لہذا جواب غیر صواب ہے۔ فافہم

(از جانب جماعت اہل حدیث صدر الدین نگر ضلع بجنور)

اہلحدیث | اہل حدیث میں سے جو حضرات تفسیر صحابی کو حکم مرفوع میں مانتے ہیں وہ آپ سے متفق نہ ہونگے ان کے لئے تو ضرور رجعت ہوگی۔ فافہم وتدبر

س ۵۳ } سیدوں کو فطرہ دینا جائز ہے یا نہیں
(سید عبد الرؤف شاہ۔ پانڈا کوڑا)

ج ۵۳ } سیدوں کے لئے صدقہ جائز نہیں. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ انها لا تحل لمحمد و لا لآل محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ صدقہ محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے حلال نہیں۔ اللہ اعلم!

س ۵۴ } زید نے بکر کی ماں کا دودھ عدت کے اندر پیا۔ تو کیا بکر زید کی ماں کا محرم ہوسکتا ہے اور بکر کے بہن۔ بھائی خواہ چھوٹے ہوں یا بڑے زید کے کون کونسے رشتہ داروں کے محرم ہوسکتے ہیں
(سائل مذکور)

ج ۵۴ } عدت سے مراد مدت رضاعت ہے تو زید نے بکر کی ماں کا دودھ دو سال کے اندر پیا ہے تو بکر کی ماں زید کی دودھ ماں ہے اور اسکی تمام اولاد زید کے بہن بھائی ہیں۔ زید کے سوا اسکے دیگر رشتہ داروں سے یہ تعلق قائم نہ ہوگا۔ مثلاً زید کا دادا زید کی دودھ ماں کا محرم نہیں اور زید کا کوئی دوسرا بھائی بھی زید کی اس دودھ ماں کا بیٹا نہیں ہوگا۔ یہ حکم صرف زید کیلئے ہے جس نے دودھ پیا ہے۔ یہ اس صورت میں ہے جبکہ سائل کی مراد عدت سے مدت رضاعت ہے۔

س ۵۵ } ایک شخص نے اپنی بیوی کے سینہ کا پیار جوش محبت سے کیا۔ ابھی اسکے اولاد نہیں ہوئی اور نہ دودھ آتا ہے۔ اور اس نے اسکی چھاتی کو بھی منہ سے چوسا۔ جس سے عورت جوش شہوت سے بیتاب ہوگئی، اور مرد اس سے واصل ہوگیا۔ تو کیا یہ درست ہوسکتا ہے۔ عورت کا نکاح فسخ تو نہیں ہوا۔ اور کیا مرد عورت کا رشتہ قائم رہے گا؟ (سائل مذکور)

ج ۵۵ } صورت مسئولہ میں یہ نکاح فسخ نہ ہوگا۔ اللہ اعلم!

س ۵۶ } ایک آدمی صاحب توفیق بغیر کپڑے پہنے نماز پڑھتا ہے۔ حالانکہ اس کے پاس اس کی قمیص یا کرتہ موجود ہو۔ اس کے متعلق کیا حکم ہے۔ اس کی نماز ہوجائیگی یا نہیں۔ (ایک مسلمان)

ج ۵۶ } صحیح مسنون طریقہ نماز کا وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بالدوام ثابت ہوا ہے۔ یعنی بدن پر کپڑے اور سر ڈھکا ہوا۔ پگڑی سے ہو یا ٹوپی سے۔ اقل درجہ یہ ہے کہ ستر عورت کا حصہ سینے پیٹھ اور کندھوں کا ڈھکا ہو۔ یہ جواز کا درجہ ہے مسنون طریقہ وہی ہے جو اوپر ذکر ہوا ہے۔ اللہ اعلم!

س ۵۷ } حضرت عمر فاروق نے اپنے فرزند ابو شحمہ کو شراب نوشی پر جو حد لگائی ہے۔ یہ واقعہ صحیح ہے یا نہیں؟ (حافظ عبد الرزاق۔ راشیدگ)

ج ۵۷ } یہ واقعہ صحیح نہیں ہے۔ ملا علی قاری موضوعات میں لکھتے ہیں:-

حدیث ابی شحمة ولد عمر رضی اللہ عنه وزناه واقامة عمر علیها الحد وموته بطوله لا یصح بل وضعه القصاص والذی ورد ما روی ان عبد الرحمن الأوسط من الاولاد عمر ویکنی اباشحمة کان غازیا بمصر فشرب نبیذا فجاء الی ابن العاص وقال اقم علی الحد فامتنع فقال انی اخبر ابی اذا قدمت علیه فضربه الحد فی داره فکتب الیه عمر یلومه فقال الا فعلت به ما تفعل بالمسلمین فلما قدم علی عمر ضربه واتفق ان مرض فمات۔

یعنی ابو شحمہ کا لیا قصہ جس کا زنا کرنا اور خلیفہ ثانی کا حد قائم کرنا اور اس کا مرجانا وغیرہ صحیح نہیں۔ یہ واعظوں نے وضع کر لیا ہے۔ واقعہ صرف یہ ہے کہ وہ غازی تھا اس نے نبیذ (بھیگی ہوئی کھجوروں کا رس) پی لیا۔ پھر وہ عمرو بن العاص (حاکم) کے پاس آیا کہ مجھ پر حد لگاؤ وہ رکا۔ اس نے کہا کہ میں اپنے اباؔ خلیفہ سے مل کر شکائت کرونگا۔ پھر گھر کی چار دیواری میں حد قائم کی گئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اطلاع پاتے ہی ابن العاص کو تنبیہ کی اور بیٹے کو مارا۔ پھر وہ اتفاقاً بیمار ہوگیا اور مرگیا۔

بس یہ اصل واقعہ ہے اور بس۔ واللہ اعلم!

(۲ر داخل غریب فنڈ)

ضروری اطلاع | جملہ ناظرین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہر سوال کے جواب کے لئے کم از کم دو پیسے کا ٹکٹ برائے غریب فنڈ بھیجا کریں۔ اگر ٹکٹ نہ بھیجے گئے۔ تو سوال کے درج نہ ہونے پر شکوہ شکائت نہ سنا جائیگا۔

نوٹ:- غریب فنڈ سے غریب اشخاص کے نام اخبار جاری کیا جاتا ہے۔ جس کا حساب اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتا رہتا ہے۔ (نائب مفتی)

قرآن مجید محشی | مولانا حمید اللہ صاحب میرٹھی کا ایک نسخہ میرے پاس موجود ہے اپنی مفلسی کی وجہ سے ضروریات خانگی تک مجبور ہوں اگر کوئی صاحب اسے قیمتاً خرید نا چاہیں تو مجھ سے خط و کتابت کریں۔ لدھیانہ ظا محمد ابراہیم صاحب مرحوم محلہ مہاراں قصبہ بادری نانوتہ ضلع سہارنپور۔

خداوندا بارش برسا | امسال پنجاب میں بارش کی قلت سے فصل بہت کم بوئے گئے ہیں۔ اگر بارش ہوجائے تو فصل مفید ثابت ہوگی ابھی تک بارش نہیں ہوئی۔ یہ ہماری بد اعمالیوں کی سزا ہے جملہ ناظرین سے التماس ہے کہ بدرگاہ رب رحیم دعا کریں کہ خدا ہمارے گناہ معاف کرے اور باران رحمت دے اور لوگوں کو مسرور و خوشحال کرے۔ آمین! (ایک کاشتکار)

فتاوی نذیریہ ہر سوال کا جواب مطابق قرآن و حدیث۔ قیمت ۱۲ (دفتر اہلحدیث)

متفرقات

اخبار اہلحدیث اس کی اشاعت میں پھر کمی پیدا ہو رہی ہے۔ احباب کرام کا فرض ہے کہ اپنے اس دیرینہ تبلیغی آرگن کو تقویت پہنچائیں۔

پھر وی پی واپس ۳۰۔ دسمبر کا پرچہ جن خریداروں کو وی پی بھیجا گیا تھا۔ ان میں سے کئی وی پی واپس آگئے ہیں۔ بعض اصحاب نے تو بعد میں معذرتی خطوط لکھے مگر بعض بالکل خاموش ہیں۔ اس لئے ہر پرچہ میں یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ قیمت ختم ہونے کی اطلاع ملتے ہی قیمت اخبار بھیجدیا کریں۔ اگر خریداری سے بالکل انکار ہو تو بھی دفتر کو مطلع کر دیا کریں۔ مگر افسوس ہے کہ بعض حضرات اس پر عمل نہ کر کے دفتر کو خواہ مخواہ نقصان پہنچاتے ہیں۔

استفسار ناظرین اخبار اہلحدیث میں سے کوئی صاحب مطلع کریں کہ موجودہ طبی رسائل میں سے وہ کونسا ایسا مفید طبی رسالہ ہے۔ جس کا مسلک اس حدیث پر ہو۔ خیر الناس انفعھم للناس (ترجمہ) سب لوگوں سے بھلا وہ ہے جو سب سے بڑھ کر نفع رساں ہو۔
(ماسٹر محمد حسین از سیالکوٹ)

ضرورت ملازمت میں امتحان سینئر کیمبرج میں انگریزی کمپوزیشن، حلب، اردو، فارسی میں کریڈٹ یافتہ ہوں۔ اہل حدیث ہو جانے کی وجہ سے لوگ سخت مخالف ہیں موجودہ سلسلہ منقطع ہونے والا ہے۔ روزگار کی تلاش ہے۔ جس صاحب سے ہو سکے تلاش روزگار میں مدد دے کر عند اللہ ماجور ہوں۔ پتہ میرا یہ ہے۔ عبدالرحمٰن اہل حدیث ماسٹر مدرسہ تعلیم الاسلام۔ ڈاک خانہ جھنجھنوں ضلع جے پور۔

مطلع فرمائیں (۱) کیا شہر کلکتہ سے کوئی روزنامہ اہل حدیث جاری ہے یا کوئی رسالہ کسی اہل حدیث کی زیر ادارت شائع ہوتا ہے؟ (۲) کیا نواب محسن الملک مرحوم کی کتاب "عمل بالحدیث" کا دوسرا حصہ شائع ہوا ہے؟ اگر ہے تو کیا نام ہے اور کس جگہ ملتا ہے؟ راقم نثی صفحان گوندل۔ مدرس مدرسہ کھائی۔ ڈاکخانہ کمشالہ سنگھاں ضلع گجرات۔

دعا فرمائیں میرا لڑکا دو ماہ سے ایک عجیب بیماری میں مبتلا ہے۔ کوئی صاحب لقوہ کوئی فالج بتلاتے ہیں کمر سے نیچے کا حصہ بے حس ہے کسی کسی وقت پاؤں پر تشنج کا دورہ ہو جاتا ہے۔ ایک حکیم صاحب کا علاج جاری ہے۔ ناظرین سے عموماً اور حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی و دیگر حضرات کرام سے خصوصاً درخواست ہے کہ اس بچے کی صحت کے لئے دعا فرمائیں۔ (محمد عبد المغنی موضع راجورا۔ ڈاک خانہ ریام فیکٹری۔ ضلع دربھنگہ)

ناظرین کو خوشخبری
مباحثہ
تقلید شخصی
چھپ گیا

رسالہ مذکورہ کی بابت جن احباب کی فرمائشات دفتر میں آئی ہوئی ہیں۔ وہ تو مندرجہ ذیل سطور کے مطالعہ سے قبل ہی اسے ملاحظہ کر چکے ہونگے۔ دیگر احباب بھی بکثرت منگوا کر مفت تقسیم کریں۔ صرف ۶ پائی برائے امداد اشاعت فنڈ اور ۹ پائی برائے محصول ڈاک آنا ضروری ہے۔ اس لئے جلد طلب کر لیں ورنہ ختم ہو جانے پر پھر نہ مل سکیگا۔ (منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر)

اہل حدیث حضرات
عید اضحیٰ کے موقعہ پر
آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کیلئے
عید آنہ فنڈ
یاد رکھیں

ضرورت ملازمت میرا ایک دوست درس نظامی کو احسن طریقہ پر پڑھا سکتا ہے صرف و نحو، منطق، فلسفہ علم کلام، تفسیر و حدیث وغیرہ اور مدرسہ مرکزیہ گوجرانوالہ کا فارغ التحصیل ہے۔ اگر کسی جگہ مدرس کی ضرورت ہو تو پتہ ذیل سے خط و کتابت کریں۔ (ابراہیم ساکن کوٹلہ ڈاک خانہ عالم پور۔ تحصیل دسوہہ ضلع ہوشیارپور)

تازہ بشارت رسائل ثلاثہ (امام زماں۔ مہدی منتظر مجدد دوراں) یک جا مع عمدہ اور رنگین ٹائٹل کے طبع ہو چکے ہیں۔ قادیانی امامت، مہدویت و مجددیت کے ابطال میں اپنی طرز کی پہلی کتاب ہے۔ رسالہ تبلیغ اہل حدیث کے مستقل خریداروں کو حساب رسالہ میں مفت بغیر طلب کے پہنچ جائیگی۔ لیکن جن کو امام زماں والا مضمون سابقاً پہنچ چکا ہے۔ اُن کو صرف دوسرے دو مضمون (مہدی منتظر اور مجدد دوراں) مع ٹائٹل کے پہنچیں گے۔ اور نئے متفرق خریداروں کو بقیمت ۲ ملیگی۔ شائقین ٹکٹ بھیجکر طلب کر لیں۔ مگر ٹکٹ رسیدی نہ ہوں۔
ملنے کا پتہ :- (مولوی) محمد عبد اللہ ناظم جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب۔ محلہ ڈھاب کھٹیکاں مقام امرتسر

رسالہ نور توحید کے کچھ نسخے مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی کے ہاں باقی رہ گئے ہیں۔ جن اصحاب کو ضرورت ہو ۹ پائی فی نسخہ کے حساب سے ڈاک خانہ کے ٹکٹ بھیجکر مولانا محمد ابراہیم صاحب محلہ میانہ پورہ شہر سیالکوٹ سے طلب کریں۔

کیا داخلے واپس کئے جائیں غریب فنڈ سے سائلین اپنے داخلے بھیجکر اخبار جاری نہ ہونے کی شکایت کرتے رہتے ہیں۔ ادھر فنڈ کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ عرصہ سے کوئی امدادی رقم وصول نہیں ہوئی۔ اسلئے آئندہ وصولی داخلہ کا سلسلہ بند کر دیا گیا ہے۔ اگر آمد کا یہی حال رہا تو وصول شدہ داخلے بھی واپس کر دینے میں دفتر مجبور و معذور ہوگا۔

سائلین بھی نوٹ کر لیں دفتر ہذا میں کوئی ایسا فنڈ نہیں ہے جس سے اخبار مفت جاری کیا جا سکے۔ یا غریب فنڈ کی کمی پوری کی جا سکے۔ اسلئے اگر اخبار جاری ہونے میں دیر ہو جائے تو اس میں دفتر کا کوئی قصور نہیں

دعائے کامیابی خاکسار عنقریب ایک امتحان دینے والا ہے۔ احباب کرام سے درخواست ہے کہ میری

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

امرتسر کی سڑکوں کی درستی

قابل توجہ

اگزکٹو افسر صاحب امرتسر

اخباروں میں یہ خبر گشت کر رہی ہے کہ امرتسر کی میونسپل کمیٹی نے سڑکوں کی اصلاح کے لئے حکومت پنجاب سے ۶ لاکھ روپیہ قرض لیا ہے۔ یہ خبر سُن کر ہمیں خوشی ہوئی کہ شہر کی حالت کچھ بہتر ہو جائے گی۔ ساتھ ہی اسکے پہلے قرض کا واقعہ ہمارے سامنے آگیا جو شہر کے برساتی نالے کے لئے لیا گیا تھا جس پر سوا چار لاکھ روپیہ خرچ ہوا تھا۔ اس کا جو حشر ہوا وہ پبلک کے سامنے ہے کہ بجائے آرام دینے کے تکلیف کا موجب بن رہا ہے۔ اس کے متعلق ہم آج سے پہلے بہت دفعہ لکھ چکے ہیں۔ اس لئے اس جگہ ہم اس سے درگزر کرتے ہیں۔ نئی سکیم کے متعلق ہم خاص اپنے بازار کا حال اگزکٹو افسر صاحب کے سامنے پیش کر کے ان کو توجہ دلاتے ہیں۔

ہمارے بازار کٹڑہ بھائی سنت سنگھ میں آجکل دو بڑی تکلیفیں پیش آ رہی ہیں۔ ایک یہ کہ کٹڑہ سفید کے چوک (استھان بھیروں) میں جگہ اتنی تنگ ہے کہ عموماً راستہ رُکا رہتا ہے۔ بازار کی دونو طرفوں سے تانگے اور سامان سے لدی ہوئی بڑی بڑی گاڑیاں آمنے سامنے آ جاتی ہیں۔ جن کے باعث بوڑھے بچے عورتیں بلکہ جوان تک بھی نہیں چل سکتے۔ اس لئے ہماری رائے یہ ہے کہ اس چوک کو کچھ کھلا کر دیا جائے۔ اس کی صورت کیا ہو گی؟ اس کا جواب دینا انجینئر صاحب کا کام ہے۔ اگزکٹو افسر صاحب اور انجینئر صاحب اگر کبھی تشریف لائیں۔ اور مناسب سمجھیں تو ہمیں بھی شمولیت کی تحریک کریں تب ہم بالمشافہ اپنی رائے بالتفصیل ظاہر کریں گے۔

دوسری تکلیف یہ ہے کہ جب سے کٹڑہ بھائی میں نیا دروازہ نکلا ہے۔ تانگوں اور گاڑیوں کی آمدورفت اس راستے بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ بازار تنگ ہے دوکانداروں نے بھی بازار کا کچھ حصہ روکا ہوا ہے اگر دونوں طرف سے تانگے اور گاڑیاں بالمقابل آجائیں تو بڑی دقت کا سامنا ہوتا ہے۔

اس لئے ہماری رائے یہ ہے کہ کمیٹی سب سے پہلے بازار کی دو طرفہ نالیوں پر لوہے کے پنجرے ڈلوادے ایسا کرنے سے قریباً تین چار فٹ راستہ کھل جائیگا اس کے علاوہ ہال بازار کی طرح ٹریفک کا انتظام بھی یوں ہونا چاہئے کہ تانگوں کے آنے جانے کا راستہ الگ الگ مقرر کر دیا جائے۔ یہ کام خود کمیٹی کرے یا گورنمنٹ سے کرائے۔ اس کی آسان صورت یہ ہے کہ شہر سے باہر جانے والے تانگے ڈھاب کھٹیکاں سے گزرا کریں اور باہر سے آنے والے نئے دروازے کی جانب سے آیا کریں۔ یا جیسا مناسب ہو۔

اس گذارش کے بعد ہم آئندہ بھی کمیٹی کو کچھ توجہ دلائینگے۔ تاکہ ہمارا چھ لاکھ سودی روپیہ پہلے کی طرح ضائع نہ ہو جائے۔

پنجاب اسمبلی

ہمیں کیا سکھاتی ہے

شیخ سعدی کا قول "الناس علیٰ دین ملوکہم" (لوگ اپنے اعیان حکومت کی روش کو پسند کیا کرتے ہیں) اگر صحیح ہے تو پنجاب اسمبلی کے ممبران کی روش کو دیکھ کر ہمیں یہ خطرہ لاحق ہوتا ہے کہ ہمارا ملک باہمی جنگ و جدال کے سبب دارالحرب نہ بن جائے۔ پنجاب اسمبلی کے ممبران آپس میں جس رواداری اور مروّت کا سلوک کرتے ہیں۔ اس کا کچھ نمونہ ہم اخبار پرتاپ سے نقل کرتے ہیں۔ ناظرین غور سے پڑھیں:۔

"لاہور ۱۸ جنوری۔ آج پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کا ایک پرشور اور پرجوش اجلاس ہوا۔ کارروائی کے شروع ہی سے وزارتی بنچوں اور اپوزیشن میں جھڑپیں شروع ہو گئیں۔ سوالات کے دوران میں ڈپٹی سپیکر نے دیوان چمن لال کو ایک ضمنی سوال کرنے سے روک دیا۔ جس پر دیوان صاحب اور ڈاکٹر گوپی چند کی اُن سے خوب جھڑپ ہوئی مارکیٹنگ بل پر بحث کے دوران میں دیوان چمن لال اور ڈپٹی سپیکر میں اور پھر دیوان صاحب اور سر چھوٹو رام میں خوب جھڑپ ہوئی۔ چودھری چھوٹو رام کے چند ریمارکس پر اپوزیشن کی طرف سے زبردست پروٹسٹ کیا گیا۔ جس پر چودہری کرشن گوپال دت نے کہا کہ جو کچھ یہ کہتے ہیں انہیں کہہ لینے دو۔ سردار سوہن سنگھ جوش کی کیا ان سکول لاہور میں پولیس رپورٹر اور چند کنسٹبل تعینات کئے جانے کے خلاف پروٹسٹ کے طور پر تحریک التوا پر پُرجوش تقریریں ہوئیں۔ سردار صاحب اور چودھری کرشن گوپال دت کی تقریروں کے بعد سر سکندر حیات خان نے تقریر کی۔ اسکے بعد بحث کو بند کرنے کا وزارتی بنچوں کی طرف سے مطالبہ کیا گیا۔ اور ڈپٹی سپیکر نے یہ معاملہ ہاؤس کے سامنے رکھا۔ دیوان چمن لال نے اعتراض کیا اور اس اعتراض میں ڈاکٹر نارنگ بھی شامل ہو ان دونوں نے کہا کہ اگر ڈپٹی سپیکر صاحب بحث کو اپوزیشن کو تقریر کرنے کے لئے موقعہ دیئے بغیر بند کرانے لگے ہیں تو یہ سخت ناانصافی ہے۔ ڈپٹی سپیکر نے اس اعتراض کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔ جس پر دیوان چمن لال نے کہا کہ آپ جانبدار ہیں اور خریدے گئے ہیں۔ اور تمام اپوزیشن ممبر واک آوٹ کر گئے ہاؤس سے باہر جاتے ہوئے کانگرسی ممبروں نے شرم شرم کے نعرے بلند کئے۔ کانگرسی ممبروں کے بعد ہاؤس بے رونق سی ہو گئی"۔

(پرتاپ لاہور ۲۰ جنوری ۱۹۳۹ء صفحہ ۷)

اہلحدیث اس قسم کی کشمکش اگر انگلستان میں ہوتی تو کچھ زیادہ مضرت رساں نہ تھی۔ کیونکہ وہاں کے لوگ باوجود اختلاف رائے اپنے ملک کی خیرخواہی پر سب متفق

ہے مگر ہندوستان جیسے غلام ملک میں اس کا نتیجہ بھی جدا نظر آ رہا ہے جس کا ادنیٰ کرشمہ یہ ہے کہ اعیان حکومت کی توجہ باہمی نزاع کے باعث ان خرابیوں کی طرف نہیں ہو سکتی جو ملک کو تباہ کر رہی ہیں مثلاً ڈکیتیوں اور چوریوں کی کثرت سے یہاں تک نوبت پہنچ گئی ہے کہ ڈاکو ریل گاڑی کے مسافروں کو مع سامان کے گاڑی سے باہر پھینک دیتے ہیں اور مال لے کر بھاگ جاتے ہیں۔ پھر ان کا کوئی سراغ نہیں ملتا

اس ہفتے کی خاص خبر یہ ہے کہ ۱۳۔ جنوری کو لاہور جیسے آباد شہر میں (جو پنجاب کا دار الحکومت ہے) دن دہاڑے یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک عورت جو سودا خریدنے کے لئے بٹوہ کھول رہی تھی۔ ایک من چلا نوجوان اس کے ہاتھ سے بٹوہ چھین کر بھاگ گیا۔ اہل بازار کے شور مچانے پر پکڑا تو گیا۔ مگر واقعہ کی نزاکت دیکھئے کہ لاہور جیسے پُر رونق شہر میں بھی دن دہاڑے ایسی واردات ہو جاتی ہیں۔

لاہور کے بعد امرتسر کا نمبر ہے۔ جہاں آئے دن چوریاں ہوتی ہیں۔ مگر کوئی پتہ نہیں چلتا۔ ہم تو اسکی وجہ یہی سمجھتے ہیں کہ ارکان حکومت کو باہمی نزاع سے فرصت ہی نہیں کہ ایسے امور کی طرف متوجہ ہوں۔ ایک دماغ ایک ہی کام کر سکتا ہے۔ کئی کام نہیں کر سکتا۔ ابھی تو ابتدائے عشق ہے۔ ع

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

کیا مارچ میں جنگ عظیم شروع ہو جائیگی

ہمارے ملک کے بیکار لوگ بیکاری سے ایسے تنگ آگئے ہیں کہ جنگ کی خبر سنتے ہی ان کے کان کھڑے ہو جاتے ہیں۔ خدا جانے انہی کے دل بہلاوے کیلئے یورپ کے لوگ بھی بے پر کی اڑا دیتے ہیں۔ چنانچہ اس ہفتے یہ خبر بڑے زور سے آئی ہے کہ لندن اور پیرس کے امریکن سفیروں نے کہا ہے کہ عالمگیر جنگ آئندہ موسم بہار (مارچ) میں شروع ہو جائیگی۔ جنگ کا آغاز اٹلی یا جرمنی کے جارحانہ اقدام سے ہوگا۔

گورنمنٹ برطانیہ کی وزارت عظمیٰ دل سے کوشاں ہے کہ جنگ رُک جائے۔ کیونکہ جنگ میں سراسر بربادی ہے۔ اس لئے وزیر اعظم برطانیہ پہلے جرمنی کے آمر مطلق (ہر ہٹلر) سے ملے اور کچھ دے دلا کر ان سے صفائی کر لی۔ حال ہی میں آپ اٹلی کے آمر مطلق (مسولینی) سے ملے ہیں۔ اس ملاقات کا نتیجہ جو اخبارات میں شائع ہوا ہے وہ حوصلہ شکن ہے۔ ہم یورپ کی سیاسیات جاننے کے دعویدار نہیں ہیں۔ ہاں اتنا جانتے ہیں کہ یورپ کی سیاست کی مثال یہ ہے کہ "پانی کا سیلاب آئے اور زمین کا کوئی حصہ اس کو روکنے کے لئے اونچا کر دیا جائے تو رک سکتا ہے ورنہ سیلاب نیچی جگہ جانے سے نہیں رُکتا بلکہ اسکو ضرور گھیر لیتا ہے۔"

یہی مثال یورپین سیاسیات کی ہے۔ کہ ایک حکومت نے سر اٹھایا اور دوسری نے صلح کے لئے سر جھکا دیا۔ تو اس نے سمجھا کہ یہ کمزور ہے۔ اسی لئے سر جھکاتی ہے اس سے بہتر موقع پھر نہیں ملیگا۔ ابھی جو کچھ کرنا ہے کر لو۔ وہ کمزور کے سر پر چڑھ جاتی ہے۔ اگر وہ بھی مقابلہ میں کھڑی ہو جائے۔ اور شیخ سعدی کا یہ مصرع

اگر جنگ خواہی نہ باشد درنگ

اپنا معمول بنالے تو حملہ آور کا حوصلہ پست ہو جائے اور وہ پیش قدمی کرنے سے رُک جائے۔

یہی کیفیت آج یورپ میں ہو رہی ہے۔ جیسے جیسے ان دو نو جنگجو طاقتوں (جرمنی اور اٹلی) سے امن پسندی اور صلح جوئی کی بابت کہا جاتا ہے وہ مزید غراتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مطالبات آئے دن بڑھتے جا رہے ہیں۔ اور کمال لطافت دیکھئے کہ ابھی تک انہوں نے گورنمنٹ برطانیہ سے کھلے لفظوں میں کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ لیکن ان کے پروگرام میں سب کچھ ہے۔ جس کو حکومت برطانیہ بھی خوب سمجھتی ہے۔ اسی لئے وہ اسی تگ و دو میں مصروف ہے کہ کسی طرح جنگ ٹل جائے۔ لیکن یہ دونو حکومتیں یورپین سیاست کے ماتحت اس سے بُرے نتائج اخذ کرتی ہیں۔

دیکھئے موسم بہار (ماہ مارچ) کیسے گزرتا ہے

اور اہل حدیث کانفرنس کا آئندہ جلسہ (فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور میں) جنگ سے پہلے ہوتا ہے یا جنگ کے دوران میں۔

لِمَنَا لَا نَدْرِىٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِى الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا

ہریجنوں میں تحریک امداد باہمی

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

پنجاب کے ہریجنوں میں تحریک امداد باہمی نے جو ترقی حاصل کی ہے اس کا مطالعہ نہایت ہی دلچسپ ثابت ہوگا۔ حال ہی میں حکمانہ طور پر اس بارہ میں جو جائزہ لیا گیا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبہ میں ایسی ۳۸۳ انجمن ہائے امداد باہمی ہیں جو صرف ہریجن ممبروں پر مشتمل ہیں۔ ان انجمنوں کا مجموعی سرمایہ ۲۱۷۱۵۳ روپیہ ہے اور ان کے ممبروں کی کل تعداد دس ہزار سے بھی زیادہ ہے۔ ان کی قرضہ کے متعلق امداد باہمی کی انجمنوں کی تعداد ۳۱۹ ہے جن کے ۷۷۲۷ ممبر ہیں۔ انکا مجموعی سرمایہ قریباً ۲½ لاکھ روپیہ ہے۔ صنعتی انجمنوں کی تعداد ۳۲ ہے۔ جن کے ۵۳۶ ممبر ہیں اور سرمایہ ۱۴۸۰۹ روپیہ ہے۔ جبری تعلیم کی صرف تین انجمنیں ہیں لیکن ان کے ممبروں کی تعداد ۵۰۰ تک پہنچ چکی ہے اور انکا مجموعی سرمایہ ۱۴۱۵۴ روپیہ ہے۔ ۱۴ انجمنوں نے اپنے ممبروں کیلئے مختلف قسم کا سامان کا خوراک وغیرہ مہیا کرنے کا ذمہ لیا ہے۔ ان کے ممبروں کی تعداد ۱۱۶۹ اور سرمایہ ۲۱۳۸۶ روپیہ ہے۔ ایک کواپریٹو سوسائٹی کی یہ صورت ہے کہ وہاں بالغوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔ باقی سوسائٹیوں کا یہ مقصد ہے کہ طرز رہائش اور کاشتکاری کے طریقوں کو بہتر بنایا جائے —— یہ امر یاد رہے کہ ہریجنوں کو دوسری عام کواپریٹو سوسائٹیوں میں نہایت آزادی کے ساتھ ممبر بنایا جاتا ہے۔ ایسے ہریجنوں کی تعداد کا اندازہ لگانا ممکن نہیں تھا جو ان انجمنوں کے ذریعہ اپنی مدد آپ کرنے کی کوشش کر رہے تھے لیکن لازمی طور پر یہ تعداد بھی کافی ہوگی۔ (لاہور ۹۔ جنوری ۱۹۳۹ء)

مومیائی

مصدقہ علمائے اہلحدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل ودق۔ دمہ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی
ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور
وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے۔ دو چار دن
میں درد موقوف ہو جاتا ہے .... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد عورت۔ بچے۔
بڈھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے
پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔
ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی قیمت فی چھٹانک
۶ / آدھ پاؤ ۱۲ / پاؤ بھر ۸ / مع محصول ڈاک۔
مالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ بیرجات والوں کو
ایک پاؤ سے کم روانہ نہیں کی جائیگی۔ اور نہ ہی وی پی
بھیجا جائے گا۔

تازہ شہادات

جناب مولوی ابو الوفا ثناء اللہ صاحب سندر پور
"میں نے قبل ازیں دو چار مرتبہ متعدد اشخاص کو
مومیائی منگوا کر استعمال کرائی۔ بہت عمدہ اور ہر مرض
کے واسطے فائدہ رساں پایا۔ ایک چھٹانک اور
بھیجدیں" (۱۷۔ نومبر ۳۸ء)

جناب منشی محمد زبیر علی صاحب خداوند پور
"قبل اسکے چار پانچ دفعہ ہم آپ کے پاس سے
مومیائی منگوا چکے ہیں۔ ہم کو بہت فائدہ ملا۔ اس لئے پھر
دو چھٹانک وی پی ارسال فرمائیں" (۱۷۔ نومبر ۳۸ء)
(مومیائی منگوانے کا پتہ)
حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

شمالی ہندوستان ۲۳

میں کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے۔ جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ
ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔
نمونۃً چند کتب کی تخفیف شدہ قیمتیں درج ذیل ہیں:-

تفسیر ابن کثیر کامل عربی طبع مصر	عہ	زرقانی شرح مواہب اللدنیہ	۱۲
زاد المعاد ابن قیم سفید	۱۲	سبل السلام شرح بلوغ المرام کاغذ سفید عمدہ	۱۲
ترغیب وترہیب سفید کاغذ	۱۲	نسیم الریاض شرح شفا برحاشیہ شرح شفا	۱۴
تاریخ ابن کثیر (البدایۃ والنہایۃ) ۹ حصے تیار ہیں۔		ملا علی مصری	
قیمت فی حصہ		تفسیر فتح القدیر شوکانی	

فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے۔ تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جا سکیں اور تقریباً ایک چوتھائی
رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔
مینیجر کتب خانہ رشیدیہ۔ اردو بازار۔ جامع مسجد دہلی

سرمہ نور العین ۹

(مصدقہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب مدظلہ)
کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو
صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور
عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا
بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۸/
(منگوانے کا پتہ)
مینیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ

خمیرہ بادام طیوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ وریشہ میں طاقت
دوڑنے لگتی ہے۔ مسرت سے چہرہ کھل اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے مفید
مردی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔
پیچھے دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت
سے جی چرانا۔ مرعوب وخوفزدہ رہنا۔ معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا
کمر درد، نسیان وجریان کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ پختہ تین روپے
آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے۔ خرچ ڈاک بذمہ خریدار
لاہور برانچ: ناظم دواخانہ پنجاب جبی ہسپتال روڈ
مینیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

طلائے اعظم ۱۸

بری عادتوں سے اعضاء مخصوص میں جس قسم کی خرابیاں
ہوں یہ طلا عجیب کرشمہ دکھاتا ہے۔ لگاتے ہی جسم میں
جذب ہو کر فاسد طوبتوں کو خارج کرتا ہے۔ آبلے وغیرہ
نہیں ڈالتا۔ دوران خون میں تحریک عضو میں تندی و
فربہی لاتا ہے۔ کام کاج میں ہارج نہیں۔
قیمت ۶/ محصول ڈاک ۸/
المشتہر: منیجر نیشنل ڈسپنسری رجسٹرڈ پٹیالہ

عجیب الاثر فلیویا۔ امساک ۱۵

(رجسٹری شدہ گورنمنٹ آف انڈیا ہے۔ ۹۴۶)
وعدہ لاشریک کی قسم بالکل درست ہے۔ بیکار ثابت کرنے
والے کو یکصد روپیہ انعام۔ ایمان والوں کو یقین چاہئے
تہذیب کے دائرہ سے باہر ہونا نہیں چاہتا۔ ایک گولی
کھانے سے خواہ بڈھا ہو یا جوان اس رات قضائے حاجت
کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ متقی، پرہیزگار عالم کی زیر نگرانی
تیار ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی ۶/
پتہ:- نظام برادرس ۱۲ فرید کوٹ۔

ahmadimuslim.de

تصانیف مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

تعلیم القرآن اس رسالہ میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا خلاصہ چند ورقوں میں جمع کیا گیا ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱ر

قرآن اور دیگر کتب قرآن شریف اور دیگر الہامی کتابوں کی تعلیم کا بالاختصار مقابلہ کر کے قرآن مجید کی عظمت ثابت کی ہے۔ قیمت ۱ر

خصائل النبی ترجمہ شمائل ترمذی۔ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق شریفہ کا مختصر بیان۔ قیمت ۱ر

حیات مسنونہ مسلمانوں کا معراج کمال یہ ہے کہ ان کی عملی زندگی سنت نبوی کے مطابق ہو۔ اس مقصد کو ملحوظ رکھ کر مولانا موصوف نے رسالہ ہذا تصنیف فرمایا ہے جو اس قابل ہے کہ مخیر حضرات اور انجمن ہائے اہل حدیث اسکو عوام میں مفت تقسیم کرائیں۔ لکھائی چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت فی نسخہ ۲ر۔ بغرض تقسیم فی سینکڑہ عـہ (۳۳۸)

السلام علیکم اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ اسلامی سلام بلحاظ فضائل اور اوصاف کے تمام دوسرے فرقوں کے سلاموں سے اعلیٰ اور افضل ہے۔ قیمت ۱ر

[حقوق]ات الزوجین اس رسالہ میں نکاح، طلاق اور خلع وغیرہ احکام کے علاوہ بیوی کے خاوند پر اور خاوند کے بیوی پر جو حقوق ہیں، مختصر طور پر بیان کئے ہیں۔ ۱ر

[کلمہ] طیبہ کلمہ شریف ۱۱۷ لا کی تفسیر کرتے ہوئے مسئلہ توحید پر عالمانہ دلائل کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔ قیمت ۲ر

شریعت اور طریقت اس رسالہ میں شریعت اور طریقت دونوں مضامین پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ۱ر

رسوم اسلامیہ رسوم مروجہ بدعیہ کو خلاف شریعت ثابت کر کے ان کے مقابلہ پر اسلامی رسوم کا بیان۔ قیمت ۱ر

الفوز العظیم قرآن مجید میں جو مختلف چیزوں کی قسمیں کھائی گئی ہیں انکی حکمتوں کا بیان۔ لکھائی چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۳ر

اتباع الرسول امرتسری منکر حدیث پارٹی کے سرگروہ مولوی احمد الدین صاحب اور مولانا ثناء اللہ صاحب کے مابین حجیت حدیث اور اتباع الرسول پر ایک تحریری مباحثہ ہوا تھا۔ جس میں ثابت کیا گیا تھا کہ حدیث نبوی حجت شرعی اور اتباع رسول راہ ہدایت ہے۔ برخلاف اس کے فریق ثانی نے اطاعت رسول علیہ السلام کو شرک اور زنا سے بدتر ہونے کا فتویٰ دیا تھا۔ قیمت ۴ر

دلیل القرآن بجواب "صلوٰۃ القرآن" مصنفہ مولوی عبد اللہ چکڑالوی۔ اسمیں اہل قرآن کے طریقہ نماز کو مدلل طور پر رد کیا ہے۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۳ر

خلافت محمدیہ اس رسالہ میں مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ کو ثابت کر کے قرآن مجید سے ان کے مؤمن اور متقی ہونے پر عالمانہ استدلال کیا گیا ہے۔ اور مسئلہ باغ فدک پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ قیمت ۳ر

خلافت رسالت اس میں خلافت اصحاب ثلاثہ کو نہایت دلچسپ اور جدید انداز میں ثابت کیا گیا ہے اور تاریخی حوالہ جات کی روشنی میں مسئلہ خلافت مختلف فیہ کو محقق و مبرہن کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ منکرین کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قیمت ۱ر

اسلام اور برٹش لاء اس رسالہ میں بیانات محمدیہ کو انگریزی قوانین کے مقابلہ میں اعلیٰ و افضل ثابت کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۳ر

قرآنی قاعدہ ثنائیہ قرآن شریف کی تعلیم میں ابتدائی قاعدوں کا بچوں کے ذہن کے موافق نہ ہونے سے ان کو بہت مشکل پیش آتی تھی۔ اس مشکل کو حل کرنے کے لئے یہ قاعدہ تصنیف کیا ہے جو بچوں کی ابتدائی تعلیم کیلئے بہت مفید ہے۔ فی عدد۔ فی سینکڑہ ۶ر

ثنائی پاکٹ بک مجلد اس مختصر کتاب میں تمام مذاہب (آریہ۔ عیسائی۔ بہائی۔ مرزائی۔ شیعہ۔ نیچری۔ دہریہ۔ منکرین نبوت۔ سکھ اور بت پرست وغیرہ) پر عالمانہ انداز میں تنقید کی گئی ہے۔ اور ہر ایک مذہب کی تردید میں دو دو دلیلیں بھی دی گئی ہیں۔ قیمت ۶ر

معقولات حنفیہ اس میں فقہ کے بعض مسائل ایسے مذکور ہیں جو کہ خلاف عقل ہیں۔ ان پر تبصرہ کیا ہے۔ جن کے ضمن میں مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے رسالہ الحیلۃ الناجزہ پر بھی تبصرہ کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۲ر

مائۃ ثنائیہ یعنی صد احادیث نبویہ۔ بالکل تازہ تصنیف ہے۔ اس میں ایسی احادیث مع اردو ترجمہ درج ہیں جو ہر مسلمان کے روزانہ دستور العمل کے لئے شمع راہ ہیں۔ عاشقان سنت محمدیہ کو اس کی اشاعت میں زیادہ حصہ لینا چاہئے۔ قیمت ۴ر

(کتب متعلقہ اہل حدیث)

اہل حدیث کا مذہب اہل حدیث کے مسلہ مسائل کا مدلل بیان اور دیگر فرقوں کے مسائل پر مختصر تنقیدی نظر۔ قیمت ۶ر

تقلید شخصی و سلفی ثابت کیا گیا ہے کہ سلف صالحین ائمہ مسائل میں صرف قرآن و حدیث کو اپنا نصب العین بنائے رکھتے اور کوئی کسی کا مقلد نہ تھا۔ قیمت ۲ر

حدیث نبوی اور تقلید شخصی

اس رسالہ کے پہلے حصہ میں حجیت حدیث شریف پر ناقابل تردید دلائل منکر فرقہ [illegible] کا منہ بند کر کے دوسرے حصہ میں مقلدین اور غیر مقلدین علماء کی تحریروں کا اقتباس درج کر کے بتایا گیا ہے کہ اہل حدیث اور احناف کا نزاع لفظی ہے۔ دراصل دونوں کا نصب العین ایک ہی ہے۔ اخیر میں تقلید شخصی کے اثبات پر چند دلائل نقل کر کے ان کی عالمانہ رنگ میں تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۳ر

آمین رفع یدین معہ ضمیمہ فاتحہ خلف الامام

ہر سہ مسائل پر عالمانہ بحث کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ یہ مسائل احادیث نبویہ سے ثابت ہیں اور بعض مقتدر علماء احناف ان کے مسنون ہونے کے قائل ہیں۔ ۲ر

علم الفقہ

اس رسالہ میں بتایا گیا ہے کہ اصل علم فقہ عین قرآن و حدیث ہے۔ اور اہل حدیث اصل علم فقہ سے منکر نہیں ہیں۔ قیمت ۲ر

فقہ اور فقیہ

اس رسالہ میں علم فقہ کی حقیقت اور فقیہ کی جامع تعریف اور مسئلہ تقلید کا فیصلہ علمی اصول سے کیا گیا ہے۔ قیمت ۳ر

تنقید تقلید

یہ وہ تحریری مباحثہ ہے۔ جو مولانا مرتضیٰ حسن صاحب دیوبندی کے مضمون مندرجہ اخبار "العدل" گوجرانوالہ کے جواب میں اخبار "اہلحدیث" امرتسر میں شائع ہوتا رہا۔ جس میں فریقین کی تحریریں اصل اور پورے الفاظ میں نقل ہیں جس قدر حصہ اخبار میں شائع ہوا ہے۔ اس کے علاوہ مزید حواشی بھی درج کئے گئے ہیں۔ یہ رسالہ مسئلہ تقلید پر بے نظیر ہے۔ قیمت ۵ر

فتوحات اہل حدیث

ان مقدمات کا مجموعہ جو مابین اہل حدیث [illegible] مختلف مقامات میں مقدمہ ہوئے۔ ہندوستان [illegible] کورٹوں اور [illegible] کے فیصلہ جات جو اہل حدیث کے حق میں ہوئے [illegible] ہے۔ قیمت صرف ۳ [illegible] آنے

اجتہاد و [illegible]

[illegible] مسئلہ اجماع کی حجیت اور عدم حجیت پر تحقیق [illegible] کی گئی ہے۔ اور ثابت کیا ہے کہ دروازہ اجتہاد کا ہمیشہ کھلا رہے گا۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۶ر

(در تردید قادیانی مشن)

الہامات مرزا

اس کتاب میں مرزا صاحب قادیانی کے الہامات پر [illegible] بحث کر کے ان کو [illegible] ثابت کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ الہامات میں اختلاف ہونا مامور من اللہ ہونے کے قطعاً منافی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۹ر

تاریخ مرزا

مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے صحیح صحیح حالات از طفولیت تا دم فنا اس رسالہ میں مندرج ہیں۔ قیمت ۶ر

نکاح مرزا

(مع اضافات جدیدہ) جس میں مرزا صاحب قادیانی کی آسمانی منکوحہ (محمدی بیگم) کی پیشگوئی کی [illegible] تردید ان کے اپنے اقوال سے کی گئی ہے۔ کتابت، طباعت [illegible] جدید اڈیشن۔ قیمت ۳ر

عقائد مرزا

مرزا صاحب قادیانی کے عقائد کا مختصر بیان۔ ان کی اپنی عبارات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ قیمت ۱ر

فاتح قادیان

(جدید اڈیشن) جس میں لودھیانہ کے انعامی مباحثہ متعلقہ دعاء مرزا قادیانی بابت وفات مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب [illegible] درج ہے [illegible] کتاب "آیۃ اللہ" مصنفہ مولوی محمد علی صاحب [illegible] کا بھی مدلل جواب دیا گیا ہے۔ قیمت ۶ر

چیستان مرزا

مرزا [illegible] قادیانی کے کلام میں اختلاف ثابت کیا گیا ہے [illegible] ر

شہادات مرزا [illegible]

[illegible]

(جس میں دعاوی مرزا و تعلیمات مرزائیہ) سے مرزا صاحب قادیانی کے دعوے مسیحیت موعودہ کی تردید کی گئی ہے۔ اور جس کے جواب پر بفیصلہ منصف مبلغ ایک ہزار روپے کا اعلان کیا گیا تھا۔ جس کو مرزائی امت آج تک وصول نہ کر سکی قابل دید ہے۔ قیمت صرف ۳ر

فتح ربانی

ایک زبردست تحریری مباحثہ دربارہ حیات مسیح۔ مابین مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب اور مولوی غلام رسول صاحب ساکن راجیکی۔ جو نہایت لطیف اور دلچسپ بحث ہے۔ ۹ر

شاہ انگلستان اور مرزا قادیان

اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ جارج پنجم شاہ انگلستان کا دربار دہلی میں تشریف لانا خدائی حکمت میں مرزا صاحب قادیانی کی تکذیب کے لئے تھا۔ قیمت ۱ر

فسخ نکاح مرزائیاں

مرزائیوں سے میل جول اور شادی غمی میں شریک نہ ہونے کے متعلق علماء اسلام کا متفقہ فتویٰ (۴۳۹)
جس میں بتایا گیا ہے کہ مرزائی اہل اسلام سے خارج ہیں۔ قیمت صرف ۱ر

نکات مرزا

چونکہ مرزا صاحب قادیانی کو معارف اور نکات قرآنیہ دکھانے کا بڑا دعویٰ تھا۔ ان کے موجودہ خلیفہ صاحب کو بھی یہی دعویٰ ہے۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب کے معارف و نکات کے بہت سے نمونے دکھائے گئے ہیں۔ اور ساتھ ہی مولوی عبد اللہ چکڑالوی کے معارف و نکات بھی دیئے گئے ہیں۔ تاکہ دونوں کا خوب مقابلہ ہو سکے قابل دید ہے۔ قیمت صرف ۳ر

محمد قادیانی

مرزا صاحب قادیانی کا دعویٰ تھا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا میں [illegible] مثیل ہوں جو ان کی زندگی کا پروگرام تھا وہی میرا ہے۔ ان کے اپنے اقوال سے ان کے اس دعویٰ [illegible] تردید کی گئی ہے۔ [illegible]

ahmadimuslim.de

اہل حدیثوں کی ۲- نئی تصنیفیں

از مولفات ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

احباب کو یاد ہوگا کہ مارچ ۱۹۳۶ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی علیگڑھ میں منائی گئی جس میں شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی۔ کانفرنس نے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا۔ آپ نے وہاں ایک مقالہ پڑھا جس میں جماعت اہل حدیث نے علم وفن کی جو خدمات کی ہیں۔ اس کا دلچسپ تذکرہ ہے۔ قابل مقالہ نگار نے حضرات تابعین سے اہل حدیث کا ورود ہند ثابت کیا ہے۔ پھر جناب کی ابتدا کا حال جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ دہلویؒ سے ہے اور ترویج کا حضرت سیدنا محمد اسمٰعیل شہیدؒ سے..... مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ... اور نام مصنف کے ساتھ۔ قومی اخبارات ... الی ان قال۔ غرض آپ کی جماعت ... حیثیت سے جو کام کئے ہیں۔ انہیں نہایت ... جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اہل حدیث حضرات کو یہ مقالہ ضرور خریدنا چاہئے۔ قیمت ۸؍ صفحات ۲۰۸ (ارزاں ترین ثمن) کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ

تراجم علمائے حدیث ہند

۲- سو اشخاص کا..... برسوں کی کاوشوں کا۔ جانکاہ محنتوں کا۔ ان تھک کوششوں کا، وقت کی بہت بڑی قربانی کا۔ پھر سینکڑوں روپوں کے خرچ کا نتیجہ ہے۔ نیک لوگوں کا ذکر رب العالمین بندوں کے لئے باقی رکھتا ہے۔ الحمدللہ اس زمانے میں قدرت نے ملک صاحب کو اس کار خیر اور کار ضروری کے لئے منتخب فرمایا۔ اور آپ نے علمائے کرام کے حالات زندگی جمع کر دئیے۔ اس جلد اول میں شاہ ولی اللہ سے شروع کر کے آج تک کے علمائے اہل حدیث دہلی کی سوانح عمریاں ... مرحومین کی بھی اور موجودین کی بھی۔ تاریخ جیسے ... مضمون کو فاضل مؤلف نے اس خوبصورتی ... ہے کہ آپ جوں جوں پڑھتے جائیں شوق بڑھتا جائے۔ لسانی بیان، روانی کلام اور تسلسل مضامین ... اعلیٰ پیمانے پر ہے۔ ہمیں کھلے لفظوں میں کہنے دیجئے کہ اس اچھوتے اور سخت ادق مضمون پر قلم فرسائی کر کے مولانا نے جماعت اہل حدیث پر احسان کیا ہے اور دین خدا کی اہم خدمت انجام دی ہے۔ قیمت ؁ صفحات ۴۲۵

منگوانے کا پتہ:- مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

قادیانی مشن کی ... مرزا مع جواب الجواب تردید کے لئے

ایک ... گر جامع رسالہ "تعلیمات مرزا" سالہا سال ...

... ناظرین نے بہت پسند کیا اور بہت جلد پہلا ایڈیشن ختم ہوگیا۔ قادیان سے اس کا جواب نکلا۔ ... کا جواب الجواب اس میں دیا گیا ہے۔ اب یہ ایسی جامع کتاب ہوگئی ہے کہ اسکو پاس رکھنے والا ... مرزائیوں پر غلبہ پا سکتا ہے۔ قیمت ۶؍

فیصلہ مرزا عربی و اردو

اس رسالہ میں آخری ... واے استہار ... تشریح کی گئی ہے جس کی مرزائی آج ... "آخری فیصلہ" کے متعلق ان تمام ... مفصل و مدلل جواب دیا گیا ہے۔ جو ... دن مرزائی کرتے رہتے ہیں۔ اس رسالہ کا ایک صفحہ عربی ... ایک اردو ہے۔ قادیانیوں کی تردید کے لئے ... ہے۔ قیمت صرف ۳؍

... مرزا (انگریزی زبان میں)۔ قیمت ۵؍

موسم سرما کا خاص تحفہ

... عنبری ... یعنی انگوری سہ آتشہ نسخہ خاص

قوت مردمی کو برانگیخت کرتا ہے۔ حرارت غریزی اور مادہ منویہ ... میں طاقت پیدا کرتا ہے ... جگر اور گردہ مثانہ کو قوت بخشتا ہے۔ دائمی۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی ... (از سر نو) زندگی بخشتا ہے۔ ... جوانوں کے لئے آب حیات ثابت ہوتا ہے۔ بوڑھوں کے لئے ... دیتا ہے۔ قیمت فی بوتل ...

... برقی پریس امرتسر

... چھپائی کا کام ...

اہلحدیث امرتسر
بخدمت شریف جناب ... صاحب
... دہلی

...

خصوصیت ...

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲ - یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۱۴

اخبار اہلحدیث امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکما امرین کتاب اللہ و سنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفےٰ بر جاں مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان سنہ ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر سنہ ۱۹۰۳ء

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عہ
رؤسا و جاگیرداروں سے ” ۸
عام خریداران سے ” ۵
” ” ششماہی ۳/۱۲
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار ”اہلحدیث“ امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۵/۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۲۷ جنوری / ۳ فروری سنہ ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

[stamp] DELHI

کارپردازان ”اہلحدیث“ کی طرف سے

ناظرین کرام کو

عید اضحیٰ

مُبارک ہو

فہرست مضامین

مسلم سے خطاب اور عید کی مبارک - - ص۲
انتخاب الاخبار ص۲ - نبی موعود یعنی دہ نبی ص۳
یوم الفرقان ۱۲ جنوری نہیں ۱۰ جنوری ہے ص۴
تبرکات مرزائیہ ص۵ - فرقہ ناجیہ - - ص۵
نامہ نگار الفقیہ کی خود ساختہ نقاہت - ص۶
انبیاء کی پکار ص۷ - تعلیمات نبوی وسیلہ سعادت ابدی ص۸
متعہ کی حقیقت ص۹ - ویدوں کے تراجم اور تفاسیر ص۱۰
لڑکوں اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم - - ص۱۲
اباطیل الغالیہ ص۱۳ - ذبح عظیم یا عید البقر ص۱۵
عدل ص۱۷ - سوالات از آریہ صاحبان - ص۱۹
تفسیر سورہ کافرون ص۲۰ - مسند امام ابو حنیفہ اور احناف ص۲۰
فتاویٰ ص۲۲ - متفرقات ص۲۵ - ملکی مطلع ص۲۸
اشتہارات - - - - ص۲۹-۳۲

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

اعلان تعطیل | اہلحدیث ۳۔ فروری ۱۹۳۹ء بوجہ تعطیلات عیداضحیٰ شائع نہیں ہوگا

حساب دوستاں | اخبار ہذا کے صفحہ ۲۵ پر درج ہے۔ ناظرین ملاحظہ کریں۔

—— امرتسر میں اس ہفتہ ... بارش ہوئی ... لاہور کے قریب ژالہ باری بھی ہوئی دیگر شہروں میں ... بارش ہوگئی ہے

—— امرتسر شہر میں ۱۵ تا ۲۱ جنوری ۱۹۲ بچے پیدا ہوئے اور ۱۳۷ اموات واقع ہوئیں

—— ایک اطلاع ... ۲۹ ... ۱۹ ... کہ معظمہ ... پہنچے ہیں

—— میاں نور اللہ اور دیگر دو ممبر پنجاب یونینسٹ پارٹی سے مستعفی ہوگئے ہیں۔

—— دہلی میں ۲۲ جنوری کو یوم ... منانے کے سلسلہ میں ہندو مسلم فساد ہوگیا تقریباً ۳۹ آدمی زخمی ہوئے

—— راجہ جنگ ضلع لاہور میں سکھوں نے مسلمانوں کو اذان نہ دینے کے لئے حکم امتناعی حاصل کرنے کے لئے ڈسٹرکٹ سشن جج لاہور کی عدالت میں درخواست پیش کی ہے۔ طرفین کے وکلاء کی بحث ہوچکی ہے۔ فیصلہ ۲۶۔ جنوری کو ہوگا۔ (قبل ازیں دو دفعہ سکھوں و مسلمانوں کا آپس میں سمجھوتہ ہونے سے مسلمانوں کو اذان دینے کی اجازت مل گئی تھی۔

—— حکومت پنجاب اسمبلی میں ایک بل پیش کرنا چاہتی ہے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ اسمبلی میں اجلاس کے وقت ... سارجنٹ ایٹ آرمز مقرر کیا جائے تاکہ ... خوانی نہ کھیلے۔

—— لاہور کی شاہی مسجد کی مرمت پر ۱/۲ ۷ لاکھ روپیہ خرچ آئے گا۔

—— بھٹنڈہ میں دو من پندرہ سیر ناجائز طور پر افیون پکڑی گئی ہے۔

—— معلوم ہوا ہے۔ جرمنی نے تمام دنیا کی منڈیوں پر قبضہ کرنے کے لئے ایک سکیم مرتب کی ہے جو عنقریب منظر عام پر آجائے گی۔

—— ... کامیاب ہوگیا ... کا مطالبہ ...

—— ... اسلامی ممالک کا دورہ کریگا۔

—— ... امریکہ ۹۶ ہزار فوج مقرر کریگا۔

مسلم سے خطاب اور عید کی مبارک

(از ... مولانا ... ماہر مطلع گر ...)

مسلم خوابیدہ اب بیدار ہو بیدار ہو	مدتوں سے سو رہا ہے کچھ ذرا ہشیار ہو

سینہ کی بدمستیوں سے اب تو ہوشیار ہو	سرزمین ہند کا اٹھ پھر علمبردار ہو

عید قرباں آئی ہے تجھ کو جگانے کے لئے

عزوشاں کا راستہ تجھ کو بتانے کے لئے

تھا جہاں ... تیرا سایہ کبھی	... باشاہوں کو بھی ... کبھی

... نصرت ساتھ ... سندھ میں آیا کبھی	تو نشان ... ہند پر لہرایا کبھی

کانپتے تھے بحر و بر بھی دبدبہ کر تیرا بلا

تھا ثریا سے بھی رفعت میں ... تیرا بلا

تو وہی ہے لیک تجھ میں جوش ایمانی نہیں	جس سے روشن ہو جہاں ... تابانی نہیں

ہے تو سب کچھ دل میں لیکن ذوق یزدانی نہیں	تیرا سینہ اب ضیاء حق سے نورانی نہیں

تا بکے یہ نوحہ غم چھوڑ اب اس کو امام

دوستوں کو عید کا فرحت اثر دیکر پیام

—— اخبارات میں خبر آئی ہے کہ ۲۰ جنوری کو شاہ فاروق والی مصر خلیفۃ المسلمین تسلیم کئے گئے ہیں۔ آپ نے نماز کی امامت بھی کرائی۔ اس وقت یمن کے شیخ الاسلام اور امیر فیصل و معززین مصر موجود تھے۔

مضامین آمدہ | مولوی عبد السلام صاحب مولوی ابو سعید عبد الرحمٰن صاحب محمد رفیع صاحب مضر۔ مولوی ابو البیان محمد عبد اللہ۔ مولوی محمد صاحب منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار۔ عبد الشکور۔

ضروری اطلاع۔ ۳۔ فروری کا پرچہ بوجہ تعطیلات عیداضحیٰ شائع نہیں ہوگا۔

[library stamp] DELHI

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۵ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ

نبی موعود!

یعنی

وہ نبی

اس عنوان سے عیسائیوں کی طرف سے ایک اشتہار نکلا ہے۔ جس میں کوشش کی گئی ہے کہ "وہ نبی" والی پیشگوئی اصل موعود سے ہٹا کر غیر موعود پر چسپاں کی جائے اس کے جواب میں یہ نوٹ لکھا جاتا ہے۔

مسیحی مضمون نگار نے اس بحث میں خلط مبحث کیا ہے۔ جس کی تفصیل ہم اس مضمون میں دکھائیں گے مضمون نگار نے تورات کی کتاب استثناء باب ۱۸ سے دو فقرے (۱۸ و ۱۹) نقل کئے ہیں۔ جو یہ ہیں :-

"میں اُن کے لئے اُن ہی کے بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کرونگا اور اپنا کلام اُس کے مُنہ میں ڈالونگا اور جو کچھ میں اُسے حکم دونگا وہی وہ اُن سے کہیگا۔ اور جو کوئی میری اُن باتوں کو جن کو وہ میرا نام لیکر کہیگا نہ سُنے تو میں اُن کا حساب اُس سے لونگا۔"

(استثناء ۱۸ : ۱۸ و ۱۹)

"خداوند تیرا خدا تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے یعنی تیرے ہی بھائیوں میں سے میری مانند ایک نبی برپا کریگا۔"

(استثناء ۱۸ : ۱۵-۱۸-۱۹)

اس کے بعد انجیل وغیرہ سے وہ حوالے نقل کئے ہیں جن سے بخیال خود یہ ثابت کیا ہے کہ یہ پیشگوئی مسیح علیہ السلام کے لئے ہے۔ مگر ان حوالوں میں سے کسی ایک حوالے سے بھی مضمون نگار کا مدعا ثابت نہیں ہوتا وہ حوالجات یہ ہیں :-

(۱) وہ اسرائیلی ہیں جسم کی رو سے مسیح بھی ان ہی میں سے ہوا۔ (رومیوں ۹ باب کی ۴-۵ آیات)

(۲) یسوع مسیح ابن داؤد ابن ابرہام۔ (متی ۱ باب کی ۱ آیت)

(۳) یسوع اپنے مقرر کرنے والے کے حق میں دیانتدار تھا جس طرح موسیٰ اسکے گھر میں تھا۔ (عبرانیوں ۳ باب کی ۱-۲ آیات)

(۴) خدا ایک ہے اور خدا اور انسان کے بیچ میں درمیانی بھی ایک یعنی مسیح یسوع جو انسان ہے۔ (تیمتھیس ۲ باب کی ۵)

(۵) کوئی بھی میرے وسیلے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا (یوحنا ۱۴ : ۶) وغیرہ

کوئی حوالہ بھی مضمون نگار کے دعوی کو ثابت نہیں کر سکتا اصل بحث یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیشگوئی مندرجہ تورات بابت نبی مثیل موسیٰ اور انجیل یوحنا کی پیشگوئی موسومہ "وہ نبی" کے مصداق حضرت مسیح ہیں یا کوئی اور۔ ہماری تحقیق جو الہامی نوشتوں پر مبنی ہے یہ ہے کہ ان دونوں پیشگوئیوں کے مصداق حضرت مسیح نہیں ہیں۔ حضرت موسیٰ والی پیشگوئی کے مصداق مسیح اس لئے نہیں ہیں کہ عیسائیوں کی الہامی کتاب موسومہ رسولوں کے اعمال میں مسیح کے یوم تشریف بری (دنیا سے چلے جانے) کے بعد اس موعود نبی کا انتظار کیا جاتا ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ موعود باوجود مسیح کے آجانے کے ابھی آنے والا ہے۔ اعمال کی کتاب کے الفاظ یہ ہیں :-

"پس توبہ کرو ۱۹ اور متوجہ ہو کہ تمہارے گناہ مٹائے جائیں تاکہ خداوند کے حضور سے تازگی بخش ایام آویں ۲۰ اور یسوع مسیح کو پھر بھیجے جسکی منادی تم لوگوں کے درمیان آگے سے ہوئی ضرور ہے کہ آسمان اُسے لئے رہے ۲۱ اُس وقت تک کہ سب چیزیں جن کا ذکر خدا نے اپنے سب پاک نبیوں کی زبانی شروع سے کیا۔ ۲۱ اپنی حالت پر آویں۔ ۲۲ کیونکہ موسیٰ نے باپ دادوں سے کہا کہ خداوند جو تمہارا خدا ہے تمہارے بھائیوں میں سے تمہارے لئے ایک نبی میری مانند اُٹھا دیگا جو کچھ وہ تمہیں کہے اُس کی سب سنو ۲۳ اور ایسا ہوگا کہ ہر نفس جو اُس نبی کی نہ سُنے وہ قوم میں سے نیست کیا جائیگا۔ ۲۴ بلکہ سب نبیوں نے سموئیل سے لیکے پچھلوں تک جتنوں نے کلام کیا ان دنوں کی خبر دی ہے ۲۵ تم نبیوں کی اولاد اور اُس عہد کے ہو جو خدا نے باپ دادوں سے باندھا ہے جب ابرہام سے کہا کہ تیری اولاد سے دنیا کے سارے گھرانے برکت پاوینگے۔ ۲۶ تمہارے پاس خدا نے اپنے بیٹے یسوع کو اُٹھا کے پہلے ۲۶ بھیجا کہ تم میں سے ہر ایک کو اُس کی بدیوں سے پھیر کے برکت دے۔"

(رسولوں کے اعمال باب ۳۔ ۱۹-۲۶)

اہلحدیث یہ عبارت صاف بتا رہی ہے کہ وہ موعود

مطلب یہی نہیں بلکہ مسیح کے آنے کے بعد میں آنے کا انتظار کیا جاتا ہے۔ اس کا جواب بھی ملانہ نگار نے کچھ نہیں دیا بلکہ اس عبارت کا ذکر ہی نہیں کیا۔ حالانکہ یہ عبارت بحث کے لحاظ بنیادی پتھر ہے۔ نیز الفاظ "وہ نبی" کو بھی نامہ نگار نے بزور مسیح پر چسپاں کیا ہے۔ ہمارے خیال میں ان کا ایسا کرنا مثال مشہور "مدعی سست گواہ چست" کا مصداق ہے۔ ہم اپنے دعوے کا ثبوت جناب مسیح کے قول سے ہی پیش کرتے ہیں۔ لکھا ہے کہ:-

یہودیوں نے یروشلم سے کاہنوں اور لاویوں کو بھیجا کہ اس یوحنا (یحیٰی) سے پوچھیں کہ تو کون ہے۔ اس نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا بلکہ اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں۔ تب انہوں نے اس سے پوچھا تو اور کون ہے کیا تو الیاس ہے اس نے کہا میں نہیں ہوں۔ پس آیا تو وہ نبی ہے۔ اس نے جواب دیا نہیں۔ (انجیل یوحنا باب ۱ کی ۱۹)

اس عبارت میں یوحنا سے تین سوال ہوئے۔

(۱) کیا تو مسیح ہے؟ جواب دیا "نہیں"۔

(۲) کیا تو الیاس ہے؟ جواب دیا "نہیں"۔

(۳) کیا تو وہ نبی ہے؟ جواب دیا "نہیں"۔

اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ مسیح اور وہ نبی اور الیاس یہ تینوں الگ الگ شخصیتیں ہیں۔ ورنہ مسیح کی نفی سن کر الفاظ "وہ نبی" سے سوال نہ ہوتا ہے پس ثابت ہوا کہ موسیٰ کی پیشگوئی "وہ نبی" کے مصداق حضرت مسیح نہیں ہیں۔ اس کے بعد یہ معلوم کرنا بہت آسان ہے کہ اس کا مصداق کون ہے۔

مسلمانوں اور عیسائیوں میں یہ بات بالاتفاق مسلم ہے کہ حضرت مسیح سے لیکر آنحضرت علیہ السلام تک درمیان میں کوئی نبی یا رسول خدا کی طرف سے نہیں بلکہ آج تک بھی کوئی نہیں آیا۔ جو آیا وہ سب کو معلوم ہے وہ اسرائیل کے بھائیوں میں سے آیا جن کو خاندان اسمٰعیل کہتے ہیں اور اس کے الہامی کلام سے یہ ثبوت ملتا ہے

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۱؎

یہ آیت اشارۃً بتا رہی ہے کہ میرا علم حضرت موسیٰ کی مانند ہونے کی وجہ سے توراۃ کی پیشگوئی کا مصداق ہے۔ مزید وضاحت کے لئے جناب مسیح کا یہ قول بھی سامنے رکھنا چاہئے جو ممدوح نے اس آنے والے نبی کے حق میں کہا ہے:-

وہ آن کر دنیا کو گناہ سے اور راستی سے اور عدالت سے تقصیر وار ٹھہرائے گا۔

(۱) گناہ سے اسلئے کہ مجھ پر ایمان نہیں لائے۔

(۲) راستی سے اس لئے کہ میں اپنے باپ پاس جاتا ہوں اور تم مجھے پھر نہ دیکھو گے۔

(۳) عدالت سے اس لئے کہ اس جہان کے سردار پر حکم کیا گیا ہے۔ (یوحنا ۱۶۔ کی ۸)

اہلحدیث یہ سب اوصاف کس میں پائے گئے۔ کس نے مسیح کے منکروں کو کافر قرار دیا۔ کس نے مسیح کا مرفوع الی اللہ ہونا منوایا۔ کس نے دنیا میں آکر عدالت قائم کی اسی نے اور اسی نے جس کے حق میں یہ شعر صادق ہے

ہوئے پہلوئے آمنہ سے ہویدا
دعائے خلیل اور نوید مسیحا

(نوٹ) چونکہ یہ مضمون ایک مسیحی اشتہار کا جواب ہے۔ اس لئے یہ بھی بصورت اشتہار الگ شائع کیا جائیگا۔ شائقین تعداد مطلوبہ سے اطلاع دیں۔

قادیانی مشن

یوم الفرقان ۱۲- جنوری نہیں بلکہ ۱۰ جنوری ہے

اخبار "الفضل" ۱۴۔ جنوری میں ایک مضمون افتتاحیہ شائع ہوا ہے۔ جس کی سرخی ہے:-

"احمدیت کا یوم الفرقان ۱۲۔ جنوری ہے"

اس مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ مرزا صاحب نے ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء کو ایک اشتہار دیا جس میں مسلمانوں کو ترغیب دی کہ ان کے ہاتھ پر بیعت کریں۔ اس لئے یہ تاریخ یوم الفرقان ہے۔ ہمارے خیال میں یہ دعویٰ بالکل غلط ہے۔ کیونکہ راقم مضمون نے غالباً قرآن مجید کی اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جس میں "یوم الفرقان" کا لفظ آیا ہے۔ پوری آیت یوں ہے:-

إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللَّهِ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ

اس آیت میں "یوم الفرقان" کے ساتھ دوسرا جملہ "يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ" بھی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یوم الفرقان اس دن کا نام ہے جس دن دو مختلف جماعتیں ایک دوسرے کے مقابلے میں آئی تھیں۔ جس کے نتیجے میں ایک جماعت فاتح ٹھہری اور دوسری مفتوح۔ وہ دن جنگ بدر کا دن تھا۔

اگر مرزا صاحب متوفی نے ۱۲۔ جنوری کو بیعت کا اشتہار دیا تھا تو اس کا نام یوم الفرقان کے بجائے یوم دعوت ہونا چاہئے۔ کیونکہ یوم الفرقان میں دو جماعتوں کا باہمی مقابلہ ہو کر فاتح اور مفتوح کے درمیان کھلا امتیاز ہونا ضروری ہے۔ اس قرآنی تصریح کے مطابق واقعات کی رو سے ۱۰۔ جنوری کا دن یوم الفرقان ہونا چاہئے جس کی تفصیل یہ ہے کہ

مرزا صاحب متوفی نے کتاب اعجاز احمدی ۱۹۰۲ء میں شائع کی۔ جس کے متعدد مقامات میں مجھے دعوت دی کہ میں قادیان پہنچ کر ان کی پیشگوئیوں کی پڑتال کروں اور پیشگوئیوں کے غلط ہونے کی صورت میں فی پیشگوئی سو روپیہ انعام بھی رکھا جن کی مقدار پندرہ ہزار روپیہ ہوتی ہے اور اپنے ایک لاکھ مریدوں سے (یہ تعداد ان دنوں تھی) فی کس ایک روپیہ کل مجموعہ ایک لاکھ پندرہ ہزار روپیہ دینے کا وعدہ کیا۔ باوجود اس علم کے کہ مرزا صاحب کے سب انعامات اکبر بادشاہ کے روحانی گھوڑوں کی طرح روحانی فیض ہوتے ہیں از قسم مادیات نہیں ہوتے ہیں۔ ۱۰۔ جنوری

۱؎ (لوگو!) جس طرح ہم نے فرعون کی طرف موسیٰ کو پیغمبر بنا کر بھیجا تھا تمہاری طرف بھی (حضرت محمد صلعم کو) رسول بنا کر بھیجا ہے جو قیامت کے دن تمہارے خلاف گواہی دینے والا ہے

۱۹۰۳ء کو مع اپنے مخلص احباب کے قادیان میں جا پہنچا اور جاتے ہی مندرجہ ذیل عریضہ مرزا صاحب کی خدمت میں بھیجا :-

"بخدمت جناب مرزا غلام احمد صاحب رئیس قادیان خاکسار آپ کی حسب دعوت مندرجہ اعجاز احمدی صلا و صلا قادیان میں اس وقت حاضر ہے جناب کی دعوت کے قبول کرنے میں آج تک رمضان شریف مانع رہا۔ ورنہ اتنا توقف نہ ہوتا میں اللہ جلشانہ کی قسم کھاتا ہوں کہ مجھے جناب سے کوئی ذاتی خصومت اور عناد نہیں۔ چونکہ آپ (بقول خود) ایک ایسے عہدہ جلیلہ پر ممتاز و مامور ہیں جو تمام بنی نوع کی ہدایت کے لئے عموماً اور مجھ جیسے مخلصوں کے لئے خصوصاً ہے۔ اس لئے مجھے قوی امید ہے کہ آپ میری تفہیم میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں گے اور حسب وعدہ خود مجھے اجازت بخشیں گے کہ میں مجمع میں آپکی پیشگوئیوں کی نسبت اپنے خیالات ظاہر کروں۔ میں مکرر آپ کو اپنے اخلاص اور صعوبت سفر کی طرف توجہ دلا کر اسی عہدہ جلیلہ کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ مجھے ضرور ہی موقع دیں"۔

راقم :- ابوالوفا ثناء اللہ - ۱۰ جنوری ۱۹۰۳ء
بوقت ۷ بجے دن کے"

اس کا جواب ایک وفد زیر سرکردگی مولوی سرور شاہ) لے کر میرے ڈیرے پر آیا۔ جس میں میری درخواست کو مرزا صاحب نے مسترد کردیا۔ یہ پوری خط و کتابت رسالہ "الہامات مرزا" میں درج ہے۔ یہاں مجھے اس امر کا بیان کرنا مقصود ہے کہ ۱۰ جنوری ہی ایسا دن تھا جس میں دو مختلف جماعتیں قادیان میں جمع ہوئی تھیں اس روز اہل حق کو نمایاں فتح حاصل ہوئی۔ یعنی اہل حق فریق ثانی کے چیلنج کر کے پھر ان کے دار الحکومت میں پہنچ کر ان پر حملہ آور ہوا جس کے نتیجے میں اہل باطل [illegible] [illegible] [illegible] جس پر اہل دانش کو یہ کہنے کا موقع ملا [illegible] [illegible]

تبرکات مرزائیہ

آج کل قادیانی اخباروں میں مرزا صاحب کے تبرکات جمع کرنے کی تحریک ہو رہی ہے۔ ان تبرکات میں ہر قسم کی چیزیں لی جاتی ہیں۔ کپڑے کا ٹکڑا ہو یا جوتی کا تسمہ۔ داڑھی یا سر کے بال ہوں یا منی آرڈر کوپن پر دستخط سب چیزیں جمع کی جا رہی ہیں۔

ہم نے لکھا تھا کہ ہمارے پاس بھی مرزا صاحب کا ایک تبرک ہے۔ یعنی آپ کے دستخط جو ہمارے خط مرقومہ ۱۰ جنوری کے جواب میں ایک رقعہ پر ثبت ہیں قادیانی دوست اگر چاہیں تو اس کا اصل یا فوٹو ہم سے لے سکتے ہیں۔ مقام افسوس ہے کہ انہوں نے ہمارے پیش کردہ تبرک کو طلب نہیں کیا۔ ہمارا گمان ہے کہ اس وجہ سے طلب نہیں کیا ہوگا کہ چونکہ یہ تبرکات قادیان میں کسی نمائش کے موقع پر پیش کئے جائیں گے اور ہر تبرک کے ساتھ ایک چٹ پر اس شخص کا نام مرقوم ہوگا جس سے وہ تبرک وصول ہوا ہوگا۔ ہمارے تبرک کی چٹ پر عبارت یوں ہوگی :-

یہ دستخط اس منشور گرامی پر ہیں جو مولوی ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری کے جواب میں حضرت صاحب کی طرف سے ۱۰ جنوری کو لکھا گیا تھا جبکہ وہ حسب دعوت حضرت اقدس قادیان میں پہنچے تھے۔

اس عبارت سے ناظرین کا تصور دور دراز کے واقعات تک پہنچیگا۔ پہلے تو وہ اس خط و کتابت کی تلاش کریں گے اسکے بعد ان کا تصور میرے نام کی وجہ سے مرزا صاحب کے آخری فیصلے تک جا پہنچیگا۔ کیونکہ اہل منطق کا قول ہے لا حجر فی التصور (تصور میں کوئی روک ٹوک نہیں) غالباً یہی تخیل اہل قادیان کو میرا تبرک لینے سے مانع ہوا ہوگا۔

مرزا صاحب کا یہ تبرک پیش کرنے میں مجھے جو طمع تھی میں اس شعر میں اس کا اظہار کرتا ہوں ؎

ثنا خوانوں کو تیرے شوخ پیکر [illegible] کیا ہوتا
بہانا ڈھونڈتے ہوتا تمہارا بھی جہاں ہوتا

فرقہ ناجیہ!

قادیانی اخبار "الفضل" نے دعویٰ کیا تھا کہ فرقہ ناجیہ جماعت احمدیہ ہے۔ کیونکہ یہ جماعت ایک امیر کے ماتحت ہے۔ اس کا جواب ہم نے اہلحدیث ۳۰ دسمبر میں دیا تھا کہ صرف ایک امیر کے ماتحت ہونے سے کوئی جماعت فرقہ ناجیہ نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ قادیانی جماعت جس قدر اپنے امیر کی تابعدار ہے اس سے بڑھ کر آغاخانی جماعت سر آغاخان کی تابعدار ہے پھر کیا قادیانی جماعت آغاخانیوں کو فرقہ ناجیہ ماننے کے لئے تیار ہے؟

الفضل ۶ جنوری میں اس کا جواب نکلا ہے جس میں آغاخانیوں کی تنظیم کو تسلیم کر کے ان کے فرقہ ناجیہ نہ ہونے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ اشاعت اسلام کرنا ان کا مقصد نہیں ہے۔ اس لئے یہ جماعت فرقہ ناجیہ نہیں ہے۔

جواب یہ ہے کہ ایسا کہنا ناواقفی پر مبنی ہے۔ کیونکہ سر آغاخان اپنے (مزعومہ) اسلام کی اشاعت میں جتنے سرگرم ہیں اتنے قادیانی بھی نہیں۔

گذشتہ تحریک شدھی کے دنوں میں سر موصوف نے بمبئی میں ایک ختنہ خانہ کھول دیا تھا۔ جس میں روزانہ ان کے دو تین سو مریدوں کا ختنہ کرایا جاتا تھا۔ جس کی وجہ سے وہ کھلم کھلا مسلمان کہلانے لگے سر آغاخان کی یہ سعی بلیغ دیکھ کر سوامی شردھانند نے ایک لیکچر میں کہا تھا کہ

سر موصوف کا مقابلہ کرنا ہماری طاقت سے باہر ہے۔

اسی طرح بوہروں کا امام بھی اپنی حیثیت میں خوب اشاعت اسلام کر رہا ہے۔ ہاں یہ دونوں گروہ یورپین پروپیگنڈا نہیں کرتے۔ جیسے قادیانی کرتے ہیں کہ مچھر مار کر شیر بتاتے ہیں۔

حقیقت مرزائیت۔ تحریک مرزائیت اپنے اصلی [illegible] میں قیمت [illegible] دفتر اہلحدیث [illegible]

ahmadimuslim.de

بریلوی مشن
نامہ نگار "الفقیہ" کی خود ساختہ فقاہت

(مرقومہ مولوی عبدالعزیز صاحب از کوٹلی لہاراں مغربی)

ناظرین کرام! اخبار الفقیہ ۱۴۔ نومبر ۱۹۳۰ء میں احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے عنوان سے بشیر کوٹلوی کا ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ اس میں کس جرأت اور جسارت سے ناظرین الفقیہ کو بہکانے کے لئے تصویر کا ایک رُخ دکھایا گیا ہے۔ شروع مضمون میں لکھتے ہیں کہ

وہابیوں کے نزدیک جس کا نام محمد ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔ اور نبی علیہ السلام کا خود مختار ہونا بزعم خود ثابت کرتے ہیں۔

لیکن ہم صرف اتنا پوچھتے ہیں کہ اگر تم نبی علیہ السلام کو ایک طرف حاجت روا مشکل کشا سمجھتے ہو تو دوسری طرف حضرت علی رضی اللہ عنہ مولا مشکل کشا کا وظیفہ پڑھ رہے ہو۔ ذرا آگے بڑھیے تو ۲۱۔ نومبر کے الفقیہ میں حضرت بلخی کو پکارنے والا بچ جائے اور خدا کو حاجت روا سمجھنے والا لٹ جائے" لکھ دیا۔ ادھر ۱۴۔ دسمبر کے الفقیہ میں خدا اور پیر عبدالقادر میں کوئی فرق باقی نہ رہنے دیا۔ نہ کیڑے کو خدا زندہ کرسکا اور نہ ہی پیر جیلانی ٹانگ جوڑ سکا۔ بس قصہ ختم۔ دراصل ان لوگوں نے خدا تعالیٰ کو ایک معمولی چیز سمجھ رکھا ہے جو کہ مخلوق کی بغیر اجازت کے ذرہ برابر بھی کچھ نہیں کرسکتا۔ اور جب ان کی ایسی واہی تباہی ژٹلیات بناوٹی کہاوتوں کی تردید کی جائے تو سوائے بدزبانی کے ان سے اور کچھ جواب بن نہیں سکتا۔ نبی علیہ السلام کے علاوہ جب دیگر بزرگ بھی مشکل کشا حاجت روا ہیں تو حضور علیہ السلام میں کس دلیل سے خصوصیت ہوگی۔

پھر لکھتے ہیں کہ

حضور علیہ السلام نے اس شخص کو کہ جس پر روزہ عمداً توڑ دینے کا کفارہ عائد ہوتا تھا، بجائے غیر پر صدقہ کرنے کے حضور نے اسکو خود صدقہ استعمال کر لینے کا حکم فرمایا اور حضور نے اپنے اختیار سے اس شخص کو مخصوص فرما لیا۔

جناب والا! یہ جو آپ نے اپنی طرف سے اختراع کیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنے اختیار سے مخصوص فرما لیا یہ کونسی آیت یا حدیث کا ترجمہ ہے۔ اگر یہ الفاظ کسی حدیث میں موجود ہیں تو ہمیں بھی دکھا دیں۔

اور اس واقعہ سے حضور کا اختیار سمجھ لینا یہ محض غلط اور خلاف قرآن و حدیث ہے۔ کیونکہ جب یہ مسلمہ چیز ہے کہ وحی خفی اور جلی دو نو قسم حضور علیہ السلام پر نازل ہوتی تھی۔ اب چاہے تین نمازوں کے معاف کر دینے کا واقعہ ہو یا عمداً روزہ توڑ دینے سے خود ان کو صدقہ کھلا دینے کا قصہ۔ ہر دو حدیثوں سے یہ الفاظ ثابت کرنا بشیر کوٹلوی کا اخلاقی فرض ہے کہ حضور نے اپنے اختیار سے ایسا کیا تھا۔

یاد رکھو قرآن مجید کا فیصلہ اٹل ہے۔ حدیث کا ارشاد برحق ہے۔ نبی علیہ السلام ہرگز اپنی رائے سے احکام الٰہی (امور دین) میں رد و بدل نہیں فرمایا کرتے تھے کیونکہ قرآن شریف میں متعدد مقامات پر اس امر کو واضح الفاظ میں بیان فرمایا گیا ہے کہ نبی وحی کے تابع ہوا کرتا ہے۔

چنانچہ نبی علیہ السلام کے متعلق ارشاد ہوتا ہے:۔

(۱) وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحٰى (پ ۲۷۔ نجم) ہمارا نبی امور دین میں بجز ارشاد باری کے خود نہیں بولتا۔

(۲) ان اتبع الا ما یوحیٰ الی (پ) نہیں پیروی کرتا میں مگر اس چیز کی کہ وحی کی گئی ہے طرف میری۔

(۳) [illegible] (پ)

تحقیق میں خود تابع ہوں اگر نافرمانی کروں میں اپنے رب کی

(۴) وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِآيَةٍ قَالُوا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحٰى إِلَيَّ مِنْ رَبِّي (پ ۹ اعراف) جب نہیں لاتا تو ان کے پاس نشانی کہتے ہیں کیوں نہ خود بنا لایا تو اس کو کہہ دو سوائے اسکے نہیں میں پیروی کرتا ہوں اس چیز کی کہ وحی کی جاتی ہے طرف میری۔

پس ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام اپنے اختیار سے کسی چیز کو حلال و حرام جائز و ناجائز نہیں فرماتے تھے تاوقتیکہ خدائی حکم بذریعہ وحی خفی یا جلی نہ آجاتا۔ کئی ایک واقعات حضور علیہ السلام کی زندگی میں ہی ایسے پیدا ہوئے۔ مثلاً شہد کا کھانا موقوف فرما دینا یا عبداللہ بن ابی بن سلول کا جنازہ پڑھنے جانا وغیرہ ایسے واقعات کے پیدا ہونے کی بھی خاص وجہ یہی ہے کہ وہ لوگ جو حضور کے متعلق خلاف قرآن و احادیث صحیحہ یہ عقیدہ رکھیں گے کہ حضورؐ اپنے اختیار سے کم و بیش کرتے تھے انہیں پتہ چل جائے کہ نبیؐ کو اس بات کا اختیار نہیں کہ کسی دینی امر میں اپنی رائے کو دخل دے۔

اب باقونی محبوں کا فرض ہے کہ قرآن پاک کی ان آیات کے مطابق حضور علیہ السلام کو خدا کے حکم کا تابع اور مطیع سمجھیں۔ پس ہمارا تعلق اس محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے جو بجز اپنے محبوب حقیقی کے ارشاد کے خود گفتگو فرماتے ہی نہیں تھے بلکہ ہر حرکات و سکنات گفتار و کردار اپنے آقا و مولا کی مرضی کے مطابق کرتے تھے۔ ان رسمی حنفیوں کو احمد مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کیا غرض۔ ان کا احمد بریلی میں ہوگا یا مشہور میں ہے

مجھے تو ہے منظور مجنوں کو لیلا
نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی

نور محمدی۔ [illegible] بدعت [illegible] اور قوالی کو جائز سمجھتے ہیں۔ اس کی تردید قرآن مجید حدیث شریف [illegible] [illegible]

تبیان القرآن۔ مصنفہ مولانا صاحب [illegible] جلد اول [illegible] جلد دوم [illegible] کل [illegible] (منیجر اہلحدیث)

انبیاء کی پکار بدرگاہ کردگار

قابل توجہ محبان مزار

حضرات انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم ہر وقت اللہ تبارک و تعالیٰ کی عبادت کرتے رہے اور اللہ تبارک کو پکارتے رہے۔ سوائے اسی ذات پاک کے اور کوئی ملجا و ماوی نہ جانتے تھے۔ اور یہی سکھاتے سمجھاتے رہے کہ ہمارے ماننے والوں کا یہی طریقہ ہونا چاہئیے۔ جو ہم کر رہے ہیں کہ اون کا سوائے واحد خدا کے کوئی سہارا نہ ہو کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی سے پناہ طلب نہ کریں اور نہ کسی سے کچھ مانگیں اور جو کچھ مانگیں صرف اسی واحد خدا سے طلب کرتے رہیں۔ اب جو لوگ انبیاء علیہم السلام کے راستہ پر چل رہے ہیں یعنی موحد ہیں شرک نہیں کرتے وہ جاہلوں اور نہ اہلوں میں وہابی کے لقب سے یاد کئے جا رہے ہیں اور جو لوگ اپنے باپ دادا پردادا اور جاہل پیروں اور بے دین قبر پرست ملاؤں کے بتائے ہوئے غلط راستہ پر جا رہے ہیں وہ صوفی ہیں۔ اہل سنت ہیں اور محب انبیاء و اولیاء ہیں۔

صحیح راستہ انبیاء صلوات اللہ علیہم کا وہ ہے جو قرآن کریم و فرقان حکیم نے دنیا کے سامنے پیش کیا ہے کہ یہ حضرات توحید سکھانے کو دنیا میں تشریف لائے اور بڑی مشکل سے اس کام کو سر انجام دیا اور نمونہ دکھا کر رخصت ہوئے۔ آج ہم ان حضرات کی توحید پرستی قرآن کریم سے نقل کر کے ہدیہ ناظرین کرتے ہیں۔ خدا تعالےٰ ہدایت کا مالک ہے۔ وہ ہادی ہے جسے چاہے ہدایت دے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے :-

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ (انبیاء۔ پارہ ۱۷)

(ترجمہ) اور ایوب علیہ السلام کو ہدایت دی جس وقت پکارا اوس نے رب اپنے کو کہ تحقیق مجھ (ایوب) کو پہنچی ہے ایذا (تکلیف) اور تو (اللہ) بہت مہربان ہے مہربانی کرنے والوں سے۔ پس قبول کیا ہم (اللہ) نے واسطے اوس (ایوبؑ) کے پس کھول دیا ہم (اللہ) نے جو کچھ ساتھ اوس (ایوب) کے تھی ایذا (تکلیف) اور دی ہم (اللہ) نے اوس (ایوب) کو اولاد اسکی اور مانند اون کے ساتھ اون کے مہربانی اپنی طرف سے اور نصیحت واسطے عبادت کرنے والوں کے۔

ف :- حضرت ایوب کو حق تعالیٰ نے دنیا میں سب طرح سے آسودہ رکھا تھا کھیت اور مویشی اور لونڈی غلام کما تھا اور اولاد صالح اور عورت موافق مرضی۔ اور بڑے شکر گزار تھے۔ پھر اون پر ابتلا آئی۔ کھیت جل گئے مویشی مرگئے اور اولاد اکٹھی دب مری، دوستدار الگ ہو گئے بدن میں آبلے پڑ کر کیڑے پڑ گئے۔ ایک عورت رفیق رہی جیسے نعمت میں شاکر تھے ویسے بلا میں صابر رہے۔ ایک قرن کے بعد یہ دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے اولاد مری ہوئی جلائی اور نئی اولاد دی اور زمین سے چشمہ نکالا اوسی سے پی کر اور نہا کر چنگے ہوئے اور سونے کی ٹڈیاں برسائیں اور سب طرح درست کر دیا۔ لہ الحمد!

ایک اور قصہ سنئے!

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِى الْمُؤْمِنِيْنَ (ایضاً حوالہ)

(ترجمہ) اور مچھلی والے (حضرت) یونس (علیہ السلام) کو جس وقت گیا غصہ کھا کر پس جانا یہ کہ ہرگز نہ تنگ پکڑیں گے ہم اوپر اوس کے پس پکارا بیچ اندھیروں کے یہ کہ نہیں کوئی معبود (لائق عبادت) مگر تو (اللہ) اور پاکی ہے تجھ (اللہ) کو تحقیق میں تھا ظالموں سے۔ پس قبول کیا ہم اللہ نے واسطے اوس (یونس) علیہ السلام کے اور نجات دی ہم (اللہ) نے اوس (یونس) کو غم سے اور اسی طرح نجات دیتے ہیں ہم (اللہ) ایمان والوں کو۔

ف :- حزقیل کے یاروں میں تھے یونس علیہ السلام بڑے شوق میں عبادت کے اور دنیا سے الگ حکم ہوا کہ ان کو بھیجو شہر نینوا میں مشرکوں کو منع کریں بت پوجنے سے اور غیر اللہ کی پرستش سے۔ یہ خفا ہو کر گئے۔ راہ میں ندی آئی۔ ایک بیٹا کنارے پر چھوڑا ایک کندھے پر لیا۔ عورت کا ہاتھ پکڑا ندی میں۔ جب پانی نے زور کیا عورت کا ہاتھ چھوٹ گیا اس کے تھامنے سے کندھے سے لڑکا پھسل پڑا۔ گھبراہٹ میں دونوں گئے۔ کنارے آئے دوسرے لڑکے پاس۔ اوس کو بھیڑیا لے گیا جب اوس شہر میں پہنچے سرداروں سے پیغام اللہ کا دیا وہ ٹھٹھے کرنے لگے۔ ایک مدت رہے۔ آخر خفا ہو کر بددعا کی عذاب کی اور آپ نکل گئے۔ تیسرے دن عذاب آیا شہر کے سب لوگ جنگل میں نکلے اللہ تعالےٰ کے آگے توبہ کی اور روئے۔ بت سارے توڑ ڈالے عذاب ٹل گیا۔ آپ قوم اور شہر کو چھوڑ کر کسی طرف چل کھڑے ہوئے ایک کشتی پر سوار ہوئے۔ کشتی بیچ میں جا کر ٹھیر گئی نہ آگے جاتی نہ پیچھے آتی۔ کسی نے کہا اس کشتی میں بھاگا ہوا غلام ہے۔ آپ نے فرمایا بھاگا ہوا غلام میں ہوں۔ کسی نے نہ مانا۔ آخر قرعہ اندازی کی گئی۔ قرعہ آپ کے نام پر پڑا۔ آخر آپ کو دریا میں ڈال دیا گیا۔ مچھلی نے آپ کو نگل لیا۔ مچھلی کے پیٹ میں حضرت نے اپنے رب کو پکارا اوسی وقت ذات پاک فریاد کو پہنچی۔ مچھلی کو حکم دیا کہ اگل دے۔ اوس نے آپ کو دریا کے کنارے پر ڈال دیا۔ وہاں ایک بیل نے چھاؤں کی اور ہرنی نے دودھ پلایا۔ جب قوت پائی تو حکم ہوا کہ اوسی قوم میں پھر جا وہ لوگ آرزو مند تھے راہ دیکھتے۔ ان کی عورتوں کے بچے پیدا ہوئے۔ بہتیرے سے لوگوں نے اون کو پھر پایا تھا۔ جب آپ شہر میں آئے

ahmadmuslim.de

تو سارے کے سارے مسلمان ہوگئے۔ آپ کی بہت عزت ہوئی اور خوش ہوئے۔

تیسرا قصہ ملاحظہ فرمائیے :۔

وَزَكَرِيَّا إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَوَهَبْنَا لَهُ يَحْيَىٰ وَأَصْلَحْنَا لَهُ زَوْجَهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا ۖ وَكَانُوا لَنَا خَاشِعِينَ ٥ (حوالہ مذکور)

(ترجمہ) اور یاد کر ہم (اللہ) نے ذکریا (علیہ السلام) کو جس وقت پکارا اوس (ذکریا علیہ السلام) نے پروردگار اپنے کو۔ اے پروردگار میرے مت چھوڑ مجھ (ذکریا) اکیلا۔ اور تو (اللہ) بہتر وارثوں کا ہے پس قبول کیا ہم (اللہ) نے واسطے اوس (ذکریا) اور دیا ہم (اللہ) نے اوسکو یحییٰ۔ علیہ السلام اور درست کر دیا ہم (اللہ) نے واسطے اوس کے عورت اوسکی کو تحقیق وہ تھے جلدی کرتے بیچ بھلائیوں کے اور پکارتے تھے ہم (اللہ) کو رغبت سے اور ڈرسے اور تھے (یہ لوگ) واسطے ہمارے عاجزی کرنے والے۔

ف :۔ لوگ کہتے ہیں جو کوئی اللہ کو پکارے توقع سے یا ڈر سے وہ محب صادق نہیں۔ یہاں سے اوس کی غلطی نکلی۔ و اخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔

(کمترین محمد عبد الرحیم از بہاول پور۔ ریاست)

تعلیمات نبوی وسیلہ سعادت اخروی

(از قلم مولانا ابو طیب عبد الصمد صاحب مبارکپوری)

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (پ ۲۳۔ س الزمر)

بھلا جو شخص رات کی گھڑیوں میں عبادت خداوندی میں لگا رہتا ہے کبھی سجدہ کر رہا ہے اور کبھی کھڑا ہے آخرت سے ڈرتا ہے اور اپنے رب کی مہربانی کی امید (بھی) رکھتا ہے (ایسا فرمانبردار شخص کافر نافرمان کے برابر ہو سکتا ہے) تو کہہ دے کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے (عالم اور جاہل) دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟

اس آیت کریمہ میں رات کے اوقات میں عبادت خداوندی میں لگے رہنے سجود و قیام کرنے اور نماز پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ نیز عذاب و اہوال آخرت سے ڈرنے اور رحمت خداوندی کی رجاو توقع رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے جان نثار صحابہ رضی اللہ عنہم کی سیرت طیبہ اور تعلیمات حسنہ پر نظر ڈالنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان بزرگوں نے اس ارشاد خداوندی پر عمل پیرا ہو کر سعادت دارین اور فلاح ابدی رضاء خداوندی حاصل کرنے کی کیسی جان توڑ اور انتھک کوششیں کی ہیں۔

جماعت کی مصاحبت و حمایت۔ سنت کی پیروی مساجد کی آبادی۔ قرآن کریم کی تلاوت اور جہاد۔ مسلمانوں کی مایہ ناز اور طرۂ امتیاز طاعات تھیں اب ان اعمال میں سے اکثر مہجور و متروک ہو گئے۔ لیکن اللہ سے امید ہے کہ وہ اپنے فضل سے ایسے افراد پیدا کرے جو ان کو زندہ کر کے صحابہ و تابعین اور سلف صالحین کا نقشہ پیش کریں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز

ہر مسلمان کو لازم ہے کہ اپنے اکل و شرب نشست و برخاست رفتار و گفتار، کردار و اطوار، غرض سب چھوٹے بڑے کاموں میں اور ہر وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ اور سنت کو پیش نظر رکھے اور ہمیشہ ان کا لحاظ رکھے خلاف سے بچتا رہے۔ یہی اصل سعادت اور ظفر و کامیابی کی کنجی ہے۔ میں اس جگہ چند حدیثیں پیش کرتا ہوں۔ جن میں رات کے وقتوں میں ذکر الٰہی اور عبادت خداوندی کی فضیلت اور ترغیب وارد ہے۔

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :۔

جب کوئی شخص اپنے بستر پر سونے کے لئے آئے اور باوضو ہو (اور اگر وضو نہ ہو تو نماز کی طرح وضو کرے) پھر دائیں کروٹ لیٹ کر یہ دعا پڑھے اور اسکو اپنے سب کلام کے آخر میں پڑھے تو اگر اسی رات کو مریگا تو اس کی موت اسلام پر ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ

(ترجمہ) یا اللہ میں نے اپنا نفس تجھ کو سونپ دیا اپنا منہ تیری طرف متوجہ کر دیا اور اپنا کام تیرے حوالہ کر دیا اپنی پیٹھ تیری طرف لگا دی تیری رحمت کی طرف رغبت کر کے اور تیرے عذاب سے ڈر کر (میں نے یہ سب کام کئے) تجھ سے کہیں پناہ اور بچاؤ نہیں مگر تیرے پاس۔ میں ایمان لایا تیری کتاب پر جو تو نے اتاری اور تیرے نبی پر جسکو تو نے بھیجا۔ بخاری۔ مسلم۔ ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ (ترغیب ترہیب عن البراء بن عازب)

(۲) حضرت فروہ بن نوفل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا کہ قل یا ایہا الکفرون پڑھ کر سویا کر۔ اس سورت میں شرک سے برأت اور علیحدگی ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن حبان۔ حاکم۔ ترغیب)

(۳) عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رات کو بیدار ہو اور یہ کلمات کہے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

کیے یا اور کوئی دعا کی تو وہ مقبول ہوگی۔ اگر وضو کر کے نماز پڑھے تو وہ نماز قبول ہوگی۔ (بخاری۔ ابوداؤد ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ (ترغیب ترہیب)

(۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ماہ رمضان کے بعد تمام روزوں سے افضل اللہ کے خاص مہینہ محرم کا روزہ ہے۔ اور نماز فرض کے بعد تمام نمازوں سے فضیلت والی نماز رات کی نماز ہے۔ (یعنی تہجد) (مسلم۔ ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن خزیمہ)

(۵) ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

جنت میں ایسے ایسے بالاخانے ہیں کہ ان کے ظاہری (اوپر کے) حصے باطن سے نظر آتے ہیں اور باطنی (اندرونی) حصے باہر سے دکھائی دیتے ہیں ان کو اللہ تعالےٰ نے ان لوگوں کے لئے مہیا کرایا ہے جو (عام طور پر اللہ کے لئے) کھانا کھلاتے ہیں اور سلام کو پھیلاتے ہیں اور رات کو نماز پڑھتے ہیں جبکہ اور لوگ سوئے ہوتے ہیں۔

(رواہ ابن حبان)

(۶) حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

یُحْشَرُ النَّاسُ فِیْ صَعِیْدٍ وَّاحِدٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَیُنَادِیْ مُنَادٍ فَیَقُوْلُ اَیْنَ الَّذِیْنَ تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ فَیَقُوْمُوْنَ وَھُمْ قَلِیْلٌ فَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ ثُمَّ یُؤْمَرُ بِسَائِرِ النَّاسِ اِلَی الْحِسَابِ (بیہقی)

قیامت کے دن تمام لوگ ایک زمین پر اکٹھے کئے جائینگے پھر ایک پکارنے والا پکار کر کہیگا وہ لوگ کدھر ہیں جن کے پہلو بستر سے (راتوں کو) جدا ہو جایا کرتے تھے (اللہ کی عبادت اور نماز کے لئے) پس وہ اٹھ کھڑے ہونگے اور وہ تھوڑے لوگ ہونگے پھر وہ بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔

مسلمانوں کی نظروں میں اہم ترین اور عظیم الشان اور بزرگ ترین کام نماز کا قائم کرنا اور نفلی فرض و سنن نماز تہجد وغیرہ پر عامل ہونا خوشی اور پابندی کے ساتھ ان کو بجالانا اور ہمیشہ ادا کرتے رہنا تھا۔ اسی کو گراں قدر سرمایہ اور متاع گرانمایہ جانتے تھے اور جان سے زیادہ عزیز و محبوب سمجھتے تھے۔ صحابہ اور تابعین و سلف صالحین کے کارنامہ کا نہایت صحیح نقشہ کسی عارف نے اشعار میں کھینچا ہے ؎

مسجد میں سر بسجدہ پڑے ہیں زمیں پر
میدان میں ڈٹے ہوئے گھوڑوں کی زیں پر
فرق نیاز فرش زمیں پر پڑا ہوا
ہمت کا پاؤں عرش بریں پر گڑا ہوا

مگر افسوس کہ اس دور الحاد نے ہم سے یہ تمام خوبیاں سلب کرلیں حتیٰ کہ ہمیں عاقبت اور مآل سے بھی غافل کردیا۔ ہم اپنے فرائض کو بھی بھلا بیٹھے۔ زمانہ کی ایجاد اور عیش پرستی نے ثواب کے کاموں سے ہٹا کر معصیت اور گناہ کے کاموں پر لگادیا۔ رات کو عبادت خداوند ذکر الٰہی اور اس ذات بے نیاز سے عجز و نیاز اور سوز و ساز کی باتیں کرنے، رحمت خداوندی لوٹنے، مغفرت و بخشائش الٰہی سے دامن مقصود بھرنے کے بجائے تھیٹر و سنیما وغیرہ مخرب اخلاق محرق دین و ایمان کاموں کا خوگر اور دلدادہ بنادیا۔ کاش! مسلمان اب سے اپنی عاقبت و مآل اور مستقبل و حال پر غور و تدبر کریں اور اپنی تقصیر و خطا اور افراط و تفریط پر نادم و پشیماں ہوں۔ اور اپنے اخروی نقصان و خسارہ کی تلافی و تدارک کے لئے قدم راسخ اٹھائیں ———— اس آیت مذکورہ میں اشارہ ہے کہ علم کے لئے عمل ضروری ہے اور جو عالم عمل نہ کرے وہ گویا عالم ہی نہیں ہے۔ پس علماء کے حق میں عمل کی اور زیادہ تاکید نکلی۔ واللہ الموفق!

متعہ کی حقیقت

(از ابوالمحمود ملک ہدایت اللہ صاحب سوہدروی)

سابقہ پرچہ میں ایک مضمون شیعوں کے افسانے درج ہوا ہے جس میں قابل مضمون نگار نے ایک ایسا نسخہ شیعہ کتب سے ہی تحریر کیا ہے۔ جس کو استعمال کرنے سے ایک شیعہ کا درجہ رسولِ خدا کے برابر ہوسکتا ہے۔ اس نسخہ کا قیمتی جزء متعہ ہے آج کے مضمون میں متعہ کی حقیقت مفصل بیان کی گئی ہے۔ (مدیر)

متعہ کے لغوی معنے نفع و فائدہ کے ہیں۔ الاستمتاع فی اللغۃ الانتفاع وکل من انتفع بہ فھو متاع اور شیعوں کی شرعی اصطلاح میں جب ایک شیعہ مرد کسی شیعہ عورت کو مقررہ وقت کے لئے اور مقررہ اجرت کے عوض مجامعت کی خاطر ٹھیکہ پر لے تو اسے متعہ کہتے ہیں۔ اِنَّمَا ھِیَ مُسْتَاجَرَۃٌ (کافی جلد ۲ کتاب اول صفحہ ۱۹۱) تحقیق متعہ عورت ٹھیکہ کی چیز ہوتی ہے

متعہ اور زنا میں کل مراحل یکساں ہیں۔ سوائے اس کے کہ زنا میں صیغہ متعہ نہیں پڑھا جاتا کہ عورت کہتی ہے متعتک نفسی۔ میں نے اپنے نفس کو تیرے متعہ میں دیا۔ اور مرد کہتا ہے قبلتک میں نے قبول کیا۔ (جامع عباسی صفحہ ۱۳۵) ورنہ مندرجہ ذیل موارد سے آپ کو معلوم ہوگا کہ متعہ اور زنا میں کچھ بھی فرق نہیں ہے۔

(۱) زنا میں خرچی پیشگی دی جاتی ہے اور متعہ میں اجرت پیشگی (تنبیہ المنکرین صفحہ ۲۹) کیونکہ مابعد کا دعویٰ عدالت میں ممنوع سماعت ہے اس لئے کہ یہ معاوضہ معاہدہ ناجائز ہے۔

(۲) زنا میں خرچی کا تعین نہیں اور متعہ میں بھی نہیں ایک مٹھی گندم [(کف من بر) یا ایک لقمہ طعام (کف من طعام) کافی جلد ۲ کتاب اول صفحہ ۱۹۲]

ہے سے کر تعداد ورثہ تعداد تک ہو سکتا ہے۔ دونوں صورتوں میں مرد کی حیثیت و حوصلہ پر اس کا انحصار ہے

(۳) زنا کے لئے تعین وقت ضروری ہے اور متعہ بھی اس کے بغیر ناجائز ہے۔ اگر میعاد گھڑی گھنٹہ کی رو سے معین نہ ہو گی تو متعہ باطل ہے۔ (جامع عباسی ص ۱۳۵) خواہ وقت ایک گھڑی گھنٹہ سے لیکر ایک ماہ یا ایک سال ہو مرد کی فرصت و حیثیت اس امر کا فیصلہ کر سکتی ہے۔

(۴) زنا میں بھی تنہائی اور پوشیدگی ضروری ہے اور متعہ کے لئے بھی اشتہار و اعلان کی ضرورت نہیں (تہذیب الاحکام باب النکاح) لیس فی المتعہ اشتھار والاعلان۔

(۵) زنا چونکہ فعل غیر شرعی ہے اس لئے عورتوں کی تعداد کی قید شرعی طور پر عبث فعل ہے خواہ ایک مرد ایک وقت میں دس عورتوں سے زنا کرے۔ اسیطرح متعہ میں بھی اس قسم کا کوئی تعین نہیں ہے تزوج منہن الفاً فانہن مستاجرات (کافی جلد ۲ کتاب اول ص ۱۹۱) خواہ ہزار عورتوں سے متعہ کرو کیونکہ وہ تو ٹھیکہ کی چیزیں ہیں۔

(۶) پیشہ ور زانیہ عورتیں بے حجاب ہوا کرتی ہیں اور ممتوعہ کے لئے بھی پردہ کی قید لگانی ناجائز ہے (استبصار کتاب الحد باب ما یحصن)

(۷) زنا بغرض رفع حاجت شہوانی ہوتا ہے نہ کہ بغرض بقائے نسل انسانی۔ اور متعہ کی بھی غرض و غایت یہی ہے۔ (تنبیہ المنکرین ص ۶) بلکہ متعہ میں منی کا اخراج اور اس کا پھینکنا مقصود ہوتا ہے خواہ مرد بوقت انزال منی عورت کے رحم سے باہر گرا دیوے (جامع عباسی ص ۱۵۵)

(۸) زنا میں بھی جس وقت مرد چاہے بلا طلاق دیئے اپنے آپ کو عورت سے الگ کر سکتا ہے۔ اور یہی حالت بعینہ متعہ میں بھی پائی جاتی ہے۔ طلاق کی ضرورت یہاں بھی نہیں۔ (جامع عباسی ص ۱۳۵)

(۹) زنا میں بھی نہ توارث ہے لاولاد ہے اور نہ لیا بین فریقین (یعنی نہ اولاد کو) کوئی حق وراثت پہنچتا ہے۔ صرف ہمدردی سے کسی قوم اولادی عمل متعہ میں بھی جاری ہے لا ترثنی ولا ارثک (فروع کافی جلد ۲ کتاب اول ص ۱۹۳ ۔ جامع عباسی ص ۱۳۵)

(۱۰) زنا میں بھی عورت کا نان و نفقہ مرد کے ذمہ نہیں ہوتا اور متعہ میں بھی یہ حالت یکساں ہے۔ (جامع عباسی ص ۱۳۵) طلاق کی صورت میں بھی تا انقضا ئے عدت مطلقہ کا نان و نفقہ مرد کے ذمہ ہوتا ہے۔ مگر متعہ میں یہ بھی نہیں ہے۔ ولا عدۃ لہا علیک (کافی جلد ۲ کتاب اول ص ۱۹۳) ؎

اندکے با تو گفتم و بسیار ترسیدم
کہ تو آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

(ابو المحمود)

ویدوں کے تراجم اور تفاسیر

(از قلم (پنڈت) مقصود حسن صاحب چترویدی۔ مقیم جھانسی)

(گذشتہ سے پیوستہ)

"اہلحدیث" ۱۳۔ جنوری سے مضمون عنوان بالا شائع ہو رہا ہے۔ آج کی قسط میں سام وید اور یجر وید کے متعلق دلچسپ معلومات درج ہیں۔

سام وید کے متفرق ترجمے سام وید کا سب سے پہلا انگریزی ترجمہ پادری اسٹیون سن نے کیا تھا جو تمامتر ساین کی تفسیر سے ماخوذ تھا۔ اب یہ ترجمہ کم یاب ہے۔ غالباً اسی ترجمہ کی امداد سے اس وید کا اردو ترجمہ بابو پیارے لال رئیس بروٹھا ضلع علیگڈھ نے کیا تھا۔ یہ بھی اب نہیں چھپتا ہے۔ پنڈت تلسی رام جی میرٹھی نے اس وید کا ترجمہ آریہ خیال کے مطابق ساین کے ترجمہ سے تھوڑا ہٹ کر کیا ہے جو عام طور پر ملتا ہے۔ چند سال ہوئے سناتن دھرم پریس مراد آباد نے ساین آچاریہ کی سام وید کی تفسیر شائع کی تھی اور اس میں وید کا ہندی ترجمہ بھی اسی تفسیر سے اخذ کر کے درج کر دیا تھا۔

سام وید کے متعلق متعدد برہمن گرنتھ ہیں جن میں تانڈیہ برہمن سب سے اہم اور سب سے ضخیم ہے۔ اسی وجہ سے اس کو مہا برہمن بھی کہتے ہیں اور اسکے ابواب کی تعداد کے لحاظ سے اسے پنچ وِنش برہمن بھی کہتے ہیں۔ اس برہمن کا ترجمہ حال میں ڈاکٹر W. Caland. نے کر دیا ہے۔ جس کو ۱۹۳۱ء میں کلکتہ کی ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال نے شائع کیا ہے اس وید کے متعلق ایک اور چھوٹے سے برہمن یعنی وِنش برہمن کا بھی انگریزی ترجمہ عرصہ ہوا پروفیسر برنل نے کیا تھا۔

یجر وید کے ترجمے سفید یجر وید کی سب سے پہلے سنسکرت میں تفسیر کے اُوٹ نے ۱۱۵۰ء کے قریب لکھی تھی جو نہایت مشہور ہے اور عام طور پر ملتی ہے۔ ایک تفسیر راون نامی پنڈت نے بھی لکھی ہے۔ یہ شخص غالباً بہار کا رہنے والا تھا اور اُبٹ کے بعد ہوا ہے لیکن ہندوؤں کی بدمذاقی اور تاریخ سے ناواقفیت کو دیکھئے کہ اسکو وہی راون سمجھتے ہیں جو رام چندر جی کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔ یجر وید کی ایک اور تفسیر مہی دھر نامی پنڈت نے ۱۶۰۰ء کے قریب لکھی تھی۔ اس کا نام وید دیپ ہے۔ چونکہ سناتنی ہندوؤں کے نزدیک یہ نہایت مستند ہے اس لئے یہ بار بار چھپتی اور بکتی ہے۔ بڑی خوبی اس تفسیر میں یہ ہے کہ مصنف قدم قدم پر قدیمی کتب مقدسہ کا حوالہ دیتا جاتا ہے۔ سوامی دیانند سرسوتی نے اس غریب مفسر کو بڑی لے دے کی ہے اور اس امر کو نہیں سمجھے ہیں کہ وہ جو کچھ کہتا ہے اپنی طرف سے نہیں کہتا۔ بلکہ قدیم شرتی اور سمرتی میں جو کچھ لکھا ہے اسی کو وہ بیان کرتا ہے [illegible]

وید کی تفسیر سنسکرت میں لکھی ہے۔ جس کو بعض پنڈتوں نے ہندی میں کر دیا ہے۔ سوامی جی کی تفسیر ترجمہ اوپر رائے لکھ آئے ہیں۔

۱۹۰۸ء میں یجروید کا ایک ہندی ترجمہ راجہ گری پرشاد نے فبسوان سے شائع کیا۔ یہ بھی دھر کی تفسیر سے ماخوذ ہے اور آج کل نہیں ملتا۔ اس کا ایک ایک نسخہ بھارتی بھون الہ آباد اور الہ آباد پبلک لائبریری میں موجود ہے۔

ہندی کا بہترین ترجمہ پنڈت جوالا پرساد جی مصر ساکن مراد آباد کا کیا ہؤا ہے۔ یہ دو جلدوں میں وینکٹشور پریس بمبئی میں چھپا ہے اور عام طور پر ملتا ہے آگرہ کے پنڈت جوالا پرساد بھارگو نے بھی یجروید کا ہندی ترجمہ کیا ہے جس کا نام برہم بھاشیہ ہے۔ جسے ۱۹۲۸ء میں ویدک سد دھرم سبھا نے آگرہ ستیہ پرکاش نیترالیہ سے شائع کیا۔ ایک اور ہندی ترجمہ پنڈت رام سوپ شرما نے سناتن دھرم پریس مراد آباد سے شائع کیا ہے۔ غالباً حال ہی میں پنڈت راجا رام شاستری پروفیسر دیانند کالج لاہور نے بھی ایک ہندی ترجمہ کیا ہے لیکن میں نے نہیں دیکھا۔ اچھا ترجمہ ہوگا۔

یجوید کے اردو ترجمے بھی ہو گئے ہیں سوامی دیانند جی کا ترجمہ اردو میں اختصار کے ساتھ غازی محمود دھرمپال صاحب نے لودھیانہ سے شائع کیا ہے۔ سوامی جی کے ترجمہ کا مکمل ترجمہ بابو نند پرشاد گپتا نے کیا ہے۔ جو میرٹھ اور دہلی میں چھپا تھا۔ لیکن اردو کا بہترین ترجمہ وہ ہے جسے مولوی عبدالحق صاحب ودیارتھی نے ایک پنڈت صاحب کی امداد سے کیا ہے۔ اب تک صرف نصف وید کا ترجمہ انجمن احمدیہ اشاعت اسلام لاہور نے شائع کیا ہے۔ بقیہ حصہ کے لئے ہماری آنکھ انتظار میں ہے۔ یہ ترجمہ نہ صرف اردو زبان میں بہترین ہے بلکہ ہمارے نزدیک اس سے بہتر ترجمہ کسی دوسری زبان میں بھی نہیں چھپا ہے۔

سیاہ یجروید کا زمانہ حال میں صرف ایک ترجمہ انگریزی میں ہؤا ہے جسے کیتھ ترجمہ مسٹر اے۔ بی کیتھ ہیں۔ یہ دو جلدوں میں ہارورڈ مشرقی سلسلہ

Harvard Oriental Series

کی جلد ۱۸ و ۱۹ کے طور پر ۱۹۱۴ء میں چھپا ہے۔

سفید یجروید کے متعلق جو برہمن ہے وہ شت پتھ کہلاتا ہے۔ اور سیاہ یجروید کا برہمن تیتریہ برہمن کے نام سے موسوم ہے۔ شت پتھ برہمن کی شاخ مادھ یندنی کا انگریزی ترجمہ پروفیسر ایگ لنگ نے کیا تھا جسے میکس مولر نے اپنی سلسلہ کتب مقدسہ مشرقیہ کی پانچ جلدوں نمبری ۱۲ و ۲۶ و ۴۱ و ۴۳ و ۴۴ میں شائع کیا ہے۔ اس کتاب کے ابتدائی ابواب کا اردو ترجمہ عرصہ ہؤا میرٹھ کے مشہور مناظر مولوی ابو رحمت حسن صاحب مرحوم نے شائع کیا تھا۔ شت پتھ برہمن کی کانوی شاخ کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر کیلینڈ کر رہے ہیں۔ اور آدیتیوں کے مطابق اس کا ترجمہ ہندی میں پنڈت بدھ دیو موہن لال مد ڈ لاہور کرنا چاہتے ہیں۔

تیتریہ برہمن کا ترجمہ اب تک کسی زبان میں نہیں ہؤا لیکن اس برہمن کے اوس نسخہ میں جس کو ڈاکٹر راجندر لال مترا نے نہایت تصحیح اور اہتمام کے ساتھ ببلیوتھیکا انڈیکا

Bibliotheca Indica

کے سلسلہ میں شائع کرایا تھا۔ ایک نہایت مفصل فہرست مضامین انگریزی میں دی ہوئی ہے جس سے انگریزی دان طالب علم فی الجملہ اس برہمن کے مضامین سے وقوف حاصل کر سکتا ہے۔ (باقی آئندہ)

لڑکوں اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم

(از شری مُت جس راج جی جنگا ایڈووکیٹ فیروزپور شہر)

قرآن شریف نے لڑکیوں کو پردے کا حکم دیا ہے جو بالکل اصول فطرت کے موافق ہے۔ ہندوؤں کے دھرم شاستر منوسمرتی میں اس حکم کو یہاں تک مؤکد کیا ہؤا ہے کہ سسر کو بہو کی طرف اور داماد کو اپنی ساس کی طرف بھری نظر سے دیکھنا بھی ممنوع قرار دیا ہے۔ حالانکہ یہ دو نو رشتے محرم ہیں۔

لیکن زمانے کی رو میں بہنے والے آریہ سماجی اور دوسرے مغرب زدہ نوجوان پردہ کی مخالفت پر یہاں تک تل گئے کہ افسران تعلیم کو بھی اپنا ہمنوا بنا لیا ہے۔ انہوں نے لڑکوں اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم کی اجازت دیدی ہے۔ جب ایک ہی سکول یا کالج میں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اکٹھے بیٹھنے لگے تو اس کا قدرتی اثر ہونا چاہئے تھا۔ وہی ہؤا۔ یعنی فریقین اس شعر کے مصداق ہو گئے ؎

یہ سب کہنے کی باتیں ہیں ہم ان کو چھوڑ بیٹھے ہیں
جب آنکھیں چار ہوتی ہیں محبت آ ہی جاتی ہے

اس مخلوط تعلیم کا نتیجہ جو ہؤا وہ آریہ اخبار سے درج ذیل ہے:- (مدیر)

"مغربی تہذیب جب سے ہندوستان میں آئی ہے۔ یہ اپنے ہمراہ وہ تمام وبائی امراض لے کر آئی ہے جو کہ یورپ میں پھیلی ہوئی تھیں۔ ہندوستان ہمیشہ تقریباً ہر ایک معاملہ میں سب ممالک کی رہنمائی کرتا رہا ہے۔ لیکن جب سے طوق غلامی اس بد قسمت ملک کے گلے میں پڑا ہے اور بھارت ماتا پرادھینتا کی کڑی زنجیروں میں جکڑی گئی ہے اس سمے سے لے کر مغرب والے اپنی سبھیتا کو زبردستی اس کے گلے مڑھتے چلے آ رہے ہیں۔ بھارت ورش میں جہاں مغرب کی فیشن پرستی و مادہ پرستی کی امراض نے غضب ڈھایا ہے۔ اور موجودہ وقت میں سینما۔ ناکی اور تھیٹر نے بھارت واسیوں (ہندوستانیوں) کے اخلاق اور کیریکٹر کا ستیاناس کیا ہے۔ وہاں مخلوط تعلیم کی ایسی وبا آندھی کی طرح آ رہی ہے جو رہی سہی کسر نکال دیگی۔ موجودہ صدی میں بھارت ورش کی ایک ایسی جماعت جو کہ اپنے آپ کو اَپ ٹو ڈیٹ، زمانہ کے ساتھ چلنے والی اور پبلک کو ترقی کے راستہ پر گامزن کرنیوالی بیان کرتی ہے۔ مخلوط تعلیم کی سخت دلدادہ ہے۔ ..."

تعلیم علیحدہ کی مخالفت کی ایک اہم صورت ہی نہیں بتاتی بلکہ شادی کی آزادی میں سہاجیہ حاصل کرنے کے لئے نہایت ہی ضروری ذریعہ اور ہتھیار بیان کرتی ہے۔

اگرچہ جو دلائل وہ پارٹی اپنے دعویٰ کی تائید میں دیتی ہے وہ نہایت ہی کمزور اور بوسیدہ ہیں۔ لیکن تاہم وہ جماعت اس کے سوآگت (قبول کرنے) کے لئے مصر ہے بہرحال اس کے حق میں جو دلائل دیتے ہیں وہ ملاحظہ ہوں

ایک دلیل جو اس قسم کے طریقہ تعلیم کے حق میں دی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ گرہست کی زندگی (گھریلو زندگی) کو سورگ (آرام دہ) کی زندگی بنانے کیلئے خاوند اور بیوی کے مزاج کی واقفیت نہایت ضروری ہے اور وہ تب ہو سکتی ہے۔ جبکہ نوجوان لڑکیاں اور نوجوان لڑکے باہمی طور پر

Male & Female Temperament

(ایک دوسرے کے مزاج) کو اچھی طرح سے مطالعہ کر سکیں۔ اور سب اوقات اپنے لئے اپنی حسب منشا خاوند اور بیوی منتخب کر سکیں۔

تھیوری میں تو یہ خیال مبارک ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا مخلوط تعلیم سے یہ مطلب پورا ہو سکتا ہے۔ جوانی مستانی ہوتی ہے۔ جوان لڑکے اور لڑکیاں نہیں جان سکتے کہ اچھی بیوی اور اچھے خاوند بننے کیلئے کون سی باتیں ضروری ہیں۔ وہ تو ظاہری چمک دمک پر لٹو ہو جاتے ہیں۔ اصلی اور اندرونی تصویر جو کہ ایسے معاملات میں ضروری ہے۔ اس سے کوسوں دور ہوتی ہے۔ جوان امور کو جو کہ معاملات شادی میں ضروری ہیں نہیں جان سکتے۔ مثلاً خاندان۔ شادی کے معاملات میں خاندان کا معیار ایک ایسا معیار ہے جو کہ کبھی بے خطا نہیں جاتا۔ اچھے خاندان کا لڑکا اور اچھے خاندان کی لڑکی ہمیشہ ہی ایک نیک خاوند اور نیک پتی بنا استری (خاوند اور بیوی) ثابت ہوگی۔ اور گھر سورگ (بہشت) کا نمونہ ہوگا اور سواس بات کہ مخلوط تعلیم ہے۔

اس عمر کے اندر ایک دوسرے کی اصلی تعلیم کا اندازہ نہیں لگ سکتا۔ اس وقت تو ظاہری چمک دمک ہی کی ...... چاہتی ہیں ایک ...

باہمی کا میل جول نہیں۔ جس کا نتیجہ نہایت خطرناک ہوتا ہے۔

(۲) استری جاتی کے لئے عزت دوسری دلیل دی جاتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ لڑکے تعلیم کے زمانہ سے ہی استری جاتی کی عزت کرنی سیکھ جاتے ہیں۔ جو کہ غلط ہے۔ ایک نہیں بیسیوں مثالیں ایسی ملتی ہیں کہ لڑکیوں کے ساتھ کلاس میں وہ سلوک کیا جاتا ہے جس کی اخلاق اور تہذیب ہرگز اجازت نہیں دیتی۔ بلکہ تنگ آ کر لڑکیوں نے کالج چھوڑ دیئے ہیں۔ اور نہایت ہی مکروہ حملے ہوتے دیکھے اور سُنے گئے ہیں۔

(۳) علیحدہ گرلز کالج مہنگے پڑتے ہیں سب سے بڑی دلیل یہ دی جاتی ہے کہ لڑکیوں کے لئے علیحدہ کالج بنانے میں اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ جو برداشت نہیں ہو سکتے۔ یہ دلیل نہایت ہی بودی اور بے معنی ہے۔ روپیہ کی خاطر نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی زندگی کا خاتمہ کر دینا کوئی دانشمندی نہیں ہے۔

بھارت ورش (ہندوستان) کا سابقہ ریکارڈ

اس بارے میں اب مغرب والے بھی تسلیم کرنے لگ گئے ہیں کہ بھارت ورش رشی بھومی ہے۔ شانتی کا کیندر رہے اور بھارت ورش کے رسم و رواج پر ہی چل کر چھٹکارا ہو سکتا ہے۔ مغرب کی تمام تہذیب پہلے درجے کی اشانتی (بے چینی) دینے والی ہے۔ اور سنسار (دنیا) میں امن کا راجیہ صرف اس حالت میں ہو سکتا ہے۔ اگر بھارت کے پرانے اتہاس کو لیکر اس کے مطابق اپنا عمل بنایا جائے۔ بھارت ورش کے پراچین اتہاس (پرانی تاریخ) کی ورق گردانی کر لو۔ آپ کو کسی جگہ مخلوط تعلیم نہیں ملیگی۔ رشی منی تو حقیقتاً انسانی فطرت کو بخوبی جانتے اور سمجھتے تھے۔ اس لئے انہوں نے لڑکے اور لڑکیوں کے لئے بالکل علیحدہ گُرُوکل (مدارس) قائم کرنے کا آدیش کیا ہے۔ اس کے متعلق شری سوامی دیانند سرستی جی مہاراج اپنی مشہور کتاب ستیارتھ پرکاش کے تیسرے سمولاس کے شروع میں مندرجہ ذیل طریقہ تعلیم بیان کرتے ہیں:۔

"اس لئے آٹھ ورش کے ہوں۔ تبھی لڑکوں کو لڑکوں کی اور لڑکیوں کو لڑکیوں کی پاٹھ شالہ میں بھیج دیں۔ جو ادھیاپک پرش یا استری دشٹ چاری ہوں۔ ان سے شکشا نہ دلاویں۔ کنتو (انتظام) جو پورن ودیا یکت دھارمک ہوں۔ وہ ہی پڑھانے اور شکشا دینے یوگیہ ہیں۔ دوج اپنے گھر میں لڑکوں کا یگیوپویت اور کنیاؤں کا بھی یتھا یوگیہ سنسکار کر کے یتھوکت آچاریہ کل ارتھات اپنی اپنی پاٹھ شالہ میں بھیج دیں۔ ودیا پڑھنے کا ستھان ایکانت دیش (الگ مکان) میں ہونا چاہئے۔ اور وہ لڑکے اور لڑکیوں کی پاٹھ شالہ دو کوس ایک دوسرے سے دُور ہونی چاہئے۔ جو وہاں ادھیاپک اور ادھیاپک پرش و بھرتیا (نوکر لوگ) ہوں۔ وہ کنیاؤں کی پاٹھ شالہ میں سب استری اور پُرشوں کی پاٹھ شالہ میں سب پُرش رہیں۔ استریوں کی پاٹھ شالہ میں پانچ ورش کا لڑکا اور پُرشوں کی پاٹھ شالہ میں پانچ ورش کی لڑکی بھی نہ جانے پاوے۔

ارتھات جب تک وہ برہمچاری (کنوارے) رہیں تب تک استری و پرش کا (۱) درشن (۲) سپرش (۳) ایکانت سیون (۴) بھاشن (۵) وشے کتھا (۶) پرسپر کریڑا (باہمی کھیل کود) (۷) وشے کا دھیان (۸) اور سنگ۔ ان آٹھ پرکار کے میتھنوں سے الگ رہیں۔ اور ادھیاپک لوگ ان کو ان باتوں سے بچا دیں۔ جس سے اتم ودیا۔ شکشا۔ شیل۔ سوبھاؤ شریر اور آتما سے بل یکت ہو کر آنند کو نت بڑھا سکیں۔ پاٹھ شالاؤں سے ایک یوجن ارتھات چار کوس دُور گرام ہونگر رہے۔ سب کو تلیہ وستر کھان پان (ایک ہی کھانا) آسن دیئے جائیں۔ چاہیے وہ راجکمار و راجکماری ہو۔ چاہیے دردر کے

ﷺ تعلیم و تربیت اولادِ مسلمین ہی سے دلائی جائے۔

۵۴ اولاد کو اپنے گھر پر مذہبی تعلیم دلا کر مدرسہ میں بھیجنا چاہئے۔

۵۵ ...... ذریعہ دل اطمینان حاصل کر سکیں۔

البشریٰ کتاب ...... (۲۵۴۲) ......

سنتان ہوں۔ سب کو تپسوی (عبادت گزار) ہونا چاہیئے۔ ان کے ماتا پتا اپنے سنتانوں سے (سنتان اپنے ماتا پتاؤں سے نہ مل سکیں اور نہ کسی پرکار کا پتر وہ وحار ایک دوسرے سے کرسکیں جس سے سنساری چنتا سے رہت (دنیاوی تفکرات سے محفوظ) ہو کر کیول ودیا بڑھانے کی چنتا رکھیں۔ جب بھرمن (سیر) کرنے کو جائیں تب ان کے ساتھ ادھیاپک (نگہبان) رہیں۔ جس سے کسی پرکار کی کوچیشٹا نہ کرسکیں۔ اور نہ آلس پرماد کریں۔"

سوامی جی کی مندرجہ بالا اتھارٹی کی موجودگی میں یہ صاف ظاہر ہے کہ پرانے زمانہ میں مخلوط تعلیم بالکل نہ تھی۔ جو دلائل سوامی جی نے دی ہیں وہ نہائت ہی مضبوط اور ناقابل تردید ہیں۔

پرش اور استری (مرد و عورت) کی قدرتی بناوٹ

قدرتی بناوٹ کی رو سے بھی مخلوط تعلیم ایک غیر قدرتی ذریعہ تعلیم ہے۔ کیونکہ:۔

اول۔ لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم بالکل مختلف ہونی چاہیئے۔ لڑکوں نے بڑے ہو کر ڈاکٹر، بیرسٹر، وکیل، انجنیئر۔ ہوائی جہاز کے پائلاٹ۔ ڈرائیور۔ سٹیشن۔ ملٹری آفیسر۔ سول آفیسر۔ جج اور مجسٹریٹ وغیرہ بننا ہے۔ اور دنیا کی بیرونی جد و جہد میں اپنی دوڑ دھوپ کرنی ہے۔ اس لئے ان کے لئے الجبرا، ٹرگنومیٹری، ٹینوریشن، کانک کشین، پیرابولا، ہائپربولا ریلیس۔ اقلیدس۔ فلاسفی۔ پولیٹیکل اکانومی۔ پولیٹیکل سائنس و دیگر زوالوجی۔ فزیالوجی اناٹمی وغیرہ مضامین پڑھنے کی اشد ضرورت ہے۔ برعکس اسکے لڑکیوں نے اپنے گھروں کو سورگ (دھام) بنانا ہے۔ بچوں کو پیدا کرنا ان کی پرورش کرنا۔ ان کو ابتدائی تربیت دینا۔ سلائی پارچات کا کام کرنا رسوئی پکانا۔ گھر کی دیگر ضروریات کا پورا کرنا۔ عمدہ عمدہ گیت بچوں کو سکھانا اور منڈا اسا جیسی لوریاں دینا وغیرہ وغیرہ ہے۔ اس لئے ان کیلئے مندرجہ بالا مضامین کسی صورت میں بھی مفید نہیں ہوسکتے۔ اس لئے ہندی سنسکرت ہوم [illegible] بھی جسکو قوم کی لڑکیوں کے لئے ہندی، سنسکرت اور ناگم حساب کتاب وغیرہ۔

سلائی۔ کوکنگ معمولی اتہاس وغیرہ مضامین ضروری [illegible] دوئم۔ ہمارے شاستر آٹھ ورش کی آیو میں لڑکے اور لڑکیوں کی تعلیم شروع کرنے کی آگیا دیتے ہیں۔ اگر پانچ ورش (برس) میں بھی ودیا شروع کر دی جائے تو ۱۶ ورش کی آیو تک زیادہ سے زیادہ انٹرنیس یا سنسکرت شکمشا کے پربھاکر یا شاستری تک لڑکی تعلیم حاصل کرسکتی ہے۔ ۱۶ ورش کی آیو میں وہ قابل شادی ہو جاتی ہے۔ اس لئے لازمی طور پر اسکی تعلیم بند کرنی پڑتی ہے۔ اس کے مقابلہ میں لڑکے ۲۵ سال کی عمر تک سلسلہ تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ اور وہ ان تمام مضامین کا پورے طور پر مطالعہ کرسکتے ہیں جن کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے۔ مخلوط تعلیم کا مضمون ایک ہی ہوسکتا ہے۔ لیکن ہم نے اوپر دیکھ لیا ہے کہ ایک مضمون دوسرے کے لئے فائدہ مند نہیں بلکہ ہانی کارک (نقصان دہ) ہے۔ اس لئے مخلوط تعلیم کا سوال ہی پیدا نہیں ہوسکتا مرد اور عورت کی تعلیم کا رستہ بالکل ہی علیحدہ علیحدہ ہے

کیریکٹر کی گراوٹ

ہم آج کل اخبارات میں روز پڑھتے ہیں کہ فلاں لڑکی کو سکول یا کالج میں جاتے ہوئے اغوا کر لیا گیا یا ویسے وہ بھاگ گئی۔ اغوا صرف اسی حالت میں ہوسکتا ہے۔ اگر اغوا کرنے والے کو لڑکی کے ساتھ کھلم کھلا ملنے کی اجازت ہو۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ اگر لڑکے اور لڑکیوں یا مرد اور عورتوں کو کھلے طور پر ملنے کی اجازت نہ ہو۔ اغوا کا ایک کیس نہیں ہوسکتا۔ زیادہ آزادی نے اغوا کے کیس زیادہ کر دیئے ہیں۔ جس مرد اور عورت کو کبھی آپس میں ملنے اور وشہ دکار کی باتوں کے کرنے کا موقعہ ہی نہیں دیا جاتا۔ وہ اغوا کے لئے تجویز کیسے سوچ سکتے ہیں اور اغوا کیسے کرسکتے ہیں۔ باہمی میل میلاپ سے ہی یہ تمام برائی پیدا ہوتی ہے

عہ ہندوؤں اور آریوں کے مسلمہ پیشوا منوجی چوبیس سالہ لڑکے کا نکاح آٹھ سالہ لڑکی سے جائز بتاتے ہیں جو شاردا ایکٹ کے بالکل خلاف ہے۔ (منوسمرتی باب ۹ فقرہ ۹۴) سماجی مترو! کیا کہتے ہو۔ (اہلحدیث)

عہ کیا اسلامی طریق پر پردہ ہونا چاہیئے؟ (اہلحدیث)

کالج اور سکول میں مخلوط تعلیم کی حالت میں لڑکے اور لڑکیوں کے لئے چھ گھنٹے باہمی ملنے اور گفتگو کرنے کے مواقع ہوتے ہیں۔ انسانی جذبہ بڑا زبردست اور اندھا ہے۔ اور اس کے سامنے دنیا کی تمام طاقتیں ہیچ ہیں۔ اس جذبہ کے پھیلنے یا پورا کرنے کے لئے کسی نوجوان شخص کو اگر موقعہ مل جائے تو ہزار میں سے ایک شخص اس جذبہ کے مقابلے میں سینہ سپر ہو کر کھڑا ہوسکتا ہے۔ ۹۹۹ ضرور شکست کھا جاوینگے۔

آج کل غنڈہ پن اس قدر زوروں پر ہے کہ راستہ جاتے ہوئے اجنبی لڑکیوں کی عزت غنڈوں کے ہاتھ سے محفوظ نہیں۔ تو باہمی ملاپ کرنے والوں کیلئے تو ہر ایک موقعہ غنیمت ہے۔ اس واسطے تو ہمارے شاستر کہتے ہیں کہ لڑکے لڑکی کا آپس میں سپرش (آمنے سامنے آنا) بھی نہیں ہونا چاہیئے۔ اوپر سوامی جی نے آٹھ قسم کے میتھن یعنی بھوگ (تعلقات) بتلائے ہیں۔ مخلوط تعلیم کی حالت میں تو یہ تمام بھوگ ہر روز چھ گھنٹے ہونگے۔ تو ہم کس طرح بچ سکتے ہیں۔

ہمارے نوجوانوں کی ذہنیت یہ ہو رہی ہے کہ ان کے کمروں کے اندر سینما سٹار لیڈیز کی تصاویر آویزاں ہیں۔ رام کرشن۔ یدھشٹر۔ بھیم۔ ارجن۔ لکشمن ماتا سیتا، دروپدی اور گارگی کا نام تک وہ نہیں جانتے ان کی جیونیوں کو پڑھنا یا ان کی تصاویر اپنے مکانوں میں لگانا تو درکنار۔ سینما سٹار کی تصاویر (برہنہ تصاویر) کو دیکھ کر ایک نوجوان کے دل کے اندر کس قسم کے خیالات کا سمندر موجزن ہوتا ہے۔ وہ آپ بخوبی جانتے ہیں۔

ویسے تو نوجوان بھی مخلوط تعلیم کو بُرا سمجھتے ہیں جبکہ ان کی اپنی بہن کا سوال ہو۔ میں یا دوسرا کوئی نوجوان بھائی اپنی لڑکی یا بہن کو ایک ہی بنچ پر دوسرے لڑکوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے ان کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے اور ہنسی مذاق کرتے ہوئے دیکھنا گوارا نہیں کرسکتا۔ وہ خود تو بے شک دوسرے کی لڑکی یا بہن سے ایسا کرے۔ لیکن خود اس امتحان میں اپنی لڑکی یا بہن کو ڈالنا نہیں چاہتا ——— میں [illegible]

...معلوم نہیں لڑکیاں یا بہنیں کہ لاہور کے کالجوں کے اندر ایسے نوجوان موجود ہیں۔ جو خود تو ایک کالج کے اندر پڑھتے ہیں اور انہوں نے اپنے رشتہ دار یا بہنوں کو دوسرے کالج میں منتقل کرا دیا ہوا ہے۔ کیونکہ وہ مخلوط تعلیم کا نظارہ اپنی بہنوں کے متعلق اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔ اگر یہ درست ہے تو واقعی شرمناک ہے۔ پچھلے دنوں میں نے ایک معتبر کی زبانی سُنا کہ ایک کالج میں دو لڑکیوں کو اس قدر تنگ کیا گیا کہ ان کے بیٹھنے کی سیٹوں کے نیچے کانٹے اور پن لگائے گئے۔ اور فضول اور واہیات پارچات رکھے گئے۔ جن کے متعلق مجھے تحریر کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ لڑکیاں کالج چھوڑ کر چلی گئیں۔

جب انارکلی بازار کے اندر ہماری بہو بیٹیوں اور بہنوں کا کالجوں کے نوجوان لڑکے تعاقب کر سکتے ہیں۔ ان پر مجرمانہ حملہ کر سکتے ہیں۔ اور ان کے سامنے فحش اور گندے الفاظ بکتے ہیں۔ اور ان کو ان غنڈوں کے ہاتھ سے بچانے کے لئے پولیس کی امداد لینی پڑتی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں ہماری مخلوط تعلیم کے کیا معنی ہیں۔

ہم دیکھ رہے ہیں گرلز کالج نہایت کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں۔ اور ان کے اندر لڑکیاں پڑھ رہی ہیں۔ تو معلوم نہیں کہ نئی روشنی کے دلدادہ کیوں مخلوط تعلیم کے حق میں ہیں [1]۔ امریکہ کے حالات متعلقہ مخلوط تعلیم معلوم کرنے ہوں تو وہاں کے مشہور جج لینڈ سے کی زبانی وہاں کی داستان کتاب انکل شام مصنفہ مسٹر کے۔ ایل گابا میں پڑھیں۔ اس لئے یہ صاف ظاہر ہے کہ مخلوط تعلیم ہندوستان کے لئے سخت نقصان دہ ہے اور ہندوستان کے کیرکٹر کی جانی دشمن ہے۔ اس سے قطعی پرہیز کرنا چاہئے۔" (آریہ گزٹ لاہور ۔ ۹ نومبر ۱۹۳۲ء)

اسلام اور برٹش لاء ۔ انگریزی قانون اور اسلامی قانون کا مقابلہ کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۲ر

ملنے کا پتہ :۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

---

[1] غالباً مرض چشم کی وجہ سے۔ (اہلحدیث)

اباطیل الغالیہ

جوش گریہ سے یہ آنکھیں ابرنیساں ہوگئیں
اب مری بے تابیاں مشہور دوراں ہوگئیں

(مرقومہ مولوی عبدالکریم جتوئی نوہری)

خالق کی حمد وثنا وردزباں ہے جس کا محتاج تمام جہاں ہے اُسی نے ہمارا رہبر بنایا نبی غفاری صحرا نوردی پہ کی مہربانی بڑی بہاری۔ ظلوم وجہول سے تنگ تھی تھی مخلوق ساری ملت بیضاء نے دور کردی سب دشواری صلوٰۃ وسلام آپ پر معہ آل پیاری ہماری طرف سے پہنچائے خالق باری۔

جب کفر وضلالت کے سبب بے بسی تھی شریعت کے ساتھ گمراہوں کی ہنسی تھی۔ تقلید کے پھندے میں خلق پھنسی تھی، اغیار کی پریت مثل عفریت دلوں میں رسی تھی۔ اختلاط بدیار کے مارنے دنیا ڈسی تھی۔ ایسے وقت میں حضورؐ تشریف لائے۔ پرستش غیر اللہ کے چرچے مٹائے۔ خدا سے ملنے کے ڈھنگ سکھلائے بتوں اور بت خانوں کے نام ونشاں اڑائے۔ وحدت کے سبق پڑھائے جب بھولے ہوئے راہ راست پر آئے آباؤ اجداد کے جنجالوں سے پیچھے چھڑائے۔

اب ہند میں بھی یہی طور ہے۔ کیا دہلی کیا لاہور ہے ہر جگہ اہل بدعت کا زور ہے۔ کسی کا معبود تعزیہ کسی کا گور ہے۔ ہم سنت جماعت میں زبانی شور ہے۔ غالی گروہ آیت حدیث کا چور ہے۔ فقہ میں کچھ لکھا ان کا طریقہ اور ہے۔ یہ بات قابل غور ہے۔ غیر اللہ سے مدد مانگنا، ان کی قبروں پر رسہ وغیرہ ٹانگنا، حاجتیں چاہنا۔ غلاف چڑھانا، چراغ جلانا، مجرا ناچ کرانا گیارھویں پکانا، طعام پر ختم دلانا، اللہ اور محمد کو ایک بتانا۔ خدا کا عرش سے اوتار ہو کر مدینے میں آنا پیر مصطفےٰ کہلانا۔ صلوٰۃ المخلوات پڑھنا پڑھانا عرس کی دیگ چڑھانا۔ ایسی بدعی رسومات کا ماننا، سنت جماعت سے نکل جانا ہے۔

ایسوں کی مجلس کرنا مومن کی شان نہیں۔ مشرک و بدعتی سے بڑھ کر کوئی نادان نہیں۔ کلمۂ توحید پر دھیان نہیں۔ من گھڑت ڈھکوسلے ہیں کوئی برہان نہیں۔ استہزاء کرنے کے سوا زبان نہیں۔ دلوں میں خوف رحمان نہیں۔ کیا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حکم قرآن نہیں۔ ان کے ہمنواؤں جیسا کوئی ضعیف الایمان نہیں ——— اس غالی گروہ کی ہر ایک بات بے دلیل ہے۔ اور ان کا ہم خیال بھی کوئی قلیل ہے اس پارٹی کی قال وقیل اباطیل کے سوائے اور کچھ نہیں۔ اللھم احفظنا من غلو الغالین۔

مصنفہ مولوی محمد یوسف

ردِّ اکاذیب لہابیہ صاحب فیض آبادی مرحوم

مذہب حقہ اہل حدیث پر اہل بدعت اور بعض ناواقف اصحاب مختلف قسم کے اعتراضات کیا کرتے ہیں جن کا مدلل اور مفصل جواب دیا ہے۔ گویا مخالفین کا ناطقہ بند کرنے کے لئے ایک علمی ہتھیار ہے۔ تبلیغ واشاعت کی خاطر قیمت بھی نصف کر دی ہے۔ اصل قیمت ۲ر رعایتی قیمت ۱ر

براہین شمسیہ یہ "ردّ اکاذیب لہابیہ" کا حصہ دوم ہے مقلدین کے تمام اعتراضات کا مدلل مسکت جواب دیا گیا ہے۔ حنفی مذہب کے اکثر مسائل موٹی کی تردید کتب حنفیہ سے کی گئی ہے قابل دید ہے۔

اصل قیمت ۱۲ر۔ رعایتی ۶ر

منگوانے کا پتہ :۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

ذبح عظیم یا عید البقر

مرقومہ (مولوی) عبد اللہ صاحب ثانی۔ نائب صدر انجمن اہلحدیث امرتسر

مسلمانوں کا سالانہ اجتماع قریب آرہا ہے۔ اسمیں کیا ہوگا اور اہل اسلام کیا کرینگے۔ اچھے اچھے کپڑے پہنیں گے۔ زینت و خوشبو لگائینگے۔ گوشت پکائینگے اور مزے سے کھائینگے۔ کیا یہی عید ہے؟ نہیں اور ہرگز نہیں۔ ذی حجہ کا عشرہ بہت بڑی رموز کا مشعر ہے، اصول شرعیہ کے رازہائے مخفیہ کا مظہر ہے۔

اس عشرہ میں قاصدان بیت اللہ تو اسلامی مرکز میں پہنچ کر لبیک لبیک کہہ کر عرفات کے وسیع میدان میں حاضری لگوائیں گے۔ توحید خداوندی کے فدائی اور سنت رسول علیہ السلام کے شیدائی محبت کی دیوانگی میں شیفتہ و فریفتہ صدائیں بلند کریں گے لاشریک لک لبیک دنیا کے سچے خدا ہم نے تمام جہان چھان مارا۔ کوہساروں و مرغزاروں میں ٹکریں دیں۔ مگر تیرا ہمسر ہمیں کوئی نظر نہ آیا۔ اس لئے ہم دربار خصوصی میں حاضر ہو کر بالاتفاق اقرار کرتے ہیں کہ تو واحد لاشریک و لامثال ہے۔

ذی حجہ کی دسویں ذی الحجہ کی دس تاریخ ہے اسلامی نمائندوں کی تعداد کثیر حرم میں جمع ہے جہاں وہ اپنے مال قربان کرکے دور دراز سے سفر طے کرکے بڑی قربانی کا ثبوت دے چکے ہیں۔ اسوقت وہ بحکم ارشاد باری جیتی جاگتی جانیں ہاتھوں میں لے کر مذبح میں حاضر ہیں اور جانیں فدا کر رہے ہیں۔ مذہب اسلام امراء کے لئے ہے تو غرباء کو بھی اپنے فیوض سے محروم نہیں کرتا۔ اس لئے اس نے جہاں ھدیا بالغ الکعبۃ کا ارشاد امیر طبقہ کے لئے فرمایا ہے۔ غرباء کو بھی جو دربار خاص میں رسائی نہیں رکھتے ثواب سے محروم نہیں کیا۔ بلکہ بحکم این خدا ہر جگہ ہر عالم کے بسنے والے اپنے اخلاص کے مطابق ثواب کے حقدار ہو سکیں۔

اعلیٰ درجہ کے امراء اعلیٰ درجہ کے امیروں کو ارشاد ہے کہ تم دربار خاص میں پہنچ کر پیش کش کرسکتے ہو۔ اسلئے پوری قربانی کا ثبوت دو۔

اوسط درجہ کے امیر اوسط درجہ کے لوگوں کیلئے ارشاد ہے کہ تم وہاں (مکہ شریف) اگر نہیں پہنچ سکتے تو یہاں انہیں لوگوں کی طرح قربانی کرو۔

ادنیٰ درجہ کے غرباء غریب لوگ جو عدیم الاستطاعت ہیں، نادار ہیں مگر ابرار ہیں۔ ان کے لئے حکم ہے کہ تم جانور قربان نہیں کرسکتے تو یعنی چاند کو دیکھتے ہی حجامت بنوانا چھوڑ دو۔ عید کی نماز سے فارغ ہو کر حجامت بنوا لو۔ قربانی کرنے والوں کی فہرست میں شامل کرلیا جائیگا۔ سبحان اللہ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا

مسلمانوں کی عید مسلمانوں کی سب سے بڑی عید یہ ہے کہ اپنے قرب و جوار میں رشتہ داروں اور ہمسایوں میں نگاہ کریں کہ عید کے دن کس کی عید ہوگی کہیں کوئی ایسا یتیم تو نہیں جو ہمارے بچوں کی عید دیکھ کر سرد آہ کھینچے کہ جب عید منوانے والا ہی نہیں تو میری عید اور خوشی کیسی۔ ہمسائیگی میں ایسا مسکین ہوگا جس کے دائیں بچی ہے تو بائیں اس کا بچہ ہے سامنے بیوی ہے تو پیچھے چپکی چپکی ایک بوڑھی بیوہ (ہمشیرہ) بھی آنسو بہا رہی ہے۔ بچے نادانی سے مطالبات پیش کر رہے ہیں مگر وہ نہیں جانتے کہ ہمارا ذمہ دار بے بسی کے جذبات دل میں لئے دم بخود ہے۔ دانا بیوہ یہ جانتی ہے کہ میرا بھائی نادار ہے مگر اس کا پاجامہ اس قابل نہیں کہ اس کا پردہ بھی ڈھانپ سکے یہی وجہ ہے کہ اس کی آنکھیں آنسو برسا رہی ہیں۔ اور بچوں پر غم بے خبر خاموش ہے۔

اس لئے ہر ایک مسلم کا سب سے پہلا فرض ہے کہ عید سے پہلے اپنے ہمسایوں کا پتہ لگائے اور

خدا داد توفیق سے کوشش کرے کہ دل شکستہ دلوں کی عید بنا کر عیدگاہ میں ہمراہ لے جائے۔

کیا خوب نظارہ ہو جب ایک مسلم اپنے ناداروں کو ہمراہ لئے ہوئے جا رہا ہو۔ اور سب کے سب (غریب و امیر) زبان سے پکار پکار کر کہیں

اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ

اللہ بڑی شان والا ہے۔ اسکے سوا کوئی معبود نہیں۔

اس صورت سے تمام امراء و غرباء وسیع میدان میں پہنچ کر درگاہ رب العزت میں دعا مانگیں۔ تو ایسے بندوں پر رب العالمین کیوں خوش نہ ہوگا۔ یقیناً ہوگا اور خدائی بارگاہ سے بانیل مرام واپس ہونگے انشاء اللہ

اس مختصر تمہید کے بعد ہم چاہتے ہیں کہ ناظرین (اہلحدیث) تک وہ احکام پہنچائیں جو اس موقع پر مسنون ہیں۔ وھو ھذا۔

عشرہ ذوالحجہ ذوالحجہ کے دس دن روزہ رکھنا بہتر ہے۔ (نسائی)

عرفہ کا روزہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم عرفۃ یکفر سنتین ماضیۃ ومستقبلۃ (مسلم)

۹ ذوالحجہ (عرفہ) کا روزہ سال گذشتہ اور سال آئندہ کے لئے کفارہ ہوگا۔

عشرہ ذوالحجہ و ایام تشریق میں ذکر اللہ ذی الحجہ کی یکم سے عید کے دنوں تک ذکر اللہ میں خاص طور پر مشغول رہنا اللہ کے نزدیک محبوب ترین عمل ہے حدیث شریف میں آیا ہے:۔

ما من ایام العمل الصالح فیھا احب الی اللہ عز وجل من ھذہ الایام یعنی ایام العشر قالوا یا رسول اللہ ولا الجہاد فی سبیل اللہ قال ولا الجہاد فی سبیل اللہ الا رجل خرج بنفسہ ومالہ ثم لم یرجع بشئ من ذالک (بخاری)

یعنی اللہ کے نزدیک ان دس دنوں سے کوئی دن اچھا نہیں جن میں کوئی بھی عمل صالح اسکے نزدیک محبوب تر ہو۔ صحابہ نے عرض کی جہاد بھی دوسرے دنوں میں وہ درجہ نہیں

...غیرہ بھی جلد ان دنوں میں کثرت سے شامل ہوتے ہیں
کے رستہ کو نہ جانے کا حج ہی ہے جو بجا لانا ہوتا ہے
ایک نکلے اور دوسرے کو قربان کئے بغیر واپس
نہ آئے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دنوں میں نیک عمل خدا کے نزدیک بڑا مرتبہ رکھتا ہے۔ اس لئے ان دنوں میں زیادہ لا الٰہ الا اللہ پڑھا کرو تکبیریں کہا کرو، اللہ کی حمد کیا کرو۔

حضرت ابن عمر اور ابوہریرہ ان دنوں میں بازار میں نکلتے تو تکبیریں کہا کرتے اور لوگ بھی ان تکبیروں کے ساتھ تکبیریں کہا کرتے۔ یہاں تک کہ منیٰ کا میدان تکبیروں سے گونج جاتا۔ (بخاری)

حکمت عید کا دن اور ایام تشریق خاص خوشی (اسلامی) کے دن ہیں۔ اور نماز عید میں اجتماع عظیم ہوتا ہے اس لئے ان دنوں میں اپنی تعداد و رونق کو دیکھ کر مسلمان کو لازم ہے کہ خدا کی برتری بیان کرے اور کھلا اقرار کرے کہ ہم بڑے نہیں ہم کسی صفت کے حقدار نہیں کبریائی اور حمد کے لائق وہی ذات ہے جس نے ہمیں اس نہج پر رہنے کی راہنمائی کی ہے۔
تکبیروا اللہ علیٰ ما ھداکم کے یہی معنی ہیں۔

عید البقر میں نماز کو جاتے ہوئے مسنون امر ہے کہ عید البقر کو نماز عید کے لئے کچھ کھانے بغیر جانے۔ بہتر ہے کہ واپسی پر قربانی کے گوشت سے ابتدا کرے نماز سے فراغت کے بعد جو میسر ہو کھالے۔

عید گاہ میں شہر سے باہر کھلے میدان میں پہنچ کر سب مرد و زن اپنی اس سالانہ خوشی کا مظاہرہ یہاں دکھائیں کہ سب کے سب دربار الٰہی میں عجز و نیاز سے سرنگوں و شرمندہ ہو کر دعائیں (دینی یا دنیاوی) مانگیں۔

عیدین میں دعا ایک ضعیف روایت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ... ناقل ہیں کہ آپ یوں دعا فرمایا کرتے تھے
... [illegible]
... [illegible]

نجاۃ ولا تاخذنا بغتۃ ولا تعجل من حق ولا وصیۃ اللھم انا نسالک العفاف والغنا والبقاء والھدی وحسن عاقبۃ الآخرۃ والدنیا ونعوذ بک من الشک والشقاق والریاء والسمعۃ فی دینک یا مقلب القلوب لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب۔

نماز عید کی تکبیریں نماز میں کھڑے ہو کر بھی خدا کی کبریائی سے فضا کو گونجا دیں۔ چنانچہ مسنون طریق ہے کہ نماز میں کھڑے ہوتے ہی تکبیر تحریمہ کے بعد تکبیریں کہنا شروع کریں۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ ہر تکبیر میں اثناء تھہر کر اللہ کی حمد وثنا اور آنحضرت پر درود (مختصراً) پڑھے جاویں۔ (مجمع الزوائد) جیسے الحمد للہ اللھم صل علی النبی وآلہ۔ پہلی رکعت میں تحریمہ کے علاوہ سات اور دوسری رکعت میں پہلی تکبیر کے سوا پانچ تکبیریں مسنون ہیں۔

تکبیروں میں رفع یدین ہر مرتبہ اللہ جل وعلا کی کبریائی کے ساتھ ساتھ ماسوی اللہ سے دستبرداری کا اظہار بھی کرنا چاہئے یعنی دونوں ہاتھوں کو کانوں یا کندھوں تک ہر تکبیر کے وقت اٹھائے۔

بیہقی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ ہر تکبیر کے وقت رفع یدین کیا کرتے تھے۔

قال فی الروضۃ الندیہ واحتج ابن المنذر والبیھقی لحدیث رویاہ من طریق بقیۃ عن الزبیدی عن الزھری عن سالم عن ابیہ فی الرفع عند الاحرام والرکوع والرفع منہ وفی آخرۃ یرفعھما فی کل تکبیرۃ (انتھیٰ)

خطبہ عید نماز سے فارغ ہو کر امام خطبہ کہے مستحب امر ہے کہ خطبہ سنا جائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ہم خطبہ کہیں گے جو چاہے بیٹھے کر سنے جو چاہے چلا جائے۔ (ابو داؤد)

جامع الکلام صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ عید
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ... خطبہ ...

احادیث میں یوں آیا ہے فرمایا۔
فان دماءکم واموالکم علیکم حرام کحرمۃ یومکم ھذا فی شھرکم ھذا فی بلدکم ھذا الیٰ یوم تلقون ربکم الا ھل بلغت قالوا نعم قال اللھم اشھد فلیبلغ الشاھد الغائب فرب مبلغ اوعی من سامع فلا ترجعوا بعدی کفاراً یضرب بعضکم رقاب بعض۔ (بخاری)

(مسلمانو!) تمہارے خون اور مال تم پر ویسے ہی حرام ہیں جیسے تم پر اس دن اور اس مہینے اور اس شہر کی حرمت ہے۔ اللہ سے ملنے (موت) تک تمہیں یہی حکم ہے۔ خبردار (سن رکھو) میں نے حق تبلیغ ادا کر دیا ہے۔ صحابہ نے تصدیق کی۔ پھر فرمایا خدایا تو بھی گواہ رہ (کہ میں نے تبلیغ کر دی ہے) اب چاہئے کہ حاضرین غائبوں تک (یہ احکام) پہنچا دیں۔ بسا اوقات مجلس میں سننے والوں سے نہ سننے والے زیادہ یاد رکھتے ہیں۔ (خبردار) میرے بعد عملی منکر نہ بن جانا کہ آپس میں قتل و قتال کرنے لگ جاؤ۔

اس خطبے میں جو جامعیت ہے وہ ناظرین خود ہی غور کرلیں یہاں تفصیل کا مقام نہیں۔ مختصر یہ ہے کہ حق العباد (جس سے تمام خرابیاں واقع ہوتی ہیں) کے متعلق ایسے جامع اصول ارشاد فرما دیئے ہیں جن پر مسلمان عمل پیرا ہوں تو کوئی کمی باقی نہیں۔ کاش اہل اسلام عموماً اور جماعت اہل حدیث خصوصاً اپنے پیارے ہادی فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وسلم کے کلمات طیبہ کی قدر کریں اور ایک دوسرے کی عزت جان و مال کی حرمت کیا کریں۔

نماز عید سے واپسی نماز عید سے فارغ ہو کر گھروں کو آئیں تو مسنون امر ہے کہ جس راستے سے گئے ہیں وہ بدل دیں اور دوسری راہ اختیار کریں تاکہ خدا کی کبریائی کی گونج سے تمام راہیں گونج جائیں۔

قربانی آج کے دن مسلمانوں نے ... کی یاد کو از سر نو تازہ کرنا ہے ... [illegible]
... [illegible]

ahmadimuslim.de

کر دے میری جان و مال تجھ حقیقی مالک ہی کے لئے ہیں پھر اس وقت میں تیرے ارشاد کے مطابق یہ جان پیش کرتا ہوں مگر اس جان کی قربانی ہی میرا اصل مقصد نہیں بلکہ میری اپنی جان بھی ہر وقت حاضر ہے۔ جب بھی تیرا ارشاد ہو۔ مجھے قربان کرنے میں ذرا بھر دریغ نہیں۔ اسی لئے روایت ہے کہ قربانی کا جانور مذبح میں لٹا کر یہ کلمات آنحضرت فرماتے ہے۔

انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک وما انا اول المسلمین اللہم منک ولک۔ (ابن ماجہ)

میں نے اپنی ذات کو آسمان زمین پیدا کرنے والے کے سپرد کر دیا ہے۔ یک رخہ مسلم ہوں مشرک نہیں ہوں۔ میری نماز میری قربانی بلکہ زندگی اور موت دنیا کے حقیقی پروردگار کے لئے ہے۔ اور بس۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور میں سب سے اول فرمان بردار ہوں اے اللہ یہ تیرا دیا ہوا (مال) ہے اور تیرے لئے فدا کرتا ہوں۔

سبحان اللہ کیسا اچھا اور عمدہ توحید کا سبق ہے اور کیا اچھی معرفت ہے۔ کاش مسلمان اس دعا کو پڑھا کریں اور اس سے سبق حاصل کریں اور خدا کی پیدا کردہ اشیاء کو اسی کے نام پر قربان کریں اور اسی کے نام کی نذر مانیں۔ غیر اللہ نذر نیاز کو ترک کر دیں۔

قربانی کا جانور قربانی کا جانور تندرست، بے عیب موٹا تازہ ہونا چاہئے۔ کیونکہ خدا بھی پاک ہے اور پاک اچھی ہی چیز کو قبول کرتا ہے۔

عیب دار جانور نہ ہو قربانی کا جانور لنگڑا بیمار [illegible] کان کٹا سینگ ٹوٹا [illegible]

[illegible]

قربانی کا گوشت [illegible]

[illegible]

بکری کے علاوہ بالغ مینڈھا بھی [illegible] اس میں سے جس قدر چاہے گوشت کھائے کھلائے تو جائز ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ ایسا کیا اور فرمایا تھا من شاء اقتطع (ابوداؤد)

اس سے [illegible] دینے کا ثبوت ملتا ہے اور ظاہر ہے کہ من کے عموم سے غیر مسلم نادار و غرباء بھی مستفید ہونے کا حق رکھتے ہیں۔ یعنی غیر مسلم بھی مسلمان کی قربانی کا گوشت کھانا چاہے تو مسلمان اسے بھی دے سکتا ہے

صاحب ہمت ہر سال قربانی کرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال قربانی کیا کرتے اور فرمایا کرتے تھے:۔ یا ایہا الناس علی کل اہل بیت فی کل عام اضحیۃ (ابن ماجہ۔ ترمذی)

اے لوگو! ہر گھر والوں پر ہر سال قربانی ہے۔

ایک روایت میں آیا ہے:۔

جو شخص بالدار ہو کر قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے۔ (ابن ماجہ)

گائے اور اونٹ اونٹ اور گائے کی قربانی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خود کی اور فرمایا کہ ایک گائے میں سات حصہ دار شریک ہو سکتے ہیں اور اونٹ میں دس شرکا شرکت کر کے قربانی کر سکتے ہیں۔ یہ ایک ایک حصہ ہر گھر والوں کے لئے کافی ہے جیسے ایک بکرا گھر کے تمام مرد و زن کی طرف سے کفایت کرتا ہے۔

قربانی کی کھالیں قربانی کی کھال غرباء مساکین کا حق ہے۔ افضل یہی ہے کہ مساکین کو دیدی جاویں۔ کھال کو خود دباغت دیکر یا ڈول بنا کر اپنے استعمال میں لانا جائز ہے۔ مگر بیچ کر قیمت اٹھانا منع ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:۔

استمتعوا بجلودھا ولا تبیعوھا (احمد)

چمڑوں سے فائدہ اٹھاؤ مگر بیچو نہیں۔

[illegible] تو دے سکتے ہیں مگر تنخواہ [illegible] کرنا جائز نہیں۔

[illegible] گذارش [illegible]

[illegible]

یہی خیال [illegible] دماء [illegible] یناله التقوی منکم۔ (قرآن مجید)

کہ خدا کو تمہاری قربانیوں کا گوشت اور خون نہ پہنچیگا اس تک ان تو وہ کام متصل ہوگا جو تمہاری (پرہیزگاری) کی بنا پر کیا جائے۔

ارشاد نبوی کے یہی معنی ہیں

ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم۔

کہ خدا تمہاری خوش وضع صورتوں کو نہیں دیکھیگا بلکہ تمہارے دل اور اعمال کو دیکھے گا۔

زندہ دل شاعر بھی انہیں معنوں میں کہتا ہے۔

سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا
سرخ و سفید مٹی کی صورت ہوئی تو کیا

عدل

(از قلم مولوی زین العابدین صاحب باڑہ ضلع [illegible])

مضمون ہذا کی پہلی قسط بعنوان صراط مستقیم اہلحدیث ۳۰۔ ستمبر ۳۸ء میں شائع ہو چکی ہے بقیہ مضمون نظر سے اوجھل ہونے کی وجہ سے اشاعت پذیر نہ ہو سکا۔ نامہ نگار صاحب کی مکرر یاد دہانی پر بعد تلاش درج ذیل ہے چونکہ اس قسط میں "عدل" کے موضوع پر خامہ فرسائی کی گئی ہے۔ اس لئے مضمون کا عنوان بھی "عدل" ہی رکھا گیا ہے۔ (ادارہ)

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:۔

وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ (انعام۔ پ ۸) اور جب کہو تم انصاف سے کہو گو قرابت داری کیوں نہ ہو۔

یہ عدل وہ عدل ہے جس کے جملہ ادیان عالم مترشح ہیں یہ بات اسلام ہی نے پیش کی ہے اور اس پر مستند کر دکھایا ہے کیونکہ بغیر اس کے نظام عالم [illegible] نہیں سکتا [illegible]

اسی سے کیا وہ ہمارا ہے مابین تعلقات قائم ہیں جس ملک میں عدل نہیں وہ ملک بے روح ہے۔ اس کا قیام عدل ہے۔ اس عدل ہی سے صالح قلب و مزکی نفس ہے فرمایا۔ اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی (مائدہ)

عدل کرو کہ وہ پرہیزگاری کے قریب تر ہے۔

مگر ہمارے برادران اہل کتاب (نصاریٰ) نے ایک نمونہ عدل کا یہ پیش کیا ہے کہ

ساری اولاد آدم کی ایک خطا سے آلودہ ہو چکی تھی اللہ کے عدل نے چاہا کہ خیادہ بخشیں اور رحم کا تقاضا ہوا کہ سب کو بخش دیں۔ ہر دو کے موافق اس مشکل کو اللہ نے اس طرح حل کیا کہ اس نے اپنے بیٹے یسوع (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کو بھیجا تاکہ سب کے گناہوں کے بوجھ کو اپنے سر پر لے اور سزا کا مستحق ٹھیرے۔ اور اپنی رحمت کاملہ سے سارے بندوں کو بخش دیا اور یسوع پر عدل قائم کیا۔

قاعدہ یہ ہے کہ جو مجرم ہوتا ہے وہی سزا پاتا ہے۔ ایک کا الزام یا خطا کسی دوسرے پر آ نہیں سکتا۔ چنانچہ فرمایا۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی (فاطر پ)

کوئی کسی دوسرے کا بوجھ اٹھا نہیں سکتا۔

اگر ایسا کیا جائے تو ظلم ہوگا۔ ہاں بات تو اسی قدر ہے کہ حقوق العباد کا فیصلہ عدل سے اور حقوق اللہ کا فیصلہ رحم سے کیا جاوے۔

اب آیت بالا پر غور کریں جبکہ قرابتداری کے معاملہ میں عدل کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ یہ کیا نازک موقع ہے۔ کوئی اپنے لڑکے کو کجا اپنے قرابت داروں کو مجرم نہیں گردان سکتا۔ بلکہ ہر موقع ہر پہلو سے اسے بری کرنا چاہتا ہے۔ لیکن اسلام نے یہ حکم جاری کیا

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰامِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ (نساء پ۵)

اے ایمان والو! انصاف کو قائم کرنے والے رہو۔ شہادت دینے والے اللہ کے لئے اگرچہ شہادت خود تمہارے خلاف یا ماں باپ اور قرابتداروں کے خلاف ہو۔

اور فرمایا:۔

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ (بقرہ پ۳)

شہادت کو مت چھپاؤ اور جو شہادت چھپائیگا پس تحقیق کہ اس کا دل گنہگار ہے۔ اور اگر کسی قوم سے دشمنی ہو تب بھی اس قوم کے معاملے میں انصاف نہ چھوڑو۔ جیسا کہ فرمایا۔

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ (مائدہ پ۶)

ہرگز تم کو مجبور نہ کرے کسی قوم کی دشمنی بے انصافی پر بلکہ انصاف کرو وہ قریب تر ہے پرہیزگاری کیلئے۔

ہمارے اسلام میں اس قسم کے احکام بکثرت ہیں جو فوائد و حفاظت تمدن اور عروج و ترقی تمدن کے لئے مستحسن بلکہ اکمل ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ان کے عاملین بھی تھے یا ہیں۔ اس کے متعلق تواریخ و سیر عالم شاہد ہیں کہ تمدن و مذہب کی حفاظت جیسا کہ اسلام نے کی ہے ویسا کسی مذہب اور کسی حکومت نے نہیں کی۔ چنانچہ فرمایا:۔

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا الخ (حج پ۱۷)

اور اگر دفع کرنا نہیں ہوتا اللہ کا بعض لوگوں کو بعض کے ذریعے سے تب البتہ منہدم ہو جاتیں خانقاہیں اور عبادت گاہیں عیسائیوں اور یہودیوں کی۔ اور مسلمانوں کی مسجدیں جن میں اللہ کا نام کثرت لیا جاتا ہے

و نیز اس کے بارے میں حکم فرمایا:۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا الخ (نحل پ۱۴)

تحقیق کہ اللہ حکم کرتا ہے انصاف اور احسان کرنے اور قرابت داروں کو (مالی امداد) دینے کا اور منع کرتا ہے وہ ساری بےحیائیوں اور منکرات اور زیادتی کرنے سے۔ نصیحت کرتا ہے اللہ تاکہ تم لوگ نصیحت حاصل کرو اور پورا کرو اللہ کے قول اقرار کو۔ جب عہد کرو تم۔ اور مت توڑو قسموں کو مضبوط کرنے کے بعد۔

بس اب ایک دو واقعات سلف کے پیش کر کے مضمون تمام کرنا چاہتا ہوں۔ ایک واقعہ مابین یہودی اور مسلمان کا جو دربار نبوی میں پیش ہوا وہ یہ ہے کہ۔

دونوں نے عدالت نبوی میں اپنا اپنا مقدمہ دائر کیا بعد اظہار و بیان مسلمان کے خلاف اور یہودی کے حق میں فیصلہ سنایا گیا۔ بعد اس کے حضور صلعم کے فیصلے کو نہ ماننے کی وجہ سے حضرت عمرؓ نے مسلمان کا خاتمہ تلوار سے کر دیا۔

(۲) اور ایک دوسرا واقعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت میں ایک یہودی نے حضرت علیؓ پر قاضی وقت کی عدالت میں پیش کیا۔ قاضی نے حضرت علیؓ سے گواہ مانگا۔ انہوں نے اپنے بیٹے حسنؓ کو گواہ پیش کیا۔ لیکن چونکہ باپ بیٹے کا تعلق تھا اس لئے ان کی شہادت نہیں لی گئی۔ تب قاضی نے حضرت علیؓ کے خلاف فیصلہ سنایا۔ بعد کو یہودی خود اپنے جھوٹے دعوے کا اقرار کر کے معافی کا خواستگار ہوا۔ اور اسی وقت حلقۂ اسلام میں داخل ہو کر مستفیض ہوا۔ کیونکہ اس نے محض اسلامی عدل دیکھنا تھا چنانچہ دیکھ لیا کہ اسلام کے جملہ احکام واضح اور ارفع و اقویٰ ہیں۔ لہذا اس نورانی شریعت پر چلنا دارین (دنیا و آخرت) کی فلاحت و شرافت مقصود ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ... کے ... [illegible]
... [illegible] ...
... قابل ... [illegible]
... [illegible]

سوالات از آریہ صاحبان

(۱) آریہ مادہ کو جز لایتجزیٰ کہتے ہیں حالانکہ اسکی ہستی یا وجود کا کوئی بدیہی ثبوت اون کے پاس نہیں ہے اور تجربہ اور مشاہدہ سے اس کا عدم اور وجود مساوی درجہ رکھتے ہیں۔ بفرض محال اگر وہ کوئی چیز ہے تو بتلائیے کہ ایک ذرہ میں کوئی وزن ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو اون کے متعدد جمع ہوجانے پر کوئی وزن کہاں سے پیدا ہوجاتا ہے۔ اگر ہے تو ایک ذرہ کا جو وزن آپ بتلائیں اوس کا نصف مان کر اوس کی تقسیم ہوسکتی ہے اور وہ اس طرح سے قابل تقسیم اور حادث ہے یا نہیں۔

(۲) ایک ذرہ میں اگر لمبائی، چوڑائی، موٹائی نہیں تو اون کے مجموعہ میں لمبائی چوڑائی موٹائی کہاں سے پیدا ہوگئی۔ اور کچھ بھی لمبائی چوڑائی موٹائی ہے تو قابل تقسیم کیوں نہیں۔ اور وہ حادث کیوں نہیں۔

(۳) تمام جز لایتجزا ایک ہی سائز، رنگ و بو خاصیت، مزاج و تاثیر وغیرہ کے ہیں یا مختلف۔ اگر مختلف کے ہیں تو ایک ذرہ دوسرے ذرہ کی خاصیت رنگ۔ بو۔ تاثیر میں تبدیلی ہوسکتی ہے یا نہیں۔ اگر ہوسکتی ہے تو اس کا اصل وجود و خواص قدیم کہاں قائم رہے وہ تو ایک دوسرا ذرہ بن گیا اور اس کا اصل وجود فنا ہوگیا۔ اگر نہیں ہوسکتا تو گرم اشیاء سرد میں، سرد گرم میں، تاریک روشن میں، روشن تاریک میں جیسے دیا سلائی کا مسالہ شعلہ کی شکل میں ہوجاتا ہے۔ برف پانی کی شکل میں، پانی برف کی شکل میں کڑوا یا کھٹا۔ میٹھاس کی لذت میں، نیلا اور پیلا رنگ ملکر ہرے کی شکل میں کیسے تبدیل ہوجاتا ہے۔ یہ تبدیلی ان کے اصلی خواص کو فنا ہونا ثابت کرتی ہے یا نہیں اگر آدمی گھوڑا بن جائے اور گھوڑا بیل اور بیل بکرا تو کہاں اون کی اصلی حیثیت اور وجود قائم رہا یا مٹ گیا۔

(۴) جاندار جسموں کو دیکھ کر کسی فرقے کے حوالہ سے روح کی مفصل کیفیت اور انکے خواص بالتشریح بتلائیے نیز یہ بتلائیے کہ روح کے خواص تبدیل ہوسکتے ہیں یا نہیں۔ اگر تبدیل ہوسکتے ہیں تو روح اپنے ذاتی خواص کے ساتھ کیسے قدیم رہی۔ اگر نہیں ہوسکتے تو روح کے علم میں کمی و بیشی کیسے ہوجاتی ہے۔ جو چیز آج ہمیں یاد ہے وہ کچھ عرصہ کے بعد کیوں بھول جاتی ہے۔ اگر قدیم روح کے قدیم خواص کسی وقت فنا ہوسکتے ہیں تو روح بھی کیوں فنا نہیں ہوسکتی۔ اگر خدا کے اندر اس قدر طاقت ہے کہ وہ روح کے خواص کو فنا کرسکتا ہے تو وہ اصل روح کے فنا کرنے میں کیوں لاچار و قاصر سمجھا جاتا ہے۔ اسیطرح اگر وہ روح کو فنا کرسکتا ہے تو اسے پیدا کیوں نہیں کرسکتا۔ کون سی چیز اوس کو اس فعل سے مانع ہے

(۵) خدا کی طاقت و علم محدود ہے یا غیر محدود اگر محدود ہے تو خدا اور انسان میں کیا فرق ہے۔ اور اگر غیر محدود ہے تو آریہ صاحبان نے اس کی طاقت پر یہ حکم کیسے لگا دیا کہ وہ نیستی سے ہستی نہیں کرسکتا۔ حالانکہ یہی حکم انسان کی طاقت پر بھی لگا ہوا ہے کہ وہ نیستی سے ہستی نہیں کرسکتا۔

(۶) ایک کچا آم جو بالکل کھٹا ہوتا ہے۔ پال میں رکھنے پر میٹھا ہوجاتا ہے۔ حالانکہ اس کے وزن میں نہ کمی آتی ہے نہ بیشی نہ اس کے اندر باہر سے کوئی مٹھاس داخل کی جاتی ہے تو اوس کی کھٹائی کی دوری یا عدم موجودگی ہستی سے نیستی اور مٹھاس نیستی سے ہستی ہوئی یا نہیں۔

(۷) بروئے تناسخ روح جب ایک جسم سے نکل کر فوراً ہی دوسرے جسم میں داخل ہوجاتی ہے تو کبھی ایسا کیوں نہیں ہوتا کہ ایک انسان کی روح نکل کر خود ہی کسی دوسرے تازہ مرے ہوئے انسان یا جانور کے جسم میں گھس جائے اور وہ انسان یا جانور زندہ ہوجائے اور اپنے اعمال کی سزا اوس انسان یا جانور کے جسم میں بھگتے۔ رحم عورت جبکہ روح کے داخل ہونے کی جگہ اور رہنے کی جگہ ہے تو عقیم عورت کے رحم میں روح داخل ہونے سے کیوں گریز کرتی ہے اور روح کا یہ قید خانہ کیوں خالی اور بیکار پڑا رہتا ہے اور ایسے خالی اور بیکار قید خانہ کو پرمیشور نے کیوں بنایا

(۸) ایک روح کا تعلق جسم کے کل ذرات کے ساتھ ہوتا ہے۔ یعنی کل ذرات کے مجموعہ یا ڈھیر کے ساتھ ہوتا ہے یا علیحدہ علیحدہ ہر ذرہ سے۔ اگر ہر ذرہ سے علیحدہ علیحدہ ہوتا ہے تو روح بوجہ تعدد ذرات تقسیم ہوگئی یا نہیں اور تقسیم ہوکر حادث ہوئی یا نہیں۔ اور اگر ہر ذرہ سے تعلق علیحدہ علیحدہ نہیں ہوتا تو آدمی یا جانور کا کوئی عضو کٹ کر اور جسم انسان یا حیوان سے جدا ہوکر حرکت کیوں کرتا ہے۔ چھپکلی کی دم کٹ کر اور اسکے جسم سے علیحدہ ہوکر بہت دیر تک کیوں تڑپتی اور ناچتی رہتی ہے۔ کیا یہ روح کے تقسیم ہوجانے کی دلیل نہیں ہے۔ اس کے علاوہ برساتی کیچوہ خراطین کے دو ٹکڑے کر دئیے جائیں تو دونوں ٹکڑے علیحدہ علیحدہ جسم رہ کر دو مستقل ذات رکھنے والے دو کیچوے بن جاتے ہیں۔ بتلائیے یہ ایک روح دو کیچوؤں میں کیسے تقسیم ہوگئی۔ اب بتلاؤ کہ روح حادث ہے یا قدیم

(۹) انسان کے دل، دماغ۔ آنکھ۔ ناک۔ کان وغیرہ میں مختلف طاقتیں مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔ روح نکل جانے کے بعد یہ طاقتیں فنا ہوجاتی ہیں تو ہستی سے نیستی ہوئی یا نہیں۔ اگر کہو کہ یہ سب طاقتیں روح کے ساتھ ساتھ رہتی ہیں اور اسی کے ساتھ ساتھ چلی جاتی ہیں۔ اور دراصل یہ اوسی کی طاقتیں ہیں تو ایک انسان روح رکھتے ہوئے بہرا۔ اندھا۔ پاگل کیونکر ہوجاتا ہے۔ کلورا فارم سونگھانے کے بعد روح کی یہ طاقتیں کیوں کام نہیں دیتیں۔ اگر صرف ایک دوا کلورا فارم روح کے صفات اور طاقتیں زائل کردیتی ہے تو خدا خود اپنی طاقت سے اوس روح کو فنا کرنے پر کیوں قادر نہیں سمجھا جاتا۔

(۱۰) ایک کاتب جو کچھ لکھنا چاہتا ہے خواہ وہ

کسی وقت تحریر کا کام کرے ۔ ہر وقت کاتب کہلاتا ہے اور یہ لکھنے کی صفت اس کی ذاتی صفت ہے ۔ اسیطرح ہر شخص جو کہ ایک فن کا ماہر ہے ہر وقت اوس فن کا ماہر کہلائے گا خواہ وہ کسی وقت اوس کا اظہار کرے اور خواہ وہ فعل اوس کے کسی وقت بھی سرزد ہو ۔ جیسے ایک ماسٹر ہر وقت ماسٹر کہلائے گا خواہ کسی وقت لڑکے پڑھا رہا ہو یا نہیں ۔ وکیل ہر وقت وکیل کہلائے گا خواہ وہ کسی وقت وکالت کرے ۔ ڈاکٹر ہر وقت ڈاکٹر کہلائے گا خواہ کسی وقت علاج کر رہا ہو یا نہیں ۔

علیٰ ہذا القیاس تو آریہ صاحبان خدا کے لئے یہ امر کیوں ضروری سمجھتے ہیں کہ وہ جب خالق ہو سکتا ہے کہ فعل خلق اس کے ہر وقت ہر آن سرزد ہوتا ہے ۔ لیکن یہ نہیں جانتے کہ بجواب اصول کلی صفت خالقیت اوس سے کیسے جدا ہو سکتی ہے خواہ وہ کسی وقت اوس سے سرزد ہو ۔ البتہ ویدک پرمیشور پر یہ اعتراض وارد ہو سکتا ہے کہ جب وہ روح اور مادہ پیدا کرنے سے عاری اور قاصر ہے تو کس چیز کا خالق ہے اور جبکہ دنیا خود اور اوس کی ہر چیز روح اور مادہ ہی کے ذریعہ اور وجود سے بنے ہیں اور ہر جاندار روح اور مادہ ہی کے اتصال کا نتیجہ اور ظہور ہے تو ویدک پرمیشر کا بحیثیت خلق اوپر کیا احسان ہے ۔ جبکہ وہ اپنے اجزا ترکیبی کی حیثیت سے قدیم ہے ۔ ایک خدا بلا استثنیٰ روح و مادہ ہر چیز کو اپنی قدرت سے پیدا کرتا ہے ۔ دوسرا روح اور مادہ دو آزاد ہستیوں پر ناجائز قبضہ جما کر انکو بغیر کسی استحقاق قانونی یا ملکیت جبراً اپنے قبضہ میں لا کر دنیا بنانے میں استعمال کرتا ہے تو انصافاً بتلائیے دونوں میں کون خدائی کے سزاوار اور قابل ہے اور کس کی صفت خالقیت کامل ہے ۔ اپنی خالقیت کی صفت کا اظہار کرنے کے لئے محتاج بالغیر ہونا کیسی خدائی ہے ۔ اور ایسے اعتقاد سے خدا کی کس قدر بے بسی اور توہین لازم آتی ہے ۔

راقم نیاز مند

محمد عبدالمنان قریشی ادراہم پور منہاران

تفسیر سورہ کافرون

قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۔

یعنی اے نبی تو اپنے حال و مقال سے بتا دے کہ دین حق کے منکرو میں اس کو نہیں پوج سکتا جسکو تم پوجتے ہو کہ نہ تم ہی اس کے پرستار ہو جسے میں پوجتا ہوں ۔ اور نہ میں آیندہ ہی کبھی اس شے کی عبادت کرنے والا ہوں جسکو تم پوج رہے ہو اور نہ تم ہی اسکو پوجنے والے ہو جس کی عبادت میں کر رہا ہوں ۔ تم کو تمہاری راہ ہے اور مجھے میری راہ ۔ یہ سورہ بڑے پایہ کی ہے اس میں توحید پر قائم رہنے کی زبردست ہدایت اور کفر و شرک سے جدا رہنے کی بڑی تاکید ہے ۔ یہ وہ سورہ ہے جس پر ایک سچا مسلمان کاربند ہو کر کبھی شرک و کفر کی طرف مائل نہیں ہو سکتا ۔ اور ہمیشہ کے لئے اہل شرک کی کرتوتوں سے بیزار رہتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ ہادی کامل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سورہ پاک کی شان میں یوں ارشاد فرمایا ہے کہ سورہ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ کے پڑھنے کا ثواب چوتھائی قرآن کے برابر ہے ۔ (ترمذی)

اور حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ قرآن کریم میں شیطان پر اور کوئی سورت زیادہ سخت اس سورت سے نہیں کہ اس میں ہمیشہ کے لئے عملی طور پر توحید پر قائم رہنے اور شرک سے برأت کا ذکر ہے ۔

اس سورت پاک کی حقیقت سمجھنے میں اکثر لوگوں نے دھوکہ کھایا ہے اور اسکے ایسے معانی بیان کئے ہیں جس سے قرآن کریم اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم پر حرف آتا ہے اور ان سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس سورت میں کفار کو ان کے دین پر رہنے کی اجازت ہے یا یہ کہ کافروں کا کفر خدائے پاک کو پسند ہے یہی وجہ ہے کہ بعض بڑے طبقہ کے مفسرین نے یہاں تک لکھ دیا ہے کہ یہ سورہ منسوخ ہے ۔ سخت حیرت ہے اُن حضرات نے ایسا کیوں گمان کر لیا ۔ حالانکہ یہ سورت کفر و ایمان میں ہمیشہ کے لئے قول فیصل اور محکم ہدایت ہے ۔ اس نے علم اخلاق کے اس زبردست اصول کو حل کیا ہے اور دنیا کو وہ سبق پڑھایا ہے جس پر آج مہذب ممالک کو فخر ہے ۔ جس سے دنیا بالکل بے خبر تھی اور جس کے نہ جاننے سے ہزارہا قسم کے فتنے و فساد برپا ہوتے تھے ۔ پہلے اس سورہ پاک کا شان نزول بیان کرنے کی ضرورت ہے ۔ اسکے بعد وہ اخلاقی سبق بآسانی سمجھ میں آجاویگا ۔

اس سورت کا شان نزول یہ ہے کہ کفار مکہ کی ایک جماعت جیسے ابوجہل ۔ عاص بن وائل ۔ ولید بن مغیرہ وغیرہ نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں آپ کے چچا کی معرفت یہ پیغام بھیجا کہ آپ ہمارے بتوں کی مذمت و مخالفت چھوڑ دیں تو ہم وعدہ کرتے ہیں کہ آپ کو ہماری ذات سے کسی قسم کی اذیت یا تکلیف نہ پہنچیگی ۔ اور ساتھ ہی یہ کہلا بھیجا کہ نئی قسم کی تعلیم سے اگر آپ کا مقصد بادشاہ بننا ہے تو ہم آپ کو اپنا سردار اور امیر بنا لیتے ہیں ۔ اگر مال مقصود ہے تو ہم اس قدر روپئے جمع کئے دیتے ہیں کہ آپ سب سے بڑے دولت مند ہو جائیں گے ۔ اگر کسی حسین خوبصورت عورت سے نکاح کا شوق ہے تو قبائل قریش کی حسین سے حسین لڑکی کے ساتھ آپ کا نکاح کرنے کو تیار ہیں بشرطیکہ آپ ہمارے بتوں کی مذمت نہ کریں اور توحید کی اشاعت چھوڑ دیں ۔ ان تمام ترغیبات و مواعید انعامات کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے ان امور میں سے کسی کی بھی خواہش نہیں ۔ میرا مقصد تو صرف یہ ہے کہ تم لوگوں کو ہلاکت اور تباہی سے نکال کر ابدی نجات کی راہ دکھاؤں مقصد تم کو تمہارے خالق کی

تفسیر سورۃ الکافرون ... (۲۶۰) [illegible]

ahmadimuslim.de

رضامندی کا تمغہ دلاؤں۔

سرداران قریش کو جب اس طرح بھی کامیابی نہ ہوئی تو انہوں نے ہار کر یہ پیغام بھیجا کہ اچھا اگر یہ منظور نہیں تو آپ اور ہم اس طرح صلح کر لیتے ہیں کہ ایک وقت آپ ہمارے بتوں کی پوجا کر لیا کریں۔ دوسرے وقت ہم آپ کے ساتھ مل کر آپ کے معبود واحد کی عبادت کر لیا کرینگے۔ اس طرح باہمی مصالحت سے آئے دن کی کش مکش اور مخالفت کا خاتمہ ہو جائیگا۔ ہم اور آپ ہمیشہ کے لئے شیر و شکر ہو جائینگے۔ ورنہ آپ ہم سے الگ رہ کر اپنا نیا دین کبھی جاری نہیں کر سکتے اور نہ کبھی اپنے مقصد میں کامیاب ہونگے۔

اس نئی تجویز صلح کا جواب بھی آپ نے ایسا صادقانہ اور بے لاگ دیا جس پر اگر انصاف سے غور کیا جائے تو سعید روح کو اس کے تسلیم کرنے میں کچھ تامل نہیں ہوتا کہ آپ سب راست بازوں اور صادقوں کے امام ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر آفتاب میرے دائیں اور ماہتاب بائیں ہاتھ پر لا کر رکھ دیا جائے تو بھی میں تمہارے ساتھ ہرگز ہرگز متفق نہیں ہو سکتا۔ اور وحی الٰہی کے مطابق یہ جواب ان کو سنایا جو اس سورہ مبارک میں ہے کہ کفر و اسلام کا میل نہ اب ہے اور نہ کبھی آیندہ ہرگز ہو سکتا ہے۔ توحید اور شرک کبھی جمع ہو ہی نہیں سکتے۔ تم مجھ سے ہرگز یہ توقع نہ رکھو۔ اگر خدائے واحد کی عبادت منظور نہیں تو میں بھی تمہارے معبودان باطل کی عبادت نہیں کر سکتا تم اپنے حال میں مست رہو اور میں اپنے حال میں۔ تمہارا دین تم کو مبارک اور میرا دین مجھ کو۔

یہ جواب سن کر اپنا سا منہ لیکر رہ گئے۔

اب ذرا ٹھنڈے دل سے غور کیجئے۔ سلطنتوں اور حکومتوں کا رعایا کی مذہبی آزادی میں دست اندازی کرنا ہمیشہ خونریزی و فساد کا باعث ہوا ہے۔ اس لئے حکماء اخلاق و ماہرین سیاست کی رائے ہے کہ رعایا کے ہر فرد کو امور مذہبی میں آزادی ہونی چاہئے کہ جو عقائد ان کو درست اور صحیح معلوم ہوں ان کو اختیار کریں اور جو طریقہ عبادت ان کے نزدیک بہتر ہو اس پر عمل کریں کسی دوسرے کو ان پر معتقدات و اعمال مذہبی کے بارے میں جبر و تشدد کرنے کا حق نہیں ہے۔ جس طرح ماحول میں تغیر ہونے سے آدمی کے جسم میں تغیر ہوتا ہے ایسا ہی اس کی معلومات میں تغیر ہوتا ہے۔ جو بات ایک وقت میں بالکل صحیح اور یقینی معلوم ہوتی ہے وہ آئندہ کے تجربہ اور ماحول کے تغیر سے کبھی غلط ہو جاتی ہے اس لئے عاقل کے لئے احتیاط کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے کسی مدمقابل کو جو کہہ رہا ہے۔ اور اس کی سمجھ میں حق نہیں جچتا تو اس کو اسکے حال پر چھوڑ دے اور اسکے سامنے اپنی صداقت اور راستبازی پر قائم رہ کر اسکے دل کو اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کرتا رہے۔ قانون فطرت اپنے وقت پر جب آیندہ واقعات یا تغیرات کے ذریعہ اسکے کسی عقیدہ کو غیر صحیح اور کسی دوسرے عقیدہ کو اس سے بہتر ثابت کر دیگا تو وہ اس عقیدہ جدیدہ کو بطیب خاطر قبول کریگا۔ قرآن کریم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تبلیغ اسلام میں اسی اصول کو ملحوظ رکھنے کی تعلیم فرمائی ہے ارشاد ہوتا ہے کہ کافروں سے کہہ دے لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ۔ اگر اس وقت یہ سچائی اور حقانیت جسکی طرف میں تم کو بلاتا ہوں تمہاری سمجھ میں نہیں آتی تو تم اپنے طریق پر عمل کئے جاؤ اور میں اپنے مذہب پر قائم ہوں قانون قدرت کچھ عرصہ بعد تمہارے اس عقیدہ کو خود بخود غیر صحیح ثابت کر دیگا۔ اور تم میں جو سعید روحیں ہیں انکو معلوم ہو جائیگا کہ اس سے پہلا خیال غلط تھا۔ اور آیندہ بھی تم اسی طریق سے انسانی کمالات کے حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاؤ گے۔ نفاق اور مداہنت فطانی ترقی کی راہ میں سخت ترین واقع ہیں۔ بعض وقت سمجھدار لوگ بھی دھوکا کھا کر ان بدخصلتوں کے ذریعے سے کامیابی کے خواہاں ہوتے ہیں۔ مگر اخیر میں انکو شرمندہ و نادم ہونا پڑتا ہے۔ اس سورہ پاک میں اس بری خصلت سے بھی روکا گیا ہے۔ کیونکہ اس میں ہمیشہ کیلئے مؤمنوں اور کفار کے درمیان ایک حد فاصل کھینچ دی گئی ہے اور بتا دیا گیا ہے کہ کفر و اسلام کبھی اکٹھے نہیں ہو سکتے نفاق اور مداہنت سے اگر ان دونوں کو کوئی ایک جگہ پر جمع کرنا چاہے تو اس کی سخت غلطی ہے۔ اگر وہ کفار ہمیشہ کفر و شرک پر قائم اور توحید و اخلاص سے متنفر ہوتے ہیں اور اہل حق ہمیشہ ایمان و اخلاص پر قائم اور کفر و شرک سے بیزار رہتے ہیں۔ اس لئے احتمال ہے کہ آپس کی کش مکش سے فتنہ فساد ہوں۔ اور لوگوں کی جان و مال پر آبنے۔ اور ایک دوسرے کی آزادی کے سلب کرنے اور ایک دوسرے مذہب میں دخل دینے کی وجہ سے قتل و خونریزی تک نوبت پہنچ جائے۔ پس قرآن کریم نے اپنے متعلقین کو ہدایت فرما دی کہ ایسے موقع پر ہمیشہ اپنا عمل لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ پر رکھ کر دنیا میں امن و سلامتی کے شاہزادے بنے رہو۔ اگر تم نے اس زریں اصول کو ہاتھ سے نہیں دیا تو تھوڑے دنوں میں تمہارے مخالفوں پر سچائی کا راستہ خود بخود کھل جائیگا۔

یہ ہے سچا ایمان اخلاص جس کی مؤمن موحد کو ہمیشہ پیروی کرنی چاہئے۔ کفار کے عقائد باطلہ و خیالات واہیہ سے سچا مؤمن ہمیشہ علیحدہ رہتا ہے اور ایک منٹ کے لئے بھی کسی لالچ و طمع کی وجہ سے عقائد مذہبی میں ان کے ساتھ مداہنت و اتفاق نہیں کر سکتا لیکن اس کے ساتھ ہی وہ مشرکین و کفار کی مذہبی آزادی سے بھی کچھ تعرض نہیں کرتا اور قولاً و عملاً اپنے مذہب کی تعلیمات کی خوبیاں ابنائے زمان کے ذہن نشین کرتا رہتا ہے۔

اب ظاہر ہے کہ یہ سورہ مبارک کیسی توحید کی دلدادہ و کفر و شرک سے بیزار کرنے والی ہے۔ دنیوی حیثیت سے کس قدر قوم و ملک اور حکومت و سلطنت کے لئے باعث امن و سلامتی ہے۔ اور منکرین کی ہدایت و رشد کے لئے کیسا اعلیٰ اصول سکھلاتی ہے اور یہیں سے معلوم ہوتا ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اس سورت کے پڑھنے کا ثواب چوتھائی قرآن مجید کے برابر ارشاد فرمایا ہے بالکل حق و درست ہے۔ اللہ تعالےٰ اس پر عمل کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ زیادہ والسلام!

(حررہ نور محمد میانوی جہلمی خادم اہل حدیث)

تفسیر آیہ کریمہ۔ یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کی تفسیر ہے ... (اردو ترجمہ) قیمت ۱۲ ... دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

مسند امام ابو حنیفہؒ اور علماء احناف

(مرقومہ مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فریدکوٹی)

اہل حدیث کے مدارس عربیہ میں صحاح ستہ کی تعلیم خصوصیت کے ساتھ دی جاتی ہے۔ اور اہل حدیث طلباء جو علماء بن کر نکلتے ہیں۔ ان میں سے اکثر طلباء احناف کی کتب حدیث سے محض بے خبر ہوتے ہیں۔ بلکہ بعض پرانی ٹائپ کے علماء حضرات کتب فقہ متداولہ غیر متداولہ کو شاذ و نادر ہی پڑھتے ہیں۔ اگر ہمارے مدارس کے طلباء حدیث فقہ حنفی کو کسی قدر سبقاً سبقاً پڑھ لیا کریں تو ان کو عجیب و غریب مسائل و معلومات حاصل ہوں۔ آج ہم مسند امام ابو حنیفہؒ کی صرف دو احادیث آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں۔ یہ مسند حصکفی کے نام سے مشہور ہے۔

قال ابو حنیفة ولدت سنة ثمانین وحججت مع ابی سنة ست وتسعین وانا ابن ستة عشرة سنة فلما دخلت المسجد الحرام ورایت حلقة عظیمة فقلت لابی من هذه فقال حلقة عبد الله بن الحارث بن جزء الزبیدی صاحب النبی صلعم فتقدمت فسمعته یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من تفقه فی دین الله کفاه الله تعالی همه ورزقه من حیث لا یحتسب ص۲۔

(خلاصہ) امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں میری پیدائش ۸۰ھ میں ہوئی۔ اور میں نے اپنے والد صاحب کے ساتھ ۹۶ھ کو حج کیا جبکہ میری عمر سولہ برس کی تھی جب میں مسجد الحرام میں داخل ہوا تو عبد اللہ بن حارث (صحابی) کا حلقہ درس دیکھا۔ اور ان سے ایک حدیث سنی ——— امام صاحب کی اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ جب آپ نے عبد اللہ بن حارث صحابی سے یہ حدیث سنی تو آپ کی عمر اس وقت سولہ سال کی تھی اور یہ صحابی ۹۶ھ تک زندہ تھے۔ نیز امام صاحب کی اس روایت سے تابعی ثابت ہو رہے ہیں۔

نقض نقول۔ اب آپ علماء اسماء الرجال کی شہادتیں حضرت عبد اللہ کی وفات کی نسبت سنئے۔

قال ابن یونس توفی عبد الله بن الحارث ۸۶ھ وکان قد عمی وقال غیره ۸۵ھ وقال بعضهم سنة ست (وهذا اصح) ابن یونس کے نزدیک حضرت عبد اللہ کی وفات ۸۶ھ ہے اور بعض کے نزدیک ۸۵ھ اور بعض کے نزدیک ۸۶ھ ہے اور ۸۶ھ والی روائت زیادہ صحیح ہے۔ تاہم آپ اگر ساٹھ یا چھیاسی دونوں میں سے کسی ایک کو تسلیم کر لیں تب بھی یہ ثابت نہیں ہو سکتا کہ امام صاحب نے حضرت عبد اللہ سے جب یہ حدیث سنی تھی تو اس وقت امام صاحب کی عمر ۱۶ سال کی تھی اور یہ بھی ثابت نہیں ہو سکتا کہ اس وقت یعنی ۹۶ھ کو حضرت عبد اللہ زندہ تھے شیخ قاسم حنفی نے کیا خوب لکھا ہے:-

ان ابن جزء مات بمصر ولابی حنیفه ست سنین وبان جزء لم یدخل الکوفة فی تلك المدة (ص۲۶) (اسماء الرجال حصکفی جو کہ مسند ابو حنیفہ رہ کے ساتھ بطور ضمیمہ ہیں۔

لیکن سچے عاشق کا فرض ہے کہ اپنے امام کے ہر قول کی تائید میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دے چنانچہ ص۲ پہ یہ عبارت ہے:-

واما ثانیا فاللقی ممکن بمصر او بموضع آخر قریب من الکوفة او بعیدها بانتقال الامام من الکوفة وهو لیس بمستحیل ولا مستبعد فی هذا العمر فلا ینکره الا متعنت الخ

(خلاصہ) امام صاحب کی ملاقات حضرت عبد اللہ سے ممکن ہے کہ مصر میں یا کسی دوسرے موضع میں کوفہ کے قریب یا بعید ہوئی ہو اور یہ کوئی مشکل یا بعیدات نہیں اور اس ملاقات کا انکار کالے متعصب ہی کر سکتا ہے۔ خوب؟

آپ نے دلیل دیکھ لی کہ کس قدر مضبوط اور اعلیٰ درجہ کی دلیل پیش کی گئی ہے۔ جس سے روز روشن کی طرح امام کی ملاقات ثابت ہو رہی ہے۔

دوسری توجیہ | فلعله تصحیف او هو مبنی علی الاختلاف فی موته او هو تصحیف فی لفظ الثمانین فلعله ستون سنة علی ما نقلنا من مسند الخوارزمی ولفظ التسعین المتبس بالسبعین او تصحیف فی اللفظین فالثمانون هو السبعون کما هو عند البعض فی ولادته والتسعون هو الثمانون والله اعلم (ص۲)

(خلاصہ) یا تو یہ سہو ہے اور یا یہ کہ ان کی موت میں اختلاف ہے۔ اور یا یہ کہ لفظ ثمانین (یعنی ۸۰) شاید کہ یہ ستون (یعنی ۶۰) ہے جس طرح کہ ہم نے مسند خوارزمی سے نقل کیا ہے۔ اور لفظ تسعین (یعنی نوے کا لفظ) سبعین (یعنی ستر) کے ساتھ مل گیا ہے۔ (یعنی ستر نوے کی جگہ ہے) اور یا ثمانون (یعنی اسی) یہ سبعون (ستر) ہے۔ جیسا کہ بعض علماء کے نزدیک امام ابو حنیفہؒ کی ولادت ۷۰ھ ہے اور تسعون (نوے) کی جگہ ثمانون (یعنی اسی) ہے

آپ نے دیکھ لیا کہ امام پرستی میں کس قدر تاویل کی گئی ہے۔ یعنی آپ فرماتے ہیں کہ جہاں امام صاحب نے اپنی عمر ۸۰ھ بتلائی ہے وہ دراصل سبعون یعنی ستر ہے۔ اور جہاں آپ نے حضرت عبد اللہ کی ملاقات ۹۶ھ بتلائی ہے وہ دراصل ۸۶ھ ہے۔ چونکہ امام صاحب کی عمر اس وقت سولہ سال ثابت کرنا ہے۔ اس لئے یہ عجیب و غریب تاویل کی گئی ہے۔ لیکن جبکہ علماء اسماء الرجال کا زیادہ رجحان اس طرف ہے کہ حضرت عبد اللہ بن حارث کی وفات ۸۶ھ میں ہوئی تو پھر مطابقت کس طرح پیدا ہو گی؟ فافهموا وتدبروا ایها الاخوان۔

تیسری توجیہ | ولعل اباه حمله علی عاتقه للازدحام فی المسجد الحرام لاسیما حلقة صحابی النبی صلعم وقد اراد (ابوه) ان یراه ویسمع والله اعلم ملا علی قاری۔

تجوید القرآن - مصنفہ مولانا ... (۲۹۳) حیدرآبادی مرحوم - قیمت ... (مجلد)

ملا علی قاری احناف کے مسلّم علامہ فرماتے ہیں کہ شاید آپ کے والد نے آپ کو اپنے کندھوں پر اٹھالیا ہو بکثرت اژدحام و ہجوم کے تاکہ امام ابوحنیفہ رحہ صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ سکیں اور ان سے حدیث بھی سن سکیں۔ اس تاویل کا آپ حضرات خود ہی اندازہ لگالیں کہ کس بلند شان کی تاویل و تصریح ہے کیا سولہ سالہ بچہ بھی باپ کے کندھوں پر اٹھانے کے قابل ہوتا ہے؟

دوسری حدیث | قال ابوحنیفۃ ولدت سنۃ ثمانین وقدم عبد اللہ بن انیس صاحب رسول اللہ صلعم الکوفۃ سنۃ اربع وتسعین و سمعت منہ وانا ابن اربع عشرۃ سنۃ سمعت رسول اللہ صلعم یقول حبك الشی یعمی ویصم (ص۲۱۵) حضرت امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ میری پیدائش ۸۰ھ میں ہوئی۔ اور عبد اللہ بن انیس (صحابی رسول اللہ صلعم) ۹۴ھ کو کوفہ میں تشریف لائے اور میں نے ان سے یہ حدیث سنی اس وقت میری عمر چودہ سال کی تھی۔ امام موصوف کی اس روایت سے نہایت صاف ثابت ہو رہا ہے کہ آپ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور شہر کوفہ میں حضرت عبد اللہ بن انیس صحابی ۹۴ھ کو آئے اور امام صاحب نے ان سے حدیث کی سماعت کی۔

لیکن اب آپ علماء اسماء الرجال کی رائے دیکھئے عبد اللہ بن انیس مات بالشام فی خلافۃ معاویۃ اربع وخمسین ووھم من قال سنۃ ثمانین کذا فی التقریب۔ یعنی حضرت عبد اللہ عہد معاویہؓ میں شام کے اندر ۵۴ھ میں انتقال فرما گئے تھے۔

لیکن اب آپ عشاقان امام کی تاویلات بھی ملاحظہ فرمائیے۔ لان اھل السیر والتواریخ مجمعون علی انہ مات بالمدینۃ عام اربع وخمسین قبل ولادۃ الامام بالسنین فیحمل الروایۃ علی نوع من المرسل (قالہ ملا علی قاری) احناف کے مسلّم علامہ ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ اصحاب سیر و تاریخ کا اتفاق ہو چکا ہے کہ عبد اللہ بن انیس ۵۴ھ میں یعنی امام ابوحنیفہ کی پیدائش سے کئی سال قبل انتقال کر گئے تھے۔ اس لئے یہ روائت مرسل قرار دی جائیگی۔

اب آپ اسی عبارت سے سمجھ سکتے ہیں کہ عشاق امام میں کیسی کیسی بعید از قیاس تاویلات تراشی جاتی ہیں

دوسری توجیہہ سنئے! | ان ھذا الاسم لخمسۃ من الصحابۃ فلعل المراد غیر الجھنی۔ یہ نام (عبد اللہ بن انیس) پانچ صحابہ کا تھا اس لئے شائد کوئی دوسرے عبد اللہ ہوں۔ لیکن علماء سیر و التاریخ خوب جانتے ہیں کہ کوفہ میں ان کے سوا کوئی دوسرا آیا ہی نہیں۔

توجیہہ ثالث | لعل ذالك تصحیف من بعض النساخ بل لا یبعد ان یقال انہ اقرب النقشین للسبعین والتسعین فالظاھر الاولیٰ بالجزم انہ اربع وسبعون فھذا الصحیح الروایۃ علیٰ ما روی من ولادۃ الامام سنۃ سبعین الخ

شاید تسعین (نوے) کی جگہ سبعین (ستر) ہو۔ اور یہ زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے کہ امام کی پیدائش صحیح طور پر ۷۰ھ کو ہوئی۔ اس لئے اسّی کی جگہ ستر اور نوے کی جگہ اسّی پڑھا جائے۔

یعنی حضرت امام کی پیدائش ۷۰ھ کو ہوئی اور حضرت عبد اللہ بن انیس سے یہ روائت ۸۴ھ کو ۱۴ سال کی عمر میں سنی۔ ناظرین نے دیکھ لیا کہ کس قدر زمین و آسمان کے ناممکن قلابے ملائے جا رہے ہیں لیکن افسوس کہ ان تاویلات سے بھی کچھ نہیں بن سکتا اس لئے کہ اگر ہم حضرت عبد اللہ کی ملاقات ۵۴ھ نہیں بلکہ ۸۴ھ بھی تسلیم کرلیں اور امام اعظم کی پیدائش ۸۰ھ کی بجائے ۷۰ھ تسلیم کرلیں تب بھی تو حضرت امام صاحب کی ملاقات ثابت نہیں ہوتی۔ اف پھر کس قدر تعجب کی بات ہے کہ امام صاحب دو جگہ نہیں بلکہ بیسیوں جگہ اپنی عمر ۸۰ھ بتلا رہے ہیں۔ لیکن مولوی صاحب [illegible] کے لئے اپنے امام کے قول کی بھی تکذیب کر رہے ہیں اور یہی کہے جا رہے ہیں کہ شاید لکھنے میں اسّی کی جگہ نوے اور نوے کی جگہ اسّی اور ستر کی جگہ اسّی لکھا گیا ہے۔ لیکن افسوس کہ اس طرح بھی کوئی مطلب برآری نہیں ہوتی۔

کیا ان دو احادیث کی روائت پر جرح کرنے سے مسند امام ابوحنیفہ رحہ کی کھلے طور پر تکذیب ثابت نہیں ہوتی؟ پس قارئین کرام بقیہ احادیث کا اندازہ انہی دو روائتوں سے کرلیں۔

فافھموا وتدبروا ایھا الطلباء والعلماء

میرا پیغام اسلامی بھائیوں کے نام

(از محترمہ قمر النساء بیگم صاحبہ فریحہ)

قوم کو زندہ کریں اب مل کے سارے مرد و زن
صور بیداری کی تا ثم ہر جگہ ہو انجمن
نوجواں مردوں سے یہ کہنا ہمارا فرض ہے
چھوڑ دیں راہِ غلط اسلام کا سیکھیں چلن
اپنی وضع و قطع ہو اسلام کی تعلیم پر
ہو شریعت کے مطابق پیراہن بھی زیب تن
ان کو میدانِ عمل میں آج آنا چاہئے
ہوش میں آئیں ذرا اسلام کا سیکھیں چلن
آہ یہ اندھیر کیسا۔ آہ یہ اندھیر کیا
آفتابِ قوم پر چھایا ہوا ہے کیوں گہن
دیکھ کر ان کے طریقے دیکھ کر انکی روش
کہہ رہی ہیں غیر قومیں آج ان کو بد چلن
بھوکے مرتے ہیں مگر ہے مانگ پٹی کا خیال
فاقہ مستی پر بھی یہ فیشن میں رہتے ہیں مگن
راہ پر ایک ایک کو اس وقت آنا چاہئے
لہلہا اٹھے جہاں میں قوم کا سوکھا چمن
کہہ دیا کہنا تھا جو کچھ مختصر الفاظ میں
میرے شعروں [illegible] کاش سارے مرد و زن
جب دعا صبح کی شام و سحر اے کردگار
قوم کا ہر شخص [illegible]

فتاویٰ

اعلان ضروری

دفتر اہلحدیث سے فتویٰ دریافت کرنے والے حضرات مندرجہ ذیل قواعد کی پابندی نہ کرینگے تو جواب سے جواب رہیگا

قواعد یہ ہیں

(۱) محصول کے لئے واپسی لفافہ آنا چاہئے۔ بیرنگ جواب نہ دیا جائیگا۔

(۲) واپسی لفافہ پر اپنا پورا پتہ اردو یا انگریزی یا دیسی حرفوں میں لکھا کریں۔ (اخبار اہلحدیث میں جواب لینے کے لئے اس کی ضرورت نہیں)

(۳) علاوہ محصول ڈاک کے فی سوال مطبوعہ ہو یا قلمی ہر حال میں ۲ پائی "غریب فنڈ" کے لئے آنا چاہئے۔

(۴) فرائض (تقسیم وراثت) میں فی بطن (درجہ) آٹھ آنے (۸) غریب فنڈ میں آنے چاہئیں۔

نوٹ:- جو صاحب واپسی لفافہ مع حق غریب فنڈ نہ بھیجیں گے ان کا جواب اخبار میں درج ہوگا۔ اگر قلمی جائیگا تو بے دستخط جائیگا۔

غریب فنڈ کی آمد سے غریبوں کی مدد کی جاتی ہے جس کا حساب اخبار اہلحدیث میں چھپتا رہتا ہے۔

س ۵۸} عیدین کی نماز میں ہر تکبیر پر رفع الیدین کرنا چاہئے یا نہ کرنا چاہئے۔ اور محدثین کا عمل کیا رہا ہے؟ (حافظ عبد الرزاق از رائیدرگ)

ج ۵۸} کرنا چاہئے۔ حدیث لا ترفع الایدی الافی سبع مواطن گو ضعیف ہے مگر عمل پر ہے۔ حنفی مذہب میں بھی رفع یدین سنت ہے۔

س ۵۹} مسلمان الیکشن (انتخاب) کے موقعہ پر اخوۃ المؤمنین کے بہترین سبق کو فراموش کر کے ایک دوسرے کے خلاف پبلک میں اس قدر غلط فہمی اور پروپیگنڈا پھیلاتے ہیں کہ جس کی انتہا نہیں۔ کیا صحابہ کرامؓ کے زمانہ میں سیاست کا یہی دستور تھا اور مسلمان اس فتنہ میں آج کی طرح سرگرداں تھے۔ کیا مسلمانوں کو اس حال سے اس میں حصہ لینا قرآن و حدیث سے جائز ہے؟ (قاضی سید اصغر علی از پانڈھورنہ)

ج ۵۹} یہ سوال خود اپنا جواب دے رہا ہے یہ سب امور ناجائز ہیں۔ فریق مقابل پر سب وشتم کرنا رشوتیں دینا۔ ورغلانا وغیرہ جو امور آج کل قانون میں بھی منع ہیں وہ شریعت میں بھی سخت منع ہیں اور آیت وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ میں داخل ہیں۔

س ۶۰} ہمارے ہاں نکاح کے وقت ہر غریب و امیر مسلمان دولہا سے پانچ روپیہ مسجد کا حق لیکر نکاح پڑھایا جاتا ہے۔ اگر کوئی بوجہ مفلسی اس کے ادا کرنے میں قاصر ہے تو اُس کا نکاح روک دیا جاتا ہے۔ اسکو ہر طرح مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ پانچ روپیہ نکاح سے قبل ادا کرے۔ کیا اس طریقہ سے مسجد کا حق طلب کرنا قرآن و حدیث سے جائز ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۶۰} اگر اہل محلہ یا اہل دہ نے بالاتفاق کسی زمانے میں یہ امداد منظور کی ہوئی ہے اور یہ دستور چلا آرہا ہے تو بحکم المسلمون علیٰ شروطھم تعمیل کرنی چاہئے۔ مفلس ہے تو معذرت کرکے کمی کرالے۔

س ۶۱} اگر کوئی مسلمان کسی مسلمان کو کوئی چیز مثلاً باغیچہ، باڑی، مکان وغیرہ وقف کردے اور وہ اس کو کئی سال اپنے قبضہ میں رکھ کر اُس سے فائدہ اٹھائے تو از روئے شریعت وہ چیز کس کی ملکیت ہوئی۔ اور جس کو وہ چیز دی گئی ہے اس سے واپس لینا از روئے شرع کیا جائز ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۶۱} وقف شدہ چیز واقف واپس نہیں لے سکتا۔ جو اس سے فوائد حاصل ہوں ان کا بھی واقف حقدار نہیں۔ ان کو اسی مصرف میں خرچ کرے جس کیلئے وہ چیز وقف کی گئی ہے۔ قال اللہ تعالیٰ اوفوا بالعقود

س ۶۲} اکثر دیکھا جا رہا ہے کہ بعض مسلمان غیر اقوام اور بیگانے مسلمانوں سے زیادہ محبت کا برتاؤ رکھتے ہیں اور اپنے کنبہ و ہمسایہ مسلمانوں سے سخت بغض رکھ کر جھگڑتے ہیں۔ پس ایسے مسلمانوں کیلئے قرآن و حدیث میں کیا وعید آئی ہے۔ ان کو مسلمان کہنا کہاں تک جائز ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۶۲} یہ مرض عام ہے۔ قرآن مجید میں مومن کی نشانی یہ بتائی ہے اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ (باہمی اچھا برتاؤ کرنے والے مومن ہیں) جس میں یہ علامت نہیں اس کے ایمان کا خطرہ ہے۔

س ۶۳} ماہ شعبان کی تیس تاریخ کو اگر دن کا کچھ حصہ گذار کر مفتی کے فتوے سے ماہ رمضان کی پہلی تاریخ مقرر ہوئی تو اس وقت کھانا پینا اور ناقص روزہ چھوڑ دینا واجب ہے؟ اگر کوئی شخص یہ خبر سُن کر بھی کھانا پینا وغیرہ عمداً نہ چھوڑے اور اوروں کو بھی ترک نہ کرنے کو کہے تو اس کیلئے کیا حکم ہے؟ (ایک خریدار اہلحدیث از سری نگر)

ج ۶۳} صورت مرقومہ میں کھانا پینا چھوڑ دینا احترام صیام ہے روزہ نہیں ہے۔ کیونکہ دن کا کچھ حصہ گزرنے پر شرعی روزہ نہیں ہوتا ماہ صیام کا احترام ہوتا ہے۔ اگر کسی کا دل اس شہادت پر مطمئن نہ ہو تو اسے کچھ نہ کہا جائے۔ مگر وہ بعد رمضان روزہ قضا کرے۔

س ۶۴} لوگوں سے سننے میں آیا ہے کہ نماز تہجد بارہ رکعت اس طرح پڑھنی چاہئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص بارہ مرتبہ۔ دوسری میں گیارہ۔ تیسری میں دس مرتبہ علیٰ ہذا القیاس ہر رکعت میں ایک دفعہ کم کرتے جانا چاہئے۔ کیا نماز تہجد کا یہ طریقہ مسنون ہے؟ اور جو اسکے خلاف آٹھ رکعت پڑھے اور جو سورت چاہے پڑھے اس کی نماز ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۶۴} نماز تہجد کی آٹھ رکعت ہے وتر سمیت گیارہ۔ کسی سورت کی تخصیص نہیں ہے۔ فاقرؤا ما تیسر من القرآن۔

س ۶۵} درود شریف کس طرح پڑھنا چاہئے۔ اگر چارپائی پر بیٹھ کر پڑھا جائے تو کوئی حرج تو نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۶۵} کوئی حرج نہیں۔ اذکروا اللہ قیاماً

متفرقات

حساب دوستاں مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت اخبار و میعاد مہلت ماہ فروری ۱۹۳۹ء میں ختم ہو جائیگی۔ اس لئے بذریعہ اعلان ہذا انہیں اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر آپ حضرات نے آیندہ اپنے نام اخبار کو مسلسل جاری رکھنا ہو تو مہربانی فرما کر قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ہی ارسال کر دیں۔ اگر مہلت درکار ہو یا خریداری سے ہی انکار ہو تو بھی دفتر میں اطلاع بھیجدیں۔

وی پی سسٹم میں طرفین کو ہی نقصان ہوتا ہے ہر ماہ بہت سا نقصان اسی طریق پر اٹھانا پڑتا ہے لہذا خریدار حضرات حتی الامکان وی پی منگوانے کی بجائے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ہی ارسال کر دیا کریں۔

مہلت یافتگاں بھی نوٹ کر لیں کہ آیندہ کسی قسم کی مزید مہلت نہیں دی جائیگی بلکہ ۲۸ - فروری تک قیمت اخبار وصول نہ ہوئی تو مجبوراً اخبار بند کر دیا جائیگا۔

نوٹ جو صاحب گھر پر موجود نہ ہوں وہ جہاں کہیں اخبار میں اپنا نمبر ملاحظہ فرمائیں تو دفتر میں اطلاع بھیجدیں تاکہ ان کو وی پی نہ بھیجا جائے۔

۴۴ - ۷۱۰ - ۱۳۲۵ - ۱۵۹۷ -
۲۲۰۶ - ۲۴۸۰ - ۲۶۸۳ - ۳۵۶۶ -
۴۱۹۷ - ۴۳۸۷ - ۴۸۴۴ - ۴۹۳۳ -
۵۴۱۹ - ۵۵۹۱ - ۵۷۳۸ - ۶۱۲۷ -
۶۳۲۹ - ۶۳۷۸ - ۶۶۴۱ - ۷۰۵۸ -
۷۱۲۰ - ۷۱۲۱ - ۷۴۴۲ - ۷۷۹۳ -
۸۲۵۹ - ۸۵۳۱ - ۸۶۵۶ - ۸۷۵۹ -
۸۸۶۹ - ۸۹۰۰ - ۹۲۵۶ - ۹۳۹۱ -
۹۲۹۸ - ۹۴۵۷ - ۹۴۶۳ - ۹۶۸۲ -
۹۷۷۳ - ۹۸۱۰ - ۹۸۲۲ - ۱۰۰۹۲ -
۱۰۱۶۸ - ۱۰۱۸۲ - ۱۰۱۸۸ - ۱۰۴۵۹ -
۱۰۵۸۳ - [illegible]

۱۰۷۸۴ - ۱۰۸۰۳ - ۲۸۵۲ - ۱۰۸۵۴ -
۱۰۹۱۳ - ۱۱۰۶۶ - ۱۱۰۹۹ - ۱۱۱۰۸ -
۱۱۱۴۲ - ۱۱۱۷۷ - ۱۱۲۳۳ - ۱۱۲۶۳ -
۱۱۳۰۲ - ۱۱۳۱۲ - ۱۱۳۴۶ - ۱۱۴۴۷ -
۱۱۵۴۳ - ۱۱۵۵۴ - ۱۱۶۰۰ - ۱۱۶۰۳ -
۱۱۷۳۶ - ۱۱۷۸۴ - ۱۱۷۹۱ - ۱۱۸۱۸ -
۱۱۸۲۸ - ۱۱۸۳۱ - ۱۱۸۳۵ - ۱۱۸۳۶ -
۱۱۹۲۱ - ۱۱۹۷۴ - ۱۱۹۷۹ - ۱۱۹۹۷ -
۱۲۰۰۹ - ۱۲۰۷۴ - ۱۲۱۴۲ - ۱۲۱۵۹ -
۱۲۱۶۳ - ۱۲۱۶۷ - ۱۲۱۸۶ - ۱۲۲۲۶ -
۱۲۲۳۲ - ۱۲۲۸۸ - ۱۲۲۸۹ - ۱۲۲۹۰ -
۱۲۲۹۵ - ۱۲۲۹۸ - ۱۲۳۰۲ - ۱۲۳۰۸ -
۱۲۳۱۵ - ۱۲۳۲۳ - ۱۲۳۲۴ - ۱۲۳۲۸ -
۱۲۳۳۲ - ۱۲۳۳۴ - ۱۲۳۳۶ - ۱۲۳۳۸ -
۱۲۳۳۹ - ۱۲۳۴۰ - ۱۲۳۴۳ - ۱۲۳۴۹ -
۱۲۳۷۳ - ۱۲۳۸۷ - ۱۲۳۹۱ - ۱۲۳۹۲ -
۱۲۴۱۹ - ۱۲۴۵۵ -

غریب فنڈ ۹۹۵۳ - ۱۱۲۶۰ - ۱۱۶۶۹ -
۱۱۸۱۳ - ۱۲۰۰۶ - ۱۲۳۳۵ - ۱۲۳۲۹ -

داخلہ بند

غریب فنڈ میں چونکہ سائلین کی کثرت ہے۔ اس لئے جب تک ان کے نام اخبار جاری نہ ہو جائے۔ نئے داخلے بالکل بند رہینگے۔ لہذا کوئی سائل اگر داخلہ بھیجیگا تو واپس کر دیا جائیگا۔

نوٹ اگر توحید و سنت کے شیدائی توحید و سنت کی اشاعت عام چاہتے ہیں تو غریب فنڈ کی امداد کریں۔

اسلامی ڈائری مجلد سالانہ جنوری ۱۹۳۹ء کے علاوہ جس میں تاریخ و انتقالات اور حالات ائمہ اسلام علیہم السلام و دیگر معلومات عظیمہ مندرج ہے۔ مسلمانوں کو اس ڈائری کی قدر کرنی چاہئے۔ پاکٹ سائز مجلد منقش طلائی قسم اول عہ - قسم دوم عہ - قسم سوم [illegible]

پتہ۔ شیخ عبد الحفیظ پروپرائٹر قریشی بک اڈسپ گورو بازار۔ امرتسر

رسائل ثلاثہ یعنی امام زمان۔ مہدی منتظر۔ اور مجدد دوران جو جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کی طرف سے شائع ہوئے ہیں۔ مولانا سیالکوٹی صاحب مہتمم جمعیۃ مذکور کے زور قلم کا نتیجہ ہیں۔ خریداران جمعیۃ کو بلاقیمت بھیجے گئے ہیں۔ دیگر شائقین سات آنہ کے ٹکٹ بھیجکر پتہ ذیل سے طلب کریں۔

مولوی عبد اللہ ثانی۔ ناظم جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث۔
ڈھاب کھٹیکاں۔ امرتسر

قطعہ تاریخ وفات شیخ غلام حیدر صاحب مرحوم سرگودھوی اہلحدیث کے اولین خریداروں میں سے تھے اور آخر دم تک رہے۔ تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ آپ وفات پا گئے۔ اناللہ! ان کی وفات پر کسی مولوی صاحب نے قطعہ تاریخ وفات بھیجا ہے جو درج ذیل ہے۔

(خدا تعالیٰ مرحوم کو بخشے) ۔

غلام حیدر اہل فیض و ارشاد
چوں اندر لحد خفت و جاں بحق داد
پئے تاریخ فوتش عبد از غم
بگفتا - داخل جنت بریں یاد
۱۳۵۷ھ

مباحثہ تقلید شخصی چھپ گیا

رسالہ مذکور کی بابت ناظرین کو عرصہ سے انتظار تھا چنانچہ وہ بالکل تیار ہو گیا ہے۔ جن حضرات نے فرمائشیں بھیجی ہوئی تھیں ان کو تو بھیج دیا گیا ہے دیگر شائقین حضرات جلد از جلد طلب کریں۔ ورنہ ختم ہونے پر ملنا مشکل ہو جائے گا۔ طلب کرتے وقت ۶ پائی فی نسخہ بغرض اشاعت فنڈ مزید آنا چاہئے۔ اور محصول ڈاک ۶ پائی فی نسخہ منگوانے کا پتہ
منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

جواب دیں مولوی محمد عالم صاحب ... اور ملک امام خان صاحب سہیدی کو میں کئی خطوط لکھ چکا ہوں مگر جواب تا حال موصول نہیں ہوا۔ اگر موصوفین اس نوٹ کو ملاحظہ فرمائیں تو مجھے جواب خط سے سرفراز فرمائیں۔

منشی محمد خان گوندل مدرس مدرسہ کھائی
ڈاک خانہ کٹھالہ شیخاں ضلع گجرات

ضرورت کتب خاکسار ایک غریب طالب علم ہے۔ تعلیم دینی اور مندرجہ ذیل کتب کا از حد شوق ہے اہل خیر حضرات یہ کتب خرید کر دیں۔

(۱) البلاغ المبین فی احکام اتباع خاتم النبیین۔
(۲) الدر النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید۔
(۳) تفسیر سورہ اخلاص مصنفہ علامہ ابن تیمیہ رح
(۴) اسلام کی کتب مصنفہ مولوی رحیم بخش صاحب لاہوری
(۵) اسوۂ حسنہ (اردو) مصنفہ حافظ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ
(۶) خطبات شہیدی۔ مصنفہ شاہ اسماعیل شہید دہلوی رح
(۷) رحمۃ اللعالمین۔ مصنفہ قاضی محمد سلیمان پٹیالوی مرحوم

العارض :۔ رمضان علی طالب علم
چک ۱۲۲/مراد ڈاک خانہ خاص۔ براستہ چشتیاں۔
ریاست بہاول پور۔

نوٹ مندرجہ بالا کتب دفتر اہلحدیث امرتسر میں فروخت ہوتی ہیں۔

جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر نے مورخہ ۶۔ جنوری ۱۹۳۹ء کو بمقام کان پور حسب ذیل ریزولیوشن پاس کیا :۔

"ان حالات پر غور کرتے ہوئے جو سلطنت آصفیہ حیدر آباد اور اسلام کی بیخکنی کے لئے آریہ سماج اور ہندو مہا سبھائی عناصر کی طرف سے منظم سازشوں کے ساتھ زہریلے لٹریچر اور دیگر شر انگیز طریقوں سے جاری ہیں جماعت منتظمہ جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام کا یہ اجلاس انتہائی نفرت و بیزاری کا اظہار کرتا ہے۔ اور مسلمانان ہند سے درخواست کرتا ہے کہ وہ سلطنت آصفیہ اور اسلام کی حفاظت کے لئے زیادہ سے زیادہ قربانیوں کے لئے تیار ہو جائیں" المعلن امین ندوی مہتمم

منصرم دفتر جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر

درخواست دعا ناظرین اہلحدیث کی خدمت میں عموماً و بزرگان قوم کی خدمت میں خصوصاً التماس ہے کہ خاکسار ناچیز کو بجرم اہل حدیث ہونے کے ۱۸۹۶ء سے لیکر ۱۹۰۷ء تک اس قدر تکالیف کا سامنا کرنا پڑا جو بیان کرنے سے قلم قاصر ہے۔ اور آج تک اپنی اہل حدیث برادری میں کوئی کسی قسم کی آواز تک نہ پہنچائی۔ ہر مصیبت میں سے صبر سے کام لیا۔ اس عرصہ میں ناچیز کو گاؤں والوں نے ہر طرح سے بائیکاٹ کیا۔ مال مویشی کو چرایا گیا فصل کاٹا گیا۔ گھر لوٹا گیا۔ ... بہو بیٹیوں کی عزت پر بہتان تراشے گئے۔ کافر ہونے کا فتویٰ دیا گیا۔ الغرض کوئی ایسی تکلیف نہ تھی جو اس خادم دین پر وارد نہ ہوئی۔ خدا کے فضل و کرم سے ۱۹۰۸ء سے لے کر ۱۹۳۷ء تک آرام رہا۔ اور حتی المقدور تبلیغ میں مصروف رہا۔ مگر اب عرصہ چھ ماہ سے پھر وہی مخالفت کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔ اور اس خادم کو ہر طرح سے تکالیف دینے میں مخالفین دین رسول مصروف ہیں راقم الحروف قومی خادم آج کل اس قدر تنگ و لاچار ہو رہا ہے کہ بیان کرتے ہوئے قومی برادری کو غم میں مبتلا کرنے والی بات ہے۔ میرے پیارے اہل حدیث بھائیو! اس خادم کے لئے رب العزت سے دعا کرو کہ مجھ ناچیز کو دشمنان دین سے محفوظ رکھے۔ اور اس ضعیف العمری کی حالت میں زندگی آرام سے گزار دوں والسلام خیر الختام! (نور محمد میانوی جہلمی)

اعلان تعطیل

بوجہ تقریب عید اضحیٰ حسب معمول سابق دفتر اور پریس میں تعطیلات ہونگی۔ اس لئے ۲۷۔ جنوری و ۳ فروری کا پرچہ یک جا ہی شائع کیا جا رہا ہے۔ لہذا

آئندہ پرچہ شائع نہیں ہوگا

ناظرین و ایجنٹ حضرات مطلع رہیں۔

ناظرین اہلحدیث

عید اضحیٰ کے موقعہ پر

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی امداد کیلئے

عید آنہ فنڈ

کا ضرور خیال رکھیں

نیز کانفرنس مذکور کا سالانہ اجلاس ۷۔۸۔۹ اپریل کو فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) میں نہایت شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوگا۔ شائقین اس میں شریک ہو کر جلسہ کی رونق بڑھائیں اور کانفرنس کی ہر ممکن اعانت کر کے اس کو تقویت پہنچائیں۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ

یاد رفتگاں ہماری جماعت اہل حدیث کے ایک اسی سالہ معمر بزرگ حاجی قاسم علی صاحب جو صوم و صلوٰۃ کے پابند اور متبع سنت تھے انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ (حاجی عبد الغفور محلہ عیدگاہ اجمیر)۔ ناظرین مرحوم کا جنازہ غائب پڑھیں اور اسکے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفر لہ وارحمہ

جلسہ کانفرنس کے لئے شعراء کرام نظمیں تیار کریں جن میں توحید و سنت کی اشاعت و تبلیغ کا ذکر ہو۔

اشتہار محرم و تعزیہ محرم سے پہلے پہلے منگوا کر تقسیم کر دینا چاہئے۔ حق اشاعت فنڈ ۲ / فی سینکڑہ اور محصول ڈاک ۸ / فی سینکڑہ نئے۔ جلد طلب کیجئے۔

رسیدی ٹکٹ نہ بھیجیں بعض حضرات ٹکٹ بھیجتے وقت رسیدی ٹکٹ (ریونیو ٹکٹ) بھیج دیتے ہیں۔ جو دفتر کے کسی کام نہیں آ سکتے۔ لہذا ٹکٹ بھیجتے وقت ہمیشہ ڈاک خانہ کا ٹکٹ ... خرید کر کے بھیجا کریں تعمیل ارشاد ناممکن ہو گی۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

کوپن منی آرڈر پر منی آرڈر بھیجنے والے حضرات مضمون سے پہلے نام، تفصیل اور مطلب بخط خوشخط لکھا کریں

ملکی مطلع

فلسطین اور برطانیہ

ع بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از در حق بہر استقبال مے آید

فلسطین کے عربوں کا خون بڑی ارزانی سے بہایا جارہا ہے۔ اب تو خبریں یہاں تک آرہی ہیں کہ ادھر سے بھی سرکاری فوجوں کے مقابلہ میں اسلحہ جنگ کھلم کھلا استعمال کئے جاتے ہیں اور اس جنگ میں فریقین کے سپاہی کام آتے ہیں۔ عربوں نے قادیانیوں کی طرح بطور خود عدالتیں قائم کر رکھی ہیں۔ جن میں انگریزوں کے ہوا خواہوں پر باقاعدہ فرد جرم لگائی جاتی ہے اُدھر انگریزی فوج ایسی عدالتوں کو تلاش کرکے قاضیوں کو مع سٹاف کے گرفتار کر لیتی ہے۔ پھر اپنے حسب منشاء ان پر سزا کا حکم لگاتی ہے۔ مگر اعراب فلسطین ابھی تک اپنے خیالات پر بڑی مضبوطی سے ڈٹے ہوئے ہیں۔ ہم عرصہ سے یہ رائے ظاہر کرتے آئے ہیں کہ فلسطین کی تحریک آئرلینڈ کی تحریک کے مشابہ چل رہی ہے۔ جس کی ایک بڑی علامت یہ ظاہر ہوئی ہے کہ اہل فلسطین کے ساتھ فیصلہ کرنے کے لئے عنقریب لندن میں ایک گول میز کانفرنس بلائی جارہی ہے۔

نوٹ ناظرین کو یاد رکھنا چاہئے کہ انگریزی حکومت کا یہ دستور ہے (جو اسی سے مخصوص نہیں بلکہ ہر ایک حکومت کا یہی قاعدہ ہے) کہ ابتدا میں ماتحت رعایا کی سرکشی کو بزور دبانے کی کوشش کرتی ہے مگر شدبد تو اپنی طرف سے تحقیقات کے لئے کمیشن بھیجتی ہے۔ جس کے سب ممبران [illegible] پھر اس کی رپورٹ شائع کرتی ہے تاکہ عوام کو [illegible] [illegible]

اس کی بھی پرواہ نہیں کرتی تو پھر ایک ایسی کمیٹی مقرر کرتی ہے جس میں کچھ ممبر حکومت کے اور کچھ رعایا کے شامل کئے جاتے ہیں جو باہم مل کر تبادلہ خیالات کرتے ہیں۔ آخر کار کوئی نہ کوئی تجویز ایسی ڈھونڈ لیتے ہیں جس پر فریقین رضامند ہو جائیں۔

چنانچہ یہی برتاؤ ہندوستان کے ساتھ کیا گیا تھا ان ہر دو کمیٹیوں میں فرق یہ ہوتا ہے کہ پہلی کمیٹی کی غرض محض حاکمانہ تحقیقات ہوتی ہے۔ مگر دوسری ایک قسم کی مجلس مصالحت و مشاورت ہوتی ہے۔ اسی کو گول میز کانفرنس کہتے ہیں۔ چنانچہ آج کل اسی قسم کی ایک گول میز کانفرنس قضیہ فلسطین کے تصفیہ کے لئے لندن میں ہونے والی ہے۔ جس میں عربوں کے نمائندے بھی شریک ہونگے۔

ہندوستان میں کانگرس کی تاریخ ہمارے سامنے ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ کانگرس کے جلسے ممنوع قرار دئیے گئے تھے۔ لاہور میں ممبران کانگرس نے اس ممانعت کو ملحوظ رکھ کر ایک دفعہ کھڑا جلسہ کیا تھا جس کی صورت یہ تھی کہ شرکاء جلسہ نے بطور سیر کے باہر پھرتے پھرتے چند تجاویز پاس کرلیں۔ اسکے بعد ایک وقت آیا کہ کانگرس نے دہلی میں سالانہ جلسے کے انعقاد کا اعلان کیا۔ ادھر مسلح پولیس پھر رہی تھی تاکہ جلسہ نہ ہونے پائے۔ مگر ممبران کانگرس نے عین وقت پر گھنٹہ گھر کے چوک میں مختصر سا جلسہ کر لیا جس میں خطبہ استقبالیہ اور خطبہ صدارت وغیرہ تقسیم کئے گئے۔ ممبران کانگرس آئے اور چلے گئے۔ یعنی دس پندرہ منٹ میں جلسے کی سب کارروائی ختم ہوگئی۔ اسی طرح ایک جلسہ امرتسر میں ہوا تھا۔ ان تمام مصائب کے جھیلنے کے بعد حکومت برطانیہ نے لندن میں گول میز کانفرنس کی تجویز کی جس میں کانگرسی ممبروں کے علاوہ ملک کے دوسرے سرکردہ اشخاص کو بھی شریک کیا۔ اس کانفرنس کے کئی ایک اجلاس ہوئے۔ آج ہندوستان میں جو نیا آئین جاری ہے۔ اسی گول میز کانفرنس کا نتیجہ ہے [illegible]

ظاہر کرتا ہے کہ فلسطین کے عربوں کی کامیابی بالکل قریب ہے۔ کیوں نہ ہو بصدق اللہ!
اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا!

گردش زمانہ

کوئی چیز قانون قدرت سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ علامہ ابن خلدون نے اپنی تاریخ کے مقدمہ میں اس امر پر بھی بحث کی ہے کہ قوموں کی زندگی افراد کی زندگی سے گو زیادہ ہوتی ہے مگر محدود ہوتی ہے دائمی نہیں ہوتی۔ ہر قوم اپنے عروج کو پہنچکر زوال پذیر ہو جاتی ہے۔ مولانا حالی مرحوم نے بھی اس تکوینی اصول کی طرف مسلمانوں کو مخاطب کرکے اشارہ کیا ہے ؎

کیا گر حکومت نے تم سے کنارا
تو اس میں نہ تھا کچھ تمہارا اجارا
زمانے کی گردش سے ہے کس کو چارا
کبھی یاں ہے بہمن کبھی یاں ہے دارا

اسی تکوینی اصول کے ماتحت مندرجہ ذیل نوٹ ملاحظہ ہو۔ جو اخبار "انقلاب" سے منقول ہے:۔

"قلمرو برطانیہ کی شکست کے آثار"

ہندوستان میں کئی سال سے انگریز کی گرفت کمزور پڑ چکی ہے۔ اور وہ آہستہ آہستہ لیکن واضح طور پر اپنی طاقت ہندوؤں کے ہاتھوں میں منتقل کئے جارہا ہے۔ عام ارباب سیاست کی رائے یہ ہے کہ دس پندرہ سال کے اندر اس ملک میں انگریز بالکل بے اقتدار ہو جائیگا۔ فلسطین اگرچہ مقبوضہ نہ تھا صرف انتدابی علاقہ تھا۔ لیکن اس کے باشندوں نے جس پامردی سے انگریزی اقتدار کا مقابلہ کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی خلاصی کے دن بھی قریب ہیں۔ اور انگریز کو اپنے اختیارات کافی حد تک تفویض کرنے پڑیں گے۔ [illegible] جو نو آبادیاں ہیں وہ [illegible] [illegible]

ahmadiyyamuslim.de

[illegible]

دنیا کی بیشتر آبادیاں اور دیگر مقبوضات کا حال ہے۔ اب سفید فام لوگوں کی برطانوی نوآبادیوں پر نظر ڈالو۔ جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا تقریباً آزاد ہیں۔ اور بارہا انگلستان کو متنبہ کر چکے ہیں کہ آیندہ جنگ میں یہ نوآبادیاں سلطنت مرکزی کے لئے کسی اعانت و امداد کا باعث نہ ہو سکیں گی۔ اب کینیڈا والے مطالبہ کر رہے ہیں کہ انہیں "قلمرو" کہلانا پسند نہیں آیندہ انہیں "سلطنت کینیڈا" کہا جائے۔ ان کا گورنر جنرل "وائسرائے" کے نام سے موسوم ہو اور انگریز نہ ہو بلکہ کینیڈین ہو۔ ایک شاہی مہر تجویز کی جائے۔ جو وزیر اعظم کینیڈا کی تحویل میں رہے۔ اور اسکے تمام احکام کو شاہی فرامین کا رتبہ حاصل ہو۔

اس کے علاوہ آئرلینڈ کے حالات بہت ہی تشویشناک ہیں۔ اس ملک میں آزاد حکومت تو قائم ہو ہی چکی ہے لیکن کچھ انگریزی فوج ابھی تک آئرلینڈ میں موجود ہے۔ اب "جمہوریہ آئرلینڈ" کی طرف سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ انگریز اس فوج کو فی الفور ہٹا لیں کیونکہ اس کا قیام آئرلینڈ کی آزادی کے منافی ہے پچھلے دنوں لندن مانچسٹر اور نارتھمبرلینڈ میں پُراسرار دھماکے ہوئے اور بم پھٹے۔ سکاٹ لینڈ یارڈ اور آئرش پولیس مصروفِ تحقیقات ہے۔ اور آثار سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ حرکت آئرلینڈ کے حریت پرستوں کی ہے۔ جو اس طریقے سے انگریزوں کو مرعوب کر کے اپنا مطالبۂ اخراج افواج منظور کرانا چاہتے ہیں۔

غرض حکومت انگلستان کی کمزوری اور بے عملی ساری قلمرو میں رسوا ہو چکی ہے۔ کیا سچ مچ اس عظیم الشان سیاسی نظام کے تمام اجزا ایک ایک کر کے اس سے منقطع ہو رہے ہیں؟ لوگ کہتے ہیں کہ آئندہ جنگ ہوئی تو قلمرو برطانیہ ختم ہو جائیگی۔ لیکن آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ شائد جنگ کی نوبت آنے سے پہلے ہی زوال و انحطاط مکمل ہو جائے اور برطانیہ جنگ میں شامل ہونے کے قابل ہی نہ رہے۔ کیا مدبرین برطانیہ نے اس کے متعلق سوچا ہے؟ (انقلاب لاہور مورخہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۸ء)

اہلحدیث قرآن مجید بتاتا ہے کہ حکومتوں کے انقلاب کی کنجی خدا کے ہاتھ میں ہے۔ جس نے مسلمانوں کو یہ دعا سکھائی ہے:۔

اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ط

اے خدا جو مالک الملک ہے تو ہی جسے چاہتا ہے بادشاہت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے۔

مسلمانوں کو یہ دعا اس لئے سکھائی گئی ہے کہ وہ حکومتوں کا قیام و زوال خدا کی طرف سے سمجھیں اور اپنے لئے بہتری کی دعا مانگا کریں۔

پس مسلمانوں کو قرآن مجید کی سکھائی ہوئی یہ دعا بکثرت مانگی چاہئے۔ اور ہر ایک ناجائز کام سے اجتناب کرنا چاہئے۔

کانگرس اور مسلم لیگ

ہنگامہ مدات دن ہے بپا کوئے یار میں
ایسی بھی فتنہ خیز کوئی سرزمیں نہیں

شاعر کی نیت میں یہ شعر خدا جانے کس زمین کے حق میں ہے مگر ہم دیکھتے ہیں کہ آج ہمارے ملک ہندوستان پر یہ شعر خوب صادق آتا ہے۔ چند روز ہوئے ہندوستانیوں کی ٹکر انگریزی حکومت کے ساتھ ہو رہی تھی۔ ہندو مسلمان وغیرہ سب ایک طرف تھے۔ ان کے مقابل انگریزی حکومت تھی۔ اخباری صفحات اسی جھگڑے سے متعلق مضامین سے لبریز ہوا کرتے تھے۔ خدا خدا کر کے اس سے فرصت ہوئی۔ آج کل جو نیا جھگڑا پیدا ہوا ہے۔ وہ کانگرس اور مسلم لیگ کے مابین ہے۔ اس میں بھی ہماری شامت اعمال سے فتنے کی بلا مسلمانوں ہی پر نازل ہوئی ہے اور ہو رہی ہے۔ کیونکہ ہندو قوم تو بالاتفاق کانگرس کی حمایت میں ہے۔ البتہ مسلمان دو گروہوں (کانگرسی اور غیر کانگرسی) میں بٹے ہوئے ہیں جمعیۃ العلماء کانگرسی اور مدرسہ دیوبند کے اساتذہ اور کلکتہ کے مشہور عالم مولانا ابوالکلام آزاد اور صوبہ سرحد کے علماء اور سرکردہ افغان اور دوسرے صوبوں کے متعدد اصحاب کانگرس کی طرف ہیں۔ ان کے برخلاف بہت سے ذی شان حضرات مسلم لیگ کو مسلمانوں کے لئے مفید سمجھتے ہیں۔

اختلاف رائے کو تو ہم معیوب نہیں سمجھتے۔ لیکن عیب جوئی، طعنہ زنی، دلآزاری اور ایک دوسرے پر حملہ آری یہ سب تباہی کے اسباب ہیں جو آج کل مسلمانوں میں ظاہر ہو رہے ہیں۔

لیگی اخبارات کانگرس کے طرفدار مسلم عوام اور علماء کو ہندوؤں کا دام افتادہ بتاتے ہیں۔ ہمارے خیال میں یہ طریق کار اچھا نہیں ہے۔ یہ روش بالکل وہی ہے جسے چند روز پہلے مذہبی لوگوں میں دیکھ کر ہمارے جدید تعلیم یافتہ حضرات ان کو مطعون کیا کرتے تھے۔ مگر آج خود اسی کھلونے سے کھیلنے لگے ہیں۔ جس سے دوسروں کو منع کرتے تھے۔ بڑے افسوس کا مقام ہے۔

از محکمہ اطلاعات پنجاب

صاحب انسپکٹر جنرل سول شفاخانجات پنجاب پبلک طور پر محکمہ آبپاشی پنجاب کے ایک ریٹائرڈ اوورسیر لالہ تلا رام ساکنہ بلب گڑھ ضلع گڑگاؤں کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ جنہوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ ۵۰ روپیہ ماہوار کی قلیل پنشن میں سے تین روپیہ ماہوار بلب گڑھ ڈسپنسری کو دیا کرینگے۔ یہ ماہانہ عطیہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک آپ زندہ ہیں۔ آپ کی پیشکش جو صوبہ کے زیادہ خوشحال باشندوں کے لئے ایک عمدہ مثال قائم کرتی ہے شکریہ کے ساتھ قبول کی گئی ہے۔ اگر ایسے تمام اصحاب جو اس قابل ہیں کہ کچھ روپیہ ادا کر سکیں۔ اس مثال کی پیروی کریں تو فی الحقیقت صوبہ میں طبی امداد کی بہم رسانی کا دائرہ بہت وسیع ہو سکتا ہے۔ (اہلحدیث ...)

ترکان احرار ۔ غازی مصطفیٰ کمال پاشا مرحوم (۲۹۸) اور دیگر ترک بہادروں کے حالات ۔ قیمت ۸ ، مجلد (مجلد ...)

شمالی ہندوستان

میں کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شاہد ہے۔

نمونۃً چند کتب کی تخفیف شدہ قیمتیں درج ذیل ہیں:۔

تفسیر ابن کثیر کامل عربی طبع مصر	۲۰	زرقانی شرح مواہب اللدنیہ	۲۳
زاد المعاد ابن قیم سفید	۶	سبل السلام شرح بلوغ المرام کاغذ سفید عمدہ	۶
ترغیب و ترہیب سفید کاغذ	۶	نسیم الریاض شرح شفا برحاشیہ شرح شفا	
تاریخ ابن کثیر (البدایۃ والنہایۃ) ۹ حصے تیار ہیں		ملا علی مصری	۱۰
قیمت فی حصہ	۳	تفسیر فتح القدیر شوکانی	۱۰

فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

مینجر کتب خانہ رشیدیہ۔ اردو بازار۔ جامع مسجد دہلی

موسم سرما کا خاص تحفہ

ماء اللحم عنبری کیوڑی نگودی سہ آتشہ نسخہ خاص

قوت مردمی کو برانگیخت کرتا ہے۔ حرارت غریزی اور مادہ منویہ کی تولید کر کے تمام جسم میں طاقت پیدا کرتا ہے خصوصاً دل و دماغ معدہ جگر اور گردہ مثانہ کو قوت بخشتا ہے۔ دائمی نزلہ کا م کھانسی۔ بلغم کو دفع کرتا ہے۔ لاغر اور کمزور بدن میں خون صالح پیدا کر کے گویا از سرِ نو زندگی بخشتا ہے۔ مایوس جوانوں کے لئے آب حیات ثابت ہوتا ہے۔ بوڑھوں کے لئے عصائے پیری کا کام دیتا ہے۔ قیمت فی بوتل للعہ۔ نمونہ کی شیشی جس میں پندرہ تولے عرق ہے۔ قیمت صہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

نوٹ:۔ بذریعہ وی پی طلب کرنیوالے حضرات نمونہ کی شیشی طلب کرنے کی صورت میں موازی ۸ پیشگی اور سالم بوتل منگوانے کیلئے ۱ پیشگی ضرور ارسال کریں۔

ملنے کا پتہ:۔ **مینجر دار الصحت بالمقابل دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرت سر**

خمیرہ بادام طیفوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ و ریشہ میں طاقت دوڑنے لگتی ہے مسرت سے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ اساک کے لئے مقویات مردمی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ زکام سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلنے وغیرہ چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ ماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب وخوف زدہ رہنا۔ خفیف آہٹ سے جی دھک دھک کرنا کمزوری نسیان وغیرہ کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ پختہ تین روپے آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے خرچ ڈاک بذمہ خریدار

لاہور برانچ ناظم دواخانہ پنجاب جہلم ہوڈل روڈ

مینجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

مژدہ!

فلک توحید پر ایک نئے درخشندہ ستارے کا طلوع

یعنی یکم محرم الحرام ۱۳۵۸ھ کو

ایک دیہات پنجاب سے صحیح دین اسلام کی نشر و اشاعت کرنیوالے

ماہوار جریدہ **"الاسلام"** کا اجراء

جو

دنیائے مذاہب میں بھٹکنے والوں کا حقیقی رہنما

مریضانِ وہم وعصیان کے لئے نسخۂ شفاء

محصورانِ کفر و الحاد کا واحد مشکل کشاء

ائمہ مساجد کا رفیق اور امہات مشرق کا مصلح

علمائے و شعرائے پنجاب کا سب سے پہلا تذکرہ

السنہ شرقیہ اسلامیہ کا مرقع ادب و انشاء

غرضیکہ شریعت اسلام کی مکمل انسائیکلوپیڈیا ہوگا

چندہ سالانہ چار روپیہ پیشگی بھجوانے والے حضرات صرف عہ۔ آج ہی رعایتی چندہ بنام

مینجر الاسلام محبت پور کمیوہ ضلع گجرات (پنجاب) براہ منڈی بہاؤالدین

طلائے اعظم

بری صحبتوں سے اعضاء مخصوصہ میں جس قسم کی خرابیاں بھی ہوں یہ طلاء عجیب کرشمہ دکھاتا ہے۔ لگاتے ہی جسم میں جذب ہو کر فاسد رطوبتوں کو خارج کرتا ہے۔ چھالے وغیرہ نہیں ڈالتا۔ دوران خون میں تحریک عضو میں تندہی فوراً ہی لاتا ہے۔ کام کاج میں ہرج نہیں۔

قیمت ۲ محصول ڈاک ۸

پتہ:۔ مینجر ... (بٹالہ)

سرمہ نور العین

(مصنفہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۸

پتہ:۔ مینجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ

تندرستی ہزار نعمت ہے

اگر آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں تو اپنے معدے کا علاج کریں۔ ہماری تیار کردہ دوائی اکسیر معدہ کے استعمال سے معدہ کی تمام بیماریاں کافور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی ... محصول ڈاک ...

مینجر اکسیر ...

ahmadimuslim.de

مومیائی ؎

مصدقہ علمائے اہلحدیث وہزارہا خریداران "اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا
کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے
دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے..... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے
سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے
اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا
کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔
ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک
۶؎۔ آدھ پاؤ ۱۲؎۔ پاؤ بھر ۱؎۔ مع محصول ڈاک
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہو گا۔ ۱۱؎ ہر بجائے (۲۷۰)
ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔
نہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادات

جناب مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب سندر پور

"میں نے قبل ازیں دو چار مرتبہ متعدد اشخاص کو
مومیائی منگوا کر استعمال کرائی۔ بہت عمدہ اور ہر مرض
کے واسطے فائدہ رساں پایا۔ ایک چھٹانک اور بھیجدیں"
(۱۷۔ نومبر ۱۹۳۵ء)

جناب منشی محمد زبیر علی صاحب خداوند پور :-
"ماقبل اسکے چار پانچ دفعہ ہم آپ کے پاس سے
مومیائی منگوا چکے ہیں۔ ہم کو بہت فائدہ ملا۔ اس لئے
پھر دو چھٹانک وی پی ارسال فرمائیں" (۲۷ نومبر ۱۹۳۵ء)

(مومیائی منگوانے کا پتہ)
حکیم محمد سردار خان
پروپرائیٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

عجیب الاثر فلیویا ٹانک (۱۶)

رجسٹری شدہ برٹش گورنمنٹ انڈیا ہے۔ ہزاروں دفعہ امتحان
کی جا چکی ہے۔ لاہور آل انڈیا نمائش میں نام و انعام
حاصل کر چکی ہے۔ ۱۴۵۹۰ گئے گزرے اشخاص کو کمل صحت
نئی جوانی حاصل ہو چکی ہے۔ بڑھاپا میں نئی شادی کر دے۔
ایک گولی کھانے سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان اس رات
تقضائے حاجت کے بغیر نہیں رہ سکتا قطعی بے ضرر ممسک ہے۔
پرہیزگار عالم کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہے ۲؎ فی پیکٹ
۴۰ گولیاں۔ پتہ:۔ نظام برادرز ۲۵ فرید کوٹ (پنجاب)

طبیب کامل المعروف مجرب فارماکوپیا حصہ اول

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و
ڈاکٹری کی بہترین مجربات۔ آیورویدک طریقہ علاج کے
مجربات۔ مشاہیر اطباء حکیم شریف خان صاحب۔ حکیم
اجمل خان صاحب و دیگر معزز اطبائے ہندوستان و
یورپ کے بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ
مؤلف کے خود ذاتی و خاندانی مجربات کا بیان کیا گیا ہے
اصل قیمت ۱۸؎۔ رعائتی قیمت ۱۲؎
ملنے کا پتہ:۔ **مینیجر اہلحدیث امرتسر**

تصانیف حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

علم کلام مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب کو بحیثیت مصنف جانچا گیا ہے
آج تک مرزائیوں کی تردید میں جس قدر کتابیں شائع ہوئی
ہیں یہ رسالہ ان سب سے نرالا ہے۔ اس کا مضمون بھی
بالکل اچھوتا اور انوکھا ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے
پہلے اس قسم کا کوئی رسالہ آپ کی نظر سے نہ گزرا ہو گا۔
کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۶؎

عجائبات مرزا

یہ رسالہ علم کلام مرزا کا حصہ دوم ہے۔ اس میں مرزا صاحب
کے اقوال سے ان کی عمر صرف گیارہ سال ثابت کی گئی
ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۳؎

بہاء اللہ اور مرزا

اس رسالہ میں ہر دو مدعیان (شیخ بہاء اللہ
ایرانی اور مرزا صاحب قادیانی) کی تعلیم اور دعاوی کا
مقابلہ کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا صاحب قادیانی
شیخ بہاء اللہ ایرانی سے مستفیض تھے۔ قیمت ۶؎

در تردید عیسائی مشن

تقابل ثلاثہ

اس میں توریت، انجیل اور قرآن کا مقابلہ کر کے بتلایا گیا ہے کہ
احکامات قرآنی ہر نوع مکمل ہیں اور تمام ضروریات انسانی
کے لئے کافی و وافی ہیں۔ کتاب کی خوبی دیکھنے پر منحصر
ہے۔ اس کا طرز تحریر بالکل انوکھا ہے۔ قیمت ۴؎

توحید و تثلیث

تثلیث کا عقلی اور نقلی دلائل کے ساتھ رد کرتے ہوئے
توحید اسلامی کو دلائل اور براہین کے ساتھ ثابت
کیا گیا ہے۔ قیمت ۲؎

جوابات نصاریٰ

اس رسالہ میں مسیحیوں کی تین مشہور و معروف کتب
کا جواب ہے۔ انکے نام یہ ہیں:۔ (۱) حقائق قرآن۔
(۲) اثبات التثلیث۔ (۳) میں مسیحی کیوں ہوا؟
جواب مفصل و مدلل دیا ہے۔ مسیحی صاحبان آج تک
اسکی تردید نہیں کر سکے۔ قیمت ۸؎۔

در تردید آریہ مشن

حق پرکاش

اس کتاب میں ایک سو انسٹھ (۱۵۹) اعتراضات کا جواب معقول
اور عالمانہ رنگ میں دیا گیا ہے۔ جو سوامی دیانند کی
مشہور کتاب "ستیارتھ پرکاش" کے چودھویں باب میں
مرقوم ہیں۔ یہ اعتراضات قرآن مجید پر تھے۔ ان کا
جواب حق پرکاش ہے۔ قابل دید ہے۔ عنقریب
تیسری بار چھپی ہے۔ قیمت ۱۲؎

ahmadimuslim.de

الہامی کتاب وہ قابل دید تحریری مباحثہ جو مولانا ابوالوفا ثناءاللہ [illegible] صاحب اور ماسٹر آتمارام صاحب کے مابین ہوا جس میں فریقین نے قرآن مجید اور وید کو الہامی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کی ضخامت ۱۹۲ صفحات ہے۔ قیمت ۱۲ر

ترک اسلام جواب ترک اسلام [illegible] اس رسالہ میں ان اعتراضوں کا قابل قدر جواب دیا گیا ہے جو [illegible] نے اسلام چھوڑ کر قرآن پر کئے تھے۔ اس رسالہ [illegible] خود موصوف نے جوابات کی معقولیت کا اعتراف کیا اور [illegible] اسلام [illegible] ۹

بحث تناسخ وہ قابل دید [illegible] مباحثہ جو کئی [illegible] مابین مولانا ابوالوفاء اور ماسٹر آتمارام صاحب درباره مسئلہ تناسخ جاری رہا اور آخر حق کی فتح ہوئی قابل دید ہے۔ قیمت ۳ر

حضرت محمد رشی حضرت محمد صاحب [illegible] علیہ وسلم کی [illegible] کا ثبوت توریت۔ انجیل اور وید سے ایسے صاف اور [illegible] حوالجات سے دیا ہے کہ [illegible] مخالف کو بھی انکار کی گنجائش نہیں [illegible] ۲ر

حدوث وید اس رسالہ میں حدوث وید کے [illegible] ثابت کیا گیا ہے کہ وید قدیم نہیں ہیں بلکہ [illegible] وقت بنائے گئے تھے [illegible] دنیا کی [illegible] آبادی [illegible] قابل مطالعہ ہے۔ قیمت ۳ر

اصول آریہ اس رسالہ میں آریوں کے اصل الاصول [illegible] کی فلسفیانہ طریق سے تردید کی گئی ہے یعنی مادہ روح اور سلسلہ کائنات کی قدامت کا معقولی دلائل سے [illegible] کیا گیا [illegible] یہ رسالہ آریہ سماج کی تردید [illegible] ہے اس کی عام اشاعت [illegible] ۲ر

الہام اس میں الہام کی تعریف و تقسیم کرکے چند ناقابل حل سوالات آریوں سے کئے گئے ہیں۔ قیمت ۲ر

شادی بیوگان اور نیوگ اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ نیوگ جیسے حیا سوز مسئلہ کے مقابلہ میں شادی بیوگان کو کس درجہ بڑھ کر فضیلت حاصل ہے قابل مطالعہ ہے۔ قیمت ۲ر

القرآن العظیم اس کتاب میں تمام ضروریات الہام کو قرآن مجید میں ثابت کرکے مخالفین (آریہ وغیرہ) کو چیلنج دیا گیا ہے کہ انہی باتوں کا وید سے ثبوت پیش کریں۔ قیمت ۲

جہاد وید اس رسالہ میں جہاد کا ثبوت وید منتروں سے پیش کرکے اسلامی جہاد پر آریوں کی لب کشائی ہمیشہ کے لئے بند کر دی ہے۔ قیمت ۲ر

مقدس رسول [illegible] آریہ [illegible] نے ایک زہریلے رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر [illegible] سخت ناپاک اعتراضات کئے [illegible] رنگیلا رسول۔ اس نامعقول رسالہ کا [illegible] مدلل اور متین جواب مقدس رسول ہے [illegible] شائع ہوا ہے۔ ملک کے اکابر اور مشہور اخبار [illegible] اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں [illegible]

نکاح آریہ اس رسالہ میں [illegible] کے احکام متعلقہ نکاح [illegible] آٹھ عنوانات قائم کرکے اسلامی نکاح کی [illegible] فضیلت کو واضح کیا ہے۔ (۱) نکاح کی ضرورت اور حرج (۲) نکاح کس عمر میں ہو۔ (۳) نکاح کس [illegible] سے ہو (۴) بیاہ کی قسمیں۔ (۵) نکاح کرنے کا طریق۔ (۶) میاں بیوی کے ملاپ کا طریق۔ (۷) [illegible] لازم غیر منفک عقد ہے یا قابل فسخ۔ (۸) نکاح بیوگان قیمت صرف ۳ر

نماز اربعہ ہر چہار مذہبوں (مسلمانوں، عیسائیوں آریوں اور ہندوؤں) کی نمازوں کا مقابلہ کرتے ہوئے غیر مذاہب کی نمازوں میں شرک اور اسلامی نماز میں اصل توحید کا نقشہ دکھایا گیا ہے۔ اور بتایا گیا ہے کہ یہی اسکے منزل من اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ قیمت ۳ر

ہندوستان کے دو ریفارمر یعنی سوامی دیانند اور مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی دیگر اہل مذاہب کے متعلق بدزبانیوں کا نمونہ ان کے اپنے الفاظ میں دکھایا ہے۔ قیمت ۲ر

سوامی دیانند کا علم و عقل اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ سوامی جی دوسرے مذاہب پر اعتراض کرنے میں تحقیق اور علم سے کام [illegible] لیتے تھے۔ قیمت ا

کتاب الرحمن آریوں کی جدید کتاب کلام الرحمن [illegible] کا مکمل و مدلل جواب جو مولانا ابو [illegible] نے اپنی خاص اور نرالی طرز سے دیا ہے۔ قیمت صرف ۹ر

نوٹ: یہاں صرف [illegible] میں درج کی ہیں۔ محصول ڈاک ان کے [illegible] کا (۲۷۱)

بعدالت جناب جج صاحب بہادر منتظم جائیداد دیوالیاں ضلع لاہور

نمبر قرار داد ۵۰ سال [illegible]

رحیم بخش ولد غلام محمد کشمیری سکنہ سلطان پورہ لاہور سائل دیوالیہ۔

بنام زمیندارہ بنک لاہور۔ قرضخواہ

مقدمہ مندرجہ عنوان میں رحیم بخش مقروض جو مورخہ ۱۵ [illegible] کو دیوالیہ قرار دیا گیا تھا۔ مورخہ ۱۲ $\frac{1}{38}$ کو قرارداد منسوخ ہو چکا ہے۔ اسکی نسبت اطلاع ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا دی جاتی ہے۔

آج بتاریخ ۱۳ ماہ جنوری ۱۹۳۶ء کو بہ ثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم۔ (مہر عدالت)

ahmadimuslim.de

کتب خانہ جامعہ سلفیہ

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اسمیں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۵۰۰ صفحات۔ کتابت طباعت اعلیٰ اصل قیمت تین روپیہ۔ رعایتی دو روپیہ (عے)

شہادت القرآن

مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ قرآن مجید و حدیث شریف کی روشنی میں حیات مسیح علیہ السلام کو عالمانہ رنگ میں ثابت کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں لفظ توفی کی تحقیق انیق کی گئی ہے۔ اور حصہ دوم میں ان تمام قرآنی آیات کا جواب دیا گیا ہے۔ جو مرزا صاحب نے اپنے دعویٰ (وفات مسیح) پر بطور استدلال کے پیش کی تھیں۔ کتابت طباعت عمدہ قیمت حصہ اول ۱۲؍ حصہ دوم ۸؍ کل دو روپے

الخبر الصحیح

از مولانا سیالکوٹی۔ اس میں حضرت مسیح کی قبر شریف پر مفصل بحث کر کے قادیانی خیالات کی تردید کی گئی ہے۔ قابلدید ہے۔ ضرور منگوائیں۔ قیمت صرف ۲؍

ائمہ تلبیس

مصنفہ ابو القاسم رفیق دلاوری۔ ائمہ تلبیس کی دو حیثیتیں ہیں۔ اول علمی اور تاریخی۔ دوم تبلیغی اور کلامی۔ پہلی حیثیت کے اعتبار سے یہ کتاب اپنی نوعیت میں سب سے پہلی اور مفصل کوشش ہے۔ جس میں تاریخی لحاظ سے مدعیان کاذب کے حالات اس شرح و بسط سے بیان کئے گئے ہیں کہ زبان اردو کو اسپر بجا فخر ہونا چاہئے۔ عصر حاضر میں جبکہ مسیحیت، الوہیت، مہدویت کے دعوے کرنے کا شوق عام ہو گیا ہے "ائمہ تلبیس" پڑھنے والوں کے لئے بہت دیدہ کشا ئندہ اور بصیرت افروز ثابت ہوگی۔ قیمت ۲؍

رئیس قادیان

از مصنف موصوف۔ مرزا صاحب کی زندگی کے مفصل حالات۔ جدید طرز پر۔ قیمت ۱۲؍

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما رنگدار و سادہ۔ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ پتہ: منیجر ثنائی برقی پریس امرتسر

مغالطات مرزا عرف الہامی بوتل

مؤلفہ منشی محمد عبد اللہ معمار امرتسری۔ قیمت ۲؍

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند۔ جالا، غبار۔ ڈھلکہ۔ خارش۔ سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کر کے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اسکے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پا چکے ہیں۔ بحالت صحت اسکا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ۱۲؍ (منگوانے کا پتہ) کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ حکیم سٹریٹ امرتسر

آئینہ مذاہب امامیہ ترجمہ اردو تحفہ اثناعشریہ

مصنفہ شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی۔ اس کتاب میں شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے حالات پر مفصل تبصرہ ان کے عقائد و اعمال غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ طور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ ضرور منگوائیں۔ کتابت طباعت اعلیٰ۔ قیمت تین روپے

تحفہ مجددیہ

در بیان تردید عقائد شیعہ۔ مجدد الف ثانی سرہندیؒ کے بعض مکتوبات کا اردو ترجمہ۔ فرقہ شیعہ کے عقائد کی قرآن اور حدیث سے تردید کی ہے۔ ایک ضخیم کتاب ہے۔ قیمت

مباحثہ گوشت خوری

ایک ہندو مناظر و مسلمان مبلغ کے مابین۔ اسلام کی فتح۔ قیمت ۳؍۔ قابلدید ہے۔

ثبوت قربانی گاؤ

قرآن حدیث۔ تورات۔ انجیل وید۔ شاستر۔ رامائن اور مہابھارت سے ثبوت۔ قابلدید ہے قیمت ہر دو حصے

جملہ کتب منگوانے کا پتہ

منیجر "اہلحدیث" امرتسر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

ahmadimuslim.de

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلے سے نوٹ کیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۱۴

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین لن تضلوا ... (دور میں) اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن پس حدیث مصطفےٰ برجاں مسلّم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجراء ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ [illegible]
نوابان و جاگیرداروں سے ، ، [illegible]
عام خریداران سے ، ، [illegible]
، ، ششماہی [illegible]
ممالک غیر سے سالانہ [illegible] شلنگ
فی پرچہ - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۰ فروری ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

یاد ماضی (نظم) - - -
انتخاب الاخبار - - - -
گوشت خوری کو معکوس۔ آریہ مسافر کی فریاد ص۳
اہل حدیث کانفرنس اور جماعت اہلحدیث دہلی۔ ص۶
میری کھلی چٹھی کا جواب متعلق خلیفہ قادیان۔ ص۷
نذیر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ندا - - - ص۸
عریضہ بخدمت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ص۹
عقائد الغالیہ - - - - ص۹
بارش آسمان سے آتی ہے - - - ص۱۰
مسلمانو! کدھر جا رہے ہو - - - ص۱۲
[illegible] - - - ص۱۳
[illegible] مکی مطلع - - ص۱۴
اشتہارات [illegible]

[illegible] LIBRARY [illegible]

یاد ماضی

(از محترمہ جمیلہ خاتون صاحبہ جمیلہ۔ ساکن کلکتہ)

اے مسلماں تو زمانے میں بہت ممتاز تھا
جوش از سے قیصر جہاں کے تیری ہمت دیکھ کر
سرنگوں تھے قیصر و فغفور تیرے سامنے
خیرہ ہوتے تھے تصدق تیرے حسن خلق پہ
یاد کر کیا تجھ میں پہلے قوت تسخیر تھی
کانپتا تھا کفر سن کر حضرت خالدؓ کا نام
منکشف تو نے کئے اسرار ہستی دہر پر
ہوش کر غافل سنبھلنے کی ضرورت ہے تجھے

اے مسلماں ہر جگہ تو صاحب اعزاز تھا
وہ زمانہ یاد کر جب مائل پرواز تھا
سچ بتا تیرے علاوہ کون یوں ممتاز تھا؟
دل ربا انداز تھا جو بھی ترا انداز تھا
ذرہ ذرہ اس جہاں کا تیرا ہم آواز تھا
جرأت و مردانگی کو جن پہ بے حد ناز تھا
تو وہ ہے تو زمانے میں سراپا راز تھا
آ کہ پھر بن جا وہی جیسا کہ تو جہاں باز تھا

ہے جمیلہ کی تمنا پھر سنا نغمے وہی
جن کے سننے کو زمانہ گوش بر آواز تھا

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

اہلحدیث ۳-فروری | بوجہ تعطیلات عید اضحیٰ شائع نہیں ہوا تھا۔ بلکہ ۲۷-جنوری کے پرچہ کو ہی ڈبل کر دیا تھا۔ ناظرین مطلع رہیں۔

تقریب حج | ایک آمدہ تار مظہر ہے کہ امسال حج مبارک کی تقریب ۳۰-جنوری ۱۹۳۸ء کو بخیر و عافیت سرانجام ہوئی۔ حج کے دن میدان عرفات میں بارش بھی ہوئی۔ امسال حجاج کی تعداد پہلے سے زیادہ تھی۔

عید اضحیٰ | ہندوستان میں سوائے چند مقامات کے (جنہوں نے ۳۱-جنوری کو عید کی) باقی تمام جگہ یکم فروری کو ہی منائی گئی۔

—— ڈاکٹر سیف الدین کچلو پنجاب پراونشل کانگرس کے صدر مقرر ہو گئے ہیں۔

—— مسٹر سبھاش چندر بوس امسال بھی کثرت آراء سے آل انڈیا نیشنل کانگرس کے صدر مقرر ہوئے ہیں۔

—— ہندوستان کے چند شہروں میں عید البقر کے روز گائے کی قربانی کرنے کے سلسلے میں ہندو مسلم فساد ہو گیا۔

—— حکومت پنجاب کے یہ معاملہ زیر غور ہے کہ پنجاب اسمبلی کے ممبروں کو روزانہ الاؤنس کی بجائے دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ دی جایا کرے۔

—— ہر ہٹلر نے ۳۰-جنوری کو ایک تقریر کے دوران میں کہا کہ ہم جرمنی کی حالت کو بہتر بنانے کی غرض سے نوآبادیاں واپس لینا چاہتے ہیں۔ جرمنی کو فرانس یا برطانیہ سے کوئی عداوت نہیں۔ اگر اٹلی کو کسی جنگ کا سامنا کرنا پڑا تو جرمنی اس کا ساتھ دیگا۔

—— حکومت جرمنی نے یہودی دندان سازوں کو سرکاری طور پر کاروبار کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔

—— ضلع جھانسی کے بیس مواضعات میں ژالہ باری ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ بعض اولے دو دو سیر وزنی تھے۔

—— گورنمنٹ ہند نے سرکاری کاغذات میں لفظ "نیٹو" استعمال کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔

—— بھیرہ ضلع شاہ پور کے نزدیک آثار قدیمہ میں سے غازی اورنگ زیب۔ اکبر اور محمد شاہ رنگیلے کے زمانے کے پرانے سکے برآمد ہوئے۔

—— ڈیرہ اسماعیل خان میں عید البقر کے روز قربانی گائے کی وجہ سے ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ ۱۸ اشخاص ہلاک اور ۲۱ زخمی ہوئے۔

—— کلکتہ کی نواحی آبادی میں پولیس نے چند اشخاص کو گرفتار کیا جو جعلی پوسٹل لفافے بنایا کرتے تھے۔

—— حکومت امریکہ نے اپنی فوجی طاقت کو اور زیادہ مضبوط بنانے کے لئے چھپن نئے جنگی جہاز اور پانسو چھپن ہوائی جہاز اور دیگر جنگی ضروریات کے لئے پانچ کروڑ ڈالر منظور کئے ہیں۔

ایک بار پھر سن لیجئے

اگر آپ کی قیمت اخبار ماہ فروری میں ختم ہے تو مہربانی فرما کر قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر

۲-مارچ سے پہلے پہلے

ارسال کر دیں۔ اگر مہلت درکار ہو یا خریداری سے ہی انکار ہو تو بلا تامل بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیج دیں۔ ورنہ

۳-مارچ کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

—— پیرس ۲۸-جنوری۔ صدر پارلیمنٹ فرانس نے دوران تقریر میں کہا کہ فرانس اپنی سلطنت کے کسی حصے سے دست بردار ہونے کو تیار نہیں اور نہ وہ اپنے حقوق سے دستکش ہوگا۔ اگر آزادی اور وقار کی حفاظت کے لئے فرانس کو قربانی کرنی پڑی۔ تو وہ بڑی سے بڑی قربانی سے بھی احتراز نہ کریگا۔

—— ضلع شیبی (دبھا) کے ایک قصبے کان بالا میں پھر خوفناک فساد ہو گیا۔ برمیوں نے کان بالا کی ہندوستانی آبادی پر حملہ کر دیا۔ ہندوستانیوں کے تمام مکانات نذر آتش کر دیئے گئے۔ ان کی دکانوں کو لوٹ لیا گیا۔ اور انہیں بہت بری طرح زدوکوب کیا۔

—— فلسطین کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے متعدد عرب حکومتوں کے نمائندے لنڈن پہنچ گئے ہیں۔ لیکن ابھی تک کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ مقرر نہیں ہوئی۔

—— بغداد سے حجاز کا راستہ قابل اطمینان ہو گیا ہے۔ حکومت نے موٹر کمپنیوں پر خاص شرائط عائد کئے ہیں۔ جن کے بغیر کسی کمپنی کو راستے کا اجازت نامہ نہ دیا جائیگا۔ راستے میں منزلوں کا کافی انتظام ہے۔ کئی لاسلکی اسٹیشن بھی ہیں تاکہ قافلوں کی حالت کے متعلق ہر وقت اطلاع دی جا سکے۔

—— شہزادہ شاپور ولی عہد ایران کے ساتھ مصر کی شہزادی فوزیہ کی شادی کی پہلی رسم مصر میں آئندہ مارچ میں انجام پائیگی۔ رسم نکاح اپریل میں ادا ہوگی۔

مباحثہ تقلید شخصی | جو حال میں اشاعت فنڈ سے کثیر التعداد شائع کیا گیا ہے۔ جہاں جہاں ضرورت ہو جلد طلب کر لیا جائے۔ روزانہ فرمائشات بکثرت آرہی ہیں۔ اس لحاظ سے بہت جلد ختم ہو جائیگا۔ صرف دو پیسے امداد اشاعت فنڈ اور تین پیسے فی نسخہ محصول ڈاک ضرور آنے چاہئیں۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

محرم اور تعزیہ | کے عنوان سے حسب معمول سابق امسال ایک لمبا پوسٹر شائع کرایا گیا ہے۔ جس میں علماء دہلی۔ سہارنپور۔ دیوبند۔ لکھنؤ۔ پنجاب کے علماء کرام کا متفقہ فتویٰ شائع کرایا گیا ہے کہ تعزیہ داری مذہب اہلسنت والجماعت میں مطلق جائز نہیں۔ اس لئے تبلیغی انجمنیں حسب ضرورت منگوا کر تقسیم کریں۔ یک صد پوسٹروں کے لئے ۲/ امداد اشاعت فنڈ اور آٹھ آنہ محصولڈاک پیشگی وصول ہونے چاہئیں۔ ورنہ تعمیل ناممکن ہوگی۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

غریب فنڈ | میں عرصہ سے کوئی رقم نہیں آئی۔ اس لئے مجبور ہو کر آئندہ کے لئے نئے و پرانے سائلین کے داخلے بند کر دیئے ہیں۔ اصحاب خیر دست کرم کو جنبش دیں تو ان غرباء کی بھی مراد بر آئے۔

انچارج غریب فنڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۹- ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ

گوشت خوری کو روکو

آریہ مسافر کی فریاد

آج کل دنیا میں دھرم، مذہب بلکہ عام انسانی اخلاق کے خلاف جو کچھ ہو رہا ہے وہ اخبار "آریہ گزٹ" سے معلوم ہو سکتا ہے۔ جس کو پڑھ کر تمام منشہ ماتر (بنی نوع انسان) کی حالت زار کا نقشہ سامنے آتا اور دل دکھاتا ہے۔ "آریہ گزٹ" کے الفاظ یہ ہیں:-

"اگر آج کل کے نوجوانوں کی حالت کو دیکھا جائے تو پتہ لگیگا کہ ان میں بہت سے دھرم سے بے پرواہ ہیں۔ وہ سماج مندر میں جانا پسند نہیں کرتے۔ اگرچہ تھیٹر اور سنیما میں ہر وقت جانے کو تیار رہتے ہیں۔ وہ دھرم پستکوں کو نہیں پڑھتے۔ عشقیہ ناول اور دوسری قسم کی دلچسپ کتابوں کے پڑھنے میں ہر وقت مشغول رہتے ہیں۔ دھرم ان کے واسطے ایک ہوا سا بن گیا ہے۔ وہ دھرم کے نیموں کی پرواہ نہیں کرتے کیونکہ ایسا کرنے سے ان کی آزادی میں فرق آتا ہے بہت سے نوجوان پرماتما میں بھی وشواس نہیں رکھتے کئی پرماتما میں وشواس تو رکھتے ہیں۔ لیکن اس کے آگے پرارتھنا نہیں کرنا چاہتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ پرماتما کے آگے پرارتھنا کرنا تو کمزوری کا اظہار کرنا ہے۔ یا اس کو ایک طرح سے رشوت دینا اور اس کی چاپلوسی کرنا ہے۔ اور اپنی دھرم پستکوں کو بوسیدہ خیالات کا مجموعہ سمجھتے ہیں۔ غرضیکہ وہ کسی بھی دھارمک بات میں ذرا بھی دلچسپی نہیں لیتے۔

اگر موجودہ زمانہ کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو پتہ لگیگا۔ اس وقت دھرم میں لوگوں کی دلچسپی ہر ایک ملک میں کم ہو رہی ہے۔ اور یہ بات صرف نوجوانوں تک ہی محدود نہیں۔ بلکہ ان کے بزرگوں تک بھی جا پہنچی ہے۔ بات یہ ہے کہ موجودہ زمانہ کے لوگ ہر قسم کی Authority کے برخلاف ہیں کوئی زمانہ تھا کہ مذہب والے لوگوں کے لئے ان کا گھر بڑا پوتر استھان سمجھا جاتا تھا۔ ان کے شاعر اس کے متعلق اعلیٰ اعلیٰ نظمیں لکھتے تھے۔ اور دوسرے آدمی اس کی تعریف میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے تھے۔ لیکن آج کل گرست دھرم کی جڑیں مغرب میں کھوکھلی ہو گئی ہیں۔ اسی طرح سے مغرب کے لوگوں کا اعتقاد پہلے اپنے گرجاؤں میں بہت زیادہ تھا۔ لیکن اب گرجے خالی پڑے ہیں۔ پچھلے دنوں ایک پادری نے شکایت کی کہ لوگ اس کے اپدیش سننے کو آتے ہیں لیکن وہ ناول پڑھتے رہتے ہیں۔ اسی طرح سے آج کل کے لوگ ہر ایک قسم کی Authority کے برخلاف ہیں۔ اس کے علاوہ چہار طرف شخصی آزادی کے نعرے ہو رہے ہیں۔ کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے اوپر یہ لوگ اپنی حکومت کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ اس کا اثر لوگوں کے نقطہ نگاہ میں پایا جاتا ہے۔ کوئی زمانہ تھا کہ لوگ ہر طرح کی بات ماننے کو تیار رہتے تھے لیکن آج کل لوگوں میں نقطہ چینی کرنے کی عادت بہت بڑھ گئی ہے۔ انیسویں صدی کے لوگ کہتے تھے کہ ہم اس بات کو قبول کرتے ہیں کیونکہ یہ اچھی ہے۔ لیکن بیسویں صدی کے لوگ کہتے ہیں کہ ہم اس بات کو اچھی طرح آزمائیں گے اور آزمانے کے بعد اس پر اعتقاد کریں گے۔ یہ سپرٹ اور لوگوں میں تو ہے ہی لیکن نوجوانوں میں اوروں سے بھی زیادہ ہے۔ اس سپرٹ نے نوجوانوں میں دھرم کا وشواس کم کر دیا ہے۔ اور یہ سپرٹ صرف مغربی دنیا میں ہی نہیں بلکہ مشرق میں بھی اور خاص کر ہندوستان میں بڑی تیزی سے اثر پکڑ رہی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ آج کل زندگی کی جدوجہد بڑی زبردست ہے۔ سب سے زیادہ ضروری مسئلہ جو لوگوں کے سامنے ہے۔ روزگار کا مسئلہ ہے۔ اس روزگار کو حاصل کرنے کے لئے لوگ اپنے اصولوں سے گر جاتے ہیں۔ سچ پوچھا جائے تو لوگ آج کل ہر ایک بات کا بنیادی اصول اقتصادیات کو سمجھتے ہیں۔

تیسری بات ایک اور ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ نوجوان آج کل تپسیا اور آتم سینیم (پرہیزگاری) کو پسند نہیں کرتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ زندگی کا آدرش (مقصود) عیش کرنا ہے اور رنگ رلیاں منانا۔ دھرم ان باتوں کے خلاف آواز اٹھاتا ہے۔ دھرم کہتا ہے کہ اپنی اندریوں (آنکھوں) کو قابو میں کرو۔ لیکن نوجوان کہتے ہیں کہ ان کا کھانا عمدہ ہو۔ دھرم کہتا ہے کہ یم نیم کا پالن کرو۔ لیکن نوجوانوں کو یہ بات ناگوار گزرتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ نوجوانوں کو دھرم کا تنگ اور مشکل راستہ بہت تکلیف دہ معلوم ہوتا ہے۔ انکو عیش میں زیادہ لطف آتا ہے۔ اس کا ایک سبب یہ ہے کہ مغربی تہذیب نوجوانوں پر بہت اثر کر رہی

ایک بات اور بھی ہے۔ وہ یہ کہ لوگ دھرم استھانوں میں اور دھرم کے پجاریوں میں وہ اعلیٰ آدرش نہیں پاتے جو کہ ہونے چاہئیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ دھرم والوں کو ہمیشہ سچائی اور انصاف کی پرواہ کرنی چاہئے۔ لیکن کئی دفعہ دھرم کے ٹھیکیدار اپنی طاقت کو ظلم، بے انصافی اور مکاری سے استعمال کرتے ہیں۔ ان باتوں سے بھی لوگوں کے دلوں میں اور خاصکر نوجوانوں کے دلوں میں دھرم کے لئے نفرت پیدا ہوتی ہے۔

یہ چند ایک باتیں ہیں جو نوجوانوں کی رُچی دھرم میں گھٹا رہی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ آریہ سماج میں ان سب باتوں کا بڑا معقول جواب ہے۔ اگر بیسویں صدی کے لوگوں میں جستجو کی خواہش ہے تو آریہ سماج میں بھی یہ خواہش موجود ہے۔ پھر کوئی سبب معلوم نہیں ہوتا کہ آریہ سماج نوجوانوں کو اپیل کیوں نہ کرے اس میں کوئی شک نہیں کہ آریہ سماج آج اقتصادی مسئلوں کو شامل نہ کر سکے۔ لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ آریہ سماج نوجوانوں کے سامنے کوئی ایسا دھرم پیش نہیں کر سکتا جس کے بنیادی اصول آتم جنیم پر مبنی نہ ہوں۔

لیکن باوجود ان باتوں کے آریہ سماج نوجوانوں کے دلوں کو اپیل کر سکتا ہے کیونکہ آریہ سماج کی سپرٹ دراصل موجودہ زمانے کی سپرٹ ہے۔ وہ سپرٹ جیسا کہ ہم جانتے ہیں۔ رشی دیانند نے آریہ سماج کے نیموں میں داخل کر دی ہے۔ وہ سپرٹ یہ ہے کہ ستیہ کو گرہن کرنے اور استیہ کو تیاگنے (سچ کو قبول کرنے اور جھوٹ کو چھوڑنے) میں ہر ایک آریہ سماجی کو ہمیشہ تیار رہنا چاہئے۔ یہی سپرٹ ہے جو آج کل کے لوگوں میں کام کر رہی ہے۔ لیڈران آریہ سماج کو چاہئے کہ وہ ذرائع سوچیں جن سے آریہ سماج نوجوانوں میں ہر دلعزیز بنے اور ہر ایک نوجوان کو آریہ سماج کا پیغام پہنچ جائے۔" (آریہ گزٹ لاہور مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۳۶ء)

اہلحدیث سارے مضمون کا خلاصہ وہی ہے جو حدیث شریف میں آیا ہے کہ قرب قیامت لوگ دینی باتوں سے بے پرواہ ہو جائیں گے۔ اس لئے ہم اس کی حرف بحرف تصدیق کرتے ہیں۔ دنیا کی آبادی میں بہت بڑی اکثریت انسانوں کی دھرم اور مذہب کو چھوڑ کر من مانی کارروائیاں کر رہی ہے۔ مولانا حالی مرحوم کی ایک رباعی ہے۔ جو اپنے معنی میں بالکل صحیح ہے۔ وہ اس منقولہ مضمون کی تصدیق اور تائید کرتی ہے۔ فرماتے ہیں ؎

پوچھا جو کل انجام ترقی بشر
یاروں سے کہا پیرِ مغاں نے ہنس کر
باقی نہ رہیگا کوئی انساں میں عیب
ہو جائینگے جہل چھپا کے سب عیب ہنر

مگر آریہ مسافر نے سب پاپوں میں سے بڑا پاپ گوشت خوری کو سمجھا ہے۔ جس کے متعلق اس نے بہت بڑا نثری مرثیہ لکھا ہے۔ جس کا ایک ایک حرف اس کو آٹھ آٹھ آنسو رلاتا ہے۔ ہم بھی اسکے مرثیہ میں شریک ہونے کو اسے نقل کرتے ہیں۔ اس مرثیے کا عنوان اس نے یہ رکھا ہے:-

"اس گھور پاپ کو روکو"
گناہ کبیرہ

اس کے نیچے آپ لکھتے ہیں:-

"اس میں کوئی شک نہیں کہ پچاس سال پہلے کی نسبت اب ملک میں تعلیم زیادہ ہے۔ آریہ سماج کو کام کرتے ہوئے بھی ساٹھ سال کے قریب گذر چکے ہیں۔ دیگر مذہبی سوسائٹیاں بھی عرصہ سے کام کر رہی ہیں۔ کچھ سماجک اصلاحات بھی ہو گئی ہیں۔ مثلاً شادی صغر سنی کا بہت کچھ انسداد ہو چکا ہے۔ استری شکھشا میں بھی ترقی ہوئی ہے۔ ناچ۔ مجرا۔ آتشبازی وغیرہ مکروہات بھی دور ہو چکی ہیں۔ اور بھی کئی سمتوں میں خاطر خواہ ترقی و اصلاح ہو گئی ہے۔ لیکن دھارمک نقطۂ نگاہ سے ہمیں نہ صرف کوئی قابل قدر ترقی نظر نہیں آتی۔ بلکہ بہت کچھ تنزل ہی دکھائی پڑتا ہے۔ یہ درست ہے کہ پہلے کی نسبت اب لوگوں کی مذہبی معلومات زیادہ ہیں۔ لیکن عمل کا خانہ قریباً خالی ہی نظر آتا ہے۔ اپنے دعوے کے ثبوت میں ہم صرف ایک ہی بات یعنی مانس بھکشن کے گھور پاپ کو لیتے ہیں۔

آج سے پچاس سال پہلے کی نسبت اس پاپ میں اتنی بڑھتی ہوئی ہے کہ دیکھکر ہردیہ کانپ جاتا ہے انگریزی میں ایک ضرب المثل ہے کہ

Ignorance is bliss

یعنی جہالت بھی رحمت ہے۔ نصف صدی پہلے کے ہندو اگرچہ تعلیم اور مذہبی معلومات کے لحاظ سے پسماندہ تھے لیکن جہاں تک دھارمک کرتیہ کا تعلق ہے۔ اُن کے لئے یہ جہالت موجب رحمت تھی۔

ہم نے کئی بزرگوں سے سنا ہے اور خود ہمارا بھی گذشتہ چالیس پینتالیس سال کا تجربہ ہے کہ ہندوؤں میں کائستھوں اور کشمیری پنڈتوں وغیرہ چند جاتیوں کو چھوڑ کر عام طور پر مانس بھکشن کو بہت بُری نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ اور برہمنوں۔ کھتریوں اور ویشوں وغیرہ میں سے اگر کوئی اس پاپ میں مبتلا بھی تھا۔ تو وہ چھپ چھپا کر بازار سے مانس لاتا اور اپنے گھر میں بھی الگ کسی کونے میں اسے پکاتا تھا۔ کیونکہ اس کی دھرم پتنی اور دوسرے گھر والے اُسے اس بات کی کبھی اجازت نہیں دیتے تھے کہ وہ ان کے چوکے کو اپوتر کر سکے۔ ہمیں بخوبی یاد ہے کہ ہمارے ایک رشتہ دار مانس بھکشن کے شائق تھے۔ لیکن جب کبھی وہ زبان کے چسکے سے مجبور ہو کر مانس پکاتے تھے تو مکان کی تیسری منزل پر ٹٹی کے قریب برساتی میں پکایا کرتے تھے۔ لیکن آج کیا حالت ہے۔ کھلے بندوں مانس بھکشن ہوتا ہے ہمارے تعلیم یافتہ نوجوان اس میں کوئی پاپ نہیں سمجھتے آج کوئی دعوت دعوت نہیں کہلا سکتی جب تک کہ اسمیں مانس کی ڈشز (Dishes) نہ ہوں۔ بیاہ شادی پر جو ایک نہایت پوتر دھارمک سنسکار ہے۔ سمدھی کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ برات کے لئے مانس تیار کرائے اور اگر کوئی دھارمک برتی کا شخص ایسا کرنے سے انکار کرے تو براتی اپنے ڈیرہ پر مانس بنا کر اس غریب کے پاس خرچ کا بل برائے ادائیگی بھیج دیتے ہیں۔ اور اس طرح اُسے نہ چاہتے ہوئے بھی پاپ میں حصہ دار

جانا بہاتا ہے۔ انڈوں کا تو شاید وہاں بھاؤ ہے کر تو بہی بھلی۔ ریلوے سٹیشنوں پر یہ آواز بجتات میں بجتے ہیں کہ آج سے تیس سال پہلے ڈبل روٹیاں بھی اتنی کثرت سے نہ بکتی ہوں گی۔ نصف صدی پہلے جہاں ہمارے بڑے بوڑھے ہندوک پراتہ کال اٹھتے ہی پرمیشور کا نام جپا کرتے تھے۔ اور کئی گریب (غریب) کے درشن کو ایشور کا درشن سمجھتے تھے۔ چنانچہ ہمیں یاد ہے کہ ہماری ماتا جی پراتہ ۴ بجے اٹھ کر آنکھیں کھولنے کے ساتھ ہی کہا کرتی تھیں۔ "دن چڑھے سیتا بھائی بھرپایا گئو گریب دا درشن کرایا" وہ غریبوں میں فی الحقیقت درد ناداش کے درشن کیا کرتی تھیں۔ آج ہم صرف زبانی باتیں بنانے میں ہی مشاق ہو رہے ہیں۔

خیر مطلب یہ کہ آج سے نصف صدی پہلے جہاں پراتہ کال سادھو اور فقیر لوگ پرمیشور کے نام کی دُہا گاتے ہوئے گلیوں میں گھوما کرتے تھے۔ اور عام سدگرہستی پرمیشور کا نام لے کر دن کا آغاز کیا کرتے تھے۔ وہاں آج دن نکلنے سے پہلے "انڈے مہاراج" کی دلخراش صدائیں لاہور کے گلی کوچوں میں سنائی دینے لگتی ہیں۔ بابو لوگ انڈے کو مکمل خوراک کہتے ہیں۔ حالانکہ یہ مہاپاپ ہے۔ انسان نے اپنے بنائے قوانین میں تو اسقاط حمل کو جُرم قرار دے رکھا ہے لیکن غریب مرغیوں کے حمل (انڈوں) کا اسقاط روزانہ نہایت بے دردی کے ساتھ اس وجہ سے کرتے رہتے ہیں کہ انہیں اس میں لذت آتی ہے۔ جہاں تک مکمل خوراک کا تعلق ہے۔ ڈاکٹروں کی تازہ ترین تحقیقات یہ ہے کہ اشیائے خوردنی میں ایک عنصر ہوتا ہے۔ جسے Vitamin یعنی حیاتین کہتے ہیں۔ یہ دو بڑی قسموں میں منقسم ہے ایک Bleached Vitamin یعنی سفید وٹامن۔ اور دوسری Non. Bleached Vitamin یعنی رنگ دار وٹامن۔ سفید وٹامن کی پانچ قسمیں ہیں یعنی اے۔ بی۔ سی۔ ڈی ای۔ ڈاکٹر لوگ کہتے ہیں کہ نان بلیچڈ یعنی رنگدار وٹامن کا بہترین خزانہ گائے کا مکھن ہے۔ اس میں

جو پیلی رنگت ہے وہ اسی کی خاص خصوصیت ہے۔ یہ Pigments کہلاتے ہیں۔ یہ اور کسی بھی چیز میں پائے نہیں پائے جاتے۔ ڈاکٹروں کی رائے ہے کہ گائے کا مکھن انسان کے لئے بہترین خوراک ہے اب جب قدرت نے ہمیں گائے کے مکھن جیسی نعمت عطا کر رکھی ہے جس میں وہ تمام خوبیاں بلکہ اُن سے کہیں زیادہ موجود ہیں جو انڈے میں پائی جاتی ہیں لیکن خرابی مطلقًا کوئی نہیں۔ نہ اس میں اسقاط حمل کا پاپ ہی ہے۔ پھر انسان مکھن کے مقابلہ میں ایک گناہ آلود اور مشکوک فائدہ کی چیز کو کیوں استعمال کرتے ہیں۔ یہ واقعی سخت حیرت کی بات ہے۔ باقی رہا مانس۔ اس کے متعلق تو تازہ ترین ڈاکٹری تحقیقات یہ ہے کہ اس میں کوئی بھی وٹامن نہیں ہوتا۔ یا اگر کوئی ہوتا بھی ہے تو بہت قلیل مقدار میں۔ مثال کے طور پر

ڈاکٹر چنڑ جی ریٹائرڈ سول سرجن نے

پر ایک کتاب لکھی ہے۔ جس میں وہ لکھتے ہیں کہ

There is no Kind of Genvin Vita min in tiny class of mect.

یعنی کسی بھی قسم کے مانس میں کوئی بھی اصلی وٹامن موجود نہیں ہوتا۔"

جب اصل حقیقت یہ ہے۔ تو نہ معلوم یہ پڑھے لکھے لوگ کیوں اس پاپ کے اس قدر والہ و شیدا ہو رہے ہیں۔ بات یہ ہے کہ آج کل سنسار بھوگ پردھان ہو رہا ہے۔ پڑھے لکھے نئی روشنی کے جنٹلمین اسی مقولہ پر عامل ہیں کہ

بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست

زبان کے چسکے کے بس ہو کر وہ سینکڑوں، ہزاروں بلکہ لاکھوں معصوم بے زبانوں کے گلے پر چھُریاں چلانے اور چلوانے کا موجب ہو رہے ہیں۔ لیکن ہمیں یہ دیکھ کر سخت رنج ہوتا ہے کہ آریہ سماج اس گھور پاپ کے انسداد کی طرف اتنی توجہ نہیں دے رہا کہ جتنی اسے دینی چاہئے۔ یہی کارن ہے کہ یہ پاپ مقدار روز ترقی پر ہے۔ ہم تمام آریہ سماجوں۔ کہ یہ کارکنوں سے اور آریہ اپدیشکوں سے دست بستہ التماس کرتے ہیں کہ وہ اس پاپ کے انسداد کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔ اور اپنے ناواقف اور گمراہ بھائیوں کو اس گناہ کبیرہ سے باز رہنے کی تلقین کریں۔"

(آریہ مسافر لاہور ملث۔ ۵۔ جولائی ۱۹۳۲ء)

اہلحدیث گوشت خوری پر جتنا مرثیہ آریہ لکھیں ان کا حق ہے۔ مگر واقعات ہمیں بتاتے ہیں کہ جس طرح ہندوؤں میں چھوت چھات رسمی یا تجارتی وجہ سے جاری ہو کر مذہب میں داخل ہو گئی ہے۔ اسی طرح ترک لحم بھی بناوٹی طور پر دھرم میں داخل ہو گیا۔ ورنہ ہندوؤں کا دھرم شاستر، منوسمرتی وغیرہ گوشت خوری کی عام اجازت دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ آریوں کے گورو سوامی دیانند بھی ستیارتھ پرکاش" مطبوعہ ۱۸۷۵ء میں خاص طریقے سے گوشت کھانے کو ممنوع قرار نہیں دیتے۔ پھر ہم نہیں سمجھتے کہ آریہ مسافر کی اتنی خفگی نوجوانوں پر کیوں ہے۔ آریہ مسافر کو چاہئے کہ انار کلی آریہ سماج کا وہ رسالہ بھی دیکھے۔ جس کا نام "مانس بھوجن وچار" ہے اور مسٹر سی آر۔ دت فنانشل کمشنر بڑودہ کی کتاب "قدیم ہندوستان" بھی مطالعہ کرے۔ جس میں چھوٹے بڑے دونوں قسم کے گوشت کھانے کا ثبوت ویدک زمانے سے دیا ہے۔

غضب تو یہ ہے کہ گوشت کے ساتھ انڈوں پر بھی ہاتھ صاف کرنے لگے۔ یہ نہ سوچا کہ انڈے تو گوشت نہیں ہے۔ ہاں ان سے مرغی کے بچے پیدا ہو کر گوشت بنیں گے۔ یہ صحیح ہے لیکن یہ تو سوچئے اگر انڈے کھانے کی اجازت نہ ہو تو انسان مرغیوں کی پرورش کیوں کرے۔ جائیں جنگل کی راہ لیں۔ پھر دیکھیں کہ ان کے انڈوں کی حفاظت کون کر سکتا ہے اور وہ کس کے حصے میں آتے ہیں۔ باوجود اسکے ہماری خواہش بلکہ درخواست ہے کہ ہندو آریہ گوشت نہ کھایا کریں۔ کیونکہ ان کو گوشت کھانا مضر ہے اور مسلمانوں کے لئے گرانی کا باعث ہے۔

(۲۷۷)

اہل حدیث کانفرنس
اور
جماعت صمدیہ امامیہ دہلی

اس میں شک نہیں کہ اہل حدیث کانفرنس ساری جماعت کی تھی اور ہے۔ مختلف صوبوں اور مختلف بلاد میں اس کے بڑے بڑے جلسے ہوئے۔ جو اس کی قبولیت کے کافی نشان ہیں۔ جماعت اہل حدیث کے مختلف الخیال اصحاب نے اسکو اپنایا۔ مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی امام اول جماعت امامیہ دہلی اس میں شرکت ہمدردی کے ساتھ کرتے رہے۔ امرتسر، پشاور، علی گڈھ، بنارس وغیرہ مقامات میں انہوں نے برابر شرکت کی اور تقریریں کیں۔ اسی طرح دیگر علماء بھی دوش بدوش شریک ہوتے رہے۔ خاندان غزنویہ کے روشن چراغ اور رجال امیعائلہ مولوی محمد داؤد صاحب بھی مختلف مقامات میں شریک جلسہ اور شریک مجلس ہوتے رہے۔ مؤتمر مکہ میں اہل حدیث کانفرنس کی نمائندگی کا سرٹیفکیٹ لیکر باپ بیٹا (مولوی عبدالواحد مرحوم اور اسماعیل غزنوی) بطور نمائندہ شریک ہوئے تھے۔ اسی طرح حافظ عبداللہ روپڑی وغیرہ وغیرہ ارکان جماعت شریفیہ بھی شریک ہوتے رہے۔ ان واقعات کے ہوتے ہوئے ہماری حیرت کی حد نہ رہی جب ہم نے جماعت امامیہ دہلی کے آرگن "صحیفہ" میں یہ عبارت دیکھی :-

"سچ تو یہ ہے کہ کانفرنس (اہل حدیث) سرے سے جماعت اہل حدیث کی ہے ہی نہیں۔ جماعت اہل حدیث تو روز اول ہی سے اسے خیرباد کہہ چکی ہے، بائیکاٹ کر چکی ہے۔ چنانچہ خاندان غزنویہ اس سے الگ ہے۔ شریفی پارٹی اس سے جدا ہے علیٰ ہذا القیاس جماعت غرباء اہل حدیث بھی اس میں شامل نہیں۔" (صحیفہ بابت ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ)

اہلحدیث | ہم نہیں سمجھتے کہ اختلاف رائے کے غیظ و غضب میں غلط بیانی کا ارتکاب کیوں کیا جاتا ہے۔ اس اہل حدیث کانفرنس کی مجلس شوریٰ کی ورکنگ کمیٹی نے چند رزولیوشن پاس کئے۔ جن میں ایک یہ تھا :-

"حافظ عبداللہ صاحب روپڑی نے اپنے اخبار تنظیم اہلحدیث میں جناب مولانا ثناء اللہ صاحب کے خلاف جو روش اختیار کر رکھی ہے اس کے متعلق مجلس شوریٰ نفرت کا اظہار کرتی ہے اور تمام جماعت سے درخواست کرتی ہے کہ حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کو اس ارتکاب سے منع کرے۔ اگر حافظ صاحب اس سے اجتناب نہ کریں تو خود جماعت حافظ عبداللہ صاحب سے مقاطعہ کرنے پر مجبور ہوگی۔" (اہلحدیث ۲۸ جولائی ۳۰ء)

یہ رزولیوشن بھی درحقیقت ایک فہمائشی رزولیوشن ہے تاکہ جماعت سے تفرقہ دور ہو۔ ایسا کرنا ہر ایک بڑی سوسائٹی کا فرض ہے۔ نیشنل کانگرس کو دیکھئے کہ اس نے انتظامی طور پر اپنے اصول کے ماتحت کیسا سخت حکم جاری کر دیا کہ مسلم لیگ اور ہندو سبھا کے ممبر کانگرس کے ممبر نہیں ہو سکتے۔

صحیفہ کو اگر حافظ عبداللہ صاحب کی حق دوستی یا مروت اسکی حمایت پر مجبور کرتی ہے تو بے شک کرے۔ لیکن غلط بیانی سے کام نہ لے۔ غلط بیانی کی بابت حدیث یاد رکھیں :-

لا یصلح الکذب جداً و لا هزلاً

اور اگر اس عبارت کو صحیح جانتے ہیں تو ہمارے پیش کردہ واقعات کی تردید کریں۔

ہاں اس میں شک نہیں کہ جماعت امامیہ دہلی کے امام اول نے جب بعض مرحوموں میں شرکیہ کفریہ لفظوں کی اجازت دی اور امام ثانی نے اپنے خطبہ صدارت میں پیشگوئین کو جہنمی قرار دیا تو جماعت اہل حدیث نے بھی ان کا بائیکاٹ کر دیا۔

ورنہ حقیقت وہ نہیں ہے جو صحیفہ کی عبارت میں پائی جاتی ہے۔

قادیانی مشن
میری کھلی چٹھی کا جواب متعلق خلیفہ قادیان

اخبار "اہلحدیث" ۱۳۔ جنوری سن رواں صفحہ ۵ پر ایک چٹھی بنام بابو عمرالدین صاحب جالندھری شائع ہوئی تھی۔ جس میں میں نے موصوف سے پوچھا تھا کہ آپ شہادت دیں کہ آپ کے ذریعے میں نے خلیفہ قادیان کو بالمقابل تفسیر نویسی کا خط بھیجا تھا۔ اس کے جواب میں موصوف الصدر نے ایک چٹھی دفتر "اہلحدیث" میں بھیجی ہے۔ جو درج ذیل ہے :-

"جناب مولوی صاحب!

آپ نے اخبار اہلحدیث مجریہ ۱۳۔ جنوری ۱۹۳۸ء کے صفحہ ۵ پر ایک کھلی چٹھی میرے نام پر شائع کی ہے اور اس میں لکھا ہے :-

"آپ کو یاد ہوگا جن دنوں خلیفہ قادیان نے علماء اسلام کو مقابلے میں تفسیر نویسی کا چیلنج دیا تھا تو میں نے اس چیلنج کو قبول کر کے لکھا تھا کہ آپ سادہ قرآن مجید اور قلم دوات لیکر بٹالہ کی جامع مسجد میں آجائیں اور میرے مقابل بیٹھ کر تفسیر لکھیں۔ اس پر خلیفہ قادیان کی طرف سے یہ عذر کیا گیا تھا کہ میں عربی لغات بلکہ کلیہ قرآن بھی ساتھ رکھونگا۔ اس کے جواب میں میں نے ایک خط رجسٹری کرا کر آپ کی معرفت ان کو شملہ بھیجا تھا کہ میں آپ کو اجازت دیتا ہوں کہ آپ ہر قسم کا سامان ساتھ لے آئیں۔ مگر مقابلہ میں ضرور آئیں۔"

چند روز ہوئے قادیانی اخباروں میں یہ ڈینگ پھر سنی گئی ہے کہ خلیفہ صاحب کے مقابلے میں کوئی [illegible] تفسیر نہیں لکھ سکا [illegible] کی صداقت کا ثبوت ہے۔

(۲۲۸)

ahmadimuslim.de

تو حل ہوجائیگا۔ ۔۔۔ خاموش رہے کہ قادیان ۔۔۔ نے مطالبہ کیا ہے نیز

مطالبہ شہادت حلفی

میں آپ سے حلفاً پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کو وہ میری چٹھی ملی تھی اور آپ نے وہ چٹھی خلیفہ قادیان میاں محمود احمد صاحب کو دی تھی یا نہیں ؟
اس کا جواب "اہلحدیث" اور بذریعہ "پیغام صلح" دیجئے۔ آپ کے جواب پر سلسلہ کلام جاری ہوگا۔

(ابو الوفاء)

چونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ گواہی کو نہ چھپایا جائے اور جو سچی بات ہو وہی کہی جائے۔ اس لئے میں جہاں تک مجھے یاد ہے۔ حلفاً بیان کرتا ہوں۔ واللہ علیٰ ما اقول شہید۔

آپ (مولوی ثناء اللہ صاحب) نے مجھے شملہ پر ایک رجسٹرڈ خط لکھا تھا۔ جس میں آپ نے مقابلہ تفسیر نویسی کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جناب میاں صاحب کو اجازت دی تھی کہ وہ جن کتب تفاسیر کو مقابلہ کے وقت ساتھ رکھنا چاہتے ہیں رکھ لیں۔ مگر مقابلہ رو در رو اور ایک ہی وقت میں ہوگا۔ یعنی یہ اجازت نہ ہوگی کہ کچھ آج ہو اور کچھ کل۔ بلکہ ایک ہی وقت معینہ کے اندر تفسیر لکھنی ہوگی۔ اور تفسیر لکھنے کے وقت یہ اجازت نہ ہوگی کہ کوئی فریق گھر سے کچھ نوٹ لکھ کر ساتھ لے آئے۔ میں نے آپ کا یہ خط خلیفہ صاحب کو پہنچا دیا تھا۔ خلیفہ صاحب ان دنوں شملے پر ہی تھے میں نے آپ کے خط کے ہمراہ ایک اپنا نوٹ بھی لکھ کر دیا تھا۔ جس میں بصد ادب یہ التجا کی تھی کہ حضرت مہربانی فرما کر اب آپ اس تفسیر نویسی کے مقابلہ میں مولوی ثناء اللہ صاحب کو پیچھے ہٹنے کا موقع نہ دیں اور اگر آپ اب پیچھے ہٹے تو پھر یہ احمدی جماعت کی کامل شکست قرار دی جائے گی۔ اور اس داغ کو دھونا بہت ہی مشکل ہوگا۔

میں نے اس موقعہ پر یہ بھی لکھا تھا کہ اس تفسیری مقابلہ میں جہاں ایک طرف حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کا ایک پرانا دشمن روحانی حجت سے ہلاک ہو جائیگا۔ وہاں خود آپ کی ذات پر جو ناپاک اور گندے الزامات مباہلہ والوں نے لگائے ہیں

لا یمسہ الا المطہرون کی رو سے علوم قرآنی خدا کی طرف سے کبھی کسی ناپاک اور گندے انسان پر نہیں کھولے جا سکتے۔

مجھے افسوس ہے کہ جناب میاں صاحب نے میرے اور آپ کے مطالبہ کی ذرہ برابر پرواہ نہ کی اور ایسے

(عمر الدین شملوی)

اہلحدیث قادیانی جماعت کے لئے یہ شہادت شَہِدَ شَاہِدٌ مِّنْ اَہْلِہَا کی مصداق ہے۔ امید ہے آیندہ اس عنوان پر لکھتے ہوئے قادیانی اخبار اس شہادت کو یاد رکھیں گے۔

بریلوی مشن

نذیر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نداء بجواب فقیر کی صداء

(از قلم مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری)

ناظرین آگاہ ہونگے کہ سیالکوٹ سے ایک ماہوار رسالہ انوار الصوفیہ نکلتا ہے۔ جس کے ناشروں کا اہم مقصد اس رسالہ کے پہلے صفحہ پر یوں درج ہوتا ہے :- "اس رسالہ کے ذریعہ علم تصوف کی اشاعت کرنا ہے"

علم تصوف کی اشاعت نہایت اچھا کام ہے۔ اس سے کسی نیک دل مسلمان کو انکار نہیں اور نہ ہونا چاہئے مگر افسوس ہے کہ مقولہ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور کے مصداق رسالہ ہذا کے تمام مضامین ہوا کرتے ہیں۔ ماہ اگست ۱۹۳۸ء کے رسالہ میں ایک مضمون پیر جماعت علی شاہ علی پوری کے صاحبزادہ کی طرف سے شائع ہوا ہے۔ جس کا عنوان ہے

"فقیر کی صداء"

ہم نے عنوان اور پیرزادہ کا نام دیکھ کر سمجھا تھا کہ صوفی منش فقیر نے اپنے اباجی سے کامل روحانیت سیکھنے کے بعد چاہا ہوگا کہ میں اپنے جذبات کو مؤثر اور روحانی اثر سے لوگوں تک پہنچاؤں اور صحیح اسلامی تبلیغ عوام کو کردوں تاکہ اسلام سے دور شدہ اقوام پھر اسلامی جھنڈے کے نیچے آجاویں مگر افسوس

خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم

مضمون کو پڑھا تو وہی بوٹی شوربے کا جھگڑا جس نے مسلمانوں کو تباہی کے گڑھے میں ڈال رکھا ہے۔ پیرزادہ صاحب نے مضمون میں تین مسئلے تحریر فرمائے ہیں۔ (۱) مزاروں پر جانا، پھول چڑھانا، شیرینی وغیرہ نذر کرنا اور قبروں پر چادریں (غلاف) ڈالنا اور ان سے مدد طلب کرنا۔

(۲) میلاد کی محفل کرنا اور اس میں قیام کرنا اور شیرینی تقسیم کرنا۔

(۳) گیارھویں، بارھویں، تیرھویں دینا۔

اب ہم ناظرین کے سامنے وہ تفصیل لانا چاہتے ہیں جو ان چیزوں کے ثبوت میں پیرزادہ نے پیش کی ہے ناظرین حظ اٹھائیں۔ اور ساتھ ہی ہم کچھ تنقید ی نوٹ بھی لکھیں گے تاکہ تصویر کا دوسرا رخ بھی معلوم ہوسکے۔ اقول باللہ التوفیق۔

قبور اولیاء کی محض زیارت تو منع نہیں۔ البتہ

---

* اس آیت کی تفسیر قادیانی نبی (مسیح) کے اتباع خدا ہی مشہور کرچکی ہے جو بقول نواب محسن الملک مرحوم خدا کو بھی معلوم نہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تفسیر نویسی سے پہلے اس آیت کی تفسیر پر مذاکرہ ہوجائے۔ (اہلحدیث)

لے مضمون نگار نے زیادہ اقوال الرجال سے کام لیا ہے اور جوابہم میں اسوہ حسنہ کو ملحوظ رکھا ہے اس لئے نفس مضمون کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی گئی ہے۔ منہ

ahmadimuslim.de

خاص اہتمام سے سفر کی صعوبت اٹھا کر دور دراز جانا میلوں اور عرسوں میں کار ثواب سمجھ کر جانا ممنوع ہے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

لا تشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد

یعنی تین مسجدوں کے سوا کسی جگہ کے لئے ساز سفر نہ اٹھایا جائے۔ مسجد نبوی۔ مسجد حرام۔ مسجد اقصیٰ۔

قبروں پر پھول چڑھانا اس سرخی کے ماتحت پیرزادہ صاحب نے آئت قرآنی ان من شئی الا یسبح بحمدہ ۔ اور ایک حدیث لکھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے تو ایک درخت کی ٹہنی لیکر دوشق کر کے دونوں پر گاڑ دی۔ پھر لکھا ہے۔ علماء نے اس حدیث سے قبروں پر سبزہ پھول ڈالنے پر استدلال کیا ہے پھر شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا قول نقل کیا ہے۔ حقیقۃً صاحبزادہ علی پوری نے اس استدلال کو پیش کرنے میں سخت غلطی کھائی ہے۔

یہ استدلال ویسا ہی ہے جیسے کوئی شخص یہ کہہ دے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچے کے منہ میں کلی کر کے پانی ڈالا تھا۔ اس لئے یہ استدلال کیا جا سکتا ہے کہ ہر امتی کے لئے مسنون ہے کہ وہ بچوں کے منہ میں کلی کیا کریں۔ یا کہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک کنوئیں میں تھوک دیا تھا اور وہ میٹھا ہو گیا۔ اسلئے ہر امتی کے لئے سنت قرار پایا کہ وہ کنوئیں میں تھوکا کریں۔

صاحبزادہ صاحب! سنئے اور گوش ہوش سے سنئے فقہاء اصولیین کا قول ہے:۔

الخارج من القیاس لا یقاس علیہ

یعنی خلاف عقل پر قیاس نہیں کیا جا سکتا

کیا آپ اس کو عقلاً ثابت کر سکتے ہیں کہ ٹہنی قبر پر تسبیح پڑھے اور قبر کے اندر صاحب قبر کا عذاب ہلکا ہو۔ اگر یہ صحیح ہے تو تمام قبرستان میں باغیچہ لگوا دینا چاہیئے۔ تاکہ اہل قبور عذاب سے محفوظ رہیں۔ اور پھر یہ کہ تسبیح ٹہنی یا درخت کریں اور عذاب صاحب قبر کا ہلکا ہو۔ کیا یہ عقل کے قیاس ہے۔ ہرگز نہیں۔ پھر جب یہ اعجاز ہے تو اس میں قیاس کیسے صحیح ہو سکتا ہے۔ دوسری وجہ استدلال صحیح نہ ہونے کی یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص اور مخصوص واقعہ ہے۔ جیسے شہادت خزیمہ۔ جس کے متعلق آپ کا فرمان ہے۔ من شہد لہ خزیمۃ فھو حسبہ۔ جس کے حق میں خزیمہ اکیلا گواہی دے وہ اکیلا شاہد کافی ہے۔ کیا آپ یہ قیاس کر سکتے ہیں کہ فلاں بزرگ بھی چونکہ خزیمہ کی طرح بہت نیک اور صادق ہیں اس لئے نصاب شہادت میں وہ اکیلے ہی گواہ کافی ہیں۔ اور ان کی وجہ شہادت سے حاکم یا قاضی فیصلہ دے سکتا ہے۔

صاحبزادہ کہیں جلدی میں کچھ کہہ نہ دینا۔ پہلے نور الانوار دیکھ لینا۔ جہاں صاف لکھا ہے۔

ولا ینبغی ان یقاس علیہ من ھو اعلی حالا منہ کالخلفاء الراشدین۔

کہ اس پر خلفاء راشدین جیسے رفیع الشان لوگوں کو بھی قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

یعنی خزیمہ کی واحد شہادت قبول ہوگی مگر ابوبکر اور عمر و علی اور عثمان رضی اللہ عنہم جیسے بزرگوں کی اکیلی شہادت اس قابل نہ ہوگی کہ اس پر فیصلہ دیا جاسکے۔

کیوں جناب! آپ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص اعجاز سے عوام کالانعام کے فعل شنیع کو ثابت کرنے کے لئے استدلال کرتے ہیں کہ جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر پر ٹکڑی گاڑ کر امید ظاہر فرمائی تھی کہ شاید ان سے خدا تخفیف کردے اسی طرح قبروں پر پھول چڑھانے کے لئے بھی کرتے چلے صاحبزادہ علی پوری یاد رکھیں کہ یہ استدلال کسی طرح صحیح نہیں ہے۔ شیخ عبدالحق صاحب کریں یا کوئی اور یہ استدلال علماء اصول کے نزدیک غلط ہے۔

حوالہ نہیں ملا اسی عنوان میں ایک روائت انوار الصوفیہ کے صفحہ پر صاحبزادہ صاحب نے زیلعی کے حوالہ سے نقل کی ہے۔ ہم نے تخریج زیلعی میں وہ روائت بہت تلاش کی مگر وہ نہیں ملی۔ گو وہ روائت کسی طرح بھی ہمارے خلاف نہیں۔ مگر صحیح حوالہ کے لئے ہم صاحبزادہ سے دریافت کرتے ہیں۔ وہ روائت معہ مزید عبارت صاحبزادہ صاحب نے یوں لکھی ہے:۔

"عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ سأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انا نتصدق عن موتانا ونحج عنھم وندعولھم فھل یصل ذالک الیھم فقال نعم انہ لیصل ویفرحون بہ کما یفرح احدکم بالطبق اذا اھدی الیہ رواہ ابوحفص العکبری فللانسان ان یجعل ثواب عملہ لغیرہ سند اھل السنۃ والجماعۃ صلاۃ کان او صوما او حج او صدقۃ او قرأۃ للقرآن او الاذکار او غیرہ ذالک من انواع ویصل ذالک الی المیت وینفعہ قالہ الزیلعی فی باب الحج عن الغیر۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ ہم اپنے مردوں کے واسطے صدقہ دیتے ہیں ان کیلئے حج کرتے ہیں۔ کیا یا نہیں پہنچتا ہے۔ فرمایا ان کو ضرور پہنچتا ہے۔ اور وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جیسا تم میں سے کوئی ایک طبق (سینی) پر خوش ہو جبکہ اسکو ہدیہ کیا جائے۔ اس حدیث کو ابوحفص عکبری نے روائت کیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ آدمی کو اختیار ہے کہ اچھے عمل کا ثواب غیر کو دے۔ یہی اہلسنت والجماعت کا مذہب ہے۔ خواہ وہ عمل نماز ہو یا روزہ یا حج یا صدقہ یا قرآن شریف کی تلاوت یا ذکر۔ اسکے علاوہ اور نیکیاں یہ میت کو پہنچتا ہے۔ اور اسکو نافع ہوتا۔ زیلعی نے باب حج عن الغیر میں یہی لکھا ہے"

(انوار الصوفیہ بابت جولائی ۱۹۳۵ء صفحہ ۳)

ہم نے جو کتاب دیکھی ہے وہ مطبع علوی لکھنؤ میں ۱۲۹۳ھ کو طبع ہوئی ہے۔

آئندہ کے لئے ہم صاحبزادہ صاحب سے اسلئے خوش ہیں کہ آپ بغیر سخت کلامی اور طعن و تشنیع کے اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرتے ہیں۔ مگر یہ بہت بڑی کمی ہے کہ عبارات اکثر بے حوالہ درج کرتے ہیں۔ امید ہے کہ

ahmadimuslim.de

عریضہ بخدمت مولٰنا اشرف علی صاحب تھانوی

برہنائے وعظ اشرف

آپ نے فرمایا کہ :-

دوسری اہل بدعت کی وہ جماعت ہے جو ہم لوگوں کو وہابی کہتی ہے۔ لیکن ہماری سمجھ میں آج تک یہ بات نہ آئی کہ ہم کو کس تناسب سے وہابی کہا گیا۔ کیونکہ وہابی وہ لوگ ہیں۔ جو کہ ابن عبدالوہاب کی اولاد میں ہیں یا اوس کے متبع ہیں۔ ابن عبدالوہاب کے حالات مدون ہیں۔ ہر شخص اون کو دیکھ کر معلوم کرسکتا ہے کہ نہ اتباع کی رو سے ہمارے بزرگوں میں ہیں نہ نسب کی رو سے۔ البتہ آج کل جن لوگوں نے تقلید کو ترک کر دیا ہے۔ ان کو ایک اعتبار سے وہابی کہنا درست ہوسکتا ہے۔ کیونکہ ان کے اکثر خیالات ابن عبدالوہاب سے ملتے جلتے ہیں۔ البتہ ہم لوگوں کو حنفی کہنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ معلوم ہوچکا ہے کہ اصول چار ہیں۔ کتاب اللہ۔ حدیث الرسول اجماع امت۔ قیاس مجتہد۔ ان چاروں کے سوا اور کوئی اصل نہیں۔ مجتہد اگرچہ متعدد ہیں لیکن اجماع امت سے بات ثابت ہوچکی ہے کہ ائمہ اربعہ یعنی امام ابوحنیفہ۔ امام شافعی۔ امام احمد بن حنبل۔ امام مالک بن انس رحمہم اللہ کے مذہب سے باہر ہونا جائز نہیں۔ نیز یہ بھی ثابت ہے کہ ان چاروں میں سے جس ملک میں جس کا مذہب رائج ہو اوس کا اتباع کرنا چاہیئے۔ تو چونکہ ہندوستان میں امام ابوحنیفہ کا مذہب رائج ہے اس لئے ہم اونہیں کا اتباع کرتے ہیں ؛

(رسالہ تقویم الزیغ صفحہ ۳۱ ۔ وعظ نمبر ۱)

مولانا ! آپ اور آپ کے تابعدار تو وہابی ہونے سے بچے نہ بچارے اہل حدیث ہی وہابی سہی۔ خدا کرے آپ وہابی ہونے سے بچ جائیں۔ مگر جو جماعت آپ کو وہابی کہتی ہے اس لئے نہیں کہتی کہ آپ غیر مقلد ہیں۔ بلکہ ان کو یہ بات مسلم ہے کہ آپ مقلد ہیں۔ یہ کوئی دوسری بات ہے جو آپ کو وہابی بنا رہے ہیں۔ اگر آپ اس پر قائم رہے تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ آپ وہابی ہونے سے بالکل نہ چھوٹ سکیں گے۔ اگرچہ آپ اپنے مواعظ میں ہزار بار بیزاری کا اعلان کیوں نہ فرمائیں۔ ہاں ایک بات ہے اگر آپنے وہابی کے لقب سے نجات حاصل کرنی ہے۔ تو ہمارے مشورہ پر عمل فرماویں۔ انشاء اللہ وہ جماعت اہل بدعت آپ کو اپنا ہم خیال تصور کرتی ہوئی آپ کو صوفی مانے گی۔ وہ مشورہ یہ ہے کہ

آپ مجلس میلاد مقرر فرماویں۔ پھر اوس میں قیام کریں۔ قوالی وسرود وغیرہ دل کھول کر سنیں۔ گیارھویں کے چاول اور پیر صاحب کی شیرینی نوش جان فرماویں۔ بی بی کی صحنک اور شیخ سدہ کا بکرا ذبح کرکے کھائیں کھلائیں۔ یارسول اللہ کا نعرہ لگائیں۔ اور مسجد میں بغداد شریف کی طرف منہ کرکے گیارہ قدم ماریں۔ اور حضور نبی کریمؐ کو حاضر ناظر وعالم الغیب قاسم ارزاق مانیں۔ اور بشریت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے انکار فرماویں قبروں کا طواف اور سجدہ اور چومنا چاٹنا اور امداد طلب کریں۔ اور بزرگوں کے عرس وغیرہ کریں۔ وغیرہ۔

تو آپ دیکھ لیں کہ تمام بچھڑے دوست احباب آپ کے ملنے کو بیتاب نظر آئیں گے۔ محال ہے کہ آپ کو کوئی شخص بھی وہابی بنائے۔ آپ بالکل صاف صوفی ہو جاویں۔ پھر میرے مشورہ کی بھی امید ہے کہ آپ داد دیں گے۔ ؎

گر قبول افتد زہے عز و شرف

اخیر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو وہابی ہونے سے بچا لے جس نے آپ کو بے چین اور بے آرام کر رکھا ہے۔ اور دوستوں اور عزیزوں سے جدا کر رکھا ہے۔ میر محمود[*]

[*] میں اس دعا کو بد دعا جان کر آمین نہیں کہتا بلکہ دعا کرتا ہوں کہ خدا سب مسلمانوں کو وہابی بنائے۔ کیوں ؎ وہابی کا معنی ہے دھان والا۔ (اہلحدیث)

اگر غلط ہو تو وجہ غلطی سے مطلع فرماویں۔ ائمہ اربعہ رحمہم اللہ کی تقلید کی بابت بھی کبھی عرض کروں گا۔ (ابوالمرتضیٰ عفی عنہ)

عقائد الغالیہ

(مرحوم مولوی عبدالکریم صاحب جتوئی نہری)

سلف کے صوفیاء کرام کا عقیدہ دنیا جانتی ہے کہ وہ بزرگ شرک وبدعت سے سخت نفرت کرنے والے اور اس کی ہوا کو مضر الایمان جاننے والے تھے۔ اگر کوئی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور مجدد الف ثانی سرہندی قدس سرہم کے ملفوظات فتوح الغیب اور مکتوبات دیکھے تو ان بزرگوں کے مذہب اور روش کا پتہ لگ جائے۔ (رضی اللہ عنہم)

آج کل کے صوفی منسوب بمذہب کوئی اس امر پر زور دے رہے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا ظہور اور حلول ہر شے میں ہے۔ پھر اس ہمہ اوست کے عقیدہ کو پھیلانے کی ہمہ تن سر توڑ کوشش کر رہے ہیں۔ تاکہ مسلمانوں میں یہ اعتقاد رائج وناپیچ ہو جائے۔ اسی خیال کے وجہ یہ گروہ نے اولیاء اللہ وبزرگان دین کے مزارات پر میلے لگانے مقرر کئے ہیں۔ اور ان قبروں کے میلوں کو اسلام کی شوکت بتاتے ہیں بلکہ عین ثواب وسعادت جانتے ہیں۔ افسوس ! ان من گھڑت بدعتوں کو ایجاد کرکے سلف کے ذمہ تھوپتے ہیں اور یہ ہمہ اوست کا کفری عقیدہ حنفی مذہب کے بزرگوں کا مسلک بتاتے ہیں۔ کاش اگر فتوح الغیب، اقوال العارفین، غنیۃ الطالبین، مکتوبات مجدد الف ثانی سے آگاہ ہوتے تو یہ گڑبڑ نہ مچاتے۔

مسئلہ وحدت الوجود کو اپنے خیال کے مطابق تراش کر کہتے ہیں کہ وحدۃ الموجودات یعنی تمام کائنات مصنوعات باری ایک ہیں۔

یہ عقیدہ اسی ضالی فرقے کا ہے اور کسی کا نہیں ایسے ہمہ اوستی وجودیوں کی تردید میں سید [illegible]

حجت مولانا روم [illegible]

آے بروں از وہم و قال و قیل من
خاک بر فرق من و تمثیل من

کبھی کہتے ہیں کہ انسان کے اجزا میں سے ایک جزو بھی خدا ہو سکتا ہے [illegible] افراد کائنات کو خدا کہہ دیا تو کسی جگہ ایک جزو کو یہی نسبت کر دی۔ عرس کے جلسہ میں خدا وند عز و جل کی تعریف کرتے ہوئے وجد میں آکر کہتے ہیں ؎

تھہ باذنی اللہ انا الحق کہتے انکی کیا مجال
شمس اور منصور کے مونہہ میں زبان تو ہی تو تھا

یہ عقیدہ قرآن مجید میں باطل پرستوں کا بعینہ اسی طرح بتایا گیا ہے۔

قال تعالیٰ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ مُبِينٌ (پ ۲۵)

مقرر کیا انہوں نے واسطے اسکے اسی کے بندوں سے ایک جزو اس طرح کہنے والے انسان کے کفر میں کیا شک ہے۔

یعنی بعد اس اقرار کے کہ اللہ ہی خالق ہے اس کی اولاد مقرر کی اور فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہنے لگے اور اولاد باپ کی جزو ہوتی۔ جو جزوں سے مرکب ہو وہ واحد نہیں ہو سکتا اور اللہ تعالیٰ تو ذات میں واحد ہے اس کی اولاد کیونکر ہو سکے۔ (جامع البیان)

یہ ان کی قلت عقل اور سخافت نقل ہے۔ آیت کریمہ کل مبطلین کی تردید کرتی ہے۔ خواہ کوئی اس کے لئے اولاد ثابت کرے یا فرشتوں کو اس کی لڑکیاں بتائے یا کسی اور چیز کو اس کا شریک گردانے یا مخلوقات کی کسی چھوٹی بڑی چیز کو اس کے ساتھ تشبیہ دے تو اول درجہ کا غالی اور مشرک ہے۔ ایسا بے حیا دنیا میں شاید کوئی نہ ہوگا جو احد اور احمد کے فرمان کے چھوڑ کر اپنی ہی کہتا رہے۔ خدا اور رسول کے بتلائے ہوئے امر میں کسی اور کے بتلانے کی کیا ضرورت ہے اور کیونکر ایسا کلام مانا جاسکے۔

دیکھئے مالک اور عبد کا فرق خود کلام الٰہی سے ثابت ہے معراج کے موقعہ [illegible] کہیں قریب کے وقت

ہاتھ آئیں گے۔ یعنی تقریب میں بھی اس فرق کو ملحوظ رکھ کر فرمایا: سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَىٰ بِعَبْدِهِ۔ حضورؐ کے لئے معراج نہایت اعزاز و اکرام کا موقعہ تھا اور مومن کے لئے نماز معراج ہے۔ جیسا کہ خود حضور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

الصلوٰۃ معراج المؤمنین

نماز مؤمن کا معراج ہے یعنی نماز میں سب سے زیادہ قرب الٰہی ہوتا ہے۔ لہٰذا اس جگہ بھی سمجھا دیا ہے

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

پھر کسی شاعر یا صوفی صافی کی بات کو سن کر ظلمات کیوں نہ سمجھنا چاہئے۔ افسوس ان لوگوں پر جو ایسے صاف اور روشن معاملے میں بہکے، بھٹکتے پھرتے ہیں۔ اور عرس کے جلسوں میں پڑھتے ہیں ؎

احد میں اور احمد بے میم میں دوئی
وہ جانتے ہیں عقل میں جن کے ہے کچھ کمی

یہ لوگ کیسے حد سے گزرے کہاں سے کہاں پہنچے ہیں۔ بزرگوں کا عرس کرنا اور اس کی جملہ رسومات تو ایک بدعت اور ناجائز کام تھا۔ مگر اس تقریب میں

مالک اور عبد کا فرق مٹا کر کتنے اہم اور اکبر معاملہ کو [illegible] کیا ہے۔ مالک اور بندے کا فرق دور کر کے دکھانے کے بارے میں ؎

میم کی چادر دور کرو ہی ایک کا ایک

بعض چیزیں یا افعال بہت اچھے ہوتے ہیں مگر نااہل کے ہاتھ آجانے سے اس کی حیثیت میں فرق آجاتا ہے تصوف اور سنیت ایسے عمدہ جوہر ہیں جن کی بدولت ہر انسان دولت ایمان سے مالا مال ہو سکتا ہے۔ کیا یہ تصوف اور اہلسنت مذہب پر قبضہ اسی واسطے کر رکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خداداد منصب سرور یا خیر کا فی خیال کر کے اپنی طرف سے رسول مقبول کو بندی دی جائے ؎

احد احمد بن کے آیا
بے سمجھاں نے بھید نہ پایا

علماء متقدمین و متاخرین نے اس خیال کے لوگوں کی تردید میں دفتروں کے دفتر لکھے مگر یہ نہ سمجھے۔ اور آخر ان کی ہٹ دیکھ کر کہنا پڑا ؎

عالم بہت یک طرف آں شوخ تنہا یک طرف

بارش آسمان سے آتی ہے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ جو لوگ اسلام کی تبلیغ میں مشاہدات کا انکار کرتے ہیں وہ در اصل اسلام کے منکروں کو اسلام سے روکتے ہیں۔ مجھے ایک لمحہ کے لئے بھی یہ گمان نہ ہوا تھا کہ افراد اہل حدیث میں ایسے لوگ ہیں جو مشاہدات کے انکار پر اڑ جاتے ہیں۔ لیکن واقعات پیش آمدہ سے میرا یہ خیال غلط ثابت ہوا۔ جبکہ میں نے دیکھا کہ جماعت حقہ میں ایسے لوگ بھی ہیں جو بارش کے نزول کی ابتدا آسمان سے مانتے اور منواتے ہیں۔ چنانچہ ان میں سے ایک مراسلہ حسب ذیل ہے۔ (مدیر)

حضرت شیخ جناب مولانا مولوی ثناء اللہ صاحب

سلمکم اللہ و عافاکم۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ!

معروض آنکہ پرچہ اخبار اہلحدیث مجری مؤرخہ ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ نظر سے گزرا۔ جس کے صفحہ تا ۱۲ تک بارش کا ذکر ہے۔ بعد ازاں آپ کی مختصر رائے بھی دیکھی۔ جس کا دارومدار آپ نے دو چیزوں پر رکھا ہے۔ ایک تاویل بالمجاز یعنی السماء کو حقیقی معنی سے پھیر کر بغیر ضرورت کے مجازی معنی سحاب میں لانا اور دوسرا اپنا مشاہدہ علی جبال الشملہ۔ سو بندہ آپ کی دونوں دلیلوں کے متعلق اپنا خیال ظاہر کرتا ہے۔ مہربانی کر کے آئندہ پرچہ اہلحدیث میں اسکو بغیر کمی بیشی کے شائع فرما دیں۔

جواب مشاہدہ | مولانا آپ [illegible]

[illegible] مفسرین نے صرف یہی نزول کی یہ کیفیت ثابت ہوتی کہ بارش کے قطرات آسمان کے کنارہ ہی سے گرتے ہیں اور گرنے میں بھی کسی ایک جگہ سے نہیں گرتے بلکہ تمام سطح آسمان سے گرتے ہیں تو آپ سائل بن کر جواب طلب کرتے کہ جناب میں بھی تو آسمان کے نیچے شملہ کے پہاڑ پر کھڑا تھا۔ مجھ پر قطرات بارش کیوں نہ گرے اور نیچے نیچے سب کام ہوگیا۔ مولانا تمام صحابہ اور اکثر مفسرین نے صرف یہ ثابت کیا ہے کہ بارش آسمان سے آتی ہے۔ یہ ثابت نہیں کیا کہ آسمان کے کنارہ ہی سے قطرات بارش گر پڑتے ہیں اور آسمان کی تمام سطح ہی سے گرتے ہیں تاکہ آپ کا مشاہدہ اس کے خلاف ہو۔ مولانا اصل بات یہ ہے کہ آسمان پر کے دریا سے (اس کا ثبوت یہ ہے کہ بخاری۔ مسلم میں انس بن مالک کی روایت معراج کی بڑی حدیث ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سدرۃ المنتہیٰ کے پاس جو دریا ہے اس میں سے جنت کی نہریں نکلی ہیں نیل اور فرات بھی اس میں سے نکلی ہے) پانی بادلوں میں آجاتا ہے اور وہ بادل قریب زمین کے پہاڑوں سے نیچے آکر جس جگہ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے بارش برساتے ہیں۔ یہی معنی ہیں قولہ تعالیٰ ویصرفہ عمن یشاء کے آپ کے خشک رہنے اور نیچے بارش ہو جانے کی مثال بعینہ اس طرح ہے کہ ایک شخص کا مکان چار منزلہ ہے اور وہ دوسری منزل میں کھڑا ہے اس کے خادموں نے بوجہ کسی ضرورت کے پانی تیسری اور چوتھی منزل میں جمع کر رکھا تھا۔ اب انہوں نے ضرورت کے وقت اوپر سے دوسرے راستہ سے پانی لاکر صحن گاہ کو مشکوں سے سیراب کر دیا تاکہ گرد و غبار بیٹھ جائے۔ بعدہ وہ مالک مکان خادموں سے پوچھتا ہے کہ یہ پانی کس جگہ سے آیا۔ پانی تو گھر میں بالکل کوئی نہیں تھا۔ جواب ملتا ہے کہ ہم نے اوپر کی منزل سے پانی لاکر اسی صحن کو سیراب کیا ہے۔ یہ حقیقت سن کر مالک مکان کو تشفی ہو جاتی ہے [illegible] پانی اوپر کی منزل سے آیا [illegible] بارش کی حقیقت ہے ویصرفہ عمن یشاء [illegible]

عقلی سوال کا عقلی جواب اور الحمد للہ اس عقلی جواب سے آپ کے مشاہدہ کی بھی تکذیب نہیں ہوئی اور اقوال صحابہ اور آراء مفسرین کو بھی پامال ہونا نہ پڑا۔ دونوں کے درمیان مطابقت ہوگئی۔

دوسری دلیل آپ کی تاویل بالمجاز ہے۔ یعنی السماء کے سحاب یا بلندی کے معنی کرنے سو مولانا! آپ غور فرمائیں۔ اولاً لفظ السماء جو معرفہ باللام ہے اس پر الف لام کیسا ہے۔ کیا یہ الف لام اپنے ہوتے ہوئے آپ کو مطلق سماء نکرہ کے معنی سحاب یا بلندی کرنے دیگا ہرگز نہیں۔ سو آپ چاہے اسکو الف لام تعریف کا ٹھیرائیں۔ چاہے عہد خارجی دونوں صورتوں میں مراد السماء سے آسمان معروف ہی ہوگا۔ مطلق بلندی اور سحاب نہیں۔

ثانیاً آپ نے السماء کے حقیقی معنی آسمان معروف چھوڑ کر مجازی معنی سحاب یا مطلق بلندی کیوں لئے حقیقت تو اس وقت متروک ہوتی ہے۔ جب مہجورہ ہو جیسے لا یضع قدمہ فی دار فلاں یا کم از کم متعذرہ ہو جیسے ان اکلت من ھذا القدر اور من ھذا الشجر نعبد ی حر۔ آپ کو سماء حقیقی کے معنی کرانے اور بادل کے معنی کرنے میں کونسا استحالہ پیش آیا۔ جس سے آپ یا دیگر بندگان دین نے یہ تاویل اختیار کی اور جو استحالہ آپ نے ذکر کیا اس کی عدم مخالفت اقوال مفسرین سے بندہ نے ثابت کردی جس کا ذکر بصورت تطبیق اوپر گزرا۔

ثالثاً۔ اگر السماء کے معنی بادل بھی کئے جائیں تو کچھ حرج نہیں۔ کیونکہ سورہ نور میں جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وینزل من السماء من جبال فیھا من برد تو اس نزول سے مراد نزول حقیقی ہوگا یعنی نزول اول بارش آسمان سے اترتی ہے اور دوسری جگہ جو بعض مفسرین نے السماء کے معنی سحاب کئے ہیں اس سے مراد ابتداء اضافی ہوگا۔

رابعاً قرآن مجید میں ہے۔ یا سماء اقلعی [illegible] ففتحنا ابواب السماء بماء منھمر۔ تو یہ دونوں آیتیں بھی آسمان معروف ہی کی جاری ہیں۔ مزید یہ [illegible]

حدیث میں ہے:۔

عن انس قال اصابنا ونحن مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مطر قال فحسر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثوبہ حتی اصابہ من المطر فقلنا یا رسول اللہ لم صنعت ھذا قال لانہ حدیث عہد بربہ رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ ص ۱۳۱ باب الاستسقاء۔ نیز یہی روایت ابوداؤد اور مسند احمد میں بھی ہے۔ اس حدیث کی تفسیر حاشیہ مشکوٰۃ پر لکھی ہے۔

حدیث۔ عہد ای قریب حادث بحیثہ من عالم القدس لم یدنس باجزاء ھذا العالم یعنی ابھی آیا ہے عالم پاک سے نہیں ملوث ہوا کدورات عالم دنیا سے جس کا خلاصہ یہ کہ آسمان پاک سے میرے رب کے نزدیک سے آیا ہے۔

سبحان اللہ! کیا عمدہ مطلب ہے۔ وللہ درہ اس کے خلاف جن لوگوں نے اس کے معنی یہ بیان کئے ہیں۔ ای بتکوین ربہ ایاہ یعنی ان المطر رحمۃ وھو قریب العہد بخلق اللہ فیتبرک بھا۔ یہ معنی نہایت بعید ہیں متکلم کی کلام حدیث عہد بربہ کی غرض ادا کرنے میں حدیث ہذا کے صحیح معنی سمجھنے میں کوئی شخص صاحب ذوق صحیح یہ معنی نہیں کریگا۔ نیز اس معنی سے لازم آئیگا کہ نبی صلعم کے پاس ہزاروں چیزیں تکوینی اور خلقی حیثیت سے پیدا ہوتی رہتی تھیں۔ ان سب سے آپ یہ معاملہ کیوں نہیں کیا کرتے تھے۔ الغرض انصاف پسند شخص کے لئے یہ حدیث ایک ہی کافی دلیل ہے۔ واللہ اعلم!

حررہ محمد عفا اللہ عنہ مدرس مدرسہ نصرت الاسلام۔ کوٹ بھائی

الغزالی حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات کو نہایت عمدہ پیرائے میں بیان کیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے آپ کو بہت سے اہم مسائل کا علم ہوگا۔

قیمت [illegible] ملنے کا پتہ:۔ [illegible]

مسلمانو! کدھر جا رہے ہو؟

نوشتہ مولوی محمد عبدالکریم صاحب کریم اودیا گیر (مداس)

اگر مسلمانوں سے سوال کیا جائے کہ ان کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟ انہوں نے اپنا نصب العین کیا قرار دیا ہے؟ کس منزل مقصود کی طرف جا رہے ہیں تو ہرگز جواب نہ دے سکیں گے۔ عام مسلمان ہی نہیں خواص بھی جواب نہ دے سکیں گے۔

مسلمانوں کی بدنصیبیاں بے شمار ہیں لیکن اس سے بڑی بدنصیبی کوئی نہیں کہ انہوں نے اپنے لئے کوئی نصب العین مقرر نہیں کیا ہے۔ انہیں معلوم نہیں کہ کدھر جا رہے ہیں اور کیوں جا رہے ہیں۔ انکی مثال بھیڑوں کے اس گلے کی ہے جو گلہ بان کے بغیر ہی چل پڑا ہے اور نہیں جانتا کہ چراگاہ کی طرف جا رہا ہے یا غار ہلاکت کی طرف۔

پڑھے لکھے مسلمانوں کی زبان سے اکثر سنا جاتا ہے کہ مسلمانوں کی زندگی کا اصلی مقصد یہ ہے کہ خدا کا کام انجام دیں کیونکہ وہ خدا ہی کے ہیں اور دنیا میں اس کی مشیت ہی پوری کرنے آئے ہیں۔

یہ بہت ہی مبارک خیال ہے۔ بے شک اسلام کی تعلیم یہی ہے کہ مسلمان اللہ کے بنیں اور اسکی مشیت پوری کرنے کے لئے وقف رہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا مسلمان واقعی ایسے ہی ہیں جیسا ان کا دعویٰ ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے ہیں۔ مگر اللہ کا ہونا کسے کہتے ہیں؟ اگر وہ اللہ کے ہوتے تو کیا غیر اللہ کے آگے جھک سکتے تھے؟ کیا غیر اللہ سے ڈر سکتے تھے؟ کیا غیر اللہ کے غلام بن سکتے تھے؟ ظاہر ہے کہ نہیں کیونکہ اللہ والے اللہ کے سوا نہ کسی سے ڈرتے ہیں نہ کسی کے آگے جھکتے ہیں۔ نہ کسی کے غلام بنتے ہیں۔

قرآن مجید میں اللہ والوں کی صفتیں اور حالتیں پوری صفائی سے بیان کر دی گئی ہیں۔ مسلمان بتائیں کہ ان میں اللہ والوں کی کونسی صفت موجود ہے؟ اللہ والوں کی سب سے بڑی پہچان یہی ہے کہ وہ سربلند رہتے ہیں۔ چاہے طاقتور ہوں یا کمزور۔

مکہ معظمہ میں مسلمان بہت کم تعداد اور بہت کمزور تھے۔ گنتی کے چند ہی مسلمان تھے۔ مگر کیا غیر اللہ کی بے پناہ طاقتوں کے آگے سرنگوں تھے؟ ہرگز نہیں۔

سرداران قریش نے ابو طالب سے مطالبہ کیا کہ اپنے بھتیجے کو بتوں کی مذمت سے منع کر دیں۔ ابو طالب نے بھتیجے کو بلایا اور کہا کہ دیکھو یہ تمہاری قوم کے سردار ہیں اور تم سے ایک درخواست کرتے ہیں۔ اسکا جواب اللہ والوں کے سرتاج نے یہ دیا۔ چچا! اگر یہ لوگ سورج کو اتار کر میری دائیں ہتھیلی پر رکھ دیں اور چاند کو اتار کر بائیں ہتھیلی پر تو بھی میں اپنی راہ سے ہٹنے والا نہیں، یہاں تک کہ خدا میرا ان کا فیصلہ کر دے۔ بتاؤ یہ سربلندی تھی یا ذلت و خواری۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی مادی قوت نہ تھی مگر اس کے باوجود سربلند تھے۔ کیونکہ اللہ والے تھے۔

بلالؓ زرخرید حبشی غلام تھے۔ جب اللہ والے بن گئے تو مشرکوں نے سزائیں دینا شروع کیں۔ وہ بے ہوش ہو ہو جاتے تھے۔ مگر جب حواس درست ہوتے تو زبان سے اللہ اللہ ہی نکلتا تھا۔

آج کل بعض بیمار دلوں نے اپنی بزدلی اور راہ حق سے دوری کے لئے یہ عذر لنگ بیان کرنا شروع کر دیا ہے کہ اس وقت ہم پر وہی دور گزر رہا ہے جو مکہ میں مسلمین اولین پر گزر چکا ہے۔ جب وہ کمزور اور بے دست و پا تھے۔ مگر یہ عذر سراسر جھوٹا ہے۔ بے شک مکہ میں مسلمان کمزور و مفلوک تھے مگر کسی غیر اللہ کے سامنے سرنگوں نہیں تھے۔ راہ حق پر استوار تھے۔ باطل سے سمجھوتا نہیں کرتے تھے بر خلاف اسکے آج مسلمانوں کی جو حالت ہے سب کے سامنے ہے۔ یہ حالت اس درجہ ابتر اور پست ہے کہ حیا اور شرمندگی کی شرم سے گردن جھک جاتی ہے یہ حالت [illegible] ہے جس میں [illegible] سے کہا گیا تھا کہ اپنے آپ کو مار ڈالو کہ موت تمہارے لئے زندگی سے کہیں بہتر ہے۔

اور آج کل کے مسلمانوں کا یہ کہنا کہ اللہ کی مشیت پوری کرنا ہماری زندگی کا مقصد ہے تو یہ بھی جھوٹا دعویٰ ہے۔ ساری دنیا مسلمانوں کو دیکھ رہی ہے اور جانتی ہے کہ وہ اللہ کی مشیت کے خلاف چل رہے ہیں اللہ کی مشیت کیا ہے؟ اللہ نے اپنی مشیت قرآن میں بیان کر دی ہے۔ اللہ کی مشیت یہی ہے کہ کلمۂ حق کو اونچا اور کلمۂ باطل کو نیچا کیا جائے۔

اللہ کا مسلمانوں سے مطالبہ ہے کہ اپنے آپ کو حق کی خدمت کے لئے وقف رکھیں اور حق کے لئے ہر قسم کی قربانیاں پیش کرتے رہیں۔ اللہ کی یہی مشیت ہے اور اسی کو تمام اللہ والے ہمیشہ پورا کرتے رہے ہیں۔ اللہ نے فرما دیا ہے کہ جو لوگ اس کے بعض حکموں کو مانتے اور بعض کو نہیں مانتے ان کی سزا یہ ہے کہ دنیا میں ذلیل و خوار ہوں اور آخرت میں سخت ترین عذاب جھیلیں۔

بدنصیبی سے ہم مسلمانوں کا مدعیہ بھی یہی ہے۔ ہم میں جو لوگ دیندار ہیں ان کی دینداری بھی اس سے آگے نہیں بڑھتی کہ پانچ وقت ٹکریں لگالیں۔ سال میں تیس دن فاقے کر لیں۔ خاص قسم کی صورت بنالیں۔

غور کرنے کا مقام ہے کہ خدا کو ان ٹکروں اور فاقوں سے کیا فائدہ؟ اگر سچی نماز بھی پڑھی جائے اور سچے روزے بھی رکھے جائیں تو بھی کافی نہیں۔ یہ عبادتیں تو آسان ہیں اور مومن و منافق سب ہی کر سکتے ہیں۔ خوش دلی سے ہو یا بد دلی سے۔ لیکن اللہ والوں کی اصلی پرکھ ہولناکیوں میں استقامت ہے۔ جب مصائب جسموں میں کپکپی ڈال دیں اور دل حلق میں اتر آئیں۔ اگر اس وقت بھی آدمی اپنے ایمان پر قائم رہے اور حق کی حمایت سے منہ نہ موڑے تو بے شک اللہ والا ہے۔ کیا اللہ والوں کی شکل یہی ہے؟ کیا اللہ کا کام کرنے والوں اور اللہ کی مشیت پوری کرنے والوں کی یہی صفت ہے؟

(۲۸۳) [illegible] (اردو ترجمہ) مصنفہ شاہ عبدالعزیز دہلویؒ [illegible]

فتاویٰ

س ۹۶ } کسی شخص کی عورت کو نوکر کے ساتھ خاص طریق پر لیٹے ہوئے کسی شخص نے دیکھا خاوند نے سن کر عورت سے پوچھا۔ اس نے جواب دیا کہ اس نے مجھ سے جبر کیا۔ خاوند نے عورت کے زیورات اتار کر ماں باپ کی طرف واپس بھیجدیا۔ اور لکھ دیا کہ میں نے اس سے خلع کر لیا ہے۔ اس صورت کا کیا حکم ہے؟ (سائل نامعلوم)

ج ۹۶ } صورت مرقومہ میں ایک شخص کے دیکھنے سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ لیکن شبہ ہے۔ خلع عورت کی طرف سے ہوتا ہے مرد کی طرف سے نہیں ہوتا اس لئے صورت مرقومہ میں خلع نہیں ہوا بلکہ طلاق ہوئی۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔ لا تعضلوا ھن لتذھبوا ببعض ما اٰتیتموھن الا ان یاتین بفاحشۃ مبینۃ۔ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ عورت بے حیائی کا کام کرے تو مرد دیا ہوا مال اس سے لے سکتا ہے۔

نوٹ | آیندہ سائل اپنا نام لکھا کریں۔ اگر ان کو اپنا نام ظاہر کرنا منظور نہ ہو تو الگ کاغذ پر نوٹ لکھ دیا کریں کہ میرا نام نہ لکھا جائے۔ مگر سوال کے ساتھ نام اور پتہ ضرور لکھنا چاہئے۔ کیونکہ بعض اوقات دفتر سے سوال ہوتا ہے کہ کس شخص نے یہ سوال بھیجا ہے۔

س ۹۷ } دو یا تین شخص حج کرنے کی نیت رکھتے ہیں۔ لیکن اتنا سرمایہ نہیں کہ وہ حج کو جا سکیں حج جانے کی صورت کا یہ مشورہ کیا ہے کہ ہر شخص کسی امانت دار یا کسی محفوظ جگہ پر ہر ماہ برابر برابر کا روپیہ جمع کرتے جائیں۔ جب ایک شخص کے لئے حج کے خرچ کا روپیہ جمع ہو جائے تو قرعہ ڈال کر جس کا نام نکلے وہ سب کا روپیہ جمع کیا ہوا لیکر حج کو چلا جائے پھر اسی طرح سب روپیہ جمع کرتے جائیں۔ جب پھر روپیہ جمع ہو جائے تو دوسری مرتبہ دوسرا شخص حج کو چلا جائے۔ اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ آیا اس طرح حج کو جانا جائز ہوگا یا نہیں۔ کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا قرض ہوا۔ (محمد حسین سوداگر بڈی از شاہ جہان پور دیوپی)

ج ۹۷ } یہ صورت جائز ہے۔ بشرطیکہ اس عرصہ میں مرجانے والا اپنی واجبی کثرت کے لئے وصیت کر جائے یا مال اتنا چھوڑ جائے جو بعد قرض ادا کیا جائے۔ اور اگر آپس میں ایک دوسرے کو معافی کا وعدہ ہے تو وہ وعدہ معتبر رہے گا۔ اللہ اعلم!

س ۹۸ } سوال نمبر ۲۵ کے جواب میں آپ نے تحریر فرمایا کہ نستیہ گرہ یورپین طریقہ ہے۔ لہذا یہ معلوم فرمائیں کہ شرعاً ستیہ گرہ کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ (سید عبد الشہید۔ پانڈھر کوڑا دبرار)

ج ۹۸ } شرعی جواب اس سوال کا ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ بہتر ہے کہ کسی کانگرسی عالم سے دریافت کریں۔ کیونکہ وہ اس امر میں مہارت رکھتے ہیں۔ اللہ اعلم

تصحیح } الحدیث ۱۳۔ جنوری ۱۹۳۹ء صفحہ ۱۳ پر سوال نمبر ۲۵ میں سائل کا نام سید عبد الرؤف شاہ لکھ دیا گیا ہے۔ مگر اصل سائل اپنا نام عبد الشہید تحریر کرتے ہیں۔

س ۹۹ } ایک مولوی صاحب کانگرسی پلیٹ فارم پر جاتے ہی یہ فرماتے ہیں کہ ہر ایک انسان کو اپنا نصف فوٹو کھنچوانا جائز ہے۔ چہ جائیکہ علماء یا مفتی ہوں۔ اس بنا پر فدوی نے ان سے ثبوت مانگا تو بہت سے مجمع میں جواب دیا کہ یہ بخاری شریف کی حدیث ہے اور اس بات پر بہت زور دیا لوگوں سے کہ ہم قرآن و حدیث پیش کرتے ہیں اسکو سچ مانوگے یا نہیں۔ تمام مجمع بے قرار تھا کہ خداوندا کیا ماجرا ہے کہ ساڑھے تیرہ سو برس سے نہیں سنا تھا مگر آج ایک کانگرسی عالم سے سن رہے ہیں۔ اس پر ہم لوگوں نے جواب دیا کہ ہمارا کانگرسی علماء کے فتوی پر یقین نہیں ہے جب تک مولانا ثناء اللہ سے فتوی نہ لے لیں۔ (محمد کریم بخش از مظفر پور)

ج ۹۹ } فوٹو (تصویر) کھنچوانا شرعاً ممنوع ہے۔

بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲

کس قدر شرم کا مقام ہے کہ غیر مسلم تو بلند مقاصد کیلئے جدوجہد کریں ... کے لئے قربانیاں دیں۔ لیکن مسلمان حقیر مادی زندگی اور اسکی لذتوں پر ریجھتے ہیں کوئی بلند خیال ان کے دلوں میں پیدا نہ ہو۔ اولو العزمی ان سے دور رہے۔ نفس کی خوشیوں میں پھنسے رہیں۔ ایسے بے حس و بے غیرت ہو جائیں کہ اپنی پستیوں کو بھی محسوس نہ کریں۔ اور کریں بھی تو ٹس سے مس نہ ہوں۔ اس زندگی کو کون پسند کر سکتا ہے۔ اس زندگی سے تو چوپایوں کی زندگی کہیں اچھی ہے۔ مسلمانو! کیا اب بھی وقت نہیں آیا کہ اپنی حالت پر ترس کھاؤ۔ ناممکن ہے کوئی خوشگوار تبدیلی تم میں پیدا ہو سکے جب تک اپنا نصب العین اور زندگی کا مقصد طے نہ کرو۔ تمہارا نصب العین وہی ہو سکتا ہے جو تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا تھا۔ ان کا نصب العین یہ تھا کہ سربلندی حاصل کی جائے۔ ذلت و خواری کسی حالت میں قبول نہ کی جائے۔

مگر یہ نصب العین تمہارا ہو نہیں سکتا جب تک تم قوم فروش لیڈروں کے چنگل میں پھنسے رہو گے۔ یہ لوگ وہ ہیں جو تمہارے کاندھوں پر پاؤں رکھ کر حکومت کے ایوانوں میں پہنچتے اور عہدے اور خطاب حاصل کرتے ہیں۔ ان لوگوں کا کام ہمیشہ یہی ہو سکتا ہے کہ اپنی قوم کو اپنے وطن کو اپنے دین کو نقصان پہنچائیں اور حکومت وقت کی خدمت انجام دیا کریں۔ اپنی گذشتہ دس برس کی تاریخ دیکھ لو بتاؤ اس مدت میں تم کتنے انچ آگے بڑھے ہو۔ کتنی عزت ترقی تمہیں حاصل ہوئی ہے۔ تمہاری ذلت و خواری میں کتنی کمی پڑی ہے۔ ان جھوٹے لیڈروں نے تمہاری کیا خدمت کی ہے؟ سنجیدگی سے غور کرو گے تو معلوم ہو جائیگا کہ اس دس برس کی مدت میں بھی تم تیزی سے گرتے ہی رہے ہو۔ مگر تمہارے یہ لیڈر حکومت کی نظر میں زیادہ محبوب اور اسکے خزانوں سے مالا مال ہوتے رہے ہیں۔ ایسی حالت میں ان لیڈروں کی پیروی ... کی حماقت ہی نہیں خودکشی ہے۔ آخر یہ ... کب تک باقی رہیگا۔ اسے بدلنا چاہئے۔ فوراً بدلنا چاہئے

متفرقات

ترقی بند ہے | سابقہ پرچہ دا انذکرنے کے بعد جب ماہ جنوری میں اشاعت اخبار کا اندازہ کیا گیا تو اس میں بنسبت سابقہ بہت سی کمی معلوم ہوتی ہے اگر اس کو پورا نہ کیا گیا تو بڑے بھاری نقصان کا خطرہ ہے۔ اس لئے ہر خریدار کوشش ہمت کرکے فروری میں ہی ایک ایک نیا خریدار بنائے۔ تاکہ کچھ تو تلافی مافات ہو سکے۔

وی پی بھیجے گئے | سابقہ پرچہ مندرجہ ذیل خریداروں کو وی پی بھیجا گیا تھا۔ ان میں سے اگر کسی صاحب کا وی پی واپس ہو جائے اور وہ اخبار جاری رکھنا چاہتے ہوں تو از راہ عنایت قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ ورنہ اخبار بند کر دیا جائیگا۔

۳۷- ۱۰۴۳- ۲۱۱۹- ۲۱۲۳-
۴۲۵۱- ۹۸۱۶- ۷۰۵۸- ۷۲۶۶-
۷۲۸۱- ۷۷۴۸- ۷۷۸۷- ۹۳۴۳-
۹۹۲۸- ۱۰۱۱۷- ۱۰۵۴۵- ۱۱۰۳۸-
۱۱۱۵۹- ۱۱۳۳۴- ۱۱۳۳۸- ۱۱۵۹۱-
۱۱۹۸۵- ۱۱۹۹۱- ۱۱۹۹۳- ۱۱۹۹۷-
۱۲۰۰۴- ۱۲۱۲۵- ۱۲۱۳۳- ۱۲۱۳۹-
۱۲۲۴۳- ۱۲۲۶۴- ۱۲۳۰۱- ۱۲۳۰۵-
۱۲۳۱۱- ۱۲۳۱۲- ۱۲۳۱۴- ۱۲۳۱۶-
۱۲۳۱۸- ۱۲۳۱۹- ۱۲۳۲۱- ۱۲۳۲۷-
۱۲۳۷۱- ۱۲۴۰۴-

آدھے سر کی درد | کی دوا کے لئے کسی صاحب نے اہلحدیث ۳۰ دسمبر ۳۸ء صفحہ ۱۱ پر ایک نوٹ شائع کرایا ہے۔ سو جواباً عرض ہے کہ پانچ گرین کونین کی ایک گولی صبح ایک شام کو استعمال کیا کریں۔ انشاءاللہ شفا ہو جائیگی۔ (راقم سلیمان داؤد میلدا از رنگون)

کوئی صاحب مطلع فرمائیں | کہ تحصیل چونیاں سے سینکڑوں اشخاص بغرض حصول اراضی میلسی،

کو صوبہ (ملتان) آ رہے ہیں۔ واپسی پر ہر ایک یہی کہتا ہے کہ میں ایک چک یا ایک مربعہ یا کم و بیش زمین کے لئے درخواست دے آیا ہوں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کوئی زمین سرکاری قابل فروخت یا تقسیم نہیں ہے۔ پبلک غلط فہمی میں مبتلا ہے۔ کوئی صاحب بذریعہ اخبار مطلع فرمائیں کہ اصلیت کیا ہے؟

محمد داؤد بابر خانوی پوسٹ گھلن۔ ضلع لاہور

ضرورت ہے | جھاجھا مسجد بازار مدرسہ کیلئے ایک اہل حدیث عالم کی ضرورت ہے جو عالم ہونے کے علاوہ مولوی ٹریننگ یا مدرسہ شمس الہدیٰ کی سند رکھتے ہوں۔ عربی، فارسی اور علم الحساب کی بہتر سے بہتر تعلیم دے سکتے ہوں۔ تنخواہ مبلغ ۱۵ روپیہ خشک ملیگا۔ خواہشمند حضرات پتہ ذیل پر خط و کتابت کریں۔

محمد ظہور۔ سیکرٹری مدرسہ مسجد بازار جھاجھا ڈاک خانہ جھاجھا۔ ضلع مونگیر

دعائے صحت | ہفت روز سے کوہ نور میڈیکل ہسپتال انگلش بازار مالدہ ڈاکٹر ایس۔ ایم سلیمان کے دواخانہ میں دانت کے مسوڑوں کا علاج کروا رہا ہوں۔ ۶ سیر خون نکل چکا ہے۔ فی الحال ۵ انجکشن ہوئے ہیں جس سے خون آنا بند ہو گیا ہے۔ لیکن کمزوری باقی ہے۔ ناظرین اہلحدیث صمیم قلب سے دعا کریں اللہ تعالیٰ جلد شفاء کلی عطا کرے۔ آمین ثم آمین!

طالب دعا:- مولوی ثناءاللہ سندر پوری

تصحیح | اخبار "اہلحدیث" ۶ جنوری صفحہ ۱۳ کالم ۲ میں غلطی سے میرا بڑا لڑکا شائع ہو گیا ہے اصل میں بڑا بھائی ہے۔ ناظرین صحیح کر لیں۔

(مولوی ثناءاللہ سندر پوری)

عید آنہ فنڈ | از امرتسر للعہ۔ مفتی محمد ظریف صاحب پشاور للعہ۔ جماعت اہل حدیث کوٹلی لوہاراں مغربی ضلع سیالکوٹ عہ۔ ایس عبدالرحمن صاحب پشاور ۱۲/

یاد رفتگاں | جناب ملا محمد اسحاق صاحب بمبئی والے جو پکے دیندار اور متبع سنت تھے ۲۔ ذیقعد کو رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (محمد ابوالخیر پیالی)

(از مئو آئمہ)

(۲) میرے برادر خورد شیخ رجب علی صاحب چند ماہ بیمار رہ کر ۲۶ جنوری کو وفات پا گئے۔ انا للہ!

(حاجی عبدالرحیم غلامی محلہ۔ جمال پور۔ ضلع مونگیر)

(۳) احقر کے والد بزرگوار ڈاکٹر محمد علی حسین خان صاحب جو پکے موحد و دیندار اور متبع سنت تھے انتقال فرما گئے۔ انا للہ! (خاکسار محمد عبدالحی خریدار ۱۱۲۲۴ فیروز آباد۔ ضلع آگرہ)

(۴) جماعت اہل حدیث کوٹلی ضلع میرپور ریاست جموں کے روح رواں و سرگرم کارکن منشی فضل دین صاحب چند روز علیل رہ کر عالم بقا کو سدھار گئے انا للہ! مرحوم نہایت نیک اور پکے اہل حدیث تھے تمام مسلم و غیر مسلم آپ کے اخلاق کے معترف ہیں۔

(ابو نعیم عبدالعلیم میرپوری)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور انکے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم

مضامین آمدہ | پنڈت آتما نند صاحب ۲ عدد منشی محمد عالم صاحب۔ ڈاکٹر سید محمد فرید صاحب۔ مولوی محمد عبدالرؤف صاحب۔ محمد عمر صاحب۔ عبدالشکور صاحب ۲ عدد۔ مولوی محمد مقبول صاحب شمس الدین صاحب۔ محمد فضل الرحمن صاحب۔ غلام محمد صاحب۔ ابو یحییٰ ملک امام خان صاحب محمد اسماعیل صاحب۔ عبدالغفار صاحب۔ مولوی عبدالرحمن صاحب خلیل۔ ظہیر الدین صاحب مولوی عبدالرحمن صاحب فرید کوٹی ۳ عدد۔ مولوی ابو مسعود خان قمر۔ بابو عمر الدین صاحب ماسٹر محمد حسین محمد جعفر صاحب سلیم۔ منشی محمد یوسف صاحب۔ محمد ابوالخیر صاحب ۲ عدد۔

نظمیں | مولوی محمد عبدالکریم صاحب۔ محمد جعفر صاحب سلیم ۲ عدد۔ محمد اقبال صاحب ایمن۔ محمد عبدالرحیم شائق ۲ عدد۔ شمس الدین صاحب ۲ عدد۔ نسیم صاحب آثمی۔ ملک محمد عبداللہ صاحب ساقی۔ مولوی غلام رسول صاحب ۴ عدد۔

غیر مقبولہ | علم خدا۔ ظاہر داری۔ توحید خالص حدیث

۴۳ مولوی عبدالغفور صاحب پھک رجاوی ۸/ عدد -

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

ہندو اور مسلمان

اس عنوان کا ایک مطبوعہ اشتہار دہلی سے ہمیں پہنچا ہے۔ جس کے درج کرنے سے پہلے ایک واقعہ ہائلہ کا ذکر کرنا ضروری ہے۔

دہلی میں یوں تو بہت سے شریف خاندان ہیں جو ہندو مسلمان پبلک کی نگاہ میں یکساں معزز ہیں۔ مگر ہمارے علم میں دو خاندان سب سے اعلیٰ چوٹی کے ہیں۔ ایک خاندان حکیم اجمل خان مرحوم کا جو بوجہ طبابت کے ہر ہندو مسلمان کے نزدیک معزز اور محبوب ہے۔ دوسرا خاندان حاجی علی جان مرحوم سوداگر کا ہے۔ جو اپنی شرافت و امانت کی وجہ سے مشہور ترین خاندان ہے۔ جن کی زندگی کا اصول مرنج و مرنجاں سب جانتے ہیں۔

مگر ناظرین یہ سن کر آسمان کج رفتار کی کج رفتاری پر آٹھ آٹھ آنسو روئیں گے کہ گذشتہ ہفتہ دہلی میں جو فساد ہوا اس کا اثر حاجی علی جان کی کوٹھی پر بھی پہنچا جس کی تفصیل یہ ہے۔

ہندوؤں کا غول کا غول سینکڑوں سے متجاوز ہاتھوں میں جھنڈیاں اور لوہے کے اسلحہ لئے ہوئے اس سڑک پر سے گزرا جہاں حاجی علی جان سوداگر کی کوٹھی ہے۔ ان کا شور و غل سن کر محافظان نے دروازے بند کر لئے۔ جلسے اور بازار والوں نے کئے تھے۔ کوٹھی کے باہر کے بڑے دروازے آئینہ دار ہیں۔ ہندوؤں نے حملہ کر کے ان شیشوں کو توڑ پھوڑ دیا۔ اور بہت نقصان پہنچایا۔ اندازاً ایک ہزار روپے کا نقصان ہوا۔ ایسے ستم اور ظلم کی حالت میں کوٹھی کے انچارج حاجی محمد صالح نے مندرجہ ذیل اشتہار لکھا۔ [illegible] کے نام ہی میں جو [illegible] رکھی ہے۔ اس [illegible] اشتہار بہت بھلا ہے۔ بجائے اس کے کہ حکام سے فریاد کریں اور ان غنڈوں کی تلاش کرائیں چپکے چپکے خاموشی میں مضمون لکھا اور چھپا کر شہر میں شائع کر دیا۔

اشتہار ایسا ہے کہ اہل ملک اگر اس پر عمل کریں تو ملک میں آئے دن جو فساد ہوتے ہیں وہ بند ہو جائیں ناظرین اس اشتہار کو ملاحظہ فرمائیں:۔

"ہندو اور مسلمان

دہلی کی قدیم بزرگی اور شرافت کو مضبوطی کے ساتھ قائم رکھیں۔

(۱) جلوس نکالیں جلسے کریں ہڑتالیں ہوں مگر شر اور فساد کی باتوں سے ہمیشہ اجتناب رکھیں۔

(۲) گورنمنٹ برطانیہ یا گورنمنٹ نظام سے جو کچھ حقوق طلب کئے جائیں شرافت اور نیک نیتی کے ساتھ حاصل کئے جائیں۔

(۳) بے قصور لوگوں کی جان و مال کا نقصان ہڑبونگ اور ہڑتال کے موقعہ پر نہ کیا جائے۔

(۴) ظلم کر کے اور ظالم بن کر جو کام کیا جائیگا اس کے معنی یہ ہونگے کہ جو نعمت حاصل کر چکے ہو وہ بھی تمہارے پاس سے چلی جائے گی۔

(۵) صداقت اور حق کا ہمیشہ عروج رہتا ہے اور ظالم و ظلم کا زوال ہر وقت۔

(۶) بُری بات کوئی بھی کہے اس پر عمل مت کرو اور یاد رکھو اِنَّ الشَّیْطٰنَ کَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا۔ (ترجمہ) بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

(۷) جو جماعت یا شخص شیطانی باتوں پر چلتا ہے یا آئندہ چلیگا دنیا و آخرت میں اس کے لئے خسارہ اور گھوٹا ہی لکھا ہے۔

(۸) ملک میں لوٹ مار اور فتنہ کرنے والوں سے سب کو محفوظ رکھو۔ پس یہی بزرگی و شرافت تمہاری ہے۔

(۹) ۲۲ جنوری ۱۹۳۹ء کی ہڑتال میں جلوس والوں کی زبان سے علی الاعلان جو کلمات سُنے گئے [illegible] ہیں۔ [illegible]

(۱۰) جو کام کیا جائے ملک کی بہبودی و ترقی کیلئے ہو نہ کہ بیکاری و بے روزگاری اور فتنہ و شر کیلئے

وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغ

محمد صالح۔ کوٹھی حاجی علی جان نئی سڑک دہلی"

اہلحدیث ہمارے نزدیک یہ مضمون ایسا مصلحانہ ہے کہ ہر صوبے کی حکومتیں اسکو اپنی لاگت سے چھپوا کر لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں شائع کریں۔

خدا توفیق بخشے کہ ہم ہندوستانی اپنے ہی ہاتھوں اپنے ملک کو برباد نہ کریں۔

مقام افسوس ہے کہ ہم ہندوستانیوں کے جھگڑے اور لڑائیاں عموماً مذہبی بنا پر ہوتی ہیں۔ کہیں تعزیہ کی وجہ ہے تو کہیں گائے کشی کی بابت دیکھا ہے تو یہ جتنی لڑائیاں ہیں یہ سب خلاف مذہب و دھرم کے ہیں۔ تعزیہ سازی تو اسلام میں کسی صورت جائز نہیں۔ گائے کشی کی بابت تھوڑی دیر کیلئے ہم مان بھی لیں کہ ہندو دھرم میں منع ہے لیکن ہندو دھرم شاستر میں کہیں حکم نہیں کہ رعایا کے مذہبی جذبات پر قبضہ کیا جائے۔ رعایا اپنے مذہبی جذبات میں خود مختار ہے کھانے پینے میں وہ راجہ کے احکام کی پابند نہیں ہو سکتی اور نہ راجہ اس کو پابند کر سکتا ہے۔

سب سے پہلے ہم آریہ سماجیوں سے پوچھتے ہیں جو اس قسم کی تحریکات میں پیش پیش رہتے ہیں کہ وہ بتائیں بنگال میں اگر آریہ راج قائم ہو جائے تو بنگالیوں کو مچھلی کھانے سے منع کر سکو گے؟ اور وہ چھوڑ بھی دیں گے یا مقابلہ میں ستیہ آگرہ کر کے آریہ راج کو الٹ پلٹ کر کے چھوڑیں گے۔ تو مسلمانوں کو کیوں تنگ کیا جاتا ہے اور آئے دن ملک میں فساد کیا جاتا ہے کہ گائے کشی نہ کریں۔ حالانکہ ان کی خوراک ہے اور وہ بغیر کسی دل آزاری کے اپنا مذہبی فریضہ ادا کرتے ہیں۔

اس لئے ایسے تمام کام عقل کے خلاف ہیں۔ جو لوگ اس آگ کو ہوا دیتے ہیں وہ ملک کے دشمن ہیں۔

چنانچہ ڈیرہ اسماعیل خان سے بھی ایک خبر وحشت اثر آئی ہے۔ جو درج ذیل ہے [illegible]

ahmadimuslim.de

پشاور ۴ فروری۔ آج شام کو یہاں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ آج بعد دوپہر ڈیرہ اسمٰعیل خان میں شدید ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں نے گاؤکشی کی۔ جس پر جھگڑا ہو گیا گاؤکشی کرنے کے بعد مسلمانوں نے ایک جلوس نکالا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک دوسرے پر گولیاں چلائیں۔ اور بڑے بازار میں کئی دکانیں جلا دی گئیں۔ فساد میں کم از کم دس اشخاص ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے"

(پرتاپ۔ لاہور ۴ فروری ۱۹۳۶ء)

دو لاکھ روپیہ کا نقصان

ڈیرہ اسمٰعیل خان ۳ فروری۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کا تار مظہر ہے کہ کل فساد کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ آٹھ ہندو ہلاک ہوئے اور تقریباً بیس اشخاص زخمی۔ ان میں ہندو اور مسلمان دونوں ہیں۔ ان سب کو گولیوں کے زخم آئے ہیں۔ علاج معالجہ کیلئے انہیں ہسپتال داخل کر دیا گیا ہے۔ تقریباً ۱۴۰ دکانیں لوٹی اور جلائی گئی ہیں اور اندازہ لگایا گیا ہے کہ تقریباً دو لاکھ روپیہ کا نقصان ہوا ہے۔ والنٹیر اور دیگر لوگ ابھی تک جلتی ہوئی دوکانوں کو بجھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے۔

ملک خدابخش کی نیک کوششیں

ڈسٹرکٹ کانگرس کمیٹی کے وائس پریزیڈنٹ نے وزیر اعظم اور وزیر خزانہ سے تار کے ذریعہ درخواست کی کہ وہ ڈیرہ اسمٰعیل خان پہنچیں۔ ملک خدابخش سپیکر سرحد اسمبلی کو خراج تحسین ادا کیا جا رہا ہے کہ انہوں نے بہادری سے کام لیتے ہوئے مسلم بازار کے ہندو دکانداروں کو تباہی سے بچایا۔

آج ڈپٹی کمشنر کے بنگلہ پر ایک میٹنگ ہوئی جس میں ڈاکٹر خان صاحب نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کل کے واقعات سے ظاہر ہو گیا ہے کہ دو فرقے ایک دوسرے سے کس قدر دور ہیں۔ آپ نے یقین دلایا کہ جن لوگوں کا نقصان ہوا ہے ان سے انصاف کیا جائیگا۔

بعد کی اطلاع

پشاور ۴ فروری۔ ڈاکٹر خان صاحب ڈیرہ اسمٰعیل خان میں فساد زدہ رقبہ کا معائنہ کرنے اور حالات معلوم کرنے کے بعد بذریعہ جہاز آج شام کے ۶ بجے یہاں واپس آ گئے۔ آپ نے وہاں کئی مقامات کو دیکھا۔ اور کئی لوگوں سے ملے۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ۹۔ اشخاص ہلاک اور تقریباً ۲۵۔ زخمی ہوئے زخمیوں میں ۲ مسلمان ہیں اور باقی ہندو ہیں۔ آگ اب بجھا دی گئی ہے"

(پرتاپ لاہور ۵۔ فروری ۱۹۳۶ء)

اہلحدیث ڈیرہ اسماعیل خان کثرت مسلمانوں کی وجہ سے گویا خالص اسلامی شہر ہے۔ وہاں بھی ہندو گاؤکشی پر فساد کریں اور ہندو اخبار ان کو منع نہ کریں تو اس سے زیادہ ہٹ دھرمی کیا ہو گی۔

تعجب پر تعجب ہے کہ مخالفین اسلام کہا کرتے ہیں کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے بزرگ جبراً مسلمان بنائے گئے تھے۔ علم تاریخ کے ماہرین کے نزدیک یہ قول بالکل غلط ہے۔ لیکن ہندو اپنے طریق عمل سے بتا رہے ہیں کہ ان کو موقع ملے تو یہ غیر ہندوؤں سے ہندو دھرم جبراً قبول کرائینگے۔ گاؤکشی پر لڑائی کرنا جبر کا ثبوت ہے۔

خدا ایسے لوگوں کو ہدایت دے یا ملک کو ان سے صاف کرے۔

شہد کی مکھیوں کی پرورش

نگروٹہ میں اعلیٰ تعلیم کا انتظام

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

شہد کی مکھیاں پالنے کے متعلق عملی تعلیم کا ایک دو ماہی نصاب گورنمنٹ بی فارم نگروٹہ میں ۲۱۔ مارچ ۱۹۳۶ء سے جاری ہو گا۔ صرف ۱۵ طلباء داخل کئے جائینگے اور ان امیدواروں کو ترجیح دیجائیگی جو صوبہ پنجاب کے کوہستانی علاقوں میں مکھیاں پالنے کی صنعت اختیار کرنے کے خواہشمند ہوں۔ چار اسامیاں محکمہ امداد باہمی پنجاب کے عہدہ داروں اور نامزد امیدواروں کے لئے مخصوص ہونگی۔ انجمنہائے امداد باہمی کے ممبروں کو لازم ہے کہ وہ اپنی درخواستیں صاحب رجسٹرار کواپریٹو سوسائٹیز پنجاب لاہور کی وساطت سے ارسال کریں۔ انجمن ہائے امداد باہمی کے مصدقہ ممبروں سے پانچ روپیہ۔ والیان پنجاب سے دس روپیہ اور دیگر طلباء سے ۳۰ روپیہ فیس لی جائے گی۔ جو اشخاص داخلہ کے لئے درخواست دینا چاہیں ان میں اتنی قابلیت ہونی چاہئے کہ وہ انگریزی یا کسی دیسی زبان میں لیکچروں کا خلاص قلم بند کر سکیں۔ طلباء کو اپنے قیام و طعام کا خود انتظام کرنا ہو گا۔

داخلہ کی درخواستیں صاحب پرنسپل پنجاب ایگریکلچرل کالج لائل پور کی خدمت میں یکم مارچ ۱۹۳۶ء سے پہلے پہنچ جانی چاہئیں۔ (لاہور ۴ فروری ۱۹۳۶ء)

انجمن اہل حدیث لہریا سرائے دربھنگہ

انجمن اہل حدیث لہریا سرائے دربھنگہ ۱۳۴۲ھ سے قائم ہے۔ اس کا اجلاس ہر مہینہ باقاعدہ ہوا کرتا ہے اور اسکی شاخیں ضلع کے اکثر حصوں میں قائم ہیں۔ انجمن سے متعلق اس کا ایک شعبہ تبلیغ بھی ہے جسکی جانب سے بعض مبلغین اطراف ضلع میں گشت کر کے تبلیغ اسلام کی گراں قدر خدمت انجام دے رہے ہیں۔ انجمن مذکور ہر سال اپنے عہدہ داروں اور ممبروں کا نیا انتخاب کرتی رہتی ہے۔ چنانچہ اس سال اس سلسلہ میں جن لوگوں کا انتخاب عمل میں آیا انکے نام پبلک کی آگاہی کے لئے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:-

جناب ڈاکٹر سید محمد فرید صاحب (صدر)
جناب مولانا محمد اسحاق صاحب صدر مدرس دار العلوم احمدیہ سلفیہ۔ (سکرٹری)

المعلن۔ سکرٹری انجمن اہل حدیث لہریا سرائے دربھنگہ
(بعد ملاحظہ اشاعت ختم)

زوال غازی۔ انقلاب افغانستان کے صحیح حالات (۲۰۰) جدید تصنیف ہے۔ قیمت محصول ۱۲؍۔ منیجر اہلحدیث

موميائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔
ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ
کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔
جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر
ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ...... کے
بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو
طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو
تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد عورت
بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۲؍۱۲۔ آدھ پاؤ ۵؍۔ پاؤ بھر ۸؍۔ مع
محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔
اہالیٔ برہما سے ایک پاؤ کی قیمت معہ محصول ڈاک ۱۱؍
پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ
کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادات

جناب مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب سندرپور
"میں نے قبل ازیں دو چار مرتبہ متعدد اشخاص کو
مومیائی منگوا کر استعمال کرائی۔ بہت عمدہ اور ہر مرض
کے واسطے فائدہ رساں پایا۔ ایک چھٹانک اور
بھیجدیں" (۱۷ نومبر ۱۹۳۸ء)
جناب منشی محمد زبیر علی صاحب فیضا وندپور
"قبل ازیں چار پانچ دفعہ ہم آپ کے پاس سے
مومیائی منگوا چکے ہیں۔ ہم کو بہت فائدہ ہوا۔ اس لئے
پھر دو چھٹانک وی پی ارسال فرمائیں" (... نومبر ۱۹۳۸ء)
مومیائی منگوانے کا پتہ:- حکیم محمد ... خان
پیرو پرائٹر دہلی مشین ایجنسی امرتسر

دہلی میں

کتبخانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان
کے ہر خطے کی اردو۔ عربی، فارسی، مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرقاوی شرح تجرید بخاری	للعہ	کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد	صلعہ	تفسیر ابن کثیر طبع جدیدہ خاص طور سے ارزاں ہوگئی ہے	شئے
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ	۱۲؍	سیرۃ الحلبیہ	۱؍		
بخاری مع حاشیہ سندی	۱۲؍	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ	مئجر	تفسیر خازن مع معالم	سے
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ	سے			المنجد طبع تاسعہ	پچے
مفتاح کنوز السنہ، حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں ان کی مکمل فہرست	عہ	فیض القدیر شرح جامع صغیر (للمناوی) ۶ جلد مجلد	وعہ	تسہیل العربیہ یا المنجد کا اردو ترجمہ وخلاصہ ایک ہزار صفحات مجلد	للعہ
		تاج العروس شرح قاموس	ماعہ		

نوٹ فرمائش خط میں اپنا قریب ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب بلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر
ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

مینیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی ۲

سرمہ نور العین ۱۲

(مصدقہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب)
کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو
صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور
عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا
بے نظیر علاج ہے قیمت ایک تولہ ۸؍۔
پتہ:- مینیجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ

خمیرہ بادام طیوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے رگ و ریشہ میں طاقت
دوڑنے لگتی ہے سستی سے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے ... طاقت
مردمی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔
چلتے وقت دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت
سے جی چرانا۔ مرعوب۔ دو تفرقہ۔ ذرا معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا
مرض نسیان وغیرہ کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ پختہ تین روپے
آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے خرچ ڈاک بذمہ خریدار
لاہور برانچ ناظم دواخانہ پنجاب طبی بونڈیل روڈ ۱۲
مینیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

عجیب الاثر فلیویا۔ ٹانک ۱۲

رجسٹری شدہ برٹش گورنمنٹ انڈیا ہے۔ ہزاروں دفعہ ۱۲
کام آچکی ہے۔ لاہور آل انڈیا نمائش میں تمغہ اور انعام
حاصل کر چکی ہے۔ ... ۱۲ کئے گئے ... اشخاص ...
... ہو چکی ہے ... شادی ...
ایک گولی کھانے سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان اس رات
قضائے حاجت کے بغیر نہیں ... بہتر ...
پروپرائٹر حکیم عالم کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہے ...
... برادر ... کوٹ ...

ائمہ تلبیس

(مؤلفہ مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوری)
جھوٹے مدعیان نبوت، مہدویت، مسیحیت اور الوہیت
کے حالات اس طرز پر لکھے ہیں کہ جب تک تمام
کتاب ختم نہ کر لیں دل چھوڑنے کو نہیں چاہتا۔ اور
کسی کتاب میں ایسی جامعیت سے کام نہیں لیا گیا۔
قیمت ۸؍۔ پتہ:- مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

مژدہ

فلکِ توحید پر ایک نئے درخشندہ ستارے کا طلوع

یعنی یکم محرم الحرام کو

ایک دیہات پنجاب سے صحیح دین اسلام کی نشر و اشاعت کرنے والے

ماہوار جریدہ "الاسلام" کا اجراء

جو

دنیائے مذاہب میں بھٹکنے والوں کا حقیقی رہنما
مریضانِ وہم و عصیان کے لئے نسخۂ شفاء
مصدران کفر و الحاد کا واحد مشکل کشاء
ائمہ مساجد کا رفیق اور امہات شرق کا مصلح
علمائے و شعرائے پنجاب کا سب سے پہلا تذکرہ
الغرض شرقیہ اسلامیہ کا مرقع ادب و انشاء
غرضیکہ شریعت اسلام کی مکمل انسائیکلوپیڈیا ہوگا
چندہ سالانہ ۲ روپیہ۔ پیشگی بھجوانے والے
حضرات سے صرف ۱۸؍ - آج ہی رعائتی چندہ بنام
منیجر "الاسلام" محبت پور کمیوہ
ضلع گجرات (پنجاب) براہ منڈی بہاؤالدین
بھجوا کر اپنا نام درج رجسٹر کرالیجئیگا۔

موسم سرما کا خاص تحفہ

ماء اللحم عنبری طیوری انگوری سہ آتشہ نسخہ خاص

قوت موسمی کو برانگیخت کرتا ہے۔ حرارت غریزی اور مادہ منویہ کی تولید کرکے تمام جسم میں طاقت پیدا کرتا ہے خصوصاً دل و دماغ معدہ جگر اور گردہ مثانہ کو قوت بخشتا ہے۔ دائمی نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ بلغم کو دفع کرتا ہے۔ لاغر اور کمزور بدن میں خون صالح پیدا کرکے گویا از سرِ نو زندگی بخشتا ہے۔ مایوس جوانوں کے لئے آب حیات ثابت ہوتا ہے۔ بوڑھوں کے لئے عصائے پیری کا کام دیتا ہے۔ قیمت فی بوتل للعہ۔ نمونہ کی شیشی جس میں پندرہ تولے عرق ہے قیمت عہ۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

نوٹ:- بذریعہ وی پی طلب کرنیوالے حضرات نمونہ کی شیشی طلب کرنے کی صورت میں موازی ۸؍ پیشگی اور سالم بوتل منگوانے کے لئے ؁ پیشگی ضرور ارسال کریں۔

ملنے کا پتہ:- منیجر دار الصحت بالمقابل دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی۔ امرتسر

معلم خوشنویسی۔ فن خوشخطی سیکھنے کے لئے یہ بہت مفید ہے۔ قیمت ۴؍ پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

کتب تفاسیر

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (بزبان عربی)

مؤلفہ مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب مدظلہٗ۔ بڑی شان و شوکت اور حسن منظر سے مقبول خاص و عام ہوچکی ہے۔ تفسیر مذکور جن اہل علم حضرات نے دیکھی ہے بہت پسند فرمائی ہے۔ مفسرین کے متفقہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے۔ ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ مصری۔ کتابت طباعت اعلیٰ۔ سائز ۲۰×۲۶ ضخامت ۳۰۰ صفحات قیمت للعہ

تفسیر ثنائی اُردو

یہ تفسیر بہت مفید اور پسندیدہ ہے۔ جس میں خاص خوبی یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں ترجمہ ہے۔ دوسرے میں تفسیر مع ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی میں شان نزول درج ہے۔ اس سے نیچے مختلف حواشی مخالفین کے متعلق ہیں۔ اس تفسیر کی کل آٹھ جلدیں ہیں جلد اوّل سورہ فاتحہ و بقرہ۔ جلد ثانی سورہ آل عمران و نساء۔ جلد ثالث سورہ مائدہ۔ انعام اعراف۔ جلد رابع۔ از انفال تا سورہ بنی اسرائیل جلد خامس۔ از بنی اسرائیل تا سورہ شعراء۔ جلد ششم۔ از شعراء تا صافات۔ جلد ہفتم از صافات تا سورہ النجم۔ جلد ہشتم۔ از سورہ نجم تا والناس۔

نوٹ:- قیمت فی جلد علیحدہ علیحدہ ۱۲؍ ہے۔ مگر پورا سٹ خریدنے والے سے ۸ روپیہ۔

تفسیر بیان الفرقان علیٰ علم البیان

عربی زبان میں صرف سورہ فاتحہ و بقرہ کی تفسیر جو علم معانی و بیان کی روشنی میں لکھی گئی ہے شروع میں علم معانی و بیان کی اصطلاحات بھی درج کی گئی ہیں۔ دوران تفسیر آیات میں بھی مذکورہ اصطلاحات کو جاری کیا گیا ہے۔ قیمت ۱۰؍

تفسیر واضح البیان (اُردو)

مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی۔ کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔ اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ سائز ۲۰×۳۰ ۔ ضخامت ۴۸۰ صفحات۔ قیمت بے جلد ؁۔ مجلد ؁۔

تبویب القرآن

مصنفہ مولانا وحید الزمان صاحب حیدر آبادی۔ ہر صفحہ کے دو کالم ہیں۔ ایک میں قرآن مجید کی آیات ہیں اور دوسرے میں ان کا ترجمہ مندرج ہے۔ اور نیچے تفسیر وحیدی کے حواشی درج ہیں۔ تمام کتاب کو چار فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے:- (۱) اعتقادیات۔ (۲) فقہ القرآن۔ (۳) قصص القرآن۔ (۴) المتفرقات۔ ہر ایک فصل میں کئی باب ہیں۔ ہر باب میں ایک مسئلہ زیر بحث ہے۔ ضخامت ۴۰۰ صفحات۔ قیمت للعہ۔

تفسیر فاتحۃ الکتاب

مصنفہ مولوی محمد یوسف صاحب جے پوری یہ تفسیر لباب التاویل کا ایک حصہ ہے۔ مضامین عقلیہ و نقلیہ کے علاوہ مجمع البحرین سے علاوہ ذاتی استنباط کے صدہا کتب کی عبارات سے مرتب کی گئی ہے۔ قیمت ۸؍

آپ کا فرض

ہر نوجوان۔ شادی شدہ یا مجرد۔ امیر یا غریب کوئی نہ کوئی اپنا متعلقین رکھتا ہے۔ اور یہ اُس کا فرض ہے کہ وہ اپنے پسماندگان کے لئے اپنی موت ہو جانے کی صورت میں کافی سرمایہ چھوڑ دے۔ اس فرض کی تکمیل کے لئے اورنٹیل کو مدد کا موقع دیجئے۔ چونسٹھ سال کے زائد عرصہ سے اورنٹیل کی پالیسیوں نے ہزارہا خاندانوں کو ان کی ضروریات مہیا کرنے والوں کی موت واقع ہو جانے پر بوقت ضرورت امداد بہم پہنچائی ہے۔

جلدی یا بدیر ہر انسان ناقابل بیمہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اپنے فرض کو پورا کرنے میں کوتاہی نہ کیجئے۔ اپنی زندگی کا بیمہ اورنٹیل میں کرائیے۔ اور اپنے پسماندگان کے مستقبل کو محفوظ کیجئے۔

تفصیلات کے لئے اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف ایشورنس کمپنی لیمیٹڈ۔ ہیڈ آفس بمبئی۔ قائم شدہ ۱۸۷۴ء
یا اس کے کسی برانچ آفس یا

سردار دولت سنگھ بی۔اے۔بی۔ٹی

ایکٹنگ برانچ سکرٹری۔ اورنٹیل لائف آفس نیشنل بنک آف انڈیا بلڈنگ ہال بازار امرت سر سے خط و کتابت کریں۔

(۲۹۲)

نصف قیمت
کا اعلان

مقدمہ مابین ورثاء کارخانہ اخبار "وکیل" جو عرصہ زائد از پچیس سال چل رہا تھا۔ بشکل فتح بحق شیخ غلام مصطفٰے برادر خورد شیخ غلام محمد صاحب مرحوم ختم ہو گیا ہے۔ اس فتح کی خوشی میں اور اخبار "وکیل" کے امدادی فنڈ کو ترقی دینے کی خاطر کارخانہ "وکیل" امرتسر کی تمام موجودہ اسلامی کتب علاوہ محصول ڈاک نصف قیمت پر

تا ۳۰ اپریل ۱۹۳۹ء

دی جاویں گی۔ اس کے علاوہ موجودہ کتب قانونی پر بھی معقول کمیشن دیا جاویگا۔

فہرست [illegible] مضمون خوبیوں کے لحاظ سے [illegible] صرف ایک آنہ کا ٹکٹ کارخانہ [illegible] کارخانہ "وکیل" امرتسر سے مفت منگوالیں۔

(منیجر کارخانہ "وکیل" امرتسر)

تفسیر سورہ یوسف سورہ یوسف میں جو عجیب دلچسپ حالات اور معرفت حق اور صبر و استقامت کے نکات ہیں۔ اس کی پوری تفسیر سلیس اردو نظم میں درج ہے۔ ۸؍

تفسیر محمدی مصنفہ مولوی محمد صاحب لکھوی۔ پہلے آیت قرآنی لکھ کر نیچے پنجابی۔ اسکے نیچے فارسی میں ترجمہ کیا ہے۔ بعد ازاں مذکورہ آیتوں کی پنجابی زبان میں نہایت عمدہ تفسیر نظم میں لکھی گئی ہے۔ قیمت جلد اول ۱۲؍ جلد دوم ۱۲؍ جلد سوم ۱۲؍ جلد چہارم ۱۲؍ جلد پنجم ۱۲؍ جلد ششم ۱۲؍ جلد ہفتم ۱۲؍ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔

اکرام محمدی (پنجابی نظم) مصنفہ مولوی محمد لپنذیر صاحب بھیروی۔ اس میں سورہ والضحیٰ کی تفسیر کرتے ہوئے آنحضرت صلعم کی سیرت مبارک کے متعلق بیش بہا معلومات درج ہیں۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۸؍۔ ضخامت ۲۷۰ صفحات۔

تفسیر موضح القرآن مؤلفہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب دہلوی۔ اس قدر جامع اور مختصر تفسیر کسی نے نہیں لکھی۔ قیمت ۳؍

تخریج ہدایہ عسقلانی فقہ کی مستند کتاب ہدایہ میں جو احادیث بے سند درج ہیں اس کتاب میں ان کو سند مع تنقید بتایا گیا ہے۔ مؤلفہ حافظ ابن حجر عسقلانی۔ علماء اور طلباء کو بہت مفید ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۲؍

مشکوٰۃ شریف عربی۔ فن حدیث کی مقبول اور مستند کتاب ہونے کی وجہ سے تمام اس کا درس ہر جگہ ہو رہا ہے۔ مطبع مجتبائی کانپور قیمت للعہ۔ مطبوعہ دہلی ۸؍

مشکوٰۃ شریف غزنوی اردو ترجمہ بین السطور ہے

حاشیہ پر معتبر مضامین اہلسنت والجماعت کے مذہب کے مطابق بیہ درج کئے ہیں۔ چار جلدوں میں ہے۔ لکھائی چھپائی، کاغذ اعلیٰ قیمت معہ [illegible]

جامع الترمذی (عربی) یہ کتاب نہ صرف صحاح ستہ ہی میں مشہور ہے۔ بلکہ درس میں بھی داخل ہے۔ فہرست ابواب بالاصول حدیث و شمائل و نفع قوت مغتذی و حاشیہ جدید کے ساتھ [illegible] ہے۔ جلد منگوالیں ورنہ ختم ہو جانے پر انتظار کرنا پڑیگا۔ لکھائی، چھپائی [illegible]

مظاہر حق یہ مشکوٰۃ شریف کا ترجمہ ہے جو مولوی محمد قطب الدین خان صاحب مرحوم محدث دہلوی نے کیا ہے۔ اور ہر ایک حدیث کے معنی اور مطالب کو خوب اچھی طرح سے واضح اور مدلل بیان کر کے حضرت استاذ الکل شاہ محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی مہاجر مکی کی نظر سے گزرا ہے کتاب ہذا کی چار بڑی ضخیم جلدیں ہیں۔ قیمت [illegible]

تجرید البخاری مجلد اس میں صحیح بخاری کی تمام حدیثیں بحذف مکررات جمع کر دی گئی ہیں۔ کتاب ہذا کے صفحات کے دو کالم کئے گئے ہیں۔ ایک میں عربی [illegible] اور [illegible] درج ہے اردو میں [illegible] ترجمہ ہے۔ قیمت [illegible]

حزب الاعظم از ملا علی قاری (دعا مشکوٰۃ شرح مشکوٰۃ) زیر متن ترجمہ اردو۔ حاشیہ پر اعادی کی بہالت کی کامل تفسیر بزبان اردو۔ آخر میں کمل [illegible] وغیرہ۔ حاشیہ۔ جدید اڈیشن ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہائت اعلیٰ۔ قیمت ۱۰ر

حزب المقبول قرآن مجید و حدیث شریف کی دعاؤں کا مجموعہ۔ جس میں ہر موقعہ کی دعا موجود ہے مترجم ہے۔ اس کتاب کا ہر مسلمان کے گھر میں [illegible] حیثیت سے [illegible] رہنا ضروری ہے۔ نیا اڈیشن [illegible] چھپائی، کاغذ نہائت اعلیٰ۔ قیمت [illegible]

[illegible] برقی پریس امرتسر میں اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہائت [illegible] اور سادہ انداز نرخوں پر حسب منشاء کی جاتی [illegible] کتاب [illegible] رسیدیں۔ دعوتی خطوط۔ لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے [illegible]

[illegible] شریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت [illegible] کریں۔ منیجر شان برقی پریس امرتسر

[illegible] العین رجسٹرڈ [illegible]

زوال غازی انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو۔ تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ، افغانستان کی ترقیات، ملک کے [illegible] اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات [illegible] [illegible]

تحفہ مجددیہ دربیان تردید عقائد شیعہ حضرت مجدد الف ثانی [illegible] رحمۃ اللہ علیہ کے بعض مکتوبات کا اردو ترجمہ جس میں آپ نے فرقہ شیعہ کے عقائد کی [illegible] اور [illegible] سے تردید کی ہے [illegible] قیمت بغرض [illegible] فی جلد منگوالیں۔ [illegible]

منیجر

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۱۹

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بہما کتاب اللہ و سنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہیئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ [illegible]

رؤساء و جاگیرداروں سے [illegible]

عام خریداروں سے [illegible]

ششماہی [illegible]

ممالک غیر سے سالانہ [illegible] شلنگ

فی پرچہ - - - [illegible]

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۷ فروری ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

فہرست مضامین

نظم (دور پرفتن) - - - - ص ۱
انتخاب الاخبار - - - - ص ۲
سنی اور شیعہ (بجواب شیعہ) - - ص ۳
پھر بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی: ص ۴
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - ص ۵
کوٹلی میں جماعت اہل حدیث کا اثر - - ص ۶
فتویٰ بابت عدم جواز جمعہ دیہات - - ص ۸
خدام المسلمین گجرات کی تین گھنٹہ کی کاروائی ص ۸
آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کا اکتیسواں جلسہ ص ۹
[illegible] - - - ص ۱۰
[illegible] جماعت الاسلام ص ۱۱
[illegible] حرکات - - ص ۱۲
[illegible] اشتہارات - ص ۱۲

دورِ پُرفتن

(از خامہ حکیم محمد ابراہیم خلیل زیبائی (فاضل الاطباء) اتور ضلع کرنال)

ذرا غور کر کے اگر دیکھئے گا ۔ زمانے کی ہر شے میں شر دیکھئے گا
نہ اب پوچھئے بزم ہستی کا عالم ۔ ہزاروں ہیں فتنے جدھر دیکھئے گا
ہوا حق کا ملنا زمانے میں مشکل ۔ ہے باطل ہی باطل جدھر دیکھئے گا
ملے گا نہ کوئی مسلماں مسلماں ۔ اگر ڈھونڈھئے گا اگر دیکھئے گا
پڑیگی نظر جس مسلمان پر بھی ۔ پریشان و آشفتہ سر دیکھئے گا
خصوصاً ہیں غفلت میں ہندی مسلماں ۔ جسے دیکھئے بے خبر دیکھئے گا
مگر حال یونہی رہے گا ہمیشہ ۔ نہ ہرگز کبھی بار ور دیکھئے گا
جو ہو جائے گی قوم پابند سنت ۔ تو اک اک کو پھر اوج پر دیکھئے گا

خلیل اس میں پنہاں ہیں اسرار مخفی
ذرا حکم خیر البشر دیکھئے گا

[illegible]

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں اس ہفتہ دو بار معمولی بارش ہوئی مگر بارش کی ضرورت ہے۔ ناظرین دعا کریں۔

—— کان پور ۱۲۔ فروری مسجد کے سامنے باجہ بجانے کے سلسلہ میں ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ تین اشخاص ہلاک اور دو سو مجروح ہوئے۔ پولیس کو چند دفعہ گولی چلانی پڑی۔ پانچسو آدمی گرفتار کئے ہیں

—— مالاکنڈ ہائیڈرو الیکٹرک سکیم کے چارسو مسلم ملازمین نے غیر مسلم افسروں کے ہاتھوں نالاں ہو کر وزارت سرحد میں اپنے مطالبات پیش کئے تو وہاں سے جواب ملا کہ جو ملازمت ترک کرنا چاہتے ہیں ترک کر دیں۔ چنانچہ تمام مسلم ملازمین نے ملازمتیں چھوڑ دیں۔ ان کی جگہ ہندو ملازم رکھے گئے ہیں

—— حکومت پنجاب نے لاہور شہر میں دس فیصدی ہاؤس ٹیکس لگانا منظور کر لیا ہے۔

—— امرتسر ۱۵ فروری کی رات کو امرتسر کے مشہور ڈاکٹر حافظ محمد بشیر انتقال کر گئے۔

—— حکومت سی پی نے ودیا مندر کی سکیم کے متعلق مسلمانوں سے سمجھوتہ کر لیا ہے۔ اسلئے مسلمانوں نے ستیہ آگرہ ترک کر دیا ہے۔ حکومت گرفتار شدگان کو رہا کر دیگی۔

—— حکومت یوپی نے فیصلہ کیا ہے کہ آیندہ گرمیوں کے موسم میں سرکاری دفاتر پہاڑ پر نہ جایا کریں گے۔

—— شاہی مسجد لاہور کی مرمت کے لئے ۲۰ ہزار ۲۲ روپے چھ پائی جمع ہو چکے ہیں۔

—— حکومت ہند اور مسقط کے سلطان کے مابین ایک جدید دوستانہ معاہدہ مرتب ہوا ہے۔ نئے معاہدہ کی رو سے ۱۸۹۱ء کا معاہدہ منسوخ سمجھا جائیگا

—— مانچسٹر (انگلستان) کے مرکزی حصہ میں آتشزدگی کی خوفناک واردات ہوئی۔

—— [illegible] حکومت [illegible] کل [illegible]

نفع کر لیا ہے۔

—— فلسطین کانفرنس لندن میں شروع ہو گئی ہے۔ فلسطینی عربوں کے چار مطالبے ہیں:-

(۱) ملک میں آزادی کامل کے متعلق عربوں کا حق تسلیم کیا جائے۔ (۲) فلسطین کو یہودی وطن نہ بنانے دیا جائے۔ (۳) انتداب (جو ہے) کا خاتمہ کر کے ایک معاہدہ کر لیا جائے۔ (۴) فلسطین میں یہودیوں کا داخلہ بالکل اور فوراً بند کر دیا جائے۔

—— حکومت اٹلی کا ایک اعلان شائع ہوا ہے کہ اگر فرانس نے ہمارے مطالبے منظور نہ کئے تو بزور شمشیر منوائے جائیں گے۔

—— حکومت فرانس نے اپنے سفیر مقیم ٹوکیو (جاپان) کو ہدایت کی ہے کہ وہ حکومت جاپان سے ہینان پر قبضہ کرنے کی وجہ دریافت کرے۔

۲ مارچ سے پہلے پہلے

اگر قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر۔ مہلت یا انکار کی اطلاع بذریعہ پوسٹ کارڈ وصول نہ ہوئی تو ۲۔ مارچ کا پرچہ وی پی کیا جائیگا۔

(منیجر اہلحدیث)

—— بندرگاہ ویلنشیا (سپین) پر شدید بمباری ہوئی۔ ایک برطانوی جہاز پر بھی ایک بم گرا جس سے جہاز کا نقصان ہوا۔

—— غازی مصطفےٰ کمال پاشا کا مقبرہ بنانے کے لئے مشہور و معروف ماہرین تعمیر کا انتخاب کیا جائیگا۔ اس کی تعمیر پر تقریباً ۲۵ ہزار پونڈ خرچ ہونگے

—— استنبول (ہوائی ڈاک سے) بحر اسود میں تباہی خیز طوفان آیا ہے۔ ایک کشتی جس میں انیس آدمی سوار تھے۔ غرق ہو گئی صرف ۲ آدمی بچ سکے۔

—— استنبول۔ (ڈاک سے) گزشتہ ہفتے ترکی مدارس کے طالب علموں نے ان مقامات کی واپسی کیلئے مظاہرے کئے جو جنگ عظیم کے بعد ترکی سے چھین گئے تھے

جلسہ انجمن اہل حدیث بٹالہ

حسب معمول سابق انجمن ہذا کا گیارواں سالانہ جلسہ ۲۳-۲۴-۲۵-۲۶- مارچ ۱۹۳۹ء بروز جمعہ ہفتہ اتوار تاملی موری بٹالہ میں منعقد ہو گا جس میں اکابر علمائے کرام تشریف لاکر اپنے مواعظ حسنہ سے سامعین کو مسرور فرمائیں گے۔ شائقین توحید و سنت اس بابرکت اجتماع میں شرکت فرما کر ثواب حاصل کریں طعام، قیام بذمہ انجمن ہو گا مگر بستر ہمراہ لانا ہو گا۔

راقم:- ناظم انجمن خادم المسلمین اہل حدیث بٹالہ۔ ضلع گورداسپور

—— چونگ کنگ ۶ فروری۔ ۲۷ جاپانی طیاروں نے کویانگ پر زبردست بمباری کی۔ ایک سو بم گرائے گئے۔ جن سے کئی مقامات پر آگ لگ گئی ہزارہا اشخاص مکانات چھوڑ کر بھاگ گئے۔ پانچ سو اشخاص ہلاک ہوئے۔

—— لندن ۷ فروری۔ برطانیہ میں آئر لینڈ کے دہشت انگیزوں کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ پرسوں صبح چار مختلف سٹوروں میں آگ لگا دی گئی۔ کل رات لورپول میں ایک شخص زمین دوز ریلوے اسٹیشن پر بم کے حادثات کے سلسلے میں گرفتار کر لیا گیا۔

—— بیت المقدس ۶ فروری۔ گزشتہ شب مجاہدین اور سرکاری افواج میں زبردست تصادم ہوا۔ دو عرب شہید اور سات گرفتار ہوئے۔ بعض دیہات سے بلا لائسنس اسلحہ برآمد کئے گئے ہیں۔

—— دہلی ۷۔ فروری۔ حال ہی میں ہندوستانی اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ فلسطین میں برطانوی فوج اور پولیس زہریلی گیس استعمال کر رہی ہے؛ حکومت ہند کے محکمہ دفاع نے اس خبر کی تردید کی ہے۔ اور اعلان کیا ہے کہ برطانوی فوج اور پولیس نے فلسطین میں زہریلی یا اشک آور گیس استعمال نہیں کی

—— بمبئی ۹۔ فروری [illegible]
۷۴ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ آپ [illegible]
میں [illegible]

(۲۹۴)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۶ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ

متعہ اور شیعہ

بجواب

اخبار شیعہ

ضد اور تعصب بری بلا ہے۔ انسان سمجھتا ہے کہ میں ان دو چیزوں سے اپنے خیالات کی حمایت کرتا ہوں حقیقت میں وہ حمایت نہیں ہوتی بلکہ مخالفت ہوتی ہے مذہب کی حمایت یہ ہے کہ جو کچھ مذہب سکھائے اسی کو قبول کرے اور وہی پھیلائے۔ یہ نہ ہونا چاہیئے کہ اپنے خیالات کی حمایت کے لئے مذہب کو آڑ بنایا جائے ایسا کرنے والا جہلاء میں تو چھپ سکتا ہے مگر علماء کی نظر سے نہیں چھپ سکتا۔

نکاح متعہ جس کے متعلق یہ نوٹ لکھا گیا ہے شیعہ وسنی میں متفقہ طور پر ممنوع ہے۔ مگر جن لوگوں کو اس کی حمایت منظور ہے وہ یہی کہے جاتے ہیں کہ خلیفہ ثانی اس حرمت کے ذمہ دار ہیں۔ حالانکہ منع کی روایت جس طرح خلیفہ ثانی کی طرف منسوب ہے اسی طرح خلیفہ چہارم علی مرتضیٰ سے بھی خاص بروایت شیعہ منع ثابت ہے جن روایات کا ذکر آگے چل کر کریں گے پہلے اخبار شیعہ کا مضمون اسی کے الفاظ میں نقل کر کے دکھاتے ہیں کہ وہ خود بھی اس مسئلہ میں متعہ کی تائید کے لئے ... کرتے ہیں مگر ... اس کی ... ہوتا ... جو ... کا ہے نمودار ہوا کرتا ہے۔ اخبار شیعہ بقلم مولانا سید ذوالفقار علی صاحب ایک سوال شائع کرتا ہے اور جمیع علمائے اہل حدیث سے اس کا جواب طلب کرتا ہے۔ ہمارے خیال میں اگر وہ علمائے اہل حدیث کی بجائے علمائے اہل سنت لکھ دیتا تو اچھا ہوتا۔ کیونکہ اس صورت میں جملہ علمائے اہل سنت اس سوال کے مخاطب ہوتے۔ خیر جو اس کے خیال میں آیا وہی اس نے لکھ دیا۔ "اہلحدیث" اپنا جواب دیتا ہے اور دیگر سنی اخبارات بھی اگر اپنا فرض سمجھیں تو جواب دیں۔ ورنہ اہلحدیث کے جواب سے فرض کفایہ تو ادا ہو ہی جائیگا۔

اخبار شیعہ کا سوال درج ذیل ہے :-

"ایک فوجی ملازم کو فوجی حکم یا فوجی ضرورتوں کی وجہ سے کسی غیر ملک میں تین سال کے لئے رہنا ضروری ہے وہاں کے مصالح اور مواقع اجازت نہیں دیتے کہ وہ اپنی زوجہ کو اپنے ہمراہ لیتا جاوے۔ قوت برداشت کرنے کی نہیں رکھتا۔ اپنی پیاری اور فرمانبردار بیوی کو طلاق دینا دستور غیر مناسب بلکہ گناہ سمجھتا ہے مصیبت یہ ہے کہ اگر وہ اپنے ملک میں رہتا تو اس کے لئے ... بہت ...

اب اگر وہ ابھی غیر ملک میں دوسرا نکاح نہیں کرتا تو مبتلا ہے اور اگر دوسرا نکاح کرتا ہے تو تین سال کے بعد اس عورت کو کیا کریگا۔ وہ کس کے گھر بیٹھی رہ جائیگی۔ کیونکہ مکان پہنچ کر یہ عورت اس کے لئے صرف بے کار ہے بلکہ صورت نا جائز بلکہ عذاب جان و عذاب ایمان ہو جائے گی۔ نیز غریب سپاہی کے محدود ذرائع کفالت کے متحمل نہ ہو سکیں گے۔ اور اگر تین سال کے بعد اس عورت کو طلاق دیتا ہے تو ایسا نکاح جس میں پہلے ہی سے یہ ٹھان لیا جائے کہ کچھ دنوں بعد ہم طلاق دیدیں گے۔ بموجب اصول اہل سنت نکاح نہیں ہے کیونکہ نکاح کے لئے دائمی نیت لازمی ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ نکاح ایک کھیل ہے کہ جب تک جی چاہا کھیل لیا۔

قانون کا مقصد اخلاق کا درست کرنا ہے نہ کہ درست کئے ہوئے اخلاق کو خراب کر دینا۔ اسی بنا پر حضرت ختمی مرتبت نے عارضی نکاح "متعہ" کو جائز نافذ فرمایا۔ جس سے فریقین کو انکار نہیں ہے۔ قانون اسلام نے ان صورتوں کو لاینحل اور ان بیماریوں کو لاعلاج نہیں چھوڑا ہے۔ اور سوسائٹی کو امن کے ساتھ قائم رکھنے کے لئے کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا خاص خاص موقعہ پر خود ہادی برحق نے متعہ کرنے کی اجازت فرمائی ہے۔ جس سے اسلام کا کوئی فرقہ منکر نہیں ہے۔ حضرت عمر نے قانون "متعہ" کو کالعدم و کالعدم کر دیا۔ ہم بالفرض بحث کی غرض سے مان لیتے ہیں کہ ان کے عہد میں متعہ کا بے جا استعمال کرنے کے باعث حرامکاریاں بڑھ گئی تھیں۔ تاہم کسی اچھے اور ضروری قانون کا بے جا مصرف مجرموں کو مستوجب سزا ٹھیراتا ہے نہ کہ وہ ضروری قانون منسوخ و مسدود کر دیا جاتا ہے۔ ضروری اور مفید قانون کو منسوخ کرنے کے معنی تو یہ ہونگے کہ لوگ مطلق العنان بنا دیے جاویں اور خوب خوب ارتکاب جرم کریں۔ قانون متعہ کے کلیۃً حرام کر دینے سے جو حرامکاریاں اب تک ہو چکیں یا جو آئندہ ہونگی ان کا ذمہ دار کون ہے نکاح دائمی اور متعہ کا فرق اجر نسخ ...

بطور شائع کرنے کے لئے خاص صورتیں ہیں اسی طرح متعہ بھی جب تک خاص خاص حالتوں میں جائز ہے مگر چونکہ شارع علیہ السلام نے بصورت عقد ثانی ذکر کیا اس سے کم درجہ کا نہیں ہے۔ نکاح اور متعہ میں مگر فرق ہے تو صرف اس قدر کہ نکاح دوامی ہوتا ہے اور متعہ عارضی یعنی ایک محدود معین زمانہ کے لئے۔ اور چونکہ وہ دوامی معاہدہ نہیں ہوتا اس لئے اسکو بذریعہ طلاق درمیان ہی میں فسخ کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسا کہ دوامی معاہدہ کے لئے فسخ ضروری ہے۔ ہر معاہدہ بعد میعاد معینہ اس وقت خود بخود منسوخ ہو جاتا ہے جبکہ مقررہ میعاد گذر جاتی ہے۔ زن منکوحہ ہو یا متعہ دونوں کی اولاد ترکہ پانے کی مستحق ہوتی ہے۔ ہاں زن متعہ حق زوجیت یعنی ۱/۴ یا ۱/۸ پانے کی مستحق نہیں ہے کیونکہ دوامی اور عارضی میں بلحاظ نتائج کچھ فرق ہونا ضروری ہے۔

اہلحدیث | شیعہ کے فاضل نامہ نگار نے نکاح اور متعہ میں تمیز کرنے کو دونوں کی تعریف میں جو بین فرق بتا دیا ہے کہ متعہ محدود الوقت ہوتا ہے اور نکاح غیر محدود الوقت۔ بالکل ٹھیک ہے۔ نکاح کی بابت علمائے اہل سنت کے الفاظ "ظاہر الدوام" سے بھی یہی فرق بتانا مقصود ہے۔ مضمون نگار نے ساتھ ہی اس کے اس تعریفی فرق کا اثر بھی بتا دیا۔ جس کے ہم شکرگزار ہیں وہ یہ کہ منکوحہ اپنے خاوند کے ترکہ میں سے ۱/۴ یا ۱/۸ حصہ پانے کی حقدار ہے۔ مگر متعہ اسکی مستحق نہیں۔

ہم اس کا نتیجہ یہی سمجھے ہیں جو بالکل صحیح ہے کہ زن منکوحہ تو زوجہ ہے اس کے برعکس زن متعہ زوجہ نہیں بلکہ فقط متعہ ہے۔ اسی لئے وہ متعہ کرنے والے خاوند کے ترکہ سے محروم الارث ہے۔ اب اسکے متعلق ہم ایک آیت پیش کرتے ہیں جس کے الفاظ یہ ہیں:-

وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ۝

اس آیت کریمہ میں حفاظت فروج سے دو محلوں کو مستثنیٰ کیا ہے یعنی ایک اپنی منکوحہ سے اور دوسرا مملوکہ عورتیں

اس استثنا کے بعد فرمایا کہ ان دو محلوں کے سوا جو کوئی تیسرا محل استعمال کریگا وہ ظالم ہے۔ اس تیسرے محل میں واطت، نکاح، متعہ اور غیر منکوحہ سے تعلق سب صورتیں داخل ہیں۔

ناظرین کرام! | یہی [illegible] شعر ہے ؎

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا مرے حق میں
زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعاں کا

روایات منع | صحیح ترمذی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لحوم الحمر (گدھوں کا گوشت) اور متعۃ النساء کو حرام کیا ہے۔ شیعہ کی طرف سے اس کا جواب یہی ملتا رہا کہ یہ سنیوں کا حضرت علی رضؓ پر افترا ہے۔ لیکن خدائی قدرت اندر ہی اندر اپنا کام کرتی رہی۔ آخر اس نے سنیوں کی نگاہ شیعہ کی کتاب "استبصار" پر ڈلوا دی۔ جس میں حضرت علی ہی سے الفاظ ذیل میں وہی روایت آئی ہے:-

من علی قال حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم لحوم الحمر الاھلیۃ ونکاح المتعۃ
(استبصار جلد ۳۔ صفحہ [illegible])

یعنی حضرت علی فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلعم نے لحوم حمار اور نکاح متعہ کو حرام کیا ہے۔

کیسی صاف روایت ہے۔ روایت بھی ایسی کہ جناب علی رضؓ اپنے فہم سے فتویٰ نہیں دیتے بلکہ پیغمبر علیہ السلام کی حدیث بیان کرتے ہیں۔ اور روایت حدیث کے متعلق علمائے اسلام (شیعہ ہوں یا سنی) کا اتفاق ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کے نام سے جھوٹی حدیث بیان کرنا جہنم میں داخل ہونے کا موجب ہے۔ کیونکہ ایسا کرنے والے کے حق میں صاحب کتاب کی طرف سے یہ شدید وعید آئی ہے:-

من کذب علی متعمداً فلیتبوأ مقعدہ من النار
یعنی جو مجھ پیغمبر پر جھوٹی بات لگائے جو میں نے نہیں کہی ہے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

کیسی صریح روایت ہے اور کیسا صاف ارشاد ہے۔ باایں ہمہ اصحاب شیعہ کی کتنی جرأت ہے کہ اس روایت علی کی نسبت یوں گوہر افشانی کرتے ہیں کہ یہ روایت جناب علی کی طرف سے تقیہ پر محمول ہے۔ چنانچہ صاحب استبصار (محدث شیعہ) کے اپنے الفاظ اسی روایت کے متعلق یہ ہیں:-

فالوجہ فی ھذہ الروایۃ ان نحملھا علی التقیۃ لانھا موافقۃ لمذاھب العامۃ (صفحہ [illegible])

یعنی یہ روایت حضرت علی کی طرف سے تقیہ پر محمول ہے۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت علی نے عوام (اہلسنت) سے ڈر کر یہ روایت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر تھوپ دی۔

معاذ اللہ! اس وعید شدید سے بھی خائف نہ ہوئے۔

افسوس ہے ہم شیعہ کی اس جرأت میں اُن کا ساتھ نہیں دے سکتے اور نہ تاریخ دین اسلام میں ایسا کوئی گروہ پاتے ہیں جو اپنے متبوع کو ایسے فعل قبیح کا مرتکب قرار دے۔

شیعہ دوستو! ؎

ہوا تھا کبھی سر قلم قاصدوں کا
یہ تیرے زمانے میں دستور نکلا

قادیانی مشن

"پھر بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی"

دنیا میں کوئی گروہ ایسا نہ ہوگا جو ملک میں تباہی آنے پر خوش ہو اور اس میں اپنی کامیابی سمجھے۔ الا گروہ قادیانی! جن کا وطیرہ یہی رہتا ہے کہ کسی ملک میں تباہی آئے کسی میں زلزلہ آئے کسی میں قحط پڑے تو یہ خوش ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ کسی مخالف کو کوئی تکلیف پہنچے جس کے برابر بلکہ اس سے بھی زیادہ تکلیف ان کو پہنچ چکی ہو۔ اس پر بھی [illegible] منسوب کی بھی یہی عادت تھی۔ جن کی بابت [illegible]

ahmadimuslim.de

کہنا پڑا ہے

شورستاں بآمند خواہند
مقبلاں را زوال نعمت وجاہ

اس مطلب کے لئے مرزا صاحب کے دو تین الہام بڑے بامعنی ہیں جو اپنے اندر بہت سی تفصیلات لئے ہوئے ہیں ایک الہام یہ ہے :-

تخرج الصدور الی القبور
بڑے بڑے لوگ سب قبروں میں چلے جائینگے

کیسا جامع الہام ہے جو کسی زمانے میں جھوٹا نہیں ہو سکتا حکیم نورالدین خلیفہ قادیان فوت ہوں تو اس الہام میں داخل۔ مصطفیٰ کمال پاشا فوت ہوں تو اس میں داخل۔ مگر لطف یہ ہے کہ خود مسیحیت مآب بھی اس الہام کے ماتحت ہی قبر میں تشریف لے گئے۔

دوسرا الہام بڑا وسیع المعنیٰ یہ ہے جو ایک پورا فقرہ بھی نہیں بلکہ ایک ہی لفظ ہے۔ جسکو مبتدا کہیں تو خبر نہیں، خبر کہیں تو مبتدا ندارد۔ یعنی "غزنوی"۔

کتنا وسیع المعنیٰ ہے۔ کہیں کسی غزنوی کے گھر بیٹا پیدا ہؤا تو بھی اس الہام کے نیچے آگیا کہ غزنوی پیدا ہؤا۔ اور اگر کوئی غزنوی مرگیا تو اس کی خبر یہ ہوگی کہ "غزنوی مردہ شد"۔ کیسا جامع الہام ہے جو کبھی غلط نہیں ہو سکتا۔

تیسرا جامع الہام یہ ہے جو ہم نے زیب عنوان کیا ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ امریکہ کے شہر چلی میں امسال ماہ جنوری کے اخیر زلزلہ آیا۔ جو اتنا سخت تھا کہ ہندوستان کے تمام زلزلوں پر سبقت لے گیا۔ کئی شہر برباد اور کئی ہزار آدمی زخمی ہوئے اور کئی ہزار مر گئے۔ پس قادیان میں گھی کے چراغ جلے۔ چنانچہ "الفضل" مورخہ ۵ فروری میں لکھا ہے کہ

دیکھو حضرت (مرزا) صاحب نے فرمایا تھا
پھر بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی۔

جنوری کے مہینے کو موسم بہار قرار دیا اور خدا کی بات پوری ہونے سے مراد یہ بتائی کہ چلی (امریکہ) میں زلزلہ آیا ہے۔ بہت خوب! ؎

ہم بھی قائل تیری نیرنگی کے ہیں یاد رہے
او زمانہ کی طرح رنگ بدلنے والے

جنوری کا مہینہ ہندوستان میں موسم بہار کا مہینہ ہے نہ امریکہ میں بلکہ یہ خزاں کا زمانہ ہے۔ اعلیٰ ہندوستان کے پہاڑوں پر سرما کی تعطیلات میں ماہ جنوری داخل ہے اس ماہ میں نہ باغوں میں شگوفہ نکلتا ہے نہ درختوں کی کونپلیں پھوٹتی ہیں۔ ہندوستان میں موسم بہار مارچ کا مہینہ سمجھا گیا ہے۔ پھر یہ کیونکر ہؤا کہ چلی کا زلزلہ جو جنوری میں آیا ہے یہ موسم بہار میں سمجھا جائے۔ لیکن جو لوگ تغیر تبدل میں اتنے مشاق ہیں کہ دمشق سے مراد قادیان لے لیں ان کے نزدیک کوئی بات انہونی نہیں ہو سکتی ہم حیران ہیں کہ قادیان کی ساری فوج دور دور ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔ حالانکہ ممالک میں بھی قادیان کی تحصیل بٹالہ میں ایک شخص پیدا ہوتا ہے جو اپنے نام کے ساتھ "المسیح" یعنی پنڈت آتما نند المسیح لکھ کر حریف قادیان بنتا ہے۔ اس پر کوئی بجلی نہیں گرائی جاتی حالانکہ چاہئے یہ تھا کہ سب سے پہلے سارا زور اسی پر لگایا جاتا۔ کیوں؟

شرکت غم بھی نہیں چاہتی غیرت میری
غیر کی ہو کے رہے یا شب فرقت میری

الہامات مرزا۔ مرزا صاحب قادیانی کے مشہور الہامات کی تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۹ر پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(مرقومہ منشی محمد عبداللہ صاحب معمار امرتسری)

ختم نبوت کا عقیدہ ایک ایسا عقیدہ ہے کہ گذشتہ ساڑھے تیرہ سو برس سے تمام امت کا اس پر اتفاق چلا آتا ہے۔ مرزائی اصحاب آیت خاتم النبیین کی رو سے آنحضرت کو خاتم الانبیاء تو مانتے ہیں مگر آیت کے معنے کرتے ہیں "نبیوں کی مہر" یعنی آپ صلعم کی اتباع سے نبوت کا مقام ملتا ہے وغیرہ۔

ذیل کا مضمون قادیانی عذرات کے جواب میں لکھا گیا ہے جو کئی اقساط میں ختم ہوگا۔ امید ہے کہ ناظرین اسے دلچسپی سے پڑھینگے۔ (مدیر)

رسالہ ریویو آف ریلیجنز قادیان میں بعنوان "تردید دلائل انقطاع نبوت بعد آنحضرت صلعم" خلیفہ صاحب قادیانی کا ایک طویل مضمون شائع ہؤا ہے۔ اس مضمون کے اندر خلیفہ صاحب مذکور نے اسلامی دلائل متعلقہ ختم نبوت کا جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ سب سے پہلے آپ نے اس حدیث پر نظر عنایت فرمائی ہے جس میں ارشاد نبوی صلعم ہے کہ ان النبوة والرسالة قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی۔ فشق ذالک علی الناس فقال ولکن المبشرات۔ قالوا یا رسول اللہ وما المبشرات۔ قال رویا الرجل المسلم وھی جزء من اجزاء النبوة۔ (احمد۔ ترمذی)

(ترجمہ) رسالت اور نبوت بند ہوگئی ہے۔ میرے بعد نہ کوئی نبی ہوگا نہ رسول۔ صحابہ پر یہ بات گراں گزری تو آپ نے فرمایا لیکن مبشرات بند نہیں ہوئیں صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ مبشرات کیا ہوتی ہیں؟ آپ نے فرمایا مسلمان مرد کی خواب اور یہ نبوت کے اجزاء میں ایک جزو ہے۔

اس حدیث سے عیاں ہے کہ آنحضرت صلعم کے بعد نبوت و رسالت کا سلسلہ بند ہو چکا۔ مبشرات باقی ہیں۔ خلیفہ صاحب نے اس حدیث کا پہلا جواب تو یہ دیا ہے کہ "مسلمان خود حضرت عیسیٰ کی آمد کے قائل ہیں"۔

اس اعتراض کا جواب بیسیوں دفعہ دیا جا چکا ہے کہ ختم نبوت سے مراد یہ ہے کہ آں حضرت کے بعد جدید نبی کوئی نہ بنایا جائیگا۔

ختم نبوت کے یہ معنے نہیں کہ آنحضرت صلعم نے اپنے سے پہلے انبیاء کی نبوت چھین لی ہے۔ دیکھئے مرزا صاحب نے لکھا ہے کہ میں اپنے باپ کے لئے خاتم الاولاد تھا ہے کیا اس فقرہ کا یہ مطلب ہے کہ مرزا جی کے پیدا

(۲۹۵)

ہونے سے مرزا صاحب کے پہلے بہن بھائی دوزخ میں (مثلاً غلام قادر) مرگئے تھے یا حکیم غلام مرتضیٰ صاحب کی ولدیت سے خارج ہو گئے ؟ یقیناً اس کا یہ مطلب نہیں ہے اس کا مطلب جو کچھ ہے وہ بالفاظ مرزا صاحب یہ ہے کہ میرے بعد میرے والدین کے گھر اور کوئی لڑکی لڑکا پیدا نہیں ہوا۔"

ٹھیک اسی طرح ختم نبوت کے معنے ہیں لا نبی بعدی میرے بعد کوئی نبی نہ بنایا جائیگا۔ چنانچہ مرزا صاحب نے بھی آیت خاتم النبیین کی یہی تفسیر کی ہے جو آگے آتی ہے خلیفہ صاحب فرماتے ہیں کہ جس صورت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تہ بعض امتیہ کا مصداق بن کر آسکتے ہیں۔ تو خالص امتی کیوں نہیں آسکتا۔

جواباً عرض ہے کہ آنحضرت کے بعد امتی ایک چھوڑ ایک کروڑ آجائے۔ چنانچہ گذشتہ ساڑھے تیرہ سو برس میں کروڑہا انسان آنحضرت صلعم کے امتی ہو چکے ہیں اور ایسے ہی آئندہ ہونگے۔ یہ چیز ختم نبوت کے منافی نہیں ہے خود حضور علیہ السلام نے فرمایا ہوا ہے جس طرح انسانوں کا خدا ایک ہے اسی طرح ابنیا بھی ایک ہی رہیگا۔ باقی سب امتی ہونگے۔

ہاں یہ بات البتہ غلط ہے کہ کوئی شخص امتی اور نبی کے دوگونہ متضاد دعاوی کرے۔ ایسے دعاوی بدو وجہ باطل ہیں۔ اول وجہ یہ ہے کہ

"رسول اور امتی کا مفہوم ربی، متبائن ہے"

(قول مرزا در ازالہ ص ۲۳۵ ح ۳)

دوم اس لئے کہ حدیث صحیح میں آچکا ہے کہ

سیکون فی امتی ثلاثون کذابون کلھم یزعم انہ نبی اللہ و انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میری امت میں دنیا کے اخیر تک قریب تیس کے دجال پیدا ہونگے، جو نبوت کا دعویٰ کرینگے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہ بنایا جائیگا۔"

حدیث مذکورہ بالا سے صاف عیاں ہے کہ امت محمدیہ میں نبوت کا دعویٰ کرنے والے بالفاظ دیگر امتی نبی ہونے کے مدعی قطعاً غیر صادق ہیں۔

رہ گیا یہ اعتراض کہ پھر عیسیٰ علیہ السلام کو محدثین نے کا نہ بعض امتیہ کا خطاب کیوں دیا ؟ سو جواباً گذارش ہے کا نہ بعض امتیہ اور بعض امتیہ میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔

خلیفہ صاحب کا دوسرا جواب

حدیث زیر غور کا دوسرا جواب خلیفہ صاحب نے یہ دیا ہے کہ

"اس حدیث میں لکن المبشرات کے الفاظ ہیں اور اس پر سب متفق ہیں کہ مبشرات میں منذرات بھی شامل ہیں ورنہ ماننا پڑیگا کہ اب کسی کو منذر خواب نہیں آتی جو واقع کے خلاف ہے۔ ہم مخالفین سے پوچھتے ہیں کہ اس حدیث کی رو سے مبشرات تو باقی ہیں کیا منذرات بھی باقی ہیں ؟ تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہاں منذرات بھی باقی ہیں اور وہ مبشرات کے اندر ہی شامل ہیں۔ اس پر ہم پہلے تو یہ کہتے ہیں کہ جب آپ مبشرات کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ اسکے معنے ہیں مبشرات اور منذرات۔ تو ہمارا یہ حق کیوں نہیں کہ ہم بھی یہ تاویل کریں کہ ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت میں تشریعی رسالت و نبوت مراد ہے،

دوسری بات ہم یہ کہتے ہیں کہ جب آپ مبشرات میں منذرات کو شامل کرتے ہیں تو قرآن نے بھی تو نبی کو بشیر و نذیر ہی قرار دیا ہے۔ ان انا الا نذیر و بشیر لقوم یؤمنون ...... اس آیت سے صاف پتہ لگتا ہے کہ نبوت بشارت و انذار ہی کا نام ہے۔ اس آیت کے علاوہ قرآن کے مندرجہ ذیل مقامات میں آنحضرت کے لئے حصر کے ساتھ صرف نذیر یا بشیر و نذیر کے الفاظ آئے ہیں۔ انما انت نذیر و ما ارسلناک الا مبشراً و نذیراً ۔۔۔ ان آیات میں حصر کے ساتھ یہ دونوں الفاظ وارد ہوئے ہیں یعنی یہ کہ آپ صرف بشیر و نذیر ہیں اب اگر لکن المبشرات میں مبشرات سے نبوت مراد نہیں تو ان حوالہ جات کو سامنے رکھ کر یہی نتیجہ نکلیگا کہ رسول کریم نبی نہ تھے"

(ملخص ریویو۔ اگست ۱۹۳۶ء ص ۳۵ تا ص ۳۶)

معیار | اس تحریر میں خلیفہ قادیان نے کمال مغالطہ دہی سے کام لیا ہے۔ دیکھئے خلیفہ صاحب نے کس قدر چالاکی کی ہے کہ ہماری طرف یہ امر منسوب کیا کہ ہم لوگ مبشرات کے لفظ میں منذرات کو بھی شامل و داخل مانتے ہیں۔ پھر اسی پر ساری عمارت کھڑی کی ہے۔ خلیفہ جی کو واضح ہو کہ ہم منذرات کو مبشرات میں داخل نہیں کرتے۔ یہ دونوں مفہوم الگ الگ ہیں۔ یہ درست ہے کہ لوگوں کو ایسے خواب بھی آتے ہیں جو منذرات (ڈراؤنے) ہوتے ہیں مگر یہ خواب جزو نبوت نہیں ٹھیرائے گئے۔ حدیث میں صرف مبشرات کو جزء من اجزاء النبوۃ فرمایا ہے۔ آپ اگر کوئی ایسی حدیث پیش کر سکیں جس میں منذرات کو جزو نبوت فرمایا ہو۔ تو ہم اس پر غور کر یں گے۔ سردست آپ کی تمام عمارت بنیاد خام پر مبنی ہے۔

بفرض محال یہ مان بھی لیا جائے کہ مبشرات اور منذرات دونوں اجزاء نبوت میں داخل ہیں تو اس سے یہ کیسے ثابت ہو گیا ہے کہ ہر بشیر و نذیر نبی ہوتا ہے۔ خلیفہ صاحب ! آپ حقیقۃ الوحی ص ۲ وغیرہ کھول کر ملاحظہ فرمائیں کہ اچھے برے۔ مبشر و منذر خواب تو چوہڑوں چماروں بلکہ زانیوں بدکاروں کو بھی آتے رہتے ہیں۔ جن میں بقول مرزا صاحب بعض سچے بھی نکل آتے ہیں۔ کافر بادشاہ مصر کو بھی خواب آیا تھا جو مبشرات و منذرات پر مشتمل تھا۔ کیا آپ ان سب کو نبی مان لیں گے ؟

تعجب ہے کہ آپ کے والد تو فرماتے ہیں کہ خوابوں پر فخر کرنا لعنت ہے (بدر ۱۶۔ جنوری ۱۹۰۸ء ص ۸) مگر آپ خواب بینوں کو نبی بنانے پر تلے بیٹھے ہیں۔

صاحب من ! جس طرح ہر نبی بشر ہوتا ہے مگر ہر بشر نبی نہیں ہوتا۔ ٹھیک اسی طرح ہر نبی بشیر و نذیر ہوتا ہے مگر ہر بشیر و نذیر نبی نہیں ہوتا۔ ؎

اگر اب بھی نہ تم سمجھو تو پھر تم سے خدا سمجھے

(باقی دارد)

نوٹ | برادران اہل حدیث ! اگر آپ مسئلہ ختم نبوت پر ایک ایسی مناظرانہ کتاب دیکھنا چاہتے ہیں جو ہر پہلو سے کامل ہو جس میں مرزائیوں کے تمام عقائد و دلائل ...

بریلوی مشن

کوٹلی میں جماعت اہل حدیث کا اثر

(از قلم مولوی عبد العزیز صاحب از کوٹلی لہاراں مغربی)

ناظرین کرام! آپ خوب سمجھ چکے ہیں کہ حنفی گروہ میں بریلوی عقیدہ کے لوگ شب و روز اسی ناکام کوشش میں مصروف ہیں کہ کسی نہ کسی طرح مسلمانوں میں تفریق ڈال کر اپنا الو سیدھا کرتے رہیں۔ بالخصوص کوٹلی لہاراں میں یہ مرض کثرت سے ہے۔

ہمارے کرم فرما مولوی محمد شریف اور ان کے صاحبزادہ محمد بشیر تو جماعت اہل حدیث کے لئے ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ ان کا کوئی وعظ، کوئی جلسہ کوئی ٹریکٹ ایسا نہیں جس میں جماعت حقہ اہل حدیث پر سب و شتم نہ کیا جاتا ہو۔ دو نو جماعتوں کو آپس میں مل بیٹھنے سے سخت منع کر کے رشتہ و ناطہ، علیک سلیک نماز جنازہ مل کر پڑھنے سے بھی سختی سے روکا جاتا ہے گویا کہ بائیکاٹ (مقاطعہ) کرانے کی سعی ناکام میں مشغول ہیں۔ لیکن بفضل خدا جماعت حقہ اہل حدیث کا اثر شب و روز غالب ہوتا جاتا ہے۔

اثر بھلا کیوں نہ ہو۔ اب تو مولوی محمد شریف صاحب اپنے ٹریکٹ موسومہ "وہابیہ سے مناکحت"؟ میں خود تسلیم کر چکے ہیں کہ میرے مقتدیوں پر اہل حدیث کا اثر ہو چکا ہے۔ چنانچہ شروع میں لکھتے ہیں کہ اہل حدیث کی لڑکی اگر کسی حنفی کے نکاح میں آتی ہے تو اگر ممکن ہو تو سب سسرال والوں کو ورنہ اپنے شوہر کو ضرور اپنے رنگ میں رنگ لیتی ہے۔ بخلاف اس کے حنفیہ کی لڑکی جب ان کے گھر جاتی ہے تو بجائے اس کے کہ وہ شوہر کو اپنی طرف لائے خود ان کے مذہب میں مل جاتی ہے [illegible]

[illegible]

گویا کہ مولوی صاحب آئے دن اپنے مال میں کمی ہوتی دیکھ کر بے ساختہ پکار اٹھتے ہیں کہ میرے مریدو! اپنے گھر توحید کے پرستاروں اور رسول اللہ صلعم کے شیدائیوں سے بچا کر رکھو۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ تم ان سے رشتہ داری کرتے کرتے تعصب کے سبب اہل حدیث ہی بن جاؤ اور ہمیں پھر جمعرات کی روٹی سے مایوس ہو کر کسی اور جگہ بھاگنا پڑے۔

تازہ شہادت مولوی محمد شریف صاحب خطبہ جمعہ میں فرمانے لگے کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ میری جماعت کے بعض آدمی جمعہ کے دن ظہر نہیں پڑھتے وہ بے دینوں کو دیکھ کر ظہر احتیاطی ترک کر بیٹھے ہیں۔ میں نے احتیاطی پڑھنے کے اثبات میں کتابیں لکھی ہوئی ہیں۔ جن کا ابھی تک کسی نے جواب نہیں دیا تم ضرور پڑھا کرو۔

مولوی صاحب! یہ صبغۃ اللہ (اللہ کی توحید، معرفت کا رنگ) اب ایسا چڑھ رہا ہے جو بفضل خدا اتر نہیں سکتا۔ کیونکہ ذی عقل احباب خوب سمجھ چکے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے پانچ نمازیں ہی فرض کی ہیں۔ جمعہ کے دن یہ چھٹی نماز مولوی صاحب کہاں سے لے آئے۔ حالانکہ شارع علیہ السلام سے اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ بلکہ فقہاء کرام نے بھی نماز جمعہ پڑھ کر پھر ظہر پڑھنے کو نہیں فرمایا۔ دیکھو نور الہدایہ وغیرہ۔ اور مولوی صاحب یہ بھی غلط فرماتے ہیں کہ میری کتابوں کا جواب کسی نے نہیں دیا۔ مولوی صاحب خوب جانتے ہیں لیکن اپنی مدح سرائی کیلئے لوگوں میں اخفاء حق فرما رہے ہیں۔ حالانکہ بابا کرم الٰہی صاحب مرحوم نے ان کی کتابوں کا جواب ان کی زندگی میں دیا ہوا ہے۔ (۱) بابا کرم الٰہی [illegible] (۲) محمدی مہر (فی تردید) احتیاط الظہر نیز کتاب میں ہمارے سنگ بابا صاحب کے یہ شعر بھی مرقوم ہیں کہ

کوٹلی دے وچ جمعہ نہ جائز پڑھ دا کیوں شریف
(بعد) جمعہ بھی آکھو فرض ہے تاں ہے پیشی مستقل
نہ ایدھر نہ اودھر دو ہاں نوں لے گئی ال

اور مولوی سلیمان صاحب حنفی سکنہ گھوگھے نے اس کا جواب سبیل النجات کی شکل میں دے دیا ہوا ہے۔

ناظرین! یہی مولوی محمد شریف صاحب چند سال تک عید کی نماز مسجد میں پڑھتے رہے۔ لیکن اب بفضل خدا مولوی صاحب عاملین سنت کے اثر سے متاثر ہو کر نماز عید عیدگاہ میں جا کر پڑھتے ہیں۔

مسجد اہل حدیث میں مستورات بھی جمعہ کے دن آتی ہیں لیکن مولوی صاحب دوران وعظ میں اکثر دفعہ فرما چکے ہیں کہ اب وہ وقت نہیں، زمانہ کی حالت نازک ہے عورتوں کو مسجدوں میں نماز جمعہ کے لئے نہیں آنا چاہئے لیکن لطف یہ کہ اب مسجد حنفیہ میں بھی جماعت اہل حدیث کے اثر سے جمعہ کے دن مستورات جاتی ہیں اور مولوی صاحب اب انہیں روک نہیں سکتے۔ بلکہ مسجد میں ان کے لئے ایک گیلری بھی تعمیر کرا دی ہے۔

نیز یہ کہ بریلوی حضرات نماز جنازہ میں امام اور مقتدی سورہ فاتحہ نہیں پڑھتے لیکن مولوی محمد شریف صاحب اپنے برادر کلاں کی وفات پہ جنازہ پڑھنے سے پہلے فرمانے لگے کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ ضرور پڑھنا۔ کیونکہ دعا کے طور پہ پڑھنا جائز ہے الحمد للہ!

الغرض بوقت ضرورت ہم اس قسم کے نمونے بکثرت دکھا سکتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان احباب کو جو محض ضد و تعصب کی بنا پر جماعت اہل حدیث سے عداوت رکھتے ہیں ہدایت دے کہ مذہب اہل حدیث کا اثر ہوتا دیکھ کر کونوا مع الصادقین کے اصول پر جلد از جلد کاربند ہو جائیں۔ خدا تعالیٰ حق کے سمجھنے کی توفیق بخشے۔ آمین!

[illegible] (۲۹۹)

فتویٰ بابت عدم جواز جمعہ دیہات اور اس کا خطرناک نتیجہ

(از قلم مولوی محمد ابوالخیر صاحب رحمانی پرتاب گڑھی)

میرا خیال تھا کہ مسائل فقہیہ جو کہ فرمان نبوی کے خلاف ہیں ان کو صرف درس تدریس ہی تک محدود رکھا جاتا ہوگا اور تحریر و تقریر میں اس سے گریز کیا جاتا ہوگا۔ غالباً کچھ عرصہ پہلے اخبار "اہلحدیث" میں یہ مضمون شائع ہوا تھا کہ جب دارالعلوم دیوبند سے کوئی طالب علم فارغ ہوتا ہے تو اس کی پہلی ڈیوٹی یہ ہوتی ہے کہ دیہاتوں میں جمعہ بند کرائے۔ مگر پھر بھی یقین کامل نہ ہو سکا۔ لیکن اس وقت میرے پیش نظر رسالہ "الادب" کان پور ہے۔ جس میں یہ فتویٰ درج ہے کہ "درحقیقت دیہات میں جمعہ جائز نہیں۔ جو لوگ نہیں پڑھتے وہ حق پر ہیں اور تمام مسلمانوں کو انہیں کی اتباع کرنی چاہئے اور اہل حق ہمیشہ کم رہا کرتے ہیں"

(الادب کان پور بابت جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ)

اس فتویٰ کو پڑھ کر نامہ نگار اہلحدیث کی پوری تائید ہو رہی ہے۔ آہ! کس قدر حیرت اور تعجب ہے کہ ایک فقہی عبارت کو صحیح کرنے کے لئے کس قدر حدیثوں کو توڑ مروڑ کیا جا رہا ہے۔ کہا تو جاتا ہے کہ فقہ کے مسائل غلط بھی ہیں لیکن ہر غلط مسئلے کی غلط تاویل اور بے جا توجیہ بھی کی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ائمہ کرام معصوم نہ تھے۔ لیکن ان کی ہر بات کو صحیح ثابت کرنے کی سعی ناکام کی جاتی ہے۔ چاہے حدیث سے کوسوں دور ہو جاویں۔ کیونکہ اصول ہے کہ جب تک درست ہو سکے گا عاقل بالغ کے کلام کو درست کہا جائیگا۔ اگر فقہ کے کسی مسئلہ کو پیش کیا جائے کہ یہ غلط ہے تو فوراً میدان میں خم ٹھونک کر آجائیں گے کہ بجا و درست ہے کیونکہ غلط ہے ہم اس کو صحیح کر کے دکھائیں گے اس کا نتیجہ خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو بہر دست اسی مسئلہ کو

دیکھئے کہ اس بات پر زور دیا جا رہا ہے کہ جمعہ دیہات میں جائز نہیں ہے۔ لیکن دلیل میں نہ قرآن ہے اور نہ حدیث۔ قدوری کی عبارت نقل کر دی گئی ہے۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس مسئلہ کا اثر اور نتیجہ کیا ہوگا؟

ایک تو دیہات میں ایسے ہی کم نمازی نظر آتے ہیں۔ بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جو پنجوقتہ مسجد میں حاضری دیتے ہوں۔ لیکن جمعہ کی وقعت اور اہمیت ابھی ان کے دلوں میں کسی قدر باقی ہے۔ اس لئے قریب قریب جمعہ میں تمام حاضر ہو جاتے ہیں۔ لیکن اب جبکہ ان سے کہا جائیگا کہ بھائی جمعہ تو تمہارے لئے ہے ہی نہیں وہ کس قدر خوش اور مسرور ہونگے کہ لو اب اس سے بھی چھٹکارا ہو گیا۔ پنج وقتہ نماز کی ان کو بذات خود پروا نہیں اور دیوبند کا فتویٰ جمعہ سے بھی بے نیاز کر دیتا ہے جن لوگوں سے یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے گاؤں کی مسجد میں حاضر ہو سکیں وہ کب اس تکلیف کو برداشت کر سکیں گے۔ کوسوں کی مسافت طے کر کے شہر میں جمعہ پڑھنے کے لئے حاضر ہوں۔

یہ ہے تقلید شخصی کا تلخ ترین نتیجہ جس نے دیہاتیوں کو جمعہ جیسے اہم اور مقدس فریضہ سے محروم کر دیا۔

اے دیہاتی مسلمانو! کیا نشہ تقلید میں چور ہو کر جمعہ کو ترک کر دو گے؟ تمہاری غیرت اسلامی اس بات کو گوارا کر سکتی ہے؟ نہیں تو کہوں گا کہ جس کے دل میں قرآن حدیث کی عظمت ہوگی وہ ائمہ کرام کے اقوال کو حدیث کے مقابل میں ٹھکرا دیگا۔ مانا کہ ائمہ بزرگ تھے۔ تسلیم کرتے ہیں کہ وہ مقرب الی اللہ تھے۔ لیکن معصوم نہ تھے۔ ان کی باتیں غلط بھی ہو سکتی ہیں۔ ان کے پاس وحی نہیں آتی تھی کہ اصلاح ہو جاتی۔ انہی غلط مسئلوں میں سے ایک یہ بھی

لیکن مقلدو! ہٹ دھرمی کا ستیاناس ہو جائے کہ کہاں سے کہاں تک پہنچا دیتی ہے؟ خدا سمجھ دے۔

خدام الصوفیہ گجرات

کی

تین گھنٹہ کی کاروائی

(مرقومہ ایم محمد خان گوندل۔ کھاریاں ضلع گجرات)

گجرات (پنجاب) میں بتاریخ ۲۱-۲۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء انجمن خدام الصوفیہ گجرات کے اجلاس ہوئے۔ راقم بھی ۲۱-۲۲ اکتوبر کی درمیانی شب کا وعظ ہدیہ ناظرین کرتا ہے۔ پہلے پہل چند نعت خوانوں نے شرک آلود نظمیں پڑھیں جو سراسر تعلیم اسلام کے خلاف تھیں۔ نمونۂ ایک شعر ہدیۂ ناظرین ہے۔ ؏

فرش سے عرش تک بشر جا سکتا نہیں

بعدہٗ مولوی غلام قادر صاحب لالہ موسیٰ والے نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ۔ وہ ذات جس نے بھیجا اپنے رسول کو ساتھ ہدایت اور دین حق کے جو غالب ہے اوپر تمام ادیان کے۔

آپ نے رَسُوْلَهٗ کے لفظ سے استدلال کیا کہ اللہ تعالیٰ نے صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی اپنا رسول کہا ہے اور کسی نبی کو ایسا نہیں کہا کہ میں نے اپنے نوح کو یا اپنے موسیٰ کو بھیجا۔ اس میں مولوی صاحب نے جملہ انبیاء کی ہتک کی۔ اس کے بعد آپ سیاسی الجھن میں پڑ گئے۔ بعد ازاں مولوی محمد یار بہاولپوری نے وعظ فرمانا شروع کیا۔ اہل حدیثوں کو شروع ہی میں گالی گلوچ دینے کے بعد کہا۔ دیکھو بھائی کہ یہ وہابی لوگ کہتے ہیں کہ اللہ و رسول دو الگ الگ ہستیاں ہیں۔ حاضرین [illegible] کہ جو ایک چیز نہ ہے وہ موجود ہوتا ہے یا دو [illegible] حاضرین جلسہ نے یک زبان ہو کر کہا۔ جو ایک چیز [illegible] ہوتا ہے اور جو [illegible] جاتے ہیں۔ مولوی صاحب [illegible] لگے کہ وہابی لوگ خدا تعالیٰ اور رسول [illegible]

علیہ وسلم) کو ایک نہیں جانتے۔ کیا یہ مشرک نہیں؟ اور ہم جو خدا اور رسول کو ایک جانتے ہیں ہم ہی سچے موحد ہیں اور وہابی جو موحد ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں یہ کھلے مشرک ہیں۔ (نعوذ باللہ) جملہ حاضرین جلسہ نے کہا۔ سبحان اللہ!

برادران اہل حدیث! مولوی یار محمد بہاولپوری کی استدلال قابلیت اور توحید دشمنی دیکھئے کہ آپ نے کیسے مشرکانہ خیالات کا اظہار کیا۔

ایک اور دلیل خدا اور رسول ایک ہونے کی سنئے فرمانے لگے کہ ایک آدمی نے اپنے نوکر کو کہا کہ جاؤ اندر سے آئینہ لے آؤ۔ وہ لینے گیا تو اُسے ایک کی بجائے دو نظر آئے۔ باہر آکر آقا سے کہا کہ آئینے دو ہیں ایک نہیں۔ مالک نے کہا۔ جا بے وقوف ایک ہی لے آیا۔ اسی طرح اُن میں تکرار ہوگیا۔ کافی اصرار کے بعد مالک نے کہا ایک کو توڑ دو اور دوسرا لے آؤ۔ نوکر نے جاتے ہی اُسے لات ماری اور وہ چکنا چور ہوگیا۔ چونکہ شیشہ اصل میں ایک تھا مگر اس کے فہم کا قصور تھا۔ بس دو کی بجائے ایک بھی ہاتھ سے جاتا رہا۔ اس سے استدلال کیا کہ جس طرح اہل حدیث خدا اور رسول کو دو خیال کرتے ہیں اس نوکر کی طرح جس نے ایک آئینے کو دو سمجھا۔ جب ایک توڑا تو دوسرا بھی جاتا رہا۔ اسی طرح ان وہابیوں کا نہ خدا سے تعلق ہے اور نہ رسول سے۔

ناظرین اہلحدیث! مذکورہ بالا امثال سے مولوی بہاولپوری کی توحید دشمنی اور خیانت فی الدین دیکھئے کہ کیسی بیہودہ مثالیں پیش کرتے ہیں جن کا سر ہے نہ پاؤں۔ خدا انہیں عقل و شعور اور قرآن و حدیث کے سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

۲۲۔ اکتوبر کی صبح کو علم غیب ثابت کرتے ہوئے کہا۔ جو اُن کے الفاظ میں ہی پیش کرتا ہوں کہ

رسول کریم ایک دفعہ ایک خچر مبارک پر کہیں سوار ہو کر جا رہے تھے کہ راستہ میں قبر آئی۔ جہاں ایک آدمی کو عذاب قبر ہو رہا تھا۔ وہاں خچر مبارک ٹھہر گیا۔ آپ نے خچر مبارک کو ڈنڈے مار مار کر اس کی لید مبارک نکال دی کہ آگے چلتا کیوں نہیں۔ اتنے میں بذریعہ وحی پتہ چلا کہ قبر میں ایک آدمی کو عذاب ہو رہا ہے اس لئے خچر مبارک نہیں چلتا تھا۔ حاضرین جلسہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ رسول کریم کے خچر کو تو علم غیب ہو۔ اور وہابی کہیں کہ رسول کریم کو علم غیب نہیں تھا۔

ع بریں عقل و دانش بباید گریست

واہ مولوی صاحب! خوب استدلال کیا۔ شکر ہے کہ کسی منچلے نئی تہذیب والے نے دوران جلسہ میں آپ کو ٹوک نہ دیا ورنہ آپ آیندہ ایسی مثال پیش کرنے کی کبھی جرأت نہ کرتے

ناظرین! آپ نے مولوی صاحب کا استدلال تو دیکھ لیا اب ذرہ غور کریں کہ سیّد الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب تھا تو خچر کو نہ چلنے کی وجہ سے اس قدر کیوں پیٹا کہ پیٹ پیٹ کر اس کی لید بھی نکال دی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو راہ راست پر لائے۔ آمین ثم آمین!

اہلحدیث ناظرین! ان بے چاروں کی بے بسی ملاحظہ ہو کہ کس مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں۔ خود ہی علم غیب رسالت کے مدعی بنتے ہیں اور خود ہی اس کی نفی بھی کرتے جاتے ہیں۔ پیر جماعت علی شاہ علی پوری ایک مثال دیا کرتے ہیں کہ

حضرت باقی باللہ دہلوی کی ایک بلی تھی۔ جتنے مہمان معزز گھر آنے ہوتے وہ بلی اتنی ہی دفعہ آپ کے سامنے میاؤں میاؤں کر دیتی۔ جس سے حضرت صاحب سمجھ جاتے کہ آج اتنے مہمان آئیں گے۔

پیر صاحب اس قصہ سے یوں استدلال کیا کرتے ہیں کہ جب حضرت باقی باللہ کی بلی کو بھی علم غیب حاصل تھا تو رسول صلعم اس سے خالی کیونکر ہو سکتے ہیں۔ (جل جلالہ)

مگر آپ اتنا بھی نہیں سوچتے کہ اس قصہ میں پہلے خود حضرت باقی باللہ کی توہین ثابت ہوتی ہے جن کی صحبت میں رہ کر بلی کو تو علم غیب حاصل ہوگیا مگر خود ممدوح اس سے محروم ہے اس کے علاوہ خود سرور عالم صلعم کی بھی توہین ہے جن کے علم غیب کا ثبوت بلیوں کے علم غیب سے دیا جاتا ہے خطرہ ہے کہ یہ حیوانی استدلال ترقی کر کے یہاں تک نہ پہنچ جائے کہ یوں کہنے لگیں کہ

بیا (بجڑا) اپنا گھر خوبصورت بناتا ہے پیغمبر علیہ السلام نے بھی ضرور ایسا ہی اچھا بنایا ہوگا۔

اسی طرح شاید یہ بھی کہا جائے کہ چیونٹی دور سے میٹھے کی خوشبو سونگھ لیتی ہے اسی طرح پیغمبر علیہ السلام بھی سونگھ لیتے ہونگے۔ ایسا گمان کرنا حقیقت میں رسالت کی توہین کرنا ہے۔ خدا ان کو ہدایت کرے اور جاہلوں کو ان کے پنجے سے نکلنے کی توفیق بخشے۔

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اکیسواں[۲۱] جلسہ

(از قلم مولوی امام خان صاحب)

یاد بخیر! آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اکیسواں[۲۱] جلسہ فتحگڑھ چوڑیاں (امرتسر پنجاب) میں بتاریخ ۷-۸-۹ اپریل ۱۹۳۹ء کو ہو رہا ہے۔ جس کی تحریک کو مجلس شوریٰ (دہلی میں) دو مہینے ہوئے۔ اور منظوری کو تقریباً ایک مہینہ۔ مگر اس مدت میں جماعتی اخباروں میں جلسہ کے متعلق بجز اعلان کے (اور وہ بھی صرف اخبار اہلحدیث امرتسر میں) کوئی استقبال، کسی قسم کی مسرت۔ کسی تجویز کسی تحریک کا ذکر اب تک نہیں آیا۔ گویا ؎

ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

اس سکوت مطلق کی وجہ بجز مایوسی کے اور کیا ہو سکتی ہے۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ ہماری جماعتی حیثیت اب ختم ہو رہی ہے۔ ہر جگہ مایوسی کا تسلط ہے۔ باہمی نزاعوں نے گھر گھر ڈیرے ڈال رکھے ہیں (وغیرہ وغیرہ) مگر سوال یہ ہے کہ اس تنزل پر سب کو صبر کر لینا چاہئے یا اس کی اصلاح کی تدبیر کرنا ضروری ہے۔ جماعتی

سلہ مولوی صاحب نے لید مبارک کا لفظ استعمال فرمایا تھا۔

عروج و تنزل کے معاملہ میں اہل حدیث کانفرنس کا مسئلہ سب سے اہم ہے جس کا دفتری نظام اور اعضا و جوارح سب کے سب مضمحل ہو رہے ہیں اور اسکی تسلیم ہے کانفرنس کے عہدہ داران کے ساتھ ساتھ مجلس شوریٰ کے کسی ممبر کو چارہ نہیں۔ مگر کانفرنس کے اضمحلال کا سبب خود کانفرنس ہی ہے۔ یا جماعت بھی اسکی جوابدہ ہو سکتی ہے۔

صاحب! کانفرنس اعیان و انصار کا نام ہے۔ اگر اعیان و انصار کنارہ کش ہو جائیں تو جماعت یا جمعیت کی ذمہ داری کیا معنی رکھتی ہے۔ کیا یہ غلط ہے کہ خواص و عوام کو کانفرنس کی سود و بہبود سے کوئی دلچسپی نہیں۔ جس کا ثبوت کانفرنس کا خزانہ ہے جس کے محاصل کا مدار اہل دہلی پر ہے ان میں سے بھی سوداگران صدر بازار پر۔ پھر اُن میں سے خصوصاً حافظ حمید اللہ (فنانشل سکرٹری) پر اس کے ماسوا کبھی کبھی اخبار اہلحدیث میں کوئی چندہ آجاتا ہے۔ یا ایک فنڈ کا عیدین کے سرصدقے میں کچھ روپیہ جمع ہو جاتے ہیں۔ محاصل و آمدنی کے مقابلہ میں مصارف کی رفتار بھی قابل سماعت ہے۔ جس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ پشاور سے لیکر راس کماری تک سے طلب امداد کی درخواستیں آتی ہیں۔ جن میں مدرسوں، مسجدوں، مقدموں (اور مجھ ایسے بے بضاعت مصنفوں) تک کی درخواستیں ہیں۔ گذشتہ رجب میں میسور سے ایک صاحب درخواست برائے امداد مدرسہ لیکر دہلی تشریف لائے۔ گویا ؎

چلی آتی ہیں نذریں دھوم سے دربار قاتل ہے
کسی کا سر ہتھیلی پر۔ کسی کے ہاتھ میں دل ہے

ان درخواستوں میں سے کتنی کامیاب ہوتی ہیں۔ اور کس قدر ناکام تمنا رہ کر ادھر اُدھر بھٹکتی پھرتی ہیں۔

کانفرنس کی مالی امداد بالخصوص حضرات دہلی پر ہے۔ مگر طلب امداد کی درخواستیں ہر طرف سے آتی ہیں۔ اور دفتر ان سب کی تعمیل نہیں کر سکتا۔ ولیکن مطعون صرف کانفرنس ہی کو کیا جاتا ہے۔ یہ الزام قابل غور کیوں نہیں ہو سکتا۔

(باقی باقی)

میری خدمات حاضر ہیں

سردار اہل حدیث حضرت مولانا ابوالوفا صاحب امرتسری (مدظلہ) پر حملۂ قاتلانہ کے وقت سے جماعت اہل حدیث کی طرف سے مَیں غور و فکر میں تھا۔ حضرت مولانا ممدوح کے اعلان مندرجہ اہلحدیث پرچہ اول (جلد ہذا) نیز مولانا محمد یوسف صاحب شمس فیض آبادی کے انتقال پر ملال (رحمہ اللہ) و مولانا عبد التواب صاحب علیگڈھی کی علالت سے میں بے حد متاثر ہُوا۔ اور ہر وقت اسی خیال میں مستغرق رہتا کہ خداوندا! بعض ضروری ہستیاں ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو گئیں اور بقیہ اور جدا ہو گئیں تو جماعت اہل حدیث کا کیا حال ہوگا؟ کون ان کو سنبھالے گا؟

تعطیل کرسمس میں۔ مَیں نے بنارس تک کا سفر کیا اپنی جماعت کے مختلف حضرات سے ملاقات کا موقع ملا ہر جگہ اور ہر ایک سے یہی معلوم ہُوا کہ تبلیغ و وعظ کی سخت ضرورت ہے اور علماء اہل حدیث اس طرف توجہ نہیں کرتے۔ معاً مجھے یہ خیال ہُوا کہ ایک وہ وقت تھا کہ حضرت مولانا رحیم آبادی و استاذی مولانا غازیپوری (رحمہم اللہ) کے انتقال کے بعد حضرت مولانا امرتسری مدظلہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ ان بزرگوں کی جدائی نے مجھے بوڑھا کر دیا۔ خداوندا! کیا اب ہم لوگوں کیلئے بھی یہی وقت آنے والا ہے۔ اس خیال سے دل کانپ گیا اور فوراً دل سے مولانا امرتسری کی درازئی عمر کیلئے دعا نکلی۔ اور مَیں نے اسی وقت یہ طے کر لیا کہ جماعت اہل حدیث کی خدمات کے لئے تیار ہو جانا چاہئے۔

اس کے متعلق مَیں کچھ لکھنے والا ہی تھا کہ ۲۰۔ جنوری کے پرچہ "اہلحدیث" میں محترم شاکر صاحب گیاوی کا مضمون نظر سے گزرا۔ میں شاکر صاحب، نیز دوسرے مہربانوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان حضرات نے میرے فرض کی طرف مجھے توجہ دلائی۔ جزاکم اللہ

مَیں اس معزز اخبار کی معرفت اعلان کرتا ہوں کہ میری خدمات جماعت اہل حدیث و نیز عالم اسلامی کاموں کے لئے ہر وقت حاضر ہیں۔ جس کسی جگہ (اپنے صوبہ یو پی یا کسی دوسرے صوبہ میں) کسی انجمن یا کسی جماعت کو میری ضرورت ہو مجھے یاد کر سکتے ہیں۔ مَیں نے اپنے قریب کے ضلعوں کو یہاں تک اجازت دیدی ہے کہ اگر محض ایک وعظ کی ضرورت ہو کسی تقریب پر یا بغیر کسی تقریب کے ہو تو مجھے بیشک بلا سکتے ہیں۔ اگر کوئی دن مخصوص نہ ہو تو یک شنبہ کا دن میرے لئے چھٹی کا ہوتا ہے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہُوا ہے کہ بعض دوستوں و مہربانوں کو عین وقت پر یہ خیال ہوتا ہے کہ شائد مجھے کالج سے چھٹی نہ ملے۔ اس خیال سے وہ میری خدمت سے محروم رہتے ہیں۔ پس مَیں یہ بھی اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ میں کالج سے ہر وقت رخصت لے سکتا ہوں چند یوم پہلے بھی اور وقت پر بھی۔ فرض کیجئے کہ بذریعہ تار مجھے کسی نے فوراً حاضری کا حکم دیا تو میں اُسی وقت رخصت لے کر روانہ ہو سکتا ہوں۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے کہ کالج مجھے اُتنے دنوں کی غیر حاضری کی تنخواہ نہ دے اور کاٹ لے۔ موسم گرما کی تعطیل مجھے ۱۵۔ مئی سے ۸۔ جولائی تک ملا کرتی ہیں۔ اس دوران تعطیل میں مَیں بخوشی بیس دن تبلیغ کے لئے دے سکتا ہوں۔

یقیناً جماعت اہل حدیث مُردہ ہو رہی ہے اور ان کی تعداد کم ہو رہی ہے۔ اور توحید و سنت کی طرف سے یہ بے پرواہ ہو رہے ہیں اور عام مسلمانوں کی حالت بھی خراب ہو رہی ہے۔ اور مخالفین اسلام ہر طرف سے اسلام پر حملے کر رہے ہیں۔ ان تمام نقائص کو دور کرنا ہمارا فرض ہے۔ پس ان تمام خدمات کے لئے مَیں حاضر ہوں۔ ہاں اتنا عرض کرنے کی ضرور اجازت چاہونگا کہ افسوس مَیں اس قابل نہیں ہوں کہ ان تمام کاموں کو جگہ بجگہ اپنے جیب خاص سے جا کر ادا کر سکوں۔ اگر مَیں اس قابل ہوتا تو ملازمت نہ کرتا۔ پس جو علمی و تبلیغی بوجھ میں برداشت کر سکتا ہوں آج سے بخوشی برداشت کرنے کیلئے تیار ہوں۔ باقی بوجھ تو ...

ویدوں کے تراجم اور تفاسیر

(از قلم پنڈت مقصود حسن صاحب از جھانسی)

(۳- فروری کے بعد)

ویدوں کے متعلق قابل مضمون نگار نے جو نہایت اہم اور مفید معلومات بڑی محنت اور جانفشانی سے حاصل کی ہیں۔ اہلحدیث میں ۲۰ جنوری سنہ رواں سے مسلسل شائع ہو رہی ہیں۔ گذشتہ پرچوں میں رگ وید، "سام وید" اور "یجر وید" کے متعلق مفصل ذکر ہو چکا ہے۔ آج اتھرو وید (چوتھے وید) کے متعلق بھی مندرجہ ذیل حالات ملاحظہ فرمائیں۔

اتھرو وید کے ایک بڑے حصہ کا ترجمہ امریکہ کے پروفیسر وھٹنی W.D. Whitney. نے کیا تھا اور ان کے بعد ان کے ساتھی پروفیسر لین مین C. R. Lanman. نے قریب تکمیل تک یعنی انیسویں کانڈ کے اختتام تک پہنچایا۔ یہ انیس کانڈوں کا ترجمہ ۱۹۰۵ء میں ہارورڈ مشرقی سلسلہ کی ساتویں اور آٹھویں جلد میں چھپا ہے۔ اس ترجمہ میں متن کے الفاظ کی پابندی نہایت سختی سے کی گئی ہے۔ اسی لئے اتھرو وید کے جملہ تراجم میں یہ سب سے بہتر ہے۔

اس وید کے اکثر اور بیشتر سوکتوں کا انگریزی ترجمہ پروفیسر ماریس بلومفیلڈ Maurice — Bloomfield نے بھی کیا ہے۔ جو میکس مولر صاحب کے مشرقی سلسلہ کی بیالیسویں جلد ہے۔ اس انتخاب کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ سوکتوں کے متعلق کوشک سوتر میں جو رسومات کا بیان آیا ہے اوس کا ترجمہ بھی حاشی میں دیدیا گیا ہے۔ گویا کوشک سوتر کے ایک معتدبہ حصہ کا ترجمہ اس کتاب میں شامل ہے۔

اتھرو وید کا سب سے پہلا ہندی ترجمہ پنڈت کھیم کرن داس جی نے کر کے لوکر گنج الہ آباد سے شائع کیا۔ پنڈت جی آریہ سماجی خیال کے بزرگ ہیں۔ اس لئے اپنے ترجمہ میں تاویلات بعیدہ کو جن کا دروازہ سوامی دیانند جی کھول گئے تھے۔ بکثرت کام میں لاتے ہیں۔ یہ تفسیر جس میں ساڑھے چار ہزار صفحات سے زائد ہیں۔ مبلغ سینتالیس روپیہ میں مصنف سے مل سکتی ہے۔ جو آج کل جے پور میں مقیم ہیں۔

اتھرو وید کا ایک اور ترجمہ پنڈت دامودر ساتولیکر نے کیا ہے جو ایک عرصہ سے سوادھیائے منڈل اوندھ ضلع ستارا سے شائع ہو رہا ہے۔ اب تک ۱۸ کانڈ شائع ہو چکے ہیں اور دو کانڈ چھپنے باقی ہیں۔ یہ صاحب بھی سماجی خیالات کی طرف میلان رکھتے ہیں۔ شائع شدہ ۱۸ کانڈوں کی قیمت ساڑھے اٹھائیس روپیہ ہے۔

ایک عرصہ ہوا ہم نے اتھرو وید پر ایک مضمون لکھا تھا جو جریدہ تبلیغ" انبالہ مورخہ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء میں شائع ہوا تھا۔ اس مضمون میں ہم نے امید ظاہر کی تھی کہ جس طرح سائن آچاریہ کی سام وید کی تفسیر سناتن دھرمی اصحاب نے مع ہندی ترجمۂ وید کے شائع کی ہے اسی طرح وہ اتھرو وید کی تفسیر بھی شائع کریں گے ہم خوش ہیں کہ یہ امید غلط نہیں ہوئی۔ کئی سال ہوئے سناتن دھرم پریس مراد آباد کی شائع کی ہوئی سائنا چاریہ کی تفسیر مع ہندی ترجمہ اتھرو وید کی پہلی جلد ہماری نظر سے گزری تھی۔ امید ہے کہ اب تک پوری تفسیر نکل چکی ہوگی۔

اتھرو وید کا ایک ہندی ترجمہ پنڈت راجارام شاستری کا کیا ہوا لاہور سے ۱۹۳۰ء میں شائع ہوا۔ پنڈت جی دیانند کالج لاہور کے پروفیسر ہیں۔ ان کا ترجمہ جب ہمارے ہاتھ میں آیا تو ہم نے خیال کیا کہ پنڈت کھیم کرن یا پنڈت جے دیو جی کے ترجموں کی طرح یہ بھی تاویلات بعیدہ سے پُر ہوگا۔ لیکن ہمارے تعجب کی انتہا نہیں رہی جبکہ ہم نے ترجمہ کو پڑھ کر معلوم کیا کہ ایسا نہیں ہے۔ اس ترجمہ سے اظہر من الشمس ہے کہ جوں جوں سماجی اصحاب میں ویدوں کا چرچا بڑھتا جا رہا ہے دیانندی تاویلات کا سلسلہ ختم ہوتا جاتا ہے اتھرو وید کے مختلف ہندی ترجموں کو لو اور دیکھو کہ ہوا کا رخ کس طرف کو ہے۔ پنڈت کھیم کرن کا ترجمہ سراسر تاویلات باطلہ سے پُر ہے۔ پنڈت جے دیو جی نے بھی اپنے ترجمہ میں تاویلات بعیدہ کو دخل دیا ہے مگر کھیم کرن جی سے بہت کم۔ ساتولیکر جی کا ترجمہ جے دیو جی کے ترجمے سے زیادہ صحیح ہے۔ اور پنڈت راجارام جی کا ترجمہ ساتولیکر جی کے ترجمے سے کہیں بہتر ہے۔ ہم راجارام جی کو ان کے ترجمہ پر مبارک باد دئیے بغیر نہیں رہ سکتے۔

اتھرو وید آلوچن نام ایک چھوٹی سی کتاب پنڈت اکھلانند جی شرما نے لکھی ہے جو ایک روپیہ میں مصنف سے چندنگر ڈاک خانہ رجپورہ ضلع بدایوں سے ملتی ہے۔ اس کتاب میں اتھرو وید کے متعدد منتر مع صحیح ہندی ترجمہ کے دئیے گئے ہیں۔ یہ کتاب اس لئے خاص اہمیت رکھتی ہے کہ وھٹنی صاحب کا ترجمہ ناتمام ہے۔ (یعنی اوس میں بیسواں کانڈ نہیں ہے)۔ گرفتھ صاحب نے متعدد منتروں کا ترجمہ انگریزی میں نہیں بلکہ لاطینی میں کیا ہے۔ پنڈت راجارام جی نے بھی بہت سے منتروں کا ترجمہ چھوڑ دیا ہے۔ لیکن اس طرح کے بہت سے حذف شدہ منتروں کا ترجمہ پنڈت اکھلانند جی نے لکھ دیا ہے۔ اسی طرح مدرسہ الہیات کانپور کی جانب سے جو ٹریکٹ نمبر ۵ مرتبہ پنڈت حبیب الرحمٰن صاحب پروفیسر سنسکرت علیگڈھ یونیورسٹی شائع ہوا ہے۔ اوس میں بھی گرفتھ صاحب کے چھوٹے ہوئے اتھرو وید کے بہت سے منتروں کا اردو ترجمہ یکجا ملیگا۔

گوپتھ برہمن اتھرو وید سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا کوئی ترجمہ انگریزی وغیرہ میں اب تک نہیں ہوا۔ البتہ ہندی میں پنڈت کھیم کرن داس جی نے اس کا ترجمہ کیا ہے جو کارآمد ہے۔

چاروں ویدوں کے متعلق جو شروت سوتر ہیں وہ تقریباً سب کے سب اب تک کسی زبان میں [illegible]

ahmadimuslim.de

...سوتر کا جو اتھروید کے متعلق ہے شائد انگریزی ترجمہ ہو چکا ہے اور مترجم پروفیسر گاربے ہیں۔ جنہوں نے اس سوتر کا متن سب سے پہلا شائع کیا تھا۔ کوشک سوتر کے متعلق لکھا جا چکا ہے کہ اس کے اکثر حصص کا ترجمہ پروفیسر بلوم فیلڈ نے کیا ہے۔

ویدوں کے متعلق دیگر کتابیں | رگ وید پدانام

ऋग्वेद पदानां اس میں سوامی وشویشور آنند اور سوامی نتیانند نے رگ وید کے تمام الفاظ کی فہرست دی ہے۔ اور بتلایا ہے کہ ہر ہر لفظ کس جگہ اس وید میں آیا ہے۔ ۸۸۴ صفحات پر بمبئی کے نرنے ساگر پریس میں چھپی ہے۔ اسی طرح سام وید پدانام ۱۱۲ صفحات پر یجروید پدانام ۱۱۵ صفحات پر اور اتھروید پدانام ۲۷۹ صفحات پر شائع ہوئی ہیں۔ یہ سب کتابیں آریہ سماج پوسٹ گرگام (بمبئی) سے ملیں گی۔ اتھروید کی ایسی ہی فہرست پنڈت کیم کرن داس جی نے بھی اپنی تفسیر کے ضمیمہ کے طور پر شائع کی ہے۔

ویدک کنکارڈنس

Vedic Concordance

اس کتاب میں وید کے ہر منتر کے ہر سطر (مصرع) کی ایک فہرست حروف تہجی کی ترتیب سے بنائی ہے اور بتلایا ہے کہ وہ سطر ویدوں میں کتنی بار اور کہاں کہاں آئی ہے۔ اگر مختلف مقامات میں وہ سطر کچھ فرق سے آئی ہے تو وہ فرق بھی بیان کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اس سطر کی تفسیر برہمن گرنتھوں میں کس کس مقام پر کی گئی ہے اور سوتروں، اپنشدوں، دھرم شاستروں اور مہابھارت وغیرہ کتابوں میں اس سطر کا کہاں کہاں حوالہ یا اشارہ آیا ہے۔ غرضیکہ عجیب کتاب ہے۔ بہت بڑی تقطیع کے ۱۱۰۰ صفحات پر ہارورڈ سلسلہ کی دسویں جلد کے طور پر شائع ہوئی ہے۔ اور یہ محنت پروفیسر بلوم فیلڈ نے کی ہے۔

(باقی آئندہ)

حمائت الاسلام اور فرائض علماء کرام

(از قلم مولوی نور محمد صاحب میانوی - جہلمی)

اسلام پر ابتدا سے اس وقت تک مختلف دور گزرے ہیں اور اس کو مختلف النوع مشکلات کا سامنا اپنے تیرہ سو برس کی عمر میں کرنا پڑا ہے۔ ابتدائے تبلیغ میں مسلمان نظر بہ اسباب دنیا محض بے یار و یاور تھے۔ ہر طرف سے پر جوش اور خون کے پیاسے دشمنوں کا نرغہ تھا جو اس پر تلے تھے کہ اسلام کی بنیاد قائم نہ ہونے دیں۔ پتھر، گندگی، بدزبانی، کانٹے، تپتی ہوئی زمین اور قسم قسم کی اذیتیں وغیرہم۔ یہ مختصر فہرست اس مدارات کی جو مشرکین مسلمانوں کی کرتے تھے۔ مسلمانوں نے جس تحمل اور حوصلہ سے ان مصائب کو برداشت کیا اور اس طوفان بے تمیزی سے جس خوبی سے دین کی کشتی کو تیرایا وہ تاریخ عالم میں ایک بے نظیر واقعہ ہے۔ لکھا ہے کہ حضرت بلال کا سنگدل آقا ان کو دوپہر کے وقت جلتے ہوئے سنگریزوں پر لٹا کر ایک گرم پتھر سینہ پر رکھتا اور کہتا کہ جب تک لات، عزیٰ پر تو ایمان نہیں لائیگا اسی عذاب میں مبتلا رکھونگا۔ وہ خدا کا یگانہ بندہ نشہ وحدت میں چور پڑے پڑے کہتا احد۔ احد۔ یعنی میرا معبود یکتا ہے۔ وہاں دوئی کی گنجائش نہیں۔

خود حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جیسی جیسی اذیتیں برداشت فرمائیں ان کے سننے سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں ابتدائی تیرہ ۱۳ برس مسلمانوں نے اسی تکلیف اور مصیبت میں بسر کئے۔ مدینہ طیبہ میں یہ مصیبتیں نہ رہیں تو ان کی جگہ تیر و شمشیر نے لی۔ جو نور عالم کو روشن کرنے آیا تھا کفار اس کو آب شمشیر سے بجھانا چاہتے تھے۔ دور اول میں جس ہمت اور حوصلہ سے مسلمانوں نے اسلام کی حمائت کی وہ ایک ایسی روشنی تھی جو ہمیشہ مسلمانوں کی مصیبت اور تباہی کی تاریک راہ میں راہبری کر سکتی تھی وہ جو کچھ کر سکتے تھے اس کے کرنے میں انہوں نے دریغ نہیں کیا۔ ان کی بساط میں جو کچھ تھا اس کو بے دریغ انہوں نے اپنے مطلوب پر قربان کر دیا۔ جان و مال، اولاد و عزیز، گھر اور وطن غرض دنیا کی پیاری سے پیاری چیز ان کو اس پاک مقصد کے مقابلہ میں عزیز نہ تھی۔ جس کی حمائت کا انہوں نے ارادہ فرما لیا تھا۔ کاش اس ایثار کا کچھ پرتو آج ہمارے دلوں پر بھی پڑ جائے۔

نبوت کے بعد خلافت کا دور شروع ہوا۔ خلیفہ اول ہنوز مسند خلافت پر بیٹھنے بھی نہ پائے تھے کہ ارتداد کا طوفان اٹھا اور جزیرہ نمائے عرب کے اس کنارہ سے اُس کنارہ تک پھیل گیا۔ ۴۲ جنگجو قبیلے مرتد ہو کر میدان میں اُتر آئے اور خلافت کو ان کے مقابلہ میں دین کی حمائت کرنی پڑی۔ اس امر کا اندازہ کہ یہ معرکے کیسے دلگداز تھے۔ اس واقعہ سے ہو سکتا ہے کہ صرف ایک جنگ یمامہ میں سات ہزار مشرکین مقتول ہوئے جو مسلمان شہید ہوئے ان میں صرف حافظ قرآن ۷۰۰ (سات سو) تھے۔ جو معرکہ بنائے اسلام کو متزلزل کرنے کے واسطے برپا کیا گیا تھا وہی اسکی استواری کا باعث ہوا۔ یمامہ کے واقعہ نے بظاہر ۷۰۰ حافظان کلام پاک کو دنیا سے معدوم کیا۔ لیکن فی الواقع یہی کلام مجید کی تدوین کا باعث ہوا۔ مشیر خلافت حضرت عمرؓ نے یہ خیال فرما کر کہ مسلمانوں کو ابھی بہت سے معرکے سر کرنے ہیں، ایک ایک میدان میں صدہا حافظ شہید ہوئے تو کلام الٰہی کا خدا حافظ ہے خلیفہ کو آمادہ کیا کہ قرآن مجید جو مختلف کاغذ کے پرچوں بکری کے شانہ کی ہڈیوں وغیرہ پر لکھا ہوا ہے۔ ایک جگہ پر نقل کرا کر محفوظ کر لیا جائے۔ چنانچہ خلافت کی ہدایت کے بموجب حضرت زید بن ثابت نے اس کام کو انجام دے دیا۔ خلافت ثانی کا دور شوکت اسلام کا دور تھا۔ (باقی دیکھو صفحہ ۱۳ کالم ۳ پر)

فتاویٰ

س ۴۰ } حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جس شخص کو منافق کہا گیا ہے۔ اسکی علامتیں کیا ہیں؟ (محمد کریم بخش کمپنی باغ مظفر پور)

ج ۴۰ } منافق دو قسم کے ہیں۔ منافق اعتقادی اور منافق عملی۔ منافق اعتقادی وہ ہیں جن کا ذکر آئت کریمہ وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ میں ہے۔ منافق عملی کی بابت حدیث میں یہ علامات آئی ہیں۔ وعدہ کرے تو خلاف کرے، بات کرے تو جھوٹ بولے۔ جھگڑا کرے تو گالی گلوچ دے۔ قسم اول تو مؤمنین سے خارج ہیں۔ قسم دوم مؤمنوں سے خارج نہیں۔ فاسق ضرور ہیں۔

س ۴۱ } کوئی مسلمان مسلمانوں سے یہ وعدہ کرے کہ تم ہم کو ووٹ دو تو ہم دین اسلام کی اچھی طرح یعنی جیسا کہ حق ہے حفاظت کریں گے۔ اور کوئی عہدہ میں جائے مگر جاتے وقت وہ یہ عہد کرے کہ میں وہاں جا کر مسلمانوں کے حقوق و مذہب کی پاسداری کروں گا اور وہاں جا کر وعدہ خلافی کرے اور کہے کہ میں نے تم اپنا بڑھانے کے لئے اور اپنی بہبودی کے لئے کہا تھا کہ تم لوگ ووٹ دو گے۔ ایسے شخص کی بابت کیا حکم ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۴۱ } ایسا شخص بھی وعدہ خلافوں میں داخل ہے۔ شرعی حکم تو یہ ہے۔ مگر ایسے وعدوں پر اعتماد کرنے والے کچھ زیادہ عقلمند نہیں ہوتے۔ واللہ اعلم

س ۴۲ } کوئی مسلمان جو بظاہر حقوق العباد میں بہت سی کوتاہیوں اور ظلموں کا مرتکب تمام عمر ہو [illegible] کی موت شہادت سے واقع ہو تو کیا روز محشر اس سے حقوق العباد پرسش ہوگی [illegible]

[illegible]

ج ۴۲ } شہید کے متعلق حدیث شریف میں صاف آیا ہے کہ شہید کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں مگر قرض معاف نہ ہوگا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق العباد معاف نہ ہوگا۔ اللہ اعلم!

س ۴۳ } کیا کوئی عالم قرآن مجید کو سامنے رکھ کر مسلمانوں سے یہ عہد و اقرار (بیعت) لے سکتا ہے کہ ہم لوگ خدائے وحدہ لاشریک کے ساتھ دوسری کسی چیز کو شریک نہ کریں گے، قرآن مجید اور نبی صلعم کی سنت پر عمل کریں گے اور اخلاق سے رہیں گے۔ شریعت کے تمام احکام پر عمل کریں گے۔ کیا اس قسم کی بیعت کا ثبوت قرآن مجید کی کسی دلیل یا نبی کریم صلعم کی حدیث سے ثابت ہے۔ (نہنومیاں از چوگلے ضلع قلابہ)

ج ۴۳ } اس قسم کے اقرار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مسلمانوں سے لئے۔ احادیث میں اس کا ذکر ہے۔ اس لئے ایسا اقرار لینا جائز ہے۔

س ۴۴ } جو لوگ اس اقرار و بیعت کو توڑ کر دوبارہ شرک و بدعت مثلاً تعزیہ وغیرہ جاری کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے قرآن و حدیث میں کیا حکم ہے اور کیا اس قسم کی بیعت کا اقالہ جائز ہے۔ قرآن مجید کی تعلیم پر جو لوگ عمل کرتے ہیں وہ گنہگار و عاصی ہیں یا وہ لوگ جو بدعت و ہندوانہ رسومات پر عمل کرتے ہیں۔ گنہگار ہیں۔ (سائل مذکور)

ج ۴۴ } یہ لوگ وعدہ شکن ہیں اور اپنے شرک و بدعت اور وعدہ شکنی کی سزا پائیں گے۔

س ۴۵ } کیا بیعت صحیحہ کا منکر اور عمداً نماز کا منکر مسلمان ہیں یا ان کو توبہ کرنی چاہئے؟ (سائل مذکور)

ج ۴۵ } نماز کا منکر مسلمان نہیں رہ سکتا بیعت مذکورہ سوال ۴۳ کا منکر اسلام سے خارج نہیں۔ کیونکہ یہ مسئلہ اختلافی ہے۔ اللہ اعلم!

س ۴۶ } اگر کوئی [illegible] شخص [illegible] شرک و کفر یا [illegible] [illegible] [illegible]

بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲

ہر طرف اسلام کا بول بالا اور آفتاب خلافت ہر حیثیت سے نصف النہار کی طرح ترقی پر تاباں تھا اور کوئی تکلیف یا زحمت مسلمانوں کو نہ تھی۔ لیکن جس دل کی حمیت کی بدولت یہ گرمی ہنگامہ تھی وہ حمایت اسلام و مسلمین میں بے تاب و بے قرار اور اپنے اوپر آسائش و آرام کو حرام کئے ہوئے تھا اور خود زحمت برداشت کر کے مخلوق کو راحت پہنچا رہا تھا۔ مذہبی پیشوائی۔ مدبری۔ جرنیلی۔ چوکیداری خطرہ سائی گلہ بانی۔ مزدوری۔ غرض ہر ایک وہ خدمت جو مسلمانوں کے مصالح سے متعلق تھی۔ خلیفہ ثانی اپنی ذات گرامی کو ان کا ذمہ وار سمجھتے تھے۔ امامت کرتے تھے۔ مسائل شرعیہ کا حل کرتے تھے۔ عدالت کے اصول مدون فرماتے۔ ملک میں امن و تسلی پھیلاتے فوجوں کو لڑاتے۔ رات کو مدینہ کی گلی کوچوں کا گشت ہوتا۔ لشکر سے جو ڈاک آتی اس کا پلندہ کندھے پر اٹھا کر گھر گھر تقسیم کرتے۔ جب حجاز میں خوفناک قحط پڑا تو خلیفہ ثانی نے بھوکوں کو یوں آرام دیا کہ ایک بار آٹے کی بوری دوش مبارک پر اٹھا کر لے گئے۔ خود آگ سلگائی اور روٹیاں پکا کر بھوکوں کے سامنے رکھیں۔ اللہ اکبر!

۴

رہیں گے مگر تم لوگ ممنوع شریعت کام چھوڑ دو تو ایسے وعدے جو بظاہر جھوٹ خالص اصلاح کے ماتحت ہوں (جیسے ابراہیم علیہ السلام کے تین اقوال (یا صلح جوئی کی یکطرفہ شرطیں) نا جائز ہیں یا جائز ہیں۔ کیا اس قسم کا وعدہ کرنے سے انسان کافر یا گنہگار ہو جاتا ہے یا وہ شخص جو شریعت اسلام کے خلاف گورچتی و تعزیہ پرستی وغیرہ بد عات کرے۔ (سائل مذکور)

ج ۴۷ } [illegible] کا ارتکاب کسی صورت میں جائز نہیں بلکہ اس آیت کے ماتحت ہے [illegible] قید هنوزہ کفار جاتے [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

متفرقات

اخبار اہلحدیث کے ہوا خواہ غافل ہیں۔ اخبار موسمی اثر سے کمزور ہو رہا ہے۔ پس ہمدردان اہلحدیث کی توجہ سے اس کی اشاعت بڑھا کر اس کو زندہ رکھنے کی کوشش کریں۔

شکریہ معاونین مندرجہ ذیل حضرات نے "اہلحدیث" کے لئے ایک ایک نیا خریدار بنا کر اپنی ہمدردی کا ثبوت دیا ہے۔ جزاہم اللہ احسن الجزا

حکیم عبد الخالق صاحب ڈیروی۔

الیس عبد الرحمن صاحب پشاور۔

حافظ عبد الرزاق صاحب بھوارہ۔

بابو نذیر احمد صاحب بہاولپوری۔

اشتہار نبی موعود ابھی طبع نہیں ہوا۔ کیونکہ عیسائی رسائل میں ایک مضمون شائع ہو رہا ہے جو ابھی نامکمل ہے۔ اس کے مکمل ہو جانے پر ہر دو کے جوابات یکجا شائع کئے جائیں گے۔

سابقہ پرچہ بھی جن اصحاب کو وی پی کیا گیا تھا ان میں سے بھی کئی وی پی واپس آئے ہیں۔ اگرچہ انکو علیحدہ اطلاع بھی کر دی گئی ہے۔ تاہم بذریعہ اعلان ہذا پھر مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر ان کی طرف سے قیمت وصول نہ ہوئی تو پھر مجبوراً اخبار بند کرنا پڑیگا۔

بیرون ہند برما۔ افریقہ۔ مارشیس۔ فجی۔ جاوا وغیرہ ممالک میں جو خریدار ہیں وہ بھی قیمت ختم ہونے کی اطلاع پاکر رقم بذریعہ منی آرڈر یا بذریعہ پوسٹل آرڈر بہت جلد بھیجدیا کریں۔ زیادہ تاخیر ہو جانے کی صورت میں دفتر کو حق ہوگا کہ اخبار بند کردے

مندرجہ بالا سطور نہایت مجبور اور معذور ہوکر لکھی گئی ہیں۔ امید ہے ناظرین برا نہ منائیں گے۔ بلکہ ان پر عمل درآمد کرکے خود اور دفتر کو خواہ مخواہ کے نقصانات سے بچائیں گے۔

نیاز مند :۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

اہل حدیث کانفرنس کے لئے از بابو اللہ بخش صاحب لدھیانہ عہ (عیدانہ) حافظ عبد الغفور صاحب اجمیر عہ۔ معرفت مولوی محمد یعقوب صاحب از بھاماڑی ۶؎۔ (عیدآنہ)

علم حدیث وتفسیر کا نایاب تحفہ ہر دو کتب کوئی صاحب خریدنی چاہیں تو مجھ سے خط وکتابت کریں

عون المعبود شرح ابوداؤد مجلد قیمت ۳۰ للعہ

احسن التفاسیر مکمل مجلد عـ۲۰ ــہ

(مولوی) محمد گنوری دار الکتابت مسجد اہل حدیث قرول باغ دہلی۔ گوردوارہ روڈ۔

مدرسۃ البنات شہر جالندھر بتقریب جلسہ سالانہ انجمن مدرسۃ البنات شہر جالندھر بتواریخ ۸۔۹۔۱۰ اپریل ۳۹ئہ منعقد ہونے والا ہے۔ مدرسۃ البنات شہر جالندھر کا سنگِ بنیاد بتاریخ ۸۔ اپریل ۳۹ئہ سر سکندر حیات خان صاحب بالقابہ وزیر اعظم گورنمنٹ پنجاب نصب فرمائیں گے۔

(نور الدین بٹ جنرل سکرٹری انجمن مدرسۃ البنات)

غریب فنڈ میں سابقہ بچے۔ بذمہ فنڈ ۱۳ر۔ بقایا ۶؎۔ از سائل عـ۲ـہ محمد عبد اللہ ساکن ہٹونوالہ ہے۔ سائل مذکور کے نام ایک سال کے لئے اخبار جاری کر دیا گیا۔ بقایا عـہ۔

۴۷ سائلین ابھی اور ہیں جن کے داخلے عرصہ سے وصول ہیں۔ مگر فنڈ نہ ہونے کے باعث ان کے نام اخبار جاری نہیں ہوسکتا۔ اس لئے مجبور ہوکر نئے داخلے بند کر دیئے گئے ہیں۔ جب ان کے نام اخبار جاری ہو جائیگا۔ پھر جاری کر دیئے جائیں گے۔

اصحاب خیر اور دیگر حضرات اس فنڈ کی خاص طور پر خبر لیں اور جو کچھ امداد ہوسکتی ہو اس سے دریغ نہ فرمائیں۔ ان غرباء کے نام اخبار جاری ہونے سے توحید وسنت کی تبلیغ میں بہت امداد ملتی ہے۔

مضامین آمدہ محمد سلیمان صاحب۔ محمد عبد اللہ صاحب عقیل۔ پنڈت آتما نند صاحب۔ امیر جماعت مدرسہ قرآنیہ...

غیر مقبولہ لمحات معراج۔ محبوب مدینہ کی کشش۔

دعائے صحت میرا چھوٹا بھائی محمد عثمان چند روز سے بخار (میعادی) میں مبتلا ہے۔ ناظرین اور خصوصاً بزرگان اہل حدیث دعائے صحت فرمائیں۔ اگر کوئی صاحب مجرب نسخہ تحریر فرمائیں تو مہربانی ہوگی یا کسی مفید اور مجرب دوائی کا پتہ فرمائیں۔

(شیخ محمد عمر کاتب دفتر اہلحدیث امرتسر)

یاد رفتگان خاکسار کی والدہ صاحبہ مرحومہ ۶۰ سال کی عمر پاکر ڈھائی ماہ صاحب فراش رہ کر ۹ فروری بوقت پونے سات بجے شام عالم جاودانی کو سدھار گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ نہایت صابر شاکر کم گو اور پابند صوم وصلوٰۃ تھیں۔ ناظرین سے استدعا ہے کہ مرحومہ کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللّٰھم اغفر لھا وارحمھا۔

(نیاز مند قاضی منظور حسین بازار ٹوکریاں امرتسر)

تبلیغی رسائل مندرجہ ذیل تبلیغی رسالے اشاعتہ سے شائع ہوکر بکثرت تقسیم کئے جا چکے ہیں جو اصحاب تاحال ان کا مطالعہ نہ کر چکے ہوں وہ جلد از جلد طلب کریں

(۱) پیر جماعت علی شاہ کی امارت کی ابتدا اور انتہا جس میں پیر صاحب موصوف کی وہ تقاریر اور عملی کوششیں یک جا جمع کی ہیں جو موصوف مسجد شہید گنج کی بازیابی کے لئے کرتے رہے۔

(۲) "نور توحید" شمع توحید کا فرقہ غالیہ نے جو پردہ تنقید کے نام سے جواب دیا اس کا جواب الجواب۔ اخیر میں مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب کے مختصر سوانح حیات مندرج ہیں۔

(۳) مباحثہ تقلید شخصی جو حال ہی میں شائع ہوا ہے۔

نوٹ :۔ ہر ایک رسالہ علیحدہ طلب کرنے کے لئے دو پیسے امداد اشاعت فنڈ اور تین پیسے بغرض محصولڈاک بذریعہ ٹکٹ آنے چاہئیں۔ تینوں رسائل اکٹھے طلب کرنے کے لئے ڈیڑھ آنہ اشاعت فنڈ اور ... محصولڈاک آنے چاہئیں۔ (منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر)

ضرورت شادی کے اعلان ... مدرج نہیں ہوا کرتے۔ ان کے شائع کرانے کے لئے ... خط وکتابت کرنی چاہئے۔

ملکی مطلع

دنیا میں ظلمت چھانیوالی ہے

جس اخبار کو دیکھو۔ (کسی زبان کا یا کسی ملک کا ہو) اس سے یہی آواز آتی ہے :۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ ط

یعنی عنقریب جنگ شروع ہونے والی ہے جس کا اثر بحر و بر کے علاوہ فضا میں بھی برابر نمودار رہیگا۔

یوں تو لڑائی دنیا میں کئی سالوں سے جاری ہے لیکن جس لڑائی کی توقع کی جاتی ہے وہ ساری دنیا کو دو حصوں میں تقسیم کر کے فنا کے گھاٹ اتارنیوالی ہے، ایک طرف اٹلی، جرمنی اور جاپان غرا رہے ہیں دوسری طرف برطانیہ اور فرانس (بلکہ خاموشی سے روس بھی) ان کے خلاف طیاری کر رہے ہیں۔

کوئی زمانہ تھا کہ بڑے بڑے بادشاہوں کی فوج صرف ہزاروں کی تعداد میں ہوتی تھی مگر آج کل تو لاکھوں سے متجاوز ہے۔ اخباروں میں خبر آئی تھی کہ روس کی فوج ایک کروڑ پندرہ لاکھ ہے۔ اس سے زیادہ کیا بلکہ اس کے برابر بھی کسی کے پاس نہیں روس کے ہوائی جہاز بھی سب سے زیادہ ہیں۔

مگر آیندہ جنگ کی نوعیت کچھ اور ہی معلوم ہوتی ہے جو نہ بندوق سے لڑی جائیگی نہ توپ سے بلکہ ہوائی جہازوں کی بمباری سے گز رکر گیس اور سورج کی شعاعوں سے جنگ ہونے کی توقع ہے۔ بعض قسم کی گیس تو آج کل پولیس بھی استعمال کرتی ہے جس کا نام اشک آور گیس ہے۔ جس پر یہ گیس ڈالی جاتی ہے۔ اس کی آنکھوں سے اس قدر آنسو جاری ہو جاتے ہیں کہ اسے کسی قسم کی طاقت نہیں رہتی۔ یہ ایک معمولی گیس ہے۔ [illegible] کرنے والی گیس بھی ایجاد ہو چکی ہے بلکہ دم گھٹ کر دینے والی بھی۔

غرض یہ جنگ عجیب نظارہ پیش کریگی جس سے قیامت کا پورا نقشہ سامنے آجائیگا۔ اس کے بعد کیا ہوگا۔ ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ ہر طاقت اپنے گھمنڈ میں جوڑ توڑ کرتی نظر آرہی ہے اور بظاہر دیکھا جائے تو لڑائی کی طرح بھی دے رہی ہے مگر خفیہ طور پر آیت قرآنی اَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ[1] کے مضمون پر بڑی طاقت سے عمل پیرا ہے۔

لطف یہ ہے کہ وہ اس آیت کو کلام اللہ نہیں مانتی بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اسے خبر بھی نہیں۔ مگر چونکہ یہ کلام بانئ فطرت کا ہے اس لئے اس کا اثر ہر ایک کی فطرت میں موجود ہے۔ یورپ کی اسلامی سلطنت جس کا نام ترکی سلطنت ہے اور جس پر مسلمان کبھی فخر کرتے تھے آج وہ پہلے کی نسبت روپیہ میں سے تین چار آنے باقی رہ گئی ہے۔ وہ بھی اپنی بساط کے مطابق آیت مذکورہ پر عمل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ قسطنطنیہ کے قلعوں اور خندقوں کو جدید آلات حرب سے مضبوط کیا جا رہا ہے۔ پچیس ہزار فوج متعین کر دی گئی ہے۔ یہ تو ہوا اصلی جنگ کا نقشہ۔ ادھر ہمارے ملک پنجاب میں ایک مصنوعی اور نام نہاد جنگ کی طیاری ہو رہی ہے۔ وہ جنگ کیا ہے؟ اس شعر کی مصداق ہے ؎

جتنا جی چاہے ستالے ستم ایجاد ہمیں
شل تصویر ہیں آتی نہیں فریاد ہمیں

یہ جنگ حکومت برطانیہ اور کانگرس کے درمیان ہوگی۔ گورنمنٹ اس امر پر تلی ہوئی ہے کہ برطانوی پارلیمنٹ کے تجویز کردہ آئین جدید کے مطابق ہندوستان میں صوبوں کی فیڈریشن نافذ کی جائے۔ فیڈریشن سے مراد یہ ہے کہ انگریزی رعایا اور دیسی ریاستوں کی رعایا کے نمائندوں کی ایک مشترکہ کونسل بنائی جائے جو صوبائی معاملات کو اپنی نگرانی میں رکھے کانگرس اس کی ظاہری صورت کو پسند نہیں کرتی وہ کہتی ہے کہ والیان ریاست کو ریاستی ممبر اپنے نامزد کرنے کا اختیار نہیں ہونا چاہئے کیونکہ وہ اپنے نمائندوں کے ماتحت ہونگے اور نہیں انگریزی کے ماتحت ہیں جس سے علاوہ ہوں کی نام نہاد خود مختاری بھی خطرے میں پڑ جائیگی۔

اگر یہ ترمیم منظور ہو جائے کہ دیسی ریاستوں کے نمائندے رعایا کے انتخاب سے فیڈریشن میں لئے جائیں تو شائد کانگرس مان جائے۔ مگر گورنمنٹ نے ابھی تک یہ ترمیم منظور نہیں کی۔ اس لئے کانگرس اس کا مقابلہ کرنے کو کیل کانٹے سے طیار ہو رہی ہے۔ جس طرح اس سے پہلے وہ حکومت کا مقابلہ بصورت سول نافرمانی کر چکی ہے۔ اگر کانگرس نے گورنمنٹ کا مقابلہ شروع کر دیا تو پہلے مقابلہ کی نسبت یہ زیادہ سخت ہوگا۔ کیونکہ آج جو لوگ کانگرسی صوبوں میں وزارت کی کرسیوں پر نظر آتے ہیں وزارت چھوڑ کر حکومت کی نافرمانی کے نتیجہ میں جیل خانوں میں نظر آئینگے اور ان کا کام سنبھالنے کو کوئی شخص قدم آگے نہ بڑھائیگا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سرکاری کام معطل ہو کر رہ جائیگا۔ اس حقیقت کو کانگرس نے کھلے لفظوں میں ظاہر کر دیا ہے۔ اور گورنمنٹ بھی اس بات کو سوچ رہی ہے خدا جانے اس کا انجام کیا ہو۔

اہل حدیث کانفرنس کے جلسہ میں گول میز کانفرنس

ناظرین کو اطلاع مل چکی ہے کہ فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور پنجاب میں اہل حدیث کانفرنس کا جلسہ ہونے والا ہے۔ جس کی تواریخ ۷-۸-۹-۱۰ اپریل رکھی گئی ہیں۔ کیونکہ ان تواریخ میں ریلوے کی طرف سے ایسٹر کی تعطیلات کے سلسلہ میں ریل کے کرایہ میں تخفیف ہوا کرتی ہے۔

اس جلسے میں [illegible] کے متعلق تقریریں

[1] اپنے مقابلہ کے مقابلہ پر حسب مقدور طیاری رکھا کرو۔

[illegible] کانفرنس کے جلسوں میں عموماً [illegible] جنگ کی رائے ہے اور [illegible] بہت وقعت رکھتی ہے کہ جماعت اہل حدیث پنجاب میں جو تفرق و تشتت رونما ہو گیا ہے اس کی اصلاح کے لئے ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے۔

گول میز کانفرنس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مختلف جماعتیں دل سے یہ قصد کرتی ہیں کہ فیصلہ ہو جائے۔

جماعت اہل حدیث پنجاب کے اختلافات حد سے متجاوز ہو کر مانع ترقی ہو رہے ہیں۔ ان کے متعلق کوئی تجویز سوچی جائیگی۔ اتفاق حسنہ سے امسال جلسہ اہل حدیث کانفرنس کے صدر ایک ایسے بزرگ تجویز ہوئے ہیں جو انتظام جلسہ کے علاوہ گول میز کانفرنس کے قواعد کو بھی بخوبی جانتے ہیں یعنی مولانا عبدالقادر صاحب قصوری۔ آپ ایک تجربہ کار متین بزرگ ہیں اور مجالس کے آداب سے خوب واقف ہیں۔

گول میز کانفرنس کی تجویز پیش کرکے ہم اپنے ناظرین کی آراء کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ اپنی موافق یا مخالف رائے سے بہت جلد اطلاع دیں۔ تاکہ گول میز کانفرنس کا انتظام کیا جا سکے ۔

فلسطین گول میز کانفرنس

اس کانفرنس کے لئے مسلمانان دنیا دست بدعا ہیں کہ خدا اس کو کامیاب کرے۔ آج تک جو خبریں آئی ہیں ان کو بعض خبر ایڈیٹروں نے مایوس کن قرار دیا ہے مگر ہم ان کو مایوس کن نہیں سمجھتے کیونکہ ایسی مجالس کے مبادی ایسے ہی تلخ ہوا کرتے ہیں۔ مختلف جماعتوں کے نمائندے آپس میں روٹھ جاتے ہیں اور الجھتے ہیں بجھتے آخر ان کو مل کر کام کرنا ہی پڑتا ہے فلسطین کانفرنس کے نمائندے تو بہت بڑا مقصد لے کر گئے ہیں ان میں اگر کچھ اختلاف ہو کر بجائے تعجب نہیں۔ ہماری پنجاب اسمبلی کے ممبر پڑوس میں بیٹھ کر جو کچھ کرتے ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں تلخ زبانی کی تو حد ہو جاتی ہے صرف ہاتھا پائی کی کسر رہ جاتی ہے۔ شاید کسی دن یہ کمی بھی پوری ہو جائے فلسطین کانفرنس میں گفتگو شروع ہو گئی ہے امید ہے کہ کسی حد تک پہنچ جائیگی انشاء اللہ!

مشکل یہ ہے کہ امر متنازعہ ناقابل تقسیم ہے۔ مثلاً یہ کہ یہودی انگریز کی سرپرستی چاہتے ہیں اور عرب مکمل آزادی۔ یہود بلا قید تعداد فلسطین میں داخل ہو کر آباد ہونا چاہتے ہیں اور عرب ان کا نام و نشان تک دیکھنا گوارا نہیں کرتے۔

دیکھیں اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔

آنکھوں کی حفاظت کے دس اصول

ماہرامراض چشم نے آنکھوں کی حفاظت کے مندرجہ ذیل دس سنہری اصول بتائے ہیں۔ اگر ان اصولوں کی اہمیت کو عوام پر نمایاں کیا جائے اور یہ کوشش کی جائے کہ ہر ایک ان پر عمل کرے۔ تو بنی نوع انسان کی یہ ایک بڑی خدمت ہوگی۔

۱۔ چیچک کا ٹیکہ ضرور لگواؤ۔

(۲) جب بچہ پیدا ہو تو اس کی آنکھوں میں ایک فی صدی کاسٹک (سلور نائٹریٹ) کا ایک ایک قطرہ ڈالو۔

(۳) تمام تیز دواؤں اور نیم حکیموں سے بچو۔

(۴) دودھ، مکھن اور سبزیاں خوب استعمال کرو۔

(۵) ہمیشہ اپنے ہاتھ چہرہ کپڑے اور دانت صاف کرو۔

(۶) اگر بچوں کی آنکھ کو کوئی صدمہ پہنچے یا ان کی نظر کمزور ہو یا انہیں آنکھوں کی کوئی اور بیماری ہو تو ان کا آنکھوں کے ڈاکٹر سے فوراً معائنہ کراؤ۔

(۷) کبھی بھول کر بھی ایسا تولیہ، رومال، چلمچی یا سرمہ ڈالنے کی سلائی استعمال نہ کرو جو پہلے کسی اور شخص کی استعمال شدہ ہو۔

(۸) ہر اس شخص سے بچو جس کی آنکھیں سرخ ہوں یا بہتی ہوں۔

(۹) دھوپ، گرد و غبار اور مکھیوں سے بچنے کے لئے دھوپ کے چشمے [illegible]

(۱۰) اپنے گھر کا احاطہ، گلیاں اور نالیاں صاف ستھرا رکھو تاکہ مکھیاں کہیں بھی پرورش نہ پا سکیں۔

اندھے پن کی روک تھام کے ہفتہ کے سلسلہ میں جو ۱۵۔ فروری سے ۲۱۔ فروری ۱۹۳۹ء تک منایا جائیگا۔ کمشنر اصلاح دیہات کی طرف سے ایک بلیٹن شائع ہو رہا ہے جس میں یہ اصول درج ہیں۔ یہ بلیٹن بزبان اردو و گورمکھی کمشنر اصلاح دیہات پنجاب لاہور سے درخواست کرنے پر مل سکتا ہے۔

برطانیہ کی عظیم الشان حفاظتی تیاریاں

برطانیہ نے اپنے آپ کو مسلح کرنے کا پروگرام زیادہ توجہ کے ساتھ آج سے دو سال قبل شروع کیا تھا۔ اس غرض کے لئے پندرہ سو ملین پونڈ کا خرچ منظور کیا گیا جس کا کچھ حصہ قرض اور کچھ زائد ٹیکسوں کے ذریعے پورا کرنے کا فیصلہ ہوا۔ چنانچہ ایک سو اسی ملین پونڈ کی فراہمی کے لئے سرکاری قرضے کا اعلان ہو چکا ہے۔ آئندہ مالی سال کے دوران میں جو اپریل ۱۹۳۹ء سے شروع ہوگا محکمہ بحری بری فوج اور محکمہ ہوا بازی پر تین سو چالیس ملین پونڈ خرچ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس رقم کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ سال ۱۹۳۱ء میں جو رقم مذکورہ بالا محکموں پر خرچ کی گئی وہ ایک سو چالیس ملین پونڈ تھی۔

اس کے علاوہ اور خرچ بھی ہیں۔ مختصراً یوں سمجھ لیجئے کہ موجودہ پروگرام کے ماتحت چار سال تک ایک ملین پونڈ (ڈیڑھ کروڑ روپیہ) روزانہ خرچ کرنے کا التزام کیا گیا ہے محکمہ ہوا بازی پر آئندہ سال گذشتہ سال سے اسی ملین پونڈ زیادہ خرچ ہوگا۔ یہ رقم ۱۹۳۱ء کے خرچ سے تین گنا زیادہ ہے۔

اگرچہ موجودہ پروگرام کے ماتحت کل پندرہ سو ملین پونڈ خرچ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے لیکن اس امر کا قوی احتمال ہے کہ خرچ کو اس رقم تک محدود نہیں کیا جا سکتا سوا اس کے کہ سامان جنگ کی مقدار کو محدود کرنے کے متعلق [illegible]

مومیائی

صدہا علمائے اہل حدیث و ہزار ہا خریداران اہلحدیث علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے .... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک عہ۔ آدھ پاؤ ۳؎۔ پاؤ بھر ۲؎ مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

اہالی برہما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کیجائیگی۔ اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

دہلی میں

کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، الشام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اعلیٰ عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرقاوی شرح تجرید بخاری ۱۲؎	کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد ۱۲۵؎	تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے زائد حواشی ۳۰؎
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ ۳؎	سیرۃ الحلبیہ ۱۵؎	تفسیر خازن مع معالم ۱۶؎
بخاری مع حاشیہ سندی ۸؎	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ ۱۲؎	المنجد طبعہ تاسعہ ۱۵؎
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ ۱۶؎	فیض القدیر شرح جامع صغیر (المناوی) ۶ جلد مجلد ۶۰؎	تسہیل العربیہ، المنجد کا اردو ترجمہ و خلاصہ ایک ہزار صفحات مجلد ۱۵؎
مفتاح کنوز السنہ، حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں ان کی مکمل فہرست ۸؎	تاج العروس شرح قاموس ۱۰ جلد ۶۰؎	

نوٹ:- فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے۔ تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی ۲

سرمہ نور العین ۱۲

(مصنفہ مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک [illegible] کا بہترین علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ عہ۔

پتہ:- منیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ

خمیرہ بادام طیفوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ اعصاب و ریشہ میں طاقت دوڑنے لگتی ہے مسرت سے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ امساک کے طالب۔ موسمی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب و خوفزدہ رہنا۔ خوفی آمد سے کلیجہ دھک دھک کرنا۔ کمزوری نسیان و جریان کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ بھر تین روپے۔ آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے خرچ ڈاک بذمہ خریدار

لاہور برانچ ناظم دواخانہ پنجاب جینی ہوٹل روڈ

منیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

تازہ شہادات

جناب مولوی ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب سندپور میں تفصیل انہیں چہار مرتبہ متعدد اشخاص کو مومیائی منگوا کر استعمال کرائی۔ بہت مفید اور ہر مرض کے واسطے فائدہ حاصل پایا۔ ایک چھٹانک اور بھیجدیں۔

(۲۵ جنوری ۱۹۳۶ء)

جناب منشی محمد نذیر علی صاحب فتح پور [illegible] آپ کے پاس سے مومیائی منگا چکے ہیں ہم کو بہت فائدہ ہوا۔ اس لئے پھر چھٹانک مومیائی ارسال فرمائیں۔ (۲۵ جنوری ۱۹۳۶ء)

حکیم محمد سرور خان [illegible] امرتسر

رئیس قادیان

مصنفہ مولوی ابو القاسم صاحب رفیق دلاوری مصنف ائمہ تلبیس تازہ تصنیف۔ کتاب ہذا میں مرزا صاحب قادیانی کی مکمل و مفصل سوانحعمری درج ہے۔ آج تک جس قدر کتب اس موضوع پر شائع ہوئی ہیں یہ کتاب ان سب پر سبقت لے گئی ہے۔ طرز تحریر اس قدر دلچسپ ہے کہ کتاب کو شروع کر کے جب تک ختم نہ کر لیں دل چھوڑنے کو نہیں مانتا۔ ۲۴۰ کے صفحات ہیں۔ قسم اول کاغذ عہ قسم دوم کاغذ [illegible]

ائمہ تلبیس

جھوٹے مدعیان نبوت، مہدویت، مسیحیت، الوہیت کے مفصل حالات جدید پیرائے میں کاغذ کتابت، طباعت اعلیٰ قیمت ۲؎ قابل مطالعہ کتاب ہے۔

منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر پنجاب

ahmadimuslim.de

مژدہ

ملک پنجاب کے سپہر صحافت پر ایک درخشندہ ستارے کا طلوع

یعنی یکم محرم الحرام کو

ایک دیہات پنجاب میں صحیح دین اسلام کی نشر و اشاعت کرنیوالے

ماہوار جریدہ "الاسلام" کا اجراء

جو

دنیائے مذاہب میں بھٹکنے والوں کا حقیقی رہنما
مریضانِ وہم و عصیان کے لئے نسخۂ شفا
محصوران کفر و الحاد کا واحد مشکل کشاء
ائمہ مساجد کا نقیب اور اجہات مشرق کا مصلح
علمائے و شعرائے پنجاب کا سب سے پہلا تذکرہ
السنۂ شرقیہ اسلامیہ کا مرقع ادب و انشا
غرضیکہ شریعت اسلام کی مکمل انسائیکلوپیڈیا ہوگا۔

چندہ سالانہ ؏ روپیہ۔ پیشگی بھجوانے والے حضرات سے صرف ؏۔ آج ہی بعافیت چندہ بنام (۳۱۶)

منیجر "الاسلام" مجت پور کھیوہ
ضلع گجرات (پنجاب) براہ منڈی بہاؤ الدین
بھجوا کر اپنا نام درج رجسٹر کرا لیجئیگا۔

آئینہ مذاہب امامیہ

ترجمہ اردو

تحفہ اثنا عشریہ

مصنفہ حضرت شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلویؒ

جس میں شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے مفصل حالات پر تبصرہ ان کے عقائد۔ اعمال۔ غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل کتاب فارسی میں تھی مگر اردو خوان ناظرین کے لئے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ شیعہ مذہب کے تمام دلائل ان کے سامنے پیچ ہیں۔ کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت تین روپے۔

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

(مؤلفہ ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی)

احباب کو یاد ہوگا کہ مارچ ۱۹۳۶ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی علیگڑھ میں منائی گئی جسمیں شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی۔

کانفرنس نے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا آپ نے وہاں ایک مقالہ پڑھا جس میں جماعت اہل حدیث نے علم و فن کی جو خدمات کی ہیں اس کا دلچسپ تذکرہ ہے قابل مقالہ نگار نے حضرات تابعین سے اہل حدیث کا ورود ہند ثابت کیا ہے۔ پھر جناب کی ابتدا کا حال جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ دہلویؒ سے ہے اور تدریج کا حضرت سیدنا محمد اسماعیل شہیدؒ سے ....

مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ۔ قومی اخباروں کا نقشہ ہے۔ الی غیر ذالک۔ غرض آپ کی جماعت نے ملک میں علمی حیثیت سے جو کام کئے ہیں۔ انہیں نہایت تہذیب و جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اہل حدیث حضرات کو یہ مقالہ ضرور خریدنا چاہئے۔ ضخامت ۲۶ صفحات۔ قیمت ۴؍ - کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ

تحفہ مجددیہ در بیان تردید عقائد شیعہ

حضرت مجدد الف ثانی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے اکثر فارسی و عربی مکتوبات کا اردو ترجمہ کیا گیا ہے اس کتاب میں آپ نے فرقہ شیعہ کے عقائد کی قرآن مجید اور حدیث شریف سے تردید کی ہے۔ طرز بیان نہایت دلکش ہے۔ ایک گوہر نایاب ہے۔ جلدی منگوالیں ورنہ ختم ہو جانے پر کف افسوس ملنا پڑیگا صرف چند نسخے باقی رہ گئے ہیں۔ قیمت صرف ۸؍

نوٹ:- جملہ کتب منگوانے کا پتہ:-

منیجر اہلحدیث امرتسر

تراجم علمائے حدیث ہند

۳۰۰ سو اشخاص کا ایک جلد کی کاوشوں ہا جانکاہ محنتوں کا۔ ان تھک کوششوں کا وقت کی بہت بڑی قربانی کا۔ پھر سینکڑوں کے خرچ کا نتیجہ ہے۔ نیک لوگوں کا ذکر رب العالمین بعد الموت کے لئے باقی رکھتا ہے۔ الحمد للہ اس زمانے میں قدرت نے ملک صاحب کو اس کار خیر اور کار ضروری کے لئے منتخب فرمایا۔ اور آپ نے علمائے کرام کے حالات زندگی جمع کر دئیے ہیں۔ اس جلد اول میں شاہ ولی اللہ سے شروع کر کے آج تک کے علمائے اہل حدیث رہ کی سوانحعمریاں ہیں۔ مرحومین کی بھی اور موجودین کی بھی۔ تاریخ جیسے روکھے پھیکے مضمون کو فاضل مؤلف نے اس خوبصورتی سے ادا کیا ہے کہ آپ جوں جوں پڑھتے جائیں شوق بڑھتا جائے۔ انداز بیان۔ روانی کلام اور تسلسل مضامین نہایت اعلیٰ پیمانے پر ہے ہمیں کھلے لفظوں میں کہنے دیجئے کہ اس اچھوتے اور سخت اوق مضمون پر قلم فرسائی کر کے مولانا نے جماعت اہل حدیث پر احسان کیا ہے اور دین خدا کی اہم خدمت انجام دی ہے۔ مؤلفہ ملک ابو یحییٰ مولانا امام خان صاحب نوشہروی۔ صفحات ۴۲۵۔ قیمت ۲؍۸ - کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔

اسلامی توحید

(مؤلفہ مولانا عبد السلام صاحب بستوی)

تعزیہ پرستی۔ ہودنا۔ پیٹنا۔ علم نکالنا اور جو جو بدعات ماہ محرم میں مروج ہیں ان کی عقلی و نقلی طور پر تردید کر دی گئی ہے اور بدلائل ثابت کیا ہے کہ ان رسوم کی اصل شیعہ مذہب میں بھی نہیں تھی۔ قابل مطالعہ اور نہایت مفید ہے۔ قیمت ۳؍

شہادت حسین

ahmadimuslim.de

کتب خانہ ثنائیہ کی قابلِ دید کتابیں

قیمتوں میں انتہائی تخفیف

رباعیات حکیم عمر خیام
مطبوعہ شرکت کاویانی (برلن)

یہ مجموعہ رباعیات جو [illegible] مستشرق ڈاکٹر فریڈرک روزن نے قدیم نسخوں کی مدد سے تحقیق کرکے مرتب کی ہے۔ یوں تو رباعیات خیام کے بہت سے مجموعے شائع ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن یہ مجموعہ تاریخی اعتبار سے نہایت اہم ہے۔ مؤلف نے اس کی ترتیب میں طہران جرمنی اور انگلستان کے کتب خانوں کے قدیم ترین الم بعض قلمی نسخوں سے استناد کیا ہے۔ حاشیے پر ہر رباعی کے ماخذ کا حوالہ دیا ہے۔ آخر میں چند قلمی نسخوں کے عکسی نمونے بھی دیئے ہیں۔ طباعت نہایت صاف اور روشن ٹائپ۔ قیمت پہلے ۳ تھی۔ اب ۱۲/

گلستان سعدی شیرازی
یہ نسخہ بھی شرکت محدودہ آفتاب برلن نے شائع کیا ہے۔ مؤلف نسخہ محمد عبدالشکور صاحب مدیر ریحانہ آفتاب برلن کے سامنے ترتیب کے وقت گلستان کے متعدد نسخے تھے۔ اختلاف و الفاظ کی تحقیق کے بعد یہ نسخہ شائع کیا ہے جسے مستند اور صحیح ترین نسخہ کہا جا سکتا ہے۔ خود اس نسخے میں چند چھاپے کی غلطیاں رہ گئی ہیں جن کے متعلق ایک غلط نامہ آخیر میں دے دیا گیا ہے۔ طباعت نہایت روشن اور صاف ٹائپ۔ قیمت پہلے ۳ تھی۔ اب عہ/

دستور عشاق
[illegible] نیم بجادی [illegible] یہ جو مطبع آفتاب برلن سے شائع ہوئی ہے مصنف [illegible] شاعر ہے جس نے اپنی ادبیت [illegible] [illegible] شکل میں پیش کیا [illegible] [illegible]

کتب حدیث کا خلاصہ
یعنی

بلوغ المرام من ادلة الاحکام مترجم اردو
با اعراب و محشی مصنفہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

علم حدیث میں بے مثل کتاب ہے۔ احکام فقہ کے متعلق جتنی احادیث قابل عمل و مستدل ہیں۔ سب کو نہایت بہترین طریق سے انتخاب کرکے اس کے قابل مصنف (حافظ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ) نے اس میں درج کر دی گئی ہیں۔ پس اسی کتاب کو سمجھ کر پڑھ لینے سے طالب حدیث کو تکمیل صحاح ستہ کا کافی ملکہ حاصل ہو جاتا ہے۔ عام فہم اردو ترجمہ کراکر تمام عربی عبارت پر اعراب لگا دیئے گئے ہیں۔ ترجمہ بین السطور اور حاشیہ پر فوائد چڑھا دیئے گئے ہیں۔ تقطیع ۲۲×۲۹/۸ ۔ حجم ۳۱۲ صفحات۔ کاغذ نہایت اعلیٰ۔ لکھائی، چھپائی عمدہ۔ اخیر میں اصطلاحات محدثین اور فہرست مضامین دی گئی ہے۔ عربی عبارت حنا شدہ ہے۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے اصل قیمت عہ/ رعائتی عہ/ معری و محشی عہ/

غنیۃ الطالبین مع فتوح الغیب
شیخ عبدالقادر جیلانی رح کی مشہور و معروف تصنیف ہے۔ جس میں آپ کے مقالات، ارشادات، اذکار توحید و سنت کے مواعظ حسنہ۔ مسائل کی تشریح۔ اسلام اور ارکان اسلام کی فلاسفی۔ غرضیکہ تمام [illegible] مسائل [illegible] ہے۔ اصل [illegible] [illegible] ترجمہ۔ حاشیہ [illegible] [illegible] کتابت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible] (عہ)

زوال غازی
انقلاب افغانستان کے صحیح حالات

ہندوستان کی ہمسایہ اسلامی سلطنت افغانستان میں جو انقلاب آیا۔ اس کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور علماء کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۴۵۹ صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔

اصل قیمت تین روپیہ۔ رعائتی دو روپیہ۔ (عہ)

ابطال الہام وید
مصنفہ مولوی احمد [illegible] صاحب بدایونی۔

جس میں وید منتروں سے ثابت کیا ہے کہ وید آریوں کے مسلمہ اصولوں کی بنا پر بھی ہرگز ہرگز الہامی ثابت نہیں ہو سکتے۔ قیمت ۱۲/

وید ارتھ پرکاش و ویدک تہذیب
حصہ اول۔ مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب [illegible] جس میں ویدوں کو انسانی تصانیف ثابت کیا ہے خود وید منتروں کی عبارتوں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیا سوز شرمناک مضامین [illegible] وید ہرگز [illegible] نہیں ہو سکتے۔ آریہ سماج آج تک اس کا جواب نہیں دے سکی۔ جلد منگا لیں۔ ورنہ ختم ہو جائے گی۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت رعائتی [illegible]

تقویۃ الایمان

دہلوی۔ مع تذکرۃ الاخوان و رسالہ ملحق الاشتراک و رسالہ راہ سنت و خط حضرت مولانا اسماعیل شہید و فتویٰ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی مرحوم۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۸؍

صراط مستقیم

یہ کتاب مولانا اسماعیل شہید نے علم تصوف کے بیان میں بزبان فارسی لکھی تھی۔ جس کا ترجمہ اب اردو میں کر دیا گیا ہے۔ کتاب کی خوبی مولانا کے نام سے ظاہر ہے۔ قیمت عہ

حیات طیبہ

مولانا شہید کی مفصل سوانح عمری جدید اڈیشن۔ قیمت عہ

الآثار المتبوعہ لرد اعلام المرفوعہ

مؤلفہ مولانا محمد عبداللہ صاحب ... اہل حدیث کا مذہب ہے کہ اگر کوئی شخص ایک مجلس میں تین طلاقیں ... ایک ہی ہوتی ہے۔ رسالہ ہذا میں مخالفین کے تمام دلائل کا قلع قمع کر کے ثابت کر دیا کہ طلاق ... قیمت صرف ۸؍

المرقات فی احکام الصلوٰۃ

نماز کے تمام شرائط نواقض اور دیگر ضروری مسائل بالتفصیل درج ہیں۔ قیمت ۶؍

... مصنفہ ...

... صاحب مرحوم

... اور ... کے مونہہ پر لگانے کا ... ہے۔ جس کی جوابی ان کے پاس نہیں ... ہے۔ کئی دفعہ شائع ہو چکی ہے۔ قیمت ۱۲؍

انتصار الاسلام

مصنفہ مولانا محمد قاسم صاحب دیوبندی مرحوم

جس میں مسئلہ تناسخ، تعدد ازواج، حلت و حرمت جانوراں، حضور معرفت معالم جنت، مُردوں کو جلانے یا دفن کرنے، رسول عربی کا خاتم النبیین ہونے وغیرہ مباحث پر عالمانہ رنگ میں خامہ فرسائی کی ہے۔ قیمت ۶؍

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما۔ رنگدار و سادہ ارزاں ... حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط ... چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ (منیجر ثنائی برقی پریس امرتسر)

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند، جالا، غبار، ڈھلکہ، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کر کے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر ... ہے۔ ہزار ہا لوگ اس کے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پا چکے ہیں۔ بحالت صحت اسکا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)

تصحیح — سابقہ چند پرچوں میں قیمت غلطی سے ۸؍ لکھی جاتی رہی ہے۔ اصل قیمت عہ ... ہے۔

کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ حکیم ... امرتسر

فتاویٰ نذیریہ

حضرت میاں صاحب مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تمام عمر ... کے فتاویٰ کا مجموعہ دو ضخیم جلدوں میں۔ ہر سوال کا جواب قرآن اور حدیث کے مطابق ہے۔ اصل قیمت ... ہے۔ مگر رعائتی ... ہے۔

الارشاد الیٰ سبیل الرشاد

مصنفہ مولانا ابو یحییٰ محمد صاحب شاہجہانپوری مرحوم۔ موضوع تقلید و اجتہاد پر ایک بے مثل اور بے نظیر کتاب ہے ... مطالعہ کے بعد دوسری کسی کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ ... قیمت ...

ہدایۃ المعتدی فی اقرأ المقتدی

مصنفہ ... عبدالعزیز رحیم آبادی ... کو بدلائل ... دوبارہ چھپی ہے ... قیمت ...

رجسٹرڈ ایل ...

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۱۷

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اخبار اہلحدیث امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بجاں مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفا ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ / ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

امرتسر ۴ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۴ فروری ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

اغراض و مقاصد

۱۔ دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

۲۔ مسلمانوں کو عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمت کرنا۔

۳۔ گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

۱۔ قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

۲۔ جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

۳۔ مضامین مراسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

۴۔ جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائے گا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

۵۔ بیرنگ کارڈ اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	عـــہ
روساء و جاگیرداروں سے	۔۔۔
عام خریداران سے	۔۔۔
۔۔۔ ششماہی	۔۔۔
ممالک غیر سے سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ	۲؍

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفا ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے

فہرست مضامین

نظم (مسلمان سے خطاب)	ص ۱
انتخاب الاخبار	ص ۲
تحریک بیاد اللہ	ص ۳
[illegible] مباحثہ (قادیانی مشن)	ص ۵
[illegible] گنبد	ص ۶
[illegible] اہلحدیث کانفرنس کا جلسہ	ص ۷
[illegible]	ص ۹
[illegible]	ص ۱۰
[illegible]	ص ۱۲
[illegible]	ص ۱۳

مسلمان سے خطاب

از مولوی عبدالغفور صاحب گولاروی چک ۱۰۲ بہاولپور

اگر وقت نماز آئے تو فوراً با وضو ہو جا
سبھی آلائشوں سے پاک ہو کر قبلہ رو ہو جا

بقا منظور ہے تجھ کو اگر گلزار ہستی میں
گلستان شریعت میں مسلماں ایک بو ہو جا

اگر اسلام سے تجھ کو محبت ہے عقیدت ہے
خدا کا نام لے کر بے خیال جان و تن ہو جا

رگ احساس میں ہو جائے وہ جوش عمل پیدا
پڑھ اللہ اکبر ہو اور عزت [illegible]

بچائے قوم مسلم کو مرّاتی اور مادّی سے
تماشہ گاہ عالم میں بہار جستجو ہو جا

شراب ناب لے کر مصطفیٰ عشق احمد سے

[illegible]

انتخاب الاخبار

—— امرت سر میں ۱۶ر فروری کو بعد دوپہر خوب زور کی بارش ہوئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ گوجرانوالہ سے لاہور تک یہی بارش مسلسل ہوتی رہی ہے۔

—— امرت سر میں ۱۷، ۱۸، ۱۹ر فروری کو ہندو سبھا کالج کے میدان میں غیر زراعت پیشہ اقوام کی ایک کانفرنس ہوئی جس میں مسلم لیگ۔ حکومت پنجاب ڈیفنڈار پنجاب کے علاوہ ان چار بلوں کے خلاف تقریریں کی گئیں جو حکومت پنجاب نے گذشتہ سال پاس کئے تھے۔ نیز مندرجہ ذیل ریزولیوشن بھی پاس کئے گئے۔ کہ نئی فصل کا غلہ نہ خریدا جائے۔ حکومت پنجاب سے تعاون نہ کیا جائے۔ کوآپریٹو بنکوں سے روپیہ نکلوا لیا جائے۔ مالیہ و آبیانہ وغیرہ کی ادائیگی کے لئے کسانوں کو بالکل قرضہ نہ دیا جائے۔

—— نئی دہلی ۱۴ر فروری۔ مرکزی اسمبلی میں مسٹر کاظمی کا خلع بل چند ترامیم کے ساتھ کثرت آراء سے پاس ہوگیا ہے۔ (مفصل پھر)

—— حجاج کرام کا سب سے پہلا جہاز ۱۶ر فروری کو کراچی پہنچ گیا۔

—— مسٹر گاندھی اور وائسرائے ہند میں ریاستوں کے معاملہ میں خط وکتابت ہو رہی ہے

—— کانپور میں اب بالکل امن وامان ہے۔

—— ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کا کام عنقریب شروع ہو جائیگا۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس دفعہ اس کام پر تقریباً پچاس لاکھ روپیہ خرچ ہوگا۔

—— تحصیل پلول ضلع گوڑگانوہ میں بارش اور ژالہ باری کی اطلاع ملی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک ایک سیر وزن کے اولے پڑے۔

—— لاہور مرکزیہ مجلس یوم اقبال نے ۹ اپریل کو یوم اقبال منانے کا فیصلہ کیا ہے۔

—— لدھیانہ ریاستی کانفرنس میں حیدرآباد کی

میں آریہ سماج کی شورش کے متعلق ناراضگی کا اظہار کیا گیا۔

—— بنگال کے نئے وزیر زراعت نے استعفیٰ دیدیا ہے۔ جس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ کرشک پرجا پارٹی اپنے پروگرام پر عمل نہیں کرتی۔

—— مولانا ابوالکلام آزاد آج کل سرحد کا دورہ کر رہے ہیں۔

—— کانگرسی حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ ریاستوں کے معاملے میں زوردار تحریک شروع ہونے والی ہے۔ اس لئے کانگرسی وزارتوں کو شاید مستعفی ہونا پڑے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اگر کانگرسی وزارتیں مستعفی ہوگئیں تو گورنر تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لینگے۔

آخری یاددہانی

ماہ فروری میں جن خریداروں کی قیمت اخبار ختم ہے۔ انہیں بذریعہ اعلان مندرجہ ۲۷ر جنوری اطلاع دی جاچکی ہے۔ ۲ر مارچ تک جن کی طرف سے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر —— یا انکار کی اطلاع بذریعہ پوسٹ کارڈ دفتر میں نہ آئیگی ان کے نام آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

ناظرین مطلع رہیں

مہلت یافتگان کی طرف سے اگر ۲ر مارچ تک قیمت وصول نہ ہوئی۔ تو آئندہ اخبار روانہ نہیں کیا جائیگا۔ (منیجر اہلحدیث)

—— حکومت بمبئی نے احمدنگر کی تین مسجدوں کو واپس دینے کا اعلان کر دیا ہے۔

—— معلوم ہوا ہے کہ حکومت افغانستان نے قندہار اور ہرات کو ریل کے ذریعہ ہندوستان اور روس سے ملا دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

—— لندن۔ وزیر اعظم برطانیہ نے دارالعوام میں اعلان کیا کہ صدر جمہوریہ فرانس ۲۲ مارچ کو سرکاری حیثیت سے لندن آرہے ہیں۔ ان کا شاندار استقبال

کیا جاتا تھا۔

—— حکومت بہار نے تسلیم کر لیا ہے۔ اس کی تصدیق ہوگئی ہے۔

—— معلوم ہوا ہے کہ حکومت بہار ۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۲ء تک سول نافرمانی کرنے والے سرکاری ملازموں (جن کو ملازمت سے علیحدہ کیا گیا تھا یا وہ خود مستعفی ہوئے تھے) کو بحال کر دیگی۔

—— حکومت بمبئی ایک بل تیار کر رہی ہے۔ جسکی رو سے ملازموں سے آٹھ گھنٹے سے زیادہ کام نہیں لیا جائیگا اور رات کے ۹ بجے کے بعد کوئی دکان، تھیٹر یا سینما کھلا نہ رہیگا۔ مگر اخبار بیچنے والے مستثنیٰ ہونگے۔ ہر ملازم کو ہفتہ میں ایک روز یا سال میں ۱۵ دن باتنخواہ چھٹی ملے گی۔ بارہ سال سے کم عمر کے بچے کو ملازم نہیں رکھا جائیگا۔

—— کلکتہ۔ مسٹر ساورکر بیرسٹر نے سکھوں میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر شہید گنج ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں ضرورت پڑی تو میں اور مرہٹے سکھوں کی مدد کو تیار ہیں

علالت کاتب اخبار اہلحدیث کے کاتب منشی محمد عمر صاحب کے اچانک علیل ہونے کی وجہ سے چند صفحات مجبوراً ایک دوسرے کاتب صاحب سے لکھوانے پڑے تاکہ اخبار کی روانگی میں تاخیر نہ ہو۔ ناظرین اگر اس پرچہ میں کوئی نقص ملاحظہ فرمائیں۔ تو اس میں معذور جانیں۔

(منیجر اہلحدیث امرت سر)

ضروری تصحیح کسی سابقہ اشاعت میں لکھا گیا تھا کہ رسالہ "نور توحید" مولانا ابراہیم صاحب سیالکوٹی سے ۹ پائی کے ٹکٹ بھیج کر طلب کر سکتے ہیں۔ دراصل پانچ پیسہ کے ٹکٹ بھیجنے چاہئیں۔

جلسہ جماعت امامیہ دہلی ۲۰ر فروری سے شروع ہو کر ۲ر مارچ تک رہیگا۔ (عبدالجلیل خان ازدفتر جمعیت اہلحدیث دہلی)

جلسہ جمعیت اہلحدیث پشاور آئندہ ... ۲ر اپریل تک ہوگا جس میں ... علماء کرام ... فرمائینگے۔ شائقین حضرات ... شرکت فرمائیں

آنریبل جسٹس خان بہادر سید ضیاء الحسن صاحب علیگ جج چیف کورٹ لکھنؤ

بسم اللہ اللہ اکبر

خدا کا شکر ہے کہ "سرگذشت" اپنی عمر کے دسویں سال کو ختم کر رہی ہے۔ دس سال اس پر کیسے گذرے اس کو تو آپ جانیں۔ البتہ اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ باوجود مشکلات کے (جو خدا کرے کہ ختم ہو گئی ہوں) اور باوجود اس کے کہ اس کی پالیسی "پیٹ کا دھندہ" ہے اس نے زندہ پرہیزی کی طرح خوشہ چینی کو اپنا شعار نہیں بنایا۔ اس کے علاوہ اس نے جو حق سمجھا اس کو بانگ دہل ظاہر کرنے میں کبھی دریغ نہیں کیا۔ میں اگرچہ اصلی معنی میں علیگ کہلانے کا مستحق نہیں ہوں لیکن اپنے اسلامی دارالعلوم سے تعلق قلبی ضرور رکھتا ہوں اور اس "سرگذشت" کو اس کے یوم "روزی طلبد" سے آج تک دلچسپی کے ساتھ برابر پڑھتا رہا ہوں اور انشاء اللہ پڑھتا رہوں گا۔ خدا تعالیٰ اس کو اور اس کے پرہیزی ایڈیٹر کو تا دیر قائم و سلامت رکھے۔

زمزمہ

در تہنیت جوبلی برخوردار سرگذشت طبعزاد

(طوطیٔ چمنستان خوش کمالات برادرِ ذی التفات علیگ انگریزی قلم والا صاحب)

ہے سرگذشت کی ہے کاغذی یہ جوبلی
ہمارے کاغذی، ہمارے سرگذشت کی

خورش نواز چنگ سے اور ان کے راج رنگ سے
سدا اتنی امنگ سے، ہیں سب حریف دنگ سے

نو راج رنگ ہیں، رباب اور چنگ ہیں
اور خنگ ہیں، مست وش خدنگ ہیں

رشی ہیں وہ پلنگ کے، پیالہ گیر بنگ کے
ہیں تھا تھ ان کے ٹھاٹ کے، سکون اور ترنگ کے

[illegible] نقیب ہیں، زمانے کے رقیب ہیں
[illegible] حبیب ہیں، رفیق ہیں ادیب ہیں

[illegible] سرگذشت ہیں عجیب خوش سرشت ہیں
[illegible] بہشت ہیں برشتہ عجیب خشت ہیں

[illegible]
[illegible]

ہمارے سرگذشت کی ہے کاغذی یہ جوبلی
[illegible] ہمارے سرگذشت کی

خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب قبلہ المعروف بہ البشیر اٹاوہ و مائی لارڈ

قبلہ محترم کے خیالات عالیہ پیش کرنے سے پہلے "مائی لارڈ" کی توضیح کے متعلق ایک واقعہ خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ ایک زمانہ تھا کہ علی گڑھ کے بعض دلدادہ حضرات کی ایک خاص جماعت تھی اور اس جماعت کا ہر ایک ممبر ایک دوسرے کو مائی لارڈ کے خطاب سے پکارتا تھا۔ آہ! نہ اب وہ جماعت ہی رہی اور نہ اس کے اکثر نامور ممبر جن میں سید نثار حسین صاحب قبلہ ڈپٹی مجسٹریٹ اٹاوہ روح رواں جماعت تھے۔ رنگون میں آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس تھا۔ اس جماعت کے متعدد ممبر اس میں شرکت کے واسطے جا رہے تھے۔ جہاز پر بھی جماعت کے ممبران قومی دھن میں [illegible] کرتے جاتے تھے اور اپنی جماعت کے ممبروں کو "مائی لارڈ" کہکر ایڈریس کرتے تھے۔ جہاز کا انگریز کپتان جب صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب مرحوم مغفور جیسے وجیہہ اعلیٰ [illegible] جنٹلمین کو قبلہ مولوی بشیر الدین صاحب اور قبلہ سید نثار حسین صاحب جیسے [illegible] لوگوں کو نہایت ادب کے ساتھ مائی لارڈ کہتے سنتا تھا تو بہت ہی حیرت زدہ ہوتا تھا تا آنکہ اس غریب سے جب نہ رہا گیا تو صاحبزادہ صاحب سے ان مائی لارڈوں کے متعلق دریافت حال کیا کہ یہ کون حضرات ہیں۔ صاحبزادہ صاحب نے فرمایا کہ یہ [illegible] سے ہیں اب زمانہ کے ہاتھوں یہ حال ہو گیا ہے۔ اس دریافت حال کے بعد [illegible] کپتان ہی ایسا شخص تھا جو ان لارڈوں کی سب سے زیادہ دل سے عزت کرتا تھا۔ جب بھی ان کو دیکھتا فوراً ٹوپی اتار لیتا اور مولوی بشیر الدین صاحب قبلہ کی [illegible] کو آثار قدیمہ سے کم وقعت کی نظر نہیں دیکھتا تھا۔ کاش قبلہ محترم اگر اس وقت [illegible] اس کپتان کے ہاتھ فروخت کر دیتے تو ان کا ہائی سکول جو باوجود کوشش بسیار [illegible] کالج بھی نہیں ہو سکا ہے کب کا ڈگری کالج بن گیا ہوتا۔ اب قبلہ محترم کا مکتوب [illegible] فرمائیے۔

"ایک زمانہ تھا جبکہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں علی گڑھ کے ساتھ گہری ہمدردی اور دلچسپی تھی اور علی گڑھ کے متعلق معمولی سے معمولی خبر معلوم ہونے کے واسطے لوگ مضطرب رہتے تھے۔ اس زمانہ میں وہی اخبار قوم میں زیادہ مقبول تھا جو علی گڑھ کے [illegible] زیادہ بحث کرتا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے بعض اسباب کی وجہ سے [illegible] اور نہ اخبارات کو علی گڑھ کے معاملات سے دلچسپی رہی اور مسلمانوں [illegible] علی گڑھ کی مرکزیت کو روز بروز نقصان پہونچ کر مسلمانان ہند کا شیرازہ [illegible] تھا۔ اسی مجبوری کی حالت کو عزیزی مرزا ابراہیم بیگ نے سرگذشت جاری کر کے [illegible] کا التزام کیا ہے اور مجھ کو خوشی ہے کہ اس معاملہ میں سرگذشت بڑا کام کر رہا ہے [illegible] سرگذشت مسلم یونیورسٹی کے انتظامی معاملات کے متعلق [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

ahmadimuslim.de

[illegible] نہیں ہوتا ہے۔ اس کی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ علی گڑھ کے تعلیم یافتہ اول تو اردو اخبارات پڑھتے ہی نہیں اور جو پڑھتے ہیں وہ زیادہ تر فضولیات پسند کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جو کام کی باتیں سرگذشت شائع کرتا ہے ان پر نہ تو غور کرتے ہیں اور نہ اخبار خیال۔ بہرحال جو کچھ حالت بھی ہے اس کو نظرانداز کرنا چاہیئے اور ہم مرزا صاحب کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنا کام برابر کرتے رہیں۔ اور جو کچھ کیا ہے اس پر وہ مبارکباد کے قابل ہیں۔"

اعتراف

(محمد معین قادر خان علیگ سب ڈپٹی مجسٹریٹ آرہ)

باعث تحریر آنکہ جب سے مرزا سرگذشت نے نسخہ "سرگذشت" ایجاد کیا میں اسی وقت سے اس کو باقاعدہ استعمال کرتا ہوں۔ اور اعتراف کرتا ہوں بلکہ اقبال کرتا ہوں کہ اس نسخہ نے مجھے بہت فائدہ پہونچایا بلکہ روز بروز مقوی بنایا ہے۔ چنانچہ میں تصدیق کرتا ہوں کہ یہ نسخہ نہایت مقوی معدہ۔ مقوی دماغ اور مقوی دل ہے۔ اس نے مجھے بہت سی فراموش شدہ چیزیں یاد دلادیں جن کی مجمل تفصیل یہ ہے:۔

(۱) **بھوک**۔ کچھ عمر کے تقاضے سے اور کچھ محتاط طریقہ پر کھانے کی وجہ سے میں اس نعمت کو تقریباً کھو بیٹھا تھا۔ مگر میں سرگذشت کا ممنون احسان ہوں کہ اس نے پرہیزی ڈنر پر وہ وہ لکچر پلائے کہ میں اپنے اوپر نفرین کرنے لگا۔ میں سمجھتا تھا کہ:۔

اک دھوپ تھی جو ساتھ گئی آفتاب کے

مگر جب سرگذشت نے یہ کلیہ سمجھایا کہ

تکلہ چلے ستر بلا ٹلے

تو یقین آیا کہ مرزا سچ کہتا ہے۔

مرزا کا اعلان ہے یارو	خود بھی کھاؤ اور کھلاؤ
نقد نہیں تو ادھار منگاؤ	دل کو لیکن مت ترساؤ
قرض کی راہیں بند نہیں ہیں	نقد کے ہم پابند نہیں ہیں

بس پھر کیا تھا ہم نے گُر پالیا جو چچا سعدیؒ نے بتایا تھا کہ

زیستن از بہر خوردن است

پھر تو وہ کھلائی کی کہ دن عید اور رات شبرات۔ اور ہر روز حلوا نہ۔ عصرانہ عشائیہ وغیرہ کا تار بندھ گیا ہے۔ کس کی پیرانہ سالی اور کس کی معدہ کی کمزوری۔ ہاں ایک کمزوری اس سلسلہ میں یہ ضرور ہوگئی بقول مرزا کے ہم چھوٹے لوگوں کو بڑی چیزیں ہاتھی۔ گھوڑے۔ بیل۔ اونٹ وغیرہ ہضم نہیں ہوتے۔ اور ہضم بھی کیوں ہوں کہ یہ غذا اک بڑے آدمیوں کی ہے اور ہم غریب اور چھوٹے ڈپٹی لوگوں کے لئے تو چھوٹے پرندے ہی قسام ازل نے قسمت کر رکھے ہیں۔ نگاہ اپنی اپنی پسند اپنی اپنی۔

(۲) **حافظہ**۔ کثرت نے حافظہ کمزور کر دیا تھا۔ علی گڑھ کالج کی پوری جگ بیتی (۱۹۱۴ء-۱۹۰۱ء) بالکل بھلا بیٹھے تھے۔ غضب خدا کا جہاں بارہ برس تک یہ پڑھیلے دھنگا دھرے سے اتر جائے۔ سرگذشت نے علی گڑھ کالج کے ایک ربع صدی کا نقشہ

بطور ایک جیتا جاگتا سینما کے دماغ کے سامنے پیش کر دیا اور ہم نے اپنی دل کی آنکھوں سے دیکھا کہ ہمارے زمانہ کے کالج کا پورا چڑیا گھر اسی طرح سے آباد ہے جہاں ناگپوری اونٹ۔ جبلپوری منکلی بچھیری۔ اٹاوہ کی چنیا بطخ۔ بھگلدر کی کڑک مرغی۔ وغیرہ وغیرہ اب بھی اسی طرح کُدکڑے و کلیلیں کرتے ہیں۔ ہر "جناور" اپنے اندر ایک خاص صنعت تلمیح رکھتا ہے۔ اب اگر اس کا فقرہ طلب واقعہ لکھا جائے تو ہر "جناور" کے لئے ایک مکمل باب کی ضرورت ہوگی۔ اس موضوع پر لکھنے کے لئے ہم فی الحال اپنا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ آپ نے دیکھا کہ سرگذشت مقوی دماغ بھی ہے۔ اب ذیل میں ملاحظہ کریں کہ یہ نسخہ مقوی دل بھی ہے۔

(۳) **زندہ دلی**۔ کون انکار کر سکتا ہے کہ سرکاری کام کرتے کرتے ہمارے دماغ گھس گئے ہیں اور خانہ داری نے "نون تیل" کے چکر میں پھنسا کر اور بھی دل کو زنگ آلود کر دیا ہے۔ سرگذشت نے قصہ جات پارینہ کو پیش کر کے ہماری **قوت مزاحیہ** بیدار کر دی اور موجودہ خانگی و سرکاری ماحول کو چندے بھلا کر ثابت کر دیا کہ

خوش باش دمے کہ زندگانی این است

سرگذشت میں جب ہم اپنے کالج کے متانت توڑ قصے پڑھتے ہیں تو دل میں ایک گدگدی سی پیدا ہوتی ہے۔ اور جب پڑھنے والا اپنے گذشتہ کارنامے سرگذشت میں پڑھتا ہے تو بے اختیار اپنی کوٹھی کے آفس کمرے میں کھل کھلا کر ہنس پڑتا ہے۔ سننے والے سرگوشیاں کرتے ہیں کہ "صاحب" پر مالیخولیا کا دورہ پڑ رہا ہے اور جب خود "صاحب" اپنے واقعات لکھتا ہے تو اچھا خاصہ "پنچ نگار" بن جاتا ہے۔ اس طرح ہمارا (سرگذشت) ایک اچھا خاصہ چھوٹا سا پنچ بن گیا ہے۔

بھیا مرزا بہت کچھ لکھنے کو جی چاہتا ہے مگر وقت کو کیونکر بڑھا کا بناؤں۔ گیا کا تبادلہ ہو گیا ہے۔ فروری کے اول ہفتہ میں آرہ سے گیا روانہ ہو جاؤں گا۔ بہ تعمیل ارشاد چند کلمات بطور اعتراف کے لکھدئے تاکہ سند ہوں اور وقت ضرورت کام آئیں۔

بیگم صاحبہ ...... مرحوم از پٹنہ۔ بانکی پور

صوبہ بہار کے وہ بدقسمت جن کے اس زلزلے میں گھر وبار تباہ ہوئے۔ عزیز اقربا مرے اس غضب کو مرتے وقت تک نہیں بھول سکتے ہیں۔ اور اسی وقت یہاں سے دور اور باہر کے انجان سرگذشت نے فی الفور جس سچی اسلامی ہمدردی اور حقیقی انسانی ہمدردی کا تمام صوبہ کے خریداروں سے پورے سال کا چندہ مصیبت زدوں کو دیدینے میں جو کام کیا اور جو انجان مصیبت زدوں کی تحریروں پر جو ڈھارس دلائی اور سرگذشت میں مدد کی اپیلیں چھاپیں اور اپنے مقدور بھر نقد روپیہ پیسے سے مدد کی اس کو بھی کوئی بھی نہیں بھول سکتا ہے۔ معلوم نہیں مجھ جیسی مصیبت زدہ اور کتنے مرزا صاحب کے قدردان دعا کرتے ہوں گے۔ یہ پڑھ کر کہ ہمارا نیک دل سرگذشت اپنی عمر کے دس ختم کر کے اب گیارہویں سال میں ماشاءاللہ آتا ہے مجھ کو جو دلی خوشی ہوئی ہے بیان سے باہر ہے اور میں صدق دل سے دعا کرتی ہوں کہ اللہ پاک وہ بہتر سرگذشت کو ہزاری بلکہ اس سے بھی زیادہ عمر عطا کرے اور اس کو دن دونی رات چوگنی

ہو۔ آمین۔

(نوٹ) محترمہ آپ نے چونکہ خدا اور رسول کا واسطہ دیکر اپنی تحریر چھپوائی ہے اس وجہ سے مجبوراً چھاپ تو دی گئی ہے لیکن جو باتیں شائع کرنے سے میرے واسطے دنیا میں اگر نہیں تو دین میں رسوا کن ہوتیں ان کو آپ کی تحریر سے میں نے خارج کر دیا ہے۔ آپ ناخوش نہوں۔ ایڈیٹر۔

"سرگذشت"

(ناصر علی خاں شرقی ایم۔ اے۔ علیگ۔ لکچرر یونیورسٹی۔ کلکتہ)

ہر اخبار کا ایک مقصد حیات ہوتا ہے جسے پالیسی بھی کہا جا سکتا ہے۔ سرگذشت کا مقصد حیات جہاں تک میں سمجھا ہوں علی گڑھ کی تحریک کو زندہ اور قائم رکھنا ہے اور اس تحریک کا منشا اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ علی گڑھ کو مسلمان اپنا واحد علمی مرکز سمجھیں۔ اس میں ہندوستان کے ہر صوبہ کے نونہال آئیں۔ اسلامی عقائد اور شعار کو برقرار رکھتے ہوئے موجودہ زمانہ کی تعلیم حاصل کریں۔ ایک دوسرے سے سچے برادرانہ رشتے قائم کریں اور پھر اپنے اپنے صوبہ میں جاکر اپنی مثال اور عمل کے ذریعہ سے اپنے صوبہ کو مرکز سے وابستہ کریں۔ اس مقصد کو لیکر اور بھی اخبار اس سے پہلے اٹھے مگر کسی نہ کسی وجہ سے بیٹھ جانا پڑا۔ خدا کا شکر ہے کہ سرگذشت اس مقصد کی علم برداری میں کامیاب رہا۔ اور اس نے اس فرض کو اس مردانگی اور بے باکی سے ادا کیا کہ صرف اسی کا حصہ ہے۔

سرگذشت ہر نمرود کے لئے ابراہیم اور ہر فرعون کے لئے موسیٰ بن کر رہا۔ حقیقت کے انکشاف کرنے میں نہ کسی ذی وجاہت سے مرعوب ہوا اور نہ کسی شخصیت کو گھا نٹھا۔ یہ بالعموم علیگ برادری کا نفس ناطقہ ہے لیکن گندم نما جو فروشوں کے لئے نفس لوامہ۔ اور اس پر یہ کہ اگر کبھی غلطی ہو گئی جو ہر انسان سے سرزد ہو سکتی ہے تو فوراً نہایت فراخدہ پیشانی سے اس کا اعتراف کر لیا اور معافی مانگ لی۔

سرگذشت پابندی وقت اور باقاعدگی میں بھی فرد ہے۔ ہفتہ وار اخباروں میں یہی ایک اخبار ہے جس کی آمد کی تاریخ مجھے یاد رہتی ہے۔ اور مسرت کی بات یہ ہے کہ جس طرح میں اس کا انتظار کرتا ہوں یہ بھی کبھی مایوس نہیں کرتا اور ہمیشہ بروقت معینہ پر پہونچتا رہتا ہے۔ اس میں کبھی کبھی بھرتی کے مضمون نکل جاتے ہیں۔ جیسا کہ کرکٹ کا ایک سلسلہ تھا لیکن بعض حضرات کے لئے شاید وہ بھی دلچسپی کا باعث ہوا اس لئے مجھے کچھ زیادہ شکایت نہیں۔ سرگذشت کا پرہیزی ڈنر کا شوق پُر لطف بھی ہے اور تشویشناک بھی۔ اللہ تعالےٰ تشویش کا دن نہ دکھائے اور لطف میں لطف قائم رکھے۔ میرے عقیدہ میں علی گڑھ سے وابستگی رکھنے والوں کے لئے سرگذشت کا پڑھنا اگر فرض نہیں تو سنتِ موکدہ ضرور ہے۔

برادری کا سرگذشت

(محمد منیر صاحب سپرنٹنڈنٹ ارکیولوجیکل ڈپارٹمنٹ۔ پٹنہ)

آپ کے کہا تک ہماری برادری کے سرگذشت نے اپنے گذشتہ دس سالہ دور میں

شکایت کا کافی سے زیادہ ازالہ کیا ہے جو علامہ اقبال مرحوم نے اس وجدانی شعر میں بیان کی تھی۔ یعنی

رشتۂ الفت میں جب ان کو پرو سکتا تھا تو

پھر پریشاں کیوں تری تسبیح کے دانے ہے؟

سیاسی طوفانوں نے ان گذشتہ دس سالوں میں اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کا جو حال کیا وہ سب کو معلوم ہے۔ کسی زمانہ میں یہ ایسوسی ایشن کالج و یونیورسٹی کے سپوتوں کو ایک مرکز پر کھڑا رہنے کا باعث ہوتی تھی۔ مگر جب حالات نے اس پر وہ بپتا ڈالی جس میں وہ اب تک مبتلا ہے تو قدرت نے اس ایسوسی ایشن کا کام سرگذشت کی تنہا ذات سے لیا اور سرگذشت نے پرانی برادری کو بالکل منتشر ہونے سے بچا لیا۔ میرے خیال میں سرگذشت کی اور بہت مفید اور بے لوث خدمات کے علاوہ اس کی یہ خدمت کہ یونیورسٹی کے بروقت اور دلچسپ روزمرہ کے حالات سے ہماری برادری کے اکثر ممبروں کو باخبر رکھتا رہا ہے' ایسا کام ہے جو ہماری یونیورسٹی کے احترام کو ہمارے دلوں میں بڑھاتا رہا اور ہمیں اس کی مصائب و مشکلات سے آگاہ کرکے اس کے لئے ہمارے محبت آمیز اضطراب کو بھڑکاتا رہا۔ خوش قسمتی یا بدقسمتی سے علی گڑھ کے اکثر پرانے طلبہ کے لئے ہندوستان میں اپنی پیاری یونیورسٹی کو خوشحال اور سربلند دیکھنا ہی منتہائے آرزو ہے۔ اور ایسے طبقہ میں سرگذشت کی ہفتہ وار آمد کو جو اہمیت حاصل ہے اس کا اندازہ میں کن الفاظ میں بیان کروں۔ بڑے فخر کی بات تو یہ ہے کہ ہمارا سرگذشت آج اپنی بروقت اشاعت کے لئے ہندوستان کے دوسرے پرچوں پر ممتاز فوقیت رکھتا ہے اور اس کے شوق سے پڑھنے والوں کو انتظار کی کوفت سے بچاتا ہے۔

ہمارا سرگذشت

خاں صاحب سید احمد رشید صاحب۔ کلکتہ

کس درجہ خوشی ہوتی ہے جب میں یہ خیال کرتا ہوں کہ ہمارا سرگذشت اپنی عمر کے دس سال پورے کرتا ہے اور کس درجہ فخر ہوتا ہے کہ اس عرصہ میں یہ ہمیشہ وقت پر پہونچا اور اس نے مادر یونیورسٹی سے کالے کوسوں ہم جیسے دور افتادہ کو وہاں کے روزانہ کے واقعات و حالات ہمیشہ نہایت ایمانداری اور قابل قدر دلیری سے پہونچائے۔ ہمارے صاف گو مرزا صاحب نے اپنے ذاتی تعلقات اور پرہیزی ٹانک کا خیال نہ کرتے ہوئے ہر ایسے شخص کو جس کی طرف سے ذرا بھی درسگاہ کو نقصان پہونچنے کا خیال ہوا ہے بالکل صاف صاف اور کھری کھری سنائی ہے۔ ملکی معاملات میں بھی ہمیشہ بے لوث رائے دیا ہے۔ رائے کی غلطی ممکن ہے لیکن اس کی نیت کبھی غلط نہیں ہوتی ہے۔

میرے بزرگ نواب مسعود جنگ بہادر سر سید راس مسعود مرحوم مغفور سے اور مرزا صاحب سے کافی اور دیرینہ تعلقات تھے لیکن جب وہ وائس چانسلر تھے اور مرزا صاحب کی رائے میں ان کے کسی فعل سے درسگاہ کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہوتا تھا تو بھی ایسی کھری سناتے تھے کہ تنگ آکر [illegible] بھی چیخ اٹھتے تھے اور مرزا صاحب کے بہت [illegible] دوست بھائی بشیر مرزا صاحب مرحوم مغفور نے مرزا صاحب کو لکھا تھا کہ اس روش کو [illegible] لیکن مرزا صاحب نے یہ جواب دیا تھا کہ آپ سے کہیں کم مجھ کو سر مسعود جنگ بہادر [illegible]

دلچسپ نہیں مگر پہلے درسگاہ کا مفاد ہے پھر ذاتی تعلقات۔ سرگذشت کی دس سالہ خدمات تمنا دس جلدیں لکھی جاسکتی ہیں لیکن دس سطر کا حکم ہے اس واسطے اس دعا کے ساتھ ختم کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے بھائی مرزا صاحب کو خوب پرہیزی دگر نیڈ پرہیزی سکھاتا ہے اور مرزا بھائی باوجود پیرانہ سالی اس سے بھی زیادہ جوان خدمت گذار رہیں۔ شکایت یہ ہے کہ سینکڑوں مرتبہ بلانے پر بھی مرزا بھائی ایک مرتبہ کلکتہ نہیں آئے

وصیّت

(مسٹر عبدالقادر ایم۔اے علیگ۔ ہیڈ ماسٹر اسلامیہ کالجیٹ اسکول۔ پشاور)

شاعر تو ہوں نہیں کہ منظوم ریویو لکھ کر آپ کو سرگذشت کی پیپر جوبلی پر مبارکباد دے سکوں۔ نثر لکھنا بھی میرے لئے ذرا مشکل ہے۔ لیکن سرگذشت پڑھ کر کچھ لکھ ہی لگا۔

مجھے یاد ہے کہ جس وقت آپ نے سرگذشت کے اجرا کی ٹھانی تو مجھ سے بحیثیت ایک طالب علم کے مشورہ ضرور طلب کیا تھا۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ میں نے اس وقت کیا مشورہ دیا تھا۔ لیکن اتنا ضرور یاد ہے کہ آپ کے استقلال اور علی گڑھ کی بے لوث محبت کو آپ کی کامیابی میں بہت بڑا دخل حاصل ہوگا۔ کچھ اس قسم کی پیشین گوئی کی تھی۔ مجھے یقین ہے کہ میری رائے بالکل درست نکلی۔ آپ نے جس صاف گوئی سے علی گڑھ کی خدمت کی اس کا مقابلہ کوئی دوسرا اخبار نہ کرسکا۔ بہت سے اخبارات اس دس سال کے عرصہ میں پیدا ہوئے اور مر کر دفن بھی ہوئے۔ میرے نزدیک آپ کی کامیابی کا سب سے بڑا ثبوت فقط اتنا ہی کافی ہے۔ اگر آپ بھی دیگر اخبار نویسوں کی طرح علی گڑھ کے مفاد کی بجائے کسی بڑے بزرگ افسر یونیورسٹی کی مدح سرائی میں اپنا زور قلم استعمال کرتے تو آپکا حشر بھی وہی ہوتا۔ ذاتیات سے بڑھ کر ہمارے نزدیک ایک عزیز چیز ہماری دارالعلوم ہے آپ نے اس کے مفاد کو مقدم سمجھا۔ آج ہم سرگذشت کی "پیپر جوبلی" منا رہے ہیں۔ خدا کرے کہ آپ اس پالیسی پر قائم اور دائم رہیں۔ بابا لوگ کا موجودہ سلسلہ بہت عمدہ ہے اسے جاری رکھئے۔ جب تک جاری رکھ سکتے ہیں۔ ورنہ آپ کی طرح کوئی اور بابا لوگ اپنا سرگذشت لکھد یا کریں۔ یہ ایک وصیت ہے۔ اور ساتھ ہمارے جتنے بزرگ اولڈ بوائز ہیں انھیں مجبور کریں کہ وہ علی گڑھ کے متعلق کبھی کچھ نہ کچھ لکھدیا کریں۔ باقی موجودہ طلبا سے یہ کہئے کہ بیرونی سیاسی فرقہ بازیوں سے علی گڑھ کو تباہ و برباد نہ کیا کریں۔ یہ سالہا سال کی محنت کا نتیجہ ہے۔ مسلمان نادار ہیں۔ وہ علی گڑھ فی الحال مسمار نہیں کرسکتے۔ زیادہ کیا لکھ سکتا ہوں۔ آپ خود ہی ڈاکٹر ہیں۔ اپنے ہاضمہ کا خیال خود ہی رکھ لیا کریں۔

سید مسعود حسین صاحب مسعود علیگ پی۔سی۔ایس ھردوئی
سابق ممبر بھیّا کلب

سرگذشت کسی تعریف و توصیف کا محتاج نہیں۔ جن خدمات قومی و ملکی کو اس نے ابتدا رسے اپنا نصب العین قرار دیا تھا ان سے وہ بفضلہ برابر عہدہ برآ ہو رہا ہے۔ خدا اس کو نظر بد سے بچائے اور آپ کے ہاتھوں پروان چڑھائے۔ یونیورسٹی کے معاملات میں سرگذشت کی رائے ہمیشہ مفید۔ قابل قدر اور قابل عمل پائی گئی۔ مخالفین بھی لوہا مان گئے۔ بلحاظ نوعیت و ندرت مضامین آج تمام ہفتہ وار اخباروں سے اس کا پلہ بھاری نظر آتا ہے۔ علی گڈہ سے دلچسپی لینے والوں کا سرگذشت سے عشق روبہ ترقی ہے اور یہ شعر بے ساختہ زبان پر آتا ہے

تراٹھان ترقی کرے قیامت کی
تراشباب بڑھے عمرِ جاوداں کی طرح

آپ کی ذہانت۔ ہمت۔ قابلیت اور ظرافت نے سرگذشت میں چار چاند لگا دیے اور آپ کی خاص توجہ اس کی شہرت اور ہر دلعزیزی کی ضامن ہے۔ خداوند کریم آپ کو عرصہ دراز تک سلامت رکھے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

رُودادِ سرگزشت

(جناب قبلہ مولوی سید محمد احسن صاحب احسن مارہروی مدظلہ العالی)

بگوشِ ہوش یہ رودادِ سرگذشت سنو — کہ اس میں ہے پسِ منظر بھی، پیشِ منظر بھی
اگرچہ آج یہ کمسن ہے، ورنہ دہ سالہ — مگر کل اس کو کہا جائے گا معمّر بھی
یہ آج قوم کی اصلاح کا پرچہ ہے — کسی نے گرچہ کہا ہو کبھی چیتھڑ بھی
مقاصد اس کے ہیں دو۔ پہلے پیسے کا دھندہ — اسی کے ساتھ ہے چندہ بصورتِ زر بھی
یہ ہیں وہ مقصدِ اصلی کہ ذمہ دار اس کے — رہیں گے جملہ خریدار بھی اڈیٹر بھی
علی گڑھ اور علی گڑھ کے جامعہ کے لئے — مشیر بھی ہے مددگار بھی ہے یاور بھی
اڈیٹر اس کے ہیں پرہیزگار گرچہ۔ مگر — شکم پری کو ہیں، پیٹو کلب کے ممبر بھی
ضرور دیکھو اڈیٹر کو جاکے۔ لیکن کب؟ — جب اپنے گھر میں وہ ہوں اور کھلا ہو دفتر بھی
پلنگ پر نظر آئیں گے وہ نسوار۔ مگر — معانقے سے کریں گے مشرّف اکثر بھی
بس از سلام کریں گے کلام۔ بہر طعام — کہ نام کھانوں کے دل پر ہیں نقش وازبر بھی
کھلائیں گے کبھی سیب اور کبھی انار، انگور — پھر اس کے بعد پلائیں گے سوڈا واٹر بھی
سنا ہوں میں ہول کر بلا ہو یا ہوں بابا لوگ — ہر اک کے حق میں وہ خواہر بھی ہیں برادر بھی

نہ کیوں ہوں اس میں زن و مرد جلوہ گر یکجا
کہ سرگذشت مؤنث بھی ہے مذکر بھی

ahmadimuslim.de

اہلحدیث

تحریک بہاء اللہ

اور

آیات کلام اللہ

یوں تو ہر ایک شخص کو اختیار ہے کہ جو عقیدہ چاہے رکھے اور جس قسم کی دلیل سے چاہے اس کا ثبوت دے۔ یہ کوئی برا منانے کی بات نہیں۔ لیکن جب کوئی شخص اپنے غلط دعوے کو قرآن مجید سے ثابت کرنے کی کوشش کرے تو بے ساختہ منہ سے نکل جاتا ہے ؎

حافظا مے خور و رندی کن و خوش باش ولے
دام تزویر مکن چو دگراں قرآں را

ہمارے ہر دو معاصر بہائی اور قادیانی قرآن مجید کے ساتھ یہی برتاؤ کرتے ہیں۔ ایسے ایسے دعووں پر قرآن مجید سے استدلال کرتے ہیں جو منشائے خداوندی کے بالکل خلاف ہوتے ہیں۔

قادیانی استدلال کی مثالیں تو ہم اپنے رسالہ "نکات مرزا" میں دکھا چکے ہیں اور بہائی معاصر کے استدلال [illegible] دکھاتے رہتے ہیں آج بھی ایک مثال پیش کرتے ہیں۔

قرآن مجید کی آیت وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ [illegible] کرکے استدلال کرتے ہیں کہ اس [illegible] حضرت [illegible] جو اپنے وقت پر [illegible]

[illegible]

وہ یہ نتیجہ اخذ کرینگے کہ قرآن مجید پر اس کے منکرین کی طرف سے کس کس انداز میں حملے ہو رہے ہیں۔

ہم نے جب یہ مضمون پڑھا تو ہمیں مولانا حالی مرحوم کی یہ رباعی یاد آگئی ؎

حالی! راہِ راست جو چلتے ہیں سدا
خطرہ انہیں گرگ کا نہ ڈر شیروں کا
لیکن ان بھیڑیوں سے واجب ہے حذر
بھیڑوں کے لباس میں جو ہیں جلوہ نما

ہم حیران ہیں کہ یہ لوگ کس خوبی سے قرآن مجید کو اپنا کر اپنا کام نکالتے ہیں۔ مضمون نگار کے اصل الفاظ دیکھنے سے جو درج ذیل ہیں ہمارے دعوے کی تصدیق ہو جائیگی۔

"اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے ھو الذی انزل علیك الکتاب منه آیاتٌ محکمات ھن ام الکتاب واخر متشابھات فاما الذین فی قلوبھم زیغٌ فیتبعون ما تشابه منه ابتغاء الفتنة وابتغاء تاویله وما یعلم تاویله الا اللہ م ...... اِلّا اولو الالباب۔

[illegible] کے اندر دو قسم کی آیات [illegible] ارشادات ہیں جو

[illegible] کی تاویل و تفسیر کی [illegible] نہیں۔ [illegible] متشابہات ہیں جو رمز و کنایہ میں بیان کئے ہیں وہ جو ایک طرح کی ملی جلی اور مستعار عبارتیں ہیں جو بر حسب ظاہر اپنے اصلی مفہوم کو ظاہر نہیں کرتیں بلکہ تاویل و تفسیر طلب ہیں لیکن ان کی تاویل و تفسیر بھی سوائے خداوند کریم کے کوئی نہیں جانتا۔ ہاں عقل صحیح اور مضبوط علم رکھنے والے لوگ ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

اس فرمان کی روشنی میں دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ قرآن شریف کے اندر بعض احکامات امر و نواہی ہیں مثلاً نماز روزہ یا حرمت ربوا وغیرہ ان کے قبول و تسلیم میں کسی تاویل کی گنجائش مطلق نہیں × × پس صاف ثابت و مبرہن ہے کہ محکمات کو ماننا اور بغیر تاویل و تغیر کے ان پر چلنا ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ متشابہات کی تاویل و تفسیر کو تسلیم کرنا اور اس کے مطابق چلنا۔ یہ قاعدہ کلیہ ہے جس کو سب تسلیم کرتے ہیں۔

اب سوال یہ ہو سکتا ہے کہ تاویل کرنے کا حق کس کو حاصل ہے؟ اس کا جواب قرآن نے خود دیا ہے کہ کلام اللہ کی تفسیر سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا۔ خدا اپنے ظہورات کے ذریعے تاویلات نازل کیا کرتا ہے۔ جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا تَأْوِيلَهُ يَوْمَ يَأْتِي تَأْوِيلُهُ (الاعراف) کیا یہ اس کی تاویل کے منتظر نہیں۔ بے شک ایک روز ضرور اس کی تاویل آئے گی۔ چنانچہ اسی فرمان کے مطابق کتاب ایقان میں وہ تاویل نازل ہو چکی ہے وقوله الحق۔ اس بات کی تصدیق جو صاحب کرنا چاہیں وہ کتاب مذکور کو خود دیکھ لیں اور مطمئن ہو جائیں × × × مگر اب مسلمانوں کے ہاتھ میں اسلام بطور ایک رسم اور قرآن برائے نام رہ گیا ہے مگر زمانی جوش و خروش کا یہ عالم ہے کہ گویا واذا الوحوش حشرت والی (سورۃ التکویر) [illegible]

ahmadimuslim.de

پہلی آیت (مَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَہٗ) میں تو یہ ہوشیاری یا چالاکی دکھائی ہے کہ معطوف (وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ) کو نظر انداز کر دیا۔ اور دوسری آیت (یَوْمَ یَاْتِیْ تَاْوِیْلُہٗ) میں یہ ہوشیاری یا چالاکی دکھائی ہے کہ تاویل سے مراد بانی تحریک بہائیہ کو لیا ہے۔ حالانکہ اس آیت کا اصل مطلب یہ ہے کہ

جس روز قرآن مجید کی تاویل یعنی خدا کی مراد ظاہر ہو گی اس روز کفار اعتراف کفر کریں گے۔ یہاں یوم تاویل سے مراد وہ زمانہ ہے جس کا نام یوم الفصل ہے۔ یہ نہیں کہ اس سے مراد جناب "بہاء اللہ" ہے۔ یہ سب باتیں اپنی مطلب براری کے لئے ہیں اہل بہا کی خدمت میں ہم التماس کرتے ہیں کہ وہ اپنے اثبات دعوی میں جو بھی چاہیں پیش کریں۔ مگر قرآن شریف کو اس کے اصلی معانی سے نہ پھیرا کریں۔ ورنہ قرآن شریف بزبان حال اُن کو کہیگا۔ ؏

ہوئے تم دوست جسکے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

قادیانی مشن

میرٹھ میں مباحثہ

نبوت مرزا پر

مدرسہ دار العلوم میرٹھ کے سالانہ جلسہ پر مجھے بھی دعوت آئی۔ چنانچہ ۲۸۔ جنوری کو میں بھی شریک ہوا۔ منتظمین جلسہ نے (شائد) تفریح طبع کیلئے نبوت مرزا پر مباحثہ رکھ لیا۔ "قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند" کے ماتحت مباحثہ میرے سپرد ہوا۔ فریق مرزائیہ کی طرف سے لاہوری پارٹی کے ممبر بابو عمر الدین صاحب جالندھری دہلی سے آئے۔ مباحثہ کی کیفیت ناظرین نے دیکھی۔ مگر بابو صاحب موصوف کے الفاظ میں مباحثے کا نتیجہ یہ ہوا کہ

"مولوی ثناء اللہ صاحب اس مباحثے میں بُری طرح شکست کھا گئے"

(پیغام صلح ۔ فروری ۱۹۳۹ء منا کالم اول)

ہمارے مخاطب واقعہ کے خلاف اگر اپنی فتح لکھنے سے خوش ہوتے ہیں تو اس میں ہمارا کیا حرج ہے۔ ؏

بات قسمت کی ہے تیری ہر گھڑی لکھا ہے

اور یہ کوئی نئی بات بھی نہیں۔ جب سے یہ سلسلہ مباحثات مرزائیہ شروع ہوا ہے جملہ ثناء اللہ [illegible] شکست کھاتے رہے ہیں [illegible] شکست کی ایک مثال تاریخ ۱۰۔ جنوری ۱۹۰۳ء ہے جبکہ مرزا صاحب نے مجھے قادیان میں مباحثہ کے لئے بلایا اور میں وہاں پہنچا اور مرزا صاحب خدائی حکم کی پابندی میں باہر نہیں نکلے اور میں

سخت شکست کھا کر

یہ کہتا ہوا۔ ؏

ہماں شوق آمدہ بودم ہماں حرماں رفتم

قادیان سے واپس آیا۔

دوسری شکست مجھے جون ۱۹۰۹ء میں بمقام ریاست رامپور ہوئی۔ اس شکست پر والی جناب نواب حامد علی خان صاحب مرحوم کے دستخط بھی ہیں

تیسری شکست مجھے اپریل ۱۹۱۲ء میں بمقام لدھیانہ ہوئی جہاں مبلغ تین سو روپیہ مفتوح نے فاتح کو دئے

غرض ساری عمر مرزائیوں سے شکست کھاتے کھاتے گذر گئی۔ اس لئے یہ کہنا بالکل بجا ہے۔ ؏

عمر گذری ہے اسی دشت کی سیاحی میں

ہم یقین کرتے ہیں کہ اس شکست پر قادیانی جماعت [illegible] کریگی کیونکہ بابو عمر الدین صاحب مرزا صاحب سے سلب نبوت کرنے میں ہوسنے کامیاب ہوتے رہے۔

خیر اس شکست کا تو ہم بھی اعتراف کر لیتے۔ یہ تو کوئی بڑی بات نہیں۔ حاضرین جلسہ بھی تسلیم کر لیں گے یہ تو نعذمرہ کی بات ہے۔ البتہ قابل جواب ایک بات یہ ہے کہ بابو عمر الدین صاحب نے آخری فیصلے پر مباحثہ کرنے کا چیلنج دیا ہے۔ اس چیلنج کو دیکھ کر بے ساختہ منہ سے نکلا۔ ؏

پھر وہ بارہ عشق کا دل میں اثر پیدا ہوا

مباحثہ لدھیانہ میں جو انعام فاتح نے مفتوح سے لیا تھا اس میں پچاس روپیہ بطور چندہ رقم پوری کرنے کے لئے بابو صاحب موصوف نے بھی دئیے تھے۔ اس لئے اس مباحثے میں بابو عمر الدین صاحب موصوف فریق ثانی میں بطور رکن کے شریک تھے۔ لہذا بابو صاحب کو حق نہیں ہے کہ وہ دوبارہ مجھے اس مباحثہ کے لئے چیلنج دیں۔ کیونکہ ان کے ساتھ فیصلہ ہو چکا ہے۔ مگر چونکہ آپ کو واقفیت کلام مرزا کا بڑا دعوی ہے۔ اس لئے میں آپ کا چیلنج بشرط ذیل منظور کرتا ہوں۔ جس کی صورت یہ ہوگی کہ

آپ اپنے امیر مولوی محمد علی صاحب لاہوری کو پیش کریں یا ان کی نیابت میں خود پیش ہوں تاکہ فیصلے میں کسی قدر مزیت اور وسعت پیدا ہو جائے۔

غالبا میری یہ شرط کسی اہل دانش کے نزدیک غیر مقبول نہ ہوگی۔ باقی مباحثات کا تصفیہ اس کے بعد ہو سکے گا۔ بنیادی پتھر یہی ہے۔

آئیے اور خوشی سے آئیے اور علمی اسلحہ سے مسلح ہو کر آئیے۔ اَجْمِعُوْا اَمْرَکُمْ ثُمَّ لَا یَکُنْ اَمْرُکُمْ عَلَیْکُمْ غُمَّۃً ثُمَّ اقْضُوْا اِلَیَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ

ہاں میں آپ کو ایک ایسے امر کی اطلاع بھی دیدوں جس کا آپ کو علم ہوگا اور اس سے انکار نہ ہوگا کہ

سنبھل کے رکھیو قدم دشت خار میں مجنوں کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

ایک احسن تجویز چونکہ یہ آخری فیصلے کا مباحثہ مرزا صاحب کے اتباع میں [illegible]

[illegible] نہیں ہے

[illegible]

قرآن کریم کے اعداد آیہ کریمہ اقتربت الساعۃ وانشق القمر (قیامت آپہنچی اور چاند پھٹ گیا) پر غور کریں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ عہد قیامت میں رونما ہوگا یا ہونے والا ہے اگر چاند کے پھٹ جانے کو حضرت محمد رسول کے وقت سے مخصوص کریں تو یہ ماننا پڑیگا کہ قیامت بھی برپا ہو چکی۔ ××××× اگر یہ بیان صحیح ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ جھٹلایا جائے تب بھی یہ صحیح ہے کہ اولوالعزم پیغمبروں کے ظہور کے ساتھ قیامت بھی برپا ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ ابن مریم نے جب صور اسرافیل پھونکا تب بھی ہی فرمایا کہ "میں قیامت ہوں" "میں ہی آخری ہوں" "میں الفا ہوں" "میں اومیگا ہوں" یعنی عالم دیانت کا حرف اول اور حرف آخر میں ہی ہوں۔ اور جب فجر ہدایت افق عرب سے طلوع ہوئی تب حضرت محمد صلعم نے بھی فرمایا انا النبیون خاتماً۔ یعنی اولنا محمد و آخرنا محمد و اوسطنا محمد و کلنا محمد۔ وجود محمدی میں سب انبیاء موجود ہیں۔

مطلب یہ کہ قیامت کے عہد میں پہلی زمین (شریعت) جس پر لوگ چلتے ہیں اور پہلا آسمان (امر) جس کے زیر سایہ لوگ مقیم ہوتے ہیں لپیٹ کر دست قدرت خداوندی میں چلا جاتا ہے اور تبدل الارض غیر الارض کا حکم نافذ ہوتا ہے اور رسول وقت کے وجود میں سب رسولوں کی بعثت ہوتی ہے۔

اس تشریح کا منکر اگر اقتربت الساعۃ سے مراد آئندہ ہونے والی قیامت قرار دیتا ہے تب بھی اس کو ماننا پڑیگا کہ اسلامی قومی قوت کلیۃً مضمحل و منتشر ہو چکی ہے۔ اس کے اتحاد و اتفاق کو جوڑنے کی سب کوششیں بیکار ثابت ہوئی ہیں ×× ×× ×× ××

یہ مختلف نہریں جو دریائے اسلام میں سے نکالی گئی ہیں خود اس دریا کے لئے پیغام اجل بن گئی ہیں۔ قرآن کریم اس کی خبر بھی پہلے ہی دیدی ہے۔ وترکنا بعضھم یومئذ یموج فی بعض ونفخ فی الصور (الکہف) ہم اس دن ان کو ایک دوسرے پر موجیں مارتا ہوا چھوڑ دینگے۔ اب جس کو خدا ہی موجوں کے اندر چھوڑ دے اس کا ہاتھ کون پکڑے۔ ان کی حالت وہی ہے کہ چوری چوری آسمان امر الہی پر پرواز کرتے ہیں لیکن شہاب ثاقب جو ان کی تاک میں موجود ہوتا ہے ان کے پیچھے لگ جاتا ہے وہ بھاگتے ہیں ایک آدھ بات جو انہوں نے اس تگ و دو میں سن لی ہے اسکو من جانب اللہ کہہ کر پیش کرتے ہیں اور اپنا رنگ جماتے ہیں مگر وہ صبغۃ اللہ تو نہیں کہلا سکتا۔ تلبس الحق بالباطل کا نظارہ پیش ہو جاتا ہے۔ اور یہی ان کے جھوٹے اور کھوٹے ہونے کی دلیل ہے۔

(خاکسار ایم۔ اے۔ لطیف از برما)

(بہائی میگزین بمبئی صہ تا ۱۹ بابت اکتوبر۔ نومبر ۱۹۳۳ء)

اہلحدیث: راقم مضمون نے پہلی ہوشیاری یا چالاکی تو یہ دکھائی ہے کہ الا اللہ کے بعد معطوف کو حذف کر گئے اور ترجمہ میں بھی اس طرف اشارہ تک نہیں کیا۔ پورے الفاظ یوں ہیں:۔

وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون آمنا بہ کل من عند ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب۔

اس آیت کے راجح معنی یہ ہیں کہ آیات متشابہات کی مراد اللہ تعالیٰ اور ماہرین علوم شرعیہ جانتے ہیں۔ یہی تفسیر حضرت ابن عباس سے مروی ہے۔

آیات متشابہات کی مثال علمائے بیان کی اصطلاح میں استعارہ مکنیہ ہے۔ جس کی مثال میں علمائے بیان جملہ زید کثیر الرماد بولا کرتے ہیں

[illegible] ہے۔ استعارہ مکنیہ کے طریق سے اس کا مطلب زید کی سخاوت ہے کہ اس کے گھر میں جہاں [illegible] آتیں وہاں کھانا بکثرت پکتا ہے جس [illegible] ہے کہ [illegible] نکلتی ہے۔

قرآن مجید میں استعارہ مکنیہ کے طریق پر بہت جگہ کلام کیا گیا ہے جہاں لفظی ترجمہ مراد نہیں ہوتا بلکہ اس کو اصل مقصود کا ذریعہ بنالیا جاتا ہے۔ اس علمی اصول کو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس اللہ سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں جہاں مبادی اور مقاصد پر بحث کی ہے۔ مفصل لکھا ہے۔ اب قرآن مجید سے بھی ایک مثال سنئے! ارشاد خداوندی ہے:۔

اقرضوا اللہ قرضاً حسناً (پ ۲۹ ع)

جس کا لفظی ترجمہ ہے اللہ کو قرض حسنہ دیا کرو۔ مگر اس سے مقصود یہ ہے کہ اللہ کی مخلوق کو ان کی ضروریات میں سود لئے بغیر قرض دیا کرو۔

اہل زیغ نے اس کے ظاہری ترجمہ کو مقصود قرار دیکر کھلے الفاظ میں کہہ دیا ان اللہ فقیر و نحن اغنیاء یعنی اللہ فقیر ہے اور ہم غنی ہیں اسی لئے وہ ہم سے قرض مانگتا ہے۔ خدا نے اس کا جواب دیا سنکتب ما قالوا (ہم لکھ لیں گے جو انہوں نے کہا ہے) اس جواب میں بھی استعارہ مکنیہ سے کام لیا گیا ہے یعنی کتابت بول کر جزا مراد لی ہے۔

پس اس قسم کے استعارات مکنیہ میں کلام کی اصلی مراد کو اللہ کے ساتھ ماہرین علوم شرعیہ بھی حسب حیثیت جانتے ہیں مگر اہل زیغ لفظی ترجمہ کو کلام کا اصل مقصود قرار دیکر لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں ان کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ [illegible] کا اصل مقصود اللہ تعالیٰ کے ساتھ [illegible] بھی جانتے ہیں۔ کسی حدیث یا [illegible] کہ اہل زیغ نے اہل بہاء کی طرح [illegible] مانا ہو جس طرح [illegible] کہ انہوں نے لفظ [illegible]

ahmadimuslim.de

پہلی آیت (مَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ) میں تو یہ ہوشیاری یا چالاکی دکھائی ہے کہ معطوف (وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ) کو نظر انداز کر دیا۔ اور دوسری آیت (يَوْمَ يَأْتِي تَأْوِيلُهُ) میں یہ ہوشیاری یا چالاکی دکھائی ہے کہ تاویل سے مراد بانئ تحریک بہائیہ کو لیا ہے۔ حالانکہ اس آیت کا اصل مطلب یہ ہے کہ

جس روز قرآن مجید کی تاویل یعنی خدا کی مراد ظاہر ہو گی اس روز کفار اعتراف کفر کرینگے۔ یہاں یوم تاویل سے مراد وہ زمانہ ہے جس کا نام یوم الفصل ہے۔ یہ نہیں کہ اس سے مراد بہاب یا بہاء اللہ ہے۔ یہ سب باتیں اپنی مطلب برآری کے لئے ہیں اہل بہا کی خدمت میں ہم التماس کرتے ہیں کہ وہ اپنے اثبات دعوے میں جو بھی چاہیں پیش کریں۔ مگر قرآن شریف کو اس کے اصلی معانی سے نہ پھیرا کریں۔ ورنہ قرآن شریف بزبان حال اُن کو کہیگا۔ ع

بوئے تم دوست جسکے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

قادیانی مشن

میرٹھ میں مباحثہ

نبوت مرزا پہ

مدرسہ دارالعلوم میرٹھ کے سالانہ جلسہ پر مجھے بھی دعوت آئی۔ چنانچہ ۲۸۔ جنوری کو میں بھی شریک ہوا۔ منتظمین جلسہ نے (شاید) تفریح طبع کیلئے نبوت مرزا پر مباحثہ رکھ لیا۔ "قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند" کے ماتحت مباحثہ میرے سپرد ہوا۔ فریق مرزائیہ کی طرف سے لاہوری پارٹی کے ممبر بابو عمرالدین صاحب جالندھری دہلی سے آئے۔ مباحثہ کی کیفیت ناظرین نے دیکھی۔ مگر بابو صاحب موصوف کے الفاظ میں مباحثے کا نتیجہ یہ ہوا کہ

"مولوی ثناء اللہ صاحب اس مباحثے میں بُری طرح شکست کھا گئے"

(پیغام صلح مورخہ ۹ فروری ۱۹۳۳ء کالم اوّل)

[illegible] واقعہ کے خلاف اگرچہ یہ نتیجہ نکلنے سے [illegible] ہے۔ ع

[illegible] تا کہنا ہے

[illegible] کوئی نئی بات نہیں۔ جب سے [illegible]

[illegible]

[illegible] شکست کھا گئے ہیں [illegible]

شکست کی ایک مثال تاریخ ۱۰۔ جنوری ۱۹۰۳ء ہے جبکہ مرزا صاحب نے مجھے قادیان میں مباحثہ کے لئے بلایا اور میں وہاں پہنچا اور مرزا صاحب خدائی حکم کی پابندی میں باہر نہیں نکلے اور میں

سخت شکست کھا کر

یہ کہتا ہوا۔ ع

ہماں شوق آمدہ بودم ہماں حرماں رفتم

قادیان سے واپس آیا۔

دوسری شکست مجھے جون ۱۹۰۹ء میں بمقام ریاست رامپور ہوئی۔ اس شکست پر تو عالی جناب نواب حامد علی خان صاحب مرحوم کے دستخط بھی ہیں

تیسری شکست مجھے اپریل ۱۹۱۲ء میں بمقام لدھیانہ ہوئی جہاں مبلغ تین سو روپیہ مفتوح نے فاتح کو دیا

غرض ساری عمر مرزائیوں سے شکست کھاتے کھاتے گذر گئی۔ اس لئے یہ کہنا بالکل بجا ہے۔ ع

عمر گذری ہے اسی دشت کی سیاحی میں

[illegible] کرتے ہیں کہ اس شکست پر قادیانی جماعت [illegible] بابو عمرالدین صاحب [illegible]

مرزا صاحب نے سلب نبوت کر لی ہیں بوسے [illegible] بڑے ہوئے

خیر اس شکست کا تو ہم بھی اعتراف کرینگے۔ یہ تو کوئی بڑی بات نہیں۔ حاضرین جلسہ بھی تسلیم کر لیں گے یہ تو روزمرہ کی بات ہے۔ البتہ قابل جواب ایک بات یہ ہے کہ بابو عمرالدین صاحب نے آخری فیصلے پر مباحثہ کرنے کا چیلنج دیا ہے۔ اس چیلنج کو دیکھ کر بے ساختہ منہ سے نکلا۔ ع

پھر دوبارہ عشق کا دل میں اثر پیدا ہوا

مباحثہ لدھیانہ میں جو انعام فاتح نے مفتوح سے لیا تھا اس میں پچاس روپیہ بطور چندہ رقم پوری کرنے کے لئے بابو صاحب موصوف نے بھی دئیے تھے۔ اس لئے اس مباحثے میں بابو عمرالدین صاحب موصوف فریق ثانی میں بطور رکن کے شریک تھے۔ لہٰذا بابو صاحب کو حق نہیں ہے کہ وہ دوبارہ مجھے اس مباحثہ کے لئے چیلنج دیں۔ کیونکہ ان کے ساتھ فیصلہ ہو چکا ہے۔ مگر چونکہ آپ کو واقفیت کلام مرزا کا بڑا دعویٰ ہے۔ اس لئے میں آپ کا چیلنج بشرطیکہ ذیل منظور کرتا ہوں جس کی صورت یہ ہو گی کہ

آپ اپنے امیر مولوی محمد علی صاحب لاہوری کو پیش کریں یا ان کی نیابت میں خود پیش ہوں تاکہ فیصلے میں کسی قدر عزت اور وسعت پیدا ہو جائے۔ غالباً میری یہ شرط کسی اہل دانش کے نزدیک غیر مقبول نہ ہو گی۔ باقی مباحثات کا تصفیہ اس کے بعد ہو سکے گا۔ بنیادی پتھر یہی ہے۔

آئیے اور خوشی سے آئیے اور علمی اسلحہ سے مسلح ہو کر آئیے۔ أَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنظِرُونِ۔ ہاں میں آپ کو ایک ایسے امر کی اطلاع بھی دیدوں جس کا آپ کو علم ہو گا اور اس سے انکار نہ ہو گا کہ

سنبھل کے رکھیو قدم دشت خار میں مجنوں

کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

ایک احسن تجویز چونکہ یہ آخری فیصلے کا مباحثہ مرزا صاحب کے اتباع میں مباحثوں [illegible]

ہو سکا۔ آپ کا رسالہ ہمیں کافی ساتھ ماہ کر رہی ہے اسلام... شدہ ملے لیں تو کوئی حرج نہیں۔ اور اگر آپ کسی... سا ہمیں بھیج دیں اور کہ شریک ہو کر یہ قرآن کا فرض ہے... یہ تو شریک ہو جائیں۔

بہرحال ہمارا دوستانہ مشورہ ہے اور ہم اس پیز کو

روز عید کی طرح ... ہیں سکتے جس روز ان مضمون پیبہا جو ... عام کی صورت نکل آئیگی۔

حسن رکھئے! —

نہیں معلوم تم کو ماجرائے دل کی کیفیت
سنائیں گے تمہیں ہم ایک دن یہ داستان پھر بھی

بریلوی مشن

نمائشی گنبد

(از مولوی عبدالرحمٰن صاحب خلیل قریشی نظام آبادی)

"خنزیر کی عصا بجواب فقیر کی صدا" سابقہ پرچہ میں اور اس دفعہ بھی بہ سبب عدم گنجائش شائع نہیں ہو سکا۔ آئندہ ہو گا۔ انشاء اللہ! ناظرین مطلع رہیں۔ (مدیر)

أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ الخ

چند دن ہوئے مجھے کسی تقریب پر لاہور جانے کا اتفاق ہوا۔ گجرانوالہ سے ٹرین پر بیٹھے۔ جس ڈبے میں بیٹھے اسی میں ایک صاحب بڑی عمر کے بیٹھے ہوئے تھے اور ساتھ ہی مولوی عطاء اللہ شاہ بخاری مشہور واعظ سے ادھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ اسی اثناء میں میں نے اس بڑے میاں سے پوچھا۔ جی آپ کہاں سے آرہے ہیں اور کہاں جانے کا خیال ہے۔ انہوں نے کہا میں اجمیر کا سنگ مرمر کا ٹھیکہ دار ہوں، ہر ایک جگہ جہاں عمارت وغیرہ کے لئے اس سفید پتھر کی ضرورت ہوتی ہے میں سپلائی کرتا ہوں، چنانچہ اس وقت گولڑہ سے آرہا ہوں، پیر مہر علی شاہ مرحوم کا عظیم الشان مقبرہ بننے والا ہے جو تمام کا تمام سنگ مرمر کا تیار ہوگا اسی سلسلہ میں مجھے وہاں بلایا گیا تھا، چنانچہ مجھے انہوں نے اسی ہزار (۸۰۰۰۰) روپے کا ٹھیکہ دے دیا ہے۔ میں نے صرف اسی ہزار روپیہ کا پتھر مہیا کرنا ہے باقی خرچ تعمیر وغیرہ اس کے علاوہ ہوگا۔

ٹھیکہ دار موصوف کی زبانی یہ حیرت ناک واقعہ سُن کر میں تو محو حیرت ہو گیا۔ شاہ صاحب موصوف نے بھی عالم مایوسی میں ایک ٹھنڈی سانس لی اور کہا کہ ہم تو منع کرتے کرتے تھک گئے ہیں، ایسے حالات میں ہماری تمام کوششیں بے سود ہوتی ہیں، مریدوں نے جو کچھ کرنا ہوتا ہے کر گزرتے ہیں

میں بہت دیر تک حیرانی میں پڑا سوچتا رہا کہ الٰہی یہ کیا معاملہ ہے۔ پیر صاحب مرحوم تو بڑے فاضل اور علوم دینیات کے ماہر تھے اور سنا گیا تھا کہ تعمیر مقبرہ سے منع کر گئے تھے۔ لیکن حیرت ہے کہ اُن کے لواحقین نے محض دنیاوی نمائش کی خاطر پیر صاحب کی وصیت کو پس پشت ڈالا اور ہزاروں روپے اینٹ اور مٹی میں برباد کرنے کی ٹھانی۔ گولڑہ کے نواحی علاقہ میں ہزاروں مسلمان مرد عورت اور بچے ایسے ہیں جن کے پاس اگلے دن کا کھانا ہے تو رات کا نہیں۔ اگر ایک کے پاس جسم کو ڈھانپنے کے لئے کوئی کپڑا موجود ہے تو دوسرا صرف پھٹے پرانے چیتھڑوں سے ستر عورت کر رہا ہے۔ یتیم بچے ہیں کہ در بدر پھر رہے ہیں۔ بیوائیں ہیں کہ مفلسی اور مسکنت کی حالت میں ان بے انصاف جاہ و نمائش پسند رئیسوں کی جان کو رو رہی ہیں، اسی گولڑہ کے گرد و نواح میں پھر جاؤ لوگ علوم دینی سے اسلام و مذہب سے بہت کم آشنا علم دینیات کا

ایک طرف یہ ... کے ... جو ... پڑھتے تھے۔

جو علاقہ اس ضرورت و احتیاج کا علاقہ ہو جہاں عام مسلمانوں کی مذہبی اور اقتصادی حالت ایسی ناگفتہ بہ ہو جہاں جہالت و غربت کا دور دورہ ہو ایسے علاقہ میں سخت ضرورت ہے کہ عامۃ المسلمین کی دینی واقفیت کے لئے اسلامی مدارس و مکاتیب ہوں، بے کس یتیموں کی تربیت کے لئے دار الیتامیٰ ہوں، جہاں اُن مفلس و نادار یتیموں کی مذہبی اور اخلاقی تربیت ہو، اُن کی کسی ہنر یا پیشہ کی طرف رہنمائی کی جائے تاکہ وہ مسلم بچے عام آوارگی میں غیر مسلموں کے پنجہ میں آ جائیں جو بڑی ہوشیاری سے ایسے شکار کے ہر وقت مترقب منتظر رہتے ہیں۔

مسلمانوں کی ایسی اہم ضرورتوں کو اس انداز سے نظر انداز کرتے ہوئے ایک پیر صاحب کی قبر کی شان بڑھانے کے لئے (اُن کی وصیت کے خلاف) اینٹوں اور مٹی پتھر کا ایک شاندار نمائشی گنبد بنانے کے واسطے اس قدر کثیر رقم اینٹ اور پتھر مٹی پر خرچ کر دینا کہاں تک قرین مصلحت ہے۔ کاش یہ درد بھری مخلصانہ آواز ان اصحاب قبور (کارکنانِ مقبرہ) کے کانوں تک پہنچے اور وہ اس پر ٹھنڈے دل سے غور فرمانے کی زحمت گوارا فرمائیں۔ (ریاست قوی مسلمون)

زمانہ بڑا خطرناک جا رہا ہے۔ جہالت اور تنگدستی نے علاقہ کے بھولے بھالے مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا ہے۔ دوسری قومیں ہوشیار ہو رہی ہیں اور ہم غافل اغیار اپنے روپے کی حفاظت کرتے ہوئے اسے مفید اور مناسب مصارف پر لگا رہے ہیں جس میں قوم و ملک کا فائدہ ہو۔ لیکن ہم ہیں کہ غریب قوم کے گاڑھے پسینے کی کمائی جو وہ غریب بال بچوں کے پیٹ کاٹ کاٹ کر نذرانے پیش کرتے ہیں شاندار گنبدوں اور مقبروں کی تعمیر پر لگا کر قوم کی عزت و شہرت کو سپرد خاک کر رہے ہیں۔ [illegible] ...

ahmadimuslim.de

ابھی یہ ... [illegible] ... بات
... [illegible] ... ہے کہ
کوئی اللہ کا بندہ ... [illegible] ... سے ... کر کے اور
اللہ و رسول کی رضامندی حاصل کرے۔
یا قوم الیس منکم رجل رشید
بھلا جس جماعت کے ... [illegible] ... کا ... تبصرہ

... [illegible] ...
... [illegible] ... پیر صاحب مرحوم کے
مرید اپنے پیر صاحب کی مدح کو خوشنودی خدا اور
اس کے رسول کی حقیقی رضامندی حاصل کریں۔ والسلام!
اڈیٹر مضمون کی رسم کسی مذہبی غرض سے نہیں ہے بلکہ
کاروباری سلسلہ ہے۔ اس کا کیا جواب؟

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اکیسواں جلسہ

(از قلم ملک امام خان صاحب سوہدروی)

—— از گزشتہ سے پیوستہ ——

سابقہ پرچہ میں جلسہ اہل حدیث کانفرنس جو ۸، ۹ اپریل (تعطیلات ایسٹر میں) فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور میں ہو رہا ہے۔ کے موقعہ پر گول میز کانفرنس منعقد کرنے کے متعلق ناظرین سے دریافت کیا گیا ہے۔ احباب کرام اپنی آراء سے جلد اطلاع دیں۔

—— مضمون مندرجہ ذیل کا کچھ حصہ سابقہ پرچہ میں درج ہو چکا ہے۔ اس حصہ میں فاضل مضمون نگار نے چند تجاویز پیش کی ہیں جو قابل غور ہیں۔ نیز جلسہ کانفرنس میں علمائے مدعوین کی فہرست جو صدر دفتر دہلی سے موصول ہوئی ہے اس مضمون کے اخیر میں شائع کی جاتی ہے۔

آخر کہنا ہی پڑا کہ جماعت اہل حدیث اپنے نظام قومی سے بے پرواہ ہے۔ اور یہ جماعت کئے بغیر بھی نہیں رہا جا سکتا کہ جماعت کی اس بے پرواہی کی ذمہ داری ان علمائے کرام پر ہے جن کے ہاتھ میں جماعت کے تخیلات کی باگ ہے۔

حضرات علمائے کرام کی ... [illegible] ... ہر ایک کے اثر میں اکثر جماعت ضرور رہتی ہے۔ احباب تدریس و تحریث ... [illegible] ... اور ... کے ... ہیں۔ اصحاب ... [illegible] ... جماعت میں اگر ... [illegible] ... ہے ... [illegible]

کو کانفرنس کا ذکر فرماتے ہی دیکھا نہ جلسوں اور وعظوں کی مجالس میں اس کا نام آیا۔ اور اخبارات کے فائل ہمارے سامنے ہیں۔ عیاں راچہ بیاں۔ اس پر شاکی بھی ہیں بے پرواہ بھی۔

علمائے کرام کی عدم توجہ کے بارے میں یہ حوالہ شائد نامناسب نہ ہوگا کہ کچھ عرصہ ہوا کانفرنس کیلئے فنڈ جمع کرنے کے لئے علماء کرام کے ایسے وفد کی تجویز مجلس شوریٰ میں پاس ہوئی جو ملک میں دورہ کرے۔ تجویز کے یہ اوراق دیمک کی نذر ہو چکے ہیں مگر ابھی تک اس پر عمل کا وقت نہیں آیا۔ ؎

دل کے پھپھولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

یہی کیا مجلس شوریٰ (کانفرنس) میں اس قسم کی اور تجویزیں بھی عمل کرنے والوں کی منتظر ہیں۔ جن پر عدم توجہ کی وجہ سے کانفرنس دم توڑ رہی ہے۔ جائے غور ہے کہ ان تجویزوں پر عمل کرنا اور کرانا علمائے کرام پر منحصر ہے یا حافظ عبد اللہ صاحب اور ڈاکٹر سید محمد فرید صاحب پر (یا یہ ایسے ذمہ دار ہیں)۔ کانفرنس کے زوال کا سبب موجودہ سیاسی سیلاب بھی بتایا جاتا ہے مگر میری حقیر رائے میں یہ مسئلہ ابھی تک مزید غور و فکر کا محتاج ہے کیونکہ ملک کے تمام مختلف ... [illegible] ... خیالات پر ... [illegible]

اگرچہ ... [illegible] ... کے جلسے ... [illegible] ... علمائے ... [illegible] ... کے حضرات کرام گوجرانوالہ کے جلسوں میں بنفس شرکت فرماتے ہیں حتیٰ کہ علمائے کرام کے اکابر شیوخ ... [illegible] ... ضلع اعظم گڑھ سے امرتسر اور سیالکوٹ قاصد حاضر ہوتے ہیں۔ اگر سیاسی انہماک کانفرنس یا جمعیت قومی میں حائل ہوتا تو پھر ان کل جلسوں پر اتنا صرف اور زحمت کیوں کی جا سکتی۔

اسی طرح ملک کی دوسری اسلامی اور معاشرتی جماعتوں میں اہل حدیث افراد کی شمولیت بے ربط جماعت کی مانع بتائی جاتی ہے۔ مگر قابل غور یہ امر بھی ہے کہ جب علمائے کرام ہی افراد کو یتیم سن ہی یعنی لاوارثہ مہمل چھوڑ دیں جس سے وہ دوسروں کے ریوڑ میں جا ملیں تو یہ گلہ بان کی بے پرواہی ہے یا کہ ریوڑ کے افراد کی۔ ابھی اس قسم کی بیان کردہ رکاوٹوں میں سے کئی ایک باقی ہیں جن پر گفتگو کرنے کو جی نہیں چاہتا۔

برمار تواں گفت

ولیکن اگر جماعت کا شیرازہ اس طرح منتشر کرنے جماعت کو ملزم گرداننے کا مسئلہ جاری رہا تو بقیہ دفعات پر بھی لب کشائی کرنی ہی پڑیگی۔ اس قسم کے حضرات کو خیال رکھنا چاہئے کہ عصمت کا مسئلہ نبوت تک ختم ہو جاتا ہے اور فاروق اعظمؓ جیسے بشر بالجنۃ سے بھی ایک بڑھیا مواخذہ کر سکتی ہے چہ جائیکہ چودھویں صدی کے علماء ہے۔

کانفرنس کے جلسے اہل حدیث کانفرنس کے سالانہ جلسے جن کو اب سالانہ جلسہ کہنا گناہ کبیرہ سے کم نہیں۔ کیونکہ دو دو تین تین سال کے بعد آنے والوں جلسوں کو سالانہ جلسہ کہا ہی نہیں جا سکتا۔ دیگر خیر آ... ان جلسوں کے طرز کا جہاں تک تعلق ہے وہ صرف یہ ہے کہ وعظ و ارشاد بے شک ہر ایک ... [illegible] ... رنگ تقریر ... [illegible] ... قابل رشک۔ ہر طرف سے جذبہ ... [illegible] ... کے نعرے بلند ہو رہے ہیں ہر ... [illegible] ... جمع ہے ... [illegible] ... زینت ہر ... [illegible] ... والا ... [illegible] ... ہے۔ آخر ان جلسوں کی شرکت ... [illegible]

ahmadimuslim.de

[illegible] حالت [illegible] آجاتے ہیں۔ کچھ خوش عقیدہ ایں کہ محضروں کی طرف تو نکلتے ہیں سبحان اللہ [illegible]۔ مگر کانفرنس کے سود و بقا کے لئے شروع سے لے کر آج تک نہ تو کبھی کوئی اجلاس خاص منعقد ہوا نہ کانفرنس کی ضرورت و اہمیت پر آج تک پروگرام جلسہ میں کوئی موضوع مقرر ہوا۔ بلکہ کسی وعظ میں کانفرنس کا ذکر تک سننے میں نہ آیا۔ اس کے لئے کانفرنس کی رپورٹیں اور ان کے وعظوں کی نقلیں بھی گواہ ہیں۔ کانفرنس کی اہمیت بیان کرنے کانفرنس کو جمعیت بنانے اور کانفرنس کی ضرورت ثابت کرنے کے لئے اگر خود کانفرنس کا پلیٹ فارم بھی نہیں تو پھر اور کونسا موقع ہے۔

حلقہ ہائے تدریس و تحدیث اور تذکیر و ارشاد کے موقعوں پر کانفرنس کے حذف رکھنے کا تذکرہ تو محتاج بیان ہی نہیں۔ کانفرنس کے پلیٹ فارم پر وعظ و ارشاد سے مستفیض فرمانے والے حضرات اس سکوت کی حکمت بتا سکیں تو بڑا کرم ہوگا۔

کانفرنس کے ان جلسوں کا کمزور پہلو یہ بھی ہے کہ ان کے جلسے مقامی حضرات تک محدود رہ جاتے ہیں اور دور دراز کی اہل حدیث جماعت کے افراد اس میں شمولیت کی زحمت نہیں فرماتے۔ اس کی ایک وجہ کانفرنس سے عدم انسلاک بھی ہے۔ (یوں انسلاک ایسی کمزور مرکزیت سے کرنا معنی بھی کیا رکھتا ہے) دوسرے کانفرنس کے جلسے چونکہ صرف وعظ و تذکیر کے مشغلہ تک محدود ہوتے ہیں۔ اور یہ پند و نصائح ہر مقامی جماعت خود اپنے ہاں کے علمائے کرام سے ہمیشہ اور سال دو سال بعد جماعت کے مشہور علماء کو زحمت سفر دیکر سن لیتی ہے۔ اس لئے کوئی شخص یہ شد رحال کیوں اختیار کرے۔ ورنہ اگر یہ جلسے تجاویز و پروگرام اور مصالح جماعتی کے بھی موجب ہوتے تو یقیناً دور دراز کے لوگ ان میں شرکت کو اہمیت دیتے۔ (میں یہاں پنجاب کی ایک [illegible] جماعت کے سالانہ جلسوں کی کامیابی کا تذکرہ عمداً قلم انداز کر رہا ہوں) پس اگر قابل قبول ہو تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس جلسہ میں نزدیک و دور کے تمام [illegible] جماعت شرکت کا ارادہ فرمائیں اور کم از کم اس قسم کی تجاویز پر غور و خوض فرمائیں کہ

(۱) ہماری جماعتی حالت کیوں روبہ تنزل ہے۔

(۲) اہل حدیث کانفرنس کی اس جان کنی کا مداوا ممکن ہے یا نہیں؟ (۳) جماعت کی تنظیم و اتفاق باہمی کے لئے کیا چارہ ہے۔ (۴) علمائے کرام کا منصب صرف وعظ و ارشاد یا تدریس و تحدیث اور تالیف و تصنیف تک کافی ہے یا جماعت کی ترویج و مرکزیت پر توجہ فرمانا بھی ضروری ہے۔ (۵) حاضرین جلسہ کو صرف چند مسائل یا علمائے اخبار کے حسن مقال سے حلاوت اندوز ہونا۔ (۶) ہر شریک کو عام اس سے کہ علماء واعظین ہوں یا سامعین۔ کانفرنس کے خزانہ کو پُر کرنے کے لئے چندہ ضرور دینا ہوگا۔ "دلو بجبر دل" اگرچہ ایک راس یعنی ایک روپیہ۔ کیوں نہ ہو۔

بلکہ جلسہ کی کامیابی کا اندازہ اس کے جمع شدہ چندہ سے ہونا چاہئے۔ نہ کہ پنڈال کی خوبصورتی، یا علماء کے حسن مقال یا حاضرین کی کثرت تعداد سے۔

دفتر اہل حدیث کانفرنس کے فرائض

جس طرح داعین جلسہ (فتح گڈھ) جلسہ کی دعوت کے اشتہار شائع کر رہے ہیں۔ چنانچہ (۱) اشتہار "پیغام عمل"۔ (۲) "برادران اسلام اور متلاشیان حق کو خوشخبری" دو اشتہار دیکھنے میں آچکے ہیں تو اسی طرح دفتر اہل حدیث کانفرنس کو بھی کانفرنس کی بقا و استحکام کے لئے جماعت میں پروپیگنڈا کرنا چاہئے۔ اور ہر خاص و عام کو متوجہ کرنا چاہئے کہ وہ اس جلسہ میں شرکت فرمائیں اور کانفرنس کے مفاد کی تدابیر پر غور کیا جائے۔

علمائے کرام مدعوین جلسہ (فتحگڈھ) کے اسمائے گرامی

یہ فرض بھی شاید میرے ہی ذمہ عائد ہو سکتا ہے کہ میں جماعت کو اُن حضرات علمائے کرام کے اسمائے گرامی کی خوشخبری عرض کروں جو اس جلسہ میں تشریف فرما ہونگے۔ آہ! ع

تو نے کیسں سونپی ہے اپنے گھر کی بادشاہی مجھے

از پنجاب :- (۱) مولانا محمد [illegible] صاحب قصوری (صدر جلسہ فتح گڈھ)۔ (۲) مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب۔ (۳) مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی (۴) مولانا محمد داؤد صاحب غزنوی۔ (۵) مولانا محمد اسماعیل صاحب گوجرانوالہ۔ (۶) سید محمد شریف صاحب گھڑیالوی۔ (۷) مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری۔ (۸) مولوی نور حسین صاحب گھرجاکھی (۹) مولوی احمد الدین صاحب از گکھڑ۔ (۱۰) مولوی محمد حنیف صاحب لاہوری۔ (۱۱) مولوی عبد الرحمن صاحب جنیوٹی۔ (۱۲) مولوی عبد الحق صاحب ملتانی (۱۳) مولوی عبد المجید صاحب سوہدروی۔ (۱۴) مولوی ثناء محمد صاحب گوجرانوالوی۔ (۱۵) منشی محمد عبد اللہ صاحب امرتسری۔

از دہلی :- (۱۶) مولانا محمد صاحب مدیر محمدی۔ (۱۷) مولانا عبید الرحمن صاحب عمر پوری۔ (۱۸) مولانا عبد المنان صاحب (مدیر مسلم اہلحدیث گزٹ)

از بنارس :- (۱۹) مولانا ابو القاسم صاحب (۲۰) مولانا ابو مسعود خاں صاحب قمر۔

از علی گڈھ :- مولانا عبد التواب صاحب غزنوی۔

از بہار :- (۲۲) مولانا عبد الخبیر صاحب صادقپوری امیر جماعت صوبہ بہار۔

میں اس مضمون کو جلسہ کی کامیابی اور داعیان جلسہ کے لئے اس دعا پر ختم کرتا ہوں کہ ع

ترا دولت ہمیشہ یاد بادا

حیات طیبہ

(مصنفہ مرزا حیرت صاحب دہلوی مرحوم)

مبلغ توحید و سنت، مجاہد ملت، قائد جیوش اسلامیہ مولانا اسماعیل شہید دہلوی کی مفصل سوانحعمری مع مختصر سوانح حضرت سید احمد صاحب بریلوی (مرشد مولانا شہید) جدید ایڈیشن قیمت [illegible]

ملنے کا پتہ :- [illegible]

ahmadiyyamuslim.de

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(از قلم منشی محمد عبداللہ صاحب معمار امرتسری)

قسط نمبر ۲

گذشتہ پرچہ میں حدیث ان النبوۃ والرسالۃ قد انقطعت الخ پر بحث ہوئی ہے۔ آج بھی اسی کا بقیہ درج ذیل ہے:۔

اس مسئلہ (یعنی ہر بشیر و نذیر انسان نبی نہیں ہوتا) کی واضح تشریح خود اسی حدیث کے آخری حصہ میں موجود ہے۔ صحابہ نے پوچھا۔ مبشرات کیا ہیں۔ فرمایا رؤیا الرجل المسلم (مسلمانوں کے خواب)

اب کیا خلیفہ صاحب جملہ خواب بین مسلمانوں کو نبی قرار دینے پر آمادہ ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ فما جوابکم فھو جوابنا۔

خلیفہ صاحب اور ان کے دیگر ہم مشرب محرفین پر واضح رہے کہ یہ حدیث دراصل آئت لھم البشریٰ فی الحیاۃ الدنیا کی تفسیر ہے۔ عن عبادہ بن صامت قال قلت یا نبی اللہ قول اللہ لھم البشریٰ فی الحیاۃ الدنیا و فی الاخرۃ فقال .... ھی الرؤیا الصالحۃ یراھا المسلم او یرالہ۔ (مسند دارمی۔ ابن ماجہ باب رویا الصالحۃ ترمذی باب ذھبت النبوت و بقیت المبشرات

یعنی عبادہ بن صامتؓ نے آئت لھم البشریٰ سے متعلق سوال کیا۔ فرمایا۔ مراد اس سے مسلمان کا خواب ہے جسے وہ خود دیکھے یا اس کے حق میں دیکھا جائے۔

مرزا صاحب قادیانی راقم ہیں:۔

مسلمانوں کو سچی خوابیں کثرت سے آتی ہیں جیسا ان کی نسبت خدا تعالیٰ نے وعدہ دے رکھا ہے لھم البشریٰ فی الحیاۃ الدنیا۔

(براہین احمدیہ ص۲۵)

مختصر یہ کہ قرآن و حدیث و اقوال مرزا سے واضح ہے کہ مبشرات سے مراد صرف سچے خواب ہیں جو اکثر مسلمانوں کے دیکھنے میں آتے رہتے ہیں۔ پس اس حدیث سے اجراء نبوت پر دلیل پکڑنا کمال حماقت ہے آگے چلئے۔ خلیفہ صاحب راقم ہیں کہ

جس طرح آئت لھا سبعۃ ابواب لکل باب منھم جزء مقسوم سے انسانوں کا ایک ایک گروہ مراد ہے۔ اسی طرح جزء من اجزاء النبوۃ سے مراد (نبوت کی) ایک قسم ہے۔ چونکہ نبوت کے کئی اقسام ہیں۔ یعنی تشریعی۔ غیر تشریعی امتی اور بلا واسطہ وغیرہ۔ اسی لئے فرمایا کہ جزء من اجزاء النبوۃ ای قسم من من اقسام النبوۃ یعنی مبشرات جاری ہیں اور یہ اقسام نبوت میں سے ایک قسم ہے۔"

(ریویو۔ بابت اگست ۱۹۳۸ء)

معمار ہم اوپر بدلائل ثابت کر آئے ہیں کہ مبشرات سے مراد صرف خواب ہیں۔ لہذا خلیفہ صاحب کی یہ کھینچ تان یکسر بے سود و بے بہبود ہے۔

نبوت کو کئی قسم ٹھیرانا بھی محمودی ایجاد ہے۔ تشریعی، غیر تشریعی صرف ایک اصطلاح ہے۔ ورنہ قرآن و حدیث میں اس کا کوئی ذکر نہیں۔

نبوت ایک ہی قسم ہے۔ جس کے حصول کے ذرائع مختلف ہیں۔ بقول مرزا صاحب بعض انبیاء براہ راست نبی بنائے گئے اور بعض کسی کی اتباع سے نبی بنے۔

آئت لھا سبعۃ ابواب میں جیسا کہ خود آپ کو بھی مسلم ہے انسانی گروہ مذکور ہیں جو افراد سے مرکب ہوتے ہیں۔ جس طرح ایک انسان کو جو جماعت کا جزو ہے گروہ قرار دینا غلط ہے۔ اسی طرح نبوت کے ایک جزو مبشرات کو نبوت بتانا جہالت۔

قانون قدرت اور میاں محمود احمد صاحب

"قانون قدرت صاف گواہی دیتا ہے کہ خدا کا یہ فعل بھی ہے کہ وہ بعض اوقات بعض اوقات [illegible] مجرموں کی سزا بھی ہمیشہ سے [illegible] ہوتا ہے۔ [illegible] اپنی ذلت و تباہی کے سامان اپنے ہاتھ سے جمع کر لیتے ہیں"

(استفتار مصنفہ مرزا ص۴)

مرزا صاحب نے سطور بالا میں جس کا ذب پاش قانون قدرت کا ذکر فرمایا ہے۔ اس کی بنا پر ہم مسئلہ زیر بحث میں میاں محمود احمد صاحب کو جانچتے ہیں تو آپ اس میں سراسر مجرم ثابت ہوتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ میاں صاحب نے اس جگہ جزو نبوت کو نبوت قرار دیا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے آپ خود لکھ چکے ہیں کہ:۔

"جزوی نبوت درحقیقت کوئی نبوت نہیں۔ جو شخص رویاء صالحہ دیکھ لے اس کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ نبوت کا ایک جزو اس میں بھی پایا جاتا ہے۔ مگر وہ نبی نہیں ہو سکتا"

(رسالہ چند غلط فہمیوں کا ازالہ ص۱۳)

اسی کے قریب قریب میاں صاحب کی دیگر تصنیفات مثلاً القول الفصل ص۴ و حقیقۃ النبوت ص۱۵ وغیرہ پر یہ مضمون مذکور و موجود ہے۔ پس زیر بحث مضمون میں خلیفہ صاحب کا مبشرات کو نبوت قرار دینا سوائے اسکے اور کوئی معنے نہیں رکھتا کہ حق تعالیٰ بماتحت "قانون قدرت" میاں صاحب کی حقیقت کو بے نقاب کرنا چاہتا ہے۔ فللہ الحمد!

ایک اور طرح سے

چونکہ خلیفہ صاحب نے لکھا ہوا ہے کہ میں بزمانہ تعلیم ہر جماعت میں فیل ہوا کرتا تھا۔ جس کا مطلب ظاہر ہے کہ آپ ذہین طالب علم نہیں ہیں۔ اندریں صورت مسئلہ زیر بحث میں اگرچہ ہم اپنے مدعا کو متعدد طریقوں سے مدلل کر چکے ہیں۔ تاہم خطرہ ہے کہ ہمارے مخاطب صاحب ابھی پوری طرح نہ سمجھے ہوں۔ اس لئے ہم ایک اور طرز سے سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔

خلیفہ صاحب! آپ نے اخبار الفضل ۱۹ جولائی

[illegible] پر لکھا ہے:-

"حضرت مسیح موعود (مرزا) نے تریاق الہٰی دوا خدا تعالیٰ کی ہدایت کے ماتحت بنائی، اس کا بڑا جزو افیون تھا۔ یہ دوا کسی قدر اور افیون کی زیادتی کے بعد حضرت خلیفہ اول کو حضور (مرزا صاحب) چھ ماہ سے زائد تک دیتے رہے۔ اور خود بھی مختلف امراض کے دوران کے وقت استعمال کرتے رہے۔" (ملخص بلفظہ)

اس تحریر میں آپ نے افیون کو تریاق الہٰی دوا کا ایک بڑا جزو لکھا ہے۔ اب کیا آپ مجرد افیون کو تریاق الہٰی کا جزو ہونے کی وجہ سے تریاق بھی کہہ سکتے ہیں؟ یقیناً نہیں۔

اور سنئے! ہر انسان آب و خاک وغیرہ اجزاء کا مجموعہ ہے مگر کیا کوئی دانا مجرد خاک یا آب کو انسان کہہ سکتا ہے؟

(باقی دارد)

صوموا یوم عاشوراء وخالفوا الیہود و صوموا قبلہ یوما او بعدہ یوما۔ (رواہ احمد) عاشورہ کا روزہ رکھو مگر یہود سے یوں مخالفت کرو کہ ایک دن قبل یا بعد بھی ساتھ ہی روزہ رکھو۔

یوم عاشورا کے متعلق موضوعات

یہ دن یوم کربلاء سے پہلے کچھ اور حیثیت رکھتا تھا مگر بعد شہادت حسین رضی اللہ عنہ کے اسکی نوعیت بدل گئی۔ اسلئے آل رسول کی محبت کے دعویداروں نے اس میں بہت کچھ تصرف کر کے اس کی شان بڑھانی چاہی۔ خدا جزائے خیر دے علماء محدثین کو جنہوں نے پانی کو دودھ میں نہ ملنے دیا اور کھرا کھوٹا الگ کر دکھایا ہم اس غرض سے عوام کے سامنے مختصراً وہ موضوعات پیش کرتے ہیں۔ تاکہ موضوع روایات کو سن کر انکی صحت یا سقم پر بحث کر سکیں:-

(۱) عاشورے کے دن ظہر کے بعد چالیس رکعات پڑھنی چاہئیں۔ ہر رکعت میں آیت کرسی دس دفعہ اور اخلاص گیارہ مرتبہ۔ معوذتین پانچ دفعہ پڑھی جائے،

یہ روائت موضوع[1] ہے۔

(۲) عاشورہ کے دن آسمان زمین پیدا ہوئے لوح و قلم، جبرئیل اور ملائکہ اور حضرت آدم اور ابراہیم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور حضرت ابراہیم نے آگ سے نجات پائی، حضرت سلیمان کو ملک عطا ہوا، سید المرسلین پیدا ہوئے۔ اسی دن ہی قیامت ہوگی۔"

ان میں سے کوئی بھی صحیح نہیں۔ موضوع ہیں۔

(۳) من وسع علیٰ عیالہ وسع اللہ علیہ السنۃ کلہا۔ جو اپنے عیال کے لئے عاشورے کے دن کھانے میں فراخی کریگا تمام سال اس پر روزی فراخ ہوگی۔

اس روائت میں سلمان راوی مجہول ہے اور روائت غیر محفوظ ہے۔

(۴) جو شخص عاشورے کے دن سرمہ ڈالے اس کی کبھی آنکھ نہ دکھے گی۔" (موضوع ہے)

محرم الحرام اور امت خیر الانام

(مرقومہ مولوی محمد عبد اللہ ثانی امرتسری)

ماہ محرم دنیائے اسلام میں تاریخی مہینہ ہے اس کو جو شرف حاصل ہے اس کی وجہ وہ نہیں جو آج کل عوام کے ذہن میں ہے۔ یعنی شہادت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے باعث اسے شہرت نہیں۔ واقعہ کربلاء کو ہوئے بہت تھوڑا عرصہ گزرا ہے مگر محرم الحرام کے فضائل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل بھی تاریخی صفحات پر مسطور نظر آتے ہیں۔ چنانچہ جاہلیت کے زمانہ میں قریش بھی محرم کی دسویں کا روزہ رکھا کرتے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبل نبوت بھی روزہ رکھتے۔ (مسلم)

حضرت نوح کی کشتی امام احمد رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس سے ایک روائت نقل کرتے ہیں ان السفینۃ استوت علی الجودی فیہ فصامہ نوح الحدیث۔ (نیل)

حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی ماہ محرم میں جودی (پہاڑ) پر پہنچی تو انہوں نے اس تاریخ کا روزہ رکھا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نجات حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی فرعونی پنجہ سے محرم الحرام کی دس تاریخ کو نجات پائی۔ چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود مدینہ کو دیکھا کہ وہ اس تاریخ کا روزہ رکھتے ہیں۔ ان سے سوال کیا تو انہوں نے کہا:-

قالوا الیوم صالح نجی اللہ فیہ موسیٰ و بنی اسرائیل من عدوھم فصامہ موسیٰ

کہ یہ مبارک دن ہے اس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام و بنی اسرائیل نے اپنے دشمنوں سے نجات پائی تو موسیٰ علیہ السلام نے اس دن کا شکراً للہ روزہ رکھا۔ (بخاری مسلم)

ماہ محرم میں قوموں کی توبہ قبول ہوئی ایک روائت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

فانہ شہر اللہ فیہ یوم تاب فیہ علیٰ قوم و یتوب فیہ علیٰ قوم (ترمذی)

محرم کا روزہ رکھو۔ کیونکہ اس مہینے میں ایک دن ہے جس میں ایک قوم کی توبہ قبول ہوئی تھی۔

نویں اور دسویں کا روزہ دسویں تاریخ محرم کا روزہ چونکہ یہود خصوصیت اور اس روز کی عظمت کی وجہ سے رکھا کرتے تھے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں آیندہ سال زندہ رہا تو نویں اور دسویں دو تاریخوں کا روزہ رکھونگا۔ (مسلم) بلکہ اپنے اتباع کو حکم دیا کہ:-

[1] موضوع جھوٹی روایت کو کہتے ہیں

شہادت حسین - امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے صحیح حالات۔ قیمت ۴ر (دفتر اہلحدیث) (۳۲۳)

(۵) عاشورہ کے دن [illegible] عاشورہ کا روزہ رکھنا [illegible] موضوع ہے۔

(۶) جو شخص ذی الحجہ کی آخری تاریخ اور محرم کے پہلے دن روزہ رکھے چالیس سال کا کفارہ ہو جاتا ہے یہ حدیث بھی جھوٹی ہے۔ اس میں دو راوی کذاب ہیں۔

(۷) ما من احد یبکی یوم قتل الحسین الا کان یوم القیامۃ مع اولی العزم من الرسل۔ جو کوئی قتل حسین رضی اللہ عنہ کے دن روئے، قیامت کو بڑے بڑے پیغمبروں کے ساتھ ہوگا۔

(۸) البکاء یوم عاشوراء نوراً تاماً یوم القیامۃ عاشورہ کے دن رونے والے کو قیامت کے دن پورا نور ملے گا۔

دونوں روائتیں موضوع ہیں۔

(نوٹ) اگر موتی پر رونے سے نور ملتا ہے تو نوحہ کرنے والی عورتیں نورٌ علیٰ نور ہیں۔ پھر تو نور حاصل کرنا کوئی مشکل نہیں۔ سچ ہے ؎

عرفی اگر بگریہ میسر شدے وصال
صد سال مے تواں بہ تمنا گریستن

محرم کی فی زمانہ حیثیت یہ تو تھی ماہ محرم کی پہلی صورت جس پر امت مرحومہ کاربند تھی۔ مگر آج اس مہینے کی شان یہ ہے کہ اسلامی نوروز آہ و بکا اور سینہ کوبی و نوحہ سے منایا جاتا ہے۔ سال نو کی پہلی ہی شب مسلمانوں کا ایک گروہ (شیعہ و اکثر حنفیت کے مدعی) زمین پر فرشی بستر پر لیٹ جاتے ہیں، سیاہ لباس پہن لیتے ہیں۔ محبت حسین رضؓ کی دعویدار بی بیاں (بازاری عورتیں) بھی ان دنوں میں بزعم خود بہت بڑا کام کرتی ہیں کہ چارپائی چھوڑ دیتی ہیں عزاء امام کی مجلسیں اپنے بالاخانوں میں لگواتی ہیں، مرثیہ خوانی ہوتی ہے۔ راول اور میراسی عموماً اس میں بہت بڑا حصہ لیتے ہیں۔ گلی کوچوں میں گاتے نظر آتے ہیں۔ ع

قاسم بیٹا حسن دا چڑھیا نانویں رند

تعزیہ نکالا جاتا ہے، مہندی کے جلوس کی دھوم دھام

بقیہ

اہل سنت والجماعت ہونے کے مدعی مرد وزن ایسی غیر شرع مجالس کو خوب رونق دیتے ہیں، حالانکہ ایسی مجالس میں شرکت کے متعلق فرمان پیغمبر صاف ہے

لیس منا من ضرب الخدود وشق الجیوب الحدیث۔ رخساروں کو نوچنے والا گریبان پھاڑنے والا ہم میں سے نہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر کہا تھا کہ :-

آپ نے مجھے رونے واویلا کرنے سے منع نہ فرمایا ہوتا تو میں ایسا روتا کہ لوگ یاد کرتے (کہ کوئی محب محبوب پر رویا تھا) (نہج البلاغہ)

شیعہ حضرات کی معتبر کتاب کافی میں صاف روائت موجود ہے :-

الصبر رأس الایمان۔ صبر اصل ایمان ہے۔

دوسری روائت میں ہے :-

ینبغی للمؤمن ان یکون فیہ ثمانی خصال × صبوراً عند البلاء شکوراً عند الرخاء الخ (اصول کافی ص ۱۸۸/۱۸۶) مؤمن کو لائق ہے کہ اس میں آٹھ خصلتیں موجود ہوں۔ (دو ان میں سے) بلاء میں صابر ہو آسانی میں شاکر ہو وغیرہ۔

اسی کتاب میں ص ۳۸۹ پر موجود ہے کہ امام ابی الحسن الرضاء (علیہ السلام) اپنے والد سے راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کسی جنگ میں ایک گروہ آیا۔ آپ کے پوچھنے پر انہوں نے کہا کہ ہم مؤمن ہیں۔ آپ نے فرمایا :-

ما بلغ من ایمانکم قالوا الصبر عند البلاء والشکر عند الرخاء (اصول کافی)

تمہارا ایمان نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بلاؤں میں صبر اور آسانی میں شکر کرتے ہیں آپ نے فرمایا :-

حلماء علماء کادوا من الفقہ ان یکونوا انبیاء (اصول کافی)

باحلم عالم فقہی حیثیت سے قریب انبیاء کے ہوتے

ان روایات سے مصیبت میں صبر کرنا جزو ایمان ثابت ہوتا ہے مگر شیعہ حضرات بجائے صبر کے جزع وفزع و نوحہ کو اصل ایمان جانتے ہیں فاین البعد

تعزیہ اور نوحہ تعزیت عزاء سے تفعلۃ کے وزن پر مصدر ہے۔ جس کے معنی کسی مصیبت زدہ کو تسلی دینے کے ہیں معلوم نہیں کہ تعزیہ کو تعزیہ کیوں کہتے ہیں۔ اس میں تو بجائے تسلی کے واویلا و جزع فزع ہوتا ہے۔

شہادت امام اور تعزیہ محرم الحرام کے عشرہ اول میں جو کچھ ہوتا ہے باطن میں کچھ ہو بظاہر حب حسینی کے نام پر ہوتا ہے۔ سانحہ کربلا کو ایک رنگ آمیزی سے بیان کیا جاتا ہے جس سے سوائے رسم پوری کرنے کے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا اور اس میں ملاوٹیں ملا کر بیان کیا جاتا ہے جس سے مقصد صرف گذشتہ اہل اسلام سے موجودہ مسلمانوں کو بدظن کرنا ہے اور بس!

حادثہ کربلا کی مختصر حقیقت

مسلمانوں میں جب صحیح اسلامی سپرٹ کمزور ہو گئی تو ان میں جنگ و جدل و حسد بغض نے جگہ لی۔ موقع پا کر منافقین کا داؤ چل گیا۔ اور انہوں نے اپنے کو اسلام کا ہمدرد دکھا کر مسلمانوں کے شیرازہ کو بکھیرنا چاہا اور سیاسی رنگ میں خلیج ڈال دی۔ جس کی ابتداء داماد پیغمبر علیہ السلام ذوالنورین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل سے ہوئی جن کو قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے قتل کیا گیا اور عین اس حالت میں ان کے سر پر ظالم کی تلوار چلی جب ان کے منہ میں یہ آیت تھی فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم اس کے بعد فساد کا دروازہ کھل گیا اور منافقین کا ہاتھ اندر ہی اندر کام کرتا گیا۔

خلیفہ رابعہ مولا علی رضی اللہ عنہ نے خلافت کی باگ ڈور ہاتھ میں لی۔ مگر منافقین کی سرکوبی کما حقہ، نہ کر سکے اور ان کو جب کبھی رنگ دی،

ahmadimuslim.de

انہیں بھی دنیوی شے ہی چنانچہ آخری لمحمن میں بھی آپ نے بیعت نہیں کی
...
سنی دور بلا بھی اس کی ایک دلیل ہے۔

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے تو یار لوگوں کی بے وفائی کو سمجھ کر خود ہی مسند خلافت کو چھوڑ کر ان کے سپرد کر دیا جن پر انہیں گمان تھا کہ وہ اس بگڑے کھیل کو بنا سکیں گے۔ مگر ان کے بعد حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام کو خیال آیا کہ بگڑی ہوئی تو بن نہیں سکی اس لئے علیحدگی ہی بہتر ہے۔ چنانچہ انہوں نے حاکم وقت کی بیعت سے بدیں وجہ انکار کر دیا کہ وہ دیندار نہیں ہے۔

اس پر حکومت کے پٹھوؤں انبیاروں نے اور اپنے وفا کیش غداروں نے وہ مظالم ڈھائے جو بیان سے باہر ہیں۔

واقعات کربلا میں رنگ آمیزی کا کچھ ایسا دخل ہو گیا ہے کہ صحیح کو سقیم سے اصل کو زائد سے تمیز کرنا مشکل نہیں محال ہو گیا ہے۔ مگر تمام واقعات سے بالاجمال یہ تو ثابت شدہ امر ہے کہ کوئی ایسا ناجائز ظلم ہوا ہے جو سالہا سال کے بعد بھی فضاء میں گونج رہا ہے۔ بقول نواب صدیق حسن خاں مرحوم متاخرین میں سے شاہ عبدالعزیز صاحب نے تمام واقعات کو خلاصتہً ایسی صورت میں پیش کیا ہے جن کو کہا جا سکتا ہے کہ نسبتاً صحیح ہیں ان واقعات کو ہم خلاصتہً حسب ضرورت ناظرین کے سامنے رکھتے ہیں۔

حکومت یزید رجب ۶۰ھ ہجری میں یزید بن معاویہؓ کے ہاتھ میں حکومت کی باگ ڈور آئی۔ اہل حجاز میں سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ابن زبیرؓ نے اس کی بیعت قبول نہ کی۔ وجہ یہ بیان کی کہ حاکم دیندار نہیں۔ یہ رجب کے آخر کا واقعہ ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کسی مصلحت سے مدینہ شریف سے مکہ شریف پہنچ گئے وہاں چار مہینے ٹھہرے اس عرصے میں آپ اس خیال پر پختہ رہے کہ میں فسق و فجور اور حکومت کے مظالم کو بحکم من رأى منكم منكرا فليغيره بيده ہاتھ سے روکوں اور اس غرض کے لئے دیگر اہل اسلام کو دعوت بھی دیتا رہے۔

اہل کوفہ نے آپ کو دعوتی خطوط لکھے کہ ہم آپ کے جاں نثاروں سے ہیں تشریف لائیے۔ چنانچہ آپ نے ان کی دعوت پر اپنے چچازاد مسلم بن عقیل کو کوفہ بھیج دیا اور تھوڑے دنوں کے بعد تیسری یا آٹھویں ذی حجہ ۶۰ھ کو (علی اختلاف الروایتین) خود بھی عازم کوفہ ہو گئے۔ مگر کوفہ میں پہنچنے سے قبل ہی وہاں کی فضا بگڑنے کی خبر مل گئی اور آپ واپس ہوئے اور ۲ محرم الحرام ۶۱ھ ہجری کو ایک وسیع جنگل میں آ گئے جس کا نام کربلا ہے۔ وہاں دشمن فوج بھی آ گئی اور انہوں نے پانی روک لیا اور ہر طرح سے ایذا رسانی شروع کی معصوم بچوں کو قتل کیا، نوجوانوں کو بھر بھر کر شہادت کے جام پلائے یہانتک کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے بھی وہی جام پیا جو رفیق پی چکے تھے اور ایسی حالت میں پیا جب کہ حکومت کا استبداد اور درگاہ رب العزت میں حضرت حسین کی فریاد ہر دو کا تقابل تھا مگر حلیم خدا کا حلم اور حکیم مولا کی حکمت کا تقاضا تھا۔ ظالم ظلم کرتے گئے اور مظلوم سر پر اٹھاتے گئے

چہرے پر تیروں کی بھرمار سے جب خون کے فوارے چھوٹے تو آپ نے خون کا چلو بھر لیا اور منہ پر مل لیا عرش معلیٰ کے مالک کی طرف متوجہ ہو کر کچھ کہا اور نانا کی امت کو یوں خطاب کیا کہ :۔

میں قیامت کے دن خدا کی بارگاہ میں
نانا پاک کے پاس اسی طرح چہرہ خون آلود
لیکر پیش ہونگا اور عرض کروں گا کہ مولا تیرے
بندوں نے اور اے سید المرسلین تیرے
نام لیواؤں نے میرا اور میرے ساتھیوں
کا بیدردانہ خون بہایا جس کے آثار میرے
چہرے پر ہیں

یہ سب کچھ ہو چکا مگر وہ سورج ابھی غروب نہ ہوا تھا جس کے طلوع میں ان واقعات کا آغاز ہوا تھا یعنی صبح شام کیطرف بڑھ رہی تھی تمام قصہ ختم ہو گیا ظالم ظلم کر چکا مظلوم منزل مقصود کو پہنچ گیا انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔ اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد وبارک وسلم

عبرت ان واقعات سے ہمیں جو کچھ حاصل کرنا ہے وہ یہ ہے کہ مسلم موحد متبع سنت کی یہ شان ہے کہ اپنی جان پر کھیل جائے اولاد قربان کر دے عزت کو کھو دے مگر توحید و سنت و حق صداقت کا دامن نہ چھوڑے لقد كان في قصصهم عبرة لاولی الالباب واقعات گذشتہ میں ارباب بصیرت کے لئے نصیحتیں اور عبرتیں ہیں فاعتبروا یا اولی الابصار عقل والو نصیحت پکڑو۔ رونا اور واویلا کرنا پیٹنا اور سر پھوڑنا یہ سب ظاہری کھیل ہے دل میں حب حسین رکھو اور ان کے افعال واقوال کا اتباع کرو۔ لہذا اور غور سے سنو، میدان کربلا میں یہ حادثہ پیش آیا شہادت کا جام نوش کرنے والا کون؟

نواسۂ رسولؐ!

شہید کے ابا کون؟

داماد سید المرسلینؐ!

شہید کے نانا کون؟

حوض کوثر کے عطیہ کے مالک!

مگر واہ رے مولا تیری تو ہی جانے ایسے آڑے وقت پر نہ شہید خود اپنی مشکل حل کر سکا نہ ابا جی (علی رضی اللہ عنہ) مشکلکشائی اور فریاد رسی کر سکے، نہ نانا پاک فریاد کو پہنچ سکے اور سب سے بڑی بات کہ خود سید الشہداء نے ایک مرتبہ بھی حی قیوم خدا کے سوا دوسری جانب توجہ تک نہیں کی کیونکہ ان کو اپنے نانا کا پڑھایا ہوا سبق یاد تھا

ان يمسسك الله بضر فلا كاشف له الا هو	اگر تجھے اللہ کیطرف سے کوئی تکلیف

پہنچے تو اسے کوئی دور کرنے والا نہیں مگر وہی جس کے ہاتھ میں دنیا کی باگ ڈور ہے،

حب حسینؓ کے دعوے دارو! اسوہ حسینؓ

فتاویٰ

س ۷۶} اگر کوئی عالم یا غیر عالم مدعیان کسی فرق بدعات (تعزیہ وغیرہ) کو مٹانے کے لئے مصلحتاً کسی بات کا وعدہ کرے۔ مثلاً تھوڑی دیر کے لئے ہم تمہارے ساتھ رہینگے مگر تم ممنوعہ شریعت امور کو چھوڑ دو۔ مگر یہ وعدے بظاہر جھوٹ اصلاح کے لئے ہوں۔ (جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تین اقوال یا صلح حدیبیہ کی شرطیں) کیا اس قسم کا وعدہ جائز ہے یا ناجائز؟

ج ۷۶} ممنوع اشیاء کا ارتکاب کسی صورت میں جائز نہیں ۔ بلکہ اس آیت کے ماتحت ہے۔ وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ (کفار چاہتے تھے کہ پیغمبر علیہ السلام نرم ہوں اور کچھ ہم نرم ہو جائیں۔ اس پر یہ آیت اتری۔ کہ اے رسول علیہ السلام، ایسا مت کرنا۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ (الآیہ) ایسے رذیل لوگوں کی اطاعت نہ کرنا۔ واللہ اعلم

س ۷۷} عمداً قرآن مجید کو جھٹلانے والا کیسا ہے؟

ج ۷۷} اس کا جواب قرآن مجید کے صاف الفاظ میں مذکور ہے۔ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

(نوٹ) تعجب ہے ہمارے ناظرین ایسی کھلی باتوں کے متعلق بھی دریافت کرتے ہیں معلوم نہیں کہ ناواقفی اس حد تک ترقی کر گئی ہے یا کچھ اور وجہ ہے۔ یہ تو اس کے مشابہ سوال جیسے کوئی مسلمان سوال کرے۔ کہ خنزیر (سور) حلال ہے یا حرام؟ واللہ اعلم

س ۷۸} جیسا ؟ لوگ گرجا بنانے کے لئے کسی مسلمان سے زمین طلب کریں تو مسلمان کو بیع کرنی جائز ہے یا نہیں؟

ج ۷۸} جائز ہے کیونکہ گرجا بعض عبادت خانہ ہے۔ قرآن پاک میں گرجا و مساجد کی حفاظت کا ذکر ہے۔ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ (الآیہ) مع مساجد احسان میں ذکر کیا گیا ہے۔ فافھموا واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

س ۷۹} کسی بستی میں مدتوں سے دو جامع مسجدیں آباد تھیں۔ فی الحال کسی خاص وجہ سے دونوں مسجدوں کو اکٹھی کرنے کی ضرورت ہوئی اور ایک مسجد کو چھوڑ کر سب مصلیان دوسری مسجد میں جمعہ و جماعت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ متروکہ مسجد کی زمین کو کیا کیا جائے؟ آیا وہ مسجد ہی کے حکم میں رکھی جائے یا دوسرے زمین کے حکم میں شامل کی جائے؟

ج ۷۹} مسجد مسجد ہی رہے گی۔ ایک کو جامع مسجد بنا لیں۔ دوسری مسجد میں نماز پنجگانہ صرف پڑھی جائے۔ مسجد کو دیگر ضروریات کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اگر متروکہ مسجد بستی سے دور ہے تو وہ بھی عبادت کے لئے کھلی رہنی چاہئے۔ واللہ اعلم۔

س ۸۰} زید اپنی بالغ لڑکی ہندہ کا نکاح عمر سے کرانے کے مشورہ طے کی اور بقاعدہ عقد ہونے کے پہلے چونکہ بغیر اقرار کرنے عقد کے مہر اور مشاہرہ نامہ رجسٹری نہیں ہوتی تھی۔ اس لئے حاکم کے پاس عقد کے اقرار کرکے مہر اور مشاہرہ نامہ رجسٹری کرایا۔ اس کے بعد ہندہ اپنے والد کے گھر میں ہی تین چار ماہ تک رہی۔ عمر اس عرصہ میں زید کے گھر کبھی کبھی جاتا تھا اور دو تین روز تک زید اور عمر کے درمیان اختلاف پڑتا ہے۔ اور زید ہندہ کا عقد دوسری جگہ کرانے کا ارادہ کیا۔ یہ بات ہندہ کو معلوم ہونے سے وہ اپنی ایک رشتہ دار کو خبر دے کر اس کے ساتھ اس کے گھر گئی اور وہاں سے عمر کو خبر دے کر اس کے مکان چلی گئی۔ اور اپنے ایک بہنوئی کو ولی کرکے باقاعدہ عمر سے عقد کرائی۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ نکاح جو ولی کے بغیر اذن ہوا عند الشرع صحیح ہے یا نہیں؟

ج ۸۰} سوال سے یہ معلوم نہیں ہو سکا۔ کہ زید کی عمر سے مخالفت دینی مفاد کی بنا پر تھی یا لڑکی کے فائدہ کے لئے۔ اگر صورت اول ہے تو زید کا حق ولایت زائل ہو سکتا ہے کیونکہ حدیث شریف میں ولی مرشد آیا ہے۔ جس کا مطلب صاف ہے۔ کہ ولی کا صاحب رشد ہونا ضروری ہے۔ ورنہ ولایت ساقط ہے۔ بصورت دیگر لڑکی کا والد اپنی اغراض کے ماتحت گھر سے نکل آئی ہے۔ تو بہنوئی کی ولایت میں پڑھایا ہوا نکاح درست نہیں۔ بہرحال صورت مسئولہ تحقیق طلب ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

س ۸۱} اگر امو فون اور ہارمونیم سننا اور بجانا نیز ناچ بائسکوپ میں جانا جائز ہے یا نہیں؟

ج ۸۱} یہ تمام لغویات خلاف شرع ہیں۔ جس سے مرد مومن کو پرہیز چاہئے۔ قال اللہ تعالیٰ وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ ۔ مومن لغو باتوں سے اعراض کیا کرتے ہیں۔

س ۸۲} اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو زمین پر بنایا تھا یا بہشت میں؟ اور ان کو زمین کا خلیفہ بنا کر جنت میں کیوں بسایا تھا؟

ج ۸۲} بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا زمین پر بنایا گیا اور جنت (باغ) بھی زمین پر تھا۔ (فتاوے شیخ الاسلام)

(بقیہ از صفحہ ۱۲) اس ستم رسیدہ جماعت کی ستم گری و غیر متشددانہ تھی۔ یعنی آنحضرت صلعم کے جاں نثار ہر حق کو قبول فرماتے حق باتوں کا اعلان کرتے اور ناحق سے انکار کرتے تھے اور ظالموں کی طرف سے ستائے جاتے تھے۔ حضرت ابوذر غفاری رض حضرت سمیہ رض۔ حضرت بلال رض اور بہت سے جاں نثار رضی اللہ عنہم کی مثالیں ہیں جو ایسے ثابت کرتی ہیں یہی مطلب ہے خدا کے فرمان کا کہ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ یعنی امر حق کے قبول کرنے کی وصیت کرو۔ امر حق کے قبول کرنے کے بعد تکلیف ہوگی اس لئے صبر کی بھی وصیت کرو۔ اور یہی کہا گیا ہے کہ قل الحق ولو کان مرا۔ یعنی ہمیشہ حق بولو۔ حق اختیار کرو اگرچہ مخالف کو ناگوار ہو مسلمانوں کی کئی زندگی کی ستیہ گرہ کا نتیجہ فتح مکہ تھا۔ اسی اسوہ حسنہ کو گاندھی جی نے اختیار کیا۔ اور کانگرس کا جزو بنایا۔ اور تمام کانگرسی حضرات نے اختیار کیا پس ستیہ گرہ کسی طرح شرعاً ناجائز نہیں ہے بلکہ ہمارا دینی

بہتر کمزور و مظلوم کے لئے ضروری اور مفید ہے۔ اس کا لحاظ رہے۔ ۔۔۔ ہو یا تم ہو ۔۔۔ فقط واللہ اعلم وعلمہ اتم۔ (راقم) ابومسعود خان قمر جنابی حیدرآبادی

متفرقات

معاونین کرام | وہ بہی خواہ حضرات کو اخبار اہلحدیث کی ترقی و اشاعت کی طرف خاص طور پر توجہ فرمانی چاہئیے تاکہ اس کی کمی اشاعت کی شکایت دُور ہو جائے اور ہمیں سامعین کو سمع خراشی کی تکلیف نہ دینی پڑے۔

پتے مطلوب ہیں | ایسے حضرات کے پتے ارسال کئے جائیں جن سے امید ہو کہ وُہ اخبار اہلحدیث کے خریدار بن سکیں گے۔ پہلا پرچہ ان کی خدمت میں مُفت ارسال کیا جائیگا۔

اشتہار تعزیہ ختم | ماہِ ذوالحجہ کے شروع میں ہی بذریعہ اخبار اعلان کیا گیا تھا کہ تعزیہ اور محرم کے اشتہار چھپوانے ہیں۔ احباب کرام تعداد مطلوبہ سے اطلاع دیں۔ تاکہ اندازہ لگا کر زیادہ چھپوائے جائیں۔ مگر بہت کم فرمائشیں موصول ہوئیں۔ اب جبکہ اشتہار مذکور جس قدر تھے وُہ ارسال کر دیئے گئے۔ تو طلبی زیادہ ہو رہی ہے۔ افسوس ہے کہ ان کو پورا نہیں کیا جاسکتا۔ جہاں ضرورت ہو ایک دو اشتہار بطور نمونہ طلب کر کے خود چھپوا لئے جائیں۔

تبدیلی پتہ | راقم الحروف لکھنؤ سے پتہ ذیل پر تبدیل ہو گیا ہے۔ احباب کرام مطلع رہیں۔

عبدالکریم کلرک آر۔ آئی۔ اے۔ ایس۔ سی سپلائی ڈپو میرٹھ۔

ضرورت ہے | بچوں کو قرآن مجید کی تعلیم دینے اور ابتدائی تعلیم و تربیت کے لئے ایک مولوی صاحب کی ضرورت ہے تنخواہ کے علاوہ کھانا بھی دیا جائیگا۔ خط و کتابت پتہ ذیل پر ہو۔ ایچ۔ ایم۔ عبدالرحمٰن عزیز الرحمٰن۔ فتح فل گنج چھاؤنی کانپور۔

مولوی فضل خان | ساکن چھکا بگیاں جن کی بابت اہلحدیث ۱۷ جنوری ۱۹۳۰ء میں دریافت کیا گیا تھا کہ بابو خدا بخش صاحب ایبٹ آباد سے تحریر فرماتے ہیں کہ موصوف انتقال کر گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

موصوف پہلے مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے پیرو تھے۔ مگر بعد میں بیعت فسخ کر چکے تھے۔ ابھی تک بعض قادیانی اخباروں میں اُن کا ذکر نہیں آیا۔

اخبار مسلم راجپوت | امرتسر سے شائع ہونے کے بجائے لاہور سے شائع ہوا کریگا۔ خط و کتابت کا پتہ حسب ذیل ہے:۔

دفتر اخبار مسلم راجپوت ۱۸ نکلسن روڈ۔ لاہور

دفتر رسالہ ترجمان القرآن | جو حیدرآباد سے پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور میں تبدیل ہو گیا تھا۔ اب پتہ ذیل پر منتقل ہو گیا ہے:۔

دفتر رسالہ ترجمان القرآن۔ مبارک پارک۔ پونچھ روڈ۔ لاہور۔

رو پڑی نزاع

یہ ایک جدید تصنیف ہے جس کا دوسرا نام

دُکھے دِل کی داستان

ہے اس میں حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کے اختلافات، مواعید اور دیگر واقعات کا مفصل ذکر کر کے اعیانِ اہلحدیث کی خدمت میں اپیل کی گئی ہے کہ اس تصنیف کو ٹھنڈے دل سے بغور پڑھیں اور صحیح رائے قائم کریں کہ اس نزاع کو طول کس طرف سے دیا جاتا ہے۔ اور ختم کون کرنا چاہتا ہے دلچسپی رکھنے والے اصحاب بغرضِ محصول جوابی کارڈ بھیج کر طلب کر سکتے ہیں۔ رسالہ نہایت دلچسپ واقعات سے لبریز ہے

پتہ:۔ دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

پتہ درکار ہے | مولوی ابو نعیم عبدالحکیم صاحب قصوری مولوی فاضل رحمانی جہاں کہیں ہوں۔ اپنے پتہ سے اطلاع دیں یا اگر کسی صاحب کو ان کے پتہ کا علم ہو تو مجھے اطلاع دیں

ابو النعمان رئیس الرحمٰن رحمانی ناظم کتب خانہ عزیزیہ بھاتیہ۔ ضلع مرشد آباد۔ بنگال۔

منی آرڈر واپس | بذریعہ اہلحدیث اعلان کیا جاچکا ہے کہ غرباء فنڈ میں کوئی رقم نہیں۔ اس لئے سائلین کی کثرت دیکھ کر آئندہ کے لئے خط بند کئے گئے ہیں۔

پھر بھی بعض اصحاب ایسی آئندہ بھیجتے ہیں جو مجبوراً واپس کر دیئے جاتے ہیں۔ اس لئے پھر اطلاع کیا جاتا ہے کہ تا اطلاع ثانی ایسے خطوط نہ بھیجے جائیں۔

استفسار کا جواب | اخبار اہلحدیث مورخہ ۲۰ جنوری ۱۹۳۰ء میں ایک استفسار بابت طبی رسائل شائع ہوا تھا جس کا جواب مندرجہ ذیل ہے کہ طبی رسائل میں اس وقت ایک رسالہ موسوم "لقمان" نظام آباد ضلع گوجرانوالہ سے باقاعدہ پابندی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔ جس کے ایڈیٹر مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب زبدۃ الحکماء ہیں۔ رسالہ لقمان میں سب اوصاف نمایاں ہوتے ہیں۔ میں تمام ناظرین اہلحدیث سے پُر زور سفارش کرتا ہوں کہ وُہ "لقمان" کا نمونہ مُفت منگوا کر بہرہ مند ہوں۔ اب اس کا سالنامہ شائع ہوا ہے۔ جس کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ اور سالانہ چندہ بھی ایک روپیہ۔ سالانہ خریداروں کو مُفت۔

(محمد اقبال یکے از خریدار اخبار اہلحدیث)

ستیہ گرہ جائز ہے | ۱۰ فروری ۱۹۳۰ء کے پرچہ اہلحدیث میں بزیر عنوان فتاویٰ سوال ۱۲ میں جس ستیہ گرہ کا تذکرہ ہے۔ اس کے متعلق میں اپنی تحقیق پیش خدمت کرتا ہوں ستیہ گرہ سنسکرت زبان کا جملہ ہے جو "ست اور گرہ" سے مرکب ہے۔ جس کا ترجمہ ہے حق اور سچائی کو قبول کرنا اور اس پر قائم رہنا۔ یہ یورپین طریقہ نہیں ہے بلکہ مظلوموں کا موثر ہتھیار ہے۔ ہندوستان میں چونکہ کانگریسی تحریک سے قبل یہ لفظ نہیں سُنا گیا۔ اسلئے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ یا یورپ کا طریقہ ہوگا یا اہل ہنود نے ایجاد کیا ہوگا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ لفظ ضرور سنسکرت کا ہے۔ مگر یہ طریقہ بھی اسلام سے لیا گیا ہے۔ افسوس کہ ہم اس سے عام طور سے واقف نہیں ہیں اسلئے ہم کو اس سے وحشت یا نفرت ہوتی ہے۔ اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ امر حق کو اختیار کر کے اس پر قائم رہنا" اس کی اشاعت و تبلیغ کرنا اور امر ناحق کی مدافعت کرنا اور اس کو مٹانا ان دونوں کاموں کے لئے دو طریقے ہیں۔ ایک تشدد یا طاقت سے۔ دوسرے عدم تشدد اور صبر سے۔ ان دونوں کا ثبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی مکی زندگی و مدنی زندگی سے بخوبی ملتا ہے۔ مکہ معظمہ کی زندگی مظلومانہ اور کمزوری کی زندگی تھی۔ (باقی صفحہ ۱۴ پر دیکھئے)

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

قابلِ توجہ بلدیہ امرتسر

ہمیں یاد نہیں کہ ہم نے کبھی کمیٹی کو توجہ دلائی ہو اور اس نے توجہ فرمائی ہو۔ اس غفلت کا نتیجہ یہ ہوا کہ امرتسر میں کمیٹی کے خلاف ایک منظم جماعت کھڑی ہوگئی شائد اس کی تحریک سے بلدیہ متحرک ہو جائے۔ اس کے باوجود اہلحدیث بھی کمیٹی کی سمع خراشی کرتا رہتا ہے کیونکہ اس کام کو وہ اپنا فرض سمجھتا ہے۔ ہمارے بازار دکڑہ بھائی سنت سنگھ) میں تانگوں کے کھڑا رہنے سے جو تکلیف آمد رفت کرنے والوں کو ہوتی ہے وہ ناقابل برداشت ہے۔ اگر کنوا افسر صاحب کسی روز تکلیف فرما کر صبح آٹھ بجے سے رات کے دس بجے کے درمیان کسی وقت خفیہ تشریف لاکر بچشم خود راہ گذروں کی مصیبت تکلیف کو ملاحظہ فرمائیں۔ تو ہم ان کے بڑے شکر گذار ہیں۔

لطف یہ ہے کہ اگر کبھی اتفاق سے پولیس میں آجائے تو وہ بھی کسی خاص وجہ سے کان نمک میں آکر نمک ہو جاتا ہے۔ ۲۷ اگست ۳۸ء کو صدر بلدیہ دورہ کرتے ہوئے ہمارے بازار میں تشریف لائے تو اہلِ بازار نے آپ کو توجہ دلائی۔ کہ ہم لوگوں کو تانگوں کی وجہ سے بڑی تکلیف ہے۔ اس پر آپ نے وعدہ فرمایا۔ کہ ہم آدمی بھیجدیا کریں گے۔

معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے حکم تو دیا ہوگا۔ مگر اس کی تعمیل پھر کھٹائی میں پڑ گئی۔ سالہا سال کی شکایات کا نتیجہ یہ ہوا کہ کمیٹی نے حسب کھیکاں کے بازار میں فٹ پاتھ پیدل راستے سے تھوڑا سا حصہ کر تانگوں کا اڈا بنا یا۔ لیکن واقعہ یہ ہوا کہ وہاں کوئی تانگہ کھڑا نہیں ہوتا۔ سب بازار میں ہی کھڑے ہوتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک سختی سے اس بازار کا انتظام نہیں کیا جائیگا پبلک کی شکایت رفع نہیں ہوسکتی۔ پولیس اور کمیٹی دونوں متفقہ طور پر کوشش کریگی تو اہلِ بازار اور اہلِ محلہ ان کا دلی شکریہ ادا کریں گے۔ ورنہ اپنی قسمت کو روئیں گے۔

غیر زراعت پیشہ اقوام کا جلسہ امرتسر میں

بتاریخ ۱۷، ۱۸، ۱۹ فروری امرتسر میں جلسہ تھا۔ جس میں ہندو سکھ وغیرہ بکثرت شریک ہوئے۔ اس جلسے کی غرض وغایت اُن قوانین کی مخالفت کرنا بتائی گئی۔ جو حال ہی میں پنجاب اسمبلی میں پاس ہوئے ہیں۔

قانون انتقال اراضی جو ۱۹۰۰ء سے پاس شدہ چلا آتا ہے۔ اس کے خلاف بھی غیظ وغضب کا اظہار کیا گیا۔ جس کا مضمون ہے کہ کوئی غیر زراعت پیشہ قوم اراضی مزروعہ خریدنے کی مجاز نہیں۔ اس قانون کو عملی طور پر بیکار کرنے کے لئے حیلے حوالے تراشے گئے۔ موجودہ وزارت نے ان سب کا انسداد کرنے کے لئے ایک قانون پاس کیا۔ جس کا نام ہے قانون بےنامی انتقالات۔ دوسرا قانون اراضی مرہونہ کی واگذاری کے متعلق ہے۔ تیسرا قانون منڈیوں میں آڑھتیوں اور دلالوں کے کام پر نگرانی کے متعلق ہے۔ چوتھا قانون ساہوکاروں کے کاروبار پر نگرانی کے لئے بنایا گیا ہے۔ اس لئے نقصان پذیر فریق اگر واویلا کرے تو اپنی جگہ پر حق بجانب ہوتا ہے۔ ایسا ہی واویلا کرنے کو یہ جلسہ منعقد ہوا تھا۔ مگر ہم نے دیکھا کہ اس جلسے کی کاروائی شائستگی سے بہت دور تھی۔ مثلاً ایک سائن بورڈ ہماری نظر سے گذرا جس پر "مسلم لیگی حکومت مردہ باد" لکھا ہوا تھا۔ حالانکہ پنجاب میں مسلم لیگی حکومت کوئی نہیں۔ اس کی تردید لیکچراروں نے گویا خود ہی کردی۔ کیونکہ وہ جس انداز میں سکندر حیات خان کا ذکرِ خیر کرتے تھے۔ بالکل اسی انداز میں ہندو اور سکھ وزیروں (مسٹر چھوٹو رام اور سر سندر سنگھ مجیٹھیہ) کو بھی کوستے جاتے تھے۔ اگر پنجاب میں مسلم لیگی حکومت قائم ہوتی تو یہ غیر مسلم وزراء لعن وطعن کا نشانہ نہ بنائے جاتے چونکہ یہ جلسہ دفتر اہلحدیث کے قریب ہی منعقد ہوا کالج میں منعقد ہوا تھا۔ اس لئے ہمیں بھی کسی قدر شریک ہو کر کچھ سننے کا موقع ملا۔ ۱۸ فروری کی درمیانی شب کو جلسہ گاہ میں ایک مشاعرہ بھی پنجابی زبان میں ہوا جس میں سکھوں کی نظمیں خصوصاً قابلِ دید وشنید تھیں ہم فاتی طور پر کسی گروہ کو جو اپنے مقاصد کے حصول میں کوشش کرے مطعون کرنا مناسب نہیں جانتے۔ مگر مخالفانہ کاروائی ایسے طریق پر ہونی چاہئے کہ دوسرے فریق کیلئے دل آزاری کا باعث نہ ہو۔ جلسہ میں حاضرین کی اوسط تعداد دو ہزار کے قریب ہوگی۔

گول میز فلسطین کانفرنس

اس وقت ساری اسلامی دُنیا کی نگاہیں اس کانفرنس کی طرف لگی ہوئی ہیں۔ ابھی تک فیصلے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اختلاف یہاں تک ترقی پذیر ہے کہ عربی وفد یہودی وفد کے ساتھ بیٹھنا بھی پسند نہیں کرتا کیونکہ وہ ان کو مخاطب نہیں سمجھتا اور کہتا ہے کہ ان کا معاملہ تنازعہ ہے۔ یہ فریق نہیں ہے۔ بلکہ دراصل فریقین اعراب فلسطین اور برطانیہ ہیں۔ جن کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ آپس میں کسی سمجھوتہ پر رضامند ہو جائیں۔ ادھر حکومت برطانیہ نے یہ طرزِ عمل اختیار کر رکھا ہے کہ وہ عربی وفد اور یہودی وفد دونوں سے علیحدہ علیحدہ گفتگو کر رہی ہے عربی وفد کا مطالبہ یہ ہے کہ فلسطین میں ایک آزاد عربی حکومت قائم کی جائے۔

عربوں نے اپنے دعوے کے ثبوت میں جنگِ عظیم میں کی گئی مراسلت پیش کی ہے جو برطانیہ کے قائم مقام مسٹر میکوہن اور شریف حسین کے درمیان ہوئی تھی غالباً ان سب کا جواب عربی وفد کو مرزا غالب کے اس شعر میں دیا جائیگا ؎

تم ان کے وعدے کا ذکر ان سے کیوں کرو غالب
یہ کیا کہ تم کہو اور وہ کہیں کہ یاد نہیں

دفتر سے خط وکتابت کرنیوالے حضرات اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ (منیجر)

[illegible]

اہلحدیث گول میز کانفرنس

اخبار اہلحدیث مورخہ ۱۷ میں آپ نے آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کے اکیسویں سالانہ اجلاس منعقدہ ۷، ۸، ۹ اپریل ۱۹۳۹ء در مقام چوڑیاں ضلع گوجرانوالہ کے موقعہ پر ایک اہل حدیث گول میز کانفرنس منعقد کرنیکی تجویز پیش کی ہے۔ تاکہ اس میں ان تمام تنازعات کو جو کہ جماعت اہلحدیث کے بزرگ ارکان کے مابین پیدا ہو چکے ہیں اور جماعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں۔ مٹا کر سب کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر دیا جائے۔ اور ایسی فضا پیدا کی جائے جو جماعتی ترقی کے لئے خوشگوار ہو۔ یہ تجویز نہایت احسن ہے۔ اور فرمان خداوندی "واعتصموا بحبل اللہ جمیعا" کے مطابق ہے نیز اگر نفاق پیدا ہو جائے تو ہوا اکھڑ جاتی ہے اور اغیار کو ریشہ دوانیوں کا موقعہ مل جاتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالے کے فرامین کے ماتحت تمام جھگڑوں کو فی الفور مٹانے کی کوشش کی جائے۔ لہذا ہم ممبران مجلس استقبالیہ آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس صدق دل سے آپ کی تجویز کی تائید کرتے ہوئے صدر صاحب منتخب جناب مولینا عبدالقادر صاحب قصوری کی خدمت میں درخواست کرتے ہیں کہ وہ اہلحدیث گول میز کانفرنس کی نوعیت و اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ اس کے حق میں فیصلہ صادر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ نیز جملہ اہل حدیث اصحاب سے درخواست کرتے ہیں۔ کہ وہ بھی حتی المقدور اس احسن تجویز کی تائید فرمائیں۔ اللہ تعالے اجر دیگا۔ (خادم اسلام محمد شفیع سیکرٹری مجلس استقبالیہ مقام چوڑیاں ضلع گوجرانوالہ)

(نوٹ) دیگر اہل الرائے حضرات بھی اپنی اپنی رائے سے بہت جلد مطلع فرمائیں۔ کیونکہ بہت تھوڑا وقت باقی ہے۔

از محکمہ اطلاعات پنجاب

پنجاب میں خالص گھی کی بہم رسانی

پنجاب میں ملاوٹی گھی کے خلاف جو مہم جاری ہے۔ اس کے سلسلہ میں سائنٹفک طریق پر آزمائش کردہ اور درجہ وار تقسیم کردہ گھی کی فروخت کے متعلق سکیم پر بتدریج عمل ہو رہا ہے۔ کچھ عرصہ ہوا کہ اوکاڑہ ضلع منٹگمری میں میسرز پنجاب پیور رو ڈ سپلائی کمپنی نے گھی کی درجہ وار تقسیم کے متعلق ایک مرکز قائم کیا تھا۔ کمپنی مذکور نے اپنے ذمہ یہ کام لیا تھا۔ کہ وہ عوام کو بند ڈبوں میں جن پر حکومت ہند کے ایگریکلچرل مارکیٹنگ ایڈوائزر کی مہر "ایگمارک" لگی ہوگی۔ سائنٹفک طریق پر آزمائش کردہ گھی مہیا کرے گی۔ اب اسی قسم کا ایک اور مرکز لائل پور میں میسرز پنجاب گھی لمیٹڈ نے قائم کیا ہے۔ اس فرم نے بھی یہ ذمہ لیا ہے۔ کہ وہ مختلف حجم کے بند ڈبوں میں جن پر "ایگمارک" کی مہر لگی ہوگی۔ سائنٹفک طریق پر آزمائش کردہ اور درجہ وار تقسیم کردہ گھی مہیا کرے گی۔

خریداروں کو فرم مذکور یا اس کے ایجنٹ میسرز ساہنی گھی سٹورز موہن لال روڈ سے گھی خریدنے کے وقت اس بارہ میں اطمینان کر لینا چاہئے۔ کہ ڈبوں پر "ایگمارک" کی مہر پوری طرح ٹھیک لگی ہوئی ہے اور اس پر نمبر شمار درج ہے۔ (لاہور - ۱۶ فروری ۱۹۳۹ء)

گورنمنٹ آف انڈیا سکرٹریٹ کیلئے کلرکوں کا امتحان

گورنمنٹ آف انڈیا سکرٹریٹ اور اس کے ملحقہ دفاتر کے لئے اسسٹنٹ گریڈ کے کلرکوں کا امتحان ۱۷ سے ۲۱ جولائی ۱۹۳۹ء تک الہ آباد و بمبئی۔ کلکتہ۔ دہلی۔ مدراس اور لاہور میں منعقد ہوگا۔ درخواستیں مقررہ فارم پر یکم اپریل ۱۹۳۹ء تک سکرٹری فیڈرل پبلک سروس کمیشن دہلی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہئیں۔ درخواستوں کے فارم پر مزید تفصیلات کے لئے مندرجہ بالا پتہ پر خط و کتابت کرنی چاہئے۔

اور شہروں اور بیرونجات میں تقسیم فرماتے ہیں۔ وقتاً فوقتاً ان رسالوں کے بھیجنے کی فرمائشیں آتی رہتی ہیں۔ اب تک ۵ ماہ کے اندر (۸) رسالے طبع کرا کر شائع کر چکے ہیں۔ اگر اسطرح

۴۴

رپورٹ تبلیغی دورہ

رپورٹ ہذا بوجہ عدم گنجائش مختصر طور پر درج کی جارہی ہے:- (مدیر)

میں دکن اہلحدیث دارالاشاعت سکندرآباد کی طرف سے ۳ جنوری ۱۹۳۹ء کو آرمور پہنچا۔ یہاں پر انجمن اہلحدیث ہے۔ دو روز رہا۔ دوسرے روز تنظیم کی ضرورت پر میری تقریر ہوئی۔ احباب نے اس کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے۔ انجمن کا احیاء کیا۔ اس کے صدر مولوی عبداللہ صاحب وکیل مقرر ہوئے اور دکن اہلحدیث دارالاشاعت سکندرآباد سے اس کا الحاق کیا گیا۔

۵ جنوری کو وہاں سے موڑتاڑ پہنچا۔ یہاں بھی دو روز مقیم رہا۔ جمعہ کے خطبہ کے علاوہ یہاں بھی دو تقریریں ہوئیں۔ جن میں جماعت کی بقا کے لئے تنظیم کی ضرورت بتائی گئی۔ مولینا شاہ عبدالصمد صاحب و جناب مکرمی سید حسین صاحب نے امید دلائی کہ جلد انجمن قائم کر کے اس کا الحاق دکن اہلحدیث دارالاشاعت سکندرآباد سے کر دیا جائیگا۔

۸ جنوری کو بھیگل پہنچا۔ دو تقریریں یہاں بھی ہوئیں۔ وقت کی تنگی اور قلت فرصت کے سبب سے احباب کی خواہش پوری ہوئی۔ اور زیادہ قیام نہ کر سکا۔ مگر ہر جگہ کے احباب نے پھر آنے کا وعدہ لیا۔ بھیگل اور ریابا پور میں بھی انجمن ہے جس کا الحاق آئندہ میرے پہنچنے پر موقوف رکھا گیا ہے۔

۱۱ جنوری کو نانڈیڑ پہنچا۔ ماشاءاللہ یہاں اہلحدیثوں کی دو مسجدیں ہیں۔ یہاں تین روز رہا۔ اور تنظیم کے لئے بہت کوشش کی۔ مگر چونکہ مولوی ابو یوسف صاحب موجود نہ تھے۔ اس لئے آئندہ پر رکھا۔ حاجی محمد ابراہیم صاحب جنرل مرچنٹ اور مولوی ابو یوسف صاحب اور مولوی عبدالقادر صاحب کا وجود بھی از بس غنیمت ہے۔ غالباً تنظیم کیلئے پھر مجھکو جانا پڑیگا۔

مولوی حافظ محمد یوسف صاحب اور مرزا محمود علی بیگ صاحب کارکنان دکن اہلحدیث دارالاشاعت سکندرآباد نے جماعت کی خدمات اور تنظیم کیلئے جیسا اقدام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس کا بہترین صلہ عطا فرمائے۔

ہر ماہ مختلف عنوان پر رسالے طبع کرا کر شائع کرتے ہیں

۲

نوٹ - ہم کو امید اور انشاءاللہ امید ہے کہ جلد از جلد دکن کی جماعت اہلحدیث کی تنظیم مکمل ہو جائیگی - اس اہم امر کے انجام اور تکمیل کے لئے صوبائی کانفرنس کے کرنے کا خیال ہو رہا ہے۔

۲/۶

آپ کا فرض

ہر نوجوان۔ شادی شدہ یا مجرد۔ امیر یا غریب کوئی نہ کوئی اپنا متعلقین رکھتا ہے۔ اور یہ اُس کا فرض ہے کہ وہ اپنے پسماندگان کے لئے اپنی موت ہوجانے کی صورت میں کافی سرمایہ چھوڑے۔ اس فرض کی تکمیل کے لئے اورنٹیل کو مدد کا موقع دیجئے۔ چونسٹھ سال کے زائد عرصہ سے اورنٹیل کی پالیسیوں نے ہزارہا خاندانوں کو ان کی ضروریات مہیا کرنے والوں کی موت واقع ہوجانے پر بوقت ضرورت امداد بہم پہنچائی ہے۔

جلدی یا بدیر ہر انسان ناقابل بیمہ ہوجاتا ہے۔ لہذا اپنے فرض کو پورا کرنے میں کوتاہی نہ کیجئے۔

اپنی زندگی کا بیمہ اورنٹیل میں کرائیے۔ اور اپنے پسماندگان کے مستقبل کو محفوظ کیجئے۔

تفصیلات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لیمیٹڈ۔ ہیڈ آفس بمبئی۔ قائم شدہ ۱۸۷۴ء یا اس کے کسی برانچ آفس یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

ایکٹنگ برانچ سکرٹری۔ اورنٹیل لائف آفس نیشنل بنک آف انڈیا۔ بلڈنگ ہال بازار امرتسر سے خط و کتابت کریں

(۳۲۹)

خمیرہ بادام طیوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ و ریشہ میں طاقت دوڑنے لگتی ہے مسرت سے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے مہتر ہے۔ دل کے مبتلا اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے دم پڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب و خوفزدہ رہنا۔ معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا۔ کمزوری نسیان وجریان کافور ہوتے ہیں۔ **قیمت** پاؤ بھر تین روپے آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے خرچ ڈاک بذمہ خریدار

لاہور برانچ۔ ناظم دواخانہ پنجاب جین ہوڈیل روڈ ۲۱

مینجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

سرمہ نور العین

۱۳/

(مصدقہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ عہ

پتہ:- **مینجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ پنجاب**

عجیب الاثر فلیویا۔ ٹانک

۱۸/

رجسٹری شدہ برٹش گورنمنٹ آف انڈیا ہے۔ ہزاروں دفعہ امتحان کی جا چکی ہے۔ لاہور آل انڈیا نمائش میں نام ہو انعام حاصل کر چکی ہے۔ ۱۴۵۹۰ گئے گزرے اشخاص کو مکمل صحت۔ نئی جوانی حاصل ہو چکی ہے۔ بڑھاپا میں بھی شادی کرو۔ ایک گولی کھانے سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان اس رات تقاضائے حاجت کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ قطعی بے ضرر۔ ممسک ہے۔ پرہیزگار عالم کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہے۔ ۸/ فی پیکٹ ۳۰ گولیاں۔

پتہ:- **نظام برادرز ۲۵ فرید کوٹ (پنجاب)**

آئینہ مذاہب امامیہ

ترجمہ اردو

تحفہ اثنا عشریہ

مصنفہ شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ۔ قیمت تین روپے۔ پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

اسلامی توحید

(مصنفہ مولانا عبدالسلام صاحب بستوی)

تعزیہ پرستی۔ رونا پیٹنا۔ علم نکالنا اور دیگر بدعات محرم وغیرہ کی بدلائل عقلی و نقلی تردید کی ہے۔ بہت مفید کتاب ہے۔ آجکل منگوا کر عوام کو سنائیے قیمت ۴/

ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

شہادت حسین رض

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے صحیح حالات اور شہادت کے اسباب۔ قیمت ۴/

ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

مومیائی ۱۲ عہ

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔ کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی ہی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتی ہے۔ مرد عورت بچے۔ بوڑھے۔ جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی قیمت فی چھٹانک عار۔ آدھ پاؤ ۹؍۔ پاؤ بھر ۸؍ معہ محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ (۳۳۰) اہالیٔ برما سے ایک پاؤ کی قیمت معہ محصول ڈاک ۱۲؍ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادات

جناب شیخ محمد حسین صاحب از بمبئی

"میں قبل ازیں کئی مرتبہ مومیائی منگوا چکا ہوں۔ بہت عمدہ اور ہر امراض کے واسطے بہت مفید پایا۔ لہٰذا ایک پاؤ بذریعہ ڈاک بھیجدیں۔ خدا تعالیٰ جزائے خیر دے" (۱۴۔ جنوری ۱۹۳۹ء)

جناب مولوی محمد شفیع صاحب از کانپور۔

"اس سے پیشتر تین چار دفعہ آپ کے ہاں سے مومیائی منگوا کر استعمال کر چکا ہوں۔ بڑی مفید ثابت ہوئی۔ اس لئے اب پھر تین چھٹانک جلد روانہ فرما دیں" (۲۱ جنوری ۱۹۳۹ء) ــــــ (منگوانے کا پتہ)

حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

مژدہ ۴؍

فلکِ توحید پر ایک نئے درخشندہ ستارے کا طلوع

یعنی یکم محرم الحرام کو
ایک دیہات پنجاب سے صحیح دین اسلام کی نشر و اشاعت کرنیوالے

ماہوار جریدہ الاسلام کا اجراء

ـــــ جو ـــــ

دنیائے مذاہب میں بھٹکنے والوں کا حقیقی رہنما
مریضانِ وہم و عصیان کے لئے نسخہ شفا
محصوران کفر و الحاد کا واحد مشکل کشا
ائمہ مساجد کا رفیق اور امہات مشرق کا مصلح
علمائے و شعرائے پنجاب کا سب سے پہلا تذکرہ
السنہ شرقیہ اسلامیہ کا مرقع ادب و انشا
غرضیکہ شریعت اسلام کی مکمل انسائیکلوپیڈیا ہوگا۔

چندہ سالانہ ۲؍ روپیہ۔ پیشگی بھجوانے والے حضرات سے صرف ۱۸؍۔ آج ہی رعایتی چندہ بنام

منیجر "الاسلام" بھبت پور کمیوہ
ضلع گجرات پنجاب براہ [illegible]

بھجوا کر اپنا نام درج رجسٹر کرا لیجئے گا۔

ویدارتھ پرکاش
عرف
ویدک تہذیب

(مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب بٹالوی)

جس میں ویدوں کو انسانی تصانیف ثابت کیا ہے اور خود وید منتروں کی عبارتوں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیا سوز منتروں کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی نہیں ہو سکتے۔ آریہ سماج آج تک اس کا جواب نہیں دے سکی۔ جلد منگوا لیں ورنہ دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ قیمت بجائے ۱۲؍ کے ۱۰؍

ملنے کا پتہ:۔ **منیجر اہلحدیث امرتسر**

گلشن توحید کے سدا بہار پودے

ہندوستان میں گلشنِ حدیث کی پود شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ نے لگائی۔ سیدنا محمد اسماعیل شہیدؒ نے اپنے خون سے سینچا۔ نواب صاحب بھوپالؒ نے اس کے پھیلاؤ کیلئے خزانے کھول دئیے۔ (آخر یہ پود ملک کے چپہ چپہ پر پھیل گئی) اور ملک ابو یحییٰ امام خان نوشہروی نے اس سدا بہار گلشن سے ایک گلدستہ سجایا۔ کتنا خوشنما! جسے عوام نے پسند کیا۔ ارباب نظر نے سراہا۔ اہل حدیث کانفرنس نے اس کی توثیق کی۔ سرخیل موحدین ہند (مولانا ابو الوفاء امرتسری) نے مفید اور ضروری کی سند قبول عطا فرمائی اور علامہ السید سلیمان صاحب ندوی نے اس گلدستہ کی سجاوٹ دیکھ کر ایک سراپا بصورت "مقدمہ" رقم فرمایا

اس گلدستہ کا نام

تراجم علمائے حدیث ہند

صفحات ۶۲۵۔ قیمت ۸؍۔ محصول ڈاک ۷؍

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

مارچ ۱۹۳۷ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی علیگڑھ میں منائی گئی جس میں شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی۔ کانفرنس نے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا۔ آپ نے وہاں ایک مقالہ پڑھا۔ جس میں جماعت اہل حدیث نے علم و فن کی جو خدمات کی ہیں اس کا دلچسپ تذکرہ ہے۔ قابل مقالہ نگار نے حضرات تابعین سے اہل حدیث کا ورود ہند ثابت کیا ہے۔ مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ قومی اخباروں کا نقشہ ہے۔ ہر اہل حدیث کو خریدنی چاہئے۔ ضخامت ۲۰۸ صفحات۔ قیمت ۱۲؍

منگوانے کا پتہ:۔ **منیجر اہلحدیث امرتسر**

مرض ذیابیطس کی زود اثر کیمیاوی دوا

الذیابیطس

مجرب ہے — آزمودہ ہے

اگر خدانخواستہ آپ یا آپ کا کوئی عزیز ہمسایہ مرض ذیابیطس یا سلسل البول یا بول الدم میں مبتلا ہے یا آپکے بچہ یا عورت کو بول فی الفراش کی شکایت ہے تو الذیابیطس منگا کر قدرت کا تماشہ دیکھیگا جس کے صرف تین ہفتہ کے استعمال سے بار بار پیشاب کا آنا پیاس کا زیادہ لگنا پانی پیتے ہی بذریعہ پیشاب خارج ہوجانا پیشاب میں شکر یا دیگر مادہ کا خارج ہونا پنڈلیوں میں درد بدن میں خشکی اور تبخل وغیرہ عوارض مرض اکتیس یوم میں قطعی دور ہوجاتے ہیں صرف چوبیس گھنٹے میں دوا اپنا سحری اثر دکھا کر پیاس اور پیشاب کی کثرت میں نمایاں فرق کردیتی ہے ۳ خوراک نمونہ منگا کر تجربہ کیجیگا اگر حسب تجربہ نمونہ اثر نہ کرے تو نمونہ کی قیمت اجرت حلفیہ تحریر کرنے پر واپس کردی جائیگی قیمت مکمل ۲۴ خوراک ۱۲ یوم ستے روپیہ نمونہ خوراک ۱۲ محصول علاوہ۔

بچوں کے دانت نکلنے کی تکالیف کا ایک موثر علاج

حیات الصبیان

محافظ صبیان — محافظ صبیان

مسلمہ ہے کہ بچوں کے دانت نکلنے کا زمانہ گویا کہ بچے کی زندگی اور موت کا سوال ہے بچے کے منہ سے ایک قسم زہریلا مادہ لعاب دہن کی ہمراہ یا دودھ کی ہمراہ پیٹ میں جاتا ہے اور طرح طرح کے عوارض مثلاً سبز پیلے دست قے نفخ بدہضمی سوکھا پن وغیرہ پیدا ہوجاتے ہیں اور جس میں اکثر چالیس فیصدی بچے ضائع ہوجاتے ہیں یہ دوا بچوں کیلئے بیحد مفید ثابت ہو رہی ہے اسکے استعمال سے دانت نہایت آسانی سے نکل آتے ہیں اور بچے ہر قسم کے عوارض سے محفوظ رہتے ہوئے تندرست اور توانا رہتے ہیں ترکیب نہایت سہل ہے جو بلا بدمزگی استعمال ہوتی ہے قیمت فی شیشی ۱۲ تین شیشی ۲ محصول بذمہ خریدار

پتہ:- مطب حکیم سید ظہیر الحسن (میونسپل کمشنر) متھرا (یوپی)

طبی کتب

تصانیف [illegible] ساکن روڑی ضلع حصار

کنز التجربات — مولف نے اس میں بہت صدی وسنیاسی نسخے درج کئے ہیں جو بار ہا تجربہ کی کسوٹی پر [illegible] سب سے پہلے ہر عضو کی مختصر تشریح کرکے [illegible] سے پیدا ہونے والے

دہلی میں

کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرقاوی شرح تجرید بخاری للعہ — کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد للعہ — تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے ارزاں کی گئی ہے ۱۲ ہے
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ ۱۲ — سیرۃ الحلبیہ ۱۲
بخاری مع حاشیہ سندی ۱۲ — شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ ۸ — تفسیر خازن مع معالم ۱۲
قاموس عرب اعلیٰ کاغذ ۱۲ — المنجد طبعہ تاسعہ ۱۲
مفتاح کنوز السنہ، حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں ان کی مکمل فہرست عہ — فیض القدیر شرح جامع صغیر (للمناوی) ۶ جلد مجلد ۱۲ — تسہیل العربیہ المنجد کا اردو ترجمہ وخلاصہ ایک ہزار صفحات مجلد للعہ
تاج العروس شرح قاموس ۱۲

نوٹ:- فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھیے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

مینجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی ۲

امراض بتائے ہیں اس کے بعد ہر مرض کا طبی دیدک اور ڈاکٹری نام، پھر کیفیت مرض اور امراض کے علاج درج ہیں اس کے بعد بیماری کے اسباب اور اس کے پہچاننے کے طریقے نہایت خوبی سے بیان کئے گئے ہیں قیمت حصہ اول ۱۲ حصہ دوم ۱۲

کنز المفردات جس میں مفردات تیار کرنے کی مختلف ترکیبیں درج ہیں۔ عہ

خواص بادام ۔ بادام کے فوائد اور اس سے مختلف امراض کا علاج۔ ۴

خواص پیاز ۔ پیاز کے بے نظیر فوائد اور اس سے اکثر بیماریوں کا علاج ۵

خواص نمک ۔ نمک کے ذریعہ بہت سی امراض کا علاج۔ ۲

خواص گھی کوار ۔ یعنی کنوار گندل کے ذریعہ بیسیوں مرضوں کا علاج ۹

خواص پھٹکڑی ۔ قیمت عہ
خواص برگد ۔ قیمت ۴
خواص پیپل ۔ قیمت ۴

خواص آک ۔ قیمت عہ
خواص انار ۔ قیمت ۴
خواص ریٹھا ۔ قیمت ۶
خواص سونف ۔ قیمت ۸
خواص کیکر ۔ قیمت ۴

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند، جالا، غبار، ڈھلکہ، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے ہزارہا لوگ اس کے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پا چکے ہیں بحالت صحت اسکا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے منگوا کر فائدہ اٹھائیں قیمت فی شیشی ایک روپیہ عہ

تصحیح — سابقہ چند پرچوں میں قیمت غلطی سے ۱۲ لکھی جاتی رہی ہے اصل قیمت عہ (ایک روپیہ) ہی ہے۔

کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ حکیم سٹریٹ امرتسر

خواص نیم - قیمت ۲ر
خواص سنگیا ناسی - قیمت ۶ر
خواص گھی - قیمت ۴ر
خواص دودھ - قیمت ۸ر
خواص تربوز - قیمت ۲ر
خواص لہسن - قیمت ۴ر
خواص دھتور - قیمت ۶ر
خواص ارنڈ - قیمت ۷ر
خواص لیموں - قیمت ۸ر
خواص مولی - قیمت ۵ر
خواص گاجر - قیمت ۳ر
خواص اندرائن - قیمت ۴ر

علاج الغرباء} اس کتاب میں تمام بیماریوں کا علاج بتایا گیا ہے۔ غربا کو بہت مفید ہے۔ قیمت ۱۲ر

تصانیف حکیم غلام جیلانی صاحب امرتسری

کلید حکمت} اس میں سر سے پاؤں تک کی ہر ایک مرض کی علامات درج ہیں اسی طرح علمی بحث، مرض اور اس کی پیدائش کے اسباب بعد میں ساڑھے آٹھ سو سے زائد نسخہ جات چٹکلے جو ہر جگہ ہر وقت صرف کوڑیوں میں بلکہ بے دام نہایت آسانی سے مہیا ہو سکیں اور منٹوں میں فائدہ دکھائیں درج کئے گئے ہیں۔ قیمت حصہ اول ایک روپیہ۔ حصہ دوم عہ

کی تین صد شہرہ آفاق پیٹنٹ دواؤں کے بالکل سچے اور اصلی نسخے درج ہیں۔ اگر آپ سینکڑوں روپیہ کی مستقل آمدنی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ تو کتاب ہذا کی ایک جلد خرید کر دیکھیں اور تجربہ کریں قیمت عہ

طبیب کامل

المعروف

مجرب فارماکوپیا حصہ اوّل

مؤلفہ لقمان الحکمت فاضل طب حکیم و ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب امرتسری۔ اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات

ثنائی برقی پریس امرتسر
ہال بازار

میں اردو، انگریزی، ہندی، گورمکھی، لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما رنگدار و سادہ ارزاں حسب منشا و وعدہ کی جاتی ہے اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذاتِ خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں +

مینیجر ثنائی برقی پریس - ہال بازار - امرتسر

خواص ہلدی - قیمت ۳ر
خواص مرچ - قیمت ۴ر
خواص کشنیز - قیمت ۳ر
خواص مہندی - قیمت ۴ر

طبی چٹکلے} مصنفہ حکیم محمد رحمت اللہ صاحب سردول گڑھ ریاست پٹیالہ۔ جس میں ہر قسم کی بیماریوں کے آسان علاج و ٹوٹکے درج ہیں۔ جو بہت کم لاگت سے تیار ہو سکتے ہیں۔ قیمت ۸ر

گنجینہ روزگار} مصنفہ حکیم دیوان بوگھا رام صاحب زیرکی۔ جس میں بے روزگاروں کو برسرروزگار ہونے کے لئے ہر قسم کے نسخے درج کئے گئے ہیں قیمت ۸ر

مجربات جیلانی} حکیم صاحب موصوف نے انتہائی فراخدلی اور عالی حوصلگی ... اسراری اور صدری نسخے جن کے اخفا میں ... سعی بلیغ کو کام میں لاتے تھے۔ بلا بخل شائع کر کے اپنی فیاضی کا پورا ثبوت دے کر دنیا کو مرہون منت کر لیا ہے۔ قیمت جلد اول عہ جلد دوم عہ

نشاطِ زندگی} میں نوجوانوں کی تندرستی قائم رکھنے کے طریقے، بیوی کیساتھ شادی کا سچا اور حقیقی لطف حاصل کرنے کے قواعد درج کر کے عمدہ عمدہ طبی نسخے بھی درج ہیں غرضیکہ قابل دید کتاب ہے قیمت عہ

پیٹنٹ ادویات ... انگلستان ... ہندوستان

... اطبا، حکیم شریف خاں صاحب حکیم حافظ ... لقمان صاحب و دیگر معزز اطبائے مہند ... بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ مؤلف کے خود ذاتی و خاندانی مجربات کا ... بیان کیا گیا ہے۔

قیمت ۱۲ر مع محصولڈاک عہ

(تمام کتابیں ملنے کا پتہ)

مینیجر اخبار اہلحدیث امرتسر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۔۔۔ یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔ رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ نمبر ۱۸

اخبار اہلحدیث امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن پس حدیث مصطفیٰ بر جاں مسلّم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

۱۔ دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
۲۔ مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
۳۔ گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

۱۔ قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
۲۔ جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
۳۔ مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
۴۔ جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائے گا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
۵۔ بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے	سالانہ	عنہ
رؤسا و جاگیرداروں سے	"	لعے
عام خریداران سے	"	للعہ
"	ششماہی	۲/۸
ممالک غیر سے	سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ	- - - - - -	۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ مطابق ۳ مارچ ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (شان فاروقی) - - - - - - - - صـ۱
انتخاب الاخبار - - - - - - - صـ۲
مسیحی مذہب کی صحیح تصویر - - - - صـ۳
مسیح قادیانی کی ناکامی (قادیانی مشن) - صـ۵
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - - صـ۶
نذیر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نداء - - - صـ۷
شیعی عبادات - - - - - - - صـ۹
ویدوں کے تراجم اور تفاسیر - - - صـ۱۱
حمایت الاسلام - - - - - - صـ۱۲
فتاوے - - - - - - - - صـ۱۳
متفرقات - - - - - - - صـ۱۴
۔۔۔ - - - - - - - - صـ۱۵
اشتہارات - - - - - - - صـ۱۶

شانِ فاروقی

(از قلم مولوی محمد حنیف صاحب اغلب بسنوی از جھنڈے نگر)

مسلمانو رہے دل میں خیالِ آن فاروقی   نظر کے سامنے پھرتی رہے وہ شانِ فاروقی
ذرا پھر فی سبیل اللہ میدانِ عمل میں آ   اگر ہے کچھ خیالِ جذبۂ ایمانِ فاروقی
سپر میداں چل جا پھر ذرا مردانہ وار آکر   دکھا دے تو مخالف کو وہی پھر آنِ فاروقی
اگر دیکھے کوئی تجھ کو نگاہِ بد سے اے مسلم   نظر آ کھینچ کے مثل تیغ بن جا شانِ فاروقی
بظاہر تو ہو شیر نر مخالف کی نگاہوں میں   بباطن رکھ نظر میں اپنی آپ و نانِ فاروقی
میسر کاش تجھ کو ہمتِ فاروقِ اعظم ہو   ترے اوسان ہونے چاہئیں اوسانِ فاروقی
جو نکلے بات منہ سے وہ اٹل ہو جائے دنیا میں   ترا اعلان ہونا چاہئے اعلانِ فاروقی
فلسطین و حجاز و نجد میں کیا ظلم ہوتا ہے   یہ آخر بھول بیٹھے کس لئے احسانِ فاروقی

دعائے اغلبِ عاجز کی بس صبح و مسا یہ ہے
الٰہی دے مسلمانوں کو عزّ و شانِ فاروقی

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

—— امرتسر آج (۲۷ فروری) کو تمام دن مطلع ابر آلود رہا ہے۔ بعد دوپہر بارش بھی ہوئی۔ نیز اس ہفتہ کے مختلف ایام میں دو تین دفعہ بارش ہوئی۔

—— امرتسر سید بڈھے شاہ رئیس امرت سر کے صاحبزادہ اکبر علی کو چاقو سے حملہ کر کے ہلاک کر دینے کے الزام میں عدالت سشن نے ایک نوجوان عبدالباقی کو سزائے موت کا حکم سنا دیا۔

—— امرتسر میں حیدر آباد دکن سے ایک مسلم وفد آیا۔ جس نے اسلامیہ کالج امرتسر میں حیدر آباد کے حالات مجمع عام میں سنائے۔

—— لاہور مولانا ظفر علی خان نے ایک تقریر میں اعلان کیا کہ اگر شہید گنج کا فیصلہ مسلمانوں کے حق میں نہ ہوا تو کم ازکم ایک لاکھ مسلمانوں کو جیل جانے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔

—— اتحاد پریس لاہور سے حکومت پنجاب نے مرزائیوں کے خلاف ایک پمفلٹ شائع ہونے پر ایک ہزار روپے کی ضمانت طلب کر لی ہے۔

—— حکومت پنجاب نے اعلان کیا ہے کہ اس سال کُنبھ کا میلہ ہردوار میں نہیں ہوگا۔

—— سر غلام حسین ہدائت اللہ نے وزارت سندھ میں شامل ہو کر حلف وفاداری اٹھا لیا ہے۔

—— وادی کانگڑہ میں شدید بارش اور ژالہ باری ہونے کی وجہ سے دریاؤں اور ندیوں میں سیلاب آگیا

—— گورنر بنگال لارڈ بیرابورن ۲۳۔ فروری کو کلکتہ میں انتقال کر گئے۔ گذشتہ سال جب وائسرائے ہند ۴ ماہ کی رخصت پر انگلستان گئے تھے تو موصوف ان کے قائمقام گورنر جنرل بنے تھے۔

—— لکھنؤ میں مدح صحابہ کے سلسلہ میں پھر سول نافرمانی شروع ہو گئی ۲۲ سنی لیڈر جن میں مولانا عبد الشکور۔ مولانا ظفر الملک خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ گرفتار کر لئے گئے دس ماہ تک دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے۔

—— لاہور ممبران پنجاب اسمبلی کے لئے ایک بل پیش ہونے والا ہے جس کی رو سے ہر ممبر کو دو ہزار چار سو روپیہ سالانہ تنخواہ ملیگی اور غیر حاضر ممبر کی تنخواہ سے پچیس روپے یومیہ کے حساب سے وضع کئے جائینگے۔

سب سے پہلے
اپنا نمبر خریداری
اخبار کی چٹ سے ملاحظہ کر کے ایک دفعہ
حساب دوستاں
اسی اخبار کے صفحہ ۱۴ پر ملاحظہ فرمائیں

۷-۸-۹۔ اپریل کو ضلع گورداسپور پنجاب کے

مشہور قصبہ

فتح گڑھ چوڑیاں

میں جو امرتسر نارووال ریلوے لائن پر واقع ہے۔ زیر صدارت مولانا عبد القادر صاحب قصوری نہائت شان و شوکت سے کانفرنس منعقد ہوگی۔ جس میں قال اللہ اور قال الرسول کے دلکش نغمے، دلفریب ترانے، اسوہ حسنہ اور خیر القرون کی یاد تازہ کرنے والی، شرک و بدعت کو دور کرنے والی تقریریں سامعین کو مسرور و محظوظ کرینگی۔

ایسے بابرکت اجتماع کی رونق کو دوبالا کرنا زندہ دلان پنجاب کا فرض اولین ہے۔ اس لئے اس میں شریک ہونے کے لئے ابھی سے تیاری شروع کر دیں۔ مجلس استقبالیہ کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے۔ اسکی ہر ممکن امداد کر کے توحید و سنت کی تبلیغ کا عملی ثبوت پیش کرنا ہر موحد متبع سنت کا تبلیغی فرض ہے۔ ایسے مواقع بار بار دیکھنے نصیب نہیں ہوتے

ع پھر خدا جانے یہ سامان رہے یا نہ رہے

—— پولینڈ میں جرمن مال کے بائیکاٹ کی تحریک شروع ہو گئی ہے۔

قبول اسلام میری جائے سکونت اور جائیداد امید پور کوٹ آبدیان تحصیل شاہدرہ ضلع شیخوپورہ میں ہے۔ اور میں سرکاری ملازم ہوں۔ سانسی پنوار راجپوت ہوں۔ اور مذہب عیسائی رکھتا تھا۔ لیکن باوجود تعلیم یافتہ ہونے کے راہِ حق سے بے خبر تھا۔ عرصہ سے میں راہ حق کا طلب گار رہا۔ خدائے عزوجل نے فضل کرتے ہوئے مجھ عاصی کو اسلام کی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ بغیر کسی حرص و طمع کے اپنے عیال و اطفال سمیت دینِ محمدی قبول کر لیا ہے۔ میرا پورا نام فقیر چند پنوار راجپوت تھا۔ اب اسلامی نام فقیر محمد پنوار راجپوت ہے۔

فقیر محمد پنوار ٹیچر ریفارمیٹری سٹلمنٹ سکول امرتسر

غریب فنڈ کی خبر لیں غریب فنڈ میں عرصہ سے کوئی امدادی رقم نہیں آئی۔ سائلین اخبار کے اجراء کے لئے تقاضے کر رہے ہیں۔ اسی لئے نئے داخلے بند کر کے سابقہ بھی واپس کئے جا رہے ہیں۔ اسطرح ان غرباء کی جو دل شکنی ہوگی اصحاب خیر اس کا اندازہ لگا کر اس فنڈ کی دل کھول کر امداد کریں۔

ان اللہ لایضیع اجر المحسنین

—— لندن میں فلسطین کانفرنس ختم ہو گئی ہے فلسطینی عربوں کے مطالبات منظور کرنے کی بجائے گورنمنٹ برطانیہ اپنی طرف سے ایک سکیم پیش کریگی۔

—— آل انڈیا نیشنل کانگرس کا جلسہ تری پوری (سی پی) میں ۱۰-۱۱ مارچ کو منعقد ہوگا۔ حکومت سی پی نے سرکاری ملازموں کو اس میں شرکت کرنے کی اجازت دیدی ہے۔

—— کانگرس ورکنگ کمیٹی کے تیرہ ممبروں نے جن میں پنڈت جواہر لال، مولانا ابوالکلام آزاد، مسٹر پٹیل، سرحدی گاندھی وغیرہ شامل ہیں۔ اس وجہ سے استعفیٰ دیدیا ہے کہ صدر کانگرس مسٹر بوس نے کانگرس انتخابات کے دوران میں ان پر یہ الزام لگایا تھا کہ یہ ممبر فیڈریشن کے معاملہ میں دو انگریزوں کے ساتھ سازش کر رہے ہیں۔ چنانچہ ۲۶ فروری کو یہ استعفے منظور کر لئے گئے ہیں۔ اب ان کی جگہ عارضی انتظام کیا جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۱- محرم الحرام ۱۳۵۸ھ

DELHI

مسیحی مذہب کی صحیح تصویر

عرب جاہلیت کے ایک شاعر نے اپنے عشق ومحبت کی تصویر یوں دکھائی تھی ؎ یَا عَجَبًا لِلنَّاسِ یَسْتَشْرِفُوْنَنِیْ ٭ کَاَنْ لَمْ یَرَوْا بَعْدِیْ مُحِبًّا وَلَا قَبْلِیْ (تعجب ہے کہ لوگ میری طرف اس طرح دیکھتے ہیں گویا انہوں نے مجھ سے پہلے کوئی عاشق دیکھا ہی نہیں)۔ شاعر کا مطلب یہ ہے کہ میں کوئی انوکھا عاشق نہیں ہوں مجھ سے پہلے میرے ہم مشرب بہتیرے گزرے ہیں۔ ہاں یہ الگ بات ہے کہ میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ ہوں۔ ایسا ہی ہونا بھی چاہئے۔ کیونکہ اس خصوص میں متاخر اپنے متقدم سے بڑھ چڑھ کر ہوتا ہے۔ ہم نے سمجھا تھا کہ یہ مضمون ایک شاعرانہ تخیل ہے۔ مگر مسیحی رسالہ "اخوت" دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ایسا تخیل بعض صورتوں میں مذہبی عقیدہ بھی بن جایا کرتا ہے۔ رسالہ "اخوت" لاہور نے ایک مضمون شائع کیا ہے جو بڑا لذیذ اور مروجہ مسیحی مذہب کا مکمل بیان اور صحیح نقشہ ہے اس کو دیکھنے سے مروجہ مسیحی مذہب کی پوری حقیقت سمجھ میں آجاتی ہے۔ یہ بھی سمجھ میں آجاتا ہے کہ قرآن شریف نے مروجہ مسیحی مذہب کی جو تصویر دکھائی ہے اس میں کوئی مبالغہ یا غلط بیانی نہیں ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے :- قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْمَسِیْحُ یعنی نصاریٰ ہی کہتے ہیں کہ اللہ ہی مسیح ہے۔

نوٹ :- اس مضمون میں تجسم کا لفظ کئی جگہ آیا ہے۔ جس کے معنی ہیں جسم اختیار کرنا۔ مگر مسیحی اصطلاح میں اس کا معنی ہے خدا کا جسم اختیار کر کے حضرت مسیح کی شکل میں آنا۔ یہی مضمون قرآن مجید کی آیت موصوفہ میں بیان کیا گیا ہے۔ اس اصطلاح کو ذہن میں رکھ کر ناظرین مندرجہ ذیل مضمون مع حواشی کے پڑھیں اور لطف اٹھائیں۔ (مدیر)

"مسئلہ تجسم اور اُس کا دنیا پر اثر

دنیا کی مذہبی تواریخ میں مسئلہ تجسم کو عالمگیر تسلیم کیا گیا ہے[1]۔ اگر قدیم یونانیوں۔ مصریوں۔ رومیوں اور ہندوؤں کی مذہبی کتابوں کا مطالعہ کیا جائے تو اوتار یا خدا اور انسان کے مابین ایک انسان کامل یا مظہر حقیقی کا خیال مذہب کے ساتھ ساتھ ابتدا ہی سے چلا آتا ہے[2]۔ اگر ان قوموں کے ایمان اور معتقدات کو بہ نظر تعمق دیکھا جائے تو یہ بات بخوبی ثابت ہوتی ہے لیکن مسیحی تصور تجسم اور دیگر ادیان اور مذاہب عالم کے اوتار کے نظریہ میں ایک نمایاں فرق یہ ہے کہ ان مذاہب کے نقطہ نگاہ سے تو بے شمار اوتار ہو سکتے

---

[1] انبیاء علیہم السلام کی تعلیم میں اسی کو کفر کہا گیا ہے انبیاء علیہم السلام کی تعلیم خدا کی نسبت جو کچھ ہے وہ ماہران شریعت سے مخفی نہیں۔ تورات، انجیل، زبور اور قرآن وغیرہ سب صحف انبیاء اس امر پر متفق ہیں کہ خدا وہ ہستی ہے جس کی شان مولانا روم مرحوم نے ایک شعر میں یوں دکھائی ہے ؎

اے برون از وہم و قال و قیل من
خاک بر فرق من و تمثیل من

مرزا غالب مرحوم نے اس مضمون کو اردو میں یوں ادا کیا ہے۔ ؎ ہے پرے سرحد ادراک سے اپنا مسجود
قبلہ کو اہل نظر قبلہ نما کہتے ہیں
(اہلحدیث)

[2] انبیاء کرام اس خیال کی تردید بھی ساتھ ساتھ کرتے چلے آئے ہیں۔ غرض اگر ابتدائے آفرینش سے چلا آیا ہے تو ردّ بھی اس کے ساتھ ساتھ چلی آئی ہے۔ قرآن مجید اس کی بابت ہمیں اطلاع دیتا ہے جیسا کہ ارشاد ہے:-

کَانَ النَّاسُ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً فَبَعَثَ اللّٰہُ النَّبِیّٖنَ (پ ۲- ع ۱۰) وَمَا کَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً فَاخْتَلَفُوْا۔ (پ ۱۱- ع ۷)

یعنی حضرت آدم کی اولاد شروع میں دین خالص (توحید) پر قائم تھی۔ جب لوگ توحید میں مختلف ہو کر کافر و مشرک ہو گئے تو خدا نے اون کی ہدایت کے لئے دنیا میں انبیاء کرام کا سلسلہ جاری کیا۔ اسی لئے مسئلہ اوتار ہو یا کفر و شرک کوئی اور مسئلہ قدامت عہد اس کی صحت کی دلیل نہیں ہو سکتی

(۳۳۵)

ہیں۔ اور اوتار کا اطلاق بغیر کسی امتیاز خصوصی کے ہر ایک ریفارمر اور مصلح پر ہو سکتا ہے۔ مسئلہ تناسخ کی رو سے تو ایک ہی شخص بار بار جنم لے کر اوتار بن سکتا ہے۔ جیسا کہ کرشن جی مہاراج نے کہا ہے کہ "جب جب دنیا پاپ میں ڈوبتی ہے میں اس کی اصلاح کے لئے دنیا میں اوتار ہو کر آتا ہوں"۔ پھر اوتاروں کا کوئی نہ کوئی ہمسر اور ثانی ہوتا رہا ہے۔ ان کی نظیر پیش کی جا سکتی ہے۔ ان میں سے کوئی بھی یہ دعویٰ نہ کر سکا کہ وہ خدا کا اکمل اور اتم مکاشفہ لے کر دنیا کی ہدایت اور رشد کے لئے آیا ہے۔ اوتار یا مظہر حقیقی کا اصلی مقصد تو یہ ہے کہ وہ بندگان خدا کو ہر طرح کے کفر و ضلالت کی ظلمت، شرک اور بت پرستی کے گناہِ عظیم سے بچا کر دنیا کو حقیقی خدا پرستی کا سبق سکھائے ۳ھ لیکن ان اوتاروں کے ناقص تصورِ خدا کے باعث لوگ اور بھی کذب و ضلالت کی دلدل میں دھنس گئے۔ اور غیر فانی خدا کے جلال کو فانی انسان اور پرندوں اور چوپایوں اور کیڑے مکوڑوں کی صورت میں بدل ڈالا ۴ھ۔ یہ اوتار چونکہ خود اپنی ہستی و ذات و صفات میں باقی انسانوں کی طرح کمزور اور ضعیف عاصی اور گنہگار تھے۔ اس لئے وہ دنیا کو خدا کا اثباتی تصور نہ دلا سکے۔ بلکہ بعض موقعوں پر ان کی زندگیوں سے لوگوں نے سخت ٹھوکر اور لغزش کھائی۔ اور خدا کے حقیقی عرفان سے کوسوں دور چلے گئے۔ بلکہ خدا کے متعلق باطل خیالات کے قائل ہو گئے۔ اندھا اندھے کو راہ نہیں دکھا سکتا۔ اور ایک گنہگار انسان گنہگار کو صحیح جادۂ عمل پر نہیں چلا سکتا۔ زندگی کی شاہراہ میں دونوں کو ایک کامل اور لاخطا ہادی کی ضرورت ہے ۵ھ۔

جب ہم مسیح کے مجسم پر غور کرتے ہیں تو اس سے ہمارے روحانی خیالات پر بڑا گہرا اثر ہوتا ہے۔ اور ہمارے روحانی حوائج اس میں پورے ہوتے ہیں خداوند یسوع نے خدا کے بارے میں ایسی لاثانی تعلیم دی ہے۔ جس سے کہ ایک مخلص متلاشیٔ حق کو خدا کا سچا اور اثباتی تصور حاصل ہوتا ہے۔ اسکو معلوم ہو جاتا ہے کہ جس خدا کی وہ پرستش کرتا ہے وہ کیسا ہے؟ اُس کی ذات و صفات کیسی ہیں؟ اس کی عبادت کس طرح کرنی چاہئے؟ ایک انسان کا انسان کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ ان تمام سوالوں کا صحیح اور درست جواب خداوند مسیح کی شخصیت میں ملتا ہے ۶ھ۔ اس نے خدا کے بارے میں ایسی صحیح اور درست تعلیم دی۔ جو ہر طرح کے کفر و ضلالت اور شرک و بت پرستی سے مبّرا و منزہ ہے۔ آپ نے بتایا کہ خدا ایک ہے اور اپنی ذات و صفات میں کسی غیر کا محتاج نہیں۔ وہ خالق بالفعل اور خالق بالقوہ ہے۔ آپ نے بتایا کہ

ھ۳ انبیاء و رسل کی بعثت کا اصل مقصد یقیناً یہی ہے۔ چنانچہ یہ حضرات دنیا میں جو تعلیم دینے آتے ہیں اس کو اس آیت میں ملاحظہ فرمائیں:-

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ (پ۱۶-ع۳)

(اے انبیاء کرام! تم لوگوں کو کہہ دو کہ ہم تمہاری طرح کے بشر ہیں۔ ہاں ہماری طرف خدا کا یہ پیغام پہنچا ہے کہ سوائے اسکے نہیں کہ تمہارا معبود ایک ہی ہے)

اگر وہ اوتار بن کر خدا کی طرف بلاتے تو اپنے آپ کو سجدہ بھی کرواتے۔ مگر کسی نے ایسا نہیں کیا۔ حضرت مسیح کو جب شیطان نے بہکا کر کہا کہ مجھے سجدہ کر تو آپ نے کیسا موحدانہ جواب دیا کہ:-

اے شیطان دور ہو جا کیونکہ لکھا ہے کہ تو خداوند اپنے خدا کو سجدہ کر اور اسی اکیلے کی بندگی کر۔ (متی ۴: ۱۰)

ہمیں سخت افسوس ہے کہ انبیاء کرام کی امتیں غیر انبیاء کی جماعتوں کے ساتھ مشابہت پیدا کر کے ان سے نفرت کرنے کی بجائے ان کی ہمرنگی کو اپنے لئے باعثِ فخر بتاتی ہیں۔ حالانکہ اصولاً ان کے مذہب کو غلط جانتی ہیں۔ کیا ہی سچ ہے۔ ع

منکر مے بودن و ہمرنگ مستاں زیستن

(الحدیث)

ھ۴ جس اوتار کی شان میں یہ الفاظ بھی ملتے ہوں کہ اس نے چلا کر جان دی۔ (انجیل متی)

اس کو بھی فانی انسان کہا جائیگا یا نہیں؟ اور فاضل مضمون نگار کا یہ غضبناک فقرہ اس کو اوتار ماننے والوں پر بھی صادق آئیگا یا نہیں؟ ع

بندہ پرور منصفی کرنا خدا کو دیکھ کر

(الحدیث)

ھ۵ تعلیم انبیاء کی روشنی میں یہ اصول بالکل صحیح ہے کہ ایک عاجز انسان جو ماں کے پیٹ سے نکلا ہو پاک صاف نہیں ہو سکتا۔ چہ جائے کہ خدا کا اوتار بن سکے۔ (ایوب ۱۵: ۱۴)

(الحدیث)

ھ۶ یہ تعلیم بالکل صحیح ہے۔ مگر مروجہ مسیحی مذہب کیا ہے؟ ہمیں اس کا جائزہ لینا ہے۔ مروجہ مسیحی مذہب عقیدہ اتھاناسیس کی رو سے یہ ہے:-

"باپ بیٹے اور روح قدس کی الوہیت ایک ہی ہے جلال برابر عظمت ازلی یکساں جیسا باپ ہے ویسا ہی بیٹا۔ اور ویسا ہی روح قدس ہے۔

باپ غیر مخلوق۔ بیٹا غیر مخلوق۔ اور روح قدس غیر مخلوق باپ غیر محدود۔ بیٹا غیر محدود اور روح قدس غیر محدود باپ ازلی۔ بیٹا ازلی اور روح قدس ازلی۔ تاہم تین ازلی نہیں بلکہ ایک ازلی۔

اسی طرح تین غیر محدود نہیں۔ اور نہ تین غیر مخلوق بلکہ ایک غیر مخلوق اور ایک غیر محدود۔

یونہیں باپ قادر مطلق۔ بیٹا قادر مطلق اور روح قدس قادر مطلق۔

تو بھی تین قادر مطلق نہیں۔ بلکہ ایک قادر مطلق ہے ویسا ہی باپ خدا۔ بیٹا خدا اور روح قدس خدا۔ تس پر بھی تین خدا نہیں۔ بلکہ ایک خدا۔"

(ملخص از عقیدہ اتھاناسیس)

(الحدیث)

ahmadimuslim.de

خدا روح ہے (جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مادہ کے جملہ عیوب سے مبّرا اور پاک ہے۔ وہ فاعل ذی ہوش اور صاحب علم و ارادہ ہے۔ اُس کی ذات لطیف ہے اس کا مطلب نہ صرف یہ ہے کہ وہ مادی نہیں بلکہ وہ اس مادہ کو محیط کئے ہوئے ہے۔ وہ دنیا کی حیات اور حرکت ہے۔ دنیا کا وجود بغیر اس کے قائم نہیں رہ سکتا۔

(باقی) (اخوت لاہور ص۳۲ بابت جنوری ۱۹۳۹ء)

قادیانی مشن

مسیح قادیانی کی ناکامی

الفضل کی زبانی

جناب مرزا صاحب قادیانی فرمایا کرتے تھے کہ مجھے خدا نے اس غرض سے بھیجا ہے کہ میں مسلمانوں کو اصلی معنی میں متقی بناؤں اور کفر و شرک کی جڑ کاٹ دوں اگر یہ کام مجھ سے نہ ہوا تو میں جھوٹا (اخبار بدر قادیان مورخہ ۱۹۔ جولائی ۱۹۰۶ء)

اب دیکھنا ہے کہ واقعہ میں کیا ظہور پذیر ہوا۔ کیا مسلمان متقی بن گئے؟ کیا کفر و شرک دنیا سے اُٹھ گیا؟ اس کا جواب ہم اپنے لفظوں میں نہیں دینا چاہتے بلکہ قادیان کے آرگن "الفضل" سے دیتے ہیں جو حال ہی میں شائع ہوا ہے۔

قادیان کا سرکاری گزٹ (الفضل) مسلمانوں کی حالت زار کا مرثیہ کرتا ہوا لکھتا ہے:۔

"موجودہ زمانہ میں مصلح ربانی کی بعثت کی ضرورت

جو شخص ذرا بھی غور و فکر سے کام لے وہ یہ اعتراف کرنے پر مجبور ہوگا کہ جس قدر پُرفتن و فسادات موجودہ زمانہ ہے۔ اس کی مثال ازمنہ ماضیہ میں قطعاً نہیں مل سکتی۔ کوئی برائی، کوئی بدکاری، کوئی بے حیائی، کوئی سیاہ کاری ایسی نہیں جس کا ارتکاب کثرت سے نہ کیا جاتا ہو۔ اور کوئی اعلیٰ خُلق ایسا نہیں جس کی سر بازار مٹی نہ پلید کی جا رہی ہو۔ ان حالات میں یہ بھی تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ جب پہلے زمانوں میں اس سے کم بدکرداریوں اور بداعمالیوں کو دُور کرنے اور اپنے بندوں کی اصلاح کے لئے خدا تعالےٰ خاص انسان مقرر فرماتا رہا ہے تو موجودہ زمانہ بھی اس بات کا بیحد محتاج ہے کہ خدا تعالےٰ اپنی سنت کے مطابق کسی کو مامور کرے۔ تاکہ وہ دنیا کے سعید الفطرت انسانوں کو اپنے خالق و مالک کے آستانہ پر جھکائے اور خدا تعالےٰ کے قرب اور وصل کی نعمت عطا کرے۔

لیکن جب اس فطری اور حقیقی مطالبہ کو عام لوگوں کے سامنے رکھا جاتا ہے اور ان کی طبائع میں کسی مامور من اللہ اور مصلح ربانی کی تلاش و جستجو کا جذبہ پیدا ہوتا ہے تو وہ لوگ جو اپنے آپ کو علماء کہتے ہیں۔ لیکن دراصل رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد شرّ من تحت ادیم السماء کے مصداق بن چکے ہیں۔ پکار اٹھتے ہیں کہ اب کسی مامور اور مرسل کی ضرورت نہیں ہے، امت محمدیہ کی اصلاح اور دنیا میں اشاعت اسلام کے لئے علماء ہی کافی ہیں۔

اس پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر علماء ہی کافی ہوتے تو یہاں تک نوبت ہی کیوں پہنچتی کہ ایک طرف تو مسلمان کہلانے والے اسلام کی حقیقت سے بے بہرہ ہو کر چاہ ضلالت میں گرے ہوئے ہیں اور دوسری طرف ساری دنیا کے علماء میں سے کسی کو بھی اشاعت اسلام کا خیال تک نہیں ہے۔ اور خیال آ بھی کس طرح

ف اس کے متعلق مروجہ مسیحی مذہب کے علماء کی تعلیم ہم ایک ہی فقرہ میں دکھاتے ہیں جو پادری فنڈر کے الفاظ میں یوں ہے:۔

وہ جنگل میں جلتے ہوئے بوٹے میں موسیٰ پر ظاہر ہوا
(مفتاح الاسرار ص۳۸)

انجیل متی میں ولادت مسیح کے ذکر میں لکھا ہے کہ
یسوع مسیح کی پیدائش یوں ہوئی۔

تو اب بقول پادری صاحب اپنی پیدائش سے چودہ سو سال پہلے حضرت موسیٰ کو پہاڑ پر انا ربک کہہ کر پکارنے والا یہی مسیح تھا۔ تو اس شعر کی صحت میں کیا شک ہو سکتا ہے ؎

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ فال
کہ من از خدا پیش بودم دو سال

(نوٹ) ہم جانتے ہیں کہ مسیحی دوست ہماری اس تقریر پر کہیں گے کہ "اہلحدیث" مسیحی مذہب سے واقف نہیں کیونکہ یسوع مسیح کی جس پیدائش کا ذکر متی نے کیا ہے وہ اس کی انسانی حیثیت ہے اور پادری فنڈر صاحب نے جلتی آگ سے جس مسیح کو انا ربک پکارنے والا کہا ہے وہ اسکی شان الوہیت ہے۔ اس لئے ان دونوں باتوں میں کوئی اختلاف نہیں۔

اسکے جواب میں ہم کہیں گے کہ اہلحدیث اگر مسیحی مذہب سے واقف نہیں ہے تو مقام تعجب نہیں لیکن مسیحیوں کا اپنے مذہب سے ناواقف ہونا سخت تعجب کا موجب ہے اب مسیحیوں سے ہم پوچھتے ہیں کہ اگر وہ اپنے مذہب سے واقف ہیں تو بتائیں کہ مسیح کی حقیقت اصلیہ محض الوہیت ہے یا محض انسانیت یا دونوں سے مرکب؟ اگر محض الوہیت ہے تو مسئلہ پیدائش غلط! اگر محض انسانیت ہے تو انا ربک والا قول غلط! اگر مرکب ہے تو بحکم کل مرکب حادث مسیح حادث ہوا اور بصورت حادث ہونے کے مخلوق ہے اگر مخلوق ہے تو اپنی ہستی کے دونوں اطراف (ابتدا اور انتہا) میں محدود ٹھیرا۔

مقدس اتھاناسیس کا عقیدہ جو عیسائیوں میں موجب نجات سمجھا گیا ہے وہ اس تیسری شق کی تعیین کرتا ہے چنانچہ اس کا خلاصہ یہ ہے:۔

جس طرح نفس ناطقہ اور جسم ایک انسان ہے اسی طرح خدا اور انسان ایک مسیح ہے۔ (دعائے عمیم ص۲۴)

اس سے ثابت ہوا کہ جس طرح ہر ایک انسان اپنی پیدائش میں مرکب ہے اسیطرح مسیح بھی اپنی پیدائش میں مرکب ہے اور مرکب ہے کے حادث ہونے میں کسی کو

(باقی)

سکتا ہے جبکہ وہ خود اسلام کے فیض اور برکات سے محروم ہیں۔ اور نہیں جانتے کہ اسلام میں وہ کونسی فضیلت ہے جو اور کسی مذہب میں نہیں پائی جاتی۔ (الفضل قادیان ۳ فروری ۱۹۳۴ء)

اہلحدیث کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ مسیح موعود دنیا میں تشریف لائے، مخالفوں کی طعن و تشنیع سنی اور اپنے مقصد کا اعلان صاف الفاظ میں کرگئے۔ مگر ان کی امت کا یہ حال ہے جو اخبار الفضل کے مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہے۔ تو کیا اس پر یہ کہنا بے جا ہے ؎

کوئی بھی کام مسیحا تیرا پورا نہ ہوا
نامرادی میں ہوا ہے تیرا آنا جانا

فرمادیتے کہ بغیر شریعت کے آنحضرت کی اتباع میں نبوت جاری ہے تو مسیلمہ وغیرہ بھی دعویٰ کرتے کہ ہماری نبوت اتباع والی اور غیر تشریعی ہے۔ پھر سوچو کہ اسلام کو کس قدر نقصان پہنچتا"

معمار اس تحریر میں جس چیلنج آمیز انداز بیان کو جناب سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا گیا ہے وہ قابل شرم ہے۔ پھر جس لفظ "مبشرات" کو اس بجھارت کی کنجی بتایا گیا ہے وہ خود محتاج تفسیر ہے۔ ہم سابقاً بدلائل واضحہ ثابت کر آئے ہیں کہ لفظ مبشرات سے نبوت نکالنا سراسر غلط ہے۔ پھر اس خام بنیاد پر خلیفہ صاحب کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ بہتان باندھنا کہ حضور نے نبوت ایسے ایمانی و اعتقادی مسئلہ کو بھول بھلیوں کی صورت میں مشتبہ کردیا اور ایسا کرتے ہوئے آپ نے گویا بلغ ما انزل الیك من ربك فان لم تفعل فما بلغت رسالة کی بھی پرواہ نہ کی۔ آنحضرت کی رسالت پر گستاخانہ حملہ اور نہایت ہی قابل شرم فعل ہے۔

خلیفہ صاحب کی یہ تحریف اتنی بودی ہے کہ مرزا غلام احمد جیسے منکر ختم نبوت اور مشاق محرف کو بھی نہیں سوجھی اور سچ تو یہ ہے کہ ایسی بات ان کے ذہن میں آ بھی نہیں سکتی تھی وہ خود ایک مدعی نبوت تھے لہذا ان کی غیرت یہ گوارا ہی نہیں کرسکتی تھی کہ کسی نبی سے اس قسم کی حرکت سرزد ہوسکے کہ وہ ایمانیات کے مسائل کو بھی بجھارتوں کے رنگ میں ناقابل فہم بنادے۔ بلکہ مرزا صاحب نے اس بارے میں اپنا عقیدہ کتاب کرامات الصادقین" صلا پر یہ لکھا ہے کہ

"قرآن کی وہ تعلیم جو مدار ایمان ہے وہ عام فہم ہے جس کو ایک کافر بھی سمجھ سکتا ہے اور ایسی نہیں کہ کسی پڑھنے والے سے مخفی رہ سکے۔ اگر وہ عام فہم نہ ہوتی تو کارخانہ تبلیغ ناقص رہ جاتا"

حاصل یہ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت یہ گمان کرنا کہ آپ نے کسی مسئلہ کو عمداً پوشیدہ رکھا تھا سراسر گمراہی ہے؛ آپ نے تو اپنی تبلیغ کو بیان تک

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(گذشتہ سے پیوستہ)

(از قلم منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

خلیفہ صاحب کا رسالت محمدیہ پر حملہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرائض نبوت میں سے جن کی ادائیگی کے بغیر آپ رسول کہلانے کے حقدار ہی نہیں ہیں ایک یہ اہم فریضہ بھی ہے کہ آپ امور اعتقادیہ و احکام شرعیہ کی پوری طرح وضاحت کرکے لوگوں کے ذہن نشین کرادیں۔ چنانچہ آیات لتبین للناس ما نزل الیھم۔ لتحکم بین الناس بما اراك اللہ یعلمھم الکتاب والحکمة میں یہی ارشاد فرمایا گیا ہے۔ اگر آنحضرت صلعم اس فرض کو ادا نہ کرتے تو خدا فرماتا ہے فما بلغت رسالة تو نے نبوت کی تبلیغ ہی نہیں کی۔ بخلاف اس کے خلیفہ صاحب قادیانی اپنی خود ساختہ نبوت کو ثابت کرنے کے لئے ایڑی سے لے کر چوٹی تک کا زور اس بات پر صرف کررہے ہیں کہ آنحضرت صلعم نے بعض ایمانی و اعتقادی مسئلوں کو امت سے مخفی رکھا۔ معاذ اللہ! ثم معاذ اللہ!!

چنانچہ خلیفہ صاحب رقمطراز ہیں:۔

"میری ایک بیوی نے سوال کیا کہ آپ نے بتایا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا۔ میرے بعد رسالت اور نبوت منقطع ہوگئی۔ (پھر) آپ نے فرمایا مبشرات جاری ہیں اور مبشرات سے مراد نبوت ہے جب مبشرات سے مراد نبوت ہے تو آنحضرت نے یہ کیوں فرمایا کہ نبوت ختم ہوگئی۔ کہنا (تو) یہ چاہیئے تھا کہ نبوت جاری ہے؟ اسکے جواب میں یاد رکھنا چاہیئے کہ حکیم لوگ مقتضائے وقت کے مطابق بات کرتے ہیں پہلے جتنے نبی تھے وہ سب براہ راست نبی ہوتے تھے چونکہ (صحابہ کے وقت) نبوت کا مفہوم یہی تھا اس لئے آنے والے کا خیال پیدا ہوتے ہی ذہن اسی طرف جاتا تھا (حالانکہ آنے والا نبی امتی نبی تھا) چونکہ اس مضمون کے نیا ہونے کی وجہ سے خطرہ تھا کہ لوگ دھوکا کھا جائینگے۔ اس لئے آنحضرت نے اس بات پر زور دینا ضروری سمجھا کہ جس قسم کی نبوت وہ سمجھتے تھے وہ بند ہوگئی۔ اگر آپ زور نہ دیتے تو آپ کے بعد اسود عنسی وغیرہ یہ کہہ کر کہ تم میں نبی آسکتے ہیں لوگوں کو دھوکہ دیتے۔ اب یہ شبہ باقی ہے کہ اس (نبوت) کا بھی انکار کیا گیا ہے جو جاری ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ نہیں۔ ہاں مخفی رکھا گیا ہے۔ چنانچہ فرمایا لکن المبشرات تا جس نے فائدہ اٹھانا ہے اسی کا ذہن ادھر جائے دوسرے کا نہ جائے اور جب تک وہ نبی نہ آئے جو ان الفاظ کا مصداق ہے تب تک تو فیصلہ رہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود نے کھول کر بتلا دیا کہ ان احادیث کا کیا مطلب ہے اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صاف الفاظ میں یہ

الہامی وحل۔ مرزا صاحب قادیانی کی الہام سازی (۳۳۸) کی کیفیت۔ قیمت ۲، ۔ مینجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

عمل ظاہر کیا ہے کہ فمن اراد ان یفرق امر ھذہ الامت وھو جمیع فاضربوہ بالسیف کائنا من کان (مسلم) یعنی جو شخص اس امت کے اتفاقی مسئلہ (مثل ختم نبوت وغیرہ) میں افتراق پیدا کرنے کی کوشش کرے اسے خارج الارض کردو۔

چہ جائیکہ آنحضرت خود ہی کسی مسئلہ پر زور دیکر امت کو اس پر سختی سے متفق کریں پھر آپ ہی اسمیں رخنہ اندازی کی۔ نہ صرف یہ کہ گنجائش ہی رکھیں بلکہ ساڑھے تیرہ سو برس بعد پیدا ہونے والے ایک شخص کے لئے اس اجماعی مسئلہ میں افتراق پیدا کرنا لازمہ ایمان قرار دیں شان النبی اعظم من ذلک

خلیفہ قادیانی کی تحریف اس وجہ سے بھی باطل ہے کہ جس دین میں اس قسم کی مخفیات ہوں جنکی تبلیغ ایک آنے والے نبی کی ذات سے وابستہ ہو۔ وہ دین کامل کہلانے کا مستحق ہی نہیں ہے۔ چنانچہ مرزا صاحب نے بھی اسے تسلیم کیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ وہ راقم ہیں:-

"عیسیٰ صرف توریت کے وارث تھے۔ جس کی تعلیم ناقص ہے۔ اسی وجہ سے انجیل میں ان کو وہ باتیں بیان کرنا پڑیں جو توریت میں مخفی اور مستور تھیں۔ لیکن قرآن شریف سے ہم کوئی امر زیادہ بیان نہیں کرسکتے کیونکہ اس کی تعلیم اتم اور اکمل ہے اور وہ توریت کی طرح کسی انجیل کا محتاج نہیں۔"

(تحریر مرزا بجواب منشی برہان الحق)

یہ بیان بلند آواز سے اعلان کر رہا ہے کہ میاں محمود کا قول یکسر غلط اور خلاف قرآن ہے۔

میاں محمود صاحب کا یہ لکھنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر قسم کی نبوت کے بند ہونے کا عقیدہ صرف اس لئے رائج کیا تھا کہ مسیح موعود کی آمد تک تو بوجہ عقیدہ ختم نبوت امت مدعیان نبوت کے فتنہ سے محفوظ رہے اور جب مسیح موعود آجائیگا تو وہ خود اس راز کے چہرہ سے پردہ اٹھائیگا۔

اس وجہ سے بھی جھوٹ ہے کہ مرزا صاحب نے اس راز کو کھولنا تو درکنار خود نہیں سمجھا۔ ان کا تحریری بیان موجود ہے کہ:

"مبشرات" سے مراد صرف جزوی نبوت ہے جو محدثیت کے درجہ تک منتہی ہے:

(توضیح المرام صفحہ ط ۲)

بلکہ اور موقع پر تو مرزا جی نے مبشرات کو یہاں تک وسیع کیا ہے کہ جملہ کفار وزانی اشخاص کو بھی اس میں شریک کردیا۔ (اخبار الحکم ۲۴ مئی ۱۹۰۳ء)

پس خلیفہ صاحب نے حدیث لکن المبشرات کے اندر نبوت کا مخفی ہونا ظاہر کرکے نہ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بلکہ مرزا غلام احمد پر صریح افترا باندھا ہے۔

تائید الٰہی خلیفہ قادیانی نے تو حدیث مبشرات سے نبوت ثابت کرنی چاہی تھی جو ہو نہ سکی۔ ہاں اللہ تعالیٰ جس کا قانون ہے کہ وہ بعض اوقات جھوٹوں کو خود ہی کے ہاتھوں سے ذلیل کرا دیتا ہے۔ اس مضمون میں خود خلیفہ صاحب قادیانی کے ہاتھ سے یہ تحریر کروا دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو یہی تلقین کی تھی اور بار بار کی تھی کہ میرے بعد کسی قسم کی بھی نبوت باقی نہیں۔ اور امت بھی اسی پر متفق تھی۔ اس قول محمود کا نتیجہ یہ ہے کہ مرزائی لوگ جس قدر آیات یا احادیث یا اقوال بزرگان سلف۔ مسئلہ اجراء نبوت کے ثبوت میں پیش کرتے ہیں وہ سب کے سب اس مضمون سے یکسر خالی ہیں۔ کیونکہ میاں محمود احمد صاحب خود لکھتے ہیں کہ اجراء نبوت کا مسئلہ ایک راز تھا جسے امت میں سے کوئی شخص نہیں سمجھا۔

مرزائیو! کیا کہتے ہو؟ ولنعم ما قیل

"پاپی کے مارنے کو یہاں پاپ بلی ہے۔"

(باقی)

بریلوی مشن

نذیر کی ندا بجواب فقیر کی صدا

(مرقومہ مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری)

پیر جماعت علی شاہ صاحب کے بیٹے حافظ حیدر حسین صاحب کی طرف سے "انوار الصوفیہ" میں صدائے فقیر کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا تھا۔ جس میں قبروں پر پھول ڈالنا اور اچھاڑ چڑھانا وغیرہ امور کو جائز ثابت کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ مولوی عبد اللہ صاحب ثانی اس کا جواب لکھ رہے ہیں۔ جس کی پہلی قسط ۱۰۔ فروری سنہ رواں میں درج ہوئی اس کے بعد کوٹلوی احباب کا مضمون درج کیا گیا آج صدائے فقیر کے جواب کی دوسری قسط ہے ناظرین بنظر انصاف پڑھیں اور فائدہ اٹھائیں۔ (مدیر)

قبر پر چادر ڈالنا

اس مسئلہ کے ثبوت میں آپ نے کوئی آیت یا حدیث یا قول امام پیش نہیں کیا۔ صرف ایک عبارت رد المحتار سے نقل کی ہے۔ جو یہ ہے:-

"کرہ بعض الفقہا وضع الستور والعمائم والثیاب علی قبور الصالحین والاولیاء قال فی فتاوی الحجۃ وتکرہ الستور علی القبور ولکن نحن نقول الاٰن اذا قصد بہ التعظیم فی عیون العامۃ حتی لا یحتقروا صاحب القبر ولجلب الخشوع والادب للغافلین الزائرین فھو جائز لان الاعمال بالنیات" (انوار الصوفیہ جولائی ۱۹۳۸ء)

اس عبارت سے صاف ثابت ہے کہ فقہاء متقدمین قبروں پر اچھاڑ وغیرہ چڑھانے کو مکروہ (ناجائز) خیال فرماتے تھے۔ صرف صاحب رد المحتار کا خیال ہے کہ ہم اس کو اس لئے جائز کہتے ہیں کہ لوگ صاحب قبر کو حقیر نہ جانیں اور ان کی عزت کریں۔

مگر موصوف کی یہ رائے ہرگز ہرگز قابل قبول نہیں۔ اس کی مثال تو بالکل اس طرح ہے جیسے کوئی شخص ڈاڑھی منڈانے والا یوں کہہ دے کہ ڈاڑھی

اثبات التوحید۔ اہل بدعت کی تردید میں ایک مشہور کتاب (۳۴۹) ... قیمت ... (منیجر)

مُنڈانا تو مکروہ ہے مگر میں اس لئے منڈاتا ہوں کہ لوگ ڈاڑھی والوں کی ناقدری اور ڈاڑھی منڈے کی قدر کرتے ہیں،

جیسے یہ فعل اس مصلحت کی بناپر درست نہیں ویسے ہی صاحب ردالمحتار کا قول مذکور بھی صحیح نہیں اس کے علاوہ فقہاء متاخرین کا فتویٰ سنئے!

فی نصاب الاحتساب وتسجیة القبر غیر مشروع اصلاً فی حق الرجال وبعد تسویة اللبن فی حق النساء ومر علیٌ بقبر رجل قد سجی فنہا وھکذا فی فتاوی مطالب المؤمنین۔

(مأۃ مسائل ص۳۹)

قبروں کو ڈھانکنا یعنی غلاف ڈالنا مردوں کے حق میں بالکل غیر مشروع (ناجائز) ہے اور عورتوں کی قبروں پر لحد کی اینٹیں لگادینے کے بعد (مکروہ ہے)

حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک قبر پر سے گزرے جس کو ڈھانپا گیا تھا تو آپ نے منع فرمادیا تھا

مدد طلب کرنا

اس عنوان میں صاحبزادہ صاحب نے غیراللہ سے استمداد کو جائز قرار دیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:۔

متقبولان بارگاہ الہٰی سے مدد طلب کرنا اور انہیں بارگاہ حق میں حصول مراد کے لئے ذریعہ بنانا بے شبہ جائز ہے،،

(انوار الصوفیہ بابت جولائی ۳۸ء)

ہمارے برادر نے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول اپنے دعویٰ کے ثبوت میں پیش کیا ہے۔ مگر آپ نے شاہ صاحب موصوف کو پیش کرنے میں سخت غلطی کھائی ہے اور ان کا قول سمجھنے میں بھی شدید ٹھوکر کھائی ہے۔ کاش اگر آپ تفسیر عزیزی کی عبارت ماقبل یا بعد سے پوری پڑھ لیتے تو آپ کبھی اپنے دعوے کے اثبات میں اس کو پیش نہ کرتے۔

ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ شاہ صاحب موصوف کی وہ عبارت جو صاحبزادہ صاحب نے نقل کی ہے۔ ان کے دعویٰ کی مثبت نہیں بلکہ ان کے خلاف ہے اور شاہ صاحب کا ہرگز ہرگز یہ مطلب نہیں کہ مقبولان بارگاہ سے بعد از وفات کسی قسم کی مدد طلب کرنی جائز ہے۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ دنیوی امور دو قسم کے ہیں۔ ایک مبادی۔ دوسرے مقاصد۔ مبادی میں مخلوق سے استمداد جائز ہے مگر مقاصد میں نہیں۔ مثلاً مریض کے لئے دوا تجویز کرنا اور پلانا اور طبیب سے مشورہ لینا وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب مبادی ہیں۔ ان میں غیرخدا سے استمداد جائز ہے۔ مگر اس ساری کوشش سے اصل مقصود شفا ہے وہ کسی مخلوق کے ہاتھ میں نہیں۔ اسی لئے حضرت خلیل علیہ السلام نے کہا تھا:۔ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ٥ (جب میں بیمار ہوتا ہوں وہی خدا مجھے شفا بخشتا ہے) اسی لئے کسی پیر فقیر کو مخاطب کر کے شفا طلب کرنا یا اس سے اولاد مانگنا جائز نہیں ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رحہ نے تفسیر یہی قسم اعانت یا استعانت کی جائز لکھی ہے۔ چنانچہ اصل عبارت شاہ صاحب کی یہ ہے:۔

" باید فہمید کہ استعانت از غیر بوجہے کہ اعتماد غیر باشد واورا مظہر عون الہٰی نداند حرام است واگر التفات محض بجانب حق است واورا یکے از مظاہر عون الہٰی دانستہ وبکارخانہ اسباب وحکمت او تعالیٰ دراں نمودہ بغیر استعانت ظاہری نماید دور از عرفان نخواہد بود در شرع نیز جائز وروا است درانبیاء واولیاء ایں نوع استعانت بغیر کردہ اند ودرحقیقت ایں نوع استعانت بغیر نیست بلکہ استعانت بحضرت حق است لاغیر"

(تفسیر فتح العزیز ص۲)

سمجھنا چاہئے کہ غیر سے اس طرح مدد چاہنا کہ اسی پر بھروسہ ہو اور اس کو مدد الہٰی کا مظہر جانتا ہو حرام ہے۔ اور اگر توجہ صرف حضرت حق کی طرف ہے اور غیر کو مدد الہٰی کا مظہر جان کر اور اللہ تعالیٰ کے کارخانہ حکمت واسباب میں نظر کر کے غیر سے ظاہری مدد طلب کرے تو یہ عرفان سے دور نہیں ہے اور شریعت میں جائز ہے اور انبیاء اور اولیاء نے بھی غیر سے اسی طرح کی مدد طلب کی ہے۔ اور درحقیقت یہ استعانت غیر کے ساتھ نہیں بلکہ حضرت حق ہی کے ساتھ ہے "

ناظرین! اس عبارت سے صاف سمجھ میں آتا ہے کہ شاہ صاحب جس اعانت کا ذکر کر رہے ہیں وہ انبیاء بھی چاہا کرتے تھے۔ اگر یہ مقبولان بارگاہ سے استعانت ہے تو انبیاء کے بعد کون لوگ مقبول ہیں جن سے وہ مدد چاہا کرتے تھے۔ حالانکہ شاہ صاحب کی عبارت میں صاف الفاظ ہیں:۔

انبیاء واولیاء ایں نوع استعانت بغیر کردہ اند۔

(ترجمہ) انبیاء و اولیاء نے بھی غیر سے اسی طرح کی مدد طلب کی ہے۔

اب کیا صاحبزادہ صاحب بتا سکتے ہیں کہ انبیاء کس سے مدد طلب کرتے تھے۔ اور انبیاء میں سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم بھی شامل ہیں۔ آپ کس سے استمداد کرتے تھے اور جناب سے زیادہ مقبول کون ہے۔

انصاف انصاف!! صاحبزادہ صاحب! ازراہ انصاف تفسیر فتح العزیز کو دوبارہ غور سے پڑھیں تو آپ کو وہی بات نظر آئیگی جو ہم نے بیان کی ہے۔ (باقی)

اثبات التوحید

بجواب "انوار آفتاب صداقت"

قاضی فضل احمد صاحب لدھیانوی نے اپنی کتاب میں علمائے دیوبند، جماعت اہل حدیث اور اکابرین اہل حدیث پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔ اس کے جواب میں قریباً بتیس مختلف مسائل پر بحث کر کے قرآن و حدیث کے نصوص قطعیہ کی رو سے قاضی صاحب مذکور کے اعتراضات کو توڑ دیا ہے۔ قابل دید ہے قیمت صرف ۴ر منگوانے کا پتہ :۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

فیصلہ محمدی۔ قرآن، حدیث، اقوال صحابہ وائمہ سے (۲۴۰) ... کی تردید ... قیمت ۱۲ر (منیجر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

شیعی عبادت
صرف قرآنی روشنی میں

(از ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی)

شیعی عبادت کس ذوق پر مبنی ہے؟ یہ بجائے خود محل نظر ہے اور اس ذوق کی پاداش میں شیعہ جماعت شروع سے لے کر اب تک یہود کی طرح خدائی نعمتوں تمکین فی الارض سے کس بری طرح محروم رہی۔ حتیٰ کہ حضرت ابو الائمہ تک بھی ایک ساعت کے لئے خلافتِ سیاست پر تمکین حاصل نہ فرما سکے۔ مگر یہ موقعہ اس تفصیل کا بھی نہیں۔

بلکہ مقصود یہ ہے کہ شیعی حضرات نے "ظالمین" کے فرضی عنوان سے لعنت[1] کی جو رچنا رچا رکھی ہے۔ اس کا مبنیٰ احکام قرآنی ہیں یا اختراع طبعی؟

قرآن مجید میں لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ قسم کی آئتیں تو ضرور ہیں مگر کوئی ایک آیت بھی ایک دوسرے پر لعنت برسانے کے لئے حکم کے طور پر نہیں آئی۔ جس آئت سے لعنت کا برملا استدلال کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے:-

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ

تو کیا اگر اخفائے ما انزل اللہ کرنے والوں پر لعنت بازی نہ کی جائے تو ایمان کی خیر نہیں؟ واقعہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں ایسی آیات احکام میں داخل نہیں کہ ان کی وجہ سے لعنت کو ہم شغلِ دین سمجھ کر ایک دوسرے کو اس کا مورد بناتے رہیں۔ ورنہ قرآن مجید میں یہ آئت بھی تو ہے کہ

اَللّٰهُ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ

اللہ العالمین نے چوپائے جو پیدا کئے تو ان میں سے بعض تمہاری سواری کے کام آتے ہیں اور بعض کھانے کے۔

کیا اس سے یہ لازم آتا ہے کہ ایک دوسرے پر لعنت برسانے کی طرح ہم چارپایوں کی پشت پر ضرور چڑھے پھریں۔ اور وقت بے وقت اور چاروناچار ہم بعض چارپایوں کا گوشت کھانا بھی واجب سمجھ لیں۔ حالانکہ آج تک اس آیت سے شیعی علمائے عظام نے اس وجوب کا استدلال نہیں فرمایا۔ پھر آیت لعنة اللہ علی الظالمین سے اعدائے اہل بیت پر لعنت کا استدلال کیونکر ہو سکتا ہے۔

قرآن مجید میں یہ آیات بھی ہیں کہ

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۙ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۙ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۭ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۙ

اور چارپائے بھی ہیں جو ہم نے تمہاری ضروریات کے لئے پیدا کئے۔

(۱) ان میں سے بعض میں تمہارے لئے گرمی کا سامان اور دوسری قسم کے منافع ہیں۔

(۲) ان چارپایوں میں تمہارے لئے یہ رونق بھی ہے کہ صبح و شام (دونوں وقت) جب وہ چرنے کے لئے جنگل کو جاتے اور شام کے وقت واپس لوٹتے ہیں تو کیسے بھلے معلوم ہوتے ہیں۔

(۳) ان چارپایوں پر تم باربرداری بھی کرتے ہو جسکو تم خود نباہ نہ سکتے تھے۔

(۴) انہی چوپایوں میں گھوڑے ہیں خچر ہیں اور گدھے ہیں۔ جن پر تم سوار ہو کر اپنی شان دکھا سکتے ہو تو کیا؟

(۱) اعدائے اہل بیت یا ظالمین پر لعنت کی بوچھاڑ کے ساتھ ساتھ اونی کپڑے پہننا بھی واجب ہے۔

(۲) اسی طرح شوقِ لعنت کی طرح ہر ایک مجتہد اور عالم کے لئے ایسا ریوڑ پالنا بھی لازم ہے؟ جو صبح کے وقت چرنے کے لئے جائے اور شام کے وقت گھر لوٹ کر طویلہ کی زینت بنے۔ تاکہ مومنین کی خوشی اور مسرت میں اضافہ ہو سکے۔

(۳) اسی طرح اہل بیت یا ظالمین پر وجوب لعنت کی طرح چارپایوں پر سواری کرنا بھی واجب ہے؟ اور یہ بھی فرض ہے؟ کہ شیعی حضرات بوقت ضرورت اپنا سامان لاریوں اور ٹرینوں پر لادنے کی بجائے چوپایوں کی پشتوں پر منتقل کرنا ضروری سمجھیں۔

(۴) اور اسی طرح وجوب لعنت کی طرح گھوڑے، خچر اور گدھے کی سواری بھی ہر ایک مجتہد اور عامی شیعہ کے لئے واجب ہے؟

مگر اس آئت سے اس قسم کے وجوب کا کوئی عالم قائل نہیں

شیعی لعنت کا عکس

ہم برملا کہتے ہیں کہ شیعی لعنت کا یہ شور و شین صرف اخیار اصحاب محمد (اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد وعلیٰ اصحاب محمد) سے نفرت اور علی و آل علی (علیہم السلام) کے ساتھ غلو محبت کے پروپاگنڈا کی غرض سے برپا کیا گیا۔ اور ان حضرات کا یہ مشغلہ عمل میں فرائض و مؤکدات سے اہم در اہم ہے (صفت بندہ سے نہ چھپائے گا) جو ہر حال و ہر قال میں معمول بہ ہو چکا ہے۔ ولیکن چونکہ مسئلہ لعنت کا ثبوت آئت زیر بحث سے کیا جاتا ہے۔ یعنی

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ

[1] اس سے مراد وہ لعنت ہے جو شیعہ حضرات بلاناغہ دین پر کہتے ہیں۔

تحفۂ مجددیہ - حضرت مجدد الف ثانی سرہندیؒ کے بعض (۳۴۱) مکتوبات کا اردو ترجمہ - قیمت ۸ر پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

(بیشک جنہوں نے خداوند عالم کی نازل کردہ بینات و ہدایات کو چھپایا۔ حالانکہ وہ تو ظاہر کرنے کی غرض سے ہم نے بھیجی تھیں۔ یہ لوگ ہیں جن پر خداوند عالم اور جملہ لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں)

محل نظر یہ ہے کہ جس طرح خلفائے ثلاثہ نے جناب امیر علیہ السلام سے متعلقہ نصوص خلافت کو چھپا کر خود ہی خلافت پر تسلط جما لیا۔ جس سے وہ ما انزلنا من البینٰت والھدٰی کے کاتم (چھپانے والے ہوئے) اور اولئك یلعنھم ...... کے مصداق قرار پائے تو اس اصول کے مطابق کہ

"جو شخص بھی ما انزلنا من البینٰت والھدٰی کے بعد کتمان حق کا مرتکب ہو وہ خداوند عالم اور جملہ لاعنین کی لعنت کا مستحق ہے"

ہمیں غور کرنا پڑیگا کہ کہیں جناب امیر علیہ السلام سے بھی تو کتمان نہیں ہوا۔ ؎

مشکل بہت پڑیگی مقابل کی چوٹ ہے
آئینہ دیکھیئے گا ذرا دیکھ بھال کے

تو ——— ؟

اگر ایک طرف شیعی حضرات آیت بلغ ما انزل الیك من ربك (تبلیغ حکم الٰہی کیجئے) وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ ربہ (اگر ایسا نہ کیا تو تبلیغ ناتمام رہ جائیگی) سے استدلال فرماتے ہیں وصیت امیر علیہ السلام کا۔ جس پر نص الیوم اکملت لکم ہے۔ ع لے آج میرے دین کی تکمیل ہو چکی

کیا جاتا ہے۔ اور ان دونوں آیتوں (۱) بلغ ما انزل الیك من ربك (۲) الیوم اکملت لکم دینکم کے اس (من مانے) ربط سے ثابت کیا جاتا ہے کہ اگر رسالتماب (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) خم غدیر پر امیرالمومنین کو اپنا وصی ظاہر نہ فرماتے۔ تو قصر رسالت مآب (محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) اپنے پیروں پر گر پڑتا اور دین ناقص رہ جاتا۔

ہاں صاحب! بے شک اگر رسالت کا کوئی حکم بھی ظاہر ہونے سے رہ جائے تو رسالت ناقص اور رسول رسول کاذب ہو کر رہ جاتا ہے۔ جیسا کہ موجودہ قادیانی رسالت کا انجام ہوا۔ جس کی نبوت کی نیا دریائے بیاس کے دھارے پر ہچکولے کھا رہی ہے۔ مگر الحمد للہ رسل میں سے کسی نے بھی ایسا نہیں کیا۔ آخر تو رسول ربانی تھے۔

یہ خیال بھی رہے کہ شیعی معتقدات میں خلافت کہیں افضل ہے رسالت سے۔ اسے بھی فراموش نہ کیجئے گا کہ کسی رسول نے کسی مرتبہ پر اپنے رسول ہونے کو پوشیدہ نہیں رکھا۔ بلکہ بعض اس منصب کے اظہار کے عوض میں ۹½ سو سال تک مورد ستم رہے۔ بعض آگ میں ڈالے گئے، بعض ملک بدر کئے گئے، بعض پھانسی پر لٹکائے گئے، بعض ہجرت کر کے اپنے مولد سے دور قیام فرما ہوئے۔ مگر کبھی اپنے منصب رسالت کو علیٰ رؤس الاشہاد ظاہر کرنے سے نہ رکے۔

پس اس سنت کے مطابق لازم آتا ہے کہ خلافت جو کہ رسالت سے بھی افضل ہے۔ اس کے اظہار و اعلان میں بھی تامل روا نہ رکھا جاتے۔ کیونکہ یہ تو بہت بڑی "بینہ" اور "ہدایت" ہے۔

سنیئے۔ حضرت الرسول روحی فداہ رحلت فرما ہوئے سقیفہ بنی ساعدہ میں (یار لوگ ہی سہی) مل بیٹھے۔ ابوبکرؓ کی خلافت مسلم ہو گئی۔ مگر حضرت (علی) نے سقیفہ میں کوئی پیغام نہیں بھیجا کہ سقیفہ والو! یہ کیا کتمان کر رہے ہو۔ خلیفہ رسول تو میں ہوں تجہیز و تکفین سے فارغ ہو کر بھی امیرالمومنین نے خود کو علیٰ رؤس الاشہاد خلیفہ رسول بنا کر اظہار "بینہ" نہیں کیا۔ بلکہ کچھ مدت بعد خلیفہ اول کی بیعت پر راضی ہو گئے۔ (علی طریق الشیعہ) کتنا بڑا کتمان حق ہے کہ حضرت علی نے منصب خلافت جیسی بینہ اور ہدایت جو کہ تمام ہدایتوں کا سرچشمہ ہے۔ نبوت جس کے سامنے لاشے۔ رسالت جس کے آگے طفل مکتب۔ یوں چھپا لیا۔

سوال یہ ہے کہ جس طرح خلفائے ثلاثہ بشمول دیگر رفقاء جناب امیرالمومنین کی نص خلافت کو چھپا کر لعنت کے مستحق قرار پا سکتے ہیں۔ کیا اسی طرح امیرالمومنین اپنی اس نص کو چھپا کر اسی لقب کے ...... بنیں

انحصار مطالب

(۱) شیعی حضرات لعنت کا ثبوت بصورت حکم قرآن مجید سے ثابت کریں۔

(۲) اگر ظلم یا کتمان بینہ کی وجہ سے کسی کو لعنت کا مورد قرار دیا جا سکتا ہے تو جناب امیر علیہ السلام جنہوں نے اپنی خلافت و وصایت کی بینہ کو (بقول شیعہ) چھپایا۔ ان کا کیا حکم ہے۔

ہمارا عقیدہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں سے ہر ایک کے متعلق ہمارا عقیدہ "رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ" سے ذرا بھی کم نہیں۔ خلفائے اربعہ (جن میں جناب امیر علیہ السلام کا چوتھا درجہ ہے) کے متعلق ہمارا یہ اعتقاد ہے کہ ؎

ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی بوبکر و عمر عثمان و علی
ہم مرتبہ ہیں یاران نبی کچھ فرق نہیں ان چاروں میں

خصوصاً جناب امیر علیہ السلام عشرہ مبشرہ سے تھے۔ جو ان پر لعنت کرے وہ خود لعنتی ہے۔ اسی طرح بقیہ عشرہ مبشرہ و دیگر اصحاب پر لعنت کا ثمرہ بھی برا ہے۔

اہلحدیث ابھی یہ مرحلہ باقی ہے کہ اصحاب نے کوئی فعل موجب لعنت کیا بھی تھا؟ خلافت اور فدک کا مسئلہ بجائے خود واضح ہے جس کے متعلق سنی شیعہ کی تصریحات کتب حدیث میں موجود ہیں۔

ہماری رائے جو محض دیانت پر مبنی ہے یہی ہے کہ جو واقعہ ہوا ہے یہی منظور خدا تھا اور بس۔ اس لئے ان میں سے کسی کو لعنت کا مستحق قرار دینا اپنے پر بڑی ذمہ داری لینا ہے۔ اللّٰھم الحقنا بالصالحین۔

خلافت محمدیہ۔ مصنفہ مولنا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب
اس رسالہ میں مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ کو ثابت کر کے قرآن مجید سے ان کے مومن اور متقی ہونے پر عالمانہ استدلال کیا گیا ہے اور مسئلہ باغ فدک پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ قابل دید ہے۔ کتابت، طباعت اور کاغذ اعلیٰ۔ قیمت صرف تین آنے۔ محصولڈاک علیحدہ۔
منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

خلافت و رسالت۔ مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ جاری (۳۵۲) روشنی میں جوابات ... قیمت ۱ر ...

رسا
مندرجہ
ہے۔ شا
ورنہ موجو
پر شامل
نام کتاب
کامل وا
کتاب الا
تبلیغ ا
عقائد ا
قال احمد
قال الرسو
سید البد
تحقیقات
پیارے نبی
محمدیہ پاک
حسن البیا
ہدایت الم
فلسفہ
تقسیم میرا
طبیب کا
تصانیف
توصیف
خطبہ عید
الحریت فی
دعوت عمل
نوٹ
نہیں سمجھا
ذمہ ہوگا
منیجر

ویدوں کے تراجم اور تفاسیر

(از قلم (پنڈت) مقصود حسن صاحب از جھانسی)

(۲۷- جنوری کے بعد)

"اہلحدیث" ۲۷- جنوری میں ویدوں کے متعلق دیگر دو کتب کا ذکر ہوا ہے۔ بقیہ آج ملاحظہ فرمائیں:-

ویدک انڈکس۔ Vedic Index of names and subject.

یہ کتاب چھوٹی تقطیع کی دو ضخیم جلدوں میں چھپی ہے۔ اس میں مسٹر اے۔ اے۔ مکڈانل اور پروفیسر اے۔ بی۔ کیتھ نے وید میں آئے ہوئے ناموں اور مضامین دیئے ہیں اور ہر ایک پر مختصر مقالہ لکھا ہے نہائت کار آمد کتاب ہے۔

ویدک وان مے کا اتہاس वैदिक वाङ्मय का इतिहास

یہ کتاب کئی چھوٹی جلدوں میں پنڈت بھگوت دت بی۔ اے پروفیسر دیانند کالج لاہور نے لکھی ہے۔ اس کے حصہ اول جلد اول میں ویدوں کی مختلف شاکھاؤں کا بیان ہے۔ حصہ اول جلد دوم میں وید کی تمام تفسیروں کا ذکر اور مفسرین کے زمانوں کی تحقیق ہے۔ حصہ دوم میں ویدوں کے متعلق تمام برہمن گرنتھوں اور ... ن یکوں کی تفصیل ہے۔

ہسٹری آف سنسکرت لٹریچر A History of Sanskrit Literature

یہ کتاب مسٹر اے۔ مکڈانل کی تصنیف ہے۔ مضمون نام سے ظاہر ہے۔ ۱۹۲۸ء میں لندن میں چھپی ہے۔

سینٹ پیٹرس برگ لیکسی کن St. Petersburg Lexicon

سنسکرت کا یہ مبسوط لغت جرمنی زبان میں سات جلدوں میں دس ہزار صفحات پر ۱۸۵۵ء و ۱۸۷۵ء کے درمیان میں چھپا ہے۔ اس کے ویدک حصہ کے مصنف پروفیسر راتھ Roth ہیں۔ اس لغت کی قیمت ایک ہزار روپیہ ہے۔

نگھنٹو و نرکت۔ یہ قدیم کتابیں یاسک منی کی تصنیف ہیں۔ ان میں ویدوں کے ان الفاظ کی تشریح ہے جو مصنف کے زمانہ میں مشکل اور تشریح طلب سمجھے جاتے تھے۔ نگھنٹو متن ہے۔ نرکت میں اسکی شرح ہے۔ ان کتابوں کے متعدد ہندی ترجمے ہو چکے ہیں۔ ایک ترجمہ دیانند کالج لاہور کے پروفیسر راجہ رام نے بھی کیا ہے۔ انگریزی میں بھی ان کا ترجمہ اب آکسفورڈ میں چھپ گیا ہے۔ مترجم ڈاکٹر لچھمن سروپ ہیں۔ سوامی دیانند کا قول ہے کہ ویدوں کا ترجمہ نرکت ہی کی امداد سے اسی کے اصول پر کرنا چاہئے۔ اس کے خلاف جو ترجمہ ہوگا غلط ہوگا۔

سروانوکرمنی सर्वानुक्रमणी

یعنی وید منتروں کی رشیوں، دیوتاؤں اور چھندوں کے نام کی فہرستیں۔ جو شونک اور کاتیاین وغیرہ قدیم رشی منیوں کی تصنیف ہیں۔ پروفیسر میکس مولر نے جو ساین اچاریہ کی تفسیر رگ وید شائع کی تھی اوس میں کاتیاین کی سروانوکرم کا انگریزی خلاصہ بطور ضمیمہ کے آخر میں دیدیا ہے۔ شونک رشی کی سروانوکرمنی کے علاوہ برہد دیوتا۔ رگ وید پرتی شاکھیہ۔ اور رگ ودھان بھی مشہور ہیں۔ برہد دیوتا کا انگریزی ترجمہ پروفیسر اے۔ اے۔ مکڈانل نے کیا ہے۔ جو ہارورڈ سلسلہ کی چھٹی جلد میں شائع ہوا ہے۔ پرتی شاکھیہ کا انگریزی ترجمہ الہ آباد کے مہا مہوپادھیا ڈاکٹر گنگا ناتھ جھا کر رہے ہیں۔

اوریجنل سنسکرت ٹکسٹس Original Sanskrit Texts.

یہ اعلیٰ درجہ کی کتاب ڈاکٹر جے میور صاحب کی تصنیف ہے۔ اس کی پانچ جلدوں میں مختلف مضامین پر سنسکرت کتابوں خصوصًا ویدوں اور علی الخصوص رگ وید کی عبارتیں پہلے سنسکرت زبان میں ہندسی حرفوں میں دی ہیں اور پھر انکا انگریزی ترجمہ دیا گیا ہے۔

اس کتاب کی پہلی جلد میں کائنات کے آغاز اور ذات پات کے امتیازات کا ذکر ہے۔ دوسری جلد میں سنسکرت زبان کی تحقیق اور ویدوں کے جغرافیہ وغیرہ کا بیان ہے۔ تیسری جلد میں ویدوں کی حقیقت اور اصلیت اور ان کے متعلق مختلف طبقہ کے ہندو بزرگوں کا خیال اور رشیوں وغیرہ کا ذکر ہے۔

چوتھی جلد میں پہلے وید کے ان دیوتاؤں کا ذکر ہے۔ جن کی تعریف میں ویدک رشی توحید کے قریب تک پہنچ گئے ہیں۔ یعنی برہما۔ وشوکرمن (یعنی ہمہ کارکن) ہرنیہ گربھ (یعنی شکم زر یا مخزن نور) اور پرجاپتی (یعنی رب الخلائق) کا ذکر ہے۔ پھر ایک فصل میں وشنو (یا بشن) دیوتا کا بیان ہے۔ اور آخر میں رودر دیوتا یعنی مہا دیو کا اور نیز امبکا دیبی کا ذکر ہے۔ پانچویں جلد میں عام ویدک دیوتاؤں یعنی اندر۔ اگنی سوم۔ مترا۔ ورون۔ مروت۔ پوشن۔ اشوین۔ اوشا۔ یم وغیرہ وغیرہ کا تذکرہ ہے۔ یہ پانچویں جلد ایک اعتبار سے رگ وید کا خلاصہ ہے۔

ویدک گاڈس Vedic Gods.

مصنفہ ڈاکٹر ریلے صاحب جو ۱۹۳۱ء میں چھپی ہے ویدک دیوتاؤں کے بیان میں یہ تازہ ترین کتاب ہے۔ اس کتاب میں ڈاکٹر صاحب نے یہ نئی تھیوری پیش کی ہے کہ ویدک دنیا درحقیقت انسانی جسم ہی ہے اور ویدک دیوتا ہمارے جسم کے اندرونی اعضاء اور اعصاب ہیں۔ جن اصحاب کو اس نئی دریافت سے دلچسپی ہو وہ کتاب کو مصنف صاحب ڈاکٹر V. G. Rele سے پر یکھ اسٹریٹ گرگام (بمبئی) کے پتہ سے طلب فرمائیں۔

(باقی آئندہ)

حق پرکاش۔ بجواب ستیارتھ پرکاش۔ قیمت ۱۲؍ (علاوہ محصول)

ahmadimuslim.de

حمائت فی الاسلام اور فرائض علماء کرام

(قسط نمبر ۲)

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا واقعہ حمیت اسلام کی ایک شاندار مثال ہے۔ جب خلیفہ ثالث کی محصوری مجبوری کے درجہ کو پہنچ گئی اور محاصرین کسی طرح راہ پر نہ آئے تو مغیرہ بن شعبہ حضرت عثمان کے پاس آئے اور کہا کہ آپ حق پر ہیں اور مخالفین خلاف پر ہیں مسلمانوں کا جرار لشکر آپ کے زیر فرمان ہے۔ حکم دیجئے کہ یہ لوگ بہ جبر مدینہ سے نکال دیئے جائیں۔ تو جواب میں فرمایا کہ مغیرہ یہ سب سچ ہے لیکن عثمان اپنے نام پر بدنامی کا داغ نہیں لگائیگا کہ عثمان پہلا وہ شخص ہے جس نے امت محمدیہ کا خون مدینۃ النبی میں بہایا۔ چنانچہ اخیر تک صبر و سکون کے ساتھ دولت خانہ میں بیٹھے رہے۔ یہاں تک کہ اعداء نے عین تلاوت کلام پاک کی حالت میں سر کاٹ دیا۔ اناللہ!

برادران! اسلام کے معنے ہیں سر نہادن۔ کیا سر نہادن کی مثال اس سے بڑھ کر کوئی ہوسکتی ہے۔

حضرت شیر خدا کے نام کے ساتھ جو جملہ دعائیہ مخصوص ہے وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہے۔ آپ نے سنا کہ اس پاک چہرہ پر کیا گزری۔ جو کہ خون سے رنگین ہؤا۔ جو پیشانی سجدۂ اخلاص کے اثر سے پُر نور تھی وہ خنجر کی نذر ہوئی۔ اناللہ!

اب باغ رسالت کے نونہالوں کو لیجئے۔ حضرت امام حسن نے جب دیکھا کہ جب سرگروہوں کے اختلاف سے امت رسول تباہ ہوئی جاتی ہے تو آپ دعوے خلافت سے برضاء و خوشی دست بردار ہو گئے۔ کیا کوئی ایسی مثال کسی قوم و ملت کی تاریخ میں ہے۔ وہ کونسا مسلمان ہے جس کے دل میں واقعہ کربلا کا عبرت خیز مرقع نقش نہ ہو وہ کیوں ظہور میں آیا۔ صرف اس لئے کہ رسالت کے نور نظر نے اس ہاتھ میں ہاتھ دینا گوارا نہیں فرمایا جو پابندیٔ اسلام سے دستبردار ہو رہا تھا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ خلافت راشدہ کا دور ختم ہؤا تو خدمت خلافت کے دو حصے ہو گئے۔ ملکداری خلفاء کے حصہ میں گئی اور حفاظت ملت علماء کرام کا منصب ٹھیرا۔ پس خلافت راشدہ کے بعد اصل حمائت اسلام طبقہ علماء میں تلاش کرنی چاہئے۔

اس عہد کے علماء کو مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ جبار اور خونریز خلفاء کو جو نشہ حکومت میں سرشار ہو رہے تھے قابو میں رکھنا اور ان کو یہ سمجھانا تھا کہ ان کی مرضی قانون و آئین نہیں بن سکتی ان کو بھی احکم الحاکمین کے حکم کی تعمیل کرنی چاہئے اور قانون اسلام آن پر بھی ایسا ہی نافذ ہے جیسا کہ ایک بیکس بڑھیا پر۔ یہ سچ ہے کہ علماء کرام ان بیباک قوتوں کو کماحقہ قابو میں نہیں رکھ سکے۔ تاہم وہ ادائے فرض سے کبھی قاصر نہیں رہے۔

ان علماء کی جرأت کا اندازہ اس پر اس عہدہ میں نہ کر ہے۔ ہم ساکنان ہندوستان سمجھ ہی نہیں سکتے کہ قہار اور مطلق العنانی کیسی مہیب بلا ہے۔ جو سلطنتیں اس عہدہ میں جابر ہیں وہ بھی حجاج و منصور کی جبروت و قہاری کی جھلک ایک نہیں دکھا سکتیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے حجاج کو اس کے ظلم اور بے باکی پر علانیہ حرم مکہ میں برسر منبر امامت کی اور اس کے صلہ میں زہر آلود برچھی کا زخم لیکر جنت کو سدھارے۔ حضرت سعید ابن جبیر نے قتل کے وقت جو گفتگو حجاج سے کی وہ کتب تواریخ میں محفوظ ہے۔ اسکو پڑھو اور دیکھو کہ ان کی قلب کی طمانیت کے سامنے حجاج جیسے بے رحم سفاک کا رعب اور جبروت ہیچ تھا۔ امام اعمش کے پاس ہشام خلیفہ دمشق نے شقہ بھیجا کہ عثمان کی خوبیاں اور علی کی برائیاں لکھ کر بھیج دو۔ امام ممدوح نے شقہ کو چاک کر کے قاصد کے سامنے بکری کو کھلا دیا اور جواب میں یہ مضمون لکھ کر بھیج دیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اے امیر المؤمنین! اگر عثمان میں جہان کی خوبیاں تھیں تو تجھ کو مفید نہیں اور اگر علی میں دنیا بھر کی برائیاں تھیں تو تجھ کو مضر نہیں لہذا تجھ کو خود اپنے نفس کی فکر کرنی چاہئے۔ زیادہ والسلام۔

ایک بار امام مالک اور امام ابن طاؤس سے خلیفہ منصور کے حضور میں تشریف رکھتے تھے۔ خلیفہ نے ابن طاؤس سے کہا کہ کوئی حدیث اپنے والد کی روایت کردہ سناؤ تو انہوں نے حدیث انتخاب کر کے سنائی حدثنی ان اشد الناس عذابا یوم القیامۃ رجل اشرکہ اللہ تعالیٰ فی سلطانیۃ فادخل علیہ الجور۔ یعنی میرے والد نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی تھی کہ قیامت کے دن سب سے بڑھ کر عذاب اس شخص کو ہوگا جس کو خدا اپنی حلومت میں شریک فرمائے اور وہ ظلم پر کمر باندھ لے۔

اللہ اکبر! منصور جیسے قہار فرمانروا کے سامنے اور یہ جرأت۔ امام مالک کو یقین ہو گیا کہ اب ابن طاؤس کا سر اڑتا ہے۔ انہوں نے خون کی چھینٹوں سے بچنے کو اپنے دامن سمیٹ لئے۔ خلیفہ فرط غضب سے مبہوت ہو گیا۔ لیکن ابن طاؤس کے قلب پر اس سارے سین کا کچھ بھی اثر نہ ہؤا اور وہ باطمینان بیٹھے رہے خلیفہ نے دیر کے بعد طبیعت کو قابو میں کر کے ایک اور سوال کیا۔ جس کے جواب میں پہلے سے بھی زیادہ جرأت انہوں نے دکھائی۔ آخر منصور نے جھنجلا کر کہا تو مّا عنی۔ دونوں میرے پاس سے اُٹھ جاؤ۔ ابن طاؤس نے کہا ذالک ما کنا نبغی۔ یعنی ہم یہی چاہتے تھے اور یہ کہہ کر چلے آئے۔

مقتدائے آفاق ائمہ اربعہ میں سے صرف ایک امام شافعی ایسے تھے جو جسمانی سزا سے محفوظ رہے۔ ورنہ اور سب کو درون سے سابقہ پڑا۔ امام اعظم کو درون کے ساتھ جیلخانہ بھی جانا پڑا۔ امام اوزاعی نے برسر دربار خلیفہ سفاح کے چچہ ابن علی والیٔ شام کو بنی امیہ کے قتل پر ملامت کی اور کہا کہ ان کا قتل کرنا خلاف سنت ہے۔ حضرت سفیان ثوری نے خلیفہ مہدی کو بیت المال کا روپیہ فضول اڑانے پر سرزنش کی۔ ابن خطیب رومی نے سلیم جیسے مہیب سلطان کے روبرو صاف

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

س ۸۳ } (۱) جب حافظ عبداللہ فوت ہوگئے تو ان کے دو لڑکے حافظ محمد الدین و محمد سلیم اور ایک لڑکی بختاور زندہ تھے۔ (۲) پھر محمد سلیم فوت ہوگیا تو اس کا ایک لڑکا محمد یعقوب اور ایک لڑکی اللہ رکھی رہ گئے۔ (۳) پھر حافظ محمد الدین فوت ہوگیا تو اس کی بیوہ ہندہ اور دو لڑکیاں غلام فاطمہ اور بی بی اور ایک بہن بختاور زندہ رہے۔ (۴) پھر حافظ محمد الدین کی بیوہ ہندہ فوت ہوگئی تو اس کے بعد غلام فاطمہ اور بی بی رہی (۵) پھر بی بی فوت ہوگئی تو اس کے بعد اسکی ہمشیرہ فاطمہ و بی بی کا خاوند عمرالدین رہ گئے۔ ان کے حصص شرعی کس طرح تقسیم ہونگے؟ (ایک سائل)

ج ۸۳ } صورت مسئولہ میں تقسیم اس طرح ہوگی۔

مسئلہ ۵ / ۱۵ / ۱۸۰ / ۳۶۰

المسئلہ ــــ حافظ محمد عبداللہ

ابن	ابن	بنت
حافظ محمد دین	محمد سلیم	بختاور
۲	۲	۱ / ۳ / ۳۶ / ۷۲

المسئلہ ۳ ــــ مصہ ۲ محمد سلیم

ابن	بنت
محمد یعقوب	اللہ رکھی
۲ / ۴ / ۴۸ / ۹۶	۱ / ۲ / ۲۴ / ۴۸

المسئلہ ۲۴ ــــ مصہ ۱ حافظ محمد دین

زوجہ	بنت	بنت	اخت
ہندہ	غلام فاطمہ	بی بی	بختاور
۳ / ۹ / ۱۸	۸ / ۲۴ / ۴۸	۸ / ۲۴	۵ / ۱۵ / ۳۰

المسئلہ ۲ ــــ مصہ ۲۴ بی بی

خاوند	اخت
عمرالدین	غلام فاطمہ
۱ / ۲۴	۱ / ۲۴

الاحیاء ــــــ ــــــ

بختاور	محمد یعقوب	اللہ رکھی	ہندہ	غلام فاطمہ	عمرالدین
۱۰۲	۹۶	۴۸	۱۸	۷۲	۲۴

کل حصص تین سو ساٹھ میں سے ۱۰۲ بختاور کو۔ ۹۶ محمد یعقوب کو ۴۸ اللہ رکھی کو ۱۸ ہندہ کو ۷۲ غلام فاطمہ کو ۲۴ عمرالدین کو ملیں گے۔ اللہ اعلم وعلمہ اتم! (۸، داخل غربیّہ)

س ۸۴ } ڈاکخانہ کے کیش سرٹیفکیٹ خریدنے جائز ہیں یا نہیں؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۸۴ } کیش سرٹیفکیٹ خریدنا گویا سودی قرضہ دینا ہے۔ اس لئے جائز نہیں۔ اللہ اعلم!

س ۸۵ } امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں جو احادیث ہیں وہ کس پایہ کی ہیں۔ یعنی صحیح ہیں یا ضعیف؟ (سائل محمد حسن خریدار اہلحدیث ۸۷۸۴)

ج ۸۵ } بعض ضعیف ہیں۔ بعض کو علماء نے صحیح بھی کہا ہے۔ مگر مؤرخ ابن خلدون سب کو ضعیف کہتا ہے۔ واللہ اعلم!

س ۸۶ } بعد نماز مکتوبہ جبکہ امام دعا مانگتا ہے۔ مقتدی بھی امام کی دعا میں شریک ہوکر آمین کہہ سکتا ہے یا نہیں۔ بصورت اثبات کیا دلیل ہے؟ (راقم عبدالعزیز از معسکر بنگلور)

ج ۸۶ } نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا بعض روایات میں ثابت ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں روایت ہے کہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدہ بعد ما سلم وھو مستقبل القبلة فقال اللھم خلص الولید ۃ الخ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر کر قبلہ رخ ہوکر دعا مانگی اور دعا کے ساتھ مل کر آمین کہنا چونکہ شرعًا ثابت ہے اس لئے دعا میں مقتدی شریک ہوکر آمین کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ اصولًا ثابت شدہ امر عام رکھنا چاہئے۔ اللہ اعلم!

س ۸۷ } کیا عورت اذان پڑھ سکتی ہے یا نہیں اور کیا عورت مرد کی طرح سجدہ کرے یا اس کی اور صورت ہے۔ (ایک خریدار اخبار اہلحدیث)

ج ۸۷ } حدیث شریف میں آیا ہے المرأة کلھا عورة۔ عورت تمام کی تمام پردہ میں رہنی چاہئے اسلئے اسکی آواز بھی باہر نہ جانی چاہئے۔ اللہ اعلم!

بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲

صاف صاف اس موقع پر رائے سلطانی کی غلطی ظاہر کی۔ جب سلطان نے ملازمین خزانہ کی ایک جماعت کے قتل کا حکم دیدیا اور یہاں تک بحث کی کہ سلطان کو اپنا حکم ترمیم کرنا پڑا۔ ایسی ہزاروں مثالیں معتبر تاریخوں میں بھری پڑی ہیں۔ افسوس کہ جس قدر زمانہ کا امتداد ہوتا گیا یہ صفت کم ہوتی گئی۔ حتیٰ کہ ندرت کی تاریکی میں معدوم ہوگئی۔ علماء سلف کی آزادی رائے کا اصلی راز یہ تھا کہ وہ اپنے نفس سے سب سے اول محاسبہ کرتے تھے۔ قانون اسلام کے ماتحت جس قدر سارے عالم کو سمجھتے تھے اس سے بڑھ کر اپنی ذات کو جانتے تھے اور اس امر کی کوشش بجان و دل فرماتے تھے کہ اپنا حساب وکتاب اپنے رب کے سامنے پاک وصاف رکھیں۔ اسی صفائی معاملہ کا اثر تھا کہ وہ بزرگ بول اٹھتے تھے کہ ہم مرنے کے لئے اسی وقت تیار ہیں اور اس طرح اس کسوٹی پر ٹھیک اترتے تھے جو صفائی معاملہ کے واسطے مقرر ہے۔ فتمنوا الموت ان کنتم صٰدقین۔ خدا کے بندے ایسے ہی ہوا کرتے ہیں۔

جلسہ اہل حدیث سرہند

انجمن اہل حدیث سرہند کا جلسہ ۲۴۔ ۲۵۔ ۲۶ مارچ ۱۹۳۹ء بروز جمعہ۔ ہفتہ۔ اتوار مسجد اہل حدیث سدھنے والی میں منعقد ہوگا۔ پنجاب کے اکابر علماء کرام تشریف لائینگے۔

طعام وقیام کا انتظام بذمہ انجمن ہوگا۔ حسب ضرورت بستر ہمراہ لاویں۔

(صوفی محمد حسن ناظم جلسہ ہذا)

تائید گول میز کانفرنس

اخبار اہلحدیث میں گول میز کانفرنس کی تجویز پڑھ کر خوشی ہوئی۔ اراکین انجمن کے اجلاس خصوصی نے پاس کیا کہ آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کے جلسہ پر گول میز کانفرنس کو نہایت شاندار طریق سے کامیاب بنایا جائے اور جماعتی تفرق کو دور کیا جائے۔ (ایم عبداللہ ناظم تبلیغ الاسلام فتحگڑھ ملحق الجمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب)

فتاوی محمدیہ۔ نصف شب ... (۳۴۵) [handwritten marginal note, partly illegible]

متفرقات

حساب دوستاں مندرجہ ذیل خریداران اہلحدیث کی قیمت اخبار یا میعاد مہلت ماہ مارچ میں ختم ہو جائیگی۔ لہذا بذریعہ اعلان ہذا ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر آپ حضرات حسب دستور سابق آیندہ بھی اہلحدیث سے اپنا تعلق وابستہ رکھنا چاہتے ہیں تو ازراہ عنایت اعلان ہذا سے مطلع ہوتے ہی قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔ بصورت دیگر مہربانی کرکے دفتر میں اطلاع بھیجدیں۔ اگر خدانخواستہ کسی وجہ سے آیندہ اہلحدیث کی خریداری منظور نہ ہو تو بھی اطلاع بھیجدیں۔ ورنہ بعد انتظار

۳۱۔ مارچ کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

مہلت یافتگان مکرر مہلت طلب کرنے کی بجائے قیمت اخبار ہی ارسال کریں۔ ورنہ اخبار بند کرنا پڑیگا۔

۸۸ - ۱۰۵ - ۲۸۵ - ۵۵۶ - ۷۱۰ -
۱۳۲۵ - ۲۲۴۱ - ۲۴۸۰ - ۲۶۹۹ -
۳۰۹۱ - ۴۳۵۱ - ۴۹۲۳ - ۵۴۴۶ -
۵۹۱۱ - ۶۱۲۷ - ۶۳۸۱ - ۶۴۲۰ - ۶۴۷۲
۷۲۶۶ - ۷۳۲۳ - ۷۳۲۹ - ۷۴۴۲ -
۸۰۷۵ - ۸۳۵۲ - ۸۳۹۶ - ۸۵۳۱ -
۸۷۳۵ - ۹۲۴۳ - ۹۴۲۹ - ۹۴۵۷ -
۹۴۵۸ - ۹۶۸۰ - ۹۸۳۰ - ۹۸۹۳ -
۹۹۲۸ - ۱۰۰۶۲ ——— ۱۰۳۵۱ -
۱۰۳۸۸ - ۱۰۴۰۹ - ۱۰۴۵۰ - ۱۰۴۵۳ -
۱۰۵۲۱ - ۱۰۵۲۳ - ۱۰۵۲۶ - ۱۰۵۳۰ -
۱۰۵۸۳ - ۱۰۵۸۹ - ۱۰۸۸۹ - ۱۰۹۱۳ -
۱۱۰۱۷ - ۱۱۱۱۲ - ۱۱۱۳۲ - ۱۱۱۳۶ - ۱۱۱۳۷
۱۱۱۴۰ - ۱۱۱۵۹ - ۱۱۲۴۵ - ۱۱۳۱۲ -
۱۱۳۴۶ - ۱۱۳۶۴ - ۱۱۳۷۵ - ۱۱۴۷۴ -
۱۱۴۹۹ - ۱۱۵۲۱ - ۱۱۵۵۴ - ۱۱۶۳۵ -
۱۱۸۰۴ - ۱۱۸۲۳ - ۱۱۸۳۵ - ۱۱۸۵۵ -
۱۱۸۶۶ - ۱۱۸۹۷ - ۱۱۹۰۴ - ۱۱۹۱۱ -
۱۱۹۷۰ - ۱۱۹۹۱ - ۱۲۰۱۶ - ۱۲۰۲۶ -
۱۲۱۳۳ - ۱۲۱۶۴ - ۱۲۱۷۰ - ۱۲۲۳۴ -
۱۲۲۳۸ - ۱۲۲۴۱ - ۱۲۳۰۱ - ۱۲۳۱۳ -
۱۲۳۱۶ - ۱۲۳۱۸ - ۱۲۳۲۱ - ۱۲۳۴۲
۱۲۳۴۵ - ۱۲۳۵۰ - ۱۲۳۵۲ - ۱۲۳۵۳
۱۲۳۵۶ - ۱۲۳۷۱ - ۱۲۳۸۴ - ۱۲۴۱۹ -
۱۲۴۲۵ - ۱۲۴۳۴ - ۱۲۴۳۶ -

غریب فنڈ مندرجہ ذیل خریداروں کے نام غریب فنڈ سے اخبار جاری تھا۔ ماہ مارچ میں ان کی میعاد خریداری ختم ہو جائیگی۔ چونکہ سائلین کی پہلے سے ہی کثرت ہے اور فنڈ میں کوئی رقم نہیں آتی۔ اس لئے نئے داخلے تا اطلاع ثانی بند رہیں گے۔ جو صاحب بھیجیں گے واپس کردئیے جائیں گے۔

۶۲۳۹ - ۹۴۷۵ - ۱۰۱۹۱ - ۱۰۵۵۳ -
۱۰۸۹۲ - ۱۱۶۲۴ - ۱۱۶۳۳ - ۱۱۸۱۱ - ۱۲۳۴۴ -
۱۲۳۴۵ - ۱۲۳۸۵ -

اعتصام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت پر عالمانہ رنگ میں مولوی حافظ محمد علی صاحب کاندھلوی مقیم سیالکوٹ نے ایک رسالہ لکھا ہے۔ جس میں آیہ کریمہ انما انا بشر کی معقول تشریح کی ہے۔ قیمت مرقوم نہیں۔ ملنے کا پتہ۔ منصرم دفتر تفسیر معارف ربانی رنگ پورہ شہر سیالکوٹ

ہفتہ وار دور جدید لاہور جو سیاسی، ادبی اور علمی معلومات کا دلچسپ ہفتہ وار اخبار ہے۔ قیمت سالانہ پانچروپیہ (صہ) سائز $\frac{20\times30}{4}$ ضخامت ۱۶ صفحات۔ پتہ: منیجر دور جدید لائن سبحان خان۔ اندرون شیرانوالہ گیٹ لاہور۔

تفسیر سورہ ق مولانا شاہ عین الحق صاحب مرحوم پھلواروی نے سورہ ہذا کی تفسیر نہایت عالمانہ رنگ میں فرمائی تھی۔ جو پہلے ایک بار چھپکر نایاب ہو گئی تھی۔ اب مؤلف ممدوح کے فرزند مولوی شاہ احمد حبیب صاحب ندوی نے مکرر طبع کرائی ہے جو ۲۹×۲۲ سائز کے سو صفحات پر ختم ہے۔ قیمت ۳ پتہ۔ مولوی سید شاہ احمد حبیب ندوی پھلواری شریف (بہار)

یاد رفتگان شیخ عبد السلام صاحب نومسلم جو ہماری مسجد کے مؤذن اور پرہیزگار مسلمان تھے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

(محمد ابراہیم خان بھوجپور ضلع بستی)

(۲) مولوی محمد موسیٰ صاحب ساکن ہرنج تحصیل فاضلکا ضلع فیروزپور جو ہمارے گاؤں کے تبع سنت عالم تھے فوت ہو گئے۔ نیز (۳) حافظ نور احمد صاحب ساکن علی کا ضلع حصار بھی فوت ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

(زکریا طالب علم از رتہ کھیڑا)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللّٰھم اغفر لھم وارحمھم

مضامین آمدہ شیخ دین محمد صاحب ۲ عدد۔ مولوی عبد الرحیم صاحب ۴ عدد۔ عبد الکریم صاحب۔ ایم مقصود حسن صاحب۔ ڈاکٹر محمد فرید صاحب۔ عبد اللہ صاحب۔ محمد عاشق صاحب۔

غیر مقبولہ مرثیہ مولوی محمد یوسف صاحب۔ غیر مقدم اوروں کو نصیحت اور خود را نصیحت۔

اہل حدیث گول میز کانفرنس کے لئے چند اصحاب نے اپنی اپنی آراء سے مطلع فرمایا ہے۔ باقی اصحاب بھی جلد اطلاع دیں۔

نمبر خریداری نہیں لکھتے بارہا ضمیمہ میں اطلاع دی گئی ہے کہ خط وکتابت کرتے وقت نمبر خریداری ضرور لکھا کریں مگر افسوس ہے کہ بعض احباب پھر بھی توجہ نہیں فرماتے۔

تبدیلی پتہ کی اطلاع جلد بھیجنی چاہئے تاکہ دفتر کو ڈبل پرچہ نہ بھیجنا پڑے۔ پتہ خوشخط حروف میں لکھا کریں

تبلیغی رسائل پیر جماعت علیشاہ کی امارت کی ابتداء اور انتہا۔ (۲) نور توحید۔ (۳) مباحثہ تقلید شخصی۔ کیلئے فی رسالہ ۱ر برائے محصول ڈاک وامداد اشاعت فنڈ بھیجکر جلد طلب کرلیں۔ پتہ۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

نامہ نگار حضرات مضامین خوشخط ایک طرف کاغذ کے ایکطرف لکھ کر بھیجا کریں۔ (منیجر اہلحدیث)

(۳۴۶)

ملکی مطلع

سید کاظمی کا خلع بل پاس ہوگیا

جب سے پنجاب ہائی کورٹ میں یہ امر فیصل ہوا ہے کہ جو عورت مرتد ہوجائے اس کا نکاح مسلم خاوند سے فسخ ہوجاتا ہے۔ مرتد ہونے کی تحقیق کرنے کرانے کی ضرورت نہیں۔ چنانچہ جسٹس کنور دلیپ سنگھ کے فیصلے میں یہ الفاظ بصراحت لکھے ہیں کہ عورت کا اتنا کہنا کہ میں نے اسلام چھوڑ دیا ہے کافی ہے۔ اس کی اصل حقیقت معلوم کرنے کی ضرورت نہیں۔

اس فیصلے کا اثر ملک میں یہ ہوا کہ ارتداد کا دروازہ کھل گیا۔ اس امر میں تو کوئی جبر نہیں کرسکتا کہ کوئی شخص اپنے حسب منشا مذہب اختیار کرے۔ کوئی عورت مسیحی مذہب یا آریہ دھرم کو دل سے اپنی نجات کا ذریعہ سمجھ کر قبول کرتی ہے تو اسے اختیار ہے لیکن بناوٹ اور جعلسازی کسی مذہب میں جائز نہیں۔ اس بناوٹ نے یہاں تک ترقی کی ہے کہ امرتسر وغیرہ بلاد پنجاب میں بعض آوارہ مزاج عیسائیوں نے جو علم کے لحاظ سے پادری بھی نہیں۔ ایک پارٹی بنائی ہوئی ہے جو قبول مسیحیت کے جعلی سارٹیفکیٹ عورتوں کو دیدیتی ہے اور وہ عدالت میں پیش کردیئے جاتے ہیں۔ جسکے نتیجہ میں عدالت عورت کو اس کے خاوند سے علیحدہ کردیتی ہے۔

ہمارے شہر امرتسر میں ایسے واقعات بھی ہوئے ہیں کہ مسلم منکوحہ عورت کو مسیحی مذہب کی کوئی خبر نہیں بلکہ وہ گھر میں باقاعدہ نماز روزہ ادا کرتی ہے مگر عدالت میں ایسے لوگوں کا سارٹیفکیٹ پیش ہوکر فسخ نکاح کا موجب ہوا ہے۔ اس قسم کے واقعات بڑی کثرت سے ظہور پذیر ہوئے ہیں یعنی ہر ضلع میں ... ہوئے ہیں۔ علاوہ اس حقیقت کے کہ اکثر حالتوں میں ارتداد محض جعلی ہوتا تھا۔ ہمسے ہوا اسلام کو عرصہ سے یہ فکر دامنگیر تھی کہ اس بڑھتی ہوئی رو کو کس طرح روکا جائے۔

اس میں شک نہیں کہ اس خرابی کی وجہ بعض دفعہ عورت کی طرف سے اور اکثر مرد کی طرف سے ظاہر ہوئی ہے۔ علماء تو خاموش رہے اس لئے کہ وہ کچھ کر ہی نہ سکتے تھے البتہ مرکزی اسمبلی کے بعض مسلم ممبروں کو اس پر توجہ ہوئی۔ انہوں نے مرکزی اسمبلی میں اس کے انسداد کے لئے ایک بل پیش کردیا۔ آخر مدت دراز کے بعد اس کے پاس ہونے کی خبر آگئی۔

اس بل کا کچھ حصہ تو خلع کے متعلق ہے اور کچھ ارتداد کی وجہ سے عدم فسخ نکاح کے متعلق ہے۔ چونکہ اس بل کی پاس شدہ صورت اخبارات میں ہماری نظر سے نہیں گزری۔ اس لئے اس کی پاس شدہ دفعات معلوم کرنے کے لئے ہم نے سید صاحب موصوف کو بذریعہ چٹھی استفسار کیا ہے۔ ان کا جواب آنے پر ہم اس بل پر مزید روشنی ڈالیں گے۔

فلسطین گول میز کانفرنس

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

عام اخبارات خصوصاً مسلم اخبارات فلسطین گول میز کانفرنس کی کامیابی کے بارے میں ناامیدی کا اظہار کر رہے ہیں۔ مگر "اہلحدیث" بحکم آیت موصوفہ ناامید نہیں ہے۔ گو اس کانفرنس کی رفتار بظاہر ٹیڑھی ہے لیکن ہندوستانی گول میز کانفرنس کے برخلاف نہیں بلکہ اسی کے مشابہ ہے۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ ہم نے "اہلحدیث" کی کسی گذشتہ اشاعت میں لکھا تھا کہ خاص انگریزی حکومت کا نہیں بلکہ ہر ایک حکومت کا یہی طریقہ ہے کہ وہ کسی امر کا فیصلہ کرنے سے پہلے اسکے جملہ مراحل ذہن میں رکھ لیتی ہے چنانچہ ہندوستانی گول میز کانفرنس میں بھی یہی ہوتا رہا۔ آخر تیسری گول میز کانفرنس میں جاکر فیصلہ ہوا۔ اگرچہ ... فیصلہ ... کا ... منظور نہیں کیا۔ اب سنا جاتا ہے کہ پھر قطعاً نامنظوری کا دور شروع ہونے والا ہے۔

اعراب فلسطین انگریزوں کو جانتے ہیں اور انگریز ان کو پہچانتے ہیں۔ اس قسم کی کانفرنسوں کی ایک مثال ہم ناظرین کو سنانا چاہتے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ لکھنؤ کے اسٹیشن پر چاقو وغیرہ فروخت کرنے والے کھڑے ہیں۔ ان سے پوچھو کیا دام لیگا؟ جواب دیتے ہیں حضور! ایک روپیہ۔ سمجھدار خریدار جانتا ہے کہ اصل قیمت کیا ہے اور زیادتی کتنی ہے۔ وہ اس زیادتی کے لحاظ سے تنزل کرکے چار آنے قیمت لگاتا ہے۔ دونوں فریق چیز کی اصل قیمت جانتے ہیں۔ مگر جھگڑے میں اتنا وقت لگاتے ہیں کہ گاڑی چل پڑتی ہے اور مسافر گاڑی میں بیٹھ جاتا ہے۔ آخر سات آٹھ آنے میں سودا ہوجاتا ہے۔ یہی مثال آج کل گول میز کانفرنسوں پر صادق آتی ہے۔ رعایا کی طرف کو مطالبہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور حکومت کی طرف سے عطیہ بہت کم۔ چونکہ دونوں ایک دوسرے کے مزاج شناس ہوتے ہیں۔ اس لئے آخر کسی نہ کسی مرتبے پر سودا سلف ہوجاتا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اہل فلسطین کے حق میں خدا انجام بخیر کرے۔

جمعیۃ علمائے ہند کا اجلاس دہلی میں

جمعیۃ العلماء کا ضابطہ ہے کہ مجلس منتظمہ اور مجلس عاملہ میں علماء کی اکثریت ہونی چاہئے۔ لیکن علماء اگر غفلت کریں تو اس کے ذمہ وار وہی ہیں۔ ہم نے پہلے بھی دیکھا اور اب دیکھتے ہیں کہ جمعیۃ علمائے ہند کی شاخیں صوبہ وار قائم ہوتی ہیں لیکن جوانی سے پہلے شیرخوارگی ہی میں ختم ہوجاتی ہیں۔ ہم شرمندہ ہیں کہ پنجاب اس بارے میں خاص امتیاز رکھتا ہے چنانچہ پنجاب میں کئی دفعہ صوبائی جمعیۃ العلماء قائم ہوئی مگر اس نے ذرہ بھی حرکت نہ کی۔ یہاں تک کہ امیر شریعت بھی بنائے گئے اور امیر ملت بھی ...

ahmadimuslim.de

ہر جگہ کبھی ہنگامہ جذبات بڑے شور سے ہوتی رہی
لیکن آخر کیا ہوا۔ ع اگر گو تم نہاں سوزد۔

گذشتہ ناکامیوں کے تجربہ سے ہم نے سمجھا تھا کہ اگر اس دفعہ پنجاب میں جمعیۃ العلماء قائم ہوئی تو ضرور کامیاب ہوگی۔ آخر ہمارے صوبہ میں نئے سرے سے جمعیۃ العلماء قائم ہوئی۔ جس کے صدر اور ناظم بھی مقرر ہوئے (عہدیداروں کے نام ظاہر کرنے میں خطرہ ہے کہ گلہ ہوگا) مگر افسوس ہے کہ یہ جدید جمعیۃ ایک قدم بھی نہ چل سکی۔

اب جبکہ جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس کا موقع آیا تو اس کا فرض تھا کہ ایک اجلاس منعقد کرکے اپنے نمائندے دہلی میں بھیجتی۔ لیکن جہاں تک ہمیں معلوم ہے وہ ٹس سے مس نہ ہوئی۔ گویا اس کا وجود ہی نہیں ہے۔ نہ کسی امیر نے حکم جاری کیا نہ کسی مامور نے سنا۔ حقیقت میں ہمارے تنزل وضعف کا بڑا سبب یہی ہے کہ ہماری جماعتوں کے ذی اثر افراد ذمہ داری کے عہدوں پر فائز تو ہو جاتے ہیں مگر کام نہیں چلاتے۔ یہ غفلت اور سستی عموماً مذہبی مجالس میں پائی جاتی ہے

ملکی مجالس کے ارکان اور عہدیدار تو بڑے سرگرم عمل نظر آتے ہیں۔ کانگرس کو دیکھئے اور انجمن حمایت اسلام لاہور کو دیکھئے۔ ایک سے ایک بڑھ کر کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ مگر مذہبی مجالس کے ارکان اور اعیان بالعموم سست نظر آتے ہیں۔ کہنے کو تو ہم لوگ مساجد کے منبروں پر اور مجالس وعظ میں دنیاداروں کی مذمت کرتے ہیں۔ لیکن جب کام کا وقت آتا ہے تو یہی دنیادار ہم سے آگے بڑھ جاتے ہیں۔

ان واقعات کو ملحوظ رکھ کر ہمیں امیر خسرو مرحوم کے اس شعر کی تصدیق کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے۔

خسروا در عشق بازی کم ز ہندو زن مباش
کاں برائے مردہ سوزد زندہ جانِ خویش را

جمعیۃ علمائے ہند کا گیارھواں سالانہ اجلاس بتواریخ ۳۔۴۔۵ مارچ ۱۹۳۹ء دہلی میں ہو رہا ہے۔ خدا تعالیٰ انجام بخیر کرے۔

ہندوستان میں صنعتی تحقیقات

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

انڈسٹریل ریسرچ کونسل کی سفارش پر حکومت ہند نے مختلف مالیت کے آٹھ انعامات ایسے مضامین کے لئے دینے منظور کئے ہیں جو کسی اہم صنعتی تحقیقات سے تعلق رکھتے ہوں۔ پہلا انعام ایک ہزار روپیہ کا ہے۔ مزید براں دو انعام پانچ پانچ سو روپیہ کے۔ دو انعام ڈھائی ڈھائی سو روپیہ کے اور تین انعام ڈیڑھ ڈیڑھ سو روپیہ کے ہیں۔ مقابلہ کی شرائط اور داخلہ کے فارم کی تفاصیل درخواست کرنے پر صاحب ڈائرکٹر انڈسٹریل ریسرچ بیورو۔ امپیریل سیکرٹریٹ نئی دہلی سے مفت حاصل کی جاسکتی ہیں۔ مقابلہ کے لئے درخواستیں صرف سرکاری فارموں پر ہونی چاہئیں جو مہیا کی جائیں گی۔ مضامین یکم جون ۱۹۳۹ء تک بھیجدینے چاہئیں۔

دکھئے دل کی داستان

یعنی

روپڑی نزاع

کے متعلق جملہ واقعات مفصل درج کرکے اخیر میں بہی خواہان جماعت اہل حدیث کی خدمت میں اپیل کی گئی ہے کہ اس رسالہ کو پڑھ کر صحیح رائے قائم کرکے اہل حق کا ساتھ دیکر اس آئے دن کے نزاعات کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کر دیں۔ صرف جوابی کارڈ بغرض محصول ڈاک بھیج کر مفت حاصل کریں۔

پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

داعیان جلسہ کی خدمت میں التماس

برادران اہل حدیث! السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ سردیاں چلی گئیں، موسم بدل گیا۔ نئے موسم کے جلسوں کے لئے دعوتی خطوط آنے لگے۔ گذشتہ موسم میں کئی احباب کو جہاں کہ عاجز پہنچ نہیں سکا۔ شکایات رہی۔ وجہ یہ ہوئی کہ لوگ مجھے بیکار سمجھتے ہیں اور صرف اپنے ہی جلسہ کے مدعو خیال کرتے ہیں۔ لیکن میرے پاس جو متعدد جگہ سے خطوط دعوت آجاتے ہیں اور ان میں سے بعض کی تواریخ ایک ہی وقت میں ہوتی ہیں۔ یا یوں ہوتا ہے کہ اگر ایک دعوت مشرق کی طرف سے ہے تو دوسری مغرب کی جانب سے تو ایسی صورت میں ہر جگہ پہنچ سکنا میری طاقت سے باہر ہے نیز یہ کہ جو علماء نظام میں میرے ساتھ ہیں اگر انہوں نے بھی پیشتر سے کسی جگہ کا وعدہ کر لیا تو ایسی صورت میں مشکل اور طرح کی ہو جاتی ہے۔ لہذا جملہ اصحاب کی خدمت میں جو اس عاجز کو دعوت دینا چاہتے ہوں یا جمعیۃ اہل حدیث پنجاب امرتسر کے نظام کے ماتحت جلسہ کرنا چاہتے ہوں۔ التماس ہے کہ وہ اپنے ہاں کی تواریخ جلسہ مقرر کرکے ایک خط مجھے شہر سیالکوٹ کے پتہ پر لکھیں اور دوسرا امرتسر میں دفتر جمعیۃ اہل حدیث ڈھاب کھٹیکاں، مولوی محمد عبداللہ صاحب ثانی ناظم جمعیۃ کو لکھیں۔ ایسے سب خطوط جناب مولانا ثناء اللہ صاحب مدظلہ سردار اہل حدیث کے ملاحظہ سے گزارنے کے بعد جملہ اصحاب کو اطلاع دیجائیگی کہ ہم کہاں کہاں اور کونسی تواریخ پر شامل ہو سکتے ہیں۔ اور ان اصحاب کی مقرر کردہ تواریخ ہمارے نظام ومشاغل کے مناسب کس طرح ہو سکتی ہیں۔ (۲) نظام کو باقاعدہ رکھنے کیلئے یہ آئین نہایت ضروری اور مفید ہے۔ معلوم نہیں باوجود بذریعہ اخبار بار بار جتاتے رہنے کے بعض احباب اس امر کو کیوں نظر انداز کر دیتے ہیں

خصوصی التماس (۳) ارکان انجمن اہل حدیث سکندر آباد دکن کی خدمت میں خصوصی التماس ہے کہ آپ ایسے وقت میں دعوت دیتے ہیں کہ پنجاب اور یوپی میں کئی جگہ جلسے مقرر ہو چکے ہوتے ہیں۔ پھر یا تو اکیلے سکندر آباد کے لئے بوجہ بعد مسافت سب جگہ کے جلسے چھوڑنے پڑتے ہیں۔ اور بہت سے احباب کو ناراض کرنا پڑتا ہے۔ یا آپ صاحبان کی دل شکنی کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔ اس لئے التماس ہے کہ آپ ابھی سے اپنے ہاں مشورہ کرکے مجھے اطلاع دیں۔ تاکہ میں اپنی فرصت کے ایام دیکھ کر سب مقامات کا نظام جہاں تک میری وسعت میں ہے درست رکھ سکوں۔ والسلام!

نوٹ:۔ مجھے خط لکھنے میں لفافہ پر لفظ شہر سیالکوٹ ضرور لکھا کریں۔ ورنہ خط بجائے چھاؤنی میں پہنچ کر دیر سے ملتا ہے

مومیائی!

مصدقہ علمائے اہل حدیث و خریداران اہلحدیث

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔

خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی سل و دق۔ دمہ کھانسی۔ بیضہ۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جہلی یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک عا۔ آدھ پاؤ ہے۔ پاؤ بھر ہے مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر کے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

اہالی برما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کیجائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادتیں

جناب محمد شفیع نادر میاں صاحبان مئو ائمہ:۔

کئی ماہ کا عرصہ ہوا۔ چار چھٹانک مومیائی آپ کے یہاں سے منگوایا تھا۔ دو آدمیوں کو دیا جن کو کہ نے کہا یا جلتا تھا بہت ہی فائدہ بتلایا ہے۔ دو اب کا ہے ۱۹۳۹ء

جناب عبد الستار صاحب بمبئی۔ میں نے آپکے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کر دیجئے (۱۹ جنوری ۱۹۳۹ء)

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور۔ دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے اس کے قبل چند بار مختلف پتہ سے منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی (۶ فروری ۱۹۳۹ء)

مومیائی منگوانے کا پتہ۔ **حکیم محمد سردار خان**

پروپرائٹر دہلی میڈیکل ایجنسی امرتسر

مژدہ

فلکِ توحید پر ایک نئے درخشندہ ستارے کا طلوع

یعنی بکیم محرم الحرام کو

ایک دیہات پنجاب سے صحیح دین اسلام کی نشر و اشاعت کرنیوالے

ماہوار جریدہ "الاسلام" کا اجراء

جو

دنیائے مذاہب میں بھٹکنے والوں کا حقیقی رہنما

مریضانِ وہم و عصیان کے لئے نسخۂ شفا

محصورانِ کفر و الحاد کا واحد مشکل کشا

ائمہ مساجد کا رفیق اور امہات مشرق کا مصلح

علمائے و شعرائے پنجاب کا سب سے پہلا تذکرہ

السنہ شرقیہ اسلامیہ کا مرقع ادب و انشا

غرضیکہ شریعت اسلام کی مکمل انسائیکلوپیڈیا ہوگا۔

چندہ سالانہ عا/ روپیہ۔ پیشگی بھجوانے والے حضرات سے صرف عہ۔ آج ہی معانی چندہ بنام

مینیجر "الاسلام" محبت پور کھیوہ

ضلع گجرات (پنجاب) براہ منڈی بہاؤالدین

بھجوا کر اپنا نام درج رجسٹر کرا لیجئے گا۔

اطلاعنامہ برائے اظہار وجہ اس امر کے کہ کیوں ڈگری کا اجراء عمل میں نہ آوے

(اشتہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ دیوانی)

بعدالت جناب چوہدری محمد علی صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ سب جج بہادر درجہ سوئم سرگودہا

مقدمہ دیوانی نمبر ۱۱۶۵۔ مقدمہ متفرق نمبر ۲۱۷

تارا چند ولد چوہدری بوھرم چند ذات ناگپال سکنہ سرگودہا متوفی بذریعہ کندن لعل جگدیش چندر پسران تارا چند نابالغان سکنہ سرگودہا۔ ڈگریدار

بنام فرم رتن چند جوالاداس بذریعہ نرسنگھداس ولد نہال چند ذات سچدیو سکنہ سرگودہا۔

بنام جوالاداس ولد رتن چند و برج لعل ولد جوالاداس اقوام سچدیو ساکنائے سرگودہا ہلاک شدہ

ہرگاہ ڈگریدار نے بر بنیاد ہونے ڈگری عدالت دیوانی بمقدمہ نمبر ۱۱۶۵ ۱۹۳۴ء زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ دیوانی بذریعہ اشتہار اخبار درخواست عدالت ہذا میں واسطے اجراء ڈگری مذکور کے گزرانی ہے۔ لہذا تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ تم اس عدالت میں بتاریخ ۱۱ مارچ ۳۹ حاضر ہو کر اگر کوئی عذر واسطے نہ جاری کئے جانے ڈگری کے رکھتے ہو تو پیش کرو۔ (۳۴۹)

آج بتاریخ ۱۶۔ فروری ۱۹۳۹ء بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

ڈگریدار کی ڈگری برخلاف فرم رتن چند جوالاداس واقعہ سرگودہا بذریعہ نرسنگھداس ہے۔ ڈگریدار کی درخواست ہے کہ آپ بھی فرم رتن چند جوالاداس کے حصہ دار ہو۔ اس لئے آپ کو ذاتی ذمہ دار قرار دیکر آپ سے زر ڈگری وصول کرائی جائے۔

مہر عدالت — دستخط حاکم

خمیرہ بادام طیوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ و ریشہ میں طاقت دوڑنے لگتی ہے مست ہے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ اس لئے مشقت ... سوئی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب و خوفزدہ رہنا معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا کمر درد نسیان و جریان کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ پختہ تین روپے آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے خرچ ڈاک بذمہ خریدار

لاہور برانچ:۔ عالم دواخانہ پنجاب میکلوڈ روڈ

مینیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

خواص سنترہ

مشہور پھل سنترہ کے عجیب خواص بیان ہیں۔ قیمت ۳/

منگوانے کا پتہ:۔ **مینیجر اہلحدیث امرتسر**

گنجینہ روزگار

جس میں بے روزگاروں کو برسر روزگار ہونے کے لئے ہر قسم کے نسخے درج کئے گئے ہیں قیمت عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔

پتہ:۔ **مینیجر اہلحدیث امرتسر**

ahmadimuslim.de

دھلی میں

کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرقاوی شرح تجرید بخاری	للعہ	کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد	صہ للعہ	تفسیر ابن کثیر طبع جدید	شعہ
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ	۱۲	سیرۃ الحلبیہ	۱۲	خاص طور سے ارزاں ہوگئی ہے	
بخاری مع حاشیہ سندی	۸	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد	۸	تفسیر خازن مع معالم	ے
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ	ے	عمدہ سفید کاغذ		المنجد طبعہ تاسعہ	شعہ
مفتاح کنوز السنہ، حدیث کی چودہ مشہور		فیض القدیر شرح جامع صغیر		تسہیل العربیہ المنجد کا	
کتابوں میں جتنی احادیث ہیں انکی		(للمناوی) ۶ جلد مجلد	ع	اردو ترجمہ و خلاصہ	للعہ
مکمل فہرست۔	ے	تاج العروس شرح قاموس	ماعہ	ایکہزار صفحات مجلد	

نوٹ:۔ فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی ۳۰

(۳۵۰) اشتہار زیر دفعہ ۵ رول ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی

بعدالت جناب شیخ محمد ابراہیم صاحب سب جج بہادر درجہ اول گوجرانوالہ

نمبر مقدمہ ۴۴۴ ۱۹۳۹ء

حویلی رام ولد مول راج سکنہ گوجرانوالہ۔

بنام محکم۔ رحیم بخش و چاندی پسران جیون قوم ارائیں ساکنان محلہ بخشے والا گوجرانوالہ

مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مسمی محکم، رحیم بخش و چاندی مذکوران تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریز کرتے ہیں اور روپوش ہیں۔ اس لئے اشتہار ہذا بنام محکم، رحیم بخش و چاندی مذکوران جاری کیا جاتا ہے کہ اگر محکم، رحیم بخش و چاندی مذکور تاریخ ۲۰۔ مارچ ۱۹۳۹ء کو مقام گوجرانوالہ حاضر عدالت ہذا میں نہیں ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی آج بتاریخ ۱۸ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

دستخط حاکم   مہر عدالت

سرمہ نور العین ۱۴

(مصدقہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ عہ

پتہ:۔ منیجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ پنجاب

طبیب کامل

المعروف

مجرب فارماکوپیا حصہ اول

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات، مشاہیر اطبائے ہند و یورپ کے بہترین مجربات درج ہیں۔ قیمت ۱۲۔ مع محصولڈاک عہ

پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر پنجاب

مضر نیابیطس کی تمہ دوکھیاں ۱۰

تجربہ شدہ الذیابیطس مجرب ۱۰

اگر بدقسمتی سے آپ یا آپ کا کوئی عزیز مرض ذیابیطس یا سلسل البول یا بول الدم میں مبتلا ہے یا آپکے بچہ یا عورت کو بول فی الفراش کی شکایت ہے تو الذیابیطس کی قدرت کا تماشہ دیکھیگا۔ جبکہ صرف تین ہفتہ کے استعمال سے بار بار پیشاب کا آنا۔ پیاس کا زیادہ لگنا۔ پانی پیتے ہی بذریعہ پیشاب خارج ہوجانا۔ پیشاب میں شکر یا دیگر مادہ کا خارج ہونا۔ پنڈلیوں میں درد۔ بدن میں خشکی اور ترل وغیرہ عوارض مرض اکیس یوم میں دور ہو جاتے ہیں۔ صرف چوبیس گھنٹے میں دوا اپنا سحری اثر دکھا کر پیاس اور پیشاب کی کثرت میں نمایاں فرق کر دیتی ہے ۳ خوراک نمونہ منگا کر تجربہ کیجئیگا۔ اگر حسب تحریر نمونہ اثر نہ کرے تو نمونہ کی قلیل اجرت حلفیہ تحریر کر کے واپس کر دیجائیگی قیمت کل ۲ سہ خوراک ۱۰ یوم سے روپیہ نمونہ خوراک ۱۴ محصول علاوہ

بچوں کے دانت نکلنے کی تکالیف کا ایک موثر علاج

محافظ صبیان حیات الصبیان محافظ صبیان

یہ مسلمہ ہے کہ بچوں کے دانت نکلنے کا زمانہ گویا کہ بچہ کی زندگی یا موت کا سوال ہے بچوں کے منہ سے ایک قسم زہریلا مادہ لعاب دہن کے ہمراہ یا دودھ کی ہمراہ پیٹ میں جاتا ہے اسطرح طرح کے عوارض مثلاً ہرے پیلے دست۔ قے۔ نفخ۔ بدہضمی۔ سوکھا پن وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں اور جنہیں اکثر چالیس فیصدی بچے ضائع ہو جاتے ہیں یہ دوا بچوں کیلئے بیحد مفید ثابت ہوئی ہے اسکے استعمال سے دانت نہایت آسانی سے نکل آتے ہیں اور بچے ہر قسم کے عوارض سے محفوظ رہتے ہیں تندرست اور توانا رہتے ہیں۔ ترکیب استعمال سہل ہے بلا بندش استعمال ہوتی ہے قیمت فی شیشی ۱۲ تین شیشی عار۔ محصول بذمہ خریدار۔

پتہ:۔ مطب حکیم سید ظہیر الحسن ڈسٹرکٹ بورڈ متھرا (یوپی)

نشاطِ زندگی

اس کتاب میں نوجوانوں کو صحت و تندرستی قائم رکھنے کے طریقے۔ بیوی کے ساتھ شادی کا سچا اور حقیقی لطف حاصل کرنے کے قواعد درج کر کے عمدہ طبی نسخے بھی درج ہیں۔ شائقین حضرات کے لئے بہت مفید ہے غرضیکہ قابل دید کتاب ہے۔ قیمت عہ محصول ڈاک علاوہ

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

۶/

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی اُردو

کا ہدیہ سات روپے

ان دو نو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے۔

پتہ:۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

۲۶

نصف قیمت
کا اعلان

مقدمہ مابین ورثاء کارخانہ اخبار "وکیل" جو عرصہ زائد از پچیس سال چل رہا تھا۔ بشکل فتح بحق شیخ غلام مصطفیٰ برادر خورد شیخ غلام محمد صاحب مرحوم ختم ہوگیا ہے۔ اس فتح کی خوشی میں اور اخبار "وکیل" کے امدادی فنڈ کو ترقی دینے کی خاطر کارخانہ "وکیل" امرتسر کی تمام موجودہ اسلامی کتب علاوہ محصول ڈاک نصف قیمت پر

۳۰۔ اپریل ۱۹۳۹ء تک

دی جاوینگی [illegible] کے علاوہ موجودہ کتب قانونی پر بھی معقول کمیشن دیا جاویگا۔

فہرست کتب جو ظاہری ومعنوی خوبیوں کے لحاظ سے بے نظیر تسلیم کی گئی ہے۔ صرف ایک آنہ کا ٹکٹ کارخانہ کو بھیجکر [illegible] کارخانہ "وکیل" امرتسر سے مفت منگوالیں۔
منیجر کارخانہ وکیل امرتسر

اشتہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ دیوانی
باجلاس مسٹر احسن الدین صاحب بی۔ اے۔ پی۔ سی۔ ایس سب جج بہادر درجہ دوم سیالکوٹ

نمبر مقدمہ ۲۰۰

عبدالرشید ولد غلام قادر قوم کشمیری سکنہ سیالکوٹ مدعی
بنام سیٹھ لچھمن داس ولد سیٹھ گھسیٹا مل قوم کھتری سکنہ شہر سیالکوٹ۔ عبدالحق ولد غلام حسین عرف محمد ماہی ہاشمی ٹبہ ککے زئیاں سیالکوٹ۔ محمد امان اللہ ولد غلام حسین سکنہ حال لاہور لوکوشاپ ریلوے معرفت فورمین صاحب ریلوے لاہور۔ مدعاعلیہم۔

دعوےٰ دلاپانے مبلغ -/۱۶۱۷ روپیہ واپسی زرثمن

ہرگاہ مقدمہ مصدرہ میں مدعاعلیہم مذکورہ بالا کی تعمیل اصالتاً ہونی مشکل ہے۔ پس بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ اگر مدعاعلیہم مذکورہ بالا مورخہ $\frac{3}{39}$-۷ کو بوقت دس بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر جوابدہی مقدمہ نہ کرینگے تو ان کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی۔

آج بثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت کے $\frac{2}{39}$-۲۱ کو جاری ہوا۔

مہر عدالت — دستخط حاکم

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اسمیں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۰×۳۰/۸ کے ۲۰۰ صفحات۔ کتابت طباعت کاغذ اعلیٰ۔ اصل قیمت تین روپیہ۔ رعایتی دو روپیہ علاوہ محصول۔ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

فارم ۳۰ — نمبر مقدمہ ۷۷۹

فارم نوٹس زیر تحتی دفعہ (۱) دفعہ ۱۴۔ ایکٹ امداد مقروضین پنجاب ۱۹۳۴ء

قواعد ۱۲ و ۱۳ منجملہ قواعد مصالحت قرضہ پنجاب ۱۹۳۵ء

ہرگاہ منکہ یوسف خان ولد حامد خان ذات پٹھان سکنہ فتح پور افغاناں تحصیل شکرگڑھ ضلع گورداسپور قرضدار نے زیر دفعہ ۹۔ ایکٹ مذکور مسمی پورنچند وغیرہ قارضان تحصیل شکرگڑھ ضلع گورداسپور کے قرضہ جات کے تصفیہ کے لئے ایک درخواست دیدی ہے۔ اور یہ کہ بورڈ کی رائے میں یہ مناسب ہے کہ قرضدار مذکور اور اس کے قرضخواہ کے مابین تصفیہ کرانے کی کوشش کی جائے۔ لہذا تم جملہ قرضخواہ کو (جن کا قرضدار مذکور مقروض ہے) بذریعہ تحریر ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم نوٹس ہذا کی تاریخ اشاعت سے دو مہینے کے اندر ان جملہ قرضہ جات کا ایک تحریری نقشہ جو تمہیں قرضدار مذکور کی طرف سے واجب الادا ہیں۔ بتاریخ $\frac{4}{39}$-۱۴ دفتر بورڈ واقع شکرگڑھ میں پیش کرو۔ بورڈ مذکور بتاریخ $\frac{4}{39}$-۱۴ بمقام شکرگڑھ نقشہ ہذا کی پڑتال کریگا جبکہ تمہیں بورڈ کے سامنے پیش ہونا چاہئے۔

نیز جملہ قرضخواہوں (تم) کو لازم ہے کہ ایسے نقشہ کے ہمراہ ایسے جملہ قرضہ جات کو مکمل بتفاصیل پیش کرو۔ اور اسکے ساتھ ہی جملہ دستاویزات شمول بہی کھاتہ کے ان اندراجات کے جن پر تم (وہ) اپنی دعاوی کی تائید میں انحصار رکھتے ہو پیش کرو۔ اور اس کے ساتھ ہر ایک ایسی دستاویز کی ایک مصدقہ نقل پیش کرو۔

اس بارہ میں مزید کارروائی بتاریخ $\frac{4}{39}$-۲۰ کی جائیگی۔ جبکہ جملہ قرضخواہوں کو بورڈ کے سامنے پیش ہونا چاہئے۔

دستخط چیئرمین مصالحتی بورڈ قرضہ شکرگڑھ ضلع گورداسپور

بورڈ کی مہر

(۳۵۱)

خواص سنترہ

مشہور پھل سنترے کے عجیب وغریب فوائد۔ اور اکثر امراض کو اس کے استعمال سے دور کرنے کے طریقے۔ قابل دید ہے۔

قیمت ۲/۔ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

مفتاح القرآن

جس میں قرآن مجید کے تقریباً سترہ ہزار جملہ آیات کو ایک ایک کر کے مع سپارہ، سورت، نمبر آیت اور رکوع وغیرہ مندرج ہیں۔ آپ کو قرآن مجید کی کوئی بھی آیت یا لفظ تلاش کرنا ہو تو بغیر کسی قسم کی محنت کے ایک منٹ میں مل سکتا ہے۔ ردیف وار تمام الفاظ مندرج ہیں۔ ایک لفظ جس جس آیت میں جتنی جتنی مرتبہ قرآن مجید میں آیا ہے مع مفصل حوالہ اتنی دفعہ ہی درج ہے۔ ایک قابل قدر تحفہ ہے۔ [illegible] صفحات کاغذ، کتابت اور طباعت اعلیٰ۔ باوجود اس کے قیمت صرف دو روپے ۲/۸۔ محصول ڈاک ۸ر

ویدارتھ پرکاش عرف ویدک تہذیب

جس میں پنڈت آتمانند صاحب نے نہایت محنت و عرق ریزی سے ویدوں کو کئی بار مطالعہ کر کے ان کی تعلیم کو ظاہر کیا ہے۔ نیز ویدوں کے غیر الہامی ہونے کا ثبوت ویدوں سے ہی دکھایا گیا ہے۔ مقابلہ ہے۔ اصل قیمت عہ۔ رعایتی ۱۰ر۔ محصول ڈاک ۵ر

الآثار المتبوعہ لرد اعلام المرفوعہ

جس میں اعلام [illegible] ایک ہونے کو ثابت کیا گیا ہے۔ مخالفین کے دلائل کی مفصل و مدلل تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۸ر۔ محصول ڈاک ۵ر

[illegible] کے دہریت [illegible] کرتے ہیں۔ اس رسالہ میں ان کا مفصل جواب دیا گیا ہے۔ قیمت صرف ۴ر۔ محصول [illegible]

عرب کا چاند

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر آپ نے آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہونگی جو غالباً تمام مسلم مصنفین کے زور قلم کا نتیجہ ہونگی۔ مگر کتاب مذکورہ ایک معزز غیر مسلم سوامی لکھشمن جی مہاراج کے خیالات کا مرقع ہے جو آپ پیغمبر اسلام کے متعلق رکھتے ہیں۔ حضور صلعم کی پیدائش سے لیکر وصال فرمانے تک تمام واقعات [illegible] ہیں۔ یہ کتاب [illegible] صفحات پر ختم ہے۔ قیمت صرف دو روپیہ۔ محصول ڈاک ۵ر

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

حصہ اول

مصنفہ مولوی حکیم حاجی محمد عبداللہ صاحب مصنف کنز المجربات وغیرہ

جس میں ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کے مخفی افعال و خواص کو سالہا سال کی محنت و جانفشانی، ہزارہا کتب کی ورق گردانی۔ لاتعداد حکماء سے تبادلہ خیالات اور اپنے بے شمار تجربات کو حکایات، مفردات، عجائبات، صدریات، مخفیات، سنیاسیات اور کشتہ جات کے علیحدہ علیحدہ ابواب میں شائع کیا گیا ہے۔ بعض ایسے صدری نسخہ جات بھی درج ہیں جو سینکڑوں خوشامدوں کرنے سے بھی کسی صورت حاصل نہیں ہو سکتے۔ محض نفع خلائق کی غرض سے عالم آشکارا کر دیئے گئے ہیں۔ —— اتنے معلومات اور ۱۸×۲۲ کے سوا پانچسو صفحات کی ضخامت۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ ہونے کے باوجود قیمت صرف تین روپیہ ۳/۔ محصول ڈاک ۸ر پتہ: - مینیجر اہلحدیث امرتسر

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

[illegible] اس کے استعمال سے [illegible] صفحات [illegible]

مغلطات مرزا

مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی بیشمار غلطیاں ردیف وار مع مفصل حوالہ جات درج ہیں۔ ان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب جو اپنے آپ کو مجدد وقت، مہدی بلکہ نبی کے القاب سے ملقب فرماتے تھے۔ ان کا طرز کلام کس طرح کا تھا۔ قیمت صرف ۵ر۔ محصول ڈاک ۸ر

جمع القرآن والحدیث

قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کب جمع کی گئیں، کب ان کی کتابت [illegible] مفصل ذکر اس کتاب میں موجود [illegible]

اسلامی توحید

جس میں تعزیہ پرستی، قبر پرستی [illegible] اور [illegible] کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ [illegible] دراصل شیعہ حضرات ہی تھے۔ قیمت [illegible] جملہ کتب منگوانے کا پتہ

مینیجر

اہلحدیث امرتسر
بخدمت شریف جناب ایڈیٹر صاحب
جامعہ ملیہ - دہلی

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲۔
یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ نمبر ۱۹

اہلحدیث

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ترکت فیکم امرین ... کتاب الله و سنتی

اخبار امرتسر

اصل دین آمد کلام الله معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ
۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء الله

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی(ان)

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	۲۰
رؤسا و جاگیرداروں سے "	۱۰
عام خریداران سے "	۵
" " ششماہی	۳
ممالک غیر سے سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - -	۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء الله (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۸ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۰ مارچ ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم۔ (مسلمان سے خطاب) - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - - ص۲
مسیحی مذہب کی صحیح تصویر - - - - ص۳
خلیفہ قادیان اور مصری پارٹی - - - ص۴
خاتم النبیین صلی الله علیه وسلم - - - ص۵
قادیان کا سالانہ جلسہ - - - - - ص۶
تدبیر کی ندا یا ابن فقیر کی صدا - - ص۷
دہلی کی گذشتہ تاریخ اہل حدیث - - ص۸
اہل بیت اور شیعہ - - - - - ص۹
مولانا اسلم جیراجپوری اور علم ہر زیغ - ص۱۰
جدوجہد - - - - ص۱۱
قادیانی مشن - متفرقات - - ص۱۲
... - اشتہارات - ص۱۳

مسلمان سے خطاب

(از قلم محمد عاشق عرف بدرالکلام ...)

اے مسلماں تو زمانے میں کبھی سردار تھا
مخزن جود و کرم۔ کان ہنر زر دار تھا
نشۂ مردانگی میں مست تھا سرشار تھا
سرزمین ہند میں غازی علم بردار تھا

سامنے میں آجائے تیرے تھی بھلا کس کی مجال
تیری ہیبت پُرغضب تھی واہ رے تیرا جلال

عزت و شہرت میں یکتا ہر چہار سو مشہور تھا
مثل ماہ پُر ضیا سینہ تیرا معمور تھا
تو شکستہ دل کی غمخوار مونس و غمخوار تھا
رشک افلاطوں ارسطو۔ قافلہ سالار تھا

منشاء قدرت سے تو اب ہوگیا راجع زوال
ہر کمال را زوالے۔ ہر زوالے را کمال

خواب غفلت چھوڑ اے مسلم ذرا بیدار ہو
سوئے پستی جارہی ہے قوم اب ہوشیار ہو
دشمنان قوم کے ہی مت پیچھے آزار ہو
الله کی صدا شیوہ تیرا اے یار ہو

بیدار ہو بیدار ہو مسلم تو اب بیدار ہو
اپنی غفلت کے نتیجہ سے تو اب بیزار ہو

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں ۲۔ مارچ کو تعزیہ گذرتے ہوئے بازار کرموں ڈیوڑھی میں ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ ۱۸۰ اشخاص زخمی ہوئے۔ جن میں گیارہ مسلمان تھے۔ ایک مسلمان جو شہری نہ تھا سر پر شدید زخم لگنے سے مر گیا۔ جسے پولیس نے اپنی زیر نگرانی دفن کرایا۔ تقریباً ساٹھ ہندو اس سلسلہ میں گرفتار ہوئے جن میں دو زیر دفعہ ۳۰۲ و ۱۴۹ حوالات میں ہیں۔ ان پر مقدمہ چلایا جائیگا۔ باقی اشخاص کو ضمانتوں پر رہا کر دیا گیا ہے۔ ان میں سے پانچ پر زیر دفعہ ۱۴۷ اور ۵۳ پھر زیر دفعہ ۱۰۷ مقدمہ چلایا جائیگا۔ انکے مقدمات کی سماعت ۱۷۔ مارچ کو ہوگی۔ ان کے علاوہ بھی چند ہندو اور مسلم گرفتار کئے گئے ہیں۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔ شہر میں ۲۔ مارچ سے ہی ۲ ماہ کے لئے دفعہ ۱۴۴ و کرفیو آرڈر نافذ ہے۔ پولیس کا زبردست انتظام ہے۔ جلوسوں کے جلوس بھی بند ہیں۔ آج (۱۴۔ مارچ) تک کوئی مزید حادثہ پیش نہیں آیا۔

—— امرتسر گذشتہ ہفتے بہت بارش ہوئی۔ پنجاب کے اکثر مقامات پر سخت ژالہ باری ہوئی۔ جس سے فصلوں کو بہت نقصان پہنچا ہے۔

—— قصور ضلع لاہور میں ۲۔ مارچ کو جلوس ذوالجناح نکلنے پر شیعہ سنی فساد ہو گیا۔

—— بنارس میں ہندو مسلم فساد ہونے سے بیس اشخاص ہلاک اور دو سو زخمی ہوئے۔ علی ہذا القیاس کانپور میں بھی محرم کے موقعہ پر پولیس کو کئی مرتبہ گولی چلانی پڑی ۴ ہلاک و ۳۴ مجروح ہوئے۔

—— محرم کے فسادات کے پیش نظر بریلی میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی۔

—— ریاست راجکوٹ کے متعلق گاندھی جی نے ٹھاکر صاحب کی خدمت میں چند مطالبات پیش کئے تھے۔ جن کا جواب نہ ملنے پر گاندھی جی نے ۳ مارچ سے حسب دستور فاقہ کشی اختیار کر لی ہے۔ جس کی وجہ سے آپ کمزور ہو گئے ہیں۔ ان کی حالت کو دیکھتے ہوئے گورنمنٹ بمبئی نے گورنر جنرل کو مطلع کیا ہے کہ اگر راجکوٹ کے معاملات میں گورنمنٹ ہند نے جلد مداخلت نہ کی تو بمبئی گورنمنٹ ۸ مارچ کو مستعفی ہو جائیگی۔ صوبہ بہار و سی پی کی حکومتوں نے بھی یہی فیصلہ کیا ہے۔

—— دہلی۔ جمعیۃ العلماء ہند کانفرنس کے اجلاس میں ایک رزولیوشن پاس کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کو کانگرس میں نہ صرف شامل ہونا چاہئے بلکہ اسکی سرگرمیوں میں پوری طرح حصہ لینا چاہئے۔ (غالباً کانفرنس کی یہی غرض و غائت تھی)

—— ریاست کپورتھلہ میں تمام سرکاری ملازموں کو سیاسی تحریکوں میں حصہ لینے کی ممانعت کر دی گئی ہے۔

—— معلوم ہوا ہے کہ امسال حج بیت اللہ کے موقعہ پر بیرونجات سے ۵۹ ہزار ۷۶۵ حجاج کرام شامل ہوئے نجد و حجاز کے اندرونی حجاج اس تعداد میں شامل نہیں۔

یاد رہے | حساب دوستان اہلحدیث ۳ مارچ میں شائع کیا جا چکا ہے۔ اسے ایک نظر ضرور ملاحظہ فرما کر قیمت اخبار جلد بھیجدیں۔ (منیجر اہلحدیث)

—— لندن ۵ مارچ۔ فلسطین کانفرنس جاری ہے ابھی تک کوئی خاطر خواہ فیصلہ نہیں ہوا۔ برطانوی نمائندوں نے تجویز پیش کی ہے کہ جب تک عربوں اور یہودیوں میں مفاہمت نہیں ہوتی تب تک فلسطین کے دو یا زیادہ حصے کئے جائیں اور دو ہاؤس قائم کر کے ان میں موجودہ آبادی کے مطابق ممبر منتخب کئے جائیں۔

—— رنگون میں ہندو مسلم فساد ہونے سے ۱۶ ہلاک اور دو سو زخمی ہوئے۔

—— امرتسر پولیس نے ایک شخص امیر چند کو ڈاکہ زنی اور جھوٹی تار دینے کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے کہ ملزم نے ایک شخص کو ہوشیار پور تار دیا کہ اسکی لڑکی بیمار ہے امرتسر جلدی پہنچو۔ تار دیکر ہوشیار پور چلا گیا اور اسکے مکان پر ڈاکہ ڈالا۔

—— مالیر کوٹلہ جیل سے نو قیدی دو سو کارتوس اور دس رائفلیں لے کر فرار ہو گئے۔

مضامین آمدہ | مولوی ابو الوحید محمد عبد اللہ صاحب عقیل۔ محمد منان صاحب۔ مولوی محمد ایوب صاحب۔ سید محمد اسحاق صاحب۔ محمد ابو الخیر صاحب ۲ عدد۔ قریشی محمد عبد الرحیم صاحب۔ محمد عبد المنان صاحب قریشی۔

غیر مقبولہ | قادیان کا جلسہ اور خاتم النبیین۔ خیر مقدم۔ کھلی چٹھی بنام مرزا محمود احمد صاحب۔ چیلنج مباحثہ۔ احمدی کو نصیحت۔

غیر مقبولہ نظمیں | مرثیہ بر وفات مولانا محمد یوسف شمس۔ جام دلائے احمد یا رب تو میرا بھر دے۔

شیخ عبد الرشید ملتانی | جہاں کہیں ہوں اپنے ایڈریس سے اطلاع دیں۔ (منیجر اہلحدیث)

جلسہ اہل حدیث کانفرنس | پر جو صاحب نظم پڑھنا چاہیں وہ سیکرٹری صاحب مجلس استقبالیہ جلسہ اہل حدیث کانفرنس کو بہت جلد اطلاع بھیجدیں جو صاحب خود تشریف نہ لا سکیں اپنا کلام ہی بھیجدیں۔

تیاری شروع کر دیں | آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے جلسہ میں پہنچنے کے لئے آپ ابھی سے تیاری شروع کر دیں۔

یاد رفتگان | (۱) میری اہلیہ حرکت قلب بند ہونے سے ۲۔ فروری کو انتقال کر گئی انا للہ! برکات احمد پنشنر از بریلی (۲) میرا پچیس سالہ نوجوان لڑکا احمد غفور دو تین ماہ کی علالت کے بعد ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے گیا۔ انا للہ! محمد عبد المغنی از راجوارا ضلع دربھنگہ۔ (۳) ہمارے محترم بزرگ اور اخبار اہلحدیث کے پرانے خریدار حاجی غلام قادر المعروف غلام حیدر صاحب بعلت نمونیا ۹ محرم کو انتقال کر گئے انا للہ! مرحوم ہماری جماعت کے روح رواں اور مخلص بزرگ تھے۔ راقم۔ محمد عبد الرزاق فاروقی مسجد عباسی احمد پور شرقیہ ریاست بہاول پور۔ (۴) منشی محمد ابراہیم خان صاحب گونڈوی کی دختر انتقال کر گئی۔ انا للہ! عباس علی مدرسہ نور العلوم بہرائچ۔

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفر لھم وارحمھم

—— لیانہ کے قریب ایک [illegible] کو ایکسپریس [illegible] ہو گئی۔ [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

DELHI

اہلحدیث

۱۸ - محرم الحرام ۱۳۵۸ھ

مسیحی مذہب کی صحیح تصویر

(۲)

مسیحی رسالہ "اخوت" کے مضمون نگار نے کھلے الفاظ میں ظاہر کیا ہے کہ مسیح دراصل خدا تھا۔ جو جسم اختیار کر کے دنیا میں ظاہر ہوا۔ اس کا ذکر گذشتہ پرچے میں ہو چکا ہے۔ آج اس کا بقیہ مع جواب درج کیا جاتا ہے۔ ناظرین غور سے پڑھیں۔ راقم مضمون لکھتا ہے :-

"مسیح نے مجسم ہو کر بتایا کہ خدا نور ہے۔ اس نور سے کوئی آگ کا شعلہ مراد نہیں بلکہ اس سے ذات الٰہی کا قدس مراد ہے۔ چنانچہ کلام مقدس میں لکھا ہے کہ

"خدا اس نور میں رہتا ہے جس میں ذرا بھی تاریکی نہیں"

یعنی اس کی ذات میں ناپاکی اور گناہ کا امکان تک نہیں۔ مسیح نے مجسم ہو کر بتایا کہ خدا محبت ہے[۸] اس محبت کی توضیح اور تشریح کے لئے آپ نے خدا کو باپ کے لفظ سے مخاطب کیا۔ باپ کی عالمگیر تعلیم نے دنیا کو عالمگیر اخوت اور مساوات کی سلک میں منسلک کر دیا[۹]۔ دنیا کے اندر حقیقی اخوت اور برادری کو قائم کیا مساوات کے اصول کو بغیر کسی تمیز و تفریق کے جاری کیا[۱۰] اور اس کے باعث سب بنی نوع انسان بلا کسی قومی اور ملی امتیاز کے آپس میں بہن بھائی ہیں۔ ایک خاندان کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں۔ سب کا باپ ایک ہے۔ جو سب کے ساتھ یکساں سلوک کرتا ہے۔ غرض کہ مسیح واحد خدا کا اکمل اور اتم مکاشفہ ہے[۱۱] اور اس کے ذریعے سے ایک سرتاپا گنہگار بھی اپنے گناہوں کی مغفرت حاصل کر کے خدا تک رسائی ہوتی ہے۔ خداوند مسیح نے دعویٰ کیا ہے کہ "راہ حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر خدا تک نہیں"

---

[۸] خدا کو نور اور محبت بتانے کے لئے جسم اختیار کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ یہ بات تو انبیاء کرام اور بزرگان دین سب بتاتے آئے ہیں۔ (اہلحدیث)

[۹] خدا کو باپ کہہ کر دنیا کو اخوت اور مساوات میں منسلک کرنے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تمام بنی آدم خدا کے فرزند ہیں اور خدا ان سب کا باپ ہے۔ جیسا کہ مسیح نے خود فرمایا ہے کہ :- "تم آسمانی باپ کے فرزند ہو" (متی ۶ : ۲۰) نتیجہ اس کا یہی ہے کہ مسیح خدا کا بیٹا انہی معنی میں ہے جن معنی میں دوسرے سب انسان خدا کے بیٹے ہیں۔ یہ مضمون وہی ہے جو ہمیشہ حضرات انبیاء اور اولیاء بطور وعظ کہا کرتے تھے

یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا
کہ مخلوق ساری ہے کنبہ خدا کا

اس ابنیت یا ولدیت کے معنی فرزند ہونا نہیں ہیں بلکہ تشبیہہ کی شکل میں اس سے مراد محبوبیت ہے۔ اچھا ہوا کہ مسیحی نامہ نگار نے خدا کی ابوت اور بنی آدم کی ابنیت کا مسئلہ خوب صاف کر دیا۔ جس کی تائید ہم نے انجیل جلیل سے بھی دکھا دی ہے۔ (اہلحدیث)

[۱۰] اگر مسیح نے مساوات کا اصول جاری کیا تھا تو غیر بنی اسرائیل کو کتے کیوں کہا تھا؟ (متی ۱۵ : ۲۶) (اہلحدیث)

[۱۱] مکاشفہ کا معنی غالباً آئینہ (شیشہ) ہے۔ بہت خوب اس شیشے میں نظر کرتے ہیں تو ہمیں ملتا ہے کہ مسیح ایک وقت مریم صدیقہ کے پیٹ میں تھا پھر پیدا ہو کر لڑکوں میں کھیلتا رہا۔ جس کی شہادت اناجیل طفولیت دے رہی ہیں۔ اسکے بعد بالغ ہوا۔ کبھی بھوکا ہوا، کبھی کھانا کھایا اور پانی پیا اور کبھی دشمنوں کے نرغے میں پھنسا اور اس حالت میں یہ دعا کرتا ہوا سنا گیا :- "اے میرے آسمانی باپ یہ موت کا پیالہ مجھ سے ٹال دے" (مرقس ۱۴ : ۳۵) آخرکار دشمنوں کے نرغے میں پھنس کر حسب بیان انجیل مقتول ہو کر جان دی۔ کیا ہی اچھا آئینہ ہے جس میں تمام انسانی صفات نمایاں نظر آتی ہیں۔ (اہلحدیث)

بن سکتا ہے؟ ۱۲

حقیقی مذہب میں یہ تینوں چیزیں یعنی راہ۔ حق اور زندگی ہونی نہایت ضروری ہیں۔ مسیح محض راہ بتلانے والا ہی نہیں بلکہ وہ خود راہ ہے۔ وہ حقیقی جادۂ عمل ہے۔ جس پر چل کر لوگ قرب الٰہی کو حاصل کرتے ہیں ۱۳۔ قوموں کی حیات اسی میں مضمر ہے۔ وہ زندگی کا ہالی مبانی ہے اور وہی اکیلا لوگوں کی زندگی کا انجام ہے کلامِ مقدس نے صاف بتادیا کہ آسمان اور زمین کے درمیان کوئی دوسرا نام بخشا نہیں گیا جس سے گناہوں کی معافی حاصل ہوسکتی ہے۔ زمانہ کے شروع سے آج تک صرف مسیح ہی دنیا کا نجات دہندہ ہے ۱۴۔ مسیح کے باہر لوگوں کی مذہبی تگ ودو محنت ومشقت بدنی، ریاضت وجفاکشی بے سود ہیں۔ آج دو ہزار سال کا عرصہ ہوا جبکہ ہمارا المسیح منصۂ شہود پر جلوہ افروز ہوئے تھے۔ اس طویل عرصہ میں دنیا نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا کہ کسی کو مسیح کا نعم البدل ثابت کرے۔ لیکن وہ آج تک اپنی کوششوں میں ناکامیاب ثابت ہوئی ہے۔ دنیا میں بڑے بڑے مصلحین تو ضرور پیدا ہوئے۔ ہادی وفاتح۔ فلاسفر۔ سائنسٹ۔ عالم۔ اُستاد وغیرہ سینکڑوں ہو گزرے۔ لیکن کوئی ماں کا پوت ایسا پیدا نہ ہوا جو مسیح کی جگہ لے سکتا ۱۵۔ اور اس کے کیریکٹر اور سیرت کو اپنی زندگی میں دکھا کر لوگوں کو اپنا گرویدہ اور فریفتہ بنا سکتا۔ مسیح کی انوکھی اور اعجازی تعلیم نے دنیا کی اخلاقی، روحانی، تمدنی، معاشرتی اور اقتصادی حالت میں ایک حیرت انگیز انقلاب پیدا کردیا ۱۶۔ بلاریب مسیح کی جلیل القدر شخصیت گذشتہ دو ہزار سال سے بہمہ جہت ومن کل الوجوہ بے نظیر اور عدیم المثال ثابت ہوئی ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس عرصہ میں بعض شخصوں نے "مثیل مسیح"، "مسیح زماں"، "مسیح موعود" وغیرہ ہونے کا دعویٰ کیا ۱۷۔ بعض مسیح کے نام نہاد معتقدوں نے کسی شخص کو مسیح کا خطاب دیکر مخاطب کیا۔ لیکن واقعات اور حالات نے فوراً ظاہر کردیا

"چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک"

(اخوت لاہور بابت جنوری ۱۹۳۹ء)

۱۲ مسیح خدا تک پہنچانے کا وسیلہ ہے بالکل صحیح ہے آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ۔ لیکن فاضل نامہ نگار نے وسیلہ اور مقصد میں فرق یا تو خود ہی نہیں سمجھا یا بتایا ہی نہیں۔ اچھا ہم ہی بتائے دیتے ہیں ریل گاڑی پر غور کرو۔ یہ لاہور تک پہنچنے کا وسیلہ ہے مگر خود لاہور نہیں ہے۔ اسی طرح سیڑھی مکان کی چھت پر پہنچنے کا ذریعہ یا وسیلہ ہے مگر خود چھت نہیں ہے۔ نامہ نگار نے خوب فیصلہ کیا ہے۔ ہمارا بھی اس پر صاد ہے۔ (اہلحدیث)

۱۳ مسیح وسیلۂ نجات ہے۔ مسیح قرب الٰہی کا ذریعہ ہے۔ بالکل ٹھیک ہے۔ (اہلحدیث)

۱۴ نجات دہندہ سے مراد اگر وہی ہے جسکو نامہ نگار پہلے لفظ وسیلہ سے بیان کر آیا ہے تو ہمارا بھی اس پر صاد ہے۔ اگر خود نجات دینے والا مراد ہے تو اسکو وسیلہ کہنا صحیح نہیں ہے۔ ایسا ہی یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ "زمانہ کے شروع سے"۔ کیونکہ شروع زمانہ سے لیکر مسیح کی پیدائش تک لوگ انہیں جانتے پہچانتے بھی نہ تھے۔ پھر ان کے حق میں آپ نجات دہندہ (نجات دینے والے) کیونکر ہوسکتے ہیں۔ (اہلحدیث)

۱۵ مسیح کی جگہ لینے سے مراد اگر یہ ہے کہ کوئی ایسا شخص پیدا نہیں ہوا جو الوہیت اور انسانیت کا مرکب مجموعہ ہو۔ تو ہم مانے لیتے ہیں کہ واقعی کوئی ایسا شخص پیدا نہیں ہوا جو ان دو نو جزؤوں کا مرکب مجموعہ ہو۔

یہ تو محال کی مثال محال تلاش کرنا ہے۔ اگر محض انسانی حیثیت میں نبوت اور رسالت کا منصب مراد ہے تو مسیح جیسے بہتیرے رسول آئے بلکہ وہ بھی آئے جن کی بابت خود مسیح نے فرمایا ہے کہ وہ آکر تمہیں ایسی باتیں بتائینگے جن کو میں نہیں بتا سکتا اور وہ دنیا کو راستی اور عدل کے ساتھ پاک کرینگے۔ (انجیل یوحنا)

(اہلحدیث)

۱۶ کیا انقلاب پیدا کیا اور کب کیا؟ یہ دونوں امور محل بحث ہیں۔ نامہ نگار کا فرض تھا کہ اس کی تفصیل کرتا تاکہ معلوم ہوجاتا کہ آپ کا دعویٰ واقعات سے بھی ثابت ہے۔ (اہلحدیث)

۱۷ یہ فقرہ غالباً مرزا صاحب قادیانی کی طرف اشارہ ہے مرزاجی کے مریدو! اس کے جواب میں کیا کہتے ہو؟

(اہلحدیث)

(نوٹ) یہ مضمون اور نبی موعود والا مضمون (جو اہلحدیث ۲۷ میں شائع ہوچکا ہے) ہر دو کو بصورت رسالہ طبع کراکر مفت شائع کیا جائیگا۔ ناظرین آگاہ رہیں اور تعداد مطلوب سے اطلاع دیں۔ محصول ڈاک بذمہ طالب ہوگا۔ (اہلحدیث)

قادیانی مشن

خلیفہ قادیان اور مصری پارٹی

ناظرین کو یاد ہوگا کہ قادیانی جماعت میں بعض لوگ ایسے بھی ظاہر ہوئے ہیں جو احمدیت کے تو قائل ہیں مگر موجودہ خلیفہ کی خلافت کے منکر بلکہ شدید مخالف ہیں۔ ان کے سرگروہ شیخ عبدالرحمان المعروف شیخ مصری ہیں۔ آپ کا دعویٰ ہے کہ خلیفہ قادیان میں ایسے اخلاقی عیوب ہیں جنکے باعث وہ قابل معزول ہیں۔ اس کے فیصلہ کے لئے اس فریق کا ایک اشتہار ہمارے پاس پہنچا ہے۔ جس میں خلیفہ صاحب کو مباہلہ کی دعوت دی گئی ہے۔ اسکے مشتہر حکیم عبدالعزیز احمدی مقیم قادیان ہیں۔ یہ نزاع دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔

خلیفہ قادیان کی طرف سے اس دعوت کو قبول نہیں کیا جاتا۔ نہ آئندہ قبول کرنے کی کوئی صورت نظر آتی ہے ہمارا خیال ہے کہ خلیفہ قادیان اگر ہمت کرکے اس دعوت کو قبول کرلیتے تو آئے دن کا جھگڑا ختم ہوجاتا ہم اس امر میں کچھ زیادہ کہنا نہیں چاہتے۔ ع

محتسب را درونِ خانہ چہ کار

(جوابات نصاریٰ۔ مسیحیوں کے اعتراضات [illegible] جواب از مولانا ثناء اللہ صاحب [illegible])

ahmadimuslim.de

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(مرقومہ منشی محمد عبداللہ صاحب معمار امرتسری)

(گذشتہ سے پیوستہ)

قرآن کی بزرگی۔ آنحضرت صلعم کی فضیلت۔ اسلام کی عالمگیری۔ سب کی سب مسئلہ ختم نبوت سے وابستہ ہیں اگر ہم نبوت کو جاری مانیں تو اس کے یہ معنے ہیں کہ دنیوی زندگی کے لئے فلاح و فوز کے قوانین۔ روحانی ترقیات کے ذرائع۔ نجات اخروی حاصل کرنے کے وسائل، حقوق اللہ و حقوق العباد کے مظہر احکامات ربانیہ ابھی تک انسانوں کو مکمل طور پر عطا نہیں کئے گئے۔

گذشتہ ادیان کی طرح جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین مقدس بھی بام عروج کے کسی درمیانی زینہ پر ہی دم توڑ رہا ہے۔ قرآن مجید کا یہ دعویٰ کہ دین کامل ہو چکا نبوت کی نعمت تمام کی جا چکی۔ اور آنحضرت بابانا هو و امهاتنا کے فرامین قد انقطعت النبوة والرسالة۔ ختم بی النبیون وغیرہ یکسر باطل تھے۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ!

مرزا غلام احمد صاحب نے صحیح فرمایا ہے کہ

"اگر کوئی نبوت کے دعا زی نہیں (حقیقی معنوں کی رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تشریف لاوے اس سے تو تمام تار و پود اسلام کا درہم برہم ہو جاتا ہے۔"

(کتاب البریت ص ۱۸۵)

مختصر یہ کہ ختم نبوت کا انکار قرآن اور نبی سید الانس والجان کی صریح تخریب و توہین پر منتج اور اسلام کا تختہ الٹ دینے کے برابر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ توحید کے بعد اسلامی عقائد کے مسائل میں سے جس قدر ختم نبوت کے مسئلہ پر زور دیا گیا ہے شاید ہی کسی دوسرے مسئلہ کو یہ اہمیت دی گئی ہو۔ مگر صد آہ کہ معاندان نبوت نے اپنی تمام تر مخالفانہ قابلیتوں کو اس تحریف اسلام کے ابھارنے میں ہی خرچ کر دیا۔

مضمون ہذا کی گذشتہ اقساط سے ناظرین کرام معلوم کر چکے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کیسے کیسے واضح ارشادات تھے جنہیں تحریف کے سانچہ میں ڈھال کر کچھ کا کچھ بنا دیا گیا۔ آج تک ان مخالفین ختم نبوت نے یہ جال بچھا رکھا تھا کہ

"بہت سے اولیاء و محدثین اور علماء .... آنحضرت کے خاتم النبیین ہونے کے باوجود آپ کے بعد کسی ایسے نبی کے آنے کو ممنوع خیال نہیں کرتے تھے۔ جو آپ کی ہی وساطت سے اس درجہ (نبوت) کو حاصل کرے۔" (خلیفہ قادیان کا قول مندرجہ الفضل ۲۵۔ نومبر ۱۹۲۲ء ص ۱)

مگر آج جبکہ خلیفہ قادیان کو اس کذب سے بُنے ہوئے جال کی تمام تاریں ٹوٹی ہوئی محسوس ہوئیں تو آپ نے جھٹ سے پہلو بدل لیا۔ اور یہ کہہ کر اپنی آنکھوں پر سنگ دروغ کی عینک چڑھا کر فرمایا کہ یہ تو درست ہے کہ

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اس بات پر زور دیا ہے کہ میرے بعد نبی نہیں (مگر کیا اس حصہ کا بھی انکار کیا ہے جو جاری ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ نہیں! ہاں مخفی رکھا ہے۔ چنانچہ فرمایا لکن المبشرات۔ تا جس نے اس سے فائدہ اٹھانا ہے (یعنی مرزا صاحب نے) اسی کا ذہن ادھر چلے۔ دوسرے کا نہ جائے۔ اور جب تک وہ نبی نہ آئے جو ان الفاظ کا مصداق ہے تب تک تو فیصلہ رہے اور جب وہ آ جائے تو آپ ہی لکن المبشرات سے نبوت کا جاری ہونا ثابت کر لیگا۔ گویا جس وقت تک کسی نبی نے نہ آنا تھا اس وقت تک تو ان النبوة والرسالة قد انقطعت کے الفاظ امت کی حفاظت کا موجب ہوں اور جب نبی آ جائے تو وہ لکن المبشرات سے نبوت کے جاری ہونے کا ثبوت پیش کر سکے۔"

(قول خلیفہ قادیان در ریویو ماہ اگست ۱۹۳۶ء ص ۳۹/۴)

اللہ اکبر! برادران اسلام! یہ ہیں قادیانیوں کی مقدس چالیں۔ کہاں یہ دعویٰ تھا کہ بیسیوں اولیاء و محدثین اور علماء اسلام مسئلہ اجراء نبوت سے نہ صرف یہ کہ واقف ہی تھے بلکہ علی الاعلان اس مسئلہ کے مبلغ و مشتہر تھے۔ چنانچہ "الفضل" ۲۰۔ نومبر ۱۹۲۲ء کے اندر خلیفہ صاحب نے محی الدین ابن عربی رح۔ مجدد الف ثانی رح۔ ملا علی قاری رح۔ امام شعرانی رح بلکہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تک کے اسماء گرامی بھی اسی گروہ میں شمار کر دیئے اور کہاں یہ اعلان کہ سوائے مرزا صاحب کے گذشتہ ساڑھے تیرہ سو برس کے اندر کسی ایک فرد امت محمدیہ کو بھی اس راز سے قطعاً آشنائی نہ تھی۔ آہ ؎

ہم بھی قائل تیری نیرنگی کے ہیں یاد رہے
او زمانے کی طرح رنگ بدلنے والے

(باقی آیندہ)

قادیان کا سالانہ جلسہ
اور
خلیفہ صاحب کے مواعظ

(از قلم مولوی ابو سعید عبدالرحمٰن صاحب فرید کوٹی)

اخبار گوہر بار "اہلحدیث" مورخہ ۔ جنوری ۱۹۳۳ء میں میرا ایک مضمون چھپ چکا ہے۔ اسی سلسلہ کا یہ دوسرا مضمون ہے۔

خلیفہ صاحب جس مسجد میں نماز پڑھا رہے تھے اس کے دائیں جانب کچھ فاصلہ پر عورتوں کا پنڈال تھا اور مردوں کا پنڈال جنوب مشرق میں تقریباً دو صد گز کے فاصلہ پر تھا۔ پنڈال کے چار بڑے دروازے تھے اور چاروں طرف مدور شکل میں گیلریاں نصب کی گئی تھیں اہل عاشقان مسیح ان گیلریوں پر ہی بیٹھے ہوئے اپنی نماز پڑھ رہے تھے۔ رکوع و سجود اکڑ وہ کریا اینٹھ

ahmadimuslim.de

پیچھے ہو کر ادا ہو رہا تھا۔ پنڈال اور مسجد کے درمیان کافی جگہ خالی تھی۔ جس میں نہایت آسانی کے ساتھ یہ تمام لوگ باطمینان وسکون محمدی طریق پر اسلامی نماز ادا کر سکتے تھے۔ پچاس آدمی کہیں کھڑے ہوئے ہیں، تو کہیں سو اور دو سو کہیں۔ اور عجیب بات یہ تھی کہ پنڈال اور مسجد کے درمیان خالی جگہ پر جو صفیں تھیں ان کے آگے سے برقعہ پوش زائرات جلسہ مستورات بالکل بیدھڑک چلتی پھرتی تھیں۔

ہم نے ایک شخص سے گیلریوں پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کی وجہ پوچھی کہ یہ حضرات میدان کی خالی جگہ میں کیوں جاکر آرام کے ساتھ نماز نہیں پڑھ لیتے؟ تو انہوں نے فرمایا اس خوف کے مارے کہ مسجد میں جاکر نماز پڑھنے سے کہیں پنڈال کی یا گیلریوں کی موزوں جگہ ہاتھ سے نہ نکل جائے۔ اس لئے اچھی جگہ کا پہلے ہی انتخاب کر کے دھرنا مار کر بیٹھ جاتے ہیں۔

سٹیج کے درمیان میز رکھا ہوا تھا جس کے پاس کھڑے ہو کر میاں محمود احمد تقریر فرما رہے تھے۔ اور آپ کے چاروں طرف عقابوں کی طرح مسلح پہرہ دار کھڑے ہوئے تھے۔ آپ کی تقریر کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں:-

دوران تقریر میں آپ نے فرمایا کہ یورپ کے بعض لوگ زمین پر کان لگا کر گھوڑوں کی پاؤں کی آہٹ تین تین میل کے فاصلہ سے سُن لیتے ہیں اور یہ ان کی قوت سمع کی پریکٹس کا نتیجہ ہے وغیرہ ذالک (شاید مرزا صاحب نے پریکٹس کے ذریعہ نبوت کو پا لیا حتیٰ کہ آسمانوں کی خبریں لوگوں کے سامنے جلی لفظوں میں پیش کیں۔ محمدی بیگم کا نکاح۔ عبداللہ آتھم کی موت۔ اور مولانا ثناء اللہ صاحب مدظلہ کے ساتھ آخری فیصلہ بھی الہام پاکر جیت لیا؟ اب مرزا صاحب کے جانشین قادیانیوں میں غالباً یہ تلقین کرنا چاہتے ہیں کہ یہ لوگ بھی یورپ والوں کی طرح اپنے اپنے کان قادیان کی مقدس زمین پر رکھ کر بجائے عالم بالا کے عالم برزخ یا جہنم کی خبریں کاہنوں کی طرح معلوم کر لیا کریں۔ اور ثابت کریں کہ علم طبقات الارض اس طریقہ پر بآسانی سیکھا جا سکتا ہے)۔ میرے گذشتہ مضمون میں یہ بات تو ثابت ہو چکی ہے کہ ہر قادیانی (بقول خلیفہ صاحب) تین چار جلسوں میں شریک ہو کر کامل فلسفی بن جاتا ہے۔ لیکن آج کے مضمون سے آپ یہ معلوم کر لیجئے کہ خلیفہ صاحب کے فرمان کے مطابق اگر امت مرزائیہ زمین پر کان رکھنے اور سننے کی عادت پیدا کر لے تو بہت جلد یہ لوگ علم طبقات الارض کے ماہرین فن بن سکیں گے۔

پھر ارشاد ہوتا ہے کہ لائلپور میں زراعت کا کالج ہے جس میں زراعت کی نسبت اچھے معلومات بہم پہنچائے جاتے ہیں۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ چند لوگوں کو جو زمیندار ہوں۔ فن زراعت کی تعلیم دلوائی جائے۔ اور انہی مزارعین میں باحسن طریقہ بعض اصولوں کے تحت ہم اچھی طرح تبلیغ کر سکتے ہیں۔ یہ لوگ قابل مزارع اور عمدہ کھیتی باڑی کرنے والے ثابت ہونگے۔

اوپر دو ڈگریوں کا ذکر ہو چکا ہے۔ اس جگہ آپ ایگریکلچر کی اعلیٰ ڈگری کا مرکز غالباً قادیان کو بنانا چاہتے ہیں۔ تاکہ سیدھے سادھے زمیندار فن کاشتکاری کے معلومات حاصل کرنے آئیں اور قادیان کے تبلیغی حلقے میں داخل ہو جائیں۔

بہرحال آپ کی تقریر کا یہی حال اول سے آخر تھا کبھی وہ منٹ وفات مسیح کا مسئلہ بیان ہوا، کبھی نبوت قادیان کی بحث، کبھی لائلپور کا ذکر تو کبھی لندن کا، کبھی مشرق تو کبھی مغرب کبھی چین اور کبھی ترکستان۔ نہ کوئی خاص موضوع تھا نہ کوئی دلچسپ اسلوب بیان۔ جو جی میں آتا تھا کہتے چلے جاتے تھے۔ امت مرزائیہ بلاشبہ جھوم جھوم کر الہامات ربانی کی طرح سنتی تھی۔ مگر وہ لوگ جنہیں تقاریر کے سامنے یا سمجھنے کا ذرہ برابر بھی خدا داد ملکہ تھا وہ خوب سمجھتے تھے کہ یہ عالمانہ تقریر ہے یا طلسم ہوشربا کا کوئی صفحہ پڑھا جا رہا ہے۔

ہم نے ۲۶ دسمبر کو مولوی احمد علی صاحب لاہوری کی تقریر حمایت اسلام کے جلسہ میں سنی۔ بخدا یہ تقریر قال اللہ قال الرسول کے تحت اور ہر لحاظ سے عمدہ تھی۔ یہ سطور میں صرف اسلئے لکھی ہیں کہ قادیانی حضرات اپنے خلیفہ صاحب کو بہت بلند اور اعلیٰ درجہ کا مقرر سمجھتے ہیں۔ لہذا انکی تقریر کا حال اپنے دوستوں کے سامنے پیش کر دیا تاکہ ہمارے دوست انکے بیانات اور

بریلوی مشن

نذیر صلی اللہ علیہ وسلم کی ندا بجواب فقیر کی صدا

(مرقومہ مولوی عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

(گذشتہ سے پیوستہ)

پچھلے پرچہ میں "انوار الصوفیہ" کے نامہ نگار کی اس تحریر پر بحث تھی جو انہوں نے شاہ عبدالعزیز دہلوی مرحوم کی طرف منسوب کر کے لکھا تھا کہ شاہ صاحب کے نزدیک مقبولان بارگاہ سے استمداد جائز ہے۔ اس قسط میں شاہ صاحب کی وہ عبارات تفسیر عزیزی جلد اول سے دکھائی گئی ہیں۔ جن سے استعانت بغیر اللہ کا شرک ہونا ثابت ہے۔ (مدیر)

پس ہر مومن کو کہ شرک سے بھاگتا ہے اول ہی مرتبہ میں چاہئے کہ غیر کی اعانت کو کہ فقط ظاہر میں اعانت ہے اور حقیقت میں کسی طرح کی قدرت نہیں رکھتا ہے۔ نظر سے ٹال دے اور ساتھ اعانت قادر حقیقی کے کفایت کرے[1]۔ (تفسیر عزیزی[2] ترجمہ اُردو)

دوسری جگہ لکھتے ہیں:-

اور استعانت ساتھ ایسی چیز کے کہ توہم استقلال اس چیز کا بیچ وہم اور فہم کسی شخص کے خواہ مشرک ہو خواہ موحد نہیں گذرتا ہے جیسا کہ استعانت ساتھ اناج وغیرہ کے بیچ بھوک دور کرنے کے اور استعانت ساتھ پانی کے اور شربتوں بیچ دور کرنے پیاس کے

---

[1] اسکے بعد شاہ صاحب نے حضرت ابراہیم کا دعا تہ لکھا ہے جب فرشتہ جبرئیل نے کہا تھا کہ مجھے تیری طرف کچھ حاجت نہیں۔

اور استعانت واسطے راحت کے بیچ سایہ درخت وغیرہ کے اور استعانت طرف دواؤں اور بوٹیوں کے بیچ دور کرنے بیماریوں کے اور استعانت ساتھ امیر اور بادشاہ بیچ تعین وجہ معاش کے کہ حقیقت میں معاوضہ خدمت کا مال کے ساتھ ہے اور موجب تذلل کا نہیں اور ایسے ہی استعانت ساتھ طبیبوں اور علاج کرنے والوں کے کہ بہ سبب تجربہ اور زیادتی واقفیت کے ان سے طلب مشورہ کی ہے اور استقلال کا وہم نہیں کیا جاتا۔ پس اس قسم کی استعانت بلا کراہت جائز ہے۔ اس واسطے کہ حقیقت میں استعانت نہیں۔ اگر استعانت ہے تو بھی استعانت بخدا ہے۔ (تفسیر عزیزی ص۲۷ ترجمہ اردو)

آگے لکھتے ہیں :-

استعانت ایسی چیز سے ہو کہ توہم استقلال اس چیز کا مشرکین کے ذہنوں میں بیٹھا ہوا ہے جیسا کہ استعانت ساتھ ارواح اور روحانیات فلکیہ یا عنصریہ یا ارواح ساترہ مثل بھوانی۔ شیخ سدو وزین خان اور جو مانند ان کے ہوں اور اس قسم کی استعانت عین شرک ہے اور منافی ملت حنفی کی ہے۔

ص۲۹ پر تحریر فرماتے ہیں :-

یا رتبہ اماموں اور اولیاؤں کا برابر رتبہ انبیاؤں اور مرسلین علیہم السلام کے مقرر کرے اور انبیاء اور مرسلین علیہم السلام کے واسطے لوازم الوہیت کے جیسا کہ علم غیب اور فریاد سننے ہر کسی کی ہر جگہ میں اور قدرت اوپر تمام مقدورات کے ثابت کرے اور ملائکہ اور ارواح اور انبیاء اور اولیاؤں کے تئیں بیچ پردہ صورتوں اور بتوں اور قبروں اور تعزیوں کے معبود ٹھہرائے اور رزق اور فرزند اور تندرستی اور منصب اُن سے بالاستقلال درخواست کرے۔

حضرت شاہ صاحب کی منقولہ عبارات غور سے پڑھیں تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ شاہ صاحب مولان ملائکہ فوت شدگان سے استعانت کو شرک اور خلاف آئت حتی اذا برائمین قرار دیتے ہیں۔ خدا صاحبزادہ صاحب بھی تفسیر عزیزی کا غور سے مطالعہ کرینگے تو وہ بھی ہماری تصدیق کرینگے اور ہمارے ساتھ متفق العقیدہ ہو کر کہہ اٹھیں گے ؎

کون کہتا ہے کہ ہم تم میں جدائی ہوگی
یہ ہوائی کسی دشمن نے اڑائی ہوگی

اس عنوان میں صاحبزادہ صاحب نے بحوالہ حصن حصین ایک روائت نقل کی ہے جو کتاب مذکور میں یوں درج ہے

اذا انفلتت دابة فلينادوا اعينوا يا عباد الله رحمكم الله۔

دوسری روائت میں ان اراد عونا فليقل يا عباد الله اعينوني يا عباد الله اعينوني يا عباد الله اعينوني۔

یہ روائت صاحب حصن حصین نے مسند بزار اور مصنف ابن ابی شیبہ اور طبرانی کے حوالہ سے نقل کی ہے۔ مگر روائت مذکور ضعیف ہے۔ کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی ابن حبان ضعیف ہے۔ دوسرا راوی عتبہ بن غزوان مجہول الحال ہے۔ کذا فی التقریب۔ اس لئے یہ روائت ناقابل احتجاج ہے۔ میزان الاعتدال میں ابن حبان کے متعلق لکھا ہے۔ قال ابن عدی منكر الحديث قد روى عن عمر بن ذر نسخة طويلة كلها غير محفوظة۔ یعنی ابن عدی نے فرمایا یہ راوی (ابن حبان) منکر حدیث ہے۔ اس نے عمر بن ذر سے ایک لمبا نسخہ روائت کیا ہے جو تمام کا تمام غیر محفوظ ہے یعنی درست نہیں۔ دوسرے راوی عتبہ بن غزوان کے متعلق صاحب میزان لکھتے ہیں لا يعرف۔ یہ شخص نامعلوم ہے پتہ نہیں کون ہے

وجہ دوم اگر اس روائت کو فرضاً صحیح بھی مانا جائے تو اس سے کسی طرح ثابت نہیں ہوتا کہ فوت شدہ بزرگوں سے استعانت جائز ہے۔

اس کا مطلب بالکل صاف ہے جو ہم اپنے لفظوں میں نہیں ایک حنفی بزرگ کا تحریر کردہ لکھتے ہیں۔ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی لکھتے ہیں :-

بعض روایات میں جو آیا ہے یا عباد اللہ اعینونی تو یہ لاحق کسی میت سے استعانت نہیں بلکہ عباد اللہ جو صحرا میں موجود ہوتے ہیں ان سے طلب اعانت ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۱۹۲ ج۱)

وجہ سوم اس منکر اور ضعیف روائت کی معارض روائت حصن حصین میں ہی مذکور ہے۔ چنانچہ بروائت طبرانی و ابن ابی شیبہ مروی ہے :-

اذا ضاع له شئ او ابق فليقل اللهم راد الضالة وهادي الضلالة انت تهدي من الضلالة اردد علي ضالتي بقدرتك وسلطانك فانها من عطائك وفضلك۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی کی شے گم ہو جائے یا جانور غلام بھاگ جائے تو یوں (مدد چاہے) اور کہے اے اللہ گمشدہ جانور کو واپس لانے والے اور گمراہی سے ہدائت دینے والے تو ہی راہنمائی کرسکتا ہے۔ میرے پاس گم ہوئی چیز اپنی قدرت اور غلبے سے واپس لے آ کیونکہ وہ تیرے فضل سے تیری ہی عطا ہے۔

اب ہم آخر میں صاحبزادہ صاحب کی خاطر ایک بزرگ کا قول بھی نقل کئے دیتے ہیں اور مناسب بھی ہے کیونکہ آپ نے حضرت شاہ عبد العزیز صاحب کے قول کو سند اپیش کیا ہے۔ جس کا مفہوم بھی غلط سمجھا یا سمجھایا ہے۔ ہم شاہ صاحب کے اباجی مرحوم کا قول پیش کریں گے بفضل خدا اس کا مفہوم وہی لینگے جو قائل کے نزدیک صحیح ہے۔ سنئے! حکیم الامت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی والد شاہ عبد العزیز صاحب مرحوم حجۃ اللہ میں لکھتے ہیں :-

انهم كانوا يستعينون بغير الله ... في حوائجهم من شفاء المريض وغناء الفقير وينذرون لهم يتوقعون انجاح مقاصدهم بتلك النذور ويتلون اسماءهم رجاء بركتها فاوجب الله عليهم ان يقولوا في صلواتهم اياك نعبد واياك نستعين وقال الله

قولہ تعالیٰ ان المساجد للہ فلا تدعوا مع اللہ احدا اور بعض کہتے ہیں کہ مراد دعا سے العبادۃ کما قال بعض المفسرین بل ھو الاستعانۃ لقولہ تعالیٰ بل ایاہ تدعون فیکشف ما تدعون انتہی خلاصۃ معانی حجۃ اللہ

(مشرک) لوگ غیر اللہ سے مدد چاہا کرتے تھے اپنی ضرورتوں شفاء مریض غنا فقر وغیرہ میں ان (غیر اللہ) کی نذریں مانا کرتے تھے اور ان سے حاجت براری کی امیدیں رکھتے اور ان کے ناموں کا ورد کرنے اور برکت کی امید رکھتے تھے۔ اس لئے اللہ نے نمازوں میں ضروری قرار دیا کہ ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھا کرو۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکارا کرو اور دعاء سے مراد اس جگہ عبادت نہیں۔ جیسا کہ بعض مفسر کہتے ہیں بلکہ استعانت ہے۔ جیسا کہ ارشاد ایاہ تدعون خاص اسی کو پکارو پھر وہ چاہیگا تو مشکل حل کر دیگا۔ (حجۃ اللہ ملخصاً)

دہلی کی گذشتہ اہل حدیث تاریخ

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

اور

اعیان اہل حدیث دہلی کا فرض

(مرقومہ مولوی امام خان صاحب نوشہروی)

آپ کا ع دلی جو شہر تھا کبھی عالم میں انتخاب

جس میں عمل بالحدیث کی پود شاہ ولی اللہ صاحب محدث رحمۃ اللہ علیہ نے لگائی فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا۔ اس پود کو ممدوح کے بامراد و کامران (ابن ابن) شاہ محمد اسمٰعیل شہیدؒ نے خون رگِ جاں سے سینچا۔ یہ پود بڑھی، پھلی، پھولی اور کس قدر بار آور ہوئی۔ تمام ملک میں پھیل گئی۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ (دیکھئے! اللہ تعالیٰ کلمہ طیبہ کی مثال اس قسم کے شجر مبارک سے بیان کرتا ہے جس کی جڑیں اپنی جگہ مضبوط ہیں اور شاخیں آسمان تک سربلند)

اللہ اللہ! شاہ اسمٰعیل کی خوش نصیبی کہ ہندوستان کے باہر عامل بالحدیث کی زبان پر اس موحد آگاہ حق جو اور حق پژوہ کا نام جاری ہے اور اہل حدیث کی بختاوری کہ انہیں شاہ اسمٰعیل جیسا موحد متبع سنت غازی، مجاہد اور شہید فی سبیل اللہ امام ملا۔

حضرت شہید علیہ الرحمۃ کی شان جلالی کا مظاہرہ ان کے فوز بہ شہادت ہونے کے ساتھ ختم ہو گیا۔ (و اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ) اور جناب میاں صاحب مرحوم کا رنگ جمالی ضوفگن ہونے لگا۔ وہی دہلی ہے جہاں سے غازیانِ اسلام کا ٹڈی دل تلواروں کے سائے میں نکلا۔ تاکہ پنجاب کے مسلمانوں کو کفار کی چیرہ دستیوں سے مخلصی دلا سکے۔ مگر اب زمانہ کا رنگ بدل گیا ہے۔ غازیوں نے تلواریں میان میں کرلیں اور جناب میاں صاحب علیہ الرحمۃ کی بزم تلقین میں دو زانو ہو کر بیٹھ گئے وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ۔ حدیث کے دل نشیں سبق پڑھے اور ملک کے ہر گوشہ میں جاکر دہرائے۔ میاں صاحب پر اللہ کی رحمت ہو۔ کیا خوش رسم ڈالی۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا وَّيَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا۔ امتداد عمر کے بعد میاں صاحب کی بساط علم بچھا دی گئی۔ قَدْ ذَهَبَتْ بِلَا نِعْمَةٍ وَّ حَسْرَةٍ

میاں صاحب کے اس نور حدیث نے سب سے زیادہ دہلی کو روشن کیا۔ اور ہر شمع اپنے دائرے کے قریب حلقہ کو زیادہ روشن کرتی ہی ہے۔ وکذالک۔ پس باوجودیکہ ملک کے ہر گوشہ میں اہل حدیث کے بے شمار مدرسے قائم ہوئے اور موجود ہیں۔ مگر دہلی کو اس فرع میں جو مزیت حاصل ہے۔ اسکی ہمسری کسی مقام سے نہ ہو سکی۔ حتیٰ کہ اس وقت بھی دہلی سے علم حدیث کی نہریں بارہ اہل حدیث مدرسوں کی شکل میں پھوٹ رہی ہیں۔ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔ جن سے دو سو کے قریب طلبہ پیاس علم بجھا رہے ہیں۔ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ

× اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ

اور اسی دہلی سے اہل حدیث کے دو ممتاز اخبار "محمدی" اور "مسلم اہل حدیث گزٹ" شائع ہوتے ہیں جن کی دینی خدمات کا ہر خورد و کلاں کو اعتراف ہے۔ (صحف مکرمۃ بایدی کرام بررۃ)

اور یہ اولویت و اولیت بھی اس کی قسمت میں ودیعت تھی کہ جماعت اہل حدیث کی متحدہ جمعیت، آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا صدر مقام بننے کا فخر بھی اسی دہلی کو نصیب ہوا۔

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی تاریخ تاسیس کا اعادہ جناب کے سامنے تحصیل حاصل ہے کیونکہ زمانہ تاسیس میں آپ میں سے اکثر حضرات تشریف فرما تھے لیکن کانفرنس کی تاریخ کے تذکرہ میں اس سے مفر ناممکن ہے کہ جس طرح ملک میں عمل بالحدیث کا اجرا جناب شہید دہلوی سے ہوا۔ اسی طرح اہل حدیث کانفرنس کا انعقاد ہمارے اسماعیل ثانی مولانا عبدالعزیز مرحوم رحیم آبادی کی ذات گرامی سے ہوا۔ مولانا رحیم آبادی کو دو نوجوان ہمرکاب ایسے ملے جو جوان ہونے کے علاوہ جواں ہمت بھی تھے بلکہ ہیں۔ ہماری مراد مولانا ابوالوفا ثناء اللہ اور مولانا ابراہیم میر سے ہے ان خوش قسمت اصحاب نے

ahmadimuslim.de

بنگال سے پنجاب تک سفر کرکے دہلی میں کانفرنس کا مرکز بنایا۔

دہلی کو جو برتری شہادت پناہ اسمٰعیل شہید اور فضیلت مآب میاں صاحب کی وجہ سے حاصل تھی وہی بزرگی اس کو آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا صدر مقام ہونے سے نصیب ہوئی۔ اور اسی طرح کی فضیلت دہلی کو ان علمائے اہل حدیث کی برکت سے ہے جو یہاں کسی نہ کسی سلسلہ میں قیام فرما ہیں۔

ولیکن کانفرنس کی حالت کیا ہے؟

مولانا رحیم آبادی کے انتقال سے جو زوال شروع ہوا تو دن بدن بد سے بدتر ہوتا گیا اور یہ حقیقت کسی عالم یا عامی سے پوشیدہ نہیں مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس صرف دہلی کی نہ تھی بلکہ تمام ملک کی مشترکہ جمعیت تھی۔ ملک کے تمام علمائے اخیار اہل حدیث پر اس کی بقاو اصلاح کا فرض تھا۔ مگر کیسے سمجھا جا سکتا ہے کہ جب مرکز ہی کی طاقت کمزور ہونے لگی تو دوسروں کی ہمت کیا کر سکے گی۔

مجھے اپنے اس طویل (اور نامبارک) دوران قیام دہلی میں اکثر و بیشتر علمائے کرام سے کانفرنس پر گفتگو کا موقع ملا۔ جس کو یہاں دہرانا ضروری نہیں۔ مگر میں اپنے ان اخیار کرام کو ان کا یہ منصب یاد دلانا چاہتا ہوں کہ آپ حضرات میں سے ہر ایک ہمارا دینی رہبر ہے۔ آپ ہی کی تعلیم ہمارے لئے مشعل ہدایت ہے۔ ہم سے اگر خلاف شرع کوئی "جریمہ" سرزد ہوتی ہے تو آپ تنہائیوں میں سرزنش فرماتے ہیں زیادہ سرکشی پر منبر پر تنبیہات ہوتی ہیں۔ ہم سنتے ہیں اور اصلاح کی سعی کرتے ہیں پس جس طرح علمائے کرام حضرات انفرادی اصلاح میں رغبت فرماتے ہیں۔ اجتماعی خرابیوں کی اصلاح تو اس سے بھی ضروری ہے۔ اہل حدیث کانفرنس ہندوستان کے تمام موحدین کی مشترکہ جماعت ہے۔ اس کی فلاح و بہبود پر تمام جماعت کی رفاہیت منحصر ہے۔ یعنی یہ ہمارے وجود میں دل ہے۔ اگر یہ بیمار ہے تو تمام بدن مریض ہے اور تندرست ہے تو بدن کا ہر حصہ توانا ہے فرق کیا ہے؟

۳ مئی لغایت ۶ اپریل ۱۹۳۹ء میں فتح گڑھ چوڑیاں پنجاب میں کانفرنس کا سالانہ جلسہ ہونے والا ہے۔ جس میں جماعت کے وعاظ و اصحاب تذکیر تشریف فرما ہوں گے جن میں دہلی کے حضرات بھی شامل ہیں۔ ضروری ہے کہ اس جلسہ کے موقع پر کانفرنس کی فلاح و بہبود کے لئے غور و فکر کیا جائے۔ مگر کانفرنس کا صدر دفتر دہلی میں ہونے کی وجہ سے علمائے دہلی پر فرض ہے کہ انعقاد جلسہ سے پہلے دہلی میں ایک عام شوریٰ طلب فرمائیں جو نماز عصر کے بعد سے نہیں بلکہ پورے دن کا ہو اور ایک ہی دن کا نہیں بلکہ مسلسل کئی روز تک رہنا چاہئے۔ جس میں دہلی کے جملہ علمائے کرام (تا بہ مدرسہ رحمانیہ) تشریف فرما ہوں۔ ممبران شوریٰ شریک ہوں۔ اہل الرائے شمولیت فرمائیں۔ اس شوریٰ میں جو تجاویز پاس ہوں۔ انہیں سالانہ جلسہ (فتح گڑھ) میں علمائے دہلی پیش کریں اور دوسرے صوبوں کے علمائے کرام اور اہل خیر کو شریک کار بنانے کی طرح ڈالیں کیونکہ کانفرنس کے متعلق یہی حضرات دہلی اصل ہیں اور دوسرے لوگ فرع۔

دنیادار طبقہ دنیاداروں کو بنظر حقارت دیکھتا ہے کہ ان لوگوں کی نظر کوتہ ہے۔ یہ صرف دنیا کے طالب ہیں جو فانی ہے آخرت کے جو دائم ہے۔ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا کے طالبوں کی ہمت ہم دینداروں سے بہت زیادہ قوی اور ارادہ مضبوط ہے۔ مثال کے لئے کانگریس کو دیکھئے۔ اللہ اللہ کس جوان ہمتی سے کام کرتے ہیں۔ اسی ہمت کی برکت ہے کہ اپنے مقصود کا بہت سا حصہ حاصل کر چکے ہیں۔ اس کے مقابلے میں ہم جہاں سے چلے تھے دس قدم پیچھے چلے گئے ہیں۔ سچ کہتا ہوں امیر خسرو مرحوم نے ہمارے حق میں کہا ہے ؎

خسروا در عشق بازی کم ز ہندو زن مباش
کاں برائے مردہ سوزد زندہ جان خویش را

اہلحدیث

اہل بیت اور شیعہ

(از قلم مولوی ابو الصمصام عبد السلام صاحب مبارکپوری)

برادران شیعہ کو ازواج مطہرات خصوصاً ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ (رضی اللہ عنہا) سے خاص رنج ہے لہذا وہ اپنے دل کا بخار نکالنے کے لئے ازواج مطہرات کو اہل بیت سے خارج کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ جن آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل ہیں۔ علمائے شیعہ ان کی ایسی عجیب و غریب تاویلیں کرتے ہیں جو مومن کے شایان شان نہیں مثلاً آیت تطہیر کہ اہل بصیرت کے نزدیک اسکے سیاق و سباق سے آفتاب نصف النہار کی طرح ظاہر و روشن ہے کہ یہاں اہل بیت سے مراد ازواج مطہرات ہیں قبلہ شیعہ مولوی فرمان علی صاحب نے اپنے ترجمہ قرآن مجید میں اس کی بڑی ہوشیاری سے تاویل کی ہے۔ ہم اپنے مضمون "آیت تطہیر اور شیعہ" مندرجہ اخبار اہلحدیث بابت ۲۲ ذی قعدہ ۱۳۵۷ھ میں مولوی فرمان علی صاحب کی عبارت نقل کر چکے ہیں۔ جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ

"یہ آیت اس مقام کی نہیں بلکہ خواہ مخواہ کسی خاص غرض سے گھسیڑی گئی ہے"

مطلب آپ کا یہ ہے کہ آیت تطہیر اس مقام کی نہیں ہے جہاں موجودہ قرآن مجید میں ہے بلکہ کسی اور جگہ کی ہے اور اس کا تعلق ازواج مطہرات سے نہیں ہے۔ (پھر اس کا تعلق ہے کن سے؟ اس کا مدلل جواب دینا علمائے شیعہ کا فرض ہے)۔ اسی طرح مولوی فرمان علی صاحب نے آیت قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ [1] (پ ۱۲ ع ۷) کی تاویل و تخریب کی ہے۔ کیونکہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے

[1] یعنی فرشتے بولے (اے سارہ) کیا تم کو خدا کی قدرت سے (یہ امر کچھ) عجب معلوم ہوتا ہے اے اہل بیت (نبوت) تم پر خدا کی رحمت اور اسکی برکتیں نازل ہوں۔ ۱۲ منہ

[illegible] نے ابراہیم علیہ السلام کی بیوی حضرت سارہ کو بھی اہل بیت میں داخل کیا ہے مولوی صاحب [illegible] اس کا ازالہ یوں کیا ہے۔ آیت مذکورہ کے حاشیہ پر تحریر فرماتے ہیں:۔

"اس مقام پر یہ شبہ نہ ہو کہ حضرت ابراہیم کی بیوی کو خدا نے اہل بیت میں داخل کیا ہے۔ کیونکہ اسکے قبل کی آیت میں جتنا خطاب حضرت سارہ کی طرف ہے۔ واحد مونث حاضر کے صیغہ ہیں اور اس آیت میں ضمیر کُمۡ جمع مذکر حاضر کی ہے۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اسکے مخاطب کچھ اور لوگ ہیں اور یہ آیت یہاں خواہ مخواہ داخل کر دیگئی ہے"

ماشاء اللہ! شبہ کا خوب ازالہ فرمایا۔ مگر یہ نہیں بتایا کہ مخاطبین کون لوگ ہیں؟ ؎

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

ناظرین! مولوی فرمان علی صاحب کی عبارت مذکورہ سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ علمائے شیعہ کے نزدیک موجودہ قرآن مجید مشکوک و محرف ہے اور اس پر ان کا ایمان نہیں ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

ہاں علمائے شیعہ بزعم خود جس دلیل سے ازواج مطہرات کو اہل بیت سے خارج کرتے ہیں اس کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔ پس سنئے! کہتے ہیں کہ

جب آیت تطہیر نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ فاطمۃ الزہراؓ و حسنینؓ کو ایک کملی کے اندر لیکر دعا فرمائی اللھم ھؤلاء اھل بیتی فاذھب عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا۔ آپ کی بیوی ام سلمہؓ نے عرض کیا مجھے بھی ان کے اندر شامل کر لیجئے۔ آپ نے فرمایا انت علی مکانک و انت علی خیر (تم اپنے مرتبہ پر ہو اور تم خیر پر ہو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُم سلمہ کو کملی کے اندر داخل نہیں کیا۔ لہذا ثابت ہوا کہ وہ اہل بیت میں داخل نہیں ہیں"

جواب اس کا یہ ہے کہ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ ام سلمہ نے کہا اما انا من اھل البیت کیا میں اہل بیت کے اندر داخل نہیں ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انت من اھل البیت فی روایۃ بلیٰ [illegible] تم بھی اہل بیت میں داخل ہو۔ (معالم التنزیل)۔ پس اس دلیل سے ہمارا مدعا ثابت ہوتا ہے نہ کہ بیا نعض کا۔ ؎

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا مرے حق میں
زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعاں کا

علاوہ اسکے ساتھ مولوی صاحب کی یہ عبارت بھی پڑھئے:۔

"یہ تو ظاہر ہے کہ اس زمانہ تک قرآن مجید میں کیا کیا تغیرات ہوئے کم سے کم اس میں تو شک ہی نہیں کہ ترتیب بالکل بدل دی گئی" (زیر آیت انا لہ لحافظون) جھنڈ (دانا ثمہ!)

مولانا اسلم جیراجپوری اور عالم برزخ

(از قلم مولوی ابو سعید عبد الرحمٰن صاحب فریدکوٹی مقیم چنیوٹ)

ملت اسلامیہ میں ایک نیا گروہ اہل قرآن کے نام سے پیدا ہوا ہے۔ جو قرآن کے سوا کسی حدیث صحیح و فرمان نبویہ کو مان لینا ہی عین گمراہی تصور کرتا ہے (معاذ اللہ من ذلک) اس لئے یہ فرقہ حدیث پر جا بجا ہنسی اڑاتا ہے۔ اور جہاں کوئی اسلامی و شرعی عقیدہ سمجھ میں نہ آیا۔ فوراً حدیث کو بُرا بھلا کہنا شروع کر دیا اور بس۔ مزید لطف کی بات یہ ہے کہ اپنے آپ کو قرن اول کی سچی جماعت تصور کرتے ہیں۔ خدا کا فضل ہے کہ اس فرقہ کی تبلیغ چند گھرانوں سے باہر نہیں پہنچی۔ اور ان کی تعداد نہایت اقل قلیل ہے۔

مولانا اسلم جیراجپوری کے خیالات کسی قدر ان لوگوں کے ساتھ ملتے جلتے ہیں۔ اور آپ بھی کوئی نہ کوئی نیا مسئلہ اہل اسلام کی (بزعم خود) ہدایت و رشد کے لئے پیدا کرتے رہتے ہیں۔ آپ کا عقیدہ ہے کہ عذاب قبر کوئی چیز نہیں۔ چونکہ قرآن مجید میں عذاب قبر، فرشتے، گرزیں، بچھو سانپ اور اس قسم کے دیگر حالات وغیرہ کا ذکر نہیں۔ اس لئے سرے سے آپ نے عذاب قبر کا انکار کر کے اپنے ماہوار رسالہ "جامعہ" دہلی جنوری ۱۹۳۴ء میں بعنوان (عالم برزخ از روئے قرآن) ایک مضمون سپرد قلم فرمایا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے:۔

"الغرض قرآن کی رو سے سوائے شہیدوں کے عالم برزخ میں کسی کو زندگی حاصل نہیں۔ نہ زندگی کا کوئی اثر نہ علم نہ سمع نہ بصر نہ شعور نہ احساس نہ خبر اور نہ کسی قسم کا زمانہ۔ اس لئے قرآن کی رو سے عالم برزخ میں عذاب یا ثواب کا خیال بھی نہیں کیا جا سکتا۔ (ص ۶۵)

ہر چند کہ موتیں انفرادی ہوتی ہیں۔ اور حشر اجتماعی ہوگا۔ مگر چونکہ برزخ غیر زمانی ہے اس لئے ہر شخص کی موت اور حشر کی سرحدیں بالکل ملی ہوئی ہیں۔ قرآن میں جا بجا موت کے ساتھ ہی ساتھ عذاب یا ثواب کا بیان جو آیا ہے وہ حقیقت میں قیامت کے دن کا عذاب یا ثواب ہے" (صفحہ ۶۵)

مولانا جیراجپوری عالم ارواح کے لئے ایک ایسا عالم برزخ تسلیم کرتے ہیں جہاں ان کے لئے ثواب و عقاب سمع و بصر کچھ بھی نہیں۔ لیکن بخلاف اسکے آپ شہداء کے ارواح کے لئے یہ سب کچھ تسلیم کر رہے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں

"بے شک شہدا۔ یعنی مقتولین فی سبیل اللہ کے بارہ میں قرآن نے تصریح کر دی ہے کہ وہ زندہ ہیں اس کی حقیقت یہ ہے کہ وہ برزخ یعنی آڑ میں نہیں رکھے گئے ہیں۔ بلکہ عند ربھم اپنے رب کی حضوری میں ہیں جہاں ان کو روزی ملتی ہے۔ وہ جان نکلنے کے ساتھ ہی اس برزخ کو ایک دم پار کر جاتے ہیں" [illegible]

آگے چل کر آپ فرماتے ہیں:۔

"یہ حضوری قرآن کریم کی رو سے کبھی دوسرے کو حاصل نہیں۔ خود نبی کو بھی قیامت کے دن ہوگی۔" (ص ۶۴)

مولانا جیراجپوری کا یہ ایسا عقیدہ ہے جس کے خلاف اسلام کے تمام فرقے ہیں۔ قادیانی، اہلحدیث، جیسے غیر سنت فرقے بھی عذاب قبر کے قائل ہیں [illegible] عقیدہ [illegible]

جمع القرآن والحدیث۔ قرآن مجید و حدیث شریف کا [illegible] جمع اور ترتیب کا [illegible]

قدرتا پیدا ہوتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ صرف اسی عقیدہ میں مولانا ثناء اللہ صاحب سے خلاف نہیں بلکہ بیسیوں ایسے مسائل ہیں جن میں شیعہ سنی یا حنفی غیر حنفی، شافعی مالکی بلکہ قادیانی اور اہل حدیث آپس میں جمع ہو سکتے ہیں۔ مگر اہل قرآن متحد نہیں ہو سکتے۔ اہل قرآن حضرات قرآن کو تو مانتے ہیں مگر قرآن لانے والے محمد رسول اللہ صلعم کے اسوہ حسنہ کو نہیں مانتے۔ قرآن کے ایک ایک لفظ کو منزل من اللہ اور اس کا نزول محمد صلعم پر تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن منزل علیہ کی تفسیر و تشریح کو نہیں مان سکتے۔ جن ہاتھوں نے ہم تک قرآن مجید پہنچایا انہی ہاتھوں نے ہم کو احادیث نبویہ دیں۔ لیکن کس قدر ظلم کی بات ہے کہ یہ بزرگ اشاعت فی القرآن میں تو راہ حق پر ہوں اور اشاعت سنت میں غلطی پر ہوں۔

اس کا دوسرا معنیٰ یہ ہوا کہ ایک گواہ کو ہم اپنے معاملہ میں سچا مانیں اور جب یہی گواہ ہمارے خلاف شہادت دے تو اس کو غیر صادق کہیں۔ سینہ بسینہ ہمارے پاس قرآن پہنچا۔ اور اسی طریقہ سے احادیث پہنچیں۔ جب دونوں کے ابلاغ و تبلیغ کا ذریعہ واحد اور اس کے پہنچانے یا پھیلانے والے مبلغ ایک ہی تھے تو قرآن کو سچا، واجب العمل ماننا اور احادیث کی تکذیب کرنا کیا معنیٰ؟

تعجب نہیں کہ جس روز ان دوستوں کو ایک اور ٹھوکر لگ گئی اور وہ ٹھوکر ایسی ہی ہوئی جس کی بنا پر ان دوستوں نے حدیث کو خیر باد کہا ہے تو یاد رکھئے اس ٹھوکر سے ان کا دماغی توازن قائم نہ رہ کر قرآن بھی ہاتھ سے نکل جائیگا۔

اب میں آپ کے نفس مضمون کی طرف توجہ کرتا ہوں آپ فرماتے ہیں کہ برزخ غیر زمانی ہے۔ لیکن افسوس کہ آپ نے اپنے اس دعویٰ کی تائید میں کوئی عقلی یا نقلی دلیل پیش نہیں کی۔ ہمارا ایمان ہے کہ برزخ زمانی ہے اور موت سے حشر تک ہزار ہا سال ہے زمانہ نہیں تو اور کیا ہے؟ یہ ایک ایسا بدیہی ثبوت ہے جس پر مزید دلائل پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے حشر تک اس طویل زمانہ کو بھی [illegible] غیر زمانی [illegible] کا [illegible] خاموش [illegible]

نیز ایک جگہ جب مولانا صاحب برزخ کو غیر زمانی تسلیم کرتے ہیں تو دوسری جگہ شہداء کے لئے کیوں زمانی برزخ تسلیم کرتے ہیں۔ شہداء کا درجہ انبیاء سے ہزارہا گنا چھوٹا ہوتا ہے۔ بلکہ شہداء کو انبیاء کے مقابلہ پر کوئی نسبت ہی نہیں۔ ان کی معمولی سی نیکی شہادت پر برزخ غیر زمانی عمدہ عمدہ پھل فروٹ کھانے والی برزخ زمانی کے ساتھ بدل جائے۔ لیکن نبی کے لئے وہ نبی جو خدا کا ولی خاص ہو۔ یہ زمانہ برزخ غیر زمانی ہی بنا رہے یا للعجب۔ اور انبیاء سے زیادہ مقتول فی سبیل اللہ اور کون ہوتا ہے۔

ترجمہ قرآن میں مولانا کی تحریف

مولانا اپنے جوش علم میں اکثر مترجمین قرآن پر اس طرح بگڑتے ہیں۔ یہاں اس غلطی کا اظہار کر دینا ضروری ہے جو قرآن کے عام مفسرین اور مترجمین نے اس آیت کے متعلق کی ہے۔ یعنی یہ کہ انہوں نے بجائے معبودان غیر اللہ کے لاعلمی کی نسبت خود اللہ کی طرف کی ہے اور ذرا نہیں شرماتے ہیں۔ چنانچہ اردو کے بہترین اور مستند مترجم شاہ عبدالقادر صاحب اپنے ترجمہ قرآن میں لکھتے ہیں۔

و یعبدون من دون اللہ ما لا یضرھم ولا ینفعھم ویقولون ھولاء شفعاءنا عند اللہ قل اتنبئون اللہ بما لا یعلم فی السموات والارض (پ۱۱) اور پوجتے ہیں اللہ سے نیچے جو چیز نہ برا کرے ان کا اور نہ بھلا اور کہتے ہیں کہ یہ ہمارے سفارشی ہیں اللہ کے پاس تو کہہ کہ تم اللہ کو جتاتے ہو جو اس کو معلوم نہیں کہیں آسمانوں میں نہ زمین میں (ص۲۹۶)

مولانا اسلم جیراجپوری حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ کی غلطی نکال رہے ہیں اور مرحوم کو کس بُرے انداز میں یاد کر رہے ہیں۔ خط کشیدہ عبارت کو دیکھئے اور مولانا کے قرآنی اخلاق کی داد دیجئے خدانخواستہ اگر شاہ صاحب کا ترجمہ غلط ہوتا تو بھی ایک بات تھی۔ لیکن ذیل میں مولانا جیراجپوری کا ترجمہ دیکھئے اور پھر رائے قائم کیجئے کہ محمد رسول اللہ کو چھوڑ کر انسان کو کیسے گڑھے میں گرنا پڑتا ہے۔ آپ مذکورہ آیت کا ترجمہ اس طرح کرتے ہیں۔

اور وہ اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہیں جو نہ ان کو ضرر پہنچا سکتے ہیں نہ نفع۔ اور کہتے ہیں کہ یہ لوگ اللہ کے یہاں ہمارے سفارشی ہیں۔ کہہ دے کہ کیا تم اللہ کو ان لوگوں کے ذریعہ سے خبر پہنچاتے ہو جن کو آسمان اور زمین کی کسی شے کا علم نہیں (ص۹۵۔ جنوری ۱۹۳۹ء)

یہ ترجمہ مولانا جیراجپوری کا ہے جس پر آپ کو خاص فخر و ناز ہے۔ خدا شاہد ہے مجھے مولانا کے علم و فضل کے ساتھ غائبانہ طور پر بڑی عقیدت مندی تھی۔ لیکن آپ کے اس ترجمہ کو دیکھ کر میری حیرانی کی انتہا ہو گئی کہ جامعۃ کا ایڈیٹر اور جامعہ ملیہ کا شیخ التاریخ والادب ہو کر قرآن کی ایک ہی آیت کے ترجمہ میں علم نحو، قواعد عربیہ اور عربی ادبیت سے بالکل الگ ہو کر مضحکہ خیز ترجمہ کر لیگا۔ نحو کا مبتدی طالب علم بھی بتلا سکتا ہے کہ لا یعلم کی ضمیر اللہ کی طرف راجع ہے۔ مگر آپ لا یعلم کی ضمیر (جو واحد کا صیغہ ہے) ھولاء یا شفعاءنا کی طرف لوٹا رہے ہیں اور آپ کے اس ترجمہ میں قرآن کی فصاحت و بلاغت بھی فنا ہو رہی ہے۔

مولانا کو شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ غالباً اس لئے برا لگا ہے کہ اس میں یہ عبارت نکلتی ہے۔ تم اللہ کو جتلاتے ہو جو اس کو معلوم نہیں۔ اور یہ عبارت صحیح نہیں۔ اس لئے کہ خدا تو ہر بات کو جانتا ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ بجائے اسکے یہ ترجمہ کر دیا جائے تم اللہ کو ان لوگوں کے ذریعہ سے خبر پہنچاتے ہو جن کو آسمان اور زمین کی کسی شے کا علم نہیں۔

افسوس کہ اگر مولانا صاحب اپنا یہ غلط ترجمہ لکھتے وقت کسی معمولی نحو پڑھے ہوئے سے بطور رائے دریافت فرما لیتے تو آپ کو یہ عظیم الشان غلطی نہ لگتی۔ سنئے اس کا اصل مطلب یہ ہے اتنبئون میں ہمزہ استفہامیہ ہے۔ یعنی کیا تم خدا کو جتلاتے ہو جو اس کو معلوم نہیں؟ یعنی تمہارے خیال میں یہ بات سمائی ہوئی ہے کہ یہ معبودین خدا تک پہنچاتے ہیں اور خدا خود نہیں سنتا۔ اور یہ استفہام انکاری ہے۔ جس کا صاف معنیٰ یہ ہوا کہ خدا زمین و آسمان کی ہر چھوٹی بڑی چیز کو جانتا ہے۔ شاہ عبدالقادر صاحب

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات۔ (۳۶۳) ایک مکمل انسائیکلوپیڈیا ہے۔ قیمت عہ۔ پتہ۔ دفتر اہلحدیث۔

یا دیگر کسی عالم اسلام نے آج تک وغلطی کی نسبت خدا کی طرف نہیں کی۔ اور وہی شاہ صاحب کے اس ترجمہ کا یہ مفہوم ہے۔ اور نہ ہی عربی عبارت قرآنیہ کا یہ مقصد ہے۔ بلکہ اس میں تو یہ واضح کیا جارہا ہے کہ کیا تم خدا کو اس طرح سمجھتے ہو کہ وہ زمین وآسمان کی خبر نہیں رکھتا۔ ہمزہ استفہامیہ اس مضمون کو اچھی طرح واضح کررہا ہے کاش! مولانا صاحب اس اردو ترجمہ پر ہی غور فرما لیتے۔ تو آپ کو اس اعتراض کا موقعہ نہ ملتا۔

اور پھر مولانا اپنے ترجمہ میں بما موصولہ کو ہضم ہی کرگئے ہیں۔ بما موصولہ اسی ترجمہ شاہ عبد القادر صاحب کی اور بھی تائید کررہا ہے۔ اگر مولانا صاحب قواعد عربیہ کے مطابق اپنا معنیٰ صحیح ثابت کردکھلادیں تو ہم آپ کے مشکور ہونگے فیصلہ کے لئے جس کسی مستند عالم کو آپ منتخب فرمائیں۔ ہمیں منظور ہے۔

یہ مختصر سا مضمون میں نے اس لئے قلمبند کیا ہے تاکہ قارئین اخبار اہلحدیث اندازہ لگالیں کہ جو جماعتیں یا فرقے اسلام سے باہر نکل کرنئے نئے راستے اختیار کرتے جارہے ہیں ان کا علمی تخیل اور ذہنی ذوق کس درجہ کا ہے ابھی یہ مضمون تشنہ رہ گیا ہے۔ اس کے لئے پھر کسی وقت کچھ تفصیل کے ساتھ عرض کیا جائیگا۔

اہلحدیث مَا لَا یَعْلَمُ الآیہ کے ترجمے میں ہمیں دونوں صاحبوں سے اختلاف ہے۔

ہم لَا یَعْلَمُ کا فاعل خدا ہی کو سمجھتے ہیں۔ مگر اس پر اعتراض کرنا غلط جانتے ہیں۔ خدا کا علم صحیح واقعات کو شامل ہے۔ مثلاً دو دونے چار اللہ کے علم میں ہے مگر کسی کا یہ قول کہ دو دونے پانچ اللہ کے علم میں نہیں اگر دو دونے پانچ بھی اللہ کے علم میں ہوں تو اس کا وجود خارجی ہونا ضروری ہے۔ اگر اس مقولہ کا خارجی وجود ہو تو استحالہ نہ رہا۔ مشرکوں کا قول ھٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰہِ دو دونے پانچ کی طرح ہے۔ اس کی نسبت فرمایا ہے۔ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰہَ بِمَا لَا یَعْلَمُ۔ کیونکہ معبودان باطلہ کا شفیع ہونا جھوٹ ہے۔ جیسے دو دونے پانچ کذب ہے۔ نہ وہ اللہ کے علم میں ہے نہ یہ۔ واللہ اعلم!

جدوجہد

(از قلم مولوی عبد القیوم صاحب کوکب مینوی از عمرآباد)

دنیا میں ہر مقصد اور ہر چیز کے حاصل کرنے کے لئے کوشش اور جدوجہد کی ضرورت ہے۔ ہم اس کی بدولت بڑے سے بڑے کام کو انجام دے سکتے ہیں اور بڑی سے بڑی مہم کو سر کرسکتے ہیں۔ جدوجہد کے لئے صبر وتحمل استقلال وہمت، دلیری وشجاعت اور جواں مردی کی بھی ضرورت ہے کیونکہ یہ جدوجہد کے ہتھیار ہیں۔ ہم جب اپنے اسلاف کی تاریخ پڑھتے ہیں تو ہمیں صاف معلوم ہوتا ہے کہ ان کی تمام کامیابیاں صبر وتحمل، استقلال وہمت، دلیری وشجاعت اور جدوجہد ہی کی بدولت نصیب ہوئی تھیں۔ اُن کے راستہ میں ہر قسم کی رکاوٹ اور حوصلہ پست کرنے والے اسباب موجود تھے۔ اُن کو آگ کے انگاروں پر لٹایا گیا۔ تپتی ہوئی ریتوں پر گھسیٹا گیا۔ کوڑوں کی مار ان پر پڑی۔ مگر وہ اپنی دھن کے اتنے پکے تھے کہ جس مقصد کو لیکر اٹھے تھے اس سے ایک انچ کبھی پیچھے نہیں ہٹے اور جب تک اسمیں کامیابی نہیں ہوئی برابر جدوجہد کرتے رہے۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال ہمارے سامنے موجود ہے کہ آپ نے اپنے مشن کو کس طرح کامیاب بنایا۔ آپ جب مکہ کی گلیوں سے گزرتے تو آپ کے اوپر اینٹ اور پتھر کی بارش کی جاتی۔ آپ کو دیوانہ اور مجنون کہا جاتا۔ کفار نے اپنے بس کے مطابق ہر قسم کی تکلیفیں آپ کو پہنچائیں لیکن آپ جس مقصد کو لیکر اُٹھے تھے اُس میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے برابر جدوجہد کرتے رہے۔ حتیٰ کہ ایک زمانہ وہ آیا کہ قریب قریب کل عرب آپ کے تابع ہوگیا اور آپ کے فرمان برداروں نے جن کو کسی وقت میں کفار کی ستم رانیوں کی وجہ سے اپنے وطن میں رہنا دشوار ہوگیا تھا۔ اسی جدوجہد کی بدولت قیصر وکسریٰ کی سلطنت کو ختم کرکے اسلامی خلافت کی بنیاد ڈالی اور نہایت شان وشوکت اور عزت کی زندگی بسر کرنے لگے۔

بے شک کوشش ایک ایسا ذریعہ ہے کہ اس سے ہم ہر ایک مشکل کو آسان کرسکتے ہیں۔ یہ اکثر لوگوں کو معلوم ہوگا کہ قدیم زمانہ میں اس شکل وصورت کی گھڑی موجود نہ تھی جیسی ہمارے زمانہ میں ہے جس وقت لوگوں کو وقت پہچاننے میں بڑی دقت ہوتی تھی۔ آخر کار ابتداً ایک معمولی قسم کی گھڑی ایجاد ہوئی اور رفتہ رفتہ انسانی دماغ کی جدوجہد کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج ہر گھر میں گھڑی موجود ہے۔ اور لوگ اس سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔

اسی طرح ہوائی جہاز کو دیکھئے کہ وہ شروع میں کس قدر ناقص تھا مگر انسان کی دماغی محنت اور عملی جدوجہد کی بدولت آج اس میں کتنی ترقی ہوچکی ہے۔ آج اس سے لڑائی اور بمباری کا کام لیا جاتا ہے۔ اور یہیں تک بس نہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ آج سے پچاس سال بعد ہوائی جہاز میں اس قدر ترقی اور زیادتی ہوگی کہ جطرح شہروں کی سڑک پر پولیس پہرہ دیتی ہے اسی طرح ہوائی جہاز کے ذریعہ پولیس پہرہ دیگی تاکہ ہوائی جہازوں کا آپس میں تصادم نہ ہو۔ اور ایک معمولی آدمی کے لڑکے نے ریل ایجاد کرکے دنیا کے اوپر کتنا بڑا احسان کیا کہ لوگ ایک جگہ سے دوسری جگہ آرام اور آسانی کے ساتھ تھوڑے وقت میں پہنچ جاتے ہیں۔ بائیسکل ہی کو لیجئے کہ فوری ضرورت پر کتنی کارآمد چیز ثابت ہوتی ہے۔

یورپین قوموں نے ایسے ایسے آلات ایجاد کر رکھے ہیں جن کو سن کر اور دیکھ کر عقل حیران وششدر رہ جاتی ہے وائرلیس سے آج جو اہم کام لیا جاتا ہے اس کی ابتدا کے وقت نہیں لیا جاسکتا تھا۔ یہ بھی جدوجہد ہی کا نتیجہ ہے کہ وائرلیس کو اس درجہ پر پہنچادیا گیا کہ ہم گھر بیٹھے ایک دوسرے آدمی سے بات چیت کرسکتے ہیں۔ یا ریڈیو کے ذریعہ ہم ہزاروں میل کی مسافت سے کسی کی آواز کو سن سکتے ہیں۔ جدوجہد ہی کی بدولت کولمبس نے ایک نئی دنیا (امریکہ) کو تلاش کرلیا۔ اور علامہ اقبال مرحوم نے جدوجہد کے متعلق کیا خوب کہا ہے ؎

کوئی قابل ہو تو ہم شان کئی دیتے ہیں
ڈھونڈنے والے کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

ہمت اور کوشش ایسی اکسیر ہے کہ مردہ دلوں میں روح پھونک دیتی ہے اور ناامیدی کو امید سے بدل دیتی ہے سلطان محمود غزنوی کا واقعہ ہے کہ جب آپ نے اپنی شکست کا پورا یقین ہوگیا تو ۔۔۔ کررہا تھا۔ (باقی صفحہ ۔۔۔ پر)

فتاویٰ

س ۸۸ } کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی بی بی ہندہ کو بعوض ایک سو دس روپیہ کے اسٹامپ کاغذ پر طلاق لکھ دی اور عدت ہی میں رجوع کر لیا۔ اور روپیہ واپس کر دیا۔ کیا یہ رجوع عند الشرع جائز ہے یا نہیں؟ (ایک سائل)

ج ۸۸ } صورت مرقومہ خلع کی ہے۔ جس کا ذکر قرآن مجید کی آیت فیما افتدت بہ میں ہے۔ خلع میں نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ بعد ایک ماہ عدت کے بتراضی فریقین نکاح ہو سکتا ہے۔ محض رجوع نہیں۔ اللہ اعلم

س ۸۹ } شادی میں باجہ یعنی ایک طرف دف بجانے کی شریعت میں ممانعت ہے یا کیا۔ بعض کہتے ہیں کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے عقد میں ایک طرف دف بجایا گیا تھا۔ (محمد عبد الشکور سوداگر بابا پور)

ج ۸۹ } مسنون طریق نہیں۔ اگر اسکو مذہبی رسم سمجھتا ہے تو بدعت ہے۔ ایسا نہیں سمجھتا تو لغو ہے اللہ اعلم!

س ۹۰ } بوقت نکاح پھولوں کے ہار دولہا کو پہنانا، اور گھوڑے پر سوار کر کے بتاوق کے فائر کرتے ہوئے مسجد تک برائے ۲ رکعت نماز شکریہ لے جا کر پھر دولہن کے مکان تک بوقت نماز فجر لے جانا کیا حکم رکھتا ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۹۰ } اس کا ثبوت نہیں ہے۔ جو کہتا ہے اس سے حوالہ پوچھئے۔ اللہ اعلم! (۲۰ داخل غریب فنڈ)

س ۹۱ } پرچہ اہلحدیث ۸ مئی ۳۶ء و ۲۸-۱۰ اگست ۳۶ء کے سوال ۱۲۸ کے جواب میں لکھا گیا ہے کہ مرتدہ کا نکاح شرعاً فسخ نہیں ہوگا۔ اسکے خلاف پرچہ ۲۲ اکتوبر ۳۶ء۔ ۳۰ جون ۳۸ء اور ۲۲ جولائی ۳۸ء کے سوال ۱۶۹ و ۱۹۹ اور ۲۱۳ کے جواب میں آپ نے صاف تحریر فرمایا ہے کہ مرتدہ کا نکاح فوراً فسخ ہو جاتا ہے۔ ارتداد خواہ حقیقۃً ہو خواہ حیلۃً مرتدہ کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے جس پر ایک حدیث اور ایک آیت قرآنی بھی پیش کی ہے اب تحقیق طلب امر یہ ہے کہ فتاویٰ ہائے مندرجہ پرچہ اہلحدیث میں تضاد کی کیا وجہ ہے۔ کیا آپ کی رائے جمہور کے خلاف ہے۔ ہمارے نزدیک موضع فصیر پور میں بڑا تنازعہ شروع ہے۔ وہاں کی ایک عورت جو حیلۃً نکاح فسخ کرانے کے لئے مرتدہ عیسائیہ ہو گئی۔ اس جگہ کے امام مسجد نے بموجب مندرجہ پرچہ اہلحدیث ۲۲ جولائی ۳۸ء جواب ۲۱۳ کسی دوسرے شخص سے نکاح ثانی کر دیا۔ جس پر ایک شخص نے آپ کے فتویٰ ۱۲۸ مندرجہ اہلحدیث ۸ مئی ۳۶ء کی بنا پر اس نکاح کو ناجائز قرار دیا ہے براہ نوازش ان کا جواب جلد تحریر فرمائیں۔

(ایم حشمت علی گوہیر خریدار اہلحدیث از لوہیاں)

ج ۹۱ } جمہور علماء کا فتویٰ یہی ہے کہ مرتدہ کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے؛ راقم کو اس امر میں اختلاف ہے کہ عورت عیسائی ہو جائے تو اس کا نکاح شرعاً فسخ نہ ہوگا۔ کیونکہ عیسائی عورت سے از روئے شریعت نکاح جائز ہے۔ اسی بنا پر عند الجمہور لکھا گیا ہے۔ سائل نے بھی اس امر کا ذکر کیا ہے۔ پھر بھی تضاد کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جو غلط ہے۔

س ۹۲ } خراجی زمین کی پیداوار میں عشر ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو کس حساب سے دینا ہوگا۔ اگر نہیں ہے تو وجہ کیا ہے؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۹۲ } خراجی زمینوں سے مراد اگر ہندوستانی رعایا کی زمینیں ہیں تو ان میں بھی معاملہ سرکاری کا لحاظ رکھ کر بالتخفیف عشر واجب ہے۔ بارانی میں بیسواں چاہی اور نہری میں چالیسواں حصہ ہے۔ اللہ اعلم!

س ۹۳ } چند اشخاص متفق ہو کر اگر کسی شخص کی خاص ملک زمین دغیرہ کو جبراً قہراً ظلماً از روئے شرع وقف کرا سکتے ہیں اور اگر کوئی ظلم و زیادتی وغیرہ سے مجبور تنگ ہو کر بہ جبری وقف کر بھی دے تو شرعاً ایسا وقف جائز ہے یا ناجائز۔ اور ایسا کرنے والے از روئے شرع کس جرم کے مرتکب ہیں؟ (محمد ایوب خطیب سنگری انڈمان)

ج ۹۳ } دین کے کسی کام میں جبر جائز نہیں۔ لقولہ تعالیٰ۔ لَا اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ الآیہ۔ ہمارے مہربان بھی ایسے بدیہی امر کے متعلق سوال کرتے ہیں جن کا جواب نابالغ بھی دے سکتے ہیں۔ قرآن کی آیت مذکورہ

بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲

اس وقت اس کی نظر دیوار پر پڑی۔ اس نے دیکھا کہ ایک چیونٹی اوپر چڑھنے کی کوشش کر رہی ہے۔ لیکن تھوڑی اوپر جانے کے بعد وہ زمین پر گر جاتی ہے۔ کئی بار اس کو ناکامی ہوئی مگر وہ برابر کوشش کرتی رہی۔ یہاں تک کہ وہ منزل مقصود تک پہنچ گئی۔ سلطان محمود نے اس ننھی سی چیونٹی سے سبق لیا۔ اس کا عقیدہ پختہ ہو گیا کہ بے شک ہمت اور کوشش ایسی چیز ہے کہ وہ منزل مقصود تک پہنچا کر چھوڑتی ہے۔ اس خیال سے اس کے دل میں امید کی ایک لہر دوڑ گئی۔ اور اس نے پوری قوت کے ساتھ دشمن پر حملہ کیا۔ اسکے عقیدہ کے مطابق کامیابی نے اس کے قدم چومے۔ دنیا میں چھوٹے چھوٹے لوگ بھی اپنی کوشش اور محنت کی بدولت بڑے بڑے درجہ پر پہنچ جاتے ہیں۔ چنانچہ غازی مصطفےٰ کمال پاشا کی مثال ہمارے سامنے موجود ہے کہ وہ محض ایک آدمی کے ہونہار فرزند تھے۔ کوشش ہی کی وجہ سے دنیا کی مستحکم سے مستحکم قوت کو ایک تھوڑے سے وقت میں پاش پاش کر دیا۔ ان کے یونانی حریف آج بھی اُن کے نام سے لرزہ براندام ہیں۔ گو کہ وہ اب دنیا میں نہیں ہیں مگر ان کی یادگار تاریخ کے صفحات پر سنہری حرفوں سے لکھی ہوئی موجود ہے جس کو پڑھ کر آئندہ نسلیں اس بہادر کے نقش قدم پر چل کر جدوجہد سے ترقی کے اعلیٰ منازل پر پہنچ سکتی ہیں۔ ہندوستان کی قومی جماعت کانگریس کو دیکھئے کہ کتنی مصیبتوں اور دشواریوں میں مبتلا ہوئی۔ مگر اپنے مقصد کے لئے برابر جدوجہد کرتی رہی اور آج ہم اسی کا نتیجہ دیکھ رہے ہیں کہ سات صوبوں میں وہ حکومت کر رہی ہے۔

کوشش ایسی چیز ہے کہ اگر اس پر ہم مضبوطی کے ساتھ کاربند ہو جائیں تو دنیا کی ہر طاقت کو زیر و زبر کر سکتے ہیں۔ کیا خوب کسی نے کہا ہے ؎

جو ہم چاہیں تو زندانِ غلامی آج بہہ جائے
ابھی اتنا گیا گزرا نہیں سیلِ رواں اپنا

متفرقات

اہلحدیث کی چستی | ناظرین خوب جانتے ہیں کہ انکا خادم اخبار "اہلحدیث" وقت کا اتنا پابند ہے کہ بانددشانہ کیا یہ ممکن نہیں کہ اس پابندی میں اسے بھی موانع پیش آتے ہونگے۔ ضرور آتے ہیں۔ مگر یہ خادم خدمت اور ڈیوٹی کی فرض شناسی میں ان مشکلات کو عبور کرجاتا ہے۔ گذشتہ جمعرات کے روز ڈاکخانہ میں محرم کی تعطیل تھی۔ وہی دن اخبار روانہ کرنے کا تھا۔ پھر جس محنت اور سعی سے اس مشکل کو عبور کرکے اہلحدیث ناظرین تک پہنچا۔ اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔ پس اہلحدیث جس طرح اپنی خدمت کا احساس کرکے اسے پورا کرتا ہے اپنے مربیوں سے اس کا صلہ چاہتا ہے کہ اس کی ترقی اشاعت میں کوشش کریں۔

اہلحدیث کے معاونین | میں سے سید احمد صاحب میسوری ایک مدیر سنہ کرمفرما ہیں جو اپنے تبلیغی دورہ میں اہل حدیث حضرات کو اخبار اہلحدیث کی خریداری پر آمادہ کرتے رہتے ہیں۔ پیشتر ازیں آپ نے بہت سے خریدار بنائے تھے۔ حال ہی میں علاقہ میسور میں دو مزید خریدار بناکر ان کی قیمت دفتر میں بذریعہ منی آرڈر بھی بھجوا دی جزاہ اللہ احسن الجزا۔

وی پی بھیجے گئے | مندرجہ ذیل حضرات کی قیمت ماہ فروری میں ختم تھی جن کو اہلحدیث ۲۷ جنوری میں اطلاع دی گئی تھی۔ ۳-مارچ تک انتظار کرکے ان کو اہلحدیث ۳-مارچ وی پی بھیجے گئے ہیں۔ اگر کسی صاحب کا وی پی غلطی سے واپس ہوجائے تو مہربانی فرماکر بغیر یاد دلانے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کردیں۔

۴۴ - ۱۸۹۷ - ۲۲۰۶ - ۲۶۸۳ - ۳۵۹۶
۴۳۸۷ - ۸۸۴۴ - ۹۳۷۸ - ۷۰۵۸ - ۷۷۹۳
۸۸۹۹ - ۹۴۲۴ - ۹۶۶۳ - ۹۸۲۲ - ۱۰۱۷۸
۱۰۸۵۴ - ۱۰۸۷۴ - ۱۱۱۸ - ۱۱۱۴۲ - ۱۱۲۷۳
۱۱۴۹۲ - ۱۱۶۱۶ - ۱۱۸۲۸ - ۱۱۸۳۱ - ۱۱۸۳۷

۴۰۰۹ - ۱۲۰۳۴ - ۱۲۰۳۸ - ۱۲۳۳۸ - ۱۲۳۴۵
۱۲۳۴۴ - ۱۲۳۴۳ - ۱۲۳۳۸ - ۱۲۳۳۹
۱۲۳۴۸ - ۱۲۳۴۹

مولانا محمد موسیٰ صاحب | جہاں کہیں ہوں اپنی جائے قیام سے جلد اطلاع بخشیں۔ (راقم خلیفہ عبدالکریم جعفرپوری معلم مدرسہ اہل حدیث دہوفرہ ٹانڈہ ضلع بریلی)

سالانہ جلسہ | مدرسہ اصلاح المسلمین پٹنہ کا سالانہ جلسہ ۱۸-۱۹ مارچ ۱۹۳۸ء کو تھمر مسجد پٹنہ میں منعقد ہوگا جس میں علمائے کرام و واعظین حضرات شرکت فرماکر اپنے مواعظ حسنہ سے مستفید فرمائینگے۔ شائقین حضرات شرکت فرماکر جلسہ کی رونق کو دوبالا کریں۔ (مولوی عبدالخبیر ناظم مدرسہ اصلاح المسلمین پٹنہ) عدم اشاعت فندسول

رسالہ عیدین | برکات محمدیہ و تبلیغ سنت سب لوٹ کے سلسلہ میں جدید رسالہ بنام قرۃ العینین عاجز نے لکھا ہے۔ جس میں تعدد عیدین کی فلاسفی، اور مسائل وسنن متعلقہ کے تمدنی و سیاسی اسرار اور کیفیت نماز عیدین مطابق سنت طریق محدثین کے وجوہ ترجیح، آنحضرت صلعم کے خطبہ عیدین کی جامعیت، خطبہ ہی میں جہادی لشکر کشی کے احکام، عورتوں کو وعظ و نصیحت اور ان کی تعلیم، زمانہ حال کی تعلیم کی خرابیاں وغیرہ وغیرہ امور نہایت دلچسپ پیرایہ اور انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔ جو صاحب سلسلہ برکات محمدیہ کے متقل سالانہ خریدار ہیں ان کو تو یہ بغیر فرمائش کے پہنچ جائیگا۔ لیکن جو صاحب متقل خریدار نہیں ہیں وہ لفافہ میں ۲؍ کے ڈاک ٹکٹ بھیجدیں۔ انشاء اللہ رسالہ اُن کو پہنچ جائیگا واللہ الموفق۔

بشارت عظمیٰ | حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی ایک تصنیف البلاغ المبین ردِ شرک و بدعت میں ہے جو فارسی زبان میں ہے۔ حاجی عبدالکریم صاحب سوداگر کلکتہ نے بڑی تقطیع پر اصل کتاب مع اُس کے اُردو ترجمہ کے چھپوائی اور مفت شائع کرنے کا اشتہار دیا۔ کچھ نسخے میرے پاس بھی سیالکوٹ میں اشاعت کیلئے بھیجے ہیں۔ حاجی صاحب ممدوح نے اسکے لئے یہ قاعدہ رکھا ہے کہ طلبگار شائق ۲؍ کے ٹکٹ بھیجکر منگوالیں۔ سو آپ جلدی کریں۔ ۲؍ کے ٹکٹ ڈاکخانہ کے شہر سیالکوٹ میں میرے نام پر بھیج دیں۔ کتاب نئیں چھپی ہے ٹائیٹل بھی عمدہ اعلیٰ ہے۔ کاغذ اعلیٰ اور معمولی کتابوں سے مولٰی ہے۔

تنبیہ۔ مجھے خط لکھتے وقت شہر سیالکوٹ ضرور لکھا کریں۔ اور ایڈریس واضح خط میں اُردو اور انگریزی ہردو حرفوں میں لکھا کریں۔

ہردو کتب طلب کرنے کا پتہ:- محمد ابراہیم میر سیالکوٹی شہر سیالکوٹ۔

اہل حدیث تبلیغی جلسہ لاہور | ۱۸-۱۹ مارچ کو بیرون دہلی دروازہ نہایت تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوگا جس میں پنجاب و ہندوستان کے علمائے کرام مدعو ہیں۔ (ناظم اہل حدیث تبلیغی جلسہ لاہور)

مدرسہ عربیہ شہر میسور | میسور شہر میں دینی عربی مدرسہ قائم کرنے کی غرض لے کر خاکسار نے ۱۹۳۸ء کے شروع سے اب تک جو دورہ کیا اس میں خرچ نکال کر ایک سو پچاس روپیہ مدرسہ کی مد میں جمع ہوا ہے۔ اس سے پہلے محترم جناب کاکا اسمٰعیل صاحب مہتمم مدرسہ عمرآباد کے عطیہ چھ سو روپیہ کی شمولیت سے آٹھ سو روپیہ میں ایک مکان مسجد کے نام پر خرید کیا گیا ہے۔ مدرسہ جاری ہے بارہ چودہ لڑکے تعلیم پا رہے ہیں۔ جناب سید عبدالغفار صاحب مدرسہ ہذا کے مدرس مقرر ہوئے ہیں۔ اعیان قوم سے استدعا ہے کہ اس مدرسہ کی امداد کا خیال رکھیں۔

خاکسار سید احمد خادم جماعت اہل حدیث ایرنگرہ میسور

انجمن اصلاح البیان | مدرسہ محمدیہ قصبہ شیش گڑھ ضلع بریلی کا پہلا جلسہ ۲۷ جنوری ۱۹۳۸ء کو ہوا۔ حاضرین کی کافی تعداد تھی۔ لڑکوں نے مختلف عنوانوں پر تقریریں کیں۔ حاضرین جلسہ اطمینان سے سنتے رہے اور مدرسہ کی کامیابی پر داد دیتے رہے۔ اسکے بعد مولوی عبدالصمد صاحب مدرس مدرسہ محمدیہ نے انجمن کا مقصد بیان کیا کہ انجمن ہذا کی دلی منشا ہے کہ ہر طالب علم جو مدرسہ ہذا میں پڑھتا ہے اس قابل بنایا جائے۔ آئے دن وقت پر دین خداوندی کی اچھی طرح سے خدمت کرسکے۔ بعد میں کچھ طلباء مقررین کو حاضرین جلسہ کے روبرو انعامات تقسیم کئے گئے۔

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

محرم میں فسادات

ہنگامہ رات دن ہے بپا کوئے یار میں
ایسی بھی فتنہ خیز کوئی سرزمیں نہیں

یہ شعر دراصل ہمارے ملک ہندوستان کے لئے ہے ملک کے سرکردہ رہنماؤں کی سر توڑ کوشش کے باوجود آئے دن فرقہ وارانہ فسادات ہوتے رہتے ہیں جن میں فریقین کا سخت نقصان جانی و مالی ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی باز نہیں آتے۔

اس سال بھی کئی ایک مقامات (امرتسر۔ بنارس۔ کانپور۔ لکھنؤ اور قصور وغیرہ) میں فسادات ہوئے جن میں قتل و غارت، لوٹ مار اور آتش زدگی وغیرہ تک بھی نوبت پہنچی۔ لطف یہ ہے کہ اکثر مقامات میں تو ہندو مسلم فسادات ہوئے ہیں۔ مگر پنجاب کے مشہور مقام قصور ضلع لاہور میں مسلمانوں کے دو گروہوں سنی اور شیعہ میں سخت تصادم ہوا۔ شیعہ حضرات دُلدل (امام حسین رضہ کا گھوڑا) نکالنا چاہتے تھے۔ سنیوں نے اسکی سخت مخالفت کی۔ جس کے نتیجہ میں بہت سے سنی گرفتار ہوئے جس کا انجام ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا۔

ہم ان فسادات کی تہ کو جانتے ہوئے بھی اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتے بلکہ اس کے علاج کی تدبیر حکومت کے کانوں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ اگر حکومت ہماری مخلصانہ گذارش پر توجہ فرمائیگی تو ہمیں امید ہے کہ یہ سلسلہ فسادات یکقلم بند ہو جائیگے۔

اس میں شک نہیں کہ حکومت اس امر کی ذمہ دار ہے کہ اپنی رعایا کے ہر گروہ کی مذہبی رسومات کی حفاظت کرے۔ یعنی ان رسومات کی جو مذہب نے سکھائی ہوں لیکن لوگوں کی اپنی ایجاد کردہ بدعات کی حفاظت کا ذمہ لینا اس پر ضروری نہیں۔

حکومت کو معلوم ہوگا کہ ہندوؤں میں ایک پرانی رسم چلی آتی تھی کہ وہ عورت اپنے مردہ خاوند کے ساتھ ہی جلتی چتا میں جل کر راکھ ہو جاتی تھی۔ حکومت نے اس رسم کو غیر مذہبی قرار دیکر بند کر دیا۔ ٹھیک اسی طرح حکومت تعزیہ اور رام لیلا وغیرہ رسوم کا فیصلہ کرائے۔ جس کی صورت ہم خود ہی عرض کئے دیتے ہیں۔ تعزیہ سازی کا حکم معلوم کرنے کے لئے علمائے اسلام کی ایک کمیشن بٹھائی جائے۔ جس میں مندرجہ ذیل جماعتوں کے نمائندے شریک ہوں۔ (۱) ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ (۲) جمعیۃ العلما دہلی۔ (۳) آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس دہلی۔ (۴) آل انڈیا شیعہ کانفرنس۔ (۵) جماعت مدرسہ دیوبند۔ اور (۶) انجمن حمایت اسلام لاہور وغیرہ۔ ان سب اداروں کے ارکان اس مسئلہ پر غور کریں کہ تعزیہ سازی اسلام میں ضروری ہے یا کیا حیثیت رکھتی ہے؟ اگر یہ امر بالاتفاق طے ہو جائے کہ ضروری نہیں بلکہ جائز بھی نہیں تو بس قصہ ختم۔ اگر کسی فرقہ کا نمائندہ اس کام کو ضروری سمجھے تو اس کو اسی فرقہ کے ساتھ مخصوص قرار دیا جائے۔

دوسرا مسئلہ یہ پیش ہو کہ تعزیہ اٹھا کر بازاروں میں گشت کرنے کا کیا حکم ہے۔ غالباً کمیشن کے سب ارکان بالاتفاق اس امر کو تسلیم کرینگے کہ تعزیہ لیکر عام گزرگاہوں میں گھومتے پھرنا کوئی مذہبی حکم نہیں۔ ان دونوں مسئلوں میں کتابی حوالہ جات سے بحث کی جائے نہ کہ رواجی اصول پر۔ اس کمیشن کی رپورٹ کے مطابق حکومت اپنا حکم نافذ کرے۔ تعزیہ کے ساتھ ہی ذوالجناح (اسپ امام حسین رضہ) کا بھی فیصلہ کرایا جائے۔

اسی طرح رام لیلا (دسہرہ) کا معاملہ بھی اہل علم ہندوؤں کے سامنے پیش کیا جائے۔ اس کمیشن میں ذیل کی جماعتوں کے نمائندوں کو شرکت کی دعوت دی جائے (۱) سناتن دھرم سبھا۔ (۲) ہندو مہا سبھا۔ (۳) آریہ سماج۔ (۴) برہمو سماج وغیرہ۔ ان کے سامنے رام لیلا کا مسئلہ پیش کرکے ہندو دھرم شاستروں کی رو سے اس کا حکم دریافت کیا جائے۔ اگر ان رسوم کا ثبوت مذہبی کتب سے نہ دکھایا جائے تو حکومت فریقین کو ان بدعات کی بجا آوری سے قطعاً روک دے۔

اسی طرح حکومت ہولیوں کی رسم کو بھی زیر غور لائے اور دیکھے کہ ان ایام میں کیا کیا خرابیاں ملک میں رونما ہوتی ہیں۔ لڑائی جھگڑے کا ذکر ہم اس جگہ نہیں کرتے کیونکہ یہ تو سرکاری رپورٹ میں بھی موجود ہے۔ البتہ اسکے اخلاقی پہلو پر توجہ کرتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہولیوں میں اس قدر غلاظت اور مغلظات کا مظاہرہ ہوتا ہے کہ ایک ہندوستانی ہونے کی حیثیت سے ہماری گردن شرم کے مارے جھک جاتی ہے۔ شریف سے شریف ہندو بھی ان دنوں مجنوں (سودائی) نظر آتا ہے۔ نہ صرف مردوں بلکہ عورتوں کے سامنے بھی فحش کلامی کی جاتی ہے اور برہنگی کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ ایسا کرنا یقیناً دھرم شاستر کا حکم نہیں بلکہ قدیم ہندوستان کا دستور بھی نہیں۔ قدیم ہندوستان کے زمانہ میں بھی ہولیاں کھیلی جاتی تھیں مگر شرافت اور متانت کے ساتھ دوستانہ تفریح کے سوا کچھ نہیں ہوتا تھا۔

ایک مثال اپنے ایام طالب علمی میں ہم نے دیکھا ہے مدارس عربیہ از خود یا کسی کے دعوت کرنے پر آموں کے موسم میں باغوں میں آم چوسنے جایا کرتے تھے۔ وہاں جو کچھ ہوتا تھا وہ قدیم ہولی کی مثال ہے۔ جس کی صورت یہ تھی کہ عبد اللہ نے آم چوسا تو عبد الرحمان کو دے مارا عبد الرحمن نے چوسا تو عبد الرحیم پر چھلکا پھینک دیا۔ بس یہ ہے پرانی ہولی کی مثال جس کو ترقی دیکر موجودہ خرافات تک پہنچا دیا گیا۔

ہماری ذاتی رائے یہ ہے کہ تعزیہ بنا کر آئے بازاروں میں لئے پھرنا اسلام کے خوشنما چہرے پر بدنما دھبہ دکھاتا ہے۔ اسی طرح رام لیلا کا منظا ہرہ (دسہرہ بنانا، رام چندر جی اور سیتا کی کہانیاں سنا) ہندوستان تاریخ کے صفحات پر ایک سیاہ داغ دکھاتا ہے دونوں فریق ہماری بات سنیں تو ان رسوم کو بند کر دیں۔

قابل توجہ حکومت حکومت کو معلوم ہے کہ ہندوستان کے قریب جتنے اسلامی ممالک (افغانستان اور ایران وغیرہ) پائے جاتے ہیں۔ ان میں تعزیہ سازی کی رسم نہیں ہے۔ اگر یہ رسم مذہبی ہوتی تو ان اسلامی ممالک میں اس کا ثبوت کچھ تو ضرور ملتا۔ ان سے ثابت ہوتا

[...]ہ یہ کوئی رسم اسلامی رسم نہیں ہے۔ مگر ہم اپنی رائے بر[...] دینا نہیں چاہتے۔ صرف حکومت کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ وہ اس غرض سے کمیشن بٹھانے کا انتظام کرے۔

اہلحدیث گول میز کانفرنس

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا جلسہ فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور پنجاب میں بتواریخ ۷-۸-۹-۱۰ اپریل ہونے والا ہے۔ پنجاب میں اہل حدیث کے اختلافات کو ملحوظ رکھ کر یہ تجویز پیش کی گئی تھی کہ اس جلسے کے موقع پر ایک گول میز کانفرنس کر کے اس تفرقہ کو دور کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس تجویز کو ہمدردان جماعت نے بہت پسند کیا۔ اس سلسلہ میں جن حضرات کی طرف سے اطلاعات آئی ہیں ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

(۱) حکیم محمد علی صاحب سکرٹری انجمن نصرت الاسلام وینانگر۔ (۲) مولوی ابو مسعود خان صاحب قمر بنارسی۔ (۳) مولوی غلام رسول صاحب ناظم انجمن اہل حدیث ہوشیارپور۔ (۴) مولوی عبد اللہ صاحب عقیل شوی از بنگلور۔ (۵) مولوی محمد ابو الخیر منا رحمانی مئو ائمہ الٰہ آباد۔ (۶) مولوی نسیم صاحب مئو ائمہ الٰہ آباد۔ (۷) منشی محمد عالم صاحب کوٹلی لوہاراں مغربی سیالکوٹ۔ (۸) میاں عبد الرحمان صاحب انشال کلکتہ۔ (۹) بابو دین محمد صاحب سگنیلر قصور سٹیشن (۱۰) مولوی ابو موسیٰ عبد الحمید صاحب امام اہل حدیث بیٹھی گورداسپور۔ (۱۱) مولوی عبد العزیز صاحب کوٹلی لوہاراں مغربی سیالکوٹ۔ (۱۲) مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری۔ (۱۳) منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری۔ (۱۴) حافظ اسماعیل صاحب از[...] ضلع [...] (۱۵) شاہ نصیر الدین از امرتسر

مدرسہ سکول [...] کے لئے ایک صاحب عیر[...] صادق آباد [...]
[...] مدینہ منورہ کے لئے حاجی [...] پیرزادی [...] ایک صاحب عیر[...] صادق آباد [...]

رپورٹ واعظین کانفرنس اہل حدیث

بابت ماہ ذیقعد ۱۳۵۰ھ

(۱) مولوی عبد اللہ صاحب واعظ دہلوی نے ضلع شیخوپورہ منڈی وار برٹن۔ چیچو کے ملیاں علاقہ پنجاب کا دورہ کیا۔

(۲) مولوی عبد الرحمٰن صاحب فرخ نگری نے ریواڑی۔ گوڑگانوہ، پلکھوہ، ہاپور، سنبھل ضلع میرٹھ۔ چاندپور۔ صدر الدین نگر۔ دہامپور۔ نگینہ ضلع بجنور۔ مراد آباد۔ لال پور۔ بریلی وغیرہ کا دورہ کیا۔

(۳) مولوی شمس الدین صاحب واعظ کشمیری نے سرینگر علاقہ کشمیر اور اسکے مضافات کا دورہ کیا۔

(۴) مولوی عبد الرزاق صاحب واعظ پشاوری نے علاقہ پشاور کا دورہ کیا۔

(۵) مولوی بہرام صاحب آنریری واعظ پشاوری نے مضافات پشاور کا دورہ کیا۔

(۶) مولوی محمد جلال الدین صاحب واعظ نے علاقہ پٹیالہ کا دورہ کیا

(۷) مولوی محمد سلیمان صاحب واعظ نے ضلع گوڑگانوہ کے مضافات کا دورہ کیا۔

(۸) مولوی عبد المجید صاحب واعظ گوڑگانوی نے ضلع گوڑگانوہ کے مضافات کا دورہ کیا۔

(حافظ) حمید اللہ نائب سکرٹری

نوٹ: اہل حدیث کانفرنس کا گوشوارہ آمد و خرچ آئندہ ہفتے درج کیا جائیگا۔ (منیجر اہلحدیث)

ماء اللحم طیوری دو آتشہ

موجد کا دعویٰ ہے کہ یہ ماء اللحم چونکہ مختلف قسم کے پرندوں کے گوشت سے تیار کیا گیا ہے۔ جو ضعف دل، ضعف دماغ۔ کمزوری اعصاب بے چینی اور سستی کیلئے بہت مفید ہے۔ اس کا اثر تین ہی روز میں معلوم ہو جاتا ہے۔ خوراک دو تولہ۔

قیمت فی بوتل درجہ اول عہ۔ درجہ دوم عہ۔

ملنے کا پتہ:۔ دفتر رفیق مریضاں۔ میڈیکل ہال۔ اندرون موچی دروازہ لاہور (پنجاب)

اعلان ضروری

مدرسہ محمدیہ رائیدرگ کا پانچواں سال ختم ہو رہا ہے۔ چونکہ مدرسہ مالی مشکلات میں مبتلا ہے اسی لئے مولانا حافظ میاں محمد صاحب پنجابی کو علاقہ دکن و بمبئی اور سید عبد العزیز صاحب کو علاقہ مدراس و بنگلور وغیرہ کی طرف روانہ کیا گیا ہے۔ لہٰذا محبان کتاب و سنت سے التماس ہے کہ مدرسہ کے سفیر جہاں جہاں پہنچیں ان کی امداد فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔

آپ کا نیاز کیش:۔ وکیل محمد غوث سکرٹری مدرسہ محمدیہ رائیدرگ۔ (۸ ر اشاعت فنڈ وصول)

خانپور کا سالانہ جلسہ

انجمن تبلیغ الاسلام خان پور کا پچیسواں سالانہ جلسہ ۱۷-۱۸-۱۹ مارچ ۳۹ء کو مقرر ہوا ہے حسب دستور نامی گرامی علماء تشریف آور ہو کر اپنی ملاقات اور تقاریر سے حاضرین کو مستفید فرمائیں گے۔ جملہ احباب اہل اسلام اس نادر موقع پر قدم رنجہ فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔ الداعی الی الخیر:۔ عبد الغنی ناظم انجمن تبلیغ الاسلام خان پور متصل کمیریاں ضلع ہوشیارپور

ضروری نوٹ

اخبار "اہلحدیث" میں مدارس یا انجمنوں کی کاروائیاں شائع کرانے کے لئے مندرجہ ذیل امور کا خاص طور پر لحاظ رکھنا چاہئے۔ ورنہ عدم تعمیل کی شکایت بے جا ہو گی۔ (۱) ہر مضمون جو شائع کرایا جائے اس کے لئے اشاعت فنڈ کی امداد کے لئے حتی الوسع ۶۔۸۔۸ر (حسب حیثیت) ضرور آنا چاہئے۔ (۲) عبارت حتی الامکان مختصر ہو تاکہ دور دراز کے ناظرین کو ملال نہ ہو۔ (منیجر اخبار اہلحدیث امرتسر)

دعائے صحت

میرا لڑکا محمد یوسف و میرا پوتا عبداللہ بیمار ہیں۔ ناظرین کرام ان کے حق میں دعائے صحت فرمائیں۔ (راقم ابو محمد عبد اللہ فلل پوری یا مرپور سٹیٹ)

عیدآنہ فنڈ

بابو اللہ بخش صاحب [...] حافظ عبد الغفور صاحب اجمیر عہ۔ معرفت مولوی محمد [...] صاحب بجاڑی ۶ عہ۔ مولوی ابو البشار عبد الستار [...] آسنسول عہ۔ حاجی محمد عباس صاحب مدراس [...]

چندہ کانفرنس

مولوی قادر بخش صاحب [...] عہ

ahmadimuslim.de

سرمہ نور العین
(مصنفہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب)
کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۸/
(منگوانے کا پتہ)
منیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ پنجاب

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری حمائل شریف
مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ
تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو
کا ہدیہ سات روپے
ان دو نو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے۔
پتہ:- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

ن دو ن تک

شمالی ہندوستان کا مشہور دواخانہ امرت دھارا فارمیسی اپنی سلور جوبلی کی یادگار میں اپنے ۲۸ ویں سالانہ جلسہ ماہ مارچ میں اپنی قیمتی مجرب ادویات متعلقہ جملہ امراض بالخصوص ذیابطیس ناطاقتی۔ پائیوریا وغیرہ پر بھاری رعایت دیتا ہے۔ چنانچہ تقریباً کل امراض کی ایک دوا "امرت دھارا" اور اس کے مرکبات (بام۔ مرہم۔ لوشن وغیرہ) نیز کشتہ سونا و ہیرا سپیشل فیصدی رعایت پر اور اپنی پانچ سو ادویات اور پانچ درجن کتب

پچاس فیصدی رعایت پر دیتا ہے!

سال بھر میں ایک ہی بار سنہری موقع ہے

وہ لوگ جو اپنی جوانی کی خامیوں اور کمزوریوں کو دور کرنا چاہتے ہیں جن کو اپنے کنبے کی صحت اور تندرستی کا ہمیشہ خیال ہے۔ وہ اس موقعہ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ مارچ کا مہینہ سال بھر میں ایک بار آتا ہے۔

آج ہی یہ کوپن پُر کر کے بذریعہ ڈاک بھیجدیں!

بخدمت منیجر صاحب امرت دھارا فارمیسی۔ لاہور (۱۶)
جناب من!
براہ نوازش اپنی فہرست ادویات اور امراض مخصوصہ مردمان اور ان کا علاج بذریعہ ڈاک مفت بھیجدیں۔
نام ....
پتہ ....

...اور بھاری بچت
...روپیہ جمع کرا دینے سے آپ یہ تمام ادویات ...جبتک آپ کی رقم ختم نہیں ہو جاتی۔ اسی ...منگوا سکتے ہیں۔
...مخصوصہ مردمان اور ان کا علاج، اور فہرست ...ڈاک مفت منگوایئے!



...تار کا پتہ امرت دھارا۔ لاہور

مغلظات مرزا
مرزا غلام احمد قادیانی کی
بے شمار گالیاں ردیف وار مع مفصل حوالہ مندرج ہیں۔ ان سے مرزا صاحب کا طرز کلام کا اندازہ ہو سکے گا۔ قیمت ۵/
(ملنے کا پتہ) منیجر اہلحدیث امرتسر

عرب کا چاند
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارک پر آپ نے آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہونگی۔ جو غالباً تمام مسلم مصنفین کے زور قلم کا نتیجہ ہیں۔ مگر کتاب مذکورہ سوامی لکشمن جی مہاراج نے لکھی ہے۔ سوامی جی نے تمام واقعات کو عجیب انداز میں تحریر کیا ہے۔ ضخامت ساڑھے چار سو صفحات۔ قیمت ۲ روپیہ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

(۳۶۹)

مومیائی

مصدقہ علمائے اہلحدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ہیضہ۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے۔...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھانے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک للعہ۔

آدھ پاؤ ۶ پاؤ بھر ۱۲ مع محصول ڈاک۔
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

اہالی برہما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک ... پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادتیں

جناب عبدالستار صاحب بمبئی۔ میں نے آپکے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کر دیجئے" (۱۹۔ جنوری ۱۹۳۰ء)

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور۔ "دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے۔ اس کے قبل جناب مختلف پتہ سے منگوا چکا ہوں بہت مفید ثابت ہوئی" (۲۰ فروری ۱۹۳۰ء)

جناب راؤ عبدالواسع خاں صاحب کیری۔ آپکی مومیائی کی بہت تعریف ہے اور فائدہ مند بھی ہے۔ میں نے اس سے پیشتر منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی۔ اب ایک چھٹانک اور ارسال فرمائیں" (۱۲۔ فروری ۱۹۳۰ء)

مومیائی منگوانے کا پتہ:۔ حکیم محمد عبدالرحمان ... پہاڑی ... بمبئی ...

دہلی میں

کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے۔ جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خط کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرقاوی شرح تجرید بخاری	؏	کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد	۱۰۰	تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے ارزاں ہوگئی ہے	۲۰
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ	۳	سیرۃ الحلبیہ	۱۲	تفسیر خازن مع معالم	۱۲
بخاری مع حاشیہ سندی	۶	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ	۱۴	المنجد طبعہ تاسعہ	۸
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ	۱۲	فیض القدیر شرح جامع صغیر (للمناوی) ۶ جلد مجلد	۴۰	تسہیل العربیہ المنجد کامل اردو ترجمہ و خلاصہ ایکہزار صفحات مجلد	للعہ
مفتاح کنوز السنہ، حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں۔ ان کی مکمل فہرست	۵	تاج العروس شرح قاموس	۱۲۵		

نوٹ:۔ فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

مینیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی ۱۲

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت $\frac{20 \times 26}{8}$ کے ۵۰۶ صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ اصل قیمت تین روپیہ۔ رعائتی قیمت دو روپیہ۔ (عہ) محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

(منگوانے کا پتہ)

مینیجر اہلحدیث امرتسر

خمیرہ بادام طیفوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ و ریشہ میں طاقت دوڑنے لگتی ہے مسرت سے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے مشہور۔ مردمی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی کام سے جی چرانا۔ مرعوب و افسردہ رہنا۔ معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا۔ نسیان و جریان کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ پختہ تین روپے۔ آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپے خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔
لاہور برانچ:۔ ناظم دواخانہ پنجاب طبی بورڈ بل روڈ لاہور

مینیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

ضرورت ہے

آج کل ملک میں بیکاری حد سے زیادہ ہے۔ تعلیم یافتہ طبقہ زیادہ تر بیکار ہے۔ ملازمت ملتی نہیں۔ ... ایسے اشخاص کے لئے کتاب ... تصنیف ... لہٰذا جو لوگ بے کار ہوں وہ ... کتاب ... اس میں ... کاروبار ... ملکر ... مرتب ... ہیں۔ ...

ahmadimuslim.de

۲/

آپ کا فرض

ہر نوجوان۔ شادی شدہ یا مجرد۔ امیر یا غریب کوئی نہ کوئی اپنا متعلقین رکھتا ہے۔ اور یہ اُس کا فرض ہے کہ وہ اپنے پسماندگان کے لئے اپنی موت ہو جانے کی صورت میں کافی سرمایہ چھوڑے۔ اس فرض کی تکمیل کے لئے اورنٹیل کو مدد کا موقع دیجئے

چونسٹھ سال کے زائد عرصہ سے اورنٹیل کی پالیسیوں نے ہزارہا خاندانوں کو ان کی ضروریات مہیا کرنے والوں کی موت واقع ہو جانے پر بوقت ضرورت امداد بہم پہنچائی ہے۔

جلدی یا بدیر ہر انسان ناقابل بیمہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اپنے فرض کو پورا کرنے میں کوتاہی نہ کیجئے۔

اپنی زندگی کا بیمہ اورنٹیل میں کرائیے اور اپنے پسماندگان کے مستقبل کو محفوظ کیجئے

تفصیلات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لیمٹیڈ۔ ہیڈ آفس بمبئی۔ قائم شدہ ۱۸۷۴ء یا اس کے کسی برانچ آفس یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

ایکٹنگ برانچ سکرٹری۔ اورنٹیل لائف آفس نیشنل بنک آف انڈیا۔ بلڈنگ ہال بازار امرتسر سے خط و کتابت کریں۔

(۳۷۱)

مرض ذیابیطس کی زود اثر کیمیادی دوا

۲/ تجربہ شرط ہے نسخہ مجرب

الذیابیطس

اگر خدانخواستہ آپ یا آپکا کوئی عزیز ہمسایہ مرض ذیابیطس یا سلسل البول یا بول الدم میں مبتلا ہے یا آپکے بچہ یا عورت کو بول فی الفراش کی شکایت ہے تو الذیابیطس منگا کر قدرت کا تماشہ دیکھیگا جسکے صرف تین ہفتہ کے استعمال سے بار بار پیشاب کا آنا۔ پیاس کا زیادہ لگنا۔ پانی پیتے ہی بذریعہ پیشاب خارج ہو جانا۔ پیشاب میں شکر یا چکنے مادہ کا خارج ہونا۔ پنڈلیوں میں درد۔ بدن میں خشکی اور قبض وغیرہ عوارض جو اکتیس یوم میں دور ہو جاتے ہیں صرف چوبیس گھنٹہ میں وہ اپنا سحری اثر دکھا کر پیاس اور پیشاب کی کثرت میں نمایاں فرق کر دیتی ہے ۳ خوراک نمونہ منگا کر تجربہ کیجیئگا۔ اگر حسب تحریر نمونہ اثر نہ کرے تو نمونہ کی قیمت بذریعہ حلفیہ تحریر کرنے پر واپس کر دی جائیگی قیمت مکمل ۴۲ خوراک ۱۲ یوم [illegible] نمونہ خوراک [illegible] محصول علاوہ۔

ایک قدیم بیاض میں ہے کہ بعد تحویل یہ دوا کماؤ تو تمام سال آرام سے رہو۔ لیکن مسلمان کو

حاکم وقت

چاہئے کہ وہ خدا تعالےٰ کے سوا کسی چیز کو بھی متصرف اور موثر بالذات نہ سمجھے چونکہ اس دوا کے استعمال کی ہدایات میں بعض اسماء حسنیٰ اور سور قرآنیہ کی تلاوت بھی بتائی جاتی ہے۔ لہٰذا جو اصحاب خدا کے بھروسہ پر اس دوا کا تجربہ کرنا چاہیں فوراً ۲۶۔ مارچ تک اطلاع دیں۔ ارسال تجربہ کی غرض سے کچھ قیمت نہیں۔ البتہ اشتہار و محصول ڈاک وغیرہ ضروری مصارف کے لئے چار آنہ فی کس بذریعہ ٹکٹ بھیجئے یا زیادہ اشخاص مل کر یکجائی منی آرڈر کر دیں۔ لیکن سب کے پتے لفافہ میں منفرد لکھیں۔ نام و پورا پتہ اردو میں صاف تحریر کریں۔ ورنہ تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر اکسیری دواخانہ (رجسٹرڈ) شاہ جہان پور ضلع میرٹھ

بچوں کے دانت نکلنے کی تکالیف کا ایک موثر علاج

محافظ صبیان محافظ صبیان

حیات الصبیان

[illegible] بچے کے دانت نکلنا [illegible] بچے کی زندگی اور موت کا سوال ہے [illegible] قسم زہریلا [illegible] جاتا ہے اسطرح طرح کے عوارض شکار ہوتے ہیں [illegible] ہو جاتے ہیں [illegible] ثابت ہوئی ہے اسکے استعمال سے دانت نہایت آسانی سے [illegible] محفوظ رہتے ہیں۔ تندرست اور توانا رہتے ہیں۔ ترکیب [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] (یوپی)

طبیب کامل

المعروف مجرب فارماکوپیا حصہ اول

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات۔ مشاہیر اطباء ہندو یورپ کے بہترین مجربات مندرج ہیں۔ جو بہت مفید اور کامیاب ثابت ہوئے ہیں

قیمت ۱۲؍ مع محصول ڈاک ۳؍

ملنے کا پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر [illegible]

اشتہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ دیوانی

باجلاس مسٹر [illegible] ایل ملہوترہ بی سی ایس - ایل ایل بی - پی سی ایس

ایڈیشنل سب جج صاحب بہادر درجہ چہارم گجرات

نمبر مقدمہ ۹۵ ۱۹۳۸ء

ماسٹر نند لعل ولد لالہ گوکل چند قوم کھتری ساکن جلالپور جٹاں تحصیل گجرات - مدعی

بنام کرم الدین متوفی حال قائمقامان محمد دین وغیرہ۔

دعوے ۲۰۰/- روپیہ بابت مکان

بنام میراں بخش ولد کرم دین قوم موچی ساکن کوٹ امیر حسین تحصیل گجرات

[illegible] ثابت ہوگیا ہے کہ آپ [illegible] تعمیل سمن سے گریز کر رہے ہیں - لہذا آپ کو [illegible] اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر آپ [illegible] عدالت میں نہ آویں گے تو آپ کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

آج بتاریخ ۲۸ فروری ۱۹۳۸ء [illegible] دستخط و مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم — مہر عدالت

مولانا عبد السلام صاحب بستوی کی تصانیف

اسلامی صورت جس میں قرآن مجید احادیث، آثار صحابہ اور فقہی روایات سے مدلل طور پر بیان کیا ہے کہ مسلمان کی صورت کیسی ہونی چاہئے داڑھی رکھنے اور مونچھوں کے کتروانے کا مفصل ثبوت دیا گیا ہے۔ زمانہ حال کے بعض مسلم حضرات ناواقفی سے داڑھی منڈواتے اور مونچھیں بڑھا کر غیر مسلموں کے مشکل بن کر اسوہ رسول کی بے ادبی کرتے ہیں۔ ان کو اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے۔ مخالفین کے اعتراضات کے بھی معقول جواب دیئے گئے ہیں۔ قیمت صرف ۴/

اسلامی توحید جس میں تعزیہ پرستی، نوحہ، ماتم اور گریہ زاری کی تردید مخالفین کے اعتراضات کا مدلل جواب دیکر واضح دلیلوں سے ثابت کیا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو جام شہادت پلوانے والے در اصل شیعہ حضرات ہی تھے۔ قیمت ۳/

اسلامی پردہ جس میں مسلم عورتوں کو باپردہ رہنے کا حکم قرآن و حدیث سے

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو، انگریزی، ہندی، گورمکھی، لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، رنگ دار [illegible] حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، رسالہ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔

المشتہر۔ مینیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار۔ امرتسر

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

حصہ اول

مصنفہ حکیم حاجی [illegible] تجربات وغیرہ

جس میں ہندوستان کی [illegible] خواص کو سالہا سال کی محنت و جانفشانی [illegible] کتب کی ورق گردانی، لاتعداد حکماء سے تبادلہ خیالات اور اپنے بے شمار تجربات کو حکایات، مفردات، صدریات، [illegible]، سنیاسیات اور کشتہ جات کے علیحدہ علیحدہ ابواب میں شائع کیا گیا ہے۔ ضخامت سوا پانچسو صفحات۔ قیمت تین روپیہ محصول ڈاک ۸/ ۔ منگوانے کا پتہ:- مینیجر اہلحدیث امرتسر

[illegible] کشف الملہم شرح مسلم [illegible] اردو [illegible] ہیں اردو خواں ناظرین کیلئے مفید ہے۔ قیمت [illegible]

کتب منگوانے کا پتہ

مینیجر اہلحدیث امرتسر

تراجم علمائے حدیث ہند

(مصنفہ ملک امام خان صاحب نوشہروی)

ہندوستان میں گلشن حدیث کی پود شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی نے لگائی۔ سیدنا محمد اسماعیل شہید نے اپنے خون سے سینچا۔ نواب صاحب بھوپال نے اسکے پھیلانے کیلئے خزانے کھول دیئے۔ آخر یہ پود ملک کے طول و عرض میں پھیل گئی اور ملک [illegible] اس سدا بہار گلشن سے [illegible]

منگوانے کا پتہ مینیجر اہلحدیث امرتسر

سرمہ اکسیر العین

[illegible] دھند، جالا، غبار، ڈھلکا، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کر کے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے ہزاروں لوگ اس کے استعمال سے عینک کی لعنت سے نجات پا چکے ہیں [illegible] اس کا استعمال [illegible] منگا کر فائدہ اٹھائیں [illegible]

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۰

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی سنگھ امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت

والیان ریاست سے سالانہ ...
رؤسا و جاگیرداروں سے ...
عام خریداران سے ...
" " ششماہی ...
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - ۲؍

اجرت اشتہارات کا فیصلہ
بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۲۵ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۷ مارچ ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

فہرست مضامین

نظم (مدح سرائی اخبار اہلحدیث) ص ۱
انتخاب الاخبار - - - - ص ۲
دیانند سوامی اور رادھا سوامی - - ص ۳
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - ص ۴
قادیانی نبی کی نماز تہجد ص ۵ - قادیانی فلسفہ ص ۶
ہندو مسلم اتحاد و رفع فساد کی صورت - ص ۷
اسلامی سلام کے احکام - - - ص ۸
مولوی بشیر کی گھبراہٹ - - - - ص ۹
جماعت اسلام اور فرائض علماء کرام - - ص ۱۰
تاکید ... - - - - ص ۱۱
... - - - - ص ۱۲
... - - - ص ۱۳
اشتہارات - - - - ص ۱۴

مدح سرائی اخبار اہلحدیث

(از قلم محمد شاد صاحب الوی متعلم مدرسہ فیض عام مئو ناتھ بھنجن ضلع اعظم گڈھ)

پیکر حسن و ادا ہے تو ہی اے اہلحدیث
مظہر عشوہ و غمزہ تو ہی ہے اہلحدیث

محو کرتا ہے جہاں کو چاند سا مکھڑا ترا
تیرے ہر اندام سے آتی ہے خوشبوئے وفا

سچ بتا کر نور ہے تو یا کہ مہ خورشید ہے
سال چھتیس سے شیا پاشی تری جاوید ہے

تیرے حسن کے محاسن میں نہ کر سکتا بیان
لوح دل تاریک ہے ... نہاں ...

کیوں نہ کر ... دنیا کو تو
کیا ہی تو شیریں سخن ہے ... خوش ...

... اعداء سے ... حال
... تیرا ہے ... کمال

انتخاب الاخبار

پنجاب میں پریس ایکٹ کے نئے وار

پچھلے دنوں "زمیندار" سیالکوٹ سے ایک ہزار روپے کی ضمانت طلب کی گئی تھی۔ ابھی ہم اسکے افسوس سے فارغ نہیں ہوئے تھے کہ اطلاع ملی کہ آریہ ویر" اور "آریہ مسافر" سے اور ان پریسوں سے جن میں یہ اخبار چھپتے ہیں ایک ایک ہزار روپے کی ضمانتیں طلب کی گئی ہیں۔ جن مضامین کی بنا پر ضمانتیں طلب کی گئی ہیں ہم ان کی صحت یا غلطی پر بحث نہیں کرتے۔ ہاں اخباری برادری کی حیثیت سے ہمیں سخت افسوس ہے خدا وہ دن جلد لائے کہ پریس ایکٹ جیسی سیف میان میں داخل کر دی جائے۔ ورنہ خدا جانے اس کے ساتھ کس کس کا سر قلم کیا جائیگا۔

جلسہ اہل حدیث کانفرنس

۷-۸-۹- اپریل کو

فتحگڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) میں منعقد ہو رہا ہے۔ ہمدردان و شائقین کو دعوت پہنچے یا نہ وہ خود توحید و سنت کے اس مبارک اجتماع میں ضرور شریک ہوں۔ جو اصحاب تشریف آوری سے ایک ہفتہ قبل سیکرٹری صاحب مجلس استقبالیہ کو فتحگڑھ میں اطلاع بھیجینگے ان کے قیام و طعام کا انتظام بذمہ مجلس ہوگا۔ ورنہ دیگر اصحاب کے صرف قیام کا انتظام ہوگا۔ طعام کے وہ خود ذمہ دار ہونگے۔

فتحگڑھ چوڑیاں امرتسر سے ۱۹ میل کے فاصلہ پر امرتسر ناروال لائن پر ریلوے سٹیشن ہے۔ اگر براہ راست ریلوے ٹکٹ نہ مل سکے تو امرتسر کا ہی لے لیا جائے۔ امرتسر سے نیا ٹکٹ آرام سے خریدا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں دروازہ رام باغ امرتسر شہر سے موٹر لاری بھی جاتی ہے مگر سڑک کچی ہونے کے باعث یہ سفر موزوں نہیں۔ اسلئے ریل کا سفر بہتر ہے۔

——— امرتسر گذشتہ فساد کی وجہ سے ۹ مارچ تک ہندوؤں نے ہڑتال رکھی۔ ایک وفد نے صاحب ضلع سے مل کر چند مطالبات پیش کئے جن کا جواب تسلی بخش ملنے پر ۱۰ مارچ کو ہڑتال کھول دی۔ اب شہر میں بالکل امن و امان ہے۔ کرفیو آرڈر کا وقت بھی تبدیل کر کے گیارہ بجے رات سے صبح چار بجے تک کر دیا گیا ہے۔ ۱۴ مارچ کو سکھوں کے ایک جتھہ نے دفعہ ۱۴۴ کو توڑنے کے لئے ہولے کا جلوس نکالا۔ جس کی وجہ سے بکثرت گرفتاریاں عمل میں آئیں آخر کار ان سب کو رہا کر دیا گیا۔

——— امرتسر سے ۲۰ ستیہ آگرہوں کا پہلا جتھہ ۲۰ مارچ کو حیدر آباد دکن روانہ ہؤا ہے۔ (شاید مزید جتھہ بازی کا سلسلہ بھی جاری رہے)۔

——— لاہور میں پولیس نے جعلی چونیاں چلانے والے ایک گروہ کے ۴ ممبروں کو گرفتار کیا ہے ان کے قبضہ سے ۱۳۴ جعلی چونیاں برآمد ہوئیں۔

——— احرار پولیٹیکل کانفرنس لاہور میں ۱۲۔ مارچ کو منعقد ہوئی۔

——— مولانا عبید اللہ صاحب سندھی ہندوستان تشریف لے آئے ہیں۔ آجتک کراچی میں ہی مقیم ہیں۔

——— تری پوری ۱۲۔ مارچ۔ آل انڈیا نیشنل کانگرس کا اجلاس ختم ہو گیا ہے۔ صدر کانگرس مسٹر سوبھاش چندر بوس باوجود شدید علالت کے اجلاس میں شامل ہوئے آپ کا شاندار جلوس نکالا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعظم یو پی (مسٹر پنت) نے ایک رزولیوشن کہ "اس ایوان کو گاندھی جی پر کامل اعتماد ہے" ایک سو ساٹھ ممبروں کی تائید سے پیش ہؤا۔ جسے پیش کرنے کی اجازت صاحب صدر نے نہ دی۔ اس وجہ سے ممبران کانگرس میں کشیدگی کا خطرہ تھا مگر کثرت رائے سے یہ رزولیوشن پاس ہو گیا مسٹر بوس بھی صحت یاب ہونے پر گاندھی جی کے پاس جائینگے اور گاندھی جی کی خواہش کے مطابق نئی ورکنگ کمیٹی قائم کرینگے۔ اب جس خطرے کا خدشہ تھا وہ دور ہو گیا ہے۔ اجلاس میں ہندوستانی ریاستوں، معاملات خارجہ، غیر ممالک کے ہندوستانی، فلسطین اور بلوچستان کے متعلق رزولیوشن پاس کئے گئے۔

——— روم۔ سرکاری اعلان ہے کہ نوآبادیات کے معاملہ میں معقولیت و عقل سے کام لیا گیا تو جرمنی اور اٹلی ان کا فیصلہ تلوار سے کرائینگے۔

مولانا محمد صاحب بٹالوی انتقال فرما گئے

انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم متقی، صالح بزرگ تھے اس لئے آپ کی زندگی خاندان کے لئے موجب صد برکات تھی۔ لیکن فرمان خداوندی لکل اجل کتاب ہر حال صادق ہے۔ اس لئے بجز اسکے چارہ نہیں۔ خدا تعالیٰ مرحوم کو بخشے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ ناظرین مرحوم کا جنازہ غائب پڑھیں۔

——— لندن اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت برطانیہ آئندہ ہفتے فلسطین کے متعلق اپنی جدید تجاویز یہودیوں اور عربوں کے سامنے پیش کر دیگی۔ جن کی رو سے فلسطین کو مختلف حصوں میں تقسیم کر کے اعلان کیا جائیگا کہ جب عربوں اور یہودیوں میں کافی میل جول ہو جائے تو فلسطین کو آزاد حکومت دیدی جائے۔ جس میں ان کو تناسب آبادی کے لحاظ سے نمائندگی دی جائیگی اور یہود کے داخلہ کی تعداد محدود کر دی جائیگی۔

——— کابینہ مصر نے فلسطین اور مصر کے درمیان سڑک تعمیر کرنے کے لئے ایک لاکھ ساٹھ ہزار مصری پونڈ منظور کئے ہیں۔

——— لندن۔ برطانیہ نے حکومت چین کو تیس یا پینتیس لاکھ پونڈ قرضہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ جاپان کے مقابلے میں چین کی مالی حالت اچھی ہو جائے۔

——— راجکوٹ کے معاملہ میں گاندھی جی نے فاقہ کشی اختیار کی تھی۔ وائسرائے ہند کا یقین دلانے پر کہ راجکوٹ کا معاملہ چیف جسٹس ہندوستان کے سپرد کر دیا جائیگا گاندھی جی نے فاقہ کشی ترک کر دی ہے اور آجکل دہلی میں وائسرائے ہند سے ملاقات کرنے آئے ہوئے ہیں۔

——— دہلی جمعیۃ العلماء کے اجلاس میں یہ تجاویز پاس کی گئیں (۱) طلاق، خلع، نکاح اور شفعہ وغیرہ معاملات کا تصفیہ شریعت اسلامیہ کے مطابق کرنے کے لئے حکومت ہند محکمہ قضا کا تقرر کرے۔ (۲) وردھا تعلیمی سکیم میں اسلامی تعلیم کو داخل کیا جائے۔ (۳) مدح صحابہ کے متعلق حکومت یو پی کے موجودہ رویہ کے خلاف اظہار ناراضگی کا اظہار۔ (۴)

ضروری گذارش۔ [illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۵ - محرم الحرام ۱۳۵۸ھ

دیانند سوامی اور مسیح قادیانی

یہ دونوں صاحب اپنے اپنے مشن میں گو مختلف ہیں مگر ان کے اتباع اور پیروکار ایک بات میں ضرور شریک ہیں وہ کیا ہے؟ آج کل کی اصطلاح میں زبانی لسانی پروپگنڈا ان لوگوں کی تحریریں دیکھو اور تقریریں سنو تو معلوم ہوگا کہ ہٹلر اور مسولینی کی تقریروں سے بھی زیادہ زوردار ہوتی ہیں۔ جن کا ایک ایک لفظ فاتحانہ حیثیت اظہار کرتا ہے۔ لیکن اس کی تہہ میں جانے سے بعد کے لڈو کی مثال یاد آجاتی ہے۔ قادیانی اخبارات دیکھو تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ گویا انہوں نے ساری دنیا میں احمدیت[1] کی تعلیم پہنچادی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ چند ذریۃ البغایا کے سوا سب نے احمدیت کا اثر قبول کر لیا، خصوصاً یورپ میں احمدیت کا جھنڈا گاڑ دیا، تمام پادری سرنگوں ہوگئے، عیسائی یسوع مسیح کو بالکل چھوڑ بیٹھے۔ یہ سب کچھ حضرت مرزا صاحب کی تعلیم کا اثر ہے۔

یہی حال آریہ سماج کا ہے۔ ان کا بھی یہی طریق ہے بلکہ وہ تو مرزائی جماعت سے بھی چند قدم آگے بڑھے ہوئے نظر آتے ہیں۔ زبان اور قلم سے کہتے جاتے ہیں کہ سوامی دیانند کی ستیارتھ پرکاش نے قرآنی تعلیم پر خاتمہ کر لیا زمانہ حال کے مفسرین سوامی جی کے حملے سے تنگ آکر قرآن کے معنی تبدیل کر رہے ہیں۔ اس فہرست میں سب سے پہلے سر سید احمد خان مرحوم کا نام لیا گیا ہے۔ کہ انہوں نے قرآن مجید کی جو تاویلات کی ہیں وہ سوامی جی کے حملے کے اثر سے کی ہیں۔ آریہ اخبار "پرکاش" لاہور ۱۳ نومبر ۱۹۳۸ء میں ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ جس کی سرخی ہے:-

"ستیارتھ پرکاش کی چھاپ تفاسیر قرآن پر"

حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ آریوں نے سوامی دیانند اور ان کی تصنیف "ستیارتھ پرکاش" کے ساتھ جیسا برتاؤ کیا ہے۔ ایسا برتاؤ اخوان یوسف نے بھی یوسف کے ساتھ نہ کیا تھا۔ ہم آیندہ کبھی اس کی تفصیل کریں گے۔

کچھ شک نہیں کہ سوامی جی کی مروجہ ستیارتھ پرکاش کے اندر چودھواں باب بھی ہے۔ جس میں قرآن مجید پر ایک سو انسٹھ ۱۵۹ اعتراضات درج ہیں۔ ان سب کے جوابات ہم نے اپنی کتاب حق پرکاش میں دے دیئے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ قرآن مجید کی تردید میں چودھواں باب اور بائیبل کی تردید میں تیرھواں باب سوامی دیانند کی تصنیف نہیں ہے۔ جس کی دو وجہیں ہیں۔ ایک یہ کہ سوامی دیانند کے زمانہ کی ستیارتھ پرکاش "وسطیٰ ۱۸۷۵ء" جو مراد آباد کے ایک رئیس (جے کرشن داس) نے چھپوائی تھی اس میں یہ دونو ابواب نہیں ہیں۔ سوامی جی کا اکتوبر ۱۸۸۳ء میں انتقال ہوا۔ اس کے ۱۱ سال کے عرصے میں دوسری مرتبہ ستیارتھ پرکاش نہیں چھپی جس میں یہ دو باب ملحق ہوئے۔ آریہ اگر اس دعوی میں سچے ہیں کہ یہ دو باب سوامی جی کی تصنیف ہیں تو کوئی ستیارتھ پرکاش سوامی جی کی زندگی میں چھپی ہوئی دکھائیں جس میں یہ دو باب مندرج ہوں۔ اسی کی ہو بہو نقل جو پنڈت کالورام نے چھپوائی تھی اس میں بھی نہیں ہیں۔ ہم یہ بات سنی سنائی نہیں کہتے بلکہ ستیارتھ پرکاش کے یہ دونو نسخے ہمارے پاس موجود ہیں۔ جو آریہ چاہے آکر دیکھ سکتا ہے۔

اس دعوے کی دوسری دلیل یہ ہے کہ اس میں اعتراضات ایسے کمزور ہیں کہ کسی ودوان (علم دار) کے قلم کے سے ان کا صدور بہت بعید ہے۔ ہم اس جگہ ایک دو مثالیں پیش کرتے ہیں:-

(۱) قرآن مجید کی سورہ احزاب میں ذکر ہے کہ کافر لوگ جب جہنم میں ڈالے جائینگے تو تابعدار اپنے متبوعین کے حق میں کہیں گے:۔

رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ

اے اللہ جن لوگوں نے ہمیں گمراہ کیا انکو دگنا عذاب کر۔

اس آیت کا مضمون بالکل صاف ہے کہ مرید اور چیلے اپنے گمراہ کنندہ پیروں اور گروؤں کے حق میں ایسا کہیں گے اب ستیارتھ پرکاش کا اعتراض سنئے۔ لکھا ہے کہ:

واہ کیسے موذی پیغمبر ہیں کہ خدا سے دوسروں کو دگنا دکھ دینے کی دعا مانگتے ہیں۔

(باب ۱۴۔ سوال نمبر ۱۳۸)

یہ اعتراض انصاف اور علم سے کس قدر بعید ہے کہ قول تو کفار کا ہو اور انبیاء کا بتایا جائے جس کی مثال ہے ستیارتھ پرکاش سے وام مارگیوں کا شلوک لیکر سوامی دیانند کا بتایا جائے۔ کیا ہی انصاف ہے؟

(۲) سورہ یٰسین کے شروع میں یہ الفاظ ہیں:-

"تَنْزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ"

جس کا ترجمہ ستیارتھ پرکاش میں یوں کیا گیا ہے:-

"اتارا ہے خدا غالب مہربان نے"

یہ ترجمہ ہی بتا رہا ہے کہ یہاں غالب خدا کی صفت ہے اس پر اعتراض جو کیا گیا ہے اُسے سُن کر رونا آتا ہے چنانچہ لکھا ہے کہ:-

[1] آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۔۔۔ میں مرزا صاحب نے لکھا ہے کہ سارے مسلمان مجھے مانتے ہیں مگر بازاری عورتوں کے بچے (ذریۃ البغایا) نہیں مانتے ۔۔۔ یہ احمدیہ اصطلاح ہے۔

اگر محمد صاحب سب پر غالب ہوتے تو سب سے زیادہ عالم اور نیک چلن کیوں نہ ہوتے۔

(باب ۱۴ نقرہ ۱۳۰)

سماجی مترو! بہت عرصہ ہوا کہ ہم نے اس قسم کے اعتراضات کا مجموعہ ایک رسالہ کی صورت میں شائع کردیا۔ جس کا نام ہے "سوامی دیانند کا علم و عقل"۔ جو یقیناً آپ لوگوں کی نظر سے بھی گزرا ہوگا۔

ہمارا گمان تھا کہ آریہ سماجی چونکہ ستیارتھ پرکاش کے ہر ایک نئے اڈیشن کو ترمیم کرکے چھاپتے ہیں۔ ان اعتراضات کو سن کر سوامی جی کی طرف ان کو منسوب کرنا چھوڑ دینگے۔ مگر یہ عجیب دلیری ہے کہ ایسے ہی اعتراضوں کے پیش نظر کہا جاتا ہے کہ سرسید احمد خاں مرحوم بھی ان سے مرعوب ہوکر قرآنی تفسیر کو تبدیل کرنے پر مجبور ہوگئے تھے ہم شروع میں بتا آئے ہیں کہ ان دو فرقوں (آریہ اور مرزائیہ) کو ایک معنی سے باہم مشابہت ہے۔ اب ہم اس کی تائید میں ایک اور مثال پیش کرتے ہیں۔

جس طرح آریہ سماج ایسی کتاب پر فخر کرتی ہے جو کہ نیست و نابود کردینے کے قابل ہے۔ اسی طرح جماعت مرزائیہ ایسے واقعات کو جو ان کی شکست کا اظہار کرتے ہیں اپنی فتح کا نشان بتاتی ہے۔

تمام لوگوں کو معلوم ہے کہ مرزا صاحب قادیانی نے اپنے ایک اشتہار مورخہ ۱۵۔ اپریل ۱۹۰۷ء میں لکھا تھا کہ اگر میں مولوی ثناء اللہ سے پہلے مرجاؤں تو جھوٹا ٹھیرونگا۔ واقعہ جو ہُوا وہ سب کو معلوم ہے کہ آج مرزا صاحب کو انتقال کئے تیس برس گزر چکے ہیں۔ باوجود اس کے جماعت مرزائیہ یہی کہے چلی جاتی ہے کہ مولوی ثناء اللہ کا زندہ رہنا ہمارے مرزا صاحب کی صداقت کا نشان ہے۔

ہماری دعا ہے کہ خدا کرے ایسے نشانات ان کے حق میں بکثرت پیدا ہوں۔

یہی آریہ مضمون نگار قرآنی تعلیم متعلقہ نکاح پر اعتراض کرتا ہُوا لکھتا ہے کہ

قرآن شریف کی رو سے مرد عورت کو مارنے پیٹنے کا بھی حق رکھتا ہے چنانچہ عورت کو اسی لئے فارسی میں زن کہتے ہیں۔ جس کے معنی مارنے کے ہیں۔

بے شک قرآن مجید میں مرد کو عورت کا حاکم بنایا گیا ہے اور بوقت نافرمانی تنبیہ کرنے کا اختیار بھی دیا گیا ہے لیکن سوامی دیانند نے عورت کو جس درجے میں لکھا ہے وہ بھی سننے کے قابل ہے

عورت بانجھ ہو تو آٹھویں برس (بیاہ سے آٹھویں برس تک عورت کو حمل نہ ٹھیرے) اولاد ہوکر مرجائے تو دسویں برس تک جب جب اولاد ہو تب تب لڑکیاں ہی ہوں لڑکے نہ ہوں تو گیارھویں برس تک اور جو بد کلام بولنے والی ہو تو جلدی ہی اُس عورت کو چھوڑ کر دوسری عورت سے نیوگ کرکے اولاد پیدا کرلے۔ (ستیارتھ پرکاش باب ۴ نمبر ۱۴۰)

آریہ مترو! آریہ سماج کا چوتھا اصول یہ ہے کہ "جھوٹ کو چھوڑ دینا اور سچ کو قبول کرنا" اس سنہرے اصول کو ملحوظ رکھ کر بتاؤ کہ مذکورہ بالا صورتوں میں عورت کا کیا قصور ہے؟ کیا عورت کا بانجھ ہونا؟ (۲) آٹھ برس تک حمل نہ ہونا؟ (۳) اولاد ہوکر مرجانا؟ (۴) لڑکیاں ہی پیدا ہونا؟ کیا ان امور میں عورت کو بھی کچھ دخل ہے؟ آہ کس قدر ظلم ہے کہ ایسے کاموں کی وجہ سے عورت کو چھوڑ دیا جائے جو اس کے بس میں نہیں ہیں

اور سنئے! سوامی جی نے عورتوں کو یہاں تک ذلیل کیا ہے کہ ان کے پیارے ناموں میں بھی ذلت داخل کردی ہے۔ لکھا ہے:۔

منحوس نام والی رکش یعنی اشونی۔ بھرنی روہنی دیئی۔ ریوتی بائی۔ چیتری وغیرہ ستاروں کے نام والی۔ تُلسیا۔ گیندا۔ گلابی۔ چمپہ۔ چنبیلی وغیرہ پودوں کے نام والی۔ گنگا جمنا وغیرہ ندی نام والی۔ چانڈالی وغیرہ نیچ نام والی۔ بندھیا۔ ہمالیہ۔ پاربتی وغیرہ پہاڑ نام والی کوکلا۔ مینا وغیرہ پرند نام والی۔ ناگی بھجنگا۔ وغیرہ سانپ نام والی۔ مادھو داسی میراں داسی وغیرہ خدمتگار نام والی۔ اور بھیم کماری۔ چنڈ کا۔ کالی وغیرہ ڈراؤنے نام والی لڑکیوں کے ساتھ شادی نہ کرنی چاہئے کیونکہ یہ نام خراب اور دیگر اشیاء کے بھی ہیں"

(ستیارتھ پرکاش باب ۴ نمبر ۱۰)

کیا ہی عمدہ فلاسفی ہے!

پھولوں کے نام والی عورتیں بھی سوامی جی کو ناپسند ہیں۔ حالانکہ شاعر لوگ اپنے محبوب کو مبالغہ کی شکل میں گل و لالہ کہا کرتے ہیں۔

جن عورتوں سے سوامی جی نے نکاح کرنا منع کیا ہے ان کی ایک اور فہرست بھی سنئے!

"نہ زرد رنگ والی نہ ادھک۔ مرد سے لمبی چوڑی نہ زیادہ طاقتور نہ بیمار نہ وہ جس کے جسم پر بالکل بال نہ ہوں نہ بہت بال والی نہ بکواس کرنے والی نہ بھوری آنکھ والی"

(ستیارتھ پرکاش باب ۴ صفحہ)

سماجی سجنو! اور شرطیں تو جانے دو۔ قد میں لمبائی چوڑائی اور طاقت میں برابری کی شرط بھی تم میں سے کسی خاندان نے پوری کی ہے؟ سچ تو یہ ہے کہ ان شرطوں کو پورا کرنے کے لئے مجلس شادی بہت موزوں جگہ ہے۔ جہاں دونوں طرف کے معززین اور برہمن لوگ براجمان ہوتے ہیں۔ سوامی جی کی ستیارتھ پرکاش کھول کر ان شروط کو پڑھ کر ایک ایک شرط کی پابندی کی جائے تو جاکر نکاح صحیح ٹھیرے ورنہ شاردا ایکٹ کے ماتحت ناجائز قرار دیا جائے۔

لطیفہ! مباشہ نامہ نگار نے لکھا ہے کہ عورت کو فارسی میں زن اسی لئے کہا جاتا ہے کہ مرد کو عورت کے مارنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ ہمارے خیال میں یہ غلط ہے۔ اگر یوں کہا جائے کہ فارسی میں زن امر حاضر کا صیغہ ہے۔ جس کا مصدر زدن ہے۔ اور عورت کو مخاطب کرکے اس کا فاعل ٹھیرایا گیا ہے اور مرد اس کا مفعول تو مطلب یہ ہوا کہ اے عورت! جب تیرا پتی بجھے چھوڑ کر کسی نیوگن کی طرف متوجہ ہو تو تو اس کو مار۔ کیونکہ تو طاقت اور قد و قامت میں اس سے کم نہیں جس کا اندازہ بوقت شادی کیا گیا اب تجھے ڈر کس کا ہے؟

اگر مباشہ کا مطلب ہی ٹھیک ہوتا تو عورت کو زن کی بجائے زدہ کہا جاتا۔ جس کا معنی ہے پٹی ہوئی یا قابل پٹنے کے

ahmadiyyamuslim.de

قادیانی مشن

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(مرقومہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

(گذشتہ سے پیوستہ)

دوسری حدیث جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم خاتم النبیین ہیں بخاری ومسلم کی یہ حدیث ہے کہ آنحضرت نے فرمایا میری اور دیگر انبیاء کی مثال ایک زیر تعمیر قصر کی سی ہے جو بالکل مکمل ہو چکا ہو صرف ایک اینٹ لگنے والی رہ گئی ہو۔ فرمایا وہ اینٹ میں ہوں ختم بی الانبیاء میرے ساتھ سلسلہ نبوت بند کیا گیا ہے وانا خاتم النبیین اور میں نبیوں کا خاتم ہوں۔" اس حدیث کے جواب میں خلیفہ صاحب قادیانی نے لکھا ہے کہ

"یہاں مطلق نبوت مراد نہیں ہے بلکہ تشریعی نبوت مراد ہے۔" (ریویو ماہ ستمبر ۲۸ء صہ)

معمار ختم بی الانبیاء اور خاتم النبیین میں مطلق نبوت کا ذکر ہے تاوقتیکہ آپ اپنے مدعا پر کوئی زبردست قرینہ نہ قائم کریں۔ آپ کا دعویٰ ثابت نہیں ہو سکتا۔ کہنے کو تو اگر آپ یہ بھی کہہ جائیں کہ الحمد للہ رب العلمین میں خطہ پنجاب کے عالم مراد ہیں خدا تمام دنیا کا رب نہیں تو انگریزی سلطنت میں آپکو کوئی روک نہیں سکتا۔ مگر یہاں سوال دلیل اور قرینے کا ہے۔

سلسلہ نبوت کے اس محل میں جس کی آخری اینٹ ہونے کا رسول کریم صلعم کو شرف حاصل ہے۔ باعتقاد شما وہ نبی بھی موجود ہیں جو جدید شریعت کے حامل تھے اور وہ بھی ہیں جو کوئی شریعت نہ لائے تھے بلکہ مرزا صاحب نے تو یہاں تک لکھ دیا ہے کہ

"بکثرت ایسے نبی بھی گذرے ہیں جو حضرت موسیٰ کی اتباع سے نبی ہوئے تھے۔" (الحکم ۲۴ نومبر ۱۹۰۲ء) اندریں صورت حدیث زیر بحث کا مفہوم بالکل واضح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف رسولوں کے ہی خاتم ہیں بلکہ آپ نبیوں اور "امتی انبیاء" کے بھی خاتم ہیں۔ وجہ یہ کہ آپ اس محل نبوت کی آخری اینٹ ہیں جس میں باعتقاد مرزائیاں ہر قسم کے نبی موجود ہیں۔ مرزا صاحب فرماتے ہیں :۔

"خدا تعالیٰ نے تمام نبوتوں اور رسالتوں کو قرآن شریف اور آنحضرت صلعم پر ختم کر دیا ہے۔" (الحکم)

آگے چلئے۔ خلیفہ صاحب لکھتے ہیں :۔

"علاوہ ازیں ہم حضرت مسیح موعود کو آنحضرت کا ظل کہتے۔ یعنی آپ آنحضرت کی اینٹ سے علیحدہ نہیں ہیں بلکہ اسی میں شامل ہیں۔"

معمار اگر یہ بات ہے تو پھر نبوت تشریعی غیر تشریعی کی بیچ لگانے کی ضرورت کیا تھی۔ سیدھے طور پر کہیں کہ مرزا صاحب آنحضرت کی طرح صاحب شریعت نبی ہیں مگر اس صورت میں سوال یہ ہوگا کہ آنحضرت کی طرح مرزا صاحب پر کونسے شرعی احکام بصورت قرآن اترے ہیں۔ یہ تو غلط ہے کہ ظل اصل کے خلاف ہو۔ دیکھئے خود آپ نے لکھا ہے :۔

"اگر ایک صفت کی نفی آنحضرت سے کی جائیگی تو ساتھ ہی اس کی نفی حضرت مسیح موعود سے ہو جائیگی۔ کیونکہ جو چیز چشمہ میں نہیں وہ گلاس میں کہاں سے آسکتی ہے۔"

(القول الفصل صہ)

ان صاحب! اگر مرزا صاحب آنحضرت کے ظل ہیں تو یہ بھی ایک اعتراض مراق ہسٹریا، سو سو دفعہ پیشاب آنا وغیرہ۔ جن کی بنا پر مرزا جی کو افیون جیسی تباہ کن حرام اشیاء استعمال کرنی پڑیں۔ مرزا جی میں کہاں سے آگئیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو ان سب امراض سے یکسر محفوظ و معصوم تھے۔

خلیفہ صاحب! اس طرح کے صدہا مرزائیت پاش اعتراضات اس صورت میں آپ پر ہو سکتے ہیں۔ جن کا کوئی جواب آپ کے پاس نہیں ہے۔

اے جناب! جس طرح ہر انسان کا باپ ایک ہی ہوتا ہے اور کوئی غیرت مند آدمی کسی اور کی زبان سے یہ سننا بھی گوارا نہیں کرتا میں بھی تمہارا ظلی و بروزی باپ ہوں اور میرے وہی حقوق ہیں جو تمہارے باپ کے تھے۔ اسی طرح آنحضرت بھی دین میں ہمارے باپ ہیں فرمایا انما انا لکم مثل الوالد۔ اندریں صورت میں نہیں سمجھ سکتا کہ آپ نے دو باپ دینی کیسے بنا لئے مہربانی فرما کر صاف صاف جواب عنایت فرمائیں۔ مجاز اور استعارہ میں جانے کی کوشش نہ کریں۔ کیونکہ حقیقت و مجاز کے حکم علیحدہ علیحدہ ہیں مگر آپ مرزا صاحب کو آنحضرت کا عین قرار دیتے۔ گویا شعر

من تو شدم تو من شدی، من تن شدم تو جاں شدی
تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

(اشتہار ایک غلطی کا ازالہ مصنفہ مرزا)

الحاصل اس حدیث سے بھی ثابت ہے کہ آنحضرت کل انبیاء و رسل کے خاتم ہیں۔ مرزا صاحب نے سچ لکھا ہے کہ

لاجرم شد ختم بر پیغمبرے

قادیانی نبی کی نماز تہجد

(از قلم مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فرید کوٹی)

مرزا صاحب کا دعویٰ تھا کہ میں نبی ظلی ہوں۔ عربی میں ظل سایہ کو کہتے ہیں۔ اس لئے مرزا صاحب نبی عین نہیں بلکہ نبی ظلی ہیں۔ یا نبی سایہ ہیں۔ لیکن کس نبی کے سایہ ہیں؟ اس کی بابت مرزا صاحب کی تصنیفات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ ہر نبی کے ظل ہیں۔ چنانچہ مرزا صاحب اپنی شان میں جو کچھ فرما چکے ہیں وہ انہی کے الفاظ میں

رئیس قادیان - مرزا صاحب قادیانی کے عجیب وغریب حالات - جلد اول ۸/ - دوم ۸/ - (منیجر اہلحدیث)

... ملنے کا پتہ منیجر اہلحدیث امرتسر

پیش بصارت

(۱) خادم نذیر احمد مختار

در ہرم جامہ ہمہ ابرار

(۲) میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں
نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بیشمار

جس شخص کی بے شمار نسلیں ہوں۔ اس کے سلسلہ جات بھی یقینی طور پر بے شمار ہونگے۔ کبھی جگہ مرزا صاحب نے ظلی کا دعویٰ کیا ہے اور کسی جگہ عین اصل ہونے کا۔

لیکن ہم ان تمام باتوں کو چھوڑ کر مرزا صاحب کو (دومنٹ کے لئے) وہی کچھ مان لیتے ہیں جو کچھ ان کی امت ان کے لئے تسلیم کرتی ہے۔ یعنی محمودی قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ جناب مرزا صاحب ظلی نبی ہیں۔ یعنی سایہ نبی۔

قارئین کرام اس جگہ سایہ سے وہ سایہ مراد نہ لیں جو بالعموم چھوٹے چھوٹے بچوں کو ہوجایا کرتا ہے بلکہ اس جگہ وہ سایہ مراد ہے جو جوانوں اور بوڑھوں کو ہوا کرتا ہے۔ بچوں کو تو جن بھوت کا سایہ ہوا کرتا ہے اور مرزمین قادیان کے مغلوں پر سایہ نبوت نزول کیا کرتا ہے۔ جو سایہ لیتے لیتے آگے چل کر خود سایہ دار ادرخت کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

میں نے قادیانیوں سے سایہ نبی کا جو معنیٰ سنا ہے وہ یہ ہے کہ مرزا صاحب آنحضرت صلعم کی پیروی تابعداری میں اس قدر فنا تھے جیسا کہ جسم اپنے سایہ میں یا سایہ اپنے جسم میں فنا ہوا کرتا ہے اور جسم سے کبھی جدا نہیں ہوتا۔

لہٰذا ہم انہی کے معانی کو سامنے رکھ کر مرزا صاحب کی ظلیت یا سائیت پر کچھ عرض کرنا چاہتے ہیں۔ دیکھو ہذا۔

اخبار الفضل" قادیان مورخہ ۵ دسمبر ۱۹۳۵ء کالم ۲ سطر ۱۳ پر یوں ارشاد ہوتا ہے کہ

حضرت مسیح موعود (یعنی مرزا صاحب) وتر پہلی رات پڑھ لیا کرتے تھے۔ گو جائز سمجھتے تھے کہ کوئی پچھلی رات اٹھ کر تہجد کے وقت وتر پڑھے۔

یہ ارشادات اور مرزا صاحب کے سوانح حیات مفتی محمد صادق کی زبان سے نکلے ہوئے ہیں جن کی تکذیب امت مرزا صاحب نہیں کرسکتی عبارت کا مفہوم صاف ہے کہ مرزا صاحب کے نزدیک تہجد نہ پڑھنا اولیت اور پڑھ لینا جائز کی حد تک تھا۔ اور مرزا صاحب اپنی تمام عمر میں نماز تہجد کے عادی نہ تھے۔ اگر مفتی صاحب نے جان بوجھ کر یہ الفاظ فرمائے ہیں تو اس کا معنیٰ یقیناً اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوسکتا جو میں نے عرض کیا۔ ہوسکتا ہے کہ اس جگہ مفتی صاحب یا تو کہنے میں کچھ لفظی غلطی کھا گئے ہیں۔ اور یا یہ کہ مرزا صاحب کے نزدیک نماز تہجد خاص اہمیت ہی نہ رکھتی ہو؟ اور خاص کر ظلی نبوت کے لئے

میں اس عبارت کو پڑھ کر حیران سا ہوگیا کہ ظلی نبوت کا جو شخص مدعی ہو وہ نماز تہجد سے غفلت شعار کیسے ہوسکتا ہے۔ لیکن بعدہ یہ بات اپنے آپ باآسانی سمجھ میں آگئی کہ مرزا صاحب کا نماز تہجد نہ پڑھنا ہی کمال اور ان کی صداقت نبوت کے لئے ایک نشان عظیم ہے وہ اس طرح کہ ظل سایہ کو کہتے ہیں۔ اور بنظر غور دیکھا جائے تو جسم بمنزلہ اصل کے اور سایہ بمنزلہ نقل کے ہوتا ہے۔ پس اگر مرزا صاحب حقیقتہً نبی ظلی ہوتے تو تہجد کی نماز پڑھ کر فتہجد به نافلة کا عملی ثبوت پیش کرتے۔ لیکن جب ظلی نبی ہیں تو تہجد چہ معنیٰ دارد ؟

دوسرا یہ کہ مرزا صاحب سایہ نبی کہلاتے تھے۔

اور ہر جسم کا سایہ دن کو ہوا کرتا ہے۔ رات کو کسی جسم دار چیز کا سایہ نہیں ہوتا۔ ؎

سیاہ بختی میں کب کوئی کسی کا ساتھ دیتا ہے
کہ تاریکی میں سایہ بھی جدا رہتا ہے انساں سے

اور نماز تہجد کا وقت ہمیشہ رات کو ہوا کرتا ہے۔ تو ایسی صورت میں مرزا صاحب رات کو کیوں تہجد پڑھیں جس وقت سایہ ہی نہ ہو اس وقت ظلی نبوت اور ظلی تابعداری کس طرح ممکن ہے ؟ پس اس لئے مرزا صاحب دن کے نبی ہیں۔ رات کے نبی نہیں ہیں۔ ایسی رات جس میں کہ سایہ ہی نہ ہو۔ غالباً اسی موافقت کے لحاظ سے مرزا صاحب تہجد نہیں پڑھتے ہونگے۔

قارئین کرام اندازہ کرلیں۔ عملی رنگ میں محمد رسول اللہ صلعم کی تابعداری کرنے کے بارہ میں مرزا صاحب کا یہ حال ہے۔ (دیگراں راسپتیں)

فقط۔ والسلام!

قادیانی فلسفہ

یوں تو قادیانی ٹکسال کی ساری بنیاد ہی عجوبہ روزگار ہے مگر ہم ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے صرف مرزا صاحب کی نسل پر سرسری روشنی ڈالتے ہیں اور ناظرین سے اس گورکھ دھندے کی سلجھاؤ کے لئے التجا کرتے ہیں کہ وہ بھی ہمارا ہاتھ بٹائیں۔ مرزا صاحب اپنی نسل کا بیان یوں فرماتے ہیں۔

(۱) اگرچہ سچ وہی ہے جو خدا نے فرمایا کہ یہ خاندان فارسی الاصل ہے۔ (یعنی مرزا صاحب فارسی تھے)

(۲) ہماری بعض مائیں چینی الاصل تھیں۔ یعنی چین کی رہنے والی تھیں۔ (مرزا صاحب چینی تھے)

(۳) ہماری دادیوں پردادیوں میں کوئی سیدانی بھی تھیں اس لئے میں بھی عترت میں داخل ہوں۔ (جناب مرزا صاحب سید بھی تھے) چلئے پھٹکڑی لگا نہ پھٹکری رنگ چوکھا آگیا۔

(۴) ہمارا خاندان اپنی شہرت کے لحاظ سے مغلیہ خاندان کہلاتا ہے۔ (یعنی مرزا صاحب مغل تھے)

ناظرین! کیا مرزا صاحب کو معجون مرکب کہنا بیجا نہ ہوگا؟ حوالے کے لئے تحفہ گولڑویہ صفحہ ۱۸ و ۲۰ ونیز حقیقۃ الوحی ص۱۳۱ ملاحظہ ہو۔

لیکن مرزا صاحب ہچکچاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ میرے پاس فارسی الاصل ہونے کا ثبوت سوائے الہام کے کچھ نہیں۔ بہت خوب! جو آپ کو ملہم نہ مانتا ہو اُس کیلئے بھی آپ کی فارسیت حجت ہوگی کہ نہیں۔ بے چارے معراج الدین عمر نے ایک حدیث بھی بناڈالی مگر کام پھر بھی نہ چلا۔ براہین احمدیہ حالات مرزا صاحب میں مصنف مذکور نے (رجل من ابناء فارس) ایک فقرہ لکھ کر مرزا صاحب کو فارسی ثابت کرنے کے لئے دماغ کا سارا زور صرف کر ڈالا ہے۔ مگر جس کو زمانے نے بگاڑا ہو اُس کی اصلاح کون کرسکتا ہے۔ مرزا صاحب کی تکذیب۔ آسمان۔ زمین۔ ہوا۔ اُن کے مریدوں کی بیوی سب مل کر کرتے ہیں مگر شاباش ہے مریدوں کی عقل کو کہ اُن کو نظر ہی نہیں آتا۔ ہم چاہیں [illegible]

الہامات مرزا۔ مرزا صاحب کے مشہور الہامات کی (۸) [illegible]

حاجی برلاس کے خاندان سے بتلانے میں حاجی برلاس کی وہ تعریف کی ہے کہ گویا ان کی ہی پشت میں یہ گوہر نایاب لٹکا ہوا تھا جو پورے پانسو برس میں ماجھا کی شور زمین میں ظاہر ہوا۔ ان کے جد اعلیٰ نے خراسان میں چند یوم قیام کیا۔ کیا کہ فارسی ہونے کا تمغہ ہاتھ لگ گیا۔ کجا قوم برلاس اور کجا فارسی الاصل ہونا۔

میں کہتا ہوں کہ کوئی مرزائی صراحت کے ساتھ مرزا صاحب کا ایک دعویٰ بھی دلیل سے ثابت کردے تو میں فی دلیل دس روپیہ نذرانہ پیش کرونگا۔ بشرطیکہ ثالث منصف مقبول فریقین یہ فیصلہ کردیں کہ یہ دلیل صریح مرزا صاحب کی صداقت پر دال ہے۔ ہے کوئی مرزائی جو ہمت و حوصلہ کرے (ھَاتُوْا بُرْھَانَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ) صرف فارسی ہی ہونا ثابت کردیں اور احادیث صحیحہ کا مصداق ٹھیرا دیں۔ بس ہم صادق بھی مان لینگے اور انعام بھی پیش کرینگے

المشتہر۔ خادم الحکماء حکیم ظہیر الدین خان
مقام پیو بوٹے۔ برما

(وگیگ) کا منتر دیکھنا۔

اتھرووید کانڈ ۱۰ اشوکت ۹ کے سارے منتروں میں بیان شدہ گائے کی قربانی کا خلاصہ سائن آچاریہ بدیں الفاظ پیش کرتا ہے۔ (دیکھئے سائن بھاشیہ مؤلفہ پانڈو رانگ ایم۔اے)

(ترجمہ) اگھائے نام لفظوں سے شروع ہونے والا سوکت ہوم میں آہتی ڈالنے کے لئے گائے کے ذبح کرتے وقت بولا جاتا ہے۔ وہ گائے بانجھ ہونی چاہئے جسے شتودنا کہا جاتا ہے۔ اس کو ذبح کرکے اور اس کے گوشت کو ہوم میں ڈال کر جو یگیہ کیا جاتا ہے وہ یگیہ اگنی شٹوم اور اتی راتر نامی یگیوں سے بھی افضل ہوتا ہے۔ جو گائے ذبح کی جاتی ہے اس کو مخاطب کرکے کہا جاتا ہے کہ اپنے کاٹنے یا ذبح کرنے والوں سے مت ڈر۔ تو دیوی بنیگی اور دیوتا تجھے بہشت میں لے جائینگے۔ اس طرح اسکی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ جو حصہ کاٹا جاتا ہے اور جو پکاتا ہے اور جو ہوم کی آگ میں آہتی دیتا ہے وہ سب سے اعلیٰ بہشت میں جاتا ہے۔ ان الفاظ سے گومیدھ (قربانی گاؤ) کی تعریف کی گئی ہے؛

ہندو مسلم اتحاد اور رفع فساد کی صورت

(از قلم پنڈت آتمانند صاحب ست دھرمی بٹالوی)

ہندو مسلم اتحاد کے راستہ میں سب سے بڑی رکاوٹ گائے کشی بتلائی جاتی ہے۔ اور جیسا کہ اخبار بین حضرات کو معلوم ہوگا کہ گذشتہ بقر عید پر ہندوستان کے طول و عرض میں کئی جگہ قتل و خون ہوئے۔ میرے دھرم میں اگر کسی کو گالی دینا یا چوری کرنا گناہ تصور کیا گیا ہے تو کسی جاندار کا قتل سب سے بڑا گناہ مانا گیا ہے اور میں اگرچہ ذاتی طور پر گوشت خوری اور قربانی کے حق میں نہیں ہوں مگر ہندوؤں اور آریہ سماجیوں کی ذہنیت پر ہنسی آتی ہے کہ جو پرانوں اور ویدوں پر ایمان رکھتے ہوئے بھی حیوانی قربانی اور گوشت خوری کی مخالفت کرتے ہیں۔ میرا دعویٰ ہے کہ جب تک ہندو ویدوں اور پرانوں کو مانتے ہیں۔ ان کو کوئی حق اس بات کا نہیں پہنچتا کہ وہ مسلمانوں کو قربانی اور گوشت خوری چھوڑنے کا مشورہ دے سکیں۔ پرانوں میں تو گائے، بکری، بھینس وغیرہ کی قربانی بھری پڑی ہے۔ جس کو خود آریہ سماجی کئی بار شائع کرچکے ہیں۔ میں یہاں ویدوں میں سے صرف چند منتر حیوانی قربانی کے جواز میں پیش کرتا ہوں اور مزید واقفیت کے لئے اپنی لاجواب تصنیف گومیدھ یگیہ (قربانی گاؤ) صرف چند مسلم اتحاد کے پڑھنے کی پر زور سفارش کرتا ہوں۔

یجر وید ادھیائے ۲۵ میں گھوڑے کی قربانی کا ذکر پایا جاتا ہے۔ چنانچہ منتر ۳۲ کا ترجمہ مسٹر جوالا پرساد جی یوں کرتے ہیں:-

"اشو کا جو گھنی بھوت مانس دت شونت مکھیوں نے بھکشن کیا ہے جو دھر کمرنگ وا یوپ کا شیشٹھ اتھوا شاس چھر میں لگا ہوا ہے۔ شمن کرنے والے کے ہاتھوں میں جو لگا ہے۔ نخونوں میں جو لگا ہے تمہارے وے سب بھی دیوتاؤں میں ہوں ارتھات تمہارا سب بھاگ دیوتاؤں کے یوگیہ ہے؛"

(مسٹر بھاشیہ صفحہ ۱۰۵۴)

(اردو ترجمہ) گھوڑے کا بمثل گوشت کا ڑھا خون مکھیوں نے کھایا ہے جو خون تلوار یا قربانی کے کھمبے یا استرے میں لگا ہوا ہے۔ کاٹنے والے کے ہاتھوں میں جو لگا ہے ناخنوں میں جو لگا ہے۔ (اے گھوڑے) تمہارے سب اعضاء دیوتاؤں کے لئے نذر ہوں۔

یجر وید ۲۵-۱۳ اور رگ وید ۲-۳-۹-۱۳ میں وارد لفظ "مانس پچنیا" کا سنسکرت ترجمہ سوامی دیانند بانی آریہ سماج یوں لکھتے ہیں کہ:

ہندی ترجمہ از سوامی دیانند جی:-

"جو مانس ہاری (گوشت خور) جس میں مانس پکاتے ہیں اس پاک صدہ کرنے والی ظروف

نیز اتھرووید کانڈ ۹۔ انوواک ۲ سوکت ۲ کے متعلق شری سائن آچاریہ جی لکھتے ہیں کہ:-

(ترجمہ) براہمن بیل کو ذبح کرکے اس کے گوشت کو مختلف مختلف دیوتاؤں کے لئے ہوم کی آگ میں ڈالتا ہے۔

یہاں بیل کی اور اس کے کون کون اعضاء کس کس دیوتا کو مرغوب ہوتے ہیں مفصل بیان کئے گئے ہیں اور بیل کی قربانی والے یگیہ کی فضیلت بیان کی گئی ہے اور اس یگیہ سے ملنے والی نجات کی تعریف بیان کی گئی ہے۔

مہرشی دیانند سرسوتی بانئے آریہ سماج بھی اپنی اصلی ہندی ستیارتھ پرکاش مطبوعہ بنارس سنہ ۱۸۷۵ء صفحہ ۳۰۲ و ۳۰۳ پر لکھتے ہیں کہ:-

"اس سے جہاں جہاں گومیدھ آدک لکھے ہیں وہاں وہاں پشوؤں (حیوانوں) میں نروں کا مارنا لکھا ہے۔ اس سے اس ابھپرائے (مطلب) سے نرمیدھ لکھا ہے۔ منشیہ (انسان) نر کو مارنا نہیں

نہیں۔ کیونکہ جیسی پشٹی (طاقت) بیل آدک (وغیرہ) نروں میں ہے ویسی استریوں (مادہ) میں نہیں ہے اور ایک بیل سے ہزارہا گیاگر بہ وقی ہوتی ہیں اس سے ہانی (نقصان) بھی نہیں ہوتی۔ سوئی لکھا ہے :۔

یہ براہمن کی شرتی ہے۔ اس میں پلنگ (صیغہ مذکر) نردیش سے یہ جانا جاتا ہے کہ بیل آدک کو مارنا۔ گیا کو نہیں۔ سو بھی گومیدھ آدک یگیوں میں انشٹ نہیں۔ کیونکہ بیل آدی سے بھی منشیوں (انسانوں) کا بہت اُپکار (بھلا) ہوتا ہے اس سے اُن کی بھی رکشا کرنی چاہیئے اور جو بندھیا (بانجھ) گائے ہوتی ہیں اُن کو بھی گومیدھ میں مارنا لکھا ہے

یہ براہمن کی شرتی ہے۔ اس میں استری لنگ (صیغہ مؤنث) اور ستھول پرشتی وشیش سے بندھیا (بانجھ) گائے لی جاتی ہے کیونکہ بندھیا سے دُگدھ (دودھ) اور وتسیہ آدکوں (بچھڑوں وغیرہ) کی اُتپتی (پیدائش) ہوتی نہیں۔ اور جو مانس نہ کھائے سو گھرت (گھی) دگدھ (دودھ) آدکوں سے ہرواہ کرے کیونکہ گھرت دُگدھ آدکوں (گھی دودھ وغیرہ) سے بھی بہت پشٹی (طاقت) ہوتی ہے۔ سو جو مانس (گوشت) کھائے۔ اتھوا گھرت دگدھ آدکوں سے نروالہ کرے وہ بھی سب اگنی میں ہوم کے بنا نہ کھائے کیونکہ جیو کے مارنے کے سمہ (وقت) پیڑا (تکلیف) ہوتی ہے اُس سے کچھ پاپ بھی ہوتا ہے۔ پھر جب اگنی میں وہ ہوم کرینگے تب پرماتو سے اگت پرکار سب جیووں کو سکھ پہنچیگا۔ ایک جیو کی پیڑا (ایذا) سے پاپ بھیا تھا سو بھی تھوڑا سا گنا جائیگا۔ انیتھا نہیں۔"
(بلفظہ)

اتھرو وید کے ایک منتر میں لکھا ہے کہ
(ترجمہ) یہ دو اشیاء جو گائے سے حاصل ہوتی ہیں نہایت لذیذ ہوتی ہیں یعنی دودھ اور گوشت۔
اتھرو وید کانڈ ۹ سوکت ، منتر ا میں لکھا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ :۔

"میں جو خوراک کھاؤں طرح طرح کی یعنی گائے گھوڑا۔ اونٹ۔ بکرا۔ بھیڑ اور ان کے علاوہ اور جو کچھ بھی میں کھاجاؤں حرارت غریزی اُسے اچھی طرح سے ہضم کر دے۔"

ویدک زمانہ کے ہندوؤں میں ایک یہ رسم جاری تھی کہ مُردہ کو گائے کے گوشت اور پوست میں لپیٹ کر جلایا جاتا تھا اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ ایسا کرنے سے وہ بہشت میں جائیگا اُس گائے کو انوستری (پار لے جانے والی) کہتے تھے۔ جس کا بیان رگ وید منڈل ۱۰ سوکت ۱۶ منتر، میں پایا جاتا ہے۔ جس میں لکھا ہے کہ

جس کا ترجمہ آریہ سماجی پنڈت دامودر سات ولیکر اپنی تصنیف گومیدھ صفحہ ۶۹ پر یوں لکھتے ہیں کہ :۔

"گاڑھی چربی سے ٹھیک پرکار آچھادت کرو" (ڈھانکو) .... اس پرکار گھنی چربی کے گولے مرت شریر (مُردہ جسم) پر رکھے جاتے تھے یہ بات پوروکت (مذکورہ بالا) منتر کے گھنی چربی سے مُردے کو آچھادت کرو (ڈھانپو) اس بھاگ (جزو) میں سپشٹ شبدوں (کھلے الفاظ) سے کہی ہے۔" (بلفظہ)

گوپتھ براہمن پر پاٹھک ۳ کنڈکا ۱۸ میں گائے کے چھتیس ٹکڑے کر کے ہوم کی آگ میں ڈالنے کی ہدایت کی گئی ہے جس کا ترجمہ آریہ سماجی پنڈت کشم کرن داس ترویدی مترجم اتھرو وید کا کیا ہُوا قابل دید ہے جو بخوف طوالت یہاں درج نہیں کیا جاسکتا۔

ویدک زمانہ میں آئے ہوئے مہمان کے لئے گائے ذبح کی جاتی تھی۔ اس لئے مہمان کا عُرف ہی گوگھن یعنی گائے کا قاتل پڑ گیا تھا۔ چنانچہ صرف ونحو کے موجد پانی مہرشی لکھتے ہیں کہ
جس پر مہامنی پتنجلی رشی مصنف یوگ درشن مہا بھاشیہ لکھتے ہیں کہ :۔

"یعنی آئے ہوئے مہمان کی تواضع کے لئے گائے کو میزبان وغیرہ لوگ ذبح کرتے ہیں اسی لئے مہمان کو گوگھن (گائے کا ذبح کرانے والا) کہا جاتا ہے۔"
ویدانت درشن ادھیائے ۲ سوتر ۲۸ کے ترجمہ میں سوامی شنکر آچاریہ اور شری راماج آچاریہ جو ویشنوؤں کے گورو تھے۔ لکھتے ہیں کہ

اگنی شومیہ وغیرہ یگیوں میں حیوانی قربانی بہشت میں جانے کا ذریعہ ہونے کے باعث ہنسا (ایذا یا گناہ) نہیں چونکہ حیوانی قربانی سے جنت ملتی ہے اور یگیہ میں ذبح کیا ہُوا حیوان سونے کے جسم والا بن کر بہشت میں جاتا ہے اس لئے بے انداز راحت کا سبب ہونے کی وجہ سے جو فعل تھوڑا سا تکلیف دینے والا ہے بُرا نہیں کہلا سکتا یعنی یگیہ میں ذبح کئے گئے حیوان کو جنت کی خاص راحت ملتی ہے۔ اس لئے حیوان کو ذبح کرنے سے ہنسا کا پاپ نہیں لگتا بلکہ اُس کی رکشا (بچاؤ) ہی سمجھنا چاہئے۔
مفصل میری تصنیف گومیدھ یگیہ میں ملاحظہ فرماویں۔

مجھے گائے ماتا کے خلاف ویدوں اور شاستروں کے حوالہ جات پیش کرتے ہوئے نہایت دکھ محسوس ہو رہا ہے۔ مگر میں اپنے مسلمان بھائیوں کو گوشت خوری سے باز رہنے کی درخواست کرنے سے پیشتر اپنے ہندو بھائیوں کو ہدایت کرتا ہوں کہ وہ مسلمانوں کے مونہہ آنے سے قبل اپنے ویدوں اور شاستروں اور پُرانوں کو استعفٰی دیں کیونکہ ؎ اے بادِ صبا این ہمہ آوردۂ تست

اسلامی سلام کے احکام

(از مولوی محمد سلیمان صاحب طاہر منزل مدن پور گیا)

سلام کے دو معنی ہیں ایک سلامت دوسرا خدا تعالےٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ السلام علیکم کے معنی یہ ہیں کہ خدائے برتر تیرے حال سے خبردار ہے تو غافل مت رہ یا حق تعالیٰ کا اسم تجھ پر ہے تو اس کی حفظ وامان میں ہے۔ جیسے کہ معنی اللہ معك کے ہیں نیز یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں السلام علیك تو اپنے کو میری طرف سے بے پرواہ رکھ۔ وعلیك السلام تو بھی میری طرف سے اپنے کو بے پرواہ رکھ۔

حدیث میں ہے۔ ایک آدمی نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ ای الاسلام خیرٌ اسلام کی خصلتوں اور ادبوں سے کونسی خصلت بہتر کونسا آداب

ضرورت وید - وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ گو دیہ (۳۸۰) صفحہ ضخیم بیں - قیمت ۱۲ پتہ : دفتر اہلحدیث

بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا :-
تطعم الطعام وتقرأ السلام علی من عرفت ومن لم تعرف۔
(بھوکوں کو) کھانا کھلانا اور سلام کہنا چاہئے آشنا ہو یا بیگانے۔
آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ قسم ہے خدا کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تم جنت میں نہیں جا سکتے جب تک تم ایماندار نہ ہو جاؤ۔ اور ایمان والے بن نہیں سکتے جب تک آپس میں محبتیں پیدا نہ کر لو۔ کیا میں تمہیں ایسا کلام نہ بتلاؤں کہ جب اسے کرو آپس میں محبتیں بڑھ جائیں۔ افشوا السلام بینکم۔ آپس میں سلام کو پھیلاؤ۔
اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائیگا :-
این المتحابون بجلالی الیوم اظلھم فی ظلی یوم لا ظل الا ظلی۔
کہاں ہیں میرے جلال کی وجہ سے آپس میں محبت رکھنے والے آج انہیں اپنے سایہ نیچے جگہ دوں گا جس دن میرے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہیں ہے۔
حضرت ابو القاسم کے نزدیک ایک آدمی نے آکر السلام علیکم کہا۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں وعلیکم السلام فرمایا وہ آدمی بیٹھ گیا۔ حضرت صلعم نے فرمایا عشر۔ دس نیکیاں اسکے نامہ اعمال میں لکھی گئیں۔ پھر دوسرے شخص نے آکر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔ اور فرمایا عشرون یعنی بیس نیکیاں اسکے اعمال نامہ میں لکھی گئیں۔ پھر تیسرا شخص آیا اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا۔ اور فرمایا ثلثون یعنی تیس ۳۰ نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی گئیں۔
حدیث میں ہے مسلمان کو دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں۔ سلام کا جواب دینا۔ بیمار پرسی کرنا۔ چھینک کر الحمد للہ کہنے والے پر یرحمک اللہ کہنا۔ جنازہ کی نماز کے واسطے حاضر ہونا۔ اگر کوئی دعوت کرے اور وہاں بہانت و فرید وغیرہ کے مانند کوئی چیز مانع نہ ہو تو دعوت قبول کرنا —— آنحضرت کے زمانہ میں صحابہ کرام بازاروں میں سلام ہی کی غرض سے جایا کرتے تھے جس سے اپنے گناہوں کو مٹانا مقصود ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ہدایت کرے اور اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین!

بریلوی مشن

مولوی بشیر کی گھبراہٹ

(مرقومہ مستری عبد العزیز صاحب از کوٹلی لہاراں غربی)

ہم اس امر میں نادم ہیں کہ اخبار الفقیہ امرتسر کے نامہ نگار مولوی بشیر صاحب ہمارے قصبہ کے رہنے والے ہیں۔ اپنے خیال میں جو جی میں آیا کہہ دیتے ہیں۔ اس سے کسی بزرگ پر افتراء ہو یا ان کی نافرمانی۔ حق کی مخالفت ہو یا حق والوں کی۔ وہ اپنا کام سیدھا کرنا چاہتے ہیں اور بس۔ جو اناپ شناپ چاہتے ہیں لکھ جاتے ہیں۔ چنانچہ ۱۴۔ اکتوبر ۱۹۳۸ء کے پرچہ میں حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب کے حق میں ایک مخالف کی خرافات نقل کرتے ہیں۔ حالانکہ دنیا کو علم ہے کہ مخالف مذکور مولانا صاحب موصوف کے حق میں سخت معاند ہے پھر طرہ یہ کہ معاند مذکور مولانا موصوف کی معاندت میں تجارت کتب کو اکل سحت (غذا حرام) سے تعبیر کر رہا ہے۔ جس کو مولوی بشیر صاحب معرض استدلال میں پیش کرتے ہیں۔

آپ یہ بھی نہیں سمجھے کہ اگر مولانا ثناء اللہ صاحب تجارت کتب کی وجہ سے اکل سحت کا ارتکاب کر رہے ہیں تو مولوی بشیر کے اباجی (مولوی محمد شریف) کا قدم بھی اسی میدان میں ہے۔ اسی کو کہتے ہیں۔ ع

ہم الزام ان کو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا

مولوی بشیر یاد رکھیں کہ کسی بے گناہ کو الزام لگانے سے اپنا ہی نقصان ہے۔ اگر ہم نے آپ کے متعلق ان آراء کا اظہار کیا جو آپ کے ہمعصر بلکہ اہل وہ رکھتے ہیں تو کیا صرف یہی حوالہ کافی ہو گا کہ آپ کی جماعت میں سے فلاں نے یہ کہا اور بس۔ آپ کیسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں۔

ایک اور سنئے! مولوی محمد اللہ صاحب ثانی مدظلہ نے ۲۵۔ نومبر ۱۹۳۸ء کے پرچہ اہلحدیث میں مولوی بشیر کے اس عقیدہ پر کہ مؤمن عالم برزخ میں زندوں کے حالات جانتے ہیں۔ یہ لکھا تھا کہ آپ اس دعویٰ کی دلیل علامہ قسطلانی سے ہی دریافت کرکے بتائیں۔

ثانی صاحب کے اس جواب لاثانی نے بشیر صاحب کو ایسا حیران کر دیا کہ خود ہی اپنی تردید آپ کرنے بیٹھ گئے اور حیرانی میں وہ کچھ لکھ مارا جو حقیقت سے بالکل بعید ہے۔ چنانچہ لکھا :-

ہم ثانی صاحب کا مضمون لیکر علامہ قسطلانی صاحب کے پاس (عالم برزخ میں) پہنچے (بالکل جھوٹ) لیکن علامہ صاحب ثانی صاحب کا نام اور مطالبہ دلیل سنتے ہی جلال میں آگئے۔ (سفید جھوٹ) لاحول پڑھ کر فرمانے لگے میں وہابی کو ہرگز منہ لگانا نہیں چاہتا۔ (غلط۔ عبد العزیز)

مولوی بشیر صاحب نے یہ ایک واقعہ تحریر کیا ہے۔ جس میں صدق و کذب کا احتمال ہے۔ اور ہم اس واقعہ کو صحیح نہیں سمجھتے۔ اس لئے اس کا صحیح فیصلہ یوں ہو سکتا ہے کہ مولوی صاحب جامع مسجد حنفیہ کوٹلی میں تمام مسلمانوں کے سامنے حلف مؤکد بالطلاق اٹھائیں۔ یعنی مسجد میں باوضو کھڑے ہو کر ان الفاظ سے حلف اٹھائیں :-

یہ واقعہ بالکل درست ہے کہ میں عالم برزخ میں پہنچا اور وہاں قسطلانی مصنف مواہب اللدنیہ سے ملاقات کی اور ثانی کا مضمون پڑھ کر سنایا اور انہوں نے یہ کہا الخ۔ اگر میں اس بیان میں کاذب ہوں تو میری منکوحہ حلفیہ طلاق۔

اگر مولوی بشیر صاحب اس مضمون کی حلف اس طریق سے

اٹھائیں تو ہم مان لیں گے کہ آپ نے ملاقات کی ہوگی۔ پھر قسطلانی جانیں اور ہم۔ جب ہم ان کو ملیں گے تو ان سے پوچھ لیں گے کہ حضرت آپ نے ہمارے سوال کے جواب میں مولوی بشیر کو ایسا کہا تھا اور وہ اس قول میں صادق ہیں

بہر حال پھر معاملہ ہمارا اور قسطلانی صاحب کا رہے گا مولوی بشیر بری ہونگے۔

اگر مولوی بشیر ایسا نہ کریں تو آئندہ افسانہ نویسی یا ناول طرازی نہ کیا کریں اور اپنے اباجی کے ناموس کو قائم رکھیں۔ کیونکہ مولویت کے لئے ناول نویسی قطعاً غیر موزوں ہے۔

بے جا الزام | مولوی بشیر نے لکھا تھا کہ ثنائی صاحب خودکشی کئے بغیر قسطلانی کو نہیں مل سکتے اس لئے خودکشی کریں۔ اس پر مولوی محمد عبداللہ صاحب ثانی نے لکھا کہ بشیر میاں خود ہی لکھتے ہیں کہ میں قسطلانی کے پاس گیا اور جانے کی صورت تحریر فرماتے ہیں کہ خودکشی کی جائے اس لئے مولوی بشیر نے بھی خودکشی کی ہوگی پھر اس پر لکھا مولوی بشیر کے اباجی شہادت دیں کہ خودکشی کے بعد کیا کچھ ہوا۔ مرحوم کی زوجہ کا کیا حشر ہوا (اہلحدیث ۱۳ جنوری ۱۹۳۹ء)

اس پر بشیر صاحب بڑے خفا ہو گئے ہیں اور مولوی ثانی صاحب پر الزام لگاتے ہیں کہ دوسروں کی بہو بیٹیوں کی توہین کرتے ہیں۔

سنئے صاحب! ہمارے علماء تو ایک طرف ہمارا ہر ایک فرد بحکم انما المؤمنون اخوۃ تمام عورتوں کو قابل احترام سمجھتا ہے۔

مولوی بشیر صاحب یاد رکھیں کہ مسئلہ شرعی کی توجیہ بیان کرنے میں کسی کی توہین نہیں ہوا کرتی اور نہ بیان کرنے والے کی نیت ہوتی ہے۔ فقہ حنفیہ میں اس کی مثالیں موجود ہیں۔

چنانچہ مفقود الخبر کے متعلق جب حسب ضرورت موافق تصریح رد المختار فتویٰ دیا جائے تو مفقود الخبر کو مردہ تصور کیا جائے گا۔ پھر مفقود الخبر کی عورت کو یقیناً بیوہ قرار دیا جائیگا اسی لئے اس کو نکاح کی اجازت دیجائیگی کیا اس کی اس میں توہین ہوگی کیا فقہاء رحمہم اللہ نے مسلمانوں کی بہو بیٹیوں پر حملہ کیا ہے۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو صورت موجودہ میں جب مولوی ثنائی صاحب نے مولوی بشیر کو (بقول انکے) میت تصور کرکے مسئلہ کی توجیہ بیان کی ہے تو کسی کی بہو کی توہین کس طرح ہو گئی؟ امید ہے کہ مولوی بشیر صاحب سوچ سمجھ کر قلم اٹھایا کرینگے تو عقدہ حل ہو جائیگا۔ انشاء اللہ!

حمائت اسلام اور فرائض علماء کرام

(۳)

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ایک بار نماز عشاء ادا کر رہے تھے۔ سورہ اذا زلزلت الارض پڑھی۔ اخیر کی آیتیں سن کر امام صاحب کی باطن کی آنکھیں کھل گئیں۔ اور انہوں نے اپنے آپ کو مع تمام اعمال کے عالم الغیب کے روبرو پایا۔ اس خیال سے قلب پر ایک بجلی سی گری اور بے خود ہو گئے اور نمازی تو نماز پڑھ کر چلے گئے مگر وہ خدا کا فرمانبردار بندہ صبح تک اسی جگہ اسی صورت سے بیٹھا رہا کہ داڑھی ہاتھ میں تھی اور بار بار عاجزانہ لہجہ میں کہہ رہے تھے اے وہ جو ذرہ بھر نیکی اور ذرہ بھر بدی دونوں کا بدلہ دیگا نعمان (اپنے غلام) کو دوزخ کی آگ سے بچانا۔

دارقطنی کی طالب علمی کا زمانہ تھا۔ علامہ ابن انباری کے درس میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ ایک بار ابن انباری نے ایک راوی کا نام غلط لیا۔ دارقطنی کھٹکے۔ اتنی جرات تو نہ ہوئی کہ استاد کو ٹوکیں۔ لیکن آہستہ سے مستملی کو جتا آئے آٹھویں روز درس میں پھر حاضر ہوئے تو علامہ نے بھرے جلسہ میں اقرار کیا کہ فلاں روز میں نے ایک غلطی کی تھی۔ اس نوجوان نے آگاہ کر دیا۔

فخر الاسلام امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جب نظامیہ بغداد کے مدرس اول مقرر ہوئے اور پہلے ہی روز مسند تدریس پر متمکن ہوتے ہی خیال آیا کہ یہ وہی مسند ہے جس پر اس سے پہلے شیخ ابو اسحاق شیرازی اور امام غزالی جیسے بلند پایہ فضلاء جلوہ افروز ہو چکے ہیں۔ اس خیال سے اپنی بے مائگی کو ملایا تو دل پر چوٹ لگی تو عمامہ آنکھوں پر رکھ کر زار زار روئے اور یہ شعر پڑھا ؎

خلت الدیار فسدت غیر مسود
ومن العناء تفردی بالسؤدد

یعنی جہان اہل علم سے خالی ہو گیا تو میں میر قافلہ بنا حالانکہ شایان سرگروہی نہ تھا میرا سرگروہ یگانہ بننا کیسا اندوہ افزاء ہے۔ کیا ہے آج کوئی ایسا اہل علم جو اپنے نفس سے حساب فہمی کرتا ہو اور اپنے اعمال کا جائزہ لیتا ہو۔

دوسری بھاری خدمت علماء کے سامنے یہ تھی کہ علوم اسلام و احکام دین کو منضبط اور محفوظ کرنا تھا۔ جیسے کہ قرآن مجید مدون ہوا اور نقطہ و اعراب سے بالکل سادہ تھا۔ وقتاً فوقتاً اعراب اور نقطے لگائے گئے اس کا ایک ایک شوشہ اور ایک ایک نکتہ شمار ہو کر کتابوں میں اندراج کیا گیا۔ اس کا تلفظ ٹھیک اس طور پر محفوظ کیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں تھا اور اس میں وہ تنقید کی کہ تجوید ایک فن بن گئی۔ معانی قرآن کے بیان میں دفتر کے دفتر لکھ کر رکھ دیئے۔ کلام مجید کی تدوین ہو چکی تو حدیث شریف کا دورہ آیا حدیث کے متعلق دو چند خدمت کرنی پڑتی تھی۔ اصل حدیث کو جمع کرنا اور موضوع حدیثوں کی سراغرسانی۔ اس میں جو سعی کی اس سے فن رجال مدون ہو گیا۔ جو مسلمانوں کے لئے سرمایہ ناز اور مابہ الامتیاز ہے جس کی کوشش اور جانفشانی سے انہوں نے احادیث نبویہ جمع کیں اور وہ بے نظیر اور لائق ہزار آفرین ہے۔ امام ابو حاتم رازی نے نو ہزار میل کی مسافت پیادہ پا طلب حدیث میں طے کی جب نو ہزار میل پر پہنچے تو پھر انہوں نے شمار کرنا چھوڑ دیا۔ ابن المقری نے ایک نسخہ حدیث کی خاطر ایک سو چالیس میل کا سفر کیا۔ ابن طاہر مقدسی نے جتنے سفر اس پاک طلب میں کئے سب پا پیادہ اور

الارشاد الی سبیل الرشاد۔ تقلید شخصی کی جڑ ہی اکھاڑ کر رکھدی ہیں۔ قیمت ۱۲ (۳۸۲) ... (دفتر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

اس شان سے کہ کتابوں کا پشتارہ پشت پر ہوتا تھا۔ کثرت پیادہ روی کبھی کبھی یہ رنگ لاتی کہ پیشاب میں خون آنے لگتا۔ امام ابن جوزی نے جن قلموں سے احادیث نبوی لکھی تھیں ان کا تراشہ اس قدر جمع ہو گیا تھا کہ بعد وفات حسب حیثیت ان کے غسل کا پانی اسی سے گرم کیا گیا۔ امام حمیدی مجار کا میں پیدا ہوئے اور بغداد میں آکر رہے۔ شدت گرمی کے زمانہ میں شب کو ایک بڑے ظرف میں پانی بھرواتے اور اس میں بیٹھ کر احادیث لکھتے۔ اور فقہ کی تدوین جس جانکاہی اور بالغ نظری سے کی گئی اس کا روشن ثبوت کتب فقہ سے مل سکتا ہے۔

جب علوم یونانیہ کے ترجمے مسلمانوں میں شائع ہوئے اور فلسفہ کا چرچا ہؤا تو علماء نے کوشش کر کے فنون حکمیہ میں مہارت پیدا کی اور پھر مسلمانوں کے عقائد کو ان کے مقابلہ میں محفوظ رکھنے کے لئے علم کلام کی بنیاد ڈالی جو علماء کرام نے اس فن کی تدوین میں فرمائی۔ ابتداءً جو جو فرقے اسلام میں پیدا ہوئے ان کے مقتداء بڑے رتبہ کے فضلاء گزرے ہیں۔ ان کے مقابلہ میں عقائد حقہ کا قائم رکھنا اور ان کی تحریر و تقریر کے اثر کو روکنا آسان کام نہ تھا علماء کی ہمت و کوشش اس پر بھی غالب آئی۔ غرض جو ضرورتیں پیش آئیں اور جو جو خطرے پیدا ہوئے انکی فکر خدا کے پاک بندوں نے کی۔ ہر رخنہ کو مردانہ وار بند کیا اور اپنے پاک مذہب پر جان و مال آسائش و عزت غرض جو کچھ ان کے پاس تھا سب فدا کر دیا۔ مسلمانوں کی حب الوطنی حب المذہب کے پیرایہ میں جلوہ گر ہوئی۔ پس جب تک ہم مذہب سے لگاؤ پیدا نہ کریں اسلام کی حمایت نہیں کر سکتے۔ کسی چیز کی محبت اس وقت آپ پر غالب آسکتی ہے جب آپ کا دل اس سے مانوس ہو اور اس کی خوبیاں دل پر نقش ہو جائیں محبت وہ جوہر لطیف ہے جو عالم کی گرمی ہنگامہ کی روح رواں ہے۔ یہ نہ ہوتی تو دنیا برفستانی ہوتی جس میں سوائے افسردگی اور پژمردگی کے کچھ نہ ہوتا جب تک محبت دل میں گرمی پیدا نہ کر سکے علیم

موجزن ہو کر بلند نہیں ہوتیں۔ اسی بلندی میں انسان کی علو مرتبت کا راز پوشیدہ ہے۔ حوصلہ بلند اور عزم عالی نہ ہو تو آدمی خود غرضی و ذاتی منفعت کی پست سطح سے کبھی بلند نہیں ہو سکتا۔ عالم خواب و خور کے متوالے ترقی و عروج کا پاکیزہ جمال خواب میں بھی نہیں دیکھ سکتے

ایک درماندہ قوم کو ابھار کر ترقی کے مدارج پر لانا ہمیشہ ایک عظیم الشان قربانی کا تقاضا کرتا ہے۔ اسی قربانی کی شرائط اس وقت پوری ہوتی ہیں جب ذاتی غرض و آسائش ذاتی دولت کو قوم و ملت پر قربان کر دیں۔ اس سے کم تر قربانی قربانگاہ ترقی میں مقبول نہیں۔ (نور محمد میانوی)

تاکید توحید و سنت

(از قلم مولوی عبد الرحیم صاحب قریشی ساکن بھیال۔ گورداسپور)

باری تعالیٰ کی ہستی کے اقرار کے بعد ہر عاقل و بالغ انسان پر سب سے پہلے یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اُس (اللہ تعالیٰ) کے احکام کی فرمانبرداری ہر موسم ہر لمحہ اور ہر حالت میں کمربستہ ہو کر کرے۔ اس لئے کہ انسان اُسی کا دیا کھاتا، اُسی کا بخشا پہنتا ہے۔ اُسی کے سورج کی روشنی سے متمتع ہوتا اور اُسی کے پیدا کئے پانی سے فیض پاتا ہے۔ اُسی کی زمین پر چلتا اور اسی کے آسمان کے نیچے بستا ہے، اُسی کی اگائی ہوئی کھیتیوں سے مستفید اور اُسی کی بہتے ہوئے دریاؤں سے مستفیض ہوتا ہے اس لئے کہ وہ خالق کل شئی ہے اور سب کچھ اُس نے انسان کی زندگی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بنایا ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ خلق لکم ما فی الارض جمیعًا۔ قرآن حکیم کا ارشاد ہے۔ کون ہے جو اُس کے سوا اس قدر لاتعداد اور بے حساب انعام بخشے۔ دراصل بات یہ ہے کہ اُس کے انعامات، احسانات اور نوازشات کو گننا انسان ضعیف البنیان کی طاقت سے بالاتر ہے وہ انہیں ہرگز ہرگز بھی گن نہیں سکتا۔ و ان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوھا۔ اس پر شاہد ہے ماں کے پیٹ میں بچے کا پرورش پانا پتھر کے اندر کیڑے کو رزق دینا۔ تحت الثریٰ کے جانداروں اور غیر جانداروں کی نگہداشت کرنا۔ خشک موسم اور مایوس کن ایام کو اپنی بے پناہ رحمت سے پُر بہار اور امید افزا بنانا۔ یہ اور ایسا ہی بہت کچھ اسی کی قدرت کاملہ کا ایک ادنیٰ ترین کرشمہ ہے۔ زیادہ تر فی ہی دیکھئے۔

و فی انفسکم افلا تبصرون۔ ارباب بصیرت کیلئے بے شمار آیات اور لاتعداد نشانات صرف اُن کے اپنے ہی جی کے اندر موجود ہیں۔ مگر غضب تو یہ ہے کہ بہت تھوڑے ہیں۔ جو اُس کی نعمتوں کا جائز اعتراف اور اُس منعم حقیقی کی عطا کی ہوئی چیزوں کی صحیح قدرشناسی کرتے ہیں۔ "و قلیل من عبادی الشکور"

اس لئے ہر بنی نوع انسان کا اولین فرض یہ ہے کہ اُس کی ذات و صفات اور عبادت و احکام میں کسی کو شریک نہ بنائے۔ بلکہ خالص اُسی کا ہو جائے۔ یعنی اپنے آپ کو اس کا مطیع بنائے۔ اس کے اوامر کی بخوشی و رضا تعمیل اس کے منہیات سے قطعی اجتناب کرے۔ یہی اطاعت ہے اور یہی عبادت۔ یہی دین قیم کی تعلیم ہے۔ اس راہ میں ملک ہو۔ دولت اور وطن ہو۔ کنبہ اور اولاد ہو۔ اور خواہ انسان کو اپنی جان بھی کیوں نہ قربان کرنی پڑے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اُس کے فرمودہ احکام کی تعمیل کے ذریعے کی جائے۔ جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حیات و ممات کا مقصد محض اُس کی رضا کے لئے تھا اور اس راہ میں اپنا وطن مالوف و کنبہ۔ جورو بچے۔ مال و جان تک سب کچھ قربان کیا۔ مگر اُس کے حکم سے عدول نہیں کیا۔ یہی معنی ہیں حنیفًا مسلمًا کے۔

ابتدائے آفرینش سے لیکر آج تک کے حالات (اگر من کل الوجوہ نہیں تو کم از کم تھوڑے بہت) ہمارے سامنے ہیں کہ فرعون کیوں غرق ہوا؟ نمرود کیوں ذلیل ہوا؟ قارون ذلت کے گڑھے میں کیوں

ahmadimuslim.de

گرا؟ ابلیس کیوں ملعون ٹھہرا؟ قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود کیوں ذلیل و خوار۔ تباہ و برباد ہوئے؟ بنی اسرائیل کیوں آئے دن آفات سماوی کی آماجگاہ بنے رہے۔ جنگ بدر میں تیرہ سو مسلح آزمودہ کار جنگ نوجوان کیوں تین سو نہتے۔ ناآزمودہ کار۔ کمزور بوڑھوں اور بچوں کے مقابلے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ یہ کس بات کا نتیجہ تھا؟ کہ قوم لوط زیر و زبر ہوئی۔ کیوں اصحاب الاخدود قوم تبع کے داؤ مکر سب کے سب فیل ہو گئے؟

میری مراد یہ ہے کہ حکومت، سلطنت، سرمایہ، طاقت اور جمعیت کوئی چیز بھی ان لوگوں کی روسیاہی شرمندگی اور بربادی کے راستے میں حائل نہ ہو سکی۔ بلکہ یہ تمام طاقتیں اور جمعیتیں کسی نامعلوم طاقت کے سامنے سرنگوں اور خائب و خاسر ہوئیں۔

لیکن برخلاف اس کے نوح اور معدودے چند مسلمان اتنے بڑے طوفان میں بھی محفوظ و مصئون رہتے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ سے قوم انقطاع تعلقات کرتی ہے۔ باپ گھر سے نکال دیتا ہے۔ بادشاہ مخالف ہو کر آگ میں پھینک دیتا ہے۔ تاکہ اُس (بادشاہ) کی بغاوت کا نشان آگ میں جل جائے اور بھسم ہو کر مٹ جائے۔ مگر وہی آگ جس میں سوزش تھی۔ سیدنا ابراہیمؑ کے لئے آیۂ رحمت اور پیکر سلامت بن جاتی ہے۔ دریائے نیل فرعون کو مع اُس کے لشکر کے غرق کر دیتا ہے۔ مگر مؤمنین موسیٰ اسی دریا کو سلامت باکرامت عبور کر جاتے ہیں۔ اصحاب الاخدود کا لڑکا دریا میں غرق کرنے کی نیت سے گرایا جاتا ہے۔ مگر سلامت نکلتا ہے۔ آگ میں پھینکا جاتا ہے۔ لیکن آگ اُس کا بال بھی نہیں جلا سکتی۔ پہاڑ پر سے اُسے دھکا دیا جاتا ہے۔ مگر وہ لڑکا وہاں سے بھی بآرام و اطمینان بادشاہ کے دربار میں صحیح سلامت پہنچ جاتا ہے۔ آخر کیوں ایسا ہوا کہ ایک نوحؑ، ایک ابراہیمؑ ایک موسیٰؑ اور ایک لڑکا تمام قوم۔ حکومت اور جمعیت کے مقابلے میں کامیاب و کامران رہے۔ کیوں انہیں قوم نقصان نہ پہنچا سکی

سیدنا الاولین والآخرین، برگزیدۂ کائنات، فخر موجودات احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم مکہ معظمہ میں مقیم ہیں۔ ہجرت کا حکم خدا تعالیٰ کی طرف سے مل چکا ہے۔ بہت سے صحابی پہنچے پہنچ چکے ہیں۔ آج رات آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی باری ہے۔ مخالفین کو علم ہو چکا ہے۔ اس لئے کفار مکہ و مشرکین علاقہ کے نوجوان ہاتھوں میں تلواریں، نیزے، برچھیاں لے کر مکان کے صحن میں داخل ہو گئے ہیں اور منتظر ہیں کہ کب (حضور) باہر نکلیں۔ اور یہ لوگ اپنے بتوں اور معبودوں کا انتقام لیں۔ مگر قدرت خداوندی کا نظارہ دیکھئے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) اُن کی موجودگی میں انہی کے بیچ میں سے اُن کی آنکھوں میں خاک جھونک چلے آتے ہیں۔ اُن کی تمناؤں پر پانی پھر جاتا ہے۔ کیوں؟

اول الذکر لوگوں نے باری تعالیٰ عز اسمہ کے احکام کی نافرمانی کی۔ سزا پائی۔ مؤخر الذکر لوگوں نے خدا تعالیٰ کے احکام کی فرمانبرداری کی۔ انعام پایا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ کی فرمان برداری کرنے سے حیات طیبہ میسر ہوتی ہے۔ اور آخرت میں نجات ابدی اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور ملاقات الٰہی، دیدار الٰہی کا شرف حاصل ہو جاتا ہے اور فلاح پانا اسی کو کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام اولوالعزم رسولوں نبیوں اور راستبازوں کی معرفت مخلوق میں پہنچا کر اتمام حجت کر دیا۔ یہ بھی اُس کی بہت ہی نوازش ہے۔ انبیاء علیہم السلام نے اُس کے احکام کی تبلیغ بوجوہ احسن کی۔ نمونۃً اپنے آپ کو پیش کر کے فرمایا۔ فاتقوا اللہ و اطیعون۔ پھر انبیاء کے صحابی تبعین نے اسوۂ نبی کی ایسی اطاعت کی کہ اللہ تعالیٰ نے اسی دنیوی زندگی میں والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم۔ ویؤثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ کے تمغے حاصل کئے۔ اور دربار رسالت سے اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ نبوت تشریعی اور غیر تشریعی ختم ہو چکی تھی۔ ورنہ اگر اتباع نبوی کے کمال سے نبوت مل سکتی تو حضرت کا ایک ایک صحابی آپ کے بعد نبوت کا حقدار ہوتا۔ اس لئے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بعض نے اتباع نبوی کا وہ درجہ حاصل کر لیا تھا کہ صحابیؓ کی سنت اور طریقہ بذات خود باقی لوگوں کے لئے مطاع مقرر ہو گیا۔ کما قال علیہ السلام فی الحدیث:۔

علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین

تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پروردگار عالم کی فرمانبرداری اور اطاعت اُس کے دین کا خلاصہ اگر کہیں ہے۔ تو سیدالعرب والعجم، مفخر بنی آدم، رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوۂ حسنہ میں ہے۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی کی سنت کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنا افضل و اولیٰ ہے۔ یہی حقیقی اطاعت ہے اور اسی کا نتیجہ حیات ابدی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے بالمقابل اس کی مخلوق میں سے کسی کی اطاعت واجب قرار دینا اور اُس کے رسول محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (فداہ آباءنا و امہاتنا) کے اسوہ یا طریقہ کے ماسوا کسی امتی کے اسوہ یا طریقہ کو دین میں اپنا مطاع بنانا۔ یا کسی امتی کی اطاعت کو دین کا جزو سمجھنا یا واجب قرار دینا۔ اور اُس کو سنت نبوی کے بالمقابل کھڑا کر دینا۔ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول سے اعراض، سرکشی اور بغاوت کرنا ہے اور بدعت و ضلالت اسی کا ہی نام ہے۔

اللہ تعالیٰ خاکسار کو اور جملہ مؤمنین کو اتباع نبوی نصیب کرے۔ اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی سے بچائے۔ قیامت میں انبیاء، شہداء، صلحاء کے ساتھ حشر کر کے رفاقت مرحمت فرمائے۔ آمین!

مصنفہ مولانا اسماعیل شہید دہلویؒ
تقویۃ الایمان مع تذکرۃ الاخوان و رسالہ حارق الاشرار و رسالہ راہ سنت و خط مولانا شہیدؒ و فتویٰ مولانا رشید احمد گنگوہیؒ قیمت عہ
صراط مستقیم (اردو ترجمہ) یہ کتاب مولانا شہیدؒ نے علم تصوف میں لکھی تھی کتاب کی خوبی مولانا کے نام سے ظاہر ہے۔ قیمت عہ
ملنے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر۔ پنجاب

المرقات فی احکام الصلوٰۃ۔ نماز کے اوقات (۳۴۴) نمبر ط واقفی عبد یار خوری مسائل قیمتہ ۸ ر مولوی (اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

س ۹۴} کوئی شخص کسی خاص چند شروط کی بنا پر بغرض دفع قضیہ فساد اپنی کوئی خاص ملک مسجد کے سوا جو احاطہ مسجد سے ملحق ہو اگر وقف کر دے اور اسکے بعد جن جن شروط کی بنا پر وقف تھا اس کا خلاف باطل عہد شکن ہو جائے یعنی وہ فریق جو شروط قبول کر چکا تھا اپنے عہد کو توڑ دے تو وقف منسوخ یا باطل ہو جائیگا یا بحال رہے گا۔ (محمد ایوب خطیب نیلگری)

ج ۹۴} وقف بحال اور محفوظ رہیگا۔ موقوف علیہم حقدار نہ ہوں گے تاوقتیکہ وہ شروط کی پابندی نہ کریں۔

س ۹۵} ایک چیز ایک مسجد خاص کے نام سے وقف اور رجسٹر بھی ہو گئی ہے۔ اگر کوئی شخص کہ جس کے پاس اس ملک وقف شدہ کے کاغذات وغیرہ اُس کو معتمد سمجھ کر رکھ دئیے جائیں اور پھر وہ شخص معتمد اسمیں خائن ہو یا ایسی ملک کو کسی دوسری مسجد یا مدرسہ وغیرہ میں اپنی خود غرضی نام آوری ریاکاری کی غرض سے خرچ کرے اور جس مسجد کے نام سے رجسٹر ہے جب اس مسجد کے والی اس سے اس ملک وقف شدہ کا حساب آمد خرچ طلب کریں تو حیلے حوالے کرے اور اس کے غبن کی وجہ سے نت نئے فتنے فساد برپا کرے تو ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۹۵} ایسے شخص کو تولیت سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کی جگہ کوئی دوسرا دیانت دار مقرر کیا جائے۔ اس کا فیصلہ کوئی منتظم جماعت ہو تو کرے یا جج سے کرایا جائے۔ اس کے سوا ناحق نہ ہوگا۔

س ۹۶} موضع دھونرہ ٹانڈہ میں عیدگاہ چار دیواری پختہ اس وقت تعمیر شدہ موجود ہے۔ اس وقت عیدگاہ کے تین طرف قبرستان ہے اور ایک طرف تالاب ہے۔ پرانے لوگوں سے معلوم ہوا ہے۔ یہ ایک نیز کا کچھ ہے جہاں ایک چھوٹی سی مسجد تھی اور اس کے سامنے پورب، کو مسجد کے باہر چار قبریں پختہ تھیں اور ایک قبر کسی فقیر کی کچھ فاصلہ پر تھی۔ بوقت تعمیر عیدگاہ چار دیواری پختہ مسجد منہدم کر کے مسجد کی جگہ احاطہ عیدگاہ میں آگئی۔ اور وہ قبریں چاروں بھی احاطہ عیدگاہ چار دیواری کے اندر آگئی تھیں وہ قبریں پختہ مسمار کر کے اور کچھ چھیل کر کے فرش برابر کر دیا گیا تھا۔ اور جو قبر مسجد سے فاصلہ پر تھی وہ اب عیدگاہ کے احاطہ سے پورب کو باہر ہے۔ اس وقت حالت موجودہ میں کوئی نشان قبر کا عیدگاہ کے احاطہ میں ظاہر نہیں ہے۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ پورب پچھم دکھن قبرستان عام طور سے ہو گیا۔ بعض علماء کرام اس پر اعتراض کرتے ہیں کہ یہ عیدگاہ قبرستان کے اندر ہے اس میں بموجب حدیث نبوی نماز پڑھنا جائز نہیں ہے اس کو منہدم کر دیا جائے اور دوسری جگہ نماز پڑھنی چاہئے۔ لہذا کیا حکم ہے؟ (عبد المجید خریدار اہلحدیث از دھونرہ ٹانڈہ)

ج ۹۶} اگر عیدگاہ کے سامنے قبریں نہیں ہیں تو نماز جائز ہے۔

س ۹۷} آج کل علی العموم بعض جگہ لڑکے والے لڑکی والوں کو اور بعض جگہ لڑکی والے لڑکے والوں کو نقد رقم پیشگی قبل از نکاح دیا کرتے ہیں۔ مثلاً زید کی لڑکی ہے اس کی خواہش ہے کہ عمر کے لڑکے سے بیاہی جاوے مگر عمر کے لڑکے کو اکثر لڑکیاں حسین وجمیل بسبب اس کی امارت ولیاقت وحسب ونسب کے ملنے کی امید ہے۔ اس لئے اس کی توجہ زید کی لڑکی کی طرف نہیں ہے۔ لہذا زید نے دیکھا کہ کچھ لالچ دیا جاوے چنانچہ پانچہزار یا دس ہزار روپیہ قبل از نکاح دیکر عمر کے لڑکے کو رضامند کر لیا اور لڑکی بھی نکاح کر دی۔ اسی طرح بعض لڑکی والے لڑکے والوں سے رقم خود لیتے ہیں یہ ایسا رواج ہو گیا ہے جس سے غرباء طبقہ پریشان ہے کیا یہ رواج خیر القرون میں جاری تھا یا ایسا کرنا شرعاً جائز ہے یا ناجائز؟ (غلام حسین عبد الکریم از کرنول علاقہ مدراس)

ج ۹۷} یہ رسوم قابل اصلاح ہیں شرعی حکم نہیں۔ خاصکر لڑکے کو تو لینے کی طمع نہیں ہونی چاہئے

آیت الرجال قوامون على النساء بما فضل الله وبما انفقوا من اموالهم پر غور کریں۔

س ۹۸} ایک شخص مسلمان نے اپنی لڑکی کی شادی گرجا میں موافق عیسائی مذہب کے اور حاکم ایک ہندو عیسائی مذہب کے ساتھ کر دی اس کا حکم کیا ہے یعنی ابھی تک وہ مسلمان ہے یا خارج از اسلام۔ (محمد کاظم خریدار اہلحدیث از برٹش گیانا)

ج ۹۸} یہ سوال قابل وضاحت ہے کہ باپ نے اپنی بیٹی کا نکاح گرجا میں کیوں کیا۔ لڑکی عیسائی تھی یا کیا۔ تفصیل معلوم ہونے پر جواب ہو سکے گا۔

س ۹۹} ایک شخص نے اپنی عورت کو چھوڑ دیا یا عورت نے اس کو جدا کر دیا بسبب کسی عذر کے اور وہ طلاق نہیں دیتا۔ اب اوس کے (عورت کے) دوسرے نکاح کی ضرورت ہے کیونکہ وہ خرچ نہیں دیتا۔ لہذا کیا حکم ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۹۹} جو شخص عورت کو نان نفقہ نہ دے عورت کو نکاح فسخ کرانے کا اختیار ہے۔ اللہ اعلم!

س ۱۰۰} جو شخص قرآن و حدیث سے فقہ کے حکم کو معتبر جانتا ہو اور کہتا ہو کہ بغیر فقہ کے ہم لوگوں کا ایمان ٹھیک نہیں۔ کیونکہ قرآن و حدیث کا علم مجھ کو نہیں تو ایسے شخصوں کے لئے قرآن و حدیث سے کیا حکم ہے۔ (سائل مذکور)

ج ۱۰۰} قرآن و حدیث اصل ہے اور مسائل فقہیہ اس کی فرع ہیں۔ جو اصل کا منکر ہو وہ فرع کا بھی بطریق اولیٰ منکر ہے۔

س ۱۰۱} اس ملک میں دستور ہے کہ بعض مولوی لوگ جو یہاں پر ہیں بعض مردوں سے طلاق لیکر دو گواہوں کے ساتھ ایک جلسہ میں نکاح پڑھا دیتے ہیں اسی وقت اور بعض بعد عدت کے تو کیا یہ نکاح بحکم شریعت ہو جاتا ہے (سائل مذکور)

ج ۱۰۱} طلاق کے بعد فوراً نکاح ثانی صحیح نہیں عدت گزارنی ضروری ہے مگر ایک صورت میں کہ میاں بیوی کا ملاپ نہ ہوا ہو اور طلاق ہو جائے۔ قولہ تعالیٰ ما لكم عليهن من عدة تعتدونها

... وعمر ما اقضا الذي تعتا منتوا ... حكم مسلمان ...

ahmadimuslim.de

متفرقات

اخبار اہلحدیث کی کمی اشاعت کو پورا کرنا ہر خریدار اخبار کا تبلیغی فرض ہے۔ اس لئے اپنے اپنے حلقہ اثر میں ضرور کوشش جاری رکھنی چاہئے۔ آپ کی کوشش و ہمت رائیگاں نہیں جائیگی۔ انشاء اللہ!

ثنائی برقی پریس امرتسر سے دفتر ہذا کی معرفت جو اصحاب خط و کتابت کرتے ہیں یا ملفافہ بھیجتے ہیں ان کی خاطر خواہ جلد تعمیل نہیں ہو سکتی۔ لہذا بہتر صورت یہی ہے کہ ایسے حضرات براہ راست مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔

"منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر"

صلوٰۃ و سلام فضائل درود شریف پر مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیتہ علماء ہند کی نہایت عمدہ کتاب ہے۔ درود شریف پڑھنے کے مسنون طریقے بھی مندرج ہیں۔ تاکہ عوام متوجہ طریقوں کی بجائے طریقہ نبویہ و اصحابہ کرام علیہم السلام پر عمل پیرا ہوں۔ قیمت ۵ ر

پاک زندگی یہ کتاب بھی مولانا موصوف ہی کی تصنیف ہے۔ دراصل یہ صلوٰۃ و سلام کا دوسرا حصہ ہے۔ مگر اس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات طیبہ کے علاوہ اور مفید نصائح بھی درج ہیں قیمت ۱۲ ر

ہر دو رسائل ملنے کا پتہ :- منیجر دینی بک ڈپو۔ کوچہ پا مہر خان دہلی۔

انوکھے افسانے حصہ اول مصنفہ محمد عبد السلام صاحب فضل۔ جس میں سراغرسانی کے پانچ حیرت انگیز افسانے شائع کئے گئے ہیں۔ یعنی جس طرح یورپی ممالک میں اغوا۔ ڈکیتی۔ قتل و غارت کی منظم سازشوں کا سراغ لگایا جاتا ہے۔ اسی طرح ہندوستان میں واقعات دکھائے گئے ہیں جن کو پڑھ کر انسان نوجوان کی حجت کی بے اختیار داد دینی پڑتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ [illegible] پانی پت ضلع کرنال

[illegible]

امرت دھارا فارمیسی لاہور جو اپنی غیر معمولی شہرت کے باعث روز افزوں ترقی حاصل کر رہی ہے۔ چند سال سے ہر سال صرف ماہ مارچ میں امرت دھارا کے علاوہ دیگر مرکبات، مفردات، ادویات اور تالیفات پر کافی رعایت کرتی رہتی ہے۔ اس سال ماہ رواں میں بھی کر رہی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ "اہلحدیث" کے ہزارہا ناظرین اس رعایت سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں گے۔ اخبار ہذا کے صفحہ ۱۷ پر اس کا اشتہار مندرج ہے۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے منیجر صاحب امرت دھارا فارمیسی لاہور سے خط و کتابت کریں۔

غرباء کی سنی گئی غریب فنڈ میں عرصہ سے کوئی امداد نہیں آتی تھی۔ اس لئے مجبور ہو کر سائلین کے نئے داخلے وصول نہیں کئے جاتے تھے۔ جس کا ہمیں بھی صدمہ ہوتا تھا الحمد للہ کہ آگرہ کے ایک صاحب خیر نے مبلغ بیاسی ۸۲ روپیہ اس فنڈ کے لئے عطا فرمایا۔ چنانچہ اس رقم سے مندرجہ ذیل سائلین کے نام اخبار جاری کیا جا رہا ہے۔

سائل ۳۳ محمد عبد اللہ بہوڑوالی ۸ر ۳۴ محمد عبد اللہ بٹالہ ۶ر۔ ۳۵ عبد الحکیم بکرانہ ۸ر ۳۶ محمد حسن چک ۳۲ ہے۔ ۳۷ محمد الدین دل شاہ دولہ ہے۔ ۳۸ محمد اسلم ناصری گنج ۶ر۔ ۳۹ محمد چاند کا گنج ۸ر ۴۰ عبد الرحمن کا گنج ۸ر۔ ۴۱ عبد الاحد کوپا گنج ہے ۴۲ محمد بشیر بھاگووال ہے۔ ۴۳ مولوی ابو تراب جودھپور ہے۔ ۴۴ محمد زین اللہ بھرولیا بازار ہے۔ ۴۵ سردار محمد نوشہرہ مجانگہ ہے۔ ۴۶ کریم عبد اللہ منڈ ہا عہ۔ ۴۷ خلیل احمد مرزا پور ۸ر۔ ۴۸ ابو سعید عبد العزیز لدہانہ ۸ر۔ ۴۹ عبد الحی فیروز آباد ۶ر۔ ۵۰ محمد یحییٰ ضلع کٹنا ہے۔ ۵۱ عبد الغنی رتلام ہے ۵۲ عبد القادر نع گڑھ چتور ہے ۵۳ محمد شفیع سلی ہے ۵۴ احمد علی چک ۱۳۵ ضلع جھنگ ۶ر۔ ۵۵ مولوی محمد صاحب از کوٹ بھائی ۶ر۔ ۵۶ محمد حسین راجن پور ہے۔ ۵۷ مولوی نور محمد میان ہے۔ ۵۸ عبد الرحیم [illegible] ہے۔ ۵۹ حاجی عبد الکریم لاہور ہے۔ ۶۰ خیر الدین [illegible] ہے ۶۱ غلام قادر [illegible] پور ۵ر۔ ۶۲ محی الدین [illegible]

[illegible]

۶۵ عبد السلام دہلی ہے۔ ۶۶ عبد الرحمٰن رام پور ہے ۶۷ عبد اللطیف دہلی ہے۔ ۶۸ [illegible] بادی اسلام پور ۸ر۔ ۶۹ محی الدین سانگل کوٹ ہے ۷۰ عبد الرزاق از رائی فنگ ۸ر ۷۱ محمد امین مبارک پور ۷۲ عبد الرحمن سہریا ۸ر ۷۳ محمد ایوب خیلگری ہے ۷۴ زین العابدین بارہ ۸ر۔ ۷۵ اصغر علی گجرات ہے ۷۶ مدرسہ شمیہ ویروال ہے۔ ۷۷ حاجی قطب الدین دارڑ ۶ر۔ ۷۸ فضل اللہ شریچور ہے۔ ۷۹ عبد الواحد لائل پور ہے ۸۰ حبیب اللہ جمشید پور ہے ۸۱ محمد عالم کوٹلی لہاران ۶ر۔ ۸۲ محی الدین سردار پور ہے۔ ۸۳ عبد الغفور از ماچھی واڑہ ۸ر۔ ۸۴ احمد الدین [illegible] ۸۵ عبد الرحیم انبوہا ہے۔ ۸۶ عبد الغفار جہراج نگر ہے ۸۷ محمد طیب حسین آباد ہے۔ ۸۸ بشیر الدین بنارس ۶ر۔

ازفتوی فنڈ للعمر میزان -۳-۲۵۳

۵۶ سائلین کے نام غریب فنڈ سے اخبار جاری کیا گیا بقایا فنڈ ۲ر

صرف بعض سائل اور ہیں۔ دیگر اصحاب خیر بھی ہمت کر کے ان کے نام بھی اخبار جاری کرا دیں۔

ضرورت کتب حسب ذیل کتب جس صاحب کے پاس برائے فروخت ہوں یا جس صاحب کو جائے فروخت کا علم ہو۔ مجھے اطلاع دیکر مشکور فرمائیں۔

(۱) ابکار المنن فی تنقید آثار السنن

(۲) ظفر الامانی مصنفہ مولوی عبد الحی رحمہ اللہ

عبد العزیز متعلم مدرسہ محمدیہ جامع مسجد اہل حدیث جلال پور پیروالہ ضلع ملتان

ضرورت معاش میں تخمیناً پچیس سالہ نوجوان، پابند صوم و صلوٰۃ ہوں۔ میں نے ۱۹۴۱ء میں ورنیکلر مڈل کا امتحان پاس کیا تھا اور ازاں بعد مختلف سکولوں میں بطور نائب مدرس کام کرتا رہا ہوں۔ میرا طریق تعلیم اور تجربہ نارمل پاس اساتذہ سے کم نہیں۔ اگر کسی صاحب کو اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے یا دیگر کاروبار کے لئے ضرورت ہو تو مجھے یاد فرما سکتے ہیں۔

احقر [illegible]

[illegible]

ملکی مطلع

قانون خلع پاس ہوگیا

خدا کی شان کہیں یا غضب الٰہی کہیں کہ مسلمانوں کی غفلت سے احکام شرعیہ کے اجراء کی منظوری غیر مسلم حکومت سے لینی پڑتی ہے۔ مرد و عورت کا تعلق دنیا کی آبادی کا بنی ہے۔ اسی لئے قرآن مجید نے دونوں طرفوں کے حقوق برابر برابر رکھے ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہے:۔

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ

(جیسے عورتوں کے حقوق مردوں پر ہیں ایسے ہی مردوں کے حقوق عورتوں پر ہیں)

اسی لئے عورت کا یہ بھی حق ہے کہ خاوند کی ایذا رسانی یا باہمی ناچاقی کی صورت میں مرد کا دیا ہوا مہر واپس کر کے اس سے جدائی حاصل کر لے۔ اس کو شریعت اسلام میں خلع کہتے ہیں۔ ایسا ہی دوسرے عوارضات مثلاً خطرناک بیماری۔ طویل قید یا حد سے بڑھی ہوئی غربی و تنگدستی کی صورت میں بھی عورت خلع کرا سکتی ہے۔ مگر گردش زمانہ سے جب اسلامی تعلیم غفلت و جمود کے پردے میں چھپ گئی تو خدائی حکم سے بطور سزا اور غضب کے ہائی کورٹ پنجاب میں یہ فیصلہ ہوا کہ کسی منکوحہ کا اتنا کہہ دینا کہ میں نے اسلام چھوڑ دیا ہے اس کا نکاح فسخ ہونے کیلئے کافی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو عورت خاوند سے ناراض ہوتی اس کا سبب اصلی ہوتا یا بناوٹی وہ اسلام سے مرتد ہوکر اپنا نکاح عقد سے قانوناً فسخ کرا لیتی۔ پھر آناً جہاں چاہتی چلی جاتی۔ اس سے مسلمانوں کے بہت گھرانے برباد اور ویران ہوگئے جس سے مسلمانوں میں سخت پریشانی پیدا ہوئی تو علمائے حنفیہ نے اس تکلیف پر توجہ کر کے اس کا ایک حل تجویز کیا۔ [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] فرمایا [illegible] اپنے [illegible] حق [illegible] اسی خاوند کے ساتھ دوبارہ نکاح کرنے پر رضامند ہو جائے کیا ہندوستان میں اس فتوے پر کوئی شخص عمل کر سکتا ہے۔

مسلمان اسی پریشانی میں سرگرداں تھے کہ خدا نے سید محمد احمد کاظمی اور میر غلام بھیک نیرنگ وغیرہ ممبران مرکزی اسمبلی کے دل میں ڈالا کہ اس کے متعلق اسمبلی میں تحریک کریں۔ چنانچہ کاظمی صاحب نے ان مظلوم عورتوں کے متعلق ایک مسودہ قانون مرکزی اسمبلی میں پیش کر دیا۔ خدا جانے موصوف کو اس میں کتنی محنت کرنی پڑی ہوگی اور کہاں تک غیر مسلم ممبروں کو اپنا مافی الضمیر سمجھانے میں دقت اٹھانی ہوگی۔ بہرحال یہ مسودہ قانون مختلف حالات سے گزرتا ہوا ان الفاظ میں پاس ہوا۔

مندرجہ ذیل حالات میں مسلمان عورت کو حق حاصل ہوگا کہ جج کی عدالت میں درخواست دیکر اپنا نکاح فسخ کرا لے۔

(۱) شوہر بیوی بچوں کے نان و نفقہ کا انتظام کئے بغیر دو سال تک مفقود الخبر رہے۔

(۲) دو سال تک گزارا نہ دے سکے یا گزارا دینے میں غفلت کرے۔

(۳) سات برس یا اس سے زیادہ مدت کیلئے قید ہو جائے۔

(۴) تین سال تک بیوی سے ازدواجی تعلقات قائم نہ کرے

(۵) شادی کے وقت نامرد ہو اور اسکے بعد بھی نامرد رہے

(۶) دو سال تک جنون۔ جذام یا کسی خطرناک جنسی مرض میں مبتلا رہے۔

(۷) بیوی پر کوئی روح فرسا ظلم کرے۔

(۸) اگر والد یا ولی پندرہ سال سے کم عمر کی لڑکی کی شادی کر دے تو بالغ ہونے کے بعد (۱۸ سال) لڑکی اپنا نکاح فسخ کرا سکتی ہے۔

(۹) کوئی ایسی وجہ پیدا ہو جائے جس کی بنا پر شریعت نے عورت کو خلع کا اختیار دیا ہو۔

نمبر ۷ کی تشریح کی گئی ہے کہ مثلاً مرد کسی فاحشہ سے میل جول رکھتا ہو یا بیوی کی جائیداد اس کی اجازت کے بغیر فروخت کر دے۔ یا ایک سے زیادہ بیویاں ہونے کی حالت میں مساوی سلوک نہ کرے۔

(انقلاب لاہور ۵ مارچ ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث: محرک اور ان کے ساتھیوں کی اصل غرض اس قانون سے یہ ہے کہ مسلمان عورتیں حیلہ بہانہ سے مرتد ہو کر جو فسادانہ بربادی کرتی ہیں اس کی روک تھام ہو جائے۔ ایسی مرتدہ عورت جدید قانون کی رو سے اپنے خاوند کے عقد نکاح ہی میں رہیگی اور دوسرے خاوند سے نکاح نہیں کر سکیگی۔ اس اثنا میں خاوند اسے راضی کر کے اس کے ساتھ احتیاطاً نکاح ثانی کر کے معاشرت کرے تو سب کے نزدیک جائز ہوگا۔ رہی سات سال کی مدت۔ ہمارے خیال میں یہ زیادہ ہے۔ جبکہ ایلا کی صورت میں قرآن شریف نے صرف چار ماہ تک عورت کو انتظار کرنے کا حکم دیا ہے[1] جیسا کہ فرمایا ہے۔ لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ

پس قید کی مدت سات سال بھی بہت زیادہ ہے۔ بہرحال جو کچھ ہوا وہ غنیمت ہے آئندہ اس کی اصلاح ممکن ہے۔ ؎

مردے از غیب بروں آید و کارے بکند

امرتسر میں فساد۔ ہڑتال اور خاتمہ

امرتسر میں ۱۰ محرم الحرام کو عاشورہ کے دن ہندو مسلم فساد ہوگیا جو وقوعہ کے اعتبار سے کچھ اہمیت نہیں رکھتا۔ اگر دونوں قوموں کے سمجھدار آدمی ذاتی اغراض کو الگ کر کے ملکی مفاد کو مدنظر رکھتے تو ہمارے خیال میں فساد ہی نہ ہونے پاتا اگر اس کا آغاز ہو بھی گیا تھا تو فوراً رفع دفع کر دیا جاتا۔ ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے کہ فساد کو مشانے والے کم اور ترقی دینے والے زیادہ ہوتے ہیں ہمیں غیب دانی کا دعویٰ نہیں ہے مگر چشم بصیرت سے ہم دیکھتے ہیں کہ اس قسم کے فسادوں میں انتخابات (الیکشن) کی خودغرضیاں ضرور پائی جاتی ہیں۔

واللہ اعلم بما فی صدور العالمین۔

اس فساد کی ابتدا دراصل محرم کی دسویں رات سے ہوئی جبکہ مسلمانوں کا ایک اکھاڑہ گتکے بازی کرتا ہوا نمک منڈی میں پہنچا (جہاں ہندوؤں کی آبادی زیادہ ہے) وہاں ان پر اینٹیں برسائی گئیں۔ اسی وقت خطرناک فساد ہو جاتا مگر پولیس کی بروقت مداخلت سے فوراً اس پر قابو پا لیا گیا۔ دوسرے دن عاشورہ کے روز تعزیوں کا جلوس جا رہا تھا کہ بازار کرموں ڈیوڑھی میں تصادم ہوگیا۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس موقع پر [illegible]

[1] ایلا: یعنی مرد عورت سے نہ ملنے کی قسم کھائے چار مہینہ مدت۔

کسی نے کی۔ ہاں ایک قرینہ یہ ہے کہ مسجد علیہ نیاں کا صحن بھی توڑا گیا (یہ مسجد موقع ہنگامہ کے قریب ہی ہے) یہ کام یقیناً کسی مسلمان کا نہیں ہو سکتا۔ ایسے ہی ہندو مسلم دکانداروں کے سائن بورڈ ٹوٹے ہوئے پائے گئے۔ آخر پولیس کی کوشش سے تعزیوں کا جلوس بغیر خونریز لڑائی کے حسب دستور شہر سے باہر نکالا گیا۔ یہ بھی سننے میں آیا کہ بعض دکانیں بھی لوٹی گئیں مگر عام طور پر زیادہ نقصان نہیں ہوا۔ ہاں فریقین کے دو آدمی مر گئے اور بہت سے زخمی ہوئے جن میں سے اکثر مسلمان ہیں۔ خشت باری کے الزام میں ترپن ہندو گرفتار کئے گئے۔ جس پر اظہار ناراضی کرتے ہوئے ہندوؤں نے شہر میں مکمل ہڑتال کی جو ایک ہفتہ تک جاری رہی۔ اس اثنا میں ہندو لیڈر حکام ضلع سے مطالبات کرتے رہے۔ ہندو اخبارات کے بیان کے مطابق ان کے اہم مطالبات یہ تھے کہ

ہندو گرفتار شدگان کو چھوڑ دیا جائے اور تعزیوں کا وہ راستہ جہاں ہندوؤں کی اکثریت ہے ترک کر دیا جائے اور ہندوؤں کے نقصان کی تلافی کی جائے۔ ذمہ دار پولیس افسروں کو جن کی غفلت سے انکا نقصان ہوا امرتسر سے تبدیل کیا جائے۔ ہندو اخبارات کا بیان ہے کہ صاحب ضلع نے ہندوؤں کو بہت تسلی دی اور ان سے عدل و انصاف کرنے کا وعدہ فرمایا۔ اس کے بعد ہندوؤں نے ہڑتال کھول دی۔

اس کے برخلاف مسلمانوں کا مطالبہ ہے کہ ملزموں کو کافی سزا دی جائے۔ اس سے پہلے امرتسر میں جو مسلم سکھ فساد ہوا تھا اس میں سکھ ملزموں کو بالکل ناکافی سزا ملی تھی جس سے غیر مسلم قوموں کا حوصلہ بڑھ گیا۔

ہماری رائے یہ ہے کہ ہندو مسلمان وغیرہ اقوام ہند اگر اپنے دین و دھرم کی پوری پابند ہو جائیں تو فرقہ وارانہ فساد کبھی نہ ہونے پائے کیونکہ کسی مذہب یا دھرم میں اس قسم کے فسادات برپا کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔ یہ جو کچھ ہو رہا ہے دین و دھرم کی تعلیم کے برخلاف ہو رہا ہے۔ "اہلحدیث" کی گذشتہ اشاعت میں ہم گورنمنٹ کی خدمت میں عرض کر چکے ہیں کہ وہ اگر ملک سے ایسے فسادات مٹانا چاہتی ہے تو اسکے ادنیٰ اشارے سے مٹ سکتے ہیں۔ حکومت کی عادت ہے کہ بات بات پر کمیشن مقرر کیا کرتی ہے۔ یہاں بھی کئی دفعہ وقت سے کمیشن تو نے جو بیکار ثابت ہوئے اور لندن میں بھی کئی مرتبہ گول میز کانفرنس منعقد ہوئی اسی طرح ۴

گوشوارہ آمد و خرچ آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس
بابت ماہ ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ

آمد

چندہ معرفت دفتر اہل حدیث کانفرنس دہلی عـــہ

بتوسط مولوی عبد اللہ صاحب واعظ کانفرنس اہلحدیث ــــہ

" مولوی عبد الرحمن صاحب واعظ فرخنگری گوڑگانوی ــــہ

" مولوی محمد سلیمان صاحب واعظ گوڑگانوی ــــہ

" مولوی محمد جلال الدین صاحب واعظ بھنڈوی ــــہ

" مولوی بہرام صاحب کریری واعظ پشاوری ــــہ

" مولوی عبد الرزاق صاحب واعظ پشاوری ×

" مولوی عبد الحمید صاحب واعظ گوڑگانوی ×

مولوی شمس الدین صاحب واعظ کشمیری کا گوشوارہ نہیں آیا

آمد ماہ ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ ــــہ

خرچ بتفصیل ذیل متعلقہ مدارس کانفرنس اہلحدیث

(۱) بنام مدرسہ دار العلوم شکراوہ ضلع گوڑگانوہ	ماللعـــہ
(۲) " مدرسہ اہلحدیث خان پور ضلع ہوشیارپور	عـــہ
(۳) " " قطب صوبہ دہلی	عـــہ
(۴) " " پہھور کریس تبت علاقہ کشمیر	ــــہ
(۵) " " " " غواری	ــہ
(۶) " " " " بلغار	ــہ
(۷) " " " " بڑہ پائیں	ــہ
(۸) " " " " شک	ــہ
(۹) " " " " لال پور بارہ مولا کشمیر	ــہ
(۱۰) " " " " باڑی علاقہ دسولپور اسٹیٹ	ــہ
(۱۱) " " " " رتن پور ضلع مراد آباد	ــہ
(۱۲) " " " " بہٹ پورہ ضلع گورکھپور	ــہ
(۱۳) " " " " پریوا نرائن پور ضلع پرتاپگڈھ	ــہ
(۱۴) " " " " کپورتھلہ اسٹیٹ پنجاب	ــہ
(۱۵) " " " " کوٹلی لہاراں ضلع سیالکوٹ	ــہ
(۱۶) " " " " مڈور ضلع ڈیرہ غازیخاں	ــہ
(۱۷) " " " " امین والہ ضلع فیروزپور پنجاب	ــہ
(۱۸) " " " " شکراوہ ضلع گوڑگانوہ	ــہ
(۱۹) " " " " گلالتہ ضلع گوڑگانوہ	ــہ
(۲۰) " " " " اوڈکی علاقہ بھرت پور	ــہ
(۲۱) بنام مدرسہ اہلحدیث بگوڑا علاقہ بھرت پور	ــہ
(۲۲) " " " بہجی کی علاقہ ...	×
(۲۳) " " اہلحدیث محلہ شیدی پورہ صدر دہلی	ــے
(۲۴) " " جنیوری علاقہ بھرت پور	للعہ
(۲۵) " " " جوہری پہل علاقہ "	للعہ
(۲۶) " " " گہاسیڑا ضلع گوڑگانوہ	للعہ
(۲۷) " " " کہوری ٹنگلہ بانی "	للعہ
(۲۸) " " " گودہولہ ضلع گوڑگانوہ	ــے
(۲۹) " " " ساکرس "	ــے
(۳۰) " " " پنگواں "	ــے
(۳۱) " " " سسولہ کلاں ضلع میرٹھ	ــے
(۳۲) " " " سیدپور "	ــے
(۳۳) " " " بتوڑی "	ــے
(۳۴) " " " سرماڑ متصل نصیر آباد اجمیر	ــے
(۳۵) " " " لال پور ضلع مراد آباد یوپی	ــہ

میزان ماللعـــہ

نام واعظین	تعداد تنخواہ	سفر خرچ	میزان کل
مولوی عبد اللہ صاحب	عــہ	۸	ــہ
(۲) مولوی عبد الرحمن صاحب	عــہ	ــہ	ــہ
(۳) مولوی محمد سلیمان صاحب	ــہ	۱۴	ــہ
(۴) مولوی محمد جلال الدین صاحب	ــہ	ــہ	ــہ
(۵) مولوی عبد الحمید صاحب	لعہ	۲	لعہ
(۶) مولوی عبد الرزاق صاحب	ــہ	۴	ــہ
(۷) مولوی شمس الدین صاحب	ــہ	۲	ــہ
(۸) مولوی بہرام صاحب	آنریری کام کرتے ہیں	۲	۲

میزان ــــہ

خرچ دفتر اہل حدیث کانفرنس دہلی

بنام محرر دفتر۔ کرایہ دفتر۔ ٹکٹ خرچ دفتر۔ خاکروب

ــہ ــہ ــہ ۲

میزان ــــہ

میزان کل خرچ ... ــــہ

... کانفرنس

۳ حکومت مذہبی کانفرنسیں کرے جو ہندو اور مسلمانوں کی الگ الگ ہوں۔ جو رسوم محرم، قربانی، رام لیلیٰ اور ہولی وغیرہ کو مذہب اور دھرم کی ہدایات تک محدود کر دے ... جلدی

مفت

کتب خانہ شانیہ امرتسر کی فہرست کتب طلب فرمائیے

خوراک اور صحت

کے متعلق بہترین ہدایات ایک کارڈ لکھ کر مفت منگالیں

نورسن کمپنی۔ محمد جان روڈ۔ ہال بازار امرتسر

مرض ذیابیطس کی زود اثر کیمیاوی دوا

تجربہ فرمائیے ۔ عجیب شے ہے

الذیابیطس

اگر خدا نخواستہ آپ یا آپکا کوئی عزیز ہمسایہ مرض ذیابیطس یا سلسل البول یا بول الدم میں مبتلا ہے یا آپ کے بچہ یا عورت کو بول فی الفراش کی شکایت ہے تو الذیابیطس منگا کر قدرت کا تماشہ دیکھیئے جیکہ صرف تین ہفتہ کے استعمال سے بار بار پیشاب کا آنا۔ پیاس کا زیادہ لگنا۔ پانی پیتے ہی بذریعہ پیشاب خارج ہو جانا۔ پیشاب میں شکر یا دیگر مادہ کا خارج ہونا۔ پنڈلیوں میں درد۔ بدن میں خشکی اور ترہل وغیرہ عوارض مرض اکیس یوم میں دور ہو جاتے ہیں صرف چوبیس گھنٹے میں دوا اپنا سحری اثر دکھا کر پیاس اور پیشاب کی کثرت میں نمایاں فرق کر دیتی ہے بطور نمونہ منگا کر تجربہ کیجیئے۔ اگر حسب تحریر نمونہ اثر نہ کرے تو نمونہ کی قلیل اجرت حلفیہ تحریر کرنے پر واپس کر دیجائیگی قیمت مکمل ۲ خوراک ۲۱ یوم لئے ۱۰ روپیہ۔ نمونہ خوراک ۲ روپیہ۔ محصول علاوہ۔

بچوں کی دانت نکلنے کی تکالیف کا ایک موثر علاج

محافظ صبیان ۔ محافظ صبیان

حیات الصبیان

چلہ ہے کہ بچوں کے دانت نکلنے کا زمانہ گویا کہ بچے کی زندگی اور موت کا سوال ہے بچوں کا منہ ہر ایک قسم کا زہریلا مادہ لعاب دہن کے ہمراہ یا دودھ کے ہمراہ پیٹ میں جاتا ہے اور طرح طرح کے عوارض مثلاً سبز پیلے دست۔ قے۔ نفخ۔ بدہضمی۔ سوکھا پن وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں اور جن میں اکثر ملائیں شیدا کے چہرہ صاف ہو جاتے ہیں یہ دوا بچوں کے لئے بیحد مفید ثابت ہو رہی ہے اسکے استعمال سے دانت نہایت آسانی سے نکل آتے ہیں اور بچے ہر قسم کے عوارض سے محفوظ رہتے ہیں تندرست اور توانا رہتے ہیں ترکیب نہایت سہل ہے جو بلا بدرقہ استعمال ہوتی ہے قیمت فی شیشی ۱۲ تین شیشی ۲ روپیہ محصول بذمہ خریدار۔ پتہ :۔ مطب حکیم سید ظہیر الحسن (میڈیکل کمشنر) متھرا (یو۔پی)

(۳۸۹)

خمیرہ بادام طیوری رجسٹرڈ

کمزور جسم میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ رگ و ریشہ میں طاقت دوڑنے لگتی ہے سستی سے چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ امساک کے لئے نہایت مردمی کے متلاشی اس سے فائدہ اٹھائیں۔ نزلہ۔ زکام۔ سر کے چکر۔ دھڑکن۔ چلتے دم چڑھنا۔ اٹھتے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔ دماغی محنت سے جی چرانا۔ مرعوب و متفکر رہنا۔ معمولی آہٹ سے کلیجہ دھک دھک کرنا وغیرہ نشیان وغیرہ کافور ہوتے ہیں۔ قیمت پاؤ بھر تین روپے آدھ سیر پانچ روپے آٹھ آنے۔ ایک سیر دس روپیہ محصول ڈاک بذمہ خریدار

لاہور برانچ :۔ ناظم دواخانہ پنجاب ... روڈ

منیجر دواخانہ مقصود عالم امرتسر پنجاب

گنجینہ روزگار

آج کل ملک میں بے کاری بہت ہے۔ ملازمت وغیرہ ملتی نہیں۔ بہت سے نوجوان روزگار نہ ملنے کی وجہ سے خودکشی کر لیتے ہیں۔ اس لئے دستکار اور غریب طبقہ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کتاب ہذا تصنیف کی گئی ہے

اس میں گھریلو دستکاریاں، اور مختلف قسم کی عام استعمال ہونے والی چیزوں کے بنانے کی ترکیبیں اور بے شمار خفیہ تجارتی حالات تحریر ہیں۔ آپ ایک دفعہ اس کتاب کو ضرور منگا کر پڑھیں۔ قیمت صرف ۸ ۔ ملنے کا پتہ :۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

آدھی قیمت میں امرت دھارا فارمیسی کی تمام ادویات

امرت دھارا فارمیسی اپنے ۳۲ ویں سالانہ جلسہ کی تقریب میں اپنی ادویات کے ان تمام آرڈروں پر جو ماہ مارچ کے اندر ہندوستان اور اس کے باہر کسی بھی ڈاکخانہ سے پوسٹ کئے جاویں۔ پچاس فیصدی کمیشن دے گا۔

پیشگی روپیہ جمع کرانے کی صورت میں سال بھر وہی رعائت

اس ماہ مارچ کی بدولت ایک عظیم فائدہ اور حاصل ہوگا اگر آپ کچھ روپیہ اس ماہ مارچ میں جمع کرا دیں گے۔ تو یہ رعائت سال بھر ہی آپ کو تب تک ملتی رہے گی۔ جب تک آپکا روپیہ ختم نہیں ہو جائے گا۔

امرت دھارا ... کشتہ سوناد ... قیمت میں

امرت دھارا اور اس کے مرکبات نیز کشتہ سونا و ہیرا بھی ۲۵ فیصدی کمیشن کاٹ کر دیا جائے گا۔

...ھی قیمت ... تمام کتب

تندرستی اور حفظان صحت پر پنڈت ٹھاکر دت شرما وید کی قلم جادو رقم سے لکھی ہوئی تمام کتب جن میں کام ورتی شاستر حصہ اول بھی شامل ہے۔ پچاس فیصدی کمیشن کاٹ کر دی جائے گی۔

امراض مخصوصہ مرد مان۔ رسالہ امرت اور فہرست ادویات و کتب مفت منگائیں۔

...مرت دھارا ...

دہلی میں

کتبخانہ رشیدیہ

کتبخانہ رشیدیہ ہی ایک ایسا ہے جس میں مصر استنبول بیروت لکھنؤ وغیرہ کے مطبوعہ ہر خط کی اُردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے :-

قسطلانی شرح تجرید بخاری ۔ للعہ	کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد ۔ مطلعہ	تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے ارزاں ہوگئی ہے ۔ سے
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ ۔ عہ	سیرۃ الحلبیہ ۔ ۱۲	تفسیر خازن مع معالم ۔ عہ
بخاری مع حاشیہ سندھی ۔ عہ	شرح سیرۃ ابن ہشام ۲ جلد عمدہ سفید کاغذ ۔ ۸	المنجد طبع تاسعہ ۔ ۸
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ ۔ عہ	فیض القدیر شرح جامع صغیر (طبع اوّل) ۶ جلد مجلد ۔ عہ	تسہیل المنجد المنجد کا اردو ترجمہ ۔ ایکہزار صفحات مجلد ۔ عہ
مفتاح کنوز السنہ۔ احادیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں۔ ان کی مکمل فہرست ۔ عہ	تاج العروس شرح قاموس ۔ ۱۰ جلد عہ	

نوٹ :- فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں۔ اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اُردو بازار دہلی ۳۲

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"

علاوہ ازیں بکثرت تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق، دمہ، کھانسی، ریزش، کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان کا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے مرد، عورت، بچے، بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۸/ ۔ آدھ پاؤ ۱۶/ ۔ پاؤ بھر ۳۰/ مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ ۳۹۰

(اہلحدیث) کے لیے ایک پاؤ کی قیمت معہ محصول ڈاک ۱۲/ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادتیں

جناب عبدالستار صاحب بمبئی ہیں نے آپکے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا اور فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کر دیجئے " (۱۹ جنوری ۱۹۳۱ء)

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور۔ دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمایئے۔ اسکے قبل چند بار مختلف جگہ سے منگا چکا ہوں بہت مفید ثابت ہوئی " (۱۰ فروری ۱۹۳۱ء)

جناب راؤ محمد الواسع خان صاحب کیری۔ آپکی مومیائی کی بہت تعریف سنی تھی اور انشاء اللہ مفید بھی ہے۔ میں نے اس سے پیشتر منگائی تھی۔ بہت اچھی ثابت ہوئی۔ اب ایک چھٹانک اور ارسال فرمائیں " (۲۲ فروری ۱۹۳۱ء)

مومیائی ملنے کا پتہ۔ حکیم محمد سردار خان ... امرتسر

سرمہ نور العین ۱۶

(مصدقہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۱/

(منگوانے کا پتہ)

نیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ (پنجاب)

تمام دنیا میں بے مثل ۳۶

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۲/

ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ :- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی حافظ محمد ایوب خان غزنوی مالکان کارخانہ ... امرتسر

عبد کا چاند

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارک پر آپنے آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہونگی جو مختلف مسلم مصنفین ...

خواص پھٹکڑی

اس سے علاج ... قیمت ...

ahmadimuslim.de

[illegible]

بعدالت [illegible] صاحب بی۔ اے

ین۔ ایل۔ بی۔ پی۔ سی۔ ایس منصف بہادر

درجہ اول ترنتارن ضلع امرتسر

نمبر مقدمہ اجرائے ۹۹۰ بابت ۱۹۳۸ء

شاکر داس سونی ولد لالہ امرناتھ قوم کھتری ساکن ترنتارن مشتری ڈگریدار

بنام احمد الدین ولد رحیم بخش قوم کمہار ساکن ترنتارن مدیون۔

ایصال ۷۰/-

بنام حاجی عمر الدین ولد روہیلا قوم کمہار ساکن ترنتارن حال کلاتھ مرچنٹ کالا لپور باذر یعہ ۳۱۳ ایف ایم۔ ایس۔ اصل ڈگریدار۔

مقدمہ مندرجہ بالا میں مشتری ڈگری نے درخواست عدالت ہذا میں گزاری ہے کہ اس نے آپ سے ڈگری بذریعہ بیعنامہ مورخہ ۲۳ خرید کر لی ہے۔ اس کو مشتری ڈگریدار قرار دیا جاوے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ ضابطہ دیوانی آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ ۳/۲۹ ۱۸ حاضر عدالت ہذا ہو کر جو عذر نسبت درخواست ڈگریدار کے ہو پیش کریں۔ بصورت عدم حاضری آپ کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

آج بتاریخ ۱۰۔ مارچ ۱۹۳۹ء بثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم   مہر عدالت

آریہ مشن کی تردید میں بلنظیر کتابیں

(تصانیف حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب)

حق پرکاش اس کتاب میں اُن ایک سو انسٹھ سوالات کا معقول اور عالمانہ جواب درج ہے جو سوامی دیانند کی مشہور کتاب ستیارتھ پرکاش کے چودھویں باب میں قرآن شریف پر کئے تھے ان کا واحد جواب یہی "حق پرکاش" ہے۔ کتاب کی خوبی دیکھنے پر منحصر ہے۔ قیمت ۱۲ار

الہامی کتاب وہ قابلدید تحریری مباحثہ جو مولانا صاحب موصوف اور ماسٹر آتمارام صاحب کے مابین ہوا۔ جس میں فریقین نے قرآن مجید اور وید کو الہامی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کی ضخامت ۱۹۲ صفحات ہے لکھائی، چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۲ار

تُرک اسلام بجواب تُرک اسلام۔ اس رسالہ میں اُن اعتراضوں کا قابلقدر جواب دیا گیا ہے جو دھرمپال نے اسلام چھوڑ کر قرآن پر کئے تھے۔ اس رسالہ کو دیکھ کر خود موصوف نے جوابات کی معقولیت کا اعتراف کیا اور داخل اسلام ہو کر غازی محمود نام رکھا۔ قیمت ۹ر

کتاب الرحمٰن آریوں کی جدید کتاب "کلام الرحمٰن" ویدہے یا قرآن" کا مکمل و مدلل جواب جو مولانا صاحب نے اپنی خاص نرالی طرز سے دیا ہے۔ جس کے سامنے مخالفین نے بھی سپر ڈال دی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۹ر

مقدس رسول آریوں نے ایک رسالہ بنام "رنگیلا رسول" شائع کیا تھا جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات پر سخت ناپاک اعتراضات کئے تھے۔ اس رسالہ کا معقول مدلل اور متین جواب مقدس رسول ہے۔ [illegible] جرائد اور اخبارات [illegible] قیمت ۸ر

نکاح آریہ اس رسالہ میں آریہ دھرم کے احکام متعلقہ نکاح پر مندرجہ ذیل آٹھ عنوانات قائم کرکے اسلامی نکاح کی خوبی و فضیلت کو واضح کیا ہے۔ (۱) نکاح کی ضرورت اور غرض۔ (۲) نکاح کس عمر میں ہو۔ (۳) نکاح کس عورت سے ہو۔ (۴) بیاہ کی قسمیں۔ (۵) نکاح کرنے کا طریق (۶) میاں بیوی کے ملاپ کا طریق۔ (۷) نکاح دائم لازم غیر منفک عقد ہے یا قابل فسخ۔ (۸) نکاح بیوگان پڑھنے کے لائق ہے۔ قیمت ۳ر

بحث تناسخ وہ قابلدید تحریری مباحثہ جو کئی ہفتوں تک مابین مولانا صاحب ممدوح اور ماسٹر آتمارام صاحب دربارہ مسئلہ تناسخ جاری رہا اور آخر حق کی فتح ہوئی۔ قیمت ۳ر

سوامی دیانند کا علم و عقل اس رسالہ میں ثابت کیا ہے کہ سوامی جی دوسرے مذاہب پر اعتراض کرنے میں تحقیق اور علم سے کام نہ لیتے تھے۔ قیمت امر

حضرت محمدؐ رشی حضرت محمد صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نبوت کا ثبوت توریت، انجیل اور وید سے ایسے صاف اور صریح طور سے دیا ہے کہ متعصب مخالف کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قیمت ۲ر

اصول آریہ اس رسالہ میں آریوں کے اصل الاصول مسائل کی فلسفیانہ طریق سے تردید کی گئی ہے یعنی مادہ روح اور مسئلہ تناسخ کی قدامت کا معقول دلائل سے ابطال کیا گیا ہے۔ ۲ر

حدوث وید وید منتروں کے حوالوں سے ثابت کیا کہ وید قدیم نہیں بلکہ اُس وقت بنائے گئے تھے جبکہ دنیا کی کافی آبادی [illegible] پھیل چکی تھی قیمت ۲ر

(۳۹۱)

جدید انگلش ٹیچر

اس میں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ، محاورات، قواعد گرامر۔ اور اردو سے انگریزی میں ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت سی شستہ عبارتیں [illegible]

اخبار لاہور

کا مطالعہ کیجئے جو عالم اسلام کی ... آزادی ... کا اولین ... ہے۔ ... روزانہ اخبار ...

...

... اربعہ

اور ہندوؤں کی نماز ... مقابلہ کر کے ...

کی نمازوں میں شرک ... کی نماز میں اصل توحید کا ... دکھایا ہے ... کہ اسلام سے بڑھ کر کوئی مذہب توحید کو پیش نہیں کر سکتا اور یہی اس کے منزل من اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ قیمت ...

ہندوستان کے دو ریفارمر

...

شادی ... گ ... ثابت

... کے مقابلہ میں ... فضیلت حاصل ...

...

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

حصہ اول

مصنفہ حکیم حاجی محمد عبداللہ صاحب ...

... ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کے مخفی افعال ... کی صحت ... الکتب کی ورق گردانی ... حکماء سے تبادلہ خیالات اور ... تجربات کو حکایات ... سیات اور کشتہ جات ... سوا پانچسو صفحات۔ قیمت تین روپیہ۔

... منگوانے کا پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

... ہمدرد ... پریس امرتسر

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ ...

... کتاب پمفلٹ ... بذات خود ...

... المشتہر ... ہال بازار۔ امرتسر

انتصار الاسلام

...

... منیجر اہلحدیث امرتسر

دیدارتھ پرکاش

رد ویدک تہذیب

مصنفہ پنڈت آتمانند ...

... ثابت کیا ہے ...

... کی موجودگی میں ... نہیں ہو سکتے۔ اصل قیمت ... رعایتی ...

تحفۃ الہند

مع کتاب ... مصنفہ مولوی عبید اللہ صاحب مرحوم۔ ... اور آریوں کے مذہب کا ... نقل ہے کہ جس کی ... ان کے پاس نہیں۔ ہندو دھرم کی ...

... اکسیر ...

... مصنف ...

...

رجسٹرڈ نمبر [illegible]

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۱

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکما امرین کتاب اللہ وسنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفےٰ بر جان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابو الوفا ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک لے خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت چندہ

والیان ریاست سے سالانہ صہ
جاگیرداروں سے ۔ ۔ [illegible]
عام خریداروں سے ۔ ۔ صہ
۔ ۔ ششماہی [illegible]
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲ر

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفا ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

(۳۹۳)

امرتسر ۲ صفر المظفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

فہرست مضامین

نظم (کل اور آج) ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۱
انتخاب الاخبار ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۲
اوم منڈلی۔ آریہ اور حیدرآباد دکن ۔ ۔ ۔ صہ ۳
جماعت اہلحدیث میں ایک آواز ۔ ۔ ۔ صہ ۴
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ۔ ۔ ۔ صہ ۵
آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس ۔ ۔ ۔ صہ ۶
تصدیق کتاب [illegible] ۔ ۔ ۔ صہ ۸
فرقہ غالیہ اور وحدت الہیہ ۔ ۔ ۔ صہ ۹
یہودیوں کے ... [illegible] ۔ ۔ ۔ صہ ۱۰
[illegible] ۔ ۔ ۔ صہ [illegible]
[illegible] ۔ ۔ ۔ صہ [illegible]

کل اور آج

(از قلم مولوی ابو الحاذق محمد حبیب اللہ صاحب نشتر گورکھپوری ازمئو)

کل بلندی پر ستارہ تھا ترے اقبال کا — آج ہے قعر مذلت میں ذلیل و خوار تو
کل تری قوت سے گردوں لرزہ بر اندام تھا — آج دنیا کی نظر میں ہے خفیف و زار تو
کل تھا گویا شورش طوفاں ترا جوش عمل — آج عالم بھر میں عملاً ہو گیا بیکار تو
کل زمانے کے خزانے سب ترے قبضے میں تھے — آج کھو کر ساری دولت ہو گیا نادار تو
کل اخوت اور ہمدردی میں تو ممتاز تھا — آج اپنے بھائی سے ہے برسر پیکار تو
کل حکومت تھی تری تو رنج سے آزاد تھا — آج محکومی سے ہے اک قید میں لاچار تو
کل تھا تو آدمیت [illegible] علم و ہنر — آج اے ناداں ہوا ہے باعث صد عار تو
کل [illegible] — آج اے بزدل نہیں ہے قابل ایثار تو

[illegible] نظر گرفت کے ساتھ
[illegible] سید ابرار تو

انتخاب الاخبار

——— امرتسر شہر کے محکمہ پیدائش اموات کی رپورٹ مظہر ہے کہ ۱۱ تا ۱۷ مارچ ۲۲۹ بچے پیدا ہوئے اور ایک سو آٹھ اموات واقع ہوئیں۔

——— امرتسر شہر میں اب بالکل امن وامان ہے۔ میلہ بیساکھی کی تیاریاں شروع ہیں۔ گذشتہ فسادات کے سلسلہ میں ۵۴ ہندو زیر دفعہ ۱۰۷ اور ۱۵۱ ماخوذ تھے۔ پراسیکیوٹنگ انسپکٹر پولیس نے ان کے خلاف مقدمہ واپس لے لیا ہے۔

——— جمعیتہ اہل حدیث لاہور کا اجلاس ۱۸۔۱۹ مارچ کو ہوا۔ جس میں مولانا ابو الوفا صاحب، مولوی عبد اللہ صاحب ثانی، منشی عبد اللہ صاحب معمار کے علاوہ دیگر حضرات نے بھی تقریریں کیں۔ ۱۹۔ مارچ کو بعد نماز عشاء زیر صدارت مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب مذاہب کانفرنس بھی ہوئی۔

——— وزیر اعظم پنجاب نے ایک تقریر کے دوران میں بیان کیا کہ اس سال پنجاب اسمبلی کا گرمائی اجلاس شملہ کی بجائے لاہور میں ہی ہوگا۔

——— مولانا مظہر الدین ایڈیٹر اخبار "وحدت" و "الامان" ۱۴۔ مارچ کو اپنے دفتر میں قتل کر دیئے گئے۔ اس شبہ میں دو اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔

——— گاندھی جی اور وائسرائے ہند میں دو مرتبہ ملاقات ہو چکی ہے۔ گاندھی جی دہلی میں تشریف لائے تھے۔

——— مولانا ابو الکلام آزاد الہ آباد سے دہلی روانہ ہونے والے تھے کہ ریلوے سٹیشن الہ آباد پر ان کا پاؤں کیلے کے چھلکے پر سے پھسل گیا اور سخت چوٹیں آئیں۔

——— لکھنؤ میں مدح صحابہ کا سلسلہ جاری ہے روزانہ متعدد گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔

——— آریوں کی طرف سے حیدر آباد دکن بدستور جتھے جا رہے ہیں۔

——— قاضی بل (ضلع بل) کونسل آف سٹیٹ میں پاس ہو گیا ہے۔

——— حکومت بہار اس سال سرکاری ملازمین کی وردیوں کے لئے ۲۹ ہزار روپے کا کھدر خریدیگی۔

——— [illegible] جبل دہلی، لاہور اور پشاور میں دورہ کر رہا ہے۔

——— بنگال اسمبلی میں ایک قانون پاس ہوا ہے جس کی رو سے پولیس کمشنر جس جلسہ میں مناسب سمجھے پولیس کے رپورٹر بھیج سکتا ہے۔

——— شمالی وزیرستان میں قبائلی لشکر اور برطانوی فوج میں زبردست معرکہ ہوا۔ جس میں ایک برطانوی افسر ہلاک دو برطانوی افسر اور متعدد ہندوستانی سپاہی زخمی ہوئے قبائلی لشکر کا بھی بہت نقصان ہوا۔

——— نگون میں ۱۵۔ مارچ کو پہلی مرتبہ زنانہ پولیس نے زنانہ پکٹروں پر ڈنڈا چارج کیا۔

——— جرمنی نے چیکوسلواکیہ پر مکمل طور پر قبضہ کر لیا ہے اس رویہ کو روس نے نامنظور کیا ہے۔

آخری اطلاع

ماہ مارچ میں جن خریداروں کی قیمت اخبار ختم ہے۔ ان کو اہلحدیث" ۳۔ مارچ میں اطلاع دی جا چکی ہے۔ اگر ۳۰۔ مارچ تک ان کی طرف سے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر وصول نہ ہوگی یا انکار کی اطلاع وصول نہ ہوگی ان کے نام آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائے گا۔

مہلت ختم | جن اصحاب کی مہلت ختم ہے ان کو کسی حالت میں بھی مزید مہلت نہیں دی جائیگی بلکہ اخبار بند کر دیا جائیگا۔

(مینیجر اہلحدیث امرتسر)

——— لندن۔ فلسطین گول میز کانفرنس میں تصفیہ فلسطین کے حل کی آخری تجویزیں عرب اور یہود مندوبین کے حوالے کر دی گئی ہیں جو حسب ذیل ہیں:۔ (۱) حکومت کا انتظام ایک اگزیکٹو کونسل کے سپرد ہوگا۔ جس میں برطانوی اگزیکٹو افسر کے علاوہ عرب [illegible] نمائندے بھی ہونگے۔ (۲) کونسل برطانوی ہائی کمشنر [illegible] کام کریگی۔ (۳) فلسطین میں یہود کا داخلہ ۵ سال تک [illegible] سالانہ ہوگا۔ (۴) فلسطین کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا جائیگا۔

——— مصری وفد کے لیڈر نحاس پاشا نے پنڈت جواہر لعل نہرو اور دیگر کانگرسی لیڈروں کو آئندہ ماہ اپنے ایک سالانہ جلسہ میں شرکت کی دعوت بذریعہ تار بھیجی ہے۔

اعیان اہل حدیث

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اکیسواں اجلاس

۷-۸-۹- اپریل

یعنی بہ تعطیلات ایسٹر

قصبہ "فتحگڑھ چوڑیاں" ضلع گورداسپور

میں نہایت تزک واحتشام کے ساتھ منعقد ہو رہا ہے۔ ہر بہی خواہ کانفرنس کو اس میں شریک ہو کر اپنی دینی اخوت کا ثبوت دینا چاہئے۔ نیز کانفرنس کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی حتی الامکان امداد کرنی چاہئے۔ وقت نزدیک آ رہا ہے۔ اس لئے بہت جلد تیاری کرنی چاہئے ہمدردان وشائقین کو دعوت پہنچے یا نہ مگر وہ خود توحید و سنت کے اس مبارک اجتماع میں ضرور شریک ہوں۔

اہل حدیث گول میز کانفرنس | کی تائید مندرجہ ذیل حضرات نے بھی کی ہے:۔ ملک ابو یحیی امام خاں صاحب نوشہروی۔ انجمن محمدیہ جالندھر شہر۔ حکیم اللہ بخش صاحب جالندھری معالج امراض چشم سلیچر۔ غلام رسول صاحب ناظم مجلس دعوت الی التوحید پرسچہ کشمیر۔ ممبران جمعیتہ انصار اہل حدیث مبارک پور ضلع اعظم گڑھ۔

سرکاری اطلاع

پنجاب سول سیکرٹریٹ میں جونیئر کلرکوں کی اسامیوں کیلئے

۲۷ مارچ ۱۹۳۹ء کو یونیورسٹی ہال لاہور میں ایک امتحان منعقد ہوگا۔ امیدواروں کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ ٹائپ رائٹنگ کا امتحان ۲۲ مارچ ۱۹۳۹ء سے شروع ہوگا۔ اور بعد ازاں اس وقت تک جاری رہیگا جب تک تمام امیدوار [illegible] ہو جائے۔ انہیں امتحان کے کمرہ میں مطلع کیا جائیگا کہ وہ اس امتحان میں کس جگہ اور کب شامل ہوں۔ ٹائپ رائٹنگ [illegible] سروس کمیشن کی طرف سے مہیا کئے جائینگے لیکن امیدوار اپنے ربڑ ہمراہ لائیں۔ تحریری مضامین اور ٹائپ رائٹنگ کے [illegible] بوری تیپوں کی جالیس [illegible]

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲- صفر المظفر ۱۳۵۸ھ

اوم منڈلی- آریہ
اور
حیدرآباد دکن

جس طرح قادیانی محرر اور مقرر اپنے ذاتی اغراض اور مخصوص خیالات کی اشاعت کرتے ہوئے اپنے آپ کو اسلام کا خادم بتایا کرتے ہیں۔ چاہے ان کے خیالات اور مقالات سے اہل اسلام کو کتنا ہی اختلاف ہو۔ مگر وہ اپنے اس ادعا سے رکتے نہیں کہ ہم نفس اسلام کے خادم اور محافظ ہیں۔ ٹھیک اسی طرح آریہ لوگ اپنے عقائد اور اعمال خاصہ کی اشاعت کرتے ہوئے ہندو قوم کی حفاظت کا دعویٰ کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ آج کل حیدرآباد دکن میں آریہ لوگوں نے جو تحریک ستیہ گرہ جاری کر رکھی ہے اس کو بھی ہندو جاتی کی رکھشا سے تعبیر کرتے ہیں۔ دراصل ان دونوں تحریکوں کی غرض اپنے لئے بھرتی لینا ہے۔ یعنی قادیانی لوگ اسلامی خدمات کا اظہار کر کے مسلمانوں کو اپنے اندر جذب کرنا چاہتے ہیں اور آریہ لوگ ہندوؤں کو اپنے اندر کھینچنا۔ آج ہم اس مطلب کو ذرا تفصیل سے بیان کرنا چاہتے ہیں جس سے ثابت ہوگا کہ آریہ لوگ دراصل ہندو قوم کی خدمت نہیں کرتے بلکہ خاص اپنے فرقے کی ترقی کے [illegible] دکھا کر [illegible] بتانا چاہتے ہیں۔

ملک میں اس وقت آریوں کے سامنے دو تحریکیں ہیں۔ جو اپنی نوعیت میں دونوں مختلف ہیں۔ ان کی حقیقت معلوم کرنے کے بعد یہ بات صاف سمجھ میں آجاتی ہے کہ ان میں سے ایک تحریک ہندو دھرم کے خلاف ہی نہیں بلکہ ہندو قومیت کے لئے گویا بم کا گولہ ہے۔

دوسری تحریک جس کو آریہ لوگ بڑی اہمیت دیکر سرفروشی تک پہنچ گئے ہیں اور کفن باندھ کر سر ہتھیلی پر رکھے ہوئے اور یہ شعر پڑھتے ہوئے گویا مقتل کو جا رہے ہیں۔ ؎

سرفروشی کی تمنا اب ہمارے دل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے

اس تحریک سے ہماری مراد تحریک حیدرآباد دکن ہے۔ اور پہلی تحریک سے مراد حیدرآباد سندھ کی اوم منڈلی ہے۔ یہ اوم منڈلی کیا چیز ہے۔ ہم اپنے الفاظ میں کچھ نہیں کہتے بلکہ اس سوسائٹی کی صدر صاحبہ کے الفاظ میں بیان کرینگے۔ اس سوسائٹی کا بانی ایک سادھو بتایا جاتا ہے جس کا نام دادا لیکھراج ہے۔ اس سوسائٹی کی ممبرات نوجوان ہندو لڑکیاں ہیں جو بانی سوسائٹی کی تعلیم کے اثر سے اپنے والدین [illegible] ماں باپ کو چھوڑ کر اسی کے آشرم میں مقیم ہو چکی ہیں۔ ہمیں حیدرآباد سندھ کے باشندوں نے بتایا ہے کہ یہ تحریک عرصہ چار سال سے جاری ہے اور اس کے لئے ایک عالی شان عمارت بنوائی گئی ہے۔ جہاں وہ نوجوان لڑکیاں (منکوحہ اور غیر منکوحہ) رہتی ہیں۔ جو اس سوسائٹی کی باقاعدہ ممبر اور بعض عہدیدار ہیں۔ ایک مقدمہ کے دوران میں انکی صدر صاحبہ نے بیان دیا تھا جو اخبارات میں شائع ہو کر ہمارے پاس پہنچا ہے۔ اس میں موصوفہ نے کہا تھا کہ دادا جی جوان لڑکیوں کو اپنے گلے لگاتے ہیں، اپنی رانوں پر بٹھلاتے ہیں اور کسی وقت تقبیل الوجہ بھی کرتے ہیں اس نے یہ بھی کہا تھا کہ ہمارا اعتقاد کسی دین و دھرم پر نہیں ہے بلکہ وہی کچھ ہے جو دادا جی ہمیں سکھاتے ہیں یہ جوان لڑکیاں دادا جی کے اثر سے اتنی متاثر ہیں کہ اپنے گھر بار اور رشتہ داروں کو چھوڑ بیٹھی ہیں۔

اس لئے سندھ کے ہندوؤں میں اس کے خلاف ایک عام ہیجان پیدا ہو رہا ہے حکومت سندھ پر زور دیتے ہیں کہ وہ اس منڈلی کو خلاف قانون قرار دیکر اس کے برخلاف قانونی چارہ جوئی کرے اور لڑکیاں رشتہ داروں کے حوالے کرے۔ خیر ہمیں اس سے غرض نہیں۔

اب ہم تحریک حیدرآباد دکن کا ذکر کرتے ہیں کہ وہاں کیا بات ایسی پیدا ہوگئی کہ اس بے ہتھیار فوج کو وہاں دوڑ جانے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ اگر آریہ اخباروں کا بیان صحیح مان لیا جائے۔ (جو کسی طرح بھی قابل تصدیق نہیں) تو صرف اتنی بات ہے کہ آریوں پر مذہبی رسوم کی ادائیگی کے سلسلہ میں حکومت نظام نے کچھ پابندیاں لگادی ہیں۔ یہ نہیں کیا کہ ان رسوم کو بالکل بند کر دیا۔ پس اب ان دونوں تحریکوں کی مثال یہ ہوگی۔ جیسے کسی غیر مسلم ریاست میں مسلمانوں کو مسجدوں میں نماز پڑھنے سے روک دیا جائے ایسے ہی کسی اور غیر مسلم ریاست میں تھوڑی سی پابندی لگادی جائے کہ اذان مینار پر چڑھ کر نہ دیا کرو بلکہ مسجد کے صحن میں کہا کرو۔ تو کون مسلمان ہے جو یہ رائے دے کہ دوسری ریاست کا مقابلہ کرو۔ اور پہلی کو اپنے حال پر چھوڑ دو۔

آریہ لوگ اگر فی الواقع ہندو دھرم اور ہندو جاتی [illegible]

محافظ ہوتے تو ساری توجہ حیدرآباد سندھ کی طرف مبذول کر دیتے۔ جہاں ہندو جاتی کو سخت روحانی صدمہ پہنچنے کے علاوہ ملک میں ان کی بڑی بدنامی ہو رہی ہے۔

مگر آریہ لوگ بالکل الٹ جا رہے ہیں۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کو ہندو دھرم یا ہندو قوم کی خدمت کرنا منظور نہیں۔ بلکہ اس کی تہہ میں کوئی اور بات ہے ؎

بے خودی بے سبب نہیں غالب!
کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔

(نوٹ) اس موقع پر ایک بات یاد آگئی۔ جس کے متعلق خیال کیا جا سکتا ہے کہ آریہ لوگ اس کو جواب میں پیش کریں گے وہ یہ کہ سوامی دیانند کی سوانح عمری کلاں میں سوامی جی کا ایک مقولہ لکھا ہے کہ ہندو دھرم اتنا وسیع ہے کہ اس میں پرمیشور کے ماننے والے اور نہ ماننے والے (دہریہ) سب ہی آ سکتے ہیں۔

غالباً اسی لئے لاہور کے برہمو سماجی اور دیو سماجی دونوں گروہ ہندو کہلاتے ہیں۔ اگر یہ اصول صحیح ہے تو داد الیکھ راج اور اس کی سوسائٹی بھی ہندو ہے۔ لہٰذا اس کے برخلاف کارروائی کرنا گویا ہندو جاتی کے برخلاف کارروائی کرنا ہے۔

اگر یہی جواب درست ہے تو یہ کہنا بالکل صحیح ہوگا کہ ہندو قوم کوئی مذہبی اور دھرمی قوم نہیں ہے بلکہ محض ایک ملکی قوم ہے جس کو مذہب اور دھرم سے کوئی تعلق نہیں۔ کیا آریہ سماجی اس کی تصدیق کریں گے دیدہ باید!

قادیانی مشن

جماعت احمدیہ میں بھیانک آواز

اخبار الفضل مورخہ ۱۲۔ مارچ کے صفحہ پر ایک مختصر سا نوٹ دیکھ کر ہمیں بہت صدمہ ہوا۔ اس نوٹ کی سرخی ہے

"حضرت ام المومنین (زوجہ مرزا) کی شان میں ایک خبیث الفطرت کی انتہائی گستاخی"

اس کے بعد جو عبارت ہے وہ اسی کے الفاظ میں درج ذیل ہے :-

"پیغام بلڈنگس لاہور میں مقیم ایک شخص غلام محمد نے حال میں ایک ٹریکٹ "بیعت رضوان کی حقیقت" کے عنوان سے شائع کیا ہے جس میں اگرچہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی کا ذکر بھی کئی جگہ ہتک آمیز اور اشتعال انگیز الفاظ میں کیا گیا ہے۔ لیکن رسالہ کے صفحہ ۱۴ پر حضرت ام المومنین جنہیں ہر احمدی اپنی حقیقی ماں سے بھی بہت بڑھ کر قابل عزت و احترام سمجھتا ہے۔ اور جن کی شان میں کسی قسم کی گستاخی اور بے ادبی قطعاً گوارا نہیں کر سکتا۔ غلام محمد مذکور نے ایسے گندے اور ناپاک الفاظ استعمال کئے ہیں کہ جن کو پڑھ کر خون کھولنے لگتا ہے۔ ہم اس وقت ان الفاظ کو دوہرا کر جماعت احمدیہ کے لئے ناقابل برداشت رنج و الم پیدا نہیں کرنا چاہتے۔"

(الفضل ۱۲ مارچ سنہ ۳۹ء صفحہ ۲)

ٹریکٹ مذکور ہمارے پاس بھی آیا تھا جسے ہم نے معمولی سمجھ کر زاویۂ خمول میں پھینک دیا۔ لیکن الفضل کی شکایت سن کر ہمیں خیال ہوا کہ ہم بغرض تحقیق اس رسالے کا صفحہ ۱۴ پڑھ کر دیکھیں کہ یہ حکایت محکی عنہ کے مطابق ہے یا نہیں؟ جب دیکھا تو اس میں حضرت ہاجرہ اور حضرت سارہ کے ذکر کے بعد الفاظ ذیل مرقوم پائے کہ

خدا تعالیٰ نے ان برکتوں اور رحمتوں کے طفیل انہیں ایک مبارک خاتون بنایا۔ جن دونوں کے مقابل قادیان کی نام کی ......[1] یزید تثلیث کی وجاہلیت اور مکی مشرکوں کے ظلم و ستم کا نمونہ دکھلایا اور ناپاک طبع خاتون ہونے کے باوجود قادیان میں اپنے آپ کو مبارک خاتون بنا کر حضرت ہاجرہ اور حضرت سارہ کی ہتک عزت کر کے روح القدس کو سخت بھڑکایا اور جوش دلایا جس نے مجھے ان کے لئے موسیٰ اور غلام محمد بنایا۔ (ٹریکٹ مذکور صفحہ ۱۲)

اسی خاتون کے حق میں یہ الفاظ بھی لکھے گئے ہیں :-

"......... کی والدہ ہرگز ہرگز حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کے الہاموں میں مبارک خاتون نہیں ہے بلکہ وہ ایک ناپاک طبع اور دنیا پرست خاتون ہے"

(ایضاً صفحہ ۱۴)

اہلحدیث عربی زبان میں عورت کو اتنا واجب العزت ٹھیرایا گیا ہے کہ عورتوں کی جماعت کو "حرمہ" کہتے ہیں۔ اس لئے ہم تو کسی خاتون کے حق میں زبان درازی کرنا ممنوع جانتے ہیں مگر یہاں معاملہ اور ہے۔ شخص مذکور (شیخ غلام محمد) مرزا صاحب قادیانی کا معتقد ہے وہ جو کچھ کہتا اور کرتا ہے (بزعم خود) مرزا صاحب کے الہامات کے ماتحت کرتا ہے۔ لہٰذا یہ معاملہ ایسا ہے کہ بقول "محتسب را درون خانہ چہ کار"۔ ہم اس میں دخل دینا مناسب نہیں جانتے۔ البتہ ہم یہ کہنے سے نہیں رک سکتے کہ حرمہ کی

آسمانی جواب باوجود اس ماننے کے جب ہم نے عارفانہ رنگ میں نظر کی تو اس میں مرزا صاحب متوفی کیلئے آسمانی جواب پایا جس کی تفصیل یہ ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص کسی کی ناجائز طور پر توہین یا ہتک عزت کرے خدا تعالیٰ ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے کہ اس کی بھی ہتک عزت ہوتی ہے۔

مرزا صاحب قادیانی نے ایک کتاب لکھی تھی۔ جس کا نام "نجم الہدیٰ" ہے۔ اس میں اپنے مخالفین کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے یہ عربی شعر لکھا ہے ؎

ان العدیٰ صاروا خنازیر الفلا
ونساءھم من دونھن الاکلب

یعنی ہمارے مخالف جنگلوں کے سؤر ہیں اور ان کی عورتیں کتیوں سے بھی بڑھ کر ہیں۔

ناظرین کرام! خصوصاً مہذب احمدی حضرات غور کریں کہ مرزا صاحب کو (بزعم ایشاں) یہ حق تو پہنچ سکتا تھا کہ وہ اپنے مخالفین کو جنگلی سؤر کہیں مگر انہیں اس کا کیا حق تھا کہ وہ اپنے مخالفین کی .... کو بھی

[1] نام لکھنے سے ہماری شرافت مانع ہے ۱۲ منہ

کتیوں سے بڑھ کر قرار دیئے۔
مستورات مذکورہ بیچاری بےگناہ بےزبان اور بےقلم تھیں اس لئے ان کی طرف سے تو مرزا صاحب کو ان کی بدگوئی کا کوئی جواب نہ ملا ہوگا۔ مگر قدرت خدا تو ذوالانتقام ہے اور اس کے سچے رسول کی حدیث مذکورہ بھی اپنے معنی میں صحیح ہے۔ اور اس بدگوئی کا جواب ملنا

ضروری تھا۔ اسی لئے ٹریکٹ زیر نظر میں یہ الفاظ لکھے گئے۔ جن کو ہم برا سمجھتے ہیں۔ مگر قانون قدرت یہی ہے

بد نہ بولے زیر گردوں گر کوئی میری سنے
ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے

(نوٹ) اصل واقعہ پر اظہار رنج کرنے میں ہم "الفضل" کے ساتھ شریک ہیں۔

(ریویو قادیان ماہ ستمبر ۱۹۳۸ء ص مخلصاً)

معمار خلیفہ صاحب نے جس خود مطلبی کے رنگ میں مضمون حدیث کو بگاڑا ہے اس سے تو بہتر تھا کہ وہ سرے سے حدیث کا انکار ہی کر دیتے۔ مگر چونکہ آپ ایک کامل دنیادار مدبر ہیں اس لئے ایسی روش اختیار کی کہ ایمانی حالت بھی عریان نہ ہو اور کام بھی چل جائے۔ چنانچہ آپ نے حدیث کا سرے سے انکار تو نہ کیا مگر وہ فقرہ جو ان کے خیال میں قادیانی نبوت کے حق میں شمشیر برہنہ تھا اسے محرفانہ تاویل سے اٹھا دیا۔

خلیفہ صاحب! اگر رادیان حدیث کی پرکھ اسی اصول پر کی جا سکتی ہے جو آپ نے وضع کیا ہے تو پھر اسماء الرجال کی کتب تو کیا خود جملہ احادیث بلکہ قرآن پاک کا بھی خدا حافظ۔

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(از قلم منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

(گذشتہ سے پیوستہ)

ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسئلہ ختم نبوت کو ان الفاظ میں مبرہن فرمایا ہے کہ چھ باتوں میں مجھے جملہ انبیاء علیہم السلام پر فضیلت دی گئی ہے۔ (۱) میں وہ کلمات دیا گیا ہوں جو تمام دحی نبوت و رسالت کے جامع ہیں۔ (۲) مدد کیا گیا ہوں میں ساتھ رعب کے۔ (۳) حلال کی گئیں میرے لئے غنیمتیں (۴) تمام زمین میرے لئے پاک مسجد بنائی گئی۔ (۵) بھیجا گیا ہوں میں تمام کافہ ناس کے لئے۔ (۶) ختم کیا گیا ہے میرے ساتھ سلسلہ بعثت انبیاء کرام کا۔

اس حدیث کے چھٹوں جملے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے کے آئینہ دار ہیں۔ جن کی تفصیل کا یہ موقع نہیں[1] مگر خلیفہ صاحب قادیانی نے باوجود دعویٰ قرآن و حدیث دانی کے اس جگہ اپنی بےبصیرتی کا پورا ثبوت دیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ خلیفہ صاحب راقم ہیں:-

"اس حدیث ختم بی النبیون کا مطلب ہے کہ آنحضرت کے ذریعہ نبیوں کا زمانہ ختم ہو گیا ہے پہلے ایک نبی آتا تو وہ اپنے سے پہلے تشریعی نبی کے زمانہ کو ختم کر دیتا۔ مگر اس کے ختم کا تعلق صرف اپنے سے پہلے نبی سے ہوتا تھا۔ کسی دوسرے سلسلہ کے نبی کو وہ ختم نہ کر سکتا تھا۔ لیکن رسول کریم نے گذشتہ تمام سلسلوں کی شریعتیں ختم کر دی ہیں۔ پس اس حدیث میں آئندہ نبوت کے بند ہونے کا کوئی ذکر نہیں۔ اس حدیث کے جو معنی میں نے کئے ہیں۔ ان پر ایک اعتراض پڑ سکتا ہے وہ یہ کہ یہ مضمون تو ارسلت الی الخلق کافۃ میں آ چکا ہے پھر ختم بی النبیون میں دوبارہ اسے بیان کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور اگر مضمون ایک ہے تو آنحضرت کی خصوصیتیں پانچ رہ جاتی ہیں۔ حالانکہ آپ فرماتے ہیں کہ مجھے چھ خصوصیتیں حاصل ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ارسلت الی الخلق کافۃ اور ختم بی النبیون میں واؤ تفسیری ہے گویا آنحضرت نے یوں فرمایا کہ چونکہ میں ساری دنیا کی طرف مبعوث ہو کر آیا ہوں اس لئے میرے ذریعہ سب نبیوں کی شریعتیں ختم کر دی گئیں۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ دوسری حدیثوں میں چھ کی بجائے پانچ خصوصیات بیان ہوئی ہیں۔ پس میرے خیال میں پہلی حدیث کے راوی کو غلطی لگی ہے کہ اس نے پانچ کو چھ کر کے بیان کر دیا۔"

قرآن و حدیث میں وہ کونسا مضمون ہے جسے مختلف پیرایوں، مختلف الفاظ، مختلف اوقات و مواقع کو ملحوظ رکھ کر حسب اقتضاء حال اجمال و تفصیل سے ادا نہیں کیا گیا۔ خود اپنی پیش کردہ احادیث کو ہی دیکھ لیں۔ آپ تو صرف پانچ اور چھ خصوصیات کے فرق کی بنا پر ہی نعل در آتش ہو گئے۔ ذرا گہری نگاہ ڈالتے تو کچھ اور بھی نظر آتا۔ اور سچ تو یہ ہے کہ آپ کو نظر آیا ہی۔ مگر چونکہ بحکم صاحب الغرض مجنون صرف اپنے مدعا کو پورا کرنا تھا۔ اس لئے آپ نے دیگر اختلافات کو گول مول ہی تسلیم کر کے چپ سادھ لی۔ دیکھئے پانچ خصوصیات والی حدیث میں چار تو وہی ہیں جو چھ والی میں اور ایک اور ہے یعنی شفاعت اور چھ والی میں شفاعت ندارد ہے اور اوتیت جوامع الکلم نیز ختم بی النبیون زائد ہیں مگر آپ کی دیانت داری ہے کہ ختم بی النبیون کا جملہ تو "زائد کا" مگر دوسرا اختلاف چپکے سے ہضم کر گئے یہ کیوں؟

صاحب من! آنحضرت کے فضائل و خصائص کا انحصار صرف انہی ۵ یا ۶ پر نہیں ہے۔ احادیث میں اور بھی بہت سے فضائل مرقوم ہیں مثلاً فرمایا انا اکثر الانبیاء تبعا یوم القیامۃ۔ انا اول من یقرع باب الجنۃ۔ لم یصدق نبی من الانبیاء ما صدقت

[1] تفصیل مطلوب ہو تو آج ہی ہماری کتاب "خاتم النبیین" کے خریداروں میں نام درج کرائیں۔ "معمار"

ahmadimuslim.de

انا سید ولد آدم وما من نبي يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائی - اقوم من یمین العرش لیس احد من الخلائق یقوم ذالك المقام غیری یعنی قیامت کے دن میری امت تمام انبیاء سے زیادہ ہوگی - جنت کا دروازہ سب سے اول میں کھٹکھٹاؤنگا جتنی میری تصدیق کی گئی ہے اور کسی نبی کی نہیں کی گئی میں اولاد آدم کا سردار ہوں - آدم اور ان کے علاوہ جملہ انبیاء قیامت کے دن میرے ہی جھنڈے کے نیچے پناہ گزیں ہونگے -

عرش الٰہی کے داہنے طرف میں ہی کھڑا ہونگا وغیرہ

وغیرہ - اسی طرح احادیث مشتمل بر اسماء نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر کہیں حضور کے پانچ نام مذکور ہیں کہیں چھ - جن میں چار نام پہلی حدیث سے مختلف ہیں وغیرہ - ایسا ہی دیگر ابواب حدیث میں قریباً قریباً یہی نقشہ نظر آئے گا -

اب کیا آپ سب جگہ اسی اصول کو کام فرمائینگے؟

خلیفہ ثانی یقیناً آپ کسی اہل حدیث محدث کی صحبت میں بیٹھتے تو ایسا نہ فرماتے - لیکن اس کا کیا علاج کہ آپ بھی اپنے والد ماجد کی طرح علم لدنی کے مدعی ہیں - اس لئے جو چاہیں کہیں جیسا انہوں نے دمشق سے مراد قادیان بتایا آپ بھی جو چاہیں کہہ دیں سننے والے زندہ رہیں - (باقی)

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

از سید عبد الحفیظ سلفی - ایڈیٹر مجلہ سلفیہ دربھنگہ (بہار)

کیسی مبارک آفریں ہوگی وہ ساعت جبکہ ہماری کانفرنس کا اکیسواں سالانہ اجلاس فتح گڈھ میں شروع ہوگا - خدا کرے جن مقاصد کو لیکر ہم لوگ وہاں جمع ہوں اس میں کامیابی نصیب ہو - کانفرنس کے ساتھ جماعت اہل حدیث کی محبت ایک فطری شے ہے کیونکہ یہی وہ کانفرنس ہے جس کے ذریعہ ہندوستان میں جماعت اہل حدیث کا ایک خاص وقار قائم ہے اور باوجود اس قدر انتشار کے یہ جماعت ایک زندہ جماعت سمجھی جاتی ہے - اللہ تعالیٰ اس مقدس ہستی کا سایہ قوم کے سر پر تادیر قائم رکھے جس کی مساعی جمیلہ سے یہ کانفرنس قائم ہوئی اور اب تک قائم ہے - بانیان نے کانفرنس کو قائم کرکے جماعت اہل حدیث پر جو احسان رکھا ہے وہ ناقابل فراموش ہے خدا ان کو جزائے خیر دے -

کانفرنس اور اس کی شاخوں کا قیام

مجھے نہایت افسوس ہے کہ گذشتہ چند سالوں سے جماعت اہل حدیث نے اپنی کانفرنس سے بڑی بے توجہی برتی ہے - یہی وجہ ہے کہ کئی سالوں کے بعد اس کا سالانہ اجلاس فتح گڈھ میں منعقد ہو رہا ہے - میرے ناقص خیال میں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی شاخیں تمام صوبجات میں قائم نہیں ہیں - یہی وجہ ہے کہ بعض صوبوں نے مختلف ناموں سے کانفرنس یا جمعیۃ قائم کر لی ہے اور ان کے اغراض و مقاصد کانفرنس سے جداگانہ ہیں انہیں کانفرنس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں کلکتہ اور پنجاب میں جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث قائم ہے - تو لاہور میں آل انڈیا اہل حدیث دار الاشاعت قائم ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جماعت کے لوگوں کی توجہ دوسری طرف ہوتی گئی اور کانفرنس کے ساتھ جو اگلی محبت تھی وہ جاتی رہی

ہمارے صوبہ بہار میں جماعت اہل حدیث کے بعض مخلصوں کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ صوبہ بہار کے اہل حدیثوں کی تنظیم کی جائے اور اس کا نام جمعیۃ اہل حدیث صوبہ بہار رکھا جائے - چنانچہ مجلس شوریٰ ہوئی اور اس مسئلہ پر کافی غور و خوض کیا گیا - آخر یہ بات طے ہوئی کہ کوئی نئی کانفرنس قائم کرنا قطعی غیر مناسب ہے کیونکہ اس سے بجائے اتحاد کے انتشار بڑھتا جائیگا - ہماری آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس قائم ہی ہے اسی کی شاخ قائم کی جائے اور اس کے مقاصد وہی ہوں جو آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے ہیں - اس سے سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ کانفرنس کے مقاصد کو پورا کرنے میں صوبائی کانفرنس تقویت پہنچائیگی - خدا کا فضل و احسان ہے کہ صوبہ بہار اہل حدیث کانفرنس قائم ہوئی - افسوس ہے کہ جماعت کے بعض افراد کی طرف سے اس کی مخالفت کی گئی - لیکن شکر ہے کہ یہ مخالفت کامیاب نہیں ہوئی اور اس کا پہلا عظیم الشان اجلاس دربھنگہ میں منعقد ہو رہا ہے

مجھے جہاں تک علم ہے کہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس نے اب تک صوبائی شاخوں کے قیام پر غور و خوض نہیں کیا ہے - ممکن ہے کہ ابتدا میں اس کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی ہو - لیکن اب موجودہ صورت حال میں جبکہ کانفرنس کے سامنے یہ مسئلہ بھی پیش نظر ہے کہ کیونکر کانفرنس کو زیادہ سے زیادہ مضبوط و مستحکم کیا جائے تو صوبائی شاخوں کے قیام کا مسئلہ بھی ہماری توجہ کا بہت زیادہ مستحق ہے میری یہ رائے ہے کہ جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب و کلکتہ کو کانفرنس کی شاخ بنا دیا جائے - اور اس کا الحاق کانفرنس سے ہو جائے - ان کا نام صوبہ پنجاب اہل حدیث کانفرنس و صوبہ بنگال اہل حدیث کانفرنس رکھا جائے اس طریقہ پر تین صوبوں میں تو کانفرنس کی شاخ آسانی کے ساتھ قائم ہو جاتی ہے - باقی صوبوں کے لئے ایک وفد بنایا جائے جو دورہ کرکے کانفرنس کی شاخ قائم کرے -

اہل حدیث کانفرنس کے آفس پر پنجابیوں کا قبضہ

ہماری جماعت کے بعض حضرات کو یہ اعتراض ہے کہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس محض چند پنجابیوں[۲] کی ہے - اس کا[۱]

---

[۱] کیا اور بہت کیا - صوبہ وار کیا - ضلع وار کیا بلکہ قصبہ وار کیا (فائل اہلحدیث کے گذشتہ فائل ملاحظہ کریں) مگر ان منتشر افراد کو کون جمع کرتا - (اہلحدیث)

[۲] پنجابیوں سے مراد دہلی کے پنجابی سوداگر ہیں - یہ اعتراض معاصر محمدیہ دہلی میں بھی نکلا ہے اور سامرود سے بھی اٹھا ہے - دونو صاحب یہی کہتے ہیں کہ یہ کانفرنس صرف سوداگران دہلی کی ہے اس میں علماء نہیں ہیں - ایسا کہنا غالباً عدم اطلاع یا تجاہل عارفانہ پر مبنی ہے - آج بھی جو علماء اس میں شریک ہیں اور شوریٰ میں شرکت کرتے ہیں ان کے اسمائے گرامی مندرجہ ذیل ہیں - مولانا احمد اللہ صاحب - مولانا شرف الدین صاحب - مولانا احمد صاحب - مولانا محمد یونس صاحب - مولانا عبید الرحمٰن صاحب - مولانا حکیم علی صاحب -

(باقی صفحہ ۱۰)

تفسیر واضح البیان (اردو) از مولانا سیالکوٹی (۳۹۸) ... دفتر اہلحدیث امرتسر

فرنس شروع سے انہی کے ہاتھوں میں ہے۔

میرے خیال میں یہ صوبائی تعصب ہماری جماعت کے لئے زیبا نہیں۔ ایک اہل حدیث خواہ پنجاب میں ہو خواہ بمبئی میں وہ ہمارا فرد ہے۔ جمیں اس سے صوبائی تعصب رکھنا قطعاً غیر مناسب ہے۔ یہاں پنجابی بہاری کا سوال نہیں بلکہ اصل سوال کام کا ہے۔ پنجاب سے کانفرنس کے قیام کے متعلق آواز اٹھی ملک کے تمام صوبوں نے اس کا ساتھ دیا۔ حافظ حمید اللہ صاحب نے کانفرنس کی خدمات میں نمایاں حصہ لیا، نیشنل سکرٹری مقرر ہوئے۔ یہ کوئی ضرور نہیں کہ کانفرنس کا نظم حافظ حمید اللہ صاحب ہی کے ہاتھوں میں محفوظ ہے۔ آج ہماری جماعت کا کوئی شخص حافظ حمید اللہ صاحب سے زیادہ کام کرنے والا اٹھے وہ نیشنل سکرٹری مقرر کیا جاتا ہے صوبائی تعصب کی بنا پر کسی کے کارناموں کو نظر انداز کر دینا کہاں کا انصاف ہے۔ باقی رہی یہ بات کہ ہرسال عہدہ داروں کا جدید انتخاب ہونا چاہئے۔ اس کے متعلق بھی نہایت ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہئے۔ ابھی انگریزوں کی حکمرانی کو ہندوستان میں زیادہ عرصہ نہیں ہؤا لیکن افسوس ہے کہ ہم اس قدر ذہنی غلامی میں مبتلا ہیں کہ اپنے تمام کاموں میں یورپ کی تقلید کو پیش پیش رکھتے ہیں۔ اور اپنی کانفرنسوں کے اصول و آئین وہی رکھتے ہیں جو یورپ میں مروج ہیں کانفرنس کی صدارت کے متعلق میرا خیال یہ ہے کہ جماعت کے تمام اصحاب رائے مل کر غور و فکر کریں اور اس کے بعد کانفرنس کی کرسی صدارت کو اس کی زندگی تک کے لئے حوالہ کر دیں[1] جس کی ذات پر ہمیں کامل یقین و اطمینان ہو اور جب تک اسلامی اصول کے مطابق اس سے کوئی ایسی بات سرزد نہ ہو جو اسلام کے صریح خلاف ہو تو ہمیں اس کی صدارت میں کسی قسم کا اعتراض نہ ہونا چاہئے۔

اب رہی یہ بات کہ ہماری جماعت میں ایسے افراد پیدا نہ ہو سکیں گے جو آئندہ چل کر کرسی صدارت کے فرائض کو انجام دے سکیں۔ تو اس کے متعلق میرا خیال ہے کہ صوبائی کانفرنسوں کے صدر یقیناً آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے صدر کے بعد اس کی جگہ پر کام کرنے کے اہل ہونگے۔ صدر کی معاونت کے لئے ایک مجلس شوریٰ قائم کر دی جائے۔ لیکن مجلس شوریٰ کا فیصلہ ووٹ کے ذریعہ نہیں کیا جائے بلکہ صدر کی اجازت کے بعد اس کا فیصلہ ہو۔ مجلس شوریٰ کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ جماعت کے صائب الرائے حضرات جناب صدر کے سامنے مسئلہ کے مختلف پہلوؤں کو پیش کر دیں اور اس کے بعد وہ وہی کریں جو صدر کا حکم ہو۔ اس طریقہ پر نظام اچھی طرح قائم رہ سکتا ہے اور یہی اسلامی طریقہ کار بھی تھا۔

کانفرنس میں شرکت کئی سال کے بعد کانفرنس کا یہ سالانہ اجلاس ہو رہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بہت سے اہم مسائل پر غور و خوض کرتا ہے۔ اس لئے ہمیں بوق در بوق کانفرنس میں شرکت کرنی چاہئے۔ میں اگرچہ پنجاب سے بہت دور رہتا ہوں لیکن خیال ہے کہ کانفرنس میں شریک ہوں[2]۔ امید ہے کہ قریب کے لوگ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہونگے اور اپنی کانفرنس کو کامیاب بنانے میں ہر ممکن کوشش کرینگے۔

(بقیہ حاشیہ از صلا)

مولانا عبد الوکیل صاحب۔ مولانا عبد الحنان صاحب غرض دہلی کے جملہ اہل حدیث بیع خاندان حضرت میاں صاحب مرحوم اس کے ممبر رہے۔ یہاں تک کہ مولوی عبد الوہاب صاحب صدر بازار والے اور حافظ حکیم عبد الوہاب صاحب بھی اس کے ممبر ہے۔ اور مجلس شوریٰ میں بھی شرکت کرتے رہے۔

سامرود تو دہلی سے بہت دور ہے اس لئے ان کا ایسا کہنا تو کچھ تعجب انگیز نہیں ہے۔ لیکن صدر بازار سے ایسی آواز اٹھنا کوئی وجہ نہیں رکھتا بجز اسکے کہ شیخ سعدی کے اس فقرے کی تصدیق کی جائے۔ ع

نزدیکاں بے بصر دور۔ (اہلحدیث)

[1] جہاں تک میرا گمان ہے کانفرنس کے جملہ عہدیدار مع ممبران مجلس شوریٰ اس پر راضی ہیں کہ کوئی اور جماعت اس کام کو اپنے ہاتھ میں لے لے۔ بعض دفعہ کچھ رد و بدل بھی ہؤا مگر اس میں کامیابی نہ ہوئی۔ اب بھی اگر کوئی جماعت یا کوئی شخص مستعد ہو کر اس کام کو ہم چلائینگے تو میں اپنی ذات خاص سے اصالتاً، حافظ حمید اللہ صاحب کی طرف سے نیابتاً اعلان کرتا ہوں کہ وہ ہمیں سبکدوش کریں۔ (مگر یہ اقدام) کام کو ترقی دینے کے لئے ہو نہ کہ تنزل کے گڑھے میں گرانے کے لئے۔ بے شک ایسے اصحاب جلسہ عامہ میں تشریف لائیں اور کھلی مجلس کانفرنس میں اس بحث کو اٹھائیں۔ ہم خود مع جناب صدر کانفرنس (مسلمہ عمرہ) کے عمر طبعی سے گزر چکے ہیں۔ ہماری خوشی کی حد نہ رہیگی اگر ہم کانفرنس کو اچھی حالت میں دیکھیں جس سے امید ہو کہ ہمارے پیچھے یہ بھی چلتی رہیگی۔ واللہ علی ما نقول شہید (اہلحدیث)

[2] امیر المؤمنین کی طرح؟

تردید کفارہ مسیح

(از قلم مولوی عبد الرؤف صاحب جھنڈے نگری)

کفارہ مسیح کے معنی ہیں کہ یہ اعتقاد رکھا جائے کہ حضرت مسیح ہمارے گناہوں کے عوض پھانسی دیئے گئے۔ چنانچہ پولوس (عیسائیوں کا مقدس رسول) کہتا ہے۔ یسوع مسیح نے ہمارے گناہ اٹھا لئے ہمارے لئے لعنتی ہؤا ہمیں شریعت کی لعنت سے چھڑا دیا یہ عقیدہ جیسا کچھ ہے اس کی تردید سنے بغیر اس کو ناقابل قبول کہہ سکتے ہیں قرآن مجید میں اس کی تردید کے لئے بہت مختصر لفظوں میں ارشاد ہے۔

لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی۔ (کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائیگا۔)

اس ظاہر البطلان عقیدے کی تردید میں مندرجہ ذیل مضمون ملاحظہ فرمائیں۔ (اہلحدیث)

"المائدہ" مسیحی ماہوار پرچہ نے سنہ رواں کے فروری میں وقوع کفارہ سے متعلق ایک مضمون شائع کیا ہے۔ اور اس مقصد کے ثابت کرنے کے لئے کہ مسیح لوگوں کے گناہوں کے لئے خوشی خوشی مصلوب ہوئے، پُرفریب چالوں سے کام لیا ہے۔ اب ناظرین کے سامنے ہم پہلے انجیل کی عبارت رکھ کر کھلا ہؤا مطلب پیش کریں گے بعد ازیں مسیحی نامہ نگار کی تاویل مع الجواب معروض کرینگے۔ واللہ الھادی و ھو الموفق للصواب۔

بقول عیسائیاں جب یسوع کی جان کنی کا وقت

[3] آپ مولانا عبد الجبیر صاحب کے ساتھ ضرور تشریف لائیے۔ (اہلحدیث)

(۲۹۹)

قریب ہونے لگا تو مسیح نے اپنے شاگردوں سے ایک ... میں گیا اور وہاں بیٹھ کر اپنے شاگردوں سے کہا کہ میری جان نہایت غمگین ہے یہ کہہ کر تھوڑا آگے بڑھا اور منہ کے بل گر کر یہ دعا مانگی :-

اے میرے باپ اگر ہو سکے تو یہ پیالہ (صلیبی موت) مجھ سے ٹل جاوے۔ (متی باب ۲۶/۳۹)

مرقس میں اس طرح ہے کہ

اے میرے باپ تجھ سے سب کچھ ہو سکتا ہے اس پیالہ (صلیبی موت) کو میرے پاس سے ہٹا لے۔ (۱۴/۳۶)

ناظرین! ان دونوں حوالوں سے صاف ظاہر ہے کہ مسیح صلیبی موت پر راضی نہ تھے۔ مثلاً ایک مریض اگر یوں کہے کہ اے میرے پروردگار اپنے حکم سے تو اس مرض کو دور کر دے تو اس سے کوئی ذی عقل یہ نہ سمجھیگا کہ مریض اپنے مرض پر راضی ہے۔ اس طرح حضرت مسیح کی فریاد کو سُن کر کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ حضرت مسیح اپنے پیالہ (صلیبی موت) سے راضی تھے۔

اس پر "المائدہ" کے نامہ نگار نے یوں لکھا ہے کہ :-

"خداوند نے اس پیالہ (صلیبی موت) کے خلاف اپنی خواہش کا اظہار کرنے کے ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا تھا کہ میری مرضی نہیں بلکہ تیری مرضی پوری ہو پس اگرچہ خداوند مسیح موت کے تلخ پیالہ کو پینا نہ چاہتا تھا۔ لیکن مشیت ایزدی کا پورا کرنا اسکے نزدیک اس سے بھی بڑھ کر تھا۔ پس اس کی یہ دعا اس کی بے قراری کا اظہار ہے نہ کہ نارضامندی کا۔ پس یہ کہنا کہ یہ دعا رد موت صلیب تھی بلکہ تدبر کا نتیجہ ہے۔"

ناظرین! نامہ نگار کا مذکورہ استدلال اسی انجیلی فقرہ سے ہے کہ میری مرضی نہیں بلکہ تیری مرضی پوری ہو۔ بلاشبہ یہ فقرہ لوقا میں ملتا ہے اور متی میں اس طرح ملتا ہے کہ مسیح نے دوبارہ جا کر دعا مانگی :-

"اے میرے باپ اگر یہ میرے پئے بغیر ٹل نہیں سکتا تو تیری مرضی پوری ہو" (۲۶/۴۲)

ظاہر ہے کہ مسیح نے اپنی دعا کی قبولیت کو خدا تعالے کی مرضی پر موقوف نہیں کیا۔ تاکہ نامہ نگار کا استدلال درست ہو سکے بلکہ مسیح نے خدا تعالیٰ کی مرضی کو رد بلا نہ کرنے پر موقوف کیا جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مسیح نے اپنے آپ کو بدرجہ مجبوری خدا تعالیٰ کے سپرد کیا ہے۔

ناظرین! متی کے فقرہ کو اس مثال کی روشنی میں سمجھیں۔

مثال ایک شخص اپنے افسر اعلیٰ سے بار بار کہتا ہے کہ سرکار مجھ کو جیل کی سزا سے بچا لیجئے اور پھر منہ کے بل گر گر التجا کرتا ہے کہ سرکار آپ کے بس کی بات ہے آپ مجھ کو اس بلا سے چھڑا لیجئے۔ اور پھر آخر میں باصول قہر درویش برجان درویش یہ بھی کہتا ہے کہ اچھا سرکار اگر بغیر سزا یافتہ ہونے کے میں بچ نہیں سکتا تو آپ ہی کی مرضی پوری ہو۔

تو کیا شخص مذکور کے ایسی التجاؤں اور فریادوں سے یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ وہ سزائے جیل پر رضامند ہو گیا اگر عقلاء اس کے رضامند ہونے کا ثبوت ان فقروں سے نہیں پا سکتے تو مسیح کی بابت انہیں فقروں کے استعمال کے باوجود رضامند ہونے کا ثبوت کیسے نکل سکیگا۔ ہم نامہ نگار کو مغالطہ نہیں دینا چاہتے۔ اس لئے کھلے لفظوں میں ہم کہتے ہیں کہ لوقا کی عبارت سے ان کا استدلال درست ہوتا اگر متی کے مزید فقرات مذکورہ اسکی تردید نہ کرتے۔ ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ مسیح کے واقعہ باغ میں اناجیل اربعہ کا یہ حال ہے۔

واقعہ باغ میں اناجیل اربعہ کا طرز یوحنا میں باغ میں جانے کا واقعہ ہے مگر شاگردوں سے دعا کرانے اور کرنے کا کچھ ذکر نہیں۔ اور لوقا میں صرف ایک بار اس طرح دعا کرنے کا ذکر ہے کہ

اے باپ یہ پیالہ مجھ سے ہٹا لے تاہم میری مرضی نہیں بلکہ تیری مرضی پوری ہو۔

اس کے بعد دوبارہ دعا کرنے کا مطلقاً ذکر نہیں۔ مرقس میں دوبارہ دعا کرنے کا ذکر ہے۔ متی میں واقعہ باغ کے دعا میں تین بار دعا کرنے کا ذکر ہے۔ اب ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ ہمارا استدلال اس کتاب سے ہے جو اس موقعہ کے بیان میں سب سے زیادہ تفصیلی بیان کر رہا ہے۔ پس جب ہم نے متی جیسے مفصل کتاب کے حوالہ سے مسیح کے دوبارہ سہ بارہ دعا کے حسب ذیل الفاظ کو نقل کر دیا

اے میرے باپ اگر یہ میرے پئے بغیر نہیں ٹل سکتا تو تیری مرضی پوری ہو۔

اور یہ ثابت کر دیا کہ مسیح کی دعا حسب بیان متی رضائے بالموت پر دلالت نہیں کر سکتی۔ تو پھر نامہ نگار کا متی کے فقرات کو نہ نقل کرنا اور دوسری اور تیسری بار کے دعائیہ فقرات کو نظر انداز کر دینا سوائے حق پوشی اور مغالطہ دہی کے کیا ہے۔ حالانکہ عیسائیوں نے متی کو اول الاناجیل قرار دیا ہے۔ اور عہد جدید کی سب کتابوں میں سے اس کو پہلے نمبر پر رکھا ہے۔

علاوہ ازیں مرقس اور متی کا بیان ہے کہ

اس کے بعد جب مسیح گرفتار ہوئے اور عدالت میں حاکم کے روبرو ہوئے اور آخر میں جب صلیب پر لائے گئے تو مسیح نے بڑے زور سے چلا کر کہا ایلی ایلی لما سبقتنی اے میرے خدا اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا۔"

(متی ۲۷/۴۶ مرقس ۱۵/۳۴)

اب ظاہر ہے کہ مسیح کا یہ شکوہ کہ اے خدا تو نے مجھ کو کیوں نہ بچا لیا اور موت کے لئے مجھے کیوں چھوڑ دیا۔ صاف دلالت کرتا ہے کہ مسیح اس موت کے لئے قطعی راضی نہ تھے۔ حضرت یوسفؑ بچپن میں جب بھائیوں کے ہاتھ تکلیف اٹھاتے ہیں تو وہ یہی کہتے ہیں ؎

کجائی اے پدر آخر کجائی
زحال من چنیں غافل چرائی

اب کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ حضرت یوسف اپنی اس طرح کی شکائت و فریاد کے باوجود اسی زدوکوب میں مبتلا ہونے پر راضی تھے۔ اگر یوسف کی رضا اس شکائت پر ثابت نہیں ہو سکتی تو مسیح کی شکائت کے باوجود رضا کا استدلال کیسے ہو سکتا ہے۔ حالانکہ دونوں شکائتیں متحد المعنے ہیں۔

نامہ نگار کی حیرانی دیکھئے کہ پہلے تو یہ لکھا کہ مسیح کی دعا ان کی بے قراری کا اظہار ہے نہ کہ رضامندی کا (صفحہ کالم ۲)

پھر چلتے چلتے یہ لکھا کہ

اس دعا سے ظاہر ہوتا ہے کہ خداوند مسیح

تورات، انجیل، اور قرآن مجید کا مقابلہ اور قرآن کی فضیلت

مرنے پر راضی نہ تھا۔ (صلا کالم اول)

تصرف قدرت ہے کہ حق بر زبان جاری گردد کے اصول پر کام لے رہی ہے۔

اس کے بعد نامہ نگار نے لکھا ہے کہ مسیح بذات خود موت پر راضی نہ تھا۔ ورنہ وہ خودکشی ہوتی۔ البتہ خدا کی مرضی کے ماتحت موت قبول کرنے پر آمادہ تھا۔

ہمارے نامہ نگار اگر علم منطق سے شناسا ہوں تو ہم ان سے یہ عرض کرینگے کہ موت پر راضی ہونا مطلق ہے اور کسی کے ماتحت موت پر راضی ہونا مقید ہے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ انتفاء مطلق سے انتفاء مقید ضروری ہے۔ پس جب آپ نے دعائیہ فقرات کو مدنظر رکھ کر یہ کہہ دیا کہ وہ مرنے پر راضی نہ تھا تو آپ نے انتفاء مطلق کر دیا۔ تو کسی کے ماتحت رہ کر مرنے پر راضی ہونے کی خود نفی ہو گئی۔ کسی نے خوب کہا ہے۔

؎ الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

اگر مسیح اپنی موت پر راضی ہوتے تو یہ مقولہ مسیح یوحنا میں مذکور نہ ہوتا۔ جب افسر عدالت نے یسوع سے کہا کیا تو نہیں جانتا؟ کہ مجھے تیرے چھوڑ دینے کا اور صلیب دینے کا اختیار حاصل ہے۔ یسوع نے اسے جواب دیا :-

اگر تجھے اوپر سے نہ دیا جاتا تو تیرا مجھ پر کچھ اختیار نہ ہوتا اس سبب سے جس نے مجھے تیرے حوالہ کیا اس کا گناہ زیادہ ہے۔

معلوم ہوا کہ مسیح کے سلسلہ گرفتاری سے لیکر حاکم عدالت تک سب گناہ گار رہیں۔ اور ان میں سے سب سے زیادہ گناہ اس کا ہے جس نے مسیح کو گرفتار کرایا۔ اب قابل غور ہے کہ اگر مسیح مصلوب ہونے پر اس لئے راضی تھے کہ لوگوں کے گناہوں کا کفارہ ہو جاویں تو جو لوگ ان کو مصلوب کرانے کا ذریعہ ہوئے ہیں ان کو آپ کیوں گنہگار بنا رہے ہیں۔ جب ان چند گنہگاروں کی بدولت مسیح مصلوب ہو کر دنیا کو نجات دے رہے ہیں تو عقلاً انکو گنہگار نہ ہونا چاہئے۔ کیونکہ وہ قابل تعریف چیز کے ذریعہ ہوئے ہیں۔ علاوہ اس کے جب مسیح موت پر راضی تھے تو براہ راست خود حاضر عدالت ہو کر صلیب پر کیوں نہ چڑھ گئے۔ تاکہ دوسروں کے گرفتار کرنے اور پھر ان کے گناہ گار ہونے کی ضرورت نہ پڑتی۔ آخر اس میں مصلحت کیا تھی کہ بقول عیسائیاں مسیح دوسروں کو گناہ گار بنا کر مصلوب ہوئے؟ دیدہ باید۔

معلوم ہوا کہ مسیح موت پر راضی نہ تھے اس لئے جو اسکے ذریعہ ہوئے وہ گناہ گار ہوئے۔ پس جب حضرت مسیح کا خوشی خوشی جان دینا ہی ثابت نہ ہوا تو مسئلہ کفارہ کے منعدم اور باطل ہونے میں کیا شک رہا۔

(باقی آیندہ)

بریلوی مشن

فرقہ غالیہ اور وحدت الٰہیہ

(از قلم مولوی عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

توحید مذہب اسلام کا مایہ ناز مسئلہ ہے۔ ہر زمانہ میں مسلمان اسی پر فخر کرتے رہے کہ مذہب اسلام نے جیسا توحید باری کو واضح بیان کیا ہے۔ کسی مذہب نے ایسی وضاحت نہیں کی۔ جہاں حضرت مسیح کی الوہیت کی تردید کی وہاں حضرت عزیر کے ابن اللہ ماننے والوں کو بھی توحید کی طرف دعوت دی۔ سورج پرستوں کو توحید سکھائی تو چندرماں کے پجاریوں کو بھی خدا ہی کی طرف جھکایا اور کھلا اعلان فرمایا :-

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ الآیۃ

سورج اور چاند کو سجدہ مت کرو بلکہ ان کے خالق (اللہ) کی پرستش کرو۔

باوجود اس مسئلہ کی پوری وضاحت کے آج ہندوستان کے مسلمان ایسی الجھن میں پڑ گئے ہیں کہ اپنے وہمی عقیدہ کی وجہ سے توحید اسلامی کو بالکل مسخ کر چکے ہیں۔ مولانا حالی مرحوم نے سچ کہا ہے ؎

وہ دیں جس سے توحید پھیلی جہاں میں
ہوا جلوہ گر حق زمین و زماں میں
رہا شرک باقی نہ وہم و گماں میں
وہ بدل گئی آکے ہندوستاں میں
ہمیشہ سے تھا جس پہ اسلام نازاں
وہ دولت بھی کھو بیٹھے آخر مسلماں

بریلوی خیال کے حضرات تو انتہا درجہ کے غالی ہیں اللہ کے بندوں میں خدائی صفات مانتے اور جانتے ہیں حضرت پیر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف میں اس درجہ غلو کرتے ہیں کہ موحد سننا بھی گوارا نہ کرے۔

محفل گیارھویں ایک کتاب پیر صاحب موصوف کے سوانح حیات پر لکھی گئی ہے۔ جس میں دیگر بے شمار واقعات کے علاوہ ایک واقعہ یہ بھی تحریر ہے کہ حضرت پیر صاحب کے پاس زندگی میں ایک عورت آئی اور اس نے بیان کیا کہ حضرت میرے ہاں انیس (۱۹) لڑکیاں پیدا ہوئیں اب میرا خاوند کہتا ہے کہ اب کے لڑکی ہوئی تو تجھے طلاق دیدونگا۔ چنانچہ عورت کی آہ و بکا سن کر پیر صاحب نے فرمایا لڑکا ہوگا وہ چلی گئی۔ پھر اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی۔ پھر پیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ پیر صاحب نے ارشاد فرمایا :-

جا تیری لڑکیاں اب لڑکے بن گئے ہیں۔ (ملخصاً)

ناظرین یہ سوال نہ کریں کہ لڑکیاں اس وقت ۱۸-۱۹ برس کی ہونگی۔ اگر ان کی شادی ہوئی ہوگی تو وہ جب لڑکے بن گئے تو ان کے خاوندوں کا کیا حشر ہوا ہوگا سامعین سبحان اللہ کہیں اور پیر صاحب کی کرامت (بے ثبوت) پر ایمان لے آئیں۔ ورنہ منکرین کرامت اور وہابی بن جائیں گے۔

اور سنئے ! حال ہی میں ہمارے مکرم مولانا ابوالخیر صاحب رحمانی (نسیم آہی) تحریر فرماتے ہیں کہ کراچی سے ایک اخبار نے ۱۹۲۸ء میں حضرت پیر جیلانی

رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف میں چند اشعار شائع کئے ہیں جو مولوی صاحب موصوف کی تحریر سے منقول ہیں۔ ناظرین پڑھیں اور حضرت غالیہ کی توحید کو دیکھیں کہ انہیں لوگوں کی توحید ہے جو پانچ وقتہ نمازوں میں پڑھا کرتے ہیں:-

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْن

اے خدا ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

اشعار غالیہ حسب ذیل ہیں :-

تخیل سے ہے بالاتر بڑائی غوث الاعظم کی
میاں محتاج ہے ساری خدائی غوث الاعظم کی
جہاں سے رزق بندوں کو خدا تقسیم کرتا ہے
نظر آئی وہاں پر بھی کلائی غوث الاعظم کی
دنیا پر بے حساب ہیں احسانِ دستگیر
جاری ہے دو جہان میں فرمانِ دستگیر
خالی نہ کوئی سائل گیا اس در سے
جو آیا بھری جھولیاں سیم و زر سے
مانگو تو خدا سے مانگو لیکن
ملتا ہے تو ملتا ہے انہیں کے گھر سے
وہ مشکل حضور آتے ہیں خود مشکلکشائی کو
پکارا جب کسی نے یا محی الدین جیلانی

(اخبار کراچی نیوز ۱۰ جولائی ۳۴ء)

ناظرین اہلحدیث ان اشعار کو پڑھ کر خلوص دل سے دعا کریں کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو خدا تعالیٰ سیدھی راہ پر چلائے اور توحید اسلامی کو سمجھنے کی توفیق عطا کرے آمین ثم آمین ؎

ہند کو اس طرح توحید سے بھر دے شاہا
کہ نہ آئے کوئی آواز جز اللہ اللہ

نورِ محمدی آج کل اہل بدعت نے گانا، بجانا اور قوالی وغیرہ کو بھی جائز کر رکھا ہے۔ چنانچہ اس کتاب میں قرآن مجید، حدیث شریف اور اقوال سلف سے گانے بجانے اور مروجہ قوالی وغیرہ کی تردید کی ہے۔ مصنفہ مولانا محمد صاحب دہلوی۔ قیمت ۱۲/ منگوانے کا پتہ۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ویدوں کے تراجم اور تفاسیر

(از قلم (پنڈت) مقصود حسن صاحب از جھانسی)

(۳ مارچ کے بعد)

"کاسمولوجی آف رگ وید"

Kosmology of the Rigveda

H. W. Wallis مصنفہ مسٹر ولس

اس کتاب میں دنیا کے آغاز کا حال ویدوں سے دکھایا گیا ہے۔ مطبوعہ لندن ۱۸۸۷ء۔

ویدک ریلجن۔ مصنفہ پادری مکڈانلڈ صاحب

Rev. K. S. Macdonald.

یہ ۱۶۴ صفحات کی مختصر سی کتاب مختصر طور پر ویدک دھرم کا بیان کرتی ہے۔ ۱۸۸۰ء میں کلکتہ میں ہرالڈ پریس میں چھپی تھی۔ باوجود اختصار کے اس کتاب میں سب کچھ ہے۔

فیلاسوفش ہمنن

Philosaphishe Hymnen ausder Rig and Atharva Veda

Lucian Sherman. مصنفہ ڈاکٹر شرمن

یہ کتاب جرمنی زبان میں اسٹراسبرگ واقع ملک جرمن میں ۱۸۸۷ء میں چھپی تھی۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں رگ اور اتھروید کے فلسفیانہ گیتوں کی شرح ہے۔ جو اصحاب ویدک فلسفہ کا مطالعہ کرنا چاہیں وہ اس کتاب کو ملاحظہ فرماویں۔ سہولت کے لئے ذیل میں اون تمام سوکتوں کی فہرست دی جاتی ہے جن کا ذکر اس کتاب میں ہے۔

اس کتاب میں رگ وید کے چھ اور اتھروید کے ۱۳ سوکتوں کی تفسیر ہے۔ یعنی رگ وید منڈل ۱۰ کے سوکت نمبر ۷۲ - ۸۱ - ۸۲ - ۹۰ - ۱۲۱ - ۱۲۹ - اور اتھرووید کے کانڈ ۲۔ سوکت ۱۔ کانڈ ۹ سوکت ۲۔ کانڈ ۱۰ سوکت ۲ و ۷ و ۸ کانڈ ۱۱۔ سوکت ۴ و ۵ و ۷ و ۸ کانڈ ۱۳ سوکت ۱ و ۲۔ کانڈ ۱۹۔ سوکت ۵۳ و ۵۴۔

رگ وید کلچر۔ مصنفہ ڈاکٹر ابناش چندر داس ایم اے۔ یہ عمدہ کتاب ۱۹۲۵ء میں کلکتہ یونیورسٹی کی طرف سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں ویدک زمانہ کی تہذیب اور تمدن کا مکمل نقشہ کھینچا گیا ہے۔ ولسن صاحب اپنے ترجمہ کی ہر جلد کے دیباچہ میں اون منتروں کا خاص طور پر ذکر کرتے ہیں جن سے اوس زمانہ کے تمدن پر روشنی پڑتی ہے۔ ڈاکٹر داس نے ویدوں کے طالب علم پر بڑا احسان کیا کہ اسی مضمون پر ایسی مبسوط کتاب لکھ دی ہے۔

مشہور سیاسی لیڈر لوکمانیہ بال گنگادھر تلک بھی ویدوں کے بڑے عالم تھے۔ خاص کر فن جوتش میں بہت دخل دیتے تھے۔ اس فن سے انہوں نے نتیجہ نکالا تھا کہ قدیم آریہ کسی سخت سرد خطہ کے باشندے تھے اسی وجہ سے ان کا قول تھا کہ وے بحر منجمد شمالی Arctic Ocean. کے قریب کے خطہ کے باشندے تھے۔ چنانچہ اس باب میں اون کی دو انگریزی کتابیں یعنی اوراین Orion اور دی آرکٹک ہوم ان دی ویداز The Arctic Home in the Vedas بہت مشہور ہیں۔ ڈاکٹر ابناش چندر داس نے لوکمانیہ تلک کی تھیوریوں (نظریات) کی ابطال میں بھی ایک مبسوط کتاب لکھی ہے۔

مسٹر رمیش چندر دت جنہوں نے رگ وید کا بنگالی زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ کئی تاریخی کتابوں کے بھی مصنف ہیں۔ آپ نے قدیم ہندوستان کی تاریخ

Ancient History of India.

تین جلدوں میں تحریر فرمائی ہے۔ اس میں ویدک زمانہ کا حال بھی نہایت شرح و بسط سے تحریر کیا ہے۔

سوامی دیانند سرسوتی جنہوں نے رگ اور یجر وید کی تفسیر اور اون کی بھومکا (مقدمہ) لکھ کر ویدوں کے معنے کرنے کا ایک نیا اور نرالا ڈھنگ نکالا ہے اون کی دو کتابیں اور مشہور ہیں۔ ایک ستیارتھ پرکاش جو ہندی

ahmadimuslim.de

رہنما نہ زندگی کے متعلق رسومات کا ذکر ہے۔ دوسری ستیارتھ پرکاش جو فرقہ آریہ کی گویا بائیبل ہے۔ ستیارتھ پرکاش سوامی جی کی زندگی میں ۱۸۷۵ء میں بمقام بنارس چھپی تھی۔ دوسرا اڈیشن سوامی جی کی وفات کے بعد اس کتاب کا نکلا جس میں طبع اول کی بہ نسبت بہت سے مضامین گھٹائے بڑھائے گئے تھے۔ پہلے اس کتاب میں قرآن شریف اور بائیبل پر اعتراضات نہ تھے جو طبع دوم میں ایزاد کئے گئے۔ آج کل فرقہ آریہ کی طرف سے اسی بعد کے ستیارتھ کی نقلیں شائع ہو رہی ہیں۔ طبع اول ان کے نزدیک ناقص اور تحریف شدہ ہے۔ طبع اول کی ستیارتھ پرکاش ختم ہو کر کمیاب ہو چکی تھی۔ لیکن اوس کو حال میں غازی محمود دھرم پال صاحب نے لدھیانہ سے اردو حرفوں میں اور سناتن دھرم پریس اٹاوہ نے بجنسہٖ ناگری حرفوں میں از سر نو شائع کر دیا ہے

ویدک اتہاس ارتھ نرنے مصنفہ پنڈت شیو شنکر صاحب اجمیری اس پانچسو صفحہ کی کتاب میں فرقہ آریہ کے خیالات کے مطابق یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ویدوں میں تاریخ اور قصص نہیں ہیں۔ سد دھرم پرچارک ینترالیہ نے گروکل کانگڑی سے اس کتاب کو شائع کیا تھا۔

ہندی زبان میں اور بھی بہت سی کتابیں ویدوں کے متعلق لکھی جا چکی ہیں لیکن اون سے کوئی نئی روشنی ویدوں کے مضامین پر نہیں پڑتی اور ان کا ذکر بھی طوالت سے خالی نہیں۔ اس لئے نظر انداز کیا گیا۔ (باقی)

حق پرکاش مصنفہ مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب اس کتاب میں اُن ایک سو انسٹھ اعتراضات کا معقول اور عالمانہ جواب درج ہے جو سوامی دیانند کی مشہور کتاب ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر کئے گئے ہیں۔ ان کا واحد جواب "حق پرکاش" ہے۔ کتاب کی خوبی دیکھنے پر منحصر ہے۔ تمام ملک کے ناظرین نے اسے بہت پسند کیا ہے۔ کئی بار چھپی ہے۔ نفیس چھپائی کاغذ عمدہ۔ قیمت [illegible] محصول ڈاک علیحدہ۔ پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

خدا کا قیمتی عطیہ

(بقلم حافظ خلیل احمد صاحب چھپروی)

نماز اسلام کا وہ رکن ہے۔ جو مسلمان پر سب سے پہلے فرض ہوتا ہے۔ سات برس کے بچے کو پڑھنا مستحب ہے اور دس برس کے بچے کو پڑھنا فرض ہے اور اخیر عمر تک فرض رہتا ہے۔ نماز کی فرضیت صحت و بیماری، خوشی و غم سفر و حضر اور خوف و خطر۔ غرض کسی حالت میں بھی مسلمان سے ساقط نہیں ہوتی۔ خواہ ہم گرم سے گرم تر ملک میں ہوں یا سرد سے سرد تر ملک میں کسی جگہ بھی کوئی موسم، کوئی عارضہ ایسا نہیں جو مسلمانوں کو نماز کی معافی دیتا ہو۔ مدت العمر تک عبادت الٰہی کی مداومت رکھنا کمال استقلال کا مظہر ہے۔ ہر روز پنجگانہ نماز کے اوقات کی حفاظت رکھنا پابندی اوقات کی زبردست تعلیم ہے جسم اور لباس اور مکان کو نجاست و آسودگی سے پاک صاف رکھنے کا اہتمام صحت جسمانی کے قیام کی بہترین تدبیر ہے۔ دل و زبان، اعضاء و دماغ کو عظمت الٰہی و جلال کبریائی کے سامنے مودب و مہذب رکھنا نورانیت روحانی کے لئے عجیب روشنی ہے۔

نماز میں جس قدر پابندی ہے وہ جلد سو جانے اور جلد جاگ اُٹھنے کی جس طرح تعلیم دیتی ہے۔ وہ جس طرح ہر ایک ٹائم ٹیبل کو اپنے ماتحت کر لیتی ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اسلام میں شہوانی نفسانی خیالات کو نماز کے ذریعہ کیسے ملیامیٹ کیا گیا ہے۔ نماز کے لئے مسجد کی حاضری اور جماعت کی پابندی تمدن و شائستگی کی جان ہے۔ اتحاد و یگانگت اور تبادلہ خیالات کا پاک ترین ذریعہ ہے۔ ایک جاہل بہت سی باتیں نظیر و نمونہ سے سیکھ سکتا ہے اور ایک عالم بآسانی تبلیغ کر سکتا ہے۔ ایک امیر غریب کے دوش بدوش کھڑا ہو کر مساوات کا سبق لیتا اور ایک غریب امیر کے برابر بیٹھ کر بچے دین کی انصاف سے اپنی روح کو خرسند کرتا ہے۔ جو لوگ نماز چھوڑ دیتے ہیں یا مسجد کی حاضری اور جماعت کی پابندی میں سستی کرتے ہیں وہ ان اخلاقی فضائل سے محروم رہتے ہیں۔ اور یہ ظاہر ہے کہ جس قوم کے فرد ایسے اعلیٰ اخلاق سے خالی ہونگے وہ کیا ہوں گے۔

خداوند کریم نے فرمایا ہے :-

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ؕ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ؕ نماز، نماز پڑھنے والے کو ناپاک کاموں اور لائق انکار فعلوں سے روک دیتی ہے۔ اور اللہ کے ذکر میں تو فوائد و فیوض، و انوار و اسرار، اس سے بھی بہت زیادہ اور بہت بڑھ کر ہیں۔ الغرض نماز استحکام ایمان و تقرب الی اللہ و تسکین قلب اور پراگندہ دنیاوی خیالات کا دفعیہ کرنے والی ہے۔ نماز کیا ہے؟ خدا کی منت و احسان کا اقرار، اپنی ارادت و عبودیت کا اظہار۔ اس کی عظمت و کبریائی کا اعتراف ہے۔ سابقہ انعام و اکرام کے ساتھ لاحقہ عطاء و فضل کی استدعا ہے۔

قرآن مجید کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شریعت الٰہیہ نے جیسا اہتمام نماز کے لئے کیا ہے ویسا اہتمام کسی اور کام کے لئے نہیں کیا ہے۔ کلام مجید میں تقریبا سات سو اٹھائیس نماز کے متعلق ہیں۔ اتنی آیات شائد عقیدہ توحید کے متعلق بھی نہیں ہیں۔ اب ان آیتوں میں سے بعض ہدیہ ناظرین کرتا ہوں تاکہ غور فرمائیں کہ نماز کے بارے میں کیسی ہدایات آئی ہیں اور کیسے مطالب عالیہ ارشاد ہوئے ہیں

وَاْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا ؕ لَا نَسْئَلُکَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُکَ ؕ وَالْعَاقِبَۃُ لِلتَّقْوٰی (سورہ طٰہٰ) اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے اہل کو نماز کی تاکید کیجئے اور خود بھی نماز کی پابندی میں مشقت برداشت کیجئے۔ ہم آپ سے روزی نہیں مانگتے۔ ہم تو خود ہی آپ کو روزی دیتے ہیں اور انجام تقویٰ ہی کے موافق آتا ہے۔

اس آیت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب بنا کر نماز کی تاکید کرنے کا حکم دیا ہے۔ معلوم ہوا کہ نماز کی

تاکید کرنا پیغمبروں کا کام ہے اور جو شخص نماز کی تاکید کو اپنا دستور العمل بنائے وہ نیابت پیغمبر کا کام کرتا ہے پھر جو آپ کو بھی نماز کی پابندی کی تاکید فرمائی معلوم ہوا کہ نماز اتنی بڑی چیز ہے کہ پیغمبر بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ جتنے انبیاء کرام دنیا میں مبعوث فرمائے گئے، نماز کا حکم سبھوں کو ملا۔ یہ بہت ممکن ہے کہ انبیاء سابقین کا طریقہ نماز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ نماز سے کچھ مختلف ہو۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ارشاد ہوتا ہے:- وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ اِنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ اَکَادُ اُخْفِیْھَا لِتُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰی (طٰہٰ) اور میری یاد کے لئے نماز قائم کرو بیشک قیامت آنے والی ہے۔ میں اس کا وقت (لوگوں سے) چھپائے رکھتا ہوں۔ (اور اس کا آنا اس لئے ہے) کہ ہر شخص کو اسکی کوشش کا بدلہ دیا جائے۔

ونیز حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ آپ لوگوں سے کہہ دیجئے۔ اَوْصَانِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَ الزَّکٰوۃِ وَ اَطِعْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔ (احزاب) کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویو نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ اور رسول کی اطاعت کیا کرو۔

نماز کے فضائل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ

نماز خیمہ دین کا کھمبا ہے،

غور کریں کہ اگر ستون نہ ہو تو چھت کیونکر قائم رہ سکتی ہے۔ اس سے یہ باریک نکتہ نکلتا ہے کہ تمام اعمال کا دارومدار ستون نماز پر ہے۔ نماز کو ضائع کرنا تمام تباہیوں کی بنیاد ہے۔ فرمایا:- فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِھِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوۃَ وَاتَّبَعُوا الشَّھَوٰتِ فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا۔ (سورہ مریم)

پھر پیغمبروں کے بعد کچھ لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے نماز ضائع کردی اور خواہشات کی پیروی کی پس وہ عنقریب ہر قسم کی گمراہی سے ملیں گے۔

نماز میں سستی کرنا تمام بربادیوں کی جڑ ہے۔ فرمایا:- فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلَاتِھِمْ سَاھُوْنَ (سورہ ماعون) بے نمازیوں کے لئے خرابی ہے جو نماز سے غفلت کرنے والے ہیں۔

ترک نماز دخول جہنم کا سبب ہے۔ فرمایا:-

یَتَسَاءَلُوْنَ عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ مَا سَلَکَکُمْ فِیْ سَقَرَ قَالُوْا لَمْ نَکُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ ۔

جہنمیوں سے پوچھا جائیگا کہ تم لوگ کس وجہ سے جہنم میں پڑے وہ جواب دینگے کہ ہم نماز نہ پڑھتے تھے

نیز خداوند کریم نے فرمایا:-

فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَوُا الزَّکٰوۃَ فَاِخْوَانُکُمْ فِی الدِّیْنِ ۔ کہ اگر تمہارے مخالفین توبہ کرلیں اور نماز پڑھنا اور زکوٰۃ دینا شروع کردیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہونگے۔

ونیز اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَ لَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ (سورہ روم) نماز پڑھتے رہو (کیونکہ اس کے چھوڑنے سے) مشرک ہوجاؤ گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

بَیْنَ الْعَبْدِ وَ بَیْنَ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ

عبادت اور کفر کے درمیان فرق نماز کا چھوڑنا ہے۔

ونیز دوسری جگہ فرمایا:-

اَلْعَھْدُ الَّذِیْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَھُمُ الصَّلٰوۃُ فَمَنْ تَرَکَھَا فَقَدْ کَفَرَ (ترمذی)

مسلمانوں اور کافروں میں فرق صرف نماز ہی کی وجہ سے ہے۔ پس جو کوئی نماز نہ پڑھیگا وہ کافر ہوگا۔

مگر افسوس صد افسوس کہ اتنی سخت تاکید کے باوجود بہتیرے مسلمان بھائی ایسے ہیں جو پابند نماز نہیں ہیں۔ اور فواحش و منکرات کا کھلم کھلا ارتکاب کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "جب خدا سے چوری نہیں تو پھر بندے سے کیا چوری"۔ ان کا شر متعدی سوسائٹی کے حق میں سم قاتل ہوتا ہے۔ اور ایک سوسائٹی بگڑ کر دوسری سوسائٹی کو بگاڑتی ہے اور رفتہ رفتہ اس کا اثر قومی تہذیب و تمدن پر پڑ کر رہتا ہے۔ جیسے کہ آج کل قوم کی ایک نوجوان جماعت جو روزہ و نماز کی قید سے آزاد ہوچکی ہے ان کا شر متعدی وبائی امراض کی طرح قوم کے بچوں میں پھیلتا چلا جاتا ہے۔ اگر اس کے انسداد کی کوئی صورت و تدبیر ہوسکتی ہے اور ہے تو یہی ہے کہ نماز کی پابندی مسلمانوں میں عام ہو۔

کاش! قوم کے سرمایہ ناز مغربی تعلیم یافتہ نوجوان جو نماز کے ارکان بدنی کو بندروں کی حرکات سے تشبیہ دیتے ہیں یا اگر بہت ادب کرتے ہیں تو وحشیوں کی بے ضابطہ قواعد سے تعبیر کرتے ہیں، اپنی سابقہ غلط فہمی پر متنبہ ہوکر قیام قعود، رکوع و سجود پر پھبتیاں اڑانے کی بجائے اپنے ذہن و ذکاوت سے کام لیں اور نماز کے ارکان بدنی کے واقعی فلسفہ سے اسلامی نماز کو بے حقیقت سمجھ کر نہ ٹھکرائیں اور مدعی اسلام ہوکر دین و شریعت کی توہین نہ کریں۔ نماز پڑھیں اور حقیقی نماز پڑھیں اور بغیر پڑھے خدا کو حاضر و ناظر سمجھ کر یہ نہ کہیں کہ ہم نماز پڑھتے ہیں لیکن بندروں کی سی حرکتیں نہیں کرتے۔ ہمارے دل نماز پڑھتے ہیں اور یہی اصلی نماز ہے۔

مگر آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ قیام و قعود، رکوع و سجود، اظہار طاعت و عبودیت کے جسمانی آداب ہیں جو روحانی کیفیت کو عیاں کرتے ہیں۔ جس طرح غم و غصہ شادی و خوشی کا اثر بدن اور اعضاء پر پڑتا ہے اور فطرتًا اس کی حرکات صادر ہوتی ہیں۔ کیونکہ جب دل کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو زبان اس کی ترجمانی کرتی ہے اعضاء اس ارادے کی تکمیل کے لئے پوری طرح مستعد ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح اگر واقعی آپ قلبی نماز پڑھتے تو ضرور ہے کہ آپ کی زباں دلی حالت کی ترجمانی کرے، آپ کے اعضاء قلبی کیفیت کو نمایاں کریں۔ اگر ایسا نہیں تو سمجھ لیں کہ آپ کی نماز قلبی نماز نہیں۔ اسلام نے بھی اسی قلبی نماز کا حکم دیا ہے اور اسی کو سراہا ہے علاوہ ازیں تمام اقسام ریاکاری وغیرہ کو برا بتایا ہے۔

مسلمانو! سوچو اور غور کرو کہ تمہاری شریعت کا کوئی حکم بھی نہ مصلحت و حکمت سے خالی ہے۔ نہ منافی فطرت و طبیعت ہے۔ پھر احکام شریعت سے اعراض کرنے کا کیا معنی ہیں۔ حضرت عمر بن خطاب و ابن مسعود و ابن عباس و معاذ بن جبل و جابر بن عبداللہ و ابو الدرداء وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین یہ سب صحابہ کرام اور امام احمد بن حنبل اور ابو داؤد و عبداللہ بن مبارک اور امام نخعی اور حکم بن عتیبہ اور ابو ایوب سختیانی علاوہ ازیں اکثر تابعین و تبع تابعین رحمہم اللہ اجمعین تارک نماز کو کافر کہتے ہیں۔ (باقی دیکھو صفحہ پر)

دیدار مصطفیٰ کا حق ... (۲) ...

فتاویٰ

تعاقب بر جواب نمبر ۸۳

اخبار اہلحدیث ۳ مارچ ۱۹۳۶ء میں مناسخہ کا جو مسئلہ درج ہوا ہے۔ اس میں کچھ مسامحت ہو گئی ہے۔ اس کی تقسیم ذیل کے مطابق ہوگی امید ہے کہ آنجناب اس پر نظر ثانی فرما کر اس کی تصحیح کر دیں گے

عبد الوہاب غفرلہ اللہ الکریم التواب از مدرسہ اسلامیہ نائی کی منڈی۔ آگرہ

مسئلہ ۵/ ۱۵/ ۶۰/ ۱۲۰/ ۲۴۰

المیت حافظ عبد اللہ

ابن حافظ محمد الدین	ابن حافظ محمد سلیم	بنت بختاور
۲/۶	۲	۱/۳/۱۲/۲۴/۴۸

المیت مسئلہ ۳ — مف ۲ بیٹھا تماین حافظ محمد سلیم

ابن محمد یعقوب	بنت اللہ رکھی
۲/۴/۱۶/۳۲/۶۴	۱/۲/۸/۱۶/۳۲

المیت مسئلہ ۲۴ — مف ۶ بیٹھا تماخل حافظ محمد الدین

زوجہ جندہ	بنت غلام فاطمہ	بنت بی بی	اخت بختاور
۳	۸/۱۶/۳۲	۸/۱۶	۵/۱۰/۲۰

المیت مسئلہ المو ۲ — مف ۳ بیٹھا تماین جندہ

بنت غلام فاطمہ	بنت بی بی
۱/۳/۶	۱/۳

المیت مسئلہ ۲ — مف بیٹھا تماین بی بی

زوج عمر الدین	اخت غلام فاطمہ
۱/۱۶	۱/۱۶

الاحیاء [illegible]

بختاور	محمد یعقوب	اللہ رکھی
۴۸	۶۴	۳۲

غلام فاطمہ	عمر الدین
۵۵	۱۶

مفتی جواب میں ایک غلطی کاتب صاحب سے رہ گیا تھا۔ یاد دہانی کا شکریہ۔ جزاک اللہ! ناظرین تمام جواب اصل صفحہ اخبار ۳۔ مارچ پر صحیح کر لیں۔

نوٹ مولوی علم الدین صاحب حافظ آبادی نے بھی اسی طرح اطلاع دی ہے۔ جزاہ اللہ!

تعاقب ۵۔ ذی الحجہ کے اہلحدیث میں سوال ۹۳ کا جواب نظر سے گزرا جو قابل نظر ہے۔

اگر محلہ والوں نے بالاتفاق کسی زمانہ میں اس قسم کی امداد منظور کی تھی۔ لیکن اب چند اشخاص اس رسم کو دور کرنا چاہتے ہیں۔ جس کا ثبوت شریعت سے نہیں ملتا تو آپ کے جواب سے کیسے ممکن ہے۔ میرے خیال میں یہ حکم ایسے موقع پر چسپاں نہ ہوگا بلکہ یہ حکم عام ہے مسلمانوں کو اپنی شروط پر قائم رہنا چاہئے۔ نیز باپ دادوں نے اگر اس قسم کی امداد بالاتفاق منظور کی تھی تو ان کی اولاد پر کیسے اس کا پورا کرنا لازم ہوگا۔ ان کی اولاد اس طریقہ سے امداد نہیں کرنا چاہتی المسلمون علیٰ شروطہم کے ماتحت ان کی اولاد کیسے آوے گی۔ میرے خیال میں اس قسم کی امداد کو معطی کی مرضی پر چھوڑ دیا جاوے۔ جتنا ہو سکے دے۔ محلہ والوں کو جبر کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں۔

(جمیل الانصاری آگہی۔ قصر الضیاء مئو آئمہ)

جواب جس طرح وارث اپنے مورث کے ترکہ کا مالک ہوتا ہے اسی طرح مرحومین کے عہد و پیمان کی پابندی بھی اس پر لازم آتی ہے۔ اگر اہل محلہ میں اختلاف ہے تو علی کر عہد کی پابندی کریں یا عہد جدید کی تشکیل کی جائے یہ امر صحیح ہے کہ نکاح کی اجرت کوئی شرعی امر نہیں۔ امامان مساجد کی خدمت کا معاہدہ ہے۔ لہٰذا اہل محلہ کو چاہئے کہ بحکم علی الموسع قدرہ وعلی المقتر قدرہ امیر غریب کا فرق دیکھیں۔ واللہ اعلم!

بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲

اور مسلمانوں میں بہت سے علماء کرام بے نمازی کو کافر قابل زجر جانتے ہیں اور اس کی بیوی پر طلاق ہو جانے کے قائل ہیں اور اس کا جنازہ پڑھنا بھی جائز نہیں بتلاتے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس کو قتل کا حکم دیتے ہیں۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے کہ قتل نہ کیا جائے بلکہ قید رہے یہاں تک کہ توبہ کر کے نماز پڑھے یا اسی قید ہی میں مر جائے۔ اور مولانا سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں کہ جو مسلمان باوجود نماز کی فرض جاننے کے سستی سے نہ پڑھے (جیسا کہ آج کل اکثر سفید پوش ہیں) اور اسے کوئی شخص نماز کے لئے بلاوے کہ آ نماز پڑھ۔ پھر بھی بلانے کے باوجود نہ پڑھے یہاں تک کہ اس سے بعد والی نماز کا بھی وقت چلا جائے تو ایسا شخص کافر ہے، اس کو تین دن توبہ کی مہلت دی جائے۔ اگر اس فعل قبیح سے توبہ نہ کرے تو تلوار سے قتل کیا جائے اور اس کا مال سرکاری خزانہ میں غنیمت کی طرح داخل ہو اور اس پر نماز جنازہ نہ پڑھنا چاہئے۔ اور مسلمانوں کے قبرستان میں بھی دفن نہ کیا جائے۔"

مگر افسوس کہ باوجود ایسے تاکیدی حکم کے بھی مسلمانوں میں اس قدر سستی ہے کہ جس کی کوئی حد نہیں۔ خدا ہدایت دے۔

س ۱۰۳ بریلی کی مساجد میں عموماً امام صاحبان اور نماز جماعت سلام پھیرنے کے بعد اپنا مونہہ شمال کی جانب کر کے دعا مانگتے ہیں۔ کیا ایسے طریقہ پر حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے یا بعد وفات حضور کے صحابہ کرام نے ایسا عمل کیا اور یہ طریقہ دعا امام صاحبان کا مطابق سنت نبوی ہے یا خلاف سنت؟

(احمد حسین از بریلی شہر کہنہ)

ج ۱۰۳ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد سلام پھیر کر دائیں یا بائیں منہ پھیر لیا کرتے تھے اور پھر دعائیں پڑھا کرتے تھے۔ اور نماز کے بعد دعا مانگنا آنحضرت سے ثابت ہے اس لئے نماز پڑھ کر دائیں یا بائیں پھر کر دعا مانگنا خلاف سنت نہیں۔ ایک ہی جانب مقرر کر لے۔ واللہ اعلم!

متفرقات

اہلحدیث کی ترقی اشاعت کے لئے ہر اہل حدیث بھائی کو کوشش کرتے رہنا چاہئے۔ تاکہ اخبار اپنے اخراجات کو برداشت کرتا ہؤا توحید و سنت کی اشاعت اور شرک و بدعت کی بیخ کنی کرتا رہے۔

رسالہ مرقع قادیانی ۱۳۲۳ھ میں دفتر ہذا سے ماہوار شائع ہؤا کرتا تھا۔ دو سال کے بعد ہی بند ہوگیا تھا۔ اس کی دونو جلدیں مکمل موجود ہیں۔ جن میں مرزائی بہائی۔ عیسائی اور آریہ مشن کے خلاف نہایت اہم اور مفید مضامین درج ہیں۔ قیمت فی جلد آٹھ آنہ۔ محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

مباحثہ تقلید شخصی جو یادگار رحلہ کا تیسرا نمبر ہے ماہ جنوری میں ہزارہا شائع ہؤا تھا۔ شائقین کی کثرت طلب کے باعث ختم ہوگیا ہے۔ اب آیندہ اس کی فرمائش نہ بھیجی جائے۔ البتہ رسالہ "نور توحید" و رسالہ "پیر جماعت علیشاہ صاحب کی امارت کی ابتدا اور انتہا" ابھی موجود ہیں۔ ہر ایک رسالہ کے لئے موازی لہ کے ٹکٹ (از امداد اشاعت فنڈ اور ۱ محصول ڈاک) آنے چاہئیں۔

اشاعت فنڈ میں از ڈاکٹر سید محمد فرید صاحب دربھنگہ ھہ۔ جناب ابو العلی عبد اللہ صاحب از چکدین عہ جناب محمد یعقوب صاحب از لکھی پور (آسام) عہ

عید آنہ فنڈ از جناب عبد اللہ صاحب سوداگر چیر کنڈ ۱ھ

غریب فنڈ سے اخبار جاری کرانے کے لئے ابھی کوئی صاحب داخلہ ارسال نہ فرمائیں۔ ورنہ منی آرڈر واپس کیا جائیگا۔ نیز دو روپیہ داخلہ آیندہ کے لئے قطعًا بند کر دیا گیا ہے۔

صحت نامہ اخبار اہلحدیث مورخہ ۱۰۔ مارچ سنہ رواں میں "البلاغ المبین" کے متعلق جو اشتہار دیا گیا تھا کہ ۱ر کے ٹکٹ ارسال کرنے سے بھیجی جائیگی۔ اس میں ٹکٹ کے اندازے میں غلطی لگ گئی تھی۔ لہذا اس اطلاع ثانی کے بعد جو صاحب طلب فرمائیں وہ رسالہ عیدین کے لئے تو بینک ۲ر کے ٹکٹ لیکن "البلاغ المبین" کیلئے ۱۱ (ڈھائی آنے) کے ٹکٹ ارسال کریں۔ اس سے قبل جو فرمائشیں آئی ہیں ان کی تعمیل پہلی اطلاع کے مطابق ۲ر ہی میں کر دیگئی ہے۔ (محمد ابراہیم میر سیالکوٹی)

دار العلوم احمدیہ سلفیہ دربھنگہ کے جلسہ مذاکرہ علمیہ کا تیرھواں سالانہ اجلاس بتاریخ ۲۶-۲۷۔ مارچ ۱۹۳۹ء مطابق ۴۔ ۵ صفر ۱۳۵۸ھ روز یکشنبہ و دوشنبہ بمقام ہریا سرائے اندر احاطہ دار العلوم مذکور منعقد ہوگا۔ جس میں اکابر علمائے کرام اپنے مواعظ حسنہ سے لوگوں کو مستفیض فرمائینگے۔ نیز رہبران قوم اپنے دار العلوم کے ہونہار طلبہ کی علمی ترقی کو بچشم خود ملاحظہ کرینگے۔

بیرونی اصحاب کے لئے طعام و قیام کا نظم جلسہ کی جانب سے ہوگا۔ المعلن (ڈاکٹر) سید محمد فرید ناظم جلسہ

بہار صوبائی اہل حدیث کانفرنس کا پہلا سالانہ اجلاس بتاریخ ۲۸۔ مارچ روز سہ شنبہ دربھنگہ میں منعقد ہوگا۔ لہذا جماعت اہل حدیث سے عمومًا اور محترم علمائے اہل حدیث اور اصحاب صائب الرائے سے خصوصًا مخلصانہ التماس ہے کہ وقت کی نزاکت اور تنظیم جماعت کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس ضروری اور اہم اجلاس میں جوق درجوق شرکت کریں اور اپنے مفید اور قیمتی آراء سے جماعت کو مستفیض فرمائیں۔

نوٹ:۔ تاریخ ۲۷۔ مارچ روز دوشنبہ بعد نماز ظہر سبجکٹ کمیٹی کی نشست ہوگی۔ جن میں ان تجویزوں پر بحث کی جائیگی جو عام اجلاس میں پیش ہونگی۔

المعلن:۔ محمد اسحاق آروی (صدر مدرس دار العلوم احمدیہ سلفیہ دربھنگہ) صدر مجلس استقبالیہ کمیٹی صوبائی اہل حدیث کانفرنس (بہار)

ضرورت ہے اگر کوئی اہل حدیث بھائی لکھنؤ میں میری فرم میں مستری کا کام کرنا چاہیں وہ مجھ سے خط و کتابت کریں یا اگر وہ اپنا مال مجھے بھیج سکیں تو میں خرید کر لونگا۔ میرے کارخانے میں فٹ بال، ہاکی، بیڈمنٹن اور جال بنتے ہیں۔ اس لئے ایسے کاریگر درکار ہیں جو یہ مال بنانا جانتے ہوں۔ (سید عبد العزیز اہل حدیث مالک یونیورسٹی سپورٹس۔ قیصری باغ سرکس لکھنؤ۔

رسائل ثلاثہ یعنی امام الزمان، مہدی منتظر اور مجدد دوراں" کو جن احباب نے ملاحظہ کر لیا ہے وہ تو جانتے ہیں اور جنہوں نے ابھی تک نہیں کیا وہ جان لیں کہ ان رسائل نے خدا کے فضل سے قوم میں خاص قبولیت حاصل کی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ مرزائے قادیانی کے مقابلہ میں خاص ان رسائل ثلاثہ کے متعلق کوئی جامع و مدلل کتاب جس سے حقیقت امر منکشف ہو اور قادیانی دعوے کا پردہ چاک ہو جائے نہیں لکھی گئی۔ بعض احباب نے آفرین اور مبارک بادی کے خطوط لکھے۔ بعض حضرات نے یہ لکھا کہ ان رسائل کی اشاعت سے مناظرین اسلام کے لئے اُردو زبان میں ایک نہائت مفید اور ضروری اضافہ ہؤا ہے۔ لیکن ان تعریفوں سے میری خوشی پوری نہیں ہوتی بلکہ میری خوشی اس میں ہے کہ یہ کتاب بہت زیادہ تعداد میں چھپے اور ملک کے گوشہ گوشہ میں شائع ہو کیونکہ فتنۂ قادیانی دور دور تک پھیلا ہؤا ہے۔ ایک بالکل معمولی لیاقت کا مسلمان اس کتاب کا مطالعہ کر کے مرزاجی کے ہر سہ دعاوی (امامت کبریٰ، مہدویت اور مجددیت) کی لاجواب تردید کر سکتا ہے —— حاجی عبد الکریم صاحب سوداگر صدر جمعیتہ تبلیغ اہل حدیث کلکتہ نے اس کتاب کا ایک سَو نسخہ منگوایا ہے۔ جو میرے خیال میں کلکتہ جیسے آباد شہر کے لئے بہت کم ہے۔ کُل کتاب ایک ہزار کی تعداد میں چھپی ہے جو اتنے وسیع ملک کے لئے کافی نہیں۔ اس تعداد میں سے کچھ کتابیں رسالہ تبلیغ اہل حدیث کے مستقل خریداروں کو بھیجی جا چکی ہیں۔ کچھ سیالکوٹ میں دستی فروخت ہوئی ہیں کچھ دیگر مقامات کے شائق احباب منگوا رہے ہیں۔ میرے خیال میں یہ تعداد بہت جلد ختم ہو جائیگی اور نوبت دوسری طبع کی آجائیگی۔ میری تجویز یہ ہے کہ ہر مقام کی انجمن اہل حدیث یا ذی ثروت اہل حدیث احباب اپنے ہاں مشورہ کر کے مجھے سیالکوٹ میں اطلاع دیں کہ ان کو کتنے نسخے بھیجے جائیں تاکہ دوسری طبع میں اس تعداد کے لحاظ سے طبع کرائی جائے قیمت معمولی ہوگی۔ اس پہلی دفعہ کی طبع میں بعض وجوہات سے خرچ زیادہ اٹھا ہے اس لئے قیمت ۸ر رکھنی پڑی۔ لیکن بعد دوسری طبع میں وہ وجوہات پیش نہیں آئیگی اس لئے قیمت بہت کم۔ غالبًا ۳ر یا ۴ر ہوگی۔ ایک سَو کی تعداد

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

فلسطین کانفرنس

کی

پہلی نشست کا انجام

اس کانفرنس کے دوران میں اعراب فلسطین اور یہودیوں میں شدید اختلاف رہا۔ کسی نقطہ پر جمع نہ ہوسکے۔ اور نہ ہوسکتے تھے۔ کیونکہ اعراب کا مطالبہ تھا کہ فلسطین میں آزاد قومی حکومت قائم ہو اور یہودیوں کی مزید ہجرت بالکل بند کی جائے۔ ادھر یہود کا مطالبہ تھا کہ ہجرت پر کوئی پابندی عائد نہ کی جائے اور فلسطین کی حکومت براہ راست برطانیہ کے ماتحت رہے۔ حکومت نے جو آخری تجویز پیش کی ہے وہ اس مشکل قضیے کا حل نہیں بلکہ اسکو اور پیچیدہ کردینے والی ہے۔ کیونکہ اس تجویز میں گورنمنٹ نے فلسطین کو تین حصوں میں تقسیم کردیا ہے (جیسا کہ پہلے بھی کیا تھا) مگر تقسیم کی نوعیت بدل گئی ہے۔ پہلی تقسیم تو انتظام کے لحاظ سے تھی اب یہود کے ہاتھ اراضیات کے فروخت کے جواز یا عدم جواز کے لحاظ سے کی گئی ہے۔ ملک کے ایک حصے میں اراضی کی فروخت قانوناً جائز ہوگی دوسرے حصے میں خاص شرائط سے مشروط ہوگی۔ اور تیسرے حصے میں بالکل ممنوع قرار دیگئی ہے۔ حالانکہ عربوں کا مطالبہ تھا کہ یہود کے ہاتھ اراضی کی فروخت قطعاً ممنوع ٹھیرائی جائے۔ اسی طرح عرب یہ بھی چاہتے تھے کہ فلسطین میں یہودیوں کا داخلہ بالکل بند کردیا جائے حکومت نے ہجرت کا مسئلہ اس طرح حل کیا ہے کہ پندرہ ہزار سالانہ کی تعداد سے پانچ سال تک یہودی ہجرت کا سلسلہ جاری رکھ سکتے ہیں۔ اس کے بعد [illegible] اور عربوں کے مطالبہ آزادی کا جواب یوں دیا ہے کہ جب تک عرب اور یہودی باہم مل کر [illegible]

ہوجائینگے اس وقت تک فلسطین کو آزادی نہیں دیجائیگی (نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے)۔ سوست ہائی کمشنر کے ماتحت ایک ایگزیکٹو کونسل مقرر کی جائیگی۔ جس میں عربوں، یہودیوں اور انگریزوں کے ممبر لئے جائینگے جن کو حکومت نامزد کریگی۔ اعراب فلسطین کے نمائندگان نے تو اس سکیم کو ناپسند کیا ہے۔ جیسا کہ ان کے سکرٹری کے بیان سے ظاہر ہے جو اخبارات میں شائع ہؤا ہے۔

ادھر یہودیوں نے بھی اپنی ناراضی کا اظہار ایک اعلان کے ذریعہ کیا ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ وہ ایک دن مقرر کرکے اس فیصلے کے خلاف احتجاج کرنے کو ہڑتال کرینگے برطانیہ کے اس فیصلے پر گویا یہ شعر صادق آتا ہے ؎

گاہ بت شکنی وگاہ بمسجد زنی آتش

از مذہب تو گبر و مسلماں گلہ دارند

نتیجہ یہ ہؤا کہ فلسطین میں پھر بمباریوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ مگر ہم اپنے خیال پر مصر ہیں جو ہم نے "اہلحدیث" مورخہ ۳۔ مارچ میں ظاہر کیا تھا کہ ایک دو نشستوں میں اس نزاع کا فیصلہ نہیں ہوگا۔ جس طرح ہندوستان کے لئے لندن میں گول میز کانفرنس کئی مرتبہ بیٹھی تھی۔ تب جاکر کچھ فیصلہ ہؤا تھا۔ اسیطرح فلسطین کا قضیہ طے ہوگا۔ حکومت برطانیہ ہی نہیں بلکہ ہر ایک حکومت کا یہی قاعدہ ہے کہ سو دینا ہو تو پچاس کی آواز دیتی ہے۔ اس لئے سیاسی نگاہ سے ہم نا امید نہیں ہیں۔ بشرطیکہ مانگنے والے اپنے ارادے میں ایسے ہی مستقل رہے جیسے ہندوستانی رہے تھے۔

آج ہم دوسرا خیال ظاہر کرتے ہیں کہ فلسطین میں عنقریب لڑائی جھگڑا بند ہوجائیگا۔ اسی طرح جنگ وزیرستان بھی ختم ہوجائیگی۔ (انشاء اللہ!)

کیونکہ چیکو سلواکیہ کے متعلق انگلستان، فرانس اور جرمنی کے درمیان جو معاہدہ ہؤا تھا جس کو معاہدہ میونک کہتے ہیں۔ جس کی رو سے اس ملک کا وہ حصہ جرمنی کو دیدیا گیا تھا جس میں جرمنوں کی اکثریت تھی اور باقی ملک کی آزادی تسلیم کرلی گئی تھی۔ جرمنی کے ڈکٹیٹر ہر ہٹلر کے ہاتھوں اس معاہدے کا وہی حشر ہؤا جو قیصر جرمنی نے کیا تھا کہ معاہدے توڑنے کے لئے ہوتے ہیں۔ اب

اس خبر کی تصدیق ہوگئی ہے کہ ہر ہٹلر نے اپنی فوجیں چیک اور سلواک دونوں جگہ بھیجدی ہیں جہاں اس کا کوئی حق نہ تھا۔ برطانیہ کے وزیر اعظم اور وزیر نوآبادیات نے اعلان کیا ہے کہ ہر ہٹلر کی اس معاہدہ شکنی سے ہماری سخت توہین ہوئی ہے جسے ہم برداشت نہیں کرسکتے۔ اگر فوجی طاقت کے استعمال کا وقت آگیا تو ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بات بھی صحیح ہے انگلستان اور فرانس نے چیکوسلواکیہ کی قربانی دیکر حلوائی کی دوکان پر باباجی کا فاتحہ دیا تھا مگر اس سے ان کا اصل مقصود حاصل نہ ہؤا۔ ہم نے انہی دنوں اپنا خیال ظاہر کردیا تھا کہ جرمنی کا بھوکا بھیڑیا صبر و قناعت سے کام نہیں لیگا۔ بکریوں کا مالک اگر اُسے ایک بکری دیگا تو وہ اِسے اُسکے ضعف و کمزوری پر محمول کرکے اور ہاتھ ماریگا۔ چنانچہ اب ہم یہ خبریں آرہی ہیں کہ ہر ہٹلر اپنی مقبوضہ نوآبادیوں کا مطالبہ بہت جلد کرنے والا ہے۔ انہی دنوں ہم نے یہ خیال بھی ظاہر کیا تھا کہ ہر ہٹلر ان نوآبادیات کے بیس سالہ محاصل کا مطالبہ بھی کریگا۔ آخر انگلستان اور اسکے حلیف کہاں تک اس کے ظلم کو برداشت کرتے جائینگے۔

برطانیہ کے وزیر اعظم کا یہ کہنا کہ حسب ضرورت فوجی طاقت کا استعمال بھی کیا جائیگا۔ یہ در اصل جنگی کاروائی کی طرف اشارہ ہے۔ جب وہ وقت آئیگا تو فلسطین اور وزیرستان کے یہ چھوٹے چھوٹے ہنگامے خود بخود ختم ہوجائینگے۔

برطانیہ۔ دیسی ریاستیں

اور

فیڈریشن

دیسی ریاستوں کے حالات اور رئیسوں کی عیش پرستیوں کو دیکھ کر یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ کوئی شخص جو ایک مرتبہ بھی کسی ریاست میں چلا جائے تو سخت دکھ اٹھائے بغیر واپس نہیں آسکتا۔ ریاستوں کی آمدنی کا کثیر حصہ رئیسوں کی ذاتی ضروریات میں خرچ ہوتا ہے سوائے ریاست حیدرآباد دکن کے۔ کیونکہ وہاں کے رئیس

ذاتی اخراجات کے لئے ابتدا ہی سے ایک حصہ مخصوص کیا جاتا ہے۔ جس کا نام صرف خاص ہے۔ چاہے وہ تناسب آمدنی کے لحاظ سے زیادہ ہے یا کم۔ بہرحال وہ محدود اور معتانہ ہے۔ عرصہ ہوا ہم نے برطانوی حکومت کو توجہ دلائی تھی کہ ہر حالئے ریاست کو اُس کے اخراجات کے لئے ریاست کی آمدنی میں سے فی روپیہ ایک آنہ یا دو پیسے کے حساب سے خرچ دیا جائے اور اس کو میزانیہ میں درج کیا جائے۔ اس وقت تو ہماری آواز صدا بصحرا ثابت ہوئی۔ لیکن صدق دل سے نکلی ہوئی آواز ضائع نہیں جاتی۔ آخر کار اپنا اثر دکھاتی ہے۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ وائسرائے بھی اپنی تقریروں میں ریاستوں پر توجہ فرماتے ہیں۔ چنانچہ ۱۳۔ مارچ کو دہلی میں بہت سے والیان ریاست کے سامنے تقریر کرتے ہوئے آپ نے ان لوگوں کو بہت اچھا سبق دیا۔ یعنی ریاستوں کی بد انتظامیوں اور رئیسوں کی فضول خرچیوں پر ان کو توجہ دلاتے ہوئے بڑی بات یہ کہی کہ اب عوام بیدار ہو چکے ہیں انکو زیادہ عرصہ تک غافل نہیں رکھا جا سکتا۔ اس لئے ضرورت ہے کہ آپ لوگ خود ہی بیدار ہو جائیں۔

فیڈریشن انگلستان کی پارلیمنٹ نے ہندوستان کے جدید آئین کی رو سے فیصلہ کیا ہے کہ دیسی ریاستوں اور برطانوی ہند کے نمائندوں کی ایک مشترکہ مجلس بنائی جائے جس کا نام فیڈریشن یعنی وفاق ہے۔ پہلے عام طور پر یہ خیال پیدا ہو گیا تھا کہ کانگرس فیڈریشن کو قبول کریگی۔ کیونکہ اس نے اس سلسلہ میں منجملہ دیگر شرائط کے بڑی شرط یہ پیش کی تھی کہ دیسی ریاستوں کے نمائندوں کو والیان ریاست نامزد نہ کریں بلکہ عام رعایا اپنے نمائندے منتخب کر کے فیڈریشن میں بھیجے۔ لیکن کانگرس نے اپنے اجلاس تری پوری میں فیصلہ کر دیا ہے کہ فیڈریشن کو کسی صورت میں قبول نہ کیا جائیگا۔ اور اسکو رد کرنے کے لئے ہر ایک قسم کی قربانی کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے کیونکہ فیڈریشن کے نفاذ کی صورت میں صوبائی حکومتوں کے نام نہاد اختیارات بھی منتقل ہو کر فیڈرل اسمبلی کو مل جائینگے۔ اس کے علاوہ ملک کو مزید حقوق حاصل ہونے کا موقع بھی جاتا رہے گا۔ اس قرارداد کے ذریعہ کانگرس کی دونوں جماعتوں (دائیں اور بائیں بازو) میں سمجھوتہ بھی ہو گیا ہے۔ اسی اجلاس میں کانگرس نے ریاستوں کے اندرونی معاملات میں دخل دینے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔

اب دیکھیں آگے چل کر ملک میں اس کشمکش کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ مصلحت بینی کے پیش نظر غالباً جھک جائیگی۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)

مدح صحابہ پر دار و گیر

لکھنؤ میں

ہمارا ملک (ہندوستان) عجیب شر و فساد کا منبع ہے اس کے باہمی جنگ و جدال کے باعث اس کو ہندوستان جنت نشان کہنے کی بجائے جنگستان کہنا چاہئے۔ کہیں ہندو مسلم لڑائی ہے تو کہیں مسلم و سکھ جھگڑا ہے اور کہیں ہندو سکھ تنازع۔ لکھنؤ میں شیعہ و سنی کی جنگ ختم ہونے میں نہیں آتی بلکہ روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ مولانا حسین احمد دیوبندی نے تقریر کرتے ہوئے یہاں تک کہہ دیا ہے کہ اب یہ تحریک لکھنؤ سے مخصوص نہیں رہی بلکہ اس کا اثر تمام ملک میں پہنچ گیا ہے اور یہ تحریک آل انڈیا بن گئی ہے۔ قریباً چار سو آدمی گرفتار ہو چکے ہیں۔ جن میں مولوی عبد الشکور صاحب جیسے چوٹی کے عالم بھی ہیں۔ اور ابھی یہ سلسلہ جاری ہے۔ حکومت کی پالیسی ہماری سمجھ سے بالاتر ہے ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے شہر امرتسر میں تعزیہ ایسے بازاروں میں بھی گزرتا ہے جہاں ہندو آبادی اکثریت میں ہے مگر حکومت وہاں تعزیے جانے سے نہیں روکتی۔ ادھر لکھنؤ میں سنیوں کو مدح صحابہ پڑھنے سے اس لئے روکتی ہے کہ وہاں شیعہ سنی آبادی مخلوط ہے اور اس سے شیعوں کی دل آزاری ہوتی ہے۔ ہم حیران ہیں کہ دونوں شہروں میں انگریزی حکومت قائم ہے۔ مگر پالیسی میں اختلاف اتنا ہے جتنا دو جداگانہ حکومتوں میں ہوتا ہے۔ اگر یہ خیال ہو کہ حکومتیں بھی الگ الگ ہیں۔ ایک کانگرسی ہے دوسری غیر کانگرسی۔ تو یہ جواب صحیح نہ ہوگا۔ کیونکہ لکھنؤ میں مدح صحابہ کا جھگڑا کانگرسی حکومت سے بھی پہلے کا ہے۔ اس کے علاوہ خود کانگرسی حکومت انگریزوں کے ماتحت ہے گورنر اگر چاہے تو اس معاملہ میں دست اندازی کر سکتا ہے۔

مولوی مظہر الدین دہلوی کا قتل

اس ہفتے کا بڑا سنسنی خیز واقعہ یہ ہے کہ دہلی میں دن دہاڑے مولوی مظہر الدین اڈیٹر "الامان" قتل کئے گئے مولوی صاحب مرحوم اپنے دفتر میں کام کر رہے تھے کہ دو نوجوان ان کے پاس آئے۔ ایک نے ان کو باتوں میں مشغول کیا اور دوسرے نے پیچھے سے چاقو سے حملہ کر کے آپ کا کام تمام کر دیا۔ طرہ یہ ہے کہ دفتر کے ملازمین دفتر میں بیٹھے تھے۔ مگر وہ دو نو حملہ آور فوراً بھاگ گئے اور موقع پر گرفتار نہیں ہو سکے۔ بعد کی خبر ہے کہ دو آدمی اس سلسلہ میں گرفتار ہوئے ہیں۔ یہ بات بے ثبوت معلوم ہوتی ہے کہ حملہ آور حملہ کے بعد کہتے تھے کہ یہ مولویوں کو گالیاں دیا کرتا تھا۔ ہمارے خیال میں یہ ایک خاص قسم کا پروپگنڈا ہے۔ جس سے مقصود یہ ہے کہ مخالف رائے مولویوں کو آلودہ کیا جائے۔ مولوی مظہر الدین مذہبی اور سیاسی خیالات کے لحاظ سے بہت سے علماء سے اختلاف رکھتے تھے۔ ایسا ہوا ہی کرتا ہے۔ لیکن اس کا نتیجہ قتل بنانا یا بتانا کسی طرح زیبا نہیں ہے۔ پولیس کی ہوشیاری اور مستعدی سے امید ہے کہ وہ ضرور اس کا سراغ نکالیگی۔ کچھ شک نہیں کہ مرحوم ایک چست و چالاک کارکن تھے جہیر الصوت مقرر تھے۔ اہل قلم تھے۔ آپ نے خدا داد استعداد کی بنا پر ادنیٰ درجے سے ترقی کی تھی۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انکو بخشے اور انکے پسماندگان کو صبر اور نیکی کی توفیق دے اور کسی ناکردہ گناہ کو اس سے آلودہ نہ کرے ؛

درخواست اخبار خاکسار ایک غریب اور مفلس اہل حدیث ہے۔ باوجود اس تنگی کے اخبار "اہلحدیث" کا شوق دامنگیر ہے مگر بوجہ قیمت ادا نہ کر سکنے کے مجبور ہو کر اصحاب کرم کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں کہ کوئی صاحب میرے نام پر اخبار اہلحدیث جاری کرا کر [illegible] ہوں۔ [illegible]

ahmadimuslim.de

گنجینہ روزگار
قیمت ۸/ محصول علیحدہ
پتہ منیجر اہلحدیث امرتسر

خوراک اور صحت
کے متعلق بہترین ہدایات ایک کارڈ لکھ کر مفت منگالیں۔
نورسن کمپنی، محمد مارکیٹ ہال بازار امرتسر

مرض ذیابیطس کی زود اثر کیمیاوی دوا

الذیابیطس

نعمت غیر مترقبہ ہے — تجربہ شرط ہے

اگر خدانخواستہ آپ یا آپکا کوئی عزیز ہمسایہ مرض ذیابیطس یا سلسل البول یا بول الدم میں مبتلا ہے یا آپ کے بچہ یا عورت کو بول فی الفراش کی شکایت ہے تو الذیابیطس منگاکر قدرت کا تماشہ دیکھیگا جس کے صرف تین ہفتہ کے استعمال سے بار بار پیشاب کا آنا۔ پیاس کا زیادہ لگنا۔ پانی پیتے ہی بذریعہ پیشاب خارج ہوجانا۔ پیشاب میں شکر یا دیگر مادہ کا خارج ہونا۔ پنڈلیوں میں درد۔ بدن میں خشکی اور ترہل وغیرہ عوارض مرض اکیس یوم میں دور ہوجاتے ہیں صرف چوبیس گھنٹے میں دوا اپنا سحری اثر دکھاکر پیاس اور پیشاب کی کثرت میں نمایاں فرق کردیتی ہے ۲ خوراک نمونہ منگاکر تجربہ کیجیئگا۔ اگر حسب تحریر نمونہ اثر نہ کرے تو نمونہ کی قلیل اجرت حلفیہ تحریر کرنے پر واپس کردیجائیگی قیمت کمل ۴۲ خوراک ۲۱ یوم کے لئے ۵ روپیہ۔ نمونہ خوراک ۲ ۱/۴ محصول علاوہ۔

بچوں کی دانت نکلنے کی تکالیف کا ایک مؤثر علاج

حیات الصبیان

محافظ صبیان — محافظ صبیان

یہ مسلمہ ہے کہ بچوں کے دانت نکلنے کا زمانہ گویا کہ بچے کی زندگی اور موت کا سوال ہے۔ بچوں کے منہ سے ایک قسم زہریلا مادہ لعاب دہن کے ہمراہ یا دودھ کے ہمراہ پیٹ میں جاتا ہے اور طرح طرح کے عوارض مثلاً ہرے پیلے دست قے۔ نفخ۔ بدہضمی۔ سوکھا پن وغیرہ پیدا ہوجاتے ہیں اور جس میں اکثر چالیس فیصدی بچے ضائع ہوجاتے ہیں۔ یہ دوا بچوں کے لئے بے حد مفید ثابت ہورہی ہے اسکے استعمال سے دانت نہایت آسانی سے نکل آتے ہیں اور بچے ہر قسم کے عوارض سے محفوظ رہتے ہیں تندرست اور توانا رہتے ہیں۔ ترکیب نہایت سہل ہے۔ جو بلا بدرقہ استعمال ہوتی ہے قیمت فی شیشی ۱۲/ تین شیشی ۲/ محصول بذمہ خریدار۔ پتہ مطب حکیم سید ظہیر الحسن ڈمیفیل کمشنر متھرا (یوپی)

سرمہ نور العین

(مصدقہ مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۸/۔ منگوانے کا پتہ۔ منیجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ (پنجاب)

انگریزی سیکھنی ہو

تو جدید انگلش ٹیچر منگاکر پڑھیں۔ اسمیں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ، محاورات، قواعد گرامر اور اردو سے انگریزی میں ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت سی مشقیہ عبارت دی گئی ہے۔ بڑی مفید کتاب ہے۔ بالضرور منگوائیں قیمت ۸/ پتہ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

مارچ ... نہیں آتا ہے



ادھی قیمت
میں
امرت دھارا فارمیسی
کی تمام ادویات

امرت دھارا فارمیسی اپنے ۳۸ ویں سالانہ جلسہ کی تقریب میں اپنی ادویات کے ان تمام آرڈروں پر جو ماہ مارچ کے اندر ہندوستان اور اس کے باہر کسی بھی ڈاکخانہ سے پوسٹ کئے جاویں۔ پچاس فیصدی کمیشن دے گا۔

پیشگی روپیہ
جمع کرانے کی صورت میں
سال بھر وہی رعایت

اس ماہ مارچ کی بدولت ایک بے نظیر فائدہ اور حاصل ہوگا اگر آپ کچھ روپیہ اس ماہ مارچ میں جمع کرادیں گے تو یہ رعایت سال بھر ہی آپ کو تب تک ملتی رہے گی جب تک آپکا روپیہ ختم نہیں ہوجائے گا۔

امرت دھارا
مرکبات نیز کشتہ سوناو
... قیمت میں

امرت دھارا اور اس کے مرکبات نیز کشتہ سوناو ہیرا بھی ۲۵ فیصدی کیشن کاٹ کر دیا جائے گا۔

... کی قیمت
... تمام کتب

تندرستی اور حفظان صحت پر پنڈت ٹھاکر دت شرما وید کی قلم جادو رقم سے لکھی ہوئی تمام کتب جن میں کام ورتی شاستر حصہ اول بھی شامل ہے۔ پچاس فیصدی کمیشن کاٹ کر دی جائے گی۔

امراض مخصوصہ مردمان۔ رسالہ امرت اور فہرست ادویات کتب مفت منگائیں!

امرت دھارا لاہور

(۹۰۷)

دہلی میں

کتب خانہ رشیدیہ ہی وہ کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرح قاضی شرح تجرید بخاری	للعہ	کرمانی شرح بخاری ۵ جلد	[illegible]	تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے ارزاں ہوگئی	[illegible]
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ	[illegible]	سیرۃ الحلبیہ	[illegible]	تفسیر خازن مع معالم	[illegible]
بخاری مع حاشیہ سندی	[illegible]	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ	[illegible]	المنجد طبع تاسعہ	[illegible]
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ	[illegible]	فیض القدیر شرح جامع صغیر (للمناوی) ۶ جلد مجلد	[illegible]	تسہیل العربیہ المنجد کا اردو ترجمہ و خلاصہ اکبر از صفحات مجلد	للعہ
مفتاح کنوز السنہ۔ حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں۔ ان کی مکمل فہرست	[illegible]	تاج العروس شرح قاموس ۱۰ جلد	[illegible]		

نوٹ:۔ فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جاسکیں۔ اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی

(۴۱۰)

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد [illegible]

ان دو نو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے۔

پتہ:۔ مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرلے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۰×۲۶/۸ کے ۱۰۴ صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلےٰ۔ اصل قیمت تین روپے۔ رعایتی قیمت [illegible]

پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

[illegible]

مصدقہ علمائے اہل حدیث و [illegible] اہلحدیث۔

علاوہ ازیں بکثرت تازہ و شاندار شہادات آتی رہتی ہیں۔

خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ بیرش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان، اکسی اور وجع سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک [illegible] پاؤ بھر [illegible] مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالیٔ برہما سے ایک پاؤ کی قیمت معہ محصول ڈاک [illegible] پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادتیں

جناب عبد الستار صاحب بمبئی۔ "میں نے آپکے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کردیجئے" (۹ جنوری ۱۹۳۰ء)

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور "دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے۔ اس کے قبل چند بار مختلف پتہ سے منگوا چکا ہوں بہت مفید ثابت ہوئی" (۱۰ فروری ۱۹۳۰ء)

جناب راؤ عبد الواسع خان صاحب کیری۔ "آپکی مومیائی کی بہت تعریف ہے فائدہ مند بھی ہے میں نے اس سے پیشتر [illegible]

[illegible]

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کی فہرست کتب ہر شخص مفت منگوا سکتا ہے۔

آپ کا فرض

ہر نوجوان۔ شادی شدہ یا مجرد۔ امیر یا غریب کوئی نہ کوئی اپنا متعلقین رکھتا ہے۔ اور یہ اس کا فرض ہے کہ وہ اپنے پسماندگان کیلئے اپنی موت ہوجانے کی صورت میں کافی سرمایہ چھوڑے۔ اس فرض کی تکمیل کے لئے اورنٹیل کو مدد کا موقع دیجئے۔

چونسٹھ سال کے زائد عرصہ سے اورنٹیل کی پالیسیوں نے ہزارہا خاندانوں کو ان کی ضروریات مہیا کرنے والوں کی موت واقع ہوجانے پر بوقت ضرورت امداد بہم پہنچائی ہے۔

جلدی یا بدیر ہر انسان ناقابل بیمہ ہوجاتا ہے۔ لہذا اپنے فرض کو پورا کرنے میں کوتاہی نہ کیجئے۔

اپنی زندگی کا بیمہ اورنٹیل میں کرائیے اور اپنے پسماندگان کے مستقبل کو محفوظ کیجئے۔

تفصیلات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ہیڈ آفس بمبئی۔ قائم شدہ ۱۸۷۴ء یا اس کے کسی برانچ آفس یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

ایکٹنگ برانچ سکرٹری۔ اورنٹیل لائف آفس نیشنل بنک آف انڈیا۔ بلڈنگ ہال بازار امرتسر سے خط و کتابت کریں۔

(۷۱)

شہادت القرآن مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں حیات مسیح علیہ السلام کو عالمانہ رنگ میں ثابت کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں لفظ توفی کی تحقیق انیق کی گئی ہے اور حصہ دوم میں ان تمام قرآنی آیات کا جواب دیا گیا ہے جو مرزا صاحب قادیانی نے براہین احمدیہ میں اپنے دعوے (وفات مسیح) پر بطور استدلال کے پیش کی تھیں۔ قیمت حصہ اول ۱۲؍ حصہ دوم ۱۲؍ مکمل ۱؍

الخبر الصحیح اس رسالہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر شریف پر مفصل بحث کرکے قادیانی خیالات کی تردید کی گئی ہے۔ مرزا صاحب کی تحریروں میں اختلاف متعلقہ قبر مسیح ثابت کیا ہے۔ قیمت ۲؍

المسیح الموعود مصنفہ مولوی محمد عثمان صاحب نصیر آبادی۔ حضرت مسیح کا بطور معجزہ کے زندہ بجسمہ آسمان پر اٹھایا جانا اور قرب قیامت کے نزول فرمانا دلائل قویہ کے ساتھ ثابت کرکے مخالفین کے اعتراضات کو عقلاً و نقلاً غلط ثابت کرکے ہر پہلو سے ان پر اتمام حجت کیا گیا ہے۔ قیمت ۸؍

[illegible] علی القادیہ مصنفہ مولوی محمد عالم صاحب [illegible]۔ اس کتاب میں مرزائی مشن پر بڑی سیر کن بحث کی ہے [illegible]
[illegible]

فارم ۲ [illegible] ۹

فارم نوٹس زیر تحت دفعہ (۱) دفعہ ۱۳۔ ایکٹ امداد مقروضین پنجاب ۱۹۳۴ء
قواعد ۱۲ و ۱۳ [illegible] قواعد مصالحت قرضہ پنجاب ۱۹۳۵ء

ہرگاہ منکہ [illegible] ولد [illegible] خان ذات پٹھان سکنہ فتح پور افغاناں تحصیل شکرگڑھ۔ ضلع [illegible] ۔ ایکٹ مذکور مسمی پور نجند وغیرہ تا رضاں تحصیل شکرگڑھ ضلع [illegible] کے لئے ایک درخواست دیدی ہے اور [illegible] کی رائے میں یہ مناسب ہے کہ قرضدار مذکور [illegible] کے قرضخواہ کے مابین تصفیہ کرانے کی کوشش کی جائے لہذا تم جملہ قرضخواہ [illegible] مذکور مقروض ہے) بذریعہ تحریر ہذا حکم دیا جاتا ہے تم [illegible] تاریخ اشاعت سے دو مہینے کے اندر [illegible] تحریری نقشہ جو تمہیں قرضدار مذکور [illegible] بتاریخ ۱۴ ۲۹/۴ دفتر بورڈ واقع شکرگڑھ میں پیش کرو۔
[illegible]

اخبار [illegible]

محمدیہ پاکٹ بک [illegible]

[illegible] تمام مباحث میں کامیاب [illegible] اب [illegible] چھپائی [illegible]

مرزا [illegible] اس رسالہ میں مرزا صاحب کی تحریرات سے ان کے متعلق عجیب [illegible] قابل دید ہے۔ قیمت ۱ر

مغالطات مرزا و الہامی تول

از منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب کے عجیب و غریب مغالطات، الہامات اور متناقض بیانات کا انکشاف کر کے ان کی تردید کی گئی ہے۔ نیز قادیانی الہام سازی کے حالات ظاہر کئے ہیں۔ قیمت صرف ۲ر

عالم کباب مرزا

از مصنف موصوف۔ اس رسالہ میں مرزا غلام احمد قادیانی کی ایک اہم پیشگوئی متعلقہ پسر عالم کباب پر مفصل تبصرہ کرتے ہوئے اس کی مدلل تردید کی ہے۔ دیکھنے کے قابل ہے ضرور منگوا کر لطف اٹھائیں۔ قیمت صرف ۲ر

ائمہ تلبیس

مصنفہ مولوی ابو القاسم رفیق دلاوری۔ ائمہ تلبیس کی دو حیثیتیں ہیں۔ اول علمی اور تاریخی۔ دوم تبلیغی اور کلامی۔ پہلی حیثیت کے اعتبار سے یہ کتاب اپنی نوعیت میں سب سے پہلی اور مفصل کوشش ہے جس میں تاریخی [illegible] کے حالات اس شرح و بسط سے بیان کئے گئے ہیں کہ زبان اردو کو اس پر بجا فخر ہونا چاہئے۔ عصر حاضر میں جبکہ مسیحیت، الوہیت، مہدویت کے دعوے کر کے عوام کو گمراہ کرنا رواج ہو گیا ہے [illegible] کے لئے [illegible] بصیرت افروز ثابت ہوگی۔ ملک کے ممتاز علماء نے اس کو پسند کیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت [illegible]

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

[illegible] گورکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے:۔

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار۔ امرتسر

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

حصہ اول

مصنفہ حکیم [illegible] محمد عبد اللہ صاحب مصنف کنز المجربات وغیرہ جس میں ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کے مخفی افعال و خواص کو سالہا سال کی محنت و جانفشانی، ہزارہا کتب کی ورق گردانی، لاتعداد حکماء کرام سے تبادلہ خیالات اور اپنے بے شمار تجربات کو حکایات، مفردات، عجائبات، صدریات، [illegible]، سنیاسیات اور کشتہ جات کے علیحدہ علیحدہ ابواب میں شائع کیا گیا ہے۔ ضخامت سوا پانچسو صفحات۔ قیمت تین روپیہ۔

محصول ڈاک [illegible] منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

معلم خوشنویسی

[illegible] قیمت ۴ر

سرمہ اکسیر العین

[illegible]

حالات مرزا

مصنفہ چوہدری محمد اسحاق صاحب امرتسری۔ قرآن و حدیث کی روشنی کے بعد قادیانی لٹریچر سے مرزا صاحب کے دعاوی مجددیت، مسیحیت، مہدویت، نبوت کی تردید کی ہے۔ قیمت ۵ر

نشان حج اور مرزا

مؤلفہ حکیم محمد عبد الرحمن صاحب ساکن [illegible] مرزا صاحب کے حج نہ کرنے کے متعلق مرزائی لوگ جو رکیک تاویلات سے کام لیا کرتے ہیں [illegible] جواب دے کر ثابت کیا گیا ہے کہ [illegible]

رئیس قادیان

مصنفہ ابو القاسم رفیق دلاوری۔ مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے حالات جدید طرز پر۔ ایسے حالات آپ کو کسی اور کتاب میں نہیں ملیں گے۔ جب تک کتاب شروع کر کے ختم نہ کر لیں چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ کتابت نہایت عمدہ۔ قیمت [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۲

اہلحدیث

اخبار امرتسر

ناسخ ہر بدعت ہے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین [illegible] کتاب اللہ و سنتی — اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

(۱) دینِ اسلام اور سنتِ نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرطِ پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عشہ
رؤسا و جاگیرداروں سے ۱۰ ۶
عام خریداران سے ۵ ۰
[illegible] ششماہی ۲ ۰
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۹ صفر المظفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

خطاب بہ اہل حدیث

(از مولوی ابوالحاذق محمد نجیب اللہ صاحب نشتر گورکھپوری حال مقیم مئو اعظم گڑھ)

خرمنِ باطل کے حق میں برق شعلہ بار بن
گردنِ باطل پہ حق کی تیغ جوہر دار بن

کوچۂ تقلید میں ہرگز نہ رکھ اپنا قدم
رہرو سنت کے قولِ غیر سے بیزار بن

رہ کے سرگرمِ عمل قرآن و سنت پر مدام
ہو تو منظورِ خدا اور مصطفیٰ کا یار بن

تابکے تجھ میں زیاں کاری یہ غفلت تابکے
ہوش میں آ خواب سے اٹھ اور نیکوکار بن

بزمِ عالم میں سراپا راز ہے تیرا وجود
نغمۂ توحید کا تو کاشفِ اسرار بن

غیرتِ قومی بتا کیوں تجھ سے عنقا ہوگئی
درس خودداری کا دے عالم کو پھر خوددار بن

[illegible] کا تجھے احساس ہونا چاہئے
خوابِ غفلت چھوڑ اب ہشیار بن ہشیار بن

تیری غیرت پہ تری ہی بزدلی ہے حرف زن
اہل ہمادرین [illegible] کشِ اغیار بن

نشتر تیرے دل میں باقی نور ایماں ہے ابھی
پھر ضرورت ہے جہاں میں قابلِ ایثار بن

فہرست مضامین

نظم (خطاب بہ اہلحدیث) - - - - ص ۱
انتخاب الاخبار - - - - - ص ۲
مسئلہ طلاق، خلع اور آریہ - - - - ص ۳
آخری فیصلہ پر مباحثہ کی درخواست - - - ص ۴
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - - ص ۵
نخ گرادہ چلو - - - - ص ۶
میرے تاثرات - - - - ص ۶
تردید کفارہ مسیح - - - - ص ۸
جماعت اہلحدیث کی جماعتی پراگندگی - - ص ۱۰
ویدوں کے تراجم اور تفاسیر - - - ص ۱۱
ضروری پیغام مسلمانان عالم کے نام - - ص ۱۲
فتاوی - متفرقات - ص ۱۳
[illegible] اشتہارات - - - ص ۱۴

انتخاب الاخبار

(منتخبہ ۲۷۔ مارچ ۱۹۳۹ء)

—— امرتسر میں حالات مکمل طور پر پُرسکون ہیں۔ کرفیو آرڈر، دفعہ ۱۴۴ بھی منسوخ کر دی گئی ہے۔ مگر لاٹھی، تلوار وغیرہ لیکر چلنا ابھی ممنوع ہے۔

—— امرتسر سے ہندوؤں کی طرف سے حیدر آباد دکن کو دوسرا جتھہ روانہ ہوا ہے۔

—— امرتسر ۲۱۔ مارچ کو قلعہ بھنگیاں میں ایک نوجوان محمد یٰسین دو پارٹیوں میں حملہ آوروں کو چھڑاتے ہوئے قتل ہوگیا۔ اس سلسلہ میں چار مسلم نوجوان گرفتار کر لئے گئے۔

—— لاہور ۲۲۔ مارچ کو مولانا عبید اللہ صاحب سندھی ۲۴ سالہ جلاوطنی کے بعد مراجعت فرمائے لاہور ہوئے۔ دو تین روز قیام کے بعد دہلی تشریف لے گئے۔

—— لاہور پنجاب اسمبلی کا اجلاس شروع ہے۔ کسانوں کی طرف سے نئے بندوبست میں مالیہ کی زیادتی کے خلاف مظاہرے ۲۳۔ مارچ سے جاری ہیں۔ ہرچند علاقہ سیکرٹریٹ میں دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے مگر کسان اس کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ۲۶۔ مارچ تک ۱۳۷۔ اشخاص گرفتار کر لئے گئے۔

—— وائسرائے ہند نے خلع بل پر دستخط کر دیئے ہیں اور بل مذکور کو ۱۷۔ مارچ سے نافذ کر دیا ہے۔

—— مولانا مظہر الدین دہلوی کے قتل کے سلسلہ میں چند اور اشخاص گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ان میں سے ایک سلطانی گواہ بن گیا ہے۔

—— مولوی عبد الولی قطب الدین نے مولانا مظہر الدین کے قتل کے سلسلہ میں ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے جمعیتہ العلماء و مجلس احرار کے اکابر علماء کے خلاف بہت سخت الفاظ کہے جس کی بنا پر ان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ انہیں ضمانت پر رہا کر دیا ہے۔

—— آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے جنرل سیکرٹری نے بذریعہ اعلان ڈاکٹر سیف الدین کچلو کے انتخاب پریذیڈنٹ کانگرس صوبہ پنجاب کو جائز قرار دیدیا ہے۔

—— پنجاب کے مختلف مقامات پر بارش اور اولے پڑنے جس سے فصلوں کو کافی نقصان ہوا۔ کسانوں کی اطلاع کے پیش نظر فی الحال مزید بارش کی قطعاً ضرورت نہیں۔

—— کراچی۔ گورنمنٹ سندھ نے داد الیگزرانج اور مس ادم راد سے سے علیحدہ علیحدہ زیر دفعہ ۱۴۴ نوٹسوں کی تعمیل کرائی ہے کہ ادم منڈلی کے مرد عورتوں اور عورتیں مردوں سے نہ ملیں۔ اس سلسلہ میں دو ہندو وزیر مستعفی ہوگئے ہیں۔ اوم منڈلی کے خلاف ایجی ٹیشن جاری ہوگئی ہے۔ مظاہرین اسمبلی ہال کی طرف ستیہ گرہ کرنے جا رہے ہیں۔ تقریباً چار سو گرفتاریاں ہو چکی ہیں۔

—— مسٹر سبھاش چندر بوس کانگرس ورکنگ کمیٹی کی ترتیب کے متعلق اعلان کر دیا ہے۔

جلسہ کانفرنس کے متعلق

آخری اطلاع

۷۔ اپریل سے جلسہ فتح گڈھ چوڑیاں میں شروع ہوگا۔ آج کل یہاں کا موسم ایسا ہے جیسا پورب میں فروری کے آخری ایام میں ہوتا ہے۔ پس اس کے مطابق پوشش اور بستر ساتھ لائیں۔ کلکتہ میل صبح ۶ بجے اور بمبئی کی ڈاک جو دہلی سے گزر کر آتی ہے صبح ۷ بجے امرتسر پہنچتی ہے۔ اور بمبئی ایکسپرس ۶ بجے شام پہنچتا ہے۔ صبح کے وقت پہنچنے والے اصحاب کو فتح گڈھ جانے والی گاڑی ½۸ بجے باآسانی مل سکتی ہے۔ ریلوے کتاب میں اوقات دیکھ کر گاڑی پسند کریں۔ (مفصل صفحہ ۱۴ پر ملاحظہ ہو)

حساب دوستاں

اخبار ہذا کے صفحہ ۱۴ پر ضرور ملاحظہ فرمائیں

—— جرمنی نے چیکوسلواکیہ کے بعد میمل پر بھی قبضہ کر لیا ہے۔ (آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا؟)

—— مسٹر کارڈل ہل سیکرٹری آف سٹیٹ امریکہ نے ایک بیان شائع کیا ہے کہ جرمنی نے دنیا کے امن کو خطرہ میں ڈال دیا ہے۔

ایک مفید اور ارزاں سبزی

(از دفتر کمشنر اصلاح دیہات پنجاب لاہور)

ٹماٹر کا استعمال اگر صحیح طریقہ سے کیا جائے۔ تو جسم میں قوت اور خون پیدا ہوتا ہے۔ اس میں وٹامن بکثرت موجود ہوتا ہے جو نہ صرف اس مرض کو روکتا ہے جس میں فساد خون کی وجہ سے بدن پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں اور ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے۔ بلکہ عام کمزوری بھی پیدا نہیں ہونے دیتا۔ اس قدر ارزاں اور فائدہ مند ہونے کے باوجود بہت ہی کم لوگ اس کا استعمال کرتے ہیں اور جو کرتے بھی ہیں انہیں یہ نہیں معلوم کہ وٹامن سی پر گرمی کا اثر بہت جلد ہوتا ہے اور ٹماٹر کو کسی طریقہ پر بھی گرم کرنے اور پکانے سے یا تو وٹامن سی کی مقدار بہت کم رہ جاتی ہے یا اس کا اثر بالکل ضائع ہو جاتا ہے۔ ٹماٹروں کے استعمال کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ انہیں بغیر چھلکا اتارے کچا ہی کھایا جائے۔ اگر چھلکا اتارنا ضروری ہو تو کسی تیز چاقو سے انہیں تراش لیا جائے۔

مضامین آمدہ | محمد یعقوب صاحب۔ اکبر یار خان صاحب مولوی قادر بخش۔ شیخ عبد المنان صاحب۔ محمد داؤد صاحب مولوی ابو البیان محمد عبد اللہ صاحب۔ مولوی عبد السلام ۲ عدد۔ عبد اللہ صاحب سلفی۔ ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب

—— اخبارات راوی ہیں کہ کابینہ وزارت لندن میں ہر ہٹلر کے موجودہ رویہ کے متعلق کچھ اختلاف ہے۔ بعض ممبروں کی رائے ہے کہ اسکو اسکے حال پر چھوڑ دیا جائے۔ اس کے برخلاف بعض کی رائے ہے کہ اس کا مقابلہ کیا جائے ابھی تک کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہوا۔

—— لکھنؤ میں مدح صحابہ کا سلسلہ جاری ہے۔ آگرہ، بریلی اور دیگر بہت سے شہروں سے جتھے سول نافرمانی کرنے جا رہے ہیں۔

—— مانسر (ریاست جے پور) میں ایک مکان کا برآمدہ گرنے سے ۵ عورتیں اور تین بچے ہلاک اور بیس اشخاص زخمی ہوئے۔

—— دہلی سرکاری دفاتر ۱۳۔ اپریل کو شملہ میں کھلیں گے

—— حیدر آباد دکن کے متعلق ... ہے

ناظرین اخبار ہذا کا صفحہ ۱۴ و ۱۹ ضرور بغور ملاحظہ فرمائیں (منیجر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۹۔ صفر المظفر ۱۳۵۸ھ

مسئلہ طلاق، خلع اور آریہ

بنی نوع انسان میں سے ہر ایک انسان کو دوسرے انسان کے ساتھ دو قسم کا تعلق ہوتا ہے، ایک قدرتی، دوسرے مصنوعی۔ قدرتی تعلق سے مراد وہ تعلقات ہیں جو ہر انسان کے پیدا ہوتے ہی بلا اختیار دوسرے انسانوں سے قائم ہو جاتے ہیں۔ جیسے ماں باپ، چچا، ماموں وغیرہ رشتے۔ نو لود جدید (نوزائدہ بچے) کو خبر بھی نہیں ہوتی یہ میرے ماں باپ ہیں اور فلاں فلاں اشخاص میرے رشتہ دار ہیں۔ یہ تعلقات ناقابل انفکاک ہیں۔ والد اور مولود (باپ بیٹا) مذہب میں مخالف ہوں، دو مختلف ملکوں میں رہتے ہوں۔ کاروبار میں دشمن ہوں تو بھی باپ باپ کہلائیگا اور بیٹا بیٹا۔

دوسری قسم کے تعلقات مصنوعی ہیں جیسے نکاح (شادی) وغیرہ جس دو مرد و عورت کا آپس میں نکاح ہو جاتا ہے (چاہے وہ کسی مذہب و دھرم کے ہوں) جو نسبت ان میں نکاح کے بعد پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ نکاح سے پہلے نہیں ہوتی۔ اسی لئے اس تعلق کو مصنوعی تعلق کہتے ہیں۔ اسی بنا پر یہ تعلق ممکن الانقطاع ہے۔ ورنہ قدرتی اور مصنوعی دونوں قسم کے تعلقات یکساں ہو جائیں گے جو فلسفہ الٰہیات کے سراسر خلاف ہے۔ اسلام چونکہ ایک حکیمانہ مذہب ہے۔ اس لئے اس میں مصنوعی تعلق (نکاح) کو قابل انقطاع قرار دیکر طلاق کا مسئلہ جاری کیا گیا ہے۔ چنانچہ گذشتہ ایام میں خلع بل مرکزی اسمبلی میں اسی بنا پر پاس ہوا ہے۔

اس کے مقابلہ میں بے رحم اور ظالموں خاوندوں کے ماتحت ہندو عورتوں کی جو حالت زار ہوتی ہے وہ ناقابل بیان ہے۔ بے چاری مسکینہ و مظلومہ ساری عمر گھر میں جیل خانہ سے بری زندگی گذارتی ہیں۔ جو صاحب اس کی تفصیل دیکھنا چاہیں وہ کتاب "مدر انڈیا" (مصنفہ امریکن لیڈی مس میو) کا مطالعہ کریں۔ انہی عاجز عورتوں کی حالت زار پر جن ہندو لیڈیوں کو رحم آیا انہوں نے مرکزی اسمبلی میں ایک طلاق بل پیش کیا۔ جس کے خلاف "آریہ گزٹ" لاہور میں ایک آرٹیکل نکلا ہے جو قابل دید و شنید ہے اسے نقل کرنے سے پہلے یہ بتا دینا ضروری ہے کہ یہی آریہ لوگ اسلام پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کرتے ہیں (اس مضمون میں بھی اسی طرف اشارہ ہے) کہ اسلام نے عورتوں کو بھیڑ بکری کی طرح خاوندوں کی ملک قرار دیا ہے۔ خاوند جو چاہے سو کرے عورت کو کوئی حق نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے کچھ کر سکے۔ "آریہ گزٹ" کے مضمون میں قدرتی طور پر اسلام کی طرف سے جواب ملتا ہے۔ سہولت کی خاطر یہ مضمون اصل الفاظ میں نقل کرتے ہیں۔ ناظرین نیچے حواشی پر جوابی نوٹ ملاحظہ فرمائیں۔

"شادی ہندو دھرم میں ایک مقدس ملاپ کا نام ہے۔ جس کے ذریعے پتی اور پتنی میں ایک مستقل اور اٹوٹ سمبندھ پیدا کیا جاتا ہے۔ دھرم شاستروں میں شادی کی کئی اقسام بیان کی گئی ہیں۔ اور ہر ایک قسم شادی میں ہونے والے پتی اور پتنی کے متعلق کافی جانچ اور چھان بین کر لینے کے بعد والدین کی منظوری سے انہیں اس پوتر رشتہ میں منسلک کیا جاتا ہے۔ والدین یوگیہ ور اور یوگیہ کنیا کی تلاش میں اپنا۔ اپنے پروہت اور اپنے رشتہ داروں کا تمام تجربہ صرف کر دیتے ہیں۔ اور پھر وید منتروں کے ذریعہ اگنی کی ساکشی میں کنیا (لڑکی) کو ایک دان یا عطیہ کی صورت میں ور (خاوند) کے ہاتھوں سونپا جاتا ہے۔ جسے واپس لینے یا دینے کا ادھیکار (حق)

مسلمان [illegible] اور [illegible] کی [illegible] میں [illegible] یا اسے غلام بنا [illegible] ناظرین [illegible] کیونکہ اسلام اور ویدک دھرم [illegible] عورت کو خاوند کے ہاتھ میں [illegible]

مصاحبت میں دیکر دونوں کو محبت اور پیار سے زندگی بسر کرنے کی ہدایت کرتا ہے [illegible] (قدرتی) [illegible] کہ عورت [illegible]

سے زیادہ ہو۔ اس بنا پر عورت کو اختیار دیتا ہے کہ وہ حاکم (قاضی) کے پاس خاوند کی شکایت کر کے اس سے علیحدگی حاصل کر لے۔ اسی کا نام خلع ہے۔

[illegible]

کسی فریق کو نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ ور اور کنیا وید منتروں کے ذریعہ آپس میں یہ پرتگیا کرتے ہیں۔ ہم ایک دوسرے پر شردھا پریم اور وشواس رکھیں گے۔ اور اس وقت تک ایک دوسرے سے علیحدہ نہیں ہونگے۔ جب تک خدانخواستہ ایک کی موت واقع نہ ہو۔ ہمارے گرہست جیون کے سکھ کا راز انہیں خیالات میں پنہاں ہے۔ اگر دونوں میں سے کسی ایک فریق کو اس مقدس رشتہ کو توڑ دینے کا ادھیکار (طاقت) ہمارے بزرگوں نے دیا ہوتا تو یقیناً عورت کی حیثیت ایک چڑیا اور مرد کی قدر ایک کرایہ کے مکان سے زیادہ نہ ہوتی۔ معمولی سے اختلاف رائے پر ایک دوسرے کو بدل لینے کا ادھیکار دو دلوں میں محبت کا بیج پھوٹنے ہی نہ دیتا شادی کا مسئلہ جو اور گیہوں کے دانوں کے ملاپ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ اور ہمارا سب سے اونچا گرہست آشرم ایک بچوں کا کھیل بن کر رہ جاتا۔ جس میں سکھ اور شانتی کا نام عنقا ہوتا۔ اسی لئے ہمارے دوراندیش بزرگوں نے ایسا نہیں ہونے دیا۔ شادی ہو جانے کے بعد کسی بھی حالت میں اس رشتہ کو نہ توڑ سکنے کا اٹل قانون انہوں نے رائج کر دیا۔ اور ہندو جاتی آج دن تک اس پر وشواس رکھتی ہے۔

نہائت سوچ وچار اور غور و خوض کے بعد اٹھائے ہوئے کسی بھی قدم کو واپس لینے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ شادی سے پہلے ان تمام باتوں کو اچھی طرح سوچ سمجھ لینے سے ... کر دینے کی نوبت نہیں آتی۔ افسوس کی بات ہے کہ معمولی ... خریدتے وقت تو ہم دو دوستوں سے مشورہ حاصل کرتے ہیں۔ لیکن جس کے ساتھ ہمیں تمام زندگی گزارنا ہے۔ اس کے انتخاب میں ان تمام باتوں کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔ جن کی وجہ سے ہمیں بعد میں پچھتانا پڑتا ہے دھرم شاستر تو ور اور کنیا کا شادی سے پہلے ڈاکٹری معائنہ کرانے کی بھی آگیا دیتے ہیں۔ تاکہ کسی پرکار کے دیریہ روگ میں مبتلا کوئی شخص تمام عمر کے لئے کنیا کو اس کے جائز حقوق سے محروم نہ کر دے۔ یہ اور اس قسم کی دیگر احتیاطوں سے کسی بھی لڑکی کا ایک پیدائشی نامرد کے گلے مڑھے جانے کا خطرہ پیدا نہیں ہو سکتا۔"

(آریہ گزٹ لاہور صفحہ ۹ مورخہ ۵۔ مارچ ۱۹۳۹ء)

سلہ یہ فقرہ ایک آریہ سماجی کے قلم سے نہیں نکلنا چاہئے تھا کیونکہ آریوں کے گرو سوامی دیانند تو عورتوں کو بحالت بیگناہی بھی چھوڑ دینے کا حکم دیتے ہیں جیسا کہ فرماتے ہیں کہ

عورت بانجھ ہو، اولاد ہو کر مر جائے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوں تو اسے چھوڑ کر دوسری عورت سے نیوگ کرے (ستیارتھ پرکاش باب ۴ نمبر ۱۳۹) (اہلحدیث)

سلہ اب کیا حیثیت ہے؟ وہی جو دان اور عطیہ کا اثر ہونا چاہئے یعنی مرد کی لونڈی سمجھی جاتی ہے۔ منوجی کا دھرم شاستر (جو ہندو سماج میں واجب العمل ہے بلکہ سوامی دیانند نے اپنی تصنیفات میں اسکو جگہ جگہ پیش کیا ہے) اپنے پیروؤں کو حکم دیتا ہے کہ

عورت لڑکپن میں اپنے باپ کے اختیار میں رہے اور جوانی میں اپنے شوہر کے اختیار میں اور اسکی وفات کے بعد اپنے بیٹوں کے اختیار میں رہے خود مختار ہو کر کبھی نہ رہے۔ (منوسمرتی ادھیائے ۵ شلوک ۱۴۸) (اہلحدیث)

سلہ یہ حکم اچھا خاصہ ظالمانہ قانون ہے بلکہ اس سے بھی بدتر ہے۔ (اہلحدیث)

سلہ منجانب ... باوجود ... ہونے کے ... نظر ... نہیں سمجھے

کیا یہ واقعات ان کے سامنے نہیں ہیں کہ بسا اوقات لڑکے کی بابت نکاح سے پہلے ہر طرح تسلی کر لی جاتی ہے تاہم وہ بری صحبت کے اثر سے متاثر ہو کر گھر بار برباد کرتا ہے۔ محنت سے جی چراتا ہے۔ آوارہ گردی کرتا ہے یہاں تک کہ جیل خانہ آباد کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ کئی ایک وجوہات ہیں جن میں عورت کی ازدواجی ضرورت جہنم سے زیادہ تکلیف دہ ثابت ہوتی ہے۔ ان صورتوں میں مظلومہ کی دادرسی کیسے ہوگی۔ اس کا جواب دینا مذہب کا کام ہے۔ چنانچہ اسلام نے اس کا جواب بالفاظ ذیل دیا ہے

إِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ (قرآن مجید)

یعنی ناچاقی اور اختلاف کی صورت میں بیوی خاوند اگر جدا ہو جائیں تو خدا تعالیٰ اپنے فضل سے ہر ایک کو ایک دوسرے سے بے نیاز کر دیگا۔

اسکے مقابلہ میں ویدک دھرم کہتا ہے کہ

اگر یہ شوہر مصروف ہو اور دوسری عورت کے ساتھ محبت رکھتا ہو یا بے ہنر ہو تو بھی پت برتا (وفادار) استری اس کی سیوا دیوتا کی طرح کرے۔ (منوسمرتی ۵/۱۵۴)

آریہ ... سے پوچھیں ... کیا ... کو ... جس کا ذکر ...

قادیانی مشن

آخری فیصلہ پر مباحثہ کی درخواست

۵ پھر دوبارہ عشق کا دل میں اثر پیدا ہوا

ہمارے لئے وہ دن روز عید سے کم خوشی کا دن نہ ہوگا جس روز مرزا صاحب کے آخری فیصلے پر مرزائیوں سے ایک بار پھر مباحثہ ہو کر مکرر فیصلہ ہو جائے۔ اس کے متعلق مرزائی کیمپ میں تو چاروں طرف سناٹا چھایا ہوا ہے۔ مگر بابو عمرالدین شملوی (جو اللہ دتہ جالندھری کے ہمراہ) کبھی کبھی کچھ بول اٹھتے ہیں۔ اہلحدیث ... ہم ... مباحثہ میرٹھ کے ضمن میں ان کا ذکر ہو چکا ہے ہم نے ان کے جواب میں

... ان کی جان پر کیا کیا مصیبتیں ہیں۔ دن کو چین نہیں۔ رات کو نیند نہیں ... دھرم کا ... کر سکتے ہیں ...

اس ... کام ...

... الف ...

... اہلحدیث ...

لکھا تھا کہ آپ کو اگر آخری فیصلہ پر مباحثہ کرنے کا شوق ہے تو بڑی خوشی سے کیجئے مگر ایسے طریق سے کریں جو نتیجہ خیز ہو جس کی صورت ہم نے یہ بتائی تھی کہ آپ اپنے امیر مولوی محمد علی صاحب سے سند نیابت اجازت لے کر میدان میں آئیں کیونکہ آپ بذات خود بوجہ شرکت لدھیانہ کے مباحثہ میں شکست کھا چکے ہیں بلکہ انعامی تاوان میں پچاس روپے بھی دے چکے ہیں اب اس پر کچھ مستزاد ہونا چاہئے وہ یہی ہے کہ آپ اپنے امیر صاحب سے نیابت و اجازت حاصل کر کے آئیں۔ آپ اس کے جواب میں کیا مزے سے لکھتے ہیں کہ :-

کیا پہلے مباحثے میں منشی قاسم علی نے خلیفہ نورالدین کا سرٹیفکیٹ پیش کیا تھا؟ اگر اُس وقت نہیں کیا تھا تو اب مجھے کیوں کہتے ہیں۔

اس کا جواب ہم کئی دفعہ دے چکے ہیں کہ وہ مباحثہ انفرادی حیثیت سے تھا اب جماعتی حیثیت سے ہونا چاہئے۔ اسی لئے اس کے واسطے سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہے۔ پھر لکھتے ہیں اور کیا ہی سمجھ سے لکھتے ہیں کہ "آپ (مولوی ثناء اللہ) جماعت اہل حدیث سے نمائندگی کا سرٹیفکیٹ پیش کریں۔

ان کو حقیقت حال معلوم نہیں یا دانستہ تجاہل کرتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ میں اور مرزا صاحب ایک دوسرے کے مقابل تھے۔ اس لئے ہماری مثال ایسے مدعی اور مدعا علیہ کی ہے جو بذات خود عدالت میں مقدمہ لڑ رہے تھے اسی دوران میں ایک فریق فوت ہو گیا اس کا بیٹا اس کا جانشین ہوا۔ اب متوفی کے قائم مقام کو بیشک قائم مقامی کا سرٹیفکیٹ پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ مگر زندہ کو اس کی ضرورت نہیں۔

پس بات صاف ہے کہ اس مقدمہ میں جو شخص بھی میرے سامنے آئیگا اسکو سند نمائندگی پیش کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اگر مجھے سند نمائندگی طلب کرنے کی ضرورت ہوتی تو خود مرزا صاحب طلب کرتے۔ اب کون ہے جو ایسا مطالبہ [illegible] کسی قانون سے [illegible] [illegible]

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(از قلم منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

(گذشتہ سے پیوستہ)

سابقہ پرچہ (اہلحدیث ۲۴) میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث بیان ہوئی ہے۔ جس میں حضور نے اپنی چھ خصوصیات بیان فرمائی ہیں۔ ان میں ایک ختم نبوت کے متعلق بھی ہے مگر خلیفہ صاحب قادیان اس کے مقابل ایک دوسری حدیث (جس میں پانچ خصوصیات مذکور ہیں) بیان کر کے (کیونکہ اس میں ختم نبوت کا ذکر نہیں) سلسلہ نبوت کا جاری رہنا فرماتے ہیں۔ جس کا جواب اسی پرچہ میں دیا گیا ہے۔ بقیہ آج ہدیہ ناظرین ہے (اہلحدیث)

خلیفہ صاحب! جس حدیث میں حضور کی پانچ خصوصیتیں بیان ہوئی ہیں۔ اس میں ایک فقرہ بعثت الی الناس کافۃ اپنے لوازمات کے لحاظ سے اوتیت جوامع الکلم اور ختم بی النبیون کو بھی اپنے ساتھ رکھتا ہے کیونکہ جس صورت میں حضور تمام دنیا کی طرف رسول ہوئے یعنی خدا رب العالمین ہے تو آنجناب نذیر العالمین۔ چنانچہ مرزا صاحب نے بھی لکھا ہے

(الف) "جیسا خدا تمام جہان کا خدا ہے ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی تمام دنیا کیلئے رسول ہیں اور تمام دنیا کے لئے رحمت۔ اور آپکی ہمدردی تمام دنیا سے ہے نہ کسی خاص قوم سے" (چشمہ معرفت حصہ دوم ص[illegible])

(ب) "آنحضرت کو تمام عالم کا مقابلہ کرنا پڑا۔ جو کام حضرت کو سپرد ہوا وہ حقیقت میں ہزار ہا نبی کا کام تھا۔ لیکن چونکہ خدا کو منظور تھا کہ بنی آدم ایک ہی قوم کی طرح ہو جائیں اور جیسے پہلے سلسلہ وحدت شروع ہوا ہے [illegible] آنحضرت کی رسالت [illegible]

عام تھی" (براہین احمدیہ حاشیہ ص۱۳۵)

اندریں صورت آنحضرت کی رسالت عام کا اعلان اس بات کو مستلزم تھا کہ آپ جوامع الکلم اور خاتم النبیین ہوں۔ تاکہ بعد میں کوئی دنیا پرست دعویٰ نبوت کر کے اسلامی وحدت اور آنحضرت کی رحمت عام وتام میں حائل ہو کر الٰہی مقصد وحدت اقوام کو پراگندہ نہ کر سکے جیسا کہ مرزا صاحب نے اپنے دعاوی سے مسلمانوں کی رہی سہی جمعیت کو بھی ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔

آمدم بر سر مطلب یہ کہ آنحضرت کی رسالت کا عام ہونا ہی ختم نبوت پر دال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث اعطیت خمسا میں زیر مضمون دو خصوصیتوں کو بیان کرنا ضروری نہیں سمجھا گیا۔ خلیفہ صاحب! برائے خدا آپ غور فرمائیں کہ جس صورت میں ہزارہا انبیاء کا کام آنحضرت کے لئے ہی سپرد کیا گیا تو پھر کسی جدید نبوت کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی۔ انبیاء کا کام تو آنحضرت کے سپرد ہو گیا۔ بے کام اور نکمے نبی کی ضرورت ہی کیا۔

الغرض خلیفہ صاحب قادیانی کا بیان از سرتا پا غلط و باطل ہے۔ رہ گئی یہ بات کہ خلیفہ جی نے الفاظ ختم بی النبیون کا جو یہ ترجمہ کیا ہے کہ

"نبیوں کا زمانہ ختم ہو گیا۔ گذشتہ انبیاء کی شریعتیں اور حکومتیں ختم ہو گئیں"

کیا یہ ٹھیک ہے۔ سو عرض ہے کہ خلیفہ صاحب نے ایک عجیب چالاکی کی ہے۔ حدیث کے فقرہ اول ارسلت الی الخلق کافۃ کا اصل ترجمہ یہ ہے کہ بھیجا گیا ہوں میں تمام لوگوں کی طرف رسول کر کے۔ مآل اس ترجمہ کا یہ ہے کہ آپ خاتم النبیین ہیں۔ دوسرے فقرہ ختم بی النبیون کا اصل ترجمہ یہ ہے کہ ختم کئے گئے میرے ساتھ نبی۔ مآل اس کا یہ تھا کہ آپ تمام دنیا کے [illegible]

رسول ہوں۔ خلیفہ صاحب نے ہوشیاری کی ہے کہ پہلے فقرہ کا مفہوم نقلی اپنے الفاظ "تمام نبیوں کا زمانہ ختم ہو گیا" میں ادا کر دیا۔ مگر مآلی مفہوم یعنی نبوت کا ختم ہونا کو پس پشت ڈال دیا۔ اسی طرح دوسرے فقرہ خاتم النبیین کا لفظی ترجمہ (میرے ساتھ ختم کئے گئے) کو ہضم کر لیا اور اس کا مآلی مفہوم (رسالت عام) درج کر دیا۔ یعنی ہر دو فقرات سے ختم نبوت کا مضمون اڑا گئے۔ جو خلیفہ صاحب کی ایمانداری کا واضح ثبوت ہے۔

الغرض اس حدیث سے مسئلہ ختم نبوت پر غیر معمولی روشنی پڑ رہی ہے۔ اگرچہ قادیانی شریعت کے تیز نظروں کو محسوس نہ ہو

اس حدیث شریف کے بموجب مرزا صاحب کے ان اقوال پر نگاہ ڈالیں جن میں آپ نے آنحضرت کی رسالت کے متعلق لکھا ہے کہ :- "خدا تمام جہان کا خدا ہے۔ آنحضرت تمام دنیا کے لئے رسول"۔ تو معاملہ اور بھی صاف ہو جاتا ہے۔ نہ ظلیت کی گنجائش اور نہ بروزیت کی جگہ۔

ہاں اگر قادیان والے دو طرح کے خدا مانتے ہیں۔ ایک حقیقی اور دوسرا ظلی و بروزی تو بے شک نبی بھی دو طرح کے بنا لیں اللّٰھم اید الاسلام وانصارہ۔

فتح گڑھ چلو!

جلسہ اہل حدیث کانفرنس ہونے والا ہے

(از مولوی امام خان صاحب نوشہروی)

برادران اہل حدیث! آپ کا جلسہ آپ لوگوں کو بلا رہا ہے۔ انشاء اللہ اگلے ہفتے آپ سے ملاقات کا شرف حاصل ہو جائیگا۔ اس موقع پر کانفرنس کی مجمل تاریخ، اس کی ضرورت اور اس کی کارگذاری بتا کر جماعت اہل حدیث کو اس کی طرف توجہ دلائی جائیگی۔ مَیں یہ کہنے میں ذرہ نہیں جھجکتا کہ اہل حدیث کانفرنس دسمبر ۱۹۰۶ء میں قائم ہوئی تھی۔ جسے آج ۳۲ سال ہو گئے ہیں۔ اتنی طویل مدت میں جماعتیں بڑی حد تک ترقی کر جاتی ہیں۔ انسان کا بچہ پیدا ہو کر ۳۲ سالہ عمر میں بہت کچھ کام کر لیتا ہے مگر تعلیم و تربیت شرط ہے۔ جس طرح انسان کے باکمال ہونے کے لئے تعلیم و تربیت شرط ہے اسی طرح جماعتوں اور سوسائٹیوں کی ترقی کے لئے بھی قومی یکجہتی اور مالی امداد کا بہم پہنچنا ضروری شرط ہے۔ مَیں اس امر کا اعتراف کرتا ہوں کہ ہماری کانفرنس اپنے مقاصد میں کماحقہ کامیابی حاصل نہیں کر سکی۔ اگر میں اس کے اسباب بیان کروں تو امید ہے کہ ناظرین بھی اعتراف کرینگے کہ جماعت اہل حدیث نے اپنی کانفرنس پر پوری توجہ نہیں دی۔ ہر صوبہ اور ہر شہر کے احباب خود ہی اندازہ کر لیں کہ انہوں نے اہل حدیث کانفرنس کے خزانہ میں کیا امداد بھیجی۔ جس قدر امداد بھیجی ہے اسی قدر اس کی ترقی کو قیاس کر لیں۔ باوجود اس بے اعتنائی کے اہل حدیث کانفرنس جن اصحاب کی محنت سے قائم اور زندہ ہے وہ صد شکریہ کے مستحق ہیں۔ چونکہ یہ جلسہ پنجاب میں ہونیوالا ہے۔ اس لئے مَیں زندہ دلان پنجاب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس جلسہ میں جوق درجوق شریک ہو کر اپنی زندہ دلی کا ثبوت دیں۔ باقی رہا علماء کا مذہبی اختلاف اور اس کا اثر کانفرنس کی ترقی پر۔ تو اس کا فیصلہ گول میز کانفرنس میں ہو جانا چاہیئے تاکہ آئندہ کانفرنس کی ترقی کی شاہراہ میں کوئی چیز حائل نہ رہے۔

حسن اتفاق سے اس دفعہ کانفرنس کے صدر ایک تجربہ کار بزرگ ہیں۔ جن کی عمر کا بہت سا حصہ مختلف جماعتوں کی خدمت گذاری میں صرف ہوا ہے۔ اور وہ اپنے وسیع تجربہ کی بنا پر مخالفین کے نبض شناس بھی ہیں۔ اس لئے امید ہے کہ ان کی صدارت میں مشکلات کے سب مرحلے باآسانی طے ہو جائینگے۔ اس سلسلہ میں غالباً میری یہ آخری ندا ہے کیونکہ آئندہ ہفتے کانفرنس کا اجلاس شروع ہونیوالا ہے خدا کرے ہم اس جلسہ میں شریک ہو کر اپنے احباب کو خوش و خرم پائیں۔

بریلوی مشن

میرے تاثرات ۲

ریاست کشمیر — اور — حیدر آباد دکن

(از مولوی حکیم عبدالرحمن صاحب خلیل قریشی نظام آبادی)

مضمون ہذا کی پہلی قسط "اہلحدیث" ۹ جنوری ۱۹۳۸ء میں شائع ہو چکی ہے۔ دوسری قسط آج درج کیجاتی ہے ۔ (مدیر)

ھٰذہ سبیلی ادعو الی اللہ علی بصیرۃ انا ومن اتبعنی وسبحٰن اللہ وما انا من المشرکین۔

کشمیر میں اگر شہروں اور قصبوں سے نکل کر باہر باغات اور جنگلات میں چلے جائیں تو وہاں ہر ایک درخت اور گلبن کو توحید رب العالمین کا مبلغ پائینگے۔ ؎

برگِ درختان سبز در نظر ہوشیار

ہر ورق دفتریست معرفتِ کردگار

زنگار رنگ کے پھول، عجیب و غریب قسم کے درخت بوقلموں نجوم و نباتات قسم قسم کے پودے۔ گوناگوں جھاڑیاں، نظر فریب سبزہ زار اور سر بفلک اشجار کی سربلند اور فلک شگاف شاخیں لا الٰہ الا ھو کا سبق سکھاتی ہیں (ان من شیءٍ الا یسبح بحمدہ ولٰکن لا تفقھون تسبیحھم) اہل دل اور صاحب نظر کے لئے کشمیر کی سبزہ زاریاں، دلفریبیاں اور لطافت و خوشگوارئے آب و ہوا، مالک الملک خالق الارض والسموات کی قدرت و صنعت کا محیر العقول نمونہ اور توحید کا سبق ہے۔ لیکن غافل انسان پھر بھی بھولا پھرتا ہے اور شرک کا مرتکب ہوتا ہے (وکاین من آیۃ فی السموات والارض یمرون علیھا وھم عنھا معرضون وما یؤمن اکثرھم باللہ الا وھم مشرکون) کشمیر کے قصبوں اور شہروں میں اکثر لوگ اُردو سے آشنا اور بوقت ضرورت بولتے ہیں۔ لیکن دیہات اور علاقوں میں تمام کشمیری بولی بولتے ہیں اور ان سے گفتگو کرنے میں سخت دقت پیش آتی ہے [illegible]

دہاں ہشور ع حسن عمر کی دمن نترکی تیسا تم
چھوٹ کی یدست نگر بودسے نہ بانش وسلطی من

ایک عجیب اتفاق

سری نگر میں شاہ ہمدان کی خانقاہ ایک مشہور تعمیدی عمارت ہے۔ دراصل ہے تو یہ ایک مسجد کی شکل پر لیکن وہاں لوگ شاہ ہمدانی کی نشست گاہ کی طرف سجدہ کرتے اور آہ و زاری کرتے ہیں اس جگہ کا ایک مجاور جو پڑھا لکھا اور عربی سے واقف تھا نشستگاہ ہمدانی رح کی طرف (شمال کی طرف) مونہہ کر کے دوزانو بیٹھ کر بہت الحاح و زاری سے دعایئں کر رہا تھا اور شاہ مرحوم کو مخاطب کر رہا تھا۔ حالانکہ وہ ان کی دعاؤں سے بے خبر ہیں۔ (وھم عن دعاءھم غافلون)

جب وہ فارغ ہوا تو میں نے اس سے وہاں کے حالات کی واقفیت حاصل کرنے کے لئے چند سوال کئے وہ بتاتا گیا آخر اس نے مجھے ایک بہت بڑی تختی کا قرآن شریف (غالباً قلمی) دکھایا۔ میں نے اُسے کھولا تو اتفاقاً وہ جگہ نکل آئی جہاں پر یہ آیت لکھی ہوئی تھی ۔

ومن یدع مع اللہ الٰھا آخر لا برھان له به فانما حسابه عند ربه الخ

میں نے پوچھا۔ مولوی صاحب اس کے معانی کی طرف غور فرمایئے۔ کہنے لگے کہ یہی نا کہ شرک اچھا نہیں اللہ کے سوا کسی کو مت پکارو۔ میں نے کہا کہ پھر جو آپ کر رہے تھے یہ کیا تھا؟ غرضیکہ میں نے اس موقع پر خوب تبلیغ کی۔ بہت سے لوگ جمع ہو گئے اور مجاورین حضرات مجھے گھور گھور کر دیکھنے لگے۔

سری نگر میں بے شمار مزارات ہیں اور ہر ایک پر تقریباً شرکیہ اشعار لکھے ہوئے ہیں۔ ایک بزرگ منطقی عرف دیسی کی قبر پر ذیل کے اشعار لکھے دیکھے۔ جو سراسر شرک کے مظہر ہیں ؎

افعیٔ نفس مرا زخم نہانی زدہ است
حالِ خود ہے کنم اظہار کرا یا دیسی
آمدم بہرِ تو حاجت خواہ
نا امیدم مکن ازیں درگاہ

ف ان گھورنے والوں کو کیا دیتے قرآن کا کھول نکل جانا ہم ایسے ہی لکھتے ہیں۔ (اہلحدیث)

یک نظر بر حالِ زارِ عاصی بیچارہ کن
دان نظر ہائے کہ خاکِ تیرہ را چوں زر کردہ است

معلوم ہوتا ہے کہ اُن لوگوں کی اس زمانہ میں تعلیم ہی ایسی تھی لیکن اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کشمیر کے اکثر اقطاع ملک میں موحدین کی کثرت ہے۔ الحمد للہ! جو لوگ شرک اور بدعات سے مجتنب ہیں لیکن قابل افسوس امر یہ ہے کہ یہاں کی جماعت کے لوگ تبلیغ سے بالکل غافل ہیں اور بس اسی پر قانع و صابر ہیں کہ وہ خود اہل حدیث ہو گئے جس صورت میں مرزائی مبلغ ہر حصہ ملک کشمیر میں نمودار ہو رہے ہیں اور تبلیغی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ کشمیر کی اہل حدیث جماعت کی خاموشی اور تبلیغی جمود ایک مجرمانہ سکوت ہے۔

اس کے مقابلہ میں حیدر آباد کو لیں تو یہ جگہ بھی عجیب و غریب اور گوناگوں دلچسپیوں کا مرکز ہے۔ یہاں کے لوگ شائستہ، ملنسار اور خلیق ہیں۔ لیکن آہ توحید خالص سے بہت دور ہیں۔ ویسے رسمی اور نمائشی روایات کے بہت پابند ہیں۔ اگرچہ یہ جگہ علمی اور تحقیقی اداروں کا ایک بہت بڑا مرکز ہے۔ لیکن افسوس کہ

یعلمون ظاھرا من الحیوٰۃ الدنیا وھم عن الآخرۃ ھم غافلون۔

پیر پرستی، قبر پرستی اور انسان پرستی عام ہے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے یہ سب کچھ اُن لوگوں کی قرآنی تعلیم کی طرف سے عدم توجہ کا نتیجہ ہے۔ کوئی اللہ کا بندہ ایسا نہیں اٹھا جو ان لوگوں میں توحید رب العالمین کی اعلانیہ تعلیم پھیلاتا مذہبی پیاس ضرور ان لوگوں میں موجود ہے۔ اگر کوئی اللہ کا بندہ سر بکف ہو کر اور لومۃ لائم کی پرواہ نہ کرتے ہوئے یہاں کے مسلمانوں کو درس توحید دینا شروع کر دے اور مراسم بدعیہ سے اُن کو آگاہ کر کے حقیقی تعلیم اسلام (یعنی توحید) سے اُن کو بتدریج روشناس کرائے تو

ف نفس امارہ کے زہریلے سانپ نے مجھے پوشیدہ کاٹ لیا ہے اے دیسی میں نے اپنا حالِ تباہ آپ کے سامنے پیش کرتے ہوئے آپ سے حاجت طلب کرنے کے لئے آیا ہوں مجھے اپنی درگاہ سے نا امید نہ پھیرنا۔ مجھ گنہگار کی طرف ایک ادھ وہ نظر کیجئے جو آپکی نظر خاک سیاہ کو سونا بنا دیتی ہے۔ (کاش! کہ ایسے الفاظ سے رب العالمین کو پکارا جاتا) مساجد اللہ لمن حق معنی ... (طلع ...)

عوام الناس کی طبائع کا خیال رکھتے ہوئے مجھے یقین ہے کہ بہت کم عرصہ میں حیدر آباد کے لوگ موحد اور متبع سنت بن جائیں۔ اہل حدیث جماعت کے یہاں جتنے بھی کم تعداد میں حضرات موجود ہیں۔ مجھے یہ دیکھ کر بے حد مسرت ہوئی ہے کہ وہ اپنی تنظیم میں سرگرمی سے منہمک ہیں اور اُن کی تبلیغی سرگرمیاں ایسے عمدہ طریقے پر شروع ہیں کہ دیکھ کر خیال آتا ہے کہ اگر اسی رفتار پر ان حضرات نے یہ سلسلہ تبلیغ جاری رکھا تو انشاء اللہ بہت جلدی یہ اپنے بلند عزائم کو پھلتا پھولتا دیکھیں گے۔ مختلف موقعوں پر اور مختلف اوقات میں اس مختصر جماعت کی طرف سے متعدد تبلیغی رسائل شائع ہوتے رہتے ہیں۔ مثلاً حج کے موقع پر فضائل حج۔ عید کی تقریب پر عید سالہ اسلامی عید شب برات کے موقع پر شب قدر کے احکامات و مراسم بدعیہ سے احتراز کے متعلق دلچسپ اسلامی معلومات اور اس کے متعلق احادیث جمع کر کے ایک اشتہار کی شکل میں شائع کیا گیا۔ غرضیکہ یہاں کی جماعت کسی موقع کو ضائع جانے نہیں دیتی اور اسی سلسلہ میں انہوں نے ایک دار المطالعہ بھی قائم کیا ہے۔ اس تبلیغی جماعت کے سرگرم کارکن محترم بھائی مرزا محمود علی بیگ صاحب اور مخلص سرپرست حافظ محمد یوسف صاحب ہیں۔ میں یہاں کی جماعت کی سرگرمیوں اور تبلیغی کارکردگی اور خلوص عمل پر ایک گونہ روحانی و قلبی مسرت محسوس کرتا رہا۔ کیونکہ مجھے سکندر آباد اور حیدر آباد دکن کی تبلیغی مساعی اور اشاعت توحید و سنت کی سرگرمیوں میں مستقبل کے لئے ایک چمک اور روشنی نظر آ رہی ہے۔ اگر اسی خلوص سے ان کا کام جاری رہا تو انشاء اللہ بہت جلدی یہ علاقہ شرک اور مراسم بدعیہ کی آلودگی سے پاک اور توحید و اتباع سنت و عمل بالحدیث سے منور نظر آئیگا۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز۔

حال ہی میں تقریب محرم پر حضرت مولانا سردار جماعت اہل حدیث مولنا ثناء اللہ صاحب مدظلہ کا ایک نہایت مفید اور دلچسپ مضمون رسالہ کی شکل میں شائع کر کے ملک میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مضمون ایسا مدلل اور سلیس قابل فہم ہے کہ امید ہے اس سے اکثر خواندہ حضرات متاثر ہوئے بغیر نہیں رہیں گے۔ دعا ہے حق تعالیٰ ہمارے

تردید کفارہ مسیح

(از قلم مولوی عبدالرؤف صاحب۔ جھنڈے نگر۔ ضلع بستی)

سابقہ پرچہ میں مضمون ہٰذا کی پہلی قسط درج ہوئی ہے
جس میں حضرت مسیح علیہ السلام کا صلیب پر چڑھنے
کے لئے رضامند نہ ہونا انجیل کے متعدد حوالجات
سے ثابت کیا ہے۔ آج بھی اسی مضمون دوسرے
حوالوں سے مدلل کیا ہے۔ (مدیر)

مسیح کی دعا بابت رہائی قبول ہوگئی

اناجیل اربعہ متی، مرقس، لوقا، یوحنا میں سے صرف
یوحنا میں مسیح کا موت سے رہائی کے لئے دعا مانگنے کا ذکر
نہیں ہے۔ باقی تینوں انجیلوں میں مذکور ہے۔ لوقا میں
ایک بار دعا مانگنے کا بیان ہے [2] اب تعجب ہوتا تھا کہ
مسیح جیسے برگزیدہ نبی کی دعا مقبول نہ ہو اور دعا بھی ایسی
جو نہایت مخلصانہ ہو اور پھر وہ بھی انتہائی تذلل و خاکساری
کے ساتھ زمین کے بل گر کر (مرقس) منہ کے بل گر کر (متی)
اور گھٹنے ٹیک کر (لوقا) مانگی گئی ہو۔ اور وہ دعا بھی
ایسی دردانگیز اور محاجت آمیز ہو کہ مردود کرنے کے لئے
کوئی وجہ باقی نہ چھوڑتی ہو۔ اسی غور میں ہم تھے کہ یہ
یاد آیا کہ مسیح کی بہت سی دعائیں انہی اناجیل
میں موجود ہیں اور پھر ان کا مقبول ہونا بھی عیاں ہے
چنانچہ اندھوں کا اچھا ہونا (یوحنا) مدت العمر مریض کا
شفایاب ہونا لنگڑے کا اچھا ہونا (مرقس) گونگے بہرے
کا اچھا ہونا (یوحنا ۹/۷) مفلوج کا اچھا ہونا (متی ۹/۶)
کوڑھی کا اچھا ہونا (لوقا ۵/۱۳) ان انجیلوں میں مسیح کی
معمولی روا روی کی دعاؤں کی تاثیر سے بتلایا گیا ہے۔
تو پھر کیا وجہ کہ مسیح کی ایک ایسی دعا اپنے بارہ میں
مقبول نہ ہو جو نہایت درجہ عاجزانہ ہو۔ لیکن الحمد للہ کہ
بعد از مدت عبرانیوں کے حوالہ سے پتہ لگا کہ مسیح کی دعا
مقبول ہو گئی تھی۔ چنانچہ پولوس اپنے خط میں تحریر فرماتے ہیں
”اس نے اپنی بشریت کے دنوں میں زور زور
سے پکار کر اور آنسو بہا بہا کر اسی سے

دعائیں اور التجائیں کیں جو اس کو موت سے
بچا سکتا تھا اور خدا ترسی کے سبب اس کی
سنی گئی“ (دیکھو عبرانیوں کا نامہ ۵ فقرہ ۷)
جب دعا کی تاثیر ایسی تھی کہ مسیح کو موت سے بچا سکتی تھی
اور پھر وہ دعا مسیح کی سن بھی لی گئی تو اس کے صاف معنی
یہ ہیں کہ مسیح موت سے بچا لئے گئے۔ فہو المراد۔
اب جب مسیح کی موت صلیب کا واقعہ ہی غلط نکلا
تو کفارہ مسیح کے باطل اور بے بنیاد ہونے میں کیا شک رہا

مسیح انجیلی حوالوں کی روشنی میں

عیسائی طبقہ
کے اعتقاد کے مطابق کفارہ کے لئے ایک معصوم ہستی کا
ہونا ضروری ہے۔ اسی بنا پر وہ مسیح کے ماسوا جملہ انبیاء
کو غیر معصوم اور خطاکار ثابت کرنے کی کوشش میں
رہتے ہیں۔ کسی نبی کو گناہ کبیرہ سے معصوم نہیں مانتے۔
پس جب ہم مسیحی نظریہ کے مطابق ان کی کتاب
بائیبل سے حضرت عیسیٰ مسیح کا معصوم ہونا ڈھونڈنے
لگتے ہیں تو ہمیں معاملہ دگرگوں نظر آتا ہے۔
اول الاناجیل متی پر جب ہماری نظر پڑتی ہے تو
ہمیں حسب ذیل فقرہ ملتا ہے:۔
نیک تو ایک ہی ہے (متی ۱۹/۱۷)
پھر مرقس میں اس طرح کے فقرات ہیں :۔
”اے نیک استاد میں کیا کروں کہ ہمیشہ کی
زندگی کا وارث بنوں۔ یسوع نے کہا تو مجھے
کیوں نیک کہتا ہے کوئی نیک نہیں مگر ایک
یعنی خدا“ (مرقس ۱۰/۱۸)
بعینہ اسی طرح لوقا ۱۸/۱۹ میں بھی ہے۔ یوحنا میں اس
واقعہ کا ذکر نہیں ہے۔
اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مسیح خود اپنے
اقرار کے مطابق کوئی نیک انسان نہ تھے۔ مانا کوئی
کہے کہ کسر نفسی سے مسیح نے ویسا کہا تو اس کا جواب یہ ہے

کہ عیسائیوں کے اعتقاد کے مطابق مسیح کی انسانیت
سب انسانوں کی انسانیت سے بہتر ہے اور اس میں
گناہ اور خطاکاری کا کوئی شائبہ نہیں۔ تو پھر جب وہاں
کسی طرح کا نقص اور گناہ نہیں تو پھر مسیح کا اپنے
آپ کو نیک کا مصداق نہ قرار دینا کیسے صحیح ہو سکتا ہے
کیونکہ کسر نفسی سے وہی قول صحیح ہو سکتا ہے جس کی صحت
کسی طرح سے ہو سکے۔ مثلاً اور لوگ کیسے ہی نیک ہوں مگر
چونکہ ان کی انسانیت میں نقص ہے تو بنا بریں وہ اپنے
کو ناقص کہہ سکتا ہے مگر حضرت مسیح کی انسانیت ہر برائی
سے منزہ ہے اس لئے وہاں نکوئی کی نفی کسی طرح صحیح نہیں
ہو سکتی۔ پس جب کسر نفسی کا عذر باطل ہوا تو نکوئی کی
نفی کرنے سے مسیح کا اور انسانوں کی طرح غیر معصوم
ہونا بداہتہً ثابت ہوا۔ اسی طرح انجیل کے مطالعہ سے
یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح نے اجنبی عورتوں سے اپنے
سر پر عطر ڈلوایا (دیکھو متی ۲۶/۷ مرقس ۱۴/۳ یوحنا ۱۲/۳)
یوحنا میں تو یہ بھی لکھا ہے کہ آدھ سیر خالص عطر کا
استعمال اس عورت سے آپ نے کرایا۔ اس نے کچھ سر پر
ڈالا (مرقس) کچھ پاؤں پر ملا۔ (یوحنا)
لوقا میں تو یہ بھی لکھا ہے کہ
ایک عورت نے جو اس شہر کی بدچلن اور فاحشہ عورت
تھی مسیح کا پاؤں دھویا پھر اپنے بالوں سے پونچھا پھر
انہیں چوما اور ان پر عطر ملا۔ (لوقا ۷/۳۸)
یہ واقعہ صرف لوقا میں ہے۔
ظاہر ہے کہ اجنبی عورت بلکہ فاحشہ اور بدچلن عورت
سے سر کو اور پاؤں کو ملوانا اور وہ بھی اس کے بالوں سے
ملا جانا کس قدر احتیاط کے خلاف کام ہے۔ اس قسم کے
کام شریعت الٰہیہ کے صریح خلاف ہیں۔ امثال میں کیا خوب
لکھا ہے کہ
”بیگانہ عورت تنگ گڑھا ہے اور فاحشہ گہری خندق
ہے وہ راہزن کی طرح گھات میں لگی رہتی اور بنی آدم
میں بدکاروں کا شمار بڑھاتی ہے۔“
(امثال باب ۲۳ فقرہ ۲۷، ۲۸)
اسی طرح انجیل کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ
معجزہ سے شراب سازی کا کام بھی آپ کا ...

[2] لوقا ... اور مرقس میں ایک مرتبہ ... دعا مانگنے کا ذکر ہے۔ متی میں مسیح کے تین بار دعا مانگنے کا ذکر ہے۔

جوابات نصاریٰ [illegible]

ظاہر کرتے تھے۔ (دیکھو انجیل یوحنا پ۲)
(یہ واقعہ صرف یوحنا میں ہے)

دیکھو شراب جیسے ام الخبائث چیز کا بنانا اور شادی کی دعوت کے لئے اس شراب کو پیش کرنا اور خود شرابی اہل مجلس کی دعوت میں معہ والدہ کے شریک ہونا اسی یوحنا میں موجود ہے۔ حالانکہ شراب عہد عتیق کی کتابوں میں قطعی حرام قرار پا چکی تھی۔ حضرت یسعیاہ شراب پینے والوں کی بابت فرماتے ہیں:-

اُن پر افسوس جو مے پینے میں زور آور اور شراب ملانے میں پہلوان ہیں۔ (دیکھو یسعیاہ باب ۵ فقرہ ۲۲)

حضرت ہوسیع فرماتے ہیں:-

بدکاری اور مے اور نئی مے سے بصیرت جاتی رہتی ہے۔ (ہوسیع ۴/۱۱)

دانی ایل نبی بھی شراب کو نجس اور ناپاک کرنے والی بتلاتے ہیں۔ (دانی ایل باب اول فقرہ ۸)

باوجود اس کے کہ اکثر عہد عتیق کی کتابوں میں اسکی ممانعت اور مذمت مذکور تھی۔ لیکن مسیح نے شرائع انبیاء سابقہ کی کچھ پرواہ نہ کی اور بقول یوحنا شراب بنائی اور شرابی مجلس میں معہ والدہ کے شریک ہوئے۔ حالانکہ خود ہی فرماتے ہیں:-

یہ نہ سمجھو کہ میں تورات یا نبیوں کی کتابوں کو منسوخ کرنے آیا ہوں۔ منسوخ کرنے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں۔ (متی ۵/۱۷)

ان حالات میں مسیح کی شراب سازی خلاف شریعت فعل ہے

انجیل کے مطالعہ سے ہمیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح نے کذب کو روا رکھا ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح کا قول سردار کی لڑکی کی بابت اس طرح منقول ہے:-

تم کیوں غل مچاتے اور روتے ہو لڑکی مر نہیں گئی بلکہ سوتی ہے۔ (متی ۹/۲۴ مرقس ۵/۳۹ لوقا ۸/۵۲)

اس کے بعد مسیح نے کہا اے لڑکی اُٹھ۔ وہ لڑکی اُٹھ کر چلنے پھرنے لگی۔ اس واقعہ پر عیسائی سمجھتے ہیں کہ وہ لڑکی مرگئی تھی حضرت مسیح کے معجزہ سے زندہ ہوئی۔ چنانچہ لوقا سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ لوقا کے الفاظ یہ ہیں:-

اس کی روح پھر آئی اور وہ اسی دم اُٹھی۔ (اس سے یہاں روح کا پھر آنا متصور ہے)

روح پھر آنا دلالت کرتا ہے کہ اس کی روح نکل چکی تھی دوبارہ زندہ ہوئی۔ لہٰذا ضرور تسلیم کرنا پڑیگا کہ مسیح نے اس جگہ ناراست بات کہی اور خلاف واقعہ شہادت دی۔ حالانکہ مسیح نے خلاف واقعہ بات کرنے سے خود ہی شاگردوں کو منع کیا ہے۔ (مرقس باب ۱۰/۱۹) خون نہ کر زنا نہ کر چوری نہ کر جھوٹی گواہی نہ دے۔ امثال ۱۹/۵ میں ہے کہ جھوٹا گواہ بے سزا نہ چھوٹیگا اور جھوٹ بولنے والا رہائی نہ پائیگا۔

اسی طرح یوحنا میں ہے کہ

لوگوں نے مسیح سے کہا کہ تم عید میں جاؤ میں ابھی اس عید میں نہیں جاتا۔ لیکن جب اس کے بھائی عید میں چلے گئے اس وقت وہ بھی گیا۔ (یوحنا ۷/۸)

دیکھو حضرت مسیح نے عید میں جانے سے انکار کیا۔ اور پھر چھپ کے گئے۔ ——— اور متی کے حوالہ سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مسیح نے جھوٹ بولنے اور کتمان حق کرنے کی اجازت بھی دی ہے۔ چنانچہ متی میں ہے:-

تب اس وقت اس نے حکم دیا کہ کسی کو نہ بتانا کہ یہ یسوع مسیح ہے۔ (متی ۱۶/۲۰)

یہ مضمون لوقا اور مرقس میں بھی ہے۔

ظاہر ہے کہ جب امر حق کے پوشیدہ کرنے کا حکم فرمایا تو صراحتہً ثابت ہوا کہ اگر کہیں بتانے ہی کی ضرورت پڑے تو خلاف حق ناراست بات کہہ دو۔ ان واقعات سے مسیح کی تعلیم متعلقہ صدق و کذب ظاہر و باہر ہے۔

ہمیں انجیل کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح اپنی والدہ کی تعظیم نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ یوحنا میں حضرت مسیح کا قول اپنی والدہ کی نسبت یہ ہے:-

اے عورت مجھے تجھ سے کیا کام (یوحنا ۲/۴)

یوحنا کے خاتمہ پر ہے کہ مسیح نے اپنی ماں اور اپنے عزیز شاگرد کو صلیب کے پاس کھڑے دیکھ کر یوں کہا۔

اے عورت دیکھ تیرا بیٹا یہ ہے (۱۹/۲۶)

دیکھئے ان ہر دو جملوں سے مسیح نے والدہ محترمہ کی کتنی بے التفاتی کی ہے۔ مقام غور ہے کہ مسیح اپنی والدہ کو سیدھے ماں بھی پکارنا نہیں کرتے اور القاب تو کجا بلکہ نہایت ادنیٰ اور بے وقعتی پر دلالت کرنے والا لفظ عورت بمعنی ماں کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ حالانکہ والدین کی تعظیم کا حکم آسمانی ہے کہ خود خدا تعالیٰ نے لوح موسیٰ پر اپنے ہاتھ سے لکھ کر دیا تھا۔ (خروج ۲۰/۱۲)

امثال میں لکھا ہے اپنے ماں باپ کو خوشی رکھ، اپنی والدہ کو شادماں رکھ۔ (دیکھو امثال ۲۳/۲۵)

اسی طرح تاکیدی حکم استثنا ۵/۱۶ احبار ۱۹/۳ میں بھی موجود اسی طرح مسیح نے خود فرمایا ہے:-

خدا نے فرمایا ہے کہ باپ کی اور ماں کی عزت کر اور جو باپ یا ماں کو بُرا کہے وہ ضرور جان سے مارا جاوے (متی ۱۵/۴ مرقس ۷/۱۰)

اب جب مسیح نے ماں کی تحقیر اور بے عزتی ظاہر کر کے شرائع سابقہ کے تاکیدی احکام بلکہ خود اپنے ہی قول کے خلاف کیا تو ان کے غیر معصوم اور غیر محفوظ ہونے میں از روئے بائیبل کیا شک رہا۔

ہمیں انجیل کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح نے یہود کے علماء کے حق میں درشت الفاظ اور نہایت سخت کلام کا استعمال کیا ہے۔ متی باب ۲۳ کے فقرات حسب ذیل ہیں:-

اے ریاکار فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس کہ آسمان کی بادشاہت کو لوگوں پر بند کرتے ہو۔ (۱۳) اے ریاکار فقیہو اور فریسیو کہ تم بیوہ عورتوں کے گھروں کو دبا بیٹھتے ہو۔ (۱۴) اے ریاکار فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس ہے کہ ایک مرید کرنے کے لئے تری اور خشکی کا دورہ کرتے ہو اور جب وہ مرید ہو جاتا ہے تو اُسے اپنے سے دونا جہنم کا فرزند بنا دیتے ہو۔ (۱۵) اے اندھے راہ بتانے والو (۱۶) اے احمقو اور اندھو (۱۷) اے اندھو

اے سانپو اے افعی کے بچو تم جہنم کی سزا سے کیونکر بچوگے (۳۳) اے سانپ کے بچو (لوقا ۳/۷)

اے بے اعتقاد اور کجرو قوم (لوقا ۹/۴۱) تم اپنے باپ ابلیس سے ہو (یوحنا ۸/۴۴) بے ایمانوں کو مسیح نے کتا کہا دیکھو کنعانی عورت کا قصہ (متی ۱۵/۲۶)

جوابات نصاریٰ۔ مسیحیوں کے اعتراضات کے جوابات۔ قیمت ۸ر پتہ:- مہتمم بک ڈپو امرتسر

ahmadimuslim.de

[illegible]

ایک طرف تو یہ مسیح کی سنت کی مثالیں ہیں اور دوسری طرف مسیح کے یہ فقرات ہیں:-

"لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ جو کوئی اپنے بھائی پہ غصے ہوگا وہ عدالت کی سزا کے لائق ہوگا اور جو اس کو احمق کہیگا وہ آگ کے جہنم کا سزاوار ہوگا۔"

(متی ۲۲/۵)

اب مسیح کے الفاظ ناظرین کے سامنے ہیں۔

ہمیں انجیل کے مطالعے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح نے اپنے عہدے کا مقصد بھی پورا نہ کیا۔ دیکھو مسیح خود فرماتے ہیں۔ "مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنا ہے مگر اب تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔" (یوحنا ۱۲/۱۶)

پس جب مسیح کی نسبت یہاں تک لکھا ہے کہ وہ فریضہ تبلیغ کو بھی ناقص و ناتمام چھوڑ کر گئے۔ تو صاف معلوم ہوا کہ مسیح نے خدا کی تمام باتیں اس کے بندوں تک نہیں پہنچائیں یہ اکیلا الزام جو انجیل کے حوالے سے ظاہر ہے سب الزاموں سے ڈبل ہے۔ اور شانِ رسالت کی تنقیص کا باعث ہے۔

نوٹ یہ نتائج انجیلی حوالجات پر مبنی ہیں۔ اہل اسلام ان کے ذمہ وار نہیں ہیں۔

(باقی باقی)

جماعت اہل حدیث کی جماعتی پراگندگی

اور

اصحاب درد کی نیک مساعی

(از قلم مولوی محمد صاحب چیکر دھر پوری)

عرصہ دراز سے میں جماعت اہل حدیث کی ناگفتہ بہ انتشار، خطرناک پراگندگی اور رو بہ زوال حالات کا نہایت سوز و درد سے مطالعہ کر رہا ہوں۔ ایک نہیں بیسیوں مضامین جماعتی تنظیم و تالیف، اور آپس کے اختلافات و اشتات کے متعلق دیکھنے میں آئے۔ نہایت قیمتی سے قیمتی تجاویز بھی زینت صفحات بنیں۔ بہترین اسکیمیں بھی بنائی گئیں۔ مگر افسوس یہ حقیقت کتنی تلخ اور مایوس کن ہے کہ جتنی ترکیبیں سنوارنے کی کی گئیں اتنا ہی الجھاؤ پیدا ہوتا گیا۔ جتنی کوشش حقیقت سے قربت کی کی گئی اتنا ہی بعد ہوتا گیا۔ آج حال یہ ہے (خدا میرا خیال غلط کرے) کہ جماعت اہل حدیث من حیث الجماعت تقریباً مردہ ہو چکی ہے۔ زندگی کی روح فنا ہو چکی ہے۔ رہے سہے آثار حیات بھی تدریجی طور پر مٹتے جا رہے ہیں۔ کتاب و سنت کا وہ شوق و ذوق جو آج سے پہلے [illegible] ہو کر رہ گیا ہے [illegible] [illegible] مسائل پر عمل [illegible] رہ گئی ہے جس میں [illegible] [illegible]

اطاعت کتاب کا یہ خلاصہ ہے۔ کیا انہیں لچھنوں سے ہم زندہ جماعت میں شمار کئے جا سکتے ہیں؟ کیا ہماری حالت اور ان مبتدعین و جامدین کی حالت میں کچھ بھی فرق ہے جو مزے لے کر کے نعرہ بن کر روایتی و سماعی باتوں پر شدت سے معتقد ہیں اور اپنے دل کی گہرائیوں سے اسے اپنا ذریعہ نجات اور آخری جادۂ عمل سمجھے ہوئے ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں۔ جیسے کتاب و سنت کے اثرات سے ان کے دل خالی اور ان کا ذوق اپا کر رہا ہے۔ ویسا ہی ہمارے دل اور زبان عملاً کتاب و سنت اور سلف صالحین کے "اسوۂ عمل" کے باقی اور سرکش ہو رہے ہیں۔ جس طرح دوسری جماعتوں نے اپنے کو ہلاکت و خباثت کے دلدل میں پھنسا دیا تھا صرف اس وجہ سے کہ ان کا یہ اعتقاد راسخ ہو چکا تھا کہ عملی تعلیم احکام اسلام و فرائض رسول انام پر ضروری نہیں بلکہ چند چھوٹے چھوٹے مسائل کو اپنا سرمایۂ عمل بنا کر جنت [illegible] [illegible] سمجھے ہیں [illegible] تھے۔ انجام کار ہمارے سامنے [illegible]

[illegible] سے تنفر دیتی ہیں اور [illegible] بڑے [illegible] بھائی ہیں کیا [illegible] کیا جماعت اہل حدیث نے ہندوستان میں پہلے پہل [illegible] حریت نہیں کیا تھا؟ کیا پنجاب کا چپہ چپہ اور بالاکوٹ کے میدان کارزار کا ذرہ ذرہ اور وادی صرحد کی پہنائیاں ان کی مساعی جلیلہ کی زندہ یادگار نہیں ہیں؟ کیا بدعت و شرک کے خلاف تقریریں و تحریریں نہیں نکلتی تھیں؟ کیا وہ ملک تقیہ سے لساناً انکار کرتے ہوئے عملاً اس کی تائید کرتے تھے؟ ہرگز نہیں۔ آج کیا ہو رہا ہے مصلحت بینی جو بہتر ہے ذمہ دار اہل حدیث اپنے مسلک اور مشہور شیوۂ اعلان حقانیت کو پائمال کر رہے ہیں۔ پھر ایسی صورت میں جبکہ خضر ہی غلط رہنمائی کریں تو منزل مقصود تک رسائی معلوم اور لیلیٔ مطلوب سے وصال خواب و خیال۔

گستاخی معاف! ہمارے علماء جو صحیح معنوں میں ہماری رہنمائی کے ذمہ دار تھے آج اپنے فرائض کو فراموش کر کے ہم عوام کو گمراہی اور بادیۂ ضلالت میں خبط عشواء بنا کر بھٹکا پھر رہے ہیں۔ ہماری جماعت کا طرۂ امتیاز مسلک "کتاب و سنت" کا اتباع اور روایات و محدثات سے ابا تھا۔ مگر آج خود ہماری جماعت میں ایک نہیں چند پارٹیاں ہو گئی ہیں اور ایسی پارٹیاں کہ اگر ایک پارٹی سے انکار کیجئے تو جہنم کے "طبقہ سفلی" کے یقیناً مستحق ٹھہرئیے۔ اگر ان کے خانہ ساز "لائحہ عمل" سے سرمو انحراف کیجئے تو گردن زدنی اور قابل کشتنی ٹھہرئیے۔ ہر پارٹی اپنی اپنی ڈفلی بجا رہی ہے اور ٹولی ٹولی بنا کر اجتماعی طاقت کو نہایت بے دردی اور سفاکی سے ذبح کر رہی ہے۔

خدا ان علماء کی قبر پر رحمت کے پھول برسائے جنہوں نے اہل حدیث کانفرنس کی شکل میں ایک متحدہ پلیٹ فارم بنایا تھا مگر افسوس فلک کج رفتار کو جماعت کا اتحاد و ائتلاف کی پیاری ادا ایسی زہر معلوم ہوئی کہ آج اس کے خلاف بہت سے اصحاب کسی ذاتی رنجش کی وجہ سے تجدید کر [illegible] برخ وہیں سے استیصال کے [illegible] [illegible] ادب سے تمام ممبر کروڑہا [illegible] جماعت کی خدمت [illegible] کرونگا کہ خدا کے [illegible] [illegible]

وہ ملت ... قائم ... اور ... کرتی ہوئی ایک
دور میں ... جن میں بلا فائدہ
صرف ہو رہی ہیں۔ بلکہ ... والدنیا والآخرہ کا دلخراش
نظارہ ہمارے اور آپ کے پیش نظر ہے۔ آئیے! ایک ہی
نظام کو اپنا محور و مرکز تسلیم کر کے اسی کے ماتحت گردش
پر چل ... دو دنیا اور ... کے مفاد کو حاصل کریں
اس وقت سیاسی رفتار اتنی تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے
کہ اگر ہم اپنے تغافل و تساہل اور جمود و خمود کو یک قلم
نہ چھوڑ دیں گے تو ذلت آفریں نتائج سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے
ہم کنار رہنا ہوگا۔

میں جناب شاکر صاحب کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے
"انقلاب زندہ باد" کے پردے میں پیام انقلاب دیا ہے
میں نہایت خندہ پیشانی سے اس پر لبیک کہتا ہوں اور
ان کی تجاویز سے اتفاق کرتا ہوں۔ اس وقت نوجوان علما
آزمودہ کار علماء کی قیادت میں تبلیغ دین متین و توصیہ کتاب و
سنت کے لئے نکل پڑیں تو اس وقت ایک بہت بڑے
فریضہ سے سبکدوش ہوں۔ ہر جگہ "کانفرنس" کا جال
بچھا دیا جائے۔ صوبہ واری، ضلع واری، ڈویژن و قصباتی
شاخیں قائم کر دی جائیں تو مہینوں کا پروگرام تھوڑے
وقت میں انجام دیا جا سکتا ہے۔ اس وقت اسکی ضرورت
نہیں ہے کہ "مسلمان کیا کریں"؟ "غریب مسلمان کدھر جائیں"؟
"جماعت اہل حدیث کس سے تعاون کرے"؟ بلکہ ضرورت
یہ ہے کہ جہاں جس جگہ، جو نسا سہل الحصول "لائحہ عمل" بن
سکے بنائیں۔ اور اہل حدیث کانفرنس (جس کا جلسہ ۸۔
۹۔ اپریل کو فتح گڑھ ضلع گورداسپور ہونے والا ہے)
کی زیر سرکردگی "عمل" پر چل پڑیں۔ ورنہ نصب العین
کی تعیین اور اصول کی وضع میں جس طرح مسلمان برادران
وطن کے مقابلہ میں پچاس سال پیچھے رہ گئے ہیں۔ اگر اسوقت
بھی لفظی نزاع اور باہمی کشمکش میں اس مبارک گھڑی اور
سنہری موقع کو کھو بیٹھے تو پھر ... ہمیشہ کے لئے رونے سے
بھی کوئی آپ پر ترس نہ کھائے گا۔ اب میں آخری کلمات کہہ کر
... [illegible]
... [illegible]

ویدوں کے تراجم اور تفاسیر

(مرقومہ جناب مقصود حسن صاحب متوطن ... لائل پوری)

(گذشتہ سے پیوستہ)

اردو میں اگرچہ آریوں کے خلاف مناظرانہ انداز میں کافی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ لیکن ہم کو افسوس ہے کہ ان میں بہت ہی کم ایسی ہیں جن کو واقف کار مصنفین نے لکھا ہو ورنہ زیادہ تر لوگوں نے سوامی دیانند جی کے ترجمۂ وید اور دیگر کتابوں کو پڑھ کر ان پر اعتراضات کر دیئے ہیں۔ خود ویدوں کا مطالعہ ان میں سے کسی نے نہیں کیا۔ الا ماشاء اللہ۔ ایسی کتابوں اور رسالوں کے ذکر کو چھوڑ کر ہم صرف ان رسالوں کا ذکر کریں گے۔ جس سے ناظرین کو وید کے مضامین پر کچھ وقوف حاصل ہو سکتا ہے۔ اور جن کی تعداد چند سے زیادہ نہیں ہے۔

سرگذشت وید یا ۱۱۳۱ وید کے چار کیونکر رہ گئے۔ مؤلفہ مولوی عبدالحق صاحب ودیارتھی لاہور۔ یہ ایک آریہ اور ایک مسلمان کا فرضی مناظرہ ہے۔ اس میں ویدوں کے متعلق مفید معلومات ہیں۔

ویدوں کا بہشت۔ یہ رسالہ بھی مولوی عبدالحق صاحب ممدوح نے لکھا ہے اور ثابت کیا ہے کہ ویدوں کی رو سے بھی بہشت میں وہ تمام چیزیں پائی جاتی ہیں جن کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے۔

سوامی دیانند اور وید۔ اس میں غازی محمود دھرمپال صاحب بی۔ اے لدھیانہ نے سوامی دیانند کے ترجمہ یجروید سے چھانٹ کر وہ منتر جمع کر دیئے ہیں۔ جن میں جدال و قتال کا ذکر ہے۔

قدیم ہندوستان میں گائے کے گوشت کا استعمال۔ یہ ترجمہ ہے ڈاکٹر راجہ راجندر لال متر کے ایک عالمانہ انگریزی مضمون کا جو ممدوح کی کتاب INDO-ARYANS ... [illegible]

... [illegible] ... مضمون ... سے ظاہر ہے۔ اردو ترجمہ رسالہ ... [illegible]

ویدوں کے حوالے بھی ہیں مگر بہت کم۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے خاکسار راقم الحروف (مقصود حسن متوطن ...) نے ایک انگریزی مضمون Use of Beef in Ancient India میں تحریر کیا تھا۔ جو پہلے انجمن اشاعت احمدیہ لاہور کے سہ ماہی انگریزی رسالہ میں شائع ہوا۔ اور پھر اخبار ... لاہور میں نومبر ۱۹۳۵ء میں چھپا۔

قدیم ہندوستان میں بہشت کا تخیل۔ یہ مضمون بھی راقم الحروف کا تحریر کردہ ہے اور مولوی عبدالحق صاحب کی کتاب سے بہت مختصر ہے۔ تاہم اس مضمون میں جو وید منتر استناد میں پیش کئے گئے ہیں اون میں سے اکثر کتاب مذکور میں نہیں ہیں۔ یہ مضمون رسالہ نظام المشائخ دہلی بابت نومبر ۱۹۳۰ء میں چھپا تھا۔

کائنات اور اس کا خالق ویدک رشیوں کے خیال کے مطابق۔ اس رسالہ میں راقم الحروف نے وید کے اون تمام سوکتوں اور منتروں کا ترجمہ دیا ہے۔ جن میں کائنات کے آغاز اور خدا کی ذات و صفات کا بیان ہے۔ یہ رسالہ نظام المشائخ میں بالاقساط اپریل ۱۹۳۲ء سے دسمبر ۱۹۳۲ء تک شائع ہوا ہے۔

اتھرو وید پر ایک نظر۔ اس میں اتھرو وید کے جستہ جستہ منتروں کا ترجمہ راقم الحروف نے درج کیا تھا جس کی چند قسطیں رسالہ "تبلیغ" انبالہ میں ۱۹۲۸ء و ۱۹۲۹ء میں شائع ہوئیں۔ بعد میں جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ اسلام انبالہ نے پوری کتاب کو کتابی شکل میں شائع کرنے کا ارادہ کیا لیکن یہ ارادہ عمل میں نہ آسکا (غالباً کمی سرمایہ کی وجہ سے) اور اب تک کتاب کا مسودہ بھی دفتر تبلیغ سے شاید گم ہو گیا ہوگا۔

ویدو ... مرتبہ مقصود حسن متوطن ... [illegible]

اخبار اہلحدیث امرتسر کے جون - جولائی - اگست اور اکتوبر ۳۶ء کے پرچوں میں چھپا تھا۔

ویدارتھ پرکاش عرف ویدک تہذیب مصنفہ
پنڈت آتمانند صاحب ست دھرمی ، حکیم امرتسر . اس کتاب کے نصف اول میں ویدک الہام اور رشیوں وغیرہ کے متعلق مضامین ہیں - اور نصف دوم میں ویدوں کا پایہ تہذیب سے گرا ہوا ہونا ثابت کیا گیا ہے - اچھی کتاب ہے اور عارمیں منیجر صاحب "اہلحدیث" امرتسر سے ملتی ہے - پنڈت آتمانند جی اور بھی مفید کتابیں چھپوانے والے ہیں - مثلاً ویدارتھ پرکاش کا دوسرا حصہ - اور قربانی کا ثبوت ویدوں سے وغیرہ - ہم کو ان کے شائع ہونے کا انتظار ہے -

پنڈت ستیہ دیوجی (سابق غلام حیدر صاحب) نے بھی کئی چھوٹے چھوٹے لیکن مفید رسالے ویدوں کے متعلق شائع کئے ہیں - جن کے نام حسب ذیل ہیں :-

(۱) پیدائش دنیا از روئے وید
(۲) پیدائش دنیا از روئے برہمن گرنتھ
(۳) ویدوں کے ظاہر کنندہ
(۴) وید کیا چیز ہے -
(۵) اہل ہنود کے علوم الہیہ -

کتابوں کے مضامین اُن کے نام سے ظاہر ہیں - تمام کتابیں تقریباً ۱۲ میں مصنف سے دفتر دھرم دیواکر - گولا دینا ناتھ شہر بنارس سے یا دفتر اہل حدیث امرتسر سے ملیں گی -

حدوث وید - جہاد وید - یہ دونوں رسالے حضرت مولانا مولوی ثناء اللہ صاحب زید مجدہم کی تالیفات سے ہیں اور دفتر اہلحدیث امرتسر سے ملیں گے -

ویدک پدانو کرم کوش - یہ اعلیٰ درجہ کی کتاب ابھی حال میں میری نظر سے گزری ہے - مصنف اس کے پنڈت وشوبندھو شاستری ہیں - اس کتاب میں جو دو جلدوں میں شائع ہوئی ہے - برہمن گرنتھوں اور آرن یکوں میں آئے ہوئے تمام الفاظ کی فہرست دی ہے اور ہر لفظ کے متعلق بتلایا گیا ہے کہ وہ کہاں کہاں ان کتابوں میں وارد ہوا ہے - یہ کتاب دراصل سوامی وشویشورانند اور نیتانند کی فہرستوں کے سلسلہ میں ہے - جن کا ذکر اخبار "اہلحدیث" مورخہ ۱۷ جنوری ۳۹ء کے صلا پر کیا ہے - وشو بندھو جی اسی طرح کی ایک فہرست اپنشدوں کے الفاظ کی بھی تحریر کر رہے ہیں - پنڈت جی وہی بزرگ ہیں جو حلقہ آریہ سماج سے زبردستی خارج کئے جا چکے ہیں (دیکھو اہلحدیث مورخہ ۵ مارچ ۳۶ء صلا)

خاتمہ | اب اس طویل اور خشک مگر پُر از معلومات مضمون کو ختم کیا جاتا ہے - اگر اللہ پاک کو منظور ہے تو یہ مضمون علیحدہ بھی ایک رسالہ کی شکل میں **معلومات وید** کے نام سے شائع کیا جاویگا - کوئی اہل ہمت صاحب مطبع اس کو چھاپنے کے لئے آمادہ ہوں تو اطلاع دیں - یہ رسالہ دراصل تین ابواب میں منقسم ہے - جن میں سے دو باب ناظرین اخبار اہلحدیث کی نذر کئے جا چکے ہیں - پہلا باب معلومات عامہ کا ہے جو "اہلحدیث" مورخہ ۱۳ جنوری ۳۹ء صلا کالم ۲ کے آغاز پر ختم ہوتا ہے - دوسرا باب تراجم اور تفاسیر کا ہے جو مذکورہ بالا تاریخ کے پرچہ کے عنوان "چتر وید بھاشیہ کار" سے شروع ہو کر آج ختم ہو رہا ہے - چونکہ مضمون خشک ہے اور ممکن ہے کہ ناظرین اس کو پڑھتے پڑھتے اکتا گئے ہوں - اس لئے اس سلسلہ کو سردست ختم کر کے "آریہ مشن" کے اور مضامین جو دلچسپ بھی ہونگے - ہدیۂ ناظرین کئے جائینگے - زاں بعد معلومات وید کا تیسرا باب شائع کیا جاویگا - جس کا عنوان ہوگا :- "چتر وید انوکرمنی" یعنی فہرست مضامین ہر چہار وید - فقط - والسلام !

(مقصود حسن از جھانسی)

ضروری پیغام !

مسلمانانِ عالم کے نام

عالیشان تجارت

(از قلم مولوی ابو نعیم عبد الرحیم صاحب از بہاول پور سٹیٹ)

قرآن کریم اور فرقان حکیم یعنی برہان عظیم میں خدائے علیم و حلیم ایک تجارت یعنی سوداگری کی طرف توجہ دلاتا ہوا فرماتا ہے :-

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا ۖ نَصْرٌ مِّنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

(سورہ صف - پارہ ۲۸)

ترجمہ :- اے لوگو ! جو ایمان لائے ہو کیا خبردار کردوں میں (اللہ) تم کو اوپر (ایک) سوداگری کے کہ نجات (رہائی) دے تم کو (لوگو) عذاب درد دینے والے سے (وہ یہ کہ) ایمان لاؤ (سچے دل سے) ساتھ اللہ (تعالیٰ) کے اور رسول اوس کے کے اور جہاد کرو بیچ راہ خدا کے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے یہ (کام) بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم (لوگ) جانتے بخشے گا (اللہ) واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور داخل کرے گا (اللہ) تم کو بہشتوں میں (کہ) چلتی ہیں نیچے اون کے نہریں جگہیں رہنے کی پاکیزہ ہیں بیچ بہشتوں عدن کے یہ ہے مراد پانا بڑا ایک بات اور کہ چاہتے ہو اوسکو مدد خدا کی طرف سے اور فتح نزدیک اور خوشخبری دے (اے نبیؐ) ایمان والوں کو -

صدق اللہ العلی العظیم وصدق رسولہ نبی الکریم ونحن علیٰ ذالک من الشاھدین و

مسلمانو ! یہ ایک ایسی تجارت ہے کہ کبھی خسارہ میں نہ رہے گی -

مسلمان لوگ خدا جانے کب اس حکم کی تعمیل کریں گے ہیں ؟ خدایا ہم سب مسلمانوں کو توفیق عطا فرما کہ دین اسلام کی خدمت پر کمربستہ ہوں - آمین !

وما علینا الا البلاغ

ابطال الہام وید | مصنفہ مولوی ادریس خان صاحب ... اس رسالہ میں خدا وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے ...

ahmadimuslim.de

فتاوی

س ۱۰۴ } عبادات بدنیہ کا ثواب مردے کو بخشا جائے تو اس کو پہنچتا ہے یا نہیں؟ عمرو پہنچنے کا قائل ہے زید عدم کا۔ عمرو احادیث ذیل سے استدلال کرتا ہے۔ (مفتی)

روی ابوبکر النجاد فی کتاب السنن عن علی بن ابی طالب ان النبی صلعم قال من مر بین المقابر نقرأ قل ھو اللہ احد احد عشر مرۃ ثم وھب اجرھا للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات۔ وفی سنۃ ایضا عن انس یرفعہ۔ من دخل المقابر فقرأ سورۃ یٰسٓ خفف اللہ عنھم یومئذ۔ وایضا ومن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ قال رسول اللہ صلعم من زار قبر والدیہ او احدھما فقرأ عندہ او عندھما یٰسٓ غفر لہ وایضا روی ابو حفص بن شاھین عن انس رضی قال قال رسول اللہ صلعم من قال الحمد للہ رب العالمین رب السموات ورب الارض الی آخر الحدیث

آخر حدیث کے الفاظ یہ ہیں ثم قال اللھم اجعل ثوابھا لوالدی لمیبق لوالدیہ حق الا اداہ الیھما —— روی ابوبکر النجاد فی کتاب السنن من حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ انہ سأل النبی صلعم فقال یا رسول اللہ ان العاص بن وائل کان نذر فی الجاھلیۃ ان ینحر مائۃ بدنۃ وان ھشام بن العاص نحر حصتہ خمسین افیجزئ عنہ فقال صلعم ان اباک لو کان اقر بالتوحید فصمت عنہ او تصدقت عنہ او اعتقت عنہ بلغہ ذالک وروی الدارقطنی قال رجل یا رسول اللہ کیف ابر ابوی بعد موتھما فقال ان من البر بعد البر ان تصلی لھما مع صلوتک وان تصوم لھما مع صیامک وان تصدق عنھما مع صدقتک۔ وفی کتاب القاضی الامام ابی الحسین بن الفرا عن انس رضی اللہ عنہ انہ سأل رسول اللہ صلعم فقال یا رسول اللہ انا نتصدق عن موتانا ونحج عنھم وندعو لھم فھل یصل ذالک الیھم قال نعم ویفرحون بہ کما یفرح احدکم بالطبق اذا اھدی الیہ (عینی شرح بخاری جلد اول ص۸۴۵ و ص۸۴۶)

اب جناب سے دریافت طلب یہ امر ہے کہ آیا عمرو کا کہنا صحیح ہے یا نہیں اور اگر نہیں تو احادیث مذکورہ کا کیا جواب ہوگا؟ (المستفتی محمد اکبر خان سرگاؤں ضلع بلاسپور)

ج ۱۰۴ } قرآن پاک سے بھی اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ فوت شدگان کے واسطے طلب مغفرت ان کے حق میں مفید ہے۔ ایسا کرنا ممنوع نہیں جائز بلکہ ضروری ہے۔ ارشاد ہے: یقولون ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان۔ اے خدا ہمیں بخش اور ان بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے با ایمان گزرے ہیں۔ اس لئے یہ بات درست ہے کہ قرآن خوانی کا ثواب بھی میت کو پہنچتا ہے بشرطیکہ خلاف شرع طریق پر نہ ہو۔ (ایک آنہ برائے غریب فنڈ وصول)

س ۱۰۵ } کیا فرماتے ہیں آپ اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی بی بی ہندہ کو بعوض ایک سو دس روپیہ کے اسٹامپ کاغذ پر طلاق لکھ دی اور عدت ہی میں رجوع کر لیا۔ اور روپیہ واپس کر دیا۔ کیا یہ رجوع عند الشرع جائز ہے یا نہیں؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۱۰۵ } صورت مرقومہ خلع کی ہے۔ جس کا ذکر قرآن مجید کی آیت فیما افتدت بہ میں ہے۔ خلع میں نکاح فسخ ہو جاتا ہے بعد ایک ماہ عدت کے بتراضی فریقین نکاح ہو سکتا ہے۔ محض رجوع کافی نہیں۔ واللہ اعلم!

(فتاوی ثنائیہ)

ضروری نوٹ: مستفتی صاحبان کو چاہئے کہ ہر سوال کے جواب کے لئے کم از کم ایک پیسہ کا ٹکٹ برائے غریب فنڈ بھیجا کریں۔ اگر ٹکٹ نہ ہو گا تو عدم اندراج [illegible]

مدرسہ محمدیہ رائیدرگ

جو عرصہ پانچ سال سے قائم ہے۔ فی الحال بیرونی و مقامی ڈیڑھ سو طلباء زیر تعلیم و تربیت ہیں۔ چار پانچ مدرسین اور ایک خادم مدرسہ کے علاوہ مدرسہ کے مکان کا کرایہ بھی مدرسہ کے ذمہ ہے۔ جس کی میزان ماہانہ ایک سو روپے سے متجاوز ہے۔ اخراجات میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور آمدنی بالکل محدود و غیر کافی ہے۔ جس سے کارکنوں بالخصوص بانی مدرسہ جناب مولانا سید محمد اسمٰعیل صاحب کو سخت دقتوں اور دشواریوں کا سامنا ہے۔

مدرسہ مذکور جماعتی امداد و اعانت کا اولین مستحق ہے۔ کیونکہ اس علاقہ میں تخمیناً تین سو میل تک کوئی دوسرا مذہبی مدرسہ نہیں ہے۔ مسلمان عموماً تعزیہ اور قبر پرست ہیں اندریں صورت یہاں ایک ایسے مدرسہ کا قیام نہایت درجہ ضروری تھا۔ جس سے نہ صرف تعلیم و تدریس ہی کا کام مدنظر ہو بلکہ اس کے ضمن میں کافی تبلیغ اور اشاعت مذہب بھی کی جا رہی ہے۔ لہذا جماعت اہل حدیث سے خصوصاً اور جملہ مسلمانان ہند سے عموماً پُر زور اپیل کرتا ہوں کہ مدرسہ محمدیہ رائیدرگ کی طرف دست اعانت و امداد بڑھا کر عند الناس مشکور و عند اللہ ماجور ہوں۔

الملتمس:- ابو الوحید محمد عبد اللہ عقیل مئوی کان اللہ

المعلن:- حافظ عبد الرزاق عفی عنہ صدر مدرس مدرسہ محمدیہ رائیدرگ ضلع بلہاری۔ (۸ر اشاعت فنڈ وصول)

فتح اسلام

ہمارے گاؤں (موضع کماچی) میں مرزائی ہیں جو ہمارے ساتھ ہر وقت نزاع رکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر کیا کرتے اور کیا کھاتے پیتے ہیں۔ ما نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت جاری ہے وغیرہ وغیرہ —— آخر ۱۲ کو حیات مسیح و ختم نبوت و صدق کذب مرزا پر میدان میں باقاعدہ مناظرہ ہوا۔ اہل اسلام کی طرف سے مولوی ابراہیم صاحب ساکن کھیڑ نوال (ریاست کپورتھلہ) مناظر تھے۔ ماشاء اللہ انہوں نے مرزائیت کی بدلائل قرآن و حدیث و کتب مرزا سے تردید کی جو عوام الناس پر ایسا اثر پڑا کہ ہر ایک کی زبان سے تحسین و آفرین کے نعرے بلند ہوئے۔

الراقم۔ عبد الغنی دوکاندار کماچی۔ ضلع [illegible]

متفرقات

حساب دوستان مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت اخبار۔ میعاد مہلت و میعاد غریب فنڈ ماہ اپریل میں ختم ہو جائیگی۔ اگر آیندہ خریداری بدستور منظور ہو تو قیمت اخبار بذریعہ منی آنڈر یا انکار کی اطلاع بذریعہ پوسٹ کارڈ ۲۷-اپریل تک دفتر میں پہنچ جانی چاہئے ورنہ ۲۸-اپریل کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

مہلت یافتگاں مکرر مہلت طلب کرنے کی تکلیف نہ فرمائیں اگر سابقہ قیمت وصول ہوگئی تو بہتر ورنہ اخبار بند کر دیا جائیگا۔ غریب فنڈ میں چونکہ ابھی گنجائش نہیں۔ جب تک بقایا سائلین کے تمام اخبار جاری نہ ہو لے۔ اور آیندہ داخلہ وصول کرنے کا اعلان اخبار میں نہ کر دیا جائے نئے داخلے قطعًا وصول نہیں کئے جائینگے۔ اگر کوئی صاحب بھیجیں گے تو واپس کر دئیے جائینگے۔

۹۱ - ۱۰۷ - ۱۱۵ - ۷۹۹ - ۱۱۲۸ - ۲۱۷۸
۲۲۱۴ - ۳۱۹۱ - ۳۵۶۶ - ۴۶۱۱ - ۴۷۵۳
۴۸۰۷ - ۴۸۲۸ - ۵۰۳۲ - ۵۰۴۸
۶۰۴۶ - ۶۱۲۷ - ۶۳۴۹ - ۶۳۷۸ - ۶۹۰۳
۶۹۲۴ - ۶۹۳۲ - ۷۳۹۲ - ۷۵۳۶
۷۸۷۴ - ۷۸۸۱ - ۸۴۰۸ - ۹۴۳۸
۹۴۵۸ - ۹۶۸۰ - ۹۷۸۹ - ۱۰۱۳۸
۱۰۲۴۰ - ۱۰۳۵۱ - ۱۰۳۲۴ - ۱۰۵۸۳
۱۰۶۲۲ - ۱۰۶۶۰ - ۱۰۶۶۵ - ۱۱۱۰۸
۱۱۱۴۰ - ۱۱۲۴۵ - ۱۱۳۷۷ - ۱۱۳۸۷
۱۱۳۸۹ - ۱۱۵۰۲ - ۱۱۵۰۷ - ۱۱۶۳۸
۱۱۷۱۰ - ۱۱۸۵۶ - ۱۱۸۶۹ - ۱۱۹۳۷
۱۲۰۳۴ - ۱۲۰۳۵ - ۱۲۰۴۰ - ۱۲۰۹۴
۱۲۱۵۹ - ۱۲۱۶۳ - ۱۲۱۶۷ - ۱۲۱۶۹
۱۲۱۷۷ - ۱۲۱۷۸ - ۱۲۱۸۰ - ۱۲۲۹۰
۱۲۲۴۲ - ۱۲۲۸۳ - ۱۲۲۸۸ - ۱۲۲۹۸
۱۲۳۰۲ - ۱۲۳۳۴ - ۱۲۳۵۵ - ۱۲۳۵۷
۱۲۳۵۹ - ۱۲۳۶۱ - ۱۲۳۶۴ - ۱۲۳۶۵
۱۲۳۶۶ - ۱۲۳۶۷ - ۱۲۳۶۸ - ۱۲۳۶۹
۱۲۳۷۰ - ۱۲۳۷۵ - ۱۲۳۷۷ - ۱۲۳۸۹
۱۲۴۳۵ - ۱۲۴۴۸ - ۱۲۴۴۸

غریب فنڈ ۲۹۸۰ - ۹۶۱۴ - ۹۸۶۳ - ۱۱۳۲۶ - ۱۱۵۳۹ - ۱۱۸۶۰ - ۱۲۳۲۳

گول میز کانفرنس کی تائید قاضی محمد رمضان صاحب ساکن اکاڑہ ضلع منٹگمری اور بعض دیگر حضرات بھی کرتے ہیں

جلسہ اہل حدیث کانفرنس جو ۷-۸-۹ اپریل کو فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) میں منعقد ہو رہا ہے۔ میں شریک ہونا ہر اہل حدیث بھائی کا اجماعی فرض ہے۔ پنجاب و سرحد اور سندھ کے اصحاب کو بہت دیر بعد یہ موقع نصیب ہو رہا ہے۔ اس لئے ان کو خود اور اپنے احباب سمیت شریک ہو کر جلسہ کی رونق کو دوبالا کرنا چاہئے نیز کانفرنس کی ضروریات، غرض و غایت یعنی تبلیغ توحید و سنت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہر بہی خواہ کو اس کی مالی امداد کرنی چاہئے ——— کمی

جلسہ کے اختتام کے بعد شہر امرتسر میں میلہ منڈی بیساکھی بھی حسب دستور سابق لگیگا۔ اس لئے سوداگر و تاجر حضرات اس موقع سے مالی فائدہ اٹھا کر ایک پنتھ دو کاج کے مصداق بن سکتے ہیں۔ موسم اگرچہ تبدیل ہو رہا ہے مگر پھر بھی معمولی سا کمبل یا کم از کم گاڑھے (کھدر) کی چادر یا لوئی وغیرہ ضرور لانی چاہئے۔ بہت بھاری بستر ساتھ لانے کی ضرورت نہیں ——— جلسہ کے پوسٹر خوشنما رنگوں میں چھپ کر شائع ہو چکے ہیں۔ تاہم جہاں ضرورت ہو بہت جلد طلب کریں ——— فتح گڑھ چوڑیاں کو امرتسر سے ۸½ بجے صبح۔ ایک بجے دوپہر اور پانچ بجے شام تین گاڑیاں جاتی ہیں۔ امرتسر سے ایک گھنٹہ کا راستہ ہے۔ اگر کوئی صاحب ایسے وقت امرتسر سٹیشن پر پہنچیں کہ گاڑی نکل چکی ہو اور ٹکٹ بھی امرتسر ہی کا لیا ہو تو دروازہ رامباغ سے بذریعہ موٹر لاری سفر کر سکتے ہیں۔ ریلوے سٹیشن امرتسر سے پلیٹ فارم ملاحظہ سے فتح گڑھ کی گاڑی روانہ ہوا کرتی ہے۔ تاہم گیٹ کیپر یا کسی ریلوے ملازم سے بھی دریافت کر لینا چاہئے ——— اگر سٹیشن پر ایسے وقت پر اتریں کہ گاڑی کی روانگی میں کافی دیر ہو تو جو صاحب دفتر اہلحدیث میں تشریف لانا چاہیں وہ کٹڑہ بھائی سنت سنگھ پوچھ لیں۔ اسی چوک میں بر لب سڑک [illegible] واقع ہے ——— جو اصحاب شناخت برقی پریس کے متعلق کوئی کام رکھتے ہوں وہ ہال بازار میں ہال دروازہ میں داخل ہوتے ہی پہلے چوک میں بائیں جانب بالمقابل ہسپتال بجلی و بھاپ (ڈاکٹر رام رنگ) تشریف لے جائیں۔ ہال بازار میں بھی پریس کا بورڈ لگا ہوا ہے۔ (خاکسار منیجر اہلحدیث امرتسر)

یاد رفتگان اس ہفتہ مندرجہ ذیل حضرات (جن کا تعلق اہلحدیث سے بہت قدیمی ہے) کی طرف سے جنازہ غائب کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ادارہ اہلحدیث ان حضرات کے رنج میں شریک ہوتا ہوا اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ نیز ناظرین سے بھی التماس ہے کہ مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللّٰھم اغفرلھن وارحمھن۔

(۱) اہلیہ صاحبہ بابو نور محمد صاحب گارڈ مقیم تھازی ایر برما (بعارضہ ملیریا)

(۲) اہلیہ محترمہ ملک غلام محمد صاحب شال مرچنٹ کنہ کدل سری نگر کشمیر

(۳) اہلیہ مستری حاجی مولا بخش صاحب ٹھیکیدار پٹی ضلع لاہور

درخواست دعا میرا ایس ای کلاس کا امتحان ۱۷-اپریل ۱۹۳۹ء کو شروع ہونے والا ہے۔ جملہ ناظرین اہلحدیث میرے اس نیک ارادے کی کامیابی کے لئے خلوص دل سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے و دیگر امیدواروں کو اس امتحان میں کامیاب کرے۔

راقم: محمد شفیع متعلم ایس ای کلاس گورنمنٹ نارمل سکول۔ لالہ موسیٰ ضلع گجرات (پنجاب)

اشاعت فنڈ از مدرسہ محمدیہ رائدرگ ۸ ر۔ اہل حدیث دار الاشاعت دکن ۸ ر

نامہ نگار اصحاب کی خدمت میں التماس ہے کہ مضامین سفید کاغذ کے ایک طرف پختہ روشنائی سے خوشخط لکھ کر بھیجا کریں۔ عبارت سلیس ہونی چاہئے۔ (دفتر)

دعائے صحت ملک محمد اسماعیل صاحب کی طبیعت ناساز ہے

ضروری نوٹ: صفحہ ۱۹ ضرور ملاحظہ فرمائیں۔ دفتر اہلحدیث

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

جرمنی انگریزوں کی روش پر

؎ رموز مملکت خویش خسرواں دانند

آج اخبارات میں دھوم ہے کہ جرمن ڈکٹیٹر (ہر ہٹلر) آئے دن اپنا قدم آگے بڑھاتا جاتا ہے۔ باوجود وعدۂ امن کے وہ کسی بات پر نہیں ٹھیرتا۔

ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا ہے کہ برطانیہ اور فرانس کے وزراء نے جرمنی کے مشہور شہر میونک میں پہنچ کر ہر ہٹلر کے ساتھ ایک معاہدہ کیا تھا۔ جس کی رو سے چیکو سلواکیہ کا علاقہ (سوڈیٹن لینڈ جس میں جرمن باشندوں کی کثرت ہے) جرمنی میں شامل کر کے ہر ہٹلر کا مونہہ بند کر دیا تھا۔ مگر جرمن ڈکٹیٹر ایسا بے باک واقع ہؤا ہے کہ ایک لقمہ چبا کر دوسرے کے لئے مونہہ کھول دیتا ہے۔ پھر چند روز میں اُسے بھی ہڑپ کر لیتا ہے۔ معاہدہ میونک کے بعد پہلے اس نے سلواک میں مداخلت کی پھر چیک میں۔ اسطرح سے سارا چیکو سلواکیہ ہضم کر لیا۔ حالانکہ معاہدہ میونک میں ہر ہٹلر نے خود بھی اس کی حفاظت کی ضمانت دی تھی۔ اب اس ہفتے خبر آئی ہے کہ لتھونیا کے علاقہ میمل کو بھی اس نے اپنا لقمہ بنا لیا ہے اور اب وسط یورپ کی چھوٹی چھوٹی آزاد سلطنتوں (ہالینڈ، سوئٹزر لینڈ اور ڈنمارک وغیرہ) پر بھی دانت رکھتا ہے۔ ہم نے جو اس کی رفتار پر گہری نظر سے غور کیا تو اس کو انگریزوں کی روش کے بالکل مشابہ پایا جس کے ثبوت میں ہم اپنے ملک ہندوستان کی تاریخ سے چند واقعات بالاجمال پیش کرتے ہیں۔

ابتدا میں انگریزوں کی ایسٹ انڈیا کمپنی نے مدراس میں سوداگرانہ حیثیت سے کوٹھیاں بنائیں۔ پھر حکومت مغلیہ کو ضعیف پا کر ان کوٹھیوں سے قلعوں کا کام لینے لگے۔ اور بظاہر اپنے جان و مال کی حفاظت کی غرض سے کچھ [illegible]

بڑھایا اور حفاظت کے سامان میں کچھ اضافہ کر لیا۔ یعنی بندوقوں سے ترقی کر کے توپ خانہ رکھنا شروع کر دیا۔ اور حکومت مغلیہ کو ضعیف دیکھ کر مدراس کے چند علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ پیش قدمی کرتے کرتے مدراس سے نکل کر بنگال پر ہاتھ صاف کیا۔ نواب سراج الدولہ کو شکست دی اور دربار دہلی سے دیوانی اختیارات حاصل کر لئے۔ دوسری طرف مرہٹے از خود اٹھے یا اٹھائے گئے اور تخت دہلی پر قابض ہو گئے۔ ان کو دہلی سے نکالنے میں دربار دہلی کی امداد کر کے آپ بھی خوب فائدہ اٹھایا۔ اسی طرح آہستہ آہستہ پنجاب اور بلوچستان میں بھی داخل ہو گئے۔ بلکہ ہندوستان کی سرحد سے آگے بڑھ کر افغانستان میں بھی وارد ہو گئے غرض جب تک مزاحمت نہ ہوئی اپنا قدم آگے ہی آگے بڑھاتے گئے۔ نتیجہ یہ ہؤا کہ سارا ہندوستان برطانیہ کے زیر نگیں ہو گیا۔

ملک گیری کے ایسے واقعات حکومتوں پر کوئی عیب یا بدنما دھبہ نہیں لگاتے۔ اسی لئے شیخ سعدیؒ نے حکومتوں کی نبض شناسی کر کے یہ شعر کہا ہے جو اپنے معنی میں بالکل صحیح ہے ؎

ہفت اقلیم ار بگیرد پادشاہ
ہمچناں در بند اقلیم دگر

آج اگر ہر ہٹلر علاقے پر علاقہ دبائے چلا جاتا ہے تو اس کا یہ طرز عمل انگریزوں کی سابقہ روش کے بالکل موافق ہے انگریزوں کے حلیف فرانس نے کیا کیا تھا؟ ابھی کل کی بات ہے کہ مصر کی بابت فرانس اور برطانیہ میں جھگڑا اٹھا آخر اس جھگڑے کو انہوں نے یوں نپٹایا کہ مصر پر انگریزی تسلط قائم رہا اور مراکش کو فرانس نے لے لیا چنانچہ آجتک اسی تقسیم پر دونوں حکومتوں کا عمل درآمد ہے اسی طرح روس نے وسط ایشیا میں اسلامی ممالک کو بزور دبایا ہؤا ہے۔

غرض مطلب یہ ہے کہ کوئی حکومت موقع مل جانے پر کمی نہیں کیا کرتی۔ اگر اس کا کوئی وعدہ یاد دلایا جائے تو وہ کہتا ہے ہاں وعدہ تو ہے مگر فضا اور ماحول تبدیل ہو گیا ہے اس لئے ایفائے عہد میں مجبوری ہے۔ کسی امر [illegible]

[illegible]

ہوتا ہے مگر دوسروں کو اس کے روکنے کا اختیار نہیں ہے آج ہم جرمنی کی پیش قدمی کو قانون قدرت اور دول یورپ کی پالیسی پر جانچتے ہیں تو اس میں کوئی جدت اور ندرت نہیں پاتے۔ کیونکہ وہ اسی اصول پر چل رہی ہے جس پر چل کر یورپ کی دوسری حکومتوں نے کئی ایک آزاد ممالک کو اپنا غلام بنایا ہؤا ہے۔ بایں ہمہ ہمارا قول یہی ہے کہ ؎

رموز مملکت خویش خسرواں دانند
گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش

تمام ہندوستان کے برادران اہل سنت سے

لکھنؤ کے سنیوں کی فریاد

بعنوان بالا ایک مطبوعہ تحریر بغرض اشاعت ہمارے پاس پہنچی ہے جسے درج کرنے سے پہلے یہ ظاہر کر دینا بہت مناسب ہوگا کہ امت مسلمہ میں جب سے شیعہ سنی کی تفریق ہوئی ہے اسلام کو اتنا نقصان پہنچا ہے کہ کسی یورپی سلطنت سے بھی نہیں پہنچا۔ بغداد کا سقوط ہؤا تو اس کا باعث یہی شیعہ سنی تفرقہ تھا۔ تخت دہلی کو نقصان پہنچا تو اسی وجہ سے۔ ترکی اور ایرانی سرحد پر تو اذان میں اَشْهَدُ اَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ کہنے پر امت مسلمہ کے لاکھوں کلمہ گو افراد کام آئے۔

چاہئے تھا کہ امت مسلمہ واقعات گذشتہ سے عبرت حاصل کر کے باہمی رواداری کا سبق سیکھتی۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اقبال کا ستارہ ابھی تک بہت نیچے ہے۔ لکھنؤ میں سنی حضرات اس امر پر مصر ہیں کہ ہم جلوس کی شکل میں مدح صحابہ پڑھتے ہوئے شاہراہوں پر گزریں گے۔ اُدھر شیعہ لوگ اس پر بضد ہیں کہ ہم نہیں گزرنے دیں گے کیونکہ ایسا کرنے سے ہماری دلآزاری ہوتی ہے۔ حکومت کا اس پر اصرار ہے کہ ہم نقض امن کے خوف سے اس کی اجازت نہیں دے سکتے۔ سنی سول نافرمانی کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں چیدہ چیدہ علماء اہل سنت یوپی کے [illegible] جیل خانوں میں [illegible]

"لکھنؤ نے ایک مطبوعہ تحریر بصورت اشتہار شائع کی ہے جس کی ضروری عبارت ذیل میں درج کی جاتی ہے :-

"لکھنؤ میں تین سال سے بر سر عام مدح صحابہ پڑھنے کی آزادی کا سوال چھڑا ہوا ہے۔ بہت سے بھائی شاید نہیں جانتے کہ ہمارا مطالبہ کیا ہے۔ اس لئے اچھا ہے کہ واضح کر دیا جائے کہ ہم اپنے لئے صرف وہی حق چاہتے ہیں جو ہندوستان میں ہندوؤں، عیسائیوں، سکھوں، پارسیوں، شیعوں وغیرہ تمام ملتوں اور فرقوں کو حاصل ہے۔

ہر قوم اور فرقہ کو از روئے قانون یہ حق حاصل ہے کہ اپنے چھوٹے بڑے جس مذہبی یا قومی رہنما کی وہ چاہے برسی منائے، عام مقامات پر جلسے منعقد کرکے ان کے کارنامے اور محامد و محاسن بیان کرے یا شاہراہ عام پر جلوس نکالے۔ جلوس میں اُن کے نام کے نعرے بلند کرے اور اُن کی شان و صفت کے اشعار پڑھے اور ہندوستان کے ہر حصہ میں ایسا عملدرآمد ہو رہا ہے۔ کوئی ایسا شہر یا قصبہ نہ ہوگا جس میں اس قسم کے جلسے نہ ہوتے یا جلوس نہ نکالے جاتے ہوں۔ بڑے بڑے مقتدایان مذہب کا کیا ذکر ہے اب تو کچھ عرصہ سے سال بسال تلک، لاجپت رائے، سی آر داس، بھگت سنگھ وغیرہ کی برسیاں منائی جاتی اور گاندھی، ٹیگور، وغیرہ کی سالگرہ کے جلسے ہوتے ہیں۔

لکھنؤ میں حضرت پیر جیلانیؒ کی یادگار میں گیارھویں کا جلسہ علی الاعلان میونسپل پارکوں میں ہو سکتا ہے۔ سر سید احمد خاں، حکیم اجمل خاں، مولانا محمد علی، ڈاکٹر انصاری، غازی مصطفیٰ کمال پاشا اور مولانا شوکت علی وغیرہ کے یوم وفات پر پارکوں میں جلسے کئے جا سکتے ہیں اور اُن کی یادگار میں جلوس نکالے جا سکتے ہیں۔ لیکن اگر حضرات خلفائے ثلاثہ (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے عظیم الشان کارناموں کو بیان کرنے یا ان کی شان میں قصائد اور نظمیں پڑھنے کے لئے کسی عام مقام پر جلسے منعقد کریں یا ان کے نام نامی پر کوئی جلوس نکالیں اور اس میں ان کے نام کے نعرے لگائیں یا ان کی مدح کے اشعار پڑھیں تو حکومت دفعہ ۱۴۴ کے ذریعہ مزاحمت کرتی ہے۔ حکومت کا قانون ہمارے حق کی نفی نہیں کرتا۔ خود موجودہ حکومت نے پچھلے ۔۔ مارچ [illegible] کو [illegible] ریزولیوشن میں [illegible] الفاظ ہمارا حق تسلیم کیا کہ :-

"گورنمنٹ واضح کر دینا چاہتی ہے کہ پہلے تین خلفاء کی مدح پڑھنا [illegible] [illegible] [illegible] نہیں [illegible] سنیوں کو بیشک حاصل ہے" اور پھر ۱۷ نومبر کو جو اعلان [illegible] شائع کرایا [illegible] اس میں بھی لکھا تھا کہ :-

"عرصہ سے گورنمنٹ کا یہ ارادہ رہا ہے کہ اگر لکھنؤ میں امن و امان کی زندگی کا سلسلہ قائم ہو جائے تو سنیوں کو موخر الذکر معنوں سے (یعنی خاص مدح صحابہ کا عام جلسہ کرنا یا جلوس نکالنا) بھی مدح صحابہ کے حق کو استعمال کرنے کا موقع دیا جائے"

لیکن باوجودیکہ تین ماہ سے زائد گزر گئے اور اس اثنا میں لکھنؤ میں ایسا امن و امان رہا کہ "حیدر آباد ڈے" منایا گیا۔ اور اُس کے سلسلہ میں [illegible] ہندوؤں کا جلوس نکلا۔ یوم آزادی منایا گیا۔ مسلم لیگ پولیٹیکل کانفرنس ہوئی اور مولانا ظفر علی خان صاحب کا جلوس لاٹھیوں، بلموں اور تلواروں سے مسلح رضا کاروں اور ہزار در ہزار مسلمانوں نے نکالا۔ باایں ہمہ ہم کو اپنا وہ حق استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی گئی جس کا خود حکومت نے علی الاعلان وعدہ کیا تھا۔ یہ کیوں؟ کہا جاتا ہے کہ نقض امن کا اندیشہ ہے۔ کس کی جانب سے؟ سنیوں کی طرف سے؟ نہیں بلکہ شیعوں کی جانب سے۔ حکومت کی انصاف پسندی ملاحظہ ہو کہ جس کی طرف سے نقض امن کا اندیشہ ہے وہ تو اپنے ہر قسم کے جلوس سال بھر کے اندر ہر مہینہ میں نکال سکے مگر جس کی طرف سے نقض امن کا اندیشہ نہیں ہے اُسکو جلسہ و جلوس کسی کی بھی اجازت نہیں۔ گویا دوسرے معنوں میں وہ حکومت جو مہاتما گاندھی کے مسلک عدم تشدد کی حامی اور متبع ہے سنیوں کو اپنے غیر منصفانہ رویہ سے یہ سبق پڑھاتی ہے کہ اگر تم کو اپنے لئے جلسہ و جلوس کی آزادی حاصل کرنا ہے تو تم بھی دوسروں کے جلسوں اور جلوسوں کے وقت نقض امن کرو تاکہ وہ اپنا نقصان دیکھ کر تمہاری مزاحمت ترک کر دیں۔ حالانکہ ہندوستان کی ایک عدالت العالیہ کی رائے یہ ہے کہ :-

"عمال انتظامی کا یہ کھلا ہوا فرض ہے کہ وہ اُن شہری حقوق کی تائید کریں جن کا استقرار اُن کی اپنی دیوانی عدالتوں میں ہو چکا ہے (ہمارا حق حکومت نے خود تسلیم کر لیا اسلئے عدالت دیوانی سے رجوع کرنے کی ضرورت نہ رہی) اور ایسا کرنے میں جو [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

ادائی میں ناکامیاب ہے۔" (آل انڈیا رپورٹر [illegible] مدراس)

اسی عدالت العالیہ کے ایک اور [illegible] فیصلہ میں ہے کہ

"حکومت کی بجائے یہ کہا جاتا کہ [illegible] کی خلاف ورزی کو روکنے اور [illegible] کرنے [illegible] کے جائز حقوق میں مداخلت سے باز رکھنے کیلئے [illegible] نہیں ہے [illegible] بات ہے کہ وہ تمام اختیارات سے دستکش ہو گئی۔" (آل انڈیا رپورٹر [illegible] مدراس صفحہ [illegible])

اسی عدالت العالیہ نے عمال انتظامی کو قانون کا مفہوم سمجھانے کیلئے تحریر کیا کہ :- "امن عامہ کو قائم رکھنے کیلئے مجسٹریٹ کو خاص قسم کا اختیار دیا گیا ہے جو صرف خاص موقعوں کیلئے محدود ہے اُس کا پہلا فریضہ یہ ہے کہ ہر شخص کی اُن حقوق کے برتنے میں حفاظت کرے جو اُسکو قانوناً حاصل ہوں اور جو لوگ دوسروں کے حقوق کو پائمال کرنا چاہتے ہیں احتیاطی تدابیر سے انکو روکے۔" (انڈین لا رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۱۴۱ و ۱۴۲)

پھر اس سے زیادہ صراحت سے سمجھایا ہے کہ :-

"جہاں حقوق میں مزاحمت کی جائے وہاں حقدار اشخاص کو قانون کی پوری پوری پناہ ملنا چاہئے جس حد تک کہ مقتضائے حالات ہو۔ اسکے ثبوت کیلئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہے کہ مجسٹریٹ کے اختیارات حقوق کے تحفظ میں صرف ہونا چاہئے نہ کہ حقوق کا نفاذ روکنے میں۔ ناجائز افعال کے روکنے میں کہ جائز افعال کے اندر مداخلت کرنے میں۔ اگر مجسٹریٹ کو یقین ہے کہ کسی جائز حق کے نفاذ سے بلوہ ہو جائیگا تو اسکی توقع بجا طور پر کی جا سکتی ہے کہ وہ اُن اشخاص سے ناواقف ہوگا جن سے بلوہ کا اندیشہ ہو اور اُس کا فرض ہے کہ اُن لوگوں سے قیام امن کی ضمانت لے۔" (ایضاً)

اگر حکومت کو انصاف کرنا منظور ہوتا تو ۔۔ مارچ کے ریزولیوشن میں ہمارا حق تسلیم کر لینے کے بعد اپریل کے دوسرے ہفتہ میں جب ایک جلسہ کا مقامی مجلس احرار نے اعلان کیا اور وہاں مدح صحابہ پڑھنے کا قصد ظاہر کیا گیا تو حکومت ہرگز دفعہ ۱۴۴ نافذ کرکے مدح صحابہ پڑھنے کو نہ روکتی۔ کیونکہ جہاں جلسہ تھا وہاں سنیوں کی کثیر آبادی تھی اور کسی بلوے کا احتمال بھی [illegible] [illegible] لکھنؤ کے جلوسوں کی گذشتہ تاریخ بتاتی ہے کہ مدح صحابہ پڑھنے [illegible] [illegible] [illegible] نہیں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

خوراک اور صحت

کے متعلق بہترین معلومات ایک کارڈ لکھ کر مفت منگالیں۔
نورسن کمپنی ... ہال بازار امرتسر

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث وبہزاز افریداران اہلحدیث لاہ مدیزین عدوانہ تازہ تبدیلی شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے جریان یا کسی اور وجہ سے جس کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ..... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنی کرشمہ ہے چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد دور ہو جاتا ہے۔ مرد عورت بچے، بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ... آدھ پاؤ ... پاؤ بھر ... مع محصولڈاک ... محصول ڈاک علیحدہ ہوگا ... کی قیمت ...

... پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نیز ایک پاؤ سے کم وزن کی جائیگی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادتیں

جناب عبدالستار صاحب بمبئی۔ "میں نے آپ کے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا ... از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک ... کے نام ارسال کردیجئے۔" (۱۹۔جنوری ۱۹۳۹ء)

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور "دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ... فرمائیے۔ اس کے قبل چند بار مختلف جگہ سے منگوا چکا ہوں ... مفید ثابت ہوئی" (... ۱۹۳۹ء)

جناب راؤ عبدالواسع خان صاحب ... "آپکی مومیائی کی بہت تعریف ہے اور فائدہ مند بھی ہے میں نے اس سے پیشتر منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی اب ایک چھٹانک اور ارسال فرمائیے" (۱۲۔فروری ۱۹۳۹ء)

(مومیائی منگوانے کا پتہ)

حکیم محمد سردار خان پروپرائٹر دی میڈیکن ایجنسی امرتسر

سرمہ نور العین

(مصدقہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب مدظلہ)

... کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک ... پیدا ... سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوری کا بے نظیر علاج ہے ... منگوانے کا پتہ۔ مینیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ (پنجاب)

... آپ ... ادویات ... نصف قیمت ...

آدھی قیمت میں

امرت دھارا فارمیسی کی تمام ادویات

امرت دھارا فارمیسی اپنے ۳۴ ویں سالانہ جلسہ کی تقریب پر اپنی ادویات کے ان تمام آرڈروں پر جو ماہ مارچ کے اندر ہندوستان اور اس کے باہر کسی بھی ڈاکخانہ سے پوسٹ کئے جاویں۔ پچاس فیصدی کمیشن دے گا۔

پیشگی روپیہ ... کرانے کی صورت میں سال بھر یہی رعایت

اس ماہ مارچ کی بدولت ایک سنہری موقعہ ... اگر آپ کچھ روپیہ اس ماہ مارچ میں جمع کرادیں گے۔ تو یہ رعایت سال بھر ہی آپ کو تب تک ملتی رہے گی۔ جب تک آپکا روپیہ ختم نہیں ہو جائے گا۔

امرت دھارا ... مرکبات نیز کشتہ سونا و ہیرا ... قیمت میں

امرت دھارا اور اس کے مرکبات نیز کشتہ سونا و ہیرا بھی ۲۵ فیصدی کمیشن کاٹ کر دیا جائے گا۔

آدھی قیمت ... تمام کتب

تندرستی اور حفظان صحت پر پنڈت ٹھاکر دت شرما وئید کی قلم جادو رقم سے لکھی ہوئی تمام کتب جن میں کام ودی شاستر حصہ اول بھی شامل ہے۔ پچاس فیصدی کمیشن کاٹ کر دی جائے گی۔

امراض مخصوصہ مردمان۔ رسالہ امرت اور فہرست ادویات و کتب مفت منگوائیے۔

امرت دھارا ... امرتسر

دہلی میں

کتب خانہ رشیدیہ

ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول ... کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

- شرح اردو شرح تجرید بخاری مجلد کاغذ سفید اعلیٰ [illegible]
- بخاری مع حاشیہ سندی [illegible]
- قاموس معرب اعلیٰ کاغذ [illegible]
- مفتاح کنوز السنہ۔ حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں۔ ان کی مکمل فہرست ـــہ
- کمانی شرح بخاری ۵ جلد للعہ
- سیرۃ الحلبیہ [illegible]
- شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ [illegible]
- فیض القدیر شرح جامع صغیر (للمناوی) ۶ جلد مجلد [illegible]
- تاج العروس شرح قاموس [illegible]
- تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے ارزاں کی گئی ہے [illegible]
- تفسیر خازن مع معالم التنزیل طبع تاسعہ [illegible]
- تسہیل العربیہ [illegible] اردو ترجمہ [illegible] ایک ہزار صفحات [illegible] للعہ

نوٹ :- فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جا سکیں اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری شمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ؏

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ :- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کارخانہ اشاعۃ الاسلام امرتسر

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ، افغانستان کی ترقیات، ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۰×۲۶/۸ کے ۵۶۴ صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ اصل قیمت تین روپے۔ رعایتی قیمت [illegible] ملک کے مشہور جرائد [illegible] ہیں۔ ضرور منگوا کر پڑھیں۔

پتہ :- منیجر اہلحدیث [illegible]

اہل حدیث کی علمی خدمات

احباب کو یاد ہوگا کہ [illegible] آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی علی گڑھ میں منائی گئی جس میں شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی۔ کانفرنس نے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا۔ آپ نے وہاں ایک مقالہ پڑھا جس میں جماعت اہل حدیث نے علوم فن کی جو خدمات کی ہیں۔ اس کا [illegible] تذکرہ ہے۔ قابل مقالہ نگار نے حضرات تابعین سے اہل حدیث [illegible] ہند ثابت کیا ہے پھر جناب کی ابتدا کا حال جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ دہلوی سے ہے اور ترویج کا حضرت سیدنا محمد اسماعیل شہیدؒ سے مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ۔ قومی اخبار [illegible] کا نقشہ ہے۔ الی غیر ذالک۔ غرض آپ کی جماعت نے ملک میں علمی حیثیت سے جو کام کئے ہیں۔ [illegible] نہایت تہذیب و جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اہل حدیث حضرات کو یہ مقالہ ضرور خریدنا چاہئے۔ ضخامت ۲۰۰ صفحات۔ قیمت عہ۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔

تراجم علمائے حدیث ہند

(مصنفہ ملک امام خان صاحب [illegible])

ہندوستان میں گلشن حدیث کی پود شاہ ولی اللہ صاحبؒ دہلوی نے لگائی۔ سیدنا محمد اسماعیل شہیدؒ نے اپنے خون سے سینچا۔ نواب صاحب بھوپالیؒ نے اس کے پھیلاؤ کے لئے خزانے کھول دیئے۔ [illegible] یہ پود ملک کے چپہ چپہ پر پھیل گئی اور ملک ابو یحییٰ امام [illegible] نے اس سدا بہار گلشن سے ایک گلدستہ سجایا ہے جسے عوام نے بے حد پسند کیا۔ اگر آپ بھی گلشن توحید کے اس گلدستہ [illegible]

اشتہار واجب الاظہار و بہجت آثار

عقیدتمندانِ خلوص کیش و خریدارانِ نیکو اندیش !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ !

جس طرح اللہ تعالیٰ نے عالمِ اجسام کو روشن کرنے کے لئے آفتاب کو پیدا کیا ہے اسی طرح ارواحِ مقدسہ کو روشن کرنے کے لئے ذات محمدیؐ کو پیدا کیا۔ چنانچہ ظاہری سورج کو بھی سِرَاجًا وَّهَّاجًا کہا اور آپ کی صفت میں بھی سِرَاجًا مُّنِيْرًا فرمایا۔ لیکن جس طرح ظاہری سورج سے روشنی لینے کے لئے آنکھوں کی سلامتی اور حصولِ نور کیلئے آنکھ کھول کر سورج کی طرف رُخ کرنا شرط ہے۔ اسی طرح آنحضرتؐ سے بھی فیض روحانی حاصل کرنے کیلئے دل کی صفائی اور طلب صادق شرط ہے۔ سلسلہ برکات محمدیہ اسی لئے جاری کیا گیا تھا کہ صادق الرغبت طالبوں کو بصیرتِ معرفت اور نورِ قلب حاصل ہو۔ ہرچند کہ میں عاجز اپنی ذات میں بوجہ امورِ دنیا میں منہمک رہنے کے اس قابل نہیں ہوں لیکن خدا کا شکر ہے کہ اس سلسلہ کے شائع شدہ رسائل سعید الفطرت ارواح کے لئے ازبس مفید ثابت ہوئے ہیں کیونکہ ان میں وہی اوراد و اذکار اور دعوات و وظائف مذکور ہوتے ہیں۔ جو قرآن و حدیث میں وارد ہیں اور معلوم و مسلّم ہے کہ قرآن و حدیث روحانیت کا چشمۂ صافی ہے۔ جس میں انسانی تخیلات و توہمات کا گندلا پن نہیں ہے ان رسائل کے مندرجہ اذکار کو پابندیٔ شرائط سے بجا لانے والے بعض اصحاب نے اپنے حالات و وارداتِ قلبیہ اور توفیق ایزدی حاصل ہونے کے متعلق جو کچھ لکھا ہے ان کے بعض اقتباس انشاء اللہ کسی اور تحریر میں ظاہر کرونگا سردست التماس یہ ہے کہ میرا ارادہ اس سلسلۂ تصنیف کو متواتر رکھنے کا ہے (وما توفیقی الا باللہ) گذشتہ سال میں ان رسائل کی طباعت کا انتظام بیشتر مجھے اپنی [illegible] اصحاب سے [illegible] جو رقوم [illegible] اخراجات کے بہت کم ہیں پس اگر آپ [illegible] کو باقاعدہ رکھنا چاہتے ہیں تو آپ [illegible] کوشش کریں تاکہ اسکے مصارف طبع اور بالائی انتظامات کے اخراجات پورے ہوتے رہیں اور لوگوں کو نفع پہنچتا رہے۔

دیگر یہ کہ جن اصحاب نے گذشتہ سال ایک ایک روپیہ چندہ دیا تھا ان کا حساب رسالہ عیدین (قُرَّةُ الْعَيْنَيْنِ بِمَسَرَّةِ الْعِيْدَيْنِ) کے پہنچ جانے کے ساتھ رسالہ غازۂ رغائب (برائے جنازۂ غائب) کو بھی شامل کرکے صاف ہو گیا ہے۔ بلکہ ایک نمبر اوپر چلا گیا ہے۔ میرا یہ بھی ارادہ ہے کہ اب نئے سال سے اس کا حجم بجائے ۱۶ صفحے کے ۳۲ صفحے یعنی دُگنا کر دیا جائے۔ لیکن چندہ دُگنا نہیں بلکہ ڈیوڑھا کیا جائے۔ یعنی ایک روپیہ آٹھ آنے۔ کیونکہ یہ سلسلہ محمدی دیگر گدیوں کی طرح تحصیل زر کے لئے نہیں ہے کہ عقیدتمندوں سے نذرانے لے کر اپنی شکم پروری کی جائے۔ خدا کا احسان ہے کہ اُس نے اس عاجز کو اپنے فضل و کرم سے اس سے مستغنی کر رکھا ہے۔ یہ تو معاملہ کی بات ہے کہ آپ روحانی سعادتوں اور برکتوں سے بھرے ہوئے رسالے لیتے ہیں اور چندہ دیتے ہیں۔ اس میں کسی قسم کی ٹھگ بازی یا بناوٹ نہیں ہے۔ ہاں اس میں شک نہیں کہ بعض عقیدتمند احباب ازراہِ قدردانی خوشدلی سے ثوابِ عاقبت کے لئے علاوہ رقم چندہ کے بھی مصارف کے لئے امدادی رقوم بھیجتے ہیں۔ سو اُن کو حساب سے مفت اشاعت کیلئے اُتنے رسالے زائد بھیجدیئے جاتے ہیں تاکہ نادار اور غیر شائق لوگ بھی (مفت حاصل کرکے) ان رسائل کا مطالعہ کرسکیں۔ اور اپنے اعمال و اشغال کو مطابقِ سنت ادا کرسکیں۔ کیونکہ جب تک کوئی عبادت مطابقِ سنت نہ ہوگی۔ خدا تعالیٰ کی درگاہ میں قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

سو التماس ہے کہ آپ نئے سال کیلئے ماہ اپریل تک مبلغ ایک روپیہ آٹھ آنے بذریعہ منی آرڈر اس عاجز کے نام شہر سیالکوٹ کو بھیجدیں۔ اور اپنے دیگر احباب کو بھی خریداری کی ترغیب دیں۔

[illegible] رسال کرنے کے [illegible] اگلا رسالہ آپ کی خدمت میں نہیں پہنچیگا۔ کیونکہ یہاں مابعد کا حساب نہیں ہے نہ تو نہ بھیجنے کا دستور ہے نہ وی پی کرنے کی رسم ہے۔ جو صاحب اس کی خواہش رکھتے ہوں وہ پیشگی چندہ بھیجدیں۔ اور جو خواہش تو رکھیں لیکن چندہ نہ بھیجیں تو وہ اصحاب یا تو شوق کو اپنے پہلو میں دبائے رکھیں یا کسی مفت تقسیم کرنے والے بھائی کے دست کرم کی طرف دیکھتے رہیں۔ میرے پاس اُن اہل حبّ احباب کے علاوہ مفت دینے کا صیغہ نہیں ہے۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

دوسری بشارت

اس کے ساتھ ہی آپ کو دوسری بشارت بھی سناؤں کہ میں نے سورہ کہف کی تفسیر کی طباعت کا انتظام بھی کر لیا ہے۔ مسودہ تیار ہے۔ خدا کی توفیق سے آپ کے یہ اشتہار پڑھنے سے پہلے اس کی کتابت بھی شروع ہوگئی ہوگی۔ اس کا ہدیہ ابھی میں مقرر نہیں کرسکتا۔ لیکن اتنا کہتا ہوں کہ جن جن اصحاب کو اس کی خریداری کا شوق ہو وہ سردست ایک جوابی کارڈ پر اطلاع دیدیں۔ جب وہ چھپ جائیگی تو انشاء اللہ آپ کو اطلاع کردی جائیگی (۴۳۱)

اس کا اندازِ بیان وہی ہے جو سورت فاتحہ کی تفسیر (واضح البیان) کا ہے۔

ضروری نوٹ: جن اصحاب نے سابقًا تفسیر سورتِ بقرہ کے لئے جوابی کارڈ لکھا ہوا ہے ان کو سورہ کہف کی تفسیر یا رسالہ الہادی کے لئے جوابی کارڈ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ ان کو اُن کے پیشتر بھیجے ہوئے کارڈ ہی پر اطلاع کردی جائیگی۔ واللہ الموفق !

آپ کا صادق

محمد ابراہیم میر محلہ میانہ پورہ شہر سیالکوٹ

تفسیر واضح البیان اُردو۔ مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتًا اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ ۲۰×۳۰/۸ کے ۸۸ صفحات۔ قیمت مجلد ۱۲؍ غیر مجلد ۸؍ پتہ:- دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

ناظرین اخبار اہلحدیث کو خوشخبری

[illegible]

(۵) بیان توحید باری و تردید تعزیہ داری۔

(۶) وہابی کی پہچان۔ (۷) مسئلہ سینے پر ہاتھ باندھنا۔ (۸) اہل حدیث اور ترک تقلید۔

(۹) [illegible] حنفی مذہب کے معتبر علماء کرام دہلی کا فتویٰ قبوں اور گنبدوں کے بارے میں۔

ملنے کا پتہ:۔ محمد عبدالکریم کندہ کوری ٹیچر [illegible] ایم۔ بی۔ اسکول۔

پوسٹ اودیاگیر۔ ضلع نلور۔ (صوبہ مدراس)

ہفتہ وار حمایت اسلام میں کیا ہوتا ہے؟

مسائل [illegible] ضروریہ عالمانہ تنقید

تاریخ اسلام اور تمدنی ضروریات پر [illegible] مضامین

معلومات عامہ

دنیا کی ہفت روزہ ڈائری (نہایت اچھا اور دلچسپ کالم ہے)

[illegible] نظمیں [illegible]

[illegible] کے ماتحت حمایت اسلام پہلے سے [illegible] بہتر [illegible]

ہم [illegible] اور ہمارے بیان کی صداقت کا امتحان [illegible]

سالانہ چندہ صرف تین روپے [illegible] ——— ایک پرچہ [illegible] آنے

[illegible]

ایک روپیہ چار آنہ میں

جیبی حکیم یا پاکٹ ڈاکٹر

اس نئی اور اچھوتی کتاب [illegible] تشخیص [illegible] [illegible] خواص الادویہ و [illegible] دی گئی ہے۔

تاکہ انگریزی دوائیوں کے اردو [illegible] معلوم ہو سکیں۔ کاغذ، طباعت اعلیٰ۔ پاکٹ سائز۔ مجلد [illegible] باوجود ان خوبیوں کے قیمت [illegible] ایک روپیہ چار آنہ 1/4 [illegible] ڈاک

[illegible] منیجر اخبار اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

[illegible] کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما [illegible] نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے [illegible] اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ [illegible] خط و کتابت نرخ وغیرہ [illegible] خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

اکسیر ہاضمہ مفت

[illegible]

بائیو کیمک بکس

[illegible]

رئیس قادیان

[illegible]

DELHI

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

(۳) مضامین مراسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶

نمبر ۲۳

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲۔ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے	سالانہ	عہ
رؤسا و جاگیرداروں سے	"	ستے
عام خریداران سے	"	صہ
"	ششماہی	۲/۴
ممالک غیر سے	سالانہ	۱۰۔ شلنگ
فی پرچہ		۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے۔

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۱۶ صفر المظفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۷۔ اپریل ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

اہلحدیث کا کانفرنس نمبر

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی تحریک ۱۹۰۶ء میں بذریعہ اخبار "اہلحدیث" کی گئی تو ہر طرف سے اس کی تائید پہنچی۔ پہلی مجلس بمقام آرہ بتقریب جلسہ مدرسہ احمدیہ قائم ہوئی۔ جس کے صدر حضرت مولانا حافظ عبداللہ صاحب غازی پوری مرحوم و مغفور مقرر ہوئے اور ناظم خاکسار ابوالوفاء۔ اس کے متصل ہی مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی مرحوم کی صدارت میں ایک وفد نے دورہ کیا۔ جس میں مولانا ابراہیم صاحب سیالکوٹی اور یہ خاکسار بھی شریک تھے۔ یہ وفد بنگال اور یوپی میں سے ہوتا ہوا پنجاب میں پہنچا۔ یہاں سے دہلی گیا۔ اصحاب دہلی نے باعزاز احترام اس کا استقبال کیا اور انصار مدینہ کی طرح کانفرنس کی اغراض میں مدد دی۔ جزاہم اللہ! اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ صدر دفتر دہلی میں مقرر ہوا۔ آفس سکرٹری سید عبدالسلام صاحب مرحوم مقرر ہوئے۔ اس آواز کو اہلیان قوم نے بہت پسند کیا۔ چنانچہ کانفرنس کا پہلا جلسہ ۱۹۱۲ء میں دہلی منعقد ہوا۔ جس کے بعد کانفرنس کی آواز سارے ملک میں پھیل گئی۔ دوسرا جلسہ امرتسر میں ہوا۔ بعد ازاں پشاور میں۔ اصحاب پشاور نے مخالف فضاء کا پورا انتظام رکھا۔ اس کے بعد علی گڈھ، کلکتہ، کانپور، مدراس، ملتان، گوجرانوالہ، بنارس، چھپرہ، مئو، ھکراوہ وغیرہ میں جلسے ہوئے۔ مجلسوں میں انتظام اعلیٰ درجہ کا ہوتا رہا۔ کسی قسم کی کبھی بدمزگی یا تکلیف کی شکایت نہیں سنی گئی۔ علماء اور شرفاء اہل حدیث بلکہ غیر اہل حدیث بھی شریک ہوتے رہے ——— اہل حدیث کانفرنس کی قبولیت کا ثبوت یہ کافی سے زیادہ ہے کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ نے مؤتمر مکہ میں اس کی نمائندگی از خود طلب فرمائی ——— اس دفعہ

دہلی کی مجلس شوریٰ میں پاس ہؤا کہ جلسہ عام دہلی میں کیا جائے۔ ابھی اشتہار شائع نہیں ہؤا تھا کہ فتحگڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (پنجاب) کے احباب پہنچ گئے اور خواہش کی کہ اہل حدیث کانفرنس کا جلسہ فتحگڑھ میں ہو۔ میں نے کہا ایک درخواست بدستخط ممبران استقبالیہ لکھ کر لے آئیں تو میں اپنی سفارش لکھ کر بغرض منظوری مجلس شوریٰ میں بھیجدونگا۔ درخواست میں نے بھیجدی۔ وہاں سے منظوری پہنچ گئی۔ چنانچہ آج (۷۔ اپریل) کو جلسہ کا پہلا روز ہے۔ للہ الحمد!

اس عرصہ میں کانفرنس پر جو مصائب آئے وہ اُن سے کم نہ تھے جو خلافت کانفرنس پر آئے جنکی وجہ سے وہ ختم ہوگئی مگر اہل حدیث کانفرنس محض خدا کے فضل سے آج تک زندہ ہے۔ گو اس کی زندگی کو کالعدم سمجھا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمدرد اس کی کمزوری محسوس کرکے اس کو قوت دینا چاہتے ہیں اور مخالف اس کی موت کی خبر سننے کے منتظر

ناظرین الجدیث میں سے ہر ایک ناظر اپنے لئے فیصلہ کرلے کہ اس کو کس گروہ میں شامل ہونا چاہئے۔

پہلے اس سے کہ ناظرین فیصلہ کریں، کانفرنس کی اغراض ومقاصد پر ایک نظر ڈال لیں جو یہ ہیں:

(۱) غیر قائلین اسلام کو اسلام کی دعوت دینا

(۲) نومسلموں کی مناسب طریق سے امداد کرنا۔

(۳) مسلمانوں کو خالص توحید اور سنت مطہرہ کی پابندی کی ترغیب دینا۔

(۴) مسلمانوں کے عموماً اور اہل حدیثوں کے خصوصاً باہمی خلاف وشقاق کو دور کرنے میں سعی اور کوشش کرنا

(۵) رسوم قبیحہ مخالفہ سنت کی اصلاح میں کوشش کرنا۔

(۶) مسلمانوں کی عموماً اور اہل حدیث طلبۂ علم کی خصوصاً حتی المقدور وظائف وغیرہ سے امداد کرنا۔

(۷) علوم دینیہ خصوصاً تفسیر و حدیث کی ہر طرح سے خدمات کرنا اور ان کو ترقی دینا۔

(۸) اہل حدیثوں کی درسگاہوں کو مناسب امداد پہنچانا۔

(**نوٹ**) اہل حدیث کانفرنس کا صدر دفتر صدر بازار دہلی میں ہے اور دفتر نظامت دفتر اہلحدیث امرتسر میں ہے۔

ناظرین کرام! ان اغراض ومقاصد میں سے کوئی مقصد بھی ایسا ہے جو کسی اہل توحید کو ناپسند ہو۔ جب نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر کانفرنس کو قوت پہنچانے میں کیا تامل ہے؟

اب میں ایک ضروری بات پر حاضرین اور ناظرین کو توجہ دلاتا ہوں جو خاص سننے کے قابل ہے۔

اس میں شک نہیں کہ جماعت اہل حدیث کو ایک ایسی جماعت کی ضرورت ہے جو اہل حدیث کے اغراض و مقاصد کی عام نگرانی کرے۔ اس ضرورت کو ملحوظ رکھ کر جماعت کے سامنے دو راستے ہیں۔

(۱) اوّل اسی کانفرنس کو قوت دیکر اس کو کارآمد بنائیں۔

(۲) اس کو ختم کرکے نئی جماعت بنائیں جو عام نگرانی کا کام کرے۔

یہ امر کسی اہل عقل سے مخفی نہیں کہ ایک بنی بنائی جماعت کو توڑکر دوسری جماعت بنانا بہت مشکل ہے۔ کون نہیں جانتا کہ چلتی گاڑی کو چلائے جانے کے لئے صرف ہاتھ رکھنا کافی ہوتا ہے بہ نسبت نئی گاڑی چلانے کے۔ پس جس دل میں توحید وسنت کی ہمدردی ہے وہ تو دوسری صورت کا خیال بھی دل میں نہ لائیگا۔

لہٰذا توحید وسنت کے شیدائی فیصلہ کریں اور جلدی کریں۔ ایسا نہ ہو کہ اہل حدیث کانفرنس اپنے آخری دم میں یہ کہتی ہوئی سنی جائے۔ ؎

آئے ہے بے کسیٔ عشق پہ رونا غالبؔ
کس کے گھر جائیگا سیلاب بلا میرے بعد

جلسہ اہل حدیث کانفرنس فتحگڑھ چوڑیاں

خطبہ استقبالیہ | صدر مجلس استقبالیہ مولوی عبد الرحیم صاحب ہیں جنہوں نے یہ خطبہ لکھا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

حمد وصلوٰۃ کے بعد آیۃ کریمہ لئن شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید کے مصداق یہ بھی ایک شکر کا مقام ہے کہ اللہ عزوجل نے اپنے فضل و کرم سے ہمارے جیسے ناتوان وبے بضاعت انسانوں کو اس چھوٹے سے قصبہ میں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اجلاس قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ میں ممبران کانفرنس و علماء کرام و دیگر معزز حاضرین کا خیر مقدم کہتا ہؤا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بعدہٗ چونکہ قصبہ ہذا کسی قسم کی خاص شہرت نہیں رکھتا۔ الا یہ کہ اس قصبہ کو بھی دہلی سے خاص تلمذ کا تعلق ہے۔ جس پر یہ قصبہ بزبان حال کہہ سکتا ہے ؎

فی الجملہ نسبتے بتو کافی بود مرا
بلبل ہمیں کہ قافیۂ گل شود بس است

اس کی تفصیل یعنی اس قصبہ کے تاریخی حالات عرض کرتا ہوں وہو ہذا:۔

حضرات! قصبہ فتحگڑھ چوڑیاں ایک تاریخی قصبہ ہے جس کو ۱۷۶۰ء میں خاندان مغلیہ کے آخری تاجدار کے عہد میں ایک شخص مسمی حقیقت سنگھ کھنیانے اپنے برادرزادے کے نام پر موسوم کرکے آباد کیا۔ اس قصبہ کے نصف میل جانب شرق ایک معمولی سا گاؤں آباد تھا جسے چوریاں کہتے تھے۔ جب یہ قصبہ آباد ہؤا تو اس گاؤں کے تمام باشندوں کو یہاں لاکر آباد کیا گیا اور اس گاؤں کا نام ہمراہ شامل کرکے اس کا نام فتحگڑھ چوریاں رکھا گیا۔ جو بعد میں فتحگڑھ چوڑیاں ہوگیا۔ اگرچہ یہ ایک معمولی قصبہ ہے جس کی کل آبادی چھ ہزار ہے۔ مگر اشاعت توحید وسنت اور دینی خدمات میں گردونواح کے تمام قصبوں سے اس کا درجہ بہت برتر ہے۔ کیونکہ قصبہ ہذا کی سرزمین میں بہت سے مشاہیر اسلام، اولیاء عظام وعلماء کرام مدفون ہیں۔ ان میں سے ایک خاندان کے مورث اعلیٰ حضرت مولانا مولوی محمد اکرم

ahmadimuslim.de

صاحب مرحوم تھے جو کہ ابتدا ہی میں ایک اور قریہ گاؤں سے یہاں آکر آباد ہو گئے تھے۔ آپ بڑے متقی، زاہد اور خدا ترس بزرگ تھے اور اپنے زمانہ کے اولیاؤں میں شمار ہوتے تھے۔ مولانا مرحوم کے صاحبزادگان، مولانا نظام الدین صاحب، مولانا احمد شاہ صاحب، مولانا حامد شاہ صاحب مرحومین نے بھی جو پرہیزگاری و ریاضت میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر تھے۔ توحید و سنت کی بہت سی خدمات سرانجام دیں۔ آپ کی تبلیغ سے مہاراجہ رنجیت سنگھ کی مہارانی چاند کور جو اس قصبہ کی لڑکی تھی، کے بھائی چندا سنگھ نے قریبا ۱۸۴۵ء میں اسلام قبول کیا۔ جس کا اسلامی نام محی الدین رکھا گیا۔ نو مسلم محی الدین توحید کا شیدائی ۱۸۶۱ء میں فوت ہوا۔ اور اپنے آخری وقت تک ملت ابراہیمی پر قائم رہا۔ مولانا مولوی نظام الدین صاحب مرحوم کے صاحبزادوں میں سے مولانا مولوی محمد عثمان صاحب مرحوم و مغفور کو ابتدا ہی سے دینی تعلیم کا بہت شوق تھا۔ چنانچہ چھوٹی ہی عمر میں گھر پر معمولی تعلیم سے فارغ ہو کر دہلی پہنچے ان دنوں دہلی میں حضرت مولانا مولوی سید نذیر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ درس تدریس فرماتے تھے۔ آپ نے وہاں کافی عرصہ قیام فرمایا اور تمام علوم شرعیہ سے فارغ التحصیل ہو کر حضرت سید صاحب مرحوم سے سند حاصل کر کے قریبا ۱۸۶۹ء میں واپس فتحگڑھ تشریف لائے۔ حضرت سید صاحب مرحوم کا قول تھا کہ میں نے صبر مولوی محمد عثمان صاحب فتحگڑھی سے سیکھا ہے۔ جب آپ نے یہاں علم حدیث بیان کرنا شروع کیا اور اسی کے مطابق مسائل بتانے لگے تو اس وقت لوگ کہتے سنے جاتے تھے کہ مولوی محمد عثمان ایک نیا مذہب لیکر آیا ہے۔ ان دنوں ان کے سب سے بڑے بھائی مولانا مولوی محمد علی شاہ صاحب مرحوم مفتی تھے جو کہ حنفی المذہب اور گدی نشین تھے۔ [illegible] مولانا مرحوم کا مسائل میں بہت اختلاف رہا۔ [illegible] حقانیت پر قائم رہے اور تمام مصائب کو برداشت کیا۔ رفتہ رفتہ لوگ ان کے [illegible] کو دیکھ کر [illegible] ہوتے چلے گئے۔ چند سال

گزرنے کے بعد قصبہ ہذا و گردونواح کے مضافات بھی توحید و سنت کے شیدائی و دلدادہ ہو گئے۔ آپ اپنے خسر حضرت مولانا مولوی غلام رسول صاحب مرحوم مغفور ساکن قلعہ میہاں سنگھ کے ہمراہ زیارت بیت اللہ شریف ہوئے۔ سو حج سے واپس آکر ابھی زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا اور تبلیغی کام بھی مکمل نہ ہوا تھا کہ داعی اجل کو لبیک کہا اور ۶۳ سال کی عمر میں ۱۳۰۳ھ میں انتقال فرما گئے۔ غفر اللہ لہ ورحمہ۔ اس قلیل عرصہ میں مولانا مرحوم و مغفور نے علاوہ اشاعت توحید کے چند کتابیں بھی تصنیف کیں۔ ان میں سے ایک بڑی مفید کتاب "حکم الجلی بکفر من لا یصلی" یعنی تارک الصلوٰۃ کے کفر کا فتویٰ ہے۔ ان کے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا مولوی عبدالحی مرحوم و مغفور تھے۔ آپ کو قدرت سے ایسی ذہانت عطا ہوئی تھی کہ چھوٹی ہی عمر میں حافظ حدیث کہلانے لگے۔ آپ بڑے عابد متقی، پارسا اور باعمل عالم تھے۔ آپ کی عمر نے بھی وفا نہ کی اور چالیس سال کی عمر میں مارچ ۱۹۲۲ء میں اس جہان فانی سے چل بسے۔ غفر اللہ لہ ورحمہ۔ آپ نے مرزائیت کی تردید میں ایک کتاب تذکرۃ العباد تصنیف کی جس کا مرزائیوں کی طرف سے آج تک جواب شائع نہیں ہو سکا اور تردید مرزائیت میں ایک اور کتاب کا مسودہ تیار کیا تھا مگر مہلت نہ ملی اور ویسے کا ویسا ہی پڑا رہ گیا جو کہ ابھی تک بھی ترتیب نہیں دیا جا سکا۔ آپ کی دینی خدمات کے علاوہ ایک یادگار اسلامیہ ہائی سکول ہے جس کی عمارت میں یہ جلسہ ہو رہا ہے۔

مولانا مولوی محمد عثمان صاحب مرحوم کے بڑے بھائی مولانا مولوی محمد اعظم صاحب مرحوم و مغفور کو بھی جو بڑے خوش خلق، مہمان نواز اور حلیم تھے حضرت سید صاحب کی شاگردی کا فخر حاصل ہے۔ آپ نے بھی حضرت سید صاحب مرحوم سے علم حدیث وغیرہ حاصل کر کے سند حاصل کی ہوئی تھی۔ ان کے صاحبزادے مولانا مولوی محمد فاضل صاحب نے بھی حضرت سید صاحب مرحوم سے تعلیم حاصل کر کے سند حاصل کی ہوئی ہے۔ آپ بڑے متقی اور باعمل بزرگ ہیں اور اس وقت [illegible] کے امام اور مفتی ہیں۔

[illegible]

صاحب مرحوم و مغفور بھی قابل ذکر ہیں۔ ان کے خاندان نے بھی دینی خدمات میں کچھ کم حصہ نہیں لیا۔ آپ بھی ابتدا ہی میں نقل وطن کر کے اس قصبہ میں آباد ہوئے تھے۔ ان کے صاحبزادوں مولانا مولوی حاجی عمر الدین صاحبؒ و مولانا مولوی اللہ بخش صاحبؒ نے بھی بہت دینی خدمات سرانجام دی ہیں۔ حضرت مولانا مولوی عمر الدین صاحب مرحوم کے صاحبزادے حافظ عزیز الدین صاحب مرحوم اتقا، صبر اور ریاضت دینی کی وجہ سے امرتسر میں خاص مشہور تھے اور مولانا اللہ بخش صاحب مرحوم کے صاحبزادے مولانا مولوی شمس الدین صاحب مرحوم بھی پارسائی اور زہد میں خصوصی تھے۔ مولانا مولوی شمس الدین صاحب مرحوم کی یادگار ذرہ بے مقدار خاکسار آپ کے سامنے حاضر ہے۔

حضرات! حق تو یہ ہے کہ توحید و سنت کی بنیاد انہی متذکرہ بالا لوگوں کی رکھی ہوئی ہے۔ جس پر آج اہل قصبہ کو فخر حاصل ہے اور جس کی وجہ سے یہ قصبہ خاص طور پر مشہور ہے۔ بعد میں مکرر بحکم من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ کے مصداق کے مطابق ان حضرات علماء کرام کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے دور دراز سفر کے مصائب برداشت کر کے اس جلسہ میں رونق افروز ہو کر قصبہ ہذا کو اعزاز بخشی کے زیور سے مزین کر کے اہل قصبہ کو عموماً اور مجلس استقبالیہ کو خصوصاً عزت بخشی ہے۔ میں ان حضرات کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا جنہوں نے اپنے قیمتی اوقات صرف کر کے جلسہ میں رونق کو دوبالا کیا ہے اور ان حضرات کا شکریہ ادا کرنا بھی نہایت ضروری خیال کرتا ہوں جنہوں نے اپنے مال سے ہماری امداد فرمائی ہے اور جو اس وقت بدنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

حضرات! اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب سے امرتسر میں کانفرنس کا اجلاس ہوا تھا یہ قصبہ اسی روز سے اس شوق میں تھا کہ ہم بھی اہالیان قصبہ دعوت کا فخر حاصل کریں لیکن غائبانہ آواز کان میں پڑتی تھی کہ

ایاز قدر خود بشناس

مگر اس آواز سے شوق کم نہ ہوتا تھا بلکہ دن بدن ترقی پکڑتا رہا یہاں تک کہ یہ دن دیکھنا ہمیں نصیب ہوا کہ ہم آج اپنے قدردانوں کی خدمت میں کھڑے ہوئے ہیں

قصور خدمت کا اعتراف کرتے ہیں اور نہایت اخلاص اور محبت سے معافی کی درخواست کرتے ہوئے معزز مہمانوں کو مخاطب کرکے عرض کرتے ہیں ؎

وہ آئیں گھر ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

حضرات! میں اس امر کا اعتراف بھی کرتا ہوں کہ ہماری وسعت قلیل اور بہت کمزور ہے۔ اس لئے ہماری خدمات میں ہر قسم کے قصور ہونگے اور ضرور ہونگے۔ کیونکہ کوئی چیز دہلی، لاہور، امرتسر کی طرح یہاں آرام دہ بھی نہیں ہوگی اور سب سے آخر میں میں بزبان شیخ سعدی علیہ الرحمۃ معزز مہمانوں کو مخاطب کرکے یہ شعر پیش کرتا ہوں ؎

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

حضرات! میں اور مدرسہ کارکن اور اہل قصبہ درگاہ خداوندی میں بالحاح وزاری دعا کرتے ہیں کہ خدا اس اجتماع میں ہمارے ساتھ ہو۔ برکات نازل فرمائے۔ اور آیندہ کے لئے یہ اجتماع موجب ترقی ہو۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔ وآخر دعونا ان الحمد للہ رب العالمین۔

خادم عبد الرحیم خلف مولانا مولوی شمس الدین صاحب مرحوم۔ صدر استقبالیہ کمیٹی
نگر دہ چوڑیاں۔ ضلع گورداسپور

خطبہ صدارت

صدر جلسہ جناب مولانا عبد القادر صاحب وکیل قصور ہیں۔ جن کا خطبہ صدارت مختصر درج ذیل ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حضرات! آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا یہ اکیسواں اجلاس ہے۔ ایسے اجتماعوں کی اصل غرض وغایت یہی ہے کہ ہم پچھلے سال کے کاموں کا جائزہ لیں۔ جو کوتاہیاں ہم سے ہوئی ہیں ان پر غور کریں۔ اپنی خامیوں کی اصلاح کی کوشش کریں اور آئندہ سال کے لئے نئے عزم اور نئے حوصلے سے کام کے لئے تیار ہوں۔ مگر جماعت اہل حدیث نے بہت کم اپنے سالانہ اجتماعوں سے احتساب کا کام لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری جماعت دن بدن روبہ تنزل ہے اور دن بدن ہماری مساعی کمزور ہو رہی ہیں۔ ہماری جماعت کا وقار کم ہو رہا ہے۔ اور وہ ولولہ اور جوش جس کی وجہ سے ہماری جماعت چند سال قبل ممتاز تھی۔ سرد پڑ چکا ہے۔ دراصل قوموں اور مذاہب کی مثال بھی ایک انسان کی مثال ہے۔ جس طرح ہر انسان پر پہلے بچپن پھر شباب اور اس کے بعد بڑھاپا طاری ہوتے ہیں اسی طرح جماعتوں کا بھی پہلے بچپن ہوتا ہے جبکہ ان کا ہر کام جوش وخروش سے معمور ہوتا ہے۔

ان کی بڑھان اور اٹھان دیکھنے والوں کو حیرت میں ڈالتی ہے۔ پھر ترقی کرتے کرتے شباب تک پہنچ جاتی ہیں۔ اور جوانی کی امنگیں اور حوصلے اپنا پورا زور دکھلاتے ہیں۔ ہر روز وہ نیا میدان کارزار گرم کرتی ہیں۔ ہر روز وہ نئی راہیں ترقی کی نکالتی ہیں اور ایک میدان سر کرنے کے بعد دوسرے میدان کا رخ کرتی ہیں۔ اس وقت ان کا مذہب ایک زندہ حقیقت ہوتا ہے اس کے ہر حکم کی وہ زندہ تصویر ہوتے ہیں۔ لیکن رفتہ رفتہ مذہب کی گرفت ڈھیلی پڑ جاتی ہے۔ مذہبی احکام کی تعمیل محض رسمی رہ جاتی ہے۔ ظاہری اعمال میں بے جا فخر وغرور پیدا ہو جاتے ہیں۔ قوائے عملیہ میں اضمحلال شروع ہو جاتا ہے یہ قوموں اور جماعتوں کے بڑھاپے یا بیماری کا زمانہ ہے اور اگر وہ وقت پر نہ سنبھلیں تو خدا کا قانون اپنا عمل شروع کر دیتا ہے۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ۔

(اعراف) اور دیکھو ہر امت کے لئے ایک ٹھہرایا ہوا وقت ہے۔ سو جب کسی امت کا ٹھہرایا ہوا وقت آگیا تو پھر نہ تو ایک گھڑی پیچھے رہ سکتی ہے نہ ایک گھڑی آگے (جو کچھ اسکے لئے ہونا ہے ہو کر رہتا ہے یعنی وہ اپنے اعمال کی پاداش میں فنا کر دیجاتی ہے) اس آیت کریمہ میں فی الحقیقت اس طرف اشارہ ہے کہ قوموں اور جماعتوں کی موت وحیات بھی اسی طرح موت وحیات کے مقررہ قوانین کے تابع ہے جس طرح کہ افراد کی۔ جب ایک جماعت کے نوجوان عملیہ مردہ ہو جاتے ہیں تو اس کا ولولہ جہاد فنا ہو جاتا ہے اور وہ زندگی کی جدوجہد میں منافست کے جذبے سے خالی ہو جاتی ہے تو اس کی زندگی ختم ہو جاتی ہے اور وہ ہلاکت یعنی موت کے گھاٹ اتار دی جاتی ہے۔ اگر آپ تاریخ انسانی کا غائر نظر سے مطالعہ کریں تو یہ حقیقت آپ پر روز روشن کی طرح آشکار ہو جائیگی کہ ؎

گندم از گندم بروید جو ز جو
از مکافات عمل غافل مشو

مکافات عمل کا قانون ایسا اٹل ہے کہ اس میں کسی قسم کا تغیر وتبدل ہو ہی نہیں سکتا۔ اس سے بھی آگے بڑھئے۔ آپ اپنے گرد وپیش کا مطالعہ کیجئے تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ ایک ہی قانون ہے جو کائنات کے ذرے ذرے میں جاری وساری ہے۔ اور قدرت کا ہر کرشمہ اس کا ہر فعل قوانین قدرت کی وحدت عمل کا پکار پکار کر اعلان کر رہا ہے جس طرح ایک انسان یا ایک حیوان یا ایک درخت اور ایک تخم انفرادی طور پر طبعی قوانین کے تابع ہے اسی طرح تمام قومیں اور تمام جماعتیں طبعی قوانین کے تابع ہیں۔ وہ کونسا قانون ہے جو جماعتوں کے اعمال و افعال پر حاوی ہے اگر آپ غور کریں گے تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ وہ قانون، قانون مکافات عمل ہے۔ قرآن حکیم نے اس کے لئے مختلف نام تجویز فرمائے ہیں۔ اور مختلف پیرایوں اور اسالیب میں اسے بیان فرمایا ہے کہیں اسے قانون مجازات کہیں قانون بقائے اصلح اور کہیں بقائے انفع سے تعبیر فرمایا ہے۔ مگر مآل ان کا ایک ہی ہے اور وہ یہ کہ جس فرد یا جماعت کے اعمال صالح ہونگے وہی فرد یا جماعت خوف اور حزن سے محفوظ رہنے کا حق رکھتی ہے۔ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔

چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ كَذَٰلِكَ

ahmadimuslim.de

یَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ۔ (الرعد)

"اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا تو اپنی سمائی کے مطابق وادیاں بہ نکلیں اور میل کچیل سے جھاگ بن بن کر پانی کی سطح پر اُٹھا تو سیلاب کی رو اسے بہالے گئی۔ اور دیکھو اسی طرح کا جھاگ (میل کچیل سے) اس وقت پر اٹھتا ہے جب لوگ زیور یا اور کوئی چیز بنانے کے لئے (دھاتوں کو) آگ میں تپاتے ہیں۔ حق اور باطل کے مقابلہ کی مثال ایسی ہی سمجھو جو اللہ بیان کر دیتا ہے۔ پس (میل کچیل کا) جھاگ (جو کسی کام کا نہ تھا) رائیگاں گیا اور جس چیز میں انسان کے لئے نفع تھا وہ زمین پر رہ گئی۔ اسی طرح اللہ (لوگوں کی سمجھ بوجھ کے لئے) مثالیں بیان کر دیتا ہے۔"

حضرات! ذرا اما ما ینفع الناس کے حکیمانہ الفاظ پر غور کیجئے۔ قرآن حکیم نے کس معجزانہ بلاغت و ایجاز سے حق اور باطل اور بقا و فنا کا قانون بیان فرما دیا ہے۔ ارشاد فرمایا کہ کائنات ہستی میں ایک ہی قانون جاری و ساری ہے اور وہ یہ ہے کہ دنیا کا قیام و صلاح اس پر مبنی ہے کہ جس چیز میں بنی نوع انسان کے لئے نفع ہو وہ باقی رہے اور جو بے کار ہے اس کے لئے قیام و دوام ناممکن ہے۔ اسے جھاگ کی طرح نابود ہی ہو جانا چاہئے۔ اس حکیمانہ اصول نے ہمیں ایک نہایت ہی عمدہ کسوٹی بھی حق و باطل کو پرکھنے کی بتلائی۔ چنانچہ مشہور جرمن حکیم گوئٹے نے اس اصول کی صدائے بازگشت کو مندرجہ ذیل الفاظ میں پیش کیا ہے۔

"حق ہمیں ترقی کے زینے میں آگے بڑھاتا ہے۔ اور باطل بیکار محض ہوتا ہے۔ وہ ہمیں لیکر ڈوب جاتا ہے۔"

گویا کسی ملت کے قیام و دوام کے لئے ضروری ہے کہ وہ بنی نوع انسان کے لئے نافع ہو۔ چنانچہ حضرت سرور عالم صلعم نے انسان کی قدر و قیمت کا کیسا اعلیٰ اور صحیح معیار پیش فرمایا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسَ (بہترین آدمی وہی ہے جس سے دوسرے آدمیوں کو نفع پہنچے)

یہ حدیث جوامع الکلم میں سے ہے۔ اس میں نہایت ایجاز سے بتلایا گیا ہے کہ بہترین یا بالفاظ دیگر اصلح شخص وہی ہے جس سے بنی نوع انسان کو سب سے زیادہ نفع پہنچے۔

حضرات! جب ہم ایک دفعہ اس حقیقت یعنی بقائے انفع کے اصول کو تسلیم کر لیں تو ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کرنا پڑیگا کہ وہی جماعت سب سے زیادہ نافع بنی نوع انسان ہوگی۔ جس کے افراد میں سب سے زیادہ ایثار اور قربانی کا جذبہ موجود ہوگا اور جس کے افراد سب سے زیادہ جری اور بہ اصطلاح مذہب صابر و قائم بالحق ہونگے۔ اس لئے اسی جماعت کو قیام و دوام حاصل ہوگا۔ خود غرض اقوام اور وہ اقوام جن کے افراد ملت و وطن فروش ہوں اور وہ اقوام جن کی مساعی نافع ہونے کی بجائے بیکار ہوں فنا کی گھاٹ اتار دی جاتی ہیں۔ اگر آپ ذرا غور کریں گے تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ ان افعال کا تعلق انسان کے قلب و دماغ سے ہے اور اسی کے عمل پر ان کی موت و حیات کا انحصار ہے۔ توحید کا عقیدہ قلب و دماغ کی درستگی اور اسے بنی نوع انسان کے لئے انفع بنانے میں واحد معجون مقوی (ٹانک) ہے۔

مسلمان کی شان ہی یہی ہے کہ وہ سوائے اللہ کے کسی اور سے نہیں ڈرتا اور خدا کے سوا تمام بارگاہوں سے بے نیاز ہو کر اغیار کے خوف کو دل سے نکال دیتا ہے۔ قرآن حکیم نے بار بار اس حقیقت کو پیش کیا ہے اور مومن کی تعریف یہی کی ہے کہ

وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰہَ (وہ خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا)

چنانچہ اسلام کی تاریخ ایسے زریں کارناموں سے روشن ہے۔ یہ کتنا تاریخی حقیقت ہے کہ جس قدر والہانہ ایثار کی مثالیں مسلمانوں کی تاریخ میں ملتی ہیں ایسی کسی ملت و قوم کے ہاں نہیں ملتیں۔

حضرات! اسلام کی تاریخ کا گہرا مطالعہ کرنے سے ایک اور حقیقت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ اور وہ یہ کہ جس قدر کوئی جماعت کتاب و سنت سے زیادہ وابستہ ہوئی ہے اسی قدر وہ اسلام اور مسلمانوں کے لئے انتہائی قربانی کے لئے زیادہ تیار ہوئی ہے۔ اس لئے اس جماعت کو اصحاب الحدیث یا اہل حدیث کے معزز لقب سے موسوم کیا گیا۔ یہی اس جماعت نے اسلام کی تاریخ میں کئی سنہری

بابوں کا اضافہ کیا ہے۔ حضرت امام مالک بن انس کا اعلان حق خلیفہ وقت کے سامنے اور حضرت امام احمد بن حنبل رح کا جہاد معتزلہ کے خلاف اور حضرت امام ابن تیمیہ الحرانی کا جہاد نصاریٰ کے خلاف اور اعلائے کلمۃ اللہ شام و مصر میں۔ یہ سب اسی داستان کی کڑیاں ہیں خود ہندوستان میں آج جتنی روشنی بھی آپ کو کتاب و سنت کے بارے میں نظر آرہی ہے۔ سب اسی جماعت حقہ کی طفیل ہے۔ ہندوستان میں صدیوں کا جمود توڑنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے خاندان کو مامور فرمایا تاکہ وہ ہندوستان میں مسلمانوں کو توحید کا بھولا ہؤا سبق یاد دلائیں اور بدعات کی تاریکیوں کو کتاب و سنت کی روشنی سے دور کریں۔ اور ان کے دل و دماغ کو اصلح بنائیں۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان میں پہلے شخص ہیں جنہوں نے قرآن حکیم کا فارسی زبان میں اور ان کے دونوں صاحبزادوں نے اردو زبان میں ترجمے کئے۔ ان کے ہمعصر علماء کے لئے یہ جسارت ناقابل عفو تھی۔ حضرت شاہ صاحب رح کے خلاف کفر و الحاد کے فتوے دیئے گئے اور انہیں مباح الدم قرار دیا گیا اور قریب تھا کہ ہندوستان کا یہ امام مولیوں کے ہاتھوں جام شہادت نوش کرتا اگر عین وقت پر شاہی پیادے انہیں ان کے پنجے سے چھڑا نہ لے جاتے۔

لیکن شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا کام قلبی اور ذہنی اصلاح سے آگے نہ بڑھ سکا۔ انہوں نے کلمہ طیبہ کا جو بیج بویا وہ بڑھ کر ایک تناور درخت بن گیا۔ جس کے بڑے بڑے تنے سید صاحب بریلوی اور شاہ شہید کی شخصیتوں میں نمودار ہوئے۔ ایسے بزرگوں نے اعلائے کلمۃ اللہ کے فریضہ کو نہ صرف زبان سے ادا کیا بلکہ جہاد بالسیف کی سنت کو زندہ کیا۔ ان بزرگوں کے کارناموں نے قرون اولیٰ کے اسلامی کارناموں کی یاد کو تازہ کر دیا اور ایثار اور للہیت کی وہ درخشاں مثالیں پیش کیں جن کی نظیر اس خاکدان ہند کے آخری دور میں بھی مشکل ہے۔ جب یہ حضرات اسی ہندوستان میں پہلے اور شرک و بدعت کے خلاف جہاد لسانی میں مشغول تھے

ahmadimuslim.de

اس وقت پنجاب کے مسلمان ذلیل ترین مذہبی اور ملکی غلامی میں مبتلا تھے۔ شدہ شدہ یہ خبر ان بزرگوں تک پہنچی شاہ شہید رحمۃ اللہ علیہ خود تحقیق حالات کے لئے لاہور تشریف لائے سرائے انارکلی میں قیام فرما کر ان لرزہ خیز مظالم کا عینی مشاہدہ کیا۔ فوراً واپس وطن جاکر تبلیغی سرگرمیوں کو چھوڑ کر نصب امامت اور تربیت قافلہ کے کام میں مشغول ہوگئے۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ میں ایک قافلہ مرتب کرکے وطن سے ہجرت کی اور سرحد پار ہوکر جہاد بالسیف کے ذریعے مظلوموں کی حمایت میں جنگ شروع کی

یہ موقع ان کے کارناموں کی تفصیل کا نہیں۔ ورنہ واقعات سے میں ثابت کرتا کہ کس طرح اس مقدس گروہ نے قرآن کے اس حکم کو پورا کرکے دکھلایا۔ ایبٹ آباد سے اوپر بالاکوٹ کی دیواریں اور میدان اس جماعت کی جانثاری کی زبان حال سے شہادت دے رہی ہے۔

بے شک بعض نامساعد حالات کے پیدا ہونے کی وجہ سے جس میں خود مسلمانوں کی بے وفائی کو بہت دخل ہے۔ ان کا مقصد عظمیٰ پورا نہ ہوسکا۔ لیکن انہوں نے جو مثال قائم کرکے بتلائی اس نے کئی دلوں میں گھر کیا

بنا کردند خوش رسمے بخون و خاک غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

چنانچہ ان کے اسی رسم کی پیروی میں کئی بزرگ حکومت کے تظلم کے تختہ مشق بن گئے۔ اگر ان کی تاریخ لکھی جائے تو ہندوستان کی تاریخ میں کئی خونی بابوں کا اضافہ ہوگا کوئی سختی نہیں جو اس جماعت حقہ پر روا نہیں رکھی گئی قید و بند، جلاوطنی و پھانسی، ضبطی جائداد و املاک کی سزاؤں میں سے کوئی سزا نہیں جن سے ان کو دوچار نہ ہونا پڑا۔ مگر ان مجاہدین کے پائے ثبات میں ذرہ بھر تزلزل نہ آیا۔ صادق پور، تھانیسر وغیرہ کے مقدمات ان کی تاریخی شہادت ہیں۔ جی چاہتا ہے اسے تفصیلاً سناؤں مگر وقت نہیں

حدیث درد دل آویز داستانے ہست
کہ ذوق بیش دہد چوں دراز تر گردد

حضرات! میں چاہتا ہوں کہ جماعت اہل حدیث جو اپنی تبلیغی سرگرمیوں کی وجہ سے کسی زمانے میں مشہور تھی ہے۔ اب پھر میدان عمل میں نکلے۔ اور اس کی ابتدا یوں ہونی چاہئے کہ سب سے پہلے ایک مفصل و مبسوط کتاب لکھوائی جائے اور ایسے لوگوں سے لکھوائی جائے جنہیں کتاب و سنت کی پوری روشنی کے ساتھ مغرب کے جدید نظریوں اور مغربی فلاسفہ کے افکار و آراء سے کما حقہ واقفیت ہو۔ اگر ہمارے علماء کو جدید علوم سے واقفیت کا خیال پیدا ہو تو خود عربی زبان میں مصر و شام میں کئی کتب اب تک علوم حدیثہ مغربیہ پر لکھی جاچکی ہیں۔ بہت سی مغربی کتب کا ترجمہ عربی زبان میں ہوچکا ہے۔ اور اگر یہ کانفرنس چاہے تو ان سب کتب کو ہندوستان میں جمع کیا جاسکتا ہے۔ اور مزید مستند تصنیفات کا ترجمہ بھی کرایا جاسکتا ہے۔ اور یوں اس وقت بھی اگر کوشش کی جائے تو جدید تعلیم یافتہ طبقہ میں بھی ایسے آدمی موجود ہیں جن کو کتاب و سنت سے نہ صرف گہری محبت بلکہ واقفیت تامہ بھی حاصل ہے۔ اس لئے ان سے تالیف و ترجمہ کے کام میں یہ کانفرنس پوری مدد حاصل کرسکتی ہے۔

حضرات! شروع میں میں نے کہا ہے کہ سالانہ اجلاسوں میں اپنے پچھلے کام کا محاسبہ اور آئندہ کے کام کا پروگرام مرتب کرنا چاہئے۔ میں اس کی نسبت اپنے خیالات کو آپ کے سامنے رکھتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ آپ کی توجہ کے جاذب ہونگے۔

(۱) جماعت کی تفریق کو مٹانا ہمارا سب کا مشترکہ فرض ہے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج ہماری جماعت جس تفریق اور اختلاف کا شکار ہے۔ غالباً اسکی نظیر مسلمانوں کے کسی اور گروہ میں موجود نہیں۔ جماعت اہل حدیث کا ہندوستان میں طغرائے امتیاز یہ تھا کہ وہ شرعی امامت کے سائے میں زندگی بسر کریں۔ باوجود شخصی تقلید کو خیرباد کہنے کے ان کی باہمی محبت، یکجہتی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے معاملے میں اتحاد ایک زمانے میں ضرب المثل تھا۔ اور انہوں نے علیکم بالجماعت والسمع والطاعت والہجرۃ والجہاد کے حکم پر عمل کرکے ہمارے لئے بہترین نمونہ چھوڑا تھا۔ لیکن آج بدقسمتی کی انتہائی دلدل میں ہم پھنس گئے ہیں کہ مختلف اسماء سے مسمیٰ گروہ جماعت میں پیدا ہوگئے اور نہ صرف بعض قیاسات یا فروعی مسائل میں ایک دوسرے سے اختلاف رکھنے پہ فخر کر رہے ہیں بلکہ اچھے خاصے علماء کو بھی جماعت سے خارج شدہ ٹھیرانے کے لئے سعی کر رہے ہیں۔ جماعت کے افراد کے پاس چند روزانہ یا وقتی رسائل خوش قسمتی یا بدقسمتی سے موجود ہیں۔ جنہیں ضرورت وقت کے مطابق اخبار یا رسالے کا نام دینا تو میرے لئے مشکل ہے۔ وہ بھی باہمی اجتماع کو پیدا کرنے کی بجائے ایک دوسرے کے خلاف بدزبانی تک استعمال کرلینا جائز سمجھتے ہیں۔

بزرگو! کیا میرا یہ کہنا غلط ہے کہ ہم نے بزرگان اہل حدیث کے بے نظیر نظام کو تباہ و برباد کر ڈالا۔ انکے شروع کردہ کام کو تکمیل تک پہنچانے کی بجائے بالکل نیست و نابود کردیا۔ آپس میں نفاق و شقاق پیدا کرکے اتحاد اور جرأت کی بجائے تشتت اور بزدلی پر راضی ہوگئے یہاں تک بزدلی نے زور پکڑا کہ ہم لوگوں میں سے ایک گروہ تسلط حکومت غیر پر بھی راضی ہے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم اقبال نے کیا خوب کہا ہے

آبرو باقی تیری ملت کی جمعیت سے تھی
جب سے جمعیت گئی دنیا میں رسوا تو ہوا

ہم تو ذلت کے اس گڑھے میں جاگرے جس سے اپنے بھائی مسلمانوں کو نکالنے کا دعویٰ کرتے تھے۔ کیا یہ صحیح نہیں کہ ہم دوسرے گروہوں سے چند اعمال فروعی مثلاً آمین بالجہر حرف ض (ضاد) ض (داد) کی صورت کو ادا کرکے اور اسی طرح بعض دیگر ظاہری اعمال میں سابق بزرگان اہل حدیث کی پیروی کرکے اپنے آپ کو اہل حدیث کہلانے پر فخر کرتے ہیں۔ ورنہ حقیقتاً ہم میں وہ روح باقی نہیں رہی جو اہل حدیث کا طرہ امتیاز تھا۔

بزرگان من! ہمارا صوبہ پنجاب ہندوستان کے باقی صوبوں کی نظر میں باہمی اختلاف کے لئے بہت زیادہ بدنام ہے۔ پنجاب کے اہل حدیث کے باہمی اختلافات اگر خدانخواستہ اسی طرح قائم رہیں تو پنجاب کی پیشانی پر ندامت کا یہ داغ ہمیشہ کے لئے نقش کالحجر ہوجائیگا۔ اس تلخ اور دردناک فریاد کے بعد میری شدہاد التجا ہے کہ آپ اجلاس کے بعد ایک موافق وقت مقرر کرکے سر جوڑ کر بیٹھیں اور پنجاب کے

اس باہمی مناقشہ کو ہمیشہ کے لئے دفن کر دیں - مناسب یہ ہے کہ اس کام کے لئے چند غیر جانب دار احباب کی ایک سب کمیٹی مقرر کر دی جائے - جو دونو فریقوں کے لیڈروں سے تبادلہ خیالات کر کے ان میں اتحاد و اصلاح کی کوشش کرے - اللہ تعالیٰ کی تائید ہمیشہ جماعت مصلحین کی پشت پر رہی ہے - اس لئے اگر ہم خلوص نیت سے اصلاح کے درپے ہونگے تو خدا تعالیٰ ہماری رہنمائی فرمائیگا اور ہماری مساعی کو اپنی تائید و نفضل سے کامیاب فرمائیگا

پنجاب کے اس اختلاف کو رفع کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں اس سے بھی زیادہ ضروری اور اہم کام کی طرف متوجہ ہونا چاہئے - اور وہ یہ ہے کہ ہماری جماعت ایک آل انڈیا جماعت ہے - کانفرنس کے نام کا جزو اولیں بہت بڑی شانداری کو ظاہر کرتا ہے - لیکن اس شانداری کے ساتھ عظیم الشان ذمہ داری بھی لازم و ملزوم کا حکم رکھتی ہے - کانفرنس کو اسم بامسمیٰ ہونے کی پوری کوشش شروع کر دینی چاہئے - ہندوستان کے ہر حصہ میں جہاں مسلمانوں کی آبادی موجود ہے وہاں کم و بیش اہل حدیث گروہ کا بھی ایک طبقہ موجود ہے - جو مقامی طور پر کچھ نہ کچھ کام کر رہا ہے - کوشش ہونی چاہئے کہ ان سب میں باہمی ربط پیدا کیا جائے - کانفرنس کے دفتر میں اس کام کے لئے ایک شعبہ مخصوص کر دیا جائے - اس سے اہل حدیث کی ہندوستان بھر میں وسعت اور قوت کا پورا اندازہ دفتر میں موجود رہیگا - اہل حدیث کی صحیح تنظیم کا یہی پہلا زینہ ہے - آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ جلالۃ الملک سلطان عبد العزیز ابن سعود غازی ایدہ اللہ بنصرہ نے کئی دفعہ ہندوستان کے چیدہ چیدہ اہل حدیث کو تقریراً اور تحریراً اس کام کی طرف متوجہ کیا - مگر ہمارے کان پر جوں تک نہ چلی - دوستو! اگر ہم اس کام کو صحیح طور پر انجام تک پہنچا دیں تو یقین رکھو کہ حکومت حجاز کو بھی اس سے خاص قوت اور پشت پناہی حاصل ہوگی - میرے اس مختصر فقرے میں بہت سے معنی پوشیدہ ہیں جو اصحاب بصیرت سے مخفی نہیں -

(۲) دفتر کانفرنس سے مبلغین کا ذکر کا جو علم مجھے حاصل ہوا ہے اس سے مجھے خاص خوشی ہے کہ مبلغین کا کانفرنس کی طرف سے تبلیغی کام میں شب و روز مصروف رہنا اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے جماعتی فریضہ کو ادا کرنا حقیر کام نہیں ہے - اس کے علاوہ ہندوستان کے دور دراز علاقوں مثلاً تبت خورد، بارا مولا، گورکھپور، گڑگاؤں وغیرہ مقامات میں جہاں مسلمانوں کی علمی اور اقتصادی حالت بہت پست ہے - دینیات کے مدارس کا جاری کرنا ایک قابل قدر خدمت ہے - اور میں اس پر کارکنان کانفرنس کو مبارک باد دیتا ہوں - لیکن مجھے اجازت دیجئے کہ یہ دونوں کام ابھی ابجد کی حالت میں ہیں - اور کانفرنس کا فرض ہے کہ ان کو بہت زیادہ آگے بڑھائے - ضرورت ہے کہ قرآن اور حدیث کے لئے ایک ایسی اعلیٰ درسگاہ موجود ہو جس میں کتاب و سنت کی تعلیم کے علاوہ علوم حدیثہ عربیہ کی تعلیم کا انتظام کیا جائے - تاکہ جو طلباء دینیات میں فارغ التحصیل ہوں وہ یورپ کے مادی اور معاشی نظریات پر بھی نوجوان طبقے سے گفتگو کر سکیں - بظاہر یہ کام جتنا مشکل معلوم ہوتا ہے ویسا مشکل نہیں اہل حدیث کی بعض اچھی درسگاہیں موجود ہیں - مثلاً پنجاب میں گوجرانوالہ اور امرتسر کی درسگاہیں ہیں - یا دہلی میں مدرسہ رحمانیہ - ان میں سے موخر الذکر بالخصوص بفضلہ مالی لحاظ سے پختہ بنیاد پر قائم ہے - ان سے کام لیا جا سکتا ہے اور کسی جدید درسگاہ کے قائم کرنے کی ضرورت نہیں صرف ان کے نصاب تعلیم میں مناسب تبدیلی کی ضرورت ہے -

حضرات! صحت فکر و عقیدہ کے ساتھ صحت عمل قومی زندگی کے لئے لازمی ہے - اس لئے ہماری جماعت کی فکری یعنی تعلیمی اصلاح کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ اس کی عملی اصلاح کی طرف بھی پوری توجہ دی جائے اور در اصل اسلام کا یہی طغرائے امتیاز ہے کہ اس نے صحت فکر کو صحت عمل کے ساتھ متحد کر دیا ہے - چنانچہ ایک انگریز (رڈلے) اشتراکی مصنف لکھتا ہے کہ دنیا نے آج تک صرف دو تعمیری مفکر پیدا کئے ہیں جو صحیح معنوں میں بنی نوع انسان کے قائد کہلانے کے مستحق ہیں - ایک محمد رسول اللہ صلعم دوسرا لینن (جو ان کا اپنا رہنما تھا) کیونکہ ان دونوں نے بنی نوع انسان کو صحیح جماعتی زندگی کا راستہ بتلایا - چنانچہ اس ضمن میں وہ لکھتا ہے کہ محمد رسول اللہ صلعم نے مذہب اور معاشیات کی تاریخ میں ایک معجزانہ انقلاب پیدا کر دیا - کیونکہ انہوں نے ایسے دو ادارے ایجاد کئے جن کی وجہ سے انسانی مذہب اور معیشت متحد ہو گئے -

آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ وہ دو ادارے اس کی رائے میں صلوٰۃ اور زکوٰۃ ہیں -

الفضل ما شهدت به الاعداء

برادران من! صلوٰۃ و زکوٰۃ محض مذہبی عبادات نہیں ہیں - اگر ایسا ہوتا تو صلوٰۃ کے لئے قیام جماعت و نصب امام ضروری قرار نہ دیئے جاتے بلکہ دوسرے مذاہب کی طرح اس کے لئے کبھی تخلیہ اور حجرہ تجویز کئے جاتے - اور زکوٰۃ کے لئے بیت المال کا قیام لازمی قرار دیا جاتا - بلکہ خاموش صدقہ صدقہ ادا ہوتا - صلوٰۃ اور زکوٰۃ نہایت ضروری اور بہترین معاشی ادارے ہیں جن سے اصل مقصود قوم میں صحت عمل پیدا کرنا ہے -

تنظیم زکوٰۃ در اصل اسلام کا ایک اساسی اور بنیادی طریق کار ہے - جس کا اصل مقصد قوم و ملت اسلامیہ کی اقتصادی اور معاشی تنظیم ہے اور اس لئے ہندوستان میں جماعت اہل حدیث کے قیام کے ساتھ ہی قیام بیت المال اور تنظیم زکوٰۃ عمل میں آئے - مگر افسوس کہ ہماری بے توجہی سے یہ مفید ادارہ بھی ان کے باقی اعمال کی طرح جاری نہ رہ سکا اور ہماری غفلت کی نذر ہو گیا - اس لئے اگر ہم زندہ رہنا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ ایک دفعہ پھر قیام بیت المال اور تنظیم زکوٰۃ کے لئے پوری کوشش کریں اور از سر نو اسے زندہ کریں -

مجھے اس امر کے باور کرنے میں تامل نہیں کہ یہ کام ایک دن میں نہیں ہو سکتا - بالخصوص ایسے وقت میں جبکہ جماعت اہل حدیث کا کسی ایک امام پر متحد ہونا بہت دشوار نظر آرہا ہے - لیکن اس کا سہل حل یہ ہے کہ اہل حدیث کانفرنس کو زیادہ منظم کر کے اس کو امارت شرعیہ کا بدل بنا دیا جائے - اور اس کے خزانہ کو وسعت دیکر بیت المال کی شکل میں تبدیل کر دیا جائے اور اس کانفرنس کی شاخیں صوبہ وار اور ضلع وار بنا کر تحصیل و فراہمی زکوٰۃ کا کام ان کے سپرد کر دیا جائے

ahmadimuslim.de

جو زکوٰۃ جمع ہو اس کا کچھ حصہ وہ بیشک اپنی مقامی ضروریات کے لئے خرچ کریں۔ مگر ایک مقررہ حصہ وہ صدر بیت المال میں سالانہ بھیجدیا کریں تاکہ اسے ہندوستان کی عمومی ضروریات میں کام میں لایا جا سکے۔ اگر پہلے پہلے ہمارے بھائی اپنی ساری زکوٰۃ نہ بھی دیں تو ان سے نصف یا زیادہ یا جتنا بھی وہ خوشی سے دینا قبول کریں باقاعدہ وصول کیا جائے۔ اور اس طرح آہستہ آہستہ اپنی گرفت کو مضبوط کرتے کرتے پھر ساری زکوٰۃ کی وصولی کا بھی انتظام ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ

میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ اہل حدیث کانفرنس کو ہی امارت شرعیہ کا بدل بنا دیا جائے۔ میرا اس سے یہ منشا ہے کہ اس کے آئین وضوابط زیادہ محکم بنائے جائیں اور صدر کا انتخاب اور ایک مجلس عاملہ کا تقرر اور دوسری ایسی ضروری ترمیمات اس کے کانسٹی ٹیوشن میں کر دی جائیں تاکہ یہ اہل حدیث کی ایک نمائندہ اور مختار جماعت بن سکے۔ اور اسے تمام اہل حدیث کا من حیث الجماعت اعتماد حاصل ہو جائے۔ پھر یہ جماعت اپنی شاخیں صوبہ وار اور ضلع وار قائم کرتی جائے۔ یہاں تک کہ جس جس قریہ میں اہل حدیث موجود ہیں وہاں بھی اس کی ایک شاخ قائم ہو جائے تاکہ اہل حدیث ایک رشتہ میں منسلک ہو جائیں۔ اس وقت اہل حدیث کی بہت سی مقامی انجمنیں اور ادارے ہیں جو اپنی اپنی جگہ بہت مفید کام کر رہے ہیں۔ ان سب کو ایک رشتے میں منسلک کر کے اہل حدیث کانفرنس کے زیر اثر لایا جائے اور اس طرح سے ایک صحیح آل انڈیا نظام کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔

حضرات! تمام مسلمانوں کا تشتت وانتشار اب اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ خود ان کو اپنی پستی کا احساس ہو رہا ہے اور وہ ایک مضبوط نظام کی ضرورت نہایت شدت سے محسوس کر رہے ہیں۔ اور اگر آپ اپنا ایک مضبوط اور مؤثر نظام قائم کرینگے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ عام مسلمین جنہیں اہل حدیث اور تقلید وعدم تقلید کے مسائل سے کچھ زیادہ دلچسپی نہیں ہے خود بخود آپ کی جماعت کی طرف کھنچے چلے آئیں گے۔ اور آپ کی جماعتی توسیع کا خواب بھی خود بخود پورا ہو جائیگا۔

(۴) برادران من! اب میں ایک اور اہم سوال کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ آیا اہل حدیث کانفرنس کو سیاسیات حاضرہ میں حصہ لینا چاہیئے یا نہیں۔ کیونکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ اس کانفرنس کی موجودہ پالیسی نے خود جماعت اہل حدیث کے ایک با اثر طبقہ کے دلوں میں شکوک و بدگمانی پیدا کر دی ہے۔ اس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم اپنے اس سالانہ اجتماع میں اس امر پر بھی غور کرنے کے لئے چند لمحات بسر کریں۔

میں اس امر سے بخوبی واقف ہوں کہ اہل حدیث افراد نے ملکی سیاسیات میں بہت نمایاں حصہ لیا ہے اور لے رہے ہیں۔ بلکہ مسلمانوں میں وہ اپنی صحیح سیاسی پالیسی کی وجہ سے تمام ملک میں نمایاں رہے ہیں۔ لیکن میرا جی چاہتا ہے کہ وہ اس سے بہت زیادہ سرگرم عمل ہوں۔ اس لئے اہل حدیث کانفرنس کا فرض ہے کہ وہ بطور جماعت مسلمانوں کی ہر حق تلفی کے خلاف خواہ وہ دینی ہو خواہ دنیوی نہایت پر زور اور مؤثر احتجاج کرے۔ مسئلہ فلسطین ہی کو لیجئے جس نے ہر درد دل رکھنے والے مسلمان مرد وعورت کے دل کو مجروح کر دیا ہے۔ جو مظالم نہتے اور بے گناہ عربوں پر کئے جا رہے ہیں ان کے تصور سے بھی میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اخبارات میں جو بیانات شائع ہو رہے ہیں ان کو پڑھ کر ہماری آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں اور دل پارہ پارہ۔ حضرات! آپ کی خاطر میں اس داستان خدع و فریب کا ایک مختصر سا خاکہ پیش کرتا ہوں۔ تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ فلسطین کے عربوں کے ساتھ کس طرح دھوکا کیا گیا ہے۔ اس امر کو جانے دیجئے کہ انگریزوں نے عربوں کے ساتھ جنگ میں ترکوں کی مخالفت کرنے کے صلے میں کیا کیا مواعید ومواثیق کئے تھے۔ لیکن جب لیگ آف نیشنز (انجمن اقوام) نے انگریزوں کو فلسطین اور عراق کا حوالہ

دیا تھا تو تینوں قسم کی حوالگیوں میں ان کی حوالگی کو درجہ اول کی حوالگی قرار دیا تھا یعنی سب سے پہلے انہی دو ممالک کو کامل آزادی دی جائیگی۔ گویا ان دو اسلامی ممالک کو امانتاً انگریزوں کے حوالہ کیا گیا تھا۔ ***

حضرات! یہ مظالم ایسے دردناک اور الم انگیز ہیں کہ

کانگریس کی جماعت نے بھی ان کے خلاف نہایت زبردست احتجاج کیا ہے۔ اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ ہماری جماعت کیوں عربوں کی حمایت میں نہایت زبردست احتجاج نہ کرے۔ اس بارے میں جمعیۃ العلماء کا طرز عمل ہم سب کے لئے ایک درخشاں مثال پیش کرتا ہے اور میرا خیال ہے کہ ہماری جماعت کو من حیث الجماعت جمعیۃ العلمائے ہند دہلی سے زیادہ گہرا اتحاد عمل قائم کرنا چاہیئے۔

(۵) تصنیف وتالیف۔ حضرات! یہ کہنا تحصیل حاصل ہے کہ یہ مقصد بہت اہم ہے اور ہمارے جماعتی کاموں میں سے بہت بڑا کام ہے۔ اس ضمن میں مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ اہل حدیث کانفرنس نے ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی مرتبہ "تراجم علمائے اہل حدیث" کی طباعت کا انتظام کیا ہے۔ یہ کتاب واقعی بہت ہی مفید اور ضروری ہے اور میں چاہتا ہوں کہ کانفرنس جلد تر اس کی تکمیل وطباعت کا بندوبست کرے۔ تصنیف وتالیف کے ضمن میں میں چند مشورے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ آپ ان پر غور کریں گے۔

اول۔ تصنیف وتالیف میں نہایت ضروری ہوتا ہے کہ ذہنی ضروریات اور مقتضیات کا لحاظ رکھا جائے۔ اسوقت اسلام پر چاروں طرف سے اعداء نے ہجوم کیا ہوا ہے اور اس میں ذہنی حملہ جو بولشویک تحریک یا اشتراکیت کی طرف سے ہو رہا ہے وہ سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ اسلئے اس کانفرنس کو چاہیئے کہ ایسی جماعت علماء کی تیار کرے جو ایسی کتابیں اور رسالے لکھیں جن میں اشتراکیت، اشتمالیت و دہریت وغیرہم کی تردید ہو۔ اور جن میں عقلی دلائل سے اس طوفان تشکیک والحاد کا مقابلہ کیا جائے۔ پھر اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ آسان اور عام فہم زبان میں جدید طرز پر اور جدید حقائق کو سامنے رکھ کر اسلام کی تعلیم کو پیش کیا جائے۔ تاکہ مغربی تعلیم یافتہ طبقہ بھی متاثر ہو۔ اس ضمن میں اگر انگریزی زبان میں بھی تصنیفات کا سلسلہ طبع کیا جائے تو ہم وقت کی ایک بہت بڑی ضرورت کو پورا کریں گے۔ کیونکہ اس سے نہ صرف ہم ہندوستانی انگریزی خوان طبقہ کو اپنی طرف مائل کر سکیں گے بلکہ یورپ اور امریکہ میں بھی اسلام کی صحیح آواز پہنچا سکیں گے

*** لیکن انگریزوں نے اپنی ضروریات کی وجہ سے فلسطین کو یہودیوں کے ہاتھ میں فروخت کر دیا اور بالفور کے اعلان کے مطابق جو تمام عہود ومواثیق کے بالکل خلاف تھا۔ یہودیوں کو

دوئم۔ قرآن کریم اور احادیث کے مستند ترجمے انگریزی اور ہندوستان کی تمام زبانوں میں کرائے جائیں اور ان کی نشرو اشاعت کا پورا انتظام کیا جائے۔ آپ شائد یہ سُن کر حیران ہونگے کہ بائیبل کا ترجمہ قریبًا سات سو زبانوں میں ہو چکا ہے۔

سوئم۔ مسلمانوں کی اقتصادی اور معاشی اصلاح آپ کی توجہ کی خاص طور پر محتاج ہے اور اس کے لئے ہماری جماعت کو چاہئے کہ پروپیگنڈا کے تمام وسائل استعمال کرے اور رسالوں کے ذریعے، اخبارات کے ذریعے مسلمانوں کی اصلاح کا کام شروع کردے۔ اور تب تک چین نہ لے جب تک کہ ایک ایک گاؤں اور قریے میں اصلاح کی آواز نہ پہنچ جائے۔

میرے بھائیو! میرا خطبہ بہت طویل ہو گیا اور میں نے آپ کا بہت سا قیمتی وقت لیا ہے۔ ع

شب آخر گشتہ و افسانہ از افسانہ مے خیزد

لیکن باوجود اس کے ابھی اور بہت سی ضروری باتیں ہیں جن کا مجھے ذکر کرنا چاہئے تھا۔ مگر میں بخوف طوالت انکو نظر انداز کرتا ہوں۔ اور آپ کا دلی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میری تقریر کو خاموشی اور توجہ سے سنا۔ بیشک میرے خطبہ کا انداز ذرا تلخ تھا مگر میں نہیں چاہتا تھا کہ میں صرف ماضی کی داستان سرائی ہی پر اپنی تقریر ختم کردوں۔ بلکہ میں چاہتا تھا کہ اپنی جماعت کو اسکی کوتاہیوں کی طرف توجہ دلاؤں اور ان میں اصلاح کا جذبہ پیدا کردوں۔ میں نے ماضی کو صرف استقبال کی تعمیر کے لئے استعمال کیا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ ہمارا مستقبل ہمارے ماضی سے بھی زیادہ شاندار ہو۔ اس لئے مجھے مجبورًا بعض تلخ حقائق آپ کے سامنے پیش کرنے پڑے۔ میرا ارادہ ہرگز ان سے کسی بھائی کی دل شکنی نہ تھا بلکہ

ان ارید الا الاصلاح ما استطعت

(میں تو حتی المقدور تمہاری اصلاح ہی کا ارادہ رکھتا ہوں)

اس لئے اگر کسی بھائی کی دل شکنی ہوئی ہو تو وہ مجھے معاف کریں۔ اور میرے اس خطبہ میں جو قابل عمل اور قابل قبول باتیں ہوں ان کو قبول کیجئے۔ ان پر غور کیجئے اور جہاں تک ہو سکے ان پر عمل کرنے کی کوشش کیجئے۔

فبشر عبادی الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ۔ أولئك الذین ھدا ھم اللہ و اولئك ھم اولوا الالباب۔ (الزمر)

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ۔

خادم جماعت اہل حدیث

عبد القادر قصوری

(نوٹ) جلسہ کی کاروائی آیندہ پرچہ میں شائع ہوگی۔ انشاء اللہ

جلسہ اہل حدیث پشاور

صوبہ سرحد کی جماعت اہل حدیث نے ۳۱۔ مارچ تا ۲۔ اپریل کو ایک جلسہ بمقام پشاور کیا۔ جس میں صدر جلسہ کو ایک اڈریس (معروضہ) دیا۔ جو یہ ہے:۔

معروضہ

بخدمت جناب سردار جماعت حضرت مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب امرتسری

صدر جلسہ تبلیغ اہل حدیث پشاور

حضرت والا! میں جماعت اہل حدیث پشاور کی جانب سے آپ کا خیر مقدم کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں۔ آج سے قریبًا ۱۳ سال قبل جناب کی زیارت ہم خادموں کو اسی شہر میں ہوئی تھی۔ بعد ازاں ہم متمنی تھے کہ کوئی تقریب پیدا ہو کہ پھر ہم خادمان کو زیارت نصیب ہو۔

جناب والا! ہم صدق دل سے اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ جناب نے جو اسلام اور مذہب اہل حدیث کی خدمات کی ہیں وہ اس قابل ہیں کہ مسلمان خصوصًا اہل حدیث ان پر فخر کریں۔

مخالفین اسلام عیسائی اور آریہ وغیرہ مذاہب کو مسکت، دل خوش کن پیرائے میں جوابات دینا آپ ہی کا خاص حصہ ہے۔ دیان غیر کے بعد غیر اہل حدیث مذاہب کے اعتراضات کے جوابات تسلی بخش طریق سے دینے کا خاص ملکہ خدا نے آپ کو عطا فرمایا ہے آپ نے ہر بدعی عقیدہ اور غلط خیال کی اصلاح فرمائی ہے۔ قادیانی تحریک کا گویا خاتمہ خدا نے آپ کے ہاتھ سے کرایا۔

نومبر ۱۹۳۷ء میں اہل بدعت پارٹی نے آپ پر جو قاتلانہ حملہ کرایا۔ اس سے جماعت اہل حدیث کو عمومًا اور ہم خادمان کو جو صدمہ ہوا تھا اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ ہم خدا کی اس مہربانی کا شکر کیونکر کر سکتے ہیں کہ اس محافظ حقیقی نے آپ کو دینی خدمت کے لئے صحت و سلامتی کے ساتھ زندہ رکھا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج ہم خادمان آپ کو اپنے جلسہ کی کرسی صدارت پر متمکن دیکھتے ہیں۔ اور دعا کرتے ہیں کہ توحید و سنت کی اشاعت کے لئے خدا آپکا سایہ اہل اسلام کے سروں پر بہت دیر تک قائم رکھے آمین ثم آمین! ع

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

آپ کا خادم

ناظم انجمن اہل حدیث صدر پشاور ” (۳۱ دسمبر ۳۹)

صدر جلسہ نے اس معروضہ کا جواب زبانی دیا۔ اور خطبہ صدارت مرقومہ پڑھا۔ جو جلسہ میں تقسیم ہوا۔ وہ یہ ہے:۔

خطبہ صدارت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ و سلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد

برادران اسلام حاضرین اور سامعین! السلام علیکم۔

منتظمین جلسہ نے کسی خاص وجہ سے صدارت کی خدمت میرے سپرد کی ہے۔ عام دستور یہ ہے کہ صدر جلسہ منتظمین کا شکریہ ادا کیا کرتے ہیں۔ مگر میں شکریہ نہیں بلکہ گلہ کرنے پر مجبور ہوں۔ کیونکہ منتظمین جلسہ نے میری کمزوری اور

ahmadimuslim.de

بے بضاعتی کا لحاظ نہ کر کے محض غلبہ محبت سے مجھ اس بوجھ کے نیچے دبا دیا۔ اس لئے میں انتخاب صدارت کا گلہ اور محبت و مروت کا شکریہ ادا کروں تو حق بجانب ہوں۔ خدا ہماری محبت میں ترقی دے۔

حضرات! آج مسلمانوں میں دو باتوں کا بہت چرچا ہے

(۱) مسلمان دین و مذہب سے غافل ہو گئے۔

(۲) مسلمانوں کے مذہبی طبقوں میں اتنا اختلاف ہے کہ ایک اجنبی غیر جانب دار کو فرقہ حقہ اور غیر حقہ میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہے۔ کیونکہ ہر ایک فرقہ اپنے آپکو حق پر جانتا ہے۔ میرے خیال میں اس عقدہ کا حل بہت آسان ہے۔ میں امید رکھتا ہوں کہ حق کے متلاشی خالی الذہن ہو کر میری معروضات کو سنیں گے تو ان کو فرقہ حقہ کی شناخت حاصل ہو جائیگی۔

محل شناخت برادران فرض کرو عرصہ تین چار سو سال کا گزرا ہے کہ کابل سے کوئی خاندان پشاور میں آکر آباد ہوا۔ آج ان کی خاندانی مردم شماری سینکڑوں سے متجاوز ہے۔ ان متعدد فیملی ممبران میں اپنے نسب کی بابت اختلاف ہوا۔ اُن میں سے چند اپنے آپ کو پٹھان کہتے ہیں۔ چند سادات ظاہر کرتے ہیں۔ بعض شیخ انصاری بعض راجپوت وغیرہ۔ ان میں سے ہر ایک اپنے دعوے کا ثبوت پیش کرتا ہے جو بجائے خود کیسا ہی لاجواب ہو مگر فیصلہ کن نہیں۔ میں ان کے اختلاف کے فیصلہ کا صحیح حل یہ سمجھتا ہوں کہ ان اصحاب کا مورث اعلیٰ جب پشاور میں آیا تھا اس وقت کا کوئی کاغذ از قسم تمسک یا نکاح نامہ وغیرہ دیکھا جائے کہ اس میں مورث اعلیٰ کی قومیت کیا لکھی ہے۔ جو اسکی قومیت ہوگی وہی صحیح ہوگی۔ جو اُس قومیت کے مدعی ہونگے وہی حق پر ہونگے۔ وگر ہیچ۔

یہ طریق فیصلہ ایسا صحیح ہے کہ کوئی دانا یا نادان اس سے انکار نہیں کر سکتا۔

ٹھیک اسی طرح مذاہب اسلامیہ کی تحقیق ہونی چاہئے جس کی صورت یہ ہے کہ سب سے پہلے دیکھا جائے کہ بانی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام انتقال کے وقت اپنی امت کو کس حالت میں چھوڑ گئے تھے۔ اور اس وقت کے لوگوں کا مذہب اور طریق عمل کیا تھا۔ اس طریق عمل سے اس کا نام خود بخود ظاہر ہو جائیگا۔

کچھ شک نہیں کہ اس وقت موجودہ مذاہب اسلام میں سے کوئی مذہب نہیں تھا۔ یہ ایسا دعویٰ ہے کہ اس کا ثبوت دینے کی حاجت نہیں۔ اس لئے کہ تاریخ اسلام بالاتفاق شہادت دیتی ہے کہ حضرت علی رضہ خلیفہ چہارم کے زمانہ میں (بحیثیت محبت اور عداوت) اختلاف پیدا ہوا تو حسب رواج کچھ لوگ خلیفہ کے حامی ہوئے کچھ مخالف۔ حامیوں کو "شیعان علی" کہا گیا۔ مخالفوں کو "خارجی"۔

پس یہ ہے اسلام میں فرقوں کی ابتدا۔ باقی سب فرقے بعد میں پیدا ہوتے رہے۔

اس تاریخی شہادت سے یہ بات بالکل واضح ہوتی ہے کہ جیسے مثال مذکور میں مورث اعلیٰ کی قومیت مقدم اور معتبر ہے اسلامی فرقوں میں بھی وہی فرقہ مقدم اور اصل ہے جو زمانہ اول کی روش پر ہے۔ جس کی بابت یہ شعر بہت موزوں ہے ؎

اهل الحدیث همُ اهل النبی و ان
لم یصحبوا نفسہ انفاسہ صحبوا

اب غور طلب یہ بات ہے کہ طبقہ اولیٰ کا طریق عمل کیا تھا میں اس میں زیادہ وقت لگانا نہیں چاہتا۔ صرف دو مثالیں پیش کرتا ہوں جن سے ثابت ہوگا کہ صحابہ کرام کا طریق عمل قرآن و حدیث تھا۔ امثلہ ذیل ملاحظہ ہوں:-

(۱) مسئلہ خلافت جب پیش ہوا تو انصار سے آواز آئی۔ مِنَّا اَمِیْرٌ وَمِنْکُمْ اَمِیْرٌ۔ (ایک امیر ہم میں سے ہو ایک تم مہاجرین میں سے) اس کے جواب میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث نبوی پیش کی:-
اَلاَئِمَّۃُ مِنَ الْقُرَیْشِ۔

سب حاضرین نے اس کے سامنے سر جھکا دیا تو ابوبکر صدیق خلیفہ منتخب ہو گئے۔

(۲) خلافت قائم ہوتے ہی خاتون جنت رضی اللہ عنہا نے وراثت پدری صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ کیا۔ خلیفہ رضہ نے جواب دیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوا ہے کہ انبیاء کا ترکہ تقسیم نہیں ہوتا جو چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔ آخر اسی حدیث پر فیصلہ ہوا۔

اسی قسم کے اور بہت سے واقعات ہیں جن سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ مسائل شرعیہ میں قرآن و حدیث ہی پر عمل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ خلیفہ بھی انہی کو سنداً پیش کیا کرتے تھے۔ یہی اہل حدیث کا مذہب ہے جس کا ذکر اس شعر میں ہے ؎

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفےٰ برجاں مسلم داشتن

مختصر یہ ہے کہ اہل حدیث اسلام میں کوئی نیا فرقہ نہیں بلکہ وہی جماعت ہے جو زمانہ رسالت سے قرآن و حدیث پر عمل کرتی ہوئی آج تک دنیا میں نمایاں وجود رکھتی ہے لہ الحمد!

معقولی طریق اب میں منطقی طریق سے گفتگو کرتا ہوں تاکہ علماء اور طلباء اس سے محظوظ اور مسرور ہوں۔ منطق کا اصول ہے کہ تقرر ماہیت کے بعد کوئی چیز اس میں زائد داخل نہیں ہو سکتی۔ جو زائد ہوگی وہ خارج عن الماہیت ہوگی۔ اس قانون کے ماتحت میں کہتا ہوں کہ اسلام کی ماہیت بزمانہ رسالت متقرر ہو چکی تھی۔ اسکے بعد کے امور از قسم عقائد یا اعمال ماہیت اسلام کے اندر داخل نہ ہونگے۔ نتیجہ صاف ہے کہ حنفیت، شافعیت وغیرہ جو بعد تقرر ماہیت اسلامیہ حادث ہوئی ہیں داخل ماہیت نہ ہونگی۔ غالباً اسی بنا پر مولانا عبد الحی لکھنوی مرحوم نے ایک عدالتی شہادت میں کہا تھا کہ

"حنفیت، شافعیت وغیرہ اسلام میں شرط نہیں" (فتاویٰ لکھنوی جلد اول صفحہ ۲۴۵)

اس لئے اعیان اہل حدیث کا قول ہے ؎

ہوتے ہوئے مصطفےٰ کی گفتار
مت دیکھ کسی کا قول و کردار

بعد اللتیا والتی مذہب اہل حدیث کی حقیقت بتا کر میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آج کل جو حریت ملک کی تحریک زوروں پر ہے اس میں اعیان اہل حدیث نے کہاں تک حصہ لیا۔ واقعات گذشتہ کو گہری نظر سے دیکھا جائے تو ایسا کہنے میں ذرہ شک نہیں کہ حصہ کیا چیز ہے اس تحریک کے بانی مبانی ہی اعیان اہل حدیث ہیں۔ کسی دوسرے مقام کی شہادت اتنی وزن نہیں جتنی خود سر گلدی ہوئی وزنی ہے۔ ملاحظہ ہو دو ملک گیری کی رپورٹ میں ہیں

تنقید تقلید۔ تحریری مباحثہ بابت تقلید شخصی مابین (۲۴۴) مولوی مرتضیٰ حسن اور مولانا ثناء اللہ صاحب۔ قیمت ۵ر دیکھو

ahmadimuslim.de

فرقہ اہل حدیث کو وہابی سے موسوم کر کے حضرت امیرالمؤمنین سید احمد صاحب بریلوی اور مولانا شاہ اسماعیل شہیدؒ دہلوی سے سلسلہ کلام شروع کیا ہے۔ اسی میں آپ کے معزز شہر پشاور کا ذکر بھی ملتا ہے۔ ملاحظہ ہو رپورٹ مذکور ترجمہ اردو ... کے درمیانی صفحات۔ ناظرین ان صفحات کو دیکھ کر اس نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں کہ آج کانگرس جس بام بلندی پر پہنچی ہے اس کی بنیاد اعیان اہل حدیث نے رکھی تھی۔ جس پر افراد اہل حدیث کہہ سکتے ہیں ؎

لے اڑی طرز فغاں بلبل نالاں ہم سے
گل نے سیکھی روش چاک گریباں ہم سے

مختصر یہ ہے کہ اہل حدیث کوئی نیا فرقہ نہیں۔ بلکہ وہ ایک ایسی جماعت ہے جو ہادی اسلام سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم پر اسی صورت میں عامل ہیں۔ جس صورت میں طبقہ اولیٰ کے لوگ عامل تھے۔ اس لئے یہ جماعت اپنی نسبت کسی امتی کی طرف نہیں کرتی بلکہ صاف لفظوں میں کہتی ہے ؎

کسی کا ہو رہے کوئی نبی کے ہو رہے ہیں ہم

میرے اس دعوے کی تفصیل دیکھنی ہو تو میری کتاب "اہل حدیث کا مذہب" مطالعہ کریں۔

اب میں آپ لوگوں سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں پس توجہ سے سنئے!

آپ اٹھے ہیں تو اٹھ کر کام کیجئے۔ سو نہ جائیے۔ میں آپ لوگوں کو قرآن مجید کی ایک آیت پر توجہ دلاتا ہوں اس کو ہمیشہ ملحوظ رکھئیگا۔ کیونکہ وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے نیک کام کرنے کی ترغیب اور نہ کرنے پر سخت ترہیب ہے۔ ارشاد ہے:-

اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ

اس آیت کا ترجمہ یہ ہے:-

اے مسلمانو! اگر دینی خدمت کرنے میں تمہیں تکلیف ہوتی ہے تو دیکھو دنیاوی کام کرنے والوں کو بھی کام کرنے میں تکلیف ہوتی ہے۔ تم میں زیادتی یہ ہے کہ دینی کام کرنے پر تم اس انعام (جنت) کی امید ... جس کی ان کو امید نہیں۔

دوستو! میں جن دنوں کانگرس میں کام کرتا تھا۔ تو کانگرس کے لیڈروں، ممبروں اور والنٹیروں کو ان تھک محنت کرتے، مصائب جھیلتے ہوئے دیکھتا تھا اور اب بھی دیکھتا ہوں۔ اور ادھر مدعیان دین خصوصاً افراد اہل حدیث پر نظر کرتا ہوں تو ان دونوں میں بہت فرق پاتا ہوں۔ کانگرسی کارکن باوجود اختلاف شدید کے کام چھوڑتے نہیں۔ اعیان اہل حدیث روٹھ جاتے ہیں۔ (۲) کانگرسی کارکن تھکتے نہیں۔ اہل حدیث فدایان توحید اور خدمتگاران سنت نہ صرف تھک جاتے ہیں بلکہ تھک کر ہمیشہ کے لئے بیٹھ جاتے ہیں۔ میرے خیال میں ایسے اصحاب اہل حدیث آیت موصوفہ کو ہر وقت سامنے رکھیں گے تو دینی خدمت کرتے ہوئے تھکیں گے نہیں بلکہ ان کا طغرا یہ ہوگا ؎

کئے جاؤ کوشش میرے دوستو!

اخیر میں آپ لوگوں کے انتخاب صدارت کا گلہ یا شکریہ ادا کرتا ہوا عرض کرتا ہوں کہ صدر کا انتخاب بغرض انتظام جلسہ ہوتا ہے۔ مگر صدر کے ماتحت کوئی فوجی طاقت نہیں۔ اس لئے جب تک آپ لوگ صدارت کے احکام متعلقہ انتظام کی تعمیل نہ کریں گے انتظام معقول نہیں ہوگا۔ اسی لئے قرآن مجید میں اُولِي الْاَمْر کی اطاعت فرض کی گئی ہے۔ پس میں صاف صاف کہے دیتا ہوں کہ جلسہ کا انتظام اور حسن خاتمہ آپ لوگوں کی تعمیل پر موقوف ہے۔ والسلام خیر الختام!

خادم:- ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسری
صدر جلسہ تبلیغ اہل حدیث پشاور
۱۰- صفر المظفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۳۱- مارچ ۱۹۳۹ء

نوٹ ماہ مارچ میں جماعت اہل حدیث کے جلسے کئی ایک مقامات (لاہور، بٹالہ، سرہند، تاندلیانوالہ وغیرہ) میں ہوئے۔ منتظمین کی طرف سے روئداد نہ پہنچنے کی وجہ سے اشاعت پذیر نہیں ہوئے۔ اللہ اعلم!

بہار کے قرب و جوار میں انجمن اشاعۃ التوحید والسنہ کا قیام

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ جس نے ہم کو محض اپنے فیضان رحمت سے اپنے محبوب ترین دین اسلام میں پیدا کیا اور توحید کا راستہ دکھایا۔ خاتم الانبیاء سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی امت میں داخل فرما کر طریقہ محمدیہ پر چلایا اور اس پر چلنے کا شوق دلوں میں پیدا کیا۔ فللّٰہ الحمد! بر اعداق ملت موحدہ و محبان طریقت محمدیہ پر مخفی نہ رہے کہ بہار کے قریب ایک بستی چکدین سے موسوم ہے۔ جہاں بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ ایک نہ ایک عالم اہل حدیث برابر رہا۔ جب تک جہاں میں رہے ہر جمعہ میں خطبہ کے موقعہ پر آیات قرآنیہ احادیث نبویہ تلاوت فرما کر عام فہم اردو زبان میں ترجمہ فرماتے، لوگوں کو دین اسلام کی باتیں بتاتے، توحید و سنت کی ترغیب دیتے، شرک و بدعات سے منع فرماتے جن کا نام نامی مولانا محمد باقر صاحب مرحوم تھا کچھ عرصہ آپ ... کی ... حضرت مولانا عبدالرحیم عرف معصوم علی کا زمانہ آیا۔ آپ بھی پکے موحد اہل حدیث عالم تھے۔ آپ کے ساتھ آپ کے اہل زمان بعض جہلاء چکدین نے وہابیت کا الزام لگا کر بہت کچھ سب وشتم کئے۔ چونکہ آپ طبعاً خوش مزاج تھے۔ نہایت صبر و استقلال سے مخالفین کو جواب فرماتے۔ باوجود اسکے جب ان لوگوں کے جور و استبداد کی حد نہ رہی۔ ذاتیات پر حملہ ہونے کے علاوہ مالیات پر حملے کرنے لگے۔ تب آپ نے مجبور ہو کر دین کی خاطر میں اہل و عیال ترک وطن کیا اور تاتی باغ کلکتہ چلے گئے۔ وہاں کچھ روز تک بعدہٗ مصری گنج کلکتہ میں رہے۔ ہر دو جگہ آپ نے سلسلہ درس قرآن و حدیث جاری رکھا۔ مولانا کثیر الاولاد تھے۔ بحالت کبر سنی اس دار فانی سے عالم جاودانی کو رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا کی پسماندہ اولاد میں سے ایک لڑکا حافظ القرآن تھا جو تھوڑے ہی روز حیات پانے کے بعد عالم غیر فانی کو سدھار گیا۔

اتا نشرہا اور تین لڑکے عالم ہوئے۔ ایک مولانا بشیر الدین صاحب جو مدرسہ احمدیہ آرہ کے فارغ التحصیل اور مولانا ابو المکارم عبد اللہ صاحب محدث غازی پوری رح کے خاص شاگرد رشید تھے۔ دوسرے لڑکے مولانا یوسف صاحب اور تیسرے لڑکے حکیم مولانا عبد اللہ صاحب۔ موخر الذکر دو تو لڑکے باحیات ہیں۔ مولانا عبد الرحیم صاحب عرف معصوم علی رح کے بعد مولانا فضل الحق صاحب کا زمانہ آیا۔ آپ پکے موحد اہل حدیث عالم تھے۔ آپ کی صورت حال و مقال محدثانہ تھی۔ ایک عرصہ طویل تک چکدین کے مدرسہ میں درس و تدریس فرماتے رہے جب تک آپ زندہ رہے لوگوں کو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی عام ہدایت فرماتے۔ آپ بھی بعمر ضعیفی داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے جنت الفردوس کو رحلت فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ آپ پیچھے ایک لڑکا چھوڑ گئے جن کا نام نامی مولانا ولی الحق صاحب ہے۔ آپ ایک ذی علم آدمی ہیں۔ آپ کا طریقہ عمل قرآن و حدیث ہے۔ مولانا عبد الرحیم عرف معصوم علی کے تیسرے لڑکے شیخ الکل شمس العلماء مولانا سید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی کے مدرسہ نذیریہ سے درس نظامیہ کی فراغت اور شیخ الحکماء مولانا جمیل الدین صاحب رح نگینوی استاد حضرت مسیح الملک حکیم اجمل خان مرحوم و حکیم العصر مولانا عبد الحفیظ سے علوم طبیہ کی تکمیل کے بعد اپنے والد ماجد کی نصیحت الوداعی پر عمل پیرا ہو کر اپنے آبائی و جدی وطن میں ایسے وقت میں بود و باش اختیار کی جبکہ مولانا فضل الحق صاحب کا دنیا سے انتقال ہوئے عرصہ دراز گزر چکا تھا۔ آپ نے یہاں آ کر سلسلہ طبابت قائم کیا جو ذریعہ معاش ہے اور توحید و سنت کی تبلیغ کا بار اپنے سر اٹھایا۔ آپ ایک مخلص جوان، جوشیلے عالم باعمل ہیں آپ کا طریقہ بیان بہت احسن و خطاب کلام نہایت الیں۔ باشندگان چکدین اکثر احناف ہیں اور غریب محمدیان اہل حدیث معدودے چند۔ لیکن مولانا کی شیریں بیانی سے لوگ خوش ہیں۔ ایک گونہ لوگوں کے عقائد میں اصلاح کی صورت نظر آتی ہے۔ چنانچہ ایک شخص (مولانا کے رشتہ میں چچا) جو مذہباً حنفی تھے

ضعیف العمری میں بعد تحقیق کے پکے محمدی ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو استقامت بخشے۔ باقی لوگوں میں جو بدظنی وہابیت سے تھی وہ بھی رفتہ رفتہ بحمدہ تعالیٰ حسن ظنی سے بدلتی جا رہی ہے۔ لیکن جو لوگ متعصب اور شقی ازلی ہیں وہ مولانا کے ساتھ اور دیگر محمدیان اہل حدیثوں کے ساتھ مخالفت کرتے رہتے ہیں۔ اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون۔ باوجود اس کے مولانا نہایت صبر و استقلال کے ساتھ اپنا تبلیغی فرض انجام دیتے جا رہے ہیں۔ غرض صوبہ بہار میں اور بہار کے قرب و جوار مشرقی جانب دیہاتوں میں محمدیان اہل حدیث بہت کم خال خال نظر آتے ہیں اور ہیں بھی تو اپنی زندگی انفرادی طور پر بسر کرتے ہیں جہاں نام نہاد سنی حنفیوں کی تعداد بکثرت ہے اور بلا روک ٹوک شرک و بدعات عام طریقے پر ہوتے ہیں۔ خاص بہار کو اگر شرک و بدعات گڑھ کہا جاوے تو بجا ہے۔ ان امور کے سد باب کے لئے نہ کوئی مبلغ ہے اور نہ کوئی باقاعدہ انجمن۔ اس لئے مولانا نے بتوکل خدا اس کام کی خاطر ایک انجمن کی بنیاد ڈالی جس کا نام انجمن اشاعت التوحید والسنہ رکھا۔ لہذا بصد ادب ان اصحاب محمدیان اہل حدیث سے گذارش ہے کہ جو ان اطراف میں انفرادی طور پر زندگی بسر کرتے ہیں بہت جلد از جلد اپنا اپنا نام ارسال فرما کر یا خود تشریف لا کر انجمن مذکور کے ممبر بن جاویں اور بکھرے ہوئے شیرازہ کو منظم کر کے اشاعت التوحید والسنہ میں اجتماعی طور پر ہاتھ بٹائیں۔ جزاکم اللہ خیر الجزا۔

تجویز انجمن اشاعت التوحید والسنہ

ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر و یامرون بالمعروف و ینھون عن المنکر و اولئک ھم المفلحون۔

آج بتاریخ یکم ذی الحجہ بروز جمعہ چند مسلمانوں کی ایک مجلس شوریٰ بصدارت جناب حکیم مولانا عبد اللہ صاحب قائم ہوئی۔ جس میں یہ امر پیش ہوا کہ زمانہ حاضرہ میں جو آئے دن بدقسمتی سے ہم مسلمانوں میں شرک و بدعات رائج و مروج ہیں جس کا دروازہ یوماً فیوماً وسیع و فراخ ہوا جاتا ہے اس کے سد باب کے لئے ہم لوگوں کو کونسی صورت اختیار کرنی چاہئے جس کو ہم اپنی آنکھوں سے

دیکھتے ہیں اور اپنے کانوں سے سنتے ہیں۔ لیکن صد افسوس باوجود استطاعت و صلاحیت رکھنے کے بھی ہم خاموش ہیں، بے حس ہیں۔ ذرہ بھر ہمارے دلوں میں اسلام کا درد نہیں، پاس نہیں۔ لیکن یاد رہے ہماری اس خاموشی اور بے حسی سے حق پوشی ہے۔ شرک و بدعات کی تائید ہوتی ہے۔ اگر یہی حالت ہماری آئندہ بھی رہی تو خدا کے ہاں ہم باعث عتاب و لائق مواخذہ ہونگے۔ فرمایا رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ و ذالک اضعف الایمان (رواہ مسلم) چنانچہ اس امر کے لئے یہ تجویز پیش ہوئی کہ ایک انجمن اشاعت التوحید والسنہ قائم کی جائے جس میں لوگوں کو توحید و سنت کی تبلیغ و ترغیب دی جاوے اور شرک و بدعات کی تردید و ... کی جاوے۔

بحمدہ تعالیٰ اس رائے صائب پر سب کو اتفاق ہوا اور سب کے اتفاق سے یہ انجمن بتوکل خدا قائم کی گئی۔ اللہ تعالیٰ حامیان انجمن کے قلوب میں خلوص و استقامت اور جان و مال میں برکت عطا فرماوے اور انجمن مذکور سے لوگوں کو ہدایت بخشے۔ آمین ثم آمین! والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا۔ امید ہے کہ جماعت اہل حدیث عموماً اور مولانا عبد الرحمن صاحب گیلانوی و مولانا عبد الحنان صاحب اڈیٹر "مسلم اہلحدیث گزٹ" و منشی محمد ابراہیم صاحب برادر منشی محمد و میاں مرحوم جھاجھاوی خصوصاً دامے درمے سخنے اس جواری انجمن کی طرف خاص توجہ فرما کر ہمارا ہاتھ بٹائیں گے۔ فقط والسلام مع الاکرام۔

المعلن:- خادم التوحید والسنت ڈاکٹر محمد نذیر حسین عفی عنہ محمدی و سیکریٹری انجمن مذکورہ موضع چکدین ضلع مونگیر (بہار) در داخل اشاعت فقط

اہلحدیث ہم امید رکھتے ہیں کہ انجمن مذکورہ کی طرح ابھی تک جہاں انجمہائے اشاعت توحید و سنت قائم نہیں ہیں جلد قائم کر کے تبلیغ توحید و سنت شروع کر دی جائے گی۔

ناظرین "اہلحدیث" کی توسیع اشاعت میں کوشش کیجئے۔

فتاویٰ

س ۱۰۶} بعض صاحبان فرماتے ہیں کہ تقلید شخصی جائز نہیں مگر تقلید مطلق روا ہے اور مثال یہ پیش کرتے ہیں کہ اگر کسی جاہل نے کسی عالم سے فتویٰ پوچھا اور عالم نے جو فتویٰ دیا۔ جاہل اُس پر عمل پیرا ہُوا۔ سو جاہل نے اُس عالم کی تقلید کی کیا یہ درست ہے؟

(محمد داؤد احمد از کیندرا پاڑہ)

ج ۱۰۶} حضرت میاں صاحب مرحوم مغفور دہلوی نے کتاب "معیار الحق" میں ایسا ہی لکھا ہے۔ مفصل کتاب ہذا دفتر اہل حدیث سے منگا کر دیکھ لیجئے۔

س ۱۰۷} ایک بریلوی حنفی امام ہمارے گاؤں کی مسجد میں امامت کراتے ہیں جو جماعت حقہ اہل حدیث کو شرکت جماعت سے منع کرتے ہیں اور بقول اُس کے اہل حدیث کی شرکت جماعت سے ان کی اور اُن کی جماعت کی نماز ناقص ہو جاتی ہے اور بار بار اہل حدیث سے جھگڑا ہوتا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اپنے مولانا ثناء اللہ صاحب سے فتویٰ پوچھو کہ دو فریق کی نماز ایک جماعت میں نہیں ہو سکتی۔ مگر خود ثبوت نہیں دیتے اور ہم سے ثبوت طلب کرتے ہیں۔ (سائل مذکور)

ج ۱۰۷} امام مذکور کا کہنا غلط ہے وہ اپنے دعویٰ کی دلیل پیش کرے۔ اللہ اعلم!

س ۱۰۸} ایک منکوحہ عورت مصنوعی طور پر عیسائیت کا اظہار کر کے نکاح سابقہ فسخ کرانا چاہتی ہے۔ کیا اس کا اس حیلہ سے سابقہ نکاح شرعاً فسخ ہو جائیگا یا نہیں۔ اگر بعد فسخ کرانے نکاح ثانی کے کسی دوسرے مسلمان سے نکاح کرنا چاہے تو ہو جائیگا یا نہیں؟

(ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۱۰۸} ہمارا بیان عدالت میں ہو چکا ہے کہ عورت عیسائی ہو جائے تو نکاح فسخ نہیں ہوتا۔ کیونکہ کتابیہ (عیسائی یا یہودی) عورت سے مسلمان مرد کا نکاح جائز ہے ـــــ مگر ہاں اگر حیلہ ارتداد کے سوا معقول وجوہات کی بنا پر عورت نکاح فسخ کرا سکتی ہے۔

اللہ علیم بذات الصدور۔

س ۱۰۹} یہ واقعہ اکثر لوگوں کی زبان پر مشہور ہے کہ حضرت غوث ہوسکے اثنائے وعظ میں معراج کا ذکر ہونا اور ایک شخص کا منکر ہو کر چلا جانا راستہ میں مچھلی خریدنا بیوی کو مچھلی دیکر خود غسل کو جانا، دریا میں اس مرد کا عورت ہو جانا، بارہ برس عورت رہنا، عقد کر کے بچے جننا بعد مرد ہو جانا، گھر کو آنا، مچھلی کو بدستور زندہ پانا۔"

کیا اس کی کچھ اصلیت ہے یا نہیں؟

(عبد الصمد مدرس مدرسہ محمدیہ از شیش گڈھ)

ج ۱۰۹} یہ قصہ بالکل بے اصل و بے ثبوت ہے۔

س ۱۱۰} کیا حضرت اویس قرنی نے آنحضورؐ کے دندان مبارک کی شہادت سُن کر اپنے تمام دانت توڑ دئیے تھے اور کھانا کھانے کی تکلیف سے حلوہ دیا گیا تھا کیا یہ صحیح ہے۔ اگر صحیح ہے تو کیا اس بات سے شبراتی حلوہ و کھچڑے وغیرہ کا ثبوت ہو سکتا ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۱۱۰} اس کا بھی کوئی صحیح ثبوت نہیں ملتا۔

س ۱۱۱} بعض اشخاص اہل حدیث تعزیہ داری میں شریک ہوتے ہیں اور تعزیہ کے میلہ میں شرکت کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو شریعت کا کیا حکم جاری ہوتا ہے۔ کیا یہ بھی گنہگار ہوتے ہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۱۱} تعزیہ بنانا گناہ ہے۔ اس میں شرکت کرنے والا بھی گنہگار ہے۔ لقولہ علیہ السلام من کثر سواد قوم فھو منھم

س ۱۱۲} ایک شخص ایک امام کے پیچھے نماز نہیں پڑھتا اگر اُسے کہا جائے تو کہتا ہے کہ یہ کانگرسی ہے۔ کانگرسی کے پیچھے نماز نہیں ہوتی اور نماز نہ پڑھنے والا بریلوی خیال کا ہے۔ کیا اس کا نماز نہ پڑھنا درست ہے۔ کیا کانگرسی ہونے سے مسلمان کافر ہو جاتا ہے۔ (سائل مذکور)

ج ۱۱۲} یہ ضد غلط اور نفسانیت پر مبنی ہے خدا مسلمانوں کو اتفاق کی توفیق بخشے۔ آمین!

س ۱۱۳} مسلم لیگ میں شرکت ضروری ہے یا کانگرس میں کیونکہ مسلم لیگ والے کہتے ہیں کہ مسلم لیگ اسلام کی حفاظت کرنے والی ہے۔ ان دونوں جماعتوں میں کونسی جماعت بہتر ہے؟ (سائل مذکور) ج ۱۱۳} کانگرس میں جانا اور مسلم لیگ میں جانا امور شامہ [illegible]

(باقی فتوے آئندہ اخبار میں درج کئے جائیں گے)

متفرقات

معاونین "اہلحدیث" کو اپنے تبلیغی آرگن کی اشاعت میں ہر ممکن کوشش کرتے رہنا چاہئے۔ گو بفضلہ تعالیٰ اس وقت بھی "اہلحدیث" کا حلقہ اشاعت وسیع ہے مگر ہم چاہتے ہیں کہ اگر معاونین کرام و ناظرین عظام اسے وسیع تر بنانے کی ٹھان لیں تو "اہلحدیث" ملک کے ہر قصبہ بلکہ ہر گاؤں میں پہنچ سکتا ہے اس صورت میں جہاں اس کی اشاعت میں اضافہ ہوگا وہاں توحید و سنت کی تبلیغ میں بھی وسعت ہو جائیگی۔

امید ہے عاشقان تبلیغ توحید و سنت ہماری اس تجویز کو عملی جامہ پہنا کر شکریہ کا موقع دینگے۔

وی پی بھیجے گئے مندرجہ ذیل خریداروں کے نام ماہ بقیہ پرچہ وی پی بھیجا گیا ہے۔ اگر غلطی سے کوئی صاحب واپس کردیں تو اطلاع ہذا سے مطلع ہوتے ہی قیمت اخبار بہت جلد ارسال کر دیں۔

۲۸۵ - ۵۴۴۶ - ۶۳۸۱ - ۶۴۲۰ - ۶۴۷۲
۷۳۲۹ - ۸۷۳۵ - ۹۴۳۸ - ۹۸۳۰ - ۹۸۹۳
۹۹۲۸ - ۱۰۵۲۶ - ۱۰۸۸۹ - ۱۰۹۱۳ - ۱۱۰۱۷
۱۱۱۱۲ - ۱۱۱۲۲ - ۱۱۱۳۶ - ۱۱۱۴۰ - ۱۱۳۴۶
۱۱۳۶۴ - ۱۱۴۴۷ - ۱۱۴۹۹ - ۱۱۸۰۴ - ۱۱۸۵۵
۱۱۹۰۶ - ۱۱۹۷۰ - ۱۲۰۱۶ - ۱۲۰۳۵ - ۱۲۱۶۴
۱۲۲۳۴ - ۱۲۳۱۶ - ۱۲۳۲۱ - ۱۲۳۴۲
۱۲۳۵۰ - ۱۲۳۵۲ - ۱۲۳۵۳ - ۱۲۳۵۶
۱۲۳۸۴ - ۱۲۴۱۹ - ۱۲۴۲۵ - ۱۲۴۳۴
۱۲۴۳۵ - ۱۲۴۳۶

ضیاء الاسلام امرتسر مولوی بہاء الحق صاحب قاسمی نے پندرہ روزہ اخبار "ضیاء الاسلام" جاری کیا ہے۔ جسکے تین نمبر شائع ہو چکے ہیں۔ عام اسلامی مذہبی اخبارات کی طرح اس میں تبلیغی تاریخی اور علمی مضامین کے علاوہ مرزائی اور تحریک خاکسار کی تردید خاص طور پر کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ معاصر مذکور کو بہترین اسلامی خدمات سر انجام دینے کی توفیق دے۔ ضخامت ۲۰x۲۶ کے [illegible] قیمت سالانہ عہ۔ پتہ۔ ابوالضیاء محمد بہاء الحق قاسمی [illegible] کڑہ گھنیاں امرتسر [illegible]

ظفر المبین فی رد مغالطات المقلدین۔ فرقہ مقلدہ کی تردید میں ایک زبردست کتاب۔ قیمت عہ (منیجر اہلحدیث)

چندہ کانفرنس چوہدری کریم بخش صاحب چک ۱۱۴ ضلع سرگودھا ۲ہ حکیم اللہ بخش صاحب سلیم ۱۲ہ ۔

غریب فنڈ میں از فتوی فنڈ ۶ہ۔ از چوہدری کریم بخش صاحب مذکور ۸ہ۔ سابقہ بقایا فنڈ ۲ہ ۔ جملہ ۱۰ہ ۔ از سائل ۱۹ہ چندہ ڈہ صاحب ملتان ۳ہ ۔ ۹ہ مولوی ابراہیم باقی پور ۶ہ ۔ میزان ۹ہ ۔ ہر دو سائلین کے نام بحساب غریب فنڈ ایک ایک سال کے لئے اخبار جاری کیا گیا۔ بذمہ فنڈ ۳ہ ۔

صرف بائیس سائل اور ہیں اصحاب کرم اپنے دست جود وسخا کو اگر تھوڑی سی بھی جنبش دیں تو ان سب کے نام بہت جلد اخبار جاری ہو سکتا ہے۔

رپورٹ دورہ مولانا محمد صدیق صاحب برائے تنظیم جماعت اہل حدیث دکن میں ۱۸ جنوری ۱۹۳۹ء کو دکن اہل حدیث دار الاشاعت سکندر آباد کی طرف سے وقار آباد پہنچا مولوی حافظ عبد الرحیم صاحب بیمار ہو کر حیدر آباد میں زیر علاج تھے۔ اس لئے مولوی محمد یٰسین صاحب منتظم محلہ نظامت وقار آباد اور منشی عبد المجید صاحب کی رائے ہوئی کہ حافظ صاحب کے آنے پر انجمن قائم کر کے اوس کا الحاق باضابطہ دکن اہل حدیث دار الاشاعت سکندر آباد سے کر دیا جائیگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۱۹۔ جنوری ۱۹۳۹ء کو وہاں سے چیتا پور پہنچا۔ چونکہ وہاں نہ تو مولوی محمد یوسف صاحب موجود تھے اور نہ مولوی عبد الحی صاحب کا یہاں مستقل قیام ہے اس لئے جناب سیٹھ محمد قاسم صاحب متولی مسجد اہل حدیث وغیرہ کی رائے ہوئی کہ مولوی عبد الحی صاحب آجا دیں تو انجمن کا قیام اور اس کا الحاق مناسب ہے۔ ۲۱ جنوری کو شورا پور پہنچا۔ یہاں انجمن اہل حدیث کا قیام عمل میں آیا جس کے معتمد حافظ محمد حسین صاحب اور صدر جناب قادر پادشاہ صاحب منتخب ہوئے اور اس کا الحاق دکن اہل حدیث دار الاشاعت سکندر آباد سے کر دیا گیا۔

۲۴ جنوری کو یہاں سے سگر پہنچا۔ جناب عبد الرحیم صاحب وجناب محمد اعظم صاحب امام مسجد اہل حدیث نے فرمایا کہ جناب مولانا محمد یٰسین صاحب یہاں موجود نہیں ہیں۔ وہ عنقریب آنے والے ہیں اون کے آنے پر انجمن اہل حدیث کا قیام اور اس کا الحاق دکن اہل حدیث دار الاشاعت سکندر آباد سے انشاء اللہ تعالیٰ عمل میں آجائیگا۔ ہم لوگ خود بھی تنظیم کی ضرورت کو محسوس کرتے ہیں۔ بغیر اسکے جماعت کا بقا دشوار ہے۔ یہاں میری تین تقریریں ہوئیں چیتا پور میں ایک۔ شورا پور میں ایک تقریر ہوئی جس میں تنظیم کی ضرورت کو بیان کیا گیا۔ (محمد صدیق بہاری)

مرسلہ:۔ مرزا محمود علی بیگ معتمد اہل حدیث دار الاشاعت۔ سکندر آباد دکن

(۸ہ برائے اشاعت فنڈ وصول)

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں ۱۱-مارچ سے ۲۳-مارچ تک کل پیدائش ۳۶۶ اور کل اموات ۲۱۴ ہوئیں۔

—— چند روز ہوئے برطانیہ کے وزیر اعظم نے پارلیمنٹ میں اعلان کیا تھا کہ اگر جرمنی نے پولینڈ وغیرہ پر حملہ کیا تو برطانیہ پولینڈ کی حمایت کریگا۔ فرانس کے وزیر اعظم نے اس اعلان کی تائید کرتے ہوئے اپنی طرف سے بھی اسی قسم کا اعلان کر دیا ہے۔

—— جرمن اخبارات لکھ رہے ہیں کہ برطانیہ و فرانس کی دھمکیاں ہمیں اپنے تعمیری کام سے غافل نہیں رکھ سکتیں۔

معذرت اخبار ہذا میں چونکہ جلسہ ہائے اہل حدیث پشاور و نتھگرا کے خطبات شائع کئے جا رہے ہیں اس لئے اس کی ترتیب صفحات میں معمولی سی تبدیلی کی گئی ہے۔ نیز بوجہ عدم گنجائش کسی اور مشن کے متعلق کوئی مضمون یا مراسلہ درج نہیں ہو سکا (منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— ہر ہٹلر نے اپنی ایک تقریر میں کہا کہ برطانیہ تین صدیوں تک تشدد پر عمل پیرا رہ کر اب اخلاقیات کا وعظ کہنے لگا ہے۔ اعراب فلسطین پر برطانیہ کو گولیاں چلانے کا کیا حق ہے؟ وسط یورپ میں ہم اپنا مفاد محفوظ کرنا چاہتے ہیں تو برطانیہ اس پر ناراض کیوں ہوتا ہے!

—— تازہ اطلاعات سے معلوم ہؤا ہے کہ جرمن فوجیں پولینڈ کی سرحد پر دھڑا دھڑ جمع ہو رہی ہیں (شاید کوئی نیا گل کھلنے والا ہے)

—— گذشتہ ہفتے اطالیہ کے ڈکٹیٹر مسولینی نے فاسسٹ پارٹی کی بیسویں سالگرہ کے موقع پر جو تقریر کی اس کا ایک ایک لفظ غیظ وغضب میں ڈوبا ہؤا ہے۔ اس میں اس نے جمہوری ممالک کو خوب ڈانٹ ڈپٹ کی ہے۔

—— حیدر آباد ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں وزیر اعظم سر اکبر حیدری گاندھی جی کے ساتھ نامہ وپیام کرتے ہوئے ان کو اطلاع دیتے ہیں کہ حکومت حیدر آباد عنقریب تمام گرفتار شدگان کو رہا کردیگی اور ہندو مسلم اصحاب پر مشتمل ایک کمیٹی بنائیگی جو ہندوؤں کے حقوق پر عائد شدہ پابندیاں دور کرنے پر غور کریگی۔

—— ریاست جے پور کی پولیس نے ۲۷ جنوری کو نہتے مسلمانوں پر گولیاں چلا کر بہتوں کو مقتول ومجروح کیا تھا اور بہت سے مسلمان گرفتار بھی ہوئے تھے۔ اس سلسلہ میں مسلمانوں نے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا جو مطالبہ حکومت سے کیا تھا اس کی نامنظوری کے نتیجہ میں تین ہزار مسلمان ریاست سے ہجرت کر کے دہلی کی طرف آ رہے ہیں۔

—— لکھنؤ میں تحریک مدح صحابہ کے سلسلہ میں حکومت یوپی نے ایک اعلان کیا ہے جس کی رو سے ۲ ہزار گرفتار شدہ سنیوں کی رہائی شروع ہو گئی ہے اور سنیوں نے سول نافرمانی کرنا بند کر دیا ہے۔ مگر ساتھ ہی شیعوں نے تبرا خوانی کا جلوس نکالنا شروع کر دیا ہے اور صرف چار دنوں کے اندر ۷۰ سے زائد اشخاص گرفتار ہو چکے ہیں۔ (مفصل آئندہ)

ضمانت ثنائی برقی پریس امرتسر میں ایک پنجابی نظم چھپ گئی جس پر حکومت نے دو ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کی ہے۔ کوشش ہے کہ پریس کے کام میں رکاوٹ نہ ہو لیکن تقدیر الٰہی اگر رکاوٹ ہو جائے تو ناظرین تسلی رکھیں اور دعا کریں۔ (ابو الوفاء)

ملکی مطلع

رعایا کی سخت تکلیف

قابل توجہ گورنمنٹ

آج ہم جس تکلیف کی طرف گورنمنٹ کو توجہ دلاتے ہیں وہ کسی خاص شہر یا قصبہ سے مخصوص نہیں بلکہ اس کا اثر عام ہے اور دن بدن زیادہ ہو رہی ہے۔ یہ تکلیف روپیہ کی چلنت کے متعلق ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ

آج کل ملک میں ناقص روپے پہلے کی نسبت زیادہ چلتے ہیں اور عوام کھرے کھوٹے میں تمیز نہیں کر سکتے۔ مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض دفعہ کھرا روپیہ بھی محض شبہ کی بنا پر یا ذرہ سے نقص کی وجہ سے بازاروں میں دوکاندار بلکہ سرکاری دفاتر (ڈاکخانہ اور ریلوے ٹکٹ گھر وغیرہ) میں بابو لوگ واپس کر دیتے ہیں۔ ان حالات کے پیش نظر ہمارا اپنا عمل درآمد یہ ہے کہ امرتسر سے لاہور تک جانا ہو تو ایک روپیہ کی بجائے تین چار روپے ہمراہ لے جاتے ہیں کیونکہ ہمارا تجربہ ہے کہ ریلوے کلرک عموماً ایک دو روپے ضرور واپس کر دیتے ہیں۔ کوئی شخص اس تکلیف سے نہیں بچتا اور نہ بچ سکتا ہے۔ غریب مزدور یا ملازم جسے ہفتہ عشرہ یا مہینہ بھر محنت کرنے کے بعد روپے کی شکل دیکھنی نصیب ہوتی ہے۔ جب روپیہ لے کر بازار میں سودا سلف لینے جاتا ہے تو دوکاندار جواب دیتا ہے کہ روپیہ اچھا نہیں ہے اسے بدل دو۔ وہ بیچارہ ہکا بکا رہ جاتا ہے اور دل میں کڑھتا ہوا کہتا ہے کہ الٰہی! یہ کیا مصیبت ہے کہ جو چیز میں نے اتنی محنت و مشقت سے حاصل کی ہے اس کی یہ قدر و قیمت ہے۔

روپیہ کی واپسی کے وقت عموماً یہ عیوب بتائے جاتے ہیں (۱) روپیہ مصنوعی (بناوٹی) ہے۔ (۲) کھوٹا کسی قدر گھسا ہوا ہے۔ (۳) کھرا تو ہے مگر تھوڑا سا گھسا ہوا ہے۔ (۴) ویسے تو کھرا ہے مگر آواز کسی قدر کم ہے۔ ان عیوب میں سے پہلے نمبر کے سوا باقی تین ایسے ہیں کہ رائج الوقت سکوں میں کچھ عرصہ مستعمل ہو کر پیدا ہو جاتے ہیں۔ لارڈ کرزن کے زمانہ میں ۱۸۴۰ء کا روپیہ بازاروں اور سرکاری دفتروں میں متروک قرار دیا جاتا تھا۔ آخر لارڈ موصوف نے ایک خاص سرکلر جاری کر کے سرکاری دفاتر کو تنبیہ کی تھی کہ اس روپیہ کو روکا نہ جائے۔ اسی طرح ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کے روپوں کی چلنت میں رکاوٹ پیدا ہوتی تھی۔ اس تکلیف کو بھی سرکار نے خاص حکم نافذ کر کے ایک حد تک رفع کر دیا مگر باقی روپوں کی چلنت کے سلسلہ میں عوام کی تکلیف بدستور ہے۔ ہمارا کام پبلک تکلیف کا اظہار کرنا ہے اس کے دفعیہ کا انتظام کرنا حکومت کا فرض ہے۔ لوگ اس پریشانی میں گورنمنٹ سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ازراہ مہربانی ایک روپے والے نوٹ ہی جاری کر دے تو اچھا ہے۔ مگر اس کا کاغذ عام نوٹوں کی نسبت مضبوط ہونا چاہیئے تاکہ کچھ عرصہ کے بعد کثرت استعمال کے باعث خراب نہ ہو جائے۔ اب ہم پبلک تکلیف کی اصل وجہ بھی بیان کئے دیتے ہیں جس کی مختصر کیفیت یہ ہے کہ

شہروں میں کئی دوکانیں ایسی ہوتی ہیں جہاں ناقص اور کھوٹے روپے بٹے پر لئے جاتے ہیں۔ پھر یہ لوگ اس قسم کے روپے کسی خاص حکمت عملی سے ڈاکخانہ وغیرہ میں پہنچا دیتے ہیں اور وہاں سے پھر شہر میں واپس آ جاتے ہیں۔ جب عام دوکاندار ان کو نہیں لیتے تو پھر انہی دوکانوں پر کچھ کم و بیش کر کے چلا دیئے جاتے ہیں۔

پس گورنمنٹ ازراہ مہربانی اس تکلیف پر فوری توجہ کر کے اپنی غریب رعایا کو اس سے نجات دلائے۔

دفتر "اہلحدیث" کا تعلق زیادہ تر ڈاکخانہ سے ہے۔ روپیہ اچھی طرح سے پرکھ کر لیا جاتا ہے۔ مگر پھر بھی بعض دفعہ بازار میں یا ریلوے اسٹیشن پر اسے چلانے میں دقت پیش آتی ہے۔ روپیہ کی چلنت میں جتنی تکلیف آج کل ہے اتنی اس سے چند سال پہلے نہ تھی۔ اب تو یہ حال ہے کہ یہ تکلیف روز بروز ترقی کر رہی ہے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ پنجاب کی موجودہ گورنمنٹ نے ساری توجہ دیہات پر لگا رکھی ہے۔ شہری آبادی کا بھی حق ہے کہ ان کی تکلیف پر بھی نظر عنایت کی جائے۔ اخیر میں ہم گورنمنٹ پنجاب کو اپنی تکالیف پر متوجہ کرتے ہوئے کہتے ہیں ؎

گل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے ابر کرم بہر سخا کچھ تو ادھر بھی

ہندو مسلم فسادات

خدا جانے ہمارے ملک میں کونسا شیطان انسانی لباس میں پھرتا ہے جو ملک کے باشندوں کو مختلف مقامات میں (ایک دو دفعہ نہیں بلکہ) آئے دن لڑاتا رہتا ہے۔ مگر ہم ہندوستانی کچھ ایسے عقل سے خالی واقع ہوئے ہیں کہ باوجودیکہ ہم لڑائی کے نقصانات مشاہدہ کرتے ہیں، بلکہ برداشت بھی کرتے ہیں مگر پھر بھی وہ مشاق استاد ہیں باہم دست و گریبان کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ اس سال محرم کے موقع پر امرتسر میں بھی فساد ہوا اور باہر سے بھی فسادات کی خبریں موصول ہوئیں مگر کاشی (بنارس) جیسے پوتر شہر میں جو فساد ہوا اس نے سب کو مات کر دیا ہے۔ اس کا کچھ حال ہمارے عزیز برادر مولانا ابوالقاسم صاحب بنارسی نے مختصر لفظوں میں لکھ کر بھیجا ہے جو ناظرین کی اطلاع کیلئے درج ذیل ہے

"آٹھ برسوں میں چار بلوے یہاں ہوئے۔ ان چار میں تین تو ایک سال میں ہوئے۔ ان تین میں اس دفعہ کا بلوہ بہت منظم اور تباہی و بربادیوں کے لحاظ سے عدیم النظیر تھا۔ اس کا مثیل شاید کانپور کا بلوہ ہی ہو سکتا ہے جس کا خاتمہ اب تک نہیں ہوا اور دو ماہ تک برابر فساد کی خبریں اخباروں میں آتی رہیں۔ بنارس میں جو کچھ مظالم مسلمانوں پر ہوئے ہیں ان کا عشر عشیر بھی اخباروں میں نہیں آیا ہے۔ کسی مسلمان کا مکان یا دوکان یا مسجد جو ہندو آبادی میں تھی تباہی و بربادی لوٹ مار آتش زنی ہونے

نہب وضرب (لوٹ ومار) قتل مزید۔ آج تک فضا صاف نہیں ہوئی ہے۔ روزانہ کسی نہ کسی مسلمان کا مکان نذر آتش ہوتا رہتا ہے۔ کرفیو آرڈر بھی موجود ہے اور دفعہ ۱۴۴ ابھی لگی ہوئی ہے۔ آٹھ دس روز تک ڈاک وتار کا کام یکدم معطل رہا۔ پھر ڈاک خانہ جاکر ڈاک لانی پڑتی تھی۔ اب تو خیر گھروں پر آجاتی ہے۔ ہندو آبادی الگ ایک طرف ہوگئی ہے اور مسلم آبادی علیحدہ دوسری طرف خوف وہراس باقی اور خطرہ ہر آن موجود ہے۔ میں جمعیۃ العلماء ہند کے جلسہ پر دہلی میں تھا میرے عقب میں یہ فساد شروع ہوا۔ خبر سنتے ہی بھاگا ہوا بنارس آیا اور اسٹیشن سے تشوتشو جتن کرکے بمشکل تمام مکان پر پہنچا۔ مکان اور مکینوں کو مع الخیر پایا۔ مبر فساد میں میرا محلہ پُرامن رہا۔ میرا مکان سرحد پر ہے۔ شمالی جانب میرے مکان سے ۴۰-۴۱ محلے مسلمانوں کے ہیں جسمیں ۴۰ ہزار مسلمان آباد ہیں۔ ان محلوں کا مجموعی نام علوی پورہ ہے۔ یہ بالکل محفوظ رہا۔ میرے مکان سے جنوب میں دور دراز تک ہندو آبادی ہے۔ جو مدن پورہ تک چلی گئی ہے۔ مدن پورہ بھی محفوظ رہا درمیانی علاقے مورد شر وشور رہے۔ اب تک یہاں سے مدن پورہ اور چوک جانا خطرہ سے خالی نہیں۔ میرے مکان سے قریب تک دوسرے محلوں کے حملہ آور آگئے تھے اسی محلہ کے ہندو باشندوں نے ہی انکو بھگا دیا اور محلہ میں گھسنے نہ دیا۔ البتہ میرے بھائی حافظ عبداللہ جو میرے محلہ سے دور خالص ہندو آبادی میں تھے ان کے مکان کو جلا دیا، ان کے خسر کو قتل کردیا گیا۔ ان کے سالے کو ادھ موا کرکے چھوڑا میرے بھائی مع بیوی بچوں کے معجزانہ طور پر بچ گئے کانگریس کی لاری شعلے دیکھ کر پہنچ گئی۔ اور ان سب لوگوں کو نکال لائی۔ یہ سب لوگ اب دارالنگر میں ہی ہیں۔ اب تک ہر طرح اللہ تعالیٰ کا فضل ہے لیکن فضا ایسی صاف نہیں ہوئی ہے کہ میں گھر چھوڑ کر کسی جلسہ میں چلا جاؤں۔ بنارس کا نگریس مسلم کمیٹی حکومت سے فساد کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ دیدہ باید کیا ہوتا ہے۔

(محمد ابوالقاسم سیف بنارسی۔ ۲۹ ۲۵)

اہلحدیث آج سے دو سال پہلے ہندوستان میں یہ عام رائے تھی کہ اگر ہم کو سوراج مل جائے تو یہ سارے فسادات مٹ جائینگے۔ لیکن آج ہم دیکھتے ہیں کہ جن صوبوں میں کانگرسی حکومت قائم ہے (مثلاً بنارس اور کانپور وغیرہ) انہی میں فسادات زیادہ ہوئے ہیں جو کانگرس کو اسکے مخالفوں کی نظروں میں بدنام کرنے کے لئے کافی ہیں۔ ادھر لکھنؤ میں شیعہ سنی فساد مٹنے میں نہیں آتا۔

ہمارے خیال میں عام ہندوؤں کو ایک قسم کی غلط فہمی ہوگئی ہے کہ وہ کانگرسی حکومتوں کو خالص ہندو حکومتیں سمجھنے لگ پڑے ہیں۔ بعض ہندو تو ذہنیت کے لحاظ سے ایسے متعصب واقع ہوئے ہیں کہ ان کی نگاہ میں غیر ہندو (کسے باشد) چور اور ڈاکو سے بھی بدتر ہے۔ ہماری تحقیق یہ ہے کہ ایسے لوگ صحیح معنی میں ہندو بھی نہیں ہیں۔ اسی طرح وہ مسلمان جو فسادات میں حصہ لیتے ہیں سچے مسلمان نہیں ہیں۔ ایسے لوگ درحقیقت اپنے مذہب کو بدنام کرنے والے ہوتے ہیں۔ حکومت وقت جب تک حسب ضرورت اپنا ہاتھ زیادہ مضبوط نہ کریگی اس وقت تک یہ لوگ راہ راست پر نہ آئینگے بلکہ اور زیادہ دلیر ہوجائینگے۔

ہمارے ملک میں حکومتی انقلاب کیا آیا ہے کہ عادات میں اتنا تغیر ہوگیا ہے کہ باتوں باتوں میں چھری چاقو چل جاتے ہیں لاٹھی لکڑی کا تو ذکر ہی کیا ہے۔

چند سال پہلے ہم سنا کرتے تھے کہ سرحدی علاقوں میں روزانہ قتل وقتال ہوتا رہتا ہے۔ اب تو ہمارا شہر امرتسر بھی اتنی ترقی کر گیا ہے کہ فسادات ختم ہوجانے کے بعد قتل کی دو وارداتیں ہوچکی ہیں۔ پہلے ایک مسلمان قتل ہوا تھا اس کے چند روز بعد ایک سکھ مارا گیا۔ اگر شر وفساد کا یہ سلسلہ اسی طرح اور ترقی کر گیا تو شریف آدمیوں کو سوائے قبر کے آرام سے بیٹھنے کی جگہ کہیں نہ ملیگی۔ بہرحال ہمارے ملک کی حالت بے امنی کے باعث اس شعر کی مصداق ہے

ہنگامہ رات دن ہے بپا کوئے یار میں
اپنی بھی فتنہ خیز کہانی سرزمیں نہیں

صابن سازی

(از دفتر کمشنر اصلاح دیہات پنجاب لاہور)

کئی ایک چھوٹی چھوٹی دستکاریاں ایسی ہیں جنکو دیہاتی آسانی سے سیکھ کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مثلاً صابن سازی ہی کو لیجئے یہ ایک ایسی دستکاری ہے جو تجارت کی تجارت ہے اور مشغلے کا مشغلہ ذیل میں صابن بنانے کے آسان طریقے درج کرتے ہیں:۔

(۱) تیل توا دو سیر۔ سوڈا کاسٹک نصف سیر۔ نمک آدھ سیر۔ میدہ آدھ سیر اور پانی پانچ سیر۔ (ترکیب) پہلے سوڈا کاسٹک کو چار سیر پانی میں ملاکر باقی ایک سیر پانی میں نمک گھول لیجئے اور میدے کو تیل توا میں ملا دیجئے۔ اسطرح سے تین محلول تیار ہوجائینگے۔ اسکے بعد تیل اور میدے والے محلول میں نمک والا پانی تھوڑا تھوڑا کرکے خوب ملا دیجئے اور پھر کاسٹک سوڈا والا پانی اس میں ڈال دیجئے۔ سب اشیاء کو اتنا ملائیے کہ ایک لئی سی بن جائے اسکو مٹی کی پیالیوں وغیرہ میں ڈالکر خشک کرلیجئے بس صابن تیار ہوگیا مگر ایک بات یاد رکھئے ہر ایک حل اسوقت ملائیے جب وہ سرد ہوجائے۔ گرم ہرگز نہ ملائیے۔ اگر صابن کو خوشبودار بنانا ہو تو سنگترے وغیرہ کا سینٹ ڈال لیجئے اس صابن کو آپ اپنے جسم پر بھی مل سکتے ہیں۔ تیل توا چونکہ ہر جگہ دستیاب نہیں ہوتا۔ اس لئے تیل توا کی بجائے توریا، سرسوں یا تل تینوں میں سے کوئی ایک تیل استعمال کیا جاسکتا ہے مگر اسطرح جو صابن بنیگا وہ دیر میں خشک ہوگا اگر جلد خشک کرنا مقصود ہو تو توریا یا سرسوں یا تل کا تیل دو سیر لیجئے۔ میدہ آدھ سیر سوڈا کاسٹک آدھ سیر اور پانی دو سیر۔ تیل اور میدے کو اور سوڈا کاسٹک اور پانی کو الگ الگ ملا لیجئے۔ پھر سوڈا کاسٹک اور پانی والے حل کو پہلے حل میں جب وہ ٹھنڈا ہوجائے آہستہ آہستہ اسطرح ملائیے کہ ایک جان ہوجائیں۔ بعد ازاں سخت ہونے پر سانچوں میں بھر لیجئے۔

ایک طریقہ اور بھی ہے کہ بارہ سیر چربی لیجئے۔ آٹھ سیر تیل ناریل ساڑھے چار سیر سوڈا کاسٹک سولہ سیر پانی اور دو سیر میدہ۔ چربی کو کڑاہی میں ڈالکر گرم کرلیجئے اور اس میں تیل ناریل بعدہ میدہ ڈال دیجئے۔ سوڈا کاسٹک کو پانی میں ملا دیجئے۔ ٹھنڈا ہونے پر دونوں حلوں کو ملاکر خوب گھوٹئے نہایت عمدہ سفید اور عمدہ صابن تیار ہوگا۔ گھوٹتے وقت

آپ کا فرض

ہر نوجوان۔ شادی شدہ یا مجرد۔ امیر یا غریب کوئی نہ کوئی اپنا متعلقین رکھتا ہے اور یہ اُس کا فرض ہے کہ وہ اپنے پسماندگان کے لئے اپنی موت ہوجانے کی صورت میں کافی سرمایہ چھوڑے۔ اس فرض کی تکمیل کے لئے اورنٹیل کو مدد کا موقع دیجئے۔

چونسٹھ سال کے زائد عرصہ سے اورنٹیل کی پالیسیوں نے ہزارہا خاندانوں کو ان کی ضروریات مہیا کرنے والوں کی موت واقع ہوجانے پر بوقت ضرورت امداد بہم پہنچائی ہے۔

جلدی یا بدیر ہر انسان ناقابل بیمہ ہوجاتا ہے۔ لہٰذا اپنے فرض کو پورا کرنے میں کوتاہی نہ کیجئے۔

اپنی زندگی کا بیمہ اورنٹیل میں کرائیے اور اپنے پسماندگان کے مستقبل کو محفوظ کیجئے۔

تفصیلات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ہیڈ آفس بمبئی۔ قائم شدہ ۱۸۷۴ء یا اس کے کسی برانچ آفس یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

ایکٹنگ برانچ سکرٹری۔ اورنٹیل لائف آفس نیشنل بنک آف انڈیا۔ بلڈنگ ہال بازار امرتسر سے خط و کتابت کریں۔ (۴۴۹)

دہلی میں ۳۱

کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

شرقاوی شرح تجرید بخاری	للعہ	کرمانی شرح بخاری ۵ جلد	مطلعہ	تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور پر ارزاں ہوگئی ہے	عہ
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ	۳	سیرۃ الحلبیہ	۱۲		
بخاری مع حاشیہ سندی	۸	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ	۱۲	تفسیر خازن مع معالم	۷
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ	عہ			المنجد طبع تا سعہ	۸
مفتاح کنوز السنۃ۔ حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں متفق احادیث ہیں۔ ان کی مکمل فہرست	عہ	فیض القدیر شرح جامع صغیر (للمناوی) ۶ مجلد	عہ	تسہیل العربیا المنجد کا اردو ترجمہ و خلاصہ ایک ہزار صفحات مجلد	للعہ
		تاج العروس شرح قاموس	مطلعہ		

نوٹ۔ فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے تاکہ کتب بذریعہ ریلوے روانہ کی جاسکیں۔ اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی

بایوکیمک بکس ۲

یا

گھر کا مکمل شفاخانہ

اس بکس میں بایوکیمک کی بارہ مختلف ادویات علیحدہ علیحدہ خوبصورت شیشیوں میں بند ہیں۔ بکس خوبصورت عمدہ اور ہلکی لکڑی کا بنا ہوا ہے جس پر کالے رنگ کا عمدہ آئل کلاتھ لگایا ہوا ہے۔ شیشیاں اس طرح علیحدہ علیحدہ لگی ہوئی ہیں کہ بلا تکلف استعمال کر سکتے ہیں۔ ان بارہ دواؤں میں تمام امراض کا مکمل علاج ہے۔ دوائیں ایسی عمدہ ہیں کہ بچے، نوجوان اور بڈھے بلا لحاظ مذہب و ملت استعمال کر سکتے ہیں۔ ان کے طریق استعمال کیلئے مکمل گائڈ مطبوعہ مفت بھیجی جاتی ہے۔ ایک بکس خرید کر آپ خود بخود ڈاکٹر بن جاتے ہیں۔ جس سے نہ صرف آپکو ہی فائدہ پہنچیگا بلکہ تمام محلہ و قبیلہ کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ سفر و حضر میں بلا تکلف رکھ سکتے ہیں۔ باوجود ان سب خوبیوں کے قیمت پانچ روپیہ۔ محصول ڈاک ۸

پتہ۔ منیجر سلائم فارمیسی بازار لوکریاں امرتسر

گنجینہ روزگار

[illegible]

خوراک اور صحت

[illegible]

مومیائی ۱۹؍

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل، دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور
وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار
دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ...... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک عہ۔ آدھ پاؤ ۔ پاؤ بھر ۔ مع محصولڈاک
مالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما سے ایک
پاؤ کی قیمت معہ محصولڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔
نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب عبدالستار صاحب بمبئی:۔ "میں نے آپکے پاس سے
ایک چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک
چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کر دیجئے"۔ (۱۹ جنوری ۳۶ء)
جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور:۔
"دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے اس سے قبل چند
بار مختلف جگہ سے منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی"
(۲۰ فروری ۳۶ء)
جناب راؤ عبدالواسع خان صاحب کیری:۔ "آپ کی
مومیائی کی بہت تعریف ہے استعمال کرنے سے مجھی ہے۔ میں نے
اس سے پیشتر منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی۔ اب
ایک چھٹانک اور ارسال فرمائیں" (۵ فروری ۳۶ء)
ملنے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی مینڈ...ل ایجنسی امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی شرح شمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد عہ

ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار
"اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:۔ مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

سرمہ نور العین ۱۹؍

(مصدقہ مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو
صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک
سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر
علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ عہ

پتہ:۔ منیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ (پنجاب)

اکسیر ہاضمہ مفت ۲؍

اکسیر ہاضمہ کا اشتہار ناظرین سالہا سال سے ملاحظہ فرما رہے ہیں
بیشمار حضرات اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں علاوہ ہاضمہ کے
ہر مرض انسانی کا فوری اثر علاج ہے ... ہوگا۔ اب
عوام کو فائدہ پہنچانے کے لئے صرف ۳۰ اپریل تک ... اصحاب
مفت منگا سکتے ہیں جو ... ڈاک ٹکٹ ... کے لئے ...
بذریعہ منی آرڈر ... ٹکٹ بھیجیں۔
منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی۔ لاہوری گیٹ امرتسر

ہندوستان میں

اہل حدیث کی علمی خدمات

احباب کو یاد ہوگا کہ مارچ ۳۶ء میں آل انڈیا مسلم
ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی علی گڑھ میں منائی گئی۔ جس میں
شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی۔ کانفرنس
نے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا۔ آپ نے وہاں
ایک مقالہ پڑھا جس میں جماعت اہل حدیث نے علم دین
کی جو خدمات کی ہیں۔ اس کا دلچسپ تذکرہ ہے۔ قابل
مقالہ نگار نے حضرت تابعین سے اہل حدیث کا ورود ہند
ثابت کیا ہے پھر جناب کی اجداد کا حال جناب حجۃ اللہ شاہ
ولی اللہ دہلوی سے ہے اور ترویج کا حضرت سیدنا اسمٰعیل
شہید سے۔ مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے
زائد ہے۔ اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ۔ قومی اخبارون
کا نقشہ ہے۔ الی ان قال۔ غرض آپ کی جماعت نے
ملک میں علمی حیثیت سے جو کام کئے ہیں انہیں نہایت تہذیب
و جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اہل حدیث حضرات کو
یہ مقالہ ضرور خریدنا چاہئے۔ ضخامت ۲۰۸ صفحات۔
کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت عہ۔ محصول علیحدہ۔

تراجم علمائے حدیث ہند

(مصنفہ مولانا امام خان صاحب نوشہروی)

ہندوستان میں گلشن حدیث کی پود شاہ ولی اللہ صاحب
دہلوی نے لگائی۔ سیدنا محمد اسماعیل شہید نے اپنے
خون سے سینچا۔ نواب صاحب بھوپال نے اس کے
پھیلاؤ کے لئے خزانے کھول دیئے۔ آخر یہ پود ملک
کے چپہ چپہ پر پھیل گئی اور ملک (مولانا) امام خان نے
اس سدا بہار گلشن سے ایک گلدستہ سجایا جسے عوام نے
بے حد پسند کیا۔ اگر آپ بھی گلشن توحید کے اس گلدستے
سے اپنے روح کو معطر کرنا چاہتے ہیں تو جلدی سے
منگوا لیجئے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ...
محصول ... ہر اہل حدیث کے ... کتب خانہ
... چاہئے۔ مفید ثابت ...
پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

کتب متعلقہ اہل حدیث

(تصانیف حضرت مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب مدظلہ العالی)

اہل حدیث کا مذہب اہل حدیث کے مسلمہ مسائل کا مدلل بیان اور دیگر فرقوں کے مسائل پر مختصر تنقیدی نظر۔ اور مذہب اہل حدیث کا حق پر ہونا۔ تابلدیدہے۔ قیمت ۶؍

تقلید شخصی و سلفی جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ سلف صالحین ائمہ مسائل میں صرف قرآن و حدیث کو اپنا نصب العین بناتے تھے اور کوئی کسی کا مقلد نہ تھا۔ قیمت ۵؍

حدیث نبوی اور تقلید شخصی اس رسالہ کے پہلے حصہ میں حجیت حدیث شریف پر ناقابل تردید دلائل دیکر فرقہ بلقرآن کا منہ بند کر کے۔ دوسرے حصہ میں مقلدین اور غیر مقلدین علماء کی تحریروں کا اقتباس درج کر کے بتایا گیا ہے کہ اہل حدیث اور احناف کا نزاع لفظی ہے۔ دراصل دونوں کا نصب العین ایک ہی ہے۔ اخیر میں تقلید شخصی کے اثبات پر چند دلائل نقل کر کے ان کی عالمانہ رنگ میں تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۳؍

آمین رفع یدین مع ضمیمہ فاتحہ خلف الامام۔ ہر سہ مسائل پر عالمانہ بحث کر کے ثابت کیا ہے کہ یہ مسائل احادیث نبویہ سے ثابت ہیں اور بعض مقتدر علماء احناف ان کے مسنون ہونے کے قائل ہیں۔ قیمت صرف ۲؍

علم الفقہ اس رسالہ میں بتایا گیا ہے کہ اصل علم فقہ عین قرآن و حدیث ہے اور اہل حدیث اصل علم فقہ سے منکر نہیں ہیں۔ قیمت ۲؍

فقہ اور فقیہ اس میں علم فقہ کی حقیقت اور فقیہ کی جامع تعریف اور مسئلہ تقلید کا فیصلہ علمی اصول سے کیا گیا ہے۔ قیمت ۳؍

اجتہاد و تقلید اس رسالہ میں مسئلہ تقلید شخصی پر عالمانہ بحث کی گئی ہے اور مسئلہ اجماع کی حجیت اور عدم حجیت پر تحقیق انیق کی گئی ہے اور ثابت کیا ہے کہ دروازہ اجتہاد کا ہمیشہ کھلا رہے گا۔ تابلدیدہے۔ قیمت ۶؍

تنقید تقلید یہ وہ تحریری مباحثہ ہے جو مولوی مرتضیٰ حسن صاحب دیوبندی کے مضمون مندرجہ اخبار "العدل" گوجرانوالہ کے جواب میں اخبار "اہلحدیث" امرتسر میں شائع ہوتا رہا جس میں فریقین کی تحریریں اصلی اور پورے الفاظ میں نقل ہیں جس قدر حصہ اخبار میں شائع ہوا ہے اس کے علاوہ جدید حواشی بھی درج کئے گئے ہیں۔ یہ رسالہ مسئلہ تقلید کی تردید میں بے نظیر ہے۔ قیمت ۵؍

فتوحات اہل حدیث ان مقدمات کا مجموعہ جو مابین اہل حدیث اور احناف مختلف مقامات میں رونما ہوئے۔ ہندوستان کی ہائی کورٹوں اور لندن کی پریوی کونسل کے فیصلہ جات جو اہل حدیث کے حق میں ہوئے۔ قیمت ۲؍

(کتب تفاسیر)

تفسیر القرآن بکلام الرحمن (بزبان عربی) یہ تفسیر بڑی شان و شوکت اور حسن منظر سے مقبول خاص و عام ہو چکی ہے۔ تفسیر مذکور جن اہل علم حضرات نے دیکھی ہے بہت پسند فرمائی ہے۔ مفسرین کے متفقہ اصول "القرآن یفسر بعضہ بعضا" کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے۔ ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ مصری، رنگ بہت عمدہ۔ لکھائی چھپائی بہت اچھی۔ سائز ۲۲×۱۸/۴ ضخامت ۴۰۲ صفحات۔ قیمت صرف للعہ

تفسیر ثنائی اردو یہ تفسیر بہت مفید اور پسندیدہ ہے۔ جس میں خاص خوبی یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں ترجمہ ہے۔ دوسرے میں تفسیر مع ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی میں شان نزول درج ہے۔ اس سے نیچے مختلف حواشی مخالفین کے متعلق ہیں۔ اس تفسیر کی کل آٹھ جلدیں ہیں جلد اول سورہ فاتحہ و بقرہ۔ جلد ثانی سورہ آل عمران و نساء۔ جلد ثالث۔ از سورہ مائدہ تا سورہ اعراف۔ جلد رابع۔ از انفال تا سورہ بنی اسرائیل جلد خامس از بنی اسرائیل تا سورہ شعرا۔ جلد ششم از شعرا تا صافات۔ جلد ہفتم۔ از صافات تا سورہ النجم۔ جلد ہشتم۔ از سورہ قمر تا والناس۔

نوٹ:۔ قیمت فی جلد علیحدہ علیحدہ ۱۲؍ ہے اور پورا سٹ خریدنے والے سے ۸؍ روپیہ

تفسیر بیان الفرقان علی علم البیان

(بزبان عربی) سورہ فاتحہ و بقرہ کی تفسیر عربی زبان میں علم معانی و بیان کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔ شروع میں علم معانی و بیان کی اصطلاحات بھی درج کی گئی ہیں دوران تفسیر آیات میں بھی مذکورہ اصطلاحات کو جاری کیا گیا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۱۰؍

(۵۱۴)

(تصانیف دیگر مصنفین)

تقویۃ الایمان مصنفہ حضرت مولانا اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ دہلوی مع تذکرۃ الاخوان و رسالہ حارق الاشرار و رسالہ راہ سنت دخط حضرت مولانا اسماعیل شہید و فتویٰ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی۔ جدید اڈیشن اعلیٰ کتابت طباعت اور کاغذ کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ قیمت ۱۲؍

صراط مستقیم یہ کتاب مولانا شہید نے علم تصوف کے بیان میں فارسی زبان میں لکھی تھی۔ جس کا ترجمہ اب اردو میں کر دیا گیا ہے۔ کتاب کی خوبی مولانا کے نام سے ظاہر ہے۔ قیمت ۸؍

فتاویٰ نذیریہ حضرت میاں صاحب مولانا سید نذیر حسین صاحب دہلوی کی تمام عمر کے فتاویٰ کا مجموعہ دو ضخیم جلدوں میں ہر جلد کا باب قرآن اور حدیث کے مطابق ہے۔ قیمت بجائے سولہ روپے کے ۸؍ (یعنی نصف قیمت پر)

مندرجہ کتب منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ahmadimuslim.de

سجدہ تعظیم

اس رسالہ میں قرآن روشنی سے واضح کردیا ہے کہ سجدہ تعظیم غیر اللہ کے واسطے ہرگز جائز نہیں۔ قیمت ۶ر

الارشاد الیٰ سبیل الرشاد

مصنفہ مولانا ابو یحییٰ محمد صاحب شاہجہانپوری۔ موضوع تقلید اجتہاد پر ایک بے مثل اور بے نظیر کتاب ہے۔ جس کے مطالعہ کے بعد دوسری کسی کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس کتاب نے تقلید کی جڑیں کھوکھلی کردی ہیں۔ قیمت عہ

المرقات فی احکام الصلوٰۃ

جس میں نماز کے اقسام شرائط نواقض اور

ہدایۃ المعتدی فی القرأۃ للمقتدی

مصنفہ مولانا عبدالعزیز صاحب رحیم آبادی۔ اس رسالہ میں الحمد کی فرضیت کو بدلائل عقلی ونقلی ثابت کیا ہے۔ مانعین کے جوابات بھی کافی طور پر دیئے گئے ہیں۔ چونکہ یہ کتاب نلیاب ہوچکی تھی اب دوبارہ چھپوائی گئی ہے۔ رعائتی قیمت ۴ر

فقہ محمدیہ کلاں

کتاب ہذا جو سات جلدوں تک طبع ہوچکی ہے۔ مذہب اہل حدیث کے فقہی مسائل کی جزئیات پر حاوی ہے۔ کتاب دیکھنے کے قابل ہے۔ قیمت فی جلد ۸ر مکمل ۳ے

معیار الحق

مصنفہ مولانا نذیر حسین صاحب دہلوی تقلید کی تردید میں۔ قیمت ۱ے

ظفر المبین فی رد مغالطات المقلدین

کتاب ہذا میں پچیس مغالطے تشریح کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں جو مقلدین کی طرف سے عمل بالحدیث کی مخالفت کرنے کو پیش کئے جاتے ہیں۔ نیز فقہ حنفیہ کے مخالف حدیث مسائل کی حقیقت الم نشرح کی گئی ہے۔ قیمت ۱ے

اثبات التوحید

قاضی فضل احمد لدھیانوی نے علمائے دیوبند اور اکابرین اہلحدیث پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔ اسکے جواب میں قریباً بتیس ۳۲ مسائل پر بحث کرکے قرآن وحدیث کے نصوص قطعیہ کی رو سے قاضی مذکور کے اعتراضات کا دندان شکن جواب دیا ہے
قیمت ۱ے ف عہ

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہائت عمدہ، خوشنما رنگدار وسادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ خط وکتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

رحمۃ للعالمین

مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی مرحوم۔ جس میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانح عمری مفصل ومکمل طور پر لکھی گئی ہے جو ... اور ... میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ ... حیدرآباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاولپور اور جامعہ ملیہ دہلی ... کے نصاب میں داخل ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ نہائت اعلیٰ۔ قیمت جلد اول ... جلد دوم ۲ے۔ جلد سوم ۱ے۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

... غیر ضروری مسائل نہائت تفصیل کے ساتھ بیان ... مولوی محمد جمال صاحب امرتسری۔ قیمت ۶ر

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند، جالا، غبار، ڈھلکہ، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے ہزار ہا لوگ اسکے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پاچکے ہیں۔ بحالت صحت اسکا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)

منگوانے کا پتہ:۔ کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ
حکیم سٹریٹ امرتسر

ہدائت المسلمین

فی جواب المقلدین۔ اس رسالہ میں فاتحہ خلف الامام، رفعیدین، آمین بالجہر، سینہ پر ہاتھ باندھنے، گاؤں میں جمعہ پڑھنے کا ثبوت دیا ہے۔ قیمت ۶ر

حیات طیبہ

(جدید اڈیشن) مولانا شہید دہلوی کی مفصل سوانحعمری۔ مع مختصر سوانح حضرت سید احمد رائے بریلوی رحمہ۔ قیمت ۱ے

تحقیق تراویح

جس میں مخالفین کے دلائل کا جواب دیکر آٹھ رکعت کو مسنون ثابت کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ برائے محصولڈاک اشاعت فنڈ موازی ۱ر کے ٹکٹ ارسال کریں۔

حسن البیان

مصنفہ مولانا عبدالعزیز صاحب رحیم آبادی مولوی شبلی مرحوم نے ائمہ حدیث مثلاً امام بخاری ودیگر محدثین پر خوب رود قدح کی ہے اور فقہ حنفیہ کو حدیث رسول کے ہم پلہ قرار دیا ہے۔ مولانا رحیم آبادی نے تمام اعتراضات کے دندان شکن جواب دیئے ہے۔ جکو مولانا شبلی نے تسلیم

ملنے کا پتہ } منیجر اہلحدیث

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۴

اخبار اہلحدیث امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	۱۰ عہ
رؤسا و جاگیرداروں سے 〃	۶ ؎
عام خریداران سے 〃	۴ ؎
〃 〃 ششماہی	۲ ؎
ممالک غیر سے سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - - -	۲ ر

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۲۳ صفر المظفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۴ اپریل ۱۹۳۹ء یوم جمعہ المبارک (۲۵۳)

MUSLIM UNI

فہرست مضامین

نعت شریف - - - - -

انتخاب الاخبار - - - - -

بہائیوں کا صراط مستقیم اور جنت - - - ص۳

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - - ص۴

تردید کفارہ مسیح - - - ص۵

میرا پیام مسلمانوں کے نام - - - ص۶

جبتک کتاب اللہ پر علمائے شیعہ غور کریں - ص۷

بلاغ للناس - - - - ص۸

صبر و شکیب کی ایک زندہ تصویر - - - ص۹

گلستان رحمت کے تین پھول - - - ص۱۰

فتاوے - - - - - ص۱۱

متفرقات - - - - - ص۱۲

ملکی مطلع ص۱۳ - اشتہارات - - - ص۱۵-۱۶

نعت شریف

(از قلم مولوی بہار احمد صاحب فہیم چھاؤنی نصیرآباد۔ راجپوتانہ)

گنجینۂ اسرار ہیں سرکار مدینہ
آئینۂ اظہار ہیں سرکار مدینہ

جس آب نے کی کھیتیاں ایمان کی شاداب
وہ ابر گہربار ہیں سرکار مدینہ

اللہ رے وسعت کدۂ رحمت عالم
ہر شخص کے غمخوار ہیں سرکار مدینہ

دشمن پہ بھی اللہ غنی آپ کے احسان
تحسین کے حقدار ہیں سرکار مدینہ

کی حق سے دعا جس نے مخالف کیلئے بھی
وہ پیکر ایثار ہیں سرکار مدینہ

ظلمتکدۂ کفر ہے منت کش اسلام
آئینۂ انوار ہیں سرکار مدینہ

شادی میں کریں ترک رسومات قبیحہ
وہ آپ کے انصار ہیں سرکار مدینہ

اچھا ہے فہیم اس میں کہ ہم چھوڑ دیں ان کو
جن رسموں سے بیزار ہیں سرکار مدینہ

حیات طیبہ - (چھٹا ایڈیشن) مولانا شاہ محمد اسماعیل شہید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی مفصل سوانح عمری مع مختصر سوانح حضرت سید احمد صاحب بریلوی ...

انتخاب الاخبار

——حسب اعلان ۷-۸-۹-اپریل کو آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے اکیسویں اجلاس میں ہزارہا افراد جماعت یوپی، پنجاب، سرحد سے فتحگڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور میں شریک ہوئے۔ نماز جمعہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے پڑھائی۔ اس کے بعد زیر صدارت مولانا عبد القادر صاحب قصوری کانفرنس کا اجلاس اسلامیہ ہائی سکول فتحگڑھ چوڑیاں کے وسیع پنڈال میں شروع ہو کر ۹-اپریل کو رات کے بارہ بجے ختم ہوا۔ ہر روز چار اجلاس ہوتے تھے۔ لاؤڈ سپیکروں کا بھی معقول انتظام تھا۔ حافظ عبد اللہ صاحب روپڑی۔ مولانا محمد داؤد صاحب غزنوی۔ مولانا عبید الرحمٰن صاحب دہلوی مولانا حکیم عبد الخبیر صاحب پٹنوی۔ مولوی عبد الوکیل صاحب دہلوی۔ حافظ محمد حسین صاحب کمبرپوری۔ سید محمد شریف صاحب گھڑیالوی، مولانا ابو مسعود صاحب قمر بنارسی کے علاوہ دیگر علماء کرام و واعظین حضرات نے شرکت فرمائی۔ ۹-اپریل کو بعد نماز ظہر مذاہب کانفرنس بھی منعقد ہوئی۔ جس میں سناتن دھرم۔ آریہ۔ سکھ۔ مذہب کے ایک ایک نمائندہ اور پنڈت آتمانند صاحب نے بھی تقریر کی۔ گول میز کانفرنس بھی منعقد ہوئی (جس کی تفصیل آئندہ شائع کی جائیگی) کانفرنس کے ایک اجلاس میں مذمت حملہ قاتلانہ بر مولانا ثناء اللہ صاحب۔ حیدر آباد میں آریہ ایجی ٹیشن۔ فلسطین اور بندش شراب کے متعلق رزولیوشن پاس کئے گئے قیام و طعام کا انتظام مجلس استقبالیہ کی طرف سے تھا۔ (نامہ نگار)

——امرتسر میونسپل کمیٹی سائیکلوں پر ٹیکس لگانے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ اس کے خلاف پروٹسٹ کے لئے اہل شہر کی طرف سے سائیکل سواروں کے مظاہرے ہوئے۔ ایک روز سائیکل فروش اور مرمت کرنے والوں نے ہڑتال بھی کی۔

——لاہور حکومت پنجاب نے دیوان پرنٹنگ پریس [illegible] سو روپیہ کی ضمانت ضبط کر لی ہے۔

——۹-اپریل کو تمام ہندوستان میں "یوم اقبال" [illegible]

——پونہ۔ ریاست رام درگ کے جیل پر ایک مشتعل ہجوم نے بلہ بول دیا۔ پولیس کے آٹھ آدمیوں اور جیل وارڈ کو قتل کر دیا۔ دروازے توڑ دیئے گئے۔ پولیس نے ہجوم پر قابو پانے کے لئے ۵۵ مرتبہ گولی چلائی۔

——سید غلام بھیک صاحب نیرنگ انبالوی کا تار مظہر ہے کہ مسلمانان ریاست جے پور اپنی تکالیف سے تنگ آکر ہجرت کر رہے ہیں۔ تقریباً پانچ ہزار سے زائد مسلمان مہاجر دہلی پہنچ چکے ہیں۔

——آل انڈیا کانگرس کمیٹی کا اجلاس ۲۸-اپریل کو کلکتہ میں منعقد ہوگا۔

——لاہور میں کسانوں کا مظاہرہ ۱۷ روز سے جاری ہے۔ ۸-اپریل تک تقریباً سات سو گرفتاریاں عمل میں لائی جا چکی ہیں۔

ضروری اطلاع

جن خریداروں کی قیمت ماہ اپریل میں ختم ہے۔ وہ ۲۷-اپریل تک بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ اگر مہلت درکار ہو یا خریداری سے ہی انکار ہو تو بہت جلد اطلاع دیں۔ ورنہ ۲۸-اپریل کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

——بغداد ۴-اپریل کی اطلاع مظہر ہے کہ عراق کے حکمران شاہ غازی اپنی موٹر کار کو نہایت تیزی سے چلا رہے تھے کہ کار بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گئی۔ آپ کا سر شدید طور پر زخمی ہوا۔ اس حادثہ سے آپ انتقال کر گئے۔ ابھی آپ کی عمر ۲۷ سال کی ہے۔ وفات سے تین یوم قبل آپ کے ہاں لڑکا تولد ہوا تھا۔ آپ کی جگہ آپ کے تین سالہ ولی عہد کو تخت نشین کر دیا گیا ہے۔ ان کی بلوغت تک حکومت کا کاروبار ایک ریجنسی کے سپرد ہوگا۔

——جنرل عصمت پاشا انونو از سر نو چار سال کے لئے صدر جمہوریہ ترکی منتخب ہوئے ہیں۔

——خنگمائی ۵-اپریل کی اطلاع ہے کہ ایک لاکھ چینی سپاہی ہانگ چو پر حملہ کرنے کے لئے اکٹھے ہو رہے ہیں۔

——لندن ۸-اپریل کی اطلاع ہے کہ اطالوی افواج نے دار الحکومت البانیہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ شاہ زوغو اور البانوی وزارت کے ارکان شہر چھوڑ کر کسی جگہ چلے گئے۔ اب وہاں عارضی گورنمنٹ قائم کی گئی ہے۔

——انگورہ کی خبر ہے کہ روما کا وزیر خارجہ استنبول اس لئے پہنچا ہے کہ حکومت ترکی سے درخواست کرے کہ وہ جنگ کے زمانہ میں غیر ملکی جہازوں کو درہ دانیال سے گزرنے کی اجازت دیدے۔

——نیو یارک۔ امریکہ اور برطانیہ میں پچاس سال کے لئے ایک معاہدہ ہوا ہے۔ جس کے ماتحت انہوں نے مشترکہ طور پر کینٹش اور اینڈبری جزائر پر قبضہ کر لیا ہے ان جزائر میں ہوائی اڈے بنائے جائینگے۔

——وزارت اوقاف حکومت مصر نے ایک خطیر رقم مساجد میں لاؤڈ سپیکر لگوانے کے لئے منظور کی ہے۔

——دمشق میں نئی وزارت قائم ہو گئی ہے۔ سابق وزیر جنگ جدید حکومت کے وزیر اعظم مقرر ہوئے ہیں۔

——معلوم ہوا ہے کہ برطانوی سفیر متعینہ موصل کو کسی نے گولی مار کر ہلاک کر دیا اور سفارت خانہ کو آگ لگادی۔

——جالندھر شہر میں ۹-۱۰-اپریل کو مدرسۃ البنات جالندھر کا سالانہ اجلاس ہوا عمارت مدرسہ کا سنگ بنیاد آنریبل سر سکندر حیات خان وزیر اعظم پنجاب نے رکھا۔

——سندھ اسمبلی میں ایک ہندو ممبر نے شادی بیاہ کے موقعہ پر جہیز کی حد بندی کر دینے کے لئے ایک بل پیش کیا ہے۔ یعنی جہیز پانچسو روپیہ سے زائد قیمت کا نہ دیا جائے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کو ایک ہزار روپیہ جرمانہ یا ایک ماہ قید کی سزا دی جائے۔

——مہاراجہ سر آدتیہ نارائن سنگھ آف بنارس ۵۵ سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔

——معلوم ہوا ہے کہ جرمنی رومانیہ پر حملہ کرنیوالا ہے

——ریاست حیدر آباد کے خلاف آریوں کی طرف سے ابھی تک ایجی ٹیشن جاری ہے۔

——بنارس میں ابھی تک مکمل امن قائم نہیں ہوا۔

——لکھنؤ میں شیعوں کی طرف سے تبرا بازی جاری ہے۔ ۸-اپریل تک چھ صد شیعہ گرفتار ہو چکے ہیں۔

تفسیر واضح البیان۔ اردو۔ از مولانا ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ جلد [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۳-صفر المظفر ۱۳۵۸ھ

بہائیوں کا صراط مستقیم اور جنت

اسلامی اصطلاح میں یہ دونو الفاظ اپنے خاص معنی میں مستعمل ہوتے ہیں۔ صراط مستقیم جنت تک پہنچنے کا راستہ ہے خود جنت نہیں ہے۔ کیونکہ جنت دار الجزاء کا نام ہے صراط مستقیم کا نام نہیں بلکہ اس کی انتہا ہے یہ بیان کسی مثال کا محتاج نہیں ہے۔ تاہم مزید توضیح کے لئے یہ سمجھنا چاہئے کہ ریلوے لائن فرنٹیر میل کے بمبئی پہنچنے کے لئے صراط مستقیم ہے خود شہر بمبئی ریلوے لائن نہیں ہے۔ اس اصطلاح کو ذہن میں محفوظ رکھ کر اہل بہا کا نظریہ انہی کے الفاظ میں سنئے!

(نوٹ) بہائی وہ لوگ ہیں جو شیخ بہاء اللہ ایرانی کے پیرو کہلاتے ہیں۔ قریباً سو سال کا عرصہ گذرا کہ آپ نے ایران میں رسالت کا ادعا کیا تھا۔ آخر حکومت ترکیہ کے زمانہ میں مقام عکہ (فلسطین) میں بحالت قید و بند فوت ہوئے۔ آپ قرآن شریف اور رسالت محمدیہ علیہ السلام کی تصدیق کرتے تھے بلکہ آنحضرت صلعم کو خاتم النبیین بھی مانتے تھے مگر ایرانی خاندان کے سلسلہ میں۔ اسی لئے شریعت محمدیہ کو منسوخ قرار دیکر خود شریعت جدیدہ لانے کے مدعی تھے ان کے متبع بھی انہی خیالات پر مصر ہیں۔

اس تمہید کے بعد ان کے رسالہ بہائی ہیکل ... سے ایک مضمون بعنوان "صراط مستقیم" اصل الفاظ میں ... [illegible]

"آج کل تمام ادیانِ گذشتہ کے ارکان سست ہو گئے ہیں۔ لوگوں کا دین پر اعتماد کم ہو رہا ہے اگر ہم تاریخ ادیان پر غور سے نگاہ ڈالیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ تربیت نوع انسان کے لئے جب کبھی بھی ارکان دین سست ہوئے خداوند عالم نے ایک مربی کو ظاہر فرمایا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شاہراہ ہے جس پر چلنے کی سب مربیان الٰہی ہدایت فرماتے ہیں۔ اسی شاہ راہ کو قرآن کریم میں صراط مستقیم کے نام سے یاد فرمایا ہے۔ ہر ایک دین میں عبادت الٰہی اور اخوت انسانی کے اعلیٰ ترین اصول موجود ہیں۔ مگر اب ہر ایک دین خواہ وہ ویدک دھرم ہو یا بودھ مذہب۔ عیسائیت ہو یا اسلام۔ ان اصولوں کو لوگوں کی زندگیوں میں عملی صورت میں لانے سے قاصر ہے۔ ہر ایک دین میں باہمی تنازعات فرقہ بندیاں موجود ہیں جو روز بروز بڑھتی جاتی ہیں فتنہ و فساد کی روح ہر شعبۂ زندگی پر حاوی ہو رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انسانوں میں سے وہ جذبۂ اعظم گم ہو گیا ہے جو نزاع و فساد کو مٹا کر سب کو اخوت و محبت کی ترغیب دیتا ہے۔ حضرت مسیح پر ایمان لانے والے قومیت کو مٹا چکے تھے محبت اللہ کے ... [illegible]

حضرت محمد کے ظہور سے مختلف قبائل اور قومیں مٹ کر مسلم ہو گئیں اور محبت اللہ کے جذبہ نے ان سب کو ایک کر دیا تھا۔

جب یہ جذبۂ عظیم قلوب سے گم ہو جاتا ہے تو نفاق، نزاع و فساد پیدا ہو جاتے ہیں۔ محبت، اخوت، وفا۔ امانت، عفت، تقویٰ، راستبازی سب گم ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں خداوند عالم پھر ایک مربی اعظم کو بھیجتا ہے جو ان صفات حسنہ کو پھر سے قلوب انسانی میں پیدا کرتا ہے۔ آج یہ صفات بالکل ناپید ہو گئی تھیں۔ حضرت بہاء اللہ ظاہر ہوئے اور آپ نے انسانوں کو صراط مستقیم پر چلنے کی تربیت فرمائی۔ حضرت بہاء اللہ کا خدائی پیغام سادہ، صاف اور بناوٹی رسم و رواج سے معرّیٰ ایک سچے جویائے حق کے سامنے ملکوت الٰہی کے دروازے کھول دیتا ہے۔ ملکوت الٰہی یعنی جنت کیا یہ ملکوت الٰہی ہمیں اس جہان میں نصیب ہو گی حضرت مسیح نے فرمایا ہے "ملکوت الٰہی خود تمہارے باطن میں موجود ہے" قرآن کریم کہتا ہے کہ خدا شاہ رگ سے بھی نزدیک ہے" اس لئے ہمیں ہر صبح یہ سوال اپنے آپ سے کرنا چاہئے کہ کیا میں ملکوت الٰہی میں ہوں یا نہیں" حضرت بہاء اللہ فرماتے ہیں کہ جنت و دوزخ کسی خاص جگہوں کے نام نہیں بلکہ یہ حالتیں ہیں۔ جنت قرب الٰہی اور دوزخ بُعد الٰہی ہے۔ یہ دونوں حالتیں اس جہان میں بھی حاصل ہو سکتی ہیں۔ حضرت عبد البہاء نے فرمایا ہے کہ جنت میں رہنے کے لئے رضاء الٰہی کی مقدس فضا میں رہنا" ضروری ہے۔ جو کچھ الواح مبارکہ میں نازل ہوا ہے اس پر عامل ہونا رضائے الٰہی کی فضا میں رہنا ہے۔ آقا محمد علی ہے جنہوں نے اپنی جان حضرت باب کے ساتھ نثار کی جب کہا گیا کہ وہ انکار کر دیں تو انہیں چھوڑ دیا جائے گا انہوں نے کہا۔ اس کا انکار کر کے میں کہاں جاؤں میں نے تو اپنی جنت اُس میں پائی ہے ... [illegible]

اہلحدیث اس امر میں بحث نہیں ہے کہ شیخ بہاء اللہ کی صحبت میں منظور الٰہی صلاحیت حاصل ہوتی تھی یا نہیں اس سے قطع نظر کیجئے۔ ہم تمہید ہی میں بتا آئے ہیں کہ صراط مستقیم اور منزل مقصود دو الگ الگ چیزیں ہیں مگر یہاں تحریر منقولہ میں ان دونوں کو ایک ہی چیز دکھایا گیا ہے۔ سارے مضمون کی جان یہ چند الفاظ ہیں:-

"جنت قرب الٰہی اور دوزخ بُعد الٰہی ہے۔ دونوں حالتیں اس جہان میں بھی حاصل ہو سکتی ہیں"

غالباً شاعرانہ اصطلاح میں یہ دعویٰ صحیح ہو سکتا ہے لیکن شرعی اصطلاح میں تو یہ بالکل غلط ہے۔ قرب الٰہی دخول جنت کا ایک ذریعہ ہے۔ اسی لئے قرآن مجید میں ارشاد ہے۔ سَابِقُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ (دوڑو۔ لپکو خدائی بخشش اور جنت کی طرف۔

مسابقت صراط مستقیم پر چلنے میں پیش قدمی کرنے کو کہتے ہیں اور مغفرت اور جنت اس رفتار کا منتہیٰ ہے۔ جو بالکل صحیح ہے۔ لیکن اہل بہا ہمیشہ یہ غلط اصطلاح بولتے ہیں اور اس دعوے کے ماتحت بعض اوقات کہا کرتے ہیں کہ

اہل بہا جنت میں داخل ہیں

مگر اہل تحقیق جانتے ہیں کہ جنت دار العمل نہیں بلکہ دار الجزا ہے۔ جس کی شان میں وارد ہے۔ وَمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ۔ سچ ہے ؎

مجھے تو ہے منظور مجنوں کو لیلیٰ
نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی

قادیانی مشن

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(مرقومہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

(۲۱۔ مارچ کے بعد)

یہ مضمون خلیفہ قادیان کے ایک مضمون کے جواب میں لکھا جا رہا ہے۔ جو "ریویو" قادیان ۱۹۳۸ء و ۱۹۳۹ء کے متعدد پرچوں میں شائع کیا گیا ہے۔ سابقہ پرچہ میں حدیث مثلی ومثل الانبیاء کمثل قصر پر بحث ہوئی۔ آج حدیث انا العاقب پر گفتگو ہے۔ ناظرین بغور ملاحظہ کریں۔ (مدیر)

مسئلہ ختم نبوت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح کرنے کے لئے یہ بھی فرمایا ہے کہ انا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی میں عاقب ہوں اور عاقب وہ ہوتا ہے جس کے بعد کوئی نبی نہ مبعوث کیا جائے۔ اس فرمان نبوی کی تحریف خلیفہ صاحب قادیانی نے ان الفاظ کے ساتھ کی ہے کہ

"اس حدیث میں آنحضرت صلعم نے اپنے بعد نبی نہ آنے کا ذکر فرمایا ہے اور کسی چیز کی بعدیت سے مراد اس کا خاتمہ ہوتا ہے (پس) ایسا نہیں ہو سکتا کہ (آنحضرت کی) نبوت کا سلسلہ ختم ہو جائے اور کوئی نبی آئے آپ کی نبوت کو ختم کر کے کوئی نبی نہیں آسکتا۔ جو نبی آئیگا وہ آنحضرت کے پیچھے آئیگا اور جو پیچھے چلنے والا ہے وہ بعد کیونکر ہوگا جو محمد رسول اللہ کا ظل ہوگا" (ریویو بابت ماہ ستمبر ۱۹۳۸ء صفحہ ۶)

معمار حدیث میں حضور نے اپنا نام عاقب فرما کر خود ہی اس کی تشریح بھی بیان کر دی ہے کہ میرے بعد کوئی نبی مبعوث نہ کیا جائیگا۔ لغت کی سب سے بڑی مستند کتاب لسان العرب اور مجمع البحار میں اس کے تحت لکھا ہے

وفی الحدیث انا العاقب ...... ای آخر الرسل ...... آخر الانبیاء"۔ یعنی آنحضرت رسل وانبیاء کے آخری فرد ہیں۔ لہٰذا یہ کہنا ہی غلط ہے کہ

"شریعت محمدیہ کا ختم کرنے والا رسول نہیں آسکتا مگر تابع نبی آسکتا ہے"

پھر اگر اس حدیث کو تحریرات مرزا کی روشنی میں دیکھا جائے تو معاملہ اور بھی صاف نظر آتا ہے۔ رسول کے معنے مرزا صاحب نے یہ لکھے ہیں:-

"خدا تعالیٰ قرآن میں فرماتا کہ رسول دنیا میں مطیع اور محکوم ہو کر نہیں آتا بلکہ وہ مطاع اور صرف اپنی اس وحی کا متبع ہوتا ہے جو اس پر بذریعہ جبرئیل نازل ہوتی ہے" (ازالہ اوہام صفحہ ۲۳۸ ط ۲)

نبی کی تعریف عند المرزا یہ ہے:-

"نبی کے معنے صرف یہ ہیں کہ خدا سے خبر پانے والا ہو اور شرف مکالمہ سے مشرف ہو شریعت کا لانا اسکے لئے ضروری نہیں اور نہ یہ ضروری ہے کہ صاحب شریعت رسول کا متبع نہ ہو" (ضمیمہ نصرۃ الحق صفحہ ۱۳۹ ط ۲)

ان تحریرات سے عیاں ہے کہ شریعت کو ختم کرنا رسولوں کا کام ہے۔ نبی تابع بھی ہو سکتا ہے۔ خود میاں محمود احمد نے اپنی کتاب حقیقۃ النبوۃ صفحہ ۱۵۵ پر تمسک آیت انا انزلنا التوراۃ فیھا ھدی ونور یحکم بھا النبیون نبی کا تابع شریعت ہونا زور و شور سے ثابت کیا ہے۔

اب آئیے حدیث زیر بحث پر نظر ڈالیں کہ اس میں رسولوں (بقول مرزا خاتم شریعت) کا ذکر ہے یا نبیوں (تابع شریعت) کا مذکور ہے۔ سو ملاحظہ ہو حدیث میں انا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی۔ پس معاملہ صاف ہو گیا کہ آنحضرت کے بعد نبی "تابع شریعت" بھی نہیں آسکتا۔ خاتم شریعت کا تو ذکر ہی کیا ہے ؎

لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

اگرچہ مذکورہ بالا سطور کے بعد کسی مزید بیان کی ضرورت نہیں مگر چونکہ خلیفہ صاحب نے اپنے مضمون میں جا بجا لفظ "بعد" کی آڑ میں "لا نبی بعدی" کے معنے "خاتم شریعت" نبی لیکر "تابع اور محکوم نبی" کی آمد کا جواز و امکان ثابت کیا ہے ولہٰذا ہم اس لفظ کی تحقیق بھی کئے دیتے ہیں

تا سیاہ روئے شود ہر کہ در وغش باشد

احادیث نبویہ میں لفظ بعد کے معنے لفظ بعد بحسب الوضع پیچھے کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے خواہ کسی قسم کی بعدیت ہو۔ مثلاً بعد۔ جیسے ہم کہیں کہ حضرت موسیٰ کے

ahmadimuslim.de

حضرت ہارون علیہا السلام کو نبی کیا گیا یا مرزا صاحب کے بعد مولوی نور الدین صاحب خلیفہ قادیانی ہوئے۔

بعد بمعنے غیر حاضری۔ جیسے قرآن مجید میں ہے :-

ثم اتخذتم العجل من بعدہ

یعنی بنی اسرائیل نے جناب موسیٰ کے پہاڑ پر جانے کے بعد گوسالہ پرستی اختیار کی۔

بعد بمعنے خاتمہ۔ جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو مخاطب کرکے عرض کی۔ انت الاخر فلیس بعدک شیئ۔ الٰہی تو سب کے آخر ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ تو تہ رہے اور کوئی اور شئے رہ جائے۔ اسیطرح حضرت موسیٰ کے ذکر پر فرمایا ولقد اتینا موسی الکتاب وقفینا من بعدہ بالرسل یعنی موسےٰ کو ہم نے تورات دی پھر اسکے فوت ہو جانے کے بعد ہم نے کئی پیغمبر بھیجے۔

ممے بعد کا لفظ۔ حکومت یا شریعت کا زمانہ ختم ہو جانے پر بھی بولا جاتا ہے جیسے حکومت کے متعلق فرمایا :-

ثم جعلناکم خلئف فی الارض من بعدھم

یعنی پہلوں کی حکومت ختم ہو جانے کے بعد ہم نے تمہیں زمین کا خلیفہ بنایا۔

شریعت کے ختم ہو جانے کے بارے میں ارشاد ہے :-

مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد

حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تمہیں بشارت دیتا ہوں اس بات کی کہ میری شریعت کے بعد احمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ابدی شریعت کا دور آئیگا

خلاصہ یہ کہ بعد کے معنے پیچھے کے ہیں خواہ کسی صورت میں ہو۔ بنابریں حدیث انا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی کے معنے ظاہر و باہر، واضح و عیاں ہیں کہ آنحضرت کے بعد کوئی نبی نہ بنایا جائیگا نہ آپ کو نبوت عطا ہونے کے معاً بعد کسی کو نبوت ملی، نہ آپ کی حیات بابرکات میں کوئی آپ کی نبوت میں شریک تھا نہ غیر حاضری میں کوئی نبی بنایا گیا، نہ وفات کے بعد قیامت تک کسی کو نبی بنایا جائیگا۔ اور یہ بھی نہ ہوگا کہ آپکی شریعت ختم کرکے کسی اور کو شریعت عطا کی جائے۔

(باقی باقی)

تردید کفارہ مسیح

(از قلم مولوی عبد الرؤف صاحب از جھنڈے نگر بستی)

(۴)

اس مضمون کی پہلی قسط مندرجہ "اہلحدیث" مورخہ ۲۴- مارچ تیسرے کالم میں یوں شروع ہوتی ہے :-

"المائدہ مسیحی ماہوار پرچہ نے سنہ رواں کے فروری میں وقوع کفارہ سے متعلق" الخ

اس فقرے میں "سنہ رواں" کی بجائے "۱۹۳۸ء" ہونا چاہئے۔ ناظرین تصحیح کرلیں۔ (مدیر)

مسئلہ کفارہ عیسائی مزعومات کے مطابق نہیں

عیسائیوں کا خیال ہے کہ مسیح ہمارے سب اگلے پچھلے گناہوں کے لئے کفارہ ہے۔ ایک عیسائی شاعر کا شعر ملاحظہ ہو ؎

دلِ ناپاک کا دارو تمہارا خونِ اقدس ہے
ہو بھاہا زخم دل کا تم دوائے دردِ عصیاں ہو

دوسرا شاعر کہتا ہے ؎

اگر آباد عیسیٰ سے ہمارا قلب ویراں ہو
تو پھر محشر میں کیونکر مجھکو رنجِ داغِ عصیاں ہو

(المائدہ ماہ دسمبر ۱۹۳۷ء)

عیسائی حضرات کا کفارہ کے متعلق خیال ظاہر ہے مگر مسیح انکے خیالی اعتقاد کی سختی سے انکاری ہیں :-

مجرم نہ ٹھیراؤ تم بھی مجرم نہ ٹھیرائے جاؤگے۔ خلاصی دو تم بھی خلاصی پاؤگے۔ (لوقا ۶/۳۷)

دیکھو یہاں مسیح خلاصی و نجات کا مدار اپنے خون اقدس پر نہیں کرتے۔ قول الانجیل متی میں اس طرح ہے :-

"تم آدمیوں کا قصور معاف کروگے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تمہیں معاف کریگا اور اگر تم آدمیوں کا قصور معاف نہ کروگے تو تمہارا باپ بھی تمہارے قصور معاف نہ کریگا۔ (متی ۶/۱۴)

صاف ظاہر ہے کہ مسیح نے نجات کا وعدہ اپنے ذمہ نہیں لیا اور نہ اپنے کو سب کے گناہوں کا فدیہ بتلایا ہے۔ اگر مسیح بہرحال منجی ہیں تو ہمارے نیک عمل پر آسمانی باپ کی بخشش کا مدار کیوں ہے ؟

لوقا میں مسیح کا فرمان ہے :-

"میں تجھ سے کہتا ہوں کہ جب تک تو دمڑی دمڑی ادا نہ کرے وہاں سے ہرگز نہ چھوٹیگا۔ (لوقا ۱۲/۵۹)

دیکھئے نجات کو اپنے خون پر نہیں بلکہ ذرہ ذرہ کوڑی کوڑی کی ادائیگی پر موقوف کیا ہے۔ مرقس میں مسیح کا فرمان ہے

"اگر تمہیں کسی سے کچھ شکایت ہو تو اسے معاف کرو تاکہ تمہارا باپ بھی جو آسمان پر ہے تمہارا قصور معاف کرے۔ (۱۱/۲۵)

مسیح کا فرمان متی میں ہے :-

جو مجھے اے خداوند اے خداوند کہتے ہیں ان میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہت (نجات) میں داخل نہ ہوگا مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے اس دن (قیامت کے دن) بہتیرے مجھ سے کہیں گے۔ اے خداوند اے خداوند کیا ہم نے تیرے نام سے نبوت نہیں کی اور (کیا) تیرے نام سے بدروحوں کو نہیں نکالا ؟ اور (کیا) تیرے نام سے بہت سے معجزے نہیں دکھلائے ؟ اس وقت میں ان سے صاف کہدونگا کہ میں کبھی تم سے واقف نہ تھا اے بدکارو میرے پاس سے چلے جاؤ۔ (متی ۷/۲۱)

ظاہر ہے کہ مسیحی عقائد کے مطابق نسلی گناہ کی وجہ سے کوئی انسان گناہگار ہونے سے نہیں بچ سکتا اور حضرت مسیح فرماتے ہیں کہ میں اپنے پاس سے ان کو ہٹا دونگا اور انکی کسی طرح کی کوئی دستگیری نہ کرونگا۔ اس حوالہ سے ظاہر ہے کہ مسیح ایسے عیسائیوں سے بھی کنارہ کشی اور اظہار بیزاری کرینگے جو اظہار کرامات کے درجے اور نبوت کے منصب تک پہنچ گئے تھے۔ جب مسیح کا اس موقع پر ناواقف بن کر علیحدہ ہو جانا ثابت ہو گیا جہاں کہ انسانوں کو دستگیری و گلو خلاصی کی سخت ضرورت ہوگی

اور پھر ایسے مسیحی لوگوں سے جو خداوند یسوع مسیح کہنے والے اور معجزوں کے ظاہر کرنے والے تھے تو اب یہ سمجھنا کس قدر زعم باطل ہے کہ مسیح کا خون ہمارے گناہوں کا فدیہ اور ہمارے نسل گناہوں کی سزا کا کفارہ ہے۔ مسیح کا فرمان ہے:۔

"اور جو کوئی ابن آدم کے خلاف کوئی بات کہیگا وہ تو اُسے معاف کی جاویگی مگر جو کوئی روح القدس کے برخلاف کوئی بات کہیگا وہ اُسے معاف نہ کیجاویگی نہ اس عالم میں نہ آنے والے میں"۔ (متی ۱۲/۳۲)

یہاں روح سے مراد نبی ہے جیسا کہ نامہ اول یوحنا سے ظاہر ہوتا ہے۔

اے عزیزو! ہر ایک روح کا یقین نہ کرو بلکہ روحوں کو آزماؤ کہ وہ خدا کی طرف سے ہیں یا نہیں کیونکہ بہت سے جھوٹے نبی دنیا میں نکل کھڑے ہوئے ہیں۔ (۴/۱)

پس عیسائی اپنا حشر سوچ لیں کہ مسیح کے بعد انہوں نے کسی نبی کو برخلاف بات کہنے اور مذموم الزامات کے عائد کئے بغیر چھوڑ دیا اور اپنی تحریروں اور تقریروں سے کونسا سال کونسا ماہ کونسا دن انبیاء کرام کو موردِ طعن بنائے بغیر چھوڑ دیا ہے۔

آہ۔ انبیاء کرام بزبان حال عیسائیوں کو مخاطب کرکے کہتے ہیں ؎

کس روز تہمتیں نہ تراشا کئے عدو
کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کئے

اور جرم اتنا بڑا کہ نہ اس عالم میں معاف ہونے والا نہ آنے والے میں۔ اب کون کہہ سکتا ہے کہ مسیح بہرحال ہمارے لئے فدیہ و کفارہ ہے۔ جو ہمیں اس ابدی سزا سے اُس عالم میں بچا لیگا۔

نامہ یعقوب کا مضمون یہ ہے:۔

"اگر تم پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھتے ہو تو اچھا کرتے ہو لیکن اگر تم طرفداری کرتے ہو تو گناہ کرتے ہو کیونکہ جس نے ساری شریعت پر عمل کیا اور ایک ہی بات میں خطا کی وہ ساری باتوں میں قصوروار ٹھہرا"۔ (نامہ یعقوب باب ۲/۹)

اس مضمون کی تائید مسیح کے اُس واقعہ سے بھی ہوتی ہے جس میں مسیح نے ایسے لوگوں سے ان کے کسی گناہ پر اپنی برأت کی ہے جو منصب نبوت اور اظہار کرامت کے درجہ تک پہنچ گئے تھے۔ (متی ۷/۲۱)

مقام غور ہے کہ کون عیسائی ایسا ہے جس سے کوئی ایک گناہ کبھی سرزد نہیں ہوا۔ جب مسیح کے سوا انبیاء کرام بھی بقول عیسائیان معصوم نہیں تو پھر عیسائیوں اور پادریوں کی عصمت کس طرح مانی جاسکتی ہے۔ پس عیسائی اپنا حشر سوچ لیں کہ جب ایک قصور پر وہ ساری شریعت کے مجرم ہوتے ہیں تو اس دن خداوند خداوند کہنے سے کیونکر نجات پاجاوینگے۔

نامہ عبرانیوں کا مضمون یہ ہے:۔

حق کی پہچان حاصل کرنے کے بعد اگر ہم جان بوجھکر گناہ کریں تو گناہوں کی کوئی اور قربانی باقی نہیں رہی ہاں عدالت کا ایک ہولناک انتظار اور غضبناک آتش باقی ہے۔ (عبرانیوں ۱۰/۲۶)

اس سے صاف ظاہر ہے کہ ایمان لانے کے بعد اگر کسی سے کوئی گناہ سرزد ہو تو اس کی نجات کا کوئی ذریعہ نہیں بلکہ وہ جہنم کا سزاوار ہے کیونکہ مسیح کی قربانی ایسے گناہگاروں کے لئے نہیں ہے جو ایمان لاتے اور مسیحی بننے کے بعد مرتکب گناہ ہوئے ہوں۔

آہ! ہمیں افسوس ہے اور اس افسوس کے ساتھ رنج بھی ہے کہ عیسائیوں کا کفارہ سراپا باطل نکلا۔ اور ان کی نجات کا رہا سہا سہارا بھی ان کے لئے مفید نہ ہؤا۔ اس افسوس میں ہمیں ایک شعر مناسب حال یاد آیا۔ وہ یہ ہے:۔ ؎

جس گل سے تھی امید چڑھائیگا لاکے پھول
گل کر گیا چراغ وہ میرے مزار کا

(باقی)

میرا پیام مسلمانوں کے نام

(از مولوی عبدالغفور صاحب فلسفی عظیم آبادی مدرس مدرسہ انوار احمدیہ آرہ)

مسلمانو! ذرا غفلت سے اب ہشیار ہوجاؤ — نہیں اب وقت سونے کا اٹھو بیدار ہوجاؤ
مٹا دو ظلمتِ شرک اور بدعت زور بازو سے — سراپا تم جہاں میں پیکرِ انوار ہوجاؤ
مٹایا تھا جہاں سے جس طرح لات و ہبل عزیٰ — کہو اصنام سے پھر خود بخود مسمار ہوجاؤ
سراپا گفتگو کوئی ہو تم کردار ہوجاؤ — اُبھر کر پھر جہاں میں حیدر کرار ہوجاؤ
مصیبت پر مصیبت نے تمہیں آکر کے گھیرا ہے — ہٹانے کے لئے تم اس کو اب تیار ہوجاؤ
سبق تم نے دیا آکر کے آزادی کا لوگوں کو — جہانِ حریت میں سرورِ احرار ہوجاؤ
کہاں تک تفرقے آپس میں رکھوگے مسلمانو — تم اک رشتہ میں ہوکر موتیوں کے ہار ہوجاؤ
تمہارے دشمنوں نے تم کو سوچا ہے مٹانے کو — مقابل میں تم ان کے لشکرِ جرار ہوجاؤ
تمہارے عزم راسخ کو ہمالہ بھی نہ روکے گا — اگر تم متفق پھر دہر میں اک بار ہوجاؤ
مسلمانو! رہِ اسلاف کے دلدار ہوجاؤ — عرب کے پھر وہی شیر ببر سوار ہوجاؤ
ذرا سی بات میں ہوجائیں آسان مشکلیں ساری — اگر تم پیروانِ احمد مختار ہوجاؤ

بنام قوم مسلم یہ پیام فلسفی پہنچے
کہ پھر اصلاح عالم کے لئے تیار ہوجاؤ

دوا رقعہ پر کھانسی عرق وغیرہ کی تعریف۔ ویدوں کو فوراً (۵۸) ثابت کیا ہے۔ قیمت رعایتی ۱۰ روپیہ۔ (منیجر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

حسبنا کتاب الله

پر

علمائے شیعہ غور کریں

عن زرارة عن احدهما علیه السّلام انه قال ان اکل الغراب لیس بحرام انما الحرام ماحرم الله فی کتابه ولکن الانفس تتنزه عن کثیر من ذالك تقززا (استبصار باب کراهیة لحم الغراب)

یعنی (موسیٰ بن جعفرؒ) میں سے کسی ایک صاحب نے فرمایا کوّا کھانا حرام نہیں ہے کیونکہ حرام تو وہی ہے جس کو الله تعالےٰ نے اپنی کتاب[1] (قرآن مجید) میں حرام کیا ہو۔الخ (اہل قرآن اس کو نوٹ کرلیں)

اس روائت سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حرام وہی چیز ہو سکتی ہے جس کی حرمت قرآن مجید سے ثابت ہو اور جس چیز کی حرمت قرآن مجید سے ثابت نہ ہو وہ حرام نہیں ہے بلکہ حلال ہے یا زیادہ سے زیادہ مکروہ جیسے کوّا یا کتا وغیرہ کہ ان کی حرمت قرآن مجید سے ثابت نہیں ہے لہذا یہ سب بقول امام حلال ہونگے یا مکروہ۔

علمائے شیعہ سیدنا حضرت عمر فاروق (ہاں ہاں) رضی الله عنہا کے مقولہ حسبنا کتاب الله پر اپنے غیظ وغضب کا بہت اظہار کرتے ہیں۔ ذرا اپنے امام معصوم کے قول انّما الحرام ماحرم الله فی کتابه پر بھی ٹھنڈے دل سے غور کریں ؎

مشکل بہت پڑیگی برابر کی چوٹ ہے
آئینہ دیکھیئے گا ذرا دیکھ بھال کے

(محمد فضل الرحمن عفی عنہ مبارکپوری اعظمی)

[1] پس حلت وحرمت کا مدار قرآن پر رہا نہ کہ احادیث نبویہ اور اقوال ائمہ پر ۱۲ منہ

بلاغ للناس

(از قلم مولوی عبد الکریم صاحب جتوئی نوہری)

؎ رہیگا کوئی تو تیغ ستم کے یادگاروں میں
مرے لاشے کے ٹکڑے دفن کرنا سومزاروں میں

جس کام کو کرتے ہوئے ایک مدت گزرجائے اور اُس روش پر اس کے بزرگ بھی چلے ہوں تو اُس کام کی محبت اپنے طرز عمل سے اس کو ادھر ادھر نہیں جانے دیتی خواہ وہ کام کسی نوعیت کا ہو مگر عامل کو محمود ہی نظر آتا ہے۔ پھر جو دلائل اس کے موافق یا مخالف سنتا اور دیکھتا ہے یقین ہو زیادہ مضبوط کرتا جاتا ہے

تحقیق اور پڑتال کرنا تو اسے زہر ہو جاتا ہے۔ ادھر اُدھر کے ڈھکوسلوں کو برہان قاطع سے بڑھ چڑھ کر تصور کرنے لگ جاتا ہے۔

ارباب تقلید والوں کی طرف دیکھئے۔ کیا کیا کتر بیونت کر کے جاہلوں کو پنجر کے نیچے دبائے رکھتے ہیں اگر کوئی ان پڑھ کہے۔ آج ایک شخص نے حدیث سنائی کہ آمین رفعیدین کرنا نماز میں بڑا ثواب ہے۔ ہم لوگ تو اسکو نماز میں نہیں کرتے یہ کیا سبب ہے۔ صوفی صاحب نے فرمایا بھائی یہ بات دوسرے فرقے والے کہتے ہیں اپنے مذہب میں جائز نہیں وہ غیر مقلد لوگ ہیں۔ ان پڑھ نے پوچھا غیر مقلد کس کو کہتے ہیں؟ فرمایا جو لوگ شرع کے برخلاف چلتے ہیں ان کا یہ نام ہے۔

واقعی صوفی صاحب کے مونہہ سے کلام تو ٹھیک نکلی کیونکہ رسول مقبول صلی الله علیہ وسلم کے مقابلے میں جو مذہب نکلا ہے وہ بے شبہ ایک دوسرا ہی دین ہے۔ بھلا پھر مقابلے پر بنے ہوئے دین کو رسول الله کے دین سے کیا تناسب؟

مقلد کے معنی شرع سے برخلاف چلنے والا یعنی مقابلے میں بنائی ہوئی شریعت کے برخلاف چلنے والا یا یوں سمجھئے کہ غیر رسول کو حَکم نہ بنانے والا۔ اب جاہل کو یہ سمجھ کہاں کہ ایک سے دوسرا فرقہ کون بنا۔ بات بات میں غیر کی ملاوٹ غیر پر ہی سارا سلسلہ پھر بھی قبضہ

پرانے دین پہ ہے ؎

پڑیں جو تیری گردن میں وہ ٹوٹیں ہاتھ اے ظالم
کہ بوئے غیر آتی ہے ترے پھولوں کے ہاروں میں

بڑے بڑے فاضل حکیم الامت کے لقب والے بھی یونہی بے سروپا باتیں گھڑ کر جہال کو دام تزویر سے رہا نہیں ہونے دیتے۔ کبھی کہتے ہیں ہندوستان میں حنفی مذہب رائج ہو چکا ہے اس لئے ہندوستان کو دوسرا مذہب اختیار کرنا ٹھیک نہیں۔ غرضیکہ اس تقلید کو ثابت رکھنے کے لئے ایسے اجتہادات کئے ہیں جو سوائے دماغی خیالات کے اور کہیں نہیں ملتے۔

کبھی ترک تقلید پر اس طرح وعید سناتے ہیں کہ اجتہاد تو چوتھی صدی کے بعد منقطع ہو چکا، غیر مقلد اب کیوں استنباط واستخراج کر کے سنی مذہب کو الٹ پلٹ کرتے ہیں۔

دیکھئے مسلک تقلید کو بحال رکھنے کے لئے کیسے کیسے قوانین وضع کرتے ہیں۔ صدق الله تعالی

کَبُرَتْ کَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ یَّقُوْلُوْنَ اِلَّا کَذِبًا

اگر تقلید سے کہیں کام نکلتا نہ نظر آئے تو دقوع طلاق قبل نکاح وغیرہ میں شافعیؒ کی طرف رجوع کر کے ہی اپنی دلی خواہش ہی پوری کی جاتی ہے۔ تقلید چاہئے مدینہ طیبہ کی عدالت عالیہ سے فیصلہ منظور نہیں دیکھا نہ تقلید نے کیسے مجبور ومقہور کئے۔

ہدایہ کے محشی فرماتے ہیں:۔

ان من ادعی بان قد انقطعت مرتبة الاجتهاد المطلق المستقل بالائمه الاربعة انقطاعا لا یمکن عوده فقد غلط وخبط فان الاجتهاد رحمة من الله سبحانه ورحمة الله لا تقتصر علی زمان دون زمان ولا علی بشر دون بشر الی قوله فقد وجد بعد ایضا ارباب

ahmadimuslim.de

الاجتہاد المستقل کابی ثور البغدادی وداؤد الظاہری ومحمد بن اسمٰعیل البخاری وغیرھم علی مالا یخفی علی من طالع کتب الطبقات ۔

یعنی جس نے یہ دعویٰ کیا کہ اجتہاد مطلق ائمہ اربعہ پر منقطع ہوگیا۔ اب کوئی مجتہد ہو ہی نہیں سکتا وہ مخبوط الحواس اور غلط بکواس کرنے والا ہے۔ کیونکہ اجتہاد ایک رحمت الہٰی ہے جو کسی زمانے اور کسی بشر کے ساتھ مخصوص نہیں ہوسکتی بلکہ بہت سے ائمہ اصحاب اجتہاد مطلق پائے گئے جیسے امام ابی ثور بغدادی و امام داؤد ظاہری و امام بخاری وغیرہم۔

ہدایہ اور درمختار کی قیاسی باتیں قرآن، حدیث چھوڑ کر مثل قرآن بنا لینا کہاں تک درست ہے۔

ع بندہ پرور منصفی کرنا خدا کو دیکھ کر

صبر و شکیبائی کی ایک زندہ تصویر

فغاں میں آہ میں شیون میں او نالے میں
سناؤں درد دل طاقت اگر ہو سننے والے میں

(از قلم مولوی حافظ محمد عبد اللہ صاحب عقیل مئوی)

خلفائے بنی عباس میں مامون بن ہارون رشید نہائت ہی زبردست، ذی علم، باعدل و انصاف، سیاستدان اور مدبر و کامیاب "ہر فن مولیٰ" تیسری صدی ہجری میں ایک خلیفہ گزرا ہے۔ درحقیقت اس کی تاریخ دیکھنے سے سخت حیرت ہوتی ہے کہ اتنے کمال اس ایک انسان غیر معصوم کے اندر کیسے جمع ہو گئے تھے۔

محمد بن حفص الانماطی کا بیان ہے کہ میں نے ایک دن عید کو مامون کے دسترخوان پر کھانا کھایا تین سو قسم سے بھی زائد چیزیں تھیں اور سب کی طرف اشارہ کرکے مامون رشید کہتا جاتا تھا کہ یہ فلاں مرض کے لئے مفید ہے اور یہ فلاں کو مضر۔ جس کا مزاج بلغمی ہو وہ اسے کھاوے اور جس کا صفراوی ہو وہ اس کے کھانے کی رغبت کرے اور جو سوداوی ہو اُسے یہ کھانا چاہیئے۔ جو کم خوراک ہو وہ یہ غذا کھاوے اور جو خوش خور ہو وہ ادھر ہاتھ بڑھاوے وغیرہ وغیرہ وغیرہ۔

یحییٰ بن اکثم نے کہا کہ امیر المؤمنین تو طب میں جالینوس نجوم میں ہرمس۔ فقہ میں علی بن ابی طالب۔ سخا میں حاتم طائی صدق الحدیث میں ابوذر، کرم میں کعب بن امامہ اور وفا میں شمول بن عادیا معلوم ہوتے ہیں" مامون نے کہا کہ انسان کو علم و عقل ہی سے توفضیلت ہے ورنہ چار ہاتھ پاؤں جانور کے بھی ہیں اور انسان کے بھی۔

بایں ہمہ فضل و کمال اور علم و عقل، عقائد میں تو تفضیل علیؓ کا تو قائل ہی تھا۔ مزید براں خلق قرآن کا بھی زبردست حامی اور متعصب طرفدار تھا۔[ع] ع

اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی

پہلی مرتبہ ۲۱۲ھ میں مامون نے اپنے عقیدہ خلق قرآن کا اظہار و اشاعت شروع کی لیکن اس سے لوگ سخت متنفر ہوئے اور اکثر شہروں میں ناقابل بیان مخالفت و فساد برپا ہوگیا۔ ناچار مامون مرعوب ہوکر چند دنوں کیلئے خاموش ہوگیا۔

آخر پھر ۲۱۸ھ میں اپنے انتقال سے کچھ دنوں پہلے بڑے زوروں پر پورے اہتمام کے ساتھ اس کام کو شروع کیا اور مخالفین کو طرح طرح سے ڈرانا، دھمکانا اور ذلیل و رسوا کرنا شروع کر دیا۔ نائب السلطنت بغداد کی معرفت علماء بغداد اور قضاۃ سلطنت وغیرہ کو سخت ترین عبارت میں احکام و فرامین لکھ کر اُن کے خیالات و اعتقادات کا مطالبہ کیا گیا بلکہ مامون نے سات مشاہیر علمائے بغداد کو خود اپنے پاس بلاکر جبراً "خلق قرآن" کا اقرار کرا کر چھوڑا۔

نائب السلطنت اسحاق بن ابراہیم خزاعی نے بھی مامون کے حکم سے تمام بڑے بڑے علمائے بغداد کو بلاکر صاف کہدیا کہ یا تو صاف صاف "خلق قرآن" کا اعتراف و اقرار کردیا جان دینا منظور کرو۔[1]

مختصر یہ کہ محمد بن سعد کاتب، یحییٰ بن معین، ابوخثیمہ ابومسلم مستملی، یزید بن ہارون، اسماعیل بن داؤد، اسماعیل بن ابومسعود، احمد بن ابراہیم دورقی۔ بشر بن ولید کندی ابواحسان الزیادی، علی بن ابی مقاتل، فضل بن غانم، علی بن جعد۔ عبیداللہ بن عمر قواریری، سجادہ بن ہشیم ذیال بن ہیثم، قتیبہ بن سعید۔ سعدویہ الوسطی، اسحاق بن ابی اسرائیل، ابن ہرس۔ ابن علیہ الاکبر۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن عمری۔ ابونصر تمار۔ ابومعمر قطیعی، محمد بن حاتم بن میمون وغیرہ تمام چوٹی کے علمائے بغداد نے تقیہ کرکے مامون کی موافقت کرلی۔

البتہ صرف حضرت امام احمد بن حنبلؒ اور محمد بن نوح العجلی نے موافقت نہ کی اور اپنے عقیدہ حقہ پر برابر جمے رہے۔ اس وقت مامون سفر میں تھا۔ اسے ان واقعات کی فی الفور اطلاع دی گئی۔ اُس نے حکم لکھا کہ احمد بن حنبل اور محمد بن نوح کے ساتھ تمام علماء کو میرے پاس فوراً روانہ کیا جاوے کیونکہ تمام اقرار کرنے والوں نے اپنی جان کے خوف سے اقرار کیا ہے جو میرے نزدیک زیادہ مجرم اور ناقابل معافی گناہ گار ہیں۔

چنانچہ سب لوگ خلیفہ کی طرف روانہ کردیئے گئے

ع اس کے برعکس اس کا بڑا بھائی امین "خلق قرآن" کا سخت مخالف تھا۔ چنانچہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ خدا کی ذات سے امید ہے کہ وہ امین کو محض اس وجہ سے بخش دیگا کہ اُس نے اسماعیل بن علیہ سے نہایت سخت الفاظ میں کہا تھا کہ "تو ہی کم بخت تو قرآن کو مخلوق بتاتا ہے"! (تاریخ الخلفاء علامہ سیوطیؒ) (عقیل)

[1] ان لوگوں میں اتنی جہالت تھی کہ خلق قرآن کے عقیدہ کو ارتداد کے برابر سمجھتے تھے۔ لطف یہ ہے کہ منشا نزاع نہیں بتاتے تھے کہ وہ کس قرآن کو مخلوق اور کس کو غیر مخلوق کہتے تھے۔ ہم ذاتی طور پر اس مسئلہ میں امام بخاریؒ کا مسلک افضل سمجھتے ہیں جو کتاب خلق افعال العباد میں مرقوم ہے۔ (اہلحدیث)

الفاروق۔ حضرت خلیفہ دوم رضی اللہ عنہ کی سوانح (۴۰۰) صفحات۔ از مولانا شبلی مرحوم۔ قیمت عہ ۔ دفتر اہلحدیث

مگر خدا کی شان دیکھئے کہ ہنوز یہ لوگ راستہ ہی میں تھے کہ مامون رشید کے انتقال کی خبر مل گئی۔

"بلائے آمد و لے بخیر گذشت"

مامون کے بعد اس کا ولی عہد اور بھائی معتصم باللہ تخت نشین ہوا اور "خلق قرآن" کے تعصب میں مامون سے بھی سخت گیر اور متشدد و ظالم تھا۔ امام ذہبی نے فرمایا کہ اگر معتصم علماء حق کو "خلق قرآن" کے متعلق تکالیف نہ دیتا تو سب سے کامیاب خلیفہ ہوتا۔"

معتصم بڑا قوی، مہیب اور سخت گیر تھا۔ چنانچہ اکثر مجرموں کے پہونچے کی ہڈیاں صرف دو انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان دبا کر توڑ ڈالتا تھا۔ یہ ہارون کا سب سے بڑا لڑکا تھا مگر قطعی جاہل تھا۔ حتیٰ کہ اپنا دستخط بھی بمشکل کر سکتا تھا۔ البتہ سماعی معلومات بہت اچھی تھی۔

معتصم چونکہ خود جاہل تھا اور اس کا وزیر اعظم فضل بن مروان عیسائی تھا۔ اس لئے علمی سرگرمیاں ٹھنڈی پڑ چکی تھیں اور سلطنت کے زوال کا بھی آغاز ہو چکا تھا تاہم قیصر روم کو جیسا اس کے دھکا دیا کوئی بھی نہ دے سکا تھا۔ البتہ عمارت بنوانے کا بڑا شائق تھا اور بڑا خوش خور بھی تھا۔ اس کے باورچی خانہ کا روزانہ خرچ ایک ہزار دینار تھا۔

معتصم کو خلیفہ مثمن بھی اس لئے کہتے ہیں کہ ہارون رشید کی آٹھویں اولاد تھا۔ ۱۸۰ھ میں پیدا ہوا۔ ۲۱۸ھ میں خلیفہ ہوا۔ خلفائے بنی عباس کا آٹھواں خلیفہ تھا۔ ۴۸ برس کی عمر پائی۔ آٹھ قصر تعمیر کروائے ۸ لڑکے اور آٹھ لڑکیاں چھوڑیں۔ طالع پیدائش آٹھواں برج (عقرب) ہے۔ ۸ برس ۸ ماہ ۸ دن خلافت کی۔ آٹھ بڑی لڑائیاں فتح کیں۔ آٹھ بادشاہ بطور مجرم اس کے پاس حاضر کئے گئے۔ آٹھ زبردست دشمنوں کو قتل کیا۔ آٹھ لاکھ دینار۔ آٹھ لاکھ درم۔ آٹھ ہزار گھوڑے آٹھ ہزار غلام۔ آٹھ ہزار لونڈیاں چھوڑ کر آٹھ دن ربیع الاول کے باقی تھے کہ انتقال کیا۔

قاضی یحییٰ بن اکثم (مامون کا دوست) اور اس کا شاگرد احمد بن ابی داؤد (معتصم کا دوست) دونوں متکلم معتزلی تھے۔ اور انہی بیہودوں کا "خلق قرآن" کے متعلق سارا فتنہ برپا کیا ہوا تھا۔

معتصم کا زمانہ ہے حضرت امام احمد بن حنبلؒ قید و بند میں جکڑے ہوئے ہیں۔ معتصم جیسا پر سطوت و جابر خلیفہ آپ کے پاس حاضر ہو کر نہایت نرمی و شفقت کے لہجہ میں عاجزانہ عرض کرتا ہے۔ یا احمدؐ واللہ انی علیک لشفیق و انی لاشفق علیک کشفقتی علی ابنی و واللہ لئن لا طلقن علیک بیدی۔ ماتقول؟ فقال اعطونی من کتاب اللہ او سنۃ رسولہ حتی اقول بہ ؎

چو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم
نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم

نرمی و شفقت اور افہام و تفہیم کی تو یہ حالت و کیفیت تھی۔ اب ذرا سختی و سزا اور تکالیف و مصائب کی نوعیت و شدت بھی ملاحظہ فرمائیے۔

میمون بن اصبغ کا بیان ہے کہ میں نے آپ پر اپنی آنکھوں سے کوڑے اور دُرّے پڑتے ہوئے دیکھے۔ کہ جب پہلا کوڑا پڑا تو آپ کی زبان مبارک سے نکلا۔ "بسم اللہ"۔ پھر جب دوسرا کوڑا پڑا تو فرمایا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ (نہیں کوئی سہارا اور بھروسا بے مگر اللہ جلشانہ ہی کا ہے)۔ پھر جب تیسرا پڑا تو اعلان کیا۔ القرآن کلام اللہ تعالیٰ غیر مخلوق۔ (قرآن اللہ کا کلام اور غیر مخلوق ہے) اور جب چوتھا کوڑا پڑا تو یہ آیت تلاوت فرمائی۔ "لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا" (ہرگز کوئی مصیبت ہم کو نہیں پہنچ سکتی مگر جو خدا نے لکھ دی) یہاں تک کہ انتیس ۲۹ کوڑے پڑے اور بدن سے خون کے فوارے اُبلنے لگے لیکن شان استقلال و پامردی زائد از قبل اور پیش از پیش ہے ؎

چمک رہا ہے لہو سے بدن پہ پیراہن
ہمارے جیب کو اب حاجت رفو کیا ہے

کبھی کبھی آپ کو لگاتار اس سختی سے اسی اسی دُرّے لگائے گئے کہ ناقل کہتا ہے کہ اگر شہ زور پیل مست کو بھی اس طرح کوڑے لگتے تو بجلا وہ چیخ اٹھتا اور تحمل و برداشت نہ کر سکتا۔ لیکن آپ کے پائے ثبات میں ذرہ برابر بھی لغزش نہ ہوئی۔ بلکہ ہر تشدد و تکلیف کی برداشت کے لئے سینہ سپر ہو کر مواد دار فرماتے ؎

تیر پہ تیر لگاؤ تمہیں ڈر کس کا ہے
سینہ کس کا ہے میری جاں جگر کس کا ہے

مگر پھر بھی یہ خیال و ارادہ کبھی بھی نہ کرنا اور یہ ہرگز نہ سمجھنا کہ میں ان سختیوں سے نرم ہو جاؤنگا۔ ؎

این خیال ست و محال ست و جنوں

بلکہ جس قدر تم سختی کروگے میں بھی سخت ہوتا جاؤنگا۔ جس قدر ستاؤگے میری دلیری میں اضافہ ہوتا جائیگا۔ خلاصہ یہ کہ ؎

سر نمی تابم ز شمشیر حبیب
ہر چہ آید در دل من با نصیب

اسی سلسلہ میں ایک مرتبہ آپ کو اتنے دُرّے لگائے گئے کہ آپ کی پشت مبارک چھلنی ہو گئی اور زخموں سے خون رسنے لگا اور اسی حالت میں آپ کو جیل خانہ کی طرف سپاہی لے جاتے تھے کہ اچانک ایک شخص آپ کے سامنے آیا اور پشت سے کرتا اٹھا کر آگے کھڑا ہو گیا آپ نے دیکھا کہ اس کی پیٹھ پر بے شمار زخم کے داغ ہیں (بعض تواریخ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ اس کی پشت پر ۱۸ ہزار ضربوں کے نشانات تھے۔ واللہ اعلم بالصواب) آپ نے بطریق ہمدردی دریافت فرمایا کہ کیوں کیا مطلب

عہ اے احمد! قسم اللہ کی میں تیرے اوپر بہت مہربان ہوں حتی کہ اپنے لڑکے کی مانند میں تجھ پر شفقت کرتا ہوں۔ قسم اللہ کی اگر تو میری بات مان جائے اور قرآن کریم کو مخلوق کہہ دے تو میں تیری زنجیر خود اپنے دست خلافت سے کھول دونگا۔ کہئے کیا منظور ہے؟ آپ جواب دیتے ہیں کہ کوئی قرآن و حدیث کی دلیل مجھ کو دکھا دو تو میں بلا تامل تمہارا کہہ دوں۔ ورنہ یاد رکھو یہ جور و ظلم کبھی نہ کبھی رنگ لائیگا ؎

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از در حق بہر استقبال مے آید

(عقیل)

ے کیونکہ ہمیشہ آپ کو قید خانہ سے دربار میں برسر عام بلوا کر اپنے عقیدہ سے باز آنے کی ترغیب دی جاتی مگر جب آپ ثابت قدمی کا اظہار فرماتے تو آپ کو دُرّوں سے پیٹا جاتا اور پھر قید خانہ بھیج دیا جاتا اور وہاں بھی طرح طرح سے دھمکایا جاتا اور قسم قسم کی سختیاں کی جاتیں مگر واہ رے جرأت مردانہ اور حوصلہ کہ آپ کسی چیز سے بھی مرعوب نہ ہوئے۔ (عقیل)

[illegible]

ahmadimuslim.de

ہے؟ اُس نے جواب دیا کہ میں ابو الہیثم نامی بغداد کا مشہور و معروف چور ہوں۔ میری قید و جیل کا کچھ شمار نہیں کہ کتنی مرتبہ سزایاب ہُوا ہوں اور نہ اس کی کچھ حد ہے کہ کتنی بیدیں، کوڑے اور دُرّے میرے سر، تن و پشت پر پڑے ہیں۔ یہ سارے پُشت کے نشانات اسی صدمہ میں ملے ہیں جو کہ آپ نے بھی ملاحظہ فرمالئے۔ لیکن اے احمد بن حنبل! قسم ہے خدائے مہربان کی کہ باوجود ان سنگین اور ناقابل برداشت سزاؤں کے ہنوز میں چوری پر ویسا ہی دلیر و حریص ہوں۔ جیسا کہ اول روز تھا۔ حالانکہ ؎

نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم
نہ اِدھر کے ہوئے نہ اُدھر کے ہوئے

تو کیا اے امام الدنیا والدین احمد بن حنبل! تو خدا پاک کی فرمانبرداری اور اپنے رسول کریم کی اطاعت و پیروی میں اتنی بھی ثابت قدمی و اولو العزمی نہیں دکھلا سکتا جتنی کہ ایک چور نے اپنے فعل بد چوری میں دکھلائی اور ہنوز اس کے اس ارادۂ بد میں ذرا تذبذب و تزلزل بھی نہیں آیا۔ حالانکہ "چہ نسبت خاک را با عالم پاک"

اس بدکار مگر ناصح و خیر خواہ "چور" کی نصیحت و ہدایت سے حضرت امام احمد بن حنبل کس قدر متأثر اور نصیحت پذیر ہوئے؟ اس کا اندازہ ہر صاحب دل اور سمجھ دار انسان کر سکتا ہے۔

حضرت امام صاحب خود فرماتے ہیں کہ "رحم اللہ ابا الہیثم"۔ اس نے مجھے بڑی تسلی و تسکین دی اور قلب حزیں کی ڈھارس بندھائی خدا اُس کو ہدایت کرے اور اُس پر رحم فرماوے! میں ہمیشہ سزا و تکلیف کی شدت کے وقت اس کی نصیحت کو خیال کرتا تو مجھے ناقابل بیان مسرت و خوشی اور اطمینان و دلجمعی ہوتی تھی اور صرف یہی ابو الہیثم ہی ایک شخص ہے جس نے مجھے ثبات قدمی، استقلال، پامردی اور صبر و شکیبائی کا سبق دیا۔ ورنہ تمام دوست و احباب اور علمائے عصر وغیرہ نے اپنی مانند ہمیشہ تقیہ اور رخصت کی طرف بلایا اور جان بچانے کی رائے دی۔ جس سے اور بھی زیادہ مجھے کوفت قلق، صدمہ، تردد و پریشانی لاحق تھی۔ مگر خدا بھلا کرے ابو الہیثم کا کہ اُس نے مجھے کوہ ثبات بنا دیا (رحمہما اللہ)

معتصم کے انتقال کے بعد اُس کا لڑکا "واثق باللہ" ۲۲۷ھ میں خلیفہ ہُوا علمی شوق و شغف کے باعث مامون ثانی کہلاتا تھا۔ لیکن مسئلہ خلقِ قرآن میں باپ سے بھی اشد ترین متعصب و متشدد اور جابر و ظالم نکلا

پدر نتواند پسر تمام کند

حتّٰی کہ خود اس نے اپنے ہاتھ سے قرآن کو غیر مخلوق کہنے والے بہت سے علماء و فقہاء کو کارِ ثواب سمجھ کر قتل کیا۔ چنانچہ احمد بن نصرؒ محدث بغداد گرفتار ہو کر آئے تو خود واثق نے اپنے دستِ ناحق سے قتل کر کے جسم کو بغداد کی شہر پناہ کے دروازہ پر لٹکایا اور سر کو بغداد کے پُل پر آویزاں کرا کے ایک پہرہ دار اس لئے متعین کیا کہ چہرہ کبھی قبلہ کی طرف نہ ہونے دے اور کان میں ایک پرچہ لٹکایا گیا۔ جس میں لکھا تھا کہ "یہ سر احمد بن نصر کا ہے جسے خلیفہ نے عقیدۂ خلق قرآن کی طرف بلایا مگر اس نے انکار کیا لہٰذا خدا نے بہت جلد اسے آتش دوزخ کی طرف بلا لیا۔"

اس میں شک نہیں کہ معتصم نے بھی بہت سے علماء و صلحاء کو قتل کرایا مگر اس قدر بدعقیدہ اور جہل مرکب کا شکار نہیں بنا بہت سے لوگ معتصم کے زمانہ میں بھی اور واثق کے عہد میں بھی جام شہادت پی کر جنت کو سدھارے لیکن ہمارے حضرت امام بن حنبل ہیں کہ تین دور مامون، معتصم، واثق سے سختیاں جھیلتے اور برابر تکالیف و مصائب کا سینہ سپر سامنا اور مقابلہ کرتے آتے ہیں جو واقعی اس سے سخت تر اور شاق تھا۔ بقول کسے ؎

لاکھوں ہزاروں سینکڑوں مرتے ہیں آج کل
ہم ایسے سخت جاں ہیں، ہماری قضا نہیں

گلستانِ رحمت کے تین پھول

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:۔

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰی اَنْ یَّکُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰی اَنْ یَّکُنَّ خَیْرًا مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَکُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ط بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

(ترجمہ) اے لوگو! جو ایمان لائے ہو نہ ٹھٹھا (مسخری) کرے کوئی قوم کسی قوم سے۔ شاید کہ وہ (لوگ) بہتر ہوں اُن سے نہ بیبیاں (ٹھٹھا) کریں دوسری بی بیوں سے شاید کہ وہ (بی بیاں) بہتر ہوں اُن سے۔ اور مت عیب لگاؤ ایک دوسرے کو اور مت بدنام کرو ساتھ بُرے لقبوں کے۔ بُرا نام ہے بدکاری پیچھے ایمان کے اور جس نے نہ توبہ کی پس یہ لوگ وہ ہیں ظالم۔" ف:۔ جہاں کسی پر بُرا نام ڈالا۔ پہلے تو اپنا نام پڑ گیا فاسق۔ آگے تھا وہ پر عیب لگا یا نہ لگا۔

(نمبر دوم) یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ز اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا ط اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَکَرِهْتُمُوْهُ ط وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ۔ (ترجمہ) اے لوگو! جو ایمان لائے ہو بچو بہت سارے گمانوں سے تحقیق بعض گمان گناہ ہے اور مت جاسوسی کرو۔ اور نہ غیبت کریں بعضے تمہارے بعض کی۔ کیا دوست (پسند) رکھتا ہے کوئی تم میں سے یہ کہ کھاوے گوشت بھائی اپنے مُردے کا۔ پس نہ خوش رکھو گے تم اوس کو۔ اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ ہی پھیر آنے والا مہربان ہے۔ ف:۔ تہمت لگانا اور بھید ٹٹولنا اور پیٹھ پیچھے بُرا کہنا کسی جگہ جائز نہیں بیگناہ یعنی مظلوم ظالم کو کچھ کہے جہاں اوس میں کچھ دین کا فائدہ ہو اور نفسانیت کی غرض نہ ہو۔

(نمبر سوم) یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ط اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰکُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ (الحجرات پارہ ۲۶) (ترجمہ) اے لوگو! تحقیق ہم (اللہ) نے پیدا کیا تم کو ایک مرد اور عورت سے (یعنی تمام لوگوں کو ایک جوڑے سے بنایا) اور کیا ہم (اللہ) نے تم کو کنبے اور قبیلے تاکہ ایک دوسرے کو پہچانو۔ تحقیق بہت بزرگ تمہارا نزدیک اللہ تعالیٰ کے پرہیزگار تمہارا ہے تحقیق اللہ جاننے والا خبردار ہے۔ ف:۔ یعنی بڑائیاں ذات کی اسلام کی بحث میں ہو صفت نیک چاہئے تری ذات کس کام کی۔

محترم ناظرین! ان آیات قرآنی و احکام ربانی پر ہم نام کے مسلمانوں نے کیا عمل کیا؟ کیا ہم کبھی مل کر بھی بیٹھے کبھی ہم نے اپس

فتاویٰ

س ۱۱۴ } اگر کسی شخص کو کچھ نوٹ دستیاب ہوئے ہوں تو وہ ان کا اعلان کس طرح کرے کہ حقدار کو مل جاویں اور اعلان کب تک کرے؟

(ابو عبدالرشید از تحصیل تو لہوا نیپال)

ج ۱۱۴ } گم شدہ چیز کا اعلان حسب فرمان نبوی ایک سال تک ہونا چاہئے۔ آج کل اعلان کا ذریعہ اخبارات ہیں۔ مگر چیز کا پورا نشان نہ لکھے جہاں سے دستیاب ہوئی ہو۔ اس جگہ کا نام اور تاریخ دستیابی اور چیز کا نام (مثلاً نوٹ وغیرہ) ظاہر کر کے اعلان کرے کہ نوٹوں کی پوری کیفیت تعداد وغیرہ وہ شخص تحریر کرے جس کے گم ہوئے ہیں۔ اللہ اعلم!

س ۱۱۵ } یہاں اور بعض دوسرے شہروں میں بھی بعض بعض سیٹھ مال زکوٰۃ کو ہفتہ وار غرباء و مساکین اور عام سائلین کو ایک ایک دو دو پیسے یا ایک ایک دو دو دمڑی کر کے دیتے ہیں۔ علی العموم اس خیرات کا دن جمعہ کا دن ہوتا ہے۔ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں علی اختلاف البلاد والاحوال سائلین جمع ہوتے ہیں اور یہ خیرات وصول کرتے ہیں۔ ۲ بجے دن سے شام تک چکر لگانے پر ایک آنہ دو آنہ یا چار آنہ پاتے ہیں۔ زید کہتا ہے کہ زکوٰۃ کا مال اس طرح تقسیم کرنا نہیں چاہئے کیونکہ اس طرح سال میں لاکھوں روپے خرچ ہو جاتے ہیں مگر اس سے نہ کسی ضرورت مند کی ضرورت پوری ہوتی ہے اور نہ اس سے مسلمانوں کو قومی یا اقتصادی فائدہ ہوتا ہے۔ مال زکوٰۃ کی یہ تقسیم منشاء اسلام کے خلاف ہے۔ لہذا اس طریق کو بند کر کے غرباء و مساکین اور جملہ مستحقین کو سال میں ایک دفعہ یا دو دفعہ یک مشت رقم دینی چاہئے تاکہ یہ مال صحیح مصرف میں آئے اور لوگوں کی قومی اور اقتصادی حالت درست ہو سکے۔ ہاں جو لوگ مروجہ طریق پر خیرات کرنا چاہیں انہیں چاہئے کہ اپنے ذاتی مال سے اس طرح خیرات کریں مگر مال زکوٰۃ اس طرح خرچ نہ کریں۔ اب سوال یہ ہے کہ آیا اس طرح مال زکوٰۃ خرچ کرنا یعنی ہفتہ وار دمڑی، پیسہ دینا جائز ہے یا نہیں؟ (حاجی عبداللطیف سیٹھ از کوچین)

ج ۱۱۵ } بہ نیت نیک جائز ہے۔ کیونکہ ادائے زکوٰۃ کا حکم عام ہے۔ اس میں کسی قسم کا تقید کرنے کی ضرورت نہیں۔

س ۱۱۶ } کسی زناکار عورت چکلہ والے کے مال سے مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں۔ وہ عورت فوت ہو گئی ہے۔ اس عورت کی وارث ایک دوسری عورت ہے۔ اس کا ارادہ یہ ہے کہ میں شاہراہ راستے میں اس کے مال سے مسجد برائے سہولت آدمیاں اور اس فوت شدہ عورت کے ثواب کے لئے تیار کراؤں گی۔ مگر ہمارے شہر میں بہت شور ہے کہ یہ مال حرام ہے۔ اس مال سے مسجد بنانا حرام ہے کیونکہ یہ مال زناکاری سے حاصل ہوا ہے۔ اس سبب سے اس مسجد میں نماز پڑھنا حرام ہے۔ لہذا آپ کا اس کے متعلق کیا ارشاد ہے؟

(ایک خریدار "اہلحدیث" از علاقہ سندھ)

ج ۱۱۶ } کسبیہ و زانیہ کی کمائی سے مسجد بنانا جائز نہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ خدا پاک چیز کو قبول کرتا ہے۔ اگر مسجد بن گئی ہے تو اس میں نماز پڑھنے سے مسجد کا ثواب نہ ہوگا۔

س ۱۱۷ } گدھی کا دودھ یعنی کیر برائے مرض پینا یا استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۱۷ } گدھی حرام ہے۔ اس کا دودھ بھی حرام ہے۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے: لا شفاء فی الحرام۔ حرام میں شفا نہیں۔

س ۱۱۸ } عام لوگوں کا خیال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھر دنیا میں تشریف لائینگے۔ کیونکہ صحابہؓ نے حضرت سے پوچھا کہ مہدی کا نام کیا ہوگا اور ان کے ماں باپ کا نام کیا ہوگا۔ حضرت نے فرمایا کہ مہدی مکہ شریف میں پیدا ہوگا اس کا نام محمد، اس کے باپ کا نام عبداللہ اور ماں کا نام آمنہ خاتون ہوگا۔ لہذا مہدی علیہ السلام کے متعلق آپ روشنی ڈالیں کہ مہدی کون شخص ہوگا؟ (سائل مذکور)

ج ۱۱۸ } یہ غلط ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفات پھر دنیا میں آویں گے۔ بصورت صحت ان روایات کے جو مہدی کی آمد کے متعلق ہیں۔ امام مہدی امتی ہونگے یعنی امت محمدیہ سے کوئی شخص ہوگا جس کا نام والدین نے محمد رکھا ہوگا اور ماں کا نام آمنہ اور والد کا نام عبداللہ ہوگا۔

س ۱۱۹ } سندھ میں مولوی محمد عثمان صاحب کتاب فقہ میں باب نکاح میں لکھتے ہیں کہ امام حسنؓ نے چار سو شادیاں یعنی نکاح یکے بعد دیگرے کئے۔ میرا سوال یہ ہے کہ یہ ظلم ہے یا نہیں کہ ایک کو طلاق دے اور دوسری عورت سے نکاح کرے۔ حالانکہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ یہ بات خدا کو بہت بری معلوم ہوتی ہے کہ بغیر شرعی عذر سے طلاق دی جائے۔ لہذا آپ اس کی بابت روشنی ڈالیں۔ (سائل مذکور)

ج ۱۱۹ } اس واقعہ کی صحت ہمارے علم میں نہیں

(۲۰ داخل غریب خند وصول)

نوٹ:۔ فتاوے اسی قدر تھے۔ (منیجر اہلحدیث)

ایک تازہ خوشخبری

مولانا محمد بشیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ سہسوانی نے ایک رسالہ مسئلہ سود کے متعلق جس کا نام "القول المحمود فی الرد جواز السود" ہے تصنیف فرمایا تھا۔ جو ایک عرصہ سے نایاب تھا۔ اب عاجز نے بتعداد کثیر اس کو طبع کرا لیا ہے۔ لہذا حضرت شائقین حسب ذیل پتوں پر دو پیسہ کا ٹکٹ برائے محصول ڈاک بھیجکر مفت منگوا سکتے ہیں۔

(۱) مولانا محمد یونس صاحب مدرس مدرسہ حضرت میاں صاحب پھاٹک حبش خان دہلی۔

(۲) منیجر اخبار مسلم اہلحدیث گزٹ صدر بازار دہلی۔

(۳) دوکان جناب حاجی عبدالکریم و حاجی رحیم الدین صاحبان سراج بلڈنگ نمبر ۳۲-۳۳۰ کولو ٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

(راقم:۔ حاجی عبدالستار ولد حاجی عبدالکریم از کلکتہ)

فتاویٰ نذیریہ

حضرت میاں صاحب سید نذیر حسین محدث دہلوی رح کی تمام عمر کے فتاویٰ کا مجموعہ۔ جس میں ہر سوال کا جواب قرآن و حدیث سے

ahmadimuslim.de

متفرقات

اعیان اہلحدیث اخبار اہلحدیث کی اشاعت کو بڑھا کر اپنا تبلیغی فرض ادا کریں۔

ضرورت معلم ایک موحد اہل حدیث مسن بزرگ معلم کی ضرورت ہے جو بچوں کو قرآن حفظ کرانے کا اور معلمی کا تجربہ رکھتے ہوں۔ ترجمہ قرآن شریف بھی پڑھا سکیں تو بہتر ہے۔ بارعب ہوں جو بچوں پر دباؤ رکھ سکیں۔ پرانا تجربہ فنی مہارت ضروری ہے۔ تنخواہ معہ خوراک دی جاویگی۔ پتہ ذیل پر خط و کتابت کریں:۔

ع۔ ت۔ ح۔ معرفت الحاج مولانا مولوی حافظ محمد حسین صاحب خطیب و امام مسجد اہل حدیث ۲۲ یولائی دت سٹریٹ کولوٹولہ۔ کلکتہ)

تنظیم یتیم خانہ امرتسر تنظیم یتیم خانہ امرتسر جمعیۃ التنظیم کی یادگار ہے۔ ۱۹۲۵ء سے آج تک اپنے حسن انتظام کی شاندار مثال قائم کئے ہوئے ہے۔ ایک یتیم بچے کے ساتھ شروع ہوا تھا۔ ۶۰ بچے اس وقت داخل ہیں اور فارغ التعلیم و کسب ہنر علیحدہ رہے۔ اگرچہ برادران اسلام کی اعانت اور توجہ کا یہ یتیم خانہ ہمیشہ سے ممنون ہے مگر اس وقت سب سے بڑی ضرورت یتیم خانہ کے لئے اس کی اپنی عمارت ہے۔ تاکہ منتظم کمیٹی حسب دلخواہ انتظام کر سکے اور اپنی خواہش متعلقہ صنعت و حرفت اور درس تدریس فقہ و حدیث پوری کر سکے۔ امید ہے کہ برادران اسلام اپنی توجہ اور ہمدردی بیش از بیش مبذول فرمائیں گے اور اپنے اس مفید ادارہ کی اعانت میں حصہ لے کر عند اللہ ماجور ہونگے۔

نوٹ:۔ ہر قسم کا چندہ اور زر معاونت شیخ سعید اللہ صاحب سوداگر چرم فنانشل سکرٹری تنظیم یتیم خانہ امرتسر آنا چاہئے۔

نیاز مندان۔ شیخ صادق حسن بار ایٹ لاء رئیس اعظم پریذیڈنٹ
محمد عبد المجید قریشی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ لاہور جنرل سکرٹری
منتظمہ یتیم خانہ امرتسر

اہل حدیث کو آمین بالجہر کا حق ریاست رتلام میں ایک مقدمہ عرصہ سے جاری ہے۔ جس میں فاضل جج نے یہ تنقیح قائم کی ہے:۔

(۱) آیا مدعیان (اہل حدیث) مسجد فلاں میں آمین باواز بلند بولنے کے مستحق ہیں؟

(۲) آمین دوران نماز میں باواز بلند بولنے والا مسلم مسجد میں نماز پڑھنے سے منع کیا جا سکتا ہے؟

(ثبوت بذمہ فریقین)

احباب رتلام کی درخواست ہے کہ برادران اہل حدیث دعا کریں کہ خدا تعالیٰ انجام بخیر کرے۔ آمین!

نیز ان اصحاب کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے جماعت اہل حدیث رتلام کی مالی امداد کی۔ امید ہے کہ آئندہ بھی احباب نہ بھولیں گے۔ (عبد الغنی۔ کیرہ بازار رتلام)

تلاش معاش خاکسار حافظ قرآن ہے اور امامت خطابت کے فرائض اچھی طرح ادا کر سکتا ہے۔ اگر کسی مسجد یا مدرسہ میں ضرورت ہو تو مجھ سے خط و کتابت کریں۔

(حافظ عبد المجید مسجد گنبداں۔ تصوری گیٹ فیروزپور شہر)

تلاش عزیز دو تین ماہ سے مرحوم سردار عبد الحی صاحب کا لڑکا مسمی مصلح الدین عمر ۱۲۔۱۳ سال رنگ سانولہ۔ آنکھیں بڑی بڑی۔ دبلا پتلا۔ یک بیک غائب ہو گیا۔ بعد تلاش و تفتیش ہنوز پتہ نہ چلا۔ اگر کسی صاحب کو معلوم ہو تو براہِ کرم ضرور اطلاع دیں۔ یا عزیز سلمہ بذات خود اپنی خیریت کی اطلاع دیکر اپنی مجبوریاں اور غم زدہ بھائی بہنوں کی تسلی و تشفی کرے۔

(عبد الرشید کھریانواں مدن پور ضلع گیا)

یاد رفتگاں میرا نور چشم احمد غفور اٹھارہ سال کی عمر پا کر عالم شباب ہی میں مجھے داغ مفارقت دے گیا انا للہ و انا الیہ راجعون۔ (محمد عبد الغنی موضع راجوارا ڈاک خانہ ریام نیکڑی۔ دربھنگہ)

(۲) ہماری جماعت کے مجاہد ملک حاجی پیر محمد صاحب انتقال کر گئے۔ انا للہ! (راقم محمد سلیمان خطیب و صدر مدرس مدرسہ عربیہ بھوئیہ آصل ضلع لاہور)

(۳) میری چھ سالہ بڑی بچی اور میری چھوٹی ہمشیرہ یکے بعد دیگرے انتقال کر گئیں۔ انا للہ! (شاکر صدیقی مقیم سرس۔ ضلع گیا)

(۴) برادر بزرگ سردار عبد الحی صاحب خلف اکبر جناب سردار محمد طیب صاحب مرحوم ایک عرصہ طویل تک بیمار رہ کر بتاریخ ۲۵۔ مارچ شب شنبہ داعی اجل کو لبیک کہا۔ انا للہ! مرحوم کی رسم سیادت میں جناب حافظ عبد اللہ صاحب غازیپوری علیہ الرحمۃ بنفس نفیس کھریانواں تشریف لائے تھے اور اپنے دست مبارک سے مرحوم کے سر پر دستار سرداری باندھی تھی۔

(عبد الرشید کھریانواں۔ مدنپور۔ گیا)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللّٰھم اغفر لھم وارحمھم

مقامی مظلومین کی فریاد ناظرین کرام سے یہ بات مخفی نہیں کہ اہل حدیثان کنیدرا پاڑہ نے مسجد میں نمازیں مسنون طریق پر ادا کرنے کے لئے عدالت سے ڈگری حاصل کی تھی جب ہم نے پنجوقتہ نمازیں ادا کرنے کیلئے مسجد مذکور کو پہنچے تو کثرت جماعت بریلوی حنفیہ نے ہماری شدید مخالفت کی اور شرکت جماعت سے منع کیا۔ ہم نے انکی ایکسنہ سنی اور نمازیں مسنونہ طریق پر پڑھیں۔ چند روز اسیطرح کی حالت رہی۔ آخر ایک روز جمعہ کے دن امام مسجد نے یہ بات ٹھانی کہ ہم ہرگز اہل حدیث کو جماعت میں شامل نہیں ہونے دینگے جب خطبہ کا وقت ہو گیا تب بھی اس بات پر ضد کرتا رہا کہ اہل حدیث رفعیدین اور آمین نہ کریں کیونکہ ہماری نماز ناقص ہو جاتی ہے۔ حتیٰ کہ وقت گزرنے چلا۔ تو ہم نے لاچار ایک اہل حدیث کو منبر پر بھیجا۔ پہلے ہم نے نمازیں پڑھیں بعد میں انہوں نے پڑھیں۔ یہ حالت ابھی تک جاری ہے۔ مگر ہم مسجد میں دیگر پنجوقتہ نماز سے محروم ہیں اور شرکت جماعت سے مزاحم ہیں جمعہ کے دن ہماری نماز کے وقت وہ لوگ غوغا مچاتے ہیں امام مسجد ہمارے خلاف عوام کو اشتعال دلاتا رہتا ہے ہم غریبوں پر گالیوں کی بوچھاڑ برستی ہے۔ یہاں ہماری جان عزت، آبرو اور مال سخت خطرہ میں ہے۔ باوجودیکہ عدالت نے ہمیں ہر چیز کی اجازت دی ہے مگر ہم برادران یوسف کے ظلم کے تختہ مشق بنے ہوئے ہیں۔ اس تحریر سے ہمارے تین مقاصد ہیں:۔ (۱) ہم جماعت کے ہمدرد اور بہی خواہوں سے مشورہ پوچھتے ہیں۔ (۲) ہم جملہ ناظرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ خلوص دل سے دعا کریں کہ خدا ہماری آئندہ حالت بہتر کرے۔ اور تشدد کرنے والوں کو ہدایت نصیب کرے۔ (۳) بہ لفظ حضرات ہماری جماعت کا خیال رکھیں تاکہ یہ مُردہ جماعت پھر زندہ ہو۔ مرسلہ: خادم اہل حدیث محمد داؤد احمد۔ کنیدرا پاڑہ۔ ضلع کٹک۔ (اڑیسہ)

جدید انگلش ٹیچر انگریزی زبان سیکھنے کے لئے کتاب بہت مفید ہے۔ قیمت ۸؍ پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

ملکی مطلع

ثنائی پریس میں رکاوٹ

پریس ایکٹ کی ہمہ گیری سے پریس جن مشکلات میں گھرا ہؤا ہے انہیں وہی لوگ جانتے ہیں جو پریس کا کام کرتے ہیں۔ ثنائی برقی پریس میں گذشتہ دسمبر کو ایک پنجابی نظم بنام "پیغام زندگی" کسی احراری شاعر کی بنائی ہوئی چھپ گئی۔ پریس کے مشیر قانونی نے نظم مذکور کو ایک معمولی تحریر بتایا۔ مگر حکومت نے اس کو قابل اعتراض قرار دے کر ثنائی برقی پریس سے دو ہزار کی ضمانت طلب کرلی۔ جس کا آخری یوم ادائگی ۱۱-اپریل ہے۔

ادھر "اہلحدیث" کے یوم روانگی (جمعرات) کو ڈاکخانہ میں بساکھی کی تعطیل تھی۔ اس لئے "اہلحدیث" بجائے ۲۰ صفحات کے ۱۶ صفحات پر شائع کیا گیا ہے۔

ضمانت ۱۱-اپریل کو داخل کردیگئی۔ خدا کے فضل سے مشکلات کے بادل سب ہٹ چکے ہیں۔ پریس اور اخبار برابر جاری رہیں گے۔ انشاء اللہ!

ناظرین کرام دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہر قسم کے فتنہ و شر سے محفوظ رکھے۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ ○

شاہ غازی (شاہ عراق) کی وفات
اور
ایک حدیث کی تصدیق

حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیرو(؟) شہر استنجا کر کے تیمم کر لیا۔ خادم نے عرض کیا کہ حضور پانی تو نزدیک ہی ہے۔ فرمایا مجھے کیا معلوم کہ میں وہاں تک پہنچ جاؤنگا۔ کس قدر عمدہ فلسفہ ہے۔

اس ہفتے کی خبر ہے کہ شاہ عراق موٹر پر جا رہے تھے کہ بجلی کے کھمبے سے موٹر کی ٹکر ہوگئی۔ بس سر پھٹ گیا اور چند منٹوں میں آپ عالم بقا کو رخصت ہوئے۔ انا للہ! اللہ تعالیٰ مرحوم کو بخشے اور آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ اس واقعہ سے حدیث شریف کی پوری تصدیق ہوتی ہے۔

ہندوستان کی مفلسی
اور
ناقص تعلیم کا تدارک اولیں فرصت میں کیجئے

(از قلم حاجی محمد صالح صاحب دہلوی آف حاجی میجان مرحوم)

غیر ممالک نے سائنس کی تعلیم حاصل کرکے قلیل مدت میں جو ترقی اور تمول حاصل کیا ہے اس سے عبرت حاصل کرنی چاہئے۔ ہندوستان کی صنعت و حرفت اب بالکل مٹ چکی، زراعت اجڑ گئی، ملازمت محدود ہوگئی۔ تجارت تجارت نہ رہی۔ کس قدر حیرت اور افسوس کی بات ہے کہ چھوٹے چھوٹے ملک اور وہ بھی ایسے کہ جن کے ہاں خام اجناس تک بالکل نہ ہو یا قدر قلیل کچھ ہو تو ہو وہ ہمارے پینتیس کروڑ نفوس کے لئے ہر قسم کی اشیا مہیا کریں۔

(۱) اے حکومت کے ارباب حل و عقد اور مدبرین و لیڈران ملک عملی کام جاری کرو۔ کیا محض تجاویز سے یہ بڑھتا ہؤا خطرناک سیلاب افلاس کا رک جائیگا یا بند ہونے کی توقع ہے۔ نہیں نہیں ہرگز نہیں ملک کا افلاس یہاں تک پہنچ چکا ہے اور خود وہ اجازت دے رہا ہے کہ جمع کرو زکوٰۃ و خیرات اپنی کو ایک جگہ اور اکٹھا کرو تین دو مرم کا روپیہ پھر دیدو حاجتمندوں کو اُسمیں سے نصف (آدھا) اور بلالو استاد (پروفیسر) سائنس لندن و یورپ اور ترکی و امریکہ و جاپان سے تنخواہوں بڑی پہ داخل کرو ان کو سکولوں اور یونیورسٹیوں اپنی میں کہ تعلیم دیں طلبا کو جلدی۔

(۲) ہر قسم کی سائنس کی [illegible] جلدی سیکھو اور لعنت مفلسی کو دور کرو۔

(۳) جس وقت تک حاصل ہو تعلیم سائنس کی قبل ازیں کرو الکٹرک (برقی) قوت کو ارزاں تر نرخ کے ساتھ گاؤں و قصبوں میں پہنچاؤ کہ رفع ہو جائے تکلیف آبپاشی کی اور مشغول ہو جائیں مزید انسان ۲-۳ کروڑ باغبانی و زراعت میں کہ گنجائش بہت ہے اس کام کے لئے ملک تمہارے میں۔ ہنوز کروڑہا بیگہ اراضی بیکار پڑی ہے بسبب نہ ہونے انتظام ارزاں تر آبپاشی کے ملک تمہارے میں۔

(۴) کثرت سے ارزاں ہو جائے آبپاشی ہندوستان تمہارے میں فوراً کم ہو جائیگی بیکاری نوجوانوں ملک تمہارے کی اور دستیاب ہوگا میوہ عمدہ کثرت سے اور دودھ و گھی خالص اور گیہوں بھی۔ دور ہو جائیگی مفلسی ہندوستان تمہارے کی اور چلے جائینگے مرض دق و سل کے ملک تمہارے سے۔ جلدی کرو عمل جلدی۔

(۵) ڈرتے رہو خدا (پالنہار) اپنے سے۔ بچواور بچاؤ ملک اپنے کو بے نتیجہ اور ناحق کے جھگڑوں سے۔ اگر ہو ہوشمند۔

(۶) نیتیں رکھو خیر کی۔ کام کرو بھلے بھلے مدد کریگا خدا جلدی۔

اہلحدیث قرآن مجید میں تجارت کو خدا کا فضل فرمایا ہے۔ جن لوگوں نے اس ارشاد الٰہی پر عمل کیا ہے وہ دنیاوی فلاح پا گئے۔

علم ایک ایسا جوہر ہے کہ اس کی بابت مولانا حالی مرحوم نے ٹھیک کہا ہے ؎

اے علم کلید گنج سازی تو ہے
سرمایۂ نعمت ایازی تو ہے
آسائش دو جہاں ہے سایہ میں تیرے
دنیا کا وسیلہ دین کا ہادی تو ہے

حاجی صالح محمد صاحب نے اپنے تجارتی تجربہ کے ماتحت یہ مضمون لکھا ہے۔ ناظرین بغور پڑھیں اور موصوف اور ان کے خاندان کا شکریہ ادا کریں۔

گنجینۂ روزگار۔ بے کار اشخاص کو با روزگار بنانے کی عملی تجویزیں اور مفید معلومات۔ قیمت ۶ر۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

فلسطین کی مالی امداد

"مدینہ" کی کسی گذشتہ اشاعت میں مولانا حسین احمد دیوبندی صدر مجلس تحفظ فلسطین اور مولانا حفظ الرحمن ناظم مجلس مذکور کی ایک مشترکہ اپیل شائع ہوئی ہے۔ جس میں انہوں نے صدر مجلس دفاع فلسطین (دمشق) کے ایک تار کا حوالہ دیکر اہل ہند سے مصیبت زدگان فلسطین کی مالی امداد کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ اس اپیل کا مسلمانان ہند کی طرف سے پرجوش خیر مقدم کیا جائیگا۔ یوں تو اہل فلسطین گذشتہ دو تین سالوں سے انتہائی پریشانیوں اور مصائب میں مبتلا ہیں اور دینی رشتہ اخوت کی بنا پر انکی امداد اسلام کے نام لیواؤں پر ایک ضروری فرض ہے لیکن فلسطین کانفرنس کی ناکامی کے بعد اہل فلسطین کی مصائب میں بے انتہا اضافہ ہوگیا ہے اور اب وہ ہماری مالی اور دعائی امداد کے زیادہ مستحق ہیں۔ خدا ان کی مدد کرے۔" (مدینہ بجنور ۹۔ اپریل ۳۹ء)

صحت کے متعلق چند ضروری باتیں

(از دفتر کمشنر اصلاح دیہات پنجاب لاہور)

صحت انسان کے لئے ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ اسی لئے کہا ہے کہ تندرستی ہزار نعمت ہے۔ ایک تندرست اور تنومند آدمی سب کچھ کر سکتا ہے۔ لیکن ایک بیمار آدمی کچھ بھی نہیں کر سکتا ہے۔ اس لئے ہر فرد بشر کو اپنی صحت قائم رکھنے کے لئے کوشش کرنی چاہئے۔ پنجاب میں مندرجہ ذیل چیزیں ہیں۔ جن کی طرف توجہ نہ کرنے سے آدمی بیمار رہتے ہیں۔

(۱) ایسے پانی کا استعمال جس میں جراثیم پائے جاتے ہیں

(۲) کوڑا کرکٹ کے سنبھالنے کا صحیح طریقہ نہ استعمال کرنا۔

(۳) بیماریاں پھیلانے والے کیڑوں کو نہ مارنا۔

(۴) کم روشنی اور غیر ہوادار مکانوں میں رہنا۔

سوال یہ ہے کہ ان باتوں سے نجات کیسے مل سکتی ہے۔ اس کا جواب ذیل میں درج ہے۔ پانی ہمیشہ نل کا پینا چاہئے اور نل زمین کی پتھریلی تہ کو توڑ کر بند کیا جائے کیونکہ جو پانی وہ پتھریلی تہوں کے نیچے ہوتا ہے وہ سب سے اچھا ہوتا ہے۔

بالفرض اگر کبھی کنوؤں یا جوہڑوں کا پانی استعمال کرنا پڑے تو اُسے ابال کر پینا چاہئے۔ جس وقت موسم تبدیل ہو۔ کنوؤں میں پوٹا شیم ڈال دینی چاہئے۔ اسکی مقدار چھ اونس سے لیکر ۱۰ اونس تک ہے۔ چونکہ اس کا رنگ زمیندار دیکھ کر اعتراض کرتے ہیں۔ اس لئے ایک اور دوائی پرکلورا جو بڑی زود اثر ہوتی ہے ½ اونس سے لیکر ایک اونس تک ایک کنوئیں میں ڈالی جاسکتی ہے۔ اس کی قیمت پانچ آنے فی پونڈ ہے۔

پانی کی پہچان کے واسطے ایک مشین تیار ہوچکی ہے۔ اس میں پانی بھر کر پتہ لگایا جاسکتا ہے کہ آیا پانی اچھا ہے یا نہیں۔ اس کی قیمت ۴۵/- روپے ہے۔

ملیریا ملیریا ہمیشہ مچھر سے پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے اسکا صحیح علاج یہ ہے کہ مچھر کو مار دیا جائے اور مچھر مارنے کے لئے ضروری ہے کہ غیر ضروری گڑھے پُر کئے جائیں۔ گندی نالیوں میں مٹی کا تیل چھڑکا جائے۔ اور اگر کمرے میں مچھر پیدا ہوجائیں تو فلٹ سے مارے جاسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک انگریزی دوائی ہوتی ہے جسے PYROEIDA کہتے ہیں۔ اگر ایک حصہ دوائی میں ۱۹ حصہ مٹی کا تیل چھڑکا جائے تو بھی مچھر فوراً مرجائینگے۔

پلیگ پسوؤں سے پیدا ہوتی ہے اور پسو چوہوں سے۔ لہذا اس کے علاج کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ چوہے مارے جائیں۔ وہ اس طرح مارے جاسکتے ہیں کہ انہیں خوراک نہ دی جائے۔ کھانے پینے کا سامان رکھنے والے کمرے علیحدہ اور ایسے بنائے جائیں کہ چوہے ان میں داخل نہ ہوسکیں۔ بالفرض اگر ہو جائیں تو بھس مٹی جو کہ محکمہ حفظان صحت سے مفت مل سکتی ہے ان کے بلوں میں رکھ کر جلادی جائے چوہے مرجائینگے۔

مسلمانوں کا دور جدید اور ہندوستان کا مستقبل

ایک انگریزی کتاب کا اُردو ترجمہ۔ یعنی صدی سابقہ و حال کی اسلامی جدوجہد کا اصلی فوٹو۔ مشرق قریب میں مغربی سیاست۔ ہندوستان کے سیاسی تغیرات کی دلچسپ تحقیق قابل دید ہے۔ قیمت عہ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ایک موذی بوٹی

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

پوہلی ایک عام قسم کی بوٹی ہے جو پنجاب کے کونے کونے میں پیدا ہوتی ہے۔ یہ بوٹی فصلوں کی جانی دشمن ہے اس کی وجہ سے پیداوار کم ہو جاتی ہے اور اس طرح زمیندار کی آمدنی نصف رہ جاتی ہے۔ کئی سال سے سرکاری اور غیر سرکاری اصحاب، طلباء سکول اور بوائے اسکاؤٹ "پوہلی کے ہفتے" منا کر یہ کوشش کر رہے ہیں کہ اس بوٹی کو بالکل نیست و نابود کر دیا جائے۔ ان ہفتوں میں پوہلی کو تباہ و برباد کرنے کے علاوہ اس کے خلاف زبردست پروپیگنڈا بھی کیا جاتا ہے۔ تاکہ زمیندار اس امر سے آگاہ ہو جائیں کہ یہ بوٹی فصلوں کے لئے کس قدر نقصان دہ ہے اور ان میں اُس کے خلاف اس قدر جذبہ پیدا کر دیا جائے کہ وہ خود اس سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ ان تمام باتوں کے باوجود ابھی اس بارہ میں بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

اس کام کی اہمیت کو محسوس کر کے محکمہ زراعت نے ایک نئی سکیم کا آغاز کیا ہے۔ جس پر وہ اس سال امرتسر اور گورداسپور کے ضلعوں میں عمل کر رہا ہے۔ محکمہ مذکور پوہلی کو نیست و نابود کرنے کے لئے دیہات میں مقابلہ کرائیگا۔ ایک چیلنج کپ۔ جس کی قیمت تقریباً پچاس روپیہ ہوگی۔ ہر تحصیل میں اُس گاؤں کو دیا جائیگا۔ جس نے منصف صاحبان کی رائے میں پوہلی کو تباہ کرنے میں سب سے زیادہ کام کیا ہو۔ اور اس طرح اس موذی بوٹی سے تقریباً نجات حاصل کر لی ہو۔ ان افراد اور دیہات کو بھی انعام دئیے جائیں گے جنہوں نے اچھا کام کیا ہوگا اس مقصد کے لئے دیہات کا معائنہ یکم جون ۳۹ء کے بعد کسی وقت شروع کیا جائیگا۔ امید ہے کہ یہ مقابلہ کامیاب ثابت ہوگا۔ اور اس قسم کے مقابلے دوسرے اضلاع میں بھی منعقد کئے جائینگے۔ (لاہور اسمٰعیل)

اطلاع ناظرین خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ اور پتہ خوشخط لکھا کریں (منیجر)

خوراک اور صحت

کے متعلق بہترین ہدایات ایک کارڈ لکھ کر مفت منگالیں
نودسن کمپنی۔ محمد جان روڈ۔ ہال بازار امرتسر

خواص [illegible]

خدا کی عطا کردہ نعمت یعنی [illegible] کے فوائد طبی نقطہ نظر سے اور عام استعمال کے طریق۔ قیمت ۸؍ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

دہلی میں

عہ ۲۴

کتب خانہ رشیدیہ ہی واحد کتب خانہ ہے۔ جس میں مصر، استنبول، بیروت، شام کے علاوہ ہندوستان کے ہر خطہ کی اردو، عربی، فارسی مطبوعات کا عظیم ترین ذخیرہ ہے۔ تجربہ شرط ہے:۔

قرتاوی شرح تجرید بخاری	للعہ	کرمانی شرح بخاری ۲۵ جلد	مللعہ	تفسیر ابن کثیر طبع جدید خاص طور سے ارزاں ہوگئی ہے	عہ
حجۃ اللہ البالغہ کاغذ سفید اعلیٰ	۱؍۱۲	سیرۃ الحلبیہ	ہے		
بخاری مع حاشیہ سندی	۶؍۸	شرح سیرۃ ابن ہشام ۴ جلد عمدہ سفید کاغذ	۸؍عہ	تفسیر خازن مع معالم	؍ے
قاموس معرب اعلیٰ کاغذ	ہے			المنجد طبعہ تاسعہ	۸؍ہے
مفتاح کنوز السنہ۔ حدیث کی چودہ مشہور کتابوں میں جتنی احادیث ہیں انکی مکمل فہرست	عہ	فیض القدیر شرح جامع صغیر (المناوی) ۶ جلد مجلد	؍ صہ	تسہیل العربیہ المنجد کا اردو ترجمہ و خلاصہ ایک ہزار صفحات مجلد	للعہ
		تاج العروس شرح قاموس	؍ صہ		

نوٹ:۔ فرمائشی خط میں اپنا قریبی ریلوے اسٹیشن لکھئے۔ تاکہ کتب ریلوے سے روانہ کی جا سکیں۔ اور تقریباً ایک چوتھائی رقم پیشگی بذریعہ منی آرڈر ضرور روانہ فرمائیں۔ بلا پیشگی وصول ہوئے تعمیل نہ ہوگی۔

منیجر کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار دہلی ۲ع

مومیائی

ع ؍۲

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے .... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد عورت بچے، بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۶؍۲۔ آدھ پاؤ ۲؍۴۔ پاؤ بھر ۸؍ مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالیان برہما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک [illegible] پیشگی منی آرڈر۔ وہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی

(۴۶۹۱)

تازہ شہادتیں

جناب عبد الستار صاحب بمبئی:۔ میں نے آپکے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کر دیجئے۔ (۱۹ جنوری ۱۹۲۹ء)

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور۔ دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے اس سے قبل چند بار متعلقین کیلئے منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی۔ (۱۹ فروری ۱۹۲۹ء)

جناب راؤ عبد الجامع خان صاحب کیری۔ آپکی مومیائی کی بہت تعریف ہے اور فائدہ حد ہی ہے۔ میں نے اس سے پیشتر منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی اب ایک چھٹانک اور ارسال فرمائیں۔ (۱۳ فروری ۱۹۲۹ء)

مومیائی منگوانے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔
اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل عادات اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاء کی بادشاہت کے حالات، غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے جو ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو نہیں چاہتا۔ ضخامت [illegible] کے ۱۶۸ صفحات کتابت طباعت کاغذ اعلیٰ۔ اصل قیمت تین روپے [illegible] محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ [illegible] روپے کئے ہیں۔
پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

اکسیر ہاضمہ مفت

ع ؍۲

اکسیر ہاضمہ کا اشتہار ناظرین سالہا سال سے ملاحظہ فرما رہے ہیں۔ بے شمار حضرات اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں علاوہ ہاضمہ کے ہر مرض انسانی کا فوری اثر علاج ہے ہر پرچہ ترکیب ہمراہ ہوگا۔ اب عوام کو فائدہ پہنچانے کے لئے صرف ۳۰ اپریل تک وہ اصحاب مفت منگا سکتے ہیں جو خرچہ ڈاک پیکنگ کیلئے صرف دس آنہ بذریعہ منی آرڈر یا بذریعہ ٹکٹ بھیجیں۔ منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی۔ لاہوری گیٹ امرتسر

جدید انگلش ٹیچر

انگریزی زبان سے اگر واقفیت حاصل کرنی ہو تو کتاب منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ یہ کتاب بہت مفید ثابت ہوگی۔ جلد منگالیں قیمت عہ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بےنظیر

مشکوٰۃ مترجم ومحشی اُردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۸/۱

ان دونوں بےنظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:- مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کتب خانہ انوار الاسلام امرتسر

نور العین

(مصنفہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بےپرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بےنظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ عہ۔ (منگوانے کا پتہ)

منیجر دواخانہ نور العین مالیرکوٹلہ (پنجاب)

[illegible] مسک ٹانک

[illegible] ایمان والوں کو یقین [illegible] نظام تہذیب کے دائرے سے باہر [illegible] ہندوستان [illegible]

(پنجاب)

علمی جواہر پارے

بیان مسیح یہ سورہ آل عمران کی تفسیر ہے۔ اس میں الوہیت مسیح۔ معجزات ابن مریم اور وفات وحیات عیسیٰ علیہ السلام پر [illegible] کی ہے اور احبار ورہبان کے عقائد باطلہ کی تردید کی ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲/

برہان سورہ نور کی عالمانہ ومحققانہ تفسیر۔ امت اسلام کے لئے مکمل لائحہ عمل ہے۔ قیمت ۱۲/

صراط مستقیم اس میں سورہ انفال وتوبہ کے حقائق ومعارف کو دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے جو مسلمانوں کے لئے ایک بلند پایہ دعوت عمل ہے۔ قابل مطالعہ ہے۔ طرز بیان نہایت موزون ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۲/۸

ذکریٰ یعنی پارہ عم کی عالمانہ ومحققانہ تفسیر جس میں جزا وسزا کا مفصل ذکر کرتے ہوئے سینکڑوں علمی مسائل زیر بحث آگئے ہیں۔ اس کے مطالعہ سے دین ودنیا کی نعمتوں سے پوری واقفیت ہوتی ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۸/۱

عبرت سورہ یوسف کی تفسیر جو نصیحت آمیز اور عبرت انگیز نتائج کا مرقع ہے عجیب انداز میں لکھی ہے۔ قیمت ۱۲/

سبیل الرشاد مجلس شوریٰ کی ترتیب۔ ارکان کے انتخاب اور صدر جمہوریہ اسلام کے شرائط ولوازمات پر بحث کی گئی ہے۔ دور خلفائے راشدین کا نظام حکومت بتایا گیا ہے۔ قیمت ۱/

بصائر اس [illegible] کے تمام واقعات وحوادث کو جن کا قرآن مجید میں بیان ہے نہایت دلکش رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ قیمت ۱۲/

ہمارے رسول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مختصر حالات زندگی خصوصاً بچوں کے لئے زیادہ مفید ہے۔ اس کا مطالعہ بہت مفید ہے۔ کتابت [illegible] قیمت [illegible]

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ ۲۸

دھند۔ جالا۔ پھولا۔ ڈھلکہ۔ خارش۔ سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بےنظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اس کے استعمال کرنے سے عینک کی زحمت سے نجات پاچکے ہیں۔ بحالت صحت اس کا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی عہ۔

پتہ: کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ حکیم سٹریٹ امرتسر

سُبل السلام اٹھائیسویں پارے کی تفسیر جو حال ہی میں شائع ہوئی ہے اور اہل ذوق حضرات میں بڑی مقبول ہے۔ قیمت ۱۲/

خلفائے اربعہ آنحضرت کے چاروں خلیفوں کے حالات زندگی اور ان کے عہد حکومت کے ملکی واقعات درج ہیں۔ قیمت ۸/

چالیس حدیثیں یہ ایسی چالیس حدیثیں ہیں جو خاص طور پر بچوں کیلئے سبق آموز ہیں۔ یہ مختلف عنوانات مثلاً سادگی، استقلال، اتفاق وغیرہ کے ماتحت درج کی گئی ہیں اور ان کا ترجمہ وتشریح بھی کی گئی ہے۔ قیمت ۲/

تاریخ نجد نجد [illegible] حالات [illegible] درج ہے۔ از [illegible] مولانا حافظ محمد اسلم صاحب جیراجپوری۔ قیمت [illegible]

تاریخ القرآن اس [illegible] قرآن مجید کے ابتدائے نزول سے زمانہ حاضرہ تک کے تمام واقعات وحالات اور دلچسپ معلومات درج ہیں۔ قابل مطالعہ کتاب ہے۔ کاغذ، کتابت اعلیٰ۔ قیمت [illegible]

فاتح مصر حضرت عمرو بن عاص [illegible] رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] قیمت [illegible]

پتہ: منیجر دفتر [illegible] امرتسر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۵

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عللہ

رؤسا و جاگیرداروں سے 〃 تے

عام خریداران سے 〃 صہ

〃 〃 ششماہی ۲/۱۲

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ - - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۳۰ صفر المظفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۱ اپریل ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نغمہ وحدت اسلامیہ (نظم) - - ص۱

تجاویز پاس شدہ اہل حدیث کانفرنس - - ص۲

اہل بیت، شیعہ اور تعزیہ - - - ص۳

مرزا صاحب ذوالقرنین - - - ص۴

تردید کفارہ مسیح - - - ص۶

شان توحید (نظم) - - - ص۸

مروجہ مجالس میلاد اور جشن میلاد النبی پر تبصرہ ص۹

فتاوے ص۱۳ - متفرقات - - ص۱۴

ملکی مطلع ص۱۵ - اشتہارات ص۱۶-۲۰

جدید انگلش ٹیچر - انگریزی زبان سے اگر واقفیت حاصل کرنی ہو تو کتاب منگوائیں۔ بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ قیمت ... دفتر اہلحدیث امرتسر

نغمہ وحدت اسلامیہ

(از جناب عبدالرزاق صاحب سعید بن مسعر از بمبئی)

ہم نہ ہندی نہ ترک و افغانی — عربی ہیں نہ فارسی ہم ہیں

ہم مسلماں ہیں اوّل و آخر — حنفی ہیں نہ شافعی ہم ہیں

فرقہ بندی کے ہم نہیں قائل — مسلم و پیروِ نبی ہم ہیں

ہمیں کافی خطاب مومن ہے — دین و ملت کی چاشنی ہم ہیں

واسطہ کیا ہمیں فرنگی سے — مشرقی ہیں نہ مغربی ہم ہیں

یہ حدود و ثغور لاحاصل — کب پرستارِ آذری ہم ہیں

ہمیں توحید جان و دل سے عزیز — سرورِ دیں کے امتی ہم ہیں

ہمیں دین حنیف پیارا ہے

خاکِ پا اُن کے راہ کی ہم ہیں

ضروری اطلاع: جن اصحاب کی قیمت ماہ اپریل میں ختم ہے اگر ان کی طرف سے ۲۷ اپریل تک قیمت موصول ...

تجاویز

پاس کردہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس منعقدہ ۷-۸-۹ اپریل ۱۹۳۹ء

بمقام فتح گڈھ چوڑیاں ضلع گورداسپور

(۱) آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا یہ اجلاس قاتلانہ حملہ کی سخت نفرت وحقارت سے مذمت کرتا ہے جو ۴ نومبر ۱۹۳۸ء کو آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے جنرل سیکرٹری حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری پر ہوا جس میں فاضل سشن جج نے مجرم قمر بیگ کو زیر دفعہ ۳۰۷ جرم اقدام قتل میں سزا دیتے ہوئے یہ ریمارک کیا کہ ملزم کو اس جرم کیلئے مولانا ثناء اللہ صاحب اور ان کی جماعت کے مخالفین نے گمراہ کیا ہے۔ مولانا ممدوح اور جماعت اہل حدیث کا شروع سے خیال تھا کہ ملزم کو اس حملہ کے لئے گمراہ کیا گیا ہے۔ اس میں اصل ابھارنے والوں کی تفتیش ہونی چاہئے۔ اس فیصلہ کے بعد جماعت اہل حدیث کو حق پہنچتا ہے کہ حکومت پنجاب کو توجہ دلائے کہ اس معاملے کے متعلق خاص تحقیقات کیلئے کسی غیر جانبدار افسر کو مقرر کرے تاکہ آئندہ ایسے سازشی حملوں کا انسداد ہو۔" محرک:- مولوی عبداللہ ثانی امرتسری

مؤید:- مولوی اسماعیل گوجرانوالیہ۔

(۲) آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا یہ اجلاس حکومت پنجاب کو اس امر کی طرف متوجہ کرتا ہے کہ مسکرات کی عموماً اور شراب کی خصوصاً قطعی امتناع کے متعلق پنجاب میں جلد از جلد کارروائی کی جائے۔ اور یہ اجلاس پنجاب اسمبلی کے ممبروں کو عموماً اور مسلمان ممبروں سے خصوصاً پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ حکومت کو شراب کی بندش پر عملی کارروائی کرنے کے لئے مجبور کریں۔" محرک:- مولانا ثناء اللہ امرتسری

مؤید:- مولوی ابو مسعود خان قمر بنارسی

(۳) یہ اجلاس ریاست حیدرآباد کے خلاف آریہ سماج کی ایجی ٹیشن پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ اور یہ رائے رکھتا ہے کہ آریہ سماج کی موجودہ تحریک بدترین قسم کی فرقہ وارانہ ذہنیت پر مبنی ہے اور ایسی حالت میں جبکہ سیاسی جماعتیں ریاستوں میں اصلاحات کے مسئلے کو اپنے ہاتھ میں لے رہی ہیں۔ آریہ سماج کا اس فرقہ وارانہ تحریک کو جاری رکھنا سوائے اس کے کہ باشندگان ریاست حیدرآباد کو جمہوری نظام سے محروم رکھے اور کوئی نتیجہ نہیں اور یہ محسوس کرتا ہے کہ آریہ سماج کی موجودہ روش ایسے وقت میں جبکہ ہندوستان کی فضا کو مکدر ہو رہی ہے اس قسم کی تحریک سے اور زیادہ خراب کریگی۔" محرک:- مولوی عبداللہ ثانی امرتسری۔ مؤید:- مولوی اسماعیل گوجرانوالیہ۔

(۴) یہ اجلاس ان مظالم کو جو اعراب فلسطین کے خلاف حکومت برطانیہ کی طرف سے عمل میں لائے جا رہے ہیں سخت نفرت اور حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ کیونکہ فلسطین کا علاقہ انجمن اقوام کی طرف سے بطور امانت اس غرض سے دیا گیا تھا کہ اس کا حسن انتظام کرکے اس قابل بنا دیا جائے کہ وہ جلد از جلد اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر خود مختار ہو جائیں ایسے صریح وعدہ کے خلاف یہودیوں کے ہاتھ فلسطین کو دینے کی تمہید رکھنا تمام دنیائے اسلام کے غیظ وغضب کو برانگیختہ کرنا ہے۔ اور یہ جلسہ رائے رکھتا ہے کہ حکومت برطانیہ نے مسلمان ممالک کے خلاف عموماً اور فلسطین کے خلاف خصوصاً بدعہدی کا ارتکاب کیا ہے۔" محرک:- مولوی اسماعیل گوجرانوالیہ۔ مؤید:- مولوی عبدالمجید ایڈیٹر "مسلمان" لاہور

(۵) یہ اجلاس افراد اہل حدیث کو بڑی تاکید سے توجہ دلاتا ہے کہ اپنے مقامات میں جماعتیں قائم کریں اور زیادہ سے زیادہ تعاون سے کام لیں۔" محرک:- صدارت

(۶) یہ اجلاس ہز ہائینس رتلام اور ان کی کونسل سے استدعا کرتا ہے کہ جماعت اہل حدیث رتلام کو وہ تمام حقوق دیئے جائیں جو دوسرے مسلمانوں کو مساجد میں حاصل ہیں تاکہ وہ اپنے عقیدہ کے مطابق آمین بالجہر اور رفع یدین وغیرہ پر عمل کرکے بے خوف وخطر نماز ادا کرسکیں۔ خصوصاً جبکہ ہندوستان کی تمام ہائیکورٹوں اور پریوی کونسل میں جماعت اہل حدیث کا یہ حق تسلیم کیا گیا ہے۔" محرک:- مولوی عبدالوکیل دہلوی

مؤید:- حاجی بشیر الدین دہلوی۔

(۷) یہ اجلاس حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ مولوی فضل الدین صاحب وزیرآبادی کو واپس ہندوستان آنے کی اجازت دی جائے۔ کیونکہ ہندوستان میں دستوری اصلاحات کے نفاذ کے بعد بہت سے جلاوطن جو تشدد کے حامی تھے واپس بلالئے گئے ہیں اور مرکزی حکومت نے بھی مولوی فضل الدین موصوف کی واپسی پر اپنی رضامندی کا اظہار کر دیا ہے۔" محرک:- مولوی اسماعیل گوجرانوالیہ۔ مؤید:- مولوی محمد داؤد غزنوی۔

(۸) (۱) بیوگان بلوچ اقوام ڈیرہ غازی خان کو اپنی رضامندی سے نکاح ثانی کرنے کی اجازت نہیں بلکہ وہ متوفی خاوند کی جائداد تصور ہوتی ہیں اگر وہ نکاح کرلیں تو سینکڑوں روپیہ بطور تاوان نکاح کرنے والے کیلئے متوفی خاوند کے ورثاء کو دلائے جاتے ہیں جس سے اکثر بیوگان نکاح ثانی سے محروم رہ جاتی ہیں۔ (۲) جرم سیاہ کاری ریگولیشن سرحدی کے دوران مقدمہ میں عورتوں کو نیم قیدیوں کی طرح سالہا تمندار کے زیر انتظام رکھا جاتا ہے بعد اختتام مقدمہ ان عورتوں کو اپنی قوم میں نکاح کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی ان کو ذاتی وطن سے بھی خارج کیا جاتا ہے۔

یہ اجلاس حکومت پنجاب کو توجہ دلاتا ہے کہ یہ ہر دو فعل شرع محمدی کے صریحاً خلاف ہیں ان کا بھی انسداد کیا جاوے۔ محرک:- حکیم عبدالخالق ڈیروی۔ مؤید:- مولوی عبدالمجید ایڈیٹر "مسلمان" لاہور۔

(۹) آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا یہ اجلاس حضرت مولانا عبدالنور صاحب مظفرپوری۔ مولانا محمد یوسف صاحب شمس فیض آبادی اور جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب دہلوی کی وفات حسرت آیات پر اظہار افسوس کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ مرحومین کو اللہ تعالیٰ جوار رحمت میں جگہ مرحمت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔" محرک:- سید عبدالحفیظ صاحب جھنگوی۔

مؤید:- حاجی بشیر الدین دہلوی۔

مرسلہ

سیکرٹری استقبالیہ کمیٹی فتح گڈھ چوڑیاں

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۳۰- صفر المظفر ۱۳۵۸ھ

اہلحدیث، شیعہ اور تعزیہ

شیعہ کمیشن سے کیوں گھبرائے؟

"اہلحدیث" ۱۰- مارچ میں ہم نے ملک میں امن و امان قائم رکھنے کی ایک تجویز گورنمنٹ کے حضور پیش کی تھی جو نہایت انصاف پر مبنی تھی۔ جس سے ملک میں امن و امان ہو جاتا۔ مگر جن لوگوں کو ملک میں امن امان رکھنا پسند نہیں ہے وہ ہر طرح سے مخالفت کرتے رہیں گے۔ چنانچہ اخبار "شیعہ" لاہور ہماری پیش کردہ تجویز پر بہت خفا ہوا۔ اور اس نے اس خفگی میں ہمیں بہت سی صلواتیں سنائیں جو بڑی مزیدار ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ناظرین بھی ان میں شریک ہو جائیں۔ ان کو غور کرنے کا موقع ملے کہ حق بجانب کس کے ہے۔ اس لئے ہم شیعہ کا مضمون اس کے اپنے الفاظ میں نقل کرتے ہیں۔ جو یہ ہے:-

"**اہلحدیث کا حکومت کو مشورہ** | ایڈیٹر "اہلحدیث" بھی ان علماء میں سے ہیں جنہوں نے قتل امام حسین علیہ السلام کا فتویٰ دیکر یزید سے انعام حاصل کیا تھا۔[1] اس کا ثبوت یہ ہے کہ مولوی ثناء اللہ صاحب ہمیشہ معاویہ اور یزید کی مدح سرائی کرتے ہیں اور امام حسینؑ کی تعزیہ داری کی مخالفت۔ چنانچہ اہلحدیث گذشتہ ہفتہ کی اشاعت میں حکومت کو مشورہ دیتا ہے کہ چونکہ محرم میں فسادات ہوتے ہیں اس لئے محرم کے جلوس بند کر دیئے جائیں۔[2] اور اس کے لئے جو تجویز پیش کی ہے وہ نہایت مضحکہ خیز ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ "تعزیہ سازی" کا حکم معلوم کرنے کے لئے علماء اسلام کی ایک مجلس مشاورت بٹھائی جائے۔ جس میں مندرجہ ذیل جماعتوں کے نمائندے شریک ہوں۔ ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ جمعیۃ العلماء دہلی۔ اہل حدیث کانفرنس دہلی آل انڈیا شیعہ کانفرنس۔ مدرسہ دیوبند۔ انجمن حمایت اسلام لاہور۔ ان سب اداروں کے ارکان اس مسئلہ پر غور کریں کہ تعزیہ سازی اسلام میں ضروری ہے یا نہیں۔ اگر یہ امر بالاتفاق طے ہو جائے کہ ضروری اور جائز نہیں تو بس قصہ ختم۔

سچ ہے کہ جب انسان کی عمر ساٹھ[3] سے اوپر ہو جاتی ہے تو اس کا دماغی توازن قائم نہیں رہتا۔ اور وہ ایسی باتیں کرنے لگتا ہے کہ جسے سن کر لوگ ہنس دیتے ہیں۔ غالباً "اہلحدیث" نے اس تجویز پیش کرنے میں غلطی کھائی ہے۔ اس مجلس مشاورت میں شیعہ کانفرنس کے نمائندے کی کیا ضرورت ہے باقی جماعتوں کے خیالات اور ان کا فیصلہ معلوم۔ لہٰذا تعزیہ داری بند۔ سبحان اللہ! کیسی اچھی تجویز ہے۔ —— اسی طرح اگر ہم یہ تجویز کریں کہ جماعت اہل حدیث منطقی ہے یا نہیں؟ (اہلحدیث)

---

[1] جناب آپ بھول گئے ہیں یزید سے انعام ان لوگوں نے لیا ہو گا جنہوں نے امام حسینؓ کو امیر معاویہ سے صلح کرنے پر دعا دیکر متصل تیس لیا تھا۔ (کشف الغمہ فارسی ترجمہ)

[2] نہیں جناب! ہم نے جلوس بند کرنے کو نہیں کہا بلکہ اس معاملہ کو کمیشن کی رائے پر چھوڑا ہے۔ ہم نے خود بند کرنے کا فتویٰ نہیں دیا۔ (اہلحدیث)

[3] جناب والا! ائمہ اہل بیت کی عمریں تو ہم نہیں پوچھتے ہاں اتنا بتا دیجئے کہ لاہور کے مجتہد مولوی ابو القاسم صاحب کی عمر کتنی ہوئی تھی اور ان کے جانشین مولوی سید علی الحائری صاحب کی عمر کتنی ہے۔ ہاں ہاں لکھنؤ کے علمائے شیعہ کی عمریں بھی بتائیے۔ اگر آپ کو معلوم نہ ہو تو ان سے پوچھ لیجئے اور یہ بھی بتائیے کہ آپ کی یہ رائے ان پر بھی

[4] "شیعہ" کے فاضل ایڈیٹر اپنا انجام خود ہی سمجھ گئے کہ کمیشن بالاتفاق تعزیہ داری کو مذہبی رسم نہیں قرار دیگا مگر یہ خیال اس بنا پر مبنی ہے کہ شیعہ کی نمائندگی اس میں کم ہو گی تو ہم اس ترمیم کے ماننے کو بھی تیار ہیں کہ شیعہ کی نمائندگی مجموعہ ممبران کے نصف سے بھی زیادہ کر دی جائے۔ مگر

توحید اور رسالت کے متعلق جو ملحدانہ خیالات ہیں جس سے تمام فرقہ اسلامی بیزار ہیں اور جس کے باعث اہل حدیثوں اور حنفیوں میں ہمیشہ جنگ و جدل رہتا ہے۔ اور زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ حنفیوں نے سردار اہل حدیث پر قاتلانہ حملہ بھی کر دیا تھا۔ لہٰذا اس جھگڑے کو مٹانے کے لئے تمام شیعہ سنی اداروں کے نمائندوں کو بلایا جائے تو کیا مفتی صاحب اہلحدیث ... فرمائے ہوئے آیندہ سے ملحدانہ خیالات سے توبہ کریں گے ۵

ہمارے خیال میں مدیر اہلحدیث نے تعزیہ داری کو بند کرنے کے متعلق جو خیالات پیش فرمائے ہیں وہ آبائی اثرات کے ماتحت ہیں لہٰذا وہ مجبور ہیں۔ اصل میں حقیقت یہ ہے کہ سردار اہلحدیث یہی سمجھ رہے ہیں کہ یہ بھی معاویہ شاہی دور ہے۔ اور امام حسینؓ کی مخالفت ... تمام ملنگا۔ جبھی تو ۱۳ سو سال کے بعد مجلس شہادت ... کی یاد تازہ کیا جا رہا ہے۔ ع
... استاد کیوں کیسی کہی "

(شیعہ لاہور ۱۴ مارچ ۱۹۳۹ء)

قادیانی مشن

مرزا صاحب ذوالقرنین

مرزا صاحب قادیانی کا دعویٰ بہت بڑا وسیع تھا جس کو انہوں نے ایک شعر میں یوں ظاہر کیا ہے ؎

میں کبھی آدم کبھی موسےٰ کبھی یعقوبؑ ہوں
نیز ابراہیمؑ ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار

مگر ناظرین نے شاید یہ نہ سنا ہوگا کہ مرزا صاحب جملہ انبیاء کے کمالات کا مجموعہ ہونے کے علاوہ بڑے بڑے بادشاہوں کے اوصاف سے موصوف بھی تھے۔

دنیا میں بڑا بادشاہ ذوالقرنین ہوا ہے۔ جس کا ذکر قرآن شریف میں بھی آیا ہے۔ مرزا صاحب نے اس نام پر بھی اپنا قبضہ جمایا۔ کیونکہ آپ کا دعویٰ تھا ؎

آدمم نیز احمد مختار ۔ در برم جامۂ ہمہ ابرار
(درثمین)

یعنی میں (مرزا) تمام نیک لوگوں کے اوصاف سے متصف ہو کر آیا ہوں۔ ان میں ایک ذوالقرنین بھی ہے۔ ۱۹ فروری سنہ رواں کے "الفضل" میں ایک مفصل نوٹ شائع ہوا ہے۔ جس کا مختصر مضمون یہ ہے کہ

ذوالقرنین کا قصہ مسیح موعود (مرزا صاحب) کے زمانے کے لئے ایک پیشگوئی اپنے اندر رکھتا ہے۔

پھر ذوالقرنین کے سفر مغرب و مشرق کو مرزا صاحب پر چسپاں کیا ہے۔

یہ دعویٰ دراصل مرزا صاحب کی کتاب (براہین احمدیہ حصہ پنجم) سے اخذ کیا گیا ہے۔ جسکے الفاظ یہ ہیں :-

"اسی طرح خدا تعالےٰ نے میرا نام ذوالقرنین بھی رکھا کیونکہ خدا تعالیٰ کی میری نسبت یہ وحی مقدس کہ جری اللہ فی حلل الانبیاء۔ جس کے یہ معنی ہیں کہ خدا کا رسول تمام نبیوں کے پیرایوں میں۔ یہ چاہتی ہے کہ مجھ میں ذوالقرنین کے بھی صفات ہوں کیونکہ سورہ کہف سے ثابت ہے کہ ذوالقرنین بھی صاحب وحی تھا۔ خدا تعالیٰ نے اس کی نسبت فرمایا ہے قلنا یاذاالقرنین۔ پس اس وحی الٰہی کی رو سے کہ جری اللہ فی حلل الانبیاء۔ اس امت کیلئے ذوالقرنین میں ہوں اور قرآن شریف میں مثالی طور پر میری نسبت پیشگوئی موجود ہے۔ مگر اُن کے لئے جو فراست رکھتے ہیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ذوالقرنین وہ ہوتا ہے جو دو صدیوں کو پانے والا ہو۔ اور میری نسبت یہ عجیب بات ہے کہ اس زمانہ کے لوگوں نے جس قدر اپنے طور پر صدیوں کی تقسیم کر رکھی ہے۔ ان تمام تقسیموں کے لحاظ سے جب دیکھا جائے تو ظاہر ہوگا کہ میں نے ہر ایک قوم کی دو صدیوں کو

(بقیہ حاشیہ از صفحہ ۳)

بحث میں سند کتب معتبرہ سے پیش ہو۔ لیجئے صاحب! اب تو شکایت نہ ہونی چاہئے۔ آپ کا یہ خوف بھی دور کئے دیتے ہیں کہ ہم بذات خود اس میں نمائندہ اہل حدیث نہیں ہونگے بلکہ آپ کی منظوری کے بعد ملک عبدالعزیز صاحب ملتانی کو جماعت اہل حدیث کا نمائندہ اور مولوی عبدالشکور صاحب لکھنوی کو جماعت حنفیہ کا نمائندہ پیش کر دیجئے اور شیعہ کے تین ممبر ہونگے۔ یہ مجموعہ پنچ تن ہو جائیگا۔ ہم آپ کی خاطر یہ بھی مان لیں گے کہ مقام کمیشن لکھنو یا لاہور۔ بس اب تو آپ کو کمیشن کی منظوری میں عذر نہیں ہونا چاہئے۔ (اہلحدیث)

۵ یقیناً ہم آپ کی اس تجویز کو منظور کرتے ہیں بیشک آپ ہمارے حنفی بہادران کے ساتھ ملکر کمیشن میں آئیں اور فیصلہ کرائیں۔ شرط صرف اتنی ہے کہ کتب معتبرہ سے سند پیش کی جائے۔ ہم اسی روز کو روز عید سے زیادہ خوشی کا دن سمجھیں گے جس روز آپکا کمیشن ہمارے عقائد کی تحقیق کرنے کی تکلیف فرمائیگا۔ آپ ضرور کمیشن مقرر کرائیے گورنمنٹ اگر منظور نہ کرے تو آپ اپنی آل انڈیا شیعہ کانفرنس سے منظوری حاصل کر کے ہمیں اطلاع دیجئے ہم بھی جمعیت تبلیغ اہل حدیث پنجاب یا آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس سے منظوری لیکر آپ کو اطلاع دینگے۔ بس اب دیر نہ کیجئے گا تاکہ آئے دن کے فسادات بند ہو جائیں اور ملک میں امن و امان قائم ہو جائے۔ ہم اس کمیشن کے لئے ابھی سے چشم براہ ہیں۔ (اہلحدیث)

۶ نہیں جناب۔ امام حسینؓ کی مخالفت میں نہیں بلکہ رسوم تعزیہ کی مخالفت میں ... ہے۔ یہ آپ کی خوش فہمی ہے کہ آپ ... کو ایک سمجھ بیٹھے ہیں ... جب اہل بیت ... حرام ہے ...
(اہلحدیث)

پالیا ہے۔" (براہین احمدیہ حصہ پنجم صفحہ ۹۰)

اہلحدیث | مرزا صاحب کے اس دعوے کی تشریح قادیان کے خلیفہ اول حکیم نور الدین صاحب نے یوں کی ہے کہ :-

اب ہم اپنے عہد مبارک میں جو دیکھتے ہیں تو اسمیں ایک امام ہمام اور مہدی آخر الزماں جیسے جو دوران کو پاتے ہیں کہ وہ بلحاظ اس معنے قرن کے جس میں سو برس قرن کے معنے لئے گئے ہیں ذوالقرنین ہے جیسے ہمارے نقشہ سے ظاہر ہے اور اس قدر دونو صدیوں کو اس ذوالقرنین نے لیا ہے کہ ایک سعادت مند کو اعتراض کا موقع نہیں رہتا بلکہ حیرت اور یقین ہوتا ہے کہ یہ کیسی آیۃ بینہ ہے اور دلیل نیرہ اس امام کے لئے ہے۔ اور اس ذوالقرنین نے بھی نہایت مستحکم دیوار دعاؤں اور حجج و دلائل نیرہ کی بلکہ یوں کہیں کہ مسئلہ وفات مسیح اور ابطال الوہیت مسیح کی بنادی ہے کہ اب ممکن ہی نہیں یاجوج ماجوج ہماری جنت اسلام پر حملہ کر سکے اور کبھی اس میں داخل ہو سکے۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء عن الاسلام والمسلمین۔ سعدی نے مال و زر کو بھی سد بنایا تھا مگر وہ سد کیا سد تھی جیسے سعدی علیہ الرحمۃ نے کہا ہے

ترا سد یاجوج کفر از زر است

سن پیدائش حضرت صاحب مسیح موعود و مہدی مسعود ۱۸۳۹ء

عمر حضرت صاحب	سنہ عیسوی	کس سنہ کی ایک صدی کا اختتام اور دوسری کا آغاز ہوا
۱	۱۸۴۰ء	۵۶۰۰ سنہ یہود
۸	۱۸۴۷ء	۲۶۰۰ سنہ رومی
۹	۱۸۴۸ء	۱۹۰۰ سنہ بکری
۱۳	۱۸۵۲ء	۱۹۰۰ سنہ عیسوی انطاکیہ
۱۴	۱۸۵۳ء	۲۶۰۰ سنہ بخت نصر
۱۹	۱۸۵۸ء	۱۹۰۰ سنہ جولین عیسوی
۲۳	۱۸۶۲ء	۱۹۰۰ سنہ ہسپانی
۲۷	۱۸۶۶ء	۱۸۰۰ سنہ بکماجیز
۲۹	۱۸۶۸ء	۲۳۰۰ سنہ مثانک سائیکل
۳۱	۱۸۷۰ء	۱۹۰۰ سنہ ایکشن
۳۴	۱۸۷۳ء	۱۹۰۰ سنہ اکتیسی
۳۶	۱۸۷۵ء	۲۰۰۰ سنہ صوریہ
۴۰	۱۸۷۹ء	۱۸۰۰ سنہ تباہی یروشلم
۴۳	۱۸۸۲ء	۱۳۰۰ سنہ ہجری علی صاحبہا التحیۃ والسلام
۴۵	۱۸۸۴ء	۱۶۰۰ سنہ ڈایوکلیشن
۴۶	۱۸۸۵ء	۲۹۰۰ سنہ ابراہیمی
۴۸	۱۸۸۷ء	۶۶۰۰ سنہ جولین
۴۹	۱۸۸۸ء	۲۲۰۰ سنہ مقدونی
۵۱	۱۸۹۰ء	۲۰۰۰ سنہ صدونیہ
۵۳	۱۸۹۲ء	۵۹۰۰ سنہ منڈین
۵۳	۱۸۹۲ء	۴۷۰۰ سنہ قسطنطنیہ ملکی
۵۵	۱۸۹۴ء	۱۳۰۰ سنہ فصلی
۵۶	۱۸۹۵ء	۱۶۰۰ سنہ صعودی
۵۹	۱۸۹۸ء	۴۷۰۰ سنہ سکندری
۶۱	۱۹۰۰ء	۱۹۰۰ سنہ عیسوی
۶۳	۱۹۰۲ء	۷۵۰۰ سنہ یونانی منڈین
۶۹	۱۹۰۸ء	۴۷۰۰ سنہ انطاکیہ مذہبی

(کتاب نور الدین صفحہ ۱۷۰ و صفحہ ۱۷۱)

ناظرین! | آپ لوگ سمجھے ہونگے کہ ذوالقرنین ہونے کے مدعی کو شاہی لباس میں جلوہ نما ہونا چاہئے تھا مگر یہاں معاملہ دگرگوں ہے۔ قادیانی تمثلات بالکل مخصوص ہوتے ہیں۔ آخر آپ نے یہ بھی سنا ہوگا کہ مرزا صاحب نے خواب میں دیکھا تھا کہ میں اللہ ہوں پھر میں نے آسمان زمین بنایا۔" (آئینہ کمالات اسلام)

اس عظیم الشان خواب کا نتیجہ کیا ظاہر ہوا؟ یہی نا کہ حقیقی خالق ارض و سما کے حکم کے ماتحت دنیا سے رخصت ہو گئے اور دنیا کو یہ کہنے کا موقع دیا ؎

تھے دو گھڑی سے شیخ جی شیخی بگھارتے
وہ ساری انکی شیخی جھڑ گئی دو گھڑی کے بعد

سد سکندری | مرزا صاحب چونکہ اپنے زعم میں ذوالقرنین بنے ہوئے تھے اور ذوالقرنین کا بڑا کارنامہ یہ تھا کہ اس نے دو پہاڑوں کے درمیان ایک بلند دیوار کھڑی کی تھی۔

اب سوال ہوتا تھا کہ وہ کونسی دیوار ہے جو مرزا صاحب نے بنائی اور یاجوج ماجوج کون لوگ ہیں۔ اس کے متعلق "الفضل" قادیان کے الفاظ قابل دید و شنید ہیں۔ جن کو پڑھ کر ناظرین اس نتیجہ پر باآسانی پہنچ سکتے ہیں کہ شیخ چلی گو خود مر گیا لیکن اپنے اثر یافتہ شاگرد ضرور چھوڑ گیا۔ اس کی تصدیق "الفضل" کے بیان ذیل سے ہوتی ہے :-

"پھر ذوالقرنین یعنی مسیح موعود (مرزا صاحب) ایک اور سامان کے پیچھے پڑیگا۔ اور جب وہ ایک ایسے موقع پر پہنچے گا۔ یعنی جب وہ ایک ایسا نازک زمانہ پائیگا۔ جس کو بین السدین کہنا چاہئے۔ یعنی دو پہاڑوں کے بیچ مطلب یہ کہ ایسا وقت پائیگا۔ جبکہ دو طرفہ خوف میں لوگ پڑے ہونگے اور ضلالت کی طاقت حکومت کی طاقت کے ساتھ مل کر ایک خوفناک نظارہ دکھائیگی تو ان دونو طاقتوں کے ماتحت ایک قوم کو پائیگا۔ اور یہ تیسری قوم ہے جو مسیح موعود (مرزا صاحب) کی ہدایات سے فیضیاب ہونگے تب وہ اس کو کہیں گے کہ اے ذوالقرنین یاجوج اور ماجوج نے زمین پر فساد مچا رکھا ہے۔ پس اگر آپ کی مرضی ہو تو ہم آپ کے لئے چندہ جمع کر دیں۔ تا آپ ہم میں اور ان میں کوئی روک بنا دیں۔ وہ جواب میں کہیگا کہ جس بات پر مجھے خدا نے قدرت بخشی ہے۔ وہ تمہارے چندوں سے بہتر ہے۔ ہاں اگر تم نے کچھ مدد کرنی ہو تو اپنی طاقت کے موافق کرو تا میں تم میں اور ان میں ایک دیوار کھینچ دوں۔ یعنی ایسے طور پر اس پر حجت پوری کروں کہ وہ کوئی طعن و تشنیع اور اعتراض کا تم پر حملہ نہ کر سکیں لوہے کی سلیں مجھے لا دو تا آمد و رفت کی راہوں کو بند کیا جائے یعنی اپنے تئیں میری تعلیم اور دلائل پر مضبوطی سے قائم کرو۔ اور پوری استقامت اختیار کرو۔ اور اس طرح پر خود لوہے کی سل بن کر مخالفانہ حملوں کو روکو اور پھر سلوں میں آگ پھونکو جب تک

[illegible]

وہ خود آگ بن جائیں یعنی محبت الٰہی اس قدر اپنے اندر بھڑکاؤ کہ خود الٰہی رنگ اختیار کرو۔

پھر آیات متذکرہ بالا کے بعد اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ ذوالقرنین یعنی مسیح موعود اس قوم کو جو یاجوج ماجوج سے ڈرتی ہے کہے گا کہ مجھے تانبا لا دو کہ میں اس کو پگھلا کر اس دیوار پر انڈیل دونگا۔ پھر اس کے یاجوج ماجوج طاقت نہیں رکھیں گے کہ ایسی دیوار پر چڑھ سکیں یا اس میں سوراخ کرسکیں۔"

(الفضل ۱۹۔ فروری ۱۹۳۹ء ص ۵)

اہلحدیث | ایسی تفسیر اور ایسے استدلال کا جواب کون دیگا جو ہماری سمجھ میں تو کیا خود قرآن لانے والے فرشتے (جبرئیل) کی سمجھ میں بھی نہ آسکتا ہو۔ بہرحال ہم جو سمجھے ہیں وہ یہ ہے کہ مرزا صاحب (قادیانی ذوالقرنین) نے دلائل قاہرہ کی ایک دیوار قائم کردی ہے جسکی وجہ سے یاجوج ماجوج یعنی کفار اسلام کے ملک پر حملہ نہیں کر سکتے اس میں شک نہیں کہ یاجوج ماجوج مرزا صاحب کی اصطلاح میں برطانیہ اور روس ہیں (حمامۃ البشریٰ) برطانیہ نے بحیثیت حکومت تو کبھی اسلام پر حملہ نہیں کیا۔ البتہ مذہبی حیثیت سے اس کے پادریوں نے اسلام پر کئی حملے کئے اور اب تک برابر کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر لاہور کے عیسائی رسالے (المائدہ اور اخوت) ملاحظہ ہوں۔ جن کے جواب پر قادیانی اخبارات متوجہ نہیں ہوتے۔

پادری سلطان محمد نے تفسیر القرآن لکھی تو حملے کی صورت میں لکھی۔ پادری علی بخش نے تفسیر لکھی تو حملے کی شکل میں لکھی۔ پادری عبدالحق اسلامی توحید پر برابر حملے کرتا رہتا ہے۔ کہاں تک شمار کریں۔ کسی ہندوستانی سے مخفی نہیں کہ آئے دن عیسائیوں کی طرف سے اسلام پر حملے ہوتے ہیں۔ مگر قادیانی پریس کے کانوں پر جوں بھی نہیں رینگتی۔

شاید وہ یہ جواب دیں کہ عیسائیوں کے اعتراضات غیر معقول ہوتے ہیں تو کیا مرزا صاحب کے دیوار بنانے سے پہلے وہ اعتراضات معقول ہوتے تھے۔ وہی توحید و تثلیث کا مقابلہ جو نزول قرآن کے وقت تھا وہ اب بھی ہے پھر معقولیت میں فرق کیونکر آگیا؟ بہرحال مرزا صاحب کی مسیحیت اور ذوالقرنینیت کا نقشہ استاد غالب کے شعر میں یوں دکھایا جاسکتا ہے ؎

خوب دیکھی ہے مسیحیت کی حقیقت لیکن
دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

نتیجہ صحیحہ | رسالہ نورالدین کی مندرجہ بالا تصریحات کو ناظرین ایک نظر پھر دیکھیں تو ۱۹۰۸ء میں مرزا صاحب کی عمر انہتر (۶۹) سال پائینگے جو مرزا صاحب کے بیان اور حکیم صاحب کی تصریح کے مطابق ناقابل تردید ہے حالانکہ آپ نے ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص ۹۷ پر اپنی عمر کی بابت الہام شائع کیا ہؤا ہے کہ میری عمر کم سے کم ۷۴ سال ہوگی پھر آپ پانچ سال پہلے کیوں تشریف لے گئے؟ اسکی بابت ہم جو جواب دینگے وہ وجدانی ہوگا۔ ممکن ہے کہ کوئی صاحب اس کو نہ مانیں۔ اس لئے نہ ماننے والوں کو اس سے بہتر جواب دینا چاہئے۔

وجدانی جواب | یہ ہے کہ مرزا صاحب نے جب آخری فیصلے کا اشتہار شائع کیا اور اس میں دعا کی کہ "ہم دونوں (مرزا۔ ثناء اللہ) میں سے جھوٹا پہلے مرے" تو اس دعا کی قبولیت خدا کی طرف سے مرزا صاحب کو ایک الہام کے ذریعہ سے پہنچ گئی تھی۔ جو یہ ہے:۔

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ (میں نے تیری دعا قبول کرلی)

اس پر مرزا صاحب کو خیال ہؤا ہوگا کہ ایسا نہ ہو کہ ثناء اللہ مجھ سے پہلے مرجائے اور میری یہ دعا بے اثر ہوجائے لہذا انہوں نے اپنی دعا اور الہام خداوندی کو صحیح ثابت کرنے کے لئے

من نہ کردم شما حذر بکنید

کہتے ہوئے دنیا سے رحلت فرمائی۔ ع

واحسرتا یاران من تنہا مرا بگذاشتند

تردید کفارہ مسیح

(بقلم مولوی عبدالرؤف صاحب از جھنڈے نگر ضلع بستی)

(۴)

بے خطا کو ہولناک سزا دینی عقلاً و نقلاً درست نہیں

یسوع مسیح کو عیسائی گروہ نہایت پاک باز، بے گناہ اور معصوم ہستی قرار دیتا ہے۔ باوجود بے گناہی کے اس کا معتقد ہے کہ مسیح کو آسمانی باپ نے سولی پر چڑھا دیا تو جواب ملتا ہے کہ گناہگار انسانوں کو سزا سے بچانے کیلئے یہ خلاصہ ہے اُس اعتقاد کا جو مسیحی یسوع مسیح کی نسبت رکھتے ہیں۔ اب ہم اس کی تردید کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو خروج باب ۳۴ نقرہ ۶ و ۷ میں مذکور ہے:۔

"خداوند خدا رحیم اور مہربان ہے اور قہر کرنے میں دھیما اور شفقت اور وفا میں غنی اور ہزار پشتوں تک فضل رکھنے والا ہے۔ گناہ اور خطا اور تقصیر کا بخشنے والا ہے۔"

پس جب وہ ایسا رحیم اور شفیق ہے کہ صرف اصل مجرم کے گناہ کو معاف کرتا ہے بلکہ اس کی نسل کے ہزار پشت تک کے لئے اپنا فضل کرتا ہے تو بھلا ایسے خدا کی طرف یہ نسبت کرنی کہاں تک درست مانی جاسکتی ہے کہ وہ غیر مجرم کو سولی پر چڑھا دینے کو اپنے انصاف اور رحم کا ناگریز طریقہ اور اسے لاجواب نسخہ سمجھے گا۔

دوسرا حوالہ:۔

"لعنت اس پر جو بے گناہ کو قتل کرنے کے لئے انعام لے اور سب لوگ کہیں آمین۔"

(استثنا ۲۷/۲۵)

اس سے معلوم ہؤا کہ بے گناہ کو قتل کرنا یا سولی دینا باعث لعنت ہے۔ تو بس وہی خدا جس نے اسکو لعنت قرار دیا کیونکر ہوسکتا ہے کہ خود ہی مسیح جیسے غیر مجرم کو سولی پر چڑھا کر رحم و انصاف دونوں سے گریز کرے

تیسرا حوالہ۔ استثنا ۲۴/۱۶ میں مذکور ہے:۔

بیٹوں کے بدلے باپ نہ مارے جاویں نہ باپ کے

جوابات نصاریٰ۔ یعنی عیسائیوں کے اعتراضات کا مدلل (۴۷۹) اور معقول لاجواب۔ قیمت ۸ر ... منیجر اہلحدیث

ahmadimuslim.de

بدلے بیٹے مارے جاویں۔ ہر ایک اپنے ہی گناہ کے سبب ملا جاوے۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ غیر مجرم کو سزا نہیں دیجا سکتی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ مجرم کو اپنے جرم کی سزائیں خود بھگتنی پڑتی ہے۔

مسیح کی انجیلیں اسی قانون پر صاد کرتی ہیں۔ چنانچہ مسیح فرماتے ہیں:-

یہ نہ سمجھو کہ میں توریت یا نبیوں کی کتابوں کو منسوخ کرنے آیا ہوں۔ منسوخ کرنے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں۔ (متی ۱۷/۵)

اور فرماتے ہیں:-

کتاب مقدس کا باطل ہونا ممکن نہیں۔ (متی ...)

اب عقلاً تو ظاہر ہی ہے کہ کسی معدلت شعار حکومت کا یہ طرز عمل نہیں ہو سکتا کہ مجرم کو چھوڑ کر غیر مجرم کو سزا دے۔ کیا ڈاکوؤں اور خونیوں کے بدلے شہری شرفا کو سزا دیا جانا مبنی بر انصاف و رحم ہوگا۔ اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو ٹھیک اسی طرح بلا جرم مسیح کا پھانسی پر لٹکایا جانا اسی رحم و انصاف کے خلاف ہے۔ جس رحم و انصاف کے برقرار رکھنے کیلئے مسئلہ کفارہ تجویز ہوا تھا۔

کفارہ کے معتقدین کہتے ہیں کہ کفارہ پر ایمان کے بعد عمل بر شریعت ضروری نہیں۔ جس کی تفصیل آگے آئیگی۔ اس لئے کفارہ خلاف اخلاق ہے اور معاصی پر دلیر بنانے کا بہت ہی قوی سبب ہے۔

تفصیل میں جانے سے پہلے ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ عہد عتیق و جدید دونوں کتابوں میں شریعت پر عمل کرنے کی بہت تاکید آئی ہے۔ چنانچہ استثنا ۲۶/۲۷ میں لکھا ہے:-

لعنت اس پر جو شریعت کی باتوں پر عمل کرنے کیلئے ان پر قائم نہ رہے اور سب لوگ کہیں آمین۔

دوسرا حوالہ۔ احبار ۵/۱۸ میں ہے:- سو تم میرے سب آئین اور احکام کو ماننا اور ان پر عمل کرنا۔

تیسرا حوالہ۔ یوحنا ۱۵/۱۴ میں ہے:-

اگر تم مجھ سے محبت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو۔

چوتھا حوالہ۔ اگر تو زندگی میں داخل ہونا چاہتا ہے تو حکموں پر عمل کر۔ (متی ۱۷/۱۹)

نامہ اول یوحنا باب ۲ فقرہ ۴ میں لکھا ہے کہ:-

جو کوئی یہ کہتا ہے کہ میں اسے جان گیا ہوں اور اس کے حکموں پر عمل نہیں کرتا وہ جھوٹا ہے اور جو کوئی اس کے کلام پر عمل کرے اس میں یقیناً خدا کی محبت ہے۔

پانچواں حوالہ۔ نامہ یعقوب باب ۲ فقرہ ۲۰ میں ہے:-

مگر اے نکمے آدمی کیا تو یہ بھی نہیں جانتا کہ ایمان بغیر عمل کے بیکار ہے۔

ان سب حوالوں سے صاف طور پر عمل بر شریعت کی تاکید شدید ثابت ہوتی ہے۔ اب ان حوالوں کو پڑھئے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ شریعت پر عمل کرنے کی کچھ ضرورت نہیں۔

نامہ رومیوں ۲۰/۳ میں لکھا ہے:-

شریعت کے اعمال سے کوئی بشر اس کے حضور راستباز نہیں ٹھیریگا۔

گلتیون ۱۶/۲ میں پولوس رسول لکھتے ہیں:-

ہم یہ جان کر کہ آدمی شریعت کے اعمال سے نہیں بلکہ صرف یسوع مسیح پر ایمان لانے سے راستباز ٹھیرتا ہے خود بھی یسوع مسیح پر ایمان لائے تاکہ ہم ایمان لانے سے راستباز ٹھیریں نہ کہ شریعت کے اعمال سے کیونکہ شریعت کے اعمال سے کوئی بشر راستباز نہ ٹھیریگا۔

پولوس نے تو عمل بر شریعت سے منع بھی کیا ہے۔ گلتیوں ۴/۵ میں لکھا ہے:-

تم جو شریعت کے وسیلے سے راستباز ٹھیرنا چاہتے ہو مسیح سے الگ ہو گئے اور فضل سے محروم۔

پولوس رسول نے شریعت کو لعنت بتلایا۔ گلتیون ۱۳/۳ میں لکھا ہے:-

مسیح جو ہمارے لئے لعنتی بنا اس نے ہمیں مول لیکر شریعت کی لعنت سے چھڑایا۔

ان حوالوں سے صاف معلوم ہوا کہ آدمی کے گناہوں کیلئے یسوع مسیح اس طرح کفارہ ہو چکے ہیں کہ ان کو شریعت پر عمل کر کے نجات حاصل کرنے کی کچھ ضرورت نہ رہ گئی۔ کیونکہ شریعت ایک لعنت تھی اور لعنت سے چھوٹنا ہی اچھا ہے۔ تو اب اگر معتقدین کفارہ جملہ معاصی کے مرتکب ہوں تو ان کو یہ سمجھنے کا حق ہے کہ ان برائیوں سے ہماری کوئی گرفت نہ ہوگی اور ہم بے روک ٹوک بے حساب کتاب جنت میں جاویں گے۔

اگر "کفارہ" کے خلاف اخلاق ہونے میں ابھی کچھ شک ہے تو کفارہ کی مزید تشریح یوحنا رسول کی زبانی سنئے۔ ارشاد ہے:-

اگر کوئی گناہ کرے تو باپ کے پاس ہمارا ایک مددگار موجود ہے یعنی یسوع مسیح راستباز اور وہی ہمارے گناہوں کا کفارہ ہے اور نہ صرف ہمارے گناہوں کا بلکہ تمام دنیا کے گناہوں کا بھی۔ (یوحنا نامۂ اول ۲/۱)

پولوس رسول کا بیان سنئے:-

پس اب جو یسوع مسیح میں ہیں ان پر کوئی سزا نہیں۔ (رومیوں ۸/۱)

پولوس رسول کا دوسرا بیان سنئے:-

خدا کا وہ فضل ظاہر ہوا جو سارے آدمیوں کی نجات کا باعث ہے۔ (ططس ۱۱/۲)

یوحنا رسول کا دوسرا بیان سنئے:-

دیکھو یہ خدا کا برہ ہے جو دنیا کا گناہ اٹھائے جاتا ہے۔ (یوحنا ۲۹/۱)

پس مسیح کی نسبت گناہوں کے کفارہ کا اعتقاد رکھنے والوں کو کسی گناہ کے کرنے سے آخر کونسی چیز مانع ہو سکتی ہے اور معاصی اور جرائم کے کھلے بندوں ارتکاب کرنے میں انہیں شریعت کے کس آئین کا ڈر ہو سکتا ہے۔ الغرض انہیں نہ شریعت پر عمل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ کسی معصیت خوف کی کوئی وجہ ہے۔

یہی سبب ہے کہ باوجودیکہ زنا کاری کی ممانعت موجود ہے (متی ۱۸/۱۹) (استثنا ۱۸/۲۳) اور سود خواری کی بھی ممانعت موجود ہے بایں لفظ کہ سود پر اپنے بھائی کو قرض مت دے (احبار ۳۶/۲۵) اسی طرح غلہ کا بھی سود پر دینا ناجائز لکھا ہے۔ (استثنا ۱۹/۲۳)

نوید جاوید۔ عیسائیت کی تردید میں ایک بے نظیر اور (۴۷۴) مشہور کتاب۔ قیمت ... پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

اور حضور یسوع کا منہ کی ایسی ممانعت موجود ہے جیسا کہ منقولہ رشعہ میں ناپاک چیزوں کے لئے تم ان کے گوشت میں سے کچھ نہ کھانا۔ (احبار ۱۱/۸)

اسی طرح شراب خواری کی بھی ممانعت موجود ہے۔ (امثال ۲۳/۳۱ - ہوسیع ۴/۱۱ افسیوں ۵/۱۸ گلتیون ۵/۲۱)

اسی طرح عمل برختنہ ضروری تھا (یوحنا ۷/۲۲)

اور اتنا ضروری حکم تھا کہ حضرت ابراہیم نے حکم ختنہ کے بعد فوراً عمل کیا خود اور اپنے صاحبزادہ اسمٰعیل کا ختنہ کرایا۔ حالانکہ اس وقت حضرت ابراہیم ۹۹ برس کے ضعیف بزرگ تھے اور حضرت اسمٰعیل تیرہ برس کے جوان تھے۔ (پیدائش ۱۷/۲۴)

اسی طرح عمل شہرت کا حال پیدائش ۱۵/۲۱ میں بھی ہے۔

مگر ان سب امور و احکام کو پس پشت ڈالا گیا اور عیسائی سلطنتوں نے ان نافرمانیوں میں اپنی پشت پناہی پہنچائی۔ چنانچہ عیسائی گورنمنٹ کے زیر سایہ سودی بنک اور سودی کاروبار بلا امتیاز جاری ہے۔ ہزارہا شراب خانے اور شراب کی کمپنیاں ہیں۔ جن کی ٹیکس سرکاری رقم میں جمع ہوتی ہے اور اسی سے حسب بیان "جامعہ" دہلی تعلیمی اداروں میں امداد پہنچائی جاتی ہے۔ اسی طرح قحبہ خانے عروج پر ہیں۔ معمولی ٹیکس لیکر ان کی پوری اعانت ہوتی ہے۔ سور ان کی عام غذا ہے۔ ختنہ وغیرہ امور سے انہیں پولوس رسول ہی نے روک دیا ہے۔ بایں الفاظ:-

اگر تم ختنہ کراؤ گے تو مسیح سے تم کو کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ (گلتیون ۵/۲)

مسیح یسوع میں نہ تو ختنہ کا کچھ کام ہے نہ نامختونی کا۔ (گلتیون ۵/۶)

اور اسکو جسمانی نمود و ریاکاری بتلایا ہے۔ (۶/۱۲)

پس اصل چیز یہی ہے کہ کفارہ مسیح کا اعتقاد ہی انسان کو اعمال کی جانب سے بے پرواہ کر دیتا ہے اور ارتکاب معاصی پر جری بناتا ہے۔ کیونکہ انہیں آخرت کی پکڑ کا ڈر ہی نہیں۔ اور زنا و شراب و سود وغیرہ جیسے قبائح پر سلطنت کا بھی کوئی ڈر نہیں۔

عیسائی کہتے ہیں کہ عیسائیت عالمگیر ہے ساری دنیا میں پھیل کر رہیگی۔ ہم کہتے ہیں کہ اگر عقیدہ کفارہ دنیا میں پھیلا ہوا اس کی تشریح جو اب کو معلوم ہو چکی تو موجودہ حال سے دنیا اپنی بدامنی اور بداخلاقی میں انتہائی عروج پر ہوگی اور اخلاق انسانی کی خرابیوں اور بدعملیوں کی کوئی حد نہ رہے گی۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ کفارہ بلحاظ نتائج روحانی زندگی کے لئے تباہ کن ہے۔ اس لئے کفارہ عقلاً ناپسندیدہ ہے اور نقلاً قرآن کریم کی زبان سے۔ جبکہ فرمایا ہے

لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ

اور تورات استثنا ۲۴/۱۶ کے بیان سے بھی۔

چونکہ قرآن کریم کا فلسفہ اور جزائے عمل انسداد کیلئے یہ قانون بیان کرتا ہے کہ جب تم جرم کروگے تو تم ہی مصیبت جھیلوگے۔ بقول شاعر ؎

جو ہم نے اٹھایا تھا۔ مصیبت کون جھیلے گا

پس قرآن کریم نے نہ تو اعمال شریعت سے روکا ہے اور نہ گناہ کو دوسرے پر لاد کر کوئی آزادی دی ہے اور کفارہ کا معاملہ برعکس ہے۔ اسلئے کفارہ عقل و نقل کے مطابق نہیں۔

کاش! عیسائی حضرات گوشۂ عزلت میں تنہائی و خلوت میں ہو کر اپنی نجات و عقیدہ کفارہ پر ضرور غور کریں۔ والسلام!

شانِ توحید

شیخ شمشاد علی صاحب (ابو العرفان مست) گونڈوی نے یہ نظم جلسہ کانفرنس کے لئے بھیجی تھی۔ جلسہ میں حاضرین کی اکثریت اُردو سے مانوس نہ تھی۔ اس لئے اس قسم کی نظمیں نہ پڑھی گئیں لہذا اخبار "اہلحدیث" میں درج ہے۔ (مدیر)

سننے آئے ہیں ملائک بھی بیانِ توحید
اللہ اللہ یہ ہے عظمت و شانِ توحید

ہر تنِ مُردہ کو بخشیں گے حیاتِ تازہ
اپنی تقریروں سے سب روح روانِ توحید

ہے نئی طرز سے توصیف و ثنا اللہ کی
ہر نئے رنگ میں آئینہ ہے شانِ توحید

اپنے تو اپنے ہیں غیروں کو بنایا اپنا
ایسا دلچسپ ہے دلکش ہے بیانِ توحید

شرک و بدعات کی تردید ہدایت کا سبق
کام کرتے ہیں سبھی کارکنانِ توحید

لوگ اس پر بھی نہ سمجھیں تو یہ شامت اُن کی
سادہ لفظوں میں تو آئینہ ہے شانِ توحید

مُہر ہے آنکھ پہ کانوں پہ دلوں پر اُن کے
وہ سمجھتے ہی نہیں طرزِ بیانِ توحید

چشمِ حق بیں کو ذرا کھول لو دنیا والو
چپہ چپہ پر ہے آباد جہانِ توحید

ذرّے ذرّے سے نمایاں ہے خدا کی قدرت
تم مٹا سکتے ہو دنیا سے نشانِ توحید؟

شرک کے کفر کے بیکار یہ منصوبے ہیں
کیا سمجھتے ہو تم اے دشمنِ جانِ توحید

اسکی تعمیر میں صناعیٔ قدرت ہے عیاں
دل سے دیوار سے آئینہ ہے شانِ توحید

اس کی بنیاد ہلا دو یہ بہت مشکل ہے
ہے بنا کردۂ اللہ مکانِ توحید

زمرۂ کفر میں ہم دیکھ رہے ہیں افسوس
جسمِ مسلم سے نکلتی ہوئی جانِ توحید

شہورانِ ہدایت جو ہے منزل کی تلاش
موڑ دو کفر کی گھاٹی سے عنانِ توحید

سیدھے رستے پہ چلے آؤ موحد بن کر
کہ لاؤ وہ منزلِ عرفان پہ شانِ توحید

اسلحہ جاتِ ہدایت سے مسلح ہو کر
پھونک دو کفر کے چھتے ہیں سنانِ توحید

کھول لو آنکھ تو ہو جائے حقیقت ظاہر
نظر آنے لگے ہر ذرّے میں شانِ توحید

شاد ہو جائینگے سب پی کے آنے والے
ملتِ توحید و تفنن ہو گئے ماننے والے

(۸) [illegible] تورات، انجیل اور قرآن [illegible]

مروجہ مجالس میلاد اور جشن میلاد النبی پر تبصرہ

مندرجہ بالا عنوان پر ایک مضمون معاصر الفرقان بریلی بابت ماہ ربیع الآخر ۱۳۵۸ھ میں مولوی حبیب احمد صاحب کیرانوی کی طرف سے شائع ہوا ہے۔ چونکہ یہ ایک علمی اور تحقیقی مضمون ہے اور ایک حنفی المذہب کا لکھا ہوا ہے۔ اسی لئے ہم ناظرین اہلحدیث تک اسے پہنچاتے ہیں۔ تاکہ مدعیان حنفیت بھی اس سے خاطر خواہ مستفیض ہوں۔ (دیر)

اخبار "الامان" دہلی کے میلاد نمبر میں ایک مضمون مجالس نبویہ کے انعقاد پر محققانہ بحث" کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ جس میں صرف ذاتی تحقیق پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ مخالفین پر طعن بھی موجود ہے۔ لہٰذا ہم چاہتے ہیں کہ اس تحقیق کی حقیقت ظاہر کر دیں۔ تاکہ فاضل محقق اپنی تحقیق کی غلطی پر متنبہ ہو کر حق کی طرف رجوع کریں۔ پس ہم لکھتے ہیں کہ

(الف) اس امر پر دونوں فریق متفق ہیں کہ ان میلادی محافل کا وجود نہ رسول اللہ صلعم کے زمانہ میں تھا اور نہ صحابہ کے زمانہ میں اور نہ تابعین کے زمانہ میں نہ تبع تابعین کے زمانہ میں جن کی خیریت کی شہادت رسول اللہ نے دی ہے یہ صرف شر القرون کی ایجاد ہے جبکہ زمانہ اجتہاد ختم ہو چکا تھا اور کوئی مجتہد باقی نہ رہا تھا بلکہ صرف مقلد ہی مقلد باقی رہ گئے تھے جنکو اجتہاد کا حق نہ تھا بلکہ انکا کام صرف مجتہدین کی تقلید تھا

(ب) یہ حقیقت بھی فریقین کے نزدیک مسلم ہے کہ ان مجالس کا موجد کوئی دیندار عالم نہ تھا جس نے آیات و احادیث کے تابع ہو کر ان کا احداث کیا ہو۔ بلکہ وہ ایک دنیادار بادشاہ تھا جس کو قرآن و حدیث سے کوئی واقفیت نہ تھی۔ اور نہ اس کو ان سے مسائل کے استنباط کا حق تھا۔

(ج) یہ حقیقت بھی ناقابل انکار ہے کہ ہر زمانہ میں علماء دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک دنیادار، دوسرے دیندار۔ دنیادار دین کو دنیا کی عوض بیچ دیتے ہیں لیکن دیندار ایسا نہیں کرتے۔

(د) یہ حقیقت بھی ناقابل انکار ہے کہ اختلاف افہام مجتہدین میں بھی ہوتا ہے اور غیر مجتہدین میں بھی اور بعض لوگوں کی نظر سطحی ہوتی ہے اور بعض کی نہایت گہری۔ گہری نظر اور دقیق فہم والے افراد کم ہوتے ہیں اور سطحی نظر والے افراد زیادہ۔ چنانچہ خدا نے امام ابوحنیفہ کو جو نظر دقیق عطا فرمائی تھی وہ دوسرے مجتہدین کے لئے بھی حاصل نہ تھی۔ اسی وجہ سے انہوں نے انکو "صاحب رائے" کا لقب دیا۔ پس جبکہ مجتہدین میں یہ اختلاف افہام موجود ہے تو غیر مجتہدین میں یہ اختلاف بالاولیٰ ہوگا

(ہ) یہ حقیقت بھی فریقین کے نزدیک مسلم ہے کہ صرف مقلدین کا اجماع بھی حجت نہیں۔ چہ جائیکہ کثرت۔

(و) یہ حقیقت بھی متفق علیہ ہے کہ اس مسئلہ میں ابتدا ہی سے اختلاف موجود ہے۔ چنانچہ علامہ تاج الدین فاکہانی ابن الحاج مالکی، مولانا عبدالرحمٰن مغربی حنفی، مولانا نصیر الدین شافعی مولانا شرف الدین حنبلی۔ مولانا قاضی شہاب الدین دولت آبادی وغیرہ مانع ہیں اور دوسرے بعض حضرات مجوز۔

(ز) یہ حقیقت بھی متفق علیہ ہے کہ مقلد کو بلا ضرورت ملجئہ براہ راست دلائل شرعیہ سے استنباط مسائل کا حق نہیں۔ کیونکہ یہ کام صرف مجتہد کا ہے۔ اگر مقلد کو بھی یہ حق ہو تو وجوب تقلید کے کوئی معنی نہیں۔

جبکہ یہ تمام امور ہمارے اور ان کے درمیان متفق علیہ ہیں تو ان سے معاملہ کی حقیقت بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ جس بادشاہ نے ان محافل کا احداث کیا ہے اس نے دلائل شرعیہ کی بناء پر اسکو ایجاد نہیں کیا بلکہ اس نے اس مسئلہ میں عیسائیوں کے کرسمس ڈے کی نقل اتاری تھی۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ اس نے کسی بری نیت سے ایسا کیا تھا۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اس کی نیت اچھی ہو۔ لیکن یہ ضرور نہیں کہ جس فعل کی نیت اچھی ہو وہ فعل بھی اچھا ہو۔ چنانچہ قوم موسیٰ نے بت پرستوں کو بت پرستی کرتے دیکھ کر موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی تھی "اجعل لنا الٰھا کما لھم اٰلھۃ" اور صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی تھی کہ اجعل لنا ذات انواط کما لھم ذات انواط" اور ظاہر ہے کہ اس بارہ میں اصحاب موسیٰ اور اصحاب محمد علیہما السلام کی نیتیں بری نہ تھیں بلکہ صرف ناواقفی کی وجہ سے یہی خواہش تھی پس اس بادشاہ نے بھی اپنی ناواقفی سے عیسائیوں کو حضرت عیسیٰ کی ولادت کی خوشی مناتے ہوئے دیکھ کر خیال کیا کہ ہمارے نبیؐ اس کے زیادہ مستحق ہیں کہ ہم ان کی ولادت کی خوشی منائیں اسلئے اس نے یہ عمل ایجاد کی اس پر بعض عام ذھنیت رکھنے والے علماء نے بادشاہ کی خوشنودی کیلئے قرآن و حدیث کی ورق گردانی کی اور جس قدر انکو اس بدعت کی تائید میں دلائل مل سکے انہوں نے ان کو جمع کر دیا۔

ان دلائل کو دیکھ کر دیندار علماء میں دو فریق ہو گئے۔ ایک وہ جو اہل بصیرت تھے۔ دوسرے وہ جو سطحی نظر کے لوگ تھے۔ اہل بصیرت نے ان دلائل کی کمزوری کو محسوس کر لیا اور اس سے اختلاف کیا اور اس کے بدعت ہونے کا حکم لگایا سطحی نظر والوں نے ان کو صحیح سمجھ کر ان کے ساتھ موافقت کی اور اسکو بدعت حسنہ قرار دیا۔ اب محقق کا کام یہ ہے کہ فریقین کے دلائل کو پیش نظر رکھ کر انصاف کے ساتھ فیصلہ کرے

(۱) مانعین کی دلیل یہ ہے کہ قرآن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ حدیث خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل و تقریر کا نام ہے۔ اگر مجوزین کے وہ دلائل صحیح ہیں جن کو قرآن و حدیث سے پیش کرتے ہیں تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دلائل سے ان مجالس کا استحسان کیوں نہ سمجھا اور نبوت کے تیئس ۲۳ برس کے عرصہ میں تیئس ۲۳ دفعہ بارہ ربیع الاول کا دن آیا اور کرسمس ڈے کی نظیر بھی آپ کے آنکھوں کے سامنے موجود تھی۔ مگر باوجود اس کے ایک مرتبہ بھی آپ نے اس کرسمس ڈے کی نقل کا استحسان نہ قولاً بیان فرمایا نہ فعلاً۔ اس کے بعد تیس برس تک خلافت راشدہ کا زمانہ رہا۔ اس زمانہ میں بھی مسلمانوں کے سامنے یہ دلائل موجود تھے۔ مگر ان کو بھی توفیق نہ ہوئی کہ وہ اس عیسائیوں کی نقل کا استحسان قرآن و حدیث سے استنباط کرتے اس کے بعد چار سو برس تک مجتہدین کا زمانہ رہا۔ اور اس عرصہ میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں مجتہد گزرے جنہوں نے قرآن و حدیث سے مسائل کے استنباط کے لئے انتہائی قوت صرف کی۔ مگر باوجود اس کے اس بدعت کا استحسان انکو بھی نظر نہ آیا اب جبکہ یہ دور ختم ہو گیا اور زمانہ جہل شروع ہوا۔ تو

اس زمانہ میں بھی وہ سو برس تک اس بدعت کا استحسان کسی کی نظر میں نہ آیا۔ اب جبکہ جہل اپنی پوری قوت پر پہنچ گیا تو اس وقت بھی اس کا استحسان کسی دیندار عالم کی نظر میں نہ آیا۔ بلکہ اس کا استحسان ایک ایسے شخص کو نظر آیا جسمیں کوئی علمی قابلیت نہ تھی۔ اس غیر عالم شخص نے علماء کی رہنمائی کی اور اب ان کو بھی تمام قرآن وحدیث میں یہ بدعت نظر آنے لگی۔ اب اگر ہم علماء مجوزین کے دلائل کی صحت کو تسلیم کرلیں۔ تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے لیکر اس بدعت کی ایجاد کے وقت تک تمام علماء امت صحابہ وتابعین وتبع تابعین اور دوسرے مجتہدین وغیر مجتہدین کو نعوذ باللہ تجاہل اور نافہم مان لیں۔ تاکہ اس کے مجوزین کی علمی پوزیشن محفوظ رہ سکے۔ سو ہم نہیں سمجھ سکتے کہ کوئی مسلمان اسکی جرأت کرسکیگا بجز مجوزین اور انکے دوسرے ہمنواؤں کے۔

(۲) تمام مقلدین کا اس پر اتفاق ہے کہ دلائل شرعیہ سے براہ راست مسائل کے استنباط کا حق صرف مجتہدین کو ہے اور غیر مجتہدین کو یہ حق نہیں بلکہ ان کا فرض صرف مجتہدین[1] کا اتباع ہے (الا بضرورۃ ملجئۃ) اور جبکہ یہ مسلم ہے تو اب کسی مدعی تقلید کو یہ حق نہیں کہ وہ تقلید ائمہ کو چھوڑ کر براہ راست دلائل شرعیہ سے اس مسئلہ کو ثابت کرنے کی کوشش کرے۔ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو یہ اسکی انتہائی نافہمی ہے کیونکہ وہ اتنا بھی نہیں سمجھتا کہ میرے قول اور فعل میں تناقض ہے کیونکہ اسکے معنی تقلید کے معنی یہ ہیں کہ مجھمیں اجتہادی قابلیت نہیں ہے اور اس بدعت کو دلائل سے ثابت کرنے کے معنی ہیں کہ اسمیں اجتہادی قابلیت ہے۔

(۳) ایسے لوگ تارکین تقلید سے بھی زیادہ قابل الزام ہیں کیونکہ انکے اجتہاد کا حاصل تو صرف یہ ہے کہ وہ ایک مجتہد فیہ مسئلہ میں ایک مجتہد کے قول کو ترجیح دے لیتے ہیں اور تمام مجتہدین کے خلاف کوئی بدعت ایجاد نہیں کرتے بلکہ بدعت کو نہایت برا جانتے ہیں۔ اور انکے اجتہادی مسائل میں اگر ایک مجتہد انکا تخطیہ کرتا ہے۔ تو دوسرا مجتہد انکی تصویب بھی کرتا ہے اور یہ لوگ (باوجود ادعائے تقلید محض) اجتہاد کرتے ہیں اور پھر اپنے اجتہاد میں کسی مجتہد کی موافقت بھی نہیں کرتے۔ بلکہ سب سے الگ ایک مسلک اختیار کرتے ہیں اس لئے کسی مجتہد کی تائید انکو حاصل نہیں ہوسکتی۔ لہذا یہ ان سے زیادہ قابل الزام ہیں اور ان کا دعویٰ تقلید بھی سراسر جھوٹا ہے۔

(۴) مروجہ حال "عید میلاد" میں جو مفاسد بیشتر تھے وہ بجالہا باقی ہیں اور ان کے علاوہ اسمیں دوسرے مفاسد کا بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ جسکی وجہ سے اب وہ علماء بھی اسکو جائز نہیں کہہ سکتے جو قدیم میلاد کو جائز کہتے تھے۔ مثلاً جلوس نکالنا، جو کہ موجودہ یورپ کی تقلید ہے۔ چراغاں کرنا جو کہ دیوالی کی نقل ہے باجے گاجے جو کہ بالکل حرام ہیں وغیرہ وغیرہ۔ پس اس بارہ میں مجوزین کے قول سے بھی استدلال صحیح نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ جس وقت انہوں نے اسکے جواز کا فتویٰ دیا تھا اس وقت وہ مفاسد اسمیں موجود نہ تھے جو آج ہیں۔

(۵) ان افعال شنیعہ کے اثبات میں قرآن وحدیث میں تحریف کرنی پڑتی ہے۔ جس کا حاصل خدا اور رسول پر بہتان باندھنا ہے جو کہ انتہائی ظلم ہے ومن اظلم ممن افترٰی علی اللہ کذباً۔

یہ وہ مضبوط دلائل ہیں جن سے مانعین تمسک کرتے ہیں رہے وہ لچر اور پوچ دلائل جن سے مجوزین تمسک کرتے ہیں انکی حقیقت اگرچہ اجمالی طور پر سطور بالا میں معلوم ہوچکی ہے لیکن یہاں پر تفصیلاً بھی گفتگو کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ

(۱) فاضل محقق نے "و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما آتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ" سے ان مجالس کے استحسان پر استدلال کیا۔ حالانکہ یہ کلام الٰہی کی صریح تحریف ہے کیونکہ اس آیت میں ان مجالس کی طرف کوئی اشارہ بھی نہیں اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ تمام انبیاء سے یہ عہد لیا گیا تھا کہ اگر تمہارے پاس کوئی خدا کا رسول آئے تو تم کو اسکی تصدیق وتائید کرنی ہوگی اور ظاہر ہے کہ اس مضمون کو جشن میلاد سے کچھ بھی تعلق نہیں۔

فاضل محقق نے اس آیت کے ذیل میں طبری سے حضرت علی کی ایک روایت نقل کی ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ "لم یبعث اللہ نبیا من آدم فمن دونہ الا اخذ علیہ العہد فی محمد صلی اللہ علیہ وسلم لئن بعث وھو حی لیؤمنن بہ ولینصرنہ"

لیکن اول تو یہ روایت ہی ثابت نہیں کیونکہ اس کا راوی سیف بن عمرو ضاع وکذاب اور متہم بالزندقہ ہے "قال ابن حبان یروی الموضوعات عن الاثبات قال وقالوا انہ کان یضع الحدیث اتھم بالزندقۃ وقال الحاکم اتھم بالزندقۃ وھو فی الروایۃ ساقط وقال ابو حاتم متروک الحدیث"

اور بالفرض اگر ثابت ہو تو اس سے فقط اتنا ثابت ہوتا ہے کہ تمام انبیاء سے اس کا عہد لیا گیا تھا کہ اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے زمانہ میں رسول بنا کر بھیجے جائیں تو تم ان پر ایمان لانا اور انکی مدد کرنا۔ لیکن اس مضمون کو بھی عید میلاد سے کوئی تعلق نہیں۔ ہاں اگر روایت میں یہ مضمون ہوتا کہ اگر محمدؐ تمہارے زمانہ میں پیدا ہوں تو تم انکی پیدائش کی اسی طرح خوشی منانا جس طرح عیسائی حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کی مناتے ہیں تو بیشک انکا مدعیٰ ثابت ہوجاتا لیکن واقعہ یہ نہیں ہے تو پھر انکا مدعیٰ کیونکر ثابت ہے۔

(۲) فاضل محقق نے حضرت عیسیٰ کے اس قول سے بھی جشن میلاد نبوی پر استدلال کیا ہے "والسلام علی یوم ولدت ویوم ابعث حیا" لیکن یہ بھی سراسر غلط ہے کیونکہ اول تو اسکو موجودہ جشن میلاد سے کوئی تعلق نہیں اور اگر ہو بھی تو اس سے عیسیٰ کے جشن کا ثبوت ہوگا نہ کہ عید میلاد النبی کا الا یہ کہ انکو چاہئے کہ عیسائیوں کے ساتھ ہوکر کرسمس منایا کریں۔ پھر اگر اس سے جشن میلاد کا ثبوت ہوتا ہے تو "والسلام علیہ یوم ولد ویوم یموت ویوم یبعث حیا" سے جشن میلاد اور جشن وفات دونوں کا ثبوت ہوتا ہے کیونکہ اسمیں یوم ولادت اور یوم وفات کو ایک حیثیت میں رکھا گیا ہے۔ لیکن یہ جشن میلاد مناتے ہیں اور جشن وفات نہیں مناتے اسکی وجہ بجز تضاد کی ہی ... اور کوئی نہیں معلوم ہوتی۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ فاضل محقق نے حضرت عیسیٰ کے قول سے تو استدلال کیا لیکن خود حق تعالیٰ کے قول کو

---

[1] کتب اصول فقہ کی تصریحات آپ کی تائید کرتی ہیں۔ توضیح میں ہے دلیل المقلد ان یقول ھذا ما ادی الیہ رأی ابی حنیفۃ وکلما ادی الیہ رأی ابی حنیفۃ فھو عندی صحیح۔ پھر اصول کی بلند پایہ کتاب مسلم الثبوت میں مرقوم ہے اما المقلد فمستندہ قول مجتہدہ۔ اسی طرح دیگر کتب اصول میں بھی یہ تصریحات ملتی ہیں۔ افراد اہل حدیث جب سنتے ہیں کہ بعض علمائے مقلدین فتویٰ دیتے ہیں کہ غیر مقلدین کے پیچھے اقتدا جائز نہیں تو وہ اس بنا پر ان سے سوال کرتے ہیں کہ اس فتویٰ کی دلیل ائمہ مجتہدین کے قول سے دکھائیے کیونکہ مقلد کو حق نہیں ہے کہ بغیر قول امام کے فتویٰ دے سوائے جواب میں وہ خاموش ہوجاتے ہیں۔ چونکہ یہ اصول ارباب تقلید کا مسلمہ ہے اس لئے اس سے انحراف نہیں کرنا چاہئے بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس سے انحراف کرنے والے کو دائرہ تقلید سے باہر سمجھنا چاہئے۔ (اہلحدیث)

ظہور المبین، تقلید پرستوں کے اعتراضات کا دندان (۸۰م) شکن جواب۔ قیمت ... مجموعہ اہلحدیث امرتسر

(۳) فاضل محقق نے اپنے استدلال میں لقد جاءکم رسول اور قد جاءکم برھان من ربکم اور یا ایھا النبی انا ارسلناک شاھدا اور ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ کا ذکر بھی کیا ہے۔ لیکن ان آیات میں بھی نہ ولادت کا ذکر ہے نہ یوم الولادت کا اور نہ جشن میلاد کا۔ بلکہ بعثت اور ارسال کا ذکر ہے جو کہ ولادت کے چالیس سال بعد کا واقعہ ہے۔ پس اگر ان آیات کی بنا پر جشن کا منانا صحیح ہوسکتا ہے تو جشن بعثت منانا چاہئے۔ ان آیات کی رو سے جشن ولادت منانا کونسی تک ہے۔ اور ہم عرض کر چکے ہیں کہ دراصل ان آیات کو کسی جشن سے کوئی تعلق ہی نہیں اور ان سے جشن میلاد جیسی بدعات کو ثابت کرنا بعض آریہ پنڈتوں کے کونو لعرفنہ خاسئین وغیرہ آیات سے تناسخ ثابت کرنے سے بھی زیادہ مضحکہ خیز ہے۔

(۴) فاضل محقق نے اپنے مدعا پر "اما بنعمۃ ربک فحدث" سے بھی استدلال کیا ہے۔ لیکن یہ بھی سراسر جہالت ہے کیونکہ نعمت میں ولادت کی تخصیص نہیں۔ تو پھر جشن میں ولادت کی تخصیص کی سوائے پیروی نصاریٰ کے اور کون وجہ ہوسکتی ہے۔ پھر اسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے کہ تم خدا کی نعمتیں بیان کرو اور یہ ظاہر ہے کہ آپ نے اپنی ولادت کا جشن نہیں منایا۔ تو اسکی وجہ یا تو یہ ہوگی کہ اس آیت میں اس جشن کا حکم ہی نہ تھا۔ اور اس سے ایسا سمجھنا خود اہل بدعت کی غلطی ہے یا اسمیں حکم تھا۔ مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو نہیں سمجھا یا سمجھ کر اس پر عمل نہیں کیا تو یہ بھی اہل بدعت ہی کہہ سکتے ہیں غرضیکہ یہ استدلال بھی سراسر باطل اور مہمل ہے اور اسکی بنا پر معاذ اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر الزام آتا ہے۔

(۵) فاضل محقق نے قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا سے بھی استدلال کیا ہے لیکن یہ استدلال بھی غلط ہے۔ کیونکہ اس سے پہلی آیت یہ ہے یا ایھا الناس قد جاءتکم موعظۃ من ربکم وشفاء لما فی الصدور وھدی ورحمۃ للمؤمنین۔ پس معلوم ہوتا ہے کہ بذلک میں بھی موعظۃ وشفاء وھدی ورحمۃ کی طرف اشارہ ہے اور اسکی پر خوش ہونے کا حکم ہے اور یہی یہ ہیں کہ قل قد جاءکم [illegible] من ربکم [illegible] اسمیں ولادت کا [illegible] استدلال بھی [illegible] جیسا کہ [illegible] کا مقصود ہے تب بھی اس سے تو کچھ معنی ثابت نہیں ہوتا کیونکہ اس فضل و رحمت کا اول تعلق بھی ہی مجئی موعظہ وغیرہ سے ہے نہ کہ ولادت سے پھر استدلال بے معنی ہے اور اگر فضل و رحمت کو عام بھی لیا جاوے تب بھی ولادت کی تخصیص بے معنی ہے بلکہ ہر ایک فضل و رحمت پر جشن منانا چاہئے۔ الغرض یہ استدلال بھی ہر پہلو سے باطل اور سراسر جاہلانہ ہے۔

پھر ان لوگوں کی سب سے بڑی غلطی یہ ہے کہ وہ فلیفرحوا کے معنی بھی نہیں جانتے۔ فرح کے معنی خوش ہونے کے ہیں۔ جس کا تعلق دل سے ہے اور جو کہ ایک طبعی کیفیت ہے جو کہ کسی خوشکن واقعہ کے وجود کے وقت پیدا ہوتی ہے نہ کہ خوشی منانے کے۔ جس کا تعلق جشن سے ہے۔ پس فلیفرحوا کے معنی یہ ہونگے کہ ان کو اس سے خوش ہونا چاہئے نہ یہ کہ انکو اسکی خوشی کسی اور بطور جشن خوشی منانی چاہئے۔ جیسا کہ یہ لوگ سمجھتے ہیں اور اگر اسکے معنی جشن منانے کے ہوں تو ماننا پڑیگا کہ صحابہ نے اسپر عمل نہیں کیا۔ پھر یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ اس حکم کے مخاطب عامۃ الناس ہیں نہ کہ خاص مؤمنین جیسا کہ آیت سابقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسمیں عنوان خطاب یا ایھا الناس ہے نہ کہ یا ایھا الذین آمنوا اور یہ دلیل ہے اس بات کی کہ فلیفرحوا کے معنی جشن منانے کے نہیں۔ اور نہ سرور قلبی کے ہیں بلکہ اسکے لازمی معنی مراد ہیں یعنی فلیتقبلوہ بطیب النفس (یعنی اسکو بطیب خاطر قبول کرو) اور اس صورت میں بناء استدلال ہی منہدم ہے۔ اس موقعہ پر فاضل محقق نے ایک نوٹ دیا ہے۔ اور کہا ہے کہ حضور کی ولادت خدا کا سب سے بڑا فضل و رحمت ہے اور اس پر مسرت کا نام عید میلاد ہے۔ سو اس نوٹ میں بھی سراسر نافہمی سے کام لیا گیا ہے کیونکہ اول تو یہ دعویٰ ہی غلط ہے کہ حضور کی ولادت خدا کا سب سے بڑا فضل و رحمت ہے کیونکہ آپ کو عطائے نبوت و کمالات نبوت ضرور اس سے بڑھ کر ہے۔ کیونکہ انہی کی وجہ سے ولادت کو عزت حاصل ہوئی ہے۔ اگر کہا جاوے کہ ولادت ذریعہ ہے ان کمالات کا۔ اگر ولادت نہ ہوتی تو وہ کمالات کیسے حاصل ہوتے تو یہ اس سے بھی بڑھکر جہالت ہوگی۔ کیونکہ ذریعہ ہمیشہ مقاصد سے ادنیٰ ہوتے ہیں اور [illegible] آپ کے کمالات [illegible] ولادت سے افضل ہونا چاہئے۔ کیونکہ وہ ذریعہ ہے آپ کی ولادت کا۔ غرضیکہ یہ دعویٰ سراسر مغالطہ ہے پھر ان کا یہ کہنا کہ اس پر مسرت کا نام عید میلاد ہے یہ بھی غلط ہے کیونکہ مسرت اور چیز ہے اور عید میلاد دوسری شے۔ مسرت کا تعلق دل سے ہے جو کسی خوشکن واقعہ کے وقت طبعی طور پر ہوتی ہے۔ اور عید میلاد جشن ہے۔ پھر ولادت کا تحقق تو ہر وقت ہے۔ اس لئے ہر وقت جشن کرنا چاہئے اور خاص دن میں خوشی منانے کے معنی سوائے تقلید نصاریٰ کے اور کچھ نہیں ہوسکتے۔

(۶) فاضل محقق نے "ذکرھم بایام اللہ" سے بھی استدلال کیا ہے اور کہا ہے کہ خدا کے دنوں میں حضور کی ولادت کا دن عظیم المرتبت ہے اسکی یاد دلانا مسلمانوں کیلئے ضروری ہوا۔ اس سے فاضل محقق کی فضیلت اور ادعاء تحقیق کا بھانڈا اچھی طرح پھوٹ جاتا ہے۔ اولاً اس لئے کہ یہ حکم حضرت موسیٰ کو دیا گیا تھا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ انہوں نے اس پر کس طرح عمل کیا۔ کیا ان کو اپنی ولادت کا دن یاد دلایا۔ اور ان کو اس دن جشن منانے کی ہدایت کی یا ان کو حضرت ابراہیم و حضرت نوح وغیرہ کی ولادت کے دن یاد دلائے اور ان پر جشن منانے کی تعلیم دی۔ اگر نہیں تو جو معنی اس کے اُس وقت نہ تھے اب وہ معنی اسکے کیسے ہوگئے۔ پھر آیت کا مطلب یہ تھا کہ اپنی قوم کو وہ واقعات سنا کر جو نافرمان قوموں کو پیش آئے ہیں۔ انکو نافرمانی سے روکو اور اطاعت پر آمادہ کرو۔ اسکے یہ معنی نہیں کہ انکو خدا کے دن یاد دلاؤ۔ کیونکہ یہ ترجمہ ذکرھم ایام اللہ کا ہے نہ کہ ذکرھم بایام اللہ کا اور ان دونوں میں جو فرق ہے وہ ایک معمولی استعداد کے طالب علم پر بھی مخفی نہیں۔ چہ جائیکہ ایک فاضل محقق پر۔ اور اگر یہ بھی ہو تو اسمیں بڑے اور چھوٹے کی کوئی قید نہیں لہٰذا ہر روز اور ہر کام کیلئے جشن منانا چاہئے۔ غرضیکہ یہ استدلال بھی سراسر مغالطہ ہے۔

(۷) فاضل محقق نے "ورفعنا لک ذکرک" سے بھی استدلال کیا ہے اور کہا ہے کہ جب احکم الحاکمین حضور کے ذکر کو بلند فرمادیں تو ہمارا بھی فرض ہے کہ حضور کا ذکر کریں۔ کیا کہنے ہیں اس تحقیق کے۔ یہ مسلم ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کا ذکر بلند کیا اور ہمیں کیلئے خاص طریقوں کی تعلیم کی [illegible] یہ سب [illegible]

ahmadimuslim.de

کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسکو منع فرمائیں تو ہم انکی بھی نہ مانیں۔ اور جب یہ لازم نہیں تو پھر عید میلاد کا اس سے ثبوت کیسے ہوا؟

(۱۸) فاضل محقق نے والضحی واللیل اذا سجی سے بھی استدلال کیا ہے اور کہا ہے کہ علماء نے ضحی سے مراد ولادت اور لیل سے شب ولادت ہی کو لیا ہے لیکن اول تو یہ بیان سراسر غلط ہے۔ علما کرام کو تو ایسی لغو باتوں کا خطور بھی نہیں گذرتا۔ یہ تو صرف جاہلوں کی ایجاد ہے اور نہ قرآن میں یہ معنی مراد ہو سکتے ہیں اس لئے کہ ضحی کے معنی ولادت نہ لغت میں ہیں نہ عرف میں۔ اور اگر استعارہ کیا جائے تو اول تو یہ استعارہ صحیح نہیں اور اگر ہو بھی تو وہ مجاز ہے اور مجاز کیلئے قرینہ کی ضرورت ہے اور یہاں کوئی قرینہ اس کا نہیں۔ اسیطرح لیل سے شب ولادت مراد ہونے پر بھی کوئی قرینہ نہیں بلکہ آگے "اذا سجی" صاف اسکے خلاف شہادت دے رہا ہے کیونکہ اذا استقبل کے لئے آتا ہے اور شب ولادت مدت ہوئی گزر چکی تھی۔ پس ایسا دعوی ضرور ایک گونہ تحریف ہوگا۔ اور اس تحریف کے بعد بھی یہ بدعت ثابت نہیں ہو سکتی کیونکہ اس سے زیادہ سے زیادہ یہ ثابت ہوا کہ حق تعالے نے آپ کی ولادت اور شب ولادت کی قسم کھائی سو اس سے یہ کب ثابت ہوا کہ اس دن جشن منانا جائز ہو۔ آپ قرآن کو پڑھئے اور دیکھئے کہ قرآن میں حق تعالی نے ہر والد اور مولود کی قسم کھائی ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے "ووالد وما ولد لقد خلقنا الانسان فی کبد" اور اسکے علاوہ اور بہت سی چیزوں کی قسمیں کھائی ہیں۔ مثلاً چاند۔ سورج۔ تین، زیتون وغیرہ وغیرہ تو کیا ان سب کا جشن منانا جائز ہوگا۔ حد ہے اس لغویت کی آپ انصاف فرماویں کہ ایسے لوگوں کو کوئی ذی علم کس طرح قابل خطاب سمجھ سکتا ہے اور انکی مہملات و خرافات کے جواب میں وقت ضائع کرنا کیونکر گوارا کر سکتا ہے جنکی گفتگو کا کوئی اصول ہی نہیں ہو اسلئے وہ ایک دیوانہ کی بڑ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی خیر یہ تو دلائل قرآنیہ تھے اب دلائل حدیثیہ کی حالت معلوم فرمائیے۔ اس سلسلہ میں اول نمبر یہ حدیث پیش کی گئی ہے۔

ساخبرکم باول امری دعوة ابراھیم وبشارة عیسی ورؤیا امی التی رأت حین وضعتنی قد خرج منها نور اضاء لها منه قصور الشام۔ ناظرین غور فرمائیں اس روایت کو جشن میلاد سے کیا تعلق۔ اگر آپ نے کسی موقع پر کسی سلسلہ کلام میں یہ تذکرہ فرما دیا کہ میں ابراہیم کی دعا کا نتیجہ اور عیسی کی بشارت کا مصداق اور اپنی ماں کی خواب کی تعبیر ہوں تو اس کے معنی یہ کب ہوئے کہ تم ہر سال عیسائیوں کی تقلید میں میری ولادت کا جشن منایا کرو۔ قرآن میں موسی کی ولادت، عیسی علیہ السلام کی ولادت، یحیی علیہ السلام کی ولادت اور مریم علیہا السلام کی ولادت۔ بلکہ جن وانس و آسمان و زمین وغیرہ کی پیدائش کے تذکرے موجود ہیں۔ تو کیا مسلمانوں نے انکی ولادت اور پیدائش کے جشن منائے؟ اگر نہیں تو آپکا اتنا فرما دینے سے جشن میلاد کا جواز کیسے ثابت ہو گیا۔ افسوس ہے کہ اس گروہ کو علم میں استعداد تو کجا، غالباً اس سے معمولی مناسبت بھی نہیں۔ اگر ان کے ان دلائل کو کسی غیر مسلم کے سامنے رکھ دیا جاوے تو وہ بھی یہی کہے گا کہ ان سے زیادہ غیر معقول کوئی نہ ہوگا۔ پھر کسقدر افسوس کی بات ہے کہ اس حالت پر یہ لوگ اجتہاد کے مدعی ہیں اور اسکے ساتھ ہی انکا یہ دعوی ہے کہ وہ پکے مقلد ہیں (متنافیان لا یجتمعان)

دوسرے نمبر پر حضرت عائشہؓ کی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ "کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضع لحسان بن ثابت منبرا فی المسجد الخ" لیکن یہ استدلال بھی سراسر مغالطہ ہے کیونکہ نہ اسمیں ولادت کا ذکر ہے، نہ یوم ولادت کا بلکہ اس کا مطلب صرف اتنا ہے کہ جس طرح کفار اسلام کا مقابلہ تلوار سے کرتے تھے اور مسلمان اس کا جواب تلوار سے دیتے۔ یونہی جب کفار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں قصیدے لکھتے تھے تو وہ انکا جواب قصائد کی صورت میں دیتے تھے اور اس جہاد لسانی کو زیادہ تر حضرت حسان بن ثابت انجام دیتے تھے اور انکے واسطے حضور مسجد میں منبر رکھواتے تھے اسکو جشن میلاد سے کیا تعلق ہے؟ تیسرے نمبر پر حضرات صحابہ کے ذکر رسول سے استدلال کیا ہے۔ لیکن جب تک اس ذکر کی نوعیت نہ معلوم ہو اور یہ نہ معلوم ہو کہ اس مروجہ جشن میلاد کے طریقے پر ہوتا تھا اسوقت تک اس سے استدلال سراسر جہالت ہے اور یہ ثابت ہونا محال ہے چوتھے نمبر پر مجالس ذکر اللہ میں ملائکہ کے حضور سے استدلال کیا ہے لیکن اسمیں اس بدعت کا کچھ پتہ و نشان نہیں بلکہ اسمیں ذکر اللہ کا بیان ہے لہذا یہ استدلال بھی محض سفاہت اور حماقت پر مبنی ہے —— یہ دلائل حدیثیہ تھے جن سے معلوم ہو گیا کہ ان لوگوں کے پاس تنکے کا سہارا بھی نہیں۔

اسکے بعد فاضل محقق نے تعیین تاریخ پر بحث کی ہے جو اسمیں بجز جہالت کے کرشمے دکھلائے ہیں۔ اگر حق تعالی نے کسی کام کے لئے کوئی وقت مقرر فرمایا ہے تو اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ اسکی مصلحت کو جانتا ہے۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کام کیلئے کوئی وقت مقرر فرمایا ہے تو اگر وہ تشریع کی قسم سے ہے تو وہ بھی حق تعالی ہی کا مقرر کردہ ہے۔ اور اگر وہ تشریع کے قبیل سے نہیں تو وہ محل بحث ہی نہیں۔ جیسا کہ آپ کا ان حضرات کو وقت دینا جنہوں نے آپ سے وعظ کی درخواست کی تھی۔ رہے وہ علماء جنہوں نے اس بنا پر معمولات کے لئے اوقات کی تعیین کی کہ ان اوقات اور تاریخوں میں خدا کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔ سو انکا یہ فعل اسلئے حجت نہیں کہ یہ تعیین بلا دلیل شرعی ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حق تعالے اسکے زیادہ مستحق تھے کہ وہ ملنکے لئے ان اوقات کو وجوباً یا استحباباً معین کرتے۔ کیونکہ انکو ان اوقات کا بھی علم ہے، اور ان کاموں کا بھی اور ان کے درمیان مناسبت کا بھی۔ برخلاف علماء کے کہ انکو انمیں سے کسی بات کا بھی یقینی علم نہیں۔

پس انکی تعیین کو تعیین شارع پر قیاس کرنا۔ قیاس الجھل علی العلم والادنی علی الاعلی ہے۔ جو کہ بالاجماع باطل ہے، یہی وجہ ہے کہ مقلدین کو قیاس اور اجتہاد سے روکا گیا تھا۔ مگر افسوس ہے کہ وہ باز نہ آئے اور اس وجہ سے دین میں بے انتہا مفاسد پیدا ہو گئے —— اسکے بعد فاضل محقق" نے بعض علماء کے فتاوے نقل کئے ہیں۔ سو اول تو ان فتاوی کی بناء معلوم ہو چکی ہے اور معلوم ہو گیا ہے کہ انکے پاس اسکی کوئی کمزور دلیل بھی نہیں۔ پھر اسکے مقابل ہم دوسرے علماء کے فتاوے پیش کرتے ہیں جو ان سے علم و فہم اور دین کی کسی بات میں بھی کم نہیں بلکہ ان سے بڑھے ہوئے ہیں۔ تو یہ فتاوے بھی بے سود ہیں پس ثابت ہوا کہ اس باب میں ان مولوی مفتی صاحب کے پاس کوئی بھی حجت صحیحہ نہیں۔

یہ مسلم ہے کہ جس طرح انبیاء کی مساعی سے دنیا سے کفر و ضلالت کا خاتمہ نہیں ہوا۔ اور جن گمراہوں کی قسمت میں ہدایت سے محرومی مقدر تھی وہ آب بھی گمراہ ہی رہے۔ یوں ہی انکے جانشینوں کی مساعی جمیلہ سے دنیا سے شرک و بدعت، اتباع یہود و نصاری وغیرہ کا خاتمہ نہیں ہو سکتا۔ اور جنکی قسمت میں محرومی مقدر ہے وہ ہدایت پر نہیں آ سکتے۔ لیکن یہ ان کیلئے فخر کی بات نہیں۔ کیونکہ اسکا نتیجہ انکو مرنے کے بعد معلوم ہو جائیگا۔

بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت

فتاوی

س ۱۲۰ } ضلع سنتال سے فضل حق صاحب نے بہت لمبا چوڑا سوال بھیجا ہے۔ جس کی اردو زبان صاف نہیں ہے۔ اس کا خلاصہ ہم نے یہ سمجھا ہے کہ کوئی غیر مسلمہ بے نکاح کسی مسلم کے پاس رہتی رہی پھر مسلمان ہوئی۔ بعد اسلام اسی شخص کے پاس بلا نکاح رہتی رہی۔ یہاں تک کہ اسی حالت میں مر گئی۔ اس کا جنازہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ۱۲۰ } حدیث شریف میں ہے۔ ما آمن بالقران من استحل محارمه۔ جو شخص قرآن کے حراموں کو حلال کی طرح بے خوف ہو کر استعمال کرے وہ مومن بالقرآن نہیں ہے۔ لہذا ایسے شخص کا جنازہ مسلمانوں کی طرح پڑھنا جائز نہیں۔

س ۱۲۱ } ہماری بستی میں ایک جامع مسجد کا ہی یعنی پھوس قدیمی کی موجودگی میں دوسری ایک اور مسجد بغیر مشورہ جماعت کے خود رائے سے ایک امیر متمول آدمی عمارت پختہ ایک بیگہ زمین کے فاصلہ پر اجمالی زمین بغیر رضامندی دیگر شرکت داروں کے اٹھا دیا۔ جو اب کہیں منتقل ہو نہیں سکتا۔ ہر دو مسجدوں یعنی نئی و پرانی میں الگ الگ جمعہ جماعت ہوتا ہے۔ دونوں جگہ کا خطبہ و نماز سنائی دیتا ہے۔ اب چند دن ہوئے ہیں کہ سب اشخاص متفق ہو کر ایک جگہ جمعہ قائم کرنا چاہتے ہیں۔ لہذا سوال ہوتا ہے کہ سابق مسجد میں ہی جمعہ ہونا چاہئے یا پختہ جدید مسجد میں۔ دونوں طرف کش مکش ہے اگر جمعہ پختہ مسجد میں قائم رکھا جائے تو سابق مسجد یا اس مسجد کی زمین کس مصرف میں لائی جائے چونکہ پختہ مسجد تو زر کثیر سے بن چکی ہے۔ جو کبھی ٹل سکتی ہے نہ ٹلا سکتے ہیں مگر جو حکم شرع میں ہے۔ اور جبکہ ان ہی سے متعلق شریعت کے خلاف غلطی ہیں غلطی یا خطا ہو چکی۔ اور مسجد بنانے والا بھی دنیا سے گزر گیا۔ اب جائز صورت ہونے کا کیا طریقہ ہے

(رہنمائی بدرالدین احمد موضع میرانے ضلع پورنیہ)

ج ۱۲۱ } اگر دوسری مسجد بہ نیت نیک بنائی گئی ہے تو دونوں کو آباد رکھیں۔ اگر فساد کی نیت سے بھی ہے تو اسے گرا دیں۔ اس کا فیصلہ بانی کی نیت پر ہے۔ (۱ ار داخل غریب فنڈ)

س ۱۲۲ } مسمی احمد اللہ مذہب حنفی فوت ہو گیا۔ بعد وفات احمد اللہ متوفی نے ۲۰۰ روپیہ ترکہ چھوڑا اور بنک میں نقد روپیہ چھوڑا اور حسب ذیل ورثا چھوڑے

والدہ - بھائی خبط الحواس - ہمشیرہ حقیقی
یک　　یک　　۲ نفر

زوجہ سابق سے ایک لڑکا - ایک لڑکی - بعد وفات زوجہ سابق نکاح ثانی کیا۔ زوجہ ثانی کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا اور ۸ ماہ کا ہو کر فوت ہو گیا۔ زوجہ ثانی نے یعنی مسمات نفیس بانو نے میعاد عدت سے ڈیڑھ سال بعد گزرنے کے اپنا عقد ثانی کر لیا۔ ایسی صورت میں مسمات نفیس بانو بیوہ احمد اللہ متوفی کے ترکہ سے یا بنک کے روپیہ سے حصہ پانے کی مستحق ہے یا نہیں۔ اگر حصہ پانے کی مستحق ہے تو کس قدر؟

(سید مظہر علی از امروہی ضلع علیگڑھ)

ج ۱۲۲ } مسمات نفیس بانو بیوہ احمد اللہ کو آٹھواں حصہ ملے گا۔ اس حصہ کے علاوہ مہر کی حقدار بھی ہے۔ اگر معاف نہیں ہوا یا ادا نہیں کیا گیا تو متوفی کی جائداد سے بعد وفات کے وصول کر سکتی ہے۔ نکاح ثانی کرنا اس کو اصل خاوند کی وراثت سے محروم نہیں کرتا۔ (۲ ار داخل غریب فنڈ)

نوٹ :- اخبار میں فتاوے اسی قدر تھے (منتی)

——— سرحد کی اطلاعات مظہر ہیں کہ خان آف الائی اور خان آف گڑھی کے درمیان لڑائی ہونے سے طرفین کے متعدد آدمی ہلاک و مجروح ہوئے۔

——— حکومت جے پور نے ابھی تک مذہبی مطالبات اور حقوق تسلیم نہیں کئے۔ اس لئے ۱۴ اپریل سے باجوتا سیفٹی مسلم کانفرنس کی طرف سے پھر اسی سول نافرمانی شروع کر دی جائیگی۔

بقیہ خبریں از صفحہ ۲

——— صدر جمہوریہ امریکہ نے ہٹلر اور مسولینی کو ایک پیغام بھیجا ہے کہ آپ (ہر دو) آزاد ممالک کی آزادی سلب نہ کریں۔ نیز اس سلسلہ میں اقرار کریں کہ دس سال تک کسی آزاد ملک پر جارحانہ حملہ نہیں کرینگے۔

——— لندن کے ایک اخبار میں کسی نامہ نگار کا ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ جس میں ذکر کیا گیا ہے کہ مسولینی کی نظریں یونان، فلسطین اور مصر پر بھی ہیں۔ (خدا نہ کرے)

——— سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ڈیوک آف السٹا کو البانیہ کا پہلا وائسرائے مقرر کیا گیا ہے۔

——— ولی عہد ایران شاہزادی مصر سے شادی کر کے مع شہزادی صاحبہ طہران پہنچ گئے ہیں۔

——— کیسابلانکا کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ اہل مراکش حکومت اطالیہ کے خلاف جلسوں اور جلوسوں میں مظاہرے کر رہے ہیں اور صاف طور پر کہتے ہیں کہ حکومت اطالیہ اسلام کی دشمن ہے۔

——— حکومت ترکیہ نے ریاستہائے بلقان وغیرہ سے گفت و شنید مکمل کر لی ہے عنقریب بحیرہ اسود کی حفاظت کا اعلان کیا جانے والا ہے۔

——— ریاست حیدرآباد دکن کے خلاف آریوں کی طرف سے ابھی تک ایجی ٹیشن جاری ہے۔ پنجاب کے ہر ضلع و قصبہ سے جتھے جا رہے ہیں۔ مہاشہ کرشن مالک اخبار "پرتاپ" ستیہ گرہ کے چھٹے ڈکٹیٹر مقرر کئے گئے ہیں۔

——— معلوم ہوا ہے کہ ریاست حیدرآباد دکن کی حکومت کی طرف سے عنقریب مجوزہ اصلاحات کے متعلق ایک اہم اعلان ہونے والا ہے۔ نیز اس اعلان میں مذہبی آزادی اور سرکاری ملازمتوں میں فرقہ وار تناسب کے فیصلہ کا ذکر بھی ہوگا۔

——— مولنا محمد عرفان سیکرٹری آل انڈیا خلافت کمیٹی اچانک حرکت قلب بند ہونے سے مسلم لیگ کے ایک اجلاس میں خلافت ہاؤس بمبئی میں انتقال کر گئے انا للہ

——— صوبہ سرحد میں گزشتہ کے مہینہ میں (ڈاکے اور) ۴۰ اغوا کی وارداتیں ہوئیں۔

ahmadimuslim.de

متفرقات

ہمدردانِ اہلحدیث میں سے جناب سید احمد صاحب قصوری و ایم شمس الدین صاحب مقیم بحرین نے اس ہفتہ اخبار اہلحدیث کے دو دو نئے خریدار بنا کر قیمت اخبار بھی بذریعہ منی آرڈر بھجوا دی ہے۔

جزاہم اللہ احسن الجزا

علیٰ ہذا القیاس امید ہے کہ جملہ خریداران احباب عموماً اور بہی خواہان حضرات خصوصاً اپنے اپنے حلقہ اثر میں ہمت و کوشش سے "اہلحدیث" کے لئے خریدار مہیا کر کے ہمیں شکریہ کا موقع بخشیں گے۔

شکریہ جمیع مخلص کرام حضرات کا جنہوں نے اپنی فیاض دلی سے مدرسہ فخریہ کو (جو اس وقت فی الحقیقت قابل امداد ہے) اس کی تکمیل مقاصد کی طرف توجہ فرماتے ہوئے اپنے گرانقدر عطیات سے سرفراز فرمایا۔ بہت بہت شکریہ ادا کیا جاتا ہے اور دعا کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ جمیع محسنین کرام حضرات کے مقاصد دارین بر لائے۔ آمین!

(محمد اسحاق القاری مہتمم مدرسہ فخریہ مکہ مکرمہ)

(۳۰۔ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ)

مفتاح العربیہ ہر دو حصہ عربی سیکھنے کے لئے اگرچہ متعدد کتب شائع ہو چکی ہیں۔ مگر کتاب زیر تبصرہ موجودہ حالات کے مطابق لکھی گئی ہے جس سے علم عربی سے ناآشنا بہت جلد فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ مفرد الفاظ کو آسان آسان جملوں میں استعمال کرنے کے طریقے تقریباً ڈیڑھ ہزار مختلف اشیاء کے نام۔ خطوط نویسی اخلاقی کہانیاں۔ لطیفے۔ غرضیکہ جملہ ضروریات کی تمام معلومات مندرج ہیں۔ یہ کتاب قاضی زین العابدین صاحب سجاد میرٹھی نے تالیف کی ہے قیمت فی حصہ ار مکمل عہ۔ ملنے کا پتہ مکتبہ علمیہ میرٹھ (یوپی)

آئینہ تحقیق مولوی عبد القادر صاحب حصاری نے اس کتاب میں قرآن شریف۔ حدیث اور فقہ کی تشریح کر کے ظاہر کیا ہے کہ قرآن و حدیث اور مروجہ فقہ حنفیہ بقول برادران احناف ایک چیز نہیں بلکہ ان میں بہت فرق ہے۔ بعض فقہی مسائل کے نمونے بھی دیئے ہیں۔ قیمت ۴ر۔ ملنے کا پتہ:۔ دفتر رسالہ صحیفہ اہل حدیث صدر بازار دہلی۔

اربعین قرآنی مولوی محمد فضل الرحمن صاحب مبارکپوری نے قرآن مجید سے مختلف احکامات کے متعلق چالیس آیات اس رسالہ میں شائع کی ہیں۔ صرف ایک آنہ کا ٹکٹ بھیج کر حکیم عبد السمیع صاحب منیجر احوذی بک ڈپو مبارکپور ضلع اعظم گڈھ سے طلب کریں۔

غریب فنڈ میں از فتویٰ فنڈ عہ۔

چندہ کانفرنس از بابو محمد زکریا صاحب رعیہ خاص ۵۔ مولوی علم الدین صاحب ونی ضلع گوجرانوالہ عہ۔

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کے لئے از مولوی علم الدین صاحب مذکور عہ۔

مضامین آمدہ پنڈت آتما نند صاحب۔ مولوی نور محمد میانوی ۹ عدد۔ ماسٹر صفات احمد صاحب ۳ عدد نظم۔ شیخ محمد عبد المنان صاحب۔ عبد القیوم صاحب نائب سالار

غیر مقبولہ سلف اور خلف (نظم) واردات قلوب۔ سلطان ابن سعود کی مخالفت۔ مذاکرہ علمیہ بابت سود بنک لفظ ستیہ گرہ کی تحقیق۔ پیغام غلام۔ نیک مشورہ۔ ایڈیٹر اصلاح کا استکبار۔ نخل انسان کا پھل۔ حرمت متعہ۔ حکم خدا۔ موت العالم۔ توحید تہذیب نعت۔ کیفیت پیدائش حوا۔ مسلمانوں کی ترقی کا راز۔

دارالعلوم دیوبند میں جلسہ ۱۲-۱ اپریل ۱۹۳۹ء دیوبند میں زیر صدارت مولوی محمد اعزاز علی صاحب تمام طلباء و مدرسین و ملازمین کا جلسہ علم منعقد ہوا مولانا حسین احمد صاحب نے مندرجہ ذیل تجویز پیش کرتے ہوئے مفصل اور مبسوط تقریر کی۔ اس کی تائید مولوی عبد الوحید صاحب ناظم شعبہ تنظیم نے کی۔ اس کے بعد حیدرآباد کے طلبہ میں سے خورشید احمد نو عمر طالب علم نیز مولوی ریاض الدین صاحب مدرس دارالعلوم اور سید محمد مبارک علی نائب مہتمم نے تائید میں کہیں اور باتفاق رائے تجویز منظور ہوئی۔

تجویز اساتذہ۔ منتظمین۔ طلبہ اور متعلقین دارالعلوم دیوبند کا یہ اجلاس عام آریوں اور ہندو بھائیوں کے اس ناعاقبت اندیشانہ روش پر اپنی انتہائی نفرت اور حقارت کا اظہار کرتا ہے جو انہوں نے نہایت مذموم فرقہ وارانہ اغراض کے ماتحت بے بنیاد شکایات کی آڑ میں دکن کی ہردلعزیز دیسی حکومت نظام کے خلاف جاری کر رکھا ہے اور جس کی وجہ سے جگہ جگہ ہندو مسلم فسادات رونما ہو رہے ہیں اور ہندوستان کی فضائے امن مسموم ہوتی جا رہی ہے۔ —— دارالعلوم کا یہ اجلاس عام اعلیٰ حضرت سلطان العلوم نظام دکن خلد اللہ ملکہ کی ذات اعلیٰ کے ساتھ دلی عقیدت کا اظہار کرتا ہے اور تمام معقولیت پسند اہالیان ہند سے عموماً اور ابنائے دارالعلوم دیوبند ان کے بے شمار متوسلین سے خصوصاً اپیل کرتا ہے کہ دولت نظام کے تحفظ و بہبودی کے لئے ہر جائز اور ممکن سعی عمل میں لائیں۔ اور مخالفین حکومت دکن کے خلاف منظم آواز بلند کر کے اپنا انسانی اور اسلامی فرض ادا کریں۔

یہ اجلاس عام حکومت دکن کی معدلت گستری سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اپنی اصلاحی اسکیم میں وقتی پروپیگنڈہ سے متاثر ہوئے بغیر عام رعایا بالخصوص مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کا پورا پورا خیال رکھے گی۔

(محمد مبارک علی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند)

یادِ رفتگاں میری والدہ جو نہایت صابر، شاکر، موحدہ، متبع سنت و پابند صوم و صلوٰۃ تھیں ۶-۱ اپریل کو انتقال کر گئیں۔ انا للہ! راقم چوہدری محمد اسحاق ٹیلر ماسٹر قلعہ میہاں سنگھ ضلع گوجرانوالہ۔

(۲) میری والدہ محترمہ صالحہ عابدہ ضعیف العمری میں انتقال کر گئیں۔ انا للہ! (سید عبد الکریم امام مسجد اہل حدیث قول بازار بلہاری) (۳) میرا لڑکا عارضہ چیچک انتقال کر گیا۔ انا للہ! (حشمت علی گوہیرہ کاندارلوہیاں خاص ضلع جالندھر) (۴) ہماری جماعت کے بزرگ مولوی نور محمد صاحب انتقال کر گئے۔ انا للہ! (راقمان حافظ عبد اللہ عبد الغنی مالیر کوٹلہ)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفر لھم وارحمھم

آل انڈیا ریلوے ٹائم ٹیبل ... مارچ ۱۹۳۹ء

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

ہماری شومئے قسمت

ہندوستان کا ستارۂ عروج ابھی افق سے بہت نیچے معلوم ہوتا ہے۔ خاصکر مسلمانوں کا ستارہ اس سے بھی بہت دور ہے۔ قرآن شریف کی آیت کریمہ ظھر الفساد فی البر والبحر ہندوستان کے حق میں پورے طور پر صادق آرہی ہے۔ ہندو مسلم فساد کی مثال بنارس جیسے پوتر شہر میں جو نمودار ہوئی ہے اس کا ادنیٰ ثبوت یہ ہے کہ کئی دفعہ چوبیس چوبیس گھنٹوں کا نوٹس گورنمنٹ کی طرف سے دیا گیا یعنی آٹھ آٹھ پہر کے لئے اہل شہر کو گھروں میں بند کر دیا گیا۔ کوئی متنفس مکان سے باہر نہیں نکل سکتا تھا۔ پولیس اور فوج گشت کر رہی تھی اس پر بھی باہم لڑنے والوں کی طبیعتوں پر کچھ اثر نہ ہؤا۔ آج تک بھی اکا دکا حملے برابر جاری ہیں۔ فریقین کے مکانات بکثرت جلائے گئے۔ مولانا ابوالقاسم صاحب بنارسی اسی لئے شریک جلسہ کانفرنس نہیں ہوسکے یہ تو ہے وہ حالت جو عرصہ دراز سے ہندوستانیوں کو مرض مزمن (مہلک) کی طرح لگ رہی ہے۔ ابھی اسمیں افاقے کا کوئی نشان ظاہر نہیں ہؤا تھا کہ لکھنؤ میں شیعہ سنی فساد پیدا ہوگیا۔ مسلم قوم کی دو جماعتوں کا آپس میں لڑنا غضب الٰہی کی آگ سے کھیلنا ہے۔ اور اپنے آپ کو آیہ کریمہ

اَوْ یَلْبِسَکُمْ شِیَعًا وَّ یُذِیْقَ بَعْضَکُمْ بَأْسَ بَعْضٍ (اگر خدا چاہے تو تمہیں گروہ گروہ کرکے آپس میں لڑادے)

کا مصداق ثابت کرنا ہے۔

لکھنؤ میں شیعہ سنی کی لڑائی سن کر ترکی اور ایران کی جنگیں یاد آجاتی ہیں۔ جہاں اذان میں ایک آواز۔ اَشْھَدُ اَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہِ سن کر تلواریں میان سے نکل آتیں اور لاکھوں فرزندان اسلام تہ تیغ کئے جاتے حالانکہ یہ کوئی شرعی مسئلہ نہ تھا۔ محض نفسانیت تھی۔ شیعہ کی معتبر کتاب (من لا یحضرہ الفقیہ) کے مصنف کو خدا جزائے خیر دے کہ انہوں نے اس فتنے کی آگ پر ٹھنڈا پانی ڈالنے کو یہ فتویٰ دیا کہ

اذان میں یہ فقرہ کہنا فرقہ مفوضہ ملعونہ کی ایجاد ہے۔

خیر یہ تو ایک پرانا قصہ ہے۔ حال کے واقعات پر افسوس ہوتا ہے کہ لکھنؤ میں شیعہ اور سنی آپس میں اس طرح لڑتے ہیں جس طرح کبھی ہندوستان میں مہا بھارت کی لڑائی ہوئی تھی۔ لطف یہ ہے کہ اسلام کا کوئی اصولی مسئلہ زیر بحث نہیں ہے۔ سنیوں کا دعویٰ تھا کہ ہم مدح صحابہ جلسوں اور جلوسوں کی شکل میں پڑھنے کا حق رکھتے ہیں۔ شیعہ اس کے سخت مخالف تھے۔ حکومت یوپی نے سنیوں کو جلسوں اور جلوسوں میں مدح صحابہ پڑھنے سے روکا تو انہوں نے سول نافرمانی شروع کرکے جیلخانوں کو بھر دیا۔ آخر حکومت نے اجازت دیدی کہ جب چاہیں جلسوں اور جلوس کی شکل میں مدح صحابہ پڑھ سکتے ہیں۔ (اس قسم کے واقعات کے متعلق ہم اپنی رائے محفوظ رکھتے ہیں۔ جو کچھ لکھتے ہیں فریقین کے جذبات کے ماتحت لکھتے ہیں) شیعہ سے اس کی برداشت نہ ہوسکی۔ چاہئے تو یہ تھا کہ وہ کوئی ایسا نعرہ تجویز کرتے جو اجازت دینے والی حکومت کے برخلاف ہوتا۔ مگر اُن سے اتنا انصاف نہ ہوسکا۔ پرانی عادت کے مطابق انہوں نے سنیوں سے بدلہ لینے کے لئے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم پر تبرہ بازی شروع کردی جس کا وہ پہلے سے نوٹس دے رہے تھے۔

ہمارے ملک پنجاب میں ایک قصہ مشہور ہے کہ ایک خاص قوم کی دو عورتیں باہم لڑ رہی تھیں۔ ایک کے مونہہ سے محلے کی مسجد کے ملاں کا نام نکل گیا۔ دوسری نے ملاں کو دو چار صلواتیں سنا دیں۔ تیسری نے اور زیادہ ملاں صاحب پر عنایت فرمائی۔ یہاں تک کہ ملاں صاحب لاحول پڑھتے ہوئے گلی سے نکل گئے مگر وہ انہی کو کوستیں رہیں۔

یہی مثال لکھنؤ کے شیعوں کی ہے کہ سنیوں کو اجازت تو حکومت نے دی ہے مگر وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تبرا کہہ کر سنیوں کا دل دکھلاتے ہیں۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اس کے مقابل بجائے تبرو بازی کے یہ کہتے پھرتے کہ کانگرسی حکومت برباد ہو۔ کیونکہ کانگرسی حکومت نے اجازت دی ہے۔ اب سینکڑوں کی تعداد میں شیعہ تبرا بازی کرکے جیل میں جا رہے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ تبرا کہنے پر گرفتار ہوتے ہیں۔ پولیس لاریوں میں سوار کرکے جیل میں لے جاتی ہے تو سواری کی حالت میں بھی صحابہ کرام پر تبرا کہتے جاتے ہیں۔

ادھر پنجاب کے شیعہ شائد اس غم و غصہ میں ہونگے کہ پنجاب میں یہ فساد کیوں نہیں پھیلتا۔ اس لئے وہ اس آگ کو ہوا دیتے ہیں کہ بھڑک اٹھے اور پنجاب میں بھی پہنچکر خرمن امن کو برباد کردے۔ اخبار "شیعہ" لاہور کے الفاظ اس بارے میں یہ ہیں کہ :-

"آج سے تیرہ سو سال قبل جس طرح یزیدی حکومت نے حق و صداقت کو مٹانے اور اسلام کی بیخ و بنیاد کو جڑ سے اکھیڑنے کے لئے اہل بیت رسول صلعم پر عرصہ حیات تنگ کر دیا تھا۔ اسی طرح حکومت یوپی نے اہل بیت رسولؐ کے نام لیواؤں پر ظلم و جور شروع کر دیا ہے اور جس طرح میدان کربلا میں آل رسول کو مٹانے کی ناپاک کوشش عمل میں لائی گئی تھی بعینہٖ آج لکھنؤ میں مدح صحابہ کے بہانہ سے عظمت آل رسول کو عوام کے دلوں سے محو کرنے کی بنیاد رکھی جارہی ہے۔ اور مدح صحابہ کے نام سے وہ وہ خرافات بکے جارہے ہیں کہ جن سے اہل بیت رسولؐ کی نہ صرف توہین ہوتی ہے بلکہ حقیقی اسلام پر پردہ ڈال کر اسے نیست و نابود کرنا مقصود ہے۔ لہٰذا ضرورت ہے کہ جس طرح سید الشہداء نے حق و صداقت کے پیش نظر اپنے تمام عزیزہ و اقارب کو قربان کر دیا تھا اسی طرح آج ہمارا بھی فرض ہے کہ اپنی پوری قوت سے اس دور یزیدیت کا مقابلہ کریں۔ اور اپنی جانی قربانی کے علاوہ اپنے بال بچوں کو حق و صداقت پر قربان کر دیں اور عظمت آل محمدؐ میں قدہ بھر فرق نہ آنے دیں۔"

کس قدر اندھیر ہے کہ یزیدی مشن کو تقویت

چینچا تنے اور اس گھٹتے ہوئے وقار کو ابھارنے کی غرض سے علانیہ آل رسول کی توہین کی جا رہی ہے۔ اور اسے مدح صحابہ کا نام دیکر تمام دنیا کو شیعوں کے خلاف صف بستہ کھڑا کیا جا رہا ہے اور حکومت یوپی یہ سمجھ رہی ہے کہ اکثریت کے مقابلہ میں اقلیت کے جذبات مذہبی کو دبا لیا جائے گا جو قطعی غیر ممکن ہے۔ ہم حکومت کو یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ فرقہ شیعہ اس بزرگوار کا نام لیوا ہے جس نے لاکھوں کے مقابلہ میں بہتر نفوس سے مقابلہ کیا اس قدر اقلیت کے باوجود اسے ایسی عظیم الشان فتح حاصل ہوئی کہ آج دنیا جہان میں حسینؑ ہی کا نام باقی ہے۔ اور یزیدیت کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا۔ شیعیان لکھنؤ نے بہت بڑی قربانی پیش کر کے اپنا فرض ادا کر دیا۔ ہندوستان بھر سے حسینی رضاکاروں کی روانگی شروع ہو گئی ہے شیعہ سب کچھ برداشت کر سکتے ہیں لیکن رسولؐ و آل رسولؐ جنہوں نے میدان کربلا میں اپنے خون سے شجر اسلام کی آبیاری کی ان کی توہین کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے۔ اگر حکومت نے اپنی غلطی کا احساس کرتے ہوئے اپنے غلط فیصلہ کو منسوخ نہ کیا تو اسے سمجھ لینا چاہئے ہندوستان کے تین کروڑ[1] شیعہ جیل جانے کے لئے تیار بیٹھے ہیں اور اسی پر اکتفا نہ سمجھی جائے بلکہ ان کے جیل جانے کے بعد بچوں کی باری آئیگی اور سب سے آخر میں مخدرات آل اطہار کی تاسی میں ہماری مستورات قربانیاں پیش کریں گی۔

شیعو! تمہاری غیرت و حمیت کا امتحان ہے اور تمہارے اس دعوے کو آزمانا ہے کہ تم میدان کربلا میں ہوتے تو کس جوش سے حسینؑ پہ قربان ہوتے

آج لکھنؤ میدان کربلا کا نمونہ بنا ہوا ہے۔ اور اگرچہ امام حسینؑ موجود نہیں ہیں لیکن نائبین امام (حضرات مجتہدین لکھنؤ) ھل من ناصر ینصرنی کی صدا بلند کر کے آپ کو اپنے فرائض ملی کی طرف توجہ دلا رہے ہیں۔ ضرورت ہے کہ ہماری قوم کے بوڑھے حضرت حرؓ اور حضرت ہانی کی تاسی کریں اور نوجوان شہزادہ علی اکبر و شہزادہ قاسم کے نقش قدم پر چل کر قربانیاں پیش کریں اور ہماری قوم کی مخدرات اس کے لئے تیار ہیں کہ وہ خوشی سے اپنے بچوں کو علی اصغر کی طرح قربان کر دیں اور وقت آنے پر وہ خود بھی اسیری اختیار کر کے کوفہ و شام کے بھولے ہوئے منظر کو از سر نو دنیا میں آشکارا کر دیں۔

آج دنیائے شیعیت میں زلزلہ آگیا ہے۔ اور مرکز شیعیت پر ظلم و جور کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں اغیار آل رسول کی توہین بر سر عام کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ مقامی شیعہ اس سے اظہار بیزاری کرنے کے جرم میں ہزاروں کی تعداد میں قید و بند میں ڈال دیئے گئے ہیں۔ ان پر کھانا پانی بند کیا جا چکا ہے اور انہیں سخت سے سخت اذیتیں پہنچائی جا رہی ہیں تاکہ وہ اپنے عقائد سے باز رہ کر حق و صداقت کا ساتھ چھوڑ دیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنا گھر بار چھوڑ کر اپنے بال بچوں کو خدا کے سپرد کر کے حفاظت مذہب کے لئے لکھنؤ چلیں اور اس شان سے چلیں کہ کفن زیب تن ہوں، دل میں واقعہ کربلا کی یاد ہو اور زبان پر حسینؑ کا نام ہو۔ اگر سر بھی تن سے جدا ہو جائیں تو اپنے عزم و استقلال پر قائم رہیں۔ دنیا کی کوئی حکومت ہمارے ان جذبات کو نہیں دبا سکتی۔

ان سطور لکھنے کے بعد مزید لکھنے کی تاب باقی نہیں رہی۔ آنکھوں میں آنسو ہیں اور دل بے چین ہے۔ باوجود بے حد اصرار کے انجمن تنظیم المؤمنین کا حکم نامہ صادر نہیں ہوا ورنہ لکھنؤ جانے کے لئے بالکل تیار بیٹھا ہوں" (شیعہ لاہور)

مورخہ ۱۶-اپریل ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث خدا ثمرہ فساد کا خاتمہ جلدی کرے۔ تاکہ مسلم قوم کے دونوں فریق باہم شیر و شکر ہو کر آیت اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ کا نمونہ دکھائیں۔

سرکاری اعلان

اطلاع عامہ کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب میں موٹر سپرٹ کی فروخت پر ٹیکس لگائے جانے کا قانون نمبرہ ۱۹۳۹ء جو پنجاب گزٹ کی غیر معمولی اشاعت مورخہ ۴-اپریل ۱۹۳۹ء میں شائع ہوا تھا۔ ۱۹-اپریل ۱۹۳۹ء سے نافذ کیا جائیگا۔ قانون مذکور کے ماتحت ہر امپیریل گیلن پر ایک آنہ تین پائی کی شرح کے حساب سے ٹیکس لگایا جائیگا۔ اور ۱۹-اپریل ۱۹۳۹ء کو یا اس کے بعد موٹر سپرٹ کی تمام پرچون فروختوں کے متعلق فراہم کیا جائیگا۔ کوئی شخص جو موٹر سپرٹ میں بطور خوردہ فروش کاروبار کرتا ہو اور اس کے پاس ۱۹ جون ۱۹۳۹ء کو یا اس کے بعد اس قانون کے ماتحت ایک باقاعدہ لائسنس نہ ہو جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا۔ جس کی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا اسے کسی موٹر سپرٹ کی فروخت کے متعلق جو وہ خود کرے یا اس کی طرف سے کی جائے واجب الوصول ٹیکس سے دوگنا رقم کے مساوی جرمانہ کیا جا سکتا ہے (دونوں میں سے جو زیادہ رقم ہو وہ جرمانہ کی سزا ہوگی)۔ اس قانون کے ماتحت کوئی شخص اس ضلع کے پٹرول ٹیکشن افسر سے درخواست کرنے پر لائسنس حاصل کر سکتا ہے جہاں وہ کاروبار کرتا ہو اس کے لئے پانچ روپیہ فیس ادا کرنی پڑیگی۔ ہر ایسا لائسنس تجدید کے بغیر اس مدت کے بعد سے جب لائسنس دیا گیا ہو آئندہ ۳۱ مارچ تک جائز ہوگا۔ لیکن لائسنس ہر سال دوبارہ جاری کرایا جا ہے۔ قانون مذکور کے ماتحت مسودہ قواعد ان اشخاص کی اطلاع کے لئے جن پر اس کا اثر ہوگا عنقریب پنجاب گزٹ میں شائع کیا جائیگا۔ اس کی اشاعت کے تین دن گزر جانے پر ان اعتراضات اور تجاویز کے ساتھ جو عرصہ مذکور کے دوران میں اس بارہ میں موصول ہونگی مسودہ مذکور پر غور کیا جائیگا۔ قانون اور مسودہ قواعد کی نقول

[1] وہ تین کروڑ بالغ ہیں تو اسی قدر عورتیں ہونگی۔ چھ کروڑ کی مردم شماری کا اوسط حساب ہے کہ ہر گھر میں اوسطاً چھ بچے ہیں۔ تو اسی حساب سے شیعہ کا کل شمار ہندوستان میں بارہ کروڑ ہوا۔ کل مسلم آبادی ۸۰ کروڑ کے درمیان ہے۔ ناظرین اس دعوے کی صداقت جانچ لیں۔ (اہلحدیث)

مومیائی ٭

مصدقہ علمائے اہل حدیث وہزارہا خریداران اہلحدیث
علاوہ ازیں ... شہادتیں ... ہیں
خون صالح پیدا کرتی ... بجلائی
سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی
اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔
... کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی
سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے
پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک
چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۲؍
آدھ پاؤ ... پاؤ بھر ... مع محصول ڈاک۔
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی ریاست سے ایک پاؤ
کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی
ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور ... چھٹانک
مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے اسکے قبل جناب ... سے
منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی۔ (۱۵ فروری ۱۹۲۹ء)
جناب راؤ عبد الواسع خان صاحب ... آپکی مومیائی
کی بہت تعریف ... مفید ... ہے میں نے اس ...
... بہت اچھی ثابت ہوئی اب ایک چھٹانک ... ارسال
فرمائیں۔ (۲۲ فروری ۱۹۲۹ء)
جناب عبد الستار صاحب ... آپکے ...
... تا ...
... ارسال ... (... فروری ...)
مومیائی منگوانے کا پتہ ... سردار خان
... حسین ... امرتسر

خوشبودار موہوم و اثر طلا

... ادویات سے تیار کیا گیا ہے۔ کیسی ہی کمزوری
... قابل ... ہو
... فائدہ
... ہیں
نیپالی ریچھ۔ افریقہ ... شیر ببر ... کا تیل۔ بیر بہوٹی
برہمی مورچہ صحرائی ... کا کچھوا۔ جونک ... تیلنی
... کا
کا تیل۔ ریگ ماہی۔ بیج کیسر۔ ... موم روغن
کستوری۔ ... ول ...
جگر کی چربی۔ کالے سانپ کا ... زردی بیضہ مرغ
وغیرہ وغیرہ۔ تجربہ کے مطابق فائدہ نہ ہو تو دگنی قیمت واپس
چھوٹی شیشی یک تولہ پانچ روپیہ۔ علاوہ محصول ڈاک ۸؍
(منگوانے کا پتہ)
فلیمنا کیمیکل ورکس ۲۲ فرید کوٹ (پنجاب)

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ...

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار
اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے۔
ملنے کا پتہ: مولانا عبد ... غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ ... الاسلام امرتسر

بالکل مفت

مندرجہ ذیل کتب برائے تبلیغ ان حضرات کو مفت دی
جائینگی جو بالکل نادار اور غریب ہوں اور قیمتاً خرید نہ سکتے
ہوں ... محصول ڈاک ... آنہ ...
... نہیں کیا جائیگا۔
... المبین فی اتباع خاتم النبیین۔ حزب المقبول۔
ترجمان وہابیہ۔ قرآن مجید مترجم موٹے حروف والا۔
صحیح بخاری شریف مترجم۔
... عبد الکریم ... ایم ... لعدیا ...
ضلع نلور۔ صوبہ مدراس

سرمہ رفیق چشم بیروں مفت

تقسیم کیا جا رہا ہے۔ آپ بھی محصول ڈاک کیلئے صرف ڈیڑھ آنے
کے ٹکٹ بھیجکر بیش قیمت سرمہ اور کتاب نور نظر کے پوشیدہ
خزانے بالکل مفت طلب فرما لیجئے۔ مفصل فوائد اور
ترکیب استعمال ہمراہ ہوگی۔

پتہ:۔ مینیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن
فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

زوال غازی

انقلاب افغانستان کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ
تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔
اس میں ... کے تمام حالات مندرج ہیں
سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے ...
اور خوانین اور ملاؤں کی ... کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی
بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات
مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے
کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو
دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ... کے ۴۸ صفحات
اصل قیمت ... روپے۔ رعایتی ...
پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر ...

کتبخانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی
NATIONAL ... DELHI.

بیمۂ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمۂ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد اپنے متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ

قائم شدہ ۱۸۷۴ء ہیڈ آفس بمبئی

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۴۸۸)

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

(حصہ اول) مصنفہ حکیم حاجی محمد عبد اللہ صاحب مصنف "کنز المجربات" وغیرہ۔ جس میں ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کے مخفی افعال و خواص کو سالہا سال کی محنت و جانفشانی۔ ہزارہا کتب کی ورق گردانی۔ لاتعداد حکماء کرام سے تبادلہ خیالات اور اپنے بے شمار تجربات کو حکایات، مفردات، عجائبات، مصدیات، مخفیات سنیاسیات اور کشتہ جات کے علیحدہ علیحدہ ابواب میں شائع کیا گیا ہے۔ ضخامت سوا پانچ سو صفحات۔ آپ ضرور منگوائیں۔ بڑی مفید چیز ہے۔ قیمت تین روپے۔ محصول ڈاک ۸/

ائمہ تلبیس

مصنفہ مولوی ابو القاسم رفیق دلاوری۔ "ائمہ تلبیس" کی دو حیثیتیں ہیں۔ اول علمی اور تاریخی۔ دوم تبلیغی اور کلامی۔ پہلی حیثیت کے اعتبار سے یہ کتاب اپنی نوعیت میں سب سے پہلی اور مفصل کوشش ہے۔ جس میں تاریخی لحاظ سے مدعیان کاذب کے حالات اس شرح و بسط سے بیان کئے گئے ہیں کہ زبان اُردو کو اس پر بجا فخر ہونا چاہیئے۔ عصر حاضر میں جبکہ مسیحیت، مہدیت، مجددیت کے دعوے کر کے عوام کو لوٹنا رواج ہو گیا ہے۔ "ائمہ تلبیس" پڑھنے والوں کے لئے بہت عمدہ کشا اور بصیرت افروز ثابت ہوگی۔ ملک کے ممتاز علماء اور اکابرین نے اسکو بہت پسند کیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۶/

رئیس قادیان

از مصنف ممدوح۔ مرزائیت کی تردید میں ایک تازہ تصنیف۔ مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے حالات جدید طرز پر۔ دیکھے حالات آپ کو کسی اور کتاب میں نہ ملینگے جب تک کتاب شروع کر کے پوری پڑھ نہ لیں۔ چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ قیمت حصہ اول ۱۲/ دوم ۱۲/

مندرجہ کتب منگوانے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر پنجاب

سرمہ نور العین

۲/

(مصدقہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۲/

پتہ۔ منیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ (پنجاب)

آب شفا

۱۲/

بدہضمی۔ کھٹی ڈکاریں۔ بھوک کم۔ معدہ کمزور وغیرہ کے علاوہ دردِ سر۔ دالت۔ درد سینہ۔ شکم۔ کمر۔ جوڑوں کا درد۔ ہیضہ اور پلیگ وغیرہ میں آنے کا مجرب اور فوری اثر علاج ثابت ہو چکا ہے مکمل نسخہ کاؤں مد ترکیب وقت رات دن پڑھنا کر حکیم کا کام دیتی ہے جلد شائقین منگا سبب ہر مصرف ہر محصول و خرچ پیکنگ وغیرہ آنا فوری پر ہر ترکیب ہمراہ ہوگا۔

پتہ۔ منیجر سرمہ جمیعی۔ حراداکیٹ کوچہ خان امرتسر

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ

جیوہ ایلی نمبر ۳۵۲:- یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۶

اہلحدیث

اخبار اہلحدیث امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ [illegible]

رؤسا و جاگیرداروں سے [illegible]

عام خریداران سے [illegible]

ششماہی [illegible]

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ [illegible]

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے۔

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۷ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۸ اپریل ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۷۹۱)

فہرست مضامین

نظم (قطعات) - - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
مقالات اسلامیہ بجواب سوالات آریہ ص۳
خدا کی طرف سے آنے والوں کی شان اور ہمت بلند ہوتی ہے ص۴ - احمدی مثلث - ص۵
جلسہ اہل حدیث کانفرنس نتھگڈہ چوڑیاں ص۶
نغمات توحید - - - - ص۷
امیر ملت علی پوری کی شان - - - ص۸
بشریت رسول ص۹ - اہل بیت اور شیعہ ص۱۰
[illegible] - - - - ص۱۱
[illegible] - - - - ص۱۲
[illegible] ص۱۳ - متفرقات - ص۱۴
[illegible] ص۱۵ - اشتہارات - ص۱۶

قطعات

(نتیجہ فکر جناب عبد الخالق صاحب عشرت دیناگری)

اے مسلماں! اب تلک تقدیر پر روتا ہے تو — یعنی یہ عزّ و وقار اپنا یونہی کھوتا ہے تو
غیر قومیں بر سر اوج کمال ہیں جلوہ گر — لیکن اب تک خواب غفلت میں پڑا سوتا ہے تو

کل تلک تھا ربع مسکوں پر ترا سکہ رواں — اب وہ حالت ہے تری کہ الحفیظ و الاماں
اس جہان رنگ و بو میں یہ ترا لٹتا وقار — ہے ہر اک گرفتار پر بھی ہے بہت حد تک گراں

جذبۂ ملت ذرا بھی تجھ میں اب باقی نہیں — اتفاق و اتحاد اور وہ وفا باقی نہیں
تابش ایماں گئی اور جوشش ملت بھی گیا — الغرض تجھ میں مسلماں کچھ بھی رہا باقی نہیں

[illegible] کر تو اب برق بن کر خرمن باطل جلا — جو جو درس تو نے توحید کا سب کر بھلا
[illegible] پاک مسلماں کی نظر — پھر سے پیدا کر تو پہلی سی خدا سے [illegible]

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں گرمی روز بروز بڑھ رہی ہے۔

—— یکم مئی کو لیبر فیڈریشن کی طرف سے جلیانوالہ باغ امرتسر میں زیر صدارت پنڈت جواہر لال نہرو ایک روزہ کانفرنس ہوگی۔ اس فیڈریشن کی طرف سے مالک کارخانہ جات ایسوسی ایشن امرتسر کو چٹھی لکھی گئی تھی کہ یکم مئی کو کارخانے بند رکھیں۔ مگر ایسوسی ایشن نے اس روز چھٹی نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

—— چارٹرڈ بنک امرتسر سے ایک شخص نے اپنی ساس کے نام سے بیس ہزار روپیہ ایک عورت کو اپنی ساس ظاہر کرکے برآمد کرالیا۔ معاملہ پولیس کے زیر تحقیق ہے۔

—— میونسپل کمیٹی امرتسر کی طرف سے شاہی مسجد لاہور کی مرمت کے لئے ایک ہزار روپیہ دینے کی خبر جو سابقہ پرچہ میں شائع ہوئی ہے اسکی تردید ہوگئی ہے۔ گورنمنٹ نے اس کی منظوری نہیں دی۔

—— لاہور میں کسانوں کا ستیہ اگرہ جاری ہے۔ ایک ہزار سے زائد گرفتاریاں ہوچکی ہیں۔

—— مولانا عبید اللہ سندھی نے بنگال پراونشل جمعیۃ العلماء کی کانفرنس (جو ۲-۳-۴ جون کو کلکتہ ہورہی ہے) کی صدارت قبول کرلی ہے۔

—— پنجاب اسمبلی میں ڈپٹی سپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہوگئی ہے۔ اس پر آئندہ اجلاس میں بحث ہوگی۔ نیز ممبران اپوزیشن کی طرف سے وزارت کے خلاف بھی تحریک پیش ہوگئی ہے۔

—— حیدرآباد دکن ایجی ٹیشن بدستور جاری ہے پنجاب کے ہر شہر و قصبہ سے آریوں کی طرف سے جتھے جارہے ہیں۔

—— لکھنؤ میں فرقہ شیعہ کی طرف سے تبرہ ایجی ٹیشن جاری ہے۔ پنجاب سے بھی جتھے جارہے ہیں۔

—— آئندہ ماہ مئی میں سردار پٹیل مشرقی افریقہ کو روانہ ہوجائیں گے۔

—— کلکتہ میں ایک گھر کے چار افراد بجلی کو چھونے سے ہلاک ہوگئے۔

—— آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے اجلاس میں جو کلکتہ میں منعقد ہونے والا ہے۔ تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کے متعلق ایک رزولیوشن پیش ہونے والا ہے۔

—— راجکوٹ کے حالات ابھی درست نہیں ہوئے گاندھی جی اور دربار ویرا والا میں جو گفت وشنید جاری تھی پھر ٹوٹ گئی ہے۔

—— حکومت سپین کا سرکاری اعلان مظہر ہے کہ جبرالٹر پر حملہ کی خبر بے بنیاد ہے۔

—— اعلان کیا گیا ہے کہ ۱۴۔ ۱۵ مئی کو میڈرڈ میں جشن فتح منایا جائیگا۔

—— ایک اطلاع مظہر ہے کہ منگولیا کے اندرونی حصوں میں جاپانی فوج نے چینی فوج کو بھگا دیا ہے۔ ایک مقام پر قبضہ بھی کرلیا ہے۔

سب سے پہلے
اخبار ہذا کے صفحہ ۱۴ پر
حساب دوستاں
ملاحظہ فرمائیں

—— انگلستان سے بڑی مقدار میں سونا امریکہ کو بھیجا جارہا ہے۔ ۲۱۔ اپریل کو ۲ کروڑ روپیہ کا سونا نیویارک بھیجا گیا ہے۔ جب سے جرمنی نے چیکوسلواکیہ پر قبضہ کیا ہے تب سے اس وقت تک برطانیہ ۱۱ کروڑ بیس لاکھ پونڈ کا سونا امریکہ کو بھیج چکا ہے۔

—— معلوم ہوا ہے کہ محمد افضل خان شنواری نے اپنے آپ کو افغان گورنمنٹ کے حوالے کردیا ہے۔ گورنمنٹ نے اس کو معاف کرنے اور اس کی ضبط شدہ جائداد کو واپس کردینے کا اطمینان دلایا ہے۔

—— لاہور۔ مزنگ کے قبرستان میں مُردوں کو دفن کرنے اور قبر کھودنے کے متعلق گورکنوں اور مسلمانوں میں تنازع پیدا ہوگیا ہے۔ حق ملکیت کی بنا پر عدالت دیوانی میں دعویٰ دائر کردیا گیا ہے۔

—— کلکتہ کے ایک بڑے جوتشی نے پیشگوئی کی ہے کہ آئندہ چند ہفتوں تک کلکتہ میں ایک زبردست زلزلہ آئیگا۔

—— ایک نمائندہ پریس نے صدر کانگرس سے ملاقات کے دوران میں سوال کیا کہ اگر ورکنگ کمیٹی کی ترتیب کے متعلق گاندھی جی کے ساتھ سمجھوتہ نہ ہوسکا تو آپ کیا کرینگے۔ انہوں نے جواب دیا کہ یا تو میں ورکنگ کمیٹی خود مرتب کرونگا یا مستعفی ہوجاؤنگا۔

—— لندن۔ مسٹر ایمری ممبر پارلیمنٹ ضوار العوام میں ایک رزولیوشن پیش کرنے والے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ ملک کے تمام اسلحہ اور روپیہ پر گورنمنٹ کا قبضہ ہو۔

—— مصر میں ۲۲۔ اطالوی جاسوس جو ایک نہر کی تعمیر میں بطور مزدور کام کر رہے تھے ان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ان کے قبضہ سے اہم دستاویزات. نقشے اور چٹھیاں برآمد ہوئیں۔

—— لندن۔ دار العوام میں نرسنگ (دایہ گری) پر بحث کرتے ہوئے مسٹر ویلیٹ نے ایک لاکھ لیڈی والنیٹروں کی جو جنگ کے دوران میں بطور نرس کام کرسکیں۔ اپیل کی۔ نیز یہ بھی کہا کہ جنگ کے پہلے ۲۴ گھنٹوں میں دو لاکھ بستروں کی ضرورت ہوگی۔

مضامین آمدہ | مولوی عبد العزیز صاحب۔ مولوی محمد عثمان صاحب۔ نسیم صاحب امٹی۔ منشی محمد خان۔

غیر مقبولہ | درود شریف۔ قادیانی نبوت کی آواز۔

جماعت اہل حدیث ہوشیار ہوجائے | ایک شخص جو اپنا نام حکیم نذیر بتلاتا ہے۔ مسکن بلوچستان۔ حلیہ یہ ہے۔ لمبا قد۔ پتلا جسم رنگ گورا۔ داڑھی کٹی ہوئی۔ عمر تقریباً بتیس سال ہوگی جہاں جہاں اہل حدیث افراد ہیں دورہ کر رہا ہے۔ اپنے آپ کو مصیبت زدہ بتلا کر خوب چندہ وصول کررہا ہے معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کئی جگہ جماعت اہل حدیث کو دھوکہ دے چکا ہے۔ لہذا جماعت اہل حدیث ایسے شخص سے ہوشیار ہوجائے۔ بعض جگہ یہ مولوی صاحب کے نمودار ہوتا ہے۔ (نامہ نگار)

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۷-ربیع الاول ۱۳۵۸ھ

ahmadimuslim.de

مقالات اسلامیہ بجواب سوالات آریہ

آریوں کے گرو سوامی دیانند یا ان کے نام سے کسی آریہ پنڈت نے ستیارتھ پرکاش کے چودھویں باب میں جو غیر محققانہ اعتراضات قرآن مجید پر کئے ہیں ہم ان کے جوابات سے عرصہ ہوا فارغ ہو چکے تھے اور سمجھا تھا کہ اس قسم کے اعتراضات گئے زمانے میں تو ہو سکتے تھے اس علمی ترقی کے زمانے میں شائد آریہ سماجی بھی پیش کرتے ہوئے جھجکیں گے۔ مگر آریہ ویر ۳۰۔ اکتوبر ۱۹۳۸ء دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ابھی تک کل آریہ علمی روشنی میں نہیں آئے بلکہ پرانی لکیر کے فقیر بنے بیٹھے ہیں۔ آریہ ویر کے سوالات کو ہم نے معمولی نظر سے دیکھ کر پھینک دیا تھا مگر بعض مسلم احباب کے توجہ دلانے پر آج ان پر کچھ لکھتے ہیں۔ سوالات کی سرخی ہے :-

"مسلمان علماء سے سوالات"

پہلا سوال اسلام کی تعلیم ہے کہ جو آدمی حضرت محمد صاحب پر ایمان لائینگے انہیں بہشت میں دوسری نعمتوں کے علاوہ ستر حوریں ملیں گی۔ مہربانی کر کے بتایا جائے کہ یہ ارشاد تو مردوں کے لئے ہوا۔ عورتوں کو کیا ملے گا؟ (آریہ ویر لاہور صفحہ ۳ مورخہ ۳۰ اکتوبر ۱۹۳۸ء)

جواب ستر حوروں کا ذکر قرآن مجید میں نہیں ہے اور نہ کسی صحیح حدیث میں ہے۔ ملاحظہ ہو تفسیر فتح البیان صفحہ

سوال ۲ جنت یا بہشت کے متعلق قرآن شریف میں لکھا ہے کہ وہاں دودھ کی نہریں ہوں گی۔ اب سوچنا یہ ہے کہ دودھ کہاں سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کا جواب تو یہی ہے کہ دودھ گائے بھینسوں سے پیدا ہوتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ بہشت میں گائے بھینسیں ضرور ہونگی۔ اگر گائے بھینسیں ہیں تو گوبر بھی ضرور ہوگا۔ گوبر سے مچھر اور مچھر سے بہت سی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ بہشت میں گائے بھینسوں کے چارہ کے لئے کھیت بھی ضرور ہونگے اور آدمی بھی جو ان کھیتوں کو سنبھالنے والے ہل چلانے والے اور بیج بونے والے ضرور ہوں گے۔ اس طرح وہ تمام اشیاء جو اس دنیا میں دیکھنے میں آتی ہیں ضرور موجود ہونگی تو پھر یہ بتائیں کہ بہشت اور اس دنیا میں فرق کیا ہے؟ (حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۲ سائل نے قانون قدرت پر غور نہیں کیا کہ وہ کتنا وسیع ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض چشموں کے پانی نہایت ٹھنڈے اور شیریں نکلتے ہیں اور بعض کے کڑوے۔ بعض کے اتنے گرم کہ چاول اُبل جائیں اور چاول پک جائیں۔ یقین نہ ہو تو کشمیر یا منی کرن ضلع کانگڑہ وغیرہ مقامات میں دیکھیں جو ہمارے دیکھے ہوئے ہیں۔ اسی طرح تحت قدرت ہے کہ پانی کے چشموں کی طرح دودھ کا چشمہ بھی جاری کر دے۔ یہ کام محال نہیں ہے۔ اگر آریہ سوال اٹھائیں کہ یہ مروجہ قانون قدرت کے خلاف ہے تو وہ ہمیں بتائیں جوان جوان آدمیوں کا پیدا ہو جانا اور پھر اس سلسلے کا بند ہو جانا کیوں ہے۔ بس آپ کا سارا اعتراض جڑ بنیاد سے اکھڑ گیا جو آپ نے "ستیارتھ پرکاش" سے اخذ کیا ہے۔

سوال ۳ قرآن شریف میں آیا ہے کہ جنت میں سونے کے زیورات ملیں گے۔ اس لئے وہاں سنار ہونے ضروری ہیں۔ زیوروں کو بنانے کے لئے آگ ضروری ہے مگر اس کے برعکس آگ کا ہونا اسی قرآن شریف میں دوزخ میں بتایا گیا ہے اور بہشت کو اس سے مبرا بتایا گیا ہے۔ اس کے متعلق مسلمان علماء کے پاس کیا جواب ہے؟ کیا وہ بہشت میں آگ ہونا مانتے ہیں؟ (حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۳ یہ سوال بھی قانون قدرت کو محدود سمجھنے پر ہے۔ آریہ مترو! اب تو دستکاری کی جگہ مشینری نے لے لی ہے۔ مشینری کے ہوتے ہوئے آپ کا یہ سوال بے معنی ہے۔ خدا کی قدرت سے زیور سازی کی مشین بن جائیگی جو ملائکہ کے ذریعہ روزانہ اپنا کام کریگی دستکاری کی حاجت نہیں۔

سوال ۴ جنت اور دوزخ کس جگہ واقع ہیں۔ (حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۴ جنت دوزخ کی جگہ زمین ہی ہے۔ جنتی کہیں گے الحمد للہ الذی اورثنا الارض نتبوء من الجنۃ حیث نشاء۔ (خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں بہشت کا وارث کیا۔ جہاں ہم چاہتے ہیں جنت میں جگہ لے لیتے ہیں)

سوال ۵ بہشت میں شراب کا ملنا بھی بتایا گیا ہے۔ یہ کیوں؟ جس چیز کو اہل اسلام یہاں ناپاک اور بُری چیز خیال کرتے ہیں۔ وہ بہشت میں خدا نے کیوں حلال کر دی؟ (حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۵ یہ بہت بڑا مغالطہ ہے جو آریہ سماجی

دیا کرتے ہیں۔ سنئے! جنت کی شراب کے ساتھ طہورا کا لفظ بھی ہے۔ یعنی شرابا طہورا۔ جس کے پورے الفاظ یہ ہیں:۔

اسقاھم ربھم شرابا طھورا

یعنی پروردگار اہل جنت کو پاک شراب پلائیگا۔

پاک شراب سے مراد ہے بے نشہ۔ جس کی شان میں یہ ارشاد ہے۔ لا فیھا غول ولا ھم عنھا ینزفون (نہ اس میں چکر ہوگا نہ اس کی وجہ سے متوالے ہونگے) نشہ والی شراب کو قرآن مجید نے نجس قرار دیا ہے۔ پڑھئے انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطان۔ بت پرستی اور شراب وغیرہ یہ ناپاک شیطانی کام ہیں۔ پس جو ناپاک ہے وہ حرام ہے جو پاک ہے وہ حلال ہے۔ اس کی مثال آریہ اصول کے مطابق یہ ہے کہ دو ہنڈیوں میں دال پکی ہے۔ ایک میں گوشت بھی ملا ہوا ہے اور ایک خالی ہے۔ آریہ خیال کے مطابق گوشت والی دال کھانے کے قابل نہیں ہے اور بلا گوشت دال کھانے کے قابل ہے۔ یہی فرق ہے دنیاوی شراب نجس اور اخروی شراب طہور میں۔

سوال ۶ قرآن شریف کی سورہ اعراف میں آیا ہے کہ خداوند تعالےٰ نے تمام مخلوقات اور زمین اور آسمان چھ دن میں پیدا کئے۔ بتاؤ کہ جب دن نہ تھا تو خدا نے کس طرح اندازہ لگایا۔ ساتھ ہی قرآن میں تو لکھا ہے کُنْ فَیَکُوْنَ" یعنی جس وقت خداوند کریم کسی چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو وہ اس وقت ہو جاتی ہے۔ تو اس کا کیا مطلب کہ چھ دنوں میں تمام مخلوقات پیدا کی۔ اس کن کے بیان کے متعلق تو مخلوقات اُس وقت ہو جانی چاہئے تھی۔ جس وقت کہ خدا نے خیال ہی کیا۔ تو پھر چھ دن رات کیا معنی رکھتے ہیں؟ (حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۶ اس میں بھی آریہ سماج کو بہت پرانی غلطی ہے وہ تعصب کے مارے قرآن مجید کے لفظوں کو نہیں دیکھ سکے۔ اگر دیکھتے تو یہ جان جاتے کہ زمین کی صورت موجودہ میں پیدا ہونے تک بے حساب کیفیات ہیں جیسے انسانی بچہ کے پیدا ہونے میں بعض کیفیات ہیں۔ ہر کیفیت کو کن کہا جاتا ہے اور وہ ہو جاتی ہے۔ پھر دوسری کو کن کہا جاتا ہے اور وہ ہو جاتی ہے اس کے بعد پھر تیسری اور پھر چوتھی۔ پس آیت واقعہ کی تصدیق اور واقعہ آیت کی تائید کرتے ہیں۔ اور آریہ سماجیوں کی غلطی بتاتے ہیں۔

سوال ۷ قرآن میں لکھا ہے۔ خدا جس کو چاہے سیدھے راستے لگائے۔ جس کو چاہے بُرے رستے میں لگا دے۔ اس سے ثابت ہوا کہ نیکی بدی آدمی کے اختیار میں نہیں ہے۔ اور جو کچھ کرتا ہے۔ خدا ہی کرتا ہے۔ پس جب نیکی بدی کرانے کا ذمہ دار خدا ہو۔ تو اُسے بہشت و دوزخ بنانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟

جواب ۷ خدا کن لوگوں کو ہدائت کرتا اور کن کو گمراہ کرتا ہے؟ یہ اس نے خود بتا دیا ہے۔ غور سے سنئے۔ یھدی الیہ من ینیب۔ جو خدا کی طرف جھکے خدا اس کو سیدھے راستے کی ہدائت کر دیتا ہے اور ما یضل بہ الا الفاسقین یعنی بدکاروں پر گمراہی کا حکم لگاتا ہے۔ ان معنی اور اس تفصیل پر کیا اعتراض۔ یہ تو بالکل ایسی مثال ہے جو کوئی طبیب یا ڈاکٹر کہے کہ میری دوا سے ان کو فائدہ ہوتا ہے جو پرہیز کرتے ہیں اور بدپرہیزوں کو بجائے فائدہ کے نقصان پہنچتا ہے۔

سوال ۸ مسلمان بڑی ڈھینگ مار کرتے ہیں کہ اسلام خدا کو وحدہٗ لاشریک مانتا ہے۔ لیکن اگر یہ ٹھیک ہے تو پھر خدا کے نام کے ساتھ محمد صاحب کا نام کیوں کلمہ میں لگایا گیا ہے اور ان پر ایمان لانا اتنا ہی ضروری کیوں سمجھا گیا ہے۔ جتنا خدا پر؟ (حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۸ ہاں صاحب ستیارتھ پرکاش میں بھی یہ سوال پیدا کیا گیا ہے جس کا مفصل جواب ہم نے "حق پرکاش" میں دیدیا ہوا ہے۔ سنئے اللہ کو الوہیت میں وحدہٗ لاشریک جاننا اور پیغمبر کو اس کا رسول جاننا یہ شرک نہیں ہے۔ سوامی دیانند بھی اس صورت کو شرک نہیں کہتے۔ ملاحظہ ہو ستیارتھ پرکاش سملاس چودھواں۔ ذرا اپنے آئینے میں منہ دیکھئے کہ ویدوں کے رشیوں (اگنی۔ وایو۔ آدت۔ انگرہ) کو ویدوں کا ملہم ماننا آریہ ایمان میں داخل ہے یا نہیں۔ یقیناً ہے تو پھر بہ نسبت اہل اسلام کے آریہ سماجی چار گنے مشرک ہوئے یا نہیں۔ پس ؎

ایں گناہیست کہ در شہر شما نیز کنند

سوال ۹ حدیث میں لکھا ہے کہ حضرت محمد صاحب فرماتے ہیں کہ ہماری امت میں سے دنیا میں ۷۲ فرقے پیدا ہونگے۔ لیکن ان میں ناجی یعنی نجات پانے والا ہوگا۔ اور باقی ناری یعنی دوزخی ہونگے۔ اب بتائیں کہ مسلمانوں مثلاً حنفی، شافعی مالکی، اہل سنت جماعت، اہل حدیث اور مرزائی وغیرہ کونسا فرقہ ناجی ہے؟

(حوالہ پرچہ مذکور)

جواب ۹ بہتر فرقے ہونے کی حدیث صحیح ثابت نہیں ہے۔ اس کا ذکر سفر السعادۃ میں دیکھئے اور واقعات سے اس کی شہادت پوچھیں تو ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ اور جواب وہی دیتے ہیں جو اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی نقل ہوا ہے۔ یعنی ما انا علیہ واصحابی۔ یعنی وہ فرقہ حق پر ہے جو پیغمبر علیہ السلام کی سنت اور صحابہؓ کی روش پر ہو۔ نام اس کا کچھ بھی ہو۔ مگر منظور نظر اس کو ہر حال میں اتباع سنت ہو اس کے متعلق ہمارا رسالہ "حیات مسنونہ" دیکھئے اور فائدہ اٹھائیے۔

حق پرکاش اس کتاب میں اُن ایک سو انسٹھ ۱۵۹ سوالات کا معقول اور عالمانہ جواب درج ہے جو سوامی دیانند کی مشہور کتاب "ستیارتھ پرکاش" کے چودھویں باب میں قرآن شریف پر کئے تھے اس کا جواب مدلل اور عالمانہ جواب حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب نے دیا ہے۔ کئی بار چھپ چکی ہے قیمت ۸ آنے۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

الہامی کتاب۔ مجموعہ مباحثہ آریہ وغیرہ مولانا ثناء اللہ صاحب (۱۹۴) صاحب کے ... قیمت ... منیجر اہلحدیث

... حیات مسنونہ قیمت ۲ آنے۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

قادیانی مشن

خدا کی طرف سے آنیوالوں کی شان اور ہمت بلند ہوتی ہے

امیر پیغام کا مغالطہ آمیز خطبہ

جماعت مرزائیہ کا یہ طریقہ کلام ہے کہ ایک لفظ جو متعدد معنیٰ رکھتا ہو اس کے ایک معنیٰ لیکر دوسرے معنیٰ کو مخلوط کر دیتے ہیں جو علم بیان کے بالکل خلاف ہے، مثلاً انسان کا لفظ قرآن مجید میں بُرے لوگوں کے حق میں بھی آیا ہے۔ ملاحظہ ہو کان الانسان کفوراً (انسان بڑا ناشکرا ہے) اور انبیاء علیہم السلام پر بھی انسان کا لفظ آیا ہے۔ تو کیا ان دونو مقاموں کو ایک کر دینا صحیح ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ امیر جماعت پیغامیہ نے اپنے خطبہ میں اس قسم کا ارتکاب کیا ہے۔ مرزا صاحب کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملاتے ہوئے خطبہ فرمایا ہے۔ جو "پیغام صلح" ۸-اپریل ۳۹ء میں شائع ہوا۔ اسکے مختلف مقامات اور فقرات یہ ہیں:-

اوّل :- حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) نے اپنا مدمقابل عیسائیت کو چنا ہے۔

دوم :- لوگوں نے حضرت مرزا صاحب کے مقام کو سمجھا نہیں۔ یہ شخص جو اس قدر بلند ہمت کا مالک ہے کہ اس قوم کے ساتھ ٹکر لگاتا ہے کہ جس سے ٹکر لگانے کے لئے سامان دنیا میں موجود نہیں۔ یہ دنیا کے معمولی انسانوں میں سے نہیں ہو سکتا۔

سوم :- آپ کو معلوم ہوگا کہ حضرت مرزا صاحب کے زمانہ سے قبل اور آپ کے زمانے کی ابتدا میں عیسائیت اور اسلام کا باہمی تعلق کیا تھا۔ مسلمان تو ہمیشہ حضرت عیسیٰ کو نبی مانتے چلے آئے ہیں۔ اور اسی لئے عیسائیت کو باوجود اس کے غلو کے برا نہیں کہتے تھے۔"

اہلحدیث ان تین فقروں میں مولوی محمد علی صاحب نے جو افسوسناک مظاہرہ کیا ہے ہمارے پاس اس کے اظہار کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔ قول عیسائیت اور حکومت انگریزیہ کو ایک دکھا کر مرزا صاحب کی بہادری کا اظہار کیا ہے۔ حالانکہ غلط ہے۔ عیسائیت اور چیز ہے اور حکومت انگریزی اور چیز ہے۔ حکومت انگریزی کے مقابلے کے لئے اس کو سامان جنگ کی ضرورت ہے۔ جس کی بابت آپ نے فقرہ ۲ میں لکھا ہے کہ

ٹکر لگانے کے لئے سامان موجود نہیں۔

لیکن مذہب عیسائیت کے لئے کسی توپ و تفنگ کی ضرورت نہیں۔ پرائمری کا سمجھ دار لڑکا بھی یہ کام کر سکتا ہے اگر وہ سورہ اخلاص کا ترجمہ خوب سمجھتا ہو۔

دوم :- یہ فقرہ کیسا غلط ہے کہ مرزا صاحب سے پہلے مسلمان عیسائیت کو برا نہیں کہتے تھے۔ مولوی محمد علی صاحب کی نسبت ہمیں یہ بدگمانی نہیں ہونی چاہئے کہ وہ مرزا صاحب سے پہلے علماء کی خدمات سے واقف نہیں ہیں۔ مولوی آل حسن کی خدمات بصورت کتاب دنیا میں موجود ہیں۔ مولوی رحمت اللہ صاحب کیرانوی کی کتاب اعجاز عیسوی ناپید نہیں ہوئی۔ حافظ ولی اللہ صاحب لاہوری کے مباحثات ابھی مسن بزرگوں کو یاد ہیں۔ سید ابو منصور دہلوی کی "نوید جاوید" دنیا میں موجود ہے۔ اسی قسم کی بہت کتابیں عیسائی مذہب کی تردید میں ملتی ہیں جو مرزا صاحب سے مبعوث بلکہ پیدا ہونے سے بھی پہلے کی ہیں۔ پھر یہ کیا ناقدری اور ناشکری بلکہ اخفاء حق ہے جو مرزا صاحب کی تعریف میں حد سے زیادہ کیا گیا ہے۔ یہ اسی طرح کی شاعرانہ ترنگ ہے جو کسی شاعر نے اپنے دوست کے حسن و جمال بتانے کو کہی ہے

ترا دیدہ و یوسف را شنیدہ
شنیدہ کے بود مانند دیدہ

ہم مرزا صاحب کی تحریر سے واقعات پر مزید روشنی ڈالتے ہیں۔ موصوف نے مناظرہ عیسائیاں مرتسر میں آخری دن یہ کہا تھا :-

میں حیران تھا کہ اس بحث میں کیوں مجھے آنے کا اتفاق پڑا۔ معمولی بحثیں تو اور لوگ بھی کرتے ہیں۔ اب یہ حقیقت کھلی کہ اس نشان کے لئے تھا کہ جو فریق سچے خدا کو چھوڑ رہا ہے اور عاجز انسان کو خدا بنا رہا ہے وہ پندرہ ماہ تک ہاویہ میں گرایا جائیگا

(جنگ مقدس صفحہ ۱۸۹)

انسان کو خدا بنانے والا ڈپٹی آتھم مناظر عیسائیاں تھا مطلب اس پیشگوئی کا یہ تھا کہ آتھم پندرہ ماہ تک بسزائے موت جہنم میں ڈالا جائیگا۔ اس کی انتہائی تاریخ ۵ ستمبر ۱۸۹۵ء تھی لیکن وہ ۲۷ جولائی ۱۸۹۶ء کو اصل میعاد سے بائیس ماہ بعد کو فوت ہوا۔ بس یہی ایک خصوصیت مرزا صاحب کی تھی جس کا اہل مرزا صاحب سے پہلے کوئی نہیں گزرا۔ اسی نے ملک سے مرزا صاحب کے حق میں یہ کہلوایا ؎

نہ پہنچا ہے نہ پہنچیگا تمہاری غلط گوئی کو
بہت سے ہو چکے ہیں گرچہ تم سے غلط گو پہلے

سچ تو یہ ہے کہ اگر اس موقع پر علمائے اسلام ہوشیاری سے کام لیکر مرزا صاحب کو الگ نہ کر دیتے تو آج بقول سعدی مرحوم

بیا لائد ہمہ گاوان دہ را

تو تمام اہل اسلام کی گردن شرم کے مارے جھکی ہوتی۔ مولوی صاحب کو یقین رکھنا چاہئے کہ آج دنیا اس قسم کے مبالغات سننے کے لئے تیار نہیں ہے اور یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ "اہلحدیث" زندہ ہے اور جب تک زندہ ہے احمدیت کے متعلق اس کا یہ اعلان رہیگا ؎

مجھ سا مشتاق زمانے میں کہیں پاؤ گے نہیں
گرچہ ڈھونڈو گے چراغ رخ زیبا لے کر

احمدی مثلث

ناظرین کو علم ہوگا کہ اتباع مرزا میں مشہور دو گروہ تھے۔ یعنی قادیانی اور لاہوری۔ اب زمانہ ترقی کا ہے ان دو گروہوں میں سے دو گروہ اور پیدا ہو گئے ہیں ایک

قادیانیوں سے پیدا ہؤا۔ جن کو وہ محزمبین کہتے ہیں۔ اور وہ اپنا نام مجلس احمدیہ قادیان رکھتے ہیں۔ جن کے رہبر شیخ عبدالرحمٰن نومسلم المعروف مصری ہیں۔ انکا روئے سخن خلیفہ قادیان کی طرف ہے۔ دوسرا گروہ لاہوری ہے۔ ان میں سے ایک شاخ شیخ غلام محمد کی نکلی ہے۔ جس کا دعویٰ ہے کہ میں حسب پیشگوئی مرزا صاحب مصلح موعود ہوں۔ یعنی وہ شخص ہوں جو بقول مرزا صاحب امت مرزائیہ اور دوسرے لوگوں کی اصلاح کریگا۔ ان صاحب کے ساتھ دونوں فریق برسر جنگ ہیں۔ کوئی ان کو مخبوط الحواس کہتا ہے کوئی پاگل۔ مگر وہ اپنے خیالات پر بڑی مضبوطی سے جمے ہوئے ہیں اور آخرکار انہوں نے دونوں فریقوں کو نوٹس دیا ہے کہ میرے ساتھ فیصلہ کرلیں۔ جس کی صورت یہ بتائی ہے کہ

میری تحریرات اور آپ لوگوں کی جوابی تحریرات ایک جماعت منصفہ کے سامنے پیش کی جائیں وہ جماعت منصفین اگر میرے حق میں فیصلہ کرے تو آپ دونوں (قادیانی خلیفہ اور امیر جماعت لاہوریہ) میرے ہاتھ پر بیعت کریں۔ اور اگر فیصلہ میرے خلاف ہو تو میں آپ کے ساتھ ہو جاؤنگا۔

تجویز تو معقول ہے۔ اگر کوئی ذاتی غرض مانع نہ ہو تو اس پر عمل کرنا آسان ہے۔ امید ہے یہ چاروں فریق کچہریوں میں گردش کرنے کی بجائے باہم بیٹھ کر فیصلہ کرلیں گے۔

ہمارا حق اگر ہم اپنے حق کا بھی اظہار کریں تو بے جا بات نہیں ہوگی۔ اول تو یہ کہ ہم ان حضرات کی خدمت کے لئے کمربستہ رہینگے۔ ہماری جماعت ان صاحبوں کی ہر طرح خدمت کریگی اور فیصلہ کے بعد جو فریق غالب ہوگا اسکے ساتھ ہمارا مقابلہ ہوگا۔ جس کا مضمون ہوگا:-

"مرزا صاحب کا آخری فیصلہ"

ہم مدعی ہونگے کہ مرزا صاحب اس دعا آخری فیصلہ کے ذریعہ وہی ثابت ہوئے جو انہوں نے کہا تھا۔ اگر ملک منصف ہمارے حق میں فیصلہ دیں تو ہمارا مدمقابل احمدیت چھوڑ دے۔ اگر ہمارے برخلاف فیصلہ ملے تو ہم مخالفت چھوڑ دیں گے۔

امید ہے ہماری درخواست کو چاروں فریق نیک نیتی پر مبنی سمجھ کر توجہ فرمائینگے تاکہ آئے دن کے جھگڑے ختم ہو جائیں اور ہم سب مل کر اسلام کی خدمت کریں۔

نوٹ اس مقابلہ میں چاروں فریقوں کا ایک ایک نمائندہ مناظرہ میں لیا جائیگا جو اپنے رئیسوں کی طرف سے مجاز ہوگا اور ان چاروں فرقوں کے رئیس خود گفتگو کرینگے تو فبہا و نعمت۔

جلسہ اہل حدیث کانفرنس فتحگڈھ چوڑیاں

اس جلسے کی جس قدر دھوم دھام تھی خدا کے فضل سے اس قدر بارونق ہؤا۔ آج تک جتنے جلسے کانفرنس مذکور کے ہوئے ہیں ان میں سے رونق کے لحاظ سے کلکتے کا جلسہ سب سے بڑھ کر تھا۔ لیکن فتحگڈھ چوڑیاں کا جلسہ بھی کثرت شرکاء کی وجہ سے کلکتہ کے جلسہ سے کم نہ تھا بلکہ ایک وجہ سے زیادہ۔ کیونکہ کلکتہ خود ایک ایسا شہر ہے جہاں لاکھوں کی آبادی ہے۔ وہاں ہزاروں کا اجتماع ہو جانا کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ مگر فتحگڈھ چوڑیاں کا قصبہ اتنا مختصر ہے کہ وہاں ساری آبادی چھ ہزار کی ہے۔ وہاں کلکتہ کے برابر مجمع ہو جانا اور پھر منتظمین کا اس کو برداشت کرلینا واقعی تعریف کے قابل اور خدا کے شکریہ کا مستحق ہے۔ جلسہ میں چونکہ دیہات پنجاب کے لوگ زیادہ شریک تھے جو اردو زبان سے زیادہ مانوس نہیں تھے۔ اس لئے پنجابی تقریریں زیادہ ہوئیں اور اردو میں کم۔ لیکن یہ عجیب بات ہے کہ اس خالص پنجابی جلسے میں بھی مولوی ابوالقاسم صاحب بنارسی اور مولوی محمد صاحب دہلوی کی غیر موجودگی حاضرین کو شاق گزرتی تھی اور پوچھتے تھے کہ کیوں نہیں آئے۔ مولوی صاحبان کی اس پنجابی قبولیت پر جتنا غبطہ کیا جائے بجا ہے۔

تقریروں کے علاوہ رزولیوشن (تجاویز) بکثرت پاس ہوئے جو پہلے پرچے میں درج ہو چکے ہیں اور ترجمہ انگریزی کرا کر گورنمنٹ اور دوسرے متعلقین کو بھیجے گئے ہیں۔ سب سے بڑا کام جس پر حاضرین جلسہ کی نظریں تھیں وہ گول میز کانفرنس تھی۔ جس پر صدر صاحب جلسہ اور دوسرے اصحاب کا بہت سا وقت صرف ہؤا۔ صدر صاحب سختی سے کام لے کر گول میز کانفرنس کو صرف چند اصحاب پر محدود نہ رکھتے تو جلسے کا بہت سا وقت ضائع ہوتا۔ مگر ان کی حسن تدبیر سے گول میز کانفرنس چند اصحاب میں ہی محدود رہی جو انہی کے ڈیرے پر شریک مجلس رہے۔

گول میز کانفرنس میں جو کچھ ہؤا اور جس طریق سے گفتگو ہوئی وہ تو علیحدہ رسالے کی صورت میں مفصل شائع ہوگی۔ انشاءاللہ! سردست صاحب صدر اور ارکان مجلس کا فیصلہ جو انہوں نے جلسۂ عام میں سنادیا تھا درج کیا جاتا ہے۔

نوٹ تین چار گھنٹوں کی بحث کے بعد یہ تجویز پاس ہوئی تھی کہ حافظ عبداللہ صاحب کی نظر میں تفسیر مصنفہ مولوی ثناء اللہ میں جو مقامات غلط ہیں ان آیات کی صحیح تفسیر عربی میں لکھ دیں۔ جس میں مصنف پر کوئی طعن و تشنیع نہ ہو۔ مولوی ثناء اللہ اس تفسیر کو بطور ضمیمہ لگادیں اور تردید نہ کریں۔

فیصلہ

تاریخ ۹-اپریل ۱۹۳۹ء

آج صبح آٹھ بجے سے لیکر ڈیڑھ بجے تک گول میز کانفرنس کا جلسہ جاری رہا اس جلسہ میں فریقین کے حسب ذیل تین تین آدمی مولوی ثناء اللہ مولوی عبداللہ ثانی مولوی عبداللہ معمار دوسرے فریق کے مولوی حافظ عبداللہ صاحب۔ حکیم نورالدین صاحب و مولوی محمد اشرف صاحب شامل ہوئے۔ صدر صاحب نے اپنی طرف سے مندرجہ ذیل اصحاب کو گول میز کانفرنس میں شامل کیا۔.......... مولوی داؤد صاحب۔ مولوی اسماعیل صاحب۔ مولوی محمد حنیف صاحب مولوی قمر صاحب مدراسی۔ مولوی عبدالوکیل صاحب شاہ محمد شریف صاحب۔ حاجی عبدالرحمٰن صاحب حاجی بشیرالدین صاحب۔ مولوی حافظ محمد صاحب

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

ہماری اسمبلی

مجلس وضع قوانین ہے یا پہلوانوں کا دنگل؟

۱۳ مارچ کو مَیں پشاور میں تھا۔ ایک دوست کے ساتھ پشاور کی اسمبلی میں گیا۔ مَیں نے اس مجلس کو جہاں ہندو سکھ۔ مسلم ممبروں کا مجمع تھا عجیب متانت سے گفتگو کرتے پایا۔ پریزیڈنٹ یعنی اسمبلی کے سپیکر نہایت متانت سے بولتے تھے۔ کوئی ان کے سامنے چوں نہیں کرتا تھا عند الملاقات میں نے سپیکر کی خدمت میں ہدیہ تحسین پیش کیا۔ اس کے برخلاف ہمارے پنجاب کی اسمبلی کی کیفیات جو اخباروں میں چھپتی ہیں ہم کو عجیب نمونہ دکھاتی ہیں۔ اسمبلی کی شروع ہی کی تاریخ سے دھکا پیل۔ مقابلہ باہمی سخت کلامی۔ صدارت کی بے فرمانی نظر آتی ہے۔

ایک دفعہ سفرِ ریل میں مجھے ایک تعلیم یافتہ سکھ کے ساتھ مصاحبت ہوئی جو انگلستان سے ہو کر آیا تھا اس نے وہاں کی پارلیمنٹ اور دیگر مجالس کا حال سنایا کہ ممبران آپس میں کتنا شور و شغب کریں لیکن سپیکر (صدر) جب بولنے لگے تو پھر کسی کی مجال نہیں کہ بولے یہ ان میں کمال درجہ کی تہذیب ہے کہ اپنے صدر کا بڑا احترام کرتے ہیں۔

ہم ہندوستانیوں نے انگلستان سے سب کچھ سیکھا۔ مگر انگلستان کی اچھی باتوں کو ابھی ہم نے نہیں لیا۔ اسمبلی ملک کے برگزیدہ لوگوں کا مجموعہ ہوتی ہے جس میں سارے ملک سے چیدہ لوگ منتخب ہو کر قانون بناتے ہیں۔ قانون ہمیشہ امن پیدا کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ مگر ہماری اسمبلی کے ممبران قانون کے ساتھ اپنا عمل ایسا دکھاتے ہیں جو رعایا کو جنگ و جدل کی ترغیب دے۔ ہم حیران تھے کہ چند سال پہلے ملک میں اتنے خون خرابے نہیں ہوتے تھے جتنے کہ آجکل ہوتے ہیں۔ اس کا جواب شیخ سعدی رحمہ نے ہمارے کان میں پھونکا کہ الناس علی دین ملوکہم۔ جس کا مطلب یہ ہے؎

ہرچہ گیرد علتی علت شود
کفر گیرد کاملے ملت شود

یعنی چھوٹے آدمی بڑوں کی ریس کیا کرتے ہیں۔

ہماری اسمبلی میں تقابلِ اعضاء یعنی ممبران میں نفاق و شقاق اس حد تک بڑھ گیا ہے کہ کسی ماتحت میونسپل کمیٹی لوکل بورڈ یا کسی انجمن میں بھی نہ ہوگا۔ ایک دوسرے کو ان مہذب لفظوں سے مخاطب کرتا ہے "بکومت"۔ "باہر نکلو تو تمہیں مزا چکھائیں وغیرہ وغیرہ چنانچہ اس بارے میں معاصر "پرتاپ" لاہور نے پنجاب اسمبلی کے ایک اجلاس ۲۱-اپریل کی کارروائی کو مندرجہ ذیل الفاظ میں بیان کیا ہے:-

لاہور ۲۱-اپریل۔ آج اڑھائی بجے پنجاب اسمبلی کا اجلاس زیر صدارت آنریبل سر شہاب الدین شروع ہوا۔ ڈیڑھ گھنٹہ تک ہاؤس میں جس جوش و خروش اور سرگرمی کے نظارے دیکھنے میں آئے ان کی نظیر پنجاب اسمبلی کی تاریخ میں نہیں ملتی × × × سوالات کے وقت ہاؤس میں کنویسنگ (اپنی پارٹی بڑھانے) اور جوش و خروش کے باعث بہت شور و غل رہا اور ایک بار سپیکر نے ممبروں کو متنبہ کیا کہ اگر انہوں نے اپنے شور و غل کو بند نہ کیا تو وہ اجلاس کو ملتوی کرنے پر مجبور ہو جائینگے × × جب وزیر اعظم نے سپیکر کی توجہ "نیشنل کانگرس" اخبار کی طرف دلائی تو اس وقت ہاؤس میں ہنگامہ سا بپا ہو گیا۔ دو نو طرف سے ممبر بول رہے تھے۔ وزیر اعظم بھی نیشنل کانگرس کی خبر کے متعلق کچھ بکتے رہے لیکن کچھ سنائی نہ دیا۔ سپیکر نے غالبًا وزیر اعظم کو روک دیا × × × ہاؤس میں ہنگامہ کے باوجود وزیر اعظم نے نیشنل کانگرس کا پرچہ ہاتھ میں اٹھایا اور کھڑے ہو کر ممبروں کو بتانا شروع کیا کہ اس میں لکھا ہے کہ منسٹروں کے خلاف آج تحریک عدم اعتماد پیش ہوگی۔ لیکن اپوزیشن ممبروں نے ابھی طرح کوئی بات نہ سننے دی اور شور کے شور کے تعاقب سے مقابلے شروع کئے۔ (پرتاپ لاہور ۲۲-اپریل ۱۹۳۹ء ملخصًا)

اس کا نتیجہ ہے کہ لاہور کے ایک انگریزی اخبار نے اس ہنگامے کا کارٹون دیا ہے۔ جس کی وجہ کہ اہل پنجاب مارے شرم کے گردنیں جھکائے ہوئے ہیں۔ مگر ممبران اسمبلی برابر زور آزمائی کر رہے ہیں۔ ان کی زور آزمائی کا حال سن کر ہمیں شیخ سعدی کی ایک حکایت یاد آتی ہے جس میں وہ ملاؤں کی ایک مجلس مناظرہ کا ذکر کرتے ہیں کہ؎

فقیہان طریقِ جدل ساختند
لم و لا نسلم پیرو اختند

آج کل ہماری اسمبلی میں یہ جنگ و جدل جاری ہے جس کی تیاری عرصہ سے ہو رہی تھی۔ آخر وہ سطح ظہور پر آگئی کہ وزارت کے متعلق حزب مخالف نے عدم اعتماد کا رزولیوشن پیش کر دیا۔ ہم اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے کہ کیوں ایسا ہوا اور اس کا انجام کیا ہوگا اور جو ہوگا وہ ملک کے حق میں بہتر ہوگا یا مضر؟

وَ اِنَّا لَا نَدْرِیْ اَشَرٌّ اُرِیْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا

رزولیوشن تو پیش ہو گئے ہیں فیصلہ آیندہ خدا جانے کب ہوگا۔

نوٹ عرصے تک ہم اس خیال میں غلطاں و پیچاں رہے کہ اسلام نے دنیا کو انتخابی حکومت کا سبق پڑھایا مگر یہ سسٹم جاری نہیں کیا جو آج انگلستان و ہندوستان میں جاری ہے یعنی "انتخاب ممبران"۔ اب ہماری سمجھ میں اس کا جواب آگیا کہ یہ طریقہ حکومت رعایا کیلئے اچھا نہیں ہے۔ اس میں کئی قسم کی خرابیاں ہیں۔ جن کی اسلام جیسا پاک مذہب اجازت نہیں دے سکتا۔ پہلے تو انتخاب ممبران کے وقت جو جو بد اعمالیاں ہوتی ہیں وہ پٹیشنوں (مقدمات عذرداری) میں ظاہر ہو جاتی ہیں۔ ہر قسم کا جھوٹ۔ فریب۔ دغابازی وغیرہ عمل میں لائی جاتی ہے۔ اس کے بعد دوسرے کے خلاف پٹیشن ہوتی ہے۔ کچھ کمی رہ گئی ہو تو اس میں پوری کر دی جاتی ہے۔ جس سے اہل شہر و اہل بستی کے درمیان عداوت کا مواد کافی جمع ہو جاتا ہے۔ ہمارا شہر اس کے

(۵۰۵)

ahmadimuslim.de

کتب خانہ جامعہ ملیہ دہلی

نمونہ موجود ہے۔ جہاں دو سالوں میں دو دفعہ انتخاب ہوئے اور دو دفعہ پٹیشنز (مقدمہ عذرداری) پیش ہوئیں۔ اور ابھی آئندہ خدا جانے کے دفعہ ہو۔ اس سے گذر کر اسمبلی ہال میں جو کچھ ہوتا ہے وہ بھی "عیاں را چہ بیان" کا مصداق ہے۔

اس صورت میں یہ لوگ ملک کی خدمت کیا کر سکتے ہیں۔ جن کی آپس میں سر پھٹول یہاں تک ہو کہ کوئی پارٹی دوسرے کے ساتھ رواداری کا سلوک کرنا نہیں چاہتی بلکہ ایک دوسرے کو گرانے کی فکر میں رہتی ہے۔

مختصر یہ ہے کہ ہماری اسمبلی بلکہ یہ سارا سسٹم اس مصرعے کا مصداق ہے کہ ؎

کون رہبر ہو سکے جب خضر بہکانے لگے

لکھنؤ ہے یا کربلا؟

اخبار "اہلحدیث" اور جماعت اہل حدیث کسی ایسی تحریک کی ہمدرد نہیں ہو سکتی جس کا ثبوت زمانہ رسالت اور عہد خلافت میں نہ پایا جائے۔ اس لئے اپنی رائے کو محفوظ رکھتے ہوئے موجودہ صورت حالات پر ہم اظہار رائے کرتے ہیں کہ لکھنؤ میں شیعہ سنی کی لڑائی دین اسلام کے لئے سیاہ داغ ہے۔ کس قدر افسوسناک واقعہ ہے کہ دو فرزندان اسلام میں سے ایک دینی لڑائی میں اس امر پر مجبور ہوا ہے کہ وہ غیر مسلموں کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے خلاف شریعت امر کا مرتکب ہو۔ جس کا ذکر ہم غیر مسلم اخبار "آریہ گزٹ" کے لفظوں میں کرتے ہیں اس میں انہی لفظوں میں سب کچھ ناظرین کو نظر آجائیگا "آریہ گزٹ" لکھتا ہے:۔

شیعوں کا قابل تعریف فیصلہ رواداری کے لحاظ سے اسلام میں شیعہ ایک ایسا فرقہ ہے جو عموماً دوسرے فرقوں کی طرح تنگ دل نہیں۔ شیعوں میں بھاری تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو گائے کے گوشت کے نزدیک تک نہیں جاتے۔ حال ہی تنظیم المومنین کی ایک میٹنگ لکھنؤ میں ۲۹۔ مارچ کو ہوئی جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ ہم لوگ گائے ذبح کرنے کی رسم سے اپنی قطعی بے تعلقی کا اظہار کرتے ہیں۔ اس ریزولیوشن میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ہندوستان کے شیعوں کا رویہ ہمیشہ رواداری کا اور مصالحت کا رہا ہے۔ اس لئے ہم گاؤکشی کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں

باجہ کا سوال قیام فساد کے لئے باجہ کو بھی ایک نئی وجہ قرار دیدیا گیا ہے۔ حالانکہ چند سال پہلے ہندو بلا روک ٹوک باجہ کے ساتھ گزرتے تھے اور کسی کی دلآزاری نہ ہوتی تھی۔ لیکن اب پبلک سڑکوں پر باجے کے ساتھ گزرنے کا حق بھی ہر جگہ ان سے چھینا جا رہا ہے۔ اس بارے میں بھی لکھنؤ کے شیعوں نے خدا لگتی کہی ہے۔ اور اس کے لئے یہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے اس جلسہ میں یہ بھی پاس کیا ہے کہ مسجدوں کے سامنے باجہ بند کرنے کی تحریک کو بھی نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ کاش دوسرے مسلمان بھائی بھی سنجیدگی سے ان دو معاملات کے متعلق غور کریں"

(آریہ گزٹ لاہور ص۳۔ ۲۳۔ اپریل ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث "آریہ گزٹ" کی اس تعریف پر ہم خوش ہوں یا ناخوش۔ اس کا فیصلہ خود "آریہ گزٹ" کر سکتا ہے کہ ہماری پوزیشن کیا ہونی چاہئے۔ ہم سے پوچھئے تو ہم یہی کہیں گے کہ ؎

میرے پہلو سے گیا پالا ستمگر سے پڑا
مل گئی اے دل تجھے کفران نعمت کی سزا

ہم نے "اہلحدیث" ۲۱۔ اپریل ۱۹۳۹ء میں یہ خطرہ ظاہر کیا تھا کہ پنجاب کے شیعہ اخبار اس آگ کو ہوا دیتے ہیں۔ خطرہ ہے کہ یہ فتنہ پنجاب میں بھی نہ آجائے۔ چنانچہ یہی ہوا کہ پنجاب سے بھی بے فراتی کے جتھے جانے لگے ہیں۔ اب تو یہاں تک نوبت پہنچ گئی ہے جو اخبار "شیعہ" لاہور ۲۴ اپریل کے الفاظ سے ظاہر ہوتی ہے جو یہ ہیں:۔

"کانگرس کی بے ایمانی اور وزیراعظم یوپی کے عیارانہ فیصلہ نے شیعیان ہند کی غیرت ملی اور مذہبی حمیت کو جو چیلنج دیا ہے اس کے زیر نظر غیور شیعیان ہند نے عملی قربانیاں پیش کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جماعت شیعہ ایک زندہ قوم ہے اور جب تک اس قوم کا ایک فرد بھی باقی ہے وہ مدح ثلاثہ کے بہانے سے آئمہ طاہرین کی توہین سننا گوارا نہیں کر سکیگا۔ دو ہفتہ میں تین ہزار سے زائد گرفتاریاں کرا کر شیعوں نے سول نافرمانی کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا ہے اور پنجاب کی آمدہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ مختلف مقامات سے ہزاروں مجاہدین لکھنؤ روانہ ہو رہے ہیں ہم دیکھینگے کہ حکومت یوپی کس طرح اپنے فیصلہ کو نہیں بدلتی آج کا یہ افتتاحیہ آخری ہے۔ میں ۲۵۔ اپریل کو پنجاب کے ایک بہت بڑے قافلہ کے ہمراہ لکھنؤ جا رہا ہوں اور انشاء اللہ اسی وقت واپس لوٹونگا جبکہ حسینی محاذ لکھنؤ فتح ہوگا۔ اے کاش کہ میں حسینؑ کے نام پر کام آؤں اور اسی کی راہ میں مر کٹا دوں۔ حسینیو! اب سوچ بچار کا وقت نہیں۔ تیرہ سو سال سے آپ حسینی تذکرہ کو سن رہے ہو۔ اب وقت آگیا ہے کہ آج دنیا کو بتا دیں کہ ناموس رسولؐ و آل رسولؐ پر مر مٹنا ہمارا شیوہ ہے اور حق و صداقت پر جان دے دینا عین سعادت ہے۔ خوشی خوشی لکھنؤ چلو اور سنت سجادؑ میں یوپی کے تمام جیل خانے بھر دو۔ روانگی کے وقت اپنے اہل و عیال کو یہ نصیحت کریں کہ لکھنؤ میں یزیدی دور شروع ہو گیا ہے۔ لکھنؤ کی یزیدی حکومت نے ہمیں چیلنج دے کر امتحان کے لئے بلایا ہے حقیقی اسلام خطرہ میں ہے۔ عزاداری امام حسینؑ کو مٹانے کے منصوبے پایۂ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں ائمہ طاہرین کی برسر عام توہین کی جا رہی ہے"

(شیعہ لاہور ص۳۔ ۲۴۔ اپریل ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث یہ ہے وہ آتش فشانی جو دور دراز بیٹھے ہوئے شیعہ لکھنؤ میں پہنچا رہے ہیں۔ ہم نہیں جان سکتے کہ اس فساد میں کس کا ہاتھ ہے۔ ہاں اسلام اور اہل اسلام کی حالت زار پر آٹھ آٹھ آنسو رو رہے ہیں اور دل سے دعا کرتے ہیں کہ

اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون

خلافت محمدیہ - مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ کو ثابت کر کے معترضین کو جواب دیا ہے۔ قیمت ۳ (مع محصول) (دفتر اہلحدیث)

نوٹ:- ملکی مطلع کا بقیہ مضمون صفحہ ۱۹ پر ملاحظہ فرمائیں - (مدیر)

مومیائی

معدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو۔ ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے..... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۱۲؎۔ آدھ پاؤ ۳؎۔ پاؤ بھر ۶؎ مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالیٔ برہماسے ایک پاؤ کی قیمت معہ محصول ڈاک ۱۲؎ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب حافظ اسرارالحق صاحب ضلع مظفرپور۔ "دو چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے اسکے قبل چند بار مختلف پتہ سے منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی" (۶۔ فروری ۱۹۲۹ء)

جناب راؤ عبدالواسع خان صاحب کیری۔ "آپکی مومیائی کی بہت تعریف ہے اور فائدہ مند بھی ہے۔ میں نے اس کے پیشتر منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی۔ اب ایک چھٹانک اور ارسال فرمائیں" (۱۲۔ فروری ۱۹۲۹ء)

جناب عبدالستار صاحب ممبئی۔ "میں نے آپکے پاس سے تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک چھٹانک آج محمد کے نام ارسال کر دیجئے" (۱۹۔ فروری ۱۹۲۹ء)

مومیائی منگوانے کا پتہ:- حکیم محمد سردار خان پروپرائٹر ... حبیبی امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اُردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۲؎

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے۔

پتہ:- مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوارالاسلام امرتسر

سرمہ نور العین

(مصدقہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب)

کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ نگاہ کو صاف کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا اور عینک سے بے پرواہ کرتا ہے۔ نگاہ کی کمزوریوں کا بے نظیر علاج ہے۔ قیمت ایک تولہ ۱؎۔

پتہ:- منیجر دواخانہ نور العین مالیر کوٹلہ (پنجاب)۔

آب شفا

بدہضمی کھٹی ڈکاریں۔ بھوک کم۔ معدہ کمزور و قبض کے علاوہ درد سر دانت۔ داڑھ۔ سینہ شکم کمر جوڑوں کا درد۔ ہیضہ اور بچھو۔ ڈیرون کاٹے کا مجرب اور فوری اثر علاج ثابت ہوچکا ہے جلد منگوائیں۔ وقت بے وقت رات دن پڑے ڈاکٹر حکیم کا کام دیتی ہے۔ جلد منگائیں۔ قیمت ہے۔ صرف ۱؎ محصول بذمہ خریدار ... ضروری ہیں۔ پرچہ ترکیب ہمراہ ہوگا۔

پتہ:- منیجر اکسیر اعظم ایجنسی۔ خزانہ گیٹ ... امرتسر

فلیٹویا مسک ٹانک (رجسٹری شدہ گورنمنٹ انڈیا)

۲۷ دفعہ لاٹری کی قسم بالکل درست ہے۔ ایمان والوں کو یقین چاہئے۔ بیکار ثابت کرنے والے کو یکصد روپیہ انعام۔ تہذیب کے دائرہ سے باہر ہونا نہیں چاہئے۔ ایک گولی سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان اس رات قضائے حاجت کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کئی ایک آل انڈیا نمائشوں میں امتحان اور انعام حاصل کرچکی ہے ۳۲ گولیاں پیکٹ ۶؎۔ محصول ڈاک ۵؎

پتہ:- نظام برادرس ۱۵۲ فرید کوٹ (پنجاب)

انقلاب افغانستان

کا

صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف

"زوال غازی"

ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۰x۲۶ کے ۵۶ صفحات۔ اصل قیمت تین روپے۔ رعایتی دو روپے

(۵۰۷)

جدید انگلش ٹیچر

اس میں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ، محاورات، قواعد گرامر اور اُردو سے انگریزی ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اُردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت سی عبارت دی گئی ہے۔ اس کا مطالعہ کرنے سے انسان تھوڑی ہی مدت میں انگریزی زبان میں گفتگو کرسکتا ہے اور بآسانی خط و کتابت کرسکتا ہے۔ آج کل انگریزی زبان سے واقفیت از حد ضروری ہے اسے ضرور منگوائیں۔ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ شائع کردہ قمر ہند شملہ۔ قیمت ۱؎

پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

وعظ سکھانے والی کتب

مجموعہ خطب دوازدہ ماہی مترجم اردو۔ جس میں بارہ مہینوں کے خطبے از تالیفات مولانا محمد اسماعیل شہیدؒ و شاہ ولی اللہ صاحب دہلویؒ مندرج ہیں۔ قیمت عہ

خطبہ دوازدہ ماہی (عربی) جو کہ خالص عربی زبان میں ہے۔ قیمت ۸

خطبات حسینی۔ توحید سنت کے مطابق وعظ کی لاجواب کتاب ہے۔ قیمت عہ

خطبات التوحید مؤلفہ مولانا حمید اللہ صاحب میرٹھی۔ قیمت ۱

مجموعہ خطب مواعظ حسنہ از حضرت مولانا نواب صدیق حسن خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ ہر صفحہ پر دو کالم ہیں۔ ایک میں اصل عربی الفاظ ہیں۔ دوسرے میں ان کا اردو ترجمہ ہے۔ لکھائی چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۶

بداءت البدائت یہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی عربی کتاب کا اردو ترجمہ ہے جس میں نماز طہارت وغیرہ کے متعلق جملہ ضروری مسائل کو نہایت خوبی سے قلم بند کیا ہے۔ قیمت ۱۰

انیس الواعظین ترجمہ اردو جلیس الناصحین فن وعظ میں ایک نایاب کتاب ہے۔ ضرور منگوائیں۔ قیمت ۱۲

سرمہ رفیق چشم سیروں مفت

رجسٹرڈ

تقسیم کیا جارہا ہے، آپ بھی محصول ڈاک کیلئے صرف ڈیڑھ آنہ کے ٹکٹ بھیج کر بیش قیمت سرمہ اور کتاب "نور نظر کے پوشیدہ خزانے" بالکل مفت طلب فرمایئے۔ مفصل فوائد اور ترکیب استعمال ہمراہ ہوگی۔

پتہ:- مینیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

علم الیقین ترجمہ تذکرۃ الواعظین اس کتاب میں ستاون باب ہیں اور ہر باب میں مختلف مواعظ پند و نصائح درج ہیں۔ قیمت ۱۲

وعظ بنیظر اس میں دس وعظ ہیں۔ فضائل بسم اللہ فضائل درود شریف۔ معراج شریف لقاء الہٰی۔ اعمال صالح۔ صدقہ فضائل۔ رحمت الہٰی۔ تقویٰ۔ اطاعت والدین۔ توکل۔ صورت و قلب و زینت واقعی بے نظیر ہے۔ قیمت ۱۲

احسن المواعظ حصہ اول۔ از تالیفات، عالم بے بدل۔ جامع معقول و منقول مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلوی۔ قیمت ۱۲

فضائل الشہور والصیام سال کے بارہ مہینوں اور ہفتہ کے ساتوں دن اور روزوں کے فضائل، وظائف صحیحہ لکھے گئے ہیں۔ قیمت ۳

وعظ روزہ جس میں روزوں کے فضائل مفصل لکھے گئے ہیں۔ قیمت ۳

حکایات الصالحین۔ جس میں چند مشہور صالحین کی حکایات درج ہیں۔ قیمت ۸

تنبیہ الغافلین جس میں بد اعمال لوگوں کیلئے تازیانہ عبرت ہے۔ قیمت ۹

تذکرۃ الموت اس رسالہ کا مضمون اس کے نام سے ہی ظاہر ہے قیمت ۱

تذکرۃ المسلمین مذمت کاہن و نجم و فضیلت نماز وغیرہ کا بیان ہے۔ قیمت ۳

کتاب الجنائز اس کتاب میں جنازہ کے متعلق وہ ضروری احکام و مسائل جمع کئے گئے ہیں جو احادیث سے ثابت ہیں قیمت ۶

کتاب الصیام۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ کی کتاب مصفیٰ شرح مؤطا امام مالکؒ کا اردو ترجمہ۔ قیمت ۳

غنیۃ الطالبین یعنی تحفہ دستگیر حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ کی مشہور عالم کتاب غنیہ کا صرف اردو ترجمہ۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۶

فتوح الغیب یہ بھی پیر صاحب موصوفؒ کی مشہور کتاب ہے جو طالبان سلوک کے لئے ایک بیش بہا تحفہ ہے۔ قیمت ۸

شفاء العلیل اردو ترجمہ **القول الجمیل** مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ۔ کتاب ہذا میں اقسام و شرائط بیعت اور اس کے جواز عدم جواز پر بحث ہے۔ ساتھ ہی بعض اعمال اور وظائف برائے حل مشکلات و قضا حاجات مندرج ہیں بہت سے مسائل تصوف بھی زیر بحث آگئے ہیں۔ ۸

حکمت افلاطون اس میں جمیع اقسام کی ترکیب ادعیہ اور تعویذات مجرب نسخہ جات ہیں۔ قیمت ۶

کتاب التعویذات یعنی الدعاء والدوا مصنفہ نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالیؒ۔ جس میں اعمال قرآنی و حدیثی جمع کئے گئے ہیں۔ قیمت ۶

قرآن کے عملیات قرآن مجید کی آیات کے وظائف اوراد اور اس سے اکثر امراض کا علاج اور رفع مشکلات و حصول مدعا۔ ۸

رسول اللہ کے عملیات صحیح احادیث سے جمع کئے ہیں۔ ۵

عملیات مشائخ۔ اولیاء اللہ کے عملیات جو کتابی صورت میں جمع کئے ہیں۔ قیمت ۶

اعمال قرآنی مصنفہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی۔ قیمت ۸

نوٹ:- محصول ڈاک جملہ کتب کا علیحدہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ } **منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر**

ahmadimuslim.de

بہت سی گفتگو اور فریقین کے عذرات و بیانات سننے کے بعد فریقین کی رضامندی اور جملہ ممبران گول میز کانفرنس کے اتفاق سے ایک رزولیوشن مرتب ہوا جس کے ذریعہ نزاع ختم ہو گئی تھی جسمیں صرف یہ چیز باقی رہ گئی تھی کہ اگر اس رزولیوشن کی کوئی فریق خلاف ورزی کرے تو ایک آدمی یا چند آدمی اس غرض کے لئے بطور ثالث مقرر کئے جائیں اگر اس رزولیوشن کی خلاف ورزی کی جاوے تو ثالث یا ثالثان کا فیصلہ ناطق ہو۔ ثالث کی نامزدگی کے لئے مولوی ثناء اللہ صاحب[سلہ] نے نام دے دیا لیکن حافظ صاحب نے اپنی طرف سے ثالث کے نامزد کرنے کے لئے مہلت چاہی۔ ان کو مہلت دی گئی۔ چنانچہ پانچ بجے حافظ صاحب کو بلوایا گیا اور کئی آدمی بھیجے گئے۔ بالآخر وہ ساڑھے دس بجے شب آئے۔ صبح کا رزولیوشن جب ان کو پڑھ کر سنایا گیا تو انہوں نے اس رزولیوشن کی صحت سے انکار کیا۔ بلکہ بعض فقرات کی نسبت یہ اعتراض کیا کہ یہ لکھے ہی نہیں گئے ہیں۔ ارکان گول میز کانفرنس نے باتفاق ان کی خدمت میں یہ عرض کیا کہ یہ رزولیوشن من و عن وہی ہے۔ اس میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ صبح سے چھ سات گھنٹے میں جو کچھ کیا گیا تھا وہ ضائع ہوا۔ اس لئے گول میز کے ممبران اپنی ناکامی کا اظہار کرتے ہیں "

(عبدالقادر قصوری صدر جلسہ "

جماعت اہل حدیث کے ایک نامی شاعر جناب ابوالعرفان صاحب متخلص مست رئیس گنور کو تکلیف دی گئی تھی کہ جلسہ میں تشریف لائیں یا اپنا کلام (نظم) بھیجیں۔ انہوں نے ازراہ مہربانی دو نظمیں بھیجیں۔ چونکہ دونوں کے پڑھنے کا وقت نہیں ملا۔ ان میں ایک سابقہ پرچہ "اہلحدیث" میں درج ہو چکی ہے۔ دوسری آج ملاحظہ فرمائیں۔ چنانچہ نظم درج ذیل ہے :-

(اگلے کالم پر)

نغمات توحید

(از جناب ابوالعرفان صاحب مست انصاری)

ہے کہیں کثرت کہیں وحدانیت کی دید ہے ۔ جس طرف دیکھو نئے منظر نرالی عید ہے
شرک کی کالی گھٹا ہے جلوہ گر توحید ہے ۔ اک طرف دوزخ ہے اک جانب خدا کی دید ہے
اپنی اپنی ظلمتوں میں اپنے اپنے نور میں ۔ شام کی اندھیریاں ہیں صبح کا خورشید ہے
نور سے پُر نور ہو جا چھوڑ دے تاریکیاں ۔ یہ جو ممکن ہو تو ہر شب عیش ہر دن عید ہے
مسلم ان دونوں میں تجھ کو فرق کرنا چاہیئے ۔ رحمتِ رحماں سے بخشش کی اگر امید ہے
اجتناب افعالِ بد سے نیک باتوں کی تلاش ۔ حکم اللہ ہے رسول اللہ کی تاکید ہے
باوجود ان دونوں تاکیدوں کے یہ غفلت تری ۔ کچھ نہیں بربادیٔ اعمال کی تمہید ہے
آنکھ اٹھا کر دیکھ او غواص بحرِ معصیت ۔ شرک کے طوفاں میں غلطاں کشتی توحید ہے
ڈوبتا جاتا ہے بیڑا کچھ نہیں تجھ کو خبر ۔ اس قدر مدہوش ایسی غفلتوں کی نیند ہے
اب بھی تو سنبھلے تو دو ہاتھوں میں بیڑا پار ہو ۔ موجِ طوفاں خیز میں رحمت سے ناامید ہے
اس تلاطم سے کنارہ کر نکل اس بحر سے ۔ دیکھ تیرے سامنے سرچشمۂ توحید ہے
اس میں غوطہ مار اس میں تیر اسکی تہہ کو پہنچ ۔ باعثِ تسکینِ قلبِ زار یہ تمہید ہے
ناخدا تیرا خدا ہے تیرے رہبر ہیں رسول ۔ اب تو ہر صورت سے ساحل آشنا امید ہے
موتیوں سے چُن کے بھر لے دامنِ صد آرزو ۔ ہر صدف کے بر میں پنہاں گنجِ مروارید ہے
دیکھ لے جلسے میں ہر عالم ہے بحرِ بے کنار ۔ ان کی صورت ان کا وعظ آئینہ دارِ عید ہے
آئے ہیں سب کو کلامِ حق سنانے کے لئے ۔ ان کا مقصودِ دلی سنت ہے یا توحید ہے
ہوش میں آ یاد کر ان سے ہدایت کا سبق ۔ ان کے ہر ہر لفظ پر اللہ کی تائید ہے
یہ ملاتے ہیں خدا سے ماسوا کو چھوڑ کر ۔ ان کا عنوانِ بیاں اسلام کی تمہید ہے
پھونک تو کیا اس کو توکا بھی بجھا سکتا نہیں ۔ روشن از فضلِ خدا اب تک شمعِ توحید ہے
یہ مسلم ہے کہ ان کے قول ان کے فعل میں ۔ اور تو کچھ بھی نہیں سنت ہے یا توحید ہے
ماسوا اس کے تجھے پھر چاہیئے بھی اور کیا ۔ تُو تو مسلم ہے تجھے تو فرض یہ تائید ہے
اتباعِ سنتِ حضرت محمد مصطفٰے ۔ قاطعِ بدعات ہے غارت گرِ تقلید ہے
صرف توحیدی تجارت میں ہیں یہ دو فائدے ۔ اک محمدؐ کی شفاعت اک خدا کی دید ہے
چھوڑ کر ان دونوں انعاموں کو اے مردِ خدا ۔ کس لئے رنگینیٔ دنیا میں محوِ دید ہے
ہٹ کے اس کثرت پرستی سے ہو وحدت آشنا ۔ شرک آخر شرک ہے توحید پھر توحید ہے
جس کو چاہے دیکھ لے مسلم جسے چاہے نہ دیکھ ۔ تیرے آگے آج ہر منظر برائے دید ہے
اب گلے مل جائیگا سُن کر دلیلیں صاف صاف ۔ ہم کو ہر دو ملے ہوئے بھائی ہیں یہ امید ہے
اعترافِ حق ہی خاطر اختتامِ نظم پر ۔ مختصر سی اب یہ استقبالیہ تمہید ہے

(اگلے صفحہ پر)

[سلہ] ۴ - نومبر ۳۲ء کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ (اہلحدیث)

ناظرین خط وکتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں

تحفہ مجددیہ - حضرت مجدد صاحب الف ثانی سرہندیؒ (۴۹۶) کی تصنیف کا اردو ترجمہ - فرقہ شیعہ کی تردید میں - قیمت ۸ر (منیجر)

آئے ہیں سب آنے والے دور سے نزدیک سے
مل رہے ہیں سال بھر کے بعد سب بچھڑے ہوئے
بارک اللہ آنے والو جلسۂ توحید میں
یہ معزز ہستیاں یہ خاص مہمانان بزم
آپ سب دلدادۂ حمدِ خدائے پاک ہیں
معصیت بردوش آئے جائیں گے بخشے ہوئے
کیوں نہ چھا جائیں سر اجلاس انوار خدا
یا الٰہی رہتی دنیا تک رہے یہ بزم وعظ
ہے مسلسل سلسلہ اُس وقت سے اس وقت تک

ایک جلسہ گاہِ مذہب میں ہر اک کی دید ہے
آج سالانہ ضحِ گرزہ چوٹیاں میں عید ہے
آپ ہیں توحید کے اور آپ کی توحید ہے
اکی ہر شب ہے خوشی کی رات ہر دن عید ہے
آپ کو مرغوبِ خاطر سنت و توحید ہے
قاضی الحاجات سے ہم کو قوی امید ہے
اتباعِ سنتِ احمدؐ کی جب تائید ہے
اسکی تیرہ سو برس سے قبل کی تمہید ہے
ہر زمانے کے نئے منظر نرالی دید ہے

پوچھئے جس سے وہ کہتا ہے ہماری عید ہے
دیکھئے جس کو وہ محوِ نغمۂ توحید ہے

بریلوی مشن

امیر ملت علی پوری کی شان

ایک پٹواری کی قلم سے

(از قلم مولوی عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

اپنے سے بڑے کی عزت کرنا مسلمان کا اخلاقی اور مذہبی فرض ہے مگر حسن ظنی میں کسی شخص کی شان کو اس قدر اونچا بیان کرنا جو اس کا حق نہیں اتنا ہی برا ہے جتنا کسی کی تنقیص شان کرنا قبیح ہے۔ آج کل کے پیروں سے ہمیں یہی گلہ ہے کہ وہ اپنے مریدوں سے اپنی مدح سرائی میں وہ الفاظ بھی سن لیتے ہیں جو صراحۃً انکی شان میں استعمال کرنے شرعاً قبیح ہوتے ہیں اور مریدین بھی ایسا غلو کرتے وقت حدود شرعیہ کی قطعاً پرواہ نہیں کرتے۔ "انوار الصوفیہ سیالکوٹ" میں ایک نظم پنجابی شائع ہوئی ہے جو کسی پٹواری مرید نے پیر جماعت علی شاہ کے حق میں اس وقت پڑھی جب وہ حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہوئے۔ اشعار پنجابی درج ذیل ہیں۔ ہم اپنے اردو دان احباب کی خاطر اُردو ترجمہ اپنی طرف سے کرینگے۔ تاکہ وہ بھی پیر صاحب کے مدحیہ قصیدہ سے حظ اٹھائیں۔

اشعار

جاہ محبوب اللہ فی امان اللہ اگے ہو رہیاں انتظاریاں نے
محبوب خدا اللہ کے سپرد جاؤ آپ کی بہت انتظار ہو رہی ہے
تینوں لکھ مبارکاں اوہ ویلا جد ہووسن ہمکناریاں نے
تجھے اس وقت لاکھ مبارک باد ہے جب آپ ہمکنار ہونگے
بھلے بھاگ سیتی کوئی جا آوے تیریاں نت او تھے طلبگاریاں نے
کوئی خوش نصیب وہاں جا کر آجاتا ہے مگر آپکی وہاں طلب ہے
کول سد کے رب رسول دوویں کرن تیریاں نازبرداریاں نے
خدا و رسول بلا کر آپ کی ناز برداری کرتے ہیں
اہل عرب سارے مشتاق تیرے ویکھ عادتاں جو ملنساریاں نے
تمہاری ملنسار عادتیں دیکھ کر اہل عرب تمام مشتاق ہو رہے ہیں
بار بار جانا تیرا بیت اللہ لکھاں وچہ اسدے رازداریاں نے
تیرے بار بار بیت اللہ جانے میں لکھوکھا راز ہیں
غوث قطب تے ولی ولائتاں جو تیرے شان توں سب بلہاریاں نے
ولی قطب وغیرہ پیر صاحب کی شان پر قربان ہیں
تو مقبول اللہ محبوب مدنی خلاق اثر وشب بیداریاں نے
اے پیر تو خدا کا مقبول مدینے والے کا محبوب ہے

(انوار الصوفیہ سالکوٹ ہندی جنوری ۱۹۳۹ء صفحہ ۴۸)

ان اشعار سے حسب ذیل انکشافات ہو رہے ہیں:۔

(۱) پیر جماعت علی شاہ جہاں جانے کا ارادہ رکھتے ہیں (مکہ مدینہ) وہاں پر پیر صاحب کی نہایت ہی سختی سے انتظاریاں ہو رہی ہیں۔

(۲) کوئی شخص تو اپنی خوش قسمتی سے یوں ہی چلا جاتا ہے اور آ بھی جاتا ہے مگر پیر صاحب کی وہاں طلبیاں ہو رہی ہیں۔

(۳) پیر صاحب موصوف کو اللہ تعالیٰ اور رسول کریم علیہ السلام وہاں بلا کر ناز برداری کرتے ہیں۔

(۴) پیر جی کی ملنسار عادات دیکھ کر تمام اہل عرب آپ کے مشتاق ہیں۔

(۵) پیر صاحب کے بار بار بیت اللہ جانے میں لکھوکھا راز ہیں (جن کو شاعر نے ظاہر نہیں کیا)

(۶) پیر صاحب کی شان پر ولی، قطب، غوث، (بقول شاعر) سب قربان کئے جا سکتے ہیں۔

یہ امر ہم ناظرین با انصاف کی رائے پر چھوڑتے ہیں کہ یہ اشعار مدحیہ حدود شرعیہ کے اندر ہیں یا گروہ غالیہ کا غلو ہے۔ ع

بندہ پرور منصفی کرنا خدا کو دیکھ کر

بشریت الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

فمبلغ العلم فیہ انہ بشر
وانہ خیر خلق اللہ کلہم
(قصیدہ بردہ)

(از قلم مولوی محمد فضل الرحمٰن صاحب مبارکپوری ضلع اعظم گڈھ)

منکرین بشریت کی طرف سے آنحضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے بشر نہ ہونے کے ثبوت میں جتنی نہائت قوی اور مستحکم دلیلیں پیش کی جاتی ہیں اُن میں سے ایک مضبوط اور قوی دلیل یہ بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تخلیق نور پاک سے ہے اور انسان کی پیدائش مٹی سے ہے۔ چنانچہ انسان کے متعلق قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ (پ ۲۷ ع ۱۱) یعنی انسان کو ٹھیکرے مٹی سے

(اخبار دوتی۔ مصنفہ مولانا فضل مرحوم، حضرت عمرؓ (صفحہ ۹۸) مخدوم جگہ کے متعلق حالات بحث جلد دوم)

پیدا فرمایا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ قَدْ جَآءَ کُمْ مِنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّ کِتَابٌ مُّبِیْنٌ (پ۶-ع ۷) یعنی البتہ تحقیق آیا اللہ کی طرف سے تمہارے پاس ایک نور اور ایک روشن کتاب۔" منکرین بشریت کہتے ہیں کہ نور سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور کتاب مبین سے مراد قرآن مجید ہے۔ پس جب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تخلیق نور پاک سے ہے نہ کہ مٹی سے تو ثابت ہوا کہ آپ بشر نہیں ہیں"

مگر اس آیت میں چونکہ نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی مذکور ہے اور نہ نور کی تخلیق کا کوئی ذکر ہے جس سے مدعا (عدم بشریت رسول) ثابت ہو سکے۔ اس کے علاوہ بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ اس آیت میں نور اور کتاب مبین سے مراد ایک ہی چیز یعنی قرآن شریف ہے۔ کیونکہ دوسری آیت میں قرآن شریف کو نور کہا گیا ہے ملاحظہ ہو آیہ کریمہ:-

وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا (پ۶-ع۲)

لوگو! ہم خدا نے تمہاری طرف کھلی روشنی نازل فرمائی

اس لئے منکرین بشریت بقول "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا" یہ حدیث بھی اس کے ساتھ شامل کر لیتے ہیں:-

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خدا نے سب سے پہلے میرا نور پیدا فرمایا۔"

لیجئے۔ نص صریح سے ثابت ہو گیا کہ آپ ہماری طرح بشر نہیں تھے۔ سبحان اللہ! ؎

جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

میں کہتا ہوں اولاً تو حدیث ہی سرے سے جھوٹی (بناوٹی)[1]

---

[1] بعد تنقید حدیث اس حدیث سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق تھے جو مخلوق ہوئے تو انکا نام کچھ رکھنا چاہئے۔ فرشتہ تھے تو نفی قرآن کریم کی نص صریح میں ہے لا اقول لکم انی ملک۔ دوسری قسم جن ہے اس کی بابت والجان خلقناہ من قبل من نار السموم وارد ہے یہ بھی منفی ہے۔ تیسری قسم بشر کی ہے اس سے انکار کرنے والے بتائیں کہ تینوں قسموں میں سوا آنحضرت کس قسم سے تھے۔ فافہموا ولا تکن من القاصرین۔ (ا۔ ش)

ہے۔ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے سیرت النبی صفحہ ۷۶۵ ج ۳ میں تحریر فرمایا ہے کہ

"اس روایت کے موضوع ہونے پر سب محدثین کا اتفاق ہے۔"

لہٰذا اہل حق کے نزدیک یہ حدیث موضوع سند اور حجت نہیں ہو سکتی۔ ثانیاً بالفرض اگر یہ حدیث دلیل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بشر نہیں ہیں کیونکہ آپ نور پاک سے پیدا ہیں تو منکرین بشریت کو چار و ناچار ماننا پڑیگا کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی ہماری طرح بشر نہیں تھے۔ کیونکہ ایک حدیث میں یہ بھی ہے:-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا و علیٌّ من نور واحد (فلک نجیر) یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں اور علیؓ ایک ہی نور سے ہیں۔"

پس جس دلیل سے منکرین بشریت کے نزدیک ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت بشر نہیں تھے اسی دلیل سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ علی مرتضیٰ بھی بشر نہیں تھے۔ حالانکہ منکرین بشریت حضرت علی کو بھی اپنی طرح بشر مانتے ہیں۔

بشر ہونے کی دلیل منکرین بشریت کی دلیل کے قلع و قمع کرنے کے بعد ہم چاہتے ہیں کہ اہل حق کی جانب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بشر ہونے کی دلیل بھی نقل کر دیں۔ پس بغور ملاحظہ فرمائیے:-

(۱) قال اللہ تعالیٰ۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ (پ ۲۴-ع ۱۵) یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ لوگو! میں بھی تمہاری طرح ایک بشر ہوں۔

(۲) قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ هَلْ کُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا (پ۱۵-ع ۱۱) یعنی (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ میرا رب پاک ذات ہے میں تو بشر اور اللہ کا رسول ہوں۔

(۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:-

انما انا بشر مثلکم انسی کما تنسون (مشکوٰۃ) کہ میں بھی تمہاری طرح ایک بشر ہوں۔ میں بھی بھولتا ہوں جس طرح تم لوگ بھولتے ہو۔

غرض آپ کی بشریت کتاب و سنت سے آفتاب نصف النہار کی طرح ظاہر و روشن ہے ؎

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفےٰ برجاں مسلّم داشتن

اہل بیت اور شیعہ

(۲)

(از مولوی ابو صمصام عبد السلام صاحب مبارکپوری)

اخبار "اہلحدیث" مجریہ ۱۸ محرم سنہ رواں میں مضمون "اہل بیت اور شیعہ" درج ہوا تھا۔ آج ہم اس کا تتمہ ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔

واضح ہو کہ مولوی فرمان علی صاحب کو آیت تطہیر اور آیت قالوا اتعجبین من امر اللہ الخ میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر سے بوجہ عدم تدبر کے دھوکہ لگا ہے اور نہ صرف آپ ہی کو بلکہ بڑے بڑے علماء شیعہ اس غلطی میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ جیسے مولوی علی نقی مجتہد العصر (ملاحظہ ہو رسالہ تحریف قرآن حصہ دوم صفحہ ۸۹) اور مولوی اعجاز حسن صاحب بدایونی (ملاحظہ ہو رسالہ تنبیہ الناصبین) ان لوگوں نے بزعم خود سمجھا ہے کہ آیۂ تطہیر میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر کی ہے لہٰذا یہاں ازواج مطہرات مخاطب نہیں ہو سکتیں۔ ایسا ہی آیت قالوا اتعجبین من امر اللہ الخ میں بھی۔ ہم اس غلط فہمی کے ازالہ کیلئے مطابق حال چند حوالجات پیش کرتے ہیں جن میں ضمیر جمع مذکر غائب یا حاضر کی ہے اور مخاطب مؤنث۔ بغور ملاحظہ فرمائیے:-

(۱) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اپنی رخصتی کے واقعہ میں بیان کرتی ہیں:-

ثم دخلت بی فاذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس علی سریر فی بیتنا وعندہ رجال ونساء من الانصار فاجلستنی فی حجرہ ثم قالت ھؤلآء اھلک فبارک اللہ لک فیھم وبارک لھم فیک الحدیث (مسند احمد صفحہ ۲۱۱ ج ۶)

؎ آپکی عبارت کا اقتباس ہم اخبار اہلحدیث مجریہ ۱۲ ذیقعدہ میں بضمن آیت تطہیر "اہل بیت اور شیعہ" نقل کر چکے ہیں۔ ۱۲ منہ

ahmadimuslim.de

یعنی پھر مجھے میری ماں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالکل پاس ہی بٹھا دیا اور کہا (یا رسول اللہ) یہ آپ کی اہل ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے لئے اُن میں ان کے لئے آپ میں برکت دے۔"

دیکھئے بِهِمْ اور فِيهِمْ ضمیر جمع مذکر کی ہے اور مراد اس سے حضرت عائشہؓ ہیں۔

(۴) فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لابی بکر اخرج من عندك فقال ابوبکر انما هم اهلك بابی انت یا رسول اللہ الحدیث (بخاری)

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بوقت ہجرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا اے ابوبکرؓ اپنے پاس سے لوگوں کو ہٹا دو۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ اس وقت صرف آپ کی اہل (عائشہ رضؓ) موجود ہیں اور کوئی نہیں۔"

دیکھئے یہاں بھی هُمْ اهلك میں ضمیر جمع مذکر غائب کی ہے اور مراد حضرت عائشہؓ ہیں

(۵) انما یدخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیسلم ثم یقول کیف تیکم[1] ثم ینصرف (بخاری حدیث افک)

یعنی حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آتے تو سلام کرتے پھر میرا حال پوچھتے اور واپس چلے جاتے۔"

دیکھئے یہاں بھی کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر کی ہے اور مخاطب حضرت عائشہؓ ہیں۔

ناظرین! جہاں معلوم ہوا کہ ان روایات میں[2] ضمیر جمع مذکر ہے اور مخاطب مؤنث۔ وہاں لفظ هؤلاء اهلك اور هم اهلك سے یہ بھی بصراحت ثابت ہوا کہ ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل ہیں فالحمد للہ!

؎ چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار

حل اشکال اب آئیے ہم آپ کو اس کی وجہ بھی بتا دیں کہ ان روایات بالا یا آیت تطہیر میں ضمیر مذکر ہے۔ اور مخاطب مؤنث۔ یہ کیوں؟ پس بغور سنئے!

وجہ یہ ہے کہ اہل کا لفظ چونکہ مذکر ہے لہذا اسکی رعایت سے ضمیر بھی مذکر ہے۔ اسی قاعدہ کے مطابق آیت تطہیر میں کُمْ ضمیر مذکر ہے اور مخاطب ازواج مطہرات ہیں۔ ونیز اس لحاظ سے آیت تطہیر اور آیت قالوا اتعجبین من امر اللہ الایۃ اپنے مقام ومحل پر ہیں۔

فافهم ولا تكن من القاصرين

[1] قوله کیف تیکم اعلم ان تا وتہ اسم یشار بہ الی المونث فان خاطبت جئت بالکاف فقلت تیك وتیکم او تیکم وما قبل الکاف لمن تشیر الیہ فی التذکیر والتانیث (مجمع البحار ... ۱۲ منہ

دہلی کے موجودہ (اہل حدیث) مدرسے

(مرسلہ:۔ مولوی ابویحییٰ امام خان صاحب نوشہروی)

شہر دہلی اہل حدیثوں کا ہمیشہ سے دار الخلافہ ہے یہاں ہمارے سردار جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ محدث علیہ الرحمۃ نے ہماری حکومت کی بنیاد رکھی۔ اس سلطنت کی توسیع ممدوح کے نامور پوتے حضرت سیدنا شاہ محمد اسماعیل شہید (فداہ ابی وامی) نے فرمائی۔ اور کس قدر پھیلائی ہے؟ ادھر سرحد ہندوستان تک بلکہ اس سے بھی آگے یعنی قندھار۔ جس کی سند عارف باللہ مولائی عبداللہ صاحب غزنوی رحمۃ اللہ تعالیٰ سے ملتی ہے آپ ملا حبیب اللہ صاحب قندھاری کے فیض یافتہ تھے اور حضرت ملا ممدوح جناب امیر المومنین سیدنا سید احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مرید۔ یہ تذکرہ حیات طیبہ (سوانح حیات مولانا شہید اور کتاب سوانح احمدی مشتمل بر ترجمہ حضرت امیر المؤمنین مذکورۃ الصدر میں منقول ہے)

ہماری (حکومت) دوسری طرف مدراس (صوبہ) تک پہنچی۔ صوبہ بہار میں اس کی گورنری قائم ہوئی۔ وسط ہند کے ہر شہر میں اس کا سکہ رائج ہوا۔ آپ بھول جائیے مگر تاریخ کے صفحات میں ؎

زباں پر تیرا افسانہ جو پہلے تھا سو اب بھی ہے

کفرزار ہند میں ہمارے ہی اسلاف نے اسلام کی پود لگائی۔ ان کی کوششیں تھیں۔ جن کے نتائج اس بہار کی صورت میں نظر آ رہے ہیں کہ آج ہر طرف اسلام کا حقیقی منظر سامنے ہے۔ وعظوں کی یہ ہماہمی انہی کی صدائے بازگشت ہے۔ ورنہ یہاں خرمی موشگافیوں کے سوا کیا رکھا تھا۔ مدرسوں میں قال اللہ وقال الرسول کے دلآویز نغمے ہمارے ہی اسلاف اخیار کے ترنم کی گونج ہیں۔ یعنی ؎

بہار اب جو دنیا میں آئی ہوئی ہے
یہ سب پود اُن کی لگائی ہوئی ہے

رحمہم اللہ تعالیٰ۔ مگر اخلاف نے ان کی پیروی کہاں تک کی؟ میری زبانِ قلم سے یہ نوحے سننے کچھ دلچسپی کا سبب نہیں رہے۔ کیونکہ میری ہر تحریر میں بھی ایک مرثیہ ہے۔ پس ؎

کیوں میرے لئے گوش بر آواز ہو کوئی
روداد ہوں، روداد بھی دہرائی ہوئی سی

اس وقت اس مرثیہ کا "سلام" دہلی کے موجودہ مدرسوں کے طلبا کے "مصائب" کی "تشبیب" ہے۔ جو شاید یوپی کے اکثر مدرسوں پر مساوی طور پر صادق آسکے گی۔"

دہلی میں اس وقت اہل حدیث کے یہ ۱۱ مدرسے ہیں

(۱) دار الحدیث رحمانیہ۔ (۲) مدرسہ محمدیہ۔ (۳) مدرسہ سعیدیہ عربیہ۔ (۴) مدرسہ زبیدیہ۔ (۵) مدرسہ فیاضیہ (۶) مدرسہ دار الہدیٰ (۷) مدرسہ دار السلام (۸) مدرسہ سبیل السلام (۹) مدرسہ میاں صاحب (۱۰) مدرسہ علی جان (۱۱) مدرسہ جامع اعظم۔

ان میں تقریباً ۲۰۰ طالب علم اور بقدر ۴۵ کے اساتذہ کرام ہیں۔ مدرسہ محمدیہ اور مدرسہ سعیدیہ عربیہ کے سوا جملہ مدرسوں کے مصارف تنخواہ ووظائف کیلئے اوقاف یا ذاتی کفالت ہے (اور ذاتی کفالت مثلاً دار الحدیث رحمانیہ) مدرسہ محمدیہ اور سعیدیہ جس طرح ذاتی کفالتوں اور اوقاف سے تہی دست ہیں اسی طرح

جمع القرآن والحدیث۔ قرآن مجید وحدیث شریف کی صحت (۵۰۰) اور کتابت کے متعلق شکوک کا عالمانہ جواب۔ قیمت ۹ ر (مجلد)

ahmadimuslim.de

ان کے صدر مدرسین (حضرات) مشاہروں سے محروم۔ ان میں مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ اساتذہ کے مشاہروں اور تلامذہ کی آسائشوں کے لحاظ سے فائق الاقران ہے، خداوند عالم اسے قائم رکھے۔ دار البقاء اور جامع اعظم میں کھانا یا وظیفہ (بالخیار) ملتا ہے۔ باقی تمام مدرسوں میں عموماً وظائف جاری ہیں۔ اور وظائف میں (شاید) ۳ روپے ماہانہ سے کہیں زیادہ نہ ملتا ہوگا مجھے عرض یہ کرنا ہے کہ ان مدارس کے طلباء کی حالتیں قابل رحم ہیں۔ دہلی جیسے شہر میں کوئی نوجوان ۳ روپے ماہانہ میں بسر اوقات نہیں کر سکتا۔ پھر جبکہ کتابوں کی ضرورت بھی لاحق ہو، علالت کا خوف بھی مسلط ہو۔ ختم سال پر دہلی چھوڑنے پر بھی اصرار ہو۔ اس پر ستم بالائے ستم یہ کہ بعض طالب علموں کو صرف ۸؍ ماہانہ ملتا ہے اور بعض بدنصیبوں کو ایک ہی روپیہ۔ بار الہا! تیرے بندوں کی یہ ہلاکت آفرینی!

اسی دہلی میں میں نے اسی رمضان المبارک میں یہ تماشا (بے شک تماشا!) بھی دیکھا کہ پشاور سے لے کر راس کماری تک سے چندہ لینے والے اہل حدیث سفیر امڈ آتے ہیں۔ اور ہر ایک تھیلیاں بھر بھر کے لئے جا رہا ہے۔ اور اسی دہلی میں یہ بے پروائی کہ ملتان سے آنے والے طالب علم کو ایک روپیہ مہینہ برائے خوراک وہ ملتان جس کی اوسط خوراک ہر صوبہ ملک سے کمیت میں زیادہ اور کیفیت میں اور بھی بہتر!

اور دہلی ہی کے اہل خیر کو میں نے حدیثوں پر عمل کا سب ملک سے زیادہ شوقین بھی دیکھا۔ سبحان اللہ! بارک اللہ! مگر حدیث وابدأ بمن تعول (پہلے اپنے اردگرد والوں پر خرچ کر ان سے بچے تو دوسروں کو بھی) پر بھی توجہ کرنا چاہئے۔ اور اگر آپ کے نزدیک دور دور کے مقامات والوں کی تھیلیاں بھرنا دہلی کے ان

شہان بے کمر و خسروان بے کلاہ

کے مقابلہ میں زیادہ عزیز ہے تو پھر ان مدرسوں کو ختم کرا دیجئے کہ [illegible] پھر پیٹ پر پتھر باندھ کر [illegible] [illegible]

فراوانی ہے۔ پہلے طلباء کتابیں خود نقل کر لیتے۔ اب مطبوعہ نسخے خریدنے سے انہیں چارہ نہیں۔ ان کیلئے بھی دام چاہئے۔ پہلے طلباء کی جاگیریں تھیں[1]۔ ان کو کھانے اچھے ملتے۔ شکم سیر خود کھاتے اور دل لگا کر پڑھتے اب جاگیریں ہی اول تو کم رہ گئیں۔ اس پر کھانوں کی نوعیت بھی گھٹیا۔

اس معاملہ میں اہل حدیث کانفرنس کا عمل بھی قابل غور ہے۔ جس کی دفتری شکل کسی نہ کسی صورت میں ہنوز قائم ہے۔ بہت بڑا فنڈ نہ سہی، مگر بالکل تہی مائگی بھی نہیں کانفرنس میں دہلی کے تمام مدرسوں کی فہرست کے ساتھ ہر ایک مدرسہ کے طلباء کی فہرست و تعداد بھی چاہئے اور دفتر کو معلوم[1] ہونا چاہئے کہ طلباء کس طرح بسر اوقات کرتے ہیں۔ اور جن طلباء کو ناکافی وظیفہ ملتا ہے اسکی کمی کانفرنس کو پوری کرنا چاہئے۔ تاکہ یہ لوگ اپنے معاملات ضروری کو آسانی سے طے کر سکیں۔ کانفرنس میں یہ ضروری ہوگا۔ اس کے لئے اراکین شوریٰ کو جلسہ کرکے غور فرمانا چاہئے۔ میں حاجی بشیر الدین صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ اس مضمون پر حافظ حمید اللہ صاحب کو متوجہ کریں۔ اور میں دہلی کے جملہ مدارس کے متولیوں کو متوجہ[2] کرتا ہوں کہ ان غریب طلباء کیلئے تین روپے وظیفہ بالکل ناکافی ہے۔ یہ رقم پانچ روپے ماہانہ سے ہرگز کم نہ ہونی چاہئے۔ خواہ طلباء کی موجودہ تعداد کم کرنی پڑے مگر وظیفہ ضرور بڑھایا جائے۔

ان تجاویز پر غور بھی ہوگا؟ یہ خیال بہت تکلیف دہ ہے۔ یقیناً میری آواز متولیوں تک براہ راست نہ پہنچ سکے گی۔ مدرسین حضرات پڑھیں گے اور "درست ہے" فرما کر خاموش ہو جائیں گے۔ طلباء پڑھیں گے تو دلوں میں ایک ساعت کے لئے مسرت محسوس کریں گے۔ آہ! یہ نظام انہی غلط اور تباہ کن قاعدوں کے ساتھ وابستہ رہے گا۔ علمائے مدرسین اس کی اصلاح کے لئے کبھی زبان نہ کھولیں گے۔ وہ انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون قسم کی آیات مبارکہ ضرور پڑھ کر دلوں کو مسرور کرتے رہیں گے۔ مگر ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتیٰ یغیروا ما بانفسھم و ان تتولوا یستبدل قوما غیرکم۔ قسم کی آیتیں خیال میں بھی نہیں لائیں گے کہ ان سے تو دلوں کی تازگی مرجھا جاتی ہے۔ اتنے ہی میں الحاد کا سیلاب آ جائے گا۔ جس کے دھارے میں یہ سب خس و خاشاک کی طرح بہہ جائیں گے۔ اسوقت یالیت یالیت! پڑھیں گے۔ مگر بے سود

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیاں رہے

حضرات علمائے کرام و اہل خیر دہلی مجھے معاف فرمائیں

معاف اے ہمنشیں گر آہ کوئی لب پہ آ جائے
طبیعت رفتہ رفتہ خوگر دردِ جگر ہوگی

کاش! یہ تحریریں مؤثر ثابت ہوں۔ کاش دہلی کے معتمدین ان پر توجہ فرمائیں۔ کاش! میری قوم کے نونہال طلباء اپنی طالب علمی کا زمانہ خوشی میں بسر کریں۔ دہلی کے اہل خیر ان کے ہر درد دکھ میں شریک رہیں۔ وہ انہیں قومی امانتیں سمجھ کر ان کی حفاظت کریں! یا اللہ میں نے مہینوں ان طالب علم میں رہ کر ان کی درد بھری داستانیں سنی ہیں۔ اب میں ان کے خوشی کے ترانے بھی سنوں۔ الٰہی وہ شکم سیر ہو کر سوئیں اور صبح ہی ان کے سامنے لطیف کھانوں کے خوان رکھے ہوں۔ الٰہی! دہلی کے دولت مند اہل حدیثوں کے لئے یہ مشکل نہیں کہ وہ ان کا اس قسم کا خیال کر سکیں۔ ان کے دل دردِ طلب ہیں مگر انہیں بتانے والا نہیں ملا۔

بار الہا! دہلی میں پھر ایک محمد اسماعیل شہید جیسے جاں فروش عالم کی ضرورت ہے۔ جو سب کو ایک ہی خیال یعنی شوکت دین پر متوجہ کر دے۔

یا اللہ! دہلی کو فتنہ انگیزوں کی شر سے محفوظ رکھ۔

[1] دفتر کانفرنس نے تعلیمی کام کسی خاص وجہ سے اپنے ہاتھ میں نہیں لیا ہوا ہے۔ (اہلحدیث)

[2] بارہا توجہ کی گئی۔ کوشش کی گئی مگر کامیابی نہیں ہوئی کیوں؟ [illegible] (اہلحدیث)

حیات طیبہ۔ جدید اڈیشن۔ مولانا شہید دہلوی کی مفصل سوانحعمری۔ قیمت ۱۲؍ پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

(۵۰۱)

ahmadimuslim.de

بدعت کیا ہے؟

(از قلم مولوی نور محمد صاحب میانوی)

بعض دوست کہا کرتے ہیں کہ جس چیز کا وجود آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں نہ ہو۔ ہر وہ چیز گمراہی ہے۔ کیونکہ آپ کا ارشاد ہے کہ کل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة یعنی ہر ایک نئی چیز بدعت ہے اور ہر ایک بدعت گمراہی ہے" گویا یہ حدیث شریف حرمت کی بیّن دلیل ہے۔

سو اس کے جواب میں گذارش ہے کہ بلاشبہ جن لوگوں کو اسلام کے پاکیزہ اصول پر دسترس نہیں اکثر حقیقیات کے رد کر دینے کے لئے یہ حدیث مذکورہ بالا پیش کر دیا کرتے ہیں۔ ان کی غرض یہ ہوتی ہے کہ ایک جائز بات کو ناجائز کر دیا جائے۔ لیکن وہ اس دقیقہ سے بالکل غافل ہیں کہ بدعت کا حکم دینیات تک محدود ہے اطوار وعادات مثلاً کھانے پینے، پہننے وغیرہ سے اسے ہرگز کوئی تعلق نہیں۔ خود جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ انتم اعلم بامور دنیاکم میں صرف تعلیم دین کے لئے آیا ہوں۔ دنیاوی امور کو تم خود ہی اچھی طرح جانتے ہو اور ان کا جس طرح چاہو انتظام کر سکتے ہو۔

ان حضرات کو یہ بھی معلوم نہیں کہ بدعت فی الدین اسی کو کہتے ہیں جس کی قرآن و حدیث میں کچھ بھی اصل نہ ہو۔ نہ اس کی حقیقت شرعی حیثیت سے سمجھ میں آسکے اور اس کی نظیر بھی شرع میں موجود نہ ہو۔

ابن جعفر ہیثمی انصاری جو حدیث کے بڑے مشہور عالم ہیں۔ اربعین نووی کی شرح میں حدیث من احدث فی امرنا وفی روایۃ فی دیننا) ھذا ما لیس منه فھو رد۔ لفظ امر کی تشریح کرکے اس سے مراد شرع اور دین ہے۔ تحریر کرتے ہیں:۔

بدعت اسے کہتے ہیں جو شریعت کے خلاف ہو خواہ بالکل خلاف ہو۔ یا کوئی شرط اور رکن مقرر کردہ شرع اس میں نہ پایا جاتا ہو۔ لیکن جو شرع کے خلاف نہیں مثلاً شرع کے اصول و قواعد کے مطابق ہو تو وہ بات مردود نہیں بلکہ مقبول ہے۔ اس کی مثالیں یہ ہیں۔ قسم قسم کی خیرات و مبرّات جو صحابہ کرام کے عہد میں نہیں تھیں کیونکہ ہر قسم کی خیرات کرنا اُسی ایک ہی اصول یعنی نیکی کرنی اور مدد دینے پر مبنی ہے۔ دوسرا تمام علوم مفیدہ میں تصنیف کرنا اور ان کی مختلف شاخوں پر بحث کرکے ان کے اصول قائم کرنا اور بہت سے فروع نکالکر مفروضہ صورتوں پر رائیں دینا اور ان کا حکم بیان کرنا۔ تیسرا قرآن و حدیث کی تفسیر و شرح کرنا اور حدیث کی اسنادوں اور متنوں کے متعلق گفتگو کرنا اور عرب کے نظم و نثر کی غور پرداخت کرکے اس کو جمع کرنا اور علوم لغت کا ایجاد کرنا یہ سب باتیں ایسی ہیں جن کی خوبی ظاہر و باہر ہے چوتھا اصول و فروع شرع کو منضبط صورت میں لانے کے لئے ان کے محتاج الیہ علوم حساب وغیرہ کا سیکھنا جن کا مآل آخرکار ایک واسطہ یا زیادہ واسطوں سے شرع و دین ہے۔

جن صاحبوں نے بدعت کی یہ تعریف کی ہے:۔

البدعة مالم یکن فی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او مالم یثبت عن النبی فعله۔ بدعت وہ چیز ہے جو زمانہ آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ ان کو مجبوراً بدعت کی تقسیم کرنی پڑی اور انہوں نے بدعت کو چار قسم قرار دیا۔

واجب۔ مستحب۔ مباح۔ حرام

کیونکہ جس چیز کی اصلیت قرآن و حدیث میں موجود ہے گو اس کا کرنا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہوا اُسے حرام، بدعت کے مفہوم سے خارج کرنا پڑیگا۔ (ایسی بات کا جائز اور مشروع ہونا مجمع علیہ بین الفریقین ہے) اس لئے بہت سی باتیں جن کا وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں نہیں تھا۔ تاہم ان کی اصلیت کتاب و سنت میں پائی جاتی تھی بدعت کے مفہوم سے نکالنی پڑیں۔ انہوں نے بدعت کے چند اقسام باعتبار مختلف احکام کے بنا دئیے۔ لیکن اگر بدعت کی پہلی تعریف کو ترجیح دیتے ہوئے کہا جائے کہ

البدعة مالم یکن فی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم یکن له اصل فی الدین

بدعت وہ چیز ہے جو زمانہ آنحضور میں موجود نہیں تھی اور جس کی قرآن و حدیث میں کچھ بھی اصلیت نہیں۔ تو مطلق بدعت حرام ہے۔ اور اس تعریف کی بنا پر جو امور متعلق دین نہیں ہیں۔ خواہ ان کا وجود آپ کے زمانہ مبارک میں ہو یا نہ ہو بدعت نہیں کہلائیں گے نیز وہ امور جن کی اصل شرع میں موجود ہے۔ وہ بھی بدعت کے مفہوم سے خارج ہیں اور اس لئے وہ حرام بھی نہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا ہے کل محدثة بدعة۔ اس کے معنی یہ ہیں:۔

کل محدثة فی الدین بدعة

یعنی دین میں نئی چیز بدعت ہے

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ:۔

من احدث فی دیننا ھذا ما لیس منه فھو ردٌّ۔ ہمارے اس دین میں جو کوئی نئی بات نکالے وہ بات مردود ہے۔

تو معلوم ہوا کہ شرعی امورات میں کسی کی رائے کو دخل دینا یا پیش کرنا حرام ہے۔ زیادہ بس۔ واللہ الہادی

"نور محمدی"

(مصنفہ مولانا محمد صاحب دہلوی)

اس کتاب میں قرآن مجید، احادیث شریف، اقوال فقہاء سے گانے، بجانے، قوالی، سرود، وغیرہ کی تردید کی ہے مولانا صاحب موصوف کی تازہ تصنیف ہے۔ اہل بدعت کی تردید میں ایک بڑی مفید کتاب ہے۔ قیمت ۱۲/ منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

قوالی۔ امام ابن تیمیہ کے ایک رسالہ کا اردو ترجمہ (۵۰۲) وجد و قوالی کی تردید۔ قیمت ۲/ پتہ۔ دفتر اہلحدیث

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

تعاقب آدم علیہ السلام آسمانی جنت میں داخل کئے گئے تھے یا دنیا کی جنت میں، آپ نے لکھا ہے کہ دنیا میں بھی جنت ہے اسی جنت میں داخل کئے گئے اور اسی جنت سے نکلنے کا حکم ہؤا۔ حالانکہ قرآن پاک میں ہے کہ نکلو اس جنت سے اور زمین پر جا ٹھہرو (تب آدم سرندیپ میں اور حوا جدہ میں رکھے گئے) چند مدت کے بعد دونوں میاں بی بی ایک جگہ ہوئے اور انکی نسل سے دنیا آباد ہوئی۔ اس جگہ جنت کا ہونا کیا معنی ہے؟

(علی حسن خان آزاد از برہنڈہ)

جواب قرآن وحدیث سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ آدم وحوا کا جنت دنیا میں تھا ان کو جنت سے ہبوط کا حکم ہؤا تھا۔ ہبوط کا معنی ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ جا ٹھہرنا۔ چنانچہ بنی اسرائیل کو حکم ہؤا تھا:۔

اِھْبِطُوْا مِصْرًا ۔کسی شہر میں جا ٹھیرو۔

آپ کی عبارت مندرجہ قوس قرآن وحدیث سے ثابت نہیں۔

س ۱۲۳} ایک پنڈت سے ملاقات ہوئی۔ اور اس مسئلہ پر بحث ہوئی کہ جب سے دنیا پیدا ہوئی تب سے کتنی بار قیامت ہوئی اور حساب کتاب ہؤا اور جب تک دنیا رہیگی تب تک کتنی بار قیامت ہوگی۔ لہذا آپ کا کیا ارشاد ہے؟ (علی حسن خان آزاد از برہنڈہ)

ج ۱۲۳} عبارت مذکورہ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ سوال آپ نے پنڈت پر کیا تھا یا پنڈت نے آپ پر؟ ہاں ہندوؤں کے عقائد سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان گنت مرتبہ قیامت یا پرلے مانتے ہیں۔ اہل اسلام پر یہ سوال وارد نہیں ہوتا۔

س ۱۲۴} سوئر جو قطعاً حرام ہے اوس کے دودھ سے بکری کا بچہ پالا جاوے۔ وہ بکری کا بچہ مسلمانوں کو کھانا حرام ہے یا حلال؟ (سائل مذکور)

ج ۱۲۴} اگر اس بچہ کو دیکھنے والا بکری کا بچہ سمجھتا ہے تو اس کے حلال ہونے میں کوئی شبہ نہیں باقی رہی سوئر کے دودھ سے اس کی پرورش، سو وہ اسکے حق میں ایسی ہے جیسے کھیتی میں کھاد پڑتی ہے۔

س ۱۲۵} جنت وجہنم اس وقت کہاں ہیں آسمان پر یا زمین پر۔ اور قیامت کے بعد دونو کہاں کہاں رہیں گے۔ (سائل مذکور)

ج ۱۲۵} جنت اور دوزخ کا زمین پر ہونا معلوم ہوتا ہے۔ ایک حدیث میں جنت کے متعلق آیا ہے انما ھی قیعان یعنی جنت چٹیل میدان ہے جو درخت یہاں لگاؤگے وہی وہاں اگیگا۔ یعنی جیسا عمل کروگے ویسا ہی پھل پاؤ گے۔ رہا یہ سوال کہ کس ملک میں ہیں اس کا جواب یہی ہے کہ اللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

س ۱۲۶} زید مرگیا۔ ایک زوجہ۔ دو لڑکیاں دو بھائی۔ ایک بہن وارث چھوڑے۔ صورت ہذا میں بہن وارث ہوگی یا نہیں؟ (سائل عبد العزیز از بنگلور شہر)

ج ۱۲۶} بہن وارث ہوگی۔ صورت مسئلہ یہ ہے:۔

المیت ۲۴/ زید

اخت	اخ	اخ	بنت	بنت	زوجہ
۱	۲	۲	۸	۸	۳

بیوی کو آٹھواں حصہ اور دو لڑکیوں کو دو تہائی جائداد اس سے ملے گی۔ باقی ماندہ بہن بھائیوں میں یوں تقسیم ہوگی کہ دو دو حصے بھائیوں کو اور ایک بہن کو ملے۔ اللہ اعلم!

س ۱۲۷} آج کل جو لوگ قبروں پر عرس کرتے ہیں اور وہاں بھنڈارہ بھی کرتے ہیں یعنی عام لنگر لگایا جاتا ہے اور کھانا کھلایا جاتا ہے۔ کیا شرعاً یہ کھانا کھانا اور ایسی محفلوں میں شریک ہونا جائز ہے؟ (سائل نور شاہ گلا نوالہ ضلع سیالکوٹ)

ج ۱۲۷} عرس وغیرہ مذکورہ سوال بدعت ہیں اور جو کھانا وغیرہ وہاں پکایا جاتا ہے وہ نذر لغیر اللہ ہے۔ اس لئے ایسی محفلوں میں شرکت ناجائز ہے اور وہاں کا کھانا کھانا درست نہیں۔

س ۱۲۸} کیا حکم ہے اس مسئلہ میں کہ بذریعہ گراموفون، غزلیات تقریریات یا اذان وقرآن مجید کو سننا یا سنانا جائز ہے یا نہیں۔ اور افراد اہل حدیث بیاہ وغیرہ میں اوس کو عمل میں لا سکتے ہیں یا نہیں؟ (محمد اشیر الدین موضع چا نجنڈ۔ ضلع مرشد آباد۔ بنگال)

ج ۱۲۸} گراموفون آلات لہو ولعب سے ہے ایسی لغویات سے مؤمن کو اعراض کا حکم ہے۔ والذین ھم عن اللغو معرضون۔

فوٹ:۔ فتوے اسی قدر تھے۔ (مفتی)

اعلان یکم اپریل ۱۹۳۹ء سے مولوی عبد المعبود صاحب کانپوری سفیر مدرسہ محمدیہ باڑی ریاست دھول پور کا استعفا منظور کرکے موصوف کے کاغذات سفارت مدرسہ واپس لیکر داخل دفتر کر دیئے ہیں۔ اب ان کی جگہ کسی دوسرے مستقل سفیر کا تقرر کیا جائیگا۔ سردست مولوی ابوبکر صاحب باڑوی عارضی طور پر مدرسہ ہذا کی سفارت کے فرائض کو سرانجام دینگے۔ المعلن محمد خان پریزیڈنٹ مدرسہ محمدیہ قصبہ باڑی ریاست دھول پور (۸ر اشاعت فنڈ وصول)

یادرفتگان میری والدہ ماجدہ ۹۔ اپریل کو انتقال کر گئیں۔ انا للہ! مرحومہ پابند صوم وصلوٰۃ اور نیک موحدہ تھیں (شیخ افضل حسین مالک کارخانہ عطر شیخ شاہ وحسین چوک لکھنؤ) (۲) میرے والد مولوی نواب الدین صاحب جو پکے موحد عالم باعمل تھے انتقال فرما گئے۔ انا للہ! موصوف اکاڑہ سے عرصہ ہؤا ریاست بہاول پور میں سکونت پذیر تھے۔ راقم:۔ عبد العزیز چک ۵۸ نمبر ضلع بہاول نگر۔

ناظرین مرحومین کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

اللھم اغفر لھما وارحمھما۔

نئی چٹھیں چھپنے والی ہیں اس لئے جملہ حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کسی صاحب کے پتہ میں کوئی تبدیلی کرنی ہو تو بہت جلد اطلاع دیں۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

(۵۰۳)

ahmadimuslim.de

متفرقات

حساب دوستاں مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت ماہ مئی ۱۹۳۹ء میں ختم ہوجائیگی۔ لہٰذا ان حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر مثل سابقہ خریداری منظور ہو تو قیمت اخبار جلد از جلد بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ اگر خریداری سے ہی انکار ہو تو بھی بہت جلد بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں۔ ورنہ بصورت دیگر (بقول شخصے الخاموشی نیم رضا) آپ کو اہلحدیث ۲۶ مئی وی پی بھیجا جائیگا۔

مہلت ختم جن اصحاب کی میعاد مہلت ختم ہے ان کے نمبر خریداری بھی ذیل میں ہی درج ہیں۔ امید ہے اپنے وعدہ کا ایفا کرتے ہوئے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ہی ارسال کر دینگے۔ ان حضرات کی خدمت میں وی پی وغیرہ نہیں بھیجا جائیگا نہ ہی مزید مہلت دی جائیگی بلکہ ۲۶ مئی کے بعد مجبوراً اخبار بند کر دیا جائیگا۔

بیرون ہند جو خریدار مقیم ہیں ان کو بھی قیمت ختم ہونے کی اطلاع دی جاچکی ہے۔ اس دفعہ مکرر یاددہانی کرا کر امید کی جاتی ہے کہ ازراہ عنائت جلد از جلد قیمت بھیجکر دفتر کو مزید انتظار کی زحمت سے بچا کر شکریہ کا موقع دینگے۔

۱۰۵ - ۲۶۰ - ۵۵۶ - ۸۸۷ - ۱۹۵۴ -
۲۶۸۲ - ۲۶۹۰ - ۴۹۳۳ - ۵۴۰۵ - ۵۴۱۹
۶۰۲۵ - ۷۲۶۶ - ۷۴۲۰ - ۷۴۲۵ - ۷۴۲۷ -
۷۴۴۹ - ۷۴۶۲ - ۷۴۶۹ - ۸۴۲۴ - ۸۴۶۹
۸۴۷۱ - ۸۴۷۷ - ۸۵۱۶ - ۸۵۳۱ -
۸۷۵۹ - ۸۸۹۲ - ۹۰۱۹ - ۹۰۲۰ - ۹۲۵۴
۹۴۳۱ - ۹۴۲۹ - ۹۴۳۸ - ۹۴۵۷ -
۹۴۷۳ - ۹۴۸۶ - ۹۹۰۸ - ۹۹۹۱ -
۱۰۱۷۰ - ۱۰۲۸۶ - ۱۰۴۰۹ - ۱۰۴۵۰ -
۱۰۴۵۳ - ۱۰۵۵۵ - ۱۰۶۶۵ - ۱۰۹۳۲ -
۱۰۹۴۴ - ۱۱۰۹۳ - ۱۱۱۳۴ - ۱۱۱۴۱ -

۱۱۱۴۷ - ۱۱۱۴۹ - ۱۱۱۶۱ - ۱۱۲۴۵ -
۱۱۲۶۴ - ۱۱۳۷۵ - ۱۱۳۹۴ - ۱۱۵۳۵ -
۱۱۸۲۳ - ۱۱۸۵۶ - ۱۱۸۷۴ - ۱۱۸۷۵ -
۱۱۸۷۷ - ۱۱۸۹۷ - ۱۱۹۰۶ - ۱۲۱۱۷ - ۱۲۱۲۰
۱۲۱۲۴ - ۱۲۱۵۹ - ۱۲۱۶۷ - ۱۲۲۳۴ - ۱۲۲۵۷
۱۲۲۷۰ - ۱۲۲۹۸ - ۱۲۳۲۴ - ۱۲۳۲۸ -
۱۲۳۳۲ - ۱۲۳۳۳ - ۱۲۳۴۸ - ۱۲۳۵۰ -
۱۲۳۶۲ - ۱۲۳۷۲ - ۱۲۳۷۳ - ۱۲۳۷۴ -
۱۲۳۷۹ - ۱۲۳۸۰ - ۱۲۳۸۱ - ۱۲۳۸۲ - ۱۲۳۸۳ -
۱۲۳۸۴ - ۱۲۳۸۹ - ۱۲۳۹۹ - ۱۲۴۳۲ -
۱۲۴۴۸ - ۱۲۴۵۵ - ۱۲۴۵۶ - ۱۲۴۵۷ -
۱۲۴۶۱ - ۱۲۴۶۴ - ۱۲۴۷۴ - ۱۲۴۸۰ -
۱۲۴۹۹ - ۱۲۵۰۵ -

مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب کی ایک

تازہ تصنیف

تفسیر بالرائے

جو اصحاب تفاسیر ثلاثہ ثنائیہ سے لطف اندوز ہو چکے ہیں وہ خصوصاً اور دیگر حضرات عموماً یہ مژدہ جانفزا سُن کر بے حد مسرور ہونگے کہ مولانا ثناء اللہ صاحب نے حال ہی میں ایک چوتھی تفسیر موسومہ تفسیر بالرائے تصنیف فرمائی ہے۔ جس میں تفسیر بالرائے کی تشریح کرکے آج کل کی اردو تفاسیر (چکڑالوی، قادیانی، شیعہ، احمدی وغیرہ) کی جانچ پڑتال کی ہے۔ اس موضوع پر غالباً آج تک کسی صاحب قلم نے کوئی کتاب تصنیف نہیں فرمائی۔ اس لئے یہ تصنیف بالکل بے مثال بلکہ اچھوتی ہوگی۔ جو سردست سورہ فاتحہ وبقرہ تک تیار ہوئی ہے۔ کتابت ہو چکی ہے۔ طباعت جاری ہے۔ قیمت غالباً محصول ڈاک کے علاوہ ۱۲ر ہوگی۔ مفصل اعلان طبع ہوجانے پر کیا جائیگا۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔

نیاز مند۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

غریب فنڈ سے مندرجہ ذیل خریداروں کے نام اخبار جاری تھا۔ ماہ مئی میں ان کی میعاد ختم ہوجائیگی بعد ازاں بغیر مہلت دیئے اخبار بند کردیا جائیگا۔ نیز تا اطلاع ثانی نئے داخلے بالکل بند رہیں گے اور منی آرڈر واپس کر دیئے جائیں گے۔

۱۰۵۶۴ - ۱۱۵۶۴ - ۱۱۸۶۱ - ۱۱۸۶۶ -
۱۲۳۶۲ - ۱۲۳۷۸ - ۱۲۳۷۹ -

یہ رقم کیسی ہے؟ جلسہ پشاور کے موقعہ پر مولانا ثناء اللہ صاحب کو کسی صاحب نے کچھ رقم دی تھی مولانا نے اس وقت نوٹ تو کر لیا مگر وہ کاغذ کہیں گم ہوگیا۔ اس لئے جس صاحب نے جس غرض کیلئے وہ مبلغات دیئے ہوں بہت جلد اطلاع دے تاکہ اسکی تعمیل کی جائے۔ (منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر)

آل انڈیا پرانا ریلوے ٹائم ٹیبل کی بابت سابقہ پرچہ میں مختصر سا نوٹ درج کیا گیا تھا۔ اس دفعہ پھر یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ اگر کسی صاحب کے پاس ایسا آل انڈیا ریلوے ٹائم ٹیبل جو مارچ ۱۹۳۹ء کو منسوخ ہوا ہے بیکار ہو تو مہربانی فرما کر بہت جلد بھیجدیں۔ جس قدر محصول ڈاک خرچ ہوگا اسکے عوض ٹکٹ یا کوئی اور رسالہ یا ٹریکٹ وغیرہ طلب کرلیں۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

دعا فرمائیں قصبہ جلال پور پیروالہ ضلع ملتان میں جماعت حقہ اہل حدیث کے خلاف احناف بریلوی اور شیعہ حضرات نے مل کر اہل حدیث کو اپنی مسجد از سر نو مکرر تعمیر سے روک رکھا ہے۔ معاملہ پولیس تک پہنچ چکا ہے۔ گیارہ اہل حدیث اور فریق مخالف کے بیس اشخاص کی ایک ایک ہزار کی ضمانتیں ہوگئی ہیں۔ اس لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان مصائب و مشکلات سے نجات دے۔ (راقم: عبدالستار از جلال پور پیروالہ ضلع ملتان)

اطلاع عام بندہ اپنی علالت طبع و کمزوری کے باعث یکم اپریل ۱۹۳۹ء سے سفارت مدرسہ محمدیہ قصبہ باڑی ریاست دھول پور سے مستعفی ہوگیا ہے۔ تمام حساب کتاب داخل کرکے رسید حاصل کر لی ہے۔ باوجود اس علیحدگی کے مدرسہ کی بقا کے لئے دعا گو ہوں۔ راقم: مولوی ابو احمد عبدالمعبود کانپوری سابق سفیر مدرسہ محمدیہ باڑی۔ (بہا اشاعت فنڈ وصول)

یورپ اور جنگ یورپ

کچھ شک نہیں کہ آج یورپ کی حالت اس جنگل کی طرح ہے جس میں تمام پیڑ سوکھے ہوئے ہیں اور ان کے نیچے خشک سرکنڈہ یا گھاس بھی ہوئی ہے۔ جسکو ایک دیا سلائی لگنے سے تمام جنگل پھنک جانے کا گمان غالب ہے۔ دول یورپ کے باہمی جنگ و جدل کی تیاری کو دیکھ کر امریکا کا پریذیڈنٹ ہٹلر اور میسولینی کو نصیحت کرتا ہے کہ معاہدہ کرو کہ دس سال تک کسی آزاد ملک پر حملہ نہیں کرینگے اس کو جواب ملتا ہے ؎

ناصحا! اتنا تو دل میں تو سمجھ اپنے کہ ہم
لاکھ نادان ہیں کیا تجھ سے بھی ناداں ہونگے

گذشتہ جنگ عظیم سے پہلے ایک کتاب چھپی تھی جس کا نام تھا "آیندہ جنگ"۔ اس کا لکھنے والا ایک جرنیل تھا۔ جس کا نام "برن ہاڈی" تھا۔ اس نے بدلائل تابتر ثابت کیا تھا کہ جنگ قوموں کی زندگی کا باعث ہوتی ہے یہ سچ ہے۔ قرآن شریف بھی اس کی تعلیم دیتا تھا تو اس کی تعلیم پر یورپ کے لوگ ناک بھوں چڑھاتے تھے اسلام کہتا تھا۔ ذروۃ سنامہ الجہاد (اسلام کی بلندی جہاد کرنے میں ہے) تو اعتراض ہوتا تھا کہ اسلام خونریز مذہب ہے۔ آج اسلام ہی کی تعلیم ان لوگوں کی زبان پر جاری ہے۔ مگر اسلام کے نام پر نہیں بلکہ اپنی طرف سے اسلام نے جو الفاظ اصطلاحی بولے تھے مثلاً جہاد۔ مجاہد۔ غازی وغیرہ وہ اپنے معانی میں صحیح طور پر مستعمل تھے۔ آج جن معنی میں یہ الفاظ استعمال ہو رہے ہیں وہ ان کے اصلی معنی نہیں ہیں بلکہ محض جی خوش کرنے کو بولے جاتے ہیں۔ جیسے سابقہ عبارت منقولہ از اخبار شیعہ میں جہاد وغیرہ کا لفظ بولا گیا ہے۔

یہ سب شاعرانہ تخیل ہے جو اپنے محبوب کو وعدہ بتاتے ہوئے کیا کرتے ہیں۔ ؎

وہ آئیں شب وعدہ تو تعجب کیا ہے
بات کو کس نے ہے خورشید درخشاں دیکھا

یورپ کی جنگ کی بابت پنجاب کے اخباروں میں وہ ہندو جوتشیوں کی پیشگوئیاں شائع ہو چکی ہیں۔ ایک کہتا ہے کہ آیندہ ماہ مئی میں لڑائی شروع ہو جائیگی؟ اس کے مقابلے میں دوسرے صاحب نے اس کی تردید بھی کر دی ہے کہ نہیں ہوگی"۔ ہم سے کوئی پوچھے تو ہم وہی کہیں گے جو پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا ہے:۔

كذب المنجمون ورب الكعبه

باغ لگانے اور انکی اصلاح کرنے کے طریقے

(از دفتر اصلاح دیہات پنجاب لاہور)

فروٹ سیکشن لائل پور کے اگریکلچرل اسسٹنٹ نے نئے باغ لگانے اور پرانے باغات کی اصلاح کرنے کے طریقوں پر روشنی ڈالی ہے۔ اول الذکر کے متعلق آپ نے یہ مشورہ دیا کہ بھاری زمین کا قطعہ منتخب کرنے کے بعد اس میں صرف وہی پودے لگائے جائیں جن کے متعلق تجربہ کیا جا چکا ہو کہ وہ ایسی ہی زمین میں کامیاب رہیں گے اور پودوں کو پانی دینے کے لئے جو نالی بنائی جائے وہ ان کی قطاروں کے عین درمیان میں ہو۔

پرانے باغات کی اصلاح کے لئے آپ نے یہ تجویز بتائی کہ پودوں کی سوکھی ہوئی مردہ اور غیر مزروعی شاخوں کو کاٹ دیا جائے اور پھر پودوں کو گوبر وغیرہ کی خوب پکی کھاد مہیا کی جائے۔ سردیوں میں کھاد کی کھاد کی مقدار فی پودا ایک من ہونی چاہئے۔ اگر امونیم سلفیٹ بھی مل سکے تو اس کی تھوڑی سی مقدار کو گوبر کی کھاد میں ملا دینے سے اور زیادہ فائدہ ہوگا۔ باغات کو اچھی طرح صاف رکھا جائے۔ ان میں دوسری فصلیں صحیح اصولوں کے مطابق کاشت کرنی چاہئیں اور پانی سے کافی سیراب بھی کرنا چاہئے۔

این ڈی مالو جیکل اسسٹنٹ نے آموں کی سنڈی (مین گو ہلی بگ) کے متعلق ایک استفسار کے جواب میں یہ تجویز بتائی کہ موسم سرما میں آم کے پودوں کے اردگرد کی جگہ کھود دینی چاہئے تاکہ سنڈی کے انڈے بچے اور جو پھوٹنے سے قبل تلف ہو جائیں آپ نے مزید یہ بھی کہا کہ چھوٹے چھوٹے کیڑوں کو درخت پر چڑھنے سے روکنے کا علاج یہ ہے کہ تنوں کے اردگرد روئی کے بند پیٹ دینے چاہئیں اور جب اس بند پر سنڈیاں کافی تعداد میں جمع ہو جائیں تو بند کو کھول کر اس کو اس پانی میں جس میں مٹی کا تیل ملا ہوا ہو۔ جھٹک دیں تاکہ سنڈیاں اس میں گر کر مر جائیں۔

(لاہور۔ ۲۴۔ مارچ ۱۹۳۹ء)

مذاکرہ علمیہ کا عظیم الشان تیرھواں سالانہ اجلاس

حسب اعلان ۲۶-۲۷۔ مارچ ۱۹۳۹ء کو احاطہ دار العلوم احمدیہ سلفیہ دربھنگہ میں منعقد ہوا۔ جس میں رؤساء، حکام اور عوام کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ شریک ہوئے باہر کے تمام شرکائے جلسہ کے خورد و نوش اور قیام کا انتظام جلسہ کی جانب سے کیا گیا۔

مشاہیر علمائے کرام میں سے مندرجہ ذیل علماء خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ مولانا عبد الحنان صاحب ایڈیٹر "مسلم اہلحدیث گزٹ" دہلی۔ مولانا محمد حسین صاحب خطیب (۵۰۹)
مسجد کولو ٹولہ کلکتہ۔ مولانا عبید الرحمن صاحب میرٹھی۔ مولانا ابو مسعود خان صاحب قمر بنارسی۔ مولانا حافظ محمد صاحب مظفر پوری۔ مولانا محمد سعید خان صاحب محدث بدری مولانا حافظ عبد اللہ صاحب رحیم آبادی۔

نیز طلبائے دار العلوم نے بھی عربی، فارسی، انگریزی، اور اردو میں برجستہ تقریریں کیں جو کہ بے حد پسند کی گئیں دوسرے دن کے اجلاس میں مہتمم دار العلوم کی جانب سے دار العلوم کی مفصل رپورٹ پیش ہوئی۔ جس میں دار العلوم کے لئے مستقل سرمایہ کی قوم سے اپیل کی گئی تھی۔ آخری دن شب کے اجلاس میں ۱۳۵۷ھ کے دو فارغ التحصیل طلباء (مولوی عبد الرحیم صاحب گیاوی و مولوی محمد یونس صاحب اعظم گڈھی) کی دستار بندیاں کی گئیں۔

(خادم:۔ سید محمد سعید سکرٹری)

توحید و سنت کی صدا کو اگر دنیا کے چپہ چپہ پر پھیلانا چاہتے ہیں تو اخبار "اہلحدیث" امرتسر کی توسیع اشاعت کیجئے

ahmadimuslim.de

رحمۃ اللعالمین
(مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب) پٹیالوی۔ جس میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل ومکمل طور پر لکھی گئی ہے۔ جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ مستند مانی گئی ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاول پور، جامعہ ملیہ دہلی اور مدرسہ دیوبند اور اکثر دیگر اسلامی درسگاہوں کے نصابات میں داخل ہے۔ کتابت طباعت کاغذ نہایت اعلیٰ۔ قیمت جلد اول للعہ۔ جلد دوم ہیے جلد سوم ہے۔ محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

سیرت ابن ہشام
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام سوانحعمریوں میں سب سے پہلی کتاب ہے۔ [illegible] اس کتاب عربی زبان میں لکھی تھی جس کا [illegible] سلیس اردو ترجمہ کیا گیا ہے۔ صحت واقعات کو [illegible] طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ قیمت ۶ؔ

نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب
مؤلفہ [illegible] صاحب تھانوی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کل حالات و واقعات از پیدائش تا وفات قلم بند کئے ہیں۔ جو پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت صرف ۸ؔ

عرب کا چاند
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ ایک ہندو سوامی لکشمن جی منصف مزاج کے قلم سے۔ طرز تحریر نہایت دلکش ہے۔ ہندو مسلم اتحاد کے دلدادگان کو چاہئے کہ اسے ملاحظہ فرمائیں۔ قیمت ۱۲ؔ

شمائل ترمذی
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسوۂ حسنہ کا مفصل بیان ہے حدیث کی عربی عبارات کا ترجمہ بین السطور دیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ قیمت ۱۲

بشیر البشر
توراۃ، انجیل کی ۵۰ پیشگوئیاں رسول اکرم کی بابت [illegible] قیمت ۴ؔ

ثنائی برقی پریس امرتسر
میں
اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ ہندسے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگدار وسادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کریں خط وکتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر (پنجاب)

ایک روپیہ چار آنہ میں
جیبی حکیم یا پاکٹ ڈاکٹر
اس نئی اور اچھوتی کتاب میں تمام امراض کا بیان، تشخیص علاج مفصل درج ہیں۔ خواص الادویہ ولغات بھی دی گئی ہے تاکہ انگریزی دوائیوں کے اردو معنی بھی معلوم ہوسکیں۔ ہر وقت اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ کاغذ طباعت اعلیٰ۔ پاکٹ سائز۔ مجلد پارچہ ومطلا۔ باوجود ان خوبیوں کے قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ ۱/۴ محصول ڈاک ۶؍

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اخبار اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

بنات الرسول
رسول صلعم کی صاحبزادیوں کے حالات زندگی۔ [illegible] قیمت ۴ؔ

[illegible] کبیر [illegible]
[illegible]

پیارے نبی کے پیارے حالات
مؤلفہ مولانا فیروز الدین صاحب ڈسکوی [illegible] ہیں جن میں سے اکثر کتاب [illegible] کی گئی ہیں۔ [illegible] مقبول ہے۔ اس کی [illegible] جلد ۸ؔ [illegible]

حضرت محمد
[illegible] نبی کے پیارے اخلاق [illegible]
[illegible]

صدیق اکبر
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حالات اور عہد صدیق کے شاندار واقعات کا بیان۔ از خواجہ عبد اللہ صاحب اختر [illegible]

ملنے کا پتہ } منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadiyyamuslim.de

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

جلد ۳۶ — بسم اللہ الرحمن الرحیم — نمبر ۲۸

اہلحدیث

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفٰے بر جان مسلم داشتن

اخبار امرتسر

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عـــہ

رؤساء جاگیرداروں سے ؍ ؍ ۔

عام خریداران سے ؍ ؍ ۔

؍ ؍ ششماہی

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ - - - - ؍

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۲۱۔ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۲۔ مئی ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۴۲۱)

فہرست مضامین

نظم (ترانہ حمد) - - - - ص ۱

انتخاب الاخبار - - - - - ص ۲

نماز سید المرسلین - - - - ص ۳

خطبہ صدارت آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس پر ص ۵

قادیان میں شماتت - - - -

زمین کی حرکت - - - - - ص ۸

دیہات کا جمعہ - - - - - ص ۹

رسول اللہ مستغیث ہیں یا استغاث - ص ۱۰

سوالات از آریہ صاحبان - - - ص ۱۱

اسلامی تعلیم اور مسلمانوں کی حالت - ص ۱۲

نعت (نظم) - - - ص ۱۳

متفرقات ص ۱۳ - ملکی مطلع - - ص ۱۴

اشتہارات - - - - - ص ۲۰

ترانہ حمد

(از مولوی ابو الحاذق محمد نجیب اللہ صاحب نشتر ندوی گورکھپوری)

سب کی زباں پہ یارب ہر دم ہے نام تیرا — تو مالک دو عالم اک اک غلام تیرا

مجھ میں کہاں یہ طاقت عظمت بیاں ہو تیری — کیا وصف لکھ سکوں میں اے ذو الاکرام تیرا

یکتائے دو جہاں تو واحد ہے ذات تیری — ہے اک دلیل روشن یارب کلام تیرا

تو نے فلک بنایا تو نے زمین بنائی — آتا نہیں سمجھ میں جو کچھ ہے کام تیرا

جتنے ہیں تیرے بندے سب کا ہے تو ہی رازق — دنیا پہ ہو رہا ہے یہ فیض عام تیرا

تیرے قیام کا ہو مجھ سے بیان کیونکر — میں ہوں ذلیل بندہ اعلیٰ مقام تیرا

مارا کسی کو تو نے زندہ کیا کسی کو — تو ہی سمجھ رہا ہے کیا ہے نظام تیرا

شاخیں شجر کی جھک کر تعظیم کر رہی ہیں — چڑیاں چہک چہک کر لیتی ہیں نام تیرا

بندے کا فرض یہ ہے تیری کرے عبادت — توفیق خیر دینا بندوں کو کام تیرا

ہو نشتر پہ بھی رحمت بخشندۂ دو عالم

گو وہ خطا ہی ہے اک ادنیٰ غلام تیرا

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں اب گرمی کافی پڑ رہی ہے۔ دن بھر گرم لو بھی چلنی شروع ہو گئی ہے۔

—— محکمہ پیدائش اموات بلدیہ امرتسر کی رپورٹ مظہر ہے کہ ۳۰۔ اپریل سے ۵۔ مئی تک ۱۲۰ بچے پیدا ہوئے اور ۱۲۲۔ اموات ہوئیں۔

—— امسال گو شکر کم پیدا ہونے کی وجہ سے کھانڈ گڑ، شکر وغیرہ گراں ہو رہے ہیں۔ کھانڈ تو روز بروز مہنگی ہو رہی ہے۔ یعنی گذشتہ سال کی نسبت نرخ دگنا ہو گیا ہے۔

—— امرتسر میں آریوں کی طرف سے پھر حیدر آباد ڈے منایا گیا اور جتھے بھی روانہ کئے گئے۔ پنجاب کے دیگر شہروں قصبوں سے آریہ جتھے حیدر آباد جا رہے ہیں۔

—— امرتسر میونسپل کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ بلدیہ کی ملازمتوں میں سکھوں کو بیس فیصدی کی بجائے دس فیصدی حقوق دیئے جائیں۔ اس کے خلاف سکھوں کی طرف سے اظہار بیزاری ظاہر کیا گیا ہے۔

—— شیعوں کی طرف سے لکھنؤ میں شورش تبرہ جاری ہے۔

—— وزیرآباد (پنجاب) میں ڈسٹرکٹ پولیٹیکل کانفرنس زیر صدارت ڈاکٹر سیف الدین کچلو منعقد ہوئی۔ صاحب صدر نے دوران تقریر میں بیان کیا کہ جب تک میں صوبہ پنجاب کی کانگرس کا صدر ہوں کسی فرقہ پرست کو کانگرس میں داخل نہیں ہونے دونگا۔

—— مجلس احرار پنجاب کی مجلس عاملہ کا انتخاب ہو گیا ہے۔ صاحبزادہ فیض الحسن صدر اور مولوی عبد الغفار غزنوی جنرل سیکرٹری مقرر ہوئے ہیں۔

—— امرتسر میں ۳۔ مئی بروز بدھ عید میلاد النبی کا جلوس نکلا۔ (مگر پچھلے سالوں سے بہت کم تھا)

—— امرتسر کٹھونگل کے قریب ۶ مئی کو دو موٹر لاریوں کا تصادم ہو گیا۔ لاریاں پاش پاش ہو گئیں۔ سواریاں مجروح ہوئیں۔ اسی قسم کی واردات ۷۔ مئی کو امرتسر [illegible] ہوئی۔

—— گورنر پنجاب نے پنجاب اسمبلی کے پاس کردہ تعاون مارکٹنگ بل کی منظوری دیدی ہے۔

—— امرتسر ۲۔ مئی کو مرکیشوال اسلامیہ کالج امرتسر میں ینگ مسلم راجپوت ایسوسی ایشن کا اجلاس ہوا جس کے ایک اجلاس کی صدارت خان بہادر مولوی فیروز الدین صاحب سیالکوٹی نے فرمائی۔

—— ضلع میرٹھ کے ایک گاؤں سے ایک مردم خور درندہ نما انسان کو گرفتار کیا گیا ہے جو چھوٹے چھوٹے مُردہ بچوں کی لاشوں کو قبر سے نکال کر کھا جایا کرتا تھا۔

—— چین کی حکومت نے اپنی جنگی طاقت کو مضبوط کرنے کے لئے چھ سو نئے ہوائی جہاز خریدے ہیں۔

۲۶ مئی کو یاد رکھیں

کیونکہ

اس روز خریداروں کے نام "اہلحدیث" وی پی بھیجا جائیگا جن کی قیمت ماہ مئی میں ختم ہے اور آئندہ کے لئے بذریعہ منی آرڈر وصول نہ ہوگی —— اس لئے اگر آپ چاہتے ہیں کہ اہلحدیث آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہے تو ازراہ عنائت قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ مہلت درکار ہو (جو ایک ماہ سے زائد نہ ہو) تو بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں —— مہلت یافتگان مزید مہلت طلب نہ فرمائیں بلکہ سابقہ بقایا ہی ارسال کرکے شکریہ کا موقع دیں۔ (مینیجر اہلحدیث امرتسر)

—— معلوم ہوا ہے کہ ہر ہٹلر ڈینزگ پر حملہ نہیں کریگا بلکہ اس کو اپنے قبضہ میں لانے کے لئے رائے عامہ دریافت کریگا۔ چونکہ ڈینزگ میں اکثریت جرمنوں کی ہے۔ اسلئے کامیابی کی کافی امید ہے۔

—— حکومت روس نے غیر ملکی خط و کتابت پر سے سنسر کو ہٹا دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

—— برطانیہ اور رومانیہ کے مابین جو حال ہی میں تجارتی معاہدہ ہوا ہے۔ اسکی رو سے برطانیہ رومانیہ کو پچاس لاکھ سٹرلنگ قرض دیگا۔

صدمۂ جانکاہ

حاجی محمد صالح خلف حاجی عبد الغفار صاحب آف حاجی علی جان دہلی کے آمدہ خط مورخہ ۲ مئی میں مرقوم ہے کہ عدن سے بذریعہ وائرلیس (بے تار برقی) خبر آئی ہے کہ حاجی عبد الغفار صاحب جہاز میں انتقال کر گئے۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

یہ پڑھتے ہی بے ساختہ منہ سے نکلا ؎

من شاء بعدک فلیمت
فعلیک کنت احاذر

حاجی صاحب ایک بے نظیر مخلص مسلمان تھے۔ اس وقت میری آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں۔ زیادہ لکھنے کی طاقت نہیں۔ احباب سے درخواست ہے کہ مرحوم کا جنازہ غائب پڑھیں اور دعائے مغفرت کریں۔ غفر اللہ لہ ورحمہ۔

(ابوالوفاء)

مضامین آمدہ | عبد الرزاق صاحب سعید۔ تبرا اور شیعان علی۔ محمد عبد الرشید صاحب۔ عبد العزیز صاحب ایم عبد اللہ صاحب۔ عبد الغفار صاحب۔

غیر مقبولہ نظمیں | او مسلماں اشرف الامت۔ خطاب بہ مسلم تھا عبد خدا عبد ساجن کے آیا۔ پیام ایثار۔ قطعات متفرقات۔ ایشیائی نقیروں کا اعلان۔ دعا بدرگاہ الہی کشفی راز و نیاز۔ شب معراج۔ ہے قرآن میں انبیاء بن کے آیا۔ دشت کو موج کروں موج کو طوفاں کروں یاد ماضی۔ مدح صحابہ۔ التجا۔ میرا پیغام۔ ہیں نبیوں میں برتر ہمارے محمد۔

—— ریاست بہاولپور میں باغیانہ تقریریں کرنے اور ایک پمفلٹ آواز حق کو شائع کرنے کے الزام میں آٹھ افراد پر مقدمہ چلایا گیا ہے۔ جسکی سماعت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بہاولپور کی عدالت میں شروع ہو گئی ہے۔

—— شولاپور میں ۶ مئی کو صوبہ بمبئی کی مسلم لیگ کا اجلاس زیر صدارت سکندر حیات خان صاحب وزیر اعظم پنجاب [illegible]

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۱ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ

MUSLIM UNIVERSITY

ahmadimuslim.de

نماز سید المرسلین

بجواب

رسالہ "صلوٰۃ المرسلین"

(۲)

گذشتہ پرچے میں اس سلسلے کا پہلا نمبر درج ہو چکا ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ اہل قرآن (منکرین حدیث) کی طرف سے حدیث اور اہل حدیث پر یہ جدید حملہ ہے جو صلوٰۃ کے عنوان سے کیا گیا ہے۔ اس کا جواب دینا "اہلحدیث" کا اولین فرض ہے۔ اسی لئے اس کا جواب سلسلہ وار شروع ہوا ہے۔ گذشتہ پرچے میں اللہ اکبر کی بحث آ چکی ہے۔ آج اس کا بقیہ درج کر کے آگے جواب دیا جاتا ہے۔

مصنف رسالہ قائلین حدیث کو جس سختی اور دشنام دہی سے یاد کرتا ہے۔ اس کے پیرایہ مذہبی اصطلاح میں کوئی گالی یا سخت کلامی نہیں ہو سکتی۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:

"اسی طرح دشمنان اسلام نے لفظ اللہ جو کہ قرآن میں تعلیم کیا گیا تھا بدل کر "اللہ اکبر" بنا دیا حالانکہ اللہ تعالیٰ کی صفت اکبر قرآن مجید میں کہیں بیان نہیں ہوئی نہ جملہ "اللہ اکبر" کسی جگہ قرآن مجید میں پایا جاتا ہے۔" (صلوٰۃ المرسلین ص۱)

اہلحدیث: قائلین حدیث کو دشمنان اسلام اور محرفین قرآن کہہ کر مصنف اپنا اندرونی جوش نکال لے مگر ہم قرآنی تعلیم کے پابند اور اصل معنی میں اہل قرآن ہیں اس لئے ہم ارشاد قرآنی قُلْ لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ کے خلاف سخت کلامی نہیں کریں گے کیونکہ اسی آیت میں سخت کلامی کا نتیجہ ہمیں بتایا گیا ہے اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ یعنی شیطان سخت کلامی کے ذریعہ آپس میں لڑا دیتا ہے۔

لفظ اکبر پر آپ کے جو اعتراضات تھے ان کا جواب ہم پہلے نمبر میں بالتفصیل دے چکے ہیں۔ اس کے متعلق آج بھی بالاجمال کچھ عرض کرتے ہیں۔

قرآن مجید نے خدا کی صفات کو الحسنیٰ سے موصوف بتایا ہے جو کہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ غور سے پڑھئے۔ فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک نام دراصل اسم تفضیل ہے۔ کبھی صیغہ تفضیل لفظوں میں ظاہر ہوتا ہے اور کبھی معنی میں بہرحال اس کو اسم تفضیل کہنا منشاء قرآنی کے عین مطابق ہے۔

قرآن مجید کی آیت ناطق ہے کہ ... [illegible]

بعض ناموں کی جمع تکسیر بھی ہے جیسے ارشاد ... [illegible] ... اور بعض نشان کبیرہ جن کی جمع کبرہ ہے تو اللہ کو اکبر کہنا حسب منشاء آیت فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی کلفا صحیح ہے جیسے اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اور اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ وغیرہ ... [illegible] ... مِنَ الْقَاصِرِیْنَ

آپ کا دوسرا نقوی ... غفلت میں لکھا گیا ہے۔ کہتے ہیں:

"قرآن شریف میں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تھا لیکن محرفین نے تحریف کر کے لا الٰہ غیرک بنا دیا۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ سے سبحان ربی العظیم کر دیا۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی کی بجائے "سبحان ربی الاعلیٰ" بنا دیا۔"

(صلوٰۃ المرسلین ص۱۲)

معلوم نہیں ان حضرات کو باوجود قرآن سے اتنی دوری کے اہل قرآن کہلانے کا شوق کیوں ہے۔

لا الٰہ غیرک کا ثبوت سنئے!

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰهِ یَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (پ ۲۲ ع ۱۳)

یہاں غیر کے لفظ کو ملاحظہ کیجئے کہ وہ اللہ کی طرف مضاف ہے اور محل استفہام انکاری بھی ہے۔ جس کو بصیغہ خطاب لا الٰہ غیرک کہنا ہر طرح جائز ہے۔ اب آپ بتائیے کہ آپ نے یہ دو آیتیں کیوں پیش کی ہیں:

(۱) سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ (۲) سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی

کیا آپ کا منشاء ہے کہ ان احکام پر عمل کرنے کے لئے ہم یہی الفاظ پڑھ دیا کریں۔ یعنی رکوع میں جھک کر سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ پڑھا کریں اور سجدے میں جا کر سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی۔

ہمیں تو تعمیل ارشاد میں عذر نہ ہوگا مگر کوئی معترض شخص ہم سے پوچھ بیٹھے کہ سَبِّحْ تو امر کا صیغہ ہے اور

ــــ ... [illegible] ... ہم نے اپنے ... [illegible]

تم لوگ کیسے سمجھ بیٹھے ہو کہ لفظ انکی کسی آیت میں ہے جس کا ترجمہ تم ویتا دیتی ہو کہ خود احکام کر کے اپنے رب کے نام کی تسبیح پڑھا کرو تم پھر اس پر عمل کیا کہ تسبیح کو بیکار بنا علیم تمہی کی عبارت یہ حکم منتقل کردیا ہے۔ اسکی مثال تو ایسی ہے کہ کوئی آقا اپنے نوکر سے کہے کہ پانی لاؤ اور نوکر اسی جگہ پر بیٹھ کر کہے پانی لاؤ۔ کیا خوب تعمیل ارشاد ہے۔

ناظرین کرام پہلی آیت سبح اسم ربك العظیم میں ہمیں حکم ہوا ہے کہ اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح پڑھا کرو۔ اس حکم کے متعلق اول مفسر قرآن علیہ السلام نے حکم دیا اجعلوھا فی الرکوع یعنی رکوع میں اس حکم کی تعمیل کرو۔ اسی لئے ہم رکوع میں سبحان ربی العظیم کہتے ہیں جو اس حکم کی تعمیل ہے۔ دوسری آیت سبح اسم ربك الاعلیٰ کی بابت حضور نے فرمایا۔ اجعلوھا فی السجود۔ یعنی سجدے میں اس حکم کی تعمیل کرو۔ اسی لئے ہم سجدے میں سبحان ربی الاعلیٰ کہا کرتے ہیں۔

بتائیے ایسا کرنے میں ہماری کیا غلطی ہے؟

حضرات! اس ظلم اور نافہمی کے باوجود مصنف کا ادعا قابل ملاحظہ ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

"غرض یہ معترضین قرآن جب اپنی مصنوعی عبارتیں قرآن مجید میں داخل نہ کر سکے تو قرآنی صلوٰۃ وغیرہ اعمال قرآنی ہی کو مسخ کرنا شروع کردیا اور آخرکار قرآنی ہر عمل کی شکل و صورت اور عبارت کو بگاڑ کر رکھ دیا۔ جن کا غلط ہونا دلائل عقلی اور نقلی سے ثابت و عیاں ہے۔

ناظرین اس کتاب میں ہم نے قرآنی عمل صلوٰۃ اور مروجہ نماز کی حقیقت کو کھول کر رکھ دیا ہے اس سے آپ اندازہ کر سکیں گے کہ ہمارا دعویٰ کہاں تک صحیح ہے" (ص ۱۲)

اہلحدیث اس کے جواب میں ہم صرف استاد ذوق کا یہ شعر نذر کئے دیتے ہیں ؎

تاڑنے والے کرتے ہیں قیامت کی نظر [illegible]

اس نے دیکھے ہیں [illegible] واسطے

تشہد

اس سے آگے مصنف نے جو کچھ لکھا ہے وہ اس قابل ہے کہ ناظرین اُسے غور سے پڑھیں اور ایسے لوگوں کے حق میں دعائے ہدایت کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اتباع اسوہ حسنہ سے بہرہ ور کرے۔ مصنف کے الفاظ [illegible] ہیں:۔

"ہم نماز [illegible] میں التحیات اور درود شریف کی تلاوت کرتے ہیں۔ ان ہر دو کی عبارتیں غیر قرآنی ہیں۔ یہی اس بات کا قطعی ثبوت ہے کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تلاوت کبھی نہیں کی۔ لیکن ہم اسی پر بس نہیں کریں گے بلکہ قواعد عربیہ اور قرآنی و عقلی دلائل سے اس کی حقیقت بھی ناظرین کے روبرو پیش کئے دیتے ہیں۔

۱۔ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالطَّیِّبَاتُ۔

التحیات جمع ہے تحیۃ کی۔ لغت میں اس کے معنی بھلائی کی دعائیں یا سلامتی کی دعائیں ہیں اور قرآن کی رو سے اس کے معنے دعائے سلام کے ہیں۔ ملاحظہ ہو آیات ذیل:۔

(۱) تَحِیَّتُہُمْ فِیْہَا سَلٰمٌ (پ ۱۳) جنت میں جنتیوں کا تحیۃ سلام ہوگا۔

(۲) دَعْوٰھُمْ فِیْہَا سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَتَحِیَّتُہُمْ فِیْہَا سَلٰمٌ (پ ۱۱) جنتی جنت میں سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ پکاریں گے۔ اور تحیۃ ان کا اُس میں سلام ہوگا۔

(۳) تَحِیَّتُہُمْ یَوْمَ یَلْقَوْنَہٗ سَلٰمٌ (پ ۲۲) جس دن میں جنتی ملیں گے تحیۃ ان کا سلام ہوگا۔

اب لیجئے الطیبات کو قرآن مجید میں یہ لفظ اٹھارہ جگہ آیا ہے۔ ان میں سے سولہ جگہ رزق پر بولا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو حوالجات پ ۲ و پ ۵ و پ ۶ و پ ۷ و پ ۸ و پ ۹ و پ ۱۲ و پ ۱۳ و پ ۱۴ و پ ۱۵ و پ ۱۷ و پ ۱۸ و پ ۲۴ و پ ۲۶ اور ایک جگہ پ ۲۸ میں کسب پر بولا گیا ہے اور اٹھارویں جگہ پ ۱۸ میں وَالطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ وَالطَّیِّبُوْنَ لِلطَّیِّبٰتِ آیا ہے۔ جس کا ترجمہ عبدالحق الرفا نے یوں کیا ہے۔

"اور پاک عورتیں واسطے پاک مردوں کے ہیں اور پاک مرد واسطے پاک عورتوں کے ہیں"

الطیبات کے معنے پاک رزق۔ پاک کسب اور پاک عورتیں ہیں [illegible] جو معنی عبارت زیر بحث کے [illegible] پیش کئے ہیں غلط ہیں۔ صحیح ترجمہ [illegible]

"سب بھلائی کی دعائیں یا سب سلامتی کی دعائیں واسطے اللہ کے اور نماز واسطے اللہ کے اور پاک رزق یا پاک کسب یا پاک عورتیں واسطے اللہ کے"

گویا اللہ تعالیٰ بھی کوئی انسان یا مجسم ہستی ہے جو ہر وقت [illegible] اور بیماریوں کا شکار ہو سکتا ہے اور اس کو مجسم ہونے کے سبب سے رزق۔ کسب اور عورتوں کی ضرورت بھی ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے مسلمان بھائی عبارت مذکورہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو فائدہ پہنچاتے رہتے ہیں۔ ہم اُن کو اس نیک کام پر مبارک باد پیش کرتے ہیں"

(صلوٰۃ المرسلین ص ۱۲ تا ۱۴)

اہلحدیث اس اقتباس میں تحیۃ کے جس معنی پر ہم نے خط ڈال دیا ہے وہی ہماری مراد ہے یعنی بھلائی اور سلامتی کی دعائیں۔ مطلب یہ ہے کہ ایسی دعائیں اللہ کی ذات سے مخصوص ہیں۔ مانگنے والا اسی سے مانگے، کسی اور سے نہیں۔ طیبات کے معنی کے متعلق آپ نے اپنی قرآن سے ناواقفی یا اخفائے حق کا ثبوت دیا ہے ہمیں افسوس ہے کہ آپ نے اس آیت کا ذکر تک نہیں کیا جو یہاں پورے طور پر منطبق ہوتی ہے یعنی آیہ کریمہ

ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا کَلِمَۃً طَیِّبَۃً (پ ۱۳۔ ع ۱۶)

اس آیت میں طیبۃ کلمۃ کی صفت ہے جو جمع کی حالت میں بصورت (کلمات) طیبات آئیگی۔ اور عربی زبان میں مرکب توصیفی میں سے موصوف کو حذف کرنا جائز ہے ملاحظہ ہو آیہ کریمہ۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا۔

امرؤ القیس نے گھوڑے کی تعریف میں کہا ہے ع

[illegible] السابحات علی الوحا

ان سب حوالجات میں موصوف حذف کیا گیا ہے اور

[illegible]

صفت کا صیغہ اس کی جگہ رکھا گیا ہے۔ اسی طرح نماز کے تشہد میں الطیبات سے مراد کلمات طیبات ہیں۔ اور قرآن مجید میں بصورت مفرد کَلِمَةً طَيِّبَةً آیا ہے۔ دوسری جگہ اليه يصعد الكلم الطيب مرکب توصیفی معرف باللام کی شکل میں آیا ہے۔

باقی آپ کا یہ کہنا کہ پاک رزق یا پاک عورتیں وغیرہ یہ محض تحکم اور نص قرآنی کے خلاف ہے۔ ملاحظہ ہو آیت أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ وَلَدٌ وَلَمْ تَكُن لَّهُ صَاحِبَةٌ (پ ۷ - ع ۱۹)

پس قرینہ مقام کے لحاظ سے جو معنی مناسب ہوں وہی لئے جاتے ہیں۔ متعدد معانی میں سے جو معنی کسی خاص جگہ محال ہو اسی کو مراد ٹھیرانا مجادل کا کام ہے مناظر کا نہیں۔ پس الفاظ تشہد کے معنی یہ ہوئے کہ ہر قسم کی بھلائی اور سلامتی کی دعائیں صلوات و عبادات اللہ ہر قسم کے پاکیزہ کلمات ہم تمہاری کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں۔ کیونکہ اسی کا ارشاد ہے۔ قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۔ قعدہ کی دعائیں اسی آیت کے ماتحت ہیں۔

اہل قرآن پارٹی کے ممبرو! قرآن مجید کی تبلیغ کرو ہزار شوق سے کرو۔ خدارا ہماری نصیحت یاد رکھو کہ قرآن مجید کی تبلیغ کرنے میں ذاتی تعصب اور ضد سے کام نہ لیا کرو۔ ورنہ ادھر بھی آپ کو کوئی ایسا ہی مل جائیگا جس کا قول ہوگا ؎

محتسب خم شکست و من سراو
السن بالسن والجروح قصاص

(باقی)

قادیانی مشن

خطبہ صدارت آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

پر

قادیان سے شماتت کی آواز

ہر مصلح اور مصلح کا طریقہ ہے کہ وہ اپنی جماعت کو اس کی کمزوریوں پر اطلاع دیا کرتا ہے اگر اطلاع نہ دے تو اصلاح کیسے ہو۔ اسی اصول سے صدر جلسہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس منعقدہ مئو نے جماعت اہل حدیث کو اس کی غلطیاں جتا کر توجہ دلائی جو میرے خیال میں بہت مناسب مگر مختصر الفاظ میں تھی۔ اس پر قادیان کے اخبار الفضل میں ایک مضمون نکلا ہے جس میں خطبہ صدارت کی سند پر جماعت اہل حدیث کی بدترین حالت بتا کر اپنے خلیفہ کی اطاعت کی طرف دعوت دی ہے۔ الفضل کی عبارت کو ہم بہت مفید سمجھ کر اپنے ناظرین تک پہنچاتے ہیں تاکہ وہ اس سے نتیجہ حاصل کریں کہ ہماری غلط کاریوں سے اخبار کو شماتت کا موقع ملتا ہے۔ حالانکہ حدیث میں شماتت اعدا سے پناہ مانگنے کی تعلیم دی گئی ہے۔ گو "الفضل" کا مراسلہ مرقومہ مولوی اللہ دتہ جالندھری اس قابل ہے کہ اس کا ایک ایک حرف ناظرین اہلحدیث پڑھیں اور کسی مفید نتیجے پر پہنچیں۔ اسی طرح ہمارا مشورہ ہے کہ ہمارا مضمون بھی اہل قادیان پڑھیں اور اس شعر کے مطلب پر غور کریں ؎

مشکل بہت پڑے گی برابر کی چوٹ ہے
آئینہ دیکھئے گا ذرا دیکھ بھال کر

گو ہم اپنے ناظرین کو بعد تاکید کرتے ہیں کہ الفضل کی عبارت کو ضرور توجہ سے پڑھیں اور اپنی حالت کی اصلاح کریں۔ کیونکہ حدیث میں آیا ہے:

كلمة الحكمة ضالة الحكيم حيث وجدها فهو احق بها.

جس کا مضمون مولانا حالی مرحوم نے اس شعر میں ادا کیا ؎

کہ حکمت کو اک گم شدہ لعل سمجھو
جہاں پاؤ اپنا اسے مال سمجھو

بہرحال الفضل کی عبارت ذیل میں درج ہے۔

"آل انڈیا اہل حدیث کا خطبہ صدارت اور احمدیہ جماعت"

۷۔ اپریل کو منعقدہ چوڑیاں میں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا اکیسواں سالانہ جلسہ ہوا۔ اس کانفرنس کے صدر جناب مولوی عبدالقادر صاحب قصوری نے جو خطبہ صدارت پڑھا وہ وہاں پر مطبوعہ موجود تھا اور تقسیم کیا گیا۔ یہ خطبہ صدارت بڑے سائز کے ۲۷ صفحات پر مشتمل ہے۔ جو درحقیقت بقول صاحب صدر تلخ نوحہ اور دردناک فریاد ہے۔ بلاشبہ جناب صدر نے اہل حدیثوں کی بدحالی پر پُر درد نوحہ پڑھا ہے۔ انہوں نے حالات کو واشگاف طور پر بیان کر دیا ہے۔ لیکن افسوس کہ جب علاج کے ذکر پر پہنچے تو خدا تعالیٰ کے تجویز کردہ طریق کی بجائے دینی طریق اختیار کرنے کی تلقین کر کے رہ گئے۔ اور قوم کو آسمانی مائدہ سے متمتع کرنے کی بجائے انہیں سیاسی دلدل میں پھنسانے کی کوشش شروع کر دی۔ حالانکہ ابتدا میں خود کہہ چکے تھے کہ:

"یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم نے الہامی رہنمائی کو چھوڑ کر انسانوں کی رہنمائی قبول کر لی۔ یہ رسم اس بات پر کہ خطبہ الہامی رہنمائی کو پس پشت پھینک کر محض سٹیٹزمین کی ستر (؟) فلسفہ کے بعض امور پر مشتمل ہے کوئی کامیاب خطبہ نہیں کہلا سکتا لیکن اس میں کیا شبہ ہے کہ اہل حدیثوں کی جس بری حالت کا اس میں اعتراف کیا گیا ہے

وہ خود بانی سلسلہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت کا ایک زبردست ثبوت ہے۔ اہل حدیث مسلمانوں کی بہترین فرقہ سمجھا جاتا تھا۔ اور یقیناً اس فرقہ کے ابتدائی بزرگوں نے بعض نہایت اہم کارنامے سرانجام دیئے عام طور پر لوگ مسلمانوں کی اصلاح کے متعلق اہلحدیثوں کے موجود ہونے پر اکتفا کرتے تھے۔ اور سمجھتے تھے کہ ایسے لوگوں کی موجودگی میں کسی آسمانی مصلح کی ضرورت نہیں۔ مگر آج نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ خود اہل حدیثوں کی حالت پکار پکار کر آسمانی رہنمائی اشد ضرورت کا اظہار کر رہی ہے۔ جناب مولوی عبد القادر صاحب قصوری اپنے خطبہ صدارت میں فرماتے ہیں:۔

(الف) ہماری جماعت دن بدن رو بہ تنزل ہے اور دن بدن ہماری ساکھ کمزور ہو رہی ہے۔ ہماری جماعت کا وقار کم ہو رہا ہے اور وہ ولولہ اور جوش جس کی وجہ سے ہماری جماعت چند سال قبل ممتاز تھی۔ سرد پڑ چکا ہے (صـ)

(ب) ہم نے بزرگانِ اہل حدیث کے بے نظر کام کو تباہ و برباد کر ڈالا۔ اُن کے شروع کردہ کام کو تکمیل تک پہنچانے کی بجائے بالکل نیست و نابود کر دیا۔ آپس میں نفاق و شقاق پیدا کر کے اتحاد اور جرأت کی بجائے تشتت اور بزدلی پر راضی ہو گئے۔“ (صـ)

(ج) حقیقتاً ہم میں وہ روح باقی نہیں رہی جو اہل حدیث کا طرۂ امتیاز تھا۔“ (صـ۱۵)

(د) ”مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج ہماری جماعت جس تفریق اور اختلاف کا شکار ہے۔ غالباً اس کی نظیر مسلمانوں کے کسی اور گروہ میں موجود نہیں آہ! قسمتی کی انتہائی دلدل میں ہم پھنس گئے ہیں کہ مختلف اسماء سے مسمیٰ گروہ جماعت میں پیدا ہو گئے اور نہ صرف بعض قیاسات یا فروعی مسائل میں ایک دوسرے سے اختلاف رکھنے میں فخر کر رہے ہیں بلکہ اپنے مخلص علماء کو بھی جماعت سے خارج شدہ ٹھہرانے کے لئے سعی کر رہے ہیں۔“ (صـ۱۶)

ان اقتباسات سے ظاہر ہے کہ اہل حدیث گروہ پورے طور پر تعصب ... حقیقتاً ... ایک لاش بے جان ہے ... وہ دل میں

... جس ... حالت موجودہ ساحل نجات تک پہنچنا ... خود پر محال ہے۔ مندرجہ بالا الفاظ ایک سنجیدہ ... اور حالات سے باخبر صدر اہل حدیث کانفرنس کے ہیں۔ کیا ان حالات میں اسلام کا دوبارہ کمال تک پہنچنا ان اہل حدیثوں سے وابستہ تصور کیا جا سکتا ہے۔ کیا وہ قوم کی کشتی کے ناخدا بننے کے اہل ہیں؟ ہرگز نہیں۔ اہل حدیث گروہ تو خود عظیم الشان مصلح سماوی کا محتاج ہے۔ انہوں نے دوسروں کو کیا فائدہ پہنچانا ہے۔

کیا ہمارے اہل حدیث بھائی غور فرمائیں گے کہ ان کی حالت روز بروز تنزل کی طرف کیوں جا رہی ہے اور روز بروز وہ قعرِ مذلت میں کیوں دھنسے جا رہے ہیں؟ اگر مجھ سے پوچھو تو اس کا ایک ہی سبب ہے کہ اہل حدیثوں نے فرستادۂ برحق حضرت مسیح موعود (قادیانی) کی آواز پر توجہ نہیں کی بلکہ اس کی تکذیب پر کمربستہ ہو گئے۔ حالانکہ وہ سب سے زیادہ حق دار تھے کہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبیک کہتے۔ اسی تکذیب کا نتیجہ ہے کہ آج پھر ان کے حق میں فجعلناھم احادیث کا نظارہ دہرایا جا رہا ہے اور مستقبل تاریک تر ہے۔

جناب مولوی عبد القادر صاحب قصوری فرماتے ہیں:

”اہل حدیث جماعت کو اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچنا چاہئے کہ وہ کیونکر بغیر قیام جماعت و تنظیم زکوٰۃ کے متبع رسول ہونے کا دعوے کر سکتے ہیں۔“ (صـ)

یقیناً ایسا دعویٰ غلط اور جھوٹ ہے مگر افسوس کہ اہل حدیث ابھی تک اس دعوے سے اجتناب اختیار نہیں کرتے حالانکہ وہ حالت نزع میں ہیں۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں:۔

”اگر ہم زندہ رہنا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ ایک دفعہ پھر قیام بیت المال اور تنظیم زکوٰۃ کے لئے پوری کوشش کریں اور از سرِ نو اسے زندہ کریں۔“

ظاہر ہے کہ قیام جماعت بدون امام ناممکن ہے اور مذہبی جماعتوں کا حقیقی قیام صرف اللہ تعالیٰ کے مبعوث کردہ امام کے ذریعہ ہی ہوتا ہے۔ مگر اہل حدیث لوگ چونکہ اس امام سے روگردان ہیں۔ اس لئے ان کے ہاں کوئی ایک امیر بھی نہیں۔ بلکہ وہ پراگندہ ...

ہیں۔ ... حضرت ... کا مصداق ہیں۔ چنانچہ صاحب صدر نے مایوس ہو کر لکھ دیا ہے:

”جماعت اہل حدیث کا کسی ایک امام پر متحد ہونا بہت دشوار نظر آتا ہے۔ لیکن اس کا سہل حل یہ ہے کہ اہل حدیث کانفرنس کو زیادہ منظم کر کے اسکو امارت شرعیہ کا بدل بنا دیا جائے۔“ (صـ)

مسیحیوں نے صدیوں تک حضرت مسیح ناصری کے آسمان سے آنے کا انتظار کیا۔ آخر مایوس ہو کر کلیسا کے وجود کو ہی مسیح کی آمد ثانی کا بدل بنا لیا۔ جناب مولوی صاحب کا اہل حدیث کانفرنس کو امارت شرعیہ کا بدل قرار دینا بھی ویسا ہی ہے۔ یہ تجویز مایوسی کا مرقع اور اہل حدیثوں کی اندرونی حالت کا آئینہ ہے۔ کاش وہ اب بھی سمجھیں۔

نظام و تنظیم کے بارے میں مولوی صاحب کا ارشاد ہے:

”کانگرس کا نظام آپ کے سامنے ہے۔ کوئی وجہ نہیں کہ ہم بھی ویسا ہی مؤثر اور مضبوط نظام قائم کرنے میں کامیاب نہ ہو سکیں۔“

گویا نظام کی اصلاح و درستی کے لئے آپ مذہبی نمونہ کی بجائے کانگرس کا تقلید کرنا چاہتے ہیں۔ مقام حیرت ہے کہ اہلحدیث ”صحابہ رسول اور نظام خلافت اسلامیہ“ کی تقلید کی بجائے کانگرس کو نمونہ قرار دے رہے ہیں۔ کانگرس ایک سیاسی جماعت ہے۔ اس کا نظام اگر مؤثر اور مضبوط ہے تو محض دائرہ سیاست میں۔

لیکن اہل حدیثوں کا مقصد تو مذہب بتایا جاتا ہے۔ اس کے لئے اگر کوئی مؤثر اور مضبوط نظام ہو سکتا ہے تو وہ واجب الاطاعت خلیفہ اور امیر کا نظام ہی ہو سکتا ہے۔ لیکن چونکہ اہل حدیث نہ ایک امام پر جمع ہو سکتے ہیں اور نہ کسی محکم نظام کے پابند بننے کے لئے تیار ہیں۔ اس لئے کبھی امارت شرعیہ کا بدل نیم مردہ کانفرنس کو بتایا جاتا ہے اور کبھی خلفائے راشدین کے طریق کی بجائے کانگرس کے نظام کی تعریف کی جا رہی ہے اور اسے اہل حدیثوں کے لئے نمونہ قرار دیا جاتا ہے۔ یقیناً یہ سب کچھ امام موعود ... کو نہ ماننے کا نتیجہ ہے ... فرستادہ حق کی تکذیب کا یہی نتیجہ ہے ...

ahmadimuslim.de

خطبہ جمعہ ۲۱ دسمبر کے تحوالہ مسجد میں جناب مرزا محمود صاحب نے بیان کیا کہ کوئی جماعت ترقی نہیں کر سکتی جب تک وہ یہ مقصد ہمیشہ پیش نظر نہ رکھے کہ کیونکر دنیا میں خلافت الٰہی قائم کی جا سکتی ہے۔

بے شک دنیا میں خلافت الٰہی کے قیام کا مقصد نہایت بلند اور رفیع الشان ہے۔ لیکن میری دانست میں اہل نظر کی ہستی کی بطالت حالت ہرگز اجازت نہیں دیتی کہ یہ بلند مقصد ان سے وابستہ گردانا جائے کونسا عقلمند سمجھ سکتا ہے بننے والے نیم مردوں کے سپرد بلند ترین قلعہ پر پرچم فتح لہرانے کا کام کر دے گا؟

خلافتِ الٰہی کو خود اللہ تعالیٰ قائم کرتا ہے۔ اگر سب انسان فرشتے بھی بن جائیں۔ تب بھی خود خلیفہ نہیں بنا سکتے۔ خدا تعالیٰ ہی خلیفہ بناتا اور اس کے ذریعہ سے خلافت الٰہی کو زمین پر قائم کرتا ہے روز ازل سے ایسا ہی ہوتا آیا ہے۔ اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی خلافت کے قیام کے لئے احمد (قادیانی) کو برگزیدہ فرمایا ہے۔ اس کا اعلان بھی فرما دیا ہے۔ اب نحن نسبح بحمدک و نقدس لک کا زمانہ جا رہا ہے۔ اپنے بزرگوں کے کارناموں پر ناز کرنا بے فائدہ ہے ساری سعادت اسی میں ہے کہ اس آدم موعود کے ظہور پر فرشتوں کی طرح سربسجود ہو جاؤ۔ اس سے علیحدہ رہ کر ابلیس کا استکبار اختیار کر کے کبھی فلاح نہ پاؤ گے بلکہ راندہ درگاہ ہو گے اور روز بروز حالت بدتر ہوتی جائیگی۔ وما علینا الا البلاغ۔

(الفضل قادیان صفحہ ۱۰ ۲۷۔ اپریل ۱۹۳۹ء)

ناظرین! اس مراسلے میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس کو تعصب کی نظر سے نہ دیکھئے بلکہ حد درجہ مروت کے ساتھ سلیم الطبع ہو کر اپنے فائدے کی چیز حاصل کیجئے ان حقیقتوں کو ہم قادیانی جماعت سے منکر کرنا چاہتے ہیں اسی طرح جماعت کو بھی ان کے باہمی اختلافات میں ... سب سے پہلے بانئے فرقہ حضرت مرزا صاحب (قادیانی) مسیح کے الفاظ پیش کرتے ہیں ... جماعت لاہور ... بنائے جاتے ہیں ... مولانا محمد علی صاحب ...

ان حیثیت کا لفظ ان کی جماعت کے لئے ... حضرت مرزا صاحب کی حیثیت میں جو فرق ہے وہ بیان ہے ... مولانا محمد علی صاحب کے کلام کو غلطی سے ... ہم کہہ سکتے ہیں مگر مرزائی جماعت جناب مرزا صاحب کے ساتھ یہ برتاؤ نہیں کر سکتی ورنہ نور ایمان سے خارج ہو جائیگے۔ اس فرق کو ملحوظ رکھ کر جناب مرزا صاحب کا ارشاد سنئے!

اخی مکرم حضرت مولوی نور الدین صاحب سلمہ تعالیٰ بار بار مجھ سے یہ تذکرہ کر چکے ہیں کہ ہماری جماعت کے اکثر لوگوں نے اب تک کوئی خاص اہلیت اور تہذیب اور پاک دلی اور پرہیزگاری اور للّہی محبت پیدا نہیں کی۔ سو میں دیکھتا ہوں کہ مولوی صاحب موصوف کا یہ مقولہ بالکل صحیح ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ بعض حضرات جماعت میں داخل ہو کر اور اس عاجز سے بیعت کر کے اور عہد توبہ نصوح کر کے پھر بھی ویسے ہی کج دل ہیں کہ اپنی جماعت کے غریبوں کو بھیڑیوں کی طرح دیکھتے ہیں وہ مارے تکبر کے سیدھے منہ سے السلام علیک نہیں کر سکتے۔ چہ جائیکہ خوش خلقی اور ہمدردی سے پیش آویں اور انہیں سفلہ اور خود غرض اس قدر دیکھتا ہوں کہ وہ ادنیٰ ادنیٰ خود غرضی کی باتوں پر لڑتے اور ایک دوسرے سے دست بدامن ہوتے ہیں اور ناکارہ باتوں کی وجہ سے ایک دوسرے پر حملہ ہوتا ہے بلکہ بسا اوقات گالیوں تک نوبت پہنچتی ہے اور دلوں میں کینے پیدا کر لیتے ہیں اور کھانے پینے کی قسموں پر نفسانی بحثیں ہوتی ہیں۔

(اشتہار التوائے جلسہ ۲۷ دسمبر ۱۸۹۳ء)

احمدی دوستو! مولانا محمد علی اور مرزا صاحب کی حیثیتوں کا اندازہ کرنے کے بعد ان دونو حضرات کے الفاظ کو ملاحظہ کیجئے ہم ... الزام کسی پر نہیں مگر ہم سمجھتے ہیں کہ مصلحین ایسا ہی کہتے ہیں۔

ایک اور لیجئے اخبارات مختلف پارٹیوں کی ترجمانی کرتے ہیں جو ... اس ... کو آپ کو بتائیں ... بالکل ... فقط بلا حاشیہ آرائی کے

نقل کرتے ہیں ... لاہوری جماعت کے آرگن پیغام صلح کا بیان ہے کہ ... قادیانی خلیفہ تو بلا کرتا ہے کہ لاہوری جماعت کیا ہے مگر ہمیں یہ نظر آتی ہیں جو گندی بدروئیں پر پڑے ہوئے ہیں۔ اور ادھر لاہور سے آواز آتی ہے کہ قادیانی خلافت یزیدی خلافت ہے۔ اور سنئے :-

(۱) قادیان میں اب کیا ہے علم و فضل کی ندیاں خشک ہو چکی ہیں۔ قادیان میں اب پہلے جیسا علمی، اخلاقی اور مذہبی اثر باقی نہیں رہا۔ اخلاقی اور مذہبی تفوق ہی اس مقام کی سب سے بڑی فتح تھی لیکن افسوس وہ فتح شکست میں تبدیل ہو چکی ہے۔

(پیغام صلح ۳۱۔ مارچ ۱۹۳۹ء)

(ب) یاد رکھو تحریک احمدیت کی فتح صرف جماعت احمدیہ لاہور کے ہاتھ میں ہے ورنہ جماعت قادیان نے تو اس تحریک کی لٹیا ڈبو دی ہے۔

(پیغام صلح ۱۷۔ اپریل ۱۹۳۹ء)

اس کے مقابلہ میں الفضل قادیان مولوی محمد علی لاہوری اور ان کی جماعت کو ملزم ٹھہراتا ہوا لکھتا ہے:-

اللہ اللہ وہ شخص قادیان والوں کو بھی تبلیغ کی ضرورت کا اعلان کر رہا ہے۔ جس نے حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کے صریح اور بین ارشادات کو دیدہ دانستہ پس پشت ڈالنے سے کبھی دریغ نہیں کیا جو خدا تعالیٰ کے مامور اور مرسل کی واضح اور کھلی پیشگوئیوں کی توہین کرنے سے کبھی نہیں شرمایا ××× (لاہوری) ... ہیں ان کا جو سب سے بڑا نام رکھو صحیح ہے۔ یہ آنکھوں سے چھپے ہوئے اس زمانے کے جن ہیں یہ لوگ نہ اخلاق کو جانتے ہیں نہ شریعت کو نہ ملکی آئین کو نہ انسانی حقوق کو بلکہ سب کو پاؤں تلے مل کر سالم نگل چکے ہیں۔

(الفضل ۷ مارچ ۱۹۳۹ء)

نمونے کے لئے یہ چند اقتباسات فریقین کے دکھا کر ... فرق ... لاہوری ...

مناتے ہیں۔ جس نے دونو جماعتوں (قادیانی و لاہوری) کو [illegible] کے علاوہ ایک خاتون محترمہ (ام الفرزانہ) کو بھی نہیں چھوڑا جس پر دونو جماعتوں میں کھلبلی پڑ گئی اور تار و رزولیوشن گورنمنٹ کو بھیجے گئے۔ یہاں تک کہ اس کی اس کے باپ بیٹوں سمیت لاتوں اور لاٹھیوں سے مرمت کی گئی۔ مگر وہ سخت دل اس پر بھی اپنے الفاظ واپس لینے پر مائل نہ ہوا۔

چوتھا فرقہ قادیان میں بیٹھا ہے۔ جس کے سرگروہ کا نام شیخ عبدالرحمن مصری ہے اس کا بیان عدالت عالیہ ہائیکورٹ لاہور میں آچکا ہے۔ جسے "پیغام صلح" لاہور نے پورا نقل کر کے دنیا کے سامنے قادیان کو برہنہ کر دکھایا۔

پانچواں فرقہ "احمد نور" کابلی کا گروہ ہے جس کا دعویٰ ہے کہ "میں رسول اللہ" ہوں اور وہ قادیان میں بیٹھا تبلیغ رسالت کر رہا ہے۔ جس کو تم دیوانہ کہتے ہو اور وہ اس کی شکایت اپنے تازہ رسالہ "نزول المہدی موعود" میں کرتا ہے۔ تم اس کے انکار سے کافر ہو چکے ہو۔ کیونکہ تمہارے خلیفہ میاں محمود احمد نے "انوار خلافت" میں لکھا ہوا ہے کہ

جو ایک رسول کا بھی انکار کرے وہ کافر ہے۔

ناظرین! ابھی اس فرقہ کو پیدا ہوئے جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے ہیں۔ اس تھوڑی سی مدت میں ان میں اس قدر اختلافات پیدا ہو گئے ہیں کہ باہمی سلام کلام تک باقی نہیں رہا۔ اگر اس فرقہ نے کچھ طویل مدت پائی تو خدا جانے نوبت کہاں تک پہنچے گی۔

مختصر یہ ہے کہ ہم اپنے ناظرین کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ الفضل کے مضمون کو محض مخالفانہ رائے سمجھ کر نظر انداز نہ کریں بلکہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اور الفضل کو بھی ہم تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ یہ خیال دل سے نکال دے کہ اس کی جماعت کا اندرونی شقاق و نفاق ہم سے مخفی ہے۔ مگر ہماری خاموشی اس شعر پر مبنی ہے

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز
ورنہ در مجلس رنداں خبرے نیست کہ نیست

ناظرین کرام! مولوی [illegible] صاحب نے جس [illegible] ہم کو خلیفہ قادیان کی اطاعت کی [illegible]

مرزائیت کی تردید میں ایک زبردست کتاب [illegible] (۵۲۸)

ہو یا ہے اور جن کی بابت یہی فرمایا گیا ہے کہ بابت قادیان مظلوم و پاکباز نبیؐ پاک بازوں کے حق میں اسی (خلیفہ قادیان) کے منظوم کلام میں سے مندرجہ ذیل اشعار سناتے ہیں۔ جو آپ نے اپنے ماتحتوں کے حق میں اظہار خیال کرتے ہوئے لکھے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ ؎

ہر دل میں پُر ہے بغض و کیں ہر نفس شیطاں کا رہیں
جو ہو فدائے نور دیں کوئی نہیں کوئی نہیں
ہر ایک کے سر میں مکیں ہے کبر کا دیو لعیں
اک دم کو یاد آتی نہیں درگاہ رب العالمیں
بے چین ہے جان حزیں حالت ہماری زار ہے
بچہ کو سب تیار ہیں چالاک ہیں ہشیار ہیں
منہ سے تو سو اقرار ہیں پر کام سے بیزار ہیں
ظاہر میں سب ابرار ہیں باطن میں سب اشرار ہیں
مصلح ہیں پر بدکار ہیں۔ ہیں ذاکر بدنہار ہیں
حالات پُر اسرار ہیں دل مسکن انکار ہے

(کلام محمود ص۶۴)

پیارا مخلص ذرہ توجہ سے پڑھئے اور خیال کیجئے کہ یہ مقالات خلیفہ جمعیت نظم صدر صاحب جلسہ اہل حدیث کانفرنس کے مقالات سے کچھ نرم ہیں یا گرم۔ اسکے بعد مثل مشہور

تیلی بھی کیا اور رکھا کھایا

پر غور کر کے بتائیں کہ اس کے کیا معنی ہیں۔

زمین کی حرکت

(از قلم مولوی عبدالجلیل صاحب سامرودی)

(۲)

مولوی صاحب موصوف، مولوی عبدالرؤف صاحب جھنڈے نگری کے مضمون "قرآن کریم اور سائنس" کا جواب دے رہے ہیں۔ اس کی پہلی قسط "آفتاب کا طلوع و غروب" سابقہ پرچہ میں شائع ہو چکی ہے آج دوسری قسط ہدیۂ ناظرین ہے۔ (مدیر)

زمین کی حرکت آپ نے زمین کی حرکت کو آیت وتری الجبال تحسبها جامدة وهي تمر مر السحاب۔ سے ثابت کیا۔ معزز دوستو! قبل ازیں کہ میں عدم حرکت زمین پر دلیل پیش کروں۔ یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ آپکا استدلال آیت وتری الجبال تحسبها جامدة الخ فی الواقع صحیح ہے یا وہی اندھیر نگری کا سا معاملہ ہے۔ حضرات! تفسیر جلالین میں ہے (وتری الجبال) تبصرها وقت النفخة۔ جمل میں ہے وتری الجبال عطف على ينفخ وقوله تحسبها حال من الجبال وقوله جامدة مفعول ثان وقوله هي تمر حال من جامدة۔ ابو السعود مع جمل ص۳۴۲ ج۳۔

فتح البیان [illegible] ہے [illegible] النفخة الثانية عند حشر الخلق۔ فتح البیان میں ہے۔ قال القشيری هذا يوم القيمة تفسیر نیشاپوری ص۹ ج۲۰ میں ہے :۔

قال اهل المناظر ان الاجسام الكبار اذا تحركت حركة سريعة على نهج واحد في السمت والكيفية ظن الناظر انها واقفة مع انها تمر مرا حثيثا فاخبر الله سبحانه ان حال الجبال يوم القيمة كذلك تجمع فتسير كما تسير الريح السحاب فاذا نظر الناظر حسبها جامدة اى واقفة في مكان واحد

میرے معزز اہل حدیثو! پہاڑوں کا چلنا قیامت کو ہوگا۔ نفخ ثانیہ کے بعد تمام مفسرین مثل ابن جریر، ابن کثیر، خازن، معالم وغیرہ سب اسی امر پر متفق ہیں کہ پہاڑوں کا چلنا قیامت کے بعد ہوگا نہ کہ اس وقت بلکہ متعدد آیات قرآنیہ اسی امر پر دال ہیں۔ جیسا کہ فرماتا ہے (۱) ويوم نسير الجبال وترى [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

سورہ کہف آیت ۴۷ - (۲) وتسیر الجبال سیرا سورہ طور آیت ۱۰ - (۳) وبست الجبال بسا سورہ واقعہ آیت ۵ - (۴) وتکون الجبال کالعھن - سورہ معارج ۹ - سورہ قارعہ آیت ۵ - (۵) واذا الجبال سیرت - سورہ تکویر آیت ۳ - (۶) وسیرت الجبال - سورہ نبا آیت ۲۰ - (۷) سیرت بہ الجبال - سورہ رعد آیت ۳۱ - یہ تو ہے اصل بات اب مولانا کی سنئے آپ فرماتے ہیں - آیت کریمہ یہ ہے :- وتری الجبال تحسبھا جامدۃ وھی تمر مر السحاب الخ (سورہ نمل ۲۰) اے مخاطب تو پہاڑوں کو سمجھتا ہے کہ وہ اپنی جگہ پر گڑے اور جمے ہوئے ہیں حالانکہ وہ تو بدلی کی طرح اڑ رہے ہیں - یہ اللہ کی زبردست کاریگری ہے جس نے ہر شئے کو مضبوط بنایا "

مولانا (جھنڈے نگری) فرماتے ہیں - ترجمہ میں بدلی کی طرح اڑ رہے ہیں شاہ عبد القادر صاحب ترجمہ کرتے ہیں اور وہ چلیں گے - موضح القرآن میں ہے یہ ہوگا قیامت میں جیسے سورہ طہٰ میں فرمایا ینسفھا ربی نسفا - مولانا فرماتے ہیں اڑ رہے ہیں -

میرے معزز دوستو! یہ بات بالکل غلط ہے اڑ رہے ہیں نہیں بلکہ چلیں گے اللہ میاں اس وقت چلائیگا - دیکھو تفسیر ابن کثیر ص ۱۴۵ ج ۶ -

مولانا فرماتے ہیں قرآن کریم میں میخوں کے گاڑنے کا ذکر موجود ہے تو حرکت کا انکار اوس سے کیسے ثابت ہوا " شاید مولانا نے آیت والجبال اوتادا ہی کو قرآن مجید میں پایا ہوگا اور حرکت کے نفی کی آیتوں پر عبور نہ ہوا ہو - اللہ میاں فرماتے ہیں -

(۱) والقی فی الارض رواسی ان تمید بکم سورہ نحل آیت ۱۵ - سورہ لقمان آیت ۱۰ -

(۲) وجعلنا فی الارض رواسی ان تمید بھم سورہ انبیاء آیت ۳۱ -

(۳) ام من جعل الارض قرارا وجعل خلالھا انھارا وجعل لھا رواسی - سورہ نمل آیت ۶۱

آیتیں اس بارے میں بے شمار ہیں پہاڑوں کو اسی لئے زمین میں گاڑا کہ وہ ہلنے سے محفوظ رہیں -

اب لیجئے فرمان مصطفوی عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما خلق اللہ الارض جعلت تمید فخلق الجبال فالقاھا علیھا فاستقرت فعجبت الملائکۃ فقالت یا رب ھل من خلقک اشد من الجبال الحدیث اخرجہ الترمذی والبیہقی وغیرھما

انس بن مالک رض فرماتے ہیں - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ میاں نے زمین بنائی تو ہلنے لگی تب پہاڑ پیدا کرکے اوس پر ڈال دیئے - سو ہلنا اس کا بند ہوگیا - ملائک نے تعجب کیا اور اللہ میاں سے دریافت کیا کہ آیا اے باری تعالیٰ تیری کوئی مخلوق پہاڑ سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا لوہا - یہ حدیث ترمذی وغیرہ کی ہے -

میرے پیارے اہل حدیث برادرو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید زمین کو غیر متحرک فرماتے ہیں اور مولانا سائنس کے دلدادہ کہتے ہیں ہلتی ہے - یہ بین تفاوت - اب سائنس کو لئے پھریں یا ان نصوص کو خدا ہی توفیق بخشے

(۳) آسمانی کروں پر انسانی آبادی

مولانا عبد الرؤف فرماتے ہیں کہ قرآن فرشتوں کے وجود کے ساتھ انسانی آبادی کا منکر نہیں - پہلے قرآن کریم آسمان میں انسانی آبادی تسلیم کرتا ہے "

کس قدر غلط بات ہے - انسان کا وجود آدم صفی اللہ سے خواہ اسے نسیان سے لیں یا انس سے یہ باتیں تو آدم سے تعلق رکھتی ہیں - آسمان فرشتوں کے لئے اور زمین انسان جن وہوام کا ماوی ہے - اللہ میاں فرماتے ہیں - ولکم فی الارض مستقر و . . . . متاع الی حین - سورہ بقر - اے بنی آدم تمہارے رہنے کی جگہ زمین ہے ایک وقت مقرر تک اللہ میاں زمین کو مستقر بنی آدم بنی نوع انسان فرمادیں - اور مولانا زبردستی آسمانی کروں پر انسانی آبادی قرآن کے ماتھے تھوپ رہے ہیں - جس جگہ سے مولانا کی دلیل دیکھئے - سورہ نحل کی آیت وللہ یسجد ما فی السموات وما فی الارض من دابۃ والملائکۃ فرماتے ہیں

"دابہ ہر چلنے پھرنے والے جاندار کو کہتے ہیں" یہ بالکل صحیح مولانا یہ بھی تو کہئے اللہ میاں فرماتے ہیں - واللہ خلق کل دابۃ من ماء الایۃ کیا ملائکہ بھی ماء سے مخلوق ہیں بنی آدم کی طرح سے جو دابہ بنی آدم کی طرح ماء سے مخلوق ہیں ان کا ماویٰ آسمان نہیں ہو سکتا - وہ انسان جو آدم کی اولاد ہے اس کا مسکن زمین ہے اگر کوئی انسان کسی دوسری نسل سے ہوں اور وہ ملائکہ کے ساتھ رہتے ہوں اوس کا ثبوت مولانا جھنڈے نگری کے ذمہ - ہم تو انسان آدم زاد کو ہی سمجھتے ہیں دابہ ہر جاندار کو کہتے ہیں تو پھر مولانا صرف ملائکہ کے ہمراہ انسان کی خصوصیت کیوں - شیر، چیتا، بھیڑ، بکری، گدھا، سور، ریچھ، بندر نے کیا قصور کیا کہ وہ آسمانی فضا سے محروم رہیں - اون کی بھی تو آبادی وہاں ٹھہرا دیجئے یا تو انہیں دابہ سے خارج کردیں اچھا پھر آسمانی انسان مکلف ہیں یا غیر مکلف ان کا نبی کون ہے اس کا بھی تو علم چاہئے - ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ملائکہ کی خلقت نور سے بتائی ہے - صحیح مسلم میں ہے اور بنی نوع انسان کی خلقت اصل آدم سے - میرے دوستو سائنس کے گلے زبردستی کیوں چمٹ رہے ہو وہ کب تم سے انسانی آبادی منوانا چاہتا ہے - نظام شمسی اور قمری والے بھی تو سوگئے - ایک وقت وہ بھی زوروں پر تھے - خدا قبول حق کی توفیق دے

(باقی آیندہ)

فلسفہ اور معجزہ

روئداد مباحثہ مابین مولوی ہدایت اللہ صاحب سوہدروی و مولوی عبد العزیز صاحب - جس میں معجزہ اور قانون قدرت پر محققانہ بحث کی گئی ہے آخر میں مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب کا فیصلہ بھی درج ہے - اس کے مطالعہ سے آپ کو بہت سی معلومات حاصل ہونگی - قابل دید ہے - کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ - قیمت صرف ۳/ر - محصول ڈاک علیحدہ -

پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

(۵۳۹)

دیہات کا جمعہ

(از مولوی قادر بخش صاحب دائرہ دین پناہ ضلع مظفر گڑھ)

دو اڑھائی ماہ ہوئے جبکہ ایم خدا بخش خاں گاڈی بلوچ نے بیٹ نشانوالہ میں اور خاکسار نے چاہ گھاٹو والا موضع شبہ غیر مستقل میں نماز جمعہ قائم کی۔ بس پھر کیا تھا۔ ہر طرف ناجائز، ناجائز کا شور مچ گیا۔ نہ صرف شور مچ گیا۔ بلکہ اس اہم فریضۂ خدا ادا کرنے والوں کے ساتھ مقاطعہ اور بائیکاٹ شروع ہو گئی۔ بقول اکبر الہ آبادی ؎

رقیبوں نے رپٹ جا کر یہ لکھوائی ہے تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں

ادھر ہم نے بھی پکار کر کہہ دیا کہ ؎

یا ہاتھ توڑے جائینگے یا کھولیں گے نقاب
سلطانِ عشق کی یہی فتح و شکست ہے

فتوے منگوائے گئے۔ فتاویٰ مولوی عبد الحی صاحب سے جواز بتلایا گیا۔ پیران پیر جناب حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب غنیہ (اردو) کا ص۲۹۶ کھول کر پڑھایا گیا۔ مگر ضد کا کوئی علاج نہیں۔ کسی کو وہابی، کسی کو حنبلی نام دیکر ٹال دیا گیا۔ لیکن فرضِ خدا کا پامردی کے ساتھ مقابلہ جاری رکھا۔

آخر کار ہم نے ضلع مظفر گڑھ کے چوٹی کے علماء احناف کو دعوت دی جو از راہ خیر خواہی ملتِ بیضا مورخہ ۹ شام تشریف لائے۔ اُن کے اسم گرامی حسب ذیل ہیں:۔

(۱) مولانا مولوی غلام رسول صاحب محدث مظفر گڑھ

(۲) مولانا حاجی قادر بخش صاحب بازشریف ضلع ؍؍

(۳) مولانا حافظ قادر بخش صاحب ڈیروی حال مدرس اسلامیہ انجمن مظفر گڑھ۔

ہر سہ اصحاب نے رات کو چاہ گھاٹو والا پر لوگوں کو سمجھایا خاصکر عدم سمع موتیٰ اور قربانی قبل صلوٰۃ عید کا عدم جواز خوب واضح کیا۔ جنہوں کی بنا پر ہمیں بدنام کرنے کی کوشش جاری تھی۔ صبح بروز جمعہ سہ حضرات کو بیٹ نشانوالہ میں لیجایا گیا۔ قبل نماز جمعہ حافظ قادر بخش صاحب نے اتفاق اور اتحاد پر تقریر فرماتے ہوئے جمعہ کی اہمیت ثابت کی۔ نماز جماعت کی تاکید اور اقتدا اہل حدیث بلاکراہت ثابت کی۔ بعد نماز جمعہ مولانا غلام رسول صاحب کھڑے ہوئے۔ آپ نے اپنے خاص انداز میں، توحید بیان فرماتے ہوئے عدم سمع موتیٰ اور نذر لغیر اللہ کی حرمت پر قرآن کریم کی آیات اور فقہ حنفیہ کی معتبر کتاب شامی کی عبارت کھول کر پڑھی۔ اخیر پر جواز جمعہ کا فتویٰ بھی دیا۔

ان کے بعد حاجی قادر بخش صاحب نے اپنے مضمون جمعہ کو اس خوبی سے ادا فرمایا جو اُن کا ہی حصہ تھا۔

بریلوی مشن

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مستغیث ہیں یا مستغاث

مذہب اسلام نے سب سے بڑا کام جو دنیا میں آکر کیا وہ یہ ہے کہ عامۃ الناس کی ذہنیت میں جو ماسوی اللہ کا رعب سما چکا تھا اس کو یکسر نکال کر رکھ دیا۔ ایک میٹھی اور فرحت افزا مؤثر آواز تھی:۔

رب المشرق والمغرب لا الٰہ الا ھو فاتخذہ وکیلا

کہ مشرق اور مغرب میں بسنے والوں کا رب مربی صرف ایک ہے جس کے سوا کوئی الوہیت کے لائق نہیں اس لئے اے پیغمبر اسی کو ہر حالت میں اپنا کارساز سمجھنا اور بس اسی مضمون کو شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے یوں ادا کیا ہے ؎

ندارم غیر از تو فریاد رس
توئی عاصیاں را خطا بخش و بس

مگر واہ رے ہندوستان کے بے باک مسلمان! تو نے اس سادہ اور صحیح تعلیم کو ہمسایہ قوم کے اثر سے ایسا مسخ کیا کہ الامان! ۳۔ مئی ۱۹۳۹ء کی شب کو امرتسر کے ایک محلہ میں اس قدر غلو کیا کہ سورہ حدید کی آیہ کریمہ

هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

کا مصداق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قرار دیا۔

اور سنئے! ۲۸۔ اپریل ۱۹۳۹ء کے پرچہ "الفقیہ" میں ایک نظم شائع ہوئی ہے۔ جسکے چند اشعار ہم نقل کرتے ہیں ؎

یا رسول اللہ اغثنا وقت ہے امداد کا
حال ابتر ہو رہا ہے امتِ ناشاد کا
زور و زر فرقہ پرستی پر ہے ناز اغیار کو
ہم غریبوں کو بھروسہ آپ کی امداد کا
چھوڑ کر ہم آپ کے در کو کہاں جائیں حضور
کون ہے ہم بیکسوں کا دادرس فریاد کا

(پرچہ مذکور ص۱۵ کالم ۳)

ناظرین! یہ ہے بریلوی فریاد۔ اب سنئے! جس ہستی کے سامنے استغاثہ ہوتا ہے وہ کیا ہے۔ فرماتے ہیں:۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ أَمَتِكَ وَفِي قَبْضَتِكَ نَاصِيَتِي بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي مَكْنُونِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيعَ قَلْبِي وَجِلَاءَ هَمِّي وَغَمِّي يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ ؕ

(ترجمہ) یا اللہ! میں تیرا غلام ہوں اور تیرے غلام کا بیٹا ہوں اور تیرے لونڈی کا بیٹا ہوں تیرے اختیار میں ہوں۔ میری چوٹی تیرے ہاتھ میں ہے جاری ہے میرے حق میں تیرا حکم انصاف ہے میرے حق میں تیرا فیصلہ مانگتا ہوں میں تجھ سے ہر نام کی برکت سے جو تیرا نام خاص ہے تیری ذات کا جو تو نے

حزب المقبول۔ قرآن اور حدیث کی صحیح دعاؤں کا (۳۰) مجموعہ۔ قیمت ۳/ ۔ پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

اس کو اپنی کتاب میں یا اس کو سکھلایا تو نے کسی کو اپنی مخلوق میں سے یا پسند کیا تو نے اسکو علم غیب میں جو مخفی ہے تیرے نزدیک۔ یہ کہ کرے تو قرآن کو بہار میرے دل کی اور سبب دور ہونے میرے فکر اور غم کا۔ اسے زندہ صبح کے تھامنے والے تیری رحمت سے فریاد کرتا ہوں"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کلمات کو پڑھ کر کون نہیں سمجھ سکتا کہ سید المرسلین اپنا استغاثہ درگاہ رب العزت میں پیش کرتے ہیں اور اس لجاجت سے کہ خدایا میں تیری رحمت کا دامن پکڑ کر فریاد کرتا ہوں۔ حب رسول کے دعویدارو بتاؤ کیا ہمیں یہ کہنے کا حق ہے یا نہیں کہ جس ذات کو تم مستغاث کہہ رہے ہو وہ بزبان حال بلکہ قال یہ اظہار کر رہے ہیں کہ فریاد رس صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اپنی فریادیں اسی ایک کے ہاں پیش کرو۔

اس کے سوا اور کوئی نہیں ہے جو تمہاری فریاد رسی کر سکے۔ اسی خدا نے صاف کھلا کہہ دیا ہے:۔

ان یمسسک اللہ بضر فلا کاشف لہ

الا ھو

(اے نبی) اگر تجھے بھی خدا کوئی تکلیف پہنچائے تو تیری تکلیف کو ہٹانے والا تیری دادرسی کرنے والا اسکے سوا اور کوئی نہیں ہے۔

خدا سے ڈر کر یہ بتاؤ کہ جب بارگاہ ایزدی میں تم اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پیش ہونگے تو تمہارا مقابلہ رسول اللہ سے ہوگا۔ اس وقت کون سچا ہوگا۔ ہم تو ابھی سے کہتے ہیں۔ صدق اللہ ورسولہ

دیکھیں بریلوی حضرات کیا کہتے ہیں؟

(راقم:۔ محمد عبد اللہ ثانی۔ امرتسری)

اثبات التوحید۔ قاضی فضل احمد لدھیانوی نے جماعت اہل حدیث اور اس کے اکابرین پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔ اس کے جواب میں "اثبات التوحید" لکھی گئی ہے۔ جس میں قاضی مذکور کے اعتراضات کو توڑ کر جماعت اہلحدیث کے مسلک کو خوب ثابت کیا ہے۔ قیمت ۵

دفتر اہلحدیث امرتسر

سوالات از آریہ صاحبان

(از جناب قریشی عبد المنان صاحب ساکن سام پور ضلع بہارن پور)

—— ۳۔ فروری کے بعد ——

اہلحدیث ۳۔ فروری ۲۹ء میں نامہ نگار صاحب کے مضمون کی ایک قسط درج ہو چکی ہے۔ جس میں آریہ صاحبان سے دس سوال کئے گئے تھے۔ بقایا مضمون چونکہ مسلسل موصول نہ ہوا تھا۔ اس لئے تاخیر سے شائع ہو رہا ہے۔ (مدیر)

(۱۱) انسانی روح کے خواص جداگانہ ہیں اور حیوانی کے جداگانہ اور پھر مختلف اقسام کے جانوروں میں بھی جس طرح ان کے افعال اور عادات میں اختلاف اور تفریق ہے اون کی ارواح کے خواص میں بھی اوسی طرح تفریق اور اختلاف ہے اور ہر روح اپنے اجسام کی بناوٹ صورت کے تحت ایسے ہی افعال کرتی ہے جیسا اوس کا جسم ہے۔ مثلاً کوئی خرگوش یا ہرن مثل شیر کے شکار نہیں کر سکتا اور نہ گوشت کھا سکتا ہے۔ بلی پوس کے مہینہ میں اور کتیا کاتک کے مہینہ میں جفتی کی طرف راغب ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسانی ارواح کے خواص نہیں بدلتے تو ارواح انسانی کے خواص کیسے بدل سکتے ہیں اور اگر پرمیشر اون کے خواص بدل سکتا ہے تو انہیں فنا بھی کر سکتا ہے اگر پرمیشر جبراً ایک جانور کی روح کو دوسرے جانور کے جسم میں داخل کرتا ہے تو گویا وہ اس کو دوسرے جانور کے جسم میں مطابق افعال پر مجبور کرتا ہے۔ مثلاً گائے کی روح کو شیر کے جسم میں داخل کرتا ہے تو گائے کی روح ظلم وستم وشکار کرنے پر مجبور ہے اوس کے سوا وہ دوسرا کام کر ہی نہیں سکتی اور اس طرح مجبوراً فعل سرزد ہونے سے اس کو جون اور تناسخ چکر میں پھنسے رہنے کے سوا چھٹکارا کی کوئی شکل نہیں ہے علاوہ ازیں جبکہ پرمیشر میں یہ طاقت ہے کہ وہ ہر انسان کی نیک یا بداعمال کی جزا وسزا اوسکی روح کو انسانی جسم کے ذریعہ دے سکتا ہے تو انسان کی روح کا اچھے یا برے اعمال کی پاداش میں جسم حیوان یا نباتات وغیرہ میں داخل ہو جانا بالکل خلاف عقل ہے کیونکہ اس طرح اوس کی روح کے اصل خواص فنا ہوتے ہیں۔ جو کہ مسئلہ تناسخ کی رو سے ناممکن ہے۔

(۱۲) تحقیقات جدیدہ سے ماہر علم ارواح یہ بتلاتے ہیں کہ ہر ایک جاندار کی روح کی شکل مثل اسی جاندار انسان یا حیوان کے ہوتی ہے۔ البتہ اوس کا جسم کثیف ہونے کی بجائے لطیف ہوتا ہے۔ جیسے سینما میں پردہ پر انسانی اور حیوانی تصویری اجسام ہوتے ہیں۔ اور جس طرح ایک کثیف جسم رکھنے والا انسان کثیف جسم رکھنے والا حیوان بذریعہ پیدائش فطری نہیں ہو سکتا اسی طرح اوس کی روح بھی انسانی لطیف جسم کی شکل سے حیوانی لطیف جسم کی شکل میں بننے کے لئے کسی حیوانی مادہ کے رحم میں داخل نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ جیسے ایک انسانی جسم ہاتھی کا جسم نہیں بن سکتا اسی طرح اوس کی روح بھی ہاتھی کی روح مع جسم لطیف نہیں بن سکتی۔ اس اصول کے مطابق بتائیے کہ مسئلہ تناسخ کس طرح قائم رہ سکتا ہے۔ اور اس کے قائلین کو اس جدید تحقیقات کی رو سے اپنے عقیدہ آواگون کو قطعی طور پر چھوڑ دینا پڑتا ہے یا نہیں۔ مثال کے طور پر سمجھ لیجئے کہ ایک وسیع لمبا چوڑا لطیف جسم نطفہ کے کیڑے کا بہت ہی چھوٹا لطیف جسم کسی حالت وصورت سے نہیں بن سکتا۔ یا پچاس گز مربع میں پھیلی ہوئی ہوا ایک فٹ کے ربڑ کے بیلون، غبارہ میں داخل نہیں کی جا سکتی۔ اسی طرح اسٹیم یعنی بھاپ کی مثال ہے۔

(۱۳) روح انسان کو اس کے نیک اعمال کی پاداش میں اوس کے سرور کو زیادہ کرنا اوس کی تکالیف اور تفکرات کو دور کرنا اور اس کے جذبات لطیفہ وصحیحہ کو بڑھانا تسلیم کیا گیا ہے۔ برخلاف اس کے بد اعمالی کی سزا میں اوس کے سرور کو کم کرنا تا ... شادمانی ...

تفکرات کو بڑھانا اور جذبات کا خون ان کو کمزور کرنا ہے تو ایسی حالت میں مسئلہ تناسخ کو مانتے ہوئے ایک کوڑھی، اپاہج، شدید بیمار ہو گیا اندھے اور مختلف اقسام کے تفکرات میں مبتلا شخص کو کسی بھی جنگل کی چڑیا یا جنگلی یا آبی جانور کی جون میں بھیجنے سے کیا سزا ملی اگر غور کیجئے تو مذکورہ بالا انسان سے ایک فری یعنی مفت خوراک، رفتار، پرواز، گفتار والے اور کسی مرض سے پاک آزاد جانور کی زندگی لاکھ درجہ اچھی ہے۔ تو بتلائیے کہ جانوروں، پرندوں وغیرہ وغیرہ کی جون کو بروئے تناسخ مجرمانہ سزا بھگتنے والے جون و اجسام کہنا کہاں تک ٹھیک ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ عقیدہ تناسخ وضع کرنے والے نے کچھ زیادہ سمجھ بوجھ سے کام نہیں لیا۔ کیونکہ مذکورہ بالا انسانی جون سے تو حیوانی جون ہی لاکھ درجہ اچھی ہے۔ ایک فکر مند بادشاہ سے جو کہ گذشتہ بہت بڑے اعمال کی پاداش میں زندگی بسر کرتا ہے ایک آزاد چڑیا لاکھ درجہ اچھی ہے۔ اگر یقین نہ ہو تو آج کل کے بادشاہوں اور راجہ نوابوں سے سیاسی الجھنوں اور حملہ کے خطرات کا لحاظ کرتے ہوئے ان کی بے فکری، آزادی اور آرام کی حقیقت پوچھ لو۔ بقولیکہ

ایسی شاہی سے تو بہتر ہے گدا ہو جانا

(۱۴) بقول آریہ صاحبان شروع دنیا میں جبکہ جوان جوان مرد اور عورتیں زمین میں سے نکلتے ہیں تو تمام اقسام کے درند چرند پرند اور آبی جانور وغیرہ بھی اون کے ساتھ ساتھ نکلے تھے یا نہیں۔ اگر نکلے تھے تو ان میں سے بہت سے اقسام کے اب کیوں نہیں نکلتے۔ مثلاً گھوڑا، ہاتھی، گائے وغیرہ وغیرہ۔ اگر نہیں نکلے تھے تو موجودہ درند چرند، پرند وغیرہ کا وجود دنیا میں کیسے ظہور میں آیا اور جبکہ اعمال جبری اور محدود نہیں ہیں تو اربوں قسم کے موجودہ جانوروں کا وجود کیوں لازمی، ضروری اور اٹل ہے۔ اور شروع دنیا میں ان سب کو کیونکر پیدا کیا گیا۔

(باقی باقی)

ترک اسلام۔ دھرم پال (غازی محمود) کے رسالہ ترک اسلام کا جواب۔ قیمت ۹ پائی (۱۰/۲) منیجر اہلحدیث

اسلامی تعلیم اور مسلمانوں کی حالت

(از قلم مولوی ابوعبدالرحیم صاحب تیجو د بیال ضلع گورداسپور)

مسلمان اس وقت جس تشتت و افتراق کے دور میں سے گذر رہے ہیں علم بردارانِ اسلام جس فرقہ بندی اور تفرقہ بازی میں اب گرفتار ہیں۔ دعویدارانِ کتاب اللہ وسنت رسول اللہ "واعتصموا بحبل اللہ جمیعًا ولا تفرقوا" کے خلاف جس قدر جنگ آزمائی کر رہے ہیں۔ زمانہ سلف میں اس کی نظیر تو نظیر شائبہ تک بھی نہیں ملتا۔ مسلمانانِ ماضی جس الفت وسلوک، محبت ورافت صلح وآشتی سے رہتے تھے۔ اُس کا عشر عشیر بھی موجودہ مسلمانوں میں نظر نہیں آتا۔ آج مختلف قسم کی جماعتیں ہیں۔ ٹولیاں ہیں۔ ہر مسلمان اپنے بھائی کا بدخواہ، اپنی ذاتی کدورتوں کے تحت دوسرے کا دشمن اور اپنی تکمیلِ غرض کے ضمن میں اپنے بھائی کے خون کا پیاسا دکھائی دیتا ہے۔

وہ اسلام جس نے خون کے پیاسوں، جانی دشمنوں اور مدت کے بچھڑوں کو بھائی بھائی شیر وشکر کر دیا تھا (وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا)

آج اُسی اسلام کے نام لیواؤں کی یہ کیفیت ہے کہ ہر شخص کا مقصد الگ، نصب العین جدا ہے۔ اپنی اپنی وسعت پر ہر ایک فرد ڈیڑھ اینٹ کی علیحدہ مسجد بنانے کی دھن میں ہے۔ اور دوسروں کے زوال کا خواہاں۔ ایک دوسرے کو معتزلی اور ملحد کہہ کر اپنا کام سیدھا کرنے کا متمنی۔

سمجھ میں نہیں آتا کہ باوجود انہی قرآنی احکام اور احادیث نبوی کی موجودگی میں (جن پر عمل پیرا ہو کر ہمارے اسلاف ایک دوسرے کے بہی خواہ۔ ہمدرد، جان نثار ہو گئے تھے) مسلمانانِ عالم کی بالعموم اور مسلمانانِ ہند کی بالخصوص یہ حالت کیوں ہے؟

متحد اور متفق رہنے کی تعلیم جس قدر اسلام نے دی ہے کسی اور مذہب نے نہیں دی۔ اور مزا یہ ہے کہ (تناسب تعلیم کے لحاظ سے) جس قدر مسلمانوں میں آئے دن سر پھٹول اور کھینچا تانی ہوتی رہتی ہے۔ اور کسی میں نہیں ہوتی۔ قرآن مجید میں باری تعالیٰ نے مختلف صورتوں سے مسلمانوں پر یہ واضح کر دیا ہے کہ اکٹھے مل کر رہنا بہتر ہے اور باہمی تعاون اور اشتراک عمل کرنا اعلیٰ تر ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ

أَطِيعُوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ[1] کیسے زوردار الفاظ میں کہا ہے کہ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا اور وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ" میں بھی اسی جمعیت کی طرف اشارہ ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مختلف مثالوں کے ذریعے مسلمانوں پر اجتماعی زندگی کو مبرہن کیا ہے کبھی دیوار کی مثال دیکر اور کبھی جسم کی مثال دے کر مثلاً آپ فرماتے ہیں کہ

اَلْمُسْلِمُ لِلْمُسْلِمِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا

ترجمہ:۔ مسلمانوں کی مثال ایک دیوار کی سی ہے جس میں (ہر وقت) ہر ایک اینٹ دوسری سے سہارا پاتی اور دیتی ہے۔ انفرادی طور پر اینٹ دیوار نہیں ہے۔ بلکہ یہ دیوار اجتماعی حیثیت سے بنتی ہے۔

مسلمانوں کی جمعیت ایسی ہے۔ جیسے جسم اور اُس کے مختلف اعضاء۔ "كَمَثَلِ الْجَسَدِ الْوَاحِدِ۔ اِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ بِالْحُمّٰى"۔ جب ایک عضو میں درد ہو تو سارا جسم درد محسوس کرتا ہے۔ اور اُس کی بے چینی اور تکلیف کا ایسا احساس کرتا ہے کہ گویا وہ درد اسی کے اندر ہے

---

[1] اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو اور باہمی تنازعت مت پھیلاؤ ورنہ تم پھسل جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائیگی ہے۔ (حیدر)

ahmadimuslim.de

رضیہ لائبریری

بنی آدم اعضائے یک دیگر اند
کہ در آفرینش ز یک جوہر اند
چو عضوے بدرد آورد روزگار
دگر عضوہا را نماند قرار

علیحدگی سے اجتناب کے لئے فرمایا کہ "وَاِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ فَاِنَّ الشَّاذَّ مِنَ النَّاسِ (اَوْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ) لِلشَّيْطَانِ۔ كَمَا اَنَّ الشَّاذَّ مِنَ الْغَنَمِ لِلذِّئْبِ۔ فرقہ بندی سے بچو۔ جو علیحدہ ہُوا وہ شیطان کے قبضے میں آگیا۔ جیسے ریوڑ سے اگر ایک بکری علیحدہ ہو جائے تو وہ بھیڑیے کی غذا بنتی ہے۔

لَا تَقَاطَعُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا۔ آپس میں انقطاع تعلقات نہ کرو۔ اور نہ بغض پھیلاؤ۔ نہ ہی حسد کرو۔ بلکہ اللہ کے بندے بھائی بھائی ہو جاؤ" اگر کسی مسلمان کا دل دوسرے مسلمان سے کسی بنا پر رنجیدہ ہو جائے تو فرمایا کہ وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ۔ مسلمان کے لئے ہرگز جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی مسلمان سے تین دن سے زیادہ ناراض رہے۔" بلکہ یہاں تک فرما دیا کہ مَنْ هَجَرَ اَخَاهُ سَنَةً كَانَ كَسَفْكِ دَمِهٖ۔ اور جو مسلمان اپنے بھائی سے قطع تعلقات ایک سال تک کئے رہا۔ تو گویا اُس نے اُس کا خون بہایا۔"

دو مسلمانوں کی باہمی صلح کرانا نماز، روزہ، صدقہ وغیرہ سے افضل ہے۔ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ وَالصَّلٰوةِ۔ قُلْنَا بَلٰى قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ هِيَ الْحَالِقَةُ۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ میں تمہیں کیوں نہ ایسی چیز کی خبر دوں جو روزہ، صدقہ اور نماز سے افضل ہے۔ صحابہ نے عرض کی کہ ضرور۔ فرمایا کہ مصالحت دو شخصوں کے درمیان اور دو آدمیوں کے درمیان فساد پھیلانا۔ یہی حالقہ (مونڈ ڈالنے والی چیز) ہے۔

جس کسی نے جماعت میں تفرقہ ڈالا اور پھر اسی حالت میں مر گیا تو اُس کی موت جاہلیت کی موت ہے ... [illegible] مَاتَ

مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔

یہی کہاں تک عرض کروں۔ اتفاق و اتحاد کی تعلیم کا بے شمار و لاتعداد خزانہ حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات عالیہ میں موجود ہے۔ کوئی ہے جو فائدہ اٹھائے؟ ہمارا انکبت و افلاس تنزل و انحطاط، اور ذلت و خواری کے عمیق ترین گڑھے میں گرنے کی وجہ یہی ہے کہ ہم نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سے اعراض کر لیا ہے۔ جماعت اہل حدیث جو اپنے آپ کو کتاب اللہ و سنت رسول اللہ کی حامل بتاتی ہے۔ افسوس کہ وہ بھی اس بیماری میں گرفتار ہو کر بہت ... [illegible] اللہ تعالیٰ ہماری باہمی کاوشوں اور کدورتوں کو دور کر کے ہمیں رحماء بینھم کے مبارک طریق پر عمل کرنے کی توفیق بخشے۔

نغمۂ سنت

(یہ نظم اجلاس بست و یکم آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس فتحگڑھ چوڑیاں کے لئے لکھی گئی تھی)

(از مولوی ابو عبد الشکور محمد داؤد صاحب ششکراوی)

لائق ہے ابتدا میں شکر کردگار کا
ہے پاک نام خالق لیل و نہار کا
نام خدائے پاک ہاں کیا راحت جاں ہے
میخانۂ وحدت میں دل سرشار کر ساقی
ہو جاؤں مست جام وہ طیار کر ساقی
سرکار مدینہ کی شان کس سے بیاں ہو
درگاہ رسالت میں ہے ہر مرض کی دوا
سنت میں راز شوکت اسلام ہے چھپا
سنت پہ مسلمان کا جب اعتصام تھا
سنت نے ہم کو تا بہ ثریا چڑھا دیا
سنت نے نیک راہ پر ہم کو لگا دیا
خیر القرون میں جو اک سنت کا تھا چلن
چھوڑی ہے جب سے سنت سرکار مصطفےٰ
اک خواب بن گیا ہے اپنا عہد ابتدا
اب امت اسلام میں بدعت کا زور ہے
ٹکڑوں میں ہے اسلام کو تقسیم کر دیا
قرآن اور پیمبر و کعبہ تو ایک تھا
سارا وقار ملت بیضا مٹا دیا
تقلید میں پڑ کر ذلیل و خوار ہو گئے
نذر نفاق ہو گئے لاچار ہو گئے
آزادی ضمیر جو مذہب کی روح تھی
[illegible]
[illegible]
بدعت کو مٹا [illegible] اور تیرہ [illegible]

محسن و مربی ہے جو ہر جان دار کا
کون و مکاں نشاں ہے پروردگار کا
کیا نام ہے مخلوق کے جو ورد زباں ہے
نعت رسول کے لئے بیدار کر ساقی
میدان نعت میں صبا رفتار کر ساقی
کیا اس کا ذکر جو کہ مثل ماہ عیاں ہو
امراض جسم و روح میں سنت سے ہے شفا
سنت میں ہے ترقی دارین اے فتا
میدان ترقی میں عجب تیز گام تھا
میدان رزم و بزم کا خوگر بنا دیا
ہاں اجر سو شہید کا مژدہ سنا دیا
سرسبز پُر بہار ہاں ملت کا تھا چمن
ملت کا مرض بن گیا ہے مرض لا دوا
ہاں ہو چکی اسلام کے غربت کی انتہا
ہر طرف فسادات و مظالم کا شور ہے
افسوس خرافات کو مذہب میں بھر دیا
امت میں ہوئے سینکڑوں مذہب جدا جدا
ان مذہبوں نے خاک میں ہم کو ملا دیا
ملت تو ایک تھی مگر ہم چار ہو گئے
ہاں کار تھے کبھی جو اب بے کار ہو گئے
افسوس قوم نے وہی نذر جمود کی
باطل کی سرائے میں اک ہنگامہ [illegible]
[illegible]
سنت کی اشاعت کے لئے باندھ لے کمر

متفرقات

اخبار اہلحدیث کی توسیع اشاعت کی طرف ناظرین کو بار بار توجہ دلائی جاتی ہے۔ جس کا اثر بفضلہ تعالیٰ ہوتا بھی رہتا ہے تاہم ضرورت ہے کہ جملہ ناظرین کرام اور معاونین کرام خصوصاً دلی ہمدردی سے اخبار کی توسیع اشاعت کے لئے کوشش فرمائیں تاکہ توحید سنت کی تبلیغ بیش از بیش ہوتی رہے۔

غریبوں پر نظر عنایت غریب طلبا کا فائدہ کسی صاحب سے مخفی نہیں۔ عرصہ سے اس بارے میں درخواستیں رکی پڑی ہیں۔ صرف چالیس روپیہ آجائیں تو درج رجسٹر سائلوں کو اخبار سال بھر کیلئے مل جائے۔ احباب کرم ایک یا کئی ایک سے امید ہے کہ تشنگان علم کو سیراب کرنے پر توجہ فرمائینگے۔ (منیجر)

سیرت سید احمد شہید مجلد امیر المومنین حضرت سید احمد صاحب رائے بریلوی کے سوانح حیات اگرچہ "حیات طیبہ" میں مجمل اور "سوانح احمدی" میں مکمل درج ہیں مگر سید ابوالحسن علی صاحب ندوی نے مزید محنت و کاوش سے حضرت امیر المومنین کے حالات کو کتاب زیر تبصرہ میں تحریر فرمایا ہے۔ شروع کتاب میں مولانا حسین احمد صاحب دیوبندی کی رائے گرامی۔ مولانا عبدالماجد صاحب مدیر "صدق" کا تعارف اور مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کے "مسافر اسلام" دیباچہ نے اس کتاب کی خوبیوں میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ بہر حال مصنف کی محنت قابل قدر ہے۔ کتاب صوری و معنوی خوبیوں سے مزین ہے۔ سائز $\frac{29\times22}{16}$ ضخامت ۴۲۲ صفحات۔ قیمت دو روپیہ۔ ملنے کا پتہ۔ سید ... صاحب کتاب خانہ ... لکھنؤ

سیرۃ ... [illegible] جناب ... صاحب قدوسی حیدرآباد ... نے ... تصنیف فرمائے ہیں ... حال ہی میں آپ نے سیرۃ ... [illegible] ... کا ... کتابچہ ...

نام ہی محتاج تعارف نہیں۔ ... کو ... [illegible] ... میں بیان کیا ہے ... صفحات ... قیمت ... کتب خانہ ... یا مکتبہ ... دہلی سے طلب فرمائیں

مسئلہ قومیت مولوی سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی موسس "ترجمان القرآن" لاہور نے مسئلہ قومیت پر رسالہ ترجمان القرآن کے متعدد نمبروں میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا تھا۔ شائقین کی سہولت کے لئے اسے مستقل

مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب کی تازہ اور اچھوتی تصنیف

تفسیر بالرائے

چھپ گئی! چھپ گئی! چھپ گئی!

ناظرین "اہلحدیث" گذشتہ دو پرچوں میں اس کتاب کا اعلان ملاحظہ فرما چکے ہونگے۔ کتاب مذکور تیار ہو چکی ہے تفسیر بالرائے کے مضمون کو نہایت عمدہ پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے۔ آج کل کی مروجہ تفاسیر اور تراجم قرآن سے مقامات دکھا کر ان کی اصلاح کی گئی ہے۔ علماء طلباء اور معمولی استعداد کے مالک بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ حسب معمول دیگر تصانیف کی طرح اس کتاب کا کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ ہے۔ سرورق رنگین اور دبیز کاغذ کا ہے۔ قیمت صرف ۱۰/ محصولڈاک ۲/ فیس رجسٹری ۳/ بذریعہ وی پی ۶/

ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

رسالہ کی صورت میں شائع کر دیا گیا ہے۔ قیمت ۴/ دفتر رسالہ ترجمان القرآن ملتان روڈ لاہور سے منگوائیں

قاعدہ مدنی بچوں کو قرآن مجید پڑھانے کے لئے مفید ہے۔ قیمت /

زاد الدنیا والاخرہ سورہ فاتحہ اردو ترجمہ ہے قیمت ... کتابت، طباعت عمدہ ...

ہر دو کتب عبد العزیز صاحب ... کتب ... سے ...

لاہور سے طلب کریں ... ۱۲۹۲ ...

نئی چٹھیں چھپنے والی ہیں اس لئے اگر کسی خریدار نے اپنا پتہ مستقل یا عارضی طور پر تبدیل کرنا ہو۔ تو جلد از جلد اطلاع بھیج دیں کہ نئی چٹھیں اگر کوئی غلطی ہو تو بھی مطلع فرمائیں تاکہ درستی کر دی جائے نیز نام مقام مثلاً ڈاکخانہ براستہ ضلع وغیرہ خاص طور پر خوشخط تحریر کریں۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

احباب و اہل جلسہ کو اطلاع میں تعطیلات گرما یہاں ہی گزاروں گا اور وطن بنارس نہیں جاؤں گا پس احباب و اہل جلسہ بوقت ضرورت مجھ سے یہاں ہی کے پتہ سے یاد فرما سکتے ہیں۔

عاجز ابو مسعود خان قمر بنارسی محلہ کالا قاضی، چندوسی ضلع ...

اربعین قرآنی کے لئے شائقین اب بجائے ۱/ کے ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیں۔

پتہ:- حکیم عبد السمیع منیجر احمدی بک ڈپو مبارکپور۔ صوفی پورہ۔ ضلع اعظم گڈھ

دعائے مغفرت میری دادی صاحبہ ضعیف العمری میں انتقال فرما گئیں۔ انا للہ۔ مرحومہ صابرہ، شاکرہ اور عابدہ تھیں۔ ناظرین مرحومہ کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

اللّٰھم اغفر لہا وارحمہا

(حافظ عبد الواحد مقیم گنوال ضلع ...)

۲۶ مئی اور آخری فیصلہ ناظرین کو بخوبی معلوم ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی اپنے اشتہار "مولوی ثناء اللہ صاحب کے ساتھ آخری فیصلہ" کے مطابق ۲۶ مئی ۱۹۰۸ء کو اپنے کذب پر ہمیشہ کیلئے مہر تصدیق ثبت کر گئے مگر جماعت مرزائیہ بجائے اس سے سبق حاصل کرکے توبہ اور رجوع الی الحق کرنے کے ہر سال اپنی ضد و تعصب کا راگ الاپتی ہے ممکن ہے اس دفعہ بھی حسب معمول ... اپنی تبلیغ کرے اسلئے اہل حق کو چاہئے کہ اشتہار مذکور ... بھیجکر طلب کریں ... اس ... مفصل ... حاصل کر سکتے ہیں ...

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

آئندہ جنگ

اُردو زبان میں یہ مثل زبان زد ہے کہ

زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

اس مثل کو ملحوظ رکھ کر ہم دیکھتے ہیں کہ چند سالوں سے یہ آواز پیہم آ رہی ہے کہ یورپ میں جنگ عظیم ہونے والی ہے۔ شروع سے دنیا میں جنگیں ہوتی رہی ہیں اور آئندہ بھی ہوتی رہیں گی۔ انسانی تاریخ جنگوں سے بھری پڑی ہے۔ دنیا کی لائبریری میں بہت پرانی کتاب وید ہے۔ اس میں بھی جنگوں کا ذکر ملتا ہے۔ دوسرے درجہ پر ہندوؤں کی مقدس کتاب گیتا ہے۔ جسکو ہندوؤں کی اصطلاح میں تصوف کی کتاب کہا جاتا ہے۔ حقیقت میں وہ بھی جنگ نامہ ہے بلکہ حالت جنگ میں تصنیف ہوئی ہے۔ مہابھارت تو ہندوستانی جنگوں کی ایک زندہ مثال ہے۔ یہ سب کتابیں اس زمانے کی ہیں جس زمانے میں تاریخ کا فن اسی حیثیت میں نہ تھا۔ جس میں وہ آج کل ہے۔ کچھ شک نہیں کہ بائیبل کا زمانہ تاریخی زمانہ کہا جا سکتا ہے۔ بائیبل میں بھی جنگوں کا ذکر ملتا ہے۔ اس لئے جنگ انسانی نسل کے لئے لازم غیر منفک ہو گئی ہے۔ گزشتہ جنگ عظیم سے پہلے جرمنی کے ایک جرنیل برن ہارڈی نے جنگ کی پیشگوئی بصورت کتاب آئندہ جنگ لکھکر شائع کر دی تھی جو حرف بحرف پوری ہوئی۔ اب آئندہ ملی جنگ کی پیشگوئی جیلی قیصر جرمنی کے الفاظ میں شائع ہو چکی ہے جس کا کچھ حصہ ہم درج ذیل کرتے ہیں۔ جس طرح برن ہارڈی کی پیشگوئی اس کی الہام یا وحی کی بنا پر نہ تھی بلکہ ملکی حالات کے ماتحت تھی ایسا ہی قیصر مذکور کی پیشگوئی سیاسی تجربہ کے ماتحت سمجھنی چاہئے بہرحال اس جنگ کا ذکر بہت خوفناک، مہیب اور ... قابل ... ہم بھی پڑھیں اور غور کریں کہ دنیا کی علمی ترقی نے دنیا کو فائدہ پہنچایا ہے یا نقصان؟ بہرحال آپ کے الفاظ یہ ہیں:۔

"اس میں دیکھ رہا ہوں کہ تمام قومیں جنگ کی تیاریاں کر رہی ہیں۔ مجلس اقوام کی بھی کوئی پرواہ نہیں کرتا وہ محض سیاسی تفریح کا ایک نیا سامان ہے۔ اُس کے امن کے وعظوں پر قومیں ہنستی ہیں۔ تمام سلطنتیں جنگی جہاز، آبدوز کشتیاں اور ہوائی بیڑے تیار کر رہی ہیں۔ مختلف قسم کے جدید گیس ایجاد کئے گئے ہیں۔ جو اب تک غیر معلوم تھے۔ قومیں نہایت اخفاء کے ساتھ ان جہنمی مواد کے تجربے کر رہی ہیں۔ ہر سلطنت نے مہلک ہتھیاروں اور گیسوں کے بکثرت ذخیرے جمع کر لئے ہیں۔ تاکہ جب جنگ کا بگل بجے تو پوری طرح تیار ثابت ہوں۔

یہ تمام تیاریاں کیوں ہیں؟ جواب دیا جاتا ہے مدافعت کے لئے! مگر جنگ کا کس طرف سے اندیشہ ہے جبکہ ہر سلطنت تیاری کر رہی ہے؟

اگر میرے لئے پیشین گوئی کرنا جائز ہو تو میں تمہیں اُن قوموں کے نام کی اطلاع دے سکتا ہوں جو آئندہ جنگ میں حملہ آورانہ یا مدافعانہ شرکت کریں گی۔ لیکن ایک جلاوطن بادشاہ کے لئے یہ ہرگز مناسب نہیں کہ وہ اُنگلی اٹھا کر ان قوموں کی طرف اشارہ کرے جو جنگ کا تنور سلگا رہی ہیں

آئندہ جنگ کئی سال تک جاری نہیں رہیگی جیسی کہ پچھلی جنگ تھی۔ آئندہ جنگ میں ہر کام بجلی کی تیزی سے ہوگا۔ جنگ کا صور پھونکتے ہی تار برقی اور بے تار برقی کے آلات میں حرکت ہوگی اور چشم زدن میں تمام جنگجو قومیں ناظر کھڑی ہونگی غیر مرئی آبدوزیں اپنی جگہوں سے نکل پڑیں گی ہولناک ہوائی بیڑے آسمان کی سطح پر چھا جائینگے قتل و ہلاکت کے سامان حیرت انگیز سرعت سے منتقل ہونے لگیں گے۔ اور چند گھنٹوں کے اندر خشکی اور تری کی تمام زندگیاں موت سے بدل جائیگی۔ پچھلی جنگ میں ایک جہاز کے غرق ہونے میں جتنی دیر لگتی تھی اُس سے کم ... جنگ ... فتح یابی عمل میں آئے گی۔ اس جنگ میں وہی قوم کامیاب ہوگی جو سب سے پہلے اپنی آبدوزیں اور ہوائی بیڑے میدان میں پہنچا سکے گی۔ تاکہ سب سے پہلے اپنے جہنمی فرائض ادا کرے۔

مستقبل کی جنگ میں قومیں عقابوں کی طرح اچانک ٹوٹ پڑیں گی۔ اگر تمام سلطنتیں سرعت عمل میں برابر نہ ہونگی تو کامیابی پیش قدمی کرنے والی سلطنت کو حاصل ہوگی۔ بہت ممکن ہے اُس جنگ میں بڑی بڑی سلطنتوں کی پوری قوت صرف ۴۸ گھنٹے میں برباد ہو جائے۔

یہ اس لئے کہ مستقبل جنگ کے طریقے بہت ہی سریع اور ہولناک ہونگے۔ اس جنگ میں سب سے زیادہ ضروری اور مفید عنصر جاسوسوں کا ہوگا۔ یہ عنصر اس وقت بھی ہر سلطنت کے یہاں بہت بڑی وسعت کے ساتھ موجود ہے۔ ہر سلطنت دوسری سلطنت کی تیاریاں اپنے جاسوسوں کے ذریعہ معلوم کر رہی ہے۔ جس سلطنت کی اطلاع زیادہ وسیع اور صحیح ہوگی وہی اُس جنگ میں فتحیاب ہوگی۔

(دور جدید لاہور مورخہ یکم مئی ۱۹۳۹ء)

اللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ (اہلحدیث)

ہندوستان کے مخنث

آج تک تو ہم یہی سمجھتے ہیں کہ مخنث پیدائشی ہوتا ہے جس میں مردو عورت میں سے کسی کی استعداد نہیں ہوتی مگر ایک شخص فقیر جوگی نے جلسہ اہل حدیث لاہور میں بانیان جلسہ سے اجازت لیکر بیان کیا تھا کہ ہندوستان میں ایسے ہیجڑوں کی تعداد ہزاروں تک ہے جو کہ پیدائشی ہیجڑے نہیں ہیں بلکہ مصنوعی طور پر بنائے گئے ہیں جو ایک خفیہ سوسائٹی کے اثر سے اپنا مردانہ عضو کٹوا دیتے ہیں اور اس مصنوعی حالت کو اپنی معاش کا ذریعہ بنا لیتے ہیں۔ اس شخص نے اس سوسائٹی کی بہت سی غلط کاریاں جلسے میں بیان کیں جن سے معلوم ہوا کہ یہ سوسائٹی بڑی خطرناک ہے۔ اب اسی شخص نے

ایک بہت بڑا اشتہار شائع کیا ہے۔ جس میں اس جو سیٹھی کے حالات بیان کر کے حکومت کو اس کی اصلاح پر توجہ دلائی ہے۔ اس اشتہار کو دیکھ کر ہر ایک انسان مشتہر کی تائید کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اس لئے ہم بھی گورنمنٹ کو توجہ دلاتے ہیں کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں اس خرابی کا انسداد کرے جو نسل انسانی کے حق میں بم کے گولے سے کم نہیں ہے ؎

فلسطین کی دوسری گول میز کانفرنس

ہم نے شروع میں اس رائے کا اظہار کیا تھا کہ پولیٹیکل کانفرنسیں ایک ہی دفعہ ختم نہیں ہو جاتیں۔ کیونکہ ان کے کھلاڑی (فریقین) بڑے مشاق اور ماہر فن ہوتے ہیں۔ اگر وہ کوئی چیز دینا بھی چاہتے ہیں تو آخری وقت میں دیتے ہیں۔ اس لئے کسی پولیٹیکل کانفرنس کے ایک مرتبہ ناکام رہنے سے نا امید نہیں ہونا چاہئے۔

چنانچہ اخبارات کا بیان ہے کہ دوسری گول میز کانفرنس کا آغاز عنقریب ہونے والا ہے۔ جس کا خاکہ شائع ہو چکا ہے۔ جو مختصر لفظوں میں یہ ہے کہ یہودیوں کی آبادی مردم شماری میں ایک تہائی تک محدود کر دی جائے اور تین سال کے بعد فلسطین میں قومی حکومت کی جائے۔

ہمارا خیال اگر غلط نہیں ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ جنگ عظیم کے سر پر آجانے کی وجہ سے حکومت برطانیہ اگر ایسا کرے گی تو کمال دور اندیشی سے کام لے گی۔ دیکھئے اعراب فلسطین اس تجویز کو کن شرائط سے مانتے ہیں اور اس کے جواب میں یہودی کیا رویہ اختیار کرتے ہیں۔ ہم اگر اہل فلسطین کو مشورہ دے سکیں تو یہ دیں گے کہ بہرحال نقد نسیہ (اُدھار) سے بہتر ہے۔ جو کچھ لینا ہو پہلے ہی سے لے لینا چاہئے۔ کیونکہ فارسی میں ایک حکیمانہ شعر ہے جو اس جگہ خوب چسپاں ہوتا ہے ؎

ہمرا ہی چوں شود خالی بہا پیمانہ مے گردد
بہ روز تنگ دستی آشنا بیگانہ مے گردد

(نوٹ) اہل حدیث گول میز کانفرنس علی گڑھ کے بعد تحریک ہو رہی ہے کہ ایک اور گول میز کانفرنس منعقد کی جائے۔ شاید کامیاب ہو جائے۔

لعل اللّٰہ یحدث بعد ذلک امرا ۔

محصول ڈاک کی شدت

آج کل اخباروں میں یہ تذکرہ ہو رہا ہے کہ محصول ڈاک کی زیادتی کے باعث اشاعت علوم میں بڑی رکاوٹ ہو رہی ہے۔ بات بھی ٹھیک ہے کہ چار آنے کی کتاب پر ایک آنہ محصول / ۳ر فیس رجسٹری اور ۲ر فیس منی آرڈر مجموعہ خرچ ہو جاتے ہیں۔ اصل قیمت چار آنے پر چھ آنے محصول ڈاک ادا کر کے خریدار کو دس آنے میں کتاب میسر آتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کسی کو حوصلہ نہیں پڑتا کہ پانچ چھ آنے کی کتاب طلب کرے۔

چند روز ہوئے جبکہ پوسٹ کارڈ کی قیمت ایک پیسہ تھی اور لفافہ دو پیسے کا تھا۔ پھر ایک آنے کا ہوا آخر پانچ پیسے تک نوبت پہنچ گئی۔ ابتدا میں تار کا محصول چار آنے تھا۔ مگر آجکل کم سے کم نو آنے ہے۔

مرکزی اسمبلی نے پاس کر دیا ہے کہ پوسٹ کارڈ کی قیمت دو پیسے کر دی جائے مگر ابھی تک اس قانون پر عمل درآمد نہیں ہوا۔ اس لئے ہم گورنمنٹ کو توجہ دلاتے ہیں کہ وہ اس معاملہ پر خاص توجہ مبذول کرے۔ تاکہ غریب رعایا کا بوجھ کچھ تو ہلکا ہو جائے ؎

سرکاری اطلاع

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

پنجاب کے جو ٹریڈ یونین انڈین ٹریڈ یونینز ایکٹ ۱۹۲۶ء کے ماتحت درج رجسٹر ہیں ان کے اراکین و عہدہ داران کی اطلاع کے لئے یہ امر مشتہر کیا جاتا ہے کہ گذشتہ سال کی طرح اب کی مرتبہ بھی حکومت پنجاب نے پنجاب کے ان درج رجسٹر ٹریڈ یونین کے حسابات کی بلا معاوضہ پڑتال کرنے کا انتظام کیا ہے جو اس غرض کیلئے رجسٹرار ٹریڈ یونینز (ڈائرکٹر محکمہ صنعت و حرفت) پنجاب لاہور کی خدمت میں تحریری درخواست پیش کریں۔ لہٰذا جو ٹریڈ یونین اپنے حسابات بابت ۳۸-۱۹۳۹ء کی بلا معاوضہ پڑتال کے متعلق اس رعایت سے مستفید ہونا چاہتے ہوں وہ صاحب موصوف کی خدمت میں حتی الامکان جلدی درخواستیں ارسال کریں ؎ (لاہور ۶ مئی ۱۹۳۹ء)

بھیڑوں کی پرورش

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

خانہ بدوشی کی حالت میں بھیڑوں کی پرورش کو ایک فن کی حیثیت دینے میں اوڈوں نے کمال کر دکھایا ہے۔ جو زیادہ تر بیکانیری نسل کی بھیڑیں پالتے ہیں جو اپنی اون کی پیداوار کے لئے ہندوستان میں مشہور ہیں۔ گرم و خشک آب و ہوا میں ان کی پرورش خوب ہوتی ہے۔ بیکانیری بھیڑوں کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) بوچی نسل۔ اس نسل کی بھیڑ ہلکی پھلکی اور قد میں چھوٹی ہوتی ہے۔ تھوتھنی نوک دار، ناک قدرے چپٹی۔ پیشانی اون سے ڈھکی ہوئی۔ کان چھوٹے گردن پتلی اور خمیدہ۔ اون نرم اور لمبی۔ رنگ سفید۔ چہرہ سیاہ یا بھورا یا سفید۔ یہ نسل بہترین ہے۔ (ب) کناری نسل۔ قد بڑا۔ جلد مضبوط۔ کان لمبوترے اور نیچے گرے ہوئے۔ بلحاظ گوشت یہ نسل سب سے عمدہ ہے۔ اون کی مقدار کم اور گھٹیا ہوتی ہے۔ اوڈوں کا بھیڑیں پالنے کا طریقہ نہایت عمدہ ہے۔ سب سے اول وہ خالص نسل کے ریوڑ سے بہترین نر چنتے ہیں۔ جو جسم کی لمبائی، پسلیوں کے پھیلاؤ، موٹائی، کندھے اور سینے کی گولائی میں ممتاز ہو شکل سے چستی اور دلیری عیاں ہو اور اون کی مقدار اور عمدگی میں بھی خاص امتیاز رکھتا ہو۔ اسی طرح مادہ بھیڑ کے انتخاب میں بھی وہ خاص ایسا ہی خیال رکھتے ہیں۔

مادہ بھیڑوں سے ۵-۶ سال تک کی عمر میں بچے لئے جاتے ہیں۔ اس عمر کے بعد وہ نسل کشی کے کام کی نہیں رہتیں۔ یہ بھیڑیں سال بھر میں ایک دفعہ بچے دیتی ہیں اور اون بھی سال میں دو مرتبہ اپریل اور اکتوبر میں اتاری جاتی ہے۔ اوسطاً اوڈ ... بھیڑوں کا ریوڑ ... مشتمل ہوتا ہے ... ۱۰۰ ... ۴۲۰ روپے کی ... اون اور چھوٹے ...

ahmadimuslim.de

مومیائی ست آرتی

معدہ ٹھیک کر کے اہل حدیث جو ہوالاختیار الحدیث
علاوہ دیگر فوائد کے بلغم پتلا کر دیتی ہے اور تمہارا قوت قائم رکھتی ہیں
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی
سل دق - دمہ - کھانسی - ریزش - کمزوری سینے کو رفع
کرتی ہے گردہ و مثانہ کو طاقت دیتی ہے - جریان یا کسی
اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے -
دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ... کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے - دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے - چوٹ لگنے یا ہڈی ٹوٹنے پر تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے - مرد و عورت بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے - ضعیف العمر کو عصائے پیری
کا کام دیتی ہے - ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے - ایک
چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی - قیمت فی چھٹانک
۶ - آدھ پاؤ ۱۲ - پاؤ بھر ۲۴ معہ محصول ڈاک -
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ... ایک پاؤ
کی قیمت معہ محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر - نیز
ایک پاؤ سے کم روانہ کی جاتی اور نہ ہی بذریعہ وی پی -

تازہ شہادتیں

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور - دو
چھٹانک مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے مجھے قبل چند بار
مختلف پتے سے منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی " (۲۶ فروری)
جناب راؤ عبد الواسع خان صاحب کیرچی - آپکی مومیائی
کی بہت تعریف ہے فی الواقعہ مفید ہے میں نے اس سے پیشتر
منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی - اب ایک چھٹانک اور
ارسال فرمائیں " (۱۲ فروری ۱۹۲۹ء)
جناب عبد الستار صاحب بمبئی - میں نے آپکے پاس سے
تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا اب ایک
چھٹانک تاریخ ... تک ارسال کر دیجئے ... خود
مومیائی ... پتہ:- حکیم محمد سردار خان
... امرتسر

بترجمہ نور العینین ۲۴

... کے اس قدر مقبول ہونے کی یہی وجہ ہے کہ ...
کتاب ہے ... تمام ... کی ... اور ...
... کا بھی ...
قیمت ایک ...
پتہ:- محمود اخانہ نور العینین مالیر کوٹلہ (پنجاب)

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ...
ان دو نو بے نظیر کتابوں کی کیفیت
اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے
پتہ:- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

جدید انگلش ٹیچر

اس میں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ، محاورات
قواعد گرامر اور اردو سے انگریزی ترجمہ کرنے اور انگریزی
سے اردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت سی منتخب عبارات
دی گئی ہے - انگریزی جلد سیکھنے کی ... قیمت ...
پتہ:- منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

فلیویا مسک ٹانک (رجسٹری شدہ گورنمنٹ انڈیا)

یہ ... مجرب ... ہے ... اس
... بیکار ... روپیہ انعام
تہذیب ... نہیں چاہئے - ایک گولی سے
خواہ بوڑھا ہو یا جوان اس ... کے بغیر
نہیں رہ سکتا - آل انڈیا نمائشوں میں امتیازی
... حاصل کر چکی ہے ...
پتہ:- نظام ہاؤس نمبر ۲۵ فرید کوٹ (پنجاب)

دانت ...

درد فوراً بند ہو جاتا ہے - ... لگا ... ہی دیر ہوتی
ہے - کئی بار کی آزمودہ ہے - مسوڑھوں میں اگر کھوڑ ...
کی پھریری سے لگا کر ... دیدو - اگر کھوڑ نہ ہو صرف درد
ہو تو ... لگا دو - بس ...
آرام کے سانس لینے لگتا ہے - قیمت صرف برائے محصول
خرچہ پیکنگ وغیرہ کے فی شیشی ۸ آنہ آنے چاہئیں -
پتہ:- اکسیر اعظم ایجنسی خواجہ گیٹ گوجرانوالہ

انقلاب افغانستان

کا

صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو ... تصنیف

زوال غازی

ملاحظہ فرمائیں - اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام
حالات مندرج ہیں - سیاحت یورپ - افغانستان کی
ترقیات - ملک کے سوشل اور خوانین اور ملاؤں کی ...
کے حالات - بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات - غازی
محمد نادر شاہ کے حالات مفصل درج ہیں - کتاب
عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے
جب تک ختم نہ ہو چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا -
ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۵۰۶ صفحات -
اصل قیمت تین روپے - رعایتی دو روپے -
کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ - محصول ڈاک علیحدہ -
پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

تصانیف حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب

(کتب متعلقہ علم اہل اسلام)

تعلیم القرآن اس رسالہ میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا خلاصہ چند ورقوں میں جمع کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱ر

قرآن اور دیگر کتب قرآن شریف اور دیگر الہامی کتابوں کی تعلیم کا بالاختصار مقابلہ کر کے قرآن مجید کی عظمت ثابت کی ہے لکھائی، چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱ر

خصائل النبی ترجمہ شمائل ترمذی۔ حضور پرنور کے اخلاق شریفہ کا مختصر بیان۔ ۱ر

حیات مسنونہ مسلمانوں کا معراج کمال یہ ہے کہ ان کی عملی زندگی سنت نبوی کے مطابق ہو۔ اس مقصد کو ملحوظ رکھ کر مولانا موصوف نے
رسالہ ہذا تصنیف فرمایا ہے جو اس قابل ہے کہ مخیر حضرات (۵۴۸)
اور انجمن ہائے اہل حدیث اس کو عوام میں مفت تقسیم کرائیں قیمت فی نسخہ ۲ر۔ بغرض تقسیم فی سینکڑہ

السلام علیکم اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ اسلامی سلام بلحاظ فضائل اور اوصاف کے تمام دوسرے فرقوں کے سلاموں سے اعلیٰ اور افضل ہے، قابل دید ہے۔ قیمت ۱ر

ہدایت الزوجین۔ اس رسالہ میں نکاح، طلاق اور خلع وغیرہ احکام کے علاوہ بیوی کے خاوند پر اور خاوند کے بیوی پر جو حقوق ہیں مختصر طور پر بیان کئے گئے ہیں۔ میاں بیوی کو مطالعہ کرنا چاہئے۔ قیمت ۱ر

کلمہ طیبہ کلمہ شریف لا الٰہ الا اللہ کی تفسیر کرتے ہوئے مسئلہ توحید پر عالمانہ دلائل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔ قیمت ۲ر

شریعت اور طریقت اس رسالہ میں شریعت اور طریقت دونوں مضامین پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ۱ر

رسوم اسلامیہ رسوم مروجہ بدعیہ کو خلاف شریعت ثابت کر کے ان کے مقابلہ پر اسلامی رسوم کا بیان۔ قیمت ۱ر

الفوز العظیم قرآن مجید میں جو مختلف چیزوں کی قسمیں کھائی گئی ہیں ان کی حکمتوں کا بیان۔ قیمت ۳ر

اتباع الرسول امرتسری منکر حدیث پارٹی کے سرگردہ مولوی احمد الدین صاحب اور مولانا ثناء اللہ صاحب کے مابین حجیت حدیث اور اتباع الرسول پر ایک تحریری مباحثہ ہوا تھا۔ جس میں ثابت کیا گیا تھا کہ حدیث نبوی حجت شرعی اور اتباع الرسول راہ ہدایت ہے۔ برخلاف اس کے فریق ثانی نے اطاعت رسول علیہ السلام کو شرک اور زنا سے بدتر ہونے کا فتویٰ دیا تھا۔ قیمت ۴ر

دلیل القرآن بجواب صلوٰۃ القرآن، مصنفہ مولوی عبد اللہ چکڑالوی۔ اس میں اہل قرآن کے طریقہ نماز کو مدلل طور پر رد کیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۳ر

خلافت محمدیہ اس رسالہ میں مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ کو ثابت کر کے قرآن مجید سے ان کے مومن اور متقی ہونے پر عالمانہ استدلال کیا گیا اور مسئلہ باغ فدک پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ قیمت ۱ر

خلافت راشدہ مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ نہایت دلچسپ اور جدید انداز میں ثابت کیا گیا ہے۔ اور تاریخی حوالہ جات کی روشنی میں مسئلہ خلافت مختلف فیہ کو تحقیق و تبصرہ میں کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ منکرین کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قیمت ایک آنہ

اسلام اور برٹش لاء اس رسالہ میں بیانات محمدیہ کو انگریزی قوانین کے مقابلہ میں اعلیٰ اور افضل ثابت کیا گیا ہے۔ ۳ر

قرآنی قاعدہ ثنائیہ قرآن شریف کی تعلیم میں ابتدائی قاعدوں کا بچوں کے ذہن کے موافق نہ ہونے سے ان کو بہت مشکل پیش آتی تھی۔ اس مشکل کو حل کرنے کے لئے یہ قاعدہ تصنیف کیا ہے جو بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے بہت مفید ہے۔ فی عدد ۲ر۔ فی سینکڑہ ۶

ثنائی پاکٹ بک مجلد اس مختصر کتاب میں تمام مذاہب (آریہ، عیسائی، بہائی، مرزائی، شیعہ، نیچری، دہریہ، منکرین نبوت، سکھ، اور بت پرست وغیرہ) پر عالمانہ انداز میں تنقید کی گئی ہے۔ اور ہر ایک مذہب کی تردید میں دو دو دلیلیں بھی دی گئی ہیں۔ پاکٹ سائز۔ قیمت ۴ر

مائۃ ثنائیہ یعنی صد احادیث نبویہ

مختلف دس عنوانوں کے ماتحت دس دس احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مع اردو ترجمہ درج کی گئی ہیں۔ عاشقان و فدایان سنت نبی علیہ السلام کو چاہئے کہ کتاب ہذا ضرور منگوا کر مطالعہ فرمائیں۔ اور عوام مسلمانوں کو پڑھ کر سنائیں۔ کاغذ، کتابت طباعت، اعلیٰ۔ قیمت صرف ۴ر

نوٹ: محصول ڈاک جملہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں صرف اصل قیمتیں درج کی گئی ہیں۔

ملنے کا پتہ: **مینیجر اہلحدیث امرتسر**

سرمہ رفیق چشم رجسٹرڈ سیروں مفت

تقسیم کیا جا رہا ہے۔ آپ بھی محصول ڈاک کیلئے صرف ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر بیش قیمت سرمہ اور کتاب "نور نظر کے پوشیدہ خزانے" بالکل مفت طلب فرمائیے مفصل حالات اور ترکیب استعمال ہمراہ ہوگی۔

مینیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن فتح آباد ضلع حصار (پنجاب)

(کتب متعلقہ اہل الحدیث)

اہل حدیث کا مذہب

اہل حدیث کے مسلمہ مسائل کا مدلل بیان اور دیگر فرقوں کے مسائل پر مختصر تنقیدی نظر۔ قیمت ۶/

تقلید شخصی و سلفی

جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ سلف صالحین اخذ مسائل میں صرف قرآن و حدیث کو اپنا نصب العین بناتے تھے اور کوئی کسی کا مقلد نہ تھا۔ قیمت ۵/

حدیث نبوی اور تقلید شخصی

اس رسالہ کے پہلے حصہ میں حجیت حدیث شریف پر ناقابل تردید دلائل دیکر فرقہ اہلقران کا منہ بند کر کے دوسرے حصہ میں مقلدین اور غیر مقلدین علماء کی تحریروں کا اقتباس درج کر کے بتایا گیا ہے کہ اہل حدیث اور احناف کا نزاع لفظی ہے دراصل دونوں کا نصب العین ایک ہی ہے۔ اخیر میں تقلید شخصی کے اثبات پر چند دلائل نقل کر کے ان کی عالمانہ رنگ میں تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۳/

آمین رفعیدین مع ضمیمہ فاتحہ خلف الامام

ہر سہ مسائل پر عالمانہ بحث کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ یہ مسائل احادیث نبویہ سے ثابت ہیں۔ اور بعض معتمد علماء احناف ان کے مسنون ہونے کے قائل ہیں۔ ۲/

علم الفقہ

اس رسالہ میں بتایا گیا ہے کہ اصل علم فقہ یعنی قرآن و حدیث ہے اور اہل حدیث اصل علم فقہ سے منکر نہیں ہیں۔ قیمت صرف ۲/

فقہ اور فقیہ

اس رسالہ میں علم فقہ کی حقیقت اور فقیہ کی جامع تعریف اور مسئلہ تقلید کا فیصلہ علمی اصول سے کیا گیا ہے۔ ۳/

تنقید تقلید

یہ وہ تحریری مباحثہ ہے جو مولوی مرتضیٰ حسن صاحب دیوبندی کے مضمون مندرجہ اخبار "العدل" گوجرانوالہ کے جواب میں اہلحدیث امرتسر میں شائع ہوتا رہا۔ جس میں فریقین کی تحریریں اصلی اور پورے الفاظ میں نقل ہیں جس قدر حصہ اخبار [illegible] ہوا ہے۔ اسکے علاوہ جدید حاشیے درج کئے گئے ہیں۔ یہ رسالہ مسئلہ تقلید پر بے نظیر ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۵/

فتوحات اہل حدیث

ان مقدمات کا مجموعہ جو مابین اہل حدیث اور احناف مختلف مقامات میں رونما ہوئے ہندوستان کی ہائی کورٹوں اور لندن کی پریوی کونسل کے فیصلہ جات جو اہل حدیث کے حق میں ہوئے۔ قیمت ۴/

اجتہاد و تقلید

اس رسالہ میں مسئلہ تقلید شخصی پر عالمانہ بحث کی گئی ہے اور مسئلہ اجماع کی حجیت اور عدم حجیت پر تحقیق انیق کی گئی ہے اور ثابت کیا ہے کہ دروازہ اجتہاد کا ہمیشہ کھلا رہے گا۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۶/

(در تردید قادیانی مشن)

الہامات مرزا

اس کتاب میں مرزا صاحب قادیانی کے الہاموں پر مفصل بحث کر کے ان کو غلط ثابت کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ الہامات میں اختلافات ہونا مامور من اللہ ہونے کے قطعی منافی ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۹/

تاریخ مرزا

مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے صحیح صحیح حالات از طفولیت تا دم وفات اس رسالہ میں مندرج ہیں۔ قیمت ۶/

نکاح مرزا

(مع اضافات جدیدہ) جس میں مرزا صاحب قادیانی کی آسمانی منکوحہ (محمدی بیگم) کی پیشگوئی کی قطعی تردید ان کے اپنے اقوال سے کی گئی ہے۔ جدید اڈیشن قیمت ۳/

عقائد مرزا

مرزا صاحب قادیانی کے عقائد کا مختصر بیان۔ ان کی اپنی عبارات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ قیمت ۱/

فاتح قادیان

(جدید اڈیشن) جس میں مولانا کے انعامی مباحثہ متعلقہ مرزا قادیانی بابت وفات مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب مع فیصلہ منصفان و سرپنچ کی روئداد درج ہے۔ اور کتاب "آیۃ اللہ" مصنفہ مولوی محمد علی صاحب ایم اے امیر جماعت احمدیہ لاہوری پارٹی کا بھی مدلل جواب دیا گیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۶/

چیستان مرزا

مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے کلام میں اختلاف ثابت کیا ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۱/

شہادات مرزا

ملقب بہ عشرہ مرزائیہ جس میں دس شہادتوں (احادیث نبویہ اور اقوال و الہامات مرزائیہ) سے مرزا صاحب قادیانی کے دعوے مسیحیت موعودہ کی تردید کی گئی ہے۔ اور جس کے جواب پر منصف فیصلہ مبلغ ایک ہزار روپے کا اعلان کیا گیا تھا۔ (جس کو مرزائی امت آج تک وصول نہ کر سکی)۔ قیمت ۳/

فتح ربانی

ایک زبردست تحریری مباحثہ دربارہ حیات مسیح۔ مابین مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب اور مولوی غلام رسول صاحب ساکن راجیکے۔ جو نہایت لطیف اور دلچسپ بحث ہے۔ قیمت ۶/

شاہ انگلستان اور مرزا قادیان

(۵۴۹)

جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ جارج پنجم شاہ انگلستان کا دربار دہلی میں تشریف لانا خدائی حکمت میں مرزا صاحب قادیانی کی تکذیب کے لئے تھا۔ قیمت ۱/

فسخ نکاح مرزائیاں

مرزائیوں سے میل جول اور شادی غمی میں شریک نہ ہونے کے متعلق علماء اسلام کا متفقہ فتویٰ۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ مرزائی اصل اسلام سے خارج ہیں۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱/

نکات مرزا

چونکہ مرزا صاحب قادیانی کو معارف اور نکات قرآنیہ دکھانے کا بڑا دعویٰ تھا۔ ان کے موجودہ خلیفہ صاحب کو بھی یہی دعویٰ ہے۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب کے معارف نکات کے بہت سے نمونے دکھائے گئے ہیں اور ساتھ ہی مولوی عبداللہ صاحب چکڑالوی کے معارف و نکات بھی دئیے گئے ہیں۔ تاکہ دونوں کا خوب مقابلہ ہو سکے قابلدید ہے۔ کاغذ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱/

ملنے کا پتہ ۔۔۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

محمد قادیانی

مرزا صاحب قادیانی کا دعویٰ تھا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا میں مثیل ہوں جو اُن کی زندگی کا پروگرام تھا وہی میرا ہے۔ ان کے اپنے اقوال سے ان کے اس دعویٰ محمدیت ثانیہ کی کما حقہ تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۲؍

تعلیمات مرزا

مع جواب الجواب۔ قادیانی مشن کی تردید کے لئے ایک مختصر مگر جامع رسالہ "تعلیمات مرزا" شائع ہوا تھا۔ جسکو ناظرین نے بہت پسند کیا اور جلد پہلا اڈیشن ختم ہوگیا۔ قادیان سے اس کا جواب نکلا جس کا جواب الجواب اس میں دیا گیا ہے۔ اب یہ ایسی جامع کتاب ہے کہ اسکو پاس رکھنے والا ہر میدان میں مرزائیوں پر غلبہ پا سکتا ہے۔ قیمت ۶؍

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی مرحوم کے رسالہ اشاعۃ السنہ کا فائل

مولانا مرحوم کے رسالہ "اشاعۃ السنہ" کے بہت سے فائل ہمارے پاس موجود ہیں۔ جن اصحاب کو اس رسالہ کے جس پرچہ کی ضرورت ہو۔ اس کا نمبروار جلد کا نمبر بھیجکر منگالیں۔ بعض جلدیں بارہ نمبر کی اور بعض اس سے کم نمبروں کی ہیں۔ اور ہر جلد مضمون کے لحاظ سے ایک کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر جلد کی قیمت عہ فی نمبر کے حساب سے ہوگی۔ علاوہ محصول ڈاک۔

عصاء موسیٰ

مصنفہ مولانا الٰہی بخش صاحب مرحوم

مصنف موصوف شروع شروع میں مرزا غلام احمد قادیانی کے رفیق کار تھے۔ جبوقت مرزا آنجہانی نے امام وقت، مجدد اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا تو مصنف موصوف مرزا سے علیحدہ ہوگئے اور انکے دعاوی جو جھوٹ، فریب اور دھوکہ پر تھے ان کو واضح کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی۔ تردید مرزائیت کیلئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ تقطیع بڑی ضخامت ۴۴۶ صفحات۔ قیمت عہ علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ:۔ عبد العزیز تاجر کتب کشمیری بازار۔ لاہور (پنجاب)

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔

خط وکتابت کرنے کا پتہ:۔ منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

انتہائی رعایت

اچھا موقعہ

"ویدارتھ پرکاش نمبر ویدک تہذیب" عہ کی بجائے ۵؍ میں

مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب ست دھرمی۔ جس میں خود وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیا سوز منتروں کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی ثابت نہیں ہو سکتے۔ غرضیکہ ویدوں کی وید منتروں سے مدلل طور پر تردید کی ہے۔ قابل قدر کتاب ہے۔ آریہ سماج اس کا جواب نہیں دے سکا۔ جلد منگالیں ورنہ ختم ہوجانے کو ہے۔

قیمت عہ کی بجائے ۵؍ پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

بہاء اللہ اور مرزا

مرزا صاحب قادیانی اور شیخ بہاء اللہ ایرانی کے دعاوی کا مقابلہ۔ قیمت ۶؍ چھ آنے

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند، جالا، پھولا، ڈھلکہ، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو دور کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اس کے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پاچکے ہیں۔ بحالت صحت اس کا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ عہ

منگوانے کا پتہ:۔ کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ حکیم سنٹرل امرتسر

فیصلہ مرزا

(عربی و اُردو) اس رسالہ میں آخری فیصلہ والے اشتہار کی بہت عمدہ تشریح کی گئی ہے جس کی مرزائی آج تک تردید نہیں کرسکے۔ اور آخری فیصلہ کے متعلق اُن تمام اعتراضات کا مفصل و مدلل جواب دیا گیا ہے جو آئے دن مرزائی کرتے رہتے ہیں۔ اس رسالہ کا ایک صفحہ عربی بالمقابل اُردو ہے۔ قادیانیوں کی تردید کے لئے ایک زبردست حربہ ہے۔ قیمت عہ۔ ایضاً انگریزی۔ قیمت ۵؍

علم کلام مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب کو بحیثیت مصنف جانچا گیا ہے۔ آجتک مرزائیوں کی تردید میں [illegible] شائع ہوئی

عجائبات مرزا

یہ رسالہ ان سب سے نرالا ہے۔ اس کا مضمون بالکل اچھوتا اور انوکھا ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے پہلے اس قسم کا کوئی رسالہ آپکی نظر سے نہ گذرا ہوگا۔ قیمت ۶؍

یہ رسالہ علم کلام مرزا کا ضمیمہ ہے۔ اس میں مرزا صاحب کے اقوال سے ان کی عمر صرف گیارہ سال ثابت کی گئی ہے۔ قیمت ۳؍

ملنے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث [illegible]

ahmadimuslim.de

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۲۹

اخبار اہلحدیث امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ بر جاں مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عہ

رؤسا و جاگیرداروں سے " ہے

عام خریداران سے " ہے

" " ششماہی ہے

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ - - - - ۲/

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط وکتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط وکتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۲۸ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۹ مئی ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۵۵۱)

فہرست مضامین

قرآن مقدس - - - - ۱
انتخاب الاخبار - - - ۲
نماز سید المرسلین بجواب صلوٰۃ المرسلین ۳
مرزا صاحب قادیانی کا پسر موعود - - ۴
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - ۸
مرزا صاحب قادیانی مدعی نبوت تھے - ۹
مولوی بشیر کوٹلوی کی درافشانیاں - - ۹
اشاعت اہلحدیث کے کرنے کے کام - ۱۰
آریہ صاحبان سے سوالات - - - ۱۱
مسلمانوں کو توحید سنت کا سبق - - ۱۱
فتاوے ۱۲ - متفرقات ۱۲
ملکی مطلع - - - - ۱۳
اشتہارات - - - - ۱۴

قرآن مقدس

(از مولوی ابوالشکور محمد داؤد صاحب راز شکراوی)

ہر قوم اور ہر ملک جس سے فیض یاب ہے
میخانۂ وحدت میں جو صہبائے ناب ہے

دل شاد جس کے ذکر سے ہر شیخ و شاب ہے
باطل کے لئے باعث صد اضطراب ہے

قرآن پاک ہے جو تقدس مآب ہے
اس باب میں کتاب یہی لاجواب ہے

جس چیز نے عالم کو ترقی پہ لگایا
سب جانتے ہیں وہ یہی کتاب ہے

پیغام حریت ہے یہ معراج ترقی
قوموں کے لئے ہادیٔ راہ صواب ہے

چھوٹی سی یہ کتاب ہے لیکن ہیں کیا علوم
نور مبین ہے یہی فصل الخطاب ہے

منبع ہے یہ علوم قدیم و جدید کا
یہ اسوۂ جناب رسالت مآب ہے

اس کی نظیر آج تک پائی نہیں گئی
ثابت ہوا یہ صاف خدا کی کتاب ہے

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں گرمی روز بروز بڑھ رہی ہے۔ دن بھر گرم لو چلتی رہتی ہے۔

—— امرتسر میں حسب پروگرام مشترہ مسلم لیگ کا وفد ۱۱۔مئی کی صبح کو آیا۔ بعد نماز عشا جامع مسجد شیخ خیر الدین مرحوم میں جلسہ بھی ہوا۔ سامعین بکثرت شریک ہوئے جس میں ارکان وفد نے ہندوستان کے ان صوبوں کے مسلمانوں کی حالت بیان کی جن میں ان کی اقلیت ہے اور حکومت کانگرسی ہے۔ یہ وفد پنجاب کے دیگر شہروں میں بھی دورہ کر رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس وفد کے اثر کو زائل کرنے کے لئے کانگرسی وفد بھی اس کے پیچھے پیچھے دورہ کریگا۔

—— امرتسر کے سکھ معززین کا ایک وفد صاحب ضلع سے مل کر اپنی شکایات (متعلقہ کمی حقوق ملازمت بلدیہ) کے انسداد کا خواہاں ہوا۔ صاحب بہادر نے ان کی شکایات سن کر کہا کہ بہتر ہے کہ بلدیہ ہی اس کا خود ازالہ کردے تاکہ حکومت کو دخل نہ دینا پڑے۔ چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ ارکان بلدیہ کی ایک مجلس اسی بارہ میں منعقد ہوئی ہے کہ اس معاملہ کو بہتر صورت سے ختم کر دیا جائے۔

—— نارتھ ویسٹرن ریلوے کی طرف سے ۱۵۔مئی سے تیز رفتار ڈیزل ریلوے کاریں چند برانچ لائنوں پر مختلف اوقات میں چلنی شروع ہوئی ہیں۔ جن میں صرف تیسرے درجے کے مسافر سوار ہو سکتے ہیں۔

—— حیدر آباد ایجی ٹیشن جاری ہے ۱۳۔مئی کو امرتسر سے ایک اور جتھا روانہ ہوا ہے۔ مہاشہ کرشن اور پرتاپ لاہور ۱۵ جون کو شولا پور سول نافرمانی کرینگے۔ پنجاب کے دوسرے شہروں سے بھی جتھے بدستور جا رہے ہیں۔

—— بنارس میں فرقہ وارانہ کشیدگی کو دور کرنے کے لئے ہر قسم کے جلسے اور جلوس بلا اجازت نکالنے ممنوع قرار دیئے گئے ہیں۔

—— یکم جولائی سے شہر لاہور میں ہاؤس ٹیکس نافذ ہو جائیگا۔

—— لکھنؤ میں شیعوں کی طرف سے تبرا بازی جاری ہے۔ معلوم ہوا ہے پنڈت جواہر لال نہرو۔ مولوی فضل حق وزیر اعظم بنگال اور دوسرے چند معززین شیعہ سنی فساد کو روکنے اور آئندہ کے لئے مدح صحابہ و تبرا کا بہترین حل سوچ رہے ہیں تاکہ یہ فساد ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے۔

—— روزنامہ "ملاپ" لاہور ۱۶ مئی رقمطراز ہے کہ امرتسر کے شہری حلقہ سے پنجاب اسمبلی کی مسلم نشست خالی ہونے والی ہے۔ اسکے ضمنی انتخاب کے لئے ڈاکٹر سیف الدین کچلو کانگرس کے ٹکٹ پر پھر کھڑے ہونگے۔

—— ملاپ لاہور راوی ہے کہ بہاؤ نگر میں پرجا منڈل کانفرنس کے صدر سردار پٹیل کا جلوس گزر رہا تھا کہ ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ ایک کانگرسی ہندو ہلاک ہو گیا۔

—— حکومت کشمیر نے تپدق کے مریضوں کو حدود ریاست میں داخل ہونے کی ممانعت کر دی ہے۔

ایک نظر ادھر بھی

"اہلحدیث" ۲۸۔اپریل میں حساب دوستاں ملاحظہ فرما چکے ہوں تو قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ ورنہ آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جا رہا ہے اسے وصول فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ (منیجر اہلحدیث)

—— لاہور میں ایک ہندو عورت نے ایک جلسہ میں تقریر میں کہا کہ اگر حیدر آباد ایجی ٹیشن میں عورتوں کے جتھے جاتے تو آج تک یہ مہم فتح ہو جاتی۔

—— حکومت پنجاب نے ۱۲½ لاکھ روپیہ محکمہ تعلیم کیلئے منظور کیا ہے۔ اس رقم سے امدادی سکولوں کی امداد کی جائیگی۔

—— لندن۔ ۹۔مئی ڈیوک آف ونڈسر نے امریکہ سے ایک تقریر براڈ کاسٹ کی جس میں آپ نے دنیا بھر کے دنیا بھر کے ممالک کو امن پسند رہنے کی اپیل کی تاکہ تہذیب و تمدن تباہ نہ ہو۔

—— معلوم ہوا ہے کہ ایبے سینیا کے سابق بادشاہ کولمبو (لنکا) میں پان ایشیائی امن کانفرنس کی صدارت کرینگے اور آئندہ کیلئے اپنی رہائش بھی لنکا میں اختیار کرینگے۔

تعزیتی جلسہ

۱۲۔مئی کو مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ باہتمام انجمن تنظیم الطلباء بنگال و آسام دہلی مدرسہ دار السلام صدر بازار کے وسیع ہال میں زیر صدارت مولانا احمد اللہ صاحب بعد نماز جمعہ منعقد ہوا۔ دہلی کے علماء کرام نے مختلف مضامین پر تقریریں فرمائیں۔ ازاں بعد جناب حاجی عبد الغفار صاحب رحمہ اللہ کے سفر حج سے واپسی میں ۲ مئی کو جہاز علوی پر داعی اجل کو لبیک کہنے کے حادثہ جانکاہ کے متعلق ایک تجویز مولانا عبد السلام صاحب مولوی فاضل صدر مدرس مدرسہ علی جان نے پیش کی۔ اور مولانا عبد الحنان صاحب مدیر مسلم اہلحدیث گزٹ دہلی، مولانا عبد الوکیل صاحب خطیب ایڈیٹر ریاض توحید دہلی، مولانا حاکم علی صاحب صدر مدرس مدرسہ دار السلام دہلی نے تجویز کی تائید کی۔

ازاں بعد جلسہ ۵ بجے شام دعائے مغفرت کے ساتھ ختم ہوا۔ (ابو نعیم محمد مستقیم سکرٹری انجمن تنظیم الطلباء بنگال و آسام، دہلی، از دفتر صدر بازار)

(۸ر اشاعت فنڈ وصول)

والئ حجاز بحرین میں

مفتی عبد المجید صاحب نظام آبادی جو بسلسلہ ملازمت جبل الظہران میں مقیم ہیں تحریر فرماتے ہیں کہ آئل کمپنی کی دعوت پر جلالۃ الملک سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ مع ولی عہد و دیگر شہزادگان تشریف فرما ہوئے۔ کمپنی کی طرف سے پرجوش استقبال کیا گیا۔ ہندوستانی ملازمین کو بھی اعلیٰ حضرت نے شرف باریابی عطا فرمایا۔ بعض کو مصافحہ کا موقع بھی بخشا حکومت سعودیہ کی تعمیر کردہ نئی مسجد (جو حال ہی میں ایک لاکھ روپیہ کی لاگت سے تیار ہوئی ہے) میں امیر فیصل کے ہمراہ نماز جمعہ ادا فرمائی۔ ملازمین کمپنی کی طرف سے آپ کو عربی میں سپاسنامہ بھی پیش کیا گیا جس کے جواب میں آپ نے بہت خوشی کا اظہار فرمایا۔ اسکے بعد آپ بحرین میں تین چار روز قیام کے بعد ریاض تشریف لے گئے ارکان دولت سعودیہ شیخ عبد اللہ سلیمان و حافظ وہبہ صاحب بھی اعلیٰحضرت کے ہمراہ تھے۔

—— [illegible]

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۸- ربیع الاول ۱۳۵۸ھ

نماز سیّد المرسلین

بجواب

رسالہ صلوٰۃ المرسلین

(۳)

اس سلسلہ کے دو نمبر پہلے دو پرچوں میں درج ہو چکے ہیں۔ آج تیسرا نمبر درج ذیل ہے۔ راقم رسالہ نے صفحہ۱۶۹ پر علمائے حدیث سے ایک استفسار کیا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں:-

روایات کی کتاب ترمذی اور بخاری میں تحریر ہے کہ پیشتر مسلمان نماز کے قعدہ میں اَلسَّلَامُ عَلَی اللّٰہِ کہا کرتے تھے۔ ایسا کہنے سے روکا گیا اور اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ کہنے کا حکم دیا گیا۔ شاید یہ تبدیلی اس لئے عمل میں لائی گئی ہوگی کہ پہلی دعا میں اللہ تعالیٰ کے بیماری سے بچنے کی التجا تو تھی لیکن برائی سے بچنے کی کوئی التجا شامل نہ تھی۔ دوسری عبارت میں یہ دونوں باتیں شامل تھیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ موجدین نے اس دعا کو قبول کرنے والا کسے ٹھہرایا تھا۔ اور یہ کہ جو خدا بیماری اور برائی سے مبرا نہ ہو وہ خدا ہونے کے لائق بھی ہے یا نہیں۔ کیا علمائے اہل الروایات اس مسئلہ پر غور فرما کر کوئی تسلی بخش جواب مرحمت فرمائیں گے؟ (صلوٰۃ المرسلین صفحہ۱۶۹)

جواب اعتراض کی شکل بنانے قاصد علی القاصد مصنف نے تو بہ کل کمالات ہیں۔ آپ لکھتے ہیں:۔

صادق آتی ہے۔ السلام علی اللہ کہنا کسی طرح بھی جائز نہیں۔ اسی لئے آپ نے اس سے منع فرمایا۔ مگر اس کی جگہ التحیات رکھا جو اظہار عبودیت کے لئے ہے نہ کہ ان اغراض فاسدہ کے لئے جو آپ نے بیان کی ہیں۔ اس کی تفصیل ہم پہلے نمبر میں لکھ چکے ہیں۔

تمثیل ایک پادری صاحب سے میری گفتگو تثلیث کے مسئلہ پر ہو رہی تھی (تثلیث کے معنی ہیں تین ہستیوں کو خدا ماننا) پادری صاحب نے کہا آپ تو یونہی انکار کرتے ہیں۔ قرآن کی پہلی ہی آیت میں تثلیث کا ثبوت ملتا ہے۔ میرے دریافت کرنے پر فرمایا پڑھئے:۔

بسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

یہی تین ہیں جن کو ہم باپ، بیٹا اور روح القدس کہتے ہیں قرآن شریف سے ایسا استدلال کرنے والے یا از خود باتیں بنانے والے علمی دنیا میں کچھ عزت کے مستحق نہیں ہوتے۔ ان کے حق میں اتنا ہی کہنا کافی ہے ؎

جفا کے تو بھی ہو قابل خدا وہ دن تو کرے

درود شریف اس عنوان کے ماتحت اہل قرآن مصنف نے تو بہ کل کمالات ہیں۔ آپ لکھتے ہیں:۔

درود شریف کا قرآنی مفہوم تو انشاء اللہ تعالیٰ ہم سلام کے بیان میں پیش کریں گے یہاں صرف مروجہ درود شریف کو مع اس کے کھلے ہوئے مفہوم کے قرآن حکیم کی روشنی میں واضح کیا جائیگا تاکہ ناظرین کو اس کی حقیقت بھی ظاہر ہو جائے کہ مذہب اسلام سے اس کا کس قدر تعلق ہے اس مقصد کو سمجھانے کے لئے ضروری ہے کہ قرآن کریم کا وہ حکم جس کی تعمیل میں درود شریف مروجہ کا اجرا بتلایا جاتا ہے۔ درود شریف کے مقابل تحریر کریں۔ پس ایک طرف حکم الٰہی اور دوسری طرف تعمیل حکم مع ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد دلائل تنقید ناظرین کے روبرو ہونگے۔

اللہ تعالیٰ کا حکم		تعمیل حکم	
اِنَّ اللّٰہَ	ترجمہ تحقیق	اَللّٰھُمَّ صَلِّ	(ترجمہ) اے اللہ
وَمَلٰٓئِکَتَہٗ	اللہ اور	عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی	درود بھیج محمد پر
یُصَلُّوْنَ	فرشتے اسکے	اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا	اور آل محمد پر جیسا کہ
عَلَی	درود بھیجتے	صَلَّیْتَ عَلٰی	تو نے درود بھیجا
النَّبِیِّ	ہیں اوپر	اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی	تھا ابراہیم اور
یٰٓا	نبی کے	اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ	آل ابراہیم پر
اَیُّھَا	اے لوگو	اِنَّکَ حَمِیْدٌ	تو ہی حمد کیا ہوا
الَّذِیْنَ	جو ایمان	مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ	بزرگ ہے اے اللہ
اٰمَنُوْا	لائے ہو	بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ	برکت بھیج محمد اور
صَلُّوْا	درود بھیجو	وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ	آل محمد پر جیسا کہ
عَلَیْہِ	اوپر اسکے	کَمَا بَارَکْتَ	تو نے برکت بھیجی
وَسَلِّمُوْا	اور سلام بھیجو	عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ	تھی ابراہیم اور
تَسْلِیْمًا	سلام بھیجنا	وَّعَلٰی اٰلِ	آل ابراہیم پر
پ ۲۲	ترجمہ شاہ	اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ	تو ہی حمد کیا ہوا
ع ۴	رفیع الدین صاحب	حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ	بزرگ ہے

ناظرین اللہ تعالیٰ کا حکم جس کی وجہ سے اہل الروایات نے درود شریف پڑھنا شروع کی اور درود شریف دونوں آپ کے سامنے ہیں۔ اب ذرا ہماری تنقید بھی ملاحظہ فرمایئے۔

اوّل یہ کہ حکم اور اس کی تعمیل جو صورت میں درج ہے اس کی مثال ایسی ہی ہے جیسا کہ عبد ذلیل احکام خداوندی کی تعمیل اس کے مقابل میں ...

(۵۵۳)

حکم خداوندی		تعمیل حکم	
الف۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ	اے ایمان والو قائم کرو نماز اور دو زکوٰۃ	اَللّٰھُمَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ وَ اٰتِ الزَّکٰوۃَ	اے اللہ تو قائم کر نماز اور دے زکوٰۃ
ب۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ	اے ایمان والو فرض کئے گئے تم پر روزے	اَللّٰھُمَّ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ	اے اللہ! تجھ پر فرض کئے گئے ہیں روزے

واقعی اگر احکام الٰہی کی اسی طرح تعمیل ہوا کرے تو مسلمانوں کا مذہب بہت ہی آسان ہو جائے اور ہر طرف سے ہٹ کر صرف زبان پر باقی رہ جائے پھر کسی مذہب کو ہرگز ہرگز لڑائی جھگڑے کا موقع نہیں مل سکتا اب ذرا اردو کی ایک مثال بھی ملاحظہ فرمالیجئے

اگر کوئی آقا اپنے غلام یا ملازم کو حکم دے کہ اے ملازم ذرا حقہ بھر لا۔ ملازم صاحب اس کی یوں تعمیل کریں کہ اے آقا صاحب آپ حقہ بھر لائیے بلاشک ملازم کی یہ تعمیل اپنے آقا کو خوش کرنے کا باعث نہیں ہو سکتی۔ پس اللہ تعالیٰ کے حکم کہ اے مومنو درود بھیجو نبی پر اس کی یہ تعمیل کہ اے اللہ تو درود بھیج محمد پر" کسی طرح درست نہیں ہو سکتی"

(رسالہ مذکور ص۹ تا ص۱۰)

اہلحدیث | راقم مضمون نے اگر علم صرف کی کتابوں میں خواص ابواب پڑھے ہوتے یا ان کو یاد ہوتے تو یہ اعتراض کرنے کی جرأت کبھی نہ کرتے۔ باب تفعیل کے خواص میں دو خاصے ایجاد فعل اور الباس ماخذ مشہور ہیں۔ صَلُّوْا باب تفعیل سے امر کا صیغہ ہے۔ جب اس کے مخاطب مؤمنین ہوں تو اس وقت اس سے مراد ہوتی ہے ایجاد فعل صلوٰۃ (دعا کرنا) یعنی نبی علیہ السلام کی ترقی درجات کے لئے دعا کرنا مقصود ہوتا ہے۔ ہاں جب مخاطب خود خدا ہو۔ جیسے اَللّٰھُمَّ صَلِّ میں تو اس وقت اس کے معنی خاصۂ الباس ماخذ کے ماتحت یوں ہونگے کہ اے خدا نبی علیہ السلام کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے یعنی ان کو اپنی رحمت سے پورا حصہ عنایت کر۔

اس کی مثال میں ہم آپ کے لئے باب تفعیل کا ایک اور مصدر پیش کرتے ہیں۔ سنئے اور غور سے سنئے۔ اور اپنی ساری جماعت سے مل کر اس کا جواب سوچئے۔ ارشاد ہے:۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا (جس نے اپنے نفس کو پاک کر لیا وہ نجات پا جائیگا)۔ ادھر یہ بھی ارشاد ہے۔ فَلَا تُزَکُّوْا اَنْفُسَکُمْ۔ دوسری آیت کے معنی پہلی کے لحاظ سے یہ ہونگے کہ اپنے نفسوں کو پاک نہ کرو۔ یعنی نجات کا ذریعہ (تزکیہ نفس) حاصل نہ کرو۔

مسلم صاحب! | کیا یہ معنی آپ کو منظور ہیں یا کچھ اور مطلب ہے؟ سچ ہے قرآن کو جاننے کے لئے قرآن کے خادم علوم کی بھی ضرورت ہے۔

پس آپ کا سارا اشکال دور ہو گیا۔ اسی طرح آپ کا نتیجہ میں اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ کی تعمیل اَللّٰھُمَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ بتانا لڑکپن کی سی بات ہے۔ اس آیت میں اَقِیْمُوْا اور اٰتُوْا سے مراد صلوٰۃ اور زکوٰۃ کا فعل بندوں سے مطلوب ہے۔ جیسے اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰکُمْ میں نفقہ مطلوب ہے۔

یہ نہیں کہ اسی لفظ کو مقلوب کر کے خدا ہی کو اس کا مخاطب بنالیں۔ مثلاً خدا فرمائے۔ فَطَلِّقُوْھُنَّ لِعِدَّتِھِنَّ تو اس کی تعمیل میں اہل قرآن خدا کو مخاطب کر کے کہیں کہ اے خدا جب تو طلاق دیا کرے تو عدت کے اندر دیا کر۔ سچ ہے ؏

جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

اسی طرح یہ نتیجہ بھی غلط ہے جو کتب علیکم الصیام کی تعمیل کا بتایا ہے۔ اَللّٰھُمَّ کُتِبَ عَلَیْکَ الصِّیَامُ۔

ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ لوگوں کو اتنی جلدی کیا ضرورت پڑی کہ اوچھے ہتھیاروں سے حدیث کے مضبوط قلعے پر حملہ آور ہوئے ہیں۔ جس کے جواب میں ہم گھبراتے نہیں بلکہ یہ شعر نذر کرتے ہیں ؎

ہاں تامل دم ناوک فگنی خوب نہیں
میری چھاتی ابھی تیروں سے چھنی خوب نہیں

"دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ حاکم اور بندہ ہر طرح محکوم ہے، لیکن درود شریف مذکورہ کی عبارت نے اللہ تعالیٰ کو محکوم اور بندے کو حاکم قرار دیدیا ہے۔ جو ہر طرح نامناسب ہے" (رسالہ مذکور ص۱۱)

اہلحدیث | کیا ہمارا جواب سن کر بھی آپ یہی کہیں گے غالباً آپ کو ایسا کہنے کا حوصلہ نہیں پڑیگا۔ کیونکہ اسکی تفصیل ہم بتا چکے ہیں کہ فعل منسوب الی الناس کے معنی اور ہوتے ہیں اور فعل منسوب الی اللہ کے اور جسکی مثال علم معانی میں بنی الامیر المدینۃ وغیرہ ملتی ہے۔

"تیسرے یہ کہ عَلَّمَکُمْ مَا لَمْ تَکُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ الرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ معلم اور استاد ہے لیکن درود شریف کی عبارت کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اور کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بندہ معلم اور استاد ہے اور اللہ تعالیٰ نعوذ باللہ شاگرد ہے اگر ایسا نہیں ہے تو اللہ تعالےٰ کو درود بھیجنے کی ترکیب کیوں بتائی جا رہی ہے" (ص۱۱)

اہلحدیث | اس سوال سے تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے قرآن مجید کو سمجھنے پر پورا تو کیا ادھورا غور بھی نہیں کیا ہاں صاحب کما کے لفظ سے آپ نے جو یہ نتیجہ نکالا ہے کہ بندہ خدا کا استاد بن جائیگا۔ اس کے جواب میں میں ایک آیت پیش کرتا ہوں۔ جس کی تلاوت آپ نے بلکہ آپ کے استادوں اور باپ دادوں نے بھی کئی مرتبہ کی ہوگی اور اب تک کرتے ہونگے وہ آیت یہ ہے:۔

رَبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا ۔

کیا اس کا یہ ترجمہ ٹھیک ہے:۔

اے خدا میرے ماں باپ پر رحم کر جیسے انہوں نے مجھے بچپن میں پرورش کیا۔

اب ایمان سے بتائیے کہ اس آیت کو تلاوت کر کے آپ لوگوں میں سے کتنے خدا کے استاد بن گئے ہیں۔ ہم اگر کما صلیت پڑھنے سے خدا کے استاد بن گئے ہیں تو آپ لوگ قرآن مجید کی آیت کَمَا رَبَّیَانِیْ تلاوت کر کے کیوں خدا کے استاد نہیں بن سکتے۔ یہاں بھی لفظ کما دونوں جگہ موجود ہے۔

ناظرین کرام! یہ ہے ان لوگوں کی قرآن دانی کا نمونہ۔

"چوتھے یہ کہ درود شریف کی عبارت کَمَا صَلَّیْتَ

جوابات مرزا صاحب قادیانی کی تردید میں ایک (۵۵۴) نمبر ... اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

وکیما یا وُکت سے ثابت ہے کہ اللہ تعالٰے حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم پر درود اور برکات ان کی زندگی ہی میں نازل فرما چکا تھا لیکن حضرت محمد علیہ السلام پر ابھی تک درود اور برکتیں نازل نہیں فرمائیں حالانکہ آیت مندرجہ صدر میں اللہ تعالیٰ خود درود بھیجنے کا اقراری ہے" (صفحہ ۱۰)

اہلحدیث | یہ اعتراض بھی دراصل علوم صرف و نحو نہ جاننے کی بنا پر ہے۔ عربی زبان میں فعل امر کا صیغہ اکثر تو ایجاد فعل کے لئے ہوتا ہے اور کبھی استمرار فعل کے لئے بھی آتا ہے۔ ان دونوں کی مثالیں سنئے!

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا (پ ۵ ع ۴) اے اہل کتاب ایمان لاؤ اس کلام پر جو ہم نے نازل کیا۔

دوسری آیت اس کے ساتھ ملائیے۔ ارشاد ہے:۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ (پ ۵ ع ۱۶) اس کا صحیح ترجمہ یہ ہے کہ اے ایمان والو ایمان پر ہمیشہ قائم رہو۔

پہلی آیت میں امر کا صیغہ ایجاد فعل کے لئے ہے اور دوسری میں استمرار فعل کے لئے۔ پس اس قاعدے کے ماتحت آپ کے حسب منشا آیت کے معنی یہ ہوئے کہ اے خدا نبی علیہ السلام کو اپنی رحمت کے دامن سے ہمیشہ ڈھانپے رکھ۔ کہئے اس پر کیا اعتراض ہے؟

"پانچویں یہ کہ عبارت درود شریف مروجہ صرف محمد اور آل محمد اور ابراہیم اور آل ابراہیم کے لئے مخصوص ہے۔ بقیہ مومنین اور مرسلین درود اور برکت سے محروم کر دیئے گئے ہیں حالانکہ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ (پ ۲۲) سے ظاہر ہے کہ کوئی مومن تک اللہ تعالیٰ کی درود سے محروم نہیں رہا۔" (صفحہ ۱۲)

اہلحدیث | یہ اعتراض بھی جلد بازی پر مبنی ہے۔ آل محمد اور آل ابراہیم علیہما السلام سے ان کے اتباع مراد ہیں نسلی آل مراد نہیں۔ اس کی تفصیل نیل الاوطار مصنفہ امام شوکانی میں دیکھئے تو آپ کا سوال هباءً منثوراً ہو جائے۔ پس کہ نحو کا یہ قاعدہ ہے کہ جب ایک ہی فعل کے لئے کئی فاعل ہوں تو اس فعل کا مفہوم اور معنی ایک ہی ہو گا جدا گانہ نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا آیت مذکورہ صدر میں اللہ اور ملائکہ اور مومنین سب کی درود ایک ہی ہو گی۔ اور مسلمانوں کا عقیدہ بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ درود شریف مروجہ کا وظیفہ چوبیس گھنٹہ یعنی دن رات کرتا رہتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ خود کہتا ہے کہ اے اللہ تو درود بھیج محمد پر اور آل محمد پر۔ تو یہ کس اللہ کو متوجہ کرتا ہے کیا اللہ کا بھی کوئی اللہ ہے؟" (صفحہ ۱۴)

اہلحدیث | ہم بہت مشکور ہونگے اگر ہمیں یہ قاعدہ علم نحو کی کسی کتاب سے دکھایا جائے ورنہ اعتراف کرنا چاہئے کہ ہم نے سنے سنائے ایسا لکھ دیا ہے۔ ایسا ہی یہ بھی ایک سنی سنائی بات ہانک دی ہے کہ اللہ تعالیٰ درود شریف کا وظیفہ چوبیس گھنٹے کرتا ہے۔ اے جناب! ہم سے تو ہر ایک بات کا ثبوت قرآن سے مانگا جائے اور آپ خود ہم کو عوام الناس کے خیالات کا پابند کریں۔ آپ خود ہی بتائیں کہ یہ انصاف ہے یا ظلم؟ ہم ایک قاعدہ بتاتے ہیں غور سے سنئے!

علم اصول کا مسئلہ ہے کہ ایک فعل کے دو فاعل مختلف حیثیتوں کے ہوں تو وہاں عموم مجاز مراد لیا جاتا ہے اسی لئے علم اصول کی کتاب تلویح میں آیہ کریمہ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ کے معنی کئے ہیں یعتنون بشانہ علیہ السلام یعنی آپ کی شان کا احترام کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی حیثیت کے مطابق اور فرشتے اپنی حیثیت کے مطابق۔

اسی طرح آیت هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ کے معنی بھی یعتنون بشانکم ہی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اپنی اپنی حیثیت کے مطابق تمہارا احترام کرتے ہیں۔ چنانچہ اسی احترام کے اظہار کرنے کو دوسری جگہ فرمایا ہے:۔

وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ

یعنی عزت اللہ، اس کے رسول اور مومنوں کیلئے ہے۔

تعجب | مسلم اہل قرآن کی جہالت یا خوف ملاحظہ ہو کہ آپ نے آیت هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ کئی دفعہ پیش کی ہے مگر اس کا ترجمہ نہیں کیا جس سے معلوم ہو سکتا کہ آپ کے مزعومہ قاعدے کے مطابق (جسے آپ نے تحریف کے سر لگا رکھا ہے) آیت کا ترجمہ کیا ہے۔ بہرحال اس خاموشی کی بھی کوئی وجہ ہے۔ سچ ہے ؎

کچھ بات ہے تو جس کی پردہ داری ہے

"ساتویں یہ کہ اگر اللہ تعالیٰ اس مروجہ درود شریف کا ورد نہیں کرتا بلکہ کچھ اور عبارت پڑھتا رہتا ہے تو کتب روایات میں تلاش کر کے اللہ تعالیٰ کی خود استعمال شدہ درود شریف بتلائی جائے تاکہ اس درود کو یاد کر کے مسلمان بھی نجات حاصل کر سکیں۔" (صفحہ ۱۶)

اہلحدیث | ہم تو اوپر اپنا جواب دے آئے ہیں جہاں باب تفعیل کا خاصہ بتایا ہے۔ اب آپ کا فرض باقی ہے کہ آپ اس آیت کا ترجمہ اور تشریح کریں کہ خدا تعالیٰ کونسا درود پڑھتا ہے۔

یاد رکھو شکاری بھی کبھی شکار ہو جایا کرتے ہیں۔

"آٹھویں یہ کہ جب اللہ تعالیٰ چوبیس گھنٹہ دن رات رسول کریم پر درود شریف بھیجتا رہتا ہے تو دوسرا کام کس وقت کرتا ہے۔ خصوصاً مومنین کے لئے درود بھیجنا کب ہوتا ہے جیسا کہ آیت هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ سے ثابت ہے۔ تعجب ہے کہ درود بھیجنے کا اقرار مومنین اور رسول کریم دونوں کے لئے یکساں ہے پھر رسول کریم پر دن رات درود بھیجے پر مومنین کے لئے دو گھنٹے بھی درود نہیں بھیجی جاتی" (صفحہ ۱۸)

اہلحدیث | یہ نمبر اس قابل نہ تھا کہ ہم اس کو نقل کرتے کیونکہ اس کا جواب پہلے نمبروں میں آچکا ہے۔ مگر ان حضرت کی جرأت اور مخالفت کا اظہار کرنے کے لئے ہم نے یہ نمبر نقل کیا ہے تاکہ ناظرین کے لئے اچھا خاصہ تفریح کا سامان ہو جائے۔

اہل قرآن کے ممبرو! | کیا تم لوگ ان بوسیدہ ہتھیاروں سے حدیثی قلعہ کو فتح کر لو گے۔ سچ ہے ؎

نہ عارض نہ زلف و دوتا دیکھتے ہیں
خدا جانے ہم ان میں کیا دیکھتے ہیں

"نویں یہ کہ آیت زیر بحث میں صلوٰۃ بمعنی نماز بھی نہیں ہو سکتے کیونکہ نبی کریم کے لئے کوئی نماز نہیں پڑھی

جاتی بلکہ ساری نمازیں اللہ تعالیٰ کے واسطے ہیں اور صلوٰۃ بمعنی رحمت اس لئے نہیں ہو سکتے کہ یہ فعل سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی دوسرے کا نہیں ہو سکتا اور صلوٰۃ بمعنی دعا اس لئے نہیں ہو سکتے کہ اللہ تعالیٰ محتاج الی الغیر ہے۔ وہ کسی سے دعا نہیں کرتا۔ صلوٰۃ کے ایسے معنے ہو سکتے ہیں جو اللہ۔ ملائکہ۔ مؤمنین تینوں کا فعل ہو سکے جیسا کہ نحو کی رو سے واضح ہے اب علماء بتائیں کہ درود ہے کیا چیز جسے نہ وہ خود بھیجتے ہیں اور نہ اللہ تعالیٰ اور ملائکہ بھیجتے ہیں ہر طرف سے یہی تا المسئول جاری ہے کہ وہ کہتے ہیں تو درود بھیج اور وہ کہتا ہے تم درود بھیجو اور مطابق روایات کے ساڑھے تیرہ سو برس سے یہی کش مکش جاری ہے اور کسی کو درود کے معنی سمجھنے اور بھیجنے کا خیال بھی پیدا نہیں ہوتا۔" (صفحہ ۱۹)

اہلحدیث یہ نمبر پہلے نمبروں سے بھی مضحکہ خیز ہے باوجود اس اقرار کے کہ صلوٰۃ کے معنی یہ بھی نہیں ہو سکتے آپ نے یہ نہیں بتایا کہ آخر ہو کیا سکتے ہیں۔ بھلے آدمی! کتب نحو کا غلط حوالہ دیکر آگے چل دینا کار خرد منداں نیست۔ آپ خود ہی بتائیے کہ آخر درود والی آیت کے معنی کیا ہیں؟ ہم تو اپنا فرض ادا کر چکے ہیں۔ ملاحظہ ہو چھٹے نمبر کا جواب۔

"دسویں یہ کہ تمام مسلمان جانتے ہیں کہ نبی کریم مومنین سے اس قدر محبت رکھتے تھے کہ جان تک دینے کو ہر وقت تیار رہتے تھے اور اسی طرح مؤمنین نبی کریم کے لئے آنکھیں بچھاتے تھے پھر نماز میں نبی کریم کا یہ کہنا کہ اے اللہ تو درود بھیج اوپر محمد کے اور آل محمد کے" کہاں تک صحیح اور درست ہے۔ درود کے لئے آل محمد ہی کیوں مخصوص کئے گئے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم کو یہ حکم دیدیا تھا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ (پ ۱۱) ترجمہ۔ (اے نبی) درود بھیج اوپر اُن کے (مؤمنین کے) تحقیق درود تیری تسکین ہے واسطے اُن کے۔" (صفحہ ۱۱)

اہلحدیث اس کا جواب پانچویں نمبر میں آچکا ہے کہ آل محمد سے مراد آپ کے اتباع ہیں۔ جو شخص یہ معنی نہیں مانتا اس سے جا کر پوچھو۔ ہم اس کے ذمہ دار نہیں۔ مگر یہ تو بتاؤ کہ بار بار وہی بات رٹتے جانا اور اسطرح نمبروں کی تعداد بڑھاتے جانا سوائے اظہار لیاقت کے اس سے فائدہ کیا ہے۔

"گیارھویں یہ کہ درود مروجہ سے ثابت ہے کہ حضرت ابراہیم سلام علیہ اور ان کی اولاد حضرت محمد سلام علیہ سے کہیں بڑھ کر تھے۔ کیونکہ ابراہیم سلام علیہ اور ان کی اولاد پر اُن کی زندگی میں اللہ تعالیٰ نے درود بھیجدی اور حضرت محمد سلام علیہ پر اب تک باوجود کروڑہا یاد دہانیاں کرنے کے درود نہیں بھیجی لیکن مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت محمد سلام علیہ سید المرسلین ہیں پس یہ درود شریف مسلمانوں کے سچے رسول محمد سلام علیہ کی توہین ہے اور بس" (صفحہ ۲۰)

اہلحدیث معلوم نہیں معترض صاحب کہاں بیٹھے ہوئے یہ کتاب لکھ رہے ہیں۔ اگر آپ بُرا نہ مانیں تو ہم یہ کہنے سے نہیں رک سکتے کہ آپ ایسی جگہ بیٹھے ہیں جس کے اردگرد ایسے پیڑ ہیں جن کی ہوا انسان کے دماغ کو مضر ہوتی ہے۔ ورنہ یہ کیا اعتراض ہے محض بچوں کا کھیل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ ایک دعا ہے جو ابتدائے امت سے آج تک سب کرتے آئے ہیں اور سب کی قبول ہوتی آئی ہے۔ کس نے آپ کو کہا کہ باوجود کروڑہا یاد دہانیوں کے اللہ تعالیٰ نے اب تک نبی علیہ السلام پر درود نہیں بھیجا۔ غور سے سنئے۔ ہم قرآن سے اس کی نظیر بتاتے ہیں۔ خدا آپ کو قرآن کا فہم عطا کرے۔

قرآنی دعا جو ہم کو سکھائی گئی ہے۔ جسے مسلمان عموماً نماز کے اندر اور باہر پڑھتے ہیں۔ جس کے الفاظ یہ ہیں رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ ۝ اے خدا ہمیں بخش دے اور ہم سے پہلے ایمان داروں کو بھی بخش دے۔

کیا کروڑہا یاد دہانیوں اور عدم قبولیت کا الزام آپ اس دعا پر بھی لگائیں گے۔ خدا سے ڈرو اور کلام اللہ سے استہزا نہ کرو۔

"بارھویں یہ کہ آیت مذکور الصدر میں صرف نبی کریم پر درود بھیجنے کا حکم تھا۔ لیکن درود شریف مروجہ میں آل محمد کا اور اضافہ کر دیا۔ لہٰذا علماء وہ آیت پیش کریں جس میں آل محمد پر درود بھیجنے کا مخصوص حکم ہو۔" (صفحہ ۲۰)

اہلحدیث اس کا جواب تو خود اسی آیت میں ہے جسے آپ بار بار پیش کرتے ہیں۔ یعنی هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ۔ غور کیجئے عَلَيْكُمْ کی مخاطب تمام امت مسلمہ ہے اور صَلُّوْا عَلَيْهِ کا خطاب بھی سارے مسلمانوں کی طرف ہے۔ پہلی آیت (هُوَ الَّذِي) میں درود کا محل افراد امت مسلمہ ہیں اور دوسری آیت إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ میں خود پیغمبر اسلام علیہ السلام درود کے محل و مورد ہیں۔ اس لئے ان دونوں آیتوں کو ملا کر اگر ہم نے تعلیم رسالت کے ماتحت یوں کہا کہ

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ"

تو انصاف سے بتاؤ ہم نے کیا بُرا کام کیا؟

"تیرھویں یہ کہ آل محمد و آل ابراہیم میں منافق۔ کافر۔ فاسق۔ فاجر۔ مشرک سب ہی بھرے پڑے ہیں۔ پس اللہ اور ملائکہ اور مسلمانوں کا درود مروجہ کا وظیفہ کر کے اُن کو کچھ بھی فائدہ پہنچانا عقل۔ انصاف اسلام سب کے خلاف ہے۔ ظاہر ہے کہ اللہ اور ملائکہ ایسی خلاف اسلام درود کا وظیفہ ہرگز نہیں کر سکتے۔ لہٰذا یہ درود ہی غلط ہے۔" (صفحہ ۲۰)

اہلحدیث ہم اس کا جواب پانچویں نمبر میں دے چکے ہیں۔ تیرہ۱۳ اعتراض کر کے مسلم اہل قرآن نے اپنے درد دل کا اظہار جن لفظوں میں کیا ہے وہ بھی قابل دید و شنید ہے۔ آپ فرماتے ہیں:-

ناظرین! یہ تیرہ دلائل ہم نے درود مروجہ کی تنقید میں پیش کئے ہیں۔ جن سے صاف روشن ہے کہ درود مروجہ کی عبارت مطابق قرآن اور قواعد عربیہ

ف یہ عبارت تصرف قدرت کا ثبوت ہے کہ مصنف چونکہ غلط خیال چل رہا تھا اس لئے خدائی قانون قدرت تُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى نے اس پر اپنا اثر ڈالا۔ چنانچہ اس نے محتاج الی الغیر نہیں ہے کی بجائے محتاج الی الغیر لکھ دیا۔

الہامات مرزا۔ مرزا صاحب قادیانی کے مشہور الہاموں کی تردید۔ قیمت ۸/ (دفتر اہلحدیث) (۵۵۶)

اور مسلمانوں کے عقیدہ کے سراسر خلاف ہے۔ لیکن افسوس ہے مسلمانوں پر کہ وہ ہماری بات کو سنیں گے بھی نہیں۔ حالانکہ ہمارے دل میں ان کا درد ہے ہم نے یہ کتاب ان کی بھلائی اور خیر خواہی کے واسطے تحریر کی ہے۔ ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہمارے مسلمان بھائیوں کو لاکھوں راویوں اور ملاؤں کی تابعداری سے نکال کر صرف اپنے قرآن کی پیروی کرنے کی توفیق عطا کر۔ ہم چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے علماء اور پڑھے لکھے اشخاص ہماری اس کتاب کو بغور ملاحظہ فرما دیویں اور اگر ہمارے دلائل پر لبیک نہ کہیں تو کم از کم ہمدردی ہی ظاہر کریں حق و باطل، ظلم و انصاف راہ راست اور گمراہی کا امتیاز کریں۔ اگر یہ بھی نہ کریں تو ہمارے دلائل کا معقول جواب ہی دیں۔ ورنہ یہ واضح رہے کہ اُن کو اپنے مولیٰ رب کریم کے حضور میں ضرور ہی ایک ایک بات کا حساب دینا ہوگا۔ یہ نہیں ہو سکتا اللہ تعالےٰ انہیں یوں ہی بلا حساب کئے ہوئے چھوڑ دے۔

فَاعْتَبِرُوْا یَا اُوْلِی الْاَبْصَار۔"

(رسالہ صلوۃ المرسلین ص۱۲)

اہلحدیث | آپ نے جس دلسوزی کا اظہار مندرجہ بالا الفاظ میں کیا ہے۔ آریوں کے گرو سوامی دیانند نے بقول آریہ قرآن مجید پر ۱۵۹ اعتراض کر کے اس سے زیادہ دلسوزی اور مسلمانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا تھا۔ جس کے جواب میں فارسی کا یہ ایک ہی شعر کافی ہے ؎

بر تملق دشمن خود تکیہ کردن ابلہی است
پائے بوس سیل از پا افگند دیوار را

(باقی)

دلیل القرآن - مولوی عبداللہ چکڑالوی کے رسالہ صلوۃ القرآن" کا مدلل جواب۔ اس میں اہل قرآن کے طریقہ نماز کو مدلل طور پر رد کیا ہے۔ قیمت ۳ر منگوانے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر۔

قادیانی مشن

مرزا صاحب کا پسر موعود

اخبار "الفضل" مورخہ ۹- مئی میں ایک مضمون نکلا ہے جس میں مرزا صاحب کے پسر موعود کے تولد کو آیت عظیمہ بتایا ہے۔ ہم اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ قادیان میں ہر ایک چیز آیت عظیمہ ہے۔ یہ عربی شعر ؎

فی کل شیئٍ لہ آیۃ - تدلّ علیٰ انہ ....

گویا قادیان ہی کے حق میں صادق آتا ہے۔ کیونکہ قادیان کی ہر ایک چیز مرزا صاحب کے متعلق شہادت دیتی ہے خاص کر وہاں کا بہشتی مقبرہ۔ اس میں مرزا صاحب کی قبر اور اس پر ایک لمبا کتبہ عجیب یادہ ہائی کر رہا ہے اس کو دیکھ کر بے ساختہ منہ سے نکل جاتا ہے ؎

ابھی اس راہ سے گذرا ہے کوئی
کہے دیتی ہے شوخی نقش پا کی

کیا اچھا ہوتا اگر اس میں ایک فقرہ یہ بھی بڑھا دیا جاتا کہ :-

یہ مزار اس مقدس بزرگ کا ہے جس نے اپنے اشد ترین مخالف کے ساتھ خدا سے یہ فیصلہ چاہا تھا کہ ہم دونوں میں سے جھوٹا پہلے مرے۔ ۱۹۰۸ء میں آپ بحکم خدا انتقال کر گئے اور آپ کا اشد مخالف بمصلحت خداوندی آج تک زندہ ہے۔

اگر یہ فقرہ لکھا ہوتا تو ہمیں تو اس سے کوئی فائدہ نہ ہوتا مگر قادیانی تحریک کی تاریخ پر کافی روشنی پڑ جاتی۔ خیر یہ جملہ تو معترضہ ہے۔ ہمارا اصل مقصد یہ ہے کہ آج کل مرزا صاحب کے پسر موعود کے متعلق قادیان میں سخت اختلاف پیدا ہو رہا ہے۔ کئی ایک احمدی پسر موعود ہونے کے مدعی بن بیٹھے ہیں۔ مگر ہماری بے لاگ تحقیق یہ ہے کہ ابھی پسر موعود پیدا ہی نہیں ہوا۔ ہم قادیانیوں کی طرح بے ثبوت باتے کہنے کے عادی نہیں ہیں۔ بلکہ ہر ایک بات کا ثبوت مرزا صاحب کی تحریروں سے پیش کر سکتے ہیں۔ مرزا صاحب محترمہ محمدی بیگم (معروفہ آسمانی منکوحہ) کے اپنے نکاح میں آنے کا ذکر کرتے ہوئے اس پیشگوئی کو مؤکد کرنے کے لئے لکھتے ہیں :-

"اس پیشگوئی کی تصدیق کے لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پہلے سے ایک پیشگوئی فرمائی ہے کہ یتزوج و یولد لہ یعنی وہ مسیح موعود بیوی کریگا اور نیز وہ صاحب اولاد ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ تزوج اور اولاد کا ذکر کرنا عام طور پر مقصود نہیں کیونکہ عام طور پر ہر ایک شادی کرتا ہے اور اولاد بھی ہوتی ہے اس میں کچھ خوبی نہیں بلکہ تزوج سے مراد وہ خاص تزوج ہے جو بطور نشان ہوگا اور اولاد سے مراد وہ خاص اولاد ہے جس کی نسبت اس عاجز کی پیشگوئی موجود ہے۔ گویا اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سیہ دل منکروں کو ان کے شبہات کا جواب دے رہے ہیں اور وہ فرما رہے ہیں کہ یہ باتیں ضرور پوری ہونگی"

(ضمیمہ انجام آتھم ص۵۳ کا حاشیہ)

ناظرین کرام! | ملاحظہ فرمائیں کہ مرزا صاحب کے الفاظ (وہ خاص اولاد جس کی بابت اس عاجز کی پیشگوئی ہے) کیا مضمون بتا رہے ہیں۔ یہی نا کہ وہ پسر موعود محمدی بیگم کے بطن سے ہوگا۔ پھر کیا وہ تولد ہوا؟ اس کا جواب بالاتفاق نفی میں ملیگا۔ کیونکہ خاتون محترمہ (محمدی بیگم) مع اپنے خاوند محترم کے اب تک زندہ سلامت موجود ہے۔ پھر کس شیخی پر کہا جاتا ہے کہ قادیانی گدی نشین ہی مرزا صاحب کا پسر موعود ہے۔ اخبار الفضل زیر جواب کا دوسرا حصہ مرزا صاحب کے پنجتن کے متعلق ہے جس کی بابت راقم مضمون نے بڑی ہوشیاری اور تدلیس سے کام لیتے ہوئے واقعات کو چھپایا یا بالفاظ دیگر واقعات مکذبہ کو مصدقہ بنایا۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ الفضل نے مرزا صاحب کی موجودہ بیوی (نصرت جہاں بیگم)

(۵۵۷)

پانچ موعودہ اولادوں کا پیدا ہونا اور اُن سے نسل مرزا کا جاری ہونا بتایا ہے اور بڑے فخر سے مرزا صاحب کا یہ شعر ان پر چسپاں کیا ہے ؎

یہ پانچوں جو کہ نسلِ سیدہ ہے
یہی ہے پنجتن جن پر بنا ہے

اس شعر کی لطافت تو اہلِ ذوق ہی جانتے ہونگے کیونکہ مرزا صاحب کے خسر دہلوی تھے۔ ہم تو اس کو معنی کے لحاظ سے دیکھتے ہیں کہ واقعہ کے خلاف ہے۔ یہ شعر مرزا صاحب کی کتاب درثمین اردو سے لیا گیا ہے۔ جس کے صفحہ ۴۲ پر یہ نظم شروع ہوتی ہے۔ اس میں ان پانچوں کے نام یوں درج ہیں :-

(۱) محمود احمد - (۲) بشیر احمد - (۳) شریف احمد - (۴) مبارک احمد - (۵) مبارکہ (لڑکی)

ان پانچوں میں سے مبارک احمد بحالت نابالغی فوت ہو گیا تھا۔ دختر سے نسل جاری ہونا شرعاً اور قانوناً ثابت نہیں ہے۔ باقی رہے تین لڑکے ان تین کی زندگی میں پانچوں کا تحقق کیسے ہو سکتا ہے۔ اس کا جواب دینا الفضل کا فرض تھا کہ یہ پنجتن پانچ تن ہی رہے یا مثلث متساوی الاضلاع ہو گیا۔

اگر اس نے پہلے نہیں بتایا تو اب ہی بتائیے کہ مبارک احمد کی نسل سے کون ہے اور اس کے متعلق بھی کوئی پیشگوئی تھی یا نہیں اور اس کا حشر کیا ہوا۔ اور وہ پیشگوئی سچی ثابت ہوئی یا نہ؟

ہم الفضل کو اور اس کے نامہ نگاروں کو بارہا تنبیہ کر چکے ہیں کہ ایسے مضامین لکھتے ہوئے خیال ہی نہیں بلکہ یقین رکھا کریں کہ مرزا صاحب کی تصنیفات کے جاننے والے دفتر اہلحدیث میں زندہ سلامت موجود ہیں۔ جن کی شان میں آیہ کریمہ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا وارد نہیں ہے۔ بلکہ وہ ہمیشہ فرمان خداوندی لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ پر عامل ہیں۔ اور وہ للکار کر کہا کرتے ہیں ؎

رند بھی ہوں میں پارسا بھی ہوں
میری نگاہ میں ہیں رند و پارسا ایک ایک

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(قسط نمبر ۴)

(از قلم منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرت سری)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ختم المرسلینی کے اظہار اور اپنی امت کو اپنے بعد نبوت کا دعویٰ کر کے امت کو پریشان کرنے والے انسانوں سے بچانے کیلئے یہ بھی فرمایا تھا کہ میری امت میں تیس کذاب و دجال پیدا ہونگے جو نبوت کا دعویٰ کرینگے حالانکہ میں نبیوں کو ختم کرنے والا ہوں میرے بعد کوئی نبی نبوت نہ دیا جائیگا

میاں محمود احمد نے اپنے آبا جان مدعی نبوت کو اس حدیث کی زد سے بچانے کے لئے یوں درافشانی کی ہے:

"آنحضرت فرماتے ہیں کچھ کذاب ہونگے جو نبوت کا دعویٰ کرینگے گویا ان کا کذب پہلے ہوگا اور دعویٰ نبوت بعد اور ظاہر ہے کہ جو شخص کذاب ہے اس کے جھوٹا ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ خاتم النبیین کے یہی معنے ہیں کہ اب جو منہاج نبوت پر پورا نہ اترے جھوٹا ہے منہاج نبوت یہ ہے کہ مدعی کی پہلی زندگی پاک ہو۔ جو شخص اس دلیل پر پورا اترتا ہے سچا ہے۔"

(ملخص ریویو ماہ ستمبر ۳۸ء صفحہ $\frac{8}{9}$)

خاتم النبیین کے یہ انوکھے معنے آج ہی معلوم ہوئے ہیں اس سے پہلے کبھی سننے میں نہیں آئے۔ مرزا صاحب قادیانی کا دعویٰ میاں محمود احمد سے بہت بڑھ چڑھ کر تھا یعنی بحیثیت نبی و رسول ہونے کے بالہام الٰہی قرآن کی تفسیر کرنا مگر یہ معنے ان کو بھی نہیں سوجھے اور سوجھتے بھی کیسے جبکہ انسانی علم و فہم بلکہ قواعد زبان عرب تک کو بھی یہاں رسائی نہیں۔

مادۂ ایجاد سو یہ سلامتی فہم پر مبنی ہے۔ مرزا صاحب بیچارے تو اسی حالت میں تھے چنانچہ لکھا ہے۔ آپ کو روٹی کھاتے ہوئے اتنا بھی معلوم نہ ہوتا تھا کہ میں کیا کھا رہا ہوں۔ شاید اس میں اللہ تعالیٰ کی یہ حکمت ہو کہ چونکہ کل کو اس کا بیٹا جھک آئت فقد لبثت فیکم عمراً من قبلہ افلا تعقلون - خاتم النبیین کے معنے "معیار معقولیت" کریگا۔ ہم ابھی سے مرزا صاحب کی روشن دماغی کا ڈیزائن تیار کر رکھیں۔ لعلہم یتفکرون۔

خلیفہ صاحب نے حدیث سیکون فی امتی ثلاثون کذابون کلہم یزعم انہ نبی اللہ کا مطلب یہ بتایا ہے کہ جس شخص کا کاذب ہونا تمہیں معلوم ہو وہ اگر نبوت کا دعویٰ کرے تو اسے سچا نہ جاننا۔ ہاں اگر وہ منہاج نبوت پر پورا ہو یعنی اس کی پہلی زندگی پاک ہو تو وہ صادق نبی ہوگا۔

میں کہتا ہوں کہ اولاً تو یہ بات ہی کچھ کچی سی ہے ایک شخص کو جھوٹا جانتے ہوئے بھی اسے سچا نبی ماننا عقلاً ممکن ہی نہیں ہے۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جیسے حکیم و دانا خیر الکلام ماقل و دل کے معلم۔ انسانی عقول و فطرت کے بہترین ماہر و ترجمان نے تاکید شدید کے ساتھ امت کو کیوں یہ تلقین کی کہ خبردار۔ جس شخص کا جھوٹ آشکارا ہے حتیٰ کہ وہ تمہارے درمیان کذاب و دجال مشہور ہے اسکو نبی نہ ماننا ع

عقل حیرت میں غرق ہے اسے کیا سمجھے

ممکن ہے خلیفہ صاحب نے اپنی اور اپنے اتباع کی ذہنیتوں کو ملحوظ رکھ کر حدیث نبوی کا یہ مطلب سمجھا ہو کہ بعض لوگ ایک شخص کو صریح جھوٹا سمجھتے ہوئے بھی اسے سچا نبی مان سکتے۔ دوسری بات یہ حل طلب ہے کہ جس صورت میں آنحضرت صلعم کے فرمان کا یہ مطلب تھا کہ جھوٹے کو سچا مت ماننا" تو پھر حدیث میں تیس کذابوں" کی قید لگانے کا کیا مطلب ہے؟ کیا تیس کذابوں کو ماننا ہی منع ہے؟ تیس کی گنتی پورا ہونے کے بعد جھوٹے کو سچا تسلیم کر لینا چاہیئے؟ خلیفہ صاحب لکھتے ہیں کہ "واقعات سے ثابت ہے کہ اس وقت تک جھوٹے مدعیوں کی تعداد ستر یا اسی سے بھی زیادہ پہنچ گئی ہے" خلیفہ صاحب! کہیں تیس بھر کر ہی

مرزا صاحب قادیانی مدعی نبوت تھے

مرزائیوں کی قادیانی اور لاہوری پارٹیوں میں عرصہ سے یہ بحث چلی آرہی ہے کہ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے یا نہیں۔ آج ہم اس بارے میں ایک جدید حوالہ پیش کرتے ہیں۔ جس سے مرزا صاحب کا مدعی نبوت ہونا ثابت ہوتا ہے۔

اخبار الفضل قادیان مورخہ ۲۳-اپریل ۱۹۲۹ء میں صفحہ اول پر بعنوان "ملفوظات حضرت" مرقوم ہے کہ مرزا صاحب نے فرمایا کہ معجزہ کے لئے اول شرط یہ ہے کہ معجزہ فعل اللہ ہو۔ دوم خارق العادت ہو۔ سوم اس کا معارضہ نہ ہو سکے۔ چہارم مدعی نبوت کے ہاتھ سے ظاہر ہو۔ الخ

(بحوالہ اخبار الحکم ۲۴-اپریل ۱۹۰۳ء)

اس عبارت میں مرزا صاحب نے معجزہ کا ظہور نبی کے ہاتھ سے مخصوص قرار دیا ہے۔ اس کی تائید مرزا صاحب کی کتاب "جنگ مقدس" کے اس بیان سے ہوتی ہے جس میں مرزا جی نے کہا کہ ہمارے مذہب میں معجزہ اس خارق عادت فعل کا نام ہے جو نبیوں سے صادر ہو۔ ولی کے ہاتھ سے ظاہر ہونے والا فعل کرامت کہلاتا ہے۔ (مفہوم)

اب آئیے یہ دیکھیں کہ خود مرزا صاحب نے اپنے "خارق عادت کاموں" کا کیا نام رکھا ہے۔ اگر معجزہ رکھا ہے تو اس سے ثابت ہوگا کہ وہ مدعی نبوت تھے سو مرزا صاحب نے کئی جگہ اپنے کاموں کو معجزہ ٹھیرایا ہے۔ "نزول المسیح" میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ ہمارے معجزات صدہا نبیوں سے بڑھ کر ہیں۔ (مفہوم)

اندریں حالات ماننا پڑیگا کہ مرزا صاحب کا دعویٰ نبوت کا تھا۔

(راقم محمد عبد اللہ معمار امرتسری)

اہلحدیث لاہوری ممبرو! کیا کہتے ہو۔

محمدیہ پاکٹ بک۔ جدید اڈیشن۔ مرزائیت کی تردید میں ایک بے نظیر کتاب۔ قیمت ... مینجر اہلحدیث امرتسر

بریلوی مشن
بشیر کوٹلوی کی دُرافشانیاں

(از مستری عبد العزیز صاحب کوٹلوی)

ناظرین واقف ہونگے کہ ہماری بستی کے مولوی محمد شریف صاحب کے خلف بشیر میاں نے اخبار "الفقیہ" میں ایک عقیدہ تحریر کیا تھا۔

"مومن عالم برزخ کی طرف منتقل ہو کر زندوں کے حال جاننے لگتے ہیں۔"

اس پر ہمارے مکرم مولانا مولوی عبد اللہ صاحب ثانی مدظلہ نے بذریعہ موقر جریدہ "اہلحدیث" دریافت کیا کہ بشیر میاں اس کا ثبوت دیں اور بہتر یہ ہے کہ علامہ قسطلانی سے دریافت کریں کیونکہ وہ آپ کے عقیدہ کے مطابق زندوں سے واقف ہیں۔

بشیر میاں یہ معقول بات سن کر بے حد حیران ہوئے چنانچہ حیرانی میں جو کچھ لکھا وہ نہایت ہی مضحکہ خیز ہے۔ لکھتے ہیں:-

اگر کسی کا زندوں کے حالات جاننا اس امر کو مستلزم ہے کہ زندے اس سے بالمشافہ گفتگو کر سکتے ہیں اور تحریری جواب منگوا سکتے ہیں تو کیا اس ذات باری سے بھی جو یقیناً ہمارے حالات سے ہر وقت آگاہ ہے ثانی نے کبھی گفتگو فرمائی اور دادی جان سے نکاح جائز کر ڈالنے والے مولویوں کا فتویٰ ارسال کرکے کبھی تحریری تائید بھی حاصل کی۔ (الفقیہ ۲۸۔ جنوری ۱۹۲۹ء ص۱۱ کالم ۳)

بشیر میاں کی عبارت کا مطلب صاف ہے کہ جیسے ہم خدا تعالےٰ کو حاضر و ناظر جانتے مانتے ہیں مگر ذات باری سے بالمشافہ گفتگو نہیں کر سکتے، اسی طرح مومنین کو سمجھنا چاہئے خواہ ان سے بالمشافہ گفتگو نہ کر سکیں یا نہ کریں۔

ہم بشیر میاں سے تو خطاب کرنا بھی غیر مفید جانتے ہیں کیونکہ وہ جہاں علوم شریعت سے سراسر ناواقف ہیں وہاں عقیدہ حقہ سے بھی بالکل خالی و عاری معلوم ہوتے ہیں البتہ ان کے بانی مولوی محمد شریف صاحب سے دریافت کرتے ہیں کہ

۱۔ کیا یہ صحیح ہے کہ مومن عالم برزخ میں پہنچ کر ...

۲۔ مشرکانہ عقیدہ رکھنے والوں کو جب ان کے افعال شرکیہ سے روکا جائے تو اللہ کے بندوں کو اللہ تعالیٰ کی ذات کے مقابل برابر سمجھ لیا کرتے ہیں اور اس وقت ان کا خیال ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ ہمارا رب نہیں ہے۔ وہابیوں کا ہے۔ ہمارا چشم دید واقعہ سنئے!

ہماری مسجد کی عمارت پر کسی جگہ یا اللہ اور یا محمد بالمقابل لکھا ہوا تھا۔ ایک طالب علم نے میری اطلاع کے بغیر لفظ "یا" کو مٹا کر نام نامی محمد کے آگے صلی اللہ علیہ وسلم لکھ دیا۔ اس پر ایک جاہل ناخواندہ کو غصہ آیا اور مسجد میں آکر پوچھنے لگا کہ یا اللہ کہاں لکھا ہے۔ طالب علم نے انگلی سے اشارہ کیا جہاں پر یا حی یا قیوم برحمتک استغیث لکھا تھا اور نیچے شعر

روز محشر کہ جاں گداز بود الخ

تحریر تھا۔ جاہل متعصب نے ہاتھ سیاہی سے بھر کر شعر پر پھیر دیا اس کے بعد بازار میں مجھے ملا اور کہنے لگا "تم نے ہمارے محمد کو مٹایا ہم نے تمہارے خدا کو مٹا دیا۔" میں نے کہا ہم نے اسم گرامی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو نہ مٹایا اور نہ وہ مٹا بلکہ مع درود لکھ دیا صرف لفظ یا کو مٹایا چنانچہ وہ مٹ گیا مگر تم نے ہمارے اللہ کے نام کو بجھانا چاہا اور کوشش کی لیکن وہ اسی طرح صاف لکھا ہوا موجود ہے اسکے جواب میں جاہل نے کہا۔

ہم نے اللہ کا نام مٹانے میں پوری کوشش کی تھی مگر اپنی قسمت سے بچ گیا ہم نے کسر نہیں چھوڑی۔

معاذ اللہ! کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ...

ہمارے دوست مولوی عبد العزیز صاحب یہ واقعہ لکھنے کے بعد بشیر میاں پر افسوس کرتے ہیں کہ ...

موت کا مزہ چکھ کر رب العالمین کی صفات مخصوصہ کے ساتھ متصف ہو جاتے ہیں۔

(۳) کیا یہ درست ہے کہ مومن اپنی زندگی میں تو ہر نیک و بد حیوان و انسان چرند پرند کو نظر آتا ہے اور بالمشافہ ملتا بھی ہے مگر بعد وفات لن ترانی کا مصداق بن جاتا ہے۔

ہاں یہ بھی ارشاد فرما دیں کہ ایسا عقیدہ رکھنا کہ مومنین سے بالمشافہ گفتگو اسی طرح ناممکن ہے جس طرح خدا سے برتر سے بالمشافہ گفتگو محال ہے۔ حالانکہ ہمارا یہ عقیدہ بھی ہو کہ مومنین عالم برزخ میں زندہ اور حالات اہل دنیا سے واقف ہیں۔

کیا یہ عقیدہ مذہب حنفی کی رو سے جائز اور فقہاء کی تصریحات سے ثابت ہے۔ اگر ثبوت ہو تو ازراہ عنایت آگاہ کیجئے۔ اگر یہ عقیدہ غیر صحیح ہو تو خلف الرشید کو سمجھائیے۔ کہیں آپ بھی اس کی وجہ سے مطعون نہ ہوں۔

دادی سے نکاح رہا بشیر میاں کا یہ کہنا کہ دادی جان سے جواز نکاح کا فتویٰ دینے والے الخ

ہم بشیر میاں کے ساتھ متفق ہیں کہ جس مولوی نے دادی جان سے نکاح جائز ہونے کا فتویٰ دیا ہے ہمیں ان کا اسم گرامی بتا دیں تو ہم اس کو جمعرات کی روٹی نہ دیں گے ہرگز نہ دیں گے۔ بلکہ صاف کہہ دیں گے کہ اسکو امامت سے علیحدہ کیا جائے۔

ہاں یاد آیا اخبار "الفقیہ" ۲۸۔ مارچ ۱۹۲۸ء میں محرمات ابدیہ کے متعلق آپ کے اباجی نے کچھ لکھا ہے کہیں وہاں سے استنباط نہ کر لینا۔ کیونکہ محرمات ابدیہ میں دادی جان بھی تو ہے۔

مگر بشیر میاں اباجی کا راز فاش نہ کرنا۔ کہیں سننے والے کبھی ان کے ساتھ وہ معاملہ نہ کریں جو ہم نے تحریر کیا ہے۔

بزرگوں کی توہین تو بشیر میاں کے حصہ میں آئی ہے مگر اباجی کا وجود [illegible] کریں گے۔ مگر گستاخ شخص جب بیگانوں کی پگڑی [illegible] اچھالنے کا عادی ہو جائے تو اپنوں پر بھی حملہ کرنے سے کب رکتا ہے۔

بشیر میاں حضرت [illegible]

کے متعلق لکھتے ہیں :-

جس نے یہ لکھا ہو کہ جس کا نام محمد ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔ اس پر ...... سمجھیں۔

(الفقیہ ۱۴۔ نومبر ۱۹۳۸ء ص۳ کالم ۱)

سنئے! اگر یہ الفاظ جس طرح آپ نے نقل کئے ہیں نہ ہوں بلکہ آپ کی تحریف نے یہ نقشہ پیدا کیا ہو تو پھر بھی ......

آپ پھر خود بخود ہی نتیجہ پا لیں گے۔ چنانچہ [illegible] [illegible] [illegible] نہیں ہے جو بشیر میاں نے اخذ کیا ہے۔ مگر پہلے ہی تو اصل کتاب سے پوری عبارت نقل کر کے اپنا مدعا ثابت کریں۔ ورنہ ہم سمجھیں گے۔ ع

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

جماعت اہل حدیث کے کرنے کے کام

مولوی عبدالمجید صاحب باڑی ریاست دھولپور جماعت اہل حدیث کو بعض ضروری کاموں پر توجہ دلاتے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں :-

اول یہ کہ افراد اہل حدیث حتی المقدور رشتہ و نکاح اہل توحید سے کیا کریں۔ (قرآن حدیث بھی اس کی تائید کرتے ہیں)

دوم۔ افراد اہل حدیث اعمال مخصوصہ مسنونہ کی سختی سے پابندی کیا کریں۔ مثلاً نماز میں رفع یدین۔ آمین بالجہر وغیرہ (جہاں فساد کا خطرہ نہ ہو)

سوم۔ تبلیغ اور اشاعت سنت پر دل سے متوجہ ہوں اور اس کام کو اپنا مذہبی فرض سمجھیں۔ (انفرادی اور جماعتی دونوں حیثیتوں سے)

چہارم۔ اہل حدیث کانفرنس کو متوجہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے نظام کو پختہ کرے تاکہ کوئی ٹھوس کام ہو سکے

اہلحدیث یہ سارے کام ایسے ہیں کہ کسی متنفس اہل حدیث کو ان میں اختلاف نہیں ہو سکتا۔ اس لئے ہم ان سب کی تائید کرنے کے بعد ایک نمبر اپنی طرف سے بھی اضافہ کرتے ہیں جو اپنی طرف سے نہیں بلکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ یہ نمبر ایسا ہے کہ اس کے بغیر دنیا میں بھی ذلت اور آخرت میں بھی رسوائی۔ اور اس کے ہونے سے دونوں جہان میں عزت جس کے ماتحت دنیا کی سب نعماء اور آخرت کی سب نعمتیں حاصل ہو سکتی ہیں جن کے ذریعے سے نماز روزہ حج زکوۃ خیرات [illegible] کام [illegible] حدیث شریف کے الفاظ ہیں۔ پس ناظرین ان الفاظ نبویہ کو بغور سنیں۔ ارشاد ہے :-

لا تدخلون الجنة حتی تؤمنوا ولا تؤمنون حتی تحابوا۔ یعنی اے امت مسلمہ تم جنت میں نہیں جا سکو گے جب تک پورے مومن نہ ہو اور پورے مومن نہیں بن سکو گے جب تک آپس میں محبت نہ کرو۔

اعیان اہل حدیث تاویل کے لئے بڑی گنجائش ہے خصوصاً جس میں نفس امارہ کی تائید ہوتی ہو مگر ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اس حدیث کو بحیثیت فرمان نبوی سنیں۔ اور قلب خاشع کے ساتھ اس پر غور کریں ایسا نہ ہو کہ ہمارے کئے کرائے کام اس حدیث کے ماتحت آ جائیں۔ میرے خیال میں اس حدیث پر عمل کرنے کیلئے ہمیں ایک بات میں غلطی لگتی ہے۔ وہ یہ کہ ہم اپنے مخالف رائے بھائی کے حق میں گمراہی کا فیصلہ کر چکے ہیں اور اس کے بعد قطع محبت لازمی سمجھتے ہیں۔ حالانکہ یہ حدیث مذکور کا مقابلہ ہے۔

کسی غلط خیال یا غلط کار کو گمراہ سمجھنا منع نہیں بے شک سمجھیں باوجود اس کو غلط کار سمجھنے کے بھی اس سے محبت کرنے کا ارشاد ہے یعنی اس کی گمراہی کو محبت و آشتی سے دور کرنے کی کوشش [illegible] چھوڑنے [illegible]

قرآن مجید کا ارشاد ہے جو قطعی ناطق ہے [illegible]

ahmadimuslim.de

...کر کے نصیحت ...

یعنی پرہیزگاروں پر بدکاروں کی طرف سے کوئی ذمہ داری نہیں ہے ہاں نصیحت کرنے کی ذمہ داری ہے اس امید سے کہ وہ بھی پرہیزگار بن جائیں

علمی نکتہ | طلباء کے فائدے کے لئے جی چاہتا ہے کہ اس آیت پر مزید روشنی ڈالی جائے۔ پہلی وضیں اور بعد سے نہیں۔

لعل حرف ترجی ہے یعنی امید کے لئے۔ یہ ترجی کس طرف راجح ہے؟ ذکری کے فاعل کی طرف۔ مطلب یہ ہے کہ نصیحت کرنے والا ایسے طریق سے نصیحت کرے جس میں اس گم گردہ راہ بھائی کے تقوی اختیار کرنے کی امید ہو سکے۔ وہ یہ کہ اس کے حسب مزاج الفاظ بولے، اس کے حسب استطاعت استدلال پیش کرے۔ ایسا نہ کرے کہ اس کی طبیعت انتقام کی طرف متوجہ ہو جائے اور شیطان کے اغوا کرنے میں وہ آجائے اس کا ذکر خالق فطرت، عالم غیب نے دوسری آیت میں یوں فرمایا ہے۔

قُلْ لِعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ اِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ط

اے نبی میرے بندوں کو کہدو بات وہ کہا کریں جو سب سے اچھی اور شستہ ہو (بدگوئی اور سخت گوئی سے) شیطان ان میں لڑائی ڈلوا دیگا کیونکہ شیطان انسان کا صریح دشمن ہے۔

برادران اہل حدیث! | میں نے اپنی عمر کے وسیع تجربے میں یہ معلوم کیا ہے کہ جماعت اہل حدیث میں جو تفرق انفصال ہے اور دن بدن زیادہ ہو رہا ہے در اصل اسی حدیث اور آیات مرقومہ کے چھوڑنے سے ہے۔

احباب ہمدردی سے پوچھتے ہیں کہ یہ تفرق کیونکر دور ہو۔ کوئی کچھ صورت پیش کرتا ہے کوئی کچھ۔ میں درد بھرے دل سے کہتا ہوں افراد اہل حدیث آیت اور احادیث مرقومہ پر عمل کریں تو آج ہی مغرب سے پہلے یہ سب تفرق و انفصال دور ہو سکتا ہے۔

...

اللهم اشهد۔ اللهم اشهد۔ اللهم اشهد انی قد بلغت

اللهم وفقنا بما تحب وترضى۔ ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذين سبقونا بالايمان ولا تجعل في قلوبنا غلا للذين آمنوا ربنا انك رؤف رحيم۔

آریہ صاحبان سے سوالات

(از شیخ عبد المنان صاحب قریشی رام پور ضلع سہارنپور (یو پی)

(گذشتہ سے پیوستہ)

(۱۵) جبکہ انسان کا حقیقی، قدرتی، رواجی اور قانونی، نسل اور خاندانی تعلق باپ کے نطفہ کے ذریعہ سے ہے تو نیوگی بچہ کا تعلق غیر کا نطفہ ہوتے ہوئے دوسرے باپ یعنی اس کی ماں کے اصلی شوہر سے کسطرح خلاف قاعدہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ کیا یہ باجرہ سے پیدا شدہ اناج کو گیہوں کہنا اور ماننا نہیں ہے تو کیا ہے؟ کوئی عقلمند انسان اس کو تسلیم کر سکتا ہے۔ کیا کوئی شخص ہاتھی کے بچے کو گدھا اور بکری کے بچے کو ہاتھی مان سکتا ہے؟

(۱۶) اگر نیوگ آپ کا دھرم ہے تو تمام رنڈیاں یعنی طوائفیں بھی جن کے زنا سے اولاد پیدا ہوئی ہے۔ کہہ سکتی ہیں کہ ان کی اولاد جائز ہے۔ اور انہوں نے اپنا پیٹ پالنے، جان بچانے، بے اولادی کی مصیبت سے نجات پانے اور خاندان کا نام و نشان قائم رکھنے کیلئے اسی قانون آپت دھرم نیوگ کی رو سے اولاد حاصل کی ہے۔ رنڈیوں کو زنا کے لئے اپنے خاندانی اشخاص کی اجازت بھی حاصل ہوتی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ نیوگن کا مدعا نیوگی سے مباشرت کا صرف اولاد پیدا کرنا ہے اور رنڈی کا پیٹ پالنا۔ تو جناب معاف کیجئے ہر رنڈی یہ خوب جانتی ہے کہ زنا کا نتیجہ اولاد پیدا ہونا بھی ہے ساتھ ہی نیوگن بھی یہ جانتی ہے کہ نیوگی سے مباشرت کا نتیجہ فیلیور یا ناکامیابی بھی ہو سکتی ہے۔ ایسی حالت میں دونوں کی مباشرت و زنا کو جائز تسلیم کرنا پڑیگا بلکہ ایک رنڈی کا درجہ ایک نیوگن پر فائق ہے کیونکہ ... سے زنا ...

ایک پیٹ پالنا دوسری بے اولادی اور نیوگن صرف اولاد کی ضرورت سے۔

(۱۷) جس قدر مذاہب دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں عموماً کسی مذہب کے رہنما یا لیڈر نے دنیا سے نہ خود دل لگایا اور نہ اپنے پیروان کو دنیا پرستی کی تعلیم دی۔ برخلاف اس کے قائلین تناسخ کا عقیدہ ہے کہ انسان مرنے کے بعد بار بار دنیا میں آکر جنم لیتا ہے اور ہر حالت میں کسی نہ کسی جون میں دنیا میں آنا پڑتا ہے اور آنا پڑیگا۔ غرضیکہ کسی طرح دنیا سے پیچھا نہیں چھوٹتا۔ ایسی حالت میں اگر پہلے دکلی فنا) کا خیال کیا جائے تو پرلے تک جس کا زمانہ نامعلوم ہے خدا جانے کتنے کروڑ برس اور باقی ہیں۔ لیکن اس کے بعد بھی پھر دوسری دنیا میں آنا پڑیگا۔ غرضیکہ اچھا خاصہ مصیبت کا سامان ہے۔ لہذا ایسی صورت میں اگر مسئلہ تناسخ پر اعتقاد رکھا جائے تو ایسے لوگوں کے لئے مذہبی لیڈر اور رہنماؤں کی نصیحت اور تلقین بے کار ہے۔

(۱۸) دنیا کی آبادی پونے دو ارب کے قریب بتلائی جاتی ہے اور اس میں صرف چند لاکھ ایسے آدمی ہیں جو کہ صرف غلہ یا خالص بسری خور ہیں۔ ایسی حالت میں بھی غلہ اس قدر مہنگا ہے کہ لاکھوں آدمی فاقہ کشی کرتے ہیں باوجودیکہ قریب قریب کوئی قابل زراعت اراضی دنیا میں خالی نہیں ہے۔ تو بتلائیے کہ اگر مذہبی کے اصول پر کار بند ہو کر لوگ گوشت، مچھلی، انڈے کھانا چھوڑ دیں تو دنیا کا کیا حال ہو۔ ... آج بھی ہر شخص کے ... نہ آنے ...

کتب خانہ جامعہ ملیہ

جانوروں کی اس قدر کثرت جو کہ کوئی رکھے کہ جانور بھی اور ان کے کھانے پینے کا انتظام تو ناممکن ہو جائیگا غرضیکہ گاندھی جی کی ترکیب اہنسا کیا ہے اچھی خاصی عالمگیر خودکشی ہے اور عالمگیر قحط۔ بدامنی۔ فساد۔ لوٹمار وغیرہ وغیرہ اوس کے علاوہ ہیں۔ اگر اور بھی ایسے رہنما پیدا ہو جائیں تو دنیا کا خاتمہ بہت ہی جلد ہو سکتا ہے۔ برتھ کنٹرول کی ترکیب اہنسا کی ترکیب کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں۔

(۱۹) قاعدہ کی بات ہے کہ جب انسان کسی کام سے قطعی نا امید اور مایوس ہو جاتا ہے تو پھر اوس کام کی طرف توجہ یا کوشش نہیں کرتا۔ ساتھ ہی اگر اوس کا یہ مذہبی عقیدہ بھی ہو جائے کہ یہ کام حاصل نہ ہوگا تو وہ اوس کام پر رجوع نہ ہوگا۔ آریہ صاحبان کا یہ عقیدہ ہے کہ خدا انسانی گناہ معاف نہیں کرتا یا نہیں کر سکتا۔ اور ان کو اپنے گناہوں کی معافی کی طرف سے قطعی نا امیدی اور مایوسی ہے۔ گویا اس کا یہ مطلب ہوا کہ وہ اپنی کسی خطا کے لئے خدا کی طرف جو کہ بہت بڑا رحیم اور غفار ہے اور ہمیشہ نا امیدی اور مایوسی میں مدد کرتا ہے۔ کسی حالت میں رجوع نہیں ہوتے۔ اور اوس کی ہر مہربانی اور عفو کی صفت سے لاپرواہ ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ ایک مشہور سچا مقولہ ہے کہ انسان خطا و نسیان کا مرکب ہے۔ اب جبکہ انسان خطا و نسیان کا پتلا ہے تو اسکو اپنی فطرت کے مطابق خطا اور گناہ کا مرتکب ہونا پڑتا ہے تو ایسے یقینی مرض کے علاج کی تلاش نہ کرنا اور یہ سمجھ لینا کہ اس مرض کا علاج موت کے سوا کچھ نہیں یا یوں کہو کہ کسی گناہ کا علاج سوائے سزا بھوگنے کے اور کچھ نہیں کتنی بڑی نادانی اور غلطی ہے۔ حالانکہ وہ روزانہ اپنے والدین، دوستوں، عزیزوں، حکام، ماسٹروں اور پبلک سے اپنی خطاؤں اور غلطیوں کی معافی مانگتے ہیں اور کبھی اس اصول مذہبی پر عمل نہیں کرتے کہ ان خطاؤں کی معافی نہ مانگنا چاہئے بلکہ سزا بھگتنی چاہئے ساتھ ہی معافی مانگ کر سزاؤں سے خلاصی بھی پاتے رہتے ہیں۔ اور جو شخص ان کو معاف کر دیتا ہے اوس کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور کبھی وہ اس کو بے انصاف یا غیر منصف شخص نہیں سمجھتے۔ مگر جب خدا سے معافی کا کوئی درخواست کا نمبر آتا ہے تو وہ جو سب سے بڑا عفو کرنے والا اور مختار کل اور ہر طرح کامل طور پر سفید اور سیاہ کا مالک ہے اور اوس پر کوئی دوسرا محاسب بھی نہیں ہے کہ معافی دینے کے ناقابل اور ایسا کرنے کی حالت میں غیر منصف قرار دیں۔ کہئے جناب یہ کیا معاملہ ہے کہ گڑ کھائیں اور گلگلوں سے پرہیز۔ اگر واقعی آپ کا یہ عقیدہ ہے کہ معافی دینا نا انصافی ہے تو آپ خود لوگوں سے نا انصافی کی درخواست کیوں کرتے ہیں۔ اور خود بھی نا انصافی کرتے اور دوسروں کو معاف کرتے اور دوسروں سے معافی مانگ کر ان سے معافی حاصل کرکے اس کو بے انصاف بناتے ہیں۔ یہ کیا کام ہے اور مسئلہ تناسخ کیا ہوا ہے۔ ساتھ ہی یہ پرمیشر کی لاچاری اور بے مائگی اور مجبوری کا کیسا کھلا ہوا عقیدہ ہے۔

مسلمانوں کو توحید و سنت کا سبق

(زتیجۂ فکر مولوی ابو عبدالشکور محمد داؤد صاحب شکراوی)

آؤ بتاؤں آج مسلمان کیا کریں ؏ اے کاش اتحاد کے جلسے بپا کریں
آپس میں بھائی بن کے پیارسے رہا کریں مل جل کے سب اللہ سے بس یہ دعا کریں

اے رب ہمارے لیڈروں میں اتفاق ہو
ہو جائیں ایک دور سب بغض و نفاق ہو

چڑھنا ہے اگر ہم کو ترقی کے بام پر قربان ہونا چاہئے ملت کے نام پر
توحید پر اور سنت خیر الانام پر ہو جائیں فدا شانِ صحابہ کرامؓ پر

ہم وہ کریں جو خالدؓ سلماںؓ نے کیا
فاروقؓ نے جو حیدرؓ ذی شان نے کیا

اسلام کو حق دل سے اگر مانتے ہو تم الہام حق قرآن کو گر مانتے ہو تم
گر دین اور ایمان کو پہچانتے ہو تم گر انتم الاعلون کو سچ جانتے ہو تم

آجاؤ بس خم ٹھوک کر میدانِ عمل میں
ہو جائے بپا زلزلہ دنیائے دجل میں

قرآن مقدس نے ہمیں سب بتا دیا عزت کی زندگی کا طریقہ سکھا دیا
آئین ظلم و جور کو یکسر مٹا دیا ہر طرف مساوات کا ڈنکا بجا دیا

قرآن پاک پر عمل لیل و نہار ہو
ممکن ہی نہیں قوم کا بیڑا نہ پار ہو

مل جل کے سب اللہ کی رسی کو تھام لو توحید اور اشاعت سنت سے کام لو
میدانِ عمل سے نہ اب بیٹھنے کا نام لو مومن ہو تو خوشنودیٔ خیر الانام لو

ملت کے لئے جو کوئی قربان ہو گیا
کامل ہوا اے راز مسلمان ہو گیا

کتب خانہ ... اسلامیہ

فتاویٰ

س ۱۲۹ } مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ ہر زمانے میں ایک مجدد ہوا ہے۔ اس وقت مجدد زمان کون ہیں اپنے اخبار میں درج فرماکر جواب دیں۔

(بشیر احمد از کالا گوجراں تحصیل جہلم)

ج ۱۲۹ } مجدد وہ ہے جو توحید و سنت کی صحیح خدمت کرے۔ تعیین نہیں کر سکتے۔ حسن ظن سے جو جسے سمجھتا ہے مجدد کہہ دیتا ہے۔ اسی واسطے پہلے مجددین کی تعیین میں بھی اختلاف ہے۔ اللہ اعلم!

س ۱۳۰ } زید مسجد اہل حدیث کا امام نماز ہے ہمیشہ بیڑی سگرٹ پیا کرتا ہے۔ خارج مسجد بھی اور گلی کوچوں میں بھی پیتا پھرتا ہے۔ لوگ فتویٰ پوچھتے ہیں کہ بیڑی سگرٹ پینے والے کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے؟ خصوصاً نماز سے پندرہ یا دس منٹ پہلے بیڑی یا سگرٹ پی کر وضو کر کے نماز پڑھاتا ہے۔ آیا ایسا شخص امامت کے لئے سزاوار ہے یا نہیں؟ تمباکو حرام ہے یا حلال۔ (سید عبدالکریم ہیڈ ماسٹر بنگلور کنٹ)

ج ۱۳۰ } تمباکو پینا منع ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المفتر۔ یعنی مفتر چیز سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ امام جماعت کو ترک کرنا چاہئے۔ اگر وہ نماز پڑھائے تو نماز ہو جاتی ہے اللہ اعلم

(از داخل غریب فنڈ)

س ۱۳۱ } ایک شخص گیانی نامی ہے۔ اس کے دو لڑکے گلائیں اور ٹیرو ہے۔ گلائیں کا ایک لڑکا آسا ہے اور ٹیرو کے دو لڑکے امامی اور عبداللہ ہیں۔ آسا کی لڑکی مسمات زہرہ اور لڑکا نور محمد ہے اور امامی کی دختر مسمات کنی ہے۔ کیا نور محمد کا عقد مسمات کنی کے ساتھ ہو سکتا ہے؟

(ایک خریدار اخبار اہلحدیث)

ج ۱۳۱ } مندرجہ سوال کا نقشہ اس طرح ہوگا



تو صورت مسئولہ میں نور محمد کا کنی سے نکاح جائز ہے اللہ اعلم!

س ۱۳۲ } زید فوت ہو گیا۔ اس کے بعد ایک پوتی اور چند بھتیجے اور دو نواسے رہ گئے ہیں۔ تقسیم ترکہ کس طرح ہوگی؟ (سائل عبداللہ پنجابی)

ج ۱۳۲ } نصف پوتی کو اور نصف بھتیجوں کو بلحاظ عصبہ ملے گا۔ نواسے محروم ہیں (سراجی) اللہ اعلم

س ۱۳۳ } انما هی تیعان حدیث کا پتہ بتائیے۔ (حاجی یونس خان دتاولی)

ج ۱۳۳ } یہ حدیث مشکوٰۃ میں بالفاظ ذیل موجود ہے:۔ ان الجنة طيبة التربة عذبة الماء وانها قيعان الحديث (مشکوٰۃ صفحہ ۲۰۲ مطبوعہ مطبع مجیدی کانپور)

س ۱۳۴ } زید مر گیا ہے۔ اس کے ورثاء بیوی، والدہ، ماں اور تین چچے ہیں۔ پھوپھی اور بہن کوئی نہیں۔ دو چاچے ایک ماں کے بیٹے ہیں اور ایک چاچا ایک ماں کا بیٹا ہے۔

متوفی زید
وارثین

۳	۲	۱
تین چاچے	ماں	بیوی

حسب حکم شریعت محمدی واضح طور پر مسئلہ تحریر فرمائیں۔

(غلام رسول مسجد ٹاہلی والی چنیوٹ)

ج ۱۳۴ } زید کی وراثت یوں تقسیم ہوگی۔

مسئلہ ۱۲ / ۳۶ — زید

چچا	چچا	چچا	ماں	بیوی
۵	۵	۵	۴/۱۲	۳/۹

بیوی کو چوتھا حصہ اور ماں کو چھٹا۔ باقی جو بچے وہ چچوں کے درمیان تقسیم ہوگا۔ اللہ اعلم

(از داخل غریب فنڈ)

س ۱۳۵ } ہمارے محلہ میں ایک طوائف کو ایک چند رئیس نے رکھا ہوا تھا۔ وہ رئیس مرتا ہوا اولاد کو وصیت کر گیا کہ اس کی پرورش کرنا۔ اب وہی لڑکا اس کو تیس روپیہ ماہوار خرچ دیتا ہے۔ طوائف بڈھی ہو گئی ہے اور زنا سے توبہ بھی کر چکی ہے۔ ایک بدعتی پیر کی مرید بھی ہے۔ کیا یہ تنخواہ اس کو شرعاً لینی جائز ہے یا نہیں؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۱۳۵ } زنا کے باعث اس کے لئے یہ خرچ متعین ہوا ہے۔ اس لئے اس کے لئے حرام ہے۔ توبہ کے ساتھ اس دنیوی نفع کو بھی ترک کر دے۔ تاکہ توبہ پوری ہو جائے۔

(فتاویٰ اسی قدر تھے)

(بقیہ مضمون از صفحہ ۱۶)

اور موقع ملنے پر پورے معنوں میں انجینئر بن جائیں بیس بیس روپیہ ماہوار کے دس وظیفے غریب پنجابی طلباء کو ہر سال داخلہ اور سالانہ سیشن کے امتحانات کے نتیجہ کی بنا پر دیئے جائیں گے۔

تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لئے اچھی ملازمت کا نیا ذریعہ بہم پہنچانے کے لئے "سی" کلاس کا نصاب قائم کیا گیا ہے۔ جو طلباء کامیابی کے ساتھ یہ نصاب مکمل کر لیتے ہیں وہ کسی پیشہ میں بطور بتدی ملازمت کے اہل ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے ملازمت کے مواقع بہت اچھے ہیں اور جب سے یہ جماعت قائم ہوئی ہے ان تمام اشخاص کو جنہوں نے اس کی تعلیم حاصل کی فوراً تسلی بخش ملازمت مل گئی۔ یہ نصاب ان لڑکوں اور نوجوانوں کو غیر معمولی طور پر میکنیکل یا الیکٹریکل پیشہ میں تعلیم کا موقع بہم پہنچاتا ہے جو اعلیٰ درجہ کی انجینیری تعلیم حاصل کرنے کے لئے زیادہ روپیہ خرچ نہیں کر سکتے۔ ہر سال پہلے اور دوسرے سال کے طلباء کو تعداد وظائف دیئے جاتے ہیں۔ "سی" کلاس میں تعلیم

متفرقات

معاونین کرام! اخبار اہلحدیث کی ترقی اشاعت میں حتی المقدور کوشش کرتے رہا کریں۔

تبلیغی رسائل شعبہ اشاعت فنڈ کی طرف سے حسب ذیل رسائل شائع کئے جا چکے ہیں۔ تھوڑے سے باقی ہیں۔ جن اصحاب کو ضرورت ہو محصول ڈاک اور حسب توفیق امداد اشاعت فنڈ بھیجکر منگا سکتے ہیں۔

(۱) پیر جماعت علی شاہ صاحب علی پوری کی امارت کی ابتدا اور انتہا۔ حق اشاعت فنڈ دو پیسہ۔ محصول ڈاک نو پائی۔ (۲) نور توحید۔ شمع توحید کے جواب میں فرقہ غالیہ کی طرف سے پروانہ تنقید شائع ہوا تھا اس کا جواب الجواب جس میں مسئلہ علم غیب۔ استعانت۔ استمداد وغیرہ کے علاوہ مولانا مدظلہ کی مختصر سوانح بھی درج ہے۔ حق اشاعت فنڈ ۔ر۔ محصول ڈاک ۔ر (۳) عرس نامہ منظوم۔ بزرگان دین کے مزارات پر جو سالانہ عرس اور عرسوں میں غیر شرعی امور ہوتے ہیں اس کا مفصل نقشہ ناصحانہ انداز میں بصورت نظم شائع کیا گیا ہے۔ (۴) اسلام کیا چاہتا ہے؟ یہ ایک تبلیغی مضمون ہے جو جمعیۃ اہل حدیث کلکتہ کے ایک اجلاس میں مولانا ابوالوفاء صاحب نے بیان فرمایا تھا۔ ۳-۴ کے لئے اشاعت فنڈ ۲ر سینکڑہ محصول ڈاک ۳-۴ ۱۲ر فی سینکڑہ۔ ۳ ۴ر فی سینکڑہ ملنے کا پتہ:۔ دفتر اہلحدیث امرتسر

مرقع قادیانی یہ ایک ماہواری رسالہ ۳۱-۱۹۳۲ء میں دفتر ہذا سے شائع ہوا کرتا تھا۔ دو نو سالوں کے مکمل سٹ موجود ہیں۔ ہر نمبر میں قادیانی، بہائی اور آریہ مشن کی تردید میں بے نظیر مضامین مندرج ہیں۔ قیمت مکمل سٹ بارہ آنہ۔ محصول ڈاک ۴ر دفتر اہلحدیث امرتسر سے طلب کریں۔

ریویو "تحویل المہدی موعود" قادیان (جو مولد الانبیا ہے) میں مرزا صاحب متوفی کے اتباع میں سے ایک شخص

میں قادیان - مرزا غلام احمد صاحب علیہ ما علیہ کی جگہ (۵۶) صفحہ عمدہ لکھائی چھپائی - قیمت ۸ر - عاص ۱ر (دفتر اہلحدیث)

احمد نور کابلی کا ظہور ہوا ہے جو مدعی نبوت و رسالت غالباً مہدویت بھی ہے۔ رسالہ زیر ریویو اسی بزرگ کی جدید تصنیف ہے جو اس نے اپنے دعویٰ کے اثبات میں لکھا ہے اور اس جماعت کے علم کلام کا نمونہ ہے جو قابل داد ہے قیمت ۲ر۔ پتہ۔ احمد نور کابلی۔ قادیان ضلع گورداسپور

یاد رکھئے

اگر آپ کی قیمت اخبار ماہ مئی میں ختم ہونے کی اطلاع بذریعہ اخبار اہلحدیث مورخہ ۲۸۔ اپریل مل چکی ہے تو از ماہ جون قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر بہت جلد ارسال کردیں۔ اگر مہلت درکار ہو یا خریداری منظور نہ ہو تو بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیجئے۔ ورنہ حسب سابق آپ کو آئندہ کے لئے خریداری پر آمادہ سمجھتے ہوئے

آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائے گا۔

جس کا وصول کرنا آپ کا اخلاقی فرض ہوگا۔ ایسا نہ ہو کہ آپ معمولی تساہل سے کام لیتے ہوئے وی پی واپس کردیں۔ جس سے دفتر کو خواہ مخواہ زیر بار ہونا پڑے۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

روانہ ہوگئی
تفسیر بالرائے

جسے مولانا مدظلہ نے حال ہی میں اپنے مخصوص پیرایہ میں تصنیف کیا ہے۔ تفسیر بالرائے کی حقیقت، اور زمانہ حاضرہ کی اردو تفاسیر سے مثالیں بتائی گئی ہیں۔ جن اصحاب نے فرمائشیں بھیجی تھیں ان کو بھیجی گئی ہے دیگر اہل ذوق جلد از جلد طلب فرمائیں۔ قیمت ۸ر محصولڈاک ۲ر۔ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

آہ ملک محمد صالح سیالکوٹی جو میرے ہم جلیس نام اور کام کے صالح تھے انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ خدا مرحوم کو بخشے۔

محمد ابراہیم میر از شہر سیالکوٹ

ماسٹر محمد شفیع سیکرٹری مجلس استقبالیہ جلسہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس گھگڑ چوڑیاں ضلع گورداسپور کا داماد محمد صادق امرتسری جوانی کی حالت میں انتقال کر گیا۔ اناللہ! (محررہ دفتر اہلحدیث)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

اللھم اغفر لھما وارحمھما

جوابی کارڈ بھیجکر گول میز کانفرنس گھگڑ چوڑیاں کی صحیح روئداد پتہ ذیل سے طلب کرلیں۔ جلدی کیجئے۔ چند نسخے باقی رہ گئے ہیں۔

مولوی عبداللہ ثانی۔ ڈھاب کھٹیکاں امرتسر

تبلیغی جلسہ جلسہ انجمن محمدیہ اہل حدیث نوشہرہ مجا سنگھ متصل چھینہ ضلع گورداسپور بتاریخ ۳-۴ جون ۱۹۳۶ء بروز ہفتہ، اتوار منعقد ہوگا۔ جس میں مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب کے تشریف لانے کی واثق امید ہے۔ انشاء اللہ العزیز۔ نیز مولوی محمد عبداللہ صاحب ثانی امرتسری ومنشی عبداللہ صاحب معمار امرتسری۔ مولوی علی محمد صاحب صمصام، مولوی خداداد صاحب بمیال اور مولوی محمد یعقوب صاحب بھامبڑی تشریف لائیں گے۔ اصحاب ذوق شریک جلسہ ہوکر جلسہ کی رونق کو بڑھائیں (ناظم انجمن) (۸ر داخل اشاعت فنڈ)

مضامین آمدہ ایم ابوالحسن صاحب بسمل۔ مولوی ابوسعید عبدالمجید صاحب۔ مولوی عبدالکریم صاحب۔ مولوی محمد علی صاحب۔

غیر مقبولہ نکاح ام کلثوم اور اخبار شیعہ۔ صلائے عام بانفخ صور۔ حوا حضرت آدم کی پسلی سے پیدا نہیں ہوئی۔

کتابت شروع ہوگئی جملہ خریداران اہلحدیث کو دو تین بار اطلاع دی جا چکی ہے کہ ان کے پتہ کی چٹیں تو چھپنے والی ہیں۔ اگر کسی صاحب نے اپنا پتہ تبدیل کرانا ہو تو بہت جلد اطلاع دیں۔ چنانچہ بہت سے اصحاب نے اطلاع بھیجدی ہے۔ کتابت شروع ہوگئی ہے۔ ۳۱۔ مئی تک انتظار کرکے طبع کرائی جائیگی۔ بعد میں شکوہ یا گلہ فضول ہوگا۔ اس لئے جلد ہی اطلاع بھیجیں۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

ملکی مطلع

آہ حاجی عبدالغفار دہلوی مرحوم

مرحوم کے انتقال کی خبر گذشتہ پرچہ "اہلحدیث" میں درج ہو چکی ہے۔ اس وقت تک ہم کو (بتقاضائے محبت) مرحوم کی وفات کا یقین نہ تھا۔ مگر اس کے بعد دہلی اور کراچی سے حاجی محمد صالح اور حاجی عبیدالرحمٰن صاحب برادر مرحوم کی اطلاعات نے یقین دلادیا۔

ہمارے ناظرین میں سے جن اصحاب کو حاجی صاحب مرحوم سے واسطہ نہ پڑا ہو وہ آشنا جان لیں کہ مرحوم بہتر دوست، بہتر ناصح، بہتر جلیس، بہتر مشیر، بہتر مہمان نواز لعم الامین تھے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ آپ خدا کے فرمان بردار بندے تھے۔

ہم دونوں (ابوالوفاء۔ ابراہیم میر) آپ کو گویا خاندان کا بزرگ جانتے تھے۔ آپ بھی ہم سے بحیثیت مولوی نہیں بلکہ عزیزوں کی طرح محبت کرتے تھے۔ ہر دکھ درد میں شریک، ہر غم میں پرسان حال۔ یہ سچ ہے کہ مرحوم کے انتقال کے بعد ہم کو آپ کے پایہ کا مخلص نظر نہیں آتا۔

مرحوم حضرت میاں صاحب مغفور کے صحبت یافتہ اور تعلق تلمذ سے بہرہ ور تھے۔ آپ کے انتقال سے حضرت ممدوح کے صحبت یافتوں کا گویا خاتمہ ہے۔ مولانا حالی مرحوم نے ایسے موقع کے لئے ایک رباعی لکھی ہے ؎

قمری ہے نہ طاؤس نہ کبک طناز
آتے ہی خزاں کے سب کر گئے پرواز
تھی باغ کی یادگار اک بلبل زار
سو اسکی بھی کل سے نہیں آتی آواز

مگر مومن کو بجز انا للہ کہنے کے چارہ نہیں۔ مرحوم کے بھائی حاجی عبیدالرحمٰن صاحب کا خط آمدہ از کراچی درج ذیل ہے۔

افسوس! ۱۸ اپریل بروز ہفتہ کے روز نماز ظہر کے بعد جناب حاجی محمد عبدالغفار صاحب نے جہاز علوی میں انتقال فرمایا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو بخشے اور سب کو صبر اجر دے۔ اور میرا خاتمہ ایمان کے ساتھ کرے۔ مرحوم بالکل تندرست تھے۔ ۱۱ بجے کھانا کھا کر سو گئے۔ ایک بجے ظہر کی نماز ادا کر کے وظیفہ پڑھتے رہے۔

حاجی محمد علی صاحب متعلقہ مدرسہ مولانا حفیظ اللہ خان مرحوم نے سنت کے موافق غسل کرایا۔ نماز جنازہ مولوی سیف الرحمٰن صاحب کابلی نے پڑھائی۔ تخمیناً ۵ سو حاجیوں نے جنازہ کی نماز پڑھی۔ خدا تعالیٰ بخشے۔ ممکن ہو تو نماز جنازہ جناب بھی پڑھوادیں۔

(پڑھوایا گیا اور "اہلحدیث" میں اعلان بھی کیا گیا۔ (اہلحدیث)

(عبیدالرحمٰن عفی عنہ از کراچی ۱۴ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ)

اہلحدیث | مرحوم خاندان حاجی علی جان مرحوم میں سب سے بڑے تھے۔ علاوہ اس کے آپ آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کے صدر محترم بھی تھے۔ ہم مرحوم کے افراد خاندان اور احباب خاص (مولانا نواب مرزا، حاجی محمد صدیق، خواجہ عبدالمجید، حاجی اسماعیل وغیرہ) کے غم والم میں شریک ہوتے ہیں اور باخلاص والحاح دعا کرتے ہیں۔

اللھم اغفر لہ وارحمہ وابدلہ داراً خیراً من دارہ واھلاً خیراً من اھلہ

دعا گویان۔ ابوالوفاء۔ ابراہیم میر

"لکھنؤ میں بنو امیہ کی حکومت"

اخبار "شیعہ" لاہور نے بصرخی دیگر لکھنؤ کی اسلامی جنگ کا ذکر کیا ہے۔ جنگ بھی ایسی ہے کہ بنو امیہ اور عباسیوں میں بھی نہ ہوئی ہوگی۔ بہت بڑا اہم معاملہ ہے بہت بڑا ملک فتح ہونے والا ہے۔ سچ تو یہ ہے نواب واجد علی خان مرحوم (والئی اودھ) بھی زندہ ہو جائیں تو اس جنگ کو مقدس سمجھ کر اس میں ضرور شریک ہو جائیں۔ چنانچہ آپ کا پوتا بھی اس جنگ میں شریک ہو کر قید آزما ہو گیا ہے۔ یہ لڑائی اتنی اہمیت رکھتی ہے کہ عیسائیوں اور ترکوں میں بھی اتنی اہم لڑائی نہ ہوئی ہوگی۔ لکھنؤ میں نزاع کیا ہے؟ یہی ناکہ اصحاب ثلاثہ کو ماننے والے ان کی تعریف کیوں کرتے ہیں۔ اس لئے ہم شیعوں کو بجا سمجھ کر بیزاری کا اظہار کریں گے۔ قابل غور بات یہ ہے کہ یہ غیرت اس وقت کام نہیں دیتی جب آریہ سماج کا جلوس اپنے گرو سوامی دیانند کی تعریف کے گیت گاتا ہوا بازاروں میں گزرتا ہے تو یہ مومنین خاموش رہتے ہیں۔ ادھر ہم لکھنؤ کے سنیوں کو بھی مشورہ دے سکتے ہیں کہ وہ بھی رفع فساد کے لئے اپنی خاص مجالس اور مساجد میں مدح صحابہ کرنے پر کفایت کریں تو ملک پر ان کا بڑا احسان ہوگا۔ مگر یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی کہ صوبہ یو پی کی حکومت نے اگر سنیوں کو بعض موقعوں پر جلسے یا جلوس کی شکل میں مدح صحابہ کرنے کی اجازت دیدی ہے تو اس پر ناراض ہو کر شیعوں نے کھلے بندوں تبرا خوانی کیوں شروع کر دی ہے۔ انہوں نے اگر اس کا بدلہ لینا تھا تو ان کو چاہئے تھا کہ حکومت کے برخلاف یوں نعرے لگاتے پھرتے "کانگرس مردہ باد۔ کانگرسی حکومت مردہ باد" نہ کہ سنیوں کے بزرگوں سے تبرا کرتے۔ شیخ سعدیؒ نے ایسے موقع کے لئے نہایت عارفانہ شعر کہا ہے جو شیعان لکھنؤ کے قابل توجہ ہے ؎

گرچہ تیر از کماں ہے گزرد
از کماں دار داند اہل خرد

ہماری حیرت کی حد نہیں رہتی جب ہم شیعہ اخباروں میں ان تبرا کہنے والوں کے حق میں مجاہدین کا مقدس لفظ لکھا ہوا دیکھتے ہیں۔ اس موقع پر ہمیں خیال آتا ہے کہ شیعہ یا تو اس لفظ کے معنی نہیں سمجھتے یا اسلامی تعلیم سے ناواقف ہیں۔ ہماری مختصر گذارش کو توجہ سے سنیں تو ہم ایک ہی بات عرض کرنا چاہتے ہیں کہ عرب سے نکل کر جن لوگوں نے دوسرے ملکوں (مصر، شام، طرابلس، ایران وغیرہ) کو فتح کر کے اسلامی علم بلند کیا تھا۔ وہ بھی اس لقب مجاہد سے ملقب تھے یا نہیں۔ جواب دینے میں جلدی نہ کیجئے۔ کلیجی کتاب [illegible]

دیکھ کر کہئے۔ اگر وہ جنگ جاہرتے اور فیصلہ کے صبر سے کام لئے اور ان کے پیچھے والوں سے تبرا کیوں کیا جائے ہمیں یقین ہے کہ چند روز تک کے بعد جب یہ سیلاب اتر جائیگا تو شیعہ اصحاب خود ہی اپنی غلطی کا احساس کر لیں گے

مولانا شبلی مرحوم نے ایک دفعہ مجھ سے بیان کیا کہ جسٹس محمود جج (ہائیکورٹ الہ آباد) کی عدالت میں ایک اپیل پیش ہوئی۔ جس میں سنیوں کی طرف سے یہ دعوی تھا کہ شیعہ اذان میں اشہد ان علیا ولی اللہ" کہتے ہیں اس سے ہمیں رنج ہوتا ہے ان کو منع کیا جائے۔ جسٹس محمود اگرچہ خود سنی تھے مگر انہوں نے یہ فیصلہ دیا کہ شیعہ لوگ دلآزاری کے لئے نہیں کہتے بلکہ اپنا مذہبی فرض ادا کرتے ہیں اس لئے ان کو بند نہیں کرنا چاہئے۔ ٹھیک اسی فیصلے کے ماتحت سنیوں کا فعل آسکتا ہے جو کہتے ہیں کہ ہم کسی کی دلآزاری کے لئے نہیں بلکہ اظہار محبت کے لئے مدح صحابہ کہتے ہیں۔

سوال ہم شیعوں سے ایک سوال کرنا چاہتے ہیں کہ کسی بستی میں یہودی اور عیسائی اکٹھے رہتے ہوں (جیسے فلسطین میں) اور وہاں کے عیسائی مسیح کے حق میں اپنے عقیدہ کا اظہار کریں تو کیا یہودیوں کا بھی حق ہوگا کہ وہ بھی مسیح کے حق میں ایسے الفاظ بلند آواز سے کہیں جن سے ان کے عقیدے کا اظہار ہوتا ہو۔ غالباً کوئی حکومت اس کی اجازت نہ دیگی۔ ہم معذانہ دیکھتے ہیں کہ ہندو اور آریہ اپنے جلوسوں میں اپنے بزرگوں کی مدح سرائی کرتے جاتے ہیں۔ حالانکہ ان بزرگوں کی نسبت مسلمانوں کی رائے ان کے موافق نہیں۔ پھر کیا مسلمانوں کو بھی حق ہے کہ وہ بھی ان کے مقابلہ میں بدگوئی کرتے ہوئے جلوس نکالیں ہرگز نہیں۔ کیونکہ اگر اس طریق کار کو جاری کیا جائے تو سب سے پہلے خدا تعالے کو تختہ مشق بنایا جائیگا۔ مؤمن باللہ گروہ خدا کی تعریف کرتا ہوا جلوس نکالیگا۔ اس کے جواب میں دہری گروہ خدا کو گالیاں دیتا پھریگا۔ خدا کے بعد رسالت سے بھی یہی برتاؤ کیا جائیگا۔ پھر اتفاقاً اگر کسی بستی میں شیعان علی اور خوارج دونوں گروہ رہتے ہوں وہاں علی مرتضی کو تختہ مشق بنایا جائیگا۔

مختصر یہ ہے کہ اپنے اعتقاد کے موافق کسی کی تعریف کرنے سے مقصود اپنی محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ لیکن کسی بزرگ کو برا کہنے سے اس کے اتباع کی دلآزاری یقینی ہے۔ قرآن مجید میں نہایت حکیمانہ الفاظ میں ارشاد ہے کہ مشرکوں کے معبودوں کو برا مت کہو وہ اس کے جواب میں تمہارے سچے معبود کو برا کہیں گے جس کا گناہ تم پر ہوگا۔ یہ اسی طرف اشارہ ہے کہ کسی قوم کے بزرگوں کو برا کہنے سے اس کے جذبات بھڑک اٹھتے ہیں۔ یہی معنی ہیں اس حدیث کے جس میں ارشاد ہے کہ جو کوئی کسی کے ماں باپ کو گالی دے وہ ایسا ہے گویا اس نے خود ہی اپنے ماں باپ کو گالی دی۔

اخیر میں ہماری دعا ہے کہ خدا ان ابنائے اسلام کو اسلام کی صحیح خدمت کرنے کی توفیق بخشے۔

(نوٹ) اخبارات سے معلوم ہوا ہے کہ لکھنؤ میں فریقین کے درمیان مصالحت کرانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ خدا کرے کہ یہ گفت و شنید بہت جلد نتیجہ خیز ثابت ہو۔ تاکہ اسلام کے دو بڑے فرقوں میں یہ مضر ترین جنگ ختم ہو جائے اور وہ کسی مفید کام میں اپنا قیمتی وقت لگائیں۔ ؎

دولت ہمہ ز اتفاق خیزد
بے دولتی از نفاق خیزد

اللھم وفقنا لما تحب وترضی

پنجاب کے دیہات میں بیداری کے آثار

پنجاب اتحاد پارٹی (یونینسٹ پارٹی) کے صدر دفتر سے بعنوان مذکورہ ہمیں ایک طویل مراسلہ موصول ہوا ہے۔ جس میں اصلاح دیہات کے سلسلہ میں بعض واقعات کا ذکر کیا گیا ہے۔ مثلاً چودھری چھوٹو رام وزیر ترقیات نے ضلع گوڑگاؤں وغیرہ کے بعض دیہات کا دورہ کیا اور لوگوں نے ان کا پرجوش استقبال کیا اور آپ کی کوشش سے کئی دیہات میں کانگرس کمیٹیوں کی بجائے زمیندارہ لیگ کی شاخیں قائم ہوگئیں۔ اور دیہاتی لوگ عموماً زمیندارہ گورنمنٹ کی جے مسٹر سکندر حیات خان کی جے" چودھری چھوٹو رام کی جے" وغیرہ نعرے لگاتے رہتے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دیہاتی لوگ پنجاب کی موجودہ وزارت سے بہت خوش ہیں۔

میکلیگن انجینئرنگ کالج مغلپورہ

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

صاحب پرنسپل میکلیگن انجینئرنگ کالج مغلپورہ لاہور نے امتحان داخلہ کی تاریخیں ۱۸ اور ۱۹ اپریل کی بجائے ۳۰ اور ۳۱ مئی ۱۹۴۰ء کردی ہیں۔ امیدواروں کی درخواستوں کے فارم ۳۰ مئی ۱۹۴۰ء کو صبح ۹ بجے تک جب امتحان شروع ہوگا وصول کئے جائیں گے۔ اسی طرح "سی" کلاس کے طلباء کے لئے مجلس انتخاب کے اجلاس کی تاریخ ملتوی کردی گئی ہے اور داخلہ کے لئے درخواستیں کالج کے دفتر میں ۱۳ مئی ۱۹۴۰ء کو چار بجے بعد دوپہر تک وصول کی جائیگی۔

یہ کالج گذشتہ ۱۷ سال سے صوبہ میں پیشہ انجینئری کے میکینکل اور الیکٹریکل شعبہ جات کی خدمات سرانجام دے رہا ہے اور اس امر کا ثبوت کہ اسے اپنے اغراض و مقاصد میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ اس ادارہ میں جو تعلیم دی جاتی ہے اس سے متعلقہ مختلف شعبوں میں اس کے سند یافتہ نوجوانوں کو اچھا روزگار میسر ہے۔ یہاں جو نصاب مقرر ہیں ان سے یہ مقصود ہے کہ میکینکل اور ٹیکنیکل انجینئری کے شعبہ جات کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ یعنی اعلیٰ درجہ کے مستند انجینئروں اور ماتحت عملہ انجینئری سے لے کر ماہر کاریگروں اور مستریوں تک کو تربیت دی جاتی ہے۔ تعلیم کے نصاب میں سب سے پہلے "اے" کلاس ہے جس کے ذریعہ پیشہ ور مکینکل اور الیکٹریکل انجینئر تیار کئے جاتے ہیں لیکن اس مضمون میں صرف بی اور سی جماعتوں کا ذکر کیا جائیگا۔ کالج کی بی کلاس کے تعلیمی نصاب سے یہ مقصود ہے کہ اوورسیر یا فورمین قسم کے اعلیٰ مستری اور بجلی کے کاریگر تیار کئے جائیں۔ لیکن فی الواقع قابل طلباء اس امر کے مجاز ہیں کہ وہ لنڈن کے ایم۔ آئی۔ ای۔ ای یا اے۔ ایم۔ آئی۔ ایم۔ ای کے امتحان دے سکیں۔ (باقی ملاحظہ ہو...)

بیمۂ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد اپنے متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگِ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی — قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۵۶۸)

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی مرحوم
کے
رسالہ اشاعۃ السنہ کا فائل

مولانا مرحوم کے رسالہ اشاعۃ السنہ کے بہت سے فائل ہمارے پاس موجود ہیں۔ جن اصحاب کو اس رسالہ کے جس پرچہ کی ضرورت ہو۔ اس کا نمبر اور جلد کا نمبر بھیج کر منگالیں۔ بعض جلدیں بارہ نمبر کی اور بعض اس سے کم نمبروں کی ہیں۔ اور ہر جلد مضمون کے لحاظ سے ایک کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر جلد کی قیمت ۲ رفی نمبر کے حساب سے ہوگی۔ علاوہ محصول ڈاک۔

عصاء موسیٰ

مصنفہ مولانا الٰہی بخش صاحب مرحوم

مصنف موصوف شروع شروع میں مرزا غلام احمد قادیانی کے رفیق کار تھے جس وقت مرزا آنجہانی نے امام وقت، مجدد اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا تو مصنف موصوف مرزا سے علیحدہ ہو گئے اور اسکے دعاوی جو جھوٹ، فریب اور دھوکہ پر تھے ان کو واضح کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی۔ تردید مرزائیت کے لئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ تقطیع بڑی۔ ضخامت ۴۶۴ صفحات۔ قیمت ہے علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ :- عبدالعزیز تاجر کتب کشمیری بازار۔ لاہور (پنجاب)

سرمہ رفیق چشم رجسٹرڈ بیروں مفت

تقسیم کیا جا رہا ہے۔ آپ بھی محصول ڈاک کے لئے صرف ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر یہ بیش قیمت سرمہ اور کتاب "نور نظر کے پوشیدہ خزانے" بالکل مفت طلب فرمالیجئے مفصل فوائد اور ترکیب استعمال ہمراہ ہوگی۔

پتہ :- منیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

جدید انگلش ٹیچر

اگر آپ انگریزی زبان سے بہت جلد واقفیت (تحریری تقریری) حاصل کرنا چاہتے ہیں تو بہت جلد کتاب ہذا منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ آپ بغیر استاد کے انگریزی سیکھ سکتے ہیں۔ بہت مشہور ہے۔ قیمت صرف ۸؍

منگوانے کا پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

کشف الملہم یعنی مقدمہ صحیح مسلم

کا اردو ترجمہ۔ جو اردو خوان اصحاب کے لئے بہت مفید ہے اور دلچسپ ہے۔ جلد منگوالیں ورنہ جدید اڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ قیمت ۱۲؍ پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

مومیائی ۲۵

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"۔
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی
ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور
وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار
دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ..... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے
پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔
ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک
۴/ - آدھ پاؤ ۸/ - پاؤ بھر ۱۵/ مع محصول ڈاک۔
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما سے ایک پاؤ (۵۶۹)
کی قیمت معہ محصول ڈاک ۱۶/ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی
ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب حافظ اسرار الحق صاحب ضلع مظفر پور: "دو چھٹانک
مومیائی بہت جلد ارسال فرمائیے۔ اسکے قبل چندبار مختلف
جگہ سے منگوا چکا ہوں بے حد مفید ثابت ہوئی" (۶ فروری ۳۹ء)
جناب راؤ عبد الواسع خان صاحب کیری: "آپ کی
مومیائی کی بہت تعریف ہے اور فائدہ مند بھی ہے۔ میں نے
اس سے پیشتر منگائی تھی بہت اچھی ثابت ہوئی۔ اب ایک
چھٹانک اور ارسال فرمائیں" (۱۲ - فروری ۳۹ء)
جناب عبد الستار صاحب بمبئی: "میں نے آپکے پاس سے
تین چھٹانک مومیائی منگایا تھا از حد فائدہ ہوا۔ اب ایک
چھٹانک تاج محمد کے نام ارسال کر دیجئے۔ (۱۹ فروری ۳۹ء)
مومیائی منگوانے کا پتہ: حکیم محمد سردار خان
... ایجنسی امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل ۱۲/

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۲/

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار
"اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے
پتہ: مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی

فلیویا امساک رجسٹرڈ

رجسٹری و امتحان شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی سے
خواہ بوڑھا یا جوان قضائے حاجت کے بغیر نہیں رہ سکتا
وقت ضرورت سے پانچ منٹ پیشتر کھائیں۔ ناقابل برداشت
طاقت۔ بے حد ممسک ہے۔ سرعت، احتلام۔ جریان کی
دشمن۔ ۳۲ گولیاں پیکٹ ۸/۶
پتہ: فلیویا کیمیکل ورکس ۲۵ فرید کوٹ (پنجاب)

پتھری توڑ !! ۸/

اس کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے
راستہ بہہ نکلتی ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔ کافی شہرت حاصل
کر چکا ہے۔ اصل قیمت ۸ روپے۔ رعایتی قیمت صرف ۸/
محصول ڈاک ۸/
منگوانے کا پتہ: منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی نمبر ۱۰ گیٹ
کٹرہ خزاں امرتسر

انقلاب افغانستان

کا

صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف

"زوال غازی"

ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام
حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ، افغانستان کی
ترقیات، ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں
کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی
محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب
عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے
جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔
ضخامت ۲۶×۲۰/۸ کے ۵۶۴ صفحات۔ اصل قیمت ۳/
رعایتی دو روپے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔

تنویر الحوالک شرح موطا امام مالک

کی مشہور و معروف کتاب "موطا امام مالک" کا نام اہل علم
حضرات سے مخفی نہیں۔ اس کتاب کی بہت سے اہل علم نے
شرحیں لکھیں جن میں کتاب ہذا بھی کافی سے زیادہ مشہور
بلکہ نایاب ہے۔ ایک صاحب سے چند نسخے موصول ہوئے
ہیں۔ شائقین بہت جلد طلب کریں۔ ورنہ ختم ہونے پر
افسوس ہوگا۔ کتاب ہذا تین حصوں پر منقسم اور مصر کی مطبوعہ
ہے۔ قیمت صرف تین روپیہ (۳/)

تحقیق جلیل

ترجمہ اسرار التنزیل۔ مصنفہ امام فخر الدین رازیؒ۔ کتاب ہذا میں
تین مقالے ہیں۔ پہلے مقالہ میں فضیلت علم، توریت،
زبور، انجیل، قرآن مجید، حدیث شریف اور عقلی و نقلی دلائل
سے ثابت کی ہے۔ دوسرے مقالہ میں خدا تعالیٰ کی ہستی کے
گیارہ مختلف دلائل دیکر اس کا برحق ہونا ثابت کیا ہے۔
تیسرے مقالہ میں انسان کی پیدائش کی حکمتیں ... اعضا
کی پیدائش حقہ اللہ پر مفصل دلائل دیئے ہیں۔ غرضیکہ
کتاب کا مطالعہ ہر آدمی کے لئے مفید ہے۔ قیمت ۱/
(مذکورہ بالا کتب منگوانے کا پتہ)
منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadmuslim.de

معززین کی رائیں

مکرم نیجر صاحب!
السلام علیکم۔ میں نے آپ کے سرمۂ اکسیر العین کا استعمال ایک ماہ کیا۔ جس سے مجھے کافی فائدہ ہوا۔ امید ہے کہ کچھ عرصہ استعمال کرنے سے تمام تکالیف رفع ہو جائینگی اس لئے ایک شیشی اکسیر العین بذریعہ وی پی ارسال فرماکر مشکور فرمائیں۔

احقر وزیر ضیاء الاکرام خلف بابو نور الٰہی خان صاحب بی۔ اے پی۔ اے۔ ایس سرکل معائنہ پشاور

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ ۱/۔

(دھند۔ جالا۔ غبار۔ ڈھلکہ۔ خارش۔ سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے ہزارہا لوگ اسکے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پا چکے ہیں۔ بحالت صحت اس کا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)
منگوانے کا پتہ:۔ کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ
حکیم سٹریٹ۔ امرتسر

جناب من تسلیم! بندہ نے دو شیشیاں سرمہ اکسیر العین کی آپ سے منگوائی تھیں۔ جو میں نے اور میرے عیال نے استعمال کیں۔ واقعی سرمہ مذکور ضعف بصارت کے لئے بیحد مفید ثابت ہوا ہے؟
بابو عبد العزیز بی۔ اے کورٹ سب انسپکٹر ریاست بھوپال

مولانا ظفر علی خان صاحب مالک اخبار زمیندار لاہور سابق ایڈیٹر اخبار مدینہ تحریر فرماتے ہیں کہ ۱۔ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ استعمال کیا بہت مفید ثابت ہوا۔ میرا تجربہ ہے کہ یہ سرمہ آنکھوں کی تکان، سوزش اور کمزوری کو دور کرتا ہے اور تھوڑے سے دنوں کے استعمال ہی سے انسان فائدہ محسوس کرنے لگتا ہے
۲۳۔ فروری
اخبار زمزم لاہور

غازی محمود نام رکھا۔ جدید اڈیشن۔ قیمت ۹؍

بحث تناسخ وہ قابل دید تحریری مباحثہ جو کئی ہفتوں تک مابین مولانا ابوالوفا اور ماسٹر آتما رام صاحب در بارہ مسئلہ تناسخ جاری رہا۔ اور آخر حق کی فتح ہوئی۔ قیمت ۳؍

حضرت محمد رشی حضرت محمد صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نبوت کا ثبوت توریت، انجیل اور وید سے ایسے صاف اور صریح حوالہ جات سے دیا ہے کہ متعصب مخالف کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قیمت ۲؍

حدوث وید اس رسالہ میں خود وید کے منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ وید قدیم نہیں ہیں بلکہ اُس وقت بنائے گئے تھے جبکہ دنیا کی کافی آبادی سطح زمین پر پھیل چکی تھی۔ قیمت ۲؍

اصول آریہ اس رسالہ میں آریوں کے اصل الاصول مسائل کی فلسفیانہ طریق سے تردید کی گئی ہے۔ یعنی مادہ، روح اور سلسلۂ کائنات کی قدامت کا معقولی دلائل سے ابطال کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ آریہ سماج کی تردید کیلئے مفید ترین ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۲؍ (۵۶۹)

الہام یہ وہ مختصر رسالہ ہے جس میں الہام کی تعریف و تقسیم کرکے چند ناقابل حل سوالات آریوں سے کئے گئے ہیں۔ قیمت ۲؍

شادی بیوگان اور نیوگ اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ نیوگ جیسے حیاسوز مسئلہ کے مقابلہ میں شادی بیوگان کو کئی درجہ بڑھ کر فضیلت حاصل ہے۔ قیمت ۱؍

القرآن العظیم اس کتاب میں تمام خوبیات الہام کو قرآن مجید پر ثابت کرکے مخالفین (آریہ وغیرہ) کو چیلنج دیا گیا ہے کہ انہی باتوں کا وید سے ثبوت پیش کریں۔ قیمت عہ

جہاد وید اس رسالہ میں جہاد کا ثبوت وید سے خود پیش کرکے اسلامی جہاد پر آریوں کی [illegible] بیٹھ کے لئے بند کر دی ہے۔ قیمت ۲؍

تصانیف حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب

(در تردید عیسائی مشن)

تقابل ثلاثہ اس میں توریت، انجیل اور قرآن کا مقابلہ کرکے بتلایا گیا ہے کہ احکامات قرآنی ہر نوع مکمل ہیں اور تمام ضروریات انسانی کیلئے کافی ووافی ہیں۔ کتاب کی خوبی دیکھنے پر منحصر ہے۔ اس کا طرز تحریر بالکل انوکھا ہے۔ قیمت ۱۲؍

توحید و تثلیث تثلیث کا عقلی اور نقلی دلائل کے ساتھ رد کرتے ہوئے توحید اسلامی کو دلائل اور براہین کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت عہ

جوابات نصاریٰ اس رسالہ میں عیسائیوں کی تین مشہور و معروف کتب کا جواب دیا گیا ہے جن میں انہوں نے اہل اسلام [illegible] کئے ہیں۔ یعنی (۱) تخالف قرآن۔ (۲) [illegible] میں مسیحی کیوں ہوا؟ [illegible] ای صاحبان آج کل [illegible]

(در تردید آریہ مشن)

حق پرکاش اس کتاب میں ان ایک سو انسٹھ سوالات کا معقول اور عالمانہ جواب درج ہے جو سوامی دیانند کی کتاب ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر کئے گئے تھے۔ ان کا واحد جواب یہی حق پرکاش ہے۔ کئی دفعہ چھپی ہے۔ قابل دید ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۱۲؍

الہامی کتاب یہ وہ قابل دید تحریری مباحثہ ہے جو مولانا ابوالوفاء و ماسٹر آتما رام صاحب کے مابین ہوا جس میں فریقین نے قرآن مجید اور وید کو الہامی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ قیمت ۱۲؍

ترک اسلام بجواب "ترک اسلام"۔ اس رسالہ میں ان اعتراضوں کا قابلقدر جواب دیا گیا ہے جو دھرم پال نے اسلام چھوڑ کر قرآن پر کئے تھے۔ اس رسالہ کو دیکھ کر خود مصنف نے جوابات [illegible] کے اعتراف کیا اور [illegible] اہل اسلام ہوکر [illegible]

ahmadimuslim.de

مقدس رسول

(جدید اڈیشن) آنکھیں بند کر کے ایک زہریلے رسالہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات والاصفات پر سخت ناپاک اعتراضات کئے۔ جس کا نام تھا "رنگیلا رسول"۔ اس نامعقول رسالہ کا معقول، مدلل اور متین جواب "مقدس رسول" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ ملک کے جرائد نے اس کو پڑھ کر تحسین کے [illegible] لکھے ہیں۔ قیمت ۸/

نکاح آریہ

اس رسالہ میں آریہ دھرم کے احکام متعلقہ نکاح پر مندرجہ ذیل آٹھ عنوانات قائم کر کے اسلامی نکاح کی خوبی وفضیلت کو واضح کیا ہے۔ [illegible] کی ضرورت اور غرض۔ (۲) نکاح کن [illegible] سے کرو، نکاح کس عورت سے ہو۔ (۳) [illegible] کی قسمیں۔ (۵) نکاح کرنے کا طریق۔ (۶) میاں بیوی کے [illegible] کا طریق۔ (۷) نکاح دائم لازم غیر منفک عقد ہے یا قابل فسخ۔ (۸) نکاح بیوگان۔ قیمت ۳/

ہندوستان کے دو ریفارمر

یعنی سوامی دیانند اور مرزا غلام احمد قادیانی کی دیگر اہل مذاہب کے متعلق بدزبانیوں کا نمونہ ان کے اپنے شیریں الفاظ میں دکھا کر نتیجہ ناظرین کی رائے پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ قیمت ۲/

کتاب الرحمٰن

آریوں کی ایک جدید کتاب "کلام الرحمٰن وید ہے یا قرآن؟" کا مکمل و مدلل جواب جو مولانا ابو الوفا صاحب نے اپنی خاص نرالی طرز میں دیا ہے۔ جس کے سامنے مخالفین نے بھی سپر ڈال دی ہے۔ قوی دلائل سے قرآن مجید کو خدائی کلام ثابت کیا ہے [illegible] اور مولانا صاحب کو داد تحسین دیجئے۔ قیمت صرف ۹/

ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ مصری، رنگ بہت عمدہ۔ لکھائی اور چھپائی اعلیٰ۔ سائز ۱۸×۲۲ ضخامت ۲۰۰ صفحات۔ باوجود اس کے قیمت صرف چار روپے۔

تفسیر ثنائی اردو

یہ تفسیر بہت مفید اور پسندیدہ ہے۔ جس میں خاص خوبی یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں ترجمہ ہے دوسرے میں تفسیر مع ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی میں شان نزول درج ہے۔ اس سے نیچے مختلف حواشی مخالفین کے متعلق ہیں۔ اس تفسیر کی کل آٹھ جلدیں ہیں۔ ہر جلد کی علیحدہ علیحدہ قیمت ۱۲/ ہے مگر پورا سٹ خریدنے والے سے مبلغ عشہ روپیہ۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ اعلیٰ۔

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ [illegible] کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگدار [illegible] حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب [illegible] اشتہار، رسیدبک، دعوتی خطوط، لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو نہایت خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ المشتہر۔ منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

انتہائی رعائت

ویدارتھ پرکاش نمبر ۲ و "ویدک تہذیب"۔ ۱۲/ کی بجائے ۵/ میں

مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب ست دھرمی۔ جس میں خود وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیاسوز منتروں کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی ثابت نہیں ہو سکتے۔ آریہ سماج کی تردید میں ایک بے نظیر کتاب ہے۔ آریہ سماج آج تک اس کا جواب نہیں دے سکی۔ قابل دید ہے۔ جلد منگوالیں۔ ورنہ ختم ہو جانے پر دوبارہ اس کا ملنا مشکل ہو جائیگا۔ قیمت ۱۲/ کی بجائے ۵/۔ پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

نماز اربعہ

اس رسالہ میں [illegible] عیسائیوں، آریوں اور جینیوں کی نمازوں کا مقابلہ کرتے ہوئے غیر مذاہب کی نمازوں میں [illegible] اور اسلامی نماز میں اصل توحید کا نقشہ دکھایا ہے اور بتلایا گیا ہے کہ اسلام سے بڑھ کر کوئی مذہب [illegible] نہیں کر سکتا۔ [illegible] منزل من اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ [illegible] کتابت، [illegible] قیمت [illegible]

سوامی دیانند کا علم و [illegible]

اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ [illegible] اعتراض کرنے میں [illegible]

[illegible] تفاسیر

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن

(بزبان عربی) [illegible] تفسیر [illegible] شان وشوکت [illegible] علم [illegible] تفسیر [illegible] [illegible]

تفسیر بیان الفرقان علی علم البیان

سورۂ فاتحہ و بقرہ کی تفسیر عربی زبان میں علم معانی و بیان کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔ شروع میں علم معانی و بیان کی اصطلاحات بھی درج کی گئی ہیں۔ [illegible] تفسیر میں مذکورہ اصطلاحات کو جاری کیا گیا ہے۔ قیمت ۱/

ملنے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

[illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲:-

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۰

اہلحدیث

اخبار امرتسر

دفتر اہلحدیث کٹڑہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عـــہ
رؤسا و جاگیرداروں سے ۔ ۸ے
عام خریداران سے ۔ ۴ہ
۔ ۔ ششماہی ۲؍
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲؍

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

(۵۴۱)

امرتسر ۶۔ ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۶ مئی ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (اخبار اہلحدیث کی شان میں) ۔ ۔ ص۱
انتخاب الاخبار ۔ ۔ ۔ ۔ ص۲
نماز سید المرسلین بجواب "صلوٰۃ المرسلین" ص۳
یادگار مرزا (قادیانی مشن) ۔ ۔ ۔ ص۵
قادیانیوں کے حق میں جرمن شعاع ۔ ۔ ص۶
مسئلہ حیات مسیح میں مرزائیوں کا شرمناک مغالطہ ص۸
مدرسہ دار السلام عمر آباد کی تعلیمی حالت ۔ ص۱۰
مولانا سیالکوٹی امرتسر میں ۔ ۔ ۔ ص۱۱
ایک فتویٰ متعلقہ تقلید اور اس کا جواب ۔ ص۱۲
فتاوے ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱۳
متفرقات ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱۴
ملی ضلع ص۱۶ ۔ اشتہارات

یادگار مرزا
۲۶ مئی یوم وفات مرزا

اخبار "اہلحدیث" کی شان میں

(از مولوی عبد الغفار صاحب انصاری غفار جندوری)

میں وصف کیا بیاں کروں اہلحدیث کا — کیا مرتبہ ہے دیکھنا اہلحدیث کا
اہلحدیث کیا ہے؟ عطر گلاب ہے — کیا گلعذار پرچہ اہلحدیث کا
کیا ہی زمیں ہے وہ بھی جس میں ثنا بسے — پرچہ جہاں سے نکلا اہلحدیث کا
جو دیکھتے ہیں اس کو وہ خوش نصیب ہیں — کیا پُر فضا ہے پرچہ اہلحدیث کا
میری یہ التجا ہے اہل حدیث سے — پڑھتے رہیں یہ پرچہ اہلحدیث کا

ہے التجا یہ تجھ سے غفار کی خدایا
قائم سدا ہو پرچہ اہلحدیث کا

TIONAL MUSLIM

تفسیر بالرائے۔ اردو زبان میں حضرت مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب امرتسری کی تازہ تصنیف۔ جلد منگوا کر پڑھیں۔ قیمت ۱۰؍ ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

انتخاب الاخبار

۲۲ مئی ۱۹۳۹ء

——— بلدیہ امرتسر نے جو رزولیوشن سکھوں کے حقوق کے متعلق حال ہی میں پاس کیا ہے۔ اگر اس پر نظر ثانی نہ کی گئی تو سکھ ممبروں کے ساتھ ہندو ممبر بھی مستعفی ہو جائیں گے۔

——— امرتسر میں ۲۰ مئی کو حسب اعلان عنایت اللہ خان مشرقی امرتسر کے خاکساروں نے بعد نماز عشاء بیرون ہال دروازہ مظاہرہ کیا اور شاہ البانیہ کے ہاتھ سے سلطنت چلے جانے پر اظہار افسوس کیا گیا۔

——— امرتسر میونسپل کانگرس پارٹی نے غازی عبدالرحمن لیڈر پارٹی مذکور کے خلاف عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جگہ نیا لیڈر منتخب کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

——— امرتسر ۲۰ مئی پرنس ہوٹل میں ایک ہندو لڑکا قتل کیا گیا۔ جس کی تفصیل یوں معلوم ہوئی ہے کہ بازار کرموں ڈیوڑھی میں ایک خوش پوش نوجوان ایک ہندو بزاز کی دکان پر کار سے اترا اور قیمتی پارچات دیکھنے کی فرمائش کر کے ظاہر کیا کہ اپنا ایک ملازم ساتھ کر دیجئے میں پردہ نشین عورتوں کو پسند کرا کر کپڑا خرید لونگا مالک دکان نے ایک لڑکا ساتھ کر دیا۔ اسی طرح شریف بوٹ ہاؤس کٹڑہ جیمل سنگھ سے بھی چند جوڑے بوٹ اور ایک مسلم ملازم کار میں بٹھا کر پرنس ہوٹل میں لے گیا۔ وہاں جا کر دونوں لڑکوں کے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے۔ ہندو لڑکے کے شور مچانے پر اسے چھری سے قتل کر دیا۔ مسلم لڑکا بھاگ کر کوتوالی آ گیا۔ پولیس کے وہاں پہنچنے تک ملزم مع مال اسباب فرار ہو گیا۔

——— لاہور میں دو ماہ سے کسانوں کی طرف سے سول نافرمانی بدستور جاری ہے۔ اس میں تقریباً چودہ سو کسان گرفتار ہو چکے ہیں۔

——— لاہور کے خاکروبوں نے ایڈمنسٹریٹر بلدیہ لاہور کے روبرو اپنے چند مطالبات پیش کر کے الٹی میٹم دیا تھا کہ اگر یہ مطالبات ۲۰ مئی تک منظور نہ کئے گئے۔ تو ۲۱ مئی سے وہ ہڑتال کر دینگے چنانچہ مطالبات نامنظور ہونے کے باعث تمام خاکروبوں نے ۲۱ مئی کو ہڑتال کر دی۔ کئی جگہ مظاہرہ کرنے والوں پر پولیس نے لاٹھی چارج بھی کیا اور کئی ایک گرفتاریاں بھی ہوئیں۔

——— جالندھر کی مقامی جیل میں قیدیوں کی تفریح کے لئے ریڈیو لگائے جانے کا فیصلہ ہوا ہے۔ نیز بالغ قیدیوں کی تعلیم کے لئے ایک استاد بھی منظور ہوا ہے۔

——— ڈاکٹر سیف الدین کچلو نے حصار پولٹیکل کانفرنس میں دوران تقریر میں کہا کہ فرقہ پرست مسلمان لیڈر مسلمانوں کو کمزور اور بزدل بنا رہے ہیں۔

——— ریلوے کیرج شاپ لاہور میں پٹرول کا ایک ٹینک پھٹ جانے سے دو رنگساز (ایک ہندو ایک مسلم) مر گئے۔

پہلے اسے پڑھئے

اخبار ہذا کے صفحہ ۱۴ پر حساب دوستاں درج ہے جس میں ان خریداروں کے نمبر خریداری درج ہیں۔ جن کی قیمت اخبار یا میعاد مہلت ماہ جون میں ختم ہے مہربانی فرما کر سب سے پہلے

ایک نظر

اسے ملاحظہ فرمالیں۔ (نیاز مند۔ مینیجر)

——— حکومت پنجاب نے گذشتہ چند ماہ کے اندر قحط زدہ علاقوں میں امدادی کام کے لئے ۱½ کروڑ روپیہ تقسیم کیا ہے۔

——— حکومت ہند مرکزی اسمبلی کے ممبروں کے الاؤنس میں کمی کرنے پر غور کر رہی ہے۔

——— پشاور کی جامع مسجد میں بیس ہزار پٹھانوں کے مجمع میں ایک پٹھان نے دوران تقریر میں کہا کہ اگر ہندوؤں نے حیدر آباد ایجی ٹیشن بند نہ کی تو سرحد سے تمام ہندوؤں اور سکھوں کو نکال دیا جائیگا۔

——— دربار راجکوٹ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ سخت گیرانہ قوانین جو چند ماہ سے نافذ کئے گئے تھے۔ منسوخ کئے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں ضبط شدہ جائدادیں واپس کر دی جائیں گی۔

——— معلوم ہوا ہے کہ حکومت پنجاب صنعتی سکیموں پر خرچ کرنے کے لئے ایک کروڑ روپیہ قرضہ لینا چاہتی ہے۔

——— معاصر ام القریٰ (مکہ مکرمہ) اپنی اشاعت ۱۴ اپریل میں رقمطراز ہے کہ گذشتہ تین دنوں میں نجد و حجاز میں خاصی بارش ہوئی۔ تمام نالے بہ نکلے، تالاب بھر گئے۔ کئی دن تک راستے بھی بند رہے۔ اسکے پیش نظر خیال کیا جاتا ہے کہ امسال فصلیں اچھی ہونگی۔

——— حکومت ترکیہ نے ریلوے انجن اور ڈبے بنانے کے لئے برطانوی فرموں کو پانچ لاکھ پاؤنڈ کا آرڈر دیا ہے۔

——— ڈنزگ ۲۱ مئی کی خبر ہے کہ جرمنی ہجوم نے پولینڈ کے کسٹم ہاؤس پر حملہ کر کے عمارت مسمار کر دی۔

——— ملک معظم نے اٹاوہ میں اپنی ایک تقریر کے دوران میں فرمایا کہ آزادی کے بغیر دیرپا امن نہیں ہو سکتا اور امن کے بغیر آزادی دیرپا نہیں رہ سکتی۔

——— سندھ گورنمنٹ نے اوم منڈلی کو خلاف قانون قرار دیدیا ہے۔

——— گورنر بمبئی کے حکم کے مطابق یکم اگست سے گورنمنٹ ہاؤس میں شراب کے قطعی طور پر استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔

میرا لڑکا عبدالحکیم عمر اٹھارہ سال۔ قد لمبا۔ رنگ گورا۔ منہ پر کیل نکلے ہوئے جو ٹرنک سازی کا کام بخوبی جانتا ہے اور شاعر بھی ہے۔ تخلص نادم ہے۔ پونے دو ماہ سے گھر سے غیر حاضر ہے۔ جس کی وجہ سے میں خود بوجہ ضعیف العمری اور اسکی والدہ بعید پریشان ہیں۔ کسی صاحب کو اگر عبدالحکیم ملے۔ یا کوئی صاحب شہر ٹرنکوں کے کارخانوں میں تلاش کریں۔ اگر مل جائے تو مجھے اطلاع دیں۔ اگر وہ خود اس نوٹ کو پڑھ لے تو بہت جلد گھر چلا آئے۔ (مغموم محمد بخش دریائی باف نواں کوٹ کوچہ ۳ بائیں طرف بیرون دروازہ لاہوری امرتسر)

نوٹ: محمد بخش مذکور ہمارا پرانا واقف ہے اپنے لڑکے کی جدائی میں بیمار ہے۔ امید ہے ناظرین اس کار خیر میں توجہ فرمائیں گے۔ (مینیجر اہلحدیث امرتسر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۶- ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ

نماز سید المرسلین

بجواب

رسالہ صلوٰۃ المرسلین

(۴)

اس سلسلہ کے تین نمبر گذر چکے ہیں۔ آج چوتھا نمبر درج ہے۔ جس میں ذکر ہے کہ مصنف نے نماز میں بالعموم قرآن خوانی کی اجازت نہیں دی۔ بلکہ اس مطلب کے لئے چند آیات کو مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ آپ کے الفاظ یہ ہیں :-

"اب لیجئے عام قرآن کی تلاوت کو جو مروجہ نماز کے قیام میں الحمد شریف کے بعد فرض سمجھی جاتی ہے مسلمان سمجھتے ہیں کہ عام قرآن نماز میں پڑھے جانے کا حکم قرآن ہی میں موجود ہے۔ اس لئے ہم عام قرآن نماز میں پڑھتے ہیں۔ لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ اگر عام قرآن نماز میں پڑھنا صحیح ہے۔ تو ان کے پاس حسب ذیل اعتراضات کا کیا جواب ہے ؟"

(صلوٰۃ المرسلین صلا)

ہاں صاحب ہم آپ کے اعتراضات سننے کے مشتاق ہیں اور جواب دینے کے لئے بے تاب۔ بہرحال آپ کا پہلا اعتراض یہ ہے :-

"اول یہ کہ مسلمانوں کی ایک ایسی نماز باجماعت جس میں کم از کم چار ہزار آدمی شریک ہوں کس طرح واقعی نماز کہی جا سکتی ہے۔ جبکہ نمازیوں میں سے نصف آدمی بھی امام کی آواز نہیں سُن سکتے۔ ظاہر ہے کہ ایسی بڑی جماعت کے وقت کل مسلمان شیعہ ہوں یا سنی۔ خارجی ہوں یا وہابی۔ چکڑالوی ہوں یا اہل حدیث۔ اپنے اپنے عقیدے کے مطابق ہرگز نماز ادا نہیں کرسکیں گے سوائے اس کے کہ اتنے بڑے گروہ کی دس بیس جماعتیں بنا کر علیحدہ علیحدہ اماموں کی ماتحتی میں دیدی جائیں اور کوئی صورت ہی نہیں جس سے کل مسلمانوں تک تلاوت قرآن کی آواز پہنچائی جا سکے۔ لیکن قرآن میں ایسی جماعتیں قائم کرنے کا اور اس طرح علیحدہ اماموں کی ماتحتی میں صلوٰۃ ادا کرنے کا کوئی حکم نہیں دیا گیا۔ نیز ایسی جماعتیں قائم کر کے علیحدہ علیحدہ نماز ادا کرنا بھی باعث طوالت اور زیادہ وقت صرف ہونے کا موجب ہوگا۔ اور وحدت اور اتحاد کا مقصد بھی فنا ہو جائیگا۔ اب اگر کوئی صاحب یہ کہیں کہ زمانہ حال میں ریڈیو کے ذریعہ امام کی آواز ہر نمازی سُن سکتا ہے تو اُن کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ قرآن اور مذہب اسلام کا ہر مسئلہ کسی خاص وقت یا ملک کے لئے مخصوص نہیں ہے۔ اور ریڈیو کی ایجاد زمانہ حال سے تعلق رکھتی ہے۔ پس ریڈیو اس مصیبت کا دائمی حل نہیں ہو سکتا۔ اس کا حل تو صرف یہی ہو سکتا ہے کہ قرآن کی مقررشدہ آیات جن میں حمد۔ دعا اور تسبیح ہو صلوٰۃ میں پڑھی جائیں جن کو ہر مصلی امام کے ساتھ ساتھ امام کے پہنچے نہ پہنچے ہر صورت میں پڑھ سکے گا۔ پھر نہ کسی جماعت کے شرکاء کرنے کی ضرورت ہوگی نہ کسی علیحدہ امام کی"

(رسالہ مذکور صلا)

اہلحدیث معلوم نہیں کہ معترض کے دل میں کیا مضمون ہے جو ان کے الفاظ میں ادا نہیں ہو سکا۔ کوئی پوچھے کہ جو کچھ آپ نے کہا ہے اس پر نہ ہمارا عمل ہے نہ آپ کا۔ نہ یہ قرآن کا حکم ہے۔ پھر اعتراض کیا؟ ہاں آپ نے یہ کمال کیا کہ اشکال بھی خود ہی پیدا کیا اور اس کا حل بھی خود ہی تجویز کیا جو قابل مضحکہ ہے۔

سب اعتراضوں کا جواب یہ ہے کہ ہم نماز میں بحالت قیام قرآن مجید پڑھتے ہیں ہمارا امام بھی پڑھتا ہے۔ مگر اس پڑھنے سے کسی کو سنانا اصل مقصود نہیں ہوتا یہی وجہ ہے کہ سری نمازوں میں نہ مقتدی لوگ بلند آواز سے پڑھتے ہیں نہ ان کے امام۔ پھر اعتراض کیا ہوا؟ آپ نے حل میں یہ بتایا ہے کہ ہر نمازی حمد و دعا کی آیات امام کے ساتھ ساتھ پڑھتا جائے۔ یہی ہمارا مذہب ہے۔ بس آپ کا سارا تار و پود بکھر گیا۔ آئندہ سے سوچ سمجھ کر اعتراض کیا کریں۔ آپ کا دوسرا اعتراض یہ ہے:

"دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ

(الف) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ حَتَّىٰ تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ (پ ۵ ع ۳) ترجمہ :- اے ایمان والو مت نزدیک جاؤ صلوٰۃ (نماز) کے جبکہ تم بے ہوشی یا جہالت میں ہو یہاں تک کہ سمجھو جو کچھ تم کہو۔

(ب) فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ (پ ۳۰ ع ۳۲) ترجمہ :- پس خرابی ہے واسطے اُن صلوٰۃ (نماز) ادا کرنے والوں کے جو اپنی صلوٰۃ (نماز)

بے خبر ہیں وہ دکھلاوا کرتے ہیں۔
مگر اللہ تعالیٰ کا یہ منشاء ہے کہ ہر نمازی اپنی نماز میں کچھ زبان سے بھی کہے اور اُس کو سمجھتا بھی جائے ایسا نہ کرے کہ دکھاوے کے طور پر پڑھ لے اور اپنی زبان سے کہے کی کچھ خبر نہ ہو۔" (رسالہ مذکور ص ۲۲)

اہلحدیث | ناظرین آپ ہی بتائیے کہ یہ کیا سوال ہے ہم کب کہتے ہیں کہ کوئی نمازی گونگا بہرا ہو کر نماز پڑھے البتہ یہ کہتے ہیں کہ آپ نے آیت حَتّٰى تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ الآیہ کا مطلب نہیں سمجھا۔ کیونکہ اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ بحالت نشہ نماز پڑھنے کا ارادہ نہ کرو جب تک کہ تم اپنی کہی ہوئی بات کو جان نہ لو کہ کیا کہا ہے یہ معنی نہیں کہ نماز کے اندر جو الفاظ پڑھتے ہو جب تک ان کا مطلب سمجھ میں نہ آئے نماز نہ پڑھو۔ الی غیر ذالک۔

نوٹ | ہم تمام مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ سورہ فاتحہ کے علاوہ قرآن مجید ہر جگہ سے نماز میں پڑھ سکتے ہیں۔ کیونکہ ارشاد خداوندی ہے۔ اُتْلُ مَا اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتَابِ ۔ یعنی جو وحی بصورت کتاب (قرآن) تم پر نازل ہوئی ہے اس کو پڑھا کرو۔ یہ آیت بعموم ثابت کرتی ہے کہ نماز میں تلاوت قرآن ہر جگہ سے کر سکتے ہو یہاں تک کہ دوزخیوں کا باہمی کلام بھی بحیثیت وحی قرآن پڑھ لیں تو بھی نماز جائز ہے۔ اسی لئے اس آیت کے ساتھ ارشاد وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ بھی ملحق ہے۔ ہمارے دعوے کی دلیل تو یہ قرآنی آیت موجود ہے۔ اب معترض صاحب کی سنئے۔ آپ لکھتے ہیں کہ:-

"اگر عام قرآن پڑھنا صحیح بھی مان لیا جائے تو حسب ذیل مشکلات کا سامنا ضرور کرنا پڑیگا۔
(الف) امام حافظ اور عالم ہو تا کہ جہاں سے جی چاہے قرآن پڑھے اور سمجھے بھی ضرور۔
(ب) نمازی سب عالم ہوں تا کہ قرآن کی عربی زبان سمجھتے جائیں۔ لیکن یہ بات ناممکن ہے کہ دنیا کے چالیس کروڑ مسلمان عربی دان بن جائیں۔ یہاں تو امام بھی عربی دان نہیں ملتے چہ جائیکہ کل مسلمان عربی کے عالم بن جائیں۔ اب صرف ایک طریقہ رہ جاتا ہے۔ وہ یہ کہ امام صاحب قرآن شریف ہاتھ میں لیکر مع ترجمہ کے سناتے جائیں۔ اور اگر نمازیوں کو کوئی اعتراض یا شک رفع کرنا ہو تو وہ بھی اُسی حالت میں رفع کرتے جائیں۔ گویا یہ مسجد نہیں۔ مدرسہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا طریقہ نماز کا نہیں بتلایا۔"
(رسالہ مذکور ص ۲۳-۲۴)

اہلحدیث | معلوم نہیں کہ ضمن الف میں آپ نے کیا سوال کیا ہے۔ حافظ ہو یا غیر حافظ۔ عالم ہو یا جاہل قرآن مجید کہیں سے پڑھ لے بہرحال نماز جائز ہے۔ باقی ضمن ب میں جو کچھ آپ نے لکھا ہے یہ سب آپ کی ایجادات ہیں۔ خدا جانے یہ آپ کو کہاں تک پہنچائینگی نہ ان کو قرآن کی کسی آیت سے تعلق ہے نہ ہمارے عمل سے بلکہ یہ آپ کا ایک ذہنی تصور ہے جو بار بار مختلف صورتوں میں ظہور کر رہا ہے۔ لطف یہ ہے کہ ایک طرف مصنف رسالہ یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ امام قرآن ہاتھ میں لے کر پڑھتا جائے جو ہمارا عمل نہیں۔ پھر خود ہی اس کو ردّ بھی کرتے ہیں (بہت اچھا!) لیکن خدارا کوئی ہمیں بتائے کہ ہمارے عمل پر اعتراض کیا ہے؟

اس کے آگے تیسرا اعتراض آپ نے آیت فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ پر کیا ہے۔ جس سے ہم نے استدلال نہیں کیا اس لئے ہم اس کے جواب دہ نہیں ہیں۔

"چوتھے یہ کہ جب عام قرآن پڑھنے ہی کی اجازت ہے تو پھر کوئی مخصوص عبارت مثلاً الحمد شریف۔ سبحان اللہ درود وغیرہ نہیں پڑھنا چاہئے۔ قیام۔ رکوع۔ سجود۔ قومہ۔ جلسہ۔ سب میں عام قرآن ہی پڑھنا چاہیئے"
(صفحہ ۲۵)

اہلحدیث | سورہ الحمد کا تعین خود قرآن سے ثابت ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔ وَ لَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وہی یہ سات آیتیں الحمد شریف کی ہیں۔ جن کو ہم بحکم رسالت نماز میں پڑھتے ہیں اور سُبْحَانَ پڑھنا بھی قرآن سے ثابت ہے کیونکہ امر کا صیغہ سَبِّحْ قرآن میں آیا ہے اور لغت کی مشہور کتاب قاموس میں لکھا ہے سَبَّحَ تَسْبِيْحًا قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ ۔ سَبَّحَ ماضی کا ترجمہ قال ماضی سے کیا گیا ہے۔ سَبِّحْ امر کا صیغہ ہے اس کی تعبیر قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ سے ہوگی جسے ماننے کے لئے ہم مامور ہیں۔

آگے پانچواں نمبر بہت مزیدار ہے۔ ناظرین اُسے پڑھیں اور اہل قرآن کی بے بسی کا اندازہ کریں۔

"پانچویں یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ وَ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا وَ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ (پ ۲۹ ع)
ترجمہ:- اور بے شک مسجدیں (یا نمازیں) واسطے اللہ کے ہیں پس مت پکارو یا دعا کرو سوائے اللہ کے کسی ایک کو (بیچ ان مسجدوں یا نمازوں کے) اور یہ کہ جس وقت قیام کرتا ہے بندہ اللہ کا یعنی محمد تو پکارتا یا دعا کرتا ہے اللہ سے۔
فرمان مندرجہ بالا میں یہ بات قطعی ثابت ہے کہ مسجدوں یا نمازوں میں اللہ کے ساتھ کسی کو بھی نہیں پکارنا چاہئے اور جب رسول کریم سلام علیہ صلوٰۃ میں قیام کرتے تھے تو صرف محض اللہ ہی کو پکارتے یا دعا کرتے تھے۔
اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ نماز میں عام قرآن پڑھنے والے حضرات جب یہ تلاوت فرماتے ہیں کہ يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۔ ترجمہ۔ اے کپڑا اوڑھنے والے۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۔ ترجمہ۔ اے ایمان والو۔ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۔ ترجمہ۔ اے کافرو۔ یا ابلیس۔ ترجمہ۔ اے شیطان۔ يٰۤاَيُّهَا الْمُنٰفِقِيْنَ ۔ ترجمہ۔ اے منافقو۔ تو یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ غیر کو پکارنا ہوا یا نہیں نیز یہ کہ جب قرآن کریم سے یہ بات ثابت ہے کہ رسول پاک جب کبھی قیام میں کھڑے ہوتے تھے تو اللہ سے دعائیں کرتے تھے تو یہ قیام میں عام قرآن پڑھنا کس کی سنت ہے۔"
(رسالہ مذکور ص ۲۶)

نقض اجمالی | ناظرین کرام ذرہ غور فرمائیں کہ غیر خدا کو پکارنا جیسا نماز میں ممنوع ہے ایسا ہی نماز کے باہر بھی ممنوع ہے۔ ملاحظہ ہو آیہ کریمہ:-
وَ لَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَ لَا يَضُرُّكَ ۔ (پ ۱۱ ع ۱۴)

ahmadimuslim.de

اس آیت کے علاوہ دوسری بیسیوں آیات میں خدا کے سوا کسی اور کو پکارنا صریح پر شرک کیا گیا ہے۔ بقول معترض صاحب یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ - یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ وغیرہ آیات نماز میں پڑھنا اس لئے ممنوع ہیں کہ ان کے پڑھنے میں خدا کے سوا دوسروں کو پکارنا لازم آتا ہے۔ اگر یہی بات ہے تو بیرون نماز بھی ان کا پڑھنا ممنوع ہونا چاہئے۔ کیونکہ ان کے پڑھنے سے شرک لازم آئیگا۔ جو کسی جگہ بھی جائز نہیں۔

کیا آپ (اہل قرآن) تلاوت کلام اللہ کرتے ہوئے اس قسم کی آیات کو چھوڑ جاتے ہیں۔ اگر چھوڑ جاتے ہیں تو یاد رکھئے خدا کی وعید

اَلَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ (پ ۱۴ ع ۶)

آپ پر صادق آئیگی۔

حقیقت یہ ہے کہ اس قسم کی آیات کا پڑھنا آیت مانعہ (فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰہِ اَحَدًا) کے تحت نہیں آتا۔ کیونکہ اس سے مراد ایسی دعا ہے جو خدا سے کی جاتی ہے۔ آپ کی ممنوعہ آیات میں ایسا مفہوم نہیں ہے۔ یہ محض آپ کا تحکم اور بے جا تعصب ہے جس سے آپ کا مافی الضمیر ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کو سنت نبوی یا سیرت رسالت سے کہاں تک رنج یا بے تعلقی ہے۔

"چھٹے یہ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلَاتِھِمْ خَاشِعُوْنَ (پ ۱۸ ع ۱) (ترجمہ) نجات پائیں گے وہ مومن لوگ جو اپنی صلوٰۃ میں عاجزی کرتے ہیں" ظاہر ہے کہ عاجزی بغیر کسی التجا کے پیدا نہیں ہو سکتی اور جس نماز میں التجا نہیں وہ نماز درست نہیں پس نماز میں عام قرآن پڑھنے پڑھانے والے حضرات نجات کے مستحق نہیں ہو سکتے۔" (ص ۲۴)

اہلحدیث اس نمبر کا جواب بھی بجز افسوس کے ہم کیا دیں۔ ناظرین کرام! ہم علیٰ وجہ البصیرت کہتے ہیں کہ آریہ مصنفین کو قرآن مجید سے اتنی عداوت اور دشمنی نہیں ہے جتنی کہ ان لوگوں کو حدیث نبوی سے ہے۔

آریہ لوگ قرآن مجید کے معنی از خود فرض کرتے ہیں اور پھر اس پر اعتراض جماتے ہیں۔ یعنی بناء الفاسد علی الفاسد کے اصول پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔ اسی طرح ان لوگوں کی عادت ہے۔ حدیث نبوی کی تردید کے واسطے گویا ادھار کھائے ہوئے ہیں۔ بھلا غور فرمایئے کہ خاشعین کے لفظ سے جو نتیجہ معترض نے نکالا ہے وہ کہاں تک صحیح ہے۔ حالانکہ خاشعین کی تفسیر خود قرآن مجید میں آچکی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:۔

اِلَّا عَلَی الْخٰشِعِیْنَ الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّھُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّھِمْ (پ ۱ ع ۵)

یعنی خاشعین وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کی ملاقات پر اعتقاد رکھتے ہیں۔"

اس تعریف کے لحاظ سے ہر نمازی خاشع ہے چاہے وہ خدا سے التجا کرے یا اس کی تعریف کرے۔ علاوہ اس کے ہماری نماز التجا سے خالی کہاں ہے؟ سورہ فاتحہ خود التجا ہے۔ التحیات بھی التجا ہے۔ درود بھی التجا ہے اس کے بعد کی دعا بھی التجا ہے۔ بہرحال خاشعین کے معنی کچھ بھی ہوں ہمارے خلاف نہیں۔ ہاں صحیح معنی وہی ہیں جو خود قرآن مجید نے بتائے ہیں۔ آگے آپ فرماتے ہیں:۔

"ساتویں یہ کہ خداوند کریم احکم الحاکمین کے حضور میں دست بستہ کھڑے ہو کر اور الحمد شریف جیسے تعریف کرنے کے بعد یہ کہنا کہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یعنی تو کہہ وہ اللہ ایک ہے۔ اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ نماز میں عام قرآن پڑھنے والے حضرات خدا کا بھی ایک خدا سمجھتے ہیں۔ اگر سمجھتے نہیں تو کہتے ضرور ہیں اور نہ سمجھنا تو خرابی لائے گا ہی۔ لیکن خدا کا خدا بتلانا یہ ڈبل خرابی کا باعث ہے۔ نیز یہ کہنا کہ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ۔ تحقیق ہم نے دی تجھ کو کوثر خود بندہ خدا کا محتاج اس پہ یہ گستاخی کہ ہم نے دی تجھ کو کوثر۔ یہ نماز کیونکر مقبول ہو سکتی ہے۔ ہاں اگر کوئی نمازی خدا کے حضور میں جہاں سے قرآن پڑھنا شروع کرے یہ کہے کہ مجھ کو علم ہی نہیں تیری بیویاں جنت کی نہروں سے ۔۔۔

تو یہ کیسا مضحکہ خیز واقعہ ہے کہ سمجھنے والے کو خوف اور ندامت سے ڈوب مرنا چاہئے۔ اور نہ سمجھنے والا تو نماز کے پاس ہی نہ جائے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہم پیشتر تحریر کر چکے ہیں۔" (ص ۲۵)

اہلحدیث اس کا جواب ہم دے چکے ہیں کہ نماز میں قرآن پڑھنا بطور تلاوت کے ہے جو ارشاد خداوندی اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ کے ماتحت واجب ہے۔ قرآنی ارشاد کے مقابلے میں کسی بندے کی ایچا پیچی ہم نہیں سن سکتے۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ جیسی آیات سب مآ اوحی الیک من الکتاب میں داخل ہیں۔ اس لئے ہم ان کی تلاوت کرنے کے لئے مامور ہیں کسی کو مجال نہیں کہ ہم کو روک سکے۔ غضب ہے کہ ہم اپنے عمل کی تائید میں قرآنی آیات پیش کرتے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں ہمیں زبانی جمع خرچ سنایا جاتا ہے۔

ناظرین کرام! مندرجہ ذیل عبارت میں مصنف اہل قرآن نے شیعوں کی تبرّا بازی کی پوری نقل اتاری ہے۔ ہمارے قول کی تصدیق اس کی اپنی عبارت میں مل سکتی ہے۔ جو یہ ہے:۔

"افسوس صد افسوس صلوٰۃ کی کیا درگت بنی ہے۔ الامان۔ الحفیظ۔ یہ خدا کی بتائی ہوئی رسول پاک کی استعمال کی ہوئی صلوٰۃ کیسے ہو سکتی ہے۔ کہ اس پر کئے ہوئے اعتراضات کا کوئی جواب ہی بن نہیں پڑتا۔ نہ معلوم ہمارے مسلمان بھائی کب تک نماز کے بہانے اللہ تعالیٰ کے حضور میں مذاق کرتے رہیں گے۔ خدا جلد ہدایت دے۔" (رسالہ مذکور ص ۲۶)

اہلحدیث اس سے اگلی عبارت بہت ہی دل آزار ہے اس لئے ہم اس کو بادل ناخواستہ بھی نقل نہیں کر سکتے نمونہ کے طور پر منقولہ بالا اقتباس ہی کافی ہے۔ جو ان کے اخلاق و عادات کا آئینہ دار ہے۔ مصنف نے اپنے زعم میں جن اعتراضات کا جواب کیا ہے ان کے جواب سے ہم بحمد اللہ فارغ ہو چکے ہیں۔ اس رسالہ کا پہلا حصہ تو ہماری نماز کے متعلق اعتراضات پر حاوی ہے

سلہ افسوس ہے ان لوگوں پر جنہوں نے قرآن کو ۔۔۔

قادیانی مشن

یادگار مرزا

آج کل قوموں میں یہ دستور ہوگیا ہے کہ اپنے بزرگوں کی یادگار قائم رکھتے ہیں۔ بعض دفعہ جلسے بھی کرتے ہیں۔ ان جلسوں میں ان کی سوانحعمریاں بیان کرتے ہیں۔ قادیانی امت نے اس طریق کو ادھورا اختیار کیا ہے۔ ادھورا اس لئے ہے کہ مرزا صاحب کی زندگی کے واقعات سارے بیان نہیں کرتے۔ خاصکر وہ واقعات جو ان کی صداقت کے لئے معیار کا کام دیتے ہیں۔ ان میں سے ایک واقعہ آخری فیصلہ ہے۔ اس کو مرزا صاحب نے خود اپنے نام سے شائع کیا تھا اور تمام اپنوں بیگانوں کو اس کے نتیجہ کے انتظار کا حکم دیا تھا۔ امت مرزائیہ اس واقعہ کو تازہ رکھنے کی بجائے مٹانا چاہتی ہے۔ وہ یاد رکھیں کہ ان کے مٹانے سے یہ مٹ نہیں سکتا کیونکہ یہ خدائی فیصلہ ہے جو مرزا صاحب کے لئے محک صداقت ہے۔

احمدی ممبرو! مرزا صاحب کے تبرکات جمع کرنے میں یہاں تک اہتمام کرتے ہو کہ کسی منی آرڈر فارم کے کوپن پر انکے دستخط ہوں وہ بھی طلب کرتے ہو۔ مگر جس تحریر کو انہوں نے خدائی فیصلہ قرار دیا تھا اُسے نظرانداز کرتے ہو۔

تمہاری مثال ان بوالہوسوں کی سی ہے جو محبت رسالت میں آپ کا اسم شریف سن کر ہاتھوں کے انگوٹھے چوم لیتے ہیں مگر اتباع سنت کرنے سے گھبراتے ہیں۔ یہ طریق کار صادق عاشقوں کا نہیں ہوتا بلکہ بوالہوسوں کا ہوتا ہے پس ہم تمہیں مخلصانہ مشورہ دیتے ہیں کہ

جناب مرزا صاحب متوفی کے فیصلہ کو حقیقی فیصلہ سمجھیں ورنہ یہ آیت

فماذا بعد الحق الا الضلال

تمہارے حق میں صادق آئے گی۔

چونکہ ۲۶ مئی کو مرزا صاحب کا انتقال ہوا تھا اور یہ پرچہ (اہلحدیث) بھی ۲۶ مئی کو شائع ہوتا ہے اس توافق کے لحاظ سے اس کا نام یادگار مرزا تجویز ہوا ہے اس یادگار کو قائم رکھنے کے لئے آخری فیصلے کی اشاعت کرنا سب سے بہترین طریقہ ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب کے انتقال پر مرزا غالب مرحوم کا یہ شعر بہت موزوں ثابت ہوا تھا ؎

وحشت و شیفتہ اب مرثیہ کہویں شاید
مرگیا غالب آشفتہ نوا کہتے ہیں

اس یادگار کے متعلق ہمارے دوست دفتی عبداللہ صاحب ثالث معمار) نے ایک مضمون لکھا ہے جو درج ذیل ہے:-

"قادیانیوں کے حق میں جرمن شعاع"

یعنی

آخری فیصلہ

برادران! اگرچہ قادیانی بناوٹی نبوت کو درہم برہم کرنے کے لئے بیسیوں ایسے وزنی حربے ہیں جو توپ و بم تیر و تفنگ کا حکم رکھتے ہیں۔ مگر مَیں اپنے سولہ سال کے وسیع مطالعہ اور تقریباً دس سالہ مناظرانہ تجربہ کی بنا پر حلفیہ شہادت دیتا ہوں کہ قادیانی افواج کو شکست دینے کے لئے "آخری فیصلہ" وہ آسمانی اور لاثانی حربہ ہے جسے اگر سائنس کی موجودہ اختراعات میں سے شعاع موت جیسی مہلک ترین ایجاد کا ظل و بروز، مثیل و مشابہ قرار دیا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔

مرزائیوں کی کثیر تعداد اور میلوں میں پھیلی ہوئی پلٹنیں خواہ فولادی لباسوں میں ملبوس و محفوظ کیوں نہ کھڑی ہوں۔ آپ کا صرف ایک سپاہی ہی انہیں نابود کر دینے کے لئے کافی ہے۔ اس کا صرف اتنا ہی کام ہے کہ اس آسمانی "شعاع موت" کا رخ ادھر پھیر کر صرف ایک جھلک لشکر اعداء پر ڈال دے پھر دیکھیں کہ قادیانی کی فوج اصحاب فیل کی طرح کس طرح بھسم ہو جاتی ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ اس شعاع آسمانی کا مصالحہ آپ کے پاس ہو اور طریق استعمال سے واقفیت ہو۔ چنانچہ ناظرین کے استحضار کے لئے ہم پوری عبارت آخری فیصلہ کی نقل کرتے ہیں۔ وھو ہذا:-

" مولوی ثناء اللہ صاحب کے ساتھ آخری فیصلہ"

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

یَسْتَنْبِئُوْنَکَ اَحَقٌّ هُوَ قُلْ اِیْ وَرَبِّیْ اِنَّهٗ لَحَقٌّ

بخدمت مولوی ثناء اللہ صاحب السلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔ مدت سے آپ کے پرچہ "اہلحدیث" میں میری تکذیب اور تفسیق کا سلسلہ جاری ہے ہمیشہ مجھے آپ اپنے اس پرچہ میں کذاب، دجال، مفسد کے نام سے منسوب کرتے ہیں اور دنیا میں میری نسبت شہرت دیتے ہیں کہ یہ شخص مفتری اور کذاب اور دجال ہے اور اس شخص کا دعویٰ مسیح موعود ہونے کا سراسر افترا ہے۔ مَیں نے آپ سے بہت دکھ اٹھایا اور صبر کرتا رہا مگر چونکہ میں دیکھتا ہوں کہ مَیں حق کے پھیلانے کے لئے مامور ہوں اور آپ بہت سے افترا میرے پر کرکے دنیا کو میری طرف آنے سے روکتے ہیں اور مجھے ان گالیوں ان تہمتوں اور ان الفاظ سے یاد کرتے ہیں کہ جن سے بڑھ کر کوئی لفظ سخت نہیں ہو سکتا۔ اگر میں ایسا ہی کذاب اور مفتری ہوں جیسا کہ اکثر اوقات آپ اپنے ہر ایک پرچہ میں مجھے یاد کرتے ہیں تو مَیں آپ کی زندگی میں ہی ہلاک ہو جاؤنگا۔ کیونکہ مَیں جانتا ہوں کہ مفسد اور کذاب کی بہت عمر نہیں ہوتی اور آخر وہ ذلت اور حسرت کے ساتھ اپنے اشد دشمنوں کی زندگی میں ہی ناکام ہلاک ہو جاتا ہے اور اس کا ہلاک ہونا ہی بہتر ہے تا کہ خدا کے بندوں کو تباہ نہ کرے اور اگر میں کذاب اور مفتری نہیں ہوں اور خدا کے مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف ہوں اور مسیح موعود ہوں تو مَیں خدا کے فضل سے امید رکھتا ہوں کہ

ahmadimuslim.de

کہ سنت اللہ کے موافق مکذبین کی سزا سے نہیں بچیں گے پس اگر وہ سزا جو انسان کے ہاتھوں سے نہیں بلکہ محض خدا کے ہاتھوں سے ہے جیسے طاعون ہیضہ وغیرہ مہلک بیماریاں آپ پر میری زندگی میں ہی وارد نہ ہوئیں تو میں خدا کی طرف سے نہیں۔ یہ کسی الہام یا وحی کی بناپر پیشین گوئی نہیں۔ بلکہ محض دعا کے طور پر میں نے خدا سے فیصلہ چاہا ہے اور میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ اے میرے مالک بصیر و قدیر جو علیم و خبیر ہے جو میرے دل کے حالات سے واقف ہے اگر یہ دعویٰ مسیح موعود ہونے کا محض میرے نفس کا افترا ہے اور میں تیری نظر میں مفسد اور کذاب ہوں اور دن رات افترا کرنا میرا کام ہے تو اے میرے پیارے مالک میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی زندگی میں مجھے ہلاک کر اور میری موت سے ان کو اور ان کی جماعت کو خوش کر دے۔ آمین۔ مگر اے میرے کامل اور صادق خدا اگر مولوی ثناء اللہ ان تہمتوں میں جو مجھ پر لگاتا ہے حق پر نہیں تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ میری زندگی میں ہی ان کو نابود کر۔ مگر نہ انسانی ہاتھوں سے بلکہ طاعون و ہیضہ وغیرہ امراض مہلکہ سے بجز اس صورت کے کہ وہ کھلے طور پر میرے روبرو اور میری جماعت کے سامنے ان تمام گالیوں اور بدزبانیوں سے توبہ کرے۔ جن کو وہ فرض منصبی سمجھ کر ہمیشہ مجھے دکھ دیتا ہے۔ آمین یا رب العٰلمین میں ان کے ہاتھ سے بہت ستایا گیا اور صبر کرتا رہا۔ مگر اب میں دیکھتا ہوں کہ ان کی بدزبانی حد سے گزر گئی۔ مجھے ان چوروں اور ڈاکوؤں سے بھی بدتر جانتے ہیں جن کا وجود دنیا کے لئے سخت نقصان رساں ہوتا ہے اور انہیں نے ان تہمتوں اور بدزبانیوں میں آیت لا تقف ما لیس لک بہ علم پر بھی عمل نہیں کیا اور تمام دنیا سے مجھے بدتر سمجھ لیا اور دور دور ملکوں تک میری نسبت یہ پھیلا دیا

کہ یہ شخص درحقیقت مفسد اور ٹھگ اور دکاندار اور کذاب اور مفتری اور نہایت درجہ کا بد آدمی ہے۔ سو اگر ایسے کلمات حق کے طالبوں پر بد اثر نہ ڈالتے تو میں ان تہمتوں پر صبر کرتا۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ انہی تہمتوں کے ذریعہ سے میرے سلسلہ کو نابود کرنا چاہتا ہے اور اس عمارت کو منہدم کرنا چاہتا ہے جو تو نے میرے آقا اور میرے بھیجنے والے اپنے ہاتھ سے بنائی ہے اس لئے اب میں تیرے ہی تقدس اور رحمت کا دامن پکڑ کر تیری جناب میں ملتجی ہوں کہ مجھ میں اور ثناء اللہ میں سچا فیصلہ فرما اور وہ جو تیری نگاہ میں حقیقت میں مفسد اور کذاب ہے اس کو صادق کی زندگی میں ہی دنیا سے اٹھا لے یا کسی اور نہایت سخت آفت میں جو موت کے برابر ہو مبتلا کر۔ اے میرے پیارے مالک تو ایسا ہی کر۔ آمین ثم آمین۔ ربنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق و انت خیر الفاتحین آمین۔ بالآخر مولوی صاحب سے التماس ہے کہ وہ میرے اس مضمون کو اپنے پرچہ میں چھاپ دیں اور جو چاہیں اس کے نیچے لکھ دیں۔ اب فیصلہ خدا کے ہاتھ میں ہے۔

الراقم:۔ عبداللہ الصمد میرزا غلام احمد مسیح موعود عافاہ اللہ و اید

مرقومہ یکم ربیع الاول ۱۳۲۵ھ ۱۵۔ اپریل ۱۹۰۷ء

معیار امرتسری مرزائی اصحاب کی طرف سے اس "فیصلہ مرزا" پر یہ عذرات پیش کئے جاتے ہیں کہ "آخری فیصلہ اس گفتگوئے مباہلہ کی ایک کڑی ہے جو مدت سے مولوی ثناء اللہ صاحب اور مرزا غلام احمد صاحب کے درمیان ہو رہی تھی۔ مولوی ثناء اللہ صاحب نے خود اس تحریر کو مباہلہ لکھا ہے۔ جیسا کہ وہ "مرقع قادیانی" ماہ جون ۱۹۰۸ء میں راقم ہیں کہ کرشن قادیانی نے میرے ساتھ مباہلہ کا اشتہار شائع کیا تھا۔ اور مباہلہ فریقین کی منظوری کے بعد مؤثر ہوتا ہے۔ مولوی ثناء اللہ صاحب نے اس کو منظور نہ کیا تھا؟

معیار وہ مباہلہ جس کے بارے میں مرزا صاحب اور مولانا ثناء اللہ صاحب کے درمیان عرصہ سے گفت و شنید ہو رہی تھی وہ تو اشتہار آخری فیصلہ سے قریبًا ۱۴ یوم پیشتر ہی منفصل ہو چکا تھا۔ خود مرزا صاحب نے لکھ دیا تھا کہ یہ مباہلہ (آج سے تقریبًا دو ماہ بعد) "حقیقۃ الوحی" کتاب چھپنے پر کیا جائیگا۔ ملاحظہ ہو اخبار بدر مورخہ ۴۔ اپریل ۱۹۰۷ء۔

"حقیقۃ الوحی" ۱۵ مئی ۱۹۰۷ء کو شائع ہوئی تھی اور اشتہار "آخری فیصلہ" حقیقۃ الوحی سے ایک ماہ پہلے یعنی ۱۵۔ اپریل ۱۹۰۷ء کو شائع کیا گیا۔ ولہٰذا اس اشتہار کو اس "مباہلہ" سے جوڑنا اس مقولہ کا مصداق ہے۔

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا
بھان متی نے کنبہ جوڑا

اشتہار آخری فیصلہ کے سابقہ زیر بحث "مباہلہ" سے متعلق نہ ہونے پر ایک ناقابل رد دلیل یہ بھی ہے کہ جب اشتہار آخری فیصلہ سے ایک ماہ بعد کتاب "حقیقۃ الوحی" شائع ہوئی تو مولانا فاتح قادیان نے مرزا جی کے نام ایک خط روانہ کیا کہ حسب وعدہ خود آپ کتاب حقیقۃ الوحی مجھے بھیجیں تاکہ میں اس مباہلہ کی تیاری کروں۔ اس کے جواب میں اخبار بدر ۱۳ جون ۱۹۰۷ء میں لکھا گیا کہ

"مشیت ایزدی نے آپ کو (اب) دوسری راہ پکڑا (دی ہے کہ) حضرت حجۃ اللہ (مرزا صاحب) کے قلب میں آپ کے واسطے ایک دعا کی تحریک کرکے فیصلہ کا ایک اور طریق اختیار کیا اس واسطے (اس سابقہ) مباہلہ کے ساتھ جو اور شروط تھے وہ سب کے سب بوجہ نہ قرار پانے مباہلہ کے منسوخ ہوئے لہٰذا (اب) آپ کی طرف کتاب بھیجنے کی ضرورت نہ رہی۔"

ناظرین کرام! ملاحظہ فرمائیں کہ یہ تحریر اشتہار آخری فیصلہ سے ایک ماہ بعد کی ہے۔ جس میں نہ صرف یہ کہ سابقہ "مباہلہ" کو منسوخ قرار دیا گیا ہے بلکہ یہ بھی تصریح ہے کہ آخری فیصلہ صرف ایک دعا ہے جو

ahmadimuslim.de

تحریک ختم قرار دی گئی ہے اور کافی وافی ہے۔ اس خط سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ مولانا ثناء اللہ صاحب نے جو اس خط سے پہلے اشتہار آخری فیصلہ کو خلاف قرآن اور خلاف سنت انبیاء ثابت کر کے اسے فیصلہ کن ماننے سے انکار کیا تھا۔ اس انکار ثنائی کا آخری فیصلہ پر کوئی اثر نہیں۔ مرزا صاحب انکار ثنائی کے بعد بھی اسے فیصلہ کن قرار دیتے ہیں۔

اور بات بھی حق ہے کہ اقرار یا انکار کا اثر مباہلہ سے وابستہ ہوتا ہے اور یہ تو ایک "محض دعا" ہے جس کا قبول کرنا نہ کرنا خدا کے اختیار میں تھا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ بقول مرزا صاحب ان کی یہ دعا خدا قبول بھی کر چکا تھا۔ ملاحظہ ہو اخبار بدر ۲۵-اپریل ۱۹۰۷ء

رہ گیا مرزائیوں کا یہ عذر کہ خود مولوی ثناء اللہ صاحب نے اس اشتہار کو مباہلہ کہا ہے۔ سو جواباً عرض ہے کہ مرزا جی کا یہ قاعدہ بھی تھا کہ وہ یکطرفہ دعاؤں کو مباہلہ کہا کرتے تھے۔ جیسا کہ مولوی غلام دستگیر قصوری کی یکطرفہ دعا کو مباہلہ قرار دیا۔ (نزول المسیح ص۱۳) اس قاعدہ کی رو سے مرزا صاحب اور مرزائیوں نے اس دعا کو مباہلہ کہہ کر باوجود ثنائی انکار کے بھی بحال رکھا۔ (ملاحظہ ہو مرزا صاحب کا اشتہار تبصرہ مندرجہ تبلیغ رسالت جلد ۱۰ ص۲۵)

اور اسی قاعدہ کو ملحوظ رکھ کر مولانا ثناء اللہ صاحب نے الزامی طور پر مباہلہ لکھا اور ساتھ ہی یہ بھی لکھ دیا کہ

"مرزا صاحب کو میرے حق میں دعا بد کئے ہوئے جس کو وہ اور اس کے دام افتادہ مباہلہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں ایک سال سے کچھ روز زیادہ گذر گئے ہیں۔"

(مرقع قادیانی ماہ جون ۱۹۰۸ء ص۱۹)

اس بیان سے صاف واضح ہے کہ مولانا صاحب تحقیقی طور سے مباہلہ نہیں، بددعا سمجھتے تھے لیکن بطور الزام اسے مباہلہ بھی کہا۔ مرزائی صاحبان اپنے مسیح موعود کی سنت کے تحت ان الفاظ کو تو چھوڑ دیتے ہیں مگر پہلی سطور کو پیش کر کے لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں کہ دیکھو خود مولوی ثناء اللہ نے اشتہار آخری فیصلہ [illegible]

کو مباہلہ لکھا ہے۔ آہ! الله يعلم و ما يفعلون۔

ایک اور واضح بیان

مولانا ثناء اللہ صاحب کا ایک اور بیان سنئے:-

"چونکہ مرزا اور مرزا کی اندھی تقلید میں مرزائیوں نے اس (آخری فیصلہ) کا نام مباہلہ رکھا۔ دیکھو تبصرہ ص۲۔ اس لئے میں نے بھی اس کو کہیں کہیں مباہلہ کہہ دیا ہوگا ورنہ دراصل مباہلہ نہیں۔ بددعا ہے۔"

(مرقع قادیانی بابت ماہ اکتوبر ۱۹۰۸ء ص۲۴)

اس تحریر نے تو روز روشن کی طرح عیاں کر دیا کہ مولوی صاحب کا مباہلہ کہنا محض الزامی رنگ میں تھا۔ ورنہ اصل میں ایک دعا ہے جسے بقول مرزا صاحب خدا قبول کر چکا ہے۔ لہٰذا مرزائی صاحبان کے جملہ عذرات قطعاً باطل ہیں۔ مرزا صاحب قادیانی اپنی دعا کے پورے پورے مصداق ہیں جو انہوں نے اشتہار آخری فیصلہ میں بدیں الفاظ خدا تعالےٰ سے مانگی تھی کہ

"اے میرے مالک اگر یہ دعویٰ مسیح موعود ہونے کا محض میرے نفس کا افترا ہے اور میں تیری نظر میں مفسد کذاب ہوں تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی زندگی میں مجھے ہلاک کر اور میری موت سے ان کو اور ان کی جماعت (خاصکر معمار امرتسری) کو خوش کر دے۔ آمین!"

(اشتہار آخری فیصلہ ۱۵-اپریل ۱۹۰۷ء)

حاصل یہ کہ مرزا جی کا یہ آخری فیصلہ ہر لحاظ سے مرزائی مشن کے حق میں آسمانی شعاع موت کا حکم رکھتا ہے۔

پس ہمارے احباب کو چاہئے کہ جہاں تہاں مرزائیوں کو اس آسمانی حربے سے تباہ و نابود کریں۔ اگر یہ عذر ہو کہ ہمارے پاس آخری فیصلہ کے متعلق میدان بحث میں حوالہ جات دکھانے کے لئے اخبار و رسائل نہیں ہیں تو میں آپ کو خوشخبری سناتا ہوں کہ مرقع قادیانی بابت ماہ جون و اکتوبر ۱۹۰۸ء نیز قادیانی اخبار "بدر" [illegible] اپریل ۱۹۰۷ء و [illegible] جون ۱۹۰۸ء میں [illegible] جس

مضمون میں میں نے حوالے پیش کئے ہیں سب کے سب بفضلہ میرے پاس موجود ہیں۔ آپ یہ اپنی خواہشات درخواستیں بھیجکر منگوا لیں۔ چونکہ مرقع قادیانی کے قریباً قریباً پانچ پانچ نسخے ہیں اور "بدر" ۲۵ اپریل و ۱۳ جون ۱۹۰۸ء کا تو صرف ایک ایک پرچہ موجود ہے۔ اندریں صورت آپ کی درخواستیں حضرت مولانا فاتح قادیان کے روبرو پیش ہونگی سو جن اصحاب کا نام منتخب فرمائیں گے ان کو اطلاع دیکر ان سے بمعہ محصول ڈاک ایک روپیہ منگوا کر مذکورہ بالا پرچہ جات انہیں بھیجدیئے جائینگے انشاء اللہ تعالیٰ۔

اسلام کے مبلغ و مناظر حضرات درخواست بھیجنے میں جلدی کریں سے

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی

خادم:- محمد عبداللہ معمار امرتسر کٹڑہ کرم سنگھ

پچھلے دنوں دہلی میں مرزائیوں کے ساتھ مسئلہ حیات مسیح پر مناظرہ ہوا۔ چند دن بعد مرزائیوں نے اپنی فتح جتانے کے لئے ایک اشتہار شائع کیا۔ تو وہاں کے ایک غیور و مخلص نوجوان امرتسری حال وارد دہلی نے وہ اشتہار برائے جواب امرتسر بھیجا۔ چنانچہ بذریعہ مکتوب قلمی جو مضمون روانہ کیا گیا۔ اس مضمون کو صاحب موصوف نے بصورت اشتہار شائع کیا جسکی ایک نقل امرتسر بھی بھیجی جو درج ذیل ہے:-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

سے

ابن مریم زندہ ہے حق کی قسم

آسمان ثانی پہ ہے وہ محترم

مسئلہ حیات مسیح میں مرزائیوں کا شرمناک مغالطہ

ہمارے دہلوی احباب نے ہمارے پاس مرزائیوں کا ایک اشتہار جس کا عنوان ہے "وفات مسیح کا مسئلہ احمدیت کی فتح" جواب کے لئے بھیجا ہے۔ اس اشتہار میں بالآخر مضمون بابو عبدالرزاق صاحب مرزائی مبلغ نے لکھا ہے کہ [illegible] ۱۹۳۵ء کو دہلی میں جو مناظرہ ہوا [illegible]

(فیصلہ مرزا۔ آخری فیصلہ پر مرزائیوں کے اعتراضات ۵ تا ۸ کا جواب ہے۔ قیمت ۲ ، انگریزی ۱۰ ، نیز اہلحدیث)

آنا میرا اہلحدیث کے ساتھ ہوا تھا۔ اس میں ہم کو شاندار فتح حاصل ہوئی ہے۔ ہم اس معاملہ میں بوجہ غیر حاضر ہونے کے اگرچہ کوئی قطعی فیصلہ نہیں کہہ سکتے تاہم اپنے تجربات کی بناپر کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ مرزائی اصحاب عموماً اپنی شکست کو فتح کے نام ظاہر کیا کرتے ہیں اس لئے اس جگہ بھی یہی ہوا ہوگا۔ رہ گیا نفس مضمون اور مرزائی مطالبہ کی حقیقت۔ سو اس کے متعلق ہم بلاخوف تردید کہتے ہیں کہ مرزائی مناظر نے کمال درجہ کی دھوکہ دہی سے کام لیا ہے۔ اور اپنے مسیح موعود کی سنت پر پورا پورا عمل کیا ہے۔ مرزا صاحب قادیانی کی عادت شریفہ تھی کہ وہ عموماً اسی قسم کے اینچ پینچ کیا کرتے تھے۔ مثال کے لئے ان کی کتاب ازالہ اوہام صفحہ ۱۸۶ طبع اول صفحہ ۵۴ طبع سوم ملاحظہ کریں۔ جہاں مرزاجی نے اپنی جائے سکونت کو اپنے نام کے ساتھ شامل کرکے لکھا ہے کہ خدا نے میرے دل میں ڈالا ہے کہ

"اس وقت بجز اس عاجز کے تمام دنیا میں غلام احمد قادیانی کسی کا بھی نام نہیں۔" (جل جلالہ)

ہندو مسلم سکھ عیسائی دوستو! کہہ دو غلام احمد کی جے۔ برادران! دیکھئے۔ کس قدر چالاکی سے کام لیا ہے کہ اپنے نام کے ساتھ اپنی جائے پیدائش "قادیان" کی قید لگادی ہے۔ مطلب مرزاجی کا یہ تھا کہ اول تو قادیان نام کا گاؤں دنیا میں ہوگا ہی نہیں۔ اگر ہو بھی تو کیا ضرور ہے کہ اس میں کوئی غلام احمد نام کا آدمی بھی موجود ہو اور پھر وہ میری طرح اپنے نام کے ساتھ اپنے گاؤں کا دم چھلا لگا کر "غلام احمد قادیانی" کہلاتا ہو۔ آہ۔ صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔ ۔ ۔ فاصنع ما شئت۔

بعینہ یہی چال اس جگہ مرزائیوں نے اختیار کی ہے ملاحظہ ہو۔ مرزائی مشتہر لکھتا ہے:۔

"اگر قرآن مجید، احادیث یا لغت عرب سے یہ ثابت کر دیا جائے کہ لفظ توفی کے معنی سوائے موت یا قبض روح کے کچھ اور بھی ہوتے ہیں جبکہ یہ لفظ باب تفعل سے ہو اور فاعل اللہ تعالیٰ ہو اور مفعول بہ انسان ہو اور کوئی قرینہ موجود نہ ہو تو ایسا ثابت کرنے والے کو مبلغ پچاس روپیہ انعام دئیے جائینگے۔"

جواباً گذارش ہے کہ لفظ توفی کے متعلق جو شرائط اور قیود مرزائیوں نے لگائے ہیں۔ عربی کتب گرامر میں ان شرائط کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ مرزائی لوگ ہم سے اس قسم کے مطالبات کرنے سے پہلے خود اپنے پیش کردہ شرائط و قیود کا پتہ کسی معتبر کتاب لغت سے بتائیں۔ ورنہ یوں سمجھا جائیگا کہ "غلام احمد قادیانی" الہامی نام کی طرح یہ بھی ایک پُرپیچ مغالطہ ہے۔

ہمارا یہ اعتراض ایسا وزنی ہے کہ خود مرزا غلام احمد قادیانی نے بھی اس کی اہمیت کو محسوس کیا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس کا جواب بایں الفاظ دیا ہے کہ:۔

"درباره لفظ توفی اتفاق اہل لغت برہمیں قاعده مستمره است کہ چوں در عبارتے فاعل ایں لفظ خدا باشد و مفعول بہ انسان در آں صورت معنی توفی درمیرانیدن محصور خواہد بود و بجز میرانیدن و قبض روح معنی دیگر در آنجا ہرگز نخواہد بود۔"

(اشتہار مرزا موسومہ واجب الاظہار)

ناظرین کرام۔ بالخصوص ہمارے مخاطب مرزائی اصحاب بغور ملاحظہ کریں کہ اس عبارت میں مرزا غلام احمد قادیانی نے لفظ توفی سے متعلقہ قیود کا حوالہ "اتفاق اہل لغت" پیش کیا ہے۔ (بہت خوب)

اب ہماری گذارش صرف یہ ہے کہ مرزائی اصحاب "اہل لغت" کے اقوال سے اس کا ثبوت دکھائیں۔ لیکن اگر وہ نہ دکھا سکیں اور ہرگز نہ دکھا سکیں گے تو انہیں اقرار کرنا ہوگا کہ ہمارے مسیح موعود نے اس جگہ "اہل لغت" پر صریح جھوٹ باندھا ہے اور سراسر غلط بیانی سے کام لیا ہے ؎

بس اک نگاہ پہ ٹھیرا ہے فیصلہ دل کا

مرزائیو! یاد رکھو اگر تم نے "اہل لغت" کا یہ متفقہ فیصلہ نہ دکھایا تو پھر مرزا غلام احمد قادیانی کے وہ تمام اقوال یاد کرلینا جن میں آنجناب نے لکھا ہے کہ جھوٹ بولنا اور گوہ کھانا برابر ہے۔ جھوٹ بولنا مرتد ہونے سے کم نہیں۔ ۔ ۔ ۔ وغیرہ وغیرہ

صاحبان! جب تک مرزائی اصحاب لغت کا حوالہ تلاش کریں آپ میری طرف متوجہ ہوں کہ لفظ توفی کا مال کیا ہے۔

یہ لفظ تین معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (۱) پورا لینا۔ (۲) نیند۔ (۳) موت۔ پہلے معنی اس لفظ کے حقیقی اور وضعی ہیں۔ مؤخر الذکر دونوں معنی یعنی نیند اور موت اس لفظ کے مجازی معنی ہیں۔ چنانچہ امام زمخشری جس کے متعلق مرزائیوں کے مسیح موعود نے خود لکھا ہے کہ اس کے مقابل پر کسی کو چون وچرا کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ (ضمیمہ نصرۃ الحق صفحہ ۲۰) یہ امام صاحب اپنی کتاب "اساس البلاغہ" میں رقم فرما ہیں۔

ومن المجاز توفی فلان وتوفاہ اللہ و ادرکتہ الوفاۃ ۔ یعنی توفی کے معنی موت لینا مجازی ہیں۔ ایسا ہی تاج العروس شرح قاموس جلد ۱۰ صفحہ ۳۹۴ میں لکھا ہے۔

امام راغب مفردات میں لکھتے ہیں:۔

وقد عبر عن الموت والنوم بالتوفی۔ یعنی موت و نیند توفی کے مجازی معنی ہیں اصلی اور حقیقی معنی توفی کے اخذ الشئ وافیاً ہیں۔ (ملاحظہ ہو تفسیر بیضاوی وغیرہ) یعنی چیز کو پورا پورا لینا۔ چنانچہ عرب کہا کرتے ہیں توفیت منہ دراھمی (تفسیر کبیر) میں نے اس سے اپنے درہم پورے وصول کر لئے۔

توفی کا لفظ خود وفا سے ماخوذ ہے اور وفا کہتے ہیں پورا کرنے کو۔ لسان العرب جلد ۲۰ میں لکھا ہے الوفاء ضد الغدر یعنی وفا غدر کی ضد ہے۔ چنانچہ محاورۂ عرب ہے۔ یقال وفی بعہدہ یعنی اس نے اپنا عہد پورا کیا۔ نیز اسی لسان العرب میں ہے:۔

توفیت المال منہ واستوفیتہ اذا اخذتہ کلہ (جلد ۲۰) یعنی توفیت المال (باب تفعل) اور استوفیتہ (باب استفعال) دونوں ہم معنی ہیں یعنی میں نے اس سے اپنا مال پورا پورا لے لیا۔ اسی کے قریب قریب علامہ فیومی نے مصباح المنیر میں رقم فرمایا ہے۔ اساس البلاغۃ میں ہے۔ استوفاہ و توفاہ استکملہ یعنی استوفاہ و توفاہ کے معنی ہیں پورا لیا

(۴۲۹)

اُس نے - لسان العرب جلد ۲۰ میں یہ محاورہ بھی مرقوم ہے توفیت عدد القوم اذا عددتھم کلھم - یعنی جب کوئی شخص قوم کی گنتی پوری کر لیتا ہے تو کہتا ہے توفیت عدد القوم میں نے قوم کی گنتی پوری لے لی ہے الحاصل لفظ توفی کے حقیقی معنی پورا لینے کے ہیں اور یہ قاعدہ مسلمہ فریقین ہے کہ حقیقی معنی کے ہوتے ہوئے مجازی معنی لینا غلط و باطل ہیں۔

اندریں صورت آیت یٰعیسٰی اِنِّی مُتَوَفِّیکَ وَرَافِعُکَ کے معنی بالکل عیاں ہیں۔ یعنی اے عیسٰی میں تجھے زندہ لیکر اپنی طرف اٹھانے والا ہوں

ایک اور طرح سے آیت یٰعیسٰی اِنِّی مُتَوَفِّیکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ کے معنی سمجھنے کیلئے حضرت مسیح علیہ السلام کے واقعات پر ایک گہری نگاہ ڈالیں تو معاملہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ اس وقت کا نقشہ یہ ہے کہ حضرت مسیح محصور ہیں۔ اُن کے دشمن قتل پر آمادہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ

یہود نے قتل مسیح کی تدبیر کی، ان کے بالمقابل خدا نے بھی تدبیر کی اور خدا بہترین مدبر ہے۔

چنانچہ خدا نے مسیح کو وعدہ دیا:-

یٰعیسٰی اِنِّی مُتَوَفِّیکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَہِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا

اے میرے رسول تو خوف نہ کر میں تیری توفی کرونگا۔ تجھے اپنی طرف اٹھا کر دشمنوں سے بچاؤنگا

مرزا غلام احمد قادیانی نے اس وعدہ الٰہی کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:-

"خدا نے مسیح کو وعدہ دیا کہ میں تجھے بچاؤنگا اور تیرا اپنی طرف رفع کرونگا" (اربعین ۳ صفحہ ۱)

بنابریں ظاہر ہے کہ مسیح کو بچانے کا وعدہ واقعہ صلیب کے وقت سے متعلق ہے جو اسی وقت پورا ہونا چاہئے تھا۔ مرزا غلام احمد قادیانی خود اقراری ہیں کہ وعدہ مذا کے الفاظ:-

"دلالت کرتے ہیں کہ یہ وعدہ جلد پورا ہونے والا ہے اور اس میں کچھ توقف نہیں" (ازالہ اوہام صفحہ

صفحہ ۲۴۹ طبع اول - صفحہ ۶۷ طبع دوم)

اب اگر اس جگہ توفی کے معنی موت لئے جائیں۔ جیسا کہ مرزائی کہتے ہیں تو معنی آیت یہ ہونگے کہ اے عیسٰی! تیرے دشمن تجھے مارنا چاہتے ہیں تو کچھ غم نہ کر اِنِّی مُتَوَفِّیکَ میں ابھی تیری جان نکالے لیتا ہوں وَرَافِعُکَ اِلَیَّ اور اس کے بعد تیری روح کو اپنی طرف "عزت کی موت[1] دیکر" اٹھاؤنگا۔ وَمُطَہِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اور تیرا خاتمہ کرنے کے بعد ان کفار دشمنوں[2] سے تجھے پاک کرونگا۔

صاحب علم اور منصف مزاج ناظرین! آپ خود غور فرمائیں کہ یہ ترجمہ جو مرزائی کتب پر مبنی ہے کس قدر لغو ہے۔ اگر یہ صحیح مانا جائے تو اس کا یہ مطلب نکلیگا۔ خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ کہ "میں تجھے بچاؤنگا" "کفار سے پاک رکھونگا" میں بہترین تدبیر کرنے والا ہوں وغیرہ یکسر غلط و باطل، لغو و لچر تھا۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ!

سب سے بڑھ کر مرزائیوں کے مسیح موعود نے جو اپنی متعدد کتب میں قرآن شریف کی آیت وَاٰوَیْنٰھُمَا اِلٰی رَبْوَۃٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِیْنٍ میں تحریف کرتے ہوئے نیز اپنا الہام جتا کر یہ لکھا ہے کہ مسیح اُسوقت صلیب سے زندہ اُتر آیا تھا کشمیر آکر ایک سو بیس برس عمر پا کر فوت ہوا، وہیں اس کی قبر موجود ہے" یہ سب کا سب جھوٹ ثابت ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وعدہ الٰہی یٰعیسٰی اِنِّی مُتَوَفِّیکَ تو بزمانہ صلیب دیا گیا تھا جو اسی وقت پورا ہونا تھا۔ اور بقول مرزائیوں کے توفی کے معنی موت ہیں۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ مسیح اسی وقت فوت ہو گئے۔

خلاصہ یہ کہ اس آیت میں توفی کے معنی موت کرنا قرآن و حدیث، کتب لغت، اقوال مرزا وغیرہ کے صریح خلاف ہے۔ مرزائی لوگ توفی کے معنی اپنے مسیح موعود کے اقوال کے ماتحت کشمیر کی طرف جانا کریں۔ ہم بروئے آیت وَرَافِعُکَ اِلَیَّ مسیح کا آسمان پر اٹھایا جانا کریں گے۔ توفی کے معنی موت دس جگہ بھی نہیں ہو سکتے اگر کسی مرزائی میں جرأت ہے تو کر دکھائے۔ ایک سو روپے انعام کا میری طرف سے اعلان ہے۔

قارئین کرام! اگرچہ میرا دل چاہتا تھا کہ اس علمی مسئلہ پر بالتفصیل بحث کروں۔ مگر یہ مضمون پہلے ہی کافی لمبا ہو گیا ہے اس لئے بادلِ ناخواستہ اسی پر ختم کرتا ہوں۔

اگر آپ مسئلہ حیات مسیح پر فیصلہ کن بحث دیکھنے کے متمنی ہیں تو خاکسار کی کتاب "محمدیہ پاکٹ بک" ملاحظہ فرمائیں۔ وآخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العلمین

خادم:- محمد عبد اللہ معمار امرتسر

---

[1] رفع کے معنی مرزا جی نے ازالۃ الاوہام میں عزت کی موت کئے ہیں (صفحہ ۹۲ طبع اول و صفحہ ۱۴۶ طبع سوم)

[2] تطہیر کے معنی مرزا نے ازالۃ الاوہام میں صلیبی موت سے بچانا کئے ہیں (صفحہ ۹۲ طبع اول۔ صفحہ ۳۴۴ طبع سوم)

مدرسہ دار السلام عمر آباد کی تعلیمی حالت

(ملخص از مراسلہ مولوی محمد عبد اللہ صاحب عقیل)

مولوی صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ میں مدرسہ مذکور میں گیا۔ طلبہ و مدرسین سے مل کر خوش ہوا۔ مدرسہ ہذا کے بانی نے جنگل میں بنیاد رکھی تھی۔ آج خاصی رونق سے مدرسہ چل رہا ہے۔ تقریباً دو سو طلبہ پڑھتے ہیں۔ مکان میں گنجائش نہیں ورنہ اور داخلہ ہو سکتا ہے۔ بانی مدرسہ کے بعد بہتر ہوگا کہ ان کے برادر خورد دخیل ہو کر مدرسہ کا انتظام کریں۔ خدا وہ دن کرے کہ وہ اس مذہبی امر میں دلچسپی لیں۔ مرحوم کے بیٹے اس وقت انتظام کر رہے ہیں خدا ان کو توفیق مزید عنایت کرے۔ عمارت مدرسہ کے ساتھ ہی مدرسین کے رہائشی کمرے بھی بنوائے گئے ہیں جو نہایت موزوں امر ہے۔

لائبریری مدرسہ کے ساتھ لائبریری بھی ہے۔ جہاں ہر فن کی کتابیں اور اخبارات موجود رہتے ہیں۔ ملازمین صبح سے شام تک ہوتے ہیں اور مطالعہ کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

مدرسہ کا پریس بھی ساتھ ہی ہے اور مدرسہ کے ایک حصہ میں انگریزی اور تعلیمی مدرسہ گاہ بھی ہے۔ جس میں تقریباً ایک سو طلبہ ہیں۔

اس کے ساتھ زنانہ مدرسہ بھی ہے جس میں لڑکیاں

عبارات القرآن، مسئلہ حیات مسیح اور قادیانی افراط (صفحہ ۸۰ و ۵) کا دندان شکن جواب - جلد اول ... (ضمیمہ اہلحدیث)

قیمت ... محصول ڈاک ... پتہ:- مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

علاوہ مذہبی تعلیم کے علوم سوجہ حاصل کرتی اور دستکاری سیکھتی ہیں۔

مدرسہ کی طرف سے ماہوار رسالہ بھی شائع ہوتا ہے، ان تمام اوصاف کے باوجود ایک کمی ہے اور وہ یہ کہ اکثر مدرسین نماز میں سستی کرتے ہیں۔ اور یہ طلبہ کیلئے بہت برا نمونہ ہے۔ مہتمم صاحب کا فرض ہے کہ اس نقص کو فوراً رفع کریں۔

طلبہ کو مضمون نگاری میں مہارت پیدا کرنے پر خاص توجہ درکار ہے۔

(محمد عبد اللہ عقیل)

مولانا سیالکوٹی امرتسر میں!

یوم الجمعہ ۱۹ مئی ۳۹ء

(مرقومہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

ناظرین گذشتہ اخبار میں حاجی محمد عبد الغفار صاحب مرحوم دہلوی کی وفات حسرت آیات کا واقعہ پڑھ چکے ہیں حاجی عبد الغنی صاحب کا ایک خط کراچی سے جناب مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری کو پہنچا کہ حاجی صاحب مرحوم کے برادر حقیقی جو سفر حج میں حاجی صاحب مرحوم کے ہمراہ تھے، ۱۹ تاریخ کا جمعہ آپ کے ساتھ امرتسر میں پڑھیں گے۔ اس خط کی بنا پر حضرت مولانا امرتسری نے مولانا سیالکوٹی کو اطلاع دی اور وہ جمعرات کی شام کو امرتسر میں تشریف لے آئے اور آپ نے جمعہ کی نماز مسجد مولانا غلام العلی صاحب مرحوم کی مسجد واقعہ کڑہ سفید میں پڑھائی۔ خطبہ میں آیت اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الخ کے ضمن میں آپ نے آنحضرت صلعم کے اُس فیضان و احسان کا ذکر نہایت دلپسند طریق میں فرمایا۔ جو آپ نے دنیا میں حقوق نسوانی کی حفاظت کے متعلق کیا۔

اس کے بعد آپ کے الفاظ وَالذّٰکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّ الذّٰکِرٰتِ کی تفسیر میں خدا یاد مردوں اور خدا یاد خواتین کے اوصاف جو قرآن مجید اور حدیث شریف میں وارد ہیں ایسے مؤثر پیرایہ میں بیان کئے کہ حاضرین کمال محظوظ ہوئے۔ خطبہ میں آپ نے نماز تہجد اور نماز اشراق کی برکات دینی و اخروی کا بیان ایسے اندازمیں بیان کیا کہ حاضرین محظوظ ہوکر شائقین خطبہ میں نماز تہجد اور نماز اشراق کے متعلق کئی ایک رغبت بھرے ضروری سوالات کرنے لگ پڑے۔ جو مولانا صاحب سیالکوٹی نے بکمال وضاحت بیان فرما دئیے۔ اس وقت حاضرین پر جو سماں تھا وہ اس تحریر میں پیدا نہیں کیا جا سکتا۔ غرض ایک گھنٹہ تک سامعین (مرد و خواتین) بحر قرآن و حدیث کے آب زلال سے خوش کام رہے۔ کئی لوگوں نے ان ہر دو نمازوں کو بالالتزام ادا کرنے کا ذکر اپنی زبان سے کر دیا۔

خاتمہ پر مولانا صاحب نے اپنے امرتسر آنے کی غرض وغایت بیان کی اور حاجی محمد عبد الغفار صاحب دہلویؒ کے برادر حقیقی حاجی عبید الرحمٰن صاحب سے جو اس وقت سامعین خطبہ میں شامل تھے۔ تعارف کرایا۔ اور بعد از نماز جمعہ حاجی صاحب مرحوم کا صدہا اہل حدیث نے جنازہ غائبانہ پڑھا۔

تتمہ۔ کیفیت نماز اشراق

حضرت مولانا صاحب نے نماز اشراق کی کیفیت میں فرمایا کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ اے ابن آدم! میرے لئے شروع دن میں چار رکعتیں پڑھ میں دن کے آخری حصہ میں تیرے لئے کفایت کرونگا۔

اسی کے ضمن میں مولانا نے فرمایا کہ میرا معمول اس نماز کی بابت یہ ہے کہ [illegible] چار رکعتیں پڑھتا ہوں۔

پہلی رکعت میں سورۃ وَالشَّمْسِ مع بسم اللہ

دوسری میں سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ مع بسم اللہ۔

تیسری میں سورت اِذَا زُلْزِلَتْ مع بسم اللہ

اور چوتھی میں سورت اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ مع بسم اللہ پڑھتا ہوں۔ آخری اَلتَّحِیَّات میں حسب قاعدہ درود شریف کے بعد یہ دعا پڑھتا ہوں۔ اَللّٰھُمَّ وَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ (خداوندا! میرے گھر کو کشادہ کر۔ وَ بَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ (اور میرے رزق میں برکت بخش) وَاجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِیْ وَ اَحْسَنَ عَمَلِیْ فِیْ آخِرِ عُمُرِیْ (اور میرا زیادہ کشادہ رزق اور زیادہ اچھا عمل میری آخری عمر میں کر)

یہ دعا عام لوگوں کے لئے نئی تھی۔ کئی لوگوں نے مولانا سے یاد کرنی چاہی۔ لیکن چونکہ گرمی سخت تھی۔ اس لئے لوگوں کی پیاس بجھ نہ سکی۔ لہٰذا شائقین کا شوق پورا کرنے کے لئے اور دیگر احباب کے علم کے لئے بھی اس کو اخبار میں لکھ دیا ہے۔

سورت اِذَا زُلْزِلَتْ کے متعلق مولانا نے یہ بھی فرمایا کہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ اس سورت کی قرأت سب طرح کی آفت سے امن میں رکھتی ہے۔ والسلام

تفسیر واضح البیان اُردو

معارف وحقائق قرآنی کا نچوڑ

مصنفہ حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ اکثر لاینحل مسائل کو اسوۂ رسولؐ کی روشنی میں حل کیا ہے۔ اگر آپ اپنی ایمانی روح کو تازہ کرنا چاہتے ہیں تو منگوا کر مطالعہ کریں۔ کتابت، طباعت، کاغذ نہایت عمدہ۔ سائز ۲۰×۳۰ ۔ ضخامت ۴۸۸ صفحات قیمت بے جلد ۳؎۔ مجلد ۳؎۔ محصول ڈاک علیحدہ۔ منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

ایک فتویٰ متعلقہ تقلید اور اس کا جواب

بستی بڈانجہاں موضع خیر پد سادات تحصیل علی پور ضلع مظفر گڈھ میں اہل حدیث کی ایک چھوٹی سی جماعت ہے۔ ان علاقوں میں سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے مریدین زیادہ ہیں۔ احناف اور اہل حدیث افراد میں بہترین طریق پر مسائل میں گفتگو ہوتی رہتی تھی۔ اور ہر دو خیال کے آدمی یک جا نماز وغیرہ پڑھ لیا کرتے تھے۔ تھوڑے عرصہ سے ایک قلمی فتویٰ سید عطاء اللہ شاہ صاحب کا کسی صاحب نے منگوایا ہے۔ جس سے حالات بدل گئے ہیں۔ وہ فتویٰ جناب کی خدمت میں ارسال کیا جاتا ہے۔ اس کو اخبار میں مع جواب الجواب درج فرما کر ہمیں مشکور فرمائیں:-

" از امرتسر

عزیزی مقبول احمد وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

آپ کا خط ملا۔ حالات معلوم ہوئے۔ عزیز من آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہندوستان میں خواجہ معین الدین چشتی رح اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح اور حضرت مخدوم و مجدد شیخ احمد سرہندی رح اور خواجہ نظام الدین اولیا رح اور حضرت بابا شیخ فرید شکر گنج رح اور حضرت داتا گنج بخش رح اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح اور حضرت شاہ عبدالعزیز رح اور شاہ عبدالغنی رح، شاہ محمد اسحاق رح شاہ محمد اسماعیل شہید رح اور بیرون ہند کے تمام اکابر امت سب کے سب مقلد ہی گذرے ہیں۔

ان حضرات کے علم کا اندازہ لگانے والے آج دنیا میں ناپید ا ہیں۔ چہ جائیکہ ایسا علم رکھنے والے موجود ہوں۔ میں بے چارہ کیا حیثیت رکھتا ہوں اور آپ کی بھی کیا حیثیت ہے۔ ہمارے لئے تقلید کے سوا چارہ ہی نہیں۔ ہاں جو شخص ان تمام بزرگان دین سے زیادہ علم رکھتا ہو اس کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ ساری دنیا کے تمام مسلمان بھی مقلد ہیں اور میرا عقیدہ تو یہ ہے کہ جو شخص غیر مقلد ہونے کا دعویٰ کرتا ہے وہ غلط بیان کرتا ہے وہ مقلد ہے۔ فرق اتنا ہے کہ ہم امام ابو حنیفہ رح کے مقلد ہیں جن کی دنیا بھر میں اکثریت ہے اور کچھ حضرت امام شافعی رح کے اور کچھ حضرت امام مالک رح کے اور کچھ حضرت امام احمد حنبل رح کے۔ ایسے بزرگ یا مولانا ثناء اللہ صاحب کے مقلد ہونگے۔ یا مولانا ابراہیم سیالکوٹی کے مقلد ہونگے یا دہلی کے کسی اور مولانا صاحب کے مقلد ہونگے۔ فاتحہ امام کے پیچھے تمام حنفیہ نہیں پڑھتے میں بھی نہیں پڑھتا۔ والسلام!

دعاگو سید عطاء اللہ شاہ بخاری

جواب ان بزرگوں کے حالات جو ان کی تصنیفات سے معلوم ہوتے ہیں۔ وہ تو صریح عدم تقلید کی شہادت دیتے ہیں۔ ہم ایک دو مثالیں پیش کرنا کافی سمجھتے ہیں حضرت شاہ ولی اللہ مرحوم نے کتاب حجۃ اللہ میں تقلید کی بابت صاف لفظوں میں لکھا ہے کہ تین سو سال تک اس کا وجود نہ تھا۔ مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب تنویر العینین میں تقلید کی صاف تردید کی ہے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب کے اقوال بھی تفسیر عزیزی میں تقلید کے خلاف ملتے ہیں۔ معلوم نہیں کہ ان حضرات کو متبحر عالم مان کر بھی مقلد کہہ کر ان کی توہین کیوں کی جاتی ہے۔ کیونکہ مقلد تو ایسا ادنیٰ درجہ ہے کہ بقول صاحب مسلم الثبوت (اصول فقہ کی مستند کتاب) مقلد کو اجماع میں بھی دخل نہیں ہے جیسے کافر کو دخل نہیں۔ یہ الفاظ ہمارے نہیں۔ بلکہ صاحب مسلم الثبوت کے ہیں۔ ملاحظہ ہو کتاب مذکور

پھر جو مسئلہ تین سو سال تک یعنی خیر القرون سے دو سو سال بعد بھی رائج نہ ہوا ہو اس کو شریعت کا مسئلہ بتانا تحکمانہ زور آوری ہے۔ اسی لئے مولانا عبدالحی صاحب نے فتاویٰ لکھنوی میں لکھا ہے کہ حنفی یا شافعی ہونا اسلامی حکم نہیں ہے۔ (فتاویٰ لکھنوی جلد اول صفحہ ۲۸۵)

رہا یہ کہنا کہ اکثریت دنیا میں حنفیوں کی ہے یہ دعویٰ ثبوت طلب ہے۔ عرب جو دنیائے اسلام کا مرکز ہے وہاں تو حنفیوں کی بہت قلت ہے۔ دوسری جگہ کا شمار مدعی صاحب پیش کریں۔ ہاں اس موقع پر یہ بات ظاہر کرنے سے بھی ہم نہیں رک سکتے کہ ان حنفیوں کی بے شک کثرت ہے جن کو خود شاہ صاحب گمراہ جانتے اور کہتے ہونگے یعنی قبروں کے پجاری، مجاور، قوال اور قوالی کے سننے والے، طبلہ سارنگی بجانے والے، مجالس میلاد میں سرو قد کھڑے ہو جانے والے ایام محرم میں تعزیہ بنانے والے، گلوں میں سیلی ڈالنے والے، بیوی کی صحنک کرنے والے، بغداد کی طرف نماز کے بعد گیارہ قدم مارنے والے، یا علی یا حسین کا وظیفہ پڑھنے والے۔ جن کا پورا نقشہ مولانا حالی مرحوم نے یوں کھینچا ہے ؎

کرے غیر گر بت کی پوجا تو کافر
جو ٹھہرائے بیٹا خدا کا تو کافر
کواکب میں مانے کرشمہ تو کافر
جھکے آگ کو بہر سجدہ تو کافر

مگر مومنوں پر کشادہ ہیں راہیں
پرستش کریں شوق سے جس کی چاہیں
نبی کو جو چاہیں خدا کر دکھائیں
اماموں کا رتبہ نبی سے بڑھائیں
مزاروں پہ دن رات نذریں چڑھائیں
شہیدوں سے جا جا کے مانگیں دعائیں
نہ توحید میں کچھ خلل اس سے آئے
نہ اسلام بگڑے نہ ایمان جائے

ہاں ایسے حنفیوں کی بھی کثرت ہے۔ اور ان کو شاہ صاحب خوب جانتے ہیں جن کا یہ وظیفہ ہے ؎

بندرابن وچہ گئوواں چرائے
لنکا دے وچہ ناد بجائے
عبداللہ دے گھر جائی دا
ساتھوں کی [illegible] دا

نیز ان مقلدوں کی بھی کثرت ہے جن کا عقیدہ اس شعر میں ہے ؎ (باقی صفحہ [illegible] پر)

(۵۸۴)

فتاویٰ

س عـ۱۳۶ } جمعہ کے بعد دو رکعت سنت ادا کرنی چاہئے یا چار رکعت۔ نیز اگر جمعہ کی پہلی چار سنتیں رہ جائیں تو بعد نماز جمعہ پڑھی جاویں یا نہ؟

(سائل خریدار نمبر ۱۲۲۹۵)

ج عـ۱۳۶ } قبل جمعہ سنن کی تعداد کسی صحیح روایت میں نہیں آئی۔ تحیۃ المسجد کی نیت سے دو رکعتیں ضرور پڑھنی چاہئیں۔ فرضوں کے بعد دو اور چار رکعات (ہر دو طرح) مروی ہیں۔

ابوداؤد میں ہے:۔ کان ابن عمر رضی اللہ عنہ یطیل الصلوٰۃ قبل الجمعۃ ویصلے بعدھا رکعتین فی بیتہ ویحدث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یفعل ذالک۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جمعہ سے قبل لمبی نماز پڑھتے اور بعد دو رکعتیں اپنے گھر میں پڑھتے اور بیان فرماتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کیا کرتے تھے۔" صحیح مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً راوی ہیں۔ اذا صلیتم بعد الجمعۃ فصلوا اربعًا فان عجل بک شئ فصل رکعتین فی المسجد ورکعتین اذا رجعت۔ یعنی فرمایا کہ جب تم جمعہ کے بعد نماز پڑھو تو چار رکعتیں پڑھا کرو۔ اگر کسی وجہ سے جلدی ہو تو دو مسجد میں پڑھ لیا کرو اور دو رکعتیں واپسی کے بعد پڑھ لو اوسط طبرانی میں روایت ہے:۔

عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی قبل الجمعۃ رکعتین و بعدھا رکعتین (تلخیص) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ سے پہلے اور بعد دو دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ ہذا واللہ اعلم۔

س عـ۱۳۷ } لیلۃ المبارکہ کے بارے میں جو کچھ آیا ہے فیھا یکتب کل مولود فی ھذہ السنۃ و فیھا یکتب کل ھالک فی ھذہ السنۃ الخ کہ اس رات فرشتے لکھتے ہیں تو [illegible] اس بارے میں ہے۔ لہذا کیا حکم ہے؟

(سائل غلام محمد از سری نگر)

ج عـ۱۳۷ } قرآن پاک میں لیلہ مبارکہ کے ذکر میں ارشاد ہے۔ فیھا یفرق کل امر حکیم امرًا من عندنا الآیہ۔ یعنی جو کچھ ہوتا ہے ہماری طرف سے ہوتا ہے۔ جو الفاظ آپ نے لکھے ہیں قطع نظر اس سے کہ وہ صحیح ہیں یا غیر صحیح ان کا یہی مطلب ہے۔ درصورت صحیح الفاظ ال جانے کے جو کچھ لکھتے ہیں بحکم الٰہی لکھتے ہیں جیسے قلم کو حکم تھا اکتب۔ قول فیصل یہ ہے کہ یہ تفسیری روایات ہیں جو صحت کو نہیں پہنچتیں۔ واللہ اعلم۔

س عـ۱۳۸ } ایک قبر پرست کہتا ہے کہ میں ہر وقت نداء استعانت کرونگا۔ مجھے قرآن کریم امر کرتا ہے۔ یا ایھا الذین آمنوا لا تقولوا راعنا وقولوا انظرنا۔ (سائل مذکور)

ج عـ۱۳۸ } یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ساتھ مخصوص ہے۔ جیسے حکم آیۃ لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجھروا لہ بالقول الآیہ۔ مسلمانو اپنی آوازیں نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آواز پر بلند نہ کرو۔

س عـ۱۳۹ } حدیث نبوی میں وارد ہوا ہے کل مولود یولد علی فطرۃ الاسلام فابواہ یھودانہ اوینصرانہ اویمجسانہ۔ دوسری حدیث میں آیا ہے ان کے بچے ذریت جہنم میں ان کے ساتھ ہونگی۔ لہذا کیا جواب ہے؟

ج عـ۱۳۹ } آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک دفعہ سوال ہوا کہ مشرکین کے بچے کہاں ہونگے آپ نے فرمایا جنت میں (مشکوٰۃ) اور قرآن مجید اس کی تائید کرتا ہے۔ انا اعتدنا جھنم للکافرین نزلا۔ ہم نے کافروں کے لئے جہنم تیار کیا ہے۔ ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ الآیہ۔ یعنی اللہ ایک ذرے برابر ظلم نہیں کریگا۔ اس آیت سے ثابت ہے کہ بے گناہ کو جہنم میں نہیں ڈالا جائیگا۔ انشاء اللہ

س عـ۱۴۰ } اگر رمضان شریف میں سحری کھانے کی دیر ہو جائے تو [illegible] الصلوٰۃ خیر من النوم پڑھیں جائز ہے تو اس کے بعد اذان فجر دیں جائز ہے؟ (سائل مذکور)

ج عـ۱۴۰ } اذان نماز فجر میں یہ کلمات کہنے آئے ہیں نماز تہجد میں نہیں۔

س عـ۱۴۱ } اگر دو یا تین عقد نکاح ایک ہی مجلس میں ہونے والے ہوں کیا خطبہ نکاح ایک ہی ادا کیا جائے یا عدد کے مطابق؟ (سائل مذکور)

ج عـ۱۴۱ } خطبہ مسنون ہے۔ ایک ہی خطبہ سے دو نکاح کا ایجاب و قبول ہو تو حرج نہیں۔ مگر خطیب نیت کرے۔ لقولہ علیہ السلام الاعمال بالنیات

س عـ۱۴۲ } اگر دو یا تین میت اکٹھے نماز جنازہ پہنچیں کیا نماز جنازہ الگ الگ ادا کیا جائے یا اکٹھے؟

(سائل غلام محمد ولد عبد الغنی از سری نگر کشمیر)

ج عـ۱۴۲ } کئی میتوں کا ایک ہی نماز جنازہ جائز ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء بدر کو اکٹھا کرکے نماز پڑھی تھی۔ اللہ اعلم!

(بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲)

ـــہ وہی جو مستوی عرش ہے خدا ہو کر
اتر پڑا وہ مدینے میں مصطفےٰ ہو کر

نوٹ:۔ سید عطاء اللہ شاہ صاحب کے حالات سے جہاں تک ہم واقف ہیں ہم اس فتوے کو ان کی طرف نسبت کرنا صحیح نہیں جانتے۔

باوجود اس کے ہم نے جواب دیا وہ اس حیثیت سے دیا کہ عام طور پر مقلد علماء کے فتوے یہی ہیں۔ رہا مسئلہ فاتحہ خلف الامام۔ سریہ نمازوں میں امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قول بھی ہدایہ میں موجود ہے۔ باقی جہریہ میں اختلاف ہے اسکی تحقیق مولانا عبد الحی کی کتاب امام الکلام میں مفصل ملتی ہے۔ اس کے علاوہ حضرت پیر بغداد شیخ عبد القادر جیلانی کی کتاب غنیۃ الطالبین میں بھی یہ مسئلہ ملتا ہے متقدمین علماء نے بھی اس پر پوری توجہ کی ہوئی ہے امام بخاری اور جزء القراۃ بیہقی میں پوری تفصیل ملتی ہے۔ شاہ صاحب اور دیگر احباب ان کتابوں پر غور کریں اور کامل توجہ سے غور کریں۔ ان میں بلا تعصب یہی تحقیق سے کام لیا گیا ہے۔

ahmadimuslim.de

متفرقات

حساب دوستاں | مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت اخبار و میعاد مہلت ماہ جون ۱۹۳۸ء میں ختم ہو جائیگی اس لئے بذریعہ اعلان ہذا ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر وہ حسب دستور سابق اپنے نام اخبار جاری رکھنا چاہیں تو از راہ عنایت قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر (فیس منی آرڈر اصل قیمت سے ہی وضع کرکے للعہ سالانہ یا ۲؎ ششماہی) ارسال کردیں۔ اگر خریداری ہی سے انکار ہو تو اسی اخبار کو معہ ملاحظہ اپنے نمبر پر نشان کرکے واپس بھیجدیں۔ مہلت درکار ہو (جو زیادہ سے زیادہ ایک ماہ تک دی جائیگی) تو بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں۔ جو اصحاب پہلے مہلت حاصل کرچکے ہیں وہ مزید مہلت طلب کرنے کی تکلیف نہ فرمائیں بلکہ اپنے وعدہ کا ایفا کرکے قیمت بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔

برما اور بیرون ہند کے خریدار حضرات بھی اپنی اپنی قیمتیں بذریعہ منی آرڈر یا بذریعہ پوسٹل آرڈر بہت جلد ارسال کردیں۔

غریب فنڈ سے جن کے نام اخبار جاری ہے۔ وہ ۳۰- جون کے بعد بند کردیا جائیگا۔ ایسے حضرات کو مہلت وغیرہ دینے کا قانون نہیں ہے۔

۶۱ - ۱۰۷ - ۱۱۵ - ۲۶۰ - ۵۵۶ - ۵۶۷ -
۶۱۰ - ۱۶۷۵ - ۲۷۸۲ - ۳۵۴۷ - ۴۳۰۶ -
۴۳۵۱ - ۴۶۰۰ - ۴۷۷۳ - ۴۹۳۳ - ۵۴۰۵ -
۵۴۱۹ - ۵۶۳۸ - ۶۰۹۶ - ۶۱۲۷ - ۶۳۳۹ -
۶۴۹۳ - ۶۷۸۹ - ۷۰۳۸ - ۷۰۷۷ - ۷۵۳۴ -
۷۸۷۷ - ۷۹۷۳ - ۸۴۰۸ - ۸۷۵۹ - ۹۲۵۴ -
۹۳۹۸ - ۹۴۲۹ - ۹۴۳۱ - ۹۴۳۸ -
۹۴۳۹ - ۹۴۵۷ - ۹۸۹۹ - ۹۹۴۹ -
۹۹۹۱ - ۱۰۱۶۰ - ۱۰۱۸۵ - ۱۰۲۱۶ - ۱۰۲۴۴
۱۰۳۰۷ - ۱۰۳۰۹ - ۱۰۴۰۹ - ۱۰۴۵۰ -
۱۰۶۲۸ - ۱۰۶۹۵ - ۱۰۶۶۷ - ۱۰۶۶۸۰ -
۱۰۶۷۹ - ۱۰۷۱۳ - ۱۰۹۳۲ - ۱۰۹۵۲ -
۱۰۹۶۱ - ۱۱۱۳۵ - ۱۱۱۳۷ - ۱۱۱۷۷ -
۱۱۱۸۶ - ۱۱۱۸۷ - ۱۱۲۴۵ - ۱۱۲۴۶ - ۱۱۳۱۶ -
۱۱۳۸۹ - ۱۱۴۰۷ - ۱۱۵۲۱ - ۱۱۵۳۵ -
۱۱۶۰۳ - ۱۱۶۲۵ - ۱۱۶۷۳ - ۱۱۷۸۴ -
۱۱۸۵۶ - ۱۱۸۶۶ - ۱۱۸۷۳ - ۱۱۸۷۴ -
۱۱۸۷۷ - ۱۱۸۸۹ - ۱۱۸۹۱ - ۱۱۹۰۶ -
۱۱۹۲۱ - ۱۲۰۳۴ - ۱۲۰۳۵ - ۱۲۰۵۱ -
۱۲۰۵۸ - ۱۲۰۶۲ - ۱۲۰۹۴ - ۱۲۱۱۴ -
۱۲۱۵۹ - ۱۲۱۷۶ - ۱۲۱۸۳ - ۱۲۱۸۶ -
۱۲۱۸۷ - ۱۲۱۹۰ - ۱۲۲۳۴ - ۱۲۲۴۴ -
۱۲۲۷۰ - ۱۲۳۲۸ - ۱۲۳۳۳ - ۱۲۳۵۰ -
۱۲۳۵۵ - ۱۲۳۵۷ - ۱۲۳۶۰ - ۱۲۳۶۹ -
۱۲۳۷۰ - ۱۲۳۷۵ - ۱۲۳۸۶ - ۱۲۳۸۸ -
۱۲۳۹۰ - ۱۲۳۹۴ - ۱۲۳۹۵ - ۱۲۳۹۷ -
۱۲۳۹۸ - ۱۲۳۹۹ - ۱۲۴۰۰ - ۱۲۴۰۱ -
۱۲۴۲۳ - ۱۲۴۴۱ - ۱۲۴۴۸ - ۱۲۴۶۱ -
۱۲۴۶۶ - ۱۲۴۶۷ - ۱۲۴۷۲ - ۱۲۴۷۳ -
۱۲۴۷۴ - ۱۲۴۸۱ - ۱۲۴۹۹ - ۱۲۵۳۱ -
۱۲۵۳۲ - ۱۲۵۳۳

نوٹ | اگر کسی صاحب کو اپنے حساب میں شک و شبہ ہو تو ۲۹ جون تک اطلاع بھیجدیں۔ ورنہ ۳۰ جون کا پرچہ کسی قسم کی اطلاع یا قیمت اخبار وصول نہ ہونے کی صورت میں وی پی بھیجا جائیگا۔

(نیاز مند منیجر اہلحدیث امرتسر)

مولانا سیالکوٹی امرتسر میں | حاجی عبد الغفار مرحوم کے برادر اصغر حاجی عبید الرحمٰن صاحب کی سفر حج سے واپسی کی خبر سن کر مولانا سیالکوٹی ۱۸- مئی کو بغرض تعزیت امرتسر تشریف لائے۔ ادھر حاجی صاحب ممدوح بھی ۱۹- مئی کو امرتسر پہنچ گئے۔ مولانا سیالکوٹی نے ۱۹- مئی کا خطبہ جمعہ مسجد مولانا غلام علی صاحب مرحوم کٹڑہ سفید میں پڑھایا۔ بعد نماز حاجی صاحب مرحوم کا جنازہ غائب بھی پڑھایا۔ عشاء کی نماز کے بعد چوک لوہگڑھ میں وعظ فرمایا۔ ۲۰- مئی کی صبح کو حسب معمول درس دیکر نو بجے کی گاڑی سیالکوٹ تشریف لے گئے۔ بسلامت روی و باز آئی

(محرر دفتر)

صادق آباد ریاست بہاولپور | سے ایک صاحب خیر نے دار الحدیث مدرسہ مکہ مکرمہ و مدنی دار الحدیث کیلئے ۸/۸۸ روپیہ دفتر اہلحدیث امرتسر میں ارسال فرمائے ہیں

غریب فنڈ | میں عرصہ سے کوئی رقم نہیں آئی۔ صرف فتویٰ فنڈ سے ۳؎ وصول ہوئے ہیں۔ اصحاب خیر صدقات و خیرات کرتے وقت اس فنڈ کا بھی خاص طور پر خیال رکھا کریں۔ کیونکہ اس فنڈ سے غریب اور نادار اصحاب کے نام اخبار جاری کیا جاتا ہے جو خود مطالعہ کرکے دوسروں کو بھی توحید و سنت کی تبلیغ کرتے ہیں۔ گویا اس فنڈ کی امداد کرنا درحقیقت توحید و سنت کی تبلیغ میں امداد کرنا ہے۔ پس ناظرین اس فنڈ کی طرف بھی توجہ فرمائیں۔

حاجی یونس خان صاحب | رئیس دتاؤلی ضلع علیگڈھ تحریر فرماتے ہیں کہ ۱۲- مئی کو بعد نماز جمعہ حاجی عبد الغفار صاحب دہلوی کا جنازہ غائب پڑھا گیا۔ اللّٰھم اغفر لہ وارحمہ۔

آرہ میں صوبائی اہلحدیث لیگ کا قیام | جنرل سکرٹری اہلحدیث لیگ آرہ کی دعوت پر شہر و ضلع آرہ و صوبہ بہار کے اکثر اضلاع کے تقریباً ۸۰ نمائندگان و ممبران آل انڈیا اہلحدیث لیگ کی مجلس شوریٰ بتاریخ ۱۴- اپریل ۱۹۳۹ء مدرسہ انوار احمدیہ میں زیر صدارت جناب مولانا حاجی عبد المجید صاحب زمیندار دولت پور منعقد ہوئی۔ اور باتفاق رائے اہلحدیث لیگ صوبہ بہار کی تشکیل عمل میں آئی۔ مولانا عبد الوہاب صاحب مہتمم مدرسہ دار العلوم انوار احمدیہ میونسپل کمشنر آرہ صدر اور مولوی عبد الغفور صاحب فاضل رحمانیہ عظیم آبادی جنرل سیکرٹری مقرر ہوئے۔

اہلحدیث لیگ صوبہ بہار کے اجلاس کی تیاریاں بلند پیمانہ پر شروع ہو گئی ہیں۔ تاریخوں کا اعلان عنقریب ہوگا۔ نیاز مند۔ عبد الغفور فاضل رحمانیہ عظیم آبادی جنرل سیکرٹری بہار صوبائی اہلحدیث لیگ آرہ۔

(مہربانی اشاعت شدہ وصول)

ملکی مطلع

لکھنؤ میں کربلا ہے؟

لکھنؤ کے شیعہ سنی فساد کو شیعہ اخبارات بہت بڑی اہمیت دے رہے ہیں۔ سول نافرمانی کر کے جیل میں جانے والے شیعوں کو امام حسین کے اتباع سے تشبیہ دیکر مجاہدین کا لقب دیتے ہیں۔ کانگرسی وزارت کو یزیدی حکومت سے مشابہ بتاتے ہیں۔ غرض اس نزاع کو اتنی اہمیت دے رہے ہیں کہ گویا جنگ بدر اور جنگ خندق (جن میں آیندہ ترقی اسلام مضمر تھی) کی طرح یہ بھی بہت بڑا معرکہ ہے۔

ہم اس سے تو روک نہیں سکتے کہ شیعہ احباب اس نزاع کو جس نام سے چاہیں موسوم کریں۔ ہاں اتنا پوچھنے کی اجازت چاہتے ہیں کہ آپ لوگ جن بزرگوں کے نام لیوا ہیں انہوں نے بھی اُس زمانے میں حکومت کی نافرمانی کر کے تبرا پڑھنا شروع کیا تھا جس طرح آپ لوگوں نے کیا ہے۔

کتب شیعہ میں ہم یہ مضمون صریح پاتے ہیں کہ بجائے تبرا اور دشنام دہی کے ائمہ اہل بیت خلفاء سے محبت رکھنے کی ہدایت فرماتے تھے اور صاف کہتے تھے کہ ابوبکر الصدیق نعم الصدیق نعم الصدیق من لم یصدقہ فلا صدقہ اللہ فی الدنیا والآخرۃ (کشف الغمہ) یعنی جو شخص ابوبکر کو صدیق نہ سمجھے خدا اسکو دین و دنیا میں صادق نہ ٹھیرائیگا یہ بحث بڑی طویل الذیل ہے اس لئے ہم اس میں پڑنا نہیں چاہتے۔ کل شیعہ جرائد سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ اگر کانگرسی حکومت بھی بقول آپ کے یزیدی حکومت ہے تو آپ بھی اس کے ساتھ وہی برتاؤ کریں جو شیعوں نے خلافت یزیدیہ کے ساتھ کیا تھا۔ تبرا بازی کر کے ہمیں کس روایت سے دکھائیں کہ اس زمانے کے شیعوں نے یزیدی حکومت کی نافرمانی کر کے جیل خانے بھرے تھے یا سر تسلیم خم کیا تھا۔ پھر آپ کیوں نئے یہ سول نافرمانی شروع کر کے اپنے لئے مصائب کا دروازہ کیوں کھول رکھا ہے۔ - - - - - - - - - -

- - - - - - - - - - -

حالانکہ شیعہ مذہب میں ایک ایسا حکم بھی ہے جس پر عمل کر کے ہر ایک ظالم کے مقابلے میں چین سے زندگی گذار سکتے ہیں۔ وہ ہے مسئلہ تقیہ۔ جس کی تعریف میں یہ الفاظ موجود ہیں:-

تسعۃ اعشار الدین فی التقیۃ (کلینی)

یعنی دین کے دس حصوں میں سے نو حصے تقیہ ہے شیعہ حضرات اپنے مسئلہ تقیہ پر عمل کریں تو آج انکو ہر طرح کی راحت مل سکتی ہے۔ اس لئے ہمارا مشورہ ہے کہ اصحاب شیعہ سول نافرمانی کر کے اپنے مذہب کی مخالفت نہ کریں اس سے دین و دنیا میں انکو نقصان ہوگا۔ ——— ہم نہیں کہہ سکتے کہ یہ نزاع جسکو جرائد شیعہ مذہبی جنگ مقدس کے نام سے موسوم کرتے ہیں کہاں تک طول کھینچے گی اور اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ شیعہ حضرات یوپی کی کانگرسی حکومت کو یزیدی حکومت کہہ کر اس نزاع کے انجام کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ جس طرح یزیدی حکومت کے سامنے اعیان شیعہ مغلوب ہو گئے تھے اسی طرح یوپی کی کانگرسی حکومت کے مقابلہ میں بھی ان کا انجام ویسا ہی ہوگا۔ یہ نتیجہ ہم کسی الہام یا اپنے فہم سے نہیں بتاتے بلکہ ان کی تشبیہ سے استنباط کرتے ہیں۔ خدا کو معلوم ہے کہ ہمیں اس نزاع سے سخت صدمہ ہے اس کی مثال ہمیں تاریخ اسلام میں کہیں نہیں ملتی۔ اس میں شک نہیں کہ شیعوں نے خلافت عباسیہ کے زمانے میں کبھی کبھی علم بغاوت بلند کیا۔ جس میں وہ گاہے کامیاب ہوئے اور گاہے ناکام رہے۔ مگر ہم پھر کہتے ہیں کہ وہ بغاوت یا مقابلہ ایک بڑے مقصد یعنی ملک گیری کے لئے تھا اور یہ مقابلہ اس کے لحاظ سے کوہ کندن و کاہ برآوردن کا مصداق ہے۔

اظہار تعجب | اگرچہ اس الہام میں کانگرس اور مسلم لیگ کی مفاہمت کے سلسلہ میں مسٹر جناح (صدر مسلم لیگ) کی طرف سے اس کو بنیادی شرط ظاہر کیا گیا تھا کہ کانگرس مسلم لیگ کو مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت تسلیم کرے مگر مقام تعجب ہے کہ ایسے نازک وقت میں جبکہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتیں لڑ رہی ہیں مسلم لیگ اور اس کے صدر صاحب ایسے خاموش ہیں گویا ان کو خبر ہی نہیں۔ حالانکہ نص قرآن میں صریح حکم ہے:-

اِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا۔ یعنی مسلمانوں کی دو جماعتیں اگر آپس میں لڑ پڑیں تو دوسرے مسلمان ان میں صلح کرا دیں کس قدر غفلت ہے کہ مسلم لیگ اور اس کے صدر محترم اس نزاع میں کسی قسم کا دخل نہیں دیتے یا ہمیں اس کا علم نہیں۔

دوسرا تعجب | یہ ہے کہ ہمارے ملک میں کئی حضرات ایسے معزز لقب سے ملقب ہیں جو ان کی بھاری ذمہ داری بتاتا ہے۔ کوئی "امیر شریعت" ہے اور کوئی "امیر ملت"۔ لیکن ہمارے تعجب کی کوئی حد نہیں کہ یہ حضرات بھی اس موقع پر خاموش ہیں۔ معلوم نہیں کہ اس میں دخل دینا اپنا فرض نہیں سمجھتے یا اپنے آپ کو اس قابل نہیں پاتے کہ دخل دیکر کامیاب ہو سکیں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ ان دونوں صورتوں میں ان حضرات کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ اپنے آپ کو اس عہدہ سے سبکدوش فرمائیں۔ ورنہ عام مسلمین کو یہ حق ہوگا کہ وہ ان حضرات کے حق میں یہ شعر پڑھیں ؎

یہ مان لیا ہم نے کہ عیسیٰ سے سوا ہو
جب جانیں کہ دردِ دلِ عاشق کی دوا ہو

اخیر میں ہماری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ابنائے اسلام کو سمجھ دے کہ وہ وحدت قومی کا خیال رکھا کریں۔

فلسطین گول میز کانفرنس

ناظرین آگاہ ہونگے کہ ہم نے فلسطین گول میز کانفرنس کی بابت یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ بے نتیجہ ہے لیکن یہی نہ ختم نہیں ہوئی بلکہ اس کی نشستیں منعقد ہو رہی ہیں چنانچہ

نہیں ہوا۔ حکومت برطانیہ نے چند نئی تجاویز شائع کی ہیں۔ جن کو یہودیوں نے سختی سے ناپسند کیا ہے۔ اور عربوں کی طرف سے آج (۲۲ مئی) تک اظہار رائے نہیں ہوا۔ نئی تجویزیں یہ ہیں کہ آئندہ پانچ سال تک یہودیوں کا داخلہ ۷۵ ہزار تک محدود رہے تاکہ یہودیوں کی تعداد تناسب آبادی کے لحاظ سے ایک تہائی سے بڑھنے نہ پائے۔ اور آہستہ آہستہ آئندہ دس سال کے عرصہ میں فلسطین کو خودمختار حکومت چلانے کے قابل بنایا جائے۔ ہمارا خیال ہے کہ یہ مدت بہت زیادہ ہے اور حکومت برطانیہ کی طرف سے اتنی لمبی مدت کسی مصلحت کی بنا پر رکھی گئی ہے۔

میں اگر عربوں کا لیڈر ہوتا تو ان کو مشورہ دیتا کہ "النقد خیر من النسیۃ"۔ نقد جتنا بھی مل جائے ادھار سے بہر حال اچھا ہے۔

حکومت برطانیہ کی بڑی دور اندیشی ہے کہ وہ اس شر کے رفع کرنے پر پھر متوجہ ہو گئی ہے۔ کیونکہ فلسطینی نزاع کوئی معمولی نزاع نہیں ہے بلکہ ایک دیا سلائی کا حکم رکھتی ہے۔ جس سے اہل بصیرت کے نزدیک بہت بڑی آگ بھڑک اٹھنے کا اندیشہ ہے۔ اس لئے حکومت برطانیہ کو چاہیئے کہ فلسطین کو ذمہ داری حکومت دینے میں زیادہ تاخیر نہ کرے بلکہ جو کچھ اس نے دینا ہے بہت جلدی دیدے۔ بڑی بات یہ ہے کہ استاد بن کر خود اس کی رہنمائی کرے۔ یہ مشورہ دیکر ہم گورنمنٹ کی خدمت میں یہ شعر پیش کرتے ہیں ؎

من نگویم کہ ایں مکن آں کن
مصلحت بیں و کار آساں کن

(نوٹ) جلسہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس منعقدہ ۱۹۳۸ء چوڑیاں میں بغرض رفع تفریق اہل حدیث گول میز کانفرنس ہوئی تھی۔ جو بظاہر ناکام رہی۔ معلوم ہوا ہے کہ صدر صاحب گول میز کانفرنس ارادہ رکھتے ہیں کہ ایک دفعہ پھر کانفرنس کی جائے۔ فلسطین گول میز کانفرنس کی کامیابی قریب آ گئی ہے۔ اس سے یہ امید رکھنا کہ آخر ہم بھی کامیاب ہونگے نامناسب نہیں ہے عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ

فَاِذَا يَتِيْمٌ بَيْنَهٗ مَوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؕ

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب

جمعیۃ ہذا جب سے قائم ہوئی ہے۔ اپنی بساط کے مطابق کارکنان جمعیۃ تبلیغ توحید و سنت میں پوری جدوجہد سے کام لے رہے ہیں۔ تحریراً و تقریراً جمعیۃ اپنی بساط سے زیادہ کام کر رہی ہے۔

ماہ اپریل میں ۱۱۔ اپریل ۱۹۳۹ء کو مراتی وال ضلع سیالکوٹ میں تبلیغی جلسہ ہوا۔ جس میں حضرت مولانا سیالکوٹی صدر جمعیۃ، مولوی احمد دین صاحب گکھڑوی اور مولوی محمد عمر صاحب واعظ جالندھری تشریف لے گئے۔ خاکسار بھی ہمراہ تھا۔ ایک رات اور دن توحید خالص پر مبسوط اور مؤثر تقریریں ہوئیں موضع مذکور میں توحید و سنت کا علم لہرا رہا تھا۔ اور تمام لوگ جمعیۃ تبلیغ کی ترقی کی دعائیں کرتے تھے اور جناب صدر کے مشکور تھے کہ ان کی تبلیغ سے اہل گاؤں کو توحید و سنت کی راہ نصیب ہوئی۔ مولانا صاحب کی تحریک سے وہاں مسجد بھی تعمیر ہو چکی ہے۔ اس جلسہ میں بھی چندہ ہوا۔

۱۵-۱۶۔ اپریل ۱۹۳۹ء کو جہلم جلسہ ہوا۔ جناب صدر اور حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری شریک ہوئے خاکسار بھی پہنچا۔ اراکین جمعیۃ کی تبلیغی خدمات کو دیکھ کر جہلم کی مقامی انجمن نے جمعیۃ ہذا سے الحاق کر لیا اس کے بعد ۱۹۔ مئی کو حضرت مولانا سیالکوٹی امرتسر تشریف لائے اور لوگوں کے اصرار پر آپ نے چوک لونگمنڈی امرتسر میں تقریباً پونے دو گھنٹے عالمانہ تقریر فرمائی اور ہندو مسلمان کے سامنے خالص اسلامی توحید پیش کی۔ اور جمعیۃ ہذا کے ماتحت ایک نئی سکیم جاری کرنے کے لئے تجویز پیش کی حاضرین نے شمولیت کا وعدہ کیا۔

آئندہ ہفتہ مورخہ ۲۳۔ مئی کو حضرت مولانا صدر منشی محمد اللہ معمار امرتسری۔ مولوی احمد دین صاحب گکھڑوی اور خاکسار بغرض تبلیغ پسرور جا رہے ہیں انشاء اللہ! پسرور اور کوٹلی میں جلسے ہونگے۔ پسرور میں مرزائیوں سے مناظرہ بھی ہوگا۔

احباب توجہ کریں باوجودیکہ جمعیۃ کی طرف سے بساط سے زیادہ دینی خدمات انجام دی جا رہی ہیں مگر احباب کی توجہ اس کی اعانت کی طرف بہت کم ہے۔ احباب اہل حدیث خصوصاً و دیگر احباب بالعموم اس کارکن جماعت کا ہاتھ بٹاویں تاکہ توحید و سنت کا کام بطریق احسن انجام پا سکے۔

معذرت شروع مارچ سے اپریل کے وسط تک پیاپے سفر کے باعث جناب صدر اور خاکسار فارغ نہیں رہے۔ اس کے بعد جناب صدر کی طبیعت علیل ہو گئی بدیں وجہ رسالہ تبلیغ ماہ گذشتہ مرتب نہیں ہو سکا خدا نے توفیق دی تو ہر دو نمبر یکجا شائع ہونگے۔ انشاء اللہ!

(خاکسار محمد عبد اللہ ثانی امرتسر محلہ ڈھاب کھٹیکاں)

فی ایکڑ ایک ہزار روپے آمدنی

لائلپور کی زراعتی فارم میں جو تجربات کئے گئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ تقریباً ہر ایک زمیندار گنے کی فصل سے فی ایکڑ ایک ہزار روپے کی آمدنی حاصل کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ اصلاح شدہ بیج کی کاشت شروع کر دے۔

مذکورہ بالا فارم میں گنے کی اصلاح شدہ قسمیں سی۔ او ۲۸۵۔ ۳۱۲۔ ۳۳۱ اور ۴۲۱ کاشت کی گئی تھیں تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ ان میں سے کتنا گڑ پیدا ہو سکتا ہے۔ معلوم یہ ہوا کہ ان قسموں میں سے فی ایکڑ بالترتیب ۲۲/۲۸۔ ۱۶۶/۵۵۔ ۱۴۲/۱۸ اور ۱۵۹/۱۰ من گڑ حاصل ہوتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہئے کہ فارم میں ان قسموں سے گڑ کی پیداوار فی ایکڑ اوسطاً ۱۴۸ من ہے۔ اس گڑ کو ساڑھے سات روپے فی من کے حساب سے فروخت کیا گیا تھا۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ زمیندار کو فی ایکڑ کل آمدنی ۱۱۱۰ روپے ہو سکتی ہے۔

(ملاپ مورخہ ۱۹۔ مئی ۱۹۳۹ء)

ویدانت پر کامل عبور رکھنے والے مصنف کی تصنیف۔ ویدوں کی تردید میں ایک بے نظیر کتاب۔ (۵۸۶) قیمت علاوہ محصول ڈاک (منیجر اہلحدیث)

معززین کی رائیں

محترم منیجر صاحب!
السلام علیکم۔ میں نے آپ کے سرمہ اکسیر العین کا استعمال ایک ماہ کیا۔ جس سے مجھکو کافی فائدہ ہوا۔ امید ہے کچھ عرصہ استعمال کرنے سے تمام تکالیف رفع ہو جائینگی۔ اس لئے ایک شیشی اکسیر العین بذریعہ وی پی ارسال فرماکر مشکور فرمائیں۔ احقر وزیر ضیاء الاکرام خلف بابو نور الٰہی خان صاحب بی۔ اے۔ پی۔ ای۔ ایس سرکی دروازہ پشاور

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند جالا پھولا۔ ڈھلکہ۔ خارش سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بےنظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اسکے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پاچکے ہیں۔ بحالت صحت اس کا استعمال ہونیوالی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ
منگوانے کا پتہ:۔ کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ
حکیم سٹریٹ۔ امرت سر

جناب من تسلیم! بندہ نے دو شیشیاں سرمہ اکسیر العین کی آپ سے منگوائی تھیں۔ جو میں نے اور میرے عیال نے استعمال کیں۔ واقعی سرمہ مذکور ضعف بصارت کے لئے تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔
بابو عبد العزیز بی۔ اے کورٹ سب انسپکٹر ریاست بھوپال

مولانا نصر اللہ خان صاحب

عزیز بی۔ اے مالک اخبار زمزم لاہور سابق ایڈیٹر اخبار مدینہ تحریر فرماتے ہیں کہ:۔
سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ استعمال کیا۔ بہت مفید ثابت ہوا میرا تجربہ ہے کہ یہ سرمہ آنکھوں کی تکان، سوزش اور کمزوری کو دور کرتا ہے اور تھوڑے سے دنوں کے استعمال ہی سے انسان فائدہ محسوس کرنے لگتا ہے
۲۳۔ فروری
(اخبار زمزم لاہور)

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث ہزارہا خریداران اہلحدیث علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔
ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی قیمت فی چھٹانک ۶/۔ آدھ پاؤ ۱۲/۔ پاؤ بھر ۱؎ مع محصول ڈاک۔
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ افریقہ برما ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک ۱؎ پیشگی بذریعہ منی آرڈر نہیں
ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب عبد الستار صاحب بمبئی۔ دو مرتبہ میں نے چار چھٹانک مومیائی منگایا تھا بے حد مفید پایا۔ ایک چھٹانک پیر محمد صاحب کے نام ارسال فرمائیں۔
جناب حکیم احمد میاں عبد اللہ میاں کچھے۔ چار پانچ دفعہ آپ کے پاس سے مومیائی منگوا چکا ہوں بہت قابل تعریف پایا۔ اب آدھ پاؤ بذریعہ وی پی ارسال فرمائیں۔ (۲ مئی)
جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہجہانپور۔
متعدد مرتبہ مومیائی منگا چکا ہوں۔ آپ کی مومیائی میں مسیحائی اثر ہے۔ میں ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ یہی کم قیمت ہو کر یہ دوا جو اثر رکھتی ہے یہ صرف خدا کی مہربانی ہے۔
(۱۵۔ مئی ۱۹۳۶ء)
ملنے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان
چھ پرائمری ہیلیس ایجنسی امرت سر

(۴۸۸)

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی مرحوم کے رسالہ اشاعۃ السنہ کا فائل

مولانا مرحوم کے رسالہ "اشاعۃ السنہ" کے بہت سے فائل ہمارے پاس موجود ہیں۔ جن اصحاب کو اس رسالہ کے جس پرچہ کی ضرورت ہو۔ اس کا نمبر اور جلد کا نمبر بھیج کر منگالیں۔ بعض جلدیں بارہ نمبر کی اور بعض اس سے کم نمبروں کی ہیں۔ اور ہر جلد مضمون کے لحاظ سے ایک کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر جلد کی قیمت ۲ر فی نمبر کے حساب سے ہوگی۔ علاوہ محصول ڈاک

عصاء موسیٰ

مصنفہ مولانا الٰہی بخش صاحب مرحوم

مصنف موصوف شروع شروع میں مرزا غلام احمد قادیانی کے رفیق کار تھے۔ جس وقت مرزا آنجہانی نے امام وقت، مجدد اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا تو مصنف موصوف مرزا سے علیحدہ ہوگئے اور اسکے دعاوی جو جھوٹ، فریب اور دھوکہ پر مبنی تھے ان کو واضح کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی ہے۔ تردید مرزائیت کے لئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ تقطیع بڑی۔ ضخامت ۴۶۴ صفحات۔ قیمت ۱؎ علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ:۔ عبد العزیز تاجر کتب کشمیری بازار۔ لاہور (پنجاب)

انگریزی سیکھنے والوں کو خوشخبری

اگر آپ انگریزی زبان بغیر استاد کے سیکھنا چاہتے ہیں تو جدید انگلش ٹیچر منگوائیں۔ اس میں انگریزی زبان کے ہجے وغیرہ الفاظ، محاورات، قواعد گرامر اور اردو سے انگریزی ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت سی مشقیہ عبارت دی گئی ہے۔ اسکے مطالعہ سے انسان تھوڑی مدت میں انگریزی بولنے لکھنے اور گفتگو کر سکتا ہے۔ قیمت ۸ر۔ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل ۱۲؍

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بےنظیر

مشکوٰۃ مترجم ومحشی

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۱۲؍

ان دو نوں بےنظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:- مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

(۵۸۸)

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی

فلیویا امساک رجسٹرڈ ۶؍

رجسٹری وامتحان شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان قضائے حاجت کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ وقت ضرورت سے پانچ منٹ پیشتر کھائیں۔ ناقابل برداشت طاقت۔ بےحد ممسک ہے۔ سرعت۔ احتلام۔ جریان کی دشمن۔ ۳۲ گولیاں پیکٹ ۱۲؍۔

پتہ:- فلیویا کیمیکل ورکس ۲۵ فرید کوٹ (پنجاب)

پتھری توڑ

اس کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ بہہ نکلتی ہے مجرب نسخہ ہے۔ کافی شہرت حاصل کر چکا ہے۔ اصل قیمت ۸ روپے۔ رعائتی قیمت صرف ۱۲؍ محصول ڈاک ۸؍

منگوانے کا پتہ:- منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی خزانہ گیٹ کوچہ چشتاں امرت سر

مفت ۹

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب "عورت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمایئے۔ (منگوانے کا پتہ)

منیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

انقلاب افغانستان

کا

صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف

"زوال غازی"

ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات، ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ضخامت ۲۶×۲۰ کے ۴۵۶ صفحات۔ اصل قیمت ۳؍۔ رعایتی دو روپے۔

تنویر الحوالک فی شرح موطا امام مالکؒ

کی مشہور و معروف کتاب "موطا امام مالک" کا نام اہل علم حضرات سے مخفی نہیں۔ اس کتاب کی بہت سے اہل علم نے شرحیں لکھیں۔ جن میں کتاب ہذا بھی کافی سے زیادہ مشہور بلکہ نایاب ہے۔ ایک صاحب سے چند نسخے موصول ہوئے ہیں۔ شائقین بہت جلد طلب کریں، ورنہ ختم ہونے پر افسوس ہوگا۔ کتاب ہذا تین حصوں پر منقسم اور مصر کی مطبوعہ ہے۔ قیمت صرف تین روپیہ (۳؍)

ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرت سر

کتب در تردید قادیانی مشن

الہامات مرزا - اس کتاب میں مرزا صاحب قادیانی کے الہاموں پر مفصل بحث کر کے ان کو غلط ثابت کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ الہامات میں اختلاف ہونا مامور من اللہ ہونے کے قطعی منافی ہے قابل دید ہے۔ کئی دفعہ شائع ہوا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۹؍

تاریخ مرزا مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے صحیح صحیح حالات از طفولیت تا دم وفات اس رسالہ میں مندرج ہیں۔ قیمت ۶؍

نکاح مرزا مع اضافات جدیدہ جس میں مرزا صاحب قادیانی کی آسمانی منکوحہ (محمدی بیگم) کی پیشگوئی کی قطعی تردید ان کے اپنے اقوال سے کی گئی ہے۔ جدید اڈیشن ہے کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۳؍

عقائد مرزا مرزا صاحب قادیانی کے عقائد کا مختصر بیان۔ ان کی اپنی عبارات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۰؍

فاتح قادیان (جدید اڈیشن) جس میں لدھیانہ کے انعامی مباحثہ متعلقہ دعا مرزا قادیانی بابت وفات مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب مع فیصلہ منصفان وسرپنچ کی روئداد درج ہے۔ اور کتاب "آیۃ اللہ" مصنفہ مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے امیر جماعت احمدیہ لاہوری پارٹی کا بھی مدلل جواب دیا گیا ہے۔ قیمت ۱۲؍

چیستان مرزا مرزا غلام احمد قادیانی کے کلام میں اختلاف ثابت کیا گیا ہے قابل دید ہے۔ قیمت صرف ۰؍

نوٹ:- مندرجہ کتب مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب کی تصانیف ہیں۔ (۲) محصول ڈاک جملہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں صرف اصل قیمتیں درج ہیں۔

ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرت سر

شہادات مرزا ملقب بہ عشرہ مرزائیہ

جس میں دس شہادتوں (احادیث نبویہ اور اقوال و الہامات مرزائیہ) سے مرزا صاحب قادیانی کے دعوے مسیحیت موعودہ کی تردید کی گئی ہے اور جس کے جواب پر بفیصلہ منصف مبلغ ایک ہزار روپے کا اعلان کیا گیا تھا۔ جس کو مرزائی امت آج تک وصول نہ کر سکی۔ قیمت ۳/

فتح ربانی

ایک زبردست تحریری مباحثہ دربارہ حیات مسیح مابین مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب اور مولوی غلام رسول صاحب سکنہ راجیکے۔ جو نہایت لطیف اور دلچسپ بحث ہے۔ گویا کہ مرزائیت کی شکست ثابت ہوگی۔ قیمت ۶/

تعلیمات مرزا

مع جواب الجواب۔ قادیانیت کی تردید کے لئے ایک مختصر مگر جامع رسالہ "تعلیمات مرزا" شائع ہوا تھا۔ جس کو ناظرین نے بہت پسند کیا اور بہت جلد پہلا اڈیشن ختم ہو گیا۔ قادیان سے اس کا جواب نکلا۔ جس کا جواب الجواب اس میں دیا گیا ہے۔ اب یہ ایسی جامع کتاب ہو گئی ہے کہ اس کو پاس رکھنے والا ہر میدان میں مرزائیوں پر غلبہ پا سکتا ہے۔ قیمت ۱۰/

فیصلہ مرزا

عربی و اردو۔ اس رسالہ میں آخری فیصلہ والے اشتہار کی بہت عمدہ تشریح کی گئی ہے۔ جس کی مرزائی آج تک تردید نہیں کر سکے اور "آخری فیصلہ" کے متعلق اُن تمام اعتراضات کا مفصل و مدلل جواب دیا گیا ہے جو آئے دن مرزائی کرتے رہتے ہیں۔ اس رسالہ کا ایک صفحہ عربی بالمقابل اردو ہے۔ قادیانیوں کی تردید کے لئے ایک زبردست حربہ ہے۔ ضرور منگوائیے۔ قیمت ۴/-

ایضاً۔ بزبان انگریزی۔ قیمت ۵/

بہاء اللہ اور مرزا

اس رسالہ میں ہر دو مدعیان (شیخ بہاء اللہ اور مرزا صاحب قادیانی) کی تعلیم اور دعاوی کا مطابقت کیا گیا ہے کہ مرزا صاحب شیخ ایرانی سے مستفیض ہے ... قیمت ۶/

علم کلام مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب کو بحیثیت مصنف جانچا گیا ہے

آج تک مرزائیوں کی تردید میں جس قدر کتابیں شائع ہوئی ہیں یہ رسالہ ان سب سے نرالا ہے۔ اس کا مضمون بھی بالکل اچھوتا اور انوکھا ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے پہلے اس قسم کا کوئی رسالہ آپ کی نظر سے نہ گزرا ہوگا۔ قیمت ۶/

عجائبات مرزا

یہ رسالہ علم کلام مرزا کا حصہ دوم ہے۔ اس میں مرزا صاحب کے اقوال سے ان کی عمر صرف گیارہ سال ثابت کی گئی ہے۔ قیمت ۳/

محمد قادیانی

مرزا صاحب کا دعویٰ تھا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی میں مثیل ہوں جو اُن کی زندگی کا پروگرام تھا وہی میرا ہے۔ انکے اپنے اقوال سے ان کے اس دعویٰ محمدیت ثانیہ کی کماحقہ تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۲/

نوٹ مندرجہ بالا کتب حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب (فاتح قادیان) کی تصانیف ہیں۔

(تصانیف دیگر مصنفین)

شہادت القرآن

مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں حیات مسیح علیہ السلام کو عالمانہ رنگ میں ثابت کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں لفظ توفی کی تحقیق انیق کی گئی ہے۔ اور حصہ دوم میں ان تمام قرآنی آیات کا جواب دیا گیا ہے۔ جو مرزا صاحب نے "براہین احمدیہ" میں اپنے دعوےٰ (وفات مسیح) پر بطور استدلال کے پیش کی تھیں۔ قیمت حصہ اول ۱۲/- حصہ دوم ۱۰/- مکمل دو روپے۔

الخبر الصحیح

مصنفہ مولانا ابراہیم سیالکوٹی۔ اس رسالہ میں حضرت مسیح کی قبر شریف پر مفصل بحث کر کے قادیانی خیالات کی تردید کی ہے۔ یاد رہے کہ قادیانی حضرت مسیح کی قبر کو کشمیر میں بتاتے ہیں۔ قیمت ۲/

المسیح الموعود

مصنفہ مولوی محمد عثمان صاحب نصیرآبادی۔ حضرت مسیح کا بطور معجزہ کے زندہ بجسمہ آسمان پر اٹھایا جانا اور قرب قیامت کے نزول فرمانا دلائل قویہ کے ساتھ ثابت کر کے مخالفین کے اعتراضات کو عقلاً و نقلاً غلط ثابت کر کے ہر پہلو سے ان پر اتمام حجت کیا گیا ہے۔ غرضکہ قابل مطالعہ کتاب ہے۔ قیمت ۸/

کاویہ علی الغاویہ

حصہ اول۔ مصنفہ مولوی محمد عالم صاحب آسی امرتسری۔ اس کتاب میں مرزائی متن پر بڑی سیر کن بحث کی۔ طرز تحریر نہایت موثر اور دلکش ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱۰/

ایضاً حصہ دوم

جس میں تمام جھوٹے مدعیان نبوت کا مفصل حال دلچسپ پہلو میں مذکور ہے۔ جس کا مطالعہ ناظر کو ان کے تمام حالات آشکارا کر دیتا ہے۔ قیمت ۱۲/

محمدیہ پاکٹ بک مجلد

مؤلفہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری

اس پاکٹ بک کی خوبی کے لئے اس کے مصنف کا نام ہی کافی ضمانت ہے۔ مختصر یہ کہ اسے پڑھ کر ایک معمولی اردو خوان بھی ہر بڑے سے بڑے مرزائی کے ساتھ تمام مباحث میں کامیاب مناظرہ کر سکتا ہے۔ پہلا اڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ دوسرا اڈیشن مع اضافہ کے شائع ہوا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت بجائے ۱۲/ کے ۱۰/

مغالطات مرزا عرف الہامی بوتل

از منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب کے عجیب و غریب مغالطات، الہامات اور متناقض و متخالف بیانات کا انکشاف کر کے ان کی تردید کی گئی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت صرف ۲/

عالم کباب مرزا

مرزا صاحب کے مشہور الہام نیز "عالم کباب" پر جدید انداز میں تبصرہ کر کے مرزا صاحب کی تردید کی ہے۔ قیمت ۱/

(۵۸۹)

ahmadimuslim.de

کفریات مرزا

از جناب اسرار احمد صاحب آزاد۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب کی تحریرات سے ان کے متعلق عجیب و غریب مواد جمع کیا گیا ہے۔ ان کی اپنی تحریرات سے ہی ان کے دعاوی وغیرہ کی تردید ثابت ہوتی ہے۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت رعائتی ۸ر

نشان حج اور مرزا

مؤلفہ حکیم عبد الرحمن صاحب ساکن تیجہ کلاں۔ مرزا صاحب کے حج نہ کرنے کے متعلق مرزائی لوگ جو رکیک تاویلات سے کام لیا کرتے ہیں اس کا مفصل جواب دیکر ثابت کیا گیا ہے کہ مسیح موعود کے لئے حج کرنا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۳ر

ائمہ تلبیس

مصنفہ مولوی ابو القاسم صاحب رفیق دلاوری۔ "ائمہ تلبیس" کی دو حیثیتیں ہیں۔ اول علمی اور تاریخی۔ دوم تبلیغی اور کلامی۔ پہلی حیثیت کے اعتبار سے یہ کتاب اپنی نوعیت میں سب سے پہلی اور مفصل کوشش ہے۔ جس میں تاریخی لحاظ سے مدعیان کاذب کے حالات اس شرح و بسط سے بیان کئے گئے ہیں کہ زبان اردو کو اس پر بجا فخر ہونا چاہئے۔ عصر حاضر میں جبکہ مسیحیت، الوہیت، اور مہدویت کے دعوے کر کے عوام کو لوٹنا رواج ہو گیا ہے۔ ائمہ تلبیس پڑھنے والوں کے لئے بہت دیدہ کشا، پندہ اور بصیرت افروز ثابت ہوگی ... جملہ مدعیان کاذب کے مفصل حالات دلچسپ پیرایہ میں

رحمۃ للعالمین

مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی مرحوم جس میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل و مکمل طور پر لکھی گئی ہے۔ جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ مستند مانی گئی ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاولپور۔ جامعہ ملیہ دہلی اور مدرسہ دیوبند اور اکثر دیگر اسلامی درسگاہوں کے نصابات میں داخل ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ نہایت اعلیٰ۔ قیمت جلد اول عگر۔ جلد دوم ۱۲ر۔ جلد سوئم ۳ر۔ محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں اردو۔ انگریزی، ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما اعلیٰ۔ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ خط و کتابت کرنے کا پتہ :-

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

انتہائی رعائت

"ویدارتھ پرکاش عرف ویدک تہذیب" ۱۲ر کی بجائے ۵ر میں

مصنفہ پنڈت [illegible] صاحب ست دھرمی جس میں خود وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیا سوز منتروں کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی ثابت نہیں ہو سکتے۔ غرضکہ ویدوں کی وید منتروں سے مدلل طور پر تردید کی ہے۔ آریہ سماج آجتک اس کا جواب نہیں دے سکی۔ بڑی مفید کتاب ہے۔

قیمت ۱۲ر کی بجائے ۵ر پتہ: منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

حقیقت مرزائیت

مثل مشہور ہے کہ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔ چنانچہ یہ کتاب مولوی عبد الکریم صاحب آف مباہلہ (سابق قادیانی مبلغ) کی تصنیف ہے جس میں آپ نے تحریک مرزائیت کا اصل مقصد اور مرزائیت کے اندرونی حالات ظاہر کئے ہیں۔ تحریر دلکش ہے قیمت بجائے آٹھ آنے کے صرف ۴ر

مباہلہ پاکٹ بک

از مصنف موصوف۔ مرزائیت کی تردید علمی دلائل اور مناظرانہ رنگ میں کی گئی ہے۔ قابل دید ہے۔ پاکٹ سائز۔ قیمت بجائے [illegible] کے ۴ر

رئیس قادیان

از مصنف ممدوح۔ مرزائیت کی تردید میں ایک تازہ تصنیف مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے حالات بہ یہ طرز پر بیان کئے ہیں۔ ملک کے ممتاز جرائد اور اکابرین ملت نے اس کو بہت پسند کیا ہے۔ قیمت ۱۲ر۔ ایسے حالات آپ کو کسی اور کتاب میں نہ ملیں گے۔ جب تک کتاب شروع کر کے پوری پڑھ نہ لیں چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ساتھ میں مرزا صاحب کے الہامات و دعاوی کی بھی مدلل تردید کی ہے۔ کتابت طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت کاغذ ڈمی [illegible]

[illegible] ڈاکٹر تمام امراض کا بیان تشخیص علاج، خواص [illegible] ہر وقت اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ مجلد۔ قیمت صرف ۱۲ر۔ محصول ڈاک ۲ر

جملہ کتب منگوانے کا پتہ

منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

وسلی ۱۰

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۱۲ؔ
رؤسا و جاگیرداروں سے " ۶ؔ
عام خریداروں سے " ۵ؔ
" " ششماہی ۲ؔ
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - ۲ؔ

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۱

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲- شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳- نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

امرتسر ۱۳- ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۲- جون ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۹۱)

فہرست مضامین

نظم (نعت شریف) - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
نماز سید المرسلین بجواب صلوٰۃ المرسلین - ص۳
دوسرا خرد جال قادیان میں (قادیانی مشن) ص۵
نبوت مرزا غلط ہے - - - - ص۵
منارۃ المسیح پر نام کندہ کرانیوالے ہم بھی ہیں۔ ص۶
مسلمانوں کے ارتداد کی وجہ - - - ص۶
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم - - - ص۷
اہلحدیث کانفرنس کا استحکام - - - ص۸
کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین - - ص۸
[illegible] غلط ہوں ص۹ عمر بن عبدالعزیز ص۱۰
نظم [illegible] - تمادے - ص۱۱
[illegible] اشتہارات - - ص۱۲

نعت شریف

(از جناب ابوالحافق محمد نجیب اللہ صاحب نشتر انوری گورکھپوری)

رہوں یارب جہاں میں حشر تک شیدا محمد کا
قیامت میں اٹھوں پڑھتا ہوا کلمہ محمد کا

ہوئی کافور ظلمت کفر کی اس بزم دنیا سے
ہوا جس وقت نور افشاں رخ زیبا محمد کا

نظر فیوں پہ کب اسکی پڑے بزم حسیناں میں
نظر اک بار جس کو آگیا جلوہ محمد کا

رسالت کی ہوئی تکمیل اس ذات مقدس سے
ہے قرآں اس پہ شاہد بڑھ گیا رتبہ محمد کا

جہان کفر میں اک اضطرابی ہو گئی پیدا
پئے تبلیغ ایماں جب بجا ڈنکا محمد کا

وہ دل پھر دل نہیں جس میں نہ ہو الفت محمد کی
وہ سر بیکار ہے جس میں نہ ہو سودا محمد کا

دیار قلب کی روشن شب دیجور ہو جائے
تصور میں جو آجائے رخ زیبا محمد کا

اگر خواہش تری ہے تجھ سے ہو مولا ترا راضی
پکڑ لے صدق دل سے اسوۂ حسنیٰ محمد کا

بنا لے اپنا دستور العمل قرآن و سنت کو
چلا جا بید حرک جنت میں ہے وعدہ محمد کا

شفاعت چاہتا ہے نشتر گر نعت محمد کا
تو ہو جا جان و دل سے عاشق و شیدا محمد کا

انتخاب الاخبار

(۲۹- مئی ۱۹۳۹ء)

—— امرتسر کی موسمی حالت آج کل عجیب قسم کی ہے۔ دن بھر لو چلتی رہتی ہے اور رات کو پچھلے پہر خاصی خنکی ہو جاتی ہے۔

—— مسلمانان امرتسر کی طرف سے مشترکہ طور پر کئی ایک جلسے ہو چکے ہیں کہ چونکہ شہر میں مسلمانوں کی آبادی نصف سے زیادہ ہے اس لئے بلدیہ کی ملازمتوں میں بجائے چالیس فیصدی کے انچاس فیصدی حقوق دیئے جائیں۔ اس سلسلہ میں ایک وفد صاحب ضلع سے ملا۔ مگر انہوں نے جواب دیا کہ تمام اقوام آپس میں مناسب سمجھوتہ کر لیں۔ —— پست اقوام کے نمائندہ مسٹر سند رداس میونسپل کمشنر نے بھی میونسپل کمیٹی امرتسر کو نوٹس دیا ہے کہ ملازمین بلدیہ میں پست اقوام کو بیس فیصدی حقوق دیئے جائیں۔

—— حکومت پنجاب نے ڈسٹرکٹ بورڈ امرتسر کی سفارش منظور کر لی ہے کہ خاکروبوں کے مندرجہ ذیل مطالبات منظور کر لئے جائیں:- (۱) ملازمت مستقل (۲) پراویڈنٹ فنڈ۔ (۳) سال میں ایک ماہ کی رخصت باتنخواہ۔

—— گذشتہ ہفتہ جس ڈاکو نے امرتسر کے ایک ہوٹل میں ایک ہندو نابالغ لڑکے کو قتل کیا تھا۔ وہ لاہور میں گرفتار ہو گیا ہے۔ وہ قبل ازیں اس قسم کی پہلے بھی کئی وارداتوں کا مرتکب ہو چکا ہے۔

—— لاہور۔ خاکروبوں کے مطالبات منظور ہو جانے پر انہوں نے دو روز کے بعد ہڑتال ترک کر دی

—— ایڈمنسٹریٹر لاہور نے بلدیہ لاہور کے میونسپل استادوں میں سے ۲۴۰ کو نوٹس دیا ہے کہ وہ اپنی موجودہ تنخواہوں میں تخفیف منظور کریں۔ ورنہ سبکدوش ہو جائیں۔ اس سلسلہ میں استادوں کی طرف سے گفت و شنید ہو رہی ہے۔

—— حیدرآباد شورش کے پچھلے رہبر بہادر شرشن ... اخبار پرتاپ ۲۹ مئی کو حیدرآباد ستیہ گرہ کرنے کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔ غالباً ۹ جون ستیہ گرہ ...

—— لاہور میں کسانوں کے خلاف قانون مظاہرے کرنے کی میعاد ختم ہو گئی تھی۔ حکومت نے مزید توسیع کر دی ہے۔ کسانوں کی جماعتیں بھی خلاف ورزی کرنے بدستور آ رہی ہیں۔

—— لاہور خبر ملی ہے کہ سید حبیب صاحب و مدیر اخبار "منشور" افغانستان کے خلاف ایک مضمون شائع کرنے کے الزام میں گرفتار کئے گئے ہیں۔

تفسیر بالرائے

اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی کیونکہ اُردو میں کئی ایک ایسی تفسیریں شائع ہوئی ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں مثلاً "بیان للناس" امرتسری۔ "بیان القرآن" لاہوری، چکڑالوی، مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔ اسلئے کتاب ہذا قابل دید و شنید ہے۔ قیمت ۱۰/ محصول ڈاک ۲/ پتہ:- مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

۲۹ جون سے پہلے پہلے

قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر۔ مہلت یا انکار کی اطلاع دفتر ہذا میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ۳۰ جون کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔ ناظرین کرام مطلع رہیں۔ (مینیجر اہلحدیث)

—— حکومت پنجاب نے صوبہ کی تمام اخباروں کو متنبہ کر دیا ہے کہ حیدرآباد کے خلاف خبریں اور مضامین شائع کرنے سے پرہیز کیا جاوے۔

—— حکومت پنجاب نے حصار کے قحط زدگان کی امداد کے لئے مزید پانچ لاکھ روپیہ منظور کیا ہے۔ حکومت یوپی نے بھی اس غرض کیلئے دس ہزار روپیہ بھیجا ہے۔

—— شملہ میں ہندوستان کے تمام صوبائی وزرا اعظم کی کانفرنس ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ اس میں فرقہ پرست اخبارات پر ضبط رکھنے کے لئے کوئی اہم فیصلہ کیا گیا ہے۔

—— شیعوں کی طرف سے لکھنو میں تبرا بازی شروع ہے۔ شیعہ سنی مفاہمت کرانے کے لئے طرفین کے معززین غور کر رہے ہیں۔

—— حکومت برطانیہ نے مولانا حسرت موہانی کو جو آجکل انگلستان میں ہیں روس جانے کی اجازت دیدی ہے۔ مولانا دیگر اسلامی ممالک کی سیر کرتے ہوئے ہندوستان واپس آئینگے۔

—— حکومت مصر نے زہریلی گیس سے بچنے کیلئے ایک سو بیس تہ خانے ۳۲ مقامات پر بنانے منظور کئے ہیں۔ جن میں سے دس تیار ہو چکے ہیں۔

—— کراچی کی ایک سولہ سالہ ہندو لڑکی موہنی نے اپنی خوشی سے وزیر اعظم ریاست خیرپور کے صاحبزادہ محمد عالم سے شادی کر لی تھی۔ مگر ہندوؤں نے شورش کر کے محمد عالم کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا۔ جوڈیشنل کمشنر سندھ نے فیصلہ دیا کہ چونکہ لڑکی نابالغ ہے اس لئے وہ بالغ ہونے تک ہندوؤں کے پاس رہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ۲۸ مئی کو وہ دوبارہ ہندو ہو گئی ہے

حاجی سرفراز علی صاحب بمبئی سے اطلاع دیتے ہیں کہ ۲۱۔ مارچ کو مغل لائن کا اسلامی جہاز ۹۳۹ حاجی لیکر بمبئی پہنچا۔ مسافروں سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ جدہ سے بمبئی ۱۳ دن میں پہنچا۔ دیگر واقعات کے علاوہ ایک دلچسپ واقعہ یہ ہے کہ ایک حاجی صاحب نے بندرگاہ پر اترتے ہی ایک ٹوسٹ جو کہ کرم خوردہ تھا دکھلایا اور فرمایا کہ حاجیوں کو صبح کی چائے کے ساتھ یہی ٹوسٹ دیا جاتا ہے۔ مجھے سخت افسوس ہوا کہ ٹوسٹ صرف کرم خوردہ ہی نہیں بلکہ کیڑوں نے ٹوسٹ کو اچھا خاصہ اپنا گھر بنا لیا تھا۔ اور ان حاجی صاحب سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جہاز ہی پر اس سلسلہ میں کپتان سے اسکی رپورٹ کر دی تھی اور کپتان نے اس ٹوسٹ کی شکایت کو اپنی ڈائری میں درج کر لیا ہے اور اب ... حاجی صاحب ... کرم خوردہ ٹوسٹ ...

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۳-ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ

نماز سید المرسلین

بجواب

رسالہ "صلوٰۃ المرسلین"

(۵)

اس سلسلہ مضمون کے چار نمبر درج ہو چکے ہیں۔ آج پانچواں درج کیا جاتا ہے۔ ہم نے اس رسالہ پر اس لئے توجہ کی ہے کہ جس طرح منکرین اسلام (عیسائی، آریہ وغیرہ) قرآن مجید کی تکذیب میں سرگرم ہیں۔ اسی طرح منکرین حدیث بھی حدیث شریف کی تردید میں کوشاں رہتے ہیں۔ جس طرح مسلم اہل حدیث ہونے کی حیثیت سے ہمارا فرض ہے کہ ہم منکرین قرآن کو جواب دیں اسی طرح ہمارا فرض ہے کہ ہم منکرین حدیث کی بھی تسلی کریں۔ اخبار "اہلحدیث" اپنے نام کی حیثیت سے ان دونو ذمہ داریوں کو بخوبی محسوس کرتا ہے اور خدا کے فضل سے ابتدا ہی سے نباہتا آیا ہے اور آئندہ بھی نباہتا رہیگا۔ انشاء اللہ!

رسالہ زیر جواب کے مصنف (منکر حدیث) نے خلاف قاعدۂ علم مناظرہ اثبات دعویٰ پر جرح علی الخصم کو مقدم کر دیا ہے مگر وہ اس میں معذور ہے۔ کیونکہ وہ ان علوم اور قواعد کی پابندی ضروری نہیں جانتے اور شاید جانتے بھی نہیں۔ ورنہ حق یہ تھا کہ مصنف پہلے اپنا دعویٰ (ثبوت صلوٰۃ المرسلین) قرآن مجید کے کھلے الفاظ سے ثابت کرتا۔ پھر قائلین حدیث پر جس طرح چاہتا جرح کرتا۔ لیکن یہاں تو صورت حال ہی کچھ اور ہے۔ جو اس شعر میں مذکور ہے ؎

بنے کیونکر کہ ہے سب کار اُلٹا
ہم اُلٹے بات اُلٹی یار اُلٹا

مصنف کی جرح کے جواب سے ہم فارغ ہو چکے ہیں آج اس کے اثبات دعویٰ پر غور کرتے ہیں۔

"(نوٹ) اگر اشاعت فنڈ میں گنجائش ہوئی تو یہ رسالہ اس فنڈ سے چھاپ کر مفت تقسیم کیا جائیگا اصحاب کرم اشاعت فنڈ پر توجہ کریں تاکہ توحید و سنت کی اشاعت ہو سکے۔"

مصنف مذکور نے اپنی نماز کے اثبات میں جتنی محنت کی ہے اتنی محنت مجنوں نے لیلیٰ عامریہ کے وصال میں بھی نہ کی ہوگی۔ اس محنت اور تلاش میں مصنف اکیلے نہیں ہیں بلکہ اس سے پہلے مولوی عبد اللہ چکڑالوی، مولوی حشمت علی مقیم دہلی، مولوی محمد رمضان ساکن گوجرانوالہ وغیرہ مدعیان کفایت قرآن عمر بھر اس دشت بیاباں میں سرگرداں رہے مگر لیلیٰ عامریہ کو نہ مل سکے۔ آخر کار ان کو یہ شعر سننا پڑا ؎

کل یدعی وصلا لیلیٰ
ولیلیٰ لا تقر لھم بذاکا

حقیقت یہ ہے کہ یہ راستہ نہ صرف دشوار گزار بلکہ خاردار بھی ہے۔ مصنف کتاب نے جو محنت کی ہے وہ قابل داد ہے۔ مگر ان کی ناکامی پر افسوس ہے۔ ناظرین ان کا مضمون ان کے اصل الفاظ میں ملاحظہ فرماتے جائیں لکھتے ہیں:-

"صلوٰۃ قرآنی کے سمجھانے سے پہلے ہمیں یہ ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ دین اسلام صرف حضرت محمد رسول اللہ سلام علیہ سے ہی شروع نہیں ہوا بلکہ اسلام یعنی خدا کی فرمانبرداری کا دین تمام انبیاء سلام علیہ کا دین تھا جو کہ ابتدا سے چلا آتا ہے × × جملہ نبیوں کا ایک ہی دین اسلام تھا جو بذریعہ وحی اُن کو مرحمت فرمایا گیا۔ اور یہ کہ وحی جو کل نبیوں کو دی گئی اُس میں کسی قسم کا دینی فرق نہ تھا × × × × یہ بالکل صحیح ہے کہ صلوٰۃ بھی سب کی ایک تھی۔ پس اگر ہم قرآن مجید کے اندر سے کسی ایک نبی کا قول یا فعل یا حکم غلطی اور سہو سے پاک منشاء ایزدی کے مطابق پیش کریں تو وہی کل نبیوں کا دین یعنی اسلام ماننا پڑیگا اور اس کا انکار قرآن مجید کا انکار ہوگا۔"

(صلوٰۃ المرسلین صفحہ ۲۹ و صفحہ ۳۰)

ناظرین کرام! یہ اقتباس ہمیں کسی طرح مضر نہیں۔ بلکہ ہمارا بھی اس پر صاد ہے۔ آگے چل کر آپ لکھتے ہیں ؎

"لغت کی کتاب لسان العرب میں صلوٰۃ کے معنے قیام، رکوع، سجود، دعا، تسبیح کا مجموعہ تحریر ہیں اور ایسی ہی صلوٰۃ قرآن حکیم سے بھی ظاہر ہوتی ہے۔" (صلوٰۃ المرسلین صفحہ ۳۲)

اہلحدیث مصنف نے دعویٰ کیا ہے کہ قرآن شریف میں انبیاء کی جو نمازیں مذکور ہیں وہی اسلامی نماز ہے

لہ ہر ایک وصل لیلیٰ کا دعویٰ کرتا ہے اور لیلیٰ کا وصل کسی سے نہیں ہے۔

... نے لسان العرب (کتاب لغت) کا حوالہ دیا ہے جس میں قیام رکوع سجود اور تسبیح کے مجموعے کا نام صلوٰۃ لکھا ہے۔ مگر اس پر غور نہیں کیا کہ یہ اصطلاح جدید منقول شرعی ہے حقیقت لغویہ نہیں ہے۔ ورنہ مصنف صاحب مندرجہ ذیل آیات میں بتائیں کہ ان میں صلوٰۃ کے چار اجزا (قیام، رکوع، سجود اور قعدہ) پائے جاتے ہیں یا نہیں؟

(۱) كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ (پ۱۸ - ع۱۲)

(ہر ایک جانور کو اپنی صلوٰۃ اور تسبیح معلوم ہے)

کیا ان جانوروں کی صلوٰۃ میں بھی قیام، رکوع، سجود وغیرہ داخل ہیں۔ ذرہ انصاف سے جواب دینا۔

(۲) مَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً ۔ (مشرکوں کی صلوٰۃ بیت اللہ کے پاس سیٹیاں بجانا اور تالیاں مارنا ہے)

کیا یہ دو اجزا بھی آپ کے نزدیک صلوٰۃ میں داخل ہیں؟

بایں ہمہ یہ اقتباس ہمیں مضر نہیں ہے۔

اس سے آگے چل کر سب سے پہلے آپ نے تعداد رکعات کا بیان کیا ہے۔ یہ بھی قانون تصنیف کے خلاف ہے۔ سب سے پہلے تکبیر کا ذکر کرنا چاہئے تھا جسکو آپ نے مؤخر کر دیا ہے۔ "تعداد رکعات" کے عنوان کے ذیل میں آپ نے صلوٰۃ خوف کی آیات نقل کی ہیں جو پارہ ۵، رکوع ۱۱ میں مذکور ہیں۔ جن میں یہ ذکر ہے کہ جب تم جنگ میں مصروف ہو تو نصف فوج نماز کے واسطے امام کے ساتھ کھڑی ہو اور دوسری نصف دشمن کے مقابل سینہ سپر رہے۔ جب پہلی جماعت سجدہ کر چکے تو وہ جنگ میں مشغول ہو جائے اور دوسری جماعت نماز کے لئے آجائے۔ ان آیات سے آپ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ

"بحالت خوف حملہ دشمن نمازی مؤمنین اپنی پوری صلوٰۃ میں سے ایک حصہ قصر یعنی کم کر سکتے ہیں ×× صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ قصر کی ہوئی صلوٰۃ ایک رکعت کے مقابل پوری صلوٰۃ دو رکعت بالکل صحیح ہے ×××× اور یہ کہ ہر رکعت میں صرف ایک ہی سجدہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ لفظ سجدوا واحد ہے تثنیہ یا جمع نہیں ہے نیز دو یا تین سجدوں کا حکم قرآن بھر میں نہیں دیا گیا۔"

(رسالہ مذکور صفحہ ۳۴ تا ۳۸ ملخصاً)

نقض اجمالی | بحیثیت سائل ہمارا حق ہے کہ ہم آپ کی دلیل پر ہر قسم کا سوال کریں۔ پس سنئے۔

صلوٰۃ خوف کے متعلق یہ بھی آیا ہے:۔

فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا (پ۲ - ع۱۵)

(اگر تم کو خوف شدید ہو تو پیادہ یا سوار نماز پڑھ لیا کرو)

بتائیے اس حالت میں قیام، رکوع اور سجود کیسے ہوگا تو کیا اس پر قیاس کر کے حالت امن میں بھی ہم رکوع سجود کو حذف کر دیا کریں۔

سنئے! | ہمارے نزدیک نماز بلحاظ حالات مختلفہ چار قسم ہے۔ (۱) نماز حضر۔ (۲) نماز سفر۔ (۳) نماز خوف۔ (۴) نماز مرض۔

قسم اول میں قصر کا کوئی بھی قائل نہیں۔ البتہ دوسری تیسری میں ہم قائل ہیں۔ مگر قصر کے معنی جو آپ نے کئے ہیں ہم ان کو صحیح نہیں جانتے۔ نیز ہم صلوٰۃ سفر اور صلوٰۃ خوف کو دو نمازیں الگ الگ سمجھتے ہیں اور دونوں میں قصر جائز جانتے ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ نماز سفر میں چار کی جگہ دو رکعتیں ہیں اور نماز خوف میں ایک رکعت۔ مزید خوف میں جو ہو سکے۔ قصر کا لفظ ان سب صورتوں کو شامل ہے۔ کیونکہ اس کا معنی کسی خاص حد تک محدود نہیں ہے۔ قصیدہ بانت سعاد کا شاعر اپنی محبوبہ کے حق میں کہتا ہے۔ ع

لا یشتکی قصر منها ولا طول

(نہ اس کے قصر قد کی شکایت ہے نہ طول کی)

چار میں سے ایک رکعت ہو یہ بھی قصر ہے۔ دو کم ہوں یہ بھی قصر ہے۔ لفظ قصر کا سب کو شامل ہے۔ جیسے سو روپے کی قدر یا تخفیف کئی طرح سے ہو سکتی ہے۔ آٹھ آنے فی روپیہ دیکر صلح ہو جائے یا چار آنے فی روپیہ ادا کر کے ہر دو صورتوں میں قصر متحقق ہو سکتا ہے۔ آپ نے جو صورت قصر کی پیش کی ہے یہ ہمیں بھی مسلم ہے۔ مگر یہ بوقت خوف دشمن ادنیٰ درجے کا قصر ہے۔ انتہائی خوف میں قیام، رکوع اور سجود بھی ساقط ہو جاتے ہیں۔ جس کا ثبوت ہم دے چکے ہیں۔

نماز کی چوتھی قسم صلوٰۃ مریض ہے۔ اس میں بھی ایک لحاظ سے قصر ہے یعنی اس میں تخفیف اجزا ہے مثلاً قیام کی طاقت نہیں رکھتا تو بیٹھ کر پڑھ لے رکوع سجود پر بھی قدرت نہیں تو صرف اشارہ سے پڑھ سکتا ہے۔ اس کا ثبوت بھی قرآن مجید ہی سے سنئے! ارشاد ہے:۔

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (پ۳ ع۸)

(خدا کسی انسان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتا)

ہم نے قصر نماز کی جو صورتیں پیش کی ہیں یہ نماز کی مختلف اصناف کی ہیں جو آپ کی پیش کردہ صورت قصر سے بالکل مختلف ہیں۔ ان سب کا ذکر نص قرآنی میں نہیں ہے۔

اب ہمارے ذمے یہ بتانا رہ گیا کہ مختلف اوقات میں چار تین اور دو رکعتیں ہم کیوں پڑھتے ہیں۔ اس کا صحیح جواب یہی ہے کہ ہم اسوۂ حسنہ رسولیہ کے اتباع میں پڑھتے ہیں۔ جس کی بابت خدا نے ہمیں یوں ہدایت فرمائی ہے کہ:۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ۔ رسول اللہ کے طریق عمل میں تمہارے لئے نیک نمونہ ہے۔

اس لئے ہم اپنی رائے سے کسی فعل کو مقرر کرنا جس طرح اہل قرآن کرتے ہیں اور کر کے پھر جاتے ہیں۔ اچھا نہیں سمجھتے۔ بلکہ الہیٰ معلم قرآن کی تعلیم کے ماتحت عمل کرتے ہیں۔ ہاں اس کا ثبوت قرآن مجید سے نصاً یا اشارۃً دلالۃً یا اقتضاءً مل جائے تو ہمیں مزید اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔ مگر حکم کی تعمیل ہم اس پر موقوف نہیں رکھتے۔ بس یہ ہے ہمارے اور آپ کے اختلافات کا مرکز یا بنیادی پتھر۔ اسی لئے ہم ہر رکعت میں سجدے بھی دو کرتے ہیں کیونکہ قرآن مجید میں دو لفظ آئے ہیں وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۔ سجدہ کر اور قرب خداوندی

عامل کر۔ خدائی معلم اول کے فعل سے ہم یہ سمجھے ہیں کہ اس حکم سے مراد دو سجدے ہیں اور ہمارا ایسا سمجھنا بالکل صحیح ہے۔ کیونکہ ہمارے معلم اول کے حق میں ارشاد خداوندی يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وارد ہوا ہے۔

یعنی آپ اپنے اتباع کو قرآنی احکام کی تعمیل کا طریقہ سکھاتے ہیں۔

مختصر یہ ہے کہ آپ اس حصہ کلام میں مدعی ہیں آپ کا دعویٰ ہے کہ فرض نماز کی صرف دو رکعتیں ہیں اس کا ثبوت آپ نے صلوٰۃ خوف سے دیا۔ اس پر ہماری طرف سے مندرجہ ذیل اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔ جن کا جواب دینا آپ کا فرض ہے :۔

(۱) کیا سفر طویل میں آپ قصر صلوٰۃ کے قائل ہیں یا نہیں؟ اگر قائل ہیں تو اس کا اندازہ کیا ہے۔ اگر صلوٰۃ خوف جتنا ہے تو نماز خوف میں مزیت کیا ہوئی؟

(۲) صلوٰۃ خوف میں قیام رکوع وغیرہ بھی قصر میں داخل ہیں یا نہیں؟

(۳) صلوٰۃ مریض کی بابت آپ کا کیا عقیدہ ہے۔ جو قیام اور رکوع سجود نہیں کر سکتا کیا وہ ان ارکان کو چھوڑ دے یا نماز ہی نہ پڑھے۔

(باقی باقی)

قادیانی مشن

دوسرا خر دجال قادیان میں

ناظرین کو معلوم ہوگا کہ جناب مرزا صاحب قادیانی نے بتصریح تام لکھا ہوا ہے کہ انگریز دجال ہیں، اور ریل گاڑی اس دجال کا گدھا ہے اور قادیان مدینۃ المسیح ہے۔ یہ خر دجال ایک مرتبہ پہلے اس روز داخل قادیان ہوا تھا جب خلیفہ قادیان مع سٹاف امرتسر جنکشن پر اس کے استقبال کے لئے آئے تھے اور اس کم بخت خر دجال کے انجن کو پھولوں کے ہار پہنا کر اچھا خاصہ دلہا بنا کر قادیان میں لے گئے تھے۔ اس وقت بھی ہم نے لکھا تھا کہ یہ کیا اندھیر ہے کہ خر دجال کی اتنی عزت کی جاتی ہے کہ کسی دلہا کی بھی نہ ہو۔

اب دوسرا خر دجال قادیان میں ڈیزل کار کی صورت میں آیا ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ پنجاب ریلوے نے ایک کار چلائی ہے۔ جس کا نام ڈیزل کار ہے۔ یہ کسی جرمن صناع کی ایجاد ہے۔ اس کا انجن بھی ریلوے سے مختلف ہے۔ یہ ڈیزل کار جب سب سے پہلے قادیان میں گئی تو اس کے پہنچنے پر قادیانی اخباروں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا۔ بلکہ حضرت مرزا صاحب کے پرانے ہی کھاتے سے ایک پیشگوئی بھی نکال ماری۔ ہم اس سے ان کو منع نہیں کر سکتے۔ مگر اتنا تو ان کو خیال رکھنا چاہئے کہ بقول مرزا صاحب اگر ریل خر دجال ہے تو ڈیزل کار کیا ہوئی؟ ہمیں افسوس ہے کہ یہ کم بخت خر دجال ایسا جری ہو گیا کہ مدینۃ المسیح میں پہنچنے سے بھی نہیں رکتا۔

ہماری دعا ہے کہ خدا اس کا پیٹ آگ سے بھرے اور یہ آگ میں جلے ؎

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

نبوت مرزا غلط ہے

کیونکہ

ان کی اولاد ان کی وارث ہوئی ہے

مرزا صاحب قادیانی کی نبوت کا مسئلہ ایسا صاف ہے کہ جیسے دو دونے چار۔ در و دیوار سے آواز آتی ہے کہ قادیانی نبوت خود ساختہ ہے لا مانع تحتہا علمائے اسلام اس کے ابطال میں بہت سے دلائل دے چکے ہیں مگر بڑی دلیل وہ ہے جو قادیانی خاندان عملی طور پر خود پیش کرتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ مرزا صاحب متوفی کا ترکہ ورثاء میں تقسیم ہوا۔ حالانکہ حدیث صحیح بروائت بخاری موجود ہے :۔

نحن معاشر الانبیاء لا نورث

ما ترکنا صدقۃ

(ہم انبیاء کی جماعت میں ہم کسی کو ترکے کا وارث نہیں چھوڑا کرتے۔ ہم جو مال چھوڑ جائیں وہ صدقہ فی سبیل اللہ ہوتا ہے۔)

یہ روائت قادیانی جماعت کو بھی مسلم ہے۔ کسی معترض کی طرف سے اس روائت کی بنا پر اعتراض ہوا کہ مرزا صاحب اگر نبی تھے تو ان کا ترکہ کیوں تقسیم ہوا۔ اس کے جواب میں اخبار "الفضل" ۲۔ مئی سن رواں میں ایک مضمون نکلا ہے۔ جس میں اس حدیث کو تسلیم کر کے جواب دیا گیا ہے کہ یہ حکم کہ انبیاء کے وارث نہیں ہوتے یہ مخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔

اللہ! کس قدر دلیری اور جرأت ہے کہ اپنے مکذوبہ عقیدہ کو صحیح رکھنے کے لئے حدیث نبوی پر تصرف کیا جاتا ہے۔ لیکن ان لوگوں سے یہ تعجب نہیں یہ تو یہاں تک دلیر واقع ہوئے ہیں کہ دمشق کے معنی قادیان کر لیتے ہیں۔ خر دجال سے مراد ریل لیتے ہیں اور پھر لطف یہ کہ خود اس پر سوار ہوتے ہیں جس پر اہل ذوق کو یہ کہنے کا موقع ملتا ہے ؎

یہ کیسا خر دجال ہے کہ عیسیٰ بہ پسر خود

بصد منت بصد خواہش کرایہ دیکے چڑھتا ہے

اس لئے ان لوگوں کا کسی حدیث کی تاویل بلکہ تحریف کر دینا کوئی عجب امر نہیں ہے بلکہ یہ ان لوگوں کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے جو ان کو ان کے نبی نے خود سکھایا ہے۔ کوئی پوچھے کہ حدیث میں الفاظ تو معاشر الانبیاء آئے ہیں۔ جس کے معنی انبیاء کی جماعت کے ہیں اور لا نورث بھی جمع کا صیغہ ہے

رئیس قادیان - مرزا غلام احمد کی جدید رنگ میں (۵۹۸) سوانح - قیمت ۱۲ / پتہ :- مینجر اہلحدیث امرتسر

پھر آپ اس کو مخصوص بہ ذات محمدیہ کیسے کر سکتے ہو۔ کوئی دلیل مثبت اس دعویٰ پر آپ نے نہیں دی۔ پھر لطف یہ ہے کہ کس دلیری سے لکھتے ہیں کہ

محققین اس حدیث کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے مختص سمجھتے ہیں جیسا کہ بخاری شریف کی حدیث میں تصریح موجود ہے۔

ہمیں نہ تو بخاری شریف میں کوئی ایسا لفظ ملا اور نہ ہم ان محققین کی حقیقت سے واقف ہوئے کہ محققین تحقیق سے مشتق ہیں یا حقے سے۔

آگے چل کر لکھا ہے کہ

حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا۔ جمہور سنی صاحبان کا عقیدہ سراسر غلط فہمی پر مبنی ہے۔

کیوں؟ اس لئے کہ ظاہر الفاظ حدیث کے اہلسنت کی طرف ہیں یا کچھ اور۔ حق یہی ہے کہ مرزا صاحب قادیانی کی نبوت کے ابطال میں یہ حدیث اصرح دلیل ہے۔

ہاں اس کا جواب اہل قادیان ہم سے پوچھیں تو ہم بتا سکتے ہیں جو ان کے اصول پر مبنی ہوگا۔ لیکن اس جواب بنانے کے لئے فریق ثانی کی درخواست مع نذرانہ بغرض مٹھائی آنا ضروری ہے۔ ایسا جواب دینگے کہ کارآمد ہو۔ ایسا کارآمد ہو کہ قادیانی جماعت بھی اس سے فائدہ اٹھائے اور ان کے مخالف بھی فائدے سے خالی نہ رہیں۔

کیا اہل قادیان ہم سے جواب سیکھیں گے؟

دیدہ باید!

قادیانی ممبرو! کب تک بت پرستی لوگوں کو سکھاؤ گے آؤ۔ سیدھے چلو۔ دنیا کو ایسا غافل مت سمجھو۔ خاصکر "اہلحدیث" کی زندگی میں تم اگر ایسا سمجھو تو بڑی غلطی ہے۔ کیونکہ اہلحدیث قادیانی دوستوں کو مخاطب کر کے ڈنکے کی چوٹ سے کہتا رہتا ہے ؎

مجھ سا مشتاق جہاں میں کہیں پاؤ گے نہیں
گرچہ ڈھونڈو گے چراغ رخ زیبا لے کر

منارۃ المسیح پر نام کندہ کرانیوالے

ہم بھی ہیں

اخبار الفضل میں تجویز شائع کی گئی ہے کہ منارۃ المسیح (قادیان) پر بعض خاص اصحاب کے نام کندہ کرائے جائیں اور ان سے کچھ رقم وصول کی جائے ہم بھی اپنا نام کندہ کرانے کی درخواست کرتے ہیں مگر نام ہمارا اس طرح لکھا جائے :-

ابوالوفاء ثناء اللہ۔ جن کے حق میں مرزا صاحب نے اپنے سے پہلے مرنے کی پیشگوئی کی تھی۔

اس کے لئے پانچ روپے فیس بھی ہم پیش کرینگے۔ کیوں؟ ؎

ثنا خوانوں کو ترے رخ پر گر کندہ کیا ہوتا
ہمارا ذکر بھی ہوتا ترا چرچا جہاں ہوتا

مسلمانوں کے ارتداد کی وجہ

اخبار الفضل ۲۱-مئی میں لکھا ہے کہ

"مسلمانوں کے غلط عقائد کی وجہ سے (جن میں ایک عقیدہ حیات مسیح کا بھی ہے) دنیا کے اکثر حصے پر عیسائیوں کا غلبہ ہوگیا اور بہت سے مسلمان مرتد ہوگئے وغیرہ۔"

جواب ہم نہیں کہہ سکتے کہ قادیانی لوگ اپنے ہیرو کی تصنیفات سے بے خبر ہوگئے ہیں یا سرکار نے ان سے چھین لی ہیں۔ دوسری شق ہے تو ہم ازراہ ہمدردی ان کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ حضرت مرزا صاحب کی تصانیف دفتر "اہلحدیث" میں آکر دیکھ لیا کریں۔

مرزا صاحب کی (بزعم جماعت مرزائیہ) لاجواب اور بے نظیر کتاب "براہین احمدیہ" ہے۔ جس نے بقول ان کے کفر کے حملے کو نہ صرف روکا بلکہ حملہ آوروں کو فنا کردیا (خواب میں)

ایسی بے نظیر اور بے مثال کتاب میں حیات مسیح کا عقیدہ درج ہے۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۴۹۸ و صفحہ ۴۹۹۔

بلکہ بعد ادعائے مسیحیت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حیات کا بھی آپ نے دعویٰ کیا تھا جس کی تردید انہوں نے انتقال تک نہیں فرمائی۔ اس (حیات موسیٰ) کا حوالہ ہم نہیں دیتے بلکہ مرزائیہ جماعت کی طرف سے اس کے مطالبے کا انتظار کرتے ہیں۔ پھر ایسا عقیدہ جو مرزا صاحب کی مہدویت اور مجددیت کے خلاف نہ ہو وہ مسلمانوں کو مرتد کیسے بنا سکتا ہے۔ اور اگر کہیں (جیسا کہ مرزا صاحب نے خود کہا ہے کہ یہ عقیدہ میری سادگی پر مبنی ہے) مرزا صاحب نے اس سے رجوع کر لیا ہوا تھا۔ بے شک حیات مسیح سے رجوع کر لیا تھا۔ لیکن جس وقت یہ عقیدہ براہین میں ظاہر کیا تھا اس وقت بھی تو آپ ملہم اور مجدد تھے۔

ہماری غرض اس سے صرف یہ ہے کہ اگر یہ عقیدہ کفر شرک اور موجب ارتداد ہوتا تو اس وقت بھی ہوتا جب اس وقت نہیں تھا تو پھر اب کیوں ہوا۔ کفر شرک ہر حال میں برا ہے۔ یہ نہیں ہے کہ ایک وقت تو وہ مجدد میں پایا جائے اور پھر وہی موجب ارتداد ہو۔

علاوہ اسکے حیات مسیح سے رجوع کیا تو حیات موسیٰ کا اظہار کیا۔ بات ایک ہی ہے۔

ناظرین کے لئے یہ ایک نئی بات ہوگی کہ مرزا صاحب قادیانی جو وفات مسیح پر ایسے تلے ہوئے تھے کہ کوئی بھی مضمون لکھیں اس میں وفات مسیح کا ذکر لے آتے تھے وہ حضرت موسیٰ کی حیات کے کیسے قائل ہوگئے۔ لیکن یہ بات حیرانی کی نہیں ہے بلکہ تصرف قدرت ہے۔ اور اس کا لطف اس وقت آئیگا جب اس شعر کا صدق ظاہر ہوگا ؎

عجب مزا ہو کہ محشر میں ہم کریں شکوی
وہ منتوں سے کہیں چپ رہو خدا کے لئے

فتح ربانی۔ مسئلہ حیات مسیح پر ایک مباحثہ۔ مابین مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب و مولوی غلام رسول صاحب ساکن راجیکی (قادیانی)۔ قابل مطالعہ اور بڑی مفید ہے۔ منگوا کر لطف اٹھائیں۔ قیمت ۶ ر منگوانے کا پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

تفسیر ... القرآن۔ از سورۃ فاتحہ تا سورۃ الناس ... مکمل جلد (۵۹۶) صفحے ... قیمت ... (منیجر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(قسط نمبر ۱۱)

(از قلم منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

چونکہ حدیث میں "تیس کذابوں" کی قید خلیفہ صاحب کے مطلب کو قطعاً غلط ثابت کر رہی ہے۔ اس لئے خلیفہ صاحب نے حسب مقولہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا اس کا جواب دینے کی ناکام کوشش بدیں الفاظ کی ہے کہ:-

"تیس کی قید صرف ایک خاص زمانہ کیلئے
ہے اور صرف ان مدعیوں کی نسبت ہے
جو منہاج نبوت کے خلاف دعویٰ کریں اور
مجنون نہ ہوں۔"

ہم اعتراف کرتے ہیں کہ ہمیں اس جواب کی سمجھ نہیں آئی منہاج نبوت سے مراد خلیفہ صاحب نے "قبل دعوے سچا ہونا" بتایا ہے۔ جس کا مطلب وہی ہے کہ جو جھوٹا ہے اس کو سچا نبی نہ مانو۔ تیس کی قید سے اس کو کیا تعلق ہے؟ اس کا جواب آپ نے نہیں دیا اور نہ دے سکتے ہیں۔ رہ گیا آپ کا یہ کہنا کہ "تیس کی قید ایک خاص زمانہ کے لئے ہے" یہ فقرہ بھی مطلب در بطن قائل کا مصداق ہے۔ بتلائیے وہ کونسا زمانہ ہے۔ اور اس کی حد کہاں تک ہے۔ جس کے اندر تو جھوٹے انسانوں کو سچا نبی نہیں مانا جا سکتا مگر اس کے گزر جانے کے بعد ہر کذاب و دجال مدعی نبوت کو نہ صرف یہ کہ ضرور مان لینا چاہئے بلکہ اس کے منکروں پر فتویٰ لگایا جاوے کہ

"جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی
نہیں مانتا۔" (حقیقۃ الوحی ص۱۶۳)

خلیفہ صاحب! آپ کی یہ باتیں فرزانگی سے بعید ہیں۔ تیسرا امر یہ ہے۔ اگر آنحضرت کا یہ مطلب تھا کہ "جھوٹے انسان کے دعویٰ نبوت پر ایمان نہ لانا" تو آپ نے اس فقرہ کے بعد جو دلیل اس پر بیان فرمائی ہے کہ انا خاتم النبیین لا نبی بعدی اس کی کیا ضرورت تھی اور مطلب کیا؟

خلیفہ صاحب نے خاتم النبیین کے معنے "منہاج نبوت" بتائے ہیں اور "منہاج نبوت" دعویٰ سے قبل پاک زندگی کو قرار دیا ہے۔ آئیے! ہم اس مطلب کو حدیث میں داخل کر کے حدیث کا مدعا سمجھنے کی کوشش کریں۔ ملاحظہ ہو عبارت یہ بنے گی:-

میری امت میں تیس ایسے اشخاص پیدا ہونگے جن کا جھوٹ لوگوں کو معلوم ہوگا مگر وہ نبوت کا دعویٰ کرینگے و انا خاتم النبیین میں دعویٰ سے قبل صادق ہونے کی وجہ سے صادق نبیوں کے لئے معیار ہوں مگر لا نبی بعدی میرے بعد سچا نبی مبعوث نہ کیا جاوے گا۔"

خلیفہ صاحب! ملاحظہ ہو یہ معنے ہم نے آپ کے مسلمات کی بنا پر کئے ہیں ان سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر انبیاء کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے بعد میں جھوٹے اشخاص ہی دعویٰ نبوت کرینگے سچا کوئی نہ ہوگا۔

معلوم نہیں آپ نے اس قدر تکلفات کیوں کئے بات تو پھر پھرا کے وہی رہی۔ اور بہر حال اس حدیث سے یہی ثابت ہوا کہ جوں ہی کوئی مسلمان یہ سنے کہ فلاں شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے وہیں بلا تامل کہہ دے کہ وہ عن الثلاثین ہے۔ یا مرزا صاحب کے لکھے ہوئے کو دوہرا دے۔ سنئے مرزا صاحب فرماتے ہیں

(۱) "میں حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی دوسرے مدعی نبوت اور رسالت کو کاذب اور کافر جانتا ہوں۔ وحی رسالت آدم صفی اللہ سے شروع ہوئی اور جناب محمد رسول اللہ پر ختم ہوگئی۔" (اشتہار مرزا ۲۔ اکتوبر ۱۸۹۱ء)

(۲) "میں مدعی نبوت کو اسلام سے خارج سمجھتا ہوں"

(انجام آتھم فیصلہ ص۲۷)

(۳) "کیا ایسا بدبخت مفتری جو خود رسالت اور نبوت کا دعویٰ کرتا ہے قرآن شریف پر ایمان رکھ سکتا ہے۔" (انجام آتھم حاشیہ ص۲۷ ط ۲)

(باقی باقی)

اہل حدیث کانفرنس کا استحکام

ہر مخلص اہل حدیث کو اس بات کی تمنا ہے کہ اہل حدیث کانفرنس جو سالہا سال سے قائم ہو کر ملک میں مشہور اور مقبول ہو چکی ہے اس کو مضبوط کیا جائے تاکہ یہ اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ہو۔ جلسہ منعقدہ چوڑیاں میں جناب مولوی عبد القادر صاحب صدر جلسہ نے ازراہ ہمدردی خاص مجلس شوریٰ بلائی۔ جسمیں ارکان مجلس نے ہر طرح سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ بات یہ قرار پائی کہ پہلے کانفرنس کے قواعد و ضوابط پر غور کر کے مناسب تبدیلی کی جائے نہائت مفید صورت ہے۔ جس کے متعلق دفتر دہلی کی طرف سے صدر موصوف کے ساتھ خط و کتابت ہو رہی ہے۔ میں بحیثیت ذات خاص ایک بات جماعت کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں جو میرے وسیع تجربے پر متفرع ہے۔

میں دیکھتا رہا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ کانفرنس اہل حدیث کا کام اس لئے نہیں رکا یا محدود نہیں ہوا کہ اس کے ہمدرد نہیں ہیں۔ بلکہ اس لئے رکا ہے کہ اس کے دفتر میں ایسا تجربہ کار کارکن نہیں ہے جو سارا وقت انہماک کے ساتھ اس پر لگائے۔ بعض دفعہ پیڈ منیجر رکھنے کا بھی فیصلہ ہوا مگر حسب دلخواہ تجربہ کار نہ ملا۔ بعض دفعہ معمولی تبدیلی بھی کی گئی تو بھی کام نہ چلا۔ ان سب واقعات کو سامنے رکھ کر میں دوسری جماعتوں کے حالات پیش کر کے جماعت سے استفسار کرتا ہوں۔

دوسری جماعتوں میں ہندو ہوں یا مسلمان، آریہ ہوں یا عیسائی کام کرنے والے دو قسم کے لوگ ملتے ہیں بعض نوجوان جو فکر معاش سے فارغ ہوسکتے ہیں،

اور اپنے جماعتی کام کرنے کا شوق رکھتے ہیں۔ وہ بھی خدمات خود پیش کر دیتے ہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ پنشن یافتہ بزرگ جو فکر معاش سے فارغ ہو کر زاد آخرت کا شوق رکھتے ہیں۔ وہ اپنی خدمات پیش کر دیتے ہیں۔ جماعتی دفتروں میں ایسے لوگ بہت ملتے ہیں۔

انجمن حمایت اسلام لاہور کا دفتر ایسے ہی لوگوں سے آباد ہے۔ صدر انجمن ایک معزز پنشن یافتہ ہے سیکرٹری بھی پنشن یافتہ نوجوان ہے۔ فنانشل سکرٹری بھی پنشنر ہیں۔ ایک سیکرٹری صاحب وکیل ہیں جو باوجود مشغلہ وکالت کے وقت پورا دیتے ہیں۔ اسی طرح اور ذمہ دار عہدہ دار بھی بڑے شوق اور انہماک سے کام کرتے ہیں۔

میں ان واقعات کو پیش کر کے جماعت اہل حدیث سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا اس جماعت میں ایسا کوئی آدمی نہیں ہے جو محض دینی خدمت کی نیت سے اس آواز پر لبیک کہے۔ میرے خیال میں مایوسی کی کوئی وجہ نہیں۔ بہت سے اصحاب ایسے ہونگے لیکن ان کو توجہ نہیں دلائی گئی۔ میں ارادہ کر چکا ہوں کہ اس سلسلے کو نمبروار درج کیا کرونگا۔ اس کے جواب میں اعیان قوم کے جو جواب آئیں گے وہ شائع کرتا رہونگا۔

نوٹ آئندہ نمبر میں مولوی ابو یحییٰ امام خان صاحب کا مضمون درج ہوگا۔ انشاء اللہ!

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

مارچ ۱۹۳۷ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی علیگڈھ میں منائی گئی۔ جس میں ملک امام خان نوشہروی نے ایک مقالہ پڑھا۔ موصوف نے حضرات تابعین سے اہل حدیث کا ورود ہند ثابت کیا ہے اور مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ قومی اخباروں کا نقشہ ہے۔ قابل مطالعہ ہے۔ قیمت ۶ ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

بریلوی مشن

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین

(از قلم مولوی محمد عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری)

ناظرین اہلحدیث واقف ہونگے کہ ہندوستان کے مسلمانوں میں سے ایک گروہ ایسا ہے۔ جن کے امتیازی مسائل یہ ہیں :-

(۱) انبیاء و اولیاء مرادیں دے سکتے ہیں۔

(۲) وظیفہ شیئاً للہ پڑھنا جائز ہے جو عدم جواز کا قائل ہو اس کا اسلام صحیح نہیں ہے۔

(۳) اللہ کے سوا اولیاء انبیاء کو بھی علم غیب حاصل ہے

(۴) بزرگوں سے وسیلہ پکڑنا جائز ہے۔

(۵) تیجا، چالیسواں، قل وغیرہ میت کیلئے کار ثواب ہے

فرقہ بریلویہ ان مسائل پر خاص طور پر زور دیتا ہے چنانچہ آج کل جالندھر سے ایک رسالہ فیوض العارفین شائع ہوا ہے۔ جس کے اندر مذکورہ مسائل میں سے بعض پر خامہ فرسائی کی ہے۔ ہم سوال معہ جواب بالاختصار نقل کر کے ناظرین کے سامنے رکھیں گے۔ اور اپنی طرف سے کچھ تبصرہ بھی کرینگے۔ دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ہر مسلم کو کلمہ حق قبول کرنے کی توفیق عنایت کرے آمین۔ فیوض العارفین میں پہلا سوال یہ لکھا گیا ہے

(۱) اللہ کے سوا انبیاء اور اولیاء اللہ سے ہر قسم کی مرادیں مانگنا جائز ہے؟

جواب ۱؎ انبیاء اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیاء رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اللہ تعالیٰ کی عطائی اور دی ہوئی قوت سے وسیلہ کے طور پر مرادیں مانگنا جائز ہے۔

یا ایھا الذین امنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ۔ (سورہ المائدہ)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور تلاش کرو اس کی طرف وسیلہ۔

قال اللہ تعالیٰ وکانوا من قبل	اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں پہلے لوگ ہمارے حبیب صلی اللہ
یستفتحون علی الذین کفروا۔ (بقرہ)	علیہ وسلم سے توسل کے طور پر فتح و نصرت ہم سے طلب

کیا کرتے تھے کافروں پر۔ اب معلوم نہیں کہ کیوں چڑ گئے ہیں۔ (ص۳)

ناظرین! اس جواب میں کئی طرح کے سقم ہیں۔ اول یہ کہ جواب سوال کے مطابق نہیں۔ سوال یہ ہے کہ ماسوائے اللہ انبیاء اولیاء سے ہر قسم کی مرادیں مانگنا جائز ہے جواب یہ ہے کہ انبیاء اولیاء سے اللہ تعالیٰ کی عطائی اور دی ہوئی قوت سے وسیلہ کے طور پر مرادیں مانگنا جائز ہے۔

ببیں تفاوت راہ از کجا است تا بکجا

سوال میں وسیلہ کا ذکر نہیں۔ جواب میں وسیلہ کی قید موجود ہے۔ سوال میں مسئول نبی یا ولی کی ذات ہے یعنی جس سے مراد طلب کرنی ہے وہ نبی یا ولی کی ذات ہے جواب کی عبارت سے مفہوم ہوتا ہے کہ جو ولی کو عطائی اور خدا کی دی ہوئی قوت ہے۔ اس سے مراد مانگنا ہے۔ اس کے بعد مجیب نے جو دلیلیں لکھی ہیں وہ جواب پر منطبق نہیں ہیں۔

پہلی آیت میں جس وسیلہ کا ذکر ہے اس سے مراد انبیاء اور اولیاء کی ذات نہیں ہے۔ من ادعیٰ فعلیہ البیان اگر بفرض محال تسلیم بھی کیا جائے کہ وسیلہ سے مراد انبیاء اور اولیاء ہیں۔ تو مطلب یہ ہوا کہ ایمان دارو خدا سے ڈرو اور خدا کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں خوب جد و جہد کرو تاکہ تم خلاصی پاؤ۔

یعنی خدا سے ڈر کر راہ ہدایت حاصل کرنے کیلئے (عند الخصم ذات نبی) تلاش کرو۔ کیونکہ ہدایت کا نمونہ صالحین (انبیاء اولیاء) ہیں جنکے نقش قدم پر چلو تو تمہاری فلاح نجات ہو جائے گی

کیوں مجیب صاحب کہاں ہے آپ کا وسیلہ کہ دعا کرتے وقت نبی کو وسیلہ بناؤ۔

اور سنئے! سائل کا سوال ہے کہ اولیاء انبیاء سے استمداد کے جواز کا ثبوت دو۔ مجیب صاحب فرماتے ہیں کہ وسیلہ کے طور پر مرادیں مانگنا جائز ہے اور دلیل اس آیت کو بنایا ہے۔ جس میں ابتغوا (مطلوب) وسیلہ ہے نہ کہ مراد بوساطت وسیلہ۔ یعنی وسیلہ تلاش کرنے کا حکم ہے وسیلہ سے۔ اگر ذات نبی یا ولی مراد لی جائے مراد مانگنے کا حکم نہیں ہے۔ امید ہے کہ مجیب صاحب مزید غور کرینگے۔ تو ان کو خود ہی سقم نظر آ دینگے۔

دوسری آیت میں بھی اس امر کا ثبوت نہیں کہ بوساطت انبیاء اولیاء مرادیں طلب کرنا جائز ہے بلکہ یہود کی روش کا ذکر ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل وہ لوگ خدا تعالےٰ سے کفار پر فتح و نصرت مانگا کرتے تھے۔ چونکہ وہ فتح ان کے حق میں اس وقت مقدر تھی جب آخر الزمان نبی آئے۔ اس لئے وہ یہ خواہش کیا کرتے تھے کہ خداوندا بعثت آخر الزماں صلے اللہ علیہ وسلم جلد ہو تاکہ ہمیں بھی کفار پر فتح و نصرت نصیب ہو۔

چنانچہ مجیب صاحب کے اپنے الفاظ اور نقل کردہ عبارت سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ چنانچہ آیت کا ترجمہ یوں کرتے ہیں:-

لوگ ہمارے حبیب سے توسل کے طور پر
فتح و نصرت ہم سے طلب کیا کرتے تھے۔

مجیب صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ فتح و نصرت خدا سے طلب کیا کرتے تھے۔

تفسیر روح البیان کی عبارت صاف ہے:-

اللّٰھم انصرنا بالنبی المبعوث فی اٰخر الزمان الذی نجد نعتہ فی التوراۃ۔

یعنی لوگ یہ کہا کرتے تھے کہ خدایا نبی آخر الزمان سے ہماری مدد کر جس کی صفتیں ہم تورات میں پڑھتے ہیں یعنی اس کے وجود باجود کو جلد ظہور میں لا کر ہماری نصرت کر۔ اگر بفرض محال یہ تسلیم کر لیا جائے کہ وہ لوگ مجیب صاحب کے زعم کے مطابق اسی طرح دعا کیا کرتے تھے تو ان کا فعل ہمارے لئے حجت کس طرح ہو سکتا ہے۔

اہلحدیث ہمارے خیال میں آیت وابتغوا الیہ الوسیلہ کے سمجھنے میں عام طور پر غلط فہمی ہو رہی ہے ہم اس غلط فہمی کا ازالہ کرنے کو ایک صحیح حدیث مسلمہ فریقین پیش کرتے ہیں جو اہل ایمان کے لئے ایمانی نور بڑھانے کی موجب ہوگی۔ اس حدیث کو خوب سمجھ کر کوئی شخص اس آیت کو اس دعوے پر پیش نہیں کر سکیگا جس پر پیش کی جاتی ہے وہ دعویٰ کیا ہے کہ وسیلہ کے معنی ذریعہ کار لیتے ہیں اور مطلب بتاتے ہیں کہ اس آیت میں مسلمانوں کو حکم ہے کہ خدا کی طرف وسیلہ یعنی ذریعہ نجات سے پہنچو اور ذریعہ کار یا ذریعہ نجات نبی صلی اللہ علیہ وسلم یا ان کے بعد پیر صاحب بغداد رح یا انہی جیسے کوئی اور۔ ان معنی کی غلطی بتانے کو ہم حدیث مذکور پیش کرتے ہیں۔

ہر مسلمان اذان سن کر دعا کرتا ہے اس دعا میں یہ الفاظ بھی ہوتے ہیں:-

اٰت محمدن الوسیلۃ
(اے اللہ محمد صلعم کو وسیلہ عنایت کر)

کیا معنی؟ حسب تفسیر مدعیان یہ معنی نہیں کہ اے اللہ محمد کو بھی کوئی ذریعہ عنایت کر۔ جو دعا کرتے ہیں یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم ان کے کام آئیں۔ مثلاً وہ یہ ہیں کہ یا اللہ مجھ کو حسن حسین کی طفیل یہ دے اور وہ دے یا یہ کہ یا اللہ پیر صاحب بغداد کی طفیل میرا یہ کام کر دے ایسا خیال کرنا یا ایسا کہنے کو صحیح سمجھنا رسالت محمدیہ کی سخت توہین ہے جو کسی مسلمان کو جائز نہیں۔

آیت حدیث کے معنی کیا ہیں۔ ہم سے پوچھو تو ہم بتاتے ہیں۔ لغت عرب کی مستند کتاب "قاموس" میں لکھا ہے۔ الوسیلۃ التقرب یعنی وسیلہ کے معنی خدا کا قرب حاصل کرنا ہے۔

پس آیت و حدیث مرقومہ کے معنی بالکل صاف ہیں کہ

اے مسلمانو! اللہ سے ڈرتے رہو اور
خدا کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرو۔

اور حدیث اذان کے معنی بھی اس طرح ہیں کہ اے اللہ مجھ کو اپنا قرب مزید عنایت کر۔

حضرت استاد الہند شاہ ولی اللہ صاحب قدس اللہ سرہٗ نے اس کا ترجمہ بہت اچھا کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:-

اے مسلماناں بترسید از خدا و بطلبید
قرب بسوئے او۔

ہمارے مخاطبین اپنے عقائد بدعیہ کی تائید میں قرآن و حدیث کو بے سوچے سمجھے جلدی میں پیش کر کے سخت ٹھوکریں کھاتے ہیں اور ندامت اٹھاتے ہیں۔ ان کو چاہئے کہ قرآن و حدیث کے معنی کوشش کر کے سمجھیں کہ جو ان کے صحیح معنی بعد تحقیق ثابت ہوں ان کو پیش کیا کریں۔

ایسی عجلت اور خود غرضی سے قرآن کو پیش کرینگے تو اہل ذوق ان کو یہ جواب دینگے ؎

گر تو قرآں بریں نمط خوانی
ببری رونق مسلمانی

شیعہ مذہب کی غلط راہروی

(بقلم مولوی عبد الکریم صاحب جتوئی نوسری)

شیعہ مذہب کے لوگ پیر پرستوں کی طرح آڑا ٹیڑھا نہیں کرتے بلکہ خداوند کریم سے علی کی طرف زیادہ دھیان ہے۔ جس طرح ایک موحد آدمی خدا کے حضور میں فریاد اور پکار کرتا ہے شیعہ اس سے بھی زیادہ روتے چیختے ہیں۔ خدا کا نام کسی مصیبت میں لیتے ہوئے شیعہ عورت مرد کو آج تک نہیں دیکھا یہ لوگ روئے زمین کے مشرکوں سے شرک کرنے میں آگے اور یکتا ہیں۔

شیعہ کے کسی قول کو دیکھو اسی میں علی کو خدا سے بڑھانے کی بابت ترجیح ہوگی۔ مالک موت و حیات منجی رسول خیر البشر مربی عالم بلا ریب علی کو کہتے ہیں تمام دنیا میں تجربہ کر کے دیکھو تو شیعہ مذہب کا

ahmadimuslim.de

مرد، عورت، لڑکا، لڑکی، غرضیکہ ہر فرد روزمرہ کی بول چال میں یہی بولتے ہیں :-

"یا علی، مولا علی، یا مولا یا مشکل کشا وغیرہ"

یہی ورد صبح شام زبان زد عام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کلام میں غیر پرست لوگوں کی روش بتائی ہے کہ وہ یحبونھم کحب اللہ۔ یعنی خدا کے مقابلے میں اپنے معبودوں کے ساتھ وہ خدا کی سی محبت کرتے ہیں شیعہ نے تو ہزار در ہزار بلکہ مزید براں بے شمار کام کر دکھایا۔

شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ خدا کی قدرت کا ہاتھ بھی مولا علی کے زور بازو سے مضبوط ہے۔ اگر کسی کو شیعہ ہو تو حملہ حیدری دیکھ کر تصدیق کر لے کہ خدا کی مخلوق میں سے ایسے بھی ہیں جو مالک کو کمزور اور غلاموں کو طاقتور بنائے بیٹھے ہیں۔

ان کا یہ بھی اعتقاد ہے کہ اگرچہ ظاہر میں خدا ہی کرتا ہے لیکن دراصل ہاتھ مولا علی کا ہے۔ یہ ہے شیعہ دین کی حقیقت جس کو وہ اسلام ہی سمجھے ہوئے ہیں۔

جہاں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بارہ افعال کر کے دکھائے ہیں سب کے سب شیعہ حضرات علی رضہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ مثلاً رود نیل سے موسیٰ کو پار لنگھانے والا، نار خلیل کو گلزار بنانے والا، نوح کی کشتی جودی پر لگانے والا جس کا جبرائیل امین ہوا خواہ تھا اور جس کے فرمان میں زمین آسمان ہیں۔ یہ تمام کام مربی عالم، مبنیٰ اعظم، علی غنیم کے لطف اور مہربانی سے ظہور پذیر ہوئے ہیں۔

شیعہ لوگوں کی ذہنیت سے خدا ہر ایک مسلمان کو محفوظ و مصئون رکھے۔ شیعہ کی گڑبڑ دیکھتے ہوئے تو یہ امر قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ ایسے مؤمنین سے خاموشی ہی ٹھیک ہے۔ مگر بفحوائے ؎

اگر بینم کہ نابینا و چاہ است
دگر خاموش بنشینم گناہ است

کچھ عرض کیا گیا۔

اہلحدیث موجودہ حضرات شیعہ کیا کریں جب ان کے مصنفین یہاں تک تعلیم دے گئے ہیں جو اس شعر سے ثابت ہوتی ہے۔ حضرت علی کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا گیا ہے جو کشف اللغۃ فارسی مطبوعہ ایران میں درج ہے۔ جس میں حضرت علی کو مخاطب کر کے لکھا گیا ہے ؎

فرماں گذار حکم تو باشد قمر بہ چرخ
بر عرش کرسی و قلم و لوح و آمری

(اے علی! سورج چاند ترے فرمان بردار ہیں۔ عرش کرسی اور لوح محفوظ پر تو ہی حکمران ہے)

باقی کیا رہا؟ اصل بات یہ ہے کہ اس قسم کے مسائل کے متعلق ہمارے بریلوی احناف حضرات اور شیعہ اصحاب باہم یک جا بیٹھ کر فیصلہ کر لیا کریں تو بہت اچھا ہو۔ ہمارا عقیدہ تو وہی ہے جو حضرت یوسفؑ نے جیل خانے کے ساتھیوں کو فرمایا تھا :-

"ءاربابٌ متفرقون خیرٌ ام اللہ الواحد القہار"

اس آیت کے ماتحت ہم کسی مخلوق کا تصرف کسی چیز میں نہیں مانتے۔ بلکہ ہمارا اعلان ہے جو آخری وقت مرتے دم مسلمان کے کان میں ڈالا جاتا ہے :-

"فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شیئ"

جس کا مضمون شیخ عطار مرحوم نے اس شعر میں ادا کیا ہے ؎

ہست سلطانی مسلّم مرد را
نیست کس را زہرہ چون و چرا
اوست سلطاں ہرچہ خواہد او کند
عالمے را در دمے ویراں کند

عمر بن عبد العزیزؒ

(از قلم مولوی عبد القیوم صاحب کوثر مئوی جامعہ دار السلام عمر آباد)

عمر بن عبد العزیز کی تاریخ پیدائش میں بہت اختلاف ہے۔ لیکن اس پر سب متفق ہیں کہ مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور وہیں صالح بن کیسان کی نگرانی میں تعلیم و تربیت پائی۔ بچپن میں کلام مجید کو حفظ کیا۔ اور عربی نیز شعر، شاعری کی تعلیم حاصل کی۔ حدیث کی روایت اگرچہ مختلف شیوخ سے کی جن میں تابعین کے علاوہ متعدد صحابہ بھی شامل تھے لیکن وہ اس مقدس فن میں زیادہ تر عبد اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ کے مرہون منت تھے۔ تذکرۃ الحفاظ میں لکھا ہے وہ عمر بن عبد العزیز کے مؤدب تھے۔ خود حضرت عمر بن عبد العزیزؒ فرمایا کرتے تھے کہ "میں نے جن لوگوں سے روایت کی ہے ان میں عبد اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ کی روائتیں سب سے زیادہ ہیں"۔ انہی بزرگوں کے فیض صحبت نے عمر بن عبد العزیز کو اس درجہ پہ پہنچا دیا کہ بڑے بڑے محدثین کو ان کے فضل و کمال، علم و دانش کا اعتراف کرنا پڑا۔ علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے :-

"بڑے امام، بڑے فقیہ، وہ بڑے مجتہد، حدیث کے بڑے ماہر اور معتبر حافظ سند تھے"۔

بہت سے ایسے واقعات ملتے ہیں جس سے آپ کی علمی قابلیت کا کافی ثبوت ملتا ہے۔ تحصیل علم کے بعد آپ نے میدانِ سیاست میں قدم رکھا اور بحیثیت گورنر کے زندگی بسر کرنے لگے۔ آپ کی گورنری کا زمانہ رجب ۶۵ھ سے شروع ہوتا ہے۔ گورنری کے زمانہ میں آپ نے بہت سے قابل یادگار کام کئے۔ ۶۷ھ میں ایک زرنگار محل تعمیر کرایا۔ ۷۰ھ میں مصر میں طاعون کی وبا پھیل گئی۔ یہاں سے نکل کر بمقام حلوان سکونت اختیار کی۔ حلوان میں متعدد محل اور مساجد بنوائیں۔ انگور و خرما کے باغ لگوائے۔ ۷۷ھ میں مصر کی جامع مسجد کو گرا کر از سر نو تعمیر کرا لیا۔ اور اس کے طول و عرض میں کافی اضافہ کیا۔ ۶۹ھ میں خلیج مصر پر دو پل بندھوائے اس کے علاوہ اور بھی بہت سے رفاہ عام کے کام کئے۔ اس کے بعد آپ مدینہ کی گورنری پر مامور ہوئے۔ یہاں بھی بہت سی

ahmadimuslim.de

اصلاحیں اور بہت سے مفید کام کئے۔ ان سب میں ان کا ناقابل فراموش کارنامہ مسجد نبوی کی تعمیر اور اس کی زینت و آرائش ہے۔ ولید سے قبل کے خلفا نے بھی مسجد نبوی میں کچھ ترمیمیں کرائی تھیں لیکن ولید نے بڑے اہتمام کے ساتھ اس کو نہایت عظیم الشان پیمانہ پر تعمیر کرانے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ ۸۸ھ میں عمر بن عبدالعزیز کو لکھا کہ مسجد نبوی نئے سرے سے تعمیر کی جاوے اور اس کے متصل ازواج مطہرات کے حجرے یا دوسرے لوگوں کے جو مکانات ہیں اس کی قیمت دیکر ان کو مسجد میں شامل کر لیا جائے۔ جو لوگ قیمت لینے سے انکار کریں ان کے مکان بجبر گرا دئیے جائیں اور اس کی قیمت فقیروں میں تقسیم کر دی جائے۔ اس سلسلہ میں ولید نے قیصر روم کو خط لکھ کر بہت سے رومی کاریگر، مزدور، مینا کاری کا مسالہ اور کئی ہزار مثقال سونا منگایا اور مختلف مقامات سے ہر قسم کے تعمیری سامان اکٹھے کئے اور مدینہ کے فقہاء کی موجودگی میں مسجد کو گرا کر ان بزرگوں کے متبرک ہاتھوں سے عمارت کی بنیاد ڈالی۔

عمر بن عبدالعزیز کو اس مسجد کے بنوانے میں بڑی دلچسپی تھی۔ انہوں نے بڑے انہماک اور حسن مذاق کے ساتھ اس کو تعمیر کرایا۔ درخت کے ایک ایک نقش پر کاریگروں کو تیس ۳۰ تیس ۳۰ درہم انعام دئیے تھے۔ مسجد کی ساری عمارت پتھر کی تھی لیکن تمام دیواریں اور چھتیں نقش و نگار سے بھری پڑی تھیں۔ عمارت میں محراب کی ایجاد کا شرف عمر بن عبدالعزیز ہی کو حاصل ہے۔ اتنی عالی شان تعمیر بڑی جانفشانی سے تین سال میں مکمل ہوگئی۔ ۹۱ھ میں ولید نے مدینہ جاکر اس کا معائنہ کیا اور عمر بن عبدالعزیز کی کارگذاری پر خوشنودی ظاہر کی۔

آپ بچپن ہی سے بڑے ذہین اور چالاک تھے۔ یہی وجہ تھی کہ سب کی نظروں میں محبوب تھے۔ چھوٹے بڑے سب آپ سے خوش رہتے۔ مدینہ کی گورنری کے ساتھ ساتھ ۸۷ھ سے ۹۳ھ تک مکہ اور طائف بھی آپ کے زیر حکومت رہے۔

سلیمان نے اپنے بیٹے ایوب کو اپنا جانشین قرار دیا تھا لیکن وہ باپ ہی کی زندگی میں مر گیا۔ اسکے بعد رجاء بن حیات نے عمر بن عبدالعزیز کا نام پیش کیا۔ خلیفہ نے اسے قبول کر لیا اور یہ طے کیا کہ عمر بن عبدالعزیز کے بعد یزید بن عبدالملک کو خلافت ملے۔ چنانچہ اس نے ذیل کا فرمان لکھا :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ تحریر خدا کے بندے سلیمان امیرالمؤمنین کی جانب سے عمر بن عبدالعزیز کے لئے ہے میں نے اپنے بعد تم کو خلیفہ بنایا اور تمہارے بعد یزید بن عبدالملک کو۔ مسلمانو! ان کا کہنا سنو اور ان کی اطاعت کرو۔ خدا سے ڈرو۔ اختلاف نہ پیدا کرو کہ دوسرے تم پر حرص و طمع کی نگاہ ڈالیں۔"

ولید نے اپنے تمام خاندان کے لوگوں کو جمع کرکے بلا اظہار نام سربمہر فرمان پر بیعت لے لی کہ اس میں جس کا نام ہوگا وہی خلیفہ ہوگا۔ سلیمان کے انتقال کے بعد رجاء بن حیات نے بنی امیہ کو دابق کی مسجد میں جمع کرکے ان سے فرمان ولیعہدی پر دوبارہ بیعت لی۔ اس کے بعد خلیفہ کی وفات کی خبر سنائی۔ پھر سربمہر فرمان کھول کر پڑھا۔ اس میں عمر بن عبدالعزیز کا نام تھا۔ رجاء نے ان کو اٹھا کر منبر پر بٹھا دیا۔ عمر بن عبدالعزیز اپنا نام سن کر انا للہ پڑھنے لگے کہ یہ بار عظیم میرے سر پر کیسے آپڑا۔ اسی مجمع میں ایک طرف ہشام بن عبدالملک حسرت و افسوس سے انا للہ پڑھ رہا تھا کہ خلافت اسے کیوں نہ ملی۔ ہشام نے کہا ہم کبھی ان کی بیعت نہیں کر سکتے۔ رجاء بن حیات نے اٹھ کر کہا اٹھو اور خاموشی کے ساتھ بیعت کر لو۔ ورنہ ابھی سر قلم کر دونگا۔ بیعت ہو جانے کے بعد شاہی سواری آئی۔ لیکن خلیفہ نے اس کو پسند نہیں کیا اور کہا میرے لئے میرا خچر کافی ہے۔ لوگوں نے قصر خلافت میں لیجانا چاہا۔ لیکن آپ نے فرمایا کہ وہاں ایوب کے اہل و عیال ہیں۔ جب تک وہ منتقل نہ ہوں میں اپنے خیمہ میں ہی رہونگا۔

عمر بن عبدالعزیز اپنی گورنری کے زمانہ میں بڑی شان و شوکت کے ساتھ رہتے تھے۔ ۳۰ اونٹوں پر ان کا ذاتی ساز و سامان لد کر مدینہ جاتا تھا۔ لیکن تخت خلافت پر بیٹھتے ہی انہوں نے یہ سب ترک کر دیا اور بالکل سادی زندگی بسر کرنے لگے۔ زمانہ خلافت میں یومیہ خرچ صرف دو درہم رکھا۔ لباس اور غذا میں حضرت عمر فاروق جیسی سادگی اختیار کی۔ شاہانہ جاہ و جلال اور سطوت و جبروت سے نہ صرف بری بلکہ بیزار تھے۔ انہوں نے اپنے عہد خلافت میں پھر ایک بار خلافت راشدہ کے عدل و انصاف اور مساوات کا نمونہ قائم کر دیا۔ بڑے بڑے مورخ اس خلیفہ کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں :- "حضرت عمر بن عبدالعزیز مروانی سلسلہ کی درمیانی کڑی تھے۔ انہوں نے اپنی تمام تر توجہ خلفائے راشدین اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے طریقے کی طرف مبذول کی۔"

حجاج کے وقت میں لوگوں پر طرح طرح کے جو ظلم ڈھائے گئے تھے ان سب کا انسداد کیا۔ رعایا کے اموال اور ان کے حقوق کی نگہداشت کی۔ علماء کے حقوق و احترام کو نہایت فیاضی سے قائم کیا۔ عراق، خراسان اور سندھ کے نومسلموں پر حجاج کے سنگین ٹیکسوں کو کم کیا۔ بیت المال کی اصلاح کی۔ عمر بن عبدالعزیز سے پہلے خلفاء کا یہ دستور تھا کہ جب عشا اور فجر کی نماز کے لئے جاتے تو ان کے آگے آگے غلام شمع لے کر چلتے اور اس کا خرچ بیت المال سے پورا کیا جاتا۔ لیکن آپ نے اس قسم کے تمام کاموں کو یکدم روک دیا۔ حتیٰ کہ آپ نے اپنی نیک اور وفادار بیوی سے کہا کہ تم نے جو زر و جواہر اپنے باپ اور بھائیوں سے لئے ہیں اسے بیت المال میں داخل کر دو۔ آپ کی نیک بیوی نے فوراً اپنے تمام زر و جواہر کو بیت المال میں داخل کر دیا۔ جب یزید بن عبدالملک خلافت کی گدی پر بیٹھا تو اس نے ان تمام زر و جواہر کو فاطمہ کو واپس کرنا چاہا۔ مگر شریف النفس فاطمہ نے اس کے لینے سے انکار کر دیا اور کہا جب میں نے اپنے شوہر کی زندگی میں اسے چھوڑ دیا

(۴۰۱)

کوئی پسماندہ رشتہ داروں کی موت کے بعد کیوں پرواہ کرنے لگی۔

رعایا کی بہبودی و بھلائی میں ہر تن مصروف رہتے۔ ان کی آسائش کے لئے سرائیں بنوائیں۔ بہت سے مہمان خانے تعمیر کرائے۔ سابقہ ظلم و ستم سے جو خرابیاں پیدا ہوگئی تھیں ان کی اصلاح کی۔ مثلاً

(۱) رعایا کے مال و جائداد پر غاصبانہ قبضہ کر لیا گیا تھا
(۲) قبلہ گاہ عالم بنو ہاشم کے تمام حقوق پامال کرائے گئے تھے۔
(۳) محض گمان کی بنا پر رعایا کو سزائیں دی جاتی تھیں اور عورتوں کو مردوں کے بدلے میں گرفتار کیا جاتا۔
(۴) نہایت سفاک اور خونریز عمال مقرر کئے گئے تھے
(۵) رعایا سے بغیر مزدوری کے بطور بیگاری کے خدمت لی جاتی۔

حضرت عمر بن عبد العزیز نے تخت پر بیٹھتے ہی ان تمام مظالم کی طرف توجہ کی اور عدل و انصاف کا منارہ بلند کیا۔ ایک افسر آپ کے دربار میں بیگاری کی سواری میں آیا تو بولے کہ میری خلافت میں بھی تم بیگار پکڑتے ہو۔ اس کے بعد اس کو چالیس کوڑے لگوائے۔

عمر بن عبد العزیز رحمدل، منصف مزاج، راست گو بردبار اور سادہ مزاج آدمی تھے۔ تاج و تخت کی ذمہ داریوں نے آپ کو سخت متردد کر دیا۔ ایک دفعہ آپ کی نیک بیوی فاطمہ (عبد الملک کی بیٹی) نے بعد ادائے نماز آپ کو روتے ہوئے دیکھا۔ پوچھا! نصیب اعداء خیر تو ہے؟ کس صدمہ نے آپ کو رنجیدہ خاطر کیا ہے آپ نے جواب دیا۔ فاطمہ! میں مسلمانوں اور غیروں کا بادشاہ بنایا گیا ہوں، میں ان مفلسوں کا جو فاقے کاٹ رہے ہیں، ان بےچاروں کا جو بے آسرا کے پڑے ہیں، ان تنگوں کا جو مصیبت میں مبتلا ہیں، ان مظلوموں کا جن کے سروں پر آرے چل رہے ہیں، ان بے وطنوں کا جو قید خانے میں سڑ رہے ہیں، ان معمر اور بزرگوں کا جو قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے بے دست و پا پڑے ہیں، ان شخصوں کا جن کا کنبہ بہت اور آمدنی تھوڑی اور ان جیسے ان شخصوں کا جو تلاش معاش میں وطنوں کو خیرباد کہہ کر دور دراز ممالک میں نکل گئے ہیں۔ خیال کر رہا تھا کہ قیامت کے دن خدا مجھ سے ان کی بابت سوال کریگا تو میں کیا جواب دوں گا۔ مجھے ڈر معلوم ہوا اور میں رو پڑا۔

یہ اس خلیفہ کا واقعہ ہے جس کے زمانہ میں ادھر اُدھر کے تاجر فقراء میں تقسیم کرنے کے لئے مال لے کر آتے لیکن کوئی یقبضوا لانہ لھا اور وہ اپنے مال کو واپس لے جاتے۔

آپ میں بُردباری اس قدر تھی کہ ایک مرتبہ رات کو مسجد میں گئے۔ ایک شخص سو رہا تھا۔ اندھیرے میں اس کو آپ کے پاؤں سے ٹھوکر لگ گئی۔ اس نے کہا کیا تم پاگل ہو؟ چپراسی یہ ناشائستہ کلمات سُن کر آپے سے باہر ہوگیا اور اس گستاخی کی سزا دینی چاہی لیکن آپ نے اسے روک دیا اور فرمایا کہ اس نے مجھ سے صرف پوچھا تھا کہ "تم پاگل ہو"۔ میں نے جواب اسے دیا کہ "نہیں"۔ جھوٹ سے آپ کو سخت نفرت تھی۔ آپ خود کہا کرتے تھے کہ جب سے مجھے معلوم ہوا کہ جھوٹ انسان کے لئے نہایت ہی لعنت کی چیز ہے اس وقت سے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

مسلمانو! یہ وہی خلیفہ ہے جس نے ڈھائی سال کے عہد حکومت میں ایسے ایسے کام کئے کہ دوسرے ہزاروں سال کی حکومت میں نہ کر سکے۔ یہی خلیفہ ہے جس نے جمہوریت کی روح پھر مسلمانوں میں پھونکی اور سیاست ملیہ کی تجدید کرکے اس کو صحیح اسلامی تعلیم کے مطابق کر دیا۔ عمر بن عبد العزیز ہی نے خلافت فاروق اعظم کا نمونہ پیش کیا۔ اسی بنا پر علمائے امت نے آپ کو خلفائے راشدین میں شمار کیا ہے اور دوسری صدی کا مجدد قرار دیا ہے۔ عمر بن عبد العزیز کا عہد حکومت خاندان بنی امیہ میں ایک دلکش زمانے کا منظر پیش کرتا ہے۔

افسوس کہ وہ زیادہ روز تک زندہ نہ رہ سکے اور دو برس ۵ مہینہ چار دن خلافت کرکے ۳۹ سال کی عمر میں ۲۵۔ رجب سنہ ۱۰۱ھ مطابق جنوری سنہ ۷۲۰ء میں اس دار فانی سے دار البقا کو رحلت کر گئے۔

(عبد القیوم کوثر اعظمی)

دعائے ترغیب علم و نشر توحید

(از قلم ابو حامد محمد عثمان صاحب حامد معسکر بنگلور)

علم کی پیاس ہر اک دل میں لگا دے یا رب — شمع تعلیم کا پروانہ بنا دے یا رب
جہل و بیدینی کا بدنام جہاں میں نہ رہے — دین قرآن کی لو سب کو لگا دے یا رب
اُٹھے ہر گھر سے ھُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کی آواز — شرک اور کفر کو دنیا سے مٹا دے یا رب
تیری توحید کا ہو غلغلہ دنیا میں تمام — یہ صدا دہر میں ہر اک کو سنا دے یا رب
اتباعِ سننِ نبویؐ کے عشاق ہوں سب — اہل بدعت کو ضلالت سے ہٹا دے یا رب
اہلِ تقلید نے معصوم نبیؐ کو چھوڑا — راہِ سنت پہ قدم اُن کے جما دے یا رب
مہرِ اسلام کے بدخواہ جو ہیں شپرہ چشم — شرحِ صدر اُس کے لئے ان کا بنا دے یا رب
بنیں تبلیغ کے ہر جگہ مقاعد آباد — کارکن اس کے تو علماء کو بنا دے یا رب
چمکے شمشیر دو دم سنت و قرآں کی بریق — فوج بے دینی کو دنیا سے کھپا دے یا رب

عورتیں پردہ سے عریاں ہوئی جاتی ہیں
داعی حامد ہے انہیں شرم و حیا دے یا رب

فتاویٰ

س ۱۴۳} شریعت کا حکم اس مسئلہ میں کیا ہے کہ زید کی شادی ہندہ سے ہوئی تھی جسکو تخمیناً ۱۲ سال ہوئے۔ ہندہ کئی سال سے بالغہ ہے۔ زید نہ تو اسے لے جاتا ہے اور نہ طلاق ہی دیتا ہے۔ بلکہ زید نے اپنی شادی دوسری جگہ کر لی ہے۔ اندریں صورت ہندہ بے کس کیا کرے۔ اس کی خلاصی کی کیا صورت ہے؟ (سائل منشی شیخ علاقیدار)

ج ۱۴۳} ہندہ کاظمی بل کے ماتحت اپنا نکاح بذریعہ عدالت فسخ کرا سکتی ہے۔ اللہ اعلم!

(ایک آنہ داخل غریب فنڈ)

س ۱۴۴} چہل قدمی کرنا سنت ہے یا نہیں (نیفش محمد ولد الہداد خان۔ گوہیر آباد سندھ)

ج ۱۴۴} چہل قدمی بغرض حفاظت صحت جائز ہے۔

س ۱۴۵} کوا یعنی زاغ حرام ہے یا حلال (سائل مذکور)

ج ۱۴۵} کوے کی بابت حرمت کا فتویٰ نہیں ہوسکتا، کیونکہ اس کی نسبت کوئی دلیل تحریم نہیں ہے صرف ایک صحابی کا قول ہے کہ جس کے دل میں ذرہ بھی خیر ہو وہ کوا نہیں کھاتا۔ یہ حرمت کی دلیل نہیں ہے

س ۱۴۶} طوطا حلال ہے یا حرام؟ (سائل مذکور)

ج ۱۴۶} آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک اصول آیا ہے۔ کل ذی مخلب من الطیر یعنی ہر پنجہ والا جانوروں سے حرام ہے۔ اگر حرام نہ ہو تو مکروہ ضرور ہے۔

س ۱۴۷} اہل حدیث مذہب میں جتنے جانور پرندے حرام ہیں ان جانوروں یا پرندوں کے نام درج فرمائیں۔ (سائل مذکور)

ج ۱۴۷} قرآن مجید اور حدیث شریف میں جن جانوروں کی حرمت وارد ہوئی ہے۔ وہ حرام ہیں حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ (قرآن مجید) و کل ذی مخلب و کل ذی ناب (احادیث) باقی بحکم حدیث ذروني ما ترکتکم حلال ہیں۔

س ۱۴۸} کسبیانی یعنی زانیہ عورت کی کمائی کا کنواں یا نل کا پانی پینا جائز ہے یا وضو میں استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۴۸} زانیہ کی کمائی حرام ہے۔ بحکم حدیث مہر البغی حرام۔ البتہ اس پانی سے وضو کرنا بعض علماء کے نزدیک جائز ہے۔ مگر پینا منع ہے

س ۱۴۹} خاکسار تحریک کے ممبر کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۴۹} اگر خاکسار، بانئ تحریک کے عقائد کو غلط سمجھ کر اپنے عقائد صحیح رکھتا ہے تو اس کے پیچھے نماز جائز ہے۔

س ۱۵۰} عرس کا کھانا حرام ہے یا حلال یا جائز ہے یا ناجائز؟ (سائل مذکور)

ج ۱۵۰} عرس کا کھانا مَا اُهِلَّ بِہٖ میں داخل ہونے کے باعث حرام ہے۔

س ۱۵۱} بانٹل سوڈا لیمونیڈ پینا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۵۱} جائز ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ سائل کو کوئی اور شغل نہیں۔ اسی لئے ایسے سوالات پوچھتا ہے۔ (۲ر داخل غریب فنڈ)

س ۱۵۲} دختر صالحہ پابند صوم وصلوٰۃ کا رشتہ کسی غیر پابند کے ساتھ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ غیر پابند سے مراد یہ ہے کہ نماز کا پابند نہیں۔ سنت نبویہ کا پابند نہیں۔ اس کے اخلاق بھی اچھے نہیں۔ غصہ آجائے تو گھر والوں پر حملہ بھی کر دیتا ہے۔ لہٰذا کیا حکم ہے؟

(مولوی) عبد القادر چک ٹاہلی والا۔ فیروزپور)

ج ۱۵۲} بحکم حدیث شریف ناکح کی دینداری اور نیک اخلاق کا دیکھنا ضروری ہے۔ خصوصاً صالح لڑکی کے لئے خاوند صالح ہی ہونا چاہئے۔ واللہ اعلم

نتیجہ امتحان

جامعہ عربیہ دار السلام عمرآباد سے ۲۰ طلباء منشی فاضل (فارسی) اور افضل العلماء (عربی) کے مدارس یونیورسٹی کے مشرقی امتحانات میں اس سال بٹھائے گئے جن میں سے دو کے سوا باقی اٹھارہ طلباء کامیاب ہوئے۔ پروفیشنسی کے امتحانات میں تین میں سے دو نے کامیابی حاصل کی الحمد للہ یہ کامیابی جمیع اراکین جامعہ کو مبارک ہو۔ خداوند پاک اس جامعہ کو مزید ترقی دے۔

خاکسار کاکا محمد اسماعیل عفی عنہ ٹرسٹی وسکرٹری

جامعہ دار السلام عمرآباد

حکایات صحابہؓ

عربی زبان میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حالات تو بہت سی کتب میں مندرج ہیں۔ خدا جزا دے مولانا الحاج حافظ محمد زکریا صاحب شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور کو جنہوں نے اردو خوان ناظرین کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات (اسلامی اخوت، ایثار، تکالیف و مصائب پر صبر وغیرہ) قلم بند فرمائے ہیں کتاب ہذا واقعی قابل مطالعہ ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ، ٹائٹل وغیرہ عمدہ۔ قیمت ۱۲ر۔ مجلد عہ پتہ:- کتب خانہ رشیدیہ اردو بازار۔ بالمقابل جامع مسجد دہلی۔

ایک روپیہ سے کم

قیمت کی فرمائش کی تعمیل بذریعہ وی پی نہیں کیجاتی کیونکہ اس پر کم از کم پانچ آنہ وی پی صرف ہوتے ہیں جو واپسی کی صورت میں موجب نقصان ہوتے ہیں۔ اس لئے اپنی فرمائش بھیجتے وقت یا تو ایک آنہ والے ٹکٹ بھیجدیا کریں یا انڈین پوسٹل آرڈر ڈاک خانہ سے لیکر بذریعہ لفافہ ارسال کر دیا کریں

(منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر)

خط وکتابت

کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور تحریر کیا کریں۔ اور پتہ خوشخط لکھا کریں۔

نصف قیمت پر۔ فتاویٰ نذیریہ نصف قیمت پر۔ قیمت بجائے ۵۰ کے ۲۵ عہ پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

متفرقات

شکریہ و شکوہ ماہ مئی میں جن اہل جماعت و بہی خواہ حضرات نے اخبار اہلحدیث کے لئے محنت و جانفشانی سے نئے خریدار بنائے ہیں ان کے ازحد مشکور ہیں۔ ان کے اسماء گرامی آئندہ ہفتہ شائع کئے جائیں گے انشاء اللہ! دیگر ناظرین سے عموماً اور معاونین کرام سے خصوصاً امید ہے کہ وہ بھی ماہ جون میں اپنی ہمدردی و بہی خواہی کا کماحقہ ثبوت دیکر ادارہ کی حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

اس کے ساتھ ان کرمفرماؤں سے ایک حد تک شکوہ بھی ہے جو ہر ماہ اخبار کے ماہواری وی پی واپس کرکے دفتر کو ناقابل برداشت محصول ڈاک کا زیر بار کرتے ہیں۔ اسی لئے قیمت اخبار ختم ہونے کی اطلاع دیکر ہر دفعہ یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ درصورت مہلت طلبی یا انکار دفتر کو اطلاع ضرور کردیا کریں ورنہ وی پی ضرور وصول کرلیا کریں۔ مگر باوجود ان تمام امور کے واضح کردینے کے پھر بھی بعض حضرات شکایت کا موقع دیتے ہیں۔

یہ چند سطور بادل ناخواستہ لکھنے کے بعد امید کی جاتی ہے کہ آئندہ ہمیں ناظرین کی شکایت پیش کرنے کا موقع نہیں دیا جائیگا۔ (منیجر)

مضامین آمدہ حکیم گل حسین شاہ صاحب۔ مولوی محمد جانباز خان صاحب۔

غیر مقبولہ آریوں کی مغالطہ دہی۔ مسیح کی وفات انجیل سے ثابت نہیں۔ خاکسار تحریک۔ نزول بارش۔ مرزائی مذہب کی دورنگی۔ مرزا صاحب ہندو تھے یا مسلم؟ کیا فرقہ ناجیہ بریلویہ ہے۔ مقلد دائرہ تقلید میں رہے کوٹلوی کی ذہانت و نقاہت۔ کیا حضرت عیسےٰ خدا کے فرزند تھے؟

تصحیح پتہ اہلحدیث ۱۲ مئی ۳۸ء صفحہ ۱۲ کالم اول کتاب "سیرت سید احمد شہید" کا پتہ غلط شائع ہوگیا ہے۔ ایم معین الدین صاحب کتاب خانہ محمد علی لین لکھنؤ یا دائرہ حضرت شاہ علم اللہ تکیہ کلاں رائے بریلی سید ابوالحسن صاحب (مصنف) سے طلب کریں۔

یاد رفتگاں میرا لڑکا محمد ایوب بعمر پندرہ سال بعارضہ تپ دق فوت ہوگیا۔ انا للہ! (صوبیدار ڈاکٹر محمد حسن از پسرور) (۲) میرا گیارہ ماہ کا لڑکا فوت ہوگیا۔ انا للہ! قبل ازیں دو لڑکے صغر سنی میں ہی فوت ہوچکے ہیں۔ (عبدالغفور خیاط از امرتسر) (۳) مولوی محمد عبدالکریم صاحب ٹیچر بی۔ ایم۔ بی سکول اودیاگیر ضلع نلور مدراس جو پکے اہل حدیث اور مبلغ توحید و سنت تھے۔ حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کرگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ (راقم کے۔ سی۔ گل محمد از اودیاگیر۔ مدراس)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور دعا مغفرت کریں۔ اللھم اغفر لھم وارحمھم۔

غرباء کا بھی خیال رہے

"اہلحدیث" کی کسی سابقہ اشاعت میں اہل خیر حضرات کو غریب فنڈ کی امداد پر توجہ دلائی تھی مگر افسوس ہے کہ آج تک کوئی رقم نہیں آئی۔ اس کے برعکس کئی سائلین کے داخلے بذریعہ منی آرڈر آئے جو بسبب عدم گنجائش واپس کرنے پڑے کیا ہم اہل خیر حضرات و دیگر ناظرین سے امید رکھیں کہ اس فنڈ کی امداد فرماکر غرباء کی دلی دعائیں لیں گے۔ (منیجر اہلحدیث)

لاہور میں ۲۶۔ مئی کو محمدیہ ایسوسی ایشن نے بتقریب وفات مرزا قادیانی جلسہ کیا۔ حاضری ہزاروں تھی۔ مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب نے آخری فیصلہ پر اور مولوی لال حسین اختر نے کذبات مرزا پر بڑی وسیع تقریریں فرمائیں۔ (نامہ نگار)

خانگی حالت گذشتہ ہفتہ مولانا ابوالوفاء صاحب بمرض وجع الورک بیمار رہے۔ اور میاں عطاء اللہ صاحب منیجر ثنائی برقی پریس وجع الرکب میں مبتلا ہے۔ اللہ تعالیٰ شفا بخشے۔ (منیجر اہلحدیث)

تبلیغی جلسہ ۳۰۔ مئی کو موضع ککاکڑیالہ تحصیل ترنتارن ضلع امرتسر میں اہل گاؤں نے تبلیغی جلسہ منعقد کیا۔ جس میں مولوی حافظ اسماعیل صاحب ترنتارنی، مولوی محمد یحییٰ صاحب ہاتی پوری اور حافظ ابراہیم صاحب نے توحید و سنت پر تقریریں کیں۔ (راقم محمد اسماعیل سیکرٹری انجمن تبلیغ القرآن والحدیث)

کوئی صاحب خیر توجہ فرمائیں خاکسار کو مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب کی تازہ ترین تصنیف تفسیر بالرائے کے مطالعہ کا ازحد شوق ہے۔ مجھ قیمتاً خرید نہیں سکتا کوئی صاحب خیر مجھے خرید دیں۔ (ابونعیم محمد عبدالرحیم متعلم جامع مسجد محل حسن خان ڈاکخانہ میانوالی قریشیاں براستہ رحیم یار خان بہاولپور)

بے انصافی کا انصاف چند سال ہوئے لاہور سے ایک کتاب موسومہ "خون کے پیاسے" شائع ہوئی تھی۔ جس میں بناوٹی اور جھوٹے پیروں اور صوفیوں کے کارنامے درج تھے۔ کتاب ہذا (بے انصافی کا انصاف) میں ایسے طبقہ کے کارناموں کا ذکر کیا ہے جو انصاف کے مدعی ہوکر انصاف کے نام پر طرح طرح کی بے انصافیاں کرتے ہیں۔ تمام کتاب ناول کے طور پر لکھی گئی ہے بڑی دلچسپ اور مفید ہے۔ قیمت عہ (ایک روپیہ) پتہ:۔ پنڈت دیو دت شرما بی۔ ایس۔ سی۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل امرتسر۔

فتویٰ فنڈ سے برائے غریب فنڈ عہ

حساب دوستاں جو گذشتہ پرچہ میں شائع کیا گیا ہے۔ ناظرین کرام اسے ایک بار ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

جنازہ غائب حافظ عبدالغفار صاحب غیری دہلوی کا جنازہ غائب آج بعد نماز جمعہ انجمن اہل حدیث لاہور نے پڑھایا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (عبدالقیوم عاصی)

ــــــــــ

اصل قیمت ۱۰ر محصول ڈاک ۲ر (منیجر اہلحدیث)

ملکی مطلع

ملک میں عام تکلیف شدید

قابل توجہ گورنمنٹ

ہمارا ملک ہندوستان بھی عجیب محل حوادث ہے کہ آئے دن اس میں ایسی تکالیف پیدا ہوتی ہیں جن کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔ روپیہ کے سکہ کے متعلق تکلیف آج کل شدت کو پہنچ گئی ہے۔ ہم اس تکلیف کا اندازہ الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے۔

آہ! اس وقت ہمارا دل پھٹنے کو ہوتا ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ غریب مزدور تین چار روز محنت کرکے ایک روپیہ وصول کرتا ہے۔ جس کو وہ اپنے علم کے مطابق خوب ٹھونک بجا کر لیتا ہے۔ بلکہ ایک دو شخصوں کو دکھا بھی لیتا ہے۔ اس کے باوجود جب وہ بازار سے سودا لینے جاتا ہے تو دکاندار روپیہ واپس کر دیتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ روپیہ جعلی ہے، یا اس میں فلاں فلاں نقص ہیں۔ آہ! اسکی شام کیسی سیاہ شام ہوتی ہے کہ گھر والے آٹھ پہر کے فاقے کے بعد آٹے کی آمد کے منتظر ہیں۔ ادھر روپیہ ہے کہ چلتا ہی نہیں۔ معاصر "دور جدید" لاہور نے اس کے متعلق ایک درد بھرا مفصل نوٹ لکھا ہے، جس کا ضروری حصہ ہم ذیل میں بطور تصدیق درج کرتے ہیں۔ ناظرین غور سے پڑھیں:۔

"ہندوستان میں گذشتہ چند سالوں سے جعلی سکوں کے چلن میں غیر معمولی زیادتی ہونے کی وجہ سے عام پبلک کو جس انتہائی تکلیف اور دقت کا سامنا کرنا پڑ گیا ہے۔ اُس کا تجربہ اس ملک میں بسنے والے قریباً ہر شخص کو ہے پنجاب کے بازاروں خصوصاً دیہات میں تو یہ حالت ہے کہ اگر آپ کی جیب میں صرف ایک روپیہ ہو۔ اور آپ دکان سے کوئی سودا خریدنے جائیں۔ یا ڈاکخانے سے پوسٹ کارڈ لینا چاہیں۔ یا ریلوے اسٹیشن سے ٹکٹ خریدنے کی خواہش کریں۔ تو سو میں سے نوے فیصدی آپ کو یہی امید رکھنی چاہئے کہ آپ اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکیں گے اور آپ کا روپیہ آپ کو کھوٹا یا ہلکا یا مشکوک یا جعلی قرار دیکر واپس کر دیا جائیگا۔ اور اب یہ شک یہاں تک بڑھ چکا ہے کہ اس نے لوگوں کے دماغ پر قابو پاکر زر نقد کے پرکھنے کے متعلق عقل یا دید یا سمجھ کی تمام صفات کو زائل کر دیا ہے۔ اور یہ بالکل صحیح واقعہ ہے کہ ایک دکاندار بالکل صحیح اور درست روپیہ کو کھوٹا کہہ کر واپس کر دیگا۔ اور دوسرا روپیہ جو کھرا نہ ہوگا درست سمجھ کر لے لے گا۔ بلکہ بعض لوگوں کا وہم یہاں تک بڑھا ہوا ہے کہ وہ پہلا روپیہ تو ضرور واپس کرینگے اور اگر اس کے دینے پر اصرار کیا جائے تو وہ بہ منت کہے گا کہ جناب روپیہ بیشک کھرا ہے۔ لیکن آپ اسے بدل ہی دیں۔ ایسی مثالوں سے معلوم ہو سکتا ہے کہ گورنمنٹ سکوں کے متعلق لوگوں کا وہم کس حد تک بڑھ چکا ہے۔

لیکن اس میں دکانداروں اور تمام لوگوں کا کیا قصور۔ جبکہ جعلی سکوں کا چلن اس قدر ہو گیا ہے کہ اچھے بھلے سکے پر خواہ مخواہ شک پڑتا ہے کہ جعلی ہی نہ ہو۔ کیونکہ عام طور پر غیر صحیح سکوں کے ہاتھ میں آتے رہنے سے ہر سکے کے متعلق یہ گمان بالکل قدرتی ہے کہ شاید یہ بھی جعلی ہو۔ جس طرح شہروں میں غیر خالص یا بناوٹی گھی کے عام چلن کے باعث اب خالص اور غیر خالص گھی کی پہچان اڑ گئی ہے۔ اور شہروں میں بسنے والے لوگ بالعموم یہ تمیز نہیں کر سکتے کہ خالص کون سا ہے اور غیر خالص کون سا۔ اسی طرح نقد سکوں اور خصوصاً روپوں کے متعلق لوگوں کی پہچان اڑتی جا رہی ہے۔ اور عام لوگ وثوق کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتے کہ صحیح روپیہ کون سا ہے اور غیر صحیح کون سا جعلی سکوں کے چلن کی یہ کثرت خود حکومت کی رپورٹ سے ثابت ہے۔ چنانچہ حکومت نے اس بارے میں جو اعداد وشمار شائع کئے ہیں۔ اُن سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت کے علم میں سال ۱۹۳۶-۳۵ء کے اندر جعلی روپوں کی تعداد چلن میں تھی۔ سال ۱۹۳۷-۳۶ء کے دوران میں یہ تعداد دوگنی ہو گئی۔ اور کھوٹے روپوں کے عام چلن سے اندازہ ہوتا ہے کہ سال ۱۹۳۹-۳۸ء میں یہ تعداد دوگنی ہوگئی ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی اگر ان روپوں کی تعداد کو شامل کر لیا جائے جو خود گورنمنٹ ٹکسال کے کسی سقم کی وجہ سے کسی نہ کسی حیثیت سے غیر صحیح نکلے ہیں۔ یا اچھی طرح آواز نہیں دیتے۔ تو ان روپوں کی تعداد جو بازار میں نہیں چلتے اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ اور اس سے پبلک کی دقت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

الغرض جعلی سکوں کا چلن عام ہو گیا ہے کہ حکومت کے لئے ضروری ہے کہ وہ نہایت مستعدی اور احساس فرض کے ساتھ اس امر کی طرف متوجہ ہو۔ ورنہ خدشہ ہے کہ کم ازکم روپوں کے متعلق تھوڑے ہی عرصے میں لوگوں کا اعتبار اُڑ جائیگا۔"

(دور جدید لاہور۔ ۲۳۔ مئی ۱۹۳۹ء)

گداگری بھی موجب تکلیف شدید ہو رہی ہے

قابل توجہ گورنمنٹ عالیہ

اسلام ہاں خدا کے سچے دین اسلام نے کیسے کیسے پاکیزہ انتظامات کئے۔ گداگری جو آج کل ہندوستان میں ایک بلائے عظیم بن کر نازل ہو گئی ہے۔ اسلام نے اس کا تو نام ونشان بھی نہیں چھوڑا تھا۔ آج بھی متمدن ملکوں (انگلستان وغیرہ) میں گداگری بطور پیشہ کے ممنوع ہے۔ وائے! بدبخت ہندوستان کہ اس کی مردم شماری کے کاغذات میں جائز پیشوں کی فہرست میں ایک پیشہ گداگری بھی لکھا۔ معزز معاصر "انقلاب" لاہور نے اس کے متعلق ایک نوٹ لکھا ہے

ائمۂ تلبیس۔ جھوٹے مدعیان الوہیت ورسالت و مسیحیت کے حالات۔ قیمت ۸/ (منیجر اہلحدیث)

مندرجہ ذیل ہے:۔

لاہور میں گداگروں کی کثرت

بھک منگوں اور گداگروں کی کثرت روز بروز نہایت تکلیف دہ ثابت ہو رہی ہے۔ یہ لوگ چلتے پھرتے شرفا کے لئے قضائے مبرم کا حکم رکھتے ہیں۔ آپ تانگے میں سوار ہوں تو تانگے کے پیچھے بھاگتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔ موٹر میں سوار ہوں تو جہاں آپ کسی کام کے لئے رُکے دونوں طرف سے گداگروں نے گھیر لیا۔ غرض ان لوگوں نے زندگی عذاب بنا رکھی ہے۔ بارہا کوشش کی گئی کہ گداگری کے خلاف ایک قانون نافذ ہو جائے۔ لیکن یہ بیل منڈھے نہ چڑھ سکی۔ کیونکہ نہ حکومت کے پاس اتنا سرمایہ ہے۔ نہ بلدیات کے پاس، کہ تمام معذور اور اپاہج گداگروں کے لئے محتاج خانے کھول دیں۔ اور تندرست اور جوان بھکاریوں کو روزگار سے لگا سکیں۔ لیکن بہرحال گداگری کی حوصلہ شکنی کے لئے پولیس کبھی کبھی حرکت میں آجاتی ہے۔ اور گداگروں کو پکڑ کر عدالت سے ان کو جرمانہ کی سزا دلا دیتی ہے۔

پچھلے دنوں لاہور پولیس نے تقریباً ایک ہزار گداگروں کو گرفتار کر لیا۔ جو گلی کوچوں میں لوگوں کی دقت کا باعث بن رہے تھے۔ پولیس دن بھر انعماد ھند گداگروں کی گرفتاری میں مصروف رہی۔ لیکن جب انہیں عدالت میں پیش کیا گیا تو وہاں سے پانچ پانچ روپے جرمانہ ہؤا۔ معلوم ہؤا ہے کہ صرف تین فیصدی گداگروں نے یہ جرمانہ ادا کیا۔ باقی افراد نے معذوری ظاہر کی۔ اور کہا کہ آج کل ہمارا کاروبار بہت مندا ہے۔ اب گداگری میں وہ مزے نہیں رہے جو کبھی ہؤا کرتے تھے۔ ایک تو بے شمار اشخاص نے یہ پیشہ اختیار کر لیا ہے۔ دوسرے عام تجارتی کساد بازاری۔ تیسرے مقابلہ۔ دن بھر آوارہ پھرنے کے بعد چونی بھی تو نہیں ملتی۔

گداگروں کی روزانہ آمدنی کچھ بھی ہو۔ بہرحال ارباب حکومت اور اہل فکر حضرات کو ان حالات پر غور فرما کر ایک قانون نافذ کرانا چاہئے۔ تاکہ لاہور کو اس مصیبت سے نجات مل جائے"۔

(انقلاب۔ لاہور ۲۴ مئی ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث | معاصر موصوف نے لاہور کا نام لے کر اس تکلیف کو مخصوص بتایا ہے۔ حالانکہ یہ تکلیف لاہور سے مخصوص نہیں ہے۔ تمام شہروں میں یہی حال ہے۔ حتیٰ کہ ان گداگروں سے مسجدوں کے نمازی بھی نہیں چھوٹتے۔ ہر روز شام کے وقت مسجدوں میں متعدد گداگر آواز دیتے ہیں کہ میں مسافر ہوں مجھے روٹی کھلائیے، کپڑا پاس نہیں، نماز پڑھنے کے لئے کوئی نیا یا پرانا کپڑا دیجئے۔

معاصر موصوف نے پولیس کا جو مواخذہ ذکر کیا ہے یہ محض سوال کرنے پر نہیں ہے بلکہ الحاح اور زبردستی کرنے پر ہے۔ کیونکہ سوال کرنے سے ممانعت کا کوئی قانون نہیں ہے۔ چنانچہ معاصر موصوف کو بھی اس کا گلہ ہے۔ اس لئے مرکزی اسمبلی کو اس پر خاص توجہ کرنی چاہئے۔ صوبجاتی اسمبلی بھی اگر انتظام کر سکے تو اس کی مہربانی ہے۔ بشرطیکہ انہیں آپس کی لڑائی سے فرصت ملے۔

عازمان حج کے لئے ضروری اطلاع

(از پنجاب پراونشل حج کمیٹی لاہور)

گورنمنٹ ہند نے رسالہ "ہندوستانی حاجیوں کے لئے مفید ہدایات" کے پیرگراف ۱۰ کے فقرہ اول میں ترمیم کرا دی ہے۔ جس کی رو سے عازمان حج کو حسب ذیل مشورہ دیا گیا ہے:۔

"عازمان حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جس جہاز میں سفر کرنا چاہتے ہوں۔ اس میں اپنے گھروں سے روانہ ہونے سے پیشتر اپنے لئے جگہ محفوظ کرا لیں اس کا انتظام جہاز ران کمپنی کے ساتھ بذات خود خط و کتابت کر کے یا پراونشل حج کمیٹی یا اس کی مقرر کردہ کسی ضلع وار جماعت یا شخص کی معرفت کیا جا سکتا ہے۔ حجاج کو خاص طور پر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ کسی ایسے شخص کے ذریعہ ٹکٹ نہ خریدیں جو یہ کہتا ہو کہ میں فلاں جہاز ران کمپنی کا ایجنٹ ہوں۔ جب تک پراونشل یا لوکل حج کمیٹی سے یہ دریافت نہ کر لیں کہ وہ شخص فی الواقع کمپنی مذکور کا ایجنٹ ہے"۔

سرکاری اعلان

ریاست حیدر آباد کے خلاف آریہ ستیہ گرہ کے معاونین اور مخالفین کے مابین پنجاب کے اخباروں میں جو تحریری جنگ چھڑی ہوئی ہے اس سے اس صوبہ کی مختلف جماعتوں کے باہمی جذبات پر بہت بڑا اثر پڑ رہا ہے اس تحریک کے متعلق پروپیگنڈا اور جوابی پروپیگنڈا سے احساسات میں جو کشاکش پیدا ہو گئی ہے۔ اسکی وجہ سے ملک کے مختلف حصوں کے امن میں خلل واقع ہو گیا ہے۔ پنجاب بھی ایسے افسوسناک واقعات سے بچا نہیں رہا۔ خطرہ ہے کہ اگر اس سلسلہ میں پروپیگنڈا کا سدباب نہ کیا گیا تو پنجاب میں صورتِ حالات اور بھی خراب ہو جائیگی اور جیسا کہ بعض صورتوں میں دوسری مقامی حکومتوں کے لئے ضروری ہو گیا۔ حکومت پنجاب کو بھی اخبارات اور پروپیگنڈا کی دوسری ایجنسیوں کے خلاف قانونی کاروائی اختیار کرنا پڑیگی۔

پریس کے خلاف قانونی کاروائی کی ضرورت اور صوبہ کے امن کو جو یہ خدشہ لاحق ہو گیا ہے۔ قدرتی طور پر حکومت پنجاب اسے دور کرنے کی خواہاں ہے لہٰذا وہ صوبہ کے تمام اخباروں سے خلوص دل کے ساتھ اپیل کرتی ہے کہ انہیں اس تحریک کے متعلق خبریں چھاپنے اور رائے زنی کرنے کے معاملہ میں خود بخود احتراز کرنا چاہئے۔

لاہور ۲۰ مئی ۱۹۳۹ء۔ ڈائرکٹر محکمہ اطلاعات پنجاب

ہندوستان کا دورِ جدید اور مسلمانوں کا مستقبل
ایک انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ۔ جو پڑھنے کے قابل ہے قیمت ایک روپیہ۔ پتہ: منیجر اخبار اہلحدیث امرتسر

شہادت القرآن۔ حیات مسیح کا ثبوت قرآن کی ۵۰ دلیلوں (۶۰۰) سے۔ حصہ اول ۸، دوم ۸، ۔ پتہ۔ منیجر اہلحدیث۔

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہرسال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد اپنے متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگِ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خرید یں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۶۰۷)

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی مرحوم

کے

رسالہ اشاعۃ السنہ کا فائل

مولانا مرحوم کے رسالہ "اشاعۃ السنہ" کے بہت سے فائل ہمارے پاس موجود ہیں۔ جن اصحاب کو اس رسالہ کے جس پرچہ کی ضرورت ہو۔ اس کا نمبر اور جلد کا نمبر بھیج کر منگا لیں۔ بعض جلدیں بارہ نمبری اور بعض اس سے کم نمبروں کی ہیں۔ اور ہر جلد مضمون کے لحاظ سے ایک کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر جلد کی قیمت ۲ر فی نمبر کے حساب سے ہوگی۔ علاوہ محصول ڈاک

عصاء موسیٰ

مصنفہ مولانا الٰہی بخش صاحب مرحوم

مصنف موصوف شروع شروع میں مرزا غلام احمد قادیانی کے رفیق کار تھے۔ جس وقت مرزا آنجہانی نے امام وقت مجدد اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا تو مصنف موصوف مرزا سے علیحدہ ہو گئے اور اسکے دعاوی جو جھوٹ۔ فریب اور دھوکہ پر تھے۔ ان کو واضح کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی۔ تردید مرزائیت کیلئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ تقطیع بڑی ضخامت ۴۴۴ صفحات۔ قیمت ع۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ۔ عبدالعزیز تاجر کتب کشمیری بازار۔ لاہور (پنجاب)

مفت

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب "خورت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمائیے۔

(منگوانے کا پتہ)

مینجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی

فلیویا امساک رجسٹرڈ

رجسٹری وامتحان شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان تقاضائے حاجت کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ وقت ضرورت سے پانچ منٹ پیشتر کھائیں۔ ناقابل برداشت طاقت۔ بے حد ممسک ہے۔ سرعت۔ احتلام۔ جریان کی دشمن۔ ۳۲ گولیاں پیکٹ ع۱

پتہ۔ فلیویا کیمیکل ورکس ع۲۸ فرید کوٹ (پنجاب)

ہر قسم کی چھپائی و لکھائی

کے لئے ثنائی برقی پریس ہال بازار میں آرڈر دیجئے۔ کیونکہ اس پریس میں لکھائی و چھپائی کا کام گاہک کے حسب منشا اور بازار سے سستا کیا جاتا ہے۔ ایک دفعہ ضرور آزمائش کریں۔

(مینجر اہلحدیث امرتسر)

ahmadimuslim.de

مومیائی ۲۷

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی
سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا
کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے
دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے.... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۶/۔ آدھ پاؤ ۱۲/۔ پاؤ بھر ۱/۸ مع محصولڈاک
تالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما سے ایک (۲۰۸)
پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک ۱۲/ پیشگی بذریعہ منی آرڈر نہ ہی
ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب عبدالستار صاحب بمبئی۔ "دو مرتبہ میں نے چار
چھٹانک مومیائی منگایا تھا بے حد مفید پایا۔ ایک چھٹانک
پیر محمد صاحب کے نام ارسال فرمائیں"
جناب حکیم احمد میاں عبداللہ میاں کبھے "چار پانچ دفعہ
آپ کے پاس سے مومیائی منگوا چکا ہوں بہت قابل تعریف
پایا۔ اب آدھ پاؤ بذریعہ وی پی ارسال فرمائیں" (۹ مئی)
جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہزادپور۔
متعدد مرتبہ مومیائی منگا چکا ہوں۔ آپ کی مومیائی میں
مسیحائی اثر ہے۔ میں ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ ایسی کم قیمت
ہو کر یہ دوا جو اثر رکھتی ہے یہ صرف خدا کی مہربانی ہے
(۱۵ مئی ۱۹۳۹ء)

(ملنے کا پتہ)
حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

اشتہار زیر دفعہ ۵ رول ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی
بعدالت سردار گنڈا سنگھ صاحب بیدی سب جج
بہادر درجہ سوئم مقام پھلور
نمبر مقدمہ ۳۳۷ بابت ۱۹۳۹ء

رتن سنگھ ولد مہندر سنگھ ذات جٹ ساکن اڈکہ
کلاں۔ تحصیل پھلور۔ مدعی۔
بنام غوث۔ بابو۔ نشی۔ نتھو پسران کانہاں
فتح خان ولد محمد ذات راجپوت سکنائے رانگڑیاں
تحصیل پھلور۔ مدعاعلیہم۔

دعوے استقرار حق اراضی

مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مسمیان غوث وغیرہ
مدعاعلیہم مذکور تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریز کرتے
ہیں اور روپوش ہیں۔ اس لئے اشتہار ہذا بنام غوث
وغیرہ مدعاعلیہ مذکور جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعاعلیہم
مذکوران تاریخ ۱۳۔ جون ۱۹۳۹ء کو مقام پھلور
حاضر عدالت ہذا میں نہیں ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی
یک طرفہ عمل میں آویگی۔
آج بتاریخ ۱۶۔ مئی ۱۹۳۹ء کو بدستخط میرے
اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔
دستخط حاکم مہر عدالت

تندرستی ہزار نعمت ہے

اگر آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں تو اپنے معدے
کا علاج کریں۔ ہماری تیار کردہ دوائی اکسیر ہاضمہ
کے استعمال سے معدہ کی تمام بیماریاں کافور ہو جاتی
ہیں۔ قیمت فی ڈبیہ ۱/۔ محصول ڈاک ۷/۔ نمونہ ۴/
پتہ:۔ منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی۔ لاہوری گیٹ امرتسر

جیبی حکیم یا پاکٹ ڈاکٹر

تمام امراض کا بیان۔ تشخیص علاج۔ خواص الادویہ
ولغات بھی دی گئی ہے۔ ہر وقت اپنے پاس رکھ
سکتے ہیں۔ مجلد۔ قیمت صرف ۱۲/۔ محصول ڈاک ۶/
پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

اشتہار زیر دفعہ ۵ رول ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی
بعدالت چوہدری محمد علی صاحب بی۔ اے۔ ایل۔
ایل۔ بی۔ سب جج بہادر درجہ سوئم بٹالہ
نمبر مقدمہ ۳۹۲ ۱۹۳۹ء

خیراتی رام ولد رام رتن ذات کھتری سکنہ بٹالہ
بنام لیمو رام۔

دعوے۔ ۹۰/ روپے

بنام گیان چند ولد انبالیہ مل ذات کھتری پیشہ حلوائی
امرتسر شہر۔ بیرون دروازہ رام باغ مندر باوا جیون ناتھ
جوگی۔ متصل گرجا گھر
مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مسمی گیان چند مذکور
تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریز کرتا ہے اور روپوش
ہے۔ اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ مذکور جاری
کیا جاتا ہے کہ اگر مدعاعلیہ مذکور تاریخ ۲۰۔ جون
۱۹۳۹ء کو مقام بٹالہ حاضر عدالت ہذا میں نہیں
ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی۔
آج بتاریخ ۲۰ ۵/۳۹ بدستخط میرے اور مہر عدالت
کے جاری ہوا۔
دستخط حاکم مہر عدالت

۱۴۲
تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری حمائل شریف
مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ
تمام دنیا میں بینظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی
چار جلدوں میں
کا ہدیہ سات روپے
فی جلد ۱/۱۲
ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث
میں شائع ہو رہی ہے
پتہ:۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کے علمی جواہر ریزے

تفسیر واضح البیان

اُردو۔ مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔ اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ گویا قرآنی معارف کو اعلیٰ پیرایہ میں فاضلانہ طریق پر بیان کیا ہے۔ اس کو پڑھ کر آپ نہائت خوش ہونگے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ، سائز ٣٠×٢٠ ضخامت ٤٨٨ صفحات۔ قیمت بے جلد ؎، مجلد ؎۔

تبویب القرآن

مصنفہ مولانا وحید الزمان صاحب حیدرآبادی مرحوم ہر صفحہ کے دو کالم ہیں۔ ایک میں قرآن مجید کی آیات ہیں اور دوسرے میں ان کا ترجمہ مندرج ہے اور نیچے تفسیر وحیدی کے حواشی درج ہیں۔ تمام کتاب کو چار فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے:-

(١) اعتقادیات۔ (٢) فقہ القرآن۔ (٣) قصص القرآن۔ (٤) المتفرقات۔

ہر ایک فصل میں کئی باب ہیں۔ ہر باب میں ایک مسئلہ زیر بحث ہے۔ ضخامت ٤٠٠ صفحات کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت للعہ

تفسیر فاتحۃ الکتاب

مصنفہ مولوی محمد یوسف صاحب جے پوری۔ یہ تفسیر لباب التاویل کا ایک حصہ ہے جو مضامین عقلیہ و نقلیہ کے اعتبار سے مجمع البحرین ہے۔ علاوہ ذاتی استنباط کے ٥٥ کتب کی عبارات سے مرتب کی گئی ہے۔ قیمت ۔/

تفسیر محمدی

مصنفہ مولانا محمد صاحب لکھوی پہلے متن قرآنی لکھ کر نیچے پنجابی۔ اس کے چند [illegible] میں ترجمہ کیا ہے بعدازاں مذکورہ آئتوں کی پنجابی زبان میں نہائت عمدہ تفسیر نظم میں لکھی گئی ہے۔ قیمت جلد اول ؎- جلد دوم ؎- جلد سوم ؎- جلد چہارم ؎- جلد پنجم ؎- جلد ششم ؎- جلد ہفتم ؎-

اکرام محمدی

(پنجابی نظم) مصنفہ مولوی محمد دلپذیر صاحب بھیروی۔ اس میں سورہ والضحیٰ کی تفسیر کرتے ہوئے آنحضرت صلعم کی سیرت مبارکہ کے متعلق بیش بہا معلومات درج ہیں۔ ضخامت ٥٧٢ صفحات۔ قیمت ؎

تفسیر موضح القرآن

مؤلفہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب اس قدر جامع اور مختصر تفسیر کسی نے نہیں لکھی۔ قابل دید ہے۔ قیمت ؎

تخریج ہدایہ عسقلانی

فقہ کی مستند کتاب ہدایہ میں جو احادیث بے سند درج ہیں۔ اس کتاب میں ان کو مسند مع تنقید بتایا گیا ہے۔ مؤلفہ حافظ ابن حجر عسقلانی۔ علماء اور طلباء کو بہت مفید ہے لکھائی، چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت ؎

مشکوۃ شریف عربی

فن حدیث کی مقبول اور مستند کتاب ہونے کی وجہ سے آج اس کا درس ہر جگہ ہو رہا ہے ضرور منگوا رکھیں۔ ہر مسلمان کے پاس چاہئے۔ مطبع مجتبائی کانپور قیمت ؎، مطبوعہ دہلی ؎

مشکوۃ شریف غزنوی

اردو ترجمہ بین السطور ہے۔ حاشیہ پر معتبر مضامین جو اہلسنت والجماعت کے مذہب کے مطابق ہیں، درج ہیں۔ چار جلدوں میں ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت [illegible]۔ باوجود یکہ قیمت صرف ؎

جامع الترمذی

(عربی) یہ کتاب نہ صرف صحاح ستہ ہی میں شامل ہے بلکہ درس میں بھی داخل ہے۔ فہرست ابواب و رسالہ اصول حدیث و شمائل و نفع قوت مغتذی و حاشیہ جدید کے ساتھ طبع ہوئی ہے۔ قیمت ؎

مظاہر حق

یہ مشکوۃ شریف کا ترجمہ ہے۔ جو مولوی محمد قطب الدین خان صاحب مرحوم محدث دہلوی نے کیا ہے۔ اور ہر ایک حدیث کے معنی اور مطالب کو خوب اچھی طرح سے واضح اور مدلل بیان کر کے حضرت شاہ محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی مہاجر مکی کی نظر سے گذرا ہے۔ کتاب ھذا کی چار بڑی ضخیم جلدیں ہیں۔ قیمت ؎

تجرید البخاری

(مجلد) اس میں صحیح بخاری کی تمام حدیثیں بحذف مکررات جمع کر دی گئی ہیں۔ کتاب ہذا کے صفحات کے دو کالم کئے گئے ہیں۔ ایک کالم میں عربی عبارت مع اعراب کے دی گئی ہے اور دوسرے کالم میں بالمقابل اسکا ترجمہ سلیس اُردو زبان میں دیا گیا ہے۔ بہت مقبول ہے لکھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ؎

حزب الاعظم

از ملا علی قاری (صاحب مرقاۃ شرح مشکوۃ) زیر متن ترجمہ اُردو حاشیہ پر اوراد کی برکات کی کامل تفسیر بزبان اُردو۔ آخر میں مکمل نماز وغیرہ۔ قیمت ١٠/

حزب المقبول

قرآن و حدیث کی دعاؤں کا مجموعہ۔ اس میں ہر موقعہ کی دعا موجود ہے۔ مترجم ہے۔ اس کا ہر اہل حدیث گھر میں رہنا نہائت ضروری ہے۔ قیمت ١٢

نوٹ:۔ محصول ڈاک مندرجہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں صرف اصل قیمتیں درج ہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ **مینیجر اہلحدیث امرتسر**

جیبی حکیم یا پاکٹ ڈاکٹر

اس نئی اور اچھوتی کتاب میں تمام امراض کا بیان - تشخیص علاج مفصل درج ہیں - خواص ملادو یہ ولغات بھی دی گئی ہے - تاکہ انگریزی دوائیوں کے اردو معنی بھی معلوم ہوسکیں - ہروقت اپنے پاس رکھ سکتے ہیں - نسخہ جات مجرب اور سو فیصدی مفید ثابت ہوئے ہیں - کتابت، طباعت اور کاغذ عمدہ - پاکٹ سائز - مجلد بارچہ ومطلا - باوجود ان تمام خوبیوں کے قیمت صرف عہ

کنز المجربات

مصنفہ حکیم حاجی محمد عبداللہ صاحب روڑھی - مؤلف نے اس میں وہی مستند وسنیاسی نسخے درج کئے ہیں جو

کنز المرکبات

اس کتاب میں مصنف علام نے تمام امراض انسانی کے متعلق وہ تیر بہدف نسخہ جات درج کئے ہیں جو کنز المجربات میں اندراج سے رہ گئے تھے - اس کے علاوہ دوسرے مرکبات مثلاً مختلف قسم کے حلوے، سفوف، طلاء، جوارشیں، معجون، خمیرے، مفرحات، اور عرق شربت وغیرہ کے بے نظیر نسخہ جات تحریر کئے گئے ہیں - ان میں سے بعض نسخے جو عموماً سینہ بسینہ چلے آتے ہیں - مصنف موصوف نے بڑی محنت وجانفشانی سے حاصل کئے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو عربی فارسی کی ضخیم طبی کتب میں پائے جاتے ہیں - یہ کتاب شائقین اور طبیب حضرات کو بہت مفید ہے - ضخامت ۴۰۰ صفحات - قیمت ۲ روپے

عالی حوصلگی سے وہ اسراری اور صدری نسخے جن کے اخفا میں شائقین سعی بلیغ کو کام میں لاتے تھے - بلا بخل شائع کرکے اپنی فیاضی کا پورا ثبوت دے کر دنیا کو مرہون منت کر لیا - جلد اول عہ - جلد دوم عہ

نشاط زندگی

یہ کتاب شائقین حضرات اور نوجوانوں کے لئے لکھی گئی ہے خوش و آرام دہ زندگی بسر کرنے کے طریق - مواصلت کے متعلق خاص ہدایات، جب [illegible] پیدا کرنے اور طرح طرح کے عجیب وغریب نسخہ جات جو شائقین حضرات کو بہت [illegible] - قیمت عہ

پیٹنٹ ادویات اور ہندوستان

فرانس، انگلستان اور ہندوستان کی تین صد مشہور پیٹنٹ دواؤں کے بالکل سچے اور اصلی نسخے درج ہیں اگر آپ بھی [illegible] پیدا کرنا چاہتے ہیں تو کتاب مذکورہ کی ایک جلد خرید کر دیکھیں اور تجربہ کریں - قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

نوٹ :- محصول ڈاک جلد کتب کا بذمہ خریدار ہوگا -

ملنے کا پتہ :- منیجر دفتر اہلحدیث

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اُردو - انگریزی - ہندی - گورمکھی - لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ اعلیٰ، رنگدار وسادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے -

اگر آپ کو کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، دعوتی خطوط اور [illegible] چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط نرخ وغیرہ طے کریں - خط وکتابت کرنے کا پتہ :-

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

دیہاتی حکیم

نئی تصنیف

[illegible] دیہاتیوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھا گیا ہے - اس میں تقریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے - جس پر چھ سو کے قریب مجربات دیئے گئے ہیں - سر سے لیکر پاؤں تک جملہ امراض کی تفصیل اور تشریح کردی گئی ہے علاج دیسی ادویات سے بتایا ہے جو ہر جگہ باآسانی اور ارزاں مل سکیں - یہ کتاب غریبوں کے لئے ایک نعمت بے بہا ہے - جس کی قدر کرنا ان کا فرض ہوگا - ضرور منگوائیں - لکھائی چھپائی اعلیٰ - قیمت ۱۲ ؍

منگوانے کا پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

بارہا تجربہ کی کسوٹی پر کسے جاچکے ہیں - سب سے پہلے ہر عضو کی مختصر تشریح کرکے ان کے فائدے بتائے ہیں - پھر ان سے پیدا ہونے والے امراض بتائے ہیں اس کے بعد ہر مرض کا طبی اور ویدک اور ڈاکٹری نام پھر کیفیت مرض اور امراض کے علاج درج ہیں اس کے بعد بیماری کے اسباب اور اس کے پہچانے کے طریقے نہایت خوبی سے بیان کئے گئے ہیں -

قیمت حصہ اول [illegible] - حصہ دوم [illegible]

کنز المفردات

اس کتاب میں مفردات تیار کرنے کی مختلف ترکیبیں درج ہیں -

[illegible] قیمت عہ

تصانیف حکیم حاجی غلام جیلانی صاحب امرتسری

کلید حکمت

اس کتاب میں سر سے پاؤں تک کی ہر عضو کی [illegible] مفصل حالات درج ہیں - اسی طرح علمی بحث، مرض اور اس کی پیدائش کے اسباب - بعد میں ساڑھے آٹھ سو سے زائد مجرب چٹکلے جو ہر جگہ ہر وقت صرف کوڑیوں میں [illegible] نہایت آسانی سے مہیا ہوسکیں [illegible] درج کئے گئے ہیں - نسخہ جات مجرب ہیں

قیمت حصہ اول عہ - حصہ دوم عہ

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۔ عنہ
ذو ساو جاگیرداروں سے ۔ ۔ سے
عام خریداران سے ۔ ۔ للعہ
ششماہی ۔ ۔ ۔
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

نمبر ۳۲ — جلد ۳۶

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ — دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

امرتسر ۲۰۔ ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۹ جون ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۹۱۱)

فہرست مضامین

نظم (رباعیات ساقی) ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۱
انتخاب الاخبار ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۲
صلوٰۃ المؤمنین ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۳
مامور اور مصلح اخلاقی لحاظ سے بہت بلند ہوتا ہے صہ ۴
خاتم النبیین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۵
تفسیر القرآن بکلام الرحمن ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۷
امرتسر میں ایک نئی بدعت کی ایجاد ۔ صہ ۸
حسن عمل ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ صہ ۸
حضرت مجدد الف ثانیؒ اور زمانہ حال کے اہلحدیث صہ ۹
اہلحدیث کا فرض کے استحکام ۔ ۔ صہ ۱۰
اسلام کے زریں اصول ۔ ۔ ۔ صہ ۱۱
فتاویٰ صہ ۱۲ ۔ متفرقات ۔ صہ ۱۴
نکل صہ ۱۴ ۔ اشتہارات ۔ ۔ صہ ۱۶

رباعیات ساقی

از ملک محمد عبد اللہ صاحب ساقی (از لالہ موسیٰ ضلع گجرات)

جو مانگنا ہے تجھے ذات کبریا سے مانگ
نیاز و عجز و ادب سے کئی ادا سے مانگ
نہ مانگ غیر سے رسوا نہ کر مسلمانی
اگر خدا پہ یقین ہے تو پھر خدا سے مانگ

(۲)

لازم ہے کہ توحید کا فطرت پہ اثر ہو
صدیق ہو بے باک ہو خود دار و نڈر ہو
ہر کام کے آغاز میں، انجام کی خاطر
مومن کی یہ تعریف ہے مولا پہ نظر ہو

(۳)

تقدیر کا مقصد ہے تری قوت برداشت
تدبیر ترے جوش عمل کے لئے پندار
بے تاب نہ ہو غیر کے در کا نہ گدا بن
مالک کی نگاہوں میں شہ ہو یا کہ دستار

(۴)

ترے دل کی ہر آرزو جانتا ہے
خدا نے علیم السمیع البصیر
نہ رسوا ہو ساقی کسی اور در پہ
کہ ہے وہ علی کل شئی قدیر

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

صحت یابی گذشتہ ہفتے مولانا صاحب مدظلہ، اور میاں عطاء اللہ صاحب کی علالت کے متعلق خبر درج کی گئی تھی۔ تمام احباب کو یہ خوشخبری دی جاتی ہے کہ دونوں کو خدا تعالےٰ نے صحت بخش دی ہے۔ الحمد للہ

(منیجر اہلحدیث)

—— امرتسر میں روز بروز گرمی ترقی پر ہے۔ صبح آٹھ نو بجے سے غروب آفتاب تک گرم لو چلتی رہتی ہے۔

—— بلدیہ امرتسر کی رپورٹ مظہر ہے کہ ۲۷ مئی سے ۲۔ جون تک شہر امرتسر میں ۱۲۸ بچے پیدا ہوئے۔ اس کے برعکس ۱۷۲۔ اموات واقع ہوئیں۔

—— لاہور کی دیکھا دیکھی امرتسر شہر کے بھنگیوں نے بھی اپنے مطالبات میونسپل کمیٹی کے روبرو پیش کرکے بذریعہ اشتہار اعلان کر دیا ہے کہ اگر وہ نامنظور ہوئے تو شہر کے تمام بھنگی ہڑتال کر دینگے۔

—— لاہور میں کسان ستیہ آگرہ بدستور جاری ہے ۴ جون کو مزید پانچ کسان سول نافرمانی کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے۔

—— معاصر "پرتاپ" راوی ہے کہ ۴ جون کو مولانا ظفر علی خان نے ایک اسلامی جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر یکم جولائی تک صوبائی حکومتوں نے حیدر آباد جانے والے جتھوں کو روکنا شروع نہ کیا تو مجبوراً مسلمان بھی کوئی قدم اٹھائینگے۔ نیز انہوں نے تمام مسلمانوں سے ۲۳ جون کو حیدرآباد ڈے منانے کی اپیل کی ہے۔

—— لاہور میں پولیس نے ایک نوجوان کو گرفتار کیا ہے جس کے قبضہ سے دوسو جعلی چونیاں برآمد ہوئی ہیں

—— سرکاری اعلان مظہر ہے کہ ۱۹۳۹ء میں پنجاب سول سروس (سب جج) کی بھرتی نہیں کی جائیگی۔

—— حکومت پنجاب نے لاہور کے ایک اخبار "رضا" کا سے شیعوں کی تبرا ایجی ٹیشن کے حق میں قابل اعتراض مضمون شائع کرنے کی بنا پر پانچسو روپے کی ضمانت طلب کی ہے

—— سادھو شیام پوری سنے شوہند دہلی کے فیصلہ کے خلاف عدالت سشن میں جو اپیل دائر کی تھی وہ مسترد ہو گئی ہے۔

—— مولانا ابوالکلام آزاد نے تبرا ایجی ٹیشن کو بند کرنے کے لئے شیعہ و سنی علماء سے مفاہمت کی اپیل کی ہے جس سے متاثر ہو کر سید محمود مہدی (جو سرکردہ شیعہ اصحاب سے ہیں) تمام شیعہ علماء کے نام مراسلہ ارسال کیا ہے کہ وہ عارضی طور پر تبرا ایجی ٹیشن ملتوی کر دیں

—— ایتھنز (یونان) کی اطلاع ہے کہ ۳ جون کو تمام یونان میں قیامت خیز اور ہیبت ناک زلزلہ آنے سے پندرہ سو دیہات تباہ ۱۸ ہزار نفوس ہلاک، ہزارہا عمارتیں مسمار و منہدم ہو گئیں۔

—— لندن کی خبر ہے کہ برلن ہیڈ کے قریب ایک برطانوی آبدوز کشتی غرق ہو گئی۔ صرف چار آدمی بچ سکے باقی ۹۹ غرق آب ہو گئے۔

—— برلن میں ہر ہٹلر نے ایک جلسہ میں تقریر کے دوران میں کہا کہ برطانیہ اور فرانس جرمنی کا محاصرہ کرکے اس کی تجارت کو برباد کرنا چاہتے ہیں، جرمنی امن چاہتا ہے وہ حقوق کی حفاظت کے لئے ہرممکن کوشش کریگا۔ اس لئے ہم جنگی طاقت کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔

—— حکومت اٹلی نے ایک قانون کی رو سے اٹلی میں بسنے والے یہودیوں کی غیر یہودیوں سے ملاقات رسم و راہ بالکل بند کر دی ہے۔

—— ضلع بریلی کے ایک گاؤں میں آگ لگنے سے ۱۲۔ اشخاص جل کر راکھ ہو گئے۔

—— کونسل آف سٹیٹ کا آیندہ اجلاس ۱۲ ستمبر کو شملہ میں منعقد ہو کر آخری ستمبر تک جاری رہیگا۔

—— ایک اطلاع مظہر ہے کہ حیدرآباد میں اصلاحات کا نفاذ ۱۹۔ جون کو کر دیا جائیگا۔

واقعہ قتل دفتر "اہلحدیث" کے قریب ہی ایک ہندو نوجوان جو بڑا بھلا مانس اور شریف خاندان کا لڑکا تھا ناحق قتل کر دیا گیا۔ افسوس ہے ان درندوں پر جو ایسے وحشیانہ افعال کا ارتکاب کرتے ہیں۔

(بقیہ متفرقات)

مولوی اسرار الحق صاحب عرصہ طویل ہند کیمپ میر ولیق سفر ہوتے تھے۔ عرصہ سے مفقود الخبر ہیں۔ کسی صاحب کو ان کا علم ہو تو اطلاع دیں۔ اگر ان کے قریب ہوں تو یہ تحریر ان کو دکھا کر انہی سے ان کا حال حال لکھوا کر بھیجدیں۔ (ابوالوفاء)

ندوۃ العلماء کی مجلس شوریٰ (۱۵۔ مئی) میں مندرجہ ذیل اصحاب کی وفات پر اظہار افسوس اور دعاء مغفرت کی گئی :-

(۱) سید احسان اللہ شاہ صاحب سندھی

(۲) خان بہادر حافظ عبد الحلیم صاحب ممبر کونسل آف سٹیٹ

(۳) نواب مزمل اللہ خان صاحب

(۴) ڈاکٹر اقبال لاہور

(۵) شاہ عراق

(۶) غازی مصطفےٰ کمال پاشا۔

غفر اللہ لہم (باقی)

مدرسہ دار السلام عمرآباد کی بابت "اہلحدیث" مورخہ ۲۶۔ مئی میں مولوی عبداللہ عقیل کا جو مضمون شائع ہوا تھا۔ اس میں اکثر مدرسین کے نماز میں سستی کرنے کا ذکر ہے۔ اس کے جواب میں مولوی عبدالسبحان عمری کا مضمون آیا ہے۔ جس میں آپ نے لکھا ہے کہ

جامعہ دار السلام میں کل چودہ مدرسین ہیں سب دار الاقامہ میں نہیں رہتے بلکہ اپنے خاص گھر میں رہتے ہیں۔ بعض وقت وہ نماز باجماعت میں حاضر نہیں ہو سکتے اور ایسے مدرسین صرف دو ایک ہیں۔ انہیں کے متعلق مولوی عقیل صاحب نے بڑی جرأت اور دلیری سے اکثر کا حکم لگایا ہے۔ جو نہ صرف خلاف واقعہ ہے بلکہ صریح بہتان ہے۔

اہلحدیث جو مدرسین گھروں میں رہتے ہیں وہ اگر اذان سنتے ہیں تو بحکم حدیث شریف ان کو بھی جماعت میں ملنا چاہئے۔ (بس یہ بحث ختم)

—— چینی اخبارات راوی ہیں کہ انہوں نے ماہ مئی میں ہزارہا جاپانی دوران جنگ میں ہلاک کر دیئے ہیں۔

تفسیر پارہ ۱۱ سے۔ مولانا ثناء اللہ صاحب کی بالکل تازہ تصنیف۔ قیمت (۴/۳) ۔ ہدیہ ۱۰ (منیجر اہلحدیث)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۰-ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ

صلوٰۃ المؤمنین

بجواب

رسالہ "صلوٰۃ المرسلین"

(۶)

اس سلسلہ مضمون کے پہلے نام منسوخ کر کے یہی نام بہتر سمجھا گیا ہے۔ رسالہ اگر چھپا تو اسی نام سے چھپیگا۔ (انشاءاللہ!)

گذشتہ نمبر میں بحث تعداد رکعات پر ہوئی ہے آج اسی کے متعلق مصنف کتاب کا ایک سوال درج ذیل ہے جسے اس نے اپنے خیال میں لاینحل سمجھا ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:-

"روایات میں تحریر ہے کہ پہلے سفر اور حضر میں دو ہی دو رکعت صلوٰۃ مقرر تھی بعد میں بڑھائی گئی۔ لیکن جب ان روایتی علماء سے دریافت کیا جاتا ہے کہ رکعتیں کیوں بڑھائی گئیں۔ قرآن شریف کے کون سے حکم سے بڑھانا ثابت ہے۔ تو کوئی جواب بن نہیں پڑتا"

(صلوٰۃ المرسلین صـ۳)

اہلحدیث | مصنف نے قرآن مجید سے جواب پوچھا ہے۔ ان لوگوں کی یہ عام عادت ہے کہ خود تو ثبوت دینے کی بجائے محض خیالات اور قیاسات سے کام لیتے ہیں اور ہمیں مجبور کرتے ہیں کہ ہم اپنے اعمال اور عقائد کا ثبوت صرف قرآن مجید سے دیں۔ حالانکہ ہمارے نزدیک شرعی دلیلیں دو ہیں۔ اول قرآن۔ دوم حدیث پھر ہمیں کیوں مجبور کیا جاتا ہے کہ ہم ایک ہی دلیل سے کام لیں۔ تاہم ان لوگوں کی ہر ایک بات کا جواب قرآن شریف ہی سے دیتے ہیں۔ خواہ عبارت النص سے ہو یا اشارت سے۔ دلالۃ النص سے ہو یا اقتضاء سے یہ سب طرقِ دلالت امت مسلمہ میں مسلم ہیں۔

معترض صاحب! سنئے قرآن مجید میں ارشاد ہے،

مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِنْهَا أَوْ مِثْلِهَا[1] (پ۱-ع۱۳)

دو رکعتوں کی زیادتی اسی آیت کے ماتحت ہے۔

فافہم ولاتکن من القاصرین ط

ناظرین! | مصنف رسالہ کے استدلالات کا ایک عجیب نمونہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ ذرہ غور سے پڑھیں۔ آپ نماز میں قیام کی حالت میں استغفار کرنے کا ثبوت دینے کو آیت ذیل پیش کرتے ہیں:-

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ (پ۲۴-ع۱۷)

(اے نبی) کہہ دے تو کہ سوائے اسکے نہیں کہ میں بشر ہوں مثل تمہارے وحی کی جاتی ہے طرف میرے یہ کہ معبود تمہارا معبود اکیلا ہے پس قیام کرو تم اُس معبود اپنے کے حضور میں اور دعائے بخشش مانگا کرو (گناہوں اپنے کی)"

(صلوٰۃ المرسلین صـ۱۴)

مصنف مذکور اس آیت سے نتیجہ نکالتے ہیں کہ:-

"یہ امر بخوبی روشن ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں جب کبھی قیام کیا جائے تو اپنے گناہوں کی بخشش ضرور مانگی جائے اور جب رکوع کیا جائے تو دعا توبہ یا انابت کی جائے اور یہی طریقہ نبوی کا بھی رہا ہے" (رسالہ مذکور صـ۱۴)

ناظرین! | مصنف کی سینہ زوری دیکھئے کہ استقیموا کے معنی کرتے ہیں کہ "قیام کرو"۔ حالانکہ یہ فعل باب استفعال سے ہے اور اسکے ساتھ اِلَيْهِ بطور صلہ لگا ہوا ہے۔ اور قُوْمُوْا کے ساتھ حرف لام بطور صلہ کے آتا ہے۔ جیسے قُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ۔ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ کے معنی ہیں "خدا کی طرف سیدھے چلو"۔ المستقیم جو اسی مصدر (استقامت) سے مشتق ہے اسکو صراط کی صفت بنا کر ہمیں حکم دیا ہے کہ یوں دعا کیا کرو۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۔

یعنی اے خدا ہمیں سیدھی راہ پر چلا

بقول مصنف اِسْتَقِيمُوا کے معنی میں اگر قیام کرنے حکم ہے تو مستقیم (اسم فاعل) کے معنی ہونگے قیام کرنے والا۔ اس لحاظ سے مطلوبہ صراط مستقیم کا مطلب یہ ہوا کہ اے خدا ہمیں اس راستے کی ہدایت کر جو تیرے سامنے سیدھا کھڑا ہونے والا ہے۔ یہ ترجمہ کیا ہی لطیف ہے جسکے حق میں یہ کہنا بجا ہے ؎

لطف پر لطف ہے املا میں میرے یار کے یاد
جائے حطی سے گدح لکھتا ہے ہوز سے ہوار

[1] جو حکم ہم منسوخ کردیں یا بھلادیں تو اس کی جگہ اس سے بہتر یا اس جیسا لاتے ہیں۔

کلید حکمت۔ اس کتاب میں سر سے پاؤں تک کی ہر ایک (۱۳۲) مرض کا علاج و نسخہ جات بتائے ہیں۔ جلد اول عہ۔ دوم عہ۔ (منیجر اہلحدیث)

علاوہ اس کے واستغفروہ کو قیام سے متعلق کرنا بھی خلاف قواعد نحویہ ہے۔ کیونکہ یہ جملہ انشائیہ اپنی جگہ پر مستقل ہے۔ اگر آپ کا ترجمہ مقصود ہوتا تو کلام اللہ کے الفاظ یوں ہوتے :-

فَاسْتَقِيْمُوْا اِلَيْهِ مُسْتَغْفِرِيْنَ اَوْ تَسْتَغْفِرُوْنَ

تاکہ یہ دونو لفظ استقیموا کی ضمیر مرفوع سے حال بن کر آپ کا مطلب ادا کر سکتے۔ لیکن حالت موجودہ میں آپ کا بیان اس آیت کے ماتحت ہے :-

اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ[1]

مصنف مذکور نماز میں ہاتھ باندھنے کا ثبوت قرآن سے دیتے ہیں وہ ثبوت ایسا ہے کہ ناظرین اسے پڑھ کر ہنسیں گے اور اہل قرآن کے علم و انصاف کی داد دینگے آپ لکھتے ہیں کہ :-

"تکبیر پڑھنے کے بعد ہم کو اذکار قیام شروع کرنا چاہئیے۔ جیسا کہ پیشتر واضح ہو چکا ہے۔ لیکن اذکار قیام کے وقت ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ ہر مومن کو اللہ تعالےٰ کے حضور میں دست بستہ کھڑا ہونا چاہئیے۔ جیسا کہ موسیٰ رسول اللہ سلام علیہ کو اللہ تعالےٰ نے ہدایت فرمائی تھی۔ ملاحظہ ہو آیت ذیل :-

"اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ (پ ۲۰- ع ۷)

داخل کر تو (اے موسیٰ) یَدْ یعنی برہان بشارت اپنا بیچ گریبان یعنی سینے اپنے کے نکلے گا وہ سورج مانند ہو کر بغیر کسی غم کے خوشخبری دینے والا اور پنجہ کے ساتھ پکڑ لے تو (اے موسیٰ) ساتھ اپنے ہاتھ اپنا اللہ سے ڈرتا ہوا۔"

آیت مندرجہ بالا میں موسیٰ سلام علیہ کا گریبان یعنی سینے میں ہاتھ داخل کرنے سے کسی کو اختلاف نہیں ہے البتہ اضمم الیک جناحك کے معنی میں اختلاف ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہم اضمم کی لغت بیان کردیں۔ تاکہ ناظرین کو ہمارے معنی میں شک و شبہ پیدا نہ ہو۔ قاموس میں ہے الضم تبض الشی الی الشی اور منتخب اور صراح اور منتہی الارب میں قبض کا ترجمہ اس طرح مذکور ہے۔ قبض گرفتن بہ پنجہ لہٰذا اضمم الیک جناحك کا ترجمہ کیا گیا ہے پنجہ کے ساتھ پکڑ لے تو (اے موسیٰ) ساتھ اپنے ہاتھ اپنا بدیں وجہ ہر مومن کو قیام میں سینہ پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا چاہئیے۔ اس طرح کہ بایاں ہاتھ اپنے سینے میں داخل کرکے داہنے ہاتھ کے پنجے سے بایاں ہاتھ پکڑ لینا چاہئیے۔ ہو سکتا ہے کہ داہنا ہاتھ اپنے سینے میں داخل کرکے بائیں ہاتھ سے گرفت کی جائے۔ لیکن صحیح گرفت داہنا ہاتھ ہی کرتا ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اہل حدیث کی طرح داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ کی کلائی پکڑ لی جایا کرے۔ لیکن اس طرح بایاں ہاتھ پوری طرح سینے پر نہ آئے گا اور اگر پوری طرح داخل بھی کر لیا گیا تو اس حالت میں کلائی پکڑنے سے داہنے ہاتھ کو تکلیف رہے گی اور قریب کھڑے ہوئے مصلی کو بھی تکلیف ہوگی کیونکہ داہنے ہاتھ کی کہنی علیحدہ نکلی رہے گی۔ پس بایاں ہاتھ پوری طرح سینے پر داخل کرکے داہنے سے بائیں ہاتھ کی کہنی کے اوپر پکڑنا چاہئیے۔ جس سے کسی کو تکلیف نہ ہوگی اور حکم خداوندی کی تعمیل بہ آسانی ہو سکے گی۔" (رسالہ مذکور ص ۴۸)

ناظرین! کیا ہی اچھا استدلال ہے۔ انصاف کیجئے کہ مصنف کا یہ استنباط بہتر اور قابل قبول ہے یا قرآن مجید کے معلم اول کا ارشاد جنہوں نے نماز میں ہاتھ باندھنے کا حکم صاف الفاظ میں دیا ہے۔ ہم مصنف سے اس کی عبارت ذیل کا مطلب پوچھنا چاہتے ہیں۔ جس کے الفاظ یہ ہیں کہ :-

"بدیں وجہ ہر مومن کو قیام میں سینہ پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا چاہئیے۔ اس طرح کہ بایاں ہاتھ اپنے سینے میں داخل کرکے داہنے ہاتھ کے نیچے سے بایاں ہاتھ پکڑ لینا چاہئیے۔ ہو سکتا ہے کہ داہنا ہاتھ سینے میں داخل کرکے بائیں ہاتھ سے گرفت کی جائے۔ لیکن صحیح گرفت داہنا ہاتھ ہی کرتا ہے۔" (صلوٰۃ المرسلین ص ۴۸)

بتائیے۔ آپ نے آیت موصوفہ میں کتنے تصرفات کئے ہیں اور ان تصرفات کے باوجود آپ کا مدعا ثابت نہیں ہوا اس بات کو ہم ناظرین کے فہم و فراست پر چھوڑتے ہیں مصنف صاحب! اتنا تو ضرور بتائیں کہ "بایاں ہاتھ اپنے سینے میں داخل کرکے داہنے ہاتھ کے پنجے سے گرفت کرنے" کے کیا معنی ہیں اور اس کی کیا صورت ہے؟ آگے چل کر مصنف نے اور گل کھلائے ہیں آپ لکھتے ہیں کہ :-

"یہ تو پیشتر ثابت ہو چکا کہ قیام میں دعاء مغفرت مانگنا چاہئیے اور جملہ انبیاء سلام علیہم کا بھی یہی عمل تھا۔ لیکن عقلاً ہر گذارش کے ساتھ حاکم کی تعریف و توصیف بھی ضروری چیز ہے اسی لئے اللہ تعالےٰ نے بھی حکم صادر فرمایا ہے کہ تم اپنی دعائیں اسماء حسنیٰ اور حمد کے ساتھ کیا کرو۔ جیسا کہ آیت ذیل سے ظاہر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ

۱- وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (پ ۹- ع ۱۱)	ترجمہ- اور موجود ہیں واسطے اللہ کے نام اچھے یعنی نام صفاتی پس دعا کیا کرو ساتھ اُن کے۔"

بموجب حکم مندرجہ بالا ہمیں دعائیں اسماء حسنیٰ کے ساتھ کرنا چاہئیے اور یہ اسماء حسنیٰ اللہ تعالیٰ نے پارہ اٹھائیس رکوع ۶ میں مہیا فرما دیئے ہیں جن کو ہم اس بیان کے آخر میں جملہ آیات قیام کے ہمراہ بغرض آگاہی ناظرین درج کریں گے۔

۲- فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ (پ ۳۰ ع ۳۶)

ترجمہ :- سو تو صلوٰۃ ادا کیا کر ساتھ حمد رب اپنے کے اور بخشش مانگ اُس سے۔"

۳- وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ (پ ۲۷ ع ۳)

ترجمہ :- اور صلوٰۃ ادا کیا کر ساتھ حمد رب اپنے کے

---

[1] کیا تم خدا کو اس چیز کی خبر دیتے ہو جسے وہ آسمانوں اور زمین میں نہیں جانتا۔

(نظارت زندگی - نوجوانوں کے لئے خاص ہدایات ۱۹۴۱ء)

حالانکہ قیام کرے تو۔

آیات مندرجہ بالا سے واضح ہے کہ قیام میں دعا استغفار کے ساتھ رب کریم کی حمد بھی کرنا چاہیئے - اب ہم ایسی آیات پیش کرتے ہیں جو حمد کے لئے سورہ الحمد شریف کو مخصوص کرتی ہیں۔

هُوَ الْحَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۗ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ (پ ۲۴ - ع ۱۳)	وہ اللہ ازلی ابدی زندہ ہے نہیں کوئی معبود یعنی لائق فرماں برداری کے غیر اس اللہ کا پس دعا کیا کرو تم اس اللہ کے

حضور میں خالص کرنے والے ہو کر واسطے اس کے اس کی توحید (ساتھ) الحمد للہ رب العلمین۔

اس جگہ ادعوا کا مفعول ثانی الحمد للہ رب العلمین جملہ ہے جو محلاً منصوب بہ نزع خافض ہے کیونکہ ادعوا کا مفعول ثانی ساتھ با حرف جار کے آتا ہے - پس اس فرمان ربی میں سورہ الحمد کی طرف اشارہ ہے کیونکہ سورہ الحمد میں حمد بھی ہے اور دعا بھی ہے - لہٰذا بذریعہ الحمد شریف کے دعا کرنے کا حکم ہوا ہے - ایک اور آیت ملاحظہ ہو - جس سے اس مفہوم کی تائید ہوتی ہے -

وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ (پ ۱ - ع ۵)	ترجمہ - اور استعانت مانگو ساتھ صبر اور صلوٰۃ کے

قرآن شریف بھر میں لفظ نستعین صرف سورہ الحمد شریف میں آیا ہے - پس لازم ہے کہ سورہ الحمد شریف کے ذریعہ صلوٰۃ میں دعا استعانت کی جائے جو کہ خوبیوں میں اس قدر افضل ہے کہ قرآن حکیم کے جملہ مضامین کا خلاصہ اس میں موجود ہے - اور رب کریم کی حمد بھی اس میں اعلیٰ پیمانہ پر کی گئی ہے - اس لئے ہر مومن کا فرض ہے کہ بموجب احکام خداوندی دعاء استغفار کے ساتھ الحمد شریف کی تلاوت بھی کیا کرے "

(صلوٰۃ المرسلین از صفحہ ۴۸ تا صفحہ ۵۰)

ناظرین کرام! | قطع نظر اس کے کہ مصنف اپنے دعوےٰ میں کامیاب ہوا ہے یا نہیں - ہمیں خوشی ہے کہ وہ بھی ہے - ساتھ اس امر میں متفق ہو گیا ہے کہ سورہ الحمد نماز میں بہرحال ہر نمازی کو پڑھنی چاہیئے - حالانکہ اسی رسالہ کے صفحہ ۲۵ پر اس نے سورہ الحمد پڑھنے کا ثبوت ہم سے طلب کیا ہے مگر یہاں آ کر خود ہی اس کا ثبوت دیدیا ہے - معلوم نہیں کہ یہ ہمارے صبر کا نتیجہ ہے یا خدائی تصرف ہے -

اب ہم اس کے استدلال پر نظر کرتے ہیں -

مصنف سُبّح کا ترجمہ نماز پڑھا کرتا ہے - حالانکہ ہم قاموس کے حوالہ سے بتا آئے ہیں کہ سُبّح کے اصلی معنی ہیں قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ یعنی سبحان اللہ کہو - ملاحظہ ہو اہلحدیث مورخہ ۱۲ - مئی - صفحہ

بہرحال ناظرین غور فرمائیں کہ یہ لوگ حدیث نبوی کو چھوڑ کر کس مصیبت میں پھنسے ہیں اور اپنے اعمال اور عقائد کو کس سینہ زوری سے کرتے ہیں۔ (باقی)

قادیانی مشن

مامور اور مصلح اخلاقی لحاظ سے بہت بلند ہوتا ہے

اخبار "پیغام صلح" مورخہ ۲۷ - مارچ سنہ رواں میں عنوان بالا سے ایک مضمون شائع ہوا تھا جو آج ۳۰ - مئی کو ہماری نظر سے گذرا جسے دیکھ کر ہم بہت خوش ہوئے - کیونکہ یہ عنوان ہمارے اور امت مرزائیہ (بہر دو صنف) کے درمیان فیصلہ کن ہے ہم اپنے معلومات کی بنا پر کہہ سکتے ہیں کہ قادیانی تحریک کے لئے دو ہی امور فیصلہ کن ہیں - سب سے پہلے مرزا صاحب کا آخری فیصلے والا اعلان - دوسرے مذکورہ بالا عنوان - آخری فیصلے کے متعلق تو اہلحدیث ۲۶ مئی میں کافی بحث ہو چکی ہے - آج ہم اس عنوان کے ماتحت امت مرزائیہ کے مامور اور مجدد کو جانچتے ہیں - سب سے پہلے اخلاق کی تعریف ہو جانی چاہیئے - اخلاق نویسوں نے اخلاق کی مختلف تعریفیں اور قسمیں بتائی ہیں - مثلاً شیخ سعدی مرحوم فرماتے ہیں ؎

آنچہ بخود نہ پسندی بدیگراں مپسند

یعنی جو کچھ تم اپنے لئے پسند نہیں کرتے وہ دوسروں کے لئے پسند نہ کرو - مثلاً بدگوئی اگر تم اپنے لئے نہیں چاہتے تو دوسروں کے حق میں بھی بدگوئی نہ کیا کرو - استاد صائب ایرانی کہتے ہیں ؎

دہن خویش بدشنام میالا صائب

کیں زر قلب بہر کس کہ دہی باز دہد

قرآن شریف نے اخلاق کے متعلق بڑا تاکیدی حکم فرمایا ہے - اسی لئے اخلاق کی تعریف بھی مستنبط ہو سکتی ہے - غور کیجیئے کس محبت اور مودت سے ارشاد ہوتا ہے

قُلْ لِعِبَادِي يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوًّا مُبِينًا

یعنی میرے بندوں سے کہہ دو کہ جو بات کہا کریں بہت اچھی کہا کریں - شیطان سخت گوئی سے ان میں فساد ڈلوا دیگا کیونکہ شیطان انسان کا صریح دشمن ہے -

اخلاق کی یہ تعریفات سب کو مسلم ہیں اس لئے ان کو معیار قرار دیکر طول دینا کچھ ضروری نہیں بلکہ قادیانی مصلح کو ان پر جانچنا ہمارا مقصد ہے کیونکہ پیغام صلح نے اس عنوان کے ماتحت مرزا صاحب (مصلح قادیانی) کے حق میں لکھا ہے :-

"ابھی زمانہ قریب ہی میں ایک مرد کامل کا ظہور ہوا - ایک بہت بلند اخلاق کا انسان دنیا کے ایک غیر معروف مقام سے اٹھا اور اس کا اٹھنا قیامت ہو گیا - اس سے تمام مذہبی دنیا میں اپنی اخلاقی اور علمی شوکت سے شدید رد عمل پیدا کیا - اس کی اخلاقی اور علمی عظمت پر متعصب دشمنوں نے بھی شہادت دی ہے - اس عظیم الشان انسان کے سانحہ ارتحال پر تمام اسلامی دنیا نے

الہامات مرزا - مرزا صاحب کے مشہور الہامات (۵۰) کی واقعات سے تردید - قیمت ۸ر پتہ:- منیجر اہلحدیث -

ahmadimuslim.de

کوئی غلطی محسوس نہیں کرتے کہ بحیثیت تصنیف اور شستہ کلامی کے سرسید احمد خان مرزا صاحب کی نسبت اعلیٰ مرتبہ پر تھے گو وہ بھی اخلاق حسنہ کا اعلیٰ نمونہ نہ تھے۔ کیونکہ آپ علمائے اسلام کے حق میں بحالت خفگی کوڑ مغز ملاں اور شہوت پرست زاہد وغیرہ الفاظ استعمال کرجاتے تھے (اللھم غفرانا)

مختصر یہ ہے کہ ہم قادیان کے مصلح اعظم اور مسیح موعود کو اخلاقی حیثیت سے کسی بلند پایہ پر نہیں دیکھتے باوجود اسکے جب ہم انکے اتباع کو ان کے اخلاق کی تعریف کرتے ہوئے پاتے ہیں تو ہمارے منہ سے بے ساختہ یہ شعر نکل جاتا ہے

نہ عارض نہ زلف دوتا دیکھتے ہیں
خدا جانے وہ ان میں کیا دیکھتے ہیں

ماتم کیا؟ (پیغام صلح لاہور ص۳۔ ۲۴ مارچ)

اہلحدیث پیغام کا یہ قول محض دعویٰ ہے جس کا ثبوت اس نے نہیں دیا۔ اس لئے اس کا کام ہم ہی کئے دیتے ہیں۔ تاکہ قادیانی مصلح کا اخلاق پرکھا جائے آپ علمائے اسلام کے حق میں کیا ہی لطیف فقرات فرماتے ہیں:۔

(۱) اے بدذات فرقہ مولویاں
(۲) اے یہودی خصلت مولویو! } انجام آتھم

(۳) مولوی محمد حسین۔ مولوی احمد اللہ۔ ثناء اللہ جھوٹے ہیں۔ کتوں کی طرح جھوٹ کا مردار کھارہے ہیں۔ (ضمیمہ انجام آتھم ص۲۵)

(۴) میرے منکر بغایا (کنجنیوں) کی اولاد ہیں۔ (آئینہ کمالات اسلام ص۵۴۷)

(۵) اس نالائق نذیر حسین (حضرت میاں صاحب مرحوم دہلوی) اور ان کے ناسعادت مند شاگرد محمد حسین بٹالوی کا یہ افترا ہے۔

(مواہب الرحمن ص۱۲۵)

کہاں تک لکھیں۔ ہم نے مرزا صاحب کے اس قسم کے اخلاقی فقرات اور ان کے ساتھ ہی آریوں کے گرو سوامی دیانند کی شیریں کلامی کے نمونے ایک رسالے کی صورت میں جمع کردیئے ہوئے ہیں۔ جس کا نام "دو ربیفارمرز" ہے۔ غالباً اس کے جواب میں کہا جائیگا کہ علمائے اسلام نے جب مرزا صاحب کے حق میں سخت کلامی سے کام لیا تو مرزا صاحب نے بھی ان کو ایسا دیسا لکھا۔

ہمارے خیال میں یہ جواب مبطل الزام نہیں بلکہ مؤید الزام ہے۔ کیونکہ علمائے اسلام نے اگر بداخلاقی کی ہے تو اپنے فعل کے وہ ذمہ دار ہیں۔ نہ وہ مہدی معہود ہیں نہ مسیح موعود۔ لیکن مہدویت اور مسیحیت کے مدعی کو تو جواب میں بھی بداخلاقی سے کام لینا روا نہیں۔ ورنہ اس میں اور اسکے مخالفین میں کیا فرق رہے گا۔

ہم سے کوئی پوچھے تو ہم خدا لگتی بات کہنے میں

سلطان قیمت عمر ہتہ ۔۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

(قسط نمبر ۱۲)

(از قلم منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

صحابہ کرام کی تعریف سے قرآن بھرا پڑا ہے۔ پھر خلفاء اربعہؓ ان میں سے بھی خلیفہ اول و دوم رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی جو شان ہے وہ کسی پر مخفی نہیں آج اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ میں ان سے بڑھ کر آنحضرت کا عاشق ہوں یا ان سے زیادہ متبع رسول علیہ السلام ہوں تو میں کیا دنیا کا ہر وہ انسان جس نے صحابہ کے حالات پڑھے ہیں بلاتامل کہہ اٹھیگا کہ یہ شخص پرلے سرے کا شیخی باز بلکہ کذاب ہے۔ باوجود صحابہ کرام کی اس قدر علو شان کے بھی ان میں سے کسی کو نبی نہ بنایا گیا حالانکہ ان میں ایسے انسان موجود تھے جو نبوت کے بار گراں کو اٹھا سکتے تھے۔ چنانچہ ترمذی شریف میں فرمان نبوی موجود ہے کہ

لوکان بعدی نبی لکان عمر

یعنی تقدیر الٰہی میں میرے بعد اگر کسی شخص کو مقام نبوت دیا جانا مقدر ہوتا تو عمرؓ کو دیا جاتا

اس حدیث سے صاف واضح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امت محمدیہ میں خدا کے علم و تقدیر کے اندر کسی نبی کی بعثت مقرر ہی نہیں۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے فنافی الرسول "آنحضرت کی عکسی تصویر" اور ظلی محمد علیہ السلام (ملاحظہ ہو مرزا صاحب کی کتب فتح اسلام ازالہ ص۱۴۲ ط۲۔ ایام الصلح ص۲۹) کو محض اسی لئے نبوت نہ دی گئی کہ نبوت ختم ہوچکی تھی۔

اسی طرح ایک اور حدیث میں فرمایا ہے کہ

کانت بنو اسرائیل تسوسھم الانبیاء کلما ھلک نبی خلفہ نبی وانہ لا نبی بعدی وسیکون خلفاء فیکثرون (بخاری)

یعنی بنی اسرائیل میں یہ سلسلہ رہا ہے کہ جب ایک نبی فوت ہوتا اس کا خلیفہ بھی نبی ہوتا مگر میرے بعد ایسا نہیں ہوگا کیونکہ میرے بعد نبی ہی نہیں ہاں خلفاء بکثرت ہونگے۔

اس فرمان نبوی صلعم نے تو امت کو ظلی و بروزی بھول بھلیوں سے بچانے کے لئے تصریحاً بتا دیا کہ میرے بعد خلیفے تو بے شک ہونگے مگر نبی ہرگز نہ ہوگا باوجود اس قدر کھلی کھلی ہدایات کے بھی نہ ماننے والوں نے نہ صرف یہ کہ نہ مانا بلکہ الٹا ان تصریحات نبویہ کو محرف کرکے اجراء نبوت کا مسئلہ ان سے نکالنے کی کوشش کی۔ چنانچہ خلیفہ صاحب قادیانی نے ان احادیث پر یہ گوہر افشانی فرمائی ہے:۔

"ان (احادیث) سے صرف اتنا معلوم ہوتا کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے معاً بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ ہم اس کے مخالف نہیں کہتے۔ اللہ تعالیٰ نے اس جگہ یہی بیان فرمایا کہ پچھلے نبیوں کے بعد جلد ہی ان کی قومیں خراب

تحریرات مرزا - مرزا صاحب کی تحریرات سے مرزا (۱۱۱) جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے - قیمت ۸/ پتہ - منیجر دفتر اہلحدیث

ہو جاتی تھیں مگر نبی) امت ایک ہزار کے سال کے عرصہ میں خراب ہو گی تو ایک شخص مقام نبوت پر کھڑا ہو گا۔

(ریویو ماہ ستمبر ۱۹۳۸ء صلا)

معمار ہم نے خلیفہ جی کے اس مضمون کو آگے پیچھے نیچے اوپر ہر طرح سے دیکھا۔ بخدا ہماری سمجھ میں نہیں آیا کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ ہم نے احادیث نبویہ کو بھی دیکھا جن پر اس وقت گفتگو ہو رہی ہے ان میں کوئی ایک فقرہ موجود نہیں۔ جس کا یہ ترجمہ ہو کہ آنحضرت کی امت ہزار سال میں خراب ہو جائیگی تو ایک نبی مبعوث کیا جائیگا۔

نہ معلوم خلیفہ صاحب یہ سطور لکھتے وقت کہاں تھے۔ بہرحال اس میں کچھ راز ہے۔ جسے کھولنا خلیفہ صاحب یا اڈیٹر صاحب ریویو کا کام ہے۔

رہ گیا یہ امر کہ خلیفہ جی نے اس جگہ "لا نبی بعدی" کے معنی معًا بعد کئے ہیں۔ سو اس کے متعلق میرا پہلا سوال خلیفہ صاحب سے یہ ہے کہ آپ تو لا نبی بعدی کے معنے "خاتم نبوت" کرتے آئے ہیں۔ یہاں آکر اس ترجمہ کو کیوں چھوڑ دیا؟ ؎

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

قارئین کرام! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ لا نبی بعدی اگرچہ متعدد بار فرمایا ہے مگر مضمون ایک ہی ہے۔ خلیفہ صاحب نے اگست ۱۹۳۸ء کے پرچہ میں مسئلہ اجرا نبوت کے راز کو لفظ مبشرات میں مستور بتا کر الفاظ فلا رسول بعدی ولا نبی کی شرح یہ کی تھی کہ:-

"اگر آنحضرت نے یہ بات کھول کر بیان کر دی ہوتی کہ وہ نبوت ختم ہے جو شریعت والی ہے (یا جو) براہ راست ملتی ہے۔ لیکن بغیر شریعت اتباع محمدی میں نبوت جاری ہے تو جھوٹے مدعی بھی دعویٰ کرتے (صفحہ) اس لئے یہ نہایت ضروری تھا کہ ان کے ذہنوں میں یہ بات ڈال دی جاتی کہ کوئی نبی نہیں آئیگا۔"

(ریویو بابت اگست صفحہ ۲۹)

یعنی لا نبی میں ہر قسم کی نبوت کا ختم ہونا مراد ہے۔ اس کے بعد دوسرا پلٹا کھایا تو ریویو ستمبر ۱۹۳۸ء صلا پر لکھا کہ "بعدیت سے مراد (نبوت) کا خاتمہ ہے" یعنی آنحضرت کی نبوت کو ختم کر کے کوئی نبی نہیں آسکتا تابع شریعت نبی آسکتا ہے۔ یہ معنی ہیں لا نبی بعدی کے۔

اب یہاں آکر یہ نیا رنگ اختیار کیا ہے کہ بعد سے "معًا بعد" مراد ہے۔ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے ساتھ ہی نبی نہیں ہو سکتا۔ ہاں کچھ سو سال بعد ہو سکتا ہے۔ اس کو ڈھ پر کھاج یہ۔ آگے جو مضمون آنے والا ہے اس میں بھی خلیفہ صاحب آپ کو پھر یہی کہتے نظر آئیں گے کہ لا نبی بعدی کے معنے خاتم نبوت ہی ہیں۔ (ریویو۔ اکتوبر ۱۹۳۸ء صلا) آہ! صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاصنع ما شئت

لفظ بعدی پر چونکہ ہم گذشتہ نمبروں میں کافی بحث کر آئے ہیں۔ اس لئے مزید ضرورت نہیں۔

ہاں یہ بات ہم مکرر عرض کئے دیتے ہیں کہ احادیث زیر نظر کے الفاظ اس تاویل کے قطعًا متحمل نہیں ہیں کہ آنحضرت کے معًا بعد تو خلافت ہو گی مگر کچھ عرصہ بعد نبوت کا دور شروع ہوگا۔ ملاحظہ ہو۔ آپ کے والد صاحب بھی اس امر میں ہمارے ہمنوا ہی ہیں۔ وہ راقم ہیں:-

(الف) "قرآن شریف سے ثابت (ہے) کہ اس امت مرحومہ میں سلسلہ خلافت دائمی کا اسی طور قائم ہے جو حضرت موسیٰ کی امت میں تھا۔ صرف اسقدر لفظی فرق رہا کہ اس وقت تائید دین کے لئے نبی آتے تھے اور اب محدث آتے ہیں۔"

(شہادت القرآن صلا ط ۲)

(ب) "بیعت کرنے والے کے لئے ان عقائد کا ہونا ضروری ہے کہ کوئی نئی شریعت اب نہیں آسکتی اور نہ کوئی نیا رسول آسکتا مگر ولایت اور امامت اور خلافت کی راہیں قیامت تک کھلی ہیں۔ وحی رسالت ختم ہو گئی مگر ولایت، امامت، خلافت کبھی ختم نہ ہوگی۔" (مکتوب مرزا مندرجہ رسالہ تشحیذ الاذہان ۲ جلد ۱ صفحہ ۲۳)

(ج) "ہم بھی مدعی نبوت پر لعنت بھیجتے ہیں اور آنحضرت کی ختم نبوت پر ایمان رکھتے ہیں اور وحی نبوت نہیں بلکہ ولایت کے ہم قائل ہیں۔" (اشتہار مرزا مندرجہ تبلیغ رسالت جلد ۶ صفحہ ۲)

(د) "ہمارے رسول خاتم الانبیاء ہیں۔ بعد آنحضرت کے کوئی نبی نہیں آسکتا۔ اس لئے اس شریعت میں نبی کے قائمقام محدث رکھے گئے ہیں۔"

(شہادت القرآن صفحہ ۲۸ ط ۲)

پس ہمارا اور مرزا صاحب کا عقیدہ متعلق ختم نبوت متفق ہے۔ اس کے بعد تبعین مرزا نے جو ایجاد کی وہ ان کی غرض فاسد پر مبنی ہے۔ اس سے ہم متفق نہیں۔

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن

قرآن مجید کے مفسروں نے اپنے اپنے مذاق کے مطابق الگ الگ طریقے اختیار کئے۔ بعضوں نے روایات کے ماتحت تفسیریں کیں۔ بعض نے علم کلام کے ماتحت باوجود ان میں عملی اختلاف کے ان سب میں ایک اصول متفقہ تھا اور ہے۔ القرآن یفسر بعضہ بعضًا (بہترین تفسیر وہ ہے جو قرآن کی ایک آیت دوسری آیت سے ملے)۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ خدا تعالیٰ نے اگر کسی آیت میں اجمال سے کام لیا، تو اس کی تفصیل دوسری آیت میں فرمائی۔

درس قرآن میں مجھے یہ طریق بہت پسند آیا۔ میں نے چاہا کہ مسلمانوں میں تفسیر کے متعلق یہ مذاق پیدا ہو جائے جو سب علماء مفسرین کا متفقہ چلا آیا ہے یعنی تفسیر القرآن بالقرآن۔

اس خیال کے ماتحت میں نے تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن بتوفیقہ لکھی جسکو ملک کے ہر گوشہ میں عمومًا، ممالک عربیہ (مصر وغیرہ) میں خصوصًا اسکو قبولیت حاصل ہوئی میں اس خیال میں تھا کہ مصر میں اس کو طبع کرایا جائے۔ خدا نے مسبب الاسباب نے مصر کے ایک مطبع والے کے دل میں ڈالا۔ انہوں نے مجھ سے اسکے طبع کرانے کی اجازت پوچھی۔ میں نے بخوشی اجازت دیدی۔ وہاں سے طبع ہو کر آنے میں شائد دیر ...

لئے گی خدا جانے وہ قیمت کیا دکھیں۔ اس لئے میں کم استطاعت شائقین تک تفسیر پہنچانے کیلئے اعلان کرتا ہوں کہ بجائے چار روپیہ کے قیمت تین روپیہ کردی گئی ہے۔ ناظرین تفسیر کا طریقہ دیکھیں اور اس کو غور سے پڑھیں تو وہ اس طرز کلام کو غیر مسبوق پائیں گے۔

یہی بھول چوک سو انسانی فطرت کا لازمہ ہے۔

اما السہو و النسیان فقل ما یخلو منہ الانسان ؎

بمنزلِ ند نشیدہ ام عیب جو (سعدی)

پس شائق ناظرین تفسیر دیکھنے میں جلدی کریں۔

(ابو الوفاء)

بریلوی مشن

امرتسر میں ایک اور بدعت کی ایجاد

پہلی بدعات ہی ختم ہونے میں نہیں آتی تھیں کہ آئے دن نئی بدعتیں نکل رہی ہیں۔ ہمارے سامنے ایک بدعت پیدا کی جاتی ہے اور اسکو بڑی شان کے ساتھ ترقی دیکر کہا جاتا ہے کہ یہ عظمت اسلام کا کام ہے۔ حالانکہ اس کی ایجاد اور عمل کرنے والے اسلام کا نمونہ اپنے میں نہیں دکھاتے۔ نہ شکل میں نہ صورت میں نہ اعمال میں۔ اسی طرح کسی زمانے میں تعزیے کی رسم جاری ہوئی تھی جو ترقی پاکر آج ایک اسلامی تہوار بنایا گیا۔ اس کے بعد میلاد النبی کی رسم جاری ہوئی۔ وہ بھی ترقی پاکر ایک اسلامی تہوار بن گیا۔ اب امرتسر میں ایک نئی بدعت ایجاد ہوئی ہے۔ جس کا نام ہے:۔

"بڑے پیر صاحب کی گیارھویں کا جلوس"

اہل بدعت کو بدعتیں ایجاد کرنے کا ایسا شوق ہے کہ آئے دن کوئی نہ کوئی ایجاد کرتے رہتے ہیں جسکو بڑے انہماک سے ترقی دیتے ہیں۔

انجمن اہل حدیث امرتسر ایسی بدعات کا مقابلہ ہمیشہ کیا کرتی ہے۔ ہر موقعہ پر بذریعہ اشتہار مسلمانوں کو بدعت سے بچنے اور توحید و سنت کی ہدایت کرتی رہی ہے۔ خدا اس کو قوت بخشے اور اس کے کام میں برکت دے۔ چنانچہ اس موقعہ پر اس نے جو اشتہار تقسیم کیا وہ درج ذیل ہے:۔

"بڑے پیر صاحب کی گیارھویں اور نماز"

از انجمن اہل حدیث امرتسر

آج کل ایک بڑا اشتہار شہر امرتسر میں دیواروں پر چسپاں ہے۔ جس میں پیر صاحب کی گیارھویں کا جلوس نکالنے کا ذکر ہے۔ ہم اس جلوس کی بابت زیادہ کچھ کہنا نہیں چاہتے۔ اہالی امرتسر سب جانتے ہیں کہ یہ تو آجکل کی ایجاد ہے۔ کوئی دینی کام یا کار ثواب نہیں۔ ہاں جو کام ہم بتاتے ہیں وہ دینی کام، کار ثواب اور حضرت پیر صاحب جیلانی قدس سرہٗ کا پسندیدہ فعل ہے۔

برادران اسلام! اسلام میں سب سے بڑا کام نماز ہے۔ جس کی نماز مطابق سنت نبویہ اور موافق تعلیم بڑے پیر صاحب ہوگی وہ قبول ہوگی۔ اس بات میں کسی کو اختلاف نہیں۔ اس لئے ہم حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیم متعلقہ نماز پیش کرتے ہیں۔ حضرت پیر صاحب اپنی مشہور کتاب غنیہ میں نماز کا طریقہ یوں فرماتے ہیں:۔

اَمَّا الْھَیْئَۃُ فَخَمْسٌ وَ عِشْرُوْنَ ھَیْئَۃً رَفْعُ الْیَدَیْنِ عِنْدَ الْاِفْتِتَاحِ وَالرُّکُوْعِ وَالرَّفْعِ مِنْہُ ثُمَّ اِرْسَالُھُمَا بَعْدَ الرَّفْعِ وَ وَضْعُ الْیَمِیْنِ عَلَی الشِّمَالِ فَوْقَ السُّرَّۃِ وَ النَّظْرُ اِلٰی مَوْضِعِ السُّجُوْدِ وَ الْجَھْرُ بِالْقِرَاءَۃِ وَ آمِیْنَ فَاِذَا شَرَادُ بِھِمَا الخ۔ (غنیۃ الطالبین مطبوعہ مصر ص)

یعنی حضرت پیر صاحبؒ فرماتے ہیں نماز اس طرح پڑھنی چاہئے۔ شروع میں دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر تکبیر کے ساتھ ناف سے اوپر ہاتھ باندھے۔ پھر رکوع کو جاتے ہوئے اور رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے اسی طرح ہاتھ اٹھائے جسکو رفع یدین کہتے ہیں۔ سجدہ کی جگہ پر نظر رکھے اور قراءۃ اور آمین بالجہر کرے (اور سریہ میں) آہستہ؛

برادران! یہ ہے بڑے پیر صاحبؒ کی تعلیم۔ کیا ہم کو یہ لازم ہے کہ ہم حضرت ممدوح کی فرمودہ ہدایت کے مطابق عمل کریں یا اپنے پاس سے کھیل تماشہ بنائیں

بھائیو! اللہ سے ڈرو۔ بزرگوں کی محبت کا دعوے کرتے ہو تو ان کی تعلیم پر عمل کرو۔ نہ یہ کہ تعلیم کو پس پشت ڈال کر من مانی کاروائی کرو اور کھیل تماشوں اور جلوسوں میں وقت ضائع کرو۔

بھائیو! ہم نے تو جو کہا وہ پیر صاحبؒ کی کتاب سے بتا دیا۔ آپ کے پاس بھی کوئی ثبوت ہے تو بتاؤ۔ جس سے ثابت ہو کہ گیارھویں کرنا اور جلوس نکالنا پیر صاحب نے کہاں فرمایا ہے۔ اللہ سے ڈرو اور مخلوق خدا کو غلطی میں نہ ڈالو۔ آخر مرنا ہے۔ یہ یقین رکھو

دنیا روزے چند عاقبت با خداوند

المشتہر:۔ سکرٹری انجمن اہل حدیث امرتسر۔ ۳۰ ۵/۴۹

حسنِ عمل

(از مولوی عبدالرحمن صاحب خلیل قریشی نظام آبادی)

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓی اَنْ یَّکُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْھُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓی اَنْ یَّکُنَّ خَیْرًا مِّنْھُنَّ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَکُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ؕ

قرآن پاک کی پاکیزہ اور صاف سادہ تعلیم نے سب سے اچھا اثر جو مسلمانوں میں ڈالا وہ ان کی ذہنی اور اخلاقی اصلاح اور درستی ہے۔ تمام بد اخلاقیاں

تفسیر واضح البیان۔ از مولانا ابو الوفاء ۔ (۶۱۸) اردو زبان میں ۔ قیمت

دور کرکے حسنِ اخلاق اور اصلاح بین الناس سکھلا کر مسلمانوں کو شرافت و تہذیب کے اعلیٰ معیار پر بلند کر دیا گیا۔

اسلامی مبلغین اور واعظین حضرات جہاں عوام الناس کو وعظ و تلقین کے ذریعہ قرآن و حدیث کی تعلیم سے واقف کرتے تھے، ہاں وہ بذاتِ خود بھی عمل و اخلاق کا مجسمہ ہوتے تھے اور یہی وجہ تھی کہ لوگ اسلام کی طرف کھچے چلے آتے تھے جب سے عمل گیا وعظ و تلقین کی محض رسم رہ گئی اثر بالکل مفقود ہو گیا۔ جن واعظین پر قرآن و حدیث کی تعلیم کا اثر تھا اور وہ اس رنگ میں رنگے ہوئے تھے۔ ان کی نیکی تہذیب اور شرافت حسن اخلاق احسن عمل قول لین دعوت بالموعظۃ والحکمۃ کے رنگ میں بہت جلدی مخاطبین رنگے جاتے تھے اور اُن کا یہ رنگ مستقل رنگ ہوتا تھا۔ لیکن جوں جوں زمانہ گذرتا گیا عمل و اخلاق ہاتھ سے چھوٹتا گیا۔ بدتہذیبی اور سوقیانہ پن نے سنجیدگی اور متانت کی جگہ لے لی۔ مذہبی واعظ بھی اُس قرآنی تعلیم کو چھوڑ کر اوچھے ہتھیاروں پر اتر آئے۔ عرصہ سے الفقیہ کے ایک سنئے نامہ نگار واعظ مولوی بشیر صاحب کا اخبار اہلحدیث میں چرچا ہو رہا ہے۔ مَیں جب چونڈہ میں تھا تو اُن دنوں یہ صاحب ابھی نو آموز واعظ تھے اور ان کے بتدیانہ مواعظ کا دیندار طبائع کچھ اچھا اثر قبول نہیں کر رہی تھی ہمیں بھی ان صاحب سے نیاز حاصل کرنے کا خیال ہُوا۔ لیکن اتفاق ایسا ہوتا کہ جہاں اس فقیر کی آمد کی آواز بلند ہوتی یہ نئے واعظ صاحب وہاں سرہمیں تشنۂ دیدار رکھ کر کسی اور جگہ تشریف لے جاتے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ حرف ضاد کے تلفظ کے متعلق میرا مضمون اخبار اہلحدیث میں شائع ہُوا تھا۔ برخوردار بشیر صاحب کے والد بزرگوار مولوی محمد شریف صاحب کوٹلوی اس مضمون پر بہت سٹ پٹائے۔ چونکہ دلائل بفضلہ مسکت اور خاموش کن تھیں۔ آپ سے جواب تو بن نہ آیا۔ لیکن ایک ملاقات کے موقع پر کچھ زبانی گفتگو ہوئی جس میں مولوی صاحب کی مایوسی قابلِ رحم تھی۔ آخر ایک گرامی نامہ میں اتنا پوچھنے کی جرأت فرمائی کہ تم جو اپنے آپ کو اہل حدیث اور عامل بالحدیث کہلاتے ہو کوئی حدیث ایسی دکھلاؤ جس میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ صریحًا فرمایا ہو کہ حرف "ض" کو ظاد پڑھا کرو اور دواد مت پڑھا کرو۔ مَیں یہ آپ کا نوازش نامہ پڑھ کر بہت خوش ہُوا اور غنیمت سمجھا کہ آخر کسی مسئلہ کی دلیل میں حدیث شریف کو قابل سند تو خیال فرماتے ہیں۔ وہ زمانہ تو ان کا تھا کہ اُنہوں نے بزرگوں کو دیکھا ہُوا تھا۔ اور ان کی تہذیب و تعلیم سے حسن اخلاق اور حسن تکلم سے اگر مکمل نہیں تو کم از کم اکثر حصہ میں واقف و آشنا تھے کہ اور نہیں تو اپنی کسی بات کو کم از کم کسی حدیث کی دلیل سے مبرہن کرنا باعث پختگی خیال فرماتے تھے۔ لیکن آج یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ صاحبزادہ صاحب کے ملفوظات طیبات اس قدر شوخ اور بے باکانہ ہوتے ہیں۔ جس میں اُن کو نہ قرآن اور نہ حدیث کی ضرورت و احتیاج بلکہ وہ اپنی واعظانہ شان کو اس سے اعلیٰ اور ارفع سمجھتے ہیں۔ چند دن ہوئے اخبار "اہلحدیث" میں مسدس حالی کی طرز پر واعظ صاحب کے اشعار بطور نقل شائع ہوئے تھے وہ پرچہ اس وقت میرے سامنے نہیں۔ صرف ایک لفظ کو مَیں اس وقت سامنے رکھتا ہوں جو میرے لئے باعث قلق ہُوا۔ میرے لئے کیا بلکہ ہر ایک مسلمان اس کو اخلاقی موت سمجھتا ہے۔ مخالفین کو ایسے سوقیانہ الفاظ سے مخاطب کرنا جن کو وہ مکروہ سمجھتے ہوں کس حد تک اسلامی تعلیم کے مطابق ہے۔ قرآن شریف سخت ترین دشمن کے مقابلہ میں بھی شیریں زبانی کی تاکید فرماتا ہے۔ حضرت ہارون و موسیٰ علیہما السلام کو فرعون کی قوم کی تبلیغ کے لئے بھیجا تو حکم ہُوا کہ قولا له قولا لينا "ان سے بات نرم کرنا"۔ لیکن یہاں معاملہ برعکس ہے۔ مولوی بشیر صاحب جماعت حقہ اہل حدیث کثر اللہ سوادہم کو لفظ "وہبڑے" سے پکار کر اپنی خانگی تعلیم کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔ حالانکہ قرآن کریم کا صریح اور صاف ارشاد ہے جو چشانی کی آیات سے ظاہر ہے کہ مسلمانو! کوئی قوم کسی قوم کو تمسخر نہ کیا کرے شاید وہ لوگ اُن سے اچھے ہوں۔ کوئی عورت کسی عورت کو باعث استحقار سے نہ ٹھکرائے شاید وہ اُس سے اچھی ہو مسلمانو! ایک دوسرے کو عیب مت لگایا کرو اور ایک دوسرے کو غیر مہذب اور قبیح اور ناپسندیدہ الفاظ سے مت پکارا کرو۔ ایک مسلمان کے شایان شان نہیں ہے کہ کسی مخاطب بھائی کو اسے ناپسندیدہ اور فاسقانہ الفاظ سے اُسے چڑانے کے لئے پکارے۔

مَیں مولوی بشیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ ازراہ کرم فرمائیں کہ مؤمنین اہل حدیث کو[1] جنھوں نے اپنی سرفروشانہ سرگرمیوں سے ہندوستان میں کفر و شرک کی بنیادیں اکھاڑیں۔ قبر پرستی، پیر پرستی، مراسم شرکیہ اور بدعات سیئہ کو تن من دھن سے مٹانے کی کوششیں کیں۔ فضائے ہند میں توحید کی صدائیں بلند کیں۔ شرک اور غیر اللہ کی پرستش میں خلق اللہ بھٹک رہی تھی۔ اس جماعت نے ان کو توحید و حقیقت اسلام سے روشناس کرایا[2]۔ معاندین اسلام آریہ سماجی اور عیسائیوں سے حق و راستی کی حمایت میں فیصلہ کن مناظرے کئے۔ ملک کے کونے کونے میں صدائے توحید (حقیقی مقصد اسلام) بلند کی اس جماعت کے پیشواؤں نے علمی دلائل دیرا ہین بحثوں اور مناظروں سے تبلیغ و اشاعت علوم دینیہ سے مخالفین و معاندین اسلام کا ناطقہ بند کر دیا۔ ایسی جماعت کو جو ہادی اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اصلی اور سچی تعلیم کا مجسم نمونہ، حق و صداقت کی نشر و اشاعت میں دلیر بے باک اور جری ہے۔ ایسے "سوقیانہ" اور غیر مہذب الفاظ "وہبڑے" سے پکارنا کہاں کی اسلامی تہذیب ہے اور کہاں کی حنفیت ہے۔

اگر حقیقی حنفیت اور مقلدیت کا یہی مظاہرہ ہے

---

[1] اس کے متعلق کسی آیندہ اشاعت میں مفصل لکھونگا ان شاء اللہ تعالیٰ ذالك ذكرى للذاكرين۔ (خلیل)

[2] یہی بات تو باعث رنج ہے۔ اجعل الالهة الها واحدا۔ (خلیل)

اثبات التوحید۔ فرقہ بریلویہ کے اعتراضات کا (۶۱۹) منہ توڑ مدلل جواب۔ قیمت ۸ر پتہ: منیجر اہلحدیث

تو آپ کو مبارک ہو لیکن خدا کے لئے تمنا یاد رکھو علیہ حضرت سب اتفاقات کے استعمال سے علم اور تہذیب کو آگے آکے آزمودت دلاؤ۔ آپ ابھی نوجوان ہیں آپ میں جوش عمل ہے۔ لیکن عزیزم خدارا اس جوش کو اگر آپ مسلمانوں کی اصلاح اور اتحاد باہمی اور اصلاح ذات البین پر صرف کریں تو دین و دنیا میں سرخرو ہونگے۔ ورنہ زیادہ سے زیادہ آپکے معتقدین یہ کہہ کر خوش ہونگے کہ آج مولوی صاحب نے وہابیوں کی خوب خبر لی۔ اور آپ یہ تعریف سن کر خوش ہو جائینگے لیکن اگر آپ کے دل میں اللہ رب العالمین کا ذرہ بھی خوف موجود ہے تو خلوت میں آپ کا ضمیر ضرور آپ کو ملامت کریگا۔ اور قیامت کو جب اقرأ کتابك كفى بنفسك اليوم عليك حسيبا کے خطاب سے آپ مخاطب ہونگے۔ اسوقت کونسی خدمت اسلام آپ پیش کرینگے

ما نکے باتو گفتم وہل تر سیدم
کہ آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

حضرت مجدد الف ثانیؒ اور زمانہ حال کے اہل بدعت

بہت سے جاہل نام کے مسلمان، شہیدوں اور بزرگوں کے لئے مرغوں بکروں وغیرہ جانوروں کی نذریں مانتے ہیں اور جب اون کے پورا کرنے کا وقت آتا ہے تو اون جانوروں کو اون شہیدوں یا بزرگوں کی قبروں یا اون سے خصوصیت رکھنے والے کسی اور مقام پر لے جاکر ذبح کرتے ہیں (میاں کبیر کی گائے، شیخ سدو کا بکرا۔ سید سالار یا شاہ مدار کا مرغا یہ سب اسی قبیل سے ہیں) علمائے اہل سنت اس فعل کو "شرک" کہتے ہیں اور ہمارے زمانہ کے اہل بدعت "ایصال ثواب" کی تاویل سے اس سب خرافات کو ٹھیک درست اور ان ذبائح کو "حلال طیب" ٹھیراتے ہیں۔ اہل سنت اور اہل بدعت کا یہ بھی ایک مشہور نزاعی مسئلہ ہے۔ اب حضرت مجدد قدس سرہٗ کا فیصلہ اس بارہ میں ملاحظہ فرمائیے

"و حیوانات را کہ نذر مشائخ مے کنند و بر سر قبرہائے ایشاں رفتہ آں حیوانات ذبح مے نمایند، در روایات فقہیۃ ایں عمل را نیز داخل شرک ساختہ اند و دریں باب مبالغہ نمودہ ایں ذبح را از جنس ذبائح جن انگاشتہ اند کہ ممنوع شرعی است و داخل دائرۂ شرک"

(مکتوب ۴۱ دفتر سوم صفحہ)

اور بزرگوں کے لئے جو حیوانات (مرغوں بکروں وغیرہ) کی نذریں مانتے ہیں اور پھر ان کو ان کی قبروں پر لے جاکر ذبح کرتے ہیں تو فقہی روایات میں اس فعل کو بھی شرک میں داخل کیا ہے۔ اور فقہاء نے اس باب میں پوری شدت سے کام لیا ہے اور ان قربانیوں کو جنوں (دیوؤں اور دیویوں) کی قربانی کے قبیل سے ٹھیرایا ہے جو شرعاً ممنوع اور شرک ہیں۔

حضرت مجدد قدس سرہٗ کا یہ واضح فیصلہ ہے کہ جاہل قبر پرست شہیدوں اور بزرگوں کی نذر کے طور پر جو جانوروں کی قربانی کرتے ہیں وہ داخل شرک ہے نیز حضرت قدس سرہٗ کی اس تصریح سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ "روایات فقہیہ" میں بھی اس کو شرک ہی قرار دیا گیا ہے۔ اور "فقہا" کے نزدیک اسکی حیثیت "ذبائح جن" ہی کی سی ہے۔ یعنی ان جانوروں کی سی جن کی قربانی دیوؤں دیویوں یا پریوں کے لئے کی جاتی ہے۔

"لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ"۔

پیروں اور بیبیوں کا روزہ اور ایام معینہ میں خاص طریقوں اور مخصوص کھانوں کے ساتھ ہندوؤں کی قائم

بہت سے مقامات پر جاہل عورتوں میں ابتک رواج ہے کہ وہ اپنی حاجتوں کے لئے خاص خاص دنوں میں پیروں، شہیدوں اور بعض بیبیوں مثلاً حضرت بی بی فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے نام کے روزے رکھتی ہیں۔ اور ان کو اپنی حاجت برآری کا ذریعہ سمجھتی ہیں۔ علماء اہل سنت کے نزدیک یہ بھی داخل شرک ہے۔ اور اہل بدعت اس میں بھی ایصال ثواب کا وہی فرسودہ حیلہ نکال کر اسکو بھی جائز بلکہ امر مستحسن گردانتے ہیں۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ اس بارہ میں بھی صاف ارقام فرماتے ہیں:۔

"و ہم دریں عالم است صیام نساء کہ بہ نیت پیراں و بیبیاں نگاہ دارند و اکثر نامہائے ایشاں را از خود تراشیدہ روزہائے خود را بنام آنہا نیت کنند و در وقت افطار از برائے ہر روزہ خاص بوضع مخصوص تعین مے نمایند و تعین ایام نیز مے کنند از برائے صیام و مطالب و مقاصد خود را بایں روزہا مربوط مے سازند و بتوسل ایں روزہ از ایشاں حوائج مے خواہند و روائے حاجت خود را از آنہا مے دانند۔ ایں شرکت در عبادت است و بتوسل عبادت غیر حاجات خود را از ان غیر خواستن است شناعت ایں فعل را نیک باید دریافت ...... و حیلہ است آنچہ بعضے از زناں در وقت اظہار شناعت ایں فعل گویند کہ ما ایں روزہا برائے خدا نگاہ مے داریم و ثواب آں بہ پیراں مے بخشیم۔ اگر دریں امر صادق باشند تعین ایام از برائے صیام چہ درکار است و تخصیص طعام و تعین اوضاع شنیعہ مختلفہ در افطار برائے چیست"

(مکتوب ۴۱ دفتر سوم صفحہ)

اور شرک ہی کے قبیلہ سے ہیں عورتوں کے وہ روزے جو وہ پیروں اور بیبیوں کی نیت رکھتی ہیں اور ان میں سے اکثر کے تو نام بھی خود انہی کے تراشے ہوئے ہیں۔ اور انہی خود ساختہ ناموں پر وہ روزے رکھتی ہیں۔ اور ہر روزہ کے افطار کے لئے انہوں نے خاص طریقے مقرر کئے ہیں اور ان روزوں کے دن بھی الگ الگ مقرر ہیں۔ یہ عورتیں اور جاہل عورتیں اپنی حاجتوں کو ان روزوں سے وابستہ کرتی ہیں

اور ان روزوں ہی کے وسیلہ سے اپنی مرادیں ان پیروں یا بیبیوں سے مانگتی ہیں اور ان کی حاجت روائی کا اعتقاد رکھتی ہیں۔ اور یہ بلاشک شرک فی العبادت اور غیر اللہ کی عبادت کے ذریعہ اسی غیر سے اپنی مرادیں چاہتا ہے۔ اس مشرکانہ فعل کی شناعت و خرابی اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے ...... اور وہ جو بعض عورتیں اس کے جواب میں یہ تاویل کرتی ہیں کہ ہم یہ روزے اللہ کے واسطے رکھتے ہیں اور ان کا ثواب پیروں کو بخشتے ہیں۔ سو یہ محض ان کا حیلہ ہے۔ ورنہ اگر وہ اس بات میں سچی ہوتیں تو ان روزوں کیلئے خاص ہی دنوں کا تعین کیوں ہوتا اور پھر افطار میں خاص قسم کے کھانوں اور خاص طریقوں کے اہتمام کے کیا معنی؟

حضرت مجدد قدس سرہٗ کے اس ارشاد گرامی سے ایک طرف تو پیروں اور بیبیوں کے نام کے روزوں کا شرک ہونا معلوم ہوا۔ اور دوسری طرف یہ اصول بھی صاف ہو گیا کہ اگر کسی بزرگ کو صرف ایصال ثواب مقصود ہو تو پھر دن، تاریخ کے تعین، اور کسی خصوص ہی کھانے کے اہتمام اور کسی خاص ہی طریقے کے التزام کے کوئی معنی نہیں۔ اور جو جاہل لوگ بزرگوں کی فاتحہ میں یہ سارے التزمات و اہتمامات کرتے ہیں۔ وہ درحقیقت کسی مخفی اعتقاد، خرابی، اور مشرکانہ توہم پرستی میں مبتلا ہیں اور ایصال ثواب کی آڑ وہ صرف حیلے کے لئے لیتے ہیں۔

یہی ہے وہ زریں اصول جس کی بنا پر علماء اہل سنت مروجہ گیارھویں بارھویں، بی بی کی صحنک شیخ عبد الحق کے توشہ، سہمنی شاہ بو علی قلندر وغیرہ وغیرہ کو سختی سے ناجائز کہتے ہیں۔ اور اس بارہ میں غیر معمولی شدت برتتے ہیں۔"

(الفرقان بریلی ص۴۹ بابت ربیع الاول ۱۳۸۹ھ)

تحفہ مجددیہ۔ حضرت مجدد سرہندیؒ کے اکثر مکتوبات کا اردو ترجمہ۔ قیمت ہر ... مکتبہ اہلحدیث امرتسر

اہل حدیث کانفرنس کے استحکام

میں کس طرح چاہتا ہوں!

(از ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی)

میں چند مہینوں سے کانفرنس پر کیوں مضمون لکھ رہا ہوں۔ آپ کے نزدیک بے کاری کا مشغلہ سہی مگر میرا حال یہ ہے کہ ؎

تیری صدا پہ کان، زباں تیری ترجمان
جو گیت سُن رہا ہوں وہی گا رہا ہوں میں

اسلام مرکزیت سے کب ناآشنا رہا۔ جو میں اس کی تمنا نہ کروں۔ آخر تو ہندوستان میں ہمارا مرکز بھی ہونا چاہئے۔ جس کی قوت و استحکام ہمارے تمام دینی امور کی ضابطہ ہو۔ اور اس سے انکار کیا ہی نہیں جا سکتا کہ ہماری موجودہ تمام انجمنوں میں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس سب سے پہلی انجمن ہے۔ کانفرنس کے بانیوں میں اس (مرحوم) بزرگ کا ذکر ضروری ہے۔ جس پر تمام اہل حدیثوں کو یکساں اعتماد تھا۔ غفران مآب مولوی عبد العزیز صاحب رحیم آبادی رحمۃ اللہ علیہ۔ جنہوں نے شہید دہلوی کی تحریک توحید کو زندہ کر دیا۔ اس کانفرنس کے بانی تھے۔ [illegible] زندگی کے آخری لمحوں تک اس شمع کے فروزاں رکھنے میں ساعی رہے۔ تاآنکہ خود ان ہی کی شمع حیات بجھ گئی۔ ؎

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

ان کی وفات کے بعد کانفرنس میں بتدریج اضمحلال آتا گیا۔ تاآنکہ وہ ایک نکتہ لا یتجزیٰ تک آ چکی ہے مگر ابھی وجود باقی ہے۔ اس کے نشوونما کی سعی رائیگاں نہیں جا سکتی۔ بشرطیکہ جماعت اسکی طرف توجہ کرے اور کارکنان کانفرنس کو اصلاح و استحکام میں مدد دے۔ اور کاش ایسا ہو سکے!

عرصہ ہوا میں نے "زمیندار" لاہور میں ایک مضمون شائع کرایا تھا۔ جس کا موہوم سا خاکہ ذہن میں رہ گیا ہے۔ پس میں چاہتا ہوں کہ

(۱) تمام ملک میں اہل حدیث کانفرنس کے ممبر بنائے جائیں۔ جن کی سالانہ فیس چندہ صرف ۴ر ہو۔ ہر ایک عالم اور صاحب اثر اپنے اپنے حلقہ میں ممبر بنانے میں مسابقت کرے۔ اس میں مردوں کے ساتھ عورتوں کو بھی ممبر بنانے کی طرح ڈالی جائے۔ اگر یہ کوشش مسلسل جاری رہے تو ایک سال میں ایک لاکھ ممبر بننے معمولی بات ہے۔ جس سے فنڈ میں ۲۵ ہزار روپے جمع ہو جائے گا۔

(۲) کانفرنس کی طرف سے ایک فصیح مقرر ملک بھر میں کانفرنس کو روشناس کرانے کے لئے دورہ کریں جو اثنائے دورہ میں ہر مقامی جماعت کی حالت کا جائزہ لے کر صدر دفتر میں بھی بھیجیں۔

(۳) کانفرنس کے چندہ کے لئے جس وفد کی تجویز دو مرتبہ مجلس شوریٰ میں پاس ہو چکی ہے۔ اس پر عمل [illegible] علمائے کرام کے اس سفر میں "لا یضار کاتب ولا شہید" کو مدنظر رکھا جائے۔ (فافہم)

(۴) ملک کی تمام انجمنوں کا صدر دفتر کے ساتھ باقاعدہ الحاق ہو۔

(۵) تمام مدرسوں کا صدر دفتر سے باقاعدہ الحاق ہو۔

(۶) تمام جماعتی اخبار ہر اشاعت کا ایک صفحہ[1] کانفرنس کے پروپیگنڈا کے لئے وقف کر دیں۔

(۷) جلسوں، وعظوں اور مدرسوں میں کانفرنس کا ذکر کیا جائے۔

---

[1] "تنظیم" اور "صحیفہ" بھی؟ (اہلحدیث)

(۸) صدر دفتر میں مناسب اور فنڈ کے مطابق اصلاح کی جائے تاکہ دفتر سے خط و کتابت کا سلسلہ دفتری نظام کے مطابق جاری رہ سکے۔

(۹) کانفرنس کے داخل و خارج کی علیحدہ علیحدہ خانہ پری ہو۔ مثلاً

(۱) مدارس فنڈ۔ اس سے صرف مدرسوں کی مدد کی جائے۔
(۲) طلبا فنڈ۔ اس سے صرف نادار طلبا کو وظائف دیئے جائیں۔
(۳) لٹریچر فنڈ۔ اس سے ضروری کتب اشتہارات تقسیم کئے جائیں۔
(۴) مساجد فنڈ۔ اس سے محض مسجدوں کی امداد کی جائے۔
(۵) مقدمات فنڈ۔ مظلوم موحدین کے مقدمات میں اعانت کی جائے۔
(۶) تصنیف فنڈ۔ قدیم و جدید ضروری کتب پر خرچ کیا جائے۔
(۷) دفتر فنڈ۔ صرف دفتر کے لئے۔
(۸) شوریٰ فنڈ۔ مجلس شوریٰ اپنے اختیار سے جسکو جو چاہے۔ عطا کر دے۔
(۹) واعظین فنڈ۔ ″ ″ ″ ″ ″
(۱۰) غریب فنڈ۔ جماعت کے نادار حضرت کی امداد کے لئے۔

اور ان تمام شعبوں کے حصے ایک تناسب سے قائم کر لئے جائیں۔ پھر جو معطی جس مد میں رقم دے۔ اسی مد میں جمع کی جائے۔ اُسی میں خرچ کی جائے۔ اور مدیں ...

میرا تجربہ ہے کہ مدوں کی تعین میں ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ جو صاحب مدرسوں کی اصلاح و تجدید کے حامی ہیں ان کو کانفرنس کے توسل سے روپیہ صرف کرنے میں سہولت ہوگی۔ اور جو حضرات مساجد میں روپیہ لگانا زیادہ ثواب سمجھتے ہیں انہیں کانفرنس کے ذریعے سے روپیہ دینے میں ایک گونہ لطف بھی آئیگا۔

اسی طرح دوسری تمام مدوں کا ماجرا ہے۔ جن پر مزید غور و خوض سے نئی نئی راہیں سامنے آسکتی ہیں۔

کانفرنس کے لئے[1] ایک مہمان خانہ بھی ضروری ہے جہاں دہلی میں آنے والے اہل حدیث نووارد قیام فرمائیں (جہاں تک میرے معلومات و تجربہ کا تعلق ہے۔) مہمان خانہ سے جہاں زائرین کو قیام و طعام میں سہولت ہوگی۔ وہاں کانفرنس کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا۔

اگر آپ حضرات بدگمان نہ ہوں تو یہ بھی عرض کروں کہ کانفرنس کا ایک علیحدہ اخبار بھی چاہئے۔ جس کا اڈیٹر کوئی قابل آدمی ہو۔ اور یقین کیجئے کہ کانفرنس کے علیحدہ اخبار سے تمام منزلیں آسانی سے طے ہوتی جائیں گی۔ والسلام!

(ابو یحییٰ امام خان)

اسلام کے زریں اصول

(از قلم مولوی محمد علی صاحب از کالرہ راہوالی ضلع گجرات)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ

تحقیق مومن بھائی ہیں اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کرو (قرآن مجید)

(اصلاح) زمانہ نبوی میں تمام مسلمانوں کی ایک ہی رائے ہوتی تھی اور آپس میں از حد اصلاح کرتے تھے۔ کوئی کسی پر ظلم نہیں کرتا تھا۔ خود تو بھوکے رہتے مگر دوسروں کو کھلا دیتے تھے۔ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ۔ (ترجمہ) اور ترجیح دیتے تھے اپنی جانوں پر دوسروں کی جانوں کو اگرچہ خود بھوکے رہتے تھے۔" ایک جنگ کا واقعہ ہے کہ چار صحابی قریب شہید ہونے کے تھے اور چاروں ہی پیاسے تھے آواز دیتے تھے کہ پیاس لگی ہوئی ہے۔ ایک آدمی پہلے کے پاس پانی لے جاتا ہے اور کہتا ہے کہ تو پی لو۔ وہ جواب دیتا ہے کہ میں نہیں پیتا ممکن ہے کہ مجھ سے دوسرا [illegible] لہذا دوسرے کو دو۔ اسی طرح وہ چاروں کے پاس پانی لے جاتا ہے۔ مگر کسی نے نہ پیا اور چاروں ہی شہید ہوگئے۔ ایسی ہمدردی رکھتے تھے لیکن آج ہم مسلمان اپنے آپ کو سچے مسلمان کہلوانے والے لوگوں پر ظلم کرتے ہیں، کسی کا روپیہ کھا جاتے ہیں، کسی پر ناحق ظلم کرتے ہیں۔ کیا یہ اسلام ہے؟ مسلمان کبھی مسلمان نہیں بن سکتا تا وقتیکہ وہ ظلم کو نہ چھوڑے گا۔ (حدیث) ایک دفعہ حضور علیہ السلام نے صحابہ سے دریافت کیا مَنِ الْمُفْلِسُ (ترجمہ) بھوکا کس کو کہتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ جس کے پاس نہ مال ہو نہ کھانے کے لئے کھانا ہو۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا نہیں وہ تو غریب ہے۔ مفلس وہ آدمی ہے جو تمام عبادتیں کرتا ہے جب قیامت کا دن ہوگا تو اس کا اجر اسکو مانند پہاڑوں کے معلوم ہوگا۔ ادھر دیکھے گا تو خوش ہوگا دوسری طرف دیکھے گا تو خوش ہوگا اس کے بعد تمام حقدار وہاں آجائینگے۔ کسی کو اس نے گالی دی ہوگی، کسی کا روپیہ کھا گیا ہوگا۔ حکم ہوگا کہ اے حقدارو اپنے اپنے حق ... لے لو۔ وہ اپنے اپنے حق لے کر جنت میں چلے جائیں گے۔ حکم ہوگا کہ اس کو جہنم میں داخل کر دو۔"

تو معلوم ہوا کہ نماز روزہ اور تمام عبادتوں کے علاوہ آپس میں اصلاح رکھنا بھی ثواب ہے۔ اور ضروری ہے ورنہ تمام عبادتیں ضائع ہو جانے کا احتمال ہے۔

جیسے خدا تعالےٰ کے بندوں پر حق ہیں اسیطرح مسلمان کا مسلمان پر حق ہے۔ جو وہ حق ادا نہ کریگا خدا اس کا حق جو دنہ معاف کریگا۔ (حدیث) حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں۔ (۱) جب معافی مانگے تو معافی دیدے۔ (۲) جب بیمار ہو جاوے تو بیمار پرسی کرے۔ (۳) جب جنازہ دیکھے تو فوراً پڑھے۔ (۴) جب السلام علیکم کہے تو جواب دے۔ (۵) جب چھینک مارے تو جواب دے۔ (۶) جب دعوت کرے تو قبول کرے۔" نبی علیہ السلام نے یہ زریں چیزیں اس لئے فرمائی تھیں کہ مسلمان ان پر عمل کرینگے۔ مگر افسوس ویسے تو ہم مسلمان بنے اور ان تمام حقوق کی نگاہ نہ کریں

[1] جب تک پرانے خادم مفت کام دیں انہی سے کام لیا جائے۔ اور اصحاب بھی اس تحریک پر قلم اٹھائیں۔ (اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

س عـ۱۵۳ } مذہبی فلم شلأج کہ شریف جب تیار ہوئی تو کیا اس میں کوئی بات باعث توہین مذہب ہوئی ہوگی - اگر مسلمان یہ فلم دیکھنے میں شرکت کریں یا اس کی معاونت کریں یا اس کو شاندار بنانے کی کوشش کریں یا لوگوں کو دیکھنے کی ترغیب دیں- تو ان کے لئے کیا حکم ہے ؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج عـ۱۵۳ } فلم حج مذہب کے خلاف ہے کیونکہ تصویروں کا رواج دینا خلاف شرع ہے- آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مصوروں کو بہت بُرا کہا ہے- ہر مسلمان کو ایسی لغویات سے محترز رہنا چاہئے۔ قال اللہ تعالیٰ والذین ہم عن اللغو معرضون مومن لغو باتوں سے اعراض کیا کرتے ہیں۔ اللہ اعلم

س عـ۱۵۴ } ایک شخص اپنے باپ کے زیر پرورش ہے - اس شخص کا لڑکا بھی ہے اور یہ اپنے باپ سے قبل وفات پاتا ہے - بعد میں مرحوم کا لڑکا اپنے دادا کی موجودگی میں ورثہ سے کیوں محروم کیا گیا ہے - اس کا فلسفہ تحریر فرمادیں - (سائل مذکور)

ج عـ۱۵۴ } جو بیٹا ہے وہ اپنے باپ کا وارث ہوتا ہے - اور پوتے کے باپ نے کچھ نہیں چھوڑا وہ کاہے کا وارث ہو- ہاں جو اس کے باپ کی ذاتی جائداد ہوگی وہ اس کا وارث ہوگا -

فلسفہ اس کا یہی ہے جو لڑکا اپنے باپ کا وارث ہے جو وہ چھوڑے گا بیٹا لے گا - اللہ اعلم!

س عـ۱۵۵ } مرد کو چار عورت اسلام کے حکم سے رکھنا جائز ہے- یہ چار عورتیں اپنی نوبت کی منتظر رہتی ہیں- کیا ان عورتوں پر اسلام نے ظلم نہیں کیا؟ لہذا کیا ارشاد ہے ؟

(غلام محمد امام مسجد از سری نگر کشمیر)

ج عـ۱۵۵ } جس عورت کو یہ خبر ہے کہ فلاں شخص کی پہلے ایک یا دو عورتیں موجود ہیں تو وہ ایسے خاوند کی منکوحہ بنتی ہے تو وہ اپنی مرضی سے جاتی ہے - اور جو مرضی سے قبول کیا جائے اس کو ظلم نہیں کہتے- رہا اس کا آئندہ برتاؤ سو اس کے لئے مذہب میں عدل قائم رکھنے کا حکم ہے- جو ایسا نہ کرے وہ شریعت کے خلاف کرتا ہے - اللہ اعلم!

س عـ۱۵۶ } ہمارے سری نگر میں بہت سی مساجد ایسی ہیں جن کی آمدنی بہت اور رقم کثیر موجود بھی ہے - اور ایسی مساجد بھی ہیں جو خدا کے فضل سے آباد ہیں مگر آمدنی کچھ بھی نہیں کیا زائد مساجد کی رقم سے کم آمدنی والی مساجد کی تعمیر ہوسکتی ہے ؟ (سائل مذکور)

ج عـ۱۵۶ } بانی یا متولی کی طرف سے رکاوٹ کی تحریر نہیں ہے تو بہ نیت صلاح ایک مسجد کی رقم دوسری پر خرچ کرسکتے ہیں۔ واللہ یعلم المفسد من المصلح - اللہ اعلم!

س عـ۱۵۷ } ایک مسلمان مسمی غلام محمد شادی کرکے چھ ماہ کے بعد پاگل ہوگیا- آج تیسرا سال چلتا ہے وہ اسی حالت میں ہی ہے - اب شرع محمدی کے حکم سے ان میں نکاح فسخ کرانے کا کیا طریق کیا ہے ؟ (سائل مذکور)

ج عـ۱۵۷ } پاگل کی بیوی کو نکاح فسخ کرانے کا حق حاصل ہے - قال اللہ تعالیٰ ولا تمسکوھن ضرارًا الایہ - حدیث شریف میں آیا ہے لاضرر ولا ضرار فی الاسلام بذریعہ عدالت نکاح فسخ کرا سکتی ہے - اگر عدالت میں جانے سے معذور ہو تو برادری کی پنچائت میں فسخ کا اعلان کرے -(فتاویٰ نذیریہ)

س عـ۱۵۸ } ابلیس جنت میں کس طرح داخل ہوا - حضرت آدم کو دھوکے میں لایا- حضرت آدم جنت میں تھا وہ کیوں جنت الخلد سے باہر نکالا گیا - یہ تو قرآن کے خلاف ہوگیا وما ھم بخارجین منھا (سائل مذکور)

ج عـ۱۵۸ } آدم علیہ السلام کا یہ جنت عارضی تھا اور جس کے لئے خلود کا حکم ہے وہ بعد حیات ثانیہ دارالجزاء ہے جنت الخلد یعنی دارالجزاء والی جنت میں پہنچ جا سکتا اور جدھر سے کہ داخل نہیں ہوا -

سائل کو یاد رہے کہ آیت ماھم بخارجین منہا دوزخیوں کے حق میں ہے ویسے نفس مسئلہ درست ہے کہ جنتی جنت میں داخل ہونے کے بعد نہ نکلیں گے۔ اللہ اعلم!

س عـ۱۵۹ } ڈاکخانہ کے کیش سرٹیفکیٹ کا سود لیا گیا ہے۔ اس کو کس طرح خرچ کریں۔ (صوبیدار محمد حسن از پسرور - ضلع سیالکوٹ)

ج عـ۱۵۹ } جن کے نزدیک ڈاک خانہ کا منافع جائز ہے وہ اسے کھانا جائز جانتے ہیں- مفتی دیوبند اور جمعیتہ العلماء جائز کہتے ہیں- جن کے نزدیک حرام ہے وہ اس کا کھانا بھی جائز نہیں جانتے - اللہ اعلم!

س عـ۱۶۰ } قوم یاجوج ماجوج کون لوگ ہیں اور کس جزیرہ میں پائے جاتے ہیں ؟ (عبدالکریم جوان)

ج عـ۱۶۰ } قوم یاجوج بنی آدم ہیں اور اسی دنیا میں کہیں نہ کہیں رہتے ہیں- آخر غلبہ پاکر سب دنیا پر چھا جائینگے - اللہ اعلم!

فتاویٰ ثنائیہ ... (۶۲۳)

(بقیہ مضمون از صفحہ ۱۲)

جو شخص ان تمام اصولوں پر پابند نہیں ہے اور وہ مسلمانوں پر ظلم کرتا اور اصلاح نہیں کرتا تو وہ سچا مسلمان نہیں ہے اصلاح رکھنے والا ہو تو وہ تمام اصولوں پر عمل کرے جس قوم میں یہ چیزیں آگئیں وہ منزل مقصود پر پہنچ گئی - (حدیث) حضور نے فرمایا ہے :-

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِہٖ وَ یَدِہٖ - (ترجمہ) مسلمان وہ ہے جو اپنے ہاتھ اور اپنی زبان سے دوسرے مسلمان کو تکلیف نہ دیوے - لوگوں کو تکلیف پہنچانی ایک ایسی چیز ہے کہ محبت کو دور کردیتی ہے - معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے درمیان محبت تبھی آئے گی جبکہ وہ آزار باللسان اور بالید کو چھوڑ دیوینگے زبان سے کیا تکلیف ہے - طعنہ بازی اور گالی نکالنا، چغل کھانا وغیرہ وغیرہ -

حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ منافق وہ ہے جو کہ وقت خصومت کے گالیاں نکالتا ہے - لہذا مسلمانوں کو چاہئے کہ آپس میں محبت پھیلانے کے لئے زبانی اور ہاتھ کی تکلیف دینا چھوڑ دیں- جس کی تفصیل اہلحدیث مورخہ ۱۹ -مئی میں درج ہوچکی ہے -

متفرقات

ہمارے بھی ہیں مہرباں ایسے ایسے | اہلحدیث کی توسیع اشاعت کے متعلق تقریباً ہر دفعہ ناظرین کو توجہ دلائی جاتی ہے جو بحمد اللہ کسی قدر کامیاب ہوجاتی ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل حضرات نے گذشتہ ماہ اہلحدیث کے لئے نئے خریدار بنا کر اپنی ہمدردی کا ثبوت دیا ہے امید ہے دیگر ناظرین بھی اہلحدیث کی ترقی میں کماحقہ کوشش فرماتے رہیں گے۔

حکیم عصمت اللہ صاحب ۔ حافظ عزیز الدین صاحب ۔ محمد الدین صاحب ارائیں ۔ بابو عبد الحمید صاحب ۲ خریدار۔

وی پی بھیجے گئے | ماہ مئی میں جن خریداروں کی قیمت اخبار ختم تھی ان میں سے حسب ذیل کے نام گذشتہ پرچہ وی پی بھیجا گیا ہے۔ امید ہے سب حضرات وی پی وصول کرلیا کرینگے۔ اگر خدانخواستہ کسی صاحب کا وی پی کسی وجہ سے واپس آجائے اور وہ اخبار کو جاری رکھنا چاہیں تو بہت جلد قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کردیں۔ ورنہ وی پی واپس وصول ہونے کے بعد اخبار بند کردیا جائیگا۔

۱۹۵۴ - ۲۷۹۰ - ۶۰۲۵ - ۷۴۲۰ -
۷۴۲۵ - ۷۴۴۹ - ۷۴۶۹ - ۸۲۲۴ -
۸۴۶۹ - ۸۵۱۶ - ۸۸۹۲ - ۹۴۸۶ -
۱۰۵۵۵ - ۱۰۶۶۵ - ۱۰۹۴۴ - ۱۱۰۹۲ -
۱۱۱۶۷ - ۱۱۱۶۹ - ۱۱۳۹۴ - ۱۲۱۱۷ - ۱۲۲۵۷
۱۲۳۴۸ - ۱۲۳۵۰ - ۱۲۳۷۲ - ۱۲۳۷۳ -
۱۲۳۷۴ - ۱۲۳۷۶ - ۱۲۳۸۱ - ۱۲۳۸۳ -
۱۲۳۸۹ - ۱۲۴۵۶ - ۱۲۴۶۴ -

یاد رفتگان | میرے ایک دلی دوست کی اہلیہ جو موحدہ اور پابند صوم وصلوٰۃ تھی دو ماہ کا بچہ چھوڑ کر انتقال کرگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

راقم ابوالقاسم خالد بن محمد سعید بانت ضلع بالاسور

(۲) میرے خالہ زاد بھائی عبد الرحیم ساکن موضع چک سکندر ضلع گجرات اور مولانا عبد الرؤف صاحب مرحوم ساکن خود ضلع جہلم کی اہلیہ محترمہ فوت ہوگئی ہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ (مولوی نور محمد میانوی)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں۔ اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

اللھم اغفر لھم وارحمھم

۲۹ جون کو یاد رکھیں

جن خریداروں کی قیمت اخبار ماہ جون میں ختم ہے ان کو اہلحدیث ۲۶ مئی میں اطلاع دی گئی ہے۔ ۲۹ جون تک اگر ان کی طرف سے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر وصول نہ ہوئی یا ان کی اطلاع نہ ملی تو

۳۰ جون کا پرچہ ان کے نام وی پی بھیجا جائیگا

مہلت ختم | جن خریداروں کی میعاد مہلت ماہ جون میں ختم ہو رہی ہے وہ جلد از جلد قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کردیں۔ مکرر مہلت نہیں دی جائیگی نہ ہی وی پی بھیجا جائیگا۔ بلکہ ۲۹ جون تک اگر قیمت وصول نہ ہوئی تو ۳۰ جون کا پرچہ ان کے نام روانہ نہیں ہوگا۔

بیرونی ممالک | کے خریدار حضرات بھی اپنی اپنی قیمتیں جلد ارسال کردیں۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

دعائے صحت | مولانا شیخ محمد زکریا صاحب (جو جماعت اہل حدیث پرتاپ گڑھ پرواسزائن پور کے روح رواں ہیں) اور خاکسار کی خالہ بیمار ہیں۔ ناظرین ان کے لئے دعائے صحت فرمائیں۔ اللھم اشفھما بشفائك وداد ھما بدوائك۔ (راقم ابوالخیر رحمانی پرتاپ گڈھی)

غریب فنڈ | میں از نتوی فنڈ ۱۴ / سابقہ ہے۔ جملہ للعہ از سائل ۹۲ انجمن اصلاح المسلمین ۔ ۹۳ نقلدین۔ جھیال ہے ۔ ۹۴ میاں محمد صاحب قلعہ نواں ۵۔ میزان للعہ پیر مسائلین کے نام اخبار اہلحدیث ایک ایک سال کے لئے غریب فنڈ سے جاری کیا گیا۔ بذمہ فنڈ للعہ

چھ بیس سائلین ابھی اور ہیں | اگر اصحاب خیر دست کرم کو ذرا وسعت دیں تو ماہ جون میں ہی ان تمام غرباء کے نام اخبار جاری ہوسکتا ہے۔

بر کریماں کارہا دشوار نیست

نئے داخلے بند ہیں | جب تک مذکورہ بالا سائلین کے نام اخبار جاری نہ ہوجائے نئے داخلے وصول نہیں کئے جائیں گے۔ سائلین نوٹ کرلیں۔ دستی یا منی آرڈر بھیجنے والے کی رقم واپس کردی جائیگی۔

مضامین آمدہ | جناب مقصود حسن صاحب ۔ مولوی نور محمد صاحب ۴ عدد۔ مولوی ابوالخیر صاحب پرتاپ گڈھی ۳ عدد۔

معاشی اعلان | دفتر ہذا کی طرف سے اخبار ہذا کے صفحہ ۱۱ کی درمیانی پٹی میں معاشی اعلان شائع ہو رہا ہے۔ اسے ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

بیوہ اور یتامیٰ | مولوی محمد یوسف صاحب شمس فیض آبادی کی بیوہ اور پانچ یتیم بچے مستحق امداد ہیں اس طرف کے قرب وجوار کے اصحاب خیر توجہ فرما کر اس کار خیر میں حصہ لیں۔

نوٹ | ہماری رائے میں بہتر تجویز یہ ہے کہ بچوں کو کسی مسلم یتیم خانہ میں داخل کرادیا جائے۔

پتہ امداد:۔ بیوہ مولوی محمد یوسف شمس مرحوم محلہ قصاب باڑہ فیض آباد (یوپی)

مبلغین جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کا تبلیغی دورہ

ناظرین پڑھ چکے ہیں کہ ۲۲ مئی کو خاکسار، مولوی احمد دین صاحب ۔ منشی محمد عبداللہ صاحب معمار۔ حضرت مولانا سیالکوٹی کی معیت میں میرپور۔ کوٹلی ریاست جموں کو بغرض تبلیغ جانے والے ہیں۔ چنانچہ ہم حسب پروگرام گئے اور دشوار گذار گھاٹیوں میں مصائب وحوادث میں یہ سفر طے ہوا۔ مگر یہ خدا کا شکر ہے کہ تبلیغی مقاصد میں ہم کامیاب رہے۔ مفصل رپورٹ آئندہ درج ہوگی۔ انشاء اللہ! (خاکسار ناظم)

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

حیدر آباد۔ لکھنؤ اور دھلی!

گورنمنٹ پنجاب بیدار ہوگئی

گذشتہ زمانے کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ رعایا کے پاس بھی فی الجملہ اسلحہ جنگ ہوتے تھے۔ گو حکومت کے برابر نہ سہی۔ تاہم رعایا مقابلہ کر سکتی تھی۔ اسی لئے جہاں کسی قوم کو حکومت سے ناراضگی پیدا ہوتی فوراً بغاوت پر آمادہ ہو جاتی۔ دونو طرف سے قتل عام ہوتا انجام کار گو حکومت کو فتح ہو جاتی لیکن بہت سی تکلیف کے بعد۔ بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا کہ باغی لوگ ہی غالب آجاتے۔ ہندوستان میں ایسی مثالیں بکثرت ملتی ہیں لیکن آج ہندی رعایا کے پاس اسلحۂ جنگ نہیں ہے جو حکومت کے پاس ہے۔ اس لئے ہندوستانی رعایا نے ناراضگی ظاہر کرنے کا ایک اور طریقہ ایجاد کیا ہے۔ جس کا نام نافرمانی ہے۔ اس سے مقصد بھی دراصل وہی ہے جو بغاوت سے ہوتا تھا۔ یعنی حکومت کو تنگ کر کے اپنا مطلب پورا کرانا۔ اس کی ابتدا اسلامی تاریخ میں اسپین (ہسپانیہ) میں ملتی ہے۔ جب وہاں کی عیسائی رعایا عرب حکومت سے ناراض ہوگئی تو انہوں نے حسب تعلیم اہالیٔ یورپ یہ طریقہ اختیار کیا کہ حکومت کی نافرمانی کریں اور سزائیں بھگت کر حکومت کے لئے پریشانی پیدا کریں۔

ہندوستان میں اس کو رواج دینے والے گاندھی جی ہیں۔ جنہوں نے یہ کہہ کر ؎

بقتل جی چاہے ستالیں ستم ایجاد ہمیں
مثل تصویر ہیں آتی نہیں فریاد ہمیں

عدم تشدد (مقابلہ نہ کرنے) کا اصول جاری کیا کیونکہ اس طریق کار میں سزا بغاوت کے برابر نہیں ہوتی بلکہ معمولی طور پر چند ماہ قید ہوتی ہے۔ اس لئے جہاں کوئی جماعت حکومت سے ناراض ہوتی ہے۔ فوراً حکومت کی سول نافرمانی شروع کر دیتی ہے۔

اس وقت ملک میں ایسی نافرمانی کے تین مرکز ہیں (۱) حیدر آباد دکن۔ (۲) لکھنؤ۔ (۳) دہلی۔

حیدر آباد خاص آریہ ایجی ٹیشن کا مرکز ہے۔ لکھنؤ شیعوں (روافض) کی تبرا ایجی ٹیشن کا مرکز ہے۔ اور دہلی میں ہندوؤں کی طرف سے ایجی ٹیشن ہو رہی ہے۔

حیدر آباد کی سول نافرمانی کے بانی اور قائد زیادہ تر پنجاب کے آریہ اخبار ہیں۔ جنہوں نے اس ایجی ٹیشن کو بڑی ہوا دی ہے۔ یہاں تک کہ اپنی جماعت کی موت و حیات اسی سے وابستہ ظاہر کرتے ہیں۔ جب سے یہ ایجی ٹیشن شروع ہوئی ہے ملک میں کئی جگہ اس سلسلہ میں فسادات ہو چکے ہیں۔ گورنمنٹ اگر شیخ سعدی کے مقولہ پر عمل کرتی جو یہ ہے کہ ؎

سر چشمہ شاید گرفتن بہ میل
چو پرشد نہ شاید گذشتن بہ پیل[1]

تو یہ ہنگامہ اتنی ترقی نہ کرتا جتنی کہ اب تک کر چکا ہے اس ترقی کو دیکھ کر گورنمنٹ پنجاب نے وہ اعلان کیا ہے جو گذشتہ پرچہ میں "سرکاری اطلاع" کے عنوان سے صلا پر درج ہو چکا ہے۔ گورنمنٹ کی یہ بیداری غنیمت ہے۔ بقول شاعر ؏

بہ جنازہ گر نہ آئی بہ مزار خواہی آمد

اس لئے یہ توجہ بھی شکریہ کی مستحق ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ سرکاری اعلان کا یہ فقرہ کہ

اخبارات حیدر آباد کے متعلق خبریں شائع کرنے سے احتراز کریں۔

اس پر عمل کیسے ہوگا۔ پھر اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ اس کا جواب آئندہ وقت دیگا۔ بہرحال ہم گورنمنٹ کی اس بیداری کے شکر گذار ہیں۔

لکھنؤ تبرا ایجی ٹیشن تبرا ایجی ٹیشن کی مثال اسلامی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی۔ ویسی حکومتیں بھی ہوئی ہیں جنہوں نے اپنی نادانی یا تعصب کی وجہ سے جمعہ کے خطبوں میں منبروں پر بعض بزرگوں کو برا بھلا کہنا اپنا وطیرہ بنا لیا تھا۔ لیکن اسی زمانے میں علمائے امت نے اس کو بھی برا سمجھا۔ آخر اسی قوم کے با انصاف والیان ملک نے اس بد رسم کو بند کرا دیا۔ کیونکہ کسی قوم کے بزرگوں کو برا کہنے میں اس قوم کی دلآزاری کے سوا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

اسی لئے ائمہ اہل بیت نے اپنے زمانے کی جابر حکومتوں کے برخلاف بھی سوائے صبر و شکیب کے اور کوئی طریقہ اختیار نہیں کیا۔

پس ہم علیٰ وجہ البصیرت کہتے ہیں کہ تبرا ایجی ٹیشن خدا، رسول اور ائمہ اطہار کی تعلیم کے سراسر خلاف ہے۔

مسلم لیگ اس موقع پر پہنچکر جب ہم چاروں طرف نظر دوڑاتے ہیں تو سب سے پہلے ہماری نظر مسلم لیگ پر پڑتی ہے۔ جو مسلمانان ہندوستان کی واحد قائمقام جماعت ہونے کی مدعی ہے اور یہ دو نو جماعتیں (سنی اور شیعہ) مسلم قوم کے افراد ہیں اور مسلم لیگ کے معزز ارکان کو قرآن مجید میں بدیں الفاظ ارشاد ہوتا ہے:۔

اِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا (مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو)

اس موقع پر مسلم لیگ کے ارکان کا مقدم فرض تھا کہ لکھنؤ پہنچکر اس آیت پر عمل کرتے اور فریضہ خداوندی سے سبکدوش ہوتے۔ سیاسی نکات تو سیاسی لوگ جانتے ہونگے۔ شاید وہ اس میں بھی کوئی نکتہ مخفی رکھتے ہوں جسے ہم باوجود سمجھنے کے ظاہر نہیں کرتے کیوں؟ ؏ اگر گویم زبان سوزد

ہاں ہم اتنا ضرور کہہ سکتے ہیں کہ مسلم لیگ کی خاموشی پر یہ مصرع صادق آتا ہے۔ ؏

خاک ہو جائینگے ہم تم کو خبر ہونے تک

امیر ملت یہاں پہنچ کر ہماری نظر دوسری طرف جا پڑتی ہے۔ یعنی اس بزرگ کی طرف جو آٹھ کروڑ مسلمانان ہندوستان کے امیر ملت ہونے کے مدعی

[1] ابتدا میں چشمے کا منہ سلائی سے بھی بند کر سکتے ہیں۔ جب بھر جائے تو ہاتھی کے ذریعہ بھی نہیں گذر سکتے۔

(۴۲۵)

تھے اور اب بھی ہیں۔ کیونکہ بقول ان کے مریدوں کے کسی نے ان کو معزول نہیں کیا نہ ہی وہ خود معزول ہوئے ہیں۔ اس بزرگ سے ہماری مراد حضرت پیر جماعت علی شاہ علی پوری (سیالکوٹی) ہیں۔ ان امیر ملت صاحب نے بھی اس ایجی ٹیشن میں مسلمانوں کی کوئی رہنمائی نہیں کی۔ خدا جانے آپ اس ہنگامہ کا انسداد اپنے فرائض امامت میں داخل نہیں سمجھتے یا ان کو اس کا احساس ہی نہیں ہے یا اس مصرع کے مصداق ہیں ع

ہم کہیں گے حال دل اور آپ فرمائینگے کیا

ہمارے شہر امرتسر میں بھی ایک حکیم صاحب ہیں۔ جو اپنی دھن میں اپنے آپکو امام وقت کہتے ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ میں نو کروڑ مسلمانان ہندوستان کا امام ہوں۔ کوئی اُن سے پوچھے کس نے آپ کو امام بنایا؟ تو جواب میں کہتے ہیں کسی نے میرے دعویٰ امامت کی تردید نہیں کی اس لئے میں جائز طور پر امام وقت ہوں۔ اچھا صاحب! آپ بنے بنائے امام سہی مگر اتنا تو بتاؤ کہ اگر اس آڑے وقت میں بھی آپ قوم کے کام نہ آئے تو آپ کے امام وقت بننے کا فائدہ کیا ہوا؟ حقیقت یہ ہے کہ مسلمانوں کی حالت زار، بے کسی اور کس مپرسی اس شعر کی مصداق ہے ؎

سیہ بختی میں کب کوئی کسی کے کام آتا ہے
کہ تاریکی میں سایہ بھی جدا رہتا ہے انساں سے

شو مندر ایجی ٹیشن دہلی میں ہندوؤں کا ایک مندر ہے جس کو شو مندر کہتے ہیں۔ اس کی بابت ہندوؤں اور میونسپل کمیٹی دہلی کے درمیان عدالت میں مقدمہ ہو کر فیصلہ ہوا تھا کہ یہ زمین کمیٹی کی ہے۔ ہندوؤں نے عدالتی کارروائی میں اپنی ناکامی دیکھ کر سول نافرمانی کرنے کو دہلی جتھے بھیجنے شروع کر دیئے جو ملک کے مختلف صوبوں پنجاب وغیرہ سے اب تک برابر جا رہے ہیں۔ مگر ہندو پریس پر چونکہ آریہ پارٹی قابض ہے اور اعتقاداً وہ ایسے مندروں کو اپنے دھرم کے خلاف سمجھتی ہے اس لئے وہ شو مندر ایجی ٹیشن کا اتنا چرچا نہیں کرتی جتنا کہ اپنے ایجی ٹیشن متعلقہ

حیدرآباد کا کرتی ہے۔ مختصر یہ ہے کہ ہمارا ملک بھی عجیب ملک ہے جس پر یہ شعر بالکل صادق ہے ؎

ہنگامہ رات دن ہے بپا کوئے یار میں
ایسی بھی فتنہ خیز کوئی سرزمیں نہیں

ہنگامہ فلسطین

ہم نے بار بار اس خیال کو ظاہر کیا ہے کہ فلسطین گول میز کانفرنس ایک دو دفعہ کامیاب نہیں ہوگی، تیسری چوتھی دفعہ بیٹھ کر کامیاب ہو جائے تو ممکن ہے پہلی گول میز میں ناکامی کے بعد دوسری دفعہ حکومت برطانیہ کی طرف سے کچھ ترقی کی طرف قدم اٹھایا گیا۔ جس کا مضمون یہ تھا کہ یہودیوں کی مجموعی آبادی فلسطین کی کل آبادی کے تیسرے حصے سے زائد نہ ہوگی اور آہستہ آہستہ دس سال کے عرصے میں ملک کو خود مختار حکومت کے لئے طیار کیا جائیگا۔ سب سے پہلے اس پیشکش کو یہودیوں نے ناپسند کیا کہ ہمارے داخلہ فلسطین پر یہ بندش ہمیں منظور نہیں ہے۔ اسکی دلیل میں انہوں نے برطانیہ کے مواعید پیش کئے جن کا مضمون تھا کہ فلسطین کو یہودیوں کا اصلی وطن بنایا جائیگا۔ وہ کہتے ہیں کہ اصلی وطن میں حد بندی کیسی! اب خبر آئی ہے کہ عربوں نے بھی اس تجویز کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جتنے یہودی آچکے ہیں انہی پر اکتفا کی جائے۔ اس سے زیادہ نہ آئیں، اور قومی حکومت ہمیں فوراً ملنی چاہیئے۔ عرب بھی اپنے مطالبہ کے جواز میں حکومت برطانیہ کو اُس کے مواعید یاد دلا رہے ہیں جن کی رُو سے ان کو آزادی کا وعدہ دیا گیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت برطانیہ عجب مخمصے میں مبتلا ہے۔ گویا یہ شعر اسی پر چسپاں ہے ؎

مصیبت میں پھنسا ہے سینے والا چاک داماں کا
جو یہ ٹانکا تو وہ اُدھڑا جو وہ ٹانکا تو یہ اُدھڑا

مگر ہم سوچتے ہیں کہ فلسطین میں اگر قومی حکومت قائم بھی ہو جائے تو اس کا حشر کیا ہوگا۔ آج چھوٹی چھوٹی حکومتوں کا جو حشر ہو رہا ہے وہ ظاہر ہے۔ مثال مشہور ہے کہ دریا میں بڑی مچھلیاں چھوٹی مچھلیوں کو کھا جاتی ہیں۔ آسٹریا، زیکوسلواکیا اور البانیہ وغیرہ آزاد ریاستوں کی آزادی فنا ہونے کے واقعات ہمارے سامنے ہیں۔ بڑی حکومتوں نے ان چھوٹی حکومتوں کو بڑی مچھلی کی طرح ایک ہی لقمہ بنا کر ہڑپ کر لیا۔

فلسطین میں اگر قومی حکومت قائم ہو گئی تو اپنی حفاظت کی اس میں طاقت ہوگی یا اس کا کوئی محافظ بھی ہوگا؟ حفاظت کی صورت میں برطانیہ کی نسبت اُس سے زیادہ قریب اور کون ہوگا؟ برطانیہ کی حفاظت کا نمونہ زیکوسلواکیہ میں مل چکا ہے۔ جس نے بجائے حفاظت کے اس کو جرمنی کا لقمہ بنا دیا۔ اس لئے ہم اس فکر میں ہیں کہ فلسطین میں اگر قومی حکومت قائم ہو بھی گئی تو اس کا حشر کیا ہوگا۔ ہاں اس کی حفاظت کی یہی ایک صورت ہے کہ اس چھوٹے سے ملک کو دول عرب سے ملحق کیا جائے اور گورنمنٹ برطانیہ اپنی ذمہ داری سے بالکل ہاتھ اٹھا لے۔ یہی ایک صورت اطمینان بخش ہو سکتی ہے۔ ورنہ دنیا کی رفتار جس سرعت سے جاری ہے اس کو ملحوظ رکھ کر کوئی مدبر قطعی فیصلہ نہیں کر سکتا کہ آئندہ ہفتے کیا ہوگا۔ آیت کریمہ مَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا آج کل کی رفتار زمانہ پر پوری طرح صادق آتی ہے۔ ع

خدا شرے برانگیزد کہ در آں خیر ما باشد

کیا ماہ مئی میں جنگ شروع ہو گئی؟

اخبار پرتاپ لاہور مورخہ ۱۲۔ اپریل میں ایک نجومی کی پیشگوئی شائع ہوئی تھی کہ ماہ مئی میں جنگ شروع ہوگی۔ ماہ مئی گذر گیا اور جنگ شروع نہ ہوئی لہٰذا حدیث نبوی صادق ہوئی۔

کذب المنجمون ورب الکعبہ

اظہار حقیقت و برأت سید محمد حسین شاہ ریلوے کلرک ساکن گلاؤ والہ نے عرس رچانے کے اشتہارات چھپوا کر تقسیم کئے ہیں۔ جن میں خاکسار کا نام بغیر مجھ سے دریافت کئے صدارت جلسہ میں رکھ دیا ہے۔ میرے احتجاج کرنے پر

[illegible]

مندر کا ذکر نہ ہوگا چھپوا کر ہر جگہ تقسیم کئے جائینگے۔ چونکہ وعدہ ایفا نہیں ہوا۔ اور تاریخ قریب آگئی ہے۔ لہٰذا میں بذریعہ اہلحدیث اعلان

(۴۲۶) [illegible]

مومیائی ؎

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے ... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ؏ آدھ پاؤ ۳ پاؤ بھر ۶ مع محصولڈاک۔ ممالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برما سے ایک پاؤ کی قیمت معہ محصولڈاک ۱۲ پیشگی بذریعہ منی آرڈر نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی

تازہ شہادتیں

جناب حکیم احمد میاں عبداللہ میاں کہبے۔ چار پانچ دفعہ آپکے پاس سے مومیائی منگوا چکا ہوں بہت قابل تعریف پایا۔ اب آدھ پاؤ بذریعہ وی پی ارسال فرمائیں ۲ (۵-مئی)

جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہزاد پور۔

متعدد مرتبہ مومیائی منگا چکا ہوں۔ آپ کی مومیائی میں مسیحائی اثر ہے۔ میں ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ ایسی کم قیمت ہوکر یہ دوا جو اثر رکھتی ہے یہ صرف خدا کی مہربانی ہے۔ میں ان بھائیوں سے جو اس کے فوائد سے بے خبر ہیں پُرزور اپیل کرتا ہوں کہ مومیائی سے فائدہ اٹھائیں۔ (۱۰-مئی ۱۹۳۹ء)

ملنے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی مرحوم
کے
رسالہ اشاعۃ السنہ کا فائل

مولانا مرحوم کے رسالہ "اشاعۃ السنہ" کے بہت سے فائل ہمارے پاس موجود ہیں۔ جن اصحاب کو اس رسالہ کے جس پرچہ کی ضرورت ہو۔ اس کا نمبر اور جلد کا نمبر بھیج کر منگالیں۔ بعض جلدیں بارہ نمبر کی اور بعض اس سے کم نمبروں کی ہیں۔ اور ہر جلد مضمون کے لحاظ سے ایک کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر جلد کی قیمت ۲ر فی نمبر کے حساب سے ہوگی۔ علاوہ محصولڈاک

عصاء موسیٰ ۵ر

مصنفہ مولانا الٰہی بخش صاحب مرحوم

مصنف موصوف شروع شروع میں مرزا غلام احمد قادیانی کے رفیق کار تھے۔ جس وقت مرزا آنجہانی نے امام وقت مجدد اور نبی ہونے کا دعویٰ کیا تو مصنف موصوف مرزا سے علیحدہ ہوگئے اور اسکے دعاوی جو جھوٹ، فریب اور دھوکہ پر تھے۔ ان کو واضح کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی تردید مرزائیت کیلئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ تقطیع بڑی ضخامت ۴۰۴ صفحات۔ قیمت ؎ علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ:۔ عبد العزیز تاجر کتب کشمیری بازار۔ لاہور (پنجاب)

تمام دنیا میں بے مثل ۱۵ر
غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بینظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی

چار جلدوں میں
کا ہدیہ سات روپے
فی جلد ۲ر

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے۔

پتہ:۔ مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

جدید انگلش ٹیچر

انگریزی زبان بغیر استاد کے آپ بہت جلد نہایت آسانی سے سیکھ سکتے ہیں۔ بڑی مفید ہے۔ قیمت ۸ر پتہ:۔ مینجر اہلحدیث امرتسر

(۹۲۷) # سُرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ ۳ر

دُھند۔ جالا۔ غبار۔ ڈھلکہ۔ خارش۔ سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کرکے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بےنظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اس کے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پاچکے ہیں۔ بحالت صحت اس کا استعمال ہونے والی امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (ع۔ ر)

منگوانے کا پتہ
کارخانہ سرمہ اکسیر العین۔ رجسٹرڈ
حکیم سٹریٹ امرتسر

مفت ؎

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب "عورت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمالیجئے۔ (منگوانے کا پتہ)
مینجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن
فتح آباد۔ ضلع حصار۔ (پنجاب)

ahmadimuslim.de

انقلاب افغانستان

کا

صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف

"زوال غازی"

ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ (اسلامی) سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔

ضخامت ۲۶×۲۰/۸ کے ۵۶ صفحات۔

اصل قیمت ۸/ - رعائتی دو روپے

محمدیہ پاکٹ بک مجلد

مصنف منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری۔ اس کتاب کو اپنے پاس رکھنے والا ہر بڑے سے بڑے مرزائی مناظر کے ساتھ کامیاب مناظرہ کرسکتا ہے۔ جملہ مرزائی مباحث پر قلم چلایا ہے۔ اپنی غیر معمولی مقبولیت سے آج اس کا نام زبان زد عوام و خواص ہے۔ جدید اڈیشن۔ کاغذ، طباعت، کتابت اعلےٰ۔

قیمت بجائے ؎ کے عہ

تندرستی ہزار نعمت ہے

اگر آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں تو اپنے معدے کا علاج کریں۔ ہماری تیار کردہ دوائی "اکسیر ہاضمہ" کے استعمال سے معدہ کی تمام بیماریاں کافور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی ڈبہ عہ محصول ڈاک عہ نمونہ ۴ر

پتہ: منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی لاہوری گیٹ امرتسر

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کے اردو تراجم

تفسیر سورہ اخلاص

جس میں مادہ پرستی اور تثلیث کی بنیاد جڑ سے اکھاڑی گئی ہے۔ عیسائیوں اور دیگر مادہ پرست اقوام کے ساتھ مناظرہ کرنے والے اصحاب کے لئے ایک تیغ برہنہ کا کام دیگی۔ آج کل کے زمانہ میں ایسی کتاب کی اشد ضرورت خیال کی جاتی ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلےٰ۔ قیمت ۶/۸

اسوہ حسنہ

شیخ الاسلام کے تلمیذ رشید حافظ ابن قیم رح کی مشہور کتاب "زاد المعاد فی ہدی خیر العباد" کے اختصار ہدی الرسول صلعم کا اُردو ترجمہ۔ جس میں قابل مصنف نے حضور صلعم کی حیات طیبہ کی ہر بات دکھائی ہے۔ جنگوں کے علاوہ اخلاقی، معاشرتی اور خانگی معاملات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ مجلد ۸/۱

کتاب الوسیلہ

مترجمہ مولانا عبد الرزاق صاحب ملیح آبادی، اڈیٹر "ہند" کلکتہ۔ اس میں محض لفظ "وسیلہ" ہی کی بحث نہیں۔ بلکہ اسلام کے اصل اصول "توحید" پر نہائت جامع اور مستند کتاب ہے۔ اس میں توحید کی پُرجوش دعوت ہے۔ شرک کے سر پر مہلک ضرب ہے۔ بدعت و تقلید کے گلے پر چھُری ہے۔ ایک بے مثال علمی تحفہ ہے۔ قیمت ۸/۱

الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان

(مع متن عربی) اس کتاب میں کتاب و سنت کے حوالجات پیش کرکے صادق اور کاذب، اصلی اور نقلی اولیاء و مشائخ میں شناخت کردی گئی ہے جعلی مکاروں، شعبدہ بازوں کے حصول زر کے راز فاش کئے ہیں۔ اور اصلی و اصلین حق کی کرامات میں فرق بتلایا گیا ہے۔ ضرور منگوا کر پڑھئے۔ قابل دید ہے۔ قیمت عہ

اصحاب صفہ

جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ اصحاب صفہ کتنے تھے۔ کہاں رہتے تھے۔ ان کے متعلق پوری پوری واقفیت بہم پہنچائی گئی ہے۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ ۱۰ر

تفسیر آیت کریمہ

یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کی تفسیر ہے۔ اول لفظ دعا پر محققانہ بحث کی ہے۔ اس کے بعد ہر الفاظ کے متعلق علیحدہ علیحدہ تفسیری نکات بیان کرکے بتلایا ہے کہ آیہ کریمہ میں رنج مصیبت کی خاصیت کیوں ہے۔ پڑھنے کے قابل ہے۔ قیمت ۱۲ر

ائمہ اسلام

اس میں اجتہادی اور فروعی مسائل میں ائمہ دین کے اختلاف کی وجہ بیان کی ہے۔ ایک فیصلہ کن چیز ہے۔ قیمت ۱۲ر

تفسیر سورہ فلق والناس

(مع متن عربی) اس تفسیر میں پہلے تمام علمائے متقدمین کے اقوال نقل کرکے راجح ترین قول کی تحقیق کی ہے۔ آیہ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ کی تفسیر کرتے ہوئے شیاطین الجن اور شیاطین الانس کے مکر اور وسواس پر نہائت جامع اور معقول بحث کی ہے۔ پوری پوری خوبی کا اندازہ دیکھنے پر منحصر ہے۔ قیمت ۹ر

زیارت القبور

(مع متن عربی) اس کتاب میں قرآن و حدیث کے دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ زیارت قبور کا مسنون طریق کیا ہے۔ جو لوگ قبروں پر جاکر مُردوں کو پکارتے ان سے طرح طرح کی حاجات طلب کرتے، قبروں کی پرستش کرتے اور پیر کی منت مانتے ہیں ان کے تمام افعال داخل شرک ہیں۔ اہل بدعت کی تردید میں بہت کارآمد ہے۔ قیمت ۹ر

منگوانے کا پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

الوصیۃ الکبریٰ اس کتاب میں فرقہ ناجیہ اہل سنت والجماعت کے عقائد کا خلاصہ نہایت مختصر مگر جامع الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۸/

الوصیۃ الصغریٰ (مع متن عربی) حضرت رسول خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) نے معاذ ابن جبل صحابی کو جو وصیت کی تھی اس کی پوری پوری تشریح ہے۔ قیمت ۴/

ولی اللہ اس رسالے میں امام موصوف نے ثابت کیا ہے کہ صبی اور مجنوں مرفوع القلم ہونے کی وجہ سے احکام شرعی کے مکلف نہیں اور نہ ان کو درجہ ولائت حاصل ہے۔ قیمت ۵/

قوالی ترجمہ رسالہ "السماع والرقص"۔ امام موصوف نے اس مسئلہ کی تحقیق کی ہے کہ کونسا سماع مباح ہے اور کونسا حرام ہے اور کونسا اطاعت الٰہی کا ذریعہ ہے۔ قیمت ۸/

العروۃ الوثقیٰ ترجمہ "الواسطہ بین الحق والخلق"۔ اس رسالہ میں خالق و مخلوق کے درمیان واسطہ کی ضرورت اور شفاعت دعا وغیرہ کی تشریح کی گئی ہے۔ قیمت ۶/

درجات الیقین قرآن شریف میں جو تین کے تین مراتب علم الیقین عین الیقین اور حق الیقین مذکور ہیں۔ اس کتاب میں اُن کی تفسیر ہے۔ قیمت ۲/

صداقت رسول نہایت خوبی سے ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسی سیرت رکھنے والا بجز نبی کے اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۴/

حسین و یزید حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور یزید بن معاویہ رض کے مسئلہ پر اسلام سے پوری تحقیق مطلوب ہے تو یہ رسالہ پڑھئے۔ پھر آپ ایک صحیح رائے قائم کرنے پر قائم ہو جائیں گے۔ قابل مطالعہ ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت صرف ۵/

مناظرہ ابن تیمیہ بادشاہوں کے دربار میں حضرت شیخ الاسلام کو صوفیوں نے چیلنج دیا تھا کہ مناظرہ کر لیں یا ان کے ساتھ جلتی ہوئی آگ میں گھس پڑیں۔ آپ نے یہ دونوں چیلنج قبول کر لئے اور ایسی شکست دی کہ تاریخ کا ایک یادگار واقعہ بن گئی۔ قیمت ۵/

تفسیر سورۃ الکوثر مترجمہ مولانا عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی۔ قابلدید ہے۔ قیمت صرف ۴/

سیرت امام ابن تیمیہ مصنفہ چودھری غلام رسول مہر اڈیٹر "انقلاب" لاہور۔ امام صاحب رح کی سوانحعمری مفصل طور پر لکھی ہے۔ قیمت ۵/

الدر النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید

مؤلفہ قاضی محمد بن علی شوکانی رحمہ اللہ کا اردو ترجمہ از مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے بمبئی۔ جس میں امام موصوف نے مسئلہ توحید کو اس درجہ نکھار کر رکھ دیا ہے کہ شرک کے ادنیٰ شائبہ کی بھی آمیزش نہیں رہتی۔ ادلہ توحید میں سے بعض اہم دلائل یکجا جمع کر کے قبر پرستی اور توسل وغیرہ کے برخلاف اتمام حجت کر دیا ہے۔ قیمت ۱۲/

الآثار المتبوعہ لرد اعلام المرفوعہ۔ مؤلفہ مولانا محمد عبداللہ صاحب مئوی۔ اہل حدیث کا مذہب ہے کہ اگر کوئی شخص ایک مجلس میں تین طلاقیں دے تو وہ ایک ہی ہوتی ہے رسالہ ہذا میں مخالف معترضین کے تمام دلائل کا قلع قمع کر کے ثابت کر دیا ہے کہ طلاق زیر بحث ایک ہی ہوگی۔ بہت مفید کتاب ہے۔ قیمت ۵/

الارشاد الیٰ سبیل الرشاد مصنفہ مولانا ابو یحییٰ محمد شاہ جہانپوری موضوع تقلید اجتہاد پر ایک بے مثل اور بے نظیر کتاب ہے۔ ضرور منگوائیں۔ قیمت ۱۲/

رعایتی اعلان

تذکرہ احرار اسلام مجاہدین، صحابہ کرام وغیرہم کے ۲۵۶ سبق آموز مختصر حالات۔ قابلدید ہے قیمت بارہ آنے۔ رعائتی ۳/

ماہ یثرب بچوں کے لئے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۴/۔ رعائتی ۲/

ام القریٰ اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ انسان کا سب سے پہلا مسکن مکہ معظمہ ہے۔ قیمت ۸/۔ رعائتی ۲/

خون شہادت کے دو قطرے حضرت سرمد شہید اور منصور رح کے حالات۔ از مولانا ابوالکلام آزاد اصل قیمت ۴/۔ رعائتی ۲/

رباعیات حافظ حمد۔ نعت۔ اخلاق پر بہترین اُردو رباعیاں۔ قیمت تین آنے۔ رعایتی ایک آنہ۔

شرح گلستان گلستان کے حصہ کورس کے مشکل الفاظ درسی کی شرح اصل قیمت تین آنے۔ رعایتی ایک آنہ

کامل دائی دائی جنائی کے متعلق بہترین و جامع کتاب اور تصاویر۔ اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا مفید ہے۔ قیمت ۱۲/ رعایتی ۱/

طوفان حیات جھوٹے پیروں اور بُرائی رسموں کے خلاف قابلقدر کتاب بطور ناول از مولانا راشد الخیری مرحوم۔ قیمت ایک روپیہ۔ رعائتی آٹھ آنے

کتاب الاثمار پھلوں کی تعریف، نگہداشت پرورش کا ذکر۔ زمینداروں کو بہت مفید ہے۔ قیمت ۱۲/۔ رعایتی ۳/

سوانح جمال الدین افغانی از مولف ... قیمت ۴/۔ رعایتی ...

بلوغ المرام من ادلة الاحکام

مترجم اُردو

بالاعراب و محشی مصنفہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث میں یہ بے مثل کتاب ہے۔ احکام فقہ کے متعلق جتنی احادیث قابل عمل و استدلال ہیں سب کو نہایت بہترین طور سے انتخاب کرکے اس کے قابل مصنف (حافظ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ) نے اس میں درج کردی ہیں۔ پس اس کتاب کو سمجھ کر پڑھ لینے سے طالب حدیث کو تکمیل صحاح ستہ کا کافی ملکہ حاصل ہوجاتا ہے۔ عام فہم اردو ترجمہ کرا کر تمام عربی عبارت پر اعراب لگا دیئے گئے ہیں۔ ترجمہ بین السطور اور حاشیہ پر فوائد چڑھا دیئے گئے ہیں

تہذیب و شائستگی۔ از سید محمد بن سعید۔ قابل دید ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ۔ اصل قیمت ۲ر رعایتی ۱ر

الانصاف فی حق الاحناف ۔ ۸ر ۔ ۱ر

تاریخ مغربی تبت کمل ۔ ۸ر ۔ ۲ر

اختیاری پیدائش کے تباہ کن اثرات۔ ایک مفید طبی کتاب۔ اصل قیمت ۸ر۔ رعایتی [illegible]

خضر راہ۔ از ڈاکٹر محمد اقبال مرحوم۔ قیمت ۴ر رعایتی ۱ر

تاریخی جواہر۔ شبلی۔ اقبال۔ [illegible]

مثنوی معارف اسلام۔ مصنفہ [illegible]

اصل قیمت ۸ر۔ رعایتی ایک آنہ

دولتمند بننے کی ۱۸ ترکیبیں۔ اصل قیمت ۴ر۔ رعایتی ۱ر

سوانح مولانا غنی کاشمیری ۔ ۸ر ۔ ۲ر

نام کتاب	اصل قیمت	رعایتی
قال اللہ از ابو الوفا ثناء اللہ صاحب	۵ر	۱ر
قال الرسول ۔	۴ر	۱ر
اسلام کے عقائد ۔	۲ر	۱ر
اسلام کی صداقت ۔	۲ر	۱ر
علاج مرض ۔	۲ر	۱ر
تحریم الخمر والزنا ۔	۲ر	۱ر
تعلیم الصیام ۔	۱ر	۱ر
تعلیم [illegible] ۔	۱ر	۱ر
تعلیم [illegible] ۔	۱ر	۱ر

اسماء الحسنی بلحاظ حروف تہجی کے نام مع [illegible] قیمت ۴ر۔ رعایتی ۱ر

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ۔ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کریں۔ خط و کتابت کرنے کا پتہ:۔

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

دیہاتی حکیم

نئی تصنیف — مفید کتاب

محض دیہاتیوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھا گیا ہے۔ اس میں تقریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے۔ جس میں چھ سو کے قریب مجربات دیئے گئے ہیں۔ سر سے لیکر پاؤں تک جملہ امراض کی تفصیل اور تشریح کردی گئی ہے علاج دیسی ادویات سے بتایا ہے جو ہر جگہ باآسانی اور ارزاں مل سکیں۔ یہ کتاب غریبوں کے لئے ایک نعمت بے بہا ہے۔ جس کی قدر کرنا ان کا فرض ہوگا۔ ضرور منگوائیں۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۱۲ر

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

تقطیع ۲۲×۲۹ ۔ حجم ۳۱۲ صفحات۔ کاغذ نہایت [illegible] لکھائی چھپائی عمدہ [illegible] عاشقین اور فہرست مضامین [illegible] ہے۔ یاد جلد ان تمام [illegible] قیمت رعایتی قیمت [illegible] نوٹ:۔ جلد [illegible]

ملنے کا پتہ

چشمۂ حیات۔ پوشیدہ امراض مردانہ کی پوری کیفیت مع علاج۔ مفید طبی کتب۔ قیمت ۸ر رعایتی ۲ر

از مولانا سیف

جمع القرآن والحدیث

بنارسی مدظلہ۔

آج کل جدید تعلیم یافتہ قرآن مجید اور حدیث شریف کی صحت اور ان کے سچا اور الہامی ہونے پر طرح طرح کے اعتراض کرتا ہے۔ اس کتاب میں قرآن اور حدیث کے جمع، ترتیب، صحت، حفاظت اور کتابت کے متعلق جملہ اعتراضات کا مدلل جواب دیا گیا ہے۔ ہر ایک [illegible] کو ضرور مطالعہ کرنا چاہئے۔ [illegible] کتابت طباعت [illegible]

چہرہ اور نیم ۔ اصل قیمت ۴ر رعایتی ۱ر

سوانح امام بخاری ۔ ۴ر ۔ ۱ر

مثنوی حقوق اولاد از مولانا حالی ۔ ۲ر ۔ [illegible]

ہادیٔ اسلام۔ سوانح مبارک حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم۔ اصل قیمت ۱۲ر۔ رعایتی ۲ر

تذکرہ ترکان احرار کمل باتصویر ۔ ۶ر ۔ ۱۲ر

[illegible] کی دینی برکات از مولانا ثمرو۔ قیمت ۴ر رعایتی ۱ر

خلاصہ تحفة الایمان۔ اصل قیمت ۳ر رعایتی ۱ر

ایمان مسلمان بچوں کے لئے ۔ ۲ر ۔ ۱ر

[illegible] از [illegible] ۔ [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

رجسٹرڈ ایل ... اسلامی ... ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ... نمبر ۳۳

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اخبار امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن پس حدیث مصطفےٰ بر جان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث کٹرہ بھائی امرتسر

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ...

دو ساہ جاگیرداروں سے ... ...

عام خریداران سے ... ...

... ... ششماہی ...

ممالک غیر سے سالانہ ... ۱۰ شلنگ

فی پرچہ ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط وکتابت ہوسکتا ہے۔

جملہ خط وکتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۶ جون ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم۔ نعرۂ توحید - - - - ص۱

انتخاب الاخبار - - - - - ص۲

صلوٰۃ المؤمنین بجواب صلوٰۃ المرسلین - ص۳

کیا مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کو نظر انداز کر دیا ص۴

مرزا صاحب کی کامیاب وفات - ص۵

مقتبا ئے نبوی کا ایک مشک ریز نافہ - - ص۶

ایک حدیث نبوی کی تصدیق - - - ص۸

چند تجویزات ضروریہ - - - - ص۹

ارکان جمعیت تبلیغ اہلحدیث کا تبلیغی دورہ - ص۹

... میں جلسہ ... - - ص۱۰

آریہ صاحبان سے سوالات - - - ص۱۱

شاعری ... ص ... فتاویٰ ص۱۳ متفرقات ... ص ... اشتہارات - - ...

نعرۂ توحید

(از مولوی ابو یحییٰ محمد زکریا صاحب سراج منشی کامل بھوجپوری میرٹھی)

عبادت غیر کی کب ہو بھلا اللہ کے ہوتے
گداؤں سے بھی کیا مانگیں حقیقی شاہ کے ہوتے

تعجب ہے مسلمانوں پہ جو ہیں غیر کے طالب
کہ کیچڑ چاٹتے پھرتے ہیں شیریں چاہ کے ہوتے

فلک ٹوٹے زمیں شق ہو ترے اس خیال پر غافل
کہ حضرت مستوی عرش تھے اللہ کے ہوتے

کوئی اجمیر کو۔ کلیر کو۔ کوئی پاک پٹن کو
نجف کو، کربلا کو جائے بیت اللہ کے ہوتے

غضب پر ہے غضب مسلم پڑھا کار رکھا ہے
مصیبت میں بھی پوجے غیر کو اللہ کے ہوتے

خدا لگتی خدا لگتا۔ یہی ہے مذہب حق
کہ قول امتی مانیں رسول اللہ کے ہوتے

مبارک ہو تجھے غافل یہ اس ورانے کا ...
ہیں کچھ بھی نہیں بھاتا کلام اللہ کے ہوتے

دعا ہے اب سراج اللہ اس کو چشم بینا دے
... سوجھے نہ کوئی راہ سیدھی راہ کے ہوتے

انتخاب الاخبار

۱۲- جون ۱۹۳۹ء

—— شہر امرتسر میں ۶ تا ۹ جون ۷۹ بچے پیدا ہوئے اور ۹۵ مرے۔

—— امرتسر میونسپل کمیٹی کے وائس پریذیڈنٹ شیخ احمد صادق (برادر شیخ صادق حسن) آنریری مجسٹریٹ جو شہر وائس پریذیڈنٹ مسٹر مدن لال منتخب ہوئے ہیں

—— لاہور کی دیکھا دیکھی امرتسر کے خاکروبوں نے بھی بلدیہ امرتسر کے سامنے اپنے مطالبات پیش کئے تھے اور کئی ایک جلسے بھی کرتے رہے۔ اس کے برعکس بلدیہ کی طرف سے بھی جلسے اور اشتہارات شائع ہوتے رہے مگر چونکہ ان کے مطالبات تسلیم نہیں کئے گئے۔ اس لئے حسب اعلان خاکروبوں نے آج (۱۲ جون کو) ہڑتال کردی ہے۔ افسوس کہ میونسپلٹی نے لاہور کے واقعہ سے سبق نہ سیکھا اور کوئی خاطر خواہ انتظام نہ کیا جس کی وجہ سے لاہور کی طرح آج امرتسر شہر بھی تعفن، بدبو اور غلاظت سے بھر گیا ہے۔ ایک دو جگہ پولیس اور خاکروبوں میں تصادم بھی ہؤا۔ معلوم نہیں اس کا انجام کیا ہوگا۔ اہل شہر اس واقعہ سے بہت تکلیف میں ہیں۔

—— امرتسر کے سٹی مجسٹریٹ نے ایک مسلمان عادی چور کو ۲ آنہ چرانے کے الزام میں ۲ سال قید سخت کی سزا دی

—— امرتسر گذشتہ فسادات محرم میں جن مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کی دکانیں لوٹنے کا الزام تھا۔ ان میں سے چار کو ایک ایک سال قید سخت کی سزا ہوئی

—— قادیان ضلع گورداسپور میں ۱۷-۱۸-۱۹ جون کو مجلس احرار اسلام کی طرف سے احرار کانفرنس منعقد ہوگی

—— پنجاب گورنمنٹ نے روزانہ اکالی لاہور سے ایک مضمون کی اشاعت کی بنا پر ایک ہزار روپے کی ضمانت طلب کی ہے۔

—— سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ ۳۷-۱۹۳۶ء میں صوبہ پنجاب کے مندرجہ ذیل ضلعوں میں حسب مقدار ذیل افیون فروخت ہوئی۔ لاہور ۱۳ ہزار ۳۳۹ سیر۔ جالندھر ۸ ہزار ۶۶۹ سیر۔ ملتان ۵ ہزار ۵۳۶ سیر۔ انبالہ ۳ ہزار ۲۱۹ سیر۔ راولپنڈی ۳ سیر ۱۹ سیر۔ (قیمت لاہور صوبہ بھر میں افیون خوری میں اول ہے)

—— شملہ معلوم ہؤا ہے کہ حکومت ہند کو ۱۹۳۵ء سے ۱۹۳۸ء تک ریڈیو کے محکمہ میں ایک لاکھ روپیہ خسارہ ہؤا ہے۔

—— لاہور میں بوچڑ خانہ بند ہونے کی وجہ سے حکومت ہند کو ۱۹ لاکھ روپیہ کا نقصان ہؤا۔

—— گوجرانوالہ کے محبوب عالم کو جو نبوت کے دعویدار تھے۔ کسی شخص نے قتل کردیا اور خود پولیس سٹیشن میں حاضر ہو کر اقبال جرم کیا۔ (پرتاپ لاہور)

خریدار اصحاب توجہ فرمائیں

ماہ جون میں جن حضرات کی قیمت اخبار اور میعاد مہلت ختم ہے ان کے اسماء گرامی اہلحدیث ۲۶- مئی ۱۹۳۹ء پر شائع کئے گئے ہیں —— لہذا ان حضرات کی خدمت میں گذارش ہے کہ مہربانی فرما کر قیمت اخبار جلد از جلد دفتر ہذا میں بھیجدیں۔ اگر خریداری سے انکار ہو تو بھی بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں۔ ورنہ ۳۰ جون کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

مہلت یافتگان کی قیمت اخبار اگر ۲۹ جون تک وصول نہ ہوئی تو آیندہ اخبار بند کردیا جائیگا۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— مہاشہ کرشن آف "پرتاپ" لاہور حیدرآباد ستیہ آگرہ کرتے ہوئے منماڈ میں گرفتار ہوگئے ہیں۔

—— لکھنؤ میں شیعہ سنی فساد ہو جانے سے ایک آدمی ہلاک اور بہت سے مجروح ہوئے۔ ۸۱ گرفتاریاں عمل میں لائی جاچکی ہیں۔

—— کلکتہ ہائی کورٹ نے حال ہی میں ایک مقدمہ کے فیصلہ کے دوران میں لکھا ہے کہ وزارت انگریز کی گورنمنٹ کا حصہ نہیں ہے۔

—— حکومت کشمیر نے آل انڈیا سپنرز ایسوسی ایشن کی برانچ کشمیر کو ۲ فیصدی سود پر ایک لاکھ روپیہ بطور قرض دیا ہے۔

—— جے پور میں ایک برہمن کو اپنی نجات کے لئے اپنے گیارہ سالہ لڑکے کو قربان کردینے کے جرم میں دس سال قید بامشقت کی سزا ہوئی۔

—— ریاست جے پور کے مسلم مہاجرین نے جو دہلی میں مقیم ہیں۔ ۱۶ جون سے ریاست کے خلاف سول نافرمانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

—— معلوم ہؤا ہے کہ حکومت ترکی اپنی بری، بحری اور فضائی طاقت کو مضبوط کرنے کے معاملہ پر غور کررہی ہے

—— پریگ۔ جرمنی پولیس افسر کے ہلاک کئے جانے کی وجہ سے اہالیان ضلع نکو نوپہ پانچ لاکھ چیک کراؤن جرمانہ کیا گیا ہے۔

—— پریگ کی اطلاع ہے کہ وہاں کی یکصد جرمنی لڑکیاں پُراسرار طور پر گم کی گئی ہیں۔

—— لندن کی خبر ہے کہ گذشتہ ماہ مئی میں ۶۶۶۴ رنگروٹ بھرتی کئے گئے ہیں۔

—— معلوم ہؤا ہے سپین میں لوہے کی کانوں کا ٹھیکہ جرمنی ٹھیکیداروں کو دیا جائیگا۔

—— ملک معظم اور ملکہ معظمہ ۱۱ جون کو نیویارک پہنچے ساحل پر ایک لاکھ اشخاص نے استقبال کیا اور جلوس کے ہمراہ تقریباً چار لاکھ اشخاص تھے۔

—— بیت المقدس کے ایک ڈاک خانہ میں بم پھٹنے سے آٹھ اشخاص مجروح ہوئے۔

—— معلوم ہؤا ہے برطانیہ، فرانس اور روس کے مابین معاہدہ کی کوشش ہورہی ہے۔

—— حکومت جرمنی نے لیتویا اور ستونیا سے جو دس سال کیلئے نئے معاہدے کئے ہیں ان پر دستخط کردیئے ہیں

مفت!

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کی مکمل فہرست صرف پوسٹ کارڈ لکھنے پر مفت منگوائیں۔

منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

—— معاصر الجمعیۃ سے دو ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کی گئی ہے —— بٹالہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ قادیان سے آٹھ آٹھ میل کے رقبہ میں ۱۲ جون سے ۲۰ جون تک دفعہ ۱۴۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۲۷ ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ

صلوٰۃ المومنین

جواب

رسالہ صلوٰۃ المرسلین

(۷)

اس سلسلہ مضمون کے گذشتہ نمبر میں اہل قرآن کی نماز کے اذکار وغیرہ کا ذکر ہوا ہے۔ آج بھی اسی کا بقیہ درج ہے۔

(نوٹ) ان لوگوں کی عادت ہے کہ کوئی آیت کسی عمل کی ہو اس کو جہاں چاہتے ہیں اپنے حسب منشا استعمال کر لیتے ہیں چاہے اس کو کسی قسم کا لفظی یا معنوی تعلق ہو یا نہ ہو۔

مصنف کی مندرجہ ذیل عبارت ملاحظہ ہو۔ جو نماز میں استغفار کرنے کے متعلق آپ نے لکھی ہے:۔

"علاوہ اس کے رب کریم کا یہ بھی حکم ہے کہ اپنی بخشش مانگنے کے ساتھ دوسرے مومنین اور مومنات کی بخشش بھی مانگنا چاہیئے۔ ملاحظہ ہو آیت ذیل:۔

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ	اور دعا میں بخشش مانگ کر واسطے اپنے گناہوں کے اور واسطے ... مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کے

[illegible]

اہلحدیث کوئی ان بھلے آدمیوں سے پوچھے کہ اس آیت میں نماز کا ذکر کہاں ہے۔ اگر کوئی شخص نماز ختم کر کے اللّٰھم اغفرلی و للمؤمنین وغیرہ پڑھے تو کیا اس حکم پر عمل نہیں ہوگا؟ یا گلی کوچہ میں چلتا پھرتا یہ دعا پڑھے۔ تو کیا اس حکم کی تعمیل نہیں ہوگی؟ یا پاخانہ سے نکلتے ہوئے (باتباع سنت) غفرانک کہے تو اس ارشاد کی تعمیل نہ ہوگی؟ یقیناً ہو جائیگی پھر اس کو نماز سے کیا خصوصیت ہے۔ ہاں ہم نماز میں بھی اس آیت پر عمل کرتے ہیں۔ آخری قعدہ میں ہم اپنے اور مومنوں کے لئے استغفار کرتے ہیں۔ مگر ہم میں اور تم میں فرق یہ ہے کہ ہم الہیٰ معلم علیہ السلام کی تعلیم سے کرتے ہیں اور تم لوگ اپنے ذہنی جلایا بالفاظ دیگر محض اپنے تخیل سے کرتے ہو۔ اسی لئے آپ لوگوں میں اذکار نماز کے بارہ میں بہت بڑا اختلاف ہے۔

چونکہ مرکز رسالت سے تعلق چھوٹ گیا ہے اس لئے جو کچھ کسی کے جی میں آتا ہے کہہ دیتا ہے۔ اور خیالات کا اختلاف [illegible] ہے۔ ہم پہلے بھی [illegible] ... پیش کر سکتے ہیں کہ ... الہیٰ معلم کی تعلیم سے

پیدا ہونے شروع ہوگئے جن کے اعمال دینی کو توقیف بنانے کے لئے اسوہ حسنہ قرار دیا گیا تھا۔ لیکن آپ لوگ تو اب بھی ایسا نہیں کہہ سکتے۔ قاعدہ یہی کہیں گے کہ ہم مذہبی حکم اپنے نفس سے ایجاد کیا کرتے ہیں۔ سوچ لیجئے کہ ان دونوں جوابوں میں سے صحیح جواب کونسا ہے۔ رسالہ ہذا کے صفحہ پر آپ کس مزے سے لکھتے ہیں کہ:۔

"آیات مذکورہ سے روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ جملہ انبیاء سلام علیہم اور جملہ مومنین اور مومنات رضوان اللہ علیہم کا عمل یہ تھا کہ وہ صلوٰۃ میں اللہ کی تعریف و تحمید کرنے کے بعد عاجزی ظاہر کرتے یعنی دعائیں مانگتے تھے۔" (رشاہم)

اہلحدیث یہ بالکل صحیح ہے مگر آیت مرقومہ (اَلَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ) سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی بلکہ حقیقت یہ ہے کہ مومنین لوگ حضرات انبیاء کی تعلیم سے اور انبیاء علیہم السلام خدا کی مخفی تلقین (وحی خفی) سے ایسا کرتے تھے۔

اذکار صلوٰۃ کے بعد مصنف نے دو اور عنوان "قبل صلوٰۃ" اور "تکبیر صلوٰۃ" ذکر کئے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ:۔

قبل صلوٰۃ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا (پ ۱۵)

تکبیر صلوٰۃ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا (پ ۵ - ع ۳)

اہلحدیث پہلی آیت مکی ہے۔ جس میں آنحضرت صلعم کی ہجرت کی طرف اشارہ ہے کہ دعا کرو کہ مدینہ شریف میں تمہارا داخلہ باعزت ہو اور مکہ شریف سے خروج حسب منشا ہو۔ (یعنی بلا شور و شغب مخالفین کے سلامت بکرامت نکل جاؤ اور مدینہ شریف پہنچ کر تم کو غلبہ حاصل ہو)

... اس آیت کو نماز میں داخل ... کیا تعلق ہے ... سلطاناً نصیرا ...

ahmadimuslim.de

دعا [illegible] کس [illegible] خلاف بتایا گیا ہے۔ علاوہ اسکے اگر کوئی شخص اپنے یا بیگانے گھر میں داخل ہوتے ہوئے یہ آیت پڑھے تو ہم اس کو منع نہیں کرتے۔ لیکن سیاق عبارت سے ظاہر ہے کہ اس آیت سے یہ مقصود نہیں ہے۔ دوسری آیت جس کو آپ نے تکبیر تحریمہ کے لئے نقل کیا ہے۔ اس کو نماز سے کوئی دور کا تعلق بھی نہیں ہے کیونکہ اس کے ماقبل اور مابعد مرد و عورت کی خانگی زندگی کے متعلق احکام ہیں۔ جن کا مختصر مطلب یہ ہے کہ جن عورتوں سے تم شرارت پاؤ پہلے اُن کو سمجھاؤ بجھاؤ پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کرلیں تو تکلیف دینے کے عذرات ان کے حق میں تلاش نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ بہت بلند شان اور بڑی عزت والا ہے۔ اس میں یہ اشارہ ہے کہ جس قدر بلندی شان تم کو عورتوں پر حاصل ہے اس سے زیادہ خدا کو تم پر حاصل ہے۔

تم اگر اپنی معمولی بلندی کے باعث عورتوں پر ظلم کروگے تو خدا تعالیٰ اپنی حقیقی کبریائی کے ماتحت تم کو سخت سزا دیگا۔ بتائیے اس آیت کو تکبیر تحریمہ سے کیا تعلق ہے۔ کیا یہی قرآن فہمی ہے۔

اس سے آگے عنوان ہے "اذکار قیام صلوٰۃ" اس عنوان کے ماتحت مصنف نے اذکار قیام کیلئے سورہ حشر کی آخری آیات هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۔ سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی آخری آیات نقل کی ہیں۔ جن میں سے کسی ایک آیت کو بھی نماز سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہے۔ ان میں نماز کا نہ حکم ہے نہ ذکر۔ پھر ان آیات کو پیش کرنا اثبات مدعا (تلاوت در قیام) کے لئے کیونکر مفید ہو سکتا ہے۔

ناظرین کرام! ان اہل قرآن کی آیات خوانی کی ایک مثال ہم یہاں پیش کرتے ہیں جو آپ لوگوں کو ہمیشہ کام دیگی۔

اگر کوئی ملحد دعویٰ کرے کہ سارے مومن و پرہیزگار جہنم میں جائیں گے۔ اس کا ثبوت خود قرآن مجید کے الفاظ میں یوں ہے کہ

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ... نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ[1]

اس آیت کے دونوں حصے قرآن مجید میں موجود ہیں۔ جو اپنے اپنے محل میں بالکل صحیح ہیں۔ اگر کہا جائے کہ اس آیت کے دونوں حصوں کا محل الگ الگ ہے تو ملحد مذکور کہہ سکتا ہے کہ چاہے محل [illegible] الگ ہے مگر یہ الفاظ تو قرآن مجید ہی کے [illegible] بے محل ہونے سے میرا استدلال غلط ہے تو آپ کا استدلال کیونکر صحیح ہو سکتا ہے؟

اہل قرآن![2]

مشکل بہت پڑیگی برابر کی چوٹ ہے
آئینہ دیکھئے گا ذرا دیکھ بھال کر

اذکار رکوع مصنف نے اذکار قیام کے بعد اذکار رکوع کا بیان ان لفظوں میں کیا ہے کہ

"قیام کے بعد ہم کو اذکار رکوع کا بیان پیش کرنا چاہئے۔ لیکن ہم پیشتر ثابت کر چکے ہیں کہ جملہ انبیاء سلام علیہم رکوع میں دعا و توبہ تلاوت کیا کرتے تھے جو کہ قرآن مجید کے اندر اللہ تعالیٰ نے مہیا فرما دی ہیں۔ پس رکوع میں ہم کو بھی دعا و توبہ ہی مانگنا چاہئے تاکہ منشاء رب کریم کی پوری پوری تعمیل ہو سکے۔"
(صلوٰۃ المرسلین صفحہ ۵۶)

اہلحدیث رسالہ کے صفحہ پر آپ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا ایک واقعہ کے سلسلہ میں استغفار اور رجوع الی اللہ کرنا لکھا ہے۔ اس میں بھی نماز کی حالت کا ذکر نہیں ہے بلکہ ایک آزمائشی واقعہ مذکور ہے۔ جس میں آپ سمجھے تھے کہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے جسکی تلافی کرنے کو آپ خدا کی طرف متوجہ ہوئے۔

مصنف موصوف نے خود ہی اس آیت کا جو ترجمہ کیا ہے وہ نہایت لطیف اور طلباء کے لئے مضحکہ خیز ہے۔

اختلاف رائے کیا ہم (خدا) نے اس سے
پس دعائے بخشش کی اس نے اپنے رب کے
حضور میں اور گر گیا رکوع کی حالت میں الخ
(صفحہ ۴۸)

ناظرین! ہم نے تو اپنی ساری عمر میں یہ نہیں سنا کہ خدا اپنے کسی بندے کے حق میں [illegible] کہ میں نے اس سے اختلاف رائے کیا۔ اُردو محاورہ کے لحاظ سے تو ایسا کہنا خدا کی توہین ہے۔ کیونکہ اختلاف رائے دو مساوی شخصوں میں ہوتا ہے۔ کوئی بندہ خدا کے مساوی نہیں ہے۔ [illegible] علاوہ لفظ فتنا کے یہ معنی کہیں بھی [illegible] اس لفظ کا ماخذ فتنہ ہے۔ جو اپنی [illegible] بالفاظ

وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ؕ

قرآن مجید میں آیا ہے۔ پھر کیا اس آیت کے معنی بقول آپ کے یہ ہونگے کہ

اختلاف رائے قتل سے بھی بڑھ کر گناہ ہے۔

کیا ہم اس آیت کے ماتحت کہہ سکتے ہیں کہ اہل قرآن ایسے فعل کا ارتکاب کرتے ہیں جو قتل سے بھی زیادہ سخت ہے۔ کیونکہ وہ اہل حدیث سے اختلاف رائے کرتے ہیں۔ ع

بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

سنئے! آیت مذکورہ میں راکعًا سے مراد متوجہًا الی اللہ ہے نہ کہ نماز کا اصطلاحی رکوع۔ اس کا ثبوت قرآن مجید کی اس آیت سے ملتا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں:۔ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا یَرْكَعُوْنَ (جب کبھی انہیں کہا جاتا ہے کہ خدا کی طرف متوجہ ہو جاؤ تو وہ متوجہ نہیں ہوتے)

کافروں کو یہ کبھی نہیں کہا گیا کہ آؤ میاں نماز کا رکوع کرلو۔ ہاں یہ ضرور کہا گیا کہ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ نماز پڑھو اور شرک چھوڑو۔ پس آیت موصوفہ سے آپ کا مدعا ثابت نہیں ہے اور جو ثابت ہے وہ ہمیں مضر نہیں۔ اور آپ کو مفید نہیں۔ کیونکہ مطلب اس کا اتنا ہی ہے کہ جب آدمی کو اپنی غلطی کا احساس ہو جائے تو اس سے رجوع کرلے اور خدا کی طرف متوجہ ہو کر بخشش مانگے اور یہ بالکل صحیح ہے۔ (باقی)

دلیل القرآن۔ مولوی عبداللہ چکڑالوی کے رسالہ "صلوٰۃ القرآن" کا مدلل جواب۔ اہل قرآن کے طریقہ نماز کو رد کیا ہے۔ قیمت ۳/ پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

[1] یہ لوگ مومن ہیں اور اچھے عمل کرتے ہیں ہمیشہ جہنم میں رہیں گے؟

[2] [illegible] ہے۔ (دیکھو)

قادیانی مشن

کیا مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کو نظر انداز کر دیا؟

خدا امت مرزائیہ کو سچ بولنے کی توفیق بخشے۔ آجتک تو ان کی جو تحریر ہم نے دیکھی ہے۔ جس میں مرزا صاحب کے کمالات اور فضائل بیان کئے گئے ہوں وہ ضرور غلط اور پُر از کذب و زُور ہوتی ہے۔ "پیغام صلح" مورخہ ۲۴۔ مئی میں ایک سرخی یوں لکھی ہے:-

مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کی اہمیت کا خاتمہ کر دیا۔

اس کے نیچے یہ عبارت مرقوم ہے کہ:-

آپ (مرزا) کی جماعت میں شیعہ سنی اہل حدیث وغیرہ مختلف فرقوں کے افراد شریک ہوئے وہ اپنے ساتھ فروعی اختلافات بھی لائے لیکن جماعت احمدیہ کے اندر داخل ہوتے ہی ان اختلافات کی اہمیت یکسر زائل ہو گئی۔

(پیغام صلح لاہور ۲۷ مئی ص۵ کالم ۱)

اہلحدیث اس بیان کی تردید کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ "پیغام صلح" سے چند سوال کرنا کافی ہے

(۱) کیا مرزا صاحب نے کتاب سر الخلافہ جو لکھی ہے وہ شیعوں کے برخلاف نہیں ہے۔

(۲) کیا قصیدہ اعجازیہ مندرجہ کتاب اعجاز احمدی میں مرزا صاحب نے شیعوں کو مخاطب کر کے نہیں کوسا۔

(۳) کیا حکیم نور الدین کو مرزا صاحب نے بذریعہ خط یہ حکم نہیں دیا کہ آپ اہل حدیث بننے کی بجائے حنفی بنیں۔ جس کے جواب میں حکیم صاحب نے لکھا تھا ع

ہمہ بجا و بہمیں کی کرت پیرمغاں گوید [illegible]

(۴) کیا مرزا صاحب نے [illegible]

[illegible] نہیں کیا؟

(۵) کیا مرزا صاحب نے یہ نہیں کہا کہ میں ان خشک وہابیوں سے ہمیشہ متنفر رہا ہوں۔

ایسے حوالہ جات کئی ایک ہیں جو بوقت ضرورت پیش کئے جا سکتے ہیں۔ کیا یہ فروعات کا ترک ہے یا ان کی اہمیت ہے کہ ایک بہت بڑے اہل حدیث عالم کو (جس کے علم و فضل کا سب نے اعتراف کیا ہے) اس کے پسندیدہ و مختار مذہب (اہل حدیث) سے ہٹا کر اپنے مذہب (حنفی) میں آنے کا حکم دیا جائے۔ ہم اس پر اعتراض نہیں کرتے کیونکہ ہر ایک شخص اپنے مذہب کی طرف دوسروں کو دعوت دینے کا حق رکھتا ہے۔ ہاں اس جگہ ہم پیغام صلح کے اس ادعا کی تردید کرتے ہیں کہ مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کو کچھ اہمیت نہیں دی۔

مرزا صاحب خود حنفی تھے اور حنفی بھی تھرڈ کلاس (معمولی درجے کے) جن کا عقیدہ ان کے صاحبزادے نے سیرۃ المہدیؑ میں یوں لکھا ہے کہ مرزا صاحب نے فرمایا ہے کہ "مُردوں کی روحیں جمعرات کو اپنے گھروں میں آتی ہیں اس لئے اس روز خیرات کرنی چاہیئے۔"

ایسا حنفی اگر بڑے بڑے علماء کو حنفیت کی دعوت دیتا ہے تو وہ اسی قسم کی حنفیت ہو گی۔ اندریں حالات کس منہ سے کہا جاتا ہے کہ "مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کو نظر انداز کر دیا۔"

ایسا کہنا یقیناً جھوٹ اور خلاف واقعہ ہے۔

علاوہ اس کے ہم پوچھتے ہیں کہ اس میں شک نہیں کہ مرزا صاحب خلافت ثلاثہ کو خلافت راشدہ سمجھتے تھے پھر اگر کوئی غالی شیعہ جو صحابہ ثلاثہ کے حق میں تبرا [illegible] کرے [illegible]

تب تو ان کے حق میں یہ شعر صادق آتا ہے

دو گونہ رنج و عذاب است جان مجنوں را
بلائے صحبت لیلیٰ و فرقت لیلیٰ

مرزا صاحب کی کامیاب وفات

"پیغام صلح" کے بڑے بھائی اخبار الفضل قادیان نے بھی اسی قسم کا ایک دل خوش کن افسانہ لکھا ہے مرزا صاحب کی وفات کو کامیاب بتاتے ہوئے مندرجہ ذیل عبارت کو گویا زریں حروف میں لکھ کر اپنے حلقہ بگوشوں کو قابو میں رکھنے کی کوشش کی ہے۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ:-

"حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) جب طویل اور کامیاب جد وجہد کے بعد اس دار فانی سے رخصت ہوئے تو خوش تھے۔ اسلام کی اشاعت کے لئے محکم بنیاد کے رکھے جانے پر مطمئن تھے۔ اسلام کا شاندار مستقبل آپ کے سامنے تھا۔ سب سے پیارے بلانے والے کی آواز پر آپ شاداں و فرحاں لبیک کہ رہے تھے۔ جس طرح ہونہار فرزند اپنے باپ کے مفوضہ کام کو سر انجام دے کر خوش و خرم اس کی جانب آتا ہے اسی طرح خدا کا یہ مقدس عبد اپنے فرض سے سبکدوش ہو کر اپنے رب کی طرف جا رہا تھا۔"

(الفضل قادیان ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء)

اہلحدیث کیا انتقال کے وقت مرزا صاحب کو اپنا اشتہار متعلقہ "آخری فیصلہ" مجریہ ۱۵ اپریل ۱۹۰۷ء یاد نہ تھا۔ جس کا مضمون یہ تھا کہ

گفت مرزا مرشاء اللہ را
میرد اول ہر کہ ملعون خدا است

اگر یاد تھا اور ضرور یاد تھا تو انصاف سے کہیے کہ ایسا شخص دنیا سے کیونکر خوش و خرم جا سکتا ہے جس کے مقابل کی زندگی اس کے اپنے اشتہار کے مطابق اس کے تمام کاروبار [illegible]

ahmadimuslim.de

ہی موش کرنے کی بات ہے کہ آپ انتقال کے وقت شاداں و فرحاں خدا کی طرف گئے۔

واقعات شہادت دیتے ہیں کہ مرزا صاحب کو وفات کے وقت سخت صدمہ پہنچا ہوگا اور یہ خیال آپ کے لئے سوہان روح کا باعث ہؤا ہوگا کہ میرا مقابل تو زندہ ہے اور میں سفر آخرت کر رہا ہوں۔ حالانکہ اس فیصلے کی دعا کے متعلق قبولیت کا اعلان خود ہی کر چکے تھے بلکہ اس دعا کی قبولیت کا اعتراف اُن کے صاحبزادے (خلیفہ قادیان) نے بھی کیا ہؤا ہے۔ (رسالہ تشحیذ الاذہان جون۔ جولائی ۱۹۰۸ء)

اندریں حالات آپ کیونکر دنیا سے شاداں و فرحاں جا سکتے تھے۔ ہمارا خیال ہے کہ مرزا صاحب انتقال کے وقت اپنی ناکامی پر نظر کر کے یہ شعر پڑھتے ہونگے۔ ؎

جدا ہوں یار سے ہم اور نہ ہوں رقیب جدا
ہے اپنا اپنا مقدر جدا نصیب جدا

خُتنہائے نبویؐ کا ایک مُشک ریز نافہ

(از قلم مولوی ابوالوحید محمد عبداللہ صاحب عقیل مئوی)

آج کی صحبت میں فخر ملت، شیر اسلام فاروق اعظمؓ امیر المؤمنین اول اور خلیفہ ثانی حضرت عمرؓ کی بعض "مشتے نمونہ از خروارے" حالت میں ہدیہ ناظرین کر رہا ہوں ؎

داستانِ عہد گل را بشنو از مرغِ چمن
زانکہ ہائے آشفتہ کے گویند ایں افسانہ را

فاروق اعظم ستائیس سال کی عمر میں ۶؁ نبوی میں مشرف باسلام ہوئے۔ آپ سے قبل کم و بیش چالیس مرد اور گیارہ عورتیں آغوش اسلام میں آچکی تھیں۔ لیکن آپ کے مسلمان ہوتے ہی اسلام چمک اٹھا اور مسلمانوں کی ہمت بندھی چنانچہ حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت عمرؓ اسلام لائے۔ اسلام ایک اقبال مند آدمی کی طرح ہو گیا کہ دن دونی رات چوگنی ترقی کرتا رہا۔ اور جب سے آپ شہید ہوئے تب سے اسلام ایک کس مپرس یتیم کی طرح ہو گیا کہ روز بروز تنزل ہی کی طرف مائل ہے۔ (حاکم)

فاروق اعظمؓ سے تین ہی روز قبل حضرت حمزہؓ مشرف باسلام ہوئے تھے جس کا کفار مکہ کو انتہائی قلق و صدمہ ہؤا۔ چنانچہ تیسرے روز ایک زبردست کمیٹی ہوئی۔ جس میں انتہائی رد و کد کے بعد یہ پاس ہؤا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہی قتل کر کے اسلام کو دفن کر دینا چاہئے۔ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔" اور اس اہم کام کے انجام دہی کے لئے فاروق اکبرؓ کا انتخاب ہؤا۔ جسے آپ نے بطیب خاطر منظور کیا۔ آپ کے ماموں ابو جہل نے ترغیباً یہ بھی کہا کہ "اگر عمر اس کام کو انجام دیدینگے تو میں ہزار اونٹ اور ہزار اوقیہ (چالیس ہزار درہم) چاندی انہیں بطور انعام و شکرانہ دونگا۔ ؎

حسن ز بصرہ بلال از حبش صہیب از روم
ز خاکِ مکہ ابو جہل ایں چہ بو العجبی است

چنانچہ فاروق اعظم تلوار سونت کے نکل پڑے ؎

جاتے ہیں اس ادا سے وہ آج سوئے مقتل
اک ہاتھ میں ہے خنجر اک ہاتھ میں کماں ہے

تھوڑی ہی دور گئے تھے کہ سعد بن ابی وقاصؓ سے ملاقات ہو گئی۔ انہوں نے تیور سے معاملہ کی اہمیت سمجھ کر دریافت کیا ؎

چلے ہو آج بن ٹھن کر عنایت یہ کدھر ہوگی
یہ بتلاؤ تو پہلے عید اے جاں کس کے گھر ہوگی

آپ نے پورا گذشتہ واقعہ اور آئندہ کا ارادہ بیان کر دیا۔ سعد بن ابی وقاصؓ نے کہا کہ "خود را فضیحت دیگرا نصیحت" خود تمہارے بہنوئی و بہن تو اسلام سے مشرف ہیں پہلے گھر کی تو خبر لو پھر باہر کی حالت دیکھنا۔ حضرت عمرؓ سیدھے بہن کے مکان پر پہنچے حضرت خبابؓ بھی جو فاطمہ و زید کے معلم تھے وہیں پر تھے۔ لیکن حضرت عمرؓ کی آہٹ پاتے ہی وہ چھپ گئے۔

حضرت عمرؓ اپنے بہنوئی زید سے باتوں باتوں میں اُلجھ گئے اور انہیں غصہ کی مدہوشی میں مارنے لگے۔ آپ کی بہن فاطمہ چھڑانے کے لئے بڑھیں تو آپ نے انہیں بھی مارا۔ حتیٰ کہ وہ لہو لہان ہو گئیں تو انہیں بھی اسلامی حرارت نے دلیر بنا دیا اور فرماتی ہیں کہ ؎

قَدْ اَسْلَمْنَا وَ تَابَعْنَا مُحَمَّدًا فَافْعَلْ مَا
بَدَا لَكَ

حضرت عمرؓ کو اپنی بہن کی اس جرأت و دلیری پر سخت تعجب ہؤا اور سر اٹھا کر متعجبانہ نظر سے اُن کے چہرہ پر نگاہ ڈالی تو اگرچہ چہرہ خون آلود ہو رہا تھا مگر استقلال و طمانیت اور متانت و سنجیدگی کا پتلا معلوم ہوتا تھا حضرت عمرؓ کی محبت ہمشیرگی جوش میں آئی اور بہن کی مروت و ہمدردی کے شکار ہو گئے۔ سارا نشہ کرکرا ہو گیا اور بہن سے عاجزی کرنے لگے کہ مجھے وہ چیز دیدو جو تم لوگ پڑھتے تھے۔ بہن نے بے باکانہ جواب دیا کہ تم ناپاک ہو اس لئے تم اُسے ہاتھ نہیں لگا سکتے البتہ تم غسل یا کم از کم وضو ہی کر لو تو تمہیں وہ دیجا سکتی ہے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے غسل یا وضو کر کے اُسے پڑھا۔ نیز حضرت خبابؓ نے سورہ طٰہٰ کا پہلا رکوع پڑھ کر سنایا جو حضرت عمرؓ کے دل و دماغ میں پیوست ہو گیا۔

حضرت عمرؓ فوراً دار ارقم کی طرف جہاں حضور تشریف فرما تھے روانہ ہو گئے اور جاکر دروازہ پر دستک دی۔ لوگ ڈر گئے۔ لیکن حضرت حمزہؓ نے فرمایا کہ دروازہ کھول دو اگر وہ نیت بخیر ہیں تو ہم ان کی عزت کرینگے اور اگر بدنیت ہونگے تو ہم ان کو قتل کر دینگے۔

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعرات کو دعا کی تھی کہ خدایا تو اسلام کو عمر یا ابو جہل سے تقویت دے

؎ بے شک ہم مشرف باسلام ہو کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تابعدار ہو چکے اب تیری جو [illegible] لیکن [illegible]

الفاروق۔ حضرت عمرؓ خلیفہ دوم کے حالات اور ان کے سیاسی کارناموں کا ذکر۔ از مولانا شبلی نعمانی [illegible]

اس سے قبولیت حضور کو اسی وقت ہو گئی تھی وہ معلوم ہو گئی لہٰذا آپ خود دار ارقم سے باہر آ گئے اور حضرت عمر رضہ نے کلمہ شہادت پڑھا۔ مارے خوشی کے مسلمانوں نے اتنی زور سے تکبیر کا نعرہ مارا کہ مکہ کی گلیاں گونج گئیں۔

حضرت عمر رضہ نے فوراً حضور سے عرض کیا۔

کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا بے شک تم حق پر ہو۔ حضرت عمر نے کہا پھر ہم حق کو پوشیدہ طور پر کیوں ادا کریں، ہم کو چاہئے کہ علی الاعلان اسلام کے ارکان ادا کریں۔ چنانچہ مسلمان وہاں سے دو صفیں بنا کر نکلے۔ ایک میں حضرت عمر رضہ تھے اور دوسرے میں حضرت حمزہ رضہ۔ اسی روز حضور نے حضرت عمر رضہ کو فاروق کا خطاب مرحمت فرمایا۔

حضرت ابن عباس رضہ فرماتے ہیں کہ جب فاروق اعظم مشرف با سلام ہوئے تو جبرئیل علیہ السلام نے نازل ہو کر کہا کہ:۔

یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو عمر رضہ کے
اسلام پر اہل آسمان مبارکباد دیتے ہیں!

(ابن ماجہ وغیرہ)

حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضہ فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت عمر اسلام لائے اسلام عزت ہی پاتا گیا

حضرت عمر رضہ نے جب ہجرت کا قصد کیا تو ایک ہاتھ میں شمشیر برہنہ اور دوسرے میں تیر و کمان لیکر کعبہ میں آکر سات مرتبہ طواف کیا اور دو رکعتیں مقام ابراہیم پر نماز پڑھی۔ بعدہٗ اشراف قریش کی جماعت میں آکر اعلان کر کے فرمایا جب لوگوں سے کہا کہ تمہارے منہ کالے ہوں جو شخص اپنی ماں کو بے فرزند اپنے کو جہنم رسید، اپنی اولاد کو یتیم اور اپنی بیوی کو بیوہ کرنا چاہتا ہو وہ میرے مقابل آ جائے؟ مگر کسی کی مجال نہیں ہوئی کہ آپ کا مقابلہ کرتا۔ جب

ابن عمر رضہ کہتے ہیں کہ کبھی ایسا نہ ہوا کہ فاروق اعظم کو غصہ آیا ہو کسی نے خدا کا ذکر کیا یا آیت قرآنی پڑھ دی ہو اور غصہ جاتا نہ رہا ہو۔ ایک بار کسی نے آپ کا غصہ سرد کر دیا۔ ایک شخص نے کہا کہ ہم ایک لفظ فاروق

اعظم رضہ کے دروازہ پر بیٹھے تھے کہ مکان سے ایک باندی نکلی۔ لوگوں نے کہا کہ یہ حضرت عمر رضہ کی باندی ہے۔ آپ نے جواب دیا۔ امیر المؤمنین کے لئے کوئی کنیز نہیں ہے کیونکہ امیر المؤمنین کو خدا کے مال سے کنیز رکھنی حلال نہیں۔ لوگوں نے پوچھا پھر کیا حلال ہے۔ فرمایا۔ عمر کے لئے دو جوڑے کپڑے، ایک گرمی کا ایک سردی کا اور اخراجات سفر حج وغیرہ۔ نیز اہل و عیال کے اخراجات خورد و نوش وغیرہ جو کہ متوسط درجہ پر ہوں۔

انس رضہ کہتے ہیں کہ میں نے فاروق اعظم کے کرتے کو دیکھا کہ مونڈھوں پر چار پیوند ہیں۔

خزیمہ بن ثابت کہتے ہیں کہ جب فاروق اعظم کسی کو کہیں عامل بنا کر بھیجتے تو یہ شرط کر دیتے کہ گھوڑے پر سوار نہ ہونا، عمدہ کھانا نہ کھانا، باریک کپڑے نہ پہننا، حاجتمندوں کے لئے دروازہ بند نہ کرنا اور نہ دربان رکھنا ورنہ مستحق سزا ہو گا۔

ایک دفعہ آپ اپنے فرزند عاصم کے مکان پر رونق افروز ہوئے تو دیکھا وہ گوشت کھا رہے ہیں پوچھا یہ کیا ہے؟ عرض کیا۔ آج گوشت کھانے کو جی چاہتا تھا اس لئے لایا۔ آپ نے فرمایا کہ جس چیز کو جی چاہیگا کر لو گے گویا نفس پرست ہو گئے

ایک مرتبہ فاروق اعظم رضہ کو تازہ مچھلی کھانے کو جی چاہا تو ایک شخص کو اپنے ذاتی اونٹ پر سوار کر کے بھیجا تو چار کوس پر مچھلی ملی۔ اُس نے مچھلی خرید لی اور اونٹ کو بھی نہلا کر حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا مچھلی رکھو پہلے میں اونٹ کو بھی دیکھ لوں۔ آپ نے دیکھا تو اس کے کانوں کے نیچے پسینہ چل رہا ہے۔ آپ نے اُس آدمی کو مخاطب کر کے فرمایا کہ دیکھو تم اس جگہ کو دھونا بھول گئے ہو افسوس ہے عمر نے ایک مخلوق خدا کو بے حد تکلیف دی۔ وہ مچھلی نہ کھائی

فاروق اعظم رضہ ایک روز اپنے کاندھے پر بھری ہوئی مشک لادے جا رہے تھے لوگوں نے دیکھ کر پوچھا تو فرمایا میرے نفس میں کچھ غرور آ گیا تھا میں نے اس کا علاج کیا ہے۔

انس رضہ فرماتے ہیں کہ قحط سالی کے ایام میں باوجود وسعت آپ نے گھی کھانا محض رعایت خلق کے باعث اپنے اوپر حرام کر لیا تھا۔ ایک روز روغن زیتون تناول فرمایا جو ہضم نہ ہو سکا تو انگلی ڈال کر قے کر دی۔ تاہم گھی کو ہاتھ نہیں لگایا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضہ فرماتے ہیں کہ مجھے روئے زمین پر عمر رضہ سے زیادہ کوئی بھی محبوب و عزیز نہیں ہے اگر خداوند کریم مجھ سے سوال کرے کہ "عمر رضہ کو تو نے کیوں خلیفہ مقرر کیا تو میرا صاف یہی جواب ہوگا کہ ان سے بہتر کوئی دوسرا تو موجود ہی نہیں تھا۔"

حذیفہ رضہ کا بیان ہے کہ ساری دنیا کا علم حضرت عمر رضہ کی گود میں پلا ہے اور کوئی بھی حضرت عمر رضہ کے سوا ایسا نہیں ہے کہ راہ حق میں قدم اٹھایا ہو اور نشانہ ملامت نہ بنا ہو۔

معاویہ رضہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضہ نے نہ دنیا کی خواہش کی اور نہ ہی اُن کے پاس دنیا آئی اور حضرت عمر رضہ نے بھی دنیا کی خواہش نہیں کی مگر ان کے پاس دنیا آئی اور ثوب بن سنور کر آئی لیکن انہوں نے دھکے دیکر نکال دیا اور اپنے پاس تک پھٹکنے نہیں دیا اور ہم نے تو اسے دیکھتے ہی اپنی آنکھوں سے پیٹ میں بھر لیا۔ (رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ)

حضرت علی رضہ و ابن مسعود کا بیان ہے کہ جب صالحین کا ذکر آوے تو فاروق اکبر کو بھی ضرور یاد کیا کرو کیونکہ وہ ہم سب میں کتاب اللہ کا زیادہ علم رکھنے اور دین اسلام میں سب سے زیادہ فقیہ ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ فرشتہ ان کی زبان سے بولتا ہو۔

(طبرانی و حاکم وغیرہ)

نیز حضرت علی رضہ نے فرمایا کہ حضرت عمر رضہ استقلال، عاقبت اندیشی، علم، استواری و دلیری اور شجاعت سے پُر ہیں اور مجھے حضرت عمر رضہ جیسے عابد و زاہد زیادہ کوئی مجتہد معلوم نہیں۔ (حاکم وغیرہ)

کعب احبار فرماتے ہیں کہ میں نے صحیفہ سابق میں دیکھا ہے کہ فاروق اعظم رضہ کا زمانہ نہایت مضبوط ہوگا۔ یعنی آپ ایک فولادی امیر ہوں گے

راہ خدا میں کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہ کریگے (یُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا یَخَافُوْنَ لَوْمَۃَ لَائِمٍ کے مصداق ہو نگے) اور آپ کے بعد جو خلیفہ ہوگا اُس کو ظالم لوگ قتل کر ڈالیں گے اور مسلمانوں کا پھر اطمینان و چین معدوم ہو جائیگا۔

مجاہد اکثر فرمایا کرتے تھے کہ عہد فاروقی میں شیاطین بھی گویا مقید تھے اور آپ کے انتقال فرماتے ہی آزاد ہو گئے۔

ایک مرتبہ بہت دنوں تک ابو موسیٰ کو فاروق اعظم کی کوئی خیر خیریت نہ ملی تو ایک عامل کے پاس پہنچے کہ بذریعہ شیطان فی الفور خبر مل جائیگی۔ چنانچہ بذریعہ عامل شیطان نے بیان کیا کہ عمرؓ بخیر و عافیت ہیں اور اونٹ ٹل رہے ہیں ہم (شیاطین) تو اُن کے پاس ٹھیرتے ہی نہیں بلکہ انہیں دیکھتے ہی بھاگ پڑتے ہیں کیونکہ عالم ملکوت ان کے پیش نظر رہتا ہے اور روح القدس ان کی زبان سے کلام کرتا ہے۔

حضورؐ نے فرمایا کہ جب سے عمرؓ ایمان لائے ہیں۔ شیطان جب کبھی ان سے ملا اُلٹے پاؤں بھاگا ہے۔ (طبرانی)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضور نے فرمایا کہ شیاطین جن و انس حضرت عمرؓ سے بھاگتے ہیں۔" (ت)

فضل بن عباس سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ حق عمر کے ساتھ ہے خواہ وہ کہیں بھی رہیں۔ (طبرانی) نیز آپ نے فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام نے مجھ سے کہا ہے کہ اسلام عمرؓ کی موت پر گریہ ماتم کریگا۔" (طبرانی)

نیز آپ نے فرمایا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہونے والا ہوتا تو عمرؓ ہوتے لیکن لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ حضور نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ والذی نفسی بیدہ جس راستے سے تم جاؤ گے اس راستے پر کبھی شیطان نہیں چلیگا وہ دوسرا راستہ اختیار کریگا۔

ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے دودھ نوش کیا جس سے میرے ناخنوں سے خوشبو آرہی ہے اور اپنا پس ماندہ عمرؓ کو پلایا۔ لوگوں نے دریافت کیا کہ اس سے کیا مراد ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ علم مراد ہے۔

فاروق اعظم ہی کے عہد خلافت ۱۶ھ ہجری میں سنہ ہجری کی بنیاد پڑی۔ (تاریخ بخاری)

مغیرہ بن شعبہ حاکم کوفہ نے اہل مدینہ کی آسائش کے لئے فاروق اعظم کی اجازت سے ایک کاریگر لڑکا بھیجا جو بہت سے کام جانتا تھا۔ بالخصوص چکیاں بنانے میں ماہر تھا۔ اُس نے آتے ہی فاروق اعظم سے شکایت کی کہ مغیرہ نے مجھ پر ٹیکس بہت لگا رکھا ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ تجھ پر سو دینار ٹیکس کچھ زیادہ نہیں ہے۔ اس پر اُسے بہت رنج ہوا مگر خاموش رہا۔ دو روز کے بعد اُسے فاروق اعظم نے بلا کر کہا کہ "تو کہتا تھا کہ میں ایسی چکی بنا سکتا ہوں جو ہوا سے چلے" اُس نے ترش روئی سے جواب دیا کہ "میں آپ کے واسطے ایسی چکی بنا دونگا کہ لوگ یاد کیا کرینگے۔"

اُس لڑکے ابو لؤلؤ فیروز مجوسی کے چلے جانے کے بعد آپ نے لوگوں سے فرمایا کہ "یہ لڑکا مجھے قتل کی دھمکی دے گیا ہے۔" چنانچہ اُس نے ایک دو دھارا خنجر پر دھار رکھ کر اُسے زہر میں بجھایا اور فجر کی نماز میں فاروق اعظم کے کندھے اور کوکھ پر دو کاری زخم لگائے۔ آپ فوراً گر پڑے اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے نماز پڑھائی۔ آپ کے علاوہ بارہ ۱۲ آدمیوں کو اُس نے اور بھی زخمی کیا جن میں چھ ۶ تو جاں بحق تسلیم ہو گئے۔ اہل عراق سے ایک شخص نے اپنا کپڑا اُس پر ڈال کر گرفتار کرنا چاہا تو اُس نے بھی خودکشی کر لی۔ چاہ کن را چاہ درپیش۔ آخر اس کاری زخم سے آپ جانبر نہ ہو سکے اور دس برس چھ ماہ چار یوم خلافت کر کے آپ جنت کو سدھارے۔ (رضی اللّٰہ عنہ و ارضاہ)

اہلحدیث ...... ہیں جو خلافت عظمیٰ مابین شیعہ اور حکومت کے ہوتا ہے اسی کی بنا صرف اتنی ہے شیعہ لوگ حضرت فاروق اعظم اور ان کے ساتھیوں پر تبرا بازی کرتے ہیں۔ اگر وہ غور کریں تو ان کے سمجھنے کے لئے ایک نکتہ کافی ہے کہ حضرت ممدوح نے اپنی خلافت میں جو بھی کام کیا شیعہ کی نظر میں وہ مفید ہو یا مضر مگر اس کے کرنے میں حضرت علیؓ سے مشورہ برابر لیا۔ اور حضرت علیؓ نے بھی انکو مخلصانہ مشورہ پیش کیا۔ ایران کے جہاد کے موقعہ پر ایک دفعہ خلیفہ فاروق نے اعیان حکومت سے مشورہ لیا کہ ایران کی لڑائی میں میں خود جاؤں کیونکہ لڑائی طول کھینچ رہی ہے۔ حضرت علیؓ نے اس کی سخت مخالفت کی۔ فرمایا کہ آپ چکی کے کیل کی طرح ایک جگہ جم کر رہیں، آپ کو اگر تکلیف ہوئی تو خلافت کا کام بگڑ جائیگا۔ یہاں سے ہی کمک بھیجتے رہیں دیکھئے کیسا مخلصانہ مشورہ ہے۔ کیا ایسے خلیفہ کے حق میں تبرہ بازی کرنا اور وہ بھی تیرہ سو سال کے بعد سوائے تفرقہ، فساد اور اپنے نقصان جانی و مالی کے اس کا کوئی نتیجہ نہیں۔ شیعہ دوستو! ؎

آپ ہی اپنے ذرا جور و ستم کو دیکھو
ہم اگر عرض کرینگے تو شکائت ہوگی

ایک حدیث نبوی کی تصدیق

واقعات سے

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ رات کو سوتے وقت چراغ بجھا دیا کرو۔ ایسا نہ ہو کہ چوہا بتی کھینچ کر لے جائے اور مکان کو آگ لگا دے۔ اسی کے متعلق مندرجہ ذیل واقعہ اخبار "انقلاب" سے نقل کرتے ہیں ناظرین اسے پڑھ کر یہ جملہ زبان پر جاری کریں۔
صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ (اہلحدیث)

"ایک چوہے نے گاؤں تباہ کر دیا"

... گھر جل گئے

... [illegible]

(۴۳۸)

آتشزدگی کی ایک واردات کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ جس میں آدھا گاؤں جل کر تباہ ہو گیا اور کئی مویشی جل کر ہلاک ہو گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مکان میں مٹی کا دیا جل رہا تھا کہ ایک چوہے نے اسے گرادیا۔ جس سے آگ لگ گئی بے شمار خاندان بے گھر ہو گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بورڈ نے مصیبت زدوں کی امداد کے لئے ایک ہزار روپیہ منظور کیا ہے۔" (انقلاب لاہور ۸ جون ۱۹۳۹ء)

چند تجویزات ضروریہ

راقم الحروف ایک ادنیٰ خادم اہل حدیث ہونے کی وجہ سے مندرجہ ذیل معروضات ناظرین کی خدمت میں پیش کرتا ہؤا ملتمس ہے۔ امید ہے کہ آپ ان تجویزات کے متعلق اپنی رائے عالیہ سے اظہار فرما کر مشکور فرمائینگے۔

(۱) اجرائے اخبار "اہلحدیث" سے آج تک کے فائل ہائے سے مختلف اقسام کے مضامین کو جمع کر کے جو مفید تر سمجھیں۔ کتابی صورت میں کلیات ثنائیہ جلد اول وکلیات ثنائیہ جلد دوم الخ ترتیب دے کر شائع کرنے کا اہتمام کیا جاوے تاکہ آنے والی نسل کو راہ ہدایت کا کام دے سکیں۔

(۲) "فتاویٰ ثنائیہ" کو کتابی صورت میں مدلل طور پر جمع کر کے شائع فرمایا جاوے۔ جیسے فتاویٰ نذیریہ

(۳) سوانح حیات ثنائیہ کو مکمل ومفصل سلسلہ وار حالات بترتیب سنین مرتب کیا جائے۔ جیسے حیات ولی

(۴) تفاسیر اربعہ کا خصوصاً ودیگر کتب ہائے موجودہ دفتر "اہلحدیث" کا عموماً اسلامی اخبارات میں اشتہار شائع کرایا جایا کرے۔ تاکہ غیر مذاہب بھی کتب ثنائیہ سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

(۵) تفسیر ثالث× ورابع کو مکمل کر کے طلباء وعلماء کے سامنے برائے افادہ شائع کرنے کا مصمم ارادہ فرمایا جاوے تاکہ تفسیر القرآن وتفسیر ثنائی کی طرح پورے قرآن مجید کی ہو بہو تفسیر ہو جائیں۔[لہ]

(۶) دفتر اہلحدیث کی طرف سے سال میں دو ہفتہ کے لئے رعایتی اشتہار کتب کا دیا جایا کرے۔

(۷) اخبار "اہلحدیث" کا بھی رعایتی اشتہار سال بھر میں نادار علماء وطلباء کے لئے مشتہر کیا جایا کرے تاکہ اشاعت میں شاندار اضافہ ہو۔

زیادہ والسلام

(حررہٗ نور محمد میانوی جہلمی)

ارکان جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کا تبلیغی دورہ

ریاست کشمیر کے صوبہ جموں میں دو مقام میرپور اور کوٹلی ہیں۔ وہاں کے احباب اہل حدیث کا بہت مدت سے تقاضا تھا کہ جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کا وفد ہمارے پاس آئے۔ چنانچہ خاکسار (ثانی)، منشی محمد عبداللہ ثالث امرتسری اور مولوی احمد دین صاحب گکھڑوی حضرت مولانا سیالکوٹی کی سرکردگی میں مورخہ ۲۴ مئی ۱۹۳۹ء کو جہلم پہنچے۔ رات جہلم میں رہے اور اپنا فرض منصبی ادا کیا۔ یعنی توحید وسنت پر خاکسار اور مولانا نے تقریریں کیں۔ جہلم سے میرپور کا عام راستہ دریا کی طرف سے ہے۔ مگر کسی خاص وجہ سے منتظمین جلسہ نے کار کا انتظام کیا اور نہر کی سرکاری پٹڑی کی خاص اجازت لے لی تھی۔ بوجہ غیر متوقع تکالیف کے رات کے ۱۱½ بجے میرپور پہنچے۔ ان تکالیف کا ذکر کرنے سے احباب کو تکلیف ہوگی اس لئے اتنا ہی کافی ہے کہ

فی سبیل اللہ ما لقینا

۲۵- مئی کو جلسہ شروع ہؤا۔ افتتاحی تقریر حضرت مولانا نے فرمائی۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ کی صحیح تفسیر بیان فرمائی اور بعثت سید المرسلین سے قبل کی ضلالت وگمراہی کا نقشہ بتا کر فرمایا کہ جسطرح اس وقت ملت ابراہیمی کے آثار مٹ چکے تھے۔ آج بھی توحید وسنت کا صحیح نقشہ ملیامیٹ ہو رہا ہے۔ اسی غرض کے لئے جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کی بنیاد رکھی گئی ہے تاکہ لوگوں کو توحید باری وسنت رسول علیہ السلام کی صحیح تعلیم سکھائی جائے۔ آپ کے بعد مولوی احمد دین صاحب گکھڑوی نے اتباع سنت پر مبسوط اور مؤثر تقریر فرمائی۔ اس کے بعد خاکسار (ثانی) نے اخلاق محمدی پر تقریر کی۔ بحمداللہ اس اجلاس میں حاضرین نے کافی حظ حاصل کیا۔ اسی تاریخ کو پچھلے پہر میں بھی جلسہ ہؤا اور نہایت ہی مؤثر تقریریں ہوئیں رات کو مولانا نے اسلام اور دیگر مذاہب پر دو گھنٹے تقریر کی۔

۲۶- مئی ۱۹۳۹ء کو ۹ بجے صبح سے گیارہ بجے تک جلسہ ہوتا رہا۔ مولوی احمد دین صاحب نے فاتحہ خلف الامام پر مدلل تقریر فرمائی۔ خاکسار نے رد بدعات پر تقریر کی۔ جمعۃ المبارک کی نماز مولانا نے پڑھائی اس کے بعد عاجز نے اڑھائی گھنٹے تک تقریر کی اور جمعیۃ کے ساتھ مل کر کام کرنے کی تحریک کی۔ صدر انجمن جناب نفضل دین صاحب بھٹی وکیل نے پُر زور الفاظ میں تائید کی۔ بحمداللہ اراکین جمعیۃ کو بہت کامیابی ہوئی اور یہاں کا جلسہ ختم ہؤا۔ ۲۷ کی صبح کو کوٹلی جانے کی تیاری ہوئی۔

مبلغین جمعیۃ کوٹلی ضلع میرپور میں

۲۷- مئی کو ہم سب کار پر سوار ہو کر بصد تکلیف شاقہ کوٹلی پہنچے۔ راستہ میں جن مسلمانوں نے ہماری تکالیف شدیدہ میں ہم کو راحت پہنچائی خدا ان کو جزائے خیر دے۔

۲۸- مئی کو جلسہ شروع ہؤا۔ اغراض جمعیۃ کو بیان کیا گیا اور مؤثر تقریریں ہوتی رہیں۔ آخری دن مرزائیوں کو اجازت دی گئی کیونکہ ان کی طرف سے

× بیان الفرقان علی علم البیان - قیمت ۱؍
تفسیر بالرائے - قیمت ۱؍

لہ ماتوفیقی الا باللہ - (اہلحدیث)

ع یہ تدفین صورتیں نقصان دہ ہیں۔ (اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

چھیڑ چھاڑ ہو رہی تھی۔ آخری جلسہ تک ان کو چیلنج کرتے رہے مگر سامنے آنے کی جرأت نہ ہوئی۔
بحمد اللہ یہ جلسہ بھی بخیرہ خوبی ختم ہوا۔

احباب توجہ کریں ناظرین پڑھ چکے ہیں کہ اراکین مبلغین جمعیۃ نے کس قدر جوکھوں کا سفر تبلیغ کے لئے اٹھایا۔ مگر آپ کو معلوم ہے کہ ایسے کٹھن کام بغیر تکلیف کے نہیں ہوتے۔ جس کے لئے سرمایہ کی ضرورت ہے۔ افسوس ہے کہ احباب بہت کم توجہ کرتے ہیں جمعیۃ کے رسائل جو چھپ چکے ہیں ان کو بھی نہیں منگاتے تاکہ جمعیۃ کی امانت کے علاوہ دینی فائدہ بھی ہو۔ امید ہے کہ دوست ضرور توجہ فرمائیں گے۔
بحمد اللہ اراکین جمعیۃ اس خطرناک راہ سے نجات پاکر یکم جون کو واپس آگئے۔ فالحمد للہ علی کل حال۔
(راقم :- محمد عبداللہ ثانی ناظم جمعیۃ تبلیغ)

یدعہا من حضرت اللہ ...... الی آخرہ (پ-ع)
اور حنفی برادران کہیں کہ ہر قسم کی دعا حضرت رسول کریم سے کرنی چاہئے۔ ع
ببیں تفاوت راہ است کجا تا بہ کجا

مولانا صاحب کا دوسرا ارشاد :- آپ نے فرمایا کہ حضرت رسول کریم نے فرمایا ہے کہ ہر نبی کے چار وزیر ہوتے ہیں اور میرے بھی چار وزیر ہیں۔ دو آسمان پر اور دو زمین پر۔ آسمانی وزیر حضرت جبرائیل اور حضرت میکائیل اور زمینی وزیر حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ۔ معلوم نہیں یہ بات کہاں تک صحیح ہے۔ مگر خیر آپ نے اس کریوں استدلال کیا کہ وزیر بادشاہ کے ماتحت ہوتا ہے اور جب تک وہ کسی کام کے لئے بادشاہ کی منظوری نہ لے اس کے متعلق کچھ نہیں کر سکتا۔ اب چونکہ حضرت میکائیل آپ کے وزیر ہیں اور آپ کے ماتحت ہیں لہذا حضرت میکائیل کسی کو آپ کی منظوری کے بغیر رزق نہیں پہنچا سکتے جتنا آپ کہیں اتنا ہی پہنچاتا ہے لہذا ثابت ہوا کہ تمام دنیا والوں کی روزی حضرت رسول کریم کے ہاتھ میں ہی ہے اور اسی طرح تمام دنیا کا نظام بھی آپ کے ہی ہاتھ میں ہے" العیاذاً باللہ ہے کوئی صحیح العقیدہ آدمی جو اس چیز کو تسلیم کرے۔

تیسرا نکتہ :- آپ نے واقعہ معراج بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ جب حضرت رسول کریم خدا کے پاس سے نمازیں اور روزے لے کر واپس ہوئے تو آپ لامکان کی دوریں اور آسمانوں کی مسافتیں طے کرکے جب موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچے تو آپ نے اس میں کمی کرانے کے لئے کہا۔ اور آپ وہیں سے پھر دوڑے دوڑے اوپر گئے اور تخفیف کرائی۔ حتیٰ کہ تین چار مرتبہ ایسا ہی کیا۔ اور اس سے استدلال یوں کیا کہ جس طرح حضرت رسول کریم دوڑے دوڑے واپس گئے اس طرح کوئی غیر تو کجا کوئی عزیز مہمان بھی اپنے میزبان کے گھر نہیں جا سکتا لہذا ثابت ہوا کہ وہ گھر ہی آپ کا اپنا تھا اور آپ کی شان ہی کچھ اور تھی۔ اب اس شان کو کچھ حنفی حضرات ہی خوب سمجھ سکتے ہیں کہ وہ شان کیا تھی۔ قرآن مجید نے
[illegible]

بریلوی مشن

فتحگڈھ چوڑیاں میں جلسہ میلاد

(از قلم ایم عبداللہ صاحب سکرٹری انجمن تبلیغ الاسلام فتحگڈھ)

قصبہ فتحگڈھ چوڑیاں (جہاں گذشتہ ماہ اپریل میں اہلحدیث کانفرنس کا جلسہ ہوا تھا) میں جہاں کسی کو معلوم بھی نہیں تھا کہ میلاد کیا ہوتا ہے وہاں آج میلاد منایا جا رہا ہے۔ جس کی تھوڑی سی کیفیت میں ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

میلاد نماز عشاء کے بعد شروع ہوا اور حسب معمول پہلے نعت خوانی ہوئی۔ جس میں اگرچہ توحید کی کافی دھجیاں اڑائی گئیں۔ لیکن میں یہاں بطور نمونہ ایک مصرعہ نقل کرتا ہوں وہ ہو ہذا :- ؎

مرشد وڑی میم (م) دی پاکے۔ اپنے آپ نوں چھپاکے
نبی اکھوانداکیہڑا اسی

بالکل وہی مضمون ہے کہ ؎

وہی جو مستوی عرش تھا خدا ہو کر
اتر پڑا مدینہ میں مصطفےٰ ہو کر

انا للہ! توحید کی کس قدر کھلے بندوں تردید کی گئی ہے کاش کہ برادران احناف آنکھیں کھولیں اور اپنے اس عقیدہ کو تعلیم قرآن سے جانچ کر توبہ کریں اور دنیا دار واعظوں کی طرف نہ دیکھیں۔

خدا خدا کرکے نعت خوانی ختم ہوئی اور مولانا صاحب گوہر اسیدی وعظ فرمانے کے لئے اٹھے۔ آپ نے سب سے پہلے قرآن شریف کی چند آیات تلاوت فرمائیں مگر افسوس کہ وہی مسلمان جو نعت خوانی کے وقت تو حق حق کے نعرے لگاتے اور زمین سے اچھل رہے تھے قرآن خوانی پر اہل قبور کی طرح خاموش ہیں اور کسی کے منہ سے سبحان اللہ تک بھی نہیں نکلتا۔ بلکہ آپ کی وعظ شروع ہوتے ہی مسلمان اٹھ اٹھ کر چلنے لگے۔ افسوس ان نعت خوانوں اور نام نہاد واعظوں نے مسلمانوں کی ذہنیت کو کس قدر خراب کر ڈالا ہے کہ وہ شعر و غزل کے سوا کچھ سن ہی نہیں سکتے۔ خیر آپ کافی دیر تک وعظ کرتے رہے۔ میں نمونۃً آپ کے چند ارشادات ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

سب سے پہلے آپ نے آیت وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ تلاوت فرمائی۔ اور کہا کہ اللہ کے احسانوں میں ایک سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اس نے ہمیں مجسم رحمت بخش دی۔ اور جب کوئی آدمی خدا تعالیٰ سے کچھ دعا کرتا ہے تو اللہ میاں فرماتے ہیں کہ کیسے بے وقوف لوگ ہیں کہ میں نے تو انہیں مجسم رحمت بخش دی اور یہ لوگ اس سے دعا کرنے کی بجائے مجھ سے دعا کرتے ہیں، انہیں چاہئے کہ ہر قسم کی دعا اب انہیں سے مانگیں۔ توبہ! توبہ!! کیا کوئی موحد مسلمان یہ چیز تسلیم کر سکتا ہے نہیں اور ہرگز نہیں۔ اللہ میاں تو یوں ارشاد فرمائیں کہ :- ومن اضل ممن

آپ نے اس طرح کے بہت سے عاقبت نگنے پیش کئے جو اگر سب بیان کئے جائیں تو میرا خیال ہے کہ اہلحدیث کے صفحات اس کے متحمل نہیں ہونگے۔

التماس بخدمت برادران احناف و بالخصوص احناف نتھ گڑھ

برادران احناف! آپ ہر سال میلاد مناتے ہیں۔ مگر کیا آپ نے کبھی اس کی صحت پر بھی غور کیا ہے۔ کیا آپ اس کے جواز میں کوئی آیت یا صحیح حدیث پیش کر سکتے ہیں اور ہاں کیا آپ قرون اولیٰ میں میلاد کا وجود ثابت کر سکتے ہیں۔ اگر جواب مثبت میں ہے تو ثبوت پیش کیجئے۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں اور اگر نہ کر سکیں اور ہرگز نہ کر سکیں گے تو کیوں اپنے فوائد دنیاوی کیلئے مسلمانوں کو غلط راستے پر چلا رہے ہو اور بالخصوص اپنے نتھ گڑھی بھائیوں کی خدمت میں میری التماس ہے کہ وہ ضد اور تعصب سے علیحدہ ہو کر اپنے عقائد کی قرآن و حدیث سے جانچ کریں اور اپنی دنیا و عاقبت سدھار لیں۔ فقط والسلام!

آریہ صاحبان سے سوالات

(از قلم محمد عبد المنان صاحب قریشی از رامپور منہاران)

(۱۹- مئی کے بعد)

(۱۶) اصول خداوندی یا قانون قدرت ہے کہ تمام سڑی گلی اشیاء میں کیڑے پیدا ہو جائیں۔ اگر ہم اپنے کھانے یا پانی کو اپنی لاپرواہی یا بدعنوانی سے ایسی حالت میں رکھ دیں کہ وہ سڑ گل جائے تو خدا اس میں کیڑے ڈال دیگا۔ اسی طرح اگر ہم اپنے یا اپنے مویشیوں کے زخموں کا اصول قدرت کے مطابق معقول علاج نہ کریں تو ان میں کیڑے پڑ جائیں گے یا پیدا ہو جائینگے اب بتلائیے کہ اگر قانون تناسخ صحیح ہے تو پرمیشر ہمارے افعال کا پابند ہو کر ان کیڑوں کی تخلیق کیلئے ہماری لاپرواہیوں اور کھانا پانی سڑانے کا محتاج اور دست نگر ہے یا نہیں؟ اس کے علاوہ جبکہ ایک جاندار کی روح فوراً ایک جسم سے نکل کر دوسرے جسم میں داخل ہو جاتی ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ کھانا یا پانی سڑنے کے وقت ہزاروں روحیں فی الفور بلا پوری پوری سزا بھگتے ہوئے اپنے اپنے اجسام کو چھوڑ کر ان کیڑوں کے اجسام میں داخل ہو جائیں لہذا ثابت ہوا کہ برو ئے تناسخ کوئی روح ایک جسم سے نکل کر دوسرے جسم میں داخل نہیں ہوتی۔ بلکہ خدا اپنی قدرت سے ہر جاندار کی تخلیق اپنے قانون اور مرضی کے مطابق کرتا ہے [illegible] جب چاہے فنا کرتا ہے۔ اوس کا فعل تخلیق ہمارے افعال پر منحصر نہیں ہے۔

(۱۷) ایک گدھے کی اگر گدھی سے جفتی کرائی جائے تو گدھا یا گدھی ہی پیدا ہوگی۔ لیکن اگر اُسی گدھے کی جفتی ایک گھوڑی سے کرائی جائے تو بجائے گدھے کے خچر ایک دوسری قسم کا جانور پیدا ہو جائیگا۔ تو بتلائیے کہ ایک گدھے کے نطفہ کے کیڑے جن میں پرمیشر نے بروئے تناسخ گدھا یا گدھی ہی بن جانیوالی ارواح داخل کی ہیں۔ انسان کی تدبیر یا حکمت عملی سے تبدیل ہو کر گدھے کی روح سے خچر کی روح کیسے بن جاتی ہے۔ یہاں انسان کی تدبیر کے سامنے بقول دیوک دھرم پرمیشر کی مجبوری اور بے بسی ثابت ہے یا نہیں۔ اسی طرح بروئے اصول طب اگر کوئی حاملہ عورت رات دن سانپ یا کسی دوسری شے کا خیال دل میں رکھے اور ان کے خیال پر ایام حمل میں ایسی شے کا غلبہ رہے تو بوقت پیدائش بجائے انسان کے سانپ یا وہی جانور پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسی مثالیں اور واقعات بہت سے اخبارات میں دیکھنے میں آتے ہیں تو بتلائیے انسانی نطفہ کے کیڑے کی روح بموجب خیالات عورت انسانی جون کی بجائے سانپ کی جون میں خلاف مرضی پرمیشر کیسے چلی گئی یا خلاف قانون تناسخ ایک انسان کا جسم اسی جنم میں سانپ کا جسم کیسے بن گیا جبکہ وہ مر کر اور اس کی روح دوسری یونی میں جا کر نئے جسم کو حاصل نہ کر سکی۔ اور خلاف قاعدہ و قانون تناسخ انسانی یونی میں بندر۔ سانپ یا ہاتھی کیسے داخل ہو گئے۔ مزید یہ کہ جب عورت کے تخیل پر بچہ کے جسم اور ہیئت کا تغیر و تبدل و بناوٹ منحصر ہے تو پرمیشر کا قانون تناسخ کے ذریعہ سے جنم دینا کیا وقعت رکھتا ہے۔ اور جب بروئے طب عورت کے تخیل پر جسم اور جنم کی تبدیلی ایک ہی جون اور زندگی میں ہو جاتی ہے تو پرمیشر کا قانون تناسخ سراسر بیکار اور بے اثر ہے۔ اور جبکہ حسب قاعدہ تناسخ جو روح کسی جانور کے جون میں جا کر سزا بھگتنے والی ہوتی ہے اوسی قسم کی جانور کی یونی میں داخل ہو جاتی ہے تو پھر مذکورہ بالا حالتوں میں اون حیوانی اجسام کو انسانی یونی میں کیوں داخل کیا جاتا ہے۔ غالباً ایسی روح کے لئے تب کوئی حیوانی یونی خالی دستیاب نہ ہوتی ہوگی تو پرمیشر مجبوراً جلدی اور گھبراہٹ میں جانور کے جسم میں جانے والی روح کو انسانی یونی ہی میں داخل کر دیتا ہے۔ اور اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ایسا عجیب الخلقت بچہ جلدی مر بھی جاتا ہے تو اوس کا سبب غالباً یہ ہے کہ جب اوس بچہ کی پیدائش پر پرمیشر کو شاید اپنی غلطی اور گھبراہٹ کا حال معلوم ہوتا ہے تو اوس پر پردہ پوشی کرنے کے لئے فوراً اوس بچہ کو مار بھی دیتا ہے تاکہ اس کی روح اب کسی مناسب جسم میں داخل کر کے غلطی اور بھول کی تلافی کر دے۔ دہن باد۔ عقیدہ تناسخ کی بدولت خدا کی قدرت کے کرشموں سے انکار کا یہی نتیجہ ہے۔

(۱۸) اور یہ اپنے اثر سے پرمیشر کے قانون تناسخ کی دی ہوئی سزا کو بھی دور کر سکتی ہیں۔ مثلاً پرمیشر نے ایک شخص کو ڈاڑھ کے درد کی سزا تین دن کے لئے دی ہے وہ کسی ڈاکٹر سے انجکشن کرا لیتا ہے اور ڈاڑھ کا درد دور ہو جاتا ہے اور قانون تناسخ سے سزا جو [illegible] کی مقرری ہوئی تھی [illegible] تناسخ!

توٹنے پر مجبور کو کیسے مجبور اور لاچار کر دیا۔ افسوس!

(۱۹) طبی اصول کی رو سے ناقص العقل، گونگی، مادر زاد بہری اور اندھی اور کمزور وغیرہ وغیرہ اولاد والدین کی بدعنوانیوں اور بد پرہیزیوں کی بدولت پیدا ہوتی ہے۔ آریہ صاحبان ان انسانی بدعنوانیوں اور بد پرہیزیوں کے نتیجہ کو پیدا شدہ بچے کے پچھلے اعمال کا نتیجہ بتلاتے ہیں۔ جن کا ان کے پاس بروئے تجربہ اور مشاہدہ ایک رتی برابر بھی ثبوت نہیں ہے اور ماہران طب تجربہ اور مشاہدہ سے اپنے دعوے کو ثابت کرتے ہیں۔ لہذا ثابت ہوا کہ طبی عقیدہ صحیح ہے اور عقیدہ تناسخ بالکل غلط اور محض وہم ہے۔ ماں باپ کے عمل کو بیٹے کا عمل بتلانا ایسا ہی ہے کہ

کرے داڑھی والا اور پکڑا جائے مونچھوں والا

(۲۰) تمام ارواح اپنے اپنے جرائم کی سزا بھگت بھگت کر فرداً فرداً مختلف اوقات میں نجات یعنی چھٹکارہ پا رہی ہیں یا ایک ہی وقت سب کے چھٹکارہ پانے کے لئے مقرر ہے۔ اگر فرداً فرداً مختلف اوقات میں چھٹکارہ پا رہی ہیں تو بتلائیے کہ وہ ارواح جو چھٹکارہ پا رہی ہیں کہاں رہتی اور کیا کرتی ہیں۔ اور اگر ایک ہی وقت چھٹکارہ کا سب کے لئے مقرر ہے تو یہ بات عقلاً ناممکن ہے۔ کیونکہ اعمال انسانی کا سلسلہ برابر جاری رہے گا اور ہر روح ایک ہی عمل نہیں کرتی۔ سب کے اعمال جدا جدا ہوتے ہیں جن کی نوعیت دیکھتے ہوئے ان کی سزا کا خاتمہ ایک ہی خاص وقت پر ہونا ناممکن ہے۔ لہذا عقیدہ مسئلہ تناسخ قطعی غلط اور ناقابل قبول ہے۔

(۲۱) قدرتی قاعدہ اور اصول کی بنا پر جوں جوں زمانہ گزرتا جائے گا انسانی اور حیوانی پیدائش بڑھتی اور ترقی نسل ہوتی رہے گی۔ جیسا کہ آپ مردم شماری اور مویشی شماری سے دیکھ رہے ہیں۔ اب مسئلہ تناسخ کو مانتے ہوئے نیک اعمال کا نتیجہ انسانی آبادی اور بد اعمال کا نتیجہ حیوانی آبادی کی ترقی ہے حالانکہ واقعہ اس کے خلاف ہے۔ وہاں دونوں قسم کی مخلوق بڑھ رہی ہے۔ حالانکہ سوائے چند لاکھ آریہ صاحبان کے دیگر تمام مذاہب کے لوگ بقول ان کے بے دھرم اور گناہگار ہیں۔ لہذا انسانی آبادی بہت ہی کم اور حیوانی بہت زیادہ ہونی چاہئے جو کہ نہیں ہے لہذا مسئلہ تناسخ غلط اور وہم محض ہے۔

(۲۲) تقریباً دنیا میں سوائے ہندوستان کے اور کہیں ہون وغیرہ نہیں ہوتا یا نہیں کیا جاتا۔ لہذا سوائے ہندوستان کے سب جگہ کی ہوا ناصاف اور اس کی وجہ سے بیماری اور امساک باراں سے قحط پھیلا رہنا چاہئے۔ حالانکہ واقعہ اس کے خلاف ہے۔ تمام دنیا میں نہ اس قدر ہوا ناصاف ہے نہ اس قدر بیماری اور نہ اموات نیز نہ وبا طاعون۔ ہیضہ وغیرہ کا زور نہ امساک باراں اور نہ قحط کا دور دورہ ہے۔ بلکہ یہ سب باتیں جب سے آریہ صاحبان کی جدوجہد ہندوستان میں ہوئی ہے زیادہ ہو رہی ہیں۔ اس لئے ثابت ہوا کہ ہون ہی ان تمام بیماریوں اور قحط وغیرہ کی جڑ اور باعث ہے۔ (باقی آیندہ)

شاعری اور اسلام

شعرائے کرام سے اپیل

(از محمد ابوالخیر صاحب بدر رحمانی پریوائی حال مئو ائمہ)

شاعری فی نفسہ کوئی قبیح چیز نہیں ہے بلکہ یہ بھی ایک ہتھیار ہے اس کے ذریعہ سے بھی تبلیغ کا کام بخوبی طور پر انجام دیا جا سکتا ہے۔ شاعری ہی تو وہ چیز ہے جس سے شاعر اسلام حضرت حسان رضؓ کافروں کو جواب دیا کرتے تھے اور داعی اسلام نبی کریم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کے لئے منبر رکھا کرتے تھے لیکن اگر اسی شاعری کو خلاف محل استعمال کیا جائے جیسا کہ آجکل کے شعرا کر رہے ہیں۔ اس شاعری کو اسلام نہایت ہی بدترین اور قابل نفرین چیز قرار دیتا ہے اور اسی شاعری کی مذمت کی گئی ہے۔ چنانچہ فرمان باری ہے :-

والشعراء یتبعھم الغاون الآیہ

خصوصیت کے ساتھ اس زمانے کے شعراء فضول چیزوں میں اپنا وقت ضائع کرتے ہیں بلکہ بعض دفعہ تو ایسی بات کہہ جاتے ہیں جو اسلامی تعلیم کے سراسر خلاف ہوا کرتی ہے۔ لیکن ہمارے شعرائے کرام کو اس کی پرواہ ہی نہیں ہوا کرتی۔ حالانکہ یہ بھی قابل مواخذہ چیز ہے لیکن جب اس قسم کے لوگوں کو روکا جاتا ہے تو فوراً جواب دیا جاتا ہے کہ بھائی یہ تو شاعری کی دنیا ہے یعنی مذہب اور شریعت سے کیا مطلب، چاہے جس طرح بکواس اور فحش گوئی سے کام لے۔ کچھ حرج اور مضائقہ نہیں۔ شعرائے کرام کو میرا نہایت ہی مخلصانہ اور ایماندارانہ مشورہ ہے کہ وہ ان فضولیات اور ذٹلیات سے اجتناب اور احتراز کریں اور زانوئے تلمذ ان لوگوں کے سامنے تہہ کریں جن کے اندر شان موحدانہ پائی جاتی ہو۔ خیالات و اعتقادات اچھے ہوں۔ کم از کم یہ بات تو ضرور ہونی چاہئے کہ جس شخص کو ہم نے استاد بنا رکھا ہے یا اس سے حسن عقیدت رکھتے ہیں اس کا اثر ہمارے اوپر نہ پڑ سکے۔ جیسا کہ بعض لوگ انتہائی جوش عقیدت میں اس چیز کی پرواہ نہیں کرتے۔ حالانکہ یہی بات آئندہ چل کر نہایت خطرناک ثابت ہوتی ہے۔ میرے ایک عزیز دوست کا واقعہ ہے جن دنوں وہ تعلیم حاصل کر رہے تھے میں نے ان کی ایک نظم غیر مطبوعہ دیکھی تو آپ نے بجائے بسم اللہ کے یا استاد لکھ رکھا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے سخت حیرت اور حد درجہ کا افسوس ہوا کہ ایک اہل حدیث طالبعلم اور اس قسم کی لغزش۔ میں نے فوراً ان سے کہا کہ یہ کیا حرکت ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ میرے استاد کا یہی طریقہ ہے۔ میں نے کہا آپ صرف شاعری کی اصلاح لیا کریں جوش عقیدت میں ایسا تجاوز نہ کیا کریں اور پھر صاحب علم ہو کر۔ اس کے بعد ان کے استاد نے خود ان کو اس سے روک دیا اور کہا بسم اللہ لکھا کرو۔ یہ ہے ہماری حسن عقیدت کہ کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ جناب سیماب صاحب اکبر آبادی جن کا شمار بہت بڑے شاعروں میں کیا جاتا ہے اور شاعر مشرق لکھا جاتا ہے اگرچہ وہ خود بھی متشرع نہیں ہیں پھر بھی آجکل اس بات پر بڑی سختی سے زور دے رہے ہیں کہ تمام شرک آمیز کے الفاظ شاعری سے ایک دم اڑا دیئے جائیں۔ امید واثق

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

س ۱۶۱} سنتھال پرگنہ میں جو سنتھال رہتے ہیں خنزیر، ڈمری، مردار چیز کھاتے ہیں اور ہمیشہ نجاست میں ڈوبے رہتے ہیں گویا جتنی بھی برائیاں ہیں سب ان لوگوں پر ختم ہیں۔ اب اگر کوئی مسلمان ان کے ہاتھ کے پانی سے کھانا پکواوے اور کھائے اور گوشت بھی انہی سنتھال سے کٹوائے۔ خلاصہ یہ ہے کہ شادی میں انہی سنتھال سے یہ سب کام لیا گیا ہے۔ اس کا کھانا آیا حلال ہوگا یا حرام؟ (محمد ظہیر الدین از بستہ علاقہ سنتھال پرگنہ)

ج ۱۶۱} ان لوگوں کے ہاتھ صاف ستھرے کرائیں اور کام لیں تو جائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

س ۱۶۲} مسمات راج بی بی بنت خیر الدین مذہب اہل حدیث کا عقد عمر گیارہ سال مسمی شیرا ولد لگو کے ساتھ کیا گیا جو شراب خور اور ڈاکو اور بے نماز ہے۔ اور عرصہ تین سال سے اس کو ہر طرح فہمائش کی گئی مگر وہ باز نہیں آتا۔ آخر پنچایت سے گاؤں کے ترا(؟) آدمی کی لیکر اس کو کہا گیا کہ برے کاموں سے توبہ کر اور باز آ۔ لڑکی کو ہم تمہارے ساتھ کر دیتے ہیں ہمارے رو برو توبہ کر اور حلف اٹھا۔ اس نے صاف انکار کیا۔ اور لڑکی نیک ہے اس کے پاس جانے سے انکاری ہے۔ کیونکہ لڑکی کو پہلے روز اس نے سخت الفاظ بولے جو قابل تحریر نہیں اور یہ بھی کہا کہ میں تم کو فروخت کر کے روپے لے لونگا اور شراب نوش کرونگا۔ لہٰذا ملتمس ہوں کہ ایسے نکاح کا قرآن شریف اور حدیث کے موجب کیا حکم ہے؟

میاں عبداللہ امام مسجد موضع [illegible] پوراتہ ضلع [illegible]

ج ۱۶۲} ایسے خاوند کے ماتحت سے لڑکی کی عدالت میں فسخ نکاح کا دعویٰ کر کے نکاح فسخ کرا لے [illegible]

س ۱۶۳} (الف) فجر مغرب اور عشاء کی نمازوں میں قیام کے موقع پر بحیثیت مقتدی کیا پڑھنا چاہیے جبکہ امام کے الفاظ پورے طور پر سنے جا سکیں۔

(ب) مذکورہ نمازوں میں قیام میں کیا کچھ پڑھنا چاہیے جبکہ امام کے الفاظ پورے طور پر نہ سنے جا سکیں۔

(ج) ظہر اور عصر کی نمازوں میں امام کی اقتداء کرتے ہوئے قیام میں کیا پڑھنا چاہیے۔

(عبدالواحد از لکھنؤ)

ج ۱۶۳} تینوں صورتوں میں سورہ فاتحہ پڑھنی چاہیئے۔ کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ "جب تم امام کے پیچھے ہو تو سورہ فاتحہ پڑھا کرو"۔ (جزء القراۃ للبیہقی)

س ۱۶۴} ایک آدمی نماز باجماعت شروع ہونے کے بعد مسجد میں آیا ہے ابھی پہلی ہی رکعت شروع ہوئی ہے۔ اس پہلی رکعت میں کس وقت تک شامل ہو جائے کہ اس کی نماز پوری باجماعت تصور کی جا سکے اور اگر دوسری رکعت میں شامل ہو سکا ہے تو جماعت کے بعد بقیہ ایک رکعت نماز کس طرح ادا کرے۔ یعنی سبحانک ..... الخ سے لیکر سورہ فاتحہ اور کچھ حصہ قرآن مجید پڑھے یا کچھ کم و بیش۔ نیز چوتھی رکعت میں شامل ہونے والا آدمی جب باقی تین رکعت نماز اکیلا شروع کرتا ہے۔ تو تینوں میں سے پہلی رکعت میں جو حقیقت میں اس کی دوسری رکعت ہے۔ التحیات میں بیٹھے یا نہ بیٹھے۔

(سائل مذکور)

ج ۱۶۴} شخص مذکور سورہ فاتحہ پڑھ لے تو پہلی رکعت مکمل شمار ہوگی۔ دوسری تیسری چوتھی میں شامل ہونے والا اخیر کو آخری حصہ جان کر نماز پوری کرے۔ یعنی سبحانک نہ پڑھے اور پہلی دو یا ایک رکعت میں (جو باقی ہے) صرف سورہ فاتحہ پڑھے اور جو رکعتیں امام کے ساتھ پڑھی ہیں ان کو پہلی سمجھے یعنی ترتیب [illegible] رکھے۔ مگر چوتھی رکعت میں ملنے والا [illegible] پیچھے جو رکعت پڑھے اس کو دوسری رکعت سمجھ کر اس کے بعد التحیات پڑھے۔ (۱۳ داخل غریب [illegible])

س ۱۶۵} [illegible] کوئی شخص [illegible] سود ملے تو اب اس کا کیا علاج ہے صرف توبہ کافی ہے یا وہ سود کسی طرح کسی کو دے دے۔

(مسیح اللہ [illegible] کوتل)

ج ۱۶۵} کیش سرٹیفکیٹ کے انٹرسٹ کے متعلق علماء کرام کل مختلف ہیں جو اس کو جائز سمجھتے ہیں وہ اس کا کھانا بھی جائز سمجھتے ہیں۔

س ۱۶۶} بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ پیغمبر خدا نے کہا تھا کہ میرا نکاح اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم اور آسیہ (زن فرعون) سے کر دیا ہے۔ جس پر حضرت خدیجہ نے آپ کو مبارک باد دی۔ یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں۔ اور کس کتاب میں کن الفاظ سے آئی ہے۔ اس حدیث کا مطلب یہ تو نہیں کہ اگلے جہاں میں آپ کا نکاح ان سے بھی ہوگا۔ (سائل مذکور)

ج ۱۶۶} یہ روایت کنز العمال میں ہے جو صحت کے درجے کو نہیں پہنچی۔ اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ میرا نکاح جنت میں کر دیگا۔ چنانچہ اسکے اصل الفاظ یہ ہیں "زوجای فی الجنۃ" یعنی آسیہ اور مریم دونوں جنت میں میری بیویاں ہونگی۔

س ۱۶۷} مرزائی لوگ ہم کو السلام علیکم کہتے ہیں ہم کیا جواب دیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۶۷} مرزائی اگر السلام علیکم کہے تو جواب میں علیکم السلام کہنا جائز ہے۔ حدیث میں آیا ہے لا تبدؤا بالسلام الیہود والنصاری (مشکوٰۃ) اسکی شرح میں شراح حدیث نے لکھا ہے کہ کوئی یہودی یا نصرانی کسی مسلمان کو السلام علیکم کہے تو جواب میں وعلیکم السلام کہنا جائز ہے۔ مرزا صاحب کے متعلق اب فتویٰ پوچھنے کی ضرورت نہیں رہی ان کا معاملہ قد تبین الرشد من الغی کا مصداق ہو چکا ہے۔ اسکے لئے ہمارے رسائل الہامات مرزا وغیرہ ملاحظہ کریں۔ (۱۳ داخل غریب [illegible])

س ۱۶۸} ایک آدمی تحریک خاکسار میں داخل ہے اس کے عقیدہ سے متعلق ہونے کا شک ہے لیکن [illegible] تعلیمات پر اعتراض کیا جائے تو نہایت [illegible] جماعت کی تحلیل وغیرہ کو صحیح بتانے کی کوشش کرتا [illegible] علماء کرام کا بیان دیتا ہے کیا اعتقادی [illegible]

[illegible] جائز ہے؟ (محمد شفیع اہلحدیث [illegible]) ج ۱۶۸} تحریک خاکسار کے بانی [illegible] کا حکم ... کی کتاب تذکرہ کو [illegible]

ان کے ذہن میں ڈالتا ہے کہ تذکرہ جیسی کتاب دنیا میں کوئی نہیں۔ بلکہ قرآن و حدیث کی تذکرہ کے پاس ہوگی ہیں کل تفسیر [illegible] حالانکہ اس [illegible]

[illegible]

متفرقات

اہلحدیث کی بھرتی | ناظرین حیران ہوتے ہونگے کہ گزشتہ ہفتے اہلحدیث ایک روز پہلے کیوں پہنچا۔ عام طور پر ٹھیک وقت پر بھیجا جاتا ہے لیکن کبھی کبھی وقت مقرر سے پہلے بھی حاضر ہو جاتا ہے۔ تاہم اس کی وجہ بتاتے ہیں۔ جب کبھی ڈاک خانہ میں جمعرات کے روز تعطیل ہوتی ہے (جو اخبار کے پوسٹ کرنے کا دن ہے) تو ڈاکخانہ کہتا ہے کہ بجائے جمعرات کے اخبار بدھ کو یا جمعہ کو پوسٹ کرو۔ جمعہ کے روز روانہ کرنے میں ناظرین کی تکلیف انتظار کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے کوشش کرکے بدھ کے روز ہی ڈاک خانہ میں دیا جاتا ہے۔ گزشتہ ہفتے کا واقعہ خصوصاً قابل ذکر ہے۔ قریباً بارہ بجے ڈاک خانہ سے اطلاع ملی کہ کل بادشاہ کے یوم ولادت کے سلسلہ میں ڈاک خانہ میں تعطیل رہیگی اس لئے شام کے تین بجے تک اخبار دے سکتے ہو ورنہ جمعہ کے دن دینا پڑیگا۔ ناظرین اندازہ کرسکتے ہیں کہ اتنے قلیل وقت میں کس پھرتی اور کس قدر دقت سے روانگی کا کام انجام پذیر ہوا ہوگا۔ اس پھرتی اور چابکدستی کا انعام اہلحدیث اپنے ناظرین سے ترقی اشاعت کی صورت میں چاہتا ہے۔ اس کی اشاعت میں جتنی ترقی ہوگی اتنی ہی ترقی اہلحدیث کے اصل مقصد (توحید و سنت) کی اشاعت میں ہوگی۔

بلاغ امرتسر | امرتسر کے اہل قرآن (منکرین حدیث) گروہ کا رسالہ ہے۔ جس میں ہر طرح یا جس طریق سے حدیث نبوی کی تکذیب کی جاتی ہے۔ اہلحدیث میں بارہا اس سے خطاب ہوتا رہا اور حسب ضرورت ہوتا رہیگا انشاء اللہ۔ قیمت سالانہ تین روپیہ۔
پتہ۔ منیجر بلاغ امرتسر

ضرورت | ایک اہل حدیث مدرسہ کے لئے ایک ... مدرس کی ضرورت ہے جو شریعت ہو اور ... [illegible]

... بابو عبد العزیز ... ٹیلیگرام جنرل ... ریلوے ... پور

مولوی عبد المجید صاحب | نائب سکریٹری مدرسہ محمدیہ قصبہ بارڈی ریاست دھول پور سے جملہ اسلامی اخبارات کے ایڈیٹر صاحبان کے نام اپیل کرتے ہیں کہ اپنے ذاتی اور نجی رنج و غصہ کا اظہار بذریعہ اخبارات نہ کیا جائے کیونکہ یہ طریق بجائے خود مذموم ہے۔

جلسہ احرار قادیان میں

نہیں

اور میرے خاص احباب شریک ہونگے

اس کی وجہ احرار کو معلوم ہے

(ابو الوفاء)

جلدی کیجئے

"اہلحدیث" ۲۶ مئی میں اعلان کیا گیا تھا کہ مرزا صاحب قادیانی کے آخری فیصلہ کے متعلق کارآمد اور مفید لٹریچر بصورت رسالہ "مرقع قادیانی" و "اخبار شہنہ قادیان" مہیا ہوا ہے۔ طالبین جلد منگوالیں۔ بعض شائقین نے یہ نادار اور مفید لٹریچر طلب کر لیا ہے۔ اب مکرر اعلان کیا جاتا ہے کہ ابھی چند فرمائشات کی تعمیل کی گنجائش ہے۔ لہذا شائقین ایک روپیہ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر جلد منگوالیں۔ ورنہ پھر ڈھونڈنے سے ہاتھ آنا مشکل بلکہ محال ہوجائیگا۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

ضروری اعلان | "اہلحدیث" پرچہ ۲۱ [۲۹] صفحہ پر ایک اشتہار بابت فروخت کتب عبد الکریم صاحب چوہدری۔ ایم بی سکول اودے گیری ضلع ... شائع ہوا تھا۔ اس کی بابت بعض حضرات نے کتب نہ ملنے کی شکایت بھیجی ہے۔ مشتہر موصوف کا انتقال ہو چکا ہے جس کی ... "اہلحدیث" ۲ جون میں شائع ہو چکی ہے اس لئے ...

... اصحاب مطلع رہیں کہ ایسی ... کا کسی قسم کا تعلق (دفتر) سے نہیں ہے ... ان کے ورثاء سے خط و کتابت کی جائے۔ (منیجر اہلحدیث)

غریب فنڈ | میں از فتوی فنڈ ... بقایا بند فنڈ ۱۵

اصحاب خیر | غرباء کے شوق اخبار کا خیال فرماتے ہوئے اس فنڈ کی امداد کرکے عند اللہ ماجور و عندنا مشکور ہوں۔

مکتوب نڈیاڈ | ۱۹ مئی کو حاجی عبد الغفار صاحب مرحوم دہلوی کا جنازہ غائبانہ جماعت اہل حدیث اور دیگر اہل اسلام نے تقریباً پانچسو کی تعداد نے جامع مسجد نڈیاڈ میں پڑھا۔

یاد رفتگان | میری والدہ محترمہ ۵ جون کو انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (حاجی محمد صدیق پھاٹک حبش خان دہلی)

ناظرین جنازہ غائب پڑھیں اور مرحومہ کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللهم اغفر لها وارحمها۔

کارگذاری دکن اہل حدیث دار الاشاعت سکندرآباد | اتفاقاً میں سکندرآباد وارد ہوا۔ یہاں انجمن مذکور کی عالی ترین مذہبی سرگرمیاں دیکھنے میں آئیں جیسا کہ اسکے رسائل کی اشاعت سے ظاہر ہے جو ماہانہ یا بوقت ضرورت شائع کئے گئے ہیں "میلاد شریف اور اسکی حقیقت" "اسلامی عید اور مسلمانوں کے فرائض"۔ "شہادت امام حسین سے توحید کا سبق" "خطبہ معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ"۔ "خطبہ امیر المومنین حضرت عمر ابن عبد العزیز" رسالہ "تبلیغ اسلام" "خطبہ جمعہ اور اس سے شرعی مقاصد" وغیرہ وغیرہ۔ الحاصل دکن اہل حدیث دار الاشاعت سکندرآباد کی یہ مذہبی خدمات نہایت خلوص اور مفید ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اس انجمن کے زیر اہتمام ایک دار العلوم عام اہل پیمانہ پر بھی قائم کیا جا رہا ہے۔ اس انجمن کے سرپرست عالی جناب حافظ محمد یوسف صاحب حیدرآبادی ایجنٹ روشن کمپنی سکندرآباد اور مہتمم مرزا محمد علی بیگ صاحب ہیں۔ جن کی ذات گرامی محتاج تعارف نہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کی مخلصانہ کوششوں کو درجہ قبولیت عطا فرمائے اس کا اجر دارین میں عطا فرمائے۔

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

ڈاکٹر اقبال کا مزار

جس سے وہ بیزار

پنجاب میں ڈاکٹر صاحب مرحوم کی شخصیت ایک ممتاز شخصیت تھی۔ ان کے امتیاز کی حیثیتیں مختلف ہیں عام رائے میں ان کو ایک فلسفی شاعر کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے مگر ہم ان کو بحیثیت ایک موحد مسلمان کے دیکھتے رہے ہیں۔ کیونکہ آپ ایک باکمال عالم اور پکے موحد مولانا غلام حسن سیالکوٹی مرحوم کے صحبت یافتہ تھے۔ ہمیں مرحوم کے عقائد کا پورا علم ہے۔ جنہیں آپ اپنی صحبت میں بیان کیا کرتے تھے۔ آپ آج کل کی پیر پرستی، قبر پرستی اور مزار پرستی سے سخت بیزار تھے اور ان افعال کو اسلام میں رخنہ اندازی سمجھتے تھے۔ آج ہم ان کے متعلق اخباروں میں پڑھتے ہیں کہ ان کی قبر پر ایک قبہ بنایا جائیگا جس پر پچیس ہزار روپیہ لاگت آئیگی۔ خدا جانے مسلمان اسلام اور اہل اسلام کی ضروریات کو کب سمجھیں گے۔ گذشتہ رمضان سے چند روز پہلے ہمیں جلسۂ اہلحدیث کے موقع پر بریلی جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں سننے میں آیا کہ مولوی احمد رضا خان کی قبر پر جو قبہ بن رہا ہے اس پر تیس ہزار روپیہ خرچ ہو چکا ہے اور ابھی کام باقی ہے۔ پنجاب کے ضلع راولپنڈی میں گولڑہ ایک معمولی گاؤں ہے۔ وہاں پیر مہر علی شاہ کی قبر پر جو قبہ بنایا گیا ہے اس پر اسی ہزار روپیہ خرچ ہوتا بیان کیا جاتا ہے۔ اسی طرح مغربی پنجاب میں چلے جائیے۔ جہاں آپکو [illegible] ایسے ملیں گے جن پر ہزاروں روپے [illegible] معلوم نہیں کہ ان لوگوں کو خدا نے [illegible] [illegible]

ایک عذر ہو سکتا ہے۔ جس کو وہ ظاہر نہیں کرتے۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ یہ قبے تحصیل زر کے لئے بہت اچھے ذرائع ہیں۔ لیکن ڈاکٹر اقبال کا قبہ کس کام آئیگا؟ ہم ان کے مخلص احباب سے خصوصاً ان سے جو اہل توحید بھی ہیں۔ یہ سوال کرنے کا حق رکھتے ہیں کہ کیا ان کے نزدیک یہ قبہ ڈاکٹر صاحب کے حسب منشا بنے گا یا ان کے خلاف منشا؟ بس یہی ایک سوال ہے جو ہم کسی انسان کی زبان سے نہیں بلکہ ایمان سے اور ضمیر سے کرتے ہیں کہ وہ بتائے کہ ڈاکٹر اقبال کی روح ان کے اس فعل سے خوش ہوگی یا ناراض؟ ان لوگوں کو غالباً مرزا غالب مرحوم کے ایک شعر سے دھوکا لگا ہے جو یہ ہے ؎

پس مردن بھی دیوانہ زیارت گاہ طفلاں ہے
شرار سنگ نے کی گل فشانی میری تربت پر

لیکن جو لوگ مرزا غالب اور ڈاکٹر اقبال کی شخصیتوں کو جانتے ہیں وہ اس شعر کو کبھی سند نہیں لا سکتے۔ مختصر یہ ہے کہ ہم ڈاکٹر اقبال کو بحیثیت ان کے مذہبی خیالات کے دیکھتے ہیں اور یہ قبہ ساز ان کو بحیثیت ایک شاعر کے دیکھتے ہیں۔ اس لئے ہماری رائے کا ان سے مختلف ہونا ضروری ہے۔ یہ مصرع بالکل سچ ہے

ع نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی

لکھنؤ میں مصنوعی جنگ

اسلام کی تاریخ زندہ ہے۔ اہل اسلام اس پر فخر کر سکتے ہیں۔ مگر اس بات سے ان کی گردنیں مارے شرم کے جھک جاتی ہیں کہ جس قدر انہیں (مسلمانوں) نے اغیار کے مقابلہ میں اٹھا اٹھا کر کامیابی حاصل کی تھی اس سے کئی گنا زیادہ آپس ہی میں لڑ کر کشمکش کی۔ خلافت عباسیہ اور حکومت مغلیہ تو اسی آفت زمانہ کی [illegible] میں ایسی مبتلا ہوئیں کہ آخر فنا ہو گئیں۔ مسلمانان ہندوستان کو زندہ قوم کہنا سخت مشکل ہے۔ ان کی [illegible] نہ تھا جس [illegible] [illegible]

گئی۔ یہاں تک کہ شکستہ کا واقعہ ظہور پذیر ہوا۔ جس پر آخری بادشاہ دہلی نے یہ مصرع کہا ؎

بس ظفر اب ہو چکی ہے تیغ ہندوستان کی

اودھ کے صوبہ میں چند ضلعوں پر حکومت اسلامیہ باقی تھی۔ جس کے حکمران اعتقاداً شیعہ مذہب رکھتے تھے۔ مگر وہ عیش و عشرت میں ایسے منہمک کہ جس کا مآل سلطنت کا زوال ہوا۔ فافہم!

اسلامی سلطنت کے زوال کے بعد بھی لکھنؤ ایک بارونق شہر کی حیثیت میں آباد رہا۔ جس پر یہ کہنا بالکل بجا تھا ؎

نہ کچھ پھیری چلی باد صبا کی
بگڑنے میں بھی زلف اسکی بنا کی

لیکن آج کل جو ہنگامہ لکھنؤ میں برپا ہے۔ اس کی خرابی کا نتیجہ پہلی خرابی سے زیادہ مہلک ہے۔ کیونکہ پہلی خرابی کے زمانے میں اسلام کے مختلف فرقوں میں اتنی وسیع خلیج حائل نہ تھی جتنی کہ آجکل ہو رہی ہے۔

شیعہ اخبارات "اہلحدیث" سے خفا ہیں کہ "اہلحدیث" ان کی تبرا گوئی کو برا کیوں کہتا ہے؟ جواباً اہلحدیث عرض کرتا ہے کہ میں صرف تبرا گوئی سے منع نہیں کرتا بلکہ ہر ایک جدید مذہبی رسم سے منع کرتا ہوں۔ چاہے وہ تعزیہ ہو یا علم، مولود ہو یا تبرا۔ ہاں وہ یہ کہنے سے بھی نہیں رک سکتا کہ مدح صحابہ کے لئے جلوس نکالنے کی رسم صحابہ و تابعین کے زمانہ میں نہ تھی۔

اپنی رائے کے اظہار کے بعد شیعہ کتب سے ایک حکایت پیش کی جاتی ہے تاکہ سمجھا جائے کہ لکھنؤ کے حنفی (جن کو شیعہ اخبار وہابی کہہ کر وہابیوں کی مردم شماری بڑھاتے ہیں) یہ عذر کر سکتے ہیں جو علما شیعہ نے متعہ کے متعلق کیا تھا۔ جس کا مختصر مضمون یہ ہے کہ لاہور کے مولوی قاسم شاہ صاحب مرحوم اپنی کتاب برہان المتعہ میں لکھتے ہیں کہ جس زمانہ میں بعض لوگ (سنی) متعہ کے ابطال پر کمر بستہ ہوئے اس زمانہ میں شیعہ مومنین کو متعہ پر خاص زور دینا چاہئے ممکن ہے کہ لکھنؤ کے سنی حنفی بھی [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

[illegible] چاہتے ہیں۔ پیرو دلیل ہم نے ان کی طرف سے پیش کی [illegible] رنجیدگی وانکی رائے وہی ہے جسے ہم اوپر پیش کر چکے ہیں۔

بعد القیل والقال | ہم ہر دو فریق سے عرض کرتے ہیں کہ وہ ادادی سے کام لے کر مسلمانان ہندوستان پر کرم فرمائیں۔ کیونکہ خدا کا سچا دین اسلام دونوں کو مخاطب کر کے کہتا ہے ؎

دونوں کی اس نزاع نے مجھ کو مٹا دیا

یورپ کا مطلع

روز بروز مکدر ہوتا جا رہا ہے

جب چند روز گرم گرم خبریں نہیں آتیں تو لوگ سمجھتے ہیں کہ امن ہو گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ گرم خبروں کی آمد کا رکنا اسی طرح ہے جس طرح آندھی سے کچھ عرصہ پہلے ہوا رک جاتی ہے۔

یورپ کے حکمراں بدستور ایک دوسرے کے داؤگھات میں لگے ہوئے ہیں۔ ان کا کوئی وقت اس کام سے غفلت میں نہیں گزرتا۔ آج کل برطانیہ کا مرکز برطانیہ اور روس کا معاہدہ ہے۔ سلطنت روس کی حیثیت اس وقت ایسی سمجھنی چاہیئے کہ کسی کمیٹی میں حاضر ممبر گیارہ ہیں۔ کسی تجویز پر پانچ ایک طرف ہو گئے اور پانچ دوسری طرف۔ دونو فریق گیارھویں ممبر کو دیکھ رہے ہیں کہ وہ کدھر ہوتا ہے۔ ہر پارٹی اسکی خوشامد کرنے اور پھسلانے میں لگی ہوئی ہے۔ کیونکہ وہ گیارھواں ممبر جس پارٹی کی طرف ہوگا اسی کا پلہ بھاری ہو جائیگا۔ مگر وہ گیارھواں ممبر بڑا چالاک ہے جو دونوں پارٹیوں سے اپنے فوائد حاصل کرنا چاہتا ہے۔ یہی مثال روس کی ہے۔ برطانیہ اور جرمنی دونو سلطنتیں اس کا تعاون چاہتی ہیں۔ برطانیہ سے اس کی حدود نہیں ملتیں مگر جرمنی سے ملتی ہیں۔ دونو فریق اس پر [illegible] ڈال رہے ہیں۔ وہ دونوں کی باتیں سنتا ہے مگر کسی سے وعدہ نہیں کرتا۔ روسیوں کی مطلب [illegible] زار روس کے زمانہ میں [illegible]

جنگ عظیم کے خاتمہ پر جب انقلاب برپا ہوا تھا۔ تو ان کے کام میں سب سے زیادہ برطانیہ نے روڑا اٹکایا تھا۔ یہ واقعہ اس زمانہ کے اخبارات میں مفصل ملتا ہے۔ روسیوں کو یہ واقعہ یاد ہوگا۔ لیکن سیاسیات میں ماضی کی بجائے حال اور مستقبل کا لحاظ زیادہ رکھا جاتا ہے۔ اسی لئے روسی حکومت بھی غالباً ماضی کا لحاظ نہیں رکھیگی بلکہ اپنے موجودہ اور آئندہ فوائد کو ملحوظ رکھے گی۔

اخباروں میں یہ خبر پے درپے آچکی ہے کہ ترکوں نے انگریزوں سے معاہدہ کر لیا ہے۔ ہمارے خیال میں انہوں نے فیس لئے بغیر یہ کام نہیں کیا ہوگا۔ چنانچہ اخبارات میں یہ خبر آگئی ہے کہ فرانس نے ترکوں کو اسکندرونہ (جو شام کا ایک ضلع ہے اور جنگ عظیم سے پہلے ترکوں کے ماتحت تھا) واپس دینے کا وعدہ کیا ہے۔ جس کے نتیجہ میں فرانس کے ساتھ بھی ترکی کا معاہدہ ہو جائے گا۔

ہمارا خیال کچھ دور تک پہنچتا ہے۔ وہ یہ کہ ترکوں کا معاہدہ روسی مشورہ کے بغیر نہیں ہوا ہوگا۔ کیونکہ روسیوں سے ان کی موافقت جنگ عظیم کے خاتمہ سے چلی آئی ہے۔ روس ہی کی شرکت سے وہ قسطنطنیہ واپس لے سکتے تھے۔ بہرحال ہمیں سلطنت روس کی یکسوئی کا علم ابھی تک نہیں ہوا۔ ہمارا گمان ہے کہ وہ برطانیہ سے متحد نہیں ہوگی۔ بلکہ وہ شائد شریک جنگ بھی نہ ہو۔ کیونکہ اس کو اندرونی بغاوت کا اندیشہ بہت زیادہ ہے۔ اللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

سرکاری اطلاع

محکمہ زراعت پنجاب کی طرف سے ایک ڈویژنل فروٹ شو (جس میں صرف آم اور کھجوریں رکھی جائینگی) صرف قسمت ملتان کے لئے ڈسٹرکٹ بورڈ ہال مظفرگڑھ میں ۲۸ اور ۲۹ جولائی ۱۹۳۹ء کو منعقد کی جائیگی اس نمائش کی اغراض یہ ہیں :۔

(۱) پھلوں کی کاشت کرنے والوں۔ سوداگروں کے سوداگروں اور خریداروں کے درمیان گہرا ربط قائم کیا جائے۔

(۲) عوام کو آموں اور کھجوروں کے بہترین نمونوں اور اقسام سے [illegible] مقامات سے جہاں وہ پیدا ہوتے ہیں روشناس کرایا جائے۔ تاکہ بہتر قسم کے پھل کاشت کرنے کا شوق پیدا ہو۔

(۳) سوداگروں کو اپنے پھلوں کی نمائش کے بہتر طریقے اختیار کرنے کی ترغیب دی جائے۔

(۴) مختلف مقامات پر ایسے درختوں کا پتہ لگایا جائے جو بلحاظ نفاست و پیداوار بہترین قسم کا پھل دیتے ہیں

(۵) پھلوں کی کاشت اور بیوپار کرنے والوں اور ایسے درختوں کے مالکوں کے مابین رابطہ قائم کیا جائے

(۶) پھلوں کی کاشت کرنے والوں میں بہترین قسم کے پھلدار درختوں کی کاشت کرنے کا شوق مقابلہ پیدا ہو۔ نیز اعلیٰ درجہ کے درختوں سے قلمیں حاصل کر کے پھلدار درختوں کی کاشت کرنے والوں کو مہیا کرنے کی کوشش کی جائیگی۔

پھلوں کی اس متذکرہ بالا نمائش میں بہترین اقسام کے واسطے نقد روپیہ کے انعامات اور سارٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔ (لاہور ۹ جون ۱۹۳۹ء)

مضامین آمدہ | مولوی محمد ایوب صاحب۔ مولوی عبدالسلام صاحب۔ جناب ابو محمد صاحب۔ منشی محمد عبداللہ ثالث۔ مولوی عبدالرؤف صاحب۔ مولوی عبدالعزیز

غیر مقبولہ | نخکدہ چوڑیاں کا آئندہ جلسہ۔

[illegible] ہندوستان [illegible]

یہ وقیع و نایاب کتاب سٹاڈرڈ کی نیو ورلڈ آف اسلام کا اردو ترجمہ۔ یعنی صدی سابقہ و حال کی اسلامی جدوجہد اصلی فوٹو۔ مشرق قریب میں مغربی سیاست۔ ہندوستان [illegible] کی مفصل روئداد۔ ہندوستان کے سیاسی اقتصادی اور معاشرتی تغیرات کی [illegible] تا حال آئے ہوئے واقعات۔ قیمت [illegible]

مومیائی

۲۹

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران "اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی
سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ نزلہ۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا
کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے
دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ..... کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی
سی کھالینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد عورت بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۲/۶۔ آدھ پاؤ ۵/۔ پاؤ بھر ۹/ مع محصول
ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما
سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک ۱۲/ پیشگی بذریعہ منی
آرڈر منگائیں ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی

تازہ شہادتیں

جناب حکیم احمد میاں عبداللہ میاں کیمبے۔ "چار پانچ
دفعہ آپ کے پاس سے مومیائی منگوا چکا ہوں بہت قابل
تعریف پایا۔ اب آدھ پاؤ بذریعہ وی پی ارسال فرمائیں"
(۹۔ مئی ۱۹۴۰ء)

جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہزادپور۔ "متعدد مرتبہ
مومیائی منگا چکا ہوں۔ آپ کی مومیائی میں مسیحائی اثر ہے
میں ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ ایسی کم قیمت ہو کر یہ دوا جو
اثر رکھتی ہے یہ صرف خدا کی مہربانی ہے۔ مسلمان بھائیوں
سے [illegible] چند ایک اپیل کرتا ہوں
کہ مومیائی [illegible] (۔ مئی ۱۹۴۰ء)
منگانے کا پتہ:- حکیم محمد [illegible] خان
[illegible]

مفت

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب
"عورت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنہ کے
ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمایئے۔
(منگوانے کا پتہ)
منیجر دارالکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن
فتح آباد۔ ضلع حصار۔ (پنجاب)

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی
فلیویا امساک رجسٹرڈ

رجسٹری و امتحان شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی خواہ
بڈھا ہو یا جوان قضائے حاجت ...... کے بغیر نہیں
رہ سکتا۔ وقت ضرورت سے پانچ منٹ پیشتر کھائیں۔
ناقابل برداشت طاقت۔ بے حد ممسک ہے۔ سرعت۔
احتلام۔ جریان کی دشمن۔ ۳۲ گولیاں پیکٹ ۶/
پتہ:- فلیویا کیمیکل ورکس نمبر ۲۵ فرید کوٹ (پنجاب)

تمام دنیا میں بے مثل ۱۶

غزنوی سنہری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی

چار جلدوں میں
کا ہدیہ سات روپے
فی جلد ۲/

ان دو نو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث
میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:- مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

کیا آپ نے ابھی تک طبیبی حکیم نہیں دیکھا؟

طبیبی حکیم ایک ایسی مختصر مگر جامع طبی کتاب ہے جو سر سے پاؤں تک کے تمام امراض پر حاوی ہے اور جس میں جملہ
امراض کے اسباب، ان کی علامات اور تشخیص پر نہایت شرح و بسط سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور پانچسو صفحات کے
ماتحت ہر بیماری کے مجرب بہ مجرب یونانی اور ڈاکٹری نسخے لکھے گئے ہیں۔ جو یقیناً آپ کو کہیں اور نہ ملیں گے
طبیبی حکیم ہی ایک ایسی کتاب ہے جس میں ایک ہزار سے زائد یونانی اور ڈاکٹری نسخے درج ہیں۔ تاکہ اگر آپ
علاج کرنا چاہیں یا ڈاکٹری سے مستفید ہونا چاہیں تو ایک ہی کتاب سے دونو فائدے حاصل کر سکیں۔ ملک کے
طبیبوں اور تجربہ کار لوگوں کا یہ بیان ہے کہ ہر پڑھے لکھے گھر میں اس کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ جس میں
ایک ایک نسخہ یقیناً سو سو روپے کا ہے جو سالہا سال کے تجربہ کے بعد درج کیا گیا ہے۔
طبیبی حکیم ہی ایک ایسی کتاب ہے جو دیہات اور قصبات میں رہنے والوں کیلئے مستقل حکیم اور ڈاکٹر کا کام دیتی
ہے۔ [illegible] اس کے مطالعہ سے اچھا خاصہ حکیم بن سکتا ہے۔ خصوصاً ائمہ مساجد و مدرسین کیلئے تو
[illegible] کتاب ہے۔ ان تمام [illegible] تاکہ اس سے ہر شخص فائدہ اٹھا
[illegible] طبیبی حکیم [illegible] ایک نعمت غیر مترقبہ ہے
[illegible]
[illegible] اہلحدیث امرتسر

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک امیں رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے جسے
بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔
بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد اپنے متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے (۶۴۸)

انقلاب افغانستان

کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف "زوال غازی" ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں شاہ امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ، افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی بغاوتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ مجلد ہے۔ ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۴۵۰ صفحات۔

اصل قیمت تین روپے۔ رعایتی دو روپے

ملنے کا پتہ:- دفتر اہلحدیث امرتسر

ہندوستان کی غربت کو دور کرنیوالی کتاب
گنجینہ روزگار

اس کتاب میں ایسی آسان دستکاریاں اور مالا مال کر دینے والے ہنر درج ہیں جن کو دیکھ کر کم از کم اکیسو روپے ماہوار بخوبی کما سکتے ہیں۔ لطف یہ کہ نہ بڑے سامان کی ضرورت ہے اور نہ سرمایہ کی فکر۔ ان کا سمجھنا اور عمل کرنا اس قدر آسان ہے کہ معمولی لیاقت کا شخص بھی بغیر استاد کی مدد کے کئی قسم کے ہنر خود بخود سیکھ سکتا ہے۔ چونکہ تمام ہنر پہلے مصنف نے پہلے خود تجربہ کر کے درج کئے ہیں اس لئے سب اس خوبی سے بیان کئے ہیں کہ جس دستکاری کو پڑھو گے اس کے متعلق مزید تحقیقات کی ضرورت نہ ہوگی۔ بڑی ہی مفید کتاب ہے۔ قیمت ۱۲

ملنے کا پتہ:- دفتر اہلحدیث امرتسر

تفسیر واضح البیان

مصنفہ حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ نہایت اعلیٰ۔ سائز ۲۰×۲۶۔ ضخامت ۴۶۴ صفحات

قیمت بے جلد ۱۲ مجلد ۱۴

حزب الاعظم از ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مع شرح مشکوٰۃ [illegible]

اردو حاشیہ پر اور آدمی برکات کی [illegible]

[illegible]

حزب المقبول از قرآن و حدیث [illegible]

[illegible]

"دیہاتی حکیم" منگوا لیجئے

کیوں کہ

دیہاتی حکیم محض دیہاتیوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر مرتب کیا گیا ہے۔
دیہاتی حکیم ہندوستان کے بیس کروڑ دیہاتیوں کی طبی ضروریات کو پورا کرنیوالی کتاب ہے۔
دیہاتی حکیم میں تقریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے جس پر چھ سو کے قریب مجربات دیئے ہیں
دیہاتی حکیم میں سر سے لیکر پاؤں تک جملہ امراض کی تفصیل اور تشریح درج کر دیگئی ہے۔
دیہاتی حکیم میں ہر مرض کا علاج ایسی دواؤں سے بتایا گیا ہے جو بآسانی مل سکتی ہیں۔
دیہاتی حکیم میں ہر مرض کے متعلق خاص الخاص مجربات درج کئے گئے ہیں۔
دیہاتی حکیم دیہاتیوں کیلئے اسلئے مفید ہے کہ اسکی تمام دوائیں دیہات میں مل سکتی ہیں۔
دیہاتی حکیم میں ہر مرض کا علاج پیسہ پیسہ دو دو پیسہ کی دواؤں سے بتایا گیا ہے۔
دیہاتی حکیم کا ہر نسخہ جو بظاہر کم قیمت ہے قیمتی سے قیمتی نسخوں کا مقابلہ کرتا ہے۔
دیہاتی حکیم میں مردوں عورتوں بوڑھوں بچوں سب کیلئے الگ الگ باب میں دوائیں لکھی گئی ہیں
دیہاتی حکیم میں وہ ڈاکٹری چیزیں بھی جن کا جاننا نہائت ضروری ہے بیان کر دیگئی ہیں۔
دیہاتی حکیم میں ہر ایک چیز مثلاً شربت، عرق، مربہ، روح، رُب، روغن، گلقند، خمیرہ وغیرہ بنانے کا طریق بھی بتایا گیا ہے۔
دیہاتی حکیم دیہاتی حکیموں کے علاوہ شہری حکیموں کے لئے بھی ایک بہترین چیز ہے۔
دیہاتی حکیم میں دیہاتی حکیموں کا معیار بلند کرنے کیلئے بہترین مواد فراہم کیا گیا ہے۔
دیہاتی حکیم دیہاتیوں کے علاوہ شہریوں کے لئے بھی ایک بہترین لائحہ عمل پیش کرنے والی بہترین کتاب ہے۔ جو اپنی خوبیوں کے سبب مقبول عام ہے
دیہاتی حکیم سے حکماء و اطباء کے علاوہ ہر اُردو خواں بآسانی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔
دیہاتی حکیم کا مطالعہ دیہاتی چھٹی رسانوں، سکول ماسٹروں، امام مسجدوں، پٹواریوں اور نمبرداروں کے لئے نہائت ضروری ہے۔
دیہاتی حکیم محکمہ اصلاح دیہات اور کواپریٹو سوسائٹیوں کے خاص کام کی چیز ہے۔
دیہاتی حکیم غریبوں کے لئے ایک نعمت بے بہا ہے۔ جس کی قدر کرنا انکا فرض ہے۔
دیہاتی حکیم کوئی معمولی سی چیز نہیں بلکہ یہ ایک بلند پایہ کتاب ہے۔

دیہاتی حکیم کی لکھائی چھپائی اعلیٰ۔ ضخامت ۱۷۶ صفحہ اور قیمت مجلد ۱۲؍ ہے جس پر ۵؍ محصول ڈاک خرچ ہوتا ہے۔

منگوانے کا پتہ :- **منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر**

کنز المرکبات

زیر طبع سے مزین ہو کر پریس سے آگئی ہے۔ امید غالب ہے کہ آپ اسے دیکھ کر دیگر طبی قرابادینوں سے بے نیاز ہو جائینگے۔ جس میں صدہا سونے و چاندی کے ورقوں میں لپٹی ہوئی گولیاں، کیف آفرین و فرحت افزا معجونیں، لذت بخش و فرحت دہ خمیرے، روح پرور و دلنواز یاقوتیاں، حیات افروز فرح نواز مفرحات۔ خوش ذائقہ و حلاوت زا مربے، مقوی حافظہ و نشاط آفرین حلوے۔ تسکین آمیز و حرارت شکن شربت، ولولہ انگیز باہ خیز اطلیات۔ رسائن بدن و تریاق اعظم کشتجات۔ امراض سوز و بصارت افروز سرموں کے نسخہ جات درج کئے گئے ہیں۔

سب سے بڑی خوبی کی بات یہ ہے کہ اس کتاب میں زمانہ حال کی طبیعتوں کے موافق وہی نسخہ جات لکھے گئے ہیں جو کہ نہ ہی تو بدبودار اور بدذائقہ ہیں اور نہ ہی ان کی قدر خوراک زیادہ ہے۔ بلکہ ہر دوا نہائت نفیس اور رتیوں و ماشوں کے حساب سے استعمال کی جاتی ہے۔ ضرور منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ حجم کتاب ۴۸۰ صفحات۔ قیمت صرف دو روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

خواص آک (رجسٹرڈ)

فن کشتہ جات کا بہترین خزانہ ہے۔ ناظرین کو یہ جتلانے کی چنداں ضرورت نہیں کہ آک سے کس قدر اعلےٰ پایہ کے کشتہ جات تیار کئے جا سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ امر مسلمہ ہے کہ آک ایک ایسی انمول بوٹی ہے جس سے ہر ایک دھات اُپدھات بڑی ہی آسانی سے کشتہ کی جا سکتی ہیں۔ علاوہ انیں شائقین علم کیمیا کے لئے بھی اس میں کافی مصالحہ موجود ہے۔ مثلاً روغن گندھک اکسیری آسان نسخہ۔ شنگرف مومیہ کا تیل۔ ہڑتال ورقیہ۔ سم الفار مومیہ۔ ذوی الارواح کا قیام وغیرہ۔ اس کتاب کے اندر علم کشتہ جات کے متعلق کوئی دقیقہ نہیں چھوٹا۔ لطف پر لطف یہ کہ تمام کشتہ جات محض آک سے ہی تیار کئے جا سکتے ہیں۔ یہ ایک علیحدہ جامع و مکمل کتاب ہے۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے (عہ؍) علاوہ محصولڈاک۔ (۴۴۹)

پیٹنٹ ادویات اور ہندوستان

فرانس، انگلستان اور ہندوستان کی تین صد مشہور آفاق پیٹنٹ دواؤں کے بالکل سچے اور اصلی نسخے درج ہیں۔ اگر آپ سینکڑوں روپیہ کی مستقل آمدنی پیدا کرنا چاہتے ہیں تو کتاب مذکورہ کی ایک جلد خرید کر دیکھیں اور تجربہ کریں۔ آج کل تعلیم یافتہ طبقہ ملازمت نہ ملنے سے در بدر مارا مارا پھرتا ہے۔ اگر یہ اصحاب گھر بیٹھے سینکڑوں روپیہ کی آمدنی کے آرزومند ہیں تو اس کے مطابق ادویات بناکر فروخت کریں۔ قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) محصولڈاک علیحدہ

شدہ بالا کتب منگوانے کا پتہ

منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

[illegible] ہے۔ اگر آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں تو اپنے معدے [illegible] کی تیار کردہ دوائی اکسیر ہاضمہ کے استعمال سے معدہ کی تمام [illegible] قیمت فی ڈبہ عہ۔ محصولڈاک ۷؍۔ نمونہ ۴؍
[illegible] ہاضمہ ایجنسی۔ لاہوری گیٹ امرتسر

ahmadimuslim.de

دھلی

سفرنامہ شیخ الہند

حضرت مولانا محمود الحسن مرحوم دیوبندی کے زمانہ اسیری کے حالات۔ جزیرہ مالٹا کا سفر۔ حضرت ممدوح کی سوانح حیات۔ یادہ رفتگاں کی بہترین یادگار ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت

تقلید اور عمل بالحدیث

نواب محسن الملک ... جیب وغریب و نایاب کتاب ہے۔ اس میں مسئلہ تقلید اور عمل بالحدیث میں موازنہ کیا ہے۔ چند نسخے باقی رہ گئے ہیں۔ شائقین جلد طلب کریں۔ قیمت ۸ر

قصص المحسنین

مصنفہ مولوی عبد الستار صاحب

... کتاب ... قبول ... مفید ترین ہے۔ ... نکات و پند ... قیمت صرف دو روپیہ (للعہ)

اکرام محمدی

(پنجابی نظم) مصنفہ مولوی محمد ولد نذیر صاحب۔ سورہ والضحیٰ ... تفسیر ... قیمت ... ضخامت ...

پیسہ اخبار لاہور

اگر آپ دنیا کے تازہ ترین حالات اور سے ... پڑھنا چاہتے ہیں۔ تو

پیسہ اخبار لاہور

... جو عالم اسلام کی دلچسپیوں کا ... ہر لحاظ سے ... ساڑھے ... بہترین ... اشاعت کا خاص اہتمام کیا ... اور نمونہ کا پرچہ مفت طلب کریں۔ منیجر پیسہ اخبار لاہور

معلم خوشنویسی۔ فن خوشنویسی کے متعلق۔ قیمت ۲ر

تفسیر بالرائے

(مصنفہ جناب مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب مدظلہ امرتسری)

اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی کیونکہ اردو میں کئی ایک ایسی تفسیریں شائع ہوئی ہیں۔ جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں مثلاً بیان للناس امرتسری۔ بیان القرآن لاہوری، چکڑالوی، ترجمہ القرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اغلاط ... اس لئے کتاب ہذا قابل دید و شنید ہے۔ قیمت

منگوانے کا پتہ:- منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں ... لیتھو کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما ... نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے ... رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت کرنے کا پتہ:-

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

اسد اللہ

مفصل و مدلل سوانحعمری۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی از پیدائش تا وصال الی اللہ جس میں حضور کے اسلام لانے ... بحث کی ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ...

الفاروق

مفصل سوانحعمری۔ مصنفہ مولانا شبلی مرحوم۔ حضرت عمر ... رضی اللہ عنہ کی ... قیمت ڈیڑھ روپیہ (للعہ)

منگوانے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

سالانہ رعائت کی خوشی میں

... جولائی تک

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

کے خریداروں کو خاص رعائت

... دھند، خارش، سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کر کے بینائی ... بے نظیر ہے۔ ہزاروں لوگ اس کے استعمال سے عینک کی زحمت سے ... آنکھ کی ... امراض سے بچانا ہے ... قیمت فی شیشی ... ایک سرمہ سیہ کے ... (للعہ)

ملنے کا پتہ:- ... سرمہ اکسیر العین ... امرتسر

ahmadimuslim.de

NATIONAL MUSLIM U...
کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۲ — یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کو دفتر امرتسر سے شائع ہوتا ہے

اغراض مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

جلد ۳۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نمبر

اہلحدیث

اخبار اہلحدیث امرتسر — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: اسمیں دین اسلام اور سنت نبوی ... اہل حدیث مصطفےٰ ... [illegible]

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کٹرہ سفید

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۔۔ للعہ
رؤسا و جاگیرداروں سے ۔۔ للعہ
عام خریداران سے ۔۔ عہ
" ششماہی ۔۔ ۲؎
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۔۔ ۲؎

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے

امرتسر ۴ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۳ جون ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۱۶۵۱)

فہرست مضامین

نظم (اظہار حقیقت) - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
صلوٰۃ المؤمنین - - - - ص۳
مرزا صاحب کی اسلامی خدمات - - ص۴
التعاون علی البر - - - - ص۶
جماعت اہل حدیث - جہاد اور سیاست - ص۷
تعاقب بر فتویٰ حرمت کوا - - - ص۸
نبی علیہ السلام محمد من اللہ نہیں - - ص۹
[illegible] - - ص۱۰
[illegible] - - ص۱۱
[illegible] مسدس - ص۱۲
[illegible] - - ص۱۳
[illegible] اشتہارات - - ص۱۴

اظہار حقیقت

(از قلم عبد الرزاق صاحب سعید بن عمر از بمبئی)

محمد مصطفےٰ کے امتی کو کیوں ستایا ہے
زمیں کو زلزلہ ہے آسماں چکر میں آیا ہے

یہ کیا سوجھی ہے کیوں تکفیر اہل قبلہ کرتے ہیں
تشدد کس قدر کتنا تعصب دل پہ چھایا ہے

اخیر شب وہ ذکر اللہ کے نغمے کہاں باقی
چراغاں میں غزل پڑھنا انہیں تادیر بھایا ہے

مسلماں، رہ گیا کیا تو فقط آنسو بہانے کو؟
تری تیغوں نے اے مرد مجاہد خوں بہایا ہے

غبار شرک و بدعت اور یہ آئینہ ملت
گہن ہے چاند کو کانٹوں نے گلشن کو چھپایا ہے

کوئی گستاخیاں دیکھے یہ استہزاء دیں دیکھے
دمکتے ہیں رسول حق تری محفل میں آیا ہے

سعید اہل سخن ہیں محترم وہ لگ بھگتے ہیں
[illegible] کا شغل جن کو دل سے بھایا ہے

انتخاب الاخبار

۱۹۔جون ۱۹۳۹ء

—— امرتسر شہر میں ۱۱ تا ۱۵ جون ۹۹ بچے پیدا ہوئے اور ۱۱۵ اموات ہوئیں۔

—— امرتسر کے خاکروبوں نے ہڑتال ختم کردی ہے۔ جو خاکروب یا ان کے لیڈر دوران ہڑتال میں گرفتار کئے گئے تھے۔ ان میں سے ۱۴۱ رہا کردئیے گئے ہیں۔ باقی بھی ضمانت پر رہا ہوجائینگے۔

—— مسٹر سوبھاش چندر بوس دورہ پنجاب کے سلسلہ میں امرتسر بھی چند گھنٹوں کے لئے ٹھہرے اور جلیانوالہ باغ میں تقریر کرکے لاہور چلے گئے۔

—— امرتسر کے مقامی ڈاک خانہ ہال بازار سے ایک تھیلہ گم ہوگیا۔ جس میں ایک ہزار روپیہ کا بیمہ اور ۲۹ روپیہ کے ٹکٹ تھے۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔

—— بنارس میں فرقہ وارانہ کشیدگی کا خطرہ محسوس کرتے ہوئے دو ماہ کے لئے دفعہ ۱۴۴ نافذ کی گئی ہے

—— لکھنؤ میں شیعہ سنی فساد کی وجہ سے ایک ماہ کے لئے کرفیو آرڈر نافذ کیا گیا ہے۔

—— لاہور کی اطلاع ہے کہ پنجاب اسمبلی کے پاس کردہ بل سارجنٹ ایٹ آرمز کی گورنر جنرل ہند نے منظوری دیدی ہے۔

—— حضور نظام حیدرآباد دکن نے جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کے لئے ایک لاکھ روپیہ مرحمت فرمایا ہے۔

—— ضلع حصار میں پانچسال کے بعد گذشتہ ہفتے بارش ہوئی۔

—— کراچی کارپوریشن نے گھوڑدوڑ کے میدان میں پانی کی بہم رسانی بندکردی ہے۔ کیونکہ وہاں قماربازی اور مے نوشی ہوتی ہے۔

—— شیعوں کی طرف سے تبرا ایجیٹیشن جاری ہے

—— شملہ۔ ریلوے بورڈ نے درمیانہ اور تیسرے درجہ کے زنانہ ڈبوں میں حملوں سے محفوظ رہنے کے لئے بعض آلات لگانے کے احکام جاری کئے ہیں۔ نیز تیسرے درجہ میں پنکھے لگانے کی تجویز زیر غور ہے۔

—— معلوم ہوا ہے آل انڈیا ریلوے بورڈ نے ہندوستان کی سات ریلوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے

—— جے پور کے مسلم مہاجرین نے تنگ آکر ستیہ گرہ جاری کردیا ہے۔ چنانچہ دو دستے گرفتار ہوچکے ہیں۔

—— قادیان ضلع گورداسپور میں احرار تبلیغی کانفرنس جو ۱۷۔۱۸۔۱۹ جون کو منعقد ہونی تھی بوجہ نفاذ دفعہ ۱۴۴ ملتوی کردی گئی ہے۔

—— آریوں کے جتھے ابھی تک حیدرآباد جارہے ہیں

استعفاء

مولوی یحییٰ ولد شاہ محمد شریف صاحب گھریالوی نے ہمیں بتایا ہے کہ شاہ صاحب موصوف تنظیمی جماعت کی امارت سے استعفاء دے کر علیحدہ ہوگئے۔

انسوس!

آخری اطلاع

جن خریداروں کی قیمت اخبار ماہ جون میں ختم ہے ان کو اہلحدیث ۲۶۔ مئی میں اطلاع دی گئی تھی۔ اگر ۲۹ جون تک بذریعہ منی آرڈر وصول نہ ہوئی یا انکار کی اطلاع نہ ملی تو ان کے نام آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائیگا **وی پی واپس نہ کریں** کیونکہ واپسی سے دفتر کو خواہ مخواہ نقصان کا زیربار ہونا پڑتا ہے۔ (منیجر)

—— شاہ زوغو سابق شاہ البانیہ کو انگلستان رہنے کی اجازت مل گئی ہے۔

—— سابق جمہوریہ چیکوسلواکیہ کے بھائی نے ایک بیان دیا ہے کہ نازی حکومت کے ماتحت چالیس پچاس ہزار کے درمیان چیک نظر بند ہیں۔ جن کے ساتھ بدترین سلوک کیا جارہا ہے۔

—— لاہور کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ آئندہ کسان ... کے شملہ لگایا جائیگا۔

(بقیہ متفرقات)

غریب فنڈ میں از فتوی فنڈ ۴؎ ۔ از ڈاکٹر برکت علی صاحب ڈار ۸؎۔ جملہ ۱۲؎۔ سابقہ بقیہ فنڈ ۵؎ ۱۰ روپے باقی رہا۔ از سائل ۹۶ محمد حسن لائلپوری ۱۲؎۔ ۹۷ شیر محمد فیروز پور تا نباں سے۔ ۹۸ ابراہیم چک نمبر ۵۶ سے۔ میزان ۸؎ ۔ ان کے نام اخبار جاری کردیا گیا۔ **بیس سائل باقی ہیں** جن کے نام غریب فنڈ سے اخبار جاری ہونا ہے۔ خیر کئی ایک یا ایک ہی اگر دست جود وسخا کو دراز کریں تو بہت جلد ان کے نام اخبار جاری ہوسکتا ہے

نئے داخلے ابھی بند ہیں لہذا تا اطلاع ثانی کوئی صاحب داخلہ غریب فنڈ ارسال نہ کریں۔ ورنہ منی آرڈر واپس کیا جائیگا۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

مکرر اطلاع سابقہ پرچہ میں عبدالکریم صاحب ٹیچر بی۔ ایم۔ بی سکول اودے گیری ضلع نلور کی بابت دفتر اہلحدیث کی طرف سے اعلان کیا گیا تھا۔ اب مکرر اطلاع دی جاتی ہے کہ دفتر ہذا ان کے معاملہ کا بالکل ذمہ دار نہیں۔ موصوف چونکہ فوت ہوچکے ہیں۔ اسلئے براہ راست ان کے ورثاء سے خط وکتابت کی جائے۔

مضامین آمدہ مولوی عبدالرحیم صاحب بیخود نظم۔ عبد محمد سلیمان صاحب۔ مولوی عبدالغفار صاحب حسن پوری ابوالعرفان محمد عبدالرحمن صاحب۔ مولوی محمد یعقوب صاحب بھامڑی۔ مولوی محمد علی صاحب۔ منشی محمد عمر صاحب۔ عبدالصبور صاحب۔

غیر مقبولہ المیوں کا اتحاد۔ ہفلائے عام۔

—— معلوم ہوا ہے کہ ٹین سین میں جاپان اور برطانیہ کے تعلقات بہت خراب ہورہے ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ برطانوی علاقہ میں ایک جاپانی افسر مارا گیا تھا۔ جاپانیوں نے انگریزوں سے چینی قاتلوں کا مطالبہ کیا۔ حکومت برطانیہ نے جواب دیدیا ہے۔ اس وجہ سے جاپانی حکومت نے ٹین سین کے اہم ناکوں پر قبضہ کرلیا ہے۔ ... علاقہ میں کوئی چیز نہیں جانے دیتی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۴۔ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ

NATIONAL MUSLIM U... کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی DELHI

صلوٰۃ المومنین

بجواب

رسالہ "صلوٰۃ المرسلین"

(۸)

یہ سلسلہ مضمون ۵۔ مئی سے شروع ہوا ہے۔ گذشتہ پرچہ میں اذکار رکوع کا ذکر ہو چکا ہے۔ آج سجدہ کا ذکر کیا جاتا ہے۔ (مدیر)

مصنف نے اذکار سجدہ کے ثبوت میں چند آیات نقل کی ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے۔

إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ٥

اس آیت سے مصنف نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ سجدہ میں گر کر اللہ تعالیٰ کی پاکی اور حمد بیان کریں۔ (ص...)

اہل حکم میں ہم بالکل متفق ہیں۔ ہم بھی سجدہ میں پڑھ کر ... حمد کرتے ہیں ... نمی کہا کرتے ہیں۔

شکایت یا اظہار واقعہ | اہل قرآن کا یہ عقیدہ کہ قرآن ایک جامع کتاب ہے نہایت دل خوش کن اور ... ہے مگر ... کا طرز عمل ... تفسیر قرآن سن کر اور دیکھ کر یقین ہوتا ہے کہ یہ لوگ قرآن مجید کو جامع کتاب کہہ کر بھی ... اپنا متبوع نہیں ... بلکہ اپنی رائے کے تابع کرتے ہیں۔ جس جہاں سے اور ان کے

باہمی اختلاف کی حد فاصل یہی ہے۔

حکایت | یہ ایک بہت پرانی حکایت ہے کہ کسی موحد نے گیارھویں دینے والے سے کہا کہ تمہارے اس کام کا ثبوت قرآن مجید میں نہیں ہے وہ بولا کہ یقیناً ہے۔ جب سائل نے پوچھا کہاں ہے تو کہنے لگا کہ وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ عَشْرٍ الآیہ میں دس راتوں اور ایک فجر کا ذکر ہے اس میں اشارہ ہے کہ دس راتیں گزار کر گیارھویں کی فجر کو گیارھویں دیا کرو۔

آج تک تو ہمارا یہی گمان تھا کہ اہل بدعت اپنی مروجہ بدعات کے ثبوت میں قرآن کو ایسی طرح پیش کرتے ہیں۔ مگر یا وہ اس کو کلام فرقان جاننے کی بجائے معمہ کی صبیان سمجھتے ہیں مگر اہل قرآن کی تحریریں دیکھنے سے ہمیں گمان ہی نہیں بلکہ یقین ہو گیا کہ یہ لوگ قرآن سے مسخرہ کرتے ہیں آج ہم بادل ناخواستہ اپنے درد دل کا اظہار کرتے ہیں۔ آیت موصوفہ کا صحیح و لفظی ترجمہ یہ ہے کہ

"سوائے اس کے نہیں کہ ہماری آیتوں پر ایمان وہی لوگ لاتے ہیں جن کو جب ان آیات کے ساتھ نصیحت کی جاتی ہے تو وہ خدا کے حضور سجدہ میں گر پڑتے ہیں۔ اور

اپنے رب کی تسبیح ساتھ ... پڑھتے ہیں۔"

اس آیت کا جو ترجمہ ہم نے کیا ہے اس کا ثبوت ... کسی مسجد یا مجلس میں کوئی صاحب آیات کلام اللہ پڑھ کر حاضرین کو نصیحت کرتے ہیں۔ ایسے لوگ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا کے ماتحت آتے ہیں۔ وہ لوگ سجدہ کیونکر کریں؟

یا لاہور کی انجمن حمایت اسلام کے جلسہ میں کوئی مولوی ہزاروں آدمیوں کے مجمع میں آیات کلام اللہ پڑھ کر وعظ کہتے ہیں۔ یہ سامعین بھی إِذَا ذُكِّرُوا کے ماتحت آتے ہیں۔ یہ لوگ سجدہ کریں تو کیونکر؟ یا چند آدمی بازار میں چلے جا رہے ہیں۔ ان میں سے ایک صاحب آیات کلام اللہ سے نصیحت کی کچھ باتیں ان کو سناتے جاتے ہیں۔ یہ لوگ بھی آیہ إِذَا ذُكِّرُوا کے ماتحت آتے ہیں۔ یا مثلاً کسی دعوت کی مجلس میں کھانا آگے رکھا ہے۔ ان میں سے کوئی پڑھا لکھا آدمی کہتا ہے کہ یہاں بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھاؤ اور کھا کر اللہ کی تعریف کیا کرو اور دلیل میں آیات فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ ×× كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَاشْكُرُوا لِلَّهِ ٥ پیش کرتا ہے۔ یہ لوگ بھی آیت موصوفہ کے ماتحت ہیں۔ کسی شخص کو رخصت کرنے کو چند آدمی سواری کے قریب کھڑے ہیں۔ ایک صاحب ہدایت کرتا ہے کہ سواری پر چڑھتے ہوئے آیت سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا پڑھنی چاہئے۔ یہ لوگ بھی اس آیت میں داخل ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس ریل گاڑی موٹر اور ہوائی جہاز وغیرہ میں بیٹھے ہوئے کلام اللہ سنتے ہیں وہ بھی آیت مذکورہ کے ماتحت بقول آپ کے سجدہ کرنے پر مامور ہیں۔ بتائیے ان لوگوں کا سجدہ کیسے ہوگا؟

ان سب واقعات کو ملحوظ رکھ کر ہم نے سجدہ کے معنی کئے ہیں۔ خدا کی اطاعت کے لئے مستعد ہو جانا ... صحیح ہیں اور قرآن مجید میں ایسے سجدے کا ثبوت ملتا ہے جو اطاعت وانقیاد کے معنی میں ہے۔ غور سے پڑھو آیہ کریمہ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَظِلَالُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ (پ ۱۳)

ناظرین! | اب آیت زیر بحث کا وہ ترجمہ سنئے

aimaqmuslim.de

اہل قرآن نے لکھا ہے کہ مومنوں کی یہ تعریف اس لئے نہیں کی کہ اظہار حمد کرتے ہیں ساتھ آیات پڑھنے کے وہ شخص کہ جس وقت بھی ذکر کیا جائے اللہ کا تو اظہار حمد کرتے ہیں ساتھ آیات پڑھنے کے وہ گر جاتے ہیں سجدہ میں اور پاکی بیان کرتے ہیں ساتھ حمد رب اپنے کے اور وہ تکبر نہیں کرتے (صلوٰۃ)

کیا ہی اعلیٰ ترجمہ ہے۔ ذُکِّرُوْا کے معنی کئے ہیں "ظاہر کرنا" (بہت خوب) پھر اس آیت کے کیا معنی ہونگے وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ اور ساتھ ہی اسکے کیا معنی ہونگے ذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰمِ اللّٰهِ اور آیت کریمہ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ کے معنی بھی بتائیے۔ مہربانی کر کے ان سب آیات کو نماز کے ساتھ لگا کر دیکھئے کہ قرآن کی کیسی تحریف ہوتی ہے یا نہیں۔

سچ تو یہ ہے کہ مؤمنین کی دو آنکھیں ہوتی ہیں ایک قرآن، دوسری حدیث۔ حدیث چھوڑ کر تو ان لوگوں نے ایک آنکھ بند کر ہی لی تھی، قرآن مجید کی تفسیر الٹی پلٹی کر کے قرآن کی آنکھ میں بھی گرم سلائی پھیر رہے ہیں۔ خدا نہ کرے کہ ان کا انجام خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ... وَعَلٰۤى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ تک پہنچ جائے۔

مختصر یہ ہے کہ اس سرخی کے ماتحت مصنف نے جتنی آیات نقل کی ہیں ان سے ان کا مدعا ثابت نہیں ہوتا مگر اصل مقصد (کہ سجدہ میں گر کر اللہ تعالیٰ کی پاکی اور حمد بیان کریں ص۵۵) سے ہم بھی متفق ہیں۔ ہاں فرق اتنا ہے کہ ہم النبی صلعم کی تعلیم کے ماتحت پڑھتے ہیں۔ اور یہ لوگ اپنے نفس کی رہنمائی سے ایسا کرتے ہیں ؎

ببیں تفاوتِ رہ از کجا است تا بہ کجا

اسی ذیل میں مصنف نے سجدہ میں تلاوت کرنے کے لئے یہ چند آیات پیش کی ہیں:-

سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ (پ۱۵۔ ع۱۲) رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۔ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا (پ۱۹ ع۴) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (پ۱۹۔ ع۴)

(صلوٰۃ المرسلین ص۶۵)

ناظرین! ان آیات کو نفس مضمون کے ساتھ ملا کے دیکھئے کہ کسی جگہ بھی اس کا مطلب ہے کہ ان کو سجدہ نماز میں پڑھا جائے ہرگز نہیں بلکہ محض ان کے نفس کی ایجاد ہے۔ جس سے مقصود اُس حدیث نبوی کی مخالفت کرنا ہے۔ جس میں ارشاد ہے کہ بحالت سجدہ نماز قرآن شریف نہ پڑھا کرو۔

علاوہ اس کے ہم پوچھتے ہیں کہ ان آیات کی بجائے کوئی شخص سورہ اخلاص پڑھے یا سورہ حشر کی آخری آیات یا آیت الکرسی پڑھے تو کون امر مانع ہے۔ یہ شریعت نہ ہوئی کوئی پنچایت ہوئی کہ جدھر چند آدمی ہو گئے وہی کام کر لیا صدق اللّٰہ۔ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ۔

اذکار بعد الصلوٰۃ

اس سرخی کے ماتحت مصنف نے جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ

نماز کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کا کچھ ذکر کرنا چاہئے۔ (ص۶۶)

ہمیں یہ بات مسلّم ہے بلکہ ہم یہ کام کرتے بھی ہیں مگر آپ نے اس دعوے پر جو آیات پیش کی ہیں وہ مثبت مدعا نہیں اس میں ہی اختلاف ہے۔

ناظرین کرام! مصنف موصوف نے بعد صلوٰۃ اذکار بھی قرآن شریف سے بتائے ہیں جو انہی کے الفاظ میں نقل کئے جاتے ہیں۔ غور سے پڑھئے اور للہ ہمیں بتائیے کہ ان آیات کو نماز سے کچھ بھی تعلق ہے یا یہ بھی وَالنَّجْمُ وَ لَيَالٍ کی طرح لکھی گئی ہیں۔ بغور ملاحظہ کیجئے

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ (پ۱۸) رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۔ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۔ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (پ۴) سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (پ۲۳)

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًۢ ا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (پ۷) (ص۶۶)

کیوں صاحب! اگر کوئی شخص ان آیات کی بجائے یہ آیت پڑھے:-

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔

یا محرفین کلام اللہ کو ملحوظ رکھ کر حضرت نوح کی یہ دعا پڑھے رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۔ تو کونسی آیت اس کو منع کر سکتی ہے

خاتمہ رسالہ اہل قرآن کا اصل جواب تو ختم ہو گیا ہے میرا ارادہ ہے کہ اس مضمون کو رسالہ کی شکل میں چھاپ کر مفت شائع کیا جائے۔ اصحاب کرام میں سے کوئی ایک یا کئی ایک اس کار خیر میں مدد دیں تو ان کے واسطے موجب برکت ہوگا۔

اطلاع ضروری آئندہ پرچہ میں خاکسار تحریک کے متعلق ایک مفصل مضمون شائع ہوگا۔ ناظرین منتظر رہیں۔

دلیل القرآن

مولوی عبد اللہ صاحب چکڑالوی کی کتاب صلوٰۃ القرآن کا جواب۔ اس میں اہل قرآن کے طریق نماز کو باطل ثابت کیا ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ قیمت ۴ ملنے کا پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

قادیانی مشن

مرزا صاحب کی اسلامی خدمات

(کاش کچھ ہوں)

کسی منصب کے مدعی کسی محکمہ کے افسر یا فوجی جرنیل کی خدمات محمودہ ہوتی ہیں جو وہ اپنے الفاظ میں خود ظاہر کرے۔ صلیبی لڑائیوں میں یورپین افواج کا افسر رچرڈ شیردل یہ کہہ کر گھر سے نکلا تھا کہ میں بیت المقدس کو فتح کئے بغیر واپس نہ آؤں گا۔ جب وہ اپنے مقصد میں ناکام رہا تو واپسی کے وقت بیت المقدس کی طرف ڈھال رکھ کر چلتا تھا اور کہتا تھا کہ میں مارے شرم کے اس کو دیکھ بھی نہیں سکتا۔ ایسے لوگ قابل تعریف ہوتے ہیں جو اپنی ناکامی پر شرمندہ ہوں اور خواہ مخواہ کی لن ترانیاں نہ سنائیں۔ ہم مرزا صاحب قادیانی اور ان کے اتباع کی حالت اس کے بالکل برخلاف پاتے ہیں۔ آپ اپنے مقصد میں بُری طرح فیل ہوئے۔ چنانچہ خلیفہ قادیان کو بھی اس کا اعتراف ہے کہ مرزا صاحب جو مقصد لے کر اٹھے تھے ابھی اس کا اربواں حصہ بھی پورا نہیں ہوا بایں ہمہ ہماری حیرت کی حد نہیں رہتی جب ہم مرزائی اخبارات میں یہ سرخیاں دیکھتے ہیں۔

"حضرت مرزا صاحب کا عظیم الشان کام"

کیا کام کیا؟ اس کا جواب مولوی محمد علی صاحب لاہوری کے الفاظ میں سنئے۔ آپ نے پیغام صلح ۸ جولائی سنہ رواں میں مرزا صاحب کے کاموں کی فہرست دس نمبروں میں شمار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مرزا صاحب نے سکھایا کہ

(۱) "قرآن شریف حدیث اور فقہ پر مقدم ہے"

کبھی کوئی اس سے منکر بھی ہوا ہے احناف نے تو اس کو ایسا اصل الاصول ٹھیرایا کہ صحیح خبر واحد کے ساتھ عموم قرآن کی تخصیص بھی جائز نہیں سمجھتے۔ ملاحظہ ہوں کتب اصول شاشی وغیرہ۔

مرزا صاحب چونکہ حنفی المذہب تھے جن کی نسبت ہم گذشتہ پرچہ اہلحدیث میں درج کر چکے ہیں اس لئے انہوں نے اگر یہی مسلک اختیار کیا تو کوئی جدت نہیں کی ہاں محدثین اور شوافع وغیرہم ایسی جرأت نہیں کرتے تھے بلکہ حتی المقدور قرآن و حدیث میں تطبیق دینے کی کوشش کیا کرتے تھے۔

کوشش کے باوجود اگر کامیاب نہ ہوتے تو قرآن ہی کو مقدم رکھتے۔ ملاحظہ ہوں کتب اصول حدیث۔ (مقدمہ ابن صلاح وغیرہ)

محدثین کا یہ طرز عمل اس حدیث کے ماتحت تھا جس کے الفاظ یہ ہیں:۔ کلامی لا ینسخ کلام اللہ (میرا کلام اللہ کے کلام کو منسوخ نہیں کر سکتا)

بہرحال یہ دونو مسلک ابتداء اسلام سے چلے آتے ہیں مرزا صاحب نے اس اصول میں کوئی جدت نہیں کی۔ ایسا کہنا محض ناواقفی پر مبنی ہے۔

(۲) "اجتہاد کا دروازہ قیامت تک کھلا ہے"

اجرائے اجتہاد کے تو سب قائل ہیں الخ۔ یہ اصول بھی کتب اہل سنت و اہل حدیث میں مصرح ملتا ہے۔ کوئی نئی بات نہیں۔ چنانچہ شامی میں لکھا ہے کہ امام ابن ہمام درجہ اجتہاد تک پہنچے ہوئے تھے۔

(۳) "قرآن میں ناسخ منسوخ کوئی نہیں"

یہ بھی کوئی نیا خیال نہیں ہے۔ تفسیر کبیر میں ابو مسلم اصفہانی اور اس کی جماعت کے اقوال موجود ہیں۔ مگر مرزا صاحب اور ابو مسلم نے اس آیت کا جواب نہیں دیا جس میں پیغمبر اسلام کے ساتھ سرگوشی کرنے سے پہلے صدقہ دینے کا حکم دیا گیا ہے۔ اور پھر اس سے اگلی آیت میں اس حکم کو رفع بھی کر دیا ہے۔ بہرحال یہ بھی کوئی نئی بات نہیں۔ مرزا صاحب سے پہلے سرسید بھی اس کے قائل تھے جن کا تتبع مرزا صاحب نے کیا ہے [illegible]

(۴) ... ہر قوم میں خدا کی طرف سے مصلحین آتے رہے ہیں

یہ بھی کوئی نئی بات نہیں۔ دنیائے اسلام کے علمائے متقدمین کے علاوہ ہندوستان کے برگزیدہ علماء اور صوفیاء خصوصاً حضرت مجدد الف ثانی سرہندی، مولانا عبید اللہ سندھی، صاحب تحفۃ الہند۔ اور مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین اسی کے قائل تھے اور کیوں نہ ہوتے جبکہ قرآن کی صاف آیت موجود ہے:۔

وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ (پ ۲۲ ع)

(ہر ایک گروہ میں خدا کی طرف سے کوئی سمجھانے والا گذرا ہے)

ہاں مرزا صاحب نے ایک جدت ضرور کی ہے اور اس میں ان کی اپنی غرض مخفی تھی جس کے باعث ہم ان کو معذور سمجھتے ہیں۔ غرض یہ تھی کہ آپ کو ہندو قوم کے لئے کرشن بننے کا شوق تھا اور اس کے لئے یہ امر ضروری تھا کہ مرزا صاحب کرشن جی کو منصب رسالت پر فائز بتلاتے اور خود ان کا بروز بنتے۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا۔ اس جدت کے ہم بھی قائل ہیں۔ ہم بھی مرزا صاحب کو ہنود کے لئے کرشن کہنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتے۔ ہاں یہ ہم نہیں کہہ سکتے کہ ان کی گوپیوں کی تعداد کتنی تھی۔ کیونکہ یہ بتانا اتباع مرزا کا کام ہے۔

(۵) کفار کا دوزخ سے نکالا جانا

اس کے ذیل میں مولوی محمد علی صاحب لکھتے ہیں کہ مجدد وقت (مرزا صاحب) نے اس حقیقت کو ظاہر کیا کہ مشرک اپنے شرک کی اور کافر اپنے کفر کی سزا بھگت کر سب دوزخ سے نکل جائیں گے۔ اس لئے آپ نے قرآن کی تصریح اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ پیش کی۔

معلوم نہیں کہ مولوی محمد علی صاحب مفسر قرآن ہو کر علم تفسیر سے اتنے بے خبر کیوں ہیں۔ کتب تفاسیر معالم وغیرہ میں ابن مسعود صحابی کا یہ قول ملتا ہے کہ مشرک کافر وغیرہ ہمیشہ جہنم میں نہیں رہیں گے۔ ایک وقت آئیگا کہ جہنم خالی ہو جائیگا۔ مرزا صاحب نے اس میں کیا جدت دکھائی؟

(۶) "عقل اور مذہب"

اس سرخی کے ماتحت مولوی محمد علی صاحب لکھتے ہیں کہ

(۹۵۵) [illegible]

مرزا صاحب نے بتایا کہ

"مذہب کے اصول کی بنیاد وحی الٰہی پر ہے لیکن اس کے اصول سب عقل کے مطابق ہیں مگر اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کو عقل انسانی دریافت نہیں کر سکتی۔"

یہ اصول بھی علم کلام میں مصرح ملتا ہے۔ مرزا صاحب نے اس میں تنزل کر کے کہا کہ خدا کی ذات اور صفات کو عقل انسانی دریافت نہیں کر سکتی۔ یہ بہت بڑی گراوٹ ہے۔ بلکہ قرآنی تصریحات کے بھی صریح خلاف ہے۔ افسوس ہے کہ مرزا صاحب اور مولوی محمد علی وغیرہ نے متکلمین کی صحبت سے فائدہ حاصل نہیں کیا۔

(۷) "اسلام اور تلوار"

اس کے ذیل میں مولوی محمد علی صاحب لکھتے ہیں کہ

"مجدد وقت مرزا صاحب نے قرآن و حدیث کو پیش کر کے دکھایا کہ مذہب میں جبر کوئی نہیں"

مرزا صاحب نے کونسا بڑا کام کیا۔ جب قرآن کریم میں صریح آیات موجود ہیں:۔

(۱) لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۔ (۲) اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۔

ہاں مرزا صاحب نے یہ جدت ضرور دکھائی کہ اسلام کے جس رکن اعظم کے لئے یہ ارشاد نبوی کہ "الجهاد ماض الی یوم القیامة" وارد ہوا تھا آپ نے بحیثیت مسیح موعود اس کو منسوخ قرار دیا۔ الی اللہ المشتکیٰ

(۸) "ختم نبوت"

اس سرخی کے نیچے مولوی محمد علی صاحب لکھتے ہیں کہ

"مرزا صاحب نے مسئلہ وفات مسیح بیان کر کے ختم نبوت کو تکمیل تک پہنچایا۔"

واقعی کمال کیا۔ مگر ہم یہ کہنے سے نہیں رک سکتے کہ مرزا صاحب اس بارے میں سر سید مرحوم علیگڈھی کے پیرو تھے۔ ناظرین حیران ہونگے اور مولوی محمد علی لاہوری کے معلومات میں بھی یہ سن کر اضافہ ہوگا کہ حضرت مسیح کی حیات اور آمد ثانی کو ختم نبوت کے منافی اور مخالف ہونے کا خیال پہلے سر سید مرحوم کو سوجھا تھا جس کے مرزا صاحب مقلد ہیں ... [illegible]

اہلحدیث سے پوچھ لیں۔ مگر اس سے پہلے اعلیٰ ویت کے پانچ سیر لڈو بطور تحفہ پیش کریں تاکہ لدھیانہ کے الٰہی مباحثہ کی طرح یہ واقعہ بھی تاریخ احمدیہ میں یادگار رہے۔

(۹) "دجال اور یاجوج ماجوج کا ظہور"

مولوی محمد علی صاحب نے دجال اور یاجوج ماجوج کا مصداق نہیں بتایا۔ مگر ہمیں مرزا صاحب کی تحریروں سے معلوم ہے کہ دجال پادری لوگ اور یاجوج ماجوج انگریز اور روسی ہیں (حمامة البشریٰ) مگر مولوی صاحب نے اس عقدے کو حل نہیں کیا کہ جن حدیثوں میں دجال اور یاجوج ماجوج کا ذکر ملتا ہے ان میں صاف مذکور ہے کہ یہ تینوں گروہ مسیح موعود کے ہاتھ سے قتل ہونگے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مرزا صاحب دنیا سے چلے گئے مگر پادری لوگ برابر دندناتے پھرتے ہیں۔ حتیٰ کہ مرزا صاحب کے دارالامان قادیان میں بھی پہنچ جاتے ہیں اور یاجوج ماجوج کی زندگی کا کیا ذکر ہے۔ ان کی تو حکومت ہی کے زیر سایہ مرزا صاحب نے پرورش پائی اور ترقی کی بلکہ اپنے مریدوں کو ہدایت کی کہ انگریزوں کی حکومت اولوالامر منکم کے ماتحت سمجھو۔ (ضرورة الامام)

کیا اس کا یہ مطلب تو نہیں ہے کہ مرزا صاحب کے اتباع اور یاجوج ماجوج ایک ہی برادری سے تعلق رکھتے ہیں۔ جیسا کہ لفظ منکم سے ظاہر ہو رہا ہے۔

(۱۰) "سلسلہ نبوت کی صداقت پر گواہی"

اس سرخی کے تحت میں مولوی محمد علی صاحب فرماتے ہیں کہ

"مجدد وقت (مرزا صاحب) نے اس حقیقت کو ظاہر فرمایا کہ گو نبوت کا سلسلہ اختتام کو پہنچ گیا مگر کلام الٰہی کا سلسلہ اس امت میں جاری رہا ہے اور آئندہ بھی قیامت تک جاری رہے گا:"

بالکل ٹھیک ہے مگر مرزا صاحب جس قسم کے خطاب الٰہی سے مشرف ہونے کے مدعی ہیں اس کی بابت صاف فرماتے ہیں کہ:۔

"مجھ سے پہلے امت محمدیہ میں ایک شخص بھی ایسے مخاطبہ الٰہیہ سے مشرف نہیں ہوا (حقیقۃ الوحی ص ۳۹۱)

معلوم نہیں تیرہ سو سال تک یہ ... [illegible]

ناظرین ... [illegible] ... خصوصیات ... [illegible]

محمد علی صاحب لاہوری مرزا صاحب میں پائی جاتی ہیں جن کی وجہ سے وہ اس مرتبہ جلیلہ تک پہنچ گئے تھے کہ خدا نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا کہ

"نور تیرے حسب تمہارے ... دیا گیا ہے"

ہم سے پوچھو تو ہم خدا لگتی کہنے سے نہیں رک سکتے ؎

نہ عارض نہ زلف دوتا دیکھتے ہیں
خدا جانے وہ ان میں کیا دیکھتے ہیں

"التعاون علی البر"

(از قلم مولوی محمد عبداللہ صاحب عقیل چیچہ وطنی ضلع بالاسوری)

جناب ملک امام خان صاحب نے جو مضمون اہلحدیث مورخہ ۹ میں اہل حدیث کانفرنس کے متعلق شائع کرایا ہے اس کے مندرجہ امور ازبس ضروری و مفید اور ترقی و حیات اہل حدیث کانفرنس کے لئے لابدی و لازمی ہیں اور اگر پہلے ہی سے اس کا برابر سلسلہ رہتا تو آج کانفرنس کی یہ ابتری ہرگز نہ ہوتی جو کہ ہو رہی ہے۔ بالخصوص اگر کانفرنس کا کوئی پرچہ جاری رہتا تو قطعاً یہ گمنامی و بدنامی نہ ہوتی اور ہر طرف سے کانفرنس اہل حدیث مردہ ہو چکی کی آواز جانکاہ کانوں میں نہ آتی۔

باقی پرانے خادموں کی مفت خدمت ... [illegible]

لہٰذا میرا خیال بلکہ یقین ہے کہ اگر اہل حدیث کانفرنس کی طرف سے کوئی پرچہ جاری کیا جاوے تو وہ "مفت خدمت" سے بہت زیادہ مفید و کارآمد ہوگا کیونکہ اس کے ذریعہ سے انشاء اللہ کانفرنس کو مالی فائدہ بھی کافی ہوگا اور حسب خواہ پروپیگنڈا بھی کریگا۔ ہم خرما و ہم ثواب۔

علاوہ ازیں اور بھی بہت سے فوائد ہیں جن کا بھی اظہار قبل از وقت ہے اور یہی بات ہے کہ بغیر اس کے اہل حدیث کانفرنس کی زندگی ہرگز ممکن نہیں سمجھتے۔ میں امید کرتا ہوں کہ دیگر ... جماعت بھی اس کے متعلق اظہار خیال فرمائیں گے ... [illegible] ... انشاء اللہ ... [illegible]

... [illegible] ...

اہلحدیث جیسا اخبار کی تجویز کر گئے ہیں حضرت پہلے اس کی آمد و خرچ کا حساب اندازہ کریں پھر بتائیں کہ خود اہلحدیث کانفرنس اس کا متحمل بھی ہو سکتا ہے؟ اگر نہیں ہو سکتا تو زندہ قوموں کی طرح دس بیس ہزار روپیہ پہلے جمع کریں ممکن ہے جاؤ ضمانت کے پیسے میں ہی۔

تجاویز ۔ بات کرنی آسان ہے مگر عملی جامہ پہنانا مشکل ہے نیز وہ یہ بھی بتائیں کہ کانفرنس کی کونسی تجویز آجتک جماعتی اخباروں میں مفت شائع نہیں ہوئی رہا ہمیں ہم ہم اس تجویز کی تائید کرتے ہیں بشرطیکہ یہ مصرع ملحوظ رہے۔ ع

ہر دا آخر ہیں مبارک بندہ ایست

حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے آپس میں اتفاق کریں۔ اور جماعت اہل حدیث کو ترقی کرنے کا موقع دیں۔ جبکہ ہر ایک فرقہ دوسرے فرقہ کو مٹانے کی کوشش میں لگا ہوا ہے۔ اخیر میں بارگاہ رب العزت سے چاہتا ہوں کہ خداوند کریم جماعت اہل حدیث کو اتفاق اور اتحاد سے رہنے کی ہدایت کرے۔ آمین!

جماعت اہل حدیث جہاد اور سیاست

(مراقومہ۔ ایم محمد یوسف صاحب بھوانی پور۔ ریاست کپورتھلہ)

میں ناظرین اہل حدیث کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ بدقسمتی سے جماعت اہل حدیث میں بھی آج ایسے لوگ پیدا ہو گئے ہیں۔ عام نہیں بلکہ ایک عالم کی زبانی میں نے سنا جو یہ کہتے ہیں کہ

جہاد کی تبھی ضرورت ہوگی جب حضرت مہدی
علیہ السلام ظاہر ہونگے اور پھر مسلمان ان کے
ساتھ مل کر جہاد کرینگے۔ اس سے پہلے
جہاد کسی صورت میں بھی جائز نہیں؛

خدا جانے انہوں نے یہ مرزائیانہ تحریف کہاں سے سیکھی ہے کہ قرآن مجید کے صریح حکم کے ہوتے ہوئے وہ اس قسم کی غلط باتیں کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔ جب بھی ضرورت پڑے سب مسلمان آپس میں مل کر ظلم کا مقابلہ کریں۔ یہ کہیں نہیں لکھا کہ دشمن تمہیں تباہ و برباد کرنے پر تلا ہوا ہو اور تم امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کے منتظر ہو کہ کب وہ آئیں اور کب ہمیں اگر جہاد کرنے کا فتویٰ صادر فرمائیں۔ خدا جانے ضرورت تو کب پڑے انہوں نے پہلے ہی سے غلط مسئلہ نکال لیا ہے کہ اس میں شامل نہ ہونا پڑے بہت افسوس ہے۔ آج اس جماعت کے افراد کا یہ حال ہے کہ جس جماعت کے بزرگوں نے اس مسئلہ کی خاطر بڑی بڑی سختیاں برداشت کیں۔ در اصل ایسے لوگ جماعت اہل حدیث کو بدنام کرتے ہیں۔ ورنہ اہل حدیث کا یہ مسئلہ ہرگز ہرگز نہیں۔ چنانچہ ہمارے پیشوا حضرت مولانا اسماعیل شہید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کو عملی جامہ پہنایا۔ انہوں نے سکھوں کے مظالم کے برخلاف جہاد کا حکم دیا۔ چنانچہ آپ نے وہ مجاہدانہ کام کئے کہ سیاست کی تاریخوں میں ان کا نام سنہری حروف سے لکھا گیا اور ان کے اس شاندار کارنامے پر مسلمان عموماً اور جماعت اہل حدیث خصوصاً نازاں ہے۔ آج کل اہل حدیث سیاسی تحریکات سے بھی کوسوں دور بھاگتے ہیں۔ خدا جانے کیوں ڈرتے ہیں۔ ہاں اگر ان کو باجہ یا تکبیر اللہ کے نام سے نعروں کا خیال ہے کہ سیاسی جماعتوں میں یہ کام ناجائز ہوتے ہیں۔ تو اس کی یہ صورت ہو سکتی ہے کہ اہل حدیث کی طرف سے ایک الگ سیاسی انجمن بنائی جائے جو کہ سنت اللہ اور سنت الرسول کے مطابق رہتے ہوئے اپنے ہموطنوں کے ساتھ مل کر کام کرے۔ ہمارے محترم بزرگ حضرت مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب قبل ازیں بھی اس قسم کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ تاہم میں پھر بھی آپ سے اور حضرت مولانا ابراہیم صاحب سیالکوٹی اور مولانا محمد داؤد صاحب غزنوی اور دوسرے اکابر اہل حدیث سے گذارش کرونگا کہ وہ اپنی زندگی میں اس کام کو کر کے جماعت اہل حدیث کو بھی آزادی پسند جماعتوں کے برابر کر دیں۔ انسان کو کوشش کرنی چاہئے۔ کوشش کے بعد کامیابی یقینی ہے اور اخیر میں ان اصحاب سے گذارش کرونگا کہ اتفاق و اتحاد میں روڑے اٹکانے کی بجائے مل کر کام کریں۔

میں ان چند الفاظ کے ساتھ اپنی جماعت کے معزز بزرگوں سے پھر ایک بار التماس کرتا ہوں کہ عالی کی

تعاقب بر فتویٰ حرمت کوا

(از مولوی ابو الصمصام عبد السلام صاحب مبارکپوری)

اخبار اہل حدیث مجریہ ۱۳۔ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۸ھ میں سوال ۱۲۵ کے جواب میں تحریر فرمایا گیا ہے کہ

"کوے کی بابت حرمت کا فتویٰ نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کی نسبت کوئی دلیل تحریم نہیں ہے۔" (ص ۱۳)

میں کہتا ہوں دلیل تحریم موجود ہے۔ صحیحین میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

خمس من الدواب کلھن فاسق یقتلن فی الحل والحرم الغراب والحداۃ والعقرب والفارۃ والکلب العقور۔ کذا فی البلوغ المرام۔

یعنی منجملہ جانوروں کے پانچ جانور فاسق ہیں جن کو حل و حرم دونوں جگہوں میں قتل کرنا چاہئے۔ (۱) کوا (۲) چیل۔ (۳) بچھو۔ (۴) چوہا۔ (۵) باؤلا کتا۔

اس حدیث متفق علیہ سے مطلقاً ہر کوے کی حرمت ثابت ہوتی ہے۔ پس دیسی کوے کی بھی حرمت اس حدیث سے ثابت ہوئی۔ اور اس حدیث میں اگرچہ صاف لفظوں میں ان پانچ جانوروں کا حرام ہونا مذکور نہیں ہے۔ بلکہ اس میں ان کے قتل کرنے کا حکم ہے مگر اسی حکم سے انکا حرام ثابت ہوتا ہے۔ نیل الاوطار میں ہے۔

قال المھدی فی البحر اصول التحریم اما نص الکتاب او السنۃ او الامر بقتلہ کالخمسۃ الخ

و نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلق غراب کو فاسق کہا ہے اور آپ کا کسی جانور کو فاسق کہنا اسکے حرام اور غیر ماکول ہونے کی دلیل ہے۔ ابن ماجہ میں ہے عن ابن عمر قال من یاکل الغراب وقد سماہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاسقا واللہ ما ھو من الطیبات۔ یعنی حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ کون کھاتا ہے حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام فاسق رکھا ہے۔ اللہ کی قسم کوا طیبات سے نہیں ہے۔

اگر کوئی کہے کہ اکثر روایات میں لفظ غراب مطلق واقع ہوا ہے اور بعض میں لفظ غراب بقید ابقع وارد ہوا ہے تو مطلق کو مقید پر محمول کرنا ضروری ہے لہذا صرف غراب ابقع کی حرمت ثابت ہوگی نہ مطلق غراب کی۔ تو جواب اس کا یہ ہے کہ جب بعض روایات میں کوئی لفظ مطلق بلا قید واقع ہو اور بعض روایات میں اس مطلق کے کسی ایک فرد پر تنصیص ہو تو ایسی صورت میں عند الجمہور مطلق مقید پر محمول نہیں ہوتا ہے بلکہ مطلق اپنے اطلاق پر باقی رہتا ہے۔ (ملاحظہ ہو نیل الاوطار ص۲۸۵ ج ۵ و سبل السلام ص۱۲۱ ج ۲ وفتاوی نذیریہ ص۳۰۵ ج ۲)

اجماع علماء سے بھی دیسی کوا کی حرمت ثابت ہے۔

قال الحافظ فی الفتح وقد اتفق العلماء علی اخراج الغراب الصغیر الذی یاکل الحب من ذلک ویقال لہ غراب الزرع ویقال لہ الزاغ من ذلک وافتوا بجواز اکلہ فبقی ماعداہ من الغربان ملتحقا بالابقع انتہی۔

اور العرف الشذی تقریر ترمذی ص۲۴۳ میں ہے۔

والغراب فی کتبنا انہ علی ثلثۃ اقسام احدھا الذی یاکل الحبوب فقط وھو حلال اتفاقا والثانی الذی یاکل الجیف فقط وھو حرام اتفاقا والثالث ھو الذی یخلط بین الاکلھما وھو مکروہ عند ابی یوسف وحلال عند ھما انتہی

یعنی ہماری فقہ حنفی کی کتابوں میں غراب کی تین قسم ہے۔ ایک وہ جو صرف دانہ کھاتا ہے اور وہ بالاتفاق حلال ہے۔ دوسرا وہ جو صرف مردار کھاتا ہے اور وہ بالاتفاق حرام ہے۔ تیسرا وہ جو دانہ اور مردار دونوں کھاتا ہے اور وہ ابو یوسف کے نزدیک مکروہ ہے۔ اور امام ابو حنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک حلال ہے۔

ھذا ما عندی واللہ تعالی اعلم وعلمہ اکمل واتم

اہلحدیث: آپ کی عبارت حدیث نمبر دو کا جو مفہوم ہے وہی میرا مطلب ہے جس کو آپ نے تصریح فرمایا یعنی دلیل حرمت نص قطعی نہیں ہے اور عبارت فقہ نمبر ۲ اس کی تائید کرتی ہے۔

بہرحال آپ کا شکریہ ہے کہ آپ نے مسئلہ کو جماعت کے سامنے رکھ دیا۔ من شاء فلیقبل

بریلوی مشن

نبی علیہ السلام مختار من اللہ نہیں

(مرقومہ:- مولوی عبدالعزیز صاحب از کوٹلی لوہاراں مغربی)

ناظرین کرام! اخبار الفقیہ ۷۔ اپریل سن رواں میں پھر ایک مضمون مولوی بشیر کوٹلوی کے قلم سے بزعم خود حضور علیہ السلام کو مختار کل ثابت کرنے کے لئے شائع ہوا ہے۔ لیکن اپنے دعویٰ مکندبہ کو ذرہ بھر بھی پایۂ ثبوت تک نہیں پہنچا سکے۔ اصل مطلب اور صحیح چیز کو چھوا تک نہیں۔ کیونکہ سوال تو صرف یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے جو تین نمازیں معاف فرمائیں یا ایک شخص کو روزہ توڑ دینے کے کفارہ پر بجائے غیر کو صدقہ کھلانے کے حضور علیہ السلام نے خود ہی اس کو کھجوریں استعمال فرمانے کا حکم فرما دیا اور باوجود فیصلہ قرآنی ہونے کے آیا حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اختیار ذاتی سے اس شخص کو مخصوص فرما لیا تھا یا کہ باذن اللہ۔ بشیر صاحب کا فرض تھا کہ اپنے دعویٰ کے مطابق ان دونوں روایتوں میں سے اپنی اس تحریر کو جو کہ وہ اخبار الفقیہ ۱۴۔ نومبر ۱۹۳۸ء میں یوں لکھ چکے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے باوجود فیصلہ قرآنی ہونے کے اپنے اختیار سے اس شخص کو مخصوص فرما لیا ثابت کر دکھاتے۔ یہ تو بشیر صاحب ہو نہیں سکا۔ بھلا ہوتا بھی کیسے۔ کیونکہ کون نہیں جسے اس بات پر یقین کامل نہ ہو کہ خدا کے نبی ذرہ بھر بھی بجز حکم باری تعالیٰ امور دین میں کم و بیش نہیں فرماتے تھے۔ نبی مامور من اللہ احکام الٰہیہ کے مظہر اور مبلغ اعظم ہوتے ہیں۔ اور یہ لکھنا کہ نبی علیہ السلام منجانب اللہ مختار کل تھے یہ سراسر کم فہمی یا دیدہ دانستہ عوام الناس کو گمراہ کرنے کے لئے اور خود قرآن پاک کے واضح اور صریح مفہوم اور جناب نبی علیہ السلام کی صاف اور صحیح تعلیم کے رد کرنا اور شارع علیہ السلام پر افترا کرنا ہے۔

ہماری تائید شکر ہے کہ بشیر صاحب نے اتنی بات تو تسلیم کر لی یا قدرت نے جبراً ان کے اپنے ہی صحیفہ الفقیہ میں حق بات کا اظہار کرا دیا۔ چنانچہ غضب ناک لہجہ میں لکھتے ہیں کہ:-

ہم بارہا سمجھا چکے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے جملہ اوصاف کو ہم ذاتی تسلیم نہیں کرتے بلکہ عطائی مانتے ہیں۔ (دیکھو الفقیہ ص۲)

اجی جناب جو کچھ خدا نے نبی علیہ السلام کو دیدیا یا جو کہ قرآن و احادیث صحیحہ میں من وعن موجود ہے۔ اس سے کس کو انکار ہے۔ یہی جو ہمارا مقصد ہے کہ جس بات کی حضور علیہ السلام کو منجانب اللہ اجازت ملتی وہ بھی واضح فرماتے۔ ذاتی اختیار سے امور دین میں ہرگز کم و بیش حلال و حرام نہیں فرمایا کرتے تھے۔ یہاں تک تو آپ نے بھی ہماری تائید کھلے الفاظ میں کر دی۔ ہاں آگے چل کر بشیر صاحب نے اپنے خیال سے ایک اور شگوفہ لکھ دیا کہ ہمارا ایمان ہے کہ حضور علیہ السلام کو ان کے طالب و محب مولا نے شریعت میں اختیار دیدیا تھا۔ آپ جسے چاہیں حلال اور جسے چاہیں حرام کر دیں (الفقیہ ص۳) کیا اچھا ہوتا کہ بشیر صاحب حضور علیہ السلام کے کلی اختیار پر قرآن مجید و احادیث صحیحہ سے دلیل پیش کرتے کہ دیکھو حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مجھے میرے مولا نے شریعت میں حلال و حرام کرنے کا اختیار دیا [illegible]

ahmadimuslim.de

(۴۵۸)

تقلید امام کا بھی لحاظ ترک کر دیا جاتا ہے۔ یاد رکھو، مسلمان قرآن و حدیث کا پابند ہوتا ہے۔ بے سند اور بناوٹی کہاوت ایجاد بندہ اختراعی چیز کی ذرہ بھر قدر نہیں ہو سکتی۔

ہاں بشیر صاحب آپ کے پاس اس اختراع کے خلاف قرآن شریف و احادیث پاک میں بکثرت دلائل موجود ہیں جن سے روز روشن کی طرح ثابت ہوتا ہے کہ نبی علیہ السلام کی مرضی وہی مرضی خدا نہیں بلکہ اللہ رب العزت کی مرضی ہی مرضی مصطفےٰ ہے۔

کیا حضور علیہ السلام نے اپنے خیال سے شہد کا کھانا موقوف نہیں فرمایا تھا۔ اگر بقول آپ کے حضور علیہ السلام کو حلال و حرام کرنے کا کُل اختیار ہوتا۔ تو حضور علیہ السلام کی طرف اس خیال کی اصلاح اور شہد کی حلت بحال رکھنے کے لئے سورہ تحریم کی آئیتیں نازل کیوں کی گئیں۔ یا ایھا النبی لم تحرم ما احل اللہ لک تبتغی مرضات ازواجک رپ۔ (ترجمہ) اے نبی (علیہ السلام) کیوں حرام کرتے ہو اس چیز کو کہ حلال کی ہے اللہ نے واسطے آپ کے کیا آپ اپنی بیویوں کی مرضی پر چلتے ہیں۔ سبحان اللہ علام الغیوب نے اس منگھڑت عقیدہ کی پہلے سے ہی کیسی صاف اور واضح تردید فرما دی تاکہ کوئی غالی حضور علیہ السلام کو حلال و حرام کرنے کا مختار کل سمجھ کر لوگوں کو گمراہ نہ کر دے۔ نیز کیا حضور علیہ السلام کی انتہائی خواہش نہ ہوتی تھی کہ اقربین رشتہ دار نعمت ایمان سے فیضیاب ہو کر جنت الفردوس کے وارث بن جائیں۔ لیکن اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ انک لا تھدی من احببت ہدایت دینا آپ کا اختیار نہیں۔ کیا سرور کائنات کے مبارک قلب میں یہ جستجو نہ تھی کہ آپ کے والدین جنت میں داخل ہوں۔ لیکن وہ مالک الملک جس کا قانون اٹل اور حکم زبردست ہے اس نے صاف فرما دیا۔

ما کان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربیٰ

نبی علیہ السلام اور مومنین کو لائق نہیں کہ مشرکین کے حق میں دعاء مغفرت مانگیں اگرچہ ان کے قریبی کیوں نہ ہوں

اہلحدیث ہر ایک حنفی کو بحیثیت حنفی اپنے علم و اصول فقہ کا پابند رہنا چاہئے۔ اگر کوئی حنفی اپنے اصول فقہ کا پابند نہیں ہے تو وہ حنفی نہیں ہے۔ جیسے کوئی اہل حدیث حدیث کا پابند نہیں ہے تو وہ اہل حدیث نہیں ہے۔ یہ سنہرا اصول فریقین کو ملحوظ رکھنا چاہئے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ آج کل کے حنفی مناظرات اور تصنیفات میں اس سنہرے اصول کو بھول جاتے ہیں۔ علم اصول کا مسئلہ ہے کہ خبر واحد صحیح بلکہ اصح بھی عموم قرآن کی تخصیص نہیں کر سکتی اور مطلق کو مقید نہیں کر سکتی۔

کیوں صاحب! جبکہ وہ روایت صحیح کلام رسول علیہ السلام ثابت ہے اور رسول صلعم بقول شما مختار بھی ہیں تو ان دونوں باتوں سے کون امر مانع ہے اس کا جواب آنے پر فیصلہ ہو سکتا ہے۔ باقی زبانی باتوں کا جواب دینا کچھ ضروری نہیں ہے۔ جو کچھ بھی ہو قرآن حدیث کے ماتحت ہونا چاہئے۔ شیخ سعدی نے ٹھیک فرمایا ہے ؎

آں کس کہ بہ قرآن و خبر زو نرہی
ایں است جوابش کہ جوابش ندہی

آریوں سے سوالات

(از شیخ عبد المنان صاحب قریشی رام پور ضلع سہارنپور)

(گذشتہ سے پیوستہ)

(۲۳) اگر بقول سوامی دیانندجی اور گاندھی جی سبزی اور غیر حیوانی غذا ہی عقل، تندرستی، بہادری اور صحت کی موجب ہوتی تو تمام دنیا کے انسان جو کہ قریب قریب سب حیوانی غذا گوشت کھاتے ہیں کم عقل بیمار، ڈرپوک اور ضعیف الجثہ وغیرہ وغیرہ ہوتے۔ حالانکہ معاملہ اسکے برعکس ہے۔ یعنی سارے یورپ، امریکہ، جاپان، روس، ترکی وغیرہ وغیرہ کے لوگ جو کہ سو فیصدی گوشت خوار ہیں۔ سب سے زیادہ عقلمند، تندرست، بہادر اور قوی الجثہ ہیں۔ لہذا ثابت ہوا کہ ہر دو صاحبان مذکورہ کا قول بالکل غلط اور نا قابل قبول ہے۔ اور صرف گوشت کھانے ہی سے یہ سب خوبیاں حاصل ہوتی ہیں۔ سائنس کے موجد اور اسکے ذریعہ جتنی موجودہ جدید ایجادات ہو رہی ہیں سب کے موجد گوشت خوار ہیں۔ سبزی خوروں کی ایجاد صرف اہنسا ہے۔ جس پر وہ خود بھی عمل نہیں کر سکتے۔ اور روزانہ کانگرسی صوبوں میں فسادات۔ قتل، غارت اور آتش زدگی کی وارداتوں کا ظہور ہو رہا ہے۔ مثال کے طور پر بنارس، گورکھپور، کانپور، صوبہ بہار، صوبہ سی پی وغیرہ کے واقعات آنکھ کھول کر دیکھئے کہ کہاں کہاں اہنسا پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔

(۲۴) ہر بھلے مانس اور نیک دل آدمی کی یہ خواہش ہے کہ دنیا میں جرائم اور گناہوں کی کمی ہو کر مجرمین اور گنہگاران کی تعداد کم سے کم بلکہ بالکل نابود ہو جائے اور تمام مذہبی کتابیں اور علماء دین ودھرم۔ گناہوں اور جرائم سے بچنے کی تلقین اور نصیحت کرتے ہیں۔ نیز تمام مہذب حکومتیں مجرمین کی اصلاح کی حامی ہیں، اور ان کو قید و بند اور پھانسی وغیرہ کی سزا دیکر نابود کرنے کے لئے لاکھوں روپیہ صرف کر رہی ہیں۔ مگر برخلاف تمام مذہبی کتب اور منشاء علماء دھرم و دین اور مہذب حکومتوں کی روش اور عمل کے آریہ صاحبان گائیوں کی (جو کہ بموجب تناسخ پرمیشر کے مجرمین اور اپنے سابقہ اعمال کی پاداش میں انسانی اور اعلیٰ جون سے گرائے جا کر اس جسم میں اپنی سزا بھگت رہی ہیں) افزائش نسل اور تعداد کی ترقی کی سر توڑ جائز اور ناجائز کوشش کر رہے ہیں یہاں تک کہ اگر کسی گائے کو ذبح کر کے کھا لیا جائے تو اس کے لئے لڑنے مرنے کو طیار ہو جاتے ہیں۔ نیز مہاتما گاندھی جی کی بھی دن رات گائیوں کی افزائش نسل کی تلقین اور ہدایت فرماتے رہتے ہیں تو ایسی حالت میں

یا تو یہ عقیدہ تناسخ غلط ہے کہ حیوان بروئے تناسخ اپنے اجسام میں پرمیشر کی مقرر کردہ اور دی ہوئی سزا بھگت رہے ہیں یا اون کی افزائش نسل اور ترقی و توسیع نسل کی کوشش و حمائت ایک بڑی غلطی، اور پرمیشری نازن سے انحراف اور بغاوت ہے۔ بتلائیے دونوں باتوں میں کونسی بات پسند ہے۔ ویدک تعلیم اور علماء ویدک دھرم کی تلقین اور نصیحت کی پابندی اور مسئلہ تناسخ کا اعتقاد یا ترقی نسل گائے کی حمائت اور گاؤکشی کی مخالفت۔

(۲۵) کسی مذہب میں بغاوت اور بدامنی پھیلانے کو اچھا عمل نہیں کہا جاتا۔ تو اس کو مانتے ہوئے ہندوستان کے مختلف مقامات سے آریوں کے جتھے جو ریاست حیدرآباد جا رہے ہیں اور جن کی وجہ سے ریاست میں بدامنی اور ہندو رعایا کو بہکا کر ان کو اپنے فرمان بردار کے خلاف بھڑکانے اور ابھارنے کا فعل کہاں تک مناسب اور مذہب کا کونسا اصول ہے۔ اگر کہا جائے کہ ہم اپنے اصول مذہب ہون۔ نیوگ۔ تناسخ ایسے بہترین اصول کو وہاں پھیلانا چاہتے ہیں تو کیوں نہ پہلے ہز اگزالٹڈ نظام صاحب حیدرآباد کو ہی ان اچھوتے قیمتی اصول کی خوبیاں ظاہر کرکے انکو مذہب آریہ قبول کرنے کی دعوت دی جائے تاکہ وہ خود ہی اسکی خوبیوں کے قائل ہوکر خود آریہ بن جائیں اور آریوں کو اس جتھہ بازی اور بدامنی پھیلانے سے نجات مل جائے یا نظام صاحب سے درخواست کی جائے کہ وہ اگر آریہ ہونے سے انکاری ہیں تو فوراً آریہ اور مسلمان علماء کا ایک عظیم الشان اور معلن فیصلہ کن مناظرہ اور مباحثہ تحریری کرادیں۔ خواہ اس میں کتنا ہی وقت صرف ہو۔ اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ اس کا جو ریزلٹ ہوگا دنیا کے لوگ اس کو دیکھ کر یہ فیصلہ کرلیں گے کہ کونسا مذہب حق پر ہے اور کونسا ناحق پر اور اس قطعی مباحثہ کے اثر سے ہندوستان کے لوگوں کو بھی یکسوئی اختیار کرکے ایک مذہب اور قوم بن جانے کا کافی مواد مل جائیگا اور دنیا کی دو کتابوں وید اور قرآن کا مقابلہ ہوکر انکے حسن و قبح پر کافی روشنی پڑ جائیگی۔ ادھر پر مشرق کے علماء جو آجکل سیاسیات میں الجھ کر مذہبی فرائض اور حقوق سے ڈھیل ڈھال کا برتاؤ کر رہے ہیں۔ اپنی اپنی قابلیت کے جوہر میدان میں آکر دکھانے کا موقعہ حاصل کرکے ہندوستان کو اصل گمراہی سے نجات دلائیں گے۔ اور پھر متفقہ طریق پر ہندوستان کو آزادی دلانے میں مددگار ثابت ہونگے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ بغیر کسی قطعی فیصلہ کے ہوئے مباحثہ بند نہ کیا جائے۔ کہئے کیا خیال ہے۔

(نوٹ) اوس کے بعد ہندوؤں، سکھ، عیسائیوں اور یہودیوں سے بھی ایک عالمگیر مباحثہ ہوکر فیصلہ کیا جانا چاہئے۔ سوائے فریقین کے علماء دوسرے اشخاص کو وہاں جمع ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ ان مباحثوں کی روئداد ہندوستان بلکہ دنیا کی ہر زبان میں شائع کیجائیگی تاکہ دنیا کا ہر شخص اس کو پڑھ کر یا سُن کر حق و باطل کا کچھ نہ کچھ فیصلہ کرسکے۔ یہ مباحثہ کم ازکم فریقین کے سیاسی اور مذہبی لیڈران کے لئے مفید مطلب ثابت ہوگا۔ اور ہندوستان خصوصاً ریاست حیدرآباد کی ایک شاندار یادگار ہوگا۔ تمام والیان ریاست ہائے بھی اپنا تھوڑا سا وقت صرف کرکے اس روئداد کو ملاحظہ فرمائیں۔ اس کے بعد تمام صوبوں خصوصاً کانگرسی صوبوں کی حکومتیں بھی روزانہ کے فرقہ دارانہ فسادات اور جھگڑوں سے نجات پا جائیں گی۔ کم ازکم مسلمانوں کو تو یہ فائدہ ضرور ہو جائیگا کہ ہندوؤں اور آریوں کے دلوں میں ان سے اور ان کے مذہب سے جو نفرت اور بدگمانی نیز غلط فہمی ہے وہ دور ہو جائیگی۔

راقم:۔
محمد عبدالمنان قریشی

ایک مسیحی دوست کے نام کھلی چٹھی!

(از بابو اکبر خان صاحب سب پوسٹماسٹر اٹرو ریاست کوٹہ)

میرے مہربان دوست!

مَیں آپ کا نہائت ہی شکرگذار ہوں کہ آپ وقتاً فوقتاً مسیحی رسالے، ٹریکٹ اور کتابیں بھیجتے رہتے ہیں جن سے مجھے خاص طور پر دلچسپی ہے اور نیز میری معلومات میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ جناب کا مرسلہ ٹریکٹ "وہ نبی" مصنفہ مس ایم بڈلف صاحبہ ملا۔ جس کو میں نے بڑے غور سے پڑھا۔ کیونکہ اس سوال سے "کیا تو وہ نبی ہے" مجھے خاص طور پر دلچسپی ہے۔ اچھا تو اس ٹریکٹ کو لیجئے

وہ نبی از مس ایم بڈلف صاحبہ

۱۔ مَیں اُن کے لئے اُن ہی کے بھائیوں میں سے تیرے مانند ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اُس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اُسے حکم دونگا وہ ہی وہ ان سے کہیگا اور جو کوئی میری اُن باتوں کو جن کو وہ میرا نام لے کر کہے گا نہ سُنے تو میں اُن کا حساب اُس سے لوں گا۔

مذکورہ بالا توریت کی آیتوں سے مسیحی علماء یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام مثیل موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ اگر یہ سچ ہے تو بھی چشم ما روشن دل ما شاد۔ کیونکہ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی ہمارے سید و مولا، ہماری آنکھوں کے نور اور دل کے سرور ہیں مگر واقعات اس کے برخلاف ہیں۔ آؤ پہلے یہ دیکھیں کہ خود سید و مولا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ مدعی سست و گواہ چست کی مثال صادق آوے۔

پہلے مدعی کو دعویٰ کرنا چاہئے۔ زاں بعد گواہوں کی تصدیق۔ مثیل موسیٰ علیہ السلام ہونے کا دعویٰ کس نے کیا۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یا سرور کائنات سرتاج الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِنَّا اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ رَسُوْلًا ﳔ شَاهِدًا عَلَیْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ؕ۔ بے شک اے محمد! ہم نے تم کو ایسا ہی شاہد رسول بناکر بھیجا ہے جیسا کہ فرعون کی طرف موسیٰ کو رسول بناکر بھیجا تھا۔ اب آؤ یہ بھی

ahmadimuslim.de

دکھیں کہ خود سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

جس طرح یونس نبی تین رات تین دن مچھلی کے پیٹ میں رہا اسی طرح ابن آدم بھی تین رات تین دن زمین کے پیٹ میں رہے گا۔

جس طرح یونسؑ نبی اسی طرح ابن آدم۔

سبحان اللہ کیسی مماثلت بتلائی۔ دعویٰ تو ہو چکا۔ اب گواہوں کی گواہی کی ضرورت ہے تاکہ دعویٰ ثابت ہو جائے

(۱) سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے بندے اور رسول تھے۔	سرتاج الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے بندے اور رسول تھے۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام حسب اعتقاد مسیحان خدا کے بیٹے اور اکلوتے بیٹے تھے۔

عبد اور بیٹے کا فرق ظاہر ہے

(۲) موسیٰ علیہ السلام نے ترک وطن کرکے ہجرت کی	سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ترک وطن کرکے ہجرت کی۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ہجرت نہ کی۔
(۳) موسیٰ علیہ السلام کو چالیس سال کی عمر میں نبوت ملی۔	سیدنا مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو چالیس سال کی عمر میں نبوت ملی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدائشی نبی تھے یا بقول مسیحان تیس سال کی عمر میں تبلیغ شروع کی۔
(۴) سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جہاد کئے۔	نبی آخر الزمان محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے جہاد کئے۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جہاد نہیں کئے۔
(۵) اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے وعدہ فرمایا کہ تو مارا نہ جائیگا۔	اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمارے آقا و مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ فرمایا کہ تو مارا نہ جائیگا۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بقول مسیحان کانٹوں کا تاج پہنا کر صلیب پر لٹکا کر مار ڈالا اور انکی فریاد کی شنوائی نہ ہوئی۔
(۶) سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام طبعی موت سے فوت ہوئے۔	سالار انبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنی طبعی موت کو فوت ہوئے مسیح علیہ السلام بقول مسیحان قتل کئے گئے۔
(۷) حضرت موسیٰ علیہ السلام صاحب شریعت نبی ہیں۔	سرور دو عالم محمد صلی اللہ علیہ وسلم صاحب شریعت نبی ہیں۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بقول مسیحان بے شریعت تھے۔
(۸) سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک بتلایا۔	نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک بتلایا سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بقول مسیحان تین خدا بتلائے باپ، بیٹا، روح القدس۔
(۹) سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد بزرگوار انسان تھے اور اللہ کے بندے۔	آفتاب رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے والد بزرگوار انسان تھے اور خدا کے بندے۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا باپ بقول مسیحان خود خدا تھا۔
(۱۰) موسیٰ علیہ السلام نے اُس زمانہ اور قوم کی ضرورت کے موافق اپنا کام پورا کیا۔	فخر الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کام اللہ تعالیٰ نے حضور کو سپرد کیا اس کو بدرجہ کمال پورا کیا۔ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بقول مروجہ انجیل اپنا کام ادھورا چھوڑا۔

مماثلت حضرت موسیٰ علیہ السلام و سیدنا و مولانا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اور بھی متعدد گواہ موجود ہیں مگر مذکورہ بالا دس گواہ کافی ہیں کہ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام مثیل موسیٰ علیہ السلام ہرگز ہرگز نہیں ہیں بلکہ مثیل یونس علیہ السلام ہیں۔ (باقی)

جوابات نصاریٰ۔ نئے مسیحوں کے اسلام پر اعتراضات اور ان کا مدلل جواب۔ مجلد دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے قیمت صرف ۱۲ر پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

زندگی ہمیہ اور مسلمان

(از محمد عبد الرشید صاحب اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ دہلی)

اللہ تعالے نے اپنے پیارے حبیب پاک محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کی مقدس ذات کو دنیا میں پیدا کرکے اپنی مخلوق پر کمال احسان فرمایا ہے۔ خالق اکبر نے آنحضرتؐ کو ہر قسم کی انسانی خوبیوں سے مزین فرما دیا۔ تاکہ خلقت کے لئے آپ کی ذات بابرکات ہر لحاظ سے احسن نمونہ قرار پا سکے۔ چنانچہ حضور پرنور نے اپنی ترسٹھ سالہ زندگی میں ثابت کر دکھایا کہ دنیا میں رہ کر انسان کس قسم کی زندگی بسر کرے کہ فلاح حاصل ہو۔ چونکہ اصحاب کرام نے حقیقی طور پر حضور کے نقش قدم پر چلکر زندگی گذاری۔ اس لئے ان کی زندگی بھی مسلمانوں کیلئے ہر لحاظ سے شمع ہدایت ہے۔ انہیں مقدس ہستیوں کی شان میں اللہ تعالے نے فرمایا ہے۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ۔

اس بات سے ثابت ہوا کہ دنیا میں مسلم کا صحیح طریقہ کار وہی ہونا چاہئے۔ جس پر چل کر ہمارے بزرگوں نے اللہ صاحب کی خوشنودی حاصل کی جسطرح سونا پرکھنے کے لئے پتھر کی کسوٹی ہوتی ہے۔ اسی طرح ایک مسلمان کی زندگی اعلیٰ سانچے میں ڈھالنے کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے پیارے دوستوں کی زندگی بہترین نمونہ ہے۔ اور یہی دین کی کسوٹی ہے جس کے متعلق ارشاد باری ہوتا ہے۔ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ۔ اور حضور نے فرمایا ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی۔

معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی زندگی اللہ صاحب نے ایک باقاعدہ مستقل نظام کے ماتحت بنائی ہے۔ اگر اس نظام کے اندر رہ کر بسر کریگا تو فلاح یافتہ ہوگا۔ ورنہ گمراہ ہو جاویگا۔ آجکل مسلمانوں میں علاوہ اور بہت سی ناموزوں باتوں کے ایک بات اکثر پائی جاتی ہے کہ وہ مغربی تہذیب کے از حد دلدادہ ہو گئے جاتے ہیں اور اسی چمک جال میں پھنس کر اندھا دھند ... [illegible]

مغربیت کی تقلید کر رہے ہیں۔ عرصہ دس پندرہ سال سے تو اکثر مسلمانوں نے اس بات کو نہایت ہی ضروری خیال کر رکھا ہے کہ زندگی بیمہ کرانا ہر ایک فرد بشر کیلئے لازمی ہے۔ کاش ہمارے بھائی پیشتر اسکے کہ زندگی بیمہ کرائیں۔ دیکھ لیں کہ آیا یہ فعل شریعت کی رو سے کیسا ہے اور آیا اس قسم کا فعل ہمارے نبی کریم اور آپ کے پیارے اصحاب کرام یا کسی اور سلف صالح سے بھی ثابت ہے؟ وہ بھی تو دنیا میں رہ چکے ہیں انہوں نے بھی آل اولاد چھوڑی تھی۔ اگر کسی مسلم سے دریافت کیا جاوے تو کہا جاتا ہے کہ بیمہ نہ کرائیں تو کیا کریں آج مر جاویں تو بیوی بچوں کا پیچھے کس طرح گزارہ ہوگا۔ وہ زمانہ اور تھا یہ اور ہے۔ آجکل اخراجات بہت بڑھے ہوئے ہیں کم از کم دو چار ہزار روپیہ تو گزر اوقات کے لئے چھوڑنا چاہئے۔ اس میں قباحت ہی کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔

افسوس مسلم بھی دیکھا دیکھی غیر مسلموں کے اپنے لئے وہی طریقہ نجات اور فلاح سمجھتے ہیں جو غیر مسلم تصور کرتے ہیں۔ حالانکہ اللہ صاحب نے فرمایا ہے کہ کافر اور مومن برابر نہیں ہو سکتے ان میں بعد المشرقین ہے۔ جب یہ بات ہے تو ہم کفار و مشرکین کی کیوں تقلید کریں ہمیں تو صرف وہ راستہ اختیار کرنا چاہئے جو ہادی برحق نے اللہ تعالےٰ کے حکم کے مطابق ہمارے لئے تجویز فرما دیا ہے۔ جب نبی کریم اور آپ کے اصحاب نے زندگی بیمہ نہیں کرائی تھی تو آج چودھویں صدی کے مسلمانوں کو اس بات کی ضرورت کیوں محسوس ہو رہی ہے اس کے کئی ایک وجوہات ہو سکتے ہیں مگر دو سبب نہایت ہی اہم معلوم ہوتے ہیں۔ اول تو ہندوستان کے مسلمان دوسرے غیر مسلموں کی طرح مغربیت کے بے حد شیدائی ہو چکے ہیں۔ دوئم یہ کہ مسلمانوں نے اپنے پیشوا محمد رسول اللہ صلعم کے صحیح اور احسن طریقہ پر چلنا ترک کر دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ مسلمان بڑی سرعت سے جہنم ضلالت کے گڑھے میں دھنسے جا رہے ہیں۔

پیارے بھائیو! الیس اللہ بکاف عبدہ کیا اللہ تعالےٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں؟ اگر کافی ہے اور یقیناً کافی ہے تو پھر خدا کے لئے ذرا سوچو کہ آپ نے کونسا راستہ اختیار کر رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقھا۔ جب اللہ صاحب نے انسانوں بلکہ ہر جاندار کی روزی کا ذمہ اپنے اوپر لیا ہے۔ حتیٰ کہ پتھر کے اندر بھی کیڑوں کو روزی پہنچاتا ہے تو ہم کیوں اتنی بے صبری سے کام لیں۔ مسلمان کا یہ شیوا نہیں۔ مسلمان تو دنیا میں ہمت و استقلال کا پیکر بن کر آیا ہے کہ اپنے خالق کی رضا کے ساتھ ہر وقت راضی رہے۔ اپنی طرف سے اکل حلال پیدا کرنے کی ہر تن کوشش کرے۔ اپنی ذات اور اپنے اہل و عیال پر جائز طور پر خرچ کرے۔ اللہ کی راہ میں بھی حسب توفیق خرچ کرے اور پھر جو کچھ بچ سکے اپنے بیوی بچوں کی ہنگامی ضروریات کیلئے بچائے۔ بچت حقیقی معنوں میں وہی ہے جو گاڑھے پسینے اور حلال کمائی میں سے ہو نہ کہ بیمہ کی ایک یا چند قسطیں ادا کرنے کے بعد مر جاوے تو اس کے پس ماندگان کو مفت میں دو چار ہزار روپیہ کی رقم مل جاوے۔ جس کے بے جا صرف کرنے میں ان کو ذرا بھی دریغ نہ ہوگا۔ فقط

اہلحدیث | نامہ نگار کا مضمون واعظانہ حیثیت سے ہے استدلالی شکل میں نہیں ہے۔ آپ کو چاہئے تھا کہ پہلے بیمہ کی بابت رائے قائم کرتے کہ مذہبی ہے یا دنیاوی۔ مذہبی کہہ کر مذہبی دلائل پیش کرتے۔ جن سے نفی یا اثبات ہو سکتا۔ دنیاوی کہتے تو حدیث انتم اعلم بامور دنیاکم کے ماتحت اس کو قرار دیکر چھوڑ دیتے۔ نہ آپ نے وہ کیا نہ یہ کیا۔ تاہم آپ کا مضمون محض دلجوئی کے لئے درج کیا گیا ہے ورنہ مفید مطلب نہیں تھا۔

نامہ نگار حضرات | مضمون لکھتے وقت پہلے اپنے مدعا کی تعیین کیا کریں اسکے بعد حسب دعویٰ دلائل پیش کیا کریں

مسدس

(نتیجۂ فکر عبد القیوم صاحب عاصی۔ لالہ موسیٰ۔ گجرات)

آ ذرا قصۂ ماضی میں سناؤں تجھ کو ۔۔۔ عہد پارینہ کی پھر یاد دلاؤں تجھ کو
زخم دل زخم جگر کھول دکھاؤں تجھ کو ۔۔۔ تیری روداد کہوں خون رلاؤں تجھ کو
تھی کبھی اوج پہ یہ عزت و شوکت تیری ۔۔۔ ساری دنیا میں مسلّم تھی حکومت تیری

ہم میں ہر ایک تھا دنیا سے نرالا جانباز ۔۔۔ صاحب عز و شرف اور تھا سب سے ممتاز
سب ہی یکجان تھے نہ تھا کوئی کسی کا غماز ۔۔۔ اور دنیا کا موافق تھا ہر اک نغمۂ ساز
اپنے اللہ کی نظر ہم پہ کریمانہ تھی ۔۔۔ شان دنیا سے ہی کچھ اپنی جداگانہ تھی

آج پژمردہ نظر آتا ہے بستانِ حدیث ۔۔۔ آہ پہلے سے کہاں ہیں وہ فدایانِ حدیث
مرد میدان تھا غازی تھا نگہبانِ حدیث ۔۔۔ کیوں جمود آج یہ چھایا ہے۔ جوانانِ حدیث
اب اخوت ہے نہ کچھ وحدتِ قومی باقی ۔۔۔ ہے جو باقی تو فقط ایک یہی ناچاقی

چھوڑ غفلت کو حقیقت کا طلبگار تو بن ۔۔۔ اپنے معبود کا دل سے تو پرستار تو بن
عاشقِ احمدِ مختار ہو دیندار تو بن ۔۔۔ پھر رضا جوئی حق کے لئے تلوار تو بن
پھر زمانے کی پلٹ آئے وہ شان و شوکت ۔۔۔ ہر قدم پر ہو تجھے اور ترے دولت عزت

اے خدا مسلمِ خوابیدہ کو فرزانہ بنا ۔۔۔ شمع ملت کا ہر اک جان کو پروانہ بنا
ساقیٔ کوثر توحید کا مستانہ بنا ۔۔۔ سنتِ احمدِ مختار کا دیوانہ بنا

یہ دعا عاصیٔ محزوں کی ہو جائے قبول
حشر میں جا ہو میسر تہ دامانِ رسول

مغالطات مرزا معروف الہامی بوتل۔ مرزا صاحب کے (۴۴۳) الہام سازی کے طریق۔ قیمت ۲/ دفتر اہلحدیث

فتاویٰ

س ۱۶۹} دیہات والی شرک و بدعت میں مبتلا رہتا ہے۔ زید قبر کی پوجا کرتا ہے۔ اب اگر یوں کہا جائے زید کو کہ تو مشرک جہنمی ہے تو کیا یہ خلاف ہوگا؟ بعض لوگ معترض ہیں کہ یوں نہ کہنا چاہیئے بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ زید مشرک ہے اور مشرک کے لئے جہنم ہے
(عبد الحفیظ منڈا ضلع الہ آباد)

ج ۱۶۹} قبر کی پوجا کرنے والا یقیناً مشرک ہے۔ اس کو سمجھانے کے لئے احسن طریق اختیار کرنا چاہیئے۔ یہ درست ہے کہ اس کو خطاب کرکے چڑانا اچھا نہیں ہے۔ یہ کہنا کافی ہے کہ جو شخص یہ فعل کرے اور اس کا خاتمہ بھی اسی پر ہو وہ مشرک ہے ناقابل معافی ہے۔ واللہ اعلم!

س ۱۷۰} لا الہ الا اللہ کی جو ضرب لگائی جاتی ہے اس کا ثبوت شریعت سے ہے؟
(سائل مذکور)

ج ۱۷۰} ذکر کا یہ طریق مسنون نہیں ہے۔ بعض صوفیاء کا طریقہ ہے۔ اللہ اعلم!

س ۱۷۱} کسی دوست یا عزیز کے لئے کوئی جانور مرغی وغیرہ پہلی دیجے کہ وہ آئیگا تو ذبح کرکے اس کو کھلائیں گے تو کیا یہ حرام ہے۔ حمائل شریف غزنوی کے حاشیہ میں آیت وما اہل کے ماتحت یہ عبارت لکھی ہے اس کا کیا مطلب ہے۔ اگر کوئی شخص جہان کی تعظیم کے لئے ذبح کرے وہ ذبح حرام ہے اور ذابح مشرک [illegible]؟
(سائل مذکور)

ج ۱۷۱} مہمان نوازی کے لئے مرغا ذبح کرنا [illegible] آیا ہے کہ آنحضرت [illegible]

[illegible]

س ۱۷۲} [illegible]
ایک لڑکی [illegible] ہے [illegible] تین [illegible] لڑکی کے [illegible] حصہ [illegible] والد کے ساتھ کاروبار [illegible] ہے [illegible] والد پانچ سال تک والد کی دکان پر اسی طرح [illegible] کرتے رہے۔ اب سوال یہ ہے کہ ان [illegible] کیونکر تقسیم ہوگا۔ والد مورث کے مرنے کے وقت کا ترکہ تقسیم ہوگا یا پانچ سال بعد کی آمدنی ترکہ میں شمار ہوگی۔ تین بچوں کی شادی والد کر گیا۔ باقی کی شادی کا خرچ مشترکہ جائداد سے نکلیگا یا خاص ان کے حصے سے؟
(محمد شفیع از سیالکوٹ)

ج ۱۷۲} والد کے بعد جو ترکہ رہا تھا وہی ان دو لڑکوں کے کاروبار کے لئے سرمایہ تھا۔ اس لئے اس کا نفع بھی ترکہ میں داخل ہوگا اور کام کرنے والے دو لڑکوں کو حق الخدمت کے طور پر حسب دستور اجرت ملے گی یا جو کچھ وہ اپنی ضروریات کے لئے لے چکے ہیں وہی ان کا حق ہوگا۔

بالغوں کی شادی پر جتنا خرچ ہوا ہے اسی انداز سے نابالغوں کی شادی کے لئے خرچ نکالا جائیگا حدیث شریف میں ہے اعدلوا فی اولادکم الحدیث
اللہ اعلم!
(مدیر داخل غریب فنڈ)

س ۱۷۳} سرخ کپڑا پہننا عند الشرع جائز ہے یا نہیں؟ جواب جواز یا عدم جواز کی صورت میں مدلل ہونا چاہیئے۔
(عبد اللہ خان از آگرہ)

ج ۱۷۳} سرخ رنگ کے کپڑے پہننے میں اختلاف ہے۔ کسمبے کا رنگ بالاتفاق ناجائز ہے۔ دوسرے سرخ میں اختلاف ہے۔ اس مسئلہ کی کسی قدر تفصیل سفر السعادت میں ملتی ہے۔ سائل دیکھ سکتا ہے۔ اللہ اعلم!

س ۱۷۴} ایک صاحب [illegible] وقت [illegible]

[illegible]

اور اس وقت میں [illegible] آواز سے درود شریف پڑھ [illegible] بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے [illegible] جائز ہے یا نہیں؟
(مولوی [illegible] ضلع شاہجہان پور)

ج ۱۷۴} [illegible] کے بعد درمیانی آواز سے ذکر کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں ہم بعد نماز تکبیروں کی آواز سن کر خیال کرتی تھیں کہ اب نماز ختم ہوگئی ہے۔

س ۱۷۵} اگر قبر والے بزرگ سے دعا مانگی جائے کہ میرے لئے خدا تعالیٰ سے دعا کرو۔ کیا وہ ہماری دعا قبر کے نزدیک سنتے ہیں یا نہیں؟
(سائل مذکور)

ج ۱۷۵} اہل قبور زندوں کی آوازیں نہیں سنتے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ وما انت بمسمع من فی القبور تو قبر والوں کو سنا نہیں سکتا

س ۱۷۶} ایک صاحب فرماتے ہیں۔ تیجا۔ جمعرات۔ چالیسواں وغیرہ جائز ہے۔ کیونکہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کے رسالہ جواز میں لکھا ہوا ہے۔ کیا واقعی شاہ صاحب نے یہ مسئلہ کسی رسالہ میں اس طرح لکھا ہوا ہے یا نہیں؟
(سائل مذکور)

ج ۱۷۶} مروجہ طریق پر تیجا، چالیسواں وغیرہ کرنا رسوم قبیحہ میں داخل ہے۔ ہمیں معلوم نہیں کہ شاہ رفیع الدین صاحب نے کسی رسالہ میں اس کے متعلق کچھ لکھا ہو۔ اللہ اعلم!

ضروری اطلاع۔ استفتاء بھیجنے والے حضرات کو چاہیئے کہ ہر سوال کے جواب کے لئے کم از کم ایک [illegible] کا ٹکٹ برائے غریب فنڈ بھیجا کریں۔ ورنہ عدم جواب کی شکایت فضول ہوگی۔ "غریب فنڈ" سے نادار اہلحدیث کے نام اخبار اہلحدیث جاری کیا جاتا ہے۔
(مفتی اخبار اہلحدیث)

فتاویٰ نذیریہ۔ [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

متفرقات

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کی برکات دینانگر میں

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کے مخلص کارکن مولوی محمد عمر صاحب ۲۲ مئی سن رواں کو دینانگر پہنچے اور وہاں آپ نے ۱۲۔ جون تک قیام کیا۔ اسی اثنا میں توحید و سنت پر محلہ محلہ وعظیں ہوتی رہیں۔ سامعین بکثرت شامل ہوتے اور محظوظ ہوتے رہے۔ اسی اثنا میں ۱۱۔ جون ۱۹۳۹ء کو شیعہ کی طرف سے ذوالجناح نکالی گئی جو بڑے اہتمام سے نکالی جایا کرتی تھی۔ مگر اس دفعہ مولوی صاحب موصوف کی پُر اثر تقاریر کے اثر سے دلدل کا مجمع بارونق نہ ہو سکا۔ اہل سنت (حنفی اہل حدیث) افراد نے شمولیت نہیں کی۔ یہ تمام جمعیۃ تبلیغ کی برکتیں ہیں۔ خدا بانیان کو جزا دے اور جمعیۃ کی بنیادیں مستحکم کرے۔ آمین! (راقم:۔ یکے از شرکاء مجالس)

(نوٹ) احباب اہل حدیث کا فرض ہے کہ ایسے مفید ادارے کی اعانت میں حتی الوسع دریغ نہ کریں اور اس کے ممبر بن کر خود بھی تبلیغی کاموں میں حصہ لیں (خاکسار:۔ عبد اللہ ثانی ناظم)

رسالہ دینیات مصنفہ سید ابو الاعلیٰ صاحب مودودی لکھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ ضخامت $\frac{18 \times 22}{8}$ سائز کے ۱۴۰ صفحات۔ قیمت ۱۰ / مع محصول ڈاک ۱۲ / ملنے کا پتہ:۔ دفتر رسالہ ترجمان القرآن۔ ملتان روڈ لاہور

اس رسالہ میں مصنف موصوف نے اسلام اور کفر کی حقیقتوں کا مقابلہ کرکے ایمان کی تعریف اور اس کے اقسام۔ نبوت کی حقیقت۔ نبوت محمدیہ کا ثبوت۔ اور ختم نبوت پر دلائل۔ عبادت کی تعریف اور اقسام (نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ) وغیرہ اسلامی عقائد و اعمال کو عالمانہ اور محققانہ انداز میں بیان کیا ہے۔

ضرورت اخبار اہلحدیث خاکسار اخبار اہلحدیث کا بے حد شائق ہے۔ مگر بوجہ تنگدست ہونے کے قیمتاً بالکل نہیں خرید سکتا۔ احباب خیر میں سے کوئی صاحب فی سبیل اللہ میرے نام بجا تجاری کرا دیں۔ راقم:۔ فیض محمد اہل حدیث ولد اسد اللہ شہداد صاحب مرحوم قوم تھو مستری گھوہر متصل ڈاکخانہ ضلع حیدرآباد سندھ

اعلان رنگون میں کسی عطر فروش نے ۲/ برائے پسران خود مجھے دیئے تھے میری نوٹ بک میں پتہ محفوظ نہیں رہا۔ اس نوٹ کو پڑھ کر مجھے وہ صاحب پتہ دیکر روپے واپس منگالیں۔ (خادم:۔ حافظ گوہر دین سابق واعظ اہل حدیث کانفرنس موضع وہک ڈاکخانہ بھاگووال ضلع گورداسپور)

فیصلہ مرزا بنگالی میں فیصلہ مرزا بنگالی زبان کے چند نسخے دفتر میں موجود ہیں۔ بنگالی زبان جاننے والے ۶ پائی محصول ڈاک بھیجکر مفت طلب کرلیں۔ (منیجر)

شکائت و معذرت

معذرت:۔ شائقین رسائل برکات محمدیہ و تبلیغ اہل حدیث حیران و پریشان ہونگے کہ بہت عرصہ سے رسائل شائع نہیں ہوئے۔ لیکن اس کی دو وجہیں ہیں۔ اول یہ کہ دو ماہ اپریل اور مئی عام طور پر جلسوں کی شمولیت کے سبب سفر میں گزرے۔ اب بتقاضائے عمر میرے لئے ضعف کا زمانہ ہے۔ دوسری وجہ یہ کہ اہلحدیث مورخہ ۳۱۔ مارچ ۱۹۳۹ء میں لکھ دیا تھا کہ برکات محمدیہ کے خریدار نئے سال کے لئے ۱۲/ چندہ بھیجدیں۔ اس تحریر کی تعمیل بہت کم لوگوں نے کی۔ اس لئے رسالہ جاری کرنے میں تامل رہا۔

شکائت:۔ بعض احباب متفرق رسالے مثلاً رسائل ثلاثہ یا البلاغ المبین طلب کرتے وقت تحریر کرتے ہیں کہ قیمت کے ٹکٹ مرسل ہیں۔ لیکن ان کی چالاکی یا سہو کی وجہ سے ٹکٹ لفافہ میں سے برآمد نہیں ہوتے۔ ایسے لوگوں کو اگر رسائل مطلوبہ نہ پہنچیں تو وہ سمجھ لیں کہ انکی چالاکی کارگر نہیں ہوئی۔ اور جنہوں نے ٹکٹ بھیجدیئے ہوں وہ ایسا خیال نہ کریں۔ بیماری یا کثرت اشغال کی وجہ سمجھ لیا کریں۔

حالات حاضرہ:۔ اب خدا کے فضل سے عنقریب برکات محمدیہ۔ تبلیغ رسالت اور تبلیغ اہل حدیث کے سلسلہ میں رسالہ انہتر خصائل ایمان۔ حدیث الایمان بضع و ستون شعبۃ کی شرح میں لکھا اور امید ہے کہ اس کے ساتھ ایک اور مفید رسالہ ایمان کو ضیا بخشنے والا شائع ہوگا۔ شائقین انتظار کرنے کی بجائے میرے رسالہ کے واسطے لئے اور میم تبلیغ اہل حدیث کے لئے ۱۲/ بطور پیشگی منی آرڈر ارسال کردیں۔ رسالہ کی کتابت جاری ہے۔ انشاء اللہ طبع ہوجانے پر ان اصحاب کی خدمت میں جن کی قیمت وصول شدہ ہوگی۔ بھیج جائیگا۔ سالانہ خریداروں کو یہ رسالہ ارزاں اور متفرق خریدنے والوں کو گراں پڑیگا۔

۲۔ تفسیر سورہ کہف کی کتابت بھی اوائل ماہ اپریل سے بوجہ مذکورہ بالا بند ہے۔ رسالہ انہتر خصائل ایمان کی کتابت ہوچکنے کے بعد انشاء اللہ تفسیر کی کتابت شروع کردی جائیگی۔

عبدہ:۔ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی۔ ۶ جون

مقدمہ سے بریت میرے خلاف زیر دفعہ ۳۲۳ تعزیرات ہند مقدمہ دائر کیا گیا تھا۔ چار ماہ کے بعد اے۔ ڈی۔ ام صاحب نے مجھ کو باعزت بری کردیا الحمد للہ! ملک عبد العزیز از ملتان۔ (مبارک)

اشاعت فنڈ ڈاکٹر برکت علی صاحب آبلوان سے حافظ محمد شریف صاحب سیالکوٹ عہ

اہل حدیث کانفرنس کے لئے از ڈاکٹر صاحب موصوف ۶/

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب ڈاکٹر صاحب مذکور ۶/

یاد رفتگاں خاکسار کی بھانجی جو نہائت موحدہ خوش اخلاق تھی۔ نوعمری میں ہی پانچ خورد سالہ بچے چھوڑ کر انتقال کرگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (مولوی محمد ایوب از نیلگری)

ایضاً۔ میرا اکلوتا بیٹا محمد یوسف ۲/۱ ۹ سال کی عمر میں بعارضہ تپ انتقال کرگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (محمد زکریا سٹیشن ماسٹر رعیہ خاص ضلع سیالکوٹ)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللّٰھم اغفر لھما وارحمھما

قابل توجہ جماعت اہل حدیث کشمیر خاکسار جملہ اصحاب اہل حدیث ساکنین ریاست کشمیر کی خدمت میں باادب درخواست کرتا ہے کہ جہاں تک جلد ممکن ہو سکے ہم کو اپنی جماعتی تنظیم کی طرف کماحقہ کوشش کرنی چاہئے تاکہ

ملکی مطلع

تبرا ایجی ٹیشن کے متعلق گاندھی جی کی رائے

شیخین کی کرامت

لکھنؤ میں شیعوں نے تبرا ایجی ٹیشن کے ذریعہ جو اودھم مچا رکھا ہے۔ اس کے متعلق اسلامیان ہند کافی واویلا کر چکے ہیں۔ مگر وہ اپنے مزعومہ تعبدی فعل سے باز نہیں آتے۔ باوجود اتنی شورش کے حکومت یوپی اس بارے میں خاموش ہے۔ ہم نے اس پر کافی عرصہ غور کیا کہ یوپی میں جبکہ حکومت کانگرسی ہے (جس کو کسی فرقہ سے خاص تعلق نہیں ہے) پھر اتنی تاخیر کیوں ہو رہی ہے کہ قریباً دس ہزار سے زائد شیعہ جیلخانوں میں چلے گئے ہیں اور ابھی یہ سلسلہ جاری ہے۔ تاہم وزارت یوپی اس پر کوئی توجہ نہیں کرتی۔ آخر سوچتے سوچتے ہمارے دل میں ڈالا گیا کہ اس کی تہ میں گاندھی جی کا وہ اعلان ہے جو کانگرسی وزارت کے قائم ہوتے ہی ہوا تھا۔ انہوں نے کانگرسی وزراء کو ہدایت کی تھی کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی چال پر چلنا۔ جس صورت میں کانگرسی رہنماؤں نے ابتداء ہی میں اعلان کر دیا ہے تو آج وہی لوگ ایسے جاں نثروں کے حق میں تبرا گوئی کی اہانت کیسے سہہ سکتے ہیں۔ اس واقعہ کو ہم نے جب بار بار اور گہری نظر سے دیکھا تو ہمیں شیخین (ابوبکر و عمر) کی کرامت کا یقین ہو گیا۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ عالم الغیب خدا کے علم میں تھا [illegible] حضرت شیخین کے حق میں تبرا [illegible] [illegible] خدائے عالم الغیب [illegible] میں [illegible] اعلان کر دیا کہ [illegible] تبرا شیخین کی

عزت کی حفاظت کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے گویا یہ پیش بندی کی گئی تھی۔

اخبار شیعہ لاہور نے انجمن مدح صحابہ پر تنقید کرتے ہوئے گاندھی جی کے ہاتھ میں دینے کی رضامندی ظاہر کی گئی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اگر یہ رضامندی واقعی فیصلہ کرانے کے لئے ہے تو شیعہ کا ایڈیٹر اور نامہ نگار گاندھی جی کی رائے (جو اوپر مرقوم ہے) کو غور سے پڑھیں اور ہماری گذارش پر توجہ کریں۔ جو بالفاظ شیخ سعدی مرحوم یہ ہے ؎

نام نیکو رفتگاں ضائع مکن
تا بماند نام نیکت برقرار

تبرا ایجی ٹیشن کے متعلق ڈکٹیٹر خاکساران کا جنگی نوٹس

ماسٹر عنایت اللہ خان مشرقی بانی تحریک خاکسار نے اعلان کیا ہے کہ:-

ہمارے نزدیک دونوں فریق باغی ہیں۔ ۳۰ جون تک اگر انہوں نے آپس میں کوئی سمجھوتہ نہ کیا تو ہم خاکسار زبردستی اس کا فیصلہ کر دیں گے۔

یہ نوٹس فریقین کے تین تین شخصوں کے نام ہے جن کے نام نہیں بتائے گئے۔ (الاصلاح ۱۶ جون)

کیا یہ وہی فیصلہ ہے جو پہلے طبقے میں تین سرکردہ اصحاب (عمرو بن عاص، معاویہ اور علی رضی اللہ عنہم) کے حق میں ہوا تھا۔

ہماری دعا ہے کہ یہ فیصلہ اسلام اور اہل اسلام کے حق میں مفید ہو۔

امرتسر دیاوش بخیر

کوئی زمانہ تھا کہ امرتسر کو گروؤں کی نگری سمجھ کر پوتر استھان (پاک مقام) تصور کیا جاتا تھا۔ اب تو یہ حال ہے کہ کوئی ہفتہ خالی نہیں جاتا کہ ایک دو کی کوئی ایک قتل نہ ہوتا ہو۔ گذشتہ ہفتے ایک دن میں کے تین [illegible] کی خبر [illegible] اخبار [illegible] [illegible] [illegible]

حوالے کیا گیا۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ایک ہندو پر حملہ آور ہوا تھا۔ مختصر یہ ہے کہ ایسے [illegible] دونوں قوموں کے وہ بعض لوگ ہیں جو نہ ہندو ہیں نہ مسلمان بلکہ وہ ہندو دھرم اور دین اسلام کو بدنام کرنے والے ہیں۔ جو لوگ ان کی حمایت میں کمر بستہ ہوکر ان کی باہمی لڑائی کو قومی لڑائی قرار دیتے ہیں۔ وہ اصل وہی لوگ قصوروار ہیں۔

پہلے کبھی ہم سنا کرتے تھے کہ پشاور میں آئے دن خون ریزی ہوتی ہے۔ امرتسر کے متعلق اگر ہم اپنی رائے ظاہر کر دیں کہ اس کام میں امرتسر پشاور سے بڑھ گیا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ مختصر یہ ہے کہ امرتسر کی حالت پر یہ شعر چسپاں ہے ؎

ہنگامہ رات دن ہے بپا کوئے یار میں
ایسی بھی فتنہ خیز کوئی سرزمین نہیں

بلدیہ امرتسر

۱۲ جون کو امرتسر میں بھنگیوں نے اپنے حقوق کے سلسلہ میں بلدیہ امرتسر سے اختلاف کی بنا پر ہڑتال کر دی۔ اس کا نتیجہ وہی ہوا جو مولانا حالی مرحوم نے لکھا ہے ؎

ہو میلا جہاں تم ہوں دھوبی اگر سب
چلے جائیں مہتر تو گندے ہوں گھر سب

مگر امرتسر کی بلدیہ اور پولیس کی سعی بلیغ سے یہ مسئلہ جلد رفع دفع ہو گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ بھنگیوں نے بھی وہ ادھم مچایا تھا کہ اس کے نتیجہ میں ان کو جتنی تکلیف ہوتی کم تھی۔ صرف کام ہی نہیں چھوڑا بلکہ افسران بلدیہ اور پولیس پر کیچڑ پھینکا اور گالیاں دیں جس کی پاداش میں ان پر مقدمات چلائے جائیں گے۔ امرتسر کے حکام سے ہماری درخواست ہے کہ [illegible] [illegible] سے کام لیا جائے اور لوگوں کے بہکانے میں آ کر انہوں نے جو کیا ان کو سزا دلوانے کی بجائے معاف کر دینا بہتر ہے۔ [illegible]

[illegible]

ویل للعالم من شر قد اقترب

حدیث شریف میں اس مقولہ کے الفاظ یوں آئے ہیں

ویل للعرب من شر قد اقترب

عرب میں آئندہ جو فتنے برپا ہونے والے تھے آنحضرت صلعم کو کشفی طور پر دکھائے گئے تھے۔ انہیں کی طرف اشارہ کرکے آپ نے فرمایا کہ عرب کے حال پر افسوس ہے اس کے فتنے قریب آ گئے ہیں۔

ہم نے عرب کی بجائے لفظ "عالم" رکھا ہے۔ کیونکہ جس فتنے کا ہمیں اندیشہ ہے وہ عرب سے مخصوص نہیں ہے۔ کیونکہ یہ فتنہ کل عالم یعنی سارے جہان کو اپنی لپیٹ میں لے لیگا۔ ۱۷ جون سے گرم گرم خبریں آ رہی ہیں کہ جاپان اور برطانیہ کا باہمی تعلق خراب ہوتا جا رہا ہے۔ جس کی ظاہری صورت یہ بتائی جاتی ہے کہ جاپان نے برطانیہ کے چینی علاقہ پر سخت پابندیاں لگا دی ہیں۔ جن کو برطانیہ گوارا نہیں کرتا۔ یہاں تک خبر آ چکی ہے جاپانی کمانڈر نے برطانوی افسروں کو اس سلسلہ میں ملاقات کی اجازت نہیں دی۔ جو دراصل حکومت برطانیہ کی توہین ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ جاپانی کمانڈر کا ایسا کرنا اس کی ذاتی رائے سے نہیں ہوگا۔ بلکہ حکومت جاپان کے ایماء سے ہوگا۔ جاپانی اخبارات نے یہاں تک لکھ دیا ہے کہ جاپان برطانیہ کی گیدڑ بھبکیوں سے مرعوب نہیں ہوگا۔

جاپانی حکومت نے یہ ایماء غالباً اپنے حلیفوں (اٹلی اور جرمنی) کے مشورہ سے کیا ہوگا۔ "اہلحدیث" نے کبھی سیاست دانی کا دعویٰ نہیں کیا۔ تاہم اس کے خیال میں آتا ہے کہ جاپانی پارٹی کو یہ حوصلہ غالباً روس کے رویہ سے ہوا ہے جو اس نے برطانیہ کے متعلق اختیار کر رکھا ہے۔ ہم نے گذشتہ پرچہ میں اس بات کی طرف اشارہ کیا تھا کہ یورپ میں امن یا جنگ کا دارومدار روس کی شرکت یا عدم شرکت پر ہے برطانیہ نے جاپان کو تجارتی بائیکاٹ کی دھمکی دی ہے اس کے جواب میں اس نے بھی ایسا ہی کہا ہے اہل سیاست جانتے ہیں کہ ایسی دھمکیاں نتیجہ ہوتی ہیں۔ جن کا نتیجہ وہی ہوتا ہے جو اہل عرب میں مشہور ہے کہ "آخر الحیل السیف" (مشکلات کے سلجھانے کا آخری حیلہ تلوار ہے۔)

خبروں کی نوعیت مگر یہی ہے جو ایک دو دن سے ہے تو شاید اس ہفتے کا اہلحدیث ناظرین کے ہاتھوں میں پہنچنے تک جنگ شروع ہو جائے۔ ہم اہل حکومت برطانیہ کی طرف سے جاپان کو شیخ سعدی مرحوم کے الفاظ میں متنبہ کرتے ہیں ؎

اگر صلح خواہی نہ خواہیم جنگ
اگر جنگ خواہی نہ باشد درنگ

میڈیکل سکول امرتسر میں مخلوط تعلیم

کے متعلق انتظامات

۱۹۳۲ء میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ میں زنانہ ڈاکٹروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کے لئے میڈیکل سکول امرتسر میں مخلوط تعلیم رائج کی جائے۔ دراصل یہ تجربہ کے طور پر شروع کی گئی تھی۔ لیکن طالبات کی طرف سے اس کا بہت زیادہ خیر مقدم کیا گیا۔ چنانچہ شروع میں داخلہ کے لئے ان کی تعداد ۱۰ مقرر کی گئی تھی۔ جسے بعد ازاں ۱۵ تک بڑھا دیا گیا۔ گذشتہ سال آنریبل وزیر تعلیم سکول کے معائنے کے بعد انتظامات سے اس حد تک متاثر ہوئے کہ آپ نے حکم صادر فرمایا کہ داخلہ کے لئے طالبات کی تعداد ۲۵ مقرر کر دی جائے یہ امر موجب مسرت ہے کہ اس وقت سکول مذکورہ میں ۷۹ طالبات تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ جن میں سے ۳۹ ہندو۔ ۱۹ مسلمان، ۱۷ سکھ اور ایک عیسائی ہے۔

طالبات کے قیام کو زیادہ آرام دہ بنانے کیلئے حکام انتظامیہ نے ان کے لئے ایک پرائیویٹ ہوسٹل کھول دیا۔ جو کو اپریٹو اصولوں پر چلایا جا رہا ہے۔ ایک یورپین خاتون کی زیر نگرانی پردہ کے متعلق انتظامات کئے گئے ہیں۔ یہ ہوسٹل لیکچرار اور ڈیمانسٹریٹرز پر مشتمل ایک کمیٹی کے زیر انتظام [illegible] طریق پر کام کر رہا ہے۔

طالبات کو سہولتیں بہم پہنچانے کے سلسلہ میں ایک اور خصوصیت [illegible] مستحق امیدواروں کو وظیفے دئیے جاتے ہیں ان کی [illegible] فیس معاف کر دی جاتی ہے وظیفے مندرجہ ذیل [illegible] سے حاصل کئے جاتے ہیں

۱- کاونٹس آف ڈفرن فنڈ۔
۲- ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب
۳- سرگنگارام ٹرسٹ سوسائٹی لاہور۔
۴- سر میلکم ہیلی میموریل سرپلس ٹرسٹ فنڈ۔
۵- مختلف مقامی جماعتیں۔

(لاہور ۱۵ جون ۱۹۳۹ء۔ محکمہ اطلاعات پنجاب)

اخبار الجمعیۃ سے دو ہزار روپیہ کی ضمانت

اخبار الجمعیۃ ہندوستان کی ایک بہت بڑی مذہبی جماعت کے ادارے کی آواز ہے۔ اس کا دوبارہ اجرا اور اس کا احیاء اس پر موقوف ہے کہ اس کے پاس کم از کم پانچ ہزار روپیہ ہوں۔ اخبار الجمعیۃ جس جماعت کا آرگن ہے اس جماعت کے افراد اگر اپنے اثر ورسوخ کو کام میں لائیں تو اس رقم کا چند دن میں جمع ہو جانا کوئی بڑی بات نہیں۔ اور مجھے امید ہے کہ مسلمانوں نے جس طرح نازک سے نازک دور میں جمعیۃ علماء کو زندہ رکھنے کی کوشش کی ہے اس موقع پر بھی وہ اپنی دریا دلی کا ثبوت دیکر مذہبی جماعت کے واحد آرگن کو زندہ رکھنے کی کوشش کریں گے۔

(فقیر احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ گلی قاسم جان دہلی)

مسلمانوں کا دور جدید اور ہندوستان کا مستقبل

یہ مفکر و متعارف سکالر [illegible] آف اسلام کا اردو ترجمہ۔ یعنی صدی سابقہ و حال کی اسلامی جد وجہد کا اصلی فوٹو۔ مشرقی قریب میں مغربی سیاست۔ بعد از جنگ کی مفصل روئداد۔ ہندوستان کے سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی تغیرات کی [illegible] ان سب کی بنا پر آئندہ [illegible] امکانات کا [illegible] قیمت مجلد [illegible] ملنے کا پتہ [illegible]

(۴۴۴) [illegible]

ahmadimuslim.de

کیا آپ نے ابھی تک جیبی حکیم نہیں دیکھا؟

جیبی حکیم ایک ایسی مختصر گر جامع طبی کتاب ہے جو سرسے پاؤں تک کے تمام امراض پر حاوی ہے اور جس میں جملہ امراض کے اسباب، ان کی علامات اور تشخیص پر نہایت شرح وبسط سے روشنی ڈالی گئی ہے اور پانچسو عنوانات کے ماتحت ہر بیماری کے مجرب سے مجرب یونانی اور ڈاکٹری نسخے لکھے گئے ہیں۔ جو یقیناً آپ کو کہیں اور نہ ملیں گے۔

جیبی حکیم ہی ایک ایسی کتاب ہے جس میں ایک ہزار سے زائد یونانی اور ڈاکٹری نسخے درج ہیں، تاکہ اگر آپ دیسی علاج کرنا چاہیں یا ڈاکٹری سے مستفید ہونا چاہیں تو ایک ہی کتاب سے دو نو فائدے حاصل کر سکیں۔ ملک کے مشہور طبیبوں کا تجربہ کار لوگوں کا یہ بیان ہے کہ ہر لکھے پڑھے گھر میں اس کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ جیبی حکیم کا ایک ایک نسخہ یقیناً سو سو روپے کا ہے جو سالہا سال کے تجربہ کے بعد درج کیا گیا ہے۔

جیبی حکیم ہی ایک ایسی کتاب ہے جو دیہات اور قصبات میں رہنے والوں کے لئے مستقل حکیم اور ڈاکٹر کا کام دیتی ہے اور ہر آدمی خواہ اس کے مطالعہ سے اچھا خاصہ حکیم بن سکتا ہے۔ خصوصاً ائمہ مساجد، مدرسین کے لئے تو از حد مفید ہے۔ ان تمام لکھے پڑھے لوگوں کو جنہیں عوام سے سابقہ پڑتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔ جیبی حکیم کیا ہے گویا دریا کو نہ میں بند کر دیا گیا ہے۔ جو آپ کے لئے یقیناً ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

لکھائی چھپائی اعلیٰ۔ قیمت مجلد مطلا عہ۔ محصول ڈاک ۶؍

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث و خریداران اہلحدیث۔

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے......کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جانے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۸؍ آدھ پاؤ ۳ پاؤ بھر ۲ مع محصول ڈاک مالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک ۱۲ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب عبد الرزاق و کہن صاحبان ٹانڈہ دھونرو۔ ہم نے کئی بار مومیائی مختلف پتہ سے منگائی ہے مفید ثابت ہوئی۔ ہمراہ مہربانی کرکے پاؤ بھر مومیائی عبد العزیز عبد الرحیم صاحبان کے نام جلد ارسال فرمائیں۔ (۱۰ مئی ۱۹۳۹ء)

جناب مولوی ابو الوفا ثناء اللہ صاحب مد رپہی قبل ازیں مومیائی کئی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں بفضل ایزدی مجرب ہے اور فائدہ ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مومیائی ایک نعمت غیر مترقبہ ہے بہت ہی خوش نصیب وہ شخص ہے جس نے استعمال کی۔ [illegible]

[illegible] حکیم محمد مسعود خان

[illegible]

مفت

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب مفت۔ محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیے۔

(منگوانے کا پتہ)

منیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ محمد مسعود طبی فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد

ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:۔ مولانا عبد [illegible] صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

[illegible]

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی

فلیویا امساک [illegible]

[illegible] گورنمنٹ انڈیا [illegible] ان قضائے حاجت ...... کے بغیر نہیں رہ سکتی۔ [illegible] پانچ منٹ پہلے کھائیے۔ ناقابل برداشت طاقت [illegible]

[illegible] ۳۶ گولیاں [illegible]

[illegible] فلیویا کیمیکل ورکس [illegible] پنجاب

ہندوستانی جڑی بوٹیوں پر ایک ضخیم کتاب چھپ کر آ گئی

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

(مؤلفہ عالیجناب حکیم مولوی محمد عبداللہ صاحب ...)

بے شمار جڑی بوٹیاں۔ جن کو ہم اپنی لاعلمی کی وجہ سے روزانہ پاؤں تلے روندتے پھرتے ہیں۔ وہ حقیقت واقعات فوائد کو اپنے اندر پنہاں رکھتی ہیں۔ جن کو فیاض حقیقی نے بے شمار انعامات سے مالا مال کیا ہوا ہے وہ انعامات جن کے دو چار کے علم ہو جانے سے سنیاسی لوگوں کی دنیا میں دھاک بندھی ہوئی ہے۔ جن کو وہ اپنے سینوں کی طرح پوشیدہ رکھتے ہیں۔ جن کو وہ سالہا سال کی خدمتوں کے بعد بھی بتانا نہیں چاہتے۔ اس قسم کے صدہا راز اس کتاب میں مفصل لکھے گئے ہیں۔

ہر ایک بوٹی کے وہی خواص بیان کئے گئے ہیں جو کہ تجربہ پر مثل اکسیر ثابت ہو چکے ہیں۔ علاوہ ازیں ہر ایک بوٹی سے بننے والے کشتہ جات کی بھی صحیح ترکیبیں صاف صاف لکھ دی گئی ہیں۔ طرز تحریر اس قدر شستہ اور عام فہم ہے کہ گویا استاد اپنے شاگردوں کو مہربان ہو کر اپنی زبان سے نسخہ جات بتا رہا ہے۔

بوٹی کا حلیہ، نام، مقام پیدائش لکھنے کے علاوہ تمام تصاویر فوٹو بلاک سے طبع کرائی گئی ہیں جس پر گو روپیہ تو پانی کی طرح بہایا گیا ہے مگر اس کی پتی اور پھول وغیرہ اس کی حالت اصلی میں نظر آ رہے ہیں قیمت تین روپے (سے) علاوہ محصول ڈاک۔ اسکے حصول کیلئے آج ہی لکھیں ورنہ اشاعت ثانی کا انتظار کرنا پڑے گا۔

انقلاب افغانستان

کا صحیح سبب دریافت کرنا ہو تو آپ تازہ تصنیف

"زوال غازی"

ملاحظہ فرمائیں۔ اس میں سابق شاہ افغانستان امان اللہ خان کے تمام حالات درج ہیں سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات، ملک کے سوشل اور آئینی اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک ... شروع کر کے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے جس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ ... ضخامت ... صفحات۔ اصل قیمت ... روپے۔ رعایتی قیمت ... کتابت طباعت اور کاغذ عمدہ۔

ہندوستان کی غربت کو دور کرنیوالی کتاب

گنجینہ روزگار

اس کتاب میں ایسی آسان دستکاریاں اور مالا مال کر دینے والے ہنر درج ہیں۔ جن کو دیکھ کر کم از کم ایک سو روپے ماہوار بخوبی کما سکتے ہیں۔ لطف یہ کہ نہ بڑے سامان کی ضرورت ہے اور نہ سرمایہ کی فکر۔ ان کا سمجھنا اور عمل کرنا اس قدر آسان ہے کہ معمولی لیاقت کا شخص بھی بغیر استاد کی مدد کے کئی قسم کے ہنر خود بخود سیکھ سکتا ہے۔ چونکہ تمام ہنر پہلے مصنف نے پہلے خود تجربہ کر کے درج کئے ہیں۔ انہوں نے سب اس خوبی سے بیان کئے ہیں کہ جس دستکاری کو پڑھو گے اس کے متعلق مزید تحقیقات کی ضرورت نہ رہے گی۔ بڑی ہی مفید کتاب ہے۔ قابل دید ہے قیمت ۱۲؍

مندرجہ بالا کتب منگوانے کا پتہ

مینجر دفتر اہلحدیث امرتسر

تقویۃ الایمان

مصنفہ حضرت مولانا اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ دہلوی۔ مع تذکرۃ الاخوان ... الابرار و رسالہ راہ سنت ... وخط مولانا شہید و فتویٰ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی مرحوم۔ قیمت ۸؍

صراط مستقیم

یہ کتاب مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ نے علم تصوف کے بیان میں بزبان فارسی لکھی تھی۔ جس کا ترجمہ اب اردو میں کر دیا گیا ہے کتاب کی خوبی مولانا کے نام سے ظاہر ہے۔ قیمت ۱۰؍

فتاویٰ نذیریہ

حضرت میاں صاحب مولانا سید نذیر حسین دہلوی کی تمام عمر کے ہر قسم کے فتاویٰ کا مجموعہ دو ضخیم جلدوں میں۔ ہر سوال کا جواب قرآن و حدیث کے مطابق ہے۔ قیمت بجائے پانچ روپے کے تین روپے۔

سجدہ تعظیم

اس رسالہ میں قرآن و حدیث کی روشنی سے واضح کر دیا ہے کہ سجدہ تعظیم غیر اللہ کے واسطے ہرگز جائز نہیں۔ ۶؍

الارشاد الیٰ سبیل الرشاد

مصنفہ مولانا ابو یحییٰ محمد صاحب شاہجہانپوری مرحوم۔ موضوع تقلید و اجتہاد پر ایک بے مثل اور بے نظیر کتاب ہے جس کے مطالعہ کے بعد دوسری کسی کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ تقلید پرستوں کی تردید میں بینظیر ہے۔ قیمت ۸؍

الآثار المتبوعہ لرد الاعلام المرفوعہ

مؤلفہ مولانا محمد عبداللہ صاحب ... اہل حدیث کا مذہب ہے ... اگر کوئی شخص ... تو وہ ... اس رسالہ میں ... کے تمام دلائل کا قلع قمع کر کے ثابت کر دیا ہے کہ ... قیمت ۸؍

الاربعینات فی ... الصلوٰۃ

مصنفہ مولوی ... صاحب ... قرآن ... دیگر ... مسائل متعلق ... قیمت ۸؍

ahmadimuslim.de

طبی جواہرات کوڑیوں کے مول

مجربات جیلانی عہ	کلید حکمت عہ	نشاط زندگی عہ	طبی فارماکوپیا ۱۲ر	کنز المجربات [illegible]	کنز المرکبات عہ
کنز المفردات ۸ر	صحیفہ رحمت ۸ر	طبی چٹکلے ۸ر	جڑی بوٹیاں [illegible]	دیہاتی حکیم ۱۲ر	پاکٹ ڈاکٹر ۸ر
گنجینہ روزگار ۸	علاج الغرباء ۱ر	پیٹنٹ ادویات [illegible]	مسیحائی گوہر طب [illegible]	خواص بادام ۴ر	خواص پیاز [illegible]
خواص نمک ۲ر	خواص گھیکوار ۹ر	خواص پھٹکڑی [illegible]	خواص برگد ۴ر	خواص پیپل ۴ر	خواص آک عہ
خواص انار ۴ر	خواص ریٹھا ۶ر	خواص [illegible] ۸ر	خواص کیکر ۴ر	خواص نیم ۶ر	خواص [illegible] ۶ر
خواص دودھ ۸ر	خواص [illegible] ۴ر	خواص تربوز [illegible]	خواص لہسن ۴ر	خواص دھتورا [illegible]	خواص ارنڈ [illegible]
خواص لیموں ۸ر	خواص اندرائن [illegible]	خواص گاجر [illegible]	خواص مولی ۵ر	خواص ہلدی ۳ر	[illegible]ص مرچ [illegible]
خواص کشنیز ۳ر	[illegible]اص مہندی [illegible]	خواص کوڑی ۶ر	خواص سیب ۳ر	خواص انگور ۵ر	[illegible]ص سنگترہ ۳ر

کتب عملیات　　کتب لغت و صرف نحو وغیرہ

شفاء العلیل ۸ر	کتاب التعویذات ۶ر	کافیہ (عربی) [illegible]	شافیہ (عربی) عہ	ادب العرب ۴ر	کتاب الصرف [illegible]
حکمت افلاطون ۶ر	اعمال قرآنی ۸ر	کتاب النحو ۸ر	عربی بول چال ۱۲ر	فارسی بول چال [illegible]	نجوم الفرقان [illegible]
قرآن کے عملیات ۸ر	[illegible]	نجوم الفرقان [illegible]	فیروز اللغات [illegible]	کریم اللغات ۸ر	[illegible]
[illegible]	حزب البحر ۴ر	عمدہ لغات ترجمہ [illegible]	جمال القرآن ۳ر	تیسیر المنطق ۳ر	نحو المیر (عربی) [illegible]
	حزب المقبول ۱۲ر	[illegible]	کتاب النحو جدید ۸ر	کتاب الصرف جدید [illegible]	رموز الاجداد [illegible]
	[illegible] قیمت ۸ر	[illegible]	[illegible]	جدید انگلش ٹیچر [illegible]	[illegible]

ملنے کا پتہ — منیجر اہلحدیث امرتسر [illegible]

(۴۶۹)

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی
DELHI

مرقاۃ القرآن
یعنی عربی کی پہلی کتاب مؤلفہ مولوی محمد عبد اللہ

صاحب ایم۔ اے۔ ایلوری ۔ عربی زبان سیکھنے کے لئے فاضل مؤلف نے کتاب ہذا چالیس سبقوں میں مرتب کی ہے۔ ہر سبق کے تمام فقرات صرف قرآن شریف سے ہی لئے گئے ہیں۔ کتاب ہذا پڑھنے کے بعد مبتدی قرآن مجید کا ترجمہ بھی بخوبی پڑھ سکتا ہے۔ قیمت ۶ر

کلید مرقاۃ القرآن
یہ مرقاۃ القرآن کا خلاصہ ہے۔ جس سے طالب علم کچھ مدد لے سکتی ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے کسی خاص استاد کی ضرورت نہیں۔ قیمت ۴ر

معلم خوشنویسی۔ فن خوشخطی کے متعلق۔ قیمت ۴ر

مفتاح القرآن
قرآن مجید کی آیات و الفاظ کی تلاش کے لئے

بہت وقت ہوا کرتی تھی چنانچہ اسی تکلیف کے حل کے لئے مفتاح القرآن بے نظیر کتاب ہے۔ اس میں ہر ایک لفظ قرآن مجید میں جن جن آیات میں آیا ہے بحوالہ سیپارہ و رکوع مندرج ہے جو بہت آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ قرآن مجید کے عام شائقین، مناظروں اور مبلغوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ قیمت ۶ر

المرقات فی احکام الصلوٰۃ
نماز کے تمام مسائل و معانی مع ترجمہ

تحریر کی گئی ہیں۔ اصل قیمت ۶ر۔ معانی ۴ر

کشف الملہم
یعنی مقدمہ صحیح مسلم کا اُردو ترجمہ۔ جو مُدرس خواں ناظرین کے لئے

بے حد مفید اور دلچسپ ہے۔ قیمت ۸ر

تحقیق جلیل
ترجمہ اسرار التنزیل۔ مصنفہ امام فخر الدین رازیؒ۔ کتاب ہذا

میں تین مقالے ہیں۔ پہلے مقالہ میں فضیلت علم۔ توریت زبور، انجیل، قرآن مجید، حدیث شریف اور عقلی و نقلی دلائل سے ثابت کی ہے۔ دوسرے مقالہ میں خدا تعالیٰ کی ہستی کے بارہ مختلف دلائل دے کر اس کا ہر حق ہونا ثابت کیا ہے۔ تیسرے مقالہ میں انسان کی پیدائش کی حکمتیں۔ ہر ہر اعضاء کی پیدائش و فوائد پر مفصل دلائل دیئے ہیں۔ قیمت ۹ر

ثنائی برقی پریس امرتسر
میں

اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ، رنگ دار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت کرنے کا پتہ:-

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

تفسیر بالرائے
(مصنفہ مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب امرتسری)

اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی۔ کیونکہ اُردو میں کئی ایک ایسی تفسیریں شائع ہوئی ہیں۔ جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں مثلاً بیان للناس امرتسری۔ بیان القرآن لاہوری، چکڑالوی، مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲ر۔ محصول ڈاک ۲ر

منگوانے کا پتہ:- دفتر اہلحدیث امرتسر

رحمۃ للعالمین۔ رسول کریم کی سیرت طیبہ۔ جلد اول ۶۔ جلد دوم ۱۲ر۔ جلد سوم ۱۲ر۔

تفسیر واضح البیان
اُردو۔ مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی

یعنی کہ تو سورۃ فاتحہ کی تفسیر ہے [illegible] تمام تفسیر کا [illegible] ... کاغذ لکھائی چھپائی اعلیٰ۔ قیمت [illegible]

پتہ ملنے کا:- منیجر دفتر [illegible]

بہار شباب
یہ کتاب دہلی کے شاہی خاندان حکیم اجمل خان زمان حضرت مسیح الملک [illegible] صاحب کی تصنیف ضیاء الابصار کا ترجمہ ہے۔ بازاری کتابیں جو عام مصنف ادھر ادھر کی لایعنی باتیں جو ذکر کرتے ہیں اس کے سامنے ہیچ ہیں کیونکہ یہ ایک ماہر فن طب کی تصنیف ہے۔ جس میں ان کی تجربات اور طبی اصول بیان کئے گئے ہیں۔ جن پر عمل پیرا ہونے سے صحت ہمیشہ درست، اولاد خوبصورت اور مضبوط پیدا ہوتی ہے۔ مقوی ادویات کے نسخے جو حکیم صاحب ممدوح کے خاندان میں سینہ بسینہ چلے آتے تھے اور جن کی بدولت تمام ہندوستانی دواخانے [illegible] ... کیا ہے۔ حکیم صاحب ممدوح نے اس کتاب میں [illegible] ... قیمت [illegible]

[illegible] بازار [illegible]

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

نمبر ۳۵

اہلحدیث

اخبار امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کٹرہ بھائی

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عـــــہ
روساء و جاگیرداروں سے " ــــــے
عام خریداران سے " ــــہ
ششماہی ــــــ
ممالک غیر سے سالانہ ــــ شلنگ
فی پرچہ - - - - - ۲ر

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۱۱ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۸ھ مطابق ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

(۴۷۱)

فہرست مضامین

نظم (حق ہے یہی خلیفۂ حق چار یار ہیں) صـ۱
انتخاب الاخبار - - - - - صـ۲
خاکساری تحریک صـ۳ - مرزا صاحب کا اعجاز صـ۳
کیا مرزا صاحب عام علماء کی طرح تھے؟ - صـ۴
اہل حدیث کانفرنس کے استحکام کے متعلق میری تائید صـ۶
کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین - صـ۶
بہرائچ کے عرس سالار غازی میں کیا دیکھا۔ صـ۷
قابل توجہ اہل قلم حضرات - - - صـ۸
ایک مسیحی دوست کے نام کھلی چٹھی - - صـ۹
شکوۂ اسلام (نظم) صـ۱۱ تعیین مصر میں اختلاف صـ۱۱
آفتاب کے طلوع و غروب کا حساب - صـ۱۲
[illegible] - متفرقات - - صـ۱۴
[illegible] - اشتہارات - صـ۱۹-۲۰

حق ہے یہی خلیفۂ حق چار یار ہیں

(از محمد یٰسین صاحب شمشاد محمدی اطوی مدرسہ فیض عام مئو اعظم گڈھ)

مدح خواں جس کا ہے اللہ خیر امۃ ہے سدا
تم ہو بو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ چار یار

کاکل صدیقؓ سے کیونکر نہ شرمائے ذکاء
آپ ہی پر شمعِ ایماں جب ہوا پہلے نثار

کیوں نہ ہوں صدیقؓ پر اسلام کے شیدا فدا
امت احمدؐ کی رب نے جسکو دیدی تھی مہار

مست ہیں صہبائے مدحت سے حنادل لالتنا
شوق قربانی کو اکب میں ہے دیکھو آشکار

ہم تھے غافل راح مینائے ثنائے چار یار
محفل رندان میں لاکر رکھ دیا ساغر شرار

[illegible] — دین کتاب میں بھی آسان دستکاریاں اور سالانہ ال کی بیٹے ... ہر ... یہ ... ہو کر ہر شخص گھر میں ... [illegible]

انتخاب الاخبار

(ہفتہ ۲۶ جون ۱۹۳۹ء)

—— امرتسر شہر میں ۲۳ جون کو صبح اور ۲۵ جون کی صبح کو بارش ہوئی۔

—— بلدیہ امرتسر کی رپورٹ مظہر ہے کہ ۱۸ تا ۲۳ جون شہر امرتسر میں ۱۴۹ بچے پیدا ہوئے اور ۱۵۵ اموات ہوئیں۔

—— حسب قواعد بلدیہ موجودہ پریزیڈنٹ صاحب بلدیہ امرتسر کے بعد آئندہ سکھ ممبروں میں سے صدر منتخب ہونا تھا۔ چنانچہ سردار رام سنگھ نام گرد ھیا کانگرسی کثرت آراء سے آئندہ ایک سال کے لئے سکھ پریزیڈنٹ منتخب ہوئے ہیں۔

—— حکومت پنجاب نے ایک سال کے لئے قانون تحفظ والیان ریاست کی دفعہ ۴ تا ۷ نافذ کر کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو خاص اختیارات تفویض کر دیئے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ والیان ریاست کے خلاف کسی قسم کی شورش وغیرہ نہ کی جائے۔

—— حیدر آباد دکن میں جماعت خاکساراں کو خلاف قانون قرار دیا گیا ہے۔

—— ریاست بہاولپور میں جو شورش ہوئی تھی وہ ختم ہو گئی ہے۔ نواب صاحب بہاولپور نے تمام گرفتار شدگان کی رہائی کے احکام جاری کر دیئے ہیں برطرف شدہ ملازموں کو معافی مانگنے پر دوبارہ ملازمت پر بحال کر دیا جائیگا۔ جماعت حزب اللہ کو خلاف قانون قرار دیدیا گیا ہے۔

—— شیعوں کی طرف سے تبرا ایجی ٹیشن بدستور جاری ہے۔

—— گورنر پنجاب نے اعلان کیا ہے۔ شہر لاہور کی حدود میں ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۸۸ کے ماتحت ارتکاب جرم قابل دست اندازی پولیس ہوگا۔ یہ حکم کسان سول نافرمانی کے سلسلہ میں صادر کیا گیا ہے۔

—— گورنر صوبہ اڑیسہ نے قانون ساہوکاران کی منظوری دیدی ہے۔

—— سی پی گورنمنٹ نے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو خاص اختیارات دیئے ہیں کہ اگر کوئی فرقہ پرست لوگوں کو اشتعال دیتا ہوا پایا جائے تو اس پر فوراً مقدمہ چلایا جائے۔

—— ایسٹ انڈیا ریلوے نے لائن کے حادثات کے سدباب کے لئے ایڈیشنل پولیس بھرتی کی ہے۔

—— حکومت عدن نے شراب نوشی کی قطعاً ممانعت کر دی ہے۔ اس کی خلاف ورزی کرنیوالے کو آٹھ ماہ قید سخت یا ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا دی ہے۔

—— ترکی اور فرانس کے مابین ایک اہم معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے اسکندرونہ حکومت ترکی کو واپس کر دیا گیا ہے۔

—— ماسکو سے ایک اعلان شائع ہوا ہے کہ روس اور چین کے درمیان تجارتی معاہدہ طے ہوا ہے۔

ناظرین مطلع رہیں

اخبار ہذا کے صفحہ ۱۴ پر

حساب دوستاں

شائع کیا جاتا ہے۔ اس کو ایک بار ضرور ملاحظہ کرلیں

حافظ آباد کے جلسہ مورخہ ۱-۲ جولائی کا داعی میں نہیں ہوں۔ (نذیر احمد از حافظ آباد)

ہم دونوں کے نام لکھے ہیں مگر ہم مدعو نہیں۔

ابوالوفاء - عبداللہ معمار

—— جاپانی حکومت نے برطانوی قونصل جنرل مقیم تین سین کے روبرو اپنے مطالبات پیش کر دیئے ہیں مثلاً برطانوی علاقہ کے دہشت انگیزوں اور کمیونسٹوں کو جلد سے جلد جاپان کے حوالے کر دے۔ جاپان کی کرنسی پالیسی سے برطانیہ تعاون کرے۔ برطانوی علاقہ میں جو چینی بنک ہیں جاپانیوں کو ان کی تلاشی لینے کا اختیار ہو۔ جاپانی حکومت کے خلاف تمام سرگرمیاں فوراً بند کر دے وغیرہ وغیرہ۔

—— حکومت ترکیہ نے گندم۔ جو اور مکی وغیرہ اجناس کی برآمد بالکل قانوناً ممنوع قرار دیدی ہے۔

مختصر رپورٹ

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۱۸۷۴ء سے قائم ہے۔ اس کی سالانہ رپورٹ سے واضح ہوتا ہے کہ ۱۹۳۸ء میں اس کمپنی نے اپنے کام میں تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپیہ کا اضافہ کیا ہے۔ کمپنی اپنا کام نہایت دیانت داری، محنت اور جانفشانی سے کر رہی ہے۔ اس کے سرمایہ کا معتد بہ حصہ گورنمنٹ سیکورٹیز کی صورت میں محفوظ ہے۔ سال زیر تبصرہ میں تقریباً چوبیس کروڑ روپیہ کا کاروبار کیا۔ کلیمز کی ادائیگی بھی نہایت معقول طریق پر کی۔ غرضیکہ یہ کمپنی ہر پہلو سے مفید ہے۔ مزید معلومات کے لئے ہیڈ آفس بمبئی یا مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں:-

سردار دولت سنگھ صاحب بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس آفس۔ نیشنل بنک بلڈنگ ہال بازار امرتسر (پنجاب)

تلاش گم شدہ

میرا لڑکا بنام حافظ محمد سعید مسجد قدس امرتسر سے بغیر اجازت کہیں چلا گیا ہے۔ اگر کسی صاحب کو معلوم ہو تو برائے مہربانی بذریعہ ڈاک مجھے پتہ دے یا اس کو میرے پاس لے آئے۔ کرایہ وغیرہ جو خرچ ہوگا دیدیا جائیگا۔ حلیہ مندرجہ ذیل ہے قد لمبا۔ رنگ گورا۔ پیشانی پر پھوڑے کا نشان۔

نوٹ:- اجنالہ سے تین میل کے فاصلہ پر مغرب کی طرف کمیر پور ہے۔

(مولوی خدا بخش کمیر پور۔ ڈاکخانہ اجنالہ ضلع امرتسر)

جمعیتہ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کے لئے از مولانا حاجی یونس خان صاحب ملک پور عگر۔

غریب فنڈ میں از فتوی فنڈ ۵ر

—— حکومت اٹلی نے جنرل فرینکو کی تجویز پر سپین میں اسلحہ سازی کا ایک زبردست کارخانہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کا انتظام جرمن فرم کے سپرد ہوگا۔

—— جنرل فرینکو نے فریق مخالف کے دس لاکھ اشخاص کو اس وقت جیل خانہ میں بند کر رکھا ہے ان میں اکثر بلا مقدمہ محبوس ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۱۔ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک

یہ تحریک عرصہ سے جاری ہے۔ مگر ہم نے اس پر کبھی خاص توجہ نہ کی۔ حالانکہ اسلامیان ہند میں اس کی وجہ سے ایک حرکت پیدا ہو چکی ہے۔ ہماری خاموشی اس وجہ سے تھی کہ ہم کو بانیٔ تحریک سے یہ معلوم ہوا تھا کہ میرے کتابی خیالات و مقالات اس تحریک سے بالکل الگ ہیں، یہ تحریک صرف فوجی تحریک ہے دگر ہیچ۔ اس لئے ہم نے یہ کہہ کر خاموشی اختیار کر لی کہ یہ تحریک بانی کے کتابی خیالات سے الگ کر کے ایک قسم کی ورزش (کبڈی) ہے دگر ہیچ۔ مگر اب بانی تحریک نے ترقی کر کے اپنے چہرہ سے پردہ اٹھا دیا ہے۔ اس لئے احباب کرام کے توجہ دلانے سے ہم متوجہ ہوئے ہیں۔ امید ہے کہ یہ توجہ گذشتہ خاموشی کی تلافی کر دیگی۔ انشاء اللہ

تعارف بانی تحریک خاکساراں ماسٹر عنایت اللہ صاحب کو میں اس وقت سے جانتا ہوں جس وقت سے انہیں کوئی نہ جانتا ہوگا۔ عام ناظرین کے افادہ کے لئے واقعات پیش کرتا ہوں۔

بانی مذکور کے والد منشی عطا محمد مرحوم بٹالہ کے زرگر خاندان سے تھے لڑکپن ہی میں امرت سر آئے یہاں ہی پڑھے نوکر ہوئے۔ کلرک آف دی کورٹ تک پہنچ کر پنشنر ہوئے۔ منشی صاحب موصوف کو مجھ سے بہت اخلاص ہو گیا تھا۔ اسی بنا پر ایک دفعہ تشریف لائے فرمایا عنایت اللہ (بانی تحریک خاکساراں) نے ولائت سے دیوان حسانؓ طلب کیا (جو امرتسر لاہور وغیرہ میں نہیں ملتا تھا) آپ کے پاس ہو تو مستعار عنایت کیجئے۔ میں نے مراسم کے لحاظ سے یہ درخواست معمولی جان کر کتاب دیدی جو بعد استعمال انہوں نے واپس کر دی۔ ماسٹر عنایت اللہ صاحب ولائت اور مصر میں گئے تھے۔ ولائت اور مصر چونکہ ہندوستان کی نسبت مغرب میں ہیں اور ہندوستان مشرق میں۔ اس لئے آپ نے ان ممالک میں اپنے نام کے ساتھ "مشرقی" کا اضافہ کیا۔ آپ کے والد عقیدہ سر سید احمد خان علیگڈھی مرحوم کے معتقد ہونے کی وجہ سے حدیث کی حجت شرعیہ سے منکر تھے۔ اسی بنا پر آپ نے مرزا صاحب قادیانی کو ایک خط لکھا تھا کہ صرف قرآن شریف سے اپنی مسیحیت موعودہ کا ثبوت مجھے بتائیے۔ جسکے جواب میں مرزا صاحب نے کتاب "شہادۃ القرآن" لکھی۔ بانی تحریک (ماسٹر عنایت اللہ صاحب) بھی پدری اثر سے متاثر ہونے کی وجہ سے حدیث نبوی کو حجت شرعیہ بلکہ تفسیر بھی نہیں مانتے۔ چنانچہ آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

"حدیث کے شیدائی اس قرآن کی کسی ایک آیت کو صحاح ستہ سے بے نیاز نہیں سمجھتے مگر اس کا اپنا فیصلہ ان لیس کمثلہ اور احکمت آیاتہ کا ہے (؟) اور تبیانا لکل شیء (؟) اور اس کے ایک شیدائی (حضرت عمرؓ) کا فیصلہ حسبنا کتاب اللہ ہے اس کو لغت کا محتاج سمجھتے ہیں مگر سمجھنے والے اور نص پر ٹھیک عمل کرنے والے دو سو برس تک اس کو صلعم کے بدون سمجھتے رہے × × اس کے آگو مائل پچھلی کئی متصل قرنوں سے وہی لوگ رہے ہیں جو احکام خدا اور فطرت کے علم سے فی الجملہ نابلد اور یقینیات سے اکثر متنفر رہے × × وہ (قرآن) آپ صحیح معنوں میں اپنی تفسیر ہے۔ وہ سب انسان کی بنائی ہوئی اور قابل بدل لغات سے مستغنی ہے۔ اس کی اپنی اور ناقابل تغیر لغت خود اسی کے اندر ہے"

(تذکرہ حصہ اردو صفحہ $\frac{36}{47}$)

مجیب اس اقتباس سے تین باتیں ثابت ہوتی ہیں (۱) قرآن مجید اپنی تفسیر اور تفہیم میں کسی حدیث نبوی کا محتاج نہیں۔ (۲) قرآن مجید کسی لغت کا محتاج نہیں ہے۔ (۳) قرآن مجید کی تفسیر خود اسکے اندر ہے۔

نوٹ (قرآن کو کوئی محتاج نہیں کہتا۔ ہاں قرآن سمجھنے کے لئے ہم لغت اور عربی صرف و نحو کے محتاج ہیں) یہ تین اصول ہیں۔ جن پر بانیٔ تحریک خاکسار کی تصنیف اور عقائد کا سارا مدار ہے۔ حدیث کے منکر تو اور لوگ بھی ہوئے ہیں اور آج بھی ہیں۔ مگر قرآن فہمی کے لئے لغت اور محاورات عرب کا انکار آج تک کسی نے نہیں کیا تھا۔ نہ ہو سکتا ہے۔

ناظرین! آپ حیران نہ ہوں۔ مشرقی صاحب اپنے قول پر عمل کرنے میں پس و پیش نہیں کیا کرتے جس کا نمونہ آپ کے الفاظ میں یہ ہے:-

کفی اللہ المؤمنین القتال۔ مومن کیلئے صرف یکعمل کفائت کرتا ہے یعنے سپاہی بن کر لڑتا ہے۔ (قول فیصل صفحہ آخر [illegible])

اس ترجمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرقی صاحب کے خیال میں آیت موصوفہ میں القتال فعل کفی کا فاعل ہے۔ اگر کوئی طالب علم سوال کرے کہ فاعل مرفوع ہوتا ہے القتال تو منصوب ہے اور اللہ مرفوع۔ تو اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ اس قسم کے سوالات کی [illegible]

تصدیق پر صفحے ... علما کا قرآن لغت اور قواعد عربیہ کا محتاج نہیں۔ یہی بحث ہو تو ہم جو چاہیں کریں تم کون۔

حضرات! ہماری جرأت دیکھئے کہ باوجود پندش کے ہم مشرقی صاحب سے پوچھتے ہیں کہ آیت الحمد للہ اور قل ھو اللہ احد کے معانی بتانے میں لغت کی پابندی ہونی چاہئے یا نہ اور آیت اِنَّ اللّٰہَ بَرِیْءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَرَسُوْلُہٗ میں رسول پر رفع پڑھنا ضروری ہے یا رفع اور جر دونوں جائز ہیں۔ اور کیا جر پڑھنے کی صورت میں کسی قسم کی غلطی تو لازم نہ آئے گی۔ اگر غلطی کا اقرار ہو تو بتایا جائے کہ کس علم کے ماتحت غلطی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّہٗ میں ابراہیم پر رفع پڑھنا جائز ہے یا نہ۔ اگر ہے تو معنی میں کوئی خرابی تو نہیں آئے گی۔ لغت اور علم صرف و نحو تو سب بیکار ٹھیرے۔ کسی اور علم سے غلطی کا ثبوت دیجئے

طلباء مدارس، سکولز اور کالج ہمارے سوال کو گوش ہوش سے سنیں اور نظر دقیق سے دیکھیں کہ کسی انگریزی کتاب کا اردو میں ترجمہ یا اردو کا انگریزی میں ترجمہ کرنے کے لئے ڈکشنری اور گرامر کی ضرورت ہوتی ہے یا نہیں۔ اور یہ کہ کسی ترجمے کی صحت کا معیار اس زبان کے محاورات ہیں یا نہیں۔

ناظرین کرام! یہ ہے ان صاحب کا بنیادی پتھر۔ جس پر آئندہ آپ عمارت رفیع قائم کریں گے۔ جس کی بابت یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ

خشت اول چون نہد معمار کج
تا ثریا مے رود دیوار کج (باقی)

رحمۃ اللعالمین

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ مستند حالات۔

یہ اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاولپور اور دیگر مدارس کے نصابات میں داخل ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ، قیمت جلد اول ... دوم ... سوم ... ، منیجر اہلحدیث امرتسر

قادیانی مشن

مرزا صاحب کا معجزہ

بذریعہ طاعون

ہماری رائے سے کوئی صاحب متفق ہوں یا نہ ہوں ہم علیٰ وجہ البصیرت کہتے ہیں کہ جماعت مرزائیہ مذہبی گفتگو میں کبھی خاموش نہیں ہو سکتی۔ اس میں بڑا کمال یہ ہے کہ جس بات میں مغلوب ہو اسی کو اپنے لئے باعث غلبہ بتاتی ہے۔ خاصکر وہ واقعات جن پر کچھ لمبی مدت گذر گئی ہو ان میں تبدیلی کر دینا تو ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ آج ہم اس کی کچھ تفصیل کرتے ہیں۔

گذشتہ طاعون کے ایام میں مرزا صاحب نے تین پیشگوئیاں شائع کی تھیں۔ ایک قادیان کی حفاظت کے متعلق۔ دوسری اپنے گھر کی حفاظت کے متعلق۔ تیسری عام مریدوں کی حفاظت کے متعلق۔

اخبار الفضل ۱۸ جون سنہ رواں میں ان پیشگوئیوں کو مرزا صاحب کی صداقت کا معیار بتایا گیا ہے۔

واہ رے مریدانہ عقیدتمندی! مشہور مقولہ

پیر من خس است اعتقاد من بس است

انہی لوگوں پر صادق آتا ہے۔

قادیان کی حفاظت کے متعلق جو پیشگوئی تھی اس کی تردید تو مرزا صاحب نے حقیقۃ الوحی میں خود ہی کر دی اور الفضل نے بھی تسلیم کر لیا کہ قادیان میں طاعون پڑی تھی۔ (الفضل مذکور ص۳ کالم ۳)

دوسری پیشگوئی جو اپنے گھر کی حفاظت کے متعلق تھی وہ بھی صراحۃً جھوٹی نکلی۔ جسکو الفضل نے بہت بڑے شریف قوم کی طرح چھپا لیا۔ جس نے دربار رسالت میں آیت رجم کو چھپا لیا تھا۔

مرزا صاحب نے صاف الفاظ میں بتا دیا تھا کہ چار دیواری سے مراد چونے اور اینٹوں کی دیواریں نہیں ہیں بلکہ حلقہ ارادت مراد ہے (کشتی نوح) یعنی میرے مرید جہاں کہیں بھی ہوں وہ میری چار دیواری میں ہیں وہ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

تیسری پیشگوئی جو عام مریدوں کے متعلق تھی اسکی تکذیب تو ایسی ہوئی کہ مرزا صاحب کو اعلان کرنا پڑا کہ ہمارے مریدوں میں سے جو طاعون سے مریگا وہ شہید ہوگا۔ چنانچہ خود قادیان میں اخبار البدر کا اڈیٹر محمد افضل طاعون ہی سے مرا۔ محمد یامین ساکن منصوری بھی طاعون سے مرا۔ اسی طرح اور جگہ امرتسر وغیرہ میں ہوا۔ جب مرزائی لوگ بقول مرزا صاحب طاعون سے شہادت پانے لگے تو مرزا صاحب نے قادیانی اخبارات کے ذریعے اپنے مریدوں کو ان کی جنازہ خوانی کے سلسلہ میں ہدایات جاری کیں کہ چارپائی سے دور ہٹ کر دعا کرو۔ (فتاویٰ احمدیہ)

مختصر یہ ہے کہ مرزا صاحب کی یہ تینوں پیشگوئیاں حرف غلط کی طرح بالکل غلط ثابت ہوئیں۔ (تفصیل کے لئے دیکھو رسالہ الہامات مرزا[1])

کیا مرزا صاحب عام علماء کی طرح تھے؟

(حاشا و کلا)

شیخ عطار مرحوم نے نفس انسانی کے متعلق دو شعر لکھے ہیں جو قابل شنید ہیں۔ فرماتے ہیں ؎

چون شتر مرغ شناس این نفس را
نے کشد بار و نے پرد بر ہوا
گر بپرگوئیش گوید اشترم
ور نہی بارش بگوید طائرم

یعنی انسان کا نفس اور شتر مرغ کی طرح ... اگر تو اس کو اڑنے کے لئے کہے تو کہتا ہے میں اونٹ ہوں اگر تو اس پر بوجھ لادے تو کہتا ہے کہ میں پرندہ ہوں ...

---

[1] قیمت ۴ر محصول ۱ر دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

یہ دو شعر مضمون کا پورا رنگ میں جس مطلب کے لئے کہے گئے ہیں اس میں موزوں ہونے کے علاوہ قادیانی تحریک پر بھی پوری طرح چسپاں ہیں۔ مرزا صاحب قادیانی کو یہاں تک بڑھا کر دکھایا گیا ہے کہ ان کے ذہنی منصب کا انکار بھی کفر قرار دیا گیا ہے۔ (تا نوار خلافت)

اور جب معترضین کی طرف سے مرزا صاحب کے اخلاق فاضلہ پر اعتراض ہوتے ہیں تو جواب میں کہا جاتا ہے کہ آج کل کے علماء بھی تو ایسے ہی ہیں۔ ان کا کیا موقعہ ہے کہ مرزا صاحب پر اعتراض کریں۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ ۹۔ جون کے اہلحدیث میں ایک مضمون بعنوان "مصلح اور امور اخلاقی لحاظ سے بہت بلند ہوتا ہے" شائع ہوا تھا جو دراصل مولوی محمد علی صاحب لاہوری احمدی کے جواب میں تھا۔ جنہوں نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ مرزا صاحب ایک بہت بلند اخلاق کے انسان تھے۔ ان کے جواب میں ہم نے مرزا صاحب کے اخلاق فاضلہ کا نمونہ دکھایا تھا کہ آپ اپنے مخالفوں کو حرام زادے، یہودی خصلت اور کتے وغیرہ الفاظ سے یاد کرتے تھے۔ پھر بطور دفع دخل مقدر کے ہم نے خود ہی لکھ دیا تھا کہ علماء بھی بعض دفعہ ایسے الفاظ ایک دوسرے کے حق میں لکھ دیا کرتے ہیں یہ کوئی سند نہیں ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب مسیحیت اور مہدویت اعلیٰ مرتبے پر فائز ہونے کے مدعی تھے اور ان کے اتباع ان کو اخلاقی حیثیت سے بہت بلند پایہ انسان جانتے ہیں

اس کے جواب میں قادیانی اخبار الفضل ۱۵ جون میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ بالکل اسی کام کا نمونہ ہے جو دربار رسالت میں ایک شریف قوم نے کیا تھا۔ یعنی الفضل نے ہماری نصف عبارت تو نقل کر دی اور باقی نصف جس میں الفضل کو اصلی جواب دیا گیا تھا حذف کر دی۔ صرف اتنا فقرہ نقل کر دیا کہ

"علماء اسلام نے اگر بد اخلاقی کی ہے تو اپنے فعل کے وہ ذمہ دار ہیں"

اس سے الفضل کا ... ختم کر دیا جسے ہم دوبارہ درج کرتے ہیں۔ ہم نے لکھا تھا کہ

"وہ (علماء) مہدی مسعود بنے نہ مسیح موعود بلکہ ... مہدویت اور مسیحیت کے مدعی کو تو ایسے بھی بد اخلاقی سے کام لینا روا نہیں"

(اہلحدیث ۹۔ جون صفحہ کالم اول)

پہلے فقرے پر بنا کر کے الفضل نے اس اعتراض کو ٹالنا چاہا ہے لیکن دانا جانتے ہیں کہ یہ سنگین پتھر ہٹ نہیں سکتا۔

اس کی مثال بالکل یہ ہے کہ کھانے پینے میں بے احتیاطی اور بد پرہیزی کا الزام کسی حکیم یا ڈاکٹر پر لگایا جائے بعدہ وہ اس کے جواب میں عوام کی بد پرہیزی کو بطور نظیر پیش کرے تو ہر عقلمند کی نظر میں اس کا جواب غلط ہوگا۔ ایسا شخص شیخ سعدی مرحوم کا جواب سن رکھے۔ آپ فرماتے ہیں کہ بے علم کا غلطی کرنا ایسا ہے جیسا کوئی نہتا آدمی ڈاکوؤں سے لٹ جائے۔ اور عالم کا غلطی کرنا ایسا ہے جیسا کسی مسلح سپاہی کو راہزن لوٹ لیں۔

فرمان خداوندی هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ مقولہ سعدی کی تصدیق کرتا ہے۔ ہمارے خیال میں مرزا صاحب کی تیز زبانی اور بدکلامی کے جواب میں علماء کی بدکلامی کو نظیرًا پیش کرنا مرزا صاحب کی توہین کرنے کے مرادف ہے۔ اس کی مثال یہ ہوئی کہ کوتوال شہر چوری کے الزام میں پھنس جائے اور جواب میں کہے کہ میں نے اگر چوری کی ہے تو کیا تعجب ہے۔ اور لوگ بھی تو کرتے ہیں۔ ناظرین اندازہ کر لیں کہ کوتوال کا یہ جواب صحیح ہوگا؟ ایسا جواب دیتے ہوئے کیا وہ یہ نہیں سمجھتا کہ شہر کے عوام میں اور مجھ میں بہت فرق ہے وہ اگر ایسے بداطوار نہ ہوتے تو میں کو توال بن کر کیوں آتا۔ بحیثیت کوتوال ہونے کے میرا فرض ہے کہ میں لوگوں کو بدکرداری سے روکوں نہ کہ خود ہی بدکردار بن جاؤں۔

عذر گناہ بدتر از گناہ الفضل نے یہ بھی کہا ہے کہ ابتدا علماء اسلام نے کی تھی جس کے جواب میں مرزا صاحب کو بدکلامی کرنی پڑی۔

ہمارے خیال میں یہ عذر گناہ سے بھی بدتر ہے اس کے جواب میں ہم مرزا صاحب کا ایک مشہور شعر پیش کرتے ہیں جو انہوں نے اہل مکہ کی روشنائی سے لکھا جا کر جو ہر آدمی کے بیٹھک کے ہر کوچہ میں لٹکانے کے قابل ہے تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ ہمارا پنجابی نبی کس اخلاق کا مالک تھا۔ آپ فرماتے ہیں سے

ان العدی صاروا خنازیر الفلا
ازواجھم من دونھن الاکلب
(نجم الہدیٰ)

یعنی ہمارے دشمن جنگلوں کے سور ہیں۔
ان کی بیویاں کتیوں سے بڑھ کر ہیں۔

مرزائیو! مرزا صاحب کے دشمن تو مورد عتاب بنے ہی تھے مگر ان کی بیویوں نے کیا قصور کیا تھا۔ ان کو تو خبر بھی نہ تھی کہ مرزا صاحب کون تھے اور کیا کہتے تھے کیا تم لوگ کسی مخالف کی بیوی کی تصنیف بھی مرزا صاحب سب وشتم سے بھری ہوئی دکھا سکتے ہو۔ واللہ! ایسے با اخلاق شخص کے حق میں یہ شعر بہت موزوں ہے سے

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

اہل حدیث کانفرنس کے استحکام کے متعلق

میں جناب ملک ابویحییٰ امام خان صاحب کا مؤید ہوں عرصہ سے میرا خیال تھا کہ میں اہل حدیث کانفرنس کے استحکام کے متعلق کچھ عرض کروں مگر بوجہ سستی نہ لکھ رہا۔ اہلحدیث ۲۳ جون ۱۹۳۳ء کے دیکھنے سے ملک صاحب کا مضمون نظر سے گذرا جس میں ملک صاحب نے استحکام کی دس صورتیں پیش کی ہیں جو نہایت مفید ہیں۔ میرے خیال میں یہی دس صورتیں کانفرنس کے استحکام کے لئے کافی ہیں زیادہ تجاویز پیش کرنے کی ضرورت نہیں۔ ضرورت ہے تو صرف قدم اٹھانے کی ہے۔ میں اپنے تمام اہل حدیث بھائیوں کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ تمام تن من دھن سے اسکو محکم بناویں۔ اس کے ممبر بنیں۔ چندہ ۴ر فی سال کوئی چیز نہیں ہے۔ بزرگوں کو چاہئے کہ جلد اپنا دورہ وفد کی صورت میں شروع کر دیں۔ مضمون نویسی میں نہ رہیں کیونکہ مضمون نویسی کافی ہو چکی ہے۔ جو کام عملی قدم ...

ahmadimuslim.de

اٹھانے سے بچ جاوے مضمون زیبی سے نہیں چلیگا۔ یا آخر میں اطلاعاً عرض کرتا ہوں کہ ملک صاحب کی طرح میرے دل میں بھی تڑپ ہے۔ اس لئے میں اور ہماری انجمن اپنے بھائیوں کے ساتھ ہیں جو خدمت ہو کرنے کو تیار ہیں۔ صرف بزرگزیدہ ہستیوں کے حکم کا انتظار ہے۔ میرے دوسرے برادر بھی بذریعہ اخبار جلد از جلد اطلاع دے کر مشکور فرمائیں۔ والسلام خیر ختام۔ (محمد یعقوب ناظم انجمن اہل حدیث بھامڑی ضلع گورداسپور)

بریلوی مشن

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین

(از قلم مولوی محمد عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

سلسلہ کے لئے دیکھو اہلحدیث ۲۔ جون ۱۹۳۹ء

ناظرین اہلحدیث آگاہ ہونگے کہ اس نام کا ایک رسالہ جالندھر سے شائع ہوا ہے۔ جس کے شائع کنندہ ایک ڈاکٹر صاحب ہیں۔ رسالہ مذکور میں چند مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ جن میں ایک مسئلہ (وسیلہ) کے متعلق ہم مختصر تبصرہ کر چکے ہیں۔ اور مجیب کے جواب کے سقم تحریر کر چکے ہیں۔ مجیب نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ انبیاء اولیاء سے مدد مانگنا جائز ہے یا نہیں۔ آیت وابتغوا الیہ الوسیلۃ پیش کی ہے خدا جزائے خیر دے حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب کو جنہوں نے آیت مذکورہ کا صحیح مفہوم تحریر کر کے ہمیں تحقیقی جواب سے ایک حد تک سبکدوش کر دیا۔ مولانا نے جو آیت کا مطلب بیان کیا ہے۔ قرآن مجید کی دوسری آیت اس کی موید موجود ہے۔ سورہ بنی اسرائیل میں خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:۔

قل ادعوا الذین زعمتم من دونہ فلا یملکون کشف الضر عنکم ولا تحویلا اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربہم الوسیلۃ ایہم اقرب ویرجون رحمتہ ویخافون عذابہ ان عذاب ربک کان محذورا

اے پیغمبر (علیہ السلام) ان سے کہہ دو کہ تم جن کو اللہ کے سوا (مشکل کشا فریادرس) خیال کرتے ہو ان کو پکارو۔ وہ تمہاری تکالیف کا حل نہیں کر سکتے اور نہ تم سے (مصائب کو) پھیر سکتے ہیں۔ وہ لوگ (تو خود پکاریں کرتے اور اپنے رب کی طرف وسیلہ تلاش کرتے ہیں کہ (دیکھیں) کس کو قرب حاصل ہوتا ہے۔ خدا کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک خدا کا عذاب ڈرنے کے قابل ہے۔

ناظرین با انصاف غور کریں۔ کیسی صفائی سے خدا تعالےٰ نے وسیلہ کے معنی بیان کر دئیے ہیں کہ جن کو تم پکارتے ہو یعنی جن کو وسیلہ بناتے ہو وہ تو خود وسیلہ قرب الٰہی کے متلاشی ہیں وہ تمہاری مشکلات کو کس طرح حل کر سکیں گے۔

اس کے بعد مجیب نے ایک اور آیت پیش کی ہے لکھتے ہیں:۔

وابرئ الاکمہ والابرص واحی الموتی باذن اللہ

یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں شفا دیتا ہوں اور مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو اور مُردے زندہ کرتا ہوں اللہ کے حکم سے۔

اس کے بعد نتیجہ نکالتے ہیں:۔

دیکھئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ کی دی ہوئی قدرت سے کتنے لوگوں کی مرادیں پوری کی ہونگی؛ (فیوض صفحہ)

ہم حیران ہیں کہ یہ لوگ ہمسایہ اقوام (عیسائی سناتنی) کے عقائد سے ایسے متاثر ہو گئے ہیں کہ ہر ایک عقیدہ کو جو ان میں موجود ہے کسی نہ کسی طرح اپنے مذہب میں ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور اس جدوجہد میں اپنے اصول بھی بھول جاتے ہیں ہمارے مخاطب یقیناً حنفیت کے مدعی ہیں۔ اس لئے ان کے لئے لازم ہے کہ فقہاء حنفیہ کے اصول کو ملحوظ رکھیں۔ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ وہ غلط رائے کو صحیح کرنے کے لئے اصول حنفیہ کو بھی ترک کر دیتے ہیں۔ پس سنئے! علماء اصول کا مسلمہ اصول ہے کہ:۔

الخارج من القیاس لا یقاس علیہ — خلاف عقل پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

اب آیت پیش کردہ پر غور کیجئے کہ اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کا بیان ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بحیثیت رسول بحکم خدا قوم کو اپنی رسالت کی تصدیق کے لئے چند معجزات دکھائے اور بار بار وضاحت کی کہ

میں کوڑھی کو اچھا کرتا ہوں مادرزاد اندھے کو صحیح کرتا ہوں۔ مُردوں کو زندہ کرتا ہوں۔ مگر یہ سب کچھ میرے بس میں نہیں اللہ کے اذن سے سب کچھ ہوتا ہے۔

پھر دو مرتبہ یہ بھی کہا:۔

جئتکم بایۃ من ربکم

کہ یہ نشانیاں تمہارے رب کی طرف سے لے کر آیا ہوں؛

جس کا صاف اور کھلا مطلب یہ ہے کہ جانور کی شکل تو میں بناتا ہوں مگر اس میں زندگی کا آنا اللہ کی طرف سے ہے۔ اور بس۔

تفسیر خازن میں باذن اللہ کے ماتحت لکھا ہے:۔

معناہ بتکوین اللہ وتخلیقہ والمعنی انی اعمل ھذا التصویر انا فاما خلق الحیاۃ فیہ فھو من اللہ تعالیٰ علی سبیل اظہار المعجزۃ علی ید عیسیٰ علیہ السلام (خازن صفحہ ۲۳ ج۱)

اس ساری تفصیل سے یہ صاف واضح ہو گیا کہ یہ تمام امور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات ہیں۔ اور معجزہ وہ ایک ایسا امر ہے

ھی امر یظہر بخلاف العادۃ و [illegible]

نور محمدی ۔ مصنف مولانا محمد صاحب دہلوی [illegible]

علی یتعذر علی المعذ عند تحدی المنکرین علی وجہ یعجز المنکرین عن الاتیان بمثلہ (شرح عقائد)	دعویٰ نبوت کے ساتھ منکرین کی تحدی کے وقت ظاہر ہو اور ایسے طریق پر ہو کہ منکرین کو (مقابلہ میں) اس جیسی چیز پیش کرنے سے عاجز کر دے۔

اور سنئے! معجزہ کے لئے سات شرطیں ہیں۔ سب سے پہلی شرط یہ ہے:۔

فالشرائط سبع کونہ فعلہ تعالیٰ او ترکہ لانہ المصدق لرسولہ (حاشیہ شرح عقائد)	کہ وہ امر اللہ تعالیٰ کا کام ہو۔ کیونکہ وہی اپنے رسول کا (بذریعہ اظہار معجزہ) مصدق ہے۔

اس سے صاف طور پر ثابت ہو گیا کہ معجزہ میں نبی کو کسی قسم کا دخل نہیں ہوتا وہ صرف اللہ ہی کا کام ہوتا ہے جب وہ چاہے نبی کے ہاتھ اس چیز کا اظہار کر دے۔ اس لئے یہ کہنا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے خدا کی دی ہوئی قدرت سے کتنی مرادیں پوری کی ہونگی قطعاً غلط اور بے معنی امر ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ پہ خدا نے جس کو چاہا اچھا کر دیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کی تصدیق کا نشان دکھایا۔ اور بس!

بریلوی دوستو! مسلمانوں کے حال پہ رحم کھاؤ اور عیسائی مشن کو موقع نہ دو کہ وہ تمہارے اقوال پیش کر کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت کا ثبوت دیں قرآن مجید تو الوہیت مسیح علیہ السلام کے ابطال کیلئے آیا تھا مگر تم لوگ خواہ مخواہ عیسائیت کی بنیادیں محکم کر رہے ہو اور مزے کی بات ہے کہ اپنے خیالات کو سنی مذہب کا مجموعہ کہہ کر کے مذہب اسلام کے مخالفین کو ہنسی کا موقع دیتے ہو۔ سچ ہے۔ ع

ہوئے تم دوست جسکے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

اسی عنوان میں مجیب صاحب نے ایک اور دلیل دی ہے جو پہلی سے زیادہ عجیب ہے ناظرین کی آگاہی کے لئے ہم ان کے پورے الفاظ نقل کر دیتے ہیں:۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کو ضرورت در پیش آئی ہے۔ آپ کو خدا تعالیٰ کے عطائی علم سے معلوم تھا کہ میرے درباریوں میں ایسے نفوس قدسیہ بھی موجود ہیں کہ جن میں ملکہ بلقیس کے عرش عظیم (بڑے بھاری تخت) کے اٹھا لینے کی اور پلک مارنے سے پہلے دو ماہ کی مسافت سے میرے پاس لے آنے کی قوت خدادا بھی حاصل ہے۔

قَالَ یَا اَیُّهَا الْمَلَاُ اَیُّکُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَ اِنِّیْ عَلَیْهِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ۔ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ (سورہ نمل ع ۳)	حضرت سلیمان نے کہا کہ اے درباریو کون ہے تم میں سے جو میرے پاس بلقیس کا تخت لائے پہلے اس سے کہ وہ مسلمان ہو کر میرے پاس آئے ایک عفریت (طاقتور) جن نے جنوں میں سے کہا کہ میں لے آؤنگا تمہارے پاس اس کو پہلے اس کے آپ مجلس عدالت سے فارغ ہو کر اٹھو۔ اور میں اس کے لانے پر قادر ہوں اور امانتدار ہوں (حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اس سے جلد منگوانا چاہتا ہوں) اور پھر اس شخص نے کہا جس کے پاس کتاب توریت کا علم تھا میں اس تخت کو آپکے پاس

لاتا ہوں آپ کی آنکھ جھپکنے سے پہلے (حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس نے کہا کہ آسمان کی طرف دیکھو اتنے عرصے میں تخت لاکھڑا کیا) پس جب سلیمان علیہ السلام نے تخت کو اپنے پاس دھرا پایا فرمایا یہ میرے رب کا فضل ہے۔

دیکھئے یہ حاجت کس قدر تھی حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے صحابی ولی اللہ سے طلب کی سلیمان علیہ السلام نے کہا لاؤ۔ انہوں نے کہا میں لاتا ہوں۔ ... آنکھ ... مصنف ...

بریلویا کہتا ہے ... وغیرہ ... صفحہ ...

سبحان اللہ! یہاں مفتی صاحب نے عجیب فتویٰ دیا اور اپنے زعم میں یہ بھی ثابت کر دیا کہ نبی (سلیمان علیہ السلام) نے اپنے صحابی ولی اللہ سے حاجت طلب کی۔ غیر اللہ استمداد کے نشہ میں ایسے مدہوش ہوئے کہ نبی اور ولی کی باہمی نسبت اور شان بھی بھول گئے۔ ولی سے استمداد کا ثبوت تو مل گیا مگر نبی کی توہین کا خیال تک نہیں آیا۔

سچ بات یہ ہے کہ یہ لوگ (بریلوی حنفی) حفظ مراتب کی طرف قطعاً خیال نہیں کرتے اور ہمیں تو ان پر افسوس بھی کم ہوتا ہے۔ کیونکہ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور شان کو نہیں سمجھا وہ اگر نبی کی شان نہ سمجھیں تو کیا تعجب۔ مگر بزرگوں کا یہ قول یاد رکھیں اور خوب حفظ کر لیں۔ ع

گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

آیت کا صحیح مطلب

آیت کا صاف مطلب ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے ماتحتوں کو حکماً فرمایا کہ کون ہے جو بلقیس کے تخت کو ان کے آنے سے پہلے میرے پاس لے آئے۔ پہلے ایک جن تعمیل ارشاد کیلئے پیش ہوا۔ اس نے کہا کہ میں کچہری برخاست ہونے سے قبل لا سکتا ہوں اور میں طاقتور امانتدار ہوں۔ اس نے اپنی طاقت کا اظہار کیا تھا۔ مجلس میں سے ایک اللہ کا بندہ بولا کہ میں ایک لمحہ کے اندر لا سکتا ہوں۔ (کیونکہ اس کے پاس کتابی علم تھا) جب وہ تخت سامنے آ گیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا:۔

هذا من فضل ربی

یہ میرے رب کا فضل ہے کہ میرے فرمانبردار میری اطاعت کی وجہ سے ایسے ایسے باکمال ہیں کہ ان کی دعا خدا منظور کر لیتا ہے۔

یہ بھی دراصل حقیقت حضرت سلیمان علیہ السلام کا معجزہ تھا کیونکہ اولیاء کی کرامت بھی اس نبی کا معجزہ ہوتا ہے جس کی تابعداری سے اس ولی کو یہ شرف حاصل ہوتا ہے اور جب یہ معجزہ ہوا تو یہ فعل بھی خدا تعالیٰ کا ہے جس میں حقیقتاً علی ... دخل نہیں ...

بہرائچ کے عرس سالار غازی میں کیا دیکھا؟

(از محمد ابو الخیر صاحب رحمانی پرتاب بگڈھی مقیم مئو ائمہ ضلع الہ آباد)

یوں تو بہرائچ کا عرس سالانہ ہوا ہی کرتا ہے۔ مگر اس سال ہمارے محلہ کا ایک نوجوان بھی شریک ہوا۔ میں اس سے ملا۔ میں نے اس کو سمجھایا کہ ان ناجائز میلوں اور عرسوں میں شرکت کرنی سخت گناہ ہے۔ چنانچہ اس نے اقرار کیا کہ آیندہ سے انشاء اللہ میں پرہیز کرونگا۔ میں نے کہا کہ اچھا وہاں دیکھا کیا۔ اس کو ذرا بتا دو۔ چنانچہ جو کچھ اس نے بتایا اس کو ناظرین اہلحدیث تک پہنچانا چاہتا ہوں۔ اس نے کہا۔

وہاں پر میں نے تمام وہ چیزیں دیکھیں جو کہ عام طور پر مشہور ہیں کہ قبروں پر ہوا کرتی ہیں۔ مرد و عورت کا اجتماع عظیم تھا۔ میں نے ایک شخص سے کہا کہ اس طرح مرد و عورت کا جمع ہونا، ایک دوسرے کے جسم سے دھکا کھانا، یقیناً بدمعاشی اور بدکاری ہوتی ہوگی۔ اس نے کہا کہ بھائی یہ تو وہ دربار ہے کہ اگر کسی نے دوسری کی عورت کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھ لیا اسی وقت تباہ و برباد ہو جائے، صحیح و سالم بچ کر جا نہیں سکتا۔ میں نے کہا کہ میں نے تو ایک عورت کی چٹکی لی مگر کچھ بھی نہیں ہوا۔ اس نے کہا کہ عمر بھر میں کوئی تکلیف ضرور پہنچیگی۔ ایک جگہ پہنچا وہاں کچھ پانی نظر آیا۔ جس کے متعلق لوگوں نے مشہور کر رکھا ہے کہ نہ معلوم کہاں سے آتا ہے۔ میں نے اس کی اصلیت تلاش کرنی شروع کی تو آخر میں جا کر دیکھا کہ ایک نل سے پانی آ رہا تھا۔ دوسری جگہ پہنچا تو ایک جگہ پانی جمع ہو رہا تھا۔ اس میں کوڑھی اپاہج غسل کر رہے تھے اور یہ آواز لگا رہے تھے کہ غازی جلد اچھا کر۔ اس میں سے ایک شخص نکل کر بھاگا اور کہہ رہا تھا کہ میں اچھا ہو گیا۔ میں نے لوگوں سے پوچھا کہ کیا ہو گیا۔ جواب ملا یعنی اچھا ہو گیا۔ ایک جگہ پہنچا تو معلوم ہوا کہ یہ مسجد ہے۔ اس میں گیا تو ایک قرآن شریف رکھا تھا۔ لوگوں نے کہا کہ یہ غازی صاحب کا قرآن شریف ہے۔ اسی میں کو مردہ پڑھا کرتے ہیں۔ میں نے کہا کہ وہ تو مدفون ہیں۔ لوگوں نے کہا کہ تم کیسی باتیں کرتے ہو۔

ہندو مسلم دونوں موجود تھے اور ہر قسم کی خرافات ہو رہی تھی۔ نذر و نیاز کی دھوم تھی۔ دور دراز سے لوگ آ آ کر مٹھائیاں تقسیم کر رہے تھے۔ خوشی میں میری مراد پوری ہو گئی۔ میں ایک جگہ سامان رکھ رہا تھا۔ لوگوں نے کہا کہ بھائی چھوڑ کر چلے جاؤ۔ یہاں کون چھو سکتا ہے، جانتے نہیں یہ کون دربار ہے؟ آہ! مکہ مدینہ میں چوری ہو سکتی ہے مگر یہاں نہیں۔ اس کے بعد واپس چلا آیا۔ دل گھبرایا افسوس ان کو مسلمان کہا جائے یا کیا کہا جائے۔

اہلحدیث عرسوں اور دیگر مجالس غیر مشروعہ کا جاری رہنا اہل توحید (جماعت اہل حدیث اور دیوبندی حنفی حضرات) کی غفلت کا نتیجہ ہے۔ اہل توحید اگر متفق ہو کر اسی کو اپنا نصب العین بنا لیں تو میں خدا کی مدد پر بھروسہ رکھ کر کہہ سکتا ہوں کہ تھوڑی مدت میں اس قسم کی خرابیاں ہندوستان سے دور ہو سکتی ہیں۔ ان حضرات کو یاد رکھنا چاہئے کہ وہ خدا کے نزدیک ان خرابیوں کے متعلق جواب دہ ہونگے۔ اس لئے سب کو اس امر کی تردید پر توجہ کرنی چاہئے۔ یعنی ایسے عرسوں پر جھنجھکر مسلمانوں کو ان ناگفتہ بہ خرابیوں سے واقف کرایا جائے۔ کیونکہ انبیاء کرام کا مقدم کام ہی یہی تھا کہ شرک کو دنیا سے پاک کریں۔ یہ قبور اور قبر پرستی جس قدر مسلمانوں میں رائج ہے توحید و سنت کے صریح خلاف ہے۔ چنانچہ مولوی خرم علی صاحب مرحوم فرما گئے ہیں ؎

زور والا ہے تو بت خانہ اجاڑ
مسجدیں مضبوط کر مثل پہاڑ
چھت اور گنبد کو قبروں سے اکھاڑ
تعزیے قندیل کو لاتوں سے پھاڑ
دین احمد میں یہ بے شک خار ہے

پس اہل توحید سے ہماری پُر زور اپیل ہے کہ وہ قبر پرستی اور تعزیہ پرستی وغیرہ کی بیخکنی پر کمربستہ ہو جائیں۔ اس سے دین اسلام کو صریح فائدہ ہونے کے علاوہ ملک میں بھی امن امان قائم ہو سکتا ہے۔ جس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں۔ دفتر "اہلحدیث" سے اس قسم کی بدعات کو رد کرنے کے لئے ایک اشتہار موسومہ عرس نامہ منظوم شائع ہوا تھا جو ملک کے مختلف حصوں میں بکثرت تقسیم ہو چکا ہے اور ابھی تھوڑی تعداد میں موجود ہے۔ لہذا شائقین توحید و سنت بقدر ضرورت منگوا کر تقسیم کریں۔ دفتر ہذا اپنی بساط کے مطابق اس خدمت کے لئے حاضر ہے مگر اہل توحید کو بھی اس نیک کام میں تعاون کرنا چاہئے جس کی دو صورتیں ہیں۔ اوّل۔ حتی الامکان مالی امداد سے دریغ نہ فرمائیں۔ دوم۔ بوقت ضرورت اشتہارات منگوا کر تقسیم کر دیا کریں۔

امید ہے کہ دردمند اصحاب جو اشاعت توحید و سنت کے شائق ہیں ہماری اس گذارش پر دل سے متوجہ ہونگے۔

عرس نامہ منظوم طلب کرنے کے لئے علاوہ محصول ڈاک کے کچھ نہ کچھ اشاعت فنڈ کے لئے بھی آنا چاہئے تاکہ شعبہ اشاعت فنڈ مضبوط ہو جائے اور اس قسم کا لٹریچر بہ تعداد کثیر مفت شائع کرتا رہے۔

قابل توجہ اہل قلم حضرات

معزز ناظرین! خاکسار جس چیز کی طرف اہل قلم حضرات کی توجہ مبذول کرانی چاہتا ہے وہ اہل قلم کی تحریری کوتاہی ہے جو قابل افسوس اور لائق اصلاح ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے لے کر ائمہ حدیث رحمہم اللہ تک یہ دستور چلا آیا ہے کہ جب کبھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک اسم ذکر کرتے یا تحریر میں لاتے تو لفظ صلوٰۃ اور سلام کو ضرور ادا کرتے خواہ تقریر ہو یا تحریر خواہ اسم مبارک کتنی دفعہ لکھا آئے۔ جس کی شہادت ان کی چھوٹی سے چھوٹی اور معمولی سے معمولی تحریر میں موجود ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کا یہ فعل محض باز اطاعت سے ہی نہ تھا بلکہ آپ کی تعمیل فرمان بھی ملحوظ تھی۔ ذخائر یہ جو بحث کی محتاج نہیں اس لئے میلاد و قبل کے ذکر کی حاجت نہیں

اسی پر بس نہیں بلکہ اکثر صحابہ رضوان اللہ علیہم اور ائمہ رحمہم اللہ کے تعظیمی القاب کو بھی نہ چھوڑتے تھے اور ان کے آداب بجا لانے میں کبھی بخل سے کام نہ لیتے بڑے تعجب کی بات ہے کہ آج نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے بڑے بلند بانگ دعاوی کئے جاتے ہیں اور اس میدان میں بڑی مسابقت ہو رہی ہے اور ائمہ رحمہم اللہ کی عقیدت پر جوش و خروش کا اظہار کیا جاتا ہے۔ لیکن محبت و عقیدت کی حالت یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی درود سے خالی رکھا جاتا ہے اوروں کا تو پھر شمار ہی کیا۔ کسی زمانہ میں تو اس کا ارتکاب عوام اور جہلاء میں تھا لیکن آج اس کا اثر معتدد اہل قلم حضرات کی تحریروں میں نمودار ہو رہا ہے پہلے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تعظیمی لقب کو چھوڑا گیا اور بجائے رضی اللہ عنہ کے رضہ اور ائمہ کے نام کے بعد رحہ پر کفایت کی گئی جو ترمیم کی صورت میں ناپسند تھی۔ پھر اسی پر بس نہ ہوئی بلکہ جس طرح مکروہات رفتہ رفتہ ترقی پذیر ہؤا کرتی ہیں اس نے بھی ترقی کی اور بجائے صلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ صلعم جیسا مہمل لفظ لکھ کر جان چھڑائی جانے لگی۔ اور اب نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ صرف لفظ ؐ ہی پر کفایت کرکے ابخل الناس[1] ہونے کا ثبوت دیا جاتا ہے۔ میرے خیال میں تو جس طرح کہ بسم اللہ کو ۷۸۶ میں تبدیل و تحریف کیا گیا۔ ٹھیک اسی طرح صلی اللہ علیہ وسلم کو صلعم یا صرف ؐ میں تبدیل و تحریف کر دیا گیا نہ معلوم کونسی لغت ایجاد ہوئی ہے کہ جس میں ۷۸۶ کا معنے بسم اللہ لکھا ہو اور لفظ ؐ یا صلعم کا معنے صلے اللہ علیہ وسلم لکھا ہو۔ عوام تو عوام علماء کرام خصوصاً علماء اہل حدیث زیادہ قابل توجہ ہیں کہ جن کے مسلک اسلاف کی یہ حالت ہے کہ اگر ایک سطر میں بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک چند دفعہ آگیا تو بغیر صلوٰۃ اور سلام کے

ذکر نہیں کیا۔ محدثین رحمہم اللہ کی تصانیف موجود ہیں۔ باوجودیکہ ضخیم جلدیں تصنیف کرنے کے اس چیز میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔ حالانکہ تمام کتابت کا دارومدار صرف دستی تھا۔ یہ تھی محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ چھوٹی سی تصنیف شرح نخبہ کو دیکھ لیجئے۔ کس طرح قلم صلوٰۃ اور سلام کے لئے وقف ہے اور کیسی لذت محسوس ہوتی ہے اور شیفتگی اور محبت کا دریا کس قدر موجزن نظر آتا ہے۔

یہ چیز معمولی نہیں بلکہ بہت بڑی غلطی ہے۔ ذرا غور کیجئے کہ اگر اس معاملہ میں اسی طرح غفلت جاری رہی اور کاغذ اور سیاہی کی بچت نکالی گئی اور صلوٰۃ وسلام کو ایک زائد اور ناقابل اعتنا سمجھ لیا گیا تو اس کا انجام کیا ہوگا۔ کیا پھر آئندہ کتب حدیث اور دیگر تصنیفات اس مبارک وظیفہ سے خالی نظر آئیں گی اور پھر یہی طریقہ تحریر میں جاری ہوگا۔ اگر ان حضرات کے خیال میں صلوٰۃ اور سلام کا ذکر اسم مبارک کے ساتھ کوئی ضروری نہیں تو پھر خالی اسم مبارک بلکہ صرف لفظ میم ہی بطور علامت کافی ہے۔ اور اگر ایسا نہیں تو پھر لفظ صلعم جیسے مہمل نعیق غراب کے لکھنے کا کیا فائدہ سب سے زیادہ افسوس مجھے اس وقت ہؤا جبکہ میں نے یہی طریقہ رسالہ "جمع القرآن والحدیث" اور رسائل جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث میں آیا۔ اہل قلم حضرات ان امور کا خاص لحاظ رکھا کریں۔ اور اس چیز کو یاد رکھیں من سن سنۃ حسنۃ فی الاسلام فلہ اجرہ واجر من عمل بھا ومن سن سنۃ سیئۃ فی الاسلام فعلیہ وزرہ ووزر من عمل بھا الخ۔ واللہ الموفق!

(خاکسار ابوالبیان عبداللہ (مولوی فاضل) از خانپور رکیریاں)

ایک دوست کے نام کھلی چٹھی

(از قلم بابو اکبر خان صاحب سب پوسٹماسٹر اٹرو ریاست کوٹہ)

(گذشتہ سے پیوستہ)

سابقہ پرچہ میں اس مضمون کی پہلی قسط شائع ہو چکی ہے۔ جس میں مضمون نگار صاحب نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مثیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ثابت کیا ہے نہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آج مماثلت کا باقی ثبوت خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے سنئے۔ (مدیر)

آپ فرماتے ہیں:-

(۱) میں حکم نہیں لگاتا حکم لگانے والا ایک تو ہے یعنی موسیٰ۔ مماثلت کہاں رہی، مخالفت ظاہر ہے۔

(۲) مجھ سے جو آگے آئے وہ سب چور اور بٹ مار تھے مماثلت کہاں رہی، کیسی سخت مخالفت بنتی ہے۔

(۳) قبل اسکے کہ ابراہیم ہو میں ہوں۔

دیکھئے کس طرح ابراہیم علیہ السلام اور ان کے سلسلہ پر بشمول موسیٰ علیہ السلام اپنی فوقیت جتلائی۔ مماثلت کہاں رہی۔

میرا خیال ہے کہ مذکورہ بالا تین گواہوں کی گواہیاں آپ کے سمجھنے کے واسطے کافی ہونگی۔ اب جبکہ واقعات اس طرح پر ہیں تو مسیحی علماء کے جوڑ توڑ کیا معنے رکھتے ہیں۔ اور اس قسم کی بے معنی تشریحوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ انبیاء علیہ السلام خود اپنے کلام کی تفسیر نہ کر سکے بلکہ علماء مسیح پر یہ کام چھوڑ گئے۔ میرے دوست یہ بات نہیں۔ بات یہ ہے کہ خدا اپنا کلام انبیاء علیہ السلام کے منہ میں ڈالتا ہے۔ (یوحنا $\frac{12}{49\text{-}50}$ استثنا $\frac{18}{18}$) تو وہ اپنے کلام کو نامکمل کیسے چھوڑتا۔

میں ان کے لئے ان کے بھائیوں میں سے تیرے مانند ایک نبی برپا کرونگا۔ (استثنا $\frac{18}{18\text{-}19}$)

اس کلام کی مزید تشریح استثنا $\frac{33}{2}$ میں کی گئی:-

"خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا

[1] ابخل الناس اس شخص کو کہا گیا ہے جو اسم گرامی سن کر درود نہ پڑھے۔ ملحنے والے یا بولنے والے کی بابت آپ نے کوئی نص پیش نہیں کی تلاش کیجئے۔ مل جائے تو پیش کیجئے ورنہ خطاب چاہل ہے۔ (اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

فاران ہی کے پہاڑ سے اُن پر جلوہ گر ہُوا۔ وہ دس ہزار قدسیوں کے ساتھ آیا اور اُس کے ہاتھ میں آتشیں شریعت اُن کے لئے تھی۔"

(استثنا ۳۳/۲)

سینا سے آیا

اہا۔ صبح کے وقت بھی کیسا سہانا سماں ہوتا ہے۔ آفتاب ابھی طلوع نہیں ہُوا۔ وہ زمین کے نیچے سے آرہا ہے مگر خاصی اچھی روشنی پھیل گئی ہے۔ دور دور کی چیزیں نظر آتی ہیں۔ بھلے اور بُرے کی تمیز ہو رہی ہے۔ دوست اور دشمن پہچانے جا سکتے ہیں۔ کیوں؟ آفتاب عالمتاب کی آمد ہے۔ وہ دورہ کر کے زمین کے نیچے سے آرہا ہے موسےٰ علیہ السلام کو شریعت کوہ سینا پر ملی جس نے زمانہ میں روشنی پھیلا دی۔

شعیر سے اُن پر طلوع ہُوا

دیکھنا۔ مشرق میں کیا گول گول سنہرا طباق سا نظر آتا ہے۔ یہ آفتاب ہے۔ مگر ابھی شعاعیں زمین پر آڑی پڑ رہی ہیں۔ بلند مناروں پر درختوں کی چوٹیوں پر زرد زرد دھوپ چمک رہی ہے۔ اجالا زیادہ بڑھ گیا ہے سیدنا حضرت عیسٰی علیہ السلام کا تعلق کوہ شعیر سے ہے۔ آپ کوہ شعیر ہی پر اقامت فرمایا کرتے تھے۔ اور وہیں وہ وعظ فرمایا جو پہاڑی وعظ کے نام سے مشہور ہے

فاراں ہی کے پہاڑ سے اُن پر جلوہ گر ہُوا

دیکھو دیکھو اب آفتاب عالمتاب جو ہر چیز کی زندگی کا سہارا بلکہ دنیا کے قیام و بقا کا سبب ہے۔ جلوہ گر ہُوا۔ ہاں فاران ہی کے پہاڑ سے جلوہ گر ہُوا۔ اگر اس آفتاب عالمتاب کی روشنی کو مردانہ وار برداشت نہیں کر سکتے تو گھروں میں جا چھپو۔ اندھیرے کونے تلاش کرو۔

دیکھنا باہر نہ نکلنا۔ جُھلس جاؤ گے۔ کیوں؟ اسلئے کہ اُس کے ہاتھ میں آتشی شریعت ہے اور تم شریعت کو برداشت نہیں کر سکتے۔ لعنت قرار دیتے ہو۔ اُف! کیسی آگ برس رہی ہے۔ چھپو چھپو مگر کب تک چھپو گے سنو سنو یہ آفتاب عالمتاب جو آتشی شریعت لیکر فاران ہی سے جلوہ گر ہُوا ہے اُس کو زوال نہیں۔ اور وہ ابد الآباد بادشاہت کریگا۔ وہ چمکتا ہی چلا جائے گا سورج کی حرارت اور تیزی بڑھتی ہی چلی جائیگی۔ کیونکہ وہ خداوند ہے۔ خداوندوں کا خداوند سید الانبیاء، نبی آخر الزماں اپنے حقیقی اور وحدہٗ لاشریک خدا کی آتشی شریعت لے کر کوہ فاران سے جلوہ گر ہوئے۔ صلے اللہ علیہ وسلم۔

گھبراؤ نہیں۔ سلامتی کا لباس پہن لو۔ پھر یہ آتشی شریعت کی حرارت آپ کے واسطے باغ خلیل بن جاویگی سنو۔ استثنا $\frac{18}{18-19}$ اور $\frac{33}{2}$ کی مزید تشریح یوحنا حواری مکاشفات میں کیونکر کرتے ہیں۔

"پھر میں نے آسمان کو کُھلا ہُوا دیکھا اور دیکھو (وہاں ہاں دیکھو) کہ ایک نقرئی گھوڑا اور اس کا سوار امانت دار اور سچا کہلاتا ہے اور وہ راستی سے عدالت کرتا اور لڑتا ہے (اور وہ آن کر دنیا کو گناہ سے اور راستی سے اور عدالت سے تقصیروار ٹھہرائیگا۔ یوحنا $\frac{16}{8}$)

اور اُس کے لباس اور اُس کی ران پر یہ نام لکھا ہُوا ہے کہ

بادشاہوں کا بادشاہ اور خداوندوں کا خداوند

(مکاشفات $\frac{20}{11 \text{ تا } 16}$)

اب دیکھئے استثنا $\frac{18}{18-19}$ کی تشریح استثنا $\frac{33}{2}$ میں کی گئی کہ مثیل موسیٰ علیہ السلام سے کون نبی مراد ہیں پھر مزید تشریح مکاشفات باب ۲۰ میں کی گئی تاکہ غلطی سے کوئی استثنا $\frac{18}{18-19}$ کی پیشگوئی کو حضرت عیسٰی علیہ السلام کے نام نامی پر محمول نہ کر دے۔

یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ یوحنا نبی کو مکاشفہ عیسٰی علیہ السلام کے بعد ہُوا اور وہ آئندہ کے واقعات بیان کر رہے ہیں نہ کہ گذشتہ سیدنا حضرت عیسٰی علیہ السلام کے بعد چونکہ "وہ نبی" آنے والے تھے اس لئے آپ نے مشرح اور مفصل حال بیان کیا۔

اور اب میں نے تمہیں اُس کے واقع ہونے سے پیشتر کہا تاکہ جب وہ (وہ نبی) وقوع میں آوے تو تم اُس پر ایمان لاؤ (وہ نبی پر) یوحنا $\frac{14}{29}$ پر جبکہ وہ (وہ نبی) تسلی دینے والا جسے میں تمہارے لئے باپ کی طرف سے بھیجونگا یعنی روح حق جو باپ سے نکلتی ہے آوے تو وہ (وہ نبی) میرے لئے گواہی دیگا۔

(یوحنا $\frac{15}{26}$)

اور وہ (وہ نبی) آن کر دنیا کو گناہ سے اور راستی سے اور عدالت سے تقصیروار ٹھیرائیگا۔ (نیز ملاحظہ ہو مکاشفات $\frac{20}{11 \text{ تا } 16}$)

وہ (وہ نبی) تمہیں آیندہ کی خبریں دیگا۔

وہ (وہ نبی) تمہیں ساری سچائی کی راہ بتادیگا۔

وہ (وہ نبی) میری بزرگی کریگا۔

سیدنا حضرت عیسٰی علیہ السلام وہ (وہ نبی) تسلی دینے والے (بشیر) کے مذکورہ بالا نشان بتلا رہے ہیں۔ پس جس میں یہ نشانات دیکھو اُسکو قبول کرو۔

محترم دوست! آپ ان مولوی، ملانوں، ملائیوں کی باتوں میں نہ پھنسو۔ کیونکہ یہ بزرگوار اپنے دماغ سے نئی نئی باتیں لکھ کر کلام الٰہی میں چپکانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

نئی مئے پُرانی مشکوں میں نہیں بھرا کرتے (متی $\frac{9}{17}$)

پرانی قبا پر نئے کپڑے کا پیوند نہیں لگایا کرتے (متی $\frac{9}{16}$)

آپ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لیں کہ اللہ تعالیٰ اس بات کا محتاج نہیں کہ انسان اس کے پاک کلام میں غیر موزوں جوڑ توڑ چپکائے بلکہ وہ اپنے کلام کی آپ تفسیر کرتا اور انسان کو سمجھاتا ہے۔ (باقی)

تقابل ثلاثہ قرآن مجید، توریت اور انجیل کی تعلیم کا مقابلہ اور قرآن مجید کی بدلائل فضیلت ثابت کی ہے۔ ضرور مطالعہ فرمائیں۔ قابلدید ہے۔ قیمت بجائے ۸ کے ۱۲

سید البشر توراۃ، انجیل کی پچاس پیشگوئیوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی تائید۔ قابلدید ہے۔ واعظین اور مبلغ حضرات کو بہت مفید ہے۔ قیمت صرف ۴ر

پتہ:- مینیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

شکوۂ اسلام

(نتیجۂ فکر مولوی عبدالرحیم صاحب بیخود سیالوی مدرس سوہیانیاں ضلع گوجرانوالہ)

کل ملا اسلام مجھ سے۔ یوں لگا کہنے کہ میں ۔۔۔ چل پڑا ہوں ہند سے فاللہ خیر حافظا
میں نے یہ پوچھا کہ حضرت آپ کیوں ناراض ہیں ۔۔۔ ہنس کے بولا تم نہیں سمجھے تو ہے کس کی خطا
عرض کی یہ میں نے آخر جرم بتلاؤ گے بھی ۔۔۔ یا یونہی بے جا و بے معنیٰ رہو گے تم خفا
تب لگا کہنے کہ اچھا آپ بیتی اپنی سُن! ۔۔۔ تو مجھے جو یاں نظر آتا ہے اپنے عیب کا
چاہنے والے مرے مجھ کو نظر آتے نہیں ۔۔۔ تم نے میرا نام لے لے کر مجھے رسوا کیا
قادیاں میں ایک کو اٹھی نبی بننے کی دھن ۔۔۔ اِک کراچی میں خدائی کا ہے دعویٰ کر رہا
ایک کہتا ہے کہ میں سیّد ہوں اور آل رسول ۔۔۔ میرے نانا حشر میں دوزخ سے لیوینگے بچا
ایک کہتا ہے کہ یہ کافر ہے اور اکفر ہے وہ ۔۔۔ آج گویا فتنۂ تکفیر کا ہے در کھلا
ایک نے اپنے مریدوں سے کرائے سجدے روز ۔۔۔ یعنی اپنے حلقے میں وہ ہے بنا بیٹھا خدا
اک امانت میں ہے خائن بیچ سے اُس کو بَیر ہے ۔۔۔ عہد شکنی فحش بکنا جھوٹ ہے اُس کی غذا
ایک کی گذران ہے جھوٹی شہادت اور فریب ۔۔۔ ایک نے رشوت سے مال و زر اکٹھا کر لیا
ایک ہے جو اپنے مطلب کے لئے آیات کی ۔۔۔ کرتا ہے تحریف۔ اُن کو در بدر ہے بیچتا
ایک واعظ باریا تقریر پوری لچھیدار ۔۔۔ شرک و بدعت کا مبلغ بدعمل ہے برملا
اک نشہ میں بھنگ کے مخمور ہے شام و سحر ۔۔۔ اور کہتا ہے کہ بس اس میں ہی ملتا ہے خدا
ایک اللہ کے سوا امداد مانگے غیر سے ۔۔۔ اک وظائف مشرکانہ کرتا ہے صبح و مسا
اک نبی کے ماسوا تقلید غیروں کی کرے / غیروں کو کرتا ہے مطاع ۔۔۔ اور سنت چھوڑ کر بدعت کا شیدائی ہؤا
اک نے قرآن کے مقابل غیر کی تحریر کو ۔۔۔ دین کا اک جُز سمجھ کر پیشوا اپنا کیا
صرف نعرہ ہے زباں سے یا نبیؐ اور یا علیؓ ۔۔۔ قول و فعل اُن کے سے نفرت ہے عداوت برملا
ایک ہے جو تندرست اور نوجواں بھی ہے مگر ۔۔۔ محنت و کوشش سے ہرگز وہ نہیں کھاتا غذا
مانگنا ہے اُس کا پیشہ وہ بھی مکر و زُور سے ۔۔۔ کیا یہی تعلیم ہے اسلام کی تو ہی بتا؟
تیرے اس اسلام کو ہے دُور سے میرا سلام ۔۔۔ تو مسلماں ہے کہ شرماتی ہے تجھ سے اب حیا
شکل ہے مثل نصاریٰ اور عمل مثل یہود ۔۔۔ اس پہ دعویٰ ہے محمدؐ پہ ہوں ہر دم فدا
بعد از ایمان پہلا حکم ہے پڑھنا نماز ۔۔۔ سینکڑوں حیلے بہانوں سے ہے اس کو ٹالتا
لڑکیوں کو حصہ دینا ہے مسلماں فرض ہے ۔۔۔ حکم ہے۔ قرآن کا عامل نہ تو اس کا رہا

مختصر حالات کہہ کے مجھ سے پھر مانگا جواب
لیک میں شرم و ندامت سے زمیں میں گڑ گیا!

تعیین مصر (بلد) میں اختلاف

قابل توجہ علماء احناف

(بقلم مولوی نور محمد صاحب نیا نوی)

فرضیت نماز جمعہ کے متعلق اس وقت نہ مجھے کوئی بحث ہے اور نہ کوئی علمی سوال ہے۔ صرف ایک معمولی بات بزرگان احناف سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ بغیر کسی ایچ پیچ کے خاکسار کی عرض پر توجہ فرما کر مشکور فرمائیں گے۔ ناظرین کو بخوبی واقفیت ہے کہ حضرت علیؓ کے فرمان میں جو مصر کا لفظ ہے۔ اس لفظ کی تعیین میں اس قدر اختلاف ہے کہ جو ناظرین سے مخفی نہیں علماء حنفیہ کی تاویلات کچھ ایسی پیچ دار ہیں کہ اچھا بھلا عقلمند آدمی بھی حیران ہو جاتا ہے۔ خواہ باہر نکلنے کے لئے کیسی ہی ہیر پھیر چال چلے مگر اس دلدل سے نکلنا دشوار بلکہ ناممکن ہے۔ سنئے اور غور سے سنئے۔ مصر کسے کہتے ہیں۔

(۱) جہاں امیر و قاضی ہوں جو حدود وغیرہ جاری کرتے ہوں۔ (۲) جہاں اتنے آدمی ہوں جو وہاں کی بڑی مسجد میں نہ سما سکیں۔ (۳) جہاں گلی کوچے اور بازار ہوں اور آس پاس دیہات ہوں۔ (۴) وہ جگہ جسے عام لوگ شہر کہیں۔ (۵) جہاں حدیں اور احکام جاری ہوں۔ (۶) جہاں صرف قاضی ہو۔ (۷) جہاں اگرچہ حدود جاری نہ ہوں لیکن جاری کرنے پر قدرت ہو۔ (۸) جہاں حاکم نے جامع مسجد بنانے کی اجازت دی ہو اگرچہ وہ قریہ اور دیہات ہو۔ (۹) جہاں دس ہزار آدمی بستے ہوں۔ (۱۰) جہاں ہر حرفت اور ہر پیشے والا آدمی رہتا ہو۔ (۱۱) جہاں ہر پیشہ والا اپنے پیشہ کے ساتھ اپنی گذران کر سکتا ہو۔ (۱۲) جہاں پانصد آزاد آدمی ہوں اور آس پاس گاؤں ہوں۔ (۱۳) جہاں پیدائش اور اموات سے کمی زیادتی معلوم نہ ہو۔ (۱۴) جہاں روزانہ کوئی پیدا ہو اور مرے۔ (۱۵) جہاں کی آبادی مشکل سے شمار ہو سکے۔ (۱۶) جہاں اتنے آدمی ہوں کہ دشمن سے مقابلہ کر سکیں۔ (۱۷) جہاں ایک وقت

(۴۸۲)

نی ہلاک۔ (۱۸) جہاں دس ہزار فوج ہو۔ (۱۹) جہاں ایک سو آدمی ہوں۔ (۲۰) جہاں پر سو گھر ہوں۔ (۲۱) جہاں تین سے زائد گھر ہوں۔ (۲۲) اگرچہ وطن پر کفار کا قبضہ ہو لیکن عام لوگ خطیب مقرر کر سکتے ہوں (۲۳) جہاں حاکم آتر پڑے۔ (۲۴) جس جگہ کو امام شہر بنادے۔

فی الحال اسی پر اکتفا کرتا ہوا ملتمس ہوں کہ ہم تعیین مصر میں کس پر اور کس طرح عمل کریں۔ آپ ہمیشہ فرمایا کرتے ہیں کہ فتون فقہ قرآن و حدیث کا نچوڑ ہے، انسان آنکھیں بند کرکے اس پر عمل کرتا چلا جاوے۔

اب آپ ہی انصاف کریں کہ اگر کسی مقدمہ میں شہادت اس قدر اختلاف کے ساتھ عدالت میں پیش ہو۔ تو ایسے مقدمہ کا کیا حشر ہوتا ہے۔ امید ہے کہ آپ اس الجھن کو صاف فرما دیجئے۔ دیدہ باشد۔

اہلحدیث نامہ نگار صاحب اگر ان نمبروں کے حوالے بھی ساتھ ساتھ ضرور دے دیتے تو ناظرین کو تکلیف ہوتی

آفتاب کے طلوع و غروب کا حساب

(از مولوی عبد الکریم صاحب جتوئی زبیری)

کہتے ہیں کہ ایک ہندوستانی کو کوئی راہرو ملک نین کا باشندہ بیل لئے جاتا ملا۔ ہندوستانی نے اس نین والے سے پوچھا کہ میاں بیل کتنے میں لائے ہو۔ اس نے جواب دیا کہ تیتری میں لایا ہوں۔ ہندوستانی نے پوچھا کہ تیتری کتنے ہوتے ہیں۔ نین والا بولا کہ دِیّہ اک تے دَوّاک ترّے اک۔ ہندوستانی سن کر کہنے لگا کہ بھائی یہ تو تم نے آگے سے ہی مشکل کر دیا۔

ٹھیک یہی حال ہمارا ہے کوئی بات تھوڑی بہت جانتے ہیں تو اس میں تحقیق و تنقید کرنے والے ایسا الجھاؤ ڈال دیتے ہیں کہ نہ گھر کے رہے نہ گھاٹ کے۔

ایک دو نمبر اخبار میں درج کرکے ناتمام چھوڑ کر چپ کھینچ گئے۔ دنیا الجھی رہے تو وہ کیا کریں۔ پچھلے مہینوں میں حوا علیہا السلام کی پیدائش کا ذکر شروع ہوا تھا کہ مائی حوا آدم کی پسلی سے پیدا نہیں ہوئی۔ جو پسلی سے پیدا ہوتا بتاتے ہیں غلطی کرتے ہیں۔ اس معاملہ کے فیصلہ کو دنیا ترس رہی تھی کہ دیکھئے اخبار کے کس نمبر میں یہ جھگڑا طے ہوتا ہے[1]۔ یہ جھنجھٹ توبیچ میں ہی رہا آفتاب کے طلوع و غروب کی بحث چھڑ گئی کہ سورج نہ اٹھتا ہے نہ چھپتا ہے۔ یہ خوب ہوئی۔ بات بات میں طلوع غروب بولنا پڑتا ہے اور ہے واقعہ کے خلاف۔ اب ہر روز مغرب کے وقت اخبار کا مضمون یاد آجاتا ہے اور خیال گزرتا ہے کہ شائد غروب نہ ہوا ہو[2]۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مغرب کے وقت مسجد میں ابوذر جندب غفاری سے پوچھتے ہیں کہ اے ابوذرؓ تو جانتا ہے سورج کس جگہ غروب ہوتا ہے۔ جب وہ اپنی لاعلمی ظاہر کرتے ہیں تو رسول مقبول فرماتے کہ اب یہ سورج عرش کے نیچے جا کر سجدہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے یہ خبر بتائی ہے۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ۔

اور سورج چلتا ہے ان مکانوں میں کہ مقرر ہیں واسطے اس کے یہ حکم خداوند غالب جاننے والے کا ہے

جب آنحضور صلعم نے سورج کا استقرار مکانی واضح کرکے سمجھا دیا جو کہ عرش کے نیچے اس طرف کی زمین کو ملتا ہوا تمام مخلوقات کے لئے ہے اہل الہیئت کا کرہ بتانا کچھ نہیں بلکہ عرش معلیٰ ایک چھت اور قبہ کی مانند ہے جس کے ستون اور پائے ہیں جن کو فرشتوں نے اٹھا رکھا ہے۔

متفق علیہ حدیث میں جو بات بتائی گئی ہے وہی معتبر اور معتمد ہے۔ دوسری وجہیں بتانے والے اپنی کتر بیونت کرتے ہیں۔ فلسفہ کو قرآن مجید سے متحد کرنے والے ایسی توجیہہ نکالتے ہیں۔ ہم کو خدا اس قسم کی من گھڑتوں سے بچائے۔

یہی مسئلہ کتاب بدء الخلق بخاری شریف میں تفصیل بیان کیا گیا ہے۔ جب سورج چھپ گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذرؓ سے پوچھا کہ سورج کس جگہ گیا تو جانتا ہے۔ ابوذر نے کہا اللہ و رسول جانتے ہیں۔ تب آنحضورؐ نے فرمایا۔ سورج عرش کے نیچے جا کر اللہ کو سجدہ کریگا پھر اللہ سے اذن لیکر باجازت چل پڑتا ہے۔ اور یہی خبر خدا تعالیٰ نے وَالشمس الخ میں دی ہے۔ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ خبر دی ہم نہ اس کی تکذیب کر سکتے ہیں اور نہ اس کیفیت کو بیان کرتے ہیں۔ ہمارے ادراک اور مشاہدہ میں اگر نہ آئے تو نہ آئے۔ مگر سورج غروب ہو کر عرش کے نیچے اپنی قرارگاہ میں ساجد ہوتا ہے۔

عرش کے نیچے سورج کا جاکر سجدہ کرنا۔ اسی کو آنحضور نے غروب ہونا فرمایا ہے اور پھر اذن لے کر مشرق سے طلوع کرتا ہے[3]۔

واللہ یہدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم وھو الموفق الی الصواب۔

[1] کون کرے کس کو یہ منصب حاصل ہے۔ اخبار کا کام یہ ہے کہ اہل علم کے معلومات جماعت کے سامنے پیش کردے جیسے تفسیر ابن جریر اور در منثور میں جمع کئے گئے ہیں۔ مختلف اقوال میں فیصلہ کون کرے اور کون سنے۔ (اہلحدیث)

[2] کلکتہ والوں سے پوچھنا چاہئے کہ آپ لوگ جس وقت نماز مغرب پڑھتے ہیں بلحاظ پنجاب آپ کو شک ہوتا ہے کہ شائد ابھی آفتاب غروب نہیں ہوا۔ بس یہی سب کا جواب ہے۔ (اہلحدیث)

[3] کیونکر کیا کرتا ہے؟ (اہلحدیث)

تفسیر واضح البیان اردو

(مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی)

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ کتابت، طباعت نہایت عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ قسم سائز $\frac{20 \times 30}{8}$ ۔ ضخامت ۴۸۸ صفحات۔

قیمت بے جلد عہ۔ مجلد ہے۔ محصول ڈاک علیحدہ۔ منگوانے کا پتہ:- منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

فتاویٰ

س ۱۷۷} زکوٰۃ کے روپیہ سے اخبار جاری کرایا جاسکتا ہے؟ نیز صدقہ فطر یا قربانی کی کھال فروخت کرکے اس رقم سے اخبار جاری کرایا جاسکتا ہے۔ یا ایسی رقوم کنواں وغیرہ میں لگا سکتے ہیں کہ نہیں۔

(حکیم محمد برج۔ بھنگاری بازار گورکھپور)

ج ۱۷۷} کسی غریب شائق کے نام اخبار جاری کرادے تو جائز ہے۔ اپنے لئے مال زکوٰۃ سے اخبار جاری نہیں کرا سکتا۔

س ۱۷۸} اثناء نماز میں اگر کوئی کسی جگہ کھجلاوے تو نماز کے اندر کوئی نقص لازم آئیگا یا نہیں؟

(ابوالوفا سندپوری خریدار اہلحدیث)

ج ۱۷۸} نماز میں خارش ہونے پر کھجلانے سے نماز میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں رفع حرارت کے لئے سجدہ کی جگہ پر نماز پڑھتے پڑھتے کنکریاں ماتھے کے نیچے رکھ لیا کرتے تھے۔

س ۱۷۹} شرکی منتر پڑھنا اور فائدہ پہنچانا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۷۹} شرکیہ منتر سے دم کرنا حرام ہے۔ قال اللہ تعالیٰ ان الشرك لظلم عظيم۔ حدیث شریف میں آیا ہے لا تشرك باللہ و ان قتلت او حرقت الا من اكره الآیہ

س ۱۸۰} پیشگوئی شل نجوم ورمل کرنا اور اس پر لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنا اور خود اس پر اعتبار نہ رکھنا جائز ہے یا ناجائز؟ (سائل مذکور)

ج ۱۸۰} قطعاً ناجائز ہے۔ لا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل۔

س ۱۸۱} خانگی قضیہ کے سبب اگر کسی کو جرمانہ کیا گیا وہ رقم مسجد کی چٹائی وغیرہ میں لگانا جائز ہے یا ناجائز؟ (سائل مذکور)

ج ۱۸۱} پنچائت کی رائے پر موقوف ہے۔ جہاں چاہے لگائے۔ المسلمون علی شروطهم

س ۱۸۲} عام لوگ میت کو دفن کرکے چالیس قدم پر جو دعا کرتے ہیں۔ یہ فعل سنت ہے یا نہیں؟

(ابوالخیر فیض محمد علی گوہر آباد سندھ)

ج ۱۸۲} میت کو دفن کرکے چالیس قدم پر دعا کرنا عہد نبوی سے ثابت نہیں۔ اس لئے بدعت ہے۔

س ۱۸۳} ولد الزنا سے رشتہ کرنا یعنی دختر یا ہمشیرہ کا نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۸۳} ولد الزنا اگر بذات خود نیک چلن اور دیندار رہے تو اس سے رشتہ کرنا جائز ہے۔ لا تزر وازرۃ وزر اخریٰ۔

س ۱۸۴} بے نماز سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۸۴} بے نماز سے نمازی عورت کا نکاح نہ کرنا چاہئے۔ بحکم انکحوا ممن ترضون دینه۔ الحدیث

س ۱۸۵} عام بوٹ (شوز) کے ساتھ نماز فرض پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۸۵} بوٹ پاک طاہر پہنا ہوا ہو تو اس سے نماز جائز ہے۔

س ۱۸۶} ایک مولانا نے فرمایا۔ سوائے فرضوں کے سنتیں اور نفل پڑھنا ضروری نہیں، حدیث شریف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فقط فرض پڑھنے کا حکم دیا ہے اور بس۔ لہذا کیا حکم ہے؟

ج ۱۸۶} سنتوں کو حقیر سمجھ کر ترک کرنا بہت برا ہے۔ فرض ادا کرنے سے فریضہ ادا ہو جاتا ہے۔ اور حدیث میں جو سنتوں کی ادائگی سے اجر کا ذکر آیا ہے اس سے محروم رہتا ہے۔

س ۱۸۷} شوہر اپنی بیوی کو غسل دے سکتا ہے یا نہیں اور قبر میں دفن کرے حرج تو نہیں؟

ج ۱۸۷} شوہر اپنی بیوی کو غسل دے سکتا ہے اور اسے قبر میں اتارے تو منع نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا لو مت قبلی لغسلتك وكفنتك ثم صليت عليك ودفنتك۔ یعنی اگر تو مجھ سے پہلے مرگئی تو تجھے میں غسل دونگا میں کفن دونگا میں ہی جنازہ پڑھاؤنگا اور میں ہی دفن کرونگا۔ (ابن ماجہ)

دوسری روایت میں حضرت عائشہ فرماتی ہیں:۔ ما غسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا نساءہ (ابو داؤد) کہ اپنی تمام فوت شدہ بیویوں کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خود ہی غسل دیا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وصیت کے مطابق انکو ان کی بیوی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے غسل دیا تھا (منتقیٰ)

س ۱۸۸} صحیح بخاری قرآن شریف کے بعد اول درجہ پر ہے یا موطا امام مالک؟

ج ۱۸۸} صحیح بخاری کے متعلق جمہور علماء کا قول ہے:۔ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری ہے بعض موطا کو کہتے ہیں۔

س ۱۸۹} ایک شخص کہتا ہے کہ میں فلاں عورت سے نکاح تب کرونگا کہ ایک بار اس سے زنا کروں۔ عورت بھی راضی ہے۔ کیا شادی کرنے کے لئے ایک بار زنا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ۱۸۹} زنا ہر حالت میں حرام ہے۔ کسی غرض کے لئے بھی جائز نہیں۔ عورت کو دیکھ لینا جائز ہے۔

س ۱۹۰} قبرستان میں برائے ضرورت مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں؟

ج ۱۹۰} قبرستان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ اس لئے وہاں مسجد کی کوئی ضرورت نہیں۔ بلکہ قبرستان میں مسجد بنانے والے کو لعنت کی۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الیھود والنصاری اتخذوا قبور انبیائهم مساجد (الحدیث)

س ۱۹۱} زانیہ کسبیہ کی کمائی سے نل لگایا گیا ہو تو اس سے پانی پینے یا وضو کے لئے لینا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۱۹۱} اگر پیشہ چھوڑ کر توبہ کرچکی ہے تو بعض علماء کے نزدیک پانی جائز ہے۔ اگر توبہ نہیں کی

ahmadimuslim.de

متفرقات

حساب دوستاں پڑتال رجسٹر سے معلوم ہوا کہ مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت اخبار و میعاد مہلت ماہ جولائی میں ختم ہو جائیگی۔ اس لئے ان حضرات کو اطلاع دیکر امید کی جاتی ہے کہ ۲۷- جولائی ۳۹ء تک قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کردیں گے۔ اگر خریداری سے انکار ہو تو بھی جلد از جلد اطلاع دیں ورنہ ۲۸- جولائی کا پرچہ وی پی کیا جائے گا۔

نوٹ اس دفعہ غریب فنڈ، بیرون ہند اور مہلتی خریداروں کے نمبر علیحدہ علیحدہ درج ہیں۔ غریب فنڈ سے جن کے نام اخبار جاری ہے بعد میعاد بند کر دیا جائیگا۔ بیرون ہند کے خریداروں کو بھی چاہئے کہ قیمت اخبار ۱۵- اگست تک ارسال کردیں۔ مہلت یافتگان اپنے وعدہ کی پابندی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ۲۲- جولائی تک قیمتیں بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں ورنہ آئندہ اخبار جاری نہیں رہے گا۔

اگر کسی صاحب کے حساب میں غلطی ہو تو بھی جلد از جلد اطلاع دیں۔ تاکہ غلطی کا ازالہ کردیا جائے۔

۲۸۵۹ - ۳۲۵۷ - ۴۳۳۴ - ۴۵۳۵
۵۱۰۹ - ۵۲۰۹ - ۶۵۴۳ - ۶۵۴۵ -
۶۹۲۲ - ۸۰۰۳ - ۸۵۱۸ - ۸۵۵۴ - ۸۵۷۸ -
۸۶۷۶ - ۹۰۴۸ - ۹۵۱۳ - ۱۰۱۴۸ -
۱۰۳۴۵ - ۱۰۹۷۳ - ۱۱۰۸۲ - ۱۱۲۰۱ -
۱۱۲۳۳ - ۱۱۴۲۷ - ۱۱۴۳۹ - ۱۱۵۷۵ -
۱۱۷۱۲ - ۱۱۸۰۳ - ۱۱۹۰۱ - ۱۱۹۰۴ - ۱۲۱۳۹ -
۱۲۲۰۰ - ۱۲۳۰۳ - ۱۲۲۰۵ - ۱۲۲۰۹ -
۱۲۲۱۲ - ۱۲۲۲۱ - ۱۲۲۴۳ - ۱۲۳۱۹ - ۱۲۳۸۲
۱۲۴۴۴ - ۱۲۴۰۹ - ۱۲۴۰۷ - ۱۲۴۰۸ -
۱۲۴۱۱ - ۱۲۴۱۲ - ۱۲۴۱۹ - ۱۲۴۹۰ -
۱۲۴۹۲ - ۱۲۴۹۹ -

غریب فنڈ ۱۰۹۰۲ - ۱۱۷۰۰ - ۱۱۷۹۹ -

۱۲۱۸۴ - ۱۲۲۳۵ - ۱۲۴۰۲ - ۱۲۴۰۵ -

بیرون ہند ۷۰۷۷ - ۷۵۳۶ - ۸۴۰۸ -
۹۴۳۱ - ۹۴۳۸ - ۱۰۹۹۲ - ۱۱۲۰۵ - ۱۱۶۰۳
۱۱۸۵۶ - ۱۱۸۷۴ - ۱۲۱۸۳ - ۱۲۲۰۷ -
۱۲۳۷۰ - ۱۲۴۰۱ - ۱۲۴۶۱ -

مہلتی ۷۱۰ - ۵۴۱۹ - ۶۱۲۷ - ۸۴۶۹ -
۸۷۵۹ - ۹۹۹۱ - ۱۰۱۷۰ - ۱۰۴۰۹ - ۱۰۶۶۷ -
۱۰۹۳۲ - ۱۱۱۷۷ - ۱۱۱۸۶ - ۱۱۵۳۵ - ۱۲۳۲۴
۱۲۳۲۸ - ۱۲۳۴۰ - ۱۲۳۵۵ - ۱۲۳۶۰ -
۱۲۳۸۰ - ۱۲۳۹۹ - ۱۲۴۴۱ - ۱۲۴۴۸ -

دعائے صحت (۱) میرے چچا صاحب بعارضہ تپمری چند ماہ سے بیمار ہیں۔ راقم عبدالرحمٰن از مدح پور ضلع جالندھر۔ (۲) مولوی سید اولاد حسین صاحب کانپوری ایک ہفتہ سے بعارضہ بخار علیل ہیں۔ راقم مولوی عبدالرحمٰن کانپوری۔ (۳) میرے بھائی زین العابدین کے سینہ میں دو ماہ سے درد رہتا ہے۔ نصیرالدین از جھا جھا۔

ناظرین کرام جملہ حضرات کے لئے دعائے صحت کریں۔ اللھم اشفھم بشفائک وداوھم بدوائک۔

تلاش معاش میرے ایک دوست سند یافتہ، ذی علم اور درس تدریس کے سلسلہ میں تجربہ کار عربی فارسی میں کافی دسترس رکھنے والے تلاش معاش میں ہیں کسی مدرسہ اہل حدیث یا مسجد اہل حدیث مدرس یا خطیب و امام کی ضرورت ہو تو ضرورت مند اصحاب میری معرفت خط و کتابت کریں۔ (مولوی سید عبدالرؤف ناظم نذیریہ لائبریری پھاٹک حبش خاں دہلی)

یاد رفتگاں میرے والد بزرگوار سید عباس علی صاحب (جو اہلحدیث کے پرانے خریدار تھے) بعارضہ اختلاج قلب انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ناظرین مرحوم کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفر لہ وارحمہ۔ (راقم سید محمد ادریس محلہ مہاراج گنج شہر گورکھپور)

مضامین آمدہ مسئلہ عبدالعزیز بحلفہ مولوی محمد داؤد شکراوہ ۳ عدد۔ مولوی ابو سعید عبدالرحمٰن از جھنگ۔

غیر مقبول جلسہ میلاد۔ اشرف السوانح۔ مسئلہ ...۔ امامیوں کا اتحاد۔

کارروائی جلسہ موضع ٹھکلاں ضلع سیالکوٹ

حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب میر کی طرف سے جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کے زیر اہتمام گیارہ جون ۳۹ء کو صبح نو بجے سے دو بجے رات تک نہایت بارونق جلسہ ہوا۔ جس میں حافظ عنایت اللہ صاحب گجراتی۔ مولوی احمد دین صاحب گکھڑوی۔ مولوی محمد دین صاحب اکبرآبادی رنشی فاضل، حافظ علم دین صاحب۔ حافظ حبیب الرحمٰن صاحب۔ میاں نور حسین صاحب نعت خواں و خاکسار شریک جلسہ تھے۔ حافظ علم دین صاحب نے تلاوت قرآن مجید کے بعد نظم (اسلام حضرت عمر رضی) پڑھی۔ حافظ عنایت اللہ صاحب نے مؤثر تقریر فرمائی۔ مولوی احمد دین صاحب نے "فضائل صحابہ" بیان فرمائے۔ مولانا محمد ابراہیم صاحب نے پہلے جلسہ کی غرض بیان فرمائی۔ پھر آپ نے بارہ بجے سے دو بجے ظہر تک مسئلہ خلافت سیدنا ابوبکر صدیق کی فضیلت خصوصاً غار کا تمام واقعہ اپنے مخصوص انداز میں بیان فرمایا۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی کی خلافت بلافصل کے متعلق تو آپ نے واقعات کی روشنی میں باکمال تقریر فرمائی۔ مختلف دیہات چکروڈی۔ مراتی وال۔ منڈیکے بیریاں۔ بیرگ پور۔ چٹی شیخاں۔ مرادپور۔ گوہدپور اور شہر کے افراد اہل حدیث و غیر اہل حدیث بصد شوق شامل تھے۔ ظہر اور عصر کے درمیان حافظ حبیب الرحمٰن صاحب نے تردید شرک و بدعت کی اور میاں نور حسین صاحب نے دلکش آواز سے شاہنامہ اسلام حفیظ جالندھری کا کچھ حصہ پڑھا۔ عصر کے بعد مولوی محمد دین صاحب نے رسومات بدعکی تردید فرمائی۔ پھر رات کو جناب مولانا فاضل سیالکوٹی نے جمعیۃ تبلیغ کی غرض اور نوجوانان ضلع سیالکوٹ کو خالص توحید کی تعلیم پہنچانا۔ اور توحید و سنت کے علم کے اٹھانے کے لئے تمام حاضرین میں ایک نئی روح پھونک دی اور خدا تعالیٰ سے کامیابی کی دعا کی اور جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔ خدا تعالیٰ جمعیت کی نیک کوششوں میں برکت کرے اور ہمیں توحید و سنت کی تبلیغ کی مزید توفیق عنایت فرمائے۔ راقم محمد۔ حافظ

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

تبرا ایجی ٹیشن لکھنؤ

اخبار شیعہ لاہور نے ایک طویل مضمون لکھا ہے جس میں تبرا ایجی ٹیشن کی کامیابی کے لئے ایک مفصل سکیم بتائی ہے مگر ہم اس مضمون میں ایک ہی فقرہ دیکھ کر بھانپ گئے کہ یہ ایجی ٹیشن ناکام رہیگی وہ فقرہ یہ ہے کہ

کیا حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی یاد کو تیرہ سو سال سے قائم رکھنے والے بیسیوں شہداء لکھنؤ کے خون سے متاثر نہ ہونگے۔

(شیعہ لاہور ۲۴ جون سنہ رواں)

اس فقرہ سے ہم نے ناکامی کیوں بھانپ لی ہے؟ اس لئے کہ انہوں نے اس ایجی ٹیشن کو امام حسینؓ کی شہادت سے جا ملایا ہے۔ اس وقت شہادت امام حسین پر گفتگو کرنا یا اس کو زیر بحث لانا بے کار ہے۔ البتہ یہ کہنا بے جا نہیں ہے کہ واقعہ کربلا میں امام حسین اپنے دشمنوں کے مقابلہ میں حکومت کی حیثیت سے کامیاب نہیں ہوئے۔ اس تشبیہ سے ہم نے یہی سمجھا ہے کہ تبرا ایجی ٹیشن کرنے والے بھی بقول خود چاہے شہادت کا مرتبہ پا جائیں مگر حکومت کے مقابلہ میں کامیاب نہیں ہونگے۔ اس کے آثار ابھی سے کچھ ایسے ہی نظر آنے لگے ہیں جو بالفاظ اخبار مدینہ درج ذیل ہیں۔

کتنے شیعہ معافی مانگ کر چلے آئے

کیا گرفتار ہونیوالوں کو روپیہ دیا جاتا ہے؟

معتبر ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ گذشتہ ۳۱ مئی تک تبرہ ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں مختلف جیلوں میں شیعہ اسیروں کی تعداد ۹۰۴ تھی۔ اور اسی تاریخ تک معافی مانگنے والوں کی تعداد ۳۴۲ تھی۔ ۳۱ [illegible] جون تک تبرہ ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں شیعہ اسیروں کی تعداد [illegible]

اس کے بعد معافی مانگنے والوں کی تعداد روزانہ ۲۰۰ رہی [illegible] معافی مانگنے والوں کی روزانہ اوسط تعداد ۲۷ ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ تبرہ ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں پنجاب اور سرحد سے جو لوگ گرفتار ہوئے تھے اُن کی ایک بہت بڑی تعداد نے جیل میں معافی مانگ کر رہائی حاصل کر لی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ دو گروہ پنجابیوں کے جو اس ایجی ٹیشن کے سلسلے میں لائے گئے تھے وہ یہاں سے واپس چلے گئے۔ ان لوگوں نے کہا ہے کہ ان کو وہاں یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ ان کو تبرہ ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں لایا گیا ہے بلکہ اُن سے وہاں کہا گیا تھا کہ لکھنؤ میں حسین کا نام لینے کی ممانعت ہے۔ لیکن لکھنؤ آکر انہیں معلوم ہوا کہ صحابہ کرام پر تبرہ کیا جاتا ہے تو انہوں نے اس میں شریک ہونے سے انکار کر دیا اور واپس چلے گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اب تک کافی تعداد میں سنی پنجابیوں اور سرحدیوں کو جیل روانہ کیا گیا ہے۔ لیکن انہیں اس کے علاوہ کچھ نہیں معلوم کہ اُن کے پیر نے اُن کو جیل جانے کی اجازت دی تھی اور ان کو یہاں پہنچایا گیا تھا بعض نے یہ بھی بتایا ہے کہ انہیں اس سلسلہ میں جیل جانے کی اجرت دیجاتی ہے۔"

(مدینہ بجنور ۲۱ جون ۱۹۳۹ء)

برطانیہ اور جاپان

آجکل یہ گرما گرم خبر آ رہی ہے کہ جاپان برطانیہ کو تنگ کر رہا ہے۔ نہ صرف تنگ بلکہ جنگ پر اکسا رہا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے۔

ناظرین آگاہ ہونگے کہ برطانیہ اپنی ضروریات کے لحاظ سے دور دراز ممالک میں دامن پھیلائے ہوئے ہے۔ کوئی اچھا بندرگاہ کسی ملک کا ہو اور کسی سلطنت کے ماتحت ہو برطانیہ [illegible] اپنا [illegible]

برطانیہ کے قبضہ میں ہے۔ اسی طرح چین میں سنگاپور اور ہانگ کانگ وغیرہ پر برطانیہ کا قبضہ ہے۔ یہ سب کچھ کسی اہم ضرورت کے لئے ہے۔ ہوشیار قوم ایسا ہی کیا کرتی ہے۔ تین تسین چین میں برطانیہ کی ایک بستی ہے۔

جاپان چین کے بہت سے حصے پر قابض ہو گیا ہے۔ یہاں تک کہ اس نے آج کل برطانوی علاقہ تین سین کی ناکہ بندی کر رکھی ہے اور وہاں برطانوی باشندوں کیلئے کھانے پینے کی کوئی چیز شہر کے اندر جانے نہیں دیتا جاپان اس کی وجہ یہ بیان کرتا ہے کہ برطانیہ چین کی امداد کرتا ہے۔ اس کے جواب میں مشیر برطانیہ کے وزیر خارجہ نے جاپان کو خوب جواب دیا ہے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا ہے کہ

"ہم اینٹ کا جواب پتھر سے دے سکتے ہیں۔ لیکن امن بحال رکھنے کی خاطر ہم کوئی سخت کارروائی کرنا نہیں چاہتے۔"

ہمارے خیال میں یہ جواب بالکل شریفانہ انداز کا ہے مگر اس کے ساتھ ہی ہماری رائے یہ ہے کہ کامل شرافت اور امن پسندی کا ثبوت اس طرح ہوگا کہ جس طرح برطانیہ نے چیکوسلواکیہ کو جرمنی کے حوالے کر کے امن پسندی کا ثبوت دیا تھا اسی طرح تین سین کو بھی جاپان کے حوالے کر کے مکمل امن خواہی کا ثبوت دے۔ اس پر بھی اگر جاپان بگڑ بیٹھا تو ساری دنیا اسکو ملامت کا نشانہ بنائیگی۔ برطانیہ کو ایسا کرنے کے لئے مشرقی فلاسفروں کا مشورہ یہ ہے ؏

دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ

کیا سکھ پابند مذہب ہیں یا مسلمان؟

آجکل اخبارات میں ایک خبر گشت لگا رہی ہے جسے پڑھ کر ہمیں سخت ندامت ہوئی ہے وہ خبر یہ ہے کہ انبالہ کے سکھوں نے ایک جلسہ کر کے گورنمنٹ سے درخواست کی ہے کہ :-

"ان تمام سکھوں کو سرکاری ملازمت سے علیحدہ کر دیا جائے جو مذہبی [illegible]

سکھ تھے مگر اب انہوں نے سر کے بال
کٹوانے شروع کر دیئے ہیں یعنی جو سکھ
اصولوں کے پابند نہیں رہے۔"
(آریہ گزٹ ۱۱- جون ۳۶ء)

اس خبر کو دیکھ کر ہمیں کیوں ندامت ہوئی ہے؟ اس لئے کہ سکھوں میں سر کے بالوں کا رکھنا صرف ایک قومی نشان ہے۔ اسی لئے انہوں نے بال منڈانے والوں کو سکھ قوم کے حقوقِ ملازمت سے محروم کرانے کی درخواست کی ہے۔ مگر ان کے نزدیک بالوں کو صحیح سالم رکھنا مذہبی حکم نہیں ہے۔ کیونکہ سکھوں کے بانیٔ مذہب خود گرو نانک جی بھی کیس نہ رکھتے تھے لیکن مسلمانوں کے لئے ڈاڑھی کا رکھنا نشان قومی کے علاوہ مذہبی حکم بھی ہے۔ اس کے باوجود مسلمانوں نے ڈاڑھیوں سے جو برتاؤ کیا ہے وہ کسی سے مخفی نہیں۔ اندریں حالات ہم کیوں نہ کہیں کہ سکھ بلحاظ مذہب مسلمانوں سے زیادہ پابند ہیں۔ گو ہم یہ دجالی پیشگوئی بھی کئے دیتے ہیں کہ

یورپ کا اثر عنقریب سکھوں پر بھی ہونیوالا ہے۔ اگر سکھ قوم نے بڑی مضبوطی سے اس فعل پر گرفت نہ کی تو بہت جلد سکھ اور غیر سکھ ایک شکل میں نظر آئیں گے۔

تبلیغی دورہ

موضع پتہ متصل طوٹ منڈی میں شیعہ گروہ نے بہت شور و غل مچا رکھا تھا۔ اتفاقاً ۲۹ مئی کو حضرت مولوی محمد صدیق صاحب کیلوی بہمراہ مولوی غلام محمد صاحب برچھوی تبلیغی دورہ کرتے ہوئے یہاں پر تشریف فرما ہوئے اور ۲۹ تک ہر دو نیں حضرات نے اپنی اپنی مؤثر تقریروں سے باشندگان پتہ کو نہایت اعلیٰ پیرایہ پر فضائل صحابہؓ سے مطلع کیا اور شیعہ کے اعتراضات کے مکمل جوابات دندان شکن دیئے۔ الحمدللہ ان کی تقریروں کا بہت عمدہ اثر علاقہ پر پڑا۔

دعاگو (چودھری) رمضان خان جنٹر حوالدار۔
مقام پتہ۔ ضلع فیروزپور

مسلمانان امرتسر کا جلسہ

علمائے امرتسر کے اہتمام میں ایک جلسہ ۲۳ جون کو بعد نماز جمعہ مسجد شیخ خیر الدین مرحوم میں منعقد ہوا۔ جس میں مندرجہ ذیل تجاویز پاس ہوئیں:۔

(۱) مدح صحابہ پر کسی قسم کی پابندی کرنا مداخلت فی الدین ہے۔
(۲) شیعوں کو تبرا صحابہ کی اجازت دینا ناقابل برداشت ہے۔ اس لئے یوپی گورنمنٹ ان دو قرباتوں پر دلی توجہ کرے۔
(۳) عنایت اللہ مشرقی نے اپنے اخبار "الاصلاح" میں لکھنؤ کے فریقین شیعہ سنی کو قتل کی دھمکیاں دی ہیں۔ گورنمنٹ پنجاب اس پر توجہ کرے۔
(۴) احرار کانفرنس قادیان میں گورنمنٹ نے بند کر دی ہے اس پر بندش کو اٹھا دے۔ ورنہ مرزائیوں کو بھی سوائے قادیان کے جلسہ کرنے کی اجازت نہ دے۔

آبیانہ میں پچاس فیصدی کی تخفیف

بعض رقبوں میں جو نہر جمن غربی سے سیراب ہوتے ہیں فصل نخود کے متعلق روپیہ میں آٹھ آنہ تک آبیانہ کی عام معافی کی منظوری دی گئی ہے۔

وہ رقبے جن پر یہ حکم عائد ہوتا ہے صوبہ دہلی اور دہلی کیتال ڈویژن میں اضلاع رہتک و کرنال کے بعض حصوں پر مشتمل ہیں۔ اس حکم کے ماتحت کل ۵۸۹۵۶ روپیہ کی معافیاں دی گئی ہیں۔ یہ ان معافیوں کے علاوہ ہیں جو معمولی قواعد کے ماتحت خرابہ کے ماتحت باقاعدہ طور پر مانگی جا سکتی ہیں۔ عام معافی ان رقبوں میں فصلوں کی حالت کے متعلق مفصل اور احتیاط کے ساتھ تحقیقات کرنے کے بعد دی گئی ہے جو نہر جمن غربی سے آبپاش ہوتے ہیں۔ ان رقبوں میں ضلع حصار کے بعض حصے شامل ہیں جہاں تمام ضلع میں بحیثیت مجموعی قحط زدگی کے پیش نظر فصلوں کا مفصل جائزہ خاص طور پر ضروری خیال کیا گیا تھا۔ گذشتہ مارچ کے پہلے نصف حصہ میں محکمہ نہر کے گرداوروں نے تحقیقات کی جس سے یہ ظاہر ہوا کہ ملحقہ اضلاع کے مقابلہ میں ضلع حصار میں تمام فصلوں کی حالت بہتر تھی ضلع حصار میں عام معافی کے جواز کی کوئی صورت نہیں تھی۔ خرابہ وغیرہ کے متعلق علیحدہ قواعد صورت حالات سے عہدہ برآ ہونے کے لئے کافی تھے۔

لیکن ان تحقیقات سے یہ ظاہر ہوا کہ صوبہ دہلی اور دہلی کیتال ڈویژن میں اضلاع رہتک و کرنال کے رقبوں میں فصل نخود کی پیداوار بہت کم ہوئی۔ چنانچہ افسران محکمہ نہر نے اس بارہ میں سول حکام سے بات چیت کی اور فصل نخود (جس میں سرشف اور نخود کی آمیزش شامل ہے) پر روپیہ میں آٹھ آنہ کی عام معافی منظور کی گئی۔ آبیانہ کے متعلق کل معافی ۵۸۹۵۶ روپیہ تھی جس میں معمولی قواعد کے ماتحت خرابہ کی رقم شامل نہیں

ان رقبوں کی امداد کے لئے جہاں ژالہ باری کی وجہ سے نقصان پہنچا۔ حکومت نے جو عام احکام صادر کئے ہیں۔ ان کے ماتحت اضلاع حصار و کرنال کے چھوٹے چھوٹے نقصان زدہ رقبوں کے متعلق کارروائی کی گئی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض حلقوں کی طرف سے جو یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ

"حکومت ان نہری مواضع میں جہاں فصل تقریباً بالکل ناکام رہی ہے پورا آبیانہ لینے کی کوشش کرتی ہے"

وہ بے بنیاد اور گمراہ کن ہے۔ اخبارات میں جو بیانات شائع ہوئے ہیں ان کے بموجب حصار میں حال ہی میں جو ڈسٹرکٹ پولیٹیکل کانفرنس منعقد ہوئی اسی میں حکومت کے خلاف یہ اعتراض اٹھایا گیا۔ لیکن اصل واقعات سے واضح ہوتا ہے کہ مقامی افسروں نے صورت حالات کا نہایت احتیاط کے ساتھ مطالعہ کیا اور جہاں کہیں فصلوں کی حالت کے لحاظ سے ضروری تھا امداد دی گئی۔

(محکمہ اطلاعات پنجاب۔ لاہور ۱۹ جون)

اعلان: کتب خانہ ثنائیہ امرتسر
فہرست کتب ہر شخص بالکل مفت منگوا سکتا ہے
منگوانے کا پتہ: مینیجر کتب خانہ ثنائیہ امرتسر

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے جسے
بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد اپنے متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی — قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۶۸۶)

بہار شباب

جو مسیح الملک حکیم محمد اجمل خان صاحب کے والد ماجد کی تصنیف کا ترجمہ ہے۔ جس میں ان کی مجربات اور ایسے طبی اصول بیان کئے گئے ہیں جن پر عمل پیرا ہونے سے صحت ہمیشہ درست۔ اولاد خوبصورت اور مضبوط پیدا ہوتی ہے۔ مقوی ادویات کے وہ نسخے جو حکیم صاحب مرحوم کے خاندان میں سینہ بسینہ چلے آتے تھے۔ نہایت فیاضی سے درج کئے گئے ہیں۔ قیمت صرف عہ۔ رعایتی قیمت عہ

پتہ۔ منیجر نور فارمیسی۔ بازار ڈوکریاں۔ امرتسر

تندرستی ہزار نعمت ہے

اگر آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں تو اپنے معدے کا [illegible] ڈاکٹر [illegible] استعمال [illegible] تمام بیماریوں کا [illegible] قیمت [illegible]

پتہ۔ منیجر اکسیر [illegible] لاہور [illegible]

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہو رہی ہے

پتہ مولانا محمد [illegible] صاحب غزنوی
حافظ محمد [illegible] خان غزنوی
دکان کتب خانہ [illegible] الاسلام امرتسر

مفت

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب "عورت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرما لیجئے۔

پتہ۔ منیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن۔ فتح آباد۔ ضلع حصار پنجاب

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی

فلیمیا امساک رجسٹرڈ

رجسٹری وامتحان شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی سے خواہ بوڑھا ہو یا جوان قضائے حاجت ... کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ وقت ضرورت سے پانچ منٹ پیشتر کھائیں۔ ناقابل برداشت طاقت۔ بے حد ممسک ہے۔ جریان۔ احتلام۔ جریان کی دشمن۔ ۳۲ گولیاں پیکٹ عہ

پتہ۔ فلیمیا کیمیکل ورکس [illegible] پنجاب

ahmadimuslim.de

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی
NATIONAL ... DEPOSIT
D EL - 1.

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث وہزارہا خریداران اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی
ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ
سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار
دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے...... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۲ آدھ پاؤ ۴ پاؤ بھر ۸ مع محصولڈاک
ممالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما سے ایک پاؤ
کی قیمت مع محصولڈاک ۱۲ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک
پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب عبدالرزاق وسکین صاحبان ٹانڈہ دھوبرہ۔
"ہم نے کئی بار مومیائی مختلف پتہ سے منگائی ہے مفید ثابت
ہوئی۔ براہ مہربانی آدھ پاؤ مومیائی عبدالعزیز عبدالرحیم
صاحبان کے نام جلد ارسال فرمائیں" (۱۷ مئی ۳۹ء)
جناب مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب سندیلوی
"قبل ازیں مومیائی کئی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں۔ بفضل ایزدی
تجربہ سے باہر فائدہ ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ مومیائی
ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ بہت خوش نصیب اور جوان بخت
وہ ہے جس نے استعمال کی۔ ایک چھٹانک نوازی میاں
کے نام سے ارسال فرمائیں" (۲۰ مئی ۳۹ء)
منگوانے کا پتہ۔ حکیم محمد سردار خاں
پہلوان فرودی میڈیسن ایجنسی امرتسر

تفاسیر اربعہ ثنائیہ

از مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

تفسیر ثنائی اُردو۔ قرآن شریف کی بہت سے حضرات نے تفسیریں لکھیں۔ مگر تفسیر ثنائی اُردو ان سب پر سبقت لے گئی ہے۔ جسے زمانہ حاضرہ میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس تفسیر میں خاص خوبی (جو اس سے پہلے کسی تفسیر اُردو یا عربی میں نہیں دیکھی گئی) یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں آیات قرآنی ہیں جن کے نیچے اُردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں تفسیر مع ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی وشان نزول مفصل درج ہے۔ مخالفین اسلام اور مخالفین سنت نبی علیہ السلام کے خیالات کی اصلاح بھی موقع بموقع کی گئی ہے۔ مکمل تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے۔ قیمت رعائتی فی جلد ڈیڑھ روپیہ عہ مکمل سٹ خریدنے والوں سے صرف عشہ روپیہ قیمت لی جائیگی۔

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (بزبان عربی) تفسیر ہذا عربی زبان میں مفسرین کے مسلمہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا پر لکھی گئی ہے۔ جسے ظاہری و باطنی خوبیوں کے باعث اہل علم حضرات نے بہت پسند فرمایا ہے۔ ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی مقبول ہو چکی ہے۔ بعض مدارس میں بطور نصاب (جلالین کی طرح) پڑھائی جا رہی ہے۔ ہر آیت کی تفسیر میں قرآن مجید کی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ مصری سائز اور رنگ کے کاغذ پر اعلیٰ کتابت وطباعت کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے۔ سارے قرآن مجید کی تفسیر ہے۔ قیمت رعائتی تین روپے

بیان الفرقان علیٰ علم البیان (بزبان عربی) قرآن مجید کی یہ سب سے پہلی تفسیر ہے جو علم معانی و بیان کی روشنی میں عربی میں لکھی گئی ہے۔ شروع میں علم معانی وبیان کی اصطلاحات درج کر کے اُن پر نمبر ڈالے گئے ہیں۔ دوران تفسیر میں جہاں کسی اصطلاح کا ذکر آیا ہے۔ اس پر اس اصطلاح کا نمبر دیدیا گیا ہے۔ سردست صرف سورہ فاتحہ وسورہ بقرہ کی تفسیر چھپی ہے۔ جلد منگوالیں ورنہ دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ قیمت ۱۰/

تفسیر بالرائے (بزبان اُردو) اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی۔ کیونکہ اُردو میں کئی ایک تفسیریں شائع ہوئی ہیں۔ جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں۔ مثلاً بیان للناس امرتسری۔ بیان القرآن لاہوری۔ چکڑالوی، مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔ قابل دید وشنید ہے۔ مولانا صاحب کی یہ بالکل نئی تصنیف ہے۔ قیمت ۱۲/ محصول ڈاک ۴/

منگوانے کا پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

جدید انگلش ٹیچر اس میں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ، محاورات، قواعد گرامر اور کسی عبارت سے انگریزی ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اُردو میں ترجمہ کرنے کے لئے بہت سی شستہ عبارت دی گئی ہے۔ اس کا مطالعہ کرنے سے انسان تھوڑی سی مدت میں انگریزی زبان میں گفتگو کر سکتا ہے۔ اور خط وکتابت بھی کر سکتا ہے۔ آج کل انگریزی زبان کی بہت ضرورت ہے۔ جلد منگوائیں قیمت عہ پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر پنجاب

(۶۸۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جماعت

اخبار اہلحدیث

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفےٰ — بجاں مسلم داشتن

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کڑہ بھائی

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

امرتسر ۱۸ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۷ جولائی

ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر میں باہتمام ابو رضا عطاء اللہ پرنٹر ... طبع ہوا

(۶۹۹)

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کی اسلامی کتابیں

(تصانیف مولوی رحیم بخش صاحب مرحوم)

اسلام کی پہلی کتاب (مع فرہنگ) ذات وصفات باری تعالیٰ اور پیغمبروں اور جنوں اور فرشتوں اور قیامت وغیرہ کا بیان درج کیا ہے۔ کاغذ۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱۰

اسلام کی دوسری کتاب (مع فرہنگ) نماز۔ روزہ کے احکام کے متعلق ہے۔ قیمت ۲

اسلام کی تیسری کتاب (مع فرہنگ) خرید و فروخت تجارت و زراعت، شرکت [illegible]، صلح، [illegible] حدث وغیرہ کے متعلق ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ قیمت ۲

اسلام کی چوتھی کتاب (مع فرہنگ) خرید و فروخت۔ تجارت و زراعت۔ شراکت۔ وقف نذر۔ قصاص۔ دیت نزاعو وغیرہ کے متعلق بیان ہیں۔ قیمت ۳

اسلام کی پانچویں کتاب اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین وصحابہ رضی اللہ عنہم کے خطوط اور ان کے کفار سے جنگ وجدال اور فتوحات وغیرہ درج کئے گئے ہیں۔ قیمت ۶

اسلام کی چھٹی کتاب قرآن شریف کی دعائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر قسم کے شب وروز کے وظائف اور اذکار درج ہیں۔ قیمت صرف ۶

اسلام کی ساتویں کتاب اس کتاب میں اخلاص۔ اتباع سنت نبوی علیہ السلام۔ تعلیم دین۔ تعظیم۔ علماء کی بے ادبی کا بیان ہے۔ قیمت ۶

اسلام کی آٹھویں کتاب جہاد۔ طعام۔ لباس حسن معاشرت۔ اطاعت والدین کا ذکر ہے۔ قیمت ۶

اسلام کی نویں کتاب اس میں نیک صحبت زہد، وصیت اور موت کے ذکر اور دیدار الٰہی۔ دوزخ اور عذاب قبر۔ اللہ کے ڈر۔ توکل اور صبر اور تقویٰ کا بیان ہے۔ ۶

اسلام کی دسویں کتاب حضرت آدمؑ سے لیکر تمام پیغمبروں کے مفصل حالات درج ہیں۔ خلفائے اربعہ اور خواتین و امام حسنؓ و امام حسینؓ وغیرہ اور خلفائے عباسیہ کے حالات مندرج ہیں۔ قیمت عہ

اسلام کی گیارھویں کتاب عقائد اسلام۔ توحید۔ ثبوت حدوث عالم اور صفات باری تعالیٰ اور نبوت و عظمت انبیاء علیہم السلام۔ ثبوت قیامت۔ ردّ تناسخ اور ثبوت معجزات انبیاء علیہم السلام اور کرامات اولیاء رحمہم اللہ درج ہیں۔ قیمت صرف عہ (ایک روپیہ)

اسلام کی بارھویں کتاب اقسام حدیث و تعریف اصطلاحات حدیث۔ پانی کے پاک ہونے۔ اہل کتاب اور مشرکوں کے برتنوں کو پاک کرکے استعمال کرنے میں۔ بول۔ منی۔ مذی وغیرہ احکام۔ چمڑے کی پاکیزگی کا۔ استنجا۔ وضو جنبی اور حائضہ۔ جمعہ۔ میت اور استحاضہ کے احکام درج ہیں۔ قیمت عہ

اسلام کی تیرھویں کتاب کشتی پر اور یہود و نصاریٰ کے عبادتخانوں میں نماز پڑھنے کے طریق۔ مسجد کے آداب تحیۃ المسجد کا

(مشتہر خاکسار ثنائی)

صفدری کی وہ حقیقی مقرأت فاتحہ خلف الامام۔ بسم اللہ کے جہرو خفا کے مسائل۔ رفعیدین فی الصلوٰۃ کے اختلافات کے بقیہ مسائل درج کئے گئے ہیں۔ قیمت عہ

اسلام کی چودھویں کتاب

مسافر۔ سوار کی نماز۔ اور سفر و حضر کی حد و تعیین۔ ایام ابر اور بارش کے دن میں نماز کا حکم اور غسل وغیرہ کے احکام۔ خطبہ و چاند کے احکام۔ سوگ۔ ماتم۔ کفن۔ دفن۔ جنازہ علی الغائب حالات قبر۔ زیارت قبور۔ میت کے ایصال ثواب اور [illegible] کے احکام و مصارف درج ہیں۔ قیمت عہ

وحی اور اسکی عظمت

وحی کی تعریف اور تقسیم کا بیان۔ قیمت ۲ر

تفاسیر اربعہ ثنائیہ

ازمولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

تفسیر ثنائی

اُردو۔ قرآن شریف کی بہت سے حضرات نے تفسیریں لکھیں۔ مگر تفسیر ثنائی اُردو ان سب پر سبقت لے گئی ہے۔ جسے زمانہ حاضرہ میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس تفسیر میں خاص خوبی (جو اس سے پہلے کسی تفسیر اُردو یا عربی میں نہیں دیکھی گئی) یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں آیات قرآنی ہیں جن کے نیچے اُردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں تفسیر مع ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی و شان نزول درج ہے۔ مخالفین اسلام اور مخالفین سنت نبی علیہ السلام کے خیالات کی اصلاح بھی موقع بموقع کی گئی ہے۔ مکمل تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے۔ قیمت رعایتی فی جلد ڈیڑھ روپیہ عہ مکمل سٹ خریدنے والوں سے صرف عـلـه روپیہ قیمت لی جائیگی۔

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن

(بزبان عربی) تفسیر ہذا عربی زبان میں مفسرین کے مسلمہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا پر لکھی گئی ہے۔ جسے ظاہری و باطنی خوبیوں کے باعث اہل علم حضرات نے بہت پسند فرمایا ہے۔ ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی مقبول ہو چکی ہے۔ بعض مدارس میں بطور نصاب (جلالین کی طرح) پڑھائی جارہی ہے۔ ہر آیت کی تفسیر میں قرآن مجید کی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ مصری سائز اور رنگ کے کاغذ پر اعلےٰ کتابت و طباعت کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے۔ سارے قرآن مجید کی تفسیر ہے۔ قیمت رعایتی تین رو[illegible]

بیان الفرقان علی علم البیان

(بزبان عربی) قرآن مجید کی یہ سب سے پہلی تفسیر ہے جو علم معانی و بیان کی روشنی میں عربی میں لکھی گئی ہے۔ شروع [illegible] خط و کتابت کرنے کا پتہ [illegible] لیکن وہ مکمل [illegible] بند ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلےٰ۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ثنائی برقی پریس امرتسر

اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لٹے کی چھپائی [illegible] دار و سادہ [illegible] نرخوں پر [illegible] وعدہ کی کوئی کتاب، پمفلٹ، [illegible] رجسٹر وغیرہ چھپوانے [illegible] وغیرہ طے کرکے [illegible]

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

بادشاہ بننا چاہتے ہو یا ولی

مصنفہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

اس کتاب میں وہ مسائل تحریر ہیں جن سے معمولی آدمی بھی ترقی کرکے معراج کمال تک پہنچ سکتا ہے۔ علم کیمسٹری۔ سحر۔ طلسم۔ کرامات وغیرہ پر روشنی ڈالی ہے اس کا مطالعہ بہت مفید ہے۔ قیمت ۸ر

الترغیب والترہیب

مصنفہ امام عبد العظیم منذری۔ جس میں ہر نوع عمل کی ترغیب اور [illegible] کی ترہیب پر پر نوع احادیث لاکر ان کے ثواب [illegible] کی تشریح کی گئی ہے۔ قابل مطالعہ کتاب ہے۔ [illegible]

حیات المسلمین

رسالہ ہذا میں مسلمانوں کی دینی و دنیوی بہبودی کا حال ہے۔ قیمت ۸ر

البلاغ المبین فی خاتم النبیین

مصنفہ شیخ محی الدین صاحب مرحوم۔ یہ کتاب جماعت اہل حدیث میں بہت مقبول ہے اور بہت پرانی کتاب ہے۔ جس میں تمام اسلامی مسائل پر مفصل بحث کی ہوئی ہے۔ عرصے سے ختم تھی اب دوبارہ طبع ہوئی ہے۔ جلد منگوالیں۔ ورنہ دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہر اہل حدیث خود کو [illegible] قابل دید ہے۔ قیمت [illegible]

رئیس قادیان

مصنفہ مولوی ابو القاسم رفیق دلاوری [illegible] جس قدر کتب اس موضوع پر شائع ہوئی [illegible] کتاب [illegible] سبقت لے گئی ہے۔ طرز تحریر [illegible] صفحات۔ قیمت کاغذ خاص عہ۔ کاغذ عام عہ

ملنے کا پتہ } دفتر اہلحدیث امرتسر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲ — یہ اخبار ہر ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم

نمبر ۳۶ — جلد ۳۶

اہلحدیث

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ترکت فیکم امرین کتاب الله وسنتی

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام الله معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء الله

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کڑہ بھائی

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	۱۰
رؤساء وجاگیرداروں سے	۶
عام خریداران سے	۵
ششماہی	۳
ممالک غیر سے سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ	۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط وکتابت ہو سکتا ہے۔

جملہ خط وکتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء الله (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

(۴۹۱) امرتسر ۱۸ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۷ جولائی ۱۹۳۹ء یوم جمعہ المبارک

فہرست مضامین

نظم (قرآن مجید کی باتیں) - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - - ص۳
قادیان سے مرزا صاحب کے ابطال کی آواز ص۵
مناظرہ حیات مسیح - - - - - - ص۶
اہل حدیث کانفرنس اور جماعت اہل حدیث ص۸
توحید باری تعالیٰ - - - - - ص۸
ایک دوست کے نام کھلی چٹھی - - - ص۹
دیوبندیہ بریلویہ رضویہ - - - - ص۱۰
تبرا اور شان علی مرتضیٰ - - - ص۱۱
فتاویٰ ص۱۲ - متفرقات - - ص۱۴
کل صفحات ص۱۶ - اشتہارات ص۱۶

قرآن مجید کی باتیں

(نتیجۂ فکر مولوی غلام رسول صاحب کندن ساز از ہوشیارپور)

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ کی آیت جو آچکی ہے — ذات خدا کی بابت ہم کو بتا چکی ہے
معبود و مستعاں ہے لاریب وہ اکیلا — اُس کے شریک کا بھی ہرگز نہیں جھمیلا
ذات وصفات میں بھی واحد ہے وہ یگانہ — اُس کی مثال سے ہے خالی سبھی زمانہ
سب غیر ہیں خدا کے جتنے بھی ماسوا ہیں — قرآن کے بیاں سے امثال یہ ہوا ہیں
لاکھوں برس عبادت کوئی بھی یاں کرے گر — یہ بھی ہے بات اتنی بنتا نہیں خدا وہ
پانی میں جیسے بصری اِک پیرجی نے گھولی — یوں حق خلق وخالق ہے زندقہ کی بولی
دعوت ہو یا عبادت دونوں ہیں کبریا کو — جائز نہیں کبھی یہ رحمان کے سوا کو
جملہ نبی ولی ہیں رحمان کے پیارے — پر غیر ذات حق سے لاریب ہیں وہ سارے
یوم جزا کا آنا سب پر محاسبہ ہے — اعمال کا دلوں پر ہونا مواخذہ ہے

وہ کون ہے کہ جس کی ہوگی وہاں حکومت
اُس سے ہی پس ڈرو تم سب چھوڑ کر نخوت

انتخاب الاخبار

(منتخبہ ۳۔ جولائی ۱۹۳۹ء)

—— امرتسر ۲۴۔۲۵۔۲۶ جون کو ۴۴ بچے پیدا ہوئے اور انہی ایام میں ۱۸۔ اموات واقع ہوئیں۔

—— شہر امرتسر میں قتل و فسادات کے سلسلہ کی روک تھام کے لئے مقامی پولیس نے تمام بدمعاشوں کی دیکھ بھال کرنی شروع کر رکھی ہے۔ ان سب کی فہرستیں تیار ہو رہی ہیں۔

—— امرتسر شہر دروازہ بھگتا والہ کے قریب لالہ کوڑمل کے کارخانہ میں آگ لگ گئی جو کئی گھنٹے جاری رہی نقصان کا اندازہ تقریباً پچیس ہزار روپیہ لگایا جاتا ہے۔

—— لاہور مولوی ظفر علی خان کی تجویز کے مطابق ریاست نظام دکن کے متعلقہ آریہ ایجی ٹیشن کی اصل حقیقت واضح کرنے کے لئے لاہور اتحاد ملتیوں کا ایک دستہ سرحد کے دورہ پر روانہ ہو گیا ہے۔ وہاں سے اور شہروں میں دورہ کریگا۔

—— لاہور میں کسان ستیہ گرہ ابھی تک جاری ہے۔

—— لاہور ۲۔ جولائی کو خاکساروں کا مصنوعی جنگ کیمپ منٹو پارک میں لگا۔ جس میں ان کی مصنوعی جنگ ہوئی۔ مگر اتفاقیہ بارود پھٹ جانے سے دو درجن خاکسار زخمی ہو گئے۔

—— حکومت صوبہ سندھ نے سندھ کے تمام ڈسٹرکٹ اور میونسپل بورڈوں کے انتخابات ایک سال تک ملتوی کر دئیے ہیں۔

—— یوپی اسمبلی کے ایک ممبر ایک بل پیش کرنا چاہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہوگا کہ قرآن مجید کی فروخت غیر مسلم قطعاً نہ کریں۔ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کو جرمانہ یا قید کی سزا دی جائے۔

—— ایک اطلاع مظہر ہے کہ دریائے برہمپتر میں طغیانی آجانے کے باعث شہر سلہٹ اور قرب و جوار کا علاقہ زیر آب ہو گیا ہے۔

—— مسلم لیگ کی مجلس عاملہ نے آئندہ اجلاس ۲۸-۲۹-۳۰ ستمبر کو لاہور میں کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

—— لندن کے ایک اخبار میں ایک امریکن اخبار نویس نے بلاد اسلامیہ کا سفرنامہ جو وہ حال ہی میں کر چکا ہے شائع کرایا ہے۔ اخبار نویس جب ایران میں شاہ ایران کی خدمت میں پیش ہوا تو اثنائے گفتگو میں لکھنؤ کے شیعہ سنی جھگڑے کا ذکر بھی آگیا۔ شاہ ایران نے فرمایا کہ میں ہندوستان کے احمق شیعوں اور سنیوں کا نام سننا گوارا نہیں کر سکتا جو حمائت اسلام کے پردے میں اسلام کی بنیادیں کھوکھلی کر رہے ہیں۔

—— چینیوں کا ایک فوجی کمیونک مظہر ہے کہ چینیوں نے جاپانیوں کے گیارہ جنگی جہاز غرق کر دئیے ہیں۔

نوٹ کر لیجئے

اگر آپ کی قیمت اخبار ماہ جولائی میں ختم ہے تو مہربانی فرما کر بہت جلد قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ اگر خریداری سے انکار ہو تو جلد از جلد اطلاع بخشیں۔ ورنہ ۲۸۔ جولائی کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

بیرون ہند کے جن خریداروں کے ذمہ بقایا جات ہیں وہ مہربانی فرما کر جلد ادا کریں۔

مہلت یافتہ حضرات حسب وعدہ قیمت ارسال کر دیں ورنہ ان کا آئندہ کبھی اعتبار نہیں آئیگا۔

نوٹ:۔ صفحہ ۱۴ ضرور ملاحظہ کریں

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— ملک معظم اور ملکہ معظمہ آئندہ اکتوبر میں بلجیم جائینگے۔

—— لندن ایک تقریر کے دوران میں سر سٹیفورڈ نے بیان کیا کہ آئندہ تین ماہ میں جنگ یقینی ہے۔

—— بلجیم پارلیمنٹ میں کسی رکن نے دوران تقریر میں کہا آئندہ جنگ میں ہم غیر جانبدار نہیں رہ سکتے۔

—— لندن ۲ جولائی۔ آج لندن میں سات بم پھٹے یہ واقعات آئرش ری پبلکن کی سرگرمیوں کا نتیجہ بیان کئے جاتے ہیں۔ ان حادثات سے لندن مڈلینڈ سکاٹش ریلوے کے لسٹر برمنگھم۔ ڈربی اور سٹیفورڈ وغیرہ مقامات پر پارسل آفس تباہ ہو گئے۔ کئی جگہ آگ بھی لگ گئی کئی ریلوے ملازم زخمی ہوئے۔ نقصان مال کا اندازہ ابھی نہیں لگایا گیا۔

—— اخبارات راوی ہیں کہ حکومت جرمنی نے اپنے بہت سے آدمی علاقہ ڈینزگ میں بھیجے ہیں۔ تاکہ وہاں تازی جماعت تیار کریں۔ کئی جنگی جہاز سرحد ڈینزگ پر پہنچ چکے ہیں۔ ان حالات کے پیش نظر آئرش حکومت بھی اپنے آپ کو تیار کر رہی ہے۔

انڈین سول سروس کا امتحان

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

یہ امر واقفیت عامہ کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ انڈین سول سروس میں داخلہ کے لئے مقابلہ کا امتحان دہلی میں ۴ جنوری ۱۹۴۰ء سے ان قواعد و ہدایات کے مطابق شروع ہوگا جو گورنمنٹ آف انڈیا ہوم ڈیپارٹمنٹ کے اشتہار نمبری ۳۳/۳۹ ای۔ ایس۔ ڈی۔ ایس مورخہ ۱۲۔ جون ۱۹۳۹ء کے ساتھ شائع کئے گئے ہیں۔

جتنے امیدوار اس امتحان میں منتخب کئے جائینگے ان کے متعلق بعد کو اعلان کیا جائیگا۔

(۲) جو امیدوار امتحان میں داخل ہونا چاہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جس ضلع میں وہ سکونت رکھتے ہوں۔ اس کے ڈپٹی کمشنر صاحب کی خدمت میں خواست پہنچنے کی آخری تاریخ ۳۰۔ جولائی ۱۹۳۹ء ہے۔

(۳) قواعد اور درخواست داخلہ کے فارم اور امیدواروں کے معائنہ کے متعلق ضوابط کی نقول مندرجہ ذیل دفاتر سے مل سکتی ہیں۔

(۱) پنجاب اور شمال مغربی سرحدی صوبہ کی مشترکہ پبلک سروس کمیشن لاہور کا دفتر۔

(۲) پنجاب سول سیکرٹریٹ لاہور۔

(۳) محکمہ اطلاعات پنجاب لاہور۔

(۴) صاحب رجسٹرار پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

تقلید و عمل بالحدیث۔ مصنفہ نواب محسن الملک مرحوم۔ عمل بالفقہ سے عمل بالحدیث کی فضیلت ثابت کی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۸/ پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۱۸۔ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۲)

نوٹ سلسلہ صلوٰۃ المومنین" بجواب رسالہ "صلوٰۃ المرسلین" کی بابت اعلان ہوا تھا کہ حسب ضرورت رسالہ کی صورت میں چھپ کر مفت شائع ہوگا۔ اہل ہمت اصحاب کو چاہئے ایسے کاموں پر توجہ فرمایا کریں۔ کیونکہ اس طرح توحید و سنت کی اشاعت ہوتی ہے جو ہر مسلمان کی زندگی کا مقصود اصل ہے۔ (مدیر)

نوٹ علمائے اسلام جو اس تحریک کی مخالفت کرتے ہیں وہ وجہ بانی کے ذاتی خیالات کے کرتے ہیں۔ بانی تحریک کی تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے مذہبی خیالات کے پھیلانے میں بڑا ہوشیار ہے۔ ایک طرف تو یہ کہتا ہے کہ میری تحریک میرے خیالات سے بالکل الگ ہے میرے خیالات کو اس میں کوئی دخل نہیں، نہ میں اپنے خیالات کی کسی کو تلقین کرتا ہوں بلکہ اپنے اتباع کو ہدایت کرتا ہوں کہ میری تحریرات "تذکرہ" وغیرہ کو زیر بحث نہ لاؤ ... اس پر بحث کرو۔

دوسری طرف وہی کتاب کی ... اس کو ... دیتا ہے۔ ہم اس کی ایک ... جس کے ... میں چند فقرے نقل ... لکھا ہے کہ ...

ضرورت سے زیادہ مخلص سالار اور خاکسار میری کتاب "تذکرہ" کو لے بیٹھتے ہیں اور فرط محبت اور اعتقاد سے مخالف حضرات کو قائل کرنے کے خیال سے اگر بحثیں نہیں تو کم از کم گفتگوئیں اور تبادلہ خیالات کرتے ہیں۔ تحریک کی اس منزل پر کہ ابھی منزل مقصود کافی دور ہے میں ہر اس شخص کو جو تحریک سے ادنیٰ سی محبت رکھتا ہے اور اس کے منزل تک پہنچنے کیلئے بے چین ہے تنبیہ کرتا ہوں کہ تذکرہ کے متعلق تمام گفتگو اور بحث قطعاً بند کر دے۔"

(الاصلاح" لاہور مؤرخہ ۹ جون ۱۹۳۹ء)

اسی اخبار کے اسی مضمون میں اپنی کتاب تذکرہ کے متعلق لکھا ہے:۔

اس (تذکرہ) کو خدا کے سوا کسی کی حمایت کی ضرورت نہیں ×× تذکرہ کے بعد قرآن کی تمام تفسیریں جلا دی جائیں تو بہتر ہوگا ×× تذکرہ کی شہرت اور مسلّیت کے بعد ظاہر ہے کہ اس کتاب کو خاکسار سپاہی کی حمایت کی کچھ ضرورت نہیں۔

(حوالہ مذکور)

"تذکرہ" کی استعداد ... کر کے لکھا ہے کہ

"تذکرہ کے متعلق تمام ... سے اور ... میں قطعاً بند ہو جائے۔ ...

نافرین ... کی وقت

... ہیں ... کوئی شخص اپنے بیٹے کو ... کھاتا ہے اور ساتھ ہی اس کے یہ بھی کہے کہ خربوزے اور آم ایسے پھل ہیں کہ ان کے مقابلے میں دوسرے سب پھل ہیچ ہیں تو بتائیے اس کا ایسا کہنا پھل کھانے کی ترغیب ہے یا نہیں۔ چنانچہ اس کا یہی اثر ہوا کہ نوجوان جو تذکرہ کی اردو عبارت بھی نہیں سمجھ سکے علماء کی مخالفت اور بدگوئی پر کمربستہ نظر آتے ہیں۔ کیوں؟

ہر چہ گیرد علتی علت شود
کفر گیرد کاملے ملت شود

منطقی اصطلاح میں تحریک خاکساری اور تصنیفات مشرقی قضیہ مشروطہ عامہ کی شکل میں ہیں۔ جس میں ذات اور وصف دونوں کے مجموعے پر حکم ہوتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے ذات اور وصف میں جدائی ہو جائے تو حکم بھی مرتفع ہو جاتا ہے۔ بغرض تفہیم عوام ہم اس کی مثال دیتے ہیں۔

کسی حاکم (مجسٹریٹ ہو یا جج) کی تعظیم و تکریم اس کے وصف حکومت کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اسی لئے جب وہ پنشن یاب ہو جاتا ہے تو پہلی سی تعظیم و تکریم نہیں رہتی۔ معمولی انسان رہ جاتا ہے۔ سارا دارو مدار اسی وصف پر ہے۔

ٹھیک اس جگہ علماء کی شدید مخالفت نفس تحریک کے باعث نہیں ہے۔ گو نفس تحریک بھی ان کے نزدیک خلاف شرع ہے۔ کیونکہ فوجی قواعد کی حالت میں بیلچہ اٹھانا اور بیلچہ پر ہاتھ مار کر انگریزی طریقہ سے سلام کرنا خلاف سنت اور خلاف طریق معیشت اسلام ہے۔

اس مخالفت کی اصل وجہ بانی تحریک کے عقائد ہیں جن کو وہ بڑی دسیسہ کاری اور ہوشیاری سے اپنے اتباع میں پھیلا رہا ہے۔ اس لئے ضرورت محسوس ہوئی کہ ہم علمائے کرام کی جانب سے یہ خدمت ادا کریں اور بتائیں کہ مشرقی صاحب کی تحریرات میں کیا کیا خرابیاں ہیں۔ گو ہم سے پہلے اور حضرات اہل قلم نے بھی اس موضوع پر بہت کچھ لکھا ہے۔ جزاہم اللہ مگر

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست

پس ناظرین ہماری گزارشات کو توجہ سے سنیں اور ہمارے پیش کردہ حوالجات کو تصنیفات مشرقی سے ملا کر انصاف سے فیصلہ دیں کہ مشرقی صاحب کے متعلق ہم نے جو نکتہ چینی کی ہے کہاں تک صحیح ہے۔ سب سے پہلے ہم ان کی مایہ ناز تصنیف "تذکرہ" پیش کرتے ہیں۔ بحث کے اخیر میں ان کا مذہب بتائیں گے۔ انشاء اللہ!

مشرقی صاحب کی کتابیں دیکھنے سے جو معلوم ہوتا ہے اسے ہم مندرجہ ذیل نمبروں میں پیش کرتے ہیں :-

(۱) آپ کی تصنیفات "تذکرہ" وغیرہ بے معنی طوالت اور ایراد مترادفات سے اتنی پُر ہیں کہ پڑھنے والے کے دماغ کو پریشان کر دیتی ہیں۔

(۲) تصانیف مذکورہ میں اقوال متخالفہ اور متضادہ بکثرت بھرے پڑے ہیں۔

(۳) قرآن مجید کی آیات کی ایسی طرح تفسیر کی ہے کہ تحریف کی شکل نظر آتی ہے۔

(۴) بانئ تحریک کو بظاہر جہاد کا بہت شوق معلوم ہوتا ہے۔ یہ شوق شغف کی حد تک پہنچا ہوا ہے۔ مگر اصل مجاہدین اسلام کی بہت توہین کی ہے۔

(۵) آپ کی تصنیفات میں اسلاف امت کی توہین عموماً اور علمائے اسلام اور مفسرین قرآن کی خصوصاً کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔

(۶) بایں ہمہ اپنی تصنیفات کو سب سے اعلیٰ بتایا گیا ہے۔

(۷) متفقہ اور متواترہ اسلامی اعمال اور شعائر اسلام کا مذاق اڑایا گیا ہے۔

(۸) عام طور پر آپ کی زبان اور قلم شستہ اور شائستہ نہیں ہے۔

ان نمبروں کا ثبوت دینا ہمارے ذمے ہے۔ پس اب ہم پہلے نمبر کی دو مثالیں پیش کرتے ہیں۔ عبارات مندرجہ ذیل ملاحظہ ہوں۔

طوالت کی پہلی مثال "جو شخص عمل کر رہا ہے کسی حکم خدا پر عامل ہو کر اپنے تن بدن کو تکلیف میں ڈال رہا ہے اس کا عقیدہ بھی درست ہے۔ نہیں بلکہ وہی عقیدے کا صحیح معنوں میں مدعی ہے۔ اُسی کے دل میں عقیدت اور یقین کا ایک لازوال ہیجان موجود ہے، وہی اس حکم خدا کی نافعیت کا سچا قائل ہے، وہی اُس کے حکم اعلیٰ ہونے پر سچا ایمان رکھتا ہے، وہی اُس کو صحیح معنوں میں مان رہا ہے، وہی اُسکو دل سے آقا تسلیم کرتا ہے، وہی مسلم اور مومن ہے کسی نوکر سے ملازمت [illegible] کے کہنے سے نہیں ہوئی۔ زبانی عقیدے یا کسی کلمے کو دہرا کر ہرگز نہیں ہوتی، وہی صحیح معنوں میں نوکر ہے جو کام کر رہا ہے جو کہا مان رہا ہے، وہی تنخواہ بھی لے رہا ہے، وہی آقا کو آقا مان رہا ہے اور وہی اُسکے حاکم ہونے کا معتقد بھی ہے! چہروں کو غمگین بنا بنا کر اور لمبے سانس بھر بھر کر یہ کہتے رہنا کہ ہم خدا کے قائل ہیں، ہم اُس کو وحدہ لاشریک سمجھتے ہیں، ہم اس کو ایک مانتے ہیں، ہم اُس کے وجود پر شاہد ہیں، ہم اُس کے ہونے کو تسلیم کرتے ہیں، ہم مسلمان اور مؤمن ہیں اور ساتھ ہی اُس کے دیئے ہوئے حکموں پر عمل نہ کرنا، اُن کو پرِ کاہ کے برابر نہ سمجھنا، توفیق نہ ہونے کا شیطانی عذر کر کر ٹال دینا اور باوجود اِس کے عقیدہ درست رکھنے کا طاغوتی اصرار کرنا میرے نزدیک پرلے درجے کی فریب کاری ہے، انتہائی ریا ہے، ملائی جہالت اور ابلیسی تجاہل ہے"

(دیباچہ اُردو تذکرہ صفحہ ۸۴)

طوالت کی دوسری مثال "ہادئ اسلام نے اس ہلاکت انگیز معاشرت کو حکومت خدا اور خوف احکم الحاکمین کے حلقۂ اثر میں لا کر کالعدم کر دیا سب فرقہ بندیاں اور نفاق آرائیاں جڑ سے اکھاڑ دیں صدیوں کے دشمن دوست کر دیئے، سینوں کی کدورتیں نکال پھینک دیں، دلوں سے کینے یکسر اُچک لئے، اور اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ (۴۹-۱۰) کا شکر انگیز فرمان بارگاہ خداوندی کے ہاں سے دکھلا کر چند برسوں کے اندر اندر محکوم اور شکست زدہ اہل عرب کو فرماں روائے عالمیان اور بادشاہِ وقت بنا دیا۔ یہ سب کچھ اسلام اور قرآن کا ناقابل انکار معجزہ تھا۔ مگر عرب کی جبلت اور طینت کو کون بدل سکتا تھا؟ وہ عادتیں اور خاصیتیں جو اُن کی فطرت میں [illegible] ہزار برس پہلے سے چلی آتی تھیں [illegible] وہیں اُن سے رخصت ہو کر [illegible] نہ چھوڑتیں؟ وہ ملی اوصاف جو قرنوں اور صدیوں پہلے اُن کی مٹی میں خمیر ہو چکے تھے، اُن کے طبعی میلانِ کار کو کیسے بے اثر چھوڑ دیتے؟ قرآن کی قاطع الزن اور متحد الاعمال تعلیم کی قدسیانہ تعلیم میں عرب اپنی ظاہری عبادات اور مرسومات کو بدل سکتے تھے۔ اپنی آبائی روایات اور اعتقادات کو بادی النظر میں چھوڑ سکتے تھے اپنے داخلی مناقشات اور قبائلی تنازعات کو علی رؤس الاشہاد محو کر سکتے تھے۔ بلاغت اور فصاحت کے ذاتی اِدّعا کو بھی طوعاً و کرہاً خیرباد کہہ سکتے تھے، مگر طبائع کے باطنی رجحان اور اصلی طرق تخیل کو ہرگز نہ بدل سکتے تھے۔ اُن کا مسلک وہم و خیال یونان کی قدیم وہمی روایات سے ہزارہا سال قدیم تر تھا۔ اُن کی قبائلی زندگی کی بنیاد روز آفرینش سے اسی انداز پر چلی آتی تھی۔ وہ اسی وہمی اور اعتقادی ماحول کے بگڑے ہوئے طفلک اور اسی فرقہ آرائی اور انتشار کے کہنہ مشق استاد تھے۔ اِس بنا پر اُن میں کسی حقیقت کشا علمی صداقت یا عافیت انگیز معاشری آئین کا معناً اور اصالۃً رائج ہو جانا از بس متعذر تھا" (مقدمہ تذکرہ اُردو صفحہ ۹۶)

ناظرین! مصنف کی طوالت کلام کا یہ نمونہ ہے ورنہ ساری تصنیفات بے معنی طوالت سے پُر ہیں جس نے مصنف موصوف کی تصنیفات کو دیکھا ہوگا وہ ہمارے دعوے کی تصدیق کریگا۔ ہم دعوے سے کہتے ہیں اور اس کو مقابلہ میں ثابت کرنے کے لئے طیار ہیں کہ مصنف کے بیس صفحوں کا مضمون ہم ایک صفحے سے بھی کم میں اس طرح ادا کر سکتے ہیں کہ اس کے پڑھنے والے کا ذہن بھی پریشان نہ ہو اور مضمون بھی صاف سمجھ میں آ جائے۔ لطف یہ ہے کہ مصنف تذکرہ خود بھی معترف ہیں کہ طوالت میں اصل مطلب کا خبط ہو جانا [illegible]

ظفر المبین فی رد مغالطات المطلعین۔ فرقہ مقلدین کے (۲۹۴) اعتراضات کا دندان شکن جواب۔ قیمت ۶؍ (منیجر اہلحدیث)

امر مطلب ہے ... دیباچہ تذکرہ آئندہ ملاحظہ ہو)
ہم نے اپنی ساری عمر میں دو کتابیں ایسی دیکھی ہیں جن کو کوئی شخص بلا کسی خاص معاونت کے نہیں پڑھ سکتا۔ ایک کتاب کا نام قولون ہے جو کسی بہادری صاحب اللہ کی تصنیف ہے۔ دوسری کتاب یہی تذکرۂ مشرقی ہے۔ جو زیر تبصرہ ہے۔ بس یہ ہے ہماری رائے ان ہر دو کتب کی طوالت کے متعلق جن کے حق میں مرزا غالب مرحوم کا یہ شعر بالکل مضمون ہے ؎

بنے تو حشر میں لے لوں زبان ناصح کی
عجیب چیز ہے یہ طول مدعا کے لئے

(رباعی)

قادیانی مشن

قادیان سے مرزا صاحب قادیانی کے ابطال کی آواز

شہد شاہد من اہلہا

قرآن شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ امراۃ العزیز (زلیخا خاتون) نے امر واقعہ کے چھپانے میں بہت کوشش کی آخر ظاہر ہو ہی گیا۔ اسی طرح امت مرزائیہ مرزا صاحب کے غلط دعوی کو صحیح ظاہر کرنے کے لئے بڑی کوشش کرتی ہے۔ لیکن آخر مثال

حق بر زبان جاری گردد

اپنا جلوہ دکھا دیتی ہے۔ چنانچہ زلیخا کے حق میں یہ الفاظ قرآنی ہیں کہ جب اس نے اپنے خانگی شاہد کا بیان سنا تو بے ساختہ اس کے منہ سے نکل گیا الآن حصحص الحق (حقیقت حال کھل گئی واقعی میں قصور وار تھی)

آج ہم قادیانی مقدمے کے متعلق قادیان کے عینی گواہ کی شہادت پیش کرتے ہیں۔ پھر دیکھیں گے کہ جماعت مرزائیہ خاتون زلیخا کی طرح حصحص الحق کہتی ہے یا نہیں اس شہادت سے پہلے ہم مرزا صاحب کا دعوی سناتے ہیں۔ مرزا صاحب قادیانی متوفی بارہا کہا کرتے تھے کہ میں اس لئے آیا ہوں کہ مسلمانوں کو دین و دنیا کی ترقی پر پہنچاؤں مختصر پہنچاؤں بلکہ دنیا کی تمام قوموں کو ایک مسلمان قوم بنا دوں۔ اور یہ بھی فرمایا کرتے تھے۔ اگر مجھ سے کوئی نشان ظاہر ہوں اور یہ کام نہ ہو تو میں جھوٹا سمجھا جاؤں گا۔ قادیان کا خانگی گواہ الفضل اس بابت میں اپنا بیان دیتا ہے جو ناظرین کے سامنے ہم پیش کرتے ہیں [illegible] کے ساتھ یہ اقرار کرنے پر مجبور ہے کہ مسلمان کہلانے والوں کی عظمت و شوکت۔ ذلت و نکبت سے بدل گئی۔ ان کے اقبال کا آفتاب غروب ہو گیا۔ اور اب وہ تاریکی و ظلمت میں بھٹک رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ روشنی کی شعاع ان تک پہنچے۔ مگر افسوس کہ انہوں نے دروازوں، کھڑکیوں اور روشندانوں کو اپنے ہاتھ سے بند کر رکھا ہے۔ نہ وہ ان دروازوں کو کھولتے ہیں نہ شعاع امید انہیں نظر آتی ہے اس بے بسی و بے کسی کی حالت میں جس طرح ہر وہ آسودہ حال جو کسی وجہ سے حوادث روزگار کا شکار ہو جائے۔ اپنی سابقہ دولت و ثروت اور آرام و آسائش کی داستانیں سناتا رہتا ہے۔ اسی طرح مسلمانوں کا بھی اب یہی کام رہ گیا ہے کہ وہ اپنے گذشتہ عہد زریں کو یاد کر کر کے آنسو بہائیں۔ چنانچہ "الامان" لکھتا ہے:۔

"یورپ کے عروج سے پیشتر کرہ ارض کی سب سے بڑی طاقت اسلام تھی یورپین حکومتیں باب عالی کے نام سے کانپتی تھیں۔ ہندوستان میں جب یورپین پادری اور ڈاکٹر آئے۔ تو مغلوں کی عظمت و شان کو دیکھ کر دنگ رہ گئے تھے۔ اس زمانہ کا ایران اور وسط ایشیا کا تاتاری سلطان بھی دنیا کی ایک بہت بڑی طاقت تھے۔ اس وقت بنی نوع انسان کا احساس تھا کہ تمام کرہ ارض کی نظام سلطنت کی باگ ہاتھ میں ہے مسلمانوں کی زبان سے جب مٹی کا لفظ نکلتا تو وہ بستر پر ہی احتیاط آرام کے بستر پر چھپ جاتے۔ مگر جب جنگ کا اعلان ہوتا تو انسانیت کا کلیجہ پھٹ جاتا۔ پہاڑ اور جنگل سیماب کی طرح کانپنے لگتے۔ آج جن ممالک کی عالم میں دھوم مچی ہوئی ہے۔ اس زمانہ میں کسی شخص کو ان کا نام تک معلوم نہ تھا۔ انگریز جو آج دنیا کی سب سے زیادہ ترقی یافتہ قوم سمجھی جاتی ہے وہ خانہ بدوش قبائل کی طرح جنگلوں اور پہاڑوں میں رہتے تھے۔ روس اور جرمنی گمنامی کے گڑھے میں پڑے ہوئے تھے۔ امریکہ زندگی کی صف ہی سے خارج تھا۔ روما کی طاقت بے شک ایک بہت بڑی طاقت تھی۔ مگر بہادران اسلام کے سامنے اس کی حیثیت ایک پٹے ہوئے مہرے کی سی تھی۔ ہم پہاڑوں کے سامنے آتے تو وہ راستہ خالی کر دیتے تھے۔ ہم سمندروں کی طرف بڑھتے۔ تو موجیں سیلاب اور طوفان پیچھے ہٹ جاتے فتح و کامرانی ہمارے قدم چومتی تھی اور ہم جس ویرانہ میں بھی قدم رکھتے وہ سبزہ زار ہو جاتا۔"

(الفضل قادیان ص۳۔ ۲۴ جون ۱۹۳۵ء)

ناظرین! یہ عبارت ملاحظہ فرمایئے۔ مسلمانوں کی حالت زبوں کا کیا نقشہ ہے اور پھر اس نقشے کو مرزا صاحب کی تشریف آوری سے پہلے کے نقشے کے ساتھ ملا کر دیکھئے کہ اس سے بدتر ہے یا بہتر۔ جہاں تک ہمارا علم اور حافظہ کام دیتا ہے کہ مرزا صاحب کے دعوی مسیحیت سے پہلے مسلمانوں کی حالت بلحاظ سیاست، بلحاظ اخلاق، بلحاظ مذہب اتنی بری نہ تھی جتنی کہ آج کل ہے۔ دنیا کے ہر کونے سے آواز آتی ہے کہ ؎

کل کون تھے آج کیا ہو گئے تم
ابھی جاگتے تھے ابھی سو گئے تم

احمدی دوستو! ذرا ٹھنڈے دل سے ہمارے سوال کو سنئے۔ مرزا صاحب کو پیدا ہوئے سو سال ہو گیا۔ دعوی کئے ہوئے پچاس سال گذر گئے

انتقال کر گئے جو کہیں سلمان ہو گئے۔ ان کے جانشین [illegible] بھی ایسا محمد ہوا اور [illegible] کار گذاری پر [illegible] بھی کرتے ہیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ مسلمانوں کی حالت بد سے بہتر کی بجائے بدتر کیوں ہوئی؟

یہ عذر ہرگز قابل قبول نہیں کہ مسلمانوں نے مرزا صاحب کو مانا نہیں ہے۔ مسلمانوں کا ان کو نہ ماننا بھی ان کی ناکامی کی دلیل ہے۔ اگر وہ اپنے دعوے میں سچے ہوتے تو مسلمان بھی بلا چون و چرا ان کو مان لیتے۔

آپ لوگ جواب دینے سے پہلے خاتون زلیخا کی راستی کو سامنے رکھا کریں کہ اس بے چاری نے باوجود غلط کار ہونے کے شہادت حق کے سامنے اف تک نہیں کی۔ بلکہ کھلے لفظوں میں تسلیم کر لیا کہ

میں بھی جھوٹی میرے دعوے بھی سراسر جھوٹے
تم بھی سچے سہی اس بات کا جھگڑا کیا ہے

مگر تم ہو کہ سیدھی بات کو ٹیڑھا کرتے ہو نہ صرف ٹیڑھا کرتے ہو بلکہ اسے توڑنے کی کوشش کرتے ہو۔ آپ لوگ جو جواب بھی دیں یا عذر پیش کریں اس کو مرزا صاحب کی تحریرات کے ساتھ موافق کر لیا کریں۔ ایسا نہ ہو کہ مدعی اور وکیل کے بیانوں میں اختلاف پیدا ہو جائے اور مدعی کو یہ کہنا پڑے کہ

من چہ گویم و طنبورہ من چہ گوید

سنئے! مرزا صاحب براہین احمدیہ کے ص۴۹۸ پر لکھتے ہیں کہ:-

مسیح موعود جب دوبارہ دنیا میں آئینگے
تو عالم کے تمام اطراف و اکناف میں اسلام
پھیل جائیگا۔

بتلایئے، مرزا صاحب کے مسیح موعود ہو کر آنے سے دنیا میں اسلام پھیل گیا یا یہ خواب ہے جو دیکھ رہے ہو یا یہ شیخ چلی کی شادی ہے جس میں بتاشوں کی بارش ہونی تھی۔ اور حقیقت میں یہ اچھا دل خوش کن خواب ہے جو الفضل نے لکھا ہے کہ ہماری جماعت باوجود تھوڑی سی ہونے کے دنیا پر چھا گئی ہے۔ کیا اچھا شاعرانہ تخیل ہے۔ کسی شاعر نے اپنا نقد بتانے کو کیا اچھا شعر کہا ہے [illegible]

نازک کلائیاں مری توڑیں عدو کا دل
میں وہ بلا ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں

مختصر یہ ہے کہ مرزا صاحب باین جاہ و جلال و کمال شوکت سطوت تشریف لائے مگر مسلمانان دنیا اسی طرح بلکہ اس سے بدتر حالت میں پڑے ہیں جیسے خود اس ... میں گرے ہوئے تھے۔ ... مرزا صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے یہ شعر ... ہی ...

[illegible]
جب جانیں کہ خود دل عاشق کی دوا ہو

مناظرہ حیات مسیح دہلوی

اور

مرزائی غلط بیانی

(از منشی محمد عبد اللہ صاحب ثالث معمار امرتسری)

گذشتہ ماہ محرم کے ایام میں مسئلہ حیات مسیح علیہ السلام پر شہر دہلی کے اندر مرزائیوں اور جماعت امامیہ دہلی کے درمیان ایک مناظرہ ہوا۔ جس میں مرزائیوں کی طرف سے بابو عمر الدین صاحب اور مسلمانوں کی طرف سے مولوی حافظ اسماعیل صاحب مناظر تھے۔ دوران مناظرہ میں مرزائی نمائندہ نے اپنی کمزوری محسوس کر کے بکمال چالاکی بحث کا رُخ پھیرنے کے لئے یہ من گھڑت مطالبہ پیش کر دیا کہ

جہاں اللہ تعالیٰ فاعل اور انسان مفعول بہ ہو
اور توفی باب تفعل سے ہو تو وہاں سوائے موت
اور قبض روح کے اور کوئی معنے نہیں ہوتے۔

اس مضمون کو مرزائیوں نے بعد مناظرہ بصورت اشتہار بھی شائع کر دیا۔ جس کا جواب ایک غیور اہل حدیث نوجوان خواجہ عبد الرشید صاحب امرتسری حال وارد دہلی کی خواہش پر ہماری طرف سے لکھا گیا۔ جسے اس مخلص نوجوان نے دہلی میں بصورت اشتہار شائع کر دیا۔ (یہ اشتہار اخبار اہلحدیث ۲۶ مئی ۱۹۳۹ء میں بھی نقل ہو چکا ہے) ہم نے اپنے مضمون میں یہ لکھا تھا کہ "لفظ توفی کے متعلق جو شرائط یا قیود مرزائیوں نے لگائے ہیں عربی کتب گرامر میں ان شرائط کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ مرزائی لوگ ہم سے اس قسم کے مطالبات کرنے سے پہلے خود اپنے پیش کردہ شرائط کا پتہ کسی معتبر کتاب لغت سے بتائیں۔ مرزا غلام احمد قادیانی (نے لکھا ہے) کہ

"دربارہ لفظ توفی اتفاق اہل لغت بر ہمیں قاعدہ مستمرہ است۔"

اس عبارت میں مرزا غلام احمد قادیانی نے لفظ توفی سے متعلقہ قیود کا حوالہ "اتفاق اہل لغت" پیش کیا ہے۔ مرزائی اہل لغت کے اقوال سے اس کا ثبوت دکھائیں۔"

اب چاہئے تو یہ تھا کہ ہمارے مخاطب اس معاملے پر لغت، صرف و نحو کی کسی معتبر کتاب کی عبارت نقل کر دیتے کہ واقعی یہ قاعدہ ہم اہل لغت کا متفقہ ہے۔ مگر افسوس کہ بحکم ؎

رہا ٹیڑھا مثال زلف جاناں ٭ کبھی ہرزنلی کو سیدھا نہ پایا

ہمارے مخاطب مرزائی نے کجروی اختیار کی۔ ملاحظہ ہو۔ وہ لکھتا ہے:-

"مولوی عبد اللہ معمار امرتسری نے ایک سو روپیہ کا چیلنج دیا ہے کہ احمدی جماعت اگر کتب لغت سے دکھا دے کہ یہ قاعدہ ہے کہ جب فعل توفی کا فاعل اللہ ہو اور مفعول انسان ہو تو اس کے معنے سوائے موت یا قبض روح کے ہوتے نہیں ہوتے تو میں ایک سو روپیہ انعام دونگا۔" [illegible]

(اخبار [illegible])

ناظرین کرام! ہماری عبارت جسے ہم ... [illegible]

ahmadimuslim.de

محمدیہ پاکٹ بک ... مرزائیت کی تردید میں ایک ... (۴۹۶) ...

ہے تو بار ... [illegible]
توفی سے متعلق مرزائیوں کی ... [illegible]
کتب ... [illegible]
انعام ... [illegible] ... ذکر نہیں ...
... جھوٹ ... [illegible]

ہم نے ایک ... انعامی چیلنج جس بات ... میں دیا ہے اس کا ذکر ... ہوگا۔

دوسرا جھوٹ اس بارے میں مرزائی مضمون نگار نے بولا ہے کہ ...

... صاحب کو ... انعام بھی مقرر کرتے ہیں اور ... پاکٹ بک ... میں بھی اس مطالبہ کو پیش کیا ہوا ہے۔

معمار محمدیہ پاکٹ بک میں اس مطالبہ کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ خدا جانے ان مرزائیوں کے قلب و روح پر جھوٹ کا اس قدر غلبہ کیسے ہو گیا ہے کہ بڑے میاں سے لے کر چھوٹے بھیوں تک جو بات بھی منہ سے نکالتے ہیں خلاف واقع ہوتی ہے۔ صدق اللہ تعالیٰ ان اللہ لا یھدی من ھو مسرف کذاب۔

سنئے صاحب! ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ مرزا صاحب نے اہل لغت کے اتفاق سے جو یہ قاعدہ درج کیا ہے کہ خدا فاعل۔ انسان مفعول بہ۔ توفی باب تفعل سے ہو تو معنے سوائے موت و قبض روح کے اور نہیں ہوتے یہ عبارت کتب لغات عربیہ سے دکھا دیں ورنہ تسلیم کریں کہ مرزا صاحب نے لکھا ہوا ہے کہ

لعنت ہے مفتری پہ خدا کی کتاب میں
عزت نہیں ہے ذرہ بھی اسکی جناب میں
(نصرۃ الحق ص ...)

رہ گیا ہمارا انعامی چیلنج۔ سو ہمارے اشتہار میں یہ الفاظ ہیں ... (الآیہ) میں توفی کے معنے ... قرآن و ... کتب لغت ... اقوال ... [illegible]

... [illegible]
بطور ... جیسا ... ہے ... چیلنج ... عطا ...
آپ اپنے ... تو بسم اللہ ... عمل کر دیکھیں
مگر یہ دیکھ لینا کہ سامنے کون ہے ...

نازک کلامیاں میری توڑیں عدو کا دل
میں وہ بلا ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں

آپ نے لکھا ہے کہ جب چاہو اور جس جگہ چاہو مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری۔ مولانا خدا بخش صاحب مدرس مدرسہ امینیہ دہلی اور ایک تیسرے غیر جانبدار ثالث کی موجودگی میں تقریری یا تحریری مناظرہ کرلیں۔

معمار جس صورت میں آپ کو اپنے پیش کردہ علماء عظام پر اعتماد کلی نہیں ہے اور ایک تیسرے غیر جانبدار کو ثالث بنانے پر زور دے رہے ہو تو اس سے بہتر تو یہ ہے کہ ... ایک ہی ... "نا"۔ کو ... بنایا جائے۔ ... [illegible] ... ہو تو پھر پنڈت رام چندر صاحب ... موزوں ہیں لہٰذا اگر آپ کو منصف کی تجویز پیش کرنے سے محض فرار مطلوب نہیں ہے تو منظوری کے دستخط بھیجیں اور آپ چاہیں گے تو میں احمدیہ بلڈنگ لاہور میں آ ... کا ... اس کا اثبات دعویٰ آپ پر اور ابطال میرے ذمہ ہوگا۔

بالآخر میری وجدانی پیشگوئی ہے کہ آپ میرے سامنے نہیں آئینگے۔ یقیناً نہیں آئینگے۔ کیوں؟

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار تم سے
یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں

(خادم: معمار امرتسری)

اہل حدیث کانفرنس

اور

جماعت اہل حدیث کا فرض

(از قلم حافظ گوہر دین صاحب سابق مبلغ اہل حدیث کانفرنس۔ ودک ضلع گوجرانوالہ)

اہل حدیث کانفرنس کے متعلق حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب کی پیہم تحریک اور ملک امام خان صاحب نوشہروی کی مسلسل تائید کے باعث میں بھی اس کو ایک تبلیغی جہاد تصور کرتا ہوا عرض کرتا ہوں کہ

(۱) آئندہ رمضان مبارک تک مستقل طور پر وقتی چندہ وصول کیا جائے جس کی یہ صورت ہو کہ ہر ایک ممبر پچیس روپے تک مقدار میں چندہ پیش کرے۔ اور کوشش کی جائے کہ ہر ایک اہل حدیث مرد و عورت اس میں حصہ لیں تاکہ جمع شدہ سرمایہ سے کوئی مستقل جائداد کانفرنس کے نام خریدی جا سکے۔ میں بھی امید کرتا ہوں کہ پچیس روپے کی قسط ... پیش کر دونگا۔ اس طرح اگر ایک ہزار ... پچیس ہزار ... وصول ہو سکتا ہے اس رقم کے بعد ... ایک ... جائیں اور ... اصحاب اس ... حصہ ...

(۲) ملک میں صوبہ وار فصیح مقرر اس تحریک کو کامیاب بنانے میں کوشش فرمادیں۔ اور عام طبائع کو مرکزی برکات سے آگاہ کیا جائے۔

(۳) ایک مختصر سا اخبار کانفرنس کا اپنا ہو۔ فی الحال اخبار اہلحدیث کے ذریعے کانفرنس کی اطلاعات اور تحریک کا کام لیا جائے۔

(۴) مرکزی دفتر میں ... علیحدہ علیحدہ ہوں جس سے جماعتی ضروریات کا کام لیا جا سکے۔

(۵) کانفرنس کا مہمان خانہ ازحد ضروری ہے جس مرکزی طور پر آنے والے اہل حدیث احباب تنہائی میں آسانی کے ساتھ فائدہ اٹھا سکیں۔

ابھی سے ... شروع کیا جائے اور اس ... کو مقدم سمجھا جائے ... مستقل مرحلہ ... ہوتے ... میں ... [illegible]

بیش بہا ... اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ کانفرنس کی قوت بہت ... علماء کا ہاتھ نہیں ہے ۔ متفقہ طور پر اگر علماء توجہ دیں تو عوام بالضرور اس میں حصہ لیں ۔

(حافظ گوہر دین آف ورک)

اہلحدیث دہلی کے علماء تو اس میں شریک ہیں اور جہاں تک ہمیں معلوم ہے باہر کے علماء بھی ہمدرد ہیں ۔ تاہم اگر کوئی غیر ہمدرد ملے ہوں تو اس کی وجہ بھی بتادیجئے تاکہ اسکے رفع کرنے کی کوشش کی جائے ۔

توحید باری تعالیٰ

(بقلم پنڈت آتما نند صاحب از امرتسر)

فارسی زبان کا لفظ توحید کا کامل مظہر ہے ۔ لفظ خدا دو الفاظ خود ۔ آ ۔ کا مجموعہ ہے ۔ یعنی جو پاک ذات بلا کسی سے پیدا ہوئے یا بنائے خود بخود آرہی ہے وہ خدا کہلاتی ہے ۔ لفظ خدا جامع صفات الہیہ ہے ۔ مثلاً چونکہ وہ برتر اعلیٰ پاک ذات بغیر کسی سے پیدا ہونے یا بنائے جانے کے خودبخود آرہی ہے اس لئے وہ ازلی یعنی قدیم بھی ہے اور ازلی ہونے کی وجہ سے ابدی بھی ہے کیونکہ بروئے صحیح فلسفہ کوئی حادث یعنی غیر ازلی شے ہرگز ابدی نہیں ہوسکتی ۔ اور ازلی و ابدی ہونے کی وجہ سے ہی وہ غیر محدود بھی ہے کیونکہ بحکم کل محدود حادث ہر محدود شے حادث اور فانی ہوتی ہے نہ کہ ازلی و ابدی ۔ صرف غیر محدود شے ہی ازلی و ابدی ہوسکتی ہے محدود نہیں ۔ اور غیر محدود ہونے سے اس کا غیر مجسم ہونا بھی ثابت ہے ۔ کیونکہ کوئی مجسم شے غیر محدود نہیں ہوسکتی ۔ اور غیر محدود ہونے سے اُس کی وحدانیت بھی ثابت ہے وغیرہ وغیرہ ۔

توحید باری تعالیٰ اتنی ہر دلعزیز ہے کہ ہر کس و ناکس اور ہر ایک مشرک و کافر بھی توحید باری تعالیٰ کا قائل اور شرک و کفر سے نفرت ظاہر کرتا ہے ۔ جس سے توحید کا انسانی فطرت میں داخل ہونا ثابت ہے چنانچہ عیسائی لوگ جو باپ خدا ، روح القدس اور بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تینوں کو خالق ۔ ازلی خدا مانتے ہیں وہ بھی اپنے تئیں مشرک کہلانا پسند نہیں کرتے ۔ بلکہ تثلیث مقدس کو ہی اصل توحید مانتے ہیں ۔ آریہ سماجی جو ایشور ۔ جیو (ارواح) پرکرتی (مادہ) تینوں کو غیر مولود ازلی خود بخود آئے ہوئے ہیں خدا مانتے ہیں ۔ وہ بھی موحد ہونے کے مدعی ہیں بلکہ ایسے مدعی کہ ست دھرم اور اسلام کا مقابلہ کرنے سے بھی نہیں ہچکچاتے ۔ آریہ سماج کا عکس یا ظل احمدی لوگ بھی جو کائنات کو آریہ سماجیوں کی طرح نوع (پرواہ) سے قدیم (انادی) مانتے ہیں وہ بھی اپنے زعم میں سب سے بڑے موحد ہیں اور مشرک یا کافر کہلانا پسند نہیں کرتے ۔

سکھ اور اکثر ہندو لوگ بھی جو مسئلہ ہمہ اوست کے قائل ہونے سے ہر ایک شے کو خدا یا خدا کا جزو مانتے ہیں ۔ اور بعض صوفی مذہب کے مسلمان بھی جو ہمہ اوست کے قائل ہیں ۔ اپنے تئیں سب سے بڑے موحد اور خدا پرست سمجھتے ہیں ۔ سکھ جو اپنے گوروؤں کو اور مسلمانوں میں سے جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مختار کل اور خدا کا بروز مانتے ہیں ۔ اپنے تئیں شاید سب سے بڑے موحد سمجھتے ہیں ۔ غرضیکہ دنیا کے سب مذاہب اپنے تئیں موحد سمجھتے ہیں اور کافر کہلانے سے متنفر ہیں ۔ جس سے ثابت ہے کہ قدرت نے توحید اور وحدانیت انسان کی فطرت میں ودیعت کر رکھی ہے ۔ لیکن درحقیقت یہ سب شرک ہے ۔

توحید تین باتوں پر مشتمل ہے ۔ (۱) توحید فی الذات ۔ یعنی خدا کو ایک ماننا ۔ (۲) توحید فی الصفات یعنی صفات میں خدا کو لاشریک اور بے مثل ماننا اور کسی بشر کی صفات علم وغیرہ خدا کی صفات کے مثل نہ ماننا ۔ (۳) توحید فی العبادت یعنی ماسوائے خدا کے کسی غیر کی عبادت نہ کرنا ۔ اور نہ ہی کسی غیر از خدا سے مدد مانگنا ۔ جیسا کہ اکثر مسلمان پیروں فقیروں سے مدد مانگتے ہیں ۔ اور ... کی مدد ... ہوا ہے ۔ اور بعض ... کشتی ... [illegible]

... اس ... دوسری قسم کی توحید کو چھوڑ کر صرف اول الذکر توحید فی الذات کا ہی ذکر کرنا چاہتا ہوں ۔ عیسائی جو خدا ۔ روح القدس اور حضرت عیسیٰ کو تین ازلی خالق و مالک خدا تسلیم کرتے ہیں ۔ صریح شرک کے مرتکب ہیں ۔ اسی طرح آریہ سماجی جو مادہ اور ارواح کو خود آ (خدا) یعنی غیر پیدا شدہ ازلی مانتے ہیں ۔ انکے مشرک ہونے میں بھی کچھ شبہ نہیں ۔ اور احمدی جو کائنات کو نوع سے قدیم اور ازلی مانتے ہیں وہ بھی غلطی سے خالی نہیں ہیں ۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ اگر ماسوائے خدا کے دیگر کوئی شے ازلی نہیں تو ماننا پڑتا ہے کہ ازل سے لیکر خلقت کائنات تک خدا ایک اکیلا بلا ہستی غیرے چلا آتا تھا پھر کائنات کا کوئی سلسلہ یا سلسلہ کی کوئی کڑی یعنی نوع کیونکر قدیم قرار دی جاسکتی ہے ؟ خدا کے ساتھ ساتھ ازل سے ابد تک کسی نہ کسی کائنات کو ہمیشہ اور ہر وقت موجود ماننا جیسا کہ میر محمد اسحٰق صاحب قادیانی کی کتاب سے ثابت ہے ۔ خدا کے وحدہٗ لاشریک ہونے کا صریح انکار اور شرک توحید فی الذات پر اصرار ہے ۔ نیز چونکہ ازلی اور قدیم شے کا کوئی خالق نہیں ہوا کرتا لہٰذا مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کا یہ عقیدہ خدا کی خالقیت سے انکار ہے ۔ یہ نہ صرف میرا ہی خیال ہے بلکہ حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب اور مولوی محمد علی صاحب ایم ۔ اے امیر جماعت احمدیہ لاہوری کا بھی دعویٰ ہے جیسا کہ اخبار پیغام صلح مجریہ ۷ جون ۱۹۳۴ء میں لکھا ہے کہ :-

"میں نے جناب میاں صاحب کو اس طرف توجہ دلائی اور عرض کی کہ حضرت ایک تو آریہ اس بات سے (کہ سلسلہ مخلوق ازلی ہے) اپنی صداقت کی ڈینگ مارنے لگ گئے ہیں دوسرا مولانا ثناء اللہ ... رہا ہے کہ احمدی آریوں کی چوٹ سے اسلام کو چھوڑ کر آریوں کے ... ہوگئے ۔ جیسا کہ میر محمد اسحٰق کی کتاب ... [illegible]

(۱) الآثار المتبوعہ در اعلام المرفوعہ ۔ ایک عالم کی تصنیف (۴۹۸) ... اور اہلحدیث کا مذہب ۔ قیمت ۸/ (دفتر اہلحدیث)

ذریعہ عقیدہ محمود احمد صاحب اور جملہ احمدیوں کو پہچے
اور جھوٹے مسیح کی شناخت کے لئے چیلنج دے چکا ہوں
کہ اگر کوئی احمدی عالم مرزا غلام احمد صاحب کے اس
عقیدہ کو کہ ہم مانتے اور ایمان لاتے ہیں کہ دنیا اپنی
نوع کے اعتبار سے قدیم ہے (اسلام اور اس ملک
کے دو سرحصتہ لیکچر سیالکوٹ) صحیح ثابت کر دے
تو میں اور میرے سارے ساتھی مرزا صاحب کو مسیح موعود
ماننے کے لئے تیار ہیں۔ ورنہ بصورت عدم ثبوت احمدیوں
کو چاہئے کہ مرزا صاحب کو دعویٰ مسیحیت میں کاذب
قرار دیں۔ بس سچے مسیح کی صداقت کی یہی سب سے
بڑی پہچان ہے اور ہو سکتی ہے۔ اگر احمدیوں سے زیادہ
نہ ہو سکے تو مرزا صاحب کے اس عقیدہ کی موجودگی میں
مرزا صاحب متوفی کو خالق خدا کا قائل ہی ثابت
کر دکھائیں۔ ہے کوئی مرزائی؟ جو مرزا صاحب کے اس
عقیدہ کو موحدانہ ثابت کر سکے؟ دیدہ باید۔ اور اگر
اکیلے نہ ثابت کر سکیں تو میری طرف سے چھٹی ہے کہ اپنے
ہم خیال آریہ سماجیوں کو بھی ساتھ لے لیں۔

ستیارتھ پرکاش سملاس ۸ کو پڑھنے سے پتہ چلتا ہے
کہ مہرشی سوامی دیانند سرسوتی جی نے مادہ وارواح کو
اس لئے ازلی مانا ہے کہ دنیا کو نوعی طور پر (پرواہ روپ
سے) ازلی یا قدیم ثابت کیا جا سکے اور خلقت کائنات سے
قبل ازل تک خدا پر سے تعطل صفات خالقیت وغیرہ
اور بیکاری۔ سست الوجودی وغیرہ کا الزام (بشرطیکہ
اسے الزام کہا بھی جا سکے) دُور کیا جاوے۔ اسی موہومہ
فرضی الزام یا نقص کو ہٹانے کی خاطر قادیانی مسیح موعود
نے بھی آریہ سماج کا مشرکانہ عقیدہ مان کر دنیا کو نوع
کے اعتبار سے قدیم جان لیا تھا۔ پس اگر یہ ثابت ہو جائے
کہ دنیا کا ازلی اور قدیم ہونا کسی صورت میں بھی صحیح
ثابت نہیں کیا جا سکتا تو مادہ وارواح کو قدیم ماننا
اور قدامت میں خدا کا شریک گردانا محض غلط ہے۔

دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں اول یہ کہ مادہ اور
ارواح کو حادث مانا جاوے۔ دوئم یہ کہ مادہ وارواح
کو بھی خدا کے ساتھ ازلی مانا جاوے۔ پہلی صورت
میں جبکہ مادہ و ارواح حادث یعنی پیدا شدہ مان لئے
تو اول سے مادہ وارواح کی پیدائش تک خدا بعض
اکیلا بلا ہستی غیرے بیکار اور معطل ماننا ہی پڑیگا اور
تب تک کسی بھی دنیا کی ہستی نہیں تھی۔ اس لئے دنیا
کو نوع سے قدیم ماننے کا عقیدہ غلط ہے۔ جیسا کہ
میں اوپر ثابت کر چکا ہوں۔ دوسری صورت میں اگر
بفرض محال مادہ وارواح کو ازلی بھی فرض کر لیا جاوے
تو بھی دنیا کا سلسلہ پرواہ سے ازلی نہیں ہو سکتا۔

(باقی)

ایک دوست کے نام کھلی چٹھی

(مرقومہ بابو اکبر خان صاحب پوسٹ ماسٹر اٹرو ریاست کوٹہ)

(گذشتہ سے پیوستہ)

مضمون ہذا کی دو قسطیں شائع ہو چکی ہیں۔ آج
آخری قسط درج ہے جس میں نامہ نگار صاحب نے
مس بڈلف صاحبہ مؤلفہ ٹریکٹ "وہ نبی" کا جواب
دیا ہے۔ مس صاحبہ کی عبارت "قولہا" سے اور
مجیب کی "اقول" سے شروع ہو گی۔ (مدیر)

جواب ٹریکٹ "وہ نبی" از مس ایم بڈلف صاحبہ

قولہا:- وہ اسرائیلی ہیں... جسم کے رُو سے
مسیح بھی اُن ہی میں سے ہوا۔ رومیوں ۹/۵
یسوع مسیح ابن داؤد ابن ابرہام۔ متی ۱/۱
میں داؤد کی اصل ہوں۔ مکاشفہ ۲۲/۱۶

اقول۔ سیدو مولا عیسیٰ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں۔
پس جب داؤد اُس کو خداوند کہتا ہے تو وہ اُس کا
بیٹا کیونکر ٹھیرا۔ پر کوئی اُس کے جواب میں ایک بات
نہ بول سکا۔ (متی ۲۲/۴۵)

یہودی تو لاجواب ہو گئے۔ اب مسیحی بتلائیں اور جواب
دیں۔ یسوع نے انہیں کہا میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں
پیشتر اُس کے کہ ابرہام ہو میں ہوں۔ (یوحنا ۸/۵۸)
بولو کس کو سچا سمجھیں۔ مسیح علیہ السلام کو یا کلام
میں پیوند لگانے والے کو۔

قولہا:- تیری مانند (موسیٰ کی مانند) استثنا ۱۸/۱۵
الف۔ موسیٰ تو روئے زمین کے سب آدمیوں سے
زیادہ حلیم تھا۔ (گنتی ۱۲/۳)

اقول:- الف۔ اور ہم نے اُسی وقت اُس کے سارے
شہروں کو لے لیا اور مردوں اور عورتوں اور بچوں کو ہر ایک
شہر میں حرم کیا اور کسی کو باقی نہ چھوڑا۔ (استثنا ۲/۳۴)
(ب) خداوند ہمارے خدا نے باسان کے بادشاہ
عوج کو بھی اُس کی ساری قوم سمیت ہمارے قابو میں کر دیا
اور ہم نے انہیں یہاں تک مارا کہ اُن میں سے کوئی باقی
نہ رہا۔ (استثنا ۳/۳)
(ج) اور ہم نے اُن کو یعنی اُن کے مردوں اور عورتوں
اور لڑکوں کو ہر ایک شہر میں حرم کیا۔ (استثنا ۳/۶)
(د) لیکن سارے مویشی اور شہروں کا مال واسباب
ہم نے اپنے واسطے لوٹ لیا۔ (استثنا ۳/۷)

خوب کیا نہ مردوں کو چھوڑا نہ عورتوں کو۔ نہ بچوں کو
چھوڑا نہ بڈھوں کو۔ نہ لڑکیوں کو چھوڑا نہ لڑکوں کو
سب کو حرم (قتل) کیا۔ دیکھی حلیمیت۔ اب بتلاؤ حضرت
عیسیٰ علیہ السلام نے کتنے شہروں کی آبادی کو حرم کیا۔
تا ما ثلت قائم ہو جاوے۔ کیونکہ یسوع نے کہا....
میں حلیم ہوں اور دل کا فروتن۔ (متی ۱۱/۲۹)

قولہا:- خداوند نے کہا..... میرا خادم موسیٰ
..... میرے سارے خاندان میں امانت دار
ہے۔ (گنتی ۱۲/۷)
یسوع اپنے مقرر کرنے والے کے حق میں دیانتدار
تھا۔ جس طرح موسیٰ اُس کے گھر میں تھا۔
(عبرانیوں ۳/۲)

اقول:- یاد رکھئے صفت دیانتداری کل انبیاء علیہم
السلام کے ساتھ خاص ہے۔ کوئی نبی بددیانت نہیں
ہوا۔ بددیانتی جب بڑی شے ہے۔ بددیانت انسان

کوئی اعتبار نہیں کرتا۔ پھر انبیاء علیہم السلام میں یہ جب کہ یہ ہوسکتا تھا تو موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ خصوصیت کیا ہوئی۔ جب تک یہ ثابت نہ کیا جاوے کہ ان ہر دو کے سوا باقی کُل انبیاء بددیانت تھے اور یہ علماء مسیح کے قابو کے باہر بات ہے۔

قولہا:۔ اُس وقت میں موسیٰ تمہارے اور خداوند کے درمیان کھڑا ہوا تھا کہ خداوند کا کلام تم پہ ظاہر کروں۔ (استثنا $\frac{5}{5}$)

خدا ایک ہے اور خدا اور انسان کے بیچ میں درمیانی بھی ایک یعنی مسیح یسوع جو انسان ہے۔ (تمتھیس $\frac{2}{5}$)

اقول:۔ بے شک خدا ایک ہے۔ وحدہٗ لاشریک اور بے شک عیسیٰ علیہ السلام انسان تھے اور نبی موسیٰ علیہ السلام کی مانند۔ ہمارا اس پر پختہ ایمان ہے اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ خدا ایک ہے اور عیسیٰ علیہ السلام اُس کے برگزیدہ نبی۔ پر محترمہ کیا آپ بھی ہمارے ساتھ اس گواہی میں شامل ہونگی۔ خدا ایسا ہی کرے۔

اس صفت میں بھی کُل انبیاء برابر ہیں سب ہی خدا اور انسان کے درمیان ہیں اور سب ہی خدا کا کلام سناتے رہے ہیں۔ خصوصیت کوئی نہیں۔

قولہا:۔ اُس نے خطا کاروں کی شفاعت کی۔ (یسعیاہ $\frac{53}{12}$)

یسوع نے کہا اے باپ ان کو معاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں۔ (لوقا $\frac{23}{24}$)

اقول:۔ یہ بھی کوئی خاص صفت نہیں۔ کُل انبیاء شفاعت کرتے رہے ہیں۔ اس شفاعت کا قبول کرنا نہ کرنا خدا کے اختیار میں ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے اختیار میں نہیں۔ دیکھو موسیٰ علیہ السلام نے شفاعت کی ۴ "اے باپ ان کو معاف کر دے" قبول نہ ہوئی۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد رومیوں نے بنی اسرائیل پر حملہ کرکے اُن کو برباد کر دیا۔ بنی اسرائیل کے دس فرقے ایسے مٹے کہ ان کا نام و نشان ہی نہ رہا۔ باقی دو فرقے آوارہ ہر گروہ پڑے پھرتے ہیں۔ کیوں کیسی شفاعت کی۔ موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی شفاعت کا

فرق بھی دیکھ لو۔ پھر مثیل موسیٰ علیہ السلام کیسے ہوئے؟

قولہا:۔ مسیح نے ہمیں مول لے کے شریعت کی لعنت سے چھڑایا۔ کیونکہ لکھا ہے:۔

"جو کوئی لکڑی پر لٹکایا گیا وہ لعنتی ہے"۔ گلتیوں $\frac{3}{13}$

یہ آپ کا اعتقاد ہے ہمیں سروکار نہیں۔

اقول:۔ موسیٰ علیہ السلام نے شریعت کی لعنت لوگوں کے گلے میں ڈالی۔ عیسیٰ علیہ السلام نے شریعت کی لعنت سے لوگوں کو چھڑایا۔ بھاری اختلاف ہے۔

موسیٰ علیہ السلام کاٹھ پر لٹک کر لعنتی نہ بنے۔ عیسیٰ علیہ السلام کاٹھ پر لٹک کر بقول مسیحاں لعنتی بنے مماثلت کہاں رہی۔

قولہا:۔ میں اپنا کلام اُس کے منہ میں ڈالونگا (استثنا $\frac{18}{18}$)

یسوع نے کہا میں نے اپنی طرف سے کچھ نہیں کہا الخ (یوحنا $\frac{12}{49-50}$)

جو کوئی میری اُن باتوں کو جن کو وہ میرا نام لیکر کہیگا۔ نہ سُنے تو میں اُن کا حساب اُس سے لونگا (استثنا $\frac{18}{19}$)

اگر کوئی میری باتیں سُن کر اُن پر عمل نہ کرے (یوحنا $\frac{12}{47-48}$)

اقول:۔ یہ باتیں بھی موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ خاص نہیں۔ کُل انبیاء علیہم السلام کے ساتھ عام ہیں۔ کوئی نبی اپنی طرف سے نہ کچھ کہہ سکتا ہے نہ کر سکتا ہے وہ ہی کہتے اور کرتے ہیں جس کا ان کو حکم ملتا ہے۔ اس میں محترمہ ملانی صاحبہ نے کیا مماثلت پیدا کی۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى

اور ہمارا یہ نبی اپنی دل کی خواہش سے کچھ نہیں بولتا بلکہ وہ ہی کہتا ہے جس کا اُس کو حکم دیا جاتا ہے۔

اس زمانے کے بد اور حرام کار لوگ نشان ڈھونڈتے ہیں پر یونس نبی کے نشان کے سوا کوئی نشان نہیں دکھایا نہ جائیگا۔ (متی $\frac{12}{39}$)

محترم دوست! یہ ہے کل مماثلت عیسیٰ علیہ السلام کی یونس علیہ السلام کے ساتھ نہ کہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ جیسی محترمہ ملانی صاحبہ کوشش کہہ رہی ہیں۔

اگر کوئی میری باتیں سُن کر اُن پر عمل نہ کرے (یوحنا $\frac{12}{47}$)

وما علینا الا البلاغ

اہلحدیث: اس عنوان کے ماتحت ایک مفصل مضمون $\frac{1}{29}$ ۲۷ میں شائع ہو چکا ہے۔ اس کی بابت یہ اعلان بھی ہوا تھا کہ اس کو اشاعت فنڈ کی طرف سے شائع کیا جائیگا۔ اشاعت فنڈ کے حامی توجہ کرکے اس کو قوت پہنچائیں تو بہت سا کام ہوسکتا ہے۔

دیوبندیہ و بریلویہ رویہ

(مرقومہ مولوی عبد الکریم صاحب جتوئی نوہری)

> شوق دیدار دفکر سر بھی ہے
> اب ادھر بھی ہے دل ادھر بھی ہے

ملک ہندوستان میں حنفی مذہب دو گروہوں میں منقسم ہے ایک گروہ رضائیہ حنفیہ بریلویہ کا ہے۔ دوسرا گروہ دیوبندیہ فرقہ ہے۔ جن کا دستور العمل والعقائد فقہ حنفیہ ہے۔ لیکن بریلویہ گروہ نے دیوبندیہ کو وہابیت کے داغ سے داغی کر رکھا ہے۔ اور وہ اس دھبے و الزام کو اٹھانے کی کوشش میں ایڑی چوٹی تک کا زور لگا رہے ہیں۔ مگر اسکے دھبے اور چھائیاں ابھی تک مٹے نہیں۔ اس داغ کو دور کرنے کے لئے دیوبندی حضرات نے تقلید کا نو ایجاد صابون بہت استعمال کیا۔ مگر وہ دھبہ اُڑ جانے کی بجائے جم ہو گیا۔

ہر ایک وعظ اور لٹریچر میں یہی پیش کرتے ہیں کہ ہم مقلد ہیں وہابی اور غیر مقلد نہیں۔ اسی صفائی کے سلسلہ میں اپنا تعصب مذہبی اور تشدد کا اظہار بھی کر دیتے ہیں۔ موحدین نجد اور اہل حدیثان ہند پر اظہار خفگی بھی فرماتے ہیں۔

جماعت دیوبندیہ نے وہابیت کی بنیاد ترک تقلید سمجھ رکھی ہے اسی واسطے غیر مقلدوں کی زبردست تردید کرکے بریلویہ کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہم مقلد ہیں مگر وہ ہرگز اس شور و غوغا کو نہیں سنتے برابر وہابی کہتے چلے جاتے ہیں۔ دیوبندیہ اپنے مقلد ہونے کی صفائی کے ثبوت میں

۴ اللہ تعالیٰ نے رحم کرکے بنی اسرائیل کا قصور معاف کر دیا وہ بھلا ہو لے ... آپ لوجو ... علیہ السلام نے شفاعت کی۔

مسائل تک میں کہہ چکا ہوں کہ غیر مقلدین ہند اسی طائفہ کے پیرو ہیں جو اپنے تئیں مذہب حنبلی تو حنبلی ہونے کا کرتے ہیں لیکن عمل درآمد ان کا ہرگز جملہ مسائل میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب پر نہیں ہے بلکہ وہ بھی اپنے فہم کے مطابق جس حدیث کو مخالف فقہ حنابلہ خیال کرتے ہیں اس کی وجہ سے فقہ کو چھوڑ دیتے ہیں اس جگہ دیوبندیہ نے بریلویہ کو یہ یقین دلایا ہے

کہ ہم امام اعظم کے قول کو ہمیشہ ترجیح دیتے ہیں۔

بعض دفعہ دیوبندیوں کے جلسوں میں سنا ہے کہ اگر کسی نے خیر القرون کا نقشہ دیکھنا ہو تو اس اکابر جماعت دیوبند میں دیکھ لے۔

اہلحدیث: بیشک ہم اہل حدیث ان کو نمونہ سلف جیسے ہیں لیکن سلف میں تقلید کا ثبوت نہیں ملتا۔ بس یہ امتیاز اُٹھ جائے تو واقعی نمونہ سلف ہیں۔

تبرا اور شان علی مرتضیٰ

(از مولوی نذیر احمد صاحب اعظمی مقیم مدرسہ رحمانیہ دہلی)

نامہ نگار اپنی تحریر کے ذمہ دار ہیں (مدیر)

میرے پاس بمبئی سے ایک صاحب نے شیعوں کے اخبار "اسد" مجریہ ۱۹۔ اپریل ۱۹۳۹ء کا ایک کٹنگ بھیجا ہے جس میں کسی نامعلوم "مؤرخ اور منصف مزاج" صاحب نے "مدح صحابہ اور تبرے کی فیصلہ کن بحث" لکھی ہے۔ اور بزعم خود سنیوں اور انگریزوں کی مستند کتابوں سے چند واقعات درج کر کے اس پیچیدہ سوال کا تصفیہ کرانا چاہا ہے۔ ناظرین اس الجھن میں نہ پڑیں کہ اس شیعہ "مؤرخ اور منصف مزاج" نے اپنا نام و نشان ظاہر کرنے سے کیوں گریز کیا ہے۔ اس لئے کہ شیعیت کا تو اصول ہے۔ التقیۃ دینی و دین ابائی ..... تقیہ ہمارا اور ہمارے بزرگوں کا مذہب ہے؛ پس یہ "پردہ نشینی بھی" دراصل تقیہ پر عمل ہے۔

ہمارے شیعی دوست نے بڑی سادگی سے سنیوں کے ساتھ ساتھ انگریزوں کی "مستند" کتابوں کے حوالے بھی نقل کرنے کی کوشش کی۔ گویا آپ کے خیال میں انگریز فریقین کا "مانا ہوا ثالث" ہے۔ حالانکہ ہمارے نزدیک انگریز نہ تو کوئی غیر جانب دار محقق کی حیثیت رکھتا ہے اور نہ کسی غیر متعصب ادیب اور مورخ کی۔ ہم تو اس کو آپ سے بھی زیادہ اجنبی سمجھتے ہیں۔ اس لئے کہ آپ کے نزدیک تو شاید حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ وہ شخص ہے جنہوں نے تاراضگی کی بنیاد حق خلافت اور باغ فدک

اور اس کے متعلقات ہی ہوں۔ لیکن وہاں تو عمر رضی اللہ عنہ کی بدولت سارا قصر مسیحیت ہی پامال ہو چکا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جرنیل اعظم خالد سیف اللہ کی شمشیر خارا شگاف نے پوری عیسائیت کے پرخچے اڑا دیئے ہیں تو بھلا یہ کب ممکن ہے کہ عیسائی ممالک بھول جائیں جس مرد مجاہد کے دور حکومت میں اسلام کے بڑھتے ہوئے سیلاب کی تاب نہ لا کر اور قلب مسیحیت میں چبھتے ہوئے تیر کے درد و ٹیس سے بے چین ہو کر اگر کسی انگریز "نقاد" نے یہ لکھ دیا کہ "(عمر) نے اسلام میں روحانیت کی بجائے قتل و غارت، خونریزی و ملک گیری فوج کشی اور لوٹ مار کی رسمیں ایجاد کیں"۔ تو کونسی غیر متوقع اور تعجب خیز بات کہی؟ اس کے سوا اور ان سے امید ہی کیا ہو سکتی تھی؟

ذرا سوچو تو سہی کہ جس شیر اسلام کے دس سالہ عہد خلافت میں شاید ایک دن بھی ایسا نہ گذرا ہو جس میں پرستاران صلیب کے ٹڈی دل فوجوں کا مقابلہ سرفروشانِ توحید سے نہ ہوا ہو تو بھلا انگریز اس پر تنقید نہ کرے گا تو کیا جناب علی کو زیر بحث لائیگا؟ جن کے چار سالہ دور امارت میں بجز اسلام کے نام لیواؤں کے خون خرابے کے کسی کافر کا بال تک بھی بیکا نہ ہوا۔

سچ تو یہ ہے کہ تاریخ اسلام کا یہ اہم باب جناب علی رضی اللہ عنہ ہی کی خلافت سے وابستہ ہے کہ مسلمانوں کے محاذ جنگ کا رخ دنیائے کفر سے ہٹ کر خود مسلمانوں کی طرف ہو گیا۔ یہیں کفر عمر رضی اللہ عنہ کو جتنا بھی کوسے تھوڑا اور علی رضی اللہ عنہ کو جتنا بھی سراہے کم ہے۔

شیعہ دوستو! حقیقت بہرحال حقیقت ہے۔ خواہ وہ کتنی ہی تلخ ہو۔

اس کے علاوہ سنیوں کی کتابوں سے جو واقعات درج کئے گئے ہیں۔ ان کے متعلق اگر حقیقت حال کا اظہار کرتے ہوئے میں یہ کہوں کہ حوالے غلط دیئے گئے ہیں۔ عبارتوں کے مضمون کو متکلم کے منشا کے خلاف توڑ مروڑ کر بالکل مسخ کر دیا گیا ہے تو ممکن ہے ہمارے شیعی "مؤرخ اور منصف مزاج" دوست کی تشفی نہ ہو اس لئے تھوڑی دیر کے لئے میں ان کذبات و محرفات کو تسلیم کرتے ہوئے شیعوں کی مسلم، مستند اور بالکل معتبر کتابوں کے حوالے کو سامنے رکھ کر با انصاف اور خوددار شیعوں سے درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اس وادیٔ پُرخطر میں ذرا سنبھل کر قدم رکھیں اور آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ پرائے شگون میں اپنی ناک کٹ رہی ہو؟

اے چشم اشکبار ذرا دیکھ تو سہی
جو ویرانہ ہو رہا ہے وہ تیرا ہی گھر نہ ہو

سنئے! ایک طرف تو جناب علی کی شجاعت و فضیلت کی داستانیں ہمیں یوں سنائی جاتی ہیں کہ میدان بدر میں اس نے تو ایک ہی وار میں مقابل کا سر تن سے جدا کر دیا۔ کارزار اُحد میں (بقول شیعہ) جب سب رسالت مآب کو یکہ و تنہا چھوڑ کر ادھر ادھر جا چھپے تو یہ شیر خدا دشمنوں کی صفوں پر برس رہا تھا۔ غزوۂ حنین میں (بقول شیعہ) جب اصحاب خاص بھی رسالت پناہ کو دشمنوں کے نرغوں میں گھرا ہوا دیکھ کر سراسیمگی کی حالت میں اپنی اپنی جانیں لے کر بھاگے تو یہی حیدر کرار تھے جو اپنی جان ہتھیلی پر لئے ہوئے کشتوں کے پشتے لگا رہے تھے۔

ہاں ہاں خیبر کی مہم جب بڑے بڑے جانبازوں سے بھی سر نہ ہو سکی تو مرحب جیسے سرکش یہودی کے سر کو خود (لوہے کی ٹوپی) سمیت ککڑی کی طرح چیر کر دو ٹکڑے کر دینے والے صاحب ذوالفقار ہی تو تھے۔ قلعۂ ناعم کے آہنی پھاٹک کو قوت بازو کے ایک ہی جھٹکے میں تنکے کی طرح

سا ذکر بیٹھے تو اسے حیدر کرار ہی تو تھے ؟

یہی نہیں بلکہ ہم سے کہا جاتا ہے کہ جناب علی تمام پیغمبروں سے بھی افضل ہیں چنانچہ شیعوں کی معتبر کتاب بحار الانوار ص۳۷۴ ج ۷ میں ہے کہ جناب علی سوائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سب انبیاء سے افضل ہیں

"اس پر اجماع ہے کہ علی علیہ السلام سوائے پیغمبر اسلام کے تمام انبیاء پر افضل ہیں"

(موعظہ مباہلہ ص۱۷)

"مجموعہ صفات انبیاء سلف کی علی کی ذات معلیٰ میں جمع ہونے کے سبب علی تمام انبیاء سلف پر افضل ہیں" (موعظہ مباہلہ ص۱۷)

ان مذکورہ بالا حوالوں میں تو صرف اسی قدر بیان ہے کہ حضرت علی پیغمبر اسلام علیہ السلام کے علاوہ تمام انبیاء سے افضل ہیں مگر اس کتاب کے ص۲۴ و ۲۵ میں حضرت علی کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر بھی فضیلت دی گئی ہے چنانچہ لکھا ہے :-

العلم عشرۃ اجزاء لعلی تسعۃ اجزاء وللناس عشر الباقی واعلمھم بہ کذا فی ینابیع المودۃ (ص۷۰ س ۱۳) یعنی دنیا میں علم دس حصوں میں تقسیم ہوا ہے جس میں نو حصے تو علی کو دئیے گئے اور باقی دسواں حصہ تمام لوگوں میں تقسیم ہوا۔ اور اس دسویں حصے میں سے بھی علی کو سب سے زیادہ ملا اس لئے وہ سب سے بڑھ کر عالم ہیں۔

(موعظہ مباہلہ ص۲۴ و ۲۵)

کیا اس کا صاف نتیجہ یہ نہیں کہ جناب علی خود پیغمبر اسلام علیہ السلام سے بھی بڑھ کر عالم تھے۔

حضرات! جناب علی کی فضیلت تمام انبیاء یہاں تک کہ خاتم الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ہو، تو کوئی تعجب نہیں کہ بہرحال یہ سب مخلوق ہیں جناب علی تو بقول غالی شیعہ خدائی کے درجہ تک پہنچ چکے تھے چنانچہ ارشاد ہے ؎

فضائل میں علی کے یہ بلندی سب سے بڑھ کر ہے
زمانہ مبتلائے شک ہو اور اپنا خدا جانے
نہ افشا ہوا یہ شافعی پر بھی دم آخر
علی کو اپنا رب سمجھے کہ حق کو کبریا جانے

(اخبار شیعہ لاہور ۲۵ء)

یعنی حضرت علی کی فضیلت کا یہ ثبوت کافی ہے کہ لوگوں کو گمان ہوا ہے کہ علی خدا تھے۔ یہاں تک کہ امام شافعی رح کو وفات کے وقت بھی نہ معلوم ہو سکا کہ ان کا رب علی ہے یا اللہ (معاذ اللہ) ابھی تو علماء کی خستائی میں شک ہی تھا۔ مگر دوسری جگہ ان کو مخاطب کر کے صاف صاف کہہ دیا گیا ؎

فرماں گذار حکم تو باشد قمر بہ چرخ
بر عرش و کرسی قلم و لوح آمری

(کشف الغمہ ص۴۱ مطبوعہ ایران)

یعنی اے جناب علی آسمان پر چاند آپ کا فرمانبردار ہے عرش، کرسی، قلم اور لوح محفوظ سب پر آپ کی حکومت ہے۔

آپ نے دیکھ لیا کہ ایک طرف تو جناب علی کی بہادری، انبیاء علیہم السلام پر برتری، زمین و زمان، کون و مکاں کی حکومت و آمری کا یہ نقشہ ہے اور دوسری جانب کمزوری بے بسی کا یہ عالم ہے کہ

(۱) جس نے رسول کی میت چھوڑ دی اور کفن دفن میں شرکت نہ کی اور تین دن کے بعد واپس پلٹا۔ (۲) جس کو خلافت کے قابل جناب عائشہ تصور نہیں کرتی تھیں۔ (۳) جس کی خلافت کے بارے میں حضرت عمر کہتے تھے کہ اس کی خلافت اضطراری طور پر عالم وجود میں آگئی لیکن خدا نے اسکے شر سے بچایا۔ (۴) جس نے پیغمبر کی اکلوتی پیاری بیٹی سے ان کا حق (فدک) چھین لیا۔ (۵) جس نے علی کی خلافت پر غاصبانہ قبضہ کیا۔"

کبھی اس کی شان میں کوئی بے ادبی نہیں کی بلکہ خود ان کی اور ان کے بعد کے دونوں خلفاء کی شان میں فرمایا کہ انہ بایعنی القوم الذین بایعوا ابابکر و عمر و عثمان علی ما بایعوھم علیہ و انما الشوریٰ للمہاجرین والانصار فان اجتمعوا علی رجل و سموہ اماما کان ذالک رضی (نہج البلاغہ مصری ص۷ ج۲) یعنی مجھ سے انہیں لوگوں نے بیعت کی ہے جنہوں نے ابوبکر و عمر و عثمان سے بیعت کی تھی اور میری بیعت بھی اسی طریقے پر ہوئی ہے جس طریقے پر ان کی۔ مشورہ کا حق مہاجرین اور انصار کو ہے جس پر یہ لوگ متفق ہو کر اس کو خلیفہ اور

امام مان لیں۔ بس اللہ کی خوشی بھی اسی میں ہے۔"

دیکھا آپ نے جناب علی کس صفائی سے اپنے تینوں پیش روؤں کی خلافت کو مرضی الٰہی کے مطابق بتا رہے ہیں۔ کیا یہ ممکن ہے کہ چند افراد کی خلافت پر غاصبانہ قبضہ ہو اور وہ خاموشی سے برداشت کر لیں۔ کیا جناب علی کی ایمانی حرارت اس کو برداشت کر سکتی تھی کہ پیغمبر اسلام کی اکلوتی پیاری بیٹی کا حق چھین لیا جائے اور خیبر شکن شوہر کی پیشانی پر بل نہ آئے۔

شیعہ دوستو! غیرت و حمیت رکھتے ہو تو دل پر ہاتھ رکھ کر بتاؤ کہ سنیوں ہی کی نہیں بلکہ خود تمہاری کتابوں میں یہ کیا لکھا ہے کہ زوّج علی ابنتہ ام کلثوم من عمر۔ حضرت علی نے اپنی بیٹی ام کلثوم کا نکاح عمر سے کر دیا (شرح شرائع للقمی) امام جعفر صادق نے ام کلثوم کے نکاح کی بابت فرمایا ذالک فرج غصبنا ۔ یعنی عمر نے زبردستی علی کی بیٹی سے نکاح کیا۔ (فروع کافی جلد ۲ ص۱۴۱)

قاضی نور اللہ صاحب شوستری لکھتے ہیں :-

"اگر نبی دختر بعثمان داد ولی دختر بعمر فرستاد

یعنی اگر نبی ؐ نے اپنی بیٹی کا عقد عثمان سے کر دیا تو اسی طرح حضرت علی نے بھی اپنی لڑکی کو عمر کے نکاح میں دیدیا" (مجالس المومنین ص۸۴)

اسکے علاوہ اور بہت سے ایسے حوالے ہیں جن سے اس نکاح کا ثبوت ہوتا ہے اور خود شیعوں نے بھی اسے تسلیم کیا ہے۔ پس سوال یہ ہے کہ جناب علی نے یہ کیسے گوارا کیا کہ جگر گوشہ رسول کی بیٹی ایک ایسے شخص کے نکاح میں رہے جس نے (بقول ہمارے منصف مزاج مورخ کے) (۷) صلح حدیبیہ کے موقع پر رسول خدا کی نبوت میں شک کیا۔ (۸) میدان احد میں پیغمبر اسلام کو دشمنوں میں تنہا چھوڑ کر اپنی جان پہاڑوں میں بھاگ کر بچائی۔ (۹) جس نے رسول کو مرتے وقت ہذیان کہنے والا کہا۔ (۱۰) جس نے فاطمہؓ کے گھر کو حسنین سمیت جلانے کی دھمکی دی۔ (۱۱) جس نے رسول علیہ السلام کی اکلوتی اور پیاری بیٹی پر دروازہ گرایا۔ جس سے محسن فاطمہ پیٹ میں شہید ہو گئے۔ (۱۲) جس نے خالد بن ولید کو ایک بے گناہ کے قتل کرنے پر سزا نہ دی " (باقی دیکھو ص۱۳ کالم ۳ پر)

ٖ اخبار ناسہ مذکور میں یہ سب الزامات مذکور ہیں۔ منہ

زوال غازی ۔ افغانستان کے انقلاب کے حالات (۲/۲) وجوہ اور اس کے نتائج ۔ قیمت دو آنے علاوہ محصول (منیجر اہلحدیث)

فتاویٰ

تتمہ جواب عث ۱۸۰ مندرجہ ۳۰ جون ۱۹۳۹ء۔

(نجوم دانی کا سیکھنا) قطعاً ناجائز ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے :۔ من اقتبس علما من النجوم اقتبس شعبة من السحر۔ جس نے علم نجوم سے حصہ لیا اس نے سحر کی شاخ حاصل کی (ابو داؤد) اور ایسے رمال و منجم کے پاس جاکر دریافت کرنا بھی حرام ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے، من اتی عرافا فسأله عن شئ لم يقبل له صلوٰة اربعين ليلة (مسلم) جو شخص نجومی یا رمال سے جاکر صرف کچھ پوچھے اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوتی۔ دوسری روائت میں ہے جو تصدیق کرے فقد برئ من انزل على محمد وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اتری ہوئی سے بیزار ہے۔ ایک روائت میں آیا ہے المنجم كاهن والكاهن ساحر والساحر كافر نجومی کاہن ہے اور کاہن اور ساحر کافر ہے (مشکوٰۃ) اور اس طریق سے لوگوں کو مائل کرنا حرام ہے۔ لقولہ تعالیٰ لا تأكلوا اموالكم بينكم بالباطل۔ واللہ اعلم۔

س عث ۱۹۲} قرآن شریف کو پڑھ کر میت کو بخشنا جائز ہے یا نہیں؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج عث ۱۹۲} قرآن شریف پڑھ کر ثواب میت کو بخشا جائے تو جائز ہے۔

س عث ۱۹۳} عنایت اللہ مشرقی کی تعلیم اچھی ہے یا نہیں؟ وہ مسلمانوں کا خیرخواہ ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج عث ۱۹۳} مشرقی کی تعلیم گمراہ کن ہے۔ دفتر ہذا کی طرف سے اخبار میں سلسلہ شروع ہو گیا ہے جو رسالہ کی صورت میں شائع ہوگا۔ انشاء اللہ!

س عث ۱۹۴} مرجیہ کس شخص کو کہتے ہیں؟ امام ابو حنیفہ پر اس کا الزام درست ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج عث ۱۹۴} مرجیہ کے متعلق ... نے لکھا ہے :۔ [illegible]

مع الایمان معصیة كما لا ينفع مع الكفر طاعة كذا قال ابن الملك (لمعات)

مرجیہ وہ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ تمام افعال اللہ کی تقدیر سے ہیں بندوں کو ان میں کوئی اختیار نہیں۔ اسی واسطے ایمان کے ہوتے ہوئے گناہ کوئی ضرر نہیں دیتا اور کفر ہو تو طاعت کچھ مفید نہیں۔

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ یہ اعتقاد نہ رکھتے تھے۔ اس لئے وہ مرجیہ نہ تھے بلکہ اہلسنت تھے۔ واللہ اعلم

س عث ۱۹۵} حضرت پیر جیلانی قدس سرہ حنبلی مذہب کے تھے یا کیا؟ (سائل مذکور)

ج عث ۱۹۵} پیر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ مقلد نہ تھے انکو مقلد کہنا ان کی توہین ہے۔ کیونکہ تقلید کرنا جاہل کا کام ہے

س عث ۱۹۶} مشرک کے پیچھے نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟ (ابو الخیر فیض محمد علی گوہر آباد)

ج عث ۱۹۶} مشرک دو قسم کے ہیں۔ ایک منکر قرآن جیسے ہندو وغیرہ۔ دوم کلمہ گو قبور پرست۔ پہلا مشرک تو نماز کیوں پڑھے اور پڑھائے۔ دوسری قسم کے مشرک کو بالارادہ امام بنانا جائز نہیں۔ اتفاقیہ نماز پڑھا رہا ہو تو بہ نیت واركعوا مع الراكعين مل جانا جائز ہے۔

ب۔ اور کبھی کوئی شورش برپا نہیں کی۔ یا مظالم کی ان داستانوں کو صحیح سمجھ کر صرف صحابہ ہی کو نہیں بلکہ خود جناب علی کی شان کو بھی اپنے مرکز پر لاٹیے۔ اس لئے کہ جناب علی جیسی شخصیت کا بھی انکار و مداخلت کے ان منکرات پر خاموش رہ جانا، یقیناً ان کی شان کو بٹہ لگائیگا۔ پس یقین جانئے اگر آپ نے ان واقعات کے ماتحت صحابہ پر تبرا پڑھنے کی کوشش کی تو جناب علی کی ذات گرامی بھی ہرگز محفوظ نہ رہے گی۔ وہ بھی اس لپیٹ میں آئیں گے۔ خواہ آپ زبان سے ان کا نام لیں یا نہ لیں ؎

مشکل بہت پڑے گی برابر کی چوٹ ہے
آئینہ دیکھئے گا ذرا دیکھ بھال کر

لب تیغے ... (اہلحدیث)

بقیہ مضمون از صفحہ ۲

کیا تمہاری ایمانی غیرت یہ گوارا کر سکتی ہے کہ جو وقت دنیا میں یہ بے پناہ مظالم ڈھائے جا رہے تھے اس آسمان کے نیچے جناب علی جیسا حیدر کرار بھی موجود تھا؟ اگر تھا تو پھر بدر و احد، حنین و خیبر جیسے معرکوں کو سر کرنے والی ذوالفقار کیوں حرکت میں نہ آئی؟ صفوں کی صفوں کو پلٹ دینے والے شیر خدا نے اپنی بچی کو ان کے نکاح میں دینے کی بجائے ان کی تکا بوٹی کیوں نہ کر ڈالی۔

حضرت ابو بکر تو منکرین زکوٰۃ کی سرکوبی کے لئے تمام ساتھیوں کی مخالفت کے باوجودیکہ تنہا تلوار ہاتھ میں لیکر اعلان جنگ کر دیں اور پکار کر کہہ دیں کہ مسلمانو! تم میں سے اگر ایک شخص بھی میرا ساتھ نہ دے تو نہ سہی۔ بخدا میں اکیلا ان سے لڑونگا اور اسوقت تک لڑونگا جب تک کہ زکوٰۃ کی وہ پوری مقدار یہ ادا نہ کر دیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ادا کی جاتی تھی۔ مگر وہ علی جو شجاعت و پامردی کا مجسمہ ہیں جو انبیاء سے بھی افضل ہیں۔ جن میں الوہیت بھی حلول کئے ہوئے ہے ایک ایسے شخص کا مقابلہ تو کجا؟ اس کی مخالفت میں ایک لفظ بول بھی نہ سکے۔

پس ان حقائق کے پیش نظر اب ان دو باتوں کے علاوہ کوئی تیسری راہ نہیں کہ یا تو ان الزامات و مظالم کی داستان کو غلط کہا جائے جن کو بیان کر کر کے نالہ و شیون کا شور برپا کیا جاتا ہے۔ یا اگر یہ تمام باتیں سچ ہیں اور جناب علی کی خاموش نگاہوں کے سامنے یہ سب کچھ ہوتا رہا، تو پھر جناب علی کی شجاعت و بہادری، افضیلت و برتری کے وہ تمام افسانے فرضی ماننے پڑینگے جن کا ڈھنڈورا شیعہ مجتہدین پیٹتے پھرتے ہیں۔

اب آپ کا ایمان جس کی اجازت دے وہ راہ اختیار کیجئے یعنی یا تو جناب علی کی شجاعت و عظمت، بزرگی و برتری کی راہ اختیار کر کے انکی شان کو اونچا کیجئے اور صحابہ رسول کو ان تمام فرضی مظالم سے بری جان کر ان کے ساتھ حسن ظنی رکھ کر رضی اللہ عنہم سے زندگی گذاریئے جس طرح جناب علی اپنی خلافت سے پہلے تقریباً ۲۴ سال تک امن و سکون کے ساتھ خوش خوشی ان کے ساتھ رہے

(۴۰۳)

متفرقات

معاونین توجہ فرمائیں | اخبار "اہلحدیث" کی توسیع اشاعت کیلئے ناظرین و معاونین حضرات کی خدمت میں بارہا اپیل کی گئی ہے کہ اخبار کی زندگی خریداروں پر منحصر ہوتی ہے۔ اگر خریداری میں اضافہ ہوتا رہے تو اخباری اخراجات بھی بخوبی ادا ہوتے رہتے ہیں۔ اسلئے شیدایان تبلیغ توحید و سنت کو "اہلحدیث" کی توسیع اشاعت میں کما حقہ کوشش کرکے اپنی تبلیغی ہمدردی کا ثبوت دینا چاہیئے۔ سال بھر میں دو چار نئے خریدار بنا دینے کوئی اہم امر نہیں ہے۔

لہذا جملہ بہی خواہان کو چاہیئے کہ موجودہ حالت کا احساس کرتے ہوئے اخبار کی اشاعت کو بڑھائیں۔ جس کی آسان صورت صرف یہی ہے کہ ہر بہی خواہ بلکہ ہر خریدار ایک ایک نیا خریدار بنائے۔

شکریہ | ماہ جون میں مولوی عبداللہ صاحب ثانی اور ایس۔ ڈی بھائی میاں صاحب ننگوی نے ایک ایک نیا خریدار بنا کر ان کی قیمت وصول کرکے دفتر میں بھجوا دی جزاھما اللہ احسن الجزاء۔

وی پی بھیجے گئے | ماہ جون میں جن خریداروں کی قیمت اخبار ختم تھی ان کو "اہلحدیث" ۲۶۔ مئی ۳۹ء میں اطلاع دی گئی تھی۔ ایک ماہ سے زائد عرصہ انتظار کرکے کے بعد مندرجہ ذیل خریداروں کے نام اہلحدیث بذریعہ وی پی بھیجا گیا ہے۔ کیونکہ ان حضرات کی طرف ۳۰۔ جون تک قیمت اخبار وصول نہیں ہوئی تھی نہ ہی انکار وغیرہ کی اطلاع ملی۔ اب اگر یہ حضرات وی پی وصول کرنے کی بجائے کسی وجہ سے واپس کر دیں تو اس سے بڑھ کر دفتر کو نقصان پہنچانے کی اور کونسی صورت ہو سکتی [illegible] تلافی کے لئے ان کو اخبار جاری رکھنے کے لئے قیمت اخبار کے علاوہ [illegible] پانچ آنہ خرچہ وی پی بھی بذریعہ منی آرڈر بھیجا جائے۔

[illegible]

۶۴۹۳ - ۷۷۰۴ - ۹۹۰۹ - ۱۰۳۰۴
۱۰۳۴۹ - ۱۰۹۲۸ - ۱۰۹۹۵ - ۱۰۹۴۹
۱۰۹۵۲ - ۱۰۹۶۱ - ۱۱۱۸۴ - ۱۱۳۱۴
۱۱۳۸۹ - ۱۲۱۸۶ - ۱۲۱۹۰ - ۱۲۲۴۴
۱۲۳۷۵ - ۱۲۳۸۸ - ۱۲۳۹۴ - ۱۲۳۹۶
۱۲۴۷۔

جدید تالیف مفید

امت مرزائیہ کے ساتھ ہر طرح سے گفتگو ہوئی۔ قرآن سے، حدیث سے، خود الہامات مرزا سے۔ یہ سب طریق مفید ہوئے۔ مگر یہ تیسرا سلسلہ جدید ہے جس کا نام ہے

مکالمہ احمدیہ

اس میں ان کے باہمی اختلافی مضامین پر دونوں جماعتوں کی تحریریں انہی کے الفاظ میں دکھائی گئی ہیں۔ اس کا پہلا نمبر چھپ گیا ہے۔ گذشتہ سنین میں ان دونو گروہوں (قادیانی اور لاہوری) میں تحریک ہوئی تھی کہ اپنا اختلاف رفع کرنیکو فیصلہ کن مناظرہ کریں۔ یہ تجویز کیسی آسان اور خوشگوار تھی مگر فریقین کی مصلحت سے یہ تجویز خود ایک طویل بحث بن گئی۔ اس پر فریقین کے جو لمبے لمبے مضامین نکلے وہ بہت ہی دلفریب ہیں۔ اس کے بعد دوسرے نمبر کے مضامین بھی شائع ہونگے۔ قیمت نمبر اول پانچ آنہ

نوٹ | ایک نسخہ طلب کرنے کیلئے ۵؍ کے ٹکٹ بھیجکر بذریعہ بک پوسٹ منگالیں۔ تین نسخوں سے کم وی پی نہیں بھیجا جاتا۔

پتہ:۔ منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

مفلس خانہ | خاکسار غریب طالب علم ہے۔ اخبار "اہلحدیث" کا شائق ہے۔ قیمت نقد ارسال نہیں کر سکتا کوئی صاحب خیر فی سبیل اللہ میرے نام ایک سال کیلئے اخبار اہلحدیث جاری کرا دیں۔ [illegible] متعلم مدرسہ دار السلام [illegible] قادیان بٹالہ ضلع گورداسپور

خوشخبری | ہمارے [illegible] بالجہر میں جس شیخ کا فیصلہ [illegible] اہلحدیثان ہوا تھا اس کی اپیل [illegible] کی حنفی جماعت نے کی تھی ۱۲ جون [illegible] کی کونسل سے خارج کر دی گئی ہے اور [illegible] اہلحدیثان ماتحت عدالت کے فیصلہ کو بحال رکھا گیا ہے۔ خدا کا شکر ہے یہ ناظرین کی دعاؤں کا اثر ہے۔ جماعت [illegible] ان کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے [illegible] پاس کرائے اور ہر طرح کی کوشش فرما کر رہنمائی فرمائی۔

تصحیح | اخبار "اہلحدیث" ۱۴۔ اپریل ۳۹ء صفحہ ۱۲ سطر ۱۲ پر ہمارے مقدمہ کی بابت یہ چھپا ہے کہ

"ہم ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے مالی امداد کی ہے۔"

یہ غلط چھپا ہے۔ آج تک ہم کو کسی جگہ سے مالی امداد نہیں ملی ہے۔ البتہ قانونی تحریری راہ نمائی جن جن مخلصین جماعت نے امداد فرمائی ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

(عبدالغنی اینڈ برادرس ناظم انجمن اہل حدیث رتلام)

توجہ فرمائیے | دفتر اہلحدیث کے ماتحت اشاعت فنڈ اور غریب فنڈ عرصہ سے قائم ہیں۔ جن کی آمد و خرچ کا حساب اہلحدیث میں بھی شائع ہوتا رہتا ہے۔ اصحاب خیر اور دیگر حضرات کو جہاں تک ممکن ہو سکے ان کی مالی امداد کرنی چاہئے۔

مضامین آمدہ | ملک ہدایت اللہ صاحب سوہدروی۔ پنڈت آتمانند صاحب۔ محمد عبدالتواب صاحب۔ ابو محمد صاحب۔ سلیمان داؤد جی۔ منشی کرامت اللہ صاحب۔ مولوی محمد داؤد صاحب قصوری۔

حساب دوستاں | گذشتہ پرچہ میں شائع کیا گیا ہے ناظرین اس کو ایک بار ضرور ملاحظہ کرکے قیمت اخبار جلد از جلد بذریعہ منی آرڈر بھیجیں۔ اگر خریداری سے انکار ہو تو بھی بہت جلد اطلاع دیں۔

مبلغ یا فنکار | [illegible] صاف کر دیں۔ [illegible] فضول ہو گی۔ [illegible] اہلحدیث امرتسر [illegible]

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

امرتسر اور یورپ پر سیاہ بادل محیط ہیں

ناظرین ان دو مقاموں پر بادلوں کے محیط ہونے کی خبر پڑھ کر گھبرائیں نہیں۔ ان کا احاطہ مختلف قسم کا ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

آج ۲۔ جولائی کو امرتسر میں خوب بارش ہوئی ہے اور آسمان پر بادل محیط ہیں۔ آج ہی یہ خبر بھی آئی ہے کہ یورپ پر جنگ کے بادل محیط ہو رہے ہیں۔ ہم نے کسی گذشتہ پرچہ میں لکھا تھا کہ یورپ کی خبروں میں جو آجکل تیزی نہیں ہے اس کی مثال بالکل وہی ہے کہ آندھی سے پہلے ہوا بند ہو جاتی ہے۔ آخر وہی ہوا جو ہم نے کہا تھا۔ چنانچہ اس ہفتے گرم گرم خبریں آنے لگی ہیں۔ خبروں میں گرمی یہاں تک ہے کہ خطرہ ہے کہ شاید یہ پرچہ ناظرین کے ہاتھوں میں پہنچنے تک طبل جنگ پر چوٹ پڑ جائے۔

آج تک گورنمنٹ برطانیہ نے اپنی شرافت اور امن پسندی کا کافی ثبوت دیا۔ دشمنوں کے منہ میں لقمہ بھی ٹھونسا۔ گو اپنے دسترخوان سے نہیں بلکہ حلوائی کی دوکان سے دیا۔ ہم نے ابھی دنوں یہ رائے ظاہر کر دی تھی کہ جرمنی کا ڈکٹیٹر شیخ سعدی مرحوم کے فلسفہ پر عمل پیرا ہے۔ جس کا ایک اصول ہے کہ یک رانگیر دوم را دعویٰ وا ... یعنی ایک چیز کو لے کر دوسری کا تقاضا کرتا ہے۔ ہم نے یہ بھی ظاہر کر دیا تھا کہ دشمن کے ارادے بہت دور تک وسیع ہیں۔ یہ ... ممالک مقبوضہ کا مطالبہ کریگا بلکہ ۱۹۱۴ء سے ۱۹۳۹ء تک کے مالی ... [illegible] ہم نے یہ بات بار بار ظاہر کی ہے کہ ... سیاسی ... [illegible]

[illegible]

... قوم یورپ کے قصبوں جو ... ظاہر کی نظروں سے گر ... وہ یا جوج ماجوج ... الجرمن ... معلوم ہوتی ہے ... ہندوستان میں ... دو دو ادھر ... کریں تو ان کا ... پر پہنچ جائے مگر یورپین اقوام کی چالوں کو وہ نہیں سمجھ سکتے۔ ہاں یورپین قومیں آپس میں ایک دوسرے کو خوب سمجھتی ہیں کہ ان کے وعدے کہاں تک قابل اعتبار ہیں۔ اس ہفتے جو شورش اٹھی ہے وہ ڈینزگ کے متعلق ہے۔ ڈینزگ پولینڈ کے ماتحت ایک مشہور شہر ہے جو گذشتہ جنگ یورپ کے بعد جرمنی سے چھین کر پولینڈ کو دیا گیا تھا یہ خبر متواتر آئی ہے کہ جرمن فوج ڈینزگ پہنچ گئی ہے ادھر پولینڈ کے ساتھ حکومت برطانیہ اور فرانس کا وعدہ ہے کہ اس کے کسی علاقہ پر حملہ ہونے کی صورت میں اسکی مدد کی جائیگی۔ اس لئے اب وقت آگیا ہے کہ شیر برطانیہ اپنے تیز ناخن نکالے۔ چنانچہ رائٹر کے الفاظ یہ ہیں کہ

> برطانیہ اور فرانس دونوں نے یہ اعلان کر دیا ہے کہ وہ پولینڈ کے متعلق اپنی ذمہ داریوں کو بلا تامل پورا کرینگے۔ اس لئے اگر ڈینزگ کو جرمنی کے ساتھ ملحق کرنے کی کوشش کی گئی، اور موجودہ نظام کو درہم برہم کیا گیا تو اس کے نتائج نہایت ہی خطرناک ہونگے۔

لیکن ہمارے خیال میں ابھی کچھ وقت باقی ہے کہ برطانیہ اور فرانس اپنی شرافت کا مزید ثبوت دیں۔ اگرچہ برطانیہ کے ذمہ دار وزراء اپنی تقریروں میں بول اٹھے ہیں کہ اب پانی سر سے گزر گیا ہے ہم خاموش نہیں رہ سکتے تاہم ہمارا گمان ہے کہ برطانیہ اور فرانس مصلحت بینی کو ہاتھ سے نہیں دینگے۔

حکومت برطانیہ آج کل سخت مشکلات کے گرداب میں مبتلا ہے مگر ہم دیکھتے ہیں کہ وہ اپنی روش میں تبدیلی نہیں کرتی۔ مثلاً فلسطین میں وہ اپنی پالیسی تبدیل نہیں کرتی۔ ... وزیرستان ... [illegible] ... ایک عرصہ کے ساتھ ... کی پالیسی بہت پرانی ہو چکی ہے۔ جس میں بہت کچھ اصلاح کی ضرورت ... [illegible]

[illegible]

... سے ملاقات کر ... اس کی ... ظاہر نہیں ہوئی یقین کیا جاتا ہے کہ ... ڈینزگ کے متعلق ہوگی بہرحال برطانیہ اس وقت جس ... میں مبتلا ہے اس کے لئے بہت بڑے تدبر کی ضرورت ہے اگر اس کی تمام تر پالیسی پر ہوگی تو کامیابی ہے ورنہ خطرہ ہے۔

امرتسر کی سڑکوں کی حالت

قابل توجہ وزیر بلدیات پنجاب

امرتسر میں مسافروں کی آمد و رفت اور تانگوں، سائیکلوں وغیرہ کی کثرت سے بازاروں میں چلنے والوں کی ناک میں دم آجاتا ہے۔ بوڑھے، بچے، عورتیں چلتے رک جاتی ہیں۔ تانگوں کے اچانک سر پر پہنچ جانے سے بعض دفعہ بچے نیچے آجاتے ہیں۔ ہم نے کمیٹی کو بارہا توجہ دلائی ہے کہ تانگوں اور موٹروں کی آمد و رفت کے راستے الگ الگ کر دئیے جائیں۔ مگر ابھی تک صرف ہال بازار میں اس پر عمل ہوا ہے۔

ہمارے محلہ میں جو نیا دروازہ کھلا ہے اس کی وجہ سے تانگوں اور موٹروں کی آمد و رفت بڑھ گئی ہے۔ بازار تنگ ہے۔ ہم نے کئی دفعہ اخبار میں لکھا اور ذمہ دار ممبروں سے زبانی بھی ذکر کیا مگر اثر کچھ نہیں ہوا۔ راستوں کی تعیین اگر کمیٹی کے اختیار میں نہیں ہے، تو رپورٹ کرنے سے اس کی اجازت مل سکتی ہے۔ اس دیر کرنے سے ہمیں گمان ہوتا ہے کہ وہ آپس کے جھگڑوں سے فارغ نہیں ہے۔ آج تک تو ہم کمیٹی کو مخاطب کرتے رہے۔ لیکن اب ہم وزیر صاحب بلدیات کو توجہ دلاتے ہیں کہ جہاں تک جلد ممکن ہو سکے آپ ہماری تکلیف کو رفع فرما کر اہل شہر کو شکریہ کا موقع دیں ؛

مسلمانوں کا دور جدید اور ہندوستان کا مستقبل

ایک انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ۔ یعنی صدی ... اسلامی ... [illegible]

[illegible]

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کی سرگرمیاں

بریلوی گروہ علاقہ فتح گڈھ میں

۲۴-۲۵ جون ۱۹۳۹ء کو موضع گھمنے کے بانگر میں بریلوی احناف کا جلسہ ہوا۔ جس میں جماعت اہل حدیث کے خلاف زہر اگلا گیا۔ مگر سائل کو کوئی بات پوچھنے کی قطعاً ممانعت تھی۔ چنانچہ ایک نوواردنے کچھ پوچھا تو اس کو اٹھا کر جلسے باہر رکھ دیا گیا۔ اس کے بعد ۲۶-۲۷ جون کو فتح گڈھ چوڑیاں ضلع گورداسپور میں پہنچا۔ جس میں مولوی محمد شریف صاحب کوٹلوی مع پسر خود مولوی بشیر صاحب۔ مولوی محمد یوسف صاحب سیالکوٹی مع پدر خود مولوی نور الحسن صاحب۔ مولوی مسعود البزدوی مولوی عبد الغفور صاحب ہزاروی۔ علی اکبر شاہ صاحب خلف پیر جماعت علی ثانی علی پوری وغیرہ شریک تھے۔ اس جلسہ میں کیا ہوا۔ اہل حدیث بزرگان کی توہین خصوصاً حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب کو تو خاص طور پر نشانہ بنایا گیا۔ اثنائے تقاریر میں بعض جوشیلے واعظوں نے یہ بڑ بھی ہانکی کہ ہمارے مقابلہ میں بغرض مناظرہ جس اہل حدیث عالم کو چاہو لے آؤ۔ اور یہ بھی کہا کہ ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ کوئی اہل حدیث عالم ہمارے سامنے نہ آئے گا! جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کی شاخ فتح گڈھ میں موجود ہے۔ اس کی طرف سے مرکز میں اطلاع دی گئی اور امرتسر سے مولوی محمد عبد اللہ صاحب ثانی، مولوی محمد عبد اللہ صاحب معمار ان کے خلاف توقع پہنچ گئے اور تصفیہ شرائط کے لئے آدمی بھیجے گئے۔ چنانچہ شروط طے ہوئیں اور جماعت اہل حدیث مع اپنے علماء کے ان کے جلسہ گاہ پر پہنچ گئے۔ مگر بریلوی جماعت نے بہانہ تراشا کہ ہمیں فساد کا اندیشہ ہے۔ اور اس مطلب کے لئے سب انسپکٹر پولیس نے جماعت اہل حدیث کے ذمہ دار اصحاب سے کہا کہ اب مناظرہ نہ ہو، صبح کرلیں۔ چنانچہ انہوں نے منظور کر لیا۔

صبح ہوتے ہی پیغام پر پیغام بھیجے گئے۔ مگر بریلوی گروپ کی طرف سے یہی صدا آتی رہی کہ ہمیں خطرہ ہے۔ یہ بھی کہا کہ ہم مولوی عبد اللہ ثانی سے مناظرہ نہیں کریں گے مولوی ثناء اللہ صاحب کو بلائیں۔ ہماری جماعت کی طرف سے کہا گیا کہ پیر جماعت علی شاہ صاحب کو لے آؤ تو ہم حضرت مولانا کو تکلیف دیں گے۔ آخر آستانہ پولیس پر جبہ سائی کی گئی۔ وہاں سے پھر تھانہ دار صاحب نے ذمہ دار لوگوں کو بلا کر کہا کہ فریق ثانی (بریلوی) کہتے ہیں کہ پیغام آتے ہیں، رقعے آتے ہیں جماعت اہل حدیث فساد پر آمادہ ہے۔ تھانہ دار صاحب نے مشورہ دیا کہ جماعت اہل حدیث کو چاہئے کہ وہ تعاقب چھوڑ دے۔ اسی اثناء میں بریلوی جماعت کے تمام علماء زبان حال سے یہ شعر پڑھتے ہوئے شہر کے باہر باہر سٹیشن کو روانہ ہو گئے ؎

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

راقم:۔ (مولوی) صدر الدین سفیر مدرسہ غزنویہ امرتسر ساکن گھمنے کے بانگر متصل فتح گڈھ چوڑیاں ضلع گورداسپور

وزیرستان میں کیا ہو رہا ہے

ہماری سمجھ سے بالاتر ہے

انگریزی حکومت جس قدر شہزور ہے کسی سے مخفی نہیں۔ اور اس کے مقابلے وزیریوں کی کمزوری بھی کسی پر پوشیدہ نہیں۔ خاصکر آجکل کے اسلحہ جنگ ان کے پاس کہاں۔ مگر واقعات جو سوئی کے ناکے سے گذر کر اخبارات کے ذریعہ ہم تک پہنچے ہیں وہ یہ ہیں:۔

(۱) میرعلی کیمپ نارتھ وزیرستان کی تازہ ترین خبر مظہر ہے کہ قبائلی لشکر کل دوپہر کو آیا۔ اور کیمپ کے باہر سے ۳۸ اونٹ لے گیا۔ تمام افواج منہ دیکھتی رہ گئیں۔ مگر کسی نے بھی ان کا تعاقب کرنا مناسب نہ سمجھا نیز ایک اطلاع یہ بھی ملی ہے کہ ودسل کے نزدیک سرکاری افواج اور قبائلی لشکر میں مٹھ بھیڑ ہو گئی۔ جس کے نتیجہ کے طور پر چھ گھنٹے تک گولی چلتی رہی۔ مگر بعد میں ہلاکتوں تک نوبت پہنچی۔ ہر دو اطراف کا کافی نقصان ہوا ہے۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔

کل کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ بعض قبائلی لشکر نے زیرکمان گاگوجی ..... اڑا دیئے۔ اور ساتھ ہی ٹیلیفون کی تاریں بھی کاٹ دیں۔ متعدد تار برقی کے کھمبے بھی اکھیڑ ..... دیئے۔ جس کی وجہ سے فوجوں کو ..... سامنا ہوا۔ اور تمام کام واپس سے لینا پڑا۔ (پرتاپ لاہور ۲ جولائی ۱۹۳۹ء)

(۲) ..... وزیرستان ..... کے قریب ایک لاری کو جو کہ ڈیرہ اسمٰعیل خاں سے روانہ ہو رہی تھی۔ راستہ میں سروکئی کے قریب وزیری ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ لاری پر ایک ہندو دکاندار کا مال تھا۔ جس کی مالیت دو ہزار کے قریب بیان کی جاتی ہے۔ ڈاکو دو ہندوؤں کو بھی پکڑ کر لے گئے۔ جو کہ اس لاری پر سوار ہو کر روانہ ہو رہے تھے۔ گل امام سے ڈاکوؤں کے غلے سے لدے ہوئے نو اونٹوں کے لے جانے کی بھی اطلاع موصول ہوئی ہے واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ دوپہر کے وقت ایک ساہوکار کے ۹ غلے سے لدے ہوئے اونٹ موضع ابزر سے گل امام کی طرف آ رہے تھے کہ ڈاکو پکڑ کر انہیں اپنے ہمراہ لے گئے۔ ڈاکو بھٹنی قبیلہ سے بیان کئے جاتے ہیں۔" (پرتاپ لاہور صفحہ مورخہ ۲ جولائی ۱۹۳۹ء)

سرکاری اعلان

کھانڈ کے کارخانوں کو تنبیہ

تمام شوگر فیکٹریوں اور شوگر ملوں کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرائی جاتی ہے کہ گورنر جنرل با اجلاس کونسل نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر ایسے ادارے شوگر پروڈکشن رولز ۱۹۳۹ء کے مطابق اعداد و شمار پیش کرنے میں کوتاہی کریں۔ تو وہ زیر دفعہ ۶ کا تعزیرات ہند قابل سزا ہوں گے اور ان پر آئندہ مقدمہ چلایا جائے گا۔ ڈائرکٹر امپیریل انسٹی ٹیوٹ آف شوگر ٹیکنالوجی کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس جرم کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف وائس چیئرمین امپیریل کونسل آف اگریکلچرل ریسرچ کی منظوری کے بعد استغاثہ دائر کریں۔

ڈائرکٹر صاحب موصوف ..... جرم پر ..... مقدمہ .....

مومیائی

۳۴

مصدقہ علمائے اہلحدیث وخریدار ماخبار اہلحدیث
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کھودی سینہ کو رفع کرتی
ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور
وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار
دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے...... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک عہ۔ آدھ پاؤ ہے۔ پاؤ بھر ہے مع محصولڈاک
ممالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ ممالک غیر سے ایک
کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔
نہ ہی ایک پاؤ سے کم دوائی کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی

تازہ شہادتیں

جناب عبدالرزاق دیکھن صاحبان ٹانڈہ ودھوبہ۔
"ہم نے کئی بار مومیائی مختلف پتہ سے منگائی ہے مفید ثابت
ہوئی۔ براہ مہربانی آدھ پاؤ مومیائی عبدالعزیز عبدالرحیم
صاحبان کے نام جلد ارسال فرمائیں" (۱۷ مئی ۱۹۳۶ء)
جناب مولوی ابو الوفا ثناء اللہ صاحب سندھ پوری
"قبل ازیں مومیائی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں بفضل ایزدی
تجربہ سے بار ہا ثابت ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مومیائی
ایک نعمت [illegible] ہے [illegible] خوش نصیب اور جوان [illegible]
[illegible] ایک [illegible] فوری [illegible]
[illegible] ۲۹ مئی ۱۹۳۶ء
[illegible]
[illegible]

بہار شباب

عہ

جو مسیح الملک حکیم اجمل خان صاحب دہلوی کے
تصنیف کا ترجمہ ہے۔ جس میں ان کی مجربات اور ایسے
طبی اصول بیان کئے گئے ہیں۔ جن پر عمل پیرا ہونے سے
صحت ہمیشہ درست، اولاد خوبصورت اور مضبوط پیدا ہوتی
ہے۔ مقوی ادویات کے وہ نسخے جو حکیم صاحب ممدوح کے
خاندان میں سینہ بہ سینہ چلے آتے تھے۔ نہایت فیاضی سے
درج کئے گئے ہیں۔ قیمت صرف عہ۔ محصولڈاک عہ
پتہ:- منیجر نور فارمیسی۔ بازار ٹوکریاں امرتسر

۱۹

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری حمائل شریف
مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ
تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو
چار جلدوں میں
کا ہدیہ سات روپے
فی جلد عہ
ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث
میں شائع ہوتی رہی ہے
پتہ:- مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب حسان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

پتھری توڑ

کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ
نکلتے ہے [illegible] سے کافی شہرت حاصل کر چکا ہے
اصل قیمت [illegible] روپے۔ رعایتی قیمت [illegible]
[illegible] منیجر [illegible]
[illegible]

مفت

عہ

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب
نعوت مفت محصولڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے
ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرما لیجئے۔
پتہ:- منیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ
ہمدرد وطن۔ فتح آباد۔ ضلع حصار پنجاب

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی
فلیویا امساک رجسٹرڈ

عہ

رجسٹرڈی وامتحان شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی سے خواہ
بوڑھا ہو یا جوان تقاضائے حاجت ...... کے بغیر نہیں
رہ سکتا۔ وقت ضرورت سے پانچ منٹ پیشتر کھائیں۔
ناقابل برداشت طاقت۔ بے حد ممسک ہے۔ سرعت۔
احتلام۔ جریان کی دشمن۔ ۳۲ گولیاں پیکٹ عہ
پتہ:- فلیویا کیمیکل ورکس ۲۵ فریدکوٹ (پنجاب)

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات
مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔
ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات
بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ
کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں
تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ
ہو اسے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ
ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے
اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری
[illegible] ضخامت [illegible]
صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ
اصل قیمت [illegible] روپے رعایتی [illegible] روپے
پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

تفاسیر اربعہ ثنائیہ

مصنفہ مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب امرتسری

تفسیر ثنائی اُردو

قرآن شریف کی بہت سے حضرات نے تفسیریں لکھیں مگر تفسیر ثنائی اُردو ان سب پر سبقت لے گئی ہے۔ جسے زمانہ حاضرہ میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس تفسیر میں خاص خوبی (جو اس سے پہلے کسی اُردو یا عربی میں نہیں دیکھی گئی) یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں آیات قرآنی ہیں جن کے نیچے اُردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں تفسیر مع ترجمہ ہے۔ نیچے حواشی وشان نزول درج ہے۔ مخالفین اسلام اور مخالفین سنت نبی علیہ السلام کے خیالات کی اصلاح بھی موقع بموقع کی گئی ہے۔ مکمل تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے۔ قیمت رعایتی فی جلد ڈیڑھ روپیہ۔ مکمل سٹ خریدنے والوں سے صرف ۱۰ روپیہ (۵۰۸)

تفسیر القرآن بکلام الرحمن

(بزبان عربی) تفسیر ہذا عربی زبان میں مفسرین کے مسلم اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا پر لکھی گئی ہے۔ جسے ظاہری و باطنی خوبیوں کے باعث اہل علم حضرات نے بہت پسند فرمایا ہے۔ ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی اس کی شہرت ہو چکی ہے۔ بعض مدارس میں بطور نصاب (جلالین کی طرح) پڑھائی جا رہی ہے ہر آیت کی تفسیر میں قرآن مجید کی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ مصری سائز اور رنگ کے کاغذ پر اعلیٰ کتابت وطباعت کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے سارے قرآن مجید کی تفسیر ہے۔ ہر اہل حدیث کو ضرور پڑھنی چاہئے۔ بلکہ ہر اہل حدیث گھر میں ہونی چاہئے۔ اصل قیمت للعہ روپیہ۔ رعایتی ستر روپیہ

بیان الفرقان علیٰ علم البیان

(بزبان عربی) قرآن مجید کی یہ سب سے پہلی تفسیر ہے جو علم معانی وبیان کی روشنی میں عربی میں لکھی گئی ہے شروع میں علم معانی وبیان کی اصطلاحات درج کرکے اُن پر نمبر ڈالے گئے ہیں۔ دوران تفسیر میں جہاں کسی اصطلاح کا ذکر آیا ہے اس پر اس اصطلاح کا نمبر دیدیا گیا ہے۔ سردست صرف سورہ فاتحہ وسورہ بقرہ کی تفسیر چھپی ہے۔ جلد منگوالیں ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ قیمت ۱۰ر

تفسیر بالرائے

(بزبان اُردو) اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی۔ کیونکہ اُردو میں کئی ایک تفسیریں شائع ہوئی ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں۔ مثلاً بیان للناس، امرتسری، بیان القرآن لاہوری۔ چکڑالوی مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کرکے اصلاح کی گئی ہے۔ قابل دید وشنید ہے۔ مولانا صاحب کی بالکل نئی تصنیف ہے۔ قیمت صرف للعہ

الترغیب والترہیب

مصنفہ امام عبد العظیم منذری۔ ہر مشروع [illegible] ترغیب [illegible] مرفوع احادیث ذکر ان کے ثواب وعذاب کی تشریح [illegible] ہے۔ ضرور [illegible] کرنا چاہئے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت [illegible]

تفسیر [illegible]

مصنفہ [illegible] ابراہیم صاحب [illegible] تفسیر سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ کتابت، طباعت نہایت عمدہ کاغذ اعلیٰ قسم۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۸۰۰ صفحات قیمت بے جلد ستے۔ مجلد بے۔

بادشاہ بننا چاہتے ہو یا ولی

مصنفہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔ اس کتاب میں وہ مسائل تحریر ہیں جن سے معمولی آدمی بھی ترقی کرکے معراج کمال تک پہنچ سکتا ہے۔ علم کیمسٹری۔ سحر، طلسم وکرامات وغیرہ پر روشنی ڈالی ہے۔ اس کا مطالعہ بہت مفید ہے منگوا کر لطف اٹھائیں۔ قیمت عہ

العقل والنقل

مؤلفہ مولوی شبیر صاحب دیوبندی جس میں مستند حوالوں سے ثابت کیا ہے کہ عقل سلیم اور نقل صحیح میں کبھی اختلاف نہیں ہو سکتا۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۰ر

کائنات روحانی

قرآن حکیم کا انسان کی روحانی ضروریات کو پورا کرنے کا ثبوت بدلائل دیا ہے۔ قیمت ۵ر

وحی اور اس کی عظمت

وحی کی تعریف اور تقسیم کا بیان۔ قیمت ۲ر

تعلیمات اسلام

مؤلفہ مولانا حبیب الرحمن صاحب دیوبندی مرحوم۔ جس میں اسلام کی تعلیمات کی اہمیت پر ایک فاضلانہ مضمون ہے۔ مبلغ حضرات کو بہت مفید ہے۔ قیمت ۱۲ر

[illegible] المسلمین

رسالہ ہذا میں مسلمانوں کی [illegible] [illegible] ایک سفر سے کم قیمت [illegible]

[illegible]

کتب تردید مرزائی مشن

محمدیہ پاکٹ بک مجلد۔ مؤلفہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری۔ اس پاکٹ بک کی خوبی کے لئے اس کے مصنف کا نام ہی کافی ضمانت ہے۔ مختصر یہ کہ اسے پڑھ کر ایک معمولی اردو خوان بھی بڑے سے بڑے مرزائی مناظر کے ساتھ تمام مباحث میں کامیاب مناظرہ کر سکتا ہے۔ پہلا اڈیشن بہت جلد فروخت ہو گیا۔ دوسرا اڈیشن مع اضافہ کے شائع ہوا ہے۔ اب اس کی شہرت بہت ہو گئی ہے سکا غذ۔ کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ؎ ۔ رعائتی قیمت عہ

کفریات مرزا از جناب اسرار احمد صاحب آزاد۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب کی تحریرات سے ان کے متعلق عجیب و غریب مواد جمع کیا گیا ہے۔ پڑھنے والا سمجھ سکتا ہے کہ مرزا صاحب کے کلام میں کس قدر اختلاف پایا جاتا ہے۔ قیمت ۱۲ر۔ رعائتی قیمت ۸ر

مغالطات مرزا عرف الہامی بوتل مؤلفہ منشی محمد عبد اللہ معمار امرتسری اس رسالہ میں مرزا صاحب کے عجیب و غریب مغالطات، الہامات اور متناقض و متخالف بیانات کا انکشاف کرکے ان کی تردید کی گئی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۲ر

عالم کباب مرزا از مؤلف موصوف۔ اس رسالہ میں مرزا صاحب قادیانی کے مشہور الہام "عالم کباب" کے متعلق مرزا صاحب کی عجیب و غریب تشریح بتا کر اس کو غلط ثابت کیا ہے اور بتایا ہے کہ مرزا صاحب نے کس طرح مختلف مقامات پر اس الہام کو چسپاں کیا ہے۔ قیمت ۱ر

نشان حج اور مرزا مولفہ حکیم عبد الرحمن صاحب ساکن تیجہ کلاں۔ احادیث میں ہے کہ مسیح موعود ضرور حج کریگا۔ چونکہ مرزا صاحب قادیانی حج سے محروم رہے تھے اس لئے وہ مسیح موعود نہیں ہو سکتے۔ مرزائی لوگ جو مرزا صاحب کے حج نہ کرنے کے متعلق بورکیک تاویلات سے کام لیا کرتے ہیں اس کا مفصل جواب دیا گیا ہے۔ قیمت ۲ر

ائمہ تلبیس مصنفہ مولوی ابو القاسم صاحب رفیق دلاوری۔ "ائمہ تلبیس" کی دو حیثیتیں ہیں۔ اوّل علمی اور تاریخی۔ دوم تبلیغی اور کلامی پہلی حیثیت کے اعتبار سے یہ کتاب اپنی نوعیت میں سب سے پہلی اور مفصل کوشش ہے جس میں تار[illegible]یان کاذب کے حالات اس شرح و بسط سے [illegible]س پر بجا فخر ہونا چاہئے۔ عصر حاضر میں [illegible]کے دعوے کر کے عوام کو لوٹنا علاج ہو گیا ہے [illegible]یت دیدہ، کشایندہ اور بصیرت افروز ثابت [illegible]کے مفصل حالات دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے ہیں۔ ملک کے مشہور جرائد اور اکابرین ملت نے اس کو بہت پسند کیا ہے۔ ایک ضخیم کتاب ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ قیمت ؏

رئیس قادیان از مولف صاحب موصوف۔ مرزائیت کی تردید میں ایک تازہ تصنیف۔ مرزا صاحب کی زندگی کے حالات از پیدائش تا وفات جدید طرز پر لکھے ہیں۔ ایسے حالات آپ کو کسی اور کتاب میں نہ ملیں گے۔ جب تک کتاب شروع کر کے پوری پڑھ نہ لیں چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ساتھ ہی مرزا صاحب کے الہامات و دعاوی کی بھی مدلل تردید کی ہے۔ کتابت طباعت کاغذ عمدہ۔ قیمت کاغذ ڈمئی عہ۔ کاغذ سپر امپوری للعہ

مغلطات مرزا مرزا غلام احمد قادیانی کی بے شمار گالیاں ردیف وار مع مفصل حوالہ مندرج ہیں۔ ان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب جو اپنے آپ کو مجدد وقت، مہدی، مسیح، بلکہ نبی کے القاب سے ملقب فرماتے تھے۔ ان کا طرز کلام کس طرح کا تھا۔ قیمت ۵ر

دیگر تصنیفات

جمع القرآن والحدیث مصنفہ مولانا سیف بنارسی۔ قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کب یک جا جمع کی گئیں، کب ان کی کتابت ہوئی۔ اس کا مفصل ذکر اس کتاب میں موجود ہے۔ منکرین حدیث سب سے بڑا اعتراض زمانہ نبوی میں کتابت حدیث کے نہ ہونے کا کیا کرتے (۵۰۹) ہیں۔ اس رسالہ میں ان کا مفصل جواب دیا گیا ہے۔ قیمت ۶ر

عرب کا چاند نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارک پر آپ نے آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہونگی جو غالباً تمام مسلم مصنفین کے زور قلم کا نتیجہ ہونگی۔ مگر کتاب مذکورہ ایک معزز غیر مسلم جناب سوامی لکشمن جی مہاراج کے خیالات کا مرقع ہے جو آپ پیغمبر اسلام کے متعلق رکھتے ہیں۔ حضور انور صلعم کی پیدائش سے لیکر وصال فرمانے تک تمام واقعات درج کئے ہیں۔ ہندو مسلم اتحاد کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ کتاب تقریباً ساڑھے چار سو صفحات پر ختم ہوئی ہے۔ قیمت صرف دو روپیہ (عہ)

آئینہ مذاہب امامیہ ترجمہ اردو۔ تحفہ اثنا عشریہ۔ مصنفہ شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے مفصل حالات پر تبصرہ۔ ان کے عقائد و اعمال غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل کتاب فارسی زبان میں تھی مگر اردو خوان ناظرین کے لئے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ شیعہ مذہب کے تمام دلائل کا جواب دیا گیا ہے۔ قیمت تین روپے

نوٹ:۔ محصول ڈاک جملہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔

ملنے کا پتہ:۔ **منیجر اہلحدیث امرتسر**

ahmadimuslim.de

نسب امرج ... وصلی

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

احباب کو یاد ہوگا کہ مارچ ۱۹۳۶ء میں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کی پچاس سالہ جوبلی علیگڈھ میں منائی گئی جس میں شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی کانفرنس نے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا۔ آپ نے وہاں ایک مقالہ پڑھا۔ جس میں جماعت اہل حدیث نے علم وفن کی جو خدمات کی ہیں اس کا دلچسپ تذکرہ ہے قابل مقالہ نگار نے حضرات تابعین سے اہل حدیث کا وجود ثابت کیا ہے۔ پھر [illegible] جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ سے اور [illegible]

تراجم علمائے حدیث ہند

۲۔ سو اشخاص کا ... برسوں کی کاوشوں کا، جانکاہ محنتوں کا، ان تھک کوششوں کا، وقت کی بہت بڑی قربانی کا، پھر سینکڑوں سکے خرچ کا نتیجہ ہے۔ نیک لوگوں کا ذکر رب العالمین بعد ان کے لئے باقی رکھتا ہے۔ الحمد للہ اس زمانہ میں قدرت نے ملک صاحب کو اس کار خیر اور کار فرمائی کے لئے منتخب فرمایا۔ اور آپ نے علماء کے حالات زندگی جمع کر دیئے ۔ اس [illegible] علمائے اہل حدیث دہلی کی سوانح عمریاں ہیں۔ مرحومین کی

خون کے آنسو

اس میں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ حالت اور موجودہ روش ان کے لئے تباہ کن ہوگی۔ اگر وہ اس تباہی سے بچنا چاہتے ہیں تو ان کو فوراً اپنی روش بدل دینی چاہئے اور ان تدابیر پر عمل کرنا چاہئے جو ان کی فلاح وبہبود کا موجب ہیں۔ اس کتاب میں ان تدابیر پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے جو مسلمانوں کی ترقی و کامیابی کی ضامن ہیں۔ خود پڑھئے۔ گھر والوں [illegible] [illegible] پھر ان باتوں پر عمل کیجئے جو اس کتاب میں بتلائی ہیں۔ قیمت ۸؍

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو، انگریزی، ہندی، گورمکھی، لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگ دار وسادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کرکے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط وکتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

ایک اور تازہ تصنیف

خطبات مسلمان

جو قاضی [illegible] صاحب [illegible] [illegible] لین کے حسب ذیل دس معرکۃ الآرا مضامین [illegible] (۲) کیا اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا؟ (۳) [illegible] الاسلام [illegible] اسلام۔ (۵) فضائل اسلام۔ (۶) خطبہ صدارت اہل حدیث کانفرنس آگرہ۔ (۷) [illegible] مسلم یعنی خطبہ صدارت جلسہ انجمن اہل حدیث بٹالہ۔ (۸) [illegible] اہل حدیث۔ (۹) [illegible] رائض اہل حدیث۔ (۱۰) اصول تبلیغ۔

۲۰×۲۶/۸ کے ۲۰۰ صفحات۔ کاغذ اعلیٰ۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ باوجود ان تمام ظاہری وباطنی خوبیوں کے قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

حضرت سیدنا محمد اسماعیل شہید ؒ سے ... مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ قومی اخباروں کا نقشہ سے الی ان قال۔ غرض آپ کی جماعت نے ملک میں علمی حیثیت سے جو کام کئے ہیں۔ انہیں نہایت تہذیب وجامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اہل حدیث حضرات کو یہ مقالہ ضرور خریدنا چاہئے۔ صفحات ۲۰۸۔ لکھائی چھپائی کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۸؍

اور موجودین کی بھی۔ تاریخ [illegible] کے پہلے مضمون کو فاضل مؤلف نے اس [illegible] سے ادا کیا ہے کہ آپ جوں جوں پڑھیں [illegible] بڑھتا جائے۔ انداز بیان، روانی کلام اور تسلسل مضامین نہایت اعلیٰ پیمانے پر ہے۔ ہمیں کھلے [illegible] کہنے دیجئے کہ اس اچھوتے اور محنت طلب [illegible] رسائی کرکے مولانا نے [illegible] اہل حدیث پر [illegible] ہے اور دین خدا کی [illegible] صفحات [illegible]

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مفصل

اسد اللہ

سوانح عمری۔ اس میں آپ کے عہد کے حالات صحیح کئے گئے ہیں۔ اور دیگر اہم واقعات کا ذکر کیا گیا ہے۔ قابل مطالعہ ہے۔ قیمت ۸؍

منگوانے کا پتہ } دفتر اہلحدیث امرتسر

اسلامی توحید

عزت پرستی، توحید، ماتم اور گریہ وزاری کی [illegible] امام حسین کی شہادت کے متعلق رد [illegible]

[illegible] کا مکمل جواب

منیجر شانتی [illegible]

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۷

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲۔ شعبان ۱۳۲۱ھ / ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک گرہ بھائی

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۔۔۔

رؤسا و جاگیرداروں سے ۔۔۔

عام خریداران سے ۔۔۔

ششماہی ۔۔۔

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۲۵۔ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۴ جولائی ۱۹۳۹ء یوم جمعہ

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی — NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY

فہرست مضامین

نظم (یاد ماضی) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ صـ۱

انتخاب الاخبار ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ صـ۲

خاکساری تحریک اور اس کا بانی ۔ ۔ ۔ صـ۳

کیا مرزا صاحب نے اسلامی دنیا میں کوئی نمایاں کام کیا صـ۵

کیا مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کو نظرانداز کر دیا صـ۶

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین ۔ صـ۸

تذکرہ علیہ صـ۹ کفار کی زکری ۔ ۔ صـ۹

[illegible] ۔ صـ۱۰

[illegible] ۔ ۔ صـ۱۱

[illegible] ۔ ۔ ۔ صـ۱۲

[illegible] ۔ ۔ ۔ ۔ صـ۱۳

[illegible] ۔ متفرقات ۔ ۔ صـ۱۴

[illegible] ۔ اشتہارات ۔ ۔ صـ۱۵

یادِ ماضی

(از ابو الحاذق محمد حبیب اللہ صاحب نشتر گوردکہ پوری)

کبھی تجھ سے لیا کرتی تھی دنیا درس بیداری — مگر ہے خود تجھی پر آج اک خواب گراں طاری

کبھی دل میں زمانے کے اے مسلم تری ہیبت تھی — تری طاقت کا سکہ رہتا تھا چاروں طرف جاری

رگ مسلم میں جب خونِ حمیت جوش کھاتا تھا — صفِ اعدائے دیں میں پڑ جاتا تھا اک تہلکہ جاری

شرابِ معرفت رہتا تھا تیرے ساغرِ دل میں — مئے عرفانِ وحدت سے تھا تجھ پر وجد سا طاری

جہاں میں بن کے تو آیا تھا اک پتلا اخوت کا — ترے اخلاق تھے اچھے تری ہر بات تھی پیاری

[illegible] — کہ تھی ہر ملک میں تیری ہی [illegible]

[illegible] — کہ خود بربادی اپنے ہی ہاتھوں سلطنت ساری

[illegible] — غلامی کا پہن کر طوق کر لی زندگی بھاری

مگر وقت آ گیا اب چونک اٹھ اس خواب غفلت سے — [illegible]

[illegible] تمنائے دلی یہ ہے

[illegible]

انتخاب الاخبار

منتخبہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۹ء

——— امرتسر میں کل (۹ جولائی) کو بارش ہونے سے ہوا مرطوب ہوگئی ہے۔ ناظرین مزید بارش کیلئے دعا کریں

——— معلوم ہؤا ہے کہ گورنمنٹ پنجاب میونسپل کمیٹی امرت سر کی نشستیں بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ سوقت ۳۱ ممبر ہیں آیندہ ۳۴ ہونگے۔ جس میں پچاس فیصدی مسلمان اور باقی دیگر اقوام کے ہونگے۔ ہندو اسکے خلاف ابھی سے پروٹسٹ کے طور پر جلسے کر رہے ہیں۔

——— حکومت پنجاب نے قانون ساہوکارہ یکم جولائی سے نافذ کر دیا ہے۔ جس کی رو سے کوئی ساہوکار بغیر اپنا نام رجسٹرڈ کرائے ساہوکارہ نہیں کرسکیگا۔

——— معلوم ہؤا ہے کہ پنجاب گورنمنٹ ایک بل تیار کر رہی ہے۔ جس کی رو سے اتوار کو اور جس روز بنکوں میں تعطیل ہو صوبہ بھر میں کوئی کاروبار نہیں ہوسکیگا شہروں اور قصبوں کی دکانیں بھی بند رہیں گی

——— ایک اطلاع مظہر ہے کہ ویرکہ ضلع امرت سر کے قریب ڈیزل کار کو الٹنے کے لئے ریلوے لائن پر بھاری لکڑی رکھ دی گئی۔ ڈرائیور نے دُور سے دیکھ کر کار روک لی۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔

——— شملہ۔ وزیرستان کے مسعودوں کو علاقہ خالی کردینے کا حکم دیا گیا ہے۔ ہوائی جہاز کے ذریعہ انکو نوٹس دیئے گئے تھے کہ چونکہ وہ ڈاکوؤں کو پناہ دیتے ہیں۔ لہٰذا اس جرم کی پاداش میں وہ علاقہ خالی کردیں ورنہ بمباری کی جائے گی۔

——— حکومت آسام نے ڈیگوئی کی ہڑتال کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کردی ہے۔ یہ کمیٹی ڈگ بوئی میں ... اور آئندہ اس قسم کی ہڑتالوں کے سدباب کے تدابیر پر غور کریگی۔

——— آگرہ کی خبر ہے کہ مولانا احمد سعید ناظم جمعیۃ العلماء ہند اور مولوی عبدالحنان صاحب لاہوری کو حکام نے تحریک مدح صحابہ کے سلسلہ میں گرفتار کرلیا ہے

——— یوپی میں بارش کی رکاوٹ اور گرمی کی شدت کے باعث ہیضہ شروع ہوگیا ہے۔

——— پنجاب اسمبلی کا آیندہ اجلاس غالباً اخیر اکتوبر یا شروع نومبر میں ہوگا۔

——— لکھنؤ میں تبرا ایجی ٹیشن جاری ہے۔

——— ہز ایکسی لنسی گورنر یوپی نے لکھنؤ میں حکم امتناعی کی میعاد دو ماہ کے لئے بڑھا دی ہے۔

——— ہندوستان کی آیندہ مردم شماری ۱۹۴۱ء میں ہوگی۔ غالباً مارچ ۱۹۴۰ء میں کام شروع کردیا جائیگا۔

——— حکومت یوپی نے صنعت شیشہ گری کو فروغ دینے کے لئے ایک لاکھ روپیہ کی منظوری دیدی ہے

——— پسرور ضلع سیالکوٹ میں تین بھائیوں نے چوتھے بھائی کی جائداد پر قبضہ کرنے کے لئے اس کے چھوٹے بچے کو مٹکے میں بند کرکے جلتے آوے میں ڈالدیا پولیس نے سراغ ملنے پر مٹکا نکلوایا تو بچہ بیہوش پایا گیا

——— گورنمنٹ بمبئی کے زیر اہتمام ایک کمپنی دو کروڑ کے سرمایہ سے ہندوستان میں موٹر سازی کا کارخانہ شروع کرنے والی ہے۔

——— شاہ البانیہ نے مستقل طور پر ٹرکی میں رہائش اختیار کرلی ہے۔

——— ہر ہٹلر نے ایک ہزار یہودیوں کو جہاز میں سوار کراکر اپنے ملک سے روانہ کردیا تھا کہ وہ کہیں اور جگہ چلے جائیں۔ کئی سال تک یہ جہاز آوارہ پھرتا رہا کسی ملک نے ان کو اپنے ہاں پناہ نہیں دی۔ آخرکار بلجیم نے دو سو یہود کو اپنے ہاں جگہ دی ہے۔ اسکی دیکھا دیکھی فرانس اور برطانیہ نے بھی کچھ یہود کو اپنے ہاں رہنے کی جگہ دی ہے۔

——— جب سے جرمنی رومانی معاہدہ ہؤا ہے۔ رومانیہ میں جرمنی کا تسلط روز بروز مضبوط ہو رہا ہے۔

——— جرمنی نے ڈینزگ پر حملہ کرنے کی تیاریاں مکمل کر رکھی ہیں۔ ہزارہا فوج پولینڈ کی مختلف سرحدوں پر ڈیرا جمائے بیٹھی ہے۔

——— رویٹر کو معلوم ہؤا ہے کہ جرمنی خفیہ طور پر چین کو سامان جنگ بھیج رہا ہے۔

——— ترکی اور برطانوی معاہدہ ہو جانے سے جرمنی ترکی پر اظہار رنج کر رہا ہے۔ ترکی نے جرمنی کو جو اسلحہ جنگ کی تیاری کے لئے آرڈر دیا تھا جرمنی نے اسے روک دیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ عنقریب جرمنی ترکی مال کی درآمد کو بھی روک دیگا۔

——— لندن کی تازہ اطلاع مظہر ہے کہ برطانیہ نے بحری طاقت کو مستحکم بنانے کا مصمم ارادہ کرلیا ہے۔

——— جلالۃ الملک سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ نے میڈیکل ایسوسی ایشن قاہرہ کی درخواست کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے بارھویں میڈیکل کانفرنس آیندہ موسم حج میں جدہ میں منعقد کرنے کی اجازت دیدی ہے

پنجاب میں شہد کی مکھیاں

گورنمنٹ بی فارم کترائن (کلو) میں شہد کی مکھیاں پالنے کی ترکیب سکھانے کے لئے دو ماہ کا کورس ۲۱۔ اگست ۱۹۳۹ء کو شروع ہوگا۔ جس میں صرف ۱۵ طلباء داخل کئے جائینگے اور ان طلبا کو ترجیح دیجائیگی جو صوبہ کے پہاڑی علاقوں میں شہد کی مکھیاں پالنے کا کام ایک صنعت کے طور پر جاری کرنے کے خواہشمند ہوں آٹھ جگہیں پنجاب کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین یا نامزدگان کے لئے مخصوص کی جائیں گی۔ کوآپریٹو سوسائٹیوں کے باقاعدہ ارکان کو رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز پنجاب لاہور کی معرفت درخواستیں بھیجنی چاہئیں۔ غیر پنجابی طلباء کو اپنی درخواستیں اپنی مقامی حکومتوں یا درباروں کی معرفت حکومت پنجاب کے پاس بھجوانی چاہئیں جو پرنسپل پنجاب ایگریکلچرل کالج لائل پور کے پاس ۲۵ جولائی سے پہلے پہنچ سکیں۔ یہ تاریخ درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ ہے کوآپریٹو سوسائٹیز کے باقاعدہ ارکان سے اس کورس کی فیس پانچ روپے۔ باشندگان پنجاب سے دس روپے اور دیگر طلباء سے تیس روپے لی جائیگی۔ جو طلباء داخلہ کے لئے درخواستیں کریں وہ اس قابل ہونے چاہئیں کہ انگریزی یا کسی دیگر زبان میں ان لیکچروں کے نوٹ لے سکیں جو تعلیم کے دوران میں دیئے جائینگے۔ طلباء کو اپنی سکونت اور طعام کا بندوبست خود کرنا ہوگا

(محکمہ اطلاعات پنجاب)

ہندوستان کی جرائد و رسائل - جرائد و رسائل کے (۵۱۳) خواص ...

NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY
كتب خانه جامعه مليه اسلاميه دهلى
DELHI

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۵ جمادی الاول ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۳)

گذشتہ پرچہ میں اس سلسلہ کا نمبر دوم درج ہو چکا ہے۔ جس میں مشرقی صاحب کی تصنیفات پر تنقید کے آٹھ نمبر بتا کر پہلا نمبر (طوالت کلام) ملاحظہ ہو چکا ہے۔ آج دوسرا نمبر (تناقض کلام) پیش کیا جاتا ہے۔ ناظرین اس نمبر کو بنظر غائر ملاحظہ فرمائیں اور تناقض کلام اور اس کے متکلم کے حق میں صحیح رائے قائم کریں۔

نوٹ: شائقین توحید وسنت اپنے مشورہ سے اطلاع دیں کہ سلسلہ ہذا ختم ہونے پر رسالہ کتنے ہزار کی تعداد میں چھپے۔ میری ذاتی رائے ہے کہ کم از کم پچاس ہزار چھپنا چاہئے تاکہ بہت دنوں تک کام آئے۔

پس ناظرین مندرجہ ذیل سوالوں کا جواب جلد از جلد بھیجیں:

(۱) یہ رسالہ کتنی تعداد میں چھپے؟

(۲) آپ کو کتنے رسالے مطلوب ہوں گے؟

(۳) اس کار خیر میں اعانت کیا کریں گے؟

تینوں سوالوں کا جواب بہت جلد آنا چاہئے۔

(۲) دوسرا نمبر (تناقض کلام) کی مثالیں ملاحظہ ہوں

قرآن مجید کے حق میں لکھا ہے کہ عربی زبان میں اس لئے نازل ہوا کہ عربوں پر حجت ہو۔ اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں:

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ
إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

انزل اللہ القرآن بلسان العرب لئلا تکون للعرب حجۃ بعدہ (تذکرہ حصہ عربی)

(الف) ان دونوں آیتوں سے اس بات پر استدلال کرکے کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے آپ نے نتیجہ نکالا ہے کہ قرآن عربی زبان میں اس لئے اتارا گیا ہے کہ عربوں کو کوئی عذر نہ رہے۔ اور خود قرآن میں جو لفظ تعقلون آیا ہے وہ اسی طرف اشارہ ہے کہ قرآن فہمی عربی دانی پر متفرع ہے۔ مگر مشرقی صاحب جب اپنے جوش میں آتے ہیں تو [illegible] [illegible] [illegible] بالائے طاق رکھ کر [illegible] [illegible]

[illegible]

ی[illegible] [illegible] [illegible]

(مقدمہ تذکرہ [illegible] حاشیہ ۹۲)

ناظرین! [illegible] عربی لغت کی ضرورت بتائی ہے [illegible] قرآن فہمی کو عربیت پر موقوف رکھا ہے۔ جس کا مطلب صاف یہ ہے کہ قرآن مجید کی صحیح تفسیر وہی ہوگی جو زبان عربی کے مطابق ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے۔ کون نہیں جانتا کہ آجکل [illegible] کتب مترجمہ بلحاظ لغت خالص ہوتی ہیں جن کا صحیح ترجمہ وہی ہوتا ہے جو انگریزی محاورات کے مطابق ہو ورنہ غلط فہمی ہے۔ مشرقی صاحب نے دوسری عبارت میں ان [illegible] لغت سے انکار کر دیا۔ اس لئے ہم ایک مثال پیش کر کے ناظرین سے انصاف چاہتے ہیں۔

مثال: قرآن مجید میں ارشاد ہے: اقیموا الصلوٰۃ۔ ایک شخص اس کا ترجمہ بپابندی زبان عرب یوں کرتا ہے: نماز قائم کیا کرو۔ یعنی پابندی سے پڑھا کرو۔ دوسرا شخص علیم (مشرقی صاحب) یوں ترجمہ کرتا ہے کہ "مکر دی کمر دی کیا کرو"۔ تیسرا شخص اس پر اعتراض کرتا ہے اسکو لغت عرب کے خلاف بتاتا ہے تو غلط ترجمہ کرنے والا کہہ دیتا ہے کہ لغت عرب کی کوئی ضرورت نہیں اور اپنے دعوے پر مشرقی صاحب کا مذکورہ قول پیش کرتا ہے۔ بتائیے ان تینوں میں سے سچا کون ہے؟ ان کتم صادقین۔

ہمارے خیال میں لغت اور حدیث سے آزاد کرانے کی کوشش کرنا فرقہ باطنیہ کے الحاد اور زندقہ کی اشاعت کی کوشش کرنا ہے۔ آئندہ ہم بھی بہ [illegible] تشریح کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

(ب) نماز میں التحیات فرض وسنت [illegible] مشرقی صاحب لکھتے ہیں:

التحیات بلدا کے حضور میں [illegible] [illegible] [illegible] وہ خراج تحسین و آفرین ہے جو [illegible] [illegible] اور جلیل القدر [illegible] کے ذہن میں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible]

والطیبات) [illegible] [illegible]

حاشیہ: ہم مشرقی صاحب کو [illegible] نہیں لکھتے۔ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

جس نے کیس ... حتیٰ کہ ایک بار ہی
... کے لئے ... حکم جل کر دن کو مدد سخن میں
... اکبر ... کا بادشاہ بنلوایا تھا ہوتا ہے
اُس پر رحمت اور برکت بھیجنے کی سفارش کرتا ہے، اکو
اعظم الناس سمجھتا ہے (السلام علیک ایّھا النبی
ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ) پھر اپنے آپکو اسی
جلیل القدر ہستی کا ایک پیرو اور امت وسطی کا ایک
کارکن شمار کرکے اُس شہداء علی الناس امت اور
اُس کے صالح اہل ارکان پر سلام بھیجتا ہے۔
(السلام علیناوعلیٰ عباد اللّٰہ الصالحین)
بعد ازیں خود اپنے دین بھر کے کارناموں اور اعمال
کو نہایت عاجزی سے خدا کے حضور اور اُس رسول کے
حضور میں پیشکش کرکے اپنے آپ کے شاہد خدا ہونے
اور اُس رسول کے امتی ہونے کا مقر ہوتا ہے۔
(اشھد ان لاالٰہ الا اللّٰہ واشھد ان محمد
عبدہ ورسولہ) اسکے بعد اللّٰھم صل علیٰ محمد
اور بارک علیٰ محمد ہے۔ پھر خدا کے ساتھ کی لمحوں کی
حضوریٔ دل اور خلق خدا سے قطع تعلق کے بعد
باشندگان زمین کو السلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ کا
تحفہ دائمی بانٹتا ہے، اور نہایت ادب سے اس کے
حضور سے اٹھ جاتا ہے۔ یہ نماز ہے۔ اگر اس کیف دل
کے ساتھ ادا ہو تو کچھ معنی رکھتی ہے، نتیجہ خیز ہے، ورنہ
ایک بے اثر اور بے ثواب رسم ہے۔ جس کو لاکھ بار کرنے
سے کچھ نتیجہ مترتب نہیں ہو سکتا۔"
(تذکرہ مقدمہ اردو صفحہ ۱۲۲ کا حاشیہ)

اس کی نقیض اسی کتاب میں آپ فرماتے ہیں کہ
التحیات کے بعد اللّٰھم صل علیٰ محمد کے الفاظ جو پڑھے
جاتے ہیں گمان غالب ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
اپنی حین حیات میں امامت کے وقت خود نہ پڑھتے تھے
معلوم کہ یہ درود شریف کب سے پڑھے جانے شروع
ہوئے ... کے حکم سے ہوئے۔
(مقدمہ ... صفحہ ۱۲۲ کا حاشیہ)

ناظرین کرام! ... اور
... یہ ... ان ... کہ

... سے فقط ... ہے

(ج) نماز پنجگانہ کی بابت مشرقی صاحب فرماتے ہیں کہ
یہ غصوم وصلوٰۃ، حج اور زکوٰۃ کو عبادات میں
داخل کیا ہے۔ صاحب ... پر بیمر قتہ
حاضری بقید وقت فرض ...
(مقدمہ تذکرہ اردو صفحہ ۲۲ کا حاشیہ)

اسکی نقیض دوسری جگہ آپ نماز سے وصف عبادت کی
نفی کرتے ہیں۔ آپ کے الفاظ یہ ہیں
قرآن کی الصلوٰۃ مرد ایک ذکر کا نہ ... سلسلہ ہے
ایک کارکن خادم کی احیاناً اپنے مالک کے حضور میں
حاضری ہے، ایک نعمت کے حصول کی شکر گزاری
ہے (اھدنا الصراط المستقیم صراط
الذین انعمت علیھم (فاتحہ) کسی ترقی
تنخواہ کی عرض معروض ہے، کچھ قرب شاہ کے باعث
حوصلہ افزائی کا سامان ہے، کچھ خدمت کے سوئے
ہوئے جذبے کو محرک کرنے کا وسیلہ ہے، کچھ تھکے
ہوئے اعضاء کو پھر تر و تازہ کرنے کا ذریعہ ہے،
کچھ آقائے نامدار کے ساتھ اپنی ارادت کو تیز کرنے
کا اوزار ہے، یہ سب کچھ ہے مگر عبادت قطعاً نہیں۔
(تذکرہ دیباچہ اردو صفحہ ۱۹)

ناظرین! مشرقی صاحب کی ان دو عبارتوں سے ہمیں
دو نقرے حاصل ہوتے ہیں۔ (۱) نماز عبادت ہے۔
(۲) نماز عبادت نہیں۔ اس کی مثال میں ہم دو فقرے
اور پیش کرتے ہیں۔ (۱) مشرقی صاحب پنجابی ہیں۔ (۲)
مشرقی صاحب پنجابی نہیں ہیں۔ ان دو فقروں میں سے
کونسا ٹھیک ہے۔ جواب بذمہ ناظرین۔

(د) اقوام یورپ کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ
والمغربیون کلھم قد علموا صلوٰتھم
وھم الذین ھدوا الی الصراط المستقیم
صراط الذین انعم اللّٰہ علیھم غیر المغضوب
علیھم ولا الضالین وما علمتم ما الصراط
المستقیم ایھا الجاھلون ... لاریب

... الخ

انھم صاروا من قوم یحسبون ... و ...
عادتہ، بل صاروا من المفلحین ×× الحق
الحق الذی لا یشک فیہ ھو ان کل ھذہ
ما ... من اصول الاسلام
بل ... فطرت اللّٰہ التی فطر الناس
علیھا ... الذی وصی بہ النبیون
لانھم افلحوا بہ القانون واصلحوا
بالحسنۃ المسنون فمن اتقیٰ واصلح
فلا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ××
لاشک انھم ھم الابرار الذین اٰمنوا
وعملوا الصالحات فی ... الارض فی
زماننا ھذا ولاشک انھم ھم المفلحون
(دیباچہ تذکرہ حصہ عربی صفحات ۹۲-۹۵-
۹۶-۸۵)
(ترجمہ) مغربی لوگ (یورپین اقوام) سب کے سب
اپنی نماز خوب جانتے ہیں اور صراط مستقیم کے
ہدایت یافتہ ہیں یعنی انعام یافتہ لوگوں کی راہ چلتے
ہوئے ہیں نہ ان کی راہ جن پر غضب ہوا اور نہ
گمراہوں کی، اے جاہلو! (مسلمانو!) تمہیں معلوم
نہیں کہ صراط مستقیم کیا چیز ہے ×× کچھ شک
نہیں کہ وہ (اقوام مغرب) ایسے طریق میں جو خدا
کی سنت کو لئے ہوئے ہیں اور اس کی عادتوں کو
جانے ہوئے ہیں بلکہ وہ فلاح پانے والے ذکا ...
ہیں ×× صحیح بات جس میں ذرہ بھر شک نہیں
یہ ہے کہ جس ... پر اہل مغرب ... میں وہ
اصول اسلام بلکہ دین الٰہی بلکہ فطرت اللّٰہ ہے
جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ... دین ہے
جس کی وصیت نبیوں کو کی گئی تھی ... اس
قانون کے ... نہوں نے ...

... نماز کا ورد ... ہے ...
... وَ اَنتُم ...
... کے ...

... [illegible]

... [illegible]

نہیں کہ اہل مغرب ہمارے زمانہ میں اس زمین پر نیک عمل کر رہے ہیں۔ بے شک یہی لوگ مفلح (کامیاب) ہیں۔

ناظرین کرام! غور فرمائیں کہ انگریز اور فرانسیسی وغیرہ اقوام یورپ کی تعریف اور ان کے ایمان کی شہادت کیسے کھلے اور صاف الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔ اس موقع پر ہمارا یہ منصب نہیں کہ اقوام مغرب کی بداعمالی کا ذکر کریں۔ بلکہ ہماری غرض اس جگہ مشرقی صاحب کے کلام میں تناقض دکھانا ہے۔

اسکی نقیض اب آپ اس کی نقیض بھی مشرقی صاحب کے کلام ہی میں سنئے؟ آپ انہی مغربی قوموں خصوصاً انگریزوں کے حق میں مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

ان ظننتم ان تفلحون فی الدنیا بامرا منکم عن دین الاسلام او تغلبون وتفوزون ×× بتقلید کم اسالیب الافرنج والانجلیز صماً وعمیاناً او باتباعکم طرقهم تضحیفاً وتشبیهاً × فاعلموا انکم ساء ما تزعمون وبئس ما تشترون ولن تستطیعوا ان تفلحوا بهذا التشبه ابداً ولو حرصتم کل الحرص فانقلبوا خاسئین فاعتصموا بحبل الله جمیعاً ولا تفرقوا وجاهدوا لتظهروا دینکم علی دین النصاریٰ ولو کرهوا اجمعون واغلظوا علیهم اشد غلظة بل کونوا قوامین علیهم رحماء بینکم واذا لقیتموهم فضرب الرقاب حتی اذا اثخنتموهم فشدوا الوثاق واعلموا انهم یودون ان یقطعوا دابرکم مصبحین ×

(دیباچہ تذکرہ عربی صفحہ ۱۴۷)

اگر تمہیں خیال ہے کہ تم دنیا میں کامیاب ہو جاؤ گے دین اسلام سے منہ پھیر کر یا غالب آجاؤ گے اور مراد پا جاؤ گے انگریزوں کے طریق کی اندھی تقلید کر کے یا ان کی مشابہت اختیار کر کے تو سمجھ رکھو کہ تمہارا گمان بہت برا ہے اور تم بری چیز حاصل کر رہے ہو۔ تم اس تشبہ سے ہرگز فلاح نہیں پاؤ گے چاہے تم ہر قسم کی حرص کرو۔ پس تم ہو جاؤ گے ذلیل و خوار۔ ×× پس تم اللہ کی رسی (قرآن مجید) کو جمع ہو کر پکڑ لو اور متفرق نہ ہو۔ اور خوب کوشش کرو تاکہ تم اپنا دین نصاریٰ کے دین پر غالب کرو چاہے وہ سارے اس کو برا سمجھیں اور ان (اہل مغرب) پر بڑی سختی کرو بلکہ ان پر جابر ہو کر آپس میں رحیم ہو۔ جب تم ان کو ملو تو ان کی گردنیں مارو۔ یہاں تک کہ جب تم ان کی خوب خونریزی کر چکو تو ان کو مضبوط مقید کرو۔ اور یقین جانو کہ وہ اہل مغرب دل سے چاہتے ہیں کہ صبح ہوتے ہی تمہاری بیخ کنی کر دیں۔"

اسی نظریہ کی تائید میں اسی تذکرہ میں اقوام یورپ کی مذمت فرعون کی تباہی کا ذکر کرتے ہوئے ان الفاظ میں بتاتے ہیں:۔

"کیا آج فرعون مزاج اور خون آشام یورپ کو اس قانون خدا کو اس آئین بہت وفنا اس تعریف عدم اصلاح کو پڑھ کر کچھ لغزش نہیں ہوگی۔"

(مقدمہ تذکرہ اردو صفحہ ۹ کا حاشیہ)

ناظرین کرام! غور فرمائیں کہ وہی اہل مغرب جن کی تعریف پہلے نمبر میں اس مبالغہ سے کی گئی ہے کہ وہ اس صراط مستقیم کو حاصل کئے ہوئے ہیں جسے طلب کرنے کے لئے ہم مسلمان اهدنا الصراط المستقیم پڑھا کرتے ہیں۔ اور وہ راستہ انبیاء کرام اور دیگر صلحاء امت کا ہے اسی پر عمل کر وہ اصطلاحات قرآنیہ المغضوب اور الضالین کے مصداق بن گئے ہیں۔ لیکن جائے تعجب ہے کہ چند صفحات آگے چل کر ان پر ایسی خفگی آئی ہے کہ ان کو گردن زدنی قرار دیا ہے۔ اور اس کی وجہ بھی آپ نے خود بتا دی ہے کہ وہ تمہاری (مسلمانوں کی) بربادی کے خواہاں ہیں۔ اب آپ حضرات ہی فیصلہ کریں کہ ایسا متضاد کلام بولنے والا کسی گروہ جماعت کا رہنما ہو سکتا ہے۔ یا اہل مغرب کے حق میں یہ شعر پڑھیں تو بے جا ہو گا ؎

کل تک تو آشنا تھے مگر آج غیر ہو
دو دن کا یہ مزاج ہے آگے کی خیر ہو

(باقی باقی)

قادیانی مشن

کیا مرزا صاحب نے اسلامی دنیا میں کوئی نمایاں کام کیا؟

(ہرگز نہیں)

[illegible] ... وقت ناصیہ داخل ... [illegible]

مولوی محمد علی احمدی کی ایک تقریر پیغام صلح ... میں چھپی ہے۔ جس کی بابت ہمارا مسیح کہتے ہیں کہ کاش وہ اپنے اندر کچھ حقیقت رکھتی۔ آپ کے الفاظ ... [illegible] ... ہیں۔

اس زمانہ میں بھی ایک مرد خدا ... [illegible]

... مرزا غلام احمد قادیانی علیہ ... [illegible] ... زندہ کیا۔ اس کو ... [illegible]

... پیش کیا۔ اس کو ایک جماعت ... گا ... یہ ... خدا اس زمانہ کے امام حضرت مسیح موعود علیہ السلام ... اس زمانہ میں ... اسلامی سلطنتیں ... [illegible] ... [illegible]

ahmadimuslim.de

اس وقت ایک شخص کھڑا ہوتا ہے۔ اور یہ نوشخبری مسلمانوں کو سناتا ہے کہ اسلام کے غلبہ کا وقت آگیا۔"

(پیغام صلح لاہور مورخہ ۳۔ جون ۱۹۳۴ء)

اہلحدیث اس اقتباس میں جن الفاظ پر ہم نے خط کھینچا ہے وہ بالخصوص ناظرین کے قابل توجہ ہیں۔ جب سے مرزا صاحب نے دعویٰ کیا ہے اسی وقت سے ان کی وفات تک اور یوم وفات سے آج تک اہل اسلام کی مذہبی، اخلاقی اور اقتصادی حالت دن بدن بد سے بدتر ہو رہی ہے۔ مسجدوں میں نمازیوں کو شمار کر لیجئے شراب خانوں اور شہدہ خانوں میں لوگوں کی کثرت دیکھ لیجئے۔ جرائم پیشہ اقوام کے متعلق سرکاری رپورٹیں پڑھ لیجئے۔ یہاں تک کہ جماعت مقدسہ (احمدیہ) کو دیکھ لیجئے کہ اس میں کثرت کن لوگوں کی ہے۔ آپ کو یاد نہ ہو تو ہم ہی تمہیں بتائے دیتے ہیں کہ کثرت ان لوگوں کی ہے جن کو آپ طائفہ غالیہ کہتے ہیں۔ ہاں ہاں اُن لوگوں کی کثرت ہے جن کو آپ خلافت یزیدیہ کے پیرو کہتے ہیں اور صرف اسلامی حکومتوں کو بھی دیکھ لیجئے کہ کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہیں۔ اس زمانے میں بڑی حکومت ترکوں کی تھی جو بمشکل صرف ایک چوتھائی کے قریب رہ گئی ہے اور وہ بھی دین و مذہب سے بالکل الگ ہے۔

پھر اسلام کا غلبہ کہاں ہوا؟ مولوی محمد علی صاحب کے الفاظ کو ملحوظ رکھ کر دنیا کے حالات کو بنظر غائر دیکھئے تو گمان ہوگا کہ مولوی صاحب شاید خواب میں باتیں کر رہے ہیں۔ ہم سے پوچھو تو ہم متمنی ہیں کہ خدا وہ دن جلد لائے کہ اسلام کا غلبہ صحیح معنی میں ہو۔ مرزا صاحب اگر فی الواقع مسیح موعود یا مجدد وقت ہوتے تو آج اسلام کی وہ حالت نہ ہوتی جو ہو رہی ہے۔ اسے دیکھ کر یہ بتایا جاتا ہے کہ مرزا صاحب نے تبلیغ اسلام کرنے کے لئے ایک جماعت قائم کر دی۔ اگر قائم کر دی تو اچھا کیا۔ لیکن اسلام کو غلبہ کہاں حاصل ہوا۔ سوال غلبہ اسلام کا ہے نہ کہ قیام جماعت کا نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جماعت مرزائیہ غلبہ اسلام کا ذکر کرتی ہے تو وہ محض ایک شاعرانہ تخیل ہوتا ہے جس کا نمونہ

مرزا صاحب نے ایک شعر میں خود ہی بتایا ہے ؎

ہم مر گئے تو آئے ملنے مزار پر
پتھر پڑیں صنم تیرے ایسے پیار پر

یہ شعر لکھتے وقت نہ مرزا صاحب مرتے ہوئے تھے نہ اس وقت اُن کا معشوق آیا تھا بلکہ محض ان کا شاعرانہ تخیل تھا۔ اس قسم کے تخیلات عموماً شعراء کے کلام میں ہُوا کرتے ہیں۔ مرزا غالب کہتا ہے ؎

اپنی گلی میں دفن نہ کر مجھ کو بعد قتل
میری وجہ سے خلق کو کیوں تیرا گھر ملے

بحیثیت شاعری مولوی صاحب کا یہ تخیل بہت اچھا ہے مگر واقعہ کے مطابق نہیں۔ اسی لئے خدا نے فرمایا ہے مَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ (پ ۲۳ ع ۴)

کیا مرزا صاحب نے فروعی اختلافات کو نظر انداز کر دیا؟

(ہرگز نہیں)

اس عنوان سے "اہلحدیث" ۱۹ جون میں ایک نوٹ لکھا گیا تھا۔ جس میں پیغام صلح ۲۰ مئی کے اس ادعا کا جواب تھا کہ جماعت احمدیہ میں داخل ہوتے ہی فروعی اختلافات کی اہمیت زائل ہو جاتی ہے۔ اور یہ مرزا صاحب کا بہت بڑا کام تھا۔ اس کی تردید میں ہم نے چند واقعات ایسے لکھے تھے کہ کسی مرزائی سے انکی تردید ناممکن تھی۔ جیسے لکھا تھا کہ مرزا صاحب نے حکیم نور الدین جیسے اہل حدیث عالم کو حنفی بننے کی تلقین کی اور انہوں نے اس کی تعمیل میں اپنے نام کے ساتھ حنفی لکھ دیا۔ مرزا صاحب نے اپنے مرید عبد اللہ سنوری پٹواری (اہل حدیث) کو نماز میں رفع یدین سے منع کیا اور اس نے چھوڑ دی۔ مرزا صاحب نے شیعوں کی تردید میں ایک کتاب لکھی جس کا نام سر الخلافہ ہے۔ اسی قسم کے

؎ ہم نے اپنے پیغمبر کو شاعری نہیں سکھائی اور نہ یہ وصف اس کو لائق ہے۔

کئی ایک واقعات ہیں جن سے یہ بات روزروشن کی طرح معلوم ہوتی ہے۔

"پیغام صلح ۲۸۔ جون نے اسکے جواب میں "اہلحدیث" کو بدحواس وغیرہ القاب سے یاد کیا ہے۔ ایسے الفاظ استعمال کرنا ان لوگوں کا روزانہ معمول ہے جس کا ہمیں کوئی ملال نہیں۔ بلکہ ایسا کہنے میں ہم ان کو سنت مرزا کا متبع جانتے ہیں۔ موصوف کی عادت شریفہ تھی کہ جب کبھی آپ علمائے اسلام کے مواخذات سے تنگ آجاتے تو دشنام دہی کے زور سے ان کو خاموش کرنے کی کوشش کرتے۔ اگر کوئی مرید اپنے پیر و مرشد کی روش پر چلے تو ہمارا اس میں کیا نقصان ہے۔

ہمارے نزدیک قیام حواس یہ ہے کہ مواخذہ قوی ہو اور دلیل مضبوط ہو۔ اور بدحواسی یہ ہے کہ فریق ثانی کے مواخذات کا مدلل جواب نہ دیا جائے اور بدزبانی کر کے ٹال دیا جائے۔ پس ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ مرزائی تحریک میں فروعی مسائل کو جتنی اہمیت دی گئی ان کو اتنی نہ دینی چاہئے تھی۔

"پیغام صلح" سے ہم پوچھتے ہیں کہ ہوشیارپور کے کسی خاندان میں باپ اہل سنت ہو اور بیٹا مرزائی۔ باپ اپنے بیٹے کو بزور کہے کہ تم مرزائیت چھوڑ دو۔ بتائیے ایسا کہنا مذہبی مسائل کی اہمیت ہے یا نہیں؟ اگر یہ کہنا مذہبی فروعات کی اہمیت نہیں ہے تو حکیم نور الدین کو کہنا کہ اہل حدیث کی بجائے حنفی کہلایا کرو اور عبد اللہ سنوری کو ترک رفع یدین کی ترغیب دینا اور شیعہ مذہب کی تردید میں کتابیں لکھنا کیوں فروعات کی اہمیت نہیں۔

مرزائی ممبرو! اہلحدیث کو کہتے ہو کہ "اہلحدیث" کا مواخذہ پنجۂ شیر ہے جس سے ماخوذ کا نکل جانا محال ہے ؎

نازک کلائیاں میری توڑیں عدو کا دل
میں وہ بلا ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں

مرکز قادیان مرزا صاحب کی زندگی کا عجیب و غریب حالات اور پیشگوئیاں ناتمام ... ایک ... تصنیف قیمت ... (منیجر اہلحدیث امرتسر)

ahmadimuslim.de

بریلوی مشن

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین

(از مولوی محمد عبد اللہ صاحب ناتی امرتسری)

ناظرین کرام! پچھلے نمبر رسالہ فیوض العارفین جالندھر سے شائع ہوا ہے جس کے ناشر ایک ڈاکٹر صاحب ہیں۔ اس میں دو تین مسائل بطور استفتاء لکھ کر کسی جالندھر کے مفتی صاحب ولی محمد ناتی سے جوابات حاصل کئے ہیں۔

گذشتہ پرچہ میں اس مسئلہ پر بحث تھی کہ اللہ کے سوا اولیاء انبیاء سے مرادیں مانگنا جائز ہے یا نہیں۔ مفتی مذکور نے جواز کے ثبوت میں حضرت سلیمان کے زمانہ میں عرش بلقیس کا قصہ پیش کر کے اس سے اپنا مدعا ثابت کرنا چاہا جس کا جواب گذشتہ نمبر میں دیا گیا ہے۔ اس سے آگے سنئے!

مصنف نے اپنا مزعومہ مسئلہ ثابت کرنے کے لئے ایک اور ثبوت دیا ہے۔ لکھتے ہیں:

قال انما انا رسول ربك لاهب لك غلاما زكيا۔ (سورہ مریم رکوع ۲)

جبرئیل علیہ السلام نے کہا اے مریم میں تو تیرے رب کا قاصد ہوں تاکہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا بخش دوں۔

دیکھئے مریم کو جبرئیل کے توسل سے لڑکے کی مراد حاصل ہو گئی" (فیوض العارفین صفحہ)

قرآن مجید نے اسی لئے ارشاد فرمایا ہے:

افلا یتدبرون القرآن ام علی قلوب اقفالها

کہ یہ لوگ قرآن پر تدبر نہیں کرتے کیا ان کے دلوں پر قفل لگ گئے ہیں۔

آیت کا صحیح مفہوم | مفتی جی تو پہلے سمجھ بیٹھے ہیں کہ قرآنی الفاظ پر غور نہیں کیا یا قصداً تجاہل سے کام لیا ہے۔

حضرت پیش کردہ آیت میں صاف الفاظ موجود ہیں انما انا رسول ربك۔ کہ میں صرف آپ کے رب کا

بھیجا ہوا فرشتہ ہوں۔ یعنی میں خدا کا فرستادہ ہوں۔

اور جبریل قاصد ہونے کی حیثیت سے وہی الفاظ کہہ رہے ہیں۔ جو بھیجنے والے نے بھیجے ہیں۔ اس آیت سے کسی طرح ثابت نہیں ہوتا کہ جبریل فرشتہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا داتا ہے۔ تفسیر خازن میں ہے:

اسند الفعل اليه وان كانت الهبة من الله تعالى لانه ارسل به

فعل ہبہ کی نسبت اس (فرشتے) کی طرف اس لئے کی گئی ہے کہ وہ اس پیغام کو لانے والا ہے۔ ورنہ ہبہ تو اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جب حضرت مریم علیہا السلام اس پر تعجب کا اظہار کرتی ہیں:

انی یکون لی غلام

کہ میرے ہاں لڑکا کیسے پیدا ہوگا

تو اس تعجب کے جواب میں جبریل علیہ السلام یہ نہیں کہیں گے کہ میں نے کہہ دیا ہے اس لئے میں دوں گا۔ بلکہ اسی قاصد کا جس کی طرف سے آئے ہیں۔ جواب دیتے ہیں:

قال ربك هو علی هين

تیرا رب کہتا ہے کہ یہ امر مجھ پر آسان ہے

ولنجعله آية للناس و رحمة منا

اور ہم (خدا) اس (پیدائش عیسیٰ) کو لوگوں کیلئے نشان بنائیں گے اور یہ ہماری رحمت ہے۔

مفتی صاحب کی گھبراہٹ | ناظرین! مفتی جی مفت میں ہی گھبرائے جا رہے ہیں۔ دیکھئے جو ہونا تھا کیا تھا

انبیاء اللہ و اولیاء کرام سے اللہ کی دی ہوئی قوت سے وسیلہ کے طور پر دعا مانگنا جائز ہے۔

اسی مدعی کے ثبوت میں حدیث بالا آئت کو پیش کر کے اس میں نہایت ہی کمزور استدلال کیا ہے

تعالیٰ اللہ عن ذلک۔ مفتی جی نے جو حدیث نقل کی ہے۔

بتلائیے کہاں ہے کہ حضرت مریم علیہا السلام نے جبریل علیہ السلام سے وسیلہ کے طور پر کوئی مراد مانگی ہو جو آپ اس کو پیش کر رہے ہیں۔

دوسری حدیث جو اس مسئلہ کی تائید میں پیش کی ہے

اس میں بھی مفتی مذکور نے ایک خاص غلطی کی ہے جو اس کی غیر متعلقہ حدیث ہے۔ ناظرین کی آگاہی کے لئے ہم پورا کا پورا نقل کرتے ہیں۔

عن عثمان ابن حنيف ان رجلا ضرير البصر اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال ادع الله لي ان يعافيني قال ان شئت دعوت وان شئت صبرت فهو خير لك قال فادعه فامره ان يتوضأ فيحسن وضوءه ويدعو بهذا الدعاء اللهم انی اسئلک و اتوجه اليك بنبيك محمد نبی الرحمة صلی الله عليه وسلم يا محمد انی اتوجه بك الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی لی اللهم فشفعه فی۔ (رواه الترمذی) وقال هذا حديث حسن صحيح (کبیری صفحہ ۴۲ مشکوٰۃ شریف)

حضرت عثمان بن حنیف انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آنکھوں سے نابینا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا پس عرض کیا کہ حضور اللہ تعالیٰ سے میرے لئے دعا فرمائیں کہ میری آنکھیں روشن کر دے۔ آپ نے فرمایا اگر دعا کرانا چاہتے ہو تو دعا کر دوں اور اگر صبر کرے تو صبر تیرے لئے بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا کہ آپ دعا ہی فرما دیں۔ تب آپ نے فرمایا (اول) اچھی طرح وضو کر کے پھر دو رکعت نماز بہ نیت صلوٰۃ الحاجت پڑھ۔ پھر یہ دعا پڑھ یا اللہ میں اپنی حاجت تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ تیرے نبی محمد کو وسیلہ بنا کر جو نبی رحمت ہیں صلی اللہ علیہ وسلم یا محمد میں آپ کا وسیلہ پکڑ کر اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت میں تاکہ میری حاجت پوری ہو

ahmadimuslim.de

کرو بھائی ... آنحضرت کی شفاعت میرے حق میں قبول کر۔

اس حدیث میں کئی باتیں ثابت ہوتی ہیں کہ حاجتمند یوں کہے یا محمد میری حاجت اللہ تعالیٰ سے چاہ یا فلاں ولی میری حاجت خدا سے مانگ۔ یا فلاں شہید میری مراد حق تعالیٰ سے طلب کر یا یا شیخ مجھے اللہ کے لئے کچھ دو۔ وغیرہ وغیرہ"

(فیوض العارفین صـ ۵-۶)

مفتی صاحب نے جو اس حدیث سے مسائل اخذ کئے ہیں وہ قابل غور ہیں۔ ناظرین اس حدیث کو مع ترجمہ پڑھیں اور مفتی جی کے الفاظ پر بھی نظر غائر کریں۔

مفتی جی بتائیے! حدیث کے کس فقرہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حاجت مند یوں کہہ سکتا ہے :-

یا محمد میری حاجت اللہ سے چاہ۔

یا یوں کہے

یا فلاں ولی میری حاجت خدا سے مانگ۔

یا ایسا کہے

یا فلاں شہید میری مراد حق تعالیٰ سے طلب کر۔

یا اس طرح پکارے

یا شیخ مجھے اللہ کے لئے کچھ دو

ہم دعویٰ سے کہتے ہیں اور بالکل صحیح کہتے ہیں کہ حدیث مذکورہ بالا سے قطعاً امور مندرجہ ثابت نہیں ہیں۔

اس حدیث سے زیادہ سے زیادہ اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ سائل نے خدائی بارگاہ میں بطور تشکر یوں کہا کہ خدایا تیری بارگاہ میں پہنچنے کی سب سے بڑی وجہ ذات رسول علیہ السلام ہے۔

یعنی میں گمراہی میں تھا اور رہتا مگر تیرا شکر ہے کہ تیرے رسول کی وساطت سے میں تیرے دربار میں پہنچ گیا۔ اب خدایا تیرے حق میں پیغمبر علیہ السلام کی سفارش کو قبول کر۔

حدیث مذکور کی صحیح تشریح حدیث ہذا ترمذی شریف اور حصن حصین میں مذکور ہے۔ مگر عبارت حدیث میں یا محمد کا لفظ ہے ترمذی میں لفظ ... حصن حصین میں ہے۔ بہر حال جو الفاظ آتے ہیں ان کا مطلب یہ ہے

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک نابینا نے شفا کے لئے دعا کی درخواست کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کر کے اور یوں دعا کرو۔

اے اللہ! میں تیری طرف تیرے نبی الرحمۃ کے ذریعہ پہنچا ہوں۔

پیغمبر علیہ السلام چونکہ سامنے بیٹھے تھے اس لئے سائل کہتا ہے کہ

میں اپنے رب کی طرف آپ کی معیت میں بدرگاہ الٰہی ملتجی ہوں تاکہ میری یہ حاجت پوری ہو۔

اے خدا! تو اپنے بندے (محمد) کی سفارش میرے حق میں قبول کر۔

ناظرین! با انصاف سوچیں کہ اس حدیث میں سے وہ نتائج کیسے نکل سکتے ہیں جو مفتی جی نے ذہن سے تراشے ہیں۔ مفتی جی کے اخذ کردہ نتائج کو دیکھ کر اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ آپ کے ذہن میں یہ تضایا مرقسم ہیں جو ظاہر ہوئے ہیں ورنہ حدیث شریف کی عبارت ان کی متحمل نہیں ہے۔ یہ حدیث لکھ کر مفتی صاحب کے بحر کی روانی ٹھاٹھیں مارتی ہوئی ایک اور طرف بہہ گئی ہے چنانچہ آپ لکھتے ہیں :-

"اور یہ شبہ نہ کیا جائے کہ انبیاء اللہ اور اولیاء کرام ہماری طرح مر کر مٹی ہو گئے۔

ام حسب الذین اجترحوا السیئات ان نجعلھم کالذین آمنوا وعملوا الصلحٰت سواءً محیاھم ومماتھم ساء ما یحکمون

(سورۃ الجاثیہ رکوع ۲)

کیا مجرموں اور بدکاروں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم ان کو ایمانداروں اور نیکوکاروں کے برابر کر دیں گے ان کا جینا اور مرنا برابر ہو جائے یہ بہت ہی برا حکم لگاتے ہیں۔

ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون

(سورہ بقرہ۔ رکوع ۱۹)

ترجمہ :- نہ کہو ان کو جو ... اللہ کی راہ میں ... [illegible]

ماہ میں مارے گئے ہیں مردے بلکہ وہ زندہ ہیں تم شعور نہیں رکھتے۔ شہیدوں کو زبان سے مردہ کہنا حرام ہے۔

ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتاً بل احیاء عند ربھم یرزقون

(سورہ آل عمران۔ رکوع ۱۷)

ترجمہ :- گمان کرو ان لوگوں کے بارے میں جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں۔ مردے بلکہ وہ تو زندہ ہیں۔ اپنے رب کے پاس رزق پاتے ہیں۔ یعنی شہیدوں کو دل سے مردہ سمجھنا حرام ہے۔"

(فیوض العارفین صـ ۶)

اس مسئلہ میں ہماری حیرانی کی حد نہیں رہتی جب یہ لوگ علی الاعلان کہتے ہیں کہ اولیاء انبیاء شہداء زندہ ہیں اور وہ قطعاً نہیں مرتے بلکہ ان کو مردہ کہنا حرام ہے یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ زندگی اور موت ایسی چیزیں ہیں جو کسی حال میں اہل دنیا سے پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ نیز موت اور زندگی دو حالتیں ہیں جو ایک دوسرے کے منافی ہیں۔ موت ہے تو زندگی نہیں۔ زندگی ہے تو موت نہیں۔

اب ہم مفتی صاحب سے فتویٰ پوچھتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں تو صحیح بخاری میں یہ لمبا واقعہ کس ذات کا ہے کہ

فقال (ابوبکر) بابی انت یا نبی اللہ لا یجمع اللہ علیک موتتین اما الموتۃ التی کتب اللہ علیک فقد متھا۔ (بخاری باب الدخول علی المیت بعد الموت)

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک سے (چادر ہٹائی) پھر اٹھا کر کہا میرے ابا قربان ہوں ... نبی آپ پر اللہ دو موتیں جمع نہیں کرے گا موت جو خدا نے آپ کے لئے لکھی تھی ... آپ فوت ہو چکے ہیں۔

"ان الفاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... ہونا ... نہیں ہے۔

ahmadimuslim.de

[illegible]

مسلمہ ... [illegible]

بتائیے اس کا قتل ہوا یا نہیں۔ اگر ہوا تو آپ کا قول غلط۔ اگر نہیں ہوا تو ہوگا یا نہیں۔ بصورت ثانی خدا کے کلام میں کذب آئے گا جو ہرگز درست نہیں بلکہ یہ اعتقاد رکھنا [illegible]

اب رہے شہداء اگر وہ زندہ ہیں تو ان کی بیبیاں کیا [illegible] ہو سکتی ہے اگر شہید کی بیوی کسی دوسرے شخص سے نکاح کر سکتی ہے حالانکہ [illegible]

مفتی صاحب فتویٰ دیتے وقت سوچ لیا کرو کہ دنیا میں حق گو اور محقق جماعت بھی ہے

سنبھل کے رکھنا قدم دشت خار میں مجنوں
کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

مذاکرۂ علمیہ

[illegible] حدیث نبوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible]

حضرت مولانا [illegible] صاحب قصوری مرحوم [illegible] کی تھی۔ آپ کا انتقال [illegible] سال سے زائد ہوئے ہیں مگر اہل امرتسر آج تک ان کا نام اسی عزت سے لیتے ہیں جیسے کہ [illegible] دار تھے۔ اہل اللہ [illegible] اور صاحب کیل قصوری مرحوم کے ایک فارسی رسالہ جواب الاستفسار [illegible] کا اردو ترجمہ [illegible] کیا جاتا ہے۔

امرتسر کی [illegible] حدیث [illegible] مرحوم کے درس قرآن میں شریک ہو کر فیض پاتا رہا۔ اس لئے یہ لوگ مولوی صاحب مرحوم کی نسبت مشہور کرتے ہیں کہ موصوف مرحوم حدیث کے منکر تھے۔ اس کی تردید [illegible] مضمون درج ہوتا ہے یہ بھی ان لوگوں کے غلط خیال کی پوری تردید ہے۔ کیونکہ اس تحریر سے [illegible] احادیث نبویہ سے استدلال بکثرت ملتا ہے۔ واللہ یهدی من یشاء الی صراط مستقیم (اہلحدیث)

سوال: [illegible] قرآن وحدیث [illegible] پڑھا جاتا ہے۔ لیکن [illegible] اس کو [illegible] نہیں۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] کیا کرتے تھے۔ چنانچہ صحاح ستہ کی کتابوں [illegible] مثلاً بخاری میں [illegible]

[illegible]

علاوہ ازیں انہوں نے بخاری [illegible] ابوہریرہ [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

اور اپنے سردار کو دوست اس کی تحویل میں دے [illegible]
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کفار کو ہدیہ بھیجنا جائز ثابت
ہوتا ہے۔ اسی طرح ان سے ہدیہ قبول کرنا بھی
جائز ہے۔ چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ حضرت ابن
دو دیوں [illegible] ایک مشرک [illegible] بمیشہ مشرکین
تھے تو آپ نے دریافت فرمایا کسی کے پاس کچھ کھانے
کو ہے تو پھر [illegible] ایک شخص کے پاس ایک صاع کی مقدار
آٹا تھا۔ اس کو گوندھا گیا۔ [illegible] آپ نے اس کو
[illegible] ایک دراز قد اور پراگندہ بال
مشرک بھی [illegible] آیا اور اس نے آنجناب کی خدمت
میں بکری پیش کی۔ آپ نے فرمایا بطور بیع یا بطور ہدیہ
یا بخشش۔ اس نے جواب دیا کہ بیع ہے تو آنحضرت نے
آپ نے وہ بکری خرید لی۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ آنحضرت صلعم نے امیر المؤمنین
عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو ریشمی پوشاک عطا فرمائی۔ انہوں نے
یہ حلہ اپنے مشرک بھائی کو دے دیا۔ رواہ البخاری مطولاً
اس حدیث سے دو مسائل مستنبط ہوتے ہیں۔
ایک تو یہ کہ رشتہ دار اگر چہ مشرک اور مقیم دار الحرب
ہی کیوں نہ ہوں ان کو ہدیہ دینا جائز ہے۔ دوسرا یہ کہ
جن چیزوں کو مسلمان بوجہ ممانعت شرعی اپنے استعمال
میں نہیں لا سکتا غیر مسلموں کو اگر ایسی چیزیں بطور تحفہ
دیدی جائیں تو شرعاً ممنوع نہیں۔

اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ میری مشرکہ والدہ
مکہ سے میری ملاقات کے لئے تشریف لائیں تو میں نے
رسول اللہ سے احسان یا امداد کرنے کے متعلق
دریافت کیا تو آپ نے فرمایا بے شک تمہیں اپنی
ماں کے ساتھ احسان کرنا چاہئے (رواہ البخاری)
اس حدیث سے ثابت ہوا کہ [illegible] کی موت
اور احسان کرنا درست ہے۔
حضرت ابراہیم نے ایک جابر بادشاہ کی بابرہ
[illegible]

بھی جائز ہیں بحالت ضرورت [illegible]. کذا فی البخاری۔
علاوہ بریں رسول اللہ صلعم نے خیبر کے یہودیوں کے ساتھ
کاشتکاری کے متعلق کئی ایک معاملات کئے تھے۔ اور
صلح حدیبیہ کا واقعہ جس کی تفصیل صحاح ستہ میں موجود ہے
ہمارے اس دعوے کی بخوبی تصدیق کرتا ہے۔
پس مذکورہ بالا احادیث صحیحہ سے ثابت ہو گیا کہ
مشرکین۔ کفار اور اہل کتاب کے ساتھ خرید و فروخت

[illegible] میں جو لوگ
[illegible] معاملات میں بھی
تعامل جائز ہے۔ اسی طرح [illegible] تعلقات کو قائم کرنا بھی
درست اور جائز ہے۔ مگر مشرکین کے ساتھ عقد ازدواج
رچانا درست نہیں ہو سکتا۔ البتہ کتابی یعنی اہل کتاب کی عورت
کے ساتھ نکاح کر لینا بحکم نص قرآنی جائز ہے۔
[illegible] بہ بالا تعالیٰ [illegible]

کھلا خط بخدمت ایڈیٹر اخبار شیعہ لاہور

اخبار "شیعہ" لاہور کا محرم نمبر دیکھا گیا جس کے
صفحہ ۲ پر مرزا احمد علی صاحب کا مضمون بنام "تبلیغ و وعظ"
درج ہے۔ اس میں آپ نے لکھا ہے کہ:۔
ان سے زیادہ متوحش جنگیں وہ تھیں جو خلفاء
ثلاثہ کے زمانوں میں لڑی گئیں۔ اس سے کوئی بھی
یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ ان کے مفتوح ممالک کے
لوگ صدق دل سے اسلام لائے۔ میں یہ چاہتا
ہوں کہ وہ طریقہ بتلاؤں جس پر دعوت کے لئے
خاتم النبیین صلعم مامور تھے اور جس طریقہ پر حضور
دعوت دیتے رہے۔ خداوند عالم ارشاد فرماتا ہے
ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ
الحسنۃ وجادلھم بالتی ھی احسن یا رسول اللہ
آپ اللہ کی راہ کی طرف حکمت اور موعظہ حسنہ کے
ساتھ بلائیے اور ان سے مناظرہ کیجئے ایسے طریقے
سے جو سب طریقوں میں سب سے اچھا ہو۔ جن
آیات مجیدہ میں دعوت کے لئے فرمایا ہے ان میں
[illegible] (۲) موعظہ حسنہ الخ
(اخبار محرم نمبر صفحہ ۲)
یہ تو آپ کا عقیدہ ہے جو حضرات خلفاء ثلاثہ رضی اللہ عنہم
اجمعین کی نسبت ظاہر کیا اور ان [illegible]
نہایت کو ہی نظر سے دیکھا۔ پھر اور آپ کا بھائی شیعہ
[illegible] آپ سے بھی زیادہ لکھتا ہے جس کو
[illegible]

حضرت فخر العلماء عالی جناب مولانا سید نجم الحسن
صاحب قبلہ مدظلہ العالی دو دفعہ کہتے ہیں کہ
ہوں اہل تربیت شیعہ جلس کریں [illegible] الہ آباد
اس بزرگ نے اپنے مضمون کے قول [illegible] ایک شعر لکھا
ہے جو یہ ہے۔

چو خورشید [illegible] سے [illegible]
[illegible] حسین اندر [illegible]

اس کے بعد یہ بزرگ لکھتے ہیں۔
خلافت کے تینوں منحوس دور گزر جانے کے بعد
خلافت رسول اپنے اصلی مرکز پر پہنچی۔ (صفحہ ۲)
ایڈیٹر صاحب! یہ خلافت کے ان تینوں زمانوں کو منحوس
خیال کرتے ہیں کہ اسی زمانہ میں اسلام کو ترقی حاصل
ہوا۔ اور [illegible] اسلام کی آواز [illegible]۔ مگر آپ
نامہ نگار اس [illegible] زمانے کو منحوس [illegible]
کہتے ہیں۔ [illegible] آپ کا [illegible] بھائی
آپ سے [illegible]
[illegible]
حضرت [illegible] العصر صاحب [illegible]
کا [illegible] ان کے مضمون کا نام [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

کا [illegible] ہم بھی کوئی تیس تک لوکس کی تعداد
جانے اس کا [illegible] مسلمان کی مسلمانوں نے
[illegible] خالد بن ولید سے بھی گریز کرتے
[illegible] ویمن منہ اپنے عیسائی کو قتل کرنے کی
[illegible] بن مسلمان عورتوں کو تمام ملکی حمایت
[illegible] جنگ یمامہ کی جنگ
[illegible] آکر مسلمانوں نے تلوار
اٹھائی [illegible] کے ہاتھ فتح
کا [illegible] اسیروں عورتوں اور
بچوں کی [illegible] بھائیوں
[illegible] کے خلاف تحریک کرنا
[illegible] کی پوتی کو جب
قید کر کے [illegible] میں لایا گیا تو اس کے ساتھ
وہی سلوک کیا گیا جو ایک شہزادی کے ساتھ
کیا جانا چاہئے تھا [illegible] تعلیم تعلیمات آزادی
[illegible] اس سے اسلامی جہاد کی [illegible]
کا صحیح [illegible] ہو جاتا ہے (رحمانی)
[illegible] یہ مضمون آپ کی [illegible] ہوا
[illegible] ہے تو آپ
[illegible] آپ [illegible]
ہے [illegible] آپ کو [illegible] مضمون [illegible]
[illegible] کی پوتی کے قید ہونے [illegible]
[illegible] اسلامی [illegible] حضرت
امیر المؤمنین سیدنا [illegible] رضی اللہ تعالیٰ

[illegible]

ذکر نہ [illegible]
[illegible] کہ [illegible] نمبر
[illegible] تمام
مشاہیر شہروں کے [illegible]
[illegible] شاہ نظام [illegible]
[illegible] الاصفی [illegible]
[illegible] معلوم ہوتا ہے [illegible] کا

کی تصویر کی [illegible]
[illegible] تو مناسب ہے۔ جناب
جمال الدین [illegible]
کا [illegible] لوگوں کی تصاویر [illegible]
کی [illegible]
[illegible]
(از [illegible] محمد [illegible])

اہل حدیث کانفرنس اور نوجوان علماء

(از مولوی عبد الغفار حسن مولوی فاضل مدرس جامعہ رحمانیہ بنارس)

بجون [illegible] کے "اہلحدیث" میں جناب [illegible] علم خان صاحب نوشہروی کا مضمون "کانفرنس کا استحکام" نظر سے گزرا۔ تجاویز نہایت معقول اور موجودہ وقت کے بالکل مناسب ہیں۔ پہلی تجویز تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ میں اس طرح پیش کرنا چاہتا ہوں۔
جماعت اہل حدیث کے تمام [illegible] افراد ذکور و اناث، عوام و خواص، علماء [illegible] امراء و غرباء سب کو کانفرنس کا ممبر بنایا جائے اور فیس ممبری اجزاء میں [illegible] جائے۔

مذکورہ بالا تجویز کو عملی صورت میں لانے کے لئے
ایک دوسری تجویز ملاحظہ ہو۔
(۱) جماعت اہل حدیث کے نوجوان علماء جو درس و تدریس کا مشغلہ رکھتے ہیں [illegible] اپنی [illegible] کا کچھ حصہ [illegible] کانفرنس کے لئے [illegible] کر دیں اور [illegible] کانفرنس کی [illegible] و [illegible] ہو [illegible] جائے۔ اس طرح [illegible] کا [illegible] [illegible] کی [illegible] کے لئے ترغیب دینا۔

تمام متعلقات [illegible] کانفرنس کی شاخوں کی تشکیل کرنا۔ جماعت اہل حدیث کی صحیح تعداد سے [illegible] کو مطلع کرنا۔ اور اس قسم کے دیگر اہم امور کو انجام دینا۔ اس تجویز پر عمل پیرا ہونے کی صورت میں چند اہم [illegible] حاصل ہو سکتے ہیں۔
(۱) [illegible] آسانی [illegible] کانفرنس کو [illegible]
(۲) [illegible] سے [illegible]
عوام [illegible] استفادت کریں گے
(۳) [illegible] اور [illegible]
[illegible] جماعت
[illegible] دینی [illegible]
کاموں میں آسانی ہوگی۔
اہل حدیث [illegible] کرنے کا
نہیں ہے بلکہ عمل کی شدید ترین ضرورت ہے۔ [illegible]
[illegible] کانفرنس اہل حدیث
کے لئے [illegible] لیکن [illegible]
[illegible] بڑی ضرورت ہے کہ
کم [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

... پانچ سال کے عرصہ میں ... [illegible]

[illegible] ... کی

درسی کتابوں کا ... تعلیق و
تحشیہ، اردو، ہندی، انگریزی اور دیگر زبانوں
میں ... کی طرف پوری توجہ کے
ساتھ متوجہ ہونا چاہیے۔

نوجوان علمائے اہل حدیث کے ذوق و فکر اگر بزرگ
اور مشہور علماء کی ... [illegible]
العزیز کامیابی یقینی اور قطعی ہے ... امام خان صاحب
کی باقی تجاویز کا دارومدار پہلی ہی تجویز پر ہے۔ لہذا
[illegible]
[illegible]
تجویزوں کی تائید کرتے ہوئے ... مستحکم ...
[illegible]
خصوصاً رحمانی، سلفی و مرکزی ... [illegible]
[illegible]
... کرتے ہوئے ... تجاویز اور
مشوروں کی روشنی میں ... انتہائی
مستعدی ... کے ساتھ ... انشاء اللہ
[illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
... فیہا فسقا
... قال تعالیٰ (قل لا اجد فیما اوحی
الی محرما علی طاعم یطعمہ الا ان یکون میتۃ
او دما مسفوحا او لحم خنزیر فانہ رجس او
فسقا اہل لغیر اللہ بہ) فلو ذبح ما فیہ فسق
[illegible]
[illegible]
[illegible]
(... عبد السلام ...)

خلافت

خلافت کی بابت قرآن کریم ... اللہ
تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے اور خلفاء کے ... اوصاف سے
بھی واقف فرمایا ہے۔ جب تک ... اوصاف سے متصف
نہ ہوں خلافت ملنی ممکن نہیں ہے ... مسلمان ان
اوصاف سے متصف رہے خلافت ... جہاں
[illegible]
[illegible]
[illegible]
اسلامی حقوق پامال ... اور ...
... کی طرح ... ارشاد ہے
وعد اللہ الذین آمنوا منکم ...
لیستخلفنهم فی الارض کما ...
[illegible]

[illegible]

... نے ان
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
حکومت ... [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
بیان القرآن ... [illegible]
[illegible]

فتاویٰ

س ۱۹۶ } ایک شخص مرگیا اور دو لڑکیاں ایک ماں چھوڑ گیا اور کوئی دوسرا وارث نہیں ہے۔ ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۱۹۶ } صورت مسئولہ میں جبکہ ماں اور دو لڑکیوں کے سوا کوئی دوسرا وارث نہیں تو کل جائداد کے پانچ حصص کرکے یوں تقسیم ہوگی۔

لڑکی	لڑکی	ماں
۲	۲	۱

میت: زید

س ۱۹۸ } نماز جنازہ و عیدین کی تکبیروں کے ساتھ رفع یدین کرنے کا ثبوت یعنی حدیث صحیح مع نام راوی و حوالہ کتاب حدیث تحریر فرماویں۔

(مولوی عبدالدین شہر بٹالہ ضلع گورداسپور)

ج ۱۹۸ } تکبیرات جنازہ میں رفع یدین کا ثبوت بعض صحابی سے ملتا ہے۔ (تخریج ہدایہ)

س ۱۹۹ } ایک مولوی صاحب نے آیہ کریمہ ما جعل الله من بحيرة وصائبة .... الآیہ پیش کرکے مجھے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس آیت کے ماتحت بتوں کی نذریں نیازیں بھی حلال فرماتا ہے۔ آپ پیروں اور اولیاء اللہ کی نذریں کیوں حرام کرتے ہیں۔ کیا اس آیت کے یہی معنے ہیں؟

(قریشی ... ضلع میانوالی)

ج ۱۹۹ } یہ جن میں معقول ہیں۔ صحیح یہ ہے کہ بحیرہ سائبہ عام بتوں کے نام پر چھوڑے جاتے تھے بلکہ ان کی ... کے باعث ... [illegible] ... چنانچہ ... [illegible]

س ... } ... جنت میں ... حضرت بلال کے جوتوں کی آواز سنی ... (کنز العمال) کیا یہ صحیح ہے؟

(ڈاکٹر ... حسن ...)

ج ۲۰۰ } کنز العمال میں ہماری نظر سے یہ روایت نہیں گذری۔ صحیح مسلم کے الفاظ یوں ہیں۔ اريت الجنة فرايت امراة ابي طلحة وسمعت خشخشة امامي فاذا بلال۔ مجھے جنت دکھایا گیا۔ میں نے ابی طلحہ کی بیوی کو دیکھا اور میں نے کھٹکھٹا ہٹ سنی دیکھا تو وہ بلال ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ نے صبح کی نماز کے بعد حضرت بلال کو فرمایا سمعت دف نعليك في الجنة۔ میں نے تیرے جوتوں کی آواز جنت میں سنی۔ معلوم ہوتا ہے کہ حالت کشف میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ امور دکھائے گئے۔ اگر کنز العمال میں ہے تو دونوں مطابق ہوجائینگے۔

س ۲۰۱ } بستان الناظر (در مناقب شیخ عبد القادر جیلانی) معتبر کتاب ہے یا غیر معتبر؟

(سائل مذکور)

ج ۲۰۱ } بستان مذکور کوئی لائق اعتماد کتاب نہیں ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۰۲ } زید کا افسر حاکم غیر مسلم ہے۔ اب سلام کہنے کی جگہ کیا کہے۔ اور زید ہاتھ اٹھا کر "آداب عرض" کہتا ہے۔ یہ فعل کیسا ہے؟

(منشی شمس الدین محمدی میوریاوی)

ج ۲۰۲ } وہ صرف سلام کہے اور ایسے کہے جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کو کہا تھا سلام عليك۔ اللہ اعلم!

س ۲۰۳ } اگر چار رکعات والی نماز ہو تو کیا اس کے درمیانی تشہد کے بعد درود شریف پڑھ سکتے ہیں یا پڑھنے سے گناہ لازم آتا ہے یا پڑھنا کام ہے؟

(... خریدار اہلحدیث)

ج ۲۰۳ } درمیانی تشہد میں درود شریف ... [illegible]

... مسعود ... [illegible] ... علیہ وسلم التشہد في وسط الصلوة وفي آخرها فاذا كان وسط الصلوة نهض حين يفرغ من تشهده وان كان في آخرها دعا بعد تشهده بما شاء الله ان يدعو ثم يسلم۔

ابن مسعود کہتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ نے نماز کے درمیان اور آخر میں تشہد سکھایا تو آنحضرت جب درمیانی تشہد میں ہوتے تو صرف تشہد سے فارغ ہو کر کھڑے ہو جاتے۔ پھر آخری تشہد سے فارغ ہو کر جو دعا چاہتے مانگتے۔

خلاصہ یہ۔ ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ پہلے درمیانی تشہد صرف پڑھے۔ اللہ اعلم!

ضروری نوٹ۔ مستفتی حضرات سے گذارش ہے کہ ہر سوال کے جواب کے لئے کم از کم ایک پیسے کا ٹکٹ برائے "غریب فنڈ" ارسال کیا کریں۔ اگر ایسا نہ کیا جائیگا تو عدم اندراج کی شکایت فضول ہوگی۔ "غریب فنڈ" سے غریب اور نادار اشخاص کے نام اخبار "اہلحدیث" جاری کیا جاتا ہے۔

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کے معاونین

مزید توجہ کریں

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کے سالانہ معاونین نے باقاعدہ الحاق کیا ہوا ہے وہ ان کے علاوہ دیگر معاونین جمعیۃ ہذا کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ فوراً صدر دفتر سے فارم ممبری منگوا کر اسماء اہل حدیث کو ترغیب دے کے ممبر بنائیں۔ اور ان کے تمام معاونوں پر باقاعدہ لکھ کر دفتر میں بھیجیں چندہ ممبری کا رسالہ وصول کرکے اور فارم معاونین کے ہمراہ ارسال فرمائیں۔

محمد عبد اللہ ثانی ناظم جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث پنجاب

حضرت مولانا ... [illegible]

فتاویٰ ... [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

متفرقات

معاونین کرام | اخبار اہلحدیث کی توسیع اشاعت کے لئے ہر ممکن کوشش کریں اس کی خریداری کو بڑھائیں۔ بحمد اللہ ہم دونکم خوب ہی ہے۔ اللہ حافظ۔

اشاعت فنڈ | کئی سال سے دفتر ہذا میں توحید و سنت کی نشر و اشاعت اور بدعت و ضلالت کی سرکوبی کے لئے انجمن اشاعت فنڈ جاری ہے۔ جس سے ہزارہا ٹریکٹ، پمفلٹ، تردید بدعت اور رسوم، اسلامی اخلاقی، تبلیغی و دعوت کے مختلف اشتہارات اور رسائل شائع ہوتے رہتے ہیں جو صرف پنجاب و ہندوستان میں مقبول عام ہوئے ہیں بلکہ بیرون ہند بھی ان کی مانگ بکثرت رہی ہے۔ ہر ایک ٹریکٹ یا اشتہار باوجود کئی کئی ہزار چھپنے کے شائقین معززات کی فرمائشات کو پورا نہیں کیا جا سکتا اس سے اشاعت فنڈ کی قبولیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ — امر قابل افسوس ہے کہ کوئی کام بغیر تمول کے نہیں ہو سکتا۔ اسی لئے اس شعبہ کی آمد بڑھانے کے لئے معاونین و شائقین کی اعانت کے علاوہ جلسہ انجمن و مدارس اہل حدیث کے اعلانات و اطلاعات شائع کرنے کے لئے بھی ان سے حق اشاعت فنڈ لیا جاتا ہے۔ امید ہے جملہ ناظرین اس فنڈ کی اعانت فرما کر ثواب حاصل کریں گے۔

مضامین آمدہ | منشی محمد خان گوندل ۳ عدد۔ سید ابراہیم صاحب۔ منشی محمد عمر صاحب۔ مولوی محمد عثمان صاحب ۲ عدد۔ عبد الرزاق بن حمید۔ مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فرید کوٹی۔ مولوی محمد عبد اللہ صاحب عقیل۔ عبد الحق صاحب۔ مولوی عبد الرحمن صاحب خلیل۔ مولوی محمد یحییٰ صاحب۔

غیر مقبول | اخبار جمال۔

قریب ختم | کی یاد دہانی ناظرین کو کئی بار کی جا چکی ہے۔ شائقین اخبار کے جاری ہونے کے منتظر ہیں مگر مصنفین عدم توجہ کی وجہ سے اخبار جاری ...

مسیحی ہو گئے۔ انا اللہ ... کرم گوندل سی ... دین کو ہی ... سالین ... نام اخبار جاری ہو گیا۔

قابل توجہ اہل علم حضرات | ... اور دیگر بعض دوستوں کی خواہش ہے کہ اہل علم میں سے کوئی صاحب حضرت مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری اور مولوی محی الدین صاحب ... مفصل سوانح حیات

جدید تالیف مفید

جماعت مرزائیہ کے ساتھ ہر طرح سے گفتگو ہوئی قرآن سے، حدیث سے، خود الہامات مرزا سے یہ سب طریق مفید ہوئے مگر یہ طریق سلسلہ جدید ہے جس کا نام ہے

مکالمہ احمدیہ

اس میں ان کے باہمی اختلافی مضامین پر دونوں جماعتوں کی تحریریں انہی کے الفاظ میں دکھائی گئی ہیں۔ اس کا پہلا نمبر چھپ گیا ہے۔ گزشتہ سنین میں ان دو گروہوں (قادیانی اور لاہوری) میں تحریک ہوئی تھی کہ اپنا اختلاف رفع کرنے کو فیصلہ کن مناظرہ کریں۔ یہ تجویز کیسی آسان اور خوشگوار تھی مگر فریقین کی مصلحت سے یہ تجویز خود ایک طویل بحث بن گئی۔ اس پر فریقین کے جو لمبے لمبے مضامین نکلے وہ بہت ہی دلفریب ہیں۔ اس کے بعد دوسرے نمبر کے مضامین بھی شائع ہونگے۔ قیمت نمبر اول پانچ آنہ

نوٹ | ایک نسخہ طلب کرنے کیلئے ۵ کے ٹکٹ بھیجکر بذریعہ بک پیکٹ منگالیں۔ تین نسخوں سے کم وی پی نہیں بھیجا جائیگا۔ پتہ:- منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

قلم بند کر کے جماعت اہل حدیث پر احسان فرمائیں۔

نوٹ | حضرت مولانا ابو الوفا مدظلہ کے مختصر سوانح حیات اگرچہ نور توحید میں شائع ہو چکے ہیں۔ مگر ان سے شائقین کی کما حقہ تسلی نہیں ہوتی۔ اسلئے جملہ واقعات تفریح و بسط کے ساتھ شائع ہونے چاہئیں۔ راقم

... مرحوم صاحب کی سوانح حیات ...

منشی محمد خان گوندل ... ضلع گجرات

انتخاب زریں | ... جناب سر راس مسعود مرحوم اور نواب محسن الملک مرحوم کے رسالہ تقلید اور عمل بالحدیث ... دستیاب ہو سکیں تو ... معلوم ہو کہ ... کوئی صاحب مطلع فرما دیں۔ راقم منشی محمد خان گوندل ...

پتہ درست ہونا چاہئے | جملہ ناظرین کو یاد رکھنا چاہئے کہ ہر قسم کی خط و کتابت کرتے وقت اپنا نام، مقام، اور ڈاکخانہ ضلع وغیرہ صاف اردو یا انگریزی میں خوشخط ہونا چاہئے۔ تاکہ تعمیل ارشاد میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ پتہ نادرست ہونے کی وجہ سے ہی اکثر اصحاب کو اخبار نہ ملنے کی شکایت رہتی ہے۔ بعض اوقات وی پی پیکٹ بھی پتہ غیر مکمل ہونے سے واپس آجاتے ہیں۔ جن سے دفتر کو بہت سے نقصان کا زیر بار ہونا پڑتا ہے۔

قابل توجہ ورثاء مولوی عبد الکریم صاحب مرحوم | مولوی عبد الکریم صاحب کنسو کوری ہیڈ ماسٹر بی ایم بی سکول اودے گیری ضلع نلور جب زندہ تھے تو دفتر ہذا سے ان کی خط و کتابت جاری تھی چنانچہ انہوں نے ایک اشتہار تقسیم کتب اخبار اہلحدیث میں درج کرایا۔ ناظرین اہلحدیث میں سے بھی چند حضرات نے اشتہارات کو دیکھ کر محصول ڈاک و دیگر مصارف کے لئے رقم ارسال کیں مگر ان کو کتب وصول نہیں ہوئیں۔ مشتہر موصوف چونکہ خود وفات پا چکے ہیں اس لئے ان کے ورثاء کو چاہئے کہ جو جن اصحاب کی طرف سے وہ رقم وصول کر چکے ہیں ان کو ان کی مطلوبہ کتب ارسال کریں ورنہ رقم واپس کر دیں۔ تاکہ مرحوم پر کسی قسم کا بار نہ رہے۔ (منیجر اہلحدیث)

حساب دوستاں بابت ماہ جولائی

اہلحدیث ۲ جون میں شائع ہو چکا ہے۔ جن ... سے ... پہلے ... قیمت اخبار ... انکی اطلاع ... بذریعہ ... وصول ... نمبر ... کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

وی پی واپس نہ کریں | ... سے دفتر کو بہت نقصان ہوتا ہے۔ (منیجر اہلحدیث)

ملکی مطلع

تبرا ایجی ٹیشن لکھنؤ

لکھنؤ میں جو تبرا ایجی ٹیشن شروع ہوا ہے۔ جسے آج کئی مہینے ہوگئے ہیں۔ اس کی نسبت جو گمان تھا وہی ہوا کہ مرض متعدی کی طرح ملک کے دوسرے حصوں میں بھی پھیل گیا۔ یہ بات ہماری سمجھ میں تو کیا کسی غیرجانبدار کی سمجھ میں بھی نہیں آسکتی کہ کسی قوم کے بزرگوں کو برا بھلا کہتے ہوئے جلوس نکالا جائے۔ ہم نے کئی دفعہ لکھا ہے کہ اودھ میں مثل سابق اگر شیعہ کی حکومت ہو جائے تو وہ خوارج جیسے کو وہی حق دینے کو طیار ہونگے جو آج شیعہ خود مانگ رہے ہیں۔ یعنی انکو اختیار ہوگا کہ اہل بیت کے حق میں تبرا کہتے ہوئے جلوس نکالیں حکومت شیعہ تو کیا اگر خوارج کی حکومت بھی ہو تو انتظام ملکی کی حیثیت سے وہ بھی اس کی اجازت نہ دیگی۔ پہلے تو ہمیں اس ایجی ٹیشن سے عام افسوس تھا۔ لیکن جس روز سے ہم نے اخبارات میں پڑھا ہے کہ مولانا ناصر حسین مجتہد اعظم لکھنؤ کا صاحبزادہ بھی اس ایجی ٹیشن میں شریک ہوکر گرفتار ہوچکا ہے۔ اس روز سے ہمارے افسوس کی کوئی حد نہیں رہی۔ کیونکہ ہم مولانا موصوف کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ آپ بڑے شریف، متحمل مزاج، گرم سرد آزمودہ اور زمانے کے نشیب و فراز سے خوب واقف ہیں۔ ہمارا گمان تھا کہ آپ اس فتنے کو بند کرنے میں ساعی ہونگے۔ لیکن معلوم ہوا ہے کہ آپ بھی جماعتی سیلاب میں بہہ گئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ لکھنؤ سالہا سال سے اس قسم کے فسادات کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہندوستان میں جھگڑا ہے، تو بھی تبرا کی ... ... کہ یہ جنگ ... ...

تہماتے ہیں۔

جنگ جمل کی آنچ بھی نہ گئی تھی کہ تعداد قتال

یہ مثل مشہور اول جنگ آخر آشتی

ہم نے جو خیال ظاہر کیا ہے کہ یہ مرض متعدی حد تک پہنچ گیا ہے۔ یہ خیال مندرجہ ذیل مراسلہ پڑھنے سے خوب واضح ہو جائیگا۔ اس سے معلوم ہوگا کہ سرحدی علاقہ میں بھی اس کا اثر جا پہنچا ہے۔ مراسلہ مذکور یہ ہے:۔

"لکھنؤ کے شیعوں کی شورش اور اسلام دشمنی"

اس سے قبل ۱۸۔ مئی ۱۹۳۹ء کو بمقام ہنگو ضلع کوہاٹ علمائے صوبہ سرحد و خوانین ہنگو اور عام اہل اسلام نے ایک جلسہ منعقد کرکے وزیر اعظم صوبہ یوپی کو اپنے عندیہ اور جذبات سے آگاہ کر دیا ہے کہ ہم مسلمانان صوبہ سرحد کسی ایسی سکیم کو قابل قبول نہیں سمجھتے کہ جس میں اصحاب پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق خفیف سے خفیف اہانت صریحًا تو بجائے خود کنایتًا یا اشارتًا بھی درج ہو —— عالیجاہا! چند سال قبل ۱۹۲۴ء/۲۵ء کے درمیان اسی ضلع کوہاٹ کے پڑوس علاقہ یاغستان تیراہ میں شیعہ سنی کے درمیان وہ خونریز جنگ ہوا تھا جس کے تصفیہ میں گورنمنٹ دو سال تک پریشان اور سرگردان رہی۔ وہ بھی اسی تبرا کی بدولت تھا۔ کیونکہ مولوی کفایت حسین شیعہ لکھنوی مقیم پاڑہ چنار کرم نے یاغستانی شیعوں کو خفیہ خفیہ اسی قسم کی پٹی پڑھائی تھی۔ جناب من! یہ جرم سیاسی نہیں بلکہ اخلاقی ہے۔ چاہئے کہ رضا شاہ پہلوی موجودہ شاہ ایران کی طرح حکومت کے آہنی پنجہ سے یہ فساد انگیز جرم جو لعن پر مبنی ہے فوراً بند ہو جاوے ورنہ اس سے جو خون خرابہ پیدا ہوگا اس کی تمام ذمہ داری قوم شیعہ اور ان کے لیڈران مذہبی و غیر مذہبی پر ہوگی۔

(۱۸۔ مئی ۱۹۳۹ء بمقام ہنگو)

پچھلے ہفتہ اقوام علاقہ تیراہ نے زیر صدارت حاجی محمد حنیف صاحب خلف و جانشین جناب اخونزادہ محمد مرحوم علیہ الرحمۃ ... علاقہ آزاد و ملکان ... ...

ہنگو سے بذریعہ تار کے بھیجی ہے۔ جسکے مضمون کا خلاصہ حسب ذیل ہے:۔

لکھنؤ صوبہ یوپی میں شیعوں نے تبرا اور گالیوں کا جو سلسلہ ہمارے پیشوایان دین اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت جاری کرکے فساد انگیزی کا بیج بونا شروع کیا ہے۔ جس کو خاص پروپیگنڈا کے ذریعہ تمام ہندوستان میں پھیلانا چاہتے ہیں۔ چنانچہ سننے میں آیا ہے کہ چند مفتن شیعوں نے پنجاب سے مولوی طلب کرکے بذریعہ چندہ قریبًا ایک درجن شیعہ نوجوانوں کو لکھنؤ بدیں غرض ہنگو سے روانہ کردیا ہے کہ وہ شیعان لکھنؤ کو مدد دیکر تبرا اور گالیوں کی عام اجازت حاصل کرنے میں کارآمد ہوسکیں۔

عالیجاہا! ایسی خفیف الحرکتی اور بزدلانہ اقدامات ہم پر کوئی اثر نہیں ڈال سکتے۔ کیونکہ ہم کو بخوبی علم ہے اور حکومت کو بھی ہے کہ گالی گلوچ کسی مذہب میں مستحسن اور اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاسکتا۔ ہم بدیں مراد آپ کو آگاہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ آخرکار اس کا نتیجہ خونریزی کے سوا کچھ نہ ہوگا۔ آخرکار ۱۹۲۴ء کی طرح شیعوں ہی کے اوپر اس کا وبال پڑیگا۔ اور جب بھی فساد کا شعلہ ایک دفعہ اٹھا اس کا فرو کرنا گورنمنٹ کے لئے مشکل ہوگا۔ ہماری استدعا ہے کہ آپ خود متوجہ ہوکر اس کا مناسب انسداد فرمائیں۔ کیونکہ صوبہ سرحد میں مٹھی بھر شیعوں کی یہ دلیری اور فساد انگیزی آخرکار ان کے لئے وبال جان ثابت ہوگی۔ اس تبرا بازی سے رعیت اور یاغستان دونوں جگہ فساد رونما ہونے کا اندیشہ ہے۔ ہم کبھی ایسے خرافات کو برداشت نہ کرسکیں گے۔

(مرسلہ:۔ غلام محمد خان بخش سکنہ ہنگو۔ کوہاٹ)

وزیرستان کی ہیبت ناک اطلاع

... ...

دولتے بجو ز اتفاق خیزد
بے دولتی از نفاق خیزد

بعض لوگ اس شعر کے پہلے مصرعہ پر عمل کرتے ہیں وہ کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جو دوسرے پر اصرار کرتے ہیں وہ ذلیل و خوار ہو جاتے ہیں۔

وزیرستان کی حالت بمقابلہ برطانوی طاقت و جبروت کے پشہ اور ہاتھی کی (بلکہ اس سے بھی کم) نسبت رکھتی ہے۔ دو سال سے زیادہ عرصہ گزر گیا ہے کہ وہ لوگ برابر مقابلہ پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ تازہ خبروں سے یہ راز منکشف ہوا ہے کہ وزیریوں نے شیخ سعدی مرحوم کے پہلے مصرع کا فلسفہ خوب سمجھ لیا ہے۔ ان خبروں کے الفاظ درج ذیل ہیں:۔

"وزیرستان سے جو تازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ لگتا ہے کہ غازی شیر زمان خان برادر حاجی مرزا علی خان (فقیر آف ایپی) کوہستان طور غر کا دورہ کر کے جملہ خیلوں کے جدید ڈیڑھ صد جرگوں کے سرفروز وزیری لیڈروں کے ہمراہ واپس کوہستان شوال پہنچ گئے ہیں۔

اس جگہ تمام وزیری لیڈروں نے فقیر ایپی کے ہاتھ پر بیعت کر کے حلف وفاداری اٹھایا ہے اور حاجی فقیر ایپی کے مرکزی جنگی لشکر محمدی لشکر کے ساتھ الحاق کی سندیں حاصل کی ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس تمام لشکر کے سرلشکر غازی شیر زمان خان برادر حاجی صاحب فقیر آف ایپی مقرر ہوئے ہیں۔

غازی خوشحال خان قائد آزاد آفریدستان و حضرت صاحب شرمان کے مابین گذشتہ ہفتہ جو خط و کتابت ہوئی ہے اسے خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔ حاجی صاحب چرکنڈ اور نقیب صاحب کو بھی سربمہر مکتوب خاص قاصدوں کے ساتھ ارسال کئے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ فقیر صاحب شوال پر حاجی صاحب کے مکتوب کا گہرا اثر پڑا ہے اور آپ نے محمدی لشکر کی تنظیم میں ہر طرح امداد کا یقین دلایا ہے۔

حاجی محمد صدیق اخوان زادہ صاحب قائد وادی تیراہ اور مولانا شرمان والوں کے فقیر ایپی کے عظیمی پروگرام کی اہمیت عوام پر واضح کر رہے ہیں۔ ملی بادشاہ ملا خیل نے جو جتھے قائم کئے ہیں ان کے تمام ممبر سرخ وردیاں پہن کر باقاعدہ فوجی پریڈ اور جنگی طریقوں سے واقفیت حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔

علاوہ ازیں وزیری مبلغین نے دن رات ایک ایک قبیلوں میں وعظ و تبلیغ کا سلسلہ جاری کر دیا ہے اور منظم کرنے کے لئے انتہائی کوشش کر رہے ہیں مزید تفصیلات کا انتظار کیا جا رہا ہے۔"

(پرتاپ لاہور صفحہ ۷ - ۲۹ جولائی ۱۹۳۹ء)

الحدیث: جماعت اہل حدیث کے افراد سے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔ مہربانی کر کے سوچ سمجھ کر بہت جلد جواب دیں کہ ان کے نزدیک شعر مذکور کا پہلا مصرع واجب العمل ہے یا دوسرا؟

اس سوال کے ساتھ ہی میں اپنے افسوس کا اظہار بھی کئے دیتا ہوں کہ میں یہ سوال ایک ایسی جماعت سے کر رہا ہوں جو معلم اخلاق اور مروج سنت ہونے کی مدعی ہے۔ جن کی نظر میں حدیث "فساد ذات البین هي الحالقة" ہر وقت رہتی ہے۔

یورپ کی پیچیدہ گرہ

شعرائے ہند نے بڑے مبالغہ سے معشوق کی زلف کو پیچ در پیچ بتایا ہے مگر یورپ کی سیاست اس سے بھی زیادہ پیچدار ہے۔ کبھی خبریں آتی ہیں کہ فریق ثانی اگر ایک انچ بھی آگے بڑھا تو اعلان جنگ ہو جائیگا۔ اس کے بعد جلد ہی خبر آجاتی ہے کہ جرمنی ڈینزگ میں گھس گیا ہے۔ قلعہ بندی شروع کر دی ہے کسی کو نزدیک نہیں آنے دیا جاتا۔ ساتھ ہی یہ خبر بھی آجاتی ہے کہ اگر جرمنی نے ڈینزگ پر زبردستی قبضہ کر لیا تو برطانیہ اور فرانس پولینڈ کی مدد کو آئینگے۔ ہمارے خیال میں ان کو آنا چاہئے لیکن ہم یہ نہیں سمجھ سکتے کہ کسی سلطنت کی فوج دشمن کے شہر میں داخل ہو کر قلعہ بندی بھی شروع کر دے تو بھی اس کو قبضہ نہ کہا جائے۔ قرآن شریف نے اس مسئلے پر روشنی ڈالی ہے اگر ہمارے سامنے یہ روشنی نہ ہوتی تو ہم بھی ان خبروں کی بھول بھلیوں میں پھنسے رہتے مگر اس ... ہے۔

إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً

(بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تہ و بالا کر دیتے ہیں)

اس آیت کی روشنی میں جب ہم ان خبروں کو جانچتے ہیں تو ہمیں صاف معلوم ہوتا ہے کہ جرمن فوج کا ڈینزگ میں داخل ہو جانا اس پر قبضہ کرنے کے مترادف ہے لیکن خبر رساں ایجنسیاں ہم ہندوستانیوں کو کم عقل سمجھ کر ایسی بھول بھلیوں میں مبتلا رکھنا چاہتی ہیں۔ صحیح بات یہی ہے کہ جرمنی نے آج تک جہاں جہاں قدم رکھا ہے وہاں سے واپس نہیں ہوا۔

گورنمنٹ برطانیہ کی نسبت ہماری حسن ظنی ہے کہ وہ بہت دور اندیش ہے اس کی خاموشی کسی مصلحت پر مبنی ہے۔ جیسے مخفی رکھنے میں اب تھوڑے سے دن باقی رہ گئے ہیں۔ سامان جنگ تیار ہو رہا ہے بم کے گولوں سے حفاظت کے لئے زمین دوز تہ خانے بن رہے ہیں برلن (جرمنی) میں برطانوی باشندوں پر پابندی لگائی گئی ہے کہ باہر نہ جائیں۔ فرانس نے غیر محدود رقم قرض لینے کا اعلان کر دیا ہے اور زہریلی گیس سے بچنے کے لئے شہروں میں نقاب تقسیم ہو رہے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ آیندہ جنگ کا تصور بھی بڑا بھیانک ہے۔ گویا وہ اس آیت کے ماتحت ہے:

فَنُجِّيَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ

خدا شر سے بچائے اور کہ ... خیر یا شر

مسلمانوں کا دور جدید اور ہندوستان کا مستقبل۔ ایک انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ ... حال کی اسلامی ... قیمت ... ملنے کا پتہ ...

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات - از قلم (۲۲۶) امام خاں صاحب نوشہروی

بیمہ زندگی

یہ صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد اپنے متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی — قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھیے

(۴۲۷)

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

آل انڈیا نمائشوں میں انعام حاصل کرنے والی

نیلوپا امساک رجسٹرڈ

رجسٹری داخل شدہ گورنمنٹ انڈیا۔ ایک گولی سے خواہ بڈھا ہو یا جوان قضائے حاجت ۔۔۔۔ کے بغیر نہیں ہو سکتا ۔۔۔ مقررہ وقت سے پانچ منٹ پہلے کھائیں۔ ناقابل برداشت طاقت۔ بے حد مسک ہے۔ مسرت۔ احتلام۔ جریان کا دشمن۔ ۲۴ گولیاں پیکٹ ۔۔۔ نیلوپا کیمیکل ورکس ۔۔۔ (پنجاب)

۔۔۔ افغانستان کے حالات

زوال امانی

۔۔۔ (امان افغان) کے تمام حالات ۔۔۔

مومیائی ۳۳ [illegible]

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران الحدیث" علاوہ ازیں [illegible] شہادات آتی رہتی ہیں [illegible] خون صالح [illegible] طاقت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے دوچار [illegible] میں درد موقوف ہو جاتا ہے [illegible] استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت بچے بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۶/ [illegible] ہے۔ پاؤ بھر [illegible] مع محصولڈاک [illegible] علیحدہ ہوگا۔ اہالیان ریاست ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک [illegible] پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم دوا منگا [illegible] بذریعہ وی پی۔ (۴۲۸)

تازہ شہادتیں

جناب عبد الرزاق و [illegible] صاحبان ٹانڈہ و [illegible] ہم نے کئی بار مومیائی خلعت [illegible] سے منگائی ہے مفید ثابت ہوئی۔ برادر [illegible] مومیائی عبد العزیز عبد الرحیم صاحبان کے نام جلد ارسال فرمائیں (۱۷ مئی [illegible])

جناب مولوی [illegible] صاحب سندر پوری [illegible] مومیائی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں بفضل ایزدی [illegible] سے باہر فائدہ ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مومیائی [illegible] منفعت [illegible] ہے۔ [illegible] اور [illegible]

[illegible]

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

اجاب [illegible] ہو [illegible] مسلم

ایجوکیشنل کی پنجاہ سالہ جوبلی [illegible] میں منائی گئی جس میں شرکت کی دعوت جماعت اہل حدیث کو بھی دی گئی۔ کانفرنس کے مولانا امام خان صاحب نوشہروی کو بھیجا گیا جنہوں نے وہاں ایک مقالہ پڑھا جس میں جماعت اہل حدیث نے علم و فن کی جو خدمات کی ہیں ان کا دلچسپ تذکرہ ہے۔ قابل مقالہ نگار نے حضرات تابعین سے اہل حدیث کا وجود ثابت کیا ہے۔ پھر جناب کی ابتدا کا حال جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ [illegible] سے ہے اور ترویج کا حضرت سید نا محمد اسماعیل شہید سے ......

مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے۔ [illegible] اور نام مصنف کے ساتھ قومی اخباروں کا نقشہ ہے۔ الی ان قال۔ غرض آپ کی جماعت نے ملک میں علمی حیثیت سے جو کام کئے ہیں۔ انہیں نہایت تہذیب و جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے اہل حدیث حضرات کو یہ مقالہ ضرور پڑھنا چاہیئے۔ صفحات ۲۰۸۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت عہ

جمع القرآن والحدیث

مصنفہ مولانا سیف بنارسی۔ قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کب یک جا جمع کی گئیں۔ کب ان کی کتابت ہوئی۔ ان کا مفصل ذکر اس کتاب میں موجود ہے۔ منکرین حدیث سب سے بڑا اعتراض زمانہ نبوی میں کتابت حدیث کے نہ ہونے کا کیا کرتے ہیں۔ اس رسالہ میں ان کا مفصل جواب دیا گیا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ ۶/

پتھری کور

اسکے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ سے نکلتی ہے۔ مجرب ہے۔ کافی شہرت حاصل کر چکا ہے اصل قیمت آٹھ روپے۔ رعایتی قیمت [illegible] صرف [illegible] منگوانے کا پتہ۔ [illegible] خواہ [illegible]

تراجم علمائے حدیث ہند

۲۰۰ اشخاص کا ...... برسوں کی کاوشوں کا، جانکاہ محنتوں کا، ان تھک کوششوں کا، وقت کی بہت بڑی قربانی کا ... [illegible] نیک لوگوں کا [illegible] رکھتا ہے الحمد للہ اس زمانے میں قدرت نے ملک صاحب کو اس کار خیر اور کار ضروری کے لئے منتخب فرمایا۔ اور آپ نے علماء کے حالات زندگی جمع کر دیئے۔ اس جلد اول میں شاہ ولی اللہ سے شروع کر کے آج تک کے علمائے اہل حدیث دہلی کی سوانح عمریاں ہیں۔ مرحومین کی اور موجودین کی بھی۔ تاریخ جیسے روکھے پھیکے مضمون کو فاضل مؤلف نے اس خوبصورتی سے ادا کیا ہے کہ آپ جوں جوں پڑھتے جائیں شوق بڑھتا جائے۔ انداز بیان، [illegible] کلام اور تسلسل مضامین نہایت اعلیٰ پیمانے پر ہیں کھلے لفظوں میں کہیے دیکھئے کہ اس اچھوتے اور [illegible] پر قلم فرسائی کر کے مولانا نے جماعت اہل حدیث پر احسان کیا ہے اور دین خدا کی اہم خدمت انجام دی ہے۔ قابل قدر کتاب ہے۔ قیمت ۶/

عرب کا چاند

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ پر آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہوں گی۔ جن کا لکھنا تمام مسلم مصنفین کے زور قلم کا نتیجہ ہوگی۔ مگر کتاب ہذا ایک معزز غیر مسلم جناب سوامی [illegible] صاحب کے خیالات کا مرقع ہے جو آپ [illegible] اسلام کے متعلق رکھتے ہیں۔ حضور انور صلعم کی [illegible] سے [illegible] وصال تک تمام واقعات درج کئے ہیں۔ [illegible] مسلم اتحاد کے لئے بہت مفید ہے۔ [illegible] چار سو صفحات پر ختم ہوئی ہے۔ قیمت ۶/

نوٹ:۔ [illegible] یہاں صرف [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

عربی پڑھنی آسان ہوگئی

اگر آپ کو عربی پڑھنے کا شوق ہے تو آج مندرجہ ذیل کتب میں سے کوئی کتاب منگا کر پڑھنا شروع کر دیجئے۔ کتابیں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔

عربک ٹیچر مصنفہ مولوی محمد عالم صاحب آسی امرتسری۔ جس میں عربی علم کے ابتدائی تا انتہائی مسائل کو بطرز جدید حل کیا ہے۔ علم صرف ونحو کے قواعد، مسائل، ضرب الامثال، روزمرہ کی گفتگو۔ عام فقرے، گردانوں کے نقشہ جات مفصل درج ہیں۔ اس کتاب کے ہوتے ہوئے مبتدی کو کسی دوسری کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ قیمت ؏

مرقاۃ القرآن یعنی عربی کی پہلی کتاب۔ مؤلفہ مولوی محمد عبد اللہ صاحب ایم۔ اے۔ لیکچرار گورنمنٹ کالج لائل پور۔
عربی زبان سیکھنے کے لئے فاضل مؤلف نے کتاب ہذا چالیس سبقوں میں مرتب کی ہے۔ ہر سبق کے تمام فقرات صرف قرآن شریف سے ہی لئے گئے ہیں۔ کتاب ہذا پڑھنے کے بعد مبتدی قرآن مجید کا ترجمہ بھی بخوبی پڑھ سکتا ہے۔ قیمت ۶؍

کلید مرقاۃ القرآن یہ مرقاۃ القرآن کا خلاصہ ہے۔ جس سے طالب علم کو مدد مل سکتی ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے کسی خاص استاد کی ضرورت نہیں۔ از مولف صاحب مذکور۔ قیمت ۸؍

مفتاح القرآن قرآن مجید کی آیات والفاظ کی تلاش کے وقت بہت وقت ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ اسی تکلیف کے حل کے لئے مفتاح القرآن بے نظیر کتاب ہے۔ اس میں ہر ایک لفظ قرآن مجید جن جن آیات میں آیا ہے بحوالہ سیپارہ ورکوع مندرج ہے جو بہت آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ قرآن مجید کے عام شائقینوں، مناظروں اور مبلغوں کیلئے بے حد مفید ہے۔ قیمت صرف دو روپے۔

عربی بول چال مصنفہ حافظ عبد الرحمٰن صاحب مرحوم امرتسری جو عربی زبان سیکھنے، عربی اخبارات پڑھنے اور عربی میں خط وکتابت کرنے کے واسطے فائدہ مند ہے، مع مفصل فرہنگ۔ قابلدید ہے۔ قیمت حصہ اول ۱۲؍ حصہ دوم ۱۲؍

کتاب الصرف از حافظ عبد الرحمٰن صاحب امرتسری۔ عربی علم صرف کے ضروری مسائل۔ میزان الصرف سے ایک شافیہ تک اردو میں بیان کر دیئے ہیں۔ قیمت ۱۲؍

کتاب نحو ... کتاب میں نحو کے تمام ضروری اور اہم مسائل نحو میر سے لیکر ... وضاحت سے درج کر دیئے ہیں۔ قیمت ...

منیجر اہلحدیث امرتسر

مولوی عبد السلام صاحب بستوی مقیم دہلی کی تصانیف

اسلامی پردہ جس میں شرعی پردہ کی حیثیت اور ضرورت۔ بے پردگی کے نقائص قرآن و حدیث اور واقعات سے ثابت کئے ہیں۔ مخالفین کے اعتراضات کا جواب بھی ہے۔ قیمت ۴؍

اسلامی توحید اس رسالہ میں ٹھیٹھ توحید کی حقیقت کو واضح کر کے اس کے بالمقابل شرک وبدعت کی مفصل تشریح کر کے توحید و شرک میں امتیاز کیا گیا ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۴؍

اسلامی صورت اس رسالہ میں ڈاڑھی جیسے مسنون امر کی تشریح و تفصیل کر کے جملہ مسلمانوں کو اس سنت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی پابندی کی تاکید کی ہے۔ اس کے خلاف ڈاڑھی منڈانے والوں کو اس سنت کے ترک کرنے کی گناہ کی وعید کی گئی ہے۔ معترضین کو جواب بدلائل دیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۴؍

کشف الملہم مقدمہ صحیح مسلم کا اردو ترجمہ۔ جو علماء، طلباء اور دیگر اہم شائقین کے لئے مفید ہے۔ قیمت ۶؍

کیا آپ نے ابھی تک جیبی حکیم نہیں دیکھا؟

جیبی حکیم ایک ایسی مختصر مگر جامع طبی کتاب ہے جو سر سے پاؤں تک کے تمام امراض پر حاوی ہے اور جس میں جملہ امراض کے اسباب، ان کی علامات اور تشخیص پر نہایت شرح وبسط سے روشنی ڈالی ہے اور پانچ عنوانات کے ماتحت ہر بیماری کے مجرب سے مجرب یونانی اور ڈاکٹری نسخے لکھے گئے ہیں جو یقیناً آپ کو کہیں اور نہ ملیں گے۔

یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں ایک ہزار سے زائد یونانی اور ڈاکٹری نسخے درج ہیں تاکہ اگر آپ دیسی علاج کرنا چاہیں یا ڈاکٹری سے مستفید ہونا چاہیں تو ایک ہی کتاب سے دونوں فائدے حاصل کر سکیں۔ ملک کے مشہور طبیبوں اور تجربہ کار لوگوں کا یہ بیان ہے کہ ہر لکھے پڑھے گھر میں اس کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ اس کا ایک ایک نسخہ سو سو روپیہ کا ہے جو سالہا سال کے تجربے کے بعد درج کیا گیا ہے۔

جیبی حکیم ہی ایک ایسی کتاب ہے جو دیہات اور قصبات میں رہنے والوں کیلئے مستقل حکیم اور ڈاکٹر کا کام دیتی ہے اور ہر اردو خواں اس کے مطالعہ سے اچھا خاصہ حکیم بن سکتا ہے۔ خصوصاً ائمہ مساجد و مدرسین کے لئے تو از حد مفید ہے۔ ان تمام لکھے پڑھے لوگوں کو جنہیں عوام سے سابقہ پڑتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔

جیبی حکیم کیا ہے گویا دریا کو کوزہ میں بند کر دیا گیا ہے جو آپ کے لئے یقیناً ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت مجلد مطلا ؏ محصولڈاک ۶؍

منگانے کا پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

(۵۲۹)

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

عربی کا معلم مع ترجمہ

عربی زبان کی صرف و نحو ابتداءً خالص عربی زبان میں مدون ہوئی تھی۔ بعد ازاں ابتدائی قواعد پر مشتمل کچھ فارسی رسائل لکھے گئے۔ مگر اردو دان طبقہ ان ہر دو زبانوں سے بے بہرہ ہونے کے باعث ان شریف علوم سے محروم رہا۔ جن پر قرآن و حدیث اور دیگر لٹریچر کا دارو مدار ہے۔ آخر ... اردو زبان میں ...

دیہاتی حکیم

مصنف ... دیہاتیوں کی بہبودی کو پیش نظر رکھ کر لکھا گیا ہے۔ اس میں قریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے۔ جن پر ... سو کے قریب مجربات دیئے گئے ہیں۔ ... سے لیکر ۱۱ تک علامات ... اور تشریح کر دی گئی ہے۔ علاج دیسی ادویات سے بتایا ہے جو ہر جگہ آسانی سے دستیاب ہو سکیں۔ یہ کتاب ...

رحمۃ للعالمین

مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی مرحوم

جس میں حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانح عمری مفصل و مکمل طور پر لکھی گئی ہے۔ جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاول پور اور جامعہ ملیہ دہلی، مدرسہ دیوبند اور دیگر مشاہیر درسگاہوں کے نصابات میں داخل ہے۔ پڑھنے کے قابل ہے ضرور منگوائیں۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت جلد اول ...

شنائی برقی پریس امرتسر

اردو۔ انگریزی ... کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ، رنگدار ... حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط، اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بنفس نفیس تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

ایک اور تازہ تصنیف

خطبات سلمان

جو قاضی محمد سلیمان صاحب مصنف رحمۃ للعالمین کے حسب ذیل دس معرکۃ الآرا مضامین کا گلدستہ ہے۔ (۱) تبلیغ اسلام۔ (۲) کیا اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا؟ (۳) الاسلام فی الہند۔ (۴) پیام اسلام (۵) فضائل اسلام۔ (۶) خطبہ صدارت اہل حدیث کانفرنس ... (۷) تعریف مسلم یعنی خطبہ صدارت جلسہ انجمن اہل حدیث ... (۸) مذہب اہل حدیث (۹) ... اہل حدیث۔ (۱۰) اصول تبلیغ۔ ... کے ... صفحات۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ باوجود ان تمام ظاہری و باطنی خوبیوں کے قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

ملنے کا پتہ: منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ویدارتھ پرکاش ...

ملنے کا پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

تفسیر واضح البیان

... مصنفہ مولانا ... صاحب ...

... مصنف نے پہلے بہت کے ...

اہلحدیث امرتسر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۸

اہلحدیث

اخبار امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی
اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ برجان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجراء ۲۲۔ شعبان ۱۳۲۱ھ / ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث امرتسر — چوک کٹڑہ بھائی سنت

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی ودنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	عہ
روساء وجاگیرداروں سے	۸ / ۶
عام خریداران سے	۴
ششماہی	۲ / ۴
ممالک غیر سے سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ	۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط وکتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط وکتابت وارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۳۔ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۱۔ جولائی ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

(۸۳۱)

NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY — کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی — DELHI.

فہرست مضامین

نظم (شان اسلام) - - -
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - ص۳
قادیانی مسیح۔ دجال اور ڈاکٹر بشارت احمد ص۵
خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم - - ص۶
امیر ملت کی چوری ایک شادی میں - - ص۶
بے ادب کون ہے؟ - - - - ص۷
[illegible] - - - - ص۸
[illegible] - - - - ص۹
[illegible] - - - - ص۱۱
[illegible] اہل حدیثان ہند ص۱۱
[illegible] - - ص۱۲
[illegible] - - ص۱۲

شانِ مسلم

(از کاوش فکر جناب نسیم آسی دساتر علوم جانوم)

تجھے مسلم کبھی الفت نہ تھی دنیا کی دولت سے
کبھی تیرا قدم ہٹتا نہ تھا حکم شریعت سے
غریبوں کی تیرے دل میں نہایت قدر ہوتی تھی
نہیں دیکھا کبھی تو نے یتیموں کو حقارت سے
تیری وہ بے نیازی کے فسانے اب بھی باقی ہیں
ہمیشہ دل تیرا آزاد تھا دنیا کی زینت سے
تیرے اگلے فسانے اب بھی لوگوں کی زباں پر ہیں
کیا مغلوب تو نے کل جہاں کو شان وشوکت سے
وہی تو ہے جو والم پیش آگاہ تھا زمانے میں
عنایت سے محبت سے مروت سے عنایت سے
کیا امن وامان قائم زمیں پر ہر طرف کیا کیا
کیا زیر وزبر سارے جہاں کو کس شجاعت سے
عجب ہے کہ اب بھی تجھ میں پیدا ہوں وہی باتیں
ذرا پھر آشنا ہو جا اخوت اور شفقت سے
ضرورت ہے کہ میدان عمل میں ہو صف آرائی
نظر آئے تیرا پرچم دوبارہ شان وشوکت سے

تجھی عزت کا طالب ہے تیری نصرت کا طالب ہے
نسیم دل گرفتہ کی صدا تجھ سے محبت سے

انتخاب الاخبار

منتخبہ ۱۸ جولائی ۱۹۳۶ء

مقامی امرتسر میں ۱۷۔ جولائی کی صبح کو خوب بارش ہوئی ۱۶۔ جولائی کو خاکساروں نے انجمن پارک میں مصنوعی جنگ کیا ——— سکھ اور ہندو میونسپل کمیٹی کے فرقہ واری تناسب حقوق کے خلاف جو حال ہی میں کمیٹی نے پاس کیا ہے جلسے کر رہے ہیں۔

——— جالندھر میں خاکساروں کی دیکھا دیکھی ہندوؤں نے بھی ایک جماعت قائم کی ہے۔ ان کا امتیازی ہتھیار کرچھا ہے۔

——— ریاست بہاول پور اور فریدکوٹ نے فیڈریشن میں شامل ہونا منظور کر لیا ہے۔

——— "امرت بازار پتر کا" کلکتہ معترض ہے کہ ریاست حیدر آباد میں عنقریب اصلاحات کا نفاذ ہونے والا ہے ریاست میں لیجسلیٹو اسمبلی قائم کی جائیگی جس کے ۸۶ ممبر ہونگے۔

——— صوبہ سی پی میں بارش کی کثرت کی وجہ سے دریائے نہاندی میں طغیانی آگئی۔ اسی واسطے ۱۶ جولائی کو بمبئی جانے والی گاڑیاں لیٹ ہوگئیں۔

——— احمد آباد کے ایک جلسہ میں مسٹر بوس سابق صدر کانگرس نے دوران تقریر میں کہا کہ اگرچہ کانگرس میں اختلاف ہیں مگر جنگ چھڑ جانے کی صورت میں سب دور ہو جائیں گے۔

——— آل انڈیا مسلم لیگ کی شاخیں غیر ممالک میں بھی قائم کی گئی ہیں۔

——— حکومت بمبئی یکم اگست سے بندش مسکرات کی سکیم جاری کر دیگی۔ گورنر صوبہ بمبئی نے اعلان کیا ہے کہ سرکاری دعوتوں میں شراب وغیرہ استعمال نہ کی جائے

——— آسام سے برہما تک ایک سڑک تیار ہونے والی ہے۔ جس پر ایک کروڑ روپیہ خرچ ہوگا۔

——— گاندھی جی آج کل سرحد کا دورہ کر رہے ہیں۔

——— اطلاع موصول ہوئی ہے کہ قصبہ پہلودہ [illegible]

ضلع رہتک میں چالیس سے زائد مسلح ڈاکوؤں نے مہاجنوں کے گھروں میں ڈاکہ ڈالا۔ مکانات نذر آتش کر دیئے۔ ساٹھ ہزار سے زائد نقد کے زیورات نقدی وغیرہ لے کر فرار ہو گئے۔ ڈاکوؤں نے دو اشخاص کو گولی مار کر ہلاک بھی کر دیا۔

——— مولانا احمد سعید اور دوسرے قیدی جن پر آگرہ میں مدح صحابہ کہنے پر مقدمات چل رہے تھے غیر مشروط طور پر رہا ہو گئے ہیں۔

——— مصر کے فوجی لباس میں عنقریب تبدیلی کیجائیگی ترکی ٹوپی کی بجائے کوئی اور لباس تجویز کیا جائیگا۔

آخری اطلاع

جن اخباروں کی قیمت اخبار ماہ جولائی میں ختم ہے۔ ان کو ۳۰۔ جون کے اہلحدیث میں اطلاع دی جاچکی ہے۔ جن کی طرف سے قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر یا انکار کی اطلاع بذریعہ پوسٹ کارڈ ۲۹۔ جولائی تک وصول نہ ہوگی۔ ان کے نام

آیندہ پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

ناظرین نوٹ کر رکھیں۔

مہلت یافتگان کی طرف سے اگر قیمت اخبار وصول نہ ہوئی تو آیندہ اخبار نہیں بھیجا جائیگا۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

——— دولت علیہ عراق کے وزیر خارجہ مع محکمہ فوج کے رائل انجینئرز اور دیگر عہدیداروں نے اعلیٰ حضرت جلالۃ الملک سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہ سے شرف باریابی حاصل کیا۔ عراقی اور سعودی سرحد کے معاملہ میں اعلیحضرت نے کمیشن کے تقرر کی تجویز کو منظور کر لیا ہے۔ امید ہے سرحدوں کا تصفیہ بہت جلد ہو جائیگا۔

——— شاہ زند غواب ترکی میں مقیم ہیں۔ حکومت ترکیہ نے ان کے وظیفے کا اعلان کر دیا ہے۔ حکومت مصر بھی ایسا ہی کرنے والی ہے۔

——— نیوبلڈنگ کی جامعہ [illegible] نے اپنے معزز [illegible]

رکن مسٹر پطرس بیلی کو ہدایت کی ہے کہ وہ جمہوریہ فرانس کے حکام سے مل کر غازی عبد الکریم اعظم مجاہد ریف کی رہائی کے متعلق کوشش کریں۔

——— جمہوری ہسپانیہ کے عہد حکومت میں ہسپانوی بنک نے امریکہ کے پاس ساٹھ ملین ڈالر چاندی فروخت کی تھی۔ اس کی قیمت کی وصولی کیلئے ہسپانیہ نے جو مقدمہ دائر کیا تھا وہ خارج ہو گیا۔

——— ایک اطلاع مظہر ہے کہ امیر البحر شنگھائی نے برٹش چینی سٹیشن کے کپتان سے برطانوی جہاز کے نقصان ہونے کی معافی مانگی۔ اور نقصان کی تلافی کا وعدہ کیا۔

——— ٹوکیو ۱۵۔ جولائی۔ جاپان کے محکمہ بحری نے اعلان کیا ہے کہ وہ ہانگ کانگ سے ۶۵ میل کے فاصلہ پر چڑھائی کرنا چاہتا ہے۔ غیر ملکی جنگی جہازوں کو چاہیئے کہ ۱۷۔ جولائی تک بندرگاہ سے نکل جائیں۔

——— بمبئی کے قریب ایک بستی میں بم پھٹنے سے چار آدمی ہلاک اور ۱۲ زخمی ہوئے۔

——— چیف جسٹس پنجاب ہائیکورٹ موسم گرما کی رخصتوں میں ۱۵ جولائی کو انگلستان روانہ ہو گئے ہیں

——— وارسا۔ ۱۴ جولائی۔ ڈینزگ میں ابھی تک فوجی تیاریاں زور شور سے ہو رہی ہیں۔

——— انگلستان اور پولینڈ کے مابین مالی معاہدہ کے متعلق گفتگو ہو رہی ہے۔

——— لکھنؤ میں تبرا ایجی ٹیشن جاری ہے۔

——— دہلی شو مندر کا ستیہ آگرہ بند کر دیا گیا ہے

جدید انگلش ٹیچر اس میں انگریزی زبان کے بے شمار مفرد الفاظ، محاورات، قواعد گرامر اور اردو سے انگریزی میں ترجمہ کرنے اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کے واسطے بہت سی مشقیہ عبارت دی گئی ہے۔ اس کا مطالعہ کرنے سے انسان تھوڑی سی مدت میں انگریزی زبان میں گفتگو کر سکتا ہے اور خط و کتابت بھی کر سکتا ہے قیمت [illegible] منگوانے کا پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

حیات طیبہ۔ (مجموعہ دوڈیشن) مولانا شہید دہلوی (۳۲) کی سوانح عمری۔ قیمت [illegible] منیجر اہلحدیث امرتسر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

٣ جمادی الثانی ١٣٥٨ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(٤)

یہ سلسلہ مضمون اہلحدیث ٢ جون میں شروع ہوا ہے۔ گذشتہ نمبر میں ہم نے مشرقی صاحب کے تناقضات کے چار نمبر بتائے تھے۔ آج آگے ملاحظہ فرمائیں۔ (مدیر)

ضروری نوٹ) شائقین توحید و سنت اپنے مشورہ سے اطلاع دیں کہ سلسلہ ہذا ختم ہونے پر یہ رسالہ کتنے ہزار کی تعداد میں چھپے۔ میری ذاتی رائے ہے کہ کم سے کم پچاس ہزار چھپنا چاہئے۔ جو کہ بہت لوگوں تک کام آئے۔ پس ناظرین صاحبان [illegible] بہت جلد ارسال کریں۔

(١) یہ رسالہ کتنی تعداد میں چھپے (٢) ان کو کتنے رسالے مطلوب ہوں گے (٣) اس کار خیر میں وہ کیا اعانت کریں گے؟

(٥) قرآن مجید کے شان نزول کے متعلق لکھتے ہیں کہ "قرآن کے سمجھنے کے لئے شان نزول کی [illegible] ہے" (مقدمہ تذکرہ اردو [illegible])

اسکی نقیض) قرآن فہمی کے لئے [illegible] کی [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

بھی نہ رہی۔ اور یہ صریح ناقض ہے۔

(ق) آج کل کے مسلمان نابکار ہیں۔ (مقدمہ تذکرہ اردو صفحہ کا حاشیہ)

اسکی نقیض) مسلمانوں کو نابکار اور بدبخت کیونکر کہا جا سکتا ہے۔" (اشارات صفحہ)

ناظرین) اس اختلاف کو ملاحظہ فرمائیں۔

(ر) سلف صالحین امت (صحابہ کرام) کے حق میں کہا ہے کہ انہوں نے قرآن مجید کے معنی اور ابتدائی احکام پر عمل کر کے نظام پیدا کیا آپ کے الفاظ یہ ہیں۔

"آج خلیفہ دوم کے ان ابتدائی تعلیم یافتہ [illegible] اسلام وہ سب کچھ تھا جو صحیفہ [illegible] بدرجہ کمال مسلمانوں کو قرآن کے معنی اور ابتدائی عمل کے نظام میں ملے تھا" (مقدمہ تذکرہ صفحہ)

اہلحدیث) اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرقی کے نزدیک صحابہ کرام پہلے زمانہ میں حاصل کئے تھے وہ قرآن مجید کے معنی اور ابتدائی احکام [illegible] [illegible] [illegible]

عام۔ [illegible]

اسکی نقیض) مشرقی صاحب [illegible]

قرآن حکیم [illegible]

[illegible] حالانکہ جلوہ نے ایمان [illegible] [illegible] کی [illegible]

اور ان کو کلام الٰہی کے صحیح مطالب [illegible] مجبور تھا" (مقدمہ تذکرہ صفحہ [illegible])

ناظرین!) کیسے صاف اور صریح الفاظ میں سلف صالحین کی قرآن فہمی کا اقرار ہے۔ جو کہ بیان کی صریح نقیض ہے۔ کیونکہ اس میں ادنیٰ درجہ کا ذکر

(ح) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اثر صحبت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"اللہ کے برگزیدہ رسول نے علم سے اہل عرب کے سینوں کو چاک کر کے ان کے دلوں کو چیر چیر کر مرادیں اور کینے نکال لئے تھے۔ پیغمبر برحق کی [illegible] دریا اور وقف عقل ذہنی نے [illegible] تاریک قلوب میں ایمانی نور اور اعمال صالحہ کی وسعت دیدی تھی × × فطرت کے بدیع الخلق نظام اور محیر العقول صنائع کی طرف کلام الٰہی کی ایک ترغیب و تحریص نے عرب کی طبائع پر [illegible] ایسا قابل انفکاک اثر پیدا کر دیا تھا"

(مقدمہ تذکرہ اردو صفحہ [illegible])

یہ عبارت بڑی صفائی سے اہل عرب کی [illegible] صلعم کی صحبت سے فیض یاب ہوئے تھے) ظاہری و باطنی صفائی کا ثبوت دیتی ہے۔ اب اسکی نقیض بھی

اسکی نقیض) مشرقی صاحب یہ [illegible] اعتراف کی تردید میں فرماتے ہیں کہ

"[illegible] اسلام [illegible] ناقابل فہم [illegible] تھا۔ مگر عرب کی جہالت اور [illegible] کو کہیں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

عاقبت انگیز [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

بکو ہمارا یہ عبارتیں اپنے اندر جس قدر تخالف و تناقض رکھتی ہیں اس کو ناظرین خصوصاً اہل علم بغور ملاحظہ فرمائیں۔

(۵) توحید باری کے متعلق مشرقی صاحب لکھتے ہیں

ہاں خدا کی عبادت اس وقت ہو رہی ہے جب بندہ خدا کے یقین پر اور یوم آخرت پر ایمان کے باعث بندۂ خدا اپنے تن کو من کو دھن کو اس آقائے نامدار اس مالک یوم الدین کی خوشنودی اور خدمت میں قربان کر دیتا ہے یہ عبادت کا سچا اور صحیح مفہوم ہے اور یہی **توحید ہے** اور یہی الا نعبد الا اللہ کے ناقابل انکار معانی ہیں"

(دیباچہ تذکرہ اردو صفحہ ۹۶)

اس کی نقیض یورپی اقوام (جو خدا کی توحید تو کیا ان میں اکثر خدائی وجود کے بھی منکر ہیں) کے جملہ تسلط تغلیب اور استخلاف فی الارض کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

الغرض جہاں کسی قوم میں قوت اور زور ہے امن اور قیام ہے حکومت اور بادشاہت میں جنت کچھ تو میل ہے وہیں توحید باقی ہے۔ (دیباچہ تذکرہ صفحہ ۱)

نتیجہ صاف ہے کہ یورپی اقوام میں پختہ توحید ہے (کبرت کلمۃ)

(۶) اسوۂ حسنہ رسالت کے متعلق آپ فرماتے ہیں مساجد میں امام صاحبان کا خدا کے حضور میں نماز کو نہایت ادا کرنا وہ بدعت سیئہ ہے جو نص قرآن کے قطعاً خلاف ہے مساجد میں سنت نوافل کا ادا کرنا اور اس طرح جماعت خدا کے اندر بے ترتیبی اور بدنظمی کا ماحول پیدا کرنا بھی رسول خدا صلعم کے اسوۂ حسنہ کے برخلاف صریحاً ہے (حصہ ملت کا حاشیہ)

ناظرین اس عبارت کو جو دعا منقول ہوئی ہے تو اس کو ذہن میں رکھئے اصل حقائق دنیا کی ترجمانی کے لئے غرض کو ...... ہر ایک مسلم ...... اسوۂ رسالت ...... [illegible]

اسکی نقیض اب اس کے خلاف بھی سنئے۔ آپ فرماتے ہیں :۔

"اُسوہ رسول صرف سپاہیانہ زندگی ہے ہاں خاکسار تحریک تیرہ سو برس کے بعد جس سچے اور اصلی مذہب کی طرف مسلمانوں کو پھر لے جانے کے لئے تیار ہوئی ہے وہ مذہب اور اسلام کے عملی اور با ہتھیار سپاہی بنتا ہے یہی سچا اور اصلی اسوۂ رسول ہے۔ اسی کے متعلق لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ قرآن میں لکھا ہے۔ اسی سپاہیانہ زندگی کو ہم خاکسار اسوۂ رسول سمجھتے ہیں۔ اور اسکے سوا ہم تمہارے بنائے ہوئے اسوۂ رسول کو چلنے نہیں دیں گے۔ یہ عجب مکاری ہے کہ تم کہتے ہو رسول خدا صلعم نے مسواک کی اس لئے مسلمانو! مسواک کیا کرو سرور کائنات تہمد پہنا کرتے تھے اس لئے مسلمان کا لباس تہمد ہونا چاہئے۔ ختم رسل ڈھیلے سے استنجا کیا کرتے تھے اس لئے پانی ہو ہوا کرے بھی ڈھیلے سے استنجا کرو کیونکہ مقصود ان کے بھیجنے سے ہونے

عمل اور ادنیٰ سے ادنیٰ حرکت کی تقلید ہے:

اگر رسول خدا نے بال یوں کٹوائے تو تم بھی ویسے ہی کٹوا کر پابند شریعت رہ سکتے ہو، اگر پاجامہ ٹخنوں سے ...... پہنتے تھے تو بعینہ اسی طرح اتنا ہی ...... وغیرہ وغیرہ یہ عجب مسخرہ پن ...... (الاصلاح مورخہ ۸۔ نومبر ۱۹۳۸ء)

اُف رے دلیری۔ باشجرات اور جسارت کہ افعال مستحسنہ کی کس قدر توہین کی جا رہی ہے۔ آسمان! تو گرتا کیوں نہیں۔ زمین! تو پھٹتی کیوں نہیں۔ خدائے قہار! تیرا غضب جوش مارتا کیوں نہیں

اچھا تیری مرضی ؎

راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تیری رضا ہے

ناظرین کرام! مشرقی صاحب کی تصنیفات کو غور سے دیکھا جائے تو تناقضات کثیرہ سے بھری پڑی ہیں مگر آپ کے ملال خاطر کے خوف سے ہم صرف دس نمبروں پر کفایت کرتے ہیں۔ **مشرقی صاحب!** ؎

نہیں معلوم تم کو ماجرائے دل کی کیفیت
سنائیں گے تمہیں ہم ایک دن یہ داستاں پھر بھی

(باقی)

قادیانی مشن

قادیانی مسیح - دجال اور ڈاکٹر بشارت احمد

مرزا صاحب قادیانی میں جہاں اور کمالات تھے یہ بھی ایک کمال تھا کہ وہ حدیثیں بھی وضع کر لیتے تھے جن کی مثالیں ہم پہلے کئی دفعہ پیش کر چکے ہیں۔ آج ایک اور واضح مثال پیش کرتے ہیں آپ کا بیان تھا کہ دجال سے مراد دغاباز قوم ہے جو کفر و کذب کی اشاعت کرتی ہے دجال سے مراد ایک شخص نہیں ہے بلکہ گمراہوں کی جماعت مراد ہے۔ آپ کے الفاظ اس بارے میں یہ ہیں :۔

"جیسا کہ ابو ہریرہ نے دجال کی صفت میں آنحضرت صلعم سے یہ حدیث لکھی ہے۔ یخرج فی آخر الزمان رجال یختلون الدنیا بالدین یلبسون للناس جلود الضان الخ آخری زمانہ میں ایک گروہ دجال نکلے گا وہ دنیا کے طالبوں کو دین کے ساتھ فریب دیں گے یعنی اپنے مذہب کی اشاعت میں بہت سا مال خرچ کریں گے بھیڑوں کا لباس پہن کر آئیں گے ان کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی ہوں گی اور دل بھیڑیوں کے ہوں گے الخ"

(تحفہ گولڑویہ طبع اول صفحہ ... کا حاشیہ)

اس بیان میں مرزا صاحب نے کمال کیا ہے کہ حدیثی الفاظ کو کمال جرأت سے تبدیل کر دیا ہے ...... (باقی ......)

ahmadimuslim.de

کی صحیح مطبوعہ کتب میں لفظ رجال (بار اسٹی) لکھا ہے مصری مطبوعہ کتب حدیث میں بھی لفظ دجال (دیٹرا) موجود ہے۔ ایسا ہی ہندوستان کی صحیح مطبوعہ کتب حدیث میں لکھا ہے۔

اس حدیث میں معصر الکمال مرزا صاحب نے یہ کیا ہے کہ دجال جو صیغہ مفرد ہے اس کے معنی گروہ کے کئے ہیں۔ خدا بھلا کرے ڈاکٹر بشارت احمد کا جو کبھی کبھی سچ کہہ دیا کرتے ہیں یا بتصرف قدرت ان کے قلم سے سچ نکل جاتا ہے۔ آپ نے حال ہی میں ایک مضمون پیغام صلح ۳۰ جولائی میں شائع کرایا ہے۔ اس کا ایک فقرہ قابل غور ہے۔ آپ نے اس امر پر بحث کی ہے کہ انبیاء کرام خصوصاً آنحضرت صلعم نے دجال سے اتنا کیوں ڈرایا ہے۔ فرماتے ہیں کہ:۔

دجال سے ڈرانے کی جو وجہ تھی وہ اس لفظ دجال کے اندر موجود ہے جو دجل سے مشتق ہے جس کے معنی دھوکہ کے ہیں۔ مبالغہ کا صیغہ ہونے کی وجہ سے دجال کے معنی یہ ہیں کہ وہ دھوکہ دینے میں ایسا کمال رکھتا ہو کہ بڑے بڑے اہل علم اور صاحبان بصیرت چکمہ کھا جائیں گے[1]

اہلحدیث | دجال کو مبالغہ کا صیغہ کہنا بالکل صحیح ہے اور یہ بھی صحیح ہے کہ چونکہ یہ صیغہ مبالغے کا ہے اسی لئے مفرد ہے جمع نہیں ہے جیسے آیہ کریمہ اِنِّی لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ میں غفار مبالغے کا صیغہ مفرد ہے جمع نہیں ہے۔ فعّال کا وزن جو مبالغہ کے لئے ہوتا ہے اس کی جمع واؤ نون کے ساتھ آتی ہے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ میرے بعد دجالون کذابون ہونگے۔ قرآن مجید سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:۔ اِنَّ فِیْهَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ اس آیت میں جبارین جبار کی جمع ہے جو مبالغے کا صیغہ ہے۔

زیادہ طول دینے کی ضرورت نہیں۔ ادنیٰ طالب علم بھی جانتے ہیں کہ دجال مبالغے کا صیغہ ہے جس کی جمع سالم دجالون (دجالوں) کے ساتھ آتی ہے اور جمع

[1] ہمارا بھی اس پر صاد ہے ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے اہل علم دجال کے چکمہ میں آ چکے ہیں (اہلحدیث)

کسر دجاجلہ آتی ہے۔

احمدی دوستو! | اب اس امر میں فیصلہ کرنا آپ کے اختیار میں ہے کہ اس مضمون میں مرزا صاحب

سچے ہیں یا ڈاکٹر بشارت احمد صاحب؟ ؎

نگاہ نکلی نہ دل کی چور زلف عنبریں نکلی
ادھر لا ہاتھ مٹھی کھول یہ چوری یہیں نکلی

خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم

(مرقومہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار امرتسری)

(قسط نمبر ۱۳)

یہ سلسلہ خلیفہ محمود احمد صاحب قادیانی کے جواب میں عرصہ سے شروع ہے۔ اس کی پہلی ۹ جون ۳۹ء کے پرچہ میں بارھویں قسط درج ہوئی ہے۔ آج تیرھویں قسط درج ہے

(مدیر)

بعثت انبیاء کی غرض وغایت حقوق اللہ وحقوق العباد کا اظہار ہے۔ ایسا کوئی نبی نہیں آیا جس نے کسی نہ کسی شرعی حکم کی تعلیم نہ دی ہو۔ مگر اب جبکہ قرآن مجید نے جملہ ضروریات شرعیہ کو پورا کر دیا کسی نبی کی ضرورت نہیں رہی۔ چنانچہ فرمایا الیوم اکملت لکم دینکم الآیہ۔ خلیفہ محمود صاحب لکھتے ہیں کہ

"آیت اکملت لکم سے صرف تشریعی انبیاء کا اختتام ہوسکتا ہے۔ غیر تشریعی انبیاء اب بھی آسکتے ہیں۔ (مفہوم)

جواباً عرض ہے کہ کسی آیت یا حدیث سے اپنے دعوے کا ثبوت دیجئے۔

خلیفہ صاحب کا بڑا سوال یہ ہے کہ

"نبوت ختم ہے تو کیا حکومت بھی ختم ہے وہ بھی تو نعمت ہے۔ (مفہوم)

الجواب۔ اس آیت میں اتمام نعمت سے مراد الٰہی ختم نبوت ہے۔ مرزا صاحب بھی ایسا ہی سمجھتے ہیں (تحفہ گولڑویہ ص ۴۳)

ایک اور طرح سے خلیفہ صاحب کا ارشاد ہے کہ

"اکملت لکم دینکم میں اشارہ تھا کہ امت محمدیہ میں ملوکیت اور نبوت دونوں ظلی ہوں گی۔

میری مراد یہ نہیں کہ ہر مسلمان بادشاہ ظلی ہے بلکہ میری مراد (موعودہ حکومت سے) اسلامی بادشاہ ہے۔ اسلامی بادشاہ چار ہی ہوئے ہیں۔ ابوبکرؓ۔ عمرؓ عثمانؓ۔ اور علیؓ۔ یہ ظلی بادشاہ تھے۔" (ریویو۔ اکتوبر ص ۳۴)

اسی بیان کی بنا پر اگر انعمت علیکم نعمتی سے مراد حکومت ونبوت دونوں ہی لے لیں تو کوئی مشکل باقی نہیں رہتی۔ یعنی نبوت تو آنحضرت پر ختم ہوگی اور حکومت موعودہ خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم پر۔ مرزا جی کے لئے کیا رہ گیا؟ (غلامی کا طوق)

آیت اکمال دین واتمام نعمت نے خلیفہ صاحب کو کچھ پریشان سا کر رکھا ہے وہ ایک طرف تو لکھتے ہیں کہ اس آیت میں جو اسلامی حکومت موعود ہے وہ خلفاء اربعہ پر ختم ہو چکی ہے۔ مگر دوسری طرف رقم فرما ہیں کہ اس آیت سے ثابت ہے کہ امت محمدیہ کو حکومت اور نبوت "حصہ وافر ملیگا۔" (ریویو اکتوبر ص ۳۶) ۔کہاں چار خلیفے اور کہاں حصہ وافر۔ "قدمعلوم ہمارے مخاطب کو کیا ہو گیا ہے۔

اسی طرح ایک جگہ لکھتے ہیں کہ :۔

"نعمت کے معنے قرآن نے صرف نبوت نہیں کئے۔ بلکہ حکومت اور نبوت ہی ہے" (ریویو اکتوبر ص ۳۶)

گویا ان دونوں میں حصر ہے۔ بخلاف اسکے دوسرے مقام پر گویا ہیں کہ

"نعمت کے معنے قرآن سے اول نبوت۔ دوم علم۔ سوم تکمیل شریعت ملتے ہیں۔" (مدمصنع)

آگے چلکر نعمت پر خود ہی سورہ نحل ع ۱۱ کی آیت واللہ جعل لکم مما خلق ظلالا وجعل لکم من الجبال اکنانا الآیہ جس میں پہاڑوں اور ان کی گھاٹیوں یہاں تک کہ گرم و سرد لباسوں کو بھی یتم نعمتہ علیکم قرار دیا گیا ہے۔

میں نہیں سمجھتا کہ خلیفہ صاحب کو اس قدر الجھنوں میں پڑنے کی ضرورت ہی کیا تھی؟ شاید اپنی قرآن دانی کا اظہار و اعلان مطلوب ہے۔

خلیفہ صاحب! آپ اجراء نبوت کے اثبات میں اپنی دماغی قوتوں کو ضائع نہ کریں۔ قرآن و حدیث کے علاوہ خود آپ کے والد صاحب نے قلعہ ختم نبوت کو ایسا سنگین بنا دیا ہے کہ انسانی حربوں سے اسے گرانا ناممکن ہے۔ مرزا صاحب لکھتے ہیں:-

"میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا قائل اور (محض سماعًا نہیں) بلکہ یقین کامل سے جانتا ہوں کہ اور اس بات پر محکم ایمان رکھتا ہوں کہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں اور آنجناب کے بعد اس امت کے لئے کوئی نبی نہیں آئیگا۔ ہاں محدث آئینگے۔"

(نشان آسمانی ص۲۸)

خلیفہ صاحب حدیث انی آخر الانبیاء و مسجدی آخر المساجد کا یہ مطلب بیان کرتے ہیں کہ

"محدثین اور شراح حدیث نے مسجدی آخر المساجد کی تشریح میں لکھا ہے کہ مراد اس سے یہ ہے کہ آنحضرت کی مسجد کے بعد جو مسجدیں بنیں گی وہ حضور کی مسجد کے تابع اور انکے نقش قدم پر بنیں گی۔ اس تشریح کو مدنظر رکھ کر (حدیث کے) پہلے فقرہ انی آخر الانبیاء کے معنی صاف ہیں کہ اب جو نبی ہوگا وہ آنحضرت کی اتباع میں ہوگا۔" (ریویو۔ اکتوبر ص۹)

معمار | کیا اچھا ہوتا کہ خلیفہ صاحب ان محدثین و شراح حدیث کا نام بھی مع حوالہ کتب بیان کرتے جنہوں نے تابع مسجدوں کا لکھا ہے تاکہ ہمیں کریدنے کا موقع نہ ملتا کہ مجھے اس مطلب میں معمار صاحب کے صادق نہ ہونے کا یقین ہے۔ پھر اگر کسی کے قول میں یہ ذکر مل بھی جائے تو یقینًا خطا ہے۔ خود معلم الکتاب والحکمۃ صلے اللہ علیہ وسلم نے دوسرے موقعہ پر اسکی تشریح بیان فرما دی ہے:-

"انا خاتم الانبیاء و مسجدی خاتم مساجد الانبیاء" (کنز)

میں انبیاء کا خاتم ہوں اور میری مسجد۔ مساجد انبیاء کی خاتم ہے۔

لیجئے جناب! آپ کا یہ آخری سہارا بھی ٹوٹ گیا۔

رہ رہا کہ خلیفہ صاحب ایک اور حیثیت سے کھڑے ہوئے کہ حدیث میں آیا ہے اوتیت جوامع الکلم۔ جس کے معنے یہ تو ہو نہیں سکتے کہ آنحضرت ہر قسم کے انسانی کلمات دیئے گئے۔ لازمًا "الکلم" کے الف لام کو عہد ذہنی مان کر خاص کلمات لئے جائینگے۔ اور یہی ہم کہتے ہیں کہ آیت خاتم النبیین میں "النبیین سے مراد یہ ہے کہ جس قسم کے نبی آنحضرت سے پہلے آیا کرتے تھے اس قسم کے اب نہیں آئینگے یہ مراد نہیں کہ ہر قسم کی نبوت بند ہے۔"

(ریویو اکتوبر ۳۸ء ص۱۰)

معمار | میں چاہتا ہوں کہ تحقیقی جواب سے پہلے ایک الزامی جواب دے لوں۔ سب سے پہلے ہم خلیفہ صاحب سے یہ دریافت کرتے ہیں کہ آپ کے مذہب میں نبیوں کی کل کتنی قسمیں ہیں جن میں مرزا صاحب بھی داخل ہوں۔

محمود | "میں نبیوں کی تین اقسام مانتا ہوں۔ ایک جو شریعت لانے والے ہیں۔ دوسرے جو شریعت تو نہیں لاتے لیکن ان کو بلا واسطہ نبوت ملتی ہے ایک وہ جو نہ شریعت لاتے ہیں اور نہ انکو بلا واسطہ نبوت ملتی ہے۔ وہ پہلے نبی کی اتباع سے نبی ہوتے ہیں۔" (القول الفصل ص۱۲)

معمار | پہلے نبی کس قسم کے تھے؟

محمود | "جب ہم انبیاء کے حالات کو دیکھتے ہیں تو وہ مختلف اقسام کے پائے جاتے ہیں بعض ایسے ہیں جو شریعت لائے۔ بعض ایسے ہیں جو شریعت نہیں لائے۔" (حقیقت النبوت ص۱۴۸)

معمار | مرزا محمود احمد صاحب کی تحریر سے معلوم ہوا کہ پہلے نبی دو قسم کے تھے (۱) تشریعی۔ (۲) غیر تشریعی۔ اب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی تحریرات کو دیکھتے ہیں تو ان سے یہ مزید انکشاف ہوتا ہے کہ انبیاء گذشتہ میں ایسے بھی ہزاروں نبی تھے جو حضرت موسیٰ کی اتباع سے نبی بنے۔ چنانچہ لکھا ہے:-

"حضرت موسیٰ کی اتباع سے ان کی امت میں ہزاروں نبی ہوئے۔" (اخبار الحکم ۲ نومبر ۱۹۰۲ء ص کالم ۳)

معمار | بیانات بالا سے عیاں ہے کہ نبیوں کی کل تین قسمیں ہیں اور گذشتہ نبی انہی تین اقسام پر مشتمل تھے۔

ادھر میاں محمود احمد صاحب لکھتے ہیں کہ آیت خاتم النبیین نے نبوت کی تمام وہ اقسام منقطع قرار دی ہیں جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے قبل رائج تھیں۔

نتیجہ ظاہر ہے۔ مرزا غلام احمد صاحب متبع نبی ہونے کے دعوے میں قطعًا کاذب تھے۔ کیونکہ متبع نبی پہلے بھی گذرے ہیں۔ اور آیت خاتم النبیین گذشتہ اقسام نبوت کے بند ہونے پر نص ہے؎

لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

مرزائیو! یہ ہے قانون قدرت کا کاذب پاش نظارہ۔

تحقیقی جواب | مرزا محمود احمد نے لکھا ہے کہ حدیث اوتیت جوامع الکلم میں الف لام عہدی ہے۔ خاتم النبیین کے الف لام کا بھی یہی حال ہے۔ اس کا تحقیقی جواب یہ ہے

انبیاء کی بعثت کا مقصد جیسا اوپر لکھا ہے۔ تبلیغ احکام الٰہی ہے۔ اس لئے ان کا فرمان اوتیت جوامع الکلم ان کے عہدہ کے حسب حال کلمات وحی نبوت دیئے جانے کے معنوں میں لیا جائیگا۔ اس کے خلاف کوئی اور معنے لینے والا عند المرزا ہی نہیں بلکہ اہل دیانت کے نزدیک غلط کار ہوتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ آیت خاتم النبیین کا الف لام بھی اپنے اصطلاحی معنوں میں استغراقی ہے اور اوتیت جوامع الکلم کا بھی استغراقی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح جملہ انبیاء کے خاتم ہیں اسی طرح آپ جملہ کلمات نبوت کے بھی جامع ہیں۔ [illegible]

(باقی دارد)

بد نیوی مثل

امیر ملت علی پوری ایک شادی میں

(از مولوی عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

پیر اور مرید کا تعلق ایسا ہے جیسے ایک گم راہ اور رہنما کا۔ راستہ بھولا ہوا بھول جاتا ہے تو راہ نما اسے راستہ سمجھا دیتا ہے۔

خدا کی شان آج کل کے پیر غلط رو مرید کو خود ہاتھ سے پکڑ کر ایسے گڑھے میں پھینکتے ہیں کہ وہ بے چارا پھر کبھی ابھرنے نہیں پاتا کیونکہ اسے خیال ہوتا ہے کہ میرے پیر صاحب میرا ہاتھ پکڑے ہوئے ہیں اور صحیح راہ پر لے جا رہے ہیں۔ اگر وہ بے چارا کبھی کسی کے سمجھانے سے چونک بھی پڑے تو پیر صاحب فوراً اسے حافظ شیراز کا شعر سنا دیتے ہیں ؎

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

پیر جماعت علی شاہ صاحب پنجاب کے ان پیروں سے ہیں جن کو یہ دعویٰ ہے کہ وہ دنیائے اسلام کے مذہبی رہنما ہی نہیں بلکہ سیاسی رہنما بھی ہیں۔ اسی لئے وہ اپنے لئے امیر ملت کا لقب پسند کرتے ہیں۔ اور باوجود عمارت معدوم ہو جانے کے اب تک وہ اسی لقب سے پکارے جاتے ہیں۔ آپ ایک مرید کے لڑکے کی شادی پر تشریف لے گئے۔ وہاں جو کچھ ہوا اور جس قدر پیر صاحب نے مرید کی رہنمائی کی، وہ ہمارے دوست حکیم عبدالرحمن صاحب خلیق نظام آبادی لکھتے ہیں، اور وہ اپنا چشم دید واقعہ بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ ان کا مکتوب درج ذیل ہے:-

گزشتہ ماہ نومبر میں سیالکوٹ کے ایک خاص آدمی کنٹریکٹر کے فرزند کی بڑی دھوم دھام سے شادی تھی۔ جس میں پیر جماعت علی شاہ صاحب علی پوری سابق امیر ملت نے دولہا میاں کے سر پر اپنے ہاتھ سے سہرا باندھا اور ایک سو روپیہ بطور [illegible] [illegible] صاحب موصوف کو ایک جزو دو پینتہ پیش کیا گیا۔ آج تک تو ہم سنتے آئے ہیں کہ سہرا وغیرہ نکاح کے موقع پر باندھنا خلاف سنت، بدعت اور رسم ہنود ہے۔ تمام علماء اور صلحاء اس سے روکتے رہے۔ لیکن ہماری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب ہم نے پیر صاحب کو اپنے ہاتھ سے دولہا کے سر پر خلاف شریعت سہرا باندھتے دیکھا۔ امیر ملت صاحب قبلہ سے اور آپ کے صاحبزادہ صاحب سید محمد حسین صاحب سے استفسار کرتا ہوں کہ وہ اس فعل کے جواز میں کوئی شرعی دلیل پیش کر کے عوام الناس کو مطمئن فرمائیں ورنہ ہم حافظ مرحوم کا یہ شعر علانیہ کہنے پر مجبور ہونگے کہ ؎

واعظاں کیں جلوہ بر محراب و منبر مے کنند
چو بخلوت مے روند آں کار دیگر مے کنند

(نیاز مند۔ خلیق نظام آبادی)

ثانی: ہم بھی پیر صاحب سے پُر زور سفارش کرتے ہیں کہ وہ نظام آبادی صاحب کی حیرانی کو ضرور رفع کریں اور ان کے استفسار کا جواب خود تحریر فرما دیں یا کسی مرید سے لکھا دیں۔ ورنہ ہمیں اور تمام پبلک کو وہ رائے قائم کرنے کا حق ہوگا جو شروع مضمون میں ہم لکھ آئے ہیں۔ اور ہم صاف کہیں گے کہ وہ پیر پیر نہیں جو اپنے مرید کو خود اپنے ہاتھ سے ڈبوئے۔ اور اسی وقت ہم حافظ پیر جماعت علی شاہ صاحب کو مشورہ دیں گے ؎

حافظا مے خور و رندی کن و خوش باش ولے
دام تزویر مکن چوں دگراں قرآں را

پیر جماعت علی شاہ کی امارت کی حقیقت اور [illegible] رسالہ [illegible] [illegible] ڈاک بھیج کر [illegible] [illegible] مفت طلب کیجیے

بے ادب کون ہے؟

(از مستری عبدالعزیز صاحب [illegible] [illegible] سیالکوٹ)

جناب اس کے سمجھانے والے مولوی محمد [illegible] کے خلاف بشیر میاں ہیں جو جیتے جی راگنی گایا کرتے تھیں کہ انہوں نے ایک حدیث گھڑ لی، جیتے ہیں، بزرگوں کی بے ادبی کرتے ہیں۔

یہ بات صحیح ہے کہ جو شخص کسی پر غلط الزام لگاتا ہے اگر وہی عیب الزام لگانے والا ہے بلکہ وہ ایسی امر میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ جن کا الزام ایک ناکردہ گناہ کو لگاتا ہے بشیر میاں بیداگنی گاتے گاتے خود بھی گستاخی کے پاس ہیں ظاہر ہیں ہوئے۔ چنانچہ اس مضمون کی ہم چند مثالیں پیش کرتے ہیں۔

جرأت علی اللہ اخبار الفقیہ میں آپ لکھتے ہیں اور کہاوت بھی خوب بناتے ہیں:-

مسجد میں ایک شخص یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پڑھ رہا تھا۔ ایک وہابی طیش میں آ گیا اور ایک چیونٹی کو پکڑ کر اس کی ٹانگ توڑ دی اور شیئاً للہ پڑھنے والے کو کہا کہ اپنے پیر صاحب سے کہو کہ اس کی ٹانگ لگا دے۔ سنی (بریلوی) نے چیونٹی کی گردن مروڑ دی اور کہا کہ تم اپنے خدا سے کہو کہ اس کی جان واپس دے، پھر ہم اپنے غوث سے اس کی ٹانگیں جوڑ دیتے ہیں۔

سبحان اللہ! كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِنْ يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا۔ اس تعلیم سے ہم بہت ہی خوش ہیں۔ تمہارے پیر صاحب ہیں اور ہمارے لئے خدا جس طرح جنگ بدر میں ابوجہل نے بھی الاعلان کہا تھا۔ العزی لنا ولا عزی لکم۔ عزی دیوی ہماری ہے ابوجہل وغیرہ کی ہے تمہاری (اہل اسلام کی) نہیں۔ اس کے جواب میں محمدی اعلان ہوا تھا۔ اللہ مولانا ولا مولیٰ لکم۔ اللہ ہمارا مولیٰ ہے تمہارا نہیں ہے۔ سننے جناب! اللہ تعالیٰ کے متعلق سمجھانا اور کہنا بلکہ قریب قریب شادی دنیا کا اتفاقی ہے کہ وہ [illegible]

ahmadimuslim.de

زندہ، بیمار کو تندرست، اندھے بہرے کو صحیح کر سکتا ہے۔ یہ مسئلہ ہے جس کا جس میں ہم سے اختلاف ہے بہت بڑا مسئلہ نزاعی ہے۔ ہاں اگر آپ ہمیں اس سے انکار کریں تو ہم اس کو ان اللہ علی کل شئی قدیر نہیں سمجھتے۔ اگر وہ اس کا بھی منکر ہو تو پھر اس کو بھی یہی بتلانے کی ضرور تجویز کریں گے۔ خدا کے متعلق تو بجز خود فریبی کے بیٹھے ہیں وہابی لاہل حدیث کو شک ہی نہیں اور نہ اس میں نزاع ہے۔ ہاں پیر صاحب کا بھی زندہ کرنے والا ہونا باپ انجیل سے اسکے اس وہابی نے پیر جی کی ٹانگ توڑ کر جوڑنے کا مطالبہ کیا۔ اب بشیر میاں یہ بتائیں کہ وہ شخص جس نے اللہ تعالیٰ کی قدرت کا تمسخر اڑایا وہ مسلمان رہا یا کچھ اور ہوا اس کی خلافت کرنے والے خواہ آنجناب ہی ہوں کون ہیں؟ اب فیصلہ کیجئے۔ بشیر میاں خدا کے بے ادب ہیں یا نہیں؟

اور سنئے! یہی بشیر میاں ۲۱- نومبر ۱۹۳۱ء کے الفقیہ میں لکھتے ہیں کہ ایک جنگل میں قافلہ پر ڈاکوؤں نے حملہ کیا۔ سب نے یا اللہ یا اللہ کہہ کر پکارا مگر ایک مرید نے پیر کو پکارا وہ بچ گیا باقی خدا کو پکارنے والے لٹ گئے۔ استغفر اللہ! معاذ اللہ!

صدق اللہ تعالیٰ۔ ما قدروا اللہ حق قدرہ۔
ان لوگوں نے خدا کی قدر نہیں کی۔

بشیر میاں گستاخ رسول بھی ہیں | یہی بشیر میاں لکھتے ہیں۔ سلطان محمود غزنوی مات کو گشت لگانے نکلتے تو ڈاکوؤں سے ملے۔ پوچھنے پر سلطان نے کہا میں بھی چور ہوں! یہ مثال دیکر لکھا ہے کہ جس طرح محمود چور نہ تھا اور اس نے اپنے آپ کو چور کہا تھا اسی طرح سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم بشر نہ تھے اگرچہ آپ اپنے آپ کو بشر کہتے تھے۔

پھر یہی حضور حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت گستاخی کا الزام لگاتے ہیں جنہوں نے ایسی کوئی مثال دے کر آنحضرت سے تشبیہ نہیں دی۔ اور یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ... بتاتے ہیں اور محمود کی صفت ...

یا نہیں۔ اور رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسا کہنے والا کون ہے۔ سچ ہے ؎

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

بیت اللہ کی توہین | ایک دفعہ بشیر صاحب نے وعظ کرتے ہوئے کہا۔ شہباز بیگ کی گلی کا کتا مجھ کو دیکھا تو کتے کا طواف کرنے لگا جس طرح حاجی بیت اللہ کا طواف کرتے ہیں۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

ناظرین با انصاف غور کریں کہ جناب بیت اللہ کی تشبیہ کس سے دی ہے۔

بشیر میاں کی شماتت | ہمارے بشیر صاحب حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب سردار اہل حدیث کے حق میں بہت بڑے بدگو ہیں۔ ان کی بدگوئی ایک معاند اخبار کی آڈیٹر کیا کرتے ہیں۔ اخبار مذکور کے الفاظ نقل کر کے تمسخر اڑایا کرتے ہیں۔ ہم بشیر میاں کو اطلاع دیتے ہیں کہ وہ اگر اعداء کی روش یا تحریرات سے استدلال کریں گے تو پھر ہم بھی کھول کر آپ کے بزرگان دین، مرشدوں کے حق میں لکھیں گے ہی کہانی سنائیں گے تو پھر برا نہ منانا۔

نمونہ | ایک جگہ مولوی محمد شریف صاحب (بشیر میاں کے ابا) کو انہیں کے ایک ہم مشرب (حنفی بریلوی) نے بزعم خود ایک اخلاقی جرم پر معتبر سنا کے موصوف کو اچار رجسٹری کی پناہ لینی پڑی تھی۔ بشیر میاں کے جاہل مقلدین اور چیلے سمجھائیں کہ وہ بزرگوں کے حق میں گستاخی چھوڑ دے۔ ورنہ ہم حقیقت کے انکشاف پر آئے تو اچھا نہ ہوگا۔

آخر ۶

ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں

اثبات التوحید۔ قاضی فضل احمد لدھیانوی کی کتاب "انوار آفتاب صداقت" کا مدلل جواب۔ بریلویت کی تردید میں لاجواب ہے۔ قیمت ۴ر (منیجر اہلحدیث امرتسر)

صفحہ تاریخ

علم حدیث کے متعلق چند مفید مسائل

(بقلم مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فرید کوٹی از چنیوٹ)

امام ابن الجوزی رحمہ نے فن تاریخ و سیر میں ایک مختصر مگر نہایت جامع کتاب تالیف کی ہے جس کا ہر اہل علم کے پاس ہونا نہایت ضروری ہے۔ اس مختصر سے رسالے میں امام موصوف رحمۃ اللہ علیہ نے بہت سے تاریخی مسائل کو حل کیا ہے۔ نمونہ کے طور پر اس کتاب کے بعض اقتباسات کا ترجمہ ذیل میں قارئین کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔

سوال | تم ان چار شخصوں کو جانتے ہو جو ایک ہی خاندان میں سے اور جنہوں نے آنحضرت صلعم کو بحالت ایمان دیکھا ہے۔

جواب | وہ ابو قحافہ اور ان کے بیٹے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور ابو بکر کے بیٹے حضرت عبد الرحمن بن ابی بکر اور عبد الرحمن کے بیٹے حضرت محمد۔ ان چاروں کے سوا اور کوئی ایسا خاندان نہیں جن کو یہ شرف حاصل ہوا ہو۔

(۲) **سوال** | تم ایسی صحابیہ عورت کو جانتے ہو جس کے سات مسلمان بچے جنگ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

جواب | وہ ایک بی بی عفراء بنت عبید بن ثعلبہ تھیں جن کے پہلے حارث بن رفاعہ کے نکاح سے معاذ اور معوذ پیدا ہوئے۔ حارث نے طلاق دے دی تو پھر بکیر بن یالیل سے نکاح کیا۔ وہاں ایاس، عاقل، خالد اور عامر پیدا ہوئے۔ پھر حارث نے ... کے ساتھ نکاح کیا ... یہ ساتوں بیٹے بدر کے ... اسلامی ... تھے۔

شریک ہوئے۔

معاذؓ۔ معوذؓ اور عاقلؓ بدر میں شہید ہوئے۔ خالدؓ یوم الرجیع میں عامرؓ یوم بئر معونہ میں۔ اور ایاسؓ یوم الیمامہ میں شہید ہوئے اور صرف عونؓ کا سلسلہ نسل قائم رہا۔ رضی اللہ عنہم اجمعین ص۳۷۵

سوال ۱۳ | تم ایسی نیک بی بی کو جانتے ہو جس کے چار بھائی اور دو چچا (دو بھائی ایک چچا اہل اسلام کی طرف سے اور دو بھائی ایک چچا کفار کی طرف سے) جنگ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

جواب | یہ نیک بی بی اہان بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس تھی۔ دو مسلمان بھائی ابو حذیفہ بن عتبہ اور مصعب بن عمیر اور ایک مسلم چچا معمر بن حارث تھے اور دو مشرک بھائی۔ ولید بن عتبہ اور ابو عزیز اور مشرک چچا شیبہ بن ربیعہ تھے۔

سوال ۱۴ | تم ایسی نیک بی بی کو جانتے ہو جس کے گیارہ محرم یکے بعد دیگرے خلیفۃ المسلمین بنتے رہے

جواب | یہ فاطمہ بنت عبد الملک بن مروان ہے اس کا باپ عبد الملک خلیفہ۔ اس کا دادا مروان خلیفہ۔ اس کے بھائی ولید۔ سلیمان۔ یزید۔ اور ہشام یکے بعد دیگرے خلیفہ ہوئے۔ پھر اس کا بھتیجا ابراہیم بن ولید۔ پھر یزید بن معاویۃ بن ابی سفیان خلیفہ پھر معاویہ بن ابو سفیان خلیفہ۔ پھر اس کا ماموں معویۃ بن یزید بن معاویہ خلیفہ پھر اس کا خاوند عمر بن عبد العزیز خلیفہ مقرر ہوئے۔

سوال ۱۵ | تم ایسے صحابی کو جانتے ہو جو پانچ اعلیٰ ترین ہستیوں کی طرف سے عامل رہے؟

جواب | وہ ابو موسیٰ اشعریؓ ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے عامل رہے۔ پھر ابو بکر صدیقؓ کی طرف سے پھر حضرت عمر فاروقؓ کی طرف سے۔ پھر حضرت عثمانؓ ذی النورین کی طرف سے اور پھر حضرت علیؓ کی طرف سے عامل (گورنر) رہے۔

سوال ۱۶ | تم ایسے چار شخصوں کو جانتے ہو جو ایک پشت میں تھے اور جن کی عمریں مساوی تھیں۔

جواب | حسانؓ بن ثابت بن منذر بن حرام شاعر دربار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ان کی اپنی عمر باپ دادا اور پڑدادا ہر ایک کی عمر ایک سو بیس سال کی تھی۔ ان کے سوا تمام عرب میں کسی اور خاندان کو یہ رتبہ حاصل نہ تھا۔ (ص۳۷۶)

سوال ۱۷ | تم ایسے صحابی کو جانتے ہو جو اپنے بیٹے سے بارہ سال بڑے تھے؟

جواب | وہ عمرو بن عاص ہیں۔ ان کی جب بارہ سال کی عمر تھی تو ان کے ہاں عبد اللہ تولد ہوئے۔ رضی اللہ عنہم۔ (ص۳۷۶)

سوال ۱۸ | تم محدثین میں سے کسی ایسے شخص کو جانتے ہو جس کے آباؤ اجداد کے نام جیسا کسی کا نام نہ تھا؟

جواب | وہ مسدد ہیں۔ جن کا نسب نامہ یہ ہے۔ مسدد بن مسرھد بن مسربل بن مغربل بن مرغبل۔ بن ارندل بن سرندل بن غرندل بن ماشک بن مستورد الاسدی ہے۔

سوال ۱۹ | تم جانتے ہو سب سے پہلا کون شخص ہے جو جنت البقیع میں مدفون ہوا؟

جواب | وہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ہیں

سوال ۲۰ | تم جانتے ہو کہ سب سے پہلا شہید اسلام میں کون ہے؟

جواب | وہ حضرت سمیہؓ (ایک صحابی عورت) حضرت عمارؓ کی والدہ ہیں۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

ہماری بہنیں اس واقعہ سے مسرت حاصل کریں کہ اسلام میں شہادت کا اولین درجہ سب سے پہلے ایک عورت کو نصیب ہوا ہے۔ اور آج ہماری بہنیں دین کے آسان مسائل پر عمل تک نہیں کرسکتیں۔

(تلک عشرۃ کاملۃ)

(ابو سعید عبد الرحمٰن فرید کوٹی از چنیوٹ)

کفار کی نوکری

(۲)

(مرقومہ مولوی محمد داؤد صاحب وکیل قصور نبیرہ مولانا غلام علی صاحب مرحوم)

گذشتہ پرچہ میں مضمون ہذا کی قسط اول شائع ہو چکی ہے۔ جس میں مجمل طور پر کفار کی نوکری کا جواز ثابت کیا گیا ہے۔ مفصل جواب آج درج ذیل ہے۔ (مدیر)

تعامل بالکفار و اہل الکتاب اسی حالت میں جائز ہوگا اگر ان کا سلوک مسلمانوں کے ساتھ مستحسن ہو۔ لیکن مخالفین اسلام مشرک یا اہل کتاب کا سلوک اچھا نہیں بلکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ برسر جنگ و پیکار ہیں یا تخریب مذہب اسلام کے درپے رہتے ہیں مسلمانوں کی تذلیل و توہین کرنا ان کا شعار ہو یا کلمۃ اللہ کو مٹا دینے میں ساعی ہوں، مراسم اسلامی اور شعائر مذہبی کو نیست و نابود کر دینا اپنا مقصود بنا لیا ہو تو ایسے حالات میں ان کے ساتھ کسی قسم کے مراسم و روابط قائم کرنا یا تعامل و موالات اختیار کرنا ہرگز ہرگز جائز نہیں ہوگا بلکہ ایسی جماعتوں کے ساتھ اپنے تعلقات منقطع کر لینے چاہئیں اور اگر مسلمان ان کی ملازمت اختیار کرینگے یا خرید و فروخت کا سلسلہ جاری رکھیں گے یا قائم کریں گے تو اسلام کی نظروں میں ایسے مسلمانوں کو کفار کا معین سمجھا جائیگا اور ان کا یہ فعل ان کو کفر کی حد تک پہنچا دیگا۔ (نعوذ باللہ منہا) چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَ النَّصٰرٰۤى اَوْلِیَآءَ

تیسری جگہ ارشاد ہے:۔

لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ

ان کے علاوہ اور بھی کئی آیات قرآنی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو متحارب جماعتوں کے ساتھ کسی قسم

(۴۳۹)

موالات نہیں رکھنی چاہئے۔ لیکن جن جماعتوں کے ساتھ معاہدہ ہوچکا ہو اور فی ما بین مصالحت ہوگئی ہو اور مسلمانوں پر انہیں غلبہ و تسلط کامل حاصل ہوجانے کے باوجود انہیں ان کے اپنے مذہبی شعائر اور احکام اسلامی مثلاً نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ ادا کرنے یا بجا لانے میں کسی قسم کی رکاوٹ موجود نہیں۔ احکام اسلامی کی نشر و اشاعت اور تبلیغ مذہبی کیلئے انہیں ہر قسم کی سہولت اور آزادی میسر ہے، اور انکے عہد حکومت میں مسلمانوں کو اپنے معتقدات کے اظہار میں کمل اختیار حاصل ہو اور کسی قسم کا خوف و خطر موجود نہ ہو۔ وہ اپنے خیالات و افکار کے انتشار میں آزاد ہوں۔ جیسا کہ فی زمانہ حکومت انگلشیہ کا سلوک اور طریق عمل اور آئین حکومت ہمارے سامنے ہے گو یہ حکومت اسلامی احکام کی پیرو نہیں لیکن باانیہمہ اس کے ساتھ تعامل و تعاون جائز ہے۔ اسی اصول کے ماتحت اہل سنت کے ماسوا دیگر تمام جماعتوں کے ساتھ بھی تعامل ہوسکتا ہے۔ اور اسلام کے نزدیک ان کی ملازمت اختیار کرنا معیوب و ممنوع نہیں۔

لیکن اگر ان مخالف جماعتوں کے ساتھ تعامل یا موالات اس طرح ہو کہ ان کے مذہبی معتقدات اور مراسم کی نشر و اشاعت کے لئے موجب امداد ہو تو اسلام کے نزدیک ایسا تعامل مسلمانوں کیلئے ممنوع ہو جائیگا جیسے ہندوؤں یا مشرکوں کے لئے زنار فروشی یا مجوسیوں کی ملازمت برائے آتش افروزی یا مثلاً ان کے تہواروں میں ہدایا و تحائف کی ترسیل یا انکی ایسی تقریبوں میں شرکت کرنا یا نشست و برخاست کرنا۔ اسی طرح شیعوں کی مجالس سب و تبرا میں شمولیت کرنا، ان کے پاس آنا جانا، عزاداری کرنا یا تعزیوں کے اہتمام میں کسی قسم کا حصہ لینا یا جہلاء میں مروجہ رسومات قبیحہ بدعیہ میں شامل ہونا وغیرہ وغیرہ

خداوند تعالیٰ فرماتا ہے:-

وَاِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰی یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖ ۭ وَاِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰی [illegible]

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ۔

نیز فرمایا عز و علی وَقَدْ نَزَّلَ عَلَیْكُمْ فِی الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ یُكْفَرُ بِهَا وَیُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰی یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖٓ ڮ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْكٰفِرِیْنَ فِیْ جَهَنَّمَ جَمِیْعَا۔

(ترجمہ) جب کفار اور مشرکین آیات الٰہی کی توہین میں مصروف ہوں تو ان کی مجلس میں مت بیٹھو اور اگر بیٹھوگے تو تم بھی انہیں میں سے شمار کئے جاؤگے

جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سود خوار۔ سود دینے والا۔ سود نویس اور سود کے گواہان پر لعنت بھیجی ہے۔ (رواہ مسلم)

انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ نے شراب کے تعلق میں دس لوگوں پر لعنت بھیجی ہے۔ یعنی شراب کشید کرنے والا۔ کشید کرانے والا۔ پینے والا۔ اٹھانے والا جس کے لئے اٹھائی گئی ہو۔ ساقی۔ فروشندہ۔ منافع لینے والا۔ جس کے لئے فروخت کی گئی ہو۔

(رواہ الترمذی و ابن ماجہ)

ابن عباسؓ، ابن مسعودؓ اور ابن عمرؓ نے بھی نبی کریمؐ سے اسی مضمون کی ایک حدیث بیان کی ہے اور دارمیؒ نے جابرؓ سے ایک روایت کی ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا اللہ و رسول پر ایمان رکھنے والا کبھی ایسے دستر خوان پر بیٹھنا پسند نہیں کرتا جہاں شراب کا دور جاری ہو۔

ان احادیث اور آیات سے واضح ہو گیا کہ محرمات شرعی کے استعمال سے ہی منع نہیں فرمایا گیا بلکہ انکی امداد و اعانت کرنے یا ان سے متعلق کسی قسم کا حصہ لینے سے بھی منع کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ان احادیث و آیات سے یہ بھی مستخرج ہوتا ہے کہ کفار کے مندروں یہودیوں کے کنیساؤں، نصرانیوں کے گرجا گھروں یا تیرتھوں پر گنبدوں کی تعمیر کے لئے ملازمت اختیار کرنی یا مزدوری حاصل کرنی یا شراب خانوں کی دربانی یا احکام قرآنی کے برخلاف کسی فیصلہ کے اجراء کیلئے کوئی کام کرنا یا [illegible]

فیصلہ دینا یا مشرکین کی مذہبی کتابوں کو اشاعت دینے اور مروج کرنے کے لئے فروخت کرنا ممنوع ہے مختصراً بطور قاعدہ کلیہ یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ان تمام معاملات سے احتراز و اجتناب لازمی ہے۔ جن کے ذریعہ صراحتہً اور بلا واسطہ محرمات و ممنوعات شرعیہ اسلامیہ یا امورات مشرکیہ و بدعیہ کو تقویت یا اعانت پہنچتی ہو۔ یا اشاعت و ترویج ہوتی ہو۔ لیکن اگر صراحتہً اور بلا واسطہ امداد و اعانت کے امکانات موجود نہ ہوں تو مسلمان تعامل مع الکفار کرسکتا ہے۔ ان کی ملازمت کرے خواہ مزدوری پر ان کا کوئی کام کرے۔ مثلاً شیرہ انگور کو ایسے شخص کے پاس فروخت کرنا جو شرابی نہیں ہے یا لونڈی اور بے ریش و موش لونڈے کو ایسے شخص کے پاس فروخت کرنا یا ہبا کرنا جس کی نسبت یہ گمان نہ ہوسکے کہ وہ آئندہ کسی وقت ان کو زناکاری یا افعال قبیحہ کے لئے استعمال میں لائیگا لیکن یہ ہی کام ناجائز ہونگے اگر ابتداءً ہی ایسے امکانات موجود ہوں۔ (باقی آئندہ)

مسئلہ نوم اور وضو

(از قلم مولوی عبدالرؤف صاحب جھنڈے نگری)

حدیث شریف کے روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گہری اور مستغرق نیند کے سوا ہلکی اور معمولی نیند کی کسی حالت میں بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔ ترمذی شریف میں عبداللہ بن مبارک کا فتویٰ ان الفاظ سے معلوم کیجئے:- سألت ابن المبارک عمن نام قاعدًا معتمدًا فقال لا وضوء علیه (ترمذی مع احوذی) مطلب یہ ہے کہ بیٹھ کر تکیہ لگاتے ہوئے سوجانے والے کا وضو نہیں ٹوٹتا۔

علامہ نواوی شارح مسلم نے تکیہ لگا کر سونے اور وضو نہ ٹوٹنے کے سلسلہ میں اتنا اور بھی لکھا ہے سواءٌ کانت ویبدو فیع الحائط [illegible] ویسے [illegible]

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات۔ (۴۰) (از ملک امام خان نوشہروی۔ [illegible])

روائت نہیں کی ہے۔ البتہ دو ایک اثر لائے ہیں۔ جس کا مضمون یہ ہے کہ بیٹھ کر سونے والے کا وضو نہیں ٹوٹتا۔ چنانچہ عبداللہ بن عمرؓ کے متعلق یہ اثر ہے کہ کان ینام جالسا ثم یصلی و لا یتوضا۔
یعنی حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیٹھ کر سوتے تھے اور پھر بلا وضو کے نماز پڑھتے۔

اس روائت کے ماتحت علامہ زرقانی نے لکھا ہے:- لان النوم (جالسا) لیس بحدث وقد کان نومہ خفیفا۔ اس عبارت سے کچھ اوپر علامہ نے لکھا ہے لان النوم اذا ثقل کان من باب الحدث۔ مطلب یہ ہے کہ ہلکی نیند مرے سے حدث (ناقض وضو) ہی نہیں صرف بھاری اور ثقیل نیند ناقض وضو ہے۔ (ملاحظہ ہو زرقانی جلد اول ص۴۹ مصری)۔ کشف الغمہ میں فصل فی النوم والاغما کے ماتحت علامہ شعرانی رح چند اثر لائے ہیں۔ جن کا مضمون یہ ہے کہ بیٹھے ہوئے سونے کے علاوہ قیام اور رکوع اور سجدہ کی حالتوں میں بھی سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ ملاحظہ ہوں حضرت انسؓ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے آثار۔ بحوالہ کشف الغمہ جز اول ص۴۲ مصری)۔ امام ترمذی نے بھی جمہور علماء کا یہی مذہب بتلایا ہے۔ ملاحظہ ہو احوذی ص۸۔

شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابوحنیفہ رح کا بھی یہی مذہب لکھا ہے۔ وقال ابو حنیفۃ لو نام قاعدا او قائما او ساجدا لا وضوء علیہ (ملاحظہ ہو مسوی جلد اول ص۳۲)

امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی مسلک کو ترجیح دی ہے۔ (نیل الاوطار جلد اول مصری)۔

بعض احادیث سے تو پہلو کے بل بھی لیٹ جانے سے وضو نہ ٹوٹنے کا مسئلہ معلوم ہوتا ہے۔ علامہ امیر یمنی نے سبل السلام میں ان احادیث کو نقل کیا ہے جن کا مضمون یہ ہے کہ صحابہ کرام عشاء کے انتظار میں بسا اوقات پہلو کے بل بھی لیٹ جاتے اور ایسا ہوتا کہ نیند میں ان سے خراٹوں کی آواز نکلتی۔ پھر جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو پھر بلا وضو کئے ہی

نماز میں شریک ہوتے (ملاحظہ ہو سبل السلام مصری جلد اول ص۴۳) اسی طرح بلوغ المرام کی شرح فتح العلام میں بھی مذکورہ بالا مضمون کی روائتوں کو مع سند اکٹھا کیا گیا ہے۔ (دیکھو فتح العلام جز اول مصری ص۳۹)

حافظ ابن حجرؒ نے بھی عشاء کے انتظار میں صحابہ کرام کے سو جانے والے واقعہ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ یہ صرف بیٹھے ہوئے سو جانے کا واقعہ نہیں ہے بلکہ سند صحیح کے ساتھ ان صحابہ کا پہلو کے بل سو جانا اور پھر بلا تجدید وضو کے نماز ادا کرنا ثابت ہے۔ چنانچہ حافظ کے کلمات یہ ہیں:- فی مسند البزار بسند صحیح فی ھذا الحدیث فیضعون جنوبھم فمنھم من ینام ثم یقومون للصلوۃ الخ (ملاحظہ ہو فتح الباری پارہ اول ص۱۵۹)

روایات کے اصل الفاظ "یخفقون" اور "یوقظون" وغیرہ کو پیش نظر رکھ کر یہ عذر باطل اور لغو ہے کہ صحابہ کرام سوتے ہوئے دل سے نہیں غافل ہوتے تھے بلکہ صرف ان کی نگاہیں یا سر جھپک جاتے تھے۔ کیونکہ روایات میں "نوم" اور "غط" وغیرہ کے الفاظ بکثرت آئے ہیں جو سنۃ (سر کے جھپکنے) اور نعاس (آنکھ کے جھپکنے) سے بالکل جداگانہ کیفیت کا نام ہے۔

چنانچہ مجمع البحار (لغت حدیث) میں اس طرح ہے السنۃ ثقل فی الراس والنعاس فی العین والنوم فی القلب۔ ملاحظہ ہو مجمع جلد اول ص۱۴۲ (ایضا جلد ثانی ص۳۲)

اور مصباح المنیر (لغت حدیث) میں اس طرح ہے اما السنۃ ففی الراس والنعاس فی العین والنوم غشیۃ ثقیلۃ تھجم علی القلب فتقطعہ عن المعرفۃ بالاشیاء (مصباح جز ثانی ص۱۱)

عمدہ نووی میں اس طرح ہے:- وعلامۃ النوم ان فیہ غلبۃ علی العقل وسقوط حاسۃ البصر وغیرھا (ملاحظہ ہو نووی جلد اول ص۱۶۱)

اور فتح الباری میں اس طرح ہے:- مقتضی حرکت حواسہ بحیث یسمع کلام جلیسہ ولا یفھمہ معناہ فھو ناعس وان زاد علی ذالک فھو نائم (ملاحظہ ہو فتح الباری پارہ اول ص۱۵۶)

ان سب حوالہ جات سے یہ پتہ چلا کہ "نوم" اس حالت کا نام ہے جس میں حواس انسانی معطل ہو کر دل اور عقل پر اس طرح پردہ پڑ جائے کہ نہ اپنے جلیس کے کلام کو سن اور سمجھ سکے اور نہ اشیاء کی معرفت و تمیز باقی رہ سکے۔ لفظ "غط" کے متعلق مصباح میں یہ تشریح ہے:- غط النائم تردد نفسہ صاعدا الی حلقہ (مصباح جلد ثانی ص۴۵)

اور مجمع البحار میں اس طرح ہے:-
نام حتی سمع غطیطہ (مجمع جلد ثانی ص۲۸)

اس حوالہ سے معلوم ہوا کہ خراٹے سے آواز نکلنا نیند میں ایک مزید کیفیت کے اضافہ کا نام ہے۔ پس مندرجہ بالا تشریحات کے پیش نظر اس عذر کا بارد اور نامعقول ہونا اچھی طرح ثابت ہو گیا۔

اسی طرح یہ عذر بھی باطل ہے کہ صحابہ کرام کا عشاء کے انتظار میں ان حالات و اوصاف کے ساتھ سو جانے کا واقعہ اتفاقی ہے۔ کیونکہ یہ ایک دو دفعہ کا واقعہ نہیں ہے۔ بلکہ بالعموم اس طرح کے واقعات پیش آتے رہے۔ چنانچہ عون المعبود میں اس کی تصریح ان الفاظ میں ہے:-

وفی قولہ کان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینتظرون الخ دلیل علی ان ذالک امر کان یتواتر منھم وانہ قد کثر حتی صار کالعادۃ لھم وانہ لم یکن نادرا فی بعض الاحوال (ملاحظہ ہو عون المعبود جلد اول ص۷۹)
مطلب یہ ہے کہ صحابہ کرام کے انتظار عشاء میں سو جانے اور پھر بلا تجدید وضو کے نماز پڑھنے والی روائتوں کا طرز بیان اس طرح پر ہے کہ جس سے اس امر کا بکثرت ہونا مفہوم ہوتا ہے ایسا نہیں ہے کہ کبھی کبھار اتفاقاً یہ صورت پیش آگئی تھی۔ اس تصریح کے بعد عذر مذکور کا بے حقیقت ہونا واضح ہو گیا۔

اسی طرح یہ عذر بھی باطل ہے کہ ممکن ہے صحابہ کرام کو اس وقت تک نواقض وضو کا مسئلہ معلوم نہ ہو

کیونکہ صحابہ کرام پر ان کی جلالت قدر و معرفت تام اور مسائل میں کمال ذوق کے پیش نظر ایسا گمان ہی نہیں کیا جا سکتا۔ (ملاحظہ ہو سبل السلام مصری جلد اول ص۶۳) اس کے علاوہ اگر واقعتاً صحابہ کرام کا نوم منجملہ نواقض وضو میں سے تھا اور صحابہ نے لاعلمی سے رسالت مآب کی موجودگی میں بلا تجدید وضو کے نماز ادا کی تو ضرور رسالت مآب بذریعہ وحی مطلع ہو کر صحابہ کو اسی حالت میں نماز ادا کرنے سے منع کر دیتے جیسا کہ بذریعہ وحی مطلع ہو کر حضور نے نماز میں نعل شریف اتار دی تھی یا عین حالت نماز میں جہت قبلہ بدل دی تھی۔ لیکن کسی ضعیف سے ضعیف روایت میں بھی صحابہ کرام کا ادائیگی نماز سے روکا جانا یا اعادہ نماز کے لئے مامور ہونا ثابت نہیں ہے۔ (ملاحظہ ہو عون المعبود جلد اول)

ہر سہ اعذار کے بطلان کو واضح کرنے کے بعد یہ صاف طور سے معلوم ہوا کہ خراٹے والی ابتدائی نیند یا وہ ابتدائی نیند کہ جس میں آدمی کو نماز کے لئے جگانا پڑے نواقض وضو میں سے نہیں ہے۔ ہم نے نتیجہ میں ابتدائی نیند کی قید نماز عشا کے انتظار میں سو جانے کے قرینہ سے لگا دی ہے کیونکہ صاف ظاہر ہے کہ صحابہ کرام کی یہ اضطراری نیند کچھ آرام کرنے کے ارادہ سے تو تھی نہیں کہ چار پانچ گھنٹہ کے دراز وقت کے لئے مشتمل ہو اور پھر اس بھاری اور مستغرق نیند میں شمار ہو جو کہ بہرحال ناقض وضو ہے اور جس کی اقل مدت بقول امام شافعیؒ رسپنا اور خواب دیکھنے والی صورت بھی ناقض وضو ہے۔ ملاحظہ ہو ترمذی جلد اول فتح الباری پارہ اول ص۱۵۱)

چونکہ صحابہ کرام سے نیند میں خراٹہ لینا ثابت ہے کہ جسکی اقل مدت مختلف شخصوں کے جداگانہ عادتوں کے لحاظ سے پندرہ بیس منٹ کی کم و بیش مدت تک رکھی جا سکتی ہے اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ نیند میں خراٹہ لینے والا انسان یا کم و بیش پندرہ بیس منٹ تک نیند میں مبتلا ہو جانے والا انسان نئے وضو کا پابند نہیں ہو سکتا۔

هذا ما عندی واللہ سبحانہ اعلم وعلمہ اتم

قیام بیت المال و تنظیم زکوٰۃ اہلحدیثان ہند

(از قلم ایم محمد خان گوندل سیفت موٹکوی۔ ضلع گجرات)

برادران اہل حدیث! عصر حاضر میں جماعت اہل حدیث روز بروز رو بہ تنزل ہے۔ جماعت حقہ کو بام عروج پر گامزن ہونے اور اپنی شان کو برقرار رکھنے کے لئے باہمی محبت و یکجہتی اور اتفاق و اتحاد کی اشد ترین ضرورت ہے

بزرگان من! جس قوم سے اتفاق و اتحاد جیسی مبارک اور بابرکت چیز مفقود و سلب ہو جائے۔ وہ قوم دنیا میں یوماً فیوماً نفاق و شقاق میں مبتلا ہو کر تباہ و برباد اور رسوا ہو جاتی ہے۔

آج ہم میں مختلف اسما کی کئی جماعتیں ظہور پذیر ہو گئی ہیں اور ان میں کافی سے زیادہ اختلاف موجود ہے اب ہمیں اپنی شان و عظمت کو برقرار رکھنے اور اشاعت توحید و سنت کے لئے جملہ اختلافات کو خیرباد کہہ کر باہم گلے مل جانا چاہئے۔ جب تک ہم ایک ہو کر اور یک جہتی سے کام نہ کرینگے تو ہمارا ترقی کرنا ناممکن نہیں مشکل تو ضرور ہے۔

تنظیم زکوٰۃ بھی اہل اسلام کا طغرائے امتیاز اور تاسیسی و بنیادی اصول و طریق کار ہے۔ جس کا حقیقی مقصد امت مسلمہ کی ہر نوع سے نگاہ داشت کرنا ہے چاہئے تو یہ تھا کہ جماعت اہل حدیث ہند کا بیت المال ہوتا۔ مگر افسوس صد افسوس کہ جماعت اہل حدیث دن بدن اپنے فرض منصبی سے غافل اور لاپرواہ ہو کر شاہراہ راستی و ترقی سے پرے جا رہی ہے۔

برادران اہل حدیث! اگر آپ کو دنیا میں شان و شکوہ سے زندگی بسر کرنا اور عامل قرآن و حدیث رہنا منظور ہے تو ہر شہر، ہر قصبہ اور ہر دیہ میں اپنی انجمنیں قائم کریں۔ اور قیام بیت المال و تنظیم زکوٰۃ کے لئے بھی بمطابق قرآن و حدیث لائحہ عمل بنا کر اسے کامیاب و کامران بنانے میں دل و جان سے کوشش کریں۔ اس کا طریق سہل وہی اچھا ہے جو ہمارے محترم جناب مولوی عبد القادر صاحب صدر جلسہ اہل حدیث کانفرنس نے اپنے خطبہ صدارت جلسہ اہل حدیث میں پیش احباب اہل حدیث کیا ہے۔ جو درج ذیل ہے

"اہل حدیث کانفرنس کو زیادہ منظم کر کے اس کو امارت شرعیہ کا بدل بنا دیا جائے۔ اور اس کے خزانہ کو وسعت دیکر بیت المال کی شکل میں تبدیل کیا جائے۔ اور اس کانفرنس کی شاخیں صوبہ، ضلع اور تحصیل وار بنا کر تحصیل و فراہمی زکوٰۃ کا کام ان کے سپرد کر دیا جائے جو زکوٰۃ جمع ہو اس کا کچھ حصہ وہ بے شک اپنی مقامی ضروریات کیلئے خرچ کریں اور ایک مقررہ حصہ وہ صدر بیت المال میں سالانہ بھیجدیا کریں۔ تاکہ اسے ہند کی عمومی ضروریات کے لئے کام میں لایا جا سکے۔

غرضیکہ جماعت اہل حدیث کو خواب غفلت سے بیدار ہو کر اس تنظیم صحیح کی طرف اپنی جماعت کو متوجہ اور منعطف کر کے اس مبارک اور بابرکت تحریک قیام بیت المال و تنظیم زکوٰۃ کو قائم کرنا اور پروان چڑھانا ہر موحد اہل حدیث کا فرض اولین ہے

رحمة للعالمین مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی مرحوم۔ حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل و مکمل طور پر لکھی گئی ہے جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن، اور جامعہ عباسیہ بہاولپور اور جامعہ ملیہ دہلی، مدرسہ دیوبند اور دیگر ممتاز درسگاہوں کے نصابات میں داخل ہے پڑھنے کے قابل ہے ضرور منگائیں۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلےٰ۔ قیمت جلد اول ۶/- جلد دوم ۳/- جلد سوم ۳/- محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔ منگانے کا پتہ۔ منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

خطبات سلیمان۔ مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب (۴۴۲)

صنفِ نازک اور اسلام

(از جناب محمد ... جامعہ ...)

قومی زندگی میں عورت کا حصہ اور اس کی اہمیت

زمین کے گرد و ارتقا کے منازل و انحطاط کی داستانوں پر جب ہم گہری نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں اس امر کو تسلیم کئے بغیر کوئی چارہ نہیں رہتا کہ عورت نہ صرف بنی نوع انسان کی عمرانیت و تہذیب کا دوسرا ستون ہے بلکہ نوع انسانی کے وجود کو بقا کیلئے بھی ایک جزو لاینفک ہے۔ اس چیز کو صرف وہی اقوام تسلیم نہیں کرتیں جو اپنے آپ کو آسمانی شریعت اور الہٰی قوانین کی پابند اور عامل بتاتی ہیں بلکہ اس کی اہمیت کو یورپ کی ہر وہ قوم بھی مانے بغیر نہیں رہ سکی جو مذہب کے نام سے کوسوں دور بھاگتی ہے۔ اس لئے کہ تمدن و تہذیب اور قوموں کی عمرانیت میں عورت کا اس قدر گہرا اثر ہے جسکے بغیر کسی قوم کا متمدن ہونا سخت دشوار ہے۔ اقوام مغرب کے انقلابوں اور ترقی و تنزل کے ہر دور میں عورت کا دخل رہا ہے۔ حتیٰ کہ دنیا کی ہر قوم نے اس سے عبرت و نصیحت حاصل کر کے اپنے ملکوں میں بھی عورتوں کی تعلیم و تربیت کی طرف اقدام کیا۔ ایک تعلیم یافتہ عورت قوموں کے خیالات اور افکار میں انقلاب پیدا کر سکتی ہے۔ زبردست بادشاہوں کو مغلوب کرنے پر قادر ہے اور قوم کے پراگندہ دلوں کو ایک مرکز پر جمع کر سکتی ہے۔ نپولین بونا پارٹ کا قول ہے کہ کتنے اچھے ملک ہیں جن کو میں نے چھین تو لیا مگر اس کے قلوب مجھ سے دور رہے۔ کاش میں اس ظاہری جاہ و حشمت کی بجائے علم و تربیت کی تخم ریزی کرتا تو لوگوں کے دل بہت جلد میری طرف مائل ہو جاتے۔ ... اسی وقت اس نے ... صنف ... کو مندرجہ ذیل فرمان بھیجا تھا۔ ... تعلیمات کو پسند کرتا ہوں کہ آپ ... [illegible]

جس کی وجہ سے وہ جہالت کی تاریکی سے نکل کر روشنی میں آ جاتی ہیں اور اپنے گھروں کے انتظامات کو اعلیٰ طریق سے انجام دیں اور نیز اپنی اولادوں کی صحت کا بھی خیال رکھ سکیں تاکہ وہ اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کو بچپن ہی سے اعلیٰ تعلیم دینے کی اہل بن جائیں۔

اتنا ہی نہیں بلکہ ماہرین جمعیت نفسیات نے تسلیم کیا ہے کہ فطری طور پر عورت میں جو قوت جاذبیت ہے وہ مردوں میں نہیں ہے باوجودیکہ اس کے نازک عقلیہ عورت سے کہیں زیادہ زبردست ہیں۔ علماء سیاحت نے یہ متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ کسی قوم کی اخلاقی اور ترقی کے دو ہی اسباب ہیں۔ پہلا تربیت اخلاق اور دوسرا عورتوں کی تعلیم و تربیت۔ غرضیکہ قومی زندگی میں عورت کا جو حصہ رہا ہے اس سے ایک عقلمند انسان کبھی انکار نہیں کریگا۔

جاہلیت میں عورت کا درجہ

اسی اصول کی روشنی میں جس وقت ہم آمد اسلام سے قبل دنیا کی اور خصوصاً ملکِ عرب کی وحشت و بربریت اور جہالت و ضلالت کے اسباب تلاش کرتے ہیں تو ہمیں سب سے نمایاں سبب یہی نظر آتا ہے کہ اس زمانہ میں عورت سے جس قدر بے توجہی برتی گئی اور اسکو جن حقارت آمیز اور ظالمانہ نگاہوں سے دیکھا گیا شاید ہی زمانہ اس کی نظیر پیش کر سکے۔ عورتوں کے ساتھ غلاموں کا سا بلکہ اس سے بھی کمتر برتاؤ کرنا۔ ان کو فقط نفسانی خواہشات کو پورا کرنے کا آلہ سمجھنا حتیٰ کہ معصوم لڑکیوں کو زندہ درگور کر دینا اور دوسرے مالوں کی طرح عورتوں کو بھی میراث بنا لینا۔ یہ سب ایسے انسانیت سوز اخلاق ہیں جن کو ذکر کرتے ہوئے قلم شرمسار ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ ان عادات و خصائل کے آثار عرب میں آمد اسلام کے بعد بھی ایک وقت تک باقی رہ گئے تھے۔ یہاں تک کہ اسلام نے ان کا استیصال کر دیا۔ چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ جب ابو قیس بن اسلت نے وفات پائی تو ان کے بیٹے حصن نے اصل ... عورت کے نکاح کی ... خواہش ظاہر کی ... [illegible]

... عورت ... اپنے ... کو اطلاع کی ... تو اس موقع پر یہ آیت نازل فرمائی۔ یاایھا الذین آمنوا لا ترثوا النساء کرھا الآیۃ۔ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہتا ہے کہ یا رسول اللہ ہم اہل جاہلیت تھے جاہلیت میں ہم لڑکیوں کو مار ڈالا کرتے تھے۔ ... جس کی ... اپنی ... ہو گئے ... ہو جاتے ہیں اور پھر ... جس میں اس نے اپنی معصوم لڑکی کو زندہ درگور کر دینے کا ذکر بھی کرتا ہے (الحدیث)

ابن عباس فرماتے ہیں کہ جاہلیت میں اہل عرب کی یہ عادت تھی کہ جب کوئی شخص مر جاتا تو اس کا رشتہ دار اس کی عورت کا حقدار اور مالک ہو جاتا جو اپنی خواہش کے مطابق کبھی تو دوسروں سے نکاح کروا دیتا، اور کبھی خود ہی اس کو اپنے نکاح میں لے لیا کرتا۔ بالآخر مظالم و مصائب کا بے پناہ پہاڑ صنف نازک کے کمزور جسم پر ٹوٹ پڑتا ہے اور اس کی فطری قوتوں کو برباد کرنے لگتا ہے تو رحمت الٰہی جوش میں آتی ہے آفتاب اسلام ... کے طلوع ہوتا ہے اور جہالت و بربریت کی یہ شب تار ایک قلیل مدت میں کافور ہو کر دنیا میں پھر صنف نازک کا ایک نیا اور شاندار دور شروع ہو جاتا ہے۔

اسلام میں عورت کا درجہ

اسلام نے عورت پر جو احسانات کئے ہیں وہ فی الواقع اسلام ہی کے شایان شان تھے کسی دوسرے مذہب اور قوم میں ان کی مثال نہیں پائی جاتی۔ اس نے ... بالکل ... کر دیا کہ عورت اور مرد کے حقوق برابر ہیں۔ جیسا کہ فرماتا ہے۔ ولھن مثل الذی علیھن۔ عورتوں کے ... و حقوق ... اور اجارہ ... اور وقف وغیرہ معاملات میں ان کو ... عنایت کر دیے جن ... ہوں ... کی ... [illegible]

متفرقات

اہلحدیث کانفرنس کے متعلق پیشتر ازیں کئی دفعہ مضامین شائع ہو چکے ہیں مگر گذشتہ دو ماہ سے تو اہلحدیث میں متفرق سلسلہ مضامین درج ہے۔ کئی ایک اہل قلم حضرات نے اپنے جذبات کو بصورت مضمون ناظرین تک پہنچایا ہے۔ ان کی تائید بھی کئی حضرات نے فرمائی۔ مگر آمد کا حال پہلے سے بھی اچھا نہیں۔ محض مضمون نگاری یا خیالات وجذبات کی جولانی چنداں فائدہ نہیں دے سکتی جب تک کہ آمدنی میں اضافہ نہ ہو۔ اسی چیز کی اشد ضرورت ہے۔ لہذا جملہ ناظرین کو عموماً اور اہل درد حضرات کو خصوصاً سب سے مقدم خزانہ کانفرنس کو پُر کرنے کی ہمت و سعی کرنی چاہئے ورنہ بغیر اسکے زبانی جمع خرچ کسی کام نہیں۔

نیچرل ریلیجن اے۔ کے محمد عبد الحمید صاحب باقوی نے انگریزی زبان میں رسالہ موسومہ نیچرل ریلیجن شائع کیا ہے۔ جس میں اسلام کو فطری مذہب ثابت کر کے اسلام کے جملہ اصول وقوانین کو دیگر مذاہب عالم کے مقابلہ میں برتر ثابت کیا ہے۔ انگریزی خوان غیر مسلم حضرات میں اس کی تقسیم بہت مفید ہے۔ کتاب ظاہری باطنی خوبیوں میں عمدہ ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔

پتہ:۔ اے۔ کے عبد الحمید باقوی۔ الہ دین بلڈنگس سکندر آباد دکن۔

حکومت آصفیہ کی معدلت گستری ریاست حیدر آباد دکن کے متعلق آریوں یا ہندوؤں کی طرف سے جو موجودہ ایجی ٹیشن جاری ہے اس رسالہ میں اس ایجی ٹیشن کرنے والوں کے چند اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے پتہ ذیل سے طلب کریں۔

حکیم محمد یعقوب آسی کٹڑہ خزانہ امرتسر

اہتمام بعث حکیم محمد لقمان صاحب قریشی ساکن سانده کلاں ضلع لاہور نے نقشہ قرآن مجید کے مختلف نسخوں جو لاہور اور لکھنؤ میں چھپے ہیں کی چند اغلاط

دیگر ... حضرات کے ... صحیح کرا کے شائع کی ہیں ... احباب ان سے طلب کریں۔

اعلام کتاب اہل حدیث کی ... جس کے متعلق ایک مفصل مضمون اخبار اہلحدیث امرتسر میں شائع ہو چکا ہے۔ جس کتابچہ کے لئے اب تک منتخبہ اہل مدارس (والمعیین) کا نقشہ حاصل ہو سکا ہے ان کے نام یعنی (۱) دار الحدیث ... (۲) دار الحدیث رحمانیہ۔ (۳) جامع اعظم۔ (۴) دار الحدیث ترجمیہ۔ (۵) دار السلام۔ (۶) جبل السلام۔ (۷) مدرسہ محمدیہ۔ (۸) مطلع العلوم میرٹھ۔ (۹) ... العلوم احمدیہ سلفیہ دربھنگہ۔ (۱۰) اصلاح المسلمین پٹنہ ... (۱۱) مصباح القرآن والسنۃ دکھنہ ... (۱۲) سراج العلوم جھنڈے نگر نیپال۔ (۱۳) مدرسہ نذیریہ دار الحدیث فیروزپور پنجاب۔ (۱۴) مدرسہ اسلامیہ الہ آباد ضلع فیروزپور۔ (۱۵) دار السلام عمر آباد مدراس (۱۶) مدرسہ عالیہ مئوناتھ بھنجن اعظم گڑھ (۱۷) مدرسہ محمدیہ باڑی دھول پور

احباب اس طرف توجہ فرمائیں اور اپنے متعلقہ مدرسوں کے متعلق روایات قلم بند کر کے بھیجیں۔

پتہ۔ ملک ابو یحییٰ امام خان نوشہروی سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

مولوی عبد التواب صاحب علیگڑھی امسال گرمی میں بنارس تشریف لائے تھے مگر ہنوز مولانا موصوف کا پتہ نہیں۔ مولانا موصوف کے احباب متفکر ہیں۔ یہ نوٹ دیکھ کر اطلاع دیں۔

(قاری احمد سعید۔ مدن پورہ بنارس)

تصحیح اغلاط اہلحدیث ۱۴ جولائی میں مندرجہ ذیل اغلاط ہیں۔ ناظرین صحیح کریں۔

غلط	صحیح	صفحہ	کالم
(۱) الصلوة	والصلوات	۳	۲
(۲) ولا الضالین	ولا الضالین	۳	۲
(۳) یہ نہیں بیچے	یہ نہیں بچے	۱۴	۲
(۴) ضعید البصر	ضریر البصر	۱۵	۲
(۵) اموات	اموات	۱۶	۲
(۶) ...	...	۲۵	۲
(۷) ... حتی	من حدید	۴	۳
(۸) الحق ...	...	...	۱
(۹) متصدق وسط الصلوة	التقیہ	۲	۳
(۱۰) انی کان	انما کان	۳	۳
(۱۱) بعد ما ثبتہ	ما وساثبتہ	۱۴	۱

مضامین آمدہ محمد رمضان صاحب۔ مولوی محمد طہٰ صاحب۔ مولوی محمد عبد اللہ صاحب عقیل۔ مولوی ابو سعید عبد الرحمن فریدکوٹی۔ عبد اللطیف صاحب۔ سید گل حسین صاحب۔ مولانا ابو القاسم صاحب بنارسی۔ اقتدار احمد۔

اعلان از انجمن حمایت اسلام لاہور۔

مولوی انیس احمد بی۔ اے (علیگ) کو انجمن حمایت اسلام لاہور نے دو ماہ کے لئے از یکم نومبر ۱۹۳۸ء تا ۳۱ دسمبر ۱۹۳۸ء سفیر مقرر کیا تھا اور انجمن نے مطبوعہ رسیدیں مالیتی ایک ہزار روپیہ فراہمی چندہ کے لئے ان کے سپرد کی تھیں۔ مولوی انیس احمد مذکور ۳۱ دسمبر ۱۹۳۸ء کے بعد انجمن ہذا کے سفیر یا نمائندہ نہیں رہے۔ لہذا بذریعہ اعلان ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ کوئی صاحب انہیں انجمن حمایت اسلام لاہور کے لئے چندہ نہ دیں جن اشخاص سے وہ انجمن کے نام پر چندہ جمع کر چکے ہیں ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اس امر کی اطلاع از راہ نوازش دفتر انجمن ہذا کو دیکر عند اللہ ماجور ہوں۔ مولوی انیس احمد صاحب مذکور نے باوجود تقاضوں کے ابھی تک انجمن کو رسیدیں وغیرہ کا واجب حساب نہیں دیا۔

(سیکرٹریان انجمن حمایت اسلام لاہور)

غریب فنڈ میں اس ہفتہ کوئی رقم نہیں آئی۔ اصحاب توجہ فرمائیں۔

بیرون ہند محمد حسن غزنوی ... کی جانب ... مہربانی فرما کر ... بابت ... ارسال کرادیں۔

ملکی مطلع

بلدیہ امرتسر کے قابل توجہ

امرتسر میونسپل کمیٹی کے افسروں نے آخر ہماری آہ و بیکا پر توجہ فرمائی اور بعض چوکوں میں بورڈ لگا دیئے کہ کالاشی وغیرہ ادھر نہ جائے۔ چنانچہ چوک دفریا والا دیکرشہ بھائی) میں بھی ایک بورڈ لگا ہوا ہے۔ اس پر ہم کچھ گذارش کرنا چاہتے ہیں:-

ایک تو تحریر میں نقص ہے کہ اس میں گھوڑا گاڑی اور تانگہ گذرنے کی صریح ممانعت نہیں ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان راستوں میں ٹریفک کے باعث بڑی تکلیف رہتی ہے۔ دوسرے اس نوٹس پر عمل کرانیوالا بھی کوئی نہیں ہوتا۔ چنانچہ ان تختیوں کو دیکھ کر ہمیں ایک تاریخی واقعہ یاد آگیا۔ محمد شاہ رنگیلا (شاہ دہلی) نے اپنے اسلاف کی پیروی میں غیر مسلموں پر جزیہ لگا دیا تھا۔ مگر اس کی کمزوری کے باعث کسی نے ادا نہیں کیا۔ آخر اس کا یہ حکم بے کار ثابت ہوا۔ اگر یہی حالت رہی تو ہمیں خطرہ ہے کہ کمیٹی کی یہ تختیاں بھی لٹکتی نہ جائیں گی۔ اس لئے ہم کمیٹی کو توجہ دلاتے ہیں کہ اپنے کام کو احسن طریق سے انجام دیا کرے۔ جس سے کچھ فائدہ بھی مرتب ہو۔ صرف کام کو ہاتھ لگانے سے غرض ہے بیکہ وہ بھی نہیں ہو سکتی۔

ہندوستان میں آریہ سماج کا شاندار کام

چند ہفتوں میں ایجی ٹیشن کر کے آریہ سماجی سمجھے نہیں سماتے ہیں کہ ہم نے بڑا شاندار کام سمجھتے ہیں [illegible] [illegible] ہے جس تنظیم سے [illegible] [illegible] آریہ سماج [illegible]

جتنی کامیاب ہوئی ہے وہ ظاہر ہے۔ جیسے آزمائش کرنا منظور ہو وہ بنارس، اجودھیا وغیرہ تیرتھوں میں جا کر دیکھے کہ کیسی کیسی ناشائستہ حرکات ہوتی ہیں۔ امرتسر لاہور کے باشندوں کو دور جانے کی ضرورت نہیں وہ اپنے اپنے شہر کے مندروں کو جا کر دیکھیں کہ مورتی پوجا، لنگ پوجا، اور بھنگ پوجا بدستور جاری ہیں یا ان میں کچھ کمی ہو گئی ہے۔ آریہ صاحبوں کو چاہیئے کہ امرتسر کے مندر دُرگیانہ کا نظارہ کریں اور دہلی کے شو مندر کو دیکھیں۔ پھر ان الفاظ کو پڑھیں جو آریہ اخبار "پرتاپ" لاہور ۱۶ جولائی میں یوں لکھے گئے ہیں کہ:-

"۱۸۷۵ء میں سوامی دیانند نے بمبئی میں آریہ سماج کی بنیاد ڈالی۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ ہندو سماج کی اصلاح کی جائے اور عملی اور دھارمک (مذہبی) لحاظ سے وہی ویدک سماں (زمانہ) پھر لایا جائے۔"

ہم پوچھتے ہیں کہ ۱۸۷۵ء سے ۱۹۳۹ء تک چونسٹھ سال کے اس طویل عرصہ میں آریہ سماج اپنے مقصد میں کہاں تک کامیاب ہوئی ہے۔ ہم حیران ہیں کہ آریہ اخبار اپنے ناظرین کی آنکھوں میں کس طرح دھول ڈالتے ہیں کہ ایک سیاسی ایجی ٹیشن کو مذہبی شکل میں دکھاتے۔ اور لطف یہ ہے کہ سکھوں کو بھی اس تحریک میں شریک دکھاتے ہیں۔ کوئی پوچھے کہ سکھوں کو تمہاری مذہبی تحریک سے کیا تعلق ہے۔ حالانکہ ان کا مذہبی عقیدہ ویدوں کے متعلق وہی ہے جو انکے گرو گرنتھ میں لکھا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ ع

"وید کتیب افترا بھائی دل کا بھید نہ جاوے"

جس جماعت کا ویدوں کی نسبت یہ عقیدہ ہو وہ ویدک دھرم کی حمایت کیسے کر سکتی ہے۔ پھر آریہ اخبارات کی یہ دھوکہ بازی نہیں تو اور کیا ہے؟

مختصر یہ ہے کہ آریہ سماج اپنے اصلی مقصد میں ناکام و ذلیل ہے۔ اسی طرح ان کے جو [illegible] کا [illegible] جماعت بھی اپنے مقصد میں ذلیل ہے [illegible] جانتے [illegible] جماعت کا مقصد [illegible]

ہے جیسے خود بانی جماعت اپنے الفاظ میں بیان کر گئے کہ اس کے اتباع اپنی مرضی کے مطابق اسے تبدیل کر کے اپنے حسب منشا کر لیں۔ ان دونوں جماعتوں کے بانیوں (مرزا اور سوامی) کی تحریرات ہمارے سامنے ہیں۔ جن میں وہ اپنا اپنا مقصد کھلے لفظوں میں پیش کر چکے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ان مقاصد میں یہ دونوں ریفارمر اور ان کے اتباع بُری طرح فیل ہوئے ہیں۔

تبرہ ایجی ٹیشن لکھنؤ

اس مسئلہ میں کسی ہوشمند انسان کے لئے اختلاف کرنے کی گنجائش نہیں ہے کہ تبرہ ایجی ٹیشن ایک نہایت مکروہ تحریک ہے۔ اس لئے اہل دانش اس کی اصلاح پر متوجہ ہو رہے ہیں۔ مگر مسلم لیگ کی خاموشی کو دیکھ کر ہماری حیرت کی کوئی حد نہیں رہتی کیونکہ وہ تمام ہندوستانی مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہونے کی مدعی ہے۔ اس میں چوٹی کے شیعہ سنی مسلمان شریک ہیں مگر وہ اس خونی پہلو پر ایسی خاموش ہے کہ بد اندیشوں کو موقع ملتا ہے کہ وہ اس کے متعلق یہ کہیں کہ ؎

چناں خفتہ اند کہ گوئی مُردہ اند

حالانکہ قرآن مجید میں صاف الفاظ میں ارشاد ہے:-

وَاِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا۔ (مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو تم ان میں صلح کرا دو)

اس کے علاوہ اخلاقی اور مجلسی فرض بھی یہی ہے کہ دو جماعتیں یا دو اشخاص لڑ رہے ہوں تو اسی قوم کی تیسری جماعت یا تیسرے شخص کا فرض ہے کہ ان میں مصالحت کرانے کی کوشش کرے مگر [illegible] [illegible] اس سے فرائض سے سبکدوش سمجھ کر [illegible] دیکھ رہی ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر [illegible] جب ہوتا ہے ہم مسلم لیگی میمبروں [illegible] [illegible] اخباروں میں پڑھتے ہیں کہ یہ [illegible]

ahmadimuslim.de

کانگرسی حکومت کی شرارت ہے۔

(کیا خوب!) اس کا مطلب یہ ہوا کہ دو بھائی آپس میں لڑتے ہوں اور تیسرا یہ کہکر خاموش رہے کہ یہ شیطان کے بہکانے میں آ گئے ہیں۔ اگر ایسا کہنے والے بھائی کا عذر معقول ہے تو ہم بھی مان لیتے ہیں کہ مسلم لیگ کا عذر بھی بجا ہے اور معقول ہے۔

ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر ہم مسلم لیگ کے صدر ہوتے تو ساری مجلس عاملہ بلکہ منتظمہ کو بھی ساتھ لیکر لکھنؤ پہنچتے۔ اگر زبانی فہمائش کا اثر نہ پاتے تو جس فریق کی طرف سے ظلم و تعدی دیکھتے اس کے حق میں فرمان خداوندی قَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ پر عمل کرتے ہوئے باغی گروہ کا خوب مقابلہ کرتے۔ یہاں تک کہ وہ فرمان خداوندی حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ کے ماتحت سیدھا ہو جاتا۔

آخر میں ہم مسلم لیگ کے ارکان کو قرآن مجید کی اس سخت وعید کی طرف توجہ دلاتے ہیں۔ جس میں ارشاد ہے کہ بنی اسرائیل میں تین گروہ ہو گئے تھے۔

(۱) بدکار۔ (۲) ناصح۔ (۳) بے تعلق۔

عذاب الٰہی آنے پر صرف ناصحین بچے باقی سب تباہ ہو گئے۔ غور سے پڑھیئے۔

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ (پ۹-ع۱۱)

جنگ یورپ

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝

یہ آیت انسانوں کی غفلت کا اظہار کرتی ہے کہ بڑی آفت سے بھی یہ لوگ بے خبر ہیں۔ اسی طرح دنیا کی سمت بڑا عذاب بصورت جنگ یورپ آنیوالا ہے مگر سادی دنیا عموماً اور اہل یورپ خصوصاً اس سے غافل ہیں۔ یہ مثل گویا اس مقولہ کی مصداق ہو گی۔ لاعین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر (یعنی نہ آنکھ نے دیکھی نہ کسی کان نے سنی اور نہ کسی کے

دل میں اس کا خیال گذرا)

قدیم و اسلامی زمانہ میں بھی جنگیں ہوتی تھیں پہلے پہلوان دونوں طرف سے میدان میں نکل کر نبرد آزما ہوتے تھے اور تھوڑے سے آدمیوں کی ہلاکت کے بعد جھگڑا ختم ہو جاتا تھا۔ اس کے بعد اسلامی زمانے میں بھی لڑائیاں ہوتی رہیں۔ تلوار، نیزہ اور تیر بس یہی تین جنگی ہتھیار تھے۔ اس کے بعد انسان نے مزید ترقی کی۔ پہلے بندوق بنائی۔ پھر توپ بنائی، اور اپنی نسل کو خود تباہ کیا۔ لیکن آج کل تو بندوق اور توپ بھی بیکار ہو گئی ہے۔ آیندہ جنگ میں بمباری کے علاوہ زہریلی گیس اور شعاع موت سے بھی کام لیا جائیگا۔ جس سے لاکھوں کروڑوں انسان آن کی آن میں موت کے گھاٹ اتر جائینگے۔ یہ ہونا عذاب دنیا پر کب آئیگا اس کا جواب یہی ہے کہ

لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ۝

دشمنوں کی طرف سے چھیڑ خانی میں کمی نہیں ہے مگر برطانیہ کے حلم اور صبر کا پیمانہ (جس کو اعداء عصمت بی بی کا مصداق ظاہر کرتے ہیں) اب لبریز ہو کر چھلکنے والا ہے۔ جاپان کی شوخی اور شرارت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ حکومت برطانیہ جانتی ہے کہ جاپان اس شرارت میں اکیلا نہیں ہے بلکہ اس کے حلیف بھی اس کے ساتھ ہیں۔ اس لئے جوابی کارروائی کرنے میں جلدی نہیں کرتی۔ آخر صبر کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔ ہمیں گمان غالب ہے کہ حکومت برطانیہ کسی دن اپنے مخالفوں کو دندان شکن جواب دیکر اپنی ساکھ کو بحال کریگی۔ عرب کے شاعر نے کیا خوب کہا ہے

؎ من لم یذد عن حوضه بسلاحه
یهدم ومن لا یظلم الناس یظلم

---

۴۲ دفعہ ۸ ب کے ماتحت درخواست کنندہ کی مرضی پر منحصر تھا کہ وہ ایسے مواجب نقدی کی صورت میں لے یا ان چونی ٹکٹوں کی شکل میں۔ یہ اختیار اب محولہ بالا نوٹیفکیشن کے ذریعے واپس لے لیا گیا ہے اور آئندہ اس غرض کیلئے صرف نقدی ہی قبول کی جائیگی۔ (لاہور [illegible])

مالیہ اراضی میں ۵½ لاکھ روپے کی معافی!

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

حکومت پنجاب نے آخری فصل ربیع کیلئے ساڑھے پانچ لاکھ روپے سے زیادہ کی معافی ان اضلاع کیلئے منظور کی ہے جہاں اجناس کی قیمتیں ان قیمتوں کی نسبت زیادہ گھٹ گئی ہیں جو بندوبست کے وقت فرض کی گئی تھیں اور جن کی تلافی کسی اور سبب سے نہیں ہوئی مختلف اضلاع کے لئے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں

شیخوپورہ	۵۰۴۲۹ روپے
گجرات	۲۰۳۳۹۴ روپے
شاہ پور	۱۶۳۵۸۲ روپے
میانوالی	۲۱۴۲ روپے
منٹگمری	۱۹۷۱ روپے
جھنگ	۶۶۱۸۹ روپے
ملتان	۶۳۹۰۹ روپے
مظفرگڈھ	۱۵۷۸۷ روپے
میزان	۵۶۸۱۱۳ روپے

یہ معافیاں ان معافیوں کے علاوہ ہیں جو کلکٹروں نے فصل کے نہ ہونے کے باعث معمولی قواعد کے ماتحت منظور کی ہیں۔ (لاہور ۱۱- جولائی ۱۹۳۹ء)

اسلحہ آتشیں کے لائسنس کی فیس

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

اطلاع عام کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا نوٹیفکیشن نمبر ۱۴۱/۵۰/۳۷ مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۳۸ء بابت لائسنس قرار دیتا ہے کہ اسلحہ آتشیں رکھنے کے لائسنس یا لائسنس کی تجدید کے لئے جو درخواستیں دی جائیں۔ ان کے متعلق ہر قسم کی فیس اور دیگر مواجب صرف نقدی کی صورت میں ہی لئے جائے جائیں اس سلسلہ میں یہ امر واضح کیا جاتا ہے کہ اسلحہ [illegible] رولز (آرمز ایکٹ) [illegible]

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث وغیرہ کا خیال ہے کہ اہلحدیث علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی سل دق دمہ کھانسی سوزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے..... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۶ؔ۔ آدھ پاؤ ۱۲ؔ۔ پاؤ بھر ۲۴ؔ مع محصولڈاک ایک سیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ ادائی بذریعہ ایک پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نیز ایک پاؤ سے کم روانہ کی جاتی اور بذریعہ وی پی

تازہ شہادتیں

جناب مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب مسند پوری قبل ازیں مومیائی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں۔ بفضل ایزدی [illegible] مومیائی [illegible] بہت سے ضعیف اور جوان [illegible] بے حد [illegible] استعمال کی۔ ایک چھٹانک [illegible] کے تمام اور سل [illegible]

جناب حکیم محمد بشیر الدین صاحب [illegible] ایک چھٹانک مومیائی [illegible]

[illegible] اس کی تصدیق کرتا ہوں

حکیم محمد بیر داؤد [illegible]

[illegible] امرتسر

مفت

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب "عورت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمالیجئے۔

پتہ:- مہتمم دار الکتب اسلامیہ و افغانستان جمعہ دولت پور آباد ضلع حصار پنجاب

۲۱

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری خمائل شریف

مترجم و محشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۱۲

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان صاحب غزنوی

مالکان کارخانہ اُرّاد الاسلام امرتسر

پتھری توڑ

پتھری کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہوکر پیشاب کے ساتھ نکل جاتی ہے۔ مجرب نسخہ ہے کمال شہرت حاصل کرچکا ہے اصلی قیمت آٹھ روپے۔ رعایتی قیمت ۵ر۔ محصولڈاک بذمہ خریدار۔ بہت احتیاط سے ترکیب استعمال ملک [illegible] ملنے کا پتہ:-

حکیم الحاج محمد اسمٰعیل

[illegible] امرتسر

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی حقیقت۔ ملک کی شورش اور خونین انقلاب کی ہاتھوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جبتک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے اس لئے اسکے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت ۲۰×۲۶ تک ۵۰۴ صفحات۔ قیمت بجائے سے کے ۱۲ روپے

ائمہ تلبیس

مصنفہ مولوی ابو القاسم صاحب رفیق دلاوری۔ یہ کتاب پڑھنے والوں کے لئے بہت دیدہ کشا، پندرہ اور بصیرت افروز ثابت ہوگی کیونکہ اس میں جملہ مدعیان کذب و مسیحیت، مہدویت اور نبوت وغیرہ کے مفصل حالات دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے ہیں ملک کے مشہور جرائد اور اکابرین ملت نے اس کو بہت پسند کیا ہے۔ ایک ضخیم کتاب ہے۔ قیمت ۱۲

رئیس قادیان

از مولف صاحب موصوف مرزائیت کی تردید میں ایک تازہ تصنیف مرزا صاحب کی زندگی کے حالات پیدائش تا ملاقات جو جو مرزا پیکھیں ہیں آپ کو کسی اور کتاب میں نہ ملیں گے۔ جب تک کتاب شروع کرکے پوری پڑھ نہ لیں چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ ساتھ ہی مرزا صاحب کے الہامات و دعاوی کی بدلائل تردید کی ہے۔ کتابت طباعت عمدہ۔ قیمت [illegible] [illegible]

محمّد

[illegible] اس رسالہ میں مرزا صاحب کی تحریرات سے ان کے متعلق [illegible] مرزا صاحب کے [illegible] ثابت کیا ہے۔ قیمت [illegible]

ملنے کا پتہ:- مینیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

کتب سیرو تواریخ

رحمۃ للعالمین

از جناب قاضی محمد سلیمان صاحب منصورپوری۔ جس میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانح عمری مفصل بیکمیل ہوئی ہے لکھی گئی ہے جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ [illegible] سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن اور جامعہ ملیہ بہاولپور۔ اور ندوۃ العلماء ومدرسہ دارالعلوم دیوبند اور دیگر مشہور ومستند درسگاہوں کے نصاب میں داخل ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت جلد اول علیٰ جلد دوم ہے۔ جلد سوم [illegible] مکمل ہوگا۔

سیرت ابن ہشام

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام سوانح عمریوں میں سب سے پہلی کتاب ہے۔ علامہ ابو محمد عبد الملک نے اصل کتاب عربی زبان میں لکھی تھی جس کا بامحاورہ سلیس اردو ترجمہ کیا گیا ہے۔ [illegible] واقعات کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لاجواب کتاب ہے۔ قیمت [illegible]

نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب

مؤلفہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کل حالات وواقعات از پیدائش تا وفات قلم بند کئے ہیں۔ قیمت [illegible]

سب نبیوں کے پیارے حالات

[illegible] مولانا [illegible] الدین صاحب [illegible] اسلامی تاریخ [illegible] کتاب ہے [illegible] میں [illegible] [illegible] درج [illegible] یہ کتاب [illegible] متعلق [illegible]

تین جلدیں ہیں۔ قیمت فی جلد [illegible] ہر سہ جلد [illegible]

پیارے نبی کے پیارے اخلاق

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے اخلاق وعادات کا بیان۔ قیمت [illegible]

سید البشر

مؤلفہ مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فرید کوٹی۔ توریت، انجیل کے الہامی صحیفوں میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی واضح پیشگوئیاں۔ [illegible] ہو ویں۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت [illegible]

عرب کا چاند

نبی محمد کی سیرت مبارک پر آپ نے آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہونگی جو غالباً تمام مسلم مصنفین کے زور قلم کا نتیجہ ہونگی۔ مگر کتاب مذکورہ ایک معزز غیر مسلم (سوامی لکشمن پرشاد) [illegible] کے زور قلم کا نتیجہ ہے جو آپ نے پیغمبر اسلام کے متعلق ظاہر کیا ہے۔ حضور صلعم کی پیدائش سے لیکر وصال فرمانے تک تمام واقعات درج کئے ہیں۔ یہ کتاب قریباً ساڑھے چار سو صفحات پر ختم ہوتی ہے۔ قیمت [illegible]

شمائل ترمذی

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسوۂ حسنہ کا مفصل بیان ہے۔ حدیث کی عربی عبارات کا ترجمہ [illegible] کیا ہے۔ ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ [illegible] کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت [illegible]

صدیق اکبر

حضرت ابو بکر صدیق خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کے حالات اور عہد صدیقی کے [illegible] واقعات کا بیان۔ [illegible] [illegible] قیمت [illegible]

الفاروق

از مولانا شبلی مرحوم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مفصل سوانح عمری اور ان کے سیاسی، انتظامی تدابیر، فتوحات وملکی کارناموں، مسلمانوں کی عظمت وشجاعت، غیر قوموں سے حسن سلوک کا بیان، اخوت ومساوات اور خدمت خلق کے نظارے۔ قیمت [illegible]

ذو النورین

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ خلیفہ سوم کی زندگی اور عثمانی عہد کے واقعات کا مفصل حال نہایت عمدہ پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ قیمت [illegible]

اسد اللہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مفصل سوانح عمری اور آپ کے مبارک عہد کے حالات کا بلدیہ ہے۔ قیمت [illegible]

سیف اللہ

حضرت خالد بن ولید سپہ سالار اعظم افواج اسلامیہ کی سوانح عمری مجاہدی وبہادری کے کارنامے۔ قیمت [illegible]

ازواج النبی

حضور صلعم کی ازواج مطہرات کی سوانح عمریاں۔ از حکیم محمد سردار خان امرتسری۔ قیمت [illegible]

تذکرۃ العباد

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے [illegible] [illegible]

بنات الرسول

حضور صلعم کی صاحبزادیوں کے حالات زندگی درج کئے ہیں۔

سید الشہداء

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات [illegible]

تاریخ الخلفاء

علامہ جلال الدین سیوطی کی تصنیف کا اردو ترجمہ جس میں خلفا سے [illegible] [illegible] کے حالات کا بیان۔ قیمت [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible] کتاب ہے۔ قیمت [illegible]

[illegible]

المامون خلیفہ مامون الرشید کے حالات، اخلاق، عادات کی تفصیل درج کی ہے اور دیگر امور کے متعلق - قیمت ۱۲؍

سیرت النعمان امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی سوانحعمری - قیمت ۱۲؍

سوانح مولانا روم آپ کی پاکیزہ صوفیانہ زندگی کا تذکرہ - قیمت ۱۲؍

مولوی معنوی مولانا روم کی سوانحعمری۔ آپ کے حالات اردو میں سلیس طرز پر لکھے گئے ہیں۔ آپ کا نسب ولادت - آپ کے والد کا حال - آپ کا ترک وطن - ظاہری و باطنی تعلیم، مثنوی شریف پر تبصرہ - آپ کے خلیفوں کے حالات - کتابت، طباعت عمدہ - قیمت ۸؍

اسلامی سوانحعمریاں سولہ مشہور و معروف علماء، فضلا اہل باطن حضرات کی سوانحعمریاں درج ہیں - جن کو مطالعہ کر کے ایک سچے مسلمان کے دل میں جذبہ علم و عمل پیدا ہوجاتا ہے - قیمت ۸؍

تاریخ المشاہیر دنیا کے پچاس مشہور ریفارمروں، عالموں، حکیموں، شاعروں، بادشاہوں، وزیروں، جرنیلوں کے دلچسپ حالات - از قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی - قیمت ۸؍

مخدرات اسلام سے پیشتر اور بعد کی چند نامور اور ممتاز خواتین کے مفصل حالات قابل دید ہیں - قیمت ۸؍

الغزالی یعنی حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی مفصل سوانحعمری - قیمت ۸؍

حیات حافظ یعنی خواجہ حافظ شیرازی رح کے حالات - قیمت ۶؍

حیات سعدی یعنی شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رح کے حالات - ۶؍

[illegible] حضرت ابوالحسن امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات - [illegible] ۶؍

تذکرہ مشاہیر عالم جس میں حسب ذیل سوانح درج ہیں - خلیفہ ناصر الدین اللہ - زبیر بن عوام - عبداللہ بن زبیر - ابن بطوطہ - بقراط - جالینوس - مانی - صلاح الدین - والصبی - اعز الدین حسین - حاتم طائی - جبلہ ابن ایہم - محمد بن تومرت مہدی البربری - ابوعثمان سعید - ابن مسیح سباتائی سیوی - دمشق کی جامع بنی امیہ - ابوالاسود دولی - احمد بن طولون - ابوالضحاک - عمرو بن معدی کرب زبیدی - نابغہ زبیانی - اسکندر اعظم - ہمسون ابن قرافر شامغانی - الحکم المستنصر - محمد بن عبداللہ الزقیر - منذر بن مغیرہ - حجاج - دمشقی محبوس - مسجد ابا صوفیہ - محمد علی پاشا - ابوجعفر منصور - ابودلامہ شاعر - مسجد اقصیٰ - صلیبی جہاد - قیمت مجلد ۸؍

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر شہنشاہ عالمگیر کے متعلق صحیح اور مستند حالات درج ہیں - بعض بے بنیاد الزامات کا جواب بھی ہے مصنفہ مولانا شبلی نعمانی مرحوم - قیمت ۶؍

نجد و حجاز مؤلفہ علامہ سید محمد رشید رضا مصری مرحوم کا اردو ترجمہ - نجد کی تاریخ - نجدی قوم کے عادات و خصائل اور ان کی مذہبی حیثیت و حالت - سلطان عبدالعزیز بن عبدالرحمن کے سوانح شریف حسین کی غداری کے حالات درج ہیں - قابل مطالعہ ہے - کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ - قیمت ۱۲؍

سفرنامہ روم مصر شام مولانا شبلی مرحوم نے ان ممالک کا دورہ کر کے وہاں کے حالات قلم بند کئے ہیں - قیمت ۸؍

تاریخ مکہ معظمہ مکہ معظمہ کی تاریخ اور آج تک کے مفصل حالات - قیمت ۳؍

تاریخ بنی اسرائیل بنی اسرائیل کے متعلق ان کے پورے حالات

تاریخ ابلیس ابلیس کے متعلق شروع سے لیکر پورے حالات درج کئے ہیں - جو پڑھ کر واقفیت حاصل کریں - قیمت ۴؍

سوانح بخاری امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی مختصر سوانح - قیمت ۱؍

مشاہیر امت رسالہ ہذا میں مشہور صحابہ کرام اور ائمہ دین اور ہر فن کے مشہور اماموں کا ذکر ہے - قیمت صرف ۶؍

الغفاری حضرت ابوذر غفاری رض صحابی رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے عجیب و غریب حالات - ساتھ ہی اخلاقی نتائج کا درس بھی نہایت مؤثر انداز میں درج ہے - قیمت ۸؍

شاہان اسلام حصہ اول - جس میں محمد بن قاسم فاتح سندھ و ملتان کے ہندوستان پر حملہ کرنے کے مفصل حالات درج ہیں قیمت صرف ۱۲؍

شاہان اسلام حصہ دوم - جس میں خاندان غزنی اور خاندان غوری وغیرہ کے مفصل حالات درج کئے گئے ہیں - قیمت ۱۲؍

۴۹) **شاہان اسلام** حصہ سوم - جس میں خاندان غلامان اور خاندان خلجی کے سولہ مشہور بادشاہوں کا تذکرہ ہے - قیمت ۱۲؍

شاہان اسلام حصہ چہارم - تغلق خاندان کے مشہور بادشاہوں کے حالات قیمت ۱۲؍

پیروی صحابیات مصنفہ مولوی عبدالکریم صاحب فیروزپوری - اس کتاب میں صحابیات (صحابہ کرام کی بیویوں) کے حالات پنجابی زبان میں نظم کر دیئے ہیں - قیمت ۸؍

سوانح بلقیس حضرت سلیمان کی زوجہ محترمہ ملکہ بلقیس کی مفصل سوانحعمری تحریر کی گئی ہے - قیمت ۳؍

شداد اور اس کا بہشت اور اس کے متعلق مفید معلومات جمع کئے گئے ہیں - قیمت ۲؍

منگوانے کا پتہ } **منیجر اہلحدیث امرتسر**

ahmadmuslim.de

پہلی شہر بابل کے حالات - عجائبات گذشتہ اور باقیات کا بیان - قیمت ۹ر

مہر نبوت سید الانبیاء صلعم کی مختصر سوانحعمری بچوں کے لئے نہایت عمدہ قیمت ۲ر

تاریخ بیت اللہ شریف یعنی مکہ معظمہ کو کب اور کس طرح بیت اللہ شریف کی عظمت و بزرگی حاصل ہوئی - قیمت ۹ر

حیات طیبہ حضرت مولانا اسماعیل شہید دہلوی کی سوانحعمری مفصل طور پر - مع مختصر سوانح حضرت سید احمد صاحب بریلوی کے۔ چہارم اڈیشن - کاغذ کتابت طباعت عمدہ - قیمت ۶ر

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

ہندوستانی بوٹیوں پر ایک ضخیم کتاب - مولانا حکیم محمد عبد اللہ صاحب روڑی - مضامین سیر حاصل، ترتیب دلچسپ، انداز بیان دلچسپ، تصاویر نظر افروز - بے شمار جڑی بوٹیاں جن کو ہم اپنی لاعلمی کی وجہ سے نعوذ باللہ پاؤں تلے روندتے ہیں - در حقیقت لاتعداد فوائد کو اپنے اندر رکھتی ہیں - جن کو فیاض حقیقی نے بے شمار انعامات سے مالا مال کیا ہوا ہے - وہ انعامات جن کے سمجھانے کے علم ہو جانے کی وجہ سے ...

نور محمدی مصنف مولانا محمد صاحب دہلوی جس میں قرآن مجید، احادیث نبویہ، اقوال صحابہ تابعین، محدثین، ائمہ فقہاء اور صوفیاء سے قوالی اور راگ باجوں اور مزامیر کی مفصل تردید کی گئی ہے - قوالی کی تردید ہے - قوالی پسندوں کی تمام دلیلوں کا رد ہے - قیمت ۲ر

مائۃ ثنائیہ جس میں دس مختلف عنوانات پر دس دس احادیث نبوی صلے اللہ علیہ وسلم مع اردو ترجمہ شائع کی گئی ہیں - جلسوں میں انکو ضرور تقسیم کرنا چاہئے - مصنف مولانا ثناء اللہ صاحب ... قیمت سہ

قیمت میں رعائت

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (بزبان عربی) تفسیر ہذا عربی زبان میں مفسرین کے مسلمہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا پر لکھی گئی ہے - جسے ظاہرہ باطنی خوبیوں کے باعث اہل علم حضرات نے پسند فرمایا ہے - ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی ... بعض مدارس میں بطور نصاب جلالین کی طرح پڑھائی جا رہی ہے - ... کی تفسیر میں قرآن مجید کی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے - مصری سائز اور رنگ کے کاغذ پر اعلیٰ کتابت وطباعت کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے - سارے قرآن مجید کی تفسیر ہے - قیمت بجائے چار روپے کے تین روپے (عہ)
منگوانے کا پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو، انگریزی، ہندی، گورمکھی - فارسی کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگدار وسادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے - اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں - خط وکتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے

منیجر ثنائی برقی پریس - ہال بازار امرتسر

تقلید وعمل بالحدیث مصنف نواب محسن الملک صاحب مرحوم ... کتاب میں عمل بالسنۃ اور عمل بالحدیث کا مقابلہ ... واجب قرار دیا ہے - قیمت ...

منیجر ...

ہے جس کو وہ اپنے سینوں میں پوشیدہ رکھتے ہیں جن کو وہ سالہا سال کی خدمت کے بعد بھی بتانا نہیں ...

حزب الاعظم از ملا علی قاری رحمہ صاحب مرقاۃ (شرح مشکوٰۃ) زیر متن ترجمہ ... برکات کی ... قیمت ... ر

ahmadimuslim.de

MUSLIM UNIV... DELHI

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۹

اہلحدیث

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اخبار امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفا ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کڑہ جیمانی

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عہ

رؤسا و جاگیرداروں سے ۔ سے

عام خریداران سے ۔ ۔

۔ ۔ ششماہی ۲

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ - - - - - ۲ر

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۵۵۱)

فہرست مضامین

نظم (خطاب بہ مسلم) - - - - ص۱

انتخاب الاخبار - - - - - ص۲

خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - - ص۳

مسیحیت اور عقل - - - - - ص۵

مسیح قادیان اور ملعون شیطان - - ص۶

کشف العارفین بجواب فیوض العارفین - ص۸

کفار کی نوکری - - - - - ص۹

احکام درود شریف - - - - ص۱۰

[illegible] - - - - - ص۱۱

[illegible] غیر سے سوال ذکر - ص۱۲

[illegible] - - - - - ص۱۳

[illegible] کل مطلع - - - ص۱۴

اشتہارات - - - - - ص۱۵-۲۰

خطاب بہ مسلم

(از مولوی محمد داؤد صاحب راز شکراوہ ضلع گوڑگانواں)

آبادیٔ جہاں تھا عالم میں کام تیرا
دنیا کو یاد اب تک ہے انتظام تیرا

جھکتے تھے تیرے آگے ہاں قیصرانِ دوراں
لاریب وہ چکا ہے عالم غلام تیرا

عرب و عجم میں تیرا لہرا چکا ہے پرچم
مانا ہے اک جہاں نے اعلیٰ مقام تیرا

ہسپانیہ میں کی ہے صدیا برس حکومت
از ہند تا امریکہ پھیلا نظام تیرا

تو نے لگائے ہر سو پودے ترقیوں کے
یورپ و ایشیا میں ہے فیض عام تیرا

پیدا کیا ہے تو نے یہ انقلاب عالم
مظلوم کی حمایت کرنا ہے کام تیرا

افسانۂ کہن ہے اب داستان تیری
تیری وہ شان و شوکت وہ اہتمام تیرا

تیری وہ خوبیاں سب ناپید ہو چکی ہیں
جن سے کہ تھا جہاں میں مشہور نام تیرا

چرخ کہن نے تجھ سے اب کی ہے بے وفائی
برباد ہو رہا ہے سارا نظام تیرا

ایام ماضیہ کی تاریخ لوٹ آئے
گر پیش نظر ہو ہر خاص و عام تیرا

[illegible] مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب کی نئی تصنیف ... [illegible]

انتخاب الاخبار

(مختص ۲۴ جولائی ۱۹۳۶ء)

——— امرتسر میں دو ہفتہ سے بارش نہیں ہوئی ۔البتہ مرطوب ہوا چلتے رہنے سے گرمی کچھ کم ہے ۔ ناظرین بارش کے لئے دعا کریں ——— امرتسر شہر کے مسلم ضمنی انتخاب میں شیخ محمد صادق پنجاب اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے تھے مگر فریق مخالف کی طرف سے ان کے خلاف عذرداری دائر کی گئی جس کا فیصلہ یہ ہوا کہ شیخ صاحب چھ سال تک اسمبلی کی ممبری کے لئے نہ امیدوار کھڑے ہو سکتے ہیں نہ ووٹ دے سکتے ہیں ۔اب انتخاب دوبارہ ہوگا ۔ مشہور ہو رہا ہے کہ چوہدری افضل حق احرار کی طرف سے اور شیخ صادق حسن مسلم لیگ کی طرف سے کھڑے ہونگے ——— امرتسر چند ماہ ہوئے امرتسر شہر میں ایک احراری کارکن قلعہ بھنگیاں میں قتل کیا گیا تھا اس سلسلہ میں محمد صادق کو بری، اسکے بھائی محمد رفیق کو عمر قید اور ایک دوسرے بھائی کو چھ ماہ قید کی سزا ہوئی ——— لاہور مولانا ظفر علی خاں نے اتحاد ملت کے ایک جلسہ میں فرمایا کہ ۳۱ جولائی تک اگر آریوں نے حیدرآباد کے خلاف ستیہ گرہ بند نہ کی تو ان کے مقابل زبردست قدم اٹھایا جائیگا ۔

——— گاندھی جی نے کشمیر جانے کا ارادہ ترک کر دیا ہے ۔ ایبٹ آباد میں الوداعی تقریر کے موقع پر آپ نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے اپیل کی ۔

——— ریاست حیدرآباد میں ۱۹ جولائی سے نئی اصلاحات کے نفاذ کا اعلان کر دیا گیا ہے ۔ آریوں نے فی الحال ایک ہفتہ کے لئے ستیہ گرہ بند کی ہے ۔ مگر وہ اس اعلان سے مکمل طور پر مطمئن نہیں ہوئے ۔

——— کراچی مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی حال ہی میں یورپ سے آئے ہیں آپ نے کراچی میں دوران تقریر میں کہا کہ یورپ کے حالات بہت کشیدہ ہو رہے ہیں ۔اب جنگ کا اعلان چند ہفتوں تک ہونے والا ہے ۔

——— معلوم ہوا ہے آئندہ پنجاب اسمبلی کا اجلاس ماہ اکتوبر کے اخیر یا شروع نومبر میں لاہور منعقد ہوگا جو تقریباً چھ ماہ تک مسلسل جاری رہیگا ۔ اجلاس کی طوالت کے پیش نظر ممبروں کا الاؤنس کچھ کم کر دیا جائیگا ——— حکومت ترکیہ نے دفاد جنگ کے لئے زنانہ ترکی کور بنائی ہے جسے جنگی درسگاہوں میں تعلیم دیجائیگی

دفتر اہلحدیث کی دو نئی مطبوعات

(۱) "تفسیر بالرائے"

(بزبان مصنف) اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی ۔ کیونکہ اردو میں کئی ایک تفسیریں شائع ہوئی ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں ۔ مثلاً "بیان للناس" امرتسری "بیان القرآن" لاہوری چکڑالوی مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے ۔ قابل دید و شنید ہے ۔ مولانا صاحب کی یہ بالکل نئی تصنیف ہے ۔ قیمت صرف ۱۰/

(۲) مکالمہ احمدیہ

جس میں قادیانی اور لاہوری مرزائی جماعتوں کے وہ مضامین درج ہیں جو ہر دو فریق اپنے اپنے اخباروں (پیغام صلح و الفضل) میں بابت مناظرہ نبوت مرزا شائع کرتے رہے ۔ کتاب قابل دید ہے ۔ قیمت ۵/

پتہ :- دفتر اہلحدیث امرتسر

سب سے پہلے

اخبار ہذا کے صفحہ ۱۰ پر

حساب دوستاں

ملاحظہ فرمائیے ۔

——— بھوانی ضلع حصار میں کسی ہندو کو جوتشی نے کہا کہ اگر تم ایک چھوٹے بچے کو قربان کرو تو تمہیں دولت ملیگی چنانچہ اس نے کسی ڈاکٹر کے تین سالہ لڑکے کو اغوا کر کے گھر لے جا کر قتل کر دیا ۔ سراغ ملنے پر پولیس نے گرفتار کر لیا

اردو اکادمی اردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی نے ذیل کے ہر مضمون پر پہلے ڈیڑھ سو روپے انعام دینا تجویز کیا تھا مگر اب اسے بڑھا کر ڈھائی سو کر دیا گیا ہے ۔جن صاحب کا مقالہ سب سے بہتر ہوگا انہیں مذکورہ بالا انعام دیا جائیگا ۔ اکادمی کا فیصلہ ناطق ہوگا ۔اس کے علاوہ اکادمی منتخب مقالہ جات کے حقوق اشاعت اپنے ذمہ رکھیگی ۔ مقالہ میں تقریباً پچاس ہزار الفاظ ہونے چاہئیں اور تمام مقالے سیکرٹری اردو اکادمی کے پاس ۳۰ ستمبر تک پہنچ جانا چاہئیں ۔جو صاحب اس مقالہ نویسی میں شرکت پسند کریں وہ پہلے اپنے مضمون کے انتخاب سے سیکرٹری کو مطلع کر دیں ۔

۱۔ اشتراکیت ۔ ۲۔ فاسزم ۔ ۳۔ نازی ازم ۔ ۴۔ سامراج ۵۔ وطنیت ۔ ۶۔ سرمایہ داری ۔ ۷۔ بحیرہ روم کی سیاست ۸۔ بحر الکاہل کی سیاست ۔ ۹۔ امریکہ اور سیاست عالم ۱۰۔ وسطی یورپ کی سیاست ۔ ۱۱۔ نوآبادیوں کی تقسیم ۔ ۱۲۔ ممالک اسلامی کی سیاست ۔

(سیکرٹری اردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی)

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث جولائی ۱۹۳۵ء میں جمعیۃ ہذا کی بنیاد ایک مسلم بزرگ (مولانا سیالکوٹی) کے ہاتھوں سے رکھی گئی بحمد اللہ اراکین جمعیۃ نے حتی الوسع دینی خدمات انجام دینے میں کمی نہیں کی ۔ تبلیغی خدمات بذریعہ تقاریر بھی کیں اور تحریر کے ذریعہ بھی تبلیغ کی گئی ۔

رسالہ تبلیغ کے ۱۳ نمبر شائع ہو چکے ہیں ۔ دس نمبر مستقل تبلیغ کے نام پر شائع کئے گئے ۔ مگر بعض وجوہات کی بنا پر تین نمبر کے عوض بحکم صدر صاحب رسالہ عیدین شائع کیا گیا کیونکہ اصل مقصود تبلیغ ہے اور بس ۔ اس اثناء میں جماعت اہل حدیث نے کس قدر اعانت کی اخبار اہلحدیث کی گذشتہ فائل اس کی گواہ ہے کہ کس قدر چندہ کیا اور وہ کہاں تک کافی ہو سکتا ہے ۔ بدیں حالات افراد اہل حدیث کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ اس خالص مذہبی تحریک کی ہر طرح سے امداد کریں

رسائل خریدیں رسائل ثلاثہ جس میں حضرت مولانا سیالکوٹی نے حدیث مجدد اور مہدی زمان کے متعلق بسط سے بحث کی ہے اور بفضل خدا اپنی خداداد لیاقت سے بوجہ احسن ادا کیا ہے ۔اس مفید سلسلہ کے چند نسخے باقی ہیں

چہل ... الفضل ۔ قرآن و حدیث کی دعاؤں کا مجموعہ (۵۵۲) ہر مومن کا وظیفہ ۔ ... علاج ... قیمت ... (دفتر اہلحدیث)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

اہلحدیث

۱۰ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۵)

"اہلحدیث" مورخہ ۷ جولائی میں ہم نے لکھا تھا کہ مشرقی صاحب کی تصنیفات پر تنقید کے آٹھ نمبر قابل حد ہیں۔ ان میں سے دو نمبروں (طول پر فضول اور تناقضات) کا ذکر سابقہ پرچوں میں ہو چکا ہے آج تیسرے نمبر (تحریف قرآن) کا ذکر ہوتا ہے۔

ضروری نوٹ گزشتہ دو ہفتے سے ہم ناظرین سے یہ تین سوال کر رہے ہیں۔

(۱) یہ رسالہ کتنی تعداد میں شائع ہو؟ ہماری ذاتی رائے ہے کہ پچاس ہزار کی تعداد میں چھپنا چاہئے۔

(۲) ہر ایک صاحب ضرور اطلاع دے کہ اسکو کتنے رسالے مطلوب ہیں؟

(۳) اصحاب خیر اس سلسلہ میں کیا امداد دینگے؟

بعض اصحاب نے رسالہ کی قیمت دریافت کی ہے واضح ہو کہ یہ رسالہ مفت شائع ہوگا۔ رقم چندہ اسی پر خرچ ہوگی۔ فہرست صفحہ متفرقات میں ملیگی۔

الحمد للہ! ہم جانتے ہیں کہ جماعت اہل حدیث میں عموماً اور ہمارے ناظرین میں خصوصاً بعض اصحاب خیر ایسے ہیں جو اشاعت اسلام اور اشاعت سنت نبی علیہ السلام کے دل سے متمنی ہیں پس وہ اس کار خیر میں جلد توجہ فرمائیں۔

بعض... ہم نے لکھا تھا کہ مشرقی صاحب نے اپنے مدعا کے اثبات کے لئے جو آیات پیش کی ہیں۔ انکی تفسیر میں تحریف تک نوبت پہنچ گئی ہے۔ آج ہم اس کا ثبوت دیتے ہیں۔

آپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اقوام یورپ کو جو دنیائے جہاں کی حکومت حاصل ہے یہ ان کی صلاحیت کی وجہ سے ہے۔ اس دعوے پر آپ نے آیت ذیل کو بطور دلیل پیش کیا ہے۔

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ○

(پ۱۷ - ع۷)

ہم زبور میں تمام احکام کی شرح و ذکر کے بعد یہ بات لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث ہمارے صالح العمل بندے ہی ہیں۔ بلاشبہ اس میں اطاعت گذار قوم کے لئے ایک بڑا پیغام ہے۔

(مقدمہ تذکرہ ص۱۴)

اس آیت کی تشریح میں مشرقی صاحب رقمطراز ہیں:۔

"ان آیات الٰہی میں وارثین زمین کی مکمل تشریح عبادی الصالحون کے الفاظ میں کر دی گئی ہے "صلاح" کی تعریف از روئے قرآن مجید جامع مانع ہے۔ حتی الامکان لفظ عبادت کی... یہ امر خاص طور ملحوظ رکھنے کے قابل ہے کہ مشتق تھا کہ... عبادت کا مفہوم اس آیہ کریمہ (۲۱ : ۱۰۵) کے دوسرے ٹکڑے سے مطابق ہے عبادت کا لفظ عبد سے مشتق ہے جس کے معنی غلام کے ہیں اور وہی قوم درحقیقت عابد ہے جو خدا کی ایسا غلام ہے، جو اس کے قانون اور احکام پر عمل کر رہی ہے ورنہ کوئی رسمی نماز گذار اور باقی احکام سے غافل قوم عابد کہلانے کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ ملازمت کی غرض اصل آقا کے احکام کی تعمیل ہے" (مقدمہ تذکرہ اردو صفحہ ۷ کا حاشیہ)

اس عبارت کی مزید تشریح آپ ہی کے الفاظ میں سنئے جہاں آپ خلافت فی الارض (دنیاوی حکومت) کا ذکر کرتے ہوئے مسلمانوں کو مخاطب کر کے لکھتے ہیں:۔

فلا شك انكم لا تؤمنون ولا تعملون الصالحات ولا تعبدونه بل تشركون به واكثركم الفاسقون والمغربيون هم الذين امنوا وعملوا الصالحات في زماننا هذا فيستخلفهم الله ويستدرجكم من حيث لا تعلمون

(تذکرہ حصہ عربی ص۹)

(بے شک تم مسلمان ایماندار نہیں ہو نہ تم نیک عمل کرتے ہو اور نہ تم خدا کی عبادت کرتے ہو بلکہ خدا کے ساتھ شرک کرتے ہو اور تم سے اکثر بدکار ہیں اور اہل مغرب ہی ایماندار اور صالح العمل ہیں ہمارے اس زمانہ میں پس اللہ ان کو (دنیا میں) خلیفہ بنائیگا اور تم کو ایسے طریق سے ذلیل کریگا کہ تم کو خبر بھی نہ ہوگی)

اہلحدیث اس قسم کا بیان مختلف مواقع پر ملتا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اہل یورپ اس لئے حکمران ہیں کہ وہ خدا کے نزدیک مومن صالح (نیک عمل کرنے والے ایماندار) ہیں۔ ہماری تحقیق یہ ہے کہ قرآن مجید کی اس آیت کو یورپین اقوام کی حکومت پر چسپاں کرنا تحریف ہے جو نے فہمی پر مبنی ہے۔ صحیح معنی سمجھنے کے لئے آیت کے الفاظ پر غور کرنا ضروری ہے۔ پس ناظرین اور خصوصاً خاکسار تحریک کے ممبران غور سے سنیں۔

(اس آیت میں سب سے پہلے الفاظ گذشتنا...

فی الزبور یعنی زبور میں داؤد علیہ السلام کی ایک حکایت ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ

"ہم (خدا) نے داؤد علیہ السلام کی زبور میں یہ مضمون لکھ دیا تھا کہ زمین کے وارث میرے صالح بندے ہونگے"

اس لئے سب سے پہلے زبور میں اس مضمون کو تلاش کرنا چاہئے۔ پس جو معنی اس حکایت کے زبور میں ہونگے وہی یہاں بھی مراد ہونگے تاکہ حکایت اور محکی عنہ آپس میں مطابق ہوں جو کہ شہادت متودی ہے۔

اس تمہید کے بعد ہم زبور کی وہ عبارت ذیل میں نقل کئے دیتے ہیں۔ با انصاف ناظرین اس عبارت کو ذرا غور سے پڑھیں۔ کیونکہ آیت موصوفہ کی تفسیر کا مدار اسی عبارت پر موقوف ہے۔ چنانچہ زبور میں لکھا ہے :۔

صادق زمین کے وارث ہونگے اور ابدتک اس پر بسیں گے۔ صادق کا منہ دانائی کی بات کہتا ہے اس کی زبان سے عدالت کا کلمہ نکلتا ہے، اسکے خدا کی شریعت اسکے دل میں ہے۔ اس کا پاؤں کبھی نہ پھسلیگا شریر صادق کی گھات میں لگا ہے اور اس کے قتل کے درپے رہتا ہے

(زبور ۳۷ آیات ۳۰ تا ۳۲)

اہلحدیث | یہ عبارت اپنا مطلب صاف بتارہی ہے کہ صادق لوگ کون ہیں؟ وہی ہیں جو شریعت کی عزت کرتے ہیں اور بحکم قرآن اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ہمیشہ عدل کے کلمات بولتے ہیں۔ بڑی بات یہ ہے کہ وہ جس زمین کے وارث ہونگے اس میں وہ ابد (ہمیشہ) تک رہیں گے اور انہی معنی میں یہ آیت ہے

خَالِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا

(جنتی لوگ جنت میں ہمیشہ رہیں گے)

پس آیت قرآنی کے صحیح معنی یہ ہیں کہ جنت کی زمین کے وارث وہ صالح اور صادق لوگ ہونگے جو شریعت خداوندی کے پورے پابند ہونگے۔ چنانچہ قرآن کریم کی دوسری آیت اسی معنی کی تشریح کرتی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں :۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ... اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ

یعنی نماز روزہ وغیرہ اعمال شریعت ادا کرنے والے جنت کے وارث ہونگے جو ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

ایک اور آیت بھی سن لیجئے۔ ارشاد ہے :۔

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا (یہ جنت کا وارث متقی لوگوں کو بنائینگے)

اب ہم یورپ کے صالحین کی صلاحیت کا حال مشرقی صاحب ہی کے الفاظ میں بتاتے ہیں

یورپین اقوام میں سے ہمارے ساتھ تعلق رکھنے والی انگریز قوم ہے اور انگریز یورپ کی باقی اقوام کی نسبت زمین کے زیادہ حصے پر متصرف ہیں۔ ان انگریز صالحین کی صلاحیت بتانے کو مشرقی صاحب کے چند الفاظ ہی کافی ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ

انگریز اکثر معاملوں میں بدنیت ہیں۔ شیطانی قوم ہیں اور جھوٹے ہیں مکار ہیں۔ جھوٹ کی اشاعت کرکے رعایا کو لڑواتے ہیں۔

(اشارات ص ۱۶/۱۷ - ص ۱۲۳/۱۲۴)

ناظرین کرام! | ہم مشرقی صاحب کی طرح زبانی باتیں کرنے کے عادی نہیں بلکہ اپنے دعوے پر دلائل اور واقعات کو پیش کرتے ہیں۔ اس لئے آپ کی معرفت ہم مشرقی صاحب اور ان کے اتباع سے ایک دو سوال کرتے ہیں وہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر سوچیں اور جواب دیں کہ آپ نے جو اقوام یورپ کی صلاحیت کا ذکر کرکے اُن کو اس آیت کا مصداق بتایا ہے کیا آپ کو روس کی صلاحیت کا حال بھی معلوم ہے؟ جو یورپ میں اتنی زبردست قوم ہے کہ آج سارا یورپ اس سے خائف ہے اور وہ یورپ اور ایشیاء کے بہت بڑے حصے پر قابض ہے۔ کیا آپ نے سنا ہے کہ وہاں کس قسم کی صلاحیت جاری ہورہی ہے۔ اگر نہ سنا ہو تو اب سنئے کہ روسی حکومت کا بنیادی پتھر لادینیت ہے یعنی ان کا مقولہ ہے کہ

Religion is Nothing

یعنی مذہب کوئی چیز نہیں۔ کیونکہ مذہب کی بنیاد خدا کے اعتقاد پر ہے۔ اور خدا کی نسبت ان کا مقولہ

God is Nothing

یعنی خدا کوئی چیز نہیں ہے۔

ان دو اصولوں کو جاننے کے بعد اس قوم کی صلاحیت کا اندازہ آپ خود کرسکتے ہیں۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ آپ نے صلاحیت کے لئے اقوام یورپ ہی کو مخصوص کیوں کیا حالانکہ جاپان بھی علم سائنس اور صنعتی ترقی میں یورپین اقوام سے کم نہیں ہے۔ اور وہ آج تمکن فی الارض (حکومت زمین) میں اتنا شہ زور ہے کہ یورپین اقوام کو للکارتا ہوا کہتا ہے ؎

انا صخرة الوادی اذا ما زوحمت
واذا نطقت فانی الجوزاء

آپ نے جو یورپین اقوام کے حق میں لکھا ہے کہ

اکثر ملائکہ ان کو سجدہ کرتے ہیں برق کا فرشتہ ان کی رات دن خدمت کرتا ہے۔

(تذکرہ عربی ص ۶)

کیا اس میں جاپان اور چین وغیرہ شریک نہیں ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ آپ صرف مغربی اقوام ہی کا ذکر کرتے ہیں اور ان مشرقی اقوام کو چھوڑ دیتے ہیں۔

واضح رہے | کہ چین وجاپان کا قومی مذہب بدھ ہے اور بدھ خدا کے منکر ہیں۔ ہمارے اس دعوے کے ثبوت آپ سوامی دیانند کی ستیارتھ پرکاش اور لالہ لاجپت رائے کی تاریخ ہندوستان حصہ اول دیکھئے۔ ان دونوں نے بدھوں کو دہریہ (منکر خدا) لکھا ہے۔

ہم اس موقع پر تذکرہ عربی کا ایک پورا صفحہ نقل کرتے ہیں۔ جس سے ناظرین کو معلوم ہوجائیگا کہ یہ بھلا آدمی کس دل ودماغ کا مالک ہے۔ اور اپنے اتباع کے ذہن میں کیا کچھ بٹھانا چاہتا ہے۔ اور قرآن مجید کی کہاں تک تحریف کرتا ہے۔ پس انصاف پسند اہل علم مندرجہ ذیل حوالہ کو بنظر غور دیکھیں۔ آپ کے اصل الفاظ اہل مغرب کے حق میں یہ ہیں :۔

"خدا ... نہیں، اور جب ... [illegible]"

(۵۴۷) [illegible]

"فو الله ما جاهد قوم قط في هذه الدنيا مثل ما جاهد الغرب في زماننا هذا ولم يعرفوا الله مثل ما عرفوه ، ولم يقدروه مثل ما قدروه ، فكيف لا يؤدي الله اجورهم ويوفيهم حق عباداتهم في الدنيا وهو يشكر نعمته عليهم ان كانوا شاكرين ۵ وكيف لا يستخلف في الارض الذين امنوا بالله بالحق وعملوا الصالحات [illegible] عليهم ،

فالملائكة اكثرهم يسجدون لهذا القوم ، وملك البرق يخدمهم ليلاً ونهاراً ويوتي [illegible] على الارض ويرسل رسائلهم [illegible] من المغرب الى المشرق في طرفة العين ، [illegible] بلادهم ومساكنهم [illegible] اصابعهم [illegible] في البحر ، [illegible] في الفضاء ، وقد [illegible] على الملائكة [illegible] في لمحة البصر ، [illegible] الله [illegible] فاطر السموات والارض جاعل الملائكة رسلا اولي اجنحة مثنى وثلاث ورباع يزيد في الخلق ما يشاء ان الله على كل شيء قدير (۳۵: ۱) ۵ وملك البحار [illegible] [illegible] [illegible] الى [illegible] الا [illegible] (۱۲: ۴۱) ، [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] الملائكة [illegible] حتى الآن ، و [illegible] [illegible] خليفة الارض حقا ۵ فهم الذين [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] (۳: ۲) [illegible] ربهم [illegible] الى [illegible] على اعمالهم البالغة اني اعلم ما لا تعلمون (۲: ۳۰) ۵ فعلمهم الله الاسماء اكثرها ، [illegible] الاشياء معظمها ، واقدرهم على استعمالها ، والملائكة يدخلون عليهم من كل باب [illegible] عليكم [illegible] (۱۳: ۲۳) [illegible] ، اراكم الله فالبثوا فيها الى الحين ۵ وهم الذين قال فيهم ربهم للملائكة وفي رجال مثلهم اني خالق بشرا من طين ۵ فاذا سويته ونفخت فيه من روحي فقعوا له ساجدين فسجد الملائكة كلهم اجمعون (۳۸: ۷۲-۷۳)

[illegible] الله [illegible] روحه [illegible] [illegible] بما يكسبون و [illegible] مثل ما انتم لا [illegible] [illegible] على شيء ولا [illegible] من شيء ولا [illegible] ولا تعلمون۔"

(تذکرہ عربی [illegible])

اس عبارت کا مختصر مطلب یہ ہے کہ

خدا کی قسم خدا کو جیسا اہل مغرب نے پہچانا ہے کسی قوم نے نہیں پہچانا۔ پھر خدا ایسے ایماندار بندوں کو زمین میں خلیفہ کیوں نہ کرے۔ اکثر [illegible] فرشتے ان کو سجدہ کرتے ہیں۔ اور ملک البرق [illegible] فرشتہ [illegible] ان کی خدمت کرتا ہے [illegible] کے جہازوں کو چلاتا ہے ان کے حکم [illegible] ان کی خبریں آنا فانا [illegible] پہنچاتا ہے۔ ملک البحار [illegible] فرشتہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کی عبادت کرتا ہے [illegible] فرشتے بھی [illegible] جنہوں نے [illegible] کو سجدہ [illegible] وہ اہل مغرب [illegible] کرتے ہیں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] نے ان کو اسماء کا علم دیا ہے اور خلق اشیاء ان کو بتائی ہیں۔ اور [illegible] [illegible] سے کام کرتے ہوئے ان پر داخل ہوتے ہیں [illegible] ہیں کہ تم نے بہت اچھے کام [illegible] رکھے۔ یہی (یورپین اقوام) ہیں جن کے متعلق خدا نے فرشتوں کو کہا تھا کہ جب میں ان کو پیدا کر لوں تو تم ان کے لئے سجدہ میں گر پڑنا۔ پس جب فرشتوں نے ان کو سجدہ کیا تھا یہ لوگ بڑے [illegible] ہیں بڑے [illegible] ہیں [illegible] میں تم مسلمان کس چیز پر [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ہوئے۔

ناظرین کرام! آپ لوگوں نے سنا ہوگا کہ [illegible] ایک فرقہ قرامطہ پیدا ہوا تھا جن کا ایک تاریخی واقعہ قابل شنید ہے کہ یہ فرقہ [illegible] کے زمانہ میں جب حجاز پر غالب آگیا تو حجر اسود کو نکال کر اپنے علاقہ لے گیا اور [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] آخر سلطان نے جب [illegible] چاہا تو حجر اسود ان لوگوں سے واپس لیکر [illegible] [illegible] لگایا۔ یہ فرقہ بھی اسلام کا قائل تھا۔ صرف دو نمازیں پڑھتا تھا اور [illegible] کی ضرورت کا قائل نہیں تھا۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ قرامطہ کے بعد قرآن مجید کی تحریف کرنے والا مشرقی صاحب کے برابر ہم نے کوئی نہیں پایا۔ پس ہم ان کی خدمت میں یہ شعر عرض کرتے ہیں ؎

[illegible] تمہاری ظلم کیشی کو
[illegible] [illegible] [illegible]

(باقی آئندہ)

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

مسیحیت اور عقل

عقل ایک لطیف جوہر ہے کہ کوئی اس سے مصہ نہیں تو وہ بھی اپنے کو اس سے بے بہرہ نہیں سمجھتے۔ شیخ سعدی نے اس لطیف جوہر کے حق میں کیا اچھا کہا ہے

گر از بساط زمیں عقل منعدم گردد

بخود گماں نبرد ہیچ کس کہ نادانم

(اگر ساری دنیا سے عقل معدوم ہو جائے تو بھی کوئی شخص اپنے آپ کو بے عقل نہیں سمجھیگا)

مسیحیت مروجہ میں ایک قسم کی کمزوری تھی کہ وہ مذہبی اعتقاد میں عقل کا دخل نہ سمجھتے تھے۔ جب کبھی ان پر سوال ہوتا کہ کبھی کھانے پینے والے انسان کو خدا ماننا عقل کے خلاف ہے تو وہ یہی جواب دیتے کہ خدائی معرفت کے میدان میں عقل نہیں چل سکتی۔ خدا کا شکر ہے کہ "حق بر زبان جاری گردد" کے ماتحت عیسائیوں کے رسالہ "اخوت" میں ایک مضمون نکلا ہے۔ جس میں سے چند الفاظ (جو سنہرے حروف میں لکھے جانے کے قابل ہیں) درج ذیل کئے جاتے ہیں:۔

"خدا عقل و تمیز کا مبدأ ہے اور اس کے احکام و قوانین عقل و تمیز کے مطابق ہیں۔ خدا ہمیں یہ دعوت نہیں دیتا کہ ہم اگر بعید الفہم مسائل پر ایمان لائیں بلکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ ہم ہر ایک بات کو اپنی عقل و تمیز سے پرکھیں"

(اخوت لاہور بابت جون صفحہ)

اہلحدیث کیا اچھا سبق ہے۔ غنیمت ہے کہ یہ الفاظ کسی یونی ٹیرین (موحد عیسائی) کے قلم سے نہیں بلکہ تثلیثی مسیحی کے قلم سے نکلے ہیں۔ پس وہ مہربانی کر کے ہمارے مندرجہ ذیل سوال کا جواب عنایت کریں:

سوال کیا آپ لوگوں کا عقیدہ جامعہ ترتیب مقدس اقانیم عقل کے مطابق ہے؟ یاد دہانی کے لئے ہم یہاں اس کے ایک دو فقرے نقل کرتے ہیں:

باپ قادر مطلق۔ بیٹا قادر مطلق۔ روح القدس قادر مطلق تو بھی تین قادر مطلق نہیں بلکہ ایک قادر مطلق

باپ قدیم بیٹا قدیم اور روح القدس قدیم تو بھی تین قدیم نہیں بلکہ ایک قدیم وغیرہ۔

مہربانی کر کے بتائیں کیا ایسا جامع عقیدہ عقل کے مطابق ہے؟

کس عشق کے مطالبہ ہے

ادا سے دیکھ لو جاتا رہے گلا دل کا

بس اک نگاہ پہ ٹھیرا ہے فیصلہ دل کا

قادیانی مشن

مسیح قادیان اور ملعون شیطان

حضرت مرزا صاحب مسیح قادیان کے دلائل یوں تو بیسیوں نہیں سینکڑوں بلکہ ہزاروں سے بھی متجاوز ہیں مگر ایک دلیل ایسی واضح اور فیصلہ کن ہے کہ ہر درجہ کا آدمی اس سے صحیح نتیجہ اخذ کر سکتا ہے وہ دلیل ایسی صاف ہے کہ اقلیدس اور جبر و مقابلہ کے دلائل بھی ایسے صاف نہ ہونگے۔ حضرت ممدوح نے اپنی صداقت کے ثبوت میں اپنا ایک بہت بڑا شاندار کام پیش کیا تھا جو انبیاء کرام علیہم السلام سے بھی نہ ہو سکا تھا۔ آپ کے شاندار الفاظ یہ ہیں کہ:۔

"شیطان نے آدم کو ملانے کا منصوبہ کیا تھا اور اس کا استیصال چاہا تھا پھر شیطان نے خدا تعالیٰ سے مہلت چاہی اور اس کو دی گئی الیٰ وقت المعلوم۔ یہی سبب اس مہلت کے کسی نبی نے اس کو قتل نہ کیا۔ اس کے قتل کا وقت ایک ہی مقرر تھا کہ وہ مسیح موعود کے ہاتھ سے قتل ہو۔ اب تک وہ ڈاکوؤں کی طرح پھرتا رہا لیکن اب اس کی ہلاکت کا وقت آگیا ہے۔"

(منظور الٰہی جلد دوم صفحہ ۳۱)

اہلحدیث اس عبارت سے دو امر ثابت ہوتے ہیں ایک یہ کہ شیطان کا مسیح موعود (مرزا صاحب) کے وقت میں ہلاک ہو جانا مقدر ہے۔ دوسرے یہ کہ شیطان کی موت کی علامت یہ ہے کہ نیک لوگ زیادہ ہونگے اور شر کم۔ مصنف بھی قتیل و خود ...

واقعات کو دیکھ کر صاف پتہ چلتا ہے کہ شیطان ابھی تک مرا نہیں کیونکہ دنیا میں اشرار کی کثرت ہے جس کا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں۔ لیکن یہ تجربہ بھی استدلالی شکل میں رہتا جس پر مزید بحث کی گنجائش ہوتی۔ خدا بھلا کرے اڈیٹر الفضل قادیان کا جس نے ہمیں استنباط کی تکلیف سے بچا کر خود ہی صاف لفظوں میں نتیجہ بتا دیا چنانچہ آپ کے الفاظ یہ ہیں کہ:

"ہر طرف فتنہ و فساد، ظلمت اور سیاہ کاری کا دور دورہ ہے اور شیطان اپنے پورے ساز و سامان کے ساتھ دنیا پر مسلط ہے۔ اس کا ہر مذہب و ملت کے لوگ اعتراف کر رہے ہیں"

(الفضل ۱۸ جولائی صفحہ)

سوال کل مذاہب کے معترضین قادیانی اور لاہوری ارکان بھی شریک ہیں یا بعض کیا مرزا صاحب کے تمام اتباع اس کا اعتراف کرنے میں شریک ہیں اگر شریک ہیں تو مہربانی کر کے بتائیں کہ شیطان اپنی ہلاکت کے وقت سے کیوں پیچھے رہ گیا؟ اگر وہ اپنی کسی چال بازی سے زندہ بچ گیا ہے (جیسا کہ اس کی خطرہ ہے کیونکہ وہ بڑا چال باز ہے) تو بتائیے کہ مرزا صاحب کی مسیحیت کیونکر پوری ہوئی؟ یا یہی ہوئی ہے مرزا صاحب اور شیطان پر یہ شعر خوب صادق آتا ہے؎

کچھ پیری چلی باد صبا کی

بگڑنے پر بھی زلف اس کی بنا کی

رئیس قادیان۔ مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے حالات جدید پیرایہ میں ایک نئی تصنیف ہے۔ قیمت ... دفتر اہلحدیث امرتسر

بریلوی مشن

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین

(۱۴-جولائی کے بعد)

(از مولوی عبداللہ صاحب ثانی امرتسری)

"اہلحدیث" ۱۴ جولائی میں مصنف فیوض کی نقل کردہ روایت "التوجہ الیک بنبیک" پر بحث تھی۔ اسکے بعد مفتی جی نے بطور غلط مبحث اپنی تحقیق کی باگ دوڑ کو دوسری طرف پھیر کر یہ ثابت کرنا شروع کر دیا کہ انبیاء اولیاء شہداء زندہ ہیں۔ جس پر ہماری طرف سے اجمالی نقض وارد کیا گیا تھا۔ اب اسی کی تفصیل پیش ہے۔ گو ہمارا حق نہیں کہ ہم اصل بحث میں ادھر ادھر کی باتوں کا جواب دیں مگر ہمارے مخاطب چونکہ شروع سے ہی اصل بحث سے الگ جا رہے ہیں۔ اسلئے ہم بھی بپاس خاطر مفتی صاحب ان کے پیچھے ہر بات کا جواب دیتے جا رہے ہیں۔ آخر ہم کس کس ٹیڑھی بات کو سیدھا کریں وہاں تو یہ حال ہے ؎

بنے کیونکر کہ ہے سب کار الٹا
ہم الٹے بات الٹی یار الٹا

بہرحال آپ حیاۃ انبیاء کے ثبوت میں اقوال الرجال و حکایات واہیہ کی بھرتی کرتے ہیں۔ جس کا پورا درج کرنا تو ناظرین کے ملال طبع کا باعث ہے۔ ہم اس کو اپنے لفظوں میں خلاصۃً لکھتے ہیں جو اصل تحریر کے بالکل مطابق ہے۔ لکھتے ہیں:۔

"(۱) قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی شہداء کے حق میں فرماتے ہیں۔ بل احیاء عند ربہم۔ مراد شاید این باشد کہ حق تعالیٰ ارواح شان را قوت اجساد دہد تا ہر جا کہ خواہند سیر کنند و ایں حکم مخصوص بشہداء نیست انبیاء و صدیقان از شہداء افضل اند و اولیاء ہم در حکم شہداء است ... [illegible]

بہشت ہر جا کہ خواہند سیر کنند۔ دوستان معتقدان را در دنیا و آخرت مددگار ے فرمائند و دشمنان ہلاک ے کنند" (فیوض العارفین ص۴۲)

(۲) مولانا عبدالحق دہلوی فرماتے ہیں۔ امام شافعیؒ نے کہا ہے کہ موسیٰ کاظم کی قبر کی مٹی قبولیت دعا کیلئے مجرب ہے۔ امام غزالی کہتے ہیں جن سے انکی زندگی میں مدد لی جاتی ہے ان سے بعد وفات بھی مدد لی جاتی ہے۔

(۳) ایک بڑے کامل بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے چار بزرگوں کو دیکھا ہے وہ قبروں میں ویسے ہی کرامت اور تصرف دکھاتے تھے جیسا زندگی میں دکھایا کرتے تھے۔ شیخ معروف کرخی اور شیخ عبدالقادر جیلانی رح (ہر دو بزرگ) ایسے لوگوں سے ہیں۔

(۴) امام اعظم (ابو حنیفہؒ) اپنے قصیدہ میں یوں استغاثہ کرتے ہیں ؎

یا اکرم الثقلین یا کنز الوریٰ
جُد لی بجودک وارضنی برضاک
انا طامع بالجود منک ولم یکن
لابی حنیفۃ فی الانام سواک

مولانا محمود الحسن دیوبندی نے مولانا گنگوہی کا اسطرح مرثیہ فرمایا ہے ؎

مُردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے دیا
اس مسیحائی کو دیکھے ذرا ابن مریم

(فیوض ص۲۹)

(۵) پیر جیلانی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

میرا مرید مشرق میں ہو یا مغرب میں یا پڑا ہے ہوئے دریا کے تھے اس کی ... کو پہونچونگا۔ میں قضا کی تلوار ہوں میں قیامت کو مریدا شافعی ہونگا میں ولی اللہ ہوں۔ میری بات کہ مریدی چاہئے کی ... نکلنے کا غضب، نور میں چھپا ہوں۔ میرا ہاتھ مشہور کا پاؤں پھسل گیا کوئی پکڑنے والا نہ تھا اگر میں ہوتا تو اسکا ہاتھ پکڑ لیتا۔ میں قیامت تک اپنے مرید کا ہاتھ پکڑنے والا (دستگیر) ہوں۔ جب مانگو مجھ سے مانگو۔ جو میرا نام سختی کے وقت پکارے اسکی کربت دور ہو جاتی ہے۔ جو دو رکعت نماز پڑھ کر گیارہ قدم عراق کی طرف چل کر میرا نام یاد کرے اسکی حاجت پوری ہوگی۔ (فیوض ص۳۲)

(۶) شیخ عبدالحق دہلوی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے اس طرح التجا کرتے ہیں:۔

"یا غوث الآفاق یا متصرفاً فی الوجود علی الاطلاق من الذی توسل بک فلم تقض حاجتہ ولم نیل المقصود انت الذی سلم الیہ الاکوان مطلق العنان التصرف فی میدان الزمان یا سلطان ممالک الوجود یا محبوب رب الودود یا نائب الرسول محمد المحمود کل یسأل منک حاجتہ وھا انا نسأل منک ان تخلص من ظلمات البشریۃ و درکات الطبیعۃ ونظہر لنا انوار شہود ما یستغنی بہ قلوبنا ویصب علینا من نسمات الانس یروح بہ ارواحنا وملاک امرنا کلہ یا سیدنا ان لا تردنا من جنابک وتنظمنا یا مولانا فی سلک مریدیک و تبشرنا بہ وتجعل لنا علی ذلک دلیلا" (زبدۃ الاسرار ص۳) علم مقد استجیب بحمد اللہ وبفضلہ ھذا الدعا من ھذا الداعی والداعی ھو مولف ھذا الکتاب وصاحب ھذہ الحاشیۃ المنہیۃ ابو المجد الشیخ الاجل عبدالحق محدث الدہلوی رحمۃ اللہ علیہ را ھانی سنۃ انہ بایعہ

ف عربی دان حضرات اس جتندی عربی پر بھی غور کریں۔ ... لوگ کیسے نادان دوست ہیں۔ شیخ موصوف کو عربی ... یہی تمام کرتے ہیں کہ وہ قربت کے اس ... سے ... کی عربی نہ جانتے تھے۔ ... منہ

... یہ جیلانی کی ... آیات کی بنا پر پیر صاحب غضب ... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا دیتے تھے۔ (دیکھو فصل گیارھویں)

ورفع اشتیاقه لی حضرة النبی صلی الله علیه وسلم دعاله وبشر بقبله بالقدسیة تورنگ خواہی شد دیا تصر اختصر تعلم الحق لله

(ترجمہ) یعنی یا غوث الافاق اے جہے قبہ وجود میں تصرف کرنے والے وہ کون ہے جس نے آپ سے توسل کیا ہو اور پھر اس کی حاجت اور مقصود حاصل نہ ہوا ہو۔ آپ تو وہ ہیں کہ جن کی طرف اکوان کو مطلقاً سپرد کر دیا۔ زمانہ کے میدان میں تصرف کی عنان دیدی گئی۔ اے مالک وجود کے سلطان۔ اے رب الودود کے محبوب۔ اے محمد المحمود کے نائب رسول ہر شخص اپنی حاجت آپ سے مانگتا ہے اور آگاہ ہو کہ ہم بھی آپ سے سوال کرتے ہیں کہ بشریت کی تاریکیوں اور طبیعت کے بندھنوں سے رہائی پائیں۔ اور ہم پر ایسے انوار فیضان ہوں جن سے ہمارے دل روشن ہو جائیں۔ اور ہم پر ایسی انس والفت کی نسیم اور ہوائیں چلیں جن سے ہماری ارواح تازی ہو جائیں اور ہمارے تمام امور منضبط ہو جائیں۔ اور ہمیں اپنی درگاہ سے محروم نہ کیجیگا اے ہمارے آقا ہمیں اپنے مریدوں کی جماعت میں شامل کرے اور ہمیں اس کی بشارت بھی دے دے۔ اور اس پر کوئی نشان بھی قائم کر۔"

(تفریح العارفین صفحہ ۱۲)

اس کے بعد لکھتے ہیں:-

حضرت شیخ دہلوی کی دعا قبول ہو گئی اور شیخ جیلانی نے آپ کو جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو بیعت فرما لیا۔ (نفوش صفحہ ۱۳)

اجمالی جواب ان سب کا مجملاً جواب تو یہ ہے کہ ان حکایات کی وقعت اہل علم محققین کے نزدیک افسانہ [illegible] کی کہانیوں سے زیادہ نہیں ہے [illegible] لوگ ایسے اہم مسئلہ کو جو اختلاف [illegible] تحقیق سے بالکل [illegible] اس طرح ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں [illegible] جانتے ہیں کہ ہمارے حلقے کے لوگ [illegible] ہے

خالی، سمجھ سے کورے ہیں۔ ان کو جس طرح چاہیں سنا دیں وہ بدکنے کے نہیں۔ یا یہ قصے سنانے والے [illegible] بے سمجھ واقع ہوئے ہیں کہ اپنی دھن میں کہے جاتے ہیں کوئی سننے والا ان کو پاگل مجنون کہے گا بے علم۔

بریلوی فرقہ کے مقلدو! سنو! اور گوش ہوش سے سنو! اب دنیا میدان تحقیق میں ہے۔ ان کو یہ قصے کچھ اثر نہیں کرتے۔ اگر کوئی مسئلہ تحقیق سے ثابت کرنا چاہتے ہو تو قرآن مجید سے ثابت کرو یا حدیث رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت کرو۔ ہاں مگر مقلدانہ حیثیت سے چاہو تو اپنے امام حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول مستند پیش کرو۔ جس میں آپ کے دعویٰ کی دلیل ہو۔ پھر بھی آپ کو معذور سمجھیں گے کہ آپ بحیثیت مقلد ہی کر سکتے ہیں۔

انما المقلد فمستندہ قول المجتہد	کیونکہ مقلد (اپنے مجتہد کے قول سے ہی سند پکڑ سکتا ہے۔ وہ صرف یہ کہنے کا حقدار ہے۔
ھذا الحکم واقع عندی لانه ادی الیه نظر ابی حنیفة رحمه (توضیح)	کہ یہ حکم میرے نزدیک درست ہے کیونکہ ابوحنیفہ کی رائے اس میں یہی ہے

اگر یہ بھی نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اللہ سے ڈرو اور حق کو باطل سے مت ملاؤ اور حق کو چھپاؤ نہیں۔ آخر وہ دن آنے والا ہے جب خدا کی بارگاہ میں تمام دنیا پیش ہو گی۔ اور ہر ایک کو اس کا اعمالنامہ پڑھنے کا حکم ہو گا۔ کہیں آپ کے بھی منہ سے پیش ہو کر حکم نہ ہو جائے:-

اِقْرَاْ كِتَابَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿ اپنا لکھا خود ہی پڑھ کر جی سے فیصلہ کر لو کہ تم کس سزا کے حقدار ہو)

اس کے بعد آپ نے ایک حدیث پیش کی ہے۔ جو انہیں کے نقل کردہ الفاظ میں درج ہے:-

عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تعالیٰ قال من عادی لی ولیا فقد اٰذنته بالحرب وما تقرب الی عبدی بشیء احب الی مما افترضت علیه [illegible]

یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احببته فاذا احببته فکنت سمعه الذی یسمع به وبصره الذی یبصر به ویده التی یبطش بها ورجله التی یمشی بها وان سألنی لاعطینه ولئن استعاذنی لاعیذنه وما ترددت عن شیء انا فاعله ترددی عن نفس المؤمن یکره الموت وانا اکره مساءته ولا بد له منه رواه البخاری (مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۹۶)

ترجمہ:- یعنی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے میرے ولی سے دشمنی کی تو میں اس کو لڑنے کا چیلنج دیتا ہوں۔ اور میرا بندہ میری طرف کسی شے سے زیادہ قریب نہیں ہوتا۔ جو زیادہ محبوب ہو مجھ کو یعنی فرائض سے قرب حاصل کر لیتا ہے۔ جو میں نے اس پر مقرر کئے ہیں۔ اور ہمیشہ نوافل سے میرا بندہ میرا نزدیکی ہوتا رہتا ہے یہاں تک میں اس کو اپنا دوست بنا لیتا ہوں پس جب اس کو دوست بنا لیتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے پکڑتا ہے۔ اور اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے تو میں دیتا ہوں۔ اگر وہ مجھ سے پناہ چاہتا ہے تو پناہ دیدیتا ہوں۔ اور مؤمن کی جان سے بڑھ کر کسی چیز میں مجھے تردد نہیں ہوتا جسکو میں کرنے والا ہوں وہ یہ کہ مؤمن موت کو ناگوار سمجھتا ہے اور میں اس کی ناگواری سے [illegible] موت آ جانے کے لئے [illegible]

اس حدیث سے سمجھا [illegible] [illegible]

تصدیق اکثر ... بعض ...
... ہو کہ مخلوقات کی دعا سے ...
... بخشش ... میں ہو ...
... یہ کہ آتش کدہ ...
... لیکن ... کیا کہا ہے
...
... مطلب ... مطلبہ ...
... بعض صاف ... یا وجود ... تعریف
... ہو جاتا ہے ... زندگی ...
... کیونکہ پھر بھی آئے
... کی ضرورت ہے ...
... دیتا ہے۔
... با وجود مقرب ہو جانے کے تعلق پناہ کی پھر
بھی ... ضرورت ہے جو ... سے پناہ مانگتا ہے
اور خدا اُسے پناہ دیتا ہے۔

(۳) باوجود مقرب ہو جانے کے پھر بھی آخر موت کے گھاٹ اترنے والا ہے۔

مفتی صاحب سنئے!

(۱) جو اپنی ضرورتیں خدا سے مانگے۔
(۲) جو اللہ کی پناہ میں زندگی بسر کرے۔
(۳) جو موت کا شکار ضرور ہو۔

اس کے متعلق یہ خیال ہو سکتا ہے کہ یہ کسی جبروت و ملکوت کا مالک یا متصرف فی العالم ہے ہرگز نہیں ونحن علی ذالک من الشاھدین۔

(باقی باقی)

اثبات التوحید

قاضی فضل احمد لدھیانوی (بریلوی حنفی) نے ایک کتاب انوار آفتاب صداقت تصنیف کی۔ اس میں علماء دیوبند مولانا ... اور جماعت اہل حدیث پر ... کیا تھا۔ اس کے جواب میں کتاب ... التوحید ... ان کے ... اعتراضات کا ... جواب دیا گیا ہے۔ ... ہے ...

کفار کی نوکری

(۳)

... از جناب مولوی محمد ... صاحب ... (قصور)

... حضور نے ... ہو جاتا ہے ... ہے ... آخری ... بہت ... ہے ...

ایک صورت یہ ہے کہ غیر مسلم کے ساتھ تعاون کرنے سے ... شعائر دین کی تقویت یا اہانت نہ ہو بلکہ مفاد عامہ کے ساتھ ... تعلق ہو تو ایسا تعاون جائز ہوگا۔ مثلاً اُن کے ماتحت ایسی ملازمت ... رہائش گاہوں کی تعمیر راستوں کی صفائی و درستی یا ... راہ زنوں کی گرفتاری، چوروں، بدمعاشوں، جواباؤں اور جیب تراشوں کی سرکوبی یا پہرہ داری یا مثلاً شرع اسلامی کے مطابق تصفیہ تنازعات یا ... مثلاً معاملات مروجہ مشروعہ ومباح کے لئے دو امراء کے مابین وکالت کرنا وغیرہ وغیرہ۔

چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اسی قسم کے ایک سوال (جو شاہ بخارا نے آپ سے دریافت کیا تھا) کا جواب اسی جواب سے ملتا جلتا بھیجا تھا۔ جو میں نے اوپر لکھا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے:

لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَنْ تَوَلَّوْهُمْ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ

لیکن حنفیوں کی معتبر کتابوں کے مطالعہ سے پایا جاتا ہے کہ غیر مسلموں کے ساتھ تعاون حسین معصیت بھی ... چنانچہ کنز الدقائق میں ہے کہ شیرہ انگور اگر شراب بنانے والے کے پاس فروخت کیا جائے ... کو ... کے ... کر ... بیاد ...

... مکان کرایہ پر دیا جائے ... کی جگہ ... یا بت پرستی کی جائے ... زیلعی ... المختار ...

... ان کی دلیل یہ ہے کہ معصیت کا تعلق ... فاعل مختار کے ساتھ ہے ... اعانت کے ساتھ ... اجیر یا فروخت کنندہ کی طرف معصیت کی نسبت کرنا کیونکر درست ہو سکتا ہے

اسی طرح کتاب ... میں لکھا ہے کہ مشتاق ... خلاف وضع فطری ... کے ... کو فروخت کرنا اعانت علی المعصیت نہیں خواہ فروخت کنندہ کو ... کی عادت ... کا پہلے سے علم ہی کیوں نہ ہو۔ مگر ان دونوں مصنفین کی نسبت ... اور ... کے مصنفین نے مذکورہ رائے کو مسترد کر دیا ہے۔ البتہ ... کی عبادت گاہوں کی تعمیر کے کام کو بعض ... کر ... کو جائز قرار دیا ہے۔ زیلعی میں ہے کہ خنزیروں کو اجرت پر چرانا درست ہے اور ایسی اجرت حلال طیب ہے۔ ... میں درج ہے کہ نصرانیوں کے ہاتھ ... فروخت کرنا معیوب نہیں۔ یہ حوالہ جات میں نے ... سے نقل کئے ہیں۔

اب میں شرح کنز الدقائق کی عبارت ... درج کرتے ہوئے اختصار کرتا ہوں:

والذی ذکرہ فی البیع قول ابی حنیفۃ وعندھما لا یجوز للمسلم ان یفعل شیئاً من ذالک لانہ اعانۃ علی المعصیۃ وبہ قالت الثلاثۃ وله ... الاجارۃ ... البیت ... ولهذا یجب الاجر ... المسلم و ... وانما ... فعل المستاجر ... التسلیم ...

کہو ولا یہ یمن لا یستنبہا اور یا نہا نہ
دبرها و بیع الغلام من اللوطی مکروہ اور بدائع میں
کنایہ و نہایہ قال فی المخ و صحیح ...
جواز البیع من اللوطی ودر فتاوی عالمگیری ہے
لا باس بیع الجاریة ممن لا یستبرئہا یا سبوی
یا ثمانا من ہیر لعبان تکون فی بطالة المنتقی۔
لیکن مسئلہ متنازعہ میں ... امام ابوحنیفہ
کی رائے سے اختلاف ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ تمام
افعال اعانت بر معصیت ہیں۔ اور بہر حال ہم کے نزدیک
یہی مسلک صحیح اور درست ہے جیسا کہ پہلے بحوالہ آیات
و احادیث عرض کر چکا ہوں۔

اب رہا یہ مسئلہ کہ حدیث و قرآن کا درس و معلم
اگر اپنی ضرورت کی خاطر ملازمت اختیار کرے اور
درس قرآن و حدیث کا شغل ترک کرنے کے لئے مجبور
ہو جائے تو کیا وہ ایسا کر سکتا ہے یا نہ۔ تو اس کا صحیح
جواب یہی ہے کہ بحالت اضطراری وہ موجودہ شغل کو
چھوڑ کر ملازمت اختیار کر سکتا ہے کیونکہ ذاتی حالت
اضطراری کو دور کرنا زیادہ منفعت بخش ہوگا بمقابلہ
اس کے کہ وہ اپنی جان کو مبتلائے حالت اضطراری
رکھ کر خلق اللہ کے تبلیغ سے علوم قرآن و حدیث کو
جاری رکھے۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر عالم کی معیشت اور
ضروریات زندگی کا مدار عوام الناس کی امداد پر ہوگا
تو عالم احکام شرعیہ کے اظہار میں پوری آزادی
نہ برت سکے گا۔ اس کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ اپنے امداد
کرنے والوں کی خوشنودی کو قائم رکھنے کے لئے ایسا
طریق عمل اختیار کرے جس سے وہ ناراضی
پیدا کرنے کا موقعہ نہ پائیں۔ خواہ اس کو دلائل شرعیہ اور
نصوص دینیہ کے متعلق تاویلات ہی کیوں نہ کرنی پڑیں
اور ایسی صورت میں جو مضرات پیدا ہو سکتے ہیں وہ عالم
اور ... دونوں کے لئے یکساں نقصان رساں
ہو سکتے ہیں ... کی اصلی حقیقی صورت مفقود
ہو جانے کے قوی امکانات ... ہیں بلکہ ...

اسلامات کی موجودگی میں یہی ضروری ہے کہ ملازمت
اختیار کر لی جاوے۔ آج کل زمانہ عوام و خواص کی
نظروں میں علماء کی کسی قدر بھی وقعت قائم نہیں رہی
اور انہیں ذلیل سمجھا جاتا ہے۔ تو اس کی وجہ صرف یہی
ہے کہ علماء نے اپنی معیشت اور کفاف کا مدار لوگوں کی
امداد پر موقوف کر دیا اور خود کسب معاش سے بے فکر
بن گئے۔ ان کے لئے صحیح طریق عمل یہ تھا کہ خود کسب معاش
کرتے اور اس کے ساتھ ہی خدمت تبلیغ و ہدایت اور درس
علوم دینیہ کا کام بھی سر انجام دیتے تو یہ کچھ مشکل بھی
نہیں۔ چنانچہ زمانہ ماضی میں بڑے بڑے جلیل القدر
علماء۔ صحابہ کرام اور تابعین کا یہی طریق حیات تھا۔
انہوں نے بڑے بڑے عظیم الشان مسلمان بادشاہوں
کی ملازمتیں اختیار کیں اور ساتھ درس و تدریس اور
تعلم و تعلیم کا کام بھی جاری رکھا۔ کیا امام مالکؒ اپنے

تھے اور کیا امام ... نے ... کیا امام
نے اپنے ... کے فرائض کی بجا آوری کے
ساتھ ساتھ خدمات ... نہیں دیں ... علمی خدمت
... اگر ... پاس ... ہے ... تو ...
اور وہ اسی پر قانع و صابر رہ کر ترک ملازمت ...
... مجتنب رہ سکے ... صورت ... عمل ...
موجب ہو گی ... امام ... کا طریقہ ...
ہم سب کو معلوم ... ہے ... من یتوکل
علی اللہ فہو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ
لکل شیء قدرا۔ فقط خاکسار ابو ... قصوری نے پوری
پوری کاوش اور محنت شاقہ کے بعد یہ جواب لکھا ہے لیکن
اگر کوئی دوسرے بزرگ اس مسئلہ کا کوئی بہتر حل پیدا کر سکیں
تو اسی پر عمل اختیار کیا جانا چاہئے۔ ربنا لا تؤاخذنا
ان نسینا او اخطأنا۔

احکام درود شریف

(از قلم مولوی محمد ابو القاسم صاحب سیف بنارسی)

اخبار اہلحدیث ۳۰ جون میں فاضل ابو البیان
خانپوری کا جو مفید مضمون درود شریف سے متعلق شائع
ہوا ہے۔ مجھے اس سے پورا اتفاق ہے۔ مضمون مذکور پر
فاضل اڈیٹر نے اپنے نوٹ میں اسم گرامی کے بولنے
والے یا لکھنے والے کی بابت نص کا جو مطالبہ فرمایا
ہے اسے ذیل میں ملاحظہ فرمائیے۔

<u>اسم گرامی لکھنے پڑھنے والے کی بابت</u> (۱) طبرانی
میں بسند حسن مرفوعاً آیا ہے۔ ما من عبد مومن
یذکرنی فیصلی علی الا کتب اللہ لہ عشر حسنات
ومحا عنہ عشر سیئات ورفع لہ عشر درجات
(القول البدیع للسخاوی صفحہ) آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جو بندہ مومن میرا نام لے یا سن کر
درود پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھتا
اور دس برائیاں مٹاتا اور دس درجے بلند کرتا ہے۔
(۲) وعن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم کل کلام لا یذکر اللہ فیہ فیبدء بہ
وبالصلوۃ علی فھو اقطع ممحوق من کل برکة
(کتاب مذکور صفحہ ۱۸۵ وجلاء الافہام لابن قیم صفحہ ۲۹۶)
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تحریر میں
مجھ پر درود لکھے جب تک میرا نام اس تحریر میں رہیگا
فرشتے اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہیں گے۔
(۳) وعن انس قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اذا کان یوم القیامة یجیء اصحاب الحدیث ومعھم
المحابر فیقول اللہ لھم انتم اصحاب الحدیث
طالما کنتم تکتبون الصلوة علی نبی صلی اللہ علیہ
وسلم انطلقوا الی الجنة اخرجہ الطبرانی
(القول البدیع للسخاوی صفحہ) آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن محدثین کی جماعت
جماعت دوات لئے ہوئے آئیں گے اللہ تعالیٰ ...

[illegible] کے [illegible] ہے [illegible] سے
جنت [illegible] تھے کہا اللہ [illegible]
جواب شکایت | ناشر [illegible] نے میری تصنیف
جمع القرآن والحدیث پر افسوس ظاہر کیا ہے کہ اس میں
[illegible]
ہے۔ وہ شکایت [illegible] کی [illegible]
قصد [illegible] نہیں ہے [illegible] دار الاشاعت
لاہور [illegible] تصنیف [illegible] ہے۔ میرے
اصل مسودہ میں [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم

[illegible] اور
[illegible] ہے [illegible] ہے [illegible]
[illegible] ہو سکتا ہے
[illegible] نہیں [illegible]
[illegible] کا [illegible] بات نہیں ہے
[illegible] حافظ ابن حجر کی کتاب [illegible]
[illegible] کی کتاب القول البدیع [illegible] کے
بیان میں [illegible] اور [illegible] ہیں

(محمد [illegible] القاسم [illegible])

درد دل

(از زبدة الحکماء مولوی عبد الرحمن خلیل قریشی نظام آبادی)

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ۔

اخبار اہلحدیث کی چند گزشتہ اشاعتوں میں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے متعلق مختلف حضرات نے اپنی اپنی بساط و فکر کے مطابق اصلاحی تجاویز پیش کیں اور عوام الناس سے اپیل کی گئی کہ وہ اس طرف متوجہ ہوں تجاویز بے شک معقول اور دل خوش کن ہیں۔ لیکن حقیقت [illegible] تجاویز [illegible] نہیں ہوگا۔ وہ یہ کہ خیالات زمانہ کے اپنی ہوا میں سب کو لپیٹ لیا ہے۔ [illegible] اس [illegible] موجود ہے۔ مذہبیات سے عوام الناس اہل حدیث یا غیر اہل حدیث دلچسپی لیتے سے رہ گئے ہیں۔ [illegible] کا [illegible] اور سب [illegible] بعد میں۔ [illegible] تھا کہ [illegible] خالص مذہبی معاملے میں ہر ایک چیز قربان کر دیتے تھے۔ مذہب کے لئے [illegible] کی خوشنودی کے لئے ہر ایک چیز مال جان اولاد سب کچھ نثار کر دیتے تھے لیکن آج یہ حالت ہے کہ [illegible] پر سب چیزیں [illegible] [illegible] سکتی ہیں۔ [illegible]

[illegible] دیکھ رہا ہوں کہ تحریکات بہتسی پیدا ہو جاتی ہیں جن کی تائید میں چند مضامین اخبار اور [illegible] مضمون شائع ہو جاتے ہیں لیکن عملاً کوئی [illegible] کا بندہ اقدام نہیں کرتا۔ [illegible] ابتلا [illegible] [illegible] مع القاعدین کی [illegible] بھی شان [illegible] ہے جماعت کی بدقسمتی سے اہل [illegible] ایک ایسی جماعت پیدا ہو گئی ہے جس نے یہ تہیہ کر رکھا ہے کہ قوم کے جملہ سیاسی مذہبی اور معاشرتی معاملات کو محض اپنی ذاتی پسندی اور امامت پر قربان کر دیں [illegible] ہیں۔ [illegible] ایسے حضرات کا وجود پیدا ہو چکا ہے جو کسی کار گزاری کے لحاظ سے کوئی حیثیت نہیں [illegible] سیاسیات سے [illegible] اور [illegible] علم [illegible] کی [illegible] رکھنے والے ہیں اور [illegible]

[illegible] اور [illegible]

[illegible]

[illegible] فرقہ کو [illegible]
[illegible] کہ [illegible]
[illegible] قائم [illegible]
[illegible] نعمت اللہ [illegible]

[illegible] مولانا [illegible] تفسیر القرآن و تفسیر [illegible] کے [illegible] شائع [illegible] ترجمہ [illegible] جب ہم کر دا [illegible] تھے اور یہیں حضرت شاہ اسمٰعیل شہید [illegible] حضرت سید احمد صاحب قدس سرہ العزیز [illegible] مولانا [illegible] عبد اللہ مرحوم مولانا عبد الجبار [illegible] مولانا عبد اللہ [illegible] عبد الجبار غزنوی [illegible] موجود تھے [illegible] کے [illegible] غیر [illegible] کر [illegible] ہو گئے اور آپ [illegible] نے ان کے [illegible] [illegible] دیے اور [illegible] اب ہمیں ہر جگہ [illegible] کے [illegible] نظر آتے ہیں

(القاء ربانی)

[illegible] حضرت مولانا [illegible] صاحب [illegible] ایک [illegible] سال [illegible] تھا [illegible] صاحب [illegible] کے پاس رہتے تھے [illegible] آپ [illegible] [illegible] آپ نے [illegible] جواب دیا [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

[illegible]

آپ نے جواب دیا کہ [illegible] میری

[illegible] مجھ آج بھی میرے

[illegible] استغفار کر

[illegible]

[illegible] مجھے [illegible]

[illegible] باتیں [illegible]

[illegible]

[illegible] ایک [illegible]

[illegible] مضمون کی [illegible] تائید تھی۔

[illegible] آپ نے [illegible]

[illegible] جماعت [illegible] میری

تحریر کی تائید کر رہے تھے۔ اس مثال سے [illegible]

[illegible] محبت اور خلوص اور حقیقی اتباع سنت نبوی کا

ثبوت ملتا ہے کہ وہ [illegible]

[illegible] تعالیٰ [illegible]

[illegible] وقت عمل کی ضرورت ہے

[illegible] قول کے مطابق ہے

[illegible]

کرا [illegible] ندارد دم بے قدم

[illegible] تعالیٰ جماعت اہلحدیث کے دلوں میں یہ بات

[illegible] تمام [illegible] سیاسی سرگرمیاں

چھوڑ کر [illegible] خالص مذہبی [illegible] کی طرف متوجہ ہو جائیں

[illegible]

[illegible] نقصان پہنچایا ہے

[illegible] طاقت کا [illegible]

[illegible] ایک [illegible]

[illegible] ہندوستان کی اہلحدیث

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کانفرنس کے [illegible]

[illegible] میں [illegible] ترقی [illegible]

مختلف تحریکوں کا چرچا ہو رہا تھا [illegible] پوچھا

آپ کا خیال [illegible] کانگریس میں

آپ نے جواب دیا [illegible] لیکن اور

[illegible] کانفرنس کو [illegible]

[illegible] دیکھنا چاہتے ہیں

ہمیں ان دوسری تحریکوں سے کوئی دلچسپی نہیں ہے"

[illegible] گزر گیا۔ اب

عملی قدم اٹھائیں۔ ہندوستان کے کونے کونے سے

افراد جماعت کانفرنس کے ممبر بنیں اور اپنا چندہ

دفتر میں بھیجدیں۔ میں ہمدردان قوم کی صدا پر لبیک

کہتے ہوئے اپنا سالانہ چندہ پیش کرنے کے لئے تیار

ہوں اور نیز باوجود بے حد مصروفیت کے کانفرنس کے

[illegible] ماہ کا وقت دیتا ہوں [illegible]

[illegible] ضرورت ہے کہ [illegible]

تیار ہو [illegible] تمام ہندوستان کا [illegible] کرکے

حالات سے آگاہی حاصل کرے۔

بعض حضرات یہ رائے پیش کر رہے ہیں کہ کانفرنس

ایک اپنا اخبار جاری کرے۔ میرے خیال میں جو

صاحب ایسے معاملات میں تجربہ نہیں رکھتے [illegible]

[illegible] ہوتے ہوئے کانفرنس کیلئے

فی الحال کسی مزید اخبار کی ضرورت نہیں ہے۔ اہلحدیث

[illegible] اشاعت اخبار فی الحال کانفرنس کے

[illegible] اور تمام کارگزاریوں کے لئے کافی شافی ہے

[illegible] ثناء اللہ صاحب [illegible]

[illegible] کانفرنس کی کارروائیوں کی

اشاعت کے لئے اخبار کے صفحات وقف کر رہے ہوئے

ہیں۔ میرے خیال میں [illegible] ضروری ہے کہ کانفرنس

اس اخبار کی مالی امداد کرے اور اسی کو اپنا اخبار

[illegible] ہے کہ ابھی تک

جماعت [illegible] کیا چندہ

[illegible] وقت کی [illegible] ہو تو آپ

[illegible] اجازت دیجئے۔ (اہلحدیث)

[illegible] خواہش نہ [illegible]

کرنا [illegible]

[illegible]

[illegible] سوال نہ کر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] انحصار مرا

جگر کو تھام کے اس وقت ابتذال نہ کر

تجھے خبر بھی ہے مسلم کہ تیری شان ہے کیا

وجود امت خیر الامم کی آن ہے کیا

تری حیات کا سرمایہ مثل جان ہے کیا

[illegible] ہے کیا

تو کامیاب ہے [illegible]

[illegible] سنت [illegible] انحصار ترا

وفاق و وحدت [illegible]

[illegible]

تری بقا کا [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] عالم [illegible]

تری زبان [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] سوال نہ کر

[illegible]

[illegible]

فتاویٰ

تعاقب اخبار اہلحدیث ۳۱ جولائی میں سوال نمبر ۱ کے جواب میں تحریر ہے کہ دوسرے تشہد میں درود شریف مسنون نہیں؟ امام شافعی اپنی کتاب الام میں تحریر فرماتے ہیں۔ یصلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی التشہد الاول شوافع نے اس کے دلائل میں حسب ذیل احادیث پیش کی ہیں۔ ترمذی و ابوداؤد وغیرہ میں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو فرمایا تھا اذا صلیت فقعدت فاحمد اللہ بما ھو اھلہ وصل علی الخ عموم الفاظ قعدہ اولیٰ وقعدہ ثانیہ دونوں کو شامل ہے۔ دارقطنی میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بریدہ صحابی کو فرمایا تھا اذا صلیت فی صلوتک فلا تترکن التشہد والصلوۃ علی فانھا زکوۃ الصلوۃ الخ اس روایت سے ہر تشہد کے ساتھ درود کا پڑھنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ نیز یہ بھی دارقطنی میں ہے۔ عن ابن عمر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعلمنا التشہد التحیات (الی قولہ) واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ ثم یصلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ درود تشہد کا جزء ہے بغیر درود کے تشہد پورا ہوتا ہی نہیں خواہ پہلا تشہد ہو یا دوسرا۔ نماز کا تشہد ہو یا خطبہ کا۔ سنن نسائی میں مرفوعا وارد ہے۔ ما من عبد مومن یذکرنی فیصلی علی الا کتب اللہ لہ عشر حسنات الخ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لے تو درود پڑھے اور تشہد میں [illegible] زبان پر آتا ہی ہے جیسا کہ تشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ [illegible] بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ [illegible] دلائل بہت سی کتابوں میں موجود ہیں۔ آپ ان کی بابت [illegible]

محمد [illegible] حدیث نقل کی ہے۔ اس کے [illegible] الفاظ یہ ہیں [illegible] نہض حین یفرغ من تشہدہ [illegible] نیز دوسری روایت میں ہے کہ قعدہ اولیٰ میں آپ اتنی جلدی اٹھ کھڑے ہوتے گویا کہ گرم پتھر پر بیٹھے تھے یہ بھی اس کی موید ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی نقل کردہ احادیث قعدہ اخیرہ کے متعلق ہیں اس کے علاوہ جس کی تحقیق میں درود شریف پڑھنا ضروری ہے وہ پڑھے۔ ایسے مسائل میں تشدد کرنا ہمارا مسلک نہیں اور نہ سلف کا تھا۔ اللہ اعلم بالصواب

س ۲۰۴} پہلی جماعت کے بعد دوسری جماعت کے لئے تکبیر کہنا کیا جائز ہے؟ (سائل شیخ فرید قریہ توم پلی ضلع گنور)

ج ۲۰۴} جائز ہے۔ صحیح بخاری میں تعلیقاً مروی ہے۔ جاء انس ابن مالک الی مسجد قد صلے فیہ فاذن واقام وصلے جماعۃ کہ حضرت انس ایک مسجد میں آئے جہاں نماز پڑھی جا چکی تھی مگر آپ نے اذان اقامت کہہ کر جماعت کرائی۔ اللہ اعلم!

س ۲۰۵} مسلمان عورتوں کو ساڑھی باندھنا جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۲۰۵} ساڑھی محل زینت ہے۔ گھر میں پہنے تو حرج نہیں۔ پہن کر باہر نکلے۔ بقولہ تعالیٰ لا یبدین زینتھن۔ اگر کسی جگہ مسلمان بھی پہنتے ہیں تو اس کے لئے یہ حکم ہے۔ اگر ہندوؤں کا رواج خاص ہے تو مسلمان کو بغرض رفع تشبہ بالکل جائز نہیں

س ۲۰۶} مال تجارت میں زکوٰۃ ہے یا نہیں کیونکہ نقصان بھی ہو جاتا ہے، بالخصوص نفع بھی ہو جاتا ہے (سائل [illegible])

ج ۲۰۶} اہل حدیث میں سال کے ختم حساب کرکے جو [illegible] زکوٰۃ [illegible]

[illegible]

صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں ایسا کہنا جائز نہیں۔ جو کہتے ہیں وہ مشرک ہیں۔

س [illegible] جو مر جائے تو اس کو بیچ کر قیمت کھا سکتے ہیں یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج [illegible] مردار کی بیچ کو علماء نے [illegible] ہے۔ البتہ چمڑا بعد دباغت کے بیچ سکتے ہیں۔

س ۲۰۹} جمعہ کے دن عورتوں کو اپنے مکانوں میں دو رکعت جمعہ پڑھنا چاہئے یا چار رکعت ظہر؟ (سائل مذکور)

ج ۲۰۹} عورتیں جمعہ کے دن گھر پر نماز پڑھیں تو نماز ظہر پڑھیں گی۔ مسجد میں جائیں تو جمعہ پڑھیں۔ اللہ اعلم!

س ۲۱۰} ایک خاص درخت کے پتے جو بیڑی سازی میں کام آتے ہیں۔ حتیٰ کہ انکو بیڑی کا پتہ کہتے ہیں۔ کیا ایسے پتے کی تجارت جائز ہے یا خود بیڑی بنانا ہو تو اور سگریٹ و بیڑی کی تجارت کرنا جائز ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۲۱۰} پتہ فی نفسہ ممنوع چیز نہیں جب تک اس کے ساتھ کوئی ممنوع چیز نہ ملے۔ ہمارے ہاں یہ چیزیں پیدا نہیں ہوتیں۔ اس لئے ادھر کے علماء سے پوچھئے جو ان کو جانتے ہیں۔ اللہ اعلم!

س ۲۱۱} کسی وبائی ہیضہ وطاعون کے مقام پر جانے نہ جانے کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟ اگر کوئی شخص باوجود سرکاری و قومی ممانعت کے بھی ایسے مقام پر جا کر [illegible] کرے وہ مجرم ہے یا نہیں؟ ایسے شخص کو اگر اہل قوم جرمانہ وغیرہ کریں جائز ہے یا نہیں جبکہ وہ خود بھی اقبال جرم کرکے سزا کے ماننے کا صاف و صریح اقرار کر لے۔ مگر جرمانہ ہونے کے بعد جرمانہ دینے سے انکار کرے۔ (سائل مذکور)

ج ۲۱۱} جہاں وباء ہو وہاں جانا منع ہے [illegible]

ahmadimuslim.de

متفرقات

"اہلحدیث" زندہ رکھنا ہے تو اس کی ترقی اشاعت پر توجہ کیجئے۔

چندہ برائے تحریک خاکساری | چودھری عزیز الدین از کوئٹہ عہ۔ (وعدہ) غلام رسول صاحب ہوشیار پور [illegible]

حساب دوستان | مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت اخبار و میعاد مہلت ۱۵ اگست میں ختم ہو جائیگی اگر آیندہ انہیں خریداری منظور ہو تو مہربانی فرما کر حسب دستور سابق قیمت اخبار (للعہ سالانہ یا ۶ عہ ششماہی) بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ خریداری سے ہی انکار ہو تو بھی بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں ورنہ یکم ستمبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

وی پی سسٹم | میں طرفین (خریدار اور دفتر) کو نقصان رہتا ہے۔ اس لئے سب سے بہتر طریق قیمت اخبار بھیجنے کا منی آرڈر ہی ہے۔ امید ہے جملہ ناظرین عموماً اور خریدار حضرات خصوصاً قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ہی ارسال کیا کرینگے۔ ورنہ درصورت دیگر وی پی وصول کر لیا کرینگے۔

مہلت یافتگان | حسب وعدہ ۱۵ اگست تک قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں ورنہ آیندہ اخبار بند کر دیا جائیگا۔

نوٹ | اگر کسی صاحب کے حساب میں شبہ ہو تو جلد اطلاع دیں تاکہ حساب صاف ہو سکے۔

۱۰۷ - ۱۱۵ - ۷۱۰ - ۱۳۲۵ - ۱۵۱۲ - ۲۰۰۳ -
۲۴۰۹ - ۲۴۱۲ - ۳۹۴۳ - ۴۷۷۳ - ۵۱۱۱ -
۵۴۱۹ - ۵۵۹۱ - ۵۵۹۵ - ۶۱۲۷ - ۶۹۴۱ -
۷۸۷۷ - ۸۰۱۹ - ۸۰۴۴ - ۸۰۹۵ - ۸۱۸۹ -
۸۲۵۹ - [illegible] - ۸۵۴۱ - [illegible] -
[illegible] - ۹۱۰ - [illegible] -
۹۴۳۸ - ۹۴۳۹ - ۹۹۹۱ - ۱۰۰۴۳ - [illegible]

۱۰۱۸۳ - ۱۰۳۰۹ - ۱۰۳۵۰ - ۱۰۴۴۶ - ۱۰۴۵۲ -
۱۰۷۱۲ - ۱۰۷۴۶ - ۱۰۹۸۸ - ۱۰۹۹۱ - ۱۰۹۹۲ -
۱۱۱۷۷ - ۱۱۱۸۹ - ۱۱۲۰۵ - ۱۱۳۹۴ - ۱۱۶۰۳ -
۱۱۷۰۳ - ۱۱۸۵۶ - ۱۱۸۷۴ - ۱۱۸۸۹ - ۱۱۹۳۳ -
۱۲۰۷۹ - ۱۲۱۲۰ - ۱۲۱۵۴ - ۱۲۱۸۳ -
۱۲۲۰۶ - ۱۲۲۱۴ - ۱۲۲۴۷ - ۱۲۲۲۰ - ۱۲۲۳۲ -
۱۲۲۲۳ - ۱۲۲۲۶ - ۱۲۲۲۸ - ۱۲۲۳۰ -
۱۲۲۳۲ - ۱۲۲۳۳ - ۱۲۲۳۵ - ۱۲۳۳۲ -
۱۲۳۲۸ - ۱۲۳۳۰ - ۱۲۳۴۷ - ۱۲۳۵۱ -
۱۲۳۵۵ - ۱۲۳۶۰ - ۱۲۳۶۹ - ۱۲۳۹۰ -
۱۲۳۹۷ - ۱۲۳۹۹ - ۱۲۴۰۰ - ۱۲۴۰۱ -
۱۲۴۰۹ - ۱۲۴۱۵ - ۱۲۴۱۶ - ۱۲۴۱۷ -
۱۲۴۱۸ - ۱۲۴۱۸ - ۱۲۴۱۹ - ۱۲۴۲۱ -
۱۲۴۲۲ - ۱۲۴۲۳ - ۱۲۴۲۴ - ۱۲۴۲۶ -
۱۲۴۲۸ - ۱۲۴۲۹ - ۱۲۴۴۱ - ۱۲۴۴۸ -
۱۲۴۵۵ - ۱۲۴۸۱ - ۱۲۴۹۷ - ۱۲۵۰۱ -
۱۲۵۰۲ - ۱۲۵۰۵ - ۱۲۵۲۱ - ۱۲۵۵۸ -

غریب خانہ | ۱۱۹۱۹ - ۱۲۲۲۹ - ۱۲۲۳۵ - ۱۲۴۲۷ -

غریب فنڈ | میں از فتویٰ فنڈ ۷ عہ۔ سابقہ ۵ عہ۔ از سائل ۹ عہ۔ عبدالحی فیروز آباد ۶ عہ۔ وحید الزمان ماٹ پلیانہ ۲ عہ۔ میزان ۱ عہ۔ بذمہ فنڈ ۱۱ عہ۔

۲۸ سائلین ابھی اور ہیں | اصحاب خیر صدقات و خیرات کرتے وقت غریب فنڈ کا خاص طور پر خیال رکھا کریں۔

اشاعت فنڈ | میں عرصے سے کوئی رقم نہیں آئی۔ معاونین اشاعت توحید و سنت بیش از پیش حصہ لیں۔

اہل حدیث کانفرنس | کے لئے بھی عرصے سے کوئی رقم نہیں آئی۔ حالانکہ اخراجات کی حالت بدستور ہے۔ کانفرنس کا خزانہ کب تک اس کا متحمل رہیگا۔ بہی خواہان کانفرنس کو جلد از جلد توجہ فرمانی چاہئے۔

بہی خواہان اہلحدیث | میں سے جن حضرات نے [illegible] میں اہلحدیث کے لئے خریدار بنائے ہیں [illegible] نام نامی [illegible]

شائع کئے جاتے ہیں۔

مفلس خانہ | خاکسار کم استطاعت اور غریب طالب علم ہے۔ اخبار اہلحدیث کے مطالعہ کا بے حد شائق ہے۔ کوئی صاحب خیر فی سبیل اللہ خاکسار کے نام ایک سال کے لئے اخبار اہلحدیث جاری کرا دیں۔ محمد عبدالرحمٰن۔ متعلم مدرسہ شاہ جہانپور۔ پوسٹ آفس کاہل ضلع ملدہ۔

ضرورت رشتہ | ایک ۲۵ سالہ عقیلہ، شکیلہ امور خانہ داری سے کما حقہ باخبر، ترجمہ قرآن پڑھی ہوئی پابند صوم و صلوٰۃ کے لئے ایک ذی علم برسر روزگار شریف خاندانی مرد کی ضرورت ہے۔ تفصیلات و دریافت طلب امور کے لئے پتہ ذیل پر خط و کتابت کریں یا ملاقات کریں۔ حافظ عبدالمجید مولوی فاضل متصل مسجد برنے والی۔ وزیر آباد (پنجاب)

تلاش معاش | کمترین مدرسہ عالیہ دیوبند کا فارغ التحصیل ہے۔ عرصہ پچیس ۲۵ سال سے درس و تدریس میں مشغول ہے۔ نصاب قدیم و جدید کی کتابوں کے تعلیم میں بخوبی مہارت رکھتا ہے۔ اگر کسی صاحب کو مدرسہ کے لئے یا بصورت پرائیویٹ میری خدمت کی ضرورت ہو تو حق خدمت کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت پتہ ذیل سے کر سکتے ہیں۔
محمد عاشق بہاری موضع چندو آرہ ڈاکخانہ بھنڈاری ضلع پٹنہ (بہار)

فریاد بیوہ | ناظرین اہلحدیث کی خدمت میں ملتمس ہوں کہ راقمہ باوجود محنت مزدوری کرنے کے اپنا اور اپنے بچوں کا گذارہ نہیں کر سکتی۔ اصحاب خیر فی سبیل اللہ میری امداد فرمائیں۔
غلام فاطمہ بیوہ مولوی محمد الدین مرحوم معلم القرآن موضع نور پور امانیاں مشرقی گجرات پنجاب

مضامین آمدہ | سید میر شاہ صاحب۔ مولوی عبد [illegible] صاحب۔ مستری عبدالرحیم صاحب۔ مولوی [illegible] صاحب۔ شیخ عبدالمنان صاحب۔

غیر مقبولہ | اسعار پیوند سے بچو۔

(۴۴۴) [illegible]

ملکی مطلع

امرتسر میں بدامنی
اور
اس کے بعد امن وامان

گذشتہ چند ماہ میں امرتسر میں کشت وخون کا بازار اتنا گرم تھا کہ گمان ہوتا تھا کہ امرتسر کہیں سرحد کا آزاد علاقہ نہ بن جائے جس میں آئے دن قتل قتال ہوتا رہتا ہے۔

ہم نے اپنی رائے لکھی تھی کہ یہ کشت وخون دراصل اوباش اور غنڈہ پارٹی کی طرف سے ہوتا ہے جس کو ہندو مسلم پبلک بوجہ اپنی جہالت کے قومی جھگڑا بنا لیتی ہے۔ خدا بھلا کرے امرتسر کے سٹی انسپکٹر پولیس کا جنہوں نے اصل معاملے کی تہ تک پہنچکر معقول انتظام کر دیا۔ یعنی آپ نے بلا لحاظ ہندو مسلم امتیاز کے رپورٹ کرکے تمام غنڈوں کی ضمانتیں کرا دیں۔

اب شہر میں بالکل امن وامان ہے کشت وخون کا سلسلہ یک قلم رک گیا ہے اور غنڈہ گردی کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ اہل شہر انسپکٹر صاحب موصوف کے شکرگذار ہیں اور درخواست کرتے ہیں کہ آپ تا دیر اسی شہر میں امن وامان قائم رکھنے پر توجہ مبذول فرماتے رہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ حکومت اگر چاہے تو رعایا کے جان و مال کی حفاظت ہو سکتی ہے۔ اگر غفلت کرے تو نتیجہ یہی ہوتا ہے جو شیخ سعدی مرحوم فرما گئے ہیں ؎

چو ظلم پیشہ کند سلطان [illegible]

[illegible]

یہی غفلت نتیجہ ہے کہ حجاج [illegible] کے قصبہ [illegible] میں چالیس [illegible] پر [illegible] دو آدمیوں کو [illegible]

کرکے قریبا ساٹھ ہزار کی نقدی وغیرہ [illegible] یہ سب اونٹوں پر سوار ہو کر چلی گئی [illegible] میں ان کا کوئی ایک فرد بھی گرفتار نہیں ہوتا۔

کس قدر اندھیر گردی ہے [illegible] بدامنی ہے کہ ایک آباد قصبہ میں دن دہاڑے ایسا دلیرانہ ڈاکہ ڈالا جائے۔ پولیس کے معنی محافظ کے ہیں۔ جو شخص محافظ ہو کر حفاظت نہ کرے وہ محافظ نہیں ہے۔

یہاں پہنچکر ہم سلطان ابن سعود ایدہ اللہ کا ایک حکم ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ ترکی اور شریفی زمانے میں حجاج پر جو مصائب گزرتے تھے ان کا ذکر کرتے ہوئے دل کانپ اٹھتا ہے۔ سلطان موصوف نے اس کا یوں انتظام کیا کہ راستوں کی ضمانت کر دی۔ مثلاً چالیس پچاس میل کے اندر جتنے قبائل رہتے ہیں ان کو حجاج کا محافظ بنا دیا۔ اس کے معاوضے میں ان کے وظائف مقرر کر دیئے۔ ساتھ ہی ان کو تنبیہ کر دی گئی کہ اتنے علاقے میں اگر کسی مسافر کا نقصان ہوا تو مع جرمانہ کے تم سے وصول کیا جائیگا۔ یہ انتظام ایسا معقول ثابت ہوا کہ آج تک حاجی لوگ بے خطر جنگلوں میں سفر کرتے ہیں۔ ہماری حکومت بھی اگر امن وامان قائم کرنا چاہے تو کر سکتی ہے۔ اس کا طریق یہی ہے کہ جہاں اس قسم کی بدامنی کا احتمال ہو وہاں محافظین کو ذمہ دار قرار دیا جائے۔ پھر دیکھیں کہ کتنی جلدی امن وامان کا دور دورہ ہو جاتا ہے۔

یورپ کا غبار آلود مطلع

یورپ کی فضا کا درجہ حرارت آئے دن تیز ہوتا رہتا ہے جس کا تازہ ثبوت یہ ہے کہ ابھی چند روز ہوئے [illegible] ولایت سے آئے ہیں انہوں نے آتے ہی بمبئی میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ اس بات کے ثابت کرنے کو کافی ہے کہ جنگ یورپ کیلئے [illegible] متحقق ہو چکی ہے [illegible] خوف سے [illegible] چلنے کا [illegible] موصوف کہتے ہیں کہ میں [illegible]

جنگ کی حالت میں بھی اپنے ملک کی خدمت کر سکوں آپ یہ بھی کہتے ہیں کہ مجبوری کی وجہ سے انگلینڈ اعلان جنگ سننے کے لئے منتظر بیٹھے ہیں۔ نیز آپ فرماتے ہیں کہ یورپین لوگ ہرچند جنگ کو ٹالنا چاہتے ہیں لیکن حالات اتنے بگڑ چکے ہیں کہ جنگ کو ٹالنا ان کے اختیار کی بات نہیں ہے۔ آئندہ کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ گذشتہ جنگ کے بعد مصالحت کے دوران میں غالب حکومتوں نے جو پالیسی اختیار کی تھی آج وہی ان کے لئے وبال جان ہو گئی ہے۔ یعنی فاتح حکومتوں نے مفتوحہ ملک کو کمزور رکھنے کے لئے ان کے بعض حصوں کو الگ کرکے چھوٹی چھوٹی آزاد ریاستیں بنا دی تھیں۔ پولینڈ بھی انہی ریاستوں میں سے ایک ریاست ہے۔ جس میں کچھ علاقہ جرمنی کا بھی ملا دیا گیا تھا۔ اب جرمنی نے قوت پاکر خاموشی سے اس علاقہ (ڈینزگ) میں اپنی فوجوں کو داخل کر دیا ہے۔ یہ بندرگاہ پولینڈ کے لئے بڑی کارآمد اور مفید ہے۔ جیسے یمن کے لئے عدن کی بندرگاہ ہے۔ اس شہر کی آبادی چار لاکھ سات ہزار ہے۔ جس میں جرمن باشندوں کی اکثریت ہے۔ یورپ کی منطق بھی عجیب ہے۔ ڈینزگ کے لئے جرمنی یہ دلیل پیش کرتا ہے کہ وہاں اکثریت جرمنوں کی ہے اس لئے یہ علاقہ جرمنی کو ملنا چاہئے۔ مگر ریاست البانیہ پر اٹلی چپ چاپ قبضہ کر لیتا ہے۔ حالانکہ وہاں اکثریت مسلمانوں کی ہے جن میں ترک اور عرب وغیرہ ہیں۔ ڈینزگ میں جرمنی کا قدم جمانا کوئی معمولی کام نہیں بلکہ سارے پولینڈ پر قبضہ جمانے کے برابر ہے کیونکہ ملک کی ساری تجارت اسی بندرگاہ کے ذریعے ہوتی ہے۔ سمجھتے ہیں کہ پولینڈ جرمنی کا مقابلہ کرے گا اس لئے سر دھڑ کی بازی لگا رکھی ہے۔ ادھر انگلستان اور فرانس بھی اس کی مدد کو تیار ہیں۔ گذشتہ ایام میں انگلستان اور فرانس نے اپنے حلیفوں کی جو حمایت کی ہے اس پر یہ شعر صادق آتا ہے ؎

[illegible]

[illegible]

[illegible] بھی ہیں۔ [illegible] جب [illegible]
ہم نے اگر اندرونی خود مختاری بھی [illegible] ساتھ
طے کر لیا تو وہ لڑیگا نہیں کیونکہ [illegible] اپنے جانشین
کو خوب جانتا ہے۔ اس کے بعد کیا [illegible] وہی ہوگا
جو شیخ سعدی مرحوم نے فرمایا ہے ؎

ہفت اقلیم ار بگیرد بادشاہ
ہمچناں در بندِ اقلیمے دگر

لکھنؤ کا تبرا ایجی ٹیشن

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

خدا جانے مسلمانوں میں کس منحوس دن شیعہ سنی تفرق پیدا ہوئی جو مٹنے میں نہیں آتی۔ اسی تفرقہ نے بغداد کو برباد کیا۔ اسی تفرقہ نے دلی کا تخت الٹ دیا۔ اسی تفرقہ نے ترکی ایرانی سرحد پر ہزارہا [illegible] مسلمانوں کو تہ تیغ کیا۔ یہی تفرقہ اب لکھنؤ اور مضافات لکھنؤ میں اپنا جلوہ دکھا رہی ہے۔ جس کا اثر سرحد کے آزاد قبائل تک بھی پہنچ گیا ہے۔

خاکسار [illegible] کے قائد اعظم ماسٹر عنایت اللہ خان مشرقی نے اپنے اخبار مورخہ ۲۳ جون میں اعلان کیا تھا۔ جسے پڑھ کر بہن امید ہو گئی تھی کہ اب یہ فساد مٹ جائیگا۔ اس اعلان کا مضمون یہ تھا کہ دونوں طرف شیعہ سنی کے رہنماؤں کو پیغام پہنچا دیا جائے کہ وہ اس فساد کو روک دیں ورنہ ان کی جان سخت خطرے میں ہے۔ اور [illegible] کی تاریخ ۲۸ جون مقرر کی تھی۔ [illegible] اگر فساد بند نہ ہوا تو ۶ جولائی کے پرچہ میں سخت احکام جاری [illegible] جولائی کا پرچہ بھی آگیا تو اس میں [illegible] جگہ پر [illegible] آئی تھی۔

[illegible] کی طرف سے ۲۸ جولائی تک آخری [illegible] کے بعد مہلت نہیں دی جائیگی۔
[illegible]

[illegible] پہنچ جاتے تو ہم ابھی پرچہ میں صحیح کر دیتے پھر حال جو کچھ ہو آئندہ پرچے میں ناظرین تک پہنچا دیا جائیگا۔ ہمارا گمان ہے کہ خاکسار فوج کے جانباز جن کی تعداد آٹھ سو بتائی جاتی ہے جب لکھنؤ پہنچ جائینگے وہ اس سے زیادہ قتل عام کرینگے جس کا ذکر استاد ذوق نے اپنے اس شعر میں کیا ہے ؎

دیکھنا اے ذوق ہو جائینگے اب لاکھوں کے خون
ہے لگایا اس نے لب پر آج لاکھا پان کا

گندم ذخیرہ کرنے کا سائنٹیفک طریقہ

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

ذخیرہ گندم کے لئے سائنٹیفک طریق پر تیار کردہ اناج کی کوٹھیوں کے استعمال کے فوائد کی طرف محکمہ امداد باہمی زمینداروں کی توجہ دلا رہا ہے۔ محکمہ مذکور نے اس قسم کی کوٹھیاں بنگال میں ضلع مظفر گڑھ کی تحصیلوں کوٹ ادو اور مظفر گڑھ میں نصب کی ہیں جہاں غلہ ذخیرہ کرنے کے نہایت ہی بھدے طریقے مستعمل ہیں غریب کسان جن کے مکانات میں گذر بسر کرتے ہیں ان کے اندر ذخیرہ اناج کی گنجائش کہاں؟

اس لئے وہ کھلی جگہوں میں پیال بچھا کر اس پر غلہ ڈال دیتے ہیں اور اس کو پیال سے ڈھانپ کر مٹی سے لیپ دیتے ہیں۔ اس طرح ذخیرہ کیا ہوا غلہ طبعی عناصر مثلاً سیلاب، بارش، طوفان وغیرہ کے رحم پر ہوتا ہے اور سسری اور دیگر حشرات الارض اسپر متنزل ہیں۔ اس صوبہ میں مظفر گڑھ کے کسانوں کا افلاس ضرب المثل ہے ان غریبوں کی فصلیں یوں بھی کم ہوتی ہیں اور اگرچہ ان کا بھی اچھی طرح نہ [illegible] ہوتی ہے اس لئے محکمہ امداد باہمی [illegible] پر آمادہ ہوا۔ محکمہ مذکور نے محکمہ زراعت کی انجینئرنگ برانچ سے خاص کوٹھیاں تیار کرائی ہیں جن میں غلہ بحفاظت ذخیرہ کیا جا سکتا اور نکالا جا سکتا ہے۔ لیکن لوگوں ان کے استعمال پر آمادہ کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ کچھ عرصہ سے اس ضلع میں غلہ کی بے شمار مجالس کفایت شعاری بڑی کامیابی سے کام کر رہی ہیں۔ ان سے کہا گیا ہے کہ وہ [illegible] اپنے علاقہ کے لوگوں کی رہنمائی کریں۔ اور انہوں نے اس پر شوق عمل کیا ہے۔ امید ہے کہ کسان جلد ان کی مثال کی پیروی کریں گے۔

غلہ کے ذخیرہ کرنے کا مسئلہ کسی ایک ضلع یا صوبہ کے لئے نہیں بلکہ سارے ہندوستان کے لئے تمام اہمیت رکھتا ہے اس لئے کہ غلہ ذخیرہ کرنے کے ناقص طریقوں کی بدولت ہر سال ۲ لاکھ ٹن غلہ قیمتی ۲۴ کروڑ روپیہ ضائع ہو جاتا ہے۔ متذکرہ صدر جدید کوٹھیوں کے استعمال سے جو صرف قدرتی عناصر بلکہ مختلف قسم کے کیڑوں مثلاً سفید چیونٹی، سسری وغیرہ کی دستبرد سے بھی غلہ کو محفوظ رکھتی ہیں۔ ہم اس عجیب نقصان سے بچ سکتے ہیں ۔ (لاہور ۔ ۱۰ جولائی [illegible])

خون کے آنسو

[illegible] کتاب میں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ حالت [illegible] ان کے لئے تباہ کن ہوگی۔ اگر مسلمان تباہی سے بچنا چاہتے ہیں تو ان کو فوراً [illegible] بدل دینا چاہئے اور [illegible] پر عمل کرنا چاہئے [illegible] ان کی فلاح و بہبود کا موجب ہیں [illegible] کتاب میں [illegible] تفصیل سے بحث کی گئی ہے [illegible] کی ترقی و کامیابی کی تمنا میں [illegible] علاوہ ازیں [illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کیساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمۂ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دُور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی — قائم شدہ ۱۸۷۴ء

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھیئے

(۵۶۹)

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان امان اللہ خان کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ، افغانستان کی ترقیات، ملک کے حوصلوں اور خواتین اور علاقوں کی بغاوتوں کے حالات، بچہ سقہ کی بادشاہت کے حالات، غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کا ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قالب ۲۰×۳۰ کے ۲۵۶ صفحات۔

[illegible]

مفت

قوت رجولیت کی لاجواب گولیاں اور کتاب "طبعیت" محصول ڈاک کے لئے ڈیڑھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیے۔

پتہ:- منیجر دار الکتب اینڈ دواخانہ ہمدرد وطن۔ فتح آباد۔ ضلع حصار پنجاب

[illegible]

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی عربی شمائل شریف

مترجم و محشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اُردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد [illegible]

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی قیمت اخبار اہلحدیث میں شائع ہو رہی ہے

پتہ:- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی [illegible] امرتسر

مومیائی

مصدقہ علمائے اہلحدیث وہزارہا خریداران اہلحدیث۔
علاوہ ازیں متواتر تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا
کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے
دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے..... کے بعد استعمال
کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا
اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
جوانی کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۲؎۔ آدھ پاؤ ۳؎۔ پاؤ بھر ۶؎ مع محصولڈاک
ہوگا خیرسے محصول ۳؎ الگ علیحدہ ہوگا۔ ۱؎ آنہ پرچہ منی آرڈر۔ ایک
کی قیمت مع محصولڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نصف ایک
سے کم بحالت کی بجائے گی بعد ہی بذریعہ وی پی

تازہ شہادتیں

جناب مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب سندپوری
"قبل ازیں مومیائی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں بفضل ایزدی
توقع سے باہر فائدہ پہنچا۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مومیائی
ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ بہت خوش نصیب اور جوان بخت
وہ ہے جس نے استعمال کی۔ ایک چھٹانک فوراً ہی میاں
کے نام ارسال فرمائیں" (۲۰ مئی ۱۹۳۵ء)
جناب حکیم محمد خیر الدین صاحب پٹنہ۔ ایک چھٹانک
مومیائی بذریعہ وی پی دوبارہ مشکور فرمائیں۔ میرے مطب
میں بہت سالوں سے امراض دماغی اور سینہ میں مستعمل ہے
بفضلہ بہت کارآمد اور مفید ثابت ہوتی رہی ہیں۔
اس کی تصدیق کرتا ہوں" (۲۰ مئی ۱۹۳۵ء)
ملنے کا پتہ:- حکیم محمد سردار خان
بھیرا ضلع شاہ پور ...

(۷۶۸

تصنیفات مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

کتب متعلقہ تمام اہل اسلام

تعلیم القرآن اس رسالہ میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا خلاصہ چند سبقوں میں جمع کیا گیا ہے۔ لکھائی۔ چھپائی۔ کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱؎

قرآن اور دیگر کتب قرآن شریف اور دیگر الہامی کتابوں کی تعلیم کا بالاختصار مقابلہ کر کے قرآن مجید کی عظمت ثابت کی ہے۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱؎

خصائل النبی ترجمہ شمائل ترمذی۔ حضور پر نور کے اخلاق حمیدہ کا مختصر بیان ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱؎

حیات منونہ مسلمانوں کا معراج کمال یہ ہے کہ ان کی عملی زندگی سنت نبوی کے مطابق ہو۔ اس مقصد کو ملحوظ رکھ کر مولانا موصوف نے رسالہ ہذا تصنیف فرمایا ہے۔ جو اس قابل ہے کہ مخیر حضرات اور انجمن ہائے اہلحدیث اسکو عوام میں مفت تقسیم کرائیں۔ فی نسخہ ۲؎ فی سینکڑہ ...

السلام علیکم اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ اسلامی سلام بلحاظ فضائل اور اوصاف کے تمام دوسرے فرقوں کے سلاموں سے اعلیٰ اور افضل ہے۔ قیمت ۱؎

ہدایت الزوجین اس رسالہ میں نکاح طلاق اور خلع وغیرہ احکام کے علاوہ بیوی کے خاوند پر اور خاوند کے بیوی پر جو حقوق ہیں۔ مختصر طور پر بیان کئے گئے ہیں۔ قیمت ۱؎

کلمہ طیبہ کلمہ شریف لا الٰہ کی تفسیر کر کے مسئلہ توحید پر عالمانہ دلائل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔ قیمت ۲؎

شریعت اور طریقت اس رسالہ میں شریعت اور طریقت دونوں کے مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ۱؎

رسوم اسلامیہ رسوم مروجہ بدعیہ کو خلاف شریعت ثابت کر کے ان کے مقابلہ پر اسلامی رسوم کا بیان۔ قیمت ۱؎

التوزالعظیم قرآن مجید میں جو مختلف چیزوں کی قسمیں کھائی گئی ہیں۔ انکی حکمتوں کا بیان۔ قیمت ۳؎

اتباع الرسول امرتسری منکر حدیث پارٹی کے سرگروہ مولوی احمد الدین صاحب اور مولانا ثناء اللہ صاحب کے مابین حجت حدیث اور اتباع الرسول پر ایک تحریری مباحثہ ہوا تھا جس میں ثابت کیا گیا تھا کہ حدیث نبوی حجت شرعی اور اتباع رسول راہ ہدایت ہے۔ برخلاف اسکے فریق ثانی نے اطاعت رسول علیہ السلام کو شرک اور زنا سے بدتر ہونے کا فتویٰ دیا تھا۔ قیمت ۴؎

دلیل القرآن بجواب صلوٰۃ القرآن۔ مصنفہ مولوی عبداللہ چکڑالوی۔ اس میں اہل قرآن کے طریقہ نماز کو مدلل طور پر رد کیا ہے۔ لکھائی چھپائی۔ کاغذ عمدہ۔ قیمت ۳؎

خلافت محمدیہ اس رسالہ میں مسئلہ خلافت اصحاب ثلاثہ کو ثابت کر کے قرآن مجید سے ان کے مؤمن اور متقی ہونے پر عالمانہ استدلال کیا گیا ہے اور مسئلہ باغ فدک پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ قابل مطالعہ ہے۔ قیمت ۳؎

خلافت رسالت اس میں خلافت اصحاب ثلاثہ کو نہایت دلچسپ اور جدید طرز میں ثابت کیا گیا ہے اور تاریخی حوالہ جات کی روشنی میں مسئلہ خلافت مختلف فیہ کو محقق و مبرہن کیا گیا ہے یعنی کہ منکرین کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قیمت ۱؎

نوٹ:- محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا

پتہ:- منیجر اخبار اہلحدیث امرتسر

اسلام اور برٹش لاء اس رسالہ میں ہماہیات اسلامیہ کو انگریزی قوانین کے مقابلہ میں اعلیٰ اور افضل ثابت کیا گیا ہے۔ ۳ر

قرآنی قاعدہ ثنائیہ قرآن شریف کی تعلیم میں ابتدائی قاعدوں کا پہلا کے موافق نہ ہونے سے ان کو بہت مشکل پیش آتی تھی اس مشکل کو حل کرنے کے لئے یہ قاعدہ تصنیف کیا گیا ہے جو بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے بہت مفید ہے۔

فی عدد ۰ر۔ فی سینکڑہ ۴ ۸ر

ثنائی پاکٹ بک مجلد اس مختصر کتاب میں تمام مذاہب (آریہ، عیسائی۔ بہائی۔ مرزائی۔ شیعہ، نیچری۔ دہریہ۔ منکرین نبوت۔ سکھ۔ بت پرست وغیرہ) پر عالمانہ انداز میں تنقید کی گئی ہے اور ہر ایک مذہب کی تردید میں دو دو دلیلیں بھی دی گئی ہیں۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ عمدہ۔ پاکٹ سائز۔ قیمت ۶ر

(کتب متعلقہ اہل حدیث)

اہل حدیث کا مذہب اہل حدیث کے مسلہ مسائل کا مدلل بیان اور دیگر فرقوں کے مسائل پر مختصر تنقیدی نظر۔ قیمت ۶ر

تقلید شخصی و سلفی جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ سلف صالحین اخذ مسائل میں صرف قرآن و حدیث کو اپنا نصب العین بناتے تھے اور کوئی کسی کا مقلد نہ تھا۔ قیمت ۵ر

حدیث نبوی اور تقلید شخصی اس رسالہ کے پہلے حصہ میں حجیت حدیث شریف پر ناقابل تردید دلائل دے کر فرقہ اہلقرآن کا منہ بند کر کے دوسرے حصہ میں مقلدین متقدمین علماء کی تحریروں کا اقتباس درج کیا گیا ہے کہ اہل حدیث اور احناف کا نزاع ... اصل ... کا نصب العین ایک ہی ہے ... تقلید شخصی کے اثبات پر چند دلائل نقل کر ... کے ... رنگ میں تردید کی گئی ہے ... عمدہ۔ قیمت ۳ر

آمین رفعیدین مع ضمیمہ فاتحہ خلف الامام ہر سہ مسائل پر عالمانہ بحث کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ یہ مسائل احادیث نبویہ سے ثابت ہیں۔ اور بعض مقتدر علماء احناف ان کے مسنون ہونے کے قائل ہیں۔ ۲ر

علم الفقہ اس رسالہ میں بتایا گیا ہے کہ اصل علم فقہ میں قرآن و حدیث ہے۔ اور اہل حدیث اصل علم فقہ سے منکر نہیں ہیں۔ قیمت ۲ر

فقہ اور فقیہ اس رسالہ میں علم فقہ کی حقیقت اور فقیہ کی جامع تعریف، اور مسئلہ تقلید کا فیصلہ علمی اصول سے کیا گیا ہے۔ ۳ر

تنقید تقلید یہ وہ تحریری مباحثہ ہے جو مولوی مرتضیٰ حسن صاحب دیوبندی کے مضمون مندرجہ اخبار "العدل" گوجرانوالہ کے جواب میں اخبار "اہلحدیث" امرتسر میں شائع ہوتا رہا۔ جسمیں فریقین کی تحریریں اصلی اور پورے الفاظ میں نقل ہیں جس قدر حصہ اخبار میں شائع ہوا ہے اسکے علاوہ جدید حواشی بھی درج کئے گئے ہیں۔ یہ رسالہ مسئلہ تقلید پر بے نظیر ہے۔ قیمت ۵ر

فتوحات اہل حدیث ان مقدمات کا مجموعہ جو مابین اہل حدیث اور احناف مختلف مقامات میں رونما ہوئے۔ ہندوستان کی ہائی کورٹوں اور لندن کی پریوی کونسل کے فیصلہ جات جو اہل حدیث کے حق میں ہوئے۔ قیمت ۲ر

اجتہاد و تقلید اس رسالہ میں مسئلہ تقلید شخصی پر عالمانہ بحث کی گئی ہے اور مسئلہ اجماع کی حجیت اور عدم حجیت پر تحقیق انیق کی گئی ہے اور ثابت کیا ہے کہ دروازہ اجتہاد کا ہمیشہ کھلا رہے گا۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۶ر

کتب در تردید قادیانی مشن

الہامات مرزا اس کتاب میں مرزا صاحب قادیانی کے الہاموں پر مفصل بحث کر کے ان کو غلط ثابت کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ الہامات میں اختلاف ہونا ... من اللہ ہونے کے قطعی منافی ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۹ر

تاریخ مرزا مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے صحیح صحیح حالات از طفولیت تا دم وفات اس رسالہ میں مندرج ہیں۔ قیمت ۵ر

نکاح مرزا (مع اضافات جدیدہ) جس میں مرزا صاحب قادیانی کی آسمانی منکوحہ (محمدی بیگم) کی پیشگوئی کی قطعی تردید ان کے اپنے اقوال سے کی گئی ہے۔ جدید اڈیشن۔ قیمت ۳ر

عقائد مرزا مرزا صاحب قادیانی کے عقائد کا مختصر بیان۔ ان کی اپنی عبارات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ قیمت ۰ر

فاتح قادیان (جدید اڈیشن چھپ گیا) کے انعامی مباحثہ متعلقہ دعا مرزا قادیانی بابت وفات مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب مع فیصلہ منصفان دستخطی کی روئداد درج ہے اور کتاب "آیۃ اللہ" مصنفہ مولوی محمد علی صاحب ایم اے امیر جماعت احمدیہ لاہوری پارٹی کا بھی مدلل جواب دیا گیا ہے۔ قیمت ۶ر

(۵۹۹

چیستان مرزا مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے کلام میں اختلاف ثابت کیا گیا ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۰ر

شہادات مرزا ملقب بہ عشرہ مرزائیہ۔ جس میں دس شہادتوں (دعاوی نبویہ اور اقوال و الہامات مرزائیہ) سے مرزا صاحب قادیانی کے دعوے مسیحیت موعودہ کی تردید کی گئی ہے اور جس کے جواب پر حسب فیصلہ منصف مبلغ ایک ہزار روپیہ کا اعلان کیا گیا تھا۔ جس کو مرزائی امت آج تک وصول نہ کر سکی۔ قیمت صرف ۳ر

فتح ربانی ایک زبردست تحریری مباحثہ در بارہ حیات مسیح مابین مولانا ثناء اللہ صاحب اور مولوی غلام رسول صاحب ساکن راجیکے جو نہایت لطیف اور دلچسپ بحث ہے۔ قیمت ۱ر

نوٹ:۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔

ملنے کا پتہ:۔ **منیجر اہلحدیث امرتسر**

ahmadimuslim.de

شاہ انگلستان اور مرزا قادیان

جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ جارج پنجم شاہ انگلستان کا دربار دہلی میں تشریف لانا خدائی حکمت میں مرزا صاحب قادیانی کی تکذیب کے لئے تھا۔ قابل دید ہے۔ قیمت ا/

فسخ نکاح مرزائیاں

مرزائیوں سے میل جول اور شادی غمی میں شریک نہ ہونے کے متعلق علماء اسلام کا متفقہ فتویٰ جس میں بتایا گیا ہے کہ مرزائی اصل اسلام سے خارج ہیں [illegible]

نکات مرزا

[illegible] مرزا صاحب [illegible] اور نکات قرآنیہ دکھانے کا [illegible]

تعلیمات مرزا

مع جواب الجواب۔ قادیانی مشن کی تردید کے لئے ایک مختصر مگر جامع رسالہ "تعلیمات مرزا" شائع ہوا تھا۔ جس کو ناظرین نے بہت پسند کیا اور بہت جلد پہلا اڈیشن ختم ہو گیا قادیان سے اس کا جواب نکلا۔ جس کا جواب الجواب اس میں دیا گیا ہے۔ اب یہ ایسی جامع کتاب ہو گئی ہے کہ اس کو پاس رکھنے والا ہر میدان میں مرزائیوں پر غلبہ پا سکتا ہے۔ قیمت ۶/

فیصلہ مرزا

(عربی و اردو) اس رسالہ میں آخری فیصلہ [illegible] کی گئی ہے۔ جس کی مرزائی آج [illegible] نہیں کر سکے

علم کلام مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب کو بحیثیت مصنف جانچا گیا ہے آج تک مرزائیوں کی تردید میں جس قدر کتابیں شائع ہوئی ہیں یہ رسالہ ان سب سے نرالا ہے۔ اس کا مضمون بھی بالکل اچھوتا اور انوکھا ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے پہلے اس قسم کا کوئی رسالہ آپ کی نظر سے گزرا ہو گا۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۶/

عجائبات مرزا

یہ رسالہ علم کلام مرزا کا ضمیمہ ہے۔ اس میں مرزا صاحب کے [illegible] کی گئی ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۳/

ثنائی برقی پریس امرتسر

اردو۔ انگریزی۔ ہندی [illegible] کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ، رنگدار و سادہ ارزاں [illegible] حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے:

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

ایک اور تازہ تصنیف

خطبات سلمان

جو قاضی محمد سلیمان صاحب مصنف رحمۃ للعالمین کے حسب ذیل دس معرکۃ الآرا مضامین کا گلدستہ ہے۔ (۱) تبلیغ اسلام۔ (۲) کیا اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا؟ (۳) الاسلام فی الہند۔ (۴) پیام اسلام۔ (۵) فضائل اسلام۔ (۶) خطبہ صدارت اہل حدیث کانفرنس آگرہ۔ (۷) تعریف مسلم یعنی خطبہ صدارت جلسہ انجمن اہل حدیث بٹالہ۔ (۸) مذہب اہل حدیث۔ (۹) فرائض اہل حدیث (۱۰) اصول تبلیغ۔ [illegible] کے ۲۰۴ صفحات۔ باوجود ان تمام ظاہری و باطنی خوبیوں کے قیمت صرف عہ۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔

منگوانے کا پتہ:- منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

حیات طیبہ

[illegible] اسماعیل [illegible] شہید [illegible] کی سوانح عمری جن میں آپ کے حسب نسب [illegible] نمایاں درج کئے گئے ہیں۔ قیمت ۵/

ملنے کا پتہ } منیجر اہلحدیث

لفظ "آخری فیصلہ" کے متعلق ان تمام اعتراضات کا [illegible] مرزائی [illegible] اس رسالہ [illegible] اردو ہے۔ قادیانیوں کی تردید کے لئے [illegible] ہے۔ ضرور منگوائیں۔ قیمت ۴/

فیصلہ مرزا۔ بزبان انگریزی۔ قیمت ۴/

بہاء اللہ اور مرزا

اس رسالہ میں ہر دو مدعیان [illegible] بہاء اللہ ایرانی اور مرزا [illegible] قادیانی کی تعلیم اور دعاوی کا مقابلہ کر کے ثابت کیا ہے کہ [illegible]

[illegible] کے موجودہ خلیفہ صاحب [illegible] رہی ہے۔ [illegible] مرزا صاحب کے حالات [illegible] نکات کے [illegible] کے سامنے [illegible] ہو سکے۔ قیمت ۲/

محمد قادیانی

مرزا صاحب [illegible] حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اکمل [illegible] ہوں۔ ان کی زندگی کا پروگرام [illegible] ہے۔ ان کے اپنے اقوال سے ان کی دعویٰ [illegible] کی گئی ہے۔ قیمت ۲/

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۴

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

DAR ... کتب خانہ ... اسلامی

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً و جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

جلد ۳۶

نمبر ۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بہما کتاب اللہ وسنۃ رسولہ

اہلحدیث

اخبار امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن

پس حدیث مصطفےٰ بر جاں مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث امرتسر

ایڈیٹر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ
۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

شرح چندہ

والیان ریاست سے سالانہ ۔۔۔

رؤسا و جاگیرداروں سے ۔۔۔

عام خریداران سے ۔۔۔

" " ششماہی ۔۔۔

ممالک غیر سے سالانہ ۔ ۔ شلنگ

فی پرچہ - - - - ۲ /

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۷ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (بیا بحلقۂ اہل حدیث حاضر شو) ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - ص۳
طاعون کا دفعیہ۔ مرزا صاحب کا نشان۔۔ ص۴
علمائے اسلام سے مرزائیوں کے سوال - ص۶
[illegible] میں بریلوی فتنہ - - - ص۷
[illegible] - - - - ص۸
جلسہ [illegible] - - - ص۹
[illegible] - - - - ص۱۰
قابل التفات [illegible] - - - - ص۱۱
[illegible] - - - ص۱۲
[illegible] متفرقات - - ص۱۳
[illegible] اشتہارات - ص۱۴

بیا بحلقۂ اہلحدیث حاضر شو

(یہ نظم جمعیۃ اہل حدیث بمبئی کے جلسہ اول میں بتاریخ ۱۲ جون ۳۹ء پڑھی گئی)

(از عبد الرزاق صاحب سعید بن عمر)

نوازشیں ہیں کرم ہے بڑی عنایت ہے
خدائے قادر و قدوس کی بجا سعید

مجھے بروز جزا خجلت و ندامت سے
بچا لیا ہے بوجہ عقیدۂ توحید

اُسی کی حمد و ثنا میں ہے زبان قلم
ہے جس کی ذات سزاوار وحدت و تمجید

پیمبر اُس کی امانت کے ہر طرح محتاج
اُسی کے در کے گدا ہیں امام ہوں کہ شہید

وہ رد کرے تو مجال قبول کس کو ہے
وہ کامران ہے جسے ذات حق کی ہو تائید

ہوا جو صوفی و شاعر کی بزم میں حاضر
ندا غیب نے دی یہ مجھے بصد تاکید

بیا بحلقۂ اہل حدیث حاضر شو
جز ایں ست مرکز مذہب و سلوک دیگر نیست

[illegible] مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب کی تصنیف۔ اس میں [illegible] شیعہ، چکڑالوی، بریلوی وغیرہ [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

(۳۱۔ جولائی ۱۹۳۹ء)

مقامی حالات امرتسر شہر میں ۳۰۔ جولائی کو معمولی سی بارش ہو جانے سے ہوا مرطوب ہو گئی ہے۔ جس کی وجہ سے موسم میں بھی تبدیلی ہو گئی ہے۔ ناظرین باران رحمت کے لئے دعا کریں —— فتنہ خاکساری کو روکنے کے لئے امرتسر شہر کے مقامی علما کرام و دیگر حضرات کی کوشش سے ایک انجمن "حزب المجاہدین" بنائی گئی ہے جو عنقریب اس تحریک کے دبانے کی ہر ممکن کوشش کریگی

—— سردار ہرنام سنگھ رام گڑھیا امرتسر میونسپل کمیٹی کے صدر مقرر ہوئے ہیں —— پنجاب اسمبلی کے مسلم ضمنی انتخاب کے لئے دوڑ دھوپ شروع ہو گئی ہے

—— مجلس احرار کے زیر اہتمام خاکساری تحریک کے بالمقابل احراری نوجوانوں کو منظم کرنے اور ان کو فوجی قواعد و پریڈ کرانے کے لئے مجلس احرار کے مقامی رہنما کوشش کر رہے ہیں۔ ہر رات کو باقاعدہ کوریں مارچ کرتی ہیں۔

—— لاہور میں آل انڈیا مسلم لیگ کانفرنس ۲۷۔ ۲۸۔ ۲۹ دسمبر ۱۹۳۹ء کو منعقد ہوگی۔

—— مسجد شہید گنج لاہور کی بازیابی کیلئے ہائیکورٹ کے فیصلہ کے خلاف پریوی کونسل میں اپیل دائر کر دی گئی ہے۔ سکھوں کی طرف سے بھی اس کی پیروی کرنے کے لئے پندرہ ہزار روپیہ فراہم کیا گیا ہے۔ بدری ناتھ جو پہلے سے ہی اس مقدمہ کی پیروی کرتے رہے ہیں اس اپیل کی پیروی کرنے کے لئے بھی ولائت جانے والے ہیں۔

—— کانگڑہ وادی میں بارش کی کثرت سے ایک پہاڑی گر گئی۔ ریلوے لائن دھنس گئی۔ برساتی نالے نشیب علاقہ زیر آب ہو گیا۔

—— شمالی وزیرستان کے پولیٹیکل ایجنٹ نے بااجازت گورنر سرحد تمام وزیری باشندوں کو فقیر ایپی سے کسی قسم کی بات چیت اور ملاقات کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔

—— مسٹر محمد علی جناح نے وائسرائے ہند اور ملک معظم کی خدمت میں اپیل کی ہے کہ فیڈریشن کو ہندوستانیوں پر زبردستی نہ ٹھونسا جائے۔

—— حیدرآباد میں فرقہ داری فساد ہونے پر ۲۰ آدمی ہلاک اور متعدد مجروح ہوئے۔

دفتر اہلحدیث کی دو نئی مطبوعات

(۱) "تفسیر بالرائے"

(زبان اُردو) اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی کیونکہ اُردو میں کئی ایک تفسیریں شائع ہوئی ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں۔ مثلاً "بیان للناس" امرتسری۔ "بیان القرآن" لاہوری۔ چکڑالوی مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے قابل دید و شنید ہے۔ مولانا صاحب کی یہ بالکل نئی تصنیف ہے۔ قیمت صرف ۱۰/

(۲) مکالمہ احمدیہ

جس میں قادیانی اور لاہوری مرزائی جماعتوں کے وہ مضامین درج ہیں جو ہر دو فریق اپنے اپنے اخباروں (پیغام صلح و الفضل) میں بابت مناظرہ نبوت مرزا شائع کرتے رہے۔ کتاب قابل دید ہے۔ قیمت ۵/

ہر دو کتب ملنے کا پتہ :- دفتر اہلحدیث امرتسر

اخبار ہذا کا صفحہ ۱۴
ضرور ملاحظہ فرمائیں
(منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— ہوڑہ ریلوے اسٹیشن پر گیارہ سیر چرس برآمد ہوئی جو ناجائز طور پر کہیں بھیجی جا رہی تھی۔

—— امریکہ کے طلباء جنگ میں شامل ہونے کے مخالف ہیں۔

—— ایک اطلاع مظہر ہے کہ ادیس ابابا (حبشہ) میں جرمنی فوج پہنچ رہی ہے۔

—— ٹوکیو (جاپان) میں ۱۷ تا ۲۳ ساٹھ ہزار جاپانی بوائے سکاؤٹوں کا اجتماع ہوگا۔ جس میں جرمن اطالیہ، مانچوکنو۔ فلپائن اور امریکہ کے سکاؤٹوں کو شامل ہونے کی دعوت دی گئی ہے۔

—— حکومت جاپان نے اندھے، گونگے اور بہرے بچوں کی جبری تعلیم کا فیصلہ کیا ہے۔

—— لندن سے دہشت انگیزوں کو باہر بھیجا جا رہا ہے

—— جواہر لال نہرو لنکا سے واپس آ گئے ہیں۔ جس مقصد کے لئے وہاں گئے تھے اس میں ایک حد تک ان کو کامیابی حاصل ہو گئی ہے۔

—— گاندھی جی کے مشورہ کے مطابق ٹرانسوال (جنوبی افریقہ) میں سول نافرمانی کا ارادہ ترک کر دیا ہے

—— روما کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ اطالوی بمبار طیاروں نے مرکزی بحیرہ روم میں مشق کے طور کئی سو میل رقبہ میں بمباری کی۔

—— روس، فرانس اور برطانیہ میں ایک نیا معاہدہ ہو رہا ہے۔

—— ڈینزگ کی سینٹ نے ایک نیا فرمان جاری کیا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ پولینڈ اور ڈینزگ کے یہودی کسی قسم کے کاروبار میں روپیہ نہ لگائیں۔

—— لندن۔ ہیرجان اینڈ رسن نے اعلان کیا ہے کہ ایک ماہ سے زائد عرصہ کے لئے سیر و تفریح یا سفر کو جانے والے لوگ گیس پروف نقاب ضرور خریدیں۔ ممکن ہے جنگ چھڑ جائے اور گھر پر نہ پہنچ سکیں۔

—— پانڈی چری۔ فرانسیسی حکومت نے سارے فرانسیسی ہندوستانیوں کے نام بصورت جنگ فوج میں بھرتی ہونے کا حکم بھیجا ہے۔

—— ہسپانوی گورنمنٹ نے حکم دیا ہے کہ ۱۸ سال سے پچاس تک عمر والے قومی تعمیر کے پروگرام کے سلسلہ میں پندرہ دن مفت کام کریں۔ ورنہ ۱۲ شلنگ یومیہ گورنمنٹ کو دیں۔

خون کے آنسو۔ مسلمانان ہند کی موجودہ پستی کے اسباب اور ان کا علاج۔ قیمت ۴/ پتہ منیجر اہلحدیث امرتسر

ستینی - امام رازی کی مشہور کتاب ستینی کا اُردو ترجمہ - قابل دید ہے - قیمت ۹/ پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۱۷۔ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۶)

یہ سلسلہ مضمون "اہلحدیث" مورخہ ۳۰ جون میں شروع ہوا ہے۔ ہم نے ۷۔ جولائی کے "اہلحدیث" میں مشرقی صاحب کی تصنیفات کو آٹھ نمبروں میں تقسیم کیا تھا جن میں سے تین نمبر درج ہو چکے ہیں۔ آج چوتھا نمبر درج کیا جاتا ہے۔

ناظرین! ہمارے سوالات کے جواب جلدی عنایت کریں جو مکرر سہ کرر درج ہو رہے ہیں۔

مضمون ہذا اخبار کے بعد رسالہ کی صورت میں بھی چھپتا ہے۔ اسلئے اس کے متعلق مندرجہ ذیل سوالات جواب طلب ہیں۔

(۱) یہ رسالہ کم سے کم کتنی تعداد میں شائع کیا جائے؟

(۲) جہاں اس کی ضرورت محسوس ہو وہاں کے اصحاب اطلاع دیں کہ ان کو کتنی تعداد مطلوب ہے؟

(۳) یہ رسالہ چونکہ مفت شائع ہوگا اسلئے اصحاب خیر از قسم زر اعانت اس میں کیا مدد دینگے۔ جو کچھ دینا ہو حسب توفیق بھیجتے جائیں۔

(نوٹ) ان سوالوں کے جواب بہت جلد آنے چاہئیں

(۴) بانیٔ تحریک بظاہر جہاد کا بہت شائق معلوم ہوتا ہے مگر اصل مجاہدین کی بہت توہین کرتا ہے۔ چنانچہ آپ کے الفاظ اس بارے میں یہ ہیں۔

• خاکسار تحریک کا مقصد اور مذہب

پس دو لفظوں میں خاکسار تحریک کا پہلا اور آخری مقصد تیرہ سو برس کے بعد پھر خدا اور اسلام کے سپاہی بننا ہے۔ ہاتھوں اور پیروں کو حرکت دیکر سپاہی بننا ہے۔ ایک قطار میں کھڑے ہوکر اور ایک قطار میں مارچ کرکے سپاہی بننا ہے۔ بڑے اور چھوٹے مسلمان کو پھر ایک قطار میں لاکر سپاہی بنانا ہے۔ ہر ایک کے ہاتھ میں خدمت عاجزی مساوات، مزدوری اور محنت کا ہتھیار دیکر سپاہی بنانا ہے۔ بیلچے سے انسان کی اونچ نیچ کو پھر برابر کرکے خدا اور اسلام کے یک رنگ اور مساوی سپاہی بننا ہے۔ بیلچے سے خدا کی تہ و بالا ہوئی ہوئی زمین کو پھر برابر کرنا ہے۔ نہیں خدا کی غلط طور پر درست ہوئی ہوئی زمین کو پھر تہ و بالا کرنا ہے۔ انتم الاعلون ان کنتم مؤمنین (یعنی اگر ایمان والے ہو تو سب پر غالب ہو) کے خدائی فیصلے کو سامنے رکھ کر پھر روئے زمین پر غالب پھر بادشاہ پھر حکمران پھر جہانگیر اور جہانبان بننا ہے۔ یہ ہمارا مذہب ہے، یہ ہمارا اسلام ہے، یہ ہمارا عقیدہ اور یہ ہمارا ایمان ہے۔ ہم اگر اس مذہب اور عقیدے پر نہ رہیں تو مسلمان نہیں رہ سکتے۔ مؤمن اور ایمان والے نہیں رہ سکتے۔ قیامت کے دن خدا کے عذاب سے چھوٹ نہیں سکتے۔ ہم جو کچھ کر رہے ہیں اپنے ایمان اور آخرت کی خاطر کر رہے ہیں۔ کسی بڑے سے بڑے مولوی اور ملا کو کسی بڑے سے بڑے دیندار کو اور مدعی اسلام کو ہمارے اس مذہب کو غلط کہنے کی مجال نہیں، وہی پرانا وہی پہلا وہی نبوی اور آخری اسلام ہے۔ جس کا نقشہ خدا کا آخری رسول اپنے ہاتھ سے خود کھینچ گیا اور جس کا اثر مسلمانوں کے ہر بچے اور بوڑھے پر صدیوں تک رہا۔"

(الاصلاح لاہور ۱۵ نومبر ۳۵ء ص ۳)

اہلحدیث کیسا زبردست اور صاف دعویٰ ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ خاکسار تحریک کے مقابلہ میں کانگرس تحریک بھی گرد ہے مگر ساتھ ہی اس کے یہ الفاظ بھی قابل غور ہیں جو اسی صفحہ پر مذکورہ اقتباس سے پہلے مرقوم ہیں۔

خاکسار تحریک اور حکومت وقت ہم نے علی الاعلان حکومت وقت سے کہہ دیا ہے کہ ہم قانون کے اندر رہیں گے۔ تمہاری سیاست میں دخل نہ دینگے۔ تم نہ چھیڑو گے تو ہم نہ چھیڑینگے۔"

اس عبارت میں پابندی قانون کا وعدہ ہے۔ چنانچہ آجتک یہ لوگ پابند قانون رہے ہیں مگر کوئی دانا نہیں بتا سکتا ہے کہ حکومت وقت قانون کے ماتحت رہ کر خاکسار تحریک حکمران ہوکر ہندوستان کو زیر نگیں لا سکتی ہے۔ جیسا کہ مشرقی صاحب کا پہلا اقتباس اس کو واضح کرتا ہے۔ مزید وضاحت کے لئے فقرہ ذیل ملاحظہ کیجئے۔

"ہمارا مذہب ہمارا دین ہمارا اسلام سپاہی بننا ہے اور دنیا کو زیر نگیں کرنا ہے ورنہ ہم ماں کے پیٹ سے بادشاہ بن کر نکلے تھے۔ بادشاہت ہمارا مذہب ہے اور تم (انگریزوں) نے مذہب میں مداخلت نہ کرنے کا عہد کیا ہوا ہے۔" (حوالہ مذکور)

ناظرین کرام! کسی وقت خاکسار فوج بتعداد کثیر سرحد پشاور کی چھاؤنی پر حملہ بول دے اور انگریزی توپ خانہ اس کا مقابلہ کرے تو اس کا فیصلہ کون کریگا

ahmadimuslim.de

کر [illegible] نے قانون شکنی کی ہے یا انگریزوں نے خلاف [illegible] مذہب میں مداخلت کی ہے۔ ہم تو اس کو بڑا شغل [illegible] سمجھتے ہیں۔ اسی لئے دخل نہیں دیتے۔

لیکن مشرقی صاحب کا ایک فقرہ ہمارے سامنے آگیا ہے اس پر نظر کر کے فیصلہ کریں تو اشکال کے حل ہونے کی صورت نظر آتی ہے بلکہ اس فقرے کی روشنی میں دُور تک نظر دوڑائیں تو خاکسار تحریک کی غرض اور غایت بھی معلوم ہو سکتی ہے۔ وہ فقرہ یہ ہے :-

"اعبدُ الانجلیز بکرۃً و اصیلاً لرزقی ولا اعبد ربی لیرزقنی من لدنہ و اکذب القرآن یوماً فیوماً ولا استطیع ان ادادم علی التوحید بل اصنع لنفسی مکراً بعد مکرٍ و اسارع الی الشرک کرۃً بعد کرۃ"
(تذکرہ عربی ص۱۴۱)

(ترجمہ) میں (مشرقی) صبح و شام انگریز کی عبادت کرتا ہوں اپنے رزق کے لئے اور میں اپنے رب کی عبادت پر نہیں کرتا کہ وہ اپنے پاس سے مجھے رزق دے اور میں روز بروز قرآن کی تکذیب کرتا ہوں اور میں توحید پر مداومت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا بلکہ اپنے نفس کیلئے مکر پر مکر کرتا ہوں اور [illegible]

برادران اسلام! یہ عبارت ہمیں ایک بڑی بات بتاتی ہے وہ یہ ہے کہ مشرقی اور انگریز میں عابد و معبود کی نسبت ہے۔ جس طرح عابد اپنے معبود کے حکم کے ماتحت رہتا ہے اور یہ زریں اصول ہر وقت اس کے پیش نظر رہتا ہے ؎

بہتری در قبول فرمان است
ترک فرماں دلیل حرمان است

چونکہ مشرقی صاحب کو اس نسبت مذکورہ کے ماتحت انگریز کی خوشنودیٔ مزاج ہر وقت ملحوظ رہتی ہے۔ اسی لئے وہ غالباً قانون شکنی نہیں کر سکیں گے۔ جس کا نتیجہ ہم سردست ناظرین کے حوالے کرتے ہیں اور اپنی رائے آگے چل کر خاکساری عسکریت کے ذیل میں بتائیں گے۔ انشاء اللہ!

اس نمبر میں ہم نے یہ بتانا ہے کہ ملک گیری و جہانبانی

جہاد اور اولوالعزمی کا شوق رکھنے کے باوجود مشرقی صاحب نے اسلاف مجاہدین کی بڑی سخت توہین کی ہے چنانچہ اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں :-

کیا انسان کی گذشتہ ہزار سالہ تاریخ میں کفر اور ضلالت جہل اور ابلہی مکر اور سیاہ کاری کی اس سے بہتر اور روشن تر مثال پیدا ہو سکتی ہے جیسی کہ سلف راشدین علیہم الرحمۃ کے ان ناخلف عرب و عجم نے ظہور اسلام کے پانچ سو سال بعد تک قرآن کے مطالب پر غور کرنے اور اللہ کی عطا بخشی ہوئی سلطنت کو مضبوط اور مستحکم کرنے کے بہانہ سے دنیا کے سامنے پیش کی کیا خود ابلیس اپنی شبانہ روز مصروف کاری، شیطانی اغوا اور طاغوتی مکر و حیل کے باوجود کوئی مثال پیش کر سکتا ہے۔"
(مقدمہ تذکرہ ص۲۲)

ناظرین کرام! خلفائے راشدین کی تیس سالہ حکومت چھوڑ کر پانچ سو سال تک نظر دوڑا کر دیکھئے آپ کو کتنی اسلامی فتوحات ملیں گی۔ ممالک کفریہ پر اسلامی جھنڈا لہراتا نظر آئیگا۔ اسی دور میں سلطان محمود غزنوی جیسے مجاہد اعظم کفرستان کو روندتے ہوئے نظر آئیں گے۔ کیونکہ آپ کا انتقال پانچویں صدی کے اندر ۴۲۱ھ میں ہوا ہے۔ خلافت امویہ اور عباسیہ کا علم اسلامی ہسپانیہ اور افریقہ وغیرہ ممالک میں لہراتا ہوا نظر آئیگا۔ خراسان، ایران، ہندوستان ایسے بڑے بڑے ممالک اسلام کے زیر نگیں نظر آئیں گے اور یہ سب کارہائے نمایاں پانچویں صدی کے اخیر تک آپ کو ملیں گے۔ مشرقی صاحب کا اپنا اعتراف ملاحظہ کیجئے۔ جو یہ ہے :-

"ہم خاکسار اس لئے کھڑے ہوئے ہیں کہ ہر مسلمان کو اس مذہب میں داخل کر دیں۔ خدا اور محمد کے سب نام لیواؤں کو اس دین اس طریق اس چال پر چلا دیں جس پر چل کر ہم کئی سو برس تک بادشاہ رہے" (قول فیصل ص۲۴)

کیا یہی بادشاہت ہے جسے حاصل کرنے کو آپ کھڑے ہوئے ہیں اور خود ہی اس کو شیطانی فعل کہتے ہیں۔

ناظرین! خدارا انصاف کیجئے کہ جو شخص اپنا مذہب اور اپنا ایمان یہ بتائے کہ "ہم نے اسلام کا سیاسی غلبہ حاصل کرنا ہے" وہ ایسے باایمان مجاہدین کے بابرکت افعال کو شیطانی افعال سے بدتر بتائے تو اس کو بجز اس کے کیا کہا جائے ؎

کسے نماند کہ دیگر بہ تیغ ناز کشی
مگر کہ زندہ کنی خلق را و باز کشی

پس ناظرین مشرقی صاحب کی مذکورہ عبارتوں کو سامنے رکھ کر اُن کے دعویٔ جہاد اور دعویٔ ملک گیری کو اس شعر کے ماتحت سمجھیں ؎

نہیں وہ قول کا پکا ہمیشہ قول دے دیکر
جو اس نے ہاتھ میرے ہاتھ پر مارا تو کیا مارا

(باقی باقی)

قادیانی مشن
طاعون کا دفعیہ
مرزا صاحب کا نشان

اخبار الفضل قادیان مورخہ ۲۵- جولائی میں ایک مضمون نکلا ہے۔ جس میں پنجاب سے طاعون دفع ہونے پر بہت مسرت کا اظہار کیا ہے۔ ہم بھی اس مسرت میں اس کے شریک حال ہیں گو وجہ مسرت الگ الگ ہے چونکہ ہم نے کہا ہے کہ ہم الفضل کی مسرت میں شریک ہیں اس لئے اس کی اصل عبارت پیش کرتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں :-

"حکومت پنجاب کے محکمہ پبلک ہیلتھ ایڈمنسٹریشن کی حال میں ایک رپورٹ شائع ہوئی ہے۔ جو ۳۸-۱۹۳۷ء کے کوائف پر مشتمل ہے۔ اس میں دیگر امور کے علاوہ طاعون کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ :-

۱۸۹۸ء کے بعد یہ پہلا سال ہے جس میں طاعون کا پنجاب میں کوئی کیس نہیں ہوا۔ یہ الفاظ جہاں پنجاب کے رہنے والوں کے لئے مسرت و انبساط

۱۴پنے مدد پہ شرک کی طرف دوڑا جاتا ہوں ؛

[illegible]

کا موجب بنیں۔ ان دنوں ان سے یہ حقیقت بھی ظاہر ہے کہ ۱۸۹۷ء سے لے کر ۱۹۳۸ء تک طاعون جیسی لرزہ خیز تباہ کاریوں سے بنی نوع انسان کے ایک کثیر حصہ کو لقمہ اجل بنا چکی ہے۔ اور کوئی سال ایسا نہیں گزرا جس میں اس موذی مرض کا مہلک حملہ نہ ہوا ہو۔ صرف ۱۹۳۹ء کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ اس میں طاعون کا کوئی کیس نہیں ہوا۔ گویا چالیس سال کے بعد طاعون سے خلاصی کا صرف ایک سال میسر آیا مگر اور وباؤں نے ابھی تک پیچھا نہیں چھوڑا۔ چالیس سال کوئی معمولی عرصہ نہیں۔ اتنے لمبے اور طویل عرصہ تک لوگوں کا ایک مہلک عذاب میں مبتلا رہنا بالطبع دل میں یہ سوال پیدا کرتا ہے کہ آخر اس کی کیا وجہ ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ غلاظت سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اور یہ کلیہ بہت حد تک درست بھی ہے۔ مگر کوئی شخص یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ طاعون کی وجہ محض عدم صفائی تھی۔ اگر عدم صفائی ہی اس کی اصل وجہ ہوتی تو چاہیئے تھا۔ صرف وہی لوگ اس کا شکار ہوتے جو غلیظ اور گندے رہتے۔ مگر واقعات سے ثابت ہے کہ بڑے بڑے صفائی پسند اور محتاط بھی اس کی نذر ہو گئے۔

پس اس مرض کی یہ تشخیص صحیح نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے دنیا کی اصلاح کے لئے اپنا جو مامور بھیجا۔ اسے قبول کرنے کی بجائے اس کی سخت مخالفت شروع کر دی گئی تب خدا نے عذاب کے رنگ میں طاعون کو مسلط کیا۔ جس کی خبر پہلے ہی اس مامور کو دیدی گئی تھی۔ چنانچہ ابھی طاعون کا پنجاب میں کہیں نام و نشان بھی نہ تھا کہ حضرت مسیح موعود (مرزا) نے ایک اشتہار شائع فرمایا۔ جس میں لکھا کہ:۔

میں نے کشفی حالت میں دیکھا ہے خدا تعالےٰ نے پنجاب کے مختلف حصوں میں سیاہ رنگ کے پودے لگائے ہیں جس میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ یہ کیسے پودے ہیں تو وہ جواب دیتے ہیں کہ یہ طاعون کے پودے ہیں جو عنقریب ملک میں پھوٹنے والی ہے۔

اس کشف پر کوئی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ طاعونی اجرام نمودار ہوئے۔ اور اس دابۃ الارض نے لوگوں کو کاٹنا شروع کر دیا۔ ہر طرف تباہی اور ہلاکت شروع ہو گئی۔ جو ایک سال نہیں دو سال نہیں متواتر چالیس سال جاری رہی جس سے ہزاروں گھر ویران ہو گئے۔ ہزاروں آبادیاں اجڑ گئیں۔ اس کے ساتھ ہی اس عرصہ میں ہزار ہا انسانوں نے خدا تعالےٰ کے مامور حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کو قبول کیا۔ جن میں سے بہت سے ایسے ہیں جن کے قلوب میں طاعون کے خوفناک سیلاب اور اس کے تباہی خیز طوفان نے خدا تعالےٰ کا خوف پیدا کیا۔ اور وہ حق کے قبول کرنے پر آمادہ ہوئے۔

اب جبکہ خدا تعالےٰ نے محض اپنے فضل اور ذرہ نوازی سے اس عذاب سے اہل پنجاب کو خلاصی بخشی ہے اور اس کے خوف و خطر کو دور کر دیا ہے۔ شکر گزار قلوب کا فرض ہے کہ اس فضل اور رحم کے شکرانہ میں اس کے آستانہ پر جھکیں اور اس کے مخلص بندے بننے کی پوری کوشش کریں۔" (الفضل ۲۵ جولائی ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث الفضل کی وجہ مسرت تو ناظرین دیکھ چکے ہیں۔ اب ہماری وجہ مسرت بھی ملاحظہ کیجئے۔

مرزا صاحب نے طاعون کا دفعیہ اپنے اوپر ایمان لانے پر موقوف بتایا تھا۔ چنانچہ آپ کے الفاظ یہ ہیں:۔

خدا نے یہ ارادہ فرمایا ہے کہ اس بلائے طاعون کو ہرگز دور نہیں کریگا جب تک لوگ ان خیالات کو دور نہ کرلیں جو ان کے دلوں میں ہیں یعنی جب تک وہ خدا کے مامور اور رسول (مرزا) کو مان نہ لیں تب تک طاعون دور نہ ہوگی۔ (رسالہ دافع البلاء صفحہ ۵)

قادیانی ممبرو! کیا یہ شرط پائی گئی؟ ہم اس متعلق کیا سوال کریں؟ اہل منطق کہا کرتے ہیں کہ بدیہی کسی علم کا مسئلہ نہیں ہوتا مگر وہ بدیہی جس پر اہل جدل خواہ مخواہ ظلمت کا پردہ ڈال دیں اس کے متعلق تنبیہ کی جائے تو جائز ہے۔ اسی لئے ہم باجازت اہل منطق آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا قادیان کے سکھوں، آریوں، احراریوں اور دوسرے مسلمانوں نے مرزا صاحب کو مان لیا ہے۔ قادیان کی تحصیل بٹالہ ہے۔ کیا وہاں کے لوگوں نے آپ کو مان لیا ہے؟ پھر قادیان کا ضلع گورداسپور ہے۔ کیا وہاں کے لوگ بھی مرزا صاحب پر ایمان لے آئے ہیں۔ گورداسپور کے بعد امرتسر قریب ہے۔ یہاں دفتر اہلحدیث کے سٹاف کو چھوڑ دیجئے جو ازلی مؤمن ہے۔ کیا امرتسر کے باقی باشندوں نے مرزا صاحب کو مان لیا ہے؟ اہل لاہور جن میں آریہ سماجی اور شیعہ بکثرت ہیں وہ تو ضرور ہی مرزا صاحب کے مؤمن ہو گئے ہوں گے

آہ! کیسی دلخوش کن بھول بھلیاں ہیں۔ مرزا صاحب کی مخالفت کا بازار اسی طرح بلکہ پہلے سے زیادہ گرم ہے اور طاعون جو اس جرم کی سزا کے طور پر مرزا صاحب کے منکروں پر نازل ہوا تھا وہ خود بخود دفع ہو گیا۔

"اہلحدیث" کی مسرت کی وجہ یہ ہے کہ اس کا سٹاف اس کا خاندان اس کا حلقہ احباب اس کا دائرہ جماعت طاعون سے محفوظ رہا ہے۔ ان کو محفوظ حالت میں چھوڑ کر طاعون "خدا حافظ" کہتا ہوا چلا گیا۔ جس سے یہ نتیجہ نکلا ؎

تھے دو گھڑی سے شیخ جی شیخی بگھارتے
وہ ساری ان کی شیخی جھڑی دو گھڑی کے بعد

محمدیہ پاکٹ بک مجلد۔ جدید ایڈیشن۔ مرزائیت کی تردید میں ایک زبردست کتاب ہے۔ اس کے مطالعہ سے پڑھے سے پڑھے مرزائی مناظر کا ناطقہ بند کیا جا سکتا ہے مصنفہ مولانا محمد عبد اللہ معمار امرتسری۔ قیمت رعایتی عمر منگوانے کا پتہ: منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

علمائے اسلام سے مرزائیوں کے سوال

جواب سیکھنا چاہتے ہو؟

تعجب کی بات ہے کہ ہر ایک فرقہ دوسرے پر وہی سوال بصورت اعتراض پیش کرتا ہے جو خود اس پر وارد ہوتا ہے۔ لیکن جو اعتراض اس پر بھی وارد ہو یعنی ایسا سوال جس کا مخاطب وہ خود بھی ہو دوسروں پر پیش کر کے جواب طلب کرے تو سمجھا جائیگا کہ اُسے خود جواب نہیں آتا بلکہ وہ چالاکی سے سیکھنا چاہتا ہے۔ آج اسی قسم کے چند سوال اخبار فاروق قادیان سے ہم بطور نمونہ دکھاتے ہیں جو اس نے کسی ناظر نے بغرض جواب اڈیٹر فاروق کے پاس بھیجے ہیں اس نے چالاکی سے ان کو ایسی سرخی کے ماتحت شائع کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سوالات اس پر وارد نہیں ہیں بلکہ دیگر فرقوں کے علماء پر وارد ہوتے ہیں چنانچہ عنوان یوں لکھا ہے کہ :-

"غیر احمدی علماء سے سولہ سوال"

(نوٹ) اس صحبت میں تو ہم ان سوالوں کے متعلق مرزائی اخبار (فاروق) کی چالاکی کا اظہار کرتے ہیں۔ اس کا جواب آنے کے بعد ہم اصل سوالوں کا جواب دینگے۔ انشاء اللہ! چند سوالوں کا نمونہ درج ذیل ہے :-

سوال ۱ مسیح کی پیدائش کا ذکر قرآن شریف میں بطور بشارت کے موجود ہے۔ اور یہ بشارت اس فرشتے کے ذریعہ مریم کے پاس بھیجی گئی۔ جس کے ذریعہ تمام انبیاء کے پاس خدا کا پیغام وحی پہنچا کرتا ہے (یعنی جبرئیل علیہ السلام نے آکر بشارت دی اور مریم حاملہ ہوئیں (دیکھو سورہ مریم ع ۲) اس کے مقابل میں محمد صلعم کی پیدائش کا ذکر نہ بطور بشارت ہے نہ خرق عادت آپکی پیدائش دیکھو قرآن از اول تا آخر روایات ضعیفہ قابل اعتبار نہیں پس مسیح افضل ہے محمد صلعم سے (فاروق قادیان ۲۱ جولائی ۳۹ء)

اہلحدیث بتائیے یہ سوال آپ پر وارد نہیں ہوتا اس سوال میں کونسا جملہ ہے جو اسے غیر احمدی علماء سے مخصوص ٹھیراتا ہے۔

سوال ۲ مسیح کی والدہ یا جدہ مریم کی فضیلت علی نساء العلمین قرآن نے بیان کی ہے اور اس کو صدیقہ کا لقب جو انبیاء کو قرآن شریف نے دیا ہے عطا کیا ہے۔ دیکھو آل عمران ع ۵ و مائدہ ع ۱۰ برخلاف اس کے محمد صلعم کی والدہ کا نام تک قرآن شریف نے نہیں لیا۔ فضیلت علی نساء العلمین و لقب صدیقہ تو درکنار۔ بعض مسلمان تو ان کے ایماندار ہونے کے بھی قائل نہیں ہیں۔ اس لحاظ سے بھی ابن مریم افضل ہے ابن آمنہ سے ؟" (حوالہ مذکور)

اہلحدیث اس کا جواب بھی خود کیوں نہیں دیتے اس میں غیر احمدی علماء کی کیا خصوصیت ہے۔

سوال ۳ بوقت پیدائش مسیح خارق عادت امور واقعہ ہوئے۔ مثلاً نخل ثمردار۔ اجرائے چشمہ نزول ملائکہ برائے تسکین وغیرہ (دیکھو سورہ مریم ع ۲) بمقابل اسکے محمد صلعم کی پیدائش کے وقت کوئی خارق عادت امر ظاہر نہیں ہوا۔ اور یہ جو مولود خوان پڑھا کرتے ہیں۔ قابل تسلیم نہیں کیونکہ وہ بربنا روایات موضوعہ ضعیفہ بیان کرتے ہیں جو بروئے قواعد محدثین روایتاً و درایتاً قابل پذیرائی نہیں۔ لہذا اس سے بھی مولود (ابن مریم) کی فضیلت مولود (ابن آمنہ) پر ثابت ہے"

اہلحدیث غیر احمدی علماء کی کیا خصوصیت ہے کہ خاص ان سے یہ سوال کیا گیا ہے۔

سوال ۴ مسیح کا تکلم فی المہد، ایتاء کتاب و نبوت بزمان شیر خوارگی دلیل ہے اسکی فضیلت برجمیع انبیاء پر (دیکھو سورہ مریم ع ۲) برخلاف اس کے آنحضرت کا نبوت و کتاب کے ایسے زمانے میں ملنے کا دعوی ہے۔ جو بلوغ نہیں بلکہ پیرانہ سالی کے قریب ہے۔ جبکہ انسان خود تجربہ کار ہوسکتا ہے۔ اور ایتاء کتاب و نبوت اور تکلم فی المہد عالم طفلی تو مسیح کے لئے ہی خاص ہے۔ اس لئے بھی مسیح افضل ہے محمد صلعم سے"

اہلحدیث اس سوال کو بھی غیر احمدی علماء سے کیا خصوصیت ہے۔ قرآن مجید کے الفاظ پر سوال ہے۔ جن کو آپ بھی مانتے ہیں۔

سوال ۵ مسیح کا تکلم فی الکہولت یعنی آسمان سے نازل ہوکر بھی کہولت میں کلام کرنا اور بالنبوت نازل ہونا۔ کیونکہ کہولت کا ایکساں تکلم بیان ہوا ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ کہولت میں بھی تکلم فی النبوت ہوگا۔ اس کے مقابلہ میں آنحضرت صلعم کے لئے نہ تکلم فی المہد کا ذکر ہے نہ تکلم فی الکہولت کی بشارت۔ اس لئے بھی مسیح افضل ہے محمد صلعم سے" (فاروق قادیان ۲۱ جولائی ۳۹ء)

اہلحدیث یہ اعتراض بھی قرآنی الفاظ پر ہے۔ پھر کیوں خاص غیر احمدی علماء کو مخاطب کیا گیا ہے۔

مختصر یہ ہے کہ پہلے غیر احمدی علمائے اسلام کے ساتھ ان سوالوں کی وجہ تخصیص بتائیے یا اعتراف کیجئے کہ ہم نے غیر احمدی علماء سے اس لئے پوچھا ہے کہ ہمیں جواب نہیں آتا۔ جو صورت بھی ہو اس کو صاف الفاظ میں بیان کیجئے تاکہ ہم اس کے مطابق جواب دیں ورنہ ہم سمجھیں گے کہ جس طرح قادیانی مسیح موعود علم منطق نہیں جانتے تھے اسی لئے وہ منطقی مسائل حکیم نورالدین سے پوچھا کرتے تھے (ملاحظہ ہو خطوط امام) اسی طرح قادیانی اخبارات بھی علمائے اسلام سے جواب سیکھنا چاہتے ہیں وغیرہ۔

(نوٹ) یہ جوابات بتاتے ہیں ہمیں علمی تنگی نہیں لیکن ہم مسائل کی حقیقت کو منکشف کرنا چاہتے ہیں اور بس۔

فتح ربانی۔ مسئلہ حیات مسیح پر تحریری مباحثہ مابین مولانا ثناء اللہ صاحب و مرزائی مناظر [illegible] (مؤلفہ [illegible] قیمت [illegible] اہلحدیث امرتسر)

(نوٹ) قادیان۔ مرزا غلام احمد قادیانی کی سوانح عمری (۷۷۶) [illegible]

بریلوی مشن

فتحگڈھ چوڑیاں میں بریلوی فتنہ

مسلمانوں میں تفریق کی آتش

(مرقومہ ایم عبداللہ صاحب فتحگڈھ چوڑیاں ضلع گورداسپور)

الفقیہ ۱۴- جولائی میں ایک مضمون جلسۂ احناف فتحگڈھ کے متعلق شائع ہوا ہے۔ ہمیں اس پر کچھ لکھنے کی قطعاً ضرورت نہ تھی اگر اس میں مضمون نویس صاحب غلط بیانی سے مبرا رہتے ہوئے صحیح واقعات درج کرتے مگر چونکہ ایسا نہیں کیا گیا۔ اس لئے ہمیں بدل ناخواستہ لب کشا ہونا پڑا۔ اس مضمون کے ظاہری راقم صوفی محمد الدین صاحب رمداسوی ہیں۔ آپ اپنے عنوان میں لکھتے ہیں کہ :-

"جس قصبہ میں آج تک شان مصطفےٰ (علیہ السلام) کا بیان نہ ہوا تھا اس ظلمت کدہ میں اسم محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کی ضیا پاشیاں"

افسوس کہ جو قصبہ شروع سے علم کا گھر رہا ہو ہاں جس قصبہ کو جناب مولانا صوفی محمد علی شاہ صاحب اور جناب مولانا محمد عثمان شاہ صاحب کے مسکن ہونے کا شرف حاصل ہو اسے بیک جنبش قلم ظلمت کدہ قرار دیدیا جائے اور یہ کہا جائے کہ اس قصبہ میں آج تک شان محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بیان نہ ہوا تھا کاش کہ احنافِ فتحگڈھ آنکھیں کھولیں اور اپنے اسلاف کی اس قدر توہین نہ کروائیں آہ ؎

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانہ میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانہ میں

صوفی صاحب لکھتے ہیں :-

"غیر مقلدین نے یہی اکثریت کے بل بوتے پر وہاں کبھی کسی حنفی عالم کو موقعہ ہی نہیں دیا کہ وہاں نعت شان مصطفےٰ علیہ السلام کا ذکر کر سکے آج تک فتحگڈھ کی تاریخ میں وہاں کبھی کوئی اہلسنت والجماعت دیوبندی مجتمع کا یہ جلوس نہیں ہوا تھا۔ وہاں وہابیہ کے متواتر جلسے ہوتے رہے اور وہ بھی اس دستور سے کہ ماحول فتحگڈھ کے سادہ لوح احناف سے ہی چندے بٹور بٹور کر اپنے جلسے کرتے رہے"

افسوس کہ صوفی صاحب رمداس رہنے کے باوجود فتحگڈھ کے واقعات سے بالکل بے خبر ہیں۔ صوفی صاحب کیا ہرج تھا اگر آپ اس چیز کے متعلق اپنی فتحگڈھی جماعت سے ہی دریافت فرما لیتے۔ اگر یہاں کبھی کوئی اہلسنت کا جلسہ نہیں ہوا تو آپ یہاں سوائے آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے اہل حدیثوں کا بھی کوئی جلسہ ثابت نہیں کر سکتے۔ ہاں دیکھنا کہیں جلدی میں انجمن اسلامیہ کا جلسہ نہ پیش کر دینا کیونکہ وہاں مولنٰنا عبد الحنان لاہوری اور مولانا عبد العزیز خطیب چھاؤنی لاہور اور حافظ اسلام الدین گورداسپوری جیسے احناف علمائے کرام بھی تشریف لاتے ہیں۔ ہاں اگر آپ یہاں کی جماعت سے مشورہ کرتے تو یقیناً وہ تمہیں بتلاتے کہ یہاں ایک دفعہ انجمن تبلیغ الاسلام چونڈہ کا بھی جلسہ ہوا تھا۔ جس میں مولانا ظفر علی خان اور مولانا عبد العزیز صاحب وغیرہم بھی تشریف لائے تھے۔ کیا یہ سب حضرات حنفی نہیں ہیں اور اگر آپ کے نزدیک حنفیت کے ٹھیکیدار مولوی یوسف سیالکوٹی مولوی عبد الغفور اور مولوی محمد مسعود صاحب وغیرہ (اہل قبور) ہیں اور آپ کہیں کہ انہیں کیوں نہیں بلایا جاتا تو میرے خیال میں اس کا آسان جواب یہ ہوگا کہ بانیان جلسہ اپنے سب مسلمانوں کے مشترکہ جلسہ کو فتنہ و فساد کا شکار بنانا نہیں چاہتے۔

آگے چل کر آپ لکھتے ہیں کہ جب پیر جماعت علی شاہ صاحب کی خدمت میں عرض کی گئی تھی کہ ہم اس قصبہ میں اپنی آواز کیسے بلند کر سکیں گے وہابی تین دو روز تک اس قصبہ کی طرف منہ کر کے بیٹھا رہوں گا، تم توکل بخدا کام شروع کر دو۔"

محترم صوفی صاحب! ایسی باتیں حجرہ ارادت میں کہنے کی ہوتی ہیں نہ کہ میدان صحافت میں۔ ایسے پڑھ کر ہر شخص ہنس دیگا اور نہایت ادب سے آپ کی خدمت میں عرض کریگا کہ صوفی صاحب! بتائیے تو سہی جس وقت ہمارے علماء آپ کے خلاف توقع بلائے ناگہانی کی طرح آپ کے جلسہ میں پہنچ گئے تو اس وقت پیر صاحب نے آپ کو قوت کیوں نہ پہنچائی۔ کیا روحانی طاقت کٹ گئی تھی۔ آپ کو مناظرہ سے راہ فرار اختیار کرنا پڑا بہرحال ایسی باتیں حلقہ ارادت میں ہی خوب معلوم ہوتی ہیں

آپ تعصب سے مجبور ہو کر لکھتے ہیں کہ وہابیوں نے سب آدمیوں کو ہمارا آٹا وغیرہ گوندھنے اور دوسرے کاموں سے منع کر دیا۔ نیز ہمیں جلسہ کے لئے جگہ نہ دی اور ہمیں ایک مہربان ہندو کی حویلی میں جلسہ کرنا پڑا۔[1]

اس کے متعلق ہم صرف اپنے فتحگڈھی بھائیوں سے اتنی گذارش کرتے ہیں کہ وہ خدا کو حاضر سمجھ کر بتلائیں کہ یہ سب باتیں صحیح ہیں۔ اس کے بعد آپ نے جلسہ کی کاروائی اور علمائے کرام کی تقاریر کا ذکر کیا ہے ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں کیونکہ تقاریر کے متعلق اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ ؎

وہی آلو کی ترکاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

ہاں اتنی بات ضرور تعجب خیز ہے کہ اور علمائے کرام کی تقاریر کو تو بہت بڑھا چڑھا کر پیش کیا ہے۔ لیکن مولوی محمد داؤد صاحب پسروری[2] ثم امرتسری جن کی تقریر کو پبلک نے بے حد پسند فرمایا ان کا ذکر بالکل معمولی ہے۔ شائد اس کی وجہ یہ ہوگی کہ علمائے جلسہ نے انہیں دیوبندی قرار دیدیا ہوگا۔

آگے چلکر آپ رقمطراز ہیں کہ ہم نے ان کے دفعوں کے جواب میں لکھا کہ ہم سے ابھی آکر شرائط طے کر لو

---

[1] مسجد شہید گنج کی طرح یہی وجہ ہے

[2] یہی جناب وہابی تو ایسے لوگ ہیں کہ مولوی ظفر علی خاں نے بھی ایک جگہ شکایت کی تھی کہ وہ بھی بنے ہمارا کعبہ لوٹ لیا۔

ahmadmuslim.de

تاکہ یہیں مناظرہ ہو جائے مگر افسوس کہ تین بجے تک کوئی نہ آیا۔ تین بجے کے بعد آئے۔"

صوفی صاحب! آؤ ہم اور آپ دونوں مل کر کہیں کہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ کاش کہ آپ اپنے علماء (مولوی عبد الغفور، مولوی محمد یوسف اور مولوی محمد مسعود صاحب) سے ہی پوچھ لیتے کہ رات دس اور گیارہ بجے کے درمیان ان کی جائے قیام پر ہم پہنچے تھے یا نہیں۔ پھر آپ ڈینگ مارتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مولوی محمد مسعود نے کہا کہ دعا کرو کہ مولوی ثناء اللہ صاحب آجادیں تاکہ ان کی کوئی حسرت باقی نہ رہے۔" افسوس کہ وہی جو مولانا موصوف کے شاگردوں کے سامنے بھیگی بلی بن گئے اور در پولیس پر جبہ سائی کرنی پڑی۔ وہ مولانا صاحب کے آنے کے لئے دعا کراتے ہیں۔ سچ ہے ؎

بت کریں آرزو خدائی کی
شان ہے تیری کبریائی کی

تصرف قدرت شرائط میں طے ہوا تھا کہ دلائل قرآن اور احادیث صحیحہ سے ہونگے ہماری طرف سے اقوال ائمہ بھی پیش کئے گئے مگر وہ نہ مانے۔ مگر اب اخبار میں اپنی تکذیب پر مہر تصدیق ثبت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "دلائل قرآن، احادیث صحیحہ اور اقوال ائمہ (سے ہونگے) میرا کھلا اعلان ہے کہ پرچہ شرائط میں اقوال ائمہ کا لفظ کہیں نہیں جسے شک ہو وہ ہمارے پاس آکر پرچہ شرائط دیکھ سکتا ہے۔

جلسہ کا اثر آپ لکھتے ہیں کہ ہماری تقاریر شہر میں بے حد مقبول ہوئیں۔ کئی لوگوں نے وہابیت سے بیزاری ظاہر کی۔" مثل مشہور ہے کہ ایک جھوٹ کے لئے پچاس جھوٹ بنانے پڑتے ہیں۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ ایک ڈاکٹر نے وہابیت سے بیزاری ظاہر کی۔ جس ڈاکٹر کی طرف اشارہ ہے اسے ہم جانتے ہیں اور سارا شہر جانتا ہے وہ پکے بریلوی ہیں۔ بہتر ہے پھر اپنی جماعت سے تصدیق کروالو مضمون کے آخر میں لکھتے ہیں کہ جب ہمارے ولنٹیر جماعتیں چلی گئیں تو صبح وہابی پھر مناظرہ کے لئے آئے۔ ہم نے انہیں کہا کہ اب تمام ذمہ داری تم پر ہوگی اور اگر ہر فریق اپنی جماعت کا ذمہ دار ہو تو کسی نزدیکی گاؤں میں چلے چلیں مگر یہ معقول باتیں آپ نے نہ مانیں۔"

ہمارا خیال ہے کہ مضمون ہذا صوفی محمد الدین صاحب کا لکھا ہوا نہیں۔ کیونکہ ان کی قلم سے ایسا سفید جھوٹ نکلنے کی ہمیں امید نہیں۔ ہم نے یہ دونوں شرطیں منظور کر لی تھیں۔ اور ہم نے یہ بھی کہا کہ ہم آپ کی ذمہ داری کے متعلق آپ کو تحریر لکھ دیتے ہیں مگر آپ کے علمائے کرام نے کہا کہ جب تک پولیس کا دخل نہیں ہوگا۔ ہم مناظرہ نہیں کرینگے۔ اس سے آپ کی نیت صاف ظاہر ہے۔ اور جب ہم نے دوسری شرط منظور کی تو کہنے لگے کہ آپ یہاں کی جماعت سے فیصلہ کرکے کوئی دن مقرر کرلیں ہم آجاویں گے۔ غرضیکہ ہم نے بہت کوشش کی کہ کسی طرح مناظرہ ہو جائے مگر علمائے احناف بریلویہ تو تبلیغ منظور کرکے پچھتا رہے تھے اور ہماری اتمام حجت کے بعد انہیں وہی راہ اختیار کرنا پڑا جس کے وہ عادی ہیں

صوفی صاحب نے جلسے کا اثر بہت نمک مرچ لگا کر بیان کیا ہے کہ لوگوں نے تقاریر کو پسند کیا یا کسی نے کہا کہ ہم نے تو وعظ ہی آج سنا ہے، اور کسی نے کہا کہ ہم اپنی مسجدوں پر یا رسول اللہ لکھوا دینگے اور وہابی اماموں کو ہٹا کر حنفی امام بنائینگے۔

محترمی صوفی صاحب آپ کو کیا کہ کوئی راہ ہدایت پر آئے یا نہ آئے آپ اپنے مشن سے کام رکھیں، کوئی لڑے یا کوئی مرے آپ کو کیا مطلب۔ امت میں اتفاق رہے یا نہ رہے مگر آپ کی چاندی رہے۔ آپ کو کسی سے کیا غرض آہ! ؎

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیان رہے

آج ضروریات زمانہ مسلمانوں کو جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر مسلمانوں کو اتفاق کے لئے دعوت دے رہی ہیں غیر مذاہب کی ٹھوکریں مسلمانوں کو اتفاق کیلئے مجبور کر رہی ہیں۔ خود مسلمانوں کی حالت امر بات کی متقاضی ہے کہ مسلمان ان اختلافات کو ترک کرکے یک جان ہو جائیں مگر یہ بیچارے اس ملاح کی طرح جس کی کشتی گرداب میں پھنسی ہوئی ہو اور وہ آرام کی نیند لیٹا ہوا ہو آنکھیں بند کئے ہوئے خواب غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور آنکھیں کھولنے کی کوشش نہیں کرتے۔ آہ ؎

نہ سمجھوگے تو مٹ جاؤ گے اے ہندی مسلمانو
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

سجدہ اور مدد

(نوشتہ مولوی محمد علی صاحب کالرہ ضلع گجرات)

برادران اسلام! اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کو اس لئے مبعوث کیا تھا کہ ہمیں راہ ہدایت بتلادیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ نبی علیہ السلام کی بعثت کے پہلے عرب لوگوں کی کیا حالت تھی۔ خانہ کعبہ میں انہوں نے تین سو ساٹھ بت رکھے ہوئے تھے ہر روز ایک بت کی پرستش کرتے تھے۔ لڑکیوں کو زندہ درگور کرتے۔ کسی نے ستارہ کو خدا مانا ہوا تھا، کسی نے سورج کو، کسی نے چاند کو۔ اس قدر اُن لوگوں میں جہالت تھی کہ جس کی حد بیان ہی نہیں ہو سکتی۔ حضور علیہ السلام جب مبعوث ہوئے تو سب سے پہلے آپ نے اُن لوگوں کو توحید کا سبق دیا مگر اُن لوگوں نے اس وقت حضور علیہ السلام کی ایک نہ مانی۔ کبھی تو انہوں نے یہ کہا کہ یہ مجنوں ہے، کبھی کہا شاعر ہے تو خداوند کریم نے قرآن پاک میں حضور علیہ السلام کی بریت ثابت کی۔ اور ان لوگوں کو کہا کہ تم جہالت پر ہو۔ اگر نجات اخروی چاہتے ہو تو حضور علیہ السلام کا دین اختیار کرو۔ وہ لوگ بتوں کو سجدے کرتے تھے اور اُن سے مدد مانگتے تھے اور ان کو اپنا نافع اور ضار سمجھتے تھے۔ یہ اُن کی حد درجہ کی جہالت تھی۔ مسلمان اگر ایسے ہی مشرکین مکہ کی طرح کریں۔ مثلاً قبروں پر جا کر سجدے کریں اور خدا کے سوا کسی بزرگ سے مدد مانگیں تو نہایت افسوس ہے کہ جس فعل سے حضور علیہ السلام نے منع کیا تھا اسی فعل کو مسلمانوں نے بھی کرنا شروع کردیا۔ خدا کے سوا کسی کو حاجت روا اور حقیقی مددگار سمجھا یا جو خدا کی صفتیں ہیں

ahmadimuslim.de

رزق دینا اولاد دینا، بیماروں کو شفا دینا اور تندرستی وغیرہ ان چیزوں کو کسی اور میں سمجھنا شرک ہے۔ اور مشرک کے لئے خدا نے فرمایا ہے۔ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ۔

(ترجمہ) جو خدا کے ساتھ شرک کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے جنت کو اس پر حرام کر دیا ہے۔

یعنی وہ مشرک جنت میں قطعاً نہیں جا سکتا۔

(حدیث) لعن اللہ الیہود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیاءھم وصلحاءھم مساجد۔ یعنی حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ یہود اور نصاریٰ پر خدا لعنت کرے کیونکہ انہوں نے اپنے نبیوں اور ولیوں کی قبروں کو مسجدیں بنا دیا۔ اور سجدے کرنے شروع کر دیئے۔

حدیث ۲ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خدا کے سوا کسی اور کو سجدہ کرنا اگر جائز ہوتا تو میں عورت کو حکم کرتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے کیونکہ شوہر عورت کے لئے ایک بہت ہستی ہے۔

(حدیث ۳) حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے لا تتخذوا قبری صنما۔ (ترجمہ) یعنی میری قبر کو بت نہ بنا دینا۔ پیغمبر علیہ السلام نے جب یہ فرما دیا کہ میری قبر کو سجدہ نہ کرنا اور پہلے بھی اپنی زندگی میں کسی صحابی یا دوسرے آدمی سے سجدہ نہ کروایا تو کون اپنا پیر یا ولی سمجھ کر جس کا درجہ حضور علیہ السلام کے درجے کے ... بھی نہیں

نبی علیہ السلام تو خدا کے سوا کسی اور کو سجدہ کرنے سے منع فرمائیں اور آج کل کے بعض پیر مریدوں سے سجدہ کروا کر خوش ہوئیں۔ اور سجدہ کرنے والوں کو منع نہ کریں۔ اس لئے کہ لوگ کہیں گے پیر صاحب وہابی بن گئے ہیں۔ نعوذ باللہ من ذالک۔

سورہ فاتحہ میں اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ہم پڑھتے ہیں۔ یہ کلمہ حصر ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے

کہ اے خدا ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں۔ یعنی ہم کسی غیر کی نہ عبادت کرتے ہیں اور نہ مدد مانگتے ہیں۔ ویسے تو یہ اقرار کیا۔ لیکن اسکے بعد پیروں کو حقیقی مددگار سمجھا اور قبروں پر جا کر سجدے بھی شروع کر دیئے اور ان سے مددیں بھی مانگیں تو

بتلاؤ کیا یہ مسلمانی ہے۔ یا جو لوگ ایسا کرتے ہیں اُن کا عمل قرآن کے مطابق ہے؟

واقعہ حضور علیہ السلام کے پاس ایک دفعہ چند آدمی آگئے اور انہوں نے کہا کہ کیا ہمارا خدا قریب ہے کہ ہم اس کو دل میں یاد کرلیں یا دُور ہے کہ بلند آواز کہہ کر پکاریں۔ پس اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ

(ترجمہ) جب میرا بندہ یہ پوچھے کہ خدا کہاں تو جواب دیدو کہ خدا قریب ہے۔ جب کوئی بندہ خدا سے کچھ مانگے تو وہ دیتا ہے۔ بشرطیکہ خدا کا مطیع ہو اور مؤمن ہو۔

(حدیث ۴) جب نبی علیہ السلام فوت ہوئے تو عمر فاروق نے کہا کہ جو یہ کہے کہ حضور فوت ہو گئے ہیں تو میں اسکو قتل کر دونگا؛ اسی وقت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آگئے اور آپ نے فرمایا کہ جو حضور علیہ السلام کی عبادت کرتا تھا وہ تو تمہارے سامنے دیکھو فوت ہو گئے ہیں اور جو خدا کی عبادت کرتا تھا خدا زندہ ہے اسی کی عبادت کرو۔

تو اے میرے دوستو! زندہ خدا قریب خدا کو چھوڑ کر کسی اور سے مدد نہ مانگو اور نہ ہی کسی اور کو سجدہ کرو۔ اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھو وہ ہی آپ کی تمام مشکلیں حل کریگا۔

وما علینا الا البلاغ

جلسہ فتح گڈھ

لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

اہل حدیث کانفرنس بمقام فتحگڈھ چوڑیاں ضلع گورداسپور پنجاب میں امرتسری مدبڑی نزاع کے متعلق گول میز کانفرنس ہوئی۔ ممبروں کی تجویز اور فریقین (ابو الوفاء مصنف تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن اور حافظ عبداللہ بڑی ہی منظوری سے مصالحت کا مسودہ طے ہوا جس کا ذکر رسالہ "روئداد گول میز کانفرنس" میں مفصل مرقوم ہے) بعد منظوری حافظ عبداللہ نے اس سے انکار کر دیا اور اب تک بدستور مخالفت شائع کر رہے ہیں۔ میں اپنے احباب کی آگاہی کے لئے اعلان کرتا ہوں وہ غور سے سنیں اور دُور تک پہنچائیں۔ امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ سے خواہش کی گئی کہ آپ صحیح بخاری کی شرح لکھیں اُنہوں نے فتح الباری کی طرف اشارہ کرکے فرمایا :-

لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

یعنی فتح الباری کے بعد کسی شرح کی ضرورت نہیں

اسی طرح میں بھی کہتا ہوں کہ میری عربی تفسیر کا معاملہ شہر آرہ میں طے ہوا۔ مدراس میں صاف ہوا۔ مکہ شریف میں فیصلہ ہوا۔ آخر فتح گڈھ کے جلسہ کانفرنس اہل حدیث کی گول میز کانفرنس میں ختم ہوا اور وہیں اس نزاع کو دفن بھی کر دیا گیا۔

اس لئے امام شوکانی کی طرح میرا قول بھی یہی ہے کہ

لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

یعنی گول میز کانفرنس فتحگڈھ کے بعد تفسیر مذکور کے متعلق میں کسی اعتراض کا جواب نہیں دونگا۔ چاہے جتنا بھی کوئی مخالفانہ لکھے۔ میرا جواب یہی ہوگا۔

لا ھجرۃ بعد الفتح۔ سہ

قیامت پر بھی رہنے دو گے کوئی فیصلہ باقی؟

ابو الوفاء

مشرک سے خطاب

(از مولوی عبد الرحیم صاحب بجود سوجانیاں ضلع گورداسپور)

تو نہ اپنے فعل پر مشرک کبھی نادم ہوا ... سخت ہے ناراض تیرے شرک سے واحد الٰہ
شرک تو نے جب کیا جنت ہوئی تجھ پر حرام ... میں نہیں کہتا مگر حق کلام ہی ہے فیصلہ
کتنے ہوں اعمال احسن ضبط سب ہو جائینگے ... شرک کا ادنیٰ سا جزو اعمال میں گر مل گیا
اس کی ہر مخلوق صرف اللہ کی تسبیح پڑھے ... حیف تو انسان ہو کر شرک ہی کرتا رہا
شرک سے نفرت ہے ہر حساس اور ذی روح کو ... لیک پڑھ کر کلمۂ توحید تو مشرک رہا
تو مزاروں اور قبروں پر جھکا کرتا ہے روز ... اور پھر کہتا ہے مجھ کو پاس ہے توحید کا
مردہ ولیوں اور شہیدوں سے مرادیں مانگنا ... سچ بتا قرآن کے کس پارے میں یہ ہے لکھا؟
روح اُن کی عالم بالا میں ہے اب جا چکی ... رہ گیا۔ بس جسم۔ وہ بے جان مٹی میں چھپا
ہیں شہید ان خدا زندہ مگر اے بے سمجھ ... تو سمجھ سکتا ہے اُن کی زندگی اور موت کیا؟
وہ اگر زندہ ہیں ہم کو کیوں نظر آتے نہیں ... اُن کی بیواؤں سے شرعاً کیوں نکاح جائز ہوا؟
نیز تو اُن کی وراثت بانٹ لیتا ہے مگر ... زندہ اُن کو کس طرح تو کہتا رہتا ہے سدا؟
زندگی میں شک نہیں اُن کی مگر یہ یاد رکھ ... وہ جو زندہ ہیں تو زندہ ہیں بنزدیک خدا
وہ مصیبت میں ترے کچھ کام آسکتے نہیں ... ایک وہ کیا۔ کام آسکتا نہیں جز کبریاء
تو خدا سے مانگ جو کچھ مانگنا مقصود ہے ... غیر سے مت مانگ ادعونی ہے فرمان خدا
نعبد اقرار منہ سے اور عمل اس کے خلاف ... استعانت غیر سے اور نستعین پڑھنا سدا
لا الٰہ کا ورد لب پہ دل میں ہیں معبود لاکھ ... خوب مانی تم نے توحید خدائے کبریا
کوئی اپنے پیر کے حق میں ہے یوں گویا ہوا ... تو ہے حل المشکلات اور دافع رنج و بلا
کوئی اس کو مانتا ہے واقف اسرار غیب ... "دل کے بھیدوں سے وہ واقف راز سینہ اس پہ وا"
پیر بھی معبود کہلانے سے شرماتے نہیں ... اُن کو خود بھی شوق ہے کہلانے کا حاجت روا
مومنوں کے واسطے جنت بشارت حق نے دی ... منتظر تیرا جہنم ہے مگر صبح و مسا
مومنین حق کی زیارت سے مشرف ہونگے پر ... تیری قسمت میں کہاں ہوگا خدا کا دیکھنا
اے مسلماں کلمۂ توحید کے معنی سمجھ ... ہو نفی سب کی مگر اقرار ہو اللہ کا
چھوڑ کر بدعت ضلالت حامیٔ سنت تو بن ... چھوڑ کر تقلید غیری ہو محمد پہ فدا
ایک کی کر کے غلامی سب سے ہو جا بے نیاز ... ایک کے آگے جھکا سر کو یہی ہے مدعا
ایک کی کر تو اطاعت اُس پہ رہ ثابت قدم ... ایک کا ہو کر مطیع تو سب کا بن جا پیشوا

اٹھ کھڑا ہو سنت و توحید کی تبلیغ کر
قوم کو بیدار کر قرآن کا لے کر عصا

پیر جماعت علی شاہ کی امارت کی ابتدا اور انتہا۔ تحریک مسجد شہید گنج کے دنوں پیر صاحب موصوف کی امارت پر ملک کے جرائد کی رائیں۔ قابل دید ہے۔ ۲ کے ٹکٹ بھیجکر دفتر اہلحدیث امرتسر سے منگوالیں۔

نصاب تعلیم کے متعلق ایک اہم اور

قابل التفات تجویز

(بقلم مولوی عبد الرؤف صاحب جھنڈے نگری)

ہمدردان اسلام اور اعیان قوم کے خیالات کا اندازہ کرنے سے یہ پتہ بخوبی چلتا ہے کہ آج نصاب تعلیم کے ترمیم و تجدید کا خیال عالمگیر بن چکا ہے۔ پچھلے دنوں کا ذکر ہے کہ محسن القوم حاجی عبد الغفار صاحب مرحوم دہلوی کے انتقال پر ملال پر میں نے حاجی مولوی محمد صالح صاحب خلف الرشید مرحوم کے پاس تعزیت نامہ بھیجا جس پر آپ نے جواب میں رسمی باتوں کے بعد لکھا "مہربانی کر کے نصاب تعلیم کو موجودہ طریقہ تعلیم پیش نظر رکھتے ہوئے کوئی ایسا نصاب تعلیم سوچکر رکھئے جس میں بچہ ڈھائی تین سال تک اچھی قابلیت کے ساتھ فارغ ہو کر دوسرے کام میں لگ سکے وغیرہ"

میں نے اس قدر قلیل مدت اور اچھی لیاقت دونوں متضادات سمجھ کر اُن کی خدمت میں ایسے نصاب تعلیم کے لئے لکھا کہ آپ ہی سہ سالہ پروگرام مرتب فرما کر بھیجدیں۔ خیر۔ "اہلحدیث" اخبار میں بکثرت تائیدی و تردیدی مضامین دیکھنے میں آتے ہیں۔ لیکن آج ایک تجویز ایسی درج کی جاتی ہے۔ جس میں زبان اردو کے تحفظ اور قلت وقت دونوں کا لحاظ ہو گیا ہے وہو ہذا

میری رائے میں عربی طلباء کے لئے فارسی کی تعلیم قطعی بند کر دی جائے۔ عربی طالب علم کا جو وقت قواعد صرف اور ابتدائی فارسی سے لیکر گلستان بوستان یوسف زلیخا، انشائے خلیفہ وغیرہ میں لگتا ہے وہ ان کا جاتا ہے۔ پس اس وقت کو ان چیزوں میں صرف کرنے سے دو تین سال کا وقت نکل آتا ہے۔ اب رہ گیا میزان صرف میر، علم الصیغہ، فصول اکبری، نحو میر وغیرہ جو فارسی کی زبان میں ہیں ان کے لئے ماہر اساتذہ کی خدمت میں درخواست کر کے یہ سب کتابیں خالص اردو زبان

عربی طلباء کا ... بعد میں نہایت ... مختصر ...
خط و کتابت ... نمبر ...

ahmadimuslim.de

میں منتقل کرادی جاویں۔ آج اُردو کے تحفظ کا مسئلہ بھی درپیش ہے۔ اس طرح سے ناموں یک نہج پر دکالج زبان اُردو کی بھی ایک معقول خدمت ہوجاویگی۔

مولانا عمر قریشی مدظلہ نے صرف کی ایک کتاب کا ترجمہ اُردو میں کردیا ہے جو ابواب الصرف کے طرز پر ہے۔ نحومیر کا اُردو ترجمہ "الفوز الکبیر" کے نام سے مولانا احمد علی حنفی مئوی کا نہایت عمدہ ترجمہ کیا ہوا موجود ہے۔ علم الصیغہ یا اور جو کوئی کتاب ضروری ہو اس کا ترجمہ اُردو میں مولانا محمد صاحب جوناگڈھی وغیرہ کے ذریعہ کرا کے انہی سب اُردو میں مترجم کتابوں کو یک دم نصاب تعلیم میں داخل کردیں۔ انشاء اللہ اس طرح سے کام وہی ہوگا اور وقت تین ساڑھے تین سال کا یقیناً بچ جاویگا۔

ہاں اگر کوئی فارسی پڑھنا چاہے تو اعزازی طور پر ایسا ہی پڑھ لے جیسا کہ فاضل وقت میں کچھ انگریزی وغیرہ آسان حاصل کرلیتا ہے۔

دوسری اہم رائے میری ناقص رائے میں طلب الکل فوت الکل کے اصول کے مطابق آج کل کھچڑی والے نصاب تعلیم سے بچوں کو کسی فن میں باقاعدہ لیاقت حاصل نہیں ہوتی۔ اس لئے میری رائے یہ ہے کہ یک فنی طلبہ پیدا کئے جاویں۔ ایک ماہر استاد کے ذریعہ چند طلباء صرف معقولی طیار کرائے جائیں کہ اس کی بھی ضرورت ہے۔ اسی طرح چند طلباء صرف علم ادب کے ماہر ہوں کہ اس کی اشد ترین ضرورت ہے۔ اسی طرح کچھ طلباء صرف علم حدیث و رجال کے ماہر ہوں اسی طرح کچھ فن تفسیر میں ماہر ہوں، اسی طرح کچھ طلباء علم تاریخ کے ماہر ہوں۔ باقی ابتدائی علوم صرف، نحو، عروض، معانی سب کے لئے یکساں ضروری قرار دیدیا جاوے۔ پس اس جداگانہ فن وار طریقہ پر تعلیم ہونے سے خلط الرجال میں انشاء اللہ بہت کچھ کمی ہوجاویگی اور طلباء بہترین لیاقت کے حامل ہوں گے۔ ضرورت ہے کہ [illegible] قوم اسپر غور کرے [illegible] کر کے [illegible] وہ لوگ [illegible] نصاب [illegible] تعلیم [illegible] ہیں [illegible]

قضاء الصوم عن المیت

(از مولانا محمد سلیمان صاحب مئوی)

ناظرین! مجھے اس وقت ایک مسئلہ کی تحقیق پیش نظر ہے۔ جس میں ہمارے سلف اور علمائے کرام مختلف ہیں۔ مثلاً ایک شخص بیمار ہوا اور مشقت مرض کی وجہ سے رمضان کا روزہ نہیں رکھا اور فمن کان منکم مریضا او علیٰ سفر فعدۃ من ایام اخر کے حکم سے افطار کرتا رہا بعد رمضان کے بھی سلسلہ مرض بڑھتا رہا۔ حتیٰ کہ مرگیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ مریض کے جو روزے چھوٹ گئے ہیں اس کے اولیاء پر اس کی قضا یا فدیہ ضروری ہے یا نہیں؟

اس سوال کا جواب ایک اہلحدیث مولوی نے یہ لکھا کہ مریض کے جو روزے چھوٹ گئے ہیں اس کے بدلے میں اس کے اولیاء پر قضا یا فدیہ کچھ نہیں ہے۔ اور اس کی دلیل میں آیت مذکورہ پیش کی اور ہدایہ کی اس عبارت سے استدلال کیا۔ "واذا مات المریض والمسافر وھما علی حالھما لم یلزمھما القضا لانھما لم یدرکا عدۃ من ایام اخر"۔ اور سلف کے کچھ اقوال نقل کرکے یہ ثابت کیا کہ مریض کو دوسرے ایام نہیں ملے اس وجہ سے اس پر واجب نہیں اور جب اس پر واجب نہیں تو اس کے اولیاء پر کیونکر واجب ہوسکتا ہے۔ پس اولیاء پر نہ قضا واجب ہے اور نہ فدیہ

اس کے بعد یہی سوال و جواب میرے پاس آیا میں نے اپنی تحقیق کی بناء پر یہ لکھا کہ حدیث من مات و علیہ صیام صام عنہ ولیہ سے قضا ضروری ہے اور ایک دوسری حدیث بھی جو ابن عباسؓ سے مروی ہے اس پر شاہد ہے۔ اور حضرت ابن عمرؓ کی ایک موقوف روایت میں فدیہ دینا بھی آتا ہے۔ لہٰذا میت کے اولیاء پر قضا یا فدیہ ضروری ہے اور فعدۃ من ایام اخر کا محل میت نہیں ہے بلکہ آیت مذکورہ میں مریض اور مسافر کے روزوں کی قضا کی رخصت کی تفصیل ہے۔ میت کی طرف سے قضا کا حکم احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔

اس کے بعد پھر مفتی اہل حدیث نے اپنے فتویٰ کی تائید کرانے کی غرض سے ایک حنفی مولوی کے پاس بھیجا۔ حنفی مولوی نے مفتی اول کے فتویٰ کی تصحیح کی اور میرے فتویٰ کو عدم تدبر فی القرآن اور سخت غفلت اور ناواقفیت پر مبنی ٹھیرادیا۔ جس کا تذکرہ کچھ آیندہ آویگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

اہل علم حضرات سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ میت کے چھوٹے ہوئے روزوں کی دو صورتیں ہیں۔ اول عدم تمکن یعنی مریض کو بعد رمضان کے مرض کی حالت سے صحت نہیں ہوئی کہ وہ اپنے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کرسکے بلکہ اُسی مرض کی حالت ہی میں انتقال کرگیا۔ دوسرے تمکن یعنی مریض کو بعد رمضان کے اتنا صحت کا زمانہ مل گیا کہ وہ اپنے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا بخوبی کرسکے لیکن اس نے کسی سستی اور کاہلی سے قضا نہیں کی اور پھر بیمار ہوا اور مرگیا۔

پس پہلی صورت میں حنفیہ اور مالکیہ اور بعض شافعیہ کا مسلک ہے کہ اولیاء میت پر قضا یا فدیہ کچھ نہیں ہے اور دوسری صورت میں اولیاء میت پر قضا یا فدیہ ضروری ہے لیکن شرعی نقطہ نگاہ سے دوسری صورت میں اولیاء پر قضا یا فدیہ کا ضروری ثابت کرنا صحیح نہیں ہے اس لئے کہ میت کو اتنا صحت کا زمانہ مل چکا ہے جس میں وہ اپنے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کرلیتا مگر اس نے نہیں کیا لہٰذا اس کے اولیاء اس سے بری الذمہ ہوسکتے ہیں اس لئے کہ یہاں پر کوئی عذر شرعی مانع نہیں تھا۔ بخلاف پہلی صورت کے کہ میت اپنے مرض کی وجہ کر معذور تھا اور عذر شرعی کا دوام برابر باقی رہا۔ اس لئے اسکے اولیاء پر قضا یا فدیہ ضروری ہے۔

اور میت [illegible] کی تائید حافظ ابن قیم [illegible] علیہ کے اس کلام سے ہوتی ہے۔ فاما المفطر [illegible]

[illegible] (اہلحدیث)

غیر عذر ا مثلا فلا ینفعه اداء غیرہ عنه بفرائض الله تعالیٰ التی فرط فیها وکان هو المامور بها ابتلاءً وامتحانًا دون الولی فلا ینفع توبة احد من احد ولا اسلامه عنه ولا اداء الصلوٰة عنه ولا غیرها من فرائض الله تعالیٰ التی فرط فیها حتی مات۔ والله اعلم (اعلام الموقعین صفحہ ۳۱۸ ج ۲)

یعنی وہ شخص جو بغیر کسی عذر کے اللہ تعالیٰ کے فرائض میں کوتاہی کرنے والا ہے تو اس کی طرف سے اس کے غیر کا ادا کرنا نفع نہیں دیگا کیونکہ اس کا ولی اس حکم کے ساتھ مامور نہیں تھا بلکہ وہ خود امتحانًا اُن فرائض کا مامور تھا پس نفع نہیں دے سکتا کسی کا توبہ کرنا کسی کی طرف سے اور نہ کسی کا اسلام لانا کسی کی طرف سے اور نہ اللہ تعالیٰ کے فرائض میں سے کسی کی نماز وغیرہ کا ادا کرنا کسی کی طرف سے وہ فرائض جس میں اس نے کوتاہی کی ہے یہاں تک کہ وہ مرگیا:

اس تحقیق سے ثابت ہوتا ہے کہ میت کے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا جس میں اس نے باوجود قدرت علی الصیام کے کوتاہی کی ہے اس کے اولیاء پر اس کی قضا ضروری نہیں۔ البتہ میت کی قضا اس کے اولیاء پر اس وقت ضروری معلوم ہوتی ہے جبکہ اس کے مرض کا اتصال دوامًا باقی رہا ہو۔ اور اس کو صحت کا زمانہ ہی نہیں ملا۔ پس قیاس صحیح کا اقتضاء تو یہ ہے کہ میت کے جو روزے چھوٹ گئے ہیں جس میں اس نے باوجود قدرت علی الصیام کے کوتاہی کی ہے اس کے اولیاء پر اس کی قضا ضروری نہیں لیکن چونکہ احادیث صحیحہ کا محل عام ہے اس وجہ سے قیاس کے خلاف تمکن کی صورت میں بھی قضا ضروری ہے اور قضا پر چند احادیث صحیحہ سے دلائل موجود ہیں۔

پہلی حدیث حضرت عائشہؓ سے مروی ہے جس کو میں نقل نقل کرچکا ہوں۔ قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من مات وعلیه صیام صام عنه ولیه (صحیحین) یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مرگیا اور اس پر کسی قسم کا روزہ ہو تو اسکے اولیا اس کی طرف سے ادا کریں۔ ظاہر اس حدیث کا یہ ہے کہ میت کے جو روزے چھوٹ گئے ہیں اس کی قضا اس کے اولیا پوری کریں اور یہ حکم تمکن اور عدم تمکن، دونوں صورتوں کو عام ہے۔ پس ظاہر کے خلاف صرف تمکن ہی کی صورت میں اس حدیث کو محمول کرنا تحکم ہے۔

حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اس حدیث کے متعلق یہ تصریح کی ہے۔ بقرینہ وعلیه صیام من مات مکلفین کو عام ہے اور صام عنه ولیه خبر بمعنی امر کے ہے۔ اور جب یہ حدیث بقول حافظ ابن حجر مکلفین کے بارہ میں عام ہے اور عام کا اقتضا یہ ہے کہ وہ اپنے ہر فرد جزئی پر صادق آتا ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ تمکن کی صورت میں یہ صادق آوے جس میں تفریط فی القضا موجود ہے اور عدم تمکن کی صورت میں یہ نہ صادق آوے جس میں عذر شرعی کے ساتھ اولیاء کی نیابت ضروری ہے۔ یہ محض ادعا ہے۔

امام شوکانی نے بھی نیل میں یہ تحریر فرمایا ہے:- وفیه دلیل علیٰ انه یصوم الولی عن المیت اذا مات وعلیه صوم ای صوم کان وبه قال اصحاب الحدیث وجماعة من محدثی الشافعیة وابوثور

یعنی اس حدیث میں دلیل ہے کہ ولی میت کی جانب سے روزہ رکھے خواہ جس قسم کا روزہ ہو۔ اور اس کے قائل اصحاب حدیث اور محدثین شافعیہ کی ایک جماعت اور ابوثور ہیں۔ امام شوکانی نے ای صوم کان سے عموم کی طرف اشارہ کیا ہے کہ میت کا روزہ خواہ تمکن کی صورت میں ہو یا غیر تمکن کی صورت میں ہو، خواہ نذر کا ہو، ہر ایک صورت میں اولیاء قضا کریں۔

اس توجیہ سے بھی ثابت ہوا کہ حدیث من مات وعلیه صیام میں تعمیم ہے۔ اور جب تعمیم ہے تو کسی ایک صورت میں اس حدیث کا مقید کرنا بلا دلیل ہے۔ اسکے علاوہ حدیث مذکور کی تعمیم کے متعلق سب سے زیادہ وضاحت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے مصفیٰ صفحہ ۲۳۹ میں کی ہے:۔

مشد تخصیص کردہ اند اما آنکہ کہ بعد از تمکن از قضا تفریط کردہ باشد نیز گوید حدیث مبنی نیست بر تمکن بلکہ عام است پس بر عموم باید گذاشت۔

اہل علم حضرات خود غور کر سکتے ہیں کہ حضرت شاہ صاحب قدس سرہ نے کس قدر عدل اور انصاف سے تخصیص تمکن کی صورت کا ابطال کیا ہے اور تعمیم حدیث کو اپنے محل پر رکھا ہے۔ اس کے علاوہ میں کہتا ہوں کہ خواہ مانعین کے پاس تمکن کی صورت میں قضا کی کوئی دلیل نہیں ہے جب تک کہ اس حدیث کی تعمیم کو تسلیم نہ کرلیں۔

یہی وجہ ہے کہ حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اور امام شوکانی نے نیل میں یہ تحریر فرمایا ہے:- قال البیهقی فی الخلافیات هذه المسئلة ثابتة لا اعلم خلافا بین اهل الحدیث فی صحتها فوجب العمل بها۔

امام بیہقی نے خلافیات میں یہ فرمایا ہے کہ قضا من المیت کا مسئلہ ثابت ہے اس کی صحت میں کسی اہل حدیث کے خلاف کا علم مجھ کو نہیں ہے پس اس پر عمل کرنا واجب ہے۔"

اگر کوئی شخص بوجہ عدم واقفیت کے یہ کہے کہ اہل حدیث کا یہ مذہب جسکو کہ امام بیہقی نے بیان کیا ہے تمکن ہی کی صورت میں ہے۔ اس لئے کہ عدم تمکن کی کوئی تصریح نہیں ہے۔ تو میں کہونگا کہ یہ فریب ہے اس لئے کہ جب اہل حدیث بھی تمکن ہی کی صورت میں قضا کے قائل ہوں اور تمکن ہی کی صورت میں مانعین بھی قضا کے قائل ہیں تو اہل حدیث اور مانعین کے مذہب میں اختلاف ہی کیا رہا۔ حالانکہ اس مسئلہ میں اختلاف ثابت ہے۔ کما سیاتی انشاء اللہ تعالیٰ۔ (باقی)

اہلحدیث یہاں تک تو آپ کی جتنی تحریر آئی ہے اسکے دو حصے ہیں۔ ایک حدیث اور دوسری اس کی شرح میں اقوال الرجال۔ یہ آپ سے مخفی نہ ہوگا کہ دونوں کا مرتبہ الگ الگ ہے۔ ایک حجت ہے دوسری حجت نہیں۔ حدیث (بعد ثبوت حجت) میں علیه صوم قابل غور ہے۔ یہ لفظ اپنے معنی صاف دے رہا ہے کہ بیمار اس حد تک پہنچ چکا ہو کہ اس پر وجوب صوم کا حکم لگ چکے۔ اس کو مدنظر رکھ کر آپ جو چاہیں لکھیں۔ جس میں ایک لفظ مدار بحث ہے۔ اہل حدیث کو سب سے پہلے الفاظ حدیث پر غور کرنا چاہئے کیونکہ مدار گفتگو الفاظ حدیث پر ہے اقوال الرجال پر نہیں۔ [illegible]

بھوپال میں ایک مبارک دن

(از قلم منشی محمد معمر صاحب کاتب دہلوی)

بھوپال جو ایک زمانہ میں مخزن علم تھا اور جہاں فن کے آفتاب و ماہتاب تھے۔ جہاں والاجاہ نواب صدیق حسن خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی وہ تھی جس سے نہ ہندوستان بلکہ آج بھی دنیائے اسلام میں اُن کا اسم گرامی اور اُن کی تصانیف زندہ ہیں۔ اسی شہر میں حدیث کا آفتاب تاباں حضرت شیخ حسین صاحب عرب محدث ایسا حافظ حدیث علامہ تھا۔ اسی بھوپال میں علوم و فنون کا جامع علامہ یگانہ روزگار مولانا بشیر صاحب سہسوانی بھی تھا۔ اسی جگہ عالم کامل جامع مولانا سلامت اللہ صاحب جیراجپوری بھی تھا۔ اسی شہر میں آنے کے لئے میرے ایک محب مخلص عرصہ سے مجھے دعوت دے رہے تھے ان کی اس دعوت پر بالآخر میں بتاریخ ۱۴۔ اپریل ۱۹۳۹ء بھوپال پہنچا۔ اُس علمی مخزن کے اعتبار سے جس کا تذکرہ اوپر کیا گیا ہے میرا غالب ظن یہ تھا کہ بھوپال میں اہلحدیث کی جماعت بڑی ہوگی۔ مگر میرا یہ خیال غلط نکلا۔ یہاں ایک مختصر سی جماعت اہل حدیث کی رہ گئی ہے۔ تاہم بحمد اللہ والی ملک کی نیک دلی و عدل پروری کا یہ عجیب منظر دیکھا کہ ہر مسجد میں اہل حدیث بلاتکلف نماز پڑھنے کا مجاز ہے یہاں کی پبلک تمام حنفی المذہب ہے۔ لیکن تعصب کا اس میں نام بھی نہیں ہے۔ فالحمد للہ علی ذالک۔

جن صاحب نے مجھے دعوت دی تھی وہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب خوشنویس ہیں۔ ان کی عمر تقریباً ۲۵۔۳۰ سال کی ہوگی۔ یہ صرف اُردو پڑھے ہیں۔ قدرے انگریزی بھی جانتے ہیں۔ مولانا خلیل بن محمد عرب ان کو اور ان کے ساتھ دو تین ملازمت پیشہ آدمیوں کو عربی پڑھاتے ہیں۔ ان لوگوں نے صرف دس بارہ دن کے پڑھنے سے اتنی ترقی کی ہے کہ معمولی خطوط عربی میں لکھ لیتے ہیں اور معمولی بول چال کے عربی الفاظ [illegible] جملے [illegible] ہیں۔ خطوط [illegible] دیکھا۔ انہوں نے عربی درس دینے کا ایک عجیب طریقہ ایجاد کیا ہے جس سے کہ جو طالب علم پڑھے اس پر عمل بھی کرے۔ اس اسلوب تعلیم پر مولانا صاحب نے ایک سٹ تین کتابوں کا مرتب کرکے شائع کیا ہے۔ (۱) مصالحۃ العربیہ۔ (۲) فرہنگ مصالحۃ العربیہ۔ (۳) تسہیل العربیہ اول الذکر کتاب ایک عربی ریڈر ہے۔ دوسری میں اس ریڈر کے افعال و اسماء و حروف کی فرہنگ ہے اور ضروری الفاظ کے معانی ہیں تیسری میں پڑھے ہوئے الفاظ کی مشقیں ہیں۔ ان تینوں کتابوں کو دیکھ کر ہر شخص آسانی سے عربی پڑھ سکتا ہے اور تھوڑے دنوں میں لکھ اور بول سکتا ہے۔ میں مولانا موصوف کے مکان پر گیا۔ آپ نے اپنی لڑکیوں اور بھانجیوں کو اعلیٰ تعلیم دی ہے۔ لڑکی ادب میں الکامل للمبرد و دلائل الاعجاز تک پڑھ چکی ہے۔ الحماسہ والاغانی اور نقد الشعر و ابن ماجہ و دلائل الاعجاز پڑھا رہی ہے خود اپنے والد سے آج کل نصف آخر صحیح بخاری پڑھ رہی ہے میں نے امتحاناً پارہ اول سے باب تیمموا صعیداً طیباً والی حدیث طویل سُنی۔ میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ اتنی صحیح عبارت امتحان میں میں نے مستعد لڑکوں سے نہیں سنی اور پھر دیکھی پڑھی عبارت۔ اس کے بعد میں نے سوال کیا کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکہ کے مزادہ (مشکیزہ) چھاگل سے وضو کیا۔ اور قرآن مجید میں ہے کہ انما المشرکون نجس۔ تو اس حدیث میں اور آیت کریمہ میں تطبیق کیسے ہوگی۔ فوراً جواب دیا کہ آیت کریمہ میں نجاست عقائد مراد ہے۔ نجاست حقیقی نہیں۔ اسی لئے مشرکہ کے مزادے سے آپ نے وضو فرمایا۔ نیز جواب دیا کہ [illegible] مسجد [illegible] اس بات کی دلیل ہے کہ نجاست سے نجاست عقائد مراد ہے۔ مولانا خلیل حضرت شیخ حسین کے پوتے ہیں۔ اور حدیث و ادب آپ نے اپنے والد و جد امجد سے پڑھا ہے۔ غریب خصلت بزرگ ہیں قانع، منکسر المزاج آدمی ہیں۔ اپنے میں علمی خدمت کا جذبہ صادقہ رکھتے ہیں۔ اور آپ کا اثر آپکے بھائیوں میں بھی ہے جن میں سے ایک ایم۔ اے ہیں لیکن صورت دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایک حرف بھی شاید انگریزی کا نہیں جانتے۔ جامعہ احمدیہ بھوپال میں آپ پروفیسر ہیں۔ ادب و حدیث پڑھاتے ہیں۔ ایف۔ ایس۔ سی کیا۔ اس کے بعد آپ نے فلسفہ مغربی لیکر بی۔ اے پاس کیا۔ اس سے مقصد آپ کا دینی خدمت تھی محض امتحان پاس کرنا مقصد نہیں تھا۔

مولانا خلیل لکھنؤ یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر تھے پانچسو روپیہ ماہوار تنخواہ تھی علیل ہوکر ناچار مستعفی ہوئے۔ لیکن والی بھوپال خلد اللہ ملکہ کی علمی قدردانی کہ انہوں نے ڈیڑھ سو روپیہ ماہانہ کا منصب مقرر کر دیا اور آپ مجلس علماء کے رکن بھی ہیں۔

میں نہایت اخلاص سے اپنی جماعت کے ذکور و اناث طلباء کو خصوصاً اور برادران اسلام کو عموماً یہ مشورہ دیتا ہوں کہ ان ہستیوں کو غنیمت سمجھ کر ان سے تعلیم عربی کی تدریس کا طریقہ سیکھیں اور بقول مولانا آپ اوسطاً اصحاب و صاحب کو ایک سال میں ایسے قابل بنا سکتے ہیں کہ وہ حدیث و قرآن و تفاسیر سے خود فوائد حاصل کر سکیں۔ مولانا چونکہ شہرت پسند شخص نہیں ہیں ورنہ اگر ایسا شخص سنسکرت یا کسی اور زبان میں یہ دعویٰ کرکے اسے روز روشن کی طرح دکھا دیتا تو شاید دنیا بھر میں اس کا شہرہ ہوتا۔ کیا طلباء و اعیان حدیث اس طرف توجہ فرمائیں گے؟ آپ کی صاحبزادی عربی کی شاعرہ بھی ہیں اور خود مولانا بھی۔ مولانا کے دوسرے بھائی حسین بن محمد عرب ہیں جو فاضل ادب [illegible] ہیں آپ نے چند دن بادشاہ بیگم اتالیق جناب [illegible] دولت [illegible] صاحبزادی شاہ جہان کو عربی پڑھائی اور ان چند دنوں میں جو خط [illegible] لکھا ہے وہ قابل تعجب ہے [illegible] ذالک کا [illegible] ترجمہ انگریزی تھوڑا سا لیجئے۔ [illegible]

* [illegible] ناکافی ہونے کی وجہ سے مضمون ہی درج کیا گیا ہے۔ (منیجر)

متفرقات

ہمارے مہربانوں میں سے حسبذیل اصحاب نے ماہ جولائی میں اخبار اہلحدیث کے لئے نئے خریدار بنا کر اپنی بہی خواہی کا ثبوت دیکر ادارہ اہلحدیث کو مشکور و ممنون فرمایا ہے جزاہم اللہ احسن الجزا۔
امید ہے توحید و سنت کی تبلیغ کے شائق اہلحدیث کی ترقی کیلئے بیش از پیش توجہ فرمائینگے۔
جناب ایس۔ ڈی بھائی میاں صاحب رنگونی ۲ خریدار۔ حافظ محمد شریف صاحب سیالکوٹی و حکیم محمد یعقوب صاحب گوادوری ایک ایک خریدار۔

وی پی بھیجے گئے سابقہ پرچہ مندرجہ ذیل خریداروں کو وی پی بھیجا گیا ہے۔ اگر کسی صاحب کا وی پی غلطی سے واپس ہو جائے اور وہ اخبار کو جاری رکھنا چاہتے ہوں تو قیمت اخبار بہت جلد بذریعہ منی آرڈر ارسال کردیں ورنہ وی پی واپس وصول ہونے کے ایک ہفتہ بعد انتظار کر کے اخبار بند کر دیا جائے گا۔

۲۸۵۹ - ۳۲۵۷ - ۴۳۳۴ - ۴۵۳۵ -
۶۵۴۵ - ۸۵۱۸ - ۸۵۵۴ - ۸۵۷۸ -
۱۰۳۴۵ - ۱۰۹۳۷ - ۱۱۰۸۲ - ۱۱۲۰۱ -
۱۱۴۲۷ - ۱۱۷۱۲ - ۱۱۸۰۳ - ۱۱۹۰۱ -
۱۱۹۰۴ - ۱۲۱۳۹ - ۱۲۲۰۰ - ۱۲۲۰۳ -
۱۲۲۰۵ - ۱۲۲۰۶ - ۱۲۲۱۰ - ۱۲۲۲۱ -
۱۲۲۴۳ - ۱۲۳۶۹ - ۱۲۳۸۳ - ۱۲۴۰۴ -
۱۲۴۰۷ - ۱۲۴۰۸ - ۱۲۴۱۲ - ۱۲۴۹۲ -

مضامین آمدہ مولوی عبدالرحمن صاحب فریدکوٹی مولوی عبدالرؤف صاحب۔ شیخ ابوالحسن محمد یحییٰ صاحب محمد طہٰ صاحب۔ محمد عبداللہ صاحب عقیل مئوی ۲ عدد۔ ابوالخیر محمد عبدالرب صاحب۔ مولوی عبدالسلام

نامہ نگار حضرات مضمون بھیجکر ان کی جلد اشاعت کے لئے خط و کتابت شروع کرکے بلا فرشکوہ کیا کرتے ہیں

آجاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مضامین حسب ترتیب وار درج ہوتے ہیں۔ الا کوئی مضمون ضرورت وقت کا مقتضی ہو تو مقدم کیا جاتا ہے۔ اس راز کو ادارہ ہی جان سکتا ہے۔ پس نامہ نگار حضرات اتنی جلدی گھبرا نہ جایا کریں۔ (منیجر اہلحدیث)

مزید تائید اخبار اہلحدیث ۲۴ جون ۱۹۳۹ء صفحہ ۹ پر مولوی نور محمد صاحب فیاضی کا ایک مضمون بعنوان چند تجویزات ضروریہ شائع ہوا ہے۔ میں تجاویز نمبر ۱ و ۲ و ۳ کی پرزور الفاظ میں تائید کرتا ہوں۔

ایک ضروری اعلان

سابقہ پرچہ اہلحدیث میں حساب دوستاں شائع کیا گیا ہے۔ جس میں ان اصحاب کے نمبر خریداری درج کئے گئے ہیں جن کی قیمت اخبار و میعاد مہلت وغیرہ ماہ اگست میں ختم ہو جائیگی۔ اس اطلاع کے علاوہ ان کو علیحدہ مطبوعہ چٹھی بھی روانہ کی جارہی ہے۔ اس لئے اب کسی صاحب کو یہ شکوہ کرنے کا موقع نہیں رہیگا کہ مجھے قیمت یا مہلت ختم ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ ۳۱۔ اگست تک قیمت اخبار یا انکار کی اطلاع وصول نہ ہوئی تو پھر
یکم ستمبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا۔

مہلت یافتگان کو ہر حالت میں اپنے وعدہ کا ایفا کرنا چاہئے اور قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر بھیجکر اخبار کو قوت پہنچائیں۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

کلیات ثنائیہ۔ فتاویٰ ثنائیہ۔ سوانح حیات ثنائیہ۔ تینوں چیزوں کی اشد ترین ضرورت ہے۔ جماعت اہلحدیث کا فرض اولین ہے کہ اس مفید سلسلہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی خاطر بشوق دل مالی امداد کرے وما ذالك على الله بعزيز۔
(عبدالعزیز اہلحدیث کوٹلوی)

اظہار تشکر خداوند کریم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ حضرات علماء کرام اہلحدیث و احباب کی دعاؤں کے اثر سے میرا لڑکا مسمی عبدالمجید جو کہ عرصہ ۱۳ سال سے مفقود الخبر تھا گذشتہ ہفتہ مستری فخر حسین صدیقی گرنج سوپ اجمیر کے خط سے پتہ چلا کہ وہ اجمیر میں ہے۔ میں چھٹی کا انتظام کرکے براستہ دہلی مورخہ ۱۹ اجمیر پہنچا۔ سٹیشن پر پہنچتے ہی مکرم فخر حسین صاحب مع اپنے رفقاء کے اور عزیزم عبدالمجید کے گاڑی پر ملے۔ اور ہمارے دو یوم قیام پر انہوں نے مہمانداری کے فرائض انجام دیکر مجھے ممنون فرمایا۔ جس کیلئے میں ان کا اور ان کے احباب کا مشکور ہوں خدا ان کو جزائے خیر دے۔ آمین! میں اپنے ان تمام احباب اور بزرگان ملت کا بھی ممنون ہوں جو وقتاً فوقتاً بچے کے متعلق دعائیں کرتے رہتے تھے۔ خصوصاً حضرت مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب مولانا محمد حیات صاحب قصوری۔ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی اور مولوی محمد صاحب دصلوی سید محمد شریف صاحب گھڑیالوی قابل صد تشکر ہیں جنہوں نے بارہا دعاؤں کے علاوہ ورد و وظائف کے ذریعہ گمشدہ بچہ کے ملنے کے لئے میری مدد فرمائی۔
(نیازمند شیخ دین محمد ٹیلیگراف ریلوے)

یاد رفتگان (۱) میرے ماموں محمد اسماعیل صاحب اہلحدیث متبع سنت تھے ۱۵۔ جولائی کو انتقال کر گئے انا للہ۔ آر۔ پی مولانا محمد عنایت اللہ صاحب مدراس (۲) جناب ساہوکار کے اسماعیل صاحب رئیس مدراس کی والدہ ماجدہ ۱۳۔ جولائی کو رحلت فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بہت فیاض، نیک دل اور پابند صوم و صلوٰۃ تھیں۔ راقم۔ محمد فضل الرحمن جامعہ دار السلام عمرآباد صدر مدرس مدرسہ محمدیہ رائیدرگ ضلع بلاری۔ (۸ راشاعت ضروری) ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللهم اغفرلهما وارحمها۔

ضروری اطلاع مضمون نگار اصحاب کو چاہئے کہ مضامین سفید کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط لکھ کر بھیجا کریں۔ (منیجر اہلحدیث)

ملکی مطلع

آریہ سماج اور ریاست حیدر آباد

ہندوستان کی تاریخ بتاتی ہے کہ کبھی اس ملک میں یہ دستور تھا کہ رعایا کے پانچ دس ہزار آدمی ناراض ہوئے اور بغاوت شروع کر دی۔ کیونکہ جیسے حکومت کے پاس ہتھیار (تلوار نیزہ تیر وغیرہ) ہوتے تھے ایسے ہی رعایا کے پاس بھی ہوتے تھے۔ اس لئے کوئی سال یا ششماہی بغاوتوں سے خالی نہیں جاتی تھی آج کل چونکہ حکومتوں کے پاس اسلحہ جنگ بڑے زبردست ہیں (مثلاً بندوق، توپ، ہوائی جہاز وغیرہ) جو رعایا کے پاس نہیں ہیں۔ اس لئے مسلح بغاوت نہیں ہوتی مگر چونکہ انسانی طبیعت میں یہ بات ودیعت رکھی ہے کہ اپنی ناراضگی کو کسی نہ کسی صورت میں ظاہر کرے اس لئے گاندھی جی نے ہندوستانیوں کو یہ اصول سکھلایا کہ مسلح بغاوت کرنے سے تم تباہ ہو جاؤ گے جب کبھی تمہیں حکومت کا مقابلہ کرنے کی ضرورت ہو تو تم ستیہ گرہ کرو۔ ستیہ گرہ کیا چیز ہے؟

حکومت کے کسی فعل پر جمع ہو کر اظہار ناراضی کرنا وہ منع کرے تو نافرمانی کرنا۔ جس کی سزا معمولی ہے اور جانیں ضائع نہیں ہوتیں۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے اس تعلیم پر سکھوں اور کانگرسیوں نے خوب عمل کیا اور ہزاروں کی تعداد میں قید ہوئے۔ اس کے بعد لوگوں نے بھی اپنا لیا۔ آخر آریوں نے بھی حیدر آباد میں ستیہ گرہ کیا ان کے ساتھ ہی سناتنی ہندوؤں نے دہلی میں شو مندر کے واسطے اور لاہور میں سکھوں نے ستیہ گرہ کیا [illegible] خالصہ بہادری [illegible] سکھوں [illegible] [illegible] ستیہ گرہ [illegible] رہے ہیں۔

آریہ ستیہ گرہ بھی بند ہو گیا ہے۔ کیونکہ ہز اگزالٹڈ ہائینس نظام نے نئی اصلاحات میں بہت فراخ حوصلگی کا ثبوت دیا ہے حقیقت یہ ہے کہ ریاست حیدر آباد کے متعلق آریہ اخباروں میں جو مظالم بیان کئے جاتے تھے وہ محض مبالغہ آمیز تھے۔ آریہ سماجی لوگ چونکہ بہت دانا اور زیرک ہیں۔ ہرچند لاہور کے جوشیلے آریہ اخباروں نے ان اصلاحات کو ناکافی کہہ کر تحریک ستیہ گرہ کو جاری رکھنے پر زور دیا۔ لیکن یہ عربی مثل

صاحب البیت ادریٰ بما فیہ

(گھر کا مالک گھر کے حالات خوب جانتا ہے)

ان کے حق میں صحیح ثابت ہوئی۔ چنانچہ چند روز ہوئے "اصلاحات" پر غور کرنے کے لئے آریوں کی مجلس منتظمہ کا اجلاس دہلی میں ہوا۔ اس نے ستیہ گرہ کی بندش کا فیصلہ کر دیا۔ کیونکہ یہ لوگ اپنے حالات (اندرونی و بیرونی) کو بخوبی محسوس کر چکے ہیں۔ ہم ان کی دانائی کا اعتراف کرتے ہیں۔

حدیث شریف میں آیا ہے۔ دنیا اور آخرت دو سوتیں (سوکنیں) ہیں۔ اگر ایک راضی ہو تو دوسری ناراض ہو جاتی ہے۔ یہی حال رعایا کے مختلف طبقوں کا ہے۔ آریوں کی فی الجملہ رضا مندی پر ریاست کے مسلمان سخت کبیدہ خاطر ہو گئے ہیں۔ حضور نظام کی حکومت سے امید ہے کہ وہ بہت جلد ان کو بھی راضی کریگی اور عنقریب یہ فتنہ رفع دفع ہو جائیگا۔

حیدر آباد ستیہ گرہ کی طرح شو مندر دہلی کا ستیہ گرہ بھی گاندھی جی اور پنڈت مالویہ کے مشورہ سے بند کر دیا گیا ہے اور اس سلسلہ میں ہائی کورٹ لاہور میں اپیل کی گئی ہے۔

لکھنؤ کا تبرا ایجی ٹیشن

لکھنؤ میں تبرا ایجی ٹیشن [illegible] رہا ہے اصحاب ثلاثہ [illegible] گاندھی جی اور کانگرس پر بھی لعنت بازی شروع ہو گئی۔ گاندھی جی جب ریل گاڑی پر شملہ سے واپس آتے ہوئے تھوڑی دیر کے لئے لاہور اسٹیشن پر ٹھہرے تو شیعہ نوجوانوں نے سیاہ جھنڈیوں سے ان کا استقبال کیا اور گاندھی جی بعد ازاں کانگرسی حکومت پر خوب لعنت برسائی۔ اس واقعہ سے ہم کو بھی یقین ہو گیا کہ شیعہ کا اصحاب ثلاثہ (رضی اللہ عنہم) پر تبرا کرنا سراسر ناجائز اور ظالمانہ فعل ہے ورنہ گاندھی بیچارے نے کیا کیا تھا کہ اس پر بھی لعنت کی بوچھاڑ کی گئی۔ اس مد میں جو کوئی بھی شریفانہ طور پر انہیں منع کریگا یہ لوگ اس پر اسی طرح لعنتیں برسائیں گے۔ ہم اپنی رائے میں تبدیلی نہیں پاتے کہ اس تفرقہ اور فساد کی ذمہ دار مسلم لیگ ہے جو خاموشی سے دیکھ رہی ہے اور دخل نہیں دیتی۔ خاص ہماری ہی یہ رائے نہیں۔ بلکہ شیخ سعدی مرحوم بھی یہی فرما گئے ہیں ؎

اگر بینم کہ نابینا و چاہ است
اگر خاموش بنشینم گناہ است

مشرقی صاحب نے اس نزاع میں دخل دیا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ دخل نہ دیتے تو اچھا ہوتا۔ اُن کی مداخلت اس مثال کی مصداق ہے۔

ایک شخص نے کسی سے کہا کہ تیری نانی نے خصم کیا ہے۔ اس نے کہا بُرا کیا۔ پھر اُس شخص نے کہا کہ کرکے چھوڑ بھی دیا تو جواب دیا کہ اور بھی بُرا کیا۔ یہی مثال مشرقی صاحب کے حال پر صادق آتی ہے۔ آپ نے پہلے بڑے زور سے لکھا تھا کہ لکھنؤ کے شیعہ سنی اگر باز نہ آئے تو ۳۰ جون کے پرچے میں ان کے متعلق سخت احکام نکلیں گے۔ پھر لکھا کہ ۷ جولائی تک صلح نہ ہوئی تو ۱۴ جولائی کے پرچے میں آخری حکم شائع ہوگا۔ پھر ۲ جولائی کے پرچے میں اس مہلت کو ۲۸ جولائی تک وسیع کر دیا۔ آخر اس مہلت میں موجود وسعت کرکے ۲۸ جولائی کی تاریخ نکال دی اور لکھ دیا کہ ۲۸ جولائی کے بعد آخری جانباز لکھنؤ بھیجے جائینگے اور فریقین کے چیدہ اصحاب کی [illegible] سے [illegible] اس حکم سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ کوئی خیرا [illegible]

تصنیف سے شیخ کمرشیخ مستی ورودی کو تیغ کرو گی۔ خدا خدا کرکے ۲۲ جولائی کا پرچہ دیکھنے میں آیا جسے پڑھکر معلوم ہوا کہ مہلت کی تاریخ اواخر اگست تک بڑھا دی گئی ہے۔ یہ مزمہا بالجزم کیا گویا شیخ چلی کے نکاح کی تاریخیں ہوئیں جو کبھی معرض وجود میں نہ آئینگی دیکھئے مشرقی صاحب کی موجودہ تاریخ کب آتی ہے؟

کیونکہ مجھے باور ہو کہ ایفا ہی کرینگے
کیا وعدہ انہیں کرکے مکرنا نہیں آتا

سرکاری اطلاع

شمالی مغربی سرحد میں مقیم افواج کے پینے کے پانی میں مخالف قبائل کی طرف سے زہر ملانے کی جو کوشش کی گئی اس کی کیفیت حکومت پنجاب کے کیمیکل اگزامینر کی تازہ ترین سالانہ رپورٹ میں بیان کی گئی ہے۔ اگرچہ اس کوشش کا مقصد تباہ کن تھا۔ تاہم اسے عملی جامہ پہنانے کا طریقہ کچھ بے ڈھنگا سا تھا۔ کیونکہ جب یہ معلوم ہوا کہ تالابوں کے پانی کا رنگ اور ذائقہ بدل چکا ہے۔ اس سازش کا آسانی سے پتہ چل گیا۔ اس پانی کے نمونے رزمک کی ڈسٹرکٹ لیبوریٹری نے کیمیاوی امتحان کی غرض سے حکومت پنجاب کو بھیجے۔ جہاں معلوم ہوا کہ اس میں پکرک ایسڈ موجود ہے۔

پکرک ایسڈ ایک کمزور سا زہر ہے۔ اس کا ذائقہ سخت تلخ اور رنگ مخصوص طور پر پیلا ہوتا ہے۔ یہ امر کہ مجرموں نے خاص طور پر اس زہر کو منتخب کیا۔ ان کے محدود علم یا ذرائع پر دلالت کرتا ہے۔ زہر دینے کی ایک اور کوشش جو رپورٹ میں درج ہے میانوالی سے متعلق ہے جہاں ایک مقامی دکاندار نے مختلف سکولوں کے بچوں میں جن میں لڑکے اور لڑکیاں شامل تھیں۔ زہر ملی ہوئی مٹھائی تقسیم کی تھی۔ زہریلی مٹھائی کھانے کے چند منٹ کے اندر تمام بچوں میں زہر کے آثار نمایاں ہوگئے۔ ان میں سے ۲۲ کو ہسپتال میں داخل کیا گیا۔ بعد کا [illegible] بچے ہو گئے تھی جن کا علاج ان کے گھروں پر ہوا۔ [illegible] سے ایک کے سوا سب بچ گئے

مٹھائی کے کیمیاوی امتحان سے جس میں سنکھیا کا [illegible] ہکسائیڈ اور تانبے کا سرخ سلفیٹ پایا گیا۔

جہاں تک انسانوں کو زہر دینے کی وارداتوں کا تعلق ہے۔ گذشتہ سال کی طرح سال زیر تبصرہ میں بھی ضلع لاہور پنجاب بھر میں بدترین ثابت ہوا۔ اس ضلع میں اس قسم کی وارداتوں کی تعداد ۹۷ تھی۔ اس کے بالمقابل صوبہ دہلی۔ امرتسر اور پنجاب کی تمام ریاستوں میں انسانوں کو زہر دینے کی وارداتیں علی الترتیب ۳۹ - ۲۹ اور ۳۳ تھیں۔ مویشیوں کو زہر دینے کی سب سے زیادہ وارداتیں جو صاحب کیمیکل اگزامنر کے نوٹس میں لائی گئیں وہ لاہور چھاؤنی اور راولپنڈی سے متعلق تھیں اور ان کی تعداد بالترتیب ۱۱ اور ۱۰ تھی انسانی جانوں کو ہلاک کرنے کے لئے (اس میں خودکشی کی وارداتیں شامل ہیں) افیون بدستور زیادہ استعمال کی گئی۔ جو وارداتیں صاحب کیمیکل اگزامنر کے نوٹس میں لائی گئیں ان میں ۳۴ فیصدی کی صورت میں افیون - ۱۸ فیصدی کی صورت میں دھتورہ اور ۱۵ فیصدی کی صورت میں سنکھیا استعمال کیا گیا تھا۔ جن مویشیوں کو زہر دیا گیا ان کی بیشتر تعداد کی صورت میں سنکھیا کا استعمال کیا گیا تھا۔

سال زیر رپورٹ کے دوران میں صاحب موصوف نے گھی کے ۵۹ نمونوں کا معائنہ کیا۔ ان میں سے صرف ۲۷ یعنی نصف سے بھی کم انسانی خوراک کے لئے موزوں قرار دئیے گئے باقی ۳۲ نمونے رد کر دئیے گئے —— سال مذکور کی ایک امتیازی خصوصیت یہ تھی کہ صاحب کیمیکل اگزامنر نے پولیس انسپکٹروں کے لئے لیکچروں کا ایک سہ ماہی نصاب جاری کیا۔ ان لیکچروں میں جرائم کی ابتدائی سائنٹیفک تحقیقات کے متعلق عملی تجربات شامل ہیں اور ان سے یہ مقصود ہے کہ افسران پولیس زیادہ سائنٹیفک طریق پر کام کریں اور جرائم کا مقابلہ کرتے وقت [illegible] طریق پر کام کرسکیں۔ پولیس انسپکٹروں کو یہ بات سکھانے پر خاص زور دیا جاتا ہے کہ موقع واردات پر شہادت کا کس طرح جائزہ لینا چاہئے اور صاحب کیمیکل اگزا[illegible]

کی لیبارٹری میں کون کونسی اشیاء بھیجی کرانی چاہئیں (ازمولوی ۲ جون ۱۹۳۹ء)

(بقیہ مضمون از صفحہ ۱۴)

اور چونکہ آپ نے ایک سال لاء بھی پڑھا ہے لہٰذا رومن لاء سے آپ نے اصول و قوانین اسلامیہ کا مقابلہ بھی کیا ہے۔

مولانا کی لڑکی کو میں نے ایک اردو عبارت بغرض ترجمہ دی جس کا فوراً اس نے نہایت فصیح عبارت عربیہ میں ترجمہ کر دیا۔ ان تجاسب کے بعد میں پھر عرض کروں گا کہ مسلمانوں کو ان ہستیوں سے فوائد حاصل کرنا بڑی نعمت ہے۔

برادران پنجاب اگر اس طرف متوجہ ہوں تو انہیں چاہئے کہ بہ تصدیق مولانا ثناء اللہ صاحب و مولوی داؤد صاحب غزنوی اپنے ارادہ سے فضل الرحمٰن شہزمرچنٹ لوہا بازار بھوپال کو مطلع کریں۔ تصدیق چال چلن نیز استعداد صرف و نحو کا ہونا چاہئے۔ اس کا امکان ہے کہ بھوپال کے اہل خیر اصحاب نے وظیفہ امدادی کے لئے کامیاب ہوسکتے ہیں دو وظیفوں سے زیادہ کی امید نہیں عورتوں میں صرف نوشت و خواند اور چال چلن کی تصدیق ہونا چاہئے۔ اور ان کے لئے امکان ہے کہ چار وظیفے تک ہوسکیں۔ وظائف کے متعدد درخواستیں آنے پر کئے جاسکتے ہیں۔ کم از کم اتنا ضرور ہوگا کہ قیام و طعام و لباس کے لئے کافی ہوسکے۔

مفلس فنڈ سے مندرجہ ذیل شائقین اخبار اہلحدیث جاری کرانا چاہتے ہیں۔ کوئی صاحب خیر فی سبیل اللہ اس کار خیر کو سرانجام دیکر ثواب حاصل کرے۔

(۱) محمد حسین حسکنہ رام کے ملی کرنالہ پسرور ضلع سیالکوٹ

(۲) عصمت اللہ معرفت اللہ داد کمپاؤنڈر سول ہسپتال صادق آباد ریاست بہاولپور

جلسہ اہلحدیث کانفرنس خوندہ [illegible]

[illegible]

۳ یہ نظم مکمل درکار ہے۔ کسی صاحب کو یاد ہو یا وہ صاحب خود ہی مجھے مکمل نظم لکھ بھیجیں۔

ahmadimuslim.de

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے .... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۶؎۔ آدھ پاؤ ۱۲؎۔ پاؤ بھر ۲۴؎ مع محصولڈاک۔ ممالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک ۱۲؎ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب سندر پوری "قبل ازیں مومیائی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں بفضل ایزدی تحریر سے باہر فائدہ ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مومیائی ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ بہت خوش نصیب اور جوان بخت وہ ہے جس نے استعمال کی۔ ایک چھٹانک نوازی میاں کے نام ارسال فرمائیں" (۲۰۔ مئی ۱۹۳۹ء)

جناب حکیم محمد بشیر الدین صاحب پٹنہ "ایک چھٹانک مومیائی بذریعہ وی پی روانہ فرما کر مشکور فرمائیں۔ میرے مطب میں یہ سالہا سال سے امراض دماغی اور سینہ میں مستعمل ہے اور بفضلہ بہت کار آمد اور مفید ثابت ہوتی رہی ہے اس کی تصدیق کرتا ہوں" (۲۵۔ مئی ۱۹۳۹ء)

منگوانے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان
ہمدرد شفا دواخانہ ایجنسی امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل ۳؎

غزنوی سفری شمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ ساٹھ روپے

فی جلد ۱۵؎

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے۔

پتہ:۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے

تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات، ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔

افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ (اسلامی) سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت ۲۰×۳۰ کے ۵۰۴ صفحات۔ قیمت بجائے ۳ کے ۶؎ روپیہ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

کم از کم

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمالیجئے۔ نوٹ:۔ حلفیہ تحریر کہ کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔

پتہ:۔ منیجر دارالکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ
فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

جلد مفت منگالو

رسالہ تندرستی اور جوانمردی کے راز

اس رسالے میں ہر قسم کے بارہا کے مجرب اور اکسیر نسخہ جات درج ہیں۔ اس کے پڑھنے سے فائدہ کثیر ہوگا صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب کریں۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی
خزانہ گیٹ۔ کوچہ جٹاں۔ امرتسر

---

(۷۹۷)

طبیب کامل

المعروف

مجرب فارماکوپیا حصہ اول

مؤلفہ لقمان الحکمت فاضل طب حکیم و ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب امرتسری۔ اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات، آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات، مشاہیر اطباء حکیم شریف خان صاحب، حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب و دیگر معزز اطبائے ہند و یورپ کے بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ مولف کے خود ذاتی و خاندانی مجربات کا بیان کیا گیا ہے۔ ہر شخص کو چاہئے کہ اس کو منگوا کر اپنے پاس رکھے۔ قابل دید ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۱۲؎ محصولڈاک ۴؎

منگوانے کا پتہ:۔
منیجر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ahmadimuslim.de

تصانیف مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

تقابل ثلاثہ اس میں تورات۔ انجیل اور قرآن کا مقابلہ کرکے بتلایا گیا ہے۔ کہ احکامات قرآنی بہر نوع مکمل ہیں اور تمام ضروریات انسانی کے لئے کافی ووافی ہیں۔ کتاب کی خوبی دیکھنے پر منحصر ہے۔ اس کا طرز تحریر بالکل انوکھا ہے۔ قیمت عہ

توحید و تثلیث تثلیث کا عقلی اور نقلی دلائل کے ساتھ رد کرتے ہوئے توحید اسلامی کو دلائل اور براہین کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے۔ قیمت ۲ر

جوابات نصاریٰ اس رسالہ میں نئے مسیحیوں کی تین مشہور و معروف کتب کا جواب دیا گیا ہے۔ جن میں انہوں نے اہل اسلام پر اعتراضات کئے ہیں۔ یعنی رسائل حقائق قرآن کا جواب "معارف قرآن" اور "اثبات التثلیث" مصنفہ (۸۸) پادری عبدالحق کا جواب "اثبات التوحید"۔ اور "میں مسیحی کیوں ہوا" مصنفہ پادری سلطان محمد پال کا جواب "تم عیسائی کیوں ہوئے"۔ سب مفصل و مدلل دیا گیا ہے۔ جن کی تردید آج تک عیسائی صاحبان نہیں کرسکے۔ قیمت ۸ر

در تردید آریہ مشن

حق پرکاش اس کتاب میں ان ایک سو انسٹھ ۱۵۹ سوالات کا معقول اور عالمانہ جواب درج ہے جو سوامی دیانند نے اپنی مشہور کتاب "ستیارتھ پرکاش" میں قرآن شریف پر کئے تھے۔ ان کا واحد جواب یہی حق پرکاش ہے۔ قیمت ۱۲ر

الہامی کتاب وہ قابلدید تحریری مباحثہ جو مولانا ابوالوفاء صاحب و ماسٹر آتما رام صاحب کے مابین ہوا۔ جس میں فریقین نے قرآن مجید اور وید کو الہامی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کتاب کی ضخامت ۲۰۱ صفحات۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۱ر

ترک اسلام بجواب ترک اسلام اس رسالہ میں ان اعتراضوں کا قابلقدر جواب دیا گیا ہے جو دھرمپال نے اسلام چھوڑ کر قرآن پر کئے تھے۔ اس رسالہ کو دیکھ کر خود موصوف نے جوابات کی معقولیت کا اعتراف کیا اور داخل اسلام ہوکر غازی محمود نام رکھا۔ قابلدید ہے جدید اڈیشن۔ قیمت ۹ر

بحث تناسخ وہ قابلدید تحریری مباحثہ جو کئی ہفتوں تک مابین مولانا مذکورہ ماسٹر آتما رام صاحب دربارہ مسئلہ تناسخ جاری رہا اور آخر حق کی فتح ہوئی۔ قیمت ۳ر

حضرت محمد رشی حضرت محمد صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نبوت کا ثبوت تورات، انجیل اور وید سے ایسے صاف اور صریح حوالجات سے دیا ہے کہ متعصب مخالف کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ قیمت ۲ر

حدوثِ وید اس رسالہ میں خود وید کے منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ وید قدیم نہیں ہیں بلکہ اُس وقت بنائے گئے تھے جبکہ دنیا کی کافی آبادی سطح زمین پر پھیل چکی تھی۔ قیمت ۲ر

اصول آریہ اس رسالہ میں آریوں کے اصل الاصول مسائل کی فلسفیانہ طریق سے تردید کی گئی ہے۔ یعنی مادہ، روح اور سلسلۂ کائنات کی قدامت کا معقولی دلائل سے ابطال کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ آریہ سماج کی تردید کے لئے مفید ترین ہے۔ قیمت ۲ر

الہام یہ وہ مختصر رسالہ ہے جس میں الہام کی تعریف و تقسیم کرکے چند ناقابل حل سوالات آریوں سے کئے گئے ہیں۔ قیمت ۲ر

شادی بیوگان اور نیوگ اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے نیوگ جیسے حیا سوز مسئلہ کے مقابلہ میں شادی بیوگان کو کئی درجہ بڑھ کر فضیلت حاصل ہے۔ قیمت ۲ر

القرآن العظیم اس کتاب میں تمام خوبیات الہام کو قرآن مجید سے ثابت کرکے مخالفین (آریہ وغیرہ) کو چیلنج دیا گیا ہے کہ انہی باتوں کا وید سے ثبوت پیش کریں۔ قیمت ۲ر

جہادِ وید اس رسالہ میں جہاد کا ثبوت وید منتروں سے پیش کرکے اسلامی جہاد پر آریوں کی لب کشائی ہمیشہ کے لئے بند کردی ہے۔ قیمت ۳ر

مقدس رسول (جدید اڈیشن) آریوں نے ایک زہریلے رسالہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات پر سخت ناپاک اعتراضات کئے۔ جس کا نام تھا "رنگیلا رسول"۔ اس نامعقول رسالہ کا معقول، مدلل اور متین جواب "مقدس رسول" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ قیمت ۸ر

نکاح آریہ اس رسالہ میں آریہ دھرم کے احکام متعلقہ نکاح پر مندرجہ ذیل آٹھ عنوانات قائم کرکے اسلامی نکاح کی خوبی و فضیلت کو واضح کیا ہے۔ (۱) نکاح کی ضرورت اور غرض۔ (۲) نکاح کس عمر میں ہو۔ (۳) نکاح کس عورت سے ہو۔ (۴) بیاہ کی قسمیں۔ (۵) نکاح کرنے کا طریق۔ (۶) میاں بیوی کے ملاپ کا طریق۔ (۷) نکاح دائم۔ لازم غیر منفک عقد ہے یا قابل فسخ۔ (۸) نکاح بیوگان۔ قیمت ۳ر

نمازِ اربعہ اس رسالہ میں ہر چہار مذہبوں (مسلمانوں، عیسائیوں، آریوں اور ہندوؤں) کی نمازوں کا مقابلہ کرتے ہوئے غیروں کی نمازوں میں شرک اور اسلامی نماز میں اصل توحید کا نقشہ دکھایا ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام سے بڑھ کر کوئی مذہب توحید کو پیش نہیں کرسکتا۔ اور یہی اس کے منزل من اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ قیمت ۲ر

نوٹ :۔ محصول ڈاک جملہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں صرف اصل قیمتیں درج ہیں۔

ملنے کا پتہ { منیجر اہلحدیث امرتسر

ہندوستان کے دو ریفارمر

یعنی شری سوامی دیانند اور میرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی دیگر اہل مذاہب کے متعلق بدزبانیوں کا نمونہ ان کے اپنے شیریں الفاظ میں دکھا کر نتیجہ ناظرین کی رائے پر چھوڑا گیا ہے۔ قیمت ۲ر

ثمرات تناسخ

رسالہ ہذا میں مسئلہ تناسخ کو ایسے دلچسپ پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے کہ انسان پڑھ کر حیران ہو جاتا ہے۔ (مصنفہ مولوی حکیم محمد انصاری مرحوم از دیوریہ) قیمت ۴ر

سوامی دیانند کا علم و عقل

اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ سوامی جی دوسرے مذاہب پر اعتراض کرنے میں تحقیق اور علم سے کام نہ لیتے تھے۔ قیمت ۱ر

کتاب الرحمٰن

آریوں کی جدید کتاب "کلام الرحمٰن وید ہے یا قرآن" کا مکمل و مدلل جواب جو مولانا ابوالوفاء نے اپنی خاص نرالی طرز میں دیا ہے۔ جس کے سامنے مخالفین نے بھی سپر ڈال دی ہے۔ قیمت ۹ر

دیہاتی حکیم

ایک نئی تصنیف ہے۔ یہ کتاب محض دیہاتیوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھا گیا ہے۔ اس میں قریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے۔ جس پر چھ سو کے قریب مجربات دیئے گئے ہیں۔ سر سے لیکر پاؤں تک جملہ امراض کی تفصیل اور تشریح کر دی گئی ہے۔ علاج دیسی ادویات سے بتایا ہے جو ہر جگہ بآسانی اور ارزاں مل سکیں۔ یہ کتاب غریبوں کے لئے ایک نعمت بے بہا ہے۔ جس کی قدر کرنا ان کا فرض ہوگا ضرور منگوائیں۔ ائمہ مساجد، نمبرداروں اور پٹواریوں کے پاس [illegible] چاہئے۔ قیمت ۱۲ر

جدید انگلش ٹیچر

اس کے مطالعہ سے انگریزی زبان بہت جلد لکھنا [illegible] آجاتا ہے۔ قیمت ۸ر

منیجر اہلحدیث امرتسر

کتب تفاسیر و احادیث

تفسیر واضح البیان

اُردو مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔ اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے کتابت طباعت نہائت عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ۔ ضخامت ۴۸۸ صفحات۔ سائز ۲۰×۳۰/۸۔ قیمت بے جلد ۲ر۔ مجلد ۳ر۔ قابل مطالعہ ہے۔

تبویب القرآن

مصنفہ مولانا وحید الزمان صاحب حیدرآبادی۔ ہر صفحہ کے دو کالم ہیں۔ ایک میں قرآن مجید کی آیات ہیں اور دوسرے میں ان کا ترجمہ مندرج ہے اور نیچے تفسیر وحیدی کے حواشی درج ہیں۔ تمام کتاب کو چار فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (۱) اعتقادیات۔ (۲) فقہ القرآن (۳) قصص القرآن۔ (۴) المتفرقات۔ ہر ایک فصل میں کئی باب ہیں۔ ہر باب میں ایک مسئلہ زیر بحث ہے۔ ضخامت ۴۰۷ صفحات۔ قیمت للعہ

تفسیر فاتحۃ الکتاب

مصنفہ مولوی محمد یوسف صاحب جے پوری۔

یہ تفسیر لباب التاویل کا ایک حصہ ہے جو مضامین عقلیہ و نقلیہ کے اعتبار سے مجمع البحرین ہے۔ علاوہ ذاتی استنباط کے ۸۵ کتب کی عبارات سے مرتب کی گئی ہے۔ قیمت ۱۲ر

تفسیر سورہ یوسف

سورہ یوسف میں جو عجیب و دلچسپ حالات اور معرفت حق اور صبر و استقامت کے نکات ہیں۔ اسکی پوری تفسیر سلیس اُردو نظم میں درج ہے۔ قیمت ۱۰ر

تفسیر محمدی

مصنفہ مولوی محمد صاحب لکھوی پہلے آیت قرآنی لکھ کر نیچے پنجابی اس کے نیچے فارسی میں ترجمہ کیا ہے۔ بعد ازاں مذکورہ آیتوں کی پنجابی زبان میں نہایت عمدہ تفسیر نظم میں لکھی گئی ہے۔ قیمت جلد اول ۶ر۔ جلد دوم ۸ر جلد سوم ۶ر۔ جلد چہارم ۱۲ر۔ جلد پنجم عہ۔ جلد ششم ۶ر جلد ہفتم ۱۲ر۔

اکرام محمدی

(پنجابی نظم) مصنفہ مولوی محمد دلپذیر صاحب بھیروی۔ اس میں سورہ والضحیٰ کی تفسیر کرتے ہوئے آنحضرت صلعم کی سیرت مبارکہ کے متعلق بیش بہا معلومات درج ہیں۔ ضخامت ۵۷۲ صفحات۔ قیمت ۶ر

تفسیر موضح القرآن

مؤلفہ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب۔ اس قدر جامع اور مختصر تفسیر کسی نے نہیں لکھی۔ قیمت سے

تخریج ہدایہ عسقلانی

فقہ کی مستند کتاب ہدایہ میں جو احادیث بے سند درج ہیں اس کتاب میں ان کو مسند مع تنقید بتایا گیا ہے۔ علماء اور طلباء کو بہت مفید ہے۔ قیمت عہ (۵۸۹)

مشکوٰۃ شریف عربی

فن حدیث کی مقبول اور مستند کتاب ہونے کی وجہ سے آج اس کا درس ہر جگہ ہو رہا ہے۔ مطبع مجتبائی کان پور قیمت سے۔ مطبوعہ دہلی صہ

مشکوٰۃ شریف غزنوی

اس میں اُردو ترجمہ بین السطور ہے۔ حاشیہ پر معتبر مضامین جو اہلسنت والجماعت کے مذہب کے مطابق ہیں درج ہیں۔ چار جلدوں میں ہے قیمت صہ

جامع الترمذی

(عربی) یہ کتاب جملہ صحاح ستہ میں مشہور ہے بلکہ درس میں بھی داخل ہے۔ فہرست ابواب رسالہ اصول حدیث و شمائل و نسخ قوت مغتذی و حاشیہ جدید کے ساتھ طبع ہوئی ہے۔ قیمت صہ

منگوانے کا پتہ { منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

مظاہر حق

مشکوٰۃ شریف کا ترجمہ ہے - جو مولوی محمد قطب الدین خان صاحب مرحوم محدث دہلوی نے کیا ہے - اور ہر ایک حدیث کے معنی اور مطالب کو خوب اچھی طرح سے واضح اور مدلل بیان کر کے حضرت استاد الکل شاہ محمد اسحٰق صاحب محدث دہلوی مہاجر مکی کی نظر سے گذرا ناہے کتاب ہذا کی چار بڑی ضخیم جلدیں ہیں - قیمت عہ

تجرید البخاری مجلد

اس میں صحیح بخاری کی تمام حدیثیں بحذف مکرات جمع کر دی گئی ہیں - کتاب ہذا کے صفحات کے دو کالم کئے گئے ہیں - ایک کالم میں عربی عبارت مع اعراب دی گئی ہے اور دوسرے کالم میں بالمقابل اس کا ترجمہ سلیس اردو زبان میں دیا گیا ہے - قیمت ...

تصنیفات قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی

رحمۃ للعالمین

اس میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل و مکمل طور پر لکھی گئی ہے جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاول پور اور جامعہ ملیہ دہلی، مدرسہ ... کے نصابات میں داخل ہے - کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ - قیمت جلد اول ۶ - جلد دوم ... - جلد سوم ...

سفرنامہ حجاز

جس میں حرمین پاک کی ہر چیز اور ... کا دلچسپ بیان - فرضیت حج کے عقلی دلائل و نقشہ جات درج ہیں - قیمت ...

الجمال والکمال

... تفسیر کی ہے - قیمت ...

استقامت

اس رسالہ میں عیسائیت پر اسلام کی فضیلت بیان کی ہے - قیمت ...

معراج المؤمنین

اس رسالہ میں امام کے پیچھے نماز پڑھنے کا طریقہ ترجمہ عربی خط اعلیٰ ... - قیمت ...

مہر نبوت ... قیمت ...

فارم نوٹس زیر تحتی دفعہ (۱) دفعہ ۱۳ - ایکٹ امداد مقروضین ۱۹۳۴ء

قواعد ۱۲ و ۱۳ منجملہ قواعد مصالحت قرضہ پنجاب ۱۹۳۵ء

ہرگاہ منگا کریم بخش - رحیم بخش پسران چوہڑ ذات ماشکی سکنہ پنڈی کلاں تحصیل شکرگڈھ ضلع گورداسپور قرضداران نے زیر دفعہ ۹ - ایکٹ مذکور مسمی ... وغیرہ قارضان ذات کھتری سکنہ بتو بادہ منگا تحصیل شکرگڈھ کے قرضہ جات کے تصفیہ کے لئے ایک درخواست دیدی ہے اور یہ کہ بورڈ کی رائے میں یہ مناسب ہے کہ قرضدار مذکور اور ... کے قرضہ جات میں تصفیہ کرانے کی کوشش کی جاوے لہٰذا تم جملہ قرضخواہ کو (جن کا قرضدار مذکور مقروض ہے) بذریعہ تحریر ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم نوٹس ہذا کی تاریخ اشاعت سے دو مہینے کے اندر ان جملہ قرضہ جات کا ایک تحریری نقشہ جو تمہیں قرضدار مذکور کی طرف سے واجب الادا ہیں بتاریخ ۱۵ $\frac{8}{39}$ دفتر ... میں پیش کرو - بورڈ مذکور بتاریخ ... $\frac{8}{39}$ ... ہذا کی پڑتال کریگا جبکہ تمہیں بورڈ کے سامنے پیش ہونا چاہئے نیز تم جملہ قرضخواہوں کو لازم ہے کہ ایسے نقشے کے ہمراہ ایسے جملہ قرضہ جات کو مکمل تفاصیل پیش کرو - اور اس کے ساتھ ہی جملہ دستاویزات بشمول بہی کھاتہ کے ان اندراجات کے جن پر تم اپنی دعاوی کی تائید میں انحصار رکھتے ہو پیش کرو - اور اس کے ساتھ ہر ایک ایسی دستاویز کی ایک مصدقہ نقل پیش کرو۔

اس بارہ میں مزید کارروائی بمقام ... بتاریخ ... قرضخواہوں کو بورڈ کے سامنے پیش ہونا چاہئے۔

دستخط چیئرمین صاحب ... بورڈ قرضہ شکرگڈھ

ثنائی برقی پریس امرتسر

اردو - انگریزی - ہندی - گورمکھی - لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما، اعلیٰ رنگ دار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے - اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں - خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس - ہال بازار امرتسر

حزب الاعظم

... شرح مشکوٰۃ ... زیر متن ترجمہ اردو حاشیہ پر ... کی کامل تفسیر بزبان اردو آخر میں کمل نماز وغیرہ - حاشیہ قیمت ۱۰

حزب المقبول

قرآن و حدیث کی دعاؤں کا مجموعہ اس میں ہر موقعہ کی دعا موجود ہے مترجم ہے - اس کا ہر اہلحدیث گھر میں رہنا نہایت ضروری ہے - قیمت ...

National Muslim ... کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۴۱

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنة رسولہ

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جاں مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث امرتسر کٹڑہ بھائی

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عه
رؤسا و جاگیرداروں سے " سے
عام خریداران سے " عه
" " ششماہی ۲
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

(۹۱)

امرتسر ۲۴ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (پیغام محبت) - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - - ص۳
قادیان کی عظمت (قادیانی مشن) - - - ص۶
قادیان پاک لوگوں کا مقام ہے - - - ص۶
بے سمجھی سے حدیث پر اعتراض - - - ص۷
بریلوی علماء کی تبلیغ (بریلوی مشن) - - - ص۸
مسلمان کا زوال - - - - ص۹
مضمون احکام جمعہ شریف کا متروکہ حصہ - ص۹
قضاء الصوم عن المیت - - - ص۱۱
مناجات - - - - ص۱۲
متفرقات - - - ص۱۳
اشتہارات - - - ص۱۴

پیغام محبت

(از مولوی غلام رسول صاحب ہوشیارپوری)

حدوں سے وہ ہے باہر جس کو خدا ہیں کہتے
محدود کے وہ اندر حلول ہوگا کیسے؟
وہ ہے محیط مطلق ہوگا محاط کیسے؟
خالق ہے وہ یگانہ اغیار سب ہیں اُسکے
اے دوستو عزیزو توحید کو نہ چھوڑو
خالق سے کیا بشر کا یارو مقابلہ ہے؟
نفس بشر کے اندر آیات ہیں خدا کی
ہر چیز سے وراء ہے وہ قادر کریما
ہر چیز سے نرالی خالق کی ذات جانو

پستی میں کیوں گھرے وہ جسکو علی ہیں کہتے
علت علل کی بن کر معلول ہوگا کیسے؟
پاکر کبھی پہ غلبہ ہوگا وہ مات کیسے؟
گو ہوں نبیؐ ولی بھی لاچار سب ہیں اُس کے
رُخ اپنا کبریا سے ہرگز کبھی نہ موڑو
باطل تمہارا بالکل سارا مجادلہ ہے
جس کو سمجھتے تم ہو اذوات ہیں خدا کی
قدرت سے اُس نے اپنی ہر چیز کو ہے تھاما
اُس کا حلول ہرگز مخلوق میں نہ مانو

الفت کا یہ ہمارا پیغام مختصر ہے
مانو یا نہ مانو تم مرضی پہ منحصر ہے

تفسیر بالرائے ... مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب کی نئی تصنیف۔ اس میں مولوی شبیر احمد ... بریلوی وغیرہ تفاسیر کی اہم اغلاط ظاہر کرکے اصلاح کی گئی ہے

انتخاب الاخبار

—— امرتسر میں ۵۔ اگست کی صبح کو خوب موسلادھار بارش ہوئی۔ ناظرین مزید بارش کے لئے دعا کریں۔

—— امرتسر میونسپل کمیٹی کے خلاف ہندوؤں کی طرف سے عدالت دیوانی میں دعویٰ دائر کیا گیا ہے کہ میونسپل کمیٹی میں ملازمتوں کا جو فرقہ وارانہ تناسب قائم کیا گیا ہے۔ ہندوؤں کو یہ منظور نہیں۔

—— امرتسر میں انجمن حزب المجاہدین کی طرف سے خاکسار تحریک اور اس کے قائد کے عقائد کی تردید میں ۴۔ اگست کو بعد نماز جمعہ مسجد خیرالدین مرحوم میں پبلک جلسہ ہوا۔ جس میں مولانا محمد حسن صاحب۔ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب۔ مولوی محمد سلیمان بی اے۔ مولوی بہاالحق نے تقریریں کیں۔ نیز ۶۔ اگست کو بعد نماز عشا چوک فرید میں انجمن مذکور کا جلسہ ہوا۔ جس میں مولانا احمد علی صاحب لاہوری اور دوسرے مقامی حضرات نے عقائد مشرقی کی تردید میں تقریریں کیں۔

—— لاہور مہاشہ کرشن مالک اخبار "پرتاپ" لاہور کو حیدرآباد دکن ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں ستیہ گرہ کرنے کے مقدمات میں ۴۲ ماہ کی قید باشقت ہوئی ہے۔

—— حکومت پنجاب اڑھائی کروڑ روپیہ قرض لے رہی ہے۔

—— معلوم ہوا ہے کہ شالامار لاہور کے قریب حکومت پنجاب ایک بجلی کا وسیع کارخانہ قائم کریگی۔

—— ستلج ویلی پروجیکٹ کے زمینداروں کو حکومت پنجاب نے چالیس لاکھ روپیہ معاف کر دیا ہے۔

—— پشاور ۱۶۔ اگست کی اطلاع ہے کہ رائل ایئر فورس کے ہوائی جہازوں نے شمالی وزیرستان میں [illegible] کی جس کی وجہ میر دل کو پناہ دینی تھی۔

—— [illegible] نے مرکزی اسمبلی کی میعاد [illegible] ایک سال تک بڑھا دی ہے۔

—— حکومت بمبئی نے یکم اگست سے شراب کی بندش کر دی ہے۔

—— بمبئی۔ یکم اگست کو مسلمانوں کی طرف سے پراپرٹی ٹیکس کے خلاف جلوس نکالا گیا۔ جس پر ہندوؤں کی طرف سے پیشقدمی ہونے پر ہندو مسلم فساد ہو گیا۔ پولیس نے لاٹھی چارج کیا اور گولی بھی چلائی۔ اب شہر میں امن وامان ہے۔

—— مسٹر ستیہ مورتی نے بمبئی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مسٹر بوس کے فارورڈ بلاک کا مقصد گاندھی جی کی لیڈری ختم کرنا ہے۔

—— کراچی میں گداگری کی لعنت کو دور کرنے کیلئے یہ تجویز زیر غور ہے کہ ان کے لئے ایک بستی بنائی جائے جس میں بیس ہزار گداگروں کی رہائش کا انتظام ہو سکے وہاں ان کے لئے کپڑا بننے اور چمڑہ رنگنے اور دیگر دستکاریوں کے ہنر سکھلائے جائینگے۔

۳۱۔ اگست تک

قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر مہلت یا انکار کی اطلاع

بذریعہ پوسٹ کارڈ وصول نہ ہوگی تو

یکم ستمبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

ناظرین نوٹ کرلیں

—— لکھنؤ میں تبرا ایجی ٹیشن جاری ہے۔ گرفتاریاں بدستور ہو رہی ہیں۔ گاندھی جی نے شیعوں کو تبرا بند کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ مسٹر علی ظہیر ایم۔ ایل۔ اے کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ شیعوں اور سنیوں میں مصالحت کی کوشش ہو رہی ہے۔

—— الہ آباد میں رام لیلا گراؤنڈ کی دیوار کی تعمیر کرنے کی وجہ سے ہند و مسلم فساد ہو گیا۔ تعمیر فی الحال روک دی گئی ہے۔ شہر میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے۔

—— اخبار "پرتاپ" ۸۔ اگست رقمطراز ہے کہ فقیر ایپی نے قبائل کی پھر تنظیم شروع کر دی ہے۔ ۲۰ مخصوص کمیٹیوں کو منظم کیا گیا ہے۔ جن میں تقریباً ڈیڑھ ہزار مسلح رضاکار ہیں۔

—— شمالی ہندوستان میں ہوائی حملوں کی [illegible]

—— بچاؤ کے لئے محکمہ تار و ڈاک کے ملازموں کو اے۔ آر۔ پی کے طریقوں پر ٹریننگ دینے کے لئے بمبئی کے ایک کالج میں انتظام کیا جا رہا ہے۔

—— سندھ کی موجودہ وزارت میں پھر تبدیلی ہونے کا امکان ہے۔

—— برطانیہ کی خفیہ پولیس نے آئرش ری پبلکن آرمی کی ایک دستاویز برآمد کی ہے۔ جس میں برطانیہ میں زبردست سازش کھڑی کرنے کی سکیم درج ہے جس میں برطانوی پارلیمنٹ ریڈیو سٹیشنوں، ہوائی جہازوں اور فیکٹریوں، اسلحہ کے کارخانوں کو اڑا دینے کی تجویز ہے۔ نیز اس میں برطانیہ کو الٹی میٹم دیا گیا ہے کہ وہ آئرلینڈ کے تمام علاقہ کو خالی کر دے اور اس کے سمندری علاقہ سے کوئی واسطہ نہ رکھے۔

—— ہندوستان سے آٹھ ہزار فوج ملایا کو بھیجی جا رہی ہے۔

—— جاپانیوں کی طرف سے چنکیانگ پر بمباری کی گئی۔ اطالوی اور بلجین سفارت خانوں کو تھوڑا سا نقصان پہنچا۔ چینیوں نے توپوں سے ہوائی جہازوں پر فائر کئے۔ بمبار ہوائی جہاز بھاگ گئے۔

یاد رفتگاں میرا نوجوان برادر نسبتی نذیر احمد ولد حکیم عبدالحق صاحب سکنہ سوہیاں ضلع امرتسر سل ودق میں تین چار ماہ صاحب فراش رہ کر ۷۔ اگست کو انتقال کر گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی اچانک علالت ووفات نے بڑھاپے میں حکیم صاحب اور دیگر خاندان کو بہت صدمہ پہنچایا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو بخشے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

غمزدہ محمد عبداللہ ثانی ناظم جمعیۃ تبلیغ پنجاب۔
ڈھاب کھٹیکاں امرتسر

دیگر قاری عبدالکریم صاحب امام اول جامع مسجد شیخ خیرالدین مرحوم جو نہایت عابد، متقی اور اعلیٰ درجہ کے قاری تھے نابینا تھے سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ناظرین مرحوم کا جنازہ غائب پڑھیں اور دعا کریں

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۴ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ

NATIONAL MUSLIM ... جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۷)

(مجریہ از ۳۰ جون ۳۹ء)

گذشتہ پرچہ میں آٹھ نمبروں میں سے چوتھا نمبر متعلقہ جہاد درج ہوا تھا۔ آج اس کا تتمہ درج کیا جاتا ہے۔

ناظرین ہمارے سوالات کے جواب جلدی جلدی عنایت کریں۔ تاکہ اس مضمون کا رسالہ چھپنے میں زیادہ تاخیر نہ ہو۔ سوالات یہ ہیں :-

(۱) یہ رسالہ کتنی تعداد میں شائع ہو؟

(۲) جہاں اس کی ضرورت ہو وہاں کے اصحاب کو کتنی تعداد درکار ہے؟

(۳) یہ رسالہ چونکہ مفت شائع ہوگا اسلئے اصحاب خیر اس میں کیا مدد دینگے؟ (ممکن ہو تو جلد ہی رقم بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ فراہمی میں دیر ہو تو اطلاع دیں)

بہرحال ان سوالوں کے جوابات بہت جلد آنے چاہئیں۔

تتمہ گذشتہ پرچہ میں ہم لکھ آئے ہیں کہ مشرقی صاحب جہاد کا بہت شوق ظاہر کرتے ہیں۔ چنانچہ آپ کے الفاظ نقل ہو چکے ہیں کہ :-

"ہمارا مذہب، ہمارا دین، ہمارا اسلام سپاہیانہ ہے اور دنیا کو زیر نگیں کرنا ہے جہاں کے بادشاہ ... تھے۔ بادشاہت ہمارا مذہب ہے"

(قول فیصل مورخہ ۱۵ نومبر ۳۵ء ص۳)

اہلحدیث آپ نے کئی جگہ بشہادت قرآن مجید یہ ثابت کیا ہے کہ اقوام یورپ خصوصاً انگریز اس لئے زمین کے وارث ہوئے ہیں کہ وہ عند اللہ صالحین ہیں ایسے صالح ہیں کہ ان کو فرشتے بھی سجدہ کرتے ہیں۔ (اس سے بھی بڑھ کر) مؤمن ہیں اور مفلح ہیں وغیرہ یہ سب عبارتیں مع حوالہ جات پہلے نقل ہو چکی ہیں۔ ان کا نتیجہ یا بقول اہل منطق عکس النقیض یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہندوستانی مسلمان بمقابلہ انگریزوں کے غیر صالح غیر مفلح اور غیر مؤمن ہیں۔ اس لئے سوال پیدا ہوگا کہ آپ کی یہ کوشش کہ انگریزوں سے ملک چھین کر ہم مسلمان بادشاہ بنیں قرآنی منشا کے خلاف تو نہیں ہے۔ اگر آپ سے کوئی یہ سوال کرے کہ صالحین سے ملک چھین کر غیر صالحین کے قبضہ میں دینا صریح قرآنی تعلیم اور عقل سلیم کے خلاف ہے۔ پس انگریز قوم اور دیگر اقوام یورپ کو قرآنی آیات عبادی الصالحون وغیرہ کا مصداق ماننا، پھر ان کو زیر و زبر کرنے کیلئے خاکساری فوج طیار کرنا ... ہیں یہ ... قرآنی ...

کہ ... وقت مرجع ... کے ماتحت ہے۔ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ (کیا اچھی چیز کے بدلے بری چیز لیتے ہو)۔ پس آپ صاف بتائیں کہ آپ کی کس بات کو صحیح سمجھا جائے۔ ہم سے پوچھیں تو ہم آپ کی اس قسم کی باتوں کو اس شعر کا مصداق جانتے ہیں ؎

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

(۵) پانچویں نمبر میں ہم نے لکھا تھا کہ مشرقی صاحب کی تصنیفات میں اسلاف امت کی توہین خصوصاً اور علمائے اسلام اور مفسرین قرآن کی خصوصاً کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اس کا کچھ ثبوت گذشتہ پرچہ میں دیا گیا ہے آج مزید دیا جاتا ہے۔

(ضروری نوٹ) مشرقی صاحب شوق جہاد میں مولانا اسماعیل شہید (مجاہد فی سبیل اللہ) کی تعریف بوجہ جہاد کرنے کے ہر موقع پر کیا کرتے ہیں مگر ہم دیکھتے ہیں کہ موصوف شہید ممدوح کے نقش قدم پر نہیں چلتے۔ ممدوح نے سب سے پہلی آواز شرک و بدعت کی تردید میں اٹھائی مگر اپنے معاصرین (اہل شرک و بدعت) کو گالی گلوچ اور طعن و تشنیع سے یاد نہیں کیا۔ جس کے ثبوت میں شہید ممدوح کی کتاب "تقویۃ الایمان" کافی شہادت ہے۔ برخلاف ان کے مشرقی صاحب سلف سے خلف تک کسی کو نہیں چھوڑتے۔ غالباً اپنے لقب علامہ کا ثبوت اسی میں جانتے ہیں کہ سب کو جاہل، بے دین، بدمذہب، مکذب، کافر اور فاسق وغیرہ القاب سے یاد کریں۔ علمائے اسلام جب ان کے جواب میں گالی گلوچ کی بجائے محض شکایت بھی کرتے ہیں تو آپ ان کی شکایت پر بھی ناراض ہو جاتے ہیں۔ جس پر یہ شعر کتنا بہت موزوں ہے ؎

آفت کی تاک جھانک قیامت کی شوخیاں
پھر چاہتے ہو کہ ہم سے کوئی بدگماں نہ ہو

ناظرین کرام! اس عنوان کے ماتحت ہم مشرقی صاحب کی سخت کلامی کا نمونہ دکھاتے ہیں اور ... اور ... نمونے بھی دکھائیں گے ... قسم کے ... ہیں

جماعت کو صرف ...... مصلح سمجھتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ ...... کی صلاحیت اور مصلحت ہر گز نہیں ہے ...... مشرقی صاحب چونکہ مشرقی ہیں اور سیف ہند و ستان بھی مشرق میں ہے۔ اس لئے آپ کے ہاتھ میں سیف ہند (تیغ ہندی) ہے جو عرب میں بڑی اعلیٰ درجے کی تلوار مانی گئی ہے۔ جس کی بابت عرب کا بلیغ شاعر صاحب معلقہ کہتا ہے ؎

آلیت لا ینفک کشحی بطانة
لعضب رقیق الشفرتین مھند

یہی سیف ہند مشرقی صاحب نے اپنے ہاتھ میں لیکر امت مسلمہ پر (شروع سے لیکر آج تک) سخت قاتلانہ حملہ کیا ہے۔ چنانچہ آپ نے علماء اسلام پر (سلف سے خلف تک) اسی سیف ہند کا وار یوں چلایا ہے۔ آپ کے الفاظ یہ ہیں :-

"آج وراثت زمین سے یکسر محروم کردینے کا سب سے بڑا باعث وہ طریق اجتہاد تھا جو صاحب شریعت (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کی وفات کے کچھ دیر بعد ہی اسلام میں شروع ہو گیا تھا۔ اس سمت تخیل نے جس سرد مہری، ناآشنائی، اور بے دردی سے اسلام کے آباد آشیان کو بے رونق کیا جس رعونت اور استغنا سے اُسکی خانہ براندازی کی۔ جو نقصان عظیم رفتہ رفتہ اور نامحسوس طور پر مسلمانان عالم کی عملی اور تمدنی، ذہنی اور اقتصادی زندگی کو پہنچایا، تاریخ عالم میں تخیل کی حیرت انگیز انقلاب آفرینی کی واحد مثال ہے مگر اس اہم موضوع کے مطالب دلنشین کرنے کے لئے ایک مستقل اور طول طویل بحث کی ضرورت ہے جو قرون اولیٰ کی اعتقادی اور سیاسی زندگی اور قرآن حکیم کے اجتماعی دستور العمل کے متعلق ہے۔"

(مقدمہ تذکرہ صفحہ ۹۹)

ناظرین غور فرمائیں کہ علماء مجتہدین و محدثین اور علمائے ...... دیگر علوم جن پر اہل اسلام فخر کرتے ہیں ان کی کیسی سخت توہین کی گئی ہے۔ لطف یہ ہے کہ جنہوں نے وہ ...... اسلام کا ...... درخشاں تھا

ہم مشرقی صاحب سے (بحیثیت ان کے علامہ ہونے کے) سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں ان علمائے ذیشان کی فہرست بتائیں جن کی وجہ سے (بقول آپ کے) قرب زمانہ نبوت کے سلطنت اسلامیہ کو نقصان پہنچا تھا ورنہ اقرار کریں کہ اس قسم کی ...... اور ...... آمیزی کرنا ہماری خصلت ہے۔ جیسا کہ عرب کے ایک محبوب نے اپنے محب کو جواب دیا تھا۔ ع

ما قتل المحب حرام
(محب کا قتل حرام نہیں ہے)

آپ نے علمائے سلف پر حملہ کرنے کے بعد علمائے خلف پر توجہ فرمائی ہے۔ چنانچہ آپ علمائے زمانہ کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

اتخذ تم حکم ربکم سخریا و دینکم لھوا و لعبا و بدلتموہ تو لاً و معناً وکبرتم صغائر الامور وصغرتم کبائرھا عمداً ومکراً × تومنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض × کالیھود لتخادعوا انفسکم فعلاً و عملاً فیا ایھا الذین زعمتم انکم امنتم لم تقولون بافواھکم ما لیس فی قلوبکم × فمکرتم ومکر اللہ و اللہ خیر الماکرین × وخررتم فی الدرک الاسفل من النار واتخذتم الھتکم رھبانکم والاحبار × واتخذتم اربابا لکم شیاطین الانس والاشرار × واتبعتم طواغیتکم الذین اتوکم من بین ایدیکم ومن خلفکم ومن ایمانکم وشمائلکم × فواللہ لا تفتح لکم ابواب السماء ولا تدخلون الجنة حتی یلج الجمل فی سم الخیاط × فانکم کذبتم بآیات اللہ واستکبرتم عنھا وذالک جزاء المجرمین ×

(مقدمہ تذکرہ عربی صفحہ ......)

ترجمہ: تم (علماء) نے اپنے رب کے حکم کو مذاق بنالیا اور اپنے دین کو کھیل کود اور اسے لفظوں اور معنوں میں بدل دیا۔ تم نے قصداً مکر و فریب سے چھوٹے کاموں کو بڑا بنالیا اور بڑوں کو چھوٹا۔ یہود کی طرح کتاب الٰہی کا ایک حصہ مانتے ہو اور دوسرے کا انکار کرتے ہو تاکہ عملی طور پر اپنی جانوں کو دھوکے میں رکھو۔ اے لوگو ...... کے مدعی ہو اپنے منہ سے وہ بات کیوں ...... جو تمہارے دل میں نہیں ہے تم نے ...... اور خدا نے بھی چلی۔ اللہ کی مخفی تدبیر سب سے بڑھ کر ہے تم دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں گر گئے اور تم نے اپنے مشائخ کو معبود ٹھہرالیا تم نے شیطان اور شریر لوگوں کو اپنا رب بنالیا۔ تم اپنے گمراہ پیشواؤں کی پیروی کرتے ہو جو تمہارے پاس آگے پیچھے اور دائیں بائیں سے آتے ہیں۔ پس قسم اللہ کی تمہارے واسطے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور تم ہرگز جنت میں داخل نہیں ہوگے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جائے (جو کہ ناممکن ہے) تم نے خدا کی آیتوں کی تکذیب کی اور ان سے متکبرانہ اعراض کیا اور گنہگاروں کی یہی سزا ہے۔"

مشرقی صاحب کی شیریں کلامی اور سنئے! فرماتے ہیں :-

"اگر آج مسلمان نے اپنی غفلت یا ملّا نے اپنی روٹی کی غرض سے اس اسلام پر پردے ڈال دیئے ہیں اگر بدبخت اور بدمعاش رہنماؤں نے حرکت، اتحاد، مساوات اور بادشاہت والے اسلام کو جمود، فرقہ بندی اور غلامی کے اسلام سے بدل دیا ہے تو ہم غافل اور غرضمند لوگوں کے پیچھے کیوں لگیں۔ کیوں نہ اس قرآن سے اپنا مذہب لیں جس کا ایک حرف نہیں بدلا۔ کیوں نہ اس حدیث، اس روایت، اس تاریخ کو سامنے رکھیں جو صدیوں پرانے اسلام کو صاف بتا رہی ہے۔ اسلام ہمارے نزدیک تیرہ سو پچاس برس پہلے کا بتلایا ہوا دین ہے خدا کا براہ راست آسمان سے اتارا ہوا دین ہے کسی مولوی، ملاں، مسیح، کسی مجتہد ...... کا ملایا ہوا مذہب نہیں، بڑے بڑے جبے پہن کر لوگوں کی کمائی ہوئی روٹیاں ہضم کرنے والوں کا مذہب نہیں ...... پر رکھ کر

ظفر المبین۔ (۱۳۴) ...... اعتراضات کے مدلل جواب ......

امت کی بیخ اکھاڑنے والوں کا مذہب نہیں بلکہ مذہب اسلام تاریخ کے ایک ایک ورق پر صاف لکھا ہے جس کی مرضی ہو تاریخ پڑھ کر دیکھ لے ہم فاسد ... مسلمانوں پر طاری ہے ... تاریخی اسلام پر عملاً چلنے کے ارادے سے اُٹھے ہیں جو مُلا اور مولوی گھر گھر کے باسی ٹکڑے اور چند سالن سیلے اور بدبودار کٹوروں میں کھا کھا کر اپنی مسجد کے سیلے اور بدبودار حجرے میں چھپا بیٹھا ہے، جھینوں کی میل اور جو تھیم سے بھری ہوئی مسواک سے دانت صاف کرنے کا دعویٰ کرتا ہے، میلے اور بدبودار، پسینے میں لتھڑے ہوئے اور نجس کپڑوں کو پہن کر اور مہینوں تک مردوں میں غسل نہ کر کے "پاکیزہ" اور "مقدس" بنا بیٹھا ہے ناک کے بال خدا کے گھر میں پھینک کر بیٹھے حاکم کی گستاخیاں اور بڑے گھر کو ناپاک کر رہا ہے، لیکن شرم و حیا نہیں کرتا، ہندوستان میں دنیا کے سب سے لمبے دریا ہو ہو کر اپنے جسم کی گندگی کو پانی سے صاف نہیں کرتا، اور مذہب کے بہانے بیٹھے ... کی طرح اپنی شرمگاہ کو پکڑ کر لوگوں کو دکھاتا پھرتا ہے۔"

(قول فیصل مورخہ ۱۵ نومبر ۱۹۳۵ء صفحہ ۳)

مزید گوہر افشانی سنئے! آپ فرماتے ہیں:-

"اب مجھے ایمان سے بتاؤ کہ یہ مُلا اور مولوی جس کو اپنے گھر کے بدبودار، بدن کے چیتھڑے اور مسجد کے حجرے کے سوا اپنی دیوار سے پرے ... کا حال معلوم نہیں، جس کو اپنے ڈیڑھ انسانوں کے حلقے میں عربی کا عالم" کہلانے کے لئے صرف و نحو کی ایک سو صفحے کی کتاب پڑھتے پڑھتے عمر گزر جاتی ہے اور پھر بھی ان سطروں سے آگے اس کا علم نہیں بڑھتا۔ کیا کسی ادنیٰ سے ادنیٰ معنوں میں قرآن حکیم سے دین کا بھید دریافت کر سکتا ہے کیا یہ ... خدا کی طرف سے ذہین ... جو حشر تک الحارثین استعارتاً کا حق ہے کہ قرآن ... کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھا جائے۔ کیا اس ہیچ میرز اور بد بخت شخص کو قرآن ... دین کا بھید دریافت کرنے کے لئے مقرر کیا جا سکتا ہے کیا قرآن جیسی عظیم المرتبت اور عرش عظیم پر لکھی ہوئی کتاب کو جس میں اس کائنات کی حکومت کو صحیح طور پر چلانے کا گُر لکھا ہے۔ اس نابکار کے سپرد کر دینا کہ وہ اس میں جو چاہے تصرف کرتا، جس طرح اس کو چاہے توڑے مروڑے جس کو چاہے جنت بخش دے جس کو سچے دوزخ میں دھکیلے، دنیا کی عقل و ہوش کی تاریخ میں سب سے بڑی سفاہت سب سے بڑا عقل کا اندھا پن نہیں۔ دنیا کے بڑے سے بڑے سے پگڑ باندھے ہوئے یلیلیں سے لمبی عبا اور ڈھیلے ڈھالے جبہ پہنے ہوئے مولوی سے کم از کم ایک کروڑ گنا زیادہ زمین کے باشندوں کو قرآن سے دیانت کرنے والا شخص تو غازی مصطفیٰ کمال تھا۔ جو بے چارہ دنیا دار ہو کر صرف چار برس کے اندر اندر ۳ کروڑ باشندوں کی ایک بیمار اور گری گزری سلطنت کو خطرناک شکست کے بعد شاندار فتح کی چوٹی تک قوم سے ایک پیسہ لئے بغیر پہنچا گیا۔" (الاصلاح لاہور۔ مورخہ ۱۴ جولائی ۱۹۳۹ء صفحہ ...)

ناظرین! مشرقی صاحب مصطفیٰ کمال پاشا اور امیر امان اللہ خان (سابق والی کابل) کے بہت مداح ہیں۔ ان دونوں صاحبوں نے اصل اسلام پر جو نظر مناسب کی تھی وہ ہر طالب اسلام کو معلوم ہے اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ مشرقی صاحب اگر اپنے مزعومہ مقصد میں کامیاب ہو جائیں تو اپنے ان دونوں پیشروؤں کی طرح رسوم اسلام ... کر دیں گے۔ اسی لئے ہم نے ... کو ... سے تشبیہ دی تھی جو اسلام میں ایک ... گزرا ہے ...

دوسری مثال ... مشرقی ...

صاحب کے ایک مجتہدِ صادق کی شیریں کلامی کا نمونہ پیش کرتے ہیں ملاحظہ فرمائیے:-

(نوٹ) قارئین ہدایت کو اگر ایک ... صاحب تو مشرقی صاحب بھی اس کے ایسے ہی ایک ... ہیں۔ جیسے چکڑالوی اور امرتسری نام نہاد اہل القرآن وغیرہ۔ اسی لئے مشرقی صاحب کے چھوٹے بھائی (بلاغ امرتسر) کا بیان بھی قابل شنید ہے۔ آپ اپنی شیریں کلامی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

"میر انیس نے اہلِ مظلوم کی مرثیہ نگاری میں کمال دکھایا۔ آج سخت ضرورت ہے کہ پوری قوم حرام خور ... کے اخلاق کا ماتم کرے۔ اس کے لئے مجالس عزا قائم کرے۔ اس جہنم رسی موت کے مرثیوں کے لئے اپنی زبان و قلم کو وقف کرے۔ شیخ نور دین کشمیری نے سچ کہا تھا:

"میں نے خدا اور شیطان دونوں کو ایک ہی جگہ کھڑے دیکھا۔ مسجد کے منبر پر"

مولوی کی زبان پر خدا بول رہا ہے اور دل میں شیطان چٹکیاں لے رہا ہے۔ میں نے ان لوگوں پر برسوں حسن ظن رکھ کر دیکھ لیا۔ یہ لوگ ستر ہزار ملکوتی پردوں کے اندر لپٹی ہوئی شیطنت کے مجسمے ثابت ہوئے۔ یہ لوگ ہیں روایت کا تحفظ کرتے ہیں۔ زید، عمر، فلاں ابن فلاں وغیرہ کا منکر قرار دیتے ہیں۔ لیکن ان کے اعمال اور نیتیں شیطان سے زیادہ منکر خدا ہیں۔ یہ ہیں ہمارے ... کے کھویا ... ہمارے میر کا رواں۔ جن کو دیکھ کر ... فرعون ... ہیں۔

اذ ...

"... "

(بلاغ امرتسر ۲۱ جولائی ۱۹۳۸ء)

ناظرین! یہ ہیں ... شیریں کلامی ... کے جواب میں ہم اگر اتنا ہی کہیں کہ اس ... کی شکل صورت میں ... جس ...

له ... (ایڈیٹر)

ahmadimuslim.de

نام نہاد تفسیر میں کیا [illegible] رہ گئے۔ تو ہیں اتنا کہنے سے
ہم ہرگز حلال کر جیں کہ قہر ہے یہ نہیں۔ اس لئے ایسے
لوگ علماء کو برائی کریں تو ہم ان کو معذور جانتے ہیں۔
اور علماء کرام سے عرض کرتے ہیں کہ آپ مولانا حالی مرحوم
کی نصیحت پر عمل کریں جو یہ ہے :-

کرتے ہیں منیبہ گر مذمت تیری
کرشکر کہ ثابت ہوئی عصمت تیری
پر مدح کریں جو وگر (نصیب اعدا)
رکھ یاد کہ اچھی نہیں حالت تیری

تیسری مثال | مسلمانوں کی خوش قسمتی کہئے یا بد قسمتی
ان میں جو شخص بھی مدعی اصلاح ہو کر اٹھتا ہے۔
سب سے پہلے وہ اپنی بدزبانی کا نمونہ دکھاتا ہے۔
علماء اور صلحاء کو گالیاں دیتا ہے۔ اس سے اس کی
غرض یہ ہوتی ہے کہ علمائے اسلام اگر میری تردید
کریں تو لوگ ان کی بات پر کان نہ دھریں۔ زمانہ حاضر
کے بہت بڑے مصلح اور بیغارمدعی مہدویت و مسیحیت
و کرشنیت و موعودیت و عیسویت وغیرہ حضرت مرزا
غلام احمد صاحب قادیانی بالقابہ نہایت صاف بیانی
اور دُرافشانی کرتے ہوئے علمائے اسلام کو الفاظ ذیل
میں شرف خطاب بخشتے ہیں :-

او بدذات فرقہ مولویان او یہودی خصلت
مولوو! او خدیجۃ البغایا (حوالہ [illegible])
لوگو! (رسالہ انجام آتھم وآئینہ کمالات وغیرہ)

ناظرین کرام! | ہمارا مقصد ان مذکورہ حوالجات
سے پورا ہو جاتا ہے۔ لہذا ہم مضمون کو زیادہ طوالت
دے کر آپ لوگوں کی مزید دل آزاری کرنا نہیں چاہتے
اس لئے مولانا حالی مرحوم کے ایک حکیمانہ شعر پر ختم
کرتے ہیں ؎

او مدعی کی براہ بیچ پہ ہے فخر زباں
خوبی کوئی باقی نہیں جس امت میں

(باقی آئندہ)

قادیانی جنتری

قادیان کی عظمت

خدا کرے اس سے زیادہ ہو

قادیانی جماعت بھی عجیب دل و دماغ کی مخلوق ہے۔ اپنے خلیفہ کو تو وہ کہنا ان کو ایسا آتا ہے کہ یورپ کے مسولینی کو بھی مات کر دیتے ہیں۔ ایک دفعہ الفضل قادیان نے اپنے خلیفہ صاحب کی کرامت یوں لکھی تھی کہ کشمیر کی سیر کو گئے تو ریل سے اترتے ہی سواری مل گئی۔ (جل جلالہ)

اب اس سے زیادہ معجزہ لکھا ہے۔ فرماتے ہیں :-

قادیان کی عظمت روز افزوں ہے۔ خدا کے فضل اور رحم سے اس میں ریل گاڑی بھی آگئی۔" (الفضل قادیان مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۳۹ء صفحہ [illegible])

کیا اچھا فضل ہوا کہ بقول اعلیٰ حضرت مسیح قادیان دجال کا گدھا یعنی المسیح میں جا پہنچا۔ ہمارا خیال تھا کہ قادیانی جماعت متعدد مبر اس دجالی گدھے کو روکنے کی کوشش کرے گی۔ مگر تقدیر غالب ہے آخر وہ کم بخت قادیان میں پہنچ ہی گیا۔ نہ صرف پہنچ ہی گیا بلکہ ہزاروں حواریان مسیح کو مع خلیفہ صاحب کے اپنے سینہ پر سوار کر کے بیٹھتا ہے۔ جس پر اہل مذاق کو یہ کہنے کا موقع ملتا ہے ؎

یہ کیسا خر دجال ہے کہ امت مسیح کو
بعد وفات بعد اوجھل کرانے کو پڑھی ہے

قادیان پاک لوگوں کا مقام ہے

"الفضل" بڑے فخر سے لکھتا ہے :-

قادیان جسے اللہ تعالیٰ نے عظیم الشان برکات اور نور کا سرچشمہ بنایا ہے اور جسے اپنے رسول کا تخت گاہ قرار دیا ہے اس میں کوئی ناقص الایمان رہ نہیں سکتا۔ حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) بھی فرماتے ہیں :-

"جیسے روشنی میں سیاہ دل چیز نہیں ٹھہر سکتا ایسے ہی اس مقام میں جو تجلیات خدا وندی کا مرکز ہے کوئی سیاہ دل خائن بہت مدت تک نہیں ٹھہر سکتا۔ اسی لئے فرمایا قرآن مجید میں لا یجاورونک فیہا الا قلیلا" (مورخہ ۲۵ اپریل [illegible])

(الفضل ۲۹ جولائی ۱۹۳۹ء صفحہ [illegible])

اہلحدیث | یہ اعلان پڑھ کر ہماری توجہ اس طرف گئی کہ قادیان میں سکھ لوگ بڑی تعداد میں ہیں۔ آریہ بھی ہیں، ہندو بھی ہیں۔ ہاں ہاں احرار بھی جھنڈا گاڑے بیٹھے ہیں۔ سب سے بڑھ کر مصری پاشا اور ان کے ہمراہی بھی دندناتے ہیں۔ پھر کیا یہ سارے لوگ کامل الایمان، ضبط اور برکات ہیں دیکھیں الفضل کیا جواب دیتا ہے۔

مکالمہ احمدیہ مؤلفہ مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب۔ جس میں قادیانی اور لاہوری مرزائی جماعتوں کے وہ مضامین درج ہیں جو ہر دو فریق اپنے اپنے اخباروں (پیغام صلح و الفضل) میں بابت حاضرہ نبوت مرزا شائع کرتے رہے۔ کتاب قابل دید ہے۔ قیمت ۵/

رئیس قادیان مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے عجیب و غریب حالات جو آپ کی اور کتاب میں نہیں ملتے۔ اس میں درج ہیں۔ ایک بے نظیر تصنیف ہے۔ مصنفہ مولوی ابو القاسم رفیق دلاوری صاحب۔ قیمت ہر دو حصہ [illegible]۔ ملنے کا پتہ :- منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

[illegible] کے آنحضور صلعم کی بیٹی مبارک اور [illegible] کے ذبیحہ سوانح اخلاق پر کلام۔ قیمت ۲/ منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

بے سمجھی سے حدیث پر اعتراض

اور

علماء کی محنت کی ناقدری اور اپنی ناواقفی کا اعتراف

منکر حدیث جماعت کا عموماً اور امرتسری پارٹی کا خصوصاً یہ وطیرہ ہے کہ حدیثوں پر اعتراض کرتے ہوئے دو باتوں کو مزید مدنظر رکھتے ہیں۔ ایک تو حدیث کے معنی کو بگاڑ کر عوام کو اس سے بدظن کرنا، دوسرے علماء کی نسبت بدگوئی کر کے مسلمانوں کو بددل کرنا اور مدافعت اور خدمت اسلام کے لئے صرف اپنی نمائش کرنا۔ یہ دونوں امور ان لوگوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اسلام کی خدمت جو کوئی بھی کرے اس کیلئے موجب فلاح اور نجات ہے۔ مگر دوسرے فریق کو ناکردہ گناہ کے ساتھ بدنام کرنا کسی طرح پسندیدہ بات نہیں۔ امرتسری منکرہ حدیث پارٹی کے رسالہ "البیان" میں ایک مضمون متعلق حدیث نکلا ہے۔ جس میں سارا زور لفظ مباشر پر ہے۔

اس کے متعلق علماء کی نسبت یہ بدظنی پھیلائی ہے کہ وہ ایسی حدیثیں بیان کرتے ہیں جن سے کفار کو اعتراضوں کا موقع ملتا ہے۔ اور مولوی لوگ جب جواب نہیں دے سکتے تو مخالفوں کے قتل کرنے پر عوام کو بھڑکاتے ہیں۔ (البیان بابت جون ۱۹۳۹ء)

حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ اس حدیث کو آریہ نے رسالہ رنگیلا رسول میں بڑے طمطراق سے پیش کیا تھا جس کا جواب رسالہ مقدس رسول میں ہماری طرف سے دیا جا چکا ہے۔ معترض نے اس کا تو کوئی ذکر نہیں کیا (نہ بطور تصدیق نہ بطور تکذیب) اور ناحق علماء کو کوسنا شروع کر دیا جو ان لوگوں کی عادت ہے۔ لطف یہ ہے کہ مباشر کا عربی ترجمہ نہیں کیا۔ بلکہ اردو محاورے میں ترجمہ کیا کہ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ

آنحضرت روزے کی حالت میں مجھ سے مباشرت بھی کرتے تھے۔

اس بھولے بھالے یا معاند حدیث کو یہ خبر نہیں ہوئی کہ لفظ مباشرت اردو میں کئی معنی میں آتا ہے اور عربی میں بھی کئی معنی ہیں۔ عربی میں مباشرت کا معنی صرف دو شخصوں کا جسم ملانا ہے۔ بیٹھے ہوئے ہوں یا کھڑے کھڑے معانقہ کی صورت میں مگر اردو میں اس کا معنی بیوی خاوند کا جماع کرنا ہے۔ ان دو معنوں میں بہت بڑا فرق ہے۔ میں اس اہلقرآن پارٹی سے جو اپنی زبانوں پر انا خیر کا وظیفہ رٹتے ہیں اس آیت کے معنے پوچھتا ہوں

لَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَ اَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِی الْمَسٰجِدِ ط

عورتوں سے مت مباشرت کرو جس حالت میں تم مسجدوں میں بحالت اعتکاف ہو۔

بتاؤ اس نہی کو اعتکاف فی المسجد کے ساتھ مقید کرنے سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ روزے دار روزے کی حالت میں گھر میں بیوی سے مباشرت کر لے تو جائز ہے۔ پس بتاؤ قرآن کا جو مضمون ہے وہی حدیث کا ہے یا نہیں؟ فرق اتنا ہے جو حدیث کے الفاظ صریح ہیں اور قرآن کا مضمون مفہوم مستنبط ہے۔

پس کوئی اہلقرآن آپکے سامنے یوں کہے:-

" انا اباشر زوجتی فی البیت و انا صائم "

(میں اپنی عورت سے روزے کی حالت میں گھر میں مباشرت (بمعنی عربی) کرتا ہوں)

تو آپ اس کو اجازت دینگے یا منع کرینگے۔ اگر منع کرینگے تو وہ اس کی دلیل آپ سے پوچھیگا۔ دلیل بتلانا آپ کا فرض ہوگا۔ بہتر ہے کہ ابھی سے ظاہر کر دیجئے۔ اور آئندہ کے لئے بھی ہمارا مشورہ ہے کہ اگر کوئی حدیث ایسی مشکل نظر آئے تو اس کے معنی کسی واقف کار استاد

سے پوچھ لیا کریں۔ مگر پہلے ہی بے سمجھے فیصلہ کر لوگے تو اہل علم کی نظروں میں ذلیل ہوگے۔

بریلوی مشن

بریلوی علماء کی تبلیغ

ناظرین با تمکین آج خاکسار بریلوی جلسہ کا حال آپ کی خدمت میں پہنچانا چاہتا ہے۔ جسے سن کر آپ محظوظ ہونے کے علاوہ متعجب و حیران ہونگے کہ یہ بزرگ عام لوگوں کو کس قدر اندھیرے میں رکھنا چاہتے ہیں۔ قبل از کاروائی جلسہ دو آیات قرآن کریم کی پیش کرتا ہوں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے:-

اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَ الْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَیَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِی الْكِتٰبِ اُولٰٓىٕكَ یَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَ یَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَ اَصْلَحُوْا وَ بَیَّنُوْا فَاُولٰٓىٕكَ اَتُوْبُ عَلَیْهِمْ وَ اَنَا التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ (بقرہ)

ترجمہ:- تحقیق جو لوگ چھپاتے ہیں جو کچھ کہ اوتارا ہم (اللہ) نے دلیلوں سے اور ہدایت سے پیچھے اس کے کہ بیان کیا ہم (اللہ) نے اوسکو واسطے ہدایت لوگوں کے بیچ کتاب کے یہ لوگ لعنت کرتا ہے اون کو اللہ اور لعنت کرتے ہیں لعنت کرنے والے مگر جنہوں نے توبہ کی اور نیکی کی اور بیان کیا پس یہ لوگ ہیں کہ پھرتا ہوں میں (اللہ) اوپر اون کے (ساتھ رحم کے) اور میں (اللہ) ہوں پھر آنے والا مہربان۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَ یَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِیْلًا اُولٰٓىٕكَ مَا یَاْكُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَ لَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَ لَا یُزَكِّیْهِمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ اُولٰٓىٕكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَ الْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ فَمَاۤ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ (بقرہ)

... تھوڑا ... تحقیق وہ لوگ چھپاتے ہیں جو کچھ کہ اتارا اللہ نے کتاب سے اور مول لیتے ہیں بدلے اوس کے مول تھوڑا۔ یہ لوگ نہیں کھاتے بیچ پیٹوں اپنوں کے مگر آگ۔ نہ بات کریگا اللہ تعالیٰ ان سے دن قیامت کے اور نہ پاک کریگا اللہ ان کو اور واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا۔ یہ لوگ ہیں جنہوں نے مول لیا گمراہی کو بدلے ہدایت کے اور عذاب کو بدلے بخشش کے۔ پس کیا صبر کرنے ہیں اوپر آگ کے۔

حضرات! ایک فقیر صاحب صوفی منش کمترین کے گاؤں سے کوئی ایک میل کے فاصلہ پر شمالاً سکونت رکھتے ہیں۔ یہ بزرگ ہر سال ماہ ربیع الاول کی کسی تاریخ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عرس کے نام پر جلسہ کیا کرتے ہیں اور وعظ کے لئے مولوی محمد یار صاحب آف گڑھی اختیار خان کے ساتھ ٹھیکہ کر رکھا ہے دوسرے عالم مولوی کو بلانا اور اس کا وعظ سننا گناہ کبیرہ خیال کرتے ہیں۔ اگر مولوی صاحب موصوف کی ماتحتی میں اور حسب خواہش کوئی واعظ وعظ کہے تو اسے منظور کر لیا جاتا ہے۔ ورنہ خیر۔ اسی اصول پر اس سال ربیع الاول کی ۲۷- تاریخ جمعہ کی رات کو جلسہ ہونا قرار پایا۔ میں نہیں جایا کرتا۔ اس دفعہ خیال آیا۔ تو چند آدمیوں کے ساتھ نماز مغرب پڑھ کر اور کھانا کھا کر روانہ ہوئے۔ قریب بہ عشا اوسی جگہ جا پہنچے تو عجیب تماشہ دیکھا کہ کھجور کی چھڑیوں کی چہار دیواری بنی ہوئی تھی۔ جس میں مولوی صاحب چیدہ چیدہ لوگ بیٹھے تھے۔ نقاروں کی عمدہ جوڑی بج رہی تھی اور ایک کاریگر مراثی بجا رہا تھا، اس کی آواز دور دور تک جا رہی تھی۔ پہلے سن کر ہم نے خیال کیا تھا کہ کسی دوسری جگہ یہ تماشہ ہوگا۔ ہمیں کیا خبر تھی کہ خاص مولوی صاحب کی ذات والاصفات سن رہی ہے۔ علاوہ اس کے دو شرنا ہے خوب شرناہ بجا رہے تھے۔ اچھی خاصی ہندوانہ شادی کا سماں نظر آتا تھا۔ اس پر بھی بس نہ تھا بلکہ دو بھنگی شیعہ فقیر مولوی صاحب کی خواہش پر دھمال کھیل کر انہیں خوش کر رہے تھے۔ دھمال ان بھنگی فقیروں کا ایک قسم کا ناچ ہے۔ جسے وہ عبادت جان کر کھیلتے ہیں۔ علاوہ ازیں چھڑیوں کی چہار دیواری کے باہر بھی شور و غل میں کالی مسلمان باجماعت نماز پڑھ رہے تھے۔ نہ مراثی کو حیا آتی تھی کہ نقارے بند کرے نہ مولوی صاحب کو شرم محسوس ہوتی تھی کہ اس شیطانی فعل کو تھوڑی دیر کے لئے روک دیتے۔ ہم نے دور جا کر چند آدمیوں کے ساتھ نماز پڑھی۔ مولوی صاحب کی نماز کا علم نہیں کہ کب پڑھی، روشنی کا انتظام قابل دید تھا۔ ایک برقی لمپ تھا جو رات کو دن بنا چکا تھا۔ دوسرے معمولی لمپ کافی تھے۔ لوگوں کا ہجوم کافی تھا۔ اس لئے رونی چلتے چلتے کافی رات ختم ہو گئی مولوی صاحب تو اپنے مریدوں اور نوکروں غلاموں سمیت باہر سیر کو یا بوجھ ہلکا کرنے کو باہر نکل گئے ایک اور واعظ کو ممبر پر بٹھایا گیا جو علم سے تو کورا تھا البتہ مثالیں خوب یاد کئے ہوئے تھا۔ مثال مخالف ہو یا موافق کہہ دیتا تھا۔ اور قرآن کا معنی اس طرح کرتا تھا جیسے سوامی دیانند جی مہاراج۔ مولود خوانی بھی ہوئی۔ بے ریش اور ڈاڑھی منڈے ہندوانہ شکلوں والے، تیتر باز، بے نماز مولود خوان تھے جو عشقیہ غزلیں اور مذاقیہ دوہڑے اور دل ربا کافیاں عجب انداز میں پڑھتے تھے۔ میں حیران ہوتا تھا کہ یہ وعظ اور نصیحت و ہدایت کی مجلس ہے یا ناٹک سینما اور بائیسکوپ کا تماشہ، جاہل صوفی پھڑک اٹھتے تھے کسی کا گھٹنہ، کسی کا ٹخنہ، کسی کی کلائی، کسی کا سر توڑتے تھے۔ لوگ ان رقاصوں اور ناچنے والوں سے اس قدر خائف و حراساں تھے کہ ابھی کوئی صوفی ابتدا کرتا لوگ فوراً بھاگ اٹھتے کہ نقصان نہ ہو۔ عورتوں کے ہجوم میں سے بھی ایک عورت کے رقص اور واویلا کرنے کی آواز آتی تھی۔ افسوس۔ رات کافی جا چکی تھی۔ ابھی پہلے مولوی کا وعظ ہو رہا تھا کہ صاحب دعوت نے مولوی محمد یار صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ لوگ حضور والا کا وعظ سننے آئے ہیں اور رات گزر رہی جا رہی ہے۔ مولوی صاحب نے فرمایا وعظ بند کراؤ میں آتا ہوں۔ وعظ بند ہوا۔

ادھر مولوی صاحب نے پوشاک تبدیل کی، بالوں کو کنگھی سے آراستہ کیا۔ اوس چھوٹی سی اور غیر شرعی خضاب شدہ داڑھی کو سنوارا۔ سر پر کلاہ جون کی ٹوپی رکھی۔ مع مریدان و غلامان روانہ بطرف جلسہ گاہ ہوئے وہی مولود خوانی جو پہلے ہوئی تھی ہوئی۔ پھر مولوی صاحب کا خطبہ شروع ہوا۔ جس کے چند الفاظ جو یاد رہ گئے ہیں یہ تھے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں پڑھے گئے۔ المنزہ عن ادناس البشریۃ من الاولین والطین اور یہ بھی قدوتنا و نبینا و غیاثنا و مغیثنا عوننا و عیننا و عیاننا و معیننا بعد اختتام خطبہ ایک آیات قرآن کریم تلاوت فرمائی جو یہ ہے۔ قد جاءکم من اللہ نور مبین بیان فرمایا کہ اس آیات شریفہ سے پانچ مسئلے نکلتے ہیں۔ کون آئے اور کیوں آئے اور کہاں سے آئے اور کس کے پاس آئے۔ اور کیا تھے۔ کچھ دیر تک یہی الفاظ ورد زبان رہے اور بشریت کا انکار کرتے کراتے رہے اور حاضرین بھی ان کی ہاں میں ہاں ملاتے رہے۔ اس کی تائید میں دوسری آیت پڑھی۔ لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیھم رسولا۔ صرف اسی قدر تحقیق اللہ تعالیٰ نے احسان کیا اوپر مؤمنوں کے جب بھیجا اون میں اپنا محبوب لوگو اپنا محبوب تم میں بھیجکر تم پر احسان کیا۔

یوسف زلیخا سے مانگو دیگی؟
یا رانجھا مانگو ہیر سے دیگی؟
یا لیلیٰ مانگو مجنوں سے دیگا؟
یا پنوں مانگو سسی سے دیگی؟

ہرگز نہ دیگی۔ تو یہ احسان کم ہے کہ اللہ نے اپنا محبوب بھیجا اس سے آگے لفظ من انفسھم ہے۔ یہ بالکل نہ پڑھا۔ اگر پڑھتے تو ہوائی قلعہ انکار بشریت جلدی زمین پر آ کر گر جاتا۔ جس کے لئے مولوی صاحب ساری رات مغز مارتے رہے۔ مؤمنین! حق چھپانا اسے کہتے ہیں۔ یہ ہیں اہل سنت، یہ ہیں محب انبیاء علیہم کہ اپنی منہ کی اور خواہش کو پورا کرنے کے لئے اسلام کا نقصان کر رہے ہیں اور ... آپ کو ...

مسلمان کا زوال

(مرقومہ جناب الف خان صاحب از ونیہ ضلع جہلم)

مسلمان آج جس دشوار مرحلہ سے گذر رہا ہے ایسا شائد ہی کبھی ہُوا ہو۔ ایک زمانہ تھا جبکہ مسلم جیسے سروسامان اٹھتا ہے تو دنیا میں انقلاب مچا دیتا ہے۔ جہان کو ہلا دیتا ہے۔ قیصرو کسریٰ کے ایوانوں میں زلزلہ پیدا کر دیتا ہے۔ صحرا سے اُٹھ کر جہان گیر بن جاتا ہے اور قومیں بھی عروج پر پہنچ گئی ہیں۔ مگر مسلمان جیسا کوئی ہی گرا ہوگا۔ یہ کیونکر ہُوا۔ کیا غرباء کے ہاتھوں ہُوا؟ کیا دشمنوں نے کیا؟ ہرگز نہیں! ہرگز نہیں!! تو پھر مسلم تو ہی بتا۔ تیری حکومت کو کس نے فنا کیا؟ تیری سلطنت عباسیہ کو ہمیشہ کے لئے تہ خاک کس نے کیا؟ ایک ہفتہ کے اندر اندر شام کی زمین میں سولہ لاکھ مسلمانوں کو کس نے خاک وخون میں لتھڑایا؟ بغداد میں ستر لاکھ بوڑھوں، بچوں، عورتوں اور جوانوں کے خون کی ندیاں کس نے بہادیں؟ دجلہ کے پانی کو مسلمانوں کے خون سے کس نے رنگا؟ تیری مساجد، یونیورسٹیاں اور تمام نشانِ عظمت کس نے مٹائے؟ ان کا اصلی سبب کون تھا؟ تو شاید نہ سمجھے بتا دیتا ہوں کہ یہ سب کچھ تیری فرقہ بندیوں نے کیا تجھے تیرے شیعہ سنی کے جھگڑوں نے تباہ کیا، تجھے تیری حنفی اور وہابی کی چپقلش نے برباد کیا، تجھے تیرے مقلد اور غیر مقلد کے غیر اسلامی مسائل نے دامنِ فنا میں سلا دیا، تجھے تیری اہل حدیث اور اہل قرآن کے خود ساختہ تفریق نے اجاڑا، تیری حکومتوں کا زوال شافعی اور حنفی کا مسئلہ لایا۔

فرقہ بندی کا دوسرا نام کفر اور بیدینی ہے، توحید اور ایک ہو جانے کا نام اسلام ہے۔ اپنے رب کا حکم سُن کہ فرقہ فرقہ ہونا اور آپس میں لڑنا عذاب الٰہی ہے۔ اب ہم اسی عذاب میں مبتلا ہیں۔ مسلمانو! بتاؤ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیعہ تھے یا سنی، اہل حدیث تھے یا اہل قرآن، حنفی تھے یا شافعی، حنبلی تھے یا مالکی، مقلد تھے یا غیر مقلد۔ الغرض جو بھی تم نے نام رکھے ہوئے ہیں اُن میں سے کیا تھے؟ ذرا اور نیچے اُترآؤ اور بتاؤ کہ قرونِ صالحہ میں یہ تفریق کہاں تھی اگر نہیں تھی تو اس عذاب الٰہی سے بچنے کے لئے قرآنی نسخہ (واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا) کی رسی کو مضبوط پکڑ لو اور سب مل کر ایک ہو جاؤ، تفریق چھوڑ دو تو سب کچھ حاصل ہو جاویگا۔

اہلحدیث | فرقہ بندیوں کی شکائت عموماً ہوتی ہے اور یہی کہا جاتا ہے کہ یہ نام چھوڑ دو۔ اسی کا نام اصلاح رکھا جاتا ہے۔ مگر واقعات کو ملحوظ رکھ کر اصلاح کرنا عقلمندی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اسلامی دنیا ان ناموں کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں۔ دس پانچ کا ذکر نہیں تمام حالت کا ذکر ہے۔ اس لئے جو چیز محال یا قریب محال کے ہو اس کا طلب کرنا عقلمندی نہیں ہے۔ بلکہ اس سے درگذر کر کے ممکن چیز کی طرف رُخ کرنا دانشمندی ہے۔ مصلحین کو اس امر پر غور کرنا چاہئے کہ کونین اپنی تلخی کی وجہ سے نہیں کھائی جاتی۔ بچے تو کیا جوان بھی نہیں کھا سکتے۔ تجاویز بتلا دینا پسند کرتے ہیں لیکن کھلی کونین کھانا نہیں چاہتے۔ اس لئے دوا فروشوں نے اس پر شکر چڑھا دی ہے۔ جسے ہر نفرت کنندہ بھی آسانی سے کھا سکتا ہے۔ مقصد کو لحاظ رکھنا اور الفاظ سے درگزر کرنا یہ اصلاح کا اصول ہے۔ ناموں کے علاوہ مسائل مخصوصہ چھڑوانا بھی انسانی طاقت سے باہر ہے۔ ناممکن ہے کہ اتفاق کیلئے کسی حنفی کو رفعیدین کرنے پر یا کسی شافعی کو آمین بالجہر چھوڑنے پر مجبور کیا جائے اور وہ اس مجبوری کو پسند کرے۔ اسی طرح ناممکن ہے کہ کسی سنی کو خلافت راشدہ کے حق میں ہرگز بتایا جائے یا کسی شیعہ کو قائل کیا جائے۔ یہ واقعات ہمارے سامنے ہیں جو انسانی طاقت سے باہر ہیں۔ اس لحاظ سے فرقہ بندیوں کا قصد ہونا قرین عقل ہے۔ پھر اتفاق کی کیا صورت ہے۔ وہ یہی ہے کہ ایسا نہیں سے کہا جائے کہ اپنے خیالات اور مسائل مخصوصہ کو محفوظ رکھ کر مشترک دینی مقاصد پر جمع ہو جائیں۔ کفر اسلام کا مقابلہ ہو تو شیعہ سنی کی خلیج نہ ہو۔ خلافت راشدہ ہو تو حنفی شافعی وہابی میں انتشار نہ ہو۔ بس یہ ہے ایک اتفاق کی صورت جو ممکن بھی ہے اور مفید بھی۔

اس کے علاوہ بار بار یہ کہنا کہ نام چھوڑ دو یا مسائل پر بحث چھوڑ دو۔ ان سب کے جواب میں یہی کہا گیا ہے اور ہم اس کو معقول سمجھتے ہیں ؎

درد ہے جان کے عوض ہر رگ و پے میں ساری
چارہ گر ہم نہیں ہونے کے جو درماں ہوگا

مضمون احکام درود شریف کا متروکہ حصہ

اخبار اہلحدیث ۲۸ جولائی ۸ پر میرا جو مضمون عنوان مذکور سے شائع ہُوا ہے۔ اُس کا درمیانی حصہ کاتب صاحب کی عنائت سے چھوٹ گیا ہے۔ حدیث کل کلام لایذکر اللہ فیہ الخ کا ترجمہ ندارد ہے۔ اور جو ترجمہ اس کے بعد مرقوم ہے اُس کا متن (حدیث) ندارد ہے۔ حوالہ کتاب کے بعد ان سطروں کو پڑھیے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر بولی جسکے شروع میں اللہ تعالیٰ کا ذکر اور مجھ پر درود نہ ہو وہ ہر برکت سے خالی ہے۔ اسی لئے امام شافعی نے کتاب الام میں نماز کے پہلے تشہد میں بھی درود پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ (جلاء الافہام)

لکھنے والے کی بابت | (۱) وعن ابی ھریرۃ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علی فی کتاب لم تزل الملائکۃ یستغفرون لہ مادام اسمی فی ذلک الکتاب۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط (القول البدیع ص ۱۵۹ وجلاء الافہام ص ۲۳۷ وشرف اصحاب الحدیث للخطیب) (اس حدیث کا ترجمہ اخبار میں شائع ہو چکا ہے اور اس کے بعد مضمون ...

(بقیہ مضمون از صفحہ ۶)

منکرین جگہ ہے ماں کو دیدہ و دانستہ ...
چونکہ مولوی صاحب ہی خدا ہدایت دے۔ یقیہ حصہ
واقعات کا اسی انجمن میں گزار دیا بحمول کو بھی توجہ کا
نام نہ لیا۔ توجہ سے شاید خدا واحد کا تیر ہے۔
مولوی صاحب احسان احسانی کا رٹ لگتا رہا مگر جس
لفظ سے احسان ظاہر ہوتا تھا وہ نہ بولتا تھا شبولا
انا للہ و انا الیہ راجعون۔

پھر معراج شریف کے واقعہ کی طرف رجوع فرمایا
کہنے لگے۔ جب حضور معراج کی رات آسمانوں پر
تشریف لے گئے تو ادب سے خیال فرمایا کہ جوتی اتار لوں
حکم ہوا کہ جوتی سمیت آؤ۔ کیونکہ بشریت سمٹ کر جوتی
بن گئی تھی اگر اتار ڈالتے تو واپس بالکل نہ آتے جب
بشریت نہ رہتی تو محبوب و محب مل جاتے پھر کون جدا کرتا

نوٹ:۔ یہاں بشریت کا اقرار ہے۔ معلوم نہیں
یہ لوگ کیوں ایسی بہکی بہکی باتیں کرکے لوگوں کو گمراہ
کر رہے ہیں اور نبی علیہ السلام کی کیسی بے ادبی کی
جا رہی ہے اور معراج جسمانی کا انکار کر کے دھریہ
بن رہے ہیں۔ خدا ہدایت دے۔

پھر ایک سفید جھوٹ حضرت شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ
کے سر تھوپا جو یہ ہے۔ فرمایا:۔

حضرت شبلی فرماتے ہیں کہ میں مغرب میں ہوں
اور چیونٹی مشرق میں اور وہ ایک صاف پتھر پر
چلے تو میں اس کے پاؤں کی آہٹ سن لونگا۔
جل جلالہٗ۔

میں اسی وقت اٹھا اور باہر اس جلسے سے نکلا۔ اسی
وقت مولوی صاحب نے قیام فرمایا اور کئی عربی ابیات
بھی پڑھے تھے۔ چوتھے مصرعہ میں سب لوگ شامل
ہوتے تھے تو بڑا شور ہوتا تھا۔ میں گھر چلا آیا۔ نماز
صبح گھر پڑھی۔

نوٹ۔ جلسے میں سنا گیا کہ مولوی صاحب کو جب
مرید لگ بیٹے تھے تو سجدہ کرتے تھے جو سجدہ کرتا اوسکو
سینے سے اذکیہ سے لگاتے تھے اور اوس سے خوش
ہوتے تھے جو سجدہ نہ کرتا اوس کو صرف ہاتھ دیتے تھے

اور کچھ نہ پوچھتے تھے۔

(۳) صاحب دعوت نے مولوی صاحب سے عرض
کیا تھا کہ نقارے آپ بجوا رہے ہیں اس کا میں ذمہ دار
نہ ہونگا۔ مولوی صاحب نے فرمایا بے شک میں خود
اس کا ذمہ دار ہوں۔ گذشتہ سال میں کسی نے مولوی
صاحب سے سوال بھی کیا تھا کہ آپ نقارے کیوں
بجوا رہے ہیں۔ یہ تو ناجائز ہیں فرمایا قرآن میں اس کا
ثبوت موجود ہے۔ دریافت کیا کہاں۔ فرمایا پڑھو
فاذا نقر فی الناقور۔
سبحان اللہ و بحمدہ۔

گر تو قرآن بدیں نمط خوانی
ببری رونق مسلمانی

والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔

(ابونعیم محمد عبدالرحیم قاضی شہر بہاولپور سٹیٹ)

قضاء الصوم عن المیت

(از مولانا محمد سلیمان صاحب مئوناتھ بھنجن ضلع اعظم گڈھ)

(۲)

مضمون ہذا کی پہلی قسط سابقہ پرچہ میں درج ہو چکی ہے۔ جس میں قابل مضمون نگار نے قضاء الصوم عن المیت کے جواز میں حدیث شریف من مات وعلیہ صیام صام عنہ ولیہ اور حافظ ابن قیم حافظ ابن حجر اور حضرت شاہ ولی اللہ شاہ رحمہم اللہ علیہم اجمعین کے اقوال پیش کر چکے ہیں آج کی قسط میں اپنے دعویٰ کو ایک دوسری حدیث اور دیگر اقوال سے ثابت کرتے ہیں۔

دوسری حدیث حضرت ابن عباس رض سے مروی ہے:۔

عن ابن عباس ان امرأۃ اتت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت ان امی ماتت وعلیہا صوم شہر فقال ارأیت لو کان علیہا دین اکنت تقضینہ قالت نعم قال فدین اللہ احق بالقضاء (صحیح مسلم)

ابن عباس رض سے مروی ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہا کہ میری ماں مرگئی اور اس پر ایک مہینہ کا روزہ ہے آپ نے فرمایا کہ تو بتا اگر تیری ماں پر دین ہوتا تو اس کو پورا کرتی عورت نے کہا ہاں پس آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا دین زیادہ لائق ہے پورا کرنے کے ساتھ۔"

حضرت ابن عباس رض کی یہ حدیث بھی اسی بات پر دلیل ہے کہ میت کے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا اس کے اولیاء پوری کریں۔ یہ حدیث بھی تمکن اور عدم تمکن کی دونوں صورتوں کو عام ہے۔ اگر شرعی طور پر کوئی فرق ہوتا تو سائلہ کے سوال پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ ضرور پوچھتے کہ تیری ماں کے جو روزے چھوٹ گئے ہیں وہ تمکن کی حالت میں تھے یا عدم تمکن کی حالت میں تھے؟ لیکن باوجود اس کے آپ نے عورت سے کوئی تفصیل نہیں پوچھی اور قضا کا حکم نافذ کر دیا — پس جو لوگ آیت فعدۃ من ایام اخر سے یہ ثابت کرتے ہیں کہ میت کو دوسرے ایام ملے ہی نہیں کہ قضا اس پر واجب ہو۔ جس کا منشا ظاہر ہے کہ عدم تمکن کی صورت میں اس سے وجوب ہی ساقط ہو گیا۔ حالانکہ زمانہ رخصت میں وجوب کا اسقاط دعویٰ بلادلیل ہے۔ ہاں یہاں پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم عالم الغیب تھے کہ سائلہ کے سوال سے آپ نے تمکن ہی کی صورت کو سمجھ لیا تھا؟ اس کے علاوہ کیا کوئی شخص بیتا ہے کہ وعلیہا صوم تمکن ہی کی صورت میں سوال کے لئے مخصوص ہے اور غیر تمکن کی صورت میں یہ الفاظ بولے ہی نہیں جا سکتے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ کیا عورت سائلہ کو یہ معلوم تھا کہ وعلیہا صوم سے تمکن ہی کی صورت میں سوال کیا جاتا ہے اور عدم تمکن کی صورت میں ...

نہیں کیا جا سکتا ہے

اور یہ بھی واضح رہے کہ آیت فعدۃ من ایام اخر کا حکم مریض اور مسافر کے ساتھ خاص ہے اور وجوب ادا میں رخصت ہے، وجوب ساقط نہیں ہے۔ اور جب وجوب ساقط نہیں تو جو شخص مرض یا سفر کے رخصت کے زمانہ میں انتقال کر گیا تو اس کے ذمہ سے وجوب کب ساقط ہوگیا کہ اب اس کے ذمہ کچھ نہ رہا۔ اور پھر یہ بھی لازم آتا ہے کہ مریض اور مسافر باوجود مرض اور سفر کے روزہ رکھ لیں تو ان کے ذمہ سے ساقط نہ ہو حالانکہ نہ تو اس کا کوئی قائل ہی ہے اور نہ شریعت میں اس کی کوئی نظیر ہے۔ بلکہ برعکس ثابت ہے۔

پس معلوم ہوا کہ مرض اور سفر کی حالت میں وجوب ادا میں رخصت ہے وجوب ساقط نہیں۔ اور جب زمانہ رخصت میں انتقال ہوگیا تو محض رخصت کی وجہ سے اس کے ذمہ سے وجوب ساقط نہیں ہوا اس وجہ سے اس کے اولیا کو حکم ہوا کہ وہ اس کی طرف سے روزہ ادا کریں۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سائلہ کے دل میں پہلے مسئلہ دین کو تسلیم کرایا اور اس کے بعد روزہ کی قضا کا حکم فرمایا۔ فدین اللہ احق ان یقضی۔ اس فرمان نبوی کی بھی تعمیم ظاہر ہے۔

ہاں حضرت ابن عباسؓ کی اس حدیث میں مختلف الفاظ مروی ہیں۔ سائل کبھی رجل اور کبھی امرأۃ اور کبھی صوم شہر اور کبھی صوم شہرین اور کسی روایت میں صوم نذر اور کبھی اخت اور کبھی ام۔ اس وجہ سے بعض لوگوں نے اس حدیث میں اضطراب کا دعویٰ کر دیا ہے لیکن یہ دعویٰ صحیح نہیں ہے اس لئے کہ واقعے مختلف ہیں جیسا کہ امام شوکانی نے نیل میں فرمایا ہے۔ والذی یظھر تعدد الواقعۃ۔ اور علامہ قسطلانی نے بھی ارشاد الساری میں یہ تحریر کیا۔ یحمل علی اختلاف الوقائع۔ اور حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اور امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں اسی کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور جب یہ ثابت ہو گیا کہ واقعے مختلف ہیں تو اضطراب کا دعویٰ صحیح نہیں۔ لہٰذا اس حدیث سے استدلال صحیح ہے جیسا کہ حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں تحریر فرمایا ہے "فلا یقدح فی موضع الاستدلال من الحدیث" کذا فی النیل صفحہ ۲۳۷ ج ۴۔ ہاں بعض لوگوں نے یہ بھی دعویٰ کر دیا ہے کہ حدیث عائشہ رضہ مطلق ہے اور حدیث ابن عباس رضہ مقید ہے۔ لہٰذا حدیث عائشہ رضہ کو حدیث ابن عباس رضہ پر محمول کیا جائیگا۔

پس اس کا یہی جواب دیا گیا ہے کہ واما حدیث عائشۃ فھو تقریر قاعدۃ عامۃ وقد وقعت الاشارۃ فی حدیث ابن عباس الی نحو ھذا العموم حیث قال فی آخرہ فدین اللہ احق ان یقضی (فتح الباری) اس تصریح سے معلوم ہوا کہ جس طرح حدیث عائشہ رضہ مطلق ہے۔ اسی طرح حدیث ابن عباس رضہ بھی مطلق ہے۔ پس کسی خاص صورت میں حدیث ابن عباس رضہ کو مقید کرنا دعویٰ بلا دلیل ہے

تیسری حدیث حضرت بریدہ رضہ سے مروی ہے

قال بینا انا جالس عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتتہ امرأۃ فقالت انی تصدقت علی امی بجاریۃ و انھا ماتت قال فقال وجب اجرک وردھا علیک المیراث قالت یا رسول اللہ انہ کان علیھا صوم شھر افاصوم عنھا قال صومی عنھا قالت لم تحج قط افاحج عنھا قال حجی عنھا۔ (صحیح مسلم) حضرت بریدہ رضہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک عورت آئی اور کہا کہ میں نے اپنی ماں پر ایک لونڈی کو صدقہ کیا تھا اور وہ مرگئی۔ آپ نے فرمایا کہ صدقہ کا ثواب تیرے اوپر واجب ہو چکا۔ اور اس لونڈی کو تیرے اوپر میراث نے لوٹا دیا۔ عورت نے سوال کیا کہ میری ماں پر ایک مہینہ کا روزہ ہے۔ کیا میں اس کی طرف سے روزہ رکھ دوں؟ آپ نے فرمایا رکھ دے۔ پھر سوال کیا کہ میری ماں نے کبھی حج نہیں کیا۔ تو کیا میں اس کی طرف سے حج کر دوں۔ آپ نے فرمایا تو اس کی طرف سے حج کر دے۔"

یہ حدیث بھی اس بات پر دلیل ہے کہ اگر کسی میت کا روزہ چھوٹ گیا ہو یا حج نہ کیا ہو تو اس کی طرف سے اس کے اولیا قضا کریں۔ یہ حدیث بھی تمکن اور عدم تمکن دونوں صورتوں کو عام ہے۔ اور اس حدیث میں بھی سائلہ کے سوال اور آنحضرت کے جواب پر وہی اعتراض وارد ہوتا ہے جو ابن عباسؓ کی حدیث میں ذکر ہو چکا۔ پس جو لوگ کہ میت کی طرف سے روزے کی قضا کے قائل نہیں ہیں ان کو قضاء حج سے بھی انکار کر دینا چاہئے۔ ورنہ ایک ہی حدیث سے ایک حکم کا انکار اور دوسرے حکم کا اثبات ونؤمن ببعض ونکفر ببعض کی نظیر ہے۔ اور پھر میں پوچھتا ہوں کہ مانعین قضاء صوم کی کونسی دلیل مانع ہے کہ قضاء حج میں تمکن اور عدم تمکن کی صورت نہیں ہو سکتی؟ ناظرین ان احادیث صحیحہ کے علاوہ اس باب میں چند آثار صحابہ بھی منقول ہیں۔ جن کا ذکر یہاں پر فائدہ سے خالی نہیں ہے۔

پہلا اثر ابن عمر رضہ سے موطا امام مالک میں مروی ہے۔ ان عبد اللہ بن عمر کان یسئال ھل یصوم احد عن احد او یصلی احد عن احد فیقول لا یصلی احد عن احد ولا یصوم احد عن احد حضرت ابن عمر سے سوال کئے گئے کہ کیا کوئی شخص روزہ رکھ سکتا ہے کسی کی طرف سے یا نماز پڑھ سکتا ہے کوئی شخص کسی کی طرف سے؟ تو ابن عمر رضہ نے فرمایا کہ نہ تو نماز پڑھ سکتا ہے کوئی شخص کسی کی طرف سے اور نہ روزہ رکھ سکتا ہے کوئی شخص کسی کی طرف سے۔"

دوسرا اثر ابن عباس رضہ سے نسائی میں مروی ہے عن ابن عباس قال لا یصلی احد عن احد ولا یصوم احد عن احد۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نہ تو کوئی شخص نماز پڑھے کسی کی طرف سے اور نہ کوئی شخص روزہ رکھے کسی کی طرف سے۔" ان دونوں اثر کا مضمون اور معنی ایک ہے۔ اور ائمہ مانعین کا بھی دونوں اثر محل استدلال ہے اور بظاہر یہ دونوں اثر احادیث مذکورہ بالا کے معارض ہیں۔ لیکن اس تعارض کے دفعیہ کی چند صورتیں ہیں۔

پہلی صورت یہ ہے کہ ان آثار کو حالت حیات پر محمول کر لیا جائے جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے مصفے اور مسوے میں تحریر فرمایا ہے

اور اسی طرح بعض دیگر محدثین نے بھی تحریر فرمایا ہے کہ احادیث مذکورہ بالا میت سے تعلق رکھتی ہیں پس دونوں میں کوئی تعارض نہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ احادیث صحیحہ صریحہ کے مقابلہ میں صحابہ کرام کے اقوال حجت نہیں ہیں جیسا کہ محدثین کرام اور علمائے اہلِ حدیث کا مذہب ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ خود ان دونوں صحابہ کے آثار ان کے دوسرے آثار کے خلاف مروی ہیں۔ خود ابن عمرؓ سے ترمذی میں مروی ہے۔ قال من مات وعلیه صیام شهر فلیطعم عنه مكان كل یوم مسكینًا ابن عمرؓ نے فرمایا کہ جو شخص مرگیا اور اس پر ایک مہینہ کا روزہ ہے تو اس کی طرف سے ہر دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا دیا جائے۔ امام ترمذی اور امام بیہقی نے اس روایت کو مرفوعًا روایت کیا ہے لیکن اس کے وقف کو صحیح کہا ہے اور دیگر محدثین نے بھی اس کے وقف ہی کو صحیح کہا ہے۔ اس وجہ سے ہم نے اس کو آثار عمرؓ سے شمار کیا ہے۔

اسی طرح خود ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے عن ابن عباس قال فی رجل مات وعلیه رمضان فلیطعم عنه ثلاثون مسكینًا (مسند عبد الرزاق از فتح الباری) ابن عباسؓ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو مرگیا اور اس پر رمضان کے مہینہ کا روزہ ہے۔ تو فرمایا کہ تیس مسکین کا اس کی طرف سے کھانا دیا جائے۔ ان دونوں اثر سے معلوم ہوا کہ خود ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ سے جو فتاوےٰ منقول ہیں وہ پہلے دو آثار منقولہ کے بظاہر خلاف ہیں لیکن جب ان کو حالت حیات پر محمول کر لیا جاتا ہے جیسا کہ محدثین کا خیال ہے تو کوئی مخالفت باقی نہیں رہتی۔

حضرت عائشہؓ سے بھی ایک اثر مروی ہے:۔ عن عائشة انها سئلت عن امرأة ماتت وعليها صوم قالت يطعم عنها. (فتح الباری) حضرت عائشہؓ سے سوال کیا گیا کہ ایک عورت مرگئی اور اس پر روزہ ہے تو فرمایا کہ اس کی طرف سے کھانا دیا جائے۔ حضرت عائشہؓ سے ایک اثر اسی معنی [1] ابن حنبل مروی ہے لیکن وہ بالکل ضعیف ہے۔

حنفیہ نے یہاں پر ایک اعتراض کیا ہے کہ خود ابن عباسؓ اور حضرت عائشہؓ کے فتاوے انکی روایتوں کے خلاف ہیں۔ لہٰذا راوی کی روایت کا اسکے فتویٰ کے مقابلہ میں اس کے فتویٰ کا اعتبار نہیں جیسا کہ محدثین کا مذہب ہے۔ خود علامہ ابن ترکمان حنفی نے اس کی تصریح کی ہے۔ وقد عرف من مذهب المحدثين ان العبرة لما روى الراوى لا لرأيه (الجوہر النقی ص۱۸ ج۱) آثار صحابہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ میت کی طرف سے اس کے اولیا روزوں کے عوض میں مسکین کو فدیہ دیں۔ اور یہ حکم قضاء صوم کو مانع نہیں ہے۔ جیسا کہ حافظ ابن حجرؒ وغیرہ نے تحریر فرمایا ہے۔ تمام احادیث و آثار سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ میت کے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا یا فدیہ اس کے اولیا ادا کریں۔ البتہ روزوں کی قضا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اس وجہ سے روزوں کی قضا فدیہ سے بہتر اور افضل ہے۔

(باقی آئندہ)

اہلحدیث | فاضل مضمون نگار نے قضا کے معنی پر غور نہیں کیا۔ قضا متضمن ہے وجوب الادا کو اور وجوب الادا مبنی ہے تمکن پر۔ فافہم ولا تعجب۔

مناجات

(از مولوی ابو عبد الشکور محمد داؤد صاحب شکراوی)

یارب بہار آئے اسلام کے چمن میں — پیدا ہو پھر حرارت اس محفل کہن میں
توحید کا ہو پرچم پھر کفر کے وطن میں — زمزم کی موج جاری ہوں ہند کے صحن میں

ایام ماضیہ کی پھر ہم کو جستجو ہے
فاروق پھر ہوں پیدا یارب یہ آرزو ہے

پیدا ہوں ہم میں یارب پھر مسلمؒ و بخاریؒ — سوکھے ہوئے چمن کی کردیں جو آبیاری
پھر مرد ابن حنبلؒ کی شانِ دینداری — رنگ لائے ہم میں یارب ان کی پرہیزگاری

قالب ہیں مختلف پر یک جان ہونا سیکھیں
راہِ جہادِ حق میں قربان ہونا سیکھیں

پیدا ہوں ہم میں یارب سلمان و بوعبیدا — پھر جوشِ خالدیؓ ہو اپنے دلوں میں پیدا
اسلام پر مٹیں ہم توحید پر ہوں شیدا — بدعت کو ہم مٹائیں سنت کریں ہویدا

پیدا ہو اپنے دل میں پھر جذبۂ شہادت
غازیِ ہند ابن عبدالغنی[1] کی صورت

ہیں محو خواب غفلت یارب ہمیں جگا دے — بھٹکے ہوئے دلوں میں اک لو نئی لگا دے
جتنی خرابیاں ہیں یارب انہیں مٹا دے — جس میں کہ تجھ کو پائیں وہ راستہ بتا دے

ملت کی لاج رکھ لے اتنا ہی مدعا ہے
در پر ترے خدایا یہ راز کی دعا ہے

[1] مولانا شاہ اسماعیل صاحب شہیدؒ

ابطال روالکمال۔ [illegible] صفحات نمبر (۸۰۲) کی جگہ [illegible]

فتاوی

تعاقب ۱۹ مئی کے اخبار اہلحدیث میں جو سوال ۱۳۳ درج ہے اس کی اصل صورت یہ ہے۔

زید کے دادا کی دو بیویاں تھیں۔ ایک کے دو بیٹے ہیں جن میں سے ایک زید کا باپ ہے اور دوسرا اس کا چچا۔ یعنی ماخذی پدری اور دوسری بیوی سے ایک بیٹا ہے جو زید کا سوتیلا چچا ہے۔ جن باقی سوال بدستور یعنی زید کا باپ اور چچا ایک ماں کے بطن سے ہیں۔ اور ایک ماں کا ایک ہی بیٹا ہے جو زید کے باپ اور چچے کا سوتیلا بھائی ہے۔ ۱۹ مئی کے سوال ۱۳۳ اور جون کے خط کو ملانے سے ذیل کی صورت حاصل ہوگی۔

مسئلہ ۱۲ زید

زوجہ	ام	اب	عم عینی	عم — علاتی
۳	۴	۵	م	م

ربع بیوی کو یعنی چوتھا حصہ اور ثلث ماں کو یعنی تیسرا حصہ باقی سب ماں باپ کو اس لئے کہ باپ عصبہ ہے اور چچے دونوں عینی اور علاتی محجوم ہیں۔ اس لئے کہ باپ کی موجودگی میں ان کا کوئی حق نہیں ہے۔ فقط

(علم الدین حافظ آبادی)

مفتی جواب اس سوال کا ٹھیک ہے۔ پہلا سوال مندرجہ اہلحدیث ۱۹ مئی اس سے الگ ہے۔

س ۲۱۲ } ایک شہر میں [illegible] مسجدیں ہیں۔ جن کے [illegible] [illegible] ہیں اور [illegible] وہ [illegible] دن کی [illegible]۔ اسی شہر میں دو تین اور مسجدیں بھی آباد ہیں۔ [illegible] حالت میں ہونے کے [illegible] [illegible] کرایہ وغیرہ کی [illegible] مسجد کے [illegible] اخراجات کے علاوہ کچھ بچت بھی ہو رہی ہے۔ [illegible] ان آباد مسجدوں کی آمدنی کی بچت سے کیا [illegible] والی مسجدوں کی [illegible] وغیرہ کرانی جائز ہیں یا نہیں (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۲۱۲ } جن مسجدوں کی آمدنی سے بچت ہوتی ہے بشرطیکہ ان مسجدوں کے وقف کرنے والوں یا بانیان کی طرف سے ان کے مصرف کے متعلق کوئی خاص ہدایت نہیں ہے جو دوسری جگہ خرچ سے مانع ہو تو دوسری مسجد پر خرچ کرنا جائز ہے۔ بحکم ان المساجد للہ سب مسجدیں خدا کی ہیں۔

س ۲۱۳ } ایک مسجد ویرانی کی حالت میں تھی وہاں ایک مسلمان نے اس مسجد کی جگہ پر ایک مکان بنادیا اور اس میں دوکان وغیرہ جاری کی۔ اور دوکان کے کرایہ کی آمدنی سے اس نے اسی دکان کے اوپر ماڑی بنا کر مسجد بنائی ہے وہ آج کل آباد ہے۔ اور نیچے والی دکان کے کرایہ سے پیش امام مسجد کو تنخواہ دی جاتی ہے۔ اب سوال ہے کہ مسجد والی زمین میں ایسی دوکان بنانا اور اوپر مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں

ج ۲۱۳ } جس زمین پر بصورت مسجد سجدہ ہو جائے۔ پھر اس کو کسی دوسرے مصرف میں لانا جائز نہیں واللہ اعلم! ان المساجد للہ۔ سب مسجدیں خدا کی ہیں۔

س ۲۱۴ } زید نے عمر کے ہاتھ مبلغ پانسو روپیہ بابت تجارت دیدیا۔ آپس میں یہ شرط قرار پائی کہ نفع میں سے زید فی روپیہ چھ آنے اور عمر جو کارکن ہے فی روپیہ دس آنے لے اور نقصان میں برابر شریک رہیں۔ زید یہ بھی جانتا ہے کہ عمر کا کاروبار کا روپیہ بنک میں جمع رہتا ہے۔ لہذا عمر نے زید سے مبلغ مذکور حاصل کرتے ہی بنک میں داخل کیا تاکہ وقت پر رقم برآمد کر کے تجارت پر لگا سکے چونکہ بنک دیوالیہ ہو گیا براہ مہربانی بالبینت والزبر جواب عنایت فرمایا جائے کہ کیا روپیہ کے نقصان میں بھی زید و عمر برابر شریک ہیں [illegible] یاد رہے کہ عمر بصورت رقم بنک میں رکھنے پر مجبور تھا۔ (ملک امیر [illegible] [illegible])

ج ۲۱۴ } صورت مسئولہ میں عمر نے صاحب مال کی منشاء کے خلاف [illegible] کیا ہے اس لئے وہ ذمہ دار ہے۔ تمام مال اس کو دینا ہوگا۔ صاحب مال اس نقصان میں شریک نہیں واللہ اعلم

س ۲۱۵ } جب بچہ یعنی اٹھرا میں ہووے تو بعض سیانے اس کا علاج اس طرح [illegible] کرتے ہیں کہ سات درختوں کے پتے [illegible] اور سات کنوؤں کا پانی پھر پڑھ کر اس پر دم کرتے ہیں کیا یہ علاج شرعاً کرانا جائز ہے؟ (شیخ محمد ظہور الحق خریدار اہلحدیث)

ج ۲۱۵ } مدار جواب دم کرنے والے الفاظ پر ہے اگر الفاظ شرکیہ ہیں تو ناجائز ہے۔

نوٹ فتاوی اسی قدر تھے۔

عرس ہائے قبور

افراد اہل حدیث بحیثیت مذہب بہت سے فرائض لیکر اٹھے تھے ان سب میں سستی ہو گئی ہے تاہم درد بھرے دل سے آج کہنا چاہتا ہوں کہ سردست افراد اہل حدیث ایک کام اپنے ذمے لے لیں وہ یہ ہے کہ قبروں پر جو عرس ہوتے ہیں ان کی اصلاح پر کمربستہ ہو جائیں۔ جہاں جہاں بڑے عرس ہوتے ہیں وہاں کے گرد و نواح کے اہل توحید اپنا فرض سمجھیں۔ ایک جماعت کی حیثیت میں وہاں پہنچ کر تحریری اور تقریری تبلیغ کریں۔ دفتر اہلحدیث نے عرسوں کے متعلق نظم و نثر کے اشتہار شائع کئے تھے وہ منگا لیا کریں۔ مالی حیثیت ہو تو ان کو زیادہ تعداد میں چھپوا کر ہر سال تقسیم کریں عجیب معاملہ ہے کہ اہل قبور تو قبروں پر مال خرچ کریں، اوقات ضائع کریں اور ایمان کا خاتمہ کریں مگر اہل توحید توحید و سنت کی اشاعت میں نہ پیسہ دیں نہ وقت۔ اس آیت پر غور کریں۔ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ (العنکبوت)

(کیا لوگوں نے سمجھ رکھا ہے کہ لا الہ الا اللہ پڑھتے ہوئے قبر میں چلے جائیں گے اور ان کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی ہم نے پہلے لوگوں کو بھی ذمہ دار بنایا تھا پھر سچوں اور جھوٹوں کو جدا کر دیا تھا)

پس اہل توحید اصحاب اس کام کو اپنے ہاتھ میں لیں اکیلے یا جمع ہو کر عرض کربستہ ہو جائیں۔ اور اس کربستگی پر خدا سے دعا کریں۔ سے

ہند کو اس طرح توحید سے بھر دے اے شاہ
کہ نہ آئے کوئی آواز جز [illegible]

ahmadimuslim.de

متفرقات

معاونین اہل حدیث توجہ فرمائیں | اخبار اہلحدیث

باوجود ہر قسم کے نشیب و فراز دیکھتا ہوا بمقصد دینی خدمت سرانجام دے رہا ہے اور آیندہ بھی دیتا رہیگا۔ انشاء اللہ معاونین کرام کو بھی اس کی امداد سے دریغ نہ کرنا چاہئے، جس کی صورت صرف یہی ہے کہ اس کی اشاعت میں ترقی دیں۔ اگر ہر خریدار سال بھر میں کم از کم ایک ایک نیا خریدار بناتا رہے تو اس کی اشاعت میں کبھی کمی نہیں آسکتی۔

غریب فنڈ | میں عرصے سے کوئی رقم نہیں آئی۔ نئے داخلے بند ہیں۔ مگر پہلے سائلین کے نام بھی تو اخبار جاری ہی ہوتا ہے۔ ان کو بھی داخلے ارسال کئے بہت عرصہ گزر گیا ہے۔ کئی دفعہ اخبار کے اجراء کے لئے خط و کتابت بھی کر چکے ہیں۔ اصحاب خیر و دیگر اہل ہمت حضرات کی امداد کے بھروسے پر یہ فنڈ جاری کیا گیا تھا۔ کئی نادار و مفلس شائقین اہلحدیث اس سے فیض یاب ہوئے۔ مگر اب کچھ عرصہ سے اس فنڈ کی آمد بند ہے۔ آمد ۔۔ از فتوی فنڈ ۴ر

اہل حدیث کانفرنس | کے متعلق چندماہ سے مضامین اور تجاویز تو بکثرت شائع ہو چکی ہیں۔ مگر اصل چیز (جس کے نہ ہونے سے سارا کام رکا پڑا ہے) کی طرف کسی صاحب نے توجہ نہیں فرمائی۔ محض خیالات و تجاویز سے مہمات سرانجام نہیں ہو سکتیں۔ اس لئے آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے معاونین کرام و دیگر ہمدرد حضرات کو اس کے خزانہ کو پر کرنے کی طرف توجہ فرمانی چاہئے۔ جس قدر کسی سے ہمت ہو اسی قدر حصہ لے

اشاعت فنڈ | میں از مولوی کریم بخش صاحب امرتسری ۲ر اس فنڈ کے لئے بھی شائقین تبلیغ توحید و سنت کو خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے۔ خاصکر آج کل جو تحریک خاکساری کا سلسلہ بصورت رسالہ شائع کر رہا ہے۔ امداد کی بہت ضرورت ہے۔

بہ صنفانہ قلم [illegible] کے متعلق کسی صاحب نے [illegible] بھی [illegible] کر بھیجے گریٹ اخباری اشاعت [illegible] کو تیز [illegible]

ناظرین کو خوشخبری

اخبار ہذا کے صفحہ ۸ پر بعض کتب کے متعلق

رعایتی اعلان

شائع ہو رہا ہے۔ امید ہے ناظرین اس سے مفید فائدہ حاصل کرینگے۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

ناظرین غور فرمائیں

جن خریداروں کی قیمت ماہ اگست میں ختم ہے۔ ان کے نمبر خریداری "اہلحدیث" ۲۸۔ جولائی ۱۹۳۹ء میں شائع کئے جا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ یکم اگست کو مطبوعہ چٹھی بھی سب خریداروں کو ارسال کی گئی ہے۔

اس لئے اب وی پی کے ناحق خرچ یا نقصان سے بچانے سے بہتر صورت یہی ہے کہ قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ہی ارسال کر دیں۔ اگر خریداری سے ہی انکار ہو۔ یا مہلت درکار ہو تو بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں تاکہ وی پی نہ بھیجا جاوے۔

مہلت ختم | جن خریداروں کی مہلت ہی ماہ اگست میں ختم ہے ان کی طرف سے اگر قیمت اخبار وصول نہ ہوئی تو یکم ستمبر سے اخبار بند کر دیا جائیگا۔ دفتر کی طرف سے ان کے لئے جو سہولت ممکن تھی کر دی گئی ہے۔ اب آپ حضرات کا فرض ہے کہ دفتر سے بھی بہتر سلوک کریں)

نیازمند۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

رحمۃ اللعالمین و رسول پاک | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح پاک جس رنگ میں ہو مفید ہے۔ مولانا شبلی مرحوم کی سیرت بوجہ تحقیقی ہونے کے اہل علم کے لئے ہے۔ مولانا قاضی سلیمان مرحوم کی کتاب رحمۃ اللعالمین متوسطین کے لئے بہت مفید ہے۔ رسول پاک نام کی کتاب بچوں کے لئے مفید تر ہے رحمۃ اللعالمین دو جلدوں [illegible] چھپ کر شائع شدہ ہے مگر جامعہ ملیہ دہلی نے نفیس چھپا کر شائع کی ہے۔ قیمت مجلد ۳ رسول پاک ۸ر
پتہ:- مکتبہ جامعہ ملیہ دہلی

تلاش عزیز | میرا عزیز مولوی محمد علی جس کا دوسرا نام مولوی علم الدین ہے عمر پچیس سال رنگ گورا۔ جسم نوجوان (پہلوان) رخسار پر ایک موکا۔ مختلف مدارس میں پڑھتا پھرتا ہے۔ اب وہ سال سے لاپتہ ہے۔ جس صاحب کو موصوف کا پتہ ہو وہ ضرور مجھے اطلاع دیں۔ میں اس کا ممنون و مشکور ہونگا۔ کسی خاص ضرورت کے لئے ان کا گھر آنا سخت ضروری ہے

(چودہری محمد دین بھوجیاں ضلع امرتسر)

نامہ نگار یاد رکھیں | اہلحدیث چاہتا ہے کہ میرے نامہ نگار مضمون نویسی سیکھیں۔ اس لئے ان کی تحریر کو ہرحال میں شائع کرنے کا پابند نہیں۔ بلکہ اس کی اصلاح (اگر ممکن ہو سکے) کر کے درج کرتا ہے۔ اصلاح نہ ہو سکے تو غیر مقبول کر دیتا ہے۔ نامہ نگار صاحبان مندرجہ ذیل امور کا لحاظ رکھا کریں۔

(۱) مضمون صاف شستہ زبان میں بغیر دل آزاری کے ہو
(۲) طول طویل نہ ہو بلکہ عاقل و دلیل کے ماتحت ہو۔
(۳) مضمون ایسا ہو کہ ناظر خود اس سے مطلب سمجھ لے وغیرہ۔
(۴) مضمون خوشخط پختہ روشنائی سے کاغذ کے صرف ایک طرف لکھا جائے۔

جواب طلب امور | کے لئے ہمیشہ جوابی کارڈ یا جوابی لفافہ ضرور آنا چاہئے۔ ورنہ عدم جواب کی شکایت معاف۔

مضامین آمدہ | کرم الٰہی صاحب۔ محمد سلیمان صاحب

غیر مقبولہ | سلفت از محمد خلف [illegible] قادیانی کا مذہب

خط و کتابت | کرنے والے حضرات [illegible] نمبر خریداری ضرور لکھا کریں [illegible] (منیجر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

اہالی امرتسر کی ایک شدید تکلیف

قابل توجہ گورنر بہادر پنجاب

امرتسر کے قلعہ گوبند گڑھ کے میدان میں بارش کا پانی اس کثرت سے جمع رہتا ہے گویا وہ ایک جھیل بن جاتا ہے۔ اس کے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔ وہیں پڑا سڑتا رہتا ہے۔ جس کی بدبو سے اہل شہر کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔ شہر کے ارد گرد جو آبادیاں بن چکی ہیں ان کی صحت پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔ گورنمنٹ اس امر کی تحقیق کرنا چاہے تو بالکل آسان ہے۔ کسی افسر کو بھیجدے جو لاہوری دروازہ کے باغ میں کھڑا ہو کر معائنہ کرے تو ہمارے بیان کی پوری تصدیق ہو جائیگی قلعہ کا میدان بلدیہ امرتسر کے ماتحت نہیں ہے بلکہ اس کے حدود اختیار سے باہر ہے۔ یقیناً ہماری بلدیہ اگر فرض شناس ہوتی تو خود بخود گورنمنٹ کو اس تکلیف پر توجہ دلاتی نہ صرف توجہ دلاتی بلکہ کام کی تکمیل کرا کر چھوڑتی۔ قلعہ گوبند گڑھ مع میدان کے غالباً گورنر بہادر کے بھی ماتحت نہیں ہے بلکہ فوجی انتظام میں ہے۔ لیکن گورنر بہادر اگر اہل شہر کی حالت پر نظر عنایت کر کے پر زور سفارش کریں تو ہماری تکلیف بہت جلد رفع ہو سکتی ہے۔ اس کام پر کچھ زیادہ خرچ بھی نہیں آئیگا۔ شہر کا گندہ پانی [illegible] نکالا جائے [illegible] ہے۔ [illegible] لاہوری [illegible] [illegible]

نقل مطابق [illegible] پانی [illegible] جس سے [illegible] شہر میں بیماری پھیلنے کا اندیشہ [illegible] اس [illegible] کی تلافی بہت [illegible] [illegible]

بمبئی میں بندش شراب

اور

قرآن کا اعجازی اثر

آج کل اخباروں میں یہ خبر گشت لگا رہی ہے کہ صوبہ بمبئی کی کانگرس حکومت نے آزمائشی طور پر بمبئی میں یکم اگست سے شراب کی فروخت بند کر دی ہے (بہت اچھا کیا) خدا کرے دوسرے صوبوں کی حکومتیں بھی اس کی پیروی کریں۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ تحریک کس طاقت کے ساتھ بند کی گئی ہے۔ شہر کی پولیس کے علاوہ بیرونی علاقہ سے بھی پولیس منگوا کر سخت انتظام کیا گیا کہ شورش نہ ہو۔ تاہم شورش ہوئی۔ اس کے مقابلہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ عرب کے لوگ شراب نوشی کے کتنے عادی تھے مولانا حالی مرحوم نے اس کا نقشہ یوں دکھایا ہے۔

> [illegible] کی دن رات تھی دل لگی تھی
> شراب ان کی گھٹی میں گویا پڑی تھی

ایسے ملک میں پیغمبر اسلام فداہ امی و ابی کا حکم ان لفظوں میں سناتے ہیں۔ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ (کیا اب لوگو شراب نوشی سے باز آ جاؤ) اس حکم کے اجرا کے لئے کسی پولیس کی ضرورت نہیں ہوئی [illegible] ہوئی۔ بلکہ لوگوں پر خود بخود ایسا حکم کا اثر ہوتا ہے۔

ایسے لوگ جن کا یہ قول تھا۔

> [illegible] شراب اگر [illegible] سامنے ہو جائے

یہی لوگ شراب کے [illegible] [illegible] ہیں اور مدینہ کی گلیوں میں شراب [illegible] [illegible]

[illegible] کا پانی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

افغانہ سرحد

[illegible] مالک یورپ اور چین ہم سے بہت دور ہیں ممکن ہے کہ اس دوری کی وجہ سے وہاں کے صحیح حالات ہم تک نہ پہنچتے ہوں۔ افسوس یہ ہے کہ وزیرستان وغیرہ جو ہمارے ملک کی سرحد پر ہیں وہاں کے حالات بھی [illegible] کی وجہ سے ہمارے لئے پریشان کن ثابت ہو رہے ہیں۔ دو سال سے زیادہ عرصہ گذر گیا ہے۔ وزیرستان کی لڑائی ختم ہونے میں نہیں آتی۔ ہندوستانی خزانہ کا کروڑہا روپیہ خرچ ہو چکا ہے اور ہنوز روز اول ہے بلکہ روزانہ شدت بڑھتی جا رہی ہے۔ آئے دن ڈکیتی اور قتل و خون ریزی کی خبریں آتی ہیں۔ چار اگست کی خبر ہے کہ بنوں کے نزدیک ڈیڑھ سو کے قریب قبائلی لوگوں نے ایک گاؤں پر چھاپہ مارا۔ اور گولیاں چلا کر گاؤں والوں کو خوف زدہ کر دیا۔ مال لوٹ کر لے گئے مکان جلا دیئے اور چند آدمیوں کو قتل بھی کر گئے۔

ہم ہمیشہ سے کہتے ہیں کہ ضلع بنوں ایک سرحدی علاقہ ہے جو پولیس اور فوج کے ذریعہ بالکل محفوظ ہے۔ پھر آئے دن ایسے واقعے کیوں ہوتے ہیں [illegible] ہے یا [illegible] ہے ایک سرپرستانہ [illegible] سے ظاہر کرتے آئے ہیں مگر ہماری گورنمنٹ اس پر توجہ نہیں کرتی وہ یہ ہے (جسے ہم ہندوستان کے لئے بہتری سمجھتے ہیں) کہ سرحدی علاقہ جتنا پہاڑوں [illegible] [illegible] سارے علاقہ کو انگریزی حکومت چھوڑ دے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

مرکز منتقل کر دیا جائے جو ہندوستانی رئیسوں کی طرح حکومت کرے۔ غرض یہ کہ حکومت برطانیہ سے الگ ہو جائے۔ ایسا کرنے سے اس کو کیا جانی پر طرح کا فائدہ ہوگا۔ آسٹریلیا جو فوج اور روپیہ ضائع ہوتا ہے۔ وہ اصلی دشمن کے مقابلے میں کام آئیگا ساری تکلیف گورنمنٹ کی غلط پالیسی (پیش قدمی) کے نتیجہ میں پیدا ہوئی ہے جس کا کافی نقصان بھگتا جا چکا ہے۔ کیا گورنمنٹ ہماری گزارش پر توجہ کریگی؟

رموز مملکت خویش خسرواں دانند

حکومت برطانیہ کی چاروں طرف سے مخالفت

زمانہ بر سر جنگ است یا خدا مدد دے

کسی انسان کے تعلقات جتنے زیادہ ہونگے اس کو اتنی ہی زیادہ تکلیف بھی ہوگی اور جتنے کم ہونگے اتنی ہی تکلیف بھی کم ہوگی۔ چنانچہ ایک متاہل کو جو مشکلات پیش آتی ہیں مجرد ان سے محفوظ رہتا ہے۔ اسی معنی میں کہا گیا ہے۔

مجرد سب سے اعلیٰ ہے نہ جورو ہے نہ سالا ہے

گورنمنٹ برطانیہ کا دامن چونکہ بہت وسیع ہے اسلئے قانون قدرت کے ماتحت اس کو تکلیف بھی زیادہ ہونا لازمی ہے۔ اس کا فرض ہے کہ وہ اس تکلیف کو دور کرنے کے لئے دنیا کے مصلح اعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے فرمان واجب الاذعان کو ملحوظ رکھا کرے جو یہ ہے

من اجتنی بلیتین فلیختر اھونھما

کہ کوئی دو بلاؤں (مصیبتوں) میں گھر جائے وہ ان میں سے آسان کو اختیار کر لے۔

گورنمنٹ برطانیہ کی حالت پر نظر کی جائے تو اس وقت وہ ایک ایسے گرداب میں مبتلا ہے جس سے اسکو نکلنے کے لئے بہت ... تدبیر ... کی ضرورت ہے۔ یورپ میں اس کا ایک ... ہے۔ چین کے علاوہ ... فلسطین ... قتل و غارت کا سلسلہ جاری ...

وزیرستان کا جھگڑا ختم ہونے میں نہیں آتا۔ اب یہاں تک خبریں آنے لگی ہیں کہ خود انگلستان بلکہ عین دار الحکومت لندن میں ایک مخالف پارٹی پیدا ہو گئی ہے جو ہوائی جہازوں اور کارخانوں کو تباہ کرنیکا پروگرام بنا چکی ہے اور ایوان پارلیمنٹ کو اڑا دینے کی سکیم تیار کر چکی ہے۔ گو پولیس نے ان لوگوں کا سراغ لگا لیا ہے لیکن تابکے؟ دنیا کی تاریخ بتاتی ہے کہ اس قسم کی سوسائٹیاں فنا نہیں ہوا کرتیں بلکہ جتنا ان کو دبایا جائے اتنا ہی زیادہ ابھرتی ہیں۔ اس لئے گورنمنٹ برطانیہ کو چاہئے کہ اپنی پہلی روش میں تبدیلی کرے۔ اس وقت ہم دیکھتے ہیں کہ گورنمنٹ برطانیہ کسی قوم کو اپنے ساتھ نہیں رکھتی۔ اقوام یورپ تو بالکل اس سے جدا ہیں۔ اقوام ایشیا بھی راضی نہیں ہیں خود ہندوستانی رعایا بھی بزبان کانگرس جو کچھ کہہ رہی ہے وہ اس کو معلوم ہے۔ یہ سب تکلیف انگریزی حکومت کی اپنی روش کا نتیجہ ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

اسی باعث تو قتل عاشقاں سے منع کرتے تھے
اکیلے پھر رہے ہو یوسف بے کارواں ہو کر

لکھنؤ میں تبرا ایجی ٹیشن

مشرقی صاحب لیڈر خاکساران

خدا جانے کس منحوس دن یہ تبرا ایجی ٹیشن جاری ہوا تھا کہ ختم ہونے میں نہیں آتا۔ مسلم لیگ چاہے کہتے رہیں کہ اس تحریک میں کانگرسی حکومت کا ہاتھ ہے مگر جہاں تک واقعات قرآن کی روشنی میں ہے کہ خود مسلم لیگ ابھی تک مرد دار رہے جو خاموش بیٹھی تماشا دیکھ رہی ہے۔ اب آخر میں خاکسار تحریک کا لیڈر اس تحریک میں دخیل ہوا ہے۔ ۱۰ اگست کے پرچہ الاصلاح میں اس نے اپنے ماتحت افسروں کو مطلع کر دیا ہے کہ علاوہ لکھنؤ کے ایک ہزار خاکسار سپاہی ۱۱ اگست کو حکم کے منتظر رہیں اور صوبہ سرحد و پنجاب کے خاکسار لاہور سے جا کر ... کو روکیں ... حملہ کرنا چاہے فریق ثانی خاکساروں پر ... اور ہندوستان کے ... لکھنؤ پہنچ جائیں اور ۱۱ اگست کو حکم ملتے ہی اسکی تعمیل کریں۔

۱۱ اگست کی تاریخ گزر چکی ہے۔ اس روز کیا ہوگا؟

ہمارا خیال ہے ... اس روز یہ جانباز سپاہی ٹولیاں بنا کر امین الدولہ پارک لکھنؤ میں جنگ شیعہ ... گشت کرینگے ... کہ اب شیعو! حسنین کے نام پر یہ کام چھوڑ دو اور خاتون جنت کی خاطر اسی قربانی کرو۔ اگر ... تو ... اس کے آگے لیٹ بھی جائینگے۔ اگر اس سے چھوڑ کر بیٹھے تو خود بھی گرفتار ہونگے۔ اسی کا نام انکی اصطلاح میں جہاد ہے۔ اسی کام کے لئے جانبازوں کی ضرورت ہے۔ اس سے تو اصلاح کی بجائے مزید فساد کا اندیشہ ہے۔

(نوٹ) ان سطور کی سیاہی ابھی خشک بھی نہ ہوئی تھی کہ اخبار پرتاپ ۱۰ اگست میں یہ خبر دیکھنے میں آئی کہ انبالہ شہر میں مقامی خاکساروں نے شیعہ جتھوں کو جو تبرا بازی کیلئے لکھنؤ جاتے ہیں زبردستی روکنا شروع کر دیا ہے جس سے فساد ہونے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے اور افسروں نے شہر میں مسلح پولیس بھیجدی ہے جو مختلف مقامات پر متعین ہے۔ اسکے ساتھ ہی لاہور کے شیعہ اخبار پر بھی نظر پڑی جس میں مشرقی صاحب کے مذکورہ اعلان کے متعلق اظہار رائے ان الفاظ میں کیا گیا ہے:-

"خاکساروں کے قائد اعظم مشرقی صاحب نے آج تک کئی ایک اعلانات شائع کئے ہیں۔ کبھی سنی اور شیعہ لیڈروں کو قتل کی دھمکی دی ہے۔ کبھی یہ اعلان کیا ہے کہ میں خاکساروں کو حکم دیتا ہوں کہ وہ فلاں تاریخ تک ہر دو فریق میں مصالحت کرا دیں۔ لیکن اس قسم کے جب متعدد اعلانات شائع ہو کر بے اثر ثابت ہوئے اور ان کا پبلک پر ... اثر نہ ہوا تو آپ نے ۱۰ اگست کے الاصلاح میں یہ اعلان کیا ہے کہ ... اپنے خاکسار سپاہیوں کی مدد سے شیعہ جتھوں کو ... جانے سے ... اس ... کے متعلق شیعوں ... چاہئے ..."

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لایف اینشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی قائم شدہ ۱۸۷۴ء

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری یا اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۸۰۷)

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور قوانین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہو لے۔ چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ صفحات ۲۴۰ کے ۲۵۶ صفحات۔

قیمت بجائے ۱۲ کے ۸ روپئے

پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل ! ۲۴

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم ومحشی اُردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ ساٹھ روپے

فی جلد ۱۵

ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے۔

پتہ:۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

جلد مفت منگالو

رسالہ تندرستی اور جوانمردی کے راز

اس رسالے میں ہر قسم کے بارہا کے مجرب اور اکسیر نسخہ جات درج ہیں۔ اس کے پڑھنے سے فائدہ کثیر ہوگا۔ صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب کریں۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی خزانہ گیٹ۔ کوچہ بنگالاں۔ امرتسر

ویدارتھ پرکاش ترک ویدک تہذیب

(مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب بٹالوی)

اس میں پنڈت صاحب نے وید منتروں کے حوالے دیکر ویدوں کو غیر الہامی ثابت کیا ہے۔ نیز ویدک تہذیب کو اخلاق کے خلاف بدلائل ثابت کیا ہے۔

اصل قیمت ۱۲ رعایتی قیمت ۵ محصول ڈاک علیحدہ

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

مومیائی ۳ء

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے۔۔۔۔ کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھالینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی ہے ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک ۱۲؎۔ آدھ پاؤ ۳؎۔ پاؤ بھر ۶؎ مع محصول ڈاک۔ (۶۰۸)
ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالیٔ برہما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب مولوی ابو الوفا ثناء اللہ صاحب سندرپوری "قبل ازیں مومیائی ایک مرتبہ منگا چکا ہوں بفضل ایزدی تحریر سے باہر فائدہ ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ مومیائی ایک نعمت غیر مترقبہ ہے بہت خوش نصیب اور بابخت ہے جس نے استعمال کی۔ ایک چھٹانک نوازی میاں کے نام ارسال فرمائیں" (۲۰۔ مئی ۱۹۳۹ء)

جناب حکیم محمد بشیر الدین صاحب پٹنہ۔ ایک چھٹانک مومیائی بذریعہ وی پی روانہ فرماکر مشکور فرمائیں۔ میرے مطب میں یہ بالعموم سال سے امراض دماغی اور سینہ میں مستعمل ہے اور بفضلہ بہت کارآمد اور مفید ثابت ہوتی رہی میں اس کی تصدیق کرتا ہوں" (۲۵۔ مئی ۱۹۳۹ء)

حکیم محمد [illegible]
بیوپاری مینیجر مدنی میڈیکل ایجنسی امرتسر

فارم ۲ — نمبر مقدمہ ۱۰۳۲

فارم نوٹس زیر تحتی قاعدہ (۲) دفعہ ۱۳۔ ایکٹ امداد مقروضین ۱۹۳۴ء

[illegible] ۱۳ منجلہ قواعد مصالحت قرضہ پنجاب [illegible]

ہرگاہ منکہ کریم بخش۔ رحیم بخش پسران چوہڑ ذات ماچھی سکنہ پنڈی کلاں تحصیل شکرگڑھ ضلع گورداسپور قرضداران نے زیر دفعہ ۹۔ ایکٹ مذکور بھی نرائن داس وغیرہ قارضان ذات کھتری سکنہ بسو بارہ منگا تحصیل شکرگڑھ کے قرضہ جات کے تصفیہ کے لئے ایک درخواست دیدی ہے۔ اور یہ کہ بورڈ کی رائے میں یہ مناسب ہے کہ قرضدار مذکور اور اس کے قرضخواہ کے مابین تصفیہ کرانے کی کوشش کی جاوے۔ لہذا جملہ قرض خواہ کو (جن کا قرضدار مذکور مقروض ہے) بذریعہ تحریر ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم نوٹس ہذا کی تاریخ اشاعت سے دو مہینے کے اندر اُن جملہ قرضہ جات کا ایک تحریری نقشہ جو ان کو قرضدار مذکور کی طرف سے واجب الادا ہیں۔ بتاریخ ۱۵ $\frac{۸}{۳۹}$ دفتر بورڈ واقع دورہ منٹگمری میں پیش کرو۔ بورڈ مذکور بتاریخ ۱۵ $\frac{۸}{۳۹}$ بمقام منٹگمری نقشہ ہذا کی پڑتال کرے گا۔ جبکہ تمہیں بورڈ کے سامنے پیش ہونا چاہئے۔

نیز جملہ قرضخواہوں کو لازم ہے کہ ایسے نقشہ کے ہمراہ ایسے جملہ قرضہ جات کو کمل تفاصیل پیش کرو۔ اور اس کے ساتھ ہی جملہ دستاویزات بشمول بہی کھاتہ کے ان اندراجات کے جن پر تم اپنی دعاوی کی تائید میں انحصار رکھتے ہو۔ پیش کرو۔ اور اس کے ساتھ ہر ایک ایسی دستاویز کی ایک مصدقہ نقل پیش کرو۔

اس بارہ میں مزید کاروائی بمقام منٹگمری بتاریخ ۱۵ $\frac{۸}{۳۹}$ کی جائیگی۔ جبکہ جملہ قرضخواہوں کو بورڈ کے سامنے پیش ہونا چاہئے۔

دستخط چیئرمین صاحب مصالحتی بورڈ قرضہ شکرگڑھ۔ ضلع گورداسپور

کفریات مرزا۔ مرزا صاحب کی تحریرات سے ان کے [illegible]
[illegible]

تفسیر واضح البیان

اردو۔ مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے۔ مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ کتابت، طباعت نہایت عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ قسم۔ سائز $\frac{۲۰\times۳۰}{۸}$۔ ضخامت ۴۸۸ صفحات۔ قیمت بے جلد ۲؎۔ مجلد ۲؎

شہادت القرآن

مصنفہ مولانا صاحب موصوف قرآن و حدیث کی روشنی میں حیات مسیح علیہ السلام کو عالمانہ رنگ میں ثابت کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں لفظ توفی کی تحقیق انتہا کی گئی ہے۔ اور حصہ دوم میں ان تمام قرآنی آیات کا جواب دیا گیا ہے جو مرزا صاحب نے "براہین احمدیہ" میں اپنے دعویٰ (وفات مسیح) پر بطور استدلال کے پیش کی تھیں۔ قیمت حصہ اول ۱۲؎۔ حصہ دوم ۱؎۔ مکمل دو روپے (۲؎)

الخبر الصحیح

اس رسالہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر شریف پر مفصل بحث کرکے قادیانی خیالات کی تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۲؎

کاویہ علی الغاویہ

مولوی محمد عالم صاحب امرتسری (مصنف) نے اس کتاب میں مرزائی مشن پر بڑی سیر کن بحث کی ہے قیمت ۱۲؎۔ ایضاً حصہ دوم۔ جس میں تمام جھوٹے مدعیان نبوت کا مفصل حال دلچسپ پہلو میں مذکور ہے جس کا مطالعہ ناظرین کے تمام حالات تماشا کردیتا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲؎

المسیح الموعود

مصنفہ مولوی محمد عثمان صاحب نصیر آبادی۔ حضرت مسیح کا بطور معجزہ کے زندہ بجسمہ آسمان پر اٹھایا جانا، اور قرب قیامت کے نزول فرمانا دلائل قویہ سے ثابت کیا ہے۔ قیمت ۸؎

(نصیر کتب منگوانے کا پتہ)

مینیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

رعایتی اعلان

بہار شباب حکیم اجمل خان صاحب کے والدماجد حکیم محمود علی خان صاحب
کی کتاب ضیاء الابصار کا اُردو ترجمہ۔ اصول مباشرت اور مردانہ و زنانہ امراض اور ان کی تشریح و علاج پر بہترین کتاب ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱؎ رعائتی قیمت ایک روپیہ (عہ)

تاریخ اسلام اُردو زبان میں تاریخ اسلام کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں یہ کتاب بلحاظ واقعات، طرز تحریر۔ سیاق عبارت۔ لکھائی چھپائی سب میں بہتر ہے۔ سات رنگوں سے چھپا ہوا نقشہ عرب اور رنگین سرورق نے چار چاند لگا دیئے ہیں۔ ہندوستان کی اکثر سرکاری ٹیکسٹ بک کمیٹی ہائے نے اس کو سرکاری مدارس کے لئے بطور لائبریری و انعامی کتاب کے منظور کیا ہے۔ مصنفہ مولانا اکبر شاہ خان صاحب نجیب آبادی قیمت جلد اول چار روپے۔ قیمت جلد دوم چار روپے جلد سوم تین روپے۔ مکمل گیارہ روپے۔ رعایتی عنہ

فقرائے اسلام اس کتاب میں اُن پیشوایان دین کے سبق آموز حالات ہیں جنہوں نے فقر و فاقہ کے باوجود اسلام کے اصول و ارکان کو اُستوار و مستحکم کیا۔ اپنے اوپر تکلیف برداشت کرکے تبلیغ اسلام کی۔ مؤلفہ مولانا عبد السلام صاحب ندوی۔ قیمت ۱؎۔ رعائتی عہ

سیر الصحابہ صحابہ کرام جیسی مقدس ہستیوں کے حالات۔ عقائد۔ عبادات۔ معاملات حسن معاشرت۔ علوم و فنون اور زندگی کے مفصل حالات اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں۔ مؤلفہ مولانا سعید انصاری۔ قیمت فی جلد پانچ روپے۔ رعایتی للعہ

صحابیات یہ کتاب اکثر زنانہ اسلامیہ سکولوں میں پڑھائی جاتی ہے۔ اس میں ۵۸ صحابیات کے حالات درج ہیں۔ قیمت فی جلد سے؎ رعایتی ۲؎۔ (ڈھائی روپے)

سیرت الحسین حضرت امام حسین علیہ السلام کے حالات زندگی۔ شہادت و واقعات کربلا کی مفصل و مبسوط تاریخ معہ آپ کے مزار کے فوٹو۔ چار رنگوں میں چھپا ہوا نفیس سرورق قیمت دو روپے دو آنہ (۲؎) رعایتی ۱؎

سیرت الکبریٰ ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مفصل سوانحعمری مع فوٹو مزار۔ قیمت ۱؎ ۔ رعایتی ۱۲؎

بدایت الہدایت حضرت امام غزالی رح کی کتاب کا اُردو ترجمہ۔ اس میں اخلاق و آداب۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے۔ قیمت صرف ۱۲؎۔ رعایتی ۸؎

مشاہیر اسلام مختلف صوفیائے کرام و علمائے عظام۔ شہدائے ملت۔ غازیان شمشیر بکف اور مجاہدین و سلاطین کے حالات زندگی میں قابلِ دید کتاب ہے۔ قیمت حصہ اول عے۔ رعائتی عا؎

فلسفہ خواب اس کتاب میں خواب کا فلسفہ قدیم و جدید بیان کیا گیا ہے اس موضوع اُردو کی یہ پہلی کتاب ہے۔ قیمت صرف دس آنے (۱۰؎) رعائتی ۸؎

سیرت بلال حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مکمل سوانحعمری۔ نہایت اعلیٰ پیرایہ میں۔ قیمت ۱؎۔ رعایتی ۱۲؎

سوانح حضرت ذوالنون مصری مشہور و معروف ولی اللہ کی سوانحعمری۔ ارشادات و مقالات کا مجموعہ پڑھ کر دل پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے اصل قیمت ۴؎۔ رعائتی ۲؎

فاتح سندھ غازی محمد بن قاسم رح کی مکمل سوانحعمری سندھ اور والیان سندھ کی ابتدائی حالت، لشکر اسلام کا اس کو فتح کرنا۔ غازیان اسلام کا شوق جہاد یہ تمام حالات ناولانہ طور پر دلکش پیرایہ میں لکھے ہیں۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲؎

پیارے نبی کے پیارے حالات

مصنفہ مولانا فیروز الدین صاحب ڈسکوی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سوانحعمری۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق جس قدر بشارات و پیشگوئیاں توریت، زبور اور انجیل میں موجود ہیں وہ سب درج ہیں۔ قیمت چھ روپے (سے؎) رعایتی دو روپے (۲؎)

متوسط شمائل شریف خوبصورت مطبوعہ مصر مجلد اعلیٰ کاغذ، طباعت اعلیٰ۔ قیمت للعہ۔ رعایتی ۲؎۔

شمائل شریف مکتوبہ غازی اورنگ زیب عالمگیر رح

مجلد و منقش۔ قیمت ۵؎۔ رعائتی ۲؎۔

ویدارتھ پرکاش مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب جو ویدوں کی تعلیم اور خود ویدوں کے متعلق ناقابل تردید کتاب ہے۔ قیمت ۱؎۔ رعایتی قیمت ۵؎

عقائد اسلام مصنفہ مولوی محمد یوسف صاحب شمس مرحوم۔ فیض آبادی۔ اصل قیمت ۴؎۔ رعائتی ۲؎

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (در زبان عربی) مؤلفہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب۔ بڑی شان و شوکت اور حسن منظر سے مقبول خاص و عام ہو چکی ہے۔ تفسیر مذکور جن اہل علم حضرات نے دیکھی ہے بہت پسند فرمائی ہے۔ مفسرین کے متفقہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے۔ ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت کا استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ مصری۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ضخامت ۴۰۲ صفحات۔ ۱۸×۲۲ سائز۔ اصل قیمت للعہ۔ رعایتی ۲؎

(۱۰۹۱)

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار اہلحدیث امرتسر

دیہاتی حکیم

ایک نئی تصنیف ہے۔ محض دیہاتیوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھا گیا ہے۔ اس میں تقریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے۔ جس پر چھ سو کے قریب مجربات دیئے گئے ہیں۔ سر سے لیکر پاؤں تک جملہ امراض کی تفصیل اور تشریح کردی گئی ہے۔ علاج دیسی ادویات سے بتایا ہے جو ہر جگہ بآسانی اور ارزاں مل سکیں۔ یہ کتاب غریبوں کے لئے ایک نعمت بے بہا ہے۔ جس کی قدر کرنا ان کا فرض ہوگا۔ ضرور منگوائیں۔ قیمت ۱۲

کنز المرکبات

جدید اڈیشن۔ یہ کتاب ختم ہوگئی تھی اب دوبارہ شائع ہوئی ہے۔

ہندوستان کی جڑی بوٹیاں

مؤلفہ عالی جناب حکیم مولوی ... صاحب ...

بے شمار جڑی بوٹیاں جن کو ہم اپنی لاعلمی کی وجہ سے روزانہ پاؤں تلے روندتے پھرتے ہیں۔ درحقیقت لاتعداد فوائد کو اپنے اندر پنہاں رکھتی ہیں۔ جن کو فیاض حقیقی نے بے شمار انعامات سے مالامال کیا ہوا ہے۔ وہ انعامات جن کے دوچار کے علم ہو جانے سے سنیاسی لوگوں کی دنیا میں دھاک بندھی ہوئی ہے۔ جن کو وہ اپنے عیبوں کی طرح پوشیدہ رکھتے ہیں۔ جن کو وہ سالہا سال کی خدمتوں کے بعد بھی بتانا نہیں چاہتے۔ اس قسم کے صدہا راز اس کتاب میں مفصل لکھے گئے ہیں۔ ہر ایک بوٹی کے ... خواص بیان کئے گئے ہیں جو کہ تجربہ پر مثل اکسیر ثابت ہوچکے ہیں۔ علاوہ ازیں ہر ایک بوٹی سے ہونے والے کشتہ جات کی بھی صحیح ترکیبیں صاف صاف لکھ دی گئی ہیں۔ طرز تحریر اس قدر شستہ اور دلآویز ہے کہ گویا استاد اپنے شاگرد کو مہربان ہو کر اپنی زبان سے نسخہ جات بتا رہا ہے۔ بوٹی کا حلیہ۔ نام۔ مقام۔ پیدائش لکھنے کے علاوہ تمام تصاویر فوٹو بلاک سے طبع کرائی گئی ہیں۔ جس پر دو روپیہ قربان کی طرح بہایا گیا ہے۔ اسکی پتی اور پھول اصلی حالت میں ... قیمت ... (عمر)

... بہی

یہ کتاب ایک ایسی مختصر مگر جامع کتاب ہے جو سر سے پاؤں تک کے تمام امراض ... علامات اور تشخیص پر نہایت شرح و بسط سے روشنی ڈالی ہے اور پانچسو عنوانات کے ماتحت ہر بیماری کے مجرب سے مجرب یونانی اور ڈاکٹری نسخے لکھے گئے ہیں جو یقیناً آپ کو کہیں اور نہ ملیں گے۔ یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں ایک ہزار سے زائد یونانی اور ڈاکٹری نسخے درج ہیں تاکہ اگر آپ دیسی علاج کرنا چاہیں یا ڈاکٹری سب سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قیمت مجلد مطلا عہ

ضرور منگوائیں۔ گوہر بے بہا ہے۔ قیمت ۱۲/

ایک اور تازہ تصنیف

خطبات سلمان

جو قاضی محمد سلیمان صاحب مصنف "رحمۃ للعالمین" کے حسب ذیل دس معرکۃ الآرا مضامین کا گلدستہ ہے۔ (۱) تبلیغ اسلام۔ (۲) کیا اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا؟ (۳) الاسلام فی الہند۔ (۴) پیام اسلام۔ (۵) فضائل اسلام۔ (۶) خطبہ صدارت اہل حدیث کانفرنس آگرہ۔ (۷) تعریف مسلم یعنی خطبہ صدارت جلسہ انجمن اہل حدیث بٹالہ۔ (۸) مذہب اہل حدیث۔ (۹) فرائض اہل حدیث۔ (۱۰) اصول تبلیغ ۲۰×۲۶ کے ۲۴۴ صفحات۔ باوجود ان تمام ظاہری و باطنی خوبیوں کے قیمت صرف عہ۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔

منگوانے کا پتہ:- منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ ... کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما اعلیٰ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر ... خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

سرمہ اکسیر العین

جس کے استعمال سے دھند، جالا، غبار، خارش، سرخی چشم وغیرہ جملہ امراض دور ہو کر بصارت تیز اور روشن ہو جاتی ہے۔ جلد منگوائیں۔ قیمت عہ۔ محصول ڈاک ۲ر

منیجر نور فارمیسی۔ بازار نوگریاں امرتسر

کم از کم

۳/

... بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت ... ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک ... ٹکٹ ... بھیج کر ... طلب فرمائیں۔ نوٹ:- ... تجربہ کر ... کوئی ... پایا تو انعام ... ہے۔ ... ضلع حصار (پنجاب)

درست بکرمت جناب منیجر صاحب ... فرمائیے

ahmadimuslim.de

MUSLIM UNIVER
کتب خانہ جامعہ

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۴۲

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲- شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳- نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کٹڑہ بھائی

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	للعہ
رؤسا و جاگیرداروں سے ،	۱۲
عام خریداران سے ،	للعہ
، ، ، ششماہی	مہر
ممالک غیر سے سالانہ	۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - -	۲ر

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۲- رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۸- اگست ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (شان مجاہد) - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - ص۳
یہ آواز بریلی سے آئی ہے یا لاہور سے - ص۴
حدیث کے بغیر قرآن - - - ص۶
مرزا صاحب کی عمر کا الہام (قادیانی مشن) ص۷
قضاء الصوم عن المیت - - - ص۸
مباحثہ علمیہ (ہاروت ماروت و سحر بابل کی تحقیق) ص۹
طب تعلیمی - - - - - ص۱۱
فتاویٰ - - - - - - ص۱۳
متفرقات ص۱۴ . ملکی مطلع - - ص۱۵
اشتہارات - - - - - ص۱۶-۲۰

شانِ مجاہد

(از بابو محمد حنیف صاحب خادم ڈیرہ دون)

ہمدرد قوم یہ مرا سوزِ نہاں رہے
ہر وقت دل کی آگ سے اٹھتا دھواں رہے
پستی میں کیوں یہ اُمتِ فخرِ جہاں رہے
ممکن نہیں زمیں کے تلے آسماں رہے
باطل سے خوف۔ شیوۂ اسلام ہی نہیں
ثابت قدم ہمیشہ دمِ امتحاں رہے
اے قوم! دل میں جذبۂ ابنِ علیؓ رہے
بُشرے سے شانِ ہاشمی ہر دم عیاں رہے
مٹنا ہی دینِ پاک پہ ہے قومی زندگی
مومن نہ ایسی موت پہ کیوں شادماں رہے؟
پھل پھولتی ہے شاخ وہی جو قلم ہوئی
حلقوم پر تمہارے بھی خنجر رواں رہے
اک ہاتھ کی ہتھیلی پہ سر ہو دھرا ہوا
اک ہاتھ میں مجاہدی تیغ و سناں رہے
جھنڈے ہوئے ہیں قیصر و کسریٰ کے سرنگوں
دنیا میں سر بلند ہلالی نشاں رہے

نکلے ہمیشہ اِس سے تو توحید کی صدا
خادمؔ دہن میں تیرے یہ جب تک زباں رہے

تفسیر بالرائے۔ مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب کی نئی تصنیف

انتخاب الاخبار

(مرقومہ ۱۴ اگست ۱۹۳۹ء)

مقامی حالات امرتسر میں اس ہفتہ بھی بارش نہیں ہوئی۔ گرمی زوروں پر ہے۔ ناظرین بارش کے لئے دعا کریں۔ ——— مسلم ضمنی انتخاب پنجاب اسمبلی کے لئے پروپیگنڈا شروع ہو گیا ہے۔ شیخ صادق حسن مسلم لیگ اور چوہدری افضل حق مجلس احرار کی طرف سے امیدوار کھڑے ہو گئے ہیں۔ تیسرے کانگرسی امیدوار کا آج ۱۴ء تک فیصلہ نہیں ہوا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر سیف الدین کچلو کانگرس کی طرف سے اس دفعہ پھر کھڑے ہونگے ——— انجمن حزب المجاہدین کی طرف سے تحریک خاکسار کی تردید میں شہر کے مختلف چوکوں میں جلسے ہوتے ہیں۔ ——— ۱۳۔ اگست کو ہندوؤں کی بنائی ہوئی پارٹی "اکھنڈ دل" کا مظاہرہ ہوا۔ مقامی پارٹی کے علاوہ لاہور سے بھی بہت سے والنٹیر آئے۔

——— مجلس احرار کی طرف سے بھی خاکسار تحریک کے بالمقابل نوجوانوں کو قواعد پریڈ وغیرہ کرائی جاتی ہے۔

——— لاہور ۹۔ اگست۔ حکومت پنجاب نے فصل ربیع ۱۹۳۹ء پر ۹ لاکھ روپیہ آبیانہ اور مالیہ کی معافی دی ہے۔ کیونکہ مختلف اوقات پر ژالہ باری کی وجہ سے نوے (۹۰) ہزار ایکڑ کے رقبہ میں نقصان پہنچا تھا۔

——— حکومت ہند کا تازہ اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند نے قواعد ۱۹۳۳ء میں ترمیم کر کے یہ قاعدہ قرار دیا ہے کہ دوران سفر حجاز میں بیماری کی صورت میں زائرین کو خاص کھانا دیا جائیگا۔ بشرطیکہ ان کھانوں کی قیمت ادا کردہ خرچ خوراک سے بڑھنے نہ پائے۔ (۲) جہاز کا میڈیکل افیسر خاص خوراک کی سفارش کرے۔ کھانے کی مطلوبہ اشیا جہاز پر موجود ہوں۔ (سیکرٹری پنجاب پراونشل حج کمیٹی لاہور)

——— شملہ ۸۔ اگست معلوم ہوا ہے عنقریب ہندوستان کے مختلف حصوں میں فضائی حملوں سے بچنے کی تربیت دی جائیگی۔ بمبئی۔ کراچی۔ مدراس اور کلکتہ میں بہت جلد ٹریننگ سنٹر قائم کئے جائینگے۔

——— لکھنؤ میں تبرا کرنے کے سلسلہ میں شیعوں کے جتھے جا رہے ہیں۔ خاکساروں کی کوشش ناکام ثابت ہوئی

——— اجمیر اس سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے خوفناک قحط کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں۔ پانی اور چارہ کی کمی سے جانور مر رہے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ غریب قحط زدہ دیہاتی مجبور ہو کر اپنے بچوں کو فروخت کر رہے ہیں۔

——— حضور نظام حیدر آباد دکن نے ایک اعلان شائع کر کے پہلے اعلانات کی وضاحت کر دی ہے۔

۳۱۔ اگست سے پہلے پہلے

ان حضرات کی قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر یا انکار وغیرہ کی اطلاع بذریعہ پوسٹ کارڈ دفتر ہذا میں پہنچ جانی چاہئے۔ جن کے نمبر خریداری اہلحدیث "۲۸۔ جولائی میں شائع ہو چکے ہیں۔ نیز ان کو علیحدہ بھی مطبوعہ چٹھی بھیجی جا چکی ہے۔ ورنہ یکم ستمبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

اہل حدیث کانفرنس

کے صدر محترم حاجی عبد الغفار صاحب مرحوم کے انتقال سے جو منصب صدارت خالی ہوا تھا۔ مجلس شوریٰ نے اس پر آپ کے بڑے صاحبزادہ حاجی محمد صالح صاحب کو صدر منتخب کیا گیا۔

وفقہ اللہ لما یحب ویرضی

——— ناگپور۔ انٹرنیشنل آرین لیگ نے حیدر آباد ستیہ آگرہ کو بند کر دیا ہے۔ کیونکہ لیگ مذکور حضور نظام کے اعلان سے مطمئن ہو گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حیدر آباد کے تمام ستیا گرہی قیدی رہا کر دئیے جائیں گے۔

——— واردہا۔ ۱۱۔ اگست۔ کانگرس ورکنگ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ مسٹر سوبھاش چندر بوس کو آئندہ تین سال کے لئے کوئی عہدہ نہ دیا جائے۔ مرکزی اسمبلی کی میعاد بڑھائے جانے کے خلاف اظہار ناراضگی کیا گیا۔ اور اسمبلی کے کانگرسی ممبروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اسمبلی کے آئندہ سیشن میں شریک نہ ہوں۔ صوبجاتی کانگرس کمیٹیوں کو ہدایت کی گئی کہ جنگی کاروائیوں میں حکومت کی مدد نہ کریں۔

——— بنوں ۱۲۔ اگست۔ شہر بنوں پر حملہ کے خطرہ کو محسوس کرتے ہوئے ۳ مسلح کاریں شہر میں گشت کرتی رہیں فوج اور پولیس بھی تیار تھی۔ چھاؤنی کے ایک حصہ پر گولیاں چلائی گئیں مگر کوئی نقصان نہیں ہوا۔

——— لاہور میں ہاؤس ٹیکس کے خلاف جلسے ہو رہے ہیں۔

——— ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لکھنؤ نے زیر دفعہ ۱۴۴ تمام ایڈیٹروں، پبلشروں اور دیگر افراد کو حکم دیا ہے کہ وہ ایسے مضامین شائع نہ کریں۔ جس سے باہم کشیدگی پیدا ہو۔

——— امریکہ کے اخبارات کی رائے ہے کہ آئندہ جنگ میں امریکہ غیر جانبدار نہیں رہیگا۔

——— سنگاپور۔ برطانوی حکومت سنگاپور کے مستقر کو مضبوط بنا رہی ہے۔ چنانچہ چودہ جنگی جہاز وہاں پہنچ رہے ہیں۔

——— اپر برما کے دریاؤں میں بوجہ کثرت بارش طغیانی آنے سے دھان کے فصل اور بے شمار جھونپڑے تباہ ہو گئے ہیں۔ ان کے علاوہ قصبوں اور شہروں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

مضامین آمدہ مولوی ابو الطیب عبد الصمد صاحب امام مسجد صاحب حفیظیہ۔ مولوی ابو حامد محمد عثمان صاحب ایم عزیز الدین صاحب۔ ملک امام خان صاحب عبد المتین۔ شیخ عبد المنان صاحب۔ محمد عبد اللہ صاحب ۳ عدد۔ منشی محمد خان صاحب ۲ عدد۔

غیر مقبولہ نظم درمدح سنت احمد فدائی نعتیں کیا کیا لکھوں میں مدحت اہل حدیث کی۔

اہل حدیث کانفرنس کے لئے از جماعت اہل حدیث مالیگاؤں عبد اللہ فنڈ مبلغ ۳ روپے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۔ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۸)

(مجریہ از ۳۰۔ جون ۳۹ء)

گذشتہ پرچہ میں سلسلہ ہذا کی ساتویں قسط درج ہوچکی ہے۔ آج اس سے آگے ملاحظہ فرمائیں۔

ناظرین! ہمارے سوالات کے جواب جلدی جلدی عنائت کریں۔ تاکہ اس مضمون کا رسالہ چھپنے میں زیادہ تاخیر نہ ہو۔ سوالات یہ ہیں:-

(۱) یہ رسالہ کتنی تعداد میں شائع ہو؟

(۲) جہاں اس کی ضرورت ہو وہاں کے اصحاب کو کتنی تعداد درکار ہے؟

(۳) یہ رسالہ چونکہ مفت شائع ہوگا۔ اس لئے اصحاب خیر اس میں کیا مدد دینگے؟ (ممکن ہو تو جلدی رقم بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ فراہمی میں دیر ہو تو اطلاع دیں)

ان تینوں سوالوں کے علاوہ چوتھا سوال یہ ہے کہ

سوال ۴ اگر یہ سلسلہ ناظرین کی نظر میں ناپسند ہے تو اُسے بند کر دیا جائے؟

مہربانی کرکے جلدی ان سوالوں کا جواب دیں اور غفلت سے کام نہ لیں۔

آج نمبر ۶ شروع ہوتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ مشرقی صاحب نے اپنی تصنیفات کی بہت تعریف کی ہے اس کے متعلق ایک حوالہ تو ۷۔ جولائی کے "اہلحدیث" میں درج ہوچکا ہے۔ جس کے مختصر الفاظ یہ ہیں:-

"تذکرہ کے بعد قرآن کی تمام تفسیریں جلادی جائیں تو بہتر ہوگا۔ (الاصلاح ۹ جون ۳۹ء)

(نوٹ) جو لوگ کہتے ہیں کہ مشرقی صاحب نے اپنے خیالات مندرجہ تذکرہ سے رجوع کرلیا ہے۔ اس لئے ان کا ردّ کیوں کیا جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ ان کے رجوع کی تحقیق کریں اور اس حوالہ کو غور سے پڑھیں۔ جسے شائع ہوئے بہت تھوڑا عرصہ گذرا ہے

دوسرا حوالہ تذکرہ میں کئی جگہ جنات اور الجنات میں یہ فرق کیا ہے کہ جہاں جنات کا لفظ آیا ہے۔ وہاں دنیاوی حکومت مراد ہے اور الجنات سے آخری جنت مراد ہے۔ جس کا اظہار قرآن کی کئی ایک آیات سے ہوتا ہے۔ اس بات کو آپ نے بڑے فخر سے لکھا ہے:-

"تعجب ہے کہ ان حیرت انگیز شہادتوں کے باوجود شارحین قرآن اور عام مسلمانوں نے جنّت کے معانی آخرت کے جنّت کے نے لئے ہیں۔ اور بادشاہت زمین کے نصب العین کو جو اسلام اس دنیا پر لایا تھا آنکھوں سے یکسر اوجھل کیا ہے۔ مگر مسلمانوں کی نیت بدل جانے سے کلام الہٰی کے معانی نہیں بدل سکتے۔ وہ وہی ہیں جو قادر مطلق کے علم میں اس وقت تھے جبوقت قرآن حکیم وحی کیا گیا تھا۔ امت کے اتفاق اور مفسرین کے اجماع کا ان پر ہرگز کچھ اثر نہیں" (تذکرہ مقدمہ صفحہ ۱۱۷ کا حاشیہ)

کس قدر تعلّی سے مدون کی لی ہے۔

تیسرا حوالہ سورہ فاتحہ کی تفسیر خلاف لغت اور خلاف آیات قرآنیہ لکھ کر علماء مفسرین کی تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

"الغرض جتنے منہ اتنی باتیں۔ مگر ایک متنفس نے بھی ذہن کو کام میں لاکر اس طرف رجوع نہیں کیا کہ سورہ فاتحہ میں خدائے عظیم نے کیا اہم نصب العین دن میں پانچ دفعہ مسلمانوں کے سامنے پیش کردیا ہے ایک فرد واحد کا خیال اس طرف نہیں دوڑا کہ وہ الصراط المستقیم کس بلا کا نام ہے اور اس کی صحیح قرآنی تعریف کیا ہے۔ میں متذکرہ صدر ترجمے میں اللہ صاحب کے سورہ فاتحہ کو مثانی کہہ کر یاد فرمانے کی توجیہہ اس کے پیش کئے ہوئے نصب العین کی اہمیت اور اس کے قرآن عظیم سے الگ ذکر کرنے کی وجہ اشارۃً بیان کر دی ہے" (تذکرہ مقدمہ صفحہ ۲۶ کا حاشیہ)

ناظرین کرام! آپ لوگ تذکرہ مشرقی کو غور سے پڑھیں تو آپ کو یہ معلوم ہو جائیگا کہ ان صاحب کے دل و دماغ میں نہ امام غزالی کوئی چیز ہے نہ رازی۔ اس قدر تعلّی دکھاتے ہیں کہ کبھی نہ اہل علم نے دکھائی ہو نہ اہل جہل نے۔

نمبر ۷ یہ ہے کہ متفقہ اور متواترہ اعمال اور شعائر اسلام کا مذاق اڑایا ہے۔

مثال اول سب سے اول آپ نے اس اجماع امت پر حملہ کیا ہے جو قرآن مجید کی بلاغت کے متعلق ہے۔ تمام امت کا اجماع ہے کہ قرآن مجید بلاغت میں درجہ کمال پر ہے۔ سرسید احمد خان مرحوم علی گڈھی نے اس امر سے انکار کیا ہے کہ قرآن کی مطلوبہ شان بلاغت میں نہیں بلکہ ہدایت میں ہے۔ لیکن یہ امر ان کو بھی مسلم ہے کہ قرآن مجید بلیغ تر ہے۔ مگر ہمارے پنجابی جوان مشرقی صاحب ان سب کے خلاف لکھتے ہیں

(۸۱۳)

ahmadimuslim.de

وہ کا جیسد شنیدہ ہے۔ وہ یہ ہے :-
"قرآن کے فصیح فی البیان ہونے کا مہلک اور شرمناک تخیل مسلمانوں کی ہر رگ و پے میں اس قدر سرایت کر چکا ہے کہ اب اس کتاب عظیم کی اور کوئی خوبی اُن کے وہم و گمان میں بھی نہیں آتی۔ اگر فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ (۲۳:۲) کی صلائے عام جو خدا نے قرآن حکیم کے متعلق جا بجا دی ہے، فی الحقیقت اسکی فصاحت، اسکی شاعریت، اس کے صنائع اور بدائع کی خوبیوں کے متعلق ہے۔ اور اس کتاب جلیل کی عالم آرا حکمت، اُسکے ناپید امثال علم، اسکی حیرت انگیز صداقت اور بے نظیر ہدایت سے اس دعوے کو چنداں واسطہ نہیں۔ تو آج ابو القاسم حریری کے مقامات کا ایک ایک ورق، یا امرأ القیس ابن حُجر کے قصائد کا ایک ایک بیت ان انسانی کمزوریوں اور تکلفات، ان خود ساختہ تُرہات اور لغویات سے اس قدر پُر ہے کہ قرآن کی عبارت اُن کے بالمقابل حتماً نہیں ٹھیر سکتی۔ اگر فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ (۱۱:۱۳) سے صاحب القرآن کی مراد فی الحقیقت یہی تھی کہ برجستہ الفاظ اور چست بندشوں، یا قوافی اور استعاروں کی مناسبت میں اس کا ادبی مقابلہ کیا جائے اور دین اسلام کو کسی اہل زدہ امت کے لغو شاعروں کا اکھاڑہ بنا کر خدائے زمین و آسمان کے ذوق سلیم کی داد (العیاذ باللہ) دلوائی جائے، تو آج مسیلمہ کذاب کا افترا کیا ہوا قرآن بھی جسکی چند پریشان آئتیں کہیں کہیں ملتی ہیں۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لائے ہوئے قرآن سے کسی اسلوب میں کم نظر نہیں آتا" (تذکرہ مقدمہ اُردو صفحہ ۹۵)

عجیب | امرأ القیس کا مشہور قصیدہ معلقہ ہے۔ جو سبعہ معلقہ میں اول نمبر پر درج ہے۔ اس کی فصاحت بلاغت مع تہذیب اور شرافت کا نمونہ ملاحظہ ہو۔ اپنی محبوبہ کو مخاطب کر کے کہتا ہے ؎

وَمِثْلِكِ حُبْلَى قَدْ طَرَقْتُ وَمُرْضِعٍ
فَأَلْهَيْتُهَا عَنْ ذِي تَمَائِمَ مُحْوِلِ
إِذَا مَا بَكَى مِنْ خَلْفِهَا انْصَرَفَتْ لَهُ
بِشِقٍّ وَتَحْتِي شِقُّهَا لَمْ يُحَوَّلِ

ان اشعار کا ترجمہ کرتے ہوئے شرم دامنگیر ہے۔ لیکن اس لحاظ سے ترجمہ کئے دیتے ہیں کہ مشرقی صاحب اور ان کے ہم خیال شرمائیں کہ قرآن پاک کے مقابلے میں کس کلام کو پیش کر رہے ہیں۔

شاعر کہتا ہے | اے محبوبہ! تیری جیسی حاملہ اور دودھ پلانے والی پر میں کود گیا۔ میں نے تعویذوں والے اور سال سال کے بچے اُسکو بھلا دئیے جب وہ بچہ روتا تھا تو وہ منہ پھیر کر اس کو تاک لیتی تھی اس حال میں کہ ایک ران اس کی میرے نیچے ہوتی اور ایک ران وہ پھیرتی۔

مشرقی! شرم!!!

مسیلمہ کذاب نے جب سورہ قرآنیہ سنی
وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ الآیہ
اس کے جواب میں یہ آئت بنائی
وَالنِّسَاءِ ذَاتِ الْفُرُوجِ اِلٰی آخرہا

ہم | مشرقی صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ امرأ القیس کے قصیدہ اور مسیلمہ کے قرآن کو مع ترجمہ شائع کر دیں۔ انگریزی میں کرینگے تو انگلینڈ میں بہت بکیگا

سنئے! | قرآن مجید میں فصاحت بلاغت کے ساتھ ہی ایک زندگی ہے۔ ایک قسم کی لچک ہے جو دوسری عبارتوں میں نہیں۔ بالکل سچ ہے ؎

گر مصور صورت آں دلربا خواہد کشید
حیرتے دارم کہ نازش را چساں خواہد کشید

امرأ القیس کے قصیدے کی مشرقی صاحب بہت تعریف کرتے ہیں۔ اس لئے میں اس کا ایک اور شعر ان کے سامنے پیش کرتا ہوں اور پوچھتا ہوں کہ علم بیان کے لحاظ سے اس کے سقم کو دُور کریں۔ امرأ القیس کہتا ہے ؎

كَأَنَّ ذُرَى رَأْسِ الْمُجَيْمِرِ غُدْوَةً
مِنَ السَّيْلِ وَالْغُثَّاءِ فَلْكَةُ مِغْزَلِ

سوال | ذرا محاط مشبہ ہے۔ مغزل محیط مشبہ بہ ہے۔ محاط کو محیط سے تشبیہ کیسی ہے؟ دیکھیں آپ نے علم بلاغت کو کہاں تک پڑھا ہے اور کہاں تک سمجھتے ہیں اور کہاں تک امرأ القیس اور اسکے قصیدے کو پرکھنے کی لیاقت رکھتے ہیں ؎

ادھر آپیارے ہنر آزمائیں
تو تیر آزما ہم جگر آزمائیں

دوسری مثال | قرآن شریف میں ارشاد ہے :-
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ۔ اس آئت میں رکوع سجود اور عبادت کا حکم ہے۔ جس کو مفسرین نے سلف سے خلف تک نماز کا جزو بتایا ہے۔ مشرقی صاحب اس کی بابت لکھتے ہیں :-

"ان افعال کو نماز کا رکوع و سجود سمجھ کر قریب المطالب قرار دینا کلام خدا کی توہین ہے"
(تذکرہ مقدمہ اُردو صفحہ ۱۱ کا حاشیہ)

حق بر زبان جاری گردد | کے ماتحت مشرقی صاحب مثلاً پر توہین خدا کا ارتکاب خود کرتے ہیں۔ یعنی اسطرح لکھتے ہیں کہ :-
"رکوع سجود اسلامی نماز کا جزو لاینفک بھی ہے"
اس کو کہتے ہیں قضی الرجل علیٰ نفسہ (اس آدمی نے اپنے برخلاف ڈگری دیدی)

تیسری مثال | بَشِّرِ الصَّابِرِينَ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ۔
(خوشخبری دو ان لوگوں کو جن کو جب کبھی کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہتے ہیں ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف جانے والے ہیں)

اس آئت کا مطلب خود اس کے الفاظ سے جو ثابت ہوتا ہے وہی علمائے مفسرین نے لیا ہے یعنی ہر مسلمان جس کو ذرا بھی تکلیف پہنچے وہ بجائے جزع فزع کرنے کے انا للہ کہے تو خدا کی طرف سے اس پر رحمت نازل ہوتی ہے۔

بالکل صاف مضمون اور سادہ عبارت ہے۔ مگر مشرقی صاحب جو مسلمانوں کی مخالفت کرنے پر تلے بیٹھے ہیں اس میں بھی انہوں نے جملہ مسلمان مفسروں کو بُرائی سے یاد کیا ہے۔ آپ کے الفاظ یہ ہیں :-
"انا للہ وانا الیہ راجعون کے الفاظ

مشرقی کا شق۔ تذکرہ مشرقی کے ۱۵۰ اعتراضات کا جواب۔ جدید ایڈیشن۔ قیمت ۱۲ (نمبر المجریب)

مسلمانان جہاں جس جہت سے بیکسی، ناداری، جہالت۔ اور نافہمی سے نہ معلوم کتنی ترقیات کسی عزیز کی موت یا ادنیٰ سے ادنیٰ تمائل اذیت پیاس شمال کرتے آئے ہیں اور محض زبانی عبادت کے صلے میں اپنے آپ کو جنت کا حقدار گنتے ہیں × ×

یہ سب تشریح نہایت لچر اور شرمناک ہے۔ کوئی ذہن سلیم اس کو ایک لمحے کے لئے بھی قبول کرنے پر تیار نہیں۔ سیاق کلام سے ظاہر ہے یہاں پر صرف اجتماعی مصائب کا ذکر ہے۔ جس کی تائید جمع کے صیغے سے ہوتی ہے جو ان آیات میں برابر چلا جا رہا ہے۔ مصیبۃ جس کا ذکر آیت ۲ : ۱۵۶ میں ہوا ہے وہ لا محالہ وہ خوف کا ماحول ہے جو ہر شکست زدہ امت پر ہر آن حادی رہتا ہے " (تذکرہ مقدمہ اردو صفحہ ۱۲۳)

مطلب آپ کا یہ ہے کہ اذا اصابتھم مصیبۃ عامۃ قومیۃ من جھت اللہ او من جھت الاعداء یعنی ایسی مصیبت مراد ہے جو مسلمانوں پر عالمگیر صورت میں نازل ہو اور سب کے سب کہیں انا للہ۔ وہ مصیبت خدا کی طرف سے ہو یا دشمنوں کی طرف سے۔ دلیل اسکی آپ ہم صیغہ جمع کو پیش کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ استدلال بالکل غلط ہے۔ یہ صیغہ جمع (ھم) بمعنی افراد مراد ہے نہ بمعنی جمع جیسے اس آیت میں ان انتم ضربتم فی الارض فاصابتکم مصیبۃ الموت۔ (پ ۷ ع ۲) یعنی اگر تم زمین میں سفر کرو۔ پھر تم کو مصیبت موت کی پہنچے کو ہو تو تم اپنی وصیت پر شہادت لکھا لیا کرو۔ بتائیے۔ یہاں کم سے مراد سارے مسافرین کا مرجانا صحیح ہے۔ یعنی جتنا قافلہ جا رہا ہو وہ سب کا سب قریب مرگ یا ہر فرد کے لئے حکم ہے۔ قطعاً نہیں بلکہ ہر فرد کے واسطے ہے۔ اسی طرح آیات کثیرہ میں صیغہ جمع کا افراد پر حکم لگایا ہے نہ من حیث الجماعت جیسے مثلاً اذا قضیتما الصلوٰۃ فانتشروا فی الارض × واذا طعمتم فانتشروا وغیرہ وغیرہ۔

ناظرین کرام! ...... اس آیت کی تفسیر میں جملہ مفسرین نے جو معنی کئے ہیں کہ جس شخص کو

خدا ہی کی تحقیق سمجھے وہ انا فقد کہے اور حدیث شریف اس کی تائید کرتی ہے۔ ایسا کہنے اور اس کو ماننے سے کونسی منطقی دلیل اور فلسفی اصول مانع ہوتا ہے۔ پھر کیوں اتنی سختی سے اس کو رد کیا گیا ہے۔ صرف اس لئے کہ مشرقی صاحب کو یہ جتانا منظور ہے کہ ہم ہی قرآن کو سمجھنے والے ہیں انہی کے حق میں کہا گیا ہے ؎

نہ پیروی قیس نہ فرہاد کرینگے
ہم طرز جنوں اور ہی ایجاد کرینگے

(۸) اس نمبر کا عنوان یہ ہے:۔

آپ کی زبان شستہ نہیں ہے۔

اس کا ثبوت بہت کچھ نمبر ۴۔ ۵ میں دکھا چکے ہیں۔ آج ایک مزید حوالہ پیش کرکے ناظرین کو مشرقی صاحب کی خوش کلامی کا نمونہ دکھاتے ہیں۔ مندرجہ ذیل حوالہ مشرقی صاحب نے اپنے نامہ نگار کے نام سے اپنے اخبار "الاصلاح" ۱۷ جنوری ۱۹۳۶ء میں شائع کیا ہے۔ جو گویا انہی کا ہے۔ لکھتے ہیں:۔

ابھی کل کی بات ہے کہ ان ظالموں نے کئی صد برس کی اسلامی طاقت (خلافت) کو جس کے پالنے کے لئے خدا جانے کتنے شہداء کا خون گراں صرف ہوا تھا۔ تباہ و برباد کر دیا۔ آزادیٔ افغانستان کا سچا خواہاں امان اللہ خان ابھی ابھی ان ظالموں کی عیاریوں۔ جعلسازیوں اور دھوکہ بازیوں کے تختۂ جور کا شکار ہو چکا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر ان بدمعاش ڈاکوؤں اور رہزنوں کا مناسب انتظام جلد از جلد نہ کیا گیا، تو یہ خانہ خراب رہے سہے، رسمی اور سطحی، قولی اور وضعی مسلم کو تحت الثریٰ تک پہنچا کر دم لینگے،

(الاصلاح لاہور ۱۷ جنوری ۱۹۳۶ء صفحہ ۵)

ناظرین کرام! اس اقتباس میں مشرقی نے دراصل علماء کو کوستے کوستے اپنا مذہب و مشرب بتا دیا کہ وہ امان اللہ خان سابق شاہ کابل کا مداح اور ہم خیال ہے۔ اس کے متعلق آئندہ نمبر کا انتظار کریں اور سوالات مندرجہ عنوان کا جواب جلدی بھیجدیں جو صاحب اعلان کرنا چاہیں وہ زر طلاد بدا ... کرتے

جائیں۔ وعدوں پر دیکھیں۔

نوٹ بعض دوست کتاب کی تعداد مطلوبہ سے اطلاع دیتے ہیں مگر رقم چندہ نہیں بھیجتے۔ حالانکہ روپے کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ اس لئے رقمیں جلد ارسال کریں۔ تاکہ رسالہ کی طباعت شروع کر دی جائے۔

یہ آواز بریلی سے آئی ہے یا لاہور سے؟

کہتے ہیں دماغی امراض کے لئے ایک بہت بڑا ہسپتال ایک بریلی میں ہے اور دوسرا لاہور میں۔ ہمارے پاس ایک مضمون پہنچا ہے جس کی بابت ہم نہیں کہہ سکتے ہیں کہ یہ بریلی کے شفاخانے سے ہے یا لاہور کے ناظرین اسے پڑھ کر مناسب سمجھیں تو اپنی رائے سے اطلاع دیں۔ مضمون کی سرخی یہ ہے:۔

" ضرورت امام

حضرات آپ کو معلوم ہو گا کہ مسلمانوں کو امام وقت مقتداء ملت و وارث انبیاء کی اس وقت بہت ضرورت ہے۔ کیونکہ مسلمانوں کا تشتت و افتراق (بعد عن القرون المسنۃ) اس امر کا مقتضی ہے کہ ان کو اپنا امام ایسا مقرر کرنا چاہئے جو اپنے اندر اوصاف کمالیہ رکھتا ہو اور چونکہ خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے ہم اپنے اندر بہت سے اوصاف کمالیہ رکھتے ہیں۔ اور امامت کا دعویٰ بھی کر چکے ہیں۔ اور بہت سی مرد اور عورتیں ہمارے ہاتھ پر بیعت کر چکی ہیں۔ لہذا تمام اہل حدیثوں کو خصوصاً اور حنفیوں اور چکڑالویوں اور مرزائیوں اور ثنائیوں اور شیعوں وغیرہ کو عموماً چاہئے کہ ہمارے ہاتھ میں ہاتھ دیکر سلسلہ بیعت حقانی میں داخل ہو جائیں اور صلح عمومی میں شامل ہو کر متفقہ طور پر خدمت اسلامی بجا لائیں۔ مولوی ثناء اللہ صاحب کو بھی امامت کے قائل ہو گئے ہیں۔ ملاحظہ ہو اخبار اہلحدیث گذشتہ پرچہ۔ مگر تنظیمی اہل حدیث ابھی تک اس میں شامل نہیں ہوتے۔ اب ان کو بھی اس سلسلے میں داخل ہو جانا چاہئے۔ کیونکہ اخبار اہلحدیث

(۸۱۵)

ahmadimuslim.de

مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ مولوی سید محمد شریف صاحب گھڑیالوی نے اپنی امامت سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ لہذا سب کو چاہئیے کہ ہمارے ہاتھ پر بیعت کر لیں۔ پنجاب اور دہلی کے اہل حدیثوں کو خاص طور پر ادھر توجہ کرنی چاہئیے۔ مولوی عبدالستار صاحب خلف مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی وغیرہ کے مریدوں کو چاہئیے کہ سلسلہ بیعت حقانی میں داخل ہوکر ثواب عظیم حاصل کریں۔ اور جو فتاویٰ قرآن و سنت کے موافق ہم دیں اس پر عمل کریں (حکیم ابوتراب عبدالحق امام وقت)

(اہلسنت والجماعت امرتسر ۱۶ جولائی ۱۹۳۹ء)

ضروری اطلاع آج کل چند اصحاب دیہات میں پھر کر اس مضمون کا محضرنامہ بنا رہے ہیں کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود ایدہ اللہ کی خدمت میں درخواست کی جائے کہ آپ ہمارے سیاسی امام بن کر ہمارا تفرقہ دور کریں۔ غالباً ان امرتسری مدعی کو اس کوشش کا علم ہوگیا ہوگا۔ اس لئے انہوں نے جلدی سے اپنی امامت کا اعلان کر دیا۔ پس محضرنامہ بنانے والے اصحاب ان امرتسری امام جی سے پہلے فیصلہ کرلیں۔ ایسا نہ ہو کہ کوئی منچلا کہنے لگے ؎

دل بکہ کند اقتدا قبلہ یکے امام دو

حدیث کے بغیر قرآن

امرتسر کے رسالہ "البیان" (اہلقرآن) بابت جون ۱۹۳۹ء میں اس سرخی کے ساتھ ایک مضمون نکلا ہے جس کے نیچے لکھا ہے:۔

"غریب الدیار طالب علم سے مدیر اہل حدیث کا مکالمہ"

اس میں ہماری دو باتوں کی شکائتیں کی ہیں اور ایک آیت کی تفسیر پوچھی ہے اور ہمارے جواب کو اپنے امیر کے جواب سے رد کیا ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے سلام علیک کہا آپ نے وعلیکم السلام کی بجائے یوں کہا تو کون ہوتا ہے اور کہاں سے آیا ہے تیرا نام کیا ہے؟ یعنی عزت سے مخاطب کروں اور وہ تو اور تم جیسے حقیر لفظوں سے میرا سینہ چھلنی کرے اور سلام کا جواب بھی نہیں دیا وغیرہ۔

مجھے یہ واقعہ بالکل یاد نہیں۔ اگر یہ صحیح ہے کہ ایسا ہی ہوا ہے تو میں کہونگا کہ جواب سلام کا نہ دینا میری عادت کے برخلاف ہے۔ اور بصورت حسن ظن کہتا ہوں کہ معترض نے میرا جواب اسلام حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرح نہیں سنا ہوگا۔ کیونکہ میں بحکم حدیث ابخل الناس من یبخل بالسلام سلام کرنا اور جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

تو اور تم کا جواب یہ ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے

انزلوا الناس منازلھم

ہر آدمی کو اسکے مقام میں اتارا کرو

یعنی جس حیثیت کا کوئی ہو اس کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرو۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے جو صیغہ خطاب ایک عالم کے لئے استعمال ہو وہ ایک طالب علم کیلئے نہیں ہونا چاہئیے۔ ایک شخص میرے سامنے آیا تھا جو نوجوان، داڑھی منڈا، شکل و شباہت میں لکھنؤ کا شیعہ معلوم ہوتا تھا۔ میں بحکم حدیث اس کو آپ اور جناب سے مخاطب نہیں کر سکتا تھا۔ میں نے اگر اس کو تو اور تم سے خطاب کیا تو کیا برا کیا۔

تصدیق جس جماعت سے معترض تعلق رکھتا ہے اس جماعت کے امیر ...... دفتر اہلحدیث میں تشریف لائے تو ان کے سامنے یہ حدیث اور جواب پیش کیا تو انہوں نے کہا کہ یہ بالکل ٹھیک ہے۔ میری اور میرے دفتر کے ملازموں کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ جن لفظوں میں آپ کو خطاب کیا جائے انہی لفظوں میں آپ کے دفتر کے ملازموں سے بھی خطاب کیا جائے - - - - - - - -

- - - - - - اس لئے اس اعتراض پر اظہار ناپسندیدگی فرمایا بلکہ یہ بھی کہا کہ میں نے یہ مضمون بعد چھپنے کے دیکھا تھا اگر وہ مجھے پہلے دکھاتے تو میں شائع کرنے کی اجازت نہ دیتا۔

اصل مسئلہ (حسب بیان معترض) ہم سے پوچھا گیا کہ قرآن کے ساتھ حدیث کا کیا تعلق ہے۔ ہم نے اپنی رائے ناقص کے مطابق جواب دیا کہ بہت سی آیات قرآنی میں حدیث کی تفسیر نہ لی جائے تو عمل نہیں ہوسکتا یا بہت مشکل ہے۔ مثلاً آیت اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ میں مسلمانان دنیا سب یہاں تک کہ جماعت منکرہ حدیث بھی اس آیت کی تعمیل زوال شمس کے بعد ظہر کی نماز کے وقت کرتی ہے۔ حالانکہ قرآن مجید میں ظہر کے ساتھ اس کو کوئی خصوصیت نہیں۔ یہ تخصیص حدیث ہی سے پیدا ہوئی ہے۔

معترض لکھتا ہے کہ

میں اس دلیل سے کافی حد تک متاثر ہوا اور یہ سمجھ بیٹھا کہ حدیث کے بغیر قرآن مجید کما حقہ نہیں سمجھا جا سکتا۔ مولوی صاحب سے رخصت ہوکر میں امت مسلمہ کے امیر و سرپرست ...... کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان سے بھی قرآن حدیث کے موضوع پر سرسری گفتگو ہوئی اور اس دوران میں مولوی ثناء اللہ صاحب کے ساتھ میری جو بات چیت ہوئی اس کا تذکرہ بھی آگیا۔ میں نے امیر صاحب سے دریافت کیا نماز جمعہ کے بارے میں مولوی صاحب نے جو دلیل دی ہے آپ اسکے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ ارشاد فرمایا نماز جمعہ کے وقت کی تعیین قرآن کے اس مقام پر موجود ہے یہ سن کر میری حیرت کی حد نہ رہی ×× فرمایا یہ بات تو واضح ہے خدا تعالیٰ ہمیں کاروبار چھوڑ کر نماز میں پہنچنے کا حکم دیتا ہے (وَذَرُوا الْبَيْعَ) گویا ایسا وقت مقصود ہے۔ جب بازاروں میں خرید و فروخت کا کام ہوسکتا ہو۔ یہ صبح کا وقت نہیں ہوسکتا۔ میرے دل پر نہایت گہرا اثر ہوا۔

(البیان بابت جون صفحہ ۳۸-۳۹)

اہلحدیث تعجب ہے کہ یہ لوگ اس امر کے مدعی ہیں کہ قرآن مجید کو جیسا ہم سمجھتے ہیں دوسرا کوئی نہیں سمجھتا نہ سمجھ سکتا ہے مگر ہمارے سامنے جب کبھی پیش آتے ہیں تو ایسی خام باتیں کرتے ہیں کہ بریلوی عقیدے کے حنفی بھی نہ کریں۔

اس جواب کی پہلی غلطی یہ ہے کہ آپکے امیر صاحب نے

محمدیہ پاکٹ بک۔ بلفظ۔ جدید ایڈیشن۔ مرزائیت کی تردید میں ایک بے نظیر کتاب۔ قیمت عہ (۸۱۶) دفتر اہلحدیث

بارہ بجے ... تجارت ... کو تجارت ... یہاں کیا کریں ... شہروں میں تجارت
کا زور کس وقت ہوتا ہے میونسپل شہروں کو چھوڑیے امرتسر ہی کی منڈی گیٹ کو دیکھئے۔ عصر مغرب اور عشاء کے وقت جو کچھ بھی تجارت کی ہوتی ہے وہ ظہر کے وقت نہیں ہوتی۔ صبح کے وقت کی تردید کرنی بالکل بیکار ہے۔ کیوں نہ یہ کہا جائے کہ بلحاظ تجارت عصر مغرب بلکہ عشا کا وقت زیادہ مخصوص ہے۔

اچھا ہم صبح کو بھی لیتے ہیں۔ کیا رمضان میں سحری کے وقت دہی دودھ وغیرہ اشیاء خوردنی کی تجارت نہیں ہوتی۔ علاوہ اس کے اگر یہ حکم اوقات بیع ہی سے مخصوص ہے تو بتایئے امرتسر کے ورکشاپ و تیل گھر قالین کے کارخانوں، لاہور کے ریلوے کارخانوں میں جو مسلمان کام کرتے ہیں وہاں تو کوئی تجارت نہیں کیا ان لوگوں پر نماز جمعہ فرض ہے یا نہیں علاوہ اسکے جو زمیندار اراضی پر زراعت اور فلاحت پر مشغول ہیں۔ وہ بھی نماز جمعہ پڑھنے کے مامور ہیں یا نہیں۔ اگر ہیں تو کس وقت پڑھیں۔ ان وجوہات کو مدنظر رکھ کر جملہ علمائے اسلام اس آیت میں بیع کو بطور تمثیل سمجھتے ہیں اور معنی اس آیت کے یہ کرتے ہیں کہ

وذروا کل ما یشغلکم عن الصلوٰۃ من التجارۃ اوالصناعۃ اوالزراعۃ۔ اوالنوم اوالفلاحۃ اواللھو اواللعب

(ہر کام جو نماز سے تم کو روکے چھوڑ دو تجارت ہو یا صناعت زراعت ہو یا نیند جو کچھ ہو)

یہ معنی اس آیت کے حسب مراد خداوندی ہیں یہ نہیں کہ تجارت ظہر کے وقت نہیں ہوتی صبح کے وقت نہیں ہوتی۔

صبح کے وقت خود زمینوں کے لئے حقہ مانع ہے۔ علاوہ ازیں باہر سے مال لانے والے جو صبح سویرے شہروں میں پہنچتے ہیں ان کے لئے تجارت مانع ہے۔ غرض صبح کے وقت بھی مشاغل مانع ہوتے ہیں۔ آپ کے نزدیک اگر صبح کی تجارت نہیں۔ اس لئے نماز جمعہ صبح کو نہیں تو عصر، مغرب اور عشا کے وقت تو ہے

کیونکہ بعض مقامات میں تجارت ہوتی ہے مگر یہی بات یہی ہے کہ بیع کا لفظ تمثیل ہے شرط نہیں ورنہ بتایئے کسی بستی میں اگر ایسے لوگ رہتے ہوں جو سب پنشن یافتہ ہوں اور مزے سے کھاتے پیتے ہوں مگر تجارت نہ کرتے ہوں تو کیا وہ سب جمعہ نہ پڑھیں۔

اس لئے ان معنوں میں جو ہم بیان ہیں وہ ہم

پیش کر ... نہیں
چیلنج | دنیا بھر کے ... ظہر کے وقت ...
فوری جانتے ہیں ... ہمارے سوال کا
جواب نہیں دے سکتے

نازک کلائیاں میری توڑیں مروڑ کر
میں وہ بلا ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں

قادیانی مشن

مرزا صاحب کی عمر کا الہام

اور

ان کے اتباع کیلئے باعث ندامت وطغیان

(بجواب الفضل ۵ اگست ۱۹۳۶ء)

کہتے ہیں کہ کسی نے جناب جمل سے کہا آپ کی گردن بڑی ٹیڑھی ہے۔ ممدوح نے جواب دیا کہ یاروں کی کونسی کل سیدھی ہے۔ یہی کیفیت حضرت مرزا صاحب قادیانی کے دعاوی اور الہاموں کی ہے۔ اور الہامات تو وقتاً فوقتاً ناظرین سنتے رہتے ہیں۔ آج ان کی عمر کا الہام اور ان کے اتباع کی پریشانی کا ذکر ناظرین کو سناتے ہیں مرزا صاحب کا الہام تھا کہ خدا نے مجھے کہا ہے تیری عمر اسی سال یا کچھ کم یا زیادہ ہوگی۔ اس کی تعیین انہوں نے بہ تفہیم الٰہی پچہتر سے چھیاسی تک لکھی ہے۔

(براہین احمدیہ جلد پنجم)

نوٹ | مرزا صاحب کا قول ہے کہ خدا تعالیٰ کا حساب قمری مہینوں کا ہے (تتمہ حقیقۃ الوحی) یعنی شمسی اور موسمی حساب انسانوں کی بدعت ہے۔ (ریویو آف ریلیجنز جنوری ۱۹۰۶ء)

پس ضروری ہے کہ ہم اس الہام خداوندی کی بزبان مرزا تحقیق اور تشریح صرف قمری حساب ہی سے کریں۔ بلکہ ہر ایک میعاد زمانی کو جو مرزا صاحب کے الہام میں درج ہو قمری حساب ہی سے شمار کیا کریں۔ چاہے مرزا سلطان محمد ناکح منکوحہ آسمانی کی موت کی میعاد یا ڈپٹی آتھم مسیحی کی وغیرہ وغیرہ الخ۔

پس سنئے اس میں شک نہیں کہ مرزا صاحب کا انتقال ربیع الاول ۱۳۲۶ھ مطابق مئی ۱۹۰۸ء ہوا اس سے انتہائی عمر کا پتہ تو صاف چل گیا۔ ابتدائے عمر کا پتہ اس سے چلتا ہے جو آپ نے محل استدلال میں بتایا ہے۔ ناظرین اہل علم جانتے ہیں کہ محل استدلال میں ظن اور تخمین سے کام نہیں لیا جاتا بلکہ یقینیات سے استدلال ہوتا ہے۔

مرزا صاحب چونکہ متکلم تھے اور ان کی جماعت متکلمین (مناظرین) کی جماعت ہے۔ اس لئے ان کو بھی یقینیات سے کام لینا چاہئے۔ تخمینی اور ظنی باتوں سے نہیں۔ پس سنئے۔ مرزا صاحب اپنی مسیحیت کے ثبوت میں دلائل پیش کرتے ہوئے مندرجہ ذیل عبارت لکھتے ہیں۔

لطیفہ | چند روز کا ذکر ہے کہ اس عاجز نے اس طرف توجہ کی کہ کیا اس حدیث کا جو آلایات بعد المائتین ہے ایک یہ بھی منشا ہے کہ تیرھویں صدی کے اواخر میں مسیح موعود کا ظہور ہوگا اور کیا اس حدیث کے مفہوم میں بھی یہ عاجز داخل ہے تو مجھے کشفی طور پر اس مندرجہ ذیل نام کے اعداد حروف کی طرف توجہ دلائی گئی کہ دیکھ یہی مسیح ہے کہ جو تیرھویں صدی کے

(۸۱۷)

پورے ہونے پر ظاہر ہونے والا تھا پہلے سے ہی تاریخ ہم نے نام میں مقرر کر رکھی تھی اور وہ یہ نام ہے غلام احمد قادیانی - اس نام کے عدد پورے تیرہ سو ہیں اور اس قصبہ قادیان میں بجز اس عاجز کے اور کسی شخص کا نام غلام احمد نہیں۔ بلکہ میرے دل میں ڈالا گیا ہے کہ اس وقت بجز اس عاجز کے تمام دنیا میں غلام احمد قادیانی کسی کا بھی نام نہیں۔" (ازالہ اوہام ص $\frac{185}{186}$ تقطیع خورد طبع اول)

اس عبارت سے مرزا صاحب کی بعثت کا سن معلوم ہو گیا۔ اس کے ساتھ یہ فقرہ بھی ملا لیجئے۔

عجیب اتفاق ہوا کہ میری عمر کے چالیس برس پورے ہونے پر صدی[1] کا سر بھی آ پہنچا۔ تب خدا تعالیٰ نے الہام کے ذریعہ سے میرے پر ظاہر کیا کہ تو اس صدی کا مجدد تو ہی مسیح موعود ہے۔ میرا نام عیسیٰ بھی رکھا۔

(تریاق القلوب تقطیع کلاں طبع اول ص ۶۸)

یہ دو نو عبارتیں مل کر اپنا مطلب صاف بتا رہی ہیں کہ مرزا صاحب کی ولادت سن ہجری کے حساب سے ۱۲۶۱ھ کو ہوئی اور انتقال ۱۳۲۶ھ کو ہوا۔ حسب قانون شمار دونوں طرف کے سالوں سے ایک لیں تو پینسٹھ سال اور اگر دو نو بھی لے لیں تو سن ہجری کے حساب سے چھیاسٹھ سال کی عمر ہوتی ہے۔ یہ حساب ایسا صاف ہے حسب قاعدہ علم کلام محل استدلال میں آیا ہے اور اس کی بنا مرزا صاحب کے کشف پر ہے جو کسی طرح قابل تاویل یا تحریف نہیں۔

احمدی ممبرو! "اہلحدیث" تم کو بارہا کہہ چکا ہے ایسے مضامین لکھ کر مجھ سے مشورہ لے لیا کرو۔ تاکہ اہل علم کی نظروں میں تمہاری خفت نہ ہوا کرے۔ کیونکہ

مجھ سا مشتاق جہاں میں کہیں پاؤ گے نہیں
گرچہ ڈھونڈو گے چراغ رخ زیبا لیکر

عجائبات مرزا۔ مرزا صاحب کی عمر کے متعلق مرزا صاحب کی عجیب و غریب تحریریں۔ قیمت ۳/ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

[1] صدی سے مراد چودھویں صدی ہجری ہے۔

قضاء الصوم عن المیت

(از قلم حضرت مولوی محمد سلیمان صاحب [illegible])

(۳)

مضمون ہذا "اہلحدیث" ۲۴ اگست سے شائع ہو رہا ہے گذشتہ دو قسطوں میں قابل مضمون نگار نے اپنے دعوے کے اثبات میں احادیث و آثار پیش کئے ہیں۔ آج کی قسط میں ان کے دعویٰ پر جو اعتراض وارد ہوتے ہیں ان کا جواب دے رہے ہیں۔ (مدیر)

مفتی "اہلحدیث" نے اپنے فتویٰ کی تائید میں عون المعبود سے یہ عبارت بھی پیش کی تھی۔ اتفق اھل العلم علی انہ اذا افطر فی المرض والسفر ثم لم یفرط فی القضاء حتی مات فانہ لا شئ علیہ ولا یجب الاطعام عنہ۔ اور اسی طرح کی ایک عبارت منہاج الطالبین للنووی سے بھی نقل کی تھی اور شرح منہاج سے یہ بھی نقل کیا تھا۔ ولا تدارک لہ بالفدیۃ ولا بالقضاء اور اس کے بعد یہ بھی لکھا ہے:۔

"چونکہ مریض نے صحت یا قدرت علی الصیام کا زمانہ نہیں پایا۔ لہٰذا اسکے ذمہ قضا واجب نہیں اور جب اس کے ذمہ واجب نہیں تو اس کے اولیاء پر کیونکر واجب ہو سکتا ہے"

میں کہتا ہوں کہ مفتی صاحب نے جو بات کہ اہل علم سے نقل کی ہے وہ ان کے خیالات ہیں۔ اس پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ علاوہ اس کے اہل علم کا اس مسئلہ میں اتفاق نہیں ہے بلکہ اختلاف ہے۔ جیسا کہ محدثین کرام نے اس کی تصریح کی ہے اور اختلاف کا بیان آئندہ آئیگا انشاء اللہ! اس کے بعد پھر مفتی صاحب نے اپنے مسلک کی کمزوری کو محسوس کیا تو پھر بعد فتویٰ دینے کے کچھ اقوال الرجال سے اپنے فتویٰ کی تائید کی اور سنن کبریٰ بیہقی کے تین بابوں سے استدلال کیا ہے۔

"باب المریض یفطر ثم لم یصح حتی مات فلا یکون علیہ شئ روی ذلک عن عبد اللہ بن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا امرتکم بامر فأتوا منہ ما استطعتم" اس کے بعد امام بیہقی ایک دوسرا باب منعقد فرماتے ہیں۔ "باب من قال اذا فرط فی القضاء بعد الامکان حتی مات اطعم عنہ مکان یوم مسکینا مد من طعام" اس کے بعد ایک تیسرا باب منعقد کرتے ہیں "باب من قال یصوم عنہ ولیہ"

ناظرین! یہاں پر ایک بات قابل عرض یہ ہے کہ بلا دلیل مذہب والوں کو جب اپنے دعوے کے مطابق دلیل نہیں ملتی تو ایسے لوگ کم از کم محدثین کے کسی منعقدہ باب ہی سے استدلال کی کوشش کرتے ہیں یہی حال یہاں پر ہمارے مفتی "اہلحدیث" کا بھی ہے۔ حسن اتفاق کہئے یا مشورہ۔ حنفی مفتی نے بھی انہیں تین بابوں سے استدلال کر کے اپنے استاد مفتی مذکور کی تائید کی ہے

یہ بات اہل علم پر بالکل ظاہر ہے کہ محدثین کے منعقدہ ابواب بجائے دعویٰ کے ہوتے ہیں اور ماتحت ابواب دلائل مذکور ہوتے ہیں۔ خواہ وہ دلائل منعقدہ ابواب کے مطابق ہوں یا نہ ہوں لیکن اس باب کے قائلین کے وہی دلائل ہوتے ہیں۔ اگر واقع میں غور کیا جائے تو باب اول کے قائلین کے پاس کوئی صریح دلیل نہیں ہے جو ان کے صریح دعویٰ کے مطابق ہو اس وجہ سے ایک مجمل اور بعید معنی کے اعتبار سے یہ دلیل پیش کی ہے۔ اذا امرتکم بامر فأتوا منہ ما استطعتم۔ جو حقیقت میں باب اول سے اس کا تطابق بعید اور مجمل ہے۔ بلکہ یہ حکم بتمامہ اور صراحتاً من مات وعلیہ صیام صام عنہ ولیہ پر صادق آتا ہے۔ پس باب مذکور میں فلا یکون علیہ شئ صحیح نہیں بلکہ دعویٰ بلا دلیل ہے۔

اس کے علاوہ حنفی مفتی نے ایک دوسرا باب کا منعقد فرمایا ہے۔ "باب من مات وعلیہ صوم رمضان

(۸۱۸) حالات - جلد اول - جلد دوم

ahmadimuslim.de

مباحث علمیہ

قرآن حکیم کی روشنی میں سحر بابل اور ہاروت و ماروت کی تحقیق

(از مولوی ابو سعید عبد الرحمن صاحب فرید کوٹی)

(قسط اول)

اس مضمون کے لکھنے سے قبل یہ عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ بعض تفاسیر میں جس قدر اسرائیلی روایات موجود ہیں۔ ان سب سے زیادہ معرکۃ الآرا مسئلہ ہی ہاروت و ماروت کا ہے۔ اس سلسلہ میں آپ دیکھیں گے کہ قرآن حکیم کی سیدھی اور صاف آیات میں ان اسرائیلی روایات و قصص کو تفسیر کے طور پر درج کرکے قرآن حکیم کی حقیقت پر کس طرح پردہ ڈالا گیا ہے اور قرآن حکیم کو کس طرح ایک فسانہ کی حیثیت دیدی گئی ہے۔ چونکہ یہ مسئلہ میرے خیال میں آج تک مذہبی اخبارات کے صفحوں پر نہیں آیا۔ اور نہ ہی اس مسئلہ میں علماء کرام نے کوئی تحقیقی قدم اٹھا کر اس کو رسالہ کی شکل میں پیش کیا ہے اس لئے میں اجمال و تفصیل کے درمیان رہ کر اپنے معلومات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ نیز یہ مسئلہ اپنے اندر ایک علمی حیثیت بھی رکھتا ہے۔ اس لئے امید ہے کہ قارئین اہلحدیث خصوصیت کے ساتھ بغور و فکر اس کا مطالعہ کریں گے۔

واتبعوا ما تتلوا الشیاطین علی ملک سلیمان
اور تابعداری کی ان لوگوں نے اس چیز کی جو پڑھتے تھے شیاطین سلیمان کے ملک میں۔

وما کفر سلیمٰن ولکن الشیاطین کفروا
اور نہیں کفر کیا سلیمان نے لیکن شیاطین نے کفر کیا۔

یعلمون الناس السحر
سکھاتے تھے (شیاطین) لوگوں کو جادو

وما انزل علی الملکین ببابل ھاروت و ماروت
اور نہیں نازل کیا گیا دو فرشتوں پر شہر بابل میں ہاروت و ماروت (دیکھو حاشیہ)

وما یعلمٰن من احد حتی یقولا انما
اور نہیں سکھلاتے تھے یہ دو فرشتے کسی کو حتی کہ کہہ دیتے تھے تحقیق

نحن فتنۃ فلا تکفر فیتعلمون منھما
ہم فتنہ ہیں پس تو کفر نہ کر پس سیکھتے تھے لوگ ان دونوں فرشتوں سے

ما یفرقون بہ بین المرء وزوجہ
جو جدائی ڈالے شوہر و بیوی کے درمیان

وما ھم بضارین بہ من احد الا باذن اللہ
اور نہیں یہ شیاطین دکھ دینے والے کسی کو سوا حکم اللہ کے

ویتعلمون ما یضرھم ولا ینفعھم
اور سیکھتے تھے لوگ جو چیز نقصان دے ان کو اور نہ نفع دے

ولقد علموا لمن اشترٰہ
اور تحقیق جان لیا ان لوگوں نے اس شخص کو جس نے خریدا اس (جادو) کو

ما لہ فی الاخرۃ من خلاق
کہ نہیں اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ

ولبئس ما شروا بہ انفسھم لو کانوا یعلمون (پ۱)
اور بہت برا ہے جو کچھ ان لوگوں نے اپنے نفسوں کیلئے خریدا ہے۔ کاش یہ لوگ علم رکھتے۔

ان آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ گمراہ لوگ کہتے تھے سلیمان علیہ السلام جادوگر ہے۔ اور اسی جادو کی بدولت دنیا پر حکمران ہے۔ پس پہلے ہی جملہ میں خدا تعالیٰ نے انکار کر دیا کہ سلیمان کافر نہیں تھا۔ اور جادو کفر کا کام ہے۔ اس لئے سلیمان پیغمبر نے نہ جادو کیا اور نہ وہ کافر ہوا۔ بلکہ سلیمان علیہ السلام کی مملکت میں شیاطین بنی آدم کو جادو سکھایا کرتے تھے۔ اور اس سحر کی پیروی بھی بیہودہ لوگوں نے کی۔

اور یہ کہ خدا تعالیٰ نے دو فرشتوں پر جادو نازل کیا تھا جو شہر بابل میں رہ کر لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے جن کا نام ہاروت و ماروت تھا۔ اس مقام پر بعض علماء حرف ماء کو نافیہ اور بعض موصولہ تسلیم کرتے ہیں۔ جس کی تفصیلی بحث آگے آئے گی اور یہی حرف ما محل بحث ہے۔ اب ذیل میں وہ افسانے اور اسرائیلی قصے درج کئے جاتے ہیں جو تفاسیر میں اسرائیلیات کی طرف منسوب ہو کر نقل کئے گئے ہیں۔ اور ان قصص کو جاہل ملاں ممبروں پر چڑھ کر بڑی شان سے بیان فرمایا کرتے ہیں۔ تفسیر ابن کثیر۔ ابن جریر۔ خازن۔ معالم۔ بحر المحیط اور درمنثور میں یہ قصص بتفصیل مذکور ہیں۔ طوالت کے خوف سے میں ان کا صرف ترجمہ ہی پیش کرونگا۔ البتہ جہاں ضرورت ہوگی وہاں عربی عبارت بھی نقل کردونگا۔ اور کوشش کرونگا کہ ترجمہ میں افراط و تفریط نہ ہو۔

نمبر ۱ امام احمد بن حنبل رح نے اپنی مسند میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب آدم علیہ السلام کو زمین پر بھیجا تو فرشتوں نے کہا اے اللہ اس آدم کو تو نے زمین پر بھیجا ہے جو قتل و خونریزی کریگا اور تیری تسبیح و تحمید کے لئے ہم حاضر ہیں۔ تو اس وقت خدا نے کہا اے فرشتو تم اپنے میں سے دو فرشتے منتخب کرو تاکہ ان کو زمین پر بھیج کر ان کی آزمائش کی جائے۔ پس فرشتوں نے ہاروت و ماروت نامی دو فرشتوں کو چنا اور زمین پر بھیجدیا اور انہوں نے زہرہ نامی فاحشہ عورت سے شراب پی کر بدکاری کی۔ اور جب فرشتے ہوش میں آئے تو زہرہ نے کہا کیئے فرشتگان صاحب! تم نے تو نشہ میں سب کام کر ڈالے جن کا تم پہلے انکار کر رہے تھے؟ پس اس بدفعلی پر خدا نے ان فرشتوں کو اختیار دیدیا کہ اگر چاہیں تو عذاب آخرت پسند کریں اور چاہیں تو عذاب دنیا۔ چنانچہ فرشتوں نے عذاب الدنیا پسند کر لیا۔ اور اس دن سے آج تک یہ فرشتے بابل کے کنوئیں میں الٹے لٹکے ہوئے ہیں۔ مبتلا عذاب ہیں اور قیامت تک یہی حال رہیگا۔

نمبر ۲ دوسری روایت۔ دنیا میں جب اولاد آدم کے گناہ بکثرت ہونے لگے تو فرشتوں نے ابن آدم کے معاصی کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھا۔ اس وقت خدا تعالیٰ نے فرشتوں سے کہا کہ تم دو فرشتے منتخب کرو

مظاہر حق - یہ مشکوٰۃ شریف کا اردو ترجمہ کیا ہے (۱۹۸) چار بڑی ضخیم جلدیں ہیں - قیمت ... پتہ - منیجر اہلحدیث

چنانچہ ہاروت وماروت انتخاب کے بعد زمین پر بھیجے گئے۔ اور دنیا میں آکر زہرہ سے زنا کے مرتکب ہوئے اور اسی سبب سے بابل کے کنوئیں میں الٹے سر لٹک رہے ہیں۔ (ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۲۳۲)

نمبر ۳ | تیسری روایت باختلاف عبارت، فرشتوں نے زہرہ کے کہنے پر جب شراب پی لی تو اس کے لڑکے کو قتل کر کے بُت کو بھی سجدہ کر بیٹھے۔ زہرہ نے فرشتوں سے وہ اسم اعظم بھی سیکھ لیا تھا جس کے ذریعہ فرشتگان خدا آسمان پر اُڑا کرتے تھے۔ پس زہرہ آسمان پر اُڑنے لگی۔ اور جب بہت اونچا چلی گئی تو زہرہ ستارہ بنا دی گئی۔ چنانچہ آج تک آسمان پر برابر زہرہ کے نام سے ایک ستارہ موجود ہے۔ اور یہی زہرہ عورت ہے۔ اس فعل شنیع کے بعد فرشتے نادم وعاصی ہو کر حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کے پاس گئے۔ اور سلیمان علیہ السلام کی دعا سے ان کو عذاب دنیا قبول کرنے کا حکم ملا۔ چنانچہ تا قیامت زمین و آسمان کے درمیان لٹکتے رہیں گے۔ (ابن کثیر صفحہ ۲۳۴)

نمبر ۴ | چوتھی روایت۔ عبداللہ بن عمرؓ جس وقت اس زہرہ ستارہ کو دیکھتے تو اس پر لعنت بھیجا کرتے اور فرمایا کرتے۔ یہی وہ بدبخت عورت ہے جس نے دو فرشتوں کو فتنہ عظیم میں ڈال رکھا ہے۔ اور قیامت تک یہ فرشتے عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ یہ اُلٹے پاؤں چاہ بابل میں لٹکے ہوئے ہیں۔ اور اس حالت میں بھی یہ فرشتے لوگوں کو جادو سکھلا رہے ہیں۔ (ابن کثیر ۲۳۴)

نمبر ۵ | پانچویں روایت حضرت علیؓ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو زہرہ پر جس نے ہاروت وماروت کو فتنہ میں ڈال دیا تھا۔ علیؓ جب اس ستارہ کو دیکھتے تو اس پر لعنت بھیجا کرتے تھے۔ اس لئے کہ یہ ستارہ وہی زہرہ عورت ہے جو ستارہ کی شکل میں مسخ کر دی گئی تھی۔ (صفحہ ۲۳۵)

نمبر ۶ | امام ابو جعفر طبری نے اس روایت کو تفسیر طبری میں بیان کیا ہے۔ حضرت عائشہؓ کے پاس ایک جادوگرنی عورت دومۃ الجندل سے آئی اور یہ قصہ سنایا کہ میرا خاوند کہیں غائب ہو گیا اور میں سخت پریشان ہو گئی۔ اس دوران میں ایک عورت میرے پاس آئی۔ میں نے اسے یہ قصہ سنایا تو اس نے کہا کہ میں جس طرح تم کو کہوں ویسا کرو تو تمہارا خاوند جلد آجائے گا۔ اور جب رات ہوئی تو وہ عورت دو سیاہ کتے لائی۔ ایک پر خود سوار ہو گئی اور دوسرے پر میں۔ حتیٰ کہ ہم دونوں چاہ بابل کے پاس پہنچ گئیں۔ وہاں دو شخص اُلٹے پاؤں لٹک رہے تھے۔ انہوں نے ہماری آمد کی غرض دریافت پوچھی۔ تو ہم نے کہا جادو سیکھنے کے لئے۔ فرشتوں نے کہا کہ ہم تو فتنہ ہیں۔ (قالوا انما نحن فتنۃ) اور ایک آزمائش ہیں۔ تم کفر مت کرو۔ ہم نے سیکھنے پر اصرار کیا۔ اور فرشتوں نے کہا اگر سیکھنا چاہتی ہو تو اس تنور میں جا کر پیشاب کرو۔ میں پیشاب کے لئے گئی اور گھبرا کر آ گئی۔ فرشتوں کے دریافت کرنے پر میں نے کہا کہ ہاں پیشاب کر آئی ہوں۔ تو انہوں نے کہا تم جھوٹی ہو۔ اگر جادو سیکھنا مقصود ہے تو پہلے اس تنور میں پیشاب کرو۔ الغرض میں دوسری بار گئی اور مجھ میں ہمت نہ ہوئی۔ بالآخر تیسری بار گئی اور جان جوکھوں میں ڈال کر پیشاب کر ہی ڈالا۔ جب میں نے پیشاب کیا تو ایک گھوڑے سوار شخص کو دیکھا جو لوہے کی چادر اوڑھے ہوئے میری فرج (شرمگاہ) سے نکلا ہوا سیدھا آسمان پر چڑھ گیا۔ پھر میں ان فرشتوں کے پاس آئی اور یہ تمام قصہ کہہ سنایا۔ فرشتوں نے کہا وہ اسپ سوار جو تمہارے فرج سے نکلا تھا وہ تمہارا ایمان تھا۔ پھر میں نے اپنی ساتھ والی عورت سے کہا کہ ان دونوں نے مجھے کچھ نہیں بتلایا تو اس جادوگرنی ساحرہ نے کہا۔ واہ ری؟ تمہیں کیا خبر؟ اب تم جو کچھ کرنا چاہو کر سکو گی۔ سبز کو خشک اور خشک چیز کو سبز۔ جو کچھ چاہو وہ سب کر سکو گی۔ اب تو تم مجسم سحر بن گئی ہو۔ یہ کہہ کر اس قصہ کو جادوگرنی نے کہا اے ام المومنین رضی اللہ عنہا اب میں سخت نادم ہوں اور آئندہ ایسا کوئی کام یا سحر وغیرہ نہ کروں گی۔ (ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۲۳۴)

ساتویں روایت | ہاروت وماروت کا واقعہ ادریس علیہ السلام کے زمانہ میں ہوا ہے۔ یہ فرشتے بابل کے کنوئیں میں لٹکے ہوئے ہیں۔ ایک شخص نے ارادہ کیا کہ وہاں جا کر جادو سیکھے پس وہ گیا۔ ان کو لٹکے ہوئے پایا۔ لوہے کے کوڑوں کی ماریں کھا کر ان کے بدن سیاہ ہو گئے تھے۔ ان کی زبان اور آب چاہ کے درمیان صرف چار انگل کا فاصلہ تھا۔ اور وہ پیاس پیاس کہہ کر چلا رہے تھے۔ اس شخص نے یہ حال دیکھ کر لا الٰہ الا اللہ پڑھا۔ ان فرشتوں نے کلمہ سُن کر پوچھا اے کلمہ پڑھنے والے شخص تم کون ہو۔ اس نے کہا میں امت محمدیہ صلعم کا ایک فرد ہوں۔ انہوں نے پوچھا کہ محمد رسول اللہ صلعم کیا مبعوث ہو چکے ہیں؟ تو اس نے کہا ہاں! تب ان فرشتوں نے کہا الحمد للہ کہ اب ہم عذاب ٹل جانے کا وقت قریب ہے۔ اس لئے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبی الساعۃ ہیں اور اب قیامت بہت قریب ہے۔ (تفسیر خازن جلد ۱ صفحہ ۱۹)

نمبر ۸ | آٹھویں روایت۔ اس عورت کا نام عربی میں زہرہ نبطی میں بیدخت اور فارسی میں ناہید ہے۔

نمبر ۹ | نویں روایت۔ زہرہ ستارہ کو ایک عورت کی شکل میں خدا نے بھیجا اور پھر یہی زہرہ عورت اپنی اصلی حالت یعنی زہرہ ستارہ کی شکل میں مسخ ہو گئی۔

نمبر ۱۰ | دسویں روایت علی رضی اللہ عنہ سے ہے کہ ہاروت وماروت دو فرشتے ہیں۔ (ابن کثیر صفحہ ۲۳۵)

نمبر ۱۱ | ہاروت وماروت سے مراد سلیمان وداؤد علیہم السلام ہیں۔ بروایت ابن الجوزی ابن کثیر)

نمبر ۱۲ | بارھویں روایت قاسم بن محمد سے ہے کہ ہاروت وماروت سے دو شخص (اولاد آدم) سے مراد ہیں جو لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے۔ (ابن کثیر ۲۳۴)

نمبر ۱۳ | تیرھویں روایت یہ کہ ہاروت وماروت سے مراد جبرئیل ومیکائیل ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر صفحہ ۲۳۴)

نمبر ۱۴ | چودھویں روایت ان لوگوں کی ہے جو ما کو نافیہ مان کر صاف انکار کرتے ہیں کہ نزول سحر نہ فرشتوں پر ہوا نہ انسانوں پر اور نہ ہی جبرئیل ومیکائیل وغیرہ پر ہوا۔

ہاروت وماروت کی نسبت یہ مختصر حالات ہم نے آپ کے سامنے رکھ دیئے ہیں۔ واعظین حضرات انہی قصوں کو رنگ بندی کر کر نادانستہ طور پر عوام کو سناتے

ہیں۔ اور انہی روایات کی بناء پر علماء کرام کے تین گروہ اس مسئلہ میں ہو گئے ہیں۔

پہلا گروہ یہ کہتا ہے کہ فی الحقیقت دو فرشتے بنام ہاروت و ماروت آسمان سے نازل ہوئے۔ جو زہرہ کے ساتھ مرتکب زنا ہوئے۔ اور اسی جرم کی پاداش میں ان کو بابل کے کنوئیں میں الٹا لٹکا دیا گیا۔ اور اسی جرم کی سزا میں زہرہ کو ایک حسین و درخشندہ ستارہ بنا دیا گیا ہے۔ جو قیامت تک زہرہ کے نام سے آسمان پہ طلوع و غروب کرتا رہے گا۔ اور یہ فرشتے خدا تعالیٰ نے لوگوں کو جادو سکھانے کی غرض سے خود بھیجے تھے تاکہ امتحان ہو جائے جادو سے نفرت کون کرتا ہے، اور محبت کون کرتا ہے؟ لیکن کچھ عرصہ بعد افسوس کہ ان جادوگر فرشتوں پر زہرہ کی منہ چڑھائی اور حسن و شباب کا جادو چل گیا۔ اور زہرہ کے ساتھ آلودہ عصیان ہوئے، اور اب تک سوروں اور کتوں پہ سوار ہو کر آنے والی عورتوں کو بڑے زوروں کے ساتھ جادو سکھلا رہے ہیں۔ جیسا کہ اوپر نمبر ۶ میں گذر چکا ہے کہ ایک عورت چاہ بابل کے پاس تنور میں پیشاب کرنے کے بعد مجسمہ سحر کے حسن سے آراستہ ہو کر گھر لوٹ آئی تھی۔ (باقی)

طب تقلیدی

(بقلم مولوی نور محمد صاحب میانوی)

دنیا میں کوئی مسلمان نہیں جو اس حقیقت سے نا آشنا ہو کہ زمانہ رسالت مآب میں مسلمانوں کے پاس عمل و تقلید کے لئے صرف وحی الہیٰ تھی۔ جس کے دو حصے تھے۔ یعنی قرآن مجید و حدیث شریف۔ صحابہ کرام صرف انہی دو چیزوں پر عمل کرتے رہے۔ دین و دنیا کی تمام ضرورتوں کے احکام انہی سے لیتے رہے۔ مسلمانوں کا یہ ابتدائی زمانہ جو لاکھوں صحابیوں کی موجودگی کا تھا۔ اور جس مبارک زمانہ میں لاکھوں تابعی بھی تھے انہی دو چیزوں پر عمل کرتے ہوئے گزر گیا۔ گو مسائل میں ان بزرگوں کا بھی اختلاف تھا۔ لیکن اصل اسلام ان ہی دو چیزوں کو سمجھتے رہے۔ لیکن ابھی کچھ زمانہ زیادہ نہ گزرا تھا کہ بعد والے مسلمانوں نے ایک تیسری چیز بھی اس میں اضافہ کر لی۔ اور وہ امت کے چار بزرگوں میں سے ایک کی تمام باتوں کا مان لینا ہے جس کو تقلید شخصی کے نام سے تعبیر کیا گیا۔ اور صاف کہہ دیا گیا کہ ان ائمہ کے اجتہادات و قیاسات و فتاویٰ کو آنکھیں بند کرکے بغیر دلیل دیکھے مان لینا بھی اسلام کا ایک فرض ہے۔ سردست ہمیں اس بحث نہیں کہ آیا تقلید شخصی چوتھی صدی کی ایجاد ہے یا چھٹی صدی کے بعد کی۔ لیکن اتنا تو ہر مسلمان کو مسلم ہے کہ یہ بعد کی چیز ہے۔ کیونکہ امامت کی حیثیت سے ان چاروں اماموں میں سے ایک بھی پہلی صدی میں نہ تھی۔ پہلی صدی گذر جانے کے بعد یہ حضرات اجتہاد کے درجہ کو پہنچے۔ میں اس وقت اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتا کہ خود ان ائمہ کرام کے اپنی تقلید کے متعلق کیا ارشادات ہیں۔ یہاں صرف یہ دکھانا مقصود ہے کہ اسلام کا برکت والا زمانہ گزر جانے کے بعد مسلمانوں نے دین اللہ میں جہاں اور بہت سی ایجادات کیں وہاں ایک یہ ایجاد بھی ہوئی۔ رفتہ رفتہ ہر ایک امام کے مقلدین نے دین و مذہب کا دارومدار ہی اپنے امام کے قول پر رکھ دیا۔ پھر ہر مذہب کی تصنیفات الگ الگ ہونے لگیں جن میں ان اماموں اور ان کے متعلقین کے اقوال کو جمع کیا گیا اور ہر ایک فرقہ کی الگ الگ راہ قائم ہو گئی۔ دین الہیٰ میں وحدت کی بجائے کثرت پیدا کی گئی۔ الغرض میں اس مضمون میں آپ کو بعض مسائل دکھانا چاہتا ہوں جو بالکل الٹی اور من گھڑت ہیں۔ جیسے خود مجھ سے سنئے۔ اب طب تقلیدی کو دیکھئے جو دین اللہ میں داخل کی گئی درمختار جلد اول مصری صفحہ ۹۶ میں یوں آیا ہے:۔ ولا مضطجعا فانہ یورث کبر الطحال یعنی لیٹے لیٹے مسواک نہ کرے کہ اس سے تلی بڑھ جاتی ہے۔ ولا یقبضہ فانہ یورث الباسور یعنی اپنی مٹھی سے مسواک نہ پکڑے کہ اس سے بواسیر ہو جاتی ہے۔ ولا یمصہ فانہ یورث العمی یعنی مسواک کو نہ چوسے اس سے اندھا ہو جاتا ہے۔ ثم یغسلہ و الا فیستاک الشیطان بہ۔ پھر اسکو دھو ڈالے ورنہ اس سے شیطان مسواک کرنے لگتا ہے۔ ولا یزاد علی الشبر و الا فالشیطان یرکب علیہ اور بالشت بھر سے زیادہ لمبی مسواک نہ رکھے ورنہ اس پر شیطان سواری کرتا ہے۔ ولا یضعہ بل ینصبہ و الا خطر الجنون اور اس کو رکھ نہ دے بلکہ گاڑ دے ورنہ پاگل ہو جاویگا۔

نیز دوسری کتب کی طب سنئے۔ شامی جلد اول صفحہ ۔۔۔ میں یوں مسطور ہے:۔

ولو رعف فکتب الفاتحۃ بالدم علی جبہتہ وانفہ جاز للاستشفاء۔

یعنی اگر کسی کی نکسیر پھوٹتی ہو تو اسے بطور علاج کے سورہ فاتحہ کو اپنی پیشانی پر اور ناک پر خون سے لکھنا جائز ہے۔

اور اسی صفحہ میں ہے:۔ و بالبول ایضا یعنی پیشاب سے بھی لکھنا جائز ہے۔ العیاذ باللہ!

اے بے دلیل! تو نے کیسے کیسے بدنما دھبے پاک و صاف دین الہیٰ پر لگا دیئے۔ کیا کہا جائے۔ وہی پرانی مثال یاد آتی ہے کہ اپنا منہ اور اپنی چپیڑ۔

اللہ تعالیٰ ہر ایک مسلمان کو سنت مطہرہ پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ زیادہ والسلام خیر الختام۔ واللہ الہادی۔

معقولات حنفیہ۔ مصنفہ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ۔ مذہب حنفیہ کے سات مشہور مسائل کو قرآن اور عقل کے خلاف عقلاً ثابت کیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۔۔۔ ملنے کا پتہ:۔ (منیجر اہلحدیث امرتسر)

ahmadimuslim.de

(بقیہ صفحہ ۸ سے)

لیکن معلوم نہیں مفتی صاحب نے اس باب کو اپنے استدلال میں کیوں نہیں پیش کیا۔ غالباً اس کی وجہ یہی ہے کہ اس باب میں جو اثر مذکور ہے وہ ان کے صریح دعویٰ کو باطل کر دیتا ہے۔ وہ اثر یہ ہے۔

قال سئل سعید یعنی ابن ابی عروبة عن رجل مات وعلیہ رمضانان ولم یصم بینھما۔ یعنی سعید بن ابی عروبہ ایک ایسے شخص کے متعلق سوال کئے گئے کہ وہ مرگیا اور اس پر دو رمضان کے مہینوں کا روزہ رہ گیا تھا اور ان دونوں رمضان کے درمیان میں اس کو کبھی صحت ہی نہیں ہوئی۔"

پس ایسے شخص کے متعلق لوگوں نے حضرت ابن عباسؓ سے فتویٰ پوچھا تو فرمایا کہ اس پر ساٹھ مسکین کا کھانا ہے۔ پھر لوگ ابن عمرؓ کے پاس گئے اور ابن عباسؓ کے فتویٰ کی خبر دی تو انہوں نے فرمایا صدق کذلک فاصنعوا یعنی ابن عباسؓ نے سچ کہا ایسے ہی فتویٰ ہے۔ تم لوگ ایسا ہی کرو۔" پس اس فتوے سے یہ صریح طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ و حضرت ابن عمرؓ من مات وعلیہ صیام کے سوال سے عدم تمکن ہی کی صورت کو مراد لیتے تھے جب تو باوجود ولم یصم بینھما کے تصریح کے بھی فدیہ کا حکم دیا۔ اگر باب اول کے قائلین کے دعویٰ کے مطابق ان صحابہ کرام کا مذہب ہوتا تو باوجود تصریح کے فدیہ کا حکم ہرگز نہیں دیتے بلکہ یہی فتویٰ دیتے فلا یکون علیہ شئی یعنی اس پر کچھ نہیں ہے۔" پس باب المریض یفطر ثم لم یصح حتی مات کے قائلین کا یہ حکم لگانا فلا یکون علیہ شئی صحیح نہیں بلکہ اس کے خلاف پر صریح الفاظ اثر میں موجود ہیں۔

امام بیہقی کا دوسرا باب باب من قال اذا فرط فی القضاء بعد الامکان الخ کے قائلین کے پاس بھی کوئی صریح دلیل نہیں ہے جب تک کہ احادیث و آثار میں تمکن اور عدم تمکن کی صورتوں کی تعمیم کو تسلیم نہ کر لیں چنانچہ اس باب میں ابن عمرؓ سے یہ اثر مروی ہے۔ ابن عمر کان اذا سئل عن الرجل یموت وعلیہ صوم من رمضان او نذر الخ۔ اس اثر میں بحث گفتگو وہی لفظ مروی ہے وعلیہ صوم اور اس میں تعمیم ہے۔ تفریط بالقضا کی تخصیص باطل ہے۔ اگر بفرض محال تفریط بالقضا ثابت بھی ہو جائے تو یہ باعتبار عموم ہی کے ثابت ہوگا اور یہ ہم کو مضر نہیں ہے۔

اس باب میں ابن عمرؓ سے یہ بھی ایک اثر مروی ہے ان عبد اللہ بن عمر کان یقول من افطر فی رمضان ایاما وھو مریض ثم مات قبل ان یقضی الخ اس اثر میں وھو مریض ثم مات وارد ہوا ہے اور یہ مرض کے اتصال دوام پر دلیل ہے۔ اس سے تفریط بالقضا ثابت کرنا محال ہے۔ پس مستدل کے استدلال کے خلاف ہے۔ اس کے علاوہ اس باب میں اور بھی آثار مروی ہیں وہ بھی مطابق دعویٰ کے غیر صریح ہیں۔

(۳) امام بیہقی کا تیسرا باب۔ باب من قال یصوم عنہ ولیہ۔ اس باب میں امام موصوف نے وہی حدیثیں روایت کی ہیں۔ جن کو امام بخاری اور امام مسلم نے صحیحین میں روایت کی ہیں۔ جن کو میں اوائل مضمون میں ذکر کر کے بحث کر چکا ہوں۔ ان احادیث صحیحہ سے ہمارے مفتی صاحب کو کوئی تعلق نہیں۔ اس لئے کہ یہ احادیث صحیحہ مانعین پر برہان قاطع ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ امام بیہقی نے ان احادیث کو روایت کر کے یہ فیصلہ کیا ہے۔ فثبت بھذہ الاحادیث جواز الصوم عن المیت۔ امام موصوف کی اس تصریح سے معلوم ہوا کہ یہ احادیث صحیحہ مانعین پر حجت ہیں۔ اور اس میں شک نہیں ہے کہ اسی تصریح سے امام بیہقی کا مذہب بھی ثابت ہو جاتا ہے۔ اگرچہ مانعین کے دعویٰ کے مطابق انہوں نے ابواب منعقد کئے اور ان کے دلائل بیان کئے۔ لیکن ان کے دلائل مطابق دعویٰ کے نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ امام بیہقی کے اس عنوان عبارت سے بھی ان کا مذہب ثابت ہو جاتا ہے۔ والاحادیث المروية فيه اصح اسنادا و اشهر رجالا وقد اودعها صاحبا الصحيح كتابيهما ولو وقف الشافعی رحمة الله على جميع طرقها و تظاهرها لم يخالفها ان شاء الله تعالى:

امام بیہقی کے اس مبلغ سے بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ وہ قضاء الصوم عن المیت کے قائل ہیں ورنہ حضرت امام شافعیؒ کے مذہب پر یہ رائے زنی نہیں کرتے یہ بھی واضح رہے کہ امام بیہقی کا یہ اظہار خیال حضرت امام شافعی کے دو قولوں میں سے اس قول کے متعلق ہے۔ جس میں کہ وہ قضا کے قائل نہیں ہیں۔ ورنہ دوسرا قول تو خود ان احادیث صحیحہ کے مطابق ہے۔ جیسا کہ خود امام بیہقی و امام نووی وغیرہ نے تصریح کی ہے۔ پھر مفتی صاحب نے یہ استدلال کیا ہے۔

• امام ابن ماجہ اپنی سنن میں یوں باب منعقد کرتے ہیں۔ باب من مات وعلیہ صیام قد فرط فیہ۔ بقاعدہ فقہ المحدثین فی تراجمھم یہ امر تسلیم کرنا پڑیگا کہ احادیث اطعام ان کے نزدیک اس شخص کے حق میں ہیں جس نے باوجود قدرت علی الصیام کے قضا میں کوتاہی کی۔

میں کہتا ہوں کہ سنن ابن ماجہ کے اس باب کے قائلین وہی لوگ ہیں جن کو امام بیہقی نے اپنے دوسرے باب میں تعبیر کیا ہے۔ اور جس طرح امام بیہقی نے آثار صحابہ روایت کر کے ان قائلین کے دلائل بیان کئے تھے اسی طرح امام ابن ماجہ نے بھی اس باب میں ابن عمرؓ کی ایک روایت سے ان کی دلیل بیان کی ہے۔ اور ابن عمرؓ کی یہ وہی روایت ہے جو محدثین کے نزدیک موقوفاً زیادہ صحیح ہے۔ اسکے الفاظ یہ ہیں من مات وعلیہ صیام شھر فلیطعم عنہ مکان کل یوم مسکین۔

اس روایت اور باب کا بھی وہی جواب ہے جو امام بیہقی کے دوسرے باب کا جواب دیا گیا یعنی تفریط فی القضا کے قائلین کے صریح دلیل نہیں ہے۔ بلکہ دلیل عام ہے اور دعویٰ خاص ہے۔ پس تمکن کی صورت میں قضا یا فدیہ کا اثبات اور عدم تمکن کی صورت میں قضا یا فدیہ کی نفی صحیح نہیں ہے۔"

اہلحدیث یہ مضمون نامہ نگار کی خاطر سے درج ہوا ہے ورنہ اس میں طول عمل ہے جو اخباری روش کے خلاف ہے مرکزی بحث صرف اتنی ہے جس بیمار نے ایام صحت

م نہیں مانتے اس پر روزہ کی قضا واجب ہے یا نہیں۔ اس کا جواب دینے سے پہلے قضا کی تعریف دیکھ لینی چاہئے جو یہ ہے۔ القضاء ادا مثل ما وجب۔ اس کے بعد جو جواب ہو وہ صحیح سمجھنا چاہئے۔ اس اصول کے ماتحت کوئی مضمون مختصر اور جنبہ [illegible] تو درج ہوگا ورنہ غیر مقبول کر دیا جائیگا۔ نامہ نگار صاحبان از راہ عنایت "اہلحدیث" کے ناظرین کو سمجھانے کے لئے مضمون لکھا کریں۔ صرف ایک دو

الارشاد الی سبیل الرشاد۔ فرقہ مقلدین کی تردید اور تقلید شخصی کی جڑیں کاٹ دی ہیں۔ قیمت ۱۲ / دفتر اہلحدیث)

فتاوی

س ۲۱۶} ایک شخص جمعہ بھی نہیں پڑھتا ہے نہ عیدین نہ کوئی نماز پنجگانہ نہ روزہ رمضان شریف کا رکھتا ہے تو ایسے شخص کا جنازہ پڑھنے سے کوئی انکار کرے تو کیا گنہگار ہوگا اور اس کا جنازہ پڑھنا جائز ہے؟ (خریدار اہلحدیث نمبر ۲۰۶)

ج ۲۱۶} اس امر میں علماء مختلف ہیں ایک جماعت محققین کی بحکم حدیث من ترک الصلوٰۃ متعمداً فقد کفر الحدیث۔ بے نماز کے کفر کی قائل ہے۔ اس گروہ سے شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں جو غنیۃ الطالبین میں صاف حکم لگاتے ہیں:

لا یصلی علیہ ولا یدفن فی مقابر المسلمین

"بے نماز کا جنازہ نہ پڑھا جائے اور اس کو مسلمانوں کی قبروں میں دفن نہ کیا جائے" ایسے شخص کا جنازہ نہ پڑھنے والا گنہگار نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص بر بنائے روایت صلوا علی من قال لا الہ الا اللہ پڑھ لے تو معتوب نہیں۔ اللہ اعلم!

س ۲۱۷} ایک شخص سے کہا جاتا ہے کہ نماز پڑھنے آیا کرو یا پڑھا کرو۔ وہ کہتا ہے کہ ہم پر تو نمازیں معاف ہیں۔ ایسے شخص کا کیا حکم ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۲۱۷} تارک صلوٰۃ کی نسبت اس پر کفر کا الزام زیادہ قوی ہے۔ یہ کہنا کہ نمازیں معاف ہیں خدا پر افترا ہے۔ بشرطیکہ شخص مذکور مجنون یا پاگل نہ ہو۔ اللہ اعلم!

س ۲۱۸} ایک شخص رمضان شریف کے روزے رکھتا ہے لیکن نمازیں غائب کبھی کبھی اتفاقیہ پڑھتا ہے تو کیا اس کا روزہ پورا ہو جائیگا۔ بعد رمضان وہ اتفاقیہ نماز بھی غائب صرف جمعہ پڑھتا ہے۔ ایسے شخص کا جنازہ پڑھنے سے انکار کرنے والا گنہگار ہوگا ایسے کا جنازہ پڑھنا جائز ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۲۱۸} روزہ کی تکمیل کے لئے نماز شرط نہیں

[illegible] ۔۔۔ اسی طرح عیدہ وغیرہ [illegible] خطرہ ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۱۹} فتویٰ مندرجہ اخبار جلد ۳۰ نمبر ۱۱ صفحہ ۱۱ کالم ۱ و ۲ بسوال ۹ صاحب نے کہا تھا جس کا تسلی بخش جواب نہیں ملا۔ جواب میں تحریر ہے کہ اگر عیدگاہ کے سامنے قبریں نہیں ہیں تو نماز جائز ہے اور سوال میں مع نقشہ تحریر ہے کہ پورب، پچھم، اتر قبرستان تمام طور سے ہے۔ پھر عیدگاہ کے سامنے قبریں کیا معنی۔ اخبار میں جواب دیکھنے کے بعد فوراً استفسار بذریعہ کارڈ کیا گیا۔ اس کا جواب آج تک نہیں چھپا۔ میں پھر عرض کرتا ہوں کہ عیدگاہ کے پچھم کی طرف قریب قریب قبریں عام طور سے ہیں اور پورب اور دکھن بھی قریب قریب ہیں۔ لہذا ملتمس ہوں کہ سوال ہذا پر نظر ثانی فرما کر جماعت کو بذریعہ اخبار جواب درج فرما کر ممنون و مشکور فرمائیں۔ کیونکہ ایام عید قریب آنے والے ہیں تاکہ جماعت کا اختلاف رفع ہو جائے۔ (عبد المجید موضع ٹانڈہ بریلی)

ج ۲۱۹} سامنے سے مراد برہنہ قبریں ہیں اگر درمیان میں دیوار حائل ہے تو کوئی حرج نہیں اللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

س ۲۲۰} کسی شرعی مجرم مثلاً زانی وغیرہ کی پکڑ دھکڑ کے وقت اُس کی بے جا حمایت و پاسداری کرنے والے کا حشر کس کے ساتھ ہوگا؟ بعدہ اصل سوال یہ ہے کہ اگر زانی مذکور شرعی توبہ کرکے متقی و پرہیزگار ہو جاوے مگر اس کے حامیوں کو (توبہ تو بالائے طاق رہی) خود اپنی بے جا حمایت کا احساس تک نہیں ہوا یا اپنے کو بجانب حق سمجھتے رہے تو ان کا حشر کس کے ساتھ ہوگا؟ بکر کہتا ہے کہ اسی تائب زانی کے ساتھ ہوگا بلکہ کسی اور غیر تائب زانی کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ پس سوال یہ ہے کہ بکر حق بجانب ہے یا زید صائب القول ہے؟ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۲۲۰} مجرم کی حمایت کرنے والا لاتعاونوا علی الاثم والعدوان مجرم ہے مگر وہ کس کے ساتھ اٹھے گا ہمیں علم نہیں۔ فلعلھا عند ربی اللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

س ۲۲۱} حافظ قرآن جنبی ہو گیا ہے۔ وہ شخص قرآن [illegible] کو پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟

ج ۲۲۱} جنبی قرآن نہیں پڑھ سکتا حدیث شریف میں آیا ہے۔ لا تقرأ الحائض ولا الجنب شیئا من القرآن (ترمذی) یعنی حائضہ اور جنبی قرآن پڑھے۔ واللہ اعلم!

س ۲۲۲} زید کہتا ہے کہ پراویڈنٹ فنڈ کے روپیہ میں زکوٰۃ نہیں ہے کیونکہ وہ روپیہ اس کے قبضہ میں نہیں ہے۔ ملازمت ختم ہونے کے بعد وہ اس روپیہ پر قابض ہوگا۔ لیکن عمرو کہتا ہے کہ پراویڈنٹ کے روپیہ میں بدستور زکوٰۃ واجب ہے۔ کیونکہ وہ روپیہ بھی بنک وغیرہ میں جمع کئے ہوئے روپیہ کی طرح ہے۔ جب بنک وغیرہ میں جمع کئے ہوئے روپیہ میں زکوٰۃ ادا کرنی پڑتی ہے تو پراویڈنٹ فنڈ کے روپیہ میں کیوں نہ ادا کی جائے؟

(ب) نیز بعض تاجروں کا خیال ہے کہ زکوٰۃ صرف سالانہ آمدنی کے روپیہ میں سے واجب ہے۔ اصل جمع کئے ہوئے روپیہ میں نہیں ہے۔ آیا یہ خیال ان کا درست ہے یا نہیں؟

(ج) نیز زیورات میں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟ (سائل ابو الفضل محمد امین قریشی)

ج ۲۲۲} (الف) ظاہر حدیث حال علیہ الحول سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ جو مال اپنے قبضہ میں ہے اس میں زکوٰۃ ہے۔ پراویڈنٹ فنڈ کی رقم اب تک اس کے قبضہ میں نہیں آئی۔ جو رقم بنک میں جمع ہے وہ اس کے قبضہ میں ہے اور اسی نے جمع کرائی ہے۔

(ب) جو سونا چاندی وغیرہ اس کے پاس ہو اس سے ہر سال زکوٰۃ دے۔ جب تک نصاب زکوٰۃ تک مال ہے تب تک زکوٰۃ ہے۔

(ج) میری ناقص تحقیق میں زیورات میں زکوٰۃ فرض نہیں اگر دے تو اچھا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ahmadimuslim.de

متفرقات

ڈاکٹر برکت علی صاحب [illegible] **اخبار اہلحدیث**

کے پرانے قدردانوں میں سے ہیں۔ آپ باوجود انگریزی تعلیم [illegible] ہونے کے مذہب اہل حدیث کے پابند ہیں۔ اس کے علاوہ توحید وسنت کی تبلیغ میں بہت کوشش فرماتے رہتے ہیں۔ جہاں تک ان سے ممکن ہو سکتا ہے اخبار اہلحدیث کے لئے بھی نئے نئے خریدار پیدا کرتے رہتے ہیں۔ چنانچہ اس ہفتہ آپ نے دو نئے خریدار بناکر اپنے تبلیغی فریضہ کو ادا کر کے ادارہ اہلحدیث کو مشکور وممنون فرمایا ہے۔ خدا تبارک تعالیٰ ان کو دینی ودنیاوی ترقیات نصیب کرے۔ آمین

مگر ایسے چند مخلص احباب اہلحدیث کی اشاعت کی طرف خاص طور پر توجہ کریں تو اہلحدیث کو کبھی کمی اشاعت کا گلہ نہ پیدا ہو۔ (منیجر)

خوشخبری حضرات! اخبار گوہربار اہلحدیث بابت ۲۳ جون سنہ حال میں صفحہ ۱۲ پر شکایت ومعذرت کے ضمن میں بعنوان "حالات حاضرہ" آپ کو یہ خوشخبری سنائی گئی تھی کہ برکات محمدیہ تبلیغ سنت کے سلسلہ میں رسالہ "اظہر خصائل ایمان" کے ساتھ ایک مزید رسالہ ایمان کو ضیاء بخشنے والا بھی شائع ہوگا۔ اس رسالہ کا نام "المقالۃ المختصریۃ فی جسم البشر سالکیہ والبشریۃ" ہے۔ جس میں قرآن وحدیث اور حقی علم عقائد اور دیگر کتب اہل سنت سے بتایا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ نے نبوت ورسالت جنس بشری میں رکھی ہے اور غالی گروہ جو آنحضرت صلعم کی بشریت سے انکار کرتا ہے۔ ان کے شبہات ومغالطات نہایت عمدہ طور پر دور کر دئیے گئے ہیں۔ صورتِ واقعی پر نظر رکھ کر کہتا ہوں کہ اس باب میں آج تک ایسا رسالہ نہیں لکھا گیا۔ خدا تعالیٰ قبول کرے۔ ہردو رسائل (۱۴۲) صفحات پر ختم ہوئے ہیں۔ رنگین کاغذ خوبصورت ٹائٹل الگ لگایا گیا ہے۔ یہ ہردو رسائل خریداران برکات محمدیہ سیالکوٹ اور تبلیغ سنت مرکزی کے سالانہ فیس وصول شدہ ہیں۔ بہرحال بھیج جائیں گے لیکن جن کی فیس ابھی وصول نہیں ہوئی وہ مہربانی کر کے چندہ سالانہ برکات محمدیہ اور چندہ سالانہ تبلیغ سنت کا بہت جلد بھیجدیں۔ ورنہ رسالہ نہیں بھیجا جائیگا اور جو سالانہ خریداران نہیں ہیں وہ ۸؍ بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ اسی قیمت میں ٹکٹ لگا کر رسالہ اُن کی خدمت میں ارسال کر دیا جائیگا۔ اور جو اصحاب خیر اشاعت کے لئے پچاس یا زیادہ نسخے اکٹھے منگوانا چاہیں وہ مجھ سے پتہ ذیل پر خط وکتابت کریں۔

راقم بندۂ ضعیف عاجز محمد ابراہیم میر سیالکوٹی

محلہ میانہ پورہ۔ شہر سیالکوٹ

نوٹ ضروری۔ مجھے خط لکھتے وقت سیالکوٹ کے ساتھ شہر ضرور لکھا کریں۔ والسلام۔

نوٹ نمبر ۲۔ کتاب منگوانے والے اصحاب ٹکٹ نہ بھیجیں بلکہ مبلغ آٹھ آنے بذریعہ منی آرڈر بھیجیں۔

مدرسہ الليل والنهار المحمدیہ یہ مدرسہ دینیہ عرصہ تین سال سے جاری ہے۔ اس میں قرآن کریم ناظرہ پڑھایا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کتب فقہ حدیث اور کتب اخلاق اور کتب تاریخ اسلام اور بقدر ضرورت حساب وغیرہ کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔ مولوی ابو محمد محمد عثمان صاحب اس مدرسہ کے معلم ہیں۔ لیکن اس مدرسہ کی مالی حالت نہایت پست ہے۔ لہٰذا مولوی صاحب موصوف بغرض تحصیل امداد مالی مع رسیدات مطبوعہ مدرسہ ہذا سفر کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ برادران اسلام مولوی صاحب کو امداد مالی اور عطایا سے بہرہ اندوز فرمائینگے۔ (الملتمس اے عبدالعزیز عفا اللہ عنہ مالک اے عبداللطیف اینڈ کو بنگلور کنٹ)

(مہربرائے اشاعت فنڈ وصول)

جماعت اہل حدیث پریوا ضلع پرتاپ گڈھ کے [illegible] باشندگان اہل حدیث ہیں۔ آج کل پوری جماعت سخت پریشانیوں میں مبتلا ہے۔ کیونکہ چند دنوں سے بہت سخت فساد ہو گیا ہے۔ عدالتی کاروائی شروع ہو گئی ہے۔ اندیشہ ہے کہ کہیں مقبل کے وکلاء اور محب میں فرق نہ پائے جائے [illegible] سے ذیل ہے کہ [illegible] جلد [illegible] ہماری مشکلات کو دور کرے [illegible] کے [illegible] سے محفوظ رکھے آمین

(راقم [illegible] پریوا ضلع پرتاپ گڈھ)

کانفرنس اہل حدیث کی ترقی وبقا ۴۔ جون ۱۹۳۵ء کے اہلحدیث میں جناب ابو یحییٰ امام خان صاحب نوشہروی کا مضمون کانفرنس کا استحکام نظر سے گذرا۔ اس کے بعد مولانا محمد اقتدار صاحب حسن مدرس جامعہ رحمانیہ بنارس کا مضمون ۱۲ جولائی ۱۹۳۵ء کے اہلحدیث میں شائع ہوا جس میں آپ نے تائید کرتے ہوئے کچھ بھی کیا ہے۔ جس سے خاکسار بھی متفق ہے۔ مگر ضرورت اس بات کی ہے کہ جس قدر ہو سکے کام جلدی شروع کیا جائے۔ ورنہ یوں قلمی گھوڑے دوڑانے سے کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا ہے۔ کانفرنس کی خدمات کے لئے بقدر طاقت وفرصت میں اپنے آپ کو پیش کرتا ہوں۔ اور ساتھ ہی ایک تجویز پیش کرتا ہوں۔ وفد جہاں پہنچے وہاں کی جماعت میں جو انتشاد ہو اس کو ضرور دور کرنے کی سعی کرے۔ جس طرح اس وقت مومن کانفرنس کے روح رواں عاصم بہاری کر رہے ہیں عاصم بہاری اور ساتھیوں کے جہاں کہیں پہنچ رہے ہیں مومن برادری کے تمام تنازعات ختم کر کے سب کو ایک کر رہے ہیں بریلویت، دیوبندیت اور اہل حدیثیت کو مٹا کر صرف انصاری برادری قائم کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ علمائے کرام بہت جلد اس طرف توجہ کرینگے۔

(محمد ابو الخیر رحمانی مدرس ضیاء العلوم مئو ناتھ بھنجن)

یاد رفتگان (۱) مولوی صاحب الدین صاحب امام مسجد چک ۸۲ ضلع سرگودھا انتقال کر گئے۔ انا للہ۔ مرحوم سب سے پہلے اہل حدیث تھے جنہوں نے اس علاقہ میں آواز حق کو بلند کیا۔ باعمل صالح [illegible] موحد متبع سنت تھے۔ (احقر ڈاکٹر فیروز الدین) (۲) زوجہ محمد حنیف خاں محلہ کنکری بہاڑ ارفیض آباد فوت ہو گئیں۔ انا للہ! (محمد خان دلی دروازہ فیض آباد۔ (۳) میرے چچا مولانا محمد حسین صاحب ۹۔ اگست کو انتقال کر گئے۔ انا للہ! (راقم [illegible] ریاست [illegible])

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

پریس ایکٹ اور کانگرس

ہم بارہا پریس ایکٹ کے متعلق لکھ چکے ہیں کہ یہ قانون نہیں بلکہ قانون کی ہتک ہے۔ کیونکہ قانون میں جو سزا تجویز ہوتی ہے وہ کسی جرم پر ہوتی ہے۔ مگر پریس ایکٹ اس سے بالاتر ہے۔ اس میں جرم سے پہلے بلکہ ناکردہ گناہ کے حق میں سزا تجویز کی گئی ہے مثلاً ایک شخص اپنے روزگار کے لئے بیوی کا زیور فروخت کر کے سو دو سو روپے میں پریس جاری کرنا چاہتا ہے تاکہ اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پالے ادھر پریس ایکٹ اس کو حکم دیتا ہے کہ پہلے ہزار پانچ سو روپیہ زر ضمانت داخل کرے۔ یہ کس جرم کی سزا ہے؟ جواب ملتا ہے کہ سزا جرم کی نہیں امکان جرم کی ہے۔ امکان جرم پر اگر سزائیں تجویز ہوں تو روزانہ ہر شخص سے جو بازار میں نکلے یا ریل گاڑی میں سوار ہو یا کسی افسر سے ملنے جائے ضمانت لے لینی چاہئے کیونکہ اُس سے امکانِ جرم ہے۔ اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ یہ قانون نہیں بلکہ قانون کی ہتک ہے۔

کانگرس پارٹی جب برسر اقتدار آئی تھی تو ہم نے کانگرسی حکومتوں کو توجہ دلائی تھی کہ وہ سب سے پہلے پریس ایکٹ پر توجہ کر کے اس عذاب الیم سے ملک کو نجات دلائے۔ مگر افسوس ہے کہ ان کانگرسی حکومتوں نے توجہ کی نہ لیگی وزارتوں نے۔ مزید افسوس یہ ہے کہ ہندوستان کا پریس بھی خاموش ہے۔ کسی طرف سے چیخ و پکار نہیں ہوتی۔ حالانکہ آئے دن اجرائے ضمانت اور ضبطی ضمانت کے احکام صادر ہوتے ہیں۔ شاید اس لئے خاموش ہے کہ اس کو کانگرس اور لیگ کے جھگڑوں سے فرصت نہیں ہمارے خیال میں اصلاحی کاموں کے سلسلہ میں سب سے پہلے پریس ایکٹ کو اٹھانا ضروری ہے۔ اس ایکٹ کی وجہ سے حکومت برطانیہ کی تاریخ میں اس سے زیادہ قابل اعتراض فقرات لکھے جائیں گے جو سلطان محمد تغلق کے حق میں دہلی کو بے آباد کرنے کے باعث لکھے جاتے ہیں۔

اس لئے ہم نہیں چاہتے کہ حکومت برطانیہ یہ سیاہ داغ اپنی تاریخ میں باقی رکھے۔ خدا کرے ہماری یہ بات حکومت کے کانوں تک پہنچ کر قبولیت حاصل کرے۔

امرتسر میں دو مثلث متساوی الاضلاع

پہلا مثلث تو فوجی ہے جس کے تین اضلاع یہ ہیں۔ ایک طرف خاکساری فوج بازاروں میں چپ و راست کہتی گردش کرتی پھرتی ہے۔ ان کے ہاتھوں میں بیلچے ہیں۔ دوسری طرف احراری لشکر سرخ وردیاں پہنے ہوئے ہاتھوں میں کلہاڑیاں لے کر "لیفٹ رائٹ" کہتے بازاروں میں گشت کرتے پھرتے ہیں۔ تیسری طرف ہندو نوجوان ہاتھوں میں آہنی پنجے لے کر خاکی وردی پہنے ہوئے بازاروں میں گھومتے پھرتے ہیں۔ آج ۱۳۔ اگست کو بازاروں میں بڑے بڑے پوسٹر چسپاں ہیں جن میں لکھا ہے کہ ہندو والنٹیروں کا فوجی مظاہرہ ہوگا۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ یہ تینوں پلٹنیں ملک کی بہتری کے کام آئیں۔ ایسا نہ ہو کہ نادر شاہ کی فوج کی طرح آپس میں متصادم ہو جائیں۔

دوسرا مثلث اسمبلی کے امیدواروں کا ہے۔ ناظرین کو یاد ہوگا۔ امرتسر میں آج سے پہلے دو دفعہ اسمبلی کا الیکشن ہو چکا ہے اور دونوں مرتبہ بذریعہ عدالت ٹوٹ چکا ہے۔ جس میں مسلمانوں کی غریب قوم کا بے شمار روپیہ ضائع ہو چکا ہے۔ اب تیسری دفعہ پھر ضمنی الیکشن ہونے والا ہے۔ اس مثلث کا ایک ضلع مسلم لیگ ہے۔ دوسرا ضلع احرار ہے۔ تیسرا ضلع کانگرس کا مسلم امیدوار ہے۔ پچھلے دو الیکشنوں میں بھی یہی تین اضلاع تھے۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ کون کامیاب ہوگا۔ ہاں گذشتہ تجربہ کی بناء پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ کامیاب کوئی بھی ہو لیکن سلامتی مشتبہ ہے۔ کیونکہ امرتسر کے گذشتہ اور حال کے واقعات بتا رہے ہیں کہ یہ شعر گویا امرتسر ہی کے حق میں ہے ؎

ہنگامہ رات دن ہے بپا کوئے یار میں
ایسی بھی فتنہ خیز کوئی سرزمیں نہیں

وزیرستان اور حکومت ہندوستان

دو سال سے زیادہ عرصہ ہونے کو آیا ہے کہ وزیرستان کے مٹھی بھر پٹھان جو قیصر برطانیہ کے مقابلہ میں اس سے بھی کم نسبت رکھتے ہیں جو اسلام کی پہلی جنگ (بدر) کے دو فریقوں میں تھی۔ اس لڑائی میں وزیریوں کے حالات مختلف الفاظ میں پہنچتے رہے ہیں۔ کبھی ان کو غازی کہا جاتا ہے تو کبھی ڈاکو۔ یعنی کبھی اچھے الفاظ سے یاد کیا جاتا ہے تو کبھی بُرے القاب سے۔ لیکن ایک خبر عجیب آئی ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ فقیر اپی اور اس کے اتباع اسلام کے کہاں تک پابند ہیں اور ان کی یہ لڑائی کس بناء پر ہے اس خبر کے الفاظ یہ ہیں :-

"کوہاٹ ۱۰۔ اگست۔ وزیرستان سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بھٹنی قبیلہ کی دو اقوام نے شکرانے میں فقیر آف اپی کے مشہور جرنیل دینا کو چند بھیڑیں اور بکریاں پیش کیں تو اس نے ان کا شکرانہ لینے سے انکار کر دیا۔ اور وجہ بتلائی کہ یہ لوگ ڈکیتی اور اغوا کرتے ہیں۔ اغوا اور ڈکیتی کے افعال شریعت اسلامی کے خلاف ہیں۔ مشہور دینا نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ اگر یہ لوگ باز نہ آئے تو میرا لشکر ان کی سرکوبی کریگا" (پرتاپ لاہور ۱۱ اگست ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث یہ الفاظ بتاتے ہیں کہ فقیر اپی کا لشکر ڈاکو نہیں ہے بلکہ جنگی گروہ ہے۔ وہ محاربہ اور ڈاکہ میں فرق جانتا ہے۔ اور یہ اس کی شریعت اور مذہب کی پابندی کا ثبوت ہے۔ اس خبر کو نمونہ رکھ کر حکومت کو ذیل خبر کا جائزہ لینا چاہئے کہ یہ کس گروہ کا کام ہے

(۸۲۵)

دوسری خبر کے الفاظ یہ ہیں :-

"بنوں ۱۰ اگست ملفوف کرنل سی۔ ڈبلیو ڈیمپسی اسسٹنٹ کوارٹر ماسٹر جنرل وزیرستان ڈسٹرکٹ ان کے ڈرائیور اور مسلمان بہرے کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ جبکہ وہ اعلیٰ فوجی افسران کی میٹنگ میں شامل ہونے کے بعد ڈیرہ اسمٰعیل خان سے واپس آ رہے تھے۔ بنوں ڈیرہ اسمٰعیل روڈ کے میل ۸ اور ۹ کے درمیان چالیس حملہ آوروں نے سڑک پر لکڑی کی گیلی رکھ کر موٹر کار کو روک لیا۔ کار کے کھڑا ہونے پر حملہ آوروں نے تینوں اشخاص کو گولی کا نشانہ بنا دیا۔ اور اس کے بعد موٹر اور ان کے کپڑوں کی تلاشی لی اور تمام قیمتی چیزیں اپنے ساتھ لے گئے۔ اس کے بعد حملہ آور دو پارٹیوں میں منقسم ہو کر دریائے کرم اور کالی علاقہ کی طرف چلے گئے۔ اطلاع موصول ہونے پر ڈسٹرکٹ ریزرو پارٹی کی سرچ پارٹیاں بھیجی گئیں۔ تاکہ حملہ آوروں کو قبائلی علاقہ میں داخل ہونے سے روکا جائے۔ لیکن ان کا کوئی پتہ نہ لگ سکا۔ فرنٹیر کانسٹیبلی ڈیرہ اسمٰعیل خان کے جنوب میں تلاش کر رہی ہے لاشوں کو لاری میں ڈال کر بنوں لے جایا گیا۔"

(پرتاپ لاہور صفحہ ۱۳۔۱ اگست ۱۹۳۹ء)

اسلامی قانون کی رو سے دیکھا جائے تو اس خبر میں بیان کردہ فعل کی نسبت فقیر آپی کے تشکر کی طرف کرنے میں ذرہ جھجک محسوس ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں ایک مسلمان کے قتل کا بھی ذکر ہے۔ ہاں اگر یہ کہا جائے کہ واقعہ یوں ہوا ہوگا کہ مسلمان بہرہ نے اپنی وفاداری کی وجہ سے انگریز افسر کو بچانے کی کوشش کی ہوگی۔ اس لئے وہ بھی ساتھ ہی کام آیا۔

ہم حیران ہیں کہ یہ نزاع اتنی طوالت کیوں پکڑ رہی ہے جتنی طوالت کہ چین و جاپان جیسی باقاعدہ سلطنتوں کی جنگ میں ہو رہی ہے۔ ہم اپنی ذاتی رائے کئی ایک مرتبہ ظاہر کر چکے ہیں۔ اور آج تک اسی رائے کو صحیح سمجھتے ہیں جو یہ ہے کہ انگریزی حکومت اپنے مجنونے ہمسایوں سے کنارہ کشی کرے۔ اس سارے علاقہ کو کسی رئیس کے ماتحت ریاست بنا دے یا وزیریوں کو ان کے حال پر چھوڑ کر خود میدان میں آ کر آ نے تاکہ یہ ہر روز کا جھگڑا ختم ہو جائے۔ ان لوگوں کو میدان میں آنے کی ہمت نہیں ہوگی سو وہاں پہاڑوں میں جو چاہیں کریں۔ ہندوستان کو ایسے ہمسایوں سے علیحدہ رہ کر ہی آرام و چین کے دن نصیب ہونگے ؛

لکھنؤ میں تبرا بازی

اور

خاکساری ڈکٹیٹر کے دم خم کا نتیجہ

لکھنؤ آج کل اسلامی تاریخ میں پرانے زمانے کے واقعات (جنگ کربلا وغیرہ) کی یاد تازہ کر رہا ہے جس پر مسلمانان دنیا آٹھ آٹھ آنسو رو رہے تھے۔ وہ ختم نہ ہونے والا گریہ و بکا لکھنؤ کے ہنگامہ سے مزید قوت پا گیا۔ کس قدر شرمناک نقشہ ہے جو آج لکھنؤ دکھا رہا ہے۔ خاکسار جماعت کے ڈکٹیٹر ماسٹر عنایت اللہ مشرقی نے آواز اٹھائی تھی کہ ہم دخیل ہو کر اس فتنے کو دبا دینگے اس آواز کو سن کر مسلمانان ہندوستان کو خوشی ہوئی تھی۔ مگر اس آواز نے اتنی رنگتیں بدلیں کہ جنگل کا غول بھی نہیں بدلتا۔ ایسی مختلف آوازیں سننے میں آئیں کہ کسی اولو العزم آدمی کے منہ سے نہیں نکل سکتیں۔ پہلے اطلاع آئی کہ اگر فریقین نے جلدی مصالحت نہ کی تو ۳۰ جون کے "الاصلاح" میں سخت احکام نکلیں گے یعنی خاکسار شیعہ سنی ہر دو فریق کے تین تین لیڈروں کو بغاوت کی سزا دینگے جو از روئے قرآن مجید قتل ہے۔ پھر لکھا کہ ۷ جولائی تک صلح نہ ہوئی تو ۱۴ جولائی کے پرچہ میں آخری حکم شائع ہوگا۔ پھر ۷ جولائی کے پرچہ میں اس مہلت کو ۲۱ جولائی تک وسیع کر دیا۔ آخر اس مہلت میں اور وسعت دیکر ۲۸ جولائی کی تاریخ ڈال دی۔ اسکے بعد ۱۱ اگست کے پرچہ میں اعلان جاری کرنے کا وعدہ کیا آخرکار "الاصلاح" مورخہ ۱۱ اگست میں یہ اعلان نظر سے گزرا کہ ۲۴ اگست تک تین ہزار خاکسار لکھنؤ پہنچ جائیں۔ ہم نے خاکساری لیڈر کے احکام کے متعلق استاد ذوق کا ایک شعر لکھا تھا جو ناظرین نے پڑھا ہوگا ہاں مشرقی صاحب نے ۴ اگست کے "الاصلاح" میں پنجاب اور سرحد کے خاکساروں کے نام حکم جاری کیا تھا کہ خاکسار ... تبرائی شیعوں کے جتھوں کو اپنے اپنے شہر میں ... کی کوشش کریں۔ خاکسار جماعت نے جس طریق سے اس حکم پر عمل کیا وہ روزانہ اخباروں میں چھپ رہا ہے۔ اس بارے میں لاہور کے شیعہ اخبار کی رپورٹ بھی قابل شنید ہے۔ جو اسی کے الفاظ میں درج ذیل ہے :-

"مشرقی صاحب نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ پنجاب و سرحد میں ہر افسر علاقہ اپنے خاکسار سپاہیوں کی مدد سے شیعہ اصحاب کے جتھوں کو جو لکھنؤ جانے کیلئے تیار ہوں صرف ایک ہفتہ یعنی ۴ اگست سے ۱۱ کی رات کے بارہ بجے تک کے لئے بزور روک رکھیں اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے لاہور میں جتھوں کی گذرگاہوں پر پہرے لگائے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم ہر روز جتھے کسی نہ کسی طریق پر بھیجتے رہتے ہیں۔ اور اب تک ایک جتھہ بھی ان سے نہیں رکا ہے۔ ۸ اگست کو جبکہ سپاہ حسینی سٹیشن کو جا رہی تھی۔ خاکساروں نے سمجھا کہ یہی جتھہ ہے اس لئے انہوں نے ان کو روکنا چاہا۔ لیکن سالار سپاہ کے اڈوانس کے حکم پر سپاہ حسینی خاکساروں کو چیرتی ہوئی گزر گئی تھوڑا سا تصادم ہوا اور بس"[5]

(شیعہ لاہور صفحہ ۳ مورخہ ۱۶ اگست ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث امرتسر سٹیشن کی رپورٹ ہمارے ایک خاص آدمی نے یوں بتائی ہے کہ رات کے گیارہ بجے ہوڑہ ایکسپرس میں تبرائی شیعہ امرتسر پہنچے۔ خاکساروں کی جماعت پلیٹ فارم پر کھڑی تھی۔ اس نے شیعوں کو نہ زبان سے روکا نہ ہاتھ سے بلکہ گاڑی سے ذرہ ہٹ کر دو تین مرتبہ ان کو فوجی اسلام کیا۔ جس کا شیعوں نے شکریہ ادا کیا۔

اب مشرقی صاحب نے پھر حکم دیا ہے کہ ۲۴ اگست تک تین ہزار خاکسار لکھنؤ پہنچ جائیں۔ (باقی دیکھو صفحہ ... کالم ...)

ف۵ اگر یہ سپاہ میدان کربلا میں ہوتی تو کچھ کام بھی آتی۔ (اہلحدیث)

قرآن کے عجائبات - قرآن مجید کی آیات کے اعداد ... اعتراض کا علاج - قیمت ۲ ... مہتمم اہلحدیث

مومیائی

۳۸

مصدقہ علمائے اہل حدیث وہزارہا خریداران "اہلحدیث"
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا
کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کیلئے اکسیر ہے
دو چار دن میں درد موقوف ہوجاتا ہے...... کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھالینے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔ مرد عورت۔ بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہوسکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۔ آدھ پاؤ ۔ پاؤ بھر مع محصولڈاک
ممالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ اہالی برہما سے ایکپاؤ
کی قیمت مع محصولڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی
ایک پاؤ سے کم معاملہ کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ شہادتیں

جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہزادپور۔ میں
علی الاعلان ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ مومیائی ایک ایسی
فائدہ بخش دوا ہے جسکی صفت بیان کرنے کیلئے مجھے کوئی لفظ
نہیں ملتے۔ مریض بہت دق کرتے ہیں۔ اس لئے ایک مریض
کے لئے ایک چھٹانک ارسال فرمائیں۔ (۱۱۔ جولائی)
جناب عبداللہ صاحب ہیڈ ڈیوائنر مرزاپور۔
تین چھٹانک تین آدمیوں کے لئے مومیائی منگوائی تھی۔
فوائد میں بے نظیر رہی مگر مرض ابھی جڑ سے نہیں گیا۔ اس لئے
تینوں شخصوں کے لئے تین ڈبیہ ایک ایک چھٹانک وی پی
ارسال فرما کر شکرگزار فرمائیں۔ (۱۷۔ جولائی)
مومیائی منگوانے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان
پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

۲۵

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو

چار جلدوں میں
کا ہدیہ ساٹھ روپے
فی جلد
ان دو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار "اہلحدیث" میں
شائع ہوتی رہی ہے
پتہ:۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

کم از کم

۱۷

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت
لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ
بھیجکر مفت طلب فرمالیجئے۔ نوٹ:۔ حلفیہ تحریر کر
کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔
پتہ:۔ منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ
فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

جلد مفت منگالو

رسالہ تندرستی اور جوانمردی کے راز
اس رسالے میں ہر قسم کے بارہا کے مجرب اور اکسیر
نسخہ جات درج ہیں۔ اس کے پڑھنے سے فائدہ کثیر
ہوگا۔ صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب کریں۔
منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی
خزانہ گیٹ۔ کوچہ جٹاں۔ امرتسر

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام
حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی
ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقت
کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی
محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب
عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے
جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔
افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی
سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا
واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت
۲۰×۲۶ کے ۵۰۶ صفحات۔ قیمت بجائے کے
روپے۔ محصول ڈاک علیحدہ۔

ویدارتھ پرکاش عرف ویدک تہذیب

(مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب بٹالوی)
اس میں پنڈت صاحب نے وید منتروں کے حوالے
دیکر ویدوں کو غیر الہامی ثابت کیا ہے۔ نیز ویدوں
میں منتر درج کرکے بتایا ہے کہ ویدوں کا مطالعہ
اخلاق کے خلاف ہے۔ مصنف نے بدلائل اپنے
دعویٰ کو ثابت کیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ
اعلیٰ۔ اصل قیمت ۔ رعایتی

تفسیر واضح البیان اردو

مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی۔
کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے۔ مگر حقیقتاً اسمیں
تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے
اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی
ہے۔ کتابت، طباعت نہایت عمدہ۔ کاغذ اعلےٰ
قسم۔ سائز ۲۰×۳۰ ضخامت ۴۸۸ صفحات۔
قیمت بے جلد ۔ مجلد ۔
(منگوانے کا پتہ)
منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

رعایتی اعلان

بہار شباب حکیم اجمل خان صاحب کے والد ماجد حکیم محمود علی خان صاحب کی کتاب ضیاء الابصار کا اردو ترجمہ۔ اصول مباشرت اور مردانہ و زنانہ امراض اور ان کی تشریح و علاج پر بہترین کتاب ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱؎ رعایتی قیمت ایک روپیہ (عہ)

تاریخ اسلام اردو زبان میں تاریخ اسلام کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں۔ یہ کتاب بلحاظ واقعات، طرز تحریر، سلیس عبارت لکھائی چھپائی سب میں بہتر ہے۔ سات رنگوں میں چھپا ہوا نقشہ عرب اور رنگین سرورق نے چار چاند لگا دیئے ہیں۔ ہندوستان کی اکثر سرکاری ٹیکسٹ بک کمیٹیوں نے اس کو سرکاری مدارس کے لئے بطور لائبریری و انعامی کتاب کے منظور کیا ہے۔ مصنفہ مولانا اکبر شاہ خان صاحب نجیب آبادی۔ قیمت جلد اول چار روپے۔ قیمت جلد دوم چار روپے۔ جلد سوم تین روپے۔ مکمل گیارہ روپے۔ رعایتی عـہ

فقرائے اسلام اس کتاب میں اُن پیشوایانِ دین کے سبق آموز حالات ہیں جنہوں نے فقر و فاقہ کے باوجود اسلام کے اصول ارکان کو اُستوار و مستحکم کیا۔ اپنے اوپر تکلیف برداشت کر کے تبلیغ اسلام کی۔ مؤلفہ مولانا مجید اسلام صاحب ندوی۔ قیمت عہ۔ رعایتی عہ

سیر الصحابہ صحابہ کرام جیسی مقدس ہستیوں کے حالات۔ عقائد۔ عبادات۔ معاملات حسن معاشرت۔ علوم و فنون اور زندگی کے مفصل حالات اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں۔ مؤلفہ مولانا سعید انصاری قیمت فی جلد پانچ روپے۔ رعایتی للعہ

صحابیات یہ کتاب اکثر زنانہ اسلامیہ سکولوں میں پڑھائی جاتی ہے۔ اس میں صحابیات کے حالات درج ہیں۔ قیمت فی جلد ۱؎۔ رعایتی ۸؍ (ڈھائی روپے)

سیرت الحسین حضرت امام حسین علیہ السلام کے حالات زندگی۔ شہادت و واقعہ کربلا کی مفصل و مبسوط تاریخ مع آپ کے مزار کے فوٹو۔ چار رنگوں میں چھپا ہوا نفیس سرورق قیمت دو روپے دو آنہ (عہ) رعایتی عہ

سیرت الکبریٰ ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مفصل سوانحعمری مع فوٹو مزار۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲؍

بدایۃ الہدایۃ حضرت امام غزالی رحؒ کی کتاب کا اُردو ترجمہ۔ اس میں اخلاق و آداب۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے۔ قیمت صرف ۱۲؍ رعایتی ۸؍

مشاہیر اسلام مختلف صوفیائے کرام و علمائے عظام۔ شہدائے ملت۔ غازیان شمشیر بکف اور مجاہدین و سلاطین کے حالات زندگی میں قابل دید کتاب ہے۔ قیمت حصہ اول ۱؎ رعایتی ۱۲؍۔ دو روپے

فلسفہ خواب اس کتاب میں خواب کا فلسفہ قدیم و جدید بیان کیا گیا ہے اس موضوع پر اُردو کی یہ پہلی کتاب ہے۔ قیمت صرف دس آنے (۱۰؍) رعایتی ۸؍

سیرت بلال حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مکمل سوانحعمری۔ نہایت اعلیٰ پیرایہ میں۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲؍

سوانح حضرت ذوالنون مصری

مشہور و معروف ولی اللہ کی سوانحعمری۔ ارشادات و مقالات کا مجموعہ۔ پڑھ کر دل پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ اصل قیمت عہ۔ رعایتی عہ

فاتح سندھ غازی محمد بن قاسم کی مکمل سوانحعمری۔ سندھ اور والیان سندھ کی ابتدائی حالت، لشکر اسلام کا اسکو فتح کرنا۔ غازیان اسلام کا شوق جہاد۔ یہ تمام حالات ناولانہ طور پر دلکش پیرایہ میں لکھے ہیں۔ قیمت عہ۔ رعایتی قیمت ۱۲؍

پیارے نبی کے پیارے حالات مصنفہ مولانا فیروزدین صاحب ڈسکوی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانحعمری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جس قدر بشارات و پیشگوئیاں توریت، زبور اور انجیل میں موجود ہیں وہ سب درج ہیں۔ قیمت تین روپے رعایتی دو روپے

متوسط حمائل شریف مطبوعہ مصر۔ خوبصورت جلد اعلیٰ۔ کاغذ، طباعت اعلیٰ۔ قیمت للعہ۔ رعایتی ۱؎

حمائل شریف مکتوبہ غازی اورنگ زیب عالمگیر

مجلد و منقش۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱؎

ویدارتھ پرکاش مصنفہ پنڈت آتما نند صاحب جو ویدوں کی تعلیم اور خود ویدوں کے متعلق نا قابل تردید کتاب ہے۔ قابل دید ہے قیمت عہ۔ رعایتی ۵؍

عقائد اسلام مصنفہ مولوی محمد یوسف صاحب شمس مرحوم فیض آبادی۔ اصل قیمت ۴؍۔ رعایتی قیمت ۲؍

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (بزبان عربی) مؤلفہ مولانا ابوالوفا ثناءاللہ صاحب۔ بڑی شان و شوکت اور حسن منظر سے مقبول خاص و عام ہو چکی ہے۔ تفسیر مذکور جن اہل علم حضرات نے دیکھی ہے بہت پسند فرمائی ہے مفسرین کے متفقہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضاً کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے۔ ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ مصری۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ضخامت ۴۸۲ صفحات۔ ۱۸×۲۲ سائز۔ اصل قیمت للعہ رعایتی ۱؎

(۳۳۸)

منگوانے کا پتہ۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ahnafmuslim.de

(بقیہ مضمون از صفحہ ۱۶)

وہاں جاکر یہ لوگ کیا کرینگے۔ یہ ایک سربستہ راز ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ وہاں بھی وہی کچھ کرینگے۔ جو انہوں نے لاہور امرتسر وغیرہ سٹیشنوں پر کیا۔ قتل عام کرینگے۔ مگر خون کا ایک قطرہ بھی نہیں بہایا جائیگا۔

اسی پرچہ (الاصلاح ۱۱۔ اگست ۱۹۳۹ء) میں آپ کیا مزیدار حکم جاری کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"جتھوں کی بندش جس کے احکام نکل چکے ہیں ۱۱۔ اگست سے ۲۰۔ اگست تک کی توسیع کر دی جائے × ۱۱ ایک ایک شیعہ جتھے دار پر دس دس سپاہی مقرر ہوں۔ جو اس کو اپنی جگہ سے ہلنے نہ دیں۔

۱۱ جتھے دار کو معلوم ہو کہ اس پر سپاہی معین ہے حتی الوسع معلوم نہ ہو کہ وہ ان پر مقرر ہیں۔"

اہلحدیث | زیر خط عبارت کی نفی و اثبات میں تطبیق دینے والا مشرقی صاحب کے سوا کون ہوگا۔ اسلئے مہربانی کرکے وہ خود ہی بتائیں کہ اس نفی و اثبات سے کیا مراد ہے۔

اس کے بعد ہم پوچھتے ہیں کہ اگر ایک ایک جتھیدار پر دس دس سپاہی مقرر ہونگے تو جتھے دار کے ساتھی کیا گہری نیند سوئے ہونگے جو ان دس خاکساروں کو ہٹا نہ سکیں گے۔ یہ حکم کیسا غیر معقول ہے۔ اول تو تعمیل ہی مشکل ہے۔ اگر تعمیل ہو بھی جائے تو غیر مفید ہے۔ اب آخری تاریخ ۲۷۔ اگست مقرر ہوئی ہے دیکھئے اس روز کیا ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ڈکٹیٹر خاکساران اور مرزا صاحب قادیانی ایک ہی اصول کے پابند ہیں۔ وہ یہ کہ وعدہ صرف کرنے کے لئے ہوتا ہے ایفا کے لئے نہیں ہوتا۔ اسی لئے کسی دل جلے شاعر نے کہا ہے ؎

کیوں کر مجھے باور ہو کہ ایفا ہی کروگے
کیا وعدہ تمہیں کرکے مکرنا نہیں آتا

معلم خوشنویسی - فن خوشخطی کے متعلق ایک بہترین اور مفید تصنیف۔ شائقین منگوالیں قیمت صرف ۴ر پتہ :- منیجر اہلحدیث امرتسر

قرآن کے عملیات

اس کتاب میں بہت سے ابواب ہیں۔ ایک ایک چیز کے متعلق کئی کئی قسم کے بے خطا و مجرب اور آسان عملیات سے درج کئے گئے ہیں۔ تمام کے تمام عملیات قرآن پاک کے ہیں۔ ابواب کی مختصر فہرست درج ذیل ہے

حب حلال عملیات بغض یعنی عداوت وجدائی تسخیر خلائق ہلاکت اعدا۔ زباں بندی اعدا۔ کشائش رزق اور دولت مند بننا۔ تسخیر سلاطین و امرا تسخیر حکام وکامیابی مقدمہ۔ شناخت چور۔ مال مسروقہ کا دوبارہ حاصل کرنا۔ آسیب کو دور کرنا۔ حل مشکلات اور قضائے حاجات حصول اولاد۔ بچہ کا جلدی پیدا ہونا۔ نظر بد کو دور کرنا تجارت میں برکت ہونا۔ سفر میں امن و سلامتی سے رہنا۔ حصول ملازمت۔ بدن کی کل بیماریوں کا علاج۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت۔ استخارہ جات دل کی نورانیت حاصل کرنا۔ زیادتی علم۔ ادائیگی قرضہ۔ گم شدہ اور بھاگے ہوئے کا واپس آنا۔ حصول برکات۔ تسخیر جنات۔ زہریلے جانوروں کے کاٹے کا علاج کھیت کی حفاظت۔ زراعت کی زیادتی۔ بھیانک اور پریشان کن خوابوں کے اثر کو دفع کرنا۔ تلاطم بحر طوفان ہر قید و بند سے نجات پانا۔ آئندہ کے حالات معلوم کرنا وغیرہ وغیرہ۔ قیمت صرف آٹھ آنے (۸ر)

رسول اللہ کے عملیات

اس کتاب میں احادیث کی معتبر کتابوں سے حضرت آقائے نامدار۔ سرور کائنات۔ سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمودہ اعمال و اوراد کو جمع کر دیا گیا ہے عاشقان رسول پاک کو یہ کتاب ضرور خرید کر اپنے پاس رکھنی چاہئے۔ قیمت صرف پانچ آنہ (۵ر)

عملیات مشائخ

یہ ایک ایسی بے نظیر کتاب ہے۔ جو مایوسوں کو امید دلانے والی مفلسوں کو مالدار بنانے والی۔ مقدمات و مشکلات سے بچانے والی، مصیبت اور نازک وقتوں میں کام آنے والی مظلوموں کو اعداء سے نجات دلانیوالی ڈوبتوں کا سہارا، غمزدوں کا دلاسا، بے کاروں کا آسرا، بے اولادوں کی تمنا، آسیب زدوں کے لئے شفا اور مایوس مریضوں کا مداوا ہے۔ اس کتاب میں حسب ذیل اولیاء اللہ کے مستند تیر بہدف اور نعم البدل ایسے عملیات جمع کئے گئے ہیں جو ان کے زیر عمل رہ چکے ہیں۔

(۱) محبوب سبحانی حضرت غوث اعظمؒ۔ (۲) حضرت خواجہ حسن بصریؒ۔ (۳) حجۃ الاسلام حضرت امام غزالیؒ۔ (۴) خواجہ بہاؤ الدین نقشبند بخاریؒ۔ (۵) حضرت مجدد الف ثانی سرہندیؒ۔ (۶) خواجہ معین الدین چشتی اجمیری۔ (۷) حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ۔ (۸) حضرت بابا فرید الدین گنج شکر۔ (۹) حضرت خواجہ علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری۔ (۱۰) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ۔ (۱۱) حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ۔ ہر شیخ کے عملیات درج کرنے سے قبل ان کے ماخذ کا حوالہ دیا ہے۔ تاکہ ان کے مستند اور صحیح ہونے میں کسی کو شبہ نہ رہے۔ قیمت ۶ر

حزب الاعظم

از ملا علی قاری (صاحب مرقاۃ شرح مشکوٰۃ) زیر متن ترجمہ اُردو حاشیہ پر اوراد کی برکات کی کامل تفسیر بزبان اُردو۔ آخر میں مکمل نماز وغیرہ۔ حنا شدہ۔ قابلدید ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱۰ر

حزب المقبول

قرآن و حدیث کی دعاؤں کا مجموعہ۔ اس میں ہر موقعہ کی دعا موجود ہے۔ مترجم ہے۔ اس کا ہر اہلحدیث گھر میں رہنا نہایت ضروری ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت صرف ۱۲ر

نوٹ :- محصول ڈاک جملہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں پر اصل قیمتیں درج ہیں۔

منگوانے کا پتہ

منیجر اہلحدیث امرتسر

(۸۲۹)

دہلی DELHI

رحمۃ للعالمین

مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب

رحمۃ للعالمین پٹیالوی۔ جس میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل مکمل طور پر لکھی گئی ہے۔ جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاولپور جامعہ ملیہ دہلی، مدرسہ دیوبند اور دیگر درسگاہوں میں بطور نصاب شامل ہے۔ ہر مسلمان کو منگوا کر ضرور پڑھنی چاہئے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلےٰ۔ قیمت جلد اول [illegible] قیمت جلد دوم [illegible] قیمت جلد سوم [illegible] محصول ڈاک علیحدہ۔

سیرت ابن ہشام

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام سوانحعمریوں میں سب سے پہلی کتاب ہے۔ علامہ ابو محمد عبد الملک نے اصل کتاب عربی زبان میں لکھی تھی جس کا بامحاورہ سلیس اردو ترجمہ کیا گیا ہے۔ صحت واقعات کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ قیمت [illegible]

رئیس قادیان

مرزائیت کی تردید میں ایک تازہ تصنیف۔ مرزا صاحب کی زندگی کے حالات از پیدائش تا وفات جدید طرز پر لکھے ہیں۔ ایسے حالات آپ کو کسی اور کتاب میں نہ ملیں گے۔ قیمت کاغذ اعلیٰ [illegible]۔ کاغذ عام [illegible]

آئینہ مذاہب امامیہ ترجمہ اردو تحفہ اثنا عشریہ

مصنفہ شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جس میں شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے مفصل حالات پر تبصرہ ان کے عقائد۔ اعمال۔ غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل کتاب فارسی زبان میں تھی مگر اردو خوان ناظرین کے لئے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ شیعہ مذہب کے تمام دلائل کا جواب دیا گیا ہے۔ قیمت تین روپے

خون کے آنسو

اس میں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ حالت اور موجودہ [illegible]

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ [illegible] کی چھپائی نہایت عمدہ اعلیٰ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط، [illegible] وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے:-

مینیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

الارشاد الی سبیل الرشاد

مصنفہ مولانا ابو یحییٰ صاحب شاہجہانپوری۔ جو کہ عرصہ سے نایاب ہو چکی تھی اب دوبارہ شائع کرائی گئی ہے۔ یہ کتاب اہل حدیث اور مقلدین میں فیصلہ کن ہے۔ جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ بڑے بڑے فقہاء امت حدیث نبوی میں کم مایہ تھے۔ ثبوت میں تاریخی واقعات اور بزرگان دین کے اقوال اور آراء درج کی گئی ہیں۔ تمام کتاب میں یہی [illegible] جاتی ہے۔ مقلدین کی طرف سے اہل حدیث پر ہر قسم کے اعتراضات کا [illegible] تقلید شخصی کا اس طرح سے قلع قمع کیا گیا ہے کہ آپ پڑھ کر بے حد [illegible] بیان نہایت دلکش اور عالمانہ ہے۔ ضخامت و حجم ۲۰×۲۶ کے [illegible] صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت [illegible] محصول ڈاک علیحدہ۔

منگوانے کا پتہ:- مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

الفاروق

از مولانا شبلی نعمانی مرحوم۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مفصل سوانحعمری اور [illegible] سیاسی [illegible] سیلاب۔ غیر قوموں سے حسن سلوک۔ قیمت [illegible]

اکسیر العین

جس کے استعمال سے دھند، جالا، غبار، خارش، سرخی چشم وغیرہ [illegible] بینائی [illegible] تیز اور روشن ہو جاتی ہے۔ [illegible] قیمت [illegible] محصول ڈاک [illegible]

[illegible]

عرب کا چاند

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارک پر آپ نے آج تک سینکڑوں کتب ملاحظہ فرمائی ہوں گی جو کہ [illegible] مصنفین کے دور قلم کا نتیجہ ہوں گی۔ مگر کتاب [illegible] ایک معزز غیر مسلم سوامی لکشمن جی مہاراج کے خیالات کا مرقع ہے جو آپ پیغمبر اسلام کے متعلق رکھتے ہیں۔ حضور انور صلعم کی پیدائش سے لیکر وصال شریف تک تمام واقعات درج کئے ہیں۔ ہندو مسلم اتحاد کیلئے بہت مفید ہے۔ ضخامت ساڑھے چار سو صفحات۔ قیمت [illegible]

ان کے لئے تباہ کن ہوگی۔ اگر وہ اس تباہی سے بچنا چاہتے ہیں تو ان کو فوراً اپنی روش بدلنی چاہئے اور [illegible] عمل کرنا چاہئے جو اس کتاب میں درج کی گئی ہیں۔ قابل دید ہے۔ قیمت [illegible]

مینیجر اہلحدیث

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ۱۲ؕ

رؤسا و جاگیرداروں سے ” ۶ؕ

عام خریداران سے ” ۴ؕ

” ” ششماہی ۲ؕ

ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ

فی پرچہ - - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے۔

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۰

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بہما کتاب اللہ وسنتی

دفتر اہلحدیث امرتسر — بالمقابل کٹڑہ سجان سنگھ — تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

امرتسر ۹۔ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۵۔ اگست ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

خطاب بہ مسلمان

(از سید ابراہیم صاحب غریب سکندرآباد دکن)

خدارا نیند سے ہو جا تو اب بیدار اے مسلم
سنبھل جا غیر ہیں اب درپئے آزار اے مسلم

سنا دے اُٹھ کے تو اب قوم کو تفسیر قرآنی
نکل جا ہاتھ میں لیکر تو اب شمشیر قرآنی

تو کردے چاک اب غفلت کا پردہ اپنی آنکھوں کا
تو کردے خاتمہ اس دور حاضر کی بلاؤں کا

گلے سے توڑ کر تو پھینک دے طوق اب غلامی کا
دکھا دے پردۂ دنیا پہ نقشہ دور ماضی کا

دکھا دے اُٹھ کے تو اب شان فاروقی زمانے کو
کمربستہ ہو اب بگڑی ہوئی حالت بنانے کو

جھکیگی خود بخود دنیا تو با ایمان تو ہو جا
خدا ہوگا ترا۔ تو حامل قرآن تو ہو جا

تو جو اس طرف کرتا نہیں تقصیر ہے تیری
محبت ہی رسول پاک کی شمشیر ہے تیری

غریب خستہ کی ہے تجھ سے اتنی التجا مسلم
تو گمراہوں کو خدا رستہ سیدھا دکھا مسلم

فہرست مضامین

نظم (خطاب بہ مسلمان) - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - ص۳
عیسائیت اور قادیانیت - - - - ص۵
قادیانی آواز کی مثل دوسری آواز - - ص۶
کنوز العارفین بجواب فیض العارفین - - ص۸
معیار الالہام معروف بہ کیا وید الہامی ہیں؟ ص۱۰
مولوی محمد بشیر محدث سہسوانی پر اعتراض - ص۱۲
فتاوے - - - - - ص۱۳
متفرقات ملک۔ ملکی مطلع - - - ص۱۴
اشتہارات - - - - - ص۱۵

فلسفہ خواب۔ خواب کا قدیم و جدید فلسفہ بیان کیا گیا ہے۔ قیمت ۸ٔ۔ پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

تفسیر بالرائے۔ مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب کی تصنیف۔ اس میں مرزائی، شیعہ، چکڑالوی، بریلوی وغیرہ تفاسیر کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔

انتخاب الاخبار

مرقومہ ۱۷۔ اگست ۱۹۳۹ء

مقامی حالات | امرتسر شہر میں آج (۱۲ بجے) تک بارش نہیں ہوئی۔ دو روز سے سرد ہوا چل رہی ہے۔

——بلدیہ امرتسر کی طرف سے سیرو تفریح کے لئے ایک پہاڑی بنائی جا رہی ہے جو اڑھائی سو فٹ بلند ہوگی۔

——بلدیہ امرتسر نے خاکروب ملازمین کی تنخواہ چودہ روپیہ کر دی ہے۔ اب وہ سارے وقت کے لئے ملازم سمجھے جائینگے——سکھ حضرات کی طرف سے وزیر اعظم کو ایک مکتوب روانہ کیا گیا ہے کہ وہ بلدیہ امرتسر کے ملازمین میں سکھ حقوق کی کمی کئے جانے کے خلاف ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔

——لاہور میں ہاؤس ٹیکس کے خلاف بیس اگست کو ہڑتال کی گئی۔

——مولانا ظفر علی خان مسلم لیگ کی کونسل میں ایک تجویز پیش کرینگے کہ ہندوستانی فوج باہر بھیجے جانے کے پروٹسٹ کے طور پر مسلم لیگی ممبران سنٹرل اسمبلی اجلاس اسمبلی میں پہلے روز شریک نہ ہوں۔

——لاہور۔ حکومت پنجاب نے اڑھائی کروڑ روپیہ قرضہ لیا ہے جو سو منٹ میں پورا ہوگیا۔

——راولپنڈی۔ ۱۷۔ اگست ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں مسٹر مظہر علی اظہر ایم۔ ایل۔ اے (احراری لیڈر) کے خلاف مقدمہ بغاوت کی سماعت شروع ہوگئی۔

——کراچی۔ سر عبداللہ ہارون اور دیگر مسلم معززین کی طرف سے اعلان شائع ہوا ہے کہ اگر یکم اکتوبر تک سکھر منزل گاہ کی عمارت (جو مسجد جسے شہنشاہ اکبر نے تعمیر کروایا تھا) مسلمانوں کو واپس نہ کی گئی تو سول نافرمانی جاری کر دیجائیگی۔

——مولانا ابوالکلام آزاد شیعہ سنی تنازع کو دور کرنے کے لئے لکھنؤ پہنچ گئے ہیں۔

——پونا۔ ہندوستان میں سب سے پہلے پونا میونسپل کمیٹی نے شادی ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

——لکھنؤ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم سے اشتعال انگیز نعرے لگانا اور قابل اعتراض مقولے لکھ کر جھنڈا اٹھانے

پھرنا ممنوع قرار دیا ہے۔ نیز شیعوں کو تنبیہ کی ہے کہ وہ مکانوں کی چھتوں پر تبرا نہ کریں ورنہ گرفتار کر لیا جائیگا پولیس کو اس معاملہ میں خاص اختیارات دئیے گئے ہیں۔

——حیدر آباد۔ ۱۷۔ اگست۔ ہز اگزالٹڈ ہائی نس حضور نظام دکن نے اپنی ۵۴ ویں سالگرہ کے موقع پر ایک فرمان شائع فرما کر ان تمام قیدیوں کی رہائی کا حکم دیدیا جو حیدر آباد دآریہ ستیگرہ کے سلسلہ میں قید ہیں یا جن کے مقدمات زیر سماعت ہیں۔

——حکومت ہند ہندوستان میں ہوا باز رضا کاروں کی کور قائم کرنا چاہتی ہے۔

——حکومت پنجاب کے دفاتر ۱۱۔ اکتوبر کو لاہور میں کھل جائینگے

آخری اطلاع

جن خریداروں کی قیمت ماہ اگست میں ختم تھی اور ۳۱۔ اگست تک وصول نہ ہوگی۔ ان کے نام

آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

ایسے حضرات مطلع رہیں۔　(منیجر اہلحدیث)

تحریک خاکساری

کی بابت احباب کی مانگ تو سینکڑوں تک آ رہی ہے مگر اعانت چندہ پر توجہ نہیں۔ احباب غور کریں کہ ایک لاکھ رسالہ کے لئے کتنی رقم کی ضرورت ہے۔

——مارواڑ۔ کاٹھیاواڑ کے علاقہ میں بارش نہ ہونے سے سخت قحط پڑ رہا ہے۔

——معلوم ہوا ہے اعلیٰحضرت سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ آئندہ جنگ میں غیر جانبدار رہیں گے۔

——وزارت مصر کے محکمہ زراعت نے حکومت حجاز کی خواہش پر چند ماہرین فن زراعت حجاز بھیجے تھے جنہوں نے وہاں کے متعلق رپورٹ دی ہے کہ چونکہ حجاز کے اکثر حصوں میں پوٹاش کی کمی ہے اس لئے وہاں زراعت نہیں ہو سکتی اسلئے وہاں اونٹ بھیڑ بکریاں بکثرت چرنے چھوڑ دی جائیں تاکہ ان کی لید کو کھاد کے طور پر استعمال کیا جائے۔

ریویو

خطبات محمدی | مولانا محمد صاحب ایڈیٹر اخبار محمدی دہلی نے اخبار محمدی میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جملہ مواعظ و خطبات (جو آپ مختلف اوقات میں فرماتے رہے) شائع کرنے شروع کئے تھے جو عام واعظین و ناظرین کے شوق کے لئے علیحدہ کتابی صورت میں بھی شائع کئے گئے ہیں۔ ہر خطبہ عربی میں ہے۔ جس کا عام فہم اُردو ترجمہ کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا شائقین سنت نبویہ کو چاہئے کہ بے معنی اور بے ثبوت قصوں کہانیوں کو چھوڑ کر یہ اصلی اور صحیح خطبات اپنے سامعین کو سنایا کریں۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ایک روپیہ۔ دفتر اخبار محمدی" باڑہ ہندو راؤ دہلی سے طلب کریں۔

یاد رفتگان | جماعت اہل حدیث راولپنڈی کے رکن اعظم حاجی چراغ الدین صاحب ۱۶/۱۷ اگست کی درمیانی شب کو انتقال کر گئے۔ اناللہ! مرحوم نہایت مخیر، مخلص اور خلیق تھے۔ (عبدالرحمٰن از راولپنڈی) (۲) خاکسار کے والد حاجی محمد اسماعیل صاحب ڈیڑھ سال کی مسلسل علالت کے بعد انتقال کر گئے (اناللہ وانا الیہ راجعون۔ (حکیم عصمت اللہ رحمانی۔ سابق مدرس مدرسہ فیض عام مئو ضلع اعظم گڈھ)

(۳) ساہوکار کے محمد اسماعیل صاحب رئیس مدراس کی والدہ ماجدہ جو نہایت فیاض، نیک دل اور پابند صوم صلوٰۃ تھیں انتقال کر گئیں۔ اناللہ! مرحومہ کو مدرسہ دار السلام سے خاص انس تھا۔ (مولوی محمد فضل اللہ صدر مدرس مدرسہ رانی ڈرگ)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللهم اغفر لهم وارحمهم

——حکومت ایران و ترکی میں معاہدہ ہوا ہے کہ اگر ترکی کو بحر ابیض میں کسی جنگ میں حصہ لینا پڑا تو ایران کی تمام فوجیں ترکی کی امداد کریں گی۔

——حکومت مصری وزارت مالیات نے اعلان کیا ہے کہ حکومت مصر برطانیہ کو روئی دیکر اسکے عوض اسلحہ خریدیگی۔

——اٹلی میں ایک ایسی موٹر ایجاد ہوئی ہے جسمیں پٹرول کی بجائے لکڑی جلائی جائے گی۔

مضامین آمدہ | ابو العلی محمد خلیل اللہ خان صاحب - سینئر سکریٹری اتحاد پارٹی - میاں جی عبداللہ - نذر صاحب گورکھپوری وعدہ نظم - چندہ برائے رسالہ ترمذ خاکسار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۸- رجب المرجب ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۹)

(مجریہ از ۳۰- جون ۱۹۳۹ء)

ناظرین ہمارے سوالات اربعہ (جو سابقہ پرچہ میں بھی شائع ہوئے ہیں) کا جواب بہت جلد دیں تاکہ رسالہ جلد شائع ہو سکے۔

گزشتہ ہفتے لکھا گیا تھا کہ مشرقی صاحب امیر امان اللہ خان سابق والئ کابل اور اتاترک مصطفیٰ کمال پاشا کی تعریف میں اکثر رطب اللسان رہتے ہیں (الاصلاح ۱۳- جنوری ۱۹۳۹ء وغیرہ ملاحظہ ہو)

ان دو نو والیان ریاست کے متعلق کچھ کہنے کو ہمارا جی نہیں چاہتا۔ تاہم مجبوراً اتنا کہنا پڑتا ہے کہ ان دونو صاحبوں نے اپنی اپنی حکومتوں کی حفاظت میں کوشش ضرور کی مگر دین اسلام کی حفاظت کے لئے کچھ نہیں کیا۔

ہم ناظرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ امیر امان اللہ خان کی سوانحعمری موسومہ بہ زوال غازی کا مطالعہ ضرور کریں۔ یہ کتاب ایک ایسے شخص کی لکھی ہوئی ہے جو امان اللہ خان اور بچہ سقہ دونوں کے زمانہ حکومت میں کابل میں مقیم رہا ہے۔ اس لئے جو واقعات اس نے لکھے ہیں اس کی آنکھوں کے سامنے گذرے ہوئے ہیں ... بانی ... مرزا ... کمال ... ہے۔

مصطفیٰ کمال پاشا کی دینی خدمت کے متعلق امیر شکیب ارسلان کے مضامین مصری اخباروں میں چھپتے رہے ہیں۔ جن کو نقل کرنا ہمارے اور ناظرین کے لئے دلفگاری کا باعث ہوگا۔

ہم ان دو نو والیان حکومت کو اسی عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں جس نظر سے سلطنت مغلیہ کے مشہور بادشاہ جلال الدین اکبر کو دیکھتے ہیں۔ اکبر بادشاہ کے حالات تاریخ ہندوستان کے واقفوں کی نظر سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ اس سے زیادہ کچھ کہنے کی نہ ہمیں ضرورت ہے نہ ہی ہم چاہتے ہیں۔ ہاں ہم خوش ہیں کہ مشرقی صاحب نے اپنے ہم مشربوں کا نام لے کر پبلک کو آگاہ کر دیا کہ آپ اسلام کی خدمت اسی روش پر کرنا چاہتے ہیں جس پر چل کر مذکورہ بالا حضرات نے کی تھی۔ جس کی بابت رندانہ طبقہ کا قول ہے۔

لا بارك الله في الدنيا بلا دين

اور قرآن مجید کا ارشاد ہے۔

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى (پ ۳۰ ع ۱۳)

اطلاع ہم کئی دفعہ بتلا چکے ہیں اور اب پھر بتلاتے ہیں کہ ہم عسکری تحریک کے خلاف نہیں ہیں اور جو کوئی مسلمان دین کا مخالف ہو سکتا ہے۔ خاصکر جماعت اہل حدیث کہ جس کو اپنا امتیازی طریق سمجھتی ہے۔ کیونکہ جماعت اہل حدیث کے واجب الاحترام علمائے کرام (حضرت امیر المؤمنین سید احمد صاحب رائے بریلوی اور مولانا اسماعیل شہید دہلوی، علمائے صادق پور پٹنہ، علمائے تھانیسر وغیرہم نور اللہ مرقدہم جن کے حالات تواریخ عجیبہ میں ثبت ہیں) ہندوستان میں عسکری تحریک کے موجد تھے۔ نہ صرف موجد بلکہ سرفروش عامل تھے۔ جن کے حق میں یہ شعر بہت موزوں ہے ؎

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

اس لئے افراد اہل حدیث کو خصوصاً عسکری تحریک سے نفرت نہیں ہو سکتی۔ بلکہ وہ جہاں کہیں سے ایسی تحریک کی آواز سنتے ہیں خوش ہوتے ہیں۔ ان کے منہ سے بے ساختہ نکل جاتا ہے ؎

لے اڑی طرز فغاں بلبل نالاں ہم سے
گل نے سیکھی روش چاک گریباں ہم سے

ہاں ان کو خاکساری فوج کی عسکریت سے ذرہ اختلاف ہے۔ جس کا ذکر آگے آئیگا۔

مقام افسوس ہے ناظرین سلسلہ ہذا کو ۳۰- جون سے پڑھ رہے ہیں۔ ہم نے اس سلسلہ میں کسی کے حق میں نہ سخت کلامی کی ہے نہ دلآزاری نہ بہتان تراشا ہے نہ الزام لگایا ہے۔ بلکہ مشرقی صاحب کی غلط تحریرات پر عالمانہ تنقید کی ہے۔ جس کا ہمیں حق حاصل ہے۔ اس سلسلہ میں نہ ان کی تکفیر کی ہے نہ توہین۔ بلکہ ان کی اصل عبارتیں پیش کر کے نتیجہ ظاہر کر دیا ہے۔

باایں ہمہ خاکساری کیمپ میں بے چینی اور اضطراب پیدا ہو رہا ہے۔ متعدد تحریریں (قلمی اور مطبوعہ) آچکی ہیں۔ جن میں اس سلسلہ کی وجہ سے ہم پر بڑی خفگی کا اظہار کیا گیا ہے۔ بلکہ بعض خاکروہ گناہ ہم پر تھوپے گئے ہیں مثلاً کہا گیا ہے کہ تم علامہ مشرقی کو کافر کہتے ہو اور اس مضمون کی کتاب چھاپ کر تم قیمتاً بیچوگے۔ اور نفع حاصل کروگے یہ تہمت بھی ... رہے ...

ahmadimuslim.de

بلکہ یہاں تک بھی لکھا ہے کہ ہم تمہاری خبر لیں گے۔ جوابًا عرض ہے کہ جو شخص کسی ناکردہ گناہ کی بنا پر ہو وہ وبال اصل اپنے اوپر ہوتی ہے۔ سلسلہ ہذا کو ناظرین ایک دفعہ پھر پڑھ جائیں اور دیکھیں کہ نہ کہیں تکفیر کا ذکر ہے نہ کتاب فروخت کرنے کا۔ بلکہ کئی مرتبہ رسالہ مفت دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود اگر خاکسار ناحق خفا ہوں تو میں ان کو مشورہ دونگا کہ وہ اپنا نام خاکسار بدل کر خونخوار رکھ لیں۔ کیونکہ خاکسار نام کے ساتھ جابرانہ فعل کی مناسبت نہیں ہے ہاں خونخوار نام کے ساتھ ہے۔

جس روز (۲۰۔ نومبر ۱۹۳۴ء) سے ہم پر ناکام حملہ قاتلانہ ہوا ہے اسی روز سے ہماری یہ پُرزور آواز ہے ؎

سرفروشی کی تمنا اب ہمارے دل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے

هفوات مشرقی | مشرقی صاحب کی تصنیفات پر تنقید کے جو آٹھ نمبر ہم نے قائم کئے تھے وہ گذشتہ ہفتے ختم ہو چکے ہیں۔ اب ہم مشرقی صاحب کے متفرق اقوال پیش کرتے ہیں جو قرآن حدیث کی صریح نقیض ہونے کے علاوہ کل علمائے اسلام (مفسرین، محدثین اور مجتہدین رحمہم اللہ) کی تحقیق کے بھی خلاف ہیں۔

پہلی مثال | مسلمانان دنیا قاطبۃً (سلف سے خلف تک) یہ مانتے اور کہتے آئے ہیں کہ فرعون اپنے آپ کو معبود کہتا تھا۔ قرآن مجید کی نصوص صریحہ بھی اس پر دلالت کرتی ہیں۔ مگر مشرقی صاحب اپنے جوش مخالفت میں اس عقیدے کے بھی خلاف لکھتے ہیں۔ آپ کے الفاظ یہ ہیں:۔

فرعون مصر ان کو بلا بلا کر کچھ اپنے آگے اٹھا نہیں رکھتا تھا اور نہ منہ سے رسمًا اپنے آپکو خدا کہا کرتا تھا بلکہ یہی تعلق اور تعبد وہ جبری عبادت تھی جو ہزار ہا سجدوں اور سنیاسی دھونوں سے بڑھ کر تھی۔

(مقدمہ تذکرہ حاشیہ ص ۱۰۱)

عجیب | ہم حیران ہیں کہ مشرقی صاحب کو اتنی جرأت کیوں پیدا ہو گئی کہ مفسرین کا خلاف کرتے کرتے نصوص قرآنیہ کا بھی خلاف کرنے لگ گئے۔ جس پر یہ مثال صادق آتی ہے:۔

بازی بازی با ریش بابا بازی

ہم آیات قرآنیہ میں سے ایک ہی آیت آپ کے جواب میں پیش کرتے ہیں۔ فرعون موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کر کے کہتا ہے:۔

لئن اتخذت الٰھًا غیری لاجعلنك من المسجونین (پ ۱۹۔ ع ۲) اے موسیٰ اگر میرے سوائے تو نے کسی اور کو معبود سمجھا تو میں تجھے قیدیوں میں بھیج دونگا۔

بتائیے | یہ آیت آپ کے دعوے کی کھلی تکذیب کرتی ہے یا نہیں۔ معلوم نہیں کہ ایسی باتیں کرنے سے مشرقی صاحب اسلام کی کیا خدمت کر رہے ہیں اور قرآن دانی کا کیا ثبوت دے رہے ہیں۔ بجز اس کے کوئی کہنے والا آپ کو کہے ؎

گر تو قرآں بریں نمط خوانی
ببری رونقِ مسلمانی

دوسری مثال | اسلامی دنیا بالاتفاق اس بات کو مانتی چلی آئی ہے کہ اللہ اور رسول کے احکام ہر امر شرعی میں واجب الاطاعت ہیں۔ امیر المؤمنین کا حکم بھی واجب الاطاعت ہے۔ مگر نصوص صریحہ سے مخالف ہونے کی صورت میں امیر کو اس پر توجہ دلائی جا سکتی ہے۔ قرآن مجید کی آیت مندرجہ ذیل اس مضمون کو واضح الفاظ میں بیان کرتی ہے:۔

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ (پ ۵۔ ع)

اے ایمان والو! اللہ اور رسول کی اطاعت کیا کرو اور والیان حکومت کی بھی۔ پھر اگر تمہارا (راعی اور رعایا کا) کسی امر میں اختلاف ہو جائے تو اس کو خدا اور رسول کی طرف پھیر دو۔

آج کل کے زمانہ میں اس کی مثال یہ ہے کہ سب جج کا حکم بھی واجب العمل ہے۔ لیکن سب جج کی رائے کے خلاف ہائیکورٹ کا فیصلہ پیش کر کے توجہ دلائی جا سکتی ہے۔ خلیفہ ثانی (رضی اللہ عنہ) نے جب حکم دیا کہ کوئی عورت اہل بیت کی مستورات کے مہر سے زیادہ مہر نہ لے تو ایک بڑھیا نے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا کہ آپ کا یہ حکم آیت قرآنی کے خلاف ہے۔ خدا فرماتا ہے:

وَ اٰتَیْتُمْ اِحْدٰھُنَّ قِنْطَارًا

اس بڑھیا نے اس آیت سے یہ مسئلہ استنباط کیا کہ مہر کی کوئی حد نہیں ہے بلکہ منکوحہ زیادہ سے زیادہ بھی لے سکتی ہے۔ خلیفہ موصوف کے ذہن میں بھی اس کا یہ استنباط صحیح معلوم ہوا۔ اسی لئے آپ نے اپنا حکم واپس لے لیا۔ مولانا حالی مرحوم نے اسی طرف اشارہ کیا ہے ؎

غلاموں سے ہو جاتے تھے بند آقا
خلیفوں سے لڑتی تھی ایک ایک بڑھیا

یہ تو ہوا سلف سے خلف تک کل امت مسلمہ کا عقیدہ۔ اب مشرقی صاحب کی بھی سنئے۔ آپ کا خیال ہے کہ اطاعت رسول انتظامی امور میں ہے۔ چنانچہ آپ کے الفاظ یہ ہیں:۔

"قرن اول میں رسول خدا مسلمانوں کے قائد اعظم اور سپہ سالار ہونے کی حیثیت میں وقتًا فوقتًا احکام نافذ کیا کرتے تھے جو مصالح وقت کے لحاظ سے مسلمانوں کے اجتماعی دفاع کیلئے ضروری تھے۔ عرب کے جس جس گوشے میں ان فرامین کی صدائیں پہنچتی تھیں لوگ لبیک لبیک کر کے حاضر ہو جاتے۔ اور اپنا تن من دھن اس نیک سیرت سردار کی خاطر قربان کر دیتے۔ یہ اطاعت رسول کا صحیح مفہوم تھا۔" (مقدمہ تذکرہ اردو ص ۱۲۱ حاشیہ)

ناظرین! | اس عبارت کا مفہوم ذہن میں رکھئے کہ کیا ہے؟ یہی نا کہ اطاعت رسول بحیثیت امیر جماعت کے تھی۔ اس میں کیا شک ہے کہ امیر جماعت ہو یا سپہ سالار فوج۔ اس کی وفات کے بعد جو اس کا قائم مقام ہوگا اس کے احکام نافذ ہونگے پھر پہلا ہو گا تو اس کے نافذ ہونگے اور پہلوں کو کوئی نہیں پوچھیگا۔ یہی معنی ہیں شیخ سعدی کے اس شعر کے ؎

ہرکہ آمد عمارت نو ساخت
رفت و منزل بدیگرے پرداخت

پس مشرقی صاحب کے کلام کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جتنے احکام زمانہ رسالت میں متعلقہ انتظام وغیرہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جاری کئے تھے آج مشرقی صاحب کا ممدوح (امیر امان اللہ خان سابق والی کابل) ان کے خلاف حکم جاری کرے تو جس طرح احکام رسالت واجب الاطاعت تھے اسیطرح یہ بھی واجب الاطاعت ہونگے۔ مسلمانان دنیا اس طرز عمل کو توہین رسالت سمجھتے ہیں۔ علامہ مشرقی صاحب اس کو ایمان جانتے ہیں۔ اسی لئے وہ امیر امان اللہ خان اور اتاترک مصطفےٰ کمال پاشا کے مداح ہیں اور ان کو نصیحت کرنے والے علماء کے حق میں سخت بدگو ہیں۔

بس یہ ہے ایک مرکزی نکتہ جس کو کفر و اسلام میں حد فاصل کہنا چاہئے۔ (باقی)

قادیانی مشن

عیسائیت اور قادیانیت

مرزا صاحب قادیانی کی مسرت انگیز پیشگوئی تھی کہ عیسائیت میری وجہ سے دنیا سے مٹ جائیگی۔ اور اس کی جگہ اسلام قائم ہو جائیگا! اس پر بارہا پوچھا گیا کہ عیسائیت دن بدن ترقی کر رہی ہے۔ یہاں تک کہ مرزا صاحب نے براہین احمدیہ کی تصنیف کے زمانے میں عیسائیوں کا شمار ہندوستان میں پانچ لاکھ لکھا تھا۔ مگر گذشتہ مردم شماری (بابت ۱۹۳۱ء) میں ہندوستان کی مسیحی آبادی ۶۳ لاکھ ہے۔

بایں ہمہ ہمارے جواب میں "پیغام صلح" لاہور میں ایک طویل مضمون نکلا ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں:-

"ہم مولوی ثناء اللہ صاحب کی خدمت میں عرض کرینگے کہ حضرت امیر ایدہ اللہ نے جو کچھ ارشاد فرمایا وہ بالکل صحیح ہے۔ اسلام دنیا کے ہر ایک حصہ میں غالب آرہا ہے۔ حضرت مسیح موعود (مرزا) نے غلبہ اسلام کی جو پیشگوئی فرمائی تھی وہ حرف حرف پوری ہو رہی ہے۔ اگر مولوی صاحب کمزوری ایمان یا فقدان بصیرت کی وجہ سے اسلام کو غالب آتے نہ دیکھ سکیں تو اس میں کس کا قصور ہے۔ اندھے کو آفتاب کس طرح نظر آسکتا ہے؟

اسلام کچھ مقدس و اعلیٰ اصولوں اور پاکیزہ عقائد و تعلیمات کے مجموعہ کا نام ہے کسی خاص قوم جماعت یا جتھے کا نام نہیں ہے۔ اگر یہ اصول اور تعلیمات و عقائد مقبول ہو رہے ہیں اور دشمنوں اور مخالفوں کا نقطہ نظر اور طرز عمل ان کے متعلق خوشگوار طور پر تبدیل ہو رہا ہے تو پھر ہر ایک انصاف پسند اور حق گو آدمی کو تسلیم کرنا پڑیگا کہ اسلام غالب آرہا ہے۔ خواہ مولوی ثناء اللہ صاحب اور اُن جیسے دوسرے لاکھ انکار کرتے رہیں۔

واقعات و حقائق کی روشنی میں جو کوئی ذرا آنکھیں کھول کر دیکھیگا اسے صاف نظر آجائیگا اسلام روز بروز ترقی کر رہا ہے۔ اس کے اصول مقبول ہو رہے ہیں۔ اسلام کا سب سے بڑا دشمن یورپ اور عیسائیت تھی۔ یورپ پر سے عیسائیت کی گرفت بہت بڑی حد تک ڈھیلی ہو چکی ہے۔ اس کے برعکس وہ اسلام کے بہت سے اصولوں کو قبول کر چکا ہے۔ اسلام نے یورپ کی ذہنیت۔ رجحانات۔ معاشرت۔ ضابطہ قوانین وغیرہ ہر ایک چیز پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ اسلام، قرآن اور حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق اہل یورپ کا نقطہ نظر حیرت انگیز طور پہ تبدیل ہو رہا ہے۔ اور یہ سب کچھ حضرت مسیح موعود (مرزا) کے علم الکلام کی بدولت ہؤا" (پیغام صلح لاہور مورخہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث واقعی جی خوش کرنے اور احمقوں کو پھانسنے کے یہی طریقے ہیں۔ مگر واقعات سے جو بات ثابت ہو وہی حق ہوتی ہے۔ ہم اپنی طرف سے کچھ پیش نہیں کرتے بلکہ اسی اخبار پیغام صلح سے ایک معزز محترم بزرگ (امیر شکیب ارسلان) کے ایک مضمون کو نقل کرتے ہیں۔ جس کو اخبار "پیغام صلح" نے عربی اخبارات سے ترجمہ کرکے نقل کیا ہے۔ اس کی عبارت مع سرخی کے درج ذیل ہے:-

"اسلام پر مسیحی مبلغوں کی خطرناک یورش"
(امیر شکیب ارسلان کے قلم سے)

عربی اخبارات نے حال ہی میں امیر شکیب ارسلان کا ایک اہم مضمون شائع کیا ہے جو عیسائیت اور اسلام کی آویزش اور اسکے نتائج سے تعلق رکھتا ہے۔

مصر اور دوسرے اسلامی ممالک میں اسلام پر یلغار کرنے والے مسیحی مبلغوں کے خلاف ایک شور مچا ہؤا ہے اور ہر زبان ان کی ناروا کاروائیوں اور سازشوں کی شکایات میں معروف ہے۔ لیکن میں اعتراف کرتا ہوں کہ مجھے اپنی عمر میں آج تک کبھی اتنا تعجب نہیں ہؤا۔ جتنا پادریوں کے خلاف مسلمانوں کا یہ جوش و خروش دیکھ کر ہو رہا ہے۔

آج سے چالیس پینتالیس سال پہلے جبکہ ہم نوعمر تھے اس وقت بھی ہمارے ملکوں میں یہ پادری موجود تھے اور اپنے تمام موجودہ ناجائز طریقے ہی استعمال کرتے رہتے تھے۔ ہم برابر سنا کرتے تھے کہ اتنے مسلمان یہاں عیسائی بنا لئے گئے۔ مگر ہمیں پہلے کبھی جوش نہیں آیا۔ کیا اب پہلی مرتبہ ان پادریوں کی حرکتیں منظر عام پر آئی ہیں کہ ہم اس طرح دفعۃً مشتعل ہو گئے ہیں؟

صرف ایک اکیلے ملک جاوا میں اب تک ایک لاکھ مسلمان عیسائی بن چکے ہیں۔ اس ملک پر ہالینڈ کا قبضہ ہے۔ اور ہالینڈی پادری غریب مسلمانوں کو پوری آزادی سے شکار کرتے رہے ہیں۔

اسی مغرب کے جزائر میں کارڈینل لانجیرے کے ہاتھ پر ہزارہا مسلمان عیسائیت قبول کر چکے ہیں

(۸۳۵)

اسی قدر نہیں بلکہ ملک الجزائر میں پورا ایک بدوی قبیلہ مع کئی بربری گاؤں اسلام سے نکل کر عیسائیت میں داخل ہو چکے ہیں۔

ہندوستان میں ہزار ہا مسلمان عیسائی بن چکے ہیں اور ان سابق مسلمانوں میں سے پورے دو سو آدمی عیسائیت کے مبلغ بن کر اپنے نئے مذہب کی اشاعت میں مصروف ہیں۔

عیسائی مبلغ مسلمانوں کو عیسائی بنانے میں کتنے کامیاب ہو چکے ہیں۔ اور ہماری غفلتیں کس حد تک پہنچ چکی ہیں۔ اس کی تحقیق کے لئے ہمیں کسی محنت و جستجو کی ضرورت نہیں ہے۔ خود پادریوں کی سالانہ رپورٹیں یہ تمام جگر خراش واقعات ہماری آنکھوں کے سامنے پیش کرتی رہتی ہیں۔

خدا کی قسم مجھے اس بات پر تعجب نہیں ہے کہ جاوا الجزائر۔ حبش۔ ہند۔ چین۔ فلپائن وغیرہ میں عیسائی پادری لاکھوں مسلمانوں کو اپنے مذہب میں داخل کر چکے ہیں۔ بلکہ اصلی تعجب اس بات پر ہے کہ وہ اب تک کروڑوں مسلمانوں کو مرتد کر دینے میں کیوں کامیاب نہیں ہو گئے۔ حالانکہ وہ اپنی تبلیغی انجمنوں اور اداروں پر سالانہ تیس کروڑ پونڈ یا تقریباً ساڑھے چار ارب روپیہ صرف کیا کرتے ہیں۔ مسلمان بے حد غریب ہیں اور اپنی غربت کی وجہ سے طرح طرح کے جسمانی امراض کا شکار رہتے ہیں پادریوں کے پاس دولت کے کبھی نہ ختم ہونے والے خزانے ہیں اور عظیم الشان شفاخانے موجود ہیں پھر حیرت ہوتی ہے کہ وہ اتنی کم کامیابی کیوں حاصل کر سکے۔

لاریب اگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا روحانی قلعہ سب قلعوں سے زیادہ مستحکم نہ ہوتا تو پادری اب تک اسلام کا صفایا کر چکے ہوتے کیونکہ ان کے پاس کامیابی کے جملہ رسائل موجود ہیں اور اسلام گہری نیند میں خراٹے لے رہا ہے اور اپنی حفاظت پر کوئی ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کر رہا ہے۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پوری امت کی طرف سے پورا پورا جہاد کیا۔ لیکن اس امت نے اپنے ہادی برحق کے احسان کا بدلہ یہ دیا کہ اس کے دین حنیف سے غافل ہو گئی۔ بزدلی اور غفلت کی راہ اختیار کی۔ ہمت کو پیٹھ دکھائی۔ میدان سے بھاگ نکلی اور طے کر لیا کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا جی چاہے تو اپنے پروردگار کے ذریعہ اپنے دین کی حفاظت، مدافعت، اشاعت کریں اور نہ جی چاہے تو چھوڑ دیں۔ ہمیں بھی کوئی پروا نہیں۔

لیکن عیسائیوں نے یہ نہیں کیا۔ انہوں نے حضرت مسیح کو اپنے دین کے ساتھ تنہا نہیں چھوڑ دیا بلکہ عیسائی نے اپنا فرض سمجھا کہ دامے، درمے، سخنے ہر طرح اپنے دین کو ترقی دیتا رہے۔

عیسائی پادری اگر پانچسو بودھوں کو عیسائی بنا لیں، ایک ہزار ہندوؤں کو عیسائیت میں داخل کر لیں تو اتنے خوش نہیں ہوتے جتنے ایک مسلمان کو عیسائی بنا کر خوش ہوتے ہیں۔ اور یہ اس لئے کہ عیسائیت کا اصل حریف صرف اسلام ہی ہے۔ اور یہی سبب ہے کہ عیسائی مبلغوں کی سب سے زیادہ قوتیں اسلام ہی کے خلاف صرف ہو رہی ہیں۔ ہر سال ان کی عام کانفرنسیں منعقد ہوتی ہیں۔ اور ان میں مسلمانوں کو مرتد بنانے کی نئی نئی اسکیمیں بنائی جاتی ہیں۔ مسلمان یہ سب دیکھتے ہیں اور سنتے ہیں۔ مگر ٹس سے مس نہیں ہوتے۔

تمام دنیا کے مسلمانوں کی حالت اس بارے میں دو سبب سے افسوسناک ہو رہی ہے۔ ایک سبب یہ ہے کہ عام طور پر مسلمان نہایت بزدل ہو گئے ہیں خصوصاً یورپین اقوام کے مقابلہ میں۔ یورپین اقوام کی مسلمانوں پر ایسی ہیبت طاری ہو گئی ہے کہ سخت حیرت ہوتی ہے اور اس کا کوئی سبب سمجھ میں نہیں آتا۔ دوسرا سبب مسلمانوں کا بخل ہے۔ وہ اپنی جماعتی ضرورتوں پر ایک پیسہ بھی صرف کرنے کے عادی نہیں رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے تمام کام سخت ابتری میں پڑ گئے ہیں۔ غرضیکہ اسوقت عیسائی مبلغوں کی طرف سے اسلام پر ہر طرف سے جو یلغار ہو رہی ہے اس کی تمام تر ذمہ داری خود مسلمانوں ہی کے سر ہے۔ لہذا مسلمانوں کو چاہئے کہ سب سے پہلے اپنے آپ ہی کو ملامت کریں۔

ومن رعى غنما في ارض مسبعة
ونام عنها تولى رعيها الاسد

(پیغام صلح لاہور۔ ۲۳۔ اگست ۱۹۳۳ء)

ایضاً | انقلاب ۱۳۔ اگست ۱۹۳۳ء میں بھی یہ مضمون شائع ہوا ہے۔

اہلحدیث | بتائیے ۱۹۳۳ء تک جو حملات عیسائیوں کی طرف سے ہوئے اور ان کا اثر جو اسلام اور اہل اسلام پر ہوا۔ جس کا اعتراف امیر شکیب ارسلان جیسے محترم ہمدرد اسلام اور آپ (پیغام صلح) کو بھی ہے۔ کیا یہی آپ کے آپ کے مسیح موعود کی برکت ہے۔

علاوہ اس کے آپ لوگ یہ بھی نہیں سمجھتے یا سمجھ کر مخلوق خدا کو دھوکا دیتے ہیں کہ یورپ کے عیسائی کیوں اپنے مذہب عیسائیت کو چھوڑتے جاتے ہیں؟ اس کا باعث یہ ہے کہ یہ فعل ان کی اپنی الحاد پسندی کا نتیجہ ہے نہ اسلام پسندی کا۔ جس کا بہت سا اثر ہندوستان کی مذہبی دنیا پر بھی ہم دیکھتے ہیں اور آئندہ مزید دیکھنے کا خطرہ ہے۔ چاروں طرف سے یہی آواز آ رہی ہے اور آئندہ بھی آتی رہے گی

Religion is Nothing

(مذہب کوئی چیز نہیں)

کیا یہ بھی آپ کے مسیح موعود کی برکت ہے۔ دنیا میں عام طور پر مذہب کی مخالفت ہو رہی ہے۔ اگر کوئی کسی بات کو قبول کرتا ہے وہ کسی مذہب کی ہدایت کے ماتحت نہیں کرتا بلکہ وہ ریشنلزم Rationalism کے ماتحت اپنی قوت فیصلہ سے عقلی طور پر کرتا ہے۔ مثلاً کوئی ایسی قوم جو شادی بیوگان کی منکر تھی وہ اگر قائل ہو جائے تو اسلام کی تعلیم کی حیثیت سے قائل نہیں بلکہ مقتضائے فطرت کے ماتحت اس کی قائل ہوگی۔ اسلام کی وہ ویسے ہی مخالف ہوگی جیسے پہلے تھی۔

ایک سوال | بھلا کوئی غیر مسلم مشرف با سلام ہو جائے

فتنہ قادیان ۔ مرزا صاحب کی جدید سوانح عمری ۔ (۸۳۹) در مجلد اول عہ ۔ دوم عہ ۔ سوم عہ ۔ مختصر اہلحدیث ۔

ahmadimuslim.de

اور وہ مرزا صاحب کی تحریر و تقریر کی تعریف کرے۔ مگر ان کے دعویٰ کو صحیح نہ سمجھے اور نہ ان کی تصدیق کرے تو کیا آپ اُس کو بھی احمدی قرار دیںگے۔ اس سوال کا جو جواب ہے واقعات کی رو سے آپ کی مزعومہ ترقی اسلام کا وہی جواب ہے۔

واقعات صحیحہ ہمیں رہنمائی کرتے ہیں کہ مذہب کی پابندی اور مذہب کی عزت دنیا سے اٹھتی جا رہی ہے آپ کے مسیح موعود مرزا صاحب کو پیدا ہوئے آج سو سال ہوتے ہیں۔ جو حالت دوسرے مذاہب کی عموماً اور اسلام کی خصوصاً اس وقت تھی آج اس سے بدرجہا کمزور ہے اور دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہے

مزے کی بات تو یہ ہے کہ قادیانی مجدد نے دعویٰ تو بہت بڑا کیا تھا مگر واقعہ یہ ہوا کہ خود ان کی امت میں سے نوّے (۹۰) فیصدی بقول پیغام صلح اسلام سے دور جا پڑے ہیں۔ پھر دوسروں کا کیا شمار۔

پس آپ تعصب اور حمایت باطل کو چھوڑ کر واقعات پر نظر کریں تو آپ کو صاف معلوم ہو جائیگا کہ آپکے مسیح موعود مجدد اعظم (مرزا صاحب) کی پیشگوئی متعلقہ ترقی اسلام بالکل غلط ثابت ہوئی۔ جس پر یہ کہنا بالکل بجا ہے۔

؎ کوئی بھی کام مسیحا تیرا پورا نہ ہوا
نامرادی میں ہوا ہے تیرا آنا جانا

قادیانی آواز کی مثل دوسری آواز

آج کل اشتہاری زمانہ ہے۔ دکانوں، بازاروں کے علاوہ ریل گاڑی میں بھی اشتہاری دوا فروش پھرتے ہیں۔ جو بڑے زور شور سے اپنی دواؤں کے فوائد بتاتے ہیں۔ یعنی ایک ایک دوا کے اتنے فوائد بتاتے ہیں۔ گویا وہ جملہ امراض کے لئے مفید ہو سکتی ہے۔ ان کا ادعا سن کر کبھی کبھی خیال آتا ہے کہ گورنمنٹ ہسپتالوں میں بجائے بہت سی دوائیں رکھنے کے ان دوا فروشوں کی ایک ہی دوا رکھ لے تو سب بیماروں کو صحت ہو جائے۔

یہی حال آج کل مدعیان الہام و نبوت کا ہے سب سے پہلے ان کا دعویٰ یہی ہوتا ہے کہ میں تمام دنیا کو روشنی دینے کے لئے آیا ہوں میرے سامنے کوئی ظلمت نہیں ٹھہریگی۔ میں ایسا ہوں میں ویسا ہوں غرض یہ کہ تمام خوبیوں کا مجموعہ ہوں۔ گویا یہ شعر میرے ہی حق میں ہے ؎

حسیں ہو مہ جبیں ہو دل نشیں ہو
غرض جو کچھ کہ ہیں اتنے وہ تمہیں ہو

ہمارے ناظرین قادیانی دعاوی کو سن کر سیر ہو گئے ہونگے اسی قسم کا دعویٰ بہائیوں کا بھی سن لیں۔ رسالہ "بہائی میگزین" میں ایک مضمون نکلا ہے جو مع سرخی کے درج ذیل ہے۔

طلوع بہاء اللہ

یہ وہ دن ہے جس میں زبان رحمان ملکوت بیاں میں گرم گفتار ہے۔ اور اسم اعظم کے آفتاب سے افق عالم روشن ہو رہا ہے اور تمام چیزیں گواہی دے رہی ہیں کہ خدا کی قسم یوم موعود آگیا اور قوم شک و شبہ میں مبتلا ہے۔ (مجموعہ اقدس و الواح صفحہ ۹۴)

یہ وہ دن ہے کہ نطق اس کی برابری نہیں کر سکتے اور یہ امر وہ امر ہے جس کے مقابل تمام آسمانوں اور زمین کے لشکر کھڑے نہیں ہو سکتے۔ ہر سچا صاحب بصیرت اس بات کی شہادت دیتا ہے۔ (صفحہ ۹۸)

یہ وہ دن ہے جس میں سب چیزیں پکار کر کہہ رہی ہیں اے روئے زمین کے لوگو! افق ظہور آفتاب بیان سے چمک اٹھا ہے اور رحمٰن نظر آتے ہوئے غلبہ کے ساتھ آگیا ہے۔ (صفحہ ۹۹)

اے گروہ زمین! یہ خدا کا دن ہے اور تم نہیں پہچانتے ہو۔ اور یہ بیان کا دن ہے اور تم خاموش ہو یاد کرو وہ بات جو رحمٰن نے فرقان میں نازل فرمائی ہے کہ جس دن لوگ رب العٰلمین کے لئے کھڑے ہو جائینگے یہ وہ دن ہے جبکہ تم اہل بیان کو مدہوش دیکھتے ہیں اور وہ نشہ سے مدہوش نہیں بلکہ یہ خدا کا سخت عذاب ہے۔ یہ وہ دن ہے جس میں تیرا رب آپ چھا گیا ہے اور مظاہر اسماء و صفات کو آیات نے گھیر لیا ہے۔ قائم رہنے والوں کے لئے مبارک باد اور منہ پھیر لینے والوں کے لئے ہلاکت ہے۔ یہ وہ دن ہے جس میں بجز خدا کے کسی کا ذکر نہیں کیا جاتا۔ کہدو رحمٰن سے ڈرو۔ اے گروہ بیان اور اس پر اعتراض نہ کرو۔ جو آسمان برہان سے عرفان کے جھنڈے لے کر آیا ہے۔ کاش تم اس بات کو جانتے۔ (صفحہ ۱۰۱)

اپنی زندگی کی قسم۔ یہ فائدہ اٹھانے کا دن ہے لیکن قوم بے خبر بنی ہوئی ہے۔ اور یہ اٹھ کھڑے ہونے کا دن ہے لیکن لوگ نہیں سمجھتے۔ اُس کے مرد ہیں جو محبت الٰہی کی آگ سے گرم ہو گیا اور ہر ایک غافل محروم کے لئے ہلاکت ہے۔ بیان کا سمندر عالم امکان کے اندر ظاہر ہوا ہے لیکن لوگ نہیں جانتے انہوں نے یقین کو پیٹھ پیچھے پھینک دیا ہے اور وہموں اور گمانوں کو پکڑے بیٹھے ہیں۔ (صفحہ ۲۲)

یہ وہ دن ہے جس میں ہر طرف عاشقوں کی آواز سنائی دیتی ہے۔ وہ مالک میثاق اس بات کی شہادت دیتا ہے۔ جو بڑی شان عظمت کے ساتھ آیا ہے (۷۷)

کہہ دو۔ یہ بڑی خوشی کا دن ہے اور تم بے خبر بنے ہوئے ہو۔ علم کا سمندر تمہاری آنکھوں کے سامنے لہریں مار رہا ہے اور تم دیکھتے نہیں ہو۔ (۷۸)

کہہ دو۔ اے قوم کھڑے ہو جانے کا دن آگیا ہے اپنی نشستگاہوں سے اُٹھ کھڑے ہو۔ اور اپنے علیم و حکیم پروردگار کی تعریف میں تسبیح کی آواز بلند کرو۔ اپنی زندگی کی قسم۔ اگر تو میرے بیان کی خوشبو سونگھ لے اور گوش دل سے میری ندا سن لے تو خدمت امر کیلئے ایسی شان سے کھڑا ہو جائے کہ تمام عالم کے لشکر تجھے نہ روک سکیں اور نہ ان لوگوں کی توپیں تجھے پیچھے ہٹا سکیں جو مالک یوم الدین خدا سے غافل ہو رہے ہیں۔ آواز حق بلند ہو چکی ہے۔ مقررہ ساعت دنیا میں آ چکی ہے

کمنا کشاف نے والی حالت ظاہر ہو گئی ہے۔ لیکن قوم پر ہے پردے [illegible] ہوئی ہے۔ (۸۸)

میرے بندوں کے درمیان میرے ذکر و ثنا کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور کہہ دو۔ خدا کی قسم مقررہ وقت پورا ہو گیا۔ اور آیات کا نازل کرنے والا نیا امر لے کر آپہنچا ہے۔ وہی تمام آسمانوں اور زمینوں کو نیا کرنے والا ہے مبارک باد اس شخص کے لئے جو پہچانتا ہے اور اس یوم عظیم کی شہادت دیتا ہے (۸۸)

خدمت امر کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور لوگوں کو یوم اللہ اور ظہور اللہ کی خبر دو۔ اس حکمت کے ساتھ جسے ہم نے کتاب مبین میں نازل کیا ہے۔ (۸۸)

یوں خداوند رحمٰن کے افق ارادہ سے آفتاب بیان نمودار ہوا ہے۔ لیکن اکثر آدمی ابھی تک سوئے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ خدائی پکار سے بیدار نہیں ہوئے۔ اور آیاتِ الٰہی کی شیرینی نہیں چکھی۔ ہر صاحب بصیرت عارف اس بات کا گواہ ہے (۸۲)

اے روئے زمین کے لوگو! مددگاری اور تبلیغ کا دن آگیا ہے۔ اور طور پر بولنے والا ایسی آیات لیکر ظاہر ہوا ہے جن کے مقابل سب آسمانوں اور زمینوں والے عاجز رہ گئے ہیں۔ (۹۴)

کہہ دو۔ یہ وہ دن ہے جس میں ہر ایک پُر حکمت امر ظاہر ہوا ہے۔ اور یہ وہ دن ہے جس میں مقرب لوگ فائدہ میں رہے اور مشرک لوگ کھلے ہوئے نقصان میں ہیں۔ یہ وہ دن ہے جبکہ خدا زبانِ عظمت سے سب کو اپنی سیدھی راہ کی طرف بلا رہا ہے (۹۶)

آج وہ دن ہے جس میں میزان پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ رحمٰن آگیا ہے۔ اور میں ہوں ہر امر میں امتیاز کنندہ با خبر۔ اور اس دن میں صراط زور سے کہہ رہی ہے کہ سیدھا راستہ کھل گیا ہے۔ اور اس دن میں تمام ذرات یوں بول رہے ہیں کہ اے زمینو اور آسمانوں کے لوگو! آیات کا نازل کرنے والا آپہنچا ہے اور ایسی شان و شوکت سے آیا ہے کہ تمام جہان کے لشکر اس کے مقابل ٹھہر نہیں سکتے اور نہ اس بڑے امر سے غافل ہونے والوں کا رعب و داب آڑے

آسکتا ہے"۔ (صفحہ ۴۹ مجموعہ اقدس ہاتوناج) (بہائی میگزین ملتان۔ اگست ۱۹۳۶ء)

اہلحدیث | یہ ساری عبارت چونکہ بڑی پُر لطف تھی اس لئے ہم نے ساری نقل کر دی ہے۔ اس میں جن سطروں پر ہم نے خط دیا ہے وہ اس ساری عبارت کی روح رواں ہونے کی وجہ سے خصوصاً قابل غور ہیں۔ ناظرین ان سطور کو مکرر پڑھیں اور بہائیوں سے کہیں کہ وہ ہمارے سوالوں کے جوابات پر توجہ کریں۔

نمبر ۱ | کیا اس زمانہ میں بجز خدا کے کسی کا ذکر نہیں ہوتا؟ بنارس، اجدھیا، اجمیر، پاکپٹن وغیرہ میں مسیحیوں کے گرجوں میں جا کر دیکھ بھال کر کے جواب دیں۔ وہاں جا کر دیکھیں گے تو آپ کو یقین ہو جائیگا کہ قرآن مجید کی یہ آیت اپنے معنوں میں صحیح ہے۔

وَمَا یُؤْمِنُ اَکْثَرُھُمْ بِاللّٰہِ اِلَّا وَھُمْ مُّشْرِکُوْنَ ۔

نمبر ۲ | خدا کے عاشقوں کی آہ وزاری کی تو نہیں ہاں جیفۂ دنیا کے طالبوں کی ہر طرف سے پکار ہے۔ اعتبار نہ ہو جس شہر میں اسمبلی یا کمیٹی کا الیکشن ہو رہا ہو وہاں جا کر دیکھئے۔ الیکشن کا انتظار بھی نہ کیجئے۔ کچہریوں میں آپ بخوبی دیکھ لیجئے اس جیفۂ دنیا کے لئے کیا کچھ ہو رہا ہے۔ اسکے بعد یورپ کی چالبازیاں، جنگی انتظامات پر بھی غور کر لیجئے گا۔ کیا یہ عاشقانِ الٰہی کی آوازیں ہیں نہیں جیفۂ دنیا کے طالبوں کی۔

نمبر ۳ | حکمت سے مراد آپ کی اگر روحانی حکمت ہے تو یہ بالکل واقعہ کے خلاف ہے۔ روحانیات دن بدن مغلوب ہوتی جاتی ہیں۔ جن میں کسی کو شبہ نہیں ہو سکتا۔

نمبر ۴ | مقرب لوگ فائدے میں ہیں مشرک لوگ نقصان میں۔ واقعات کے لحاظ سے یہ فقرہ کسی کی سمجھ میں نہ آئیگا [illegible] اگر کہیں تھے میں تو اس حالت میں [illegible] نقشہ شیخ سعدیؒ نے اس شعر میں دکھایا ہے ؎

شب چو عقد نماز بر بندم
چہ خورد بامداد فرزندم

معلوم نہیں آپ کی مراد مقرب اور مشرک سے کیا ہے اور فائدہ اور نقصان سے آپ کا کیا مطلب ہے۔

نمبر ۵ | آج رحمانیت کی صفت کا ظہور تو نہیں دیکھے ہاں جباریت و قہاریت کے اوصاف کا ظہور بے شک ہو رہا ہے۔ کوئی ہفتہ کوئی دن خالی نہیں جاتا کہ دنیا میں عذاب نازل نہ ہو۔ کہیں بارش کی کثرت کی وجہ سے کہیں کمی کی وجہ سے۔ یہ واقعات سب کے سامنے ہیں۔ جن کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اسی لئے ہماری دعا ہے ؎

ہند کو اس طرح اسلام سے بھر دے اے شاہ
کہ نہ آئے کوئی آواز بجز اللہ اللہ

بریلوی مشن

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین

(از مولوی عبداللہ ثانی امرتسری)

اہلحدیث ۸ جولائی ۱۹۳۶ء میں یہ سلسلہ یہاں تک پہنچا تھا کہ بریلوی مفتی جی نے اس دعویٰ کے اثبات کے لئے کہ خدا تعالیٰ نے کائنات عالم میں تصرف کی قدرت اپنے بندوں کو دیدیتا ہے۔ حدیث فکنت سمعہ الذی یسمع بہ الخ پیش کی تھی۔ جس کا جواب ہم نے حدیث شریف کے آخری حصہ کے الفاظ سے دیا تھا کہ اس حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بندہ مقرب ہو جانے کے بعد بھی خدائی قدرت سے باہر نہیں اور اس کو بذات خود کسی قسم کی قدرت و طاقت خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں دی جاتی۔ اور وہ قدرت الٰہی کے سامنے عاجز و درماندہ ہے چنانچہ حدیث کے الفاظ کا ترجمہ خود مفتی جی نے یوں کیا ہے۔

مؤمن کی جان سے بڑھ کر کسی چیز میں مجھے تردد نہیں ہوتا جس کو میں کرنے والا ہوں [illegible] [illegible] ناخوش ہوں اور موت اسکے لئے ضروری ہے۔

ahmadimuslim.de

(فیوض العارفین ص۱۴)

یہ الفاظ صاف بتلا رہے ہیں کہ مومن مقرب بارگاہ الٰہی بھی خدا کی قدرت کے سامنے اسی طرح عاجز ہے جس طرح باقی سارا جہان۔ پس یہ حدیث بھی مفتی صاحب کی موید نہیں۔ بلکہ ان کے مدعا کے خلاف ہے۔

اس کے بعد مفتی جی نہائت ہی اوچھے ہتھیاروں پر اتر آئے ہیں۔ اور الف لیلا کی کہانیوں سے اپنے دعویٰ کو ثابت کرنا چاہتے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:-

"حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اس فقیر نے شیخ عبد الغنی رحمۃ اللہ علیہ کے بعض نواسوں سے سنا کہ شیخ عبد الغنی رحمۃ اللہ علیہ بڑے عالم اور متقی اور پرہیزگار تھے۔ اور جلال الدین اکبر بادشاہ آپ کی بڑی عظمت اور عزت اور توقیر کرتا تھا اور جب بادشاہ نے بے دینی اختیار کر لی تو وہ الفت اور محبت کا تعلق بھی منقطع ہو گیا۔ اور دونوں طرف سے نفرت پیدا ہو گئی۔ اور کچھ مدت کے بعد بادشاہ کو چتوڑ کی مہم اور مشکل پیش آئی۔ اور متواتر اور پے در پے اس طرف فوجیں روانہ کیں مگر فتح حاصل نہ ہوئی۔ × × اس اثنا میں ایک رات حضرت امام ناصر الدین شہید ابن امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مزار کے اعتکاف کرنے والوں میں سے ایک شخص نے بیداری میں دیکھا کہ ایک سردار اور ایک جماعت مسلح باآلات جنگ آئے ہیں۔ اور ان کے پاس ایک مشعل روشن بھی تھی۔ اس مزار شریف کے قبہ میں داخل ہو گئے۔ اس معتکف نے گمان کیا کہ مسافر ہیں۔ زیارت کے ارادہ سے آئے ہونگے وہ معتکف پاس گیا اور دیکھا کہ وہ سردار قبر میں داخل ہو گیا۔ اور اس جماعت سے ہر ایک قبر میں داخل ہونے لگا۔ اس معتکف نے اس جماعت میں سے ایک سے پوچھا کہ یہ سردار اور لوگ کون ہیں۔ کہا حضرت امام رضی اللہ عنہ ہیں۔ شہیدوں کی جماعت کے ساتھ پھر پوچھا کہ یہ کہاں گئے تھے۔ اور انہوں نے کیا کیا تھا۔ چتوڑ کے فتح کرنے کے لئے گئے تھے۔ اور اس کو فلاں وقت میں فلاں برج کی طرف سے اس طرح فتح بھی کر آئے۔ شیخ عبد الغنی نے جب اس عجیب وغریب واقعہ پر اطلاع پائی تو بادشاہ کو فتح کی بشارت اور تمام کیفیت فتح کے واقعات پہنچا دیئے۔ اور کچھ عرصہ کے بعد فتح چتوڑ کی صورت اسی طریقہ سے بے کم وکاست کے پہنچی۔ بادشاہ نے بارہ گاؤں انعام کے طور پر حضرت امام کے مزار کے نام وقف کر کے شیخ عبد الغنی کے حوالہ کر دیئے۔"

(فیوض العارفین ص ۱۵/۱۴)

(۲) ایک شخص ملک عرب میں سخاوت کرنے میں مشہور تھا قضائے الٰہی سے وہ مر گیا۔ چند آدمی سفر سے آئے اور وہ بھوکے تھے۔ اس سخی مرد کی قبر کے پاس اتر پڑے اور بھوک کی حالت میں سو گئے۔ ان میں سے ایک آدمی کے پاس ایک اونٹ تھا۔ اس نے اس سخی مردے کو خواب میں دیکھا کہ اس مردے نے کہا تو اس اونٹ کو میرے عمدہ اونٹ کے عوض بیچتا ہے۔ اس آدمی نے خواب کی حالت میں کہا بیچتا ہوں اور اس سخی عرب سے ایک عمدہ اونٹ اس کے وارثوں کے پاس باقی رہا ہوا تھا۔ اسکو اس آدمی سے بیچ لیا۔ اور اس مردہ عرب نے اس آدمی کے اونٹ کو ذبح کر ڈالا۔ جب یہ لوگ خواب سے بیدار ہوئے۔ اونٹ کو ذبح کیا ہوا دیکھا۔ پھر کیا تھا۔ دیگ چڑھائی پکایا اور کھایا جب واپس آئے تو ایک قافلہ ان کے پاس آیا اور قافلہ والوں میں سے ایک شخص اس اونٹ والے کو اس کا نام لے کر پکارتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ تو نے کوئی عمدہ اونٹ فلاں مردہ سے خریدا ہے۔ اس نے کہا خریدا تو ہے ولیکن خواب میں اور خواب کا واقعہ کہہ سنایا۔ اس نے کہا کہ یہ عمدہ اونٹ لے لو کہ میں نے بھی اس سخی مردہ کو خواب میں دیکھا ہے۔ اور اس نے کہا کہ اگر تو میرا بیٹا ہے تو یہ عمدہ اونٹ فلاں شخص کو دیدے۔" (رسالہ مذکور ص۱۷)

اس کے بعد بطور نتیجہ تحریر فرماتے ہیں:-

"دیکھئے بادشاہ کو ان بھوکوں کو بزرگان دین قبروں والوں سے کس قدر مدد ملی ہے اور اس قسم کے سینکڑوں واقعات عرفاء کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ جن کے تحریر کرنے کی گنجائش نہیں ورنہ اس مختصر جواب کا ایک بہت بڑا دفتر تیار ہو جائے۔ صرف نمونہ کے طور سے یہ تھوڑا سا تحریر کیا گیا۔" (رسالہ مذکور ص۱۸)

بس بس مفتی صاحب ہمیں بند کیجئے۔ مسلمان تحقیق پسند قوم ہے۔ یہ رامائن کی کہانیاں سننے کے لئے تیار نہیں۔ یہ باتیں منوانے کا شوق ہو تو کسی مندر میں جا اور سناتن دھرم عقائد کے لوگوں کو سنائیے۔ اہل سنت عقیدہ کے لوگ بے ثبوت باتیں سن کر آپ کے علم اور فتوے پر ہنسی اڑائیں گے۔

ہم کو منوانا ہو تو فرمان الٰہی یا فرمان خیر البشر صلے اللہ علیہ وسلم پیش کیجئے۔ پھر دیکھئے عاشقان رسول کی گردنیں کس طرح خم ہو جاتی ہیں۔ اس کے سوا کسی کا قول ہو وہ محض لاشئے ہے۔ جب تک اس کا اصل کتاب اللہ (احکام الٰہی) میں نہ ہو۔ سنئے!

ما اہل حدیثیم دغا را نہ شناسیم
با قول نبی چون وچرا را نہ شناسیم

اس سوال کے جواب کے خاتمہ پر شاہ عبد العزیز قدس سرہ کی ایک عبارت فتاویٰ عزیزیہ کے حوالہ سے درج کرتے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ شاہ صاحب سے سوال ہوا کہ صاحب قبر کامل سے استمداد کا کیا طریق ہے۔ اس کے جواب میں شاہ صاحب نے لکھا ہے۔ شاہ صاحب کی فارسی عبارت کا ترجمہ مفتی کے الفاظ میں درج ذیل ہے:-

"جو لوگ کہ ان کا کمال معلوم نہیں ہے اور مشہور اور معروف بھی نہیں ہوا ہے تو ان کے کمال کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اول سورہ فاتحہ پڑھے اور درود شریف اور سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح۔ اس کے بعد اپنے دل کو صاحب قبر کے سینہ کے

مقابل کرے۔ اس حالت میں دل کے اندر اگر راحت اور تسکین یا کوئی روشنی معلوم کرے تو سمجھ لے کہ یہ صاحب قبر اہل کمال اور اہل باطن میں سے ہے۔ لیکن استمداد مشہور بزرگوں سے کرنی چاہئے۔ (فیوض العارفین صفحہ ۱)

(باقی باقی)

معیار الالہام

معروف بہ

کیا وید الہامی ہیں

(از مقصود حسن صاحب حنیف چترویدی۔ متوطن رڈکی)

انسان کو نجات حاصل کرنے کے لئے خدائی یا الہامی مذہب کی پیروی لازم ہے اور اس غرض سے ضرور ہے کہ دنیا کی اون مختلف کتابوں کی جانچ پڑتال کی جائے۔ جن کو اہل مذاہب الہامی بتلاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہمارے سامنے سب سے پہلے ویدوں کا نام آتا ہے۔ جن کو ہمارے ملک میں عام طور پر دنیا کی سب سے پہلی اور سب سے برتر خدائی کتاب کہا جاتا ہے اس مضمون میں ہم ویدوں کے الہامی ہونے کی جانچ کریں گے اور خود پیروان وید کے مقرر کردہ اصول اور کسوٹیوں سے۔

واضح ہو کہ جو کتابیں پیروان وید کی ہم نے پڑھی ہیں اون سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اون کے نزدیک الہام کے چار بڑے معیار ہیں۔ اول یہ کہ الہامی کتاب دنیا کے آغاز سے ہو اور اس میں کسی دوسری کتاب کا حوالہ، دنیا کے اشخاص کے قصے کہانیاں نہ ہوں کیونکہ ظاہر ہے کہ اگر اوس میں دیگر کتب کے حوالے، اور اشخاص کے تذکرے ہوں گے تو وہ کتاب اور اشخاص اس کتاب سے قدیم تر ہونگے۔ دوم یہ کہ اوس میں اہنسا کو بہم حصر بتلایا ہو یعنی کسی ذی روح کو نہ مارنا اور نہ تکلیف دینا ہی انسان کا سب سے پہلا فرض بتلایا گیا ہو اور گوشت خوری سے بچنے کے اس میں تاکیدی احکام ہوں۔ تیسرے یہ کہ اس میں اخلاق کی تعلیم بہت بلند ہو۔ اور سب سے آخر لیکن نہایت اہم معیار یہ ہے کہ جب انسان دنیا کی زندگی اور اس کے پھندوں سے چھوٹ کر نجات کا مستحق ہو جائے تو نجات یافتہ زندگی کو وہ الہامی کتاب دنیا کی زندگی سے نہایت اعلیٰ اور ارفع بتلاتی ہو اور نجات یافتگان کو وہ کسی ایسے بہشت یا سورگ میں لاکر داخل نہ کرتی ہو۔ جہاں حوروں اور غلمانوں کا جمگھٹا رہتا ہو۔ برعکس اسکے وہ نجات یافتہ زندگی کو سراسر روحانی اور بغایت پاکیزہ بتلاتی ہو۔

ہم کو سردست اس امر سے بحث نہیں ہے کہ الہام کے یہ معیار بذات خود کہاں تک صحیح یا غلط ہیں۔ ہم کو تو اتنا دیکھنا ہے کہ وید ان کسوٹیوں پر پورے اترتے ہیں یا نہیں۔ اگر پورے نہیں اترتے اور یقیناً ایسا ہی ہے، جیسا کہ ابھی ثابت ہوا جاتا ہے تو پیروان وید کے لئے ضرور ہے کہ ویدوں کو چھوڑ کر کسی دوسری الہامی کتاب کی تلاش کریں۔ اب ہم ان کسوٹیوں کو ایک ایک کرکے لیتے اور وید منتروں کو ان پر کس کر دیکھتے ہیں۔

پہلی کسوٹی۔ قدامت

اگر الہامی کتاب کا آغاز کائنات سے ہونا شرط اولیں ہے تو یقیناً وید اس معیار پر پورے نہیں اترتے ویدوں میں بار بار قدیم زمانہ اور قدیم رشیوں کا ذکر آیا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ ویدوں میں قدیم تر کتابوں کے حوالے بھی پائے جاتے ہیں۔ اتھروید کے پندرھویں کانڈ میں جو چند صفحات کا ایک چھوٹا سا کانڈ ہے ورا تیہ (دیا پلاتیہ) نام کسی رشتے جوگی کا سفرنامہ مندرج ہے۔ دوران سفر کے بیان میں اس جوگی کی لائبریری کا ذکر بھی آیا ہے۔ جوگی کو براتیہ اس لئے کہا گیا ہے کہ مشتاقان زیارت برات کی طرح اوس کے پیچھے پیچھے چلتے تھے۔ لائبریری کی نسبت وید میں لکھا ہے کہ وہ بھی جوگی کے پیچھے پیچھے چلتی یعنی ساتھ ساتھ رہتی تھی اور اس میں تاریخی کتابیں پران یعنی قدیم مذہبی کتابیں، غزلیات کے دیوان اور شاہنامے موجود تھے چنانچہ مذکورہ بالا کانڈ کے چھٹویں سوکت یعنی گیت کا گیارھواں منتر یعنی شعر حسب ذیل ہے:۔

इतिहास تواریخ کی کتابیں च اور च

پران पुराणाम نیز च اور गाथा

گانے کی کتابیں च اور नाराशंसी

بہادروں کی داستانیں सम اوس جوگی کے अनु

پیچھے پیچھے व्यचलन چلیں۔

وید میں اور بھی کئی جگہ پرانوں کا ذکر آیا ہے۔ اور ان فقروں سے وید کے قدیم ترین کتاب ہونے کا دعویٰ سراسر باطل ثابت ہوتا ہے۔

دوسری کسوٹی۔ اہنسا

اہنسا کے لغوی معنے کسی ذی روح کو تکلیف نہ پہنچانے کے ہیں۔ گوشت خوری کا ترک بھی اہنسا میں شامل سمجھا جاتا ہے اور مہاتما گاندھی سے پوچھئے تو جدال و قتال سے پرہیز بھی اہنسا کا جزو اعظم ہے۔ ہم دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ایسی اہنسا کی تعلیم وید میں نہیں ہے۔ اہنسا پرمو دھرمے جو مشہور ہے یہ جملہ وید میں کسی جگہ نہیں پایا جاتا۔ ویدوں میں تو سخت خون ریز لڑائیاں لڑنے کی تعلیم بھی ہے اور جانوروں کو مار کر ان کا گوشت کھا جانا بھی لکھا ہے۔

ہندوستان کے قدیم باشندوں سے جن کو وید میں داسی یعنی غلام کہا گیا ہے۔ آریوں کے راجہ اندر کی ایک شدید جنگ کا حال اتھروید کانڈ ۲۰ سوکت ۸۰۔ منتر ۲ میں مرقوم ہے۔ اس جنگ میں آریوں نے کس قدر قتل عام اور خون ریزی کی تھی۔ اوس کا ذکر خود وید ہی کے الفاظ میں سنئے۔ لکھا ہے:۔

[illegible] طاقتور اندر نے [illegible]

[illegible] داسیوں کو [illegible] قوم سے [illegible]

گھیر کر [illegible] اوس (جہاں یا جنہاں) سے

(۸۴۰) ویدوں کو غیر الہامی ثابت کیا ہے

ahmadimuslim.de

शतम سو (دشمن) सहस्रम ہزار
अयुतम دس ہزار अर्बुदम ایک ارب
निजघान قتل کئے۔
یہی راجہ اندر جو وید کا سب سے بڑا دیوتا ہے
گوشت کھانے کا بہت شوقین تھا۔ وید میں لکھا ہے کہ
تین تین سو جانور ذبح ہو کر اس کے دسترخوان پر
آتے تھے۔ بیل کا گوشت اس دیوتا کی خاص مرغوب غذا
تھی۔ یہ دیوتا رگ وید منڈل ۱۰۔ سوکت ۸۶ منتر ۱۴ میں
خود اپنے پجاریوں کی تعریف اس طرح کرتا ہے۔
पञ्चदश پندرہ विंशतिम بیس
उक्ष्णः بیلوں کو साकम ایک ساتھ
हि ہی मे میرے لئے पचन्ति (میرے پجاری)
पीव پکاتے ہیں۔ उत اور अहम میں
اون کی چکنائی کو इत ہی अद्मि کھاتا ہوں
मे میری उभा دونوں कुक्षी
کوکھوں کو पृणन्ति وے بھرتے ہیں۔
ویدوں میں گائے بیل کی قربانی کا حکم آیا ہے۔
اتھروید کانڈ ۹۔ سوکت ۴ کے بارھویں منتر میں قربانی
شدہ بیل کے اعضا کی تقسیم کے متعلق یوں لکھا ہے۔
पार्श्वे اوس کی دونوں کوکھیں अनुमत्या
انومتی دیوی کی आस्ताम ہیں अनुवृजौ
دونوں پسلیاں भगस्य بھگ یعنی سورج دیوتا
کی अस्ताम ہیں۔ अष्ठीवन्तौ دونوں
گھٹنوں کے لئے मित्रः مترا دیوتا نے इति
یوں अब्रवीत کہا کہ یہ دونوں एतौ
मम میرے केवलौ اکیلے ہی کے
لئے ہیں۔
اسی طرح قربانی کی گائے سے اتھروید کانڈ
۱۰۔ سوکت ۹ کے ساتویں منتر میں اس طرح خطاب
ہوا ہے۔
देवि اے دیوی یعنی گائے جو ये ते تیرے
शमितारः ذبح کرنے والے ہیں ये اور
पक्तारः जना لوگ ते تیرے ये جو
پکانے والے ہیں ते وے सर्वे سب त्वा

تیری रक्षन्तु (چھدو غیرہ سے)
حفاظت کریں۔ शतौदने اے سو بھلائیوں
والی एभ्यः اون سے मा मत भैषी ڈر
اتھروید (کانڈ ۹۔ سوکت ۷۔ منتر ۳۹) میں یہ
بھی لکھا ہے کہ گائے کا دودھ اور گوشت نہایت لطیف
اور لذیذ چیزیں ہیں اور عزیز مہمان کی انہیں چیزوں سے
خاطر تواضع کرنی چاہئے۔ وید کے الفاظ یہ ہیں۔
वा اور ऊर्ज ضرور وہ چیزیں स्वादीय
मزے دار ہوتی ہیں جو यत अधिगावम
گائے سے ملتی ہیں क्षीरम اوس کا دودھ वा
اور मांसम گوشت वा بھی तत ان دونوں
अत्र ہی کو न (میزبان خود) نہیں अश्नीयात
کھاوے (بلکہ مہمان کو کھلاوے)
یہی وجہ ہے کہ قدیم ہندوستان میں مہمان کی آمد پر
گھر کی گائے ذبح کی جاتی تھی۔ اور اسی باعث سے
سنسکرت میں مہمان کو گوگھن गोघ्न یعنی
گاؤکش کہتے ہیں۔

تیسری کسوٹی۔ اخلاق

پیروان وید نے الہام کی جانچ پڑتال کے لئے جو
معیار مقرر کر رکھے ہیں۔ اون میں یہ سب سے زیادہ عمدہ
اور صحیح ہے۔ لیکن ہم کو افسوس اور نہایت افسوس سے
کہنا پڑتا ہے کہ یہی وہ معیار ہے جس پر پورا اترنا
ویدوں کے لئے سخت دشوار ہے۔ ذیل میں ہم چند
منتر نقل کرتے ہیں۔ جن سے ویدوں کی اخلاقی تعلیم
پر کچھ روشنی پڑ سکتی ہے۔
یجروید ادھیائے ۱۶ میں رودر دیوتا یعنی مہادیو
جی کی تعریف کی گئی ہے۔ اس ادھیائے کے منتر ۲۱
میں مہادیو جی کو ان الفاظ میں نمسکار کیا گیا ہے۔
वञ्चते ٹھگنے والے کے لئے परिवञ्चते
ہر طرح سے ٹھگنے والے کے لئے नमः نمسکار (تعظیم)
ہو۔ स्तायूनाम چوروں کے पतये
مالک کے لئے नमः نمسکار ہو नमः نمسکار ہو
اتھروید کانڈ ۱۰۔ سوکت ۱۱۷ منتر ۳ میں ایک
مقروض اور اخلاقی پایہ سے گرے ہوئے شخص کو

یہ دعا تعلیم کی گئی ہے۔
देवाः اے دیوتاؤ यस्मै جس کا ऋणम
میں مقروض ہوں यस्य جس کی जायाम
بی بی سے उपैमि میں قربت کروں۔ यम
جس کے پاس याचमानः مانگتا ہوا अभि एमि
میں پہنچوں ते وے لوگ मत मा مجھ سے
उत्तराम بڑھ کر वाचम بات मा نہ
वादिषुः بولیں۔
اسی اتھروید کانڈ ۱۴۔ سوکت ۲۔ منتر ۱۴ میں
لکھا ہے۔
आत्मन्वती آتما یعنی خواہش والی
इयम یہ नारी عورت आगन آئی
उर्वरा ہے جو کھیت کے مانند ہے तस्याम
اوس میں नरः اے لوگو तस्याम یہاں
बीजम بیج वपत بوؤ۔
اس منتر میں یہ امر غور کے لائق ہے کہ مونث کیلئے
واحد کا صیغہ ہے اور مذکر کے لئے جمع کا صیغہ لائے ہیں
یہی حال اسی کانڈ ۱۴۔ سوکت ۲ منتر ۳۸ کا ہے (۱۵۸
جس میں عورت کی اس طرح تعریف کی گئی ہے۔
या جو उशती خواہش کرتی ہوئی नः
ہمارے لئے ऊरू جانگھوں کو विश्रयाति
پسار دے۔ यस्याम جس میں उशन्तः
خواہش کرتے ہوئے ہم (صیغہ جمع) शेपः شیپ
کو प्रहरेम ڈالیں۔
یہ منتر رگ وید میں بھی آیا ہے۔ یعنی رگ وید منڈل
۱۰۔ سوکت ۸۵ کا یہ ۳۷ واں منتر بھی ہے۔
لفظ شیپ یہ وید کے ایک رشی کا نام بھی ہے
چاروں ویدوں میں آٹھ سو باسٹھ رشی اور دیوتاؤں کا
بیان ہے۔ جس کی ایک مکمل فہرست لاہور کے پنڈت
پریہ رتن نے اپنی اوس کتاب کے شروع میں دی ہے
جس کا نام ہے "ویدوں میں اتہاس نہیں"۔ اس فہرست
میں शेपः رشی کا نمبر ۳۲۵ واں ہے۔
اسی طرح اس لفظ शेपः کے مرکبات بھی
ویدک رشیوں کے نام کے طور پہ آئے ہیں۔ مثلاً

ahmadimuslim.de

ایک رشی کا نام ہے "شنہ شیپہ"۔ جس میں لفظ شنہ کے معنے ہیں کتا۔ شنہ شیپہ نہایت مشہور رشی گذرا ہے۔ ویدوں کے متعدد گیتوں کا مصنف خیال کیا جاتا ہے۔ وید کے ایک اور مشہور رشی کا نام ہے "پروچھیپہ" یہ بھی متعدد گیتوں کا مصنف ہے۔ یہ دونوں نام فہرست مذکور میں ص۳۲۳ اور ص۱۵۵ پر درج ہیں۔

اتھروانگرہ رشی پر اتھروید کا الہام ہونا مانا جاتا ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اتھروید کانڈ ۶۔ سوکت ۱۰۱ کی پیشانی پر اس رشی کا نام ان الفاظ میں لکھا ہوا ہے "شیپہ پرتھن کاموا اتھروانگرہ رشی" یعنی عضو خاص کی بالیدگی کا خواہشمند اتھروانگرہ رشی ہے۔

ویدک دیوتاؤں کا درجہ بھی اخلاقی حیثیت سے بہت کچھ اعلیٰ اور ارفع نہیں ہے۔ اندر دیوتا وید کے سب دیوتاؤں میں بڑا مانا جاتا ہے۔ لیکن اتھروید کانڈ ۷ سوکت ۳۸ کے دوسرے منتر سے اس دیوتا کا اسوری قوم کی ایک عورت کے گھر جانا معلوم ہوتا ہے۔ ورون دیوتا بھی وید کا ایک عظیم الشان دیوتا ہے۔ اس کی نسبت اتھروید کانڈ ۴۔ سوکت ۴ کے پہلے منتر میں لکھا ہے کہ اس کی قوت مردی زائل ہوگئی تھی۔ گندھرو بھی ویدوں کے مشہور دیوتا ہیں۔ بداعمالی کے باعث ان کا سزایاب ہونا اتھروید کانڈ ۴۔ سوکت ۳۷۔ منتر ۷ میں مذکور ہے۔

یہ حوالے اتھروید کے ہیں۔ کچھ حوالے رگ وید کے بھی سنئے۔ رگ وید منڈل ۶۔ سوکت ۵۵ منتر ۴ و ۵ میں پوشن دیوتا کو جو اندر دیوتا کا بھائی ہے ماں کا خاوند اور بہن کا یار لکھا ہے۔ اسی طرح منڈل ۱۰۔ سوکت ۶۱ کے منتر ۵ تا ۹ میں ایک دیوتا کا اپنی دختر سے صحبت کرنا بہ تفصیل لکھا ہے اور یہی مضمون منڈل ۱۔ سوکت ۱۶۴ منتر ۳۳ میں۔ اور منڈل ۵۔ سوکت ۴۲ منتر ۱۳ میں اجمالاً آیا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ یہ دیوتا جاندار نہیں بلکہ بے جان مظاہر قدرت ہیں۔ اگر اس عذر کو مان بھی لیا جائے تو بھی یہ سوال باقی رہتا ہے۔ آخر ان گستاخانہ تشبیہات کو لانے کی سرے سے ضرورت ہی کیا تھی۔

الغرض اس تیسری کسوٹی پر تو وید ہرگز ہرگز پورے نہیں اتر سکتے۔

چوتھی کسوٹی نجات

حیات بعد الممات کا نقشہ جو ویدوں میں کھینچا گیا ہے وہ بھی موجودہ زمانہ کے آریوں کے خیال کے مطابق نہیں ہے۔ روح کے آواگون کا ذکر تو ویدوں میں کہیں ہے ہی نہیں۔ ہاں بہشت اور دوزخ کا وجود پایا جاتا ہے اور اسی طرح سے جس طرح دیگر مذاہب میں ہے چنانچہ ویدک بہشت میں بھی دودھ، دہی، شہد اور شراب کی نہریں اور حور و غلمان سبھی کچھ موجود ہیں۔ صرف اصطلاحات کا فرق ہے۔ حور نہ سہی اپسرا سہی۔ غلمان نہ کہا گندھرو کہہ دیا۔ بات وہی ہے۔

دودھ اور شہد کی نہروں اور بہشت کے پھل پھولوں کا بیان اگر دیکھنا ہو تو اتھروید کانڈ ۴۔ سوکت ۳۴ ملاحظہ فرماویں۔ اس سوکت کے دوسرے منتر میں حوروں کا ذکر بھی ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں:-

एषाम اون کے (یعنی نیکوکار مرنے والوں کے)
शिश्नम عضو خاص کو जातवेदा
اگنی دیوتا (چتا پر) न نہیں प्रदहति
جلاتا ہے लोके طبقہ स्वर्गे بہشت کے
میں एषाम اون کے لئے बहु بہت سی
स्त्रैणम عورتیں ہیں۔

سردست اسی مختصر مضمون پر اکتفا کیا جاتا ہے ہم نے ان چاروں معیاروں کے متعلق علیحدہ علیحدہ مستقل رسالے بھی لکھے ہیں۔ جو پھر کبھی ہدیہ ناظرین کئے جاویں گے۔

ویدارتھ پرکاش نمبر ۲ ویدک تہذیب

مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب۔ جس میں خود وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیاسوز منتروں کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی نہیں ہوسکتے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت ۸؍ رعائتی ۵؍ ملنے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

مولوی محمد بشیر محدث سہسوانی پر اعتراض

مولانا محمد بشیر محدث سہسوانی کا رسالہ "القول المحمود فی رد جواز السود" دوبارہ دہلی سے شائع ہوا ہے۔ اس پر دو اعتراض ہیں۔ ایک یہ کہ لفظ "سود" فارسی ہے۔ اس پر ال داخل کر کے عربی ترکیب بنانا غلط ہے۔ چونکہ سود کے ہم معنی الفاظ "ربح" و "ربوا" موجود ہیں۔ اس وجہ سے معرب بھی نہیں کہہ سکتے۔

دوسرا یہ کہ "فی رد" غلط ہے علیٰ ہونا چاہئے تھا یعنی فی الرد علیٰ من جوز السود۔ اس لئے کہ رد کا صلہ علیٰ کے ساتھ آتا ہے۔

جواب اول یہ ہے کہ مولانا مرحوم کا یہ ایک وعظ تھا۔ جس کو طلبہ نے قلمبند کر لیا تھا اور وہ وعظ بصورت رسالہ شائع ہوا تو کسی طالب علم نے یہ نام رکھ دیا۔ اس کی ترکیب چراغ الدین وچنن الدین جیسی ہوگئی۔ علامہ ممدوح نے کوئی نام نہیں رکھا۔

دوم یہ کہ مولوی عبدالحی لکھنوی مرحوم سے اور مولانا مرحوم سے جو مباحثہ ہوا تھا۔ اس میں مولانا لکھنوی صاحب پر خود علامہ موصوف نے یہی اعتراض کیا ہے ایسی صورت میں علامہ کے قلم سے ایسی غلط ترکیب نکلنا ناممکنات بلکہ محالات سے ہے۔

علامہ محدث مرحوم بہت بڑے ادیب تھے چنانچہ شیخ دحلان پر عربیت و ادبیت کے اعتراض مرحوم نے فرمائے تھے۔ جن کا جواب نہ تھا اور اعتراض بجائے خود درست رہے۔

تیسرے میں نے بعض لوگوں سے یہ بھی سنا کہ "جواز السود" میرٹھی کے رسالہ کا نام تھا۔

بہرحال مولانا مرحوم کی جانب بدظنی نہ کرنا چاہئے۔ واللہ اعلم! (اقتدار احمد سہسوانی۔ علیگڈھ)

معقولات حنفیہ

فقہ حنفیہ کے سات مشہور مسائل کو قرآن اور حدیث کے خلاف ثابت کیا ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۲؍ منگوانے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

ابطال الہام وید - وید منتروں سے ثابت کیا ہے (مع) کہ وید ہرگز الہامی نہیں - قیمت ۶؍ (منیجر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

س ع۲۲۳} زید اپنی عورت ہندہ کو کہتا ہے کہ تو میرے کام کی نہیں میرے گھر سے نکل جا اور زبردستی پکڑ کر نکال بھی دیا ہے۔ اس سے پہلے بھی کبھی صلح کبھی تنازع رکھتا تھا۔ تقریباً دس روز کے ہندہ گاؤں سسرال میں کسی بیگانے گھر مقیم رہی۔ اسی عرصہ میں زید نے کسی کی معرفت دو کارڈ ہندہ کے باپ بکر کو بھجوائے۔ جن کا ماحصل یہ ہے کہ اپنی بیٹی کو لے جاؤ اور اس عرصہ میں صلح کی بات کوئی بھی ہندہ سے نہیں کی بلکہ چھوڑنے کی باتیں کرتا رہا۔ گیارھویں روز جب اس کا بھائی عمرو ہندہ کو لینے آیا تو پھر کہا کہ تم نے میرے گھر آج کے بعد بالکل نہیں آنا ہوگا۔ بلکہ جب عمرو اپنی بہن ہندہ کو اپنے گھر لے جانے لگا تو جو چادر ہندہ پر پردہ والی تھی وہ بھی جبراً لے لی۔ ہندہ کے میکے آنے کے بعد اس کا بھائی خالد اور ایک دوسرا شخص مسمی غلام محمد زید کے پاس جاتے ہیں اور رضامندی کی باتیں کرنے لگے تو زید جواب دیتا ہے کہ میں آج سے ڈیڑھ سال پہلے ہی طلاق دینی چاہتا تھا اور ضرور دیدیتا پر بعض معذوریوں کی وجہ سے پہلے نہ دے سکا۔ اب دریافت طلب ہے کہ ایسے کلمات سے شرع کی رو سے طلاق واقع ہو سکتی ہے کہ نہیں۔ (غلام محمد خریدار اہلحدیث نمبر ۱۲۰۵۸)

ج ع۲۲۳} خاوند کا کہنا کہ تو میرے کام کی نہیں چلی جا۔ طلاق ہے۔ عورت عدت گزار کر نکاح ثانی کر سکتی ہے۔

س ع۲۲۴} غلام غوث یا غلام حیدر یا کریم بخش رحیم بخش غلام قادر اس قسم کے نام رکھنا جائز ہے؟ (خریدار اہلحدیث نمبر ۲۳۰۴)

ج ع۲۲۴} کریم بخش رحیم بخش اچھے نام ہیں غوث کا ترجمہ ہے فریادرس۔ چونکہ ایسے نام رکھنے والے غوث سے مراد پیر عبدالقادر جیلانی کی ذات لیتے ہیں اس لئے یہ نام درست نہیں ہے۔ غلام قادر میں قادر سے مراد خدا ہے اور غلام سے مطلب بندہ ہے یعنی قادر کا بندہ سو اس لحاظ سے غلام حیدر کہنا بھی غیر صحیح ہے۔ اس لئے ایسے ناموں سے بچنا بہتر ہے شاہ ولی اللہ صاحب نے آیت فلما تغشٰہا سے استنباط کر کے حاشیہ پر ایسے ناموں کا رکھنا منع لکھا ہے۔ اللہ اعلم!

س ع۲۲۵} اذان ہوتی ہو اور کوئی شخص آئے اور سلام کرے تو کیا سلام کر سکتا ہے؟ (سائل مذکور)

ج ع۲۲۵} اذان ہوتے ہوئے سلام کہنا کسی حدیث میں منع نہیں ہے۔

س ع۲۲۶} فرض نماز ہوتی ہو اور کوئی شخص مسجد میں آئے اور سلام کرے تو کر سکتا ہے۔ مثلاً چار پانچ آدمی وضو کرتے ہوں اور ایک طرف جماعت ہو رہی ہو اس حالت میں کیا سلام کر سکتا ہے؟ (سائل مذکور)

ج ع۲۲۶} حالت نماز میں سلام کرنا جائز ہے صحابہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتے تھے آنحضرت ہاتھ سے اشارہ کرتے۔ جواب نہ دینے کی وجہ پوچھنے پر فرمایا۔ ان فی الصلوٰۃ لشغلاً مگر سلام کرنے کو منع نہیں فرمایا۔ اللہ اعلم!

س ع۲۲۷} فرض نماز کے بعد سلام کے فوراً ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا چاہئے یا کچھ دیر کے بعد۔ یا نہ مانگے تو کیا حرج ہے؟ (سائل مذکور)

ج ع۲۲۷} فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا جلدی ہو یا دیر سے جائز ہے۔ سنت مؤکدہ نہیں نہ مانگے تو بھی حرج نہیں۔ اللہ اعلم!

س ع۲۲۸} فرضی نماز کی دو رکعت میں ایک رکوع قرآن پڑھے تو پڑھ سکتا ہے؟ (سائل مذکور)

ج ع۲۲۸} پڑھ سکتا ہے۔ لقولہ تعالیٰ فاقرؤا ما تیسر من القرآن۔

س ع۲۲۹} تراویح میں سننے والا قرآن شریف سامنے رکھا کرے اور دیکھتا رہے سننے والا بھی جماعت میں شامل ہے اور نماز میں قرآن شریف کے ورق الٹتا ہے تو کیا یہ جائز کہ نہیں ہوگی؟

ج ع۲۲۹} صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا غلام مزوق تھا وہ قرآن مجید سامنے رکھ کر تراویح پڑھایا کرتا تھا۔ یہ ایک واقعہ ہے۔ جو چاہے عمل کرے۔ جس کو اطمینان نہ ہو اسے اختیار ہے۔ اللہ اعلم!

س ع۲۳۰} نماز تراویح میں جب سورہ ختم ہو تو بسم اللہ زور سے پڑھے یا آہستہ؟

ج ع۲۳۰} سورہ ختم پر بسم اللہ پڑھنے کے کوئی معنی نہیں۔ سورہ کے شروع میں بسم اللہ پڑھی جاتی ہے جو آہستہ بھی جائز ہے۔ جہری نمازوں میں بلند آواز سے پڑھنی بھی جائز ہے۔ اللہ اعلم!

س ع۲۳۱} صبح صادق سے پہلے اذان دے سکتا ہے یا نہیں؟

ج ع۲۳۱} نماز صبح کی اذان صبح صادق سے پہلے جائز نہیں ہے۔ اللہ اعلم!

س ع۲۳۲} فرض نماز یا اسکے علاوہ کوئی بھی نماز ہو ہر وقت یا روزمرہ قصداً سر کھلا رکھ کر نماز پڑھ سکتا ہے اور ٹوپی موجود ہوتے ہوئے سامنے رکھ کر کھلے سر نماز پڑھ سکتا ہے یا مجبوری کے وقت ایسا کرنے کا ہے؟

ج ع۲۳۲} ننگے سر نماز جائز ہے مگر افضل یہی ہے کہ سر ڈھانپ کر پڑھے۔ لقولہ تعالیٰ خذوا زینتکم عند کل مسجد الآیہ۔

س ع۲۳۳} ایک شخص نے اپنی عورت کو ایک ہی ساتھ تین طلاق دیدیں اور چھ یا آٹھ ماہ گزر گئے طلاق کو تو وہ عورت اسکے نکاح میں رہی حالانکہ نان نفقہ بھی ادا نہیں کیا اور پھر وہ رکھنا چاہتا ہے تو وہ رکھ سکتا ہے۔ ایک طلاق دیکر پھر اسکی خبر نہیں لی۔ اب اس کو رکھنا چاہتا ہے۔ (سائل مذکور)

ج ع۲۳۳} ایک ہی وقت میں تین طلاقیں ایک طلاق رجعی کے حکم میں ہیں۔ طلاق رجعی عدت گزر جانے کے بعد بائنہ ہو جاتی ہے۔ اس لئے صورت مسئولہ میں نکاح جدید سے اپنی بیوی کو آباد کر سکتا ہے۔ اللہ اعلم!

ahmadimuslim.de

متفرقات

اخبار اہلحدیث کی توسیع اشاعت کیلئے ہر خریدار "اہلحدیث" کا عموماً اور معاونین کرام کا خصوصاً تبلیغی فرض ہے۔

دعاء صحت میرے مخلص دوست ڈاکٹر شفاعت احمد صاحب مقیم کپور تھلہ بہت بیمار ہیں۔ ناظرین دعا کریں۔ اللھم اشفه بشفائك وعافه بفضلك۔ (ابوالوفاء)

تردید تحریک خاکساری کے متعلق جو سلسلہ مضامین اہلحدیث میں ۳۰ جون سے جاری ہے۔ حسب اعلان علیحدہ بصورت رسالہ شائع کرنے کے لئے اسکی کتابت شروع کرادی گئی ہے۔ شائقین سوالات مندرجہ صدا اخبار ہذا کے جواب جلد ارسال فرمائیں۔

آمدہ از ایس عبدالرحمٰن صاحب پشاور ۵ھ

ضرورت مدرس مدرسہ جھومپرہ ریاست کیونجہر کے لئے ایک ایسے مدرس کی ضرورت ہے جو M.V یا M E پاس کے علاوہ ٹرینڈ بھی ہو۔ ناگری اہندی جاننے کے علاوہ تعلیمی تجربہ بھی ہو۔ تنخواہ خشک مبلغ پندرہ روپے ماہوار کے علاوہ رہنے کا مکان مفت ملیگا۔ درخواستیں مع نقول اسناد سیکرٹری صاحب مدرسہ جھومپرہ پوسٹ پلاس پنگہ ضلع بالاسور کے پاس ۳۱- اگست تک آنی چاہئیں۔ (سراج الدین)

(۹ ہر برائے اشاعت فنڈ وصول)

اطلاع عام مولوی نورالحسن صاحب شکرپوری سابق جنرل سیکرٹری صوبائی اہل حدیث کانفرنس نے بعض وجوہات کی بنا پر کانفرنس کے سکرٹری شپ اور انجمن اہل حدیث دربھنگہ کے عہدہ اور مدرسہ احمدیہ کی مجلس عاملہ کی رکنیت سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ اسلئے تمام خاص وعام کی آگاہی کے لئے یہ اطلاع شائع کی جاتی ہے کہ آئندہ کانفرنس۔ انجمن۔ مجلس عاملہ سے متعلق خط وکتابت مولوی صاحب موصوف سے نہ کیا کریں۔ (المعلن محمد عثمان۔ دربھنگہ)

مبلغین وسفرا حضرات علاقہ بیجاپور۔ جودھپور (جیسلمیر۔ مارواڑ۔ نصیر آباد۔ احمد آباد) کی طرف کسی قسم کا سفر اختیار کرنے کی زحمت نہ اٹھائیں۔ کیونکہ اس دفعہ بارش نہ ہونے کی وجہ سے سخت قحط سالی ہے۔ تمام لوگ پریشان حال ہیں۔ (حافظ عبداللہ از سود علاقہ گجرات)

مدرسہ محمدیہ رائیدرگ عرصہ چھ سال سے قائم ہے اس وقت مدرسہ مذکور میں ڈیڑھ سو طلباء زیر تعلیم ہیں اور چھ اساتذہ تعلیمی فرائض نہائت جانفشانی سے انجام دے رہے ہیں۔ جن میں سے ایک مولوی فضل الرحمٰن صاحب مئوی اعظمی افضل العلماء ومنشی فاضل فاضل جامعہ دارالسلام ہیں۔ لہٰذا اطراف واکناف کے شیدایان علم ومحبان کتاب وسنت بصد ذوق وشوق داخل مدرسہ ہو سکتے ہیں۔ دریافت طلب امور کے لئے سکرٹری سے خط وکتابت کیجئے۔ مدرسہ مذکور کی کوئی مستقل آمدنی نہیں۔ ہم جمیع اراکین جناب حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب جناب تراب حسین صاحب راجندری متولی محمد صدیق صاحب برادران اہل حدیث ونراکیم مولوی عبدالحلیم خان صاحب متولی عبدالوہاب صاحب حضرات کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ حضرات ماہانہ مبلغ پانچ روپے سے مدرسہ کی امداد فرمارہے ہیں چونکہ اعانت مدرسہ کی آمدنی کی دوسری کوئی صورت نہیں۔ لہٰذا قوم پرور اور دینی جذبات رکھنے والے مدرسہ کی مالی امداد کی طرف اپنی توجہ مبذول فرمائیں۔ منجانب سکرٹری وکیل محمد غوث صاحب مدرسہ محمدیہ رائیدرگ ضلع بلہاری۔ علاقہ مدراس۔

(۸ ہر برائے اشاعت فنڈ وصول)

تبلیغی جلسہ جمعیتہ تبلیغ اہل حدیث پنجاب کی طرف سے تبلیغ کا سلسلہ برابر جاری ہے۔ چنانچہ ۲۹-۳۰ جولائی کو موضع باٹھ تحصیل ترنتارن ضلع امرتسر میں ایک بارونق جلسہ ہوا۔ جلسہ میں تبلیغ توحید وسنت کے سلسلہ میں سکھ قوم کی طرف سے توحید ورسالت پر بعض اعتراض کئے گئے۔ صدر جلسہ مولوی محمد عبداللہ صاحب ثانی ناظم جمعیتہ نے احسن طریق پر جواب دئیے۔ الحمدللہ جلسہ اثر کے لحاظ سے نہائت کامیاب ہوا۔ جلسہ ہذا میں اجتماع عام ودیہاتی جلسوں کی نسبت اچھا خاصہ تھا خدا تعالیٰ اراکین جمعیتہ کو ہمارے سر پر قائم رکھے۔ اور جمعیتہ کی بنیاد کو مستحکم کرے آمین!

حاجی عبدالشکور سکرٹری انجمن خادم المسلمین اہل حدیث جنڈیالہ۔ ضلع امرتسر۔

(از ناظم) ہم موضع باٹھ کی مقامی انجمن کے اراکین کے عموماً اور چوہدری حکم دین وچوہدری علی محمد کے مشکور ہیں جنہوں نے جمعیتہ تبلیغ کے مقاصد میں ہمارا ساتھ دیا۔ نیز حاجی عبدالشکور کو مبارکباد دیتے ہیں کہ وہ اپنے تبلیغی مقاصد میں کامیابی حاصل کر رہے ہیں۔ (ثانی عفی عنہ)

مدرسہ اسلامیہ بانسی میں مقامی وباہر کے طلباء آکر قرآن وحدیث وتفسیر وصرف ونحو واُردو، فارسی وغیرہ فنونات کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور دینی فیض سے مالامال ہو رہے ہیں۔ یہ مولوی عبدالقدوس صاحب کی سعی وکوشش کا نتیجہ ہے۔ مدرسہ ہذا میں چار مدرسین اور طلباء تقریباً ۸۰ نفر ہیں۔ جن میں چند نفر بیرونی ہیں اور باقی سب مقامی۔ بیرونی طلباء کو چاہئے کہ وہ آنے سے پیشتر درخواست پتہ ذیل سے حاصل کریں۔

چونکہ یہ اہم مذہبی وقومی کام محض آپ بیرونی حضرات برادران اسلام کی باہمی ہمدردی واخوت مذہبی پر موقوف ہے۔ ورنہ حقیقت میں اور کوئی سبیل نہیں ہے آپ سے پُرزور اپیل ہے کہ مولوی عبدالقدوس صاحب آپ حضرات کی خدمت میں بغرض وصولی چندہ تشریف لے جارہے ہیں امید کہ مالی امداد سے اپنے مذہبی فرائض ادا کرنے کا موقع دینگے۔ اور مدرسہ کو پہلے سے زیادہ اور کامیاب بنائیں گے۔ المعلن خادم رحمت اللہ خان سکرٹری مدرسہ اسلامیہ بانسی ضلع بستی۔

(عہ داخل اشاعت فنڈ)

مسیح الملک دہلی جامعہ طبیہ دہلی کی طرف سے ماہوار رسالہ شائع ہوتا ہے۔ جس میں تمام تر طبی مضامین ہی ہوتے ہیں۔ طب سے عام دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لئے مفید ہیں۔ قیمت سالانہ اعلیٰ ایڈیشن عہ معمولی عہ۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ پتہ۔ منیجر مسیح الملک دہلی

ملکی مطلع

تبرا ایجی ٹیشن لکھنؤ

اور

خاکساری ڈکٹیٹر

سرسید مرحوم نے ایک موقع پر اہل پنجاب کو "زندہ دلان پنجاب" کا لقب دیا تھا۔ یہ لقب ایسا بامعنی ثابت ہُوا کہ ہر کام میں اہل پنجاب زیادہ سے زیادہ حصے لینے لگے معلم اصل سے کہ نیک ہو یا بد۔ چنانچہ ہر ایک تحریک میں اہل پنجاب حصہ وافر لیتے ہیں۔ تبرا جو عقلاً و نقلاً ہر حیثیت سے ایک غیر مستحسن فعل ہے اس میں بھی اہل پنجاب اور صوبہ سرحد نے کافی سے زیادہ حصہ لیا ہے۔

ہوڑہ ایکسپرس جو دس بجے رات کو لاہور سے چلتی ہے تبرا باز اس گاڑی میں سوار ہو کر لکھنؤ جاتے رہے ہیں۔ گو اب قدرے کمی ہو گئی ہے مگر ابھی یہ سلسلہ جاری ہے۔ خاکساری تحریک کے ڈکٹیٹر مشرقی صاحب نے بھی اس بارے میں جتنے دعوے کئے وہ بجائے مفید ہونے کے مضر ثابت ہوئے۔ جن کا مفصل تذکرہ انشاء اللہ آئندہ پرچے میں کیا جائیگا۔

مجمل بیان یہ ہے کہ مشرقی صاحب نے اپنی طاقت کے بل بوتے پر کبھی فریقین کے تین تین لیڈروں کو اٹر فانے قرار دیکر قتل کرنے کی دھمکی دی اور کبھی اپنی افواج قاہرہ کو لکھنؤ پہنچ کر اس فتنے کو بزور دبانے کا حکم جاری کیا۔ آخر ہُوا کیا وہی جو مرزا غالب مرحوم نے کہا ہے ؎

تھیں نے روکا رات غالب کو وگرنہ دیکھتے
اس کے گریۂ چشم سے گردوں کف سیلاب تھا

(مفصل آئندہ انشاء اللہ)

تبرا ایجی ٹیشن ابھی جاری ہے اور یہ نہیں ہٹیگا جب تک شیعہ اپنا سارا زور ختم نہ کرلیں۔ ہمارے خیال میں یہ ایجی ٹیشن سنیوں کو مفید اور شیعوں کو نقصان دہ ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ ابھی کا اظہار ہم ابھی سے کئے دیتے ہیں۔

(۱) رسم تعزیہ سازی جو خالص شیعوں کا شعار ہے اس میں کوئی باغیرت سنی شریک نہیں ہوگا خصوصاً صوبہ یوپی کے سنی حضرات سے یہی توقع ہے۔

(۲) صوبہ یوپی میں سنیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے مگر شیعہ ممبران کمیٹی اور اسمبلی اپنے تناسب سے زیادہ منتخب ہوتے ہیں۔ غالباً آئندہ ایسا نہ ہوگا۔

یہ دو نقصان شیعوں کے اور دو فائدے سنیوں کے بالکل نمایاں ہیں۔ جن کی تحریک ابھی سے ہو رہی ہے۔ عرب کا مشہور شاعر متنبی انہی معنی میں کہہ گیا ہے ؎

بذا قضت الایام ما بین اھلہا
مصائب قوم عند قوم فوائد

تحریک وزیرستان

وزیرستان کی تحریک بجائے کمزور ہونے کے دن بدن زور پکڑتی جا رہی ہے۔ آج سے پہلے بھی حکومت انگریزی کی سرحدی اقوام سے چھیڑ چھاڑ چلی آئی ہے۔ جس کی مدت ہماری یاد میں چھ ماہ سے زیادہ نہیں ہوتی تھی۔ مگر اب یہ تحریک اتنی طوالت پکڑ گئی ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اخبارات کی خبروں کا بغائر نظر مطالعہ کرنے سے جو بات معلوم ہوتی ہے یہ ہے کہ یہ تحریک ایک مذہبی آدمی کے ہاتھ میں ہے۔ برخلاف پہلی تحریکوں کے جو دنیاداروں کے ہاتھوں میں تھیں اس لئے ان کا خاتمہ داد و دہش کے ذریعہ ہو جاتا تھا مگر موجودہ تحریک کا خاتمہ مذہبی ہدایات کے ماتحت ہوگا اس کی ایک اور شاخ پیدا ہو گئی ہے جو وزیرستان سے نکل کر آفریدی قوم میں پہنچ گئی ہے۔

پشاور کے ضلع میں ایک سرسبز وسیع میدان ہے جس کا رقبہ قریباً بارہ مربع میل ہے۔ یہ آفریدیوں کی ملک ہے اور ان کی ایک بہت بڑی چراگاہ ہے۔ جہاں ان کے مویشی مدت سے چرتے رہے ہیں۔

کئی سال ہوئے کہ انگریزی گورنمنٹ نے اپنی کسی ضرورت کے ماتحت اس پر قبضہ کر رکھا ہے۔ اب اس کے متعلق آفریدیوں میں حرکت پیدا ہو رہی ہے۔ چنانچہ ان کی طرف سے ایک خط خان خوشحال خان وکیل مختار قوم خود آفریدستان نے وزیر اعظم صوبہ سرحد اور ارکان کانگرس کو لکھا ہے کہ کجھوری میدان گورنمنٹ نے تین ماہ کے لئے مستعار لیا تھا وہ خالی کر دے دیکھیں اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ آج کل کی فضا یہ ہے کہ حکومتیں تو بجائے خود رہیں کسی فرد انسانی کو یہ کہنا کہ آپ نے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کیجئے۔ قائل کا اپنے تئیں ناواقف زمانہ ثابت کرنا ہے۔

ہمارے خیال میں وزیرستان کی تحریک میں کجھوری میدان کا ذکر آنا ایک پُرمعنی بات ہے۔ خدا جانے اس کا نتیجہ کیا ہو۔ اس ہفتہ وزیرستان کے حالات بہت شدت پکڑ گئے ہیں۔ چنانچہ اخبارات کا بیان یہ ہے:-

"کوہاٹ ۱۶۔ اگست۔ سرحدی وزیرستان سے تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ خلیفہ گل نواز خان اور غازی حکیم خان کی دوڑ دھوپ کے باعث بنوں اور کوہاٹ کے نواحی حلقوں میں تمام بنجر علاقے ہوائی محکمہ کے سپرد کر دئیے گئے ہیں تاکہ وہاں قبائلی لشکر پناہ گزیں نہ ہو سکے۔ ان بنجر علاقوں میں کسی وقت بھی بمباری ہو سکتی ہے۔ اگلے روز ان بنجر علاقوں میں متعدد ہوائی جہاز کوہاٹ اور پشاور کی طرف سے اڑتے دیکھے گئے۔

ان ہوائی جہازوں نے اڈے ٹل بلند۔ بلند خیل۔ پاکستان۔ خنک لیما۔ چوکھا۔ سلیمان۔ دتہ خیل۔ کوہستان۔ بویہ وشوا تا سوانمرکی دیکھ بھال کی۔ اس ضمن میں یہ بھی اطلاع ہے کہ تین چار دیہاتی مستقرات پر جن کو مشکوک کمین گاہیں کہا جاتا ہے بمباز ہوائی جہازوں نے بم گرائے۔ اس علاقہ میں بھی کوہستان ٹل گورگری میں۔ قبائلیوں کی مخالفانہ سرگرمیوں کے باعث کوہاٹ وبنوں کی سرحدوں سے ملحقہ دو بنجر علاقوں کو ہوائی محکمہ کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک اطلاع ہے کہ

کو بڈیل اور اسفتیل کے درمیان قبائلی مسلح پارٹی اور برٹش فوجی مسلح گارد کے مابین دو گھنٹے خونریز تصادم ہوا۔ بارش کی طرح ایمونیشن استعمال کیا گیا۔ دو گھاٹیوں کو بموں اور گولیوں سے صاف کر کے میدان بنا دیا گیا ہے۔ بنوں رزمک جرنیلی سڑک پر فوجی اور ٹیکسی لاریوں کو بھی روکا گیا۔ پرسوں رات متعدد مقامات پر پلین راستوں کو ناقابل گزر بنا دیا ہے جس کی وجہ سے رزمک میں ڈاک لیٹ پہنچتی ہے راستے اور پل نقصان زدہ ہیں۔ ٹوچی مسلح گارد کے ہمراہ ایک یوربین افسر خان صاحب گل احمد خان صاحب ٹھیکیدار ڈاک کے پاس کھڑا گفتگو کر رہا تھا قبائلیوں نے تاک کر لبی مارک سے گولیوں کی بوچھاڑ کر دی۔ خانصاحب شدید طور پر زخمی ہوگئے۔

۱۰ اور ۱۱۔ اگست کی درمیانی رات کو وزیری قبائلی اور مسلح فوجی دستوں میں لوئر وادی ٹیلواڑ میں زبردست تصادم ہوئے۔ فوجیوں نے بکتروں پر سے بم پھینکے اور مشین گنوں سے گولیاں چلائیں حملہ آوروں نے بھی فائرنگ کیا۔ بم پھینکے۔ نقصان جان کے سلسلہ میں تفصیلات کا انتظار ہے بنوں رزمک روڈ پر خاص دامان کوہستان کے پیچدار موڑ والے مقامات پر زبردست فوجی پہرہ ہے۔ ہر وقت کھلی ٹریفک نہیں ہو سکتی۔ پرسوں لوئر وادی رزمک کے متعدد مقامات میں ٹیکسی لاریوں کو روکا گیا۔ بالبی مارک سے فائرنگ کئے گئے۔ ایک درجن ہوائی جہازوں نے براستہ ٹل بنہ اڑ کر شمالی کوہستان کی دیکھ بھال کی۔"

(پرتاپ لاہور ملا ۱۹۔ اگست ۳۹ء)

ہماری رائے جو بڑی دور اندیشی پر مبنی ہے یہ ہے کہ گورنمنٹ برطانیہ کا آج کل سخت ترین دشمنوں کے ساتھ مقابلہ ہونے والا ہے۔ جیسا کہ اخبارات سے معلوم ہوتا ہے۔ ان دشمنوں کے مقابلہ میں وزیرستان کا جھگڑا یا فلسطین کی نزاع کوئی چیز نہیں۔ اس لئے حکومت برطانیہ کو چاہئے کہ ان معمولی جھگڑوں کو بند کر کے اپنی پوری طاقت کے ساتھ اشد دشمنوں کا مقابلہ کرے۔ دشمنوں کا عین منشا ہے کہ حکومت برطانیہ ایسی معمولی الجھنوں میں پھنسی رہے۔ اس لئے یہ دور اندیشی کے خلاف ہے کہ حکومت ایسے کاموں میں اپنا روپیہ، سپاہی اور وقت ضائع کرے جس سے دشمنوں کو موقع ملے۔ ہماری قطعی رائے کہ حکومت برطانیہ کو وزیرستان کا علاقہ بالکل چھوڑ کر میدان میں آجانا چاہئے۔

انجمن حزب المجاہدین کا ریزولیوشن

مشرقی سے گفتگو کے متعلق

اخبار آواز ہند پشاور مورخہ ۱۴۔ اگست ۳۹ء میں ماسٹر عنایت اللہ مشرقی کی گفتگو شائع ہوئی ہے جس میں مولوی عبداللہ شاہ پشاوری کو جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تم اہل پشاور کی طرف سے نمائندہ ہو کر آؤ تو گفتگو کے لئے وقت نکال سکتا ہوں" علماء امرتسر کی منعقدہ مجلس موسومہ حزب المجاہدین کے اجلاس میں پیش ہو کر مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس ہوا۔

انجمن حزب المجاہدین امرتسر بطور نمائندہ اس کو منظور کرتی ہے کہ مشرقی صاحب سے مسائل اختلافیہ میں گفتگو ہو۔ انجمن ہذا کا ایک نمائندہ گفتگو کریگا جس کا ساختہ پرداختہ انجمن کو منظور ہوگا اور انجمن کے ذریعہ اہل شہر کو۔ گفتگو بطور املا عربی میں ہوگی پھر اردو میں ترجمہ سنا دیا جائیگا۔ منظوری آنے پر مشرقی کو مسائل اختلافیہ کی فہرست دیدی جائیگی۔ باقی شرائط بذریعہ سب کمیٹی طے ہونگی۔ امرتسر مشرقی کا اپنا شہر ہے اس لئے اس تجویز کی منظوری دینا ان کا اولین فرض ہے۔

راقم محمد عبداللہ ثانی ناظم انجمن حزب المجاہدین امرتسر

جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام

فریضہ زکوٰۃ اور امداد تبلیغ

اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ یہ ماہ مبارک پھر دیکھنا نصیب ہوا۔ مجھ کو یقین ہے کہ آپ اس ماہ مبارک میں اپنی پاک کمائی کی زکوٰۃ ضرور نکالیں گے۔ آپکو بخوبی معلوم ہے کہ زکوٰۃ کے حقدار کون لوگ ہیں۔ لیکن میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ تبلیغ بھی زکوٰۃ میں حصہ پانے کی حقدار ہے۔ آپ کو خود معلوم ہوگا کہ بھولے بھالے مسلمانوں کو اسلام سے خارج کرنے کیلئے مخالفین اسلام (آریہ سماجی وغیرہ) انتہائی کوشش کر رہے ہیں۔ وہ لاکھوں روپیہ خرچ کر کے بڑی بڑی جماعتیں بنا کر مسلمانوں کو مرتد کر رہے ہیں۔ ان کے مقابلہ کے واسطے بہت سے کام کرنے والے اور بہت بڑا سرمایہ درکار ہے۔ اچھوتوں میں تبلیغ اسلام، نومسلموں کی مالی امداد، نومسلم نوجوانوں کی دینی تعلیم اور عام نومسلموں کو ضروریات اسلام سے آگاہ کرنے کا کام باضابطہ طور پر ہو رہا ہے۔ اس لئے امید ہے کہ آپ اپنی زکوٰۃ کا کچھ حصہ تبلیغ کو دیں۔ (سید غلام بھیک نیرنگ معتمد عمومی جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر)

پولیس میں بھرتی کا موقع

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس سنٹرل رینج لاہور کے ایک اعلان سے معلوم ہوا ہے کہ اپریل ۱۹۴۰ء میں نوجوانوں کی کچھ تعداد کو جو لاہور۔ امرتسر۔ گورداسپور۔ سیالکوٹ۔ گوجرانوالہ۔ شیخوپورہ۔ لائلپور و منٹگمری کے باشندے ہوں۔ بطور اسسٹنٹ انسپکٹر پولیس بھرتی کیا جائیگا۔ اعلان کی شرائط میں مذکور ہے کہ صرف ۱۸ اور ۲۵ سال کے درمیان عمر والے ان نوجوانوں کی درخواستوں پر غور کیا جائیگا۔ جو ایف۔ اے یا اس کے برابر کا کوئی امتحان پاس کئے ہوں۔ یا انجینئرنگ کالج کا ڈپلومہ حاصل کر چکے ہوں۔ جن کا کیرکٹر عمدہ اور جسمانی صحت اچھی ہو اور پھرتیلے اور مستعد ہوں۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ صاحب موصوف درخواستیں صرف یکم ستمبر اور ۳۰ نومبر ۱۹۳۹ء کے درمیان وصول کرینگے۔ اور اگر کسی نے کسی طریقہ سے بھی سفارش پہنچانے کی کوشش کی تو اسکی درخواست کو مسترد کر دیا جائیگا۔ سابقہ مسترد کردہ اشخاص کو درخواستیں بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ درخواست کے ہمراہ صرف سندات کی نقول بھیجنی چاہئیں جو واپس نہیں کی جائینگی۔ امید ہے کہ نوجوان اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

(لاہور ۱۶۔ اگست ۱۹۳۹ء)

اسد اللہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ چہارم (۱۳۶ صفحے) مفصل حالات زندگی۔ قیمت ۱۲ ۔ منیجر اہلحدیث

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی — قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۸۴۷)

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ (اسلامی) سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ مطالعہ کیجئے۔ ضخامت [illegible] کے ۴۵۶ صفحات قیمت [illegible] محصول [illegible] روپے

منیجر اہلحدیث امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل ۲۶

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد [illegible]

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

[illegible]

کم از کم ۱۸

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمالیجئے۔ نوٹ:- حلفیہ تحریر کہ کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔

پتہ:- منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

جلد مفت منگالو

رسالہ تندرستی اور جوانمردی کے راز

اس رسالے میں ہر قسم کے بانپن کے مجرب اور اکسیر نسخہ جات درج ہیں۔ اس کے پڑھنے سے فائدہ کثیر ہوگا۔ صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب کریں۔

منگوانے کا پتہ:- منیجر اکسیر ہاضمہ [illegible]

[illegible]

تصانیف مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب

در تردید آریہ مشن

حق پرکاش ۱۵۹ اس کتاب میں اُن ایک سو انسٹھ سوالات کا معقول اور عالمانہ جواب درج ہے جو سوامی دیانند نے اپنی مشہور کتاب ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر کئے تھے۔ ان کا واحد جواب یہی حق پرکاش ہے۔ لکھائی، چھپائی اور کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ۱۲

الہامی کتاب وہ قابلدید تحریری مباحثہ جو مولانا ابوالوفا صاحب اور ماسٹر آتما رام صاحب کے مابین ہوا۔ جس میں فریقین نے قرآن مجید اور وید کو الہامی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کی ضخامت ۱۹۲ صفحات ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۲

(۸۸۸)

ترک اسلام بجواب ترک اسلام اس رسالہ میں اُن اعتراضوں کا قابلقدر جواب دیا گیا ہے جو دھرم پال نے اسلام چھوڑ کر قرآن پر کئے تھے۔ اس رسالہ کو دیکھ کر خود موصوف نے جوابات کی معقولیت کا اعتراف کیا اور داخل اسلام ہو کر غازی محمود نام رکھا۔ جدید اڈیشن۔ قیمت ۹

بحث تناسخ وہ قابلدید تحریری مباحثہ جو کئی ہفتوں تک مابین مولانا موصوف اور ماسٹر آتما رام صاحب در بارہ مسئلہ تناسخ جاری رہا اور آخر حق کی فتح ہوئی۔ قیمت ۳

حضرت محمد رشی حضرت محمد صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نبوت کا ثبوت توریت، انجیل اور وید سے ایسے صاف اور صریح حوالجات سے دیا ہے کہ متعصب مخالف کو بھی انکار کی گنجائش نہیں رہتی۔ تبلیغی انجمنوں کو خود اسکی اشاعت کرنی چاہئے۔ قیمت ۲

حدوث وید اس رسالہ میں خود وید کے حوالہ سے ثابت کیا گیا ہے کہ وید قدیم نہیں ہیں بلکہ اس وقت بنائے گئے تھے جبکہ دنیا کی کافی آبادی سطح زمین پر پھیل چکی تھی۔ قیمت ۲

اصول آریہ اس رسالہ میں آریوں کے اصل اصول مسائل کی فلسفیانہ طریق سے تردید کی گئی ہے۔ یعنی مادہ، روح اور سلسلہ کائنات کی قدامت کا معقول دلائل سے ابطال کیا گیا ہے یہ رسالہ آریہ سماج کی تردید کے لئے مفید ترین ہے۔ ۲

الہام یہ وہ مختصر رسالہ ہے جس میں الہام کی تعریف و تقسیم کر کے چند ناقابل حل سوالات آریوں سے کئے گئے ہیں۔ قیمت ۲

شادی بیوگان اور نیوگ اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ نیوگ جیسے حیا سوز مسئلہ کے مقابلہ میں شادی بیوگان کو کئی درجہ بڑھ کر فضیلت حاصل ہے۔ قیمت ۲

القرآن العظیم اس کتاب میں تمام خصوصیات الہام کو قرآن مجید سے ثابت کر کے مخالفین (آریہ) وغیرہ کو چیلنج دیا گیا ہے کہ انہی باتوں کا وید سے ثبوت پیش کریں۔ قیمت ۲

جہاد وید اس رسالہ میں جہاد کا ثبوت وید منتروں سے پیش کر کے اسلامی جہاد پر آریوں کی لب کشائی ہمیشہ کے لئے بند کر دی ہے۔ قیمت ۲

مقدس رسول جدید اڈیشن۔ آریوں نے ایک زہریلے رسالے میں آنحضرت کی ذات والا صفات پر سخت ناپاک اعتراضات کئے جس کا نام تھا "رنگیلا رسول"۔ اس نامعقول رسالہ کا معقول، مدلل اور متین جواب "مقدس رسول" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ قیمت ۸

نوٹ۔ محصولڈاک سب کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔

پتہ } مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

مومیائی

۳۹

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل، دق، دمہ، کھانسی، ریزش، کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے..... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک عا۔ آدھ پاؤ پیسے۔ پاؤ بھر ہے مع محصولڈاک علاوہ [illegible] محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ [illegible] کی قیمت مع محصولڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی ورنہ بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادات

جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہنراد [illegible] علی الاعلان ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ مومیائی ایک ہی نافع بخش دوا ہے جس کی صفت بیان کرنے کیلئے مجھے کوئی لفظ نہیں ملتے۔ مریض بہت دق کرتے ہیں اس لئے ایک مریض کے لئے ایک چھٹانک ارسال فرمائیں [illegible]

جناب عبد اللہ صاحب [illegible] چھٹانک تین آدمیوں کیلئے مومیائی منگوائی تھی۔ [illegible] بفضلہ [illegible] مگر مرض ابھی جڑ سے نہیں گیا اس لئے تینوں شخصوں کے لئے تین ڈبیہ ایک ایک چھٹانک [illegible] فرما کر شکرگذار فرمائیں۔ [illegible]

منگوانے کا پتہ حکیم محمد [illegible]

[illegible]

ahmadimuslim.de

رجسٹرڈ ایل نمبر ... وار ہر جمعہ کے دن امرتسر ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

اخبار

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہئے۔

... رحجان ... کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ ... تسلسل اسباب، ان کے رفقا و متبعین کے سحر انگیز و دل آویز اخلاق و اوصاف، قربانی و ایثار، جہاد فی سبیل اللہ اور صبر و استقامت کے رقت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشات ثانیہ کی صحیح تاریخ (عام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپ کی مخصوص جماعت کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اسوقت تک جتنی کتابیں ان دونوں بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں (خدا انکے مصنفین کو جزائے خیر دے) وہ بوجوہ چند تمام پہلوؤں پر حاوی نہیں ہیں۔ ہندوستان کے محبین سنت کو مژدہ ہو کہ حضرت سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابوالحسن علی ندوی استاد دار العلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور جستجو کے بعد سیرت سید احمد شہیدؒ کے نام سے کتاب تالیف فرمائی ہے جو اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب ہے جسکی تالیف میں خاندانی کاغذات، سرکاری رپورٹوں، اردو فارسی، انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۴۴ صفحہ۔ کتابت طباعت عمدہ۔ جلد سنہری خوبصورت۔ ابتداء میں علامہ سید سلیمان ندوی کا اس کتاب کا فاضلانہ و بصیرت افروز مقدمہ ہے۔ قیمت مجلد ۶/۔ محصولڈاک بذمہ خریدار۔ تاجران کتب کمیشن بذریعہ ... کریں۔

(ملنے کا پتہ)

۳۷ گوئن روڈ لکھنؤ

... سول ایجنٹ ...

... کا حال، جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے اور ترویج کا حضرت سیدنا محمد اسماعیل شہیدؒ سے......

مصنفات اہل حدیث کی فہرست ایک ہزار سے زائد ہے اور فن وار اور نام مصنف کے ساتھ قومی اخباروں کا نقشہ ہے۔ الی ان قال۔ غرض آپ کی جماعت نے ملک میں علمی حیثیت سے جو کام کئے ہیں۔ انہیں نہایت تہذیب و جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اہل حدیث حضرات کو یہ مقالہ ضرور خریدنا چاہئے۔ صفحات ۲۰۸ لکھائی، چھپائی، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت عہ

خطبات محمدی

مؤلفہ مولانا محمد صاحب دہلوی

حدیث شریف کی پچاس کتابوں سے ان خطبات نبویہ علیٰ صاحبہ التحیہ کو یکجا کتابی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ جس میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سو چھیاسی خطبات مبارک درج ہیں۔

اصل خطبہ عربی میں اور ترجمہ عام فہم اردو میں ہے۔ یہ کتاب تمام فضول اور بے دلیل باتوں یا قصوں سے پاک ہے۔ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان کے لولوء المرجان کو ہی عاشقان توحید و سنت تک پہنچایا گیا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

تراجم علمائے حدیث ہند

۲۔ سو اشخاص کا...... برسوں کی کاوشوں کا، جانکاہ محنتوں کا، ان تھک کوششوں کا، وقت کی بہت بڑی قربانی کا، پھر سینکڑوں کے خرچ کا نتیجہ ہے۔ نیک لوگوں کا ذکر رب العالمین بعد والوں کے لئے باقی رکھتا ہے۔ الحمد للہ اس زمانے میں قدرت نے ملک صاحب کو اس کار خیر اور کار ضروری کے لئے منتخب فرمایا۔ اور آپ نے علماء کے حالات زندگی جمع کر دیئے۔ اس جلد اول میں شاہ ولی اللہ سے شروع کرکے آج تک کے علمائے اہل حدیث دہلی کی سوانح عمریاں ہیں۔ مرحومین کی اور موجودین کی بھی۔ تاریخ جیسے روکھے پھیکے مضمون کو فاضل مؤلف نے اس خوبصورتی سے ادا کیا ہے کہ آپ جوں جوں پڑھتے جائیں شوق بڑھتا جائے۔ انداز بیان، روانی کلام اور تسلسل مضامین نہائت اعلیٰ پیمانے پر ہے۔ ہمیں کھلے لفظوں میں کہنے دیجئے کہ اس اچھوتے اور سخت ادق مضمون پر قلم فرسائی کرکے مولانا نے جماعت اہل حدیث پر احسان کیا ہے اور دین خدا کی اہم خدمت انجام دی ہے۔ قابلقدر کتاب ہے۔ قیمت ۸/

نور محمدی

(مؤلفہ مولانا محمد صاحب دہلوی)

جس میں قرآن مجید، احادیث نبویہ، اقوال صحابہ، تابعین محدثین، ائمہ، فقہا اور صوفیاء سے قوالی اور راگ باجوں اور مزامیر کی مفصل تردید کی گئی ہے۔ قوالی پسندوں کی تمام دلیلوں کا رد کیا ہے۔ اس رسالہ کی خوب اشاعت ہونی چاہئے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت صرف ۱۲/ (بارہ آنے)

نوٹ:۔ محصول ڈاک جملہ کتب کا بذمہ خریدار ہوگا۔ یہاں صرف اصل قیمتیں درج ہیں۔

ملنے کا پتہ { منیجر اہلحدیث امرتسر

(۸۴۹)

ahmadimuslim.de

مومیائی

۳۹

مصدقہ علمائے اہل حدیث وہزارہا خریداران اہلحدیث
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل۔ دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو
رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔
جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے
اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے۔....
کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے

الوفا ثناء اللہ صاحب

حدوث وید

اس رسالہ میں خود وید کے ثبوت سے ثابت کیا گیا ہے کہ وید قدیم نہیں ہیں بلکہ اس وقت بنائے گئے تھے جبکہ دنیا کی کافی آبادی سطح زمین پر پھیل چکی تھی۔ قیمت ۲ر

اصول آریہ

اس رسالہ میں آریوں کے اصول الاصول متناسخ کی فلسفیانہ طریق سے تردید کی گئی ہے۔ یعنی مادہ، روح اور سلسلہ کائنات کی قدامت کا معقولی دلائل سے ابطال کیا گیا ہے

حکایات صحابہ اردو

یعنی

سچی کہانیاں

جس میں صحابہ کرام وصحابیات۔ صحابی بچوں کے زہد وتقویٰ۔ فقر وعبادت۔ علمی مشاغل۔ ایثار وہمدردی۔ بے مثل جرأت۔ حیرت انگیز جاں نثاری وغیرہ ایمان افروز حالات مندرج ہیں۔ کتابت عمدہ۔ قیمت ۱۲ر

علم خوشنویسی فن خوشنویسی سے آگاہی حاصل کرنے کے متعلق۔ قیمت ۴ر

الارشاد الی سبیل الرشاد

مصنفہ مولانا ابو یحییٰ صاحب شاہجہانپوری۔ جو کہ عرصہ سے نایاب ہو چکی تھی۔ اب دوبارہ شائع کرائی گئی ہے۔ یہ کتاب اہل حدیث اور مقلدین میں فیصلہ کن ہے جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ بڑے بڑے فقہاء امت عہد نبوی میں کم مایہ تھے۔ ثبوت میں تاریخی واقعات اور بزرگان دین کے اقوال اور آرا درج کی گئی ہیں۔ تمام کتاب میں یہی روش پائی جاتی ہے۔ مقلدین کے اہل حدیث پر ہر قسم کے اعتراضات کا دفعیہ کیا گیا ہے۔ تقلید شخصی کا اس طریق سے قلع قمع کیا گیا ہے کہ آپ پڑھ کر بے حد مسرور ہونگے۔ طرز بیان نہایت دلکش اور عالمانہ ہے۔ ضخامت ۲۰×۲۶ کے ۲۵۰ صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ۔ قیمت عہ۔ محصول ڈاک علیحدہ۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگدار وسادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط وکتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط وکتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے:۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

دیہاتی حکیم

ایک نئی تصنیف ہے۔ یہ کتاب محض دیہاتیوں کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔ اس میں قریباً ایک سو امراض کا بیان درج ہے۔ جس پر چھ سو کے قریب مجربات دیئے گئے ہیں سر سے لیکر پاؤں تک جملہ امراض کی تفصیل اور تشریح کر دی گئی ہے۔ علاج دیسی ادویات سے بتایا ہے جو بآسانی اور ارزاں مل سکیں۔ یہ کتاب غریبوں کے لئے ایک نعمت بے بہا ہے۔ جس کی قدر کرنا ان کا فرض ہوگا۔ خصوصاً آئمہ مساجد، نمبرداروں اور چوہدریوں کے پاس ضرور رہنی چاہئے۔ کتابت عمدہ ہے۔ قیمت ۱۲ر

تفسیر واضح البیان

اُردو۔ مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اسمیں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ گویا قرآنی معارف کو اعلیٰ پیرایہ میں فاضلانہ طریق پر بیان کیا ہے۔ اسکے پڑھنے سے بہت قرآنی نکات سے واقفیت حاصل ہو جائے گی۔ سائز ۲۰×۳۰۔ ضخامت ۲۸۸ صفحات۔ قیمت بے جلد ۱۲ر۔ مجلد ۱۴ر۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔

عربی بول چال

عربی زبان سیکھنے، عربی اخبارات پڑھنے اور عربی میں خط وکتابت کرنے کے لئے بہترین کتاب مع فرہنگ۔ قیمت حصہ اول ۱۲ر۔ حصہ دوم ۱۲ر

ملنے کا پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

رجسٹرڈ ایل نمبر ... ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہر حال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین حسب شرائط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۴۴

اہلحدیث

کمال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمسکت بکتاب اللہ ... اخبار اہلحدیث امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفے بر جاں مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفا ثناء اللہ

دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر — ڈاکخانہ کرہ بھائی

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ...
روساء و جاگیرداروں سے ...
عام خریداران سے ...
ششماہی ...
ممالک غیر سے سالانہ ...
فی پرچہ ...

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۶۔ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

(۵۵۱)

فہرست مضامین

نظم (موت) - - - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - - ص۳
قادیانی مشن (حق پسندی کا فن دونوں کو آتا ہے) ص۶
خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم - - - ص۷
بریلوی مشن (شفاعت کبریٰ) - - - ص۸
مباحث علمیہ۔ ہاروت و ماروت کی تحقیق - ص۹
اعلان حق - - - - - ص۱۱
مذاکرہ علمیہ - - - - - ص۱۲
فتاویٰ - - - - - - ص۱۵
متفرقات - - - - - - ص۱۶
کل مطبوعہ ص۲۰ - اشتہارات - - - ص۱۷

موت

(از مولوی محمد داؤد صاحب ساکن شکراوہ ضلع گوڑگانوہ)

کیوں ہوا تو مست اے انساں آخر موت ہے — یہ حقیقت جان اے ناداں آخر موت ہے
موت کے پنجے سے ہرگز کوئی بچ سکتا نہیں — شیخ ہو سید مغل ہو خاں آخر موت ہے
خاک میں ملنا ہے سب کو بس یہی انجام ہے — ہو گدا یا بادشاہ سلطان آخر موت ہے
موت ہے جس کی دوا اب تک نہیں پایا کوئی — ہو حکیم و ڈاکٹر ذی شان آخر موت ہے
کل نفس صاف ہے فرمان رب العالمین — دیکھ لے تو کھول کر قرآن آخر موت ہے
ہے فنا سب کے لئے کوئی نبی ہو یا ولی — غوث ہو یا صاحب عرفان آخر موت ہے
مدعی تھے جو خدا بننے کے آخر کیا ہوئے — دیکھ لے فرعون اور ہامان آخر موت ہے
زندگی ساری مثل حباب آب ہے — سب یہاں ہیں چند دن مہمان آخر موت ہے

راز اب کچھ آخرت کے واسطے سامان کر
چھوڑنے دنیا کا سب سامان آخر موت ہے

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

مقامی حالات کئی دنوں کے امساک باراں کے بعد ۲۴۔ اگست کو موسلادھار بارش ہوئی جس کی وجہ سے موسم میں تبدیلی ہوگئی ہے۔ —— پنجاب اسمبلی کے ضمنی انتخاب کے لئے ہر طرف سے کوشش جاری ہے شیخ صادق حسن و ڈاکٹر سیف الدین کچلو کی طرف سے شہر کے مختلف علاقوں میں جلسے ہوئے۔

—— یورپ میں جنگ چھڑنے کے پیش نظر ہندوستان کے وائسرائے نے غیر ملکی باشندوں پر اپنے خصوصی اختیارات کی رو سے پابندیاں عائد کر دی ہیں۔

—— لاہور۔ خطرہ جنگ کو محسوس کرتے ہوئے پنجاب کے تمام دریاؤں کے پلوں پر پہرے مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ لاہور کے سنٹرل ٹیلیگراف آفس کے تمام دروازوں پر مسلح پولیس کے پہرے لگا دیئے گئے ہیں۔

—— کراچی۔ پونہ۔ احمد آباد۔ بمبئی وغیرہ شہروں میں بھی پولیس کے پہرے لگائے گئے ہیں۔

—— جرمنی اور روس کا دس سال کے لئے تجارتی معاہدہ ہوگیا ہے۔

—— مولانا آزاد (جو شیعہ سنی تنازع لکھنؤ کے سلسلہ میں لکھنؤ قیام پذیر ہیں) کی کوشش سے عارضی طور پر تبرا ایجی ٹیشن بند کر دی گئی ہے۔

—— سنگاپور میں تمام تاروں پر سنسر بٹھا دیا گیا ہے

—— جنگ کی افواہوں کے باعث راولپنڈی میں سونے کا بھاؤ ۴۲ روپے فی تولہ ہوگیا۔

—— کوہاٹ آزاد علاقہ میں قبائلی سنی اور شیعہ میں پھر جنگ ہوئی۔ شیعہ نقصان اٹھا کر پسپا ہوئے۔

—— لاہور سے کراچی کی طرف ڈاک لے جانیوالا طیارہ لاہور سے چالیس میل کے فاصلہ پر گر کر پاش پاش ہوگیا۔ دو ہوا باز ہلاک ہوئے۔

—— حکومت پنجاب نے جنگ کے خطرہ کے پیش نظر تمام افسروں یا ملازموں کو جو رخصت پر ہیں فوراً واپس بلالیا جائیگا۔

—— انگلستان اور پولینڈ کے مابین منشعاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ یعنی اگر کسی فریق معاہدہ پر حملہ ہوا تو دوسرا فریق اس کی مدد کو نکل آئیگا۔

—— کراچی۔ ایک نیم سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ سندھ کے قحط زدہ رقبہ میں ۲۵ ہزار مویشی مر گئے۔

—— پولینڈ جنگی اسلحہ خریدنے کے لئے ۴۳ کروڑ فرانکس فرانس سے قرض لیگا۔

—— لندن۔ امریکہ کے سفیر متعینہ لندن کے انگلستان میں مقیم تمام امریکنوں کو برطانیہ سے فوراً روانہ ہوجانے کا حکم دیا ہے۔

—— ڈانزگ ۲۴۔ اگست۔ ہر فاسٹر کو ڈانزگ کا سب سے بڑا افسر اور حاکم بنا دیا گیا ہے۔

—— ایک مصری اخبار رقمطراز ہے کہ شاہ فاروق کو حکومت برطانیہ نے برطانیہ آنے کی دعوت دی ہے۔

—— جبل الطارق۔ جبل الطارق کے تمام محاذ مضبوط کر دیئے گئے ہیں۔ فوجیں قلعہ بند ہیں۔

—— رومانیہ اور دیگر بلقانی ریاستوں سے جو ترک واپس ترکی آرہے ہیں انہوں نے فوج میں بھرتی ہونے کی خواہش کی ہے۔ دو سال کی تنخواہ بھی نہیں لیں گے۔

—— ترکی اور اٹلی میں کشیدگی پیدا ہو جانے کی وجہ سے اطالوی حکومت نے ترکی کو بھیجا ہوا مال واپس منگالیا ہے۔ اور اپنے کارخانوں کو حکم دیا ہے کہ ترکی کو کوئی مال نہ دیا جائے۔

—— وزیر اعظم برطانیہ نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ نے پولینڈ یا دیگر ممالک سے جو وعدے کئے ہیں ان پر بدستور قائم ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ان کے ایفا کیلئے برطانیہ سینہ سپر ہو کر میدان جنگ میں نکلیگا۔

گنجینہ روزگار اس کتاب میں ایسی آسان دستکاریاں اور مالا مال کر دینے والے ہنر درج ہیں۔ جس کو دیکھ کر کم از کم ایک سو روپے بخوبی کما سکتے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ نہ بڑے سامان کی ضرورت ہے اور نہ سرمایہ کی فکر جلد منگوا کر فائدہ حاصل کریں۔ قیمت ۸ منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

حزب المجاہدین امرتسر کا اجتماع عظیم

حزب المجاہدین ۳ جولائی ۱۹۳۹ء کو بنائی گئی۔ اسی روز خاکساری تحریک و دیگر الحاد پھیلانے والی تحریک کے خلاف نہایت سرگرمی سے کام کر رہی ہے۔ چنانچہ یوم انعقاد سے آج ۲۸۔ اگست تک امرتسر کے مختلف محلوں میں آٹھ بارونق جلسے کر چکی ہے۔ کل مورخہ ۲۷۔ اگست ۱۹۳۹ء کو جامع شیخ خیر الدین میں عظیم الشان کانفرنس منعقد ہوئی جس میں بارش ہو جانے کے باوجود امید سے زیادہ رونق ہوئی فالحمد للہ! جلسہ حسب پروگرام آٹھ بجے صبح شروع ہوکر رات ۱۱½ بجے ختم ہوا۔ تحریک خاکساری و مرزائیت کی تردید میں مؤثر تقاریر ہوئیں۔ مدح صحابہ و تبرا پر بھی مدلل تقریر ہوئی۔ بحمد اللہ جلسہ کامیاب ہوا۔ ایک ریزولیوشن بھی پاس ہوا۔ جس میں مشرقی کی اشتعال انگیز تحریروں کی طرف حکومت کو توجہ دلائی گئی۔

خادم دین ربانی محمد عبد اللہ ثانی ناظم حزب المجاہدین امرتسر

پنجاب سول سروس کا امتحان مقابلہ

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

پنجاب سول سروس (ایگزیکٹو برانچ) کے امتحان مقابلہ (جو اکتوبر میں ہوگا) سے متعلق حکومت پنجاب کے سرکاری اعلان کے سلسلہ میں اعلان کیا جاتا ہے کہ امتحان کے نتیجہ پر چار آسامیاں پُر کی جائیں گی۔ طریق کار جو عام طور پر عمل میں لایا جاتا ہے یہ ہے کہ کامیاب امیدواروں کے اسماء رجسٹر (بی) میں درج کئے جاتے ہیں۔ لیکن انہیں ملازمت اسی وقت ملتی ہے جب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنروں کے عہدہ میں کوئی آسامی خالی ہوتی ہے۔

امتحان کی ٹھیک تاریخیں اور مقام پنجاب اور شمال مغربی سرحدی صوبہ کی پبلک سروس کمیشن کی طرف سے مناسب وقت پر مشتہر کئے جائینگے۔

(لاہور۔ ۲۴۔ اگست ۱۹۳۹ء)

مضامین آمدہ ظہیر الدین صاحب نظم ۲ عدد۔ نعیم عبد الرحیم صاحب ۲ عدد۔ حافظ محمد یوسف صاحب حنیف غلام احمد صاحب ۲ عدد۔ زین العابدین۔ عبد القیوم صاحب

تفسیر سورہ اخلاص۔ از امام ابن تیمیہ [illegible] (منیجر اہلحدیث)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۶۔ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

خاکساروں کی طرف سے تہدید آمیز خطوط

اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ فَاخْشَوْهُمْ

(۱۰)

سلسلہ مضمون ہذا میں خدا جانے کیا اثر رکھا ہے کہ جماعت خاکساران اپنے نام کی بھی پرواہ نہ کرتے ہوئے خلاف اصول رویہ اختیار کر کے حدود اخلاق سے بھی آگے بڑھ گئی ہے۔ جیسا کہ ہم نے گذشتہ ہفتے لکھا تھا۔ اس سلسلہ مضمون کے خلاف اظہار ناراضی کرنے کو ہمارے پاس خاکساروں کے بہت سے خطوط پہنچے ہیں۔ جن میں ہم پر بڑی خفگی کا اظہار کیا گیا ہے۔ ان سب خطوط کے جواب میں ہمارا ایک ہی جواب ہے کہ

عزیزان من! آپ لوگ غلطی کھا رہے ہیں کہ عسکری تحریک اور عقائد مشرقی کو ایک ہی چیز سمجھتے ہیں۔ ایسا کرنا آپ لوگوں کی غلط فہمی ہے یا مشرقی صاحب کے ساتھ ہم اعتقادی کا نتیجہ ہے جس کا علمائے اسلام کو پہلے سے اندیشہ تھا ہمارے اس سلسلہ مضمون میں عسکری تحریک کے خلاف ایک لفظ بھی کوئی صاحب دکھا دیں تو ہم اپنی غلطی کا اعتراف کر لیں گے۔ جو تحریک خاکسار کی نسبت ملحق ہوائے جیا کانڈ ہے۔ جو ابھی

ہم نے ظاہر نہیں کی۔ آپ لوگ عسکری تحریک کو قوت دینا چاہتے ہیں تو اپنے قائد کو کہہ دیجئے کہ وہ اپنے غلط مذہبی عقائد اور تحریفات قرآنیہ سے رجوع کر لیں۔ جن کا اظہار آپ "تذکرہ" اور "اشارات" وغیرہ میں کر چکے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہم تمہیں ایک مثال سناتے ہیں۔ شاہی زمانے میں ہمارے ملک میں کسی وقت فوج کی کمانڈر ایک فرنچ لیڈی تھی جو بڑی خوبی سے فوج کو لڑاتی تھی۔ ایسے ہی اورنگ زیب جیسے نیک دل بادشاہ کے زمانے میں بھی اسلامی فوج کے افسر غیر مسلم بھی تھے جو خدمت متوضہ کو بڑی خوبی سے سرانجام دیتے تھے لیکن وہ اپنے خلاف اسلام مذہبی عقائد کی فوج میں اشاعت نہیں کرتے تھے اگر وہ ایسا کرتے تو شاہان اسلام ایک منٹ کے لئے بھی ان کو اس خدمت پر مامور نہ رہنے دیتے پس آپ لوگوں کو اگر عسکری تحریک سے محبت ہے تو بے شک اس کو شوق سے کیجئے۔ لیکن علمائے اسلام کو تبلیغ حق سے نہ روکئے۔ اور نہ آپ یہ

سمجھئے کہ کسی کی مخالفت سے ہم ۔۔۔ بلکہ آپ کا فرض ہے کہ بجائے اس کے ہم سے ۔۔۔ مشرقی صاحب کو غلط عقائد کی اشاعت سے اور علمائے کرام کے حق میں بد زبانی کرنے سے منع کریں۔ ورنہ ہمیں اجازت دیجئے کہ ہم ان مضامین میں حسب سابق اظہار کریں۔

(۱) یا تو آپ لوگوں کو ان دو چیزوں (عقائد مشرقی اور تحریک عسکریت) میں امتیاز کرنے کی لیاقت نہیں۔ (۲) یا آپ لوگ مشرقی صاحب کے عقائد سے متفق ہیں (۳) یہی نہ ان کے عقائد کی تردید کو تردید عسکریت سمجھ کر ناراض ہوتے ہیں۔ پس آپ لوگ ہمیں اطلاع دیں کہ ان تینوں باتوں میں سے کونسی بات صحیح ہے؟

تتمہ گذشتہ پرچے میں اس بات کا ذکر آ چکا ہے کہ مشرقی صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی امیر جماعت اور افسر فوج جیسا مانتے ہیں۔ نیز ان کی امارت کو امت کی طرف منتقل جانتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں گذشتہ حوالے کے علاوہ آج ایک اور حوالہ پیش کیا جاتا ہے جو درج ذیل ہے۔

"الغرض مسلمانوں کا امیر امیر ناطق ہے۔ امت کی ہر گرفت سے آزاد ہے۔ اس کا معاملہ صرف خدا اور رسول سے ہے۔ خدا اور رسول اس سے نپٹ سکتے ہیں اس کو چاہیے کہ مشورہ کرے لیکن خود خدا کی مانند وہ لا یشرک فی حکمہ احداً کا مصداق ہے۔" (الاصلاح ۲۴ اگست ۱۹۳۹ء مضمون مشرقی)

اہلحدیث یہ خلاف قرآن حدیث اور تمام مسلمانوں کے خلاف ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جب خلیفہ رسول منتخب ہوئے۔ تو انہوں نے حاضرین کو مخاطب کر کے کہا کہ میں اگر کوئی ایسی حرکت کروں جو خلاف دین اسلام ہو تو تم لوگ کیا کرو گے۔ اس کے جواب میں حاضرین نے آپ کو تلوار دکھا کر کہا کہ ہم اس کے ساتھ آپ کو سیدھا کر دیں گے۔ فاروق اعظم خلیفہ دوم کا واقعہ مشہور ہے کہ مال غنیمت سے جو چادریں تقسیم ہوئی تھیں ان میں سے ایک ایک چادر ہر ایک شخص کے

عطیہ میں آئی تھی۔ حضرت عمرؓ نے اس سے اپنا کرتہ بنا لیا جسے پہن کر جب آپ خطبہ دینے لگے تو ایک شخص چلا اٹھا کہ ہم خطبہ نہیں سنیں گے۔ پہلے یہ بتاؤ کہ ایک چادر میں آپ کا جبہ کیسے بن گیا؟ آپ نے فرمایا کہ میں نے اس جوڑے میں اپنے بیٹے کی چادر بھی ملا دی ہے۔ اس پر معترض نے کہا کہ چونکہ اب یہ معاملہ صاف ہو گیا ہے اس لئے ہم خطبہ سننے کو تیار ہیں۔

ان دو واقعات کے علاوہ خلفائے راشدین کے ایسے بیسیوں واقعات تاریخ اسلام میں ملتے ہیں۔ ان خلفائے اسلام کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ آئی تھی جو مشرقی صاحب کہہ رہے ہیں۔

ناظرین! مشرقی صاحب کی جرأت اور دلیری دیکھئے کہ آپ نے امیر جماعت کو کس رتبے پر پہنچایا ہے اور کس طرح اس کو خدائی منصب پر جا بٹھایا ہے۔ ان کی غرض اس سے یہ ہے کہ چونکہ میں امیر جماعت ہوں اس لئے میں (خود بدولت) ان تمام اوصاف کا مستحق ہوں۔ مولانا حالی مرحوم نے اس مصرع میں اسی مضمون کو ادا کیا ہے ع

غرض کی تواضع غرض کی مدارا

تیسری مثال مشرقی صاحب صحابہ کرام کی فتوحات کا ذکر کرتے ہوئے اپنی تاریخ دانی کا ثبوت ان الفاظ میں دیتے ہیں:-

"ہم نے تیرہ سو برس کی بھول اور کئی سو برس کی خطائے کبیر کے بعد ×× فاروق اعظم اور خالد بن ولید کے اس دین کو پھر سمجھ لیا ہے جو بارہ برس میں چھتیس ہزار شہر اور قلعے فتح کیا کرتا تھا"

(الاصلاح ۱۰ مئی ۳۵ء صفحہ ۴)

اہلحدیث ہم اپنے قصور علم کا اعتراف کر کے مشرقی صاحب سے اس تاریخی حوالے کا تقاضا کرتے ہیں کہ یہ واقعہ کس زمانے کا ہے جبکہ بارہ سال کے عرصہ میں چھتیس ہزار شہر فتح ہوئے تھے۔

ہم اس امر کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ مشرقی صاحب نے انگریزوں کی بے علمی اور جہالت کا جو تاریخی ثبوت دیا ہے وہ واقعی قابل داد ہے۔ آپ نے لکھا ہے کہ انگریزوں نے جب ہندوستان کو فتح کیا تو انگلستان میں

ایک مدرسہ بھی نہ تھا۔ (الاصلاح ۹ جون ۳۶ء صفحہ ۴ کالم نمبر ۳)

واقعی یہ بڑا تاریخی انکشاف ہے جو آج تک کسی نے نہیں کیا کہ ہندوستان فتح ہونے تک انگلستان میں ایک مدرسہ بھی نہ تھا۔ ایسی جاہل مطلق علم ندارد نا تراش قوم (انگریز) ہندوستان کو فتح کرلے تو ہندوستانیوں کی بدنصیبی میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ علاوہ ازیں ایسے ہی انکشافات کی وجہ سے مشرقی صاحب علامہ کہلاتے ہیں جس کی ہم بھی تصدیق کرتے ہیں۔

چوتھی مثال کلمہ گو مسلمان خدا کو وحدہٗ لاشریک جاننے والے مگر مسائل کی وجہ سے باہمی اختلاف رکھنے والے مشرقی صاحب کے نزدیک مشرک ہیں اور غیر مسلم بت پرستی اور صلیب پرستی کرنے والے مگر اپنی اغراض پر متحد رہنے والے مشرقی صاحب کے نزدیک موحد ہیں اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

"پتھر کے بتوں یا مسیح کی مورت کی عبادت ہندوؤں اور عیسائیوں میں اول تو رہی نہیں یا اگر ہے تو صرف چند لفظوں کے بڑبڑا لینے تک محدود ہے × مسلمان آج صرف منہ سے خدا کو ایک کہتا ہے × اور قومیں اگرچہ منہ سے خدا کو ایک نہیں کہتیں مگر اپنا اکثر وقت خدا کے حکموں کی تعمیل اور نفسانی بتوں سے بغاوت میں صرف کر کے اصل میں یہ ثابت کر رہی ہیں کہ ان کا حاکم وہی خدائے واحد ہے۔ پس جب توحید یہ ہے کہ دل میں کوئی بات نہ رہے۔ اور جب خدا کو ماننے کے کوئی دوسرے معنی لینا ناممکن ہے تو مسلمان یقیناً اس وقت ایک خدا کے ماننے والے نہیں ×× اس حالت میں مسلمان کا ہر وقت لا الٰہ الا اللہ کہتے رہنا بے نتیجہ ہے۔ اللہ سے انعام کی امید فضول ہے خدا کو دھوکا دینا گویا اپنے نفس کو دھوکا دینا ہے ×× وہ (غیر مسلم) اپنوں پر بڑے رحم کرنے والے اور غیروں کے بڑے دشمن اس لئے ہیں کہ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ کے اسلامی اصول کو سمجھ چکے ہیں۔ ان میں تیس کروڑ دیوتاؤں کی پرستش کے باوجود سب کا طریق عمل ایک ہے ×× پس ایسی قوم توحید پر صحیح معنوں میں عامل ہے [illegible] پر چل رہی ہے۔ اس کو مشرک یا بت پرست کہنا اندھا پن ہے۔ اپنے نفس کو دھوکا دینا ہے۔ قرآن مجید نے مشرکوں کی تعریف غیر مشکوک الفاظ میں یہ کی ہے کہ مشرک وہ ہیں جنہوں نے اپنی جماعت میں تفرقہ ڈالا ہے"

(اشارات صفحہ ۹۶ تا صفحہ ۱۰۲)

ناظرین کرام! غور فرمائیے کہ یہ عبارت بآواز بلند بتا رہی ہے کہ مشرقی صاحب کے نزدیک توحید جس کی تعلیم قرآن مجید دیتا ہے صرف عملی توحید ہے۔ یعنی جو قوم ایک مقصد پر جمع ہو جائے وہی موحد ہے۔ چاہے ان کے عقائد میں مسیح ابن اللہ ہو یا کرشن اوتار۔ لات عزیٰ ہو یا کچھ اور۔ مگر جس قوم میں وحدت مقصد نہیں ہے بلکہ بجائے وحدت کے تفرقہ ہے وہ کافر اور مشرک ہے۔ چاہے وہ کتنی ہی وحدت الٰہی کی قائل ہو۔ ایسا کہنے میں مشرقی صاحب نے قرآن، اسلام اور تاریخ اسلام پر جو حملے کئے ہیں وہ اہل علم سے مخفی نہیں۔ قرآن مجید پر حملہ اس لئے ہے کہ قرآن مجید قوم قریش اور دوسری اقوام عرب اور مسیحیوں کو مشرک قرار دیتا ہے۔ حالانکہ وہ اپنے مقصد (مخالفت اسلام) میں سب متفق تھے۔ ملاحظہ ہوں آیات مندرجہ ذیل:-

(۱) لَا یَرْقُبُوْنَ فِیْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّۃً (پ ۱۰ ع ۸) (مخالفین کسی مسلمان کے بارے میں نہ قرابت کا لحاظ کرتے ہیں نہ عہد و پیمان کا)

(۲) یَقُوْلُوْنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا ھٰٓؤُلَآءِ اَھْدٰی مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سَبِیْلًا (پ ۵ ع ۵)

(اہل کتاب عرب کافروں کے حق میں کہتے ہیں کہ یہ لوگ مسلمانوں سے زیادہ ہدایت یافتہ ہیں)

نوٹ: ہندوستان میں رہنے والا اخبار دیکھنے والا، اخبار لکھنے والا، کانگریس اور ہندو مہا سبھا کے واقعات پڑھنے والا اسیلوں سیاسی اختلافات جاننے والا اگر ایسا لکھے تو عجیب تر ہے۔ (اہلحدیث)

سے چاہے خدا بھی نہ رہے۔ (اہلحدیث)

اسلام پر حملہ اس لئے ہے کہ اس نے مشرکوں کے ساتھ رشتہ مناکحت منع کر دیا ہے۔ چنانچہ صاف اعلان کر دیا وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ (پ ۲ ع ۱۱) (البتہ ایماندار غلام بہتر ہے مشرک سے چاہے تم کو وہ (مشرک) بھلا لگے یہ لوگ جہنم کی طرف بلاتے ہیں)

تاریخ اسلام پر حملہ اس لئے ہے کہ مسلمانوں میں حضرت عثمان کی شہادت کے متصل ہی جنگ و پیکار شروع ہو گئی جو خلافت عباسیہ کے خاتمہ تک جاری رہی بلکہ اب تک جاری ہے۔ مشرقی صاحب ہمیں بتائیں کہ یہ کل مسلمان مشرک تھے یا موحد؟

مشرقی صاحب نے جس آیت کے ماتحت مشرک کی تعریف غیر مشکوک الفاظ میں کی ہے اس کے اصل الفاظ یہ ہیں:-

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ (پ ۲۱ ع ۷)

ارشاد ہے کہ دین الٰہی کی اطاعت کے لئے یکسو اور خدا کی طرف متوجہ ہو کر اپنے آپ کو مستعد کرو۔ اس فطرت کو اختیار کرو جس پر خدا نے انسانوں کو پیدا کیا ہے خدا کی فطرت میں تبدیلی نہیں ہے یہی دین مضبوط ہے لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے اور اسی (خدا) سے ڈرتے رہو اور نماز قائم کیا کرو اور مشرکوں میں سے مت بنو جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور خود بھی گروہ گروہ بن گئے۔ ہر جماعت اپنے ہی خیالات پر خوش ہے۔

یہ آیت اپنا مطلب بتانے میں بالکل صاف ہے اس میں فطرت اللہ کے ماتحت اپنے آپ کو دین کے تابع کرنے کا حکم ہے۔ نیز تقویٰ اور اقامت صلوٰۃ کا ارشاد ہے۔ جن لوگوں نے فطرت اللہ کو چھوڑ کر دوسری راہیں اختیار کر لی ہیں ان کو مشرک اور تفرقہ انداز قرار دیا ہے جو بالکل صحیح ہے۔ فطرت اللہ کیا چیز ہے؟ ان آیات کے علاوہ جن میں اس کی تفصیل کی گئی ہے خود آیت زیر بحث کے اندر الفاظ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ بھی کچھ تشریح کرتے ہیں۔ اسی مضمون کو سورہ بینہ میں بالفاظ ذیل مفصل بیان کیا ہے۔

وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ (پ ۳۰ ع ۲۳)

یعنی یہود و نصاریٰ اور مشرکین کو یہی حکم ہوا تھا کہ وہ یکسو ہو کر خالص اللہ کی عبادت کریں اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں یہی دین مضبوط ہے۔

دین قیم کے ذکر کے بعد فرمایا:-

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ

اہل کتاب نے جو تفرقہ کیا ہے وہ بینہ (دلیل) آنے کے بعد کیا ہے۔

ان کا تفرقہ کن باتوں میں تھا انہی باتوں میں جن کو اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ الآیہ میں بیان کیا گیا ہے۔

اب ہم ایک اور آیت پیش کرتے ہیں (گو ضرورت نہیں) جس سے یہ ثابت ہوگا کہ مسلمان باہمی جنگ و جدال کے باوجود مشرک یا کافر نہیں بن سکتے۔ ارشاد ہے:-

اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا (پ ۲۶ ع ۱۳)

یعنی مسلمانوں کی دو جماعتیں اگر آپس میں لڑ پڑیں تو تم (غیر جانبدار مسلمان) ان میں صلح کرا دو۔

باوجود قتل و قتال باہمی کے ان کو مومن کہنا (جیسا کہ آیت میں کہا گیا ہے) ہمارے دعوے کی تصدیق اور مشرقی صاحب کے دعوے کی صریح تکذیب ہے۔

ایک دقیق سوال بیلچہ پارٹی (جماعت خاکساران) میں کوئی ہندو (بت پرست) شریک ہو جو اس جماعت کے مقاصد سے متفق ہو مگر ہر روز صبح و شام وہ بتوں کی ڈنڈوت اور پوجا پاٹ کرتا ہو۔ بتائیے یہ شخص مشرک ہے یا موحد؟

(نوٹ) ہماری یہ مثال محض فرضی نہیں بلکہ امر واقع ہے۔ کیونکہ مشرقی صاحب کا اعتراف ہے کہ ہماری جماعت میں ہندو وغیرہ بھی سینکڑوں کی تعداد میں شریک ہیں۔ (الاصلاح ۲۱ جولائی ۱۹۳۹ء صث)

حضرات! مشرقی صاحب چونکہ مصطفیٰ کمال پاشا اور امیر امان اللہ خان کے ہم مشرب ہیں۔ جنہوں نے دین اسلام صرف یہی سمجھا تھا کہ اپنی حکومت مضبوط ہو سب چاہے کوئی صحیح عقائد رکھے یا غلط، احکام شرعیہ بجا لائے یا نہ لائے۔ اس سے ان کو کوئی سروکار نہ تھا اس لئے مشرقی صاحب بھی نوجوانوں کو اپنی بھول بھلیوں میں پھنسا کر اپنے تئیں امیر جماعت منوانا چاہتے ہیں وہ یاد رکھیں کہ جن علماء نے اکبر جیسے جلیل القدر بادشاہ کی تعلیم یَا اَيُّهَا الْاَكْبَرُ لَا تَاْكُلْ لَحْمَ الْبَقَرِ پر کان نہیں دھرے وہ آپ کی باتوں کو بھی قبول نہیں کریں گے بلکہ آپ کو صاف کہیں گے ؎

بہر رنگے کہ خواہی جامہ مے پوش
من انداز قدت را مے شناسم

تفسیر بالرائے

مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ صاحب کی ایک نئی تصنیف بزبان اردو۔ اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی۔ کیونکہ اردو میں کئی ایک تفسیریں شائع ہوئی ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں۔ مثلاً "بیان للناس" امرتسری۔ "بیان القرآن" لاہوری چکڑالوی۔ مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔ قابل دید و شنید ہے۔ قیمت صرف ۱۰/

مکالمہ احمدیہ

قادیانی اور لاہوری مرزائی جماعتوں کے وہ مضامین درج ہیں جو ہر دو فریق اپنے اپنے اخباروں (پیغام صلح و الفضل) میں بابت مناظرہ نبوت مرزا شائع کرتے رہے۔ قیمت ۸/

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

ahmadimuslim.de

قادیانی مشن

احمق بنانے کا فن دونو کو آتا ہے

آج کل قادیانی اور لاہوری اخباروں میں یہ مضمون زیر بحث ہے کہ احمق بنانے کا فن کس جماعت میں اچھا ہے۔ اہل پیغام (لاہوری جماعت) نے میاں محمود کو احمق ساز بتایا تو قادیان کے "الفضل" نے لاہوری جماعت کے (مولوی محمد علی صاحب) امیر اور اس کی جماعت کو یہی لقب دیا۔ ملاحظہ ہو اخبار الفضل ۱۲ اگست سن رواں

ہم بحیثیت ایک ثالث بالخیر کے کس کی تصدیق اور کس کی تکذیب کریں۔ جبکہ ہماری نگاہ میں دونو بقول ؎

دل کو روؤں یا جگر کو میں
میری دونوں سے آشنائی ہے

ایک ہی درجے میں ہیں۔ اس لئے ہم کسی کو ترجیح نہیں دے سکتے کہ کون اس فن میں اول ہے کون دوم، کون پاس ہے کون فیل۔ اور کون سینئر کون جونیئر۔ جبکہ دونو ایک ہی استاد کے شاگرد ہیں جو اس فن میں یکہ وتنہا ہیں۔ ہم اپنی عادت کے ماتحت زبانی بات نہیں کرتے بلکہ واقعات صحیحہ پیش کرکے ثابت کرتے ہیں کہ اس فن (احمق سازی) میں جناب مرزا صاحب متوفی ان سب کے استاد تھے۔ اس کی تفصیل سنئے۔

جنوری ۱۹۰۲ء میں آپ نے ایک کتاب اعجاز احمدی لکھی جو درحقیقت میرے نام ہی منذر ہے۔ اس میں مجھے قادیان پہنچنے کی دعوت دی تھی اور انعام بھی مقرر کیا تھا۔ اور میرے سچا اور اپنے جھوٹا ہونے پر اپنے انعام کے علاوہ اپنے مریدوں سے بھی ایک ایک روپیہ دلوانے کا وعدہ کیا تھا۔ آپ کی عبارت کے اصلی الفاظ یہ ہیں:۔

"یاد رہے کہ رسالہ نزول المسیح میں ڈیڑھ سو پیشگوئی میں نے لکھی ہے تو گویا جھوٹ ہونے کی حالت میں (فی پیشگوئی یک صد مجموعہ) پندرہ ہزار روپیہ مولوی ثناء اللہ صاحب لے جائیں گے ×× اس وقت ایک لاکھ سے زیادہ میری جماعت ہے۔ پس اگر میں مولوی صاحب موصوف کے لئے ایک ایک روپیہ بھی اپنے مریدوں سے لونگا۔ تب بھی ایک لاکھ روپیہ ہوجائیگا وہ سب ان کی منذر ہوگا۔" (اعجاز احمدی ص۲۳)

اہلحدیث احمدی دوستو! جس صورت میں کہ میں ڈیڑھ سو پیشگوئی جھوٹی ثابت کردیتا اور پندرہ ہزار روپیہ اس کا انعام مرزا صاحب سے وصول بھی کرلیتا۔ اس پر بھی آپ مرزا صاحب کے حکم کے ماتحت ایک ایک روپیہ جمع کرکے ایک لاکھ مجھے دے دیتے؟ یا مرزا صاحب کو دور ہی سے سلام کرتے۔ بتاؤ مرزا صاحب کا تمہاری نسبت کیا ظن تھا۔ ہم سے پوچھو تو ہم کہیں گے کہ وہ یقیناً جانتے تھے کہ میں نے اپنے مریدوں کو ایسا ..... بنایا ہے کہ میری ڈیڑھ سو پیشگوئی جھوٹی ہونے پر بھی میرے ہی زیر فرمان رہیں گے۔

لاہوری ممبرو! قادیانیوں کو تو تم پیر پرستی کی دلدل میں پھنستے ہوئے کہتے ہو۔ ممکن ہے تم اس میں سچے ہو۔ مگر خود تو بتاؤ ۱۹۰۲ء میں مرزا صاحب تم سب کی نسبت کیا یقین رکھتے تھے یہی کہ ڈیڑھ سو پیشگوئی جھوٹی ہونے کی صورت میں بھی تم ان کو مسیح موعود سمجھوگے۔ اور انکے حکم کے باعث ایک ایک روپیہ دیکر تعمیل ارشاد کے مجھے نذرانہ دوگے۔

اس لئے ہم کہتے ہیں کہ تم دونو سرگروہ اپنی جماعت کو احمق بنانے کا فن خوب جانتے ہو۔

کیونکہ ایک بڑے ماہر فن کے شاگرد ہو۔ اس لئے وہ تمہاری نسبت یہ خیال رکھتے تھے کہ ان کا عقیدہ ایسا پختہ ہے گویا یہ شعر ان کے ورد زبان ہے ؎

میں وہ نہیں ہوں کہ تجھ بت سے دل میرا پھرجا
پھروں میں تجھ سے تو تجھ سے میرا خدا پھرجا

خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم

(قسط نمبر ۱۳)

(۲۱ جولائی ۱۹۳۹ء کے بعد)

آیت خاتم النبیین نے بڑے حضرت سے لے کر چھوٹے میاں تک تمام امت مرزائیہ کو پریشان کررکھا ہے کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ۔ ایک زمانہ میں خلیفہ جی نے اس کے معنے "مہر" کئے تھے۔ (حقیقۃ النبوۃ ص۱۲۱) یعنی آنحضرت صلعم نبی گر ہیں۔ بخلاف اسکے زیر بحث مضمون کے اندر پہلے تو یہ معنے کئے تھے کہ خاتم النبیین کے معنے ہیں "معیار" نبوت۔ یعنی جس دلیل سے آنحضرت کی نبوت ثابت ہے اس پر پورا اترنے والا بھی نبی ہوتا ہے۔ (ریویو ستمبر ص۹)۔ مگر اب اس جگہ ریویو ماہ اکتوبر ۱۹۳۰ء میں یہ تیسرا رنگ بدلا ہے کہ خاتم النبیین کے معنے ہیں خاص انبیاء کا بند کرنے والا کما مرّ بیانہ۔

یہ قول بھی اگرچہ مثل سابقہ تحریفات کے خاص غرض پر مبنی ہے تاہم اس سے اتنا تو عیاں ہے کہ "خاتم النبیین" کے معنے نبیوں کو بند کرنے والا ہی ہیں۔ مگر افسوس کہ خلیفہ صاحب اس پر بھی قائم نہ رہے۔ بلکہ ریویو ماہ نومبر ۱۹۳۰ء میں یہ نیا گل کھلایا کہ آیت خاتم النبیین میں "آنحضرت کے بعد نبی آنے یا نہ آنے کا سوال ہی نہیں ہے۔" صرف یہ معنے ہیں کہ آپ درجہ کے اعتبار خاتم النبیین اور آخری نبی ہیں۔

ہم حیران ہیں کہ خلیفہ جی کی ان متضاد باتوں کی وجہ سے انہیں کیا سمجھیں۔ میاں صاحب کے والد کا تو یہ فتویٰ ہے کہ "اختلاف خود غرضوں وغیرہ کے کلام میں ہوتا ہے۔" (ست بچن ص۳۰)

خلیفہ صاحب! میں آپ کو ایک آسان راہ سے آیت خاتم النبیین کے معنے سمجھائے دیتا ہوں۔ وہ یہ کہ خود حضور رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا جائے۔ سو سنئے۔ آنحضرت نے یہ معنے کئے:۔

"ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین الاٰعلم ان الرب الرحیم المتفضل سمّی نبینا

الہامات مرزا - مرزا صاحب قادیانی کے مشہور الہامات (۸۵۰) کی تردید - قیمت ۹ - مجلد ۱۲ - ملنے کا پتہ دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء بغیر استثناء و فسرہ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ لانبی بعدی "

(حمامۃ البشریٰ مصنفہ مرزا صاحب صفحہ ۲۰)

یعنی مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آئت خاتم النبیین کے معنے یہ کئے ہیں کہ میرے بعد کوئی نبی پیدا نہ ہوگا۔

خلیفہ صاحب! جس صورت میں خود رسول کریم نے آئت ہذا کے معنے کھول دیئے تو اب بالفاظ مرزا صاحب

"اس کے برخلاف کوئی اور معنے کرنا یہی ملحدانہ طریق ہے۔ مسلمان کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی ثبوت نہیں کہ خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مقام متنازعہ فیہ میں یہی معنے (لانبی بعدی) کئے۔ پس بڑی بے ایمانی ہے جو نبی کریم کے معنوں کو ترک کر دیا جائے "

(قول مرزا مندرجہ حاشیہ صفحہ ۱۶۴ کتاب ست بچن)

میاں محمود احمد صاحب! ؎

اگر اب بھی نہ تم سمجھے تو پھر تم سے خدا سمجھے

حدیث صحیح میں ہے کہ حضور نے فرمایا انی آخر الانبیاء میں آخری نبی ہوں " اس حدیث کا جو عجیب و غریب مطلب مرزا محمود احمد صاحب نے بیان کیا ہے۔ اسے پڑھ کر فرمان خداوندی اتنبئون اللہ بما لا یعلم فی السموات ولا فی الارض کا نقشہ آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے۔ یعنی خلیفہ صاحب خدا کو داؤ سکھانا چاہتے ہیں۔ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے سر سید احمد کے متعلق لکھا تھا کہ :-

"جو تاویلیں قرآن کی نہ خدا کے علم میں تھیں نہ اسکے رسول کے علم میں نہ صحابہ کے علم میں نہ اولیاء اور قطبوں غوثوں، ابدال کے علم میں اور نہ ان پر دلالت النص نہ اشارۃ النص۔ وہ سید صاحب کو سوجھیں " (آئینہ کمالات صفحہ ۲۴۰)

بعینہ یہی روش میاں محمود احمد صاحب کی ہے۔ میاں صاحب نے لفظ اول و آخر کے معنے بتانے کے لئے ایک مثال پیش کی ہے۔ جس کا مفہوم [illegible] درج ذیل کر دیتے ہیں۔

آدمیوں کی ایک قطار ہے۔ جیسے قطار ذیل

مرزا غلام احمد　حکیم نور الدین　میاں محمود

اب اس قطار کو مرزا غلام احمد کی طرف سے دیکھیں تو وہ پہلے ہونگے اور محمود آخری۔ اور اگر دوسری طرف سے دیکھیں تو محمود اول اور مرزا جی آخر ہونگے۔

یہ مثال دیکر خلیفہ محمود صاحب رقم ہیں کہ

"اس حقیقت کو مدنظر رکھ کر جب ہم غور کرتے ہیں تو آخر الانبیاء کے معنے حل ہو جاتے ہیں۔ خدا اول بھی ہے اور آخر بھی۔ آنحضرت (خدا) کے مظہر اتم ہیں لازماً آپ بھی اول آخر ہیں "

(ریویو نومبر صفحہ ۱۸)

خلیفہ صاحب! اس قسم کی کچی باتیں آپ کے "دانشمند" مرید تو مان سکتے ہیں مگر ایک منصف مزاج تو ان باتوں کو خرابی دماغ پر ہی محمول کریگا۔

اول و آخر کا مفہوم اگرچہ سورج کی طرح عیاں ہے۔ تاہم رسول کریم نے کج بحثوں کا منہ بند کرنے کے لئے اسے ان الفاظ میں واضح کیا ہے۔ فرمایا :-

اول الانبیاء آدم و آخرھم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ملاحظہ ہو صحیح ابن حبان۔ یعنی پہلا نبی آدم تھا اور آخری میں ہوں۔

لفظ اول و آخر کے متعلق خلیفہ صاحب مندرجہ ذیل نقشہ کے ذریعہ ایک عجیب نکتہ بیان کرتے ہیں۔

اللہ

سدرۃ المنتہیٰ مقام محمد

ابراہیم

موسٰے - ہارون

ادریس

یوسف

عیسٰے - یحیٰی

آدم

قیامت ــــــ مخلوق ــــــ ابتدا خلق

اس نقشہ سے ظاہر ہوگا کہ جب اوپر یعنی خدا کی طرف سے دیکھا جائیگا تو آنحضرت اول ہیں اور جب نیچے کی طرف سے دیکھا جائے تو آپ آخر ہیں

پس آپ ہوالاول والآخر کے مظہر ہونے کے اعتبار سے اول الانبیاء بھی ہیں اور آخر الانبیاء بھی۔ خلاصہ یہ کہ آنحضرت رتبہ کے اعتبار سے آخر الانبیاء ہیں۔ اس میں آپ کے بعد نبی آنے یا نہ آنے کا سوال ہی نہیں " (ریویو نومبر [illegible])

معیار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا افضل الخلائق ہونا مسلم بلکہ ہمارا تو ایمان ہی یہ ہے کہ ع

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

مگر سوال یہ ہے کہ حدیث انا آخر الانبیاء کے کیا معنے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ اس میں آپ کے بعد نبی آنے نہ آنے کا سوال نہیں۔ مگر لغت عرب، محاورات اہل زبان اس کے معنے لانبی بعدہ ظاہر کرتے ہیں خود حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر انی آخر الانبیاء و انتم آخر الامم (ابن ماجہ) فرمایا ہے تو دوسرے موقع پر آپ جیسے محرفین کی بیخ کنی کے لئے اس مفہوم کو یوں ادا کیا کہ لا نبی بعدی ولا امۃ بعدکم (مسند احمد) یعنی میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت۔ میرے بعد کوئی نبی پیدا نہ ہوگا تمہارے بعد امت نہ ہوگی۔

فرمائیے! رسول اللہ کی تفسیر کو چھوڑ کر آپ کی بے معنی باتوں پر کون دانا اعتبار کر سکتا ہے۔

خلیفہ صاحب! جس صورت میں کہ آنحضرت مظہر الٰہی ہونے کے باعث خدا کی طرح اول و آخر ہیں۔ آپ کے بعد نبی آنے یا نہ آنے کا سوال نہیں ہے تو پھر خدا بھی انہی معنوں سے اول و آخر ہوگا کہ اسکے بعد دوسرے خدا کے ہونے یا نہ ہونے کا ذکر نہیں؟ ع اے قربان جائیں آپ کے علم و اعتقاد کے حضرت ہوش کی بات کریں۔ آپ خود لکھ آئے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خدا تعالٰے کو مخاطب کر کے فرمایا۔ انت الاول فلیس قبلک شیئ وانت الآخر فلیس بعدک شیئ ملاحظہ ہو تعلیم میں کسی احد کے ہونے کا یا نہ ہونے کا ذکر ہے یا نہیں؟ پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بھی ان معنوں سے آخر ہیں کہ لانبی بعدہ

(۲) "خدا نے ...... آدم کو پیدا کیا اور رسول [illegible]

اور کتابیں بھیجیں اور سب کے آخر حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا جو خاتم الانبیاء اور خیر الرسل ہے۔" (حقیقۃ الوحی ص۱۴۱)

خلیفہ صاحب ایک اعتراض یہ کرتے ہیں کہ حدیث میں ایک طرف تو انی آخر الانبیاء ہے مگر دوسری طرف کنت خاتم النبیین و آدم لمنجدل فی طینتہ فرمایا ہے۔ یعنی میں اس وقت بھی خاتم النبیین تھا جبکہ آدم اپنی مٹی میں پڑے تھے۔

الجواب - آدم کی پیدائش سے قبل خاتم النبیین ہونا ارادہ۔ علم۔ تقدیر الٰہی کی رو سے ہے جیسا کہ خود دوسرے وقت حضور نے اس کی تصریح فرمادی ہے:۔

عن ابی ھریرۃ قال قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ قال و آدم بین الروح والجسد (ترمذی) صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ آپ کے لئے نبوت کب مقدر کی گئی۔ فرمایا آدم اس وقت روح و جسد کے درمیان تھے۔

خلیفہ صاحب نے ماہ نومبر و دسمبر ۱۹۳۸ء کے پرچوں میں بعض آیات قرآنیہ اور بعض بے سند اقوال کی تحریف کرتے ہوئے اجراء نبوت کے مسئلہ کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ چونکہ وہ دلائل وہی پرانی تحریفات ہیں جن کا بارہا جواب دیا جا چکا۔ اس لئے انہیں نظر انداز کیا گیا ہے۔ آپ اگر مسئلہ ختم نبوت میں جماعت اہل حدیث کی طرف سے ایک مناظرانہ، جامع و مانع کتاب دیکھنا چاہتے ہیں تو کتاب "خاتم النبیین" کی اشاعت میں اس کے خریدار بن کر خاکسار کی اعانت فرمائیے۔ وباللہ التوفیق۔

بالآخر میں اللہ پاک کا ہزار ہزار شکر کرتا ہوں کہ جس نے مجھے اپنے حبیب رسول کے دشمنوں کا منہ توڑ جواب دینے کی توفیق عطا فرمائی۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

[illegible]

الراقم [illegible] کی [illegible] کے متعلق [illegible]

قیمت ۸ء [illegible] [illegible] اہلحدیث امرتسر

بریلوی مشن

شفاعت کبریٰ

(از مولوی محمد داؤد صاحب ارشد از کوٹلی راۓ ابو بکر لاہور)

حضرات! دنیا عالم میں اللہ احکم الحاکمین نے انبیاء علیہم السلام کو مبعوث فرما کر یہ مہر ثبت کردی کہ اب کسی شخص کو یہ کہنے کا حق نہیں ہے کہ مجھے راہ ہدایت بتانے والا کوئی نہیں ملا بلکہ حضرت آدم علی نبینا وعلیہ السلام کے زمانہ سے لیکر آخر الانبیاء محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد اقدس تک ایک لاکھ چوبیس ہزار نفوس کی ایک جماعت اس امر کے لئے منتخب کی گئی کہ وہ ہر کس و ناکس کو احکام الٰہی سے آشنا کر کے دنیوی اور اخروی مصائب و مشکلات سے نجات دلائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اگر ایک وقت حضرت عمرؓ اسلام کے اشد ترین دشمنوں میں سے ہو کر اسلامی عمارت پر مصائب کی گھٹائیں ڈالتے ہیں تو دوسرے وقت وہی عمر فاروق خلیفہ ثانی ہونے کی حیثیت میں حاکمانہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہی حال مصائب اخروی کا ہے۔ جس کا نقشہ اللہ رب العزت نے سورہ حج کے شروع میں کھینچا ہے جو بخوف طوالت اشارۃً ہی پیش کر دینا مفید سمجھتا ہوں۔ محشر کی سختی کا ذکر کرتے ہوئے نبی صلعم نے یہ بھی فرمایا کہ اس دن ہر نبی غضب الٰہی سے خائف ہو کر نفسی نفسی کہتا ہوا نظر آئیگا۔ اس آڑے وقت میں بھی اگر کوئی کام آنے والی شخصیت ہے تو ذات محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہے۔ مگر خدا ستیاناس کرے اس تعصب کا جو ہر قول صادق کی تکذیب پر انسان کو مشتعل کرتا ہے۔ گو آپ یہ کہیں کہ دنیا و آخرت میں اگر کوئی حقیقی معنوں میں شفیع المذنبین ہو سکتا ہے تو وہ محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلعم ہیں۔ لیکن جہول اعدا آپ شفاعت کے منکر، محمد صلعم کے بے ادب [illegible] وغیرہ وغیرہ۔ اور اگر اہل حدیث [illegible] سے [illegible] رسالت پر [illegible] تو وہ [illegible]

فرمانبردار۔ بریں عقل و دانش بباید گریست

قارئین عظام! اصل بات یہ ہے کہ ؎

حقا کہ بے متابعت سید الرسل
ہرگو کسے بمنزل مقصود راہ نیافت

حقیقت میں حب رسول اطاعت رسول کے سوا لا حاصل ہے۔ اے مخالفو! گوش ہوش سے سنو! اللہ احکم الحاکمین کے الفاظ نقل کرتا ہوں۔ مسلم شریف ج ۱ ص۱۰۳ میں ہے شفعت الملئکۃ و شفع النبیون و شفع المؤمنون (الحدیث) فرمایا۔ جب فرشتے، نبی اور مؤمن شفاعت کر چکیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائینگے اب میری باری ہے چنانچہ اپنے فضل و کرم سے دوزخیوں کو باہر نکالیں گے جس سے واضح ہے کہ تمام ملائکہ اور انبیاء کے علاوہ مؤمنین کی شفاعت بھی ہوگی۔ اب تمہارا یہ کہنا کہ جماعت اہل حدیث شفاعت کی منکر ہے اہل تحقیق کے سامنے کیا حقیقت رکھتا ہے۔ اس لئے ہمارا تو یہ دعویٰ ہے کہ سب سے اول شفاعت محمد مصطفےٰ صلعم کی ہوگی۔ بعدہ تمام انبیاء اور مومنین کے علاوہ چھوٹے چھوٹے بچے اللہ کے حضور میں حاضر ہو کر اپنے والدین کی سفارش کرینگے اور ان کو دامن پکڑ کر بہشت میں لے جائینگے ہاں جس بات کا انکار ہے وہ علی الاعلان کہتے ہیں کہ خلاف پیمبر کسے راہ گزید۔ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید وہ بدبخت انسان جس نے رہ محمدی چھوڑ کر پاکپٹن اور اجمیر کی راہ لی۔ [illegible] سے [illegible] محل آئے اور [illegible] شفاعت [illegible] ہوگی۔ [illegible]

[illegible]

ہے کہ جماعت اہل حدیث کا لفظ جماعت محمدیہ کے متعلق کیا مسلک ہے۔ لیکن عزیز و اور بزرگو ضرورت اس امر کی ہے کہ انسان اپنے تمام تعلقات جو کسی غیر سے وابستہ ہیں منقطع کرکے براہ راست اپنا تعلق سرکار مدینہ سے

ہے۔ جنہوں نے آخر کام آنا ہے۔ یہ تمام وسائل ضعف الطالب والمطلوب کے ماتحت مثل دیئے جائینگے

اس لئے ادھر ادھر کی نسبت کو چھوڑ کر یہ کہہ دو کہ
کسی کا ہو رہے کوئی نبی کے ہو رہے ہیں ہم

مباحث علمیہ

قرآن حکیم کی روشنی میں ہاروت و ماروت کی تحقیق اور اسرائیلی روایات کا بطلان

(بقلم مولوی ابو سعید عبد الرحمٰن صاحب فرید کوٹی از جلیوٹ)

(قسط ثانی)

مضمون ہذا کی پہلی قسط "اہلحدیث" ۱۸۔ اگست میں شائع ہو چکی ہے۔ جس میں ہاروت و ماروت کے واقعہ کے متعلق چودہ مختلف حوالے درج ہوئے ہیں۔ آج ان حوالجات پر نامہ نگار صاحب نے تنقید کی ہے۔ ناظرین سابقہ مضمون مدنظر رکھ کر آج کا بھی ملاحظہ فرمائیں۔ (مدیر)

ایک گروہ کا خیال یہ ہے کہ ہاروت و ماروت فرشتے نہیں تھے اور نہ ہی وہ انبیاء تھے۔ بلکہ دو شخص تھے جن پر اللہ تعالیٰ نے خصوصیت کے ساتھ سحر نازل کیا تھا اور یہ دونوں شخص لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے اور وقت تعلیم یہ کہہ دیتے تھے کہ دیکھو تم جادو مت سیکھو۔ ہم تو ایک فتنہ اور آزمائش ایمان کا سبب ہیں۔ خدا تمہاری آزمائش چاہتا ہے۔ اس لئے اگر نہ سیکھو گے تو یہی تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ یہ سب کچھ کہنے کے بعد دونوں جادوگر (جو درا صل اللہ کے نیک بندے تھے) لوگوں کو سحر سکھا دیتے تھے۔ اس گروہ میں چونکہ جماعت ہیں یہ کہتی ہے کہ یہ دونوں جادوگر نیک بندے تھے اور ان کا جادو خدا کی طرف سے نازل ہوا تھا۔ دوسری جماعت ان دونوں کو ... تسلیم نہیں کرتی۔

... تسلیم ... تسلیم کرنے کے لئے

طیار نہیں۔ اور نہ ہی یہ گروہ اس بات کا قائل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان دو فرشتوں پر یا کسی دو شخصوں پر جادو یا کسی قسم کا سحر نازل کیا تھا۔ بلکہ یہ گروہ ان تمام قصص کو لغو اور خرافات اسرائیلیات تسلیم کرتا ہے۔ اس لئے کہ قرآن مجید نے ما نافیہ کے ساتھ صاف اور واضح طور پر اعلان کر دیا کہ خدا نے ملکین (یعنی آدمیوں اور فرشتوں) پر کوئی سحر نازل نہیں کیا۔ اور اسلام کے اکثر مستند مفسرین و علماء کرام نے اسی تیسرے گروہ کا مسلک اختیار کیا ہے۔

ان تینوں گروہوں کے خیالات پر نقد و تبصرہ کرنے سے قبل نمبر ۱ تا ۱۴ (جو اہلحدیث ۱۸۔ اگست میں شائع ہو چکے ہیں) پر اچھی طرح غور کر لینا چاہئے اور دیکھنا چاہئے کہ ان روایات میں کس قدر زمین و آسمان کا فرق ہے۔ محض نقلاً ہی نہیں بلکہ عقلاً بھی ان کا تسلیم کر لینا ناممکن و محال نظر آتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک مسئلہ عقلاً ہماری سمجھ میں نہ آسکے؟ لیکن یہ تو ہو سکتا ہے کہ یہ روایات اسناداً صحیح ہوں۔ پس جو مسئلہ شریعت کے طور پر ثابت ہو جائے۔ وہاں ہمیں اپنی عقل کو قطعاً قربان کر دینا پڑیگا۔ اب ان روایات پر دونوں طرح سے تنقید کر لینا ضروری ہے۔

اس آیت میں ... کی بحث یہ ہے کہ ... انزل علی الملکین ... مابعد ...

میں ما نافیہ (یعنی نہیں) ہے یا موصولہ (یعنی جو) ہے؟ بعض علماء جو ملائکہ پر نزول سحر کو جائز سمجھتے ہیں ان کے نزدیک ما موصولہ اور جو ناجائز سمجھتے ہیں ان کے نزدیک نافیہ ہے۔ کمال کی بات یہ ہے کہ جو علماء ما موصولہ مانتے ہیں وہی حضرات ان اسرائیلیات کو لیکر قرآن حکیم کی تفسیر میں ایک اچھا خاصہ تاول طیار کر لیتے ہیں اور ما موصولہ مان لینے سے اسرائیلیات کے داخلہ کے لئے دروازہ کھل جاتا ہے۔ دوسرا گروہ جو ما کو نافیہ کہتا ہے وہ ان تمام یہودی افسانوں کو نہیں لیتا۔ جن علماء سلف نے ما کو نافیہ مانا ہے ان کے اسماء یہ ہیں۔ عبد الرحمٰن بن ابزیٰ۔ ابو العالیہ قرطبی۔ امام فخر الدین رازی۔ ابن ابی حاتم۔ ربیع بن انس۔ بعض روایات میں ابن عباس۔ تفسیر خازن ابن کثیر۔ کبیر وغیرہ۔ ما انزل علی الملکین لم ینزل علی الملکین۔ در منثور بروایت ابن عباس در منثور میں صاف طور پر ما انزل میں ما کا معنی بلکہ مجدا ابن عباس سے منقول ہے مگر ہمارے بعض علماء نفی کے معنی کو گناہ عظیم سمجھ رہے ہیں۔

ملکین پر بھی اختلاف ہے۔ ملکین سے مراد بعض علماء نے فرشتے لیا ہے۔ بعض نے دو سردار یا دو شخص بعض نے اقوام جن کے دو جن مراد لئے ہیں۔ بعض نے سلیمان اور داؤد علیہ السلام کو اور بعض نے جبرئیل و میکائیل کو مراد لیا ہے یعنی صرف ملکین پر پانچ مختلف اقوال موجود ہیں جو ایک دوسرے کے خلاف ہیں۔

ہاروت و ماروت۔ تیسری روائت میں اوپر گزر چکا ہے کہ ہاروت و ماروت، سلیمان، داؤد علیہ السلام کے پاس گئے۔ تاکہ ان کی بخشش کا کوئی سامان پیدا ہو جائے۔ چنانچہ سلیمان کی دعا سے ملائکہ کو عذاب دنیا کا سزاوار قرار دیا گیا۔ اور اس کے برخلاف روائت نمبر ۲ میں گزر چکا ہے کہ ہاروت و ماروت کا واقعہ حضرت ادریس علیہ السلام کے زمانہ کا ہے۔ اور اسی پیغمبر کی معرفت خدا تعالیٰ نے فرشتوں کو عذاب دنیا کا سزاوار گردانا۔ اب یہ دونوں روائتیں آپس میں زمین و آسمان کا تضاد رکھتی ہیں۔ اس لئے ...

(۸۵۹)

اور سلیمان علیہما السلام کے درمیان کم و بیش تین ہزار سال کا عرصہ ہے۔ اور پھر یہ کس قدر مضحکہ خیز بات ہے کہ بعض کے نزدیک سلیمان و داؤد علیہما السلام ہی خود ہاروت و ماروت ہیں؟

پھر دوسری روایت نمبر ۲ کو لیجئے۔ جس میں آیا ہے کہ یہ دونوں فرشتے چاہ بابل میں الٹے منہ لٹک رہے ہیں۔ اور اس کے برعکس نمبر ۳ کو لیجئے۔ جس میں بیان ہوا ہے کہ یہ فرشتے زمین و آسمان کے درمیان لٹک رہے ہیں۔

پانچویں نمبر میں جو کچھ بیان ہوا ہے وہ یہ ہے کہ اجرام فلکی میں موجودہ زہرہ ستارہ وہی زہرہ عورت ہے۔ یہ کس قدر عقل کے خلاف ہے۔ ایسی بے ثبوت باتیں تو وہ شخص کہہ سکتا ہے جو علم ہیئت سے بالکل نابلد ہو۔ ۵ فٹ کی ایک حسین و شکیل عورت کو ہزاروں میل لمبا چوڑا خوبصورت ستارہ بنا دینا کونسی سزا ہے؟

اور پھر روایت نمبر ۴ کو پڑھ کر دیکھئے وہ اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز اور امیر حمزہ کی داستان سے ملتی جلتی ہے کہ یہ عورت در اصل زہرہ ستارہ تھی۔ جو عورت بناکر بھیجی گئی اور بدکاری کے بعد پھر اسی زہرہ ستارہ کی شکل میں مسخ ہو گئی۔ ایسی کہانیاں پڑھ کر بے ساختہ انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا پڑتا ہے۔ کہ تفسیر القرآن میں ایسے لغو قصوں کو خدا جانے کن مقاصد کے مدنظر جگہ دیدی گئی۔

چھٹی اور ساتویں دو روایتوں پر کیا خاک جرح کی جائے۔ جن کا نہ کوئی منہ ہو اور نہ سر محض جادوگرنی عورتوں اور مردوں کی کہانیاں ہیں جو تفسیر القرآن جیسی پاک جگہ میں درج کردی گئیں۔ آپ نے ان روایات سے اندازہ لگا لیا ہوگا کہ ان میں کس قدر گرے ہوئے تخیلات ہیں۔ میں نے تو محض تفنن طبع کے طور پر لکھ دیا ہے تاکہ آپ میرے اس قول کی تصدیق کر سکیں کہ فی الحقیقت یہ قصے الف لیلےٰ کی داستان کا ایک ٹکڑہ ہیں۔ باقی نمبر ۹ تا ۱۳ کا ذکر اوپر ضمناً آچکا ہے

عجیب الجھن میں نے ابن کثیر، فتح البیان، معالم، خازن، ابی السعود، بحر المحیط اور تفسیر طبری میں ہاروت و ماروت کے اس مقام کو بار بار پڑھا لیکن جتنی بار پڑھا، دماغ الجھتا ہی گیا۔ اس کی صورت یہ ہے کہ آپ عبد الرحمٰن بن ابزیٰ اور ربیع بن انس کا قول اوپر دیکھ چکے ہیں۔ انہوں نے حرف مَا کو نافیہ تسلیم کیا ہے۔ لیکن ابن کثیر صفحہ ۱۴۲ پر ربیع بن انس کے ایک قول سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ جادوگروں کے وجود اور جادو کے منزل من اللہ ہونے کو تسلیم کرتے ہیں اور پھر حیرانی کی بات یہ ہے کہ ما نافیہ تسلیم کرنے کے بعد (جبکہ جادوگروں کے جادو اور ان کے وجود کا صاف طور پر انکار ہو جاتا ہے تو) سحر کا نزول من اللہ ہونا کیسے جائز ہو سکتا ہے؟ اگر نزول سحر کا اقرار کرنا ہی ہے تو مَا کو نافیہ کیوں تسلیم کیا گیا؟ کیوں نہ مَا کو موصولہ کہہ دیا گیا؟

اور پھر اس سے زیادہ حیران کن وہ عبارت ہے جو تفسیر ابن کثیر کے صفحہ ۱۴۳ پر لکھی ہوئی ہے۔ جہاں یہ کہا گیا ہے کہ یہ تمام اسرائیلی فضول کہانیاں ہیں۔ اور ان قائلین میں پھر ربیع بن انس ہیں۔ اس کے سوا بہت بڑے تعجب کی بات یہ ہے کہ جن علماء کرام کے نزدیک مَا موصولہ ہے نافیہ نہیں ان کے ترجمہ کے مطابق بلاشبہ ہاروت و ماروت کو فرشتہ اور ان پر جادو کا نزول من اللہ ماننا پڑتا ہے۔ لیکن اسی تفسیر کے دوسرے صفحات پر ہم دیکھتے ہیں کہ ما موصولہ ماننے والے علماء کے نزدیک نزول سحر جائز ہی نہیں۔ اور ان کے اقوال صاف موجود ہیں کہ نہ خدا نے دو فرشتوں کو بھیجا نہ ان پر جادو نازل کیا گیا اور نہ ہی خدا کی طرف سے نزول سحر جائز ہے۔ الغرض مَا کو نافیہ یا موصولہ ماننے والوں کی تفاسیر آگے چل کر خلط ملط بحث اختیار کر لیتی ہیں۔ جس سے عام لوگوں کے لئے دشواری ضرور ہوتی ہے۔ اور ایسے مواقع پر صرف غواص و دقیقہ سنج ہی حقیقت کی گہرائیوں تک پہنچ سکتے ہیں۔

اب یہاں سے ہٹ کر اس مسئلہ پر غور کیجئے۔ جس کا ذکر میں اوپر کر چکا ہوں وہ یہ کہ ہاروت فرشتہ تھے یا نہیں؟ اور اگر فرشتہ نہیں تھے تو پھر کیا تھے اب پہلے اس گروہ کے خیالات کی تنقید کیجئے جن کے نزدیک ہاروت و ماروت حقیقی طور پر فرشتے تھے اور انہوں نے فی الحقیقت زہرہ کے ساتھ بدکاری کی۔ جس کی سزا میں فرشتوں کو چاہ بابل میں لٹکا دیا گیا اور زہرہ کو ستارہ بنا دیا گیا۔ مفسرین نے اس واقعہ کی تاریخ میں سخت اختلاف کیا ہے۔ کسی نے ادریس علیہ السلام کا زمانہ بتایا ہے اور کسی نے سلیمان علیہ السلام کا۔ کسی نے سلیمان و داؤد علیہ السلام کو ہی ہاروت و ماروت مانا ہے اور کسی نے جبرئیل و میکائیل کو ہاروت و ماروت کہہ دیا ہے۔ ان متخالف و متضاد حالات سے بخوبی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ یہ تمام روایات یہودی اور اسرائیلی روایات ہیں۔ جیسا کہ آگے چل کر میں اپنے اس دعویٰ کو ثابت کروں گا۔

اور بالفرض اگر ایک منٹ کے لئے نزول سحر مان لیا جائے کہ خدا تعالیٰ نے دو فرشتوں یا دو مردوں پر سحر نازل کیا تھا۔ تو قرآن کی نص صریح کے یہ بالکل مخالف پڑتا ہے۔ ولکن الشیاطین کفروا یعلمون الناس السحر۔ میں خدا تعالیٰ صاف فرماتا ہے کہ جادو سکھانا شیطانوں کا کام ہے۔ اب آپ فرمائیے کہ کبھی ایسا ہو سکتا ہے کہ خود خدا جادو سکھانیوالوں کو شیطان کہے اور پھر معاذ اللہ خود ہی فرشتوں پر سحر نازل کرے؟ ایک جگہ جادو کو شرک و کفر اور شیطانی کام بتلائے اور دوسری جگہ وہی فعل خود کرے۔ ادنیٰ درجہ کا آدمی بھی تو ایسی حرکت نہیں کر سکتا۔ خدا کی پناہ! پھر یہ خدا کی طرف کیسے منسوب ہو سکتا ہے؟ سبحان اللہ عما یشرکون۔

احادیث کی رو سے سحر شرک اور اس کا کرنیوالا کمراہ کرنے والا بلکہ اس پر اعتقاد رکھنے والا بھی درجہ کفر تک پہنچتا ہے اور بعض خلفاء اسلام نے جادوگروں کو قتل کرا دیا تھا اور جب جادوگر عقیدہ کافر اور واجب القتل ٹھیرتے ہیں۔ تو جادوگروں کے معلم اعلیٰ کا کیا حسن حشر ہونا چاہئے؟ فافهموا وتدبروا۔ چنانچہ امام فخر الدین رازیؒ نے تفسیر کبیر صفحہ ۴۲۵ پر نزول سحر کا نہایت شدت کے ساتھ انکار کیا ہے۔ ان السحر لا ینضاف الا الی الکفرۃ والفسقۃ والشیاطین المردۃ وکیف یضاف الی اللہ ما ینھی عنہ و

یبیں منہ علیہ بالعقاب۔ خلاصہ ترجمہ جادو کی نسبت کافر، فاسق اور ملعون شیاطین کی طرف کی جاسکتی ہے اور خدا کی طرف سحر کی نسبت کیسے کی جائے جو خود اس سحر سے منع کرتا ہے اور سحر کے لئے وعید فرماتا ہے۔ اس کے سوا قرآن مجید میں جا بجا ساحرین کی مذمت آئی ہے ولا یفلح الساحر حیث اتی۔ ان دلائل سے ثابت ہو گیا کہ خدا تعالیٰ نے کوئی سحر کسی فرشتہ یا آدمی پر دنیا میں نہیں بھیجا۔

ایک غلط فہمی کا ازالہ جب عقلی و نقلی دلائل بن نہ پڑیں تو بعض حضرات یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے آزمائش کے لئے سحر نازل کیا تھا۔ ان کا یہ وہم بھی باطل ٹھیرتا ہے۔ اس لئے کہ اگر سحر آسمان سے نازل ہونے کی کوئی مقدس چیز ہوتی تو سامری جیسے ساحر اسے طیار نہ کرسکتے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ سامری نے بھی ایک طلسماتی بچھڑا بنایا تھا اور کتنا بڑا جادو گھڑ لیا تھا کہ لوگ پکار اٹھے۔ ھذا الھنا و اله موسیٰ فنسی (آیہ) ترجمہ۔ دراصل یہی ہمارا اور موسیٰ کا خدا ہے۔ قائلین سحر کی من گھڑت روایات بتلا رہی ہیں کہ خدا نے جو جادو نازل کیا تھا وہ سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں تھا۔ اور سحر سامری موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اس خدائی جادو سے ٹھیک چھ سو سال قبل طیار ہو چکا تھا۔ بلکہ سحر کا وجود تو اس سے بھی ہزارہا سال قبل پایا جاتا ہے۔ تو اس کا اب یہ معنی ہوا کہ سامری اور فرعونی جادوگروں کے سحر کے بعد خدا کا جادو آیا۔ (جبکہ جادو کی مطلق ضرورت نہ تھی)۔ اور جب انسان کا بنایا ہوا سحر دنیا میں ہزاروں کے ساتھ چل رہا تھا تو آسمانی جادو کی کیا ضرورت تھی؟ کیا یہی سحر آزمائش کے لئے کافی نہ تھا؟ خدائی جادو کی آزمائش کے لئے ضرورت تھی؟

اور مشاہدہ کے طور پر بھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ لوگوں کا طیار کردہ سحر جا بجا مل جاتا ہے۔ لیکن خدائی جادو کا ایک حرف کہیں تک نہیں ملتا۔ شواہد بتلا رہے ہیں کہ نہ تو خدا نے جادو بھیجا اور نہ ہی خدائی جادو کی ضرورت تھی۔ اس لئے کہ دنیا میں وہی نحس چیزیں چلے

کونسی کمی تھی۔ البتہ اگر کمی تھی تو ہدایت کی کمی تھی جسے خدا تعالےٰ نے بروقت اپنے انبیاء و مرسلین پر نازل کیا۔ قائلین سحر کہا کرتے ہیں کہ فرشتوں کا جادو زوجین کے تعلقات کو بگاڑنے والا تھا۔ افسوس کہ اس وقت ان علماء کو یہ حدیث کیوں بھول گئی کہ شیطان کا سب سے بڑا کام یہی نشوز زوجین ہے؟ اور یہ مذموم نسبت خدا کی طرف کیسے ممکن و جائز ہوسکتی ہے؟ اور پھر یہ نشوز زوجین تو بعض اوقات محض روپیہ پیسہ اور لالچ طمع سے بھی کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً ایک غریب عورت کو زرکثیر کا لالچ دیکر یا ایک مرد کو روپیہ کا طمع دلا کر زن و شوہر کا تعلق خراب کیا جائے تو بہت جلد اور بڑی خوبی کے ساتھ ہوسکتا ہے۔ اور اس کے سوا رات دن ابلیس اپنے شیطانی لشکر کے ساتھ یہی خدمت انجام دے رہا ہے۔ تو خدا تعالیٰ کو آگ پر تیل چھڑکنے کی کیوں ضرورت ہوئی؟ کیا ایسے وقت کا تقاضا یہی تھا کہ خدا کی طرف سے بھی زوجین کے باہمی تعلقات خراب کرنے کے لئے وحی کے طور پر سحر کا نزول ہو؟ نہیں ہرگز نہیں؟ بلکہ ایسے موقع پر تو حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے پیغمبر کی ضرورت تھی۔ جو تمام جادوگروں اور مکاروں

کے پردوں کو چاک کرکے باطل کو تباہ و برباد اور حق کا بول بالا کرتے۔ علاوہ ازیں ان اسرائیلی روایات میں بھی تو یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ خدا تعالےٰ نے دو فرشتوں کو جادو دیکر بھیجا اور وہ جادو سکھایا کرتے تھے۔ بلکہ ان اسرائیلی خرافات میں تو صرف یہ ہے کہ ملائکہ نے ابن آدم کے گناہوں پر تضحیک کی کہ اے خدا ابن آدم بہت بڑا پاپی ہے۔ اس کہنے پر خدا تعالیٰ نے دو فرشتوں کو بھیجا اور وہ بھی اسلئے کہ ان کو پتہ چل جائے دنیا کیسی میٹھی اور لذت انگیز ہے یہاں جاکر معاصی سے بچ رہنا کس قدر دشوار اور صرف مرد صالح کا ہی کام ہے۔ چنانچہ وہی کچھ ہوا۔ فرشتے آئے اور فارسی حسینہ کے جلوہ حسن کی ایک تاب بھی نہ لاسکے۔ دیکھتے ہی بے قرار ہوکر آلودہ عصیان ہوئے۔ قرآن حکیم میں نزول سحر کا انکار ہو رہا ہے۔ اور بعض مفسرین باب التفسیر میں ملائکہ کے عشق و محبت اور فسق و فجور کی بیہودہ داستان پارینہ بیان کر رہے ہیں۔ اور تفاسیر میں جو کچھ ما انزل علی الملکین کے تحت مواد مل رہا ہے وہ یہی زہرہ کے عشق و حسن کی کہانی ہے۔ ایک لفظ بھی تو ایسا نہیں جس کا مفہوم یہ ہو کہ خدا تعالےٰ نے ہاروت و ماروت دو فرشتوں پر سحر نازل کیا تھا۔ پھر خدا جانے مابعد علماء نے یہ طویل

اعلان حق

ہر کلمہ گو مسلمان پر واجب ہے کہ وہ ان چار مسائل پر ضرور عمل پیرا ہو بغیر اس کے وہ نہ تو مومن بن سکتا ہے اور نہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرسکتا ہے وہ یہ کہ (۱) تحصیل علم جس سے خدا اور رسول اور دین اسلام کی مدلل معرفت حاصل ہو۔ (۲) اس علم پر عمل۔ (۳) بندگان خدا کو دین اسلام کی دعوت۔ (۴) دعوت و تلقین میں جو مشقت اور اذیت لاحق ہو اون پر صبر و تحمل۔ ان چاروں مسائل کی دلیل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔ ترجمہ قسم ہے زمانہ کی کہ (سارے لوگ) نقصان میں ہیں مگر وہ (لوگ) (۱) جو ایمان لائے (۲) اور نیک عمل کئے۔ (۳) اور ایک دوسرے کو حق (پیروی) کی ہدایت کرتے رہے (۴) اور ایک دوسرے کو (مصیبت میں) صبر کرنے کی تاکید کرتے رہے۔ حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اللہ جلشانہ اگر اپنے بندوں پر حجت قائم کرنے کے لئے صرف یہی سورہ نازل فرماتا تو کافی تھی۔ کتب احادیث اور کتب شرعیہ میں اس کے بہت سے فضائل بیان کئے گئے ہیں۔ ایک زمانہ وہ تھا جبکہ تبلیغ کے شور سے سارا ہندوستان گونج رہا تھا مگر آج کسی طرف سے ایک حقیر آواز بھی نہیں سنائی دیتی اور مسلمان اس طرف سے قطعی لاپرواہ اور غافل ہیں۔ لہٰذا مسلمانوں میں عملی بیداری پیدا کرنے کی

ahmadimuslim.de

سخت ضرورت ہے۔ ہندوستان میں لاکھوں نومسلم اسلامی تعلیم سے قطعی ناواقف ہیں اور ان کے گمراہ ہوجانے میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ کروڑوں بندگانِ خدا کفر وظلمت کی تاریکی میں پڑے ہوئے ہیں۔ اون کے کان ﷲ کے نام اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پیغام سے ناواقف محض ہیں۔ مسلمانوں کا فرض ہے کہ اپنے ان دینی وملکی بھائیوں کو جہالت اور کفر کی تاریکی سے نکال کر اسلام کے اعلیٰ محاسن سے باخبر کرنے کی کوشش کریں۔ خادم قوم (پنڈت مولوی) احمد طاگر ڈوجاتی مبلغ اسلام قنوج ضلع فرخ آباد۔

مذاکرہ علمیہ

(از مولوی ابوالطیب عبدالصمد صاحب مبارکپوری اعظمی)

اخبار اہلحدیث مجریہ ۲۵ جمادی الاول سنہ رواں میں ابویحیٰی محمد زکریا صاحب نے عنوان مذکور کے ماتحت علماء اہل حدیث کو متوجہ کیا ہے کہ حدیث مندرجہ مذاکرہ پر روشنی ڈالیں بناءً علیہ یہ سطور پیش کش ہیں۔ مذاکرہ میں حدیث یوں نقل کی گئی ہے۔ نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یّنام الرجل علی السطح لیس محجوب۔ حدیث کے یہ الفاظ کس کتاب کے ہیں حوالہ نہیں بتلایا گیا ہے گو اسکے معنی بھی تکلف درست ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس کے الفاظ دراصل اس طرح پر ہیں۔ "نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ ان ینام الرجل علی سطح لیس محجور علیہ" (مشکوٰۃ باب الجلوس والنوم والمشی۔ ترمذی عن جابر) اسکے معنے ظاہر ہیں یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی چھت کے اوپر جسکے کنارے پتھر (وغیرہ) سے گھیرے ہوئے نہیں ہیں خفت و خواب سے منع فرماتے ہیں: کیونکہ ایسی چھت پر سونے سے نیچے گر پڑنے کا قوی اندیشہ اور غالب گمان ہے اس سے احتیاط کرنا ضروری ہے۔ اس صورت میں "لیس محجور علیہ" جملہ بتاویل مفرد ہو کر سطح کی صفت واقع ہے۔ الرجل کی صفت نہیں بن سکتا۔ اس لئے کہ مطابقت بین الموصوف والصفت معدوم ہے جس کا وجود ضروری ہے۔ اسکی تائید دوسری حدیث سے ہوتی ہے جو یہ ہے۔ "من بات علی ظہر بیت لیس علیہ حجاب وفی روایۃ حجار فقد برئت منہ الذمۃ" (ابوداؤد عن علی بن شیبان۔ مشکوٰۃ باب مذکور) یعنی جو کوئی گھر کی ایسی چھت پر جس پر کوئی اوٹ نہیں ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ جس پر پتھر نہیں (لگے) ہیں رات گذارے تو اللہ کا ذمہ اس سے بری ہے" یعنی اللہ اسکی حفاظت کا ذمہ دار نہیں۔ پس ایسی صورت میں اگر کوئی رات کو چھت پر رہے سہے۔ سوئے بیٹھے اور بدقسمتی سے نیچے گر جاوے تو اس کا الزام اسی پر ہوگا تمام لوگ اسی کو فضیحت و ملامت کرینگے اور یہ نہیں کہا جاویگا کہ اللہ تعالیٰ نے اسکی قسمت میں یہی لکھ دیا تھا بلکہ ایسی صورت میں اللہ کی حفاظت وصیانت اس سے مرتفع ہو جاتی ہے کیونکہ وہ خود بلا میں پھنسنے کا سبب بنا اور ہلاکت کے لئے متعرض ہوا۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اسباب اور ذرائع ووسائل کا مہیا کرنا اور عمل میں لانا انسان پر لازم ہے جیسا کہ دوسری روائت میں ہے کہ ایک صحابی نے دریافت کیا کہ اونٹ کو کھلا چھوڑ دوں اور اللہ پر توکل کروں یا باندھوں اور توکل کروں آپ نے ارشاد فرمایا "اعقلہا وتوکل" باندھ اور توکل کر۔

الف کا یہ مطلب بیان کرنا کہ "انسان مادرزاد برہنہ ہوکر کسی میدان میں نہ سوئے" نہایت لغو اور مہمل ہے اسلئے کہ مادرزاد برہنہ ہوکر سونا تو ہر مکان میں مکروہ وقبیح بلکہ حرام ہے۔ کوئی شریف الطبع اور صحیح الفطرت انسان اس کو کبھی اور کسی حال میں پسند نہ کریگا چہ جائیکہ بلاضرورت کراہت طبعی کے ایسا کرنا یہ تو بہت ہی معیوب ہے۔ پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم جن کی حیا اور غیرت تمام انسانوں سے بدرجہا بڑھ کر اور کامل تر ہو۔ اپنے کلام میں ایسا فرمائیں؟ حاشا وکلا۔ اگر الف کے بیان کردہ معنے صحیح ہوں تو ثابت ہوگا کہ میدان کے علاوہ یعنی مکان کے اندر مادرزاد برہنہ سونا ممنوع نہیں ہے حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے۔ جیسا کہ بہز بن حکیم اپنے باپ سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ قلت یا نبی اللہ عوراتنا ما نأتی منھا وما نذر قال احفظ عورتک الا من زوجتک او ما ملکت یمینک قلت یا رسول اللہ اذا کان القوم بعضھم فی بعض قال ان استطعت ان لا یراھا احد فلا تریںھا قال قلت یا نبی اللہ اذا کان احدنا خالیا قال فاللہ احق ان یستحیی من الناس (ترمذی) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا ہم اپنی شرمگاہ سے کیا چیز ظاہر کریں اور کیا چیز چھوڑیں یعنی ظاہر نہ کریں آپنے فرمایا اپنی شرمگاہ کو نگاہ رکھ مگر اپنی بیوی سے یا اپنی لونڈی سے۔ کہتے ہیں وہ میں نے عرض کیا جب ایک قوم اپنی قوم کے ساتھ ہو (تو کیا کرنا چاہئے) آپ نے فرمایا اگر تیرے بس میں یہ بات ہو کہ تیری شرمگاہ کو کوئی نہ دیکھنے پائے تو ہرگز مت دکھلا۔ کہتے ہیں میں نے عرض کیا۔ جس وقت ہم میں سے کوئی شخص تنہا ہو (تو کیا حکم ہے) آپ نے فرمایا لوگوں سے زیادہ اللہ تعالےٰ حق رکھتا ہے کہ اس سے شرم کی جاوے (غرض کسی حالت میں کشف عورت (عضو مخصوص کے ساتھ برہنہ ہونا) کا اختیار (بجز مذکورہ دو صورتوں کے) نہیں دیا۔ برہنگی تو درکنار اسی طرح بَ کا یہ کہنا کہ کسی ایسے بھی مقام پر نہیں سو سکتے ہیں جس کے اوپر سائبان ہو" نہایت عجیب غریب معلوم ہوتا ہے۔ شاید "سائبان" کے بعد لفظ کاتب سے سہواً چھوٹ گیا ہے۔ یعنی اصل میں "سائبان نہ ہو" ہے لیکن پھر بھی یہ مطلب صحیح نہیں ہے۔ حجابٌ اور محجور یا محجوب کا جو لفظ ہے اس سے وہی مقصد ہے جو اوپر بیان کیا گیا۔

غرض الف اور ب دونوں نے اس حدیث کا جو مطلب بیان کیا ہے کوئی بھی صحیح نہیں ہے۔

کما لا یخفیٰ علی من لہ ادنیٰ مہارۃ بالاحادیث النبویۃ۔ فقط۔

ناظرین غلط کتابت کرنے وقت چٹ نمبر اپنے پیمانہ اور خوشخط تک کیا کریں۔ [illegible]

(۸۶۲)

ahmadimuslim.de

فتاویٰ

س ۲۳۴} ایک شخص ایک عورت خریدتا ہے لونڈی کے طریقے پر لیکن نکاح نہیں کرتا بغیر نکاح اپنے کام میں لاتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ لونڈی خریدی ہوئی ہے تو کیا یہ جائز ہے؟ (خریدار اہلحدیث نمبر ۲۲۰۰)

ج ۲۳۴} آج کل لونڈی کوئی نہیں۔ یہ عورتیں تمام آزاد ہیں اور آزاد کو غلام بنانا موجب لعنت ہے۔ شخص مذکور بغیر نکاح کے ملاپ کرتا ہے تو زانی ہے۔ (نوٹ) واضح رہے کہ آج کل جو عورتیں فروخت کی جاتی ہیں، یہ قانوناً و شرعاً ناجائز ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۳۵} میت کو دفن کرنے کے بعد سرہانے کھڑے ہوکر سورہ بقر کا پہلا رکوع اور پاؤں کی طرف سورہ بقر کا آخری رکوع پڑھتے ہیں تو یہ ہاتھ اٹھا کر پڑھے یا ایسا ہی پڑھے اور اتنا ہی پڑھے یا اور زیادہ؟ (سائل مذکور)

ج ۲۳۵} قبر کے سرہانے یا پاؤں کی طرف سورہ بقرہ کا اول آخر علی الترتیب پڑھنا بعض صحابہ کا فعل ہے۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ۔

س ۲۳۶} جمعہ کا خطبہ زوال سے پہلے پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۲۳۶} آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ بعض علماء کا قول ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

س ۲۳۷} پتنگ کی تجارت جائز ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۲۳۷} پتنگ بازی فی نفسہ لہو ولعب ہے اس کی تجارت بھی اسی حکم میں ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۳۸} ایک میت کی لاش کو تین روز کے بعد دفن کرنے کا موقع پڑا تو اوس کی نماز جنازہ سامنے لاش رکھ کر پڑھی جائے یا کس طریقے سے کیونکہ لاش میں تعفن پیدا ہوگئی ہے اور ایک شخص بوجہ تعفن و نزاہت طبعی کے سامنے لاش رکھ کر نماز پڑھنے سے متنفر ہے تو وہ معذور سمجھا جائیگا یا عنداللہ ماخوذ ہوگا

(ایک از خریدار اہلحدیث)

ج ۲۳۸} شخص مذکور بہتر ہے کہ دور کھڑا ہوکر نماز جنازہ پڑھ لے۔ ترک نہ کرے۔ اگر ترک بھی کردے تو عنداللہ ماخوذ نہیں۔ کیونکہ جنازہ فرض کفایہ ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۳۹} ہمارے شہر میں ایک مسجد اہلحدیث ہے۔ جس میں فجر و ظہر و عصر کی دو دو جماعتیں ہوتی ہیں ایک اول وقت پر اور دوسری جماعت آدھا گھنٹہ اور سوا سوا گھنٹہ دیر بعد ہوتی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ جو شخص پہلی جماعت میں نماز پڑھ لے اور پھر اسی جگہ ورد و ظیفہ کے لئے بیٹھا رہے اور پھر دوسری جماعت شروع ہو تو اس وقت اپنے وظیفہ میں مشغول رہے یا دوسری جماعت میں دوبارہ نماز فریضہ کیلئے شریک ہوجائے؟

(ابوسعید عبدالرحمٰن قریہ کوٹی از چنیوٹ)

ج ۲۳۹} سوائے نماز فجر و عصر کے دوسری نمازوں میں شامل ہوسکتا ہے۔ مغرب کی نماز ہو تو بہ نیت نفل تین رکعتیں امام کے ساتھ پڑھ کر ایک اور رکعت الگ پڑھ لے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مسلک کے مطابق نماز فجر و عصر بھی پڑھ سکتا ہے۔ ظاہراً یہ قول حضرت عائشہ کا حدیث کے خلاف ہے اللہ اعلم!

س ۲۴۰} سیاہ خضاب کا کیا حکم ہے؟ بعض علماء کالے خضاب کو جائز کہتے ہیں۔ (سائل مذکور)

ج ۲۴۰} صرف سیاہ خضاب منع ہے۔ مخلوط بالحناء جائز ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۴۱} بلا عذر ننگے سر نماز جائز ہے یا نہیں؟ بعض لوگ کہتے ہیں خذوا زینتکم عند کل مسجد۔ اس آیت کے تحت پگڑی زینت میں داخل ہے اور پگڑی کے بغیر نماز مکروہ ہے اور ننگے سر محض ضرورت کے وقت (جبکہ پگڑی نہ ہو تو) نماز جائز ہے۔ اور بعض لوگ ننگے سر پر مذاق اڑاتے ہیں۔ (سائل مذکور)

ج ۲۴۱} ننگے سر نماز پڑھنا بلا کسی قید کے جائز ہے مگر اس پر جھگڑنا اور اس کو تعامل بنانا صحیح نہیں۔ افضل یہی ہے کہ عمامہ یا ٹوپی وغیرہ رکھ کر نماز ادا کرے۔ لقولہ تعالیٰ خذوا زینتکم عند کل مسجد الآیۃ۔ اللہ اعلم!

نوٹ:۔ فتوے اسی قدر تھے۔ (مفتی)

اہل حدیث لیگ بھوارہ کا قیام

بتاریخ ۱۷ اگست ۱۹۳۹ء بعد نماز مغرب مسجد اہل حدیث بھوارہ راگھونگر میں زیر صدارت منشی عبدالعزیز اہل حدیث بھائیوں کا جلسہ عام منعقد ہوا۔ اور باتفاق آرا حسب ذیل تجویزیں پاس ہوئیں۔

(۱) جماعت اہل حدیث کی سیاسی تنظیم کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اہل حدیث لیگ بھوارہ مدھوبنی کی تشکیل عمل میں آئی۔

(۲) جناب منشی عبدالعزیز صاحب رئیس اہل حدیث لیگ بھوارہ کے صدر اور عبدالظاہر سلفی مدرس مدرسہ اسلامیہ سکرٹری منتخب ہوئے۔

(۳) مجلس عاملہ کے اراکین کے انتخاب کا اختیار جناب صدر کو دیا گیا۔

خاکسار عبدالظاہر سلفی سکرٹری اہل حدیث لیگ بھوارہ

مدرسہ اسلامیہ گویواری

ریاست کچھ کی حالت بہت ابتر ہے۔ قحط سالی کی وجہ سے اس علاقہ کے لوگ کچھ امداد نہیں کرسکتے۔ اس لئے جملہ ناظرین کی خدمت میں التماس ہے کہ اس کی امداد فرماکر عنداللہ ماجور رہیں۔

پتہ:۔ متوہ میاں مصری مہتمم مدرسہ اسلامیہ دار النصیحۃ گویواری معرفت محمد طیب میاں جی احمد تعلقہ کھاوڑہ ریاست کچھ بھوج۔

مضمون نگار حضرات مضامین صفحہ کاغذ کے صرف ایک طرف پختہ روشنائی سے صاف خوشخط لکھ کر بھیجا کریں۔ پنسل سے لکھنے کی تکلیف نہ فرمایا کریں ورنہ عدم اندراج کی شکایت بے معنی ہوگی۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

ahmadimuslim.de

متفرقات

تحریک خاکساری | تحریک خاکساری والا مضمون کتابت ہو رہا ہے۔ جن جن صاحبوں نے چندہ دینے کا وعدہ کیا ہے یا جمع کرنے کی اطلاع دی ہے وہ جلدی بھیجدیں تاکہ تخمینہ لگانے میں غلطی نہ ہو۔ اور جنہوں نے ابتک توجہ نہیں کی وہ بھی بہت جلد توجہ کریں۔ بعض اصحاب کی رائے ہے کہ یہ رسالہ ایک لاکھ کی تعداد میں چھپنا چاہئے۔ میرا خیال بھی یہی ہے کہ رسالہ اس شان سے شائع ہو کہ پھر ضرورت نہ پڑے۔ یہ رسالہ مفت تقسیم ہوگا۔ محصول ڈاک کے علاوہ فی نسخہ ۳ پیسے چندہ اشاعت ان لوگوں سے لیا جائیگا جنہوں نے امدادی رقم نہیں بھیجی ہوگی مگر جنہوں نے کچھ امدادی چندہ بھیجا ہوگا وہ اس سے مستثنیٰ ہونگے۔

پس احباب کرام رقوم چندہ جلدی بھیجدیں اور مطلوبہ نسخوں کی تعداد سے اطلاع دیں۔

حساب دوستاں | مندرجہ ذیل خریداروں کی قیمت اخبار یا میعاد مہلت ماہ ستمبر میں ختم ہو جائیگی۔ اسلئے بذریعہ اعلان ہذا ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر آپ آیندہ اخبار کو بدستور جاری رکھنا چاہتے ہیں تو جلد از جلد

(۱) قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔

(۲) مہلت درکار ہو تو بذریعہ پوسٹ کارڈ اطلاع بھیجدیں

(۳) اگر خریداری سے ہی انکار ہو تو بھی مطلع فرمائیں۔ اگر علیحدہ پوسٹ کارڈ تحریر کرنا نہیں چاہتے تو مہربانی فرما کر اخبار ہذا کے ہمراہ جو مطبوعہ چٹھی بذریعہ ڈاک ارسال کی جا رہی ہے۔ اس پر انکاری لکھ کر واپس کر دیں۔

ورنہ ۲۸ ستمبر تک انتظار کیا جاویگا اگر مرسلہ مذکورہ امور میں سے کوئی اطلاع دفتر ہذا میں نہ پہنچی تو مجبوراً ۲۹ ستمبر کا پرچہ وی پی بھیجا جاویگا۔

مہلت ختم | جن اصحاب کی میعاد مہلت اس ماہ ختم ہو رہی ہے ان کو خود ہی اپنے وعدہ کو ایفا کرنے کے لئے قیمت اخبار بھیجدینی چاہئے ورنہ مزید مہلت دیئے بغیر

اخبار بند کرنا پڑیگا۔

بیرون ہند | کے خریدار حضرات بھی قیمت ختم ہونے کی اطلاع ملتے ہی قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر یا بذریعہ پوسٹل آرڈر بہت جلد بھیجدیا کریں۔ تاکہ دفتر کو بار بار یاد دہانی کرانے کی ضرورت نہ رہے۔

۷۱۰ - ۲۰۵۳ - ۲۴۸۰ - ۳۰۰۴ -
۳۵۴۷ - ۳۹۰۴ - ۵۲۰۹ - ۵۶۲۳ -
۶۱۲۷ - ۶۷۸۹ - ۶۸۴۷ - ۷۱۲۰ -
۷۱۴۸ - ۷۱۵۲ - ۷۱۶۱ - ۸۱۸۶ - ۸۲۵۹
۸۵۳۱ - ۸۷۳۵ - ۹۱۰۰ - ۹۳۲۳ -
۹۴۳۱ - ۹۵۱۳ - ۹۶۱۱ - ۹۶۱۲ -
۹۶۳۱ - ۹۹۹۱ - ۱۰۰۱۸ - ۱۰۱۴۸ - ۱۰۳۷۹
۱۰۴۵۰ - ۱۰۷۲۶ - ۱۰۷۳۹ - ۱۰۷۴۶ -

غریب فنڈ

میں

عرصہ سے کوئی رقم نہیں آئی۔ اصحاب خیر ماہ رجب المرجب میں صدقات خیرات کرتے وقت اس فنڈ کا بھی خیال رکھیں اس فنڈ سے بہت سے نادار اور مفلس غرباء کے نام اخبار اہلحدیث جاری کیا جاتا ہے۔

۱۰۷۸۴ - ۱۰۹۷۳ - ۱۱۰۱۷ - ۱۱۱۱۲ -
۱۱۱۷۷ - ۱۱۲۰۵ - ۱۱۲۳۴ - ۱۱۲۵۲ -
۱۱۳۴۲ - ۱۱۴۴۳ - ۱۱۴۶۹ - ۱۱۵۷۵ -
۱۱۶۱۰ - ۱۱۶۸۲ - ۱۱۷۱۶ - ۱۱۸۵۶ -
۱۱۸۶۶ - ۱۱۹۰۶ - ۱۱۹۴۴ - ۱۲۰۲۶ -
۱۲۰۷۷ - ۱۲۰۸۵ - ۱۲۰۸۷ - ۱۲۱۸۸ -
۱۲۱۹۶ - ۱۲۲۰۶ - ۱۲۲۱۰ - ۱۲۲۳۷ -
۱۲۲۳۸ - ۱۲۲۴۰ - ۱۲۲۴۶ - ۱۲۲۵۲ -
۱۲۲۷۷ - ۱۲۳۴۶ - ۱۲۳۶۳ - ۱۲۳۷۰ -
۱۲۳۸۶ - ۱۲۳۹۹ - ۱۲۴۰۱ - ۱۲۴۰۷ -
۱۲۴۱۱ - ۱۲۴۱۴ - ۱۲۴۱۹ - ۱۲۴۲۲ -
۱۲۴۲۵ - ۱۲۴۲۶ - ۱۲۴۳۰ - ۱۲۴۳۱ -
۱۲۴۳۱ - ۱۲۴۳۲ - [illegible] - ۱۲۴۶۷
۱۲۴۷۲ - ۱۲۴۷۳ - [illegible] - ۱۲۴۹۹ -
۱۱۵۰۵ - [illegible] - [illegible] - ۱۲۵۱۹ -
۱۲۵۵۲ - ۱۲۵۵۸ - ۱۲۴۸۶ -

غریب خانہ | ۱۱۶۸۴ - ۱۱۹۲۸ - ۱۱۹۲۵
۱۲۰۰۷ - ۱۲۰۸۲ - ۱۲۰۸۶ - ۱۲۲۴۲ -
۱۲۴۳۲ - ۱۲۴۳۵ -

اہل حدیث کانفرنس | جماعت اہل حدیث مالیگاؤں کی **جمعیتہ تبلیغ اہل حدیث پنجاب** | کے لئے از چشتی محمد صدیق محمد فاضل ٹانڈیا نوالہ ضلع لائلپور ۵ر

ضروری اعلان | حسب تجویز مجلس شوریٰ مدرسہ محمدیہ قصبہ باڑی ریاست دھول پور جناب حافظ عبدالحمید صاحب منتظم مدرسہ ہذا بغرض حصول امداد بعہدہ سفارت مامور ہو کر دورہ شروع کر رہے ہیں۔ لہٰذا ارباب ثروت و علم دوست احباب سے درخواست ہے کہ حافظ صاحب موصوف کے ذریعہ مدرسہ کی مالی امداد میں پوری ہمدردی فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ امسال بوجہ اہم ضرورت خود سفارت کی صعوبت برداشت کر کے آپ حضرات کی خدمت میں حاضر ہو رہے ہیں۔ اگر کوئی صاحب براہ راست مدرسہ کی امداد فرمانا چاہیں تو پتہ ذیل پر خط و کتابت و ترسیل منی آرڈر فرماویں۔

عبدالحمید نائب سکرٹری مدرسہ محمدیہ قصبہ باڑی ریاست دھول پور۔ (۸ر برائے اشاعت فنڈ وصول)

تعمیر مسجد اہل حدیث مرزا پور | کی اعانت کے لئے مولوی حافظ ابوالوحید محمد عبداللہ صاحب عقیل مئوی عنقریب مکرر دورہ شروع کرینگے۔ اصحاب خیر خصوصاً اہل حدیث حضرات اس کار خیر میں شریک ہو کر ثواب حاصل کریں۔

نوٹ | مسجد کی تعمیر کے سلسلہ میں آمد و خرچ کا حساب انشاء اللہ علیحدہ شائع کیا جائیگا۔ (خلیل احمد خادم انجمن ہذا) (۲ر اشاعت فنڈ وصول)

نام غلط چھپ گیا | اہلحدیث ۲۸ اگست ۱۹۳۷ء میں ایک مضمون بھوپال میں ایک دن میرے نام سے شائع ہوا ہے جو دراصل استاذی محترم مولانا عبدالمجید صاحب مہتمم جدید مدرسہ محمدیہ کا مرقوم تھا۔ خاکسار نے توصرف

جنگلوں کی دنیا۔ جو جانور، مصنوعی پرندوں، موذیوں (۳۴) وحشیوں کے حالات۔ قیمت ۴ر پتہ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

یورپ کا مطلع

غبار آلود نہیں ظلمت آلود ہے

جس اندوہناک واقعہ کا خطرہ عرصہ دراز سے لگا ہوا تھا وہ بالکل قریب آگیا ہے۔ یعنی جنگ یورپ سر پر آگئی ہے۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ یہ پرچہ جس میں یہ سطور لکھی گئی ہیں ناظرین کے ہاتھوں میں پہنچنے تک اعلان جنگ پر کتنے دن گذر چکے ہونگے۔

ہندوستان جو محاذ جنگ سے ہزاروں میل دور ہے اس میں بھی یہ علامات پیدا ہوگئی ہیں:۔

(۱) پنجاب میں دریاؤں کے پلوں پر پہروں کا انتظام کیا گیا ہے

(۲) فوجی ملازموں کی رخصتیں منسوخ کرکے ان کو فوراً طلب کیا گیا ہے۔ آخری ہفتہ کی تعطیل بند کی گئی ہے۔

(۳) مرکزی ٹیلیگراف آفس پر فوجی پہرہ لگا دیا گیا ہے

(۴) کراچی میں طیارہ شکن توپیں نصب کی گئی ہیں۔

(۵) غیر ملکی باشندوں کی نقل و حرکت کی نگرانی ہونے لگی ہے

(۶) فوجوں کی نقل و حرکت شروع ہوگئی ہے۔ ہندوستان سے دو فوجیں ایک جزیرہ نما ئے ملایا کو دوسری مصر کو بھیجی گئی ہیں۔

غرض اس وقت یورپ کا مطلع اس حدیث کے ماتحت آگیا ہے۔ جس میں ذکر ہے کہ حضور علیہ السلام نے عرب کی آئندہ پریشانیوں کو بحالت کشف دیکھ کر فرمایا تھا۔

ویل للعرب من شر قد اقترب

(عرب کے لئے افسوس ہے اس شر سے جو قریب آگیا ہے)

اب ہم اس حدیث کے الفاظ میں تصرف کرکے یوں کہنا چاہتے ہیں

ویل للاروبا من شر قد اقترب

(یورپ کیلئے افسوس ہے اس شر سے جو قریب آگیا ہے)

یورپ کے شر میں ہندوستان اور دیگر ممالک بھی حصہ دار ہونگے۔ یہ لڑائی کس ساز و سامان سے ہوگی اس کی بابت یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ

لا عین رأت ولا اذن سمعت

بندوق کی ایجاد سے تیر و کمان چھوٹ گئے پھر توپ کے سامنے بندوق ماند پڑگئی۔ اب توپ کا استعمال بھی بہت کم ہوگا۔ اس کی بجائے ایسے ایسے گیسوں سے کام لیا جائیگا۔ جن کا پورا علم ہم ہندوستانیوں کو نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔

کم بخت جرمنی تو اپنے ساز و سامان کے بل بوتے پر یہاں تک مغرور ہوگیا ہے گویا وہ کہہ رہا ہے ؎

نہ پیروئ قیس نہ فرہاد کرینگے
ہم طرز جنوں اور ہی ایجاد کرینگے

باوجود اس ظلمت پر ظلمت کے امریکہ کے پریذیڈنٹ (مسٹر روز ویلٹ) ابھی تک صلح کی کوشش کر رہے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے جرمنی، پولینڈ اور شاہ اطالیہ کے نام حسب ذیل تجاویز ارسال کی ہیں:۔

(۱) غیر جانبدار مصالحتی کمشن مقرر کئے جائیں۔

(۲) آپس میں صلح صفائی سے جھگڑے نپٹائے جائیں اور کسی غیر جانبدار ملک کو یا امریکہ کی کسی ریاست کو ثالث مقرر کر لیا جائے۔ (۳) خاص عرصہ کے لئے عارضی صلح کرلی جائے تاکہ معاملہ پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جاسکے۔

ہٹلر سے خطاب ہر ہٹلر کو مسٹر روزویلٹ نے لکھا ہے کہ آپ نے میری اپریل والی اپیل کا ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اب بھی صلح صفائی سے معاملہ طے کیجئے اور طاقت کے استعمال تک نوبت نہ آنے دیجئے۔ امریکہ کے تمام باشندے طاقت اور زور سے مطالبات منوانے کے سخت خلاف ہیں۔ اسی طرح وہ اس چیز کے بھی مخالف ہیں کہ کوئی حکمران اپنے مقصد کے حصول کے لئے لاکھوں بندگان کو ہلاکت کے گڑھے میں دھکیل دے میں اہل امریکہ کی طرف سے درخواست کرتا ہوں کہ میں نے جو تین طریقے پیش کئے ہیں ان میں سے کسی ایک کو اختیار کیجئے۔"

(انقلاب لاہور صفحہ ۱ ۔ ۲۷ اگست ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث ان تجاویز کے جواب میں اگرچہ جرمنی کے ڈکٹیٹر (ہر ہٹلر) نے شرائط مصالحت حکومت برطانیہ کو بھیجدی ہیں جن پر غور کیا جا رہا ہے۔ لیکن باخبر حلقوں کو معلوم ہے کہ ہر ہٹلر نے معاہدہ میونخ میں برطانیہ اور فرانس کے ساتھ اس شرط پر مصالحت کی تھی کہ وہ جرمن اکثریت والا علاقہ (سوڈیٹن لینڈ) حاصل کرنے پر کفائت کریگا اور مزید پیش قدمی نہیں کریگا۔ اہلحدیث نے اس وقت جو رائے ظاہر کی تھی آخر وہی صحیح ثابت ہوئی۔ یعنی شیخ سعدی مرحوم کے فلسفہ سیاست کے ماتحت جو آپ نے سلطنتوں کے متعلق عموماً اور دول یورپ کے متعلق خصوصاً اس شعر میں بیان کیا ہے ؎

ہفت اقلیم ار بگیرد بادشاہ
ہم چناں در بند اقلیمے دگر

ہر ہٹلر نے جیکوسلواکیہ سارے کا سارا ہڑپ کر لیا اور برطانیہ و فرانس صرف زبانی احتجاج کرکے رہ گئے

تبرا ایجی ٹیشن لکھنؤ اور خاکساری ڈکٹیٹر

ناظرین باخبر ہونگے کہ تبرا ایجی ٹیشن لکھنؤ اپنی شان میں مسلمانان ہندوستان کے لئے آج کل سخت تکلیف دہ ثابت ہو رہا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر لکھنؤ کی یہ دونو جماعتیں (شیعہ و سنی) اسلحہ جنگ کے ذریعہ لڑ کر مٹ جاتیں تو مسلمانان ہند بلکہ مسلمانان دنیا کو اتنا رنج نہ ہوتا جتنا آج کل ہو رہا ہے۔

ڈکٹیٹر خاکساران (مشرقی صاحب) نے اس میں دخل دیا۔ مگر چونکہ اپنی حیثیت سے بڑھ کر نمائش دکھائی۔ اس لئے ان کو سخت ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا اس سلسلہ میں آپ کے عجیب و غریب بیانات شائع ہوئے۔ آپ کے یہ فقرے خصوصاً قابل غور ہیں کہ اگر حکومت (یوپی) لکھنؤ نے ہمارے تعاون کو منظور نہ کیا یا اس غرض کو تسلیم نہ کیا کہ سنی اور

ahmadimuslim.de

شیعہ اصحاب میں بہ زور صلح کرانا حکومت کا کام ہے تو ہمارے دل میں حکومت یوپی کی نیت اور رعیت پروری کے متعلق خطرناک شکوک پیدا ہو جائینگے۔ جس کا نتیجہ سوائے اسکے نہ ہو گا کہ ہم اس ظلم کو دنیا سے نیست و نابود کرنے کیلئے سربکف ہو جائیں اور اپنے خون کا آخری قطرہ یوپی کی وزارت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کیلئے بہادیں۔" (الاصلاح لاہور ۱۸۔ اگست ص۳)

ناظرین ملاحظہ کریں اس قسم کا تہدید آمیز مضمون کوئی حکومت برداشت کر سکتی ہے؟ اسی لئے حکومت یوپی نے مشرقی صاحب کو جو جواب دیا ہے ہماری رائے میں وہ کچھ غیر موزوں نہیں ہے۔ حکومت کا جواب خود پرچہ "الاصلاح" ۲۵۔ اگست میں چھپا ہے اور جو خاکساران سندھ کے ناظم اعلیٰ مقیم لکھنؤ کی طرف سے بذریعہ تار مشرقی صاحب کو پہنچا ہے۔ اسکے اصل الفاظ یہ ہیں:۔

"حکومت یوپی ۱۸۔ اگست کے "الاصلاح" کی دھمکی کی بنا پر خاکسار تحریک کے ساتھ تعاون کرنے سے انکار کرتی ہے۔" (الاصلاح ۲۵۔ اگست ص۲)

حکومت یوپی کا انکار لاہور کے روزانہ اخبارات "پرتاپ"، "انقلاب" وغیرہ نے ان الفاظ میں شائع کیا ہے:

"لکھنؤ ۲۴۔ اگست۔ تحریک خاکسار کے لیڈر علامہ مشرقی نے حال ہی میں اپنے اخبار میں شیعہ سنی تنازعہ کے سلسلہ میں یوپی گورنمنٹ کے خلاف جو غیر ذمہ دارانہ مضامین شائع کئے ہیں اور جن میں ایک کے ذریعہ یوپی گورنمنٹ کو دھمکی دی گئی ہے کہ اگر اس نے شیعہ سنی تنازعہ کو ختم کرانے کی کوشش نہ کی تو ایک لاکھ خاکسار لکھنؤ پہنچ کر یوپی گورنمنٹ کی اینٹ سے اینٹ بجا دینگے۔ ان کی وجہ سے تحریک خاکساران کے متعلق یوپی کے سرکاری حلقوں کی رائے میں [illegible] تبدیلی واقع ہو گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے گورنمنٹ نے علامہ مشرقی کو مطلع کر دیا [illegible] تنازعہ کے متعلق یوپی گورنمنٹ ان سے کسی قسم کی گفت و شنید کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اور نہ ہی انہیں ذمہ دار شخص سمجھتی ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یوپی کے خاکساروں کے لیڈر نے وزیر اعظم یوپی سے انٹرویو کرنے کی کوشش کی۔ لیکن وزیر اعظم نے ملاقات کرنے سے صاف انکار کر دیا۔"

(پرتاپ لاہور ۲۶۔ اگست ۱۹۳۹ء)

اسی کے قریب قریب الفاظ "انقلاب" ۲۶۔ اگست میں شائع ہوئے ہیں۔

ماسٹر عنائت اللہ اگر سیاست سے واقف اور قانون دان ہوتے تو مقولہ مشہور "ایاز قدر خود بشناس" کے ماتحت گفتگو کرتے۔ ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ پنجاب کا چیف جج جو ایک معنی سے پنجاب کا بے تاج بادشاہ ہے جس کا ایک ایک لفظ صوبے کے لئے قانون کا حکم رکھتا ہے وہ بھی یوپی، بنگال وغیرہ صوبوں کے وزرائے اعظم کو ان الفاظ سے مخاطب کرے تو وہی جواب پائیگا جو ماسٹر عنائت اللہ نے پایا ہے اس کی تفصیل ہم آیندہ کسی پرچے میں کرینگے۔

ہم سچ کہتے ہیں کہ فلسفہ سیاست کا دیباچہ پڑھا ہوا شخص بھی ایسی حرکتیں نہیں کر سکتا جو مشرقی صاحب کر رہے ہیں۔ جب سے انہوں نے لکھنؤ ایجی ٹیشن میں دخل دیا ہے ہم ان کی تحریروں کو بغور دیکھتے رہے ہیں۔ آج جو تلخ نتیجہ ان کو پیش آیا ہے ہم پہلے ہی اس کو بھانپ چکے تھے۔

(نوٹ) کچھ مدت ہوئی آپ (مشرقی صاحب) اپنے چند اتباع کے ساتھ دفتر اہلحدیث میں آئے تھے۔ معمولی مزاج پرسی کے بعد اثنائے گفتگو میں میں نے اپنی سمجھ کے مطابق ان کی تحریروں پر کچھ اظہار خیال کیا۔ جو اس زمانے میں اتنی زیادہ سخت نہ تھیں جتنی آج کل ہیں۔ ان کے نتیجہ سے ان کو آگاہ کیا تو انہوں نے از خود یہ کہا کہ میں جان گیا ہوں کہ آپ سیاستدان ہیں۔ یہ بھی خود ہی کہا کہ میں آیندہ اس قسم کا جو مضمون لکھونگا پہلے اس کو آپ کے پاس بغرض اصلاح بھیجدیا کرونگا۔ صفحے کے ایک کالم پر لکھونگا اور دوسرا کالم آپ کی اصلاح کے لئے چھوڑ دونگا۔ مگر اس پر آج تک عمل نہیں ہوا۔ وکفیٰ باللہ شہیداً

اخیر میں ہم خاکسار تحریک کے ممبروں سے اتنا پوچھتے ہیں کہ [illegible] دماغ کا [illegible] اور ایسی غلط راہ چلنے والا شخص کسی قوم کا رہنما ہو سکتا ہے؟

گر ہمیں مکتب است و ایں ملّا
کار طفلاں تمام خواہد شد

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی مجلس شوریٰ کا ایک اجلاس بتاریخ ۱۹۔ اگست ۱۹۳۹ء کو دفتر آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں منعقد ہوا جس میں کنور حاجی محمد اسماعیل علی خان صاحب کے پیش کردہ مسودہ قانون دہلی مساجد ایکٹ پر غور کیا گیا۔ حاجی محمد صلح صاحب جلسہ کے صدر تھے

مجلس نے کافی بحث کے بعد طے کیا کہ اس مسودہ کی آخری دفعہ یعنی دفعہ ۱۶ کو جس کی رو سے جامع مسجد دہلی اور مسجد فتحپوری کے علاوہ دیگر مساجد اور اُن کے اوقاف کا انتظام بھی مجوزہ کمیٹی کے ہاتھ میں آسکیگا۔ مسودہ مذکور سے حذف کرانے کی کوشش کی جائے۔ اس لئے کہ جہاں تک جماعت اہل حدیث کا تعلق ہے اس جماعت کے اوقاف اور ان کی مساجد کی بدانتظامی کی کوئی شہادت موجود نہیں ہے اور نہ کسی نے اسکی کوئی شکائت کی ہے کہ اسکی بنا پر کانفرنس کی مجلس شوریٰ ان کے انتظامات کو خراب تسلیم کرے اور انکو مجوزہ کمیٹی کے سپرد کئے جانے پر راضی ہو جائے۔

مجلس شوریٰ نے کنور صاحب کی اس تجویز کو بہت ہی رنج اور افسوس کے ساتھ دیکھا کہ انہوں نے مجوزہ کمیٹی کی رکنیت کے لئے حنفی کی شرط لازم قرار دیدی ہے۔ مجلس شوریٰ مذکور کی رائے میں ان کی اس تجویز سے مسلمانوں میں فرقہ وارانہ اور جماعتی منافرت اور اختلاف کا دروازہ بلا وجہ کھل جاتا ہے۔ اس لئے مجلس کی رائے میں اس شرط کو بھی حذف کرانے کی کوشش ہونی چاہئے۔ شوریٰ میں تقریباً [illegible] حضرات شریک تھے جن میں سے:

حسن البیان - مولانا شبلی مرحوم کی کتاب سیرۃ النعمان کا مدلل جواب از مولانا عبد العزیز رحیم آبادی - قیمت [illegible] (علاوہ محصول)

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث و جرنا خریداران اہلحدیث“
علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل و دق۔ دمہ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان
یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر
ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے......
کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ
کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جانے
تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد
عورت بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔
ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم
میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال
نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک عہ۔ آدھ پاؤ ہے۔
پاؤ بھر ہے مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک
علیحدہ ہوگا۔ اہالیٔ برہما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک
پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ
کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادات

جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہزادہ پور ۔ میں
علی الاعلان ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ مومیائی ایک ایسی
فائدہ بخش دوا ہے جکی صفت بیان کرنے کیلئے مجھے کوئی لفظ
نہیں ملتے۔ مریض بہت دق کرتے ہیں اسلئے ایک مریض کیلئے
ایک چھٹانک ارسال فرمائیں (۱۰ جولائی سنہ)
جناب عبد اللہ صاحب ہیڈ ڈرافٹسمین مرزا پور۔
تین چھٹانک تین آدمیوں کے لئے مومیائی منگوائی تھی۔
خواہ میں بے نظیر رہی مگر مرض ابھی پورے نہیں گیا۔ پہلے
تینوں شخصوں کے لئے تین ڈبے ایک ایک چھٹانک وی پی
ارسال فرما کر شکر گزار فرمائیں (۱۶ جولائی سنہ)
ملنے کا پتہ۔ حکیم محمد سعید خان
... امرتسر

حضرت سید احمد شہید و مولانا اسمٰعیل شہید

تیرھویں صدی کے مجدد اعظم، محی السنہ مجاہد اکبر حضرت
سید احمد شہید رائے بریلوی اور آپ کے خلیفہ و وزیر ناصر السنہ
قامع البدعۃ، خالد ثانی، مجدد الاسلام مولانا محمد اسمٰعیل شہید
کے نام نامی سے ہندوستان کا کون مسلمان ناواقف ہے۔
لیکن ”شہیدین“ کے مجددانہ کارنامے، احیاء سنت، تنظیم ملت
اور اقامت خلافت کی محیر العقول کوششیں، انکے بے نظیر
نظام شرعی کی برکات، اُن کی تحریک جہاد کے صحیح مقاصد و
اسباب، ان کے رفقاء و متبعین کے سحر انگیز و دلآویز اخلاق
و اوصاف، قربانی و ایثار، جہاد فی سبیل اللہ اور صبر و استقامت
کے رقت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ
کی صحیح تاریخ (تمام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپکی مخصوص جماعت
کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اسوقت تک جتنی کتابیں
ان دونوں بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں (خدا انکے
مصنفین کو جزائے خیر دے) وہ بوجوہ چند تمام پہلوؤں پر حاوی
نہیں ہیں۔ ہندوستان کے محبین سنت کو مژدہ ہو کہ حضرت
سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابو الحسن علی
ندوی استاد دار العلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور
جستجو کے بعد ”سیرت سید احمد شہیدؒ“ کے نام سے کتاب تالیف
فرمائی ہے جو اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب
ہے جکی تالیف میں خاندانی کاغذات، سرکاری رپورٹوں، اردو
فارسی، انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا
گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۸۴ صفحہ۔ کتابت طباعت عمدہ
جلد سنہری خوبصورت۔ ابتداء میں علامہ سید سلیمان ندوی کا اس
صفحہ کا فاضلانہ و بصیرت افروز مقدمہ ہے۔ قیمت مجلد ...
محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ تاجران کتب کمیشن بذریعہ خط
کتابت طے کریں۔

ملنے کا پتہ

محمد معین الدین کتب خانہ ... گوئن روڈ لکھنؤ
نوٹ۔ صرف پنجاب کے احباب ...
مولوی عبد الحق خان ... مدرسۃ البنات
جالندھر شہر

بچوں اور مبتدیوں کے لئے

صحیح اور خوشنما معرا قرآن مجید بطرز آسان کی صورت
انکے حرف کا اعراب اپنے ہی حروف کے ساتھ بصورت الفاظ
بین منفرد طریق سے علیحدہ لکھے ہوئے ہیں۔ رموز اوقاف
کی تشریح اور سورتوں کے نمبر بھی درج ہیں۔ مندرجہ ذیل
پتہ سے نمونہ منگوا کر تجربہ فرمائیے۔
ہدیہ قسم اول مجلد سنہری تین روپے ہے
ہدیہ قسم دوم مجلد سنہری دو روپے چار آنے ہے
قاعدہ تعلیم القرآن مع نماز بطرز آسان اسی طرز پر
طبع کیا گیا ہے۔ قیمت ڈیڑھ آنہ۔ ملنے کا پتہ
الفرقان میانڈر تھ روڈ۔ لاہور

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد

(۸۸۷)

ان دونو بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں
شائع ہوتی رہی ہے
پتہ۔ مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

معلم خوشنویسی

فن خوشخطی سے واقفیت حاصل
کرنی منظور ہو تو کتاب ہذا
ضرور منگوائیں۔ اور اپنے بچوں کو خوشخطی سکھائیے قیمت
۸ ملنے کا پتہ: مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

کم از کم

۱۹

سیکڑوں میں روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیے۔ نوٹ ہمعلفیہ تحریر کہ کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔

پتہ:۔ منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

جلد مفت منگالو

رسالہ تندرستی اور جوانمردی کے راز

اس رسالہ میں ہر قسم کے بدہاکے مجرب اور اکیر نسخہ جات درج ہیں۔ اس کے پڑھنے سے فائدہ کثیر ہوگا۔ صرف ایک کارڈ لکھ کر مفت طلب کریں۔

منگوانے کا پتہ۔ منیجر اکسیر اعظم ایجنسی خزانہ گیٹ۔ کوچہ جٹان۔ امرتسر

(۸۶۸) انقلاب افغانستان کے صحیح حالات

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات، ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ (اسلامی) سلطنت ہے اس لئے اسکے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابلدید ہے۔ ضخامت [illegible] کے ۲۵۰ صفحات۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۲؍۔ رعایتی عہ؍

منگوانے کا پتہ

منیجر اہلحدیث امرتسر

تصانیف حضرت مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری

نکاح آریہ اس رسالہ میں آریہ دھرم کے احکام متعلقہ نکاح پر مندرجہ ذیل آٹھ عنوانات قائم کرکے اسلامی نکاح کی خوبی وفضیلت کو واضح کیا ہے۔ (۱) نکاح کی ضرورت اور غرض۔ (۲) نکاح کس عمر میں ہو۔ (۳) نکاح کس عورت سے ہو۔ (۴) بیاہ کی قسمیں۔ (۵) نکاح کرنے کا طریق۔ (۶) میاں بیوی کے ملاپ کا طریق۔ (۷) نکاح دائم۔ لازم غیر منفک عقد ہے یا قابل فسخ۔ (۸) نکاح بیوگان قابل دید ہے۔ قیمت ۳؍

نماز اربعہ اس رسالہ میں ہر چہار مذہبوں (مسلمانوں عیسائیوں۔ آریوں اور ہندوؤں) کی نمازوں کا مقابلہ کرتے ہوئے غیر مذاہب کی نمازوں میں شرک اور اسلامی نماز میں اصل توحید کا نقشہ دکھایا ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام سے بڑھ کر کوئی مذہب توحید کو پیش نہیں کرسکتا۔ اور یہی اس کے منزل من اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ قیمت ۲؍

ہندوستان کے دو ریفارمر یعنی شری سوامی دیانند اور میرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی دیگر اہل مذاہب کے متعلق بدزبانیوں کا نمونہ ان کے اپنے شیریں الفاظ میں دکھا کر نتیجہ ناظرین کی رائے پر چھوڑا گیا ہے۔ ۲؍

سوامی دیانند کا علم وعقل اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ سوامی جی دوسرے مذاہب پر اعتراض کرنے میں تحقیق اور علم سے کام نہ لیتے تھے۔ قیمت ۱۰؍

کتاب الرحمن آریوں کی جدید کتاب کلام الرحمن ویدہے یا قرآن کا مکمل ومدلل جواب جو مولانا صاحب موصوف نے اپنی خاص مرزائی طرز میں دیا ہے جس کے سامنے مخالفین نے بھی سپر ڈال دی ہے۔ لکھائی، چھپائی اور کاغذ عمدہ قیمت صرف ۹؍

کتب متعلقہ اہل حدیث

اہل حدیث کا مذہب اہل حدیث کے مسائل کا مدلل بیان بمعہ دیگر فرقوں کے مسائل پر مختصر تنقیدی نظر۔ قیمت ۶؍

تقلید شخصی وسلفی جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ سلف صالحین اخذ مسائل میں صرف قرآن وحدیث کو اپنا نصب العین بناتے تھے اور کوئی کسی کا مقلد نہ تھا۔ قیمت ۵؍

حدیث نبوی اور تقلید شخصی اس رسالہ کے پہلے حصہ میں حجیت حدیث شریف پر ناقابل تردید دلائل دیکر فرقہ اہل القرآن کا منہ بند کرکے دوسرے حصہ میں مقلدین اور غیر مقلدین علماء کی تحریروں کا اقتباس درج کرکے بتایا گیا ہے کہ اہل حدیث اور احناف کا نزاع لفظی ہے ورنہ اصل دونوں کا نصب العین ایک ہی ہے۔ اخیر میں تقلید شخصی کے اثبات پر چند دلائل نقل کرکے ان کی عالمانہ رنگ میں تردید کی گئی ہے۔ قیمت ۳؍

آمین رفع یدین مع ضمیمہ فاتحہ خلف الامام۔ ہر سہ مسائل پر عالمانہ بحث کرکے ثابت کیا گیا ہے کہ یہ مسائل احادیث نبویہ سے ثابت ہیں۔ اور بعض معتبر علماء احناف ان کے مسنون ہونے کے قائل ہیں۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۲؍

علم الفقہ اس رسالہ میں بتایا گیا ہے کہ اصل علم فقہ عین قرآن وحدیث ہے اور اہل حدیث اصل علم فقہ سے منکر نہیں ہیں۔ قیمت صرف ۲؍

فقہ اور فقیہ اس رسالہ میں علم فقہ کی حقیقت اور فقیہ کی جامع تعریف اور مسئلہ تقلید کا فیصلہ علمی اصول سے کیا گیا ہے۔ لکھائی چھپائی، کاغذ عمدہ۔ قیمت صرف ۳؍

(کتب منگوانے کا پتہ)

منیجر اہلحدیث امرتسر

رعایتی اعلان

[بہ]ار شباب حکیم اجمل خان صاحب کے والد ماجد حکیم محمود علی خان صاحب کی کتاب [ض]یاء الابصار کا اردو ترجمہ۔ اصول مباشرت اور مردانہ و [ز]نانہ امراض اور ان کی تشریح و علاج پر بہترین کتاب [ہے]۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ۔ رعایتی قیمت عہ ر

[تا]ریخ اسلام اردو زبان میں تاریخ اسلام کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی [گئ]ی ہیں۔ یہ کتاب بلحاظ واقعات، طرز تحریر، سیاق [عب]ارت۔ لکھائی، چھپائی سب میں بہتر ہے۔ سات [رنگ]وں سے چھپا ہوا نقشہ عرب اور رنگین سرورق نے [چا]ر چاند لگا دیئے ہیں۔ ہندوستان کی اکثر سرکاری [ٹکس]ٹ بک کمیٹی ہائے نے اس کو سرکاری مدارس [ک]ے لئے بطور لائبریری و انعامی کتاب کے منظور کیا [ہے]۔ مصنفہ مولانا اکبرشاہ خان صاحب نجیب آبادی [قیم]ت جلد اول چار روپے۔ قیمت جلد دوم چار روپے [جلد] سوم تین روپے۔ مکمل گیارہ روپے۔ رعایتی عنہ ۱۰ ر

[ف]قرائے اسلام اس کتاب میں اُن پیشوایان دین کے سبق آموز حالات ہیں، جنہوں [ن]ے فقر و فاقہ کے باوجود اسلام کے اصول و ارکان کو [ا]ستوار و مستحکم کیا۔ اپنے اوپر تکلیف برداشت کر کے [ت]بلیغ اسلام کی۔ مؤلفہ مولانا عبدالسلام صاحب [ن]دوی۔ قیمت عہ۔ رعایتی عہ ر

[سی]ر الصحابہ صحابہ کرام جیسی مقدس ہستیوں کے حالات، عقائد، عبادات، معاملات [ح]سن معاشرت، علوم و فنون اور زندگی کے مفصل حالات [اس] کتاب میں [illegible] گئے ہیں۔ مؤلفہ مولانا سعید [illegible] جلد [illegible] روپے۔ رعایتی للعہ ر

[دی]نیات [illegible] زنانہ اسلامیہ سکولوں [illegible] ہے۔ اس میں ۵۸ [illegible] کے حالات درج

ہیں۔ قیمت فی جلد ۳ر۔ رعایتی عہ ۸ر (ڈھائی روپے)

سیرت الحسین حضرت امام حسین علیہ السلام کے حالات زندگی۔ شہادت و واقعات کربلا کی مفصل و مبسوط تاریخ معہ آپ کے مزار کے فوٹو۔ چار رنگوں میں چھپا ہوا نفیس سرورق۔ قیمت دو روپے دو آنہ (عہ ۲ر) رعایتی عہ ر

سیرت الکبریٰ ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مفصل سوانحعمری مع فوٹو مزار۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲ر

بدایت الہدایت حضرت امام غزالی رح کی کتاب کا اردو ترجمہ۔ اس میں اخلاق و آداب۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے۔ قیمت صرف ۱۲ر۔ رعایتی ۸ر

مشاہیر اسلام مختلف صوفیائے کرام و علمائے عظام، شہدائے ملت، غازیان شمشیر بکف اور مجاہدین و سلاطین کے حالات زندگی میں قابل دید کتاب ہے۔ قیمت حصہ اول سے ۳ روپیہ رعایتی عار دو روپے

فلسفہ خواب اس کتاب میں خواب کا فلسفہ قدیم و جدید بیان کیا گیا ہے۔ اس موضوع میں اردو کی یہ پہلی کتاب ہے۔ قیمت صرف دس آنے (۱۰ر) رعایتی ۸ر

سیرت بلال حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مکمل سوانحعمری۔ نہایت اعلیٰ پیرایہ میں۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲ر

سوانح حضرت ذوالنون مصری مشہور و معروف ولی اللہ کی سوانحعمری۔ ارشادات و مقالات کا مجموعہ پڑھ کر دل پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ اصل قیمت سہ۔ رعایتی [illegible] ر

فاتح سندھ غازی محمد بن قاسم رح کی مکمل سوانحعمری سندھ اور والیان سندھ کی ابتدائی حالت، لشکر اسلام کا اس کو فتح کرنا۔ غازیان اسلام کا شوق جہاد یہ تمام حالات ناولانہ طور پر دلکش پیرایہ میں لکھے ہیں۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲ر

پیارے نبی کے پیارے حالات

مصنفہ مولانا فیروز الدین صاحب ڈسکوی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سوانحعمری۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق جس قدر بشارات و پیشگوئیاں توریت، زبور اور انجیل میں موجود ہیں وہ سب درج ہیں۔ قیمت چھ روپے (سے)، رعایتی دو روپے عا ۲ر

متوسط حمائل شریف خوبصورت مطبوعہ مصر مجلد اعلےٰ کاغذ، طباعت، اعلیٰ۔ قیمت للعہ ۳۔ رعایتی ۶ر

حمائل شریف مکتوبہ غازی اورنگ زیب عالمگیر

مجلد و منقش۔ قیمت ۵ر۔ رعایتی عار۔

ویدارتھ پرکاش مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب جو ویدوں کی تعلیم اور خود ویدوں کے متعلق ناقابل تردید کتاب ہے۔ قیمت عہ ۲ر رعایتی قیمت صرف ۵ر

عقائد اسلام مصنفہ مولوی شمس محمدی صاحب مرحوم اصل قیمت ۴ر۔ رعایتی ۲ر

تفسیر القرآن بکلام الرحمن (بزبان عربی) مولفہ مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری۔ بڑی شان و شوکت اور حسن منظر سے مقبول خاص و عام ہو چکی ہے۔ تفسیر مذکور جن اہل علم حضرات نے دیکھی ہے بہت پسند فرمائی ہے۔ مفسرین کے متفقہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے۔ ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ مصری۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ضخامت ۴۰۲ صفحات ۔ $\frac{22 \times 18}{4}$ ۔ اصل قیمت للعہ ر۔ رعایتی قیمت سےر۔

مندرجہ [بالا] کتب منگوانے کا پتہ: منشی [مینیجر] اخبار اہلحدیث امرتسر

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

حکایات صحابہ رضی اللہ عنہم

یعنی

سچی کہانیاں

جس میں صحابہ کرام و صحابیات - صحابی بچوں کے زہد و تقویٰ - فقر و عبادت - علمی مشاغل - ایثار - ہمدردی بے مثل جرأت - حیرت انگیز جاں نثاریاں وغیرہ وغیرہ ایمان افروز حالات مندرج ہیں - قابل دید ہے - کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ - قیمت ۱۲ اسر

[illegible] ث [illegible] کی شرعی تقسیم کے قواعد [illegible]

ویدک نام - ڈاکٹری نام [illegible] پھر کیفیت مزاج یا تعریف [illegible] ہیں - نہایت سادہ اور عام فہم لفظوں میں کی گئی ہے [illegible] ن کے بعد بیماری کے اسباب اور اس کے پہچاننے کے طریقے نہایت خوبی سے بیان کئے گئے ہیں - قیمت ۶/ - جلد دوم ۸/

کنز المفردات

اس کتاب میں مفردات تیار [illegible] ہیں - جسے پڑھ کر آپ باسانی [illegible] کی ادویات بنا سکتے ہیں - قابل دید ہے - قیمت ۸/

[illegible]

لکھے گئے ہیں جو کہ نہ ہی تو بدبودار اور بدذائقہ ہیں اور نہ ہی ان کی قدر خوراک زیادہ ہے - بلکہ ہر دوا نہایت نفیس اور رتیوں وماشوں کے حساب سے استعمال کی جاتی ہے - حجم کتاب ۴۰۴ صفحات - قیمت صرف ۲ روپے

طبیب کامل المشہور مجرب خاص کو پیا حصہ اول

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات - آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات [illegible] حکیم شریف خان صاحب، حکیم حافظ محمد [illegible] صاحب و دیگر مشہور اطبائے ہند و [illegible] کے بہترین مجربات درج ہیں - [illegible]

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو - انگریزی - ہندی - گورمکھی - لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ ، خوشنما ، اعلیٰ - رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے - اگر آپ بھی کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں - خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے -

منیجر ثنائی برقی پریس - ہال بازار امرتسر

الارشاد الی سبیل الرشاد

مصنفہ مولانا ابو یحییٰ صاحب شاہجہانپوری - جو کہ عرصہ سے نایاب ہو چکی تھی - اب دوبارہ شائع کرائی گئی ہے - یہ کتاب اہلحدیث اور مقلدین میں فیصلہ کن ہے - جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ بڑے بڑے خصامت حدیث نبوی میں کم مایہ تھے - ثبوت میں تاریخی واقعات اور بزرگان دین کے اقوال اور آراء درج کی گئی ہیں - تمام کتاب میں یہی روش پائی جاتی ہے - مقلدین کے اہلحدیث پر ہر قسم کے اعتراضات کا دفعیہ کیا گیا ہے - تقلید شخصی کا اس طرح سے قلع قمع کیا گیا ہے کہ آپ پڑھ کر بے حد مسرور ہونگے - طرز بیان نہایت دلکش اور عالمانہ ہے - ضخامت ۲۶×۲۰ کے ۲۰۰ صفحات - کتابت، طباعت، کاغذ اعلیٰ - قیمت ۸/ - محصول ڈاک علیحدہ -

منگوانے کا پتہ :- منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

کنز المجربات

مؤلف نے اس میں وہ نسخے درج کئے ہیں جو بار ہا تجربہ کی کسوٹی پر [illegible] کے جانچے گئے ہیں اور پھر صاف پاک کتابی نسخے نہیں بلکہ صدری سینہ بسینہ ہیں - یقیناً آپ کسی اور کتاب میں نہ دیکھیں گے - آپ اس کتاب میں ایسے نادر نسخے پائیں گے جو کہیں دیکھنے میں نہ آئے ہوں گے - سب سے پہلے ہر شخص کی مختصر تشریح کی گئی ہے تاکہ کم علم بھی معلوم کر سکیں کہ مرض کیا چیز ہے - اس کی علامات کیا ہیں ، ان کی کیفیت میں کے کیا کیا فائدے ہیں ، ان کے چھوڑنے سے کون کون سے [illegible]

ہو جائیں گے - جس میں صد ہا سونے چاندی کے ورقوں سے لپٹی ہوئی گولیاں ، کیف آور و فرحت افزا معجون - قوت بخش و فرحت انگیز - روح پرور و حل ہونے والی یاقوتیاں ، حیات افزا ، قرص ، ممسکات ، خاص طور [illegible] و طلاوت ، مربے ، مقوی حافظہ و دماغ آفریں [illegible] تسکین آمیز و مولدات [illegible] اکسیر ، [illegible] اطلیات ، روغن ، [illegible] تریاق [illegible] تشریحات [illegible] حسن و بصارت افزا [illegible] گئے ہیں - کتاب میں [illegible]

خود ذاتی و خاندانی مجربات کا بیان کیا گیا ہے - ہر شخص کو چاہیئے کہ اس کو منگوا کر پیش [illegible] کتابت ، طباعت ، کاغذ [illegible]

مؤلفہ حکیم ڈاکٹر محمد عبداللہ

ملنے کا پتہ { منیجر [illegible]

[illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ

جلد ۳۶ — نمبر ۴۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

تمام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ و سنتی

اخبار — امرتسر

اہل دین اند کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جاں مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث امرتسر کوک کڑہ بھائی

تاریخ اجراء ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ [illegible]
رؤسا و جاگیرداروں سے [illegible]
عام خریداران سے [illegible]
" " ششماہی [illegible]
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہئے

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کیلئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلے سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

امرتسر ۳۰۔ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۵۔ ستمبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (مولانا اسماعیل شہیدؒ) - - - ۱
انتخاب الاخبار - - - - - - ۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - - ۳
مرزا صاحب کی تکذیب خود ان کے پوتے کے قلم سے (قادیانی مشن) - - - - ۶
ہمارا مذہب اور فرقہ بندی (بریلوی مشن) ۸
[illegible] تاریخ از افادات امام ابن الجوزیؒ - ۱۰
مذمت غیبت - - - - - ۱۱
فتاویٰ [illegible] - متفرقات - - - [illegible]
[illegible] - اشتہارات - - [illegible]

[illegible]

مولانا اسمٰعیل شہید علیہ الرحمہ

(از جناب ظہیر الدین حسین صاحب ظہیر اعظمی ملونا تھ بھنجن اعظم گڑھ)

چراغِ دینِ محمد جلا دیا تو نے — جمالِ ملتِ بیضا بڑھا دیا تو نے
نبی کا شوق ترے دل میں تھا بحدِ جنوں — خدا کی راہ میں سب کچھ لٹا دیا تو نے
ہزار شکر کہ راہِ خدا ہوئی روشن — طریقِ احمدِ مرسل بتا دیا تو نے
سنا کے سازِ حقیقت کا نغمۂ توحید — جہاں کو شرک سے یکسر بچا دیا تو نے
بڑھا بڑھا کے زمانے میں رونقِ اسلام — جہاں سے صورتِ باطل مٹا دیا تو نے
رہِ وفا و رضائے خدا میں ہو کے شہید — گلوئے شرک پہ خنجر چلا دیا تو نے
عدوئے دیں پہ چلا کر وہ تیغ جوہر دار — سبق جہاد کا ہم کو پڑھا دیا تو نے
سنا سنا کے خدا و رسول کی باتیں — جہانِ شرک میں ہلچل مچا دیا تو نے
پڑی تھی راہِ ضلالت میں امتِ احمد — اسے نجات کا رستہ بتا دیا تو نے
وہ حیات سراپا عمل تھی دنیا میں — کہا جو منہ سے وہ کر کے دکھا دیا تو نے
[illegible] — [illegible] بنا دیا تو نے

[illegible]

انتخاب الاخبار

منتخبہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۹ء

مقامی حالات امرتسر میں اسمبلی کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں ہر سہ امیدواروں کے ورکر (کارکن) خوب دوڑ دھوپ کر رہے ہیں —— ۹-۱۰-۱۱ ستمبر کو ہر روز صبح کی نماز کے بعد بارش ہوتی رہی۔ موسم میں خنکی پیدا ہو گئی ہے —— مولوی سید عطا اللہ شاہ بخاری راولپنڈی میں تقریر کرنے کی وجہ سے مظفر گڑھ میں گرفتار کر کے راولپنڈی لائے گئے۔ آپ پر زیر دفعات ۳۰۲-۱۱۷-۱۲۴ الف مقدمات چلائے جائینگے —— سر سکندر حیات وزیر اعظم پنجاب ۱۰ ستمبر کو امرتسر تشریف لائے۔

—— حکومت پنجاب نے معاصر "شیعہ" لاہور سے شیعہ کی کسی اشاعت میں حکومت یوپی کے خلاف مضمون شائع کرنے کی وجہ سے ایک ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کی ہے۔ (افسوس!)

پرتاپ ۸ ستمبر۔ گورنمنٹ پنجاب کو حصار میں قحط پڑنے کی وجہ سے ریلیف کے کام پر بہت روپیہ خرچ کرنا پڑا ہے۔ اس لئے آئندہ بجٹ میں ۱۲ لاکھ روپیہ خسارہ ہونے کا خطرہ ہے۔

؍ —— وائسرائے ہند نے ساتواں آرڈی ننس جاری کر دیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان میں انڈین ایر فورس والنٹیر ریزرو قائم کی جائے نیز گورنر جنرل باجلاس کونسل نے ریگولر ریزرو کے افسروں کو ہندوستان کی باقاعدہ فوج میں سروس کے لئے بلائے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔

؍ —— بمبئی کی تیس فرموں کو جو براہ راست جرمنی سے کاروبار کرتی تھیں اور جن کے منتظم جرمن تھے۔ جرمنی سے کاروبار بند کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

؍ —— بنوں ۵ ستمبر۔ بنوں کے قریب جمع شدہ قبائلی لشکر کو منتشر کرنے کے لئے ہوائی جہازوں کے ذریعہ مرچ لاشٹ (دود شتی) کے گولے پھینکے گئے۔

پرتاپ ۱۰ ستمبر۔ گورنمنٹ ہند نے سمندر پار تجارت کے ...

راستے ایسی دستاویزات، تصویریں، فوٹو یا کسی ایسے ماڈل کی جس سے خفیہ معاملہ کا انکشاف ہوتا ہو یا دشمن کو اس سے مدد ملتی ہو در آمد برآمد ممنوع قرار دی ہے۔

؍ —— شملہ ۹ ستمبر ایک پریس کمیونک مظہر ہے کہ ریڈیو کے لائسنسدار کی طرف سے کوئی شخص یا اسکی اجازت سے کوئی شخص ریڈیو پر آئی ہوئی خبر کو اخبارات میں شائع کریگا تو اس کا لائسنس منسوخ کر کے انڈین ٹیلیگراف ایکٹ کے ماتحت اس پر مقدمہ چلایا جائیگا۔

؍ —— گورنمنٹ ہند نے چھ کروڑ بوری ریت اور بیس لاکھ گز ٹاٹ کا ایک فرم کو آرڈر دیا ہے۔

پرتاپ ۱۲ ستمبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو چین سے واپس وارد ہا پہنچ گئے ہیں۔ وہاں کانگرس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے۔

؍ —— معلوم ہوا ہے مولانا آزاد کی کوشش سے لکھنؤ میں جو شیعہ سنی کانفرنس ۱۲ ستمبر کو ہونی تھی ۱۸-۱۹ ستمبر کو ہوگی۔

پرتاپ ۸ ستمبر۔ برلن ۷ ستمبر۔ آفیشل جرمن ایجنسی نے اعلان کیا ہے کہ جرمن فوجوں نے کریکوا پر بغیر کسی مقابلہ کے قبضہ کر لیا ہے۔

؍ —— انگورہ کی ایک خبر ہے کہ جرمنی اور ٹرکی کے تجارتی معاہدہ کی جو ۳۱ اگست کو ختم ہوا از سر نو تجدید نہیں کی گئی۔

؍ —— واشنگٹن ۶ ستمبر۔ امریکہ کے پریذیڈنٹ نے باضابطہ طور پر غیر جانبداری کا اعلان کر دیا ہے ایک حکم کے ذریعہ جنگجو فریقوں کو ہتھیار مہیا کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔

پرتاپ ۹ ستمبر۔ جرمن افواج کے کمانڈر انچیف نے اعلان کیا ہے کہ کریکوا۔ برومبرگ اور گراڈ زنز کے شہر ہمارے قبضہ میں آ چکے ہیں۔

؍ —— بغداد ۷ ستمبر حکومت عراق نے جرمنی سے تعلقات منقطع کر لئے ہیں۔

؍ —— ... پولش جنرل سٹاف کا ... اعلان ... ہے کہ جرمن ہوائی جہازوں نے ہماری فوجوں کی امداد رسد کی لائنوں پر کئی بار بمباری کی۔ ہماری ایر فورس نے دو دن میں جرمنی کے ۳۵ ہوائی جہازوں کو نیچے گرایا۔

پرتاپ ۱۰ ستمبر۔ نیویارک ۸ ستمبر۔ برطانیہ کا ایک اور مال جہاز تارپیڈو مار کر غرق کر دیا گیا ہے۔

؍ —— لندن ۷ ستمبر۔ برطانیہ نے ہوائی جہازوں کے ذریعہ جرمنی میں ایک کروڑ اشتہار پھینکے جن میں منجملہ دیگر باتوں کے لکھا تھا کہ ریش نے برطانیہ کو جنگ پر مجبور کر دیا ہے، آپ (جرمنی) کے پاس طویل اور وسیع جنگ کے ذرائع نہیں ہیں ہمارے (برطانیہ) کے ذرائع بہت وسیع ہیں ہمیں شکست دینا ناممکن ہے۔ ہم امن پسند جرمن گورنمنٹ کے ساتھ صلح کے لئے تیار ہیں۔

؍ —— معاصر "اصلاح" کابل نے ایک شاہی فرمان شائع کیا ہے کہ موجودہ جنگ میں افغان گورنمنٹ غیر جانبدار رہے گی۔

پرتاپ ۱۰ ستمبر۔ شملہ گورنمنٹ آف انڈیا نے ہر قسم کے اسلحہ مشینری۔ سامان خورد و نوش کی برآمد کی ممانعت کر دی ہے

پرتاپ ۱۱ ستمبر۔ برلن ۹ ستمبر۔ اعلان کیا گیا ہے۔ کہ فرانسیسی افواج نے جرمنی کے چند مقامات پر قبضہ کر لیا ہے۔

؍ —— لندن ۸ ستمبر۔ جرمنی جہاز سرنگ کے ساتھ ٹکرا کر غرق ہو گیا۔ اسی طرح ہالینڈ کا ایک جہاز سرنگ سے ٹکرا کر ڈوب گیا۔

؍ —— پیرس۔ فرانسیسی گورنمنٹ کا ایک کمیونک مظہر ہے کہ ہماری لوکل پیشقدمی جاری ہے۔ دشمن پیچھے ہٹ رہا ہے۔

پرتاپ ۱۲ ستمبر۔ لندن کا ایک اعلان ہے۔ جبرالٹر میں جہازوں کی نگرانی کے لئے پہرہ لگا دیا گیا ہے۔

؍ —— واشنگٹن صدر جمہوریہ امریکہ نے بری اور بحری فوج کو ۲۶ ہزار رنگروٹ بھرتی کرنے کا اختیار دیا ہے۔

انقلاب ۱۲ ستمبر کینیڈا کی پارلیمنٹ میں جرمنی کے خلاف جنگ کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۳۰- رجب المرجب ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۱۲)

اطلاع گزشتہ پرچے میں ہم نے یہ ذکر کردیا تھا کہ ہفوات مشرقی کا بقیہ آیندہ ہفتے درج کریں گے۔ واقعات لکھنؤ کا جلدی ذکر کرنا ضروری تھا۔ اس لئے ہفوات کو مؤخر کیا گیا۔ آج ان کا بقیہ بیان کیا جاتا ہے۔ ناظرین ان ہفوات کو سابقہ ہفوات کے ساتھ ملا کر پڑھیں۔ ہم رسالہ میں اس مضمون کو متصل درج کریں گے۔ اس سلسلہ مضمون کی چار مثالیں ۱۸- اگست اور ۱۰-ستمبر کی اشاعتوں میں درج ہو چکی ہیں۔

(۵) قرآن میں ایمان سے مراد اعمال ہیں

اسی کے متعلق آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

جہاں جہاں قرآنی آیات میں لفظ ایمان آئیگا وہاں بھی اعمال مراد لینے چاہئیں۔

(مقدمہ تذکرہ صفحہ ۱۸۳)

اہلحدیث۔ قرآن شریف میں ایمان کا تعلق اور محل دل کو بتایا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو آیت

(۱) مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ (پ ۶ ع ۱۲)

(۲) وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ (پ ۲۶ ع ۱۴)

(ترجمہ) جو لوگ منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان دار ہیں اور ان کے دل ایمان نہیں لائے۔

(ترجمہ) ابھی تک تمہارے دلوں میں ایمان داخل ہی نہیں ہوا۔

اسی لئے ہر موقع پر الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کہہ کر وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کو اس پر عطف کیا گیا ہے۔ یہ تو ادنے طالب علم بھی جانتا ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ الگ الگ دو چیزیں ہوتے ہیں۔ اسی بنا پر بے ایمان لوگوں کے حق میں یہ حکم صادر کیا گیا ہے:-

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (پ ۳ ع ۱۱)

(ان لوگوں کے نیک اعمال دنیا اور آخرت میں اکارت گئے)

اگر ایمان سے مراد بھی اعمال ہوتے تو ان بے ایمان عاملین کو ایماندار کہا جاتا اور اس حالت میں اُن کے اعمال کو ضائع کرنا بے انصافی ٹھیرتا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ اس دعوے پر مشرقی صاحب نے بخاری شریف کی ایک حدیث سے استدلال کیا ہے۔ جس کے معنی قرآنی آیات کی طرح آپ نے نہیں سمجھے کیونکہ آپ کسی محدث کے پاس بیٹھے اور نہ کسی سے علم پایا۔ حدیث موصوف کے معنی مختصر یہ ہیں:-

اثر الایمان بضع وسبعون شعبة

(ایمان کے ستر سے زائد شعبے ہیں)

یعنی ارشاد نبوی ہے کہ مومن کے اندر ایمان کا اثر یہ ہونا چاہئے کہ وہ اچھے نیک کام کرے جن کا ادنیٰ (اماطة الاذى عن الطريق) ادنیٰ درجہ ہے کہ راستہ سے اینٹ پتھر اور کانٹا وغیرہ (ایذا دینے والی چیزیں) ہٹا دے جن سے مخلوق خدا کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

اسی لئے امام بخاری نے اس حدیث کی بنا پر کئی باب ایسے باندھے ہیں جن سے اس حدیث کے معنی صاف سمجھ میں آجاتے ہیں۔ مثلاً فرماتے ہیں:-

(۱) باب الحیاء من الایمان (۲) باب الصلوٰة من الایمان (۳) باب الجهاد من الایمان

(۱) شرم و حیا ایمان سے ہے۔ (۲) نماز پڑھنا ایمان سے ہے۔ (۳) جہاد کرنا ایمان سے ہے۔

یعنی مومن کے کامل ایمان کا اثر یہ ہونا چاہئے کہ (۱) وہ شرم و حیا سے کام لے۔ (۲) نماز پڑھے۔ (۳) جہاد کرے وغیرہ۔

اسی طرح مشرقی صاحب کا یہ کہنا بھی غلط ہے کہ دین اسلام عمل اور صرف عمل ہے جو عامل ہے اس کا عقیدہ بھی درست ہے۔ نہیں بلکہ اس کو کسی عقیدے یا زبانی قول کی ضرورت ہی نہیں۔ جو قائل ہے بہر نوع کچھ نہیں، آج کچھ نہیں، کل کچھ نہیں ابدالآباد تک کچھ نہیں۔ (دیکھو حصہ دوم صفحہ ...)

قرآن مجید پر کس قدر ظلم ہے کہ آیات صریحہ اور نصوص قطعیہ پر مشرقی صاحب بجائے تحقیق کی تلوار کے بیانیہ تیز تلوار چلاتے ہیں۔

آیات مندرجہ ذیل غور سے سنئے!

(۱) قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا ... (پ ۱ ع ۱۶)

(۲) قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (پ ۸ ع ۷)

(۳) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ (الآیہ)

جتنی آیات میں بصیغہ قُلْ یا قُوْلُوْا حکم آیا ہے۔ مشرقی صاحب کی اس عجائب بیف سے سب بے کار ہوگئی ہیں۔ یہ ہے آپ کی قرآن دانی جس پر آپ کو ناز ہے۔ کیوں نہ ہو جو شخص غلط بیانی میں ... تحریر کی تعلیم ایسی ہی تھی۔ ایسی قرآن دانی پر یہ شعر بالکل چسپاں ہے

کر تو تفسیر قرآن برین نمط خوانی
ببری رونق مسلمانی

(۶) کفر صرف اعمال میں ہے کلمات یا اقوال میں نہیں

اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

انما الکفر فی الاعمال من دون الکلمات والاقوال (تذکرہ حصہ عربی ص۱۲)

یعنی صرف اعمال کفر ہیں کلمات اور اقوال کفر نہیں۔

اس دعوے کی تشریح یہ ہے کہ زبان سے کوئی جو کچھ چاہے کہے خدا کے حق میں کہے یا رسول کے حق میں کہے وہ کفر نہیں ہے۔ حالانکہ قرآن شریف کی بہت سی آیات میں ناجائز اقوال کو کفر قرار دیا گیا ہے۔ چند آیات حسب ذیل ہیں:

(۱) لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ (پ ۶- ع ۱۴) [۱]

(۲) لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ (پ ۶- ع ۱۴) [۲]

(۳) وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ (پ ۱۰- ع ۱۶) [۳]

مشرقی صاحب کے اس قسم کے دعاوی کو سن کر ہم ایک باریک بین ذی علم کے قول کی تصدیق کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں جن کا کہنا ہے کہ تذکرہ کی تصنیف میں کسی یہودی عربی دان کا دخل ہے۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال) ورنہ کوئی مسلمان جس نے ایک دفعہ بھی قرآن پڑھا ہو ایسی جرأت نہیں کر سکتا جس کا اظہار مشرقی صاحب نے کیا ہے۔

(۷) کوئی قوم جس کی دنیا درست نہیں متقی نہیں

اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

متقی قوم کو جہان آخرت میں کچھ باک نہیں وہاں جس کی دنیا بھی درست ہے۔ کوئی قوم جس کی دنیا درست نہیں متقی ہونے کی مصداق نہیں ہو سکتی۔ (مقدمہ تذکرہ اردو ص۱۵۸ کا حاشیہ)

اہلحدیث اس اصول کے ماتحت انبیائے کرام کی وہ امتیں جو کفار کے غلبہ سے ہمیشہ مغلوب رہیں ... سب سے بڑی مثال امت نوح کی ہے۔ جو حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغ سے مسلمان ہو کر طوفان سے پہلے ساڑھے نو سو سال تک تکلیفیں اٹھاتی رہی بقول مشرقی صاحب وہ بھی متقی کہلانے کا حق نہیں رکھتی۔ کیونکہ ان کو دنیاوی غلبہ حاصل نہ ہوا تھا۔ مسیحی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ حضرت مسیح کی امت تین سو سال تک پریشان حال پھرتی رہی۔ کوئی ان کا پرسان حال نہ تھا، کوئی سیاسی وقعت ان کو حاصل نہ تھی۔ بقول مشرقی صاحب امت مسیح کو بھی متقی کہلانے کا حق نہ تھا۔ حالانکہ قرآن شریف ان کو خطاب وحی سے مخاطب کرتا ہے ارشاد ہے:-

إِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي (پ ۷- ع ۵)

نیز ارشاد ہے:-

فَآمَنَتْ طَائِفَةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَتْ طَائِفَةٌ (پ ۲۸- ع ۱)

آج اقوام یورپ بقول آپ کے متقی ہیں مگر اس قسم کا تقوی انبیائے کرام کے نزدیک بجوئے نہ ارزد کیونکہ یہ غلبہ اس آیت کے ماتحت ہے۔ جس میں ارشاد ہے:-

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُونَ (پ ۷- ع ۱۱)

یعنی کفار جب خدائی احکام کو بھول بیٹھے تو ہم (خدا) نے بھی ان پر دنیاوی نعمتوں کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جو نعمتیں ان کو دی گئیں جب ان کو پا کر وہ خوش ہو گئے تو ہم نے ان کو ناگہاں پکڑ لیا پس وہ بے آس ہو کر رہ گئے۔

(۸) مسلمانوں میں اسلام نہیں ہے اصل مسلمان مغربی قومیں ہیں

اس بارے میں آپ کے عربی الفاظ یہ ہیں:-

... الحق انہ ما فیکم من الاسلام من شیء وانھم ھم المسلمون۔ (تذکرہ حصہ عربی ص۱۸۴)

یعنی ... مسلمانوں میں اسلام کا شائبہ تک نہیں ... حقیقی مسلمان اقوام مغرب (روسی جرمن، انگریز وغیرہ) ہیں۔

اس دعوے کے بطلان پر کون بحث کرے اور کیوں کرے۔ ہم تو جانتے ہیں کہ یہ مشرقی صاحب کی اصطلاح ہے۔ وہ اپنی خاص اصطلاح میں بول رہے ہیں۔ ناظرین کو سمجھانے کے لئے ہم ایک مثال پیش کرتے ہیں۔ جو ایک بدکار جماعت کی اصطلاح ہے۔ اس جماعت کی بدکاری سے ہمیں مطلب نہیں بلکہ صرف اصطلاح بتانا ہمارا مقصود ہے۔

سنا ہے کہ طوائف (زنان بازاری) اپنی اصطلاح میں اپنے خریداروں کو بھلے مانس کہا کرتی ہیں۔ جب آپس میں باتیں کرتی ہیں تو کہتی ہیں کہ آج کل مندا (کساد بازاری) ہے بھلے مانس کم آتے ہیں۔

لِكُلٍّ اَنْ يَّصْطَلِحَ ایک مسلمہ اصول ہے جس کا مطلب ہے کہ ہر ایک کو اپنی اصطلاح قائم کرنے کا حق حاصل ہے اس لئے ہم ان طوائف کو ایسی اصطلاح قائم کرنے سے روک نہیں سکتے۔

اسی طرح مشرقی صاحب کی اصطلاح میں مسلمان قوم وہ ہے جو بذریعہ علم سائنس قوانین قدرت سے فائدہ اٹھائے۔

شعراء اکثر اپنے معشوق کو سورج یا چاند کہا کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک شاعر کہتا ہے:

وہ نہ آئیں شب وعدہ تو تعجب کیا ہے
رات کو کس نے ہے خورشید درخشاں دیکھا

کیا ہم ان شاعروں سے لڑیں یا ان سے بحث کرتے پھریں اسی طرح ہم مشرقی صاحب سے اس بارے میں (کہ آپ ملحدین یورپ کو امت مسلمہ کہتے ہیں) ہرگز نہ الجھتے بلکہ ان کے اقوال کو ان کی اصطلاح پر محمول جانتے جیسے طوائف کے کلام کو لوگ ان کی خاص اصطلاح پر محمول کر جانتے ہیں مگر انہوں نے غضب یہ کیا کہ اپنی اقوام کو جنت الفردوس ...

---

[۱] کافر ہو گئے وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اللہ ابن مریم مسیح ہی ہے۔

[۲] کافر ہو گئے وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اللہ تین میں سے تیسرا ہے۔

[۳] ان منافقوں نے اظہار اسلام کے بعد کفر کی بات کہی ہے

ahmadimuslim.de

کا وارث قرار دیا اور ہم کل مسلمانوں کو جو اقوام یورپ کے مقابلہ میں علوم سائنس میں مہارت تامہ نہیں رکھتے۔ نجات اخروی سے محروم ٹھہرایا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

فھذا الجنۃ الا لوارثی جنّت الارض وعبیدنھا (تذکرہ حصہ عربی ص۳)

یعنی اخروی جنت انہی لوگوں کے لئے ہے جو دنیوی جنتوں (باغوں اور چشموں کے مالک ہیں۔

اس لئے ہمارا حق ہؤا کہ ہم اس بارے میں مشرقی صاحب سے الجھیں۔ کیونکہ آج تک ہم یہی سمجھے ہوئے تھے کہ اُخروی جنت نیک عمل مسلمانوں کا حق ہے اور سب کافروں پر (روس ہو یا جاپان۔ امریکہ ہو یا برطانیہ۔ جرمنی ہو یا اطالیہ) وہ جنت حرام ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَھُمَا عَلَی الْکَافِرِیْنَ ۔ (پ۸۔ ع۱۴) مگر مشرقی صاحب ایسے پیدا ہوئے کہ صالح مسلمانوں کی موروثی جائداد پر بھی آپ اغیار کو قابض دیکھنا چاہتے ہیں۔ پھر ہماری غیرت کیسے گوارا کر سکتی ہے کہ ہم خاموش رہیں۔ اگر ہم اس موقع پر خاموش رہتے تو چاروں طرف سے یہ آواز آتی۔

جاتا ہے یار تیغ بکف غیر کی طرف
او کشتہ ستم تیری غیرت کہاں گئی

برادران اسلام! ہم سب کچھ کھو بیٹھے تھے۔ دنیا کی ثروت وحکومت لٹا کر بھی ہم اس بات پر قانع تھے کہ خدا تعالےٰ ہمارے ٹوٹے پھوٹے اعمال قبول کر کے بذریعہ نجات جنت الفردوس عطا کریگا۔ آپ کو یہ سُن کر کتنا صدمہ ہوگا کہ اس مشرقی ڈکٹیٹر نے ہماری اس امید کو بھی خاک میں ملا دیا۔ اُخروی جنت کو بھی ان ظالموں کے حوالے کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو ملک اور عزت وثروت پر قبضہ جمائے بیٹھے ہیں۔ اس لئے ہم بہ ہزار افسوس سے یہ شعر پڑھیں تو بے جا نہ ہوگا ؎

ہم نے چاہا تھا کہ حاکم سے کرینگے فریاد
وہ بھی کم بخت تیرا چاہنے والا نکلا

وہ بلد امین (مکہ معظمہ) کے اصل مستحق والیٔ لندن اور پیرس ہیں

آپ کے الفاظ اس بارے میں یہ ہیں:۔

یہی وجہ ہے کہ آج وہ بلد امین ان سے چھین کر لندن اور پیرس کے مستحق مالکوں کو دیا جا رہا ہے (خواب میں ۹) (دیباچہ تذکرہ ص۹۵)

خاکسار دوستو! ایمان سے بتانا تمہاری ایمانی غیرت اس فقرے کو سن کر بھی جوش میں نہ آئیگی یا تم مشرقی صاحب کے ساتھ اپنے جدید تعلق اور محبت کے ماتحت اس تلخ گھونٹ کو بھی شیرمادر سمجھ کر پی جاؤ گے اور یہ سمجھو گے کہ بلد الامین اور کعبۃ اللہ پر حکومت کرنا رندان فرانس اور ملحدین برطانیہ کا حق ہے۔ افسوس ہے اس قسم کی بے غیرتی کا ثبوت اسلامی تاریخ میں نہیں ملتا۔ اسلامی تاریخ میں بڑے بڑے مظالم کا ثبوت ملتا ہے۔ یہ بھی ملتا ہے کہ بغداد شریف کی خلافت کو کلمہ گو مسلمانوں نے تباہ کرایا مگر کعبۃ اللہ کی نسبت کسی مسلمان نے یہ الفاظ نہیں کہے تھے۔ اس موقع پر ہم بادل نخواستہ یہ شعر لکھنے پر مجبور ہیں ؎

نہ پہنچا ہے نہ پہنچے گا تمہاری ظلم کیشی کو
بہت سے ہو چکے ہیں گرچہ تم سے فتنہ گر پہلے

(۱۰) خدا کی محبت آج انگریز اور ہندو سے ہے۔

مشرقی صاحب کے اصل الفاظ یہ ہیں:۔

نہایت ٹھنڈے دل سے اور ہوشمند بن کر غور کرنا چاہیئے کہ اس پروردگار عالم کی اصل دوستی آج ہنری سمتھ (انگریز) اور رام داس (ہندو) کی جماعتوں سے ہے۔ (اشارات ص۹۵)

الحدیث قرآن مجید کے صاف الفاظ میں ارشاد خداوندی ہے۔ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ (الی) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکَافِرِیْنَ ۔ (پ۳۔ ع۱۲)

اے پیغمبر! آپ کہدیجئے کہ تم (دنیا کے لوگ) اگر خدا سے محبت کرنے کے مدعی ہو تو میری (سنت نبوی کی) اتباع کرو خدا تم سے محبت کریگا الخ اگر تم منہ پھیر جاؤ تو خدا ایسے کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

یہ آیت صاف بتا رہی ہے کہ خدا کی محبت حاصل کرنے کا ذریعہ اتباع رسول ہے۔ مگر مشرقی صاحب اس کی پروا نہیں کرتے بلکہ جو جی میں آتا ہے کہہ دیتے ہیں۔ منکرین اسلام کفار کی ظاہری شان وشوکت کو دیکھ کر ان کی آنکھیں چندھیا گئی ہیں۔ ان کو چاہئے تھا کہ اس چکا چوندی میں قرآن کی آیت ذیل کا چشمہ اپنی آنکھوں پر لگاتے تو ان کو حقیقت نظر آجاتی:۔

لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْکَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِہٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْھُمْ زَھْرَۃَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا لِنَفْتِنَھُمْ فِیْہِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّکَ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی (پ۱۶- ع۱۷)

(اے پیغمبر!) ہم نے جو مختلف قسم کے لوگوں کو دنیاوی زندگی کی رونق کے ساز و سامان دے رکھے ہیں تاکہ ان کو اس مصیبت میں مبتلا کریں تم اپنی نظر اس سامان پر نہ دوڑانا اور تمہارے پروردگار کی روزی (ثواب آخرت) اس سے کہیں بہتر اور پائندہ تر ہے۔

اطلاع مشرقی صاحب کے اس قسم کے مفوات یا بالفاظ دیگر خرافات سینکڑوں سے متجاوز ہیں۔ ہم نے یہ عشرہ کاملہ پیش کر کے ناظرین کو نمونہ دکھایا ہے جو صاحب ان کی تصنیفات دیکھنے پر تھوڑا سا وقت بھی لگائیں گے۔ ان کے منہ سے بے ساختہ یہ شعر نکلے گا ؎

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ مے نگرم
کرشمہ دامن دل مے کشد کہ جا اینجا است

رحمۃ للعالمین مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی مرحوم

جس میں حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل ومکمل طور پر لکھی گئی ہے جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاولپور اور جامعہ ملیہ دہلی، مدرسہ دیوبند وغیرہ کے نصابات میں داخل ہے۔ قابل دید ہے۔ جدید ایڈیشن ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت جلد اول ۴؍ جلد دوم ۳؍ جلد سوم ۲؍۔ محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

منگوانے کا پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

(۸۹۵)

ahmadimuslim.de

قادیانی مشن

مرزا صاحب کی تکذیب خود ان کے پوتے کے قلم سے

جادو وہ جو سر پر بولے

قادیان کے اخبار الفضل میں کبھی معجزانہ شکل میں مرزا صاحب کی تردید کافی نکل جاتی ہے۔ وھم لا یشعرون انہیں خبر نہیں ہوتی کہ ہم کیا لکھتے ہیں اور کیا اس کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ یہ تصرف قدرت ہے۔

ایک مضمون مرزا ظفر احمد بیرسٹر نبیرہ مرزا صاحب متوفی کا اخبار الفضل ۲۔ دسمبر میں نکلا ہے جو بظاہر مرزا صاحب کی تائید ہے مگر درحقیقت ان کی سخت تردید ہے۔ مضمون چونکہ قابل دید و شنید ہے۔ اس لئے ہم ضروری حصہ انہی کے الفاظ میں نقل کرتے ہیں اور نیچے حواشی میں اپنا مافی الضمیر بتاتے ہیں۔

مضمون مذکور کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کے لوگوں میں عموماً اور مسلمانوں میں خصوصاً بہت بڑی خرابی اور کمزوری آگئی ہے۔ نیز دجال کا بڑا زور ہے۔ اس لئے خدا نے اس زمانے میں ایک ایسا نبی مبعوث کیا جو سوائے نبی اسلام علیہ السلام کے سب انبیاء سے افضل ہے۔ اس نے آکر دنیا میں بہت بڑی اصلاح کی۔ یہ ذکر نامہ نگار ہی کے الفاظ میں سنئے۔ ہو ہذا:-

"موجودہ زمانہ کے مسلمانوں کی حالت" حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے اس زمانہ کی بابت فرمایا ہے کہ اس وقت اسلام کا صرف نام ہی نام باقی رہ جائیگا۔ لوگ قرآن کریم پڑھیں گے مگر ان کے گلے سے نیچے نہ اترے گا۔ اور یہ زمانہ روحانیت کے لحاظ سے تاریک ترین زمانہ ہوگا۔ اس وقت علماء جو عام طور پر راہ دکھانے والے ہوتے ہیں سب مخلوق میں سے ذلیل ترین ہونگے۔ اور خطرناک طور پر فتنہ پرور۔ مگر جب حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ بات بیان فرمارہے تھے۔ صحابہ کرام بہت غمگین ہوئے۔ ان کی یہ حالت دیکھ کر آپ نے فرمایا کہ فکر نہ کرو۔ کیونکہ ایسے تیرہ و تار زمانہ میں ایک فارسی النسل[1] کی بعثت مقدر ہے۔ ایسا پہلوان کہ اگر ایمان ثریا پر بھی چلا جائے گا تو اسے زمین پر واپس لے آئیگا۔ سو ایسا ہی ہوا۔ دنیا اس قدر تاریک ہوئی کہ اس کی مثال پہلے زمانوں میں نہیں ملتی۔ علماء واقعی بدترین[2] مخلوق بن گئے۔ اسلام کا نام و نشان نہ رہا۔ اس کی بجائے دنیا پرستی آگئی۔ اور مسلمانوں کی وہ حالت ہوگئی کہ یہودیوں اور عیسائیوں کو بھی مات کر گئے۔ غرض مغضوب علیہم بھی بنے اور ضال بھی حتی کہ ہر جگہ ذلیل ہوئے۔ اور تعلیم یافتہ اپنے مذہب کو چھوڑ کر دوسرے مذاہب میں شامل ہونے لگے صرف ایک دو نہیں۔ بلکہ سینکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں۔ اور پھر مغربیت کی کچھ ایسی رَو آئی کہ رہا سہا اسلام بھی رخصت ہوا۔ اور شرم و حیا کے تمام پردے چاک ہوگئے۔ اب یہ حالت ہے کہ شراب[3] اور سُود کھائے بغیر ان میں سے بہتوں کے خیال میں انسان ماڈرن نہیں کہلا سکتا۔ اور جب تک کھلے مونہہ بے پردہ غیروں سے ان کی عورتیں نہ ملیں وہ تعلیم یافتہ نہیں سمجھے جاسکتے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ قرآن کریم۔ اللہ تعالےٰ نیز اس کے رسول کی بابت جب تک بُرے الفاظ نہ استعمال کریں تب تک یہ لوگ فیشنیبل نہیں ہو سکتے ان لوگوں کی حالت اس قدر گر گئی ہے کہ میں نے اپنی آنکھوں سے ایسے لوگوں کو رمضان کے آخری عشرہ میں شراب پیتے دیکھا ہے۔ جن کو نجیب الطرفین ہونے کا فخر ہے۔ جب ان لوگوں کی یہ حالت ہے تو عوام کا تو کہنا ہی کیا۔ قصہ مختصر یہ کہ مسلمانوں کی حالت بد ہی نہیں بلکہ بدتر ہے۔ زبانیں بہت چلتی ہیں مگر عمل کچھ نہیں[4]

ظلمت میں روشنی کی کرن یہ سب کچھ ازل سے مقدر تھا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان فتنوں کی خبر دے رکھی تھی۔ اس لئے ان فتنوں کا ظہور ضروری تھا۔ مگر مایوسی کی کوئی وجہ نہیں۔ اس قسم کے حالات

---

[1] آج تک یہ مسئلہ بھی علمائے قادیان سے حل نہ ہو سکا کہ مرزا صاحب کس قوم سے ہیں۔ چینی الاصل ہیں یا فارسی الاصل ہیں۔

نامہ نگار نے فارسی الاصل لکھا ہے اور مرزا صاحب خود حقیقۃ الوحی ص۲ میں اپنے آپ کو چینی الاصل کہتے ہیں۔ معلوم نہیں ان دونو دعووں میں کونسا دعویٰ سچا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مرزا صاحب کے دونو دعوے شیخ عطار کے کلام کے مصداق ہیں جو یہ ہے ؎

چوں شتر مرغے شناس ایں نفس را
نے کشد بار و نہ پرد در ہوا
گر بپر گوئیش گوید اشترم
ور نہی بارش بگوید طائرم

[2] قادیان کے یا لاہور کے؟ (اہلحدیث)

[3] جب یہ حالت ہے تو مرزا صاحب نے آکر کیا اصلاح کی؟ (اہلحدیث)

[4] اسکے مقابلے میں مرزا صاحب کا دعویٰ دیکھئے کہ "میں اس لئے آیا ہوں کہ مسلمانوں کو اصلی معنوں میں متقی بنادوں"۔ (الحکم ۱۷ جولائی ۱۹۰۵ء ص۱)

بقول مرزا ظفر احمد صاحب مسیح موعود کے آنے کے بعد بھی مسلمان بدتر حالت میں ہیں۔ کیا ان پر یہ مثل صادق نہ آئے گی کہ

تیلی بھی کیا اور روکھا کھایا

(اہلحدیث)

سید الخلق - رسول اللہ کی بعثت کی تاریخیں (۸۹۶) تورات، انجیل کی بشارات ... (حاشیہ صحیفہ ...)

کے ساتھ ہی ساتھ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے جو بشارت دی تھی کہ مسیح موعود آئے گا سو وہ بھی پوری ہوگئی۔ اور آج حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کو مبعوث ہوئے پچاس سال سے زیادہ ہو گئے مگر غافل لوگ ابھی تک سوئے پڑے ہیں۔ ×× حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) کو قرآن کریم کے ذریعہ وہ روحانی معارف دیئے گئے جو پہلے کسی نبی کو نہیں دیئے گئے۔ سوائے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے۔

اور حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) نے علماء زمانہ کو کھلا چیلنج دیا کہ وہ قرآن کریم کی تفسیر نویسی میں مقابلہ کریں۔ مگر کیا کوئی مقابلہ کرسکا؟ ××× حضرت صاحب نے ہر ایک کو مقابلہ میں بلایا مگر کوئی نہ آیا اور آپ نے خدمت اسلام اور خدمت قرآن کے لئے ستر سے زیادہ کتابیں عربی، اردو اور فارسی میں لکھیں۔ اور دوبارہ قرآن کو زندگی بخشی۔ ایک وہ بھی زمانہ تھا کہ عیسائی اور آریہ بڑی دیدہ دلیری سے

اسلام پر اعتراض کرتے تھے مگر کوئی مسلمان ان کا جواب نہ دے سکتا تھا کیونکہ کسی کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔ اس طرح اسلام پر حملے پیش کئے گئے ہیں مگر ہم اس بحث کی جانب توجہ کریں تو بہت طویل ہو جائیگا۔ ان کی تحریر سے واضح ہے کہ قادیانی کے ذوق سلیم پر چوٹ لگی ہے۔ ظاہر ہے کہ ان سب بیانات سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کا درجہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا باقی تمام انبیاء علیہم السلام سے بالا ہے اور ہونا بھی چاہئے۔ کیونکہ جس فتنہ کے دور کرنے کے لئے

ش۵ یہ نقشہ بالکل صحیح ہے اللہ اکبر ہنسنے کا مقام ہے کہ مسیح موعود آئے اور چلے گئے مگر مسلمان اسی حالت میں رہے بلکہ اس سے بدتر حالت میں مبتلا ہوگئے۔ تو کون کہیگا کہ مرزا صاحب اپنے دعاوی میں پاس ہوئے۔ اس لئے اگر ہم مرزا صاحب کو ایک بہت بڑی شخصیت کے بادشاہ سے تشبیہ دیں تو بیجا نہ ہوگا۔

اقوام یورپ کو گیارھویں صدی میں جب بیت المقدس فتح کرنے کا جنون ہوا تھا تو ان کی افواج کا کمانڈر شیردل رچرڈ شاہ انگلستان بنا تھا جو اس دعوے کے ساتھ گیا تھا کہ ہم صلاح الدین سے بیت المقدس چھین لیں گے۔ مگر تکبر کا برا ہو۔ نتیجہ یہ ہوا کہ رچرڈ شکست کھا کر واپس آیا تو اپنی ڈھال سے بیت المقدس کو نظروں سے چھپا کر چلتا تھا اور کہتا تھا کہ میں شرم کے مارے ادھر منہ نہیں کرسکتا۔

ہم کہتے ہیں کہ یہ بھی ایک بہادرانہ کام ہے کہ اپنی شکست کو تسلیم کیا۔ لیکن مرزا صاحب مجنون کے اتباع ایسے وصف سے بھی محروم ہیں کہ وہ اپنی کمزوری کا اعتراف کریں۔ دعویٰ اتنا بڑا کہ میں کل دنیا میں ایک مذہب اسلام قائم کرونگا۔ (چشمہ معرفت صفحہ) مسلمانوں کو کامل متقی بنادونگا۔ مگر حیرت یہ ہے کہ آج ان کے پیرو صاحب کو بھی اعتراف کرنا پڑا کہ آج مسلمانوں کی حالت بدسے بدتر ہوگئی ہے۔

اور ابھی تک سوئے پڑے ہیں۔

احمدی دوستو! کیا ہمارا یہ کہنا بیجا ہے کہ

سے کوئی بھی کام مسیحا تیرا پورا نہ ہوا
نامرادی میں ہوا ہے تیرا آنا جانا

(اہلحدیث)

ش۶ غالباً صاحبزادہ صاحب ان دنوں ابھی پیدا ہی نہیں ہوئے تھے کہ جب مرزا صاحب کی دعوت پر مقابلے میں تفسیر نویسی کے لئے پیر مہر علی صاحب گولڑوی مرحوم اور یہ خاکسار مع دیگر علماء اہل حدیث و احناف کے لاہور پہنچے تھے مگر مرزا صاحب باوجود دعوت دینے اور اطلاع پانے کے مقابلے پر نہ آئے۔ جس پر لوگوں نے یہ شعر پڑھا ہے

زاہد نہ داشت تاب جمال پری رخاں
کنجے گرفت و ترس خدا را بہانہ ساخت

ش۷ ستر سے زیادہ کتابیں تو اسلام کی تائید میں لکھیں اور جو پچاس الماریاں بھرنے والی کتابیں انگریزی حکومت کی تائید میں لکھیں ان کا شمار کیا ہے یا پچاس الماریاں بھرنے والی ہی کتابیں ہیں ذرا ان دو مضامین کے متعلق تصانیف مرزا کی فہرست الگ الگ شائع کیجئے۔

ہمارا دعویٰ ہے کہ مرزا صاحب کی ایک کتاب بھی خالص اسلام کی تائید میں نہیں ہے ہر ایک میں ان کا اپنا حصہ اور مریدوں کی خوشامد اور علماء کو گالیاں بھری ہوئی ہیں۔ بطور نمونہ کتاب براہین احمدیہ ہی کو لیجئے اگر نظر انصاف

دیکھا جائے تو جو کچھ اس میں اسلام کا مضمون ہے اس میں بھی اپنی ہی شان ہے۔ تفصیل کے لئے ہمارا رسالہ "علم کلام مرزا" ملاحظہ ہو۔ (اہلحدیث)

ش۸ اللہ اکبر کس قدر تعلی یا زمانے کے حالات سے بے خبری ہے۔ کیا قادیانیوں کی نظر سے مخالفین کی تحریریں نہیں گذریں۔ شاید اس لئے کہ وہ ان کے جواب دہ نہیں ہیں۔ خاموش رہتے ہیں۔ آریوں کی طرف سے تازہ کتاب "رنگیلا رسول" قادیان میں نہیں پہنچی؟ عیسائیوں کی طرف سے تازہ کتاب "اثبات التثلیث" نہیں پہنچی؟ جس میں خود قادیان کے ایک مصنف کی تردید بھی ہے۔ اس کے علاوہ مسیحی اور آریہ اخباروں میں برابر تردیدی مضامین نکل رہے ہیں مگر قادیانی اخباروں کے کانوں پر جوں نہیں رینگتی

(اہلحدیث)

ش۹ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے کم درجہ بتانا بھی ایک چال ہے تاکہ مسلمان بہت زیادہ بھڑک نہ جائیں ورنہ مرزا صاحب کا قول تو یہ ہے کہ ان کو وہ درجہ ملا ہے جو کسی سابق نبی کو حاصل نہ ہوا۔ نہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا۔

جس کا ثبوت "قادیانی اور لاہوری مرزائیوں کا مکالمہ" کہ سنو۔ تم لوگ جو مرزا صاحب کے ادعائے نبوت پر جنگ زرگری کی طرح بحث کرتے ہو۔ ہم سے پوچھو مرزا صاحب کے دعوی کے

ahmadimuslim.de

آپ کی ... [illegible] ... وہ شخص پہلے کبھی پیدا نہیں ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی خبر پہلے تمام انبیاء دیتے آئے ہیں۔" (الفضل قادیان ... [illegible])

(بقیہ حاشیہ از صفحہ)

مقابلے پر دعویٰ نبوت کوئی چیز نہیں۔ کیا تم نے پڑھا نہیں یا سمجھا نہیں کہ مرزا صاحب اپنی شان رفیع کن لفظوں میں بتاتے ہیں۔

(۱) میرا تخت سب تختوں سے اونچا بچھایا گیا۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۸۹)

(۲) ہی قدمی علیٰ منارۃ ختم علیہا کل رفعۃ۔ (خطبہ الہامیہ صفحہ ۳۵)

یہ حوالے تو آپ کی شان رفیع بلکہ رسالت بتانے کو کافی ہیں۔ ایک اور حوالہ سنئے جو ان سے بھی بڑھ کر ہے۔

(۳) انما امرک اذا اردت شیئا ان تقول لہ کن فیکون۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۰۵)

(مسیح مرزا) تو جس بات کا ارادہ کرتا ہے وہ تیرے حکم سے فی الفور ہو جاتی ہے۔

لاہوری ممبرو! اہل قادیان کو طائفہ غالیہ کہنے والو! ان غالیوں سے تو ہم نہیں پوچھتے آپ لوگوں سے پوچھتے ہیں جو کچھ اس عبارت سے مفہوم ہوتا ہے۔ کسی نبی نے ایسا دعویٰ کیا تھا؟ بہاء اللہ ایرانی کو خدائی کا مدعی بتانے والے لاہوری ممبرو! اس قسم کی نص صریح بہاء اللہ نے بھی اپنی نسبت کہی تھی جو مرزا صاحب نے اپنے حق میں کہی ہے۔

قرآن مجید دیکھنے سے یہ پتہ خود چلتا ہے کہ ایسے دعوے کا مدعی مصر میں ایک شخص ہوا ہے۔ اب یہ فیصلہ کرنا آپ کے ہاتھ میں ہے کہ مرزا صاحب اپنے ... [illegible] ... سمجھتے ہیں ... [illegible] ... ہم یقین رکھتے ہیں ... [illegible]

... [illegible] ...

بریلوی مشن

پرانا مذہب اور فرقہ بندی

(از قلم مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری)

(اخبار الفقیہ ۱۴۔ اگست ۱۹۳۹ء میں ایک مرزئی مومن نے اسلام اور فرقہ بندی کے عنوان سے ایک مضمون لکھا ہے۔ جس میں فرقہ بندی کی مذمت کرتے ہوئے مضمون نگار نے حدیث ما انا علیہ و اصحابی لکھ کر لکھا ہے کہ:۔

جو اس شاہراہ سے الگ ہوا اسلام سے کوئی تعلق نہ رہا۔ کیونکہ وہ اسلام سے الگ ہو گیا۔

پھر شیعہ، معتزلہ، جہمیہ کا ذکر کرتے ہوئے مومن صاحب لکھتے ہیں:۔

اس کے بعد تیرھویں صدی میں فرقہ وہابیہ نے اسلام کے اصولوں کے خلاف نئی باتیں پیدا کیں اور اسلامی شاہراہ کو چھوڑ دیا۔"

(۱۴۔ اگست ۱۹۳۹ء صفحہ ۱ کالم ۲)

اس کے بعد آپ نے فرقہ بندی مٹانے کا طریق لکھا ہے:

اب اگر وہ فرقہ بندی کو مٹانا چاہتے ہیں تو اپنی نئی ایجاد کردہ باتوں کو چھوڑ کر پرانی شاہراہ اسلام پر آ جائیں تفرقہ خود بخود مٹ جائیگا

فرقہ بندی نئے فرقے بنانے سے نہیں مٹتی بلکہ فرقے مٹانے سے مٹتی ہے یعنی خاکساری خاکسارت کو چھوڑ دیں۔ مرزائی مرزائیت کو ترک کر دیں، وہابی وہابیت سے منہ موڑیں وغیرہ وغیرہ اور اسلام میں آ جائیں تو تفرقے مٹ جائیں گے۔

(صفحہ ۳ کالم ۳)

اس سارے مضمون کو پڑھ کر ہمیں افسوس ہوا کہ مومن صاحب نے ایمان و دیانت سے کام نہیں لیا۔ بلکہ فرقہ وارانہ مرض کے خود ہی شکار ہو گئے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ مومن صاحب کو خود انہیں کے تحریر کردہ اصول کے ماتحت انہیں توجہ دلائیں۔ لعل اللہ یحدث بعد ذالک امرا۔

مومن صاحب! فرقہ بندی کے مفہوم کو سمجھنے کے لئے سب سے پہلے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب صراط مستقیم کا نقشہ بنایا تھا اس وقت شاہراہ اسلام ایک بتایا یا ایک سے زیادہ۔ اس کے لئے ہم حدیث کے الفاظ سامنے رکھتے ہیں

ملے اس نمبر میں آپ کا اشارہ دجال کی طرف ہے:

یہ سچ ہے کہ ہر نبی نے دجال سے ڈرایا۔ مگر بقول مرزا صاحب وہ دجال موعود پادری اور انگریز ہیں اور ان کا گدھا جس کی سواری ہے ریل گاڑی ہے۔ (ازالہ اوہام)

پس مطلع صاف ہے کہ

ہم پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کیا مسیح موعود (مرزا صاحب متوفی) نے اپنے موعود دجال موعود کو قتل کر کے فنا کر دیا؟ وہ اس کے گدھے کو کم ... [illegible] ... کر دیا؟

... [illegible] ... کچھ نہیں

کیا۔ ہاں کیا تو یہ کہ خود اس پر سوار ہوتے رہے اور ان کے جانشین اب بھی ہوتے ہیں جس پر کسی اہل دل نے کیا خوب کہا ہے ؎

یہ کیسا خر دجال ہے کہ عیسیٰ پہ جس کی جد ...
بصد منت بصد خواہش کرایہ دیکے چڑھتا ہے

مختصر یہ ہے کہ جن خرابیوں کو دور کرنے کے لئے مسیح موعود کو آنا تھا وہ تو زمانہ ... [illegible] ... کی نسبت زیادہ ہیں اور مسیح موعود کو گئے ہوئے تیس سال سے زیادہ ہو گئے۔ جس پر یہ آواز آ رہی ہے ؎

کیا ... [illegible] ...

حضرت جابرؓ مروی ہیں :۔

کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فخط خطا وخط خطین عن یمینہ وخط خطین عن یسارہ ثم وضع یدہ فی الخط الاوسط فقال ھذا سبیل اللہ ثم تلا ھذہ الآیۃ وان ھذا صراطی مستقیما فاتبعوہ ولا تتبعوا السبل

کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے تو آپ نے ایک خط کھینچا اور اس کے دائیں بائیں دو دو خط کھینچے جس کا نقشہ یوں ہے ۔

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سیدھی راہ صرف ایک ہے جو کسی حصہ میں منقسم نہیں ہے نہ وہ چار میں دائر ہے ۔

یہ بات بھی اظہر من الشمس ہے کہ فرقہ وارانہ حیثیت سے حنفیت، شافعیت، حنبلیت، مالکیت چار الگ چیزیں ہیں اور چار اور ایک میں جو نسبت ہے وہ ظاہر ہے۔ اس لئے ہر ادنیٰ فہم کا انسان سمجھ سکتا ہے کہ الحق دائر بین المذاہب الاربعۃ کسی طرح بھی صحیح نہیں ہے۔

اب رہا وہ سوال جو مومن صاحب (مضمون نگار التقیہ) نے خود ہی درج فرمایا ہے :۔

یہ کیسے معلوم ہو کہ یہ فرقہ باطل ہے ۔ اس کا جواب آسان ہے ۔ جو فرقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دین میں نئی بات نکال کر الگ ہوا ہے وہ فرقہ باطل ہے جو پرانے طریقے پر ہے وہ سیدھے راستے پر ہے ۔ (حوالہ مذکور ص کالم ۱)

مولوی صاحب! جب یہ تشخیص قائم ہو گئی ۔ اس کے مطابق فیصلہ آسان ہے۔ اب آئیے ایک قرآن مجید کی آیت بھی پڑھ لیں۔

ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الھدی ویتبع غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی ونصله جھنم الآیۃ (پ ۵۔ ع ۱۴)

جو جماعت کھل جانے کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کرے اور مومنین کی راہ چھوڑ اور راستہ اختیار کرے وہ جہنم ادھر بھیج دیں گے۔

اس آیت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ سچے مومنین کی راہ کے سوا دوسرا راستہ جہنم کو لے جاتا ہے۔ اب ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ سچے مومن جن کے ایمان کی خدا تصدیق کرے وہ کون ہیں ۔ اس میں ہم اہل تشیع بلکہ رافضی کو چھوڑ کر باقی تمام اہل اسلام متفق ہیں کہ صحابہ کرام سچے مومن تھے۔ اور خدا تعالیٰ نے ان کے ایمان پر مہر تصدیق ثبت کی ہے۔ ان کے بعد تابعین مومن ہیں والذین اتبعوھم باحسان رضی اللہ عنھم الآیۃ۔ ان فضلیات کے تسلیم کرنے کے بعد یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ مومنین کس شاہراہ پر تھے۔ تقلید شخصی ان کے شعائر میں تھی یا نہ ۔ اس امر پر ایک مسلم بزرگ کا قول پیش کرتے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی مرحوم فرماتے ہیں :۔

واعلم ان الناس لم یکونوا مجتمعین علی مذھب معین قبل المائۃ الرابعۃ
(حجۃ اللہ)

کہ لوگ چوتھی صدی سے قبل کسی خاص مذہب معین پر نہ تھے ۔

اب سنئے مومن صاحب۔ بقول شاہ ولی اللہ مرحوم چوتھی صدی کے بعد لوگ شاہراہ اسلام سے ہٹ کر فرقہ بندی میں پھنسے۔ بتائیے ان گروہوں کے علاوہ کوئی ایسی جماعت بھی تھی جو کسی فرقہ سے تعلق نہ رکھتی تھی یقیناً تھی وھم اصحاب الحدیث یعنی وہ اہل حدیث ہیں جن کا یہ قول تھا اور ہے ؎

ما اہل حدیثیم دغا را نشناسیم
با قول نبی چون و چرا را نشناسیم

مومن جی کا یہ کہنا کہ ائمہ اربعہ فرقے نہیں۔ کیونکہ انہوں نے دین میں نئی باتیں پیدا نہیں کیں نہ نبوت کا دعویٰ کیا ۔ (ص کالم ۲)

اس سے پہلے آپ ہی وہابیہ کو فرقہ قرار دے چکے ہیں بتائیے ان لوگوں نے کونسی نئی باتیں نکالیں یا کب نبوت کا دعویٰ کیا [illegible] کیا تو کیا آپ کی تعریف کے مطابق وہ بھی فرقہ نہ ہوا۔

حدیث سواد اعظم اسی مضمون میں مومن جی نے ایک مزے دار بات لکھی ہے کہ آنحضرت کا فرمان ہے بڑے گروہ کی پیروی کرو جو اس سے الگ ہوا وہ دوزخ میں گرا۔

اس کے بعد لکھتے ہیں :۔

ہندوستان میں نو کروڑ مسلمانوں میں ساڑھے آٹھ کروڑ اہل سنت ہیں جو شاہراہ اسلام پر چل رہے ہیں اور یہی سواد اعظم ہیں۔ اور انہیں کی پیروی لازم ہے۔

سبحان اللہ! اگر اس حدیث کا یہی مطلب ہے کہ جو تعداد میں بڑی جماعت ہو وہی حق پر ہے تو بتائیے جنگ کربلا میں یزیدیوں کی تعداد زیادہ تھی یا امام حسین علیہ السلام کا لشکر زیادہ تھا۔ اس امر پر غور کر کے پھر بتانا۔ ان میں سے حق پر کون تھا اور سواد اعظم کہلانے کا حقدار کون۔

قدرتاً ہائے ہندوستان میں نو کروڑ مسلمان ہیں ان میں وہابی (اہل حدیث) بھی ہیں، دیوبندی بھی مرزائی بھی، شیعہ بھی، نیچری بھی، خاکساری بھی، وغیرہ وغیرہ۔ یہ تو سب کے سب (بقول مومن) دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ مسلمان صرف وہی ہیں جو بریلی سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کی تعداد آپ نے ساڑھے آٹھ کروڑ کیسے لکھ دی۔ صرف کثرت ثابت کرنے کے لئے۔ یہ بھی یاد رکھنا کہ اہل سنت کے مدعی ڈوم، بھرائی، میراثی، کنجر بھی ہیں اور مردم شماری میں سنی لکھے جاتے ہیں۔ اگر ان کو ملا کر آپ کی تعداد بڑھتی ہے تو ایسی کثرت کو دور سے سلام عرض ہے۔ ہم قلیل ہی اچھے ہیں۔ اور ہمارے لئے یہ فخر بس ہے ہم قلیل من عبادی الشکور الآیۃ کے مصداق ہیں۔

مومن صاحب خود کردہ را علاجے نیست۔ خود بھی اپنے مقرر کردہ اصول سے کچھ اور ہی جیتے ۔ ہیں جب

لہ اللہ دیکھ فرقے نہیں فرقہ تو وہی ہیں جو آپ کی تقلید کو ناجائز کہتے ہیں یہ جو ہیں وہ لوگ کی دوستی کی ...ہیں۔
قائم منہ

(۶۹۹)

صفحۂ تاریخ۔ از افاداتِ امام ابن الجوزیؒ

(قسط ثالث)

(مترجمہ مولوی ابوسعید عبد الرحمٰن صاحب فرید کوٹی حال چنیوٹ)

اس سے قبل امام ابن الجوزیؒ کی عیون التاریخ میں سے دو قسطیں قارئین کی خدمت میں ہدیہ کر چکا ہوں یہ تیسری قسط بھی انہی کا سلسلہ ہے۔ اور اس میں صرف خلفاء بنو امیہ تک کے اسماء مدت خلافت وغیرہ حالات پر ہی اکتفا کیا گیا ہے۔

(۱) حضرت عبد اللہ بن عثمان المکی بابی بکر الصدیقؓ آپ سب سے پہلے خلیفہ اسلام ہیں۔ جن کی بیعت سقیفہ بنی ساعدہ کے مقام پر بروز سوموار ماہ ربیع الاول سنہ ۱۱ھ کو ہوئی۔ آپ کا نام عبد اللہ باپ کا نام عثمان اور کنیت ابوبکر تھی۔ آپ کی وفات بروز پیر ۲۲ جمادی الاخری سنہ ۱۳ھ کو ہوئی۔ خلافت کا عہد مبارک دو سال تین ماہ بیس روز تھا۔ رضی اللہ عنہ۔

(۲) حضرت عمر بن الخطابؓ۔ دوسرے خلیفہ ہیں جن کی بیعت صدیق اکبرؓ کی وفات کے دن کی گئی۔ اور ۲۶ ذی الحجہ سنہ ۲۳ھ کو خلد بریں کی طرف نقل مکان (انتقال) ہوا۔ خلافت کا عہد زریں دس سال چھ ماہ چار دن تھا۔ رضی اللہ عنہ۔

(۳) حضرت عثمان بن عفانؓ۔ حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد چہارم مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوئے یعنی یکم محرم الحرام سنہ ۲۴ھ۔ وفات (شہادت) بروز جمعہ ۱۸ ذی الحجہ سنہ ۳۵ھ کو ہوئی۔ آپ کا عہد خلافت ۱۲ دن کم ۱۲ سال تھا۔ رضی اللہ عنہ۔

(۴) حضرت علی بن ابی طالبؓ۔ حضرت عثمانؓ کے بعد خلیفہ مقرر ہوئے۔ حضرت علیؓ کا واقعہ قتل (شہادت) ماہ رمضان سنہ ۴۰ھ کو ہوا۔ عہد خلافت چار سال ۹ ماہ پانچ یا چھ دن تھا۔ رضی اللہ عنہ

(۵) حضرت حسن بن علیؓ۔ علیؓ کے بعد خلیفہ مقرر ہوئے۔ چھ ماہ گیارہ دن خلافت کر لینے کے بعد حضرت امیر معاویہؓ کے حق میں خود دستبردار ہو گئے اور امیر معاویہ رضؓ کی خلافت کو تسلیم کر لیا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق حضرت حسن رضؓ تک خلافت راشدہ علیٰ منہاج النبوۃ کے تیس سال پورے ہو گئے۔ رضی اللہ عنہم

(۶) پھر حضرت امیر معاویہ رضؓ خلیفہ ہوئے۔ آپ بنو امیہ کے سب سے پہلے خلیفہ ہیں۔ اور انہی سے خاندان بنو امیہ کی خلافت کا سلسلہ شروع ہوتا ہے آپ کی خلافت جمادی الاولیٰ سنہ ۴۱ھ کو قائم ہوئی۔ وفات بروز جمعرات ۱۵۔ رجب سنہ ۶۰ھ کو ہوئی۔ عہد خلافت انیس ۱۹ سال تین ۳ ماہ اور بعض کے نزدیک بیس ۲۰ سال ۴ ماہ تھا۔

(۷) یزید بن معاویہؓ خلیفہ مقرر ہوا۔ وفات ۱۴۔ ربیع الاول سنہ ۶۴ھ اور عہد خلافت تین سال دو ماہ۔

(۸) معاویہ بن یزید۔ معاویہ بن یزید صالح و نیک شخص تھا۔ صرف چالیس دن زندہ رہ کر وفات پا گیا اور اپنے بعد کسی کو خلافت کے لئے نامزد نہیں کیا۔

(۹) عبد اللہ بن الزبیرؓ۔ چونکہ معاویہ بن یزید نے کسی شخص کو خلیفہ مقرر نہیں کیا تھا۔ اس لئے ان کی وفات کے بعد خلافت میں کشاکشی پیدا ہوئی) اور عبد اللہ بن زبیرؓ خلیفہ مقرر ہوئے۔ اور دوسری طرف آپ کے مقابلہ پر مروان مدعی خلافت ہوا۔ ابن الزبیر کے سامنے مروان کا انتقال ہوا۔ اور انہوں نے ۹ سال ½ ۲ ماہ تک خلافت کی۔ لیکن مروان کی وفات کے بعد اس کے بیٹے عبد الملک بن مروان نے زور پکڑا۔ اور ابن الزبیر کے [illegible] معرکہ قتال قائم کیا۔ حتیٰ کہ [illegible] ذریعہ آپ پر ساری [illegible] اس کے بعد [illegible] خلافت

کرنے کا موقعہ مل گیا۔

(۱۰) مروان بن حکم۔ علاوہ شام میں ابن الزبیرؓ کی بیعت مقبول عام ہو جانے کے بعد خلافت کے لئے کھڑا ہوا اور شام کے علاقہ میں الگ چھوٹی سی خلافت قائم کر لی۔ اور خلافت کو دو ٹکڑوں پر تقسیم کر دیا۔ وفات سنہ ۶۵ھ کو ہوئی۔ ایام خلافت ۹ ماہ ۲۸ دن تھے

(۱۱) عبد الملک بن مروان۔ عبد الملک بن مروان اپنے باپ کے قائم مقام کھڑا ہوا۔ کافی عرصہ تک لشکر جرار کی طیاری میں مصروف رہا۔ اور بالآخر حجاج بن یوسف سفاک کی معیت میں مکہ معظمہ پر حملہ آور ہوا۔ ابن الزبیرؓ کو شہید اور خلافت کا میدان امویوں کے لئے صاف کر دیا۔ وفات سنہ ۸۶ھ کو ہوئی اور ایام خلافت تیرہ سال ڈھائی ماہ تھے۔

(۱۲) ولید بن عبد الملک۔ عبد الملک کی وفات کے بعد اس کا بیٹا ولید مسند خلافت پر بیٹھا۔ سنہ ۹۶ھ میں وفات پائی۔ خلافت کا زمانہ ۹ سال ۵ ماہ تھا۔

(۱۳) عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ۔ ولید کے بعد حضرت عمر بن عبد العزیز مشہور امام ابو رجاء کی کوششوں سے خلیفہ مقرر ہوئے (اور انہوں نے خلافت راشدہ کا دور پھر زندہ کر کے دکھا دیا) بروز جمعہ ۲۵۔ رجب سنہ ۱۰۱ھ ۳۹ سال کی عمر میں انتقال ہوا۔ مدت خلافت ۲ سال ۵ ماہ ۵ دن تھی۔

(۱۴) یزید بن عبد الملک۔ وفات بروز جمعہ ۲۵۔ شعبان سنہ ۱۰۵ھ مدت خلافت چار سال ایک ماہ تھی

(۱۵) ہشام بن عبد الملک۔ اپنے بھائی یزید بن عبد الملک کے بعد متمکن خلافت ہوا۔ ۶ ربیع الاخر سنہ ۱۲۵ھ کو انتقال ہوا۔ خلافت کا زمانہ [illegible] سال سات ماہ تھا۔ ہشام بن عبد الملک نے بڑی شان سے سلطنت کی۔ مگر افسوس کہ اس کے مرنے کے بعد بنو امیہ باہمی خانہ جنگیوں میں مبتلا ہو کر [illegible]

(۱۶) ولید بن یزید بن عبد الملک [illegible]

۲۸ جمادی الاولیٰ سنہ [illegible] بروز جمعرات [illegible]

[illegible]

(۱۷) [illegible] بن ولید بن عبد الملک [illegible]

باپ کی وفات کے بعد خلیفہ مقرر ہوئے۔ نہایت اچھے خصائل کے مالک تھے۔ جمادی الآخر ۱۲۶ھ کو وفات پائی۔ مدت خلافت ۵ ماہ ۱۲ یوم (نگر افسوس کہ جب ان کے بعد مروان بن محمد خلیفہ مقرر ہوا تو اس شقی نے ان کی لاش کو قبر سے نکلوا کر سولی پر چڑھا دیا اس وقت کسی شخص نے یزید کی تعریف میں یہ الفاظ کہے تھے۔

یَا مُبِدَّ الْکُنُوزِ یَا مُجَاذِ بِالْاَسْمَارِ کَانَتْ

وِلَایَتُکَ رَحْمَۃً وَ وَفَاتُکَ فِتْنَۃً اَخَذُوْکَ

فَصَلَبُوْکَ (معارف ابن قتیبہ عبد الرحمٰن)

(۱۸) پھر ابو اسحاق ابراہیم بن ولید بن عبد الملک خلیفہ مقرر ہوئے۔ اور صرف تین ماہ خلیفہ رہ کر خلافت سے دستبردار ہو گئے۔

(۱۹) مروان بن محمد بن مروان بن حکم۔ یہ شہرہ آفاق مروان کے پوتے مروان ہیں۔ اس نے استیلاء حاصل کیا۔ اور خلیفہ ابراہیم اس کے خوف سے خود بخود دستبردار خلافت ہو گئے۔ ۱۵ صفر کو مروان کی عام بیعت لے لی گئی۔ (چونکہ اس زمانہ میں بنو امیہ باہمی خانہ جنگیوں میں مصروف تھے اور ان کا اقتدار عالم اسلام سے اٹھ چکا تھا اس لئے بروز پیر ۲۳ ذوالحجہ ۱۳۲ھ کو بنو امیہ کا قصر دمشق میں رہنے والا آخری خلیفہ قتل کر دیا گیا۔ اور قتل کے ساتھ ہی بنو امیہ کا چراغ گل ہو گیا۔ اور اس کے بعد خلافت بنو عباس کی طرف منتقل ہو گئی۔ اور ان کا زمانہ خلافت ۵ سال ایک ماہ تھا۔

نوٹ: [illegible] خلافت [illegible] اسلام [illegible] دو قسم کے دشمنوں کا مقابلہ کرنا پڑا [illegible] کہ حضرت [illegible] کے انتقال [illegible] مصری [illegible] کا [illegible] فتح عظیم [illegible] کے زمانہ [illegible] حضرت

فاروق اعظم کے زمانہ میں فتوحات [illegible] پر آندھی کی طرح چھا گیا اور کم و بیش ۳۶ ہزار شہر فتح ہوئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں فتوحات کا سلسلہ بہت قلیل ہے۔ اور یہ اس لئے کہ صحابہ کے درمیان ایک تو سیاسی پیچیدگیاں پیدا ہو گئی تھیں اور دوسرا یہ کہ فاروق اعظم کے مفتوحہ ممالک کا انتظام قائم رکھنا بھی کچھ آسان کام نہ تھا۔ اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں انہی علاقوں کا زیادہ تر حسن انتظام ہی کیا گیا۔ حضرت عثمان کی شہادت کا واقعہ مشہور ہے۔ اس لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دور خلافت صحابہ کی خانہ جنگیوں کا میدان بنا رہا۔ کوئی علاقہ فتح ہونا تو درکنار خلافت کا شیرازہ ٹوٹ کر رہ گیا۔ یہی حال حضرت امام حسن کے عہد مقدس کا ہے۔ گو ان کے زمانہ میں باہمی قتال نہیں ہوا۔ اور حضرت حسن کی کمال دانشمندی نے اہل اسلام کو ایک امیر پر جمع کر دیا۔ اور ان کے زمانہ میں فتوحات اسلامیہ کا دروازہ پھر ایک بار کھل گیا۔

تاریخ دان جانتے ہیں کہ ہشام بن عبد الملک کے بعد خلفاء امیہ ایک انچ آگے قدم نہیں بڑھا سکے بلکہ انہی کی باہم خانہ جنگیوں کو دیکھ کر بنو فاطمہ و بنو عباس نے زور پکڑنا شروع کیا۔ اور مروان کے ظلم و جور کو دیکھ کر کوفہ والوں نے زید بن علی بن حسین بن علی کو خلیفہ بنا لیا۔ اور پھر وہاں بھی ظالم دغا باز قاتلین حسین کوفیوں نے زید بن علی کو شہید کروا ڈالا۔ چونکہ بنی امیہ کا قصر خلافت دمشق میں متزلزل ہو رہا تھا اور ان کی آپس میں تلوار چل رہی تھی۔ دوسری طرف بنو فاطمہ زید بن علی کی شہادت سے خوفزدہ ہو کر خلافت سے ناامید و مایوس ہو کر خاموش ہو گئے تھے [illegible] بنو عباس کو سنہری موقعہ ہاتھ آ گیا۔ اور بلا آخر [illegible] العباس السفاح نے [illegible] ۱۳۲ھ میں [illegible] کے ساتھ خلافت بنو عباسیہ کی بنیاد ڈالی۔ [illegible] ۹۲ سال [illegible] [illegible] نے [illegible] [illegible] سلطنت [illegible]

مذمت غیبت

(بقلم مولوی محمد عبد اللہ صاحب [illegible])

اوروں کی بری بات تو بھاتی نہیں تم کو
پر اپنی برائی نظر آتی نہیں تم کو

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ٘ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَ لَا یَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَیُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ یَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ (پ ۲۶ ع ۱۴)

اے ایمان والو پرہیز کرو کثرت گمان سے بے شک بعض گمان گناہ ہیں اور نہ جستجو میں رہو کسی کی اور نہ غیبت کرے بعض تمہارا بعض کی۔ کیا تم لوگوں سے کوئی بھی اسکو پسند کریگا کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھاوے۔ ہرگز نہیں بلکہ تم اسکو ناپسند کرو گے۔ اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا رحیم ہے۔

چونکہ آپس کی چپقلش و رنجش اور عداوت و دشمنی کا ایک بہت بڑا ذریعہ غیبت و چغلخوری ہے اس لئے قرآن کریم نے اس کی انتہائی مذمت اور شناعت و قباحت و کراہت بیان کر کے اس سے پرہیز کا حکم دیا ہے حتیٰ کہ اس فعل کی مثال اپنے مردہ بھائی کے گوشت کھانے سے دیکر حد درجہ منافرت کا ثبوت دیا ہے۔ اور اس سے زیادہ مزید تفصیل ایک حدیث میں یوں وارد ہوئی ہے۔

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اکل لحم اخیہ فی الدنیا قرب الیہ یوم القیامۃ فیقال لہ کلہ میتا کما اکلتہ حیا فیاکلہ ویکلح ویضج رواہ ابو یعلیٰ والطبرانی والاصبہانی (ترغیب ترہیب مصری جلد سوم)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے اپنے بھائی کا گوشت دنیا میں کھایا یعنی غیبت کی قیامت کے دن بھی اسے اس کے پاس حاضر کیا

ahmadimuslim.de

حکم دیا جائیگا کہ اس مُردہ کا بھی گوشت حقیقۃً اسی طرح کھا جیسے کہ اس کی زندگی میں اس کا گوشت کھایا تھا (یعنی غیبت کی تھی) پس وہ چغلخور جھوٹا اُس کا گوشت کھائیگا اور شدت کراہت و تکلیف سے منہ بنائیگا مگر خود کردہ را چہ علاج"

اسی کو کسی شاعر نے کہا ہے اور خوب کہا ہے ؎

تَکَلَّمْ وَسَدِّدْ مَا اسْتَطَعْتَ فَإِنَّمَا
کَلَامُکَ حَیٌّ وَالسُّکُوْتُ جَمَادُ
فَإِنْ لَمْ تَجِدْ قَوْلًا سَدِیْدًا تَقُوْلُهٗ
فَصَمْتُکَ مِنْ غَیْرِ السَّدِیْدِ سَدِیْدُ

(حتی المقدور درست اور ٹھیک گفتگو کر کیونکہ تیری گفتگو تیری زندگی کی دلیل ہے، اور خاموشی موت اور بیہودی روح کے مرادف ہے لیکن تاہم جب تو موقع کی درست اور حق و صحیح بات نہ کہہ سکے تو بیہودہ گوئی اور غلط بیانی سے بہتر ہے کہ تو خاموش ہی رہے)

لیکن عُرناکم فہموں، نادانوں اور کوتاہ اندیشوں کا یہ خیال ہوتا ہے کہ کسی بات میں خاموش رہ جانا اور جواب نہ دینا گویا اپنی جہالت پر مہر تصدیق کرنا ہے لہذا اُلٹا سیدھا جو کچھ زبان پہ آتا ہے بک جاتے ہیں بلکہ بعض کا تو شیوہ ہی یہ ہوتا ہے کہ یہاں کی بات وہاں اور وہاں کی بات یہاں، غیبت و شکایت بکر کے پاس اور بکر کی زید کے پاس کرتے رہتے ہیں۔ خالد کے پاس بیٹھیں گے تو زید کی خالد جیسی بولیں گے اور عمرو کے ہاں جائینگے تو عمرو کی سی گائینگے۔ ان کی بیکاری کا مشغلہ اور ذاتی پیشہ ہی یہ ہے کہ باہمی فتنہ و فساد برپا کریں اور جہاں بھی جائیں کوئی نہ کوئی شرور گل کھلائیں۔ واقعی ایسے لوگوں کو بغیر مکر و فریب تہمت و افتراء، غیبت و شکایت اور چغلخوری و بہتان کے کھانا ہضم نہیں ہوتا اور کبھی نچلے بیٹھتے ہیں۔ حالانکہ حضور رسول کریم علیہ التحیہ والتسلیم فداہ روحی و ابی و امی فرماتے ہیں کہ لیس منی ذو حسد ولا نمیمۃ ولا کہانۃ ولا انا منہ ثم تلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا

یعنی نہیں ہے میری امت سے حاسد اور چغلخور اور نہ کاہن اور نہ میں اُن کا ساتھی ہوں۔ پھر حضور نے تلاوت فرمایا۔ اور جو لوگ کہ مومنین و مومنات کو ناحق ایذا دیتے ہیں پس انہوں نے بہتان اور صریح گناہ کا ارتکاب کیا"

دوسری حدیث میں فرمایا:۔ الھمازون واللمازون والمشاؤن بالنمیمۃ ...... یحشرھم اللہ فی وجوہ الکلاب۔ غیبت کرنے والوں، طعنہ زنی کرنیوالوں اور چغلخوروں کو قیامت کے دن باری تعالیٰ کتوں کی صورت پر اُٹھائیگا"

ایک اور حدیث شریف میں غیبت کی انتہائی مذمت و برائی یوں وارد ہوتی ہے کہ:۔ الغیبۃ اشد من الزنا قیل وکیف قال الرجل یزنی ثم یتوب فیتوب اللہ علیہ وان صاحب الغیبۃ لا یغفر لہ حتی یغفر لہ صاحبہ۔ یعنی غیبت کا وبال و مآل اور انجام زنا سے بھی زیادہ سخت و مشکل ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا یہ کیونکر؟ آپ نے فرمایا کہ زانی تو زنا کرنے کے بعد توبہ کرتا ہے تو باری تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرماتا اور اُس کو معاف کر دیتا ہے لیکن چغلخور کو توبہ کے باوجود بھی باری تعالیٰ معاف نہیں کرتا اور نہ اُس کی بخشش ہوگی۔ حتی کہ وہ شخص معاف نہ کرے جسکی غیبت کی گئی ہے۔

چونکہ بعض جاہل غیبت کو غیبت ہی نہیں سمجھتے بلکہ تہمت و بہتان کو غیبت سمجھتے ہیں۔ لہذا اُن کو یہ مندرجہ ذیل حدیث صحیح یاد رکھنی چاہئیے:۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اتدرون ما الغیبۃ قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال ذکرک اخاک بما یکرہ قیل افرأیت ان کان فی اخی ما اقول قال ان کان فیہ ما تقول فقد اغتبتہ وان لم یکن فیہ ما تقول فقد بہتہ (رواہ مسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی) یعنی ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے لوگوں سے فرمایا کہ تم لوگ جانتے ہو غیبت کیا چیز ہے۔ لوگوں نے عرض کیا اللہ و رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا مسلمان بھائی کی وہ باتیں ذکر کرنی یعنی کہنا کہ وہ ناپسند کرتا ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا کہ اگر وہ باتیں اُس کے اندر موجود ہوں تو بھی غیبت ہوگی؟ آپ نے فرمایا کہ وہ باتیں اُس کے اندر موجود ہونے کی ہی صورت میں تو غیبت ہے اور اگر موجود نہ ہوں جب تو تہمت و بہتان ہے"

نیز غیبت کے گناہ و وبال کے متعلق حضورؐ کا فیصلہ کن فرمان ملاحظہ ہو:۔

عن حذیفۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخل الجنۃ نمام۔ رواہ البخاری ومسلم وابوداؤد والترمذی۔

یعنی حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ چغلخور جنت میں داخل ہی نہ ہوگا"

کیونکہ غیبت کے باعث اُس کا اعمال نامہ نیکیوں سے بالکل خالی اور صفا چٹ ہوگا۔ اور جب نیکیاں ہی نہیں تو جنت کا مستحق کیونکر ہوگا۔ فرمان نبوی ملاحظہ ہو:۔

عن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الرجل لیوتی کتابہ منشورا فیقول یا رب این حسنات کذا وکذا عملتھا لیست فی صحیفتی فیقول محیت باغتیابک الناس

ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ چغلخوروں کو کھلے ہوئے اعمالنامے دئیے جائینگے تو وہ کہیں گے کہ اے باری تعالیٰ میری وہ فلاں فلاں نیکیاں جو میں نے کی تھیں میرے اعمال میں تو نہیں ہیں آخر وہ کہاں ہیں؟ باری تعالیٰ فرمائیگا کہ لوگوں کی غیبت کے باعث وہ تیری ساری نیکیاں غارت ہو گئیں"

دراصل آج کل یہ مرض غیبت اس قدر عام ہو گیا ہے کہ اس سے بہت کم لوگ بچے اور بچ سکتے ہیں بغیر اس کی برائی اور اہمیت گناہ کا احساس دلوں سے اٹھ گیا ہے حالانکہ یہ اشد ترین گناہوں میں سے بتلائی گئی ہے جیسا مذکورہ بالا قرآن و احادیث سے واضح ہے۔ تاہم اگر کبھی اتفاقاً بھولے سے سہو و نسیان سے اگر غیبت سرزد ہو جاوے تو اس کا علاج حضورؐ نے بیان فرمایا ہے گو وہ حدیث ضعیف ہے۔ چنانچہ حضور فرماتے ہیں (باقی دیکھو صفحہ ۱۳ کالم ۳)

الرحمٰن ... چوتھا (دفتر) ... (۹۰۲) ...

سوم ۳۔ کا تامر وفیہ لیکن اگر خیر خصومت کے ساتھ پس پشت ذکر کرے تو غیبت ہوگی اور اگر خیرخواہی سے ہو تو کہ کے غیبت نہیں۔ بلکہ ثواب ہوگا۔ انما الاعمال بالنیات

فتاویٰ

تعاقب | رسالہ ہذا کے نمبر ۱۹ پرچہ میں ۲۹ سوال کے جواب میں جناب نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر نکاح میں دف مذہبی رسم جان کر بجایا جاتا ہے تو بدعت ورنہ لغو۔ اس کے متعلق عرض ہے کہ ایک قولی حدیث میں نکاح میں دف بجانا مشروع بلکہ نکاح کا اعلان دف کے ذریعہ سے مستحب معلوم ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ ص ۲۷۳

عن عائشۃ ..... و اضربوا علیہ بالدفوف رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب۔

یہ حدیث غریب ہے مگر اس کی تائید اور تقریب ذیل کی حدیث سے ہوتی ہے۔

وھو ھذا عن محمد بن حاطب الجمحی...

قال فصل ما بین الحلال والحرام الصوت والدف فی النکاح۔ رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ۔ مشکوٰۃ ص ۲۷۲۔ اور یہ حدیث حسن قابل احتجاج ہے۔ کما قال الترمذی واللہ اعلم!

راقم الحروف ابو النعمان انیس الرحمٰن نعمانی مدرسہ اسلامیہ مرشد آباد۔ بنگال۔ ۱۹ رجب ۱۳۵۸ھ

مفتی | فتویٰ میں سہو ہو گیا تھا۔ تعاقب صحیح ہے واللہ اعلم و علمہ اتم۔

تعاقب بر تعاقب

۲۲ جمادی الثانی سن رواں کے پرچہ علما کے فتاوی ۲۳۲ پر ایک تعاقب نظر سے گزرا۔ مگر تاہم اس میں غلطی اب تک باقی ہے ملاحظہ ہو:۔

میت — ۱۲

زوجہ	ام	اب	عم عینی	عم علاتی
۳	۴	۵	م	م

مگر درحقیقت صورت مسئول عنہا کا جواب یوں ہے کہ زوجہ کو ربع۔ چونکہ لاولد ہے۔ اور ام کو ثلث باقی اور اب کو بطور عصوبت باقی ملیگا۔ صورت مسئلہ یوں ہے:۔

میت — ۴

زوجہ	ام	اب	عم عینی	عم علاتی
۱	۱	۲	م	م

آپ کے تعاقب میں دو غلطیاں ہیں۔ ایک یہ کہ آپ نے ماں کو ثلث کل دیا ہے مگر اس صورت میں ثلث باقی ہونا چاہئے۔ ملاحظہ ہو سراجی قیومی کانپور ص ۱۱ وثلث ما بقی بعد فرض احد الزوجین و ذلک فی مسئلتین خوج ھا بوین وزوجۃ و ابوین انتھی۔ دوسری یہ کہ آپ نے مسئلہ بارہ ۱۲ سے کیا ہے۔ حالانکہ اس صورت میں مسئلہ چار ۴ سے ہونا چاہئے۔ کیونکہ مخرج (مسئلہ) کی تعریف یوں ہے "چھوٹے سے چھوٹے عدد جس سے کسر صحیح نکلے"۔ لہذا بمطابق عرف مسئلہ چار ۴ سے ہونا چاہئے۔ جیسے سراجی کے بین السطور مرقوم ہے۔ کما ھو ظاھر عند ماھری ھذا الفن الشریفۃ

احقر محمد نصرت اللہ مدرسہ عزیزیہ مرشد آباد

مفتی | ثلث ما بقی کا فتویٰ فقہاء حنفیہ کا ہے اور آپ کے مخاطب غالباً اقوال فقہاء کے پابند ہونگے اس لئے اب دونوں میں اصولی اختلاف باقی ہے۔

س ۲۳۶ } ایک عورت بیوہ نے نکاح ثانی کیا پہلے خاوند سے اس کی ایک لڑکی تین سال کی ہے۔ عورت مذکورہ کسی تقریب پر مع اپنی لڑکی (خورد سالہ) کے اپنے پہلے سسرال میں چلی گئی وہاں کے عام لوگوں نے جبراً اس کی تین سالہ لڑکی کا نکاح پڑھا دیا۔ ماں انکار کرتی رہی۔ سوال یہ ہے کہ ایسے جبر اور ظلم کی حالت میں یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں۔

(ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۲۳۶ } بصورت صحت حالات مرقومہ ایسا نکاح صحیح نہیں۔ قال اللہ لا اکراہ فی الدین دین میں جبر کرنا جائز نہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ ان جاریۃ بکرا اتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت ان اباھا زوجھا وھی کارھۃ فخیرھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (بخاری) ایک لڑکی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور اُس نے بیان کیا کہ اس کا نکاح پڑھایا گیا اور وہ ناپسند کرتی ہے۔ یہ سُن کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے نکاح (رکھنے نہ رکھنے) میں اختیار دیدیا۔ اللہ اعلم!

بقیہ مضمون از صفحہ ۱

بقیہ مضمون از صفحہ ۱

ان من کفارۃ الغیبۃ ان تستغفر لمن اغتبتہ تقول اللھم اغفر لنا ولہ۔

یعنی بیشک غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کر چکا ہے اس کے لئے استغفار طلب کرے اور یوں دعا کرے کہ اے اللہ مجھ کو اور اُس کو معاف فرما دیجیو۔ ممکن ہے کہ اس کی وجہ سے قیامت کے دن جس کی غیبت کی گئی ہے اُسے کچھ فائدہ پہنچے اور وہ اس سے خوش ہو کر اس کو معاف کر دے۔ ورنہ غیبت کرنے والوں کی نجات مشکل ہے۔

خداوند کریم غیبت کرنے والوں کو بلکہ تہمت تراشوں کو سمجھ دے کہ دوسرے کی بدخواہی و بدنامی کے خیال و کوشش میں اپنی عاقبت برباد کرنے کی تدبیر اور دنیا خراب ہونے کی ترغیب سے باز نہیں۔ حقیقت و اصلیت اور واقعی کیفیت کبھی چھپ نہیں سکتی۔ بلکہ اکثر یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ ؎

چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکاں دھد

یعنی جب انسان کے تکبر اور غرور اور چھچھورپن و کمینہ پن کے باعث خداوند کریم کو اُس کی عزت خاک میں ملانی ہوتی ہے تو اُس کی حالت نہ صرف غیبت و شکایت ہی کی ڈالتا ہے بلکہ ترقی کرتے کرتے وہ تہمت طرازی بھی کرنے لگتا ہے اور لوگوں پر خواہ مخواہ بہتان لگاتا پھرتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ متہم کو جب اس کی خبر پہنچتی ہے تو وہ ساری قلعی کھول کر رکھ دیتا ہے اور لینی کی دینی پڑ جاتی ہے ؎

خدا محفوظ رکھے ہر خطا سے
خصوصاً چغلخوری بد ادا سے

متفرقات

خطبات محمدی جلد دوم | مؤلفہ مولانا محمد صاحب

ایڈیٹر اخبار محمدی دہلی کتاب ہذا کی پہلی جلد کا ریویو اہلحدیث مورخہ ۷ اگست ۱۹۳۹ء میں شائع ہو چکا ہے جسے ناظرین ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ جلد دوم بھی کتابی صورت میں شائع ہو گئی ہے جس میں دو سو پینتالیس (۲۴۵) احادیث نبویہ مع اردو ترجمہ بعنوان خطبہ درج کی گئی ہیں۔ شائقین احادیث نبویہ سے امید ہے کہ اس نئی تالیف کی قدر کرینگے۔ نیز مؤلف موصوف سے بھی امید ہے کہ اس کام کو انجام تک پہنچا کر عند الناس مشکور و عند اللہ ماجور ہونگے۔ نہایت عمدہ طباعت۔ کاغذ اعلیٰ قیمت ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ :- دفتر اخبار محمدی باڑہ ہندو راؤ دہلی۔

شمع توحید طبع دوم | یادگار حملہ شمع توحید

اگرچہ دفتر ہذا سے ہزاروں کی تعداد میں شائع ہوئی تھی مگر قدر دانوں کے شوق سے دو تین ماہ میں سب ختم ہو گئی۔ انجمن اہل حدیث دار الاشاعت سکندر آباد دکن نے اصل کتاب بغیر صرف مسائل کو مکرر طبع کرایا ہے۔ شائقین مندرجہ ذیل پتہ سے ار کے ٹکٹ بھیج کر طلب کریں۔ مرزا محمد علی بیگ معتمد اہل حدیث دار الاشاعت سکندر آباد۔ دکن

انبیاء کے دو دشمن | از قلم غلام نبی صاحب مسلم۔

صاحب موصوف نے ٹریکٹ ہذا میں قرآن مجید اور دیگر سابقہ واقعات سے ثابت کیا ہے کہ انبیاء کرام صلوٰۃ اللہ علیہم کے اصل دشمن یعنی توحید کے دشمن ہمیشہ سرمایہ دار اور حکام ہوتے ہیں۔ جن کے رعب و دبدبہ سے اکثر غرباء طبقہ خائف رہ کر راہ حق سے باز رہا۔ قیمت ۱ ملنے کا پتہ :- کتبہ اسلامیہ اندرون موچی دروازہ لاہور۔

الارشاد امرتسر | امرتسر سے دو سال سے جاری ہے۔ جس میں عام اسلامی مضامین کے علاوہ چکڑالویت، مرزائیت اور خاکساریت کی تردید میں مفید مضامین شائع ہوتے ہیں۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔ پتہ :- سید عبد الحمید شاہ بخاری مالک رسالہ الارشاد امرتسر۔

مدح صحابہ اور تبرا | لکھنؤ میں مدح صحابہ کے مقابلہ میں شیعوں کی طرف سے جو تبرا کی مذموم ایجی ٹیشن جاری ہے۔ اس کے متعلق اخبار مدینہ بجنور میں جس قدر مضامین شائع ہوتے رہے ہیں۔ کتابی صورت میں شائع کئے گئے ہیں۔ قیمت دو آنہ۔ ملنے کا پتہ :- دفتر اخبار "مدینہ" بجنور

قابل توجہ بہی خواہان اخبار اہلحدیث

اخبار "اہلحدیث" ایک مذہبی پرچہ ہونے کی وجہ سے اس رونق کو نہ پہنچا جس پر ملکی اخبار پہنچ گئے اور پہنچ جاتے ہیں۔ تاہم دیندار طبقہ کی توجہ سے ایسے اخبار کا ۳۷ سال تک جاری رہنا خدا کی حمد و ثنا اور احباب کے شکریہ کا موجب ہے۔ مگر "اخبار اہلحدیث" کو اس وقت دو قسم کی مصیبتوں کا سامنا ہو رہا ہے۔

اول :- زمانے کی سیاسی لہر کا غلبہ جو مذہبی تحریرات سے ہٹا رہا ہے۔

دوم :- تازہ مصیبت کاغذ کی گرانی جس سے لاگت میں اضافہ لازمی ہے۔

پس بہی خواہان اہل حدیث کا فرض مقدم یہ ہے کہ اخبار کو زندہ رکھنے کے لئے اس کی اشاعت بڑھائیں اور اپنے اپنے حلقہ اثر میں نئے خریدار بنا کر اہلحدیث کو اپنی بہی خواہی کا ثبوت دیں۔

امید ہے جملہ ناظرین و بہی خواہان حضرات اس آواز کو معمولی آواز نہ سمجھیں گے۔

امداد رسالہ تردید خاکساری تحریک | کے لئے از بابو عزیز الدین صاحب کوئٹہ ۵ر۔ جناب برکات احمد صاحب بریلی ۸ر۔ مولوی عبد العزیز صاحب آکا ٹرہ ۸ر۔ مولوی محمد یٰسین صاحب چھپرانوالہ ضلع گجرات ۸ر۔ ایم حشمت علی گوہر لوبیان خاص ۸ر۔

دیگر حضرات | بھی اس رسالہ کی اشاعت کے لئے امدادی رقوم جلد ارسال کریں۔ نیز تعداد مطلوبہ سے بھی اطلاع دیں تاکہ طبع ہونے کے بعد ان کو رسالے روانہ کئے جائیں۔ (منیجر اہلحدیث)

انجمن حمایت اسلام نیروبی | مشرقی افریقہ میں

پانچ سال سے قائم ہے۔ ... کی رپورٹ موصول ہوئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انجمن مذکور تبلیغ اسلام کا کام خوب محنت سے کر رہی ہے۔ کئی سکول جاری ہیں۔ مرزائیت اور خاکساریت کی تردید میں بھی کافی کوشش کر رہی ہے۔ دعا ہے خدا تعالیٰ اس کے ممبران و کارکنان کو تبلیغ کی مزید توفیق عطا کرے۔

جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کی برکات ۳۰ مرزائی تائب | موضع ... تحصیل پھالیہ

میں مرزائیوں کے چند گھر ہیں۔ انہوں نے بذریعہ اشتہار جلسہ کا اعلان کرتے ہوئے مسلمانوں کو مناظرہ کا چیلنج دیا۔ موضع مذکور کے مسلمانوں نے چیلنج قبول کر لیا۔ جمعیت کی طرف سے منشی محمد عبد اللہ صاحب معلم کو ۴ ستمبر کے دن شرائط طے کرنے کے لئے بھیجا گیا۔ مرزائیوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کی کتب کے سوا ان کی تمام تحریرات و اقوال کے ماننے سے انکار کر دیا اور شرائط مکمل نہ ہو سکیں آخر مورخہ ۶ ستمبر کو مرزائی جلسہ کے بالمقابل مسلمانوں کا جلسہ کیا گیا۔ خوب تقریریں ہوئیں۔ ۳۰ مرد و عورت مرزائی مذہب سے تائب ہوئے۔ جن کے نام مع انکے دستخطوں اور نشان انگوٹھوں کے توبہ ناموں کی شکل میں محفوظ ہیں بحمد اللہ یہ جلسہ اپنے اثر کے لحاظ سے خاصہ کامیاب رہا۔ مرزائی لوگ سخت شرمندہ ہوئے۔

ہم مولوی مبارک علی اور چوہدری خیر دین صاحب کے خاص طور پر مشکور ہیں جنہوں نے جلسہ ہذا کے انتظام میں کافی حصہ لیا۔ جزاہما اللہ تعالیٰ۔ (محمد عبد اللہ ثانی ناظم)

ضرورت ہے | مجھے ایک ایسے خوشخط اور صاف نویس محرر کی ضرورت ہے جو رمضان شریف میں میرے ساتھ رہ کر میرے غیر مطبوعہ خطب کو خوشخط لکھ دے۔

خط و کتابت کا پتہ :-

قاضی یونس خان شروانی رئیس دماڈلی مقیم حیدرآباد دکن۔ مکان ... محلہ براق ...

(باقی متفرقات صفحہ کالم ۲ پر)

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

جنگ یورپ

آخر وہ دن بھی آگیا جس کا خطرہ عرصہ سے محسوس ہو رہا تھا۔ یعنی دول یورپ کے مابین یکم ستمبر سے جنگ شروع ہو گئی ہے۔ سردست ایک طرف جرمنی ہے۔ جس کی طرف سے حملہ کی ابتدا ہوئی ہے۔ دوسری طرف اس کا اصل حریف پولینڈ ہے۔ برطانیہ اور فرانس اسکے مددگار ہیں۔ لڑائی کی اصل وجہ تو ملک گیری یا انتقام ہوتا ہے مگر اس جنگ کے لئے یہ وجہ بتائی جاتی ہے کہ سلطنت جرمنی کا ایک حصہ (پروشیا ایسی جگہ واقع ہے) جہاں پہنچنے کے لئے جرمنی کے پاس خشکی کا راستہ نہیں ہے صرف سمندری راستہ سے جرمن وہاں جا سکتے ہیں۔ جرمنی پولینڈ کے اس حصہ کو اس سے واپس مانگتا ہے جو گذشتہ جنگ عظیم سے پہلے جرمن سلطنت کا ایک جزو تھا مگر جنگ کے بعد پولینڈ میں شامل کر دیا گیا۔ ہم اس کی مثال دیکر ناظرین کو سمجھاتے ہیں:

دہلی سے میرٹھ جانا ہو تو غازی آباد سے ہو کر جاتے ہیں جو بہت دور کا راستہ ہے۔ مگر ریل کا سیدھا راستہ نہ ہونے کے باعث سب لوگ اسی راستہ آتے جاتے ہیں۔ فرض کر لیجئے کہ سہارن پور، مظفر نگر وغیرہ اضلاع پر مشتمل (باستثناء میرٹھ) غازی آباد تک ایک الگ ریاست ہے۔ دہلی والے اپنے مقبوضہ علاقہ میرٹھ تک جانے کے لئے اس ریاست سے اتنا علاقہ طلب کریں جس سے ان کا صوبہ دہلی میرٹھ سے متصل ہو جائے اور ان کو غازی آباد کے راستہ سے نہ جانا پڑے مگر وہ ریاست (سہارن پور وغیرہ) یہ ٹکڑا دینے سے انکار کر دے۔ بس یہی ہے اس جنگ کی اصل بنیاد کا [illegible] (کنگال) یہ دو علاقے جن

پولینڈ سے واپس مانگتا ہے۔ پولینڈ نے ان علاقوں کو چھوڑنے سے انکار کر دیا کیونکہ اس کی سمندری تجارت درآمد و برآمد اسی راستے ہوتی ہے۔ بس اس بات پر جنگ شروع ہو گئی۔ برطانیہ اور فرانس نے پولینڈ کو امداد دینے کا وعدہ کیا تھا اس لئے ان کو بھی مجبوراً اس جنگ میں شریک ہونا پڑا۔ خبروں کی تفصیل بلحاظ انسانی ہمدردی کے بہت دلفگار ہے۔

تین قسم کے عذابوں سے جو قرآن مجید میں ڈرایا گیا ہے۔ اس وقت وہ تینوں عذاب یورپ کی سرزمین پر نازل ہو رہے ہیں۔ ارشاد خداوندی یہ ہے:۔

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰۤى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ (پ ۷۔ ع ۱۴)

اس آیت شریفہ میں تین طرح کے عذابوں کا ذکر ہے جن میں سے ہر ایک تباہی کے لئے کافی ہے۔

(۱) یعنی اوپر سے عذاب بھیجدے۔ (۲) نیچے سے عذاب پیدا کر دے۔ (۳) یا گروہ گروہ کر کے باہم لڑوا دے

اوپر سے بمباری ہوتی ہے۔ نیچے سے طیارہ شکن توپیں اور آبدوز کشتیاں وغیرہ ہیں۔ تیسرے باہم جنگ و جدال۔ جو سب کی بنیاد ہے۔ جس ملک میں یہ تینوں عذاب جمع ہو گئے ہوں اس ملک کی بربادی کا اندازہ ناظرین خود ہی لگا سکتے ہیں۔

تادم تحریر ہذا جو خبریں آئی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ جرمنی کی فوجیں پولینڈ کے دارالحکومت وارسا میں حسب روایت "پرتاپ" ۱۰ ستمبر کو داخل ہو گئیں۔

ادھر سمندر میں جہازوں کی غرقابی کا سلسلہ جاری ہے۔ کبھی فرانس کا جہاز غرق ہوتا ہے کبھی برطانیہ کا، کبھی جرمنی کا۔ یہ پرچہ ناظرین کے ہاتھوں میں پہنچنے تک خدا جانے جنگ کی آگ کہاں تک پھیل چکی ہوگی۔ یہ لازمی امر ہے کہ اس جنگ کا اثر دنیا بھر میں پہنچے۔ ہندوستان میں سردست اس کا اثر یہ ہوا ہے کہ اشیاء خوردنی اور استعمالی گراں ہو رہی ہیں [illegible] اس پر توجہ

کر رہی ہے مگر ابھی تک کافی توجہ نہیں ہوئی۔ کاغذ پر اس کا جو اثر پہنچا ہے یا پہنچنے کا اندیشہ ہے وہ بہت زیادہ ہے۔ اس کے متعلق اخبار پرتاپ کا ایک نوٹ ذیل میں درج کرتے ہیں:۔

"**کاغذ کی تیزی** گورنمنٹ نے اشیائے خوردنی کے نرخوں کو تو کنٹرول کر لیا۔ لیکن وہ کاغذ کی تیزی کی طرف سے لاپرواہ ہے۔ جو کاغذ جنگ سے پہلے پانچ روپے فی رم بکتا تھا جنگ چھڑنے کے بعد اس کے ساڑھے گیارہ روپے تک طلب کئے گئے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اخبارات کو اپنا حجم گھٹانا پڑا۔" (پرتاپ لاہور ۱۰ ستمبر ۳۹ء)

کاغذ کی یہ گرانی ناظرین "اہلحدیث" کے لئے خصوصاً توجہ طلب ہے۔ جس کے متعلق ایک نوٹ متفرقات میں ملاحظہ کریں۔ تعجب تو یہ ہے کہ یورپ وغیرہ دیگر ممالک سے آنے والی چیزوں کے متعلق تو یہ گمان ہو سکتا ہے کہ راستوں کی رکاوٹ کے سبب یہ چیزیں نہیں آتی ہونگی۔ لیکن دوسری اشیاء خاصکر کھانے پینے کی چیزیں جو ملک میں پیدا ہوتی ہیں اور وہ باہر بھی نہیں جاتیں۔ ان کی گرانی کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔

اس قسم کے واقعات کے ذریعے سیاست محمدیہ میں سے حدیث احتکار کے معنی خوب واضح ہو جاتے ہیں۔ جس میں غلہ فروشوں کو غلہ روک رکھنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔

خاکساری تحریک کے بانی

مشرقی کی گرفتاری رہائی اور اس کی وجہ

ہمارے ملک پنجاب میں خاکساری تحریک کے ڈکٹیٹر (بھی) اعجوبہ روزگار ہیں۔ آپ لکھنؤ میں شیعہ سنی فساد کو مٹانے کے لئے گئے تھے اور گئے بھی اس شان سے کہ امیر تیمور بھی اس شان و شوکت سے ہندوستان میں نہ آیا ہوگا۔ وہاں پہنچ کر جو کچھ ہوا وہ اخبار بین حضرات سے مخفی نہیں ہے۔ اب یہ امر زیر بحث ہے کہ مشرقی صاحب نے معافی مانگی ہے یا نہیں۔ اخبار بتا

ahmadimuslim.de

میں ایک نوٹ نکلا ہے جو اس اختلاف پر روشنی ڈالتا ہے۔ وھو ہذا:-

معافی مانگی یا نہ | یہ سوال اخبارات میں بحث کا موضوع بن رہا ہے کہ تحریک خاکسار کے بانی علامہ مشرقی نے یوپی گورنمنٹ سے معافی مانگ کر چھٹکارا حاصل کیا ہے اور ان سے سوال کیا جا رہا ہے کہ وہ اس پر روشنی ڈالیں۔ علامہ اس وقت تک خاموش ہیں اور یہ خاموشی ان کے خلاف جا رہی ہے۔ یوپی گورنمنٹ کا اعلان صاف ہے کہ علامہ مشرقی نے لکھ کر دیدیا کہ وہ رہا ہوتے ہی واپس پنجاب چلے جائینگے۔ اس پر انہیں رہا کیا گیا۔"

(پرتاپ ۱۱ ستمبر ص۵ کالم ۳)

مشرقی صاحب کے اخبار "الاصلاح" مورخہ ۸ ستمبر میں یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ یوپی کی کانگرسی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ مشرقی صاحب نے معافی مانگ کر رہائی حاصل کی ہے مگر ساتھ ہی لکھا ہے کہ وہ کانگرسی حکومت جھوٹ کہتی ہے علامہ صاحب نے معافی نہیں مانگی۔ واقعہ یہ ہے کہ دراصل یہ اصطلاحی اختلاف ہے معافی تین قسم کی ہوتی ہے۔ ایک معافی عوام کی ہوتی ہے جو دوران مقدمہ میں عدالت میں یا پنچائت میں یہ الفاظ بولتے ہیں کہ "مجھے معاف کیا جائے۔"

معافی کی دوسری صورت یہ ہے کہ مجھے اس کام پر افسوس ہے۔ یہ بھی ایک قسم کی معافی ہے۔

تیسری صورت جو اس سے بھی ہلکی ہے یہ ہے کہ میں اس قسم کو نہیں کرونگا۔

یہ تینوں صورتیں دراصل معافی مانگنے کی ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ واقعہ کیا ہوا؟ مشرقی صاحب نے تیسری قسم کی معافی مانگی ہے۔ آپ کا معافی نامہ بصورت اخبارات میں شائع ہو گیا ہے۔ جسکے الفاظ یہ ہیں:-

محترم حافظ محمد احمد حسین ایم۔ ایل۔ سی و محترم سید واجد حسین رضوی! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ دفعہ ۱۰۷ کے نوٹس کی واپسی کے بعد میں ایک سال صوبہ متحدہ نہ آؤنگا۔ خاکساروں کے جتھوں کو کسی دوسرے صوبہ سے آنے کا حکم یا اجازت نہ دونگا۔ صوبہ متحدہ کے خاکساروں کو ہدایت ہوگی کہ لکھنؤ کے شیعہ سنی قضیہ میں دخل نہ دیں۔ آپ اس خط کو اطمینان کے واسطے چیف سکرٹری کو دے سکتے ہیں۔ (عنایت اللہ)

(مدینہ بجنور۔ ۹ ستمبر ۳۹ء)

اس کی مزید تشریح مولانا عبدالشکور کے قلمی خط سے ہوتی ہے جو درج ذیل ہے:-

"عنایت اللہ مشرقی کھلم کھلا وہ شیعوں سے مل گئے اور مدح صحابہ کی مخالفت شروع کر دی۔ یہاں بعض بعض جگہوں پر ان کے خاکساروں سے تصادم ہوا۔ اور مار پیٹ کی نوبت آئی۔ دو ایک جگہ تو خود مشرقی سے مار پیٹ ہوئی۔ ایک شخص پر انہوں نے حملہ کیا اس نے بھی ان کو بری طرح مارا اور حکام کے سامنے اس نے اقرار بھی کیا کہ جب مشرقی نے مجھ پر حملہ کیا تو میں نے ان کو مارا۔ ان حالات کو دیکھتے ہوئے حکومت نے ان کی گرفتاری کا حکم دیدیا اور وہ رات کو تین بجے سوتے ہوئے گرفتار کئے گئے۔ گرفتاری کے وقت حکام کی انہوں نے بہت زیادہ خوشامد کی کہ مجھ کو گرفتار نہ کیا جائے۔ میں اسی وقت لکھنؤ چھوڑ دونگا اور اپنے تمام خاکساروں کو لکھنؤ چھوڑنے کا حکم دیدونگا۔ مگر ان کو گرفتار کر کے جیل بھیجا گیا اور بیس ہزار کی دو ضمانتیں اور دس ہزار کا مچلکہ مانگا گیا۔ یہاں انکی ضمانت کون کرتا۔ بالآخر انہوں نے تحریری معافی نامہ حکومت میں داخل کیا کہ ایک سال تک میں لکھنؤ کی طرف رُخ نہ کرونگا اور نہ اپنے کسی خاکسار کو آنے دونگا۔ اس معافی نامہ پر حکومت نے اپنی حراست میں ان کو لکھنؤ سے روانہ کیا۔ مگر جب لکھنؤ سے روانہ ہوتے تو ملیح آباد سٹیشن پر ان کے خاکساروں نے اعتراض کیا کہ آپ دوسروں پر تو درّے لگواتے ہیں اور خود آپ نے معافی نامہ داخل کر دیا۔ چنانچہ انہوں نے زنجیر کھینچ کر چلتی ٹرین روکی اور مع اپنے تمام خاکساروں کے اتر پڑے اور کہا کہ ہم یہیں سے لکھنؤ مارچ کرینگے اس پر وہاں کے اسٹیشن ماسٹر نے لکھنؤ ٹیلیفون کیا اور کئی سو پولیس وہاں پہنچ گئی۔ یہ بھی سنا گیا کہ وہاں ان کو دو سو روپیہ جرمانہ ادا کرنے پڑے اور پولیس سے معافی مانگ کر چلے گئے۔ غرض یہ کہ یہاں سے بہت ذلت کے ساتھ نکالے گئے۔ حکومت یوپی نے خاکسار وردی قائم کرنا، خاکساری بیلچہ یا جھنڈا نکالنا سب کو جرم قرار دیدیا ہے۔"

مشرقی صاحب اور مولانا عبدالشکور صاحب کے خطوط سے جو کچھ ظاہر ہوتا ہے اسے ناظرین خوب سمجھ سکتے ہیں

فیصلہ | اس کا یہ ہے کہ مشرقی صاحب بیلچہ اور وردی پہن کر ایک دفعہ پھر لکھنؤ چلے جائیں۔ اور چاہے تھوڑی دیر ٹھیر کر واپس آجائیں تو ہم سمجھیں گے کہ مشرقی صاحب سچے ہیں اور اخباری بیانات غلط ہیں۔

سنا گیا ہے کہ لاہور میں بعض لوگوں نے ان کو چیلنج کیا ہے کہ اگر وہ اپنے دعویٰ (معافی نہ مانگنے) میں سچے ہیں تو ایک دفعہ پھر لکھنؤ جانے پر رضامند ہو جائیں تو آمد و رفت کا کرایہ ان لوگوں کے ذمے ہوگا۔ جن کی فرمائش پر آپ وہاں جائینگے۔

ہمارے خیال میں مشرقی صاحب اگر سچے ہیں تو انکو پبلک کا یہ مطالبہ پورا کرنے میں کوئی عذر نہ ہونا چاہیئے خصوصاً جس حالت میں پبلک ان کی آمد و رفت کا خرچ اپنے ذمے لیتی ہے۔

دعائے صحت | میری بھتیجی عرصہ تین ماہ سے بیمار ہے۔ ناظرین اس کے لئے دعائے صحت فرمائیں۔

(مستری رحیم بخش چک نمبر ۱۴۷ ضلع لائلپور)

(۲) میری والدہ ماجدہ بعارضہ ذیابیطس وغیرہ علیل ہیں۔ عبداللہ از ادھوئی۔ ضلع ملتان

ناظرین ہر دو مریضوں کے لئے دعا صحت فرمائیں۔ اللھم اشفھما بشفائك وداوھما بدوائك۔

ناظرین خط وکتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ دیا کریں

جمع القرآن والحدیث۔ قرآن مجید اور حدیث شریف کی ترتیب وغیرہ کے متعلق۔ قیمت ۱۰/ (دفتر اہلحدیث)

ahmadimuslim.de

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث موجد ابو الحمید امین اہلحدیث۔
علاوہ ازیں سعنانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل و دق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو دفع
کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا
کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے
دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے۔۔۔۔ کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۱۲/ آدھ پاؤ ۱۲/ پاؤ بھر ۱۲/ مع محصول
ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔
ادائی بوجہ ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی
بذریعہ منی آرڈر۔ وہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی
اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادات

جناب مولوی گلزار احمد صاحب شاہ پور تحریر
علی الاعلان ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ مومیائی ایک ایسی
فائدہ بخش دوا ہے جس کی صفت بیان کرنے کیلئے مجھے کوئی
لفظ نہیں [illegible] اس لئے ایک
[illegible] ۔ (۲۸ جولائی ۱۹۳۹ء)
جناب [illegible] صاحب [illegible] تین
چھٹانک [illegible] مومیائی منگوائی تھی [illegible]
[illegible] نہیں گیا۔ اسکے تین
[illegible] ایک چھٹانک [illegible]
[illegible] فرمائیں۔ (۲ جولائی ۱۹۳۹ء)
ملنے کا پتہ:- حکیم محمد سردار خان
[illegible] امرتسر

حضرت سید احمد شہیدؒ و مولانا اسمعیل شہیدؒ

تیرھویں صدی کے مجدد اعظم محی السنہ۔ مجاہد اکبر حضرت
سید احمد شہید رائے بریلوی اور آپ کے خلیفہ و وزیر ناصر السنہ
قامع البدعہ، خالد ثانی، حجۃ الاسلام مولانا محمد اسماعیل شہید
کے نام نامی سے ہندوستان کا کون مسلمان ناواقف ہے
لیکن شہیدینؒ کے مجددانہ کارنامے، احیائے سنت، تنظیم ملت
اور اقامت خلافت کی محیر العقول کوششیں، انکے بنظیر نظام
شرعی کی برکات، ان کی تحریک جہاد کے صحیح مقاصد و اسباب
انکے رفقاء و متبعین کے سحر انگیز و دل آویز اخلاق و اوصاف
قربانی و ایثار، جہاد فی سبیل اللہ اور صبر و استقامت کے
نفت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشات ثانیہ
کی صحیح تاریخ (عام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپکی مخصوص جماعت
کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اسوقت تک جتنی کتابیں
ان دونوں بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں (خدا ان کے
مصنفین کو جزائے خیر دے) وہ بوجوہ چند تمام پہلوؤں پر
حاوی نہیں ہیں۔ ہندوستان کے محبین سنت کو مژدہ ہو کہ حضرت
سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابو الحسن علی
ندوی استاد دار العلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور جستجو کے
بعد سیرت سید احمد شہیدؒ کے نام سے کتاب تالیف فرمائی ہے جو
اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب ہے جسکی
تالیف میں خاندانی کاغذات، سرکاری رپورٹیں، عربی،
فارسی، انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا
گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۲۴ صفحہ۔ کتابت، طباعت،
عمدہ جلد نہری خوبصورت۔ ابتدا میں علامہ سید سلیمان ندوی کا
[illegible] صفحہ کا فاضلانہ مقدمہ بھی ہے۔ قیمت مجلد
[illegible] محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ تاجران کتب کمیشن بذریعہ
خط و کتابت طے کریں۔ (ملنے کا پتہ)
[illegible] کتب خانہ [illegible] لکھنؤ
[illegible] پنجاب کے اصحاب [illegible]
[illegible] الحق خان [illegible] البنات
[illegible]

کرم از کرم

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت
لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ
بھیج کر مفت طلب فرما لیجئے۔ نوٹ :- مطلوبہ تحریک
کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔
پتہ :- مینیجر دار الکتب [illegible] رجسٹرڈ
فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

بچوں اور مبتدیوں کے لئے

صحیح اور خوشخط معرا قرآن مجید بطرز آسان کی خصوصیت
اسکے حرف کا اعراب اپنے ہی حرف کے ساتھ ہے۔ الفاظ
بھی موزوں طریق سے علیحدہ لکھے ہوئے ہیں۔ رموز اوقاف
کی تشریح اور سجدوں کے نمبر بھی درج ہیں۔ حسب ذیل
پتہ سے نمونہ منگوا کر تجربہ فرمائیے۔
ہدیہ قسم اول مجلد سنہری تین روپے ۳/
ہدیہ قسم دوم مجلد سنہری دو روپے چار آنے ۲/۴
(۹۰۷) قاعدہ تعلیم القرآن مع نماز بطرز آسان اس طرز پر
طبع کیا گیا ہے۔ قیمت ڈیڑھ آنہ۔ (ملنے کا پتہ)
بیت القرآن۔ [illegible] روڈ۔ لاہور

اگر آپ

کامل صحت چاہتے ہیں تو ہماری تیار کردہ اکسیر ہاضمہ دوائی
کا فوراً استعمال شروع کر دیں۔ کیونکہ اس سے بدہضمی،
بدہضمی، کھٹی ڈکاریں، پیٹ کا درد، قے۔ منہ کا ذائقہ
خراب ہونا۔ بھوک کم لگنا وغیرہ تمام نقص دور ہو جاتے
ہیں۔ قیمت فی ڈبیہ ۱۲/ محصول ۸/
منگوانے کا پتہ۔ مینیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی
[illegible] کوچہ [illegible] امرتسر

علم خوشنویسی

فن خوشخطی سے واقفیت حاصل کرنی منظور ہو تو
کتاب ہذا ضرور منگوائیں اور اپنے بچوں کو خوشخطی سکھائیں
قیمت ۳/ پتہ:- مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری شمائل شریف
مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو
چار جلدوں میں
کا ہدیہ ... روپے
فی جلد ...

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

(۹۰۸)

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اصلاحوں کی قانون کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت ۲۰×۲۶ ... صفحات۔ قیمت ... معہ محصول ... روپے

ملنے کا پتہ
منیجر اہلحدیث امرتسر

امام ابن تیمیہ کی تصانیف اردو تراجم

ولی اللہ اس رسالہ میں امام موصوف نے ثابت کیا ہے کہ صبی اور مجنون مرفوع القلم ہونے کی وجہ سے احکام شرعی کے متعلق نہیں لیکن ان کو درجہ ولایت حاصل ہے۔ قیمت ۵

قوالی ترجمہ رسالہ السماع والرقص۔ امام موصوف نے اس مسئلہ کی تحقیق کی ہے کہ کونسا سماع مباح ہے اور کونسا حرام ہے اور کونسا طاعت الٰہی کا ذریعہ ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۸

تفسیر آیہ کریمہ یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کی تفسیر ہے۔ اول لفظ دعا پر محققانہ بحث کی ہے۔ اس کے بعد ہر الفاظ کے متعلق علیحدہ علیحدہ تفسیر نکات بیان کر کے بتلایا ہے کہ آیہ کریمہ میں رفع مصیبت کی خاصیت کیوں ہے ۱۲

ائمہ اسلام اس میں اجتہادی اور فروعی مسائل میں ائمہ دین کے اختلاف کی وجوہ بیان کی ہے۔ نہایت عمدہ رسالہ ہے۔ ۱۲

الوصیۃ الکبریٰ اس کتاب میں فرقہ ناجیہ اہلسنت والجماعت کے عقائد کا خلاصہ نہایت مختصر مگر جامع الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ قیمت ۸

تفسیر سورہ فلق والناس (مع متن عربی) اس تفسیر میں پہلے تمام علماء متقدمین کے اقوال نقل کر کے راجح ترین قول کی تحقیق کی ہے۔ آیت مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ کی تفسیر کرتے ہوئے شیاطین الجن اور شیاطین الانس کے مکر اور وسواس پر نہایت جامع اور مفصل بحث کی ہے۔ پوری پوری خوبی کا اندازہ دیکھنے پر منحصر ہے کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۹

تفسیر سورہ اخلاص جس میں یہود و نصاریٰ اور مشرکین کے عقیدہ تثلیث کی بنیاد جڑ سے اکھاڑ پھینکی ہے۔ عیسائیوں اور دیگر مادہ پرست اقوام کے ساتھ مناظرہ کرنے والے اصحاب کے لئے ایک تیغ برہنہ کا کام دیگی۔ قیمت ۱۲

تفسیر سورۃ الکوثر از ترجمہ مولوی عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی۔ قیمت ۴

زیارت القبور مع متن عربی۔ اس کتاب میں قرآن وحدیث کے دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ زیارت قبور کا مسنون طریق کیا ہے۔ جو لوگ قبروں پر جاکر مردوں کو پکارتے، ان سے طرح طرح کی حاجات طلب کرتے، قبروں کی پرستش کرتے اور پیر کی منت مانتے ہیں ان کے تمام افعال داخل شرک ہیں۔ قیمت ۹

کتاب الوسیلہ اس میں محض لفظ "وسیلہ" ہی کی بحث نہیں بلکہ اسلام کے اصل الاصول "توحید" پر نہایت جامع اور مستند کتاب ہے۔ اس میں توحید کی پرجوش دعوت ہے۔ شرک کے سر پر مہلک ضرب ہے۔ بدعت وتقلید کے گلے پر چھری ہے۔ قیمت ۱۴

الفرقان بین اولیاء الرحمٰن اولیاء الشیطان
ترجمہ اردو مع متن عربی۔ اس کتاب میں کتاب وسنت کے واضحات پیش کر کے صادق اور کاذب، اصلی اور نقلی اولیاء ومشائخ میں شناخت کر دی گئی ہے۔ ... اور اصلی وجعلی ... کی کرامات میں فرق بتلایا گیا ہے۔ قیمت ۱۴

حمد الحبیب رسول نہایت عجیب ... کے متعلق ... ہیں ... اللہ ... نہیں ... سکتا۔ قیمت صرف ۱۴

ملنے کا پتہ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

العقیدۃ الواسطیہ اُردو۔ یہ کتاب اصول ایمان کی تفسیر ہے۔ یعنی اللہ تعالےٰ، ملائکہ، کتب، رسل، تقدیر، اور یوم آخرت پر جس طرح ایمان رکھنا چاہئے۔ اسکی پوری تشریح ہے۔ قیمت ۶/

بندگی ترجمہ رسالہ العبودیت" شیخ الاسلام نے اس کتاب میں یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ کی نہایت جامع و مبسوط تفسیر فرمائی ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۲/ دو روپے۔

مجذوب رسالہ الصوفیہ والفقرا" کا اُردو ترجمہ۔ مجذوب، مجنون، اور ولی اللہ کی حقیقی شان و حیثیت کو واضح کر کے بتلایا ہے کہ مجنونوں اور پاگلوں کو مجذوب نام دیکر انہیں مقدس سمجھنا غلطی ہے۔ ۴/

درجات الیقین قرآن شریف میں جو یقین کے تین مراتب علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین مذکور ہیں۔ اس کتاب میں اُن کی تفسیر ہے۔ قیمت ۲/

العروۃ الوثقیٰ ترجمہ الواسطہ بین الحق والخلق"۔ اس رسالہ میں خالق و مخلوق کے درمیان واسطہ کی ضرورت اور شفاعت دعا وغیرہ کی تشریح کی گئی ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت ۶/

رحلت مصطفےٰ اس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مرض الموت و بعد الموت واقعات کا ذکر نہایت دلچسپ پیرائے میں بیان کیا گیا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۳/

اصحاب صفہ اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ اصحاب صفہ کتنے تھے، کہاں رہتے تھے۔ قیمت ۱۰/

حسین و یزید حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور یزید بن معاویہ کے مسئلہ پر اسلام سے پوری تحقیق مطلوب ہے تو یہ رسالہ پڑھئے۔ اس کے مطالعہ سے اصل حالات سے آپ واقفیت حاصل کر لیں گے قیمت ۴/

مناظرہ ابن تیمیہؒ بادشاہوں کے رو برو شیخ الاسلام کو صوفیوں نے چیلنج دیا تھا کہ مناظرہ کریں یا ان کے ساتھ جلتی ہوئی آگ میں گھس پڑیں۔ آپ نے یہ دونوں چیلنج منظور کر لئے اور ایسی شکست دی کہ تاریخ کا ایک یادگار واقعہ بن گئی قیمت ۴/

سیرت امام ابن تیمیہؒ مصنفہ چوہدری غلام رسول صاحب مہر بی۔ اے چیف اڈیٹر اخبار "انقلاب" لاہور۔ جو [illegible] قابلدید ہے۔ قیمت ۹

[illegible] شیخ الاسلام کے تلمیذ رشید حافظ ابن قیم کی مشہور کتاب زاد المعاد فی ہدی خیر العباد کے [illegible] قابل مصنف نے حضور کی حیات طیبہ کی جزئیات [illegible] معاشرتی [illegible]

روشنی ڈالی گئی ہے۔ قابلدید ہے۔ قیمت غیر مجلد ۶/ ۔ مجلد ۶/

اسلامی تصوف از علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ۔ تصوف اسلامی کے موضوع پر نہایت جامع کتاب ہے۔ صوفیائے کرام کے نزدیک سعادت اور تصوف کے متعلق بیش بہا معلومات درج کی گئی ہیں۔ پڑھ کر لطف اٹھائیے۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ (۱۸/)

الدر النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید مؤلفہ قاضی محمد بن علی شوکانی رحمہ اللہ کا اُردو ترجمہ۔ از مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے (بمبئی)۔ جس میں امام صاحب موصوف نے مسئلہ توحید کو اس درجہ نکھار کر رکھ دیا ہے کہ شرک کے ادنیٰ شائبہ کی بھی آمیزش نہیں رہتی۔ ادلہ توحید میں سے بعض اہم دلائل یکجا جمع کر کے قبر پرستی اور توسل وغیرہ کے برخلاف اتمام حجت کر دیا ہے۔ قیمت ۱۲/

خطبات محمدی مؤلفہ مولانا محمد صاحب دہلوی۔ حدیث شریف کی پچاس کتابوں سے ان خطبات نبویہ علی صاحبہا التحیۃ کو یکجا کتابی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ جس میں رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک سو چوراسی خطبات مبارک درج ہیں۔ اصل خطبہ عربی میں اور ترجمہ عام فہم اُردو میں ہے۔ یہ کتاب تمام فضول باتوں اور بے دلیل باتوں یا قصوں سے پاک ہے۔ صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان کے لولا المرجان کو ہی عاشقان توحید و سنت تک پہنچایا گیا ہے۔ قابلدید ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ قیمت حصہ اول عہ ۔ حصہ دوم عہ

نور محمدی از مولانا صاحب موصوف۔ جس میں قرآن مجید، احادیث نبویہ، اقوال صحابہ، تابعین، محدثین، ائمہ، فقہا اور صوفیاء سے قوالی اور راگ باجوں، اور مزامیر کی مفصل تردید کی گئی ہے۔ قوالی پسندوں کی تمام دلیلوں کا رد کیا ہے۔ اس رسالہ کی خوب اشاعت ہونی چاہئے، کاغذ، کتابت، طباعت، اعلیٰ۔ قیمت صرف ۱۲/

حکایات صحابہ یعنی سچی کہانیاں جس میں صحابہ کرام و صحابیات صحابی بچوں کے زہد و تقویٰ، ذوق عبادات، علمی مشاغل، ایثار، ہمدردی، بے مثل جرأت، سیرت، اتحاد، جاں نثاری وغیرہ وغیرہ ایمان افروز حالات مندرج ہیں۔ قیمت ۱۲/

تفسیر سورہ یوسف سورہ یوسف میں جو عجیب و دلچسپ حالات، اور معرفت حق اور صبر و استقامت کے نکات ہیں انکی یہ تفسیر سلیس اُردو نظم میں درج ہے۔ قیمت ۱۰/

ملنے کا پتہ:۔ **منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر**

(۵۰۹۱)

ahmadimuslim.de

دہلی

قرآن کے عملیات

اس کتاب میں بہت سے ابواب ہیں۔ ایک ایک چیز کے متعلق کئی کئی قسم کے بے خطا مجرب اور آسان عملیات سے درج کئے گئے ہیں۔ تمام کے تمام عملیات قرآن پاک کے ہیں۔ مثلاً حب حلال۔ کشائش رزق۔ تسخیر خلائق۔ دولت مند بننا۔ تسخیر سلاطین وامراء۔ تسخیر حکام۔ کامیابی مقدمہ۔ حل مشکلات اور قضائے حاجات۔ حصول اولاد۔ تجارت میں برکت۔ بدن کی کل بیماریوں کا علاج۔ حصول ملازمت۔ شناخت چور۔ تسخیر جنات۔ سانپ بچھو کے کاٹے کا علاج۔ قیمت ۸

نازک وقتوں میں کام آنے والی، مظلوموں کو اعداء سے نجات دلانے والی، دکھیوں کا سہارا، بے اولادوں کی تمنا، آسیب زدوں کے لئے شفا اور مایوس مریضوں کا مداوا ہے۔ حسب ذیل اولیاء کے مستند عملیات جمع کئے گئے ہیں:۔ (۱) حضرت غوث اعظم (۲) حضرت خواجہ حسن بصری (۳) امام غزالی (۴) خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاری (۵) مجدد الف ثانی سرہندی (۶) خواجہ معین الدین چشتی اجمیری۔ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری۔ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر۔ خواجہ علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی۔ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی۔ قیمت ۸

ضرورت نکاح

ایک برسر روزگار ملازم سرکار، معقول تنخواہ عربی و انگریزی خواں زمیندار اہل حدیث واعظ ۳۰ سالہ جوان تنکی کے واسطے ایک اہل حدیث پرہیزگار، ۔۔۔ بیوہ عورت کی ضرورت ہے۔ مہر ایک ہزار روپیہ۔ خط و کتابت بذریعہ لفافہ۔

پتہ:۔ ۔۔ معرفت مولوی عبد الغفار نزد مسجد ۔۔۔ والی۔ حجرہ۔ ضلع منٹگمری (پنجاب)

ثنائی برقی پریس امرتسر

۔۔۔ کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما، ارزاں ۔۔۔ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بنات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ طے کرکے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے:۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

تفسیر واضح البیان اردو

(مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی)

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔ اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ قرآن مجید کے معارف اور نکات کو واضح کیا گیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ نہایت عمدہ۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۲۸۸ صفحات۔ قیمت بے جلد ۔۔۔ مجلد ۔۔۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر۔ (پنجاب)

رسول اللہ کے عملیات

اس کتاب میں احادیث کی معتبر کتابوں سے حضرت رسالتمآب ۔۔۔ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ اعمال و ۔۔۔ کیا گیا ہے۔ عاشقان رسول پاک کو ۔۔۔ اپنے پاس رکھنی چاہئے۔ ۔۔۔

عملیات ۔۔۔

ایک ایسی بے نظیر کتاب ۔۔۔ ہر ۔۔۔ کو بال دار بنانے والی ۔۔۔ والی۔ ۔۔۔

حزب الاعظم

از ملا علی قاری صاحب، صاحب مرقاۃ شرح مشکوٰۃ

۔۔۔ متن ترجمہ اردو۔ حاشیہ پر ۔۔۔ کامل تفسیر بزبان اردو۔ آخر میں کل نماز وغیرہ جلد شدہ۔ جدید اڈیشن ہے۔ قابل دید ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۰

حزب المقبول

قرآن و حدیث کی دعاؤں کا مجموعہ۔ اس میں ہر ۔۔۔ کی دعا موجود ہے۔ مترجم ہے ۔۔۔ ۔۔۔

کتاب التعویذات

یعنی القول الجمیل، مصنفہ ۔۔۔ مع ترجمہ شفاء العلیل ۔۔۔ مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ ۔۔۔ محدث دہلوی ۔۔۔ کئے گئے ہیں۔ قیمت چھ آنے ۔۔۔ (مندرجہ بالا کتب منگوانے کا پتہ)

منیجر

اہلحدیث امرتسر

بخدمت ۔۔۔ جناب ۔۔۔

ahmadimuslim.de

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

جلد ۳۶ — نمبر ۴۴

اہلحدیث

اخبار اہلحدیث امرتسر

بیان سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کا ہے — اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن، پس حدیث مصطفیٰ بجان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث امرتسر، کٹڑہ بھائی

تاریخ اجراء ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ - ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت ہر حال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کیلئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہوں گے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ...
رؤسا و جاگیرداران سے ...
عام خریداران سے ...
، ، ششماہی ...
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ - - - - - ۲

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے۔

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۷ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۲ ستمبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (صدائے توحید) - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - ص۳
قادیانی مشن - (کرشن قادیانی اور ہم) - ص۵
تحفۃ العاشقین بجواب فیوض العارفین - - ص۷
مباحث علمیہ - ہاروت و ماروت کی تحقیق قرآن کی روشنی میں اور اسرائیلی روایات کا بطلان - - ص۹
زیور میں زکوٰۃ واجب ہے - - - ص۱۱
... علمائے حدیث ہند جلد اول - ص۱۲
... المعظم اور شب برات - - - ص۱۳
... - - - - ص۱۴
... - - - - ص۱۵
... - - - - ص۱۶

صدائے توحید

(از بہار احمد صاحب فہیم چھاؤنی نصیر آباد اجمیر)

فتح کی ہاتھ میں کنجی ہے مسلمانوں کے
حوصلے غاشیہ بردار ہیں ارمانوں کے

ہو کے رہ جائیگا سن سن کے صدائے توحید
پردے پھٹ جائینگے اے کفر ترے کانوں کے

برق بن کر نہ گرے شرک مسلمانوں پر
خاک ہو جائیں نہ خرمن کبھی ایمانوں کے

دعویٰ توحید کا قبروں سے مرادیں مانگو
کیا یہی کام ہیں افسوس مسلمانوں کے

راگ باجے سے کبھی بھول کے گانا نہ سنو
قول نبوی ہے کہ یہ کام ہیں شیطانوں کے

وہ مسلماں حقیقت میں مسلمان نہیں
جو کہ عامل نہیں اسلام کے ارکانوں کے

فرقہ آرائیاں کب تک یہ روش تابکجا
چھوڑ دو دانا ہو تو یہ کام ہیں نادانوں کے

متحد ہو کے جو باہم رہیں سرگرم عمل
کام بگڑے ہوئے بن جائیں مسلمانوں کے

کس طرح قوم ترقی کرے دنیا میں فہیم
جبکہ دشمن ہیں مسلمان مسلمانوں کے

ahmadimuslim.de

انتخاب الاخبار

مورخہ ستمبر ۱۹۳۹ء

—— امرتسر شہری مسلم حلقہ کا ضمنی انتخاب ۲۳-۲۵-۲۶ ستمبر کو ہوگا۔ آج کل ہر سہ امیدواران اپنی اپنی کامیابی کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ ہر روز شہر کے مختلف محلوں، چوکوں میں کئی کئی جلسے ہوتے ہیں۔

—— لکھنؤ ۱۶ ستمبر۔ عنائت اللہ خان مشرقی کو یوپی میں داخل ہو کر حکومت کی نافرمانی کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں ایک ماہ قید پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی۔ ان کے ساتھ ۶ خاکسار مزید گرفتار کئے گئے تھے۔ جن میں سے ایک رہا اور باقی پانچ کو دس دس روپیہ جرمانہ یا تابرخاست عدالت سزائے قید ہوئی

—— مزید دس خاکسار دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے۔ (انقلاب ۱۹ ستمبر)

—— لاہور۔ ڈپٹی کمشنر نے اعلان کیا ہے کہ انگریزی ادویات پر یکم ستمبر کی قیمتوں پر دس فیصدی قیمت زیادہ کردی جائے۔ (" ")

—— راجکوٹ۔ ۱۷ ستمبر بھونگرہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ساحل پر پٹرول کرنے والے ایک جہاز نے پوربندر کے نزدیک ایک آبدوز کشتی دیکھی جو تلاش کرنے پر مل نہ سکی۔ (" ")

—— پشاور شہر میں آگ لگ جانے سے پانچ دکانیں جل گئیں۔ تقریباً پچاس ہزار روپیہ کا نقصان ہوا (")

—— نئی دہلی۔ ۱۷ ستمبر مسلم لیگ کی ورکنگ کونسل کا اجلاس شروع ہو رہا ہے۔ ** *

—— پشاور۔ ہوائی جہازوں کے ذریعہ اشتہار پھینک کر میدان تیراہ کے علاقہ کے آفریدیوں کو مطلع کیا گیا ہے کہ ان سے لڑائی بند کی جاتی ہے۔ لہٰذا انکو اپنے علاقہ میں واپس آنے کی اجازت ہے۔

—— لندن ۱۷ ستمبر۔ تازہ ترین خبریں جو آج بذریعہ اخبارات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پولینڈ اور رومانیہ کی سرحد پر پولش فوجوں نے جرمنی فوجوں پر حملہ کرکے ان کے بارہ ہزار سپاہیوں کو قیدی بنالیا اور ایک سو جرمنی ٹینکوں پر قبضہ کرلیا۔

—— جرمن ہوائی جہازوں نے اشتہارات کے ذریعہ وارسا کے لوگوں کو الٹی میٹم دیا تھا کہ وہ ۱۲ گھنٹے کے اندر اندر اطاعت قبول کرلیں ورنہ جرمنی کے ہوائی جہاز شہر کو بمباری سے تباہ کردینگے۔ (پرتاپ ۱۹ ستمبر)

—— ماسکو کی ایک جرمن نیوز ایجنسی کا بیان ہے کہ سوویٹ روس نے پولینڈ کے سفیر مقیم ماسکو کو اطلاع دی ہے کہ روس اپنے مفاد اور پولینڈ کی اکرائین اور روسی اقلیتوں کی حفاظت کرنا چاہتا ہے۔ اس لئے سوویٹ گورنمنٹ کی فوج پولینڈ کی سرحد پر داخل ہو جائیگی یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ روس کی افواج پولش سرحد میں داخل ہوگئی ہیں۔ دونو فوجوں میں جنگ جاری ہوگیا ہے

—— روسی وزیر خارجہ (ایم مولوٹو) نے ایک تقریر براڈ کاسٹ کی ہے کہ چونکہ وارسا پولینڈ کا دارالخلافہ نہیں رہا۔ پولش گورنمنٹ ختم ہو چکی ہے۔ روس اور پولینڈ کے معاہدے سب ختم ہوگئے ہیں۔ (" ")

—— جرمنی افواج کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے وارسا سے جنوب مشرق کی طرف ۷۵ میل کے فاصلہ پر شہر ڈیبلن اور ایک اور جگہ برسل ٹواسک پر قبضہ کرلیا ہے۔ (پرتاپ ۱۹ ستمبر)

—— استنبول ۱۶ ستمبر۔ وزارت ترکیہ نے اعلان کے ذریعہ ترکش لوگوں کو دو ماہ کے لئے حدود ترکیہ سے باہر جانے کی ممانعت کردی ہے۔ نیز ترکی حکومت کے بحری محکمہ نے تمام غیر ملکی تجارتی و غیر تجارتی جہازوں کو مطلع کردیا ہے کہ وہ بغیر اطلاع دیئے بندرگاہ میں داخل نہ ہوں بلکہ باہر کھڑے رہیں۔ ترکی پولیس ہر جہاز کی تلاشی لیا کریگی۔ (" ")

—— ترکی کے وزیر خارجہ عنقریب سوویٹ گورنمنٹ کی دعوت پر ماسکو (روس) جارہے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ روس اور حکومت ترکیہ میں کوئی معاہدہ ہونے والا ہے۔ (" ")

—— امرتسر میں بارش ہوجانے سے موسم تبدیل ہو رہا ہے۔ زمینداروں کی اطلاع کے پیش نظر ابھی مزید بارش کی ضرورت ہے۔

امرتسر میں انتخابی مثلث

امرتسر شہر کی مسلم آبادی میں پنجاب اسمبلی کا یہ انتخاب تیسری مرتبہ ہونے لگا ہے۔ اس مرتبہ بھی ایک امیدوار مجلس احرار کی طرف سے چوہدری افضل حق ہیں دوسرے امیدوار کانگرس کی طرف سے ڈاکٹر سیف الدین کچلو اور تیسرے صاحب مسلم لیگ کی طرف سے شیخ صادق حسن رئیس امرتسر ہیں۔ ہر فریق اپنے اپنے حامیوں کو سٹیج پر بلوا کر تقریریں کرواتا ہے۔ شیخ صادق حسن کی تائید میں آنریبل وزیر اعظم سر سکندر حیات خان خود تقریر فرما گئے ہیں، جس پر مختلف رائیں شہر میں ہو رہی ہیں۔ سنجیدہ و ذی فہم اور غیر جانبدار اصحاب یہ کہتے سنے گئے ہیں کہ وزیر اعظم کی حیثیت اس سے بالاتر ہے کہ کسی ممبر کی حمایت میں تقریر کرے۔

ایسے جلسوں کے کرنے کا حق تو ہر فریق کو ہے مگر ہم راستی سے کہتے ہیں کہ ایک دوسرے کی پگڑی اچھالنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ اس لئے ہم نے ان تینوں پارٹیوں سے ذاتی علیحدگی کا اعلان کر رکھا ہے کیونکہ ہم اس قسم کی تفرقہ اندازی اور باہم سب وشتم کو نہ صرف مسلم قوم کے لئے موجب ہتک جانتے ہیں بلکہ انسانی برادری کے لئے بھی موجب شرم سمجھتے ہیں

۲۳-۲۵-۲۶ ستمبر کو الیکشن ہوگا۔ دیکھیں کامیاب کون ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی دیکھنا ہے کہ عذرداری (پٹیشن) کا مقدمہ شروع ہوتا ہے یا نہیں۔ امرتسر کی فضا پر نظر کرکے گمان غالب ہے کہ یہ پانچ سال اسی حالت میں گذریں گے کہ امرتسر پر یہ شعر صادق آئے گا ؎

ہنگامہ رات دن ہے بپا کوئے یار میں
ایسی بھی فتنہ خیز کوئی سرزمیں نہیں

حکایات صحابہ یعنی سچی کہانیاں۔ جن میں صحابہ کرام و صحابیات۔ صحابی بچوں کے حالات درج کئے ہیں۔ پڑھ کر ایمان تازہ ہوتا ہے۔ قیمت ... ملنے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

سیرت امام ابن تیمیہ، مصنفہ چودھری غلام رسول مہر (۱۲) بی۔ اے (انقلاب لاہور) قیمت ۹ (منیجر اہلحدیث)

** دہلی۔ مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ گورنمنٹ ہند مسلمانوں سے مدد لینا چاہتی ہے تو ان کے مطالبات منظور کرے۔ (انقلاب لاہور ۲۰ ستمبر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اہلحدیث

۷ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

مشرقی کے اپنے مسلمہ عقائد کی تنقید

(۱۳)

ماسٹر عنایت اللہ مشرقی نے ایک ٹریکٹ شائع کیا ہے جس کا نام "ڈھول کا پول" اس میں انہوں نے اپنے مخالفوں کے پچیس سوالوں کے جوابات دیئے ہیں ان میں سے چند عقائد کو اپنے مسلمہ عقائد بتایا ہے اور چند عقائد سے انکار کیا ہے۔ اس قسط میں ہم ان جوابات پر تنقید کرتے ہیں۔

عقیدہ نمبر ۱ | جس عقیدہ پر تمام دنیا کے مولوی اپنا اتفاق ثابت کردیں وہی میرا عقیدہ ہے۔

(رسالہ مذکور صٓ)

جواب ۱ | بحکم قرآن شریف اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ تمام دنیا کے علماء متفق ہیں کہ بت پرست ستارہ پرست وغیرہ اقوام مشرک ہیں موحد اور مستحق نجات نہیں ہیں۔ آپ ان کو موحد کہتے ہیں۔ (تذکرہ کا دیباچہ صٓ۹۹) پس اپنی غلطی کو تسلیم کیجئے۔

(ب) بحکم قرآن شریف لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰہَ ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ تمام دنیا کے علماء تثلیث پرستوں کو کافر و مشرک قرار دیتے ہیں۔ مگر آپ ایسے لوگوں کو موحد اور مستحق جنت بتاتے ہیں (حوالہ مذکور) پس اپنے غلط خیال سے رجوع کیجئے۔

(عقیدہ نمبر ۲) تذکرہ میں کسی عقیدہ کی تعلیم کے متعلق ایک لفظ موجود نہیں اور نہ وہ عقائد کی کتاب ہے (صفحہ ۵)

جواب | مندرجہ ذیل بیانات کیا حکم رکھتے ہیں کیا یہ عقائد نہیں ہیں؟ آپ نے بہشت، دوزخ، عذاب قبر اور حشر اجسام اور مادی نعمائے جنت کو باتباع سرسید علی گڑھی خیالی کہا ہے۔ کیا یہ عقائد نہیں ہیں؟

کیا رعد، صراط (پل) سدرۃ المنتہیٰ، کوثر اور طوبیٰ کا انکار کرنا عقائد میں داخل نہیں؟ (تذکرہ مقدمہ صٓ)

کیا قرآنی الفاظ اُسْجُدُوْا وَارْکَعُوْا کو ارکان نماز کے معنی میں لینے کی تردید کرنا عقیدہ نہیں ہے؟ (تذکرہ مقدمہ صٓ کا حاشیہ)

کیا آفتاب مصائب پر استدلال کرنا اور اس سے اتفاق قومی مراد لینا عقیدہ نہیں ہے؟ (تذکرہ مقدمہ صٓ)

اطاعت رسول سے مراد امیر کے احکام کی اطاعت مراد لینا عقیدہ نہیں ہے؟ (تذکرہ مقدمہ صٓ)

ف کسی ثبت یا منفی جملہ خبریہ پر یقین رکھنے کو عقیدہ کہتے ہیں مثلاً اللہ واحد ہے۔ اللہ کا کوئی شریک نہیں ہے۔

کیا یہ کہنا کہ حنفی شافعی شیعہ وغیرہ ... تمہاری ... سارے تذکرہ میں عقائد مشرکانہ کی تردید ... مزعومہ عقائد کا ذکر کرنے کے باوجود تعلیم عقائد سے انکار کرنا اس مصرع کا مصداق ہے۔

کہ بھول جانے کی کیا میری خو ہے

(عقیدہ نمبر ۳) میری تحریروں میں سختی اس لئے ہے کہ قرآن اپنے مخالفوں سے سخت ہے۔

(رسالہ مذکور صٓ)

جواب | آپ نے اس جواب میں آیہ کریمہ وَاغْلُظْ عَلَیْہِمْ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ حالانکہ اسی آیت سے آپ نے بحالت جنگ مخالفین اسلام کے حق میں سختی کرنے پر استشہاد کیا ہے اور مومنوں کے لئے رُحَمَآءُ بَیْنَہُمْ لکھا ہے۔ (تذکرہ حصہ عربی صٓ)

سوال | مشرقی صاحب! آپ اگر قرآن مجید کی اس آیت سے مخالف رائے مسلمانوں کے حق میں سخت گوئی کا ثبوت دیتے ہیں تو گویا آپ ان کو تعلیم دیتے ہیں کہ وہ بھی آپ کے حق میں ایسا ہی کریں کیونکہ قرآن مجید سب کے لئے واجب العمل ہے۔ شاید اسی لئے انہوں نے آپ کے جواب میں بعض تحریرات کا نام مشرقی دجال رکھا ہے۔ جو آپ کے اصول کے مطابق صحیح ہے۔ کیونکہ سچ کہا ہے

مشکل بہت پڑے گی برابر کی چوٹ ہے
آئینہ دیکھئے گا ذرا دیکھ بھال کر

(عقیدہ نمبر ۴) میں تمام صحیح حدیثوں کو قول پیغمبر مانتا ہوں۔

جواب | حدیثوں کو ماننے والا ایسا توہین آمیز فقرہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ

حدثنا اور قال قال بے سرا راگ ہے۔ (تذکرہ دیباچہ صٓ)

حدیث کے ماننے والوں کا قول سنئے!

العلم ما کان فیہ قال حدثنا
وما سوی ذاک وسواس الشیاطین

(منقولہ مولوی ذوالفقار علی صاحب مرحوم والد ماجد

مسٹر مشرقی صاحب کے عقائد (باقی)

... اہلِ حدیث ... کہ آپ نے اپنے والد مرحوم کو ... عملاً انکارِ حدیث کیا ہے۔ سچ ہے۔
میراث پدر خواہی علم پدر آموز۔

(عقیدہ نمبر ۵) کوئی مستند حدیث شریف ایسی موجود نہیں جس میں رمضان شریف کی فضیلتیں دکھلائی ہوں جو مولوی صاحبان آج کل بخاری سے لیکر بیان کرتے ہیں۔

جواب مولوی لوگ رمضان شریف کی فضیلت میں جو حدیثیں بیان کرتے ہیں وہ صحاح ستہ میں موجود ہیں۔ ان میں سے چند حدیثیں درج ذیل ہیں۔

(۱) من صام رمضان ایماناً و احتساباً غفرلہ ما تقدم من ذنبہ (متفق علیہ)
جو کوئی بحالت ایمان ثواب کی نیت سے رمضان شریف کے روزے رکھے گا اس کے تمام اگلے گناہ بخشے جائینگے۔ (بخاری مسلم)

(۲) روزے کا اجر باقی سب عبادتوں سے زیادہ ملیگا۔ کیونکہ روزہ لوگوں کی نظروں سے مخفی اور خالص خدا کے لئے ہوتا ہے۔ فانہ لی و انا اجزی بہ الحدیث (بخاری مسلم)

(۳) حضرت سہل بن سعدؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں۔ ان میں سے ایک کا نام ریان ہے اس میں سے صرف روزہ دار گزرینگے (بخاری مسلم)
سردست ان حدیثوں کو قبول کیجئے باقی پھر بتائینگے

(عقیدہ نمبر ۶) اسی رسالہ کے صفحہ ۲ پر آپ لکھتے ہیں
"اسلام کی بنیاد پنج ارکان کلمۂ شہادت، صوم، صلوٰۃ، حج، زکوٰۃ پر ہے۔"

جواب تذکرہ میں آپ نے ان ارکانِ خمسہ کے بنائے اسلام ہونے سے انکار کیا ہے۔ (تذکرہ عربی صفحہ ۵۶)
مفصل آئندہ آئے گا۔

(عقیدہ نمبر ۷) انگریز، جرمن، جاپان وغیرہ مسلمانوں کے نزدیک ہرگز مومن نہیں۔ (صفحہ ۹)

جواب مسلمانوں کے نزدیک بے شک مومن نہیں

مگر مشرقی صاحب کے نزدیک مومن بھی ہیں اور جنت کے حقدار ...
اخروی جنت کے حقدار ہیں۔ (مفصل آئندہ)

ایک سوال بعض اطراف (پشاور وغیرہ) سے خطوط آتے ہیں کہ تذکرہ کو چھپے ہوئے ... ہو گئے علمائے اسلام اتنا طویل ... خاموش رہے ہیں لیکن ... شروع ہوئی ہیں اس کی تردید کی ... آج کل کر رہے ہیں۔

جواب امرتسر میں جن دنوں تذکرہ چھپا اور اس کا ذکر علماء کی مجلسوں میں ہونے لگا تو علمائے امرتسر شیخ بڈھا مرحوم کی مسجد (واقع چوک فرید) میں جمع ہوئے اور انہوں نے ماسٹر عنایت اللہ کو خط لکھا کہ ہم آپ کے ساتھ تذکرہ کے متعلق گفتگو کرنا چاہتے ہیں۔ آپ وقت دیجئے۔ موصوف نے کوئی جواب نہیں دیا۔ آپ کی پوزیشن ان دنوں ایسی تھی کہ گویا کسی سکول کے ماسٹر ہیں۔ داڑھی مونڈی ہوئی، ٹوپی (الٹی سیدھی) سر پر رکھے ہوئے، کس مپرسی کی حالت میں بازاروں میں پھرتے تھے۔ اور عوام میں اس کتاب کی کوئی شہرت نہ تھی۔ اس کے بعد آپ نے عسکری تحریک شروع کی مگر تذکرہ کا ذکر تک کرنے سے اپنے سپاہیوں کو بھی منع کر دیا جس کا نتیجہ یہ کہ تذکرہ ایسا غائب غلہ ہو گیا کہ کہیں اس کا تذکرہ نہ ہوتا تھا۔ پھر علماء کو کیا مصیبت پڑی تھی کہ خواہ مخواہ معدوم کو موجود کر دکھاتے۔ ہاں اس کے بعد جب انہوں نے اخبار "الاصلاح" جاری کیا تو تذکرے کا ذکر آنے لگا۔ اس پر علمائے اسلام متوجہ ہوئے اور مختلف اخبارات اور رسائل کے ذریعہ اس کی تردید کرنے لگے۔ اب چونکہ انہوں نے غلو کر کے یہاں تک لکھ مارا ہے کہ تذکرہ کے ہوتے ہوئے تمام تفسیریں جلا دی جائیں (الاصلاح ج ۴ نمبر ۹ صفحہ) اسلئے آج کل علمائے اسلام اس فتنے کی بیخکنی کے لئے جس حد تک مستعد ہیں۔ اس کی کیفیت مندرجہ ذیل دعوتی خط سے معلوم ہو سکتی ہے۔ یہ دعوتی خط مشرقی صاحب کے اخبار "الاصلاح" اور اخبار آواز پشاور کو بھی بھیجا گیا تھا۔ لیکن ان کی کمال حق پسندی اور جرأت ہی ہے کہ انہوں نے اس خط کو اپنے اپنے اخباروں میں شائع نہ کیا۔ اس کا جواب دینا تو کجا

شائع کرنا بھی گوارا نہ کیا۔ پس اس خط کا مضمون جو اخبار ... مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۳۹ء میں درج ہو چکا ہے آج مکرر درج کیا جاتا ہے

اخبار آواز ... مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۳۹ء ... جناب عنایت اللہ مشرقی کی گفتگو شائع ہوئی جس میں مولوی عبداللہ شاہ پشاوری کو جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تم اہل پشاور کی طرف سے نمائندہ ہو کر آؤ تو گفتگو کے لئے وقت نکال سکتا ہوں۔ ... امرتسر کی منعقدہ مجلس موسومہ حزب المجاہدین کے اجلاس میں پیش ہو کر مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس ہوا

انجمن حزب المجاہدین امرتسر بطور نمائندہ اس کو منظور کرتی ہے کہ مشرقی صاحب سے مسائل اختلافیہ میں گفتگو ہو۔ انجمن ہذا کا ایک نمائندہ گفتگو کریگا جس کا ساختہ پرداختہ انجمن کو منظور ہوگا اور انجمن کے ذریعہ اہل شہر کو۔ گفتگو بطور املا عربی میں ہوگی پھر اردو میں ترجمہ سنا دیا جائیگا۔ منظوری آنے پر مشرقی کو مسائل اختلافیہ کی فہرست دے دی جائیگی۔ باقی شرائط بذریعہ سب کمیٹی طے ہونگی۔ امرتسر مشرقی کا اپنا شہر ہے۔ اس لئے اس تجویز کی منظوری دینا اُن کا اولیں فرض ہے۔
راقم محمد عبداللہ ثانی ناظم انجمن حزب المجاہدین امرتسر

اہلحدیث ناظرین! اس دعوت کی کوئی وقتی حدبندی نہیں ہے۔ مشرقی صاحب جب بھی چاہیں حزب المجاہدین کے ناظم صاحب کو اپنی آمد سے تین روز پہلے اطلاع دیکر گفتگو کرنے کے لئے تشریف لا سکتے ہیں۔ پوچھا جاتا ہے کہ کیا وہ اس دعوت کو قبول کرینگے۔ اس کا جواب آئندہ وقت دیگا۔

ناظرین کرام! کچھ زمانہ گزرنے کے بعد شاید یہ بھی کہا جائیگا کہ علمائے اسلام نے مشرقی صاحب کو دعوت دیکر کیوں نہ سمجھایا۔ پس ناظرین اہلحدیث کو مذکورہ بالا ہر دو خطوط کا مضمون یاد رکھنا چاہئے۔

(باقی آئندہ)

ahmadimuslim.de

قادیانی مشن

کرشن قادیانی اور ہم

اخبار الفضل مورخہ ۱۰ ستمبر میں ایک مضمون نکلا ہے جو دلچسپ ہونے کی وجہ سے اس قابل ہے کہ ناظرین تک اسی کے الفاظ میں پورا پہنچایا جائے۔ پس ناظرین مندرجہ ذیل مضمون خاص توجہ سے پڑھ کر لطف اٹھائیں

"وہ تو ابھی آئے ہی نہیں"

اخبار "پرتاپ"، ستمبر میں ایک مقالہ "کب آؤ گے؟" کے عنوان سے لکھا گیا ہے۔ جس میں دنیا کی موجودہ بربادی بخش۔ گناہ آلود اور مصائب خیز حالت کا ذکر کرتے ہوئے نہایت بے تابی کے ساتھ حضرت کرشن کو پکارا اور کہا گیا ہے کہ

"یوگی راج کب آؤ گے؟ گیتا میں آپ نے وعدہ کیا ہے کہ جب دھرم کی ہانی ہوتی ہے سنسار میں پاپ پھیلتا ہے تو کوئی یوگی مہا پرش سنسار کی مصیبتوں کو دور کرنے کے لئے جنم لیتا ہے۔ یوگی راج! ہر سال جنم اشٹمی آتی ہے۔ تمام ہندو جگت بڑی شردھا اور پریم سے آپ کا جنم مناتا ہے اور یہ کہتا ہے۔ کہ

آگئی جنم اشٹمی اب کرشن آنا چاہئے

مگر ابھی تک یوگی راج نہیں آئے۔ اس وقت سنسار میں منش ماتر (یعنی نوع انسان) پر جو شنکٹ (مصیبت) آیا ہوا ہے۔ دنیا کی تاریخ میں شاید ہی کبھی آیا ہو۔ دھرم کی ہانی (تذلیل) جو اب ہو رہی ہے شاید ہی کبھی ہوئی ہے۔ پاپ بڑھ رہا ہے۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو طاقت ور سمجھتے ہیں کمزوروں پر ظلم بپا کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رہے۔ ستیہ اور اہنسا کی جگہ استیہ اور ہنسا نے لے لی ہے۔ چاروں طرف اشانتی نظر آتی ہے۔ ہٹلر جیسے لوگ اپنے ظلم و ستم سے دنیا کو ڈرا کر اپنا راجیہ قائم کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے موزوں سمہ اور کیا ہو گا۔ کہ کوئی مہا پرش دنیا کو دکھوں اور مصیبتوں سے نجات دلائے۔"

اور آخر میں لکھا ہے:-

"اگر اس کی سچی خواہش ہو۔ اور ہر سال صدق دل سے یہ کہیں کہ

آگئی جنم اشٹمی اب کرشن آنا چاہئے

تو کبھی تو سنی جائیگی۔ اور کوئی یوگی راج آکر بھارت ورش اور سنسار کے دکھ نوارن کرے گا۔"

ان سطور میں موجودہ زمانہ میں خدا تعالے کی طرف سے ایک مصلح کے آنے کی ضرورت کو جس اضطراب اور بے تابی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ ہمیں کسی وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں۔ اور یہ پہلی دفعہ نہیں۔ اس سے قبل بھی عرصے سے ہندوؤں اور دیگر اقوام عالم کی طرف سے بار بار اس امر کا اظہار ہو چکا ہے کہ اس زمانہ میں ایک مصلح ربانی کی سخت ضرورت ہے۔

ایک طرف تو یہ حالت ہے اور دوسری طرف تمام مذاہب کی کتب مقدسہ میں آخری زمانہ میں ایک موعود کے آنے کی پیشگوئی موجود ہے۔ چنانچہ "پرتاپ" نے بھی ہندو دھرم میں اس قسم کی پیشگوئی کا ذکر کیا ہے۔ اور حالات اور واقعات نے ثابت کر دیا ہے کہ اس موعود کے آنے کا یہی وقت اور زمانہ ہے۔ کیونکہ تمام علامات اس وقت ظاہر ہو چکی ہیں۔

غرض جب صورت حالات یہ ہے کہ زمانہ کی حالت پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ یہی وہ وقت ہے جس میں اس موعود انسان کو آنا چاہیئے تو کوئی وجہ نہیں کہ موعود اب تک نہ آئے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ دنیا "پہیلی گلتی" بن رہی ہو۔ ظہر الفساد فی البر والبحر کا نقشہ تمام عالم کا ہو چکا ہو۔ لیکن خدا ایسے وقت میں اپنے اس مامور کو نہ بھیجے۔ جس کے بھیجنے کا اس نے آج سے ہزارہا سال پہلے وعدہ فرمایا۔ اور پھر ہر زمانہ میں اس وعدہ کو دوہراتا رہا۔ پس وید۔ گیتا۔ بائبل اور قرآن مجید میں کئے گئے وعدے سب درست اور سچے ہیں۔ ان کتب میں جس زمانہ کے متعلق ایک مصلح موعود کے آنے کی پیشگوئی تھی۔ وہ واضح علامات کے ساتھ یہی زمانہ ہے۔ اور یقیناً اسی زمانہ میں اس مصلح کا آنا ضروری ہے۔ چنانچہ وہ آ چکا ہے اور وہ حضرت مرزا غلام احمد علیہ السلام ہیں۔ جنہوں نے مسلمانوں کے لئے مہدی۔ عیسائیوں کے لئے مسیح اور ہندوؤں کے لئے کرشن ہونے کا دعویٰ کیا۔ آپ کے سوا کسی نے آج تک نہ تو موعود کل ادیان ہونے کا دعویٰ کیا اور نہ کسی کو قبولیت حاصل ہوئی۔

چونکہ اس وقت ذکر حضرت کرشن جی کی آمد ثانی کا ہے۔ اس لئے انہی کے متعلق حضرت مسیح موعود (مرزا) صاحب کا دعویٰ پیش کیا جاتا ہے۔ آپ حضرت کرشن کو اپنے وقت کا نبی اور اوتار قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں

"خدا کا وعدہ تھا کہ آخری زمانہ میں اس کا بروز یعنی اوتار پیدا کرے۔ سو یہ وعدہ میرے ظہور سے پورا ہوا۔"

(دیکھو سیالکوٹ صفحہ ۳۳)

پس گیتا میں جو وعدہ حضرت کرشن جی نے خدا کی طرف سے کیا تھا وہ غلط نہیں نکلا بلکہ ٹھیک اپنے وقت پر پورا ہوا ہے۔ اور خدا تعالے نے ان کے مثیل کو دنیا کی رہبری کے لئے مبعوث فرمایا چنانچہ اس مصلح نے اقوام عالم کے سامنے روحانیت، ہمدردی اور امن کا ایسا بے نظیر لائحہ عمل رکھا ہے کہ جس پر عمل کرنے سے دنیا پاپ اور مصائب سے نجات پا سکتی ہے۔ کاش اس طرف توجہ کی جائے۔"

(الفضل قادیان ۱۰ ستمبر ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث اس مضمون میں ہمارا حصہ مرزا صاحب کی مہدویت سے تعلق رکھتا ہے۔ سو اس کا جواب بہت مختصر ہے کہ جس روایت میں مہدی معہود کے

آنے کا ذکر ہے اس میں امام مہدی اور ان کے والد ماجد کا نام بتلایا گیا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

یواطی اسمہ اسمی و اسم ابیہ اسم ابی
(مشکوٰۃ شریف)

یعنی امام مہدی کا نام محمد ہوگا اور ان کے باپ کا نام عبداللہ۔

چونکہ مرزا صاحب میں یہ دونو نشان نہیں پائے جاتے اس لئے ہم مسلمان ان کو امام مہدی نہیں مان سکتے۔ پس ہم سبکدوش ہیں۔ رہا آپ کا ہندوؤں کے حق میں کرشن جی کا عہدہ لینا۔ سو یہ ہندوؤں کا فرض ہے کہ وہ اس کا جواب دیں۔ ہمارے خیال میں ہندو بھی کرشن جی کے دو نشان مرزا صاحب میں نہیں پاتے۔ ایک تو گوپیوں (عورتوں) کا متعدد ہونا۔ دوسرا گوالنوں کا مکھن اٹھا کر درخت پر چڑھ جانا وغیرہ۔

ایسا ہی عیسائیوں کے لئے آپ کا مسیح کا عہدہ لینا بھی قابل غور ہے۔ اس کی تفصیل کتاب شہادت القرآن (مصنفہ مرزا صاحب) سے ملتی ہے۔ کتاب مذکور میں مرزا صاحب نے اپنے مناصب ثلاثہ (کرشن۔ مہدی۔ مسیح) کی تفصیل کر کے ان کا ثبوت الگ الگ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ

"ہندوؤں کے لئے میری صداقت کا ثبوت پنڈت لیکھرام والی پیشگوئی ہے[۴] اور مسلمانوں کے لئے محمدی بیگم کے آسمانی نکاح والی پیشگوئی ہے"

پس ہم اپنے حق پر پہلے نظر کرتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ محترمہ محمدی بیگم اور اس کا خاوند مرزا سلطان محمد (ساکن پٹی ضلع لاہور) آج تک بتعلق زوجیت زندہ سلامت موجود ہیں اور مرزا صاحب کو انتقال کئے ہوئے تیس سال سے زیادہ عرصہ گذرا ہے مگر آسمانی نکاح ظہور میں نہیں آیا۔ اس کے لئے جماعت مرزائیہ کی طرف سے آج تک جتنے عذرات پیش کئے گئے ہیں ان سب میں قابل قبول یا لائق مضحکہ مولوی اللہ دتا جالندھری کا جواب ہے۔ جس نے لکھا ہے کہ مرزا صاحب کا آسمانی نکاح سلطان محمد کی وفات پر موقوف تھا۔ جب وہ مرا ہی نہیں تو نکاح آسمانی کیسے ہوتا (کیا خوب!) حالانکہ

حقیقت یہ ہے کہ مرزا سلطان محمد کی وفات کو بھی مرزا صاحب نے اپنی پیشگوئی میں بطور جزو کے داخل کیا ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب شہادۃ القرآن صفحہ ۸۰ مصنفہ مرزا صاحب بس ہم تو اپنے فرض سے سبکدوش ہیں۔ خدا تعالیٰ اگر ہم سے پوچھے گا کہ تم نے مرزا صاحب کو کیوں نہیں مانا؟ تو ہمارا جواب یہی ہوگا کہ حضور! آپ نے مرزا صاحب کا آسمانی نکاح دنیا میں ظاہر نہیں فرمایا۔ اس لئے ہم نے ان کو سچا نہیں سمجھا۔

باقی رہا ہندوؤں کا حصہ۔ غالباً وہ یہی کہیں گے کہ مرزا صاحب نے پنڈت لیکھرام کی موت کے متعلق لکھا تھا خرق عادت لکھا تھا۔ یعنی کہا تھا پنڈت لیکھرام کی موت ایسی طرح ہوگی۔ جس طرح کہ انسانوں کی موت عام حالات میں نہیں ہوتی۔ پنڈت لیکھرام قتل کیا گیا۔ اور قتل کے واقعات آئے دن ہوتے رہتے ہیں۔ اس میں کوئی

بات خرق عادت نہیں ہے۔ لہذا یہ پیشگوئی بھی جھوٹی نکلی۔

عیسائیوں کا معاملہ تو بالکل صاف ہے۔ مرزا صاحب نے ڈپٹی آتھم (عیسائی مناظر) کے متعلق پیشگوئی کی تھی کہ پندرہ ماہ کے عرصہ میں بسزائے موت ہاویہ (جہنم) میں گرایا جائیگا (جکی مدت ۶ ستمبر ۱۸۹۴ء کو پوری ہوگئی تھی۔ مگر آتھم کی موت ۲۶ جولائی ۱۸۹۶ء کو ہوئی۔ گویا اس نے مقررہ میعاد کے بعد ڈیڑھ برس مدت گزار کر انتقال کیا۔ ایسی پیشگوئیوں کو کون سچا کہہ سکتا ہے۔ اور یہ تینوں مراتب کیسے ثابت ہو سکتے ہیں۔

ناظرین کرام! ہم تینوں گروہ (مسلمان۔ ہندو۔ اور عیسائی) مل کر مرزا صاحب کو مخاطب کر کے یہ شعر پڑھیں تو بے جا ہے؂

کوئی بھی بات مسیحا تیری پوری نہ ہوئی
نامرادی میں ہوا ہے تیرا آنا جانا

بریلوی مشن

کنوز العارفین بجواب فیوض العارفین

(از مولوی عبداللہ ثانی امرتسری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غیب دانی

اس سلسلہ کے گذشتہ نمبروں میں مسئلہ وسیلہ انبیاء پر بحث تھی۔ جس میں مرتب فیوض نے جو دلائل پیش کئے تھے ان کے تحقیقی جوابات ہو چکے۔ اب دوسرا مسئلہ رسول اللہ کا علم غیب ہے۔ جس میں بریلوی مفتی جی نے حسب ذیل الفاظ میں دعویٰ کیا ہے:۔

حضور پرنور نبی کریم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو علم غیب عطائی و اضافی تھا۔ (فیوض العارفین صفحہ ۱۰۹)

آپ نے اس دعوے پر جو دلائل پیش کئے ہیں وہ نمبروار ہم مفتی جی کی عبارت میں ناظرین کے سامنے رکھتے ہیں تاکہ دعوے اور دلیل میں تقریب کا اندازہ ہو کو بھی ہو سکے۔ لکھتے ہیں:۔

(۱) وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِكُلِّ شَيْءٍ (سورہ نحل رکوع ۱۲)

ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے۔
ف۔ ہر ذرہ مقدار اور عرش معلیٰ مفہوم شے میں داخل ہے۔

(۲) وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ؕ (سورہ نساء رکوع ۱۷)

اور سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔ اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔

(۳) مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ (سورۃ الانعام۔ رکوع ۴)

ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا۔
اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کریم کے ہر ہر حرف کے عالم تھے۔

(۴) وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ۔ (سورۃ الانعام)

[۴] عیسائیوں کے لئے ڈپٹی عبداللہ آتھم والی پیشگوئی ہے۔

(رکوع ۷)

اور کوئی دانہ نہیں زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر اور خشک جو روشن کتاب میں نہ لکھا ہو۔

(۵) خَلَقَ الْإِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ۔

(سورہ الرحمٰن رکوع اول)

پیدا کیا انسان کو سکھایا اس کو بیان (مراد انسان سے انسان کامل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

(روح البیان)

(۶) وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِي مِنْ رُّسُلِهِ مَنْ يَّشَاءُ

(سورہ آل عمران رکوع ۱۸)

اور نہیں ہے اللہ تعالیٰ تاکہ خبردار کرے تم کو (اے ایمان والو) غائب پر لیکن اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے (غیب کے لئے) اپنے رسولوں سے جس کو چاہتا ہے۔

(۷) عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔ (سورۃ الجن رکوع ۲) اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے غیب کا پس نہیں خبردار کرتا اپنے غیب پر کسی کو (لوگوں میں سے) مگر جس کو پسند کرے (غیب کے لئے) کسی رسول کو)

(۸) وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ (سورۃ تکویر)

اور وہ غیب کی خبر بتانے پر بخیل نہیں کرتا۔ (فیوض ص۱۹-۲۰)

ہمیں ان بریلوی عقیدہ کے لوگوں پر سب سے بڑا افسوس یہ ہے کہ یہ قرآن مجید کی آیات پر غور نہیں کرتے۔ یا انکو تدبر کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ کیونکہ اکثر اوقات اقوال الرجال کو پڑھنے سمجھنے میں لگے رہتے ہیں۔ قال اللہ اور قال الرسول کو پڑھنے پڑھانے کا کم موقع ملتا ہے بہرحال اب مفتی جی کے جوابات نمبروار سنئے!

(۱) کیوں صاحب اس آیت کا یہی مفہوم ہے۔ اور اس سے آپ کے دعوے کا ثبوت ملتا ہے۔ اگر دعویٰ عقل کے بعد تو ہم یاد کرا دیتے ہیں۔ سنئے! دعویٰ آپ کا یہ تھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو علم غیب عطائی و

اضافی تھا۔ (فیوض ص۱۹)

مطلب یہ کہ اس قرآنی آیت شریفہ میں کہاں علم غیب کا ذکر ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے قرآن مجید میں ہر چیز متعلق شریعت کا بیان کیا ہے۔ اور یہ بیان ہر مسلمان کے سامنے ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ اگر آپ کے ساتھ مخصوص مانا جائے تو قرآن مجید کی تعلیم صرف پیغمبر اسلام علیہ السلام پر محصور ہوگی جو قرآنی تصریحات کے خلاف ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

قد جاءکم برھان من ربکم و انزلنا الیکم نورًا مبینا

لوگو! تمہارے پاک رب کی طرف سے برہان آچکی اور ہم نے تمہاری طرف کھلا نور نازل کیا۔

بریلوی خیال سے مترشح ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں تبیان لکل شئی صرف نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے خاص ہے۔ کیونکہ ان کے زعم میں اس آیت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا ثبوت ملتا ہے۔

اس کا معنی یہ ہوا کہ قرآن مجید صرف نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے تبیان ہے۔ باقی امت کیلئے بیان نہیں حالانکہ قرآن پاک میں صاف ارشاد ہے۔

ھذا بَیَانٌ لِلنَّاس (یہ قرآن عام لوگوں کے لئے بیان ہے)

اور سنئے! اگر بفرض محال یہ مان لیا جائے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ہی اللہ نے تبیان نازل کیا ہے تو اسی سورۃ نحل میں خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا ہے۔

انزلنا الیک الذکر لتبین للناس الآیہ

اے پیغمبر! (علیہ السلام) ہم نے آپ پر ذکر یعنی قرآن اس لئے نازل کیا ہے کہ لوگوں کے لئے (اسے) بیان کر دیجئے۔

یعنی جو بیان خدا کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے اس کے بیان کر دینے کے لئے آپ مامور ہیں۔ اسلئے جو کچھ خدا کی طرف سے آپ کو ملا آپ نے سب کا سب لوگوں کے سامنے بیان کر دیا۔ تمام شریعت

اور بس اتنا ہے یعنی یہ کہاں ہے کہ علم غیب عطائی یا اضافی ہے اس کا جواب دیا۔

(۲) تعجب ہے اس آیت سے آپ نے کیا استدلال کرنا چاہا۔ جس کو ظاہر نہیں فرمایا اگر یہ مطلب ہے کہ خدا نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو علم غیب سکھایا ہے تو یہی تعلیم قرآن پاک میں دوسری جگہ ہر انسان کے لئے بھی آئی ہے ارشاد ہے۔

علم الانسان ما لم یعلم

خدا نے انسان کو وہ کچھ سکھایا جو نہ جانتا تھا اگر اس سے علم غیب مراد ہے تو ہر انسان کو علم غیب حاصل ہے۔ حتیٰ کہ تھا سنگھ، ہری چند اور رام لعل بھی غیب سکھائے گئے ہیں۔ فرعون بھی غیب جانتا تھا۔ ابوجہل کو بھی قبل آپ کے علم غیب حاصل تھا بشما یا مرکم بہ ایمانکم

نمبرہ کو بھی ساتھ ہی شامل کیجئے۔

یہی آپ کی مراد کہ

مراد انسان سے انسان کامل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ (ص۱۹)

اس کے لئے دلیل کی حاجت ہے۔ اگر کوئی شخص ان الانسان لفی خسر پڑھ کر کہے کہ اس سے مراد ناقص انسان بریلی کا ایک انسان ہے۔ تو جو آپ کا ضمیر جواب دے اس کو اب بھی ظاہر کیجئے فافہم و تدبر

(۳) مفتی جی نمبر لگانے میں بڑی کوشش کرتے ہیں۔ ہم بھی قائل ہو گئے ہیں کہ آپ کو نمبر شماری کا بہت شوق ہے۔ مگر افسوس اس نمبر شماری سے کوئی فائدہ نہیں۔ چلو ہم مان لیتے ہیں کہ کتاب میں خدا تعالیٰ نے کچھ کمی نہیں کی۔ اس سے کیا ثابت ہوا یہ کہ قرآن مجید میں سب کچھ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علم غیب عطائی یا اضافی کہاں سے ثابت ہوا۔

(۴) اس آیت سے یہ ثبوت ملتا ہے کہ ہر رطب و یابس کتاب مبین یعنی لوح محفوظ میں درج ہے۔ بھلا اس کو علم غیب رسول سے کیا واسطہ۔ نمبر شماری کے سوا اور کیا فائدہ ہے۔

... بعض ... ہو چکا ہے

(۔۔۔) اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے ایک غیب پر بجز اس کا اظہار نہیں کرتا مگر جو رسول منتخب کر لیتا ہے اور پس کو اپنے علم غیب سے مطلع کر دیتا ہے اور اس کے ذریعہ سے تمام مخلوق کو اپنے احکام پہنچا دیتا ہے۔

اس کی صاف وضاحت دوسری آیت میں موجود ہے۔ جو مفتی جی نے فہرست میں لکھی ہے۔ اس میں صاف الفاظ موجود ہیں۔ لیعلم ان قد ابلغوا رسالات ربھم۔ یعنی تاکہ خدا تعالیٰ دکھلا دے کہ ظہور میں آ جائے کہ وہ پیغمبر خدا کے دئیے ہوئے پیغامات لوگوں تک پہنچا دیتے ہیں۔ اس آیت سے صاف معلوم ہو گیا کہ ان آیات میں غیب سے مراد احکام شریعت ہیں۔ جو اظہار کے قبل محض منشاء خداوندی تھا۔ اسی کو خدا کے رسول عام لوگوں تک پہنچاتے ہیں اور ان کے پہنچانے میں ہرگز ہرگز بخل نہیں کرتے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

وما ھو علی الغیب بضنین

پیغمبر علیہ السلام غیب پر بخل نہیں کرتے

یعنی جو کچھ ان کو محض منشاء الٰہی بذریعہ وحی معلوم ہوتا ہے تبلیغ کو فوراً بتا دیتے ہیں۔ بتانے میں ذرا بھر بخل سے کام نہیں لیتے۔

پس آیات ۔۔۔ سے بھی مفتی جی کا دعویٰ ثابت نہ ہوا۔ اور نہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے علم غیب عطائی یا اضافی کا ثبوت نہیں ملا۔ (باقی)

مباحث علمیہ

قرآن حکیم کی روشنی میں ہاروت و ماروت کی تحقیق اور اسرائیلی روایات کا بطلان

(از قلم مولوی ابو سعید عبد الرحمٰن صاحب فرید کوٹی حال چھپوٹ)

اہلحدیث یکم ستمبر ۱۹۳۹ء میں اس مضمون کی دوسری قسط موصول ہو چکی ہے جس میں قابل مضمون نگار نے روایات مندرجہ اہلحدیث ۱۸ اگست پر تنقید کرنی شروع کی تھی۔ آج بھی اس کا بقیہ درج ہے۔ (مدیر)

روایات مندرجہ اہلحدیث ۱۸ اگست کی شان بالکل اس طرح ہے کہ ایک واعظ آیت پڑھتا ہے فضائل حج کی مگر ترجمہ و تفسیر کے وقت مسائل نماز بیان کرتا ہے۔ اب آپ ایسے واعظ کو کیا کہیں گے؟ یہی حال اس آیت کا ہے کم و بیش چار سطروں میں سحر بابل اور ملکین کے واقعات اصلیہ پر روشنی پڑتی ہے۔ لیکن بعض مفسرین نے اس آیت کی تفسیر و تشریح میں زہرہ کا فسانۂ عشق۔ فرشتوں کا الٹا لٹکنا۔ کتوں والی عورتوں کے خرافات۔ زہرہ کا مسخ ہو جانا وغیرہ ذلک۔ ایسے قصوں کو تفسیر کے طور پر درج کر دیا ہے۔ حالانکہ قرآنی لفظوں کو اس تفسیر سے دور کا بھی واسطہ نہیں اور نہ ہی قرآنی آیات کے اصل عنوان سے کوئی تعلق۔

چھٹی روایت میں جادوگرنی کا جو قصہ بیان ہوا ہے۔ یہ قصہ مفسرین کے نزدیک لغو اور باطل کہانی ہے اور پھر سید الاولین والآخرین صلے اللہ علیہ وسلم سے اس سحر بابل کی نسبت ایک لفظ صحیح روایت کے ساتھ ثابت نہیں۔ تو ان تمام فضول و بے ثبوت قصوں کو کیسے مان لیا جائے؟

ایک گروہ کے نزدیک ملکین سے مراد دو آدمی ہیں اور ان دو شخصوں پر منجانب اللہ سحر نازل ہوا تھا تاکہ بنی آدم کے اعمال کی آزمائش کی جائے۔ اس گروہ کے اور پہلے گروہ کے خیالات میں صرف اس قدر فرق ہے کہ پہلا گروہ ملکین سے فرشتوں کا اعتقاد

گروہ یہودیوں کا قائل ہے۔ باقی تمام مسائل میں مثلاً زہرہ کے حسن و عشق وغیرہ کے تمام قصص میں دونوں متفق ہیں۔

تیسرا گروہ وہ ہے جو ما انزل علی الملکین ببابل کے ما کو نافیہ مانتا ہوا انزول سحر اور اسرائیلی حکایات کو غلط سمجھتا ہے۔ اس مسئلہ کے حل کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہم تمام تفاسیر اور زید عمر بکر کے اقوال کو چھوڑ کر عربی زبان کے محاورہ کے مطابق سادہ ترجمہ و مطلب پر اکتفا کریں۔ تو ان جامع آیات کے اندر تشریحات کا دفتر عظیم پائیں گے۔ اور ان آیات کے معانی خود بخود ہمارے سامنے روشن ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ!

اس آیت کا ترجمہ پیش کرنے سے قبل ایک بات عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ یہ کہ

بعض اہل کتاب کا عقیدہ تھا کہ خدا تعالیٰ نے آسمان سے دو فرشتوں (ہاروت و ماروت) کو جادو کی تعلیم دیکر دنیا میں بھیجا۔ یا یہ کہ ان کو دنیا میں بھیج کر پھر ان پر سحر نازل کیا اور یہ دونوں فرشتے جادو سکھانے سے قبل لوگوں کو کہہ دیا کرتے تھے کہ ہم تو فتنہ اور آزمائش ہیں پس اسے جادو سیکھنے والے تو کافر نہ بن اور جادو مت سیکھ۔ ان فرشتوں کی اس تعلیم پر بھی لوگ سحر سیکھ لیتے تھے۔ جس کے ذریعہ زوجین کے درمیان لڑائی ڈلوائی جاتی تھی۔

یہ خط کشیدہ عبارت یہود کا تاریخی عقیدہ تھا۔ جو ان کے درمیان نسلاً بعد نسل چلا آتا تھا۔

اسی طرح بعض یہود کا دوسرا خیال تھا کہ سلیمان (علیہ السلام) دراصل ایک بہت بڑا جادوگر تھا۔ اور جادو کی بدولت ہی وہ حکمرانی کرتا تھا۔ وغیرہ وغیرہ ذلک۔

اور ان کی ... خط کشیدہ ... کو بھی ...

تقویۃ الایمان

(مصنفہ حضرت مولانا اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ دہلوی) مع تذکرۃ الاخوان و رسالہ عارف الاشرار و رسالہ ... سنت و خط حضرت مولانا اسماعیل شہید و فتویٰ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی مرحوم۔ یہ کتاب توحید و سنت کی تائید اور شرک و بدعت کی تردید میں اپنی نظیر آپ ہے۔ جدید اڈیشن۔ قیمت ۔۔۔

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

نکہ یہ قرآن کا ہی ... قرآن کریم نے یہود کے ... نفی کر دی۔ وما کفر سلیمان۔ سلیمان نے کفر نہیں کیا یعنی سلیمان جادوگر نہیں تھا۔ اس لئے کہ جادوگر کافر ہوتا ہے۔ وما انزل علی الملکین ببابل۔

جس طرح سلیمان کے کفر کا انکار حرف ما سے ہوا ہے بالکل اسی طرح اس جگہ حرف ما کے ساتھ نزول سحر علی الملائکہ کا انکار ہو رہا ہے۔ یعنی ملائکہ پر کسی قسم کا نزول سحر نہیں ہوا۔ اس لئے کہ ملائکہ پر سحر کا اصل نزول نہیں۔ اور جب نزول سحر کا انکار ہو گیا تو یہود کے تمام تراشیدہ بہتانوں اور افسانوں کا بطلان بھی ہو گیا اور اس بات کی وضاحت بھی ہو گئی کہ جب ہم نے فرشتوں پر جادو نازل ہی نہیں کیا تو وہ ملائکہ یا جن پر سحر نازل ہوا تھا۔ حتی یقولا کہہ کر لوگوں کو جادو کس طرح سکھاتے تھے؟ اب حتی یقولا کی اس خوفناک الجھن کو ذیل کی مثال سے صاف کیجئے۔

ایک شخص کہے کہ زید ۲۰ جولائی ۱۹۶۰ء کو دہلی گیا اور وہاں جا کر اس نے بکر، خالد اور دیگر احباب سے ملاقاتیں کیں اور مختلف قسم کی اشیاء خریدیں۔ حتی کہ دریا جمنا اور لال قلعہ کی سیر بھی کی۔ اب اگر زید فی الحقیقت اس تاریخ کو دہلی گیا تھا تو اس کے دوستوں کی ملاقاتوں اور خریدی اشیاء کی نسبت ہم اعتبار کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر اس تاریخ میں اس کا دہلی جانا غیر ثابت اور محض کذب ہو تو احباب کی ملاقاتیں اور خریدی اشیاء کا اور سیر دریا وغیرہ کا تو بطریق اولیٰ انکار ہو جاتا ہے۔

اب میں آپ کے سامنے وہ ترجمہ پیش کرتا ہوں جس سے کھلے لفظوں میں نزول سحر کا انکار ہوگا۔ اور آیات بینات کی اصلی و معنوی حقیقت صاف طور پر معلوم ہو جائے گی۔

... وما کفر سلیمان۔ سلیمان نے کفر نہیں کیا ... الشیاطین کفروا یعلمون ... بلکہ شیاطین کفر کرتے تھے ... سکھاتے تھے لوگوں کو جادو۔ ... وما انزل علی الملکین ببابل ہاروت

وماروت ... احد حتی یقولا انما نحن فتنۃ فلا تکفر فیتعلمون منھما ما یفرقون بہ بین المرء وزوجہ وما ھم بضارین بہ من احد الا باذن اللہ ویتعلمون ما یضرھم ولا ینفعھم

اور نہیں نازل کیا گیا (جادو) دو فرشتوں پر بابل شہر میں ہاروت و ماروت پر۔ اور نہ ہی سکھاتے تھے کسی کو یہاں تک کہ پہلے کہہ لیتے تھے کہ ہم فتنہ ہیں پس تو کفر نہ کر۔ پس سیکھتے تھے لوگ ان دونوں سے جو جدائی ڈالے ساتھ اس کے درمیان میاں بیوی کے اور نہیں وہ (شیاطین) کسی کو دکھ دینے والے بغیر اذن اللہ کے اور سیکھتے تھے (یہ لوگ) جو ضرر پہنچائے ان کو اور نہ نفع دے۔

آیت پر خط کھینچ کر میں نے نمبر لگا دیئے ہیں تاکہ ان نمبروں کے حساب سے آیت کے مختلف حصے بن کر صحیح معانی ذہن نشین ہو سکیں۔ خط کشیدہ عبارت نمبر ۱ کے تحت ما کفر سلیمان فرما کر اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کو سحر اور کفر سے بری کر دیا۔ اور نمبر ۲ کے نیچے جو عبارت ہے اس میں ظاہر کر دیا کہ سلیمان نہیں بلکہ شیاطین جادو سکھایا کرتے تھے۔ یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ شیاطین اور کفروا دونوں جمع کے صیغے ہیں اور اس جگہ کفر و سحر کی نسبت شیاطین کی طرف ہے پھر نمبر ۳ کے نیچے والی عبارت میں فرما دیا کہ ہاروت و ماروت کی طرف جو سحر منسوب ہے وہ بالکل غلط ہے۔ اسلئے کہ ہاروت و ماروت پر کوئی سحر نازل نہیں ہوا۔

وما انزل علی الملکین۔ ماروت کے آگے وقف ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس جگہ سے کسی دوسری طرف مضمون منتقل ہو رہا ہے۔ اس کے آگے وما یعلمن الخ تک بیان فرما کر واضح کر دیا کہ ساحر جو تھے یہ قصہ ہاروت ماروت کی طرف منسوب کر رکھا ہے۔ اور جب ہاروت و ماروت پر جادو نازل ہی نہیں ہوا۔ اور نہ ہی ہاروت و ماروت پر سحر نازل ہوا تھا تو یہ تمام قصے

نہ ہو سکا نقل ... یہ جاتا ہے ... نقل اور تنزیل سحر کا انکار ... جادو سکھانا مشہور ہے کہ جادو سکھانا ہی حتیٰ یقولا کہہ کر جادو بتلانے کا انکار خود ہو گیا۔ وما یعلمن من احد سے بین المرء وزوجہ تک عبارت کو تو محض حکایت کے طور پر نقل کیا گیا ہے جو یہود میں شہرت پکڑ چکی تھی۔ کہ دو فرشتے نامی ہاروت و ماروت لوگوں کو جادو سکھاتے وقت کہہ دیا کرتے تھے کہ ہم تو فتنہ ہیں۔ اور پھر زن و شوہر کی تفریق کے لئے ملائکہ جادو سکھا بھی دیا کرتے تھے۔ دراصل نمبر ۴ کے تحت والی عبارت حکایت کے طور پر بیان ہوئی ہے کہ یہود نے ملائکہ کے سحر کی نسبت ایسے ایسے کمینے خیالات پھیلا رکھے تھے۔ لیکن افسوس کہ وما یعلمن اور حتی کی الجھن میں بڑے بڑے لوگ مبتلا ہو کر یہی خیال کر بیٹھے ہیں کہ فی الحقیقت ملائکہ جادو سکھایا کرتے تھے۔ پس صرف ما نافیہ سے ملائکہ پر نزول سحر اور ان کی طرف جس قدر افسانے منسوب ہیں تمام مردود و غلط ثابت ہو گئے۔

اب ہماری سابقہ مثال کو دیکھئے جو اوپر عرض کی گئی ہے کہ جب زید کا دہلی جانا ثابت ہی نہیں تو وہ فرداً فرداً تمام دعووں میں خود جھوٹا ہو گیا۔ اور اس کی تمام باتوں کا صرف ایک ہی جواب ہو گا کہ تمہارا دہلی جانا ثابت نہیں اور صرف اسی ایک انکار سے اس کے تمام دعوے جھوٹے ثابت ہو جائیں گے۔ اور اسی طرح حتی کی بحث بھی ساتھ ہی ختم ہو جائے گی۔

پس خدا تعالیٰ نے ان کے غیر ملکیہ جادو سکھانے اور میاں بیوی کی تفریق کے قصے کو حکایتاً من الیہود بیان کر دیا کہ یہ قصص ان کی طرف منسوب تھے جو صرف ما کے ساتھ قرار دیئے گئے اور یہ بھی واضح کر دیا کہ ملائکہ پر تو نزول سحر ہوا ہی نہیں اور نہ ہی یہ کام خدا کا ہو سکتا ہے۔

دراصل تفسیر ... عام لوگوں کے دلوں پر ساحروں کی ہیبت چھائی ہوئی تھی وہ جادو گری کیا کرتے تھے ... بلکہ ... بھی ...

[illegible] یا کھرا [illegible]
کام ہے اور ان [illegible] یا [illegible]
جب تک خدا تعالیٰ کا حکم [illegible]
ان [illegible] کو برباد کرے [illegible]

[illegible]
ظاہر ہو گئی [illegible]
ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ خدا ایسی چیز کو آسمان سے نازل کرے
جو ابن آدم کے دین و دنیا کو تباہ کرنے والی ہو۔

زیوروں میں زکوٰۃ واجب ہے

(از مولوی ابو الصمصام عبد السلام صاحب [illegible])

جامع ترمذی شریف میں ہے

فرأی بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم والتابعین فی الحلی زکوٰة ما کان منه ذهب وفضة وبه یقول سفیان الثوری وعبد اللہ بن المبارک

یعنی بعض صحابہ اور تابعین کے نزدیک سونا اور چاندی کے زیور میں زکوٰۃ ہے اور سفیان ثوری اور عبد اللہ بن مبارک کا بھی یہی قول ہے۔

تحفۃ الاحوذی میں عمدۃ القاری شرح بخاری سے منقول ہے کہ یہی مذہب امام ابوحنیفہؒ اور آپ کے اصحاب کا بھی ہے اور ایسا ہی حضرت عمرؓ اور عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے۔ اور سعید بن المسیب اور سعید بن جبیر اور عطاء اور محمد بن سیرین اور جابر بن زید اور مجاہد اور زہری اور طاؤس اور میمون بن مہران اور ضحاک اور علقمہ اور اسود اور عمر بن عبد العزیز اور ذر الہمدانی اور اوزاعی اور ابن شبرمہ اور حسن بن حی کا اور ابن المنذر اور ابن حزم کا قول ہے کہ زیوروں میں زکوٰۃ واجب ہے بظاہر کتاب اور سنت کی رو سے۔

اور سبل السلام سے منقول ہے کہ

اس مسئلہ میں علماء کے چار قول ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ زکوٰۃ واجب ہے اور یہ مذہب ہے [illegible] اور سلف کی ایک جماعت کا اور امام شافعیؒ کا بھی ایک قول ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ زیور میں زکوٰۃ نہیں ہے اور یہ مذہب ہے امام مالکؒ اور امام احمدؒ اور امام شافعیؒ کے ایک قول کے مطابق ہے کیونکہ سلف سے اقوال وارد ہیں جو متفق ہیں کہ زیور میں زکوٰۃ نہیں ہے لیکن حدیث صحیح مل جانے کے بعد آثار بے کار ہیں۔ تیسرا قول یہ ہے کہ زیور کو عاریتاً دینا ہی اس کی زکوٰۃ ہے چنانچہ دارقطنی نے حضرت انسؓ اور بنت ابی بکرؓ سے روایت کیا ہے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ صرف ایک مرتبہ زکوٰۃ دینا واجب ہے۔ اسکو بیہقی نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے اور سب سے زیادہ ظاہر قول دلیل اور حدیث صحیح و قوی کی رو سے یہ ہے کہ زکوٰۃ واجب ہے۔"

حضرت مولانا محمد عبد الرحمٰن صاحب مبارکپوری شارح ترمذی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ میرے نزدیک ظاہر اور راجح قول یہ ہے کہ سونا اور چاندی کے زیوروں میں زکوٰۃ واجب ہے۔ یہ احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں۔

پہلی حدیث ما روی ابو داؤد فی سننه عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان امرأة اتت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ومعها ابنة لها وفی ید ابنتها مسکتان غلیظتان من ذهب فقال لها اتعطین زکوٰة هذا قالت لا قال ایسرک ان [illegible] القیامة [illegible] فخلعتهما فالقتهما الی النبی صلی اللہ علیه وسلم وقالت هما للہ ولرسوله [illegible] فی کتابه [illegible] فی مختصر [illegible]

یعنی عمرو بن شعیبؒ سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور ان کے ساتھ ان کی ایک لڑکی بھی تھی اور اس لڑکی کے ہاتھ میں سونے کے دو بھاری کنگن تھے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے اس کی زکوٰۃ دی ہے؟ انہوں نے کہا نہیں۔ پس آپ نے فرمایا کیا تمہیں پسند ہے کہ اللہ تعالیٰ پہنائے قیامت کے دن انہیں دونوں کنگن کے بدلے میں دو کنگن آگ کے۔ پس انہوں نے وہ دونوں کنگن نکال کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ڈال دیئے اور عرض کیا کہ یہ دونوں کنگن اللہ اور رسول کے لئے ہیں۔

دوسری حدیث۔ عن ام سلمة انها کانت تلبس اوضاحا من ذهب فقالت یا رسول اللہ اکنز هو فقال انما ادیت زکوٰته فلیس بکنز اخرجه ابو داؤد والدارقطنی وصححه الحاکم کذا فی بلوغ المرام وقال الحافظ فی الدرایة اسناده قوی [illegible]

یعنی ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ وہ سونے کے زیور پہنتی تھیں پس انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا یہ کنز ہے؟ آپ نے فرمایا اگر تم نے اس کی زکوٰۃ دی ہے تو کنز نہیں ہے۔

تیسری حدیث۔ عن عبد اللہ بن شداد بن الهاد انه قال دخلنا علی عائشة زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم فقالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فرأی فی یدی فتخات من ورق فقال [illegible]

سلہ مثلاً حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا [illegible] جابرؓ موقوف آثار اور جابرؓ کی جو مرفوع روایت ہے لیس فی الحلی زکوٰۃ [illegible] بے اصل ہے۔ الاختصار
تحفۃ الاحوذی [illegible]

سے یعنی وہ خزانہ [illegible] جمع کر کے [illegible]

ما هذا یا عائشۃ فقلت صنعتهن اتزین لك یا رسول اللہ قال أتؤدین زكوتهن قلت لا او ما شاء اللہ قال هو حسبك من النار [illegible] [illegible] و اخرجه [illegible] [illegible] تعالی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

یعنی عبداللہ بن شداد سے روایت ہے کہ ہم لوگ حضرت عائشہ کے پاس گئے آپ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لے گئے پس میرے ہاتھوں میں چاندی کی انگوٹھیاں دیکھ کر فرمایا اے عائشہ یہ کیا ہے؟ میں نے کہا رسول اللہ میں نے ان کو بنایا ہے تاکہ زینت کروں میں آپ کے واسطے پس آپ نے فرمایا تم نے ان کی زکوٰۃ دی ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کافی ہے تیرے لئے جہنم سے۔

چوتھی حدیث۔ عن اسماء بنت یزید قالت دخلت انا و خالتی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعلینا اسورۃ من ذهب فقال لنا أتعطیان زكوتها فقلنا لا قال اما تخافان ان یسورکما اللہ اسورۃ من نار ادیا زکوتها۔ ذکرہ الحافظ فی التلخیص وسکت عنه وقال فی الدرایۃ فی اسنادہ [illegible] قال صاحب تحفۃ الاحوذی فی صحۃ حدیث [illegible] نظر لکن لا شك فی انه یصلح للاستشهاد انتهی۔

یعنی اسماء بنت یزید سے روایت ہے انہوں نے کہا میں اور میری خالہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئیں اور ہم دونوں سونے کے کنگن پہنے ہوئے تھیں تو آپ نے ہم سے پوچھا کیا تم ان کی زکوٰۃ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] مشتاق و ثلثۃ دراهم مثقالی اخرجه الدارقطنی وفی اسنادہ [illegible] [illegible] [illegible] وهو اضعف منه و تابعهم عباد بن کثیر اخرجه ابو نعیم فی ترجمۃ [illegible] بن زکریا و فیه [illegible] کذا فی الدرایۃ

یعنی فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک طوق لائی جو ۷۰ مثقال سونے کا تھا میں نے عرض کیا کہ آپ اس میں سے فریضہ لیں پس آپ نے اس میں سے ۲ مثقال لے لیا۔

چھٹی حدیث۔ عن عبداللہ بن مسعود قال قلت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ان لامرأتی حلیا من ذهب عشرین مثقالا قال فادّ زکوته نصف مثقال واسنادہ ضعیف جدا اخرجه الدارقطنی کذا فی الدرایۃ۔

یعنی عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا میری بیوی کے پاس ۲۰ مثقال سونا کا ایک زیور ہے تو آپ نے فرمایا پس اس کی زکوٰۃ ادا کرو۔

الحاصل سونا اور چاندی کے زیور میں زکوٰۃ واجب ہے اور عدم وجوب کے ثبوت میں جو آثار ذکر کئے جاتے ہیں وہ ان احادیث کے سامنے بے اثر ہیں۔ رہی جابرؓ کی حدیث مرفوع (لیس فی الحلی زکوٰۃ) سو وہ باطل اور موضوع ہے۔ کذا فی تحفۃ الاحوذی۔ هذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب۔

الجدیث | مزید تفصیل مسلک [illegible] [illegible] میں دیکھنی چاہئے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] حدیث میں [illegible] [illegible] [illegible] اپنے خیال کو [illegible] [illegible] [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں

[illegible] [illegible] [illegible]

جلد اول

[illegible] [illegible] مولف کتاب [illegible] [illegible] [illegible] تراجم علمائے حدیث ہند جس میں [illegible] علمائے کرام کے سوانح حیات درج ہو چکے ہیں۔ یہ حصہ علمائے دہلی و صوبہ بہار (ی وفات [illegible] مرحومین و موجودین) پر مشتمل ہے۔ اس کی تکمیل پر یہ طعن تھا کہ اب دہلی و دیوبند میں قابل ذکر علما میں سے سب حضرات کا ترجمہ آچکا ہے کہ اس دوران میں مولوی عبدالغفار صاحب غیری دہلوی نے سید ابوالحسن مرحوم نبیرہ حضرت میاں صاحب علیہ الرحمہ کے عدم ذکر کا شکوہ فرمایا۔ دہلی ہی کے سلسلہ میں حکیم مومن اور ڈپٹی نذیر احمد صاحب کے معاملہ میں اپنے تغافل پر میں خود نادم تھا۔ ایک صاحب نے مولوی [illegible] صاحب والد گرامی مولوی ابویحییٰ محمد مولف الارشاد الی سبیل الرشاد کے عدم اندراج پر تنبیہ فرمائی۔ اسی طرح سہسوان کے چند اخیار کا تذکرہ نہ ہو سکنے پر مولوی سید اقتدار احمد صاحب نے گوشمالی فرمائی۔ اور گذشتہ مہینے میں مولوی عبدالسبحان صاحب مئوی الاعظمی (مقیم حال مدرسہ دارالسلام عمرآباد مدراس) نے گلہ فرمایا۔ مجھے افسوس رہا کہ مئو کے بہت سے علماء کے حالات تراجم علمائے اہلحدیث میں نہیں آسکے کیونکہ اگست کو مولوی عبدالغفار حسن صاحب عمر پوری (مدرس جامعہ رحمانیہ بنارس) نے بغیر کسی تحریص و تحریک کے بنارس کے علمائے کرام سے سات حضرات کے حالات قلمبند کرا کر بھیج دیئے۔ جن کا تذکرہ جلد اول میں نہیں ہو سکا۔ الغرض اسی طرح سے

ہر کس بجیبے ماند وہ ہر کس تنہے واہے
در بزم تو سے غزوہ افسانہ [illegible]

پس ضروری معلوم ہوا کہ جلد اول کے تکمیل کی طرح ڈال دی جائے کہ اس میں غیر [illegible] سلسل [illegible] [illegible] جائیں گے چنانچہ [illegible] [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

کے تراجم ایک جلد میں ، جو [illegible] آپکی [illegible] العقیدہ
[illegible] حضرت [illegible] جلد اول
میں نظر انداز ہوگیا ہے ان کی فراہمی کے لئے سعی فرمائیں
سب سے پہلے یہ ذمہ داری مولوی عبد السبحان صاحب
پر عائد ہوتی ہے ۔ جن حضرات کے خطوط سے جلد اول
نہیں گذری وہ مجھے مفصلہ سے طلب فرمائیں جس پر
جلد اول کے افراد تراجم کے حوالے گرامی لکھدیئے
گئے ہیں ۔ اگر احباب نے توجہ فرمائی تو تکملہ بحالت خود
جلد اول کے برابر پہنچ جائیگا ۔

یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ سلسلہ تراجم علمائے
حدیث میں صوبہ بہار و صوبہ پنجاب و سرحد کے حضرات
کا خاکہ قابل اشاعت حد تک میری تحویل میں ہے
اس کے علاوہ بنگال و دکن و مدراس و راجپوتانہ کے
علماء کی کتاب بھی ایک جلد کے برابر مرتب شدہ ہے
گویا اگر طباعت کا انتظام ہوسکے تو ۳ جلدوں کا
مصالحہ موجود ہے ۔ اور چوتھی جلد یعنی تکملہ زیر تسوید ہے

(نوٹ) کتاب اہل حدیث کی موجودہ درسگاہیں کے
متعلق ان ۵ مدرسوں کی روایات اور موصول ہوئی
ہیں ۔ (۱) مدرسہ شکراوہ ۔ (۲) جامعہ رحمانیہ بنارس
(۳) مدرسہ عالیہ مئو ناتھ بھنجن ۔ (۴) دارالحدیث
مدینہ منورہ ۔ شاید ہندوستان سے باہر کے مدارس
کی روایات خارج از موضوع ہوں ۔ اس کا فیصلہ
اہل نظر پر موقوف ہے ۔ بہرحال احباب اس موضوع
کے لئے فراہمی روایات کی سعی فرمائیں ۔ اس کے لئے
صرف ان مدرسوں کی روایات قابل اندراج ہوں گی
جو معمولی درجات سے اوپر یعنی متوسط اور اعلیٰ نصاب
کے حامل ہوں ۔ مدرسین اور طلباء کی کثرت تعداد سے
بحث نہیں ۔ وعسیٰ ان تکرھوا شیئا وھو خیر لکم

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات
از ملک عالم خان صاحب نوشہروی ۔ قیمت [illegible]
منگوانے کا پتہ : دفتر اہلحدیث امرتسر

[illegible] کتاب جلد اول کی [illegible] صفحات [illegible]
[illegible] دفتر اہلحدیث امرتسر

ماہِ شعبان اور شبِ برات

۔ شہر عظیم کی تقریب سعید الٰہی کی آشنائیوں کا پیشہ
سلکہ ہی ہے حضرت خداوندی کا اعلان ہونے والا ہے ۔
اسے خوابیدہ مسلم ! تو بھی اٹھ نشہ غفلت ہے جیسا ہو
اور باران رحمت سے مستفیض ہو ۔ اسے بارگاہ سے
شکستہ کمر اپنا بوجھ ہلکا کر اور خیر الخلائق الوری ابن کے
بابرکت گروہ کی معیت حاصل کر ۔ شعبان المعظم کا چاند
نظر آگیا پیش خیمہ رحمت الٰہی کا ظہور ہوگیا ۔ ضرورت ہے
کہ حصول برکات رمضان المبارک کے لئے نفس کو مستعد
کر اور پہلے ہی سے اُسے ان امور کا عادی بنادے جو
باعث نزول رحمت ہیں ۔ یہی وہ ہے جو ہوشیار مسلم ہیں ۔
اور گوش ہوش سے سن ! رسول امت صلی اللہ علیہ وسلم
کی عادت مبارکہ تھی کہ شعبان المعظم میں روزے بکثرت
رکھا کرتے تھے ۔ تو بھی بھوک پیاس کو قربان کرکے
نفس کشی کے لئے ابھی سے تیار ہوجا ۔ بندوں کے اعمال
بارگاہ الٰہی میں مرفوع ہونگے ۔ وہ بندے جو زیر سایہ رحمت
الٰہی آنے والے ہیں ۔ کوشش کر کہ تو بھی ان میں شامل ہو
یعنی روزہ رکھ محض رضائے الٰہی کے لئے بھوکا پیاسا
رہ کر اس دفتر میں اپنا نام لکھا دے ۔ ہادی دوجہان
سے منقول ہے ۔ یرفع فیہ اعمال العباد فاحب
ان یرفع عملی وانا صائم ما ثبت بالسنۃ ۔ بحوالہ
بیہقی فی شعب الایمان ۔ کہ بندوں کے اعمال اس
مہینے میں مرفوع ہوتے ہیں ۔ اس لئے مجھے پسند ہے کہ
میرے اعمال مرفوع ہوتے وقت میں صائم لکھا جاؤں ۔

یہ مہینہ رحمت الٰہی کی بشارت ہے یہی وجہ
ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام مہینوں سے
محبوب تر مہینہ تھا ۔

شعبان میں روزے | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا [illegible]
ہیں کہ ما رأیتہ فی شھر اللہ منہ صیاما فی شعبان
[illegible] قالت کان یصومہ [illegible] کلہ وکان

[illegible] امر [illegible] ۔ [illegible] مسلم [illegible]
نسائی ۔ [illegible] ابو داؤد

یہ موسم شعبان [illegible] رمضان [illegible]
[illegible] سکتے
ہیں [illegible] سکتے ہیں [illegible]
[illegible] ۔
(تتمہ من [illegible])

شبِ برات | نزول رحمت کا قرب ہے نصف شعبان
گذر گیا ۔ مغفرت الٰہی کا اعلان عام بھی اسی رات ہوجاتا
ہے ۔ رحمتوں کا مالک اپنی رحمت سے ہمیں سرفراز کرتا
ہے ۔ مگر اے مجرم بدکردار و بدعمل و نابکار ! تیرے لئے
خاص ترغیب ہو کہ آسمان دنیا سے اعلان کرتا ہے :۔
عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تبارک وتعالیٰ ینزل
لیلۃ النصف من شعبان الی سماء الدنیا فیغفر لاکثر
من عدد شعر غنم کلب (ترمذی ۔ خازن)
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شعبان کی پندرھویں رات کو
خدا تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف بلاکیف نزول اجلال فرماتا
ہے پھر بنو کلب کی بکریوں کے بالوں کے برابر اپنی
مخلوق کو بخشتا ہے ۔
اس لئے اے غافل انسان ! اٹھ اور آج کی رات آہ اور
اپنی روسیاہی کو لیکر سبحان ذی الملکوت کی بارگاہ میں
کھڑا ہوجا ۔ رات کا قیام کر اور دن کو روزہ رکھ ۔
حضرت علی سے مرفوعاً مروی ہے کہ
اذا کان لیلۃ النصف من شعبان فقوموا لیلھا وصوموا
نھارھا فان اللہ ینزل فیھا لغروب الشمس الی السماء
[illegible] مستغفر فاغفر لہ [illegible]
فارزقہ [illegible] حتی یطلع الفجر [illegible]
[illegible] شعبان کی پندرھویں
[illegible]
[illegible]

[illegible]

اب توقف نہیں ہے یہ رحمت سے عام ہوئی ہے اور منادی کرنے والا پکارتا ہے۔ اس کا کوئی بھی حصہ لیں بلکہ یوں کہتا ہے۔

الا من مستغفر فاغفر له الا من مسترزق فارزقه الا من مبتلی فاعافیه۔

کوئی معافی مانگنے والا ہے جو اس کو معاف کیا جائے کوئی بھی رزق سے روزی مانگتا ہے اسے دیدوں۔ کوئی مبتلا مصیبت ہے جو عرض کرے اور میں اسے عافیت دوں۔

صدائے عام ہے۔ غفور و رحیم خدا نے مغفرت کا دروازہ کھولا ہوا ہے۔ رحمت کی گھنگھور گھٹائیں ہیں۔ رحمت کا آمادہ یہی کہ ہر مجرم کے منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ اور مجرموں کے گروہ کے گروہ دامانِ الٰہی میں چھپ جاتے ہیں۔ مگر کیا تماشہ جبکہ قلب میں وہی قساوت ہے آنکھوں میں طراوت نہیں۔ نہ زبانوں میں حلاوت۔ ایسی حالت میں ایک شخص ہاتھ پھیلائے کچھ مراد طلب کر رہا ہے۔

بدنصیب مشرک | مغفرت کا اعلان عام ہے۔ گناہ بخشے جا رہے ہیں۔ دعائیں قبول ہو رہی ہیں۔ مگر وائے بدنصیب تیری اور صرف تیری دعا رد کی جاتی ہے محض اس لئے کہ تو مشرک اور کافر ہے۔

وما دعاء الكافرين الا في ضلال

دو لڑنے ہوئے مسلمان | اس صلائے عام میں دو بھائی اور دونوں مسلمان دست دراز کئے شب برات کے ثواب سے حصہ لینا چاہتے ہیں مگر انہیں دھتکار دیا جاتا ہے کہ جاؤ تم مسلمان ہو کر آپس میں ایک دوسرے کا بغض رکھتے ہو حالانکہ تمہیں تمہارے ہادی بھیجے ہوئے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان پہنچ چکا ہے۔ لاتباغضوا آپس میں کینہ و بغض نہ رکھنا۔ مگر تم نے نفسانیت کی وجہ سے اس فرمان رسول کی پروا نہ کی اس لئے تمہاری نہیں سنی جائے گی۔

قاطع رحم | رحمت الٰہی کا خزانہ لٹ رہا ہے۔ خدا کی بخشش عام بندوں پر ہو رہی ہے مگر وائے بدنصیب مسلمان جو کہ اقارب کو نفسانیت سے قطع کرنے والا آج اس عام رحمت سے حصہ نہیں پا سکتا کیونکہ وہ صلہ رحمی نہیں کرتا بلکہ قطع رحمی کر رہا ہے۔ ایسے اشخاص کو رحمت سے دور کر دیا جاتا ہے جہاں تک کہ قطع رحمی

چھوڑ کر صلہ رحمی کرے یعنی اپنے اقربا سے حسن سلوک کرے۔

ماں باپ کا عاق | آ! کہنا فرمان، اطاعت کے ناشکرے تو نے بہت بڑا جرم کیا ہے تو نے اپنی جنت کا دروازہ بند کر لیا۔ کیا تو نے فرمان رسول نہیں سنا۔

هما جنتك ونارك

ماں باپ تیرے لئے جنت ہیں وہی تیرے لئے دوزخ ہیں۔

یعنی ان کی فرمانبرداری سے جنت لے گا نافرمانی سے دوزخ حاصل کرے گا۔ یہ تو نے کیا غضب کیا کہ ماں باپ کا عاق سرکش بن گیا۔ تجھے قرآنی الفاظ یاد نہیں ہے۔

لا تقل لهما اف

تو اپنے ماں باپ کو اف تک بھی نہ کہہ

سن اور گوش ہوش سے سن! آج کوئی فرد مسلم اس رحمت عام سے بے بہرہ نہیں مگر تجھے اس میں حصہ نہ ملے گا اس لئے کہ تو ماں باپ کا عاق (نافرمان) ہے۔

شرابی | نشہ شراب سے مخمور، نفسانیت سے معمور انسان اور مسلمان رحمت الٰہی کی رات میں حاضر ہوتا ہے مگر بے سود۔ سن اور شرابی کہاں تک سن!

ناممکن تھا کہ اس جوش رحمت میں تیری دعا مسترد ہوتی مگر تو اس لئے رد کیا گیا کہ تیرے مونہہ سے شراب کی بو آ رہی ہے۔ جا اپنے مونہہ کو صاف اور دل کو پاکیزہ کر۔ پھر اس پاک دربار میں دست دراز کر۔ خیر اور بھلائی پائے گا۔

بدعتی | وائے بدنصیب تو نے اس قدر وسیع رحمت سے حصہ نہیں پایا۔ اس لئے اور صرف اس لئے کہ اسوۂ رسول صلے اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر تو نے نئی راہ پیدا کی۔ جماعت تبعین کو ترک کیا اور نیا فتنہ کھڑا کیا۔ اگر تو حصہ لینا چاہتا ہے تو بدعت ترک کر کے اسوۂ رسول علیہ السلام پر قدم ہو اور رحمت الٰہی سے بہرہ یاب ہو۔

خدایا ہم کو بخش۔ اور مسلم گنہگاروں کو بخش۔ زمین پر چلنے والوں اور قبروں میں سونے والوں کو بخش۔ آمین!

آتشبازی | او خوابیدہ مسلمان۔ آتشبازی کرنا تیرا کام نہیں۔ لہو و لعب کر کے اپنے رحیم خداوندی سے بہرہ ور نہیں ہو سکتے۔ شوخیاں چھوڑ کر اپنے خرمن ایمان کو مت جلا۔ اپنے مبارک دن اور بابرکت رات کو کھیل کود میں ضائع کر۔ آج کی رات تیری عمر کا فیصلہ ہونے والا ہے۔ تجھے کیا معلوم تیرا نام اب مُردوں میں لکھا جائیگا۔

روى القشيري بسنده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال تقطع الاجال من شعبان الى شعبان حتى ان الرجل لينكح ويولد له وقد خرج اسمه في الموتى۔ (تفسیر خازن)

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شعبان سے شعبان (آدمی کی) اجل قطع کی جاتی ہے۔ آدمی نکاح کرتا ہے اس کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے مگر اس کا نام مُردوں کی فہرست میں داخل ہو چکا ہے۔

وہ چلتا ہے پھرتا ہے کاروبار کرتا ہے آئندہ کے پروگرام سوچتا ہے مگر تقدیر ہنستی ہے کہ او چلنے پھرنے انسان کل کو تیری قبر کھودی جائے گی۔ تیری میت على رؤس الاشهاد نکلے گی۔ تیرا بچہ یتیم اور تیری منکوحہ بیوہ ہو جائے گی۔

کاش انسان اپنی موت سے عبرت حاصل کرے اے مسلمان! تجھے آتشبازیاں کرنی زیبا نہیں تو اپنے مال حلال کو نذر آتش نہ کر۔ بچوں کو روک اور بوڑھوں سے سبق حاصل کر۔ بچوں کے فعل کا تو ذمہ دار ہے۔ تو اپنے بچپن کے زمانہ کو بھول جا اور بچوں کو ہوشیار بنا۔ اسراف نہ سکھا۔ ورنہ بار گناہ تیرے سر پر ہوگا۔ وليحملن اثقالهم واثقالا مع اثقالهم پڑھ اور خدا سے ڈر۔ اللہ ہم سب کو سمجھ عطا کرے آمین!

(محمد عبد اللہ ثانی امرتسری)

تحقیق تراویح - مخالفین کا جواب جو بیس رکعت تراویح کو مسنون ثابت کیا ہے۔ برائے حصول و اشاعت مولوی صاحب ... ارسال کریں۔ (مہتمم)

متفرقات

قابل توجہ ہیلتھ افسر صاحب بلدیہ امرتسر

امرتسر شہر کی صفائی کی بابت آپ کی سعی خود سعی کی جاتی ہے۔ آپ سنیں یا نہ لیکن "اہلحدیث" اپنا فرض سمجھتا ہے کہ آپ کو صفائی شہر پر توجہ دلاتا رہے۔ بہت ممکن ہے کہ بعض جگہوں کی عدم صفائی تو آپکی آنکھوں سے مخفی ہوسکتی ہو یا آپ کے بڑے دارو غہ صاحب وہاں نہ پہنچ سکتے ہوں۔ مگر آج جس جگہ کا ذکر کرتے ہیں وہ ایسی ظاہر جگہ پر ہے جسے ہر چھوٹا بڑا دیکھ سکتا ہے۔ مگر پھر بھی بجائے صفائی کے غلاظت ترقی کرتی جاتی ہے۔ یعنی آپ کردہ بھائی سنت سنگھ کے جدید دروازہ سے باہر نکل کر بائیں جانب نظر ڈالیں گے تو آپ کو ایک چھوٹا سا ٹیلہ دکھائی دیگا جو دن بدن ترقی کرتا جارہا ہے۔ وہ ٹیلہ کسی مٹی یا ملبہ کا نہیں ہے بلکہ غلاظت اور گندگی کا ہے جو گندے نالے سے مزید ترقی یاب ہورہا ہے۔ ہم سچ کہتے ہیں کہ ایسے مقامات پر ایسی غلاظت اور گندگی کے ٹیلہ کا نظر آنا شہر امرتسر کی پیشانی پر سیاہی کا داغ ہے۔

اس لئے ہم آپ (ہیلتھ آفیسر صاحب) سے درخواست کرتے ہیں کہ یہ نوٹ ملاحظہ فرماتے ہی فوراً اس مقام پر پہنچیں اور اس مضمون کی صداقت کو آزما کر اپنے ماتحتوں کی خدمتگزاری کی داد دیں۔

نوٹ: اگر یہ مضمون ملاحظہ فرمانے کے بعد آپ نے توجہ نہ فرمائی تو آئندہ مزید روشنی ڈالی جائیگی۔

کفر کی مشین جماعت اہل حدیث میں گذشتہ ایام میں مجھے چھانگا مانگا علاقہ چونیاں میں جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں ایک مولوی صاحب سے ملاقات ہوئی جو قطع نظر اس بات کے کہ وہ کس بزرگ کے حلقہ اثر میں ہیں مگر بحیثیت اہل حدیث ہونے کے لوگوں کو اس بات پر مجبور کرتے تھے کہ جو شخص مولوی ثناء اللہ امرتسری کو کافر نہ کہے اس کا ایمان مستحکم نہیں ہوسکتا۔

برادران عزیز! ؎

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم ۔ کہ با من ہرچہ کرد آں آشنا کرد

ابتدا اسلام اس مذہب میں کو زد پہنچانے والے اپنے ہی تھے اور آج بھی اپنے ہی بیگانے بن رہے ہیں۔ عرض کیا گیا کہ حضرت مولانا! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تو کہیں نہیں فرمایا کہ جب تک تم مولوی ثناء اللہ صاحب کو کافر نہ کہو تمہارا ایمان مضبوط نہیں ہوسکتا۔ آخر یہ اتنا اجتہاد نادر المثل مولانا مذکور نے کیوں؟ جواب ملا کہ

"تم بھی اس کی حمایت کرتے ہو جو کافر کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر ہے۔ اس لئے تم بھی کافر ہو۔ ہماری نماز تمہارے پیچھے ہرگز نہیں ہوتی۔" جل شانہ۔

برادران من! حقیقت میں اس قسم کے لوگ حبك الشئ یعمی ویصم کے مصداق ہوتے ہیں۔ ایک کی محبت میں دوسروں کی ہر نیکی کو برائی سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ایسے لوگوں کو ہدایت دے تاکہ جماعت اپنی نا اتفاقیاں مٹا کر پھر پہلی طرح اتحاد و اتفاق سے کام کرے۔ والسلام خیر الختام!

(مولوی محمد داؤد ارشد۔ کوٹلی رائے ابوبکر۔ لاہور)

الداعی اس نام کا ایک ماہوار رسالہ ہندوستان کے مشہور و معروف مرکز تبلیغ دار المبلغین لکھنؤ سے شائع ہورہا ہے۔ جس کے ذریعہ سے ہر ماہ روح قرآنی کی تبلیغ اور تعلیمات اسلامی کی ترویج کا کام انجام دیا جارہا ہے۔ الداعی کی بلند پائیگی اور مذہبی رفعت کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بالالتزام مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی کے مضامین عالیہ شائع ہو رہے ہیں اور برابر شائع ہوتے رہیں گے۔ رسالہ کا حجم ۴۸ صفحات ہے۔ اور قیمت سالانہ صرف دو روپیہ رکھی گئی ہے تاکہ ہر غریب امیر اس سے فائدہ اٹھاسکے۔ جملہ خط وکتابت و ترسیل زر کا پتہ ہے۔ منیجر رسالہ الداعی دار المبلغین لکھنؤ۔

مدرسہ ضیاء العلوم میسور گذارش ہے کہ میسور میں قریب دو سال سے ایک دینی عربی مدرسہ ضیاء العلوم نام سے جاری کیا گیا ہے اور یہ وہی جگہ ہے جہاں تھوڑے ہی دن ہوئے بڑی بڑی بدعتوں کا خاتمہ کرکے اہل حدیث کی بنیاد قائم کی گئی ہے۔ اس وقت مدرسہ میں بیس بائیس لڑکے تعلیم پارہے ہیں اور دو مدرس پڑھا رہے ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ دوسرے ملکوں کے لڑکے بھی یہاں تعلیم پاسکیں تاکہ قرب وجوار میں شرک و بدعات کم ہوں اور توحید کی روشنی پھیلے۔ لہذا میں اس مقصد کو لیکر مدرسہ کے ذرائع حاصل کرنے کیلئے دور دراز کا سفر کر رہا ہوں۔ میرا مطمح آشنا ہے کہ خداوند تعالیٰ جن حضرات کو ایسے کاموں کے لئے توفیق دیکر کھڑا کیا ہو وہ اس نادار مدرسہ کی معاونت قبول فرماکر اللہ کے دین کی مدد کریں۔ میرا کام اپنے علاقہ میں کچھ تجارت لے کر پھرنے کا ہے۔ اسکے ساتھ تبلیغ بھی کیا کرتا ہوں۔ اب دو سال سے مدرسہ کے لئے ہندوستان کا سفر کر رہا ہوں۔ اس وقت پہاڑ نگر علاقوں میں ہوا۔ ڈرا تھا۔ ڈیماول وغیرہ گیا ہوا تھا وہاں کے لوگ مجھ کو رفع الیدین وغیرہ کرتے ہوئے دیکھ کر پہلے خفا ہوئے اور وہابی بکنے لگے۔ پھر بعد میں جب میں نے انہیں مذہب اہل حدیث کے عقائد تقریروں میں سنائے تو کچھ کشادہ پیشانی ہوگئے اور جب ان میں بدعتوں کا رواج کثرت سے دیکھا، چنانچہ اذان میں انگوٹھے چومنا، یا رسول اللہ کہنا، یا غوث پکارنا وغیرہ تو اس کا بھی رد سنایا اور نماز کے بعد بڑے پیر صاحب کے گیارہ نام لیکر شمال طرف قدمے قدم آگے بڑھتے اور پیچھے ہٹتے دیکھا اور حضور صلعم کی روح مبارک کو حاضر جان کر مولود کا قیام کرتے دیکھا تو اس کا رد کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اعلیٰ مرتبت اور معراج شریف اور معجزات اور شفاعت اور درود شریف پڑھنے کے فضائل انہیں سنائے جس سے اہل حدیث کی نسبت ان کی بدگمانیاں کچھ کم ہوئیں۔ لہذا اگر ان علاقوں میں علماء اہل حدیث کا دورہ ہوتا رہے تو اکثر ان جماعتوں کی کمزوریاں بھی دفع ہونگی اور دیگر احباب میں بھی فائدہ ہوگا۔

خادم سید احمد خادم جماعت اہل حدیث میسور

خط وکتابت اور ارسال زر وغیرہ کے لئے پتہ ۔ جناب ... صاحب

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

جنگ یورپ

جنگ یورپ کا صحیح اور مختصر واقعہ تو یہ ہے کہ جاری ہے۔ پولینڈ میں بہت سے اطراف سے پولینڈ کے دارالحکومتوں (وارسا اور ولینیں) پر حملہ ہو رہے ہیں۔ وارسا کے فتح ہو جانے کی خبر جرمنوں نے اڑائی تھی مگر اس کی تصدیق ابھی نہیں ہوئی۔ تادم تحریر (18 9/39) کسی بڑے مقام کے فتح ہو جانے کی تصدیق نہیں ہوئی۔ ہر فریق اپنا دعویٰ کرتا ہے۔ ہم دور بیٹھے سب کی سنتے ہیں اور فیصلہ نہیں کر سکتے۔ ہاں اتنا بالاجمال معلوم ہوتا ہے کہ پولینڈ پر جرمنی کا سخت حملہ ہے اور وہ ساری طاقت سے اس کو جلد ختم کرنا چاہتا ہے۔ مگر پولش قوم بھی بڑی بے جگری سے مقابلہ کر رہی ہے۔ دیکھیں انجام کیا ہوتا ہے[1]

جرمن اور پولش قوم کی قوت کا مقابلہ کرنے سے بے ساختہ پولش قوم کی جرأت اور دلیری کی تعریف کی جاتی ہے۔ ادھر فرانس جرمنی میں حملے پر حملہ کر رہا ہے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ میں نے جرمنی کے ملک میں کئی لائنیں توڑ دی ہیں اور ملک کا بہت سا حصہ اپنے قبضہ میں کر لیا ہے۔

گزشتہ ہفتہ میں ہم نے لکھا تھا کہ قرآن مجید میں تین عذابوں کا ذکر ہے۔ وہ تینوں اس وقت دنیا پر نازل ہیں۔ جنگ ہے۔ فضائی حملے ہیں۔ سمندری لڑائی ہے۔ ہوائی جہازوں سے دھڑا دھڑ بم گرائے جاتے ہیں۔ مخلوق خدا تباہ ہو رہی ہے۔ ادھر سمندر میں یہ تلاطم ہے کہ کوئی جہاز جنگی ہو یا تجارتی اس کا بچ کر نکل جانا مشکل ہے۔ یہاں تک کہ انگلستان کے جہاز جو ہندوستان سے جانے والے ہیں ان کو بھی خطرہ ہے۔ سب سے بڑا اور بڑا اثر اس لڑائی کا یہ ہوا ہے کہ [illegible] کے لئے بحری راستہ سے

جانے کی رکاوٹ ہو گئی ہے۔ چنانچہ حج [illegible] کمپنی نے ایک اشتہار شائع کیا ہے جو اخبار ہذا کے صفحہ [illegible] پر درج ہے۔

حجاج کے لئے حکومت برطانیہ اور حکومت حجاز کو مشورہ

جنگی حالات کی وجہ سے حاجیوں کو جو رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے۔ اس کی وجہ سے "اہلحدیث" حکومت برطانیہ اور حکومت حجاز کو بڑے ادب سے مشورہ دیتا ہے کہ حاجیوں کے مذہبی فرض ادا کرنے کے لئے خشکی کا راستہ صاف کرا دیں۔ تاکہ وہ لوگ بے خوف و خطر ہو کر اپنے مذہبی فریضہ کی ادائیگی سے سبکدوش ہو جائیں۔

گزشتہ جنگ عظیم کے دوران میں جو چار سال تک جاری رہی تھی حجاج کو کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوئی تھی مگر اس دفعہ جنگ کے شروع ہی میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے۔ خدا ہی جانتا ہے کہ اس میں کیا حکمت ہے

اِنَّا لَا نَدْرِیْ اَشَرٌّ اُرِیْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا

بہرحال یہ واقعہ مسلمانان دنیا خصوصاً مسلمانان ہندوستان کے لئے نہایت دلفگار ہے۔

مختصر یہ ہے کہ جنگ بڑی تیز رفتاری سے جاری ہے اور آئے دن اور بھی خطرہ بڑھتا جاتا ہے کہ اس آگ میں ایندھن ڈالنے والا کوئی اور بھی پیدا نہ ہو جائے۔

مشرقی خاکساری ڈکٹیٹر کو سزائے قید اور جرمانہ

مَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيكُمْ

ناظرین آگاہ ہوں گے کہ ماسٹر عنایت اللہ خان مشرقی بانئے تحریک خاکسار کی اصل پیدائش امرتسر کی ہے آپ نے خاکساری تحریک کو فوجی شکل میں جاری کیا تھا جس کی ظاہری سطح اور باطنی سطح دو متخالف ہیں۔ ظاہری سطح تو اس کی عسکری شکل تھی۔ جس پر بہت سے مسلمان از روئے نیک نیتی اس تحریک میں داخل ہو گئے مگر اس کی دوسری سطح بانئے تحریک کے ذاتی عقائد

متعلقہ اسلام نہایت قبیح تھے جن کی وجہ سے علمائے اسلام نے ان کی مخالفت شروع کی۔ جس کی تفصیل "اہلحدیث" میں ناظرین دیکھتے رہے ہیں۔ مگر ہم ذاتی طور پر مشرقی صاحب کے خاندانی تعلقات کی وجہ سے (ان کے غلط عقائد کے علاوہ) ان کی دماغی کیفیت کو بھی خوب جانتے ہیں۔

ناظرین ان کے بیان مندرجہ "الاصلاح" مورخہ ۱۵ ستمبر کو پڑھ کر ہماری تصدیق کر سکتے ہیں کہ کس لب و لہجہ میں لکھا گیا ہے، کے بھی ہم قائل نہ تھے۔ اور ہم نے ہمیشہ ظاہر کیا کہ یہ شخص قیادت کے لائق نہیں۔ بلکہ علمائے ملت نے ان کو ان کی غلطیاں واضح بھی کر دی تھیں جن کو وہ مان کر آئندہ مشورہ لینے کا اقرار کر گئے تھے مگر وہ اقرار پورا نہ کیا۔ ہماری اس گفتگو کا خلاصہ اس صراط مستقیم پر چلنے کا تھا جس کی مثال میں ہم نے مولانا اسماعیل شہید کی روش کو پیش کیا تھا۔ جس کو وہ بھی تسلیم کر گئے تھے مگر اپنی روش کی اصلاح انہوں نے نہ کی اور غار ثور میں بیٹھ کر سلاطین کو تنبیہ آمیز خطوط لکھنے شروع کئے۔ یہ ایک مجمل فقرہ ہے۔ جس کی تفصیل کی ضرورت ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک وقت گزرا کہ مخالفوں سے تنگ آ کر ہجرت کی نیت سے نکلے اور غار ثور میں مع حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تین دن چھپے۔ پھر ایک وقت آیا کہ مدینہ شریف میں آپ کو عروج حاصل ہوا تو آپ نے سلاطین اطراف کو اپنی اطاعت کی طرف بلایا۔ اگر غار ثور میں بیٹھے ہوئے سلاطین کو خط لکھتے تو قانون قدرت کے خلاف ہونے کی وجہ سے کوئی دانا اس کو پسند بھی نہ کرتا۔

اس واقعہ کو ذہن میں رکھئے اور مشرقی صاحب کی رفتار کو اس پر جانچئے۔ ماتحت قانون رعیت ہونے کی حالت میں ذمہ دار حکام کو لکھتے ہیں کہ تم ہمارے حسب منشا کام کرو ورنہ ہم تم کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں گے اور لکھنؤ کے فریقین (شیعہ سنی) متحاربین کے سرکردوں کو بحکم قرآن قتل کی سزا دیں گے۔ کیا یہ غار ثور میں بیٹھ کر سلاطین کو خطوط لکھنے کے مشابہ نہیں ہے بلکہ اس

[1] یہ نوٹ کتابت ہو جانے کے بعد جو خبریں آئی ہیں وہ بہت وحشتناک ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پولینڈ قریب الختم ہے۔ (واللہ اعلم) پھر جو بنا ناظرین کے ہاتھوں میں

ہاتھ کر بیٹھے۔

اس لئے ہم نے ان کو کہا تھا کہ آپ کی یہ روش سنت مطہرہ کے خلاف ہے۔ ہم نصیحت میں مجبور ہو گئے۔ بلکہ بحکم لا تصحبن الّا مؤمنا ایسے ناصحین سے الجھنے لگے اور بے سوچے سمجھے لکھنؤ جا پہنچے نہ صرف خاکساری شکل میں پہنچے بلکہ امیر تیمور اور بابر کی طرح پہنچے۔ وہاں مقابلہ تھا۔ جس کی تفصیل اہلحدیث کے کسی گذشتہ پرچہ میں درج ہو چکی ہے۔

آخر وہاں تحریری وعدہ دیکر واپس لاہور آ گئے۔ ادھر ادھر سے اعتراضات کی بوچھاڑ ہوئی تو آپ نے تحریر دینے سے انکار کیا۔ معتقدین کے ہاتھ میں یہ بات آ گئی۔ وہ بھی اس انکار کو غنیمت سمجھ کر حکومت یوپی کو مجرم ٹھہرانے لگے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ حکومت یوپی نے ان کی تحریر کا فوٹو اتروا کر اسکے چربے اخبارات کو بھیج دیئے چنانچہ ان میں سے ایک چربہ درج ذیل ہے۔

مشرقی صاحب اگر حسب وعدہ ہم سے مشورہ پوچھتے تو ہم ان کو بتاتے کہ سنت مطہرہ میں جنگ احد میں اسکی مثال آپ کو مل سکتی ہے۔ آپ گھبرائیں نہیں۔ اس کمزوری کو تسلیم کریں اور کام جاری رکھیں۔ بجائے کسی دانا سے مشورہ لینے کے وہ نادان دوستوں کے بھرے میں آ کر خلاف تحریر واپس لکھنؤ چلے گئے۔ جاتے ہی زیر دفعہ ۴۴ حکومت کی بے فرمانی میں گرفتار کئے گئے نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۶ ستمبر کے روز آپ کو ایک ماہ قید اور پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی۔

نوٹ: اس فیصلے نے ثابت کر دیا کہ مشرقی صاحب کے متعلق حکومت یوپی کا دعوی کہ لکھنؤ نہ آنے کا وعدہ کر چکے ہیں بالکل صحیح ہے ورنہ دفعہ ۴۴ ان پر کسی طرح عائد نہ ہو سکتی۔ اگرچہ مشرقی صاحب خود قانون دان نہیں ہیں لیکن قانون دان مشیر ان کو لکھنؤ میں مل سکتے تھے جو عدالت کے سامنے وہ نقص پیش کرتے کہ "نہ آنے کا وعدہ ہی نہیں ہے تو بے فرمانی کیسی؟" اب بھی موقع ہے کہ خاکسار یا مشرقی صاحب خود اس فیصلے کی نگرانی ہائی کورٹ میں کریں کیونکہ یہ قانونی غلطی ہے جسکی نگرانی ہائیکورٹ میں ہو سکتی ہے۔ اگر انہوں نے نگرانی نہ کی تو ثابت ہو جائیگا کہ حکومت کے پاس ان کا تحریری اقرار موجود ہے۔ دفعہ ۴۴ کے ماتحت آنے کی دو وجہ ہو سکتی ہیں۔ اول ملزم کا اپنا وعدہ دیکر رہائی حاصل کرنا۔ دوسری وجہ حکومت کا حکما خارج کرنا۔ مشرقی صاحب اپنے بیان الاصلاح مورخہ ۱۵ ستمبر میں حکومت کا حکم متعلقہ اقرار نہیں لکھتے تو پھر اگر ان کا اپنا اقرار بھی نہیں تھا تو دفعہ ۴۴ کے ماتحت ان کو سزا کیوں ہوئی۔ تعجب ہے کہ ان کے رفقاء میں بعض کے نام کیساتھ وکیل بھی لکھا ہوا نظر آتا ہے لیکن وہ اتنی موٹی بات بھی عدالت کو نہیں سمجھا سکے۔ اگر یہ کہا جائے کہ حکومت یوپی انتقام لینے پر تلی بیٹھی تھی۔ تو اسکے جواب میں ہم بندہ مشورہ دیتے کہ اس سزا کی نگرانی ضرور ہائیکورٹ میں کی جائے۔ تاکہ دودھ اور پانی الگ ہو جائے۔ صرف مولانا ابو الکلام آزاد اور دوسرے وزراء کو کوسنے سے دفع الزام نہیں ہو سکتا۔ ہمیں بحکم قرآن مجید واتوا البیوت من ابوابھا ہمارا مشورہ ہے کہ آئینی طور پر مقابلہ کریں۔

ہم سچ کہتے ہیں کہ ہمیں اس سزا پر رنج ہوا جس کی ایک وجہ یہ بھی ہے اول ماسٹر عنایت اللہ امرتسری ہیں دوم پنجابی ہیں۔ سوم ان کے والد سے ہمارے مراسم دوستانہ تھے۔ چہارم ہم نیک ضروری کام کرنے کے ارادے سے آئے تھے۔ گو اس میں غلط کار تھے۔ تاہم اس نیک کام کے نام لیوا تھے۔

بہرحال بعد افسوس کے ہم اپنے عزیز خاکساروں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ متفق ہو کر یا ہر جگہ الگ الگ اعلان کر دیں کہ

ہم عنایت اللہ خان کے عقائد مندرجہ تذکرہ وغیرہ سے دلی بیزار ہیں اور ہم ان کو گمراہی اور عنایت اللہ خان کو مذہبی حیثیت سے گمراہ سمجھتے ہیں۔ ہاں ہم عسکری تحریک کو جاری رکھتے ہیں۔ اور اس میں بھی سنت مطہرہ کے مطابق

مقدمہ سرکار بنام [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ۱۹۳۹ [illegible]

[illegible]

Attested
[illegible]
Superintendent
Distt. Jail, Lucknow
2/9/1939

اعلان ضروری

ہم نہایت افسوس کے ساتھ موجودہ جنگ اور بین الاقوامی حالات کی وجہ سے اعلان کرتے ہیں کہ چونکہ کسی ہندوستانی بندرگاہ سے جدہ کے لئے آیندہ اعلان تک جہازات روانہ نہ ہونگے۔

اسی لئے ہم کو مجبوراً ہمارے حاجیوں کے جہازات کی تاریخ روانگی بمبئی۔ کراچی اور کلکتہ سے منسوخ کرنی پڑی ہیں۔

ہم عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ اگر موسم حج تک حالات بہتر ہوگئے تو مناسب پروگرام کا اعلان کیا جائیگا۔

حج لائن

دی سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی لمیٹڈ

بمبئی ۱۴۔ ستمبر ۱۹۳۹ء

(۹۲۷)

خالص مومیائی کی قدر

مستند تو علمائے اہل حدیث و جمہور اطبائے بیلہ محق الحدیث

علاوہ ازیں ہندوستانی جلالہ شہادت تقی رہتی ہیں۔ خون صالح پیدا کرتی ہے قوت باہ کو بے حد بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل دق۔ جریان۔ سیلان۔ ضعف باہ۔ کمزوری سینہ کو مفید کرتی ہے۔ گردہ و مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے۔ ...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت فی چھٹانک عا۔ آدھ پاؤ ؂۔ پاؤ بھر ؂ مع محصول ڈاک۔ ممالک غیر سے محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

اہالی برما سے ایک پاؤ کی قیمت مع محصول ڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کیجائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادات

جناب احمد علی صاحب دردھا۔ میں نے چند مرتبہ چند دوستوں کے واسطے آپ کے یہاں سے مومیائی منگائی۔ بے حد مفید ثابت ہوئی۔ اس لئے براہ مہربانی آدھ پاؤ مومیائی جلد ارسال فرمائیے۔ (راقم احمد علی)

جناب حافظ محمد عمر شمس الدین صاحب اکبر پور۔ میں نے ایک چھٹانک مومیائی آپ کے کارخانے سے منگائی۔ محمد اللہ تسلی بخش فائدہ ہو رہا ہے۔ لہذا برائے مہربانی آدھ پاؤ مومیائی بذریعہ وی پی ارسال فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرماویں۔ (راقم ایک خادم)

ملنے کا پتہ۔ حکیم محمد سردار خان پروپرائٹر دی یونین ایجنسی امرتسر

اگر آپ

کامل صحت چاہتے ہیں تو ہماری تیار کردہ اکسیر ہاضمہ دوا کا فوراً استعمال شروع کر دیں۔ کیونکہ اس سے ہیضہ بدہضمی۔ کمی اشتہا۔ پیٹ کا درد۔ قے۔ ...... کا فوری [illegible]

[illegible]

خدا داد کیمسٹ ...... امرتسر

کم از کم

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیے۔ نوٹ۔ علیحدہ تحریر کرکے کسی کو ہرگز نہ بتایا جائیگا۔ بہت ضروری ہے۔

پتہ:۔ منیجر جواہر المکتب ہمدرد وطن ...... ضلع ...... پنجاب

حضرت سید احمد شہید و مولانا اسمٰعیل شہید

تیرھویں صدی کے مجدد اعظم، محی السنہ، مجاہد اکبر حضرت سید احمد شہید رائے بریلوی اور آپ کے خلیفہ و وزیر ناصر السنہ، قامع البدعہ، خالد ثانی، حجۃ الاسلام مولانا محمد اسماعیل شہید کے نام نامی سے ہندوستان کا کون مسلمان ناواقف ہے۔ ان شہیدین کے مجددانہ کارنامے، احیاء سنت، تنظیم ملت اور اقامت خلافت کی محیر العقول کوششیں، انکے بے نظیر نظام شرعی کی برکات، ان کی تحریک جہاد کے صحیح مقاصد و اسباب انکے رفقاء و متبعین کے سحر انگیز و دل آویز اخلاق و اوصاف قربانی و ایثار، جہاد فی سبیل اللہ اور صبر و استقامت کے حیرت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشات ثانیہ کی صحیح تاریخ (عام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپکی مخصوص جماعت کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اسوقت تک جتنی کتابیں ان دونوں بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں (خدا انکے مصنفین کو جزائے خیر دے) وہ بوجوہ چند تمام پہلوؤں پر حاوی نہیں ہیں۔ ہندوستان کے محبین سنت کو مژدہ ہو کہ حضرت (۹۲۸)
سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابوالحسن علی ندوی استاد دار العلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور جستجو کے بعد "سیرت سید احمد شہیدؒ" کے نام سے کتاب تالیف فرمائی ہے جو اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب ہے جس کی تالیف میں خاندانی کاغذات، سرکاری رپورٹوں، اور فارسی، انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۴۴ صفحہ۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ جلد سنہری خوبصورت۔ ابتدا میں علامہ سید سلیمان ندوی کا دس صفحہ کا فاضلانہ و بصیرت افروز مقدمہ ہے۔ قیمت مجلد عہ۔ محصولڈاک بذمہ خریدار۔ تاجران کتب کمیشن بذریعہ خط و کتابت طے کریں۔

(ملنے کا پتہ)
محمد معین الدین کتب خانہ ۳۵ گولہ گنج روڈ لکھنؤ
نوٹ۔ صوبہ پنجاب کے اصحاب ہمارے سول ایجنٹ مولوی عبید الحق خاں مکتبہ علمیہ مدرسۃ البنات جالندھر کو لکھیں۔

تمام دنیا میں بے مثل غزنوی سنہری الشمائل شریف

مترجم و محشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر مشکوٰۃ مترجم و محشی اُردو چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے
فی جلد عہ

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:۔ مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب حسان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

بچوں اور مبتدیوں کیلئے

صحیح اور خوشخط معرا قرآن مجید بطرز آسان کی خصوصیت اسکے حرف کا اعراب اپنے ہی حرف کے ساتھ ہے۔ الفاظ بھی موزوں طریق سے علیحدہ لکھے ہوئے ہیں۔ رموز اوقاف کی تشریح اور سورتوں کے نمبر بھی درج ہیں۔ حسب ذیل پتہ سے نمونہ منگوا کر تجربہ فرمائیے۔

ہدیہ قسم اول مجلد سنہری تین روپے عہ
ہدیہ قسم دوم مجلد سنہری دو روپے چار آنے عہ

قاعدہ تعلیم القرآن مع نماز بطرز آسان۔ اس طرز پر طبع کیا گیا ہے۔ قیمت ڈیڑھ آنہ (ملنے کا پتہ)
بیت القرآن۔ برانڈرتھ روڈ۔ لاہور

قوالی

از امام ابن تیمیہ۔ امام موصوف نے اس مسئلہ کی تحقیق کی ہے کہ کونسا سماع مباح ہے اور کون حرام ہے اور کونسا طاعت الٰہی کا ذریعہ ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت صرف [illegible]
پتہ:۔ مینیجر اہلحدیث امرتسر

مفتاح القرآن مجلد سنہری

یعنی قرآن پاک کی عربی لغات (ڈکشنری)

یہ ایک بے نظیر تحفہ ہے۔ تقریباً ستر ہزار لغات پاک ایک جگہ کرکے یکجائی طور پر جمع کئے گئے ہیں۔ حوالہ میں پارہ، رکوع، نمبر آیت اور سمت تک دیا گیا ہے تاکہ کسی پہلو سے حوالہ نکالنا چاہیں فوراً نکل آئے۔ ضخامت ساڑھے آٹھ سو صفحات۔ سائز $\frac{20\times 26}{16}$
قیمت مجلد سنہری تین روپے (عہ)

کلید قرآن

مع حوالجات اُردو ترجمہ

یہ کلید ہر ایک مبلغ، مناظر، مصنف، اور مضمون نویس بلکہ ہر ایک مسلمان کی جیب میں ہر وقت رہنی نہایت ضروری ہے۔ قرآن کریم کا حوالہ اور ترجمہ دیکھنے میں کامیاب ہتھیار ہے۔ سفر کے لئے نہایت کارآمد چیز ہے۔ ضخامت ۳۳۶ صفحات۔ سائز جیبی۔ قیمت مجلد سنہری آٹھ آنے۔

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل درج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایکدفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہو لے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے۔ اس لئے وہاں کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت [illegible] صفحات
قیمت [illegible]
ملنے کا پتہ۔ مینیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadmuslim.de

بیمہ زندگی

ہی صرف ایک ایسا ذریعہ ہے۔ جس سے آسانی کے ساتھ وقتاً فوقتاً اقساط ادا کرنے سے ایک ایسی رقم کے حصول کا یقین ہو جاتا ہے۔ جسے بیمہ کرانے والا اپنے بڑھاپے کے ایام میں اپنے یا اپنے متعلقین کے اقتصادی خود مختاری حاصل کرنے کے واسطے کافی سمجھتا ہو۔

بیمہ زندگی کی سب سے مشہور اور مضبوط ہندوستانی کمپنی

اورنٹیل

کے ساتھ ہر سال ہزاروں دور اندیش اشخاص اپنی زندگی کا بیمہ کرا کر بڑھاپے میں اپنی یا اپنے بعد متعلقین کی اقتصادی خوشحالی کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں:

دیر نہ کریں

بلکہ آج ہی اورنٹیل کی پالیسی خریدیں

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی قائم شدہ ۱۸۷۴ء

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے۔ برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۹۲۹)

عربک ٹیچر مصنفہ مولوی محمد عالم صاحب آسی امرتسری۔ جس میں عربی علم کے ابتدائی تا انتہائی مسائل کو بطرز جدید حل کیا ہے۔ علم صرف و نحو کے قواعد مسائل۔ ضرب الامثال۔ روزمرہ کی گفتگو۔ عام فقرے۔ گردانوں کے نقشہ جات مفصل مندرج ہیں۔ اس کتاب کے ہوتے ہوئے مبتدی کو کسی دوسری کتاب کی ضرورت نہیں رہتی مع کلید ہے کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ہے

مرقاۃ القرآن یعنی عربی کی پہلی کتاب۔ مؤلفہ مولوی محمد عبداللہ صاحب ... گورنمنٹ کالج لائلپور۔ عربی زبان سیکھنے کے لئے فاضل مؤلف نے کتاب ہذا چالیس ... کی ہے۔ ہر سبق کے تمام فقرات ... سے ہی لئے گئے ہیں۔ کتاب ہذا ... قرآن مجید کا ترجمہ بھی بخوبی ... آنے ۶ر

کلید مرقاۃ القرآن یہ مرقاۃ القرآن کا خلاصہ ہے۔ جس سے طالب علم کو مدد مل سکتی ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے کسی خاص استاد کی ضرورت نہیں۔ از مولف صاحب موصوف۔ قیمت ۸ر

مفتاح القرآن قرآن مجید کی آیات و الفاظ کی تلاش کے وقت بہت دقت ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ اسی تکلیف کے حل کے لئے مفتاح القرآن بے نظیر کتاب ہے۔ اس میں ہر ایک لفظ قرآن مجید میں جن جن آیات میں آیا ہے بحوالہ سیپارہ و رکوع مندرج ہے جو بہت آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ قرآن مجید کے عام شائقینوں، مناظروں اور مبلغوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ قیمت صرف دو روپے ۲ر

عربی بول چال مصنفہ حافظ عبدالرحمن صاحب امرتسری مرحوم۔ عربی بول چال سیکھنے، عربی اخبارات پڑھنے اور عربی میں خط و کتابت کرنے کے واسطے فائدہ مند ہے۔ مع مفصل فرہنگ قابل دید ہے۔ قیمت حصہ اول ۱۲ر۔ حصہ دوم ۱۲ر

کتاب الصرف از حافظ عبدالرحمن صاحب امرتسری۔ عربی علم صرف کے ضروری مسائل۔ میزان الصرف سے لے کر شافیہ تک اردو میں بیان کر دیئے ہیں۔ قیمت ۱۲ر

کتاب النحو اس کتاب میں نحو کے تمام ضروری اور اہم مسائل نحو میر سے لیکر تا ملا جامی نہایت وضاحت سے درج کر دیئے ہیں قابل دید ہے۔ قیمت ۸ر

عربی کا معلم ہر دو حصہ۔ یہ ایک بہت مفید کتاب ہے۔ ہر دو حصوں کی دو کلید بھی اصل کتاب کے ساتھ مفت دی جاتی ہیں۔ جن میں اصل کتاب کی مشقوں کو حل کیا گیا ہے۔ قیمت ہر دو حصہ ...

منگوانے کا پتہ:- مینیجر اہلحدیث امرتسر

مدلل و مکمل اشاعت اسلام

اگر آپ تاریخ اسلامی کے دلدادہ ہیں۔ اگر آپ اسلامی تعلیم حسن اخلاق، صحابہ کرام کے صحیح حالات معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ وعظ و تقریر میں مہارت تامہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ مخالفین کے اعتراض "اسلام بزور شمشیر پھیلا" کا قلع قمع کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ کی خواہش ہے کہ آپ کے جگر گوشوں کے قلب میں اسلام کے صحیح عقائد سرایت کر جائیں۔ اگر آپ کی تمنا ہے کہ [illegible] اسلام میں پختہ ہو جائیں تو مدلل و مکمل اشاعت اسلام" کا خود مطالعہ کیجئے اور دوسروں کو کرائیے

اس کتاب میں فخر الہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب سابق مہتمم دار العلوم [illegible] حالات [illegible] اور کن نے اسلامی فتوحات، آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے واقعات و معجزات۔ صحابہ کرام کے حالات [illegible] اہم مضامین کو ایسی دلکش عبارت میں بیان کیا ہے کہ آج تک اس سے قبل اس موضوع پر کوئی کتاب مستند و جامع تصنیف اردو زبان میں نہیں ہوئی۔

کتاب متعدد بار طبع ہو کر ہدیہ ناظرین ہو چکی ہے۔ مگر اس مرتبہ تاریخی واقعات کے حوالجات۔ تصحیح الفاظ و نظر ثانی۔ آیات و احادیث کی تخریج۔ مفید حواشی جدید ترمیمات کے بعد کتابت و طباعت۔ بہترین ٹائٹل و لوح خوشنما رنگین سے آراستہ کر کے عمدہ کاغذ پر طبع کرایا گیا ہے۔ جو باطنی خوبیوں کے ساتھ ظاہری خوبیوں میں بھی بے نظیر ہے۔ باوجود اس قدر اضافات و اوصاف کے قیمت میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ یعنی بدستور سابق وہی تین روپیہ رکھی گئی۔ تاکہ ہر شخص خرید سکے۔ محصول ڈاک علاوہ ہوگا۔

محمدیہ پاکٹ بک

(مجلد) از منشی عبداللہ صاحب معمار امرتسری۔

اس پاکٹ بک کی خوبی کے لئے اس کے مصنف کا نام ہی کافی ضمانت ہے۔ مختصر یہ کہ اسے پڑھ کر ایک معمولی اردو خوان بھی بڑے سے بڑے مرزائی مناظر کے ساتھ تمام مباحث میں کامیاب مناظرہ کر سکتا ہے۔ جملہ مرزائی مباحثات پر فیصلہ کن بحث کی گئی ہے۔ پہلا اڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ دوسرا اڈیشن مع اضافہ کے شائع ہوا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت [illegible] کی بجائے عمر

ویدارتھ پرکاش عرف ویدک تہذیب

حصہ اول مصنفہ پنڈت آتمانند صاحب

اس کتاب میں وید منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیا سوز مضمون کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی نہیں ہو سکتے۔ ویدک تہذیب کو عریاں کیا گیا ہے پڑھنے کے قابل ہے۔ جس نے ایک دفعہ مطالعہ کیا ہے پڑھ کر حیران و ششدر ہو جاتا ہے۔ کاغذ، کتابت، طباعت اعلیٰ۔ ٹائٹل۔ پہلے اس کی قیمت تھی مگر اب بغرض تبلیغ صرف ۵ ہے۔ جلد منگوائیں

تطمیع القرآن والحدیث

مصنفہ مولانا شیخ ہندی۔ آج کل قرآن مجید اور حدیث شریف کی صحت، حفاظت اور کتابت پر عام لوگ اعتراض کرتے ہیں۔ مولانا مذکور نے ان تمام اعتراضات کا نہایت تسلی بخش جواب دیا ہے۔ ہر اہل حدیث کو ضرور اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ قابل دید ہے۔ قیمت صرف ۶؍

تفسیر واضح البیان

اردو۔ مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے۔ مگر حقیقتاً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ قرآن مجید کے معارف اور نکات کو واضح کیا گیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ نہایت عمدہ۔ سائز ۲۰×۳۰ ضخامت ۴۰۰ صفحات قیمت بے جلد [illegible] مجلد [illegible]

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ۔ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جانے

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

خطبات سلمان

قاضی محمد سلیمان پٹیالوی مرحوم [illegible] مضامین [illegible] [illegible]

[illegible] ضخامت۔ کتابت۔ طباعت عمدہ کاغذ اعلیٰ۔ قیمت [illegible]

منگوانے کا پتہ } منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ [illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

شرح قیمت چندہ

والیان ریاست سے سالانہ ۔۔۔
رؤسا و جاگیرداروں سے ۔۔۔
عام خریداران سے ۔۔۔
۔۔۔ ششماہی ۔۔۔
ممالک غیر سے سالانہ ۔۔۔
فی پرچہ - - - - - ۔۔۔

اجرت اشتہارات کا فیصلہ
بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے۔

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۴۸

اخبار اہلحدیث امرتسر

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفےٰ بر جان مسلّم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲۔ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء

دفتر اہلحدیث امرتسر چوک کڑہ بھائی

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہوں گے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

امرتسر ۱۴ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ ۲۹ ستمبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (درس عمل) - - - - ۱
انتخاب الاخبار - - - - - ۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی - - - ۳
امت محمدیہ اور جماعت احمدیہ میں کونسا اختلاف ہے؟ (قادیانی مشن) - - - - ۵
جماعت احمدیہ میدان جنگ میں - - - ۷
تعاقب بر نوٹ تحفۂ معصوم - - - ۸
مسلمانوں میں تعلیم یعنی بہبود تعلیم - ۸
آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کے استحکام ۹
تبلیغ اسلام (نظم) - - - - ۱۱
[illegible] - - - - - [illegible]
[illegible] - حرکات - - - [illegible]
[illegible] - اشتہارات - - [illegible]

درس عمل

(از محمد نجیب اللہ صاحب نشتر گورکھپوری زیبائی محال دہلی)

مسلم تجھے شرف وہی پھر ذوالجلال دے
بغض و حسد کی آگ جو دل سے نکال دے

قولِ رسولِ پاک کو پھر رکھ نگاہ میں
اقوالِ غیر سامنے سے اپنے ٹال دے

رگ رگ میں تیرے خونِ حمیت ہو موجزن
دریا بھی راہ میں ہو تو گھوڑے کو ڈال دے

راہِ خدا میں رنج و مصیبت کا کیا حساب
دکھلا دے سب کو دہر کو درسِ بلال دے

تو اور قولِ غیر کا پابند اس قدر
مسلم خیالِ خام یہ دل سے نکال دے

کب تک رہیگا عرصۂ ہستی میں یوں ذلیل
تجھ میں خرابیاں جو ہیں اسکو نکال دے

ہے نشتر کی دعا مرے اللہ اب یہی
دنیا کو امتیازِ حرام و حلال دے

انتخاب الاخبار

۲۹ ستمبر ۳۹ء

مقامی حالات امرتسر میں پنجاب اسمبلی کا ضمنی انتخاب ۲۳ ستمبر سے شروع ہے۔ ۲۶ کو ختم ہوگا شہر میں متعدد پولنگ سٹیشن بنائے گئے تھے آئندہ پرچہ میں نتیجہ سے اطلاع دی جائیگی۔

احراری لیڈر گرفتار مجلس احرار کی ورکنگ کمیٹی نے کانگرس اور مسلم لیگ سے سبقت کرکے فوجی بھرتی کی مخالفت کا ریزولیوشن پاس کر دیا تھا۔ اسکے متعلق تقریریں کرنے کے الزام میں شیخ حسام الدین صدر احرار اور چند اور احراری لیڈر گرفتار کئے گئے ہیں۔

طلبی ضمانت لاہوری احمدیوں کے انگریزی اخبار "لائٹ" اور جس پریس میں وہ شائع ہوتا تھا سے ایک ایک ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کی گئی ہے۔ (انقلاب)

گداگر سے سونا لاہور شہر میں پولیس نے ایک گداگر کو گرفتار کیا۔ جس کے قبضہ سے دس تولے سونا و چاندی و دیگر کئی برتن برآمد ہوئے۔

ریل گاڑیوں میں تصادم لائل پور ریلوے سٹیشن پر ایک ٹھیری ہوئی مال گاڑی سے ایک مسافر گاڑی کا تصادم ہو گیا۔ مسافر گاڑی کا انجن اور کئی ڈبے پاش پاش ہو گئے۔ فائرمین ہلاک اور بہت سے مسافر مجروح ہو گئے۔

روسی کی گرفتاری جیکب آباد میں ایک روسی گرفتار کیا گیا۔ جس کے قبضہ سے دنیا کا نقشہ اور پندرہ ہزار روپیہ کے روسی نوٹ برآمد ہوئے۔ (انقلاب ۲۶ ستمبر)

خاکساروں کی سول نافرمانی باوجود حکومت یوپی کے خاکساروں پر دفعہ ۱۴۴ نافذ کرنے کے پنجاب سے خاکسار دہلی قرول باغ میں جمع ہو کر وہاں سے صوبہ یوپی میں سول نافرمانی کرکے گرفتار ہو رہے ہیں۔ چنانچہ لکھنؤ میں بہت سی گرفتاریاں عمل میں آئی ہیں۔ ۲۴ ستمبر کو بھی ۲۶ خاکسار گرفتار ہوئے۔ (ا۔ ن)

حبشہ میں بغاوت جنگ یورپ کی خبریں سن کر حبشیوں نے بھی اٹلی کے خلاف بغاوت شروع کر دی ہے۔ ادیس ابابا (دارالحکومت حبشہ) کے ارد گرد محاصرہ کر لیا ہے اور ادیس ابابا کے قریب ایک شہر پر قبضہ کر لیا ہے۔ (انقلاب ۲۱ ستمبر)

چین اور جاپان میں جنگ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ کانٹن اور کیانگسی میں چینیوں اور جاپانیوں کے مابین سخت جنگ جاری ہے۔

برطانوی جہازوں کی غرقابی اس ہفتہ کی خبروں سے معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ کے چار بحری جہاز "کریجس"۔ "لارڈ منٹو"۔ "اولنٹا" اور "راگن سائڈ" غرق کر دیئے گئے ہیں۔ (انقلاب)

پولینڈ کی مہم ختم لندن ۲۴ ستمبر۔ پولینڈ میں اپنی مہم ختم کرنے کے بعد جرمنی افواج کے کمانڈر انچیف مغربی محاذ پر پہنچ گئے ہیں اور جرمنی فوجوں نے فرانسیسی علاقہ پر حملہ شروع کر دیا ہے۔ کیونکہ جرمنی افواج سار بروکن کی پہاڑیوں پر دوبارہ قبضہ کرنا چاہتی ہیں۔ (انقلاب ۲۶ ستمبر)

جرمنی کا فرانس پر حملہ لندن ۲۴ ستمبر خیال کیا جاتا ہے کہ جرمنی فوجیں جلد یا دیر سے ہالینڈ یا بلجیم کے راستہ سے فرانس پر حملہ آور ہونگی۔ بلجیم نے خطرہ محسوس کرتے ہوئے لام بندی مکمل کر لی ہے۔ ہالینڈ نے بھی اپنی سرحدوں پر انتظامات مکمل کر لئے ہیں (ا۔ ن)

وارسا پر بمباری پیرس ۲۳ ستمبر۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ جرمنی افواج نے وارسا پر توپوں سے خوفناک بمباری کی۔ ایک ہزار سولین ہلاک ہوئے بہت سی عمارات کو نقصان پہنچا۔ (ا۔ ن)

آسٹریا میں قحط ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار مقیم وی آنا رقمطراز ہے کہ آسٹریا میں قحط کے آثار رونما ہو رہے ہیں کھانے پینے کی چیزیں ختم ہو رہی ہیں (ا۔ ن)

جرمنی ہائی کمانڈ نے اس ہفتہ تیسری بار دعویٰ کیا ہے کہ پولینڈ میں جرمنی کی مہم ختم ہو گئی ہے اور پولش فوج کو تباہ کر دیا گیا ہے۔ یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ وارسا موڈلن اور ہیلا ابھی تک پولوں کے قبضہ میں ہیں۔ ۴½ ہزار پول قیدی بنائے گئے ہیں اور آٹھ سو کے قریب ہوائی جہاز تباہ کئے گئے ہیں (ا۔ ن)

روسی گورنمنٹ کا اعلان مظہر ہے کہ سرخ افواج نے سٹرین پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور شمال میں برسٹل اور لورسک تک روسی فوجیں پہنچ گئی ہیں۔ آٹھ ہزار پولش گرفتار کئے گئے ہیں۔

رومانیہ کا وزیر اعظم کار پر گزر رہا تھا سامنے سے بھی ایک کار آ رہی تھی۔ جس میں سے کسی نے وزیر اعظم پر گولی چلا دی جس سے وہ مر گیا۔ (ا۔ ن)

۱½ لاکھ جرمن ہلاک پیرس فرانس کے محکمہ اطلاعات کے جنرل کمشنر نے بذریعہ ریڈیو اظہار کیا کہ پولینڈ کی لڑائی میں ۱½ لاکھ جرمن ہلاک اور تقریباً چھ سو طیارے تباہ کئے گئے (ا۔ ن)

سمرنا میں زلزلہ استنبول ۲۳ ستمبر۔ سمرنا اور اس کے ارد گرد ہیبت ناک زلزلہ آنے سے دو سو اشخاص ہلاک سینکڑوں مجروح ہو گئے۔ ایک ہزار مکانات منہدم ہو گئے۔ (ا۔ ن)

وزارت ترکیہ کا اعلان ترکی وزیر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ ترکی اور روس کے معاہدے کا اثر برطانیہ اور فرانس پر کچھ نہیں ہوگا۔ ترکی کے تعلقات ان ممالک سے بدستور رہیں گے۔ (ا۔ ن)

"موجودہ جنگ"

اس نام سے حکومت پنجاب کی طرف سے ایک رسالہ شائع ہوا ہے۔ جس میں پولینڈ کا مختصر تاریخ جغرافیہ بیان کرکے موجودہ جنگ کے اسباب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کے علاوہ حضور ملک معظم کا پیغام، وائسرائے بہادر کی تقریر اور موجودہ جنگ کے متعلق ملک کے مشہور سیاسی رہنماؤں کی رائیں اور بہت سی متفرق باتیں درج کی گئی ہیں جن سے واقفیت حاصل کرنا آج کل بہت ضروری ہے جن صاحب کو جتنی کاپیاں درکار ہوں ذیل سے مفت طلب کر سکتے ہیں۔ — دفتر کمشنر اصلاح دیہات پنجاب لاہور

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۱۴۔ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ

خاکساری تحریک اور اس کا بانی

مشرقی اسلام اور مغربی اسلام

(۱۴)

مشرقی اسلام سے ہماری مراد ماسٹر عنایت اللہ قائد تحریک عسکری کا مزعومہ اسلام ہے اور مغربی اسلام سے ہماری مراد حجازی اسلام ہے جو حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی مدنی فداہ ابی و امی کے ذریعہ دنیا میں پہنچا۔ ان دونو اسلاموں میں مقابلہ کرنے کے لئے ہم نے اس مضمون کا مذکورہ عنوان رکھا ہے اس لئے ہم اپنے ناظرین سے عموماً اور اعیان اہلحدیث سے خصوصاً اور خاکساران تحریک سے علی الاخص درخواست کرتے ہیں کہ وہ ہمارے پیش کردہ حوالجات کو بغور ملاحظہ کر کے انصاف سے رائے قائم کریں اور مشرقی صاحب کے ان لفظوں کا بھی اندازہ کر لیں جن کے ذریعے آپ وقتاً فوقتاً اپنے اسلام کا اظہار کیا کرتے ہیں۔ وہ الفاظ یہ ہیں کہ

میں اللہ کو وحدہ لاشریک مانتا ہوں اور پیغمبر خدا کو سچا جانتا ہوں۔ روز آخرت پر میرا ایمان ہے وغیرہ وغیرہ۔

اس کی تنقید کے لئے پہلے ہم دو مثالیں پیش کرتے ہیں۔

پہلی مثال مشرقی صاحب اور ان کے اتباع نے یا ناسنا ضرور پڑھا ہو گا کہ قریباً انہی الفاظ میں قادیان سے بھی اظہار عقائد ہوتا ہے۔ مگر با ایں ہمہ مشرقی صاحب مرزا صاحب کو بوجہ ادعائے نبوت کافر کہتے ہیں۔ (جھوٹ کا پول صـ)

دوسری مثال یہی الفاظ شیعہ کے امام باڑوں سے بھی نکلتے ہیں اور وہ ان عقائد کی تصدیق بھی کرتے ہیں مگر اس کے ساتھ ہی جب یہ الفاظ بھی شائع کرتے ہیں کہ:۔

"علی عرش ہے، لوح محفوظ ہے۔ حی لایموت ہے وغیرہ۔" (اخبار الواعظ لکھنؤ ۱۶ ستمبر سنہ رواں)

ایسا کہنے سے شیعہ لوگ مشرقی صاحب اور ان کے اتباع کے نزدیک اسلام سے کتنی دور جا پڑتے ہیں اس کا فیصلہ وہ خود کر سکتے ہیں۔

ان دو مثالوں کے بیان کرنے سے ہماری غرض یہ ہے کہ صرف کلمۂ اسلام پڑھ لینا مسلمان ہونے اور رہنے کے لئے کافی نہیں ہے۔ ورنہ اسلام کا کوئی فرقہ (گمراہ سے گمراہ بھی) اس سے منکر نہیں ہے۔ اس کے بعد ہر ایک فرقہ اسلام کے معنی اپنے ذہن میں ایسے گھڑتا ہے جو خدا و رسول کی تعلیم کے صریح نقیض ہوتے ہیں مگر وہ اسی کو صحیح اسلام سمجھتا ہے۔ ناظرین اس اصولی تمہید کو ملحوظ رکھ کر ہماری معروضات ذیل کو بغور ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث مشہور کے الفاظ یہ ہیں:۔

بنی الاسلام علی خمس شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا عبده ورسوله واقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة والحج وصوم رمضان۔ (متفق علیہ)

یعنی اسلام پانچ ارکان پر مبنی ہے۔ کلمہ شہادت کی تصدیق اور نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ ادا کرنا (بخاری مسلم)

یہ افعال کل مسلمانوں میں بالاتفاق ارکان خمسہ کے نام سے مشہور ہیں۔ مشرقی صاحب چونکہ حدیث نبوی کی حجیت سے منکر ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ اس حدیث کو بھی تسلیم نہ کریں۔ اس لئے ہم اس بیان کی تائید قرآن شریف سے بتاتے ہیں۔ ارشاد ہے:۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

(پ ۱۸ - ع ۱)

ترجمہ وہ ایمان دار نجات پا گئے جو اپنی نماز میں عاجزی کرتے ہیں اور فضول کاموں سے بچتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں یا لونڈیوں میں ان پر کچھ الزام نہیں۔ جو کوئی اس کے خلاف

ahmadimuslim.de

طلب کرتے۔ یہی وہ لوگ مدد سے گزرنے والے ہیں اور جو لوگ اپنی امانتوں اور وعدوں کا لحاظ رکھتے ہیں اور وہ جو اپنی نماز کی پابندی کرتے ہیں۔ یہی لوگ وارث ہیں جو بہشت کی میراث پائینگے اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

ان آیات میں اس حدیث مذکورہ کا مضمون مشرح ملتا ہے، المؤمنون کے الفاظ میں کلمہ اسلام کی تصدیق کی طرف اشارہ ہے۔ صلوٰۃ اور زکوٰۃ کا ذکر اس آیت کے صریح الفاظ میں موجود ہے۔ باقی رہا روزہ اور حج کا ذکر سو ان کے لئے الگ آیات ملتی ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہے:-

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ (پ۴ ع۱)

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ (پ۲ ع۷)

مسلمانوں کے کسی فرقہ نے ان ارکان خمسہ کا انکار نہیں کیا مگر مشرقی صاحب ان ارکان سے منکر ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں:-

ما بنی الاسلام على ما انتم تزعمون. وما كلمة الشهادة والصوم والصلوٰة والحج والزكوٰة التي تسمونها اركان الاسلام الا شعائر الامة المحمدية او مناسكها التي تميزتها امتكم من الامم الاخرى ولكنه ما اسس الاسلام عليها قط. (تذکرہ حصہ عربی ص۵۶)

یعنی ان اعمال پر اسلام کی بنیاد نہیں ہے جن پر تمہارا گمان ہے۔ کلمہ شہادت، روزہ، نماز، حج اور زکوٰۃ جن کا نام تم مسلمان ارکان اسلام رکھتے ہو یہ ارکان اسلام نہیں ہے مگر امت محمدیہ کے شعائر (علامات) ہیں جن سے امت محمدیہ دوسری امتوں سے ممتاز ہے۔ لیکن ان چیزوں پر اسلام کی بنیاد ہرگز نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جناب علامہ مشرقی کے نزدیک اسلام نام قوانین قدرت کا اتباع ہے۔ یعنی وہ قوانین قدرت جو آجکل اپنا کام کر رہے ہیں۔ جن کا اثر ہر ایک ہم ہر شخص پر پڑتا ہے چاہے

وہ کافر ہو یا مومن، خدا کا قائل ہو یا منکر ان قوانین قدرت کو اثر پہنچانے میں کوئی امتیاز نہیں ہے۔ ان قوانین اور ان کے اثر کا ذکر مولانا حالی مرحوم کی اس رباعی میں ملتا ہے ؎

مٹی سے ہوا سے آتش [illegible] یاں
کیا کیا نہ ہوئے بشر پہ اسرار عیاں
پر تیرے خزانے ہیں ازل سے اب تک
گنجینۂ غیب میں اسی طرح نہاں

ان قوانین کے علم کا نام آج کل کے محاورہ میں علم سائنس ہے۔ مشرقی صاحب کہتے ہیں کہ علم سائنس کو جان کر استعمال کرنا ہی ایمان ہے یہی اسلام ہے اسی لئے اہل یورپ کے طریق عمل کو آپ ایمان اور اسلام کہتے ہیں۔ اور ان کو اپنے زعم میں انبیاء علیہم السلام کی تعلیم پر عامل ہونے کی وجہ سے مفلح اور وارث جنت قرار دیتے ہیں۔ اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

فو الله ما جاهد قوم قط في هذه الدنيا مثل ما جاهد الغرب في زماننا هذا ولم يعرف الله مثل ما عرفوه ولم يقدروه مثل ما قدروه. فكيف لا يؤدي الله اجرهم ويوفيهم حق عبادتهم في الدنيا ويتم نعمته عليهم ان كانوا شكرين. وكيف لا يستخلف في الارض الذين امنوا بالله بالحق وعملوا الصلحت انه شكور حليم. فالملئكة اكثرهم يسجدون لهذا القوم. وملك البرق يخدمهم ليلا ونهارا يسوق مراكبهم على الارض ويرسل رسالاتهم وبلاغاتهم من المغرب الى المشرق في طرفة العين. ويضئ بلادهم ومساكنهم بمهجة اصابعهم ويحرق مواقدهم كل يوم في الحر. ويحمي مساكنهم في القر. ويقعدهم على المكالمة من البلاد في لمحة البصر. ليشكروا الله ويشكروا عليه. فاطر السموات والارض جاعل الملئكة رسلا اولي اجنحة مثنى وثلث وربع يزيد في الخلق ما يشاء

إِنَّ اللّٰهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۳۵: ۱) وملك البخار يعبدهم كرة واصيلا يسوق قطاراتهم ويحمل اثقالهم الى بلد لم تكونوا بالغيه الا بشق الانفس (۱۶: ۷) ويسير [illegible] ارضهم ويطبع كتبهم ويخيط [illegible] ويعمل لهم الاشياء النافعة وغيرها من الاعمال العجيبة الغريبة ما لا تعد ولا تحصى الا بالجهد المشق. والاخرون من الملئكة [illegible] لهم حتى الآن. وهم يجهدون جهدا مكانهم ان يعبدوهم طائعين. ائتيا طوعا او كرها قالتا اتينا طائعين. فهم الذين قال الملئكة لربهم فيهم حين اراد الله ان يجعل في الارض خليفة أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ (۲: ۳۰) فاجاب لهم ربهم ناظرا الى ما عسى لهم الاتية وشاهدا على افكارهم الى الغاية إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ (۲: ۳۰) فعلمهم الله الاسماء اكثرها وبصرهم حقائق الاشياء معظمها واقدرهم على استعمالها. والملئكة يدخلون عليهم من كل باب سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ (۳۹: ۷۳) في هذه الارض واحسنتم. اذا حكم الله فالمتوا فيها الى الحين. وهم الذين قال فيهم ربهم للملئكة من رجال مثلهم إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ طِينٍ فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ (۳۸: ۷۱) سوّاهم الله ونفخ فيهم من روحه لانهم هم القادرون على ما يملكون. سيعملون ويصيرون ويطيرون مثله وانتم لا تقدرون مما كسبتم على شيء ولا تعملون من شيء ولا تبصرون ولا تعقلون. (تذکرہ عربی ص۲۶)

اس عبارت کا مختصر ترجمہ یہ ہے کہ
خدا کی قسم دنیا میں کسی قوم نے اہل مغرب [illegible]

ahmadimuslim.de

کسی قوم نے نہیں پہچانا۔ پھر خدا ایسے ایماندار صالح بندوں کو زمین میں خلیفہ کیوں نہ کرے اکثر ملائکہ (فرشتے) ان کو سجدہ کرتے ہیں۔ اور ملک البرق (بجلی کا فرشتہ) دن رات ان کی خدمت کرتا ہے۔ ان کے جہاز اور ان کے پنکھے چلاتا ہے۔ ان کی خبریں آنا فانا ادھر ادھر پہنچاتا ہے۔ ملک البخار (بھاپ کا فرشتہ) شب و روز ریل گاڑیاں چلانے میں ان کی عبادت کرتا ہے اور کئی اور فرشتے ہیں جنہوں نے ابھی تک ان کو سجدہ نہیں کیا مگر وہ (اہل مغرب) کوشش کرتے ہیں کہ دوسرے فرشتے بھی خوشی سے ان کی عبادت کریں۔ یہی لوگ ہیں جن کے حق میں خدا نے فرمایا تھا اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ خدا نے ان کو اسماء کا علم دیا ہے اور حقائق اشیاء ان کو بتائی ہیں۔ اور ملائکہ ہر دروازے سے سلام کرتے ہوئے ان پر داخل ہوتے ہیں اور ان کو کہتے ہیں کہ تم نے بہت اچھے کام کئے خدا تمہیں خوش رکھے۔ یہی (یورپین اقوام) ہیں جن کے حق میں خدا نے فرشتوں کو کہا تھا کہ جب میں ان کو پیدا کر چکوں تو تم ان کے لئے سجدہ میں گر پڑنا۔ پس سب فرشتوں نے (ان کو) سجدہ کیا تھا۔ یہ لوگ بڑے سمیع ہیں بڑے بصیر ہیں بڑے علیم ہیں۔ تم مسلمان کسی چیز پر قادر نہیں ہو نہ تم سنتے ہو نہ دیکھتے ہو نہ جانتے ہو۔

(نوٹ) یہ اقتباس "اہلحدیث" مورخہ ۲۸۔ جولائی سنہ رواں میں بھی درج ہو چکا ہے۔

مشرقی صاحب کا بدترین ظلم

قرآن مجید میں ایک آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام سے حکومت دینے کا وعدہ فرمایا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ

(پ ۱۸۔ ع ۱۳)

یعنی خدا تعالیٰ نے نیک کار مؤمنین سے زمین میں خلافت (حکومت) دینے کا وعدہ فرمایا ہے۔

یہ آیت خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی خلافت حقہ پر نص صریح ہے خود ان کے ایمان اور عمل صالح کی شہادت دیتی ہے۔

اب مشرقی صاحب کا ظلم دیکھئے کہ وہ اس آیت کا مصداق اہل یورپ کو بھی بتاتے ہیں۔ اسی لئے آپ نے مرقومہ عربی حوالہ کے نیچے حاشیہ میں بطور سند لکھا ہے

الاشارۃ الی قولہ تعالیٰ وعد اللہ الذین اٰمنوا منکم و عملوا الصالحات۔ (تذکرہ عربی ص۲۶)

یعنی مشرقی صاحب کے نزدیک یہ آیت آج کل اہل یورپ کے حق میں صادق ہے۔ پس ہم اپنے سینہ پر پتھر رکھ کر ایک مثال دیتے ہیں اور ناظرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بھی اپنے سینے پر وزنی پتھر رکھ کر صبر و تحمل سے سنیں۔

آج یورپ کی بڑی بڑی حکومتوں کے لیڈر (آمر) یہ لوگ ہیں:۔ سٹالین روس کا اعلیٰ افسر ہے جو دین و مذہب بلکہ خدا سے بھی منکر ہے۔ موسیو دلادیر فرانس کا وزیر اعظم ہے جو غالباً رومن کیتھولک مذہب کا قائل ہے، ہر ہٹلر جرمنی کا ڈکٹیٹر ہے اور مسولینی اٹلی (اطالیہ) کا ڈکٹیٹر ہے۔ ان دونوں کا پابند عیسائیت ہونا بھی مشکوک ہے۔

یہ سب کے سب مشرقی صاحب کے نزدیک اسی طرح اس آیت کے مصداق ہیں جس طرح حضرات ابوبکر، عمر، عثمان و علی رضی اللہ عنہم اپنے اپنے زمانے میں تھے

برادران اسلام!

فلیبک علی الاسلام من کان باکیا

(جو رونے والا ہو وہ اسلام کے حال پر روئے)

آہ! کتنا ظلم ہے۔ کیسا اندھیر ہے۔ آج ایسی قوموں کو جو کسی قسم کے شرعی عیب سے پرہیز نہیں کرتیں بلکہ خدا کو بھی جواب دئے بیٹھی ہیں۔ قرآن مجید کی ان آیات کا مصداق بتایا جاتا ہے جو خاص صالحین وارثان انبیاء کے حق میں نازل ہوئی تھیں۔ اس سے بڑھ کر کیا بلکہ اس کے برابر بھی اسلامی تاریخ میں ظلم کی مثال نہیں مل سکتی۔ ایسے مشرقی کے حق میں یہ شعر کہنا بالکل بجا ہے

ہوا تھا کبھی سر قلم قاصدوں کا
یہ تیرے زمانہ میں دستور نکلا

مشرقی کی کجروی

مشرقی صاحب یورپ پر ایسے فدا ہیں کہ ان کی نگاہ میں دنیا کا کوئی دوسرا ملک یورپ کا ہمسر نہیں ہے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ اگر سائنس دانی اور سائنس سے استخراج کرنے کا نام ہی ایمان ہے تو کیا وجہ ہے کہ آپ ان مؤمنین کی فہرست میں جاپان کا نام داخل نہیں کرتے۔ کیا وہ آپ کے مقبولہ ایمان (سائنس دانی اور صنعتی ترقی) میں یورپ کے حصہ دار نہیں ہیں۔ پھر آپ ان غریب جاپانیوں پر نظر عنایت کر کے ان کو مؤمنین میں کیوں داخل نہیں کرتے۔ حالانکہ وہ اس دنیا میں بقول آپ کے جنات الارض کے وارث ہیں۔ جب دنیوی جنت کے وارث ہیں تو آپ کے اصول پر جنات الفردوس کے وارث بھی یقیناً ہونگے۔ اپنا قول ذرا ملاحظہ کیجئے جس کے الفاظ یہ ہیں:۔

فما الجنۃ الا لوارثی جنت الارض ونعیمہا وما العاقبۃ الا للمتقین۔ (تذکرہ عربی ص۳۲)

(جو لوگ اس دنیا میں باغات کے وارث ہیں وہی جنت اخروی کے وارث ہونگے)

خاکسار دوستو!

عنایت اللہ مشرقی سے سفارش کیجئے کہ وہ ان دہریہ مشرب جاپانیوں کو بھی سند نجات عنائت کریں جس طرح روسیوں کو کی ہے۔ ورنہ خطرہ ہے کہ وہ یہ شعر آپ کی نذر کرینگے ؎

گل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے ابر کرم بہر خدا کچھ تو ادھر بھی

(باقی آئندہ)

تحقیق تراویح

جس میں مخالفین کے دلائل کا جواب دے کر آٹھ رکعت کو مسنون ثابت کیا گیا ہے۔ برائے حصول اشاعت فنڈ موازی ۱؎ کے ٹکٹ ارسال کریں۔ منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

قادیانی مشن

امت محمدیہ اور جماعت احمدیہ میں کونسا اختلاف ہے؟

جماعت احمدیہ سے ہماری مراد اتباع مرزا صاحب قادیانی ہیں اور وہ دو حصوں میں منقسم ہیں۔ ایک بڑی جماعت (نوّے فیصدی) قادیانی جماعت ہے۔ دوسری (قریباً دس فیصدی) لاہوری جماعت ہے۔ پہلی جماعت تو صاف لفظوں میں کہتی ہے کہ عام مسلمانوں سے ہمارا اختلاف اصولی ہے۔ خلیفہ قادیان اپنی کتاب "انوار خلافت" میں صاف لکھتے ہیں کہ باقی مسلمانوں سے ہمارا اختلاف اصولی رنگ میں ہے۔ وہ اصول یہ ہے کہ ہم ایک نبی (مرزا صاحب) کے قائل ہیں اور دوسرے مسلمان اس سے منکر ہیں اس لئے کافر ہیں۔

ہم اس صاف گوئی کی داد دینے کے بعد خلیفہ صاحب اور ان کے اتباع سے سوال کرتے ہیں کہ صادق نبی کا انکار اگر کفر ہے تو یہ کفر بلحاظ سلب رسالت ہے یا بلحاظ سلب صلاحیت؟ یعنی کوئی شخص کسی سچے نبی کی نبوت کا انکار کر کے کافر ہو جاتا ہے یا کافر ہونے کے لئے اس کی صلاحیت کا انکار بھی ضروری ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ کوئی یہودی حضرت عیسٰی علیہ السلام کو ایک صالح اور پرہیزگار شخص سمجھتا ہے مگر رسول نہیں مانتا ایسا شخص کافر ہے یا نہیں؟ منطقی اصطلاح میں یوں سمجھئے کہ نبی قضیہ مشروطہ عامہ کا موضوع ہے ضروریہ کا نہیں ہے۔ مشروطہ عامہ میں موضوع سے سلب وصف کرنا حکم کا ابطال ہے

پس اب

سوال یہ ہے کہ آپ کے لاہوری برادران جو مرزا صاحب سے اس نبوت کو مسلوب کرتے ہیں جس کو سلب کرنے سے آپ نے عام مسلمانوں کو کافر قرار دیا ہے وہ بھی کافر ہیں یا نہیں؟ صاف فتویٰ دیجئے اور بحکم خداوندی اِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى۔ عدل و انصاف سے بات کیجئے۔

خیر یہ تو ایک ضمنی بات تھی۔ اصل بات جس کے لئے ہم نے یہ سرخی قائم کی ہے وہ آگے آتی ہے۔

مولوی محمد علی لاہوری نے اپنی ایک تحریر میں اس مسئلے پر روشنی ڈالی ہے کہ ہمارا اختلاف عام مسلمانوں سے اصولی نہیں ہے بلکہ فروعی ہے۔ اس ساری تحریر سے مقصود اپنے حق میں مسلمانوں کے تشدد کو نرم کرنا ہے۔ مولوی صاحب کے اس مقصد کو ہم مبارک سمجھتے ہیں مگر ساتھ ہی تصویر کا دوسرا رُخ بھی دکھا کر مطلع کو روشن کرنا چاہتے ہیں۔ پہلے مولوی صاحب کے الفاظ ناظرین کے سامنے پیش کرتے ہیں جو یہ ہیں :-

"گروہ اول یعنی عام مسلمانوں سے خطاب

گروہ اول کو تو میں کہتا ہوں کہ اگر ایک کافر لا اله الا الله محمد رسول الله کے اقرار سے مسلمان ہو سکتا ہے اور آپ لوگ بھی قادیانی جماعت کی طرح کلمہ کے عملاً منسوخ ہونے کے قائل نہیں تو ہم دن رات اس کلمہ کا اقرار کرتے اور اس پر سچے دل سے ایمان لاتے ہیں اور اگر صحیح حدیث کی رو سے جو شخص قبلہ کی طرف منہ کر کے مسلمانوں کی نماز پڑھتا ہے اسے مسلمان ہونے کا عہد اللہ اور رسول نے دیا ہے تو ہماری مسجدیں قبلہ رخ بھی ہیں اور ہماری نماز بھی مسلمانوں کی نماز ہے۔ یہ مشاہدہ کی بات ہے جو چاہے دیکھ لے۔ اور اگر آنحضرت صلعم پر نبوت کو ختم ماننا مسلمان کے لئے ضروری ہے تو ہم آپ کے بعد نہ قادیانیوں کی طرح نئے نبی کے آنے کے قائل ہیں اور نہ آپ کی طرح پرانے نبی کے آنے کے قائل ہیں اور صحیح معنے میں نبوت کو آنحضرت صلعم پر ختم یقین کرتے ہیں" (پیغام صلح لاہور مورخہ ۳۰۔ اگست ۳۹ء)

اہلحدیث اگر آپ کا یہ بیان سچا ہے تو پھر آپ جمہور اہل اسلام (منکرین مرزا) کے پیچھے نماز کیوں نہیں پڑھتے۔ اگر یہ عذر کیا جائے کہ وہ لوگ مرزا صاحب کو کافر کہتے ہیں جو در حقیقت کافر نہیں ہیں اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص کسی مؤمن کو کافر کہے تو کفر خود اسی پر لوٹ آتا ہے۔ اسی لئے جو لوگ مرزا صاحب کی تکفیر کے قائل ہیں مولوی محمد علی لاہوری ان کو قابل امامت نہیں سمجھتے۔

اس کا تحقیقی جواب "اہلحدیث" میں بارہا دیا گیا ہے آج ہم پھر وہی جواب بالاختصار پیش کرتے ہیں۔ مولوی صاحب موصوف اور ان کے اتباع اگر دلی توجہ سے سنیں گے تو فائدہ اٹھائیں گے۔ ورنہ خدا کے ہاں جواب وہ ٹھیرینگے۔

حاطب رضی اللہ عنہ (جنہوں نے مکہ شریف کی طرف آنحضرت صلعم کی تیاری کی خبر اہل مکہ کو دی تھی) کا معاملہ جب دربار رسالت میں پیش ہوا اور حاطب رضؓ نے اپنے فعل کا اعتراف بھی کر لیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے قتل کر دینے کی اجازت چاہی۔ آپ کی اجازت طلبی کے الفاظ بڑے سخت ہیں جو قابل دید و شنید ہیں۔ آپ نے فرمایا :-

دعنی اضرب عنق هذا المنافق فانه خان الله ورسوله

(حضور! مجھے اس منافق کی گردن مارنے کی اجازت دیجئے کیونکہ اس نے اللہ رسول کی خیانت کی ہے)

اس درخواست میں حضرت عمرؓ نے اس پر منافقت کا حکم لگایا اور منافق اور کافر ایک ہی حیثیت میں ہیں ملاحظہ ہو آیہ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ جو منافقوں کے حق میں نازل ہوئی۔ دربار رسالت سے درخواست عمری کا جواب ملا کہ

"دعه فانه بدری اطلع الله على اهل بدر وقال اعملوا ما شئتم قد غفرت لكم"

محمدیہ پاکٹ بک - مرزائیت کی تردید میں ایک [illegible] ۱۹۳۶ [illegible] کتاب [illegible]

باعث کو قیصر دے بیمدری ہتے ۔ خدا نے عمل بعد کے سب گناہ معاف کر دیئے ہیں)

فیصلہ رسالت حاطبؓ کو مؤمن کامل ثابت کرتا ہے مگر حضرت عمرؓ نے اس کو منافق کہا باوجود اس تضاد کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ پر کفر کا حکم نہیں لگایا اور نہ توبہ کرنے کا ارشاد فرمایا کیوں؟ اس لئے کہ حضرت عمرؓ نے حاطبؓ کو عناد اور ضد کی وجہ سے کافر نہیں کہا تھا بلکہ اندر دلیل کہا تھا۔ گو وہ دلیل دربار رسالت میں مسترد ہو گئی۔ پس اس حدیث سے ثابت ہوا کہ کسی شخص یا گروہ کے حق میں از روئے دلیل کفر کا فتویٰ دینا (چاہے وہ دلیل واقع میں کمزور بلکہ غلط ہو) حدیث اول کے ماتحت نہیں لا سکتا۔ ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جو لوگ مرزا صاحب قادیانی کو کافر کہتے ہیں چونکہ وہ دلیل کے ساتھ کہتے ہیں۔ (خواہ وہ دلیل امت مرزائیہ کے نزدیک کمزور یا مردود ہو) اس لئے حدیث موصوف کے ماتحت کفر ان پر نہیں لوٹ سکتا۔

فیصلہ قادیانی لاہوری جماعتوں میں گو اختلاف شدید اور بون بعید ہے مگر خلیفہ نورالدین کی خلافت پر دونوں متفق ہیں۔ اس لئے ہم اس مسئلے میں کہ امت محمدیہ اور جماعت احمدیہ میں اختلاف اصولی ہے یا فروعی قول فیصل پیش کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ دونوں فریق اس کی تسلیم یا عدم تسلیم سے بذریعہ اپنے اپنے جرائد (اخبارات) اطلاع دینگے حکیم نورالدین خلیفہ اول قادیان کا قول ہے:

احمدی غیر احمدی میں تا بعض کا لی کا
فرق نہیں بلکہ بقول مسیح موعود (مرزا صاحب)
کفر و اسلام کا فرق تھا۔ (نورالدین)
(الفضل ۱۱ مارچ ۱۹۱۴ء ص)

یہ قول جماعت قادیانی کی تائید کرتا ہے وہ تو اسے تسلیم کرینگے اور لاہوری جماعت کی بابت انتظار ہے کہ وہ اس کا جواب کیا دیگی۔

نوٹ واضح رہے کہ مضمون ہذا کے ماتحت

یہ قول فیصلہ نہیں رہا۔ بلکہ یہ روایت بقول مرزا کے مرزائیوں کے حق میں مرفوع کے حکم میں ہو گیا۔

پس مولوی محمد علی لاہوری آئندہ مسلمانوں کے اختلاف کو معمولی فروعی کہتے ہوئے اس فیصلہ خلافت کو بھی سامنے رکھ لیا کریں۔ کیوں ان دونوں کا عقیدہ مرزا صاحب اور حکیم صاحب کے حق میں یہ ہے ؎

بے چارہ خسرو حسترا خوں ریختن فرمودہ اند
عالم بجنت یک طرف آن شوخ تنہا یک طرف

مولوی محمد علی سے خطاب آپ مرزا صاحب کی حمایت میں ہمیشہ یہ کہتے آئے ہیں کہ مرزا صاحب چونکہ مؤمن ہیں اس لئے ان کے مکفرین حدیث مذکور کے ماتحت کفر کے نیچے آتے ہیں۔ پس آئندہ کو آپ ایسا کہنے سے پرہیز کیا کریں یا شیعان لکھنؤ کی طرح امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کے حق میں بھی تبرا خوانی شروع کر دیں۔

جماعت احمدیہ میدان جنگ میں

خلیفہ قادیان نے اعلان کیا ہے کہ میں اور میری جماعت موجودہ جنگ یورپ کے سلسلہ میں حکومت برطانیہ کے حضور میں اپنی خدمات پیش کرتے ہیں:

ہم اس پیشکش پر خلیفہ صاحب کو شاباش کہنے کو تھے کہ اخبار احسان نے فوراً اس پر اعتراض جڑ دیا جس کا مضمون یہ ہے کہ مرزائی جماعت حسب تعلیم مرزا صاحب متوفی جہاد بالسیف کو منسوخ سمجھتی ہے پھر وہ اس جنگ میں شریک ہو کر جہاد بالسیف کرنے پر کیوں طیار ہو بیٹھی ہے۔

ہم اس اعتراض کا جواب دینے والے تھے کہ قادیان کے اخبار الفضل نے اس کا جواب دیا اور بہت صحیح دیا۔

قادیانی جواب کا مضمون یہ ہے کہ جہاد اس جنگ کو کہتے ہیں جس میں احد الفریقین مسلمان ہوں اس لڑائی میں تو فریقین غیر مسلم ہیں۔ اس لئے اس جنگ کو جہاد کہنا "احسان" کی غلطی ہے۔

ہمارے خیال میں یہ جواب صحیح ہونے کے باوجود منفی پہلو رکھتا ہے یعنی الفضل کے نزدیک یہ جنگ جہاد نہیں ہے مگر سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر اس جنگ کا نام کیا ہے؟

اس سوال کا جواب الفضل نے غالباً اہلحدیث پر چھوڑ دیا ہے۔ اسی لئے اس کو جواب دینے کی جرأت نہیں ہوئی۔ بقول شاعر ؎

بلائیں زلف جاناں کی اگر لینگے تو ہم لینگے

اہلحدیث ہی اس سوال کا مثبت جواب دے سکتا ہے پس ہمارا جواب غور سے سنئے!

مرزا صاحب قادیانی اقوام یورپ کو یاجوج ماجوج کہا کرتے تھے۔ (حمامۃ البشریٰ عربی ص)

پس مرزا صاحب کے مزعومہ یاجوج ماجوج کی لڑائی میں کسی فریق کے مددگار کی حیثیت مرزا صاحب کے اصول پر ظاہر ہے۔

کیا فرماتے ہیں علمائے امت احمدیہ (قادیانی و لاہوری) اس مسئلہ میں کہ یاجوج ماجوج کے مددگار پر کیا فتویٰ صادر ہو سکتا ہے۔ بینوا توجروا۔

یہ تو ہوا الفضل کے جواب پر سوال۔ باقی رہا یہ مضمون کہ خلیفہ قادیان نے ذاتی اور جماعتی خدمات انگریزی حکومت کو پیش کی ہیں۔ اس پیشکش پر ہم ان کو شاباش کہتے ہیں۔

تعاقب

بر نوٹ قضاء الصوم

معزز ناظرین! حضرت مولانا محترم ابوالوفا ثناء اللہ صاحب مدظلہ نے میرے مضمون قضاء الصوم عن المیت پر جو اخبار "اہلحدیث" مجریہ ۴-۱۱-۱۸ اگست ۱۹۳۹ء میں شائع ہوا ہے بطور تنقید حسب ذیل نوٹ تحریر فرمایا ہے پہلی قسط کے آخر میں آپ رقمطراز ہیں:-

اہلحدیث یہاں تک تو آپ کی جتنی تحریر آئی ہے اس کے دو حصے ہیں۔ ایک حدیث دوسری اس کی شرح جو ہے اقوال الرجال۔

یہ آپ کے ... مدوزوں کا مرتبہ الخ الخ۔
ہے۔ ایک حجت ہے دوسری حجت نہیں۔
حدیث بعد ثبوت حجت ہیں علیہ صوم قابل غور
ہے یہ لفظ اپنے معنی صاف دے رہا ہے
کہ بیمار اس حد تک پہنچ چکا ہو کہ اس پر
وجوب صوم کا حکم لگ سکے الخ۔"

میرے مضمون سے خود ناظرین اہلحدیث نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ میں نے حدیث کو حجت ٹھیرایا ہے یا اقوال الرجال کو۔ میں نے اپنے دعوٰی کی دلیل میں احادیث اور اسکی تائید میں آثار صحابہ کو پیش کیا ہے۔ البتہ مانعین کے دعوٰی کی خصوصیت کو انہیں احادیث کے عموم سے باطل کیا ہے۔ پیشکردہ احادیث صحیحہ کی تعمیم جیسا کہ ظاہر ہے اس کی شہادت میں امام شوکانی، حافظ ابن حجر، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث رحمہم اللہ کے اقوال پیش کرکے یہ ثابت کیا تھا کہ ان حضرات کے کلام سے بھی وہی بات ثابت ہوتی ہے جو حدیث شریف من مات وعلیہ صیام صام عنہ ولیہ سے ظاہر ہے اور اہل علم حضرات سے یہ بات بھی پوشیدہ نہیں ہے کہ شرعی امور میں ان حضرات کے اقوال اور انکی تحقیقات اتنی زیادہ معتبر ہیں کہ اماماں دین کے اقوال بھی انکی تحقیقات سے مسترد کر دیئے جاتے ہیں۔ فتدبر۔

رہی حضرت ممدوح کی یہ توجیہ کہ علیہ صوم قابل غور ہے یہ لفظ اپنے معنی صاف دے رہا ہے کہ بیمار اس حد تک پہنچ چکا ہو کہ اس پر وجوب صوم کا حکم لگ سکے" یہ بالکل صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ "علیہ صوم" کے سیاق وسباق کے یہ توجیہ بالکل خلاف ہے۔ علیہ صوم کا اطلاق یہاں میت پر ہوا ہے۔ جیسا کہ من مات سے ظاہر ہے۔ البتہ من مات کے بجائے من مرض ہوتا تو یہ توجیہ کچھ درست ہو سکتی تھی۔ لیکن پھر بھی مریض کے مرض میں تشکیک باطل ہے۔ جیسا کہ فعدۃ من ایام اخر کی رخصت سے ظاہر ہے۔

اگر بفرض محال ہم حضرت ممدوح کی توجیہ کو تسلیم کرلیں اور مریض کے انتہائی مرض کی وجہ سے وجوب صوم کا حکم اس سے ساقط ہو گیا اور رحمت باری تعالےٰ اس کے شامل حال ہوئی اور وہ اچھا ہو گیا تو پھر استقاط وجوب کی رجعت دوبارہ وجوب میں کس طرح ہو سکتی ہے؟ اس کے بعد جناب نے ۱۱۔ اگست کی قسط پر یہ تحریر فرمایا ہے:-

اہلحدیث | فاضل مضمون نگار نے قضا کے معنی پر غور نہیں کیا قضا متضمن ہے وجوب الادا کو اور وجوب الادا مبنی ہے تمکن پر۔ فافہم ولا تعجب"

مجھے تعجب اور حیرت ہے کہ جناب نے ابھی پہلی قسط کے نوٹ میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ "اہلحدیث کو سب سے پہلے الفاظ حدیث پر غور کرنا چاہئے کیونکہ مدار گفتگو الفاظ حدیث پر ہے اقوال الرجال پر نہیں شتان بینہما" باوجود اس تصریح کے مجھے یہ پوچھنا ہے کہ یہ کس حدیث کا ترجمہ اور مطلب ہے۔

یہ بھی صحیح نہیں کہ "قضا متضمن ہے وجوب الادا کو" اس لئے کہ ادا اور قضا آپس میں ایک دوسرے کی قسیم ہیں۔ کیونکہ یہ مامور بہ کی دو قسمیں ہیں۔ جیسا کہ تمام اصول کی کتابوں میں یہ مذکور ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ ایک قسیم دوسری قسیم کو متضمن نہیں ہو سکتی۔ اور یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ وجوب الادا کے تمکن پر مبنی ہونے سے قضا بھی تمکن ہی پر مبنی ہو۔ اس لئے کہ قضا کے متعلق یہ تصریح ہے لا یشترط القدرۃ الممکنۃ للقضاء (مسلم الثبوت ص۶۱) پس معلوم ہوا کہ قضا کے لئے قدرت ممکنۃ (تمکن) شرط نہیں۔

اور جب قضا کے لئے تمکن شرط نہیں تو قضا مبنی تمکن پر نہیں فتدبر فانہ عجیب۔ حضرت مولانا ممدوح کی تیسری قسط والا نوٹ وہ ہمارے دلائل پر کوئی اثر نہیں ڈالتا۔ بلکہ وہ خارج از مبحث بات ہے۔ فقط والسلام

الراقم:- محمد سلیمان مئوی - ۱۶ ستمبر ۳۹ء

اہلحدیث | معلومات سب اہل علم کے سامنے آگئے ہیں۔ میری ناقص رائے میں ان سے کوئی تغیر نہیں ہوا۔ ناظرین ان سے فائدہ اٹھائیں۔ (سلسلہ ختم)

مسلمانوں میں فتنہ عظیم

بصورت سجدہ تعظیم

(از مولوی نذر محمد صاحب میانوی)

آج مسلمانوں کی حالت پر افسوس آتا ہے کہ انہوں نے ہادی اسلام کی تعلیم کو پس پشت ڈالکر اپنے اختراعی مسائل کو رواج دیکر مخالفین اسلام کو ایک ایسا موقع دیدیا ہے کہ اصل اسلام کو بدنما دیکھ کر ہنسی اڑاتے ہیں۔ ہماری بدقسمتی سے بعض ایسے پیرزادے ہند میں پائے جاتے ہیں جو صریح طور پر مخالفت قرآن و حدیث کی کر رہے ہیں۔ منجملہ ان کفریات سے ایک سجدہ تعظیم مرشد بھی ہے۔ آج اس پر مختصر طور پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ امید ہے کہ ناظرین بغور ملاحظہ فرمائینگے۔ وھوھذا

اول تو یہ جاننا ضروری ہے کہ سجدہ کا مفہوم کیا ہے۔ لفظ سجدہ کلام عرب میں کئی معنی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً سر بر زمین نہادن یعنی زمین پر سر رکھنا۔ انحناء یعنی جھک جانا یا سر کو جھکانا۔ فروتنی کردن یعنی عاجز ہونا۔ استسلام وانقیاد یعنی مطیع ہونا۔ کتب لغات کے دیکھنے، کلام اللہ و احادیث رسول اللہ کے مطالعہ کرنے سے ان کی پوری پوری تصدیق ہو جاتی ہے۔ چنانچہ مرقوم ہے۔ غور فرمائیے۔

سجد ای وضع جبھتہ علی الارض یعنی زمین پر سر رکھنا۔ سجد النخلۃ یقال اذا مالت - یعنی جب درخت جھک جاتا ہے تو کہتے ہیں اس نے سجدہ کیا۔ تری الاکم فیھا سجد للحوافر - یعنی ٹیلے گھوڑوں کے کھروں کے نیچے سجدے میں ہیں یعنی دبے ہوئے ہیں۔ قال النحاس اصل السجود الاستسلام والانقیاد۔ یعنی سجدہ کی اصل اطاعت و فرمانبرداری ہے۔ والنجم والشجر یسجدان ینقاد ان اللہ تعالٰی کما خلقھا لہ۔ یعنی جڑی بوٹیاں اور بڑے درخت سب سجدہ کرتے ہیں اسی طرح کہ وہ عاجز و فروتن اور فرمانبردار ہیں بموجب اپنی خلقت کے۔

اسی طرح دیگر آیات کلام اللہ میں ہے۔

ahmadimuslim.de

بلکہ حرمتن اللہ یسجد لہ من فی السمٰوات ومن فی الارض والشمس والقمر والنجوم والجبال والشجر والدواب وکثیر من الناس۔ یعنی کیا تونے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہی زمین اور آسمان کی تمام چیزیں سورج چاند ستارے پہاڑ درخت چارپائے اور بہت سے انسان فرمانبردار سربسجود ہیں سورہ حج۔ وللہ یسجد من فی السمٰوات والارض طوعاً وکرھاً۔ یعنی زمین وآسمان کی تمام چیزیں اللہ تعالیٰ ہی کو سجدہ کرتی ہیں۔ خوشی یا ناخوشی سے اس آیت میں بھی اطاعت میں سربسجود ہونا مراد ہے۔

ان الذین عند ربک لا یستکبرون عن عبادتہ ویسبحونہ ولہ یسجدون۔ یعنی خدا کے مقرب فرشتے اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے بلکہ اسی کی تسبیح کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

واسجدوا للہ الذی خلقھن لا تسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ الذی خلقھن الخ یعنی سورج اور چاند کو سجدہ مت کرو بلکہ ان کے پیدا کرنے والے کو سجدہ کرو۔ وللہ یسجد ما فی السمٰوات وما فی الارض من دابۃ والملٰئکۃ وھم لا یستکبرون۔ یعنی زمین وآسمان کی تمام چیزیں چلنے والی اور فرشتے اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں یہاں بھی اطاعت وسربسجود ہونا مراد ہے۔

انما یومن بآیاتنا الذین اذا ذکروا بھا خروا سجدا وسبحوا بحمد ربھم وھم لا یستکبرون یعنی ایمان دار بندے جب آیات کلام اللہ نصیحت سنتے ہیں تو سربسجود گر جاتے ہیں۔ یہاں بھی سربسجود ہونا مراد ہے۔ مذکورہ بالا محاورات اہل زبان ونیز آیات کلام الرحمٰن سے ثابت ہوتا ہے کہ لفظ سجدہ مختلف معانی کے لئے مستعمل ہے اور ہر موقع پر وہی سے مراد لئے جاتے ہیں جن پر قرینہ دال ہو۔ تفسیر خازن وتفسیر مدارک میں اسی طرح لکھا ہے۔

مفسرین نے سجدہ کی تعریف ان آیات پر بیان کی ہے کہ السجود عبادۃ من نھایۃ التعظیم۔ یعنی سجدہ اس عبادت [illegible] درجہ کی تعظیم کرنا ہے [illegible]

جبکہ سجدہ کا اصل مفہوم کسی کی حد درجہ کی تعظیم کرنا ہے یعنی ایسی تعظیم جو بلحاظ ظاہری صورت کے اور بلحاظ معنے اور حقیقت کے نہایت کو پہنچی ہوئی ہو اور ایسی تعظیم سوائے سجدہ کے کسی اور صورت سے ادا نہیں ہوتی۔ اور یہی وہ حقیقت ہے جس کے اظہار کے لئے سجدہ بہیئت کذائی تعلیم کیا گیا ہے۔

اب رہی یہ بات کہ مستحق اس کا کس کو قرار دیا جائے پس اس کے لئے مفہوم تعظیم سب سے پہلے ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے۔ سو ظاہر ہے کہ مستحق اس تعظیم کا وہی ہے جو کبریائی اور عظمت میں بدرجہ غایت ہو اور اپنا نظیر وثانی نہ رکھتا ہو۔ کیونکہ اگر اس سے کسی کم درجہ کو اس غایت تعظیم کا مستحق ٹھیرایا گیا۔ تو پھر اس ذات والا صفات کے لئے کسی اور غایت تعظیم کی ضرورت ہوگی اور اس حالت میں سجدہ غایت تعظیم نہ رہے گا۔ حالانکہ اس کا غایت التعظیم ہونا معروف ومسلم ہے۔ پس ثابت ہوا کہ سجدہ شریعت اسلامیہ میں صرف اللہ تعالیٰ کے واسطے ہے اور اس کی مخلوق کے لئے حرام ہے۔ اہل علم امت محمدیہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خدا کے سوائے کسی اور کے لئے سجدہ کرنا خواہ بصورت انحناء کے ہو یا بصورت سر زمین پر رکھنے کے۔ عام اس سے کہ وہ بہ نیت عبودیت کے کیا جاوے یا بہ نیت تعظیم کے از روئے دین محمدی کے حرام وممنوع ہے۔

(حررہ نور محمد میانوی جہلمی)

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے استحکام

اور

اہل حدیثان بنگال کا جماعتی نظام

(از قلم مولوی ابو سعید صاحب سندوردی ضلع راجشاہی)

عرصہ سے آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے استحکام کے متعلق ممبران جماعت اپنے اپنے قیمتی خیالات اور زریں تجاویز پیش کر رہے ہیں۔ اگرچہ ابھی تک کوئی اصلاحی تجویز عمل میں نہ آئی ہو۔ لیکن ان تحریرات سے اتنا تو ضرور ثابت ہوتا ہے کہ ہندوستان کے مختلف صوبجات کے اہل حدیث اپنی مرکزی کانفرنس سے واقف ہیں اور کانفرنس کے ساتھ اپنا رشتہ تعلق مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ مگر بنگال وہ خوش قسمت صوبہ ہے کہ یہاں کے اہل حدیث کی مثال اب تک "چیتاں نفتہ اند کہ کوئی مردہ اند" کی ہے۔ میرا گمان ہے کہ عوام الناس تو درکنار بعض مولویوں کو بھی کانفرنس کے وجود تک کی خبر نہیں اور جن کو ہے ان کے دل ودماغ میں وجود وہ افسردگی چھائی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ اہل حدیثان بنگال کو کانفرنس اہل حدیث دہلی سے کوئی سروکار نہیں حالانکہ یہاں کانفرنس کا سب سے پہلا سفر بنگال ہی میں ہوا تھا۔ کانفرنس مذکور سے ان ہیں کوئی نفع یا نقصان کبھی نہیں پہنچا اور نہ پہنچ سکتا ہے۔ وہ تو صرف دہلی اور نواح دہلی کے اہل حدیثوں کی کانفرنس ہے اور وہ ہی اس کے نفع ونقصان کے ساتھ وابستہ ہیں۔

یوں تو ہندوستان کی ساری جماعت اہل حدیث کی حالت ناگفتہ بہ اور نہایت افسوسناک ہے مگر بنگال کے اہل حدیثوں کی موجودہ مذہبی زندگی اور مرکزیت کا نقشہ وہ حسرت افزا اور مایوس کن ہے کہ دیگر صوبجات کے مقابلے میں عدیم النظیر ثابت ہوگا۔

تاریخ اہل حدیث میں بنگال کا حصہ سب سے زیادہ روشن ہے غالباً کسی کو انکار نہیں۔ یہاں کے اہل حدیث کی صحیح تعداد تو میں بتا نہیں سکتا مگر اس کثرت سے اہل حدیث ہندوستان کے دوسرے صوبجات میں شاید ہی ہوں گے۔ مشرقی [illegible]

تو اکمالی چاٹگام وغیرہ چند اضلاع کے سوا ہر ضلع میں اہل حدیث کی اچھی تعداد ہے۔ خدا کے فضل سے ان کے مولویوں کے شمار بھی جنت ہیں۔ مگر ان کی زندگی کے عملی پروگرام دوسری جماعات کے مولویوں سے بالکل نرالے ہیں۔

بنگال کے علمائے احناف کو دیکھئے اپنے مذہب کی تعلیمی اور تبلیغی اشاعت کس سرگرمی سے کر رہے ہیں اور تھوڑے ہی عرصے میں وہ ایک حد تک کامیاب بھی ہو چکے ہیں وہ رفتار زمانہ کو معلوم کر کے فرفرہ کے پیر ابوبکر صاحب کو امیر شریعت تسلیم کر لیا اور ایک قلیل مدت میں ان کے لاکھوں مرید بن گئے۔ وہ تو فوت ہو چکے۔ ان کی قائم کردہ درسگاہیں اور انجمنیں برابر میدان عمل میں سرگرم ہیں۔ جماعت کی عدم توجہی، قحط سالی، کساد بازاری ادن کے کسی کام میں حائل نہیں ہوتیں۔ ان کے گدی نشین اور ماتحتی خلیفوں کے تبلیغی دورے اور جلسے بدستور بنگال و آسام کے کونے کونے میں رہتے ہیں۔ عام مسلمانوں سے (جس میں اہل حدیث بھی داخل ہیں) ہزاروں روپے وصول کر کے وہ اپنے مذہب کی توسیع اشاعت میں صرف کر رہے ہیں۔ بنگلہ زبان میں مذہب حقہ اہل حدیث کی تردید میں بیسیوں زہریلے رسالے ان کی طرف سے شائع ہوئے۔ اہل حدیث علماء کو ان کے جواب لکھنے کی اب تک ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ فی الحال بنگال میں ان کے خاص مذہبی اخبار "شریعت اسلام" "اہل السنت والجماعت" "ہدایت"۔ "حنفی" وغیرہ روز بروز حلقہ ناظرین کی توسیع سے اپنے اپنے ادارے مضبوط کر رہے ہیں۔

اب تشریف لائیے ہمارے علماء کی مذہبی خدمات اور تعلیمی تبلیغی سرگرمیاں بھی ذرا ملاحظہ فرمائیے۔ اور جماعت کی بربادی پر دو بوند آنسو بہائیے۔ مرحوم چند بزرگوں کی کوشش سے "انجمن اہل حدیث بنگال" کے نام سے ایک انجمن قائم ہوئی تھی۔ اسی کا واحد آرگن "اہل حدیث" بنگلہ ماہوار چند بنگلہ جتنا پہلے بھی بے سروسامانی کی حالت میں تحریک اہل حدیث کو

خوب خوب تقویت پہنچانے کے لئے جان توڑ کوشش کرتا اور علمائے اہل حدیث و خدام اہل جماعت کو اس اہم کارخیر میں شرکت کے لئے دعوت دیتا رہا مجبوراً سنگی ساری پیچ و تاب کا رسالہ ثابت ہوئی۔ خدا معلوم ان جماعت کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی۔ بالآخر انجمن مذکور اور اس کے آرگن اپنی بے کسی و نامرادی کی زندگی کی آخری گھڑی تک رو رو کر ٹھنڈے ہو گئے۔ (انا للہ)

یہ واقعات اگرچہ آفتاب نصف النہار کی طرح ناقابل تردید ہیں۔ مگر ہمارے علماء کو اس کی مطلقاً پرواہ ہی نہیں۔ وہ اپنے آنکھ و کان بند کر کے ایسے مطمئن خاطر بیٹھے ہیں کہ گویا کچھ جانتے ہی نہیں سا دھر جماعت اہل حدیث ظلمات ثلاثہ کی تہ میں دم توڑ رہی ہے۔

میں بلا خوف تردید یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ ہمارے پیران پارسا اگرچہ عوام سے گاڑھے پسینے کے کمائے ہوئے ہزاروں روپے مختلف حیل و طرق سے کما کر اپنے ذاتی مفاد میں خرچ کرتے ہیں۔ مگر جب کبھی کسی ملکی یا جماعتی مفاد کے لئے کوئی تحریک درپیش ہوئی تو وہ ہمیشہ خاموش رہے۔ ہاتھ میں کنگن آرسی کی کیا ضرورت۔ کیا یہ موجودہ حضرات ذی شان تحریکات میں مثلاً مسئلہ امارت، اپنی مرکزی کانفرنس کا استحکام اور اس کی شاخوں کا قیام۔ قیام بیت المال۔ ترمیم نصاب تعلیم میں کبھی منہ بھی سامنے کئے؟ یا لب کشائی کی؟ اور کرتے کیسے؟ یہ تحریکات عملی جامہ پہنے لینے سے ان کو تو سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

گذشتہ کسی پرچہ میں ملک ابو یحییٰ امام خان صاحب نے اہل حدیث درسگاہوں کی فہرست طلب کی تھی۔ اور اہل حدیثان بنگال کو بھی اس کی طرف توجہ دلائی تھی سو خان صاحب موصوف سے گذارش ہے کہ بنگال کے اہل حدیث درسگاہ کی کوئی فہرست آپ کو ملی بھی؟ شاید نہیں۔ فہرست کیسی ملتی؟ یہاں تو "ذامن انکا آدم کرہا جسنہ اہم" کی کیفیت ہے۔ غیرت! غیرت!! افسوس تو بنگال بھر میں اہل حدیثوں کا کوئی دارالعلوم مستقل مدرسہ دینیہ کا کوئی وجود نہیں کہیں ہو تو برائے نام ایک دو ہیں جو بھی قرآن پڑھتے

میں آنکھ دیکھ کر یہ کہنا میں کی نخواہش خلیفہ ہیں یہ بہت ہیں طلبہ ان سے کما حقہ فیض نہیں۔

مختصر یہ ہے کہ اہل حدیثان بنگال کی نہ تنظیم ہے نہ اتفاق و اتحاد کی کوئی صورت کسی سلفی تحریک کی نہ بیت المال ہیں ان کے تصرف میں ہے۔ ہر جگہ جیوہ بیکس تیموں کا ہجوم ہے۔ شرک و بدعات کا زور ہے۔ آپس میں بغض و عناد، تشتت و افتراق کا بازار گرم ہے۔ مولوی لوگوں نے مختلف ٹولیاں ذریعہ اینٹ کی الگ جماعت بنا کر جدا گانہ جھنڈے قائم کر کے اپنے اپنے مخالف کے ذریعے تیار کر رہے ہیں آخر اس ہولناک منظر کا حشر کیا ہے؟ بہت کاش بنگال کے علمائے اہل حدیث آیہ کریمہ اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم پر ٹھنڈے دل سے غور کرتے۔ اور خالصتاً جماعت کے منتشر شیرازہ کو منظم کرنے کے لئے کمربستہ ہو جاتے۔

سردست میں پرچہ "اہلحدیث" کے واسطہ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا سارے بنگال میں علمائے اخیار شمار میں دو چار بھی نہیں ہیں؟ ہیں اور ضرور ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ وہ جماعت کی اس جان کنی کے وقت کنج خلوت میں خاموش بیٹھے ہیں؟ واللہ میری حیرانی کی حد نہیں رہتی کہ جب اہل حدیثان بنگال کے مذکورہ بالا نقشہ پیش نظر ہوتا ہے۔ اور دیکھتا ہوں کہ اس گئے گزرے زمانے میں بھی ہمارے سروں پر حضرت مرشدنا مولانا نعمت اللہ صاحب، مولانا عبد اللہ الباقی۔ مولانا محمد عبد اللہ الکافی، مولانا عباس علی، مولانا عبد العظیم عظیم الدین رحمانی جیسے فضلاء بطول بقاہم جیسے مایہ ناز ہستیاں موجود ہیں۔

میں نہایت الحاح و ادب سے آپ حضرات و دیگر مردان کار علماء سے ملتجی ہوں کہ خدارا باہمی اختلافات ذاتی رنجش و کدورت کو یکسر فراموش کر کے ایک ہی نظام کے ماتحت اجتماعی طاقت کی صورت پیدا کیجئے۔ اور صرف مذہب و ملت کی حفاظت کو اپنا نصب العین قرار دے کر میدان عمل میں کود پڑئے

بہت عرصہ تک ایسی غفلت میں پڑے رہیں کہ عوام کو مجلس برائی سے سرگرم کر دیا گیا۔ بہر حال کچھ نہیں کہ آپ کی کوشش کا نتیجہ بے حد شاندار عرصہ شہود میں جلوہ گر نہ ہو۔ ہاں مجاہدانہ اقدام اور سعی پیہم کی ضرورت بیشک ہے۔ [illegible] بنگال کے علماء و مدعیان اہلحدیث کے سامنے مندرجہ ذیل تجاویز پیش کر کے منتظر ہوں کہ دیگر ہمدردان جماعت بھی اپنی اپنی آراء سے مطلع فرمائیں۔ ضرورت مقتضی ہے کہ ہم جلد از جلد کوئی متفقہ دستور العمل بنا کر میدان عمل میں کود پڑیں:

(۱) انجمن اہلحدیث بنگال کو از سر نو زندہ کیا جائے اور اس کے لئے ہر ممکن تدبیر عمل میں لائی جائے۔ جماعت کے علماء و دیگر اصحاب وہ وہ املا متوکلاً علی اللہ قیام انجمن کا تہیہ کر لیں علاوہ اپنی اپنی مقامی جماعات میں انجمن کا ذکر مسلسل جاری رکھیں۔

(۲) سرمایہ کے لئے اولو العزم ذی اثر علماء کا ایک وفد صوبہ کے مختلف اضلاع میں پہنچ کر دولتمند اصحاب کو انجمن کی ضرورت اور اس کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کرے۔ نیز قیام صوبائی بیت المال کی ضرورت اور اس کے فوائد افراد جماعت پر واضح کر کے ہر دو تحریکات کی بنیاد ڈالنے کے لئے ان سے چندہ جمع کیا جائے۔

(۳) بیت المال کی حقیقی صورت میں تشکیل نہ ہونے تک سرداران جماعات ہر مقامی جماعت سے زکوٰۃ کا چوتھائی حصہ انجمن کی اعانت میں صرف کریں۔ اور اصحاب ثروت کو چاہئے کہ انجمن کے لئے اپنی حیثیت کے مطابق [illegible] وقتی چندہ دیکر [illegible] چندہ بھی مقرر کریں [illegible] ابتدائی صورت میں زکوٰۃ کا حصہ مقرر کر [illegible] چندہ کے چندہ بت وغیرہ وفد کے [illegible] میں داخل ہو [illegible] اور کام شروع ہو جانے کے بعد ممبران انجمن اپنے فرائض کو انجام دیتے رہیں۔

(۴) اس انجمن کا نام صوبائی اہلحدیث کانفرنس بنگال رکھا جائے۔ اور اس کو آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس سے ملحق کر دیا جائے۔

(۵) فائدہ اس سے اہلحدیثان ہند کی مرکزی کانفرنس کی تقویت ہو گی۔ باہمی معاونت و مشاورت سے بڑے بڑے مرحلے طے ہو سکیں گے۔ افراد جماعت مرکز کی برکات سے مستفیض ہو سکیں گے وغیرہ وغیرہ۔

(۵) اس صوبائی کانفرنس کا صدر دفتر کلکتہ میں ہو اور اس کی شاخیں ہر ضلع ہر تھانہ اور افراد جماعت کی تعداد کے لحاظ سے مناسب ہو تو ہر قصبہ میں بھی قائم کی جائیں۔

(۶) کانفرنس کے مختلف شعبے اپنی مرکزی کانفرنس کی مجلس شوریٰ کی اتباع اپنے لئے لازم قرار دیں۔

(۷) صوبائی کانفرنس کا ایک ماہوار رسالہ کا اجرا مقدم ترین ضروریات سے ہے جس کا نام "اہل توحید" ہو اور جس کا اڈیٹر کوئی ماہر فن اہل قلم اہلحدیث عالم ہو۔ اڈیٹر کی اہلیت پر زور دینے کی وجہ یہ ہے کہ کانفرنس کے جملہ فرائض کا ذمہ دار اخبار ہی ہو گا اور فرائض کی انجام دہی اخبار کی مقبولیت و توسیع اشاعت پر موقوف ہے۔ توسیع اشاعت کی شرائط میں اڈیٹر کی قابلیت سب سے مقدم ہے۔

(۸) کانفرنس کا سالانہ جلسہ ہر سال صوبہ کے مختلف مقامات میں ہونا ضروری ہے۔ تاکہ ہر مقامی جماعت میں زندگی کی نئی روح پڑ جائے۔

(۹) وفد کی تعیین افراد اور جملہ امور کے تصفیہ کے لئے آئندہ رمضان کے پہلے ہی کوئی صاحب ہمت دردمند اہلحدیث صوبہ کے تمام سرکردہ علماء و سرداران جماعات کو کسی مناسب مقام میں دعوت دیں تو کام بہت جلد شروع ہو جائے۔

(۱۰) اخیر میں میں حضرت مولانا سردار اہلحدیث امرتسری حضرت مولانا میر سیالکوٹی۔ مولانا سیف و قمر بنارسی، مولانا محمد صاحب دہلوی عمت فیوضہم و دیگر اراکین مرکزی کانفرنس سے مستدعی ہوں کہ خدارا آپ صاحبان اس دور افتادہ صوبہ کی طرف توجہ فرمائیں اور قیام صوبائی کانفرنس کے لئے آپ لوگوں سے جو مناسب اور ممکن تدبیر ہو سکے عمل میں لائیں۔ خواہ ذاتی طور پر خط و کتابت سے ہو، خواہ "اہلحدیث" میں مضمون شائع کر کے۔ فقط والسلام!

تبلیغ اسلام

(از مولوی غلام رسول صاحب ہوشیارپوری)

قوم نصاریٰ پڑھ لو تبلیغ یہ ہماری
تثلیث کا عقیدہ باطل ہے لامحالہ
واحد خدا کے ہوتے کیوں غیر کی ہو پوجا
بیٹے کی کیا ضرورت ہے مالک جہاں کو
اولاد پہ ہو کیوں دل بے قرار اُس کا
اولاد سے منزہ ہے ذات کبریائی
وہ بے نیاز مطلق تولید سے بری ہے
جو رد و بدل یا ہوتا نہیں ہے پیدا
بیٹے کہاں سے کہ انجیل کو [illegible] تم
کھاتے ہو رزق دنیا کیونکر خدا وہ ہو گا
حجت رہے نہ باقی پیش خدا تمہاری
ہرگز پئے نہ کوئی یہ زہر کا پیالہ
اُلٹا ہے یہ طریقہ جو مشرکوں کو سوجھا
پیدا کیا ہے جس نے ہر ایک جسم و جاں کو
ہر ایک جان پہ ہے جب اختیار اس کا
کُن کے امر سے جس نے خلقت ہر اک بنائی
حاصل اسی کو جب پر لاریب برتری ہے
پھر کیوں گیا ہے تم نے باطل کو یوں جو مانا
مانو یہ بات بھی اصرار مت کرو تم
اے دوستو! لگا ہے تم کو بڑا ہی دھوکا

سلہ جیسے [illegible] کا ہم اہل [illegible] ہے منہ

سلہ [illegible] حضرت مولانا [illegible] صاحب [illegible] اہل [illegible]

عیسیٰ مسیح مریم بیٹے تھے اور کھاتے
بندے تھے وہ خدا کے ہرگز نہ وہ خدا تھے
وہ مُرسلِ گرامی آئے جو سب سے آخر
عیسیٰ نے خود کہا یہ انجیل کے ہے اندر
سوچو تم اے نصاریٰ یہ بیسویں صدی ہے
قرآن نے بھی اسکی تصدیق کی ہے پوری
دونوں کتابوں نے ہے جس بات کو بتایا
دنیا کا آچکا ہے اب آخری پیمبر
مسدود ہوچکا ہے اب عہدۂ نبوت
پیچھے لگو عزیزو اب آخری نبیؐ کے
ہونا ہے پیش سب کو دربارِ کبریا میں
ڈر جاؤ کبریا سے جھک جاؤ اُسکے آگے
اے دوستو! محمدؐ ہیں آخری پیمبر

قربِ کبریا کے ہر دم جو گیت گاتے
ان پر غرور ہے شک اک رسولِ کبریا تھے
تصدیق کرچکے ہیں عیسیٰ بھی سے پیمبر
آئے جو بعد میرے ہوگا وہ مجھ سے بڑھ کر
وہ آچکا عرب میں احمدؐ وہی نبیؐ ہے
جھوٹی یہ پیشگوئی ہرگز نہیں ادھوری
تم نے مرے پیارو دھوکہ ہے اس میں کھایا
پکڑو تم اُس کا دامن تاکہ بنو تونگر
جھوٹا ہے ہر کسی کا اب دعوئ رسالت
جو آچکے عرب میں لاریب ہیں نبیؐ کے
ملنا ہے مشرکوں کو دوزخ وہاں سزا میں
بن جاؤ سچے مسلم تاکہ نصیب جاگے
سارے جہاں کی رحمت آئے وہی ہیں بن کر

سارے جہاں کی جانب آیا نبیؐ ہمارا
ہادی بنالو اپنا اب اس کو تم نصاریٰ

فضائل درود شریف

(از قلم ایم محمد خان گوندل سیف۔ موہلک ضلع گجرات)

(۱) فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام نے میرے پاس آکر کہا کہ اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم آپ کا جو امتی آپ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے تو حق تعالیٰ اس کے عوض دس نیکیاں لکھتے ہیں۔ دس گناہ مٹاتے اور دس درجے بڑھاتے ہیں۔

(۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ رب العزت نے بہت سے نورانی فرشتے پیدا کئے ہیں جو صرف جمعہ کی رات اور دن کو آسمان سے اترتے ہیں ان کے ہاتھوں میں سونے کے قلم اور چاندی کی دواتیں ہوتی ہیں اور نور کے کاغذ۔ ان کا کام صرف یہی ہے جو درود نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر پڑھے جاتے ہیں وہ اُسے لکھتے جاتے ہیں۔ (کنز العمال)

(۳) فرمایا سردار دوجہاں صلے اللہ علیہ وسلم نے جو بندہ مجھ پر درود پڑھتا ہے جب تک وہ درود پڑھنے میں مشغول رہتا ہے اس وقت تک فرشتے اس کے حق میں دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ (کنز العمال۔ وسیلۃ العظمیٰ)

(۴) فرمایا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ زیادہ درود شریف مجھ پر پڑھا کرو۔ جس سے تمہارے گناہوں کی مغفرت ہو۔ (کنز العمال)

(۵) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی بندہ مجھ پر درود پڑھتا ہے تب فرشتہ اس کو رب العزت کے روبرو لے جاتا ہے۔ تب اللہ تبارک تعالےٰ فرماتے ہیں کہ اس درود کو میرے بندے (محمد صلے اللہ علیہ وسلم) کی قبر کی طرف لے جاؤ۔ تاکہ آپ اس درود پڑھنے والے کے لئے استغفار کریں (کنز العمال)

(۶) قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علیّ واحدۃ صلی اللہ علیہ عشرا یعنی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے مجھ پر ایک بار درود شریف پڑھا خدا تعالےٰ اس پر دس رحمتیں بھیجیگا۔

(۷) نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر بکثرت درود پڑھا کرو۔ کیونکہ سب سے اول قبر میں میرے متعلق سوال ہوگا۔

(۸) فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جبرائیل نے مجھ سے کہا کہ میں آپ کو خوشخبری دیتا ہوں کہ حق تعالیٰ آپ کو فرماتے ہیں کہ جو شخص آپ پر درود پڑھے میں (اللہ) اس پر رحمت بھیجتا ہوں اور جو شخص آپ پر سلام کرے میں (اللہ) اس پر سلام کرتا ہوں۔

عرض سیف راقم کہتا ہے کہ اگر آپ قلوب کو انوارِ الٰہی سے منور و روشن کرنا چاہتے ہیں تو ذوق اور شوق سے بصدق دل اشرف الانبیاء پر شب و روز بکثرت درود شریف بھیجا کریں۔

اسی میں فلاح دارین کا راز مضمر ہے۔ عصر حاضرہ میں میرے مسلم بھائی روز بروز اس نعمت عظمیٰ سے دست بردار ہوکر آستان خداوندی و نبوی سے پرے ہٹ رہے ہیں۔

آپ نماز پنجگانہ کے بعد حتی الوسع رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر بہ خلوص قلب درود بھیجا کریں اور پھر رحمت الٰہی کے بادل امنڈتے ملاحظہ فرمادیں۔ والسلام!

شفاء العلیل اردو ترجمہ القول الجمیل

(مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب دہلویؒ)

کتاب ہذا میں اقسام و شرائط بیعت اور اس کے جواز و عدم جواز پر بحث ہے۔ ساتھ ہی بعض اعمال اور وظائف برائے حل مشکلات و قضاء حاجات مندرج ہیں۔ بہت سے مسائل تصوف بھی زیر بحث آگئے ہیں۔ قیمت ۸ ؎ منگوانے کا پتہ:-

مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

اہل حدیث کے متعلق علمائے احناف کا فتویٰ

مندرجہ ذیل مطبوعہ فتویٰ بغرض اشاعت ہمارے پاس پہنچا ہے۔ جس میں مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب دہلوی صدر جمعیۃ العلماء ہند کا فتویٰ اور دیگر علمائے احناف کی تصدیقات مندرج ہیں۔ اگرچہ اس قسم کے فتاویٰ اکابر حنفیہ کرام مثل مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی۔ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمہم اللہ تعالیٰ شائع شدہ ہیں۔ تاہم فتوے ہذا جو بھیجنے والے نے بغرض اشاعت روانہ کیا ہے۔ اس لئے شائع کیا جاتا ہے :- (مفتی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین محمدی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مسئلہ میں کہ

(۱) اہل حدیث کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

(۲) اہل حدیث کے ہاں بچوں کی شادی بیاہ کرنا درست ہے یا نہیں؟

(۳) اہل حدیث سے سلام و کلام کرنا درست ہے یا نہیں؟

(۴) اہل حدیث کو نماز جماعت سے نکالنا درست ہے یا نہیں؟

(۵) اہل حدیث کو مارنا کیسا ہے؟ اور مسجد میں نماز پڑھنے سے روکنا کیسا ہے؟ مارنے والا اور نماز سے روکنے والا مستحق ثواب ہے یا مرتکب وعید؟

(۶) فعل مسنون یعنی آمین بالجہر و رفع الیدین سے چڑھنا کیسا ہے؟ اور زمانہ نبوی صلعم میں فعل مسنون ہذا سے چڑھنے والے کون لوگ تھے؟

(۷) اہل حدیث ہماری جماعت کے ساتھ نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اور ہم لوگ اہل حدیث کے ساتھ نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

(۸) ہم حنفی مذہب کے ہمراہ شامل صف ہو کر کسی شخص کا پکار کے آمین کہنا ہمارے سلئے موجب فساد نماز یا کراہیت نماز ہے یا نہیں؟ اگر ہمارے واسطے اس کا آمین کہنا موجب فساد نماز یا کراہیت نماز ہے تو یہ حنفی مذہب کی کونسی معتبر کتاب میں لکھا ہے؟

امید کہ جواب اس کا للہ حق مدلل و بصراحت ارقام فرمائیں اور اجر اس کا خدا سے پائیں۔ (مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۳۹ء یوم جمعہ۔ بینوا توجروا۔

الجواب

(۱) درست ہے۔

(۲) درست ہے۔

(۳) درست ہے۔

(۴) نماز یا جماعت سے روکنا جائز نہیں۔

(۵) گناہ ہے اور سخت گناہ ہے۔

(۶) آمین بالجہر اور رفع الیدین اگرچہ حنفیہ کے نزدیک مسنون نہیں ورنہ وہ ترک نہ کرتے تاہم ان افعال کو بنظر حقارت دیکھنا درست نہیں۔ کیونکہ بہت سے صحابہؓ و تابعینؒ اور ائمہ مجتہدینؒ ان کو سنت سمجھتے ہیں۔

(۷) دونوں ایک دوسرے کے ساتھ اور ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں۔

(۸) کسی کا حنفیوں کی جماعت میں شریک ہو کر آمین بالجہر کہنا حنفیوں کی جماعت کے لئے نہ موجب فساد ہے نہ موجب کراہیت نماز۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ دہلی

یہ جوابات سب صحیح ہیں۔ (سید سلیمان ندوی۔ اعظم گڑھ)

الجواب صحیح۔ (شکر اللہ المبارکفوری)

الاجوبۃ صحیحۃ۔ (محمد یٰسین غفرلہٗ المدارس فی المدرسۃ احیاء العلوم المبارک فوری)

یہ جوابات صحیح ہیں۔ (محمد محمود المعروفی)

الاجوبۃ کلہا صحیحۃ۔ (محمد یٰسین المعروفی المدرس الاول فی المدرسۃ القدسیۃ یاکوا ضلع چوبیس پرگنہ)

الجواب صحیح۔ ہدایت اللہ المشاقی المعروفی۔

جوابات سب صحیح ہیں۔ (رشید محمد رفیع معروفی غفرلہٗ)

الاجوبۃ کلہا صحیحۃ۔ (محمد نظام الدین معروفی عفی عنہ)

الجواب صحیح۔ (محمد الحمید عفی عنہ المعروفی)

الاجوبۃ کلہا صحیحۃ (محمد عثمان الاعظمی الحسینی اصحاب الحدیث والمفتی الحسینی ... بحر العلوم فاروقی مدرس مدرسہ ناصر العلوم قصبہ گھوسی)

یہ سب جوابات صحیح ہیں۔ (ولی محمد عفی عنہ گھوسوی) مجیب نے جو جواب لکھا ہے وہ صحیح ہے۔

(منظور احمد عفی عنہ الاعظمی الکوپاگنجی)

نوٹ :- اصلی فتویٰ ہمارے پاس موجود ہے جو صاحب چاہیں دیکھ سکتے ہیں۔

المعلن

بہی خواہانِ قوم (مولوی) محمد صفات اللہ، محمد عبدالرحمٰن، عبدالحلیم۔ کوپاگنج۔ ضلع اعظم گڑھ

یہ نقل اصل کے مطابق ہے۔ (محمد قاسم کوپاگنج)

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

بقیہ متفرقات از صفحہ ۱۱

اہل حدیث کانفرنس کیلئے از منشی محمد خان گوندل ۴

جمعیۃ تبلیغ اہلحدیث کیلئے " " " " ۴

اشاعت فنڈ " " " " ۴

حاجی عبدالرؤف صاحب مئو ضلع الہ آباد ۱۰؎

علمی سوال ایک روایت میں نے سنی ہوئی ہے کہ جس مجلس میں قرآن مجید پڑھا جاتا ہو آنے والا السلام علیکم نہ کہے۔ اگر کسی صاحب کی نظر سے یہ روایت گزری ہو تو اطلاع دیں۔ (ابو الوفاء)

غریب فنڈ میں عرصہ سے کوئی رقم نہیں آئی۔ ماہ رجب گزر گیا اور شعبان المعظم گزر رہا ہے۔ کسی صاحب خیر نے اس طرف توجہ نہیں فرمائی۔ اس وقت سائلین کی تعداد تیس ہے۔ مگر آمد کا یہ حال ہے کہ کئی ماہ سے بند ہے۔ اس لئے اصحاب خیر رمضان شریف میں اگر تھوڑی سی بھی ہمت کریں تو ان سب کے نام شروع جلد سے اخبار جاری ہو جائے۔

(آمد) از فتوی فنڈ ۔ از منشی محمد خان گوندل ۴ از سائل علاقہ انجمن اہل حدیث سید پور ۔ ۱۲؎ رحیم بخش تنگیانہ ۔ بقایا چندہ ۶؎

متفرقات

حساب دوستان ذیل میں ان خریداروں کے نمبر خریداری شائع کئے جاتے ہیں جن کی قیمت اخبار ماہ اکتوبر میں ختم ہو جائیگی۔ چونکہ اسی ماہ میں اہلحدیث کی موجودہ جلد بھی ختم ہو جائیگی۔ لہٰذا جملہ اصحاب کی خدمت میں اطلاعاً عرض ہے کہ اپنی اپنی قیمت اخبار جلد از جلد بھیجکر مشکور فرمائیں اور جن کے ذمہ بقایا قیمت ہے وہ بھی ارسال کردیں تاکہ اس جلد کا تمام حساب صاف ہو جائے۔

۴۰ - ۱۱۵ - ۱۹۰ - ۷۱۰ - ۱۵۵۲ -
۱۷۰۸ - ۱۷۷۵ - ۱۸۸۰ - ۲۰۸۲ -
۲۱۱۳ - ۲۱۲۳ - ۲۳۴۵ - ۲۹۸۷ -
۲۹۸۸ - ۳۲۹۵ - ۳۳۴۵ - ۳۳۴۷ -
۳۳۴۹ - ۳۵۴۷ - ۳۷۷۲ - ۳۹۰۴ -
۴۱۲۰ - ۴۸۴۴ - ۴۹۳۳ - ۵۰۳۲ -
۵۶۵۸ - ۵۶۷۲ - ۶۱۲۷ - ۶۶۳۰ -
۶۶۸۷ - ۶۷۱۴ - ۶۹۰۳ - ۷۰۵۸ -
۷۱۶۱ - ۷۶۳۱ - ۷۶۴۶ - ۸۱۱۵ -
۸۱۶۶ - ۸۳۷۲ - ۸۵۳۱ - ۸۶۴۴ -
۸۶۵۶ - ۸۶۶۳ - ۹۲۲۹ - ۹۲۳۶ -
۹۳۵۸ - ۹۴۴۵ - ۹۶۵۰ - ۹۸۵۴
۹۹۹۱ - ۱۰۰۴۶ - ۱۰۰۸۲ - ۱۰۴۲۷
۱۰۴۴۲ - ۱۰۴۵۰ - ۱۰۷۳۲ - ۱۰۷۴۹ -
۱۰۷۶۵ - ۱۰۷۷۲ - ۱۰۷۷۸ - ۱۰۷۸۲ -
۱۰۷۸۴ - ۱۰۹۴۷ - ۱۱۱۰۲ - ۱۱۲۳۴ -
۱۱۲۵۶ - ۱۱۲۵۹ - ۱۱۴۳۲ - ۱۱۴۴۹ -
۱۱۴۸۲ - ۱۱۴۸۵ - ۱۱۵۴۱ - ۱۱۵۷۵ -
۱۱۶۳۸ - ۱۱۷۰۲ - ۱۱۷۱۰ - ۱۱۷۱۱ -
۱۱۷۱۶ - ۱۱۷۵۱ - ۱۱۹۱۱ - ۱۱۹۳۷ -
۱۱۹۴۶ - ۱۱۹۴۹ - ۱۱۹۵۲ - ۱۱۹۵۵ -
۱۱۹۹۶ - ۱۲۰۳۴ - ۱۲۰۴۴ - ۱۲۰۶۵ -
۱۲۰۹۱ - ۱۲۰۹۷ - ۱۲۲۴۸ - ۱۲۲۵۵ -
۱۲۲۵۸ - ۱۲۲۹۲ - ۱۲۳۷۴ - ۱۲۳۹۹ -
۱۲۴۱۱ - ۱۲۴۱۹ - ۱۲۴۲۰ - ۱۲۴۴۰ -
۱۲۴۴۲ - ۱۲۴۴۳ - ۱۲۴۴۴ - ۱۲۴۴۵ -
۱۲۴۴۷ - ۱۲۴۵۰ - ۱۲۴۵۱ - ۱۲۴۵۲ -
۱۲۴۷۷ - ۱۲۴۷۹ - ۱۲۵۲۰ - ۱۲۵۲۷ -
۱۲۵۳۹ -

غریب فنڈ ۲۷۰۲ - ۷۳۶۰ - ۸۹۷۳ - ۱۰۷۵۶ -
۱۱۱۸۴ - ۱۱۸۰۶ - ۱۲۴۱۳ - ۱۲۴۴۶ -

جنگ یورپ اور اس کا اثر

ہندوستان میں موجودہ جنگ یورپ کا اثر تمام اشیاء کی گرانی ہے۔ مگر سب سے زیادہ گرانی کاغذ کی ہے۔ اس کے متعلق ہم ذیل میں معاصر "الفضل" کے ایک مضمون کا اقتباس درج کرتے ہیں:۔ "جنگ کے اثرات عمومی میں سے جو اس وقت تک ہندوستان پر پڑے ہیں اور پڑ رہے ہیں بہت بڑا اثر اخبارات پر پڑا ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ جنگ کی وجہ سے تمام چیزوں کے نرخ کچھ نہ کچھ بڑھ گئے ہیں۔ لیکن اخباری کاغذ کی قیمتوں میں یکم ستمبر کے بعد جو اضافہ ہوا ہے وہ دوسری تمام اشیاء کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ وہ کاغذ جو یکم ستمبر کو اڑھائی روپیہ فی رم تھا اس وقت اس کی قیمت پانچ روپیہ فی رم سے کم نہیں۔ اور ستم بالائے ستم یہ ہے کہ قیمت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور کاغذ والے پیشگی قیمت طلب کرتے ہیں۔ ابھی تک حکومت نے کاغذ کے نرخوں پر کنٹرول رکھنے کا کوئی انتظام نہیں کیا۔ اور یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں کامیاب بھی ہو سکتی ہے یا نہیں بہرحال اخبارات اس وقت سخت مشکلات میں مبتلا ہیں۔ معمولی اخباروں کا تو ذکر ہی کیا ہے بڑے بڑے سرمایہ دار انگریزی، اردو اخبارات بھی حجم کم کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اور کاغذ بھی ناقص قسم کا استعمال کر رہے ہیں۔ کئی اخبارات نے قیمتیں بڑھا دی ہیں" (الفضل ۱۵ ستمبر ۱۹۳۹ء)

ادارہ حالات مذکورہ بالا کے ماتحت "اہلحدیث" کا حال ہے۔ مگر اب تک بفضلہ تعالیٰ اسی ضخامت کے ساتھ اسی کاغذ پر شائع ہو رہا ہے جس پر موجودہ حالت میں سابقہ لاگت سے دگنا خرچ کیا جا رہا ہے۔ ایسی حالت میں ہم اپنے معزز ناظرین کی خدمت میں اپیل کرنے پر مجبور ہیں کہ اس وقت ان کو بھی "اہلحدیث" سے اپنی پوری وابستگی و خیر خواہی کا ثبوت دینا چاہئے جس کی صرف دو ہی صورتیں ہیں:۔

اول:۔ ہر خریدار کم از کم ایک ایک نیا خریدار ضرور بنا دے۔ (اگر ہو سکے تو اس کی قیمت اخبار سالانہ یا ششماہی بذریعہ منی آرڈر بھجوا دے ورنہ دفتر کو وی پی کرنے کی اجازت دے)

دوم:۔ جن اصحاب کی قیمت ختم ہے وہ مبلغات جلد از جلد روانہ کردیں خصوصاً مہلت یافتگان حضرات کا تو ایسے وقت میں سابقہ حسابات کا صاف کر دینا دفتر کو بہت تقویت کا باعث ہوگا۔ آج کل روپیہ کی اشد ضرورت ہے۔

کیا ہم امید رکھیں کہ ناظرین ہر دو تجاویز پر عمل پیرا ہو کر اپنے اخلاص اور صدق دلی کا ثبوت دیں گے۔

شکریہ مولوی عبدالعزیز صاحب مقیم اکاڑہ اور بابو حبیب اللہ صاحب جمشید پوری نے ماہ ستمبر میں "اہلحدیث" کے لئے ایک ایک نیا خریدار بنا کر اپنے تبلیغی اخلاص کا ثبوت دیکر ہمیں مرہون منت فرمایا ہے۔ ادارہ اہلحدیث ان ہر دو حضرات کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوا ان سے آئندہ بھی ایسی ہی توقعات رکھتا ہے۔

رسالہ خاکساری تحریک اور اس کا بانی چھپنا شروع ہو گیا ہے۔ ابتدائی کاپیاں چھپ چکی ہیں۔ شائقین رسالہ ہذا کی اشاعت میں جس قدر امداد کرنا چاہیں وہ بہت جلد ارسال کردیں۔ نیز جہاں اس رسالہ کی ضرورت ہو وہاں کی نسبت ہو تعداد مطلوبہ سے اطلاع دیں۔

آمد منشی محمد خان گوندل چک جاتو ۶ روپے کے عبداللہ صاحب مشکور عمر۔ مولوی عبداللہ صاحب کھیاڑوالی ۲ روپے مدرسہ مدینہ منورہ کے لئے از منشی محمد خان موصوف

ملکی مطلع

جنگ کی رفتار

جنگ کی خبریں جو آج کل آرہی ہیں ان کے ظاہری الفاظ سے تو جنگ کی رفتار سست معلوم ہوتی ہے مگر قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ فریقین اپنے اپنے محاذات کو قوی کر رہے ہیں۔ پولینڈ کے دارالحکومت وارسا کے فتح ہو جانے کی خبر ابھی تک تصدیق نہیں ہوئی۔ بلکہ آمدہ خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ پولش اور جرمنوں کے درمیان وارسا کے قریب سخت لڑائی ہو رہی ہے۔ نیز آمدہ خبروں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ روس بھی جنگی کارروائی کر رہا ہے اور وہ اپنی سرحد کے قریب پولینڈ کے بہت سے اضلاع پر قابض ہو گیا ہے۔ پولینڈ کی گورنمنٹ وہاں سے منتقل ہو کر رومانیہ پہنچ گئی ہے۔ ان کے چلے جانے کو روسی گورنمنٹ نے خوب بہانہ بنایا ہے کہ جس پولش گورنمنٹ سے ہمارا معاہدہ تھا وہ اب معدوم ہو گئی۔ اس لئے ہم اس وعدے کے پابند نہیں ہیں۔

حقیقت الامر یہ ہے کہ دول یورپ کے معاہدے اور ان کے معانی وہی جان سکتے ہیں۔ ہم لوگ قاصر العلم دور بیٹھے ہوئے صحیح معنے نہیں سمجھ سکتے۔

فرانس جرمنی کی سرحد پر سخت جنگ کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جنگ یورپ ابھی شروع ہی نہیں ہوئی۔ پولینڈ کی لڑائی تو ایک بہانہ تھی۔ جیسا کہ گذشتہ جنگ یورپ میں سرویا (یوگوسلاویہ) کی حفاظت کو بہانہ بنایا گیا تھا۔ جرمنی کے مغربی محاذ پر صرف فرانس کی فوجیں نہیں لڑینگی بلکہ انگریزی فوجیں بھی شریک کار ہونگی جو وہاں پہنچ چکی ہیں۔ فرانس اور جرمنی کی حکومتوں نے اپنی اپنی سرحدوں پر جو ایک دوسرے سے ملتی ہیں قلعوں کی بجائے مضبوط لائنیں تعمیر کرائی ہوئی ہیں جو ان کے خیال میں ناقابل شکست ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ آیت گویا انہی قلعوں کی طرف اشارہ ہے۔

ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

دونوں طرف کے قلعے جس مضبوطی سے بنے ہونگے اس کا نمونہ ہمارے پنجاب کے ضلع راولپنڈی میں ملتا ہے جہاں زمین دوز قلعے اس ضرورت کے لئے بکثرت بنے ہوئے ہیں۔ لیکن جن دنوں یہ قلعے بنے تھے ان دنوں ہوائی جنگ کا نشان گمان بھی نہ تھا۔ اب تو گویا انہی زمین دوز قلعوں پر جنگی طاقت کا مدار ہے۔ اس لئے یہ قلعے جو فرانس اور جرمن سرحدوں پر بنائے گئے ہیں موجودہ ضرورت کے لحاظ سے بہت ہی مضبوط ہونگے۔ جو فریق اپنے مخالف کے قلعوں کی لائن کو توڑ کر اس کے ملک میں جا داخل ہوگا وہی غالب سمجھا جائیگا۔ باقی جنگی حالات خبروں کے صفحے پر ملاحظہ کریں۔

ذیل میں ہم معاصر "الفضل" سے ایک نوٹ نقل کرتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ اس وقت یورپ کے مختلف ممالک جنگی انتظامات پر کس طرح بے دریغ روپیہ صرف کر رہے ہیں:۔

"مختلف ممالک کے جنگی اخراجات

آج کل روس اسلحہ سازی پر چالیس لاکھ پونڈ انگلستان ۲۷ لاکھ پچاس ہزار پونڈ۔ جرمنی ۱۹ لاکھ پونڈ۔ جاپان ۱۴ لاکھ پچیس ہزار پونڈ اور فرانس آٹھ لاکھ پونڈ روزانہ کے حساب سے خرچ کر رہے ہیں۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ دنیا کی تباہی کے لئے کس سرگرمی سے سامان مہیا کئے جا رہے ہیں۔

ڈیلی ایکسپریس نے لکھا ہے کہ گذشتہ سال میں برطانیہ کی اسلحہ ساز کمپنیوں کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ بعض صورتوں میں تو یہ گذشتہ سالوں کی نسبت پانچ سو گنا زیادہ ہے۔ بعض کمپنیوں کو ۷۰ فیصدی فائدہ ہوا اور ساٹھ ستر فیصدی سے کم تو شاید ہی کسی کو ہوا ہو۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ برطانیہ اس وقت ایک ہزار تین سو پونڈ فی منٹ کے حساب سے سامان حرب پر خرچ کر رہا ہے۔" (الفضل ۲۳ ستمبر ۱۹۳۹ء)

ماسٹر عنایت اللہ مشرقی اور حکومت یوپی

مشرقی صاحب کے متعلق آج کل اخباروں میں بڑا چرچا ہو رہا ہے کہ انہوں نے حکومت یوپی سے کوئی معاہدہ کیا تھا یا نہیں۔ اگر نہیں کیا تو حکومت یوپی نے ان کو گرفتار کیوں کیا؟ ہمارے خیال میں مدار گفتگو صرف یہ ہونا چاہئے کہ مشرقی صاحب نے کسی تحریری معاہدہ کے مسودہ پر تصدیقی دستخط کئے تھے یا نہیں۔ حکومت یوپی (لکھنؤ) نے اس واقعہ کی مفصل رپورٹ شائع کر دی ہے۔ جس کی ایک کاپی دفتر الوحدت میں بھی پہنچ گئی ہے۔ وہ رپورٹ تفصیل کے ساتھ ہم کسی موقع پر شائع کرینگے۔ (ان شاء اللہ!)

مجمل مضمون اس کا یہ ہے کہ عنایت اللہ صاحب مشرقی نے حکومت یوپی کے متعلق جو طرز عمل اختیار کیا وہ خلاف قانون تھا اور جو حکومت نے جو ان کے ساتھ برتاؤ کیا وہ بقول حکومت یوپی مطابق قانون ہے۔

ہم بھی جہاں تک غور کرتے ہیں اور فرمان خداوندی وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا مدنظر رکھتے ہیں تو ہماری بھی رائے معلوم ہوتی ہے کہ مشرقی صاحب نے جو طریق عمل اختیار کیا وہ یقیناً ایسا تھا کہ اگر آپ پنجاب جیسی مسلم وزارت کے ماتحت بھی ایسا کرتے تو ان کے ساتھ وہی برتاؤ ہوتا جو لکھنؤ میں ہوا۔ کیا کوئی حکومت ایسی آواز کو سن سکتی ہے کہ ہم خاکسار لکھنؤ میں پہنچ کر کانگرسی حکومت کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینگے، خون کی ندیاں بہا دینگے، شیعہ سنی لیڈروں کو قتل کی سزا دینگے وغیرہ وغیرہ۔ اگر کوئی مانا ہوا اس قسم کے اعلانات لاہور میں کرکے دیکھے تو یہاں بھی کیا برتاؤ ہوتا ہے۔ اب جو خاکساروں سے

باتباع کانگریس مجلس احرار وغیرہ لکھنؤ میں سول نافرمانی کے لئے جتھے بھیجنے شروع کئے ہیں۔ ہم اس کو خلاف سنت مطہرہ سمجھتے ہیں۔ جس کی تفصیل آیندہ پرچہ "اہلحدیث" میں ناظرین کے ملاحظہ سے گزریگی انشاء اللہ۔

بہرحال خاکسار سپاہیوں نے بقول اپنے ہیرو مشرقی صاحب کے مدنی زندگی کا ثبوت دینا شروع کیا۔ مگر عجیب تضاد ہے کہ مدنی زندگی میں صحابہ کرام کا پہلا مقابلہ کفار کے ساتھ بدر کے موقع پر ہوا تھا اس جنگ میں صحابہ رضی اللہ عنہم کو نمایاں فتح حاصل ہوئی تھی۔ جس کا ذکر کلام اللہ میں یوں آیا ہے:-

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

لیکن خاکساری تحریک کو مدنی زندگی میں داخل ہوتے ہی فتح کی بجائے شکست حاصل ہو رہی ہے گو وہ اس شکست کا نام اپنی اصطلاح میں فتح رکھیں ہمیں بھی اس اصطلاحی نام پر بحث نہیں ہوگی بقول سہ

مجھے تو ہے منظور مجنوں کو لیلے
نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی

مگر عام رائے کو کوئی شخص اپنے زور کلام سے تبدیل نہیں کر سکتا۔ اس بارے میں عام رائے یہی ہے جس کو اس کہاوت میں بتایا گیا ہے کہ

سر منڈاتے ہی اولے پڑے

تفصیل آیندہ پرچے میں ہوگی۔ انشاء اللہ امرتسر ناظرین آشنا سن لیں کہ خاکساروں کی جماعتیں نافرمانی کے لئے لکھنؤ جا رہی ہیں۔ امرتسر سے بھی بیس پچیس خاکسار اس سلسلہ میں گئے ہیں۔

حکومت یوپی کے اعلان سے معلوم ہوتا ہے کہ خاکساروں کے جتھوں کو لکھنؤ پہنچنے نہیں دیا جائیگا بلکہ صوبے کی حدود پر گرفتار کرکے جہاں کے لائق ہونگے پہنچا دیا جائیگا۔ کیونکہ سابق صوبہ یوپی میں ان کا داخلہ ممنوع ہے۔ جو بھی صوبہ یوپی میں قدم رکھیں گے ان کی نافرمانی ثابت ہو جائے گی اس لئے حکومت یوپی کے ہر ضلع کے دوسرے کی [illegible]

بعض بچوں کو حکم دیا ہے کہ خاکساروں کے متعلق انتظام ٹھیک رکھیں۔

خدا ان بھولے بھالے مسلمانوں کو اتباع سنت مطہرہ پر عمل کرنے کی توفیق بخشے۔

گذارشِ ضروری

قصبہ مئو ائمہ ضلع الہ آباد کا ایک تاریخی مقام ہے بڑے بڑے اہل علم و اصحاب فضل یہاں پر گزرے ہیں۔ محلہ کوٹ کے علاوہ دیگر تمام محلے برادران احناف کے ہیں۔ ان کا ایک بہت بڑا مدرسہ بنام انوار العلوم عرصہ بیس سال سے قائم ہے۔ جس میں اہل حدیث بھی چندہ دیا کرتے تھے اور ان کے بچے بھی اس میں تعلیم پاتے تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد اہل حدیث بچوں کو تعلیم میں رکاوٹ ہونے لگی۔ نیز دیگر وجوہات کی بنا پر آپس میں سخت کشیدگی پیدا ہوگئی۔ اہل حدیثوں نے جب چندہ دینا بند کر دیا اور اپنے بچوں کی تعلیم کا الگ انتظام کرنے کا خیال کیا تو ہمارے برادران احناف نے ہمارا مکمل بائیکاٹ کر دیا۔ جس کو عرصہ تقریباً پانچ سال کا ہوتا ہے۔ انہیں وجوہات کی بنا پر اہل حدیث حضرات نے ایک مدرسہ ضیاء العلوم عرصہ تین سال سے قائم کیا۔ کیونکہ اس ضلع الہ آباد و پرتاب گڈھ میں کوئی ایسا مدرسہ اہل حدیث کا نہیں ہے۔ جس میں عربی فارسی اور اردو وغیرہ کا کافی انتظام ہو چونکہ یہاں قانون تعلیم جبریہ کا جاری ہے کوئی مدرسہ بلا منظور ہوئے تعلیم نہیں دے سکتا۔ لہذا اسکے منظور ہونے کے لئے مسلسل کوششیں ہوتی رہیں۔ بحمد اللہ اس سال مدرسہ منظور ہو گیا ہے اور بورڈ نے نو روپیہ امداد بھی دینا منظور کیا ہے۔ فی الحال مدرسہ میں دو مدرس ہیں۔ ایک مولانا محمد ابوالخیر صاحب رحمانی برائے تعلیم عربی و فارسی و دیگر منشی انعام الحق صاحب برائے تعلیم اردو حساب جغرافیہ وغیرہ۔ دونوں حضرات نہایت محنت کے ساتھ تعلیم دے رہے ہیں۔ پہلے دونوں ایک مسجد میں تعلیم دی جاتی تھی۔ اب فی الحال مدرسہ جناب حاجی عبدالرؤف صاحب سرپرست مدرسہ ہذا کی کوٹھی میں ہے۔ مگر مدرسہ کے لئے اب مستقل مکان کی ضرورت ہے۔ مستقل مکان ہونے کے بعد بیرونی طلبہ کی تعلیم و قیام و طعام کا انتظام انشاء اللہ کرنے کا خیال ہے۔ ارادے بہت کچھ ہیں۔ اللہ تعالے کامیاب فرماوے۔

چونکہ یہاں کی جماعت بہت غریب اور کمزور ہے اور مدرسہ کا خرچ بہت بڑھ گیا ہے۔ آمدنی کے ذرائع بالکل محدود ہیں۔ لہذا جملہ اصحاب خیر اہل حدیث حضرات کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس مبارک مہینہ میں اس مدرسہ کا ضرور خیال رکھیں اور اس کی اعانت امداد فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

امداد بھیجنے کا پتہ :- حاجی عبدالرؤف المہم الدین مقام مئو ائمہ ضلع الہ آباد۔

المعلن :- حکیم ابوالضیاء محمد قمر الدین منیجر مدرسہ ضیاء العلوم مقام مئو ائمہ ضلع الہ آباد

(عہ برائے اشاعت فنڈ وصول)

پہاڑی سڑکوں پر موٹروں کی آمدورفت

کانگڑہ میں بندشیں عائد کر دی گئیں

(از محکمہ اطلاعات پنجاب)

صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کانگڑہ نے موٹر گاڑیوں کے قواعد مصدرہ ۱۹۳۱ء کے قاعدہ ۹۳ کے ماتحت حکم صادر فرمایا ہے کہ کوئی موٹر لاری خواہ وہ پرائیوٹ ہو یا پبلک جسے سامان لے جانے کی اجازت دی گئی ہو۔ ضلع مذکورہ کی پہاڑی سڑکوں پر نہیں چلائی جائیگی۔ اگر سامان کا وزن ۴۵ من سے زیادہ ہو۔ اسیطرح مسافروں کی کوئی پبلک موٹر گاڑی اس ضلع کی پہاڑی سڑک پر نہیں چلائی جائے گی۔ اگر ڈرائیور اور موٹر گاڑی کے ملازم کو شامل نہ کرتے ہوئے اسے ۱۹ سے زیادہ مسافر لے جانے کی اجازت دی گئی ہو۔

[illegible]

ناظرین خط و کتابت کے وقت نمبر خریداری [illegible]

ahmadimuslim.de

موميائی

منجانب [illegible]

مصدقہ علمائے اہل حدیث و بزرگان [illegible] آف آرایف

علاوہ ازیں دوسرے قابل وثوق شہادات آتی رہتی ہیں
[illegible] پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔
ابتدائی سل دق [illegible] کھانسی [illegible] کمزوری [illegible] کو رفع
کرتی ہے گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے [illegible]
اور [illegible] کی کمزوری دور ہو جاتی ہے [illegible]
[illegible] درد موقوف ہو جاتا ہے [illegible] کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال ہوتی ہے دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت بچے
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے ضعیف العمر کو
[illegible] کا کام دیتی ہے ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ [illegible] سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک [illegible] آدھ پاؤ [illegible] پاؤ بھر [illegible] مع محصولڈاک
[illegible] سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔
[illegible] ایک پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک پیشگی
بذریعہ منی آرڈر۔ نیز ایک پاؤ سے کم روانہ کی
جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

ہمارا بہترین شہادات

جناب احمد علی صاحب [illegible] میں نے چند مرتبہ چند
دوستوں کے لئے آپ کے ہاں سے موميائی منگائی۔
[illegible] اس نے [illegible] پاؤ موميائی
[illegible] ارسال فرمائیے۔ [illegible]
جناب حافظ محمد [illegible] الدین صاحب [illegible] میں
نے ایک چھٹانک موميائی آپ کے کارخانہ سے [illegible]
میں منگائی [illegible] فائدہ ہوا ہے۔ لہذا
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کرم [illegible]

خوشخبری رمضان شریف

یہ کارخانہ ہر سال رمضان شریف میں رعایت کیا کرتا ہے
بدستور سابق خریدار فائدہ اٹھائیں۔
احمرقانی مصدقہ حضرات الاطباء و حکماء و رؤسا وغیرہم
جن کے اسماء مع تصدیقات بارہا اخبارات میں شائع
ہو چکے ہیں۔ دو حال کی شہادتیں۔ [illegible] جناب
مولانا مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب (امرتسر) آپ کے
[illegible] روغن احمرقانی منگایا تھا بہت ہی مفید
ثابت ہوا۔ تار اور روانہ کیجیے۔
[illegible] ٹھاکر صاحب [illegible] تحریر فرماتے
ہیں آپ کا دو دفعہ منگا کر استعمال کیا بعضا بایاں
[illegible] کانپتا تھا۔ کانپ اور [illegible] بند ہو گیا
ایک سیر اور بھیجیں۔
یہ تیل باوجود خوشبودار ہونے کے اکثر امراض
درد اعضاء [illegible] ورم۔ چوٹ۔ لقوہ۔ فالج۔ گنٹھیا۔
کھانسی۔ دمہ۔ بخار۔ نمونیا۔ جوگا [illegible] اطفال۔ آنت
اترنا۔ درد و ورم خصیہ۔ جلے و کٹے ہوئے زخموں وغیرہ
میں اکسیر مجرب ہے۔ قیمت فی سیر پانچ روپے (صہ)
رعایتی فی سیر تین روپے (سے)
(منگوانے کا پتہ)
منیجر روغن احمرقانی پوسٹ تیلنی پارہ ضلع ہوگلی

مردوں اور [illegible] کے [illegible]

[illegible] قرآن مجید [illegible] آسان [illegible]
[illegible]
[illegible] طرح سے علیحدہ [illegible]
[illegible] کے [illegible] درج ہیں [illegible]
[illegible] منگوا کر تجربہ فرمائیے
[illegible] مجلد شہری تین روپے
[illegible] مجلد شہری [illegible]
[illegible] القرآن [illegible] آسان۔ اس [illegible]
[illegible]

حضرت سید احمد شہید و مولانا اسمٰعیل شہید

تیرھویں صدی کے مجدد اعظم، محی السنۃ، مجاہد اکبر حضرت سید احمد
شہید رائے بریلوی اور آپکے خلیفہ حضرت ناصر السنۃ قامع البدعۃ
خالد ثانی، حجۃ الاسلام مولانا محمد اسماعیل شہید کے نام نامی
سے ہندوستان کا کون مسلمان ناواقف ہے لیکن شہیدین
کے مجددانہ کارنامے، احیاء سنت، تنظیم ملت اور اقامت
خلافت کی محیر العقول کوششیں بہ حیثیت نظام شرعی
کی برکات، انکی تحریک جہاد کے صحیح مقاصد و اسباب،
انکے رفقاء و متبعین کے سحر انگیز و دل آویز اخلاق و اوصاف
قربانی و ایثار، جہاد فی سبیل اللہ اور صبر و استقامت کے
رقت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشات ثانیہ
کی صحیح تاریخ (عام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپکی مخصوص جماعت
کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اسوقت تک جتنی کتابیں
ان دونوں بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں (خدا
انکے مصنفین کو جزائے خیر دے) وہ بوجوہ چند تمام پہلوؤں
پر حاوی نہیں ہیں۔ ہندوستان کے مشہور [illegible] کہ خود ہوکر
حضرت سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابوالحسن
علی ندوی استاد دارالعلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور
جستجو کے بعد سیرت سید احمد شہید کے نام سے کتاب تالیف فرمائی
ہے جو اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب ہے
جسکی تالیف میں خاندانی کاغذات، سرکاری رپورٹوں، اردو
فارسی۔ انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا
گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۴۰ صفحہ۔ کتابت، طباعت
عمدہ۔ جلد سنہری خوبصورت۔ ابتدا میں علامہ سید سلیمان
ندوی کا دس صفحہ کا فاضلانہ و بصیرت افروز مقدمہ ہے۔
قیمت مجلد عہ محصولڈاک بذمہ خریدار۔ تاجران کتب کمیشن
بذریعہ خط و کتابت طے کریں۔ (ملنے کا پتہ)
محمد معین الدین کتب خانہ ۳۷ گوئن روڈ لکھنؤ
نوٹ: صوبہ پنجاب کے احباب بارٹ ہول ایجنٹ
مولوی عبید الحق خان کتبخانہ علمیہ مدرسۃ البنات
جالندھر کو لکھیں

ahmadmuslim.de

(۳۱)

تمام دنیا میں بے مثل
غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر
مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۲/۸

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:- مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی
حافظ محمد ایوب خان غزنوی
مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

انقلاب افغانستان کے صحیح حالات

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں۔ سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اور خواتین اور ملاؤں کی طاقتوں کے حالات۔ بچہ سقاؤ کی بادشاہت کے حالات غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کرکے جب تک ختم نہ ہولے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت ۲۰×۲۶/۸ کے ۵۶۴ صفحات۔ قیمت تین روپے (۳) - رعایتی ۲/۸ روپے

منگوانے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر

(۲۳)

کم از کم

ڈیڑھ دو پیسہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمالیجئے۔ نوٹ:- حلفیہ تحریر کر کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔

پتہ:- منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

اگر آپ

کامل صحت چاہتے ہیں تو ہماری تیار کردہ اکسیر ہاضمہ دوائی کا فوراً استعمال شروع کر دیں۔ کیونکہ اس سے ہیضہ بدہضمی۔ کھٹی ڈکاریں۔ پیٹ کا درد۔ قے۔ منہ کا ذائقہ خراب ہونا۔ بھوک کم لگنا وغیرہ تمام نقص دور ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی ڈبہ عہ۔ محصول ۸/

منگوانے کا پتہ:- منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی خزانہ گیٹ۔ کوچہ جٹاں۔ امرتسر

رحمۃ اللعالمین

(مصنفہ قاضی محمد سلیمان صاحب پٹیالوی)

جس میں حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی مستند سوانحعمری مفصل و مکمل طور پر لکھی گئی ہے جو اپنی خوبی کے لحاظ سے اپنوں اور بیگانوں میں یکساں مقبول ہے۔ اسی وجہ سے جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن اور جامعہ عباسیہ بہاول پور اور جامعہ ملیہ دہلی۔ مدرسہ دیوبند اور دیگر اسلامی درسگاہوں کے نصابات میں داخل ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ جلد اول ۱۲/۔ جلد دوم ۳/۔ جلد سوم ۳/

مفتاح القرآن مجلد سنہری

یعنی

قرآن پاک کی عربی لغات (ڈکشنری)

یہ ایک بے نظیر تحفہ ہے۔ تقریباً ستر ہزار حوالجات ایک ایک کرکے یکجائی طور پر جمع کئے گئے ہیں حوالہ میں پارہ، رکوع، نمبر آئت اور سورت تک دیا گیا ہے۔ تاکہ کسی پہلو سے حوالہ نکالنا چاہیں فوراً نکل آئے۔ ضخامت ساڑھے آٹھ سو صفحات سائز ۲۰×۳۰/۸۔ قیمت مجلد سنہری تین روپے (۳) کاغذ۔ کتابت، طباعت عمدہ۔

کلید قرآن

مع حوالجات اردو ترجمہ

یہ کلید ہر ایک مبلغ۔ مناظر۔ مصنف اور مضمون نویس بلکہ ہر ایک مسلمان کی جیب میں ہر وقت رہنی نہائت ضروری ہے۔ قرآن کریم کا حوالہ اور ترجمہ دیکھنے میں کامیاب ہتھیار ہے۔ سفر کے لئے نہائت کارآمد چیز ہے۔ ضخامت ۲۲۶ صفحات۔ سائز جیبی قیمت مجلد سنہری آٹھ آنے (۸/)

تفسیر واضح البیان اردو

(مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی)

کہنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے مگر حقیقتاً اسمیں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ قرآن مجید کے معارف اور نکات کو واضح کیا گیا ہے۔ سائز ۲۰×۳۰/۸۔ ضخامت ۴۸۰ صفحات۔ قیمت بے جلد ۲/۔ مجلد ۳/۔

سیرت ابن ہشام

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی تمام سوانحعمریوں میں سب سے پہلی کتاب ہے۔ علامہ ابو محمد عبد الملک نے اصل کتاب عربی زبان میں لکھی تھی۔ جس کا بامحاورہ سلیس اردو ترجمہ کیا گیا ہے۔ صحت واقعات کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ منگواکر دیکھئے قابل دید ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۲/۸

منگوانے کا پتہ:- منیجر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ahmadimuslim.de

رمضان المبارک کے لئے متبرک تحفے

اکیس خوبیوں والی حمائل شریف

اس کی تقطیع نہایت موزوں ہے کہ سفر اور حضر دونوں میں پاس رہ سکتی ہے۔ زیر متن ترجمہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے۔ حاشیہ پر مختصر مگر جامع المطالب تفسیر ہے۔ جو کہ تفسیر کبیر، ابن جریر، درمنثور۔ خازن۔ ابن کثیر۔ مدارک۔ ابن ابی حاتم۔ مسند جواد۔ مسند امام احمد۔ موضح القرآن۔ فتح العزیز و صحاح ستہ مثل بخاری۔ مسلم اور ترمذی وغیرہ سے ملخص کر کے حاشیہ پر چڑھائی گئی ہے۔ مجلد چرمی منقش۔ نہایت پختہ۔ ہدیہ للعہ روپے۔

قرآن شریف مترجم

(از مولانا وحید الزمان صاحب حیدر آبادی مرحوم) مع حواشی تفسیر وحیدی۔ سائز کلاں۔ نہایت جلی حروف۔ لکھائی چھپائی بہت عمدہ۔

ہر اہل حدیث گھر میں ضرور موجود ہونا چاہئے۔ بےنظیر اور قابل دید کتاب ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اعلےٰ۔ ہدیہ عللہ روپے۔

قرآن شریف مترجم

ترجمہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مرحوم دہلوی۔ قابل دید تحفہ ہے۔ حنا شدہ۔ مجلد چرمی ہدیہ صرف ؏۔ (ڈھائی روپے)

مترجم حمائل شریف

[illegible] عمدہ۔ از مولانا ڈپٹی نذیر احمد صاحب [illegible] کی خوبیاں تعریف [illegible] بیت مقبول ہے۔ خود منگوائیں [illegible]

معجز نما حمائل شریف مترجم

زیر متن ترجمہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی حاشیہ پر کامل تفسیر اُردو۔ شروع میں مقدمہ سوانحعمری خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم۔ حنا شدہ ہدیہ مجلد للعہ (چار روپے)

حمائل شریف مترجم

ترجمہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مرحوم بر حاشیہ فوائد موضح القرآن از شاہ عبد القادر صاحب رحمہ اللہ۔ جلد عمدہ۔ پختہ چرمی۔ ہدیہ للعہ۔

حمائل شریف مترجم

از شاہ عبد القادر صاحب دہلوی مرحوم۔ ہدیہ جلد پارچہ عہ (ڈیڑھ روپیہ)

معجز نما متوسط قرآن شریف مترجم

بدو ترجمہ زیر متن

ترجمہ اول شاہ رفیع الدین صاحبؒ۔ ترجمہ دوم مولانا اشرف علی صاحب اور حاشیہ پر کامل تفسیر اُردو ہے۔ شروع میں تمام پیغمبروں کے حالات و عملیات و فہرست مضامین۔ حنا شدہ۔ مجلد لعہ

قرآن مجید مصری

۱۵ سطری مجلد پارچہ عہ۔ مجلد چمڑا عہ
۱۳ سطری۔ مجلد پارچہ عہ۔ مجلد چمڑا عہ

جیبی حمائل شریف مصری

خوبصورت اور صحیح حروف مجلد پارچہ۔ قابل دید ہے ہدیہ صرف ۱۲ (بارہ آنے)

طبیب کامل

المعروف

مجرب فارما کوپیا حصہ اول

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات، آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات۔ مشاہیر اطباء حکیم شریف خاں صاحب۔ حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب و دیگر معروف اطبائے ہند و یورپ کے بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ مؤلف کے خود ذاتی و خاندانی مجربات کا بیان کیا گیا ہے۔ ہر شخص کو چاہئے کہ اس کو منگوا کر اپنے پاس رکھے۔ قابل دید ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۲ر

مؤلفہ حکیم ڈاکٹر محمد عبد اللہ صاحب امرت سری

آئینہ مذاہب امامیہ

اُردو ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ

مصنفہ شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ جس میں شیعہ مذہب کے تمام فرقوں کے مفصل حالات پر تبصرہ۔ ان کے عقائد۔ اعمال، غرضیکہ ہر بات پر عالمانہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل کتاب فارسی زبان میں تھی مگر اُردو خوان ناظرین کے لئے اُردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ایک نایاب کتاب ہے۔ شیعہ مذہب کے تمام دلائل کا جواب دیا گیا ہے۔ قیمت تین روپے

خون کے آنسو

اس میں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ حالت اور موجودہ روش ان کے لئے تباہ کن ہو گی۔ اگر وہ اس تباہی سے بچنا چاہتے ہیں تو ان کو فوراً اپنی روش بدل دینی چاہئے اور ان تدابیر پر عمل کرنا چاہئے جو اس کتاب میں درج کی گئی ہیں۔ قیمت عہ

مندرجہ کتب منگوانے کا پتہ

منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

کتب خانہ ثنائیہ امرتسر کے علمی جواہر ریزے

بیان یہ سورہ آل عمران کی تفسیر ہے۔ اس میں الوہیت مسیح۔ معجزات ابن مریم اور وفات وحیات عیسیٰ علیہ السلام پر حکیمانہ بحث کی گئی ہے اور احبار و رہبان کے عقائد باطلہ کی تردید کی ہے کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت عہ

سبیل الرشاد مجلس شوریٰ کی ترتیب۔ ارکان کے انتخاب ... مجتہدین اسلام کے شرائط و لوازمات پر بحث کی گئی ہے

صراط مستقیم اس میں سورہ انفال و توبہ کے حقائق و معارف کو دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے جو مسلمانوں کے لئے ایک بلند پایہ دعوت عمل ہے۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲؎

ذکری یعنی پارہ عم کی عالمانہ و محققانہ تفسیر جس میں جزا و سزا کا مفصل ذکر کرنے کے سینکڑوں علمی مسائل زیر بحث آگئے ہیں ... کاغذ۔ کتابت، طباعت عمدہ۔ قیمت ۱۲؎

چالیس حدیثیں اس کتاب میں وہی چالیس حدیثیں انتخاب فرمائی ہیں جو خاص طور پر بچوں کے لئے سبق آموز ہیں۔ مختلف عنوانات مثلاً سادگی۔ استقلال۔ اتفاق وغیرہ کے ماتحت درج کی گئی ہیں اور ان کا ترجمہ و تشریح بھی کی گئی ہے۔ قیمت ۲؍

تاریخ نجد از قلم مولانا حافظ محمد اسلم صاحب جیراجپوری جس میں نجد اور نجدیوں کی مفصل تاریخ مع حالات و واقعات درج ہے۔ قیمت عہ

تاریخ القرآن ... مصنف ... کی تصنیف ہے۔ جس میں قرآن مجید ...

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ لنڈے کی چھپائی نہایت عمدہ خوشنما اعلیٰ۔ رنگ دار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بذات خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کرکے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے۔

منیجر ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر

عرب کا چاند

سید الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ ایک غیر مسلم (سوامی لکشمن جی مہاراج) کے قلم سے۔ یوں تو آپ نے اکثر غیر مسلموں کے خیالات سنے ہوں گے اور پڑھے ہوں گے۔ مگر سوامی جی موصوف نے پورا پورا حق انصاف ادا کر دیا ہے۔ پڑھئے اور مفید پائیے ہندو مسلم اتحاد کے لئے بہت مفید ہے۔ ملک کے مشہور جرائد اور ممتاز اصحاب نے بہت پسند کیا ہے۔ کتابت۔ طباعت۔ کاغذ عمدہ۔ قیمت صرف ... محصول ڈاک علیحدہ ہوگا۔

منگوانے کا پتہ: منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

تاریخ مصر ابتدائی قرنوں سے زمانہ حاضرہ تک کے تمام واقعات و حالات اور ... درج ہیں ... قابل دید ہے۔ قیمت عہ

منگوانے کا پتہ } منیجر اہلحدیث امرتسر

عبرت سورہ یوسف کی تفسیر جو نصیحت آمیز و عبرت انگیز تاریخ ہے ... دلچسپ انداز میں لکھی ہے ...

سبل السلام ... کی تفسیر ... اس میں شائع ہوئی ہے اور اہل ... حضرات میں بڑی مقبول ہو رہی ہے۔ قیمت ...

خلفائے اربعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ... چاروں خلیفوں کے حالات ...

... قیمت ...

بیان ... قیمت ...

برہان ... کی عالمانہ و محققانہ تفسیر ... مطالعہ کتاب ہے۔ قیمت عہ

مبارک رسول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ... قیمت عہ

۹۵۰

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۴۹

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین ... کتاب اللہ وسنتی

اخبار — امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفا ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث امرتسر کٹرہ بھائی

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے

(۴) جس مراسلے سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ ...

رؤسا و جاگیرداران سے ...

عام خریداران سے ...

ششماہی ...

ممالک غیر سے سالانہ ... شلنگ

فی پرچہ - - - - - ...

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفا ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۲۱۔ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ مطابق ۶۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (درس عبرت) - - - - ص۱

انتخاب الاخبار - - - - - ص۲

مسئلہ تراویح - - - - - ص۳

خاکساری تحریک اور سول نافرمانی - - ص۴

امت محمدیہ اور جماعت احمدیہ میں کونسا اختلاف ہے؟ (قادیانی مشن) - ص۵

سوال از گندم جواب از چنا کا مصداق ص۹

مسلمانوں میں فتنہ عظیم۔ بصورت سجدہ تعظیم ص۱۰

حق کی پکار (نظم) - - - - ص۱۱

مسئلہ غروب شمس پر ایک نظر - - ص۱۱

تاریخ اسلام کا ایک ورق - - ص۱۳

متفرقات علمیہ - علمی عطیہ - - ص۱۵

اشتہارات - - - - ص۱۶

درس عبرت

(از بہار احمد صاحب فہیم۔ چھاؤنی نصیرآباد۔ راجپوتانہ)

ضمیر شرم سے گر آب آب ہو نہ سکا — زمیں کا ذرہ کبھی آفتاب ہو نہ سکا

وہ ایک ہم ہیں کہ غفلت کی نیند سوتے ہیں — اور ایک وہ جو کبھی محو خواب ہو نہ سکا

کیا نہ جس نے کبھی اپنے حال پر افسوس — یہی وہ ذرہ ہے جو آفتاب ہو نہ سکا

پڑھے تھے خالد جانباز جس مدرسے میں — ہمیں نصیب وہ درس نصاب ہو نہ سکا

کفن بدوش دوگانہ جواں جو پڑھ نہ سکے — قبول ہدیۂ جوش شباب ہو نہ سکا

جو پھوٹ پڑ گئی آپس میں مل کے رہ نہ سکے — تو قطرہ موج سمندر حباب ہو نہ سکا

سنبھل کے قوم تباہی کے گھاٹ پر پہنچی — قریب زر کا اگر ستر باب ہو نہ سکا

فہیم ہے وہی انسان جو زمانے میں — فریب خوردۂ رنگ خضاب ہو نہ سکا

انتخاب الاخبار

۱۰ اکتوبر ۱۹۳۹ء

مقامی حالات امرتسر شہر میں پنجاب اسمبلی کے ضمنی انتخاب کی مہم ۲۶ ستمبر کو ختم ہو گئی۔ اسی روز چار بجے کے قریب چوہدری افضل حق (امیدوار پنجاب اسمبلی) غلام نبی جانباز (شاعر) مولوی عبد السلام ہمدانی گرفتار کر لئے گئے۔ ان کی گرفتاری پر پروٹسٹ کے طور پر ۲۷ ستمبر کو چند احراری نوجوانوں نے جلوس نکالا اور فوجی بھرتی کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے ہال بازار سے گذر رہے تھے کہ پولیس نے ۲۵ نوجوانوں کو گرفتار کیا۔ ۲۹ ستمبر کو شیخ خیردین مرحوم کی مسجد میں احرار کی طرف سے جلسہ ہوا۔ غازی عبد الرحمن نے تقریر کی۔ ان کے بعد قاضی احسان احمد شجاع آبادی ڈکٹیٹر اول نے تقریر کی۔ جلسہ کے برخاست ہونے پر انکو گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے لاٹھی چارج بھی کیا۔

احراریوں کی گرفتاریاں مذکورہ گرفتاریوں کے علاوہ پنجاب کے دوسرے شہروں میں بھی گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔ مجلس احرار کے ناظم حکیم غوث محمد بھی گرفتار کئے گئے ہیں۔

—— کراچی یکم اکتوبر۔ سکھر میں مسجد منزل گاہ کے حصول کے لئے مسلمانوں کی طرف سے سول نافرمانی شروع کر دی گئی ہے۔ تقریباً تین سو ننانوے (۲۹۹) گرفتاریاں ہو چکی ہیں۔

—— لکھنؤ میں خاکسار دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ یکم اکتوبر کو ۱۵ خاکسار گرفتار کئے گئے۔

—— مظفرپور (بہار) میں یکم اکتوبر کو صبح گیارہ بجے زلزلہ آیا۔ جو بارہ سیکنڈ تک جاری رہا نقصان کی کوئی اطلاع اب تک نہیں آئی۔

—— وارسا دارالخلافہ پولینڈ پر جرمنی افواج نے زبردست بمباری کر کے اسے کھنڈرات کا ڈھیر بنا دیا ہے۔ جرمنی افواج کے پہلے دستے وارسا داخل ہو گئے ہیں۔ شہر کے نواحی حصہ پر اڈہ پر قبضہ مکمل ہو گیا ہے۔ (پرتاپ ۲ اکتوبر)

—— امریکہ پولینڈ پر جرمن فتح کو چیکوسلواکیہ کی طرح تسلیم نہیں کریگا۔ (پرتاپ۔ انقلاب وغیرہ ۳۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء)

—— پیرس یکم اکتوبر کی اطلاع مظہر ہے کہ فرانسیسی گورنمنٹ نے کمیونسٹ پارٹی قانوناً ناجائز قرار دیدی ہے۔ (پرتاپ ۳۔ اکتوبر)

—— یکم اکتوبر کی فضائی جنگ میں اتحادی طیاروں نے دو جرمن طیارے نیچے گرا لئے۔

—— برلن یکم اکتوبر۔ جرمن ہائی کمانڈ کا اعلان مظہر ہے کہ مشرقی فریشین جزیرہ کے نزدیک جرمنی اور برطانوی ہوائی جہازوں میں جنگ ہوئی۔ پانچ برطانوی ہوائی جہاز نیچے گرا لئے گئے۔ (پرتاپ ۳۔ اکتوبر)

—— لندن۔ ملک معظم نے اعلان کیا ہے کہ بیس سال کے تمام نوجوان (کچھ استثنا کے ساتھ) فوج میں بھرتی کئے جا سکتے ہیں۔ (〃 〃)

—— لندن یکم اکتوبر۔ ہوائی حملہ کی صورت میں زخمیوں کو ملک بھر کے ہسپتالوں میں لے جانے کیلئے خاص قسم کی ریل گاڑیاں اور ایمبولنس کاریں تیار کی جا رہی ہیں ہر ٹرین کے ساتھ ایسی کاریں بھی ہونگی جن میں نرسیں۔ ڈاکٹر اور دوائیوں کا انتظام بھی ہوگا۔

قابل توجہ ناظرین

اس ہفتہ ان حضرات کی خدمت میں ایک مطبوعہ اطلاع نامہ بذریعہ ڈاک روانہ کیا جا رہا ہے جن کی قیمت اخبار ماہ اکتوبر میں ختم ہے۔

چونکہ اس ماہ میں اہلحدیث کی موجودہ جلد ختم ہو جائیگی۔ اس لئے جن خریداروں کے ذمہ بقایا رقوم ہیں وہ بھی اکتوبر میں ہی اپنے حسابات بے باق کر دیں۔ دوسرے حضرات بھی اپنی اپنی قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔

بصورت مہلت یا انکار دفتر کو جلد اطلاع دیں ورنہ

۳ نومبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائے گا۔

رسالہ خاکسار، تحریک پر تبصرہ نمبر ۲

کی اعانت کے لئے آج (۲۔ اکتوبر) تک کل مندرجہ ذیل رقوم وصول ہوئی ہیں۔ جو رسالہ کی اشاعت اخراجات کے لئے ناکافی ہیں۔ ہمدردان و معاونین اشاعت رسالہ ہذا کو اس کی اعانت کی طرف بہت جلد توجہ کرنی چاہئے جس قدر امداد وہ بھیج سکتے ہوں جلد از جلد بھیجدیں۔

تفصیل آمد پشاور ایس عبد الرحمن ۵ھ۔ اللہ دتہ صاحب ۵ھ۔ بنگلور ایم ابراہیم صاحب ۴ر۔ وی کے عبید اللہ صاحب ۵ھ۔ بمبئی عثمان غنی ۸ر۔ کمالیہ شریف پیرخان محمد قریشی ۱۰ر۔ ہوشیارپور مولوی غلام رسول ۸ر۔ لائلپور معرفت مولوی عبد الواحد ۲ھ۔ کوٹلی لہاراں معرفت مولوی عبد العزیز ۵ھ۔ کوئٹہ بابو عزیز الدین ۵ھ۔ بریلی برکات احمد صاحب ۸ر۔ اکاڑہ مولوی عبد العزیز ۵ھ۔ لوہیاں خاص حشمت علی ۸ر۔ چھوہرانوالہ مولوی محمد یٰسین ۱۰ر۔ ملتان حکیم خدابخش صاحب فارانی ۵ھ۔ ضلع گجرات منشی محمد خان پاہڑیانوالی ۶ر۔ کھمبیانوالی مولوی محمد عبد اللہ ۱۰ر۔ مولوی عبد اللہ رحیم آبادی ۴ر۔ حافظ محمد صدیق بنگیاں ۵ھ۔ از نوشہرہ ہجا سنگھ ۵ھ۔ کل میزان ۔

—— پیرس۔ فرانسیسی گورنمنٹ کا اعلان ہے کہ دشمن کی افواج موسلے پر گولہ باری کر رہی ہیں۔ ہماری طرف سے جوابی گولہ باری جاری ہے۔ نیز یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ موسلے کے اردگرد کا بہت سا علاقہ فرانس کے قبضے میں آگیا ہے۔

—— لندن ۳۰ ستمبر۔ فرانسیسی فوجوں نے جرمنی کے پچاس گاؤں قبضہ میں کر لئے۔ ان میں سے چار گاؤں ایسے ہیں جن کی آبادی چھ چھ ہزار سے زیادہ ہے۔

ضرورت ہے مجھے ترجمان القرآن فی لطائف البیان کی جلد ۳۔۴۔۷۔۸۔۱۲۔۱۳۔۱۴۔۱۵ کی ضرورت ہے۔ کوئی صاحب ان کو فروخت کرنا چاہیں یا کسی صاحب کو اسکی جائے فروخت کا علم ہو تو مجھ سے خط و کتابت کریں۔ راقم۔ اللہ بخش ملتانی معرفت منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۲ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ

مسئلہ تراویح

رمضان شریف میں مسنونہ تراویح کے متعلق جماعت اہل حدیث کا جو عمل ہے وہ بالکل واضح و لائح ہے۔ اہل حدیث کہتے ہیں کہ تراویح مسنونہ باجماعت آٹھ رکعتیں اور وتروں سمیت گیارہ رکعتیں ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ نماز تراویح باجماعت کا انتظام خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے ہوا۔ موطا امام مالک میں روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے ابی ابن کعب کو نماز تراویح کا امام بنا کر حکم دیا کہ گیارہ رکعتیں پڑھایا کرو پس یہ ہے نماز تراویح کی رکعات کی مسنون تعداد۔ ہاں انفرادی طور پر مزید ثواب حاصل کرنے کی نیت سے بعض اصحاب زیادہ بھی پڑھتے تھے۔ یہاں تک کہ بعض کی تراویح کا شمار چالیس تک بھی پہنچتا ہے۔ جیسا کہ کتب حدیث میں وارد ہے۔ یہ اُن کا انفرادی فعل تھا۔ اہل حدیث اس سے منع نہیں کرتے۔ ہدایہ کی شرح فتح القدیر میں بھی اس امر کی تصریح ملتی ہے کہ مسنون تراویح مع وتر گیارہ رکعتیں ہیں۔ اس مسئلہ کے متعلق امام سیوطی کا ایک عربی رسالہ ہے۔ جس کا اُردو ترجمہ دفتر "اہلحدیث" نے شائع کیا ہے۔ جو صاحب دیکھنا چاہیں ۹ پائی فی نسخہ محصول ڈاک بھیج کر دفتر ہذا سے طلب کر سکتے ہیں۔

خاکساری تحریک اور سول نافرمانی

(۱۵)

ہمارا عقیدہ ہے کہ عسکری تحریک اسلام کی روح رواں ہے۔ جس کی بابت حدیث شریف "ذروۃ سنام الاسلام الجہاد" وارد ہوئی ہے۔ مسئلہ جہاد اور اس کے شروط اپنے مقام پر لکھتے ہیں۔ اس لئے ہم عسکری تحریک کی نسبت عسکری ترتیب اپنی پسند کا اظہار کر چکے ہیں بلکہ مقالات کی صورت میں کہہ چکے ہیں کہ عسکری تحریک کا مخالف کوئی مسلمان بلکہ کوئی انسان بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ

یہ تحریک ہر ایک قوم کی زندگی ہے مگر خاکساری تحریک کی نسبت ہمارا قطعی فیصلہ ہے کہ یہ سنت مطہرہ کے خلاف ہے جس کی وجوہات پہلے مذکور ہو چکی ہیں۔ آج ہم ایک نئی وجہ لکھتے ہیں جو حال ہی میں پیدا ہوئی ہے۔ وہ ہے سول نافرمانی یعنی قانون شکنی ہے۔ خاکساری تحریک کے بانی نے قانون شکنی کر کے اپنے کو اور اپنی جماعت کو تکلیف میں مبتلا کیا۔ حالانکہ پاداش

میں جس قدر تکلیف میں مبتلا ہو ... کیا ہو سکتا ہے۔ ہمیں قرآن شریف و حدیث نبوی میں اس بات کا ثبوت نہیں ملتا کہ کوئی شخص یا جماعت حکام کی ملکی نافرمانی کر کے سزا یاب ہو۔ یہ بات صحیح ہے کہ مصیبت خدا کی طرف سے ہو یا حکام کی طرف سے اس کو بڑی بہادری سے برداشت کرنا ایمان کی صداقت کا ثبوت ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

اے ایمان والو! صبر کرو اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرو۔ آپس میں جڑے رہو اور خدا سے ڈرتے رہو تاکہ تمہاری نجات ہو جائے۔

مگر حکومت کی نافرمانی کر کے اپنی ذات کو تکلیف میں ڈالنے کا حکم کہیں نہیں ہے۔ بلکہ اس کے خلاف حکم ہے۔ ارشاد ہے۔ لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ (اپنی جانوں کو تباہی میں نہ ڈالو)

(نوٹ) ہمارے ملک ہندوستان میں جو سول نافرمانی جاری ہوئی ہے اس کے بانی کانگرسی لیڈر گاندھی جی ہیں۔ ارباب سیاست سیاسی رنگ میں جو دل چاہے کریں۔ ہمارا اُن سے روئے سخن نہیں ہے۔ جماعت خاکسار ان چونکہ مذہبی جماعت کہلاتی ہے اس لئے ہم بحیثیت مذہب چاہتے ہیں تو سول نافرمانی کر کے جیل کی سزا بھگتنے کو شریعت مطہرہ کے خلاف پاتے ہیں لطف یہ ہے کہ بانی تحریک مشرقی صاحب بھی اس نافرمانی کو اچھا نہیں کہتے تھے بلکہ آپ سخت نفرت کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ اس پر نافرمانی ظاہر کرنے کو آپ نے جو مضمون قول فیصل میں لکھا ہے اس کی سرخی کے الفاظ ہی سول نافرمانی کے متعلق اظہار نفرت کرنے کو کافی سے زیادہ ہیں۔ چنانچہ وہ سرخی یہ ہے

گاندھی کی زنانہ لیڈری

اس عنوان کے ذیل میں جو نوٹ لکھا ہے اس سے ضروری الفاظ درج ذیل ہیں۔

... کانگرس کا ... اس لئے کا ...

عوام بھی بصد اطمینان نفس پیدا نہ کرسکا۔ وہ غلط سمجھا کہ آزادی قید خانوں میں جاکر ملا کرتی ہے نہ سمجھ سکا کہ ادنیٰ سے ادنیٰ جرنیل کا پہلا فرض دشمن سے اپنے سپاہیوں کو بچانا ہے۔ دشمن کو اپنے سپاہی سپرد کرنا ہرگز نہیں۔ اہنسا۔ سول نافرمانی، قید و بند و جرمانہ، دریوزہ گری اور مانگ کر آزادی لینے کا فلسفہ سرتاپا غلط ہے۔"

(قول فیصل تقطیع کلاں صفحہ ۱۶۸)

الحدیث | اللہ اللہ کیا انقلاب ہے کہ وہی فعل جسکو ہم خلاف شریعت مطہرہ کہیں اور خاکساری تحریک کا بانی اس کو زنانہ پن کہہ کر سخت نفرت کا اظہار کرے آج وہی لیڈر اس زنانہ فعل کی پاداش میں جیل خانے کی ہوا کھائے۔ عرب کے لوگ ایسے موقع پر بطور مثال فقرہ ذیل بولا کرتے ہیں جو بڑا بامعنی اور پُر لطف ہے :-

استنوق الجمل (اونٹ اونٹنی بن گیا)

اس مثل کا مضمون مشرقی صاحب جیل میں بیٹھے ہوئے بقول استاد غالب یوں ادا کرتے ہونگے ؎

عشق نے غالب نکما کر دیا
ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

اب ناظرین کو اس امر کی تفصیل سنانا باقی ہے کہ خاکساری ڈکٹیٹر (لکھنؤ) جیل میں کیوں مقید کئے گئے اس کی تفصیل حکومت یوپی (لکھنؤ) نے شائع کی ہے جو اسی کے الفاظ میں درج ذیل ہے :-

خاکساروں کی دھمکیاں

تشدد انگیزی - گرفتاری

اور

اقرار نامے لکھنے کے بعد رہائی

(از محکمہ اطلاعات عامہ۔ حکومت صوبجات متحدہ)

چونکہ یہ بیان سرکاری ہے اور غیر مفصل ہے وسطے دکھانے کو مسلسل نقل کیا گیا ہے (مدیر)

عنایت اللہ مشرقی صاحب بانی تحریک خاکسار اور بعض دوسرے خاکسار ۲۹ ستمبر کو لکھنؤ میں زیر دفعہ ۱۰۸ گرفتار کئے گئے۔ ۲ ستمبر کو ان سب نے باضابطہ اقرار ناموں کے ذریعہ حکومت سے یہ وعدہ کیا کہ اگر انہیں رہا کر دیا جائے تو وہ صوبجات متحدہ سے چلے جائینگے آیندہ ایک سال تک صوبہ ہذا میں داخل نہ ہونگے اور لکھنؤ کے شیعہ سنی قضیہ میں کوئی حصہ نہ لیں گے۔ ان اقرار ناموں کے بعد حکومت نے سب کو رہا کر دیا۔ مگر دہلی پہنچتے ہی عنایت اللہ صاحب اور دوسرے خاکساروں نے حکومت کے خلاف انتہائی لغو، بیہودہ اور بے بنیاد الزامات لگانا شروع کر دیئے ہیں۔ حتیٰ کہ اس سے بھی انکار کیا جارہا ہے کہ مشرقی صاحب نے کس قسم کے اقرار نامہ پر دستخط کئے۔ اس سلسلہ میں پنجاب کی بعض سیاسی اور غیر سیاسی مسلم جماعتوں نے تحریک خاکسار سے اظہار بیزاری کرتے ہوئے اصل حقیقت معلوم کرنا چاہی ہے۔ چنانچہ عوام کی معلومات کے لئے صحیح واقعات پیش کئے جارہے ہیں۔

صوبجات متحدہ میں خاکسار جماعت کا قیام

ایک سال سے کچھ زیادہ عرصہ گزرا جب سے صوبجات متحدہ کے بعض اضلاع میں خاکساروں کی جماعتیں قائم ہونے لگیں اور ان سب کا صدر مقام بھی لاہور رکھا گیا۔ ان جماعتوں کے قیام کے وقت عوام کو یہ بتایا گیا تھا کہ خاکسار جماعت محض "خدمت خلق" کرنے والے والنٹیروں کی ایک جماعت ہے۔ لیکن ان کی فوجی وردی اور بیلچہ کے ساتھ باقاعدہ مارچنگ سے خاکساروں کی طرف لوگوں کی توجہ خاص طور سے منعطف ہونے لگی۔ بہرحال ان خاکساروں کی طرف سے شروع شروع میں نہ تو امن عامہ کو کوئی خطرہ پیدا ہوا اور نہ ان کے اور حکام کے درمیان کوئی تصادم ہوا۔

قتل وغارت کی دھمکیاں

لیکن لکھنؤ کے شیعہ سنی قضیہ کے سلسلہ میں خاکساروں کی مداخلت نے صورت حال کو خطرناک بنادیا اور نقص امن کا خطرہ محسوس ہونے لگا۔ عنایت اللہ خان صاحب نے اپنے اخبار "الاصلاح" لاہور مورخہ ۲۳ جون میں اعلان کیا کہ لکھنؤ کے شیعہ سنی تفسیر میں حصہ لینے والے "بندہ نے قرآن واجب القتل" ہیں۔ اگر وہ لکھنؤ کے اندر اندر شیعہ سنیوں میں سمجھوتہ نہ ہوا تو شیعہ سنی لیڈروں کے خلاف نہایت خطرناک کارروائی کی جائیگی۔ [illegible] کر کہا گیا کہ ان شیعہ سنی لیڈروں [illegible] ایک طرف اور تین ایک طرف سے [illegible]۔

اس دھمکی کا اثر یہ ہوا کہ لکھنؤ کے شیعہ سنیوں میں بھی خاکساروں سے مقابلہ کی تیاریاں شروع ہو گئیں احراریوں نے خاکساروں کا چیلنج منظور کیا اور ایک خبر یہ ملی کہ آگرہ سے مسلمانوں کا ایک جتھا خاکساروں کے مقابلہ کے لئے لکھنؤ آرہا ہے۔ خود لکھنؤ کی ایک مقامی انجمن "مسلم یوتھ لیگ" نے بعض مقامی مسلمان لیڈروں کے تحفظ کے لئے اپنی خدمات پیش کیں اور اعلان کیا کہ وہ خاکساروں کا ہر طرح مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہے۔

دوسری طرف عنایت اللہ مشرقی صاحب اور ان کے ساتھیوں نے اپنی دھمکیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ چنانچہ "الاصلاح" مورخہ ۳۰ جون میں تین 'جانبازوں' کی طرف سے اعلان نکلا کہ ہم لکھنؤ میں کہ غداران قوم کو "نی النار جہنم" کرنے کو تیار ہیں۔ خالی حکم انتظار ہے۔" ۲۱ جولائی کے "الاصلاح" میں محمد ذاکر بیگ سالار اکبر یوپی کا اعلان شائع ہوا کہ صوبہ یوپی میں ۲۱ کے بعد قیامت ہی قیامت ہوگی۔ "لکھنؤ میں ہر طرف سر بفلک آہیں اور کراہیں ہونگی۔" "لکھنؤ کی زمین لالہ زار اور کوٹھیوں کو لرزہ ہوگا۔" "مخالف قوم نیست و نابود ہو رہی ہوگی۔" "شیطانی حکومتوں کا چراغ گل ہوگا۔" وغیرہ۔ ۴۔ اگست کے "الاصلاح" میں عنایت اللہ صاحب نے پھر اعلان کیا کہ "اب فیصلہ خون اور جنگ کے بغیر نہیں ہوسکتا۔" "الاصلاح" ۲۵۔ اگست میں بھی اس کے خاکساروں کے سالار اعلیٰ کی طرف سے اعلان شائع ہوا کہ ایک ہزار خاکسار آگ اور خون کھیلنے کے لئے لکھنؤ جارہے ہیں۔

حکومت سے خط وکتابت

۱۰۔ اگست کو عنایت اللہ صاحب نے حکومت کے پاس حسب ذیل تار بھیجا :-

ahmadiyyamuslim.de

جس پر ناظم خاکساروں کو احکام صادر ہوئے ہیں جو لکھنؤ کے جھگڑے کا بھی دور فالا کر دیں۔ حکومت سے تعاون کرنے کے لئے تیار ہوں بشرطیکہ معقول شرائط پیش کی جائیں جو شیعہ اور سنیوں کے لئے قابل قبول ہوں۔ مہربانی کر کے اپنے ارادوں سے اطلاع دیجئے۔"

اس تار کا انداز تحریر ایسا تھا کہ حکومت نے اس کا جواب دینا مناسب نہ سمجھا۔ اس کے بعد مشرقی صاحب نے بطور یاد دہانی ایک دوسرا تار بھیجا جس میں لکھا تھا کہ "خاکسار ہر طرح سے اس جھگڑا کو ختم کرنے پر آمادہ ہیں" چونکہ اس تار کی عبارت نسبتاً شائستہ تھی لہٰذا حکومت نے ۱۴۔ اگست کو یہ جواب بھیجا کہ حکومت یوپی خود اس جھگڑے کو جلد از جلد ختم کرانے کی خواہشمند ہے۔ اور اگر پنجابیوں نے اس میں مداخلت نہ کی ہوتی تو وہ ختم ہو چکا ہوتا۔ حکومت اس سلسلہ میں ہر جماعت کے تعاون کو منظور کرتی ہے۔ بشرطیکہ شیعہ سنی تنازعہ ختم کرانے کے جو طریقے اختیار کئے جائیں وہ پُرامن اور قانون کی حدود کے اندر ہوں۔ عنایت اللہ صاحب سے یہ بھی دریافت کیا گیا کہ "الاصلاح" میں قتل کی جو دھمکی دی گئی ہے کیا واقعی وہ آپ کی طرف سے ہے اور کیا آپ اس تحریر کی ذمہ داری لیتے ہیں؟ اس بات کا انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا لیکن ۱۸۔ اگست کے "الاصلاح" میں انہوں نے حکومت یوپی اور وزراء حکومت کو جی بھر کر گالیاں دیں اور یہ الزام لگایا کہ شیعہ سنی فساد کی واحد ذمہ دار حکومت یوپی ہے۔ اور پھر لکھا کہ خاکسار حکومت یوپی کے ٹکڑے ٹکڑے اڑا دیں گے اور شیعہ سنی لیڈروں کے خلاف طاقت کا استعمال کریں گے۔ آگے چل کر حکومت یوپی کے متعلق یہ لکھا گیا کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کی دشمن ہے۔ اور اس وجہ سے شیعہ اور سنیوں کو لڑا رہی ہے اور ان کے شیعوں کو اصل [illegible] ہے۔ چنانچہ اگر حکومت یوپی کے خلاف لڑنے سے [illegible] سمجھوتہ ہو سکے تو یہ سودا [illegible] اس کے ساتھ انہوں نے خاکساروں کو [illegible] کا بھی حکم نافذ کر دیا۔ ۱۴۔ اگست کے سامنے

حکومت یوپی کو ہی ہتک میں پیش کر کے اور اسے مسلمان دشمن قرار دے کر مشرقی صاحب نے یہ چاہا کہ ہر مسلمان لکھنؤ میں حکومت یوپی کی طرف سے نفرت پیدا ہو جائے اور خاکسار ہزاروں کی تعداد میں لکھنؤ پہنچ جائیں۔ اس سے قبل بھی مشرقی صاحب نے "اکبر جانبازوں" اور "خاکساروں" کو لکھنؤ پہنچنے کا حکم دیدیا تھا۔ چنانچہ اس وقت تک سندھ کے غلام مصطفےٰ بھرگڑی "امیر خاص جانبازان ہند" اور بہت سے خاکسار لکھنؤ پہنچ چکے تھے۔ بھرگڑی صاحب کے لکھنؤ پہنچنے پر خاکساروں نے اعلان کیا کہ ان کے اعزاز میں ۱۰۱ گولوں کی سلامی ہوگی اور پریڈ کی جائے گی۔ لکھنؤ کی فضا اس وقت کافی مکدر تھی اور شہر میں دفعہ ۱۴۴ نافذ تھی۔ جس کی رو سے سڑک پر لاٹھی یا چھڑی بھی لیکر چلنا ممنوع تھا۔ چنانچہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لکھنؤ نے خاکساروں کو مطلع کیا کہ دفعہ ۱۴۴ کے مطابق نہ گولے چھوڑنے کی اجازت دی جا سکتی ہے نہ کاندھے پر بیلچہ رکھ کر سڑک پر چلنے کی۔ صوبجات متحدہ کے خاکسار "ناظم اکبر" وحید الدین حیدر نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی تعمیل کی۔ اس پر عنایت اللہ صاحب نے وحید الدین حیدر کو اپنے حکم کی نافرمانی کرنے کے جرم میں برسرعام کوڑے لگائے جانے کا حکم دیا۔ یہ فعل حکومت اور سرکاری حکام کے اختیارات کو ایک کھلا ہوا چیلنج تھا۔

لکھنؤ میں خاکساروں کی دہشت انگیزی اور تشدد

۲۵۔ اگست کو عنایت اللہ صاحب خود لکھنؤ آئے اور ان کے آتے ہی شہر کی فضا اور بھی خراب ہو گئی۔ ان سے قبل مولانا ابوالکلام آزاد شیعہ سنی مصالحت کرانے کے لئے پہنچ گئے تھے اور ان کی کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ شیعہ لیڈروں نے تبرا ایجی ٹیشن ملتوی کر دیا اور شہر کی فضا پھر خوشگوار ہونے لگی۔ لیکن عنایت اللہ صاحب اور دوسرے خاکساروں کی آمد کے بعد ہی صورت حال پھر خطرناک ہو گئی۔ خاکساروں نے جلسے کرنا شروع کئے۔ جن میں عنایت اللہ صاحب نے نہایت اشتعال انگیز تقریریں کیں۔ مثلاً ۲۸۔ اگست

کی تقریر میں انہوں نے حاضرین جلسہ کو مخاطب ہوتے کہا کہ "تمہارے سامنے یہ خاکسار کھڑے ہیں جو جان دینے اور جان لینے والے ہیں۔" مسلمانوں نے ان جلسوں میں عنایت اللہ صاحب کی بعض غلط بیانیوں پر احتجاج کیا تو انہوں نے خاکساروں کو حکم دیا کہ "خاکسارو انہیں مار پیٹ کر اور کاٹ کر بھگا دو۔"

یہ حکم پاتے ہی خاکساروں نے غیر خاکسار مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔ جس سے کئی آدمی مجروح ہوئے۔

لکھنؤ کے کئی اخبار تحریک خاکسار اور عنایت اللہ صاحب کی ان دھمکیوں کے سخت خلاف تھے اور ہیں اس دوران میں بھی ان اخباروں میں تحریک کے خلاف مضامین عموماً نکلتے رہتے تھے۔ لیکن ایک روز اپنے خلاف ایک اخبار کے مضمون کو حیلہ قرار دیکر خاکسار تشدد آمیز اور خلاف قانون کارروائی پر اتر آئے۔ اور ایک خاکسار نے ایک اخبار فروش کو جو عنایت اللہ صاحب کی قیامگاہ کی طرف سے اخبار بیچتا ہوا جا رہا تھا پکڑ کر مارنا شروع کیا۔ اور شہر کے دوسرے حصوں میں جو خاکسار کافی تعداد میں وردی پہنے ہوئے اور مارچ کر رہے تھے۔ گھوم رہے تھے۔ عام مسلمانوں سے متصادم ہونے لگے۔ مجلس احرار کے دفتر میں گھس گئے۔ ایک اخبار کے دفتر میں پہنچ کر اس کے ایڈیٹر کو تلاش کیا اور وہ جب وہاں نہ ملے تو ایڈیٹر کے گھر پہنچ کر گھر کے اندر داخل ہونے کی کوشش کی مگر جب دروازے بند پائے تو باہر کھڑے ہو کر انہیں گالیاں سنائیں اور مار ڈالنے کی دھمکی دی۔ شہر کے بعض مقامات پر خاکساروں نے مسلمانوں پر جو انکی تحریک کے خلاف تھے بیلچوں سے حملہ کر کے مجروح بھی کر دیا۔ چنانچہ موقع واردات پر خون آلود بیلچے پولیس نے اپنے قبضہ میں لے لئے۔ اس دن عنایت اللہ صاحب نے اخبارات کو ایک بیان بھی دیا جس کے بعض جملے حسب ذیل ہیں:-

"ہم یقیناً تشدد کے حامی ہیں۔ عدم تشدد کے ماننے والوں کو صفحہ دنیا سے نیست و نابود کرنا چاہئے۔ عدم تشدد غیر فطری ہے۔"

مگر اخبارات نے اس قسم کا تشدد آمیز بیان شائع کرنے سے انکار کر دیا۔

عنایت اللہ صاحب کی گرفتاری

جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے مولانا ابوالکلام آزاد کی خواہش پر شیعہ لیڈروں نے تبرہ ایجی ٹیشن بند کر دیا تھا مگر عنایت اللہ صاحب اور ان کے خاکسار پھر بھی لکھنؤ سے جانے کا نام نہیں لیتے تھے بلکہ اس ہنگامہ کے بعد انہوں نے ڈپٹی کمشنر لکھنؤ کی معرفت حکومت کے سامنے اپنے کچھ مطالبات پیش کئے۔ جن میں سے چند یہ تھے :۔

(۱) بیلچوں پر کسی قسم کی پابندی نہ عائد کی جائے۔

۲۔ اخبارات کو تحریک خاکسار کے خلاف مضامین لکھنے سے حکماً روک دیا جائے۔

(۳) خاکساروں کو شہر کی سڑکوں پر جلوس کی صورت میں "مارچ" کرنے کی اجازت دی جائے۔

(۴) جن خاکساروں کے خلاف مارپیٹ کے جرم میں دفعہ ۱۴۴ کے مقدمات چلائے جا رہے ہیں وہ سب واپس لے لئے جائیں۔

(۵) جو اخبار فروش عنایت اللہ صاحب کی قیامگاہ کے قریب اخبار بیچ رہا تھا اس پر مقدمہ چلایا جائے۔

عنایت اللہ صاحب کو اصرار تھا کہ جب تک ہمارا ہر مطالبہ نہ تسلیم کیا جائیگا ہم لکھنؤ سے نہیں جائینگے اور جو جی چاہیگا کرینگے۔ حکومت کی نرمی اور برداشت کی انتہا ہو چکی تھی اور دوسری طرف خاکساروں کی حرکتوں سے شہر میں خوف و ہراس پھیلا ہوا تھا آخرکار حکومت کو یکم ستمبر کی رات کو عنایت اللہ صاحب اور ان کے بعض ساتھیوں کو مجبوراً گرفتار کرنا پڑا۔

ان لوگوں کی گرفتاری کے بعد دوسرے خاکساروں نے جو لکھنؤ موجود تھے اپنے اپنے گھروں کو جانا چاہا مگر اکثر کے پاس ریل کا کرایہ تک نہ تھا۔ اس لئے انہوں نے حکومت سے درخواست کی کہ انہیں ٹکٹ دلایا جائے تاکہ وہ اپنے اپنے وطن کو واپس جا سکیں حکومت نے اس درخواست کو منظور کر لیا۔ لیکن جب سب کے سب ٹرین میں بیٹھ چکے اور ٹرین چھوٹنے کے قریب ہوئی تو ایک اشارہ پاتے ہی فوراً اتر پڑے اور پولیس والوں کو پریشان کرنا شروع کیا۔

عنایت اللہ صاحب اور دوسرے خاکساروں کے اقرار نامے

گرفتاری کے دوسرے ہی دن یعنی ۲۔ ستمبر کو عنایت اللہ صاحب مشرقی نے رہائی کی کوشش شروع کی اور خان بہادر حافظ احمد حسین ایم۔ ایل۔ سی اور سید واجد حسین رضوی مرادآبادی کو جو ان سے جیل میں ملے حسب ذیل تحریر (جو شاہ دین اسلم ایڈیٹر الاصلاح نے لکھی تھی اور جس پر عنایت اللہ صاحب نے خود دستخط کئے تھے) دی :۔

"محترم حافظ احمد حسین صاحب ایم ایل سی و محترم سید واجد حسین صاحب رضوی مرادآبادی۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ دفعہ ۱۰۷ کے نوٹس کی واپسی کے بعد میں ایک سال صوبہ متحدہ نہ آؤنگا نہ خاکساروں کے جتھوں کو کسی دوسرے صوبہ سے آنے کا حکم یا اجازت دونگا صوبہ متحدہ کے خاکساروں کو ہدایت ہوگی کہ لکھنؤ کے شیعہ سنی قضیہ میں دخل نہ دیں۔ آپ اس خط کو اطمینان کے واسطے حکومت کے چیف سکرٹری کو دے سکتے ہیں۔ (عنایت اللہ)

تحریر ۲/۹/۳۹"

یہ تحریر خان بہادر حافظ احمد حسین نے چیف سکرٹری حکومت صوبجات متحدہ کو دکھائی مگر حکومت نے یہ مناسب سمجھا کہ عنایت اللہ صاحب اور دوسرے خاکسار لیڈر براہ راست حکومت کو ایک اقرار نامہ لکھ کر دیں۔ چنانچہ ان کے پاس دو تحریریں سپرنٹنڈنٹ جیل کی معرفت بھیجی گئیں کہ اگر وہ رہا ہونا چاہتے ہیں تو ان اقرار ناموں پر دستخط کر دیں۔ عنایت اللہ صاحب اور دوسرے خاکسار لیڈروں نے اسے منظور کر لیا اور حکام جیل نیز خان بہادر حافظ احمد حسین وغیرہ کے سامنے ایک اقرار نامہ پر عنایت اللہ صاحب نے اور دوسرے پر شاہ دین ایڈیٹر الاصلاح، محمود احمد وکیل، قیصر زمان خان، زین العابدین قیصو وغیرہ نے دستخط کئے۔ اقرار ناموں پر لفٹنٹ کرنل جعفری آئی۔ ایم۔ ایس سپرنٹنڈنٹ جیل کی مہر تصدیق بھی موجود ہے۔ یہ اقرار نامے درج ذیل ہیں :۔

عنایت اللہ مشرقی صاحب کا اقرار نامہ

بمقدمہ سرکار بہادر بنام عنایت اللہ خان وغیرہ

دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری

میں یقین دلاتا ہوں کہ دفعہ ۱۰۷ کی نوٹس کی واپسی کی تاریخ کے بعد میں ایک سال تک صوبہ متحدہ نہ آؤنگا اور نہ خاکساروں کے جتھوں کو کسی دوسرے صوبہ سے صوبہ متحدہ کو آنے کا حکم یا اجازت دونگا۔ صوبہ متحدہ کے خاکساروں کو ہدایت ہوگی کہ وہ لکھنؤ کے شیعہ سنی قضیہ میں دخل نہ دیں۔ یہ خط اطمینان کے واسطے حکومت کے چیف سکرٹری کو دیتا ہوں۔ ۲۔ ستمبر ۱۹۳۹ء

(دستخط) عنایت اللہ

دوسرے خاکسار لیڈروں کا اقرار نامہ

بمقدمہ سرکار بہادر بنام عنایت اللہ خان وغیرہ

دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری

ہم اشخاص جن کے دستخط ذیل میں ثبت ہیں وعدہ کرتے ہیں و یقین دلاتے ہیں کہ اگر حکومت یوپی مقدمہ زیر دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری جو ہمارے برخلاف چلایا گیا ہے واپس لے لے تو ہم فوراً اپنے صوبہ کو واپس چلے جائیں گے اور آج سے ایک سال تک کسی قسم کا دخل صوبہ یوپی کے معاملات میں نہیں دیں گے۔ ۲۔ ستمبر ۳۹ء

ان اقرار ناموں کے متعلق خان بہادر حافظ احمد حسین ایم۔ ایل۔ سی اور سید واجد حسین رضوی صاحب نے چیف سکرٹری حکومت یوپی کو بھی حسب ذیل خط لکھا :

"جناب چیف سکرٹری صاحب تسلیم!

علامہ عنایت اللہ مشرقی کی تحریر مورخہ ۲۔ ستمبر ۱۹۳۹ء میرے اور سید واجد حسین کے نام جو کہ میں نے آپ کو ۴۔ ستمبر ۱۹۳۹ء کو دی تھی وہ میرے اور سید واجد حسین کے روبرو شاہ دین اسلم ...

تاریخ القرآن۔ قرآن مجید کے ابتدائی نزول سے زمانہ مطبوعہ تک کے تمام واقعات درج ہیں۔ قیمت عہ (۹۵۶) (منیجر اہلحدیث)

نے اپنے ہاتھ سے لکھی تھی اور اس پر ہم دونوں کے سامنے علامہ مشرقی نے دستخط کئے تھے۔ دوم یہ کہ جو خط کہ آپ نے لفافہ میں بند کر کے بجواکر کرنل جعفری کے نام دیا تھا وہ ہم نے بجنسہٖ کرنل موصوف کو دیدیا تھا۔ اور انہوں نے خود اپنے ذریعہ سے اس تحریر پر جو کہ لفافہ میں بند تھی علامہ مشرقی اور ان کے پانچ چھ ساتھی خاکساروں کے دستخط ہم دونوں کے روبرو افسران جیل نے کروائی۔ ہم نے خود علامہ مشرقی کو دستخط کرتے ہوئے دیکھا اور ان کو ہم خوب پہچانتے ہیں۔ یہ تحریر افسران جیل کے پاس رہی۔ ہم نہیں لائے۔ نہ ہم سے اس سے کچھ واسطہ تھا۔ اس کے بعد علامہ مشرقی فوراً رہا کر دیئے گئے۔"

حافظ احمد حسین ایم ایل سی

سید واجد حسین رضوی۔

حیرت اور تعجب ہے کہ عنایت اللہ صاحب پھر بھی انکار کر رہے ہیں کہ انہوں نے کسی اقرار نامہ پر دستخط نہیں کئے۔

بہرحال حکومت نے ان اقرار ناموں کے بعد عنایت اللہ اور ان کے دوسرے ساتھیوں کو رہا کر کے ٹرین پر سوار کر دیا۔ حکومت کو امید تھی کہ ایک ذمہ دار آدمی جب اس قسم کا اقرار نامہ لکھ دے تو اس کے بعد اس سے کوئی اندیشہ نہیں۔ لیکن تمام توقعات کے خلاف عنایت اللہ صاحب نے یہ حرکت کی کہ جب ٹرین لکھنؤ سے کچھ میل کے فاصلہ پر ملیح آباد اسٹیشن کے قریب پہنچی تو گاڑی کی زنجیر روک لی اور اس ٹرین سے اتر کر ایک دوسری گاڑی پر بیٹھ گئے جو لکھنؤ آنیوالی تھی۔ ادھر حفظ ماتقدم کے لئے پولیس لکھنؤ اسٹیشن پر اس وقت بھی موجود تھی۔ اس کی اطلاع بھی عنایت اللہ صاحب کو مل گئی۔ چنانچہ وہ پھر ٹرین سے اترے اور آپ کے ایک تیسری گاڑی پر بیٹھ گئے۔ جو ہردوئی جانے والی تھی اور وہاں راستہ میں سندیلہ کے اسٹیشن پر اتر پڑے مگر آخرکار دہلی کی گاڑی سے روانہ ہو گئے۔

خاکساروں کی مزید دھمکیاں اور ان پر پابندیاں

جب خاکسار لکھنؤ سے چلے گئے تو سرحد اور پنجاب سے حکومت یوپی کے نام ان کے تار آنا شروع ہوئے جن میں وزارت کو دھمکیاں دی گئیں تھیں اور لکھا گیا تھا کہ ہم سب صوبجات متحدہ میں داخل ہو رہے ہیں چنانچہ حکومت نے مجبوراً حفظ عامہ قائم رکھنے کی غرض سے اضلاع کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو لکھ دیا کہ وہ اپنے اپنے ضلعوں میں باہر سے کسی خاکسار کو داخل نہ ہونے دیں اور نہ کوئی خاکسار بیلچہ لے کر سڑک پر فوجی پریڈ کرنے پائے۔

عنایت اللہ صاحب کی دوبارہ آمد اور گرفتاری

عنایت اللہ صاحب اور دوسرے خاکساروں نے ان تمام اقرار ناموں اور عہدناموں کے باوجود پروپیگنڈا تو شروع ہی کر دیا تھا کہ انہوں نے کوئی اقرار نامہ نہیں لکھا کہ یکایک ۱۳ ستمبر کو خبر ملی کہ وہ پھر لکھنؤ آ رہے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ اقرار نامہ لکھنے کی وجہ سے خود ان کی جماعت میں ان کے خلاف نفرت کا جذبہ پیدا ہو گیا تھا۔ چنانچہ اس جذبہ کو دور کرنے اور اپنا کھویا ہوا وقار حاصل کرنے کے لئے انہوں نے نہ صرف اقرار نامہ سے انکار کیا اور "الاصلاح" مورخہ ۱۵ ستمبر میں لکھنؤ کے واقعات کے متعلق انتہائی غلط بیانی سے کام لیتے ہوئے وزیر اعظم پر مقدمہ چلانے کی دھمکی دی بلکہ لکھنؤ دوبارہ آنے کو تیار ہو گئے اور جب لکھنؤ کے قریب ملیح آباد اسٹیشن پر پہنچے تو دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کے جرم میں انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ اور ایک ماہ قید اور ۵۰ روپیہ جرمانہ (بعدم ادائیگی ایک ہفتہ قید مزید) کی سزا دی گئی۔

حاصل کلام

تذکرہ بالا واقعات سے ظاہر ہو گیا کہ اس جھگڑا کی ابتدا حکومت یوپی کی طرف سے نہیں بلکہ عنایت اللہ صاحب کی طرف سے ہوئی ہے۔ یوپی میں خاکساروں کی جماعتیں آج سے نہیں بلکہ ایک سال سے زیادہ عرصے سے قائم ہیں۔ حکومت نے آج تک ان سے کسی قسم کی باز پرس نہیں کی اور نہ خاکساروں پر کوئی پابندی عائد کی تھی لیکن جب عنایت اللہ مشرقی صاحب [illegible] لکھنؤ کے کچھ مسلمانوں کے واجب القتل ہونے کا فتویٰ دیتے گئے، ان کے خاکساروں نے صوبہ میں "قیامت" کا سماں پیدا کرنا چاہا، لکھنؤ میں خون کی ندیاں بہانے کی دھمکیاں دی گئیں، [illegible] خون کی ہولی کھیلنے کا اعلان ہوا، حکومت یوپی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا ارادہ ظاہر کیا گیا اور ان دھمکیوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے سینکڑوں کی تعداد میں بیلچوں اور خنجروں سے مسلح خاکسار لکھنؤ پہنچنا بھی شروع ہو گئے۔ عنایت اللہ صاحب نے اشتعال انگیز تقریریں بھی کیں۔ خاکساروں نے مسلمانوں پر حملہ کر کے انہیں مجروح کیا اور تبرا ایجی ٹیشن بند ہو جانے کے بعد بھی عنایت اللہ صاحب مع اپنے خاکساروں کے لکھنؤ میں ٹھہرے رہے بلکہ حکومت سے اپنے ناجائز مطالبات تسلیم کرانے پر مصر ہوئے تو حکومت یوپی کو بھی لکھنؤ کے مسلمانوں کی جانیں بچانے اور صوبہ میں امن قائم رکھنے کے لئے مجبوراً عنایت اللہ صاحب اور بعض خاکسار لیڈروں کو گرفتار کر کے خاکساروں کی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد کرنا پڑیں۔

غرضیکہ یہ تھے وہ حالات جن کو کوئی بھی حکومت گوارا نہیں کر سکتی تھی۔ اور حکومت یوپی نے اس موقع پر وہی کارروائی کی جو صوبہ کے امن کے لئے ناگزیر تھی۔

(نیاز مند۔ رشید ڈپٹی ڈائریکٹر)

اطلاع یہ سلسلہ بہت طویل ہے۔ اس لئے اخباری صفحات میں اس سے زیادہ کی گنجائش نہیں ہے۔ لہذا یہ ختم کیا جاتا ہے۔ البتہ مشرقی کی کتاب تذکرہ کی "عربیت پر نظر" تھوڑا سا حصہ باقی ہے جو خاکساری رسالہ میں درج کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ ضرورت محسوس ہوئی تو کچھ اخبار میں بھی درج کیا جائے گا۔

پس احباب کرام جو رسالہ کی طباعت میں کچھ اعانت کرنا چاہیں اس کار خیر میں جلدی کریں۔ جزاہم اللہ۔

فاتح مصر۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی مفصل سوانح حیات قیمت ۸؍ ملنے کا پتہ۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

قادیانی مشن

امت محمدیہ اور جماعت احمدیہ میں کونسا اختلاف ہے؟

(گذشتہ سے پیوستہ)

گذشتہ پرچہ میں مولوی محمد علی صاحب کے خطبے کا ایک حصہ زیر بحث آچکا ہے۔ آج دوسرے حصے پر بحث کی جاتی ہے۔ جماعتہائے جدیدہ کا یہ عام اصول ہے کہ تصویر کا ایک رُخ دکھا کر ناواقفوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں اور دوسرا رُخ جو نا ہموار اور ناصاف ہوتا ہے اس کو چھپائے رکھتے ہیں۔ مرزائی جماعت نے تو اسی طریق کار کو ہمیشہ مدنظر رکھا ہے کیونکہ مرزا صاحب خود بھی اسی لائن پر چلتے تھے۔ مولوی محمد علی صاحب لاہوری نے بھی اپنے مکتوب بنام پیغام صلح میں یہی طریق اختیار کیا ہے۔ یعنی آپ نے اپنے عقائد صحیحہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہم توحید خدا کے قائل ہیں، آنحضرت کو سچا نبی مانتے ہیں، روز جزا کے قائل ہیں۔ آپ کے اصل الفاظ یہ ہیں:۔

"اصولی طور پر عقائد میں کوئی اختلاف نہیں غور کیجئے کہ عقائد تو وہ درست ہونگے جو قرآن و حدیث کے مطابق ہوں۔ ہم میں اور آپ میں عقاید کا کیا فرق ہے؟ خدا کی توحید کے آپ بھی قائل ہیں ہم بھی۔ قرآن کے منجانب اللہ ہونے کے آپ بھی قائل ہیں ہم بھی۔ آنحضرت صلعم کی نبوت کے آپ بھی قائل ہیں ہم بھی۔ اصولی طور پر تو یہی باتیں ہیں اور یہی عقائد اسلامی کی بنیاد ہیں۔

ہم حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کو کیوں مانتے ہیں؟

ہاں ہم حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کو اس صدی کا مجدد مانتے ہیں آپ نہیں مانتے تیرہ صدیوں کے مجدد آپ بھی مانتے ہیں ہم بھی مگر چودھویں صدی میں آپ کسی مجدد کو نہیں مانتے ہم اس میں بھی مجدد کا آنا مانتے ہیں۔

اب آپ خود غور کرلیں کہ اگر تیرہ صدیوں کے مجددین کا ماننا صحیح عقیدہ ہے تو چودھویں صدی کے مجدد کا ماننا بھی صحیح عقیدہ ہونا چاہئے اور اگر پہلے مجددین کا انکار گمراہی ہے تو چودھویں صدی کے مجددین کا انکار بھی گمراہی ہے"۔

(پیغام صلح لاہور ۳۰- اگست ۱۹۳۴ء صفحہ ۲)

اہلحدیث مولوی محمد علی صاحب مولویت کے علاوہ وکالت کی سند بھی رکھتے ہیں اس لئے ان کو مناظرانہ قواعد کے علاوہ قوانین عدالت کا لحاظ بھی رکھنا چاہئے۔ قانون عدالت ہے کہ مدعی ہو یا گواہ اس کا بیان جب تک جرح مخالف سے پاک صاف نہ ہو جائے صحیح نہیں مانا جا سکتا۔ جس طرح قانون مناظرہ ہے کہ مدعی کی دلیل جب تک نقض، منع اور معارضہ سے پاک صاف نہ ہو جائے مفید مطلب نہیں ہو سکتی۔

پس مرزا صاحب کا دعویٰ مجددیت کا ہو یا مسیحیت کا جب تک ان ہر دو قوانین کے ماتحت جرح سے پاک نہ ہولے صحیح نہیں ٹھیر سکتا۔ مرزا صاحب کے مدعیانہ بیان پر علماء اسلام کے جرحی سوالات آپ سے مخفی نہیں ہیں۔ صرف ایک سوال آپ کے سامنے پیش کر کے اسکی تائید میں آپ ہی کا قول نقل کرتے ہیں۔ پس انصاف سے سنئے اور خدا کو حاضر ناظر جان کر یوم الحساب کا نقشہ سامنے رکھ کر سنئے!

مرزا صاحب نے اپنے دعوے کے اثبات میں جتنے دلائل دیئے تھے۔ ان میں سے جو دلیل مسلمانوں کے مقابلہ میں پیش کی تھی وہ محمدی بیگم منکوحہ آسمانی کے مرزا صاحب کے نکاح میں آنے کے متعلق تھی جس کی بابت مرزا صاحب کا اقرار ہے کہ اگر یہ پیشگوئی صحیح ثابت نہ ہوئی تو میں اپنے دعویٰ (ماموریت اور مسیحیت وغیرہ) میں جھوٹا ٹھہرونگا۔ (شہادۃ القرآن)

فرمایئے کہ حسب اعلان مرزا صاحب یہ نکاح دنیا میں ظہور پذیر ہوا؟ آپ ہی کا قول ہے کہ نہیں ہوا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ

"یہ سچ ہے کہ مرزا صاحب نے کہا تھا کہ نکاح ہوگا اور یہ بھی سچ ہے کہ نہیں ہوا"۔

(اخبار پیغام صلح ۱۶ جنوری ۱۹۲۱ء صفحہ ۵)

پس بتلایئے کہ مرزا صاحب اپنے دعویٰ مجددیت میں کہاں تک سچے ثابت ہوئے۔ ہماری اس جرح کا جواب دینا آپ کا فرض ہے۔ مگر آپ اس کا کیا جواب دیں گے جبکہ آپ کا اپنا اعتراف ہے کہ یہ نکاح وقوع میں نہیں آیا۔ پس نتیجہ صاف ہے کہ مرزا صاحب اپنے دعویٰ مجددیت وغیرہ میں سچے نہ تھے۔ آپ نے ہمارے سامنے سابقہ مجددین کو بطور مثال پیش کیا ہے۔ ہم آپکو چیلنج کرتے ہیں کہ آپ ہمارے مسلمہ مجددین میں سے کسی ایک ہی مجدد پر ایسی جرح دکھائیں جیسی آپ کے مجدد پر کی گئی ہے۔ تو پھر آپ مساوات کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

مولوی صاحب! آپ کہاں تک اخفائے حق سے کام لیں گے۔ آپ ایسی باتیں کہتے ہوئے یہ خیال دل میں ضرور رکھا کریں کہ کوئی نہ کوئی آپ کی باتوں کو سُن کر جانچنے والا بھی ہے۔ خصوصاً "اہلحدیث" کا تو دعویٰ ہی یہ ہے۔

مجھ سا مشتاق جہاں میں کہیں پاؤ گے نہیں
گو چراغ رخ زیبا لیکر ڈھونڈو گے

رئیس قادیان

(مصنفہ مولوی ابوالقاسم صاحب رفیق دلاوری)

یہ ایک جدید تصنیف ہے۔ اس میں مرزا صاحب قادیانی کے حالات عجیب طرز پر لکھے گئے ہیں۔ جو آپ نے پہلے کسی کتاب میں نہ دیکھے ہونگے۔ ... قیمت ... کاغذ عام ... ملنے کا پتہ ... دفتر اہلحدیث امرتسر

بریلوی مشن

سوال از گندم جواب از چنا کا مصداق

"الفقیہ" بریلوی خیال کا آرگن ہے۔ اس میں ایک صفحہ فتاویٰ کا بھی ہوتا ہے۔ جس میں بریلوی خیال کے مختلف جگہ کے مفتی صاحبان فتویٰ لکھا کرتے ہیں۔

۱۴ستمبر ؁ کے پرچہ میں ایک سوال کا جواب شائع ہوا ہے۔ جس کو پڑھ کر ہمیں بے حد حیرت ہوئی کہ مفتی صاحب نے یا تو سوال پر غور ہی نہیں کیا۔ کسی محویت میں لکھتے گئے ہیں اور وہی پرانے دماغی خیالات کا اظہار کئے جاتے ہیں یا عمداً تساہل کیا ہے۔ چنانچہ وہ فتویٰ مع سوال بجنسہٖ ناظرین کی واقفیت کے لئے درج کیا جاتا ہے :۔

سوال } ایک وہابی بنام خیر بخش خان زمیندار درشان حبیب خدا اشرف انبیاء قالوا ما انتم الا بشر مثلنا کا مستحق ہو کر کہتا ہے کہ وہ نبی اور رسول برحق تھا۔ مگر ہم جیسا انسان تھا جس طرح ہم کام کرتے ہیں۔ خورد و نوش اور بازاروں میں گھوما نہ کرتا تھا؟ یا ہماری طرح پاخانہ پیشاب نہ لاتا تھا؟ یا آپ کی یا زوجات تھیں۔ ان سے جنتی نہ کرتا تھا؟ دیگر کہتا ہے کہ دستگیر دستگیر کرنا یا اس کی گیارھویں شریف کی کیا وجہ ہے۔ خدا کے فرضوں کا لوگوں کو پتہ نہیں۔ مگر دستگیر انہوں نے کہاں سے لیا ہے۔ اور اس کے نام کی خیر خیرات اور گائے کشی سب حرام اور ناجائز ہے مگر گوشت سگ کا جو کسی گٹھڑی میں باندھا ہوا خشک ہو گیا ہے تو وہ طیب ہے۔ جاوت کا کام مانا تک کرنا جائز اور صحیح ہے اور کہ مینڈک کچھوا اور مکھی کہ ور شیر مردہ ہو جاوے۔ تو اس کا کھانا پینا حلال درست ہے۔

اب عرض خدمت ہے کہ علماء دین متین دریں مسئلہ حل المشکلات کریں۔ ایک از ڈاکخانہ بغرض جواب ارسال خدمت ہے۔

(خادم اعظم شاہ فقیر محمود دی۔ ڈاکخانہ غوث پور۔ ضلع جیکب آباد سندھ)

الجواب } وسیلہ کسی بزرگ کا طلب کرنا جائز ہے۔ اور حدیث و قرآن سے ثابت کیا معلوم نہیں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے گندم خوری کے بعد نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑا اور تو لغزش معاف کی گئی۔ جس کو اللہ نے اپنے قرآن پاک میں بیان فرمایا۔ فتلقیٰ آدم من ربہ کلمات فتاب علیہ۔ اسی طرح حدیث میں سرکار نے بیان فرمایا ہے۔ گیارھویں شریف میں فاتحہ کرنا مرغ خصی وغیرہ کا گوشت تیار کرنا جائز ہے۔ یہ تو لفظی نزاع ہے۔ کوئی مسلمان کسی جانور کو اللہ کے سوا دوسرے کے نام پر ذبح نہیں کرتا ہے اور جو جانور اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے۔ وہ حلال ہے۔ اس گوشت کو پکا کر نیاز کرنا کیوں ناجائز ہوگا۔ قربانی کا جانور لوگ ایک ماہ دو ماہ دس ماہ قبل خرید کر رکھتے ہیں۔ جب ان سے کوئی پوچھتا ہے تو یہ کہتے ہیں کہ اپنی یا فلاں کی قربانی کا جانور ہے۔ اس کا گوشت حلال ہو۔ وہی صورت گیارھویں بارھویں کی ہے۔ وہ ناجائز کیوں ہوگا؟ بڑے افسوس اور ناسمجھی کی بات ہے۔ مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ غیر مقلدین اور ان کے چھوٹے بھائی اس کو کیوں ناجائز قرار دیتے ہیں۔ ان کے سردار مولوی اسمٰعیل صاحب نے تو تقریر ذبیحہ میں گیارھویں کا خصی قبل سے پالنے اور اس کے ذبح کے بعد فاتحہ کو جائز قرار دیا ہے۔ تو دم میں بچھو وغیرہ مر جائے تو اسے پھینک دینا چاہئے۔ وہ حرام ہو گیا۔ ہو... میں مر جائے تو اسے پھینک دینا

چاہئے وہ حرام ہو گیا ... میں ... خشک ہو ... اسے ... پاخانہ پیشاب ... کی طرح ... والسلام ... والله اعلم وعلمہ اتم ... العبد المسکین محمد عبد المتین ... (الفقیہ امرتسر ۱۴ ستمبر ؁)

ناظرین پڑھ چکے ہیں کہ سائل کا سوال ... میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پاخانہ کرتے تھے۔ خورد و نوش بھی کرتے۔ یہ پہلو کیا تو ان عوارضات کے ہوتے ہوئے وہ بشر تھے یا نہ۔ اس سوال کا جواب جو مفتی صاحب نے دیا ہے وہ یہ ہے کہ وسیلہ کسی بزرگ کا طلب کرنا جائز ہے

سبحان اللہ! سوال اور جواب میں مطابقت ہو تو ایسی ہو۔ مفتی جی کیا کریں۔ باتوں میں بات نکل آتی ہے۔ ہاں یہ موافقت ضرور ہے کہ سائل بھی بقول ان کے وہابی ہے۔ جو یہ کہتا ہے کہ رسول اللہ بشر تھے اور وہابی (امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ جیسے) وسیلہ کو تسلیم نہیں کرتے۔ اس واسطے اس سوال کا یہ جواب تحریر کیا گیا ہے۔ پھر وسیلہ کے ثبوت میں جو دلیل تحریر فرمائی ہے وہ عجیب تر ہے کہ حضرت آدم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑا تھا اور اس پر دلیل اس سے بھی عجیب ہے۔ فرماتے ہیں قرآن پاک میں بیان فرمایا ہے۔[1] فتلقیٰ آدم من ربہ کلمات فتاب علیہ۔ مفتی جی نے ایک حدیث بھی ذکر کی ہے۔ فرماتے ہیں حدیث میں سرکار نے فرمایا ہے گیارھویں شریف میں فاتحہ کرنا نیز مرغ خصی وغیرہ[2] کا گوشت تیار کرنا جائز ہے۔ کاش۔ مفتی صاحب اس حدیث کے الفاظ نقل کر کے ساتھ ہی سند بھی نقل کر دیتے۔ ہم نے یہ حدیث کتب حدیث میں تو نہیں البتہ موضوعات میں بھی نہیں ہے[3] مفتی صاحب کا احسان ہوگا۔ اگر وہ اس حدیث کا

---

[1] موجودہ قرآن مجید میں اس طرح آیت نہیں کہ کوئی قرآن مفتی جی کے پاس یا الفقیہ کے دفتر میں ہو تو پتہ نہیں۔

[2] ہمارے ان قومی مرغ خصی نہیں ہوا کرتے ... ایڈیٹر صاحب یا مفتی جی کرتے ہوں تو پتہ نہیں۔ ۱۲ منہ

[3] موضوعات کبیر ملا علی قاری ؒ ۔ منہ

ahmadimuslim.de

پڑھیں کہ کس حدیث کی مستند کتاب میں باسند آئی ہے یا کس محدث نے اس کی تخریج کی ہے۔

یوں تو اخبار الفقیہ امرتسر میں اخبار محمدی و خصوص ماہیہ بکثرت لکھے جاتے ہیں مگر فتوی پر چونکہ عوام کی نگاہ پڑتی ہے۔ اس لئے ہم نے اس کے متعلق خاص طور پر لکھا ہے۔ تاکہ عوام اسکو پڑھ کر حدیث کے نام سے دھوکہ نہ کھا جائیں۔

مفتی صاحب! خدا کے لئے فتوی نویسی کے وقت تحقیق سے کام لیا کریں۔ یہ ذمہ داری کا کام ہے۔ جملہ آپکے فتووں کو پڑھ کر راہ ہدایت پر آئیں گے تو ثواب آپ کو ملیگا۔ گمراہ ہونگے تو ان کا بوجھ آپ کو اٹھانا پڑیگا۔ ارشاد باری سنئے اور عمل کیجئے۔

قال اللہ تعالیٰ لیحملوا اوزارھم کاملۃ یوم القیامۃ ومن اوزار الذین یضلونھم الایۃ

آپ کا تابع
جشید ثانی امرتسری

مسلمانوں میں فتنہ عظیم

بصورت سجدہ تعظیم

(از مولوی نور محمد صاحب بیانوی ضلع جہلم)

مضمون ہذا کی پہلی قسط اہلحدیث ۲۲ ستمبر میں شائع ہو چکی ہے۔ بقیہ آج ملاحظہ فرمائیں۔ (مدیر)

مجوزین سجدہ کہا کرتے ہیں کہ سجدہ تعظیمی کی ممانعت صرف خبر احاد سے ثابت ہے۔ اس لئے تعظیمی سجدہ مرشد کو کرنا کوئی جرم نہیں۔ سو سنئے!

عن انس ابن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یصلح للبشر ان یسجد

یعنی روایت ہے انس بن مالک سے کہ فرمایا نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی انسان کو درست نہیں کہ وہ کسی دوسرے انسان کو سجدہ کرے۔

اس روایت میں لفظ بشر چونکہ نکرہ ہے۔ اور وہ بموجب قواعد عربی زبان کے عموم کا فائدہ دیتا ہے یعنی ہر ایک انسان خواہ وہ نبی ہو یا ولی یا پیر ہو یا فقیر کسی کے لئے سجدہ جائز نہیں ہے۔ علاوہ اسکے اس روایت میں کسی سجدہ کی تخصیص اور تقسیم بھی نہیں کی گئی ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ سجدہ لغیر اللہ ہر نوع اور ہر کیف ناجائز اور حرام ہے۔

اگرچہ اس سجدہ تعظیم کی حرمت میں بے شمار حدیثیں وارد ہیں۔ اور محدثین نے ان کو مختلف راویوں سے علیحدہ علیحدہ اپنی اپنی حدیث کی کتابوں میں درج فرمایا ہے۔ لیکن ہم بوجہ مضمون زیادہ طویل ہو جانے کے اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔ اور یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ متفرق کتب احادیث میں اس سجدہ تعظیم لغیر اللہ کی حرمت میں اس قدر حدیثیں آئی ہیں کہ ان پر نظر کرنے سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اس بارے میں حدیث خبر احاد نہیں بلکہ مشہور اور متواتر تک پہنچ گئی ہیں۔

چنانچہ نواب قطب الدین صاحب مرحوم دہلوی اپنی جامع التفاسیر میں ارقام فرماتے ہیں۔

اور یہ حدیث یعنی لو کنت امرا احدا ان یسجد لغیر اللہ لامرت المرأۃ ان تسجد لزوجھا

فرمایا کہ سجدہ تعظیم کے خلاف حدیث مشہور بلکہ متواتر ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر میں خدا کے سوائے کسی اور کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ حدیث مشہور ہے روایت اس کو کتنے ہی صحابہ نے کیا ہے۔ پھر اس کے بعد دس کتب احادیث میں قریباً گیارہ صحابہ سے اس حدیث کا روایت کیا جانا ارقام فرمایا ہے

پس کتاب مذکورہ بالا و نیز دیگر کتب احادیث سے جس قدر روایتیں ہم کو معلوم ہوئیں منجملہ ان کے چند کتب اور ان میں جن جن راویوں سے حدیثیں بیان کی گئی ہیں۔ ان کے نام بھی درج ذیل ہیں۔

(۱) مسند امام احمد میں۔ حضرت عائشہ۔ انس رض معاذ رض۔ عبد اللہ بن ابی اوفیٰ سے۔
(۲) ترمذی میں ابو ہریرہ رض سے۔
(۳) ابو داؤد میں قیس بن سعد رض سے۔
(۴) ابن ماجہ میں۔ حضرت عائشہ رض۔ قیس بن سعد معاذ رض۔ عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رض سے۔
(۵) دارمی میں بریدہ رض سے۔
(۶) بیہقی میں قیس بن سعد رض۔ ابو ہریرہ رض۔ عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رض سے۔
(۷) حاکم میں قیس بن سعد رض بریدہ سے۔
(۸) ابن ابی شیبہ میں حضرت عائشہ رض سے۔
(۹) طبرانی میں زید بن ارقم رض۔ قیس بن سعد رض۔ سراقہ بن مالک رض۔ صہیب رض۔ عقبہ بن مالک رض۔ غیلان بن مسلم رض سے۔
(۱۰) ابن حبان میں عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رض سے۔

اب انصاف فرمائیے کہ وہ حدیث جس کو اس قدر محدثین نے بیان کیا ہے اور جس کی روایت کرنے میں ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم میں اس قدر ہے کیا اب بھی مجوزین سجدہ خبر احاد ہی کہتے جائیں گے العیاذ باللہ!

اللہ تعالیٰ ہر ایک مسلم کو صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین! زیادہ والسلام خیر الختام۔

سجدہ تعظیم

اس رسالہ میں قرآن مجید و حدیث شریف کی روشنی سے واضح کر دیا ہے کہ سجدہ تعظیم غیر اللہ کے واسطے ہرگز جائز نہیں۔ سجدہ کرنے والوں کے اعتراضات کا جواب مدلل دیا گیا ہے۔ منگا کر خود پڑھئے اور دوسرے مسلمانوں میں اشاعت کیجئے۔

قیمت [illegible]

منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

حق کی پکار

(مرسلہ مولوی غلام رسول صاحب ہوشیارپوری)

مکر و دغا کا پھندا پیری ہے ان دنوں میں
اکل و شرب کا دھندا پیری ہے ان دنوں میں

سیّد ہیں وہ جہنم کے کیا خوف ہو حشر میں؟
پاکی ہے برہمن کو منو کے شاستر میں

بیت کو لئے بغل میں پھرتے ہیں در بدر وہ
پیری کا خاص پیشہ رکھتے ہیں سربسر وہ

تانا ان ہیں لحنِ خوش پر گاتے ہیں شعر جامی
حُسنِ ادا سے اُن کی مسحور سب ہیں عامی

توحیدِ حق سے لیکن رکھتے ہیں وہ عداوت
ہاں ماسوائے حق سے انکو ہے خاص رغبت

کہتے ہیں اولیاء سے مانگو مرادیں ساری
کرتے روا ہیں بے شک حاجات وہ تمہاری

کہتے ہیں جیسے بھری پانی میں ایک جاں ہو
یوں ذاتِ اولیاء بھی توحید میں نہاں ہو

جب ارتقا کی منزل طے ہے اولیاء کو
یکساں ہے پھر پکارو اُن کو یا کبریا کو

اے کاش جانتے وہ توحید کی حقیقت
پھر نہ بچھاتے یوں وہ سجادۂ طریقت

اے پیر جی سنو اب فرمانِ ربِّ باری
دعوت ہو یا عبادت حق کے لئے ہے ساری

نفع و ضرر کا سارا ہے اختیار حق کو
بے چارگی ہے اس میں سب مرسلین تک کو

دختر سے بولے اپنی یوں سیّدؐ دو عالم
اے فاطمہؓ پیاری قربان تجھ پہ جانم

اعمال پر ہے مبنی عقبےٰ کی رستگاری
مَیں بھی نہ کر سکوں گا امداد واں تمہاری

اے سیّدانِ عالی! اس پر بھی غور کیجے
خلقت پہ حق سے ڈر کے ناحق نہ جور کیجے

گروی ہر ایک جاں ہے کردارِ خویش میں یاں
اعمالِ نیک و بد کی عقبےٰ میں ہوگی میزاں

بحکمِ خدا ہے لازم ہے مصطفےٰ کی سنت
چھوڑی نبیؐ نے ہم میں لاریب یہ امانت

پیروں کی شانِ اعلیٰ کرتی ہے کب گوارا
کہ سنتِ نبیؐ پر اُن کا چلن ہو سارا

اپنے مریدوں سے وہ کرتے ہیں یہ اجارا
دیگا مدد تمہیں بھی نانا وہاں ہمارا

اوہام ناشائستہ ایسے ہی اور صدہا
ان کے دلوں میں اکثر رہتے ہیں یونہی برپا

اے سیّدانِ عالی! خوفِ خدا کرو تم
[illegible] اب تو وفا کرو تم

مسئلہ غروب شمس پر ایک نظر

(از مولوی جلال الدین صاحب بنگالی)

سورہ کہف کی آیت کریمہ حتّٰی اذا بلغ مغرب الشمس وجدھا تغرب فی عین حمئة کی نسبت یہ کہنا کہ قرآن کریم آفتاب کو دلدل و کیچڑ میں ڈوبتا بتلاتا ہے۔ جیسا کہ احمدیت میں بعض اہلِ علم نے شائع کر دیا ہے۔ ملحدین کو اعتراض کا موقع پیدا ہوتا ہے۔

ناظرین کرام! غروبِ شمس کے لئے جتنی روائتیں اس قسم کی ہیں وہ سب اسرائیلیات اور اہلِ کتاب زندیقوں کی گھڑی ہوئی روایات ہیں۔ چنانچہ تفسیر خازن میں حضرت معاویہؓ کے جواب میں کعب احبار کا یہ جواب منقول ہے۔

قال نجدہ فی التوراة انھا تغرب فی ماء و طین

(ملاحظہ ہو خازن جلد ثالث صفحہ ۲۱۸)

اسی طرح صاحبِ مدارک نے بھی تورات کے حوالے سے آفتاب کو کیچڑ میں ڈوبتا نقل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو مدارک علی حاشیۂ خازن صفحہ ۲۱۸

اسی طرح صاحب معالم نے بھی کعب احبار کے حوالے سے لکھا ہے۔ (ملاحظہ ہو معالم صفحہ ۲۲۴)

اسی طرح صاحب مدارک نے بروایت ابوذرؓ اس پر ایک بے سند حدیث نقل کر دی ہے کہ حضور نے ابوذر سے پوچھا کہ جانتے ہو کہ سورج کہاں ڈوبتا ہے۔ پھر تو دہی فرمایا کہ یہ آفتاب کیچڑ میں ڈوب رہا ہے۔ (ملاحظہ ہو مدارک صفحہ ۲۱۸) لیکن ان مفسرین نے تشریحات بالا کے ساتھ دوسرے اقوال اور اپنی اپنی رائیں بھی نقل کی ہیں۔ "کما سیاتی"۔ پس غور طلب امر یہ ہے کہ جب اسرائیلی روایات سند اور حجت شرعیہ نہیں ہیں تو ہم اُن تشریحات کے پابند کیوں ہوں۔ جن سے واقعات و مشاہدات کی تکذیب ہوتی ہو۔ جبکہ مفسرین سلف خود بھی اسی ایک تشریح پر جامد و قانع نظر نہیں آتے۔ بلکہ علامہ ابن کثیر جیسے مفسر جلیل القدر اسرائیلی روایت پر اتنا سخت ریمارک بھی کر گئے ہیں۔ فرماتے ہیں۔

لا حقیقۃ لہ و اکثر ذالک من خرافات اھل الکتاب و اختلاف زنادقتھم و کذبھم تو ہمیں اس تشریح کے انتخاب و پابندی پر سخت تعجب اور کمال حیرت ہے کہ جن سے واقعات و مشاہدات کی تکذیب لازم آتی ہے۔

کتب نحو کی رو سے تردید | آیت مذکورہ میں نحوی اصول کے مطابق اگر لفظ وجد پر غور کیا جاوے تو بھی واقعۃً دلدل میں غروب ہونے کا مسئلہ قطعی غلط ثابت ہوتا ہے۔ علمائے نحو وجد کے استعمال کے دو طریق ہیں۔ ایک وجد ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے وجدت الضالۃ۔ تو اس وقت وجدان بمعنی پانے کے معنی میں مستعمل ہو کر افعال قلوب سے نکل جاتا ہے اور دوسرا طریق یہ ہے کہ دو مفعول کی طرف متعدی ہو۔ اس وقت وجدان الشی علی صفۃ مراد ہوتی ہے اور اب وجد افعال قلوب میں شمار ہوتا ہے۔ (ملاحظہ ہو از ہدایۃ النحو تا مغنی)

پس صاف ظاہر ہے کہ آیت مذکورہ میں لفظ وجد افعال قلوب[1] سے ہے۔ کیونکہ آیت میں صرف ذات آفتاب کا پانا مراد نہیں ہے بلکہ اس کا کسی خاص صفت پر پانا مراد ہے۔ پس کتب نحو کی روشنی سے آیت مذکورہ کے معنی صرف اس قدر ہوئے کہ ذوالقرنین نے سورج کو سیاہ چشمہ میں ڈوبتا ہوا خیال کیا۔ اور اس کا ایسا خیال کرنا محض اس کے قلب کا وجدان تھا۔ اور اس میں کچھ ذوالقرنین کی تخصیص نہیں ہے بلکہ ہر شاہدہ کرنے والے کو شام کے وقت دریا جھیل۔ سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر انہی چیزوں میں ڈوبنے کا خیال ہوتا ہے۔ کما ھو ظاہر و لا یجحد بہ الا من سفہ نفسہ۔ (باقی)

ستینی۔ امام رازیؒ کی مشہور کتاب کا اردو ترجمہ سائے علوم کے بعض مشہور مسائل پر بحث کی ہے۔ قیمت ۴ر پتہ:۔ منیجر اہلحدیث امرتسر

---

[1] وجدک ضالاً پر بھی غور کر لیجئے: (اہلحدیث)

تاریخ اسلام کا ایک صفحہ

(مولانا مولوی مظفر علی صاحب مبلغ دارالعلوم دیوبند)

الحمد للہ و کفی و سلام علی عبادہ الذین اصطفی

دریائے دجلہ کی وادی میں ایرانیوں اور مسلمانوں کی معرکہ آرا جنگ ہوتی ہے۔ چونکہ ایران کا دارالسلطنت "مداین" دریا کے اوس پار نظروں کے سامنے ہے اسلئے مسلمانوں کے حوصلے بڑھے ہوئے ہیں کہ سارے ملک ایران کی تمام جنگوں کا فیصلہ ہے۔ ایرانی بھی جان توڑ کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ گھمسان کا رن پڑ رہا ہے کچھ ہی دیر میں جنگ کا نقشہ بدلتا ہوا دیکھ کر ایرانیوں کو جان بچانے کی فکر پڑ گئی۔ ایرانیوں کے سامنے مسلمان ہیں جن کے نیزوں کی بھالوں، تلواروں کی دھاروں سے کہیں امن نظر نہیں آتی اور پشت پر دریائے دجلہ کی موجیں نگل جانے کو منہ پھاڑ رہی ہیں ایرانیوں نے مسلمانوں کے سامنے بجنے سے اسکو آسان سمجھا کہ اپنے کو دریا کے حوالے کر دیں۔ جلدی جلدی کشتی بیڑی ڈونگے جو کچھ بھی میسر آیا انہیں تیار کر کے جتنے اپنی جان بچا کر نکل سکتے تھے ان کو چھوڑ کر نکل بھاگے اتنے میں مسلمان تعاقب کناں دریا کے کنارے پہنچے۔ اتنے ایرانی دریا کے اوس پار "مداین" کی فصیل پر ہا چڑھے اور لشکر اسلام کا تماشہ دیکھنے لگے۔

مسلمان سوار نیزوں کو تانے ہوئے دن رات ۔۔۔۔ گھوڑوں کو سرپٹ ڈالے دشمن کے تعاقب میں تیزی کے ساتھ آ رہے تھے کہ سامنے کا راستہ دریائے دجلہ سے بند دیکھ کر حیران رہ گئے۔ دم کے دم میں ساٹھ ہزار مسلم سواروں کے گھوڑے دریائے دجلہ کے کنارے پر صف بستہ نظر آنے لگے۔ اب اس منظر کو دیکھئے۔ دارالسلطنت "مداین" کی فصیل کے نیچے دریائے دجلہ اپنی تیزی اور طغیانی کے ساتھ ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ اس کنارے پر ساٹھ ہزار مسلم سوار انگشت بدندان حیرت زدہ غصہ میں بھرے ہوئے اپنی ڈاڑھیاں چبا رہے ہیں کہ دشمن ہاتھ سے نکل گیا اور اپنے پاس دریا عبور کرنے کا سامان نہیں۔

مسلمانوں کے سپہ سالار لشکر اسلام حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی تھوڑی دیر میں دریا کے کنارے پر پہنچ گئے۔ یہ نقشہ دیکھ کر انہیں خواب یاد آ گیا۔ مسلمان پا پیادہ "دریائے دجلہ" کو عبور کر رہے ہیں۔ سارے لشکر کو مخاطب کر کے فرمایا۔ دشمن نے دجلہ کی طغیانی میں پناہ لے رکھی ہے تم ان پر حملہ نہیں کر سکتے۔ اور وہ جب چاہیں تم پر حملہ کر سکتے ہیں۔ میری رائے تو یہ ہے کہ اس سے پہلے کہ دنیا تم پر غالب آ جائے۔ اور اوس میں ملوث ہونے سے تمہارے حالات بدل جائیں صدق و اخلاص میں کمی آ جائے۔ اللہ کے واسطے کچھ کام کر لو۔ اور وہ کام یہ ہے کہ اللہ کے بھروسہ پر گھوڑوں کو دریا میں ڈال کر دریا کو اسی حالت میں عبور کر لیا جائے۔ تمام کے تمام مسلم سواروں نے ایک زبان ہو کر بطیب خاطر جواب دیا۔ "اللہ تعالیٰ آپ کے عزم میں برکت عطا فرمائے ہم سب مطیع اور تیار ہیں"۔ اس سوال جواب کے فوراً ہی بعد دیکھنے والوں کی آنکھوں نے کیا دیکھا؟ کہ اوسی سمندر کے نیچے دریائے دجلہ کی اٹھتی ہوئی موجوں اور زوروں کی طغیانی میں ساٹھ ہزار گھوڑے ایسی تیزی سے جا رہے ہیں کہ جیسے خشک میدان میں دوڑتے ہیں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی زبان سے سن کر ہر مسلم سوار کی زبان پر یہ کلمات دعائیہ جاری تھے اور سب کے سب بڑے اطمینان سے دریا کو عبور کر رہے تھے۔ نستعین باللہ و نتوکل علیہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل و اللہ لینصرن اللہ ولیہ و لیظہرن دینہ و لیہزمن عدوہ و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

لشکر اسلام کے دریا میں داخل ہونے سے ایرانی بڑے خوش ہو ہو کر قہقہے لگانے لگے کہ عرب کے وحشی خشک ملک کے رہنے والے دریا کی موجوں کو کیا سمجھیں

ahmadimuslim.de

جنہیں اگر دریا میں گھس نہ گئے ہیں اب سب کے سب غرق ہو جائیں گے ۔ ہمارے امیر نے ہماری مدد کی ہے کہ ہمارے دشمن خود بخود ہی ہماری دیکھتی آنکھوں فنا ہو جائیں گے۔ لیکن جب یہ خدا پر بھروسہ کرنیوالا لشکر جو اسی کا کلمہ بلند کرنے کے لئے گھروں سے سر پر کفن باندھ کر نکلا تھا۔ دریا کو عبور کرتا ہوا انہیں کے قریب پہنچ گیا جو پہلے ہی دستے کے نعرہ تکبیر سے مضطرب تھے تب ایرانیوں کو ہوش آیا۔ اپنے جان و مال کی فکر پڑی جہت سے تو "دیوان آمدند دیوان آمدند" کہتے ہوئے سروں پر پیر رکھ کر بھاگے۔ اوس جلدی میں جس سے جتنا جلدی ممکن ہوا اپنا مال و متاع لیکر شہر سے نکلنے کی کوشش میں لگ گیا۔ لشکر اسلام بجلی کا پورا ایران کے دار السلطنت میں بے روک ٹوک داخل ہو گیا۔ دشمن کے زن و مرد اسلام کی غلامی میں تھے اور مال و منال بیت المال کا ذخیرہ تھا "مداین" جیسا شہر مسلمانوں کے لئے اجنبی جگہ، گلی کوچے تو کیا سڑکوں سے بھی بے خبر تھے۔ پھر بھی جس کسی مسلمان کو جو کچھ ملتا تھا اس کو وہ اپنا نہیں تھا۔ اسلام کے کمل قانون کی اطاعت کرتا تھا۔ جس مسلمان کے ہاتھ جو مال آئے وہ لاکر ایک ہی متعین کے پاس جمع کر دے۔ ایسے شخص کو جس کے پاس مال غنیمت جمع کیا جاتا ہے اسکو صاحب اقباض کہتے ہیں۔

اسی افرا تفری۔ آپا دھاپی۔ نفسا نفسی میں ایرانی جان و مال بچا بچا کر بھاگ رہے تھے اور مسلمان مال غنیمت کو جمع کر رہے تھے۔ جو مسلمان جس گلی کوچہ میں گھس گیا وہاں کے مال کا مالک ہو گیا۔ مگر کیا ممکن کہ ایک حبہ کی خیانت بھی ہو۔ رتی رتی مال صاحب اقباض کے پاس پہنچایا۔ اسی سلسلہ میں دو چار مسلمان نہروان کے پل پر پہنچ گئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ چند ایرانی ایک خچر کو جس پر دو صندوق لدے تھے دھکیلتے ہوئے لئے جا رہے ہیں۔ مسلمان جو اوس طرف کو لپکے تو ایرانی عربوں کی صورت دیکھتے ہی بھاگ گئے۔ مسلمانوں نے خچر پر قبضہ کر لیا۔ مسلمانوں کا خیال تھا کہ ان صندوقوں میں کچھ قیمتی پارچہ جات کچھ زیورات ہونگے۔ مگر صندوق کے کھلتے ہی آنکھیں چکا چوند ہو گئیں۔ کسرائے ایران کا بیش قیمت بلکہ انمول "تاج" تھا۔ جس پر تمام ملک ایران کی کئی سالہ کل کی کل آمدنی خرچ کی گئی تھی جو کبھی کبھی عظیم الشان درباروں میں استعمال ہوتا تھا۔ وہ "تاج" ہے۔ ان مسلمانوں میں سے کسی ایک کے دل میں بھی یہ خطرہ پیدا نہ ہوا کہ اس بیش قیمت تاج کو کہاں صاحب اقباض کے پاس لے جائیں۔ لاؤ آپس ہی میں تقسیم کر لیں! نہیں ایسا تو خطرہ بھی نہیں گزرا اور وہ اس خچر کو اسی طرح لدا لدایا صاحب اقباض کی خدمت میں لے گئے۔ اور کسی قسم کا تصرف نہیں کیا۔

ایک ہی دو دن میں جبکہ مسلمان صبح کا فریضہ ادا کرنے کے لئے بیدار ہو رہے تھے۔ ایک مسلمان نماز کی تیاری کے لئے اٹھا اور قضائے حاجت کے خیال سے ایک باغ میں گھس گیا۔ صبح کا سپیدہ نمودار ہو چکا تھا مگر تارے چمک رہے تھے اور باغوں میں ابھی کافی اندھیرا تھا۔ اوسی صبح کے اندھیرے میں مسلمان نے اوس باغ میں ٹھوکر کھائی۔ جس چیز کی ٹھوکر لگی تھی اوسے اٹھا کر دیکھا تو وہ ایک ڈبہ تھا اور وزنی ڈبہ تھا۔ اس خدا سے ڈرنے والے مسلمان نے اوس کو کھول کر بھی نہ دیکھا کہ اس میں کیا ہے۔ ادائے نماز سے پہلے ہی اوسے بند کا بند لئے ہوئے صاحب اقباض کی خدمت میں پہنچا۔ صاحب اقباض نے اوس کے سامنے ہی اوس ڈبہ کو کھولا تو اوس میں سے اس قسم کے جواہرات بر آمد ہوئے جس کو دیکھ کر عملہ کے تمام لوگ کہنے لگے۔

"اب تک مال غنیمت میں اس کے لگ بھگ مال نہیں آیا اور جتنا آیا ہے وہ سب مل کر بھی اس کے برابر نہیں ہے"

صاحب اقباض نے اوس مسلمان سے دریافت کیا۔ اس ڈبہ کے ملنے کے وقت اور بھی کوئی تھا۔ اوس نے کہا نہیں۔ پھر دریافت کیا تم نے اس میں سے کچھ نکالا ہے تو قسم کھا کر کہا اگر اللہ کا خوف نہ ہوتا تو میں اس ڈبہ کو تمہارے پاس تک نہ لاتا۔ نام دریافت کیا گیا تو جواب دیا "میں اپنا نام بھی نہیں بتلاؤں گا تم لوگ خواہ میری تعریف کرو گے اور شہرت ہو گی۔ میں صرف اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھ کو یہ توفیق دی اور اوسی سے ثواب کی امید رکھتا ہوں" یہ کہہ کر وہ مسلمان چل دیا۔ صاحب اقباض نے آدمی بھیج کر پتہ لگوایا۔ تو ان کا نام عامر بن قیس معلوم ہوا۔

صاحب اقباض نے جب امیر جیش حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے سامنے مال غنیمت کے فراہم ہونے کی رپورٹ پیش کی تو اوس میں عامر بن قیس کے ڈبہ لانے کا واقعہ بھی من وعن سنا دیا۔ اس واقعہ کو غور سے سننے کے بعد حضرت امیر عسکر نے فرمایا۔

واللہ ان الجیش لذو امانة ولولا ما سبق لاھل بدر رضی اللہ عنھم لقلت انھم علی فضل اھل بدر۔

خدا کی قسم یہ لشکر نہایت امانت دار ہے۔ اگر اہل بدر کی افضیلت ثابت نہ ہو چکی ہوتی تو میں کہتا کہ یہ بھی اون کے برابر ہیں۔

ہم موجودہ مسلمانوں کے لئے اپنے اسلاف کے ان کارناموں میں کوئی عبرت، کوئی سبق ہے کہ نہیں ہم ان مسلمانوں کی غیبی امدادوں پر تعجب کرتے ہیں۔ حیرت میں رہ جاتے ہیں کہ انہوں نے کیونکر طغیانی میں آئے ہوئے دریا دجلہ کو عبور کر لیا۔ یہ عرب کے مٹھی بھر ننگے اور بھوکے وحشی کسریٰ کے جیسے باقاعدہ آہن پوش لشکر پر کیسے کامیاب ہو گئے۔ مگر ان حضرات کے ان کارناموں پر نظر نہیں ڈالتے کہ ان میں خدا کی خشیت۔ اللہ کا خوف، اور خدا پر بھروسہ کا یقین کس درجہ پر تھا۔ جبکہ وہ بڑے سے بڑے مال و جاہ پر نظر نہیں ڈالتے تھے۔ خدا کا کلمہ بلند کرنا، خدائی قانون کی پابندی کرنا۔ اُن کے لئے جیسا جلوت میں ضروری تھا ایسا ہی خلوت میں ضروری تھا۔ جبھی تو ہر موقعہ پر خدا کی امداد ہوتی تھی۔

فاتح مصر۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ [illegible]
قیمت [illegible]۔ پتہ [illegible] اہلحدیث [illegible]

متفرقات

وی پی بھیجے گئے | مندرجہ ذیل خریداروں کے نام "اہلحدیث" ۲۹ ستمبر وی پی بھیجا گیا ہے۔ کیونکہ ان کی قیمت اخبار ماہ ستمبر میں ختم تھی۔ باوجود اطلاع دئیے جانے کے آخر وقت تک وصول نہ ہوئی تھی۔ اگر کسی صاحب کا وی پی غلطی سے واپس ہو جائے تو مہربانی فرما کر قیمت اخبار جلد از جلد ارسال کر دیں۔ ورنہ وی پی واپس وصول ہونے کے ایک ہفتہ بعد مجبوراً اخبار بند کر دیا جائیگا۔

۲۰۵۳ - ۵۶۲۳ - ۶۸۴۷ - ۷۱۴۸ - ۷۱۵۲ - ۹۶۱۲ - ۱۰۰۲۸ - ۱۰۷۲۶ - ۱۱۱۱۲ - ۱۱۷۱۹ - ۱۲۰۲۶ - ۱۲۰۸۷ - ۱۲۱۸۸ - ۱۲۲۳۷ - ۱۲۲۴۰ - ۱۲۲۴۶ - ۱۲۴۴۵ - ۱۲۴۳۰ - ۱۲۴۳۹ - ۱۲۴۶۷ - ۱۲۴۷۲ - ۱۲۴۷۳ - ۱۲۴۸۹

رسالہ تحریک خاکساری اور اس کا بانی | زیر طبع ہے۔ اس رسالہ کی اشاعت کے خواہاں و معاونین حضرات اس کی امداد کی طرف جلد از جلد توجہ فرمائیں اور تعداد مطلوبہ سے بھی اطلاع دیں۔

آمد۔ جناب اللہ دتہ صاحب از پشاور ۱۰ روپے

قرآن مجید بطرز آسان | قرآن مجید کی طباعت کئی قسم کے رسم الخط سے ہوئی ہے۔ پرانی طرز کتابت پر جو دشواریاں اور مشکلات بچوں اور مبتدیوں کو ہوتی تھیں وہ اس نئی طرز کتابت کے قرآن مجید بطرز آسان نے بہت حد تک رفع کر دی ہیں۔ اب معمولی ذہن کا بچہ اور مبتدی بھی بآسانی بلا مدد استاد خود بخود پڑھ سکتا ہے۔ جو صاحب پہلے اس کی کتابت کا نمونہ دیکھنا چاہیں وہ پوسٹ کارڈ بھیج کر طلب کر سکتے ہیں۔ ہدیہ قسم اول بلا جلد دو روپے آٹھ آنہ۔ مجلد تین روپے قسم دوم بلا جلد دو روپے۔ مجلد دو روپیہ چار آنہ ملنے کا پتہ:۔ منیجر بیت القرآن۔ برانڈرتھ روڈ لاہور

تفسیر بالرائے۔ مرزائی، چکڑالوی، بریلوی اور اہل قرآن کی تفاسیر کی اصلاح کی ہے۔ قیمت ۱۰ (مع محصول)

حافظ نور الدین صاحب | شاہی مسجد ہنجہ کانفرنس تحریر فرماتے ہیں کہ میری تجویز متعلقہ اہلحدیث کانفرنس مورخہ "اہلحدیث" ۲۷ جولائی ۱۹۳۷ء کی تائید میں چوہدری بدر الدین صاحب شیخ تیجہ کلاں ضلع گورداسپور نے کانفرنس کے لئے رمضان المبارک تک مبلغ پچیس روپیہ بطور اعانت مرحمت فرمانے کا وعدہ کیا ہے۔ نیز انجمن نصرۃ الاسلام دینانگر کے اراکین و ممبر صاحبان بھی حتی الامکان امداد دینے کا وعدہ فرماتے ہیں۔

حالات تبلیغ | اللہ تعالیٰ کا بہت بہت شکر ہے کہ میری تبلیغ کا کام قریب ۹ سال سے جاری ہے۔ اور قریب قریب ہر سال اخبار "اہلحدیث" میں کارروائی شائع کرتا ہوں جو ناظرین کرام کو یاد ہوگا۔ آمدنی کی کمی و بیشی کی وجہ سے مبلغین کبھی کم و کبھی زیادہ ہوتے رہے چار مبلغین بہت دنوں سے کام کر رہے تھے۔ لیکن بفضلہ تعالیٰ امسال ماہ ربیع الثانی سے ایک اور بڑھایا۔ اب اس وقت پانچ ہیں۔ ان پانچوں کے ساتھ وہی شرط ہے کہ ایک بھی چندہ نہ لیں چاہے کوئی اصرار کے ساتھ بھی دے۔ زیادہ تر یہ حالت پیش آتی ہے۔ اس وجہ سے مجھ کو بہت دور دور کا سفر کرنا پڑتا ہے کئی بار سفر میں بیمار پڑ چکا ہوں۔ اس لئے ناظرین کرام سے عرض ہے کہ میرے لئے دعا کریں تاکہ میں برابر صحیح و سالم رہوں۔ ان مبلغین کے علاوہ میرے ساتھ نو مسلموں کا بھی خرچ ہے۔ فقط والسلام: (عبد اللہ رحیم آبادی)

حباب دوستاں

سابقہ پرچہ میں درج کیا گیا ہے۔
ایک بار اسے ضرور ملاحظہ فرمائیے

"اہلحدیث" اور تہنیت نامے

قابل توجہ شعراء حضرات

"اہلحدیث" کی نئی جلد شروع ہونے والی ہے حسب معمول سابق شعراء کرام نئے سال کے لئے تہنیت نامے ارسال فرمائیں۔ پتہ:۔ منیجر دفتر "اہلحدیث" امرتسر

یاد رفتگان | بنارس کے مشہور و پرانے و اعلیٰ موری حیات اللہ صاحب جو والد مرحوم مولانا محمد سعید صاحب کے اولین تلامذہ سے تھے بعمر اسی سال انتقال کر گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اشاعت توحید و سنت کے لئے اپنی زندگی گویا وقف کر چکے تھے اور تمام عمر اسی کی تبلیغ میں رہے۔ (راقم قاری احمد سعید از بنارس)

(۲) راقم کی والدہ نعیمہ برادرم عبد الرحمن صاحب جو پابند صوم و صلوٰۃ اور نیک اخلاق تھیں۔ انتقال کر گئیں۔ (راقم:۔ محمد ایوب خطیب نیلگری)

ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں۔ اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

اللھم اغفر لھما وارحمھما

ضرورت اخبار اہلحدیث | خاکسار غریب طالب علم ہے اور مسجد قاضیاں بٹالہ میں تعلیم پاتا ہے اور مجھے اخبار اہلحدیث پڑھنے کا بڑا شوق ہے۔ اس واسطے کوئی صاحب خیر فی سبیل اللہ ایک سال کے واسطے اخبار میرے نام جاری کرا دے تو خدا سے اجر جزیل حاصل کرے۔ خاکسار محمد یونس طالب علم مدرسہ دار السلام مسجد قاضیاں بھٹیاری دروازہ شہر بٹالہ

ایک قابل امداد بیوہ | مولوی حافظ عبد اللہ صاحب مرحوم پسروری کی بیوہ قابل امداد ہے۔ دو بچیاں بھی ہیں اصحاب خیر اس بیوہ اور یتیم بچیوں کی امداد کر سکتے ہیں تو ماجور ہوں۔ نیز حافظ صاحب مرحوم کے نام اخبار اہلحدیث جاری تھا۔ جس کی مکمل فائلیں ۱۹۱۹ء سے ۱۹۳۵ء تک موجود ہیں۔ کسی صاحب کو ضرورت ہو تو ان سے قیمتاً خرید لیں۔ اس طرح بھی ان کی امداد ہو جائیگی۔ پتہ یہ ہے:۔ بیوہ حافظ عبد اللہ مرحوم۔ معرفت حکیم خدا بخش مسجد کلاں۔ محلہ ککے زئیاں پسرور ضلع سیالکوٹ

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

جرمن اور فرانس کی جنگ

اور

فریقین کی ناقابل عبور حدیں

ایک زمانہ تھا کہ دشمن سے بچنے کے لئے معمولی کچے قلعے بنائے جاتے تھے۔ پھر ان کو مضبوط کرنے کی رسم جاری ہوئی۔ مضبوطی کے زمانے کی دو مثالیں تاریخ دنیا میں مشہور ہیں۔ قسطنطنیہ اور قلعہ انٹورپ قسطنطنیہ کو بھی سلطان محمد فاتح کے زمانے میں فتح کر لیا گیا۔ گذشتہ جنگ عظیم میں قلعہ انٹورپ کو بھی جرمنی نے ایک ہی گولے سے توڑ دیا۔

نوٹ: امرتسر کا ایک نوجوان اوور سیری کی ملازمت پر جنگ عظیم میں گیا تھا۔ واپسی پر ملاقات میں میں نے دیکھا کہ وہ کچھ بہرا سا ہو رہا ہے۔ بہرے پن کی وجہ پوچھی تو کہا انٹورپ کا قلعہ جس گولے سے ٹوٹا تھا اس گولے کی آواز سے میرے کانوں کو صدمہ ہوا حالانکہ بارہ میل کے فاصلے پر قدمہ بم سے وہ گرا تھا۔

اس سے معلوم ہوا کہ بنی نوع انسان کے ایک گروہ نے اپنی حفاظت کے لئے جتنی مضبوطیاں کیں۔ دوسرے گروہ نے ان کے توڑنے میں کمی نہیں کی۔

آج زمانہ اس سے زیادہ ترقی کر گیا ہے۔ اس لئے سلطنتوں نے اپنی حفاظت کے لئے جس قدر مضبوطیاں کی ہیں وہ فرانس اور جرمنی کے دفاعی خطوط سے معلوم ہو سکتی ہیں۔ جن کی تفصیل اخباروں میں یوں آئی ہے

فرانس کا خط دفاع ——— میگنٹ لائن

موجودہ جنگ کی خبروں کے سلسلے میں قارئین کرام نے بار بار میگنٹ لائن اور سیگفرڈ لائن کا ذکر پڑھا ہوگا۔ اس کی تفاصیل کا جاننا ان کے لئے یقینی طور پر دلچسپی کا موجب ہوگا۔ بات یہ ہے کہ جرمنی نے اپنی مغربی اور فرانس نے اپنی مشرقی سرحد پر ایک دوسرے کے بالمقابل زبردست دفاعی استحکامات قائم کئے ہوئے ہیں۔ فرانسیسی خط دفاع کو میگنٹ لائن اور جرمنی خط دفاع کو سیگفرڈ لائن کہا جاتا ہے۔ میگنٹ لائن کے معنی فولادی دیوار کے ہیں جس کا سلسلہ ڈنکرک سے سوئٹزرلینڈ کی طرف کوہ الپس تک پہنچتا ہے۔ یہ خط قریباً چھ سو میل لمبا ہے اس کی بنیادیں زمین میں ۲۲۵ فٹ گہری ہیں۔ اور سپاہ بھی اس میں سطح زمین سے ایک سو فٹ نیچے رہتی ہے۔ یہ زمین دوز قلعوں کا ایک ایسا سلسلہ ہے جو تمام سرحد کے ساتھ ساتھ پھیلا ہوا ہے۔ لیکن بظاہر دیکھنے والے کو سوائے اس کے کچھ نظر نہیں آتا کہ ہر چند سو گز کے فاصلہ پر چند ایک ستون اور مورچے ہیں۔ ان مورچوں کی مجموعی تعداد ۱۴ ہزار ہے جہاں توپیں نصب ہیں اور انہیں چلانے والے زمین کے نیچے بیٹھ کر ہی کام کرتے ہیں۔ توپ کے ڈائل پر تمام تفاصیل درج ہوتی ہیں۔ چلانے والا ان کے مطابق کام کرتا ہے۔ گولہ رکھا جانے کے بعد توپ خود بخود گولہ باہر پھینکتی ہے اور پھر خود ہی نیچے آ جاتی ہے۔ توپوں کے رخ بھی حسب منشا تبدیل کئے جا سکتے ہیں۔ ان قلعوں میں رہنے والے سپاہیوں کی حفاظت کے لئے بیرونی دیوار چالیس انچ موٹی بنائی گئی ہے۔ جس پر گولی بلکہ بم کا گولہ بھی کوئی اثر نہیں کر سکتا۔ ہوا کا دباؤ بھی اس طرح رکھا گیا ہے کہ زہریلی گیس اندر داخل نہیں ہو سکتی۔ اس کے اندر ہر کام بجلی کی مشینوں سے ہوتا ہے۔ چھوٹی چھوٹی گاڑیاں ضروری سامان ادھر ادھر لے جاتی ہیں جن میں آٹھ آٹھ ڈبے ہوتے ہیں اور ہر ایک کی لمبائی ۶-۷ فٹ ہوتی ہے۔ ان کے لئے باقاعدہ سٹیشن اور سگنل ہوتے ہیں جو سب خود بخود کام کرتے ہیں۔ سٹیشن کے ذریعہ یہ گاڑیاں سطح زمین کے اوپر بھی آ سکتی ہیں۔ قلعے دراصل زمین کے اندر کئی کئی منزلوں کے ہیں۔ ان کی چھت فولاد اور سیمنٹ کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ ان کو [illegible] اور پھلوں کے درخت موجود ہیں۔ اور انہی میں سے کہیں کہیں اس کے گنبد نظر آتے ہیں۔ قلعے ایک سیدھی قطار میں نہیں بلکہ ادھر ادھر منتشر ہیں۔ جو بالکل قدرتی ہے۔ اس لڑائی میں چونکہ ٹینکوں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس لئے ان کو روکنے کا بھی خاص انتظام ہے۔ اگر کوئی ٹینک توپوں کی زد سے نکل کر قریب بھی پہنچ جائے تو ایسی خوفناک بڑی بڑی میخوں سے پالا پڑتا ہے جو بھک سے اڑنے والے مادہ کی بنی ہوتی ہیں۔ ٹینک کے چھوتے ہی وہ پھٹ کر اسے تباہ کر دیتی ہیں۔ غرض کسی دشمن کا اسے تسخیر کر لینا ناممکن ہے۔ لیکن اگر غنیم اس کے کسی حصہ پر قابض بھی ہو جائے تو ایسا انتظام کیا گیا ہے کہ وہ حصہ خود بخود دوسرے حصوں سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ اور اس خط سے قریباً تین میل کے فاصلہ پر ایسے خفیہ کمرے بنائے گئے ہیں کہ وہاں سے صرف ایک بٹن دبانے سے وہ منقطع حصہ مع قابضین کے بھک سے اڑ جاتا ہے۔ مشین گنوں کے مورچے ایسے بنائے گئے ہیں کہ کوئی شخص اگر ان پر چڑھے تو اندر سے خود بخود ایسی آتش باری ہوتی ہے کہ چیتھڑے بھی اس کے پرزے اڑ جاتے ہیں۔ رات کے وقت سرخ روشنی کی زبردست شعاعیں ہر طرف پھیلی رہتی ہیں۔ اور اگر ان شعاعوں میں سے کوئی گزرنے لگے تو اندر مشین گنوں کی گھنٹیاں خود بخود بجنے لگتی ہیں اور سپاہی فوراً مقابلہ کے لئے تیار ہو جاتے۔ یہاں سے تیس میل کے فاصلہ پر فرانسیسی حکومت کے پھر قلعے بنائے ہوئے ہیں۔ جہاں زبردست توپ خانہ بھی موجود ہے۔ اور نہایت ہی قلیل عرصہ میں اس لائن میں وہاں سے کمک آ سکتی ہے۔

امن کے دنوں میں اس کے اندر فوج نہایت آرام سے رہتی ہے۔ لیکن ان کی زندگی کا انحصار صرف مشینوں کے صحیح حالت سے پر ہے۔ کیونکہ ان کے لئے روشنی بلکہ ہوا بھی اسی ذریعے سے مہیا کی جاتی ہے حتیٰ کہ باورچی خانہ میں بھی سب کام بجلی سے ہوتا ہے بجلی کی فراہمی کے لئے زبردست [illegible]

[illegible]

[illegible] انجمن [illegible] ہیں بھی کے
[illegible] میں تو زیادہ مشکل نہیں ہوتی۔ [illegible] کے علاوہ
[illegible] بھی بکثرت جمع رکھے جاتے ہیں۔ اس لائن کی
تعمیر پر فرانس نے [illegible] فرانک صرف کر دئیے ہیں
[illegible] کرنے کے لئے لفٹوں سے ہو کر جاتے ہیں۔ پہلے
[illegible] میں قریباً ۵۰ فٹ چلنا پڑتا ہے۔ پھر مشین
کے ذریعہ سو فٹ نیچے جاتے ہیں اور اس کے بعد
بجلی سے چلنے والی گاڑیوں میں بیٹھ کر یہاں پہنچتے ہیں
[illegible] کا دعویٰ ہے کہ کوئی زبردست سے زبردست
[illegible] بھی اس لائن کو توڑنے پر قادر نہیں ہو سکتا۔"

جرمنی کا خط دفاع ——— سیگفریڈ لائن

فرانس کی اس دفاعی لائن کے ساتھ جرمنی نے
بھی [illegible] سے کوئی ڈیڑھ سال قبل ایک دفاعی لائن
تیار کی ہے۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ وہ چونکہ عجلت میں
تعمیر کی گئی ہے اس لئے ایسی مضبوط نہیں۔ یہ بھی
سوئٹزرلینڈ سے لے کر ہالینڈ تک پھیلی ہوئی ہے
اس کی تین قطاریں ہیں۔ اور کم و بیش تیرہ سو قلعوں
پر مشتمل ہے جن میں سے اکثر زمین دوز ہیں۔ اور بعض
[illegible] کے علاقہ میں پہاڑیوں میں واقع ہیں۔ زمین دوز
قلعوں کے اندر [illegible] سامان کی بہم رسانی کے لئے
سرنگیں ان کو ملک کے اندرونی حصوں سے ملاتی ہیں
[illegible] شکن توپیں یہاں قطار در قطار کھڑی ہیں
اور ٹینکوں کو روکنے کے لئے بھی زبردست انتظامات
ہیں۔ اس لائن کی تعمیر میں نہایت راز داری سے
کام لیا گیا تھا۔ اس لئے تفاصیل کا بہت کم لوگوں
کو علم ہے۔ چنانچہ اس جنگ میں یہ خبریں آتی رہی
ہیں کہ فرانسیسی طیارے اس پر پرواز کر کے اسکے
[illegible] لینے کی کوشش کرتے رہے ہیں تاکہ اس کی
[illegible] کو معلوم کر کے ان سے فائدہ اٹھایا جا سکے
[illegible] لائن میں [illegible] کو گرانے کے لئے خفیہ گڑھے
[illegible] اور گولہ بارود [illegible]
[illegible] اعلان کیا ہے کہ [illegible] ناقابل تسخیر ہے
[illegible]
[illegible] اور روس [illegible] اسی علاقہ میں

ہو رہی ہے۔ فرانسیسی افواج اس لائن کی طرف
پیش قدمی کر رہی ہیں۔ اور اس کی بیرونی چوکیوں پر
جرمن افواج مزاحمت کرتی ہیں۔
مختصر یہ ہے کہ دونوں ممالک نے اپنی سرحدوں کو
حتی الامکان مضبوط اور ناقابل تسخیر بنا رکھا ہے۔ اور
اس لئے یہ کوئی بعید نہیں کہ سالہا سال انہی علاقوں میں
لڑائی جاری رہے۔ [illegible] ہو جائیں۔"
(الفضل قادیان ملک مورخہ ۶ ستمبر ۱۹۳۹ء)

جنگ کی رفتار

جنگ کے متعلق جتنی خبریں آتی ہیں وہ سب کی سب
مجمل بلکہ مبہم ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کے ناقابل فہم
بن جاتی ہیں۔ خواص تو ان کا مطلب سمجھ لیتے ہیں
لیکن ان کو کہا گیا ہے کہ ؎

لب بند و چشم بند و گوش بند

مختصر یہ ہے کہ جنگ جاری ہے۔ جرمنی وارسا سے
فارغ ہو گیا ہے۔ روس اور جرمنی کی فوجیں چھوٹی
چھوٹی ریاستوں کو دھمکا رہی ہیں۔ فرانس اور جرمنی
باقاعدہ مکمل حملوں اور دفاع کی تیاریوں میں مصروف
ہیں۔ برطانیہ کی فوجیں بھی فرانسیسی فوجوں کے ساتھ
جا ملی ہیں۔ غالباً اس ہفتے دونوں میں گھمسان کی جنگ
شروع ہو جائے گی۔ نتیجہ کیا ہوگا۔ العلم عند اللہ
باقی حالات خبروں کے صفحہ پر ملاحظہ ہوں۔

خاکساروں کا حملہ لکھنؤ پر

خاکسار جماعت کے ڈکٹیٹر ماسٹر عنایت اللہ خان نے
جب سے اعلان کیا تھا کہ ہماری زندگی اہنسا کی ہوگی
ہم اسی وقت سمجھے تھے کہ عنقریب یہ جماعت بجائے
خاکساروں کے خونخوار ہونے والی ہے۔ معمولی طور پر
جیلوں میں جانا ان کے نزدیک زنانہ پن ہے۔ اس لئے
انہوں نے بجائے خودمختی زندگی کا لباس پہن کر
سب سے پہلے جمنا کے کنارے غازی آباد میں [illegible]

ہوتے ہی پولیس سے ہاتھا پائی کی۔ چھوٹی اطلاعات
پولیس کا شمار [illegible] خاکسار بچھڑ
(۱۰۰) تھے۔ صوبہ کی لڑائی میں خاکساروں کو بڑا
سپاہیوں کو بھی زخمی کیا، وہ کو دریا میں پھینک
دیا [illegible] خاکسار غازی آباد کو گرفتار کرکے
گئے۔ غازی آباد پر کیوں ہنگامہ ہوا؟ اس لئے کہ
حکومت یوپی کا حکم ہے کہ باہر سے خاکسار صوبہ یوپی
میں داخل نہ ہوں۔ غازی آباد چونکہ حکومت یوپی کی
سرحد ہے۔ وہاں دہلی سے آنے والے خاکساروں کو
بھی روک دیا گیا۔
خاکساروں کو دفتر سے حکم جاری ہو رہے ہیں کہ جتھے
روانہ ہوں۔ سنا ہے امرتسر کا جتھا لکھنؤ پہنچ گیا ہے
راستہ میں روکا نہیں گیا۔ اس حکمت عملی سے پہنچا کہ
بجائے خاکساری لباس کے برات کی شکل بنائی گئی
کچھ بھی ہو آخر گرفتار ہو گیا ہوگا یا ہو جائیگا۔ نتیجہ وہی
ہوگا جو جدوجہد کرنے والوں کا ہے وہی لکھنؤ میں ہوگا۔
حکومت یوپی نے ایک اور اعلان مندرجہ ذیل کیا ہے
"گورنمنٹ خاکساروں پر کوئی غیر ضروری
پابندی نہیں لگانا چاہتی
لیکن قانون شکنی کی اجازت نہیں دی جائیگی

قائمقام وزیر اعظم یوپی کا بیان

لکھنؤ ۲۰ ستمبر۔ قائمقام وزیر اعظم یوپی نے آج
ایک بیان جاری کیا ہے۔ جس میں صوبہ میں تحریک
خاکسار کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا ہے
کہ گورنمنٹ نے مجبور ہو کر خاکساروں کے متعلق
موجودہ رویہ اختیار کیا ہے۔ بعض حلقوں میں
اس امر کے شکوک ظاہر کئے جا رہے ہیں کہ گورنمنٹ
خاکساروں کو کچلنے کا تہیہ کئے ہوئے ہے۔ انہیں
دور کرنے کے لئے مسٹر قدوائی نے کہا کہ گورنمنٹ
خاکسار تحریک کو کچلنے کا یا اس کی سرگرمیوں کو محدود
پابندیاں لگانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی [illegible]
جب وہ [illegible] امن عامہ [illegible]
[illegible]
[illegible]

کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ جن اضلاع میں خاکساروں کا طرز عمل درست ہے وہاں [illegible] کوئی پابندی [illegible] فائدہ نہیں [illegible]

[illegible]

[illegible] زندگی ہو تو [illegible] کی عادت ڈالئے اور اپنے بچے کیلئے [illegible] حاصل کیجئے

اورینٹ

جو کہ مضبوط ترین اور ہندوستان کی سب سے مشہور [illegible] کمپنی ہے۔ بچوں کے مخصوص بیمے کی پالیسی حاصل کریں۔ بچوں کا مخصوص بیمہ اس لئے تجویز کیا گیا ہے کہ والدین ادنیٰ شرح پر اپنے بچے کے لئے محدود اقساط پر تمام عمر کی پالیسی یا اکرامی بیمہ کی پالیسی حاصل کر سکے۔ ان پالیسیوں کے ماتحت کمپنی کی ذمہ داری کسی منتخبہ عمر سے شروع ہوگی جو بچے کی ۲۲ سال کی عمر سے [illegible] نہیں ہوگی۔

مزید معلومات کے لئے

اورینٹل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

قائم شدہ ۱۸۷۴ء [illegible] بمبئی

یا

سردار دولت سنگھ بی۔ اے برانچ سیکرٹری اورینٹل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

(۹۹۱۴)

بچوں اور مبتدیوں کے لئے

صحیح اور خوشخط مترجم قرآن مجید [illegible]
اس کے حرف کا اعراب اپنے ہی حرف [illegible]
ہی موزوں طریق سے علیحدہ لکھے ہوئے [illegible]
کی تشریح اور سورتوں کے نمبر بھی درج ہیں [illegible]
[illegible] منگوا کر تجربہ فرمائیے۔

[illegible] قسم اعلیٰ جلد سنہری تین روپے
[illegible] جلد سنہری دو روپے [illegible]
[illegible] قرآن [illegible] بطرز آسان [illegible]
[illegible] ڈیڑھ آنہ [illegible]

بیت القرآن۔ [illegible] روڈ۔ لاہور

کم از کم

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ [illegible] بھیج کر مفت طلب فرمائیے [illegible] نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔
پتہ۔ منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ فتح آباد۔ ضلع حصار (پنجاب)

اگر آپ

کامل صحت چاہتے ہیں [illegible] کا فوراً استعمال شروع کردیں [illegible]
[illegible]

تمام دنیا میں بے مثل

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم ومحشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم ومحشی اردو

چار جلدوں میں
کا ہدیہ [illegible]
فی جلد [illegible]

[illegible] کتابوں کی کیفیت [illegible]
[illegible] غزنوی [illegible]

حمائل شریف [illegible]

[illegible]

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث و ہزارہا خریداران اہلحدیث

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل و دق۔ دمہ کھانسی۔ پرزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کمی [illegible] جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔ [illegible] دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے...... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت [illegible] آدھ پاؤ [illegible]۔ پاؤ بھر [illegible] مع محصولڈاک علاوہ [illegible] ہوگا۔

[illegible] ایک پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک [illegible] بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائے گی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادات

جناب احمد علی صاحب [illegible]۔ "میں نے چند روز ہوئے چند دوستوں کے واسطے آپ کے یہاں سے مومیائی منگائی تھی وہ مفید ثابت ہوئی۔ اس لئے براہ مہربانی آدھ پاؤ مومیائی جلد ارسال فرمائیں گے۔ (۲۸ اگست ۱۹۳۹ء)

جناب حافظ محمد عمر حسن اللہ صاحب اکبر پور۔ "میں نے ایک چھٹانک مومیائی آپ کے کارخانہ سے ابھی حال میں [illegible] بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ لہٰذا براہ مہربانی [illegible] مومیائی [illegible] وی پی روانہ فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرماویں گے۔" (۱۸ اگست ۱۹۳۹ء)

منگوانے کا پتہ۔ حکیم محمد سردار خان [illegible] ایجنسی امرتسر

حضرت سید احمد شہید و مولانا اسمٰعیل شہید

تیرھویں صدی کے مجدد [illegible] مجاہد کبیر حضرت سید احمد شہید رائے بریلوی اور آپ کے خلیفہ و وزیر [illegible] قامع البدعہ خالد ثانی [illegible] اسمٰعیل شہید کے نام نامی سے ہندوستان کا کون مسلمان ناواقف ہے۔ لیکن شہیدین کے تجدید کارنامے، مساعی تنظیم ملت اور قیام خلافت کی محیر العقول کوششیں، ان کے بے نظیر نظام شرعی کی برکات، ان کی تحریک جہاد کے صحیح مقاصد و اسباب، انکے رفقاء و متبعین کے حیرت انگیز و دل آویز اخلاق و صالحانہ قربانی و ایثار، جہادی سبیل اللہ اور صبر و استقامت کے رقت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی صحیح تاریخ (عام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپکی مخصوص جماعت کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اس وقت تک جتنی کتابیں ان دو مقدس بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں زیادہ تر [illegible] کے حاوی نہیں ہیں۔ ہندوستان کے محبین سنت کو مژدہ ہو کہ حضرت سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابوالحسن علی ندوی استاد دارالعلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور جستجو کے بعد سیرت سید احمد شہید کے نام سے کتاب تالیف فرمائی ہے جو اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب ہے جس کی تالیف میں خاندانی کاغذات۔ سرکاری ریکارڈوں، متعدد فارسی۔ انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۷۶ صفحہ۔ کتابت۔ طباعت۔ جلد سب خوبصورت۔ جناب علامہ سید سلیمان ندوی کا دس صفحہ کا فاضلانہ دیباچہ اور [illegible] مقدمہ ہے۔ قیمت مجلد [illegible] علاوہ محصولڈاک بلا معاوضہ خریداران کتب کمیشن بذریعہ خط و کتابت طے کریں۔

(ملنے کا پتہ)

محمد معین الدین [illegible] کتب خانہ [illegible] ریڈ [illegible] صوبہ پنجاب کے احباب [illegible] ایجنٹ مولوی عبیداللہ خان مکتبہ [illegible] جالندھر کو لکھیں

خوشخبری برمضان شریف

[illegible] رمضان شریف میں [illegible] پر حسب دستور سابق خریداران فائدہ اٹھائیں۔

احمر قانی مصدقہ حضرات اکابر علماء و حکماء و مرد و عورت اور غیر ہم جن کے اسماء مع تصدیقات بارہا اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں دو حال کی شہادتیں۔ (۱) جناب مولانا مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب ثنائی دام ظلہ:-

ایک [illegible] احمر قانی منگایا تھا۔ جو بہت مفید ثابت ہوا۔ نیز [illegible] روانہ کریں۔

(۲) بابو [illegible] ٹھاکر صاحب (مظفرپور)

احمر قانی [illegible] دو ماہ تک استعمال کیا۔ آدھا بایاں [illegible] سن اور کانپتا تھا۔ کانپ اور سن بند ہوگیا ایک سیر اور بھیج دیں۔

چونکہ باوجود خوشبودار ہونے کے اکثر امراض درد اعضا ہر قسم ورم۔ چوٹ۔ لقوہ۔ فالج۔ گنٹھیا۔ کھانسی۔ دمہ بخار۔ نمونیہ۔ [illegible] اطفال۔ آنت اترنا۔ [illegible] وغیرہ میں اکسیر ہے۔

قیمت فی سیر پانچ روپے (۵) رعایتی فی سیر تین روپے (۳)

(منگوانے کا پتہ)

منیجر روغن احمر قانی پوسٹ [illegible] ضلع [illegible]

طبیب کامل یعنی مجرب فارما کوپیا حصہ اول

اس رسالہ میں تمام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی ڈاکٹری کی بہترین مجربات۔ آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات۔ مشاہیر اطباء حکیم شریف خان صاحب۔ حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب [illegible] کے بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ مؤلف کے خود ذاتی تجربہ و فائدہ کی مجربات کا بیان کیا گیا ہے۔ ہر شخص کو چاہئے کہ اسکو منگوا کر اپنے پاس رکھے۔ [illegible] قیمت [illegible] محصولڈاک علاوہ۔ [illegible] حکیم [illegible] محمد عبداللہ صاحب [illegible] (منگوانے کا پتہ)

منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

رعایتی اعلان

بہار شباب

یہ کتاب دہلی کے مشہور خاندانی شاہی حکیم مسیح الملک محمد اجمل خان صاحب کے والد ماجد حکیم محمود خان صاحب کی شہرہ آفاق کتاب ضیاء الابصار کا عام فہم اور سلیس اُردو ترجمہ ہے۔ بازاری کتابیں جو عالم مصنف ادھر ادھر کی لایعنی باتیں جوڑ کر بنا لیتے ہیں۔ اس کتاب کے سامنے ہیچ ہیں۔ کیونکہ یہ فن طب کی ایک بڑی ماہر ہستی کی تصنیف ہے۔ جس میں انکے تمام مجربات درج ہیں۔ اس کتاب میں مواصلت اور مباشرت کے طبی اصول اور اس کے تمام مجرب نشاط انگیز اور صحیح طبی طریقے بیان کئے گئے ہیں جن پر عمل کرنے سے صحت ہمیشہ درست رہتی ہے۔ اولاد خوبصورت اور مضبوط پیدا ہوتی ہے۔ بیوی اپنے خاوند کی پرستار اور دیوانی بن جاتی ہے۔ جوانی کی پُر کیف زندگی کو ہمیشہ قائم اور درست رکھنے کے لئے بڑے بڑے مجرب طریقے، قاعدے۔ نسخے اور ہدایات درج ہیں۔ زنانہ امراض، انکی تشریح، علاج اور عورتوں کی اندرونی کیفیات اور ان کو سمجھنے کے طریقے مفصل طور پر بیان کئے گئے ہیں۔ مقوی ادویات کے وہ نسخے جو حکیم صاحب ممدوح کے خاندان میں سینہ بسینہ چلے آتے ہیں۔ اس کتاب میں عوام الناس کے فائدے کے لئے نہایت فیاضی سے لکھ دئیے ہیں۔ ہر ایک شادی شدہ نوجوان کو زندگی کے ہر ہر قدم پر اس کتاب کی ضرورت ہے۔ قیمت صرف عہ۔ رعایتی ایک روپیہ (عہ)

تاریخ اسلام

اُردو زبان میں تاریخ اسلام کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں۔ یہ کتاب جامعیت، طرز تحریر، سیاق بیانت، لکھائی چھپائی سب میں بہتر ہے۔ سات رنگوں میں چھپا ہوا نقشہ، خوب اور رنگین سرورق نے چار چاند لگا دئیے ہیں۔ ہندوستان کی اکثر سرکاری ٹیکسٹ بک کمیٹیوں نے اس کو سرکاری مدارس کے لئے بطور لائبریری و انعامی کتاب کے منظور کیا ہے۔ مصنف مولانا اکبر شاہ خان صاحب نجیب آبادی۔ قیمت جلد اول چار روپے۔ قیمت جلد دوم چار روپے۔ جلد سوم تین روپے۔ مکمل گیارہ روپے۔ رعایتی عنہ

فقرائے اسلام

اس کتاب میں ان پیشوایان دین کے سبق آموز حالات ہیں۔ جنہوں نے فقرہ فاقہ کے باوجود اسلام کے اصول و ارکان کو استوار و مستحکم کیا۔ اپنے اوپر تکلیف برداشت کر کے تبلیغ اسلام کی۔ مؤلفہ مولانا عبدالسلام صاحب ندوی۔ قیمت عہ رعایتی عہ

سیر الصحابہ

صحابہ کرام جیسی مقدس ہستیوں کے حالات۔ عقائد۔ عبادات معاملات۔ حسن معاشرت۔ علوم و فنون اور زندگی کے مفصل حالات اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں مؤلفہ مولانا سعید انصاری۔ قیمت فی جلد پانچ روپے (صہ) رعایتی قیمت للعہ روپے

صحابیات

یہ کتاب اکثر زنانہ اسلامیہ سکولوں میں پڑھائی جاتی ہے اس میں ۵۸ صحابیات (صحابہ کرام کی بیویوں) کے حالات درج ہیں۔ قیمت فی جلد سہ۔ رعایتی ۸عہ (ڈھائی روپے)

سیرت الحسین

حضرت امام حسین علیہ السلام کے حالات زندگی۔ شہادت و واقعات کربلا کی مفصل و مبسوط تاریخ معہ آپ کے مزار کے فوٹو۔ چار رنگوں میں چھپا ہوا۔ نفیس سرورق۔ قیمت دو روپے دو آنہ۔ رعایتی عہ

سیرت الکبریٰ

ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مفصل سوانحعمری مع فوٹو مزار۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲ر

بدایت الہدایت

حضرت امام غزالی کی کتاب کا اُردو ترجمہ اس میں اخلاق و آداب۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے۔ کتابت طباعت کاغذ عمدہ۔ قیمت صرف ۱۲ر۔ رعایتی ۸ر

مشاہیر اسلام

مختلف صوفیائے کرام و علمائے عظام، شہدائے ملت۔ غازیان شمشیر بکف اور مجاہدین و سلاطین کے حالات زندگی میں قابل دید کتاب ہے۔ قیمت حصہ اول سکے روپیہ۔ رعایتی دو روپے (عہ)

فلسفہ خواب

اس کتاب میں خواب کا فلسفہ قدیم و جدید بیان کیا گیا ہے اس موضوع میں اُردو کی یہ پہلی کتاب ہے۔ قیمت صرف دس آنے۔ رعایتی ۸ر

سیرت بلال

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی مکمل سوانحعمری۔ نہایت اعلیٰ پیرایہ میں۔ جسے پڑھ کر بدن میں خون دوڑنے لگ جاتا ہے۔ قیمت عہ۔ رعایتی ۱۲ر (۹۴۹)

سوانح حضرت ذوالنون مصری

مشہور و معروف ولی اللہ کی سوانحعمری۔ ارشادات مقالات کا مجموعہ پڑھ کر دل پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ اصل قیمت سہر رعایتی ۱۲ر

پیارے نبی کے پیارے حالات

مصنفہ مولانا فیروز الدین صاحب ڈسکوی۔ رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی سوانحعمری۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق جس قدر بشارات و پیشگوئیاں توریت۔ زبور اور انجیل میں موجود ہیں وہ سب درج ہیں۔ قیمت سکے روپے۔ رعایتی ۸عہ روپے

عقائد اسلام

مصنفہ مولوی شمس محمد صاحب مرحوم۔ اصل قیمت سہر رعایتی ۱۲ر

نوٹ :- محصولڈاک ہر کتاب کا علیحدہ ہوگا۔

متوسط حمائل شریف

مطبوعہ مصر۔ خوبصورت مجلد اعلیٰ۔ کاغذ طباعت اعلیٰ۔ قیمت للعہ۔ رعایتی ۶؍

حمائل شریف مکتوبہ غازی اورنگ زیب عالمگیر

ایک نہایت بے نظیر ہے۔ قابل دید ہے۔ مجلد منقش قیمت ۱۵؎۔ رعایتی ۱۲؍ روپے۔

وید ارتھ پرکاش اور ویدک تہذیب

مصنف پنڈت اتما تما صاحب۔ جو ویدوں کی تعلیم اور ویدوں کے متعلق ناقابل تردید کتاب ہو قیمت ۱۲؍ رعایتی قیمت ۸؍

حکایات صحابہ یعنی پکی کہانیاں

جس میں صحابہ کرام و صحابیات مع اُن بچوں کے زہد تقویٰ۔ فقر و عبادات۔ علمی شاغل۔ ایثار ہمدردی۔ بے مثل جرأت۔ حیرت انگیز جاں نثاری وغیرہ وغیرہ ایمان افروز حالات مندرج ہیں۔ مجلد ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱۲؍

کنز المجربات

مؤلف نے اس میں وہی نسخے درج کئے ہیں جو بارہا تجربہ کی کسوٹی پر کسے جا چکے ہیں۔ اور پھر طلب یہ کہ کتابی نسخے نہیں بلکہ سینہ بسینہ ہیں۔ یہ تجربی اسباب امراض کے پہچاننے کے طریقے نہایت خوبی سے بیان کئے گئے ہیں۔ قیمت ۱۲؍۔ جلد دوم ۱۲؍

کنز المفردات

اس کتاب میں مفردات تیار کرنے کی مختلف ترکیبیں درج ہیں۔ جسے پڑھ کر آپ بآسانی ہر قسم کی ادویات بنا سکتے ہیں۔ قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲؍

کنز المرکبات

اسے پڑھ کر آپ دیگر طبی مرکبات دنیوں سے بے نیاز ہو جائیں گے۔ جس میں سونے و چاندی کے ورقوں میں لپٹی ہوئی گولیاں۔ کیف آفرین معجونیں۔ مقوی مفرح تفریح بخش و فرحت دہ خمیرے، روح پرور

ثنائی برقی پریس امرتسر

میں

اُردو۔ انگریزی۔ ہندی۔ گورمکھی۔ کپڑے کی چھپائی نہایت عمدہ۔ خوشنما، اعلیٰ۔ رنگدار دستاویز اعلیٰ اور خوبی پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دستی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو ضرور تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے:۔

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

حبیبی حکیم

اس میں تمام امراض کے اسباب، ان کی علامات اور تشخیص پر نہایت شرح و بسط سے روشنی ڈالی گئی ہے اور پانچسو عنوانات کے تحت ہر بیماری کے مجرب بمجرب ایسے یونانی اور ڈاکٹری نسخے لکھے گئے ہیں جو سو فیصدی کامیاب ثابت ہو چکے ہیں۔ مصنف نے فیاضی سے کام لیکر نہ صرف اپنے ہی اسراری نسخہ جات بلکہ دوسروں کے سینہ کے راز بھی اس میں نقل کر دیئے ہیں۔ پورا ایک ہزار نسخہ درج فرما کر دریا کو کوزہ میں بند کرنے کی مثال سچ کر دکھائی ہے۔ اطبائے کرام کی بہترین دوائیں اس میں درج ہیں۔ قیمت جلد اول ۱۲؍

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن

(بزبان عربی)

مولانا مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری کی یہ شان و شوکت والی تفسیر قبول خاص و عام ہو چکی ہے۔ تفسیر مذکور جن اہل علم حضرات نے دیکھی ہے بہت پسند فرمائی ہے۔ مفسرین کے متفق اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے۔ ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ، لکھائی چھپائی عمدہ۔ ضخامت ۴۰۲ صفحات۔ سائز ۱۸×۲۲/۴ اصل قیمت للعہ۔ رعایتی قیمت سے ۳؍

آپ کسی اور کتاب میں نہ پائیں گے۔ آپ اس کتاب میں ایسے نوادر نسخے پائیں گے کہ حیران رہ جائیں گے۔ سب سے پہلے ہر عضو کی مختصر تشریح کی گئی ہے تاکہ کم علم بھی معلوم کر لیں کہ دماغ کیا چیز ہے، آنکھیں کیا ہیں، ناک کیا ہے، ان کے کیا افعال ہیں، ان کے بگڑنے سے کون کونسے امراض پیدا ہوتے ہیں۔ ہر مرض کا مشہور نام، طبی نام، انگریزی نام، ڈاکٹری نام۔ چاروں بیان کئے گئے ہیں۔ پھر کیفیت مرض یا تعریف مرض۔ نہایت سادہ اور عام فہم لفظوں میں کی گئی ہے۔ اس یاقوتیاں۔ مفرحات۔ مربے۔ حلوے۔ شربت۔ اطلیات۔ کشتہ جات۔ معجونات وغیرہ درج ہیں۔ نوجوانوں کی طبیعتوں کے موافق نسخہ جات درج ہیں۔ حجم ۲۸۰ صفحات۔ قیمت ۲؍ روپے۔

ملنے کا پتہ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

اہلحدیث امرتسر
بخدمت شریف جناب منیجر صاحب
رسالہ جامعہ۔ قرول باغ
نئی دہلی

ahmadimuslim.de

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲ ۔ یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

کتب خانہ جامعہ [illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۵۰

اہلحدیث

اخبار — امرتسر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث امرتسر کوچہ کڑہ بھائی

تاریخ اجرا ۲۲۔ شعبان ۱۳۲۱ھ ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہیئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح اخبار

والیان ریاست سے سالانہ [illegible]
رؤسا و جاگیرداران سے ۔ [illegible]
عام خریداران سے ۔ [illegible]
۔ ۔ ششماہی [illegible]
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۔ ۔ ۔ ۲ ؍

اجرت اشتہارات کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ مولوی فاضل مالک اخبار اہلحدیث امرتسر ہونی چاہیئے۔

امرتسر ۲۸۔ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۳۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم نعتیہ - - - - - ص۱
انتخاب الاخبار - - - - - ص۲
جماعت اہلحدیث کے قابل توجہ - - - ص۳
خطبہ رمضان المبارک - - - - ص۵
مرزا صاحب کے دعوے کا ثبوت (قادیانی مشن) ص۶
مسلمانوں کی مذہبی حالت - - - ص۷
مسئلہ تیمم اور وضوء - - - - ص۸
اہلحدیث بھائیو بیدار ہو جاؤ - - - ص۹
دعوت [illegible] - - - - ص۱۰
[illegible] - - - - ص۱۱
[illegible] - [illegible] - - ص۱۴
اشتہارات - - - - - ص۱۶

نظم نعتیہ

(از محمد عبد اللہ مضطر اعظمی متعلم مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ)

مرے دل سے کوئی یہ کہہ رہا ہے
اگر معلوم ہوتی ان کی عظمت
صحابہ پا گئے دولت جہاں کی
یہی شان محمدؐ سب سے ارفع
ہوئے حلقہ بگوش حضرت عشر بھی
زباں پر ہے فدا ہ ابی و امی
ثنا خواں کیوں نہ ہوں جن و بشر جب

تجھے معلوم کیا شان محمد
تو ہوتا تو بھی قرباں محمد
پڑھا جب دل سے قرآن محمد
دلیل اس کی ہے فرمان محمد
سنا جب دل سے فرمان محمد
ہوں میں دل سے ثنا خوان محمد
خدا خود ہے ثنا خوان محمد

دعا مضطر کی ہے تجھ سے خدایا
[illegible] فیضان محمد

[illegible] مولانا ثناء اللہ صاحب [illegible] مضامین [illegible] گیا ہے جو بہت موثر [illegible] کرنے کے [illegible] اخبار

ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر میں باہتمام ابو رضا عطاء اللہ پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر اہلحدیث کڑہ بھائی امرتسر سے شائع ہوا۔

انتخاب الاخبار

۹-۱۰ اکتوبر ۱۹۳۹ء

——— امرتسر مسلم ضمنی انتخاب پنجاب اسمبلی کا نتیجہ ۲۰ اکتوبر کو برآمد ہوا۔ شیخ صادق حسن صاحب کامیاب ہو گئے۔ چوہدری افضل حق اور ڈاکٹر سیف الدین کچلو ناکام رہے۔

——— بہت سے اعیان پنجاب نے گورنمنٹ کی خدمت میں جنگ کے متعلق اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ حکیم ابوتراب نے اپنے صاحبزادے شمس الحق سمیت جنگی خدمات میں اپنا نام لکھوایا ہے۔

——— سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو اے۔ ڈی۔ ایم راولپنڈی کی عدالت نے سشن سپرد کر دیا ہے۔ شاہ صاحب نے فہرست گواہان صفائی پیش کی ہے۔ جس میں وزیر اعظم صوبہ سرحد اور مسٹر محمد علی جناح کے نام بھی درج ہیں۔

——— پنجاب کے مختلف شہروں میں مجلس احرار کی کمیٹیاں توڑ کر ڈکٹیٹر مقرر کئے جا رہے ہیں۔ کئی ڈکٹیٹر گرفتار بھی ہو چکے ہیں۔

——— پنجاب و سرحد سے خاکسار صوبہ یوپی میں سول نافرمانی کرنے جا رہے ہیں۔ گرفتاریاں بدستور جاری ہیں۔

——— لکھنؤ ۸۔ اکتوبر کی اطلاع مظہر ہے کہ بلند شہر جیل میں دو سو خاکساروں پر گولی چلائی گئی جس میں پانچ مر گئے اور بیس زخمی ہوئے۔ (پرتاپ ۱۰۔ اکتوبر)

——— نئی دہلی ۸۔ اکتوبر۔ نئی دہلی سے ایک خبر اخبارات میں شائع ہوئی ہے کہ وائسرائے ہند جو مختلف سیاسی لیڈروں سے ملاقات کر رہے ہیں وہ ۲۰۔ اکتوبر تک ختم ہو جائیگی۔ اس کے بعد حضور وائسرائے ہندوستان کے متعلق فیصلہ ظاہر فرمائیں گے۔

——— کراچی۔ مسجد منزل گاہ کی بازیابی کے لئے بہت سے مسلمان سول نافرمانی کر کے گرفتار ہوئے آخر کار حکومت سندھ نے ان کو رہا کر دیا مگر ابھی تک مسجد منزل گاہ مسلمانوں کے حوالہ نہیں ہوئی

——— ہٹلر نے جرمن میں ایک تقریر کرتے ہوئے شرائط صلح پیش کر دیں اور کہا کہ یہ میری آخری پیشکش ہے۔ اگر اس کو رد کر دیا گیا تو جرمنی لڑیگا۔ اس سلسلے میں ہٹلر نے تجویز پیش کی کہ یورپین طاقتوں کی ایک کانفرنس منعقد کی جائے۔ میں فرانس اور برطانیہ سے کوئی مطالبہ نہیں کرتا۔ صرف نو آبادیوں کا مسئلہ ہے جس کا حل گفت و شنید سے کیا جا سکتا ہے۔ پولینڈ کے معاملے میں جرمن اور روس کسی تیسری طاقت کی مداخلت گوارا نہیں کرینگے۔ (انقلاب ۱۰۔ اکتوبر)

——— نیویارک۔ واشنگٹن سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ امریکن سٹیٹ کی تمام پارٹیاں چاہتی ہیں کہ صدر امریکہ یورپ کی جنگ میں مداخلت کر کے صلح کرا دیں۔ مگر صدر مذکور کو دو مشکلات کا سامنا ہے۔ اول یہ کہ ہٹلر اپنے وعدہ کو پھر نہیں توڑیگا۔ دوسری مشکل یہ ہے کہ کیا کوئی سمجھوتہ ایسا ہونا ممکن ہے جس سے چیکوسلواکیہ اور پولینڈ کی آزادی بحال ہو سکے (پرتاپ ۱۰۔ اکتوبر)

——— میرٹھ میں فرقہ وارانہ فساد کی وجہ سے کرفیو آرڈر[1] نافذ کیا گیا ہے۔

——— پیرس ۸۔ اکتوبر۔ فرانسیسی پارلیمنٹ کے ۴۲ کمیونسٹ (اشتراکی) ممبر گرفتار کئے گئے ہیں۔

——— قاہرہ ۸۔ اکتوبر۔ کل مصری پارلیمنٹ میں اعلان کیا گیا کہ حکومت برطانیہ مصر سے روئی کی ۱۵ لاکھ گانٹھیں خریدا کریگی۔ یہ روئی پہلے آسٹریا، جرمنی پولینڈ اور چیکوسلواکیا سے خریدی جاتی تھی۔ (انقلاب ۱۰۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء)

——— فرانس میں اعلان کیا گیا ہے کہ اتحادی فوجوں نے جرمنی کے ایک لاکھ مربع انچ علاقے پر قبضہ کر لیا ہے۔ (" ")

——— سویٹ، روس اور لتھویا کے معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ جس میں قرار دیا گیا ہے کہ کسی یورپین ملک کی طرف سے حملہ کی صورت میں دونو ایک دوسرے کی امداد کرینگے۔

[1] کرفیو آرڈر کے معنی ہیں چلنے پھرنے میں خاص اوقات کی پابندی عائد کرنا۔

——— جرمن پارلیمنٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ جرمن گورنمنٹ نے وعدہ کیا ہے کہ جنگ میں زہریلی گیس اور جراثیم کا استعمال نہ کریگی۔ (" ")

——— پیرس ۷۔ اکتوبر۔ پولش مہم میں جرمنوں کا بھاری نقصان ہوا۔ جرمنی کے محکمہ اعداد و شمار نے جو رپورٹ مرتب کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جرمنی کے اکانوے ہزار چھ سو سپاہی ہلاک اور دو لاکھ زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ ۱۵۰ ٹینک بالکل تباہ ہو گئے ہیں۔ (" ")

——— چنگ کنگ۔ چینیوں کا دعویٰ ہے کہ چنگ شا کے ۱۹ دن کی زبردست لڑائی میں تیس ہزار جاپانی ہلاک ہو چکے ہیں۔

سائلین غریب فنڈ

اور

رمضان شریف

ماہ رمضان المبارک میں ہر نیکی کا کئی گنا زیادہ ثواب ملتا ہے۔ آج کل سب سے مقدم ضرورت اشاعت دین ہے۔ جو تقریر کے علاوہ تحریر سے بھی ہوتی ہے۔ تبلیغ توحید و سنت کا ایک ذریعہ اخبار "اہلحدیث" بھی ہے۔ جو دور دراز ملکوں میں جاتا ہے۔ اس فنڈ سے نادار اور مفلس اصحاب کے نام غریب فنڈ سے اخبار جاری کیا جاتا ہے۔ تاکہ یہ حضرات خود اخبار کو دیکھ کر دوسرے حضرات کو بھی سنائیں۔ مگر افسوس ہے کہ آج کل اس فنڈ میں آمد نہ ہونے کے باعث تمام سائلین غریب فنڈ کے نام رکے پڑے ہیں۔ اسوقت سائلین کی تعداد چھبیس ہے۔ اگر اصحاب خیر اور دیگر شائقین تھوڑی سی ہمت کریں تو شروع جلد سے ان سب کے نام اخبار جاری ہو سکتا ہے۔ امید ہے ہماری یہ درخواست رمضان المبارک جیسے مبارک مہینے میں رائگاں نہ جائے گی۔

آمدہ۔ از ملک غلام محمد صاحب مرحوم کشمیر ملعم

ahmadimuslim.de

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اہلحدیث

۲۸ شعبان المعظم ۱۳۵۸ھ

اعیان اہلحدیث کے قابل توجہ

ایک دکھے دل کی داستان

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ

برادران اعیان اہل حدیث! میری آج کی آواز معمولی جان کر کانوں سے نکال نہ دیجئے گا۔ کیونکہ میں اس کو بڑی امید کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔ آپ لوگ جانتے ہیں جو نہیں جانتے وہ جان لیں کہ ہمارے صوبہ پنجاب بلکہ سارے ہندوستان میں کفر شرک آئے دن ترقی پذیر ہے۔ بت پرستی، صلیب پرستی کا ذکر تو میں سردست الگ رکھتا ہوں۔ اس مضمون میں ان پرستیوں کا ذکر کرتا ہوں جن کو مٹا کر توحید الٰہی کی تعلیم دینے کو آپ کی جماعت کھڑی ہوئی تھی۔

ہندوستان میں اہل حدیث کی سب سے پہلی آواز جامع مسجد دہلی میں اسماعیلی صور سے نکل کر سارے ملک میں پھیلی جو آج مجسم شکل میں بصورت تقویۃ الایمان ہمارے ہاتھوں میں ہے۔ مولانا اسماعیل شہیدؒ کی آواز کیا تھی اور اس کا اثر ملک پر کیا ہوا۔ اس کو مولانا حالی مرحوم کی ایک رباعی میں تھوڑے سے تصرف کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔ حالی مرحوم فرماتے ہیں ؎

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوت ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی

نئی اک لگن سب کے دل میں لگا دی
اک آواز سے سوتی بستی جگا دی

پڑا غل یہ ہر طرف پیغام حق سے
کہ گونج اٹھے دشت و جبل نام حق سے

مولانا شہید کی آواز نے جو کام کیا اس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ ہندوستان میں ایک بہت بڑی جماعت پیدا ہو گئی ہے جس کی صحیح تعداد شمار میں نہیں آسکتی۔ اور جس کے ہاتھ میں توحید کا علم لہرا رہا ہے۔ آج اگر مولانا شہید زندہ ہو جائیں تو جماعت اہل حدیث کو اپنے مجاہدین میں شمار کر کے بہت خوش ہوں مگر جب ان کے گوش حق نیوش میں یہ اطلاع پہنچے کہ حضرت جو کام آپ نے ان کے سپرد کیا تھا انہوں نے چھوڑ دیا بلکہ اسے چھوا تک نہیں۔ تو آپ سخت افسردہ خاطر ہوں اور میں جماعت اہل حدیث کی شکایت باضافہ ذیل مولانا مرحوم کے گوش گزار کروں کہ

اس وقت سارے ملک ہندوستان میں مزارات پوجے جاتے ہیں جن کی گنتی تفصیل دینے کی جگہ نہیں پاکپتن ایک شہر ہے جہاں سالانہ

عرس پر ہندوستان اپنے اپنے عمل لئے ہوئے ہیں جو سراسر اسلام سے متضاد ہیں یہاں ہزاروں کی تعداد میں ہر سال آتے ہیں یا بلفظ دیگر بہشتی شخص کی قبر کو سجدہ کرتے ہیں۔ مصنوعی بہشتی دروازے سے گزر کر اپنے آپ کو نجات یافتہ سمجھتے ہیں۔ ہجوم اور بھیڑ کی یہ کیفیت ہوتی ہے کہ لوگوں کو مارے دھکوں کے ٹوٹے جاتے ہیں اور نالے یا نعرے یا فرید لگتے ہوئے بہشتی دروازے سے گزر کر گویا بہشت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ ہر ایک شخص اپنی حیثیت کے موافق نذر نیاز پیش کرتا ہے جو سجادہ نشین اور مجاوروں کا حق سمجھا جاتا ہے۔ کیا جماعت اہل حدیث اتنے بڑے گروہ کو سمجھانا اپنا مذہبی فرض نہیں جانتی

پنجاب میں ایسے مزارات بکثرت ہیں۔ چنانچہ صوبہ کا دار الحکومت لاہور بھی ایسے ہی مزارات سے بھرا ہے۔ امرتسر میں بھی آئے دن نئے نئے مزارات بن کر پجتے ہیں۔ پنجاب کے ساتھ ہی صوبہ سندھ ہے جہاں پنجاب سے بھی زیادہ مزارات ہیں۔ جہاں برملا شرکیہ افعال کئے جاتے ہیں۔ سیہون شریف کے مشہور جگہ ہے جو زبانی کہنے سے دل ہی جگر ہوتا ہے وہ لکھنے اور کہنے میں نہیں آسکتا۔ صوبہ بہار ضلع پٹنہ میں جا کر دیکھئے ایک بزرگ شرف الدین بہاری کے مزار پر قوال یہ اشعار گاتے ہیں ؎

یہ بیت الشرف ہے بیت الحرم ہے
یہیں حج کو ہم لوگ آیا کریں گے
بہت دور کعبہ ہے جائیں نہ جائیں
یہیں حج کو ہم لوگ آیا کریں گے

پنجاب میں اجمیر کا بڑا دربار ہے جہاں کی کیفیت میں ایک واقعہ کی شکل میں پیش کرتا ہوں۔ میں ایک دفعہ اجمیر گیا۔ میرا مقصد وہاں کے حالات معلوم کرنا تھا۔ وہاں ایک مولوی صاحب جو میرے واقفوں میں سے تھے مجھے ملے۔ آپ حنفی المذہب ہونے کے باوجود میرے ہمراہ ہی رہے میں نے ان سے پوچھا کہ یہاں کی حالت کیا ہے آپ نے مجھ کو مختصر لفظوں میں جواب دیا کہ

میں تو یہ کہتا ہوں کہ تم لوگ مشرک نہیں ہو کیونکہ مشرک وہ ہوتا ہے جو خدا کے ساتھ معبودوں کو بھی مانے وغیرہ شریک کرتے نہیں تو خدا سے کچھ واسطہ ہی نہیں ہے۔ کیونکہ تمہارے لئے تو خواجہ غریب نواز ہی سب کچھ ہیں۔ اسی لئے تم مشرک نہیں ہو۔

یعنی آپ کے بیان سے صحیح نتیجہ پایا اور یہ کہ یہ لوگ اس آیت کے مصداق ہیں :-

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ... تَعْظِيمًا[1]

اجمیر شریف کو کوئی صاحب بہرائچ میں سالار غازی کے مزار پر جائے تو مذکورہ مزارات اس کی نظر میں بہت کم درجہ معلوم ہونگے۔ اس نواح میں سالار غازی کو غازی میاں کہتے ہیں۔ سالانہ میلہ (عرس) کے موقع پر لاکھوں مسلمان بلکہ ہندو بھی شریک ہوتے ہیں۔ اس مزار کے ساتھ بہت بڑی جائداد ہے جسکے انتظام کے لئے ایک سرکاری کمیٹی مقرر ہے۔ اسکی آمدنی اتنی زیادہ ہے کہ ہندوستان کے افلاس زدہ طبقہ پر اگر باقاعدہ تقسیم کی جائے تو چند ہی دنوں میں ہندوستان کے مسلمانوں کا افلاس دور ہو جائے۔

اس مزار کی کیفیت یہ ہے کہ ہندو مسلمان بلا امتیاز بہت کرتے ہیں۔ چونکہ سالار غازی شادی کئے بغیر ایام جوانی ہی میں شہید ہو گئے تھے اس لئے ان کے نام کے ڈولے چڑھائے جاتے ہیں۔ جو کاغذ سے بنے ہوتے ہیں۔ ہندو مسلمان سب یہ ڈولے غازی میاں کے سامنے پیش کر کے ان کی فرضی شادی رچاتے ہیں۔

ناظرین کرام ! میں کہاں تک آپکی سمع خراشی کروں سچ تو یہ ہے کہ اس کی ضرورت بھی نہیں کیونکہ کوئی ملک، کوئی شہر، حتیٰ کہ کوئی بستی بھی اس وبا سے محفوظ نہیں ہے۔ اس لئے اس بیہودہ کہانی کو یہیں چھوڑ کر میں اصل مقصد کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

اعیان اہلحدیث ! اس بے ڈھنگ کہانی کے بعد میری کہانی سنئے !

آج سارے ہندوستان میں مسلمانوں کی کئی ایک جماعتیں میدان میں کام کر رہی ہیں۔ مشہور جماعتوں کے نام یہ ہیں :-

(۱) مسلم لیگ۔ (۲) مجلس احرار۔ (۳) جمعیۃ العلماء (۴) جماعت احمدیہ۔ (۵) جماعت خاکسار

میں ان میں سے کسی جماعت کے کام پر اعتراض نہیں کرتا بلکہ افراد اہل حدیث سے پوچھتا ہوں اور بزور پوچھتا ہوں کہ

وہ امانت جو قرآن حدیث کی روشنی میں مولانا اسماعیل شہید قدس سرہٗ نے آپ کے حوالے کی تھی یعنی اشاعت توحید اور تردید شرک کیا آپ ان جماعتوں سے امید رکھتے ہیں کہ وہ آپ کا کام کرینگی یا انہوں نے کبھی یہ کام کیا ؟ جہاں تک واقعات کی شہادت ہے میں علی وجہ البصیرت کہتا ہوں کہ ہرگز نہیں کیا اور نہ کر سکتی ہیں۔ کیونکہ ان کی بنیادی ساخت ہی ایسی ہے کہ وہ یہ کام نہیں کر سکتیں۔ ان کے ممبروں میں ایسے لوگ بھی شامل ہونگے جو رسوم شرکیہ کے حامی ہونگے۔ پھر وہ یہ کام کریں تو کیوں کریں۔

پس اس اسماعیلی امانت کی حفاظت آپ کس کے حوالے کرتے ہیں۔ سوائے آپ کے کون اس کا ذمہ دار ہے۔ پس یہ ہے ایک سوال جسے میں آج جماعت اہل حدیث کے سامنے پیش کر کے اپنا مافی الضمیر ظاہر کرتا ہوں۔

مافی الضمیر یہ ہے جماعت اہل حدیث کی ایک ایسی مجلس قائم کی جائے جس کی غرض و غایت صرف یہ ہو کہ ان مزارات پر جن افعال شنیعہ اور رسوم قبیحہ کا ارتکاب کیا جاتا ہے ان کا انسداد ہو جائے جس کی صورت یہ ہے کہ خوش بیان واعظوں کی ایک جماعت مقرر ہو اور چند خدام ان کے ساتھ ہوں وہ اپنی خوراک کا انتظام خود کریں جس کا خرچ جماعت کے ذمہ ہو۔ یہ لوگ سر بکف جائیں اور جہاں جائیں اس شان سے جائیں کہ شیخ سعدی مرحوم کا یہ شعر ان پر صادق آئے۔

نہم بکف دست و بپایش نہ سر نیست
ہر جا کہ رفت و خیمہ زد ... ساخت

مبلغین کا یہ قافلہ سارے ملک میں دورہ کرے اور ملک کے ہر حصہ کی زبان میں چھپے ہوئے اشتہارات اس کے پاس ہوں جن میں بصورت نظم و نثر توحید سنت کی ... جہاں ڈیرہ لگائیں ... وہاں کو مستفید کریں۔ اور اشتہارات کے ذریعہ بھی اثر ڈالیں۔

یہ ہے مختصر سکیم اس بڑے کام کی جو مولانا اسماعیل شہید نے جماعت اہل حدیث کے سپرد کیا تھا۔

(نوٹ) میں جانتا ہوں بلکہ ہر ایک شخص جانتا ہے کہ جماعت اہل حدیث میں ضمنی نزاعات بکثرت ہیں جن سے ان کو فرصت نہیں۔ میں یہ جانتے ہوئے بھی اعیان اہل حدیث کو قرآن مجید کی اس آیت پر توجہ دلاتا ہوں :-

تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ[2]

میں اس آیت سے یہ ہدایت پاتا ہوں کہ مشترک غرض میں سب افراد کو شریک ہو جانا چاہئے۔ اسکے علاوہ اگر ضمنی نزاع کو جاری رکھنا ہے تو کچھ توجہ اس پر بھی مبذول رکھیں۔ لیکن سارا وقت اور ساری قوت اگر ضمنی نزاعات پر صرف کی گئی تو اس امانت اسماعیلیہ کی حفاظت کون کریگا۔

جماعت سے خطاب یہاں پہنچ کر میں ناظرین کو بزور توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اس کار خیر میں شرکت کا پختہ وعدہ کریں اور خدا تعالیٰ کو حاضر ناظر سمجھ کر عرض کرتا ہوں :-

اللهم اشهد قد بلغت قد بلغت

(اے اللہ! تو گواہ رہ کہ میں نے جماعت اہل حدیث کے افراد تک تیرا پیغام پہنچا دیا)

عمر کے لحاظ سے میں اس منزل پر پہنچ چکا ہوں جس کا نقشہ مولانا حالی مرحوم نے اس رباعی میں کھینچا ہے :-

اب ضعف کے پنجے سے نکلنا معلوم
پیری کا جوانی سے بدلنا معلوم
کھونٹی ہے وہ ... جس کا ٹلنا ...
آتا ہے وہ وقت کہ جس کا ٹلنا معلوم

پس میرے دوستو! میری یہ التماس ... خدمت ...

[1] تم نے خدا کو بھی پیٹھ پیچھے ڈال دیا ہے۔

[2] ایک ایسی بات پر جمع ہو جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان مساوی ہے۔

خطبہ رمضان المبارک

ناظرین! رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ خطبہ جو ہمیشہ شائع کیا جاتا ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ماہ شعبان کی آخری تاریخ کو بیان فرمایا تھا جو ناظرین اہلحدیث کو ہر سال سنایا جاتا ہے چنانچہ اس سال بھی حسب معمول سابق درج ذیل ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اس پر کما حقہ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ (مدیر)

عن سلمان الفارسی قال خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اٰخر یوم من شعبان فقال یا ایها الناس قد اظلکم شهر عظیم شهر مبارک شهر فیه لیلة خیر من الف شهر جعل اللہ صیامه فریضة وقیام لیله تطوعا من تقرب فیه بخصلة من الخیر کان کمن ادی فریضة فیما سواه ومن ادی فریضة فیه کان کمن ادی سبعین فریضة فیما سواه وهو شهر الصبر والصبر ثوابه الجنة وشهر المواساة وشهر یزاد فیه رزق المؤمن من فطر فیه صائما کان له مغفرة لذنوبه وعتق رقبته من النار وکان له مثل اجره من غیر ان ینقص من اجره شیء قلنا یا رسول اللہ لیس کلنا یجد ما یفطر به الصائم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یعطی اللہ هذا الثواب من فطر صائما علی مذقة لبن او تمرة او شربة من ماء ومن اشبع صائما سقاه اللہ من حوضی شربة لا یظمأ حتی یدخل الجنة وهو شهر اوله رحمة و اوسطه مغفرة و اٰخره عتق من النار و من خفف عن مملوکه فیه غفر له و اعتقه من النار۔ (مشکوٰۃ)

(ترجمہ) یعنی سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ماہ شعبان کی آخری تاریخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک خطبہ سنایا۔ فرمایا اے لوگو! تم پر ایک بہت ہی عظیم الشان بابرکت مہینہ آیا ہے وہ ایسا مہینہ ہے کہ اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں کی راتوں سے بھی افضل ہے۔ خدا نے اس مہینے میں روزے رکھنے فرض کئے ہیں اور رات کا قیام کرنا نفل قرار دیا ہے۔ جو کوئی اس مہینہ میں نفلی نیکی کا کام کرے وہ ایسا ہوگا کہ اس نے اور دنوں میں گویا فرض ادا کیا اور جو اس مہینہ میں فریضہ ادا کرے وہ ایسا ہوگا کہ اور دنوں میں گویا اس نے ستر فریضے ادا کئے۔ ماہ رمضان صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ وہ باہمی سلوک اور مروت کا مہینہ ہے وہ ایسا مہینہ ہے کہ مومن کا رزق اس میں بڑھ جاتا ہے (یعنی روزہ دار اس دنیا میں خوب کھاتا ہے اور قیامت کے روز بھی اس کی برکت سے خوب نعمتیں پائے گا) جو کوئی اس مہینہ میں روزہ دار کا روزہ افطار کرائے اسکے گناہوں کی بخشش ہوگی اور آگ سے نجات ملیگی اور اس کو روزہ دار جتنا ثواب ملیگا۔ یہ نہیں کہ روزہ دار کے ثواب سے کچھ کم ہو جائے گا۔ ہم (صحابہ) نے عرض کی حضور! ہم میں ہر ایک مقدرت نہیں رکھتا کہ روزہ دار کی افطاری کرائے۔ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ یہ ثواب اس کو بھی دیگا جو روزہ دار کو دودھ کی تھوڑی سی لسی یا پانی پلا دے (کیونکہ خدا کے ہاں نیت کا اجر ہے) جو کوئی روزہ دار کو تھوڑا شربت پلائے یا پیٹ بھر کر کھانا کھلائے خدا اس کو میرے حوض سے ایسا شربت پلائے گا کہ جنت میں داخل ہونے تک پیاس نہ لگے گی۔ یہ ایسا مہینہ ہے کہ اس کا اول حصہ رحمت ہے درمیانی حصہ بخشش ہے اور آخری حصہ جہنم سے آزادی ہے۔ جو کوئی اس مہینہ میں اپنے ملازم کے کام میں تخفیف کرے یعنی معمول سے کم کام کرائے خدا اس کو بخش دیگا اور اس کو جہنم کے عذاب سے نجات دیگا۔

قادیانی مشن

مرزا صاحب کے دعوے کا ثبوت

مرزا صاحب نے اپنے دعاوی کے ثبوت میں جو دلائل خود دئیے یا ان کے اتباع نے لکھے ہیں ان کی بابت ہمارا پختہ یقین ہے کہ وہ اپنی قوت اور طرز استدلال میں اس دلیل سے زیادہ قوی ہیں جو کسی فلاسفر نے زمین کی گولائی پر دی تھی کہ

چاول سفید ہیں لہذا زمین گول ہے

وقتاً فوقتاً اتباع مرزا کی طرف سے جو دلائل مرزا صاحب کی صداقت پر دئیے جاتے ہیں وہ استدلالی حیثیت سے مذکورہ دلیل سے زیادہ قوت رکھتے ہیں۔ منجملہ ان کے ایک زبردست دلیل ہم ذیل میں درج کرتے ہیں۔ اخبار پیغام صلح نے یورپ میں مرزا صاحب کی کتب کی اشاعت کو ان کی صداقت کی دلیل کے رنگ میں پیش کیا ہے۔ چنانچہ اس نے مضمون کا عنوان یوں رکھا ہے۔

مشرق میں عیسائیت کا حشر

اس عنوان کے ماتحت پیغام لکھتا ہے۔

عیسائیت اپنے تمام ساز و سامان کے ساتھ آراستہ ہو کر اسلامی ممالک پر حملہ آور ہوئی اور مسلمانوں کو عیسائی بنانا چاہتی تھی

بالمقابل حضرت ... اور

حق ... کے دانت کھٹے کر ... تحریک احمدیت ... تحریک ... کہ خداوند تعالیٰ نے محمد اشاعت اسلام اور اسلامی ... کے تحفظ کے لئے مامور فرمایا۔

حضرت مسیح موعود مرزا صاحب نے ایسا لٹریچر پیدا کیا اور ایسے علم کلام کو پیدا کیا جس نے عیسائی دنیا میں ایک ہلچل پیدا کر دی چنانچہ بعد میں ان کی ایک مجاہد جماعت نے اس لٹریچر کو دنیا میں نشر کیا اور آپ کے ارشاد کے مطابق قرآن مجید کے تراجم اور تفسیروں کو دنیا کے کناروں تک پھیلایا۔ پچیس سال کے قلیل عرصہ میں ... یورپ میں قائم کئے تین یورپین زبانوں میں قرآن مجید کا ترجمہ کر دیا اور پچاس ہزار کے قریب کاپی ان تراجم کی دنیا میں پھیلائی۔ پچاس ہزار سے اوپر رسائل مختلف زبانوں میں پہنچا دئیے؛ یہ اسی علم الکلام اور مامور من اللہ کی للکار کا نتیجہ تھا کہ عیسائیت کا بڑھتا ہوا سیلاب رک گیا اور عیسائی مشنوں کی ترقی، ترقی معکوس ہو گئی۔"

(پیغام صلح لاہور ص۳ ۳۰ ستمبر ۳۸ء)

اہلحدیث | پیغام نے اس سے پیشتر بارہا اس دلیل کا ذکر کیا ہے۔ اُسے معلوم ہونا چاہئے کہ جس عیسائی قوم کو مغلوب اور فنا کرنے کے لئے مرزا صاحب مسیح موعود بن کر آئے تھے اس قوم کی تبلیغی اشاعت و ترقی ایسی نمایاں ہے کہ خود پیغام اس کو بارہا شائع کر چکا ہے۔ آج ہم پیغام سے ایک حوالہ نقل کرتے ہیں۔ پیغام نے اپنی اشاعت مورخہ ۱۳ ستمبر سنہ رواں میں (یعنی مذکورہ اقتباس سے ۱۷ دن پہلے) صفحہ ۳ پر ایک سرخی لکھی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

"انجیل کی اشاعت سنہ ۱۹۳۸ء میں"

اس سرخی کے ماتحت اس نے ایک اداریہ لکھا ...

... کی ساری دلیلوں پر پانی پھر جاتا ہے

اہل پیغام اور اہل قادیان اس کو غور سے پڑھیں۔ پیغام لکھتا ہے کہ:-

"۱۹۳۸ء میں انجیل کی اشاعت کے متعلق نہایت سبق آموز اعداد و شمار اخبارات میں شائع ہوئے ہیں ...

انجیل کی قریباً ایک کروڑ ... جلدیں ۱۹۳۸ء میں فروخت ہوئیں۔ انجیل کے ترجمے ... زبانوں میں ہو چکے۔ ایک ترجمہ اسکیمو زبان میں بھی ہوا۔ اس وقت انجیل ... مختلف زبانوں میں پڑھی جا سکتی ہے۔

کاش مسلمان جن پر قرآن کی اشاعت مذہباً فرض ہے۔ ان اعداد و شمار پر ذرا ٹھنڈے دل سے غور کریں۔ ۱۹۳۸ء قریباً تمام یورپین ممالک نے نہایت اضطراب اور جنگی تیاریوں میں گزارا امن یورپ کی حالت بار بار مخدوش ہوتی رہی اور پے در پے ایسے واقعات پیش آتے رہے جو دراصل موجودہ جنگ کا پیش خیمہ تھے۔

لیکن اس ہنگامہ و مصروفیت میں بھی ملحد و لامذہب یورپ نے انجیل کی اشاعت میں کوتاہی نہیں کی۔ صرف اس کے ایک تبلیغی ادارہ نے قریباً سوا کروڑ نسخے دنیا کے مختلف حصوں میں لوگوں تک پہنچا دئیے۔ ۹ نئی زبانوں میں انجیل کا ترجمہ کر ڈالا۔ ان میں ایک وہ زبان بھی شامل ہے جو قطب شمالی کے دور دراز برفانی علاقوں کے غیر متمدن بلکہ نیم وحشی باشندوں کی بولی ہے۔

کیا ان حقائق کی روشنی میں خدا پرست اور پابند مذہب مسلمان اپنے اندرونہ عمل کا جائزہ لیکر بتائیں گے کہ اس ایک سال کے عرصہ میں انہوں نے قرآن کی اشاعت کے لئے کیا کچھ کیا؟"

(پیغام صلح لاہور ص۳ ۱۳ ستمبر ۳۹ء)

احمدی ممبرو! | اپنے ... ہاتھ رکھ کے ... سے ... کہ جس قوم کی نشر و اشاعت اس حد تک پہنچ گزرے جو مذکورہ اقتباس میں تم پڑھ چکے ہو۔ اس قوم کے متعلق تم کیا سمجھتے ہو کہ وہ تمہارے مسیح کے ... ہندوستان کے بت خانے بدستور آباد بلکہ ترقی پذیر ہیں۔ بزرگان اسلام کے مزارات پرستش ... جاتے ہیں۔ اشاعت عیسائیت کی یہ کیفیت ہے جو تم خود شائع کر چکے ہو۔ ان سب واقعات کو سامنے رکھ کر مرزا صاحب کے کلام ہدایت التیام کو غور سے سنئے! آپ فرماتے ہیں کہ:-

"میرا کام جس کے لئے میں اس میدان میں کھڑا ہوا ہوں یہی ہے کہ میں عیسیٰ پرستی کے ستون کو توڑ دوں۔ پس اگر مجھ سے کروڑ نشان بھی ظاہر ہوں اور یہ علت غائی ظہور میں نہ آئے تو میں جھوٹا ہوں۔"

(اخبار بدر قادیان ۱۹ جولائی ۱۹۰۶ء)

اور سنئے! فرماتے ہیں:-

"میں عیسائیوں کی کسر صلیب کے لئے آیا ہوں اور اس لئے کہ ان کا مصنوعی خدا نظر نہ آئے دنیا اس کو بھول جائے۔"

(اخبار الحکم ۱۷ جولائی ۱۹۰۵ء)

ناظرین! | ان حواریان مسیح موعود سے پوچھئے کہ عیسائیوں کے مصنوعی خدا (مسیح) کی الوہیت کی آواز دنیا میں ہے یا نہیں؟ اگر نہیں ہے تو عیسائی قوم ہندوستان میں دن بدن کیوں ترقی کر رہی ہے اور انجیل کی نشر و اشاعت لاکھوں سے متجاوز کیوں ہو رہی ہے۔ اگر عیسائیوں کے معبود (مسیح) کا نام زندہ ہے تو کیا مرزا صاحب کے دعوے کے ثبوت میں وہ دلیل مذکورہ جلوتوں کی ... والی دلیل سے زیادہ قوت رکھتی ہے۔

لاہوری اور قادیانی ممبرو! | اپنے نفسوں کے ساتھ ہی خلق خدا کو کب تک دھوکہ میں رکھو گے۔ سنو اور گوش ہوش سے سنو! ؎

[illegible]

[illegible]

بسلوی مشن

مسلمانوں کی مذہبی حالت

(از مولوی عبدالرحیم صاحب جامعہ فضل حسن بہاولپور)

مسلمان لوگ اسلامی رسومات کو سوں دور جا پڑے ہیں۔ بہت جاہلانہ رسمیں ان میں جاری ہوگئی ہیں۔ جنہیں خوشی سے منایا جاتا ہے۔ ان رسموں کی تہ تک اکثر جاہل عورتوں کے ذریعہ ہورہی ہے۔ ہر موقعہ پر کوئی نہ کوئی رسم ایجاد کر لی جاتی ہے۔ ایک کو دیکھ کر دوسرے مسلمان بھی حوادہ ادا کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں کیونکہ عورتیں اون کا ناک کاٹتی ہیں کہ کیا ہم فلاں سے کم شان و شوکت رکھتے ہیں۔ کیا ہماری عزت ووقار وجاہت ان سے کم ہے۔ مرد بے چارے عورتوں کے دام تزویر میں پھنس کر دنیا و آخرت کا خسارہ برداشت کرتے ہیں۔ جو کبھی محسوس بھی نہیں ہوتا۔ سچ ہے

ہر چہ از دوست میرسد نیکوست
حکم جہد جی قبل از حکم خداست

اب تک تو یہ رسومات کہ رہنے والے جاہل لوگوں کا افسوس کہتے رہے کہ ان کی عزت اموال وغیرہ جاہلی غیر شرعی اور فضول رسموں کی نذر ہو رہا ہے اگرچہ ان لوگوں کے سمجھانے کی علماء کرام ان تھک کوشش کرتے رہے مگر عقیدت کے محبوس شدہ لوگوں کو منانا بجز اللہ تعالیٰ جل وعلیٰ شانہٗ کی ذات بالاصفات کا کام ہے۔ بے چارے سمجھانے والوں کو یہ جواب دیا جاتا رہا ہے کہ یہ رسمیں ان کے باپ دادا سے ہوتی آئی ہیں کیا اوس وقت عالم مولوی موجود نہ تھے جو ان کو بند رکھتے۔ کیا تم نئے مولوی پیدا ہو گئے ہو۔ ایک قسم کے علماء ایسے لوگوں کے پیچھے پڑ گئے ہیں کہ جو کچھ تم کر رہے ہو اتنی شدت دینا میں حکم ہیں جو لوگ تم کو بند رکھنا چاہتے ہیں وہ تم کو اسلام سے دور کرنا چاہتے ہیں۔ چونکہ ایسے علماء کو ان جاہلوں سے ملنے ملانے کی امید اور شکم پروری کا خیال رہتا ہے۔ اگر یہ لوگ فضول رسموں سے باز رہ گئے تو ہم لوگ کہاں سے پلیں گے۔ اس مقصد کی تائید کرکے اپنا الو سیدھا کر رہے ہیں۔ اب ان لوگوں کے راہ راست پر لانے سے نا امید ہو کر علمائے اہل حق صرف مسجدوں میں بیٹھے گئے کہ اب کیا ہوتا ہے جبکہ ہماری سنتا کوئی نہیں۔ ان کے پاس سوائے چند دوستوں کے کوئی شخص نہیں آتا۔ ہمیں خوشی تھی کہ پنجاب میں ان فضول رسموں کا وجود بھی نہ ہوگا۔ کیونکہ وہاں اہل حق علماء و فضلاء کی کثرت ہے خاصکر امرتسر میں تو بالکل ان واہیات رسموں کا عدم ہی ہوگا۔ کیونکہ اس شہر میں علاوہ اور علمائے اسلام کے حضرت مولانا ثناء اللہ مد ظلہ العالی کا وجود مسعود موجود ہے۔ نیز اخبار گوہر بار اہلحدیث بڑے آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے جس کے باعث شرک و بدعت کی موذی بیماری کا اثر بالکل نہ ہوگا۔ ہماری حیرت کی حد نہیں رہی۔ جبکہ آج ہم نے رسالہ عصمت دہلی فروری ۱۹۳۵ء میں ایک امرتسری محترمہ صاحبہ کا مضمون پڑھا۔ محترمہ موصوفہ اپنے مضمون کا نام (خواتین امرتسر کی مجرمانہ حالت) رکھا ہے اور اس مضمون میں بالتفصیل سے کام لیا ہے۔ پہلے شہر کی حیثیت۔ زبان۔ لباس۔ سنگھار۔ تعلیم۔ مذہب اور رسوم۔ شادی بیاہ اور دیگر رسوم۔ غرضیکہ تمام پہلوؤں پر غور کرکے روشنی ڈالی ہے۔ پہلے لکھا ہے کہ

امرتسر پنجاب میں پیدا ہونے والا شہر ہے

پنجاب کا پایہ تخت لاہور ہے جو ایک اسلامی شہر ہے

[illegible] تسبیح المجید [illegible]

پنجاب کے پاس سوا دو ہزار [illegible] ہیں

ایسے ہو گئے ہیں انہیں اسلام سے دور [illegible] اسلام

[illegible] کو اس قدر پہچانتے ہیں [illegible] حدیث ہے اگر باوجود اس [illegible] کے مسلمانوں میں ہندوانہ رسوم ورواج نے حشر برپا کر رکھا ہے اس طرح کی بنا مضمون نے لکھی تھی۔ اور یہ مضمون کا ترجمہ ہے (ملخصاً)

تعلیم اور تہوار کے عنوان سے محترمہ لکھتی ہیں کہ ہندی تہوار نہایت اہتمام سے منائے جاتے ہیں میلاد شریف کی محفلیں بکثرت ہوتی ہیں عورتوں کی محفلوں میں عورتیں نعت خوانی کرتی ہیں گیارھویں شریف کی دیگ دی جاتی ہے شب برات کے حلوے اور مجلس ختم کی جاتی ہیں محرم میں کھیر یا حلیم پکا کر بانٹی جاتی ہے محرم میں شیعوں کے گھروں میں چہلم مجلس ہوتی ہے بعض سنی بھی مرثیہ پڑھتے ہیں تعزیہ دیکھنے کا بہت شوق ہے [illegible] کی تھیلیاں ہاتھ میں [illegible] پیروں فقیروں کا کھانا چڑھاوا چڑھانا اور منتیں ماننا عام ہے تعویذ گنڈے منتر جادو ٹونے ٹوٹکے آسیب بھوت پریت کی بھی قائل ہیں۔ قبروں پر جانے کا بھی بہت رواج ہے جمعرات کو خاص کر جایا جاتا ہے محلے کی بہت سی عورتیں مل کر صبح ۸ بجے گھر سے نکل جاتی ہیں۔ کھانے پینے کی چیزیں ساتھ لے جاتی ہیں وہیں جمعہ وہیں کھاتی ہیں اور خوش گپیوں میں مشغول رہتی ہیں۔ گویا قبرستانوں میں جاکر پکنک مناتی ہیں۔ (ملخصاً)

تیسرا موضوع شادی بیاہ اور دیگر رسوم [illegible] فرماتی ہیں

لڑکے کی پیدائش پر ہاتھوں میں میراثنوں کو انعام دیا جاتا ہے [illegible]

[illegible] ۔ ۔ ۔ [illegible]
[illegible] ؟ [illegible]
[illegible]
[illegible] نہیں مرتے [illegible]

ahmadimuslim.de

شادی کی بات چیت عورتوں کے ذریعہ طے پاتی ہے۔ جب منظور ہونے کی صورت میں مٹھائی کی رسم ادا ہوتی ہے۔ شادی ہی لین دین کا معاملہ ہے۔ کھلا کھانا کرتا ہے۔ برات کے ہمراہ باجا ہوتا ہے۔ جہیز میں بہت اضافہ کرتا جاتا ہے۔ کپڑے اور زیورات کے علاوہ لڑکے والے نقدی یا جائداد کے وصول کرنے کی فکر میں لگے رہتے ہیں۔ دلہن کو کپڑوں اور زیوروں سے سجایا جاتا ہے۔ بالیں اور چوٹی پر افشاں چھڑکی جاتی ہے۔ نکاح کے بعد دولہا کو رسموں کے لئے اندر بلایا جاتا ہے۔ عورتیں لپٹے چاسنا) سے دلہن کی ہنسی کھلوائی جاتی ہے۔ دولہا کھلنے کی کوشش کرتا ہے مگر دلہن کی سہیلیاں اور بہنیں جو پاس بیٹھی ہوتی ہیں بار بار اسے منہ بھینچنے کی تاکید کرتی ہیں۔ اس کشمکش میں بے چاری دلہن کے ہاتھ دکھنے لگتے ہیں مگر سہیلیوں اور بہنوں کے آگے اس کی کوئی پیش نہیں چلتی۔ دوسری رسم گانا کھولنا ہے۔ شادی سے ایک روز پیشتر سہیلیاں دلہن کی کلائی پر رنگین دھاگہ باندھ دیتی ہیں گانٹھوں کو گوند لگا کر خوب مضبوط کر دیا جاتا ہے اور بیچ کئی گانٹھیں باندھ دی جاتی ہیں۔ اب دولہا کو ان گانٹھوں کے کھولنے کو کہا جاتا ہے۔ وہ غریب انتہائی مشکل سے ایک آدھ گانٹھ کھولتا ہے۔ ذرا دیر ...

... رسومات کے خلاف نہیں کہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اب یہ فضول رسمیں روز بروز کم ہوتی جارہی ہیں۔" (مشا)

خاتون موصوفہ تحریر کرتی ہیں کہ ... چالیس دن تک کا کھانا سمجھا جاتا ہے چالیسویں کے دن بڑے اہتمام سے پُرتکلف کھانا پکتا ہے۔ بعض ماتم چالیس روز تک بھی رہتی ہے۔ عورتیں ہر جمعرات اور ہر ہفتہ کو تربت کو جاتی ہیں۔ کشمیری گھرانوں میں پرسے آنے والی عورتوں کو چائے کچھ یا کھانا کھلانا ضروری ہے اگر ایسا نہ کیا جاوے تو ناک کٹ جاتی ہے۔ مگر پنجابی خواتین اس رسم کو معیوب سمجھتی ہیں۔ اور کھانا کھا چکنے کے وقت گھروں کو واپس چلی جاتی ہیں ...

... ... بھی یہاں ہی ہے۔ البتہ وہاں اتنی برکت ہے کہ یہ فضول رسمیں کم ہوتی جاتی ہیں۔ خدا کرے یہاں وہاں تمام فضول رسم ... اور فضول رسمیں نیست و نابود ہو جائیں اور مسلمان سنت نبویؐ پر چل کر خدا تبارک و تعالیٰ کی خوشنودی اور دنیا و آخرت کی بہبودی حاصل کریں۔ آمین!

(راقمہ بیگم محمد عبد الرحیم بہاول پور سٹیٹ)

اہلحدیث یہ سب جماعت اہلحدیث کے ذمہ دار افراد کی سستی اور غفلت کا نتیجہ ہے۔ اگر متفقہ طور سے رسوم کی بیخ کنی پر متوجہ ہوتے تو ان کا نام مٹ جاتا۔ تفصیل کے لئے ابتدائی مضمون مکرر پڑھ لیجئے۔

مسئلہ نوم اور وضو

(از قلم مولوی ابو طیب عبد الصمد صاحب حسین آبادی)

معزز جریدہ اہلحدیث مصدرہ ۳ جمادی الثانی سنہ رواں میں جناب مولوی عبد الرؤف صاحب نے عنوان مذکور کے تحت ایک مبسوط اور طویل بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:-

"خواہ وہ اعلیٰ ابتدائی نیند اور وہ ابتدائی نیند جس میں آدمی کو نماز کے لئے جگانا پڑے ناقض وضو نہیں ہے۔" (اہلحدیث مذکور صلا)

بحث اچھی ہے لیکن اگر مولوی صاحب احادیث ذیل کو ذکر کر کے تعارض و اختلاف بین الاحادیث والآثار میں توفیق و تطبیق بھی بیان کر دیتے ہوتے تو نہایت اچھا ہوتا۔ وہ احادیث یہ ہیں:-

(۱) عن معاویۃ بن ابی سفیان ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انما العینان وکاء السہ فاذا نامت العینان استطلق الوکاء ... حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آنکھیں شرمگاہ (دبر) کی روک ہیں۔ پس جب آنکھیں سو جاتی ہیں تو روک (بندش) اٹھ جاتی ہے۔

(۲) عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکاء السہ العینان فمن نام فلیتوضأ رواہ ابو داؤد و ابن ماجہ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آنکھیں شرمگاہ کے بند رکھنے کا ذریعہ ہیں۔ پس جو شخص سو جائے اس کو چاہئے کہ وضو کرے۔

(۳) عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الوضوء علی من نام مضطجعا فانہ اذا اضطجع استرخت مفاصلہ (رواہ الترمذی و ابو داؤد) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ...

... اس کے نیز نام لیکر ظاہر ہو ... حاکم کا سلام کرنا ضروری ہے ... شادی ... دولہا صاحب شادی کو ... منزل مقصود حاصل ہوتی ہے ...

... شادی بیاہ کی رسوم ... [illegible]

[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وضو کرنا اس
شخص پر واجب ہے جو لیٹ کر سو جائے کیونکہ
جب لیٹ کر سوتا ہے تو اس کے جوڑ ڈھیلے
(پڑ جاتے ہیں۔) (اس صورت میں ہوا
نکل جانے کا قوی احتمال ہوتا ہے)

حضرت معاویہ اور علی کی روایات سے یہ ظاہراً
ثابت ہوتا ہے کہ نوم ثقیل ہو خواہ کثیر ہو خفیف ہو یا
ثقیل ناقض وضو ہے۔ لیکن ابن عباس کی حدیث
مذکورہ اور اسی طرح انس کی حدیث ہے جس میں
وارد ہوا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نماز عشا کا انتظار
کرتے تھے یہاں تک کہ ان کے سر جھک جاتے (غلبہ
نیند سے) پھر وہ بغیر وضو کئے نماز پڑھتے تھے)
ثابت ہوا کہ بیٹھے بیٹھے سو جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا
پس ان حدیثوں سے ان مطلق روایتوں کو مقید کیا
جائیگا۔ باقی عبداللہ بن مبارک کا فتویٰ عدم انتقاض
وضو بمقابلہ حدیث کے لاشے ہے اور اسی طرح جس
روایت میں "یتنامون" آیا ہے اس نوم کی توضیح و
تعیین دوسری روایت سے ہو جاتی ہے کہ وہ بحالت
انتظار جلوس کی ہیئت میں ہوتا تھا جملہ "حتی تخفق
رؤسہم" اس معنی کا صاف اظہار کر رہا ہے۔ اسکے
ساتھ یہ بھی واضح ہو کہ غنودگی اور غلبہ نیند کی حالت
میں نماز پڑھنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا
ہے اور جب آدمی ذرا دیر ادھوری نیند سو کر اٹھے
اور بلا وضو کئے ہوئے نماز کے لئے کھڑا ہو جائے
تو اس پر نیند کا غلبہ ہوگا اور پتہ نہیں چلیگا کہ وہ
کیا پڑھتا ہے کیا نہیں۔ پس اغلب ہے کہ وضو کر لے
اور ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز
تہجد پڑھنے کے بعد استراحت فرمایا اور آپ سو گئے
یہاں تک کہ خراٹے لینے لگے پھر اٹھے اور نماز شروع کی۔
حضرت عائشہ نے دریافت کیا کہ حضور آپ سو جانے
کے بعد بغیر وضو کئے نماز پڑھتے ہیں۔ اس پر آپ نے
[illegible] قلب بیدار
[illegible]

[illegible] الرشید [illegible] وضو [illegible]
نواقض کے ہونے سے وضو نہیں ٹوٹتا [illegible]
بیہقی نے روایت کیا ہے کہ جس کو خواب آئے
اس پر وضو ہے۔ کذا ذکرہ فی شرح ابن ماجہ للعلامہ
(ابن ماجہ)

یہ بھی مسلم ہے کہ نیند خفیف فی ذاتہ ناقض وضو
نہیں ہے۔ لیکن نوم ثقیل و نوم کثیر بحد خواب کی حالت
میں عقل زائل ہو جاتی ہے اور اس حالت میں خروج
ریح کا گمان غالب ہے۔ اور اسی طرح نوم خفیف و
قلیل بھی۔ لہذا اس کو ناقض وضو قرار دیا گیا ہے مگر
اسی صورت میں جبکہ لیٹ کر ہو جیسا کہ حدیث نمبر تین

[illegible]
[illegible] سنت رسول [illegible]
نماز کا حکم ہے۔ علاوہ ازیں عقل صحیح و نقل
صلی اللہ علیہ وسلم کی قولی حدیث ان الوضوء علی من
نام مضطجعا کا معارض نہیں بن سکتا۔ بلکہ
ایک تاویل بھی کی جا سکتی ہے۔ الغرض لیٹ کر سونے
کے بعد وضو کرنا ضروری ہے اگرچہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو
اسی حدیث کی رو سے۔ جب اس کا جواب مولوی صاحب
یا دیگر اہل علم تحریر فرمائیں گے۔ اس وقت مفصل
عرض کیا جائیگا۔

ھذا ما عندی واللہ تعالیٰ اعلم

اہل حدیث بھائیو ــــ بیدار ہو جاؤ

(بقلم مسٹر علی عبدالعزیز صاحب اہل حدیث از کوٹلی لوہاراں غربی)

کانفرنس اہل حدیث اور جماعتی نظام کو مستحکم
کرنے کی جس قدر تجاویز اخبار گوہر بار "اہلحدیث" میں لکھی
گئی یا شائع ہو رہی ہیں اپنے اپنے خیال اور فہم کے
مطابق صحیح ہیں۔ ہمارے دردمند احباب واقعی ہمت و
استقلال سے اس جماعتی جمود کو دور کرنے اور حالات
صحیح کرنے کی کوشش میں ہیں۔ خدا تعالیٰ وہ دن
لائے کہ یہ بکھرے ہوئے دانے ایک ہی سلک میں
منسلک ہو جائیں۔ واللہ! میں ابھی تک محو حیرت ہوں
کہ یا اللہ ہماری حالت اس قدر کیوں دگرگوں ہے
کس لئے تساہل، سستی، کمزوری، بیہودہ بے حسی، بے عملی
پیدا ہو رہی ہے۔ اس کا جواب اپنے دل ہی سے خود بخود
ملتا ہے کہ جس طرح جسمانی بیماریوں کے لئے مریض کو
دوائی دینے سے پہلے مرض کی شناخت پہچان اور
تشخیص کرنی ضروری ہے اور لازمی چیز ہے۔ بعینہ
آج ہم جماعتی انتشار پر غور [illegible]
بیماری کی تشخیص کرنی [illegible]
[illegible]

ہٹ دھرمی میں پتھر سے بھی زیادہ سخت واقع
ہوئے ہیں کہ زمین و آسمان ٹل جائیں لیکن ان کی
غلط بات نہ ٹلنے پائے۔ جب تک اخوان جماعت اپنی
میں اتفاق و محبت، سلوک، ہمدردی، صبر و استقلال
حلم، بردباری، وقت شناسی اپنے اندر پیدا نہ
کرلیں گے رحماء بینہم کے سانچہ میں نہ ڈھل جائیں گے
تب تک یہ مرض افتراق کی عدم جمعیت ناممکن اور محال ہے
جب میں اخبار اہلحدیث میں کانفرنس کی مالی
حالت سے کمزور ہونے کا پڑھتا ہوں تو پھر یہ
مطالبہ کہ ہر اہل حدیث [illegible] سالانہ چندہ کانفرنس
کو دینا لازمی [illegible] جماعت
اہل حدیث سے [illegible] مطالبہ [illegible]
[illegible]
کہ جماعت اہل حدیث [illegible]
[illegible]

…بڑھنے والے بھائی کو دوسرے … اس پر … چند بے چینہ۔ ایک طرف قربانی کے لئے … دیکھنے والے ایک اس … ہے … مذہب … دجھیدار تو اہلحدیث ہیں اور جب مالی بدنی قربانی کرنے کا موقع بن جائے عمل کی ضرورت پڑ جائے تو ہمیں خدا کے دین کی نصرت و اشاعت کا ذرہ بھر بھی خیال باقی نہ رہے۔ لیکن ہمارے دولت مند احباب ایک آنہ فی روپیہ تو درکنار فی صد ایک آنہ دینا بھی گوارا نہیں کر سکتے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ دلی ہمدردی، مذہبی حمایت، احساس قلبی جوش اور محبت نہیں ورنہ کونسا امر مشکل ہے جو قوم کی ذرہ سی

جماعت کی زندگی کا … مسئلہ … ظاہر ہوا اس تحریک فرائی چندہ میں حصہ لے کر تب تک کامیابی مشکل ہے۔ جو جماعت کی عمر میں دیکھ کر مجھے بھی جناب اکرم خان صاحب کی تجویز سہ سالانہ چندہ کی تائید کرنی پڑتی ہے۔ تاکہ فی الحال قوم میں بیداری عملی قوت احساس اور مالی قربانی کرنے کا ملکہ پیدا ہو جائے۔

کاش کہ ہمارے دولت مند احباب اور نوجوان دوست اس کار خیر میں دل کھول کر حصہ لیں۔ اوسلا… سے مری غیرت کا تقاضا ہے کہ پھر بیدار رہو خدا تعالے عمل کی توفیق بخشے۔

دعوت ختنہ

اہلحدیث ۷ ستمبر میں ایک مضمون مولانا محمد ابو القاسم بنارسی کا درج ہو چکا ہے جو اخبار محمدی دہلی کے جواب میں تھا۔ جس میں محمدی کی دلیل کو ایک صحابی کا قول بتایا اور اس کے ساتھ ہی اس تحقیق کی ختنہ چاہیے؟ (لڑکی کا ختنہ) سے تشریح کی۔ موصوف کا مطلب یہ تھا کہ جس صحابی نے کہا ہے کہ ہم ختنے کی دعوت میں نہیں جاتے تھے اس سے مراد لڑکی کا ختنہ ہے۔

خاکسار مدیر محمدی نے اس کا جواب اہلحدیث میں درج کرنے کے لئے بھیجا ہے … مضمون حاشیہ … قرآن … اہلحدیث) … جس بات کی … کیا گیا تھا کہ … سے ختنہ … بلکہ … کی بیان کی وجہ سے لوگوں کے بچے

بڑے ہو جاتے ہیں۔ لیکن وہ ختنہ نہیں کرا سکتے۔ لڑکے لڑکپن سے گزر جاتے ہیں۔ لیکن ختنہ نصیب نہیں ہوتا۔ بہت سے اسی حالت میں مر بھی جاتے ہیں۔ ختنہ کے وقت لوگوں کا اجتماع۔ پھر نائی کا کٹوری لے کر پھرنا۔ پھر ایک لمبی چوڑی دعوت وغیرہ۔ یہاں تک کہ اس کے لئے بھی لفظ شادی کا بنا لیا گیا۔ اور مثل شادی کے اسے سنت شادی کے نام سے انجام دیا جانے لگا۔ آج یہاں تک حالت پہنچ گئی کہ جب تک اوسط درجے کے انسان کے ہاتھ میں کم از کم دو سو روپیہ نہ ہو وہ اپنے لڑکے کی ختنہ نہیں کرا سکتا۔ اس کے سوا جو اور رسمیں جاری ہیں۔ مثلاً سنت شادی کے موقعہ پر گھوڑی چڑھانا۔ دولہا بنانا۔ شہر میں پھرنا۔ پھر قبروں پر جا کر منت چڑھانا وغیرہ شرک و کفر کے درجے تک پہنچ گئی ہیں۔ چونکہ ان … جماعت اہلحدیث کو … بعض لوگ … انہیں … تھا کہ … وغیرہ … پہنچ …

… عن الحسن بن ابی الحسن … عثمان بن ابی العاص … ختنہ … بعہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم … زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم … تو ہم دعوت ختنہ میں بعہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلائے جاتے تھے نہ ہم جاتے تھے۔ پس یہ حدیث موضوع ہو گی … اس کے اثر کو قابل کرنے کے در پے ہو جانا انصاف کے یکسر خلاف ہے یہ فرمانا کہ صحابی کا یہ (الختان جاریۃ) لڑکی کی دعوت پر ہے؟ اس سے لڑکے کے ختنہ کی دعوت کا جواز کیسے ثابت ہو جائیگا؟ جبکہ صحابی کے الفاظ یہ ہیں "ما كنا نأتي الختان على عهد النبي صلی اللہ علیہ وسلم ولا ندعى له" (مسند احمد) یعنی ختنہ کی دعوت میں زمانہ رسالت پناہ میں نہ ہم جاتے تھے نہ ہم بلوائے جاتے تھے۔ پس وہ علی الاطلاق دعوت ختنہ کی نفی کر رہے ہیں۔ نہ ایک دعوت کی نفی اور دوسری کا اثبات کرتے ہوں پس عبرت عموم لفظ کی ہو گی نہ کہ واقعہ خاصہ کی جبکہ بقول صحابی رضی اللہ عنہ زمانہ نبوی میں نہ تو ختنہ کی دعوت ہوتی تھی نہ اس کے لئے لوگوں کو جمع کیا جاتا تھا نہ کوئی جاتا تھا۔ پھر اسے لڑکی کے ختنے کے ساتھ مخصوص و مختص کر دینا بھی انصاف کے یکسر خلاف ہے۔ فاضل مضمون نگار صاحب نے یہ لکھ دیا ہے؟ کہ یہ دعوت ختان جاریہ تھی۔ حالانکہ عرض ہے کہ اسی روایت میں کوئی لفظ ایسا نہیں۔ جو مضمون نگار صاحب کی اس بات کی دلیل بن سکے کہ دلیل انکار صرف لڑکی کے ختنے کی دعوت کے ساتھ مخصوص ہے۔ بلکہ لفظ ختان ہے۔ جس کا معنی ختنہ کے ہیں۔ جو زیادہ سے زیادہ شامل ہے عورت مردوں کے ختنے کو۔ … مرد کے ختنے کے لئے … لفظ … [illegible]

ahmadmuslim.de

[illegible]

بلا کر کھلانا [illegible] ہے۔ حدیث میں بھی لفظ
ختان ہے جو [illegible] لڑکوں کے ختنے کے لئے ہے
اور لڑکیوں کے ختنے کے لئے۔ ادب المفرد جس کا
آپ نے حوالہ دیا ہے اس میں بھی باب کے الفاظ یہ
ہیں۔ باب خفض المرأة۔ اس سے پہلے باب
الختان باندھا ہے۔ اور خفض۔ لڑکی کے ختنے کے
موقعہ پر جو دعوت آپ کو دی گئی وہ واقعہ اور ہے۔
اس روایت میں آپ کے الفاظ یہ ہیں۔ ما کنا
نأتی علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم
دوسری روایت کے الفاظ ہیں۔ ما کنا ناتی الختان الخ
پس دو کو ایک کر دینا کہاں کا انصاف ہے؟
ان دو کو جدا ظاہر کرنے والے جہاں حضرت
عثمانؓ کے یہ دو قسم کے الگ الگ الفاظ ہیں، وہاں
یہ چیز بھی ہے کہ پہلی روایت میں تو ہے کہ مجرد دعوت
پہنچنے سے آپ نے انکار کیا۔ دعی ... فابی اور
اس روایت میں ہے کہ آپ بلوائے گئے پھر آپ سے
کہا گیا۔ هل تدری ما هذا هذا ختان
جاریة۔ آپ کو معلوم بھی ہے؟ کہ یہ کیا ہے؟
یہ لڑکی کا ختنہ ہے پس ظاہر ہے کہ یہ واقعہ اور ہے
وہ اور دونوں میں حضرت عثمانؓ کے الفاظ بھی اور ہیں
اس دوسری روایت میں یہ بھی ہے کہ فابی
ان یأکل۔ آپؓ نے اس دعوت کے کھانے سے
انکار کر دیا۔ سیاق سباق روائی عبارت اور قرائن
الفاظ بتا رہے ہیں کہ پہلی روایت میں تو یہ ہے کہ دعوت
آپ نے قبول ہی نہیں کی۔ اور اسے بدعت بتا گئے
ہیں لیکن دوسری روایت کے الفاظ بتلا رہے ہیں
کہ آپ پہنچ چکے تھے۔ پھر آپ کو معلوم کرا دیا گیا کہ یہ
دعوت ایسی ہے۔ تب آپ نے اسے بھی بدعت بتایا
اور اس گھر کا اس دعوت کا کھانا کھانے سے انکار
کر دیا۔ ایک میں [illegible] دعوت کا انکار ہے ایک میں
کھانا کھانے کا انکار ہے۔ پس ظاہر وہ الگ
[illegible]
[illegible] ہے۔

[illegible]

حضرت عثمانؓ بن ابی العاص صحبت نبوی میں بہت
تھوڑے دنوں رہے ہیں۔ اے جناب! کیا تھوڑے
دنوں رہنے والے کی خبر کو آپ غلط مانیں گے؟ کیا کسی
روایت کی صحت کے لئے کسی صحابیؓ کی خبر کے صحیح
ہونے کے لئے آپ کے نزدیک یہ وقت بھی مقرر ہے
کہ اتنے سال حضورؐ کی خدمت میں رہا ہو تب تو وہ
سچا ورنہ جھوٹا۔ اور ۹ھ میں مسلمان ہوئے تو
پھر بھی سوا دو سال تک صحابیت میں رہے۔ اسے
پھر تھوڑے دن کہہ کر ان کا خلاف کرنا اور ان کی خبر کو
نہ ماننا اصول محدثین کے خلاف ہے۔

مکرم مولانا مجھے کہنے دیجئے کہ حضرت عثمان
رضی اللہ تعالیٰ عنہ صرف اپنی نسبت ہی یہ نہیں کہتے
بلکہ وہ اس پر صحابہؓ کا اجماع نقل کرتے ہیں۔ فرماتے
ہیں۔ ما کنا ناتی الختان الخ ہم سارے صحابہؓ
نہ تو ختنے کی دعوت دئیے جاتے تھے نہ اس میں شریک
ہوتے تھے۔ پس فرض کیجئے کہ راوی رضی اللہ عنہ
نے تھوڑے دن حضورؐ کی خدمت میں گزارے لیکن
اور صحابہؓ سب تو ایسے نہ تھے وہ اپنی ہی نہیں کہتے
کہ نہ میں بلوایا گیا نہ میں گیا۔ بلکہ وہ تو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے زمانے کی ایک چیز ایسی بیان کرتے
ہیں۔ جس میں تمام صحابہؓ کا واقعہ بیان کرتے ہیں۔

پھر اس واقعہ میں یہ بھی ہے کہ دعی عثمان
بن ابی العاص الی الختان فابی ان یجیب
فقیل له الخ۔ یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ختنے
کی دعوت دی گئی تو آپ نے انکار کر دیا۔ جب ان سے
کہا گیا یعنی وجہ انکار دریافت کی گئی تو آپ نے
فرمایا کہ زمانہ نبوت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی
موجودگی میں نہ ہم صحابہ دعوت ختنہ میں جاتے تھے
نہ بلوائے جاتے تھے۔ یعنی اب تم نے یہ چیز نئی پیدا
کی ہے۔ لہٰذا اس تمہاری بدعت میں ہم شامل نہیں
ہوں گے۔

حافظ ابن حجرؒ نے بھی اسے بڑے شد و مد سے
نقل کیا ہے۔ عن عثمان بن ابی العاص وهو

[illegible] من مشاهير الصحابة [illegible]

الحکم لم یکن یدعی لها یعنی حضرت عثمان بن
ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بزرگ مشاہیر صحابہؓ
میں سے ہیں ان سے مروی ہے کہ ختنے کی خوشی کی
دعوت نہیں دی جاتی تھی یعنی اس کے لئے کھانا پکا
نہیں کیا جاتا تھا۔ پس آپ کا انکار کرنا پھر دوسرے لفظوں
میں اس کا بدعت ہونا ثابت کرنا۔ اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی موجودگی میں اس چیز کا نہ پایا جانا بیان
فرمانا۔ اور اس پر تمام صحابہؓ کا عمل بتلانا۔ اور پھر
یہ سن کر بھی آپ کا اسے ٹھکرا کر اس سے قیاس [illegible]
بلکہ اس کے خلاف فتویٰ دینا کہاں کا انصاف ہے؟

اگر یہ دعوت مسنون ہوتی تو مسلمین کی قبولیت
واجب ہے۔ پھر صحابہؓ انکار وجوب کے مرتکب کیسے
ہوتے؟ حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ
عنہ کی روایت کی اہمیت گھٹانے کے لئے یہ چیز کافی
نہیں کہ وہ فوراً طائف کے حاکم بنا کر بھیج دئیے گئے
یہ بزرگ صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منظور نظر
تھے۔ آپ نے انہیں ان کی قوم کا امام بنایا تھا۔ ان
کے پاس لوگ کلام اللہ شریف درست کرانے کیلئے
آتے تھے۔ اس لئے کہ انہوں نے درخواست کر کے
خود رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن کریم سیکھا
تھا۔ ان کی تیمارداری اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم
خود کیا کرتے تھے۔ ان سے صرف مسند احمد میں
بیس حدیثیں مروی ہیں۔ خود حافظ ابن حجرؒ نے بھی
آپ سے نقل کیا ہے۔ فتح الباری میں ان کی نسبت
لکھتے ہیں۔ هو من مشاهير الصحابة۔ یہ بزرگ
مشاہیر صحابہ میں سے ہیں رضی اللہ عنہم اجمعین۔ پس
اتنے بڑے جلیل القدر صحابیؓ کی دی ہوئی ایک خبر
کو غیر اہم ثابت کرنے کی کوشش اور ان کے فتوے
کا خلاف کچھ اچھی چیز نہیں۔

ہاں یہ چیز بھی کچھ باوقار نہیں معلوم ہوتی کہ
[illegible]
[illegible]
دعوت ختنہ کا ثبوت نہیں۔ اور دعوت کا [illegible]

ahmadimuslim.de

دعوتِ ختنہ کے ثبوت میں یہ دلیل ہے جس اصل یہ ہے کہ یہ دعوتِ ختنہ حضورؐ کے زمانہ میں بھی ہوتی اس کا ثبوت۔ یہ کسی نے دعوت کی نہ کسی نے کھائی۔

اور لطف تو یہ ہے کہ خود مضمون نگار علامہ صاحب بھی باوجود ایک طویل مضمون لکھنے کے دعویٰ میں کامیاب نہیں ہوئے کہ ایک بھی واقعہ زمانہ نبوی میں دعوتِ ختنہ کا پیش فرماتے۔

مولانا المکرم آپ دس قسموں کو کیا پیش فرماتے ہیں؟ بدقسمتی سے ان تینوں سے بھی دور جا پہنچا دیا گیا ہے۔ مولانا ولیمہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں بھی ہوتا تھا حدیثوں میں موجود ہے۔ صحابہؓ نے کیا ہے حضورؐ نے کیا۔ دعوتیں دی گئیں کھانا کھایا گیا۔ جب حضورؐ کے زمانہ میں ولیمے ہوئے ان کا ذکر حدیثوں میں آیا۔ اگر ختنے کے موقعہ پر بھی دعوتیں ہوتیں اور دعوتِ ختان مسنون چیز ہوتی تو اسے بھی صحابہؓ کرتے۔ خود حضورؐ کرتے۔ اس کا ذکر بھی حدیثوں میں آتا۔ حسن حسین رضی اللہ عنہما کے عقیقے کا ذکر ہے، ختنہ کا ذکر بھی حدیثوں میں ہے لیکن ہماری نظر سے تو آج تک ایسی روایت نہیں گزری کہ حضورؐ کے زمانے میں حضورؐ نے یا فلاں صحابی رضی اللہ عنہ نے اپنے بچے کا ختنہ کیا اور لوگوں کی دعوت کی اور انہیں کھلایا۔

فرض کرو یہ چیز جائز بھی ہوتی تو آج جبکہ اسے لوازماتِ ختنہ میں سے شمار کر لیا گیا ہے اور ہندوستان کے فلاکت زدہ مسلمان اس میں پھنس گئے ہیں۔ اور اس میں طرح طرح کی خرافات شامل ہو گئی ہیں اور اس سے وہ خرابیاں ظہور پذیر ہو گئی ہیں جو محمدی کیم جون میں بیان ہو چکی ہیں۔ پھر بھی یہی چاہئے تھا کہ تجاوز کردہ حدوں سے پھر مسلمانوں کو ہٹایا جاتا اور انہیں وہاں کھڑا کر دیا جاتا جہاں تک حد تھی نہ کہ ایسے موقع پر بھی انہیں اور شہ دی جاتی اور تباہ ہونے دیا جاتا۔ ایک امیر کے تو بچے کا ختنہ کرا دیا اور اس کا ٹیکس بھی قوم کو دے دیا۔ لیکن ایک غریب منہ دیکھتا رہ گیا۔ اور اس کا لڑکا غلاف بند ہی رہ گیا کیونکہ اس کے پاس قوم کا ٹیکس نہ تھا اپنے ختنہ کرانے کی

اجازت سنتا تو اس بدعت کا دروازہ ہی بند ہو جاتا۔ اور ایک دن کا بچہ بھی بچے۔ بارہ بارہ برس کے بڑے بچے ختنے پھر کرتے ہیں۔ کیسے شرم کی بات ہے جبکہ ضرورتاً شرم اس وقت ہوتی ہو گی۔ جب یہ بڑے صاحب ختنے کے لئے بیٹھے ہونگے۔ چارپائی کے ارد گرد عورتیں گھیرے ہوئے رہتی ہوں گی؟ کاش اگر یہ ایسی بدعت کے پابند نہ ہوتے اور ساتویں دن عقیقے کے ساتھ ہی یا بعد ہی کسی مناسب وقت ختنہ کرا لیتے تو ایک تو بچے کو تکلیف نہ ہوتی دو چار یوم میں آرام ہو جاتا۔ دوسرے گھر والوں کو تکلیف نہ ہوتی کہ وہ دو دن تک راتوں کو جاگیں اور مجلس لگ جانے کا خیال رکھیں۔ پھر یہ رقم بھی بچتی۔ یہی میرا مقصود ہے اور یقین تو یہی کہو نکلا کہ بلا سے دو دانے چاول کے یا دو لقمے روٹی کے نہ بھی ملیں۔ تم بھی سادگی اور سنت طریقہ پھیلاؤ کہ چپ چاپ ختنہ ہو جائے۔ کوئی دھوم دھڑکا نہ ہو۔ ثواب بھی پاؤ گے اور راحت بھی ملے گی۔ ورنہ بدعت بھی ہوگی۔ خرچ بھی ہوگا اور زحمت بھی ہوگی۔ واللہ الہادی۔

سلف کا زمان ہے۔ بعض محدثین نے بھی مستحب قرار دیا ہے کہ بچے کا ختنہ بچپن میں ہی جلد از جلد کرا لیا جائے۔ والاختیار فی الیوم السابع من بعد الولادۃ وقیل من یوم الولادۃ (فتح) یعنی پسندیدہ امر یہ ہے کہ پیدائش کے ساتویں آٹھویں دن ختنہ ہو جائے بلکہ حضرت ابن عباسؓ تو فرماتے ہیں کہ یہ سنت ہے سبعٌ من السنۃ فی الصبی یسمّٰی فی السابع ویختن الخ یعنی ساتویں دن نام رکھنا اور ختنہ کرا دینا مسنون ہے بلکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ختن حسنا وحسینا لسبعۃ ایام۔ یعنی حضورؐ نے حضرت حسنؓ و حسینؓ کا ختنہ ساتویں دن کرا لیا۔ اسی طرح بیہقی میں یہ بھی مروی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسحاق علیہ السلام کا ختنہ بھی ساتویں دن کرایا تھا۔

... معنی ... کے ختنے کا ... ہو ... اس سے بھی ... نقل ... ثابت نہیں ہوتا۔ اس میں صرف اتنا ہے کہ لڑکی کا ختنہ پوشیدگی سے کیا جائے۔ لڑکے کے ختنے میں یہ پوشیدگی نہیں۔ دنیا کا بیشتر حصہ ہی ہے کہ لڑکی بہ نسبت لڑکے کے پردے کی چیز ہے۔ ختنہ کے معنی ... کے اور اخفا کے معنی ... کے ہم نے تو کسی لغت میں نہیں دیکھے۔ واللہ اعلم۔

اور بالفرض اسے مان لیا جائے تب بھی کم از کم آدھی دنیا کے ختنے کی دعوت تو آپ کے نزدیک بھی ناجائز ٹھہر گئی۔ فالحمد للہ۔

آگے تحفۃ الودود سے مولانا نے عبارت نقل کی ہے وقد یطلق الختان علی الدعوۃ الی الولیمۃ کما تطلق العقیقۃ علی ذلک ایضا اس کا ترجمہ لکھا ہے۔ یعنی ختان کا اطلاق کبھی دعوتِ ختنہ پر ہوتا ہے جس طرح عقیقہ کا اطلاق دعوت پر بھی ہوتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ ترجمہ بھی مسامحت سے خالی نہیں۔ لفظی ترجمہ اس کا یہ ہے کہ ختان کا اطلاق کبھی ولیمہ کی دعوت پر بھی ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ اسی پر عقیقہ کا اطلاق بھی ہوتا ہے۔ پھر یہ کہ اسے دعوتِ ختنہ کے جواز و عدم جواز سے کوئی بحث نہیں۔

ہاں یہ واضح ہے کہ ولیمہ جب مطلق ہوگا اس کا اطلاق از روئے لغت نکاح کے ولیمے پر ہی ہوگا اور جگہ مقید بولا جائیگا۔ حافظ ابن حجر فتح الباری میں لکھتے ہیں۔ فاشار بذلک الی ان الولیمۃ مختصۃ بطعام العرس۔ یعنی امام بخاریؒ کا اشارہ اس طرف ہے کہ ولیمہ مخصوص ہے نکاح کے ولیمے کے ساتھ۔ وقال بعضہم فی الشافعیۃ لکن الاشہر استعمالہا عند الاطلاق فی النکاح وتقید فی غیرہ۔ یعنی لفظ ولیمہ کا معنی ... اطلاق ولیمہ نکاح کے ہیں۔ اور ... جب بولا جائیگا ... جائیگا جیسے ... وغیرہ کی ... سے دعوتِ ختنہ کا ... ہے ...

(حاشیہ: ... حضرت بخاری ... عالمگیر (۱۹۶۰) ... عقیقہ ...)

فتاوی

ضروری نوٹ } اخبار فتاوی کا نمبر سلسلہ بحم مطبر عشت نمبر ۳۹ ہے کاتب کے سہو سے غلط ہوگیا ہے۔ نمبر ۳۹ کے بعد نمبر ۴۰ چاہیئے تھا مگر نمبر اکتالیس کے بعد تیس شروع ہوگیا ہے۔ ناظرین یکم ستمبر ۱۹۳۹ء سے ۱۵ ستمبر تک پرچوں کے نمبر درست کرلیں۔ آگے نمبر سلسلہ وار آئینگے۔ انشاء اللہ

تعاقب پر تعاقب

نامہ نگار اپنی رائے کے ذمہ دار ہیں (مفتی)

حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب دامت برکاتہم نے سوال ۲۲ مندرجہ اخبار اہلحدیث بابت ۱۸ اگست ۱۹۳۹ء کے جواب میں تحریر فرمایا تھا کہ جنبی قرآن نہیں پڑھ سکتا۔ عدہ دلیل میں ترمذی شریف کی یہ حدیث نقل کی تھی: "ولا تقرء الحائض ولا الجنب شیئا من القرآن یعنی حائضہ اور جنبی قرآن نہ پڑھے" اس فتوی پر ایک صاحب نے تعاقب کیا ہے جو اخبار اہلحدیث مجریہ ۸ ستمبر میں شائع ہوا ہے۔ تعاقب کا خلاصہ یہ ہے کہ (۱) ترمذی شریف کی حدیث مذکور ضعیف ہے۔ (۲) اثر ابن عباسؓ ولم یر ابن عباس بالقرأۃ للجنب باسا اور حدیث مرفوع کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یذکر اللہ علی کل احیانہ کے معارض ہے۔ کیونکہ تین صحابی علی سے جواز قرأۃ القرآن للجنب ثابت ہے۔ [illegible] کتابیں ہے شکستہ [illegible] ترمذی کی حدیث مذکور ضعیف ہے [illegible] حدیث [illegible] قرآن پڑھنے کی [illegible] [illegible]

چنانچہ علی انہ لا یحجبہ الجنب ولا یحجزہ شیٔ من القرآن وقد وردت احادیث فی تحریم قراءۃ القرآن للجنب وفی کلہا مقال لکن تحصل القوۃ بانضمام بعضہا الی بعض ومجموعہا یصلح لان یتمسک بہا انتہی۔ اور یہی مذہب ہے اکثر اہل علم یعنی صحابہؓ تابعینؒ کا۔ چنانچہ ترمذی شریف میں ہے وھو قول اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین ومن بعدھم مثل سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحق قالوا لا تقرأ الحائض والجنب من القرآن شیئا الخ

اور تحفۃ الاحوذی میں ہے والاکثر العلماء علی تحریمہ۔ حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب مبارکپوری شارح ترمذی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے۔ قلت قول الاکثر ھو الراجح یدل علیہ حدیث الباب یعنی اکثر علماء کا قول راجح ہے۔ کیونکہ ترمذی شریف کی حدیث اس پر دلالت کرتی ہے۔ اب رہا ابن عباسؓ کا اثر مذکور سو وہ حدیث مرفوع کے مقابلہ میں بے اثر ہے۔ اور حدیث مرفوع کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یذکر اللہ علی کل احیانہ۔ پس واضح ہو کہ وہاں ذکر اللہ سے غیر تلاوت قرآن مراد ہے۔ چنانچہ قراۃ قرآن کے مستثنیٰ ہونے پر یہ حدیث صاف دلالت کرتی ہے۔ عن علی قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرئنا القرآن علی کل حال ما لم یکن جنبا رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن صحیح۔ یعنی حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو ہر حال میں قرآن پڑھاتے تھے مگر حالت جنابت میں نہیں۔

تحفۃ الاحوذی ص۱۲۲ میں اس اشکال کا بھی جواب دیا گیا ہے۔ فان قیل حدیث عائشۃ الذی سیاتی سیاقہا کانت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذکر اللہ علی کل احیانہ [illegible] بخلاف حدیث علی ھذا فانہ [illegible] علی [illegible]

بالجنابۃ [illegible] علی کل احیانہ [illegible] حالۃ الجنابۃ ایضا وقولہا یذکر اللہ یشمل تلاوۃ القرآن ایضا قال ابن حجر [illegible] بحدیث [illegible] ذکر اللہ غیر تلاوت القرآن قال العینی حدیث عائشۃ [illegible] حدیث علی لانہا ارادت الذکر الذی غیر القرآن انتہی وقال صاحب سبل السلام حدیث عائشۃ قد خصصہ حدیث علی علیہ السلام واحادیث اخری وکذالک ھو مخصص بحالۃ الغائط والبول والجماع والمراد بکل احیانہ معظمہا کما قال تعالیٰ یذکرون اللہ قیاما وقعودا وعلی جنوبہم وقال فی شرح حدیث الباب اخرج ابو یعلی من حدیث علی علیہ السلام قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ ثم قرأ شیئا من القرآن ثم قال ھکذا لمن لیس بجنب فاما الجنب فلا ولا آیۃ قال الہیثمی رجالہ موثقون وھو یدل علی التحریم لانہ نہی واصلہ ذلک ویعاضد ما سلف انتہی۔

الحاصل مولانا ثناء اللہ صاحب کا فتوی میرے نزدیک صحیح ہے۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

(کتبہ ابو الصمصام عبد السلام المبارکفوری)

س ۲۴۳} عوام الناس میں مشہور ہے کہ قرآن پاک کو جب گر جاتا ہے تو بوسہ دیتے ہیں اور سر سے لگاتے ہیں زید کہتا ہے کہ سر سے لگانا سجدہ کے مشابہ ہے اس وجہ سے جائز نہیں اور بکر کہتا ہے کہ نہیں سنت عمرؓ و عثمانؓ ہے بوسہ دینا اور سر سے لگانا جائز بلکہ سنت ہے۔ پھر اپنے قول کے ثبوت میں ایک روایت درمختار کے حوالے سے مندرجہ ذیل پیش کرتا ہے۔ [illegible] رضی اللہ عنہ انہ کان یاخذ المصحف کل غداۃ ویقبلہ [illegible] ومنشور [illegible] مکان عثمان رضی اللہ عنہ یقبل المصحف ویمسحہ وجہہ [illegible] [illegible] [illegible]

ahmadimuslim.de

متفرقات

ناظرین اہلحدیث سے گذارش | معزز ناظرین وخریدار

حضرات! اخبار اہلحدیث سے چونکہ آپ کا ایک خلوص تعلق ہے۔ اس لئے مندرجہ ذیل معروضات پر توجہ کر کے ان پر عمل پیرا ہو کر مشکور فرمائیں۔

(۱) نمبر زیر نظر کے بعد جلد ہذا کا آخری نمبر شائع ہو جائیگا انشاء اللہ۔ اس کے بعد ایک ہفتہ حسب معمول سابق سالانہ تعطیل رہیگی پھر

(۲) ۲۰ نومبر ۱۹۲۹ء کو اخبار اہلحدیث کی ستائیسویں جلد کا پہلا پرچہ آپ حضرات کے مطالعہ سے گزریگا

(۳) سال رواں میں اہلحدیث کے خریداروں میں اس کے عنایت فرماؤں اور بہی خواہوں کی کوشش سے اگر اضافہ ہوا تو اس کے بالمقابل خریداروں میں کمی بھی واقع ہوئی۔ اشاعت میں ترقی کی بجائے تنزل ہی رہا۔ انا للہ!

(۴) اس پر اضافہ یہ ہوا کہ سامان طباعت کاغذ وغیرہ گراں ہو گیا۔

اندریں حالات بعدہ ناظرین خیال فرما سکتے ہیں کہ اخبار "اہلحدیث" کا انجام کیا ہوگا۔ اس کا علاج صرف یہ ہے کہ احباب کرام اس کے خریدار بنانے پر توجہ فرمائیں۔

ضرورت رشتہ | ایک برسر روزگار سرکاری ملازم عربی و انگریزی خوان ۳۸ ساله زمیندار اہلحدیث کے لئے صالحہ پرہیزگار شریف النسب خوش اخلاق بیوہ عورت کے رشتہ کی ضرورت ہے۔ ایک برادری کے تحریکی ادا کر دیا جائیگا بعد خط و کتابت ذیل پتہ: معرفت مولوی عبد الغفار ... ضلع ...

اہلحدیث کانفرنس کے لئے | حکیم ... صاحب ... عبداللہ ... از ... الدین صاحب

یہ کبھی ... صاحب ... معرفت ... صاحب ... میاں فضل کریم صاحب ۵ روپے میاں عبد الرحیم صاحب ... میاں محمد اسحاق صاحب ...

مدرسہ دار الحدیث مدینہ منورہ | کے لئے از جناب صوبیدار عبد القادر صاحب لاڑکانہ (سندھ) ...

جمعیت تبلیغ اہل حدیث کے لئے | ملک غلام محمد صاحب سرینگر ... حکیم اللہ بخش صاحب ...

اشاعت فنڈ | بعوض اعلان نتیجہ امتحان از مدرسہ سعیدیہ دہلی ...

قابل توجہ ناظرین

اخبار اہلحدیث ۲۹ ستمبر ۱۹۲۹ء پرچہ حساب دوستاں میں ان خریداروں کے نمبر خریداری درج کئے گئے ہیں جن کی قیمت اخبار وبعا دہلت ماہ اکتوبر میں ختم ہے۔ اسے ایک بار ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

چونکہ اس ماہ میں "اہلحدیث" کی موجودہ جلد ختم ہو جائیگی۔ اس لئے جن خریداروں کے ذمے بقایا رقوم ہیں وہ بھی اکتوبر میں ہی اپنے حسابات بیباق کر دیں۔ دوسرے حضرات بھی اپنی اپنی قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ بصورت دیگر یا انکار دفتر کو جلد اطلاع دیں ورنہ

۲۰ نومبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

امامین قرآنی | کے کچھ نسخے باقی رہ گئے ہیں خواہشمند حضرات ۲ کے ٹکٹ برائے محصول ڈاک بھیج کر مفت طلب کر سکتے ہیں۔

پتہ: حکیم عبد السمیع ناظم اعوذی ... مبارکپور ضلع اعظم گڑھ

ضرورت مدرس | ہمارے مکتب کے لئے ایک میٹرک پاس جو عربی جانتا ہو ... کی تعلیم دے سکے ضرورت ہے۔ صاحب ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔ تنخواہ ... روپیہ ماہوار

ایک روپیہ سالانہ ... منیجر ... ضلع ... احمد پور شرقیہ ریاست بہاولپور

بابو کریم الٰہی صاحب | سالن شادی وال ... ٹیلیگراف ... جہاں کہیں ہوں خاکسار کو ... اپنے ایڈریس سے مطلع فرمائیں۔ ... محمد عظیم خطیب ... اہل حدیث لالہ موسیٰ ضلع گجرات (پنجاب)

اطلاع | میں جماعت اہل حدیث کی تنظیم کے سلسلہ میں متعدد علماء کرام سے مل کر مشورہ کر چکا ہوں اور انتہا پسند جماعت کے افراد سے گذارش ہے کہ اپنے پتے سے خاکسار کو اطلاع دیں تاکہ ان سے خط و کتابت کر کے خصوصاً مولوی عبد اللہ عقیل ... و مولوی ابو سعید صاحب ... ضلع راجشاہی وغیرہ اطلاع ذیل کے پتہ پر روانہ کریں۔ بذریعہ اخبار ضرورت نہیں۔ فقط والسلام! میرا پتہ: نسیم الحق انصاری ... مقام ڈاکخانہ ... ضلع الہ آباد

یاد رفتگان | مولوی محمد دین صاحب خزانچی انجمن ... الاسلام جو پکے اہل حدیث تھے انتقال کر گئے۔ انا للہ! انجمن ہذا ان کی خدمات کی قدر کرتے ہوئے ان کے وارثان سے اظہار ہمدردی کرتی ہے اور ناظرین اخبار سے ... جنازہ غائب پڑھنے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کی درخواست کرتی ہے۔ ... انجمن ... الاسلام

(۲) ... (۳) ... ایک ہفتہ ... (۴) ... (۵) مولوی ... ضلع ... انتقال کر گئے۔ انا للہ ... ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب ...

ahmadimuslim.de

[illegible]

وارسا۔ بغداد اور غزنی

آخر وارسا کا وہی حشر ہوا جو گمان کیا جاتا تھا کہ بم کے گولوں سے تمام شہر راکھ ہو گیا۔ آج وہ بجائے آباد شہر کے تودۂ راکھ معلوم ہوتا ہوگا۔ جس سے فرمان خداوندی

اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا

کا نقشہ پورا جلوہ دکھا رہا ہے۔ لیکن اہل پولینڈ کی جوانمردی کی داد دینے سے ہم نہیں رک سکتے کہ انہوں نے دنیا کی تاریخ میں اپنا نام محفوظ رکھ لیا۔ باقی شکست و فتح تو اس شعر کے ماتحت ہے ؎

شکست و فتح تو قسمت سے ہے ولے اے میر
مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

لیکن دنیا کی تاریخ میں یہ شہر پہلا ہی نہیں ہے جو اس طرح آبادی سے بربادی کو پہنچا ہو۔ اسلامی تاریخ میں بغداد کا واقعہ خون سے لکھنے کے قابل ہے۔ جہاں ہلاکو خان کی ہلاکت آفرینی سے ایک کروڑ انسان مسلمانوں کے قتل سے دجلہ کا پانی سرخ ہونے کے علاوہ اسلامی کتب خانوں کی کتابوں سے دریا میں بند لگ گئے تھے۔ جس پر شیخ سعدی نے آسمان و زمین کو رلانے والا مرثیہ لکھا تھا۔ خلیفہ معتصم باللہ کو بجائے قتل کرنے کے نمدے میں باندھ کر لاتوں سے مار ڈالا گیا۔ [illegible]

دوسرا واقعہ اسلامی تاریخ میں شہر غزنی کو [illegible] علاؤ الدین غوری کی سیاہ کاری کا نتیجہ تھا۔ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] کے بچے ہیں مگر ثروت و اقبال جب قلب ہو جاتی ہے تو بھائی بھائی کو بلکہ بیٹا باپ کو بھی قتل کر دیتا ہے۔ ہمارے ملک ہندوستان میں تو شیعی سنی بھی امن سے ہی نہیں۔ شاہان اسلام کے زمانے میں بغاوتیں ہوتی رہیں جن میں آخر میں قتل و غارت کا بازار گرم رہتا۔ انگریزی زمانے میں اس قسم کی بغاوتیں نہیں ہوئیں مگر سول نافرمانی کی صورت میں شورشیں ہوتی رہیں۔ جو اب بھی جاری ہیں۔

خاکساری تحریک

یہ تحریک ہمارے سامنے پیدا ہوئی ہے۔ جو ابتدا میں تحریک سکھوں کی طرح کبھی مسکینی اور تواضع پر مبنی تھی لیکن آخرکار تھوڑے ہی دنوں کے بعد انہوں نے بھی سول نافرمانی کی صورت اختیار کر لی۔ بلکہ اس سے بھی ترقی کر کے تشدد اور مقابلے پر آمادہ ہو گئے۔

یوپی کی حکومت نے ان کی بے فرمانی دیکھ کر کچھ پابندیاں لگائیں۔ اگر پنجاب میں ایسا کرتے تو ان پابندیوں سے زیادہ سخت لگائی جاتیں۔ اس پر ان خاکساروں نے بجائے خاکساری کے خونخواری کی صورت اختیار کر لی۔ ہمارے خیال میں انہوں نے جلد بازی سے کام لیا۔ سکھوں نے زمانہ شاہی میں جو تبدیلی کی تھی وہ اس زمانے کے لحاظ سے کوئی بعید نہ تھی۔ کیونکہ حکومتوں کے پاس بھی اتنے جنگی سامان نہ تھے جن کا مقابلہ کرنا محال ہوتا۔ توپ و تفنگ، بندوق تلوار وغیرہ معمولی ہتھیار ہوا کرتے تھے جو سکھوں کے پاس بھی کسی قدر مہیا ہو گئے تھے۔ مگر آج جو سامان حکومت کے پاس ہے وہ رعایا کی کسی جماعت خاص کر خاکساروں کے پاس ہرگز نہیں۔ کیا یہ غلط ہے کہ ایک ہوائی جہاز سے کسی آباد شہر کو چند گھنٹوں میں تباہ کیا جا سکتا ہے اور رعایا اس کا جواب نہیں دے سکتی۔

[illegible] خاکساروں نے [illegible] [illegible] کہ [illegible]

جس سے غرض یہ تھی کہ خاکساری تحریک [illegible] میں [illegible] قانون [illegible]

[illegible] خاکسار لشکریوں کی طرح [illegible] بیلچے [illegible] میں اس پابندی کو توڑ کر [illegible] چاہتے ہیں کہ ان خاکساروں کی بیلچے [illegible] فرض وہ ان پر مندرجہ ذیل شعر صادق آتا ہے ؎

ملک الموت کو ضد ہے کہ میں جاں لے کے ٹلوں
سر بسجدہ ہے مسیحا کہ میری بات رہے

سچ تو یہ ہے کہ اس تحریک کی مخالفت علماء نے اس کے بانی کے غلط خیالات کی وجہ سے کی تھی اور گو تحقیق عمل تھا کہ اس مخالفت کا اثر اس تحریک پر اتنا نہ ہوتا جتنا کہ بانی کی غلط روش کی وجہ سے ہوا اور آئندہ ہونے کا خطرہ ہے۔

ہماری رائے پختہ واقعات پر مبنی اور غیر متزلزل ہے کہ ماسٹر عنایت اللہ خان مشرقی اتنی بڑی تحریک کی قیادت کے لائق نہیں ہیں۔ اس کے لئے کوئی ایسا شخص چاہئے جو مولانا اسمٰعیل شہید جیسا دل و دماغ رکھتا ہو۔ یہ بات (اہلحدیث) نے مشرقی صاحب کو عند الملاقات بھی کہہ دی تھی۔ سچ ہے ؎

کلاہِ خسروی و تاجِ شاہی
بہر کل کے رسد حاشا و کلا

حج کیوں روکا گیا؟

گزشتہ جنگ عظیم میں حجاج پر پابندیاں نہیں لگائی گئی تھیں۔ یہاں تک کہ جب جدہ کی بندرگاہ پر نجدیوں اور حجازیوں میں لڑائی ہو رہی تھی اس وقت بھی حاجیوں کو نہیں روکا گیا۔ لیکن اس جنگ میں خدا جانے کیا مخفی سبب پیدا ہو گیا کہ حجاج کے سفر حج کا انتظام نہیں کیا جاتا۔

مزید غضب یہ ہے کہ مسلمانوں کی سوسائٹیاں اور ان کے اخبارات اس بارے میں بالکل خاموش ہیں۔ [illegible] کے ساتھ ہندوستان [illegible]

ahmadimuslim.de

بھاری قیمتی ملک کی خوبصورت بیشک معلوم ہوتا میں داخل ہے۔ لیکن صفر حج کی بندش تو اس سے زیادہ مستحق ہے کہ مسلمان توم ابھی پر بالاتفاق توجہ کرے حضور کی حدیث کے ماتحت جس میں سفر حج کے روکے جانے کا ذکر ہے۔ انتظار کیجئے کہ قیامت جلد آنے والی ہے۔

ہم نے کسی گذشتہ پرچے میں یہ رائے دی تھی کہ سمندری سفر میں نقصان کا خطرہ ہونے کی صورت میں خشکی کا راستہ کھول دیا جائے۔ جس راستے حجاج پہلے ہی گئے تھے۔ لیکن ہمیں افسوس ہے کہ روزانہ مسلم اخباروں میں سے کسی نے اس پر توجہ نہیں کی حج کا زمانہ قریب آگیا ہے اور دن بدن قریب آرہا ہے۔ اس لئے ہم مسلمانوں کی مختلف سوسائٹیوں (مسلم لیگ۔ جمعیتہ العلماء۔ احرار وغیرہ) کو متوجہ کرتے ہیں کہ وہ بہت جلد حکومت کو اس اہم فریضہ پر توجہ دلائیں ؎

رفتار جنگ

جنگ اپنی رفتار میں برابر چل رہی ہے۔ ہٹلر نے جو صلح کی آواز اٹھائی تھی یہ صلح کی آواز نہیں بلکہ ایک مذاق ہے۔ آخر اس نے اپنا عندیہ ظاہر کر دیا اور صاف کہہ دیا کہ صلح کی مجلس میں پولینڈ کا ذکر نہیں آئے گا۔ (پھر آئیگا کیا؟) مقبوضہ آبادیوں کا تجارت کا۔ غرض اپنے فائدہ کا۔

انگریز اور فرنچ اس کی چالوں سے بے خبر نہیں ہیں اور بے خبر ہونا بھی نہیں چاہئے۔ کیونکہ جو جماعت برسر حکومت ہو اس کو اپنے دشمنوں کی نقل و حرکت سے واقف رہنا چاہئے۔

انگریز اور فرنچ، ہٹلر کیا بلکہ اس کے حلیف روس کی چالوں سے بھی واقف ہیں۔ اس لئے ہمارا گمان ہے کہ اس کے دھوکے میں نہیں آئینگے۔ بلکہ اپنے مقصد کو ہمیشہ ملحوظ رکھیں گے۔

تصور وائسرائے ہند

(انکی ملاقاتیں ہند ستانی لیڈروں سے)

یہ جو آجکل اوقات میں ملاقاتیں کر رہے ہیں سمجھ لینا چاہئے پہلی جنگ عظیم میں نہیں تھا۔ گاندھی جی سے ملاقات کانگرس کے لیڈر کی حیثیت سے ہوئی۔ دوسرے بھی کئی ایک سرکردہ اصحاب سے ملاقاتیں ہوئیں۔ لیکن پبلک ابھی تک ان ملاقاتوں کی گفتگو سے ناواقف ہے۔ قیاسات اور چیز ہیں واقعات کا علم اور چیز ہے۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ جو کچھ بھی گفتگو ہوئی ہوگی وہ شیخ سعدی کے اس شعر کی تشریح میں ہوئی ہوگی ؎

رعیت چو بیخ است سلطاں درخت
درخت اے پسر باشد از بیخ سخت

فریقین اس شعر کا مضمون ایک دوسرے پر ظاہر کرتے ہونگے اور اس پر تبادلہ خیالات ہوتا ہوگا۔ دیکھئے یہ راز کب کھلتا ہے۔ کھلتا بھی ہے یا سربمہر (بند) ہی رہتا ہے۔ اکتوبر کے شروع میں کانگرس کی مجلس شوریٰ ہونے والی تھی جس میں فیصلہ کیا جانا تھا کہ کانگرس کو جنگ میں کیا طریق اختیار کرنا چاہئے ؎

جمعیتہ العلماء دہلی

کانگرس کی مجلس عاملہ اور مسلم لیگ کی کارکن کمیٹی نے گورنمنٹ سے تعاون کرنے کی بابت جو صورت شائع کی ہے وہی صورت جمعیتہ العلماء نے بھی اختیار کی ہے کہ مطالبات پورے ہونے سے پہلے حکومت سے تعاون جائز نہیں۔

ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس ہفتے میں کیا کیا راز نہاں ظاہر ہونگے۔ وانا لا ندری اشر اریدبمن فی الارض ام اراد بہم ربہم رشدا

اُردو اور ریڈیو

ریڈیو میں دہلی سے سارے ملک میں جو خبریں سنائی جاتی ہیں ان کی زبان دہلی کی زبان نہیں ہوتی بلکہ کچھ مخلوط سی زبان ہوتی ہے۔ جس میں خالص ہندی اور انگریزی الفاظ بکثرت ٹھونسے جاتے ہیں۔ چونکہ ریڈیو کے ذریعے دیہات میں بھی خبریں پہنچائی جاتی ہیں۔ اس لئے ہم [illegible] کر ریڈیو سے درخواست کرتے ہیں کہ دہلی کی عام سادہ زبان استعمال کی جائے جو اپنی سادگی کی وجہ سے دیہات میں بھی سمجھی جا سکتی ہے ؎

حساب ماہواری کانفرنس اہلحدیث

در رپورٹ واعظین

بابت ماہ جمادی الثانی [illegible]

(۱) مولوی عبداللہ صاحب واعظ دہلوی نے پٹیالہ اور اس کے مضافات کا دورہ کیا۔

(۲) مولوی شمس الدین صاحب واعظ نے علاقہ کشمیر کا دورہ کیا۔

(۳) مولوی عبدالرحمن صاحب واعظ فرخنگری نے ضلع انبالہ و ضلع کرنال کے مضافات کا دورہ کیا۔

(۴) مولوی سلیمان صاحب واعظ گوڑگانوی نے ضلع گوڑگانوہ و ضلع متھرا کے مضافات کا دورہ کیا۔

(۵) مولوی محمد صدیق صاحب واعظ گوڑگانوی نے ضلع گوڑگانوہ و علاقہ بھرت پور کا دورہ کیا۔

(۶) مولوی بہرام صاحب آزیری واعظ پشاوری نے پشاور اور اس کے مضافات کا دورہ کیا۔

(۷) مولوی عبدالرزاق صاحب واعظ پشاوری نے مضافات پشاور کا دورہ کیا۔

(۸) مولوی عبدالمجید صاحب واعظ مالدہی بنگالی رخصت پر ہیں۔

(حافظ) حمید اللہ نائب ناظم کانفرنس اہلحدیث

مسلمانوں کا دورِ جدید اور ہندوستان کا مستقبل

ایک انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ۔ جس میں صدی حاضرہ حال کی اسلامی جدوجہد کا اصلی نقشہ اور اسلامی مستقبل کے امکانات کا صحیح جائزہ۔ قیمت صرف ایک روپیہ [illegible] منگوانے کا پتہ۔ منیجر [illegible]

ahmadimuslim.de

مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث وہزار ہا خریداران اہلحدیث
علاوہ ازیں صدہا تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں۔
خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی
سل ودق۔ سوکھا کھانسی۔ دیرینہ۔ کمر درد سینہ کو رفع کرتی
ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ جریان یا کسی اور
وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے۔
دو چار دن ہی میں درد موقوف ہو جاتا ہے...... کے بعد
استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے۔ دماغ کو طاقت
بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی
کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت بچے۔
بوڑھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو
عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی
ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی۔ قیمت
فی چھٹانک ۴؍ آدھ پاؤ ۸؍ پاؤ بھر ۱۶؍ مع محصولڈاک
علاوہ محصول ڈاک ذمہ خریدار ہوگا۔

والی برجھاستے ایک پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم روانہ کی جائیگی اور نہ ہی بند بھیجی ہی۔

تازہ ترین شہادات

جناب احمد علی صاحب دردھا: میں نے چند مرتبہ چند دوستوں کے واسطے آپ کے یہاں سے مومیائی منگائی بے حد مفید ثابت ہوئی۔ اس لئے براہ مہربانی آدھ پاؤ مومیائی جلد ارسال فرمائیں گے (۳۔ اگست ۳۹ء)

جناب حافظ محمد عمر شمس صاحب اکبر پور۔ میں نے ایک چھٹانک مومیائی آپ کے کارخانہ سے ابھی حال میں منگائی ہے۔ بہت تسلی بخش فائدہ ہوا ہے۔ [illegible]

[illegible]

حضرت سید احمد شہید و مولانا اسمٰعیل شہید

تیرھویں صدی کے مجدد اعظم، محی السنہ مجاہد اکبر حضرت سید احمد شہید رائے بریلوی اور آپ کے خلیفہ و وزیر ناصر السنہ، قامع البدعۃ خالد ثانی، حجۃ الاسلام مولانا محمد اسماعیل شہید کے نام نامی سے ہندوستان کا کون مسلمان ناواقف ہے۔ لیکن شہیدین کے مجددانہ کارنامے، احیائے سنت، تنظیم ملت اور اقامت خلافت کی حیرالعقول کوششیں، ان کے بے نظیر نظام شرعی کی برکات، ان کی تحریک جہاد کے صحیح مقاصد و اسباب، ان کے رفقاء و تبعین کے سحر انگیز و دل آویز اخلاق و اوصاف، قربانی و ایثار، جہاد فی سبیل اللہ اور صبر و استقامت کے رقت انگیز حالات اور ہندوستان میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی صحیح تاریخ (عام مسلمانوں کو چھوڑ کر) آپ کی مخصوص جماعت کے بہت سے لوگ بھی نہیں جانتے۔ اسوقت تک جتنی کتابیں ان دونوں بزرگوں کے حالات میں لکھی گئی ہیں (خدا انکے مصنفین کو جزائے خیر دے) وہ بوجوہ چند تمام پہلوؤں پر حاوی نہیں ہیں۔ ہندوستان کے بعض سنت کو خرد ہو کہ حضرت سید صاحب کے خاندان کے ایک فرد مولانا سید ابوالحسن علی ندوی استاد دارالعلوم ندوۃ العلماء نے طویل مطالعہ اور جستجو کے بعد سیرت سید احمد شہید کے نام سے کتاب تالیف فرمائی ہے جو اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب ہے، جس کی تالیف میں خاندانی کاغذات، سرکاری رپورٹوں، اردو، فارسی، انگریزی قلمی و مطبوعہ کتابوں سے پورا فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ۴۷۰ صفحہ کتابت طباعت عمدہ۔ جلد سنہری۔ خوبصورت۔ ابتدا میں علامہ سید سلیمان ندوی کا دس صفحہ کا فاضلانہ و بصیرت افروز مقدمہ ہے۔ قیمت مجلد ۶؍ محصولڈاک بذمہ خریدار۔ تاجران کتب کمیشن بذریعہ خط و کتابت طے کریں۔

ملنے کا پتہ

محمد معین الدین مہتمم کتب خانہ ۱۲ گوئن روڈ لکھنؤ

نوٹ: صرف پنجاب کے احباب ہمارے سول ایجنٹ مولوی عطیہ الحق صاحب مہتمم مدرسۃ البنات [illegible] سے طلب فرمائیں

خوشخبری رمضان شریف

یہ کارخانہ ہر سال رمضان شریف میں رعایت کیا کرتا ہے۔
بدستور سابق خریداران فائدہ اٹھائیں۔

احمر قانی مصدقہ حضرات اکابر علماء و حکماء و شعراء وغیرہم جن کے اسمائے تصدیقات بارہا اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں۔

دو حال کی شہادتیں

جناب مولانا مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب (امرتسر)
آپ کے یہاں سے بلد روغن احمر قانی منگایا تھا۔ بہت ہی مفید ثابت ہوا۔ تازہ اور روانہ کریں۔

بابو دیو نندن ٹھاکر صاحب مظفر پور
احمر قانی تیل آپ کا دو دفعہ منگا کر استعمال کیا۔ آدھا بایاں انگ سن اور کانپتا تھا۔ کانپ اور سن بند ہو گیا ایک سیر اور بھیج دیں۔

یہ تیل باوجود خوشبودار ہونے کے اکثر امراض، درد اعضاء ہر قسم، ورم، چوٹ، لقوہ، فالج، گنٹھیا، کھانسی دمہ، بخار، نمونیا، ہچکی، ڈبہ اطفال، آتشک، زخم، خارش [illegible] کے لئے اکسیر مجرب ہے۔ قیمت فی سیر پانچ روپے (۵؍)
رعایتی فی سیر تین روپے (۳؍)

(منگوانے کا پتہ)
منیجر روغن احمر قانی پوسٹ تیلنی پاڑہ ضلع ہوگلی

بچوں اور مبتدیوں کے لئے

صحیح اور خوشنما معرا قرآن مجید بہت آسان یکی خصوصیت اسکے حرف کا اعراب ابھی حروف کے ساتھ ہے۔ الفاظ بھی [illegible] [illegible] کی تشریح اور سورتوں کے نمبر بھی درج ہیں۔ حسب ذیل پتہ سے نمونہ منگا کر تجربہ فرمائیے۔

قسم اول مجلد سنہری تین روپے [illegible]
قسم دوم مجلد سنہری دو روپے چار آنے
قاعدہ تعلیم القرآن مع نماز بہت آسان۔ اس طرح [illegible] قیمت [illegible]

[illegible] القرآن [illegible] لاہور

ہر ایک شادی شدہ نوجوان کو زندگی کے ہر ہر قدم پر اس کتاب کی ضرورت ہے

بہار شباب

یہ کتاب دہلی کے مشہور خاندانی شاہی حکیم مسیح الملک محمد اجمل خان صاحب کے والد ماجد حکیم محمود خان صاحب کی شہرہ آفاق کتاب ضیاء الابصار کا عام فہم اور سلیس اُردو ترجمہ ہے۔ بازاری کتابیں جو عام مصنف عمر توصرکی لایعنی باتیں جوڑ کر بنا لیتے ہیں۔ اس کتاب کے سامنے ہیچ ہیں۔ کیونکہ یہ فن طب کی ایک بڑی ماہر ہستی کی تصنیف ہے جس میں ان کے تمام مجربات درج ہیں۔ اس کتاب میں مواصلت اور مباشرت کے طبی اصول اور اس کے تمام مجرب نشاط انگیز اور صحیح طبی طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ جن پر عمل کرنے سے صحت ہمیشہ درست رہتی ہے۔ اولاد خوبصورت اور مضبوط پیدا ہوتی ہے۔ بیوی اپنے خاوند کی پرستار اور دیوانی بن جاتی ہے۔ جوانی کی پرکیف زندگی کو ہمیشہ قائم اور درست رکھنے کے لئے بڑے بڑے مجرب طریقے قاعدے نسخے اور ہدایات درج ہیں۔ زنانہ امراض، ان کی تشریح و علاج اور عورتوں کی اندرونی کیفیات اور ان کو سمجھنے کے طریقے مفصل طور پر بیان کئے گئے ہیں۔ مقوی ادویات کے وہ نسخے جو حکیم صاحب ممدوح کے خاندان میں سینہ بسینہ چلے آتے ہیں۔ اس کتاب میں عوام الناس کے فائدے کے لئے نہایت فیاضی سے لکھ دئیے ہیں۔ قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

دیہاتی حکیم

اس کتاب کا نام دیہاتی حکیم محض اس لئے رکھا گیا ہے کہ اس میں ہر بیماری کا علاج ایسی چھوٹی چھوٹی معمولی دوائیوں سے بتایا گیا ہے جو دیہات میں بھی باسانی فراہم ہوسکتی ہیں۔ قدرت نے غرباء کے لئے بعض معمولی معمولی چیزوں میں وہ تاثیر عطا کر رکھی ہے جو امراء کیلئے عنبر، یاقوت، کستوری اور موتیوں میں پائی جاتی ہے۔ پس اگر آپ ایسے ہی راز ہائے پنہانی سے آگاہ ہونا چاہتے ہیں تو یہ کتاب ضرور پڑھیں۔ اس میں مردوں، عورتوں، بوڑھوں، بچوں اور جوانوں کے لئے وہ قیمتی نسخے لکھ دئیے گئے ہیں جو چند پیسوں اور کوڑیوں سے تیار ہوسکتے ہیں۔ اور سینکڑوں روپیہ والے نسخے کا مقابلہ کرتے ہیں۔ مصنف نے ہر مرض کی تفصیل اور تشریح بھی ساتھ ہی لکھ دی ہے۔ تاکہ ہر شخص انہیں استعمال کرکے پورا پورا فائدہ حاصل کیا جائے۔ یہ کتاب ہر اردو دان کے لئے از حد مفید ہے۔ بالخصوص دیہاتی چٹھی رسانوں، امام مسجدوں، سکول ماسٹروں کے لئے تو نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قیمت ۱۲/

طبی حکیم

یہ ایک جامع طبی کتاب ہے جو سر سے پاؤں تک جملہ امراض انسانی پر حاوی ہے۔ اور جس میں تمام امراض کے اسباب، ان کی علامات اور تشخیص پر نہایت شرح و بسط سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور پانچسو عنوانات کے تحت ہر بیماری کے مجرب سے مجرب سایہ یونانی اور ڈاکٹری نسخے لکھے گئے ہیں جو سو فیصدی [illegible] ثابت ہو چکے ہیں۔ دیکھنے والے اطباء اور ناظرین کرام کا بیان ہے کہ بلا مبالغہ اس کا ایک ایک نسخہ سو سو روپیہ کا ہے نہ معلوم مصنف نے کس دریا دلی اور فیاضی سے کام لے کر نہ صرف اپنے ہی امراض کے مجربات بلکہ دوسروں کے سینوں کے راز بھی اس میں نقل کر دئیے ہیں۔ اور سونا چاندی بلکہ ہیرے بنانے [illegible] کی مثال بیج کر دکھائی ہے۔ اس کتاب پر تمام اطباء و حکماء اور ڈاکٹروں نے بھی [illegible] اظہار فرمایا ہے۔ کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ ہاتھوں ہاتھ جا رہی ہے۔ [illegible] کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ۔ پاکٹ سائز۔ مجلد قیمت [illegible]

مندرجہ بالا ہر سہ کتب منگوانے کا پتہ: منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر [illegible]

تمام دنیا میں بے مثل عزنوی عربی شمائل شریف

مترجم و محشی اُردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر مشکوٰۃ مترجم و محشی اُردو

چار جلدوں میں

کا ہدیہ سات روپے

فی جلد ۲/

ان دو بے نظیر کتابوں کی کیفیت "اخبار اہلحدیث" میں شائع ہوتی رہی ہے

پتہ:۔ مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کارخانہ انوار الاسلام امرتسر

کم از کم ۲۵

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیے۔ نوٹ:۔ علیحدہ تحریر کو کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔

پتہ:۔ منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ روڑی۔ ضلع حصار (پنجاب)

اگر آپ

کامل صحت چاہتے ہیں تو ہماری تیار کردہ "اکسیر ہاضمہ" دوائی کا فوراً استعمال شروع کردیں۔ کیونکہ اس سے بدہضمی، پیٹ کا درد، قے، بھوک کم لگنا وغیرہ تمام نقص دور ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی ڈبیہ ۸/ محصول ڈاک ۔/ منگوانے کا پتہ:۔ منیجر اکسیر ہاضمہ ایجنسی خزانہ گیٹ۔ کوچہ چھیان امرتسر

ہندوستانی جہازران کمپنی "سندھیا سٹیم نیویگیشن" کے تیز رفتار اور آرام دہ

جدید جہازات

"المدینہ" "الہند" "انگلستان"

سے سفر حج "کیجئے

کیونکہ یہی جہازات ہیں جن میں آپ اطمینان و آرام کے ساتھ اپنا سفر حج طے کر سکتے ہیں

ضروری اطلاع

موجودہ جنگ کی خطرناک صورت حالات کے پیش نظر حکومت ہند نے بذریعہ گزیٹ کے "تا اطلاع ثانی ہندوستان اور جدہ کے مابین جہازرانی روک دی ہے۔ اس لئے ہم افسوس کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ ہمیں ہمارے حاجیوں تک جہازوں کی روانگی کی تاریخیں جو شائع ہو چکی ہیں منسوخ کرنی پڑیں۔ تاہم عوام کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ اگر موسم حج تک حالات بہتر ہو گئے تو مناسب پروگرام کا اعلان کیا جائیگا۔

سندھیا لائن

دی سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی لمیٹڈ

بلارڈ اسٹیٹ	نیپئیر روڈ	کلائیو اسٹریٹ
بمبئی	کراچی	کلکتہ

تفاسیر اربعہ ثنائیہ

از مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ صاحب امرتسری

تفسیر ثنائی اُردو۔ قرآن شریف کی بہت سے حضرات نے تفسیریں لکھیں۔ مگر تفسیر ثنائی اُردو ان سب پر سبقت لے گئی ہے۔ جسے زمانہ حاضرہ میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس تفسیر میں خاص خوبی (جو اس سے پہلے کسی تفسیر اُردو یا عربی میں نہیں دیکھی گئی) یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ ایک کالم میں آیات قرآنی ہیں جن کے نیچے اُردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں [illegible] شان نزول درج ہے۔ مخالفین اسلام اور مخالفین سنت نبی علیہ السلام [illegible] ہے۔ ملک کے ممتاز اصحاب اس کی تعریف میں رطب اللسان [illegible] جلدوں میں ہے۔ [illegible] فی جلد ڈیڑھ روپیہ (عہ) مکمل سٹ خریدنے [illegible] کی۔ کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن (بزبان عربی)

تفسیر ہذا عربی میں مفسرین کے متفقہ اصول القرآن یفسر بعضہ بعضا پر لکھی گئی ہے۔ جسے ظاہری و باطنی خوبیوں کے باعث اہل علم حضرات نے بہت پسند فرمایا ہے۔ ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی مقبول ہو چکی ہے۔ بعض مدارس میں بطور نصاب (جلالین کی طرح) پڑھائی جا رہی ہے۔ ہر آیت کی تفسیر میں قرآن مجید کی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے۔ مصری سائز اور رنگ کے کاغذ پر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے۔ سارے قرآن مجید کی تفسیر ہے۔ قیمت بجائے للعہ کے ۲ روپے

بیان الفرقان علیٰ علم البیان

(بزبان عربی) قرآن مجید کی یہ سب سے پہلی تفسیر ہے جو علم معانی و بیان کی روشنی میں عربی میں لکھی گئی ہے۔ شروع میں علم معانی و بیان کی اصطلاحات درج کر کے اُن پر نمبر ڈالے گئے ہیں۔ دوران تفسیر میں جہاں کسی (۹۸۹)
اصطلاح کا ذکر آیا ہے اس پر اسی اصطلاح کا نمبر دیدیا گیا ہے۔ سردست صرف سورہ فاتحہ و سورہ بقرہ کی تفسیر چھپی ہے۔ جلد منگا لیں ورنہ دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ قیمت ۱۰/

تفسیر بالرائے

(بزبان اُردو) اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی کیونکہ اُردو میں کئی ایک تفسیریں ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں۔ مثلاً "بیان للناس" امرتسری "بیان القرآن" لاہوری چکڑالوی۔ مرزائی شیعہ ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔ قابل دید و شنید ہے۔ مولانا صاحب کی یہ بالکل نئی تصنیف ہے۔ قیمت ۱۰/

(کُل مندرجہ تفاسیر منگوانے کا پتہ)

مینیجر دفتر اہلحدیث امرتسر

تفسیر ابن کثیر کا حرف بہ حرف ترجمہ تفسیر محمدی اردو مکمل

تیس پارے کا ہدیہ بجائے تیس روپے کے صرف اٹھارہ روپے۔ قرآن کریم کی جتنی تفسیریں ہیں ان سب میں تفسیر ابن کثیر کا درجہ وہی ہے جو حدیث کی کتابوں میں صحیح بخاری شریف کا ہے۔ تفسیر محمدی اردو اسی تفسیر ابن کثیر کا کامل ترجمہ ہے۔ آٹھ سال کی دن رات کی محنت اور ہزاروں کے خرچ سے اس اخبار کے برابر کے ڈھائی ہزار صفحات میں یہ کتاب ہے اس میں قرآن کی تفسیر قرآن سے پھر حدیث سے پھر سلف صالحین سے ہے۔ یہی تفسیر صحیح مستند معتبر اور مفصل ہے۔ صرف رمضان شریف ختم تک یہ بجائے تیس روپے کے صرف اٹھارہ روپے میں آپ کو مل جائے گی۔ مکمل تین جلدوں میں ہے۔ دس دس پارے [illegible]

[illegible]

علاوہ اس وقت تیس روپے کی جلد اٹھارہ روپے۔ ایک ایک پارہ الگ الگ بھی ملتا ہے مگر ان کی قیمتیں مختلف ہیں۔ کیونکہ پارے چھوٹے بڑے ہیں۔ ان کی اصلی قیمت بھی اس وقت فی روپیہ [illegible] رعایت ہے۔ قیمت کا منی آرڈر روانہ کرکے اپنے نام کا [illegible] منگوا لیجئے۔

ملنے کا پتہ [illegible] محمدی صدر بازار دہلی

مجدد عصر حضرت [illegible] کی بہترین تصنیف

اعلام الموقعین کا اردو ترجمہ بنام دین محمدی

اس کتاب کے اس اخبار کے برابر ایک ہزار صفحات ہیں دو سات حصے ہیں جتنے مسائل کا اہل حدیث اور چاروں مذہبوں میں سے کسی مذہب میں اختلاف ہے اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ حق مسلک اہل حدیث کا ہے۔ چاروں مذاہب کے ناحق مسائل کی دلائل سے تردید کی گئی ہے۔ تقلید کے متعلق جتنی دلیلیں بیان کی جاتی ہیں، سب کے عالمانہ جوابات ہیں۔ خود تردید تقلید میں سینکڑوں دلیلیں بیان کی گئی ہیں۔ قیاس کی دھجیاں بکھیر دی گئی ہیں۔ قیاس والوں کا اختلاف ان کے قیاسی مسائل کا ایک دوسرے کے خلاف ہونا ان قیاسی مسائل کا ادب و تہذیب [illegible] کیا گیا ہے۔ صحابہ نے جتنے مسائل حضور سے دریافت کئے ہیں اور آپ نے جوابات دیئے ہیں وہ سب سوالات و جوابات اس میں درج ہیں۔ الغرض دین محمدی کو اسی شکل و صورت میں مسلمانوں کے سامنے پیش کیا ہے جس شکل و صورت میں وہ حضور کے زمانے میں تھا۔ قیمت اصلی دس روپے ہے۔ اس وقت [illegible] شریف تک صرف چھ روپے۔ مجلد کے ساڑھے سات روپے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عمر بھر کے خطبے عربی مع زیر زبر

و ترجمہ و شرح بطرز خطبہ دینی [illegible] جلد اول و حصہ دوم۔ حضور کے خطبے دراصل آپ کے معجزے ہیں۔ ان کا ایک ایک لفظ ایک نور ہے۔ انہی خطبوں سے کفر اسلام سے سنگدلی نرم دلی سے بدل گئی تھی۔ دشمنان جان جان نثار بن گئے تھے۔ تعجب ہے کہ آج تیرہ سو سال تک حضور کے یہ خطبے ایک جگہ کتابی شکل میں جمع نہیں ہوئے تھے۔ الحمد للہ اب مولانا محمد صاحب ایڈیٹر اخبار محمدی نے اس طرف توجہ فرمائی اور تین سال کی دن رات کی محنت سے انہیں جمع کیا اور کتابی صورت میں آج یہ نعمت غیر مترقبہ دنیائے اسلام کے سامنے آگئی۔ جلد اول میں حضور کے ایک سو چھیاسی [illegible]

[illegible]

ایک خطبہ حضور [illegible] ہر ایک جملے پر زیر زبر باقاعدہ ہے۔ پھر ترجمہ ہے پھر شرح ہے اور اس طرز سے ہے کہ ایک خطیب صاحب منبر پر صرف اس کتاب سے جمعہ کے خطبے باقاعدہ سنا سکتے ہیں۔ دونوں حصوں کے ساڑھے چھ سو صفحات اس اخبار کے صفحات کے برابر ہیں۔ اس وقت تا ختم رمضان مکمل دونوں جلدوں کا رعایتی ہدیہ ایک روپیہ بارہ آنے ہے۔

حدیث و فقہ کے فرق کو اور اس بات کے ثبوت کو کہ فقہ حنفی خلاف حدیث ہے۔ دیکھنا ہو تو کتاب "شمع محمدی" ملاحظہ فرمائیں۔

اس کتاب میں پہلے حدیث ہے مع زیر و زبر حوالہ پر اس کا ترجمہ ہے۔ اب اس حدیث کے خلاف فقہ کی عبارت ہے۔ حوالہ ہے ترجمہ ہے۔ ان دونوں کو دیکھنے سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ حدیث کے خلاف فقہ نے حرام کیا۔ حدیث کی حرام کردہ چیز کو فقہ نے حلال کر دیا۔ اسی قسم کی ایک سو چھپن حدیثیں اور فقہ کی عبارتیں ہیں۔ اس کتاب کے دیکھنے کے بعد کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ فقہ قرآن و حدیث کا عطر [illegible] ہے۔ بلکہ یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ فقہ پر عمل کرنے سے حدیث پر عمل چھوٹ جاتا ہے۔ قیمت اصل ایک روپیہ ہے۔ اس وقت [illegible]

نوٹ: اخبار محمدی خاص جماعت اہل حدیث کا اخبار ہے۔ سالانہ تین روپے۔ نمونہ مفت۔ مولانا محمد صاحب ایڈیٹر اخبار محمدی کی تصنیفات کی مکمل فہرست مفت منگوائیں۔ مندرجہ بالا چاروں کتابیں طلب فرمائیں۔

منیجر دفتر اخبار محمدی صدر بازار دہلی

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲ ... ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

جلد ۳۶ — بسم اللہ الرحمن الرحیم — نمبر ۵۱

اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین ... اخبار اہل حدیث امرتسر — اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن — پس حدیث مصطفیٰ بر جان مسلم داشتن

دفتر اہلحدیث امرتسر — مدیر مسئول ابو الوفاء ثناء اللہ

تاریخ اجرا ۲۲۔ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳۔ نومبر ۱۹۰۳ء

اغراض ومقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔

(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہل حدیث کی خصوصاً دینی ودنیوی خدمات کرنا۔

(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

قواعد وضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔

(۲) جواب کیلئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔

(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔

(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔

(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ	...
رؤسا وجاگیرداران سے	...
عام خریداران سے	...
ششماہی	...
فی پرچہ	...

اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط وکتابت ہوسکتا ہے

جملہ خط وکتابت وترسیل زر بنام مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۶۔ رمضان المبارک ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۰۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک

فہرست مضامین

نظم (ترانہ فخر مرسلین)	ص۱
انتخاب الاخبار	ص۲
قادیانی اور بہائی دو اسپہ گاڑی	ص۳
موجودہ جنگ ہندوستان میں بھی ہوگی (قادیانی مشن)	ص۵
دعوت فکر	ص۶
قرآن کی طرح حدیث رسول بھی ...	ص۸
...	ص۹
...	ص۱۰
...	ص۱۲
...	ص۱۳
اشتہارات	ص۱۴

ترانہ فخر مرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

(از مولوی غلام رسول صاحب ہوشیارپوری)

یہ گویا گئے ابن مریم ترانہ
کہ میرے بعد احمد نبی کو ہے آنا

وہ روح مقدس جب آئیگی حق سے
تو بھر دیگی نیکی سے سارا زمانہ

نہیں میری باتیں تمہیں اب گوارا
مجھے ہو کے رخصت جہاں سے ہے جانا

نہیں حق کو سننے کی اب تاب تم میں
سو مجھ کو نہیں اب ہے باتیں بتانا

مرے بعد آئے گی وہ روح کامل
جو لائیگی پیغام رب زمانہ

صداقت سے بھر دیگا دنیا وہ ساری
وہ ہوگا یقیناً رسول یگانہ

مرا جانشیں ہوگا مجھ سے گرامی
رہیگا ابد تک اسی کا فسانہ

وہ لائیگا حق سے مکمل شریعت
جو کردیگی پہلی کتب کو پرانا

جب آئے گا وہ رسول خدا
تو پھر نہ چلیگا کسی کا بہانہ

تر وخشک پر اس کا سکہ چلیگا
تمہیں بھی ہے لازم اسی کو منانا

چھوڑو اور ضد اور علی کو ہے پند میری
کہ احمد کے در پر ... نشانہ

انتخاب الاخبار

[illegible] اکتوبر [illegible]

—— امرتسر شہر اور دیگر تمام شہروں میں رمضان المبارک کا پہلا روزہ بالاتفاق ۱۵۔ اکتوبر کو رکھا گیا آج تک کسی شہر سے اختلاف روئت کی اطلاع نہیں ملی۔

—— امرتسر ۱۰۔ اکتوبر کو چوہدری افضل حق۔ مولوی عبدالسلام ہمدانی اور غلام نبی جانباز (احرار) کا مقدمہ اے۔ ڈی۔ ام صاحب کی عدالت میں پیش ہوا۔ جو بغیر کسی کارروائی کے ۱۴۔ اکتوبر پر ملتوی ہوا۔ پھر ۱۴۔ اکتوبر کو معمولی کارروائی کے بعد ۴۔ نومبر آئندہ پیشی مقرر ہوئی۔

—— ماسٹر عنایت اللہ خان مشرقی ۱۴۔ اکتوبر کو لکھنؤ سے ایک ماہ کی قید کاٹ کر رہا ہوگئے ہیں۔ خاکسار بدستور یوپی میں سول نافرمانی کرتے جارہے ہیں۔ گرفتاریاں بھی جاری ہیں۔ ۱۴۔ اکتوبر کو لکھنؤ میں خاکساروں اور پولیس کا تصادم ہوگیا۔ طرفین کے پندرہ پندرہ آدمی زخمی ہوئے۔

—— پٹنہ۔ بہار اسمبلی نے مسلم اوقاف بل بغیر رائے شماری کے منظور کرلیا ہے۔

—— کراچی ۱۵۔ اکتوبر۔ گورنر سندھ نے منزل گاہ ایجی ٹیشن کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام صوبہ سندھ میں چھ ماہ کے لئے ایک آرڈی ننس جاری کردیا ہے جس کی رو سے بااختیار افسروں کو ہر اس شخص کو گرفتار کرنے کا اختیار ہوگا جو امن عامہ کے خلاف کارروائی کرے یا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔

—— نئی دہلی ۱۴۔ اکتوبر۔ ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ ہندوستانی فوجیں جو ہندوستان سے باہر بھیجی گئی تھیں وہ صحیح سلامت اپنی اپنی منزل مقصود پر پہنچ گئی ہیں۔ کسی ہندوستانی سپاہی کا کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوا۔

—— اسلامیہ ہائی سکول الہ آباد کو کالج بنانے کے لئے اعلیٰ حضرت شہریار دکن نے دس ہزار روپیہ مرحمت فرمایا ہے۔

—— نیوز کرانیکل کا مقولہ ہے کہ روس اور ترکی میں ایک معاہدہ ہوا ہے۔ جس کی رو سے ترکی درہ دانیال اور باسفورس کو تمام دول کے جنگی جہازوں کے لئے بند رکھیگا۔ اس کے بالمقابل روس بلقانی ریاستوں میں سے کسی پر حملہ نہیں کریگا۔ (انقلاب ۱۷۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء)

ناظرین نوٹ کرلیں

(۱) آئندہ پرچہ (اہلحدیث ۲۷۔ اکتوبر) بوجہ سالانہ تعطیل شائع نہیں ہوگا۔ پرچہ ہذا کے بعد نئے سال کا پہلا پرچہ ۳۔ نومبر کو شائع ہوگا۔

(۲) جن خریداروں کی قیمت اخبار ماہ اکتوبر میں ختم ہے۔ ان کی طرف سے اگر ۲۔ نومبر تک قیمت اخبار بذریعہ منی آرڈر۔ مہلت یا انکار کی اطلاع بذریعہ پوسٹ کارڈ وصول نہ ہوگی

تو

آئندہ پرچہ وی پی بھیجا جائیگا

حالات حاضرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدار حضرات کا فرض ہے کہ وی پی کو واپس کرکے دفتر کو محصول ڈاک کا زیر بار نہ ہونے دیں

(۳) آئندہ پرچہ میں ماہ نومبر کا حساب دوستان بھی درج ہوگا۔

(۴) اخبار ہذا کا صفحہ ۱۹ ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

(منیجر اہلحدیث امرتسر)

—— قاہرہ ۱۴۔ اکتوبر جلالۃ الملک شاہ فاروق نے تمام اسلامی ممالک کے نام ایک تقریر کے ذریعہ (جو براڈ کاسٹ کی گئی تھی) اپیل کی ہے کہ رمضان المبارک میں جنگ اور اس جیسی دیگر مصیبتوں سے نجات پانے کے لئے دعا کی جائے۔

رسالت اور بشریت

یہ رسالہ مولانا سیالکوٹی کے نتائج قلم سے ہے۔ موصوف نے رسالت اور بشریت کے متعلق نہایت عالمانہ بحث کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بشر کامل تھے۔ اور اس مضمون کو قرآن و حدیث و اقوال بزرگان سے مدلل کیا ہے۔ رسالہ کے آخری حصہ میں فرقہ غالیہ کے شبہات کے تحقیقی جوابات بادلیل دئیے ہیں اسی رسالہ کے ساتھ حدیث الایمان بضع وستون شعبۃ الحدیث کی مختصر اور جامع شرح سلیس اردو میں لکھی ہے۔ خریداران رسالہ تبلیغ کو حسب قاعدہ مفت پہنچے گا۔ بشرطیکہ انہوں نے نئے سال کی خریداری کے لئے چندہ عہ بھیجدیا ہو۔ ان کے علاوہ رسالہ کی قیمت مع محصول ڈاک ۸ ہے۔ پتہ ذیل سے طلب کریں

(۱) شہر سیالکوٹ محلہ میانہ پورہ مولانا محمد ابراہیم صاحب

(۲) محمد عبداللہ ثانی ناظم جمعیتہ تبلیغ اہل حدیث پنجاب ڈھاب کھٹیکاں امرتسر

صرف رمضان المبارک میں!

تفاسیر اربعہ ثنائیہ کی قیمتیں

حیرت انگیز رعایت

نام	اصل قیمت	رعایتی
تفسیر ثنائی اردو مکمل آٹھ جلد	[illegible]	[illegible]
(علیحدہ علیحدہ فی جلد کے خریدار کو [illegible] کی بجائے [illegible])		
تفسیر القرآن بکلام الرحمن عربی	تین روپیہ	دو روپیہ
تفسیر بیان الفرقان علی علم البیان عربی	۱۰/	۸/
تفسیر بالرائے جدید تالیف	۱۰/	۸/

ان تفسیروں کا اشتہار کئی بار اخبار اہلحدیث میں شائع ہو چکا ہے۔ شائقین اس رعایت سے جلد فائدہ اٹھائیں۔ محصول ڈاک [illegible] ہر حالت میں بذمہ خریدار ہوگا۔

منیجر دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

—— پشاور معلوم ہوا ہے کہ حکومت برطانیہ نے آفریدیوں کو برطانوی علاقے اور برطانوی باشندوں [illegible] میں جانے سے روک دیا ہے۔ یہ حکم اسلئے دیا گیا ہے کہ سردار علی احمد کے لڑکوں نے آفریدیوں [illegible]

اہلحدیث

۶ رمضان المبارک ۱۳۵۸ھ

قادیانی اور بہائی

دو اسپہ گاڑی

اسلام کے اندر پہلے زمانے میں بہت سے فرقے پیدا ہوئے۔ جنہوں نے مسائل فرعیہ میں بہت کچھ اختلافات کئے۔ ان میں سے کچھ زندہ رہے اور کچھ مٹ گئے۔ ایک زمانہ تھا کہ فرقہ معتزلہ نے بڑا عروج حاصل کر کے حکومت اور خلافت پر قبضہ کر لیا اور اپنے مخالف علماء (محدثین اور فقہاء) پر بڑے بڑے مظالم توڑے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خود ہی لوٹ گئے اور ایسے ٹوٹے کہ ان کی شان میں کہا جا سکتا ہے۔ هَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْ بَاقِيَةٍ ۔

اسی طرح روافض اور خوارج پیدا ہوئے جنہوں نے بہت کچھ غلو کیا۔ متاخرین میں سے اس وقت ایسے دو گروہ ہمارے سامنے ہیں جنہوں نے ان امور میں اختلاف کیا جن میں پہلوں نے نہیں کیا تھا۔ ان گروہوں سے ہماری مراد قادیانی اور بہائی فرقے ہیں۔ ان کا اصولی اختلاف جمہور اہل اسلام سے مسئلہ نبوت میں ہے۔ پھر ان دونوں میں آپس میں بھی تھوڑا سا اختلاف ہے۔

بہائی لوگ شیخ بہاء اللہ کو پیغمبر صاحب شریعت مستقل کہتے ہیں۔ قادیانی مرزا صاحب متوفی کو [illegible] صاحب شریعت نبی مانتے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ یہ دونوں فرقے چونکہ قرآن مجید کے بھی قائل ہیں اس لئے جو وصف (خاتم النبیین) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں قرآن میں آیا ہے۔ اُسے دونوں فریق مانتے ہیں۔ مگر ہاں کر اس کی تاویل جدا جدا کرتے ہیں۔ قادیانی اس کے معنی جو کچھ کرتے ہیں اس کے متعلق انہوں نے اپنا عقیدہ اس شعر میں بتایا ہے جو آنحضرت کے حق میں لکھا ہے۔

جو آئے ابتدا میں رونق غار حرا ہو کر
گئے آخر (نبی گر) اور ختم الانبیاء ہو کر

یعنی بقول ان کے آنحضرت کے وصف خاتم النبیین کے معنی ہیں نبی بنانے والا۔ یعنی آپ کے کامل اتباع سے مسلمان امتی نبی بن جایا کریں گے۔ چنانچہ بقول ان کے ایسے انبیاء میں سے ایک نبی مرزا صاحب بھی ہیں۔ ایسے نبی کے لئے ان کا اصطلاحی لفظ بمعنی نبی یا امتی نبی ہے۔

بہائی گروہ خاتم النبیین کے یہ معنی نہیں کرتا وہ اصل معنی میں آنحضرت کو خاتم النبیین مانتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ ہر ایک سلسلہ نبوت ایک خاص وقت تک ہوتا ہے۔ اس کے بعد جو پیغمبر آتا ہے وہ پہلے سلسلے کو ختم کر کے نئی شریعت جاری کرتا ہے چنانچہ

[illegible] پیغمبر [illegible] کے متعلق [illegible] ہیں ایک مضمون شائع ہوا ہے جس کی سرخی ہے "نئی شریعت اور نئے پیغمبر کی ضرورت" [illegible] بہائی جماعت شیخ بہاء اللہ کو [illegible] میں پہنچے [illegible] جب اللہ [illegible] کہ آنحضرت کا منصب [illegible] ہے۔ تو [illegible] کہ پیغمبر اور خدا کے درمیان ایک پیغمبر کا واسطہ ہے جو خدائی [illegible] پیغمبری سے اوپر چکی ہے [illegible] بہاء اللہ اور مرزا میں اس امر پر کافی بدمزگی [illegible] ثابت کر دیا کہ شیخ بہاء اللہ کا دعویٰ نبوت اور رسالت کا تھا تو اس کے بعد کئی ایک بہائی تحریروں میں شیخ بہاء اللہ کو پیغمبر کے لقب سے یاد کیا گیا۔ چنانچہ زیر نظر مضمون میں بھی یہ لفظ صراحۃً ملتا ہے۔ امید ہے کہ بہائی گروہ آئندہ شیخ بہاء اللہ کے حق میں یہ لفظ استعمال کرنے میں جھجکیں گے نہیں۔ بہرحال مضمون انہی کے الفاظ میں درج ذیل ہے :-

"خدا کا دین دو حصوں میں منقسم ہے۔ (۱) اصول (۲) فروع۔ اصول روح ہیں فروع جسم ہیں۔ روح کبھی نہیں بدلتی۔ جسم تغیر و تبدل حاصل کرتا رہتا ہے۔ دین الٰہی ہمیشہ سے ایک ہی رہا ہے اور ایک ہی رہیگا۔ شریعت کے احکام ہمیشہ بدلتے رہے اور بدلتے رہیں گے۔ حقیقت میں دین ایک ہی ہے۔ دین کے پیرائے مختلف ہیں اقتضائے وقت کے مطابق دین ایک خاص شکل میں نمودار ہوتا ہے۔ پیرائے تو الگ الگ ہیں متعدد ہوں لیکن اصل چیز ایک ہی ہے۔ دین ایک انسان کی مانند ہے۔ جو بچپن۔ شباب جوانی اور بڑھاپے کی منزلیں طے کرتا ہے۔ مگر [illegible] ہی انسان ہوتا ہے۔ روح ایک ہی رہتی ہے جسم تغیرات حاصل کرتا رہتا ہے۔

دین الٰہی ایک [illegible] ہے۔ [illegible] انسان کی صحت اور بیماری [illegible]

کبھی کبھی در ضرر نے علاج کا مقصد صحت و شفا ہے۔ مرض کی حالت کے مطابق علاج و دوا میں تبدیلی لازم و ضروری ہے۔ دین خدا وندی کے وہ اصول جو کبھی ٹوٹ نہیں سکتے اور کبھی منسوخ و مرفوع نہیں ہو سکتے۔ ان میں سے ایک یہ قانون بھی ہے کہ شریعت ہمیشہ وقت و ضرورت کے مطابق منسوخ ہوتی رہے اور ایک حکم کے بجائے دوسرا حکم دیا جائے۔ اگر احکام منسوخ نہ ہوں تو انسان ترقی کے قدم آگے نہ بڑھا سکے۔ دین خداوندی ایک زندہ چیز ہے اور ہر زندہ چیز حرکت کرتی ہے۔ دین الٰہی اگر ضرورت سے ہزار یا دس ہزار سال پہلے کی حالت میں ہی رہے تو وہ ایک مردہ لاش سے زیادہ نہیں انسان ایسی لاش کو زیادہ عرصہ تک کندھے پر لادے ہوئے نہیں پھر سکتا یہی وجہ ہے کہ فطرت انسانی مجبور ہو کر پرانے دین و مذہب سے منہ پھیر رہی ہے۔ اب اگر قدرت ایک نیا دین انسان کو نہ دے تو نوع انسانی لامذہب ہو کر رہ جائیگی۔ پرانے مذاہب کے پیروکار بھی اپنے مذہب پر عمل کرنے میں پورے نہیں اترتے کیونکہ ان مذاہب کی روح پرواز کر گئی ہے اور ایک بے جان قالب پڑا ہوا ہے۔ قدامت پرست مذہبی لوگوں کی عقل پر حیرت ہے کہ وہ عالم ہستی کی ہر چیز میں نشوو ارتقا دیکھتے اور مانتے ہیں اور دین کے بارے میں نشوو ارتقا کا انکار کرتے ہیں۔

پرانے مذہب کے ماننے والے دوستوں کو یہ بات نوٹ کر لینی چاہئے کہ اب ان کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ قدرت کی جانب سے ہر روز ایسی ہوا چل رہی ہے کہ پرانے مذہب کے باغ سوکھتے جاتے ہیں۔ ان کی عمارت بوسیدہ ہو کر گرتی جاتی ہیں۔ آپ آنکھ کھول کر دیکھنا چاہئے کہ خدا نے اپنے زندہ اور پائندہ دین کی نئی عمارت کیسے اور کہاں تیار کی ہے جو پرانے مذہب کے

چمن اجڑنے پر دست قدرت نے اب کہاں باغ لگایا ہے جو حقیقت پرستوں کے لئے جنت رضوان ہو۔

کیا اب الطلیعہ [illegible] ہو گیا کہ ہمیں بھول گیا۔ کیا ہم [illegible] نہیں۔ کیا ہمیں اس کی مدد و رہنمائی کی ضرورت نہیں؟ مصر و فلسطین میں گمراہی کے وقت حضرت موسیٰ اور پھر حضرت مسیح کو مبعوث فرمایا۔ کیا آج دنیا کی حالت اُس وقت کے فلسطین سے ہزاروں لاکھوں درجہ گمراہی میں بدتر نہیں۔ عرب میں جب لوگ باہم لڑتے تھے اور کعبہ میں ۳۶۰ بت رکھے گئے تھے۔ اس وقت حضرت محمد رسول اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔ آج دنیا کروڑوں گنا بڑھ کر لڑائی میں مبتلا ہو رہی ہے ہزاروں لاکھوں بت خانے آباد ہیں بلکہ ہر عبادت کے بڑے بڑے لوگ خود شاندار زندہ بت بنے ہوئے ہیں۔ کیا ایسے وقت میں ہادی و رہنما پیغمبر کی ضرورت نہیں ہے۔

آج تمام قومیں اختلافات اور افتراقات میں دست و گریباں ہیں۔ کیا کسی ملانے والے کی حاجت نہیں ہے۔ تمام جماعتیں ہزاروں قسم کی مشکلات میں مبتلا ہیں جن میں ان کی رہنمائی کے لئے کوئی روشنی ان کے پاس نہیں۔ کیا ایسے وقت میں خدائی روشنی کی ضرورت نہیں؟[1] سابقہ الہامی کتابیں اپنی تاثیر میں بہت مدہم ہو گئی ہیں۔ پرانی شریعتیں آج کی ضروریات کیلئے کافی نہیں رہیں۔ کیا ان حالات میں نئی کتاب اور نئی شریعت کی ضرورت نہیں۔

تمام مذاہب و اقوام کی کتابیں بشارت دیتی ہیں کہ تاریکی و ضلالت کے وقت روشنی ہدایت کا ظہور ہوگا۔ کیا ابھی تک یہ ظہور نہیں ہوا۔

---

[1] پھر آج بھی کون پیغمبر صاحب شریعت جدیدہ ہے (الحدیث) ایسا پیغمبر وہ کہاں ہے۔ (اہلحدیث)

جن جیتیوں نے معدے دیئے تھے کہ ان حالات اور ان وقتوں میں موعود ظاہر ہوگا۔ اس لئے [illegible] انسان کو دینی و روحانی [illegible] دی [illegible] تک پورے ہوتے [illegible] اور [illegible] غفلت سے سر اٹھا [illegible] آفتاب نکل آیا ہے۔ خدا کی رحمت تمہیں پکار رہی ہے۔ اٹھو اٹھو نئے طلوع کی تجلی دیکھو

(رہنمائی ٹیگور میں [illegible] بابت ستمبر ۱۹۳۹ء)

اہلحدیث اس مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کی ظلمت رفع کرنے کے لئے روشنی کی ضرورت ہے اور وہ روشنی بہاء اللہ کی رسالت ہے۔

اسی طرح قادیان سے ہر روز آواز اٹھتی ہے ؏

آؤ لوگو یہاں تم نور خدا پاؤ گے

اور یہ آواز بھی کھلے لفظوں میں آتی ہے کہ خدا نے موجودہ زمانے میں ایک رسول بھیجا اور وہ وہی ہے جو آج سے بہت عرصہ قبل نہایت خوفناک عذابوں کی خبر دیتا رہا۔

(الفضل ۲۷ ستمبر ۱۹۳۹ء ص)

ہم ان دونوں آوازوں کی قدر کرتے اگر ان میں واقعی روشنی ہوتی۔ لیکن افسوس ہے کہ یہ دونوں تحریکیں نظر تحقیق میں اس جگنو کی مثل ثابت ہوئیں جس کا ذکر مولانا حالی مرحوم نے اپنی مسدس میں یوں کیا ہے ؎

مثال ان کی کوشش کی ہے صاف ایسی
کہ کھائی کہیں بندروں نے جو سردی
ادھر اور ادھر دیر تک آگ ڈھونڈی
نظر روشنی ان کو آئی نہ اُس کی
مگر ایک جگنو چمکتا جو دیکھا
پتنگا اُسے آگ کا سب نے سمجھا
لیا جا کے تھام اور سب نے اسی دم
کیا گھانس پھونس اسے لا کر فراہم
لگے اس کو سلگانے سب مل کے پیہم
نہ کچھ آگ سلگی نہ سردی ہوئی کم
یونہی [illegible] سارے [illegible] نے
لگے پھیلنے [illegible] کی راہ [illegible]

[illegible]

[1] یہی دعویٰ مرزا صاحب قادیانی اور ان کے اتباع کا ہے۔ کیا اچھا ہو دونوں یکجا بیٹھ کر باہم فیصلہ کر لیں۔ (اہلحدیث)

شیخ بہاء اللہ کو دنیا سے رخصت ہوئے آج عرصہ پچاس برس گذرا۔ اور ہمیں مرزا صاحب کو بھی انتقال کئے آج اکتیس سال ہو چکے ہیں۔ شیخ بہاء اللہ کی روشنی سے دنیا منور ہوئی اور نہ مرزا صاحب کی روشنی سے روشن ہوئی۔ یہاں تک کہ یہ دونوں گروہ بتصرف قدرت تسلیم کرتے ہیں کہ آج دنیا میں ظلمت، ضلالت، اختلاف و افتراق وغیرہ پہلے کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں تحریکیں دنیا کے لئے خوش آئند ثابت نہیں ہوئیں۔ اس لئے اب کوئی اور صاحب تشریف لانا چاہیئے۔

(نوٹ) بہائی گروہ سے ہم بارہا پوچھ چکے ہیں کہ اسلام کا کوئی ایسا صریح حکم دکھاؤ جو موجودہ زمانہ کے موافق نہ ہو اور اس کے مقابلہ میں شیخ بہاء اللہ کی تعلیم پیش کرو۔ تاکہ مقابلہ کرنے میں آسانی ہو۔

اسی طرح قادیانیوں سے ہمارا سوال ہے کہ وہ حسب دعویٰ اپنے نور کی اشاعت کا نتیجہ بتائیں کہ اس نور نے دنیا کو کہاں تک منور کیا؟ کیا قصبہ قادیان بھی اس نور سے منور ہوا یا نہیں؟ ہم انکے اس دعوے کو کہ ہماری تبلیغ دنیا کے کناروں تک پہنچ گئی ہے۔ رانا ٹن کی کتھا سے زیادہ وقعت نہیں دیتے۔ کیونکہ اس کی حقیقت ہم سے مخفی نہیں ہے۔ خدا بھلا کرے خلیفہ محمود احمد قادیانی کا جس نے ہمیں یہ سنا کر ہماری تسلی کر دی کہ

مرزا صاحب کے مزعومہ کام کا اربواں حصہ بھی اب تک پورا نہیں ہوا۔

جس پر اہل نظر کو یہ کہنے کا موقع حاصل ہے ؎

کوئی بھی کام مسیحا تیرا پورا نہ ہوا
نامرادی میں ہوا ہے تیرا آنا جانا

بہاء اللہ اور مرزا ۔۔۔ شیخ بہاء اللہ ایرانی اور مرزا صاحب قادیانی کے دعاوی میں مقابلہ اور مرزا صاحب پر شیخ بہاء اللہ کا سیرہ ثابت کیا ہے۔ ۔۔۔ [illegible]

قادیانی جشن

موجودہ جنگ ہندوستان میں بھی ہوگی

خلیفہ قادیان کا خواب اور اس کی سچی تعبیر

خلیفہ قادیان کا پاگل پن (انگریزی کی ۔۔۔)

اخبار "الفضل" قادیان میں خلیفہ قادیان کا ایک خواب شائع ہوا ہے جو قابلِ دید، شنید اور پُرلطف و لذیذ ہے۔ ناظرین پہلے اس کا خلاصہ سن لیں۔ پھر تفصیل اسی کے الفاظ میں پڑھیں۔

خلیفہ قادیان نے خواب میں ایک بہت بڑا اژدہا دیکھا جو ایک احمدی کو پکڑنے کے لئے قادیان میں پہنچا۔ مگر وہ احمدی بھاگ کر درخت پر چڑھ گیا۔ پھر وہ اژدہا خلیفہ قادیان کی طرف لپکا اور خلیفہ صاحب ایک اَن بُنی چارپائی پر چڑھ گئے۔ اس بارے میں آپ کے الفاظ یہ ہیں:-

"میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا میدان ہے۔ جس میں میں کھڑا ہوں۔ اتنے میں میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک عظیم الشان بلا جو ایک بہت بڑے اژدہا کی شکل میں ہے دور سے چلی آ رہی ہے وہ اژدہا دس بیس گز لمبا ہے۔ اور ایسا موٹا ہے جیسے کوئی بہت بڑا درخت ہو۔ وہ اژدہا بڑھتا چلا آتا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ دنیا کے ایک کنارے سے چلا ہے۔ اور درمیان میں جس قدر چیزیں تھیں۔ ان سب کو کھاتا چلا آتا ہے۔ یہاں تک کہ بڑھتے بڑھتے وہ اژدہا اس جگہ پر پہنچ گیا۔ جہاں ہم ہیں اور میں نے دیکھا کہ باقی لوگوں کو کھاتے کھاتے وہ ایک احمدی کے پیچھے بھی دوڑا۔ اس احمدی کا نام مجھے معلوم ہے۔ مگر میں بتاتا نہیں۔ وہ احمدی آگے آگے ہے اور اژدہا پیچھے پیچھے۔ میں نے جب دیکھا کہ اژدہا ایک احمدی کو کھانے کے لئے ۔۔۔ [illegible]

میں نے خیال کیا کہ اس کے پیچھے بھاگوں۔ لیکن خواب میں میں محسوس کرتا ہوں کہ میں اتنی تیزی سے دوڑ نہیں سکتا جتنی تیزی سے سانپ دوڑتا ہے۔ چنانچہ وہ اتنی تیزی سے دوڑتا ہے کہ میں اگر ایک قدم چلتا ہوں تو سانپ دس قدم کے فاصلے پر پہنچ جاتا ہے۔ لیکن بہرحال میں دوڑتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ میں نے دیکھا۔ وہ احمدی ایک درخت کے قریب پہنچا اور تیزی سے اس درخت پر چڑھ گیا۔ اس نے خیال کیا کہ اگر میں درخت پر چڑھ گیا تو میں اس اژدہا کے حملے سے بچ جاؤں گا۔ مگر ابھی وہ اس درخت کے نصف میں ہی تھا کہ اژدہا اس کے پاس پہنچ گیا اور سر اٹھا کر اسے نگل گیا۔ اس کے بعد وہ پھر واپس لوٹا۔ اور اس غصہ میں کہ میں اس احمدی کو بچانے کے لئے کیوں اس کے پیچھے دوڑا تھا۔ اس نے مجھ پر حملہ کیا۔ مگر جب وہ مجھ پر حملہ کرتا ہے تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ میرے قریب ہی ایک چارپائی پڑی ہوئی ہے مگر وہ بُنی ہوئی نہیں۔ صرف باہیاں وغیرہ ہیں ۔۔۔ میں سوت نے اسے بنا نہیں گیا۔ جب وہ اژدہا میرے پاس پہنچا۔ میں کود کر اس چارپائی پر کھڑا ہو گیا۔ اور میں نے ایک پیر ایک سرے پر اور دوسرا پیر دوسرے سرے پر رکھ لیا۔ جب اژدہا چارپائی کے قریب پہنچا تو لوگ سمجھنے لگے کہ اب اس اژدہا کا ۔۔۔ [illegible]

ahmadimuslim.de

ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا دیئے اور منہ قطعی ہی سے دعا مانگنی شروع کر دی ×× میں نے دیکھا کہ دعا کرنے کے نتیجہ میں اس اژدہا کے جوش جیسی کمی آنی شروع ہو گئی اور آہستہ آہستہ اس کی تیزی کم ہو گئی۔ چنانچہ وہ جھک کر میری چارپائی کے نیچے گھسا۔ پھر اس کے جوش میں کمی آنی شروع ہوئی۔ پھر وہ خاموشی سے لیٹ گیا۔ اور پھر میں نے دیکھا کہ وہ ایک ایسی چیز بن گیا ہے جیسے جلی ہوئی ہے۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ وہ اژدہا پانی ہو کر بہہ گیا۔ اور میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ دیکھا دعا کا کیسا اثر ہوا ×× اس رؤیا کے ماتحت میں سمجھتا ہوں کہ ممکن ہے یہ جنگ ہندوستان کے اندر بھی آ جائے خوابیں چونکہ تعبیر طلب ہوتی ہیں اس لئے یقینی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ اس کی یہی تعبیر ہو۔ اور اگر ایسا ہی ہوا تو یہ امر کوئی بعید نہیں کہ جنگ کے شعلے ہندوستان کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیں۔" (الفضل قادیان ص۶۔ ۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۴۰ء)

اہلحدیث اس خواب کا مضمون صاف ہے مگر تعبیر غلط ہے۔ اس کی صحیح تعبیر بتانے سے پہلے ہم ان مضمونوں کی تردید کرتے ہیں جو خلیفہ قادیان کو پاگل کہیں گے۔ ہم ہرگز خلیفہ صاحب کو پاگل نہیں کہہ سکتے گو خلیفہ صاحب نے آپکو ضعف مطلقہ عامہ کے ماتحت مراقی کہتے رہے ہیں (ریویو آف ریلیجنز بابت ماہ اگست سنہ ۱۹۲۶ء) چونکہ خلیفہ قادیان نے اپنے مذکورہ خواب کی نسبت خود لکھا ہے کہ ممکن ہے اس کی کوئی اور تعبیر ہو۔ اس لئے اس خواب کی صحیح تعبیر ہم بتاتے ہیں۔

خلیفہ صاحب کی تعبیر اس لئے غلط ہے کہ مذکورہ اژدہا سے مراد اگر جنگ ہوتی تو قادیان اور خلیفہ قادیان یا احمدی سے اس کو کوئی خاص تعلق نہ ہوتا کہ انکے پیچھے بھاگا پھرتا۔

اس لئے صحیح تعبیر یہ سمجھتے ہیں کہ اس اژدہا سے مراد مولوی محمد علی لاہوری ہیں جنہوں نے جتنے

تھا اور کر لیا ہے کہ قصبہ قادیان میں اپنا مرکز تبلیغ قائم کر کے محمودی جماعت کے عقائد کی اصلاح کریگے اسی لئے وہ اژدہا احمدی جماعت کی تلاش میں

پھر ایک ۔۔۔ قادیانی محبوبا ۔۔۔ کنتم ۔۔۔ الصین

دعوت ختنہ

(۲)

(از مولانا محمد صاحب ایڈیٹر اخبار محمدی دہلی)

مضمون ہذا کی پہلی قسط ۔۔ اکتوبر میں درج ہو چکی ہے۔ دوسری آج ہدیہ ناظرین ہے

۲۷ ہمارے محترم مولانا ابو القاسم صاحب تحریر فرماتے ہیں امام بخاریؒ نے باب ہی منعقد کیا ہے: باب الدعوة فی الختان۔ اس سے کوئی صاحب یہ نہ سمجھ لیں کہ یہ باب صحیح بخاری شریف میں ہے ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ صحیح بخاری شریف اس سے پاک اور صاف ہے۔

۲۸ یہ کتاب ادب المفرد۔ سو کہاں بخاری اور کہاں ادب المفرد؟ ۲۹ پھر ادب المفرد کی روایت میں بھی یہ نہیں کہ لوگوں کی دعوت کی تھی۔ اور اس دعوت کیلئے بھیڑ اکٹھا تھا۔ نہ وہاں دعوت کا ذکر ہے نہ دعوت دینے کا بیان ہے۔ نہ لوگوں کا اس دعوت میں جمع ہونا مذکور ہے۔ غرض یہ روایت بھی مولانا کے مقصد کے بیان سے ساکت ہے۔ ۳۰ پھر اگر اس میں کچھ بیان ہوتا بھی تو یہ موقوف اثر مرفوع حدیث کے مقابلہ میں کچھ ایسی حیثیت نہیں رکھتا تھا۔ جبکہ زمانہ رسول کا تعامل نہ تھا کہ ما کنا ندعی لہ الخ نہ ہم میں ختنے کے موقعہ پر دعوت ہوتی تھی نہ ہم بلوائے جاتے تھے نہ ہم جاتے تھے۔ ۳۱ پھر امام صاحبؒ نے اس دعوت کے جواز یا سنیت یا وجوب کا باب نہیں باندھا۔ بلکہ کوئی حکم نہیں لگایا۔

۳۲ جس طرح اس کے بعد کا باب ہے۔ باب اللهو فی الختان تو کیا اس سے کوئی صاحب ختنہ کے موقعہ پر گانے بجانے کی سند پکڑ سکتے ہیں؟ یہی کتاب میں اس سے پہلے باب ہے باب نوم آخر اللیل۔ یعنی آخر رات میں سونا۔ تو کیا یہ کوئی واجب یا مسنون امر ہے؟ بلکہ یہ عادت ہے اور صورت عادت ہے۔ الغرض باب ہے لیکن حکم نہیں نہیں اس سے استدلال صحیح نہیں۔

۳۳ یہ بھی کہئے کہ ختنہ کے موقعہ پر ڈھول پیٹنا گانا بجانا، تماش کھیلنا، قوالی کرنا، باجے بجانا اور جشن کرنا بھی مثل دعوت ختنہ کے مسنون ہے۔ حالانکہ آپ اسے کبھی نہیں فرمائیں گے۔ واللہ اعلم!

۳۴ ہمیں افسوس ہے کہ جو لطیف تصرف کتاب تاویل کی عبارت میں کیا گیا تھا۔ جس کا ذکر آگے چل کر آئیگا ہے۔ اس کے قریب قریب فتح الباری کی عبارت میں بھی لطیف تصرف کیا گیا ہے۔ اور پھر نوٹ میں اس لطیف تصرف کی طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے۔ اب میں اصل عبارت پوری آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔

وقد وقع فی آخر حدیث ابی هريرة الذی ادله الولیمة حق وسنة کما اشرت الیه فی باب الولیمة حق قال والخرس والاعذار والتی انت فیه بالخیار وفیه تفسیر ذالك وظاهر سیاقه الرفع ویحتمل الوقف وفی مسند احمد من حدیث عثمان بن ابی العاص فی ولیمة الختان لم یکن یدعی لها۔ (پ ۲۱ ص۔۔)

یعنی حدیث ابوہریرہ جس کا شروع یہ ہے کہ ولیمہ حق اور سنت ہے۔ جس کی طرف اشارہ میں نے باب الولیمہ حق میں کیا ہے۔ اس کے آخر میں واقع ہوا ہے کہ ۔۔۔ اعذار ۔۔۔ اس میں اختیار ہے ۔۔۔ تفسیر بھی ہے ۔۔۔ ظاہری سیاق ۔۔۔ اور احتمال موقوف ہونے کا بھی ہے ۔۔۔

۔۔۔ محمود کیسی لطیف ہے ۔۔۔ (اہلحدیث)

حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ختنہ کی خوشی کی دعوت کے بارے میں ہے کہ اس کے لئے دعوت نہیں کی جاتی تھی۔ پس جس حدیث کو اہلحدیث کے صفحہ پر جس طرح نقل کیا گیا ہے حافظ ابن حجر وغیرہ نے اس طرح کہیں نقل نہیں فرمایا ہے۔

نہ معلوم اصل میں کس طرح ہو؟ پھر پہلا جملہ قالَ کے لفظ سے شروع ہے اور وسط بیان میں لفظ قالَ کا اضافہ دلیل ہے کہ یہ مقولہ راوی حدیث کا ہے نہ کہ حدیث کا۔

یہاں اگر تو ہمارے تعجب کی کوئی انتہا نہیں رہتی کہ علامہ بنارسی نے فتح الباری کے حوالے سے یہ لکھ دیا ہے کہ پچھلے جملہ کا مرفوع ہونا ہی ٹھیک ہے اور اسکے متصل جو دوسرا جملہ تھا اسے نقل نہ فرمایا۔ وہ جملہ یہ ہے ویحتمل الوقف یعنی ہو سکتا ہے کہ یہ جملہ موقوف ہو یعنی یہ حدیث نہ ہو قول راوی ہو۔ چونکہ اس جملہ کے نقل کرنے کے بعد یہ ساری چیز بے جان ہو جاتی تھی اس لئے بہتر یہ تھا کہ اسے درست سلام کر دیا جائے اب علماء کرام کے سامنے پوری عبارت ہے وہ فیصلہ فرمائیں کہ کیا یہ کہنا ٹھیک ہے؟ کہ پچھلے جملے کا مرفوع ہونا ہی ٹھیک ہے؟ وہ تو صرف یہ لکھتے ہیں کہ ظاہری سیاق سے تو رفع ہے لیکن احتمال وقف بھی ہے جب احتمالِ وقف ہے تو یہ حیلہ بالکل غلط ہو گیا کہ مرفوع ہونا ہی ٹھیک ہے۔ اور جب احتمالِ وقف ہوا تو حتماً یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ یہ قولِ صحابی ہے ممکن ہے نیچے کے راویوں میں سے ہی کسی پر موقوف ہو کیونکہ وقف نیچے کے راویوں کے لئے بھی بولا جا سکتا ہے اور بولا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ابھی اس کی سند کی کوئی جانچ تال نہیں ہوئی۔ ابو الشیخ یا طبرانی کا نام حدیث کی صحت کی گارنٹی نہیں۔ کیا جناب اپنی اس پیشکردہ حدیث کی سند کی صحت ثابت کر سکیں گے۔

پھر چونکہ مسئلہ کا صریح حکم سامنے آ جاتا ہے۔ اس لئے اس کے بعد کی عبارت سے تو بالکل چشم پوشی فرمائی گئی۔ یعنی اسے نقل فرمانے کی زحمت گوارا ہی نہیں فرمائی کہ اس روایت کے ساتھ ہی حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث عثمان نقل فرمائی ہے کہ ختنہ کی دعوت نہیں کی جاتی تھی۔

ہاں بدقسمتی ! اس عبارت کے ترجمہ کو کہیں تم سند بنا کر پچھلے کی دعوت کو مسنون نہ سمجھ لینا۔ مولانا نے ترجمہ لکھا ہے "بچہ تولد ہونے کی خوشی کی دعوت" ہم تو ختنہ کی دعوت کے اڑانے کی فکر میں تھے یہاں اس دعوت نے ایک اور بچہ جن دیا یعنی بچہ پیدا ہونے کی ایک دعوت اور بھی نکل آئی۔ "سنت شادی" کرنے والو! اب تولد شادی ایک نئی رچاؤ۔ پیدا ہو اس روز ایک دھوم کی دعوت دو۔ پھر جب خلاف کئے تب دوسری دعوت دینا۔

خرس کے معنی مولانا نے بچہ تولد ہونے کی خوشی کی دعوت کے لئے ہیں۔ گو لفظ کو دور کا تعلق اس سے بھی ہو۔ لیکن اس کے اصلی معنی اسی فتح الباری میں سلامۃ المرأۃ من الطلق کے ہیں۔ اسکے بعد لفظ قیل سے اس کے دوسرے ضعیف معنی طعام الولادۃ بھی کئے گئے ہیں۔ اصل معنی پہلے ہی ہیں۔

خدا کرے مولانا المکرم کا یہ مضمون بخیر نگاہوں سے نہ گزرے۔ ورنہ کل ہی وہ مولانا کی تردید میں مولانا کا ہی ہتھیار اٹھا سکتے ہیں کہ جن مسنون دعوتوں کی آٹھ بلکہ دس قسمیں آپ نے لکھی ہیں۔ ان میں ایک قسم وضیمہ ہے۔ حافظ ابن حجر لکھتے ہیں۔ والوضیمۃ بضادٍ معجمۃ لما یتخذ عند المصیبۃ۔ یہ وہ دعوت ہے جو مصیبت کے وقت دی جائے۔ پس ہم جو تیجہ دسواں بیسواں چالیسواں ششماہی سالانہ عرس حاضری مبارک شعبان قل فاتحہ وغیرہ کرتے ہیں وہ سب مصیبت کے وقت کی دعوتیں ہیں۔ اور وہ بھی حق سنت مسنون بلکہ ولیمہ ہے۔ پس ہم تو کہیں گے کہ ہمارے نزدیک تو جس طرح یہ دعوتیں بدعت ہیں اسیطرح دعوتِ ختنہ بھی بدعت ہے۔

شارحین حدیث کوئی شارعین نہیں ہیں کہ انکا ہر قول ہم پر حجت ہو۔ پھر انہیں اس وقت بحث جواز عدم جواز سے بھی نہیں ہے بلکہ وہ تو لفظ ولیمہ سے بحث کرتے ہیں۔ آپ نے بھی اس لفظ کے عموم سے فائدہ اٹھانا چاہا ہے۔ لیکن یہ بھی واضح رہے کہ اس اصل ولیمہ کے لغوی و عرفی معنی طعامِ عرس نکاح کے بعد کا ولیمہ ہی ہے نہ کہ وہ دس قسمیں جن کے درپے آپ ہیں۔ چنانچہ آپ ہی کی پیشکردہ فتح الباری میں ہے اختصاص اسم الولیمۃ بہٖ فھو قول اھل اللغۃ یعنی ولیمہ کا اطلاق جہاں ہو وہاں مراد نکاح کا ولیمہ ہوتا ہے۔ لغتِ عرب کے جاننے والوں کا قول یہی ہے۔ اور اہل لغت ہی معنی لغت کے پورے عالم ہوتے ہیں۔ اور جو قول آپ نے نیل اور فتح کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ وہ بھی قیل کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے جو اس کے ضعف کی طرف اشارہ ہے۔ تمریض کا صیغہ تو مرض پیدا کئے بغیر شاید ہی چھوڑے ہاں یہ اور بات ہے کہ کوئی قرینہ یا ضمیمہ ہو۔

ہاں اُس وقت دعوتِ ختنہ کرنے اور کھانے والوں کو نیز تیجے دسویں پر ہاتھ صاف کرنے والوں کو اور خوشی ہوگی جبکہ ان آٹھ دس دعوتوں میں وہ ایک دعوت بنام الحذاق بھی دیکھیں گے۔ اور پڑھیں گے کہ الطعام الذی یتخذ عند حذق الصبی۔ یعنی بچہ جب ہوش وحواس درست کر لے صنعت وحرفت میں ماہر ہونے کے قابل ہو جائے تو ایک دعوت اور اس کا ایک مطلب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب ختم قرآن کرے تو اب ختنہ کی دعوت کے ساتھ دعوت تولد پھر اس کے ساتھ دعوت ختم پھر دعوت ماہریت چلا سلسلہ اور دس تک پہنچ کر رک تھوڑے ہی جائے گا؟ پھر ان دس درختوں کی سینکڑوں شاخیں نکلیں گی۔ مبارک ہو دعوتوں کا سلسلہ تو اہل حدیث میں قائم ہو جائیگا۔ فلا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ (باقی)

نور محمدی

مصنفہ مولانا محمد صاحب دہلوی۔ اس کتاب میں گانا، بجانا، اور مروجہ قوالی کی قرآن، حدیث اور اقوال ائمہ سے تردید کی گئی ہے۔ قابلِ مطالعہ ہے۔ کتاب ملنے کا پتہ: منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadimuslim.de

قرآن کی طرح حدیث رسول بھی واجب الاطاعت ہے

(از ابو الصلی محمد عبد اللہ صاحب جعفر گردوی اعظمی متعلم مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ دہلی)

جمہور اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ جو حکم حضرت رسول خدا محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم صادر فرمائیں وہ بلا چون وچرا امت کے لئے واجب العمل ہوتا ہے۔ خواہ وہ حکم قرآن مجید میں صراحۃً یا کنایۃً موجود نہ ہو جمہور اہل اسلام کے اس عقیدہ کی نہایت محکم دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے :-

مَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَمْرًا اَنْ یَّکُوْنَ لَهُمُ الْخِیَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ (پ ۲۲ - ع ۲) یعنی جب اللہ اور اس کے رسول (محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم) کسی بات کا فیصلہ کردیں تو کسی مومن (مرد و عورت) کو اس سے ردو انکار کی گنجائش ہی نہیں ہے :

اس آیہ کریمہ میں واو بمعنے اَوْ ہے۔ جس سے قطعی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ جس طرح اللہ تعالےٰ کا فیصلہ بندوں کے لئے واجب الاطاعت ہے[۴] ایک اور محکم دلیل قرآن مجید کی یہ آیت بھی ہے :-

فَلَا وَرَبِّكَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَكِّمُوْكَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (پ ۵ - ع ۹)

(اے پیغمبر!) تمہارے پروردگار کی قسم ہے کہ جب تک لوگ اپنے باہمی جھگڑے تم ہی سے فیصلہ نہ کرائیں پھر جو کچھ تم فیصلہ کردو اس سے کسی طرح دلگیر نہ ہوں بلکہ دل وجان سے اسکو قبول کریں ورنہ ان کو ایمان سے بہرہ نہیں :

ایک اور محکم دلیل یہ آیت بھی ہے۔ جس میں آپ کے حکم سے روگردانی وسرتابی کرنے والوں کو خوفناک وعید اور عذاب دردناک سے ڈرایا گیا ہے۔ ارشاد باری تعالےٰ ہے :-

فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْنَ یُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِیْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ یُصِیْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ (پ ۱۸ ع ۱۵) یعنی جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں وہ ڈریں اس سے کہ کسی سخت مصیبت میں گرفتار ہوجائیں۔ یا اُن پر کوئی دردناک عذاب آئے ۔"

غرض جمہور اہل اسلام کے پاس اس قسم کی صدہا آئتیں و دلیلیں موجود ہیں جن سے نہایت محکم طور پر ثابت ہوتا ہے کہ قرآن حکیم کی طرح حدیث رسول بھی بندوں کے لئے حجت شرعی اور واجب الاطاعت ہے اسی لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہر حکم کو مثل حکم خدا کے واجب العمل سمجھتے تھے۔ سخت سے سخت اختلاف میں بھی انہوں نے کتاب وسنت کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور امت محمدیہ کے شیرازہ کو بکھرنے نہیں دیا۔ نیز ہر کام متعلق عبادات یا معاملات میں ان دونوں اصل الاصول کو مضبوط پکڑے رہے۔ بطور مثال کے یہاں چند واقعات نقل کئے جاتے ہیں :-

(۱) بعد وفات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے پہلا اور بڑا اختلاف خلافت کے متعلق واقع ہوا ادھر مہاجرین کہتے تھے کہ خلیفہ ہم میں سے ہو۔ اُدھر انصار اپنا حق ظاہر کرتے تھے۔ باہم کشمکش ہوئی۔ قریب تھا کہ تلواریں میان سے باہر ہوجائیں تو حضرت ابوبکر رضہ نے فرمایا کہ میں نے آنحضرت کو یہ فرماتے سنا ہے۔ الائمۃ من قریش یعنی امامت قریش کا حق ہے۔ یہ سنتے ہی انصار کے سارے جوش پر پانی پڑگیا۔ (فتح الباری)

(۲) دوسرا واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین کا تھا۔ صحابہ میں اختلاف ہوا کہ آپ کس مقام پر دفن ہوں۔ حضرت ابوبکر رضہ نے حدیث بیان کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ نبی جہاں کہیں انتقال کریں وہیں دفن کئے جائیں۔ آخر اسی پر فیصلہ ہوا۔

(۳) زمانہ خلافت ابوبکر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ کی نسبت سوال کیا گیا۔ تو حضرت ابوبکر رضہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں قسم دیکر سوال کیا کہ بھلا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نحن معشر الانبیاء لا نورث ما ترکنا صدقۃ۔ یعنی ہم انبیاء کی جماعت ہیں ہمارا ترکہ نہیں تقسیم ہوتا جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے سب نے بالاتفاق کہا ہاں (بخاری)

(۴) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اثناء راہ میں سفر شام کے معلوم ہوا کہ وہاں طاعون ہے۔ تو مشورہ کیا گیا ایک گروہ نے کہا کہ واپس لوٹنا مناسب ہے۔ دوسرے نے کہا کہ چلنا چاہیئے۔ گفتگو ختم نہ ہونے پائی تھی کہ حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ جو جلسہ میں موجود نہ تھے آگئے اور طرفین کی تقریر سن کر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جس جگہ تم ہو اور وہاں طاعون آجائے تو وہاں سے بھاگو نہیں اور جہاں طاعون ہو وہاں جاؤ نہیں۔ پس فرمان رسالت سنتے ہی سب نے سر تسلیم خم کرلیا (بخاری)

(۵) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر مسجد نبوی کی توسیع اور اس کو توڑ کر مضبوط بنانے کی بابت اعتراض کیا گیا۔ آپ نے جواب میں کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے :-

من بنی مسجدا للہ بنی اللہ لہ بیتا فی الجنۃ یعنی جس نے خدا کے لئے مسجد بنائی خدا اس کے لئے جنت میں گھر بنادیگا۔

ان روایات سے ظاہر ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے احکام کو واجب العمل سمجھتے تھے اور اُن پر بلا چون وچرا عمل کرتے تھے۔

اب آئیے فرقہ منکرہ کے عقیدہ وایمان پر بھی اک نظر ڈالیں۔ اس فرقہ کے سرگرم رکن ملا حشمت اللہ صاحب تفطر الہی ہیں۔

(بقیہ کالم ۱ پر ملاحظہ فرمائیں)

[۴] اسی طرح اس کے رسول محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ بھی امت کے لئے واجب الاطاعت ہے۔

(الفاروق۔ حضرت عمر خلیفہ دوم رضی اللہ عنہ کی [illegible] (۹۹۸) [illegible])

فتاویٰ

س ۲۴۸} زید کہتا ہے کہ اگر ایک چھری یا چاقو سے دوسرا جانور بلا دھوئے ہوئے ذبح کر دیا جاوے تو وہ دوسرا جانور مردار ہو جاتا ہے۔ لہٰذا کیا ارشاد ہے؟ (ایک سائل خریدار اہلحدیث)

ج ۲۴۸} یہ کوئی شرعی مسئلہ نہیں صفائی کے لئے چھری کو دھو لینا اچھا ہے۔ اللہ اعلم!

س ۲۴۹} زید کہتا ہے کہ اگر کسی نے پیشاب کرنے کے بعد پانی سے استنجا نہ کیا اور اپنی بیوی سے صحبت کر لی تو زنا ہوگا اور اگر اس صحبت سے نطفہ قرار پا کر اولاد ہوگی تو وہ اولاد حرام کی ہوگی۔ عرض ہے کہ زید کا ایسا کہنا درست ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

ج ۲۴۹} یہ کوئی حکم شرعی نہیں۔ جو اس کے خلاف ہے وہ دلیل پیش کرے۔ اللہ اعلم!

س ۲۵۰} روزہ دار مریض کا فصد کیا جائے یا وہ نسوار لے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں۔ اور آنکھ میں دستکاری کرنے کے متعلق بھی فرما دیں کہ اس سے روزہ کو نقصان تو نہیں ہوتا۔ (خریدار [illegible])

ج ۲۵۰} فصد کرانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا نسوار لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ وہ معدے میں جاتی ہے۔ آنکھوں میں دستکاری یعنی اپریشن کرانے سے روزہ نہیں جاتا۔

س ۲۵۰} ایک شخص کو رمضان شریف کے دنوں میں احتلام ہو جاتا ہے۔ وہ بوجہ شرم کے گھر کے عزیز رشتہ داروں کے غسل نہیں کر سکتا۔ اسی حالت میں سحری کھائی۔ روزہ کی نیت بھی کر لی۔ صبح کو اٹھ کر غسل کر کے نماز فجر ادا کرتا ہے۔ اس کی جنبی حالت میں روزہ کی نیت ہو جائیگی یا نہیں؟ اگر روزہ ہو گیا تو کروہ تو نہیں ہو جائیگا۔ اگر فجری نماز تک غسل کرنے کا موقع نہیں ملتا تو دن کھلنے کے بعد روزہ کی حالت میں زیادہ سے زیادہ کس وقت تک غسل کر سکتا ہے۔ جو دن کے روزہ میں خرابی نہ ہو سکے جیسا کہ صرف شرم ہی ہے۔ اگر کسی نے نیت روزہ نہ کی ہو تو دن کے دس بجے تک کرے روزہ بعد میں روزہ کی نیت نہیں ہوگی۔ الغرض صاف صاف اس سوال کا جواب بذریعہ اخبار مرحمت فرمائیے۔ (ایک خریدار اہلحدیث)

ج ۲۵۰} صورت مرقومہ میں روزے میں خلل نہیں آتا۔ جنابت نماز کو مانع ہے روزے کو مانع نہیں ہے۔ دس بجے والی روایت بھی یہاں کوئی تعلق نہیں رکھتی۔ صبح سحری کے وقت اٹھنا ہی روزے کی نیت ہے بلکہ بعض علماء کے نزدیک رمضان کی پہلی رات کی نیت سارے مہینے کے لئے کافی ہے۔

نوٹ:- نہانے سے شرم کرنا خصوصاً اس گرم موسم میں عجیب بات ہے۔ گھر میں نہیں تو مسجد میں نہا لے۔ محلے کی مسجد میں شرم ہے تو دوسرے محلے کی مسجد میں نہا لے۔ بہرحال شرم غسل فرضی کو مانع نہیں ہونی چاہئے۔ اللہ اعلم! (غریب غفرلہٗ بجمیع مسائل)

س ۲۵۱} ایک شخص جماعت میں پیچھے آکر ملا جبکہ سورہ فاتحہ نصف امام پڑھ چکا تھا۔ جب مقتدی نے پڑھنا شروع کی تو پہلے امام صاحب نے ختم کر دی تو اپنی کو چھوڑ کر آمین کہے یا نہ کہے۔ (ایک خریدار)

ج ۲۵۱} جو مقتدی بعد میں آکر ملے جب امام نصف فاتحہ پڑھ چکے تو وہ فاتحہ پڑھتا رہے۔ جب امام فاتحہ ختم کر کے آمین کہے۔ مقتدی بھی بحکم اذا امن الامام فامنوا الحدیث آمین کہے۔ تفریق فی القراءۃ کا خیال نہ کرے۔ کیونکہ تعمیل ارشاد نبوی ہے۔ اذا امن کا اذا ظرف زمان اسکو بھی شامل ہے۔

س ۲۵۲} مقتدی پیچھے آکر ملا۔ سورہ فاتحہ نصف یا کچھ کم پڑھی تھی جو امام صاحب رکوع میں چلے گئے وہ رکعت اس کی شمار میں آگئی یا نہیں؟

ج ۲۵۲} صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ فاتحہ پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی اس لئے رکوع میں شامل ہونے والے کی رکعت نہ ہوگی کیونکہ اس سے ضروری چیز (فاتحہ کا پڑھنا) رہ گئی ہے بعض ائمہ رکوع میں رکعت شمار کرتے ہیں مگر حدیث سے ثابت شدہ ہی صورت ہے ہاں اگر کوئی شخص رکوع ہی میں مل کر سب تو اس پر عمل کی جائے۔

س [illegible]} وتر میں ہاتھ پھیلا کر پڑھتے ہیں۔ کیا اسی طریق سے قنوت پڑھا جائے؟ اس میں دامن کا کیا خیال ہے؟ (سائل مذکور)

ج ۲۵۳} وتر میں ہاتھ پھیلا کر پڑھنے سے مراد وتر کی قنوت ہے تو وتروں میں قنوت کا پڑھنا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ دعا قنوت نجر میں ہاتھ اٹھا کر پڑھنے کا ثبوت ملتا ہے۔ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی دعا مروی ہے جو وہ وتروں میں پڑھا کرتے تھے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا تھا:- اجعل ھذا فی وترك (ہدیہ) فی وترك کا لفظ رکوع کو بھی شامل ہے۔ یہی جو رکوع کے بعد قنوت پڑھنا بھول جائے یا عمداً نہ پڑھے تو اس پر عمل ہو جائے گا۔ اللہ اعلم!

س ۲۵۴} کنوئیں کے اندر کوئی چیز جیسے مرغی یا اوس سے چھوٹی چیز اور اوس میں پانچ یا سات ہاتھ پانی ہو اور وہ شے اس میں سے نکال دی جاوے دو یا تین روز بعد تو اسکے واسطے کیا حکم ہے۔

ج ۲۵۴} حدیث شریف میں آیا ہے۔ اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث وفی روایۃ لم ینجسہ شیء مالم یتغیر طعمہ او لونہ او ریحہ۔ یعنی پانی جب چھ من یا اس سے زیادہ ہو تو وہ پلید نہیں ہوتا جب تک اس کا رنگ یا مزہ یا بو بدل جائے اس لئے مرغی وغیرہ نکالنے کے بعد پانی خراب نہیں ہوا تو اس کا استعمال جائز ہے۔

س ۲۵۵} میں نے سنا ہے اور چھوٹی چھوٹی کتابوں میں بھی دیکھا ہے کہ بہ نسبت ٹوپی کے عمامہ سے نماز کی عظمت زیادہ ہوتی ہے۔ یا ننگے سر سے نماز کی زیادہ ہے۔ ایک تو یہ کہ بھوی ہیکہ یہ کہ قصداً۔

ج ۲۵۵} عمامے سے نماز پڑھنی افضل ہے ننگے سر بھی جائز ہے۔ جواز کا ثبوت ملتا ہے۔ مفصل (غریب غفرلہٗ وافضل ہی)

ahmadimuslim.de

متفرقات

رؤیت رمضان امرتسر وغیرہ شہروں میں بعض جگہ ۱۴۔ اکتوبر کو دکھائی دیا۔ اس لئے روزہ بالاتفاق اتوار یعنی ۱۸۔ اکتوبر کو رکھا گیا۔

اعیان اہلحدیث ہر ممکن کوشش کر کے نئے سال سے اس کی اشاعت کو کما حقہ بڑھائیں۔ نیز سابقہ پرچہ میں بھی صفحہ متفرقات پر جو اپیل کی گئی ہے اس کو مکرر ملاحظہ فرمائیں۔

رسالہ خاکساری تحریک اور اسکا بانی کے متعلق کئی احباب عرصے طلبی کا تقاضا کر رہے ہیں۔ حالانکہ اخبار اہلحدیث میں اس کی تقسیم کی بابت ابھی اعلان نہیں ہوا۔ امید ہے رمضان میں تقسیم ہو جائیگا۔ احباب کرام جو اعانت کرنا چاہیں وہ جلدی بھیجدیں۔

آمد:- حافظ محمد صدیق صاحب جگیال ۵ر۔ جماعت اہل حدیث نوشہرہ چھاسنگہ ۵ر۔ ڈاکٹر بشیر الرحمن صاحب سنگمائی ۶ر۔ بابو عطاء اللہ صاحب نوشہرہ صدر ۵ر۔ ڈاکٹر محمد حسن صاحب صدر بیدار منڈی کوٹلی ۵ر۔

اہل حدیث کانفرنس کے لئے از ڈاکٹر محمد حسن صاحب موصوف ۵ر۔

مدرسہ دار الحدیث مدینہ منورہ ۵ر

مدرسہ مکہ معظمہ ۱۰ر

جمعیت تبلیغ پنجاب ۶ر

اشاعت فنڈ کے لئے ۶ر

ناظم صاحب مدرسہ اسلامیہ چکلہ ضلع مرشد آباد ۵ر۔ مدرسہ دار الحدیث شکراوہ ۵ر۔ مدرسہ محمدیہ سیدیہ ۳ر۔

دار الحدیث سعیدیہ عربیہ دہلی بتولیت مولانا ابو سعید محمد شرف الدین صاحب ۱۳۵۴ھ سے قائم ہے۔ مدرسہ ہذا میں بہ سالہ ہ میں صدر المدرسین مولانا ممدوح خود ہیں جنکا جناب حضرت کے اطمینان سے جاتی ہیں آٹھ ہیں۔ سالانہ امتحان میں کامیابی کے بعد سند سالانہ فراغت میں طالب علم جا سکتا ہے۔ طلباء کو بسر اوقات کے لئے ماہوار وظیفہ جات سے اساتذہ کی تنخواہیں بھی مدرسہ ہی کی طرف سے دی جاتی ہیں اور ہر سال کتابیں بھی خرید کی جاتی ہیں۔ اس دار الحدیث کے ساتھ ایک مکتب چھوٹے بچوں کا بھی ہے۔ ان کو ایک مدرس قرآن مجید اور ابتدائی دینیات پڑھاتے ہیں۔ ان کی تنخواہ اور مکان مدرسہ کا کرایہ بھی دار الحدیث سعیدیہ ہی کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ اس سے مدرسہ سعیدیہ کے اخراجات کا اندازہ کر لیجئے۔ اس مرتبہ سالانہ امتحان بتاریخ ۹ شعبان ہوا۔ ممتحن حضرات میں دہلی کے دوسرے اہل حدیث مدارس کے اساتذہ کرام تھے۔ یعنی (۱) شیخ الحدیث مولانا احمد اللہ صاحب صدر المدرسین مدرسہ زبیدیہ دہلی (۲) مولوی عبد السلام صاحب (مولوی فاضل) مدرس مدرسہ علی جان دہلی۔ (۳) مولوی حاکم علی عطاء اللہ صاحب

> ## اعلان تعطیل!
>
> آئندہ پرچہ (اہلحدیث ۲۷۔ اکتوبر)
>
> سالانہ تعطیل کی وجہ سے
>
> **شائع نہیں ہوگا**
>
> خریدار حضرات اور ایجنٹ صاحبان مطلع رہیں
>
> (منیجر اہلحدیث)

رحمانی مدرس مدرسہ مسجد کلاں دہلی۔ (۴) مولوی بشیر صاحب مدرس مدرسہ فیاضیہ دہلی۔ (۵) مولوی سید تقریظ احمد صاحب مدرس مدرسہ جامع اعظم دہلی مع مکتب بچوں کے ۱۴ طلبہ تھے۔ طلبہ میں سے ۹ نفر نے سند فراغ حاصل کی اور تقسیم اسانید کا جلسہ ۹ شعبان کو زیر صدارت شمس العلماء مولانا مولوی سید احمد صاحب امام جامع مسجد دہلی منعقد ہوا۔ طلبہ مدرسہ نے تقریریں کیں۔ علماء کرام کے وعظ ہوئے۔ جس سے حاضرین بہت متاثر ہوئے۔ امام صاحب نے جلسہ کے موقع پر دس روپے عنایت فرمائے۔ اور حاضرین نے بھی حسب توفیق امداد فرمائی۔ مدرسہ آمدنی کی قلت سے بہت متروض ہے۔ رمضان کا مبارک مہینہ ہے جس میں ایک نیکی کے بالعوض دس نیکی کے ثواب سے بہت زیادہ ملتا ہے۔ من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضٰعفہ لہ اضعافا کثیرۃ۔ اہل فضل حضرات سے امید ہے کہ اپنے صدقات میں علم حدیث کی اس غریب درسگاہ کو فراموش نہ فرمائیں گے۔ روپیہ وغیرہ بھیجنے کا پتہ:- ناظم صاحب مدرسہ سعیدیہ پل بنگش دہلی۔ الراقم:- عبد اللہ مدرس مدرسہ سعیدیہ دہلی۔ (۵ر داخل اشاعت فنڈ)

مدرسہ اسلامیہ چکلہ ڈاک گولہ مرشد آباد عرصہ ۱۹ سال سے جاری ہے۔ اس میں قرآن و حدیث و تفسیر نحو۔ صرف۔ فقہ۔ منطق۔ علم اصول۔ بلاغت۔ حکمت۔ اور کتب اخلاق و تاریخ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اور اسکے ساتھ ساتھ بقدر ضرورت علم حساب وغیرہ سکھایا جاتا ہے اور زمانہ کے روش کے موافق کچھ انگریزی کا حصہ بھی کلکتہ مدرسہ عالیہ کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔

فی الحال اس مدرسہ میں چار مدرس عربی اور دو مدرس انگریزی مقرر ہیں اور قریبًا تعداد طلبہ ۹۰ ہے۔ لیکن اس مدرسے کی مالی حالت نہایت پست ہے۔ لہٰذا جناب مولانا ابو العرفان محمد سلیمان صاحب مدرس اول مدرسہ ہذا بغرض تحصیل امداد مالی مع رسیدات مطبوعہ مدرسہ ہذا سفر کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ برادران اسلام جناب مولانا صاحب موصوف کو امداد مالی اور عطایا سے بہرہ اندوز فرمائیں گے۔ الملتمس:- محمد کلیم الدین عفی عنہ۔ سکرٹری مدرسہ اسلامیہ چکلہ۔ مرشد آباد۔

(۵ر داخل اشاعت فنڈ)

دار العلوم عربیہ شکراوہ کا سالانہ امتحان نہایت عمدگی کے ساتھ ۱۸ شعبان ۱۳۵۵ھ کو زیر نگرانی حکیم سید ابو الفضل عبد المنان صاحب مدرس مسلم اہلحدیث گشت دہلی مولانا ابو سعید محمد شرف الدین صاحب محدث دہلوی مہتمم سید تقریظ احمد صاحب سہسوانی۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب مدرس مدرسہ فیاضیہ دہلی حکیم ابو المنصور جناب الدین صاحب گشت نے لیا۔ جماعت عربی و فارسی و دینیات میں ۴۲ طلبا نے امتحان دیا۔ نتیجہ نہایت شاندار رہا۔ تین فارغ التحصیل طلبا کی دستاربندی ہوئی۔ علاقہ میوات میں اہلحدیث کی یہی ایک اسلامی درسگاہ ہے۔ جسکا اثر ان کے لوگوں پر [illegible]

بصائر و نظائر

هٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ

(از قلم مولوی محمد جانباز خان صاحب حیدرآباد دکن)

قرآن مجید و فرقان حمید حقائق و معارف کا منبع اور بصائر و نظائر کا مخزن ہے۔ جو حقیقت میں اُسکے ماننے والوں کے لئے ہدایت، نور، شفا و رحمت ہے۔ اگر ہم اس کی ان آیات کا بنظر غائر مطالعہ کریں اور نہایت تدبر کے ساتھ غور و خوض کریں جو علم التذکیر بایام اللہ سے متعلق ہیں جن میں یہود و نصاریٰ کی ان کیفیات و حالات کا ذکر ہے۔ جن کی بدولت وہ آیۂ کریمہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کے مخاطب ٹھیرے۔ حالانکہ جلیل الشان و جلیل القدر پیغمبر حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام ان میں مبعوث ہوئے اور توریت و انجیل جیسی مقدس کتابیں اُن میں نازل کی گئیں۔ اور جنہیں ہماری طرح سارے جہان پر فضیلت دی گئی۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۔

"اور ہم بنی اسرائیل کو کتاب اور حکمت اور نبوت دے چکے ہیں اور ہم نے ان کے کھانے کو عمدہ عمدہ چیزیں دیں اور (اپنے زمانے میں) سارے جہان کے لوگوں پر فضیلت دی" اس کے بعد اگر ہم اپنے حالات و کیفیات کا جائزہ لیں اور نہایت تامل کے ساتھ تقابل کرکے دیکھیں کہ آیا کہیں ہماری بگاڑ و بربادی کے وہی علل و اسباب تو نہیں ہیں جو یہود و نصاریٰ کی بربادی و تباہی کا موجب ہوئے۔ آیا ہم اسوقت خطاب کنتم خیر امۃ اخرجت للناس کے مستحق ہیں یا کہیں آیۂ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کی زد میں تو نہیں ہیں۔ وقتاً فوقتاً اس وقت ہماری یہ دعا اھدنا الصراط المستقیم مقبول و مستجاب ہو سکتی ہے اور ہم اس قعر مذلت سے نکل کر آیۂ کریمہ وانتم الاعلون کے صحیح مصداق قرار پا سکتے ہیں۔

لہٰذا ہم یہاں پر بنی اسرائیل کی ان تصاویر کو ناظرین کرام کے سامنے پیش کرنے کی سعی کرینگے جو اُن کے تشتت و افتراق اور شرک فی التوحید کے متعلق ہیں۔ اور یقیناً یہی اُن کی اصل بربادی و تباہی کا موجب ہیں فاعتبروا یا اولی الابصار۔

تشتت و افتراق

بعد امتداد زمانہ بمصداق آیۂ کریمہ منھم المومنون و اکثرھم الفسقون یہود و نصاریٰ کی اکثریت توریت و انجیل کی حقیقی تعلیمات سے روگرداں ہوکر گروہوں میں تقسیم ہوگئی۔ صرف تھوڑے سے اصل تعلیمات پر قائم تھے۔ جن کی تصویر قرآن حکیم نے اس طرح کھینچی ہے۔

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ۔

اور جب (اس کلام کو) سنتے ہیں جو پیغمبر (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر اترا (یعنی قرآن شریف کو) تو دیکھتا ہے حق بات کو پہچان کر اُن کی آنکھیں آنسوؤں سے ابل کر بہ رہی ہیں۔ کہتے ہیں مالک ہمارے ہم ایمان لائے تو ہم کو گواہوں میں لکھ لے۔ (المائدہ ع)

یہ تو وہ اسرائیلی ہیں جو صحیح تعلیمات پر تھے اور جو اس تعلیمات سے روگرداں ہوئے وہ دو گروہوں میں منقسم ہوگئے۔ اگرچہ ان دونوں کی بنیاد شرک فی التوحید ہی ہے جو ان کی ساری خرابیوں اور بربادیوں کا موجب ہے لیکن بظاہر ان کی شکل صورت میں کسی قدر جدا گانہ ہیں۔

[illegible]

اَلْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِــــُٔـوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ۔

اور یہود کہتے ہیں عزیر اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے یہ تو ان کی منہ کی باتیں ہیں۔ یہ اگلے کافروں کی سی باتیں بنانے لگے۔ اللہ تعالیٰ ان کو غارت کرے کہاں بہک گئے ہیں۔ (التوبہ ع ۵)

دوسرا گروہ

دوسرا گروہ وہ ہے جو گو علی الاعلان شرک فی التوحید کا قائل تو نہیں لیکن عملاً شرک فی التوحید کا عامل ضرور ہے۔ جس کی حقیقت کو اللہ تعالیٰ نے اس طرح وضاحت کیا ہے۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اپنے مولویوں اور درویشوں کو رب بنا لیا ہے۔

اسی کی تائید میں عدی بن حاتم سے مروی ہے۔

انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ ھذہ الآیۃ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰــهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ فقلت لہ انا لسنا نعبدھم قال الیس یحرمون ما احل اللہ فتحرمونہ و یحلون ما حرم اللہ فتحلونہ فقلت بلی قال فتلک عبادتھم۔

میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا آپ سورہ برأت کی یہ آیت پڑھ رہے تھے۔ ان لوگوں نے اپنے مولویوں اور پیروں کو رب بنا لیا اللہ کو چھوڑ کر اور مسیح ابن مریم کو بھی حالانکہ انہیں صرف ایک معبود کی عبادت کا

جس میں معلوم ہو کہ شرک سے پاک ہے
میں نے کہا یہ لوگ ان کی عبادت نہیں کیا کرتے تھے آپ نے فرمایا
کیا وہ اللہ کی حلال کی ہوئی چیز کو حرام نہیں کرتے
جسے تم بھی حرام سمجھتے ہو اور اللہ کی حرام کی ہوئی
چیز کو حلال نہیں کرتے جسے تم حلال سمجھتے ہو۔
میں نے کہا ہاں فرمایا یہی ان کی عبادت ہے
(احمد۔ ترمذی)

افتراق بین المسلمین اس کے بعد اگر ہم مسلمانوں کی حالت پر طائرانہ نظر ڈالیں تو یہ امر نہایت واضح ہے کہ مسلمان بھی اسلام کے ابتدائی دور میں آیہ کریمہ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا کے بالکل مصداق تھے۔ لیکن جوں جوں زمانہ گذرتا گیا ان کے عقائد و اعمال تغیر پذیر ہوتے گئے۔ یہاں تک کہ بنی اسرائیل سے تطابق ان میں اثر پذیر ہونے لگا کہ آج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشگوئی حذو النعل بالنعل ان پر صادق آرہی ہے۔ حالانکہ اللہ عزوجل نے مسلمانوں کو بنی اسرائیل کی طرح متفرق ہوکر فرقوں میں منقسم ہونے سے منع فرمایا ہے:۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَأُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۔

ان لوگوں کی طرح مت ہو جو پھوٹ گئے اور اختلاف کرنے لگے اس کے بعد کہ ان کے پاس صاف صریح احکام پہنچ چکے اور ان لوگوں کو (قیامت) میں بڑا عذاب ہے۔ (آل عمران ع ۱۱)

افسوس کہ مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ کے اس امتناعی حکم کا کوئی لحاظ نہ کیا۔ اسلامی شاہراہ سے علیحدہ ہوکر متفرق فرقوں میں تقسیم ہوگئے۔ ان سارے فرقوں کو ہم دو گروہ میں لا سکتے ہیں۔ جن میں بنی اسرائیل کی طرح شرک فی التوحید مشترک ہے۔ اگرچہ یہاں بھی عملی صورتیں کچھ مختلف ضرور ہیں۔

گروہ اول وہ ہے جس کا طرۂ امتیاز مندرجہ ذیل شعر ہے:

...

حالی مرحوم نے ان کے عقائد کا نقشہ ان الفاظ میں پیش کیا ہے:

کرے غیر گر بت کی پوجا تو کافر
جو ٹھیرائے بیٹا خدا کا تو کافر
جھکے آگ پر بہر سجدہ تو کافر
کواکب میں مانے کرشمہ تو کافر
مگر مومنوں پر کشادہ ہیں راہیں
پرستش کریں شوق سے جس کی چاہیں
نبی کو جو چاہیں خدا کر دکھائیں
اماموں کا رتبہ نبی سے بڑھائیں
مزاروں پہ دن رات نذریں چڑھائیں
شہیدوں سے جا جا کے مانگیں دعائیں
نہ توحید میں کچھ خلل اس سے آئے
نہ اسلام بگڑے نہ ایمان جائے

ان میں جو صوفی خیال کے لوگ ہیں تو ان کا کچھ نہ پوچھئے یہ تو یہود و نصاریٰ پر بھی سبقت لے گئے ہیں۔ چنانچہ ہم اپنے ناظرین کی توجہ اس گروہ کے پیر خواجہ حسن نظامی کی اس عبارت کی طرف منعطف کراتے ہیں جو منادی دہلی کے صفحہ ۲ جولائی سنہ ۳۲ء میں چھپی ہے:

"جو آدمی اللہ کی شکل و صورت دیکھنی چاہتا ہے وہ خود اپنے وجود کو دیکھ لے۔ اپنی صورت کا معائنہ کرے اس کو ہر میرا میں ہر کی صورت کا تماشہ نظر آجائیگا۔ جب اللہ کی یہ شکل مثالی جس کا نام آدمی ہے انسان ہے۔ اللہ کہتا ہے تو ایک سر پیدا ہوتا ہے جس کا پہلا کنارہ ازل ہے اور دوسرا کنارہ ابد ہے۔ اب جبکہ آدمی اللہ کہہ رہا ہے اور آدمی اللہ بن رہا ہے ذرا لمبے اور گہرے سانس سے اَل۔ لاہ کے ذریعہ اپنے اندر سانس کی گہرائی میں اترے تو اسی مجلس میں اسی مجمع میں اسی آن ابھی ابھی آپ کو اپنے اندر اللہ کا جلوہ نظر آجائے گا اور معلوم ہوجائے گا کہ اللہ ایک سر ہے۔ جس

...

ہستی ہے کچھ نہیں ہے۔ انسان دیکھتا ہے سنتا ہے کھاتا ہے پیتا ہے، سوتا ہے، روتا ہے، مگر وہ نہ بولتا ہے نہ سنتا ہے۔ نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے۔ نہ سوتا ہے نہ روتا ہے۔ کیونکہ جب وہ حقیقت میں موجود ہی نہیں ہے تو کیونکر بولیگا۔ کیونکر سنیگا۔ کیونکر روئے گا۔ کیونکر سوئیگا۔ کیونکر جیئے گا۔

خدا غیر خدا در دو جہاں چیزے نیست

دوسرا گروہ وہ ہے جس کا نقشہ حالی مرحوم نے اپنے مسدس مدوجزر میں اس طرح کھینچا ہے:

سدا اہل تحقیق سے دل میں بل ہے
حدیثوں پہ چلنے سے دیں کا خلل ہے
فتاوؤں پہ بالکل مدار عمل ہے
ہر اک رائے قرآں کا نعم البدل ہے
کتاب اور سنت کا ہے نام باقی
خدا اور نبی سے نہیں کام باقی

یہ وہ گروہ ہے جو صراط مستقیم پر قائم ہونے کی بجائے اس راہ کو اپنے لئے راہ نجات قرار دیتا ہے۔ جس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ناراضگی کا اظہار فرمایا ہے:۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَّ خَطًّا وَخَطَّ خَطَّيْنِ عَنْ يَمِينِهِ وَخَطَّ خَطَّيْنِ عَنْ يَسَارِهِ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ فِي الْخَطِّ الْأَوْسَطِ فَقَالَ هٰذَا سَبِيلُ اللّٰهِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ

جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے آپ نے ایک لکیر سیدھی کھینچی اور دو لکیریں اس کی داہنی طرف اور دو لکیریں اس کی بائیں طرف کھینچیں پھر بیچ کی لکیر پر انگلی رکھ کر فرمایا کہ یہ راہ اللہ کی راہ ہے۔ پھر یہ آیت پڑھی۔ یہ میری سیدھی راہ ہے اس پر چلو اور مت چلو اور راہوں پر کہ بھٹکا دینگے تم کو

ahmadimuslim.be

سچا عمل رہا ہے۔ (یہی اہلحدیث)
ان کے مقابلہ اعمال طبقہ اولیٰ کے عقائد و اعمال سے بالکل جدا ہیں۔ بنی اسرائیل کے دوسرے گروہ سے ان کی مطابقت بالکل صحیح ہے۔ کیونکہ یہ لوگ آیہ کریمہ اتخذوا احبارھم ورھبانھم الآیہ کے مصداق ہیں۔ ان کا بزعم خود اپنے آپ کو صراط مستقیم پر سمجھنا اور یہ خیال کرنا کہ ہم اس راستے سے فلاح و بہبود پائیں گے بہ تلک امانیھم سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ مندرجہ ذیل شعر اس گروہ کے حسب حال ہے؎

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

اسلام کا سچا پیرو وہ گروہ جس کے عقائد جس کے اعمال۔ جس کا دستور۔ جس کا قانون بالکل وہی ہے جو طبقہ اولیٰ کا تھا۔ جس کا طرۂ امتیاز مندرجہ ذیل شعر ہے؎

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفےٰ برجان مسلم داشتن

جس کی زندگی سے تعلق فخر موجودات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ؎

ولن تزال ھذہ الامۃ قائمۃ علی امر اللہ لا یضرھم من خالفھم حتی یاتی امر اللہ

اور یہ جماعت (اسلام کا گروہ) اللہ کے حکم پر قائم رہیگی۔ دشمنوں سے اس کو کچھ نقصان نہ پہنچیگا۔ یہاں تک کہ اللہ کا حکم (قیامت) آجائے (بخاری شریف)

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ سوائے اسلام کے سابقہ مذاہب میں اس وقت کوئی ایسا گروہ موجود نہیں ہے جو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کو باحسن الوجوہ پورا کرے بلکہ قیامت تک پورا کرتا رہے یہ اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ نبوت و رسالت ختم ہو چکی اب کوئی نبی یا رسول آنے والا نہیں۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے اسلام میں اس گروہ کو باقی رکھا ہے۔ تاکہ اسلامی صحیح تعلیمات کو بموجب آیہ کریمہ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس ساری دنیا میں پھیلائے۔ اور قیامت تک اس کے بندوں پر اتمام حجت کرتا رہے۔

المختصر ہم اپنے اس مضمون میں نہایت وضاحت کے ساتھ یہود و نصاریٰ کے حالات و کیفیات کا قرآنی نقشہ اور مسلمانوں کی موجودہ حالت اور تعلیمات اسلام کا صحیح خاکہ پیش کر کے ناظرین کرام سے دریافت کرتے ہیں

(۱) کہ اسرائیلی اور اسلامی فرقوں میں تطابق پایا جاتا ہے یا نہیں۔ بصورت اثبات ہم انعام و اکرام کے مستوجب ہیں یا قہر و غضب کے۔

(۲) اگر ہم دین و دنیا کی فلاح و نجات کے طالب ہیں تو ہم کو اسلام کی صحیح تعلیمات پر عامل ہو کر اسلام کے پہلے حصوں میں داخل ہو جانا چاہیئے یا نہیں؟

(۳) اور نیز موجودہ روش پر قائم رہ کر فلاح مطلق کی امید رکھنا تلک امانیھم کے مصداق بننا ہے یا نہیں؟

ہمیں امید ہے کہ ہمارے ناظرین کرام ہمارے اس مضمون کو پڑھنے کے بعد ہمارے ان سوالات پر نہایت سکون و اطمینان کے ساتھ غور فرما کر اس بشارت قرآنی کے مستوجب ہونگے۔

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ۔

بقیہ مضمون از صفحہ ۸

بقیہ مضمون از صفحہ ۸

مسلمانوں کے لئے کوئی کتاب ماسوائے قرآن مجید شرعی حجت نہیں۔ وحی خفی محض ایک من گھڑت بات ہے۔ حدیثوں کا ماننا شرک فی الحکم ہے۔ اعتقاد بالحدیث کی وجہ سے ایک مسلمان ظالم، کافر اور فاسق ہو جاتا ہے۔" (تبلیغ القرآن حصہ دوم صفحہ ۱)

معاذ اللہ ثم معاذ اللہ! کیا ایسا عقیدہ کسی مسلمان بالقرآن کا ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ لَمْ يَقُلْ بِهِ أَحَدٌ إِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ (یوں کوئی نہیں کہہ سکتا مگر وہی جس کی عقل ماری گئی ہو)؎

گر ہمیں مذہب وہمیں ایمان
کار مذہب تمام خواہد شد

اس فرقہ کا دعوےٰ یہ ہے کہ

"قرآن مجید ہر طرح سے کامل اور مکمل اور ہر ایک دینی مسئلہ کا مبین اور مفسر ہے۔ نماز کتاب اللہ کی تعلیم سے بالکل مشرح ہے"

کیا خوشنما دعویٰ ہے کہ نماز کتاب اللہ کی تعلیم سے بالکل مشرح ہے۔ مگر اس فرقہ کے افراد میں بابت نماز جو اختلاف عظیم ہے اس کا نقشہ ملاحظہ کیجئے۔ (۱) ایک گروہ نماز دو رکعت پڑھتا ہے دوسرا ایک ہی رکعت۔ (۲) ایک گروہ پانچ وقت کی کہتا ہے دوسرا تین وقت۔ (۳) ایک گروہ ہر رکعت میں دو سجدے کرتا ہے دوسرا صرف ایک۔ (۴) ایک گروہ قعدہ کرتا ہے دوسرا نہیں کرتا۔ (۵) ایک گروہ نماز میں چند آیات پڑھتا ہے دوسرا کچھ اور پڑھتا ہے۔ غرض؎

شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیرہا

کتاب اللہ (قرآن مجید) میں جب احکام نماز مفصل اور مشرح موجود ہیں تو پھر آپس میں اتنا سخت اختلاف کیوں ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن مجید میں فرقہ ہذا کے خیال کے مطابق نہ احکام نماز مفصل طور پر موجود ہیں اور نہ رکعات نماز کی کوئی تفصیل مذکور ہے۔ یعنی قرآن مجید نے یہ نہیں بتایا ہے کہ ظہر و عصر کی اتنی رکعتیں پڑھو اور عشاء و مغرب کی اتنی اور فجر کی اتنی۔ وغیرہ وغیرہ۔ قرآن مجید ان امور کے متعلق تفصیلی بیان سے بالکل ساکت ہے۔ ہاں حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو اسوۂ حسنہ (بہتر نمونہ) قرار دیا ہے۔ جس سے مطلب یہ ہے کہ مسلمان آپ کے طور طریقہ کے مطابق نماز پڑھیں۔ بلکہ ہر دینی کام کو آپ کی تعلیم و عمل کے مطابق کریں۔ نماز کی بابت آنحضرت نے یہی فرمایا ہے۔ صلوا کما رأیتمونی اصلی یعنی اے لوگو! جس طرح میں نماز پڑھتا ہوں ویسے ہی

تم پر حرام ... مردت ... پر کرام ... سات

حضرت رسول علیہ السلام سے ... اپنی رائے و قیاس سے نمازوں کے جداجدا نئے نئے احکام گھڑ لئے ... دیکھئے ان لوگوں کے بارے میں اللہ جلشانہٗ نے فرمایا ہے :- وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۔ یہ لوگ صرف اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کرتے ہیں اور اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہے جو خدائی ہدایت کے بغیر اپنی نفسانی خواہش کے پیچھے چلے۔

نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا اللّٰھم وفقنا لاتباعك و اتباع نبیك و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد خاتم النبیین وعلی آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین۔

مسلمان اور نکاح بیوگان

نکاح بیوگان کی بابت بڑی تاکید ہے۔ قرآن کریم میں ہے :- وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

(سورہ نور۔ پارہ ۱۸)

(ترجمہ) اور نکاح کرو (مسلمانو) رانڈوں کو اپنے میں سے اور لائق والوں کو غلاموں اپنے میں سے اور لونڈیوں اپنی میں سے اگر ہونگے فقیر حاجت روائی کریگا ان کی اللہ فضل اپنے سے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے۔

(ب) رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے اے علیؓ تین کام میں دیر نہ کرنا۔ نماز فرض کا جب وقت آجائے اوس کے ادا کرنے میں دیر نہ کرنا۔ جب جنازہ موجود ہو۔ اس کو دفن کرنے میں دیر نہ کرنا۔ رانڈ عورت ہو تو اوس کے نکاح میں دیر نہ کرنا۔ جو کوئی دوسرا خاوند کرنے کو عیب جانتے اوس کا ایمان سلامت نہیں۔ کیونکہ اوس نے ایک شریعت نبویہ سے منہ پھیر دوسرا ہندوانہ رسم پر چلا۔ عجب ہے کہ جب مرد بیوہ ہو جائے تو اس کی شادی کی بابت بڑی کوشش کی جاتی ہے۔ عوض معاوضہ سے رشتہ ڈھونڈ کر غرض ہر طرح سے دوڑ دھوپ کرکے اوس کی شادی کر دی جاتی ہے۔ شاید مرد کی عورت کے سوا نہیں گذرتی۔ مگر جب عورت رانڈ ہو جاوے تو پرواہ نہیں شاید اس کی مرد کے سوا گذر جاتی ہے؟ اگر کوئی ہدایت کرے جواب یہ ہوتا ہے کہ پہلے تو کوئی ہمارے شان کا نہیں ہے دوسرا ہماری رسم نہیں علاوہ ازیں حیاوالی عورت ہے۔ اور لڑکا اوس کا جوان ہے اب اوس کو کس بات کی کمی ہے؟ اب کوئی اس حیاوالی سے پوچھے کہ خوش ہے یا کوس رہی ہے جب کسی عورت کا خاوند مرجاتا ہے تو اوس کے خویش و اقربا اوس کے گلے لگ کر اس قدر روتے اور تسلی دلاتے ہیں کہ انداز نہیں۔ کوئی کسی چیز کی ذمہ داری اٹھاتا ہے۔ تو کوئی کسی بوجھ کو اپنے کندھوں پر لے جانا کا وعدہ کرتا ہے۔ مگر اوس بے چاری کا اصلی کام کوئی نہیں کرتا۔ یعنی نکاح۔

یہ عورت حیاوالی کافی عرصہ تک انتظار کرتی رہتی ہے۔ جب اوس کو پورا یقین ہو گیا کہ انہیں اپنی رسم پیاری سے میری بہبودی منظور نہیں ہے مال اولاد۔ خویش اقربا وطن مالوف کو خیرباد کہہ کر بھاگ نکلتی ہے۔ یہ شریف لوگ صبح سراغ اٹھائے پھرتے ہیں کہ کدھر گئی۔ کبھی مقدمہ بناتے ہیں کہ نقد بھی ساتھ سرقہ ہوا ہے۔ کبھی غیر بالغ قرار دے کر اس کے اغوا کا دعویٰ عدالت میں کرتے ہیں۔ جب عدالت میں طرفین حاضر ہو جاتے ہیں تو حیاوالی عورت اپنے ورثاء ماں باپ بیٹا۔ بھائی کی بابت عدالت میں بیان لکھواتی ہے کہ یہ تو میرے دشمن ہیں وارث کیسے، انہیں میں جانتی بھی نہیں۔ آخر یہ لوگ شرمندگی سے سر جھکاتے ہیں۔ مثل خارج ہو جاتی ہے۔ رقم وغیرہ مفت میں خرچ ہوتی ہے۔ بعض دفعہ خون خرابے تک نوبت پہنچتی ہے اور گھروں کو برباد کر کے ... نوبت ... واقعات ... ہم نے بچشم خود دیکھے ہیں اور دیکھتے ہیں ... ہیں کتنے دیکھے ہیں ... مسلمانوں ... یہ خرابی صرف حکم فرمانِ اللہ و رسول نہ ماننے کی وجہ سے ہو رہی ہے۔ بعض حیاوالی عورتیں جو رانڈ ہیں ایسی بھی دیکھنے میں آئی ہیں کہ ورثاء کے ظلم و جبر سے نکاح ثانی کا حق ان سے چھین لیا گیا۔ وہ بھاگی نہیں ہیں البتہ بچے جننے شروع کر دئیے۔ بعض تو پانچ ماہ تک کے ساقط کر دئیے گئے۔ اگر ایک آدھ ساقط نہ ہوا تو بچے کو بعد تولد تنتہ درگور کر دیا گیا ان کے وارث ایسی عورتوں سے خوش و خرم اور شاد ہیں کہ اس نے بوجہ کثرت حیا رانڈ پنے کو خوب نبھایا ہے۔ کیا خوب۔ (ابو نعیم محمد عبد الرحیم متعلم جامعہ فضل حسن خان بہادل پور سٹیٹ)

سید مہدی حسن صاحب اندیری جواب دیں

اس ماہ شعبان ۵۶ھ کی ۱۴ یا ۱۵ تاریخ شب کو مقام دریاؤ میں آپ نے وعظ کیا۔ اتفاقاً میں اسی جگہ دیہات آیا ہوا تھا۔ میرے سننے میں آیا کہ دوران تقریر میں آپ نے کہا کہ بھول سے بجائے چار رکعت کے اگر پانچ پڑھ لے تو اوس نماز کو لوٹانا چاہئے۔ چونکہ تشہد فرض ہے اور وہ چھوٹ گیا لہذا نماز نہیں ہوئی۔ گویا کہ تمام مصلیوں کی نماز مع امام نہیں ہوئی اور سجدے سہو بھی کافی نہیں اس لئے میں جناب کو ایک حدیث پر توجہ دلاتا ہوں جو ہمارے اور آپ کے درمیان فیصلہ کن ہے۔ حدیث شریف کا ترجمہ یہ ہے کہ :-

اگر تم میں سے کسی نمازی کو شک ہو کہ میں تین پڑھی ہیں یا دو چار پڑھی ہیں یا تین تو کم پر یقین کرے اور شکوک کو چھوڑ دے۔ اگر واقعی اس نے پانچ پڑھی ہونگی تو اس کے دو سجدے پانچویں کے ساتھ مل کر دو سجدے دو رکعتیں نفل کے حکم میں ہو جائیں گے۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ بھول کر پانچ پڑھے

ahmadimuslim.de

ملکی مطلع

جنگ یورپ جاری ہے

جنگ یورپ تینوں قسموں (فضائی بحری اور بری) سے جاری ہے۔ بحری جہازوں کے غرق ہونے کی خبریں اور بری لڑائی کی اطلاعات بھی آتی ہیں۔ مگر ابھی تک فرانس اور جرمنی کے قلعوں کی جو مضبوط لائنیں بنائی گئی تھیں ان پر کسی اثر کے پہنچنے کی اطلاع نہیں ملی۔

ایک بڑا جنگی جہاز جس نے گزشتہ جنگ عظیم میں برطانیہ کی طرف سے بہت سے کارہائے نمایاں انجام دیئے تھے وہ بھی غرق ہوگیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس پر بیس لاکھ پونڈ خرچ ہوئے تھے۔ اس کا حجم ۲۹ ہزار ٹن تھا۔

روس اور ترکی کا معاہدہ سلطنت ترکی اور روس کی گفتگو باہمی عرصے سے ہو رہی تھی۔ آخرکار وہ بھی معاہدے کی شکل میں آگئی۔ روس کی طرف سے یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ ریاست ہائے بلقان پر قبضہ نہیں کریگا اور ترکوں نے وعدہ کیا کہ ہم دردہ دانیال ہر ایک فریق کے لئے بند رکھیں گے۔

حکومت روس حکومت فن لینڈ پر دباؤ ڈال رہی ہے۔ خدا جانے اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔

جرمنی کے ڈکٹیٹر کی طرف سے جو صلح کی تجویز پیش کی گئی تھی اس کو دول محاربین نے مسترد کر دیا حقیقت میں وہ تھی بھی ایک مضحکہ خیز تجویز جسکی تفصیل یہ ہے کہ ملک پولینڈ پر حملہ کرنے کی وجہ سے برطانیہ اور فرانس نے لڑائی میں حصہ لیا تھا اور یہی چیز بنائے محاربہ قرار پائی۔ جرمنی ڈکٹیٹر کہتا ہے کہ صلح کی شرطوں میں پولینڈ کا ذکر نہیں آئے گا۔ کیا خوب اگر یہی تو ختم ہوگیا۔ پھر [illegible] جنگ [illegible] جاری رہے [illegible] کرے [illegible]

[illegible] معلوم ہوتا ہے کہ جرمنی ترکی پر حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہا ہے۔ برطانیہ کی فوج بھی فرانس کے ساتھ مل کر کام کرنے پر مستعد ہے۔ تقریباً دو لاکھ برطانوی فوج مع سلسلہ سامان فرانس پہنچ چکی ہے۔

وزیرستان کی طرف بھی چھیڑ چھاڑ جاری ہے قبائلی لوگ کچھ نہ کچھ حرکت دیا بے جا کرتے رہتے ہیں۔

خاکسار خونخوار شکل میں

پچاس ہزار خاکسار گورنمنٹ کی امداد کے لئے پیش کئے گئے

خاکسار جماعت کا اخبار "الاصلاح" لکھتا ہے کہ ہمارے ڈکٹیٹر (مشرقی صاحب) نے حضور وائسرائے کی خدمت میں اطلاع بھیجی ہے کہ میں پچاس ہزار خاکسار گورنمنٹ کی خدمت میں بہ تفصیل ذیل پیش کرتا ہوں:-

تیس (۳۰) ہزار دشمن سے ہندوستان کی حفاظت کیلئے (دشمن سے کون مراد ہے خلیفہ قادیان کا خوابی اژدہا تو نہیں)۔ دس (۱۰) ہزار پولیس کے فرائض بجا لانے اور دس (۱۰) ہزار ترکوں کی امداد کے لئے (ترکوں کے لئے بہرحال۔ چاہے وہ حریف ہوں یا حلیف)

مخالف رائے لوگ چاہے کتنی چہ میگوئیاں کریں مگر ہم اس پیشکش کو بقول مشرقی صاحب صحیح معنی میں سمجھتے ہیں۔ کیونکہ مشرقی صاحب نے اپنی کتاب تذکرہ میں بارہا لکھا ہے کہ یورپین اقوام قرآن مجید کی آیت عبادی الصالحون میں داخل ہیں۔ جبکہ یورپ کی تمام اقوام صالحین میں داخل ہیں تو برطانیہ کا تعلق تو ہمارے ساتھ اقرب ہے۔ یہ تو امداد اور تعاون کی زیادہ مستحق ہوگی۔ اس لئے مشرقی کا ان پچاس ہزار خاکساروں کو گورنمنٹ انگریزی کی خدمت میں پیش کرنا کوئی قابل اعتراض بات نہیں۔ مگر سوال قابل غور یہ ہے کہ گورنمنٹ پنجاب یا حضور وائسرائے کی طرف سے تو ہر قسم کی امداد کا اعلان کیا جاتا ہے (وہ امداد چاہے کثیر ہو یا قلیل) ان پچاس ہزار خاکساروں کی پیشکش کا ذکر [illegible] ۱۵- اکتوبر کے سرکاری اعلان میں نہیں لیا۔ جس کی وجہ یہی ہوسکتی ہے کہ یہ خاکساری اخبار "الاصلاح" میں لکھی گئی ہے کہ مشرقی صاحب نے بذریعہ حکومت پنجاب وائسرائے کو تار دیا تھا لیکن پنجاب کی حکومت نے اسکو روک لیا ہم اس بات کو سمجھ نہیں سکتے اور نہ کوئی دانشمند اس کو باور کریگا کہ کوئی شخص پنجاب گورنمنٹ کی معرفت حضور وائسرائے کی خدمت کے واسطے افسران پنجاب کی معرفت حضور وائسرائے کو تار دے اور وہ روک لیں۔ وائسرائے کا تار اور وہ بھی فوری تعاون کے لئے کسی کی مجال نہیں کہ روک سکے کی نہیں ہے۔ اس سے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ دو تار دیا ہے اور نہ ہی کوئی پیشکش کی ہے۔ بلکہ یہ ایک شیخ چلی کی بات ہے۔

اچھا اگر اس کی تہہ میں کچھ حقیقت ہے تو جلد ہی کھل جائے گی۔ ہمیں امید ہے کہ جنگ نے اگر طوالت کھینچی۔ جیسا کہ گورنمنٹ برطانیہ نے تین سال کا اندازہ کیا ہوا ہے تو ان پچاس ہزار کے بعد ایک لاکھ خاکسار سال کے اندر ہی پیش کئے جائینگے [illegible] باقی بھی۔ اس سے اچھا کام کیا ہوگا جس قوم کو مشرقی صاحب عباد اللہ الصالحون سمجھتے ہیں ان کی خوب مدد کریں۔

خاکسار ڈکٹیٹر رہا ہوگئے

علامہ عنایت اللہ خان مشرقی خاکسار ڈکٹیٹر ایک مہینہ قید گزارنے کے بعد ۱۴- اکتوبر کو لکھنؤ سے رہا ہوکر سیدھے دہلی پہنچ گئے۔ اس لئے ہم ان کی گرفتاری اور رہائی پر مختصر سا تبصرہ کرتے ہیں۔

لکھنؤ میں شیعہ سنی تنازع جب بہت بڑھ گیا تو خاکسار ڈکٹیٹر نے اس میں بغرض اصلاح دخل دینے کا اعلان کیا۔ اول تو اعلان ہی ایسا تھا کہ جس کا مطلب نہیں کہ پیچھے بلکہ [illegible] کے خلاف حکومت یوپی کے ساتھ بھی تعلق [illegible] میں بارہا [illegible] مشرقی صاحب [illegible] ہمیں امت کو [illegible] دونوں [illegible] سنی نزاع

تحریک مدح [illegible] آزاد کو صحابیین کے ہاتھ میں پہنچا تھا جو لکھنؤ کیونکر صحابہ کی نیت لے کے ہوتے تو خدا کا شکر کرتے کہ ہم سے یہ کام ہونا یا دہو تا اب اچھا ہوا یہ کام ایک جماعت کے ہاتھ لگ گیا۔ اب ہم بقول مدینے حضرت شیخ سعدیؒ خطاب ان کو یہی مشورہ دیتے ہیں کہ سہ

چو کارے بے فضولے من برآید

مرا در وے سخن گفتن نشاید

مگر انہوں نے خواہ مخواہ اس میں دخل دیا۔ یہاں تک کہ حکومت یوپی نے ان کی پیروی کرکے حوالات کر دیا۔ وہاں سے عقیب اعلان حکومت یوپی معافی مانگ کر سیدھے لاہور پہنچے۔ ہمارا مشورہ مانتے تو پیچھے سے اُٹھ جاتے۔ مگر کوئی معافی مانگنے کا علم دیتا تو کہدیتے کہ چچا سعدی بھی یہی فرما گئے ہیں سہ

نا سزا شد راچون بلیغ بختیار

عاقلان تسلیم کردند اختیار

یہ کہہ دیتے کہ ہمارا کام حکومت سے ٹکراؤ نہیں ہے بلکہ خدمت خلق اللہ ہے۔ مگر تیز مزاج دوستوں اور متبعوں کے کہنے سے خود بھی جوش میں آگئے۔ معمولی سا انتظام کرکے سیدھے لکھنؤ جا پہنچے۔ چونکہ صوبہ یوپی میں بیرونی خاکساروں کا داخلہ ممنوع ہو چکا تھا۔ اسلئے سول نافرمانی کے انجام میں مع احباب گرفتار ہو گئے اور بطور سزا ایک مہینہ جیل میں آپ کو رہنا پڑا۔

اس معاملہ میں بحیثیت پنجابی ہونے کے ہم بھی افسوس ہے۔ اسی پر ہی بات ٹل گئی ہو جاتی۔ مگر پھر کسی مشیر کے مشورہ سے آپ نے اس تحریک خاکساری کو خونخواری کی شکل میں بدل دیا۔

لکھنؤ میں خاکساروں کے جتھے پنجاب و سرحد کے بلاد سے پہنچنے شروع ہوئے۔ ادھر حکومت یوپی بھی کیں کا منہ سے تیار ہو گئی۔ اس نے لکھنؤ سے دوسرا صوبوں پر ہی کی گرفتاریوں کا حکم دیدیا۔ ادھر خاکسار ذرکشیر نے پھر گرفتاری کر دیے جس کی تصویر اپنے حافظ شیرازی نے یوں کھینچی ہے سہ

تمب ہم تشنہ و می مہراد

[illegible] وناکس ونیز تیغ تصاص

[illegible] جماکساروں کو جب روکنے کی خاطر صفائی تو خاکسار بیچ میں سے انہوں کا مقابلہ کر تے وہیں وہ خدا معلوم کیوں یہ ہوتا ہے کہ فریقین سے کون دونوں طرف آتے آخر پولیس تو مسلم مرتا ہی جماعت ہے جس کا فرض تھا کہ وہ مقابلہ میں بالکل اتفاقی ہو جانا چاہئے مگر [illegible] ایک موقعہ پر گولی چلا دی جس میں پانچ چھ خاکسار قتل اور کئی ایک زخمی ہوئے۔ معاملہ بہت طول پکڑ گیا اب تو عموماً مقابلے کی خبریں آتی ہیں۔ چنانچہ ۱۴ اکتوبر کو بھی مقابلہ کی خبر آئی ہے ۱۴ خاکسار اور چند سپاہی وہاں بھی زخمی ہوئے۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ گورنمنٹ اس میں اتنی خاموش کیوں ہے۔ اس کی مصلحت وہی جانے ہاں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان میں انگریزی زمانے کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی جو آج لکھنؤ میں ہو رہا ہے۔ بہرحال ہم اس سلسلے کی منظر کو دور سے بیٹھے دیکھ رہے ہیں۔ خدا جانے اس کی انتہا کہاں تک ہے۔

ہم تو خاکساروں اور ان کے اعوان سے صرف ایک بات پوچھتے ہیں کہ حکومت یوپی سے ٹکر لینے کی وہیں کیا ضرورت پیش آئی۔ مصالحت شیعہ سنی کے لئے تم لوگ گئے تھے۔ جب معزز جماعت نے اسکو اپنے ہاتھ میں لے لیا تو آپ اس کو ختم سمجھ کر چلے آتے۔ کیوں بے جا دخل دیا؟ کیوں مقابلہ کیا؟ کیوں قتل تک نوبت پہنچائی؟ کیا شیخ سعدی کی یہ نصیحت آپ کو یاد نہ تھی سہ

چوں کردی با کلوخ انداز پیکار

سر خود را بہ نادانی شکستی

نوٹ امرتسر میں ۱۳۔ اکتوبر بروز جمعہ انجمن حزب المجاہدین کا شاندار جلسہ ہوا۔ جس میں مقررین نے واقعات لکھنؤ کی روشنی میں اس مضمون کا ریزولیوشن پاس کیا کہ:-

اس ہنگامہ میں حکومت یوپی بے قصور ہے جو کچھ ذمہ داری ہے وہ خاکسار و تحریک پر ہے۔

ناظرین خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ دیا کریں۔

مدرسہ محمدیہ دیودیا جس کو مولانا مولوی محمد نصار اللہ صاحب مرحوم نے [illegible] توحید و سنت جاری فرمایا تھا۔ ۱۳ سال سے مدرسہ نہایت خاموشی سے اپنا کام کر رہا ہے لیکن مالی حالت کی کمزوری اصحاب خیر حضرات کی امداد کا تعلق ہے۔ مدرسہ کے متعلق مسجد جو خستہ حال ہو جانے سے از سر نو تعمیر کی محتاج تھی لہذا اپنے مادہ سے بطلبہ تعمیر کے ہوا یا تک پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکی بچے صدا تی ہے۔ اس کی امداد کی بہی سخت ضرورت ہے۔ جناب علیہ مدرسہ کے صدر مدرس جناب مولوی ابو نصر محمد شفیع صاحب سہوی بغرض امداد چندہ بھیجے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ اصحاب خیر حضرات اس غریب مدرسہ و مسجد کی طرف بالخصوص امداد فرما کر اجر عظیم کے مستحق ہونگے سہ

بر کریماں کارہا دشوار نیست

(مولوی) احمد مختار عفی عنہ۔ ۱۴۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء

یاد رفتگاں جناب حاجی جلال عبدالکریم صاحب آف روشن کمپنی یکایک حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ راقم سید عزیز اللہ صاحب از مدراس۔

ایضاً۔ میرے ماموں محمد عبداللہ صاحب کنڈوی بعارضہ ضیق النفس ۲ ماہ علیل رہ کر انتقال کر گئے انا للہ و انا الیہ راجعون۔ غمزدہ عزیز اللہ مذکور ناظرین مرحومین کا جنازہ غائب پڑھیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم یا

غریب فنڈ میں از ملک غلام محمد صاحب سرینگر للعہ صوبیدار ڈاکٹر محمد حسن صاحب فتلی کوٹلی ۶۔ از فتوی ہے۔ بہلہ ۔ از سائل ۱۳ علی اکبر چک ۶ ۔ محمد و اعبداللہ گمائدہ گنج ہے۔ عبداللہ ۶۔ محمد طیب گمائدہ ہے۔ عبدالعزیز عالم نوشہرہ ہو ماسنگ ہے۔ ۔ محمد شفیع سال ہے میزان جلد سائلین کے نام ایک ایک سال کے لئے بجائے غریب فنڈ اہلحدیث جاری کر دیا گیا۔

تمیں سائلین ابھی باقی ہیں [illegible] المبارک میں صدقات و خیرات کرتے وقت اس فنڈ کو [illegible]

ابتدائی زندگی ہی سے کفایت شعاری کی عادت ڈالئے اور اپنے بچے کیلئے سرمایہ حاصل کیجئے

اورنٹیل

۱۴

ہے جو کہ مضبوط ترین اور ہندوستان کی سب سے مشہور بیمہ زندگی کی کمپنی ہے۔ بچوں کے مخصوص بیمے کی پالیسی حاصل کریں۔ بچوں کا مخصوص بیمہ اس لئے تجویز کیا گیا ہے کہ والدین ادنیٰ شرح پر اپنے بچے کے لئے محدود اقساط پر تمام عمر کی پالیسی یا اکرامی بیمہ کی پالیسی حاصل کر سکے۔ ان پالیسیوں کے ماتحت کمپنی کی ذمہ داری کسی منتخبہ عمر سے شروع ہوگی۔ جو بچے کی ۲۲ سال کی عمر سے پہلے نہیں ہوگی۔

مزید معلومات کے لئے

اورنٹیل گورنمنٹ سیکورٹی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس بمبئی

قائم شدہ ۱۸۷۴ء

سردار دولت سنگھ بی۔ اے برانچ سیکرٹری اورنٹیل لائف آفس ہال بازار امرتسر کو لکھئے

تمام دنیا میں بے مثل ۲۲

غزنوی سفری حمائل شریف

مترجم و محشی اردو کا ہدیہ چار روپیہ

تمام دنیا میں بے نظیر

مشکوٰۃ مترجم و محشی اردو

چار جلدوں میں

فی جلد عا

ان دونوں بے نظیر کتابوں کی کیفیت اخبار اہلحدیث میں شائع ہوتی رہی ہے

مترجم مولانا عبد الغفور صاحب غزنوی

حافظ محمد ایوب خان غزنوی

مالکان کارخانہ اخبار الاسلام امرتسر

کم از کم ۲۶

ڈیڑھ روپیہ روزانہ بالکل مفت پیدا کرنے کی نہایت لاجواب ترکیب۔ محصول ڈاک کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمالیجئے۔ نوٹ۔ حلفیہ تحریر کہ کسی دوسرے کو بتایا نہیں جائیگا۔ آنا ضروری ہے۔

پتہ:۔ منیجر دار الکتب ہمدرد وطن رجسٹرڈ روڑی۔ ضلع حصار (پنجاب)

صحت چاہتے ہو ... تیار کردہ ... استعمال شروع ... قیمت فی ڈبیہ ...

... کوچہ ... امرتسر

بچوں اور مبتدیوں کے لئے

صحیح اور خوشخط معرا قرآن مجید بطرز آسان کی خصوصیت ہے کہ حرف کا اعراب اپنے ہی حرف کے ساتھ ہے۔ الفاظ بھی موزوں طریق سے علیحدہ لکھے ہوئے ہیں۔ رموز اوقاف کی تشریح اور سورتوں کے نمبر بھی درج ہیں۔ حسب ذیل پتہ سے نمونہ منگوا کر تجربہ فرمائیے

ہدیہ قسم اول	مجلد سنہری	تین روپے
ہدیہ قسم دوم	مجلد سنہری	...

قاعدہ تعلیم القرآن مع نماز بطرز آسان ... کیا گیا ہے۔ قیمت ڈیڑھ آنہ ...

بیت القرآن۔ ... لاہور

... اس کمال ... زبان ...

عجب مومیائی

مصدقہ علمائے اہل حدیث وہزارہا خریداران "اہلحدیث"

علاوہ ازیں روزانہ تازہ بتازہ شہادات آتی رہتی ہیں خون صالح پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ ابتدائی سل ودق۔ دمہ۔ کھانسی۔ ریزش۔ کمزوری سینہ کو رفع کرتی ہے۔ گردہ ومثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ بیرونی پاکسی اور وجہ سے جن کی کمر میں درد ہو ان کے لئے اکسیر ہے دو چار دن میں درد موقوف ہو جاتا ہے ..... کے بعد استعمال کرنے سے طاقت بحال رہتی ہے دوماغ کو تقویت بخشنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ چوٹ لگ جائے تو تھوڑی سی کھا لینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔ مرد۔ عورت۔ بچے بڈھے اور جوان کو یکساں مفید ہے۔ ضعیف العمر کو عصائے پیری کا کام دیتی ہے۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتی ہے۔ ایک چھٹانک سے کم ارسال نہیں کی جاتی قیمت فی چھٹانک ۶/۔ آدھ پاؤ ۱۲/۔ پاؤ بھر ۶ع مع محصولڈاک۔ ممالک غیر سے محصولڈاک علیحدہ ہوگا۔ (۱۰۰۸)

ممالک غیر والے ایک پاؤ کی قیمت مع محصولڈاک سکہ پیشگی بذریعہ منی آرڈر۔ نہ ہی ایک پاؤ سے کم دوا کی جائیگی اور نہ ہی بذریعہ وی پی۔

تازہ ترین شہادات ماہ ستمبر ۲۹ء

جناب ایس ایم عبد اللہ صاحب کلکتہ۔ قبل ازیں ایک چھٹانک مومیائی منگوائی تھی۔ خدا سے افاقہ ہوا۔ لیکن امراض مین بہت مفید ثابت ہوئی ایک چھٹانک اور بھیج دیں۔

جناب محمد فیض الدین صاحب ضلع بھیم پور۔ آنجناب کی مومیائی میں نے خود استعمال کی اور فائدہ مند ہوئی۔ اب دوست کے لئے ایک پاؤ ارسال فرمائیں۔

جناب تاج الدین صاحب ضلع امرتسر۔ اس سے قبل آدھ پاؤ مومیائی منگا چکا ہوں جو نہایت مؤثر ثابت ہوئی۔ آدھ پاؤ اور بھیج دیں۔ (۲۷ ستمبر ۲۹ء)

ملنے کا پتہ:۔ حکیم محمد سردار خان

پروپرائٹر دی میڈیسن ایجنسی امرتسر

خوشخبری رمضان المبارک

یہ کارخانہ ہر سال رمضان شریف میں رعایت کیا کرتا ہے بدستور سابق خریداران فائدہ اٹھائیں۔

احمر قانی مصدقہ حضرات اکابر علماء و حکماء ہند و غیرہم جن کے اسماء مع تصدیقات بارہا اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں۔

ہمسائے کی شہادتیں

جناب مولانا مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسر ... "آپکے یہاں سے نار روغن احمر قانی منگایا تھا بہت ہی مفید ثابت ہوا۔ نار اور روانہ کریں۔"

بابو دیو نندن ٹھاکر صاحب مظفر پور ... "احمر قانی تیل آپ کا دو دفعہ منگا کر استعمال کیا۔ آدھا پایان انگ سن اور کانپتا تھا۔ کانپ اور سن بند ہو گیا۔ ایک سیر اور بھیج دیں۔"

یہ تیل باوجود خوشبودار ہونے کے اکثر امراض۔ درد اعضاء ہر قسم۔ ورم۔ چوٹ۔ لقوہ۔ فالج۔ گنٹھیا۔ کھانسی۔ دمہ۔ بخار۔ نمونیا۔ جوگا ڈبہ اطفال۔ آنت اترنا۔ درد وورم خصیہ جلے و کٹے ہوئے زخموں وغیرہ میں اکسیر مجرب ہے۔ قیمت فی سیر پانچروپے (۵ع)

رعایتی فی سیر تین روپے (۳ع)

(منگوانے کا پتہ)

منیجر روغن احمر قانی پوسٹ تیلنی پارہ ضلع ہوگلی

سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ

دھند۔ جالا۔ غبار۔ ڈھلکہ۔ نا خنہ۔ سرخی چشم کے علاوہ ضعف بصارت کو زائل کر کے بینائی کو روشن کرنے میں اکسیر بےنظیر ہے۔ ہزارہا لوگ اس کے استعمال سے عینک کی زحمت سے نجات پا چکے ہیں۔ بحالت صحت اس کا استعمال ہو تو آنکھ امراض سے بچاتا ہے۔ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (ع)

منگوانے کا پتہ:۔ کارخانہ سرمہ اکسیر العین رجسٹرڈ نمبر ... حکیم سٹریٹ۔ امرتسر

ناظرین خط و کتابت کرتے وقت الفضل کا حوالہ دیں۔

ویدار تھ پرکاش یعنی وید کی حقیقت

مصنفہ پنڈت آتما نند صاحب۔ جس میں خود وید کے منتروں سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے حیا سوز منتروں کی موجودگی میں وید ہرگز الہامی ثابت نہیں ہو سکتے۔ یہ بھی مدلل واضح کیا گیا ہے کہ وید رشیوں کی تصنیف ہیں۔ غرضیکہ قابل دید کتاب ہے۔ آریہ سماج اس کا جواب آج تک نہیں دے سکا۔ مجلد ... صفحہ ہونے کے بے قیمت بجائے ... کے ...

طبیب کامل یعنی مجربات فاروق کا کوپیا حصہ اول

اس رسالہ میں عام امراض و پوشیدہ امراض کی یونانی و ڈاکٹری کی بہترین مجربات۔ آیورویدک طریقہ علاج کے مجربات۔ مشاہیر اطبا حکیم شریف خان صاحب حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب ودیگر معزز اطبائے ہند و یورپ کے بہترین مجربات درج ہیں۔ اس کے علاوہ مؤلف کے خود ذاتی صفا دانی مجربات کا بیان کیا گیا ہے۔ ہر شخص کو چاہئے کہ اس کو منگوا کر اپنے پاس رکھے۔ قابل دید ہے۔ قیمت صرف ۱۲/۔ مؤلفہ حکیم و ڈاکٹر محمد عبد اللہ صاحب امرتسری

زوال غازی

سابق شاہ افغانستان (امان اللہ خان) کے تمام حالات مندرج ہیں سیاحت یورپ۔ افغانستان کی ترقیات۔ ملک کے سوشل اصلاحات اور علماء کی ناقتوں کے حالات۔ بچہ سقہ کی بادشاہت کے حالات۔ غازی محمد نادر شاہ کے حالات مفصل مندرج ہیں۔ کتاب عجیب انداز میں تحریر کی گئی ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے جب تک ختم نہ ہو چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ افغانستان چونکہ ہندوستان کی ایک ہمسایہ اسلامی سلطنت ہے۔ اس لئے اس کے حالات سے ہر شخص کا واقف ہونا ضروری ہے۔ قابل دید ہے۔ ضخامت ۱۶۰ صفحات۔ قیمت ... رعایتی ... روپے ...

منگانے کا پتہ:۔ منیجر امرتسر امرتسر

ahmadimuslim.de

اشتہار بہجت آثار

باسمہ سبحانہ

حضرات ناظرین اہلحدیث! السلام علیکم ورحمۃ اللہ! ایک دن خطبہ جمعہ میں سورت کہف کے فضائل بیان کئے گئے تو حاضرین نے یہ خواہش ظاہر کی کہ سورت بقرہ کی تفسیر جو آپ لکھ رہے ہیں۔ اس سے پہلے سورت کہف کی تفسیر چھپوا دیجئے۔ تاکہ ہم جمعہ کے روز اُس کی قراءت کی سنت ادا کرتے وقت اُسکے مضامین سمجھ سکیں۔ خدا کے فضل پر بھروسہ کرکے اس سورت کی تفسیر لکھنی شروع کر دی تھی۔ چنانچہ اب وہ بفضل خدا مطبع میں چھپ رہی ہے۔ امید ہے کہ انشاء اللہ رمضان شریف ہی میں تیار ہو جائے گی۔

اس سورت کی تفسیر میں بڑا اہم مضمون جس نے بڑے بڑے نامی علماء کو حیران کر رکھا ہے۔ حضرت موسیٰ اور حضرت خضر کا قصہ ہے۔ بعض نے تو اس سے شریعت اور طریقت یعنی علم ظاہر اور علم باطن میں عدم تطابق کا نتیجہ نکالا۔ اور بعض کو مطابقت کا اعتقاد رکھتے ہوئے بھی خاص اس قصہ کے لحاظ سے مطابقت بیان کرنے میں دشواری پیش آئی۔ لیکن اس عاجز پر خدا تعالےٰ نے اپنے خصوصی فضل سے اس حقیقت کو کھول دیا کہ شریعت و طریقت ایک ہی چشمے سے نکلی ہوئی دو نہریں ہیں۔ لہذا ان میں مخالفت ہرگز نہیں ہو سکتی۔ جس طریق پر اس مشکل کو حل کیا گیا ہے وہ قابل مطالعہ کے ہے۔ بے راہ چلنے والے صوفیوں اور خشک دماغ مولویوں ہر دو کے لئے یہی مضمون خضر راہ ہے۔

تقطیع $\frac{20\times30}{8}$ تفسیر سورت فاتحہ والی ہی ہے۔

حجم ایک سو صفحے سے زیادہ ہوگا۔ کاغذ ڈمی عمدہ۔ ٹائیٹل رنگین اور خوش وضع۔ کتابت و طباعت دیدہ زیب۔ بہرحال ظاہری اور باطنی خوبیوں سے آراستہ ہے۔

میں اس وقت نہیں بتا سکتا۔ قیمت کتنی ہوگی۔ کیونکہ کاغذ دن بدن گراں ہو رہا ہے۔ اس لئے شوق مند حضرات سردست جوابی کارڈ پر فرمائش بھیجدیں۔ جب طبع ہو جائیگی تو ان کو قیمت سے مطلع کر دیا جائیگا۔ وہ اتنی رقم بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ وی پی نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ اس میں بوجہ رجسٹری لازم ہونے کے تین آنے خریداروں کے زیادہ خرچ ہونگے۔

نوٹ نمبر ۱۔ جن اصحاب نے تفسیر سورت بقرہ کے لئے سابقاً فرمائشیں بھیجی ہوئی ہیں۔ وہ دوبارہ کارڈ نہ لکھیں۔ اُن کا وہی پہلا کارڈ کافی ہے۔ اُسی پر ان کو اطلاع کر دی جائے گی۔

نوٹ نمبر ۲۔ پتہ ایڈریس صاف خط میں لکھیں۔ خواہ انگریزی میں خواہ اردو میں۔ اور ڈاکخانہ اور ضلع کا [illegible]

نوٹ نمبر ۳۔ [illegible] ایڈریس میں سیالکوٹ کے ساتھ شہر کا لفظ ضرور لکھا کریں۔ کیونکہ سیالکوٹ میں [illegible]

[illegible] میرا پتہ اس قدر کافی ہے:-

[illegible] حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی۔ شہر سیالکوٹ (پنجاب)

(۲۔۱۰ اکتوبر ۱۹۳۹ء)

جمعیۃ تبلیغ کے تبلیغی جلسے

جمعیۃ ہذا کا اہم مقصد توحید و سنت کی تبلیغ ہے جسکو بفضل خدا اراکین جمعیۃ احسن طریق پر پورا کر رہے ہیں پچھلے دنوں میں مختلف مقامات پر غرض مذکور کیلئے تگ و دو کرنی پڑی جسکے باعث عاجز بیمار ہو گیا۔ نہیں دفتری حوادثات نے کچھ اور بھی اضافہ کر دیا۔ اسواسطے کارروائیوں کی کیفیتیں بھی شائع نہ کرا سکا۔ بہرحال بعض مقامات کے حالات لکھے جاتے ہیں۔

جنڈیالہ ۲۲-۲۳-۲۴ ستمبر ۱۹۳۹ء کو جنڈیالہ ضلع امرتسر میں سالانہ جلسہ تھا۔ جس میں بفضل خدا پہلے سے زیادہ کامیابی ہوئی۔ بریلوی حضرات نے اہل توحید کی رونق دیکھ کر ۲۲-۲۳ شعبان کو جلسے کا اعلان کر دیا۔ چنانچہ ان کا جلسہ پہلا اس جلسہ میں کیا تھا۔ اہل حدیثوں کو گالیاں دی گئیں ان کے جلسوں میں شرکت کو ممنوع قرار دیا۔ اسکے جواب میں جمعیۃ کی طرف سے ۱۳۔ اکتوبر کی شب کو جلسہ کیا گیا۔ خادم نے بریلوی شبہات کا جواب دیا۔ بحمد اللہ جماعت اہل حدیث کا اثر غالب رہا۔

بدھصری ضلع امرتسر میں لاہور کی سڑک پر ۳۰ ستمبر اور یکم اکتوبر ۱۹۳۹ء کو جلسہ ہوا جس میں توحید و سنت اور بریلویت و توحید پر دو روز دو تقریریں ہوئیں۔ میں بوجہ زکام و نزلہ بیمار تھا مگر خدا تعالےٰ نے میرے فرائض مجھ سے پورے کرائے فالحمد للہ!

امرتسر میں ۲۳ ستمبر ۱۹۳۹ء کو میں امرتسر میں آیا تو بعض احباب نے تقریر کی خواہش کی۔ اور کڑہ کرم سنگھ متصل مسجد غزنوی رات کو دو گھنٹے تقریر ہوئی۔ رسوم قبیحہ سے بچنے اور سنت صحیح کے مطابق شادی کرنے کے متعلق احکام قرآنی و حدیثی سنائے گئے۔ بحمد اللہ اہل خانہ نے عمل طور پر ثابت کر دیا کہ وہ نصائح سے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ یہ تمام برکات جمعیۃ تبلیغ کی ہیں جس کی طرف احباب اہل حدیث کی بہت زیادہ توجہ درکار ہے۔

ماہ رمضان میں جبکہ ایک پیسہ خرچ کرنے سے ستر پیسے کا ثواب ملتا ہے۔ مسلمان دوست جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث کو بھی یاد رکھیں۔ راقم خاکسار محمد عبد اللہ [illegible] ناظم جمعیۃ

ahmadimuslim.de

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ

رمضان المبارک کے متبرک تحائف

اکیس خوبیوں والی حمائل شریف

اس کی قطعی ضخامت صرف اتنی ہے کہ سفر اور حضر دونو جیب یا بٹوے میں رہ سکتی ہے۔ زیر متن ترجمہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے۔ حاشیہ پر مختصر مگر جامع المطالب تفسیر ہے جو کہ تفسیر کبیر، ابن جریر، در منثور، خازن، مدارک، ابن کثیر [illegible] کا خلاصہ ہے۔ فتح الرحمٰن، موضح القرآن، فتح العزیز و صحاح ستہ مثل بخاری، مسلم اور [illegible]

مترجم حمائل شریف

ترجمہ با محاورہ از مولانا ڈپٹی نذیر احمد صاحب دہلوی مرحوم۔ اس حمائل شریف کی خوبیاں تعریف کی محتاج نہیں۔ بہت مقبول ہے۔ جلد چرمی۔ ہدیہ ۵ روپے

معجز نما حمائل شریف مترجم

زیر متن ترجمہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی، حاشیہ پر [illegible]

معجز نما متوسط قرآن شریف مترجم

(بعد ترجمہ زیر متن) ترجمہ اول شاہ رفیع الدین صاحب ترجمہ دوم مولانا اشرف علی۔ اور حاشیہ پر کامل تفسیر ہے۔ شروع میں تمام پیغمبروں کے حالات و ضروری مضامین۔ حاشیہ۔ جلد [illegible]

جیبی حمائل شریف مترجم

خوبصورت اور [illegible] جلد چرمی۔ ہدیہ [illegible]

تفسیر واضح البیان اردو

(مصنفہ مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی)

دیکھنے کو تو یہ سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے۔ مگر حقیقۃً اس میں تمام قرآن مجید کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔ اور سینکڑوں علمی مباحث پر فاضلانہ تنقید کی گئی ہے۔ قرآن مجید کے معارف اور نکات کو واضح کیا گیا ہے۔

کتابت۔ طباعت۔ کاغذ عمدہ سائز ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۲۴۸ صفحہ

قیمت بے جلد [illegible]۔ مجلد [illegible]

منگوانے کا پتہ:۔ منیجر دفتر اہلحدیث امرتسر (پنجاب)

ثنائی برقی پریس

اردو، انگریزی، ہندی، گورمکھی [illegible] نہایت عمدہ، خوشنما، اعلیٰ رنگدار و سادہ ارزاں نرخوں پر حسب وعدہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ نے کوئی کتاب، پمفلٹ، اشتہار، رسیدیں، رجسٹر، دعوتی خطوط اور لیٹر فارم وغیرہ چھپوانے ہوں تو بنفس خود تشریف لائیں یا بذریعہ خط و کتابت نرخ وغیرہ طے کر کے اپنے حسب منشا کام کرائیں۔ خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جائے

منیجر ثنائی برقی پریس۔ ہال بازار امرتسر

قرآن مجید مصری

[illegible] سطری [illegible]

۱۳ سطری [illegible]

کامل تفسیر ابعد شروع میں مقدمہ سوانح عمری خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم۔ حاشیہ۔ مجلد۔ ہدیہ [illegible]

حمائل شریف مترجم

ترجمہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مرحوم۔ برحاشیہ فوائد موضح القرآن از شاہ عبد القادر صاحب دہلوی۔ جلد عمدہ۔ پختہ چرمی۔ ہدیہ [illegible]

حمائل شریف مترجم

از شاہ عبد القادر صاحب دہلوی مرحوم ہدیہ [illegible]

[illegible] (ڈیڑھ روپیہ)

[illegible] وغیرہ سے خلاصہ کر کے حاشیہ پر چھاپی گئی ہے۔ جلد چرمی۔ منقش۔ نہایت نفیس۔ ہدیہ [illegible] روپے

قرآن شریف مترجم

از مولانا وحید الزمان صاحب حیدرآبادی مرحوم۔ مع حواشی تفسیر وحیدی۔ سائز کلاں۔ نہایت جلی حروف۔ ہر اہلحدیث گھر میں ضرور موجود ہونا چاہئے۔ بے نظیر ہے کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ۔ ہدیہ [illegible] روپے۔

قرآن شریف مترجم

ترجمہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب دہلوی۔ حاشیہ [illegible]